باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ®

127

جنوری 2017ء ربیع الثانی 1438 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

پھونک ماری اور جادوئی اثر ختم

جادو کیسے ہوتا ہے؟ کیسے ٹوٹتا ہے؟

قارئین کے آزمودہ راز

- ★ 3 کلو کوئلے جلائیں اور کالا جادو ختم! بار ہا کا آزمودہ عمل
- ★ جادو کو انگ انگ سے نکالنے والا طاقتور ترین عمل
- ★ شادی سے گھبرانے والوں کیلئے خوشیوں کا خزانہ
- ★ بڑھا پیٹ کم اور قبض دور! واقعی انتہائی آسان
- ★ صرف پانچ روپے سے جوڑوں اور کمر کا درد ختم
- ★ جسم کا کوئی حصہ جل جائے تو ٹوٹکہ حاضر ہے!
- ★ حیض کے ناپاک خون کا عمل اور گھر تباہ
- ★ موت کیلئے کیا گیا جادو 28 دن میں ختم
- ★ موچی کے برتن کے پانی سے جادو ختم
- ★ خطرناک رستا پھوڑا اور وظیفہ عبقری

دھاگہ لو، آگ لگاؤ اور جادو ختم

امریکہ کے مشہور سرجن کا آزمودہ ٹوٹکہ عبقری کیلئے



حضور نبی اکرم ﷺ پر درود و سلام بھیجنا ایک مقبول ترین عبادت۔ درود و سلام پر قارئین کے تجربات و مشاہدات سے مزین انوکھی کتاب!

گھریلو مشکلات، الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

صرف میک اپ نہیں!

کچن میں موجود اشیاء بھی حسن نکھارتی ہیں

حضرت حکیم صاحب کی احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور آمد

6 جنوری بروز جمعہ صبح 9 بجے احمد پور شرقیہ عدالت/بار روم میں درس ہوگا۔ 18 فروری بروز ہفتہ شام چار بجے تسبیح خانہ احمد پور شرقیہ شیخاں والی گلی نزد چوک منیر شہید احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور میں درس ہوگا۔ 0322-4688313

خبردار! عبقری کی ادویات "طاقتی" اور "نشاطی" کا نام رجسٹرڈ ہے کوئی بھی اس نام سے کوئی دوائی تیار نہ کرے ورنہ سخت قانونی چارہ جوئی کا سامنا کرے گا۔

شفائے حیرت سیرپ ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ

ہر قسم کی کھانسی، الرجی، دمہ، سانس کا پھولنا، مسلسل ریشہ بلغم، موجودہ دور کی آلودہ زندگی، آلودہ فضا اور آلودہ غذائیں ان امراض کی وجہ ہیں۔ پھیپھڑوں کی ذرا سی خرابی سانس کے سارے نظام کو درہم برہم کر ڈالتی ہے۔ پھیپھڑے کھانسی سے متاثر ہونا شروع ہو جاتے ہیں کیونکہ کھانسی نئی ہو یا پرانی جان لیوا ہوتی ہے۔ مرض بڑھتے بڑھتے دمہ یا ٹی بی کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ "شفاء حیرت" کھانسی کی ہر قسم مثلاً خشک کھانسی، دورے والی کھانسی، کالی کھانسی، بلغمی کھانسی، موسم سرما و گرما کی کھانسی، زبان اور حلق میں خشکی، سوجن اور کانٹے چبھنا گلے کی خراش، گلے کا بیٹھ جانا تمام امراض کیلئے اکسیر ہے۔ "شفاء حیرت" ماہنامہ عبقری کا بااعتماد سیرپ ہے۔ مجھے ایسے کئی مریض ملے حتیٰ کہ ایک مریض تقریباً تین سو بار چھینکتا تھا جسم اور دماغ خالی ہو گیا تھا وہ کسی کام کا بھی نہیں رہا تھا، اس پر مایوسی چھا گئی تھی۔ اسے کسی نے "شفاء حیرت" استعمال کرنے کا مشورہ دیا چونکہ وہ ادویات سے بددل لاچار اور مایوس ہو چکا تھا اس نے کسی کے اصرار پر "شفاء حیرت" کی چند خوراکیں استعمال کیں۔ اسے امید کی کرنیں نظر آئیں تو اس نے مزید "شفاء حیرت" منگوا کر استعمال کیا۔ روز بروز ایسا فائدہ ہوا کہ اس کی آس و امید کے دن نکل آئے۔ اندھیری رات ختم ہو گئی۔ وہ کیا بلکہ پورا علاقہ "شفاء حیرت" کا فریفتہ ہو گیا۔ کیونکہ یہ "شفاء حیرت" میں استعمال شدہ قیمتی جڑی بوٹیوں کا کمال ہے۔ "شفاء حیرت" پھیپھڑوں کی کمزوری، پھیپھڑوں کے زخم، نظام تنفس کی تمام خرابیوں، سانس کی خشکی، ہوائی نالیوں کی خشکی اور خشونت، نزلہ و زکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے۔ "شفاء حیرت" پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے۔ "شفاء حیرت" چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے دورے والا دمہ ختم ہو جاتا ہے۔ گلے کی سوزش ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔ "شفاء حیرت" میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو جراثیمی کارکردگی کو بے اثر بناتے ہیں۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ (قیمت: 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج

یوں تو نزلہ زکام پوری دنیا کا عالمگیر مرض ہے لیکن پاکستان میں بھی یہ مرض عام ہے اس مرض کیلئے "بنفشی قہوہ" بہت آزمودہ اور اپنے افعال کے لحاظ سے بہت مؤثر ثابت ہوا ہے۔ نزلہ، الرجی، کھانسی، بلغم، ناک بہنا، ناک بند ہونا عموماً ناک ابھرنے کیساتھ یا تو ناک کی ہڈی ٹیڑھی ہو جاتی ہے یا گوشت بڑھ جاتا ہے جسکی وجہ سے ناک کے اوپر پیشانی پر بوجھ اور دباؤ رہتا ہے۔ چھینکیں آتی ہیں۔ سارے جسم میں درد اور بوجھ کا احساس رہتا ہے۔ کبھی کبھی ناک سے بدبو آتی ہے اور بدبودار مادہ کا اخراج بھی ہوتا ہے۔ بعض اوقات موسم کی تبدیلی کے ساتھ مرض میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ پھر انسان دائمی نزلہ اور زکام کا مریض بن جاتا ہے۔ انہی امراض کی بنا پر دوسرے مرض جنم لیتے ہیں جیسے ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا۔ گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے پڑنا، آنتوں کے امراض، جسم کا کمزور اور لاغر ہونا، نظر کی کمزوری، سستی اور کاہلی کا پیدا ہونا، جسم ٹوٹنا، خون کا نہ بننا، خناق، ٹی بی، تنفس کی تنگی، بے خوابی، بالوں کا قبل از وقت سفید ہو جانا، چہرے کی شادابی کا ختم ہونا یہ سب امراض نزلہ و زکام کی بدولت ہی جسم پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ "بنفشی قہوہ" ہی ان تمام امراض کا شافی علاج ہے۔ درد شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں۔ موسمی الرجی کے شکار افراد کیلئے راحت کا پیغام، آج ہی لائیں آج ہی سکون پائیں۔ ہر موسم میں ہر عمر کے افراد "بنفشی قہوہ" بالکل بے دھڑک استعمال کر سکتے ہیں۔ گھر میں ہر وقت رکھنے کی چیز ہے۔ بدذائقہ نہیں بہترین ذائقہ ہے۔ "بنفشی قہوہ" کے ساتھ شفاء حیرت کا استعمال سونے پر سہاگہ ہے۔ (قیمت: -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد (صرف درس)

انشاء اللہ 2017 میں دوحہ قطر، مظفر آباد (صرف درس) جگہ اور وقت کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

جنڈ والا: 20 جنوری بروز جمعہ صبح 9 بجے ضلع بہاولنگر درس کے بعد حضرت حکیم صاحب فورٹ عباس کے صحرا میں تشریف لے جائیں گے۔ 0322-4688313

لودھراں: 21 جنوری بروز ہفتہ شام چار بجے۔ ملک پور روڈ بستی پرانا قریشی والا ضلع لودھراں 0322-4688313

کوٹ ادو: 17 فروری بروز جمعہ صبح 9 بجے ضلع مظفر گڑھ 0322-4688313

دائرہ دین پناہ: 17 فروری بروز جمعہ دوپہر 1 بجے 0322-4688313

مظفر گڑھ: 19 فروری بروز اتوار صبح 9 بجے 0322-4688313

صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش و نگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

اپنی نسلوں کے تحفظ، مشکلات سے بچنے گھریلو الجھنوں سے نمٹنے روحانی اور طبی فوری امداد کیلئے عبقری کی پرانی فائلیں پڑھیں اور گفٹ کریں۔

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہٗ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 6 | جلد نمبر 11 | جنوری 2017 ربیع الثانی 1438 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصّبات سے پاک

ماھنامہ عبقری لاہور

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

جنوری 2017ء

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1080 روپے رجسٹرڈ ڈاک، بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: آپ تعلیم پر پورا دھیان دیں اپنے آپ کو عمل کیلئے تیار کریں۔ یہ آپ کا پہلا فریضہ ہے۔ آپ کی تعلیم کا ایک حصہ یہ بھی ہے کہ آپ دور حاضر کی سیاست کا مطالعہ کریں۔ یہ دیکھیں کہ آپ کے گرد دنیا میں کیا ہو رہا ہے۔ ہماری قوم کیلئے تعلیم موت اور زندگی کا مسئلہ ہے۔

یہ سحر جو کبھی فردا ہے کبھی ہے امروز	نہیں معلوم کہ ہوتی ہے کہاں پیدا
وہ سحر جس سے لرزتا ہے شبستان وجود	ہوتی ہے بندہ مومن کی اذان سے پیدا

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے برتن جوتے فرنیچر رضائیاں اپنی زکوٰۃ صدقات عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

E mail:contact@ubqari.org | فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803

حاسدو جابر کو رسوا کرنے کا عمل: شیخ جلال الدین محمود تبریزیؒ کا قول ہے کہ اگر کوئی حاسد قوی ہو ظالم ہو اور اس سے جان کا خطرہ لاحق رہتا ہو تو وضو کر کے دو رکعت نماز ادا کریں' اس کے بعد 77 مرتبہ اسم یَامُمِیْتُ پڑھیں اور کمال دیکھیں۔

حالِ دل

ایڈیٹر کے قلم سے

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

جگر کیلئے انڈیا' ایک کروڑ 20 لاکھ

میرے ایک جاننے والے لاہور کے پرانے باسی آباؤ اجداد سے دراصل وہ لاہوری ہیں' موصوف کی زندگی عیش و عشرت میں اور عیاشی میں گزری' خود ہی کہتے تھے کہ میرے والد کی زندگی بھی ایسی ہی تھی' تمام جائیداد بک گئی' بہت صاحب جائیداد تھے' آخر قدرت نے ہاتھ پکڑا رزق میں واپس لوٹے اور ہدایت کی زندگی بھی ملی' ان کی باتیں بعض اوقات میں سنتا ہوں تو احساس ہوتا ہے کہ وہ ایسے تجربے اور دانش کی باتیں بتاتے ہیں جو عام عقل، شعور، احساس اور ادراک ان باتوں کو سمجھ اور سن ہی نہیں سکتے۔ موصوف اسی سال کے قریب ہیں' صحت مند زندگی گزار رہے ہیں' اس وقت بہت زیادہ عابد، ذاکر اور شاغل اور سخاوت میں آگے سے آگے ہیں۔ رب کریم ہے بندے کو ہدایت دے دے تو اس سے بڑی اور کیا نعمت ہوسکتی ہے۔ کہنے لگے میرے ایک بہت مالدار پاکستان کے بڑے بزنس مین دوست ہیں' ان کا جگر ختم ہوگیا' بہت علاج معالجہ کرایا' آخر کار دہلی سے نیا جگر ایک کروڑ بیس لاکھ میں لگوایا (یہ اس دور کی بات ہے جب ایک لاکھ کروڑ کے برابر تھا) میں انہیں ملنے گیا باتیں کرتے کرتے کہنے لگے جگر ڈلوا آیا لیکن محسوس یہ ہوتا ہے کہ میں نے بچنا نہیں اور پھر ٹھنڈی آہ بھر کر کہنے لگا: اے کاش! مجھ پر جادو نہ ہوتا' میں اس کی بات سن کر حیران ہوگیا یہ تو جادو جنات کو تو دور، ان کے تذکرے کو بھی سننا پسند نہیں کرتا' اس نے جادو کا تذکرہ کیسے کردیا؟ میں نے پوچھا آپ پر جادو ہوا؟ کہا: ہاں! مجھ پر جادو 1948ء میں ہوا تھا' موجودہ کاروبار (اس مشکوک کاروبار کا نام لینا مناسب نہیں) میں نے شروع کیا' ایک دوست ملا' اس نے اس کے بہت فائدے بتائے' کہ دنوں میں انسان کہاں سے کہاں پہنچ جاتا ہے' میرے والد ایک جائز اور حلال کام کرتے تھے اور ہم سفید پوشی لیکن سکون کی زندگی گزار رہے تھے جب میں نے کاروبار شروع کیا تو واقعی بچت در بچت تھی' پہلے پہل میرے اندر کے ضمیر نے روکا ٹوکا احساس دلایا' جھنجھوڑا کئی بار چاہا کہ یہ کاروبار چھوڑ دوں جس کا ہر پہلو مشکوک ہے لیکن مال کی آمد نے میرے اندر کے ضمیر کو سلا دیا' تھپکیاں دے کر میں نے اپنے آپ کو مطمئن کرلیا اور میں اپنے کاروبار میں مگن ہوتا گیا' مال بڑھتا گیا' بزنس ترقی کرتا گیا' جائیداد پھر جائیداد سے نکل کر میں بنگلے' کوٹھیاں' بڑے بڑے پلاٹ یوں ترقی کرتے کرتے کرتے لیکن مجھے یہ پتہ نہ چلا کہ جادو مجھ پر اثر کررہا تھا اور میں جادو سے مسلسل ڈسا جارہا تھا اور جادو میرے اندر کو گھائل کیے جارہا تھا اور کھائے جارہا تھا۔ میں روز بروز اپنی ترقی کو دیکھتا میرا سر فخر سے بلند ہوتا' ہر جگہ میری آؤ بھگت ہوتی ہر محفل اور مجلس میں مجھے آگے بڑھ کر جگہ دی جاتی' استقبال کیا جاتا' ہر نئے آنے والے ماڈل کی گاڑی میرے پاس ضرور ہوتی تھی' مجھے پرانے ماڈل سے نفرت تھی اور نئے ماڈل سے محبت تھی' لیکن آخر میری آنکھیں اندھی کیسے ہوگئیں؟ میرا ضمیر مردہ کیسے ہوگیا؟ مجھے احساس ہی نہ ہوا کالے جادو کا کالا سانپ مجھے مسلسل ڈس رہا تھا' میں نے محسوس کیا کہ میرے جوان ہوتے بیٹے بہت پراسرار حرکتوں میں مشغول اور مبتلا ہیں' میری جوان ہوتی بیٹیاں زندگی میں مجھ سے محبت اور پیار کرتی ہیں لیکن ان کا انداز بدل رہا تھا ان کا لباس بدل رہا تھا' ان کی حرکات و سکنات بدل رہی تھیں۔ ان چیزوں کو محسوس کرکے میرا سویا ہوا ضمیر مجھے کبھی کبھی ہلکا سا جھنجھوڑتا لیکن میں نے اپنے ضمیر کو نیم مردہ یا مردہ کہوں کرلیا تھا۔ دن گزرتے گئے' راتیں گزرتی گئیں' صبحیں آتی گئیں شامیں ڈھلتی گئیں۔ ایک وقت میرے اوپر وہ آیا جب میں بیمار ہوگیا' پھر علاج معالجہ کی طرف میرا پیسہ خرچ ہونے لگا' لاکھوں سے کروڑوں تک چلا گیا' بزنس اتنا بڑا تھا کہ مجھے احساس تک نہ ہوا اور میں یونہی اپنی زندگی کے دن رات میں ایک اتنے بڑے جادو سے ڈسا جاچکا تھا جس سے اب نکلنا میرے لیے ناممکن تھا میں ان کی باتیں سن رہا تھا اور مجھے سمجھ نہیں آرہا تھا کہ وہ میرا بزنس مین دوست مجھے کیا کہنا چاہ رہا تھا' میں نے پوچھا کہ اب آپ نے جو ساری داستان سنائی اس کے ساتھ جادو کا کیا تعلق ہے؟ تو ٹھنڈی آہ بھر کر کہنے لگے وہ جادو دراصل وہ رزق حرام تھا' وہ مشکوک رزق تھا جس نے مجھے ڈسا میری نسلوں کی شرم کو ڈسا' ان کے حیا کو ڈسا ان کے لحاظ کو ڈسا' ان کی تہذیب کو ڈسا' ان کے وقار کو ڈسا ان کی نظروں سے پردے ہٹ گئے' ان کی شرمگاہیں بے لگام ہوگئیں' ان کی تنہائیاں اس کالے جادو کے کالے وار سے رنگینیوں میں چلی گئیں ان کے اندر سے ہر وہ چیز چلی گئی جس کا نام انسانیت ہوتا ہے۔ اب آخری دن ہیں آخری لمحے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ میں شاید چند دن یا چند ہفتوں کا مہمان ہوں گا اور میں اس دنیا سے روانہ ہونے سے پہلے یہ اعتراف ضرور کررہا ہوں کہ شاید میرے اس اعتراف سے میرا رب مجھے معاف کردے اور میری بخشش کا کوئی سامان بن جائے۔ پھر وہ بلک بلک کر رونے لگا اس کی آہیں اور اس کی زوردار آواز نے سارے گھر کو اس کے کمرے میں جمع کردیا اور وہ رو رہا تھا اور میں اس کے آنسو پونچھ رہا تھا۔ مجھے کہنے لگا میرا یہ رونا بھی جھوٹا ہے جو احساس مجھے ہے' اس اولاد کو نہیں ہوگا اے کاش! میں یہ مشکوک کاروبار نہ کرتا میں اپنے باپ کی طرح سفید پوش ہوتا۔ وہی تھوڑا سا کام کرتا جو میرا والد کرتا تھا اور میرے دن یونہی خیر میں گزر جاتے' میرے پاس بڑا گھر' بڑی گاڑی' بڑا استقبال' بڑی محفلوں میں آؤ بھگت نہ ہوتی۔ اے کاش! مجھے کوئی نہ بلاتا' میں اتنا مشہور نہ ہوتا' مجھے کوئی نہ جانتا' مجھے رزق حرام کے کالے جادو اور مشکوک رزق کی کالی دنیا نے اتنا ڈسا اتنا ڈسا کہ میرا کچھ نہ بچا اور میں برباد ہوگیا اور میرا سب کچھ ختم ہوگیا۔ میری زندگی کا سارا سرمایہ ڈوب گیا۔ قارئین! یہ باتیں میرے اس بوڑھے محسن دوست نے مجھے بتائیں اور بتا کر کہنے لگے کیا اس کاروبار سے جس کاروبار کا نام لینا میں مناسب نہیں سمجھ رہا انسان پر جادو ہوجاتا ہے؟ میں نے کہا: ہاں! دراصل رزق حرام سے نیک حفاظت والے روحانی نورانی فرشتے حفاظت چھوڑ کر دور چلے جاتے ہیں اور پھر جہنمی فرشتے اس کے قریب آجاتے ہیں اور یہ شخص دن بدن مسلسل مشکلات' پریشانیوں' مسائل اور بندشوں میں جکڑتا چلا جاتا ہے اور ایک وقت آتا ہے کہ اسے دنیا کا سب سے ناکام ترین انسان ہونے کا تمغہ مل جاتا ہے۔ لیکن یہ بات بھی عجیب ہے اس کا احساس بہت کم لوگوں کو ہوتا ہے کہ مشکوک رزق کا جادو ہوتا ہے اور ہوتا بھی کالا ہے اور ہوتا بھی سفلی ہے اور ہوتا بھی ازلی ہے اور ہوتا بھی نسلوں تک کیلئے ہے جس کی وجہ سے نسلیں سسکتی ہیں' سلگتی ہیں لیکن بڑوں کو احساس نہیں ہوتا اور بڑے کچھ وقت کا مزہ لے کر ہمیشہ کیلئے نسلوں کی زندگیاں برباد کرکے قبروں میں چلے جاتے ہیں۔ اے کاش! اس کالے جادو کا کوئی احساس کرلیتا' اے کاش اس کالی دنیا کو کوئی جانچ لیتا' اے کاش! اس کالے سانپ کے ڈسنے سے پہلے کوئی اپنی ڈھال اور اپنی حفاظت کا نظام کرلیتا۔ جادو یوں بھی ہوتا ہے صرف بہو ساس پر ساس بہو پر نند دیورانی پر اور دیورانی نند پر اور جیٹھانی دیورانی اور دیورانی دیور پر جادو نہیں کرتے اکثر یہ الزام ہوتا ہے اور جادو لاکھوں میں سے ایک ہوتا ہے۔ ہم اس کو تو جادو سمجھتے ہیں اور اس کا خوف ہمارے دل پر سوار ہے لیکن حرام راہیں' حرام راستے اور حرام رزق کا احساس ہمارے دل کی دنیا سے کیوں اٹھ گیا؟؟ کبھی ہم نے سوچا۔۔۔!

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درس روحانیت و امن

صدقہ سے کینسر کا شرطیہ علاج

صدقہ، اعمال و اذکار سے عافیت ملتی ہے: بے شمار لوگ میرے پاس آئے اور اپنے احوال سنائے کہ لاکھوں روپے اڑا بیٹھے، پھر فلاں مسنون دعا پڑھی، قرآن پاک کی فلاں آیت پڑھی اور فلاں طرز پر نفل پڑھے، پھر اللہ پاک نے عافیت کرتے ہوئے حفاظت دے دی۔ اصل میں ہم اپنا علاج، اپنی پریشانیوں کا حل اللہ کی ذات سے نہیں کرواتے تو پھر پریشان ہوتے ہیں۔ دیکھیں!! علاج سنت ہے! اگر آپ دوا کھا رہے ہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن دوا سے پہلے کچھ شرائط ہیں، مومن جب بیمار ہوتا ہے اس کی نظر سب سے پہلے اللہ کی ذات پر جاتی ہے، وہ حاجت کے نفل پڑھتا ہے، پھر صدقہ کرتا ہے اور صدقہ بھی حسب بیماری دیتا ہے، اگر مرض زیادہ ہے تو صدقہ زیادہ دینا چاہیے اور بار بار دینا چاہیے۔ **صدقہ سے بلا ٹل گئی:** ایک شخص کی شوگر کی وجہ سے ٹانگ کٹنی تھی۔ وہ کہنے لگے! میرے پاس پونے دو لاکھ روپے تھے۔ میں نے سوچا کہ کچھ صدقہ ہی کردوں۔ ہسپتال کے جو چھوٹے ملازم ہوتے ہیں، ان کو بلایا، سارا پیسہ ان میں بانٹ دیا۔ اب تیسرے دن ٹانگ کٹنی تھی۔ وہ شائد کوئی انجکشن لگانا چاہ رہے تھے تاکہ شوگر کچھ کنٹرول ہوجائے تو پھر ہم سرجری کریں۔ اب سرجری کیلئے ڈاکٹرز کی میٹنگ ہوئی ایک ڈاکٹر نے کہا "فلاں دوا ہے" وہ اس پر وہ آزما کر دیکھتے ہیں۔ شائد اس کی ٹانگ بچ جائے اس پر میڈیکل بورڈ نے کہا یہ تو اب ناممکنات میں سے ہے کیونکہ اس کا جوز ختم ہے وہ کافی بڑھ گیا ہے۔ اس ڈاکٹر نے کہا "کوئی بات نہیں آزما لیتے ہیں" اب وہ دوا آزمائی تو بفضل خدا اس کی ٹانگ بچ گئی اور وہ ٹھیک ہوگیا۔ وہ صاحب کہنے لگے مجھے یقین ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا وہ حکم اور وہ عمل جو صدقہ کی شکل میں ادا کیا تھا، اس کی برکت سے اللہ پاک نے مجھے شفاء عطا کی ہے۔ جتنا مرض شدید ہوتا ہے ڈاکٹر اتنی مقدار اور mg کی گولی دیتا ہے۔ تو معلوم ہوا جتنا مرض شدید ہو، اتنا زیادہ صدقہ بھی کرنا چاہیے۔ آج ایک صاحب کہنے لگے کہ ان کو صبح سترہ سو کا ایک انجکشن لگتا تھا اور شام کو ایک انجکشن سترہ سو کا لگتا تھا۔ ایک دفعہ ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے کہ دس دس ہزار کا ایک ٹیکہ لگ رہا ہے۔ جتنا مرض شدید ہوگا، اتنی ہی مہنگی دوائی بھی لینا پڑے گی لیکن جب صدقے کا معاملہ آتا ہے تو ایک مریل سی مرغی یا مریل سا صدقے والا بکرا یا پچاس، دس، سو یا دو سو، پانچ سو دے کر کہتے ہیں کہ "ہم نے صدقہ کردیا۔" بھئی صدقہ بھی اس کی طاقت کے مطابق کرو اور پھر بار بار کرو بار بار کرو۔ **صدقہ سے کینسر کا شرطیہ علاج:** ایک شخص کے بیٹے کو کینسر ہوگیا تھا۔ اس نے سترہ گائیں صدقہ کیں، پہلے ایک کی، پھر دوسری کی، پھر تیسری کی، تب بھی ٹھیک نہیں ہوا۔ وہ صدقہ کرتا رہا، کرتا رہا، کرتا رہا۔ جب سترہ گائیں صدقہ میں ذبح کیں پھر اس کا گوشت باقاعدہ غربا، فقراء مساکین اور مستحقین میں تقسیم کیا۔ سترہ گائیں صدقہ کرنے کے بعد اس کا بیٹا اللہ کے کرم سے کینسر سے ٹھیک ہوگیا۔ **صدقہ سے فالج کا علاج:** بورے والا کے ایک صاحب مجھے کہنے لگے "میرا بچہ کھڑا تھا۔ تقریباً تین سال کا تھا۔ چل کر میرے پاس آنے لگا میں اسے تھامنے آگے بڑھا تو مجھے پتا بھی نہ چلا اور بچہ سر کے بل پیچھے گرا اور وہیں فالج ہوگیا۔ میں اپنے بچے کو لے کر ملتان کے نیوروسرجن کے پاس گیا۔ انہوں نے بہت علاج معالجہ کیا مگر افاقہ نہ ہوا۔ کہنے لگے: "ایک ڈاکٹر نے مجھ سے کہا کہ صدقہ کرو، بکرے کا صدقہ کرو، یا پھر غریبوں کو مال کا صدقہ کرو، کہنے لگے: "اس ڈاکٹر کی بات میرے دل کو لگی۔ کہنے لگے "میں ایسا کرتا کہ رات کو قصائی کو بلواتا، اس سے بکرا ذبح کرواتا۔ اس کا گوشت بنواتا، اس کے بعد باورچی آجاتا۔ وہ اس گوشت کو پکاتا، روٹیاں پک کر تیار ہوتیں، پھر صبح غریبوں کو، مدرسے کے بچوں کو بلا کر کھلا دیتا تھا۔ کہنے لگے: "میں نے کئی بکرے ایسے صدقہ کیے۔" وہ صاحب میرے پاس اسی بچے کی دوائی لینے آئے تھے۔ کہنے لگے: "یہ وہی بچہ ہے جو ہل نہیں سکتا تھا، الحمدللہ، آج ہلکا سا لڑکھڑاتے ہوئے خود چل کر آپ کے پاس آیا ہوا ہے اور یہ کھڑا ہوا ہے۔" **حفاظت کی مسنون دعائیں، اعمال اور صدقہ:** حضور سرور کونین ﷺ کی ہر ایک ادا، اور ہر ایک حکم میں ہر طرح کی خیر ہی خیر ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ اللہ کریم کا عافیت والا نظام ہماری طرف متوجہ رہے تو عافیت والے اعمال کو اختیار کریں۔ جو مسنون اعمال ہیں، جو مسنون دعائیں ہیں' جو حفاظت کی دعائیں ہیں، صدقہ ہے، نفل ہے، اعمال ہیں، ان سب کی طرف توجہ اور ان پر عمل درآمد ضروری ہے، کیونکہ عافیت کے بغیر ہم چل نہیں سکتے۔ عافیت ہوگی تو ہمارا گزارا ہوگا۔ اور اللہ جس سے عافیت چھین لیتا ہے اس کے اوپر مصائب ایسے گرتے ہیں جیسے ٹوٹی ہوئی تسبیح کے دانے گرتے ہیں۔ **استغفار کی کثرت عافیت کی ضامن:** استغفار کا ورد ساری بیماریوں کا علاج اور ساری مشکلات کا حل اس لیے ہے کہ جو بھی مصیبت آتی ہے وہ ان کے اپنے گناہوں کی وجہ سے ہی آتی ہے۔ چاہے اس کے گناہ آنکھوں کے ذریعے سے ہوں یا جسم کے کسی اور حصے کے ذریعے سے ہوں اور پھر جب یہ بندہ استغفار کرتا ہے اور توبہ کرتا ہے، ندامت کرتا ہے، اللہ سے معافی چاہتا ہے اور معافی مانگتا ہے تو پھر اللہ پاک اس کی مصیبتیں ٹال دیتا ہے۔ **گناہ تین چیزوں کو کھاتا ہے:** ۱۔ ایک رزق کو۔ ۲۔ دوسرا صحت کو۔ ۳۔ تیسرا سکون کو۔ پھر جب بندہ استغفار پر آتا ہے اور توبہ کے نفل پڑھتا ہے، سچی استغفار کرتا ہے، گزشتہ بداعمالیوں پر ندامت کا اظہار کرتا ہے اور پھر جب اللہ سے مانگتا ہے صدقہ کرتا ہے یا خیرات کرتا ہے، حفاظت کی دعائیں پڑھتا ہے، اور روزانہ اللہ کے سامنے زاری کرتا ہے۔ جب ان چیزوں پر بندہ آتا ہے تو پھر ایک عجیب معاملہ اس کے اور اللہ کے درمیان شروع ہوجاتا ہے۔ وہ استغفار اس کیلئے ایک ڈھال بن جاتا ہے۔ وہ تین نعمتیں رزق، صحت، سکون۔ جو اس کے گناہوں کی وجہ سے چھن چکی تھیں پھر سے عطا ہوجاتی ہیں۔ اللہ رزق بھی عطا فرماتے ہیں۔ اللہ صحت بھی عطا فرماتے ہیں اور اللہ سکون بھی عطا فرماتے ہیں۔ (جاری ہے)

اب جادو ٹوٹ رہا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں جادو جنات میں گھرا ایک شخص تھا مگر آپ کے درس اور اس میں بتائے گئے اعمال کی برکت سے آج مطمئن اور پرسکون زندگی گزار رہا ہوں۔ میرے گھر جنات نے خوب لڑائی جھگڑے کروائے' پھر معاشی مسائل شروع ہوئے' گھر میں چیز رکھی ہو تو ضرورت کے وقت نہیں ملتی تھی لیکن بعد میں وہ مل جاتی' مسائل اسی طرح چلتے رہے' جب بھی کوئی وظیفہ شروع کرتا گھریلو حالات مزید خراب ہوجاتے۔ ایک میرے ایک دوست نے آپ کے درس کی مجھے سی ڈی ہدیہ کی۔ میں نے درس سنا تو میرے دل کی دنیا ہی بدل گئی' پھر میں نے اپنے دوست سے آپ کے بارے میں (باقی صفحہ نمبر 21 پر)

جادو کیا ہے اور کیسے ہوتا ہے؟

جادو کی تعریف

ابتدا میں زندگی موت اور کائنات کی ہر شے کے اسرار و رموز کو جاننے اور سمجھنے کے علم کو جادو کا نام دیا گیا لیکن بعد میں اس فطرت کے راز و نیاز کو جانتے ہوئے اس کے مدمقابل اور اس کے بین بین ایسے ایسے طریقے ایجاد کئے جس سے جادو کی ماہیت ہی بالکل بدل دی گئی۔ اس لیے جادو کی تعریف کچھ یوں ٹھہرائی گئی۔ ''ایک ایسا فن جس میں ہر وہ کام اپنی حسب منشاء پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے خواہ اس کے ذرائع جائز ہوں یا ناجائز۔ خواہ منشاء خداوندی کے تابع ہوں یا اس سے بعید۔'' لیکن درحقیقت انسان راہ حق سے بھٹک کر شیطانی راہ پر جا نکلا۔ کیونکہ ہر کام کے پایہ تکمیل تک پہنچنے واحد راستہ ظلم و ستم اور ایذا رسانی پر مشتمل تھا اور یہ راہ ایسی ہے جو اللہ تعالیٰ کی رضا اور منشاء سے متصادم ہے۔ اس لیے اس کو شیطانی افعال کا نام دیا گیا ہے۔ جادو کے فن میں جوں جوں ترقی ہوتی گئی اسی قدر اس کے درجات طے کئے جاتے رہے اور اس طرح اس کی مختلف صورتیں رواج پاتی چلی گئیں۔ بقول سرپال باردے! ''جادو ایک ایسا جھوٹا فن جو قدرتی واقعات پر اثر انداز ہوتا ہو''

تعریف سحر (علماء کی نظر میں)

علمائے شریعت نے سحر کی جو تشریح و تعریف بیان کی ہے۔ مختصراً درج ذیل ہے۔ کسی چیز کو اس کی حقیقت سے پھیر دینے کا نام ہی سحر ہے۔ (الازہری رحمۃ اللہ علیہ)۔ ساحر (جادوگر) باطل کو حق بنا کر پیش کر دیتا ہے اور کسی چیز کو اس کی حقیقت سے پھیر دیتا ہے اور یہی کام یا شے سحر کہلاتا ہے۔ (ابن منظور رحمۃ اللہ علیہ)۔ ایک ایسا علم جو تندرستی کو بیماری میں بدل دے۔ (حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) باطل کو حق کی شکل میں پیش کرنے کا نام سحر ہے۔ (ابن فارس)۔ کسی شے کو بہت خوبصورت بنا کر اس طرح پیش کرنا کہ لوگ اس سے حیران رہ جائیں۔ (محیط المحیط)

سحر اس کام کے ساتھ مخصوص ہے جس کا سبب مخفی ہو اور اسے اصل کی حقیقت سے ہٹ کر پیش کیا جائے اور دھوکہ دہی اس میں نمایاں ہو۔ (امام فخر الدین رازی)

''جادو'' ایسی گرہوں اور ایسے دم اور الفاظ کا نام ہے جنہیں بولا یا لکھا جائے یا یہ کہ جادوگر ایسا عمل کرے جس سے اس شخص کا بدن یا دل یا عقل متاثر ہو جائے' جس پر جادو کرنا مقصود ہے۔ (امام ابن قدامہ المقدسی رحمۃ اللہ علیہ)

جادو ارواح خبیثہ کے اثر و نفوذ سے مرکب ہوتا ہے جس سے بشری طبائع متاثر ہوتے ہیں۔ (امام ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ)

ایسا باریک بین اور لطیف فن جس میں دھوکہ دہی کا عنصر غالب ہو اور بے حقیقت توہمات سے واقع ہوتا ہو۔ ستاروں سے مخاطب اور شیاطین کی مدد و معاونت سے حاصل کیا گیا ہو۔ (امام راغب رحمۃ اللہ علیہ)

جادو کے بارے میں فرمان رسول اللہ ﷺ

جس نے ستاروں کا علم سیکھا گویا اس نے جادو کا ایک حصہ سیکھ لیا پھر وہ ستاروں کے علم میں جتنا آگے بڑھتا جائے گا اتنا ہی جادو کے علم میں اضافہ ہوگا۔ (عن حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ) وہ شخص ہم میں سے نہیں جس نے خود فال نکالی یا اس کیلئے فال نکالنے کا کام کیا اور جس نے غیب کے علم جاننے کا دعویٰ کیا اور جس نے جادو کیا یا کسی کیلئے جادو کرایا اور جو شخص نجومی کے پاس گیا یا جو کچھ وہ کہتا ہے اس نے اس کی تصدیق کی تو اس نے اللہ کے نبی ﷺ کی شریعت سے کفر کیا۔ (عن عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ) وہ شخص جنت میں داخل نہ ہوگا۔ جو جادو پر یقین رکھنے والا ہوگا۔ (عن ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ)۔ جو شخص علم غیب کا دعویٰ کرنے والے کے پاس یا جادوگر کے پاس یا نجومی کے پاس آیا اور اس سے کچھ پوچھا اور پھر اس نے جو کچھ کہا اس نے اس کی تصدیق کر دی تو اس نے اللہ کے رسول (ﷺ) پر اتارے گئے دین سے کفر کیا اور اس کیلئے جنت میں داخلہ نہ ہوگا۔ (عن انس ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین)

جادو کی تصدیق قرآن پاک سے

جادو فی الحقیقت دنیا میں موجود ہے۔ اس کے متعلق قرآن پاک میں ارشاد ربانی کچھ یوں ہے ''یعلمون الناس السحر'' (وہ لوگوں کو جادو سکھاتے تھے) (البقرہ) ''ومن شر النفثت فی العقد'' (اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں) (الفلق) ''انما صنعوا کید سحر'' اس کی حقیقت کچھ بھی نہیں یہ تو جادو کا تماشا ہے'' (الاعراف) وما ہم بضارین بہ من احد الا باذن اللہ (البقرہ) اور وہ جادوگر کسی کو جادو کے ذریعے نقصان نہیں پہنچا سکتے سوائے اس کے کہ اللہ کا حکم ہو''

آج کا دور اور جادو

جادو درحقیقت فریب نظر کا ایک لامتناہی جال ہے جس میں اس قدر کشش پیدا کر دی گئی ہے کہ لوگ سمجھتے ہیں کہ دنیاوی کوئی بھی کام کروانے کا آسان راستہ یہی ہے اور اس بات کو پروان چڑھانے میں آج کے دور کے نام نہاد ملاؤں' پیروں' فقیروں' سفلی علم والے ہیں جن کے پاس علم تو برائے نام ہوتا ہے لیکن عوام کو بے وقوف بنانے کا فن اور ڈھنگ انہیں بخوبی آتا ہے۔ جو ماسوائے معاشرہ میں تباہی و بربادی پھیلانے، بدسکونی، بے چینی اور نفرت پھیلانے کا کام زر کے لالچ میں انجام دے رہے ہیں اور جو کوئی ان کے جال میں ایک مرتبہ پھنس جاتا ہے تو پھر اس سے نکلنے کا نام نہیں لیتا۔ زیادہ تر جاہل عامل وہ ہیں جو اس علم کے اسرار و رموز سے ذرا برابر بھی لگا نہیں کھاتے لیکن اپنی بڑائی نت نئے کارناموں کے تحت جتلاتے رہتے ہیں یا پھر بے بنیاد اور

پھونک ماری اور جادوئی اثر ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے تہدیدی نامہ مبارک اپنے ہر کمرہ میں لگایا ہوا تھا۔ ایک رات میں سونے کیلئے لیٹی ابھی صحیح طرح سوئی بھی نہ تھی کہ مجھے محسوس ہوا لمبا سا کالا سا ایک سایہ دونوں ہاتھوں سے مجھ پر دباؤ ڈال رہا ہے جس کی وجہ سے میرا ہلنا اور بولنا ناممکن ہو گیا میں نے تصور میں ہی آیۃ الکرسی پڑھ کر منہ اس کی طرف کر کے پھونک ماری تو یہ اثر ختم ہو گیا۔ صبح اپنے شوہر سے ذکر کیا تو انہوں نے میرا مذاق اڑایا۔ جبکہ چھوٹے بیٹے نے بھی بتایا کہ رات کو میری نظر جاگتے میں کمرے سے باہر ٹی وی لاؤنج میں پڑی تو ایک لمبا کالا سایہ باہر کی طرف جا رہا تھا ساتھ میں میری طرف کر کے ہاتھ ہلایا۔ بیٹی نے بھی اسی رات کا ذکر کیا کہ مجھے بھی اپنے سر اور پیروں کی طرف کوئی کھڑا محسوس ہو رہا تھا جس کی وجہ سے مجھے ڈر لگ رہا تھا۔ (غ، اسلام آباد)

جس پر جادو کیا گیا اس کیلئے عمل: اگر کسی نے جادو یا کسی اور ذریعہ سے آپ پر ظلم کیا ہو یا کسی مسئلے میں بے حد زیادتی کر رہا ہو تو اس صورت میں یَاعَدَلُ اکیس دن تک روزانہ 2100 مرتبہ پڑھیں۔ اگر وہ جادوگر یا حاسد ہے تو ضرور سزا ملے گی۔

الٹے سیدھے الفاظات کے تعویذ دھاگے وغیرہ بنا کر عوام کو لوٹنے کا وطیرہ اختیار کیے ہوئے ہیں۔

اول تو جادو ایک ایسا فن ہے جو کسی بھی باعمل' پڑھے لکھے انسان اور بالخصوص امتی رسول ﷺ کو زیبا نہیں دیتا کیونکہ اس سے سب سے پہلی زد مسلمان کے ایمان پر پڑتی ہے اور وہ راہ حق سے بھٹک کر گمراہی اور ضلالت میں پڑ جاتا ہے۔ پھر یہ کہ جادو بذات خود فنا اور نقصان کا عمل ہے اس سے برائی کی توقع تو کی جاسکتی ہے کسی اچھائی کی نہیں۔ جادو صریحاً گمراہی اور ضلالت کا عمل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے لوگ ضلالت اور گمراہی سے بھرپور باتیں پھیلاتے رہتے ہیں جن کا حقیقت احوال سے ذرہ برابر بھی عمل دخل نہیں ہوتا۔ اس پر مصداق یہ کہ باعمل لوگ ایسے لوگوں کی کماحقہ باز پرس نہیں کرتے اور نہ ہی ان پر گرفت کرتے ہیں جس کی وجہ سے یہ لوگ اس برائی کو بہت زیادہ پھیلانے میں کامیاب رہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس بابت قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ہے: ''یہ لوگ ایک دوسرے کو اس برائی سے نہیں روکتے جس کو وہ کرتے ہیں' یہ لوگ بہت بُرا کام کرتے ہیں۔'' (المائدہ ۷۹)۔ آج کے جادوگر نے ہمیشہ آدمی کی کمزوری سے فائدہ اٹھایا ہے اور اس نے کچھ برا بھی نہیں کیا ہے۔ اس نے سب کچھ اپنی جان جوکھوں پر ڈال کر کیا وگرنہ اس عالم رنگ و ب میں ان آدمیوں کی فہرست شیطانوں سے بڑھ کر طویل ہے۔ جنہوں نے مذہب و سیاست کی آڑ میں انسان کی فلاح و بہبود میں نہ جانے کس کس کے نام پر آدمی کی کمزوری سے فائدہ اٹھایا ہے اور اٹھا رہا ہے۔ وگرنہ حقیقی طور پر نگاہ ڈالی جائے تو انسان کی اپنی ذہنی قوت بے پایاں ہونے کے ناطے کسی کو بھی اپنی کمزوری سے فائدہ اٹھانے کی اجازت نہ دے۔ یہی وجہ ہے کہ سادہ لوح انسان جادوگروں کے جال میں پھنستے رہتے ہیں اور اپنی ساری جمع پونجی ضائع کرتے رہتے ہیں۔

جادوگروں کے جال

جادوگر مختلف قسم کے جھوٹے سچے کارناموں اور لامتناہی سوچوں اور وہم سے کام لیتے ہیں۔ ہر انسان کی اصل کمزوری سے آگاہ ہو کر اس کے ذریعے اس کو رنگا رنگ باتوں سے نوازتے ہیں اور ایسی ایسی کہانیاں گھڑتے ہیں جن کا وجود بالکل نہیں ہوتا اچھے بھلے انسان کو وہم میں ڈالنا ان کے بائیں ہاتھ کا کمال ہوتا ہے اور وہم ایک ایسی شے ہے جس کا توڑ حکیم لقمان علیہ السلام کے پاس بھی نہیں تھا۔ اس طرح نام نہاد عامل کامل، بڑے بڑے دعویدار لوگوں کو اپنے اپنے لایعنی کمالات کے اتنے قصے بیان کرتے ہیں اور ایسے ایسے سنہری خواب دکھلاتے ہیں کہ جس سے ایک اچھا بھلا سمجھدار انسان بھی ان کے جال میں پھنس جاتا ہے اور پھر ان کے اشاروں پر ناچتا ہے اور اپنی اچھائی و بھلائی کو پس پشت ڈال کر برائی کی راہ پر چل نکلتا ہے اور بلاوجہ شکوک کے سمندروں میں غوطے کھانے شروع کر دیتا ہے۔

جادو کی اقسام

جادو کو دو قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے ایک قسم تخیلی ہے جس کا دارومدار شعبدہ بازی اور ہاتھ کی صفائی ہے' دوسری قسم وہ ہے جس میں فی الحقیقت مرد و زن میں جدائی ڈالنا اور لوگوں کو پریشان کرنا ہے۔ ماہرین فن جادو نے اس کو دو شاخوں میں تقسیم کیا ہے۔ ایک سحر بالمثل۔ اور دوسری سحر لمسی ان دونوں کا تعلق تسلسل خیال سے ہے۔ ایک میں مماثل خیال پائے جاتے ہیں اور دوسری میں مربوط و متصل خیالات۔ پہلی قسم کا تعلق سحر بالمثل ہے اور دوسری کا تعلق سحر لمس سے ہے۔ سحر بالمثل میں عملی اقدام اور نتیجے میں مماثلت پائی جاتی ہے کہ جیسا کہ ایک عام کہاوت مشہور ہے۔ کالی اینٹیں کالے روڑ، اللہ میاں مینہ برسا زور و زور یہ ایک سحر بالمثل کی عملی شکل ہے اور اس قسم میں کسی بھی شے کے مماثل سے ہی جادو ٹونے کا سہارا لیا جاتا ہے۔ جیسے کسی کو ذہنی تکلیف پہنچانے کیلئے جادو ٹونے میں سوئیاں سی چبھ رہی ہیں وغیرہ وغیرہ اور اس سلسلے میں پتلے اور گڈے وغیرہ استعمال کیے جاتے ہیں جو جادو کے شکار کے ہم شکل اور ہم مثل ہوتے ہیں اور اس ضمن میں بدستور عام ہے جس سے عام جادو میں کام لیا جاتا ہے۔ اس طرح بعض معاملات میں مختلف جانوروں کی بھینٹ بھی لی جاتی ہے غرضیکہ طرح طرح کے ایسے طریقوں سے کام لیا جاتا ہے جس میں باہمی مماثلت کارگر ہوتی ہے جبکہ دوسرے طریقے میں عموماً ہپناٹزم جیسا طریقہ کار استعمال کیا جاتا ہے اور ہاتھوں کے لمس اور باتوں سے دوسرے کو کسی وہم میں شدید حد تک ملوث کر دیا جاتا ہے جس سے چھٹکارا پانا اس کیلئے ناممکن ہو جاتا ہے یا پھر انسان کے کپڑوں، یا کسی اعضاء' یا مردوں کی راکھ وغیرہ جس کو عرف عام میں مسان کہا جاتا ہے اس سے کام لیا جاتا ہے۔

جادو اور حضور نبی کریم ﷺ

اکثر ہمارے ہاں یہ کہاوت مشہور ہے کہ جب خدا کے رسول ﷺ جادو سے (معاذ اللہ) نہیں بچ سکے تو ہم کس شمار میں ہیں۔ اس طرح دلی طور پر جادو کو اپنے اوپر محیط کر لیا جاتا ہے اور بلاوجہ ہر بات کو جادو سے تعبیر کر دیا جاتا ہے، لیکن کوئی بھی اس بات کا ادراک نہیں کرتا کہ اس معاملہ میں حقیقت احوال کیا ہے، اور یہ کہ اس کا سیاق و سباق کیا ہے، سیاق و سباق یہ ہے کہ عرب معاشرہ میں اسلام سے پیشتر جادو اس قدر ترقی کر چکا تھا اور لوگوں کے روزمرہ کے معمولات میں رچ بس چکا تھا کہ حضور سرور کائنات ﷺ کی آمد و بعثت اور معجزات نے جادوگروں کی جادوگری کو مات کرنا شروع کر دیا تھا اور ان کے جھوٹ کا پول اور ان کی قدر افزائی میں روز افزوں کمی ہوتی جارہی تھی، چونکہ حضور نبی کریم ﷺ کی بعثت سے قبل یہودیوں کا فن جادوگری میں طوطی بولتا تھا اور وہ جو کہتے لوگ بلا چون و چراں ان کی بات کو حق تسلیم کرتے تھے' ایسے میں اسلام ایک حقیقت بن کر ابھرا اور اس کی وجہ سے ان یہودیوں کا کاروبار حیات بے حد متاثر ہوا۔ اور پورے معاشرہ میں مسلمان دن بدن پھیلنے اور پھلنے پھولنے لگے۔ جس سے ان کو بے حد ذہنی صدمہ پہنچا، انہوں نے حضور سرور کائنات ﷺ کے معجزات اعمال کو جادوگری سے موسوم کرنا شروع کر دیا تا کہ لوگ (معاذ اللہ) آپ ﷺ سے بدظن ہو جائیں اور آپ ﷺ کی تعلیمات نہ پھیلنے پائیں اور اس طرح تبلیغ اسلام کا کام رک جائے۔ ایسے میں اللہ کا حکم آزمائش آن پہنچا جس پر آپ ﷺ نے سر تسلیم خم کر دیا اور یہودیوں کو آپ ﷺ پر جادو کرنے کا موقع مل گیا اور اس طرح آپ ﷺ کسی حد تک بیمار ہو گئے، بروایت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا (از بخاری و مسلم) بنو زریق کے نامی گرامی جادوگر لبید بن اعصم نے آپ ﷺ پر جادو کر دیا، آپ ﷺ کو یوں محسوس ہوتا کہ آپ ﷺ کچھ کر رہے ہیں حالانکہ ایسی کوئی بات نہ ہوتی۔ ایک دن آپ ﷺ نے اپنے رب سے کئی مرتبہ دعا مانگی۔ پھر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے

سورۂ یونس سے شوگر کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک عزیز ہیں انہیں شوگر تھی' وہ میانوالی میں رہتے ہیں۔ ایک مرتبہ وہ میانوالی سے آئے تو میں نے پوچھا کہ آپ کو تو شوگر کا مرض تھا؟ تو انہوں نے کہا کہ تھی مگر اب ٹھیک ہو گیا ہوں۔ میں نے پوچھا: کیسے؟ انہوں نے بتایا کہ ایک حافظ صاحب ہیں انہوں نے بتایا کہ صبح سویرے سورۂ یونس ایک بار اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے مسلسل چالیس روز تک پئیں تو شوگر کا مرض ٹھیک ہو جاتا ہے۔ بقول اس عزیز کے تقریباً بیس یا پچیس دنوں میں شوگر کا مرض ختم ہو گیا' اب وہ کھانے پینے میں بھی پرہیز نہیں کرتا اور اس کی تمام ادویات چھوٹ چکی ہیں۔ میرے اس عزیز کا نام محمد اقبال ہے۔ میرا نام شائع مت کیجئے گا۔ (پوشیدہ)

فرمایا: اے عائشہ! کیا تم جانتی ہوں کہ میں نے اللہ سے جس معاملے میں دعا مانگی ہے، اس نے میری دعا کو قبول کرلیا ہے، میرے پاس دو آدمی (فرشتے) آئے ہیں ایک میرے سرہانے بیٹھا اور دوسرا میری پائنتی اور انہوں نے آپس میں گفتگو کرتے ہوئے یہ کہا کہ ان پر جادو کیا گیا ہے، پائنتی والے کے اصرار پر سرہانے والے نے کہا کہ ان پر لبید بن اعصم نے جادو کیا ہے، تاکہ تبلیغ اسلام کا عمل رک جائے۔ اس نے پھر استفسار کیا کہ ''کس چیز میں؟''۔ دوسرے نے کہا کنگھی کے بالوں اور کھجور کے کھوکھلے شگوفے میں۔ اس نے کہا کہ یہ کہاں ہیں۔ دوسرے نے جواب دیا کہ ذی اروان کے کنوئیں میں۔ آپ ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور دوسرے اصحاب کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو لے کر اس کنوئیں کے پاس گئے اور اس کو دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! اس کنوئیں کا پانی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس میں مہندی کا آمیزہ ہو، اس کے کھجور کے درخت ایسا لگتا تھا گویا شیطانوں کے سر ہوں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے کہا: آپ ﷺ نے اس کو (بال آور کھجور کے شگوفے کو جس میں جادو کیا گیا تھا) کیوں نہیں جلا ڈالا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! مجھے تو اللہ تعالیٰ نے شفا دے دی میں نے مناسب نہیں سمجھا کہ لوگوں کو فتنوں میں مبتلا کردوں اس لئے اس کو دفن کروادیا۔ بعض روایات کے مطابق آپ ﷺ اس جادوگر کے پاس گئے اور پوچھا کیا تم نے مجھ پر جادو کیا تھا۔ تو اس نے ہاں میں جواب دیا۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: اگر میں تم میں سے کسی پر جادو کروں تو کیا تم کروالو گے۔ اس نے کہا جو ایسا کرے گا ہم اس کا کیا ہوا جادو واپس اسی پر پلٹ دیں گے۔ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: تمہاری نگاہ میں جادوگر، شعبدے باز یا مردان غیب میں سے ہوں لیکن میں نے ایسا کچھ نہیں کیا جس سے تمہارا جادو تم پر واپس پلٹ جائے اور تمہیں نقصان بھی پہنچے حالانکہ تم نے میرے اوپر جادو کے ذریعے مجھے نقصان پہنچایا لیکن میری طرف سے کوئی بھی ایسا کام نہیں ہوا۔ اب بھی تم مجھے پیغمبر حق نہ مانو تو تمہاری مرضی ہے اور آپ ﷺ واپس تشریف لے آئے۔

اگر بنظر غائر اس واقعہ پر نگاہ ڈالی جائے تو یہ حقیقت بین طور پر سامنے آتی ہے کہ رضائے الٰہی کے تحت حضور سرور دو کائنات ﷺ کو راہ حق سے باز رکھنے کیلئے یہ جرم لبید بن اعصم سے سرزد ہوا۔ وگرنہ دنیا کی کوئی طاقت اللہ کے پیارے رسول ﷺ اور محبوب پر کسی بھی طرح کا جادو ٹونہ، ٹوٹکا نہیں آزما سکتی ہے اور نہ ہی سرے سے کائنات میں پیدا ہوئی ہے کیونکہ یہ ایک ایسا نام کائنات میں ہے جس کے طفیل سے پیغمبرون اور نبیوں کی توبہ نہ صرف قبول ہوئی ہے بلکہ جس سے کائنات کے ہر مرض میں شفائے کاملہ ملتی ہے اور جادو ٹونے اپنی حقیقت احوال کھودیتے ہیں، آسیب اور جنات بھاگ جاتے ہیں، شیطان ابلیس جس سے پناہ مانگتا ہے اور گمراہی وضلالت اپنے ہی سمندر میں غرق ہوکر معدوم ہوجاتی ہے۔

جادو کی حقیقت

جادو کی ماہیت پر اگر غور کیا جائے تو پتا چلے گا کہ اس میں بین خرابی پائی جاتی ہے جہاں یہ سمجھنا غلط ہے کہ ہم شکل، ہم رنگ اور مشابہ اشیاء یکساں ماہیت رکھتی ہیں وہاں یہ خیال بھی درست نہیں ہے کہ جو اشیاء کبھی متصل نفیس الگ ہونے کے بعد باہمی رشتہ قائم رکھتی ہیں، جادو اور قلوب کی تسخیر و تالیف کا اسلوب ایک ہی ہے کوئی جادو سے دل موہ لیتا ہے اور کام نکالتا ہے، اور کوئی پیار سے اسی بناء پر جادو کا نہایت اہم شعبہ اصول تالیف پر قائم ہے، بعض کے نزدیک یہ محض تخیل ہے اور اس میں کوئی حقیقت موجود نہیں اور ان کا استدلال قرآن پاک کی سورۃ طٰہٰ آیت 66 سے ہے: یکایک ان کی رسیاں اور ان کی لاٹھیاں ان کے جادو کے زور سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دوڑتی ہوئی محسوس ہونے لگیں''۔ اور کچھ لوگ اس کو حقیقت احوال جانتے ہیں۔

اقسام جادو حضرت امام رازی رحمۃ اللہ علیہ کی نظر میں

1۔ سات ستاروں کی پوجا کا علم السحر (جدید دور میں اسے علم البروج قرار دیا گیا ہے)۔ 2۔ اصحاب واوہام اور نفوس قویہ کا سحر (جسے کالا جادو جیسے کہا جاتا ہے)۔ 3۔ گھٹیا ارواح اور شیطان وجنات کے ذریعہ سحر (سفلی اعمال والا جادو)۔ 4۔ شعبدہ بازی اور برق رفتاری سے آنکھوں کو مسخر کرنا (ہپناٹزم)۔ 5۔ عجائب الاشیاء سے سحر (نظر بندی وغیرہ) 6۔ ادویاتی جادو (ادویات کے ذریعے انسانوں کو زہر وغیرہ دینا یا مسان ڈالنا)۔ 7۔ چغل خوری اور نفرت بھرا سحر (حسد اور نظر بد) 8۔ مختلف دعوؤں والا سحر (مختلف جنات، دیو، پری، بھوت وغیرہ کو قابو کرکے کام لینا)۔ شیطان کے لشکر اور دل میں داخل ہونے کے چور دروازے۔ شیطان کے لشکر جن سے وہ قلب میں بنی آدم پر حملہ آور ہوتا ہے۔ حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شیطان کے پانچ لڑکے پانچ مختلف بڑے بڑے کاموں پر مامور ہیں۔ ان لڑکوں کے نام یہ ہیں: ثبر، اعور، داسم، زلنبور۔ 1۔ ثبر: اس خدمت پر مامور ہے کہ لوگوں کو جاہلیت کے کاموں کی ترغیب دے، مصیبت میں مبتلا لوگوں کو گریبان چاک کرنے منہ پر چانٹے مارنے نوحہ کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ 2۔ اعور: زنا پر مامور ہے لوگوں کو زنا کی ترغیب دے کر زنا میں مبتلا کرتا ہے۔ 3۔ داسم: اس کام پر مامور ہے کہ وہ گھر والوں میں پھوٹ ڈلوا کر ایک کو دوسرے کا دشمن بنا دے۔ 4۔ مبسوط: لوگوں کو جھوٹ بولنے پر اکساتا ہے۔ 5۔ زلنبوز: بازار پر مامور ہے، ناپ تول میں کمی اور دوسری برائیوں میں لوگوں کو مبتلا کرتا ہے، ان کے علاوہ ایک شیطان نماز پر مسلط ہے جس کا نام خنزنب ہے اور ایک شیطان وضو پر مسلط ہے اس کا نام ولہان ہے۔

بے لگام جادو کے چند اسباب

آج کے دور میں جادو اور جنات جس قدر پھیل چکے ہیں کہ محتاج بیان نہیں' آپ کو ہر گلی، ہر محلے میں کوئی نہ کوئی ایسا ضرور مل جائے گا جو اس مکروہ دھندہ میں شامل ہے اور ناسور کی طرح ہماری جڑوں کو کھوکھلا کررہا ہے۔ کبھی آپ نے سوچا کہ پہلے دور میں جادو کا عروج اتنا کیوں نہیں تھا اور آج یہ کیوں بے لگام ہوچکے ہیں۔ آیئے اس کے چند اہم اسباب کو پڑھیں۔

دل میں داخل ہونے کے شیطان کے چور دروازے

شیطان کے لشکر چونکہ 24 گھنٹے انسان کو گمراہ اور اغوا کرنے کی تاک میں لگے رہتے ہیں اس سے شیاطین کی مدافعت سے ایک آن غفلت بھی انتہائی مضر ہے پھر چونکہ شیطان کا حملہ انسان پر ظاہری دشمن کی طرح کھلم کھلا نہیں ہوتا اس لئے سب سے پہلے ان دروازوں اور راستوں کو تاخت وتاراج کردیتا ہے یوں تو انسان کے دل میں گھسنے کیلئے شیطان کے واسطے بہت سے راستے ہیں پھر بھی ان میں چند اہم راستوں کا ذکر حسب ذیل ہے۔

حسد وحرص

حسد اور حرص میں انسان اندھا اور بہرا ہوجاتا ہے شیطان جب ان دونوں میں کسی ایک یا دونوں کا احساس کسی قلب میں پاتا ہے تو اسے دل کو تباہ کرنے کیلئے موقع مل جاتا ہے اور وہ انسان کے دل کو گناہوں کے میدان میں گیند کی طرح لڑھکاتا پھرتا ہے، روایت ہے کہ جس وقت حضرت نوح علیہ السلام کشتی میں سوار ہوئے تو شیطان بھی موجود تھا۔ حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا تو یہاں کیوں آیا؟ شیطان نے جواب دیا اس واسطے کہ یہ لوگ دل سے تو میرے ہمنوا ہیں اور ظاہر میں آپ کا کلمہ پڑھیں۔ حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا نکل مردود کہیں کے۔ شیطان نے کہا کہ دنیا میں لوگ پانچ باتوں سے ہلاک ہوئے ہیں تین باتیں آپ کو بتائے دیتا ہوں فوراً وحی آئی کہ شیطان سے دو

باتیں پوچھ لو باقی تین باتیں آپ سے غیر متعلق ہیں۔ شیطان نے کہا ان میں سے ایک تو حسد ہے، حسد کی وجہ سے میں بارگاہ الٰہی سے مردود وملعون ہوا، دوسری چیز حرص ہے۔ اگر (حضرت) آدم (علیہ السلام) جنت میں ہمیشہ رہنے کی حرص نہ کرتے تو ان کو جنت سے نہ نکالا جاتا۔

غضب وشہوت

یہ دونوں چیزیں بھی قلب بنی آدم علیہ السلام سے شیطان اور جنات کے داخلے کے اہم دروازے ہیں غضب اور غصہ کی وجہ سے انسان کی عقل کمزور ہوجاتی ہے شیطان غصہ کرنے والے آدمی سے اس طرح کھیلنے لگتا ہے جس طرح بچے گیند سے کھیلا کرتے ہیں، شیطان نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بارگاہ الٰہی میں توبہ کیلئے سفارش کرائی تھی توبہ کی مقبولیت حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ پر موقوف رکھی گئی۔ شیطان نے غضب ناک ہوکر جواب دیا تھا جب میں نے زندہ آدم کو سجدہ نہیں کیا تھا تو مردہ کو تو کیا کروں گا۔ شیطان نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے اس موقع پر کہا تھا کہ جب انسان غصہ ہوتا ہے میں اس کے جسم میں خون کی طرح دوڑا دوڑا پھرتا ہوں۔

سامان زیب وزینت

اگر شیطان کسی انسان کے دل میں مکان، لباس اور گھر کے سازوسامان کی محبت دیکھتا ہے تو وہ انسان کے دل میں ان چیزوں کی محبت کے انڈے دے دیتا ہے، ان انڈوں سے جب بچے نکل آتے ہیں تو مکان کی تعمیر کرنے مکان کی آرائش کی دھن میں لگ جاتا ہے یہاں تک کہ اس حالت میں اسے موت آکر پکڑ لیتی ہے۔ مزید سے مزید کی خواہش جادو کی طرف مائل کرتی ہے۔

شیطان کا دل پر تسلط اور اس کا دفعیہ

وسوسہ اور الہام کا فرق: انسان کے نیک یا بداعمال کی صدور کی نوعیت یہ ہے کہ سب سے پہلے اس کے دل میں ایک خیال پیدا ہوتا ہے، خیال کے بعد اس کام کی رغبت پیدا ہوتی ہے، رغبت عزم اور نیت کو حرکت میں لاتی ہے، آخر میں نیت اعضاء کو حرکت میں لاکر اس فعل کا واقع عمل میں لے آتی ہے، پھر جس طرح اعمال خیر وشر کی نوعیت مختلف ہیں اسی طرح انسان کے دل میں کسی کام کا خیال جو اولاً پیدا ہوتا ہے وہ بھی اپنی نوعیت کے اعتبار سے مختلف ہے، اگر وہ خیال کسی اچھے کام کا ہے تو اسے اصطلاح شرع میں اس کا نام الہام ہے اور اگر وہ خیال برے کام سے متعلق ہے تو اس کو وسوسہ کہا جاتا ہے۔

الہام یا وسوسہ کا باعث کیا ہے

انسان کے دل میں شروع شروع میں جو خطرات یا خیالات پیدا ہوتے ہیں ان کے محرک قدرت نے جدا جدا پیدا کئے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے دل میں ہر قسم کے وسوسے پیدا ہوتے ہیں فرشتوں کی طرف سے بھی اور شیطان کی طرف سے بھی۔ فرشتے کے وسوسہ سے خیر کی ترغیب ہوتی ہے اور شیطان کے وسوسہ سے برائی کی پس جس وقت شیطانی وسوسہ محسوس ہو تو **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم** پڑھنا چاہئے۔ چونکہ دونوں قوتیں مساوی حیثیت سے قلب انسانی پر اثر انداز رہتی ہیں اس لئے اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ انسان قدرتی طور پر اسی کھینچا تانی میں مبتلا ہے، حدیث شریف میں اسی کھینچا تانی کی طرف اشارہ ہے ''مومن کا دل اللہ تعالیٰ کی (قدرت کی) انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان رہتا ہے''۔

وسوسہ دور کرنے کا طریقہ

ظاہر ہے کہ دل میں شیطانی وسوسہ ہر وقت آتا ہے جب اس وسوسہ کے سوا دل میں کوئی دوسری بات نہ ہو کیونکہ جب ایک بات کا گزر دل میں ہوتا ہے تو اس سے پہلے کی بات دل سے نکل جایا کرتی ہے، اس لئے شیطانی وسوسہ دور کرنے کی ایک تدبیر یہ ہے کہ جب کسی شخص کے دل میں کسی بری بات کا گزر ہو تو وہ دل کو کسی دوسری بات کی طرف متوجہ کرے یہ ترکیب اگرچہ دفعیہ وسوسہ کیلئے سہل ہے مگر پھر بھی یہ اندیشہ ہے کہ اس دوسری بات کا بھی وہی انجام نہ ہو جو پہلی بات کا ہوا ہے۔ اس لئے یہ صورت دفعیہ وسوسہ کیلئے سو فیصد کامیاب نہیں البتہ ذکر الٰہی ایک ایسی چیز ہے کہ اس کے ہوتے ہوئے شیطان کی مجال نہیں کہ دل کے قریب قدم رکھ سکے، خدا تعالیٰ نے بھی دفعیہ وسوسہ کی یہی تدبیر بتلائی ہے۔

''خدا سے ڈرنے والے لوگوں کو اگر شیطان مس کرلیتا ہے تو وہ خدا کا ذکر کرتے ہی صاحب بصیرت بن جاتے ہیں حضرت مجاہد رحمۃ اللہ علیہ نے ''من شرالوسواس الخناس'' کی تفسیر میں لکھا ہے کہ شیطان انسان کے دل پر چاروں طرف سے چھایا رہتا ہے، جب قلب ذکر الٰہی کرتا ہے تو سکڑ کر دبک جاتا ہے ذکر اللہ اور وسوسہ میں دن یا رات یا روشنی اور اندھیرے کا سا تضاد ہے۔ ذکر الٰہی کے سامنے شیطان ٹک نہیں سکتا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے کہ حضور سرور دو عالم ﷺ نے فرمایا ہے'' شیطان اپنی سونڈ انسان کے دل پر رکھے ہوئے ہے، پس اگر وہ خدا کا ذکر کرتا ہے تو ہٹ جاتا ہے اور اگر خدا کو بھول جاتا ہے تو دل کو نگل لیتا ہے''۔ حدیث میں ہے کہ حضرت عمر بن العاص نے حضور دو عالم ﷺ سے عرض کیا کہ شیطان نماز اور قراءت قرآن میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ مجھ میں اور میری نماز میں حائل ہوجاتا ہے تو حضور انور ﷺ نے فرمایا: اس شیطان کو خنزب کہتے ہیں جب وہ تجھ کو معلوم ہو تو **اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم** پڑھ اور اپنی بائیں طرف تین دفعہ تھوک دے) حضرت عمر بن العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور انور ﷺ کی فرمودہ ہدایات پر عمل کیا وہ بات جاتی رہی۔ اسی طرح دوسری حدیث میں وارد ہے: ''وضو میں بہکانے والا ایک شیطان ہے، اس کا نام دلہان ہے، اس سے خدا تعالیٰ کی پناہ چاہو''۔ حدیث شریف میں یہ بھی آیا ہے: ''ایماندار اپنے شیطان کو ایسا لاغر کردیتا ہے جیسے تم میں سے کوئی شخص اپنے اونٹ کو دبلا کردیتا ہے۔ قیس بن حجاج فرماتے ہیں کہ میرا شیطان مجھ سے کہنے لگا کہ میں تمہارے پاس اونٹ کی طرح توانا آیا تھا۔ اب دبلا ہوتے ہوتے چڑیا ہوگیا ہوں۔ میں نے پوچھا کس طرح؟ جواب دیا کہ تم ذکر اللہ سے مجھے ہر دم گھلاتے رہتے ہو۔

شیطان کے دفعیہ کی تدبیر کیا ہے

شیطان کے شر سے دل کو بچانے کی ترکیب یہی ہے کہ دل میں شیطان کے داخلہ کے تمام دروازے بند کردیئے

جگر کی بیماریوں کا آزمودہ علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک جگہ بیٹھا تھا کہ ایک جاننے والے نے پرنٹ شدہ ایک عمل دیا جو کہ جگر اور معدہ کی بیماریوں کیلئے ہے۔ میں وہی عمل آپ کو بھیج رہا ہوں تاکہ یہ عمل عبقری میں شائع ہوکر لاکھوں کیلئے بیماریوں سے نجات کا ذریعہ بنے۔ عمل درج ہے: حدیث شریف میں آتا ہے کہ اپنا علاج قرآن سے کرو' میں خود جگر کی بیماری میں مبتلا رہا اور شیخ زید ہسپتال لاہور میں میرا علاج ہوتا رہا کسی نے مجھے یہ آیت بتائی' ادویات کے ساتھ ساتھ میں نے درج ذیل آیت پڑھنا شروع کی۔ اللہ پاک نے مجھے چند دن میں صحت یاب کردیا۔ میرا ذاتی مجرب عمل ہے۔ آپ بھی کریں انشاء اللہ بندہ کو تاعمر دعائیں دیں گے۔

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَ الْاِكْرَامِ ﴿الرحمٰن ۷۸﴾۔ اس آیت کو 21 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں۔ انشاء اللہ بیماری دور ہوجائے گی۔

معدہ کی تمام بیماریوں کا علاج

سورۃ قدر 11 مرتبہ پڑھ کر خود پر دم کریں اور دم کیا ہوا پانی مریض خود پیے۔ یا کوئی اور دم کرکے مریض کو دے۔ سات دن تک یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ معدہ کی تمام شکایات دور ہوجائیں گی۔ (ق، ش۔ راولپنڈی)

مریض کا مرض معلوم کرنا: اگر کوئی بیماری جلد سمجھ میں نہ آتی ہوتو اگر کوئی ڈاکٹر یا حکیم روزانہ اسم یَاخَبِیْرُ کو 812 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اسے انشاء اللہ مریض کو دیکھتے ہی اللہ کی رحمت سے مریض کا صحیح مرض پتہ چل جائے گا۔

جائیں اور دل کو تمام مذموم صفات سے صاف کرلیا جائے۔ اتنا جاننا ضروری ہے کہ دل جب تمام مذموم صفات سے پاک صاف ہوجائے گا تو پھر شیطان دل میں جم کرنہیں بیٹھ سکے گا۔ چونکہ اللہ کا ذکر شیطان کو قریب آنے سے روکتا ہے اس لیے شیطان ہیرا پھیری کرتا ہی نظر آئے گا۔ اخلاق ذمیمہ کے دفعیہ کے بغیر اللہ کے ذکر سے شیطان دفع توضرور ہوجاتا ہے مگر اللہ کا ذکر دل میں اسی وقت جاگزیں ہوجاتا ہے جب تقویٰ اور صفائی قلب سے آئینہ قلب کو صاف کرلیا جائے۔ اگر ایسا نہ ہوتو ذکرالٰہی بھی ازقبیل خطرات ہوتا ہے چونکہ اس کو دل پر پورا قابو نہیں ہوتا۔ اسی لیے وہ شیطان کو بھی دفع نہیں کرسکتا۔

ذکرالٰہی کو دافع شیطان صرف اہل تقویٰ کیلئے فرمایا ہے جس دل میں غذائے شیطانی و (صفات ذمیمہ) موجود نہ ہوگی' وہاں شیطان ذکرالٰہی سے ہٹ جائے گا اور اگر دل پر شہوت کا غلبہ ہوگا تو ذکرالٰہی دل کے چاروں طرف پھیل کر رہ جائے گا قعر قلب پر اثر انداز ہوکر دفعیہ شیطان کیلئے موثر ثابت نہ ہوگا۔ بہرحال جہاں شیطان کا دفعیہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ یا اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ سے ہوجاتا ہے وہاں اور بھی دعائیں اس بارے میں منقول ہیں۔ حضرت محمد بن واسع ہر روز بعد نماز فجر یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ سَلَّطْتَ عَلَيْنَا بَصِيْرًا يَصِيْرُ بِنَا وَيَرَانَا هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا نَرَاهُمْ اَللّٰهُمَّ فَاٰيِسْهُ مِنَّا كَمَا اٰيَسْتَهٗ مِنْ رَحْمَتِكَ وَقَنِّطْهُ مِنَّا كَمَا قَنَّطْتَهٗ مِنْ عَفْوِكَ وَ بَاعِدْ بَيْنَنَا كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ رَحْمَتِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

محمد بن واسع فرماتے ہیں کہ ایک روز شیطان مجھے مسجد کے راستہ میں ملا اس نے کہا تم مجھے پہچانتے ہو' میں کون ہوں؟ میں نے کہا تو کون ہے تو اس نے جواب دیا میں ابلیس ہوں۔ میں تم سے یہ کہنے آیا ہوں کہ تم اس دعا کو کسی اور کو نہ بتانا میں تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ کبھی تم سے مزاحم نہ ہوں گا۔ میں نے کہا میں کسی شخص کو اس دعا کے پڑھنے سے منع نہ کروں گا۔ جو تجھ سے ہوسکے کرلے۔ (امام مالک)

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بن لیلٰے فرماتے ہیں کہ ایک شیطان حضور سرور دوعالم ﷺ کے سامنے نماز کی حالت میں آگ کی مشعل لے کر کھڑا ہوتا تھا اور قرات و استغفار سے نہ جاتا تھا۔ آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے اور عرض کیا آپ ﷺ یہ دعا پڑھیں۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِّمَّا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ مَاذَرَاَ فِي الْاَرْضِ وَيَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ طَوَارِقِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَارَحْمٰنُ۔

حضور انور ﷺ نے اس دعا کو پڑھا اس مردود کی شمع گل ہوگئی اور اوندھے منہ گر پڑا۔

شیطان کے مورچے

حضرت شیخ امام تقی الدین حنبلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں شیطان مومنوں کو گمراہ کرنے کیلئے 7 مورچوں پر بیٹھتا ہے۔ پہلا مورچہ کفر کا ہے' پس اگر مومن کفر سے محفوظ رہا تو وہ بدعت کے مورچہ پر آکر بیٹھ جاتا ہے' پھر کبائر کے مورچہ پر بیٹھتا ہے پھر صغائر کے مورچہ پر آتا ہے۔ پس اگر مومن پر ان مورچوں سے شیطان ناکام رہتا ہے تو وہ مباحات کا مورچہ سنبھالتا ہے اور مومن کو اطاعت الٰہی سے باز رکھنے کی کوشش کرتا ہے اگر اس مورچہ پر بھی ناکامی رہتی ہے تو مومن کو غیر افضل اعمال کی ترغیب دیتا ہے اس مورچہ پر اگر اسے کامیابی حاصل نہیں ہوتی تو وہ سب سے آخری مورچہ سنبھالتا ہے اور وہ ہے بدکار دشمنوں کو ایذا رسانی پر لگا دیتا ہے۔

شیطان کا کان میں پیشاب کرنا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کے سامنے ایک ایسے شخص کا ذکر آیا جو طلوع آفتاب کے وقت خواب سے بیدار ہوا تھا تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص کے کان میں شیطان نے پیشاب کردیا تھا۔

شیطان انسان کے ساتھ کھانا کھاتا ہے

(سنن ابوداؤد نسائی میں ہے) حضور نبی اکرم ﷺ کے سامنے ایک شخص کھانا کھا رہا تھا۔ بسم اللہ پڑھنا بھول گیا تھا' آخری لقمہ کھاتے وقت اس نے بسم اللہ اولہ وآخرہ کہا۔ حضور نبی کریم ﷺ مسکرادیئے اور فرمایا کہ شیطان بھی برابر اس کے ساتھ کھانا کھا رہا تھا۔ جب اس نے بسم اللہ پڑھی تو شیطان نے قے کردی۔ خود سوچیں جس شخص کے ساتھ شیطان کھانا کھائے اور خبیث جنات شامل ہوں وہ کھانا شفاء بنے گا یا بیماری؟

شیطان کی ایک چال

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ شیطان تمہارے پاس آکر پوچھتا ہے اس چیز کو کس نے پیدا کیا اس چیز کو کس نے پیدا کیا یہاں تک وہ یہ بھی پوچھ بیٹھتا ہے تیرے خدا کو کس نے پیدا کیا اگر ایسا موقع ہوتو اللہ سے پناہ مانگنی چاہیے۔

دوسری روایت بخاری و مسلم میں ہے کہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اور تین دفعہ بائیں تھتکار کر اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھنا چاہیے۔

کن کن مواقع پر شیطان سے پناہ مانگنی چاہیے

قرات قرآن کے وقت۔ جس وقت مسلسل وسوسے آرہے ہوں۔ غصہ کے وقت۔ پیشاب یا پاخانہ کے وقت۔

شیطان ہمبستری میں بھی شریک

حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب تم اپنی بیوی کے پاس جانے کا ارادہ کروتو بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ عَمَّا رَزَقْتَنَا پڑھ لیا کرو۔ اگر اللہ تعالیٰ کو بچہ پیدا کرنا منظور ہوگا تو اس کو شیطان کبھی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

شیطان دل میں کیونکر وساوس ڈالتا ہے

کسی شخص نے اللہ سے دعا کی کہ شیطان کو دل میں وسوسہ ڈالتے دیکھنا چاہتا ہوں' اپنی رحمت سے دکھلا دے۔ تو اللہ تعالیٰ نے اسے نیم بیداری کی حالت میں ایک جسم شفاف بلور جیسا دکھایا۔ شیطان مینڈک کی شکل میں اس کے بائیں کندھے پر بیٹھا ہوا تھا اور اس نے اپنی لمبی سونڈ دل میں داخل کررکھی تھی اور اس کی یہ حالت تھی کہ جب وہ اللہ کا ذکر کرتا تھا شیطان بھاگ جاتا تھا۔

وساوس دل میں آتے ہی استغفار

بنی آدم کے دل پر شیطان کی طرف سے بھی القا ہوتا ہے۔ اور فرشتے کی طرف سے بھی پس اگر وسوسہ حق کی تکذیب یا شر سے متعلق ہوتو اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھنا چاہیے اور اگر وسوسہ فرشتے کی طرف سے حق کی اطاعت نیکی کے متعلق ہوتو خدا کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

شیطان کن لوگوں سے خوش

حمدون القصار کہتے ہیں کہ جب تمام شیاطین ایک جگہ جمع ہوتے ہیں تو وہ آپس میں باتیں کرکر کے تین باتوں سے بہت خوش ہوتے ہیں۔ 1۔ اس مسلمان سے جس نے کسی مسلمان کو قتل کردیا ہو۔ 2۔ جس شخص کا خاتمہ کفر پر ہوا ہو۔ 3۔ اس دل سے جسے فقر وافلاس کا خوف لاحق ہو۔

سوتے وقت شیطان سے بچنے کی ہدایت

سوتے وقت گھر کا دروازہ بند کردیا کرو' پانی کے برتنوں کو ڈھک دیا کرو' چراغ گل کردیا کرو۔

شیطان اذان کی آواز سن کر بھاگ جاتا ہے

حضور سرور دوعالم ﷺ نے فرمایا ہے کہ اذان کی آواز سن کر شیطان پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتا ہے اس

کے گوز نکلتے رہتے ہیں اذان کے بعد پھر واپس آ جاتا ہے پھر جب اقامت کہی جاتی ہے بھاگ جاتا ہے اقامت کے بعد واپس آ جاتا ہے اور نمازیوں کے دل میں طرح طرح کی باتیں ڈالتا ہے یہاں تک کہ نماز پڑھنے والا بھول جاتا ہے کہ اس نے کتنی رکعت نماز پڑھی اور کیا پڑھا۔ اذان کی آواز سن کر شیطان کے بھاگنے کا سبب یہ ہے کہ وہ اس بات سے بچنا چاہتا ہے کہ اذان کی آواز سن کر قیامت کے دن گواہی نہ دینے پڑے۔ حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ قیامت کے دن جن انسان اور زمین کے ہر وہ چیز جو اذان کی آواز سنے گی گواہی دے گی۔

قارئین! شیطان نے آج ہمارے گھروں میں اودھم مچا رکھا ہے اس کا ایک بہت بڑا سبب اذان کا احترام نہ کرنا ہے۔ اذان ہو رہی ہوتی ہے ہم اپنے ٹی وی کی آواز بند نہیں کرتے' اذان ہو رہی ہوتی ہے ہم اپنی باتوں میں مشغول رہتے ہیں۔ ذرا غور فرمائیں کہ جس آواز کو سن کر شیطان بھاگ جاتا ہے' اسی مبارک آواز کی بے قدری کے ساتھ ساتھ ہماری پریشانیوں' مصیبتوں میں بھی دن بدن اضافہ ہو رہا ہے اور اصل علاج کے بجائے نام نہاد عاملین اور بابوں کے پیچھے بھاگ رہے ہیں۔

بیماری اور دکھ گناہ کی وجہ سے آتے ہیں

انسان کو اکثر جو تکلیف پہنچتی ہے وہ انسان کے اپنے کیے ہوئے گناہوں کی وجہ سے ہی پہنچتی ہے لیکن وہ تکلیف انسان کو وارننگ ہوتی ہیں تاکہ انسان گناہوں کو ترک کر کے راہ راست پر آجائے۔ اس کے متعلق حدیث شریف ہے کہ ''حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بیشک نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ کسی بندے کو تھوڑی ایذا نہیں پہنچتی یا اس سے کم یا اس سے زیادہ مگر گناہ کی وجہ سے پہنچتی ہے اور وہ گناہ جو اللہ معاف کر دیتا ہے بہت زیادہ ہیں پھر یہ آیت پڑھی کہ تم کو جو مصیبت پہنچتی ہے وہ بسبب اس کے ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اور معاف کرتا ہے بہت سے گناہ۔

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اکثر لوگوں کو جو تکالیف اور بیماریاں آتی ہیں وہ ان کی اپنی بداعمالیوں کا نتیجہ ہوتی ہیں کیونکہ بعض لوگ برائیوں کو گناہ ہی شمار نہیں کرتے اس لیے گناہ پر گناہ کرتے چلے جاتے ہیں۔ کہیں انسان روزی کمانے کی خاطر جھوٹ' فریب' دھوکہ اور بے ایمانی میں مبتلا ہو جاتا ہے اور کہیں لذت نفس کی خاطر زبان اور شکم سے کئی گناہ کر ڈالتا ہے۔ غرض یہ کہ انسان خود ہی طرح طرح کے بیشمار گناہ اپنی ذاتی اغراض کی خاطر کر لیتا ہے جب گناہ زیادہ ہوتے ہیں تو ان کی وجہ سے وہ پھر مصائب میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ انسان کو چاہیے کہ وہ ہر دم گناہوں سے بچے تاکہ تکالیف دور رہیں۔ البتہ وہ لوگ جو گنہگار نہیں ہوتے جب وہ کسی مصیبت یا بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں تو اس سے ان کی آزمائش اور امتحان مقصود ہوتا ہے جس کی وجہ سے ان کے درجات میں بلندی ہوتی ہے۔ اگرچہ خدا کے نیک اور برگزیدہ بندے کسی تکلیف اور پریشانی میں مبتلا ہوتے ہیں اور اپنے عجز و بیچارگی کے احساس کی وجہ سے وہ بھی یہی کہتے ہیں کہ یہ ہماری شامت اعمال کی وجہ سے ہے۔ چنانچہ ایک بزرگ کے بارے میں منقول ہے کہ ایک مرتبہ چوہے نے ان کے جوتے کے تسمے کو کتر لیا تو وہ اتنا متاثر ہوئے کہ روتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے کہ آہ! نامعلوم میں کس گناہ میں مبتلا ہو گیا تھا جس کی سزا میں نے یہ پائی ہے۔

حضرت سعید بن وہب رحمۃ اللہ علیہ کا کہنا ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ ان کے ایک دوست کے پاس گیا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ ان سے کہنے لگے کہ اللہ تعالیٰ جب اپنے مومن بندہ کو کسی آفت میں مبتلا کرتے ہیں اور پھر عافیت بخشتے ہیں تو یہ اس کے پچھلے گناہوں کا کفارہ اور آئندہ کیلئے معافی کا ذریعہ بن جاتا ہے لیکن اگر کسی گنہگار بندے کو مبتلا کرتے ہیں اور پھر عافیت دیتے ہیں تو یہ اس اونٹ کی طرح ہے جسے گھر والوں نے باندھ رکھا تھا پھر کھول دیا اسے کچھ پتہ نہیں کیوں باندھا اور کیوں کھولا تھا۔ آج کل ہمیں ذرا سی مشکل یا بیماری آئے بجائے ہم اپنے اعمال دیکھنے کے ہم جادو ٹونہ کے چکر میں پڑ جاتے ہیں ہمیں یہی لگتا ہے کہ ہم پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔ میں یہ نہیں کہتی کہ جادو نہیں ہوتا جادو برحق ہے مگر جادو کے علاج کے ساتھ اگر ہم اپنے اعمال پر بھی توجہ دیں' گناہوں سے بچیں تو ان شاء اللہ پہلے تو کبھی آپ پر جادو ہوگا نہیں اگر ہوا بھی تو اس کے اثرات محدود ہوں گے اور نیک اعمال کی وجہ سے وہ بھی زائل ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔ (شہناز' گوجرانوالہ)

بیت الخلاء کی دعا اور جادو جنات سے چھٹکارا پانے کا راز

قارئین! آپ یقین جانئے 90 فیصد روحانی اور 50 فیصد جسمانی بیماریوں کا تعلق صرف بیت الخلاء سے ہے، اگر ہمارا صرف بیت الخلاء کی زندگی کا نظام ٹھیک ہو جائے تو ہم بڑی بڑی پریشانی' تباہی' جادو' جنات اور مشکلات سے بچ سکتے ہیں۔ ہماری کتنی ہی ایسی مشکلات ہیں جو ہم بیان نہیں کر سکتے اور کچھ ایسی بھی ہیں جن کا علاج کروا کروا کے تھک چکے ہونگے اور شفا ہو ہی نہیں رہی۔

جنات پر بیت الخلاء کی دعا کے اثرات

جنات کے ڈسے افراد کے واقعات کا ذکر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی مختلف کتب اور رسالہ عبقری میں ملتا ہے کہ کتنے ہی جنات لوگوں کو صرف اس لیے اذیت دیتے تھے کہ ان کا کہنا تھا کہ جب یہ بیت الخلاء میں گیا تو اس نے ہمارے کھانے میں پیشاب کیا تھا، نجاست کر دی تھی، خراب کر دیا، اس لئے ہم ان سے ناراض ہیں۔ متاثرہ افراد نے کہا: کہ ہمیں کیا پتہ کہ یہاں جنات کا کھانا پڑا ہے۔ اس پر جنات نے کہا: کہ اگر تم وہ دعا جو سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے۔ پڑھ لیتے تو ہم خود بخود ہٹ جاتے لیکن اب ہم تمہیں نہیں چھوڑیں گے۔ دیکھیں! ایک چھوٹی سی مسنون دعا چھوڑی اور بڑا نقصان ہوا اور پریشانی شروع ہوئی۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ یاد رکھیئے گا! کہ جب بھی جہالت کا دور ہوگا تو اس میں شراب، انتقام، موسیقی، عورت اور کتے عام ہونگے۔

بیت الخلاء سے لگنے والے روحانی امراض

70 فیصد جراثیم 90 فیصد بیماریاں بیت الخلاء سے لگتی ہیں۔ ۱) وساوس۔ ۲) خشوع وخضوع کی کمی۔ ۳) اللہ تعالیٰ کے دھیان کی کمی۔ ۴) گناہوں کی طرف مائل ہونا۔ ۵) گناہوں کا غلبہ۔ ۶) گناہوں کی خواہش و تقاضا، یعنی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کا تقاضا۔ ۷) اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر عروج اور ہر وقت اس طرف ذہن کا رہنا۔ یہ سب بیماریاں ہمیں بیت الخلاء میں دعا نہ پڑھ کر جانے کی وجہ سے لگتی ہیں۔ اس کے علاوہ جنات کی طرف سے غضب و انتقام' معاشی پریشانیاں' جادو جنات' گھر میں لڑائی جھگڑے بھی صرف بیت الخلاء کی چھوٹی سی مسنون دعا نہ پڑھنے کی وجہ سے لگتی ہیں۔ بہت سے لوگوں کے سچے مشاہدات ہیں جو پہلے یہ دعا نہیں پڑھتے تھے مگر اب پڑھتے ہیں کہ اس دعا کے پڑھنے سے ان کی سالہا سال کے گھریلو جھگڑے ختم ہوئے' معاشی پریشانیاں ختم ہوئیں' کاروبار رزق میں برکت ہوئی' پوشیدہ امراض کا خاتمہ ہوا' وساوس سے نجات ملی۔ حتیٰ کہ وہ جنہیں کالا جادو اور سفلی علم سمجھ بیٹھے تھے وہ صرف اس دعا کا اہتمام کرنے سے ختم ہوگئے۔ ڈیپریشن سے آج کون واقف نہیں' ہر دوسرا شخص اس مرض میں مبتلا ہے' آپ کو یہ سن کو بھی حیرت ہوگی کہ ڈیپریشن کا علاج بھی یہی مسنون دعا ہے۔ لاتعداد نے آزمایا آپ بھی آزمائیے اور پرسکون زندگی گزاریئے۔

جسم کا کوئی حصہ جل جائے تو کیا کیا جائے؟: اگر جسم کا کوئی حصہ جل جائے تو فوری طور پر کچے زیتون کو رگڑ کر لیپ کرنے سے آرام آجائے گا۔

جادو کیسے ٹوٹتا ہے! قارئین کے آزمودہ راز

جادو' جنات' بیماریاں' پریشانیاں اور ہمارا لباس

موجودہ دور ترقی یافتہ اور جدید دور ہے۔ کیا آپ محسوس کرتے ہیں کہ انسان واپس جنگل کی زندگی کی طرف لوٹ رہا ہے کیونکہ آہستہ آہستہ اس کا لباس سکڑ رہا ہے۔

ایک عامل کے پاس ایک جناتی مریض آیا۔ دوران علاج اس مریض میں آئی جناتی مخلوق سے طویل گفتگو ہوئی۔ اس گفتگو سے جو ایک بات اس عنوان کیلئے سامنے آئی وہ آپ کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ اس طویل العمر جن نے زور سے قہقہہ لگایا اور کہا کہ جب عورت (یا چھوٹی بچیاں) ننگے سر، برہنہ یا نیم برہنہ ہوتو ہم اس عورت کو دیکھ کر دیوانے اور عاشق ہوجاتے ہیں۔ پھر ہم ان کے خاندان والوں کو مختلف قسم کی پریشانیاں مثلاً ٹینشن، ڈیپریشن، اسٹریس، گھریلو جھگڑے، جادو جنات، ہر وقت کی بک بک مالی اور معاشی الجھنوں میں مبتلا کردیتے ہیں یا پھر ایسی عورت کے ہم خود اتنے قریب ہوجاتے ہیں کہ اس کے شوہر کو بھی اس کے قریب نہیں آنے دیتے وغیرہ وغیرہ۔ قارئین یہ مختصر سے الفاظ اس جن کے جو آپ کی خدمت میں پیش کیے۔ آج یہ بیماریاں بھی عام ہیں اور برہنہ جسم بھی عام ہیں۔ آج معاشرے میں عورتوں اور چھوٹی بچیوں کے لباس ہی دیکھ لیں۔ اسی طرح کھلے بازو' کھلا جسم' کھلا گلا فیشن بن چکا ہے جبکہ شریر جنات ننگے اور برہنہ جسم کے دیوانے ہوتے ہیں اور فیصلہ کریں مرض کیا ہے اور علاج کیا ہے اور آئندہ آپ کو کیا کرنا ہے؟

میرے گھر پر جادو ہے یا جنات کا اثر

بعض لوگ جگہ جگہ عاملین اور مختلف بابوں کے پاس دھکے کھاتے پھرتے ہیں کہ ہمارے گھر پر جادو ہے یا جنات کا اثر ہے۔ ہماری زندگی میں صرف ویرانی اور پریشانی ہے۔ اولاد کی نافرمانی' چڑچڑاپن' ڈھٹائی ضد' اور غصہ پھر مار کٹائی نے اور زیادہ جلتی پر تیل کا کام کیا' لوگ ہر دس دن بعد عامل تو بدلتے ہیں وظیفے تو تبدیل کرتے ہیں لیکن اپنے آپ کو بدلنے کا کبھی خیال نہیں کرتے۔ کیا کبھی سوچا میرا رزق کیسا' میرے گھر کا ماحول کیسا۔ مائیں یہ نہیں دیکھتیں کہ میں سارا دن ٹی وی کے سامنے بیٹھ کر کیا دیکھتی ہوں' کونسی موسیقی سنتی ہوں' جو میں دیکھتی اور سنتی ہوں میرا معصوم بچہ یا بچی بھی دیکھ رہی ہوتی ہے' وہ معصوم ہے لیکن اس کے اندر بھی احساسات کا موجیں اور ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے جس کی سمجھ والدین کو اس وقت آتی ہے جب وہ نافرمانی کی شکل میں اظہار کرتا ہے۔ ہماری زندگی کے عادات و اطوار میں کیوں نہ جناتی چیزیں آئیں جس گھر سے حفاظت والے اعمال چلے جائیں گے تو شریر جنات کیلئے ایسے گھر میں داخل ہونا اور ہر قسم کی عیاشی کرنا' گھر تباہ کرنا' عورتوں کو چھیڑنا' معاشی پریشانیوں میں گھر والوں کو مبتلا کرنا' بیماریوں میں مبتلا کرنا بالکل آسان ہوجاتا ہے۔ آیئے حفاظت والے اعمال کی طرف آیئے اور جادو جنات، بیماریوں، معاشی پریشانیوں سے نجات پائیں۔

جنات کی نظر بد اور خواتین کے چہرے پر دانے: جو خواتین بے پردگی اختیار کرتی ہیں اور گھر یا باہر چہرے کو نہیں ڈھانپتی اکثر ان کے چہروں پر دانوں کی بھرمار ہوجاتی ہے۔ یا ان کے چہرے کی جلد خراب ہوجاتی ہے۔ جگہ جگہ سے علاج معالجہ کے باوجود آرام نہیں آتا۔ بالآخر وہ روحانی علاج کروائیں تو انہیں صحت ملتی ہے۔ یہ سب جنات کی نظر بد کا شاخسانہ ہے۔ لہٰذا جنات کی نظر بد سے بچنے کیلئے پردہ کا اہتمام ضرور کریں۔

بددعا کا جادو

بعض لوگ سالہا سال یا نسل در نسل معاشی پریشانیوں' بیماریوں' تنگدستی اور مسائل وغیرہ میں مبتلا رہتے ہیں۔ نسل در نسل یہ چیز ان کے ہاں چلتی رہتی ہے اور مسلسل زوال ان کا تعاقب کرتا ہے۔ کوئی اسے اپنی بدنصیبی تصور کرتا ہے اور کسی کا کیا ہوا جادو یا بندش۔ لیکن بزرگان دین کی صحبت اور کامل عاملوں کی صحبت کے بعد یہ چیز معلوم ہوئی ہے کہ بعض اوقات کسی خاندان کے پیچھے کسی مظلوم کی بددعا ان کی نسلوں کا تعاقب کررہی ہوتی ہے ان کے بڑوں میں سے اس خاندان کے کسی بڑے نے کسی نیک صالح اللہ کے دوست کو ستایا ہوتا ہے یا کسی کے ساتھ ظلم اور زیادتی کی ہوتی ہے اور اس کے دل سے نکلنے والی آہ نے عرش ہلایا ہوتا ہے اور اس کی اس آہ اور اس کی فریاد اس کی بددعا ایسے اس کے تعاقب میں لگتی ہے کہ نسلوں کی نسلیں اس نحوست کا شکار ہوجاتی ہے۔ لیکن ہماری سوچ میں یہ خیال کبھی بھی نہیں آتا۔ یہ ایسی بات ہے شاید بہت سوں کو عجیب اور انوکھی محسوس ہو لیکن یہ ایک حقیقت ہے۔ قارئین آپ نے یقیناً سنا ہوگا کہ کسی کی دعا اس کی نسلوں کو سنوار دیتی ہے اور رزق کی کشادگی کے فیصلے کردیتی ہے۔ آج بھی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد میں یہ خاصیت چلتی آرہی ہے کہ جو حسبی نسبی صدیقی ہوگا سانپ کا زہر اس پر اثر نہیں کرے گا۔ کیونکہ غار ثور میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آنحضرت ﷺ کی حفاظت کیلئے سانپ کے سامنے اپنی ایڑی کردی تھی اور بعدازاں آپ ﷺ نے متاثرہ مقام پر اپنا لعاب مبارک لگایا۔ اس لعاب مبارک کی تاثیر یا اس خدمت کی برکت آج بھی حسب نسبی صدیقیوں میں چل رہی ہے۔

بالکل اسی طرح جیسے کسی کی دعا یا کسی کی خدمت بارگاہ خداوندی میں قبول ہوجاتی ہے اور اس کا فیض نسلوں تک چلتا ہے بالکل اسی طرح کسی مظلوم کی بددعا ظالم کی نسلوں تک چلتی ہے۔ حتیٰ کہ یہ مظلوم انسان بھی ہوسکتے ہیں اور جانور بھی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بددعا کا اثر بڑے سے بڑے جادو سے بھی زیادہ ہوتا ہے لیکن ہر عامل کی نظر اس پر نہیں جاتی یہ صرف کوئی صاحب نظر اور صاحب کشف بزرگ ہی محسوس کرسکتا ہے۔ اگر کسی کے خاندان میں یہ معاملہ ہو یا ان کے علم میں ہو' یا ان کے علم میں اپنے کسی بڑے کی ایسی غلطی ہو تو اس سے نجات اور چھٹکارے کیلئے بہترین حل یہ ہے کہ لاتعداد مرتبہ استغفار پڑھا جائے نہ صرف اپنی طرف سے بلکہ اپنے بڑوں کی طرف سے بھی اگر کوئی ایسا معاملہ یا ایسا وبال ہماری نسل در نسل چل رہا ہے تو اللہ ہمیں اس سے نجات عطا کرے۔ استغفار کی برکت سے بددعا کا اثر اللہ

شمالی علاقہ جات میں رہنے والوں کیلئے خوشخبری

قارئین! حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم مظفرآباد' گلگت بلتستان' ہنزہ' تمام کشمیر اور تمام پہاڑی علاقوں میں چند دن کا سفر ہے۔ ادارہ عبقری نے حضرت حکیم صاحب سے سفارش کی ہے کہ بہت سارے لوگوں کی چاہت ہوتی ہے کہ آپ ان کے گھر دعا کیلئے تشریف لے جائیں اگر اس مختصر سفر میں بذریعہ قرعہ اندازی جس کا نام نکل آئے اس خوش نصیب کے گھر دعا کے گھر تشریف لے جائیں۔ قارئین! اپنا مکمل پتہ' پیشہ اور تمام موبائل فون نمبرز لکھ کر بذریعہ ای میل یا ڈاک بھیجیں۔ یقیناً یہ آپ کی خوش نصیبی ہوگی کہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم آپ کے گھر تشریف لائیں اور دعا کریں۔ **پتہ:** دفتر ماہنامہ عبقری' عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد مزنگ چونگی لاہور۔ Email:contact@ubqari.org

کبھی ذلیل نہ ہوگا: جو کوئی اسم یَاخَبِیْرُ کو نماز ظہر کے بعد 9 مرتبہ ہمیشہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ وہ لوگوں کے سامنے نہ کبھی ذلیل ہوگا اور نہ کبھی نادم ہوگا۔

پاک ختم فرمادیتے ہیں اور اس کا ازالہ فرمادیتا ہے۔

بڑوں کے گناہوں کا جادو

قارئین! بعض اوقات بڑوں کے بُرے اعمال کی سزا ان کی نسلوں کو بھگتنی پڑتی ہیں۔ یعنی بعض کے بڑے کچھ ایسے بُرے اعمال میں مبتلا ہو کر اپنی زندگی گزار جاتے ہیں کہ ان کے اُن بُرے اعمال کی نحوست ان کی نسل پر پڑتی ہے جس کی وجہ سے گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا' بھوک' افلاس' تنگدستی اور بیماری رہتی ہے۔ ایسے جادو سے نجات کیلئے اپنے بڑوں کی طرف سے ہر وقت استغفار کریں اور اعمال کا ہدیہ انہیں پیش کریں اور نبوی ﷺ اعمال کی طرف متوجہ ہوں۔

نسلوں کو گناہوں کے جادو سے بچائیں

اپنی آنے والی نسلوں کو اپنے گناہوں کی نحوست سے بچانے کیلئے اپنے ساتھ اپنی آنے والی نسلوں کیلئے دعا میں رزق، برکت، سکون اور عافیت مانگیں اور اللہ سے دعا کریں کہ یااللہ ہمارے گناہوں کی نحوست ہماری آنے والی نسلوں پر نہ ڈال۔ ہماری بھی مغفرت فرما اور ہماری آنے والی نسلوں کی بھی مغفرت فرما۔ ہمارے ساتھ بھی عافیت والا معاملہ فرما اور ہماری آنے والی نسلوں کے ساتھ بھی رحم، کرم اور فضل والا معاملہ فرما۔

بندش کیسے لگتی ہے؟ کیسے ٹوٹتی ہے؟ آئیے میں بتاتا ہوں!

محترم قارئین عبقری! بندش ایک ایسا لاعلاج اور خطرناک مرض ہے کہ جس شخص پر لگ جائے وہ تباہ و برباد ہو کر رہ جاتا ہے' حصول رزق کے تمام دروازے اس پر بند ہوجاتے ہیں یہاں تک کہ اس کو کوئی ادھار رقم بھی دینے کو تیار نہیں ہوتا' اس کے اپنے بیگانے بن جاتے ہیں' دوست دشمن بن جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ اس کی کہی ہوئی اچھی بات بھی بُری لگتی ہے۔ مالی و معاشی طور پر تباہ حال شخص دوسروں کی نظروں میں ذلیل وخوار اور تماشہ بن جاتا ہے۔ آج کے اس دور میں ہر دوسرا شخص بندش کا شکار ہے مگر کیوں؟ کبھی آپ نے سوچا نہیں؟ کیونکہ ہم نے اللہ کو بھلا دیا ہے' اللہ کو صرف اپنی ضروریات پوری کروانے کے وقت یاد کیا جاتا ہے بلکہ اللہ کو ہر وقت ہر حال میں یاد کرنا چاہیے۔ قارئین! صرف اور صرف ایک لقمہ حرام کھا لینے سے چالیس دن تک دعائیں قبول نہیں ہوتیں تو ہم تو نہ جانے کتنے لقمے روز کھاتے ہیں۔ اس کے علاوہ حقوق العباد پورے نہ کرنے' والدین کی نافرمانی' حلال حرام کی تمیز نہ کرنا' اسلامی تعلیمات پر عمل نہ کرنا' سحر، جادو کرنا (محض دوسرے کو پریشان کرنے کیلئے اپنی عاقبت خراب کرنا) ان وجوہات پر اللہ ہم سے ناراض ہوتا ہے اور اس کی ناراضگی کی وجہ سے اس کی توجہ نہ کرنے کی وجہ سے ہم پر بندش لگتی ہے جس کا حل بھی اللہ نے ہمیں عطا کیا ہے مگر عمل کون کرے؟ یہاں تو صرف اور صرف اگر ایسا معاملہ ہو بھی جائے تو فوراً عاملین اور تعویذات والوں کا رخ کرتے ہیں اور ان کو منہ مانگی رقوم ادا کرکے مسائل حل کروانے کی کوششیں کرتے ہیں۔ کبھی خود محنت نہیں کرتے کہ وضو کرکے نماز کا سہارا لیں اور قرآن پڑھ کر اس کا واسطہ دے کر صدقہ خیرات کرکے اللہ کو راضی کرلیں اور اس عارضی مصیبت اور بندش یا جادو سے جان چھڑالیں۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو سیدھی اور سچی راہ پر گامزن کرے اور خاتمہ بالخیر کرے۔

رب کعبہ کی قسم تم لوگ پکے اور سچے مومن ہو!

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے ''منبہات'' میں یہ حدیث نقل کی ہے کہ ایک دن آنحضرت ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی ایک جماعت کے پاس تشریف لائے۔ آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین سے مخاطب ہوکر ارشاد فرمایا کہ (بھلا تم بتلاؤ) کہ ''تم نے صبح کس حال میں کی؟'' انہوں نے عرض کیا کہ ہم نے صبح اس حال میں کی ہے کہ ہم اللہ پر ایمان رکھتے ہیں' آپ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ تمہارے ایمان کی کیا علامت ہے؟ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا (ہمارے ایمان کی علامت یہ ہے) کہ ہم مصائب پر صبر کرتے ہیں اور فراخی کی حالت میں شکر کرتے ہیں اور ہم اللہ تعالیٰ کے ہر فیصلے پر راضی رہتے ہیں (یہ جواب سن کر) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''رب کعبہ کی قسم تم لوگ پکے اور سچے مومن ہو''

رزق کی تنگی پر پریشان مت ہوں!

رزق براہ راست قبضہ خداوندی میں ہے' اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی ذات نہیں جو لوگوں میں رزق تقسیم کرے۔ صرف اور صرف اس کے ہاتھ میں رزق ہے' پھر پریشان ہونے کی ضرورت نہیں کہ اللہ نے اعلان فرمایا ہے کہ: ''زمین پر چلنے والے ہر چوپائے (جاندار) کا رزق اللہ کے ذمہ ہے تو اس کے وعدہ پر یقین رکھتے ہوئے رزق کی تنگی پر پریشان نہ ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے وسیع علم و حکمت کے پیش نظر بندوں میں روزی تقسیم کرتے ہیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے جس آدمی کو جس قدر رزق سے نوازا ہے اسی میں بندہ کی راحت' عافیت ہے کہ رزق تقسیم کرنے والی ذات علیم و خبیر ہے۔ اے کاش! ہم سب صبر اور شکر کرنے والے بن جائیں۔ آمین!

غم نہ کرو' خوشیوں کو ڈھونڈو

محترم قارئین عبقری! غم اور اس کا اظہار اس طریقے سے کرنا کہ بندہ شرعی حدود سے تجاوز کرجائے' یہ شرعاً ممنوع ہے کہ قرآن کریم میں جابجا خود کو غم میں مبتلا کرنے کی ممانعت فرمائی گئی ہے' غم دل کو مرجھا دیتا ہے اور روح کو عبادت کی طرف سے نڈھال کردیتا ہے اور خون کو ٹھنڈا کرتا ہے' غم جسم میں کینسر کی طرح ہے اور اس کا راز یہ ہے کہ غم انسان کو کمزور کرتا ہے اور ہر حرکت سے رک جاتا ہے اور سب سے زیادہ پسندیدہ کام شیطان کے نزدیک یہی ہے کہ انسان کو پریشان کیا جائے تاکہ وہ آگے نہ چل سکے۔ اس لیے آپ ﷺ نے ان کاموں سے روکا ہے جن سے مسلمان پریشان یا غم زدہ ہوتا ہے۔ شریعت میں کس قدر باریک بینی سے اس کا اہتمام کیا گیا ہے کہ مجلس میں تین آدمی بیٹھے ہوں تو ایک کو چھوڑ کر دو علیحدہ آپس میں گفتگو نہ کریں کیونکہ اس سے تیسرے کو پریشانی ہوگی کیونکہ مسلمان کو غم میں مبتلا کرنا منع ہے۔ اس لیے مسلمان کو ہدایت کی گئی ہے کہ خود کو غم سے دور کرو اور اس پر اپنے وسائل کے مطابق غلبہ پاؤ۔ آقائے دو جہاں حضور نبی کریم ﷺ نے غم سے پناہ مانگی ہے کہ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ (ہم اور حزن دونوں سے میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں) ہم اور حزن میں فرق یہ ہے کہ جب پریشانی آتی ہے تو اس کو ''ہم'' کہتے ہیں اور جب وہ دل پر چھا جاتی ہے تو اسے حزن کہا جاتا ہے اور دونوں چیزیں دل کی گمراہی کا ذریعہ ہیں۔ غم انسان کی زندگی میں بدمزگی پیدا کرتا ہے اور روح کیلئے زہر ہے' مقصد یہ ہے کہ کسی طرح خود کو غم

چارٹ پر سورۂ طٰہٰ لکھیں اور رشتہ کی بندش ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری چھوٹی بہن کی شادی نہیں ہو رہی تھی' بات طے ہوتے ہوتے ہر بار رہ جاتی تھی۔ معلوم کروانے پر پتہ چلا کہ کسی نے سخت ترین بندش لگائی ہوئی ہے۔ میری والدہ کی ایک سہیلی نے میری والدہ کو ایک عمل بتایا کہ ان شاء اللہ تین ماہ کے اندر اندر خیر و عافیت سے معاملات طے ہوجائیں گے اور الحمدللہ ایسا ہی ہوا۔ عمل یہ ہے: سورۂ طٰہٰ سبز رنگ کے (کاغذ) چارٹ پر نیلے رنگ کے مارکر یا پین سے لکھیں۔ اگر لڑکی خود لکھ سکتی ہے تو باوضو ہو کر لکھے یا اس کی والدہ لکھ لے۔ اب وہ چارٹ تہہ کرکے لڑکی کے دوپٹہ کے پلو میں باندھ کر رکھ لیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رشتے آنا بھی شروع ہوجاتے ہیں اور خیر عافیت سے جلد شادی بھی ہوجاتی ہے۔ براہ مہربانی میرا نام شائع نہ کیا جائے۔ (م۔و)

پر غالب رکھو اگر غم آئے تو جس طرح بھی ہو سکے تدبیر کر کے اس کا ازالہ کیا جائے اور اجر و ثواب پر نظر رکھی جائے۔ مصیبت آئے تو مسنون دعائیں پڑھ کر مصائب کو ہلکا کریں۔ صدقات خیرات کریں۔ کوئی اچھا کام رہ جانے پر جو غم ہوتا ہے ایسا غم اچھا ہے لیکن اللہ کی نافرمانی کر کے جو غم لاحق ہوتا ہے یہ غم بھی اس بات کی دلیل ہے کہ دل ابھی زندہ ہے جو احساس گناہ کی دولت رکھتا ہے مومن بندہ کی کوئی پریشانی رائیگاں نہیں جاتی بلکہ مومن کی ہر پریشانی سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ اس کا یہ معنی نہیں کہ مصائب و غم دعا کر کے طلب کیے جائیں اور یہ سمجھنا کہ یہ عبادت ہے یا اسلام نے کہا کہ مصیبت مانگو' اگر ایسا ہوتا تو تاجدار انبیاء حضور نبی اکرم ﷺ اپنی پوری زندگی پریشانی میں گزارتے' اور یہ کیسے ہوگا کہ آپ ﷺ کا انشراح صدر کیا گیا اور دل کو اللہ نے راضی کر دیا اور خوشیوں سے معمور کر دیا۔ اس لیے آپ کو چاہیے کہ اپنے لیے خوشیوں کو ڈھونڈیئے اور اپنے وسائل کے مطابق خود کو خوش رکھیں اور اللہ سے اچھی زندگی گزارنے کی دعا کریں۔ نماز لازمی ادا کریں اور اپنی دعاؤں میں خاتمہ بالخیر کی دعا لازمی کریں کیونکہ اس دعا سے شیطان لعین کو کوڑے لگتے ہیں اور سخت پریشانی لاحق ہوتی ہے اللہ ہمیں شیطان مردود سے بچنے کی توفیق دے اور نبی پاک ﷺ کے اسوہ حسنہ اور تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ (ایم اے قریشی' ملتان)

جادو کیسے ہوتا ہے؟ اور کیسی بربادی لاتا ہے؟

قارئین! جادو کیسے ہوتا ہے؟ یہ مجھ سے بہتر شاید ہی کوئی جان سکے' جادو نے کس طرح میری زندگی برباد کی' کیسے میں کروڑوں میں کھیلنے والا روٹی کے ایک ایک ٹکڑے کو ترس گیا' لوگوں کو لاکھوں زکوۃ دینے والے کے خود کے بچے بھوک سے تڑپتے ہوں تو اس وقت دل پر کیا بیتتی ہے یہ مجھ سے بہتر شاید ہی کوئی جانتا ہو۔ عبقری کے خاص نمبر کا تعارف پڑھا تو سوچا کیوں نہ میں بھی قارئین کو اپنی زندگی کے شب و روز بتاؤں کہ میرے ساتھ کالے جادو نے کیا کیا ظلم کیے۔ اب میں شروع سے آپ کو بتاتا ہوں اور سنیے میری کہانی میری زبانی: میرے والد صاحب کا انگلینڈ میں کاروبار بہت اچھے طریقے سے سیٹ تھا۔ پھر اچانک انہوں نے پاکستان واپسی کا پروگرام بنالیا' میرے والد ٹیکسٹائل انجینئر تھے' نئے حالات میں نیا کاروبار شروع کرنا ایک چیلنج تھا۔ جھنگ کے قریب ایک ٹیکسٹائل مل برائے فروخت تھی لیکن دوستوں کے اصرار پر والد صاحب نے ملکہ ہانس (ساہیوال اور پاکپتن شریف کے درمیان واقع) میں زمینیں لے لیں۔ کاشتکاری کا کوئی تجربہ نہ تھا' کچھ عرصہ بعد سب کچھ بیچ کر دوبارہ انگلینڈ چلے گئے' دوبارہ ادھر کاروبار سیٹ کیا۔ والد صاحب کاروبار کے سلسلے میں 1982ء میں امریکہ گئے' وہاں انہوں نے ایک ڈیپارٹمنٹل سٹور خریدا' مجھے فون کیا کہ تم امریکہ آنے کی تیاری کرو تاکہ کاروبار سنبھال سکو۔ ابھی میرے کاغذات تیاری کے مراحل میں ہی تھے کہ امریکہ میں چند ڈاکوؤں نے دوران ڈکیتی میرے والد صاحب کو امریکہ میں قتل کر دیا۔ زندگی بھر کبھی بھی کسی قسم کی تنگی کا سامنا نہیں کیا تھا' سنتے تھے کہ دنیا بہت ظالم ہے والد صاحب کی وفات کے بعد اندازہ ہوا کہ بات سو فیصد درست ہے۔ جما ہوا کاروبار جسے دیکھنے والا کوئی نہ تھا' والدہ نے تایا کو' پاور آف اتھارٹی' دے دی' یوں ہمارے ہاتھ کچھ بھی نہ آیا سب کچھ لوگ ہی کھا پی گئے۔ کچھ مخلصین کے مشورہ پر والدہ اور بہن بھائیوں کو دوبارہ انگلینڈ بھجوا دیا۔ اللہ پاک کے کرم سے جلد ہی اپنے پاؤں پر کھڑے ہو گئے اور اپنا پراپرٹی کا کاروبار شروع کر لیا۔ دوبارہ خوشیوں اور دولت نے ہمارے گھر کی راہ دیکھ لی۔ زندگی بہت سکون سے گزر رہی تھی' میں نے بھی تعلیم مکمل کرنے کے بعد پاکستان میں اپنا کاروبار شروع کر لیا۔ حالات معمول پر آنا شروع ہو گئے۔ بہن بھائیوں کی اچھی جگہ شادی ہو گئی۔ پھر نا معلوم کیا ہوا سب کے مزاج میں چڑچڑاپن پیدا ہونا شروع ہو گیا' تمام بہن بھائی ایک دوسرے سے کھچے کھچے نظر آتے اس کے بعد اچانک حالات خراب ہونا شروع ہوئے' لندن کی پراپرٹی فروخت ہونا شروع ہوئی' کاروبار زوال کا شکار ہوا۔ میرے ساتھ ساتھ میرے بھائی بھی کاروباری حالات سے کافی پریشان نظر آتے۔ کچھ عرصہ ہم حالات سے لڑتے رہے اور پھر ایک وقت آیا کہ ہم تمام بھائیوں کے کاروبار ختم ہو گئے اور مجبوراً انہیں ملازمت اختیار کرنا پڑی اور میرا تو ذاتی گھر بھی بک گیا اور میں کرائے کے مکان میں آ گیا۔ میں نے ہمت کی اور ایک مزید نیا کام شروع کیا اور وہ کاروبار بھی الحمدللہ بہت زبردست چلا اور مجھے تمام اخراجات نکال کر مہینے کے پچیس سے تیس لاکھ اس میں بچ رہے تھے' دو سے تین سال یہ کاروبار چلا اور پھر میری بربادی شروع ہوئی۔ یہ 2004ء کی بات ہے۔ کاروبار میں کافی نقصان کے بعد میں نے ایک جگہ ملازمت اختیار کر لی۔ ایک دن اپنے ساتھی سے کہا کہ مزاج میں عجیب طرح کی تبدیلی محسوس کر رہا ہوں۔ کیوں نا کسی ماہر نفسیات کے پاس چلیں۔ اس وقت تک جادو جنات پر مجھے یقین نہیں تھا۔ میرا دوست ماہر نفسیات کے بجائے ایک روحانی عامل کے پاس مجھے لے گیا۔ اس عامل نے مجھے انتہائی ذاتی نوعیت کی وہ باتیں بھی بتائیں جو کہ صرف میری ذات تک ہی محدود تھیں' اس طرح میرا اس عامل پر یقین بڑھا' اس نے مجھ سے اس دن پچاس ہزار روپے مانگے' اور کہا کہ تمہارے اوپر اور تمہارے بچوں پر سخت قسم کا کالا جادو کیا گیا ہے۔ وقتاً فوقتاً وہ عامل مجھ سے مزید رقم لیتا رہا۔ مگر میرے حالات دن بدن مزید خراب ہوتے گئے۔ میرے بچے' بیوی اور میں ہر وقت آپس میں لڑتے رہتے اور حیرت کی بات بغیر کسی بات کے لڑتے اور چیختے چلاتے۔ محلے والے ہمیں نفسیاتی مریض سمجھتے۔ مجھے ہر وقت محسوس ہوتا کہ میرے ساتھ کوئی اور بھی ہے' بعض اوقات تو مجھے واضح طور پر اس کی موجودگی کا احساس ہوتا۔ رات کو کسی کے چلنے کی آوازیں آتیں۔ گھر میں عجیب قسم کی نحوست رہتی' بعض اوقات شدید بدبو آتی' کبھی خون کے چھینٹے گرتے' کبھی کپڑوں میں کٹاؤ ہوتا۔ جب حالات نارمل نہ ہوئے تو میں نے اس عامل سے کنارہ کشی اختیار کر لی۔ اس دوران میرے معاشی حالات مزید خراب ہو گئے۔ اس عامل سے جان چھڑانے کے بعد مجھے جس کسی نے جہاں بھی علاج کا بتایا میں گیا' چند دن کی بہتری کے بعد حالات مزید خراب ہو جاتے' یہاں تک کہ میں کروڑوں میں کھیلنے والا تھا اور چند ہی سالوں میں مجھے روٹی کے لالے پڑ گئے۔ ایک مرتبہ ایک مشہور بازار میں سٹال لگایا جہاں یومیہ کرایہ چار ہزار روپے تھا۔ روزانہ لاکھوں لوگ وہاں سے گزرتے اور اشیاء خریدتے ہیں۔ بہت پر امید تھا کہ حالات بہتر ہو جائیں گے۔ قارئین! میرا یقین مانیں تین دن میں ٹوٹل سیل صرف تین سو روپے کی ہوئی۔ حالانکہ مجھ سے ہلکی کوالٹی کا مال میرے ساتھ سٹال والے میرے مال سے مہنگا بیچ رہے تھے وہ دن میں تین تین مرتبہ دوبارہ مال لا کر بیچ جاتے اور میری طرف کوئی دیکھتا بھی نہ۔ تین دن بعد یہ سوچ کر ہی گھبراہٹ ہو رہی تھی کہ گھر جا کر بچوں کو کیا منہ دکھاؤں گا؟ جو اس انتظار میں بیٹھے ہیں کہ پاپا پیسے لے کر آئیں گے۔ پریشانی کے عالم میں گھر پہنچا۔ بچوں کو سارے حالات سے آگاہ کیا' سب سر جوڑ کر بیٹھے کہ کیا طریقہ اختیار کیا جائے کہ اس نحوست سے جان چھوٹ جائے۔ جیسے جیسے علاج کرواتے چند روز کے بعد حالات مزید بگڑ جاتے۔ ایک دن گلی میں غبارے بیچنے والا آیا' میری سب سے چھوٹی بیٹی نے مجھ سے کہا: ''پاپا باہر غبارے والا آیا ہے مجھے غبارہ لے کر دیں'' وہ اپنے نرم و نازک ہاتھوں سے اور توتلی زبان سے مجھے کہہ رہی تھی اور ساتھ باہر کی جانب کھینچ رہی تھی' جب میں نے اپنی جیب کو ٹٹولا تو میری جیب میں ایک روپیہ بھی نہ تھا'

میں اسی وقت گھٹنوں کے بل بیٹھا اور میری آنکھوں میں آنسو آگئے' میری بیٹی کو غبارہ بھول گیا اور وہ بھی میرے ساتھ رونا شروع ہوگئی اور پوچھ رہی تھی کہ "پاپا آپ کو کیا ہوا؟ کیوں رو رہے ہو مجھے غبارہ نہیں چاہیے آپ چپ ہو جائیں' دیکھیں میں اب غبارہ نہیں مانگ رہی"۔

جب میرا کاروبار عروج پر تھا تو مجھ سے میرے ایک کزن نے چالیس ہزار روپے ادھار لیے تھے' میرے شدید حالات خراب ہونے کے باوجود وہ مجھے میرے پیسے واپس نہیں دے رہا تھا حالانکہ اس کا کاروبار ٹھیک ٹھاک چل رہا تھا۔ ایک دن صبح اٹھا تو میرے جیب میں اس کے پاس جانے کا کرایہ بھی نہ تھا میں نے اپنی ہمسائی سے ایک سو روپیہ اپنی بیوی کے ذریعے ادھار لیا۔ ویگن میں بیٹھا' اس کے پاس جانے کیلئے دو سواریاں تبدیل کر کے جانا پڑتا تھا۔ میں ایک ویگن میں بیٹھا' اسے کرایہ دیا اس نے مجھے 90 روپے بقایا واپس کیے۔ جب میں اس ویگن سے نیچے اترا دوسری ویگن میں بیٹھنے کیلئے' اچانک میں نے جیب میں ہاتھ ڈالا تو میری جیب کٹ چکی تھی' میری بے بسی کی انتہا نہ تھی' میں چوک میں کھڑا تھا' ساری دنیا میری آنکھوں میں گھوم رہی تھی' پھر آنکھوں کے آگے اندھیرا سا آگیا اور میں گرتے گرتے بچا۔ میں نے خود کو سنبھالا' قریب فٹ پاتھ پر بیٹھا' اور کافی دیر آسمان کی طرف دیکھتا رہا' نا معلوم میرے دماغ میں اس وقت کیا کیا چل رہا تھا۔

جب ذرا حالت سنبھلی' قمیص سے آنکھوں میں تیرتے آنسو صاف کیے۔ تقریباً ایک میل کے فاصلے پر میرے ایک دوست کی دکان تھی' صبح صبح کا وقت تھا' میں پیدل ہی اس سمت چل پڑا۔ آدھ گھنٹہ کی پیدل مسافت کے بعد میں اس کی دکان پر پہنچا تو وہ ابھی دکان پر نہ پہنچا تھا' اس کا ملازم وہاں بیٹھا تھا' میں نے اسے بتایا کہ میری جیب کٹ چکی ہے' میں فلاں جگہ جانا ہے' مجھے بیس روپے چاہیے' واپسی پر تجھے دے دوں گا۔ اس ملازم نے بخوشی مجھے بیس روپے دے دیئے' میں وہاں سے دوبارہ ویگن میں بیٹھا اور اس کزن کے پاس چلا گیا۔ کافی دیر بحث و لڑائی کے بعد اس کزن نے مجھے چالیس ہزار میں سے صرف انیس ہزار دیئے۔ جس سے میں نے گھر کا کرایہ اور محلے کی کریانہ کی دکان کے پیسے دیئے اور میں پھر دو سے تین دن کے بعد بالکل خالی ہوگیا۔

اتنے عاملین کے پاس جانے سے اتنا تو پتہ چل گیا کہ اس شدید تباہی کے پیچھے کس کا ہاتھ ہے۔ اسے بھی کئی دفعہ سمجھایا لیکن بات وہی بھینس کے آگے بین بجانے والی تھی۔ اس نے کہا میں نے قسم کھائی ہے کہ تم سے سڑکوں پر بھیک منگوانی ہے۔ حالات یونہی اوپر نیچے ہوتے رہے' کبھی کھانا کھالیا کبھی فاقے کرنا پڑے۔

ایک روز اتفاقاً ایک بک سٹال پر "عبقری" دیکھا۔ سرسری سا پڑھا تو بڑا متاثر ہوا خرید کر گھر لے آیا۔ تفصیل سے پڑھا تو احساس ہوا کہ شاید میرا مسئلہ حل ہو جائے۔ دفتر عبقری رابطہ کیا تو انہوں نے ملاقات کیلئے ٹوکن والی ترتیب بتائی۔ اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ ٹوکن بھی مل گیا۔ ٹوکن والی تاریخ کو دھڑکتے دل کے ساتھ ملاقات کیلئے دفتر ماہنامہ عبقری چلا گیا۔ ملاقات کیلئے ٹوکن لیا اور بے چینی سے اپنی باری کا انتظار کرنے لگا۔ ہر گزرتے لمحے میری بے چینی میں اضافہ ہو رہا تھا کہ نجانے وہ ہستی کیسی ہوگی؟ جن کے بارے میں اتنا پڑھ سن کر آیا ہوں نہ جانے وہ میرے ساتھ کس طرح پیش آئیں گے؟ خیر اللہ کر کے میرا ٹوکن نمبر بھی آ ہی گیا۔ میں دھڑکتے دل کے اور کانپتی ٹانگوں کے ساتھ کمرے کے اندر گیا' حضرت حکیم صاحب کو دیکھا اور دیکھتا ہی رہ گیا' ماشاء اللہ اتنا نورانی چہرہ' سنت کے مطابق ڈاڑھی' لباس' خوشبودار واہ سبحان اللہ! حضرت حکیم صاحب انتہائی شفقت سے ملے اور فرمایا کہ اب تمہیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں' اس ملاقات پر ٹوکن دینے والے شخص نے مجھے چند چیزیں استعمال کیلئے دیں ٹوٹل خرچہ صرف "ساٹھ روپے" بنا۔ خیر واپس گھر آ کر پوری دلجمعی کے ساتھ حضرت حکیم صاحب کا دیا وظیفہ شروع کر دیا۔ شروع میں تو بہت تکلیف ہوئی اور حالات بھی خراب ہوئے لیکن حکیم صاحب کی ایک نصیحت یاد تھی کہ "سختی کا مطلب تکلیف کا دور ہونا ہے گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑ دینا" آج اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ بڑی مطمئن اور سکون والی زندگی گزار رہا ہوں۔ الحمدللہ! بچے بھی اب اچھے تعلیمی اداروں میں پڑھ رہے ہیں۔ (طاہر سلیم' لاہور)

میرے تین تجربات عبقری قارئین کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! نومبر 2016ء میں عبقری کا تحریری دعوت نامہ موصول ہوا کہ "جادو کیسے ہوتا ہے؟ کیسے ٹوٹتا ہے؟" اس تحریر میں قارئین کو اپنے زندگی کے تجربات لکھنے کی دعوت دی گئی تھی۔ میرے کچھ تجربات جو کہ درج ذیل ہیں:۔ اگر بچے رات کو خطرناک خوابوں سے' خوفناک حد تک ڈر جاتے ہوں' نیند سے بیدار ہو جائیں' پسینے سے شرابور ہو جائیں تو "آیۃ الکرسی" کا کارڈ (کارڈ پر آیۃ الکرسی لکھی ہو) ان کی اوپری قمیص کی جیب میں ڈال دیں تو بچوں کو رات کو خوفناک خواب آنا بند یا اگر آئیں گے تو وہ بالکل نہیں ڈریں گے۔ مسکرائیں گے اور آرام سے نیند لیں گے۔

شہرت' عزت مرتبہ پائیے: اگر آپ شہرت' عزت اور مرتبہ پانا چاہتے ہیں تو یہ آیت فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ وَ لَهُ الْكِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿الجاثیۃ 37،36﴾ سات مرتبہ روزانہ پڑھنے سے ان شاء اللہ کامیاب ہوں گے۔

عزت کم ہو جائے تو: اسی طرح اگر کسی کی عزت کم ہو جائے تو آیت فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿یٰسین ۸۳﴾ گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ کر اپنے آپ پر پھونکے۔

شادی کی بندش کا علاج: اگر شادی میں بندش ہو تو روزانہ تازہ وضو کر کے یَالَطِیْفُ سو بار چالیس دن تک پڑھیں۔ خواتین ایام کے دن بعد میں شمار کر لیں۔

شادی نہ ہو رہی ہو تو: اگر شادی نہ ہوتی ہو تو ہر سوموار کو چار رکعت نماز اس طرح سے پڑھیں کہ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ اخلاص' دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد بیس مرتبہ سورۂ اخلاص، تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تیس مرتبہ سورۂ اخلاص، اور چوتھی رکعت میں *

بڑھا پیٹ کم اور قبض دور! واقعی انتہائی آسان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں اس رسالہ نے میری زندگی کا سب سے بڑا طبی مسئلہ حل کر دیا۔ مجھے تو اب بھی یقین نہیں آتا کہ واقعی ایسا بھی ہو سکتا ہے اور اتنی جلدی ہو سکتا ہے۔ عبقری کے سابقہ شمارے میں ایک نسخہ آیا تھا' پیٹ کو کم کرنے اور قبض دور کرنے کیلئے۔ **ھوالشافی:** سہاگہ دو تولہ' اجوائن خراسانی اڑھائی تولہ' فلفل سیاہ بارہ تولہ' مصبر زرد اٹھارہ تولہ۔ تمام اشیاء کو ار گندل (کوار گندل اتنی ہو کہ اس میں تمام اشیاء گوندھی جاسکیں) کے گودے میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور صبح و شام بعد از غذا ایک ایک گولی دودھ یا تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ بہترین ہے۔ میری بہن نے یہ گولیاں بنائی تھیں' اسے بہت افاقہ ہوا تو مجھے بھی استعمال کرنے کو دیں۔ مجھے بھی بہت فائدہ ہوا۔ تقریباً دو مہینے سے میں صرف رات کو ایک گولی کھاتی ہوں۔ قبض کی شکایت ختم ہوگئی ہے لیکن گولیاں بناتے وقت دھیان رکھیں کیونکہ یہ گولیاں ساتھ جڑ جاتی ہیں۔ اسے دور دور رکھنا پڑتا ہے۔ کافی عرصہ کے بعد یہ سخت ہوتی ہیں ورنہ نرم رہتی ہیں۔ قبض کے مریضوں کو ضرور یہ گولیاں کھانے کو دیں۔ بہت بہت اچھا اور سستا نسخہ ہے۔ (اہلیہ عبدالغفار)

قابلیت کے مطابق روزگار ملے: اگر کسی شخص کو اس کی قابلیت کے مطابق روزگار نہ ملا ہو اسے چاہیے کہ اسم یَاعَظِیْمُ کو روزانہ 12 ہزار مرتبہ پڑھے' تو انشاءاللہ اس اسم کی بدولت اسے ملازمت مل جائے گی۔

چالیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد 75 دفعہ اللھم اغفرلی اور ستر مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ ہر ہفتے پیر کے دن یہ عمل کریں اور سات پیر یہ عمل کرنا ہے۔ بہت مجرب اور کامیاب عمل ہے۔ (عبدالرحمٰن' لاہور)

جادو ختم' بیماری ختم' پریشانی ختم واہ کیا بات ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ گزشتہ کافی سالوں سے پڑھ رہے ہیں۔ اس رسالے سے ہمیں بہت فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ ہمارے گھر میں جادو تھا' ہر کوئی بیمار تھا اور بیماریاں بھی ایسی کہ ڈاکٹرز بھی پریشان تھے۔ ہر طرف بے سکونی تھی۔ ہمیں عبقری سے افحسبتم اور اذان کا عمل ملا۔ عمل یہ تھا کہ سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور سات مرتبہ اذان پڑھ کر اپنے دونوں کندھوں پر دم کرنا ہے۔ ہمارے گھر کے سارے افراد نے یہ عمل کرنا شروع کردیا اور دن میں کئی کئی مرتبہ کیا۔ اس عمل کی برکت سے ہمارے گھر میں بہت سکون اور برکت ہے۔ جادو تو بالکل ہی ختم ہوگیا ہے جس کے بارے کئی عاملین نے باقاعدہ بتایا۔ ہمارے گھر میں بیماری بالکل ختم ہوچکی ہے حالانکہ میرے بیٹے کو ڈاکٹرز نے ایسی بیماری بتادی تھی کہ بیرون ملک بھی چلے جائیں یہ بیماری ختم نہیں ہوگی۔ جب سے ہم نے یہ عمل پڑھنا شروع کیا ہے اس دن سے کوئی بیماری ظاہر نہیں ہوئی پھر ہم نے ٹیسٹ کروائے تو ڈاکٹروں نے کہا کہ یہ تو صرف اندر نشان نظر آتا ہے بیماری تو ختم ہوچکی ہے۔ الحمدللہ! اب سکون ہی سکون ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آپ کو آپ کے بچوں کو اللہ تعالیٰ صحت و تندرستی عطا فرمائے۔ (صائمہ بتول' چکوال)

عبقری والوں نے ہمیں ذلیل کر رکھا ہے جنات کا واویلہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک دوست ہیں انہوں نے کہا کہ عرصہ بیس سال سے مجھے رات کو نیند ٹھیک طرح نہیں آتی' لیٹتا ہوں تو کوئی چیز جسم پر چٹکیاں کاٹتی ہے۔ میں پھر بے چین ہوجاتا ہوں' ادویات اور عاملین کے چکروں نے مجھے نیم پاگل کردیا ہے۔ سب کہتے ہیں تم پر کسی نے کالا وار کیا ہے۔ سوکھ کر کانٹا بن گیا ہوں۔ مجھے کہنے لگا آپ مجھے اس کا کوئی حل بتائیں۔ میں نے اسے عبقری دواخانہ کی دوائی ''جوہر شفاء مدینہ'' استعمال کرنے کو کہا اور ساتھ ہی اسم یَاقَھَّارُ ہر وقت پڑھنے کو کہا اور دو انمول خزانہ کا کتابچہ دیا۔ چند دن کے بعد اس نے بتایا کہ میں تھوڑے سے عمل میں پچاس فیصد ٹھیک ہوگیا ہوں۔ مجھے کہنے لگا ایک بار آپ میرے گھر چکر تو لگائیں میں اس کے گھر گیا اور افحسبتم اور اذان کا عمل بتایا۔ اذان والا عمل یہ ہے کہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات سات مرتبہ اور اذان سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں کاندھوں پر دم کرنا ہے۔ سارا گھر ہر گھنٹے گھنٹے بعد یہ عمل کرے۔ انہوں نے یہ عمل کرنا شروع کردیا اور ان کے گھر میں سکون آگیا۔ کچھ دن بعد رات کو میرے خواب میں ایک چھوٹے سے قد کا بندہ آیا جس کا رنگ بالکل سیاہ تھا۔ مجھ سے کہنے لگا: تم ہمارا راستہ کیوں روکتے ہو؟ میں نے کہا کیا مطلب؟ تو اس نے کہا تم لوگوں کو عبقری کے وظائف کیوں بتاتے ہو؟ انتہائی غصہ میں کہنے لگا ایک تو ''عبقری والوں نے ہمیں ذلیل کررکھا ہے'' اور پھر غائب ہوگیا۔ اب میرا دوست بالکل پرسکون اور مطمئن زندگی گزار رہا ہے۔ (محمد عرفان' لیہ)

جادو آسیب سے ہمیشہ کیلئے محفوظ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا پوری عبقری کی ٹیم کو بہت بہت خراج تحسین اور بے حد زیادہ حوصلہ افزائی' عبقری نے تو کمالات کے سارے دروازے کھول دیئے' محترم حکیم صاحب! اللہ جل شانہٗ آپ کو بے حد زیادہ تندرستی' دین اور دنیا عطا کرے آمین ثم آمین!۔ عبقری ہمارے گھر ابھی آتا ہی ہے کہ میں اور میری امی جان پورا پڑھ لیتے ہیں اور میری امی تو بہت بہت پسند کرتی ہیں۔ عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں ایک وظیفہ لکھا تھا۔ یقین کریں، یقین کریں، یقین کریں اس کے آگے تیر بھی کوئی چیز نہیں ہے۔ اتنا تیز اور بے حد مؤثر ہے۔ ہر قسم کی مشکلات، جادو، بندش کیلئے لاجواب ہے۔ عمل یہ ہے: سورۂ بنی اسرائیل کی آیت نمبر 105 اور 3 مرتبہ درود شریف' تین مرتبہ سورۂ فاتحہ' تین مرتبہ آیۃ الکرسی، تین مرتبہ سورۂ اخلاص، تین مرتبہ سورۂ فلق' تین مرتبہ سورۂ ناس اور آخر میں پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھنا ہے۔ میں نے تو اپنا معمول بنالیا ہے۔ مجھے اس سے بے حد فائدہ ہوا ہے۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ کبھی کسی بلا کو تندور میں جلا رہی ہوں' کبھی وہ مجھ سے ہم کلام ہوتی ہے اور کبھی مجھے کوئی چیز دیتی ہے۔ میں نے جب سے یہ پڑھنا شروع کیا ہے میں نے بہت سی بلائیں روتی ہوئی دیکھی ہیں' الحمدللہ! میری زندگی میں سکون آگیا ہے۔

جادو و آسیب سے ہمیشہ کیلئے محفوظ: جادو و آسیب سے ہمیشہ کیلئے محفوظ ہونے کیلئے سورۂ طارق کی آیت نمبر 15، 16، 17 کو چار سٹیل کے کیلوں پر پچیس پچیس مرتبہ دم کرکے پورے گھر میں لگانے ہیں۔ گھر سے جادو' جنات' آسیب' ٹونہ وغیرہ ہمیشہ کیلئے بھاگ جائے گا۔ یہ عمل بھی میں نے عبقری کے ایک شمارے میں پڑھا تھا اور واقعی واقعی میں کروڑوں دفعہ' اربوں دفعہ اللہ جل شانہٗ کا شکر ادا کرتی ہوں' گھر میں جب سے یہ کیل لگائے ہیں گھر میں بے پناہ سکون رہتا ہے ورنہ ہر مہینہ کوئی نہ کوئی وار چلتا تھا مگر اب سکون ہی سکون ہے۔ میری عبقری قارئین سے درخواست ہے کہ آپ اپنے گھروں میں یہ چار کیل ضرور لگائیں میرا آزمودہ ہے۔ کمال کی چیز ہے۔ نوٹ: سسرال میں رہنے والی خواتین یہ کام اپنے شوہر اور دوسرے گھر والوں کو اعتماد میں لے کر پھر کریں' ورنہ فساد کھڑا ہوجائے گا اور بدگمانی پیدا ہوگی۔ (فلک امجد' بورے والا)

دھاگہ لو' آگ لگاؤ اور جادو ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کچھ عرصہ سے

آئیں ٹوٹکے آزمائیں اور پھیلائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ آج میں سردیوں کے حوالے سے ایک ٹوٹکہ لے کر حاضر ہوا ہوں۔ بوڑھے افراد کو سردی بہت زیادہ لگتی ہے اور اب سردیوں کا موسم چل رہا ہے' جب تک جسم کو اندر سے گرم نہ کیا جائے سردی کی شدت کم نہیں ہوتی' دادا جان کو ہم لوگوں نے کوئلے کی انگیٹھی جلا کر دیتے' کبھی گیس ہیٹر جلا دیتے' مگر ان کی سردی کم نہ ہوتی' میری خالہ جو کراچی میں رہتی ہیں (اللہ ان کو صحت اور ایمان کی سلامتی عطا کرے آمین) انہوں نے ہمیں بتایا کہ پیپسی یا کوک کی ڈیڑھ یا سوا دو لیٹر کی پلاسٹک کی خالی بوتل میں گرم پانی ڈالیں اور بوتل کو دو یا تین انچ اوپر سے خالی رکھیں مکمل نہ بھریں اور جس کو زیادہ سردی لگتی ہو اس کے بستر میں اس کی ٹانگوں اور کمر کے ساتھ رکھیں۔ اللہ کے فضل سے ساری رات سردی کا احساس بھی نہ ہوگا اور وہ پرسکون نیند سوئے گا۔ براہ کرم میرا نام شائع مت کیجئے گا۔ (ش۔ذ، پشاور)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

لگ رہا تھا کہ میرے اوپر جادو وغیرہ کے کچھ زیادہ ہی حملے ہو رہے ہیں' میں اعمال کرتا ہوں' درس سنتا ہوں شاید اسی وجہ سے بچا ہوا ہوں۔ اس کے علاوہ ایک عمل مجھے ہمارے علاقہ کے ایک مولانا صاحب نے بتایا تھا میں نے جب بھی کیا بڑا آرام آیا' جسم میں درد وغیرہ ختم ہوگئے' عمل بہت لاجواب ہے جادو کو فوری طور پر ختم کرتا ہے۔ راولپنڈی میں پہلی مرتبہ کپڑے سینے والے دھاگہ سے توے کو الٹا کرکے کیا تو (ن) میرے پاس کھڑی تھی' دھاگہ جب توے پر رکھا تو (ن) گر پڑی اور توے پر جو جادو ٹونا تو اس کے اثرات مجھ پر بھی پڑے۔ پھر میں نے بیٹھ کر سورۂ یٰسین پڑھی تو آرام آیا۔ جادو توڑنے کیلئے یہ عمل لاجواب ہے۔ عمل درج ذیل ہے:

آسمانی رنگ کا رضائی سینے والا سوتی دھاگہ لیں۔ سوتی دھاگہ کی نشانی یہ ہوتی ہے کہ اسے آگ لگائیں تو جل جاتا ہے' پگھلتا نہیں ہے' اپنے سر سے پاؤں تک ناپ کر گیارہ تاریں بنالیں۔ ان گیارہ تاروں پر گیارہ گرہ لگانی ہیں' ہر گرہ پر ایک بار سورۂ فلق پڑھنی ہے' سورۂ فلق پڑھ کر پھونک مار کر گرہ لگا دینی ہے' اس طرح گیارہ بار سورۂ فلق پڑھ کر پھونک کر گرہ لگانی ہے۔ کوئلے جلا کر پھر ان کو کوئلوں پر جلانا ہے' بہت بو آئے گی جب تک بو آتی رہے یہ عمل دہراتے رہیں۔ عمل شروع کرنے سے پہلے گیارہ روپے کی نیاز لازمی دیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! مجھے اس عمل سے بہت سکون ملتا ہے۔ میں یہ عمل ہر ماہ دہراتا ہوں جادو سے محفوظ رہتا ہوں ورنہ اس سے پہلے تو جادو ٹونہ کروانے والوں نے میرا جینا دوبھر کر رکھا تھا۔ (شوکت علی' لاہور)

جادو زائل' فراخی رزق اور تابع کرنے کے عمل

جو شخص مغرب کی نماز کے بعد اکیس دفعہ یَاقَابِضُ ہمیشہ پڑھے گا۔ کوئی جادو اس پر اثر نہ کرے گا۔ کسی شخص کی بددعا اس کے حق میں کارگر نہ ہوگی۔ بشرطیکہ خود ظالم نہ ہو۔ کسی جن بھوت کا اثر اس پر نہ ہوگا۔ ہر ایک قسم کی بالائی بلاؤں کے رفع کرنے کیلئے یہ اسم اعظم ہے اور نہایت عجیب الاثر ہے۔

رزق کی فراخی کیلئے: رزق کی فراخی کیلئے یہ عمل ایک مولانا صاحب کا مجرب ہے۔ دن کے دس بجے وضو کریں۔ پھر چار رکعت نفل چاشت کی نیت سے ادا کریں۔ نماز کے بعد پھر سجدہ میں جائیں اور ایک سو چار بار سجدے میں یَاوَهَّابُ پڑھیں۔ ہر مہینہ میں سات دن یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ ساری عمر کبھی روزی کی تنگی نہ ہوگی۔

کسی کو تابع اور مسخر کرنے کیلئے: جو کوئی شخص جمعہ کی شب میں بیس عدد روٹی کے ٹکڑوں پر یَاعَدْلُ لکھ کر کھائے گا۔ سارے گھر والے اور محلہ والے اس کے تابع اور مسخر رہیں گے۔

پیٹ کے درد کیلئے روحانی عمل: اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو سات مرتبہ یَاعَظِیْمُ پڑھ کر پانی پر دم کرکے یا کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے۔ بفضلہ تعالیٰ فوراً آرام ہو جائے گا۔

مال و تجارت میں برکت کیلئے: اگر دکاندار یا سوداگر دکان یا تجارت کے مکان کا تالا کھولنے سے پہلے ستر مرتبہ یَاغَنِیُّ پڑھے گا۔ انشاء اللہ مال تجارت میں برکت ہوگی۔ کبھی نقصان نہ ہوگا۔ ہر چیز یا نیا مال خریدنے کے وقت پہلے اکتالیس مرتبہ یَانَافِعُ پڑھ لینا باعث برکت ہے۔

صاحب کشف کیلئے: ماہ رجب اور ماہ رمضان و شعبان میں یَانَافِعُ روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھنا صاحب کشف اور صاحب باطن خدا کے حکم سے بناتا ہے۔ مزید جو شخص یَاصَمَدُ کو اللہ کے نام مبارک سے ملا کر گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے گا۔ صاحب کشف اور صاحب مقام عالی ہوگا۔ اللہ کے حکم سے علم غیب کا وقتاً فوقتاً مشاہدہ نصیب ہوگا۔

رہائی قیدی و دفع بخار: سورۃ الانفطار جو قیدی پڑھے گا تو اسے جلدی رہائی نصیب ہوگی اور اگر بخار میں مبتلا اس کے پانی سے غسل کرے گا تو بخار جاتا رہے گا۔

گمشدہ چیز کی واپسی کیلئے: جس کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو سورۂ والضحیٰ (پ30) کو سات مرتبہ پڑھنے سے وہ واپس آجائے گا۔

غیبی امداد کیلئے: نماز مغرب کے بعد روزانہ اکتالیس بار یَااَللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ پڑھ لیا کریں' سارے معاملات و مشکلات اللہ کے حکم سے حل ہو جائیں گی۔

ہر بیماری ہر مصیبت سے دور رہیں: کسی بیمار یا مصیبت زدہ کو دیکھ کر آہستہ سے درج ذیل دعا پڑھیں۔ انشاء اللہ آپ اس بیماری یا مصیبت سے محفوظ رہیں گے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔ ''اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے اس مصیبت (بیماری) سے محفوظ رکھا جس میں تجھے مبتلا کیا اور اس نے مجھے فضیلت عطا فرمائی مخلوق میں سے اکثر لوگوں پر۔ (ترمذی و ابن ماجہ)

مقدمہ میں راضی نامہ کیلئے: اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں راضی نامہ کرنا چاہتا ہو اور فریق ثانی نہ مانتا ہو' ظہر کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ یَاغَفَّارُ پڑھے اور پھر دعا کرے۔ انشاء اللہ فوراً مقصود حاصل ہوگا۔

حاسد، جادوگر کو ذلیل کرنے کیلئے: فجر کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے جو شخص سو مرتبہ گیارہ روز تک اسم یَاقَهَّارُ پڑھے گا تو حاسد اور جادوگر ہوگا ذلیل ہوگا۔ اسم یاقہار میں بڑی طاقت ہے یقین اور توجہ کے ساتھ یہ عمل کریں اور پھر کمال دیکھیں۔

جن و آسیب کو بھگانے کیلئے: اگر کسی گھر میں جن آسیب کا خلل ہو یا وہاں رہنے سے ڈر لگتا ہو ایک کورے چراغ پر سات جگہ یاقہار لکھ کر تیل سے بھر کر روشن کیا جائے جس گھر میں گیارہ دن تک یہ چراغ روشن ہوگا۔ بفضلہ تعالیٰ اس گھر میں کوئی جن یا سانپ وغیرہ موذی چیز نہ رہے گی اور وہ تمام آفتوں سے پاک رہے گا۔ بشرطیکہ اس مکان میں کوئی تصویر یا مورت موجود ہوئی تو بجائے نفع کے نقصان ہوگا۔

میری ڈائری کے روحانی ایٹم اور مفید نسخے

بے اولادی' جادو' بندش اور رشتہ کیلئے اعمال

اولاد سے محروم حضرات کیلئے بہترین تحفہ: اگر آپ اولاد سے محروم ہیں تو روزانہ 101 بار سورۂ کوثر بسم اللہ کے ساتھ پڑھیں۔ انشاء اللہ آپ کی ہر مراد ضرور پوری ہوگی۔

اولاد سے محروم کیلئے مجرب عمل: لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ

گھر میں جادو تھا ختم ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ابھی سوفٹ ویئر انجینئرنگ سے فارغ ہوا ہوں' میں نے پانچ ماہ پہلے اپنے اور اپنے گھر کے تمام حالات بذریعہ خط آپ کے سامنے پیش کیے تھے' تو آپ کی طرف سے مجھے اور میرے گھر والوں کو اس وظیفہ کو پڑھنے کیلئے کہا گیا۔ یہ وظیفہ ختم لَایُنْصَرُوْنَ صبح و شام 313 مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنے کہا گیا۔ الحمدللہ! اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے ان وظائف کی برکت سے میں نے وہ کمالات دیکھے ہیں جو کہ پڑھنے سے نہیں بلکہ دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ میری وہ تمام تکالیف جس کی وجہ سے میں پریشان تھا اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ سب کی سب ختم ہوگئی ہیں۔ مجھے ہر جگہ رکاوٹیں اور ہر میدان میں ناکامی اور پریشانی، نظر بد، میرے دماغ پر بوجھ شیاطین اور جنات کے اثرات اور تکالیف' دل پر بوجھ معدہ کا خراب ہونا' رزق کی بے برکتی' تعلقات کا خراب ہونا اور جھگڑے وغیرہ الحمدللہ سب ختم ہوگئے۔ مجھے یہ پڑھ کر اور بھی اچھا لگا کہ آپ اس وظیفے کی اجازت عام دیتے ہیں۔ اسی لیے میں اس وظیفے کا فائدہ قارئین عبقری کیلئے لکھ رہا ہوں تو لاکھوں کا فائدہ اور میرے لیے صدقہ جاریہ ہے۔ (محمد عبدالجلیل' بکروٹ)

بچوں کا اپھارہ اور پیٹ درد ختم: سونف کو باریک پیس کر بچوں کے پیٹ پر ملنا اپھارہ اور درد کو دور کرتا ہے۔ پیٹ درد میں سونف کا عرق چند قطرے پلانا بھی انتہائی مفید ہے۔

يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿الشوریٰ ۴۹﴾
جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو وہ یہ آیت 133 مرتبہ پانی پر دم کر کے فجر کی نماز کے بعد میاں بیوی دونوں پئیں۔

اولاد کے رشتہ کیلئے مجرب عمل: اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ (نمل 62)
اگر آپ کی اولاد کا رشتہ نہیں ملتا تو اٹھتے بیٹھتے مذکورہ آیت کا ورد جاری رکھیں۔

لڑکی کے رشتہ کیلئے مجرب عمل: رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿القصص ۲۴﴾ اگر لڑکی کیلئے رشتہ نہ آتا ہو یا رشتہ پسند نہ آتا ہو تو آپ 112 بار دعا کو اور تین بار سورۂ والضحیٰ پڑھیں، ہر مہینہ گیارہ دن تک پڑھیں اور تین مہینہ یہ عمل جاری رکھیں۔

اللہ سے اولاد مانگنے کی تین دعائیں: جس شخص کی اولاد نہ ہو یا نرینہ اولاد نہ ہو وہ یہ دعا کثرت سے مانگا کرے۔ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿الانبیاء 89﴾ ترجمہ: اے میرے پروردگار! مجھے تنہا نہ چھوڑیئے اور آپ بہترین وارث ہیں۔ 2۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے طلب اولاد کیلئے مندرجہ ذیل دعا مانگی تھی جس کو اللہ تعالیٰ نے قبول فرما کر ان کو حضرت یحییٰ علیہ السلام جیسا بیٹا عطا فرمایا تھا۔ طلب اولاد کیلئے یہ دعا مجرب ہے۔ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً۔ (آل عمران 38)
ترجمہ: اے میرے پروردگار! تو عطا فرما مجھے اپنی جانب سے پاکیزہ (نیک) اولاد، بے شک تو ہی تو دعا کا سننے والا ہے۔"
3۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے طلب اولاد کیلئے مندرجہ ذیل دعا مانگی تھی جس کو اللہ تعالیٰ نے قبول فرما کر حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام جیسا بیٹا عطا فرمایا۔ اولاد صالح کی طلب کیلئے یہ دعا بھی مجرب ہے۔ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿الصفت ۱۰۰﴾

بانجھ عورت کیلئے: اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور روزہ افطار کرنے کے بعد یَامُصَوِّرُ اکیس دن پڑھ کر پانی پر دم کر کے اللہ تعالیٰ اسے فرزند صالح عطا کرے گا۔

حاجت کیلئے روحانی عمل: اگر کوئی شخص جس کو کوئی حاجت درپیش ہو ٹھیک آدھی رات کو مسجد یا گھر کے صحن میں تین بار سجدہ کر کے پھر سجدے سے سر اٹھا کر سو مرتبہ یَاوَهَّابُ پڑھے تین روز کے اندر انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

نرینہ اولاد کیلئے: جس شخص کا بیٹا نہ ہوتا ہو اور اسے اس کی تمنا ہو، رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو جمعہ کی نماز کے بعد یَاوَاحِدُ کو ایک سو ایک مرتبہ کاغذ پر لکھے پھر اس کو بطور تعویذ اپنے داہنے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ اسی سال فرزند صالح پیدا ہوگا۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

اولاد کیلئے: جس عورت کی اولاد نہ ہوتی ہو سات دن تک برابر سیب کے سات قتلوں پر یَامُبْدِئُ لکھ کر کھلایا جائے تو انشاء اللہ ضرور حمل قرار پائے گا۔

جادو، شیطانی وساوس سے بچاؤ کیلئے روحانی عمل: ہر روز بلاناغہ سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس کی تلاوت کرنے سے ہر قسم کی آفت، سحر سے انسان محفوظ رہے گا اور جادو کئے ہوئے انسان پر دم کرنے سے جادو زائل ہو جائے گا۔ انشاء اللہ یہ وساوس کا بہترین علاج ہے۔ بار بار روزانہ خاص طور پر ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت بھی پڑھیں۔

اچھا اور برا خواب: اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہے اور برا خواب شیطان کی طرف سے ہے۔ برے خواب کو کسی سے بیان نہ کریں، شیطان کے شر سے اللہ کی پناہ مانگئے، کچھ نقصان نہ ہوگا۔ (بحوالہ بخاری شریف)

بدخوابی کیلئے روحانی عمل: جس شخص کو بدخوابی یا سوتے وقت خوف و ڈر معلوم ہو سونے سے پہلے اکیس مرتبہ اسم مبارک یَامُتَكَبِّرُ کو پڑھ کر خاموش ہو کر سو رہے۔ انشاء اللہ پھر کبھی بدخوابی نہ ہوگی۔

بدخوابی کیلئے: خواب میں ڈرنا، رونا، نیند کے اُچاٹ ہو جانے کے دفعیہ کیلئے ایک کاغذ پر زعفران سے سورۂ مدثر کی پہلی سات آیات لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالنا نہایت مجرب ہے۔

کبھی نظر بد نہ لگے گی: اگر کسی کو اپنے یا اپنے بچوں پر نظر بد کا اندیشہ ہو وہ یَاحَفِيْظُ کو گیارہ کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں باندھے۔ کبھی نظر بد نہ لگے گی۔ (حکیم فاروق چڑھوے والا، مظفر گڑھ)

جادو، جنات اور بندشوں کیلئے آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ عزوجل سے دعا ہے کہ آپ کو سلامت، سکھی اور شاد و آباد رکھے۔ آمین! میں آج عبقری کے ذریعے اور آپ کی بابرکت ذات کے توسط سے قارئین عبقری کو ایک بہت ہی انمول وظیفہ پیش کرنا چاہتی ہوں تاکہ اس پاک عمل کے توسط سے کسی کا بھلا ہو جائے اور میرے گناہ معاف ہو جائیں۔ آمین! آج سے ایک سال پہلے بہت ہی مشکل حالات کے تحت بے بس ہو کر میں نے روتے ہوئے اپنے حالات آپ کو لکھ کر بھیجے تھے جس کے جواب میں بہت تسلی و تشفی کے ساتھ آپ نے مجھے ایک بہت ہی انمول وظیفہ عنایت فرمایا تھا۔ وہ وظیفہ اتنا پیارا تھا کہ مجھ گنہگار کی زبان سے بھی میرے پاک رب کریم نے قبول فرمایا اور میرے جادو و بندشوں کی وجہ سے بگڑے حالات بہتر ہوگئے۔ دوسری بار میں نے دو اور مقاصد کیلئے بھی دو بار اور یہی وظیفہ پڑھا اور میرے رحیم کریم اللہ نے قبول فرمایا۔ اس وظیفے کے طفیل میرا رشتہ طے پا گیا۔ یقین کیجئے جس دن یہ وظیفہ ختم ہوا اس سے اگلے دن میرا ایک مناسب رشتہ آ گیا اور ایک ماہ میں میری شادی ہوگئی۔ پھر نے اپنی دوست کو یہ وظیفہ بتایا تو اس کے پڑھنے سے اس کی شادی طے پا گئی ہے اور انشاء اللہ اگلے ماہ تک وہ اپنے گھر کی ہو جائے گی۔ میرے توسط سے میری اس دوست نے ایک اور پریشان حال جادو کی ڈسی بہن کو بھی یہ وظیفہ بتایا ہے اللہ پاک نے اس پر بھی کرم فرمایا ہے۔

بے آسرا، ناامید، پریشان حال، مایوس لوگوں کیلئے ایک ایسا عمل جو سو فیصد قبولیت اعمال کی شرائط پر پورا اترتا ہے اور لاکھوں اولیاء کے مجرب معمولات میں شامل ہے۔ آپ بھی الٹی تدبیروں، بے کار ہوتی کوششوں اور ناکام ہوتے منصوبوں، پرانے سے پرانے جادو، جنات، بندشوں اور سخت ترین بیماریوں میں آزمائیے انشاء اللہ یہ عمل آپ کو ہر عامل سے بے نیاز کر دے گا اور ہر مشکل سے نکلنے کا راستہ مہیا کرے گا۔

ناممکن کو ممکن بنانے والا عمل درج ذیل ہے:

اول و آخر تین تین مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف تین تین مرتبہ، ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ مع تسمیہ، تین مرتبہ سورۂ اخلاص مع تسمیہ (یہ پورا ایک عمل ہوا) اس طرح روزانہ اکتالیس عمل مکمل

شادی سے گھبرانے والوں کیلئے خوشیوں کا خزانہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اگر کسی شخص کو جریان کا احتلام کا سرعت انزال کا مسئلہ ہو اس لیے ثم الحمد للہ میں نے کئی مریضوں کو یہ نسخہ دیا تو اللہ نے ان کو صحت یابی عطا فرمائی، میں نے طب پڑھی ہے اور طب کا کام بھی کرتا ہوں، ایسے مریض بھی میرے پاس آئے جو کہ شادی کے قابل نہ تھے اللہ رب العزت نے ان کو صحت یابی عطا فرمائی اور ان کو اولاد نرینہ سے نوازا۔ نسخہ درج ذیل ہے:

ھوالشافی: لاجونتی پچاس گرام، بیج بند پچاس گرام، تخم تال مکھانہ 50 گرام، کشتہ قلعی دس گرام، اجوائن خراسانی دس گرام، مصری سو گرام، اسپغول چھلکا دو سو گرام۔ ان کو کوٹ پیس کر سفوف بنا لیں۔ دوائی تیار ہے۔ نوٹ: چھلکا اسپغول اور کشتہ قلعی دوائی پیس کر پھر ڈالنا ہے۔ ایک چمچ صبح اور ایک چمچ شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ انشاء اللہ بہت ہی تیر بہدف نسخہ ہے بارہا کا آزمودہ ہے۔ بالخصوص جو شادی کے نام سے بھی گھبراتے ہیں ان کیلئے تو خوشیوں کا خزانہ ہے۔ (محمد عثمان، بورے والا)

سیاہی' روئی کا ٹکڑا اور درد بخار ختم: اگر کسی کو بخار آتا ہو یا سر میں درد ہو تو وہ شخص تین مرتبہ یَاغَفُوْرُ کاغذ پر لکھ کر اس کی سیاہی پر روئی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روئی میں جذب کر لے اور اسے کھالے' انشاء اللہ اس کا درد ختم ہو جائیگا۔

کریں۔ یہ ایک نصاب شمار ہوگا۔ اس طرح روزانہ کئی نصاب بھی کر سکتے ہیں۔ 41 یا 91 دن بلاناغہ کریں۔ ہر قسم کے جادو' بیماری' بندش' پریشانی اور مشکل میں کر سکتے ہیں۔ نوٹ: خواتین ایام کے دنوں میں نہ کریں بلکہ بعد میں عمل کی تعداد پوری کر لیں۔ اس خاکسار کو بھی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔ اللہ پاک ہماری دین و دنیا آسان فرمائے اور عبقری کو مزید کامیابیاں عطا کرے۔ آمین (خاکسار۔ع)

جادو، سحر، سایہ، ٹونہ وغیرہ کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! خیریت کا طالب بخیریت' پہلی مرتبہ عبقری کا جو اساتذہ کا اجتماع ہوا تھا اس کی وساطت سے آپ سے رسم و راہ محبت کا سلسلہ شروع ہوا۔ تسبیح خانہ کی حاضری وقتاً فوقتاً ہوتی رہتی ہے۔ درس بھی اہتمام سے سنتا ہوں اور دوستوں میں بانٹتا بھی ہوں۔ بے شمار فوائد اور سکون کی دولت میسر آگئی ہے۔ اللہ آپ کو عافیت اور صحت کے ساتھ لمبی عمر عطا فرمائیں اور تسبیح خانہ کو قیامت تک کیلئے اقوام عالم کیلئے رشد و ہدایت کا مرکز بنا کر قائم و دائم فرمائے۔ آمین۔ میرے پاس دو اعمال ہیں جو میں مخلوق خدا کیلئے عبقری کے ذریعے عام کرنا چاہتا ہوں۔

جادو، سحر، سایہ، ٹونہ وغیرہ کیلئے: سورۂ کہف کی آخری 9 آیات 7 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پھر اس پانی کو دیواروں پر چھڑکیں اور اس پانی کو روزانہ پئیں۔

ہر بیماری، بندش، جادو، پریشانی اور رنج و غم کیلئے: سورۂ فاتحہ' آیۃ الکرسی' سورۂ حشر کی آخری تین آیات' چاروں قل سات مرتبہ پڑھ کر چینی یا نمک پر دم کر لیں اور سارا سال استعمال کریں۔ اگر یہ درج بالا اعمال جمعۃ الوداع رمضان المبارک میں کر لیے جائیں تو یہ اور بھی تیر بہدف بن جائیں گے۔ یہ اعمال حضرت لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ مجاز شیخ الحدیث دامت برکاتہم کے بیان کردہ ہیں۔ (محمد شفیق' سرگودھا)

جادو سے آئی بیماری' مصیبت' پریشانی ایک گھنٹے میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں آپ کے درس بھی سنتے ہیں اور کتب کا مطالعہ بھی جاری رہتا ہے۔ آپ کی ایک کتاب ''جادو، جنات، اسلام اور جدید سائنس'' سے ہم نے خوب فائدہ اٹھایا ہے۔ ہم پر کچھ مصائب مشکلات اور بیماری بوجہ جادو آئی تھی۔ جس کی وجہ سے ہم سب بہت پریشان تھے' آپ کی اسی کتاب کے صفحہ نمبر 234 پر ایک عمل دیا گیا ہے' ہم نے وہ عمل صرف ایک نشست میں کیا الحمدللہ ایک گھنٹے میں ہماری مصیبت، پریشانی اور بیماری ٹل گئی۔ وہ عمل یہ ہے:۔ ''سورۂ مزمل اکتالیس دفعہ ایک ہی نشست میں چند افراد مل کر پڑھیں اور اس کے بعد نماز حاجت پڑھ کر اللہ کے حضور دعا کریں۔ انشاء اللہ درج بالا پریشانیوں سے نجات ملے گی۔'' (شازیہ)

چالیس سال سے مسلط جن بالآخر چھوڑ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! جنات آسیب وغیرہ کیلئے میں نے حضرت ابودجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وہ خط مبارک جو حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت ابودجانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذریعے شیاطین جنات کی طرف ارسال فرمایا تھا وہ استعمال کراتا ہوں' طریقہ کار اس طرح کہ ایک تعویذ بنا کر گلے اور دوسرا تعویذ خط کے لفافہ میں ڈال کر تکیے کے نیچے کی طرف اندر ڈال کر اسی تکیے پر سوجانے کا عمل کراتا ہوں کہ رات کو وہی تکیہ سونے کیلئے استعمال کیا جائے۔ اس عمل کی اجازت مجھے میرے استاد صاحب نے دی۔ الحمدللہ اس عمل سے بے شمار نے فائدہ اٹھایا۔ ایک بوڑھی خاتون عمر تقریباً 70 سال ہے۔ میرے پاس آئیں انہوں نے بتایا کہ مجھے ایک جن نے چالیس سال سے تنگ کر رکھا ہے۔ وہ کبھی رات کو خواب میں آکر ڈراتا ہے اور میری نیند خراب کرتا ہے کبھی کبھی اکیلے میں ایسے محسوس ہوتا ہے کہ میرے پیچھے کوئی کھڑا ہے' کبھی میرے سامنے آجاتا ہے کالے رنگ کا بدصورت جن ہے مگر بہت کوشش اور عملیات کے چھوڑ کر نہیں جارہا' الحمدللہ! اس عمل کے ذریعے الحمدللہ دو ماہ کے اندر اندر چھوڑ گیا۔ دو ماہ بعد میں نے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ ایک دفعہ میں اکیلی بیٹھی تھی تو اس جن نے میرے پیچھے کھڑے ہو کر سر میں ''ٹھینگا'' لگایا اس کے بعد پھر کبھی نہیں آیا' لگتا ہے چھوڑ گیا ہے اس کے بعد بھی کافی عرصہ تک میں پوچھتا رہا مگر کوئی شکایت نہیں ملی۔ یہ خاتون بھی ماشاء اللہ صوم و صلوٰۃ کی پابند ہیں ماشاء اللہ نیک خاتون ہیں۔

هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اِلٰى مَنْ يَّطْرُقُ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِي الْحَقِّ سَاعَةً فَاِنْ كُنْتَ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْفَاجِرًا فَهٰذَا كِتَابٌ يَّنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهُ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

اس کے علاوہ درج بالا خط بے شمار جادو زدہ افراد کو دیا گیا جنہوں نے اس کے تعویذ بنا کر گلے میں پہنے اور لیمینیشن کروا کر گھر کے ہر کمرے میں لگائے الحمدللہ ان کے گھر سے جادو ہمیشہ کیلئے ختم ہو گیا ہے۔ بے شمار کی جان عالمین سے صرف اس بابرکت خط کی وجہ سے چھوٹ گئی ہے۔ (ابوبکر' ملتان)

سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا خاص الخاص وظیفہ جادو کا توڑ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! فقیر محبوب سبحانی قطب ربانی حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا خاص الخاص وظیفہ جادو کا توڑ اور رزق کی بندش ختم ارسال کر رہا ہے۔ مخلوق خدا کی بہتری کیلئے حاضر ہے:۔

جادو کا توڑ اور رزق کی بندش ختم

روزانہ بعد نماز فجر یہ عمل کریں۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ ﷺ گیارہ بار۔ يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ اقْهِرْبِهَا عَلٰى اَعْدَآئِنَا وَاَلْزِمْهُمْ وَعَجِّلْ اِلَيْهِمْ مَّا قَصَدُوْنِيْ بِهٖ فِيْ اَمْوَالِهِمْ وَعِزَّتِهِمْ وَاَمَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ۔ 100 مرتبہ۔ آخر میں درج بالا درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل توجہ، دھیان، گڑگڑا کر بیس دن کریں اور پھر قدرت ربی کا کرشمہ دیکھیں۔ (والسلام فقیر نور محمد قادری' جہلم)

جادو کی تشخیص کیلئے بارہا کا آموزدہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کا ہر ماہنامہ بار بار پڑھ کر بے حد خوشی ہوتی ہے کہ اس دور میں عبقری جیسا رسالہ نایاب ہے۔ میرا بارہا کا مجرب و آزمودہ نسخہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔ یہ روحانی نسخہ ہے یہ جادو کی تشخیص اور اس کی وجہ سے ہوئی بیماری کیلئے ہے۔ ہر آدمی گھر بیٹھے اپنی بیماری کی تشخیص کر سکتا ہے کہ اس پر جادو، تعویذ، آسیبی اثرات ہیں یا جسمانی مرض ہے۔

طریقہ: سب سے پہلے ایک گلاس پانی سے بھر لیں' مریض کو یہ پانی چند گھونٹ پلائیں' پھر اس پانی پر تین مرتبہ یہ مبارک کلمات پڑھ کر دم کریں۔ (الٓمٓ. الٓمٓصٓ. الٓمٓرٰ)۔

1۔ اگر مریض کو پانی کا ذائقہ کڑوا یا تلخ محسوس ہو تو یہ جادو، تعویذ، بندش کی علامت ہے۔ 2۔ اگر مریض کو پانی کا ذائقہ میٹھا یا نمکین محسوس ہو تو یہ جناتی، آسیبی اثرات کی علامت ہے۔ 3۔ اگر پانی کا ذائقہ بالکل تبدیل نہ

ہو تو جسمانی مرض کی علامت ہے۔ جو آدمی بھی یہ عمل کرے مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھے۔ جزاک اللہ خیرا۔

میرے سینے کا راز عبقری قارئین کیلئے: میں عبقری قارئین کی خدمت میں اپنا ایک اور سینے کا راز پیش کر رہا ہوں۔ جو بھی عمل کرے امت مسلمہ کیلئے‘ حضرت حکیم صاحب اور میرے لیے دعا خیر کرے۔ یہ روحانی نسخہ ہے ہر روحانی اور جسمانی مرض کا علاج ہے جس بیماری کو ڈاکٹر، حکیم لاعلاج کہہ دیں یہ اس بیماری اور جادو سے ہوئی ہر قسم کی بیماری کا آزمودہ روحانی علاج ہے۔ آپ کو جو بھی مرض ہے مثلاً دل کی بیماری ہے بیماری والی جگہ پر اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر بِسۡمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَعُوۡذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدۡرَتِہٖ مِنۡ شَرِّ مَا اَجِدُ مِنۡ وَجۡعِی ھٰذَا ایک مرتبہ پڑھ کر اپنا دایاں ہاتھ اٹھالیں پھر دوبارہ دایاں ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے طاق مرتبہ پڑھیں۔ اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ وَاَسۡمَآئِہٖ کُلِّھَا عَامَّۃٍ مِنۡ شَرِّ السَّامَّۃِ وَالۡھَامَّۃِ وَمِنۡ شَرِّ الۡعَیۡنِ اللَّامَّۃِ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ وَمِنۡ شَرِّ اَبِیۡ قَتۡرَۃَ وَمَا وَلَدَ۔ (شرافت علی‘ ایبٹ آباد)

جادو، بندش کی توڑ کیلئے پچاس سالہ آزمودہ تعویذ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ میرا تعویذ جو کہ میں سوا لاکھ سے بھی زیادہ لکھ چکا ہوں۔ اس تعویذ کو تیار کرنے والا بھی میں خود ہوں۔ یہ تعویذ گلے میں باندھنے کیلئے اور پلانے کیلئے نہایت مجرب ہے۔ یہ نقش اسم ذات کا ہے جو اسم اعظم کی تاثیر رکھتا ہے۔ تمام علما عامل پیر، فقیر، گدی نشین حضرات سے گزارش ہے کہ اس نقش کو لکھ کر عوام کو فائدہ پہنچائیں۔ یہ نقش عددی بھی ہے اور لفظی بھی اور اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام اور حضور نبی کریم ﷺ کے صفاتی نام سے پر ہوتا ہے۔ اس کی زکوٰۃ یہ ہے کہ 66 بار روزانہ لکھ کر چھنے آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا نہر میں بہادیں یعنی کہ چلتے پانی میں ڈالیں۔ یہ وظیفہ اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر لکھنا شروع کریں اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ختم کریں۔

حَیُّ ۱۸	وَاحِدُ ۱۹	وَدُوۡدُ ۲۰
طَیِّبُ ۲۱	حَبِیۡبُ ۲۲	اَحِیۡدُ ۲۳
یَااَحَدُ ۲۴	یَاوَھَّابُ ۲۵	یَاھَادِیُ ۲۶

لکھتے اور پڑھتے جائیں یہ اللہ اور حضور ﷺ کے نام پاک ہیں۔ یہ نقش حب، تسخیر، امراض کیلئے، جادو، اٹھرا کے امراض میں آزمودہ ہے۔ تمام کلمات اور آیات اور سورۃ کے نقشوں سے مختصر ہے۔ بزرگ دین دل سے بھی اسم کا ذکر کریں اور ہاتھ سے لکھ کر عوام کی خدمت کریں۔ درود شریف پڑھ کر لکھیں اور لکھ کر پھر درود شریف پڑھیں۔ گلے میں باندھنے اور پینے کیلئے ہے۔ میری طرف سے اجازت عام ہے۔ میں نے گزشتہ پچاس سال سے اس تعویذ سے بڑے بڑے کام لیے ہیں۔ اس نقش کا میں خود موجد ہوں یعنی یہ میں نے ہی تیار کیا ہے۔ یہ روحانیت سے بھرپور ہے۔ عامل حضرات کیلئے خاص تحفہ ہے عامل حضرات بڑی محنت سے بچ جائیں گے۔ (حکیم محمد رمضان نقشبندی‘ بورے والا)

کاروباری دکان کی سیل 2 ہزار سے پچیس ہزار! بندش ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک آٹا چکی کی دکان پر ملازم تھا‘ چھ ہزار میری تنخواہ تھی‘ بہت مشکل سے گزارہ ہوتا تھا‘ کرائے کے مکان میں رہتا ہوں‘ دو میرے بچے ہیں‘ وقت کی روٹی بمشکل پوری ہوتی۔ کبھی کسی سے ادھار‘ کبھی کسی سے ادھار لے کر میں گزارہ کرتا۔ مجھے جادو اور بندش بتایا گیا۔ پانچ وقت نماز پڑھتا ہوں اور آہستہ آہستہ میں نے تہجد بھی شروع کر دی اور تہجد کے وقت میں اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل پڑھتا تھا۔ تین سال پڑھتا رہا پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی چکی دے دی‘ جب میں نے اپنی آٹا چکی لگائی‘ شروع شروع میں سارا دن میں دکان پر بیٹھا رہتا‘ سارے دن کی سیل دو ہزار سے تین ہزار تک ہوتی۔ جب سے سورۂ مزمل والا عمل شروع کیا میں تو حیران ہی رہ گیا۔ معمول کا کام ہوتا مگر جب شام کو دکان بند کر کے گھر جاتا اور پیسے گنتا تو سیل کبھی پندرہ ہزار اور کبھی بیس ہزار ہوتی اتنی برکت‘ اللہ تعالیٰ نے سورۂ مزمل کی برکت سے دی‘ تین چار ماہ میں ہی میرے حالات بہت بہتر ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے تسبیح خانہ پر کروڑوں برکتیں اور رحمتیں نازل فرمائے۔ (محمد یٰسین‘ فیصل آباد)

تمام پریشانیاں‘ جادو دور اور بے بہا رزق

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اپنے چند آزمودہ اعمال قارئین عبقری کیلئے پیش خدمت ہیں۔

1۔ تمام پریشانیاں دور‘ رزق ہی رزق‘ پیسے ہی پیسے

ہر فرض نماز کے بعد اول و آخر درود ابراہیمی اور درمیان میں سورۂ قریش سات مرتبہ پڑھیں اس عمل سے ہر مشکل‘ ہر پریشانی ہر تنگی دور ہو جاتی ہے بحمدللہ اس وظیفہ کی برکت سے تنگ دست لوگ کروڑ پتی بن کر زندگی گزار رہے ہیں۔

فتوحات غیبی کا خاص عمل

فتوحات غیبی کا ایک ایسا عمل پیش خدمت ہے کہ جس کی صرف اکیس دن کی پڑھائی ہے‘ اس عمل کو کرنے کے بعد آپ خود اتنے مالا مال ہونگے کہ دنیا میں کسی کے محتاج نہ رہیں گے آزمائش شرط ہے اور یقین بھی شرط ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد درود ابراہیمی 51 مرتبہ یَارَزَّاقُ 101 مرتبہ یَاغَنِیُّ 101 مرتبہ وَاللّٰہُ الۡمُسۡتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوۡنَ 101 مرتبہ وَاللّٰہُ خَیۡرُ الرّٰزِقِیۡنَ 101 مرتبہ۔ وقت اور جگہ ایک ہو‘ 21 دن تک 21 دن کے بعد وظیفہ روزانہ بطور مداومت ہر ایک 33 مرتبہ پڑھیں۔

میرا سارا مال پاک ہے گم نہیں ہوسکتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میرے والد صاحب قرآن مجید پر پورا پورا عمل کرتے تھے اس واقعہ کا تعلق بھی قرآن و سنت کے احکام پر عمل سے ہے۔ یہ 1953ء کی بات ہے میں آٹھویں جماعت میں پڑھتا تھا ہم سب گھر والے میری خالہ کے بیٹوں کے ختنوں کی رسم میں شامل ہونے کیلئے ضلع شیخوپورہ کے ایک گاؤں میں گئے تین دن کے بعد واپسی ہوئی جب ہم ابھی گاؤں سے تقریباً تین میل کے فاصلے پر تھے کہ راستہ میں تقریباً ایک سے دو فٹ پانی کھڑا تھا‘ ہم کو اسی پانی سے گزر کر جانا تھا لہٰذا والد صاحب کے حکم پر مرد حضرات آگے آگے اور خواتین پیچھے پیچھے پانی سے گزر رہی تھیں۔ اس زمانے میں دیہاتی لوگ دھوتی کا استعمال کیا کرتے تھے۔ میری بہن کی دائیں جانب جیب سے سارا زیور بمعہ ڈبیا پانی میں گر گیا ہم سب گھر پہنچ گئے‘ تقریباً رات دس گیارہ بجے سارا سامان چیک کرنے پر علم ہوا کہ سسرالی سارا زیور گم ہو چکا ہے ادھر ادھر تلاش بسیار کے بعد نہ ملا تو والد صاحب نے فرمایا کہ میرا سارا مال پاک ہے گم نہیں ہوسکتا صرف اللہ جل شانہٗ سے دعا مانگیں‘ اللہ تعالیٰ کرم فرمائے گا پوری رات بڑی بے چینی اور اللہ سے دعائیں مانگتے گزر گئی‘ صبح سویرے میں نے سکول جانا تھا میرے والد صاحب بھی میرے ساتھ چل دیئے‘ ہم پانی کے کنارے کنارے جا رہے تھے کہ تقریباً سو گھوڑوں اور کچھ پیدل لوگوں پر مشتمل ایک بارات ہمارے پاس سے گزر گئی ہم بھی اس کے پیچھے پیچھے ادھر اُدھر دیکھتے ہوئے جا رہے تھے اچانک میں نے جنگلی گوبر کو ٹھوکر لگائی اللہ جل شانہٗ کی قدرت کہ اس کے نیچے ڈبیہ پڑی ہوئی تھی کھول کر دیکھا سارا زیور موجود تھا۔ میرے والد صاحب نے سجدہ شکر ادا کیا اور اللہ کی راہ میں صدقہ بھی دیا اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں پر اپنا فضل و کرم تاقیامت قائم و دائم رکھے۔ آمین ثم آمین۔ (محمد شبیر گوندل‘ حافظ آباد)

برکت ہی برکت جتنا خرچ کرو کم نہ ہو

سات دانہ جو کے لے کر باوضو ہو کران پر یَافَتَّاحُ یَارَازِقُ 997 مرتبہ پڑھ کر ان دانوں کو اپنے خرچ کی تھیلی میں ڈال دیں اور جتنا چاہیں بغیر شمار کیے اس میں سے خرچ کرتے رہیں۔ انشاء اللہ وہ تھیلی ختم نہ ہوگی جب تھیلی کھولیں تو وضو کر کے کھولیں۔ **احتیاط:** اس روپیہ کو ناجائز اور گناہ کے کاموں میں خرچ نہ کریں۔ ورنہ بربادی ہی بربادی ہوگی۔ (سید نور عالم شاہ' شوبکی شریف)

سخت ترین دشمن اور شوہر گرویدہ کرنے کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ تین سال سے عبقری کی قاری ہوں اس رسالے کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ عبقری نے میری دنیا ہی بدل ڈالی۔ اس کی بدولت دن بدن میرا ایمان مضبوط ہوتا چلا گیا۔ اس سے پہلے شاید میں اندھیروں میں بھٹک رہی تھی۔ اس کیلئے میں آپ کا جتنا بھی شکریہ ادا کروں کم ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ہمارے سروں پر ہمیشہ قائم رکھے اور آپ اسی طرح ہماری رہنمائی کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا و آخرت میں سرخرو کرے۔ آمین۔ عبقری میں شائع ہونے والے تمام وظائف ہی ایک سے بڑھ کر ایک ہوتے ہیں۔ عبقری میں ایک وظیفہ چھپا تھا جو کچھ اس طرح تھا کہ اگر اسے پڑھ کر دوسروں کی روح کو ثواب پہنچایا جائے تو سخت سے سخت دشمن بھی راہ راست پر آجاتا ہے اور اسی طرح میرے ساتھ ہوا' ابھی میں نے اپنے سخت ترین دشمن کیلئے اس وظیفے کو پڑھا اور میں حیران رہ گئی' صرف چند بار پڑھنے سے اس کے رویہ میں تبدیلی آگئی۔ یہی وظیفہ میں نے اپنے شوہر کیلئے پڑھا جو کہ بات بات پر مجھ سے لڑتے تھے اور ہر وقت مجھے ڈانٹتے رہتے تھے شکر الحمدللہ وہ بھی اب میرا خیال رکھتے ہیں اور لڑائی بھی کم ہوگئی ہے۔ میں نے اپنے بچوں کیلئے یہ وظیفہ پڑھا اور ان کی ارواح کو ایصال ثواب پہنچایا اب میرے بچے بھی میرا ادب کرنے لگے ہیں۔ غرض کہ میں نے جس جس مقصد کیلئے اس وظیفہ کو پڑھا خدا نے میری مراد پوری کی۔ میں نے اپنی پریشان حال سہیلی کو یہ وظیفہ اس کے سخت دل شوہر کیلئے پڑھنے کو دیا وہ بھی بہت خوش ہے اور میرا شکریہ ادا کرتی نہیں تھکتی۔ جس جس کو بتایا سب نے بہت دعائیں دیں اور یہ صرف عبقری کی بدولت ممکن ہوا۔ اب تو مجھے کوئی بھی مشکل ہو' پریشانی آئے تو میں یہی وظیفہ پڑھتی ہوں اور جو بھی مجھے ناجائز تنگ کرے اس کی روح کو پڑھ کر ثواب پہنچاتی ہوں۔ وہ وظیفہ پڑھنا اس طرح ہے اگر کوئی ناراض ہو یا ناجائز تنگ کرے یا پھر کوئی بھی حاجت ہو تو تین بار درود شریف پھر ایک بار الحمد شریف پھر تین بار سورۂ اخلاص پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس انسان کی روح کو ثواب پہنچائیں اور دعا کریں کہ وہ انسان آپ کے حق میں اچھا ہوجائے یا پھر جادو کا چکر ہو' کوئی حاجت ہو تو یہ پڑھ کر دعا کریں۔ انشاء اللہ ضرور پوری ہوگی۔ یہ وظیفہ میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔ میری بیٹی اس وظیفہ کو ہر مشکل میں پڑھتی ہے اور بہت خوش ہوتی ہے۔

اس کے علاوہ میرے چند روحانی ٹوٹکے جن سے میں نے فیض پایا قارئین عبقری کی نذر ہیں:۔ ایک مرتبہ ہم رکشہ میں سوار تھے کہ ٹریفک میں بُری طرح پھنس گئے لائن بہت زیادہ لمبی تھی لگتا تھا کہ ہمیں کافی دیر لگے گی لیکن میں نے سورۂ الم نشرح پڑھ پڑھ کر ٹریفک پر پھونکنا شروع کی اور اپنے بچوں کو بھی کہتی رہی۔ یقین جانیے کچھ ہی دیر بعد ٹریفک چلنا شروع ہوگئی اور ہمارا رکشہ آسانی سے باہر نکل گیا۔ اسی طرح ایک بار مجھے امی کے گھر ضروری جانا پڑ گیا جانے کی جلدی تھی میں تیاری کر رہی تھی کہ اچانک بارش شروع ہوگئی اور دیکھتے ہی دیکھتے تیز ہوتی گئی۔ میں نے عبقری میں پڑھا تھا کہ بارش کو روکنے کیلئے پنجم کلمہ کا ورد کرنا چاہیے میں نے پنجم کلمہ پڑھنا شروع کر دیا ساتھ بیٹی کو بھی کہا کہ پڑھے۔ تقریباً ہم لوگ آدھ گھنٹہ کلمہ پڑھتے رہی' دیکھتے ہی دیکھتے بارش کم ہوئی اور تھم گئی اور آسمان بالکل صاف ہوگیا اور سورج نکل آیا۔ ہم خوش بھی تھیں اور حیران بھی۔ مجھے عبقری سے ملے وظائف سے بہت کچھ ملا اور مل رہا ہے۔ الحمدللہ! اس طرح کا میگزین میں نے آج تک نہیں دیکھا۔ اللہ تعالیٰ عبقری کو مزید ترقی دے۔

جادو و بندش کی شکار کی ہفتے میں شادی

موتی مسجد میں نفل کی ادائیگی کیلئے میں نے عبقری میں پڑھا تھا۔ میری چچازاد بہن کی شادی تین سال سے ہو نہیں رہی تھی' لوگ آتے تھے پسند کر کے چلے جاتے تھے مگر رشتہ طے نہیں ہوتا تھا معلوم کروانے پر پتہ چلا کہ جادو اور بندش ہے۔ ہم سب بہت پریشان تھے حالانکہ میری بہن بہت خوبصورت اور پڑھی لکھی ہے۔ جب میں نے عبقری میں موتی مسجد کے وظیفہ کا پڑھا تو میں نے اپنی چچی کو کہا کہ آپ ایک بار موتی مسجد میں جا کر دو نفل اس طرح ادا کرلیں کہ آپ دو نفل صلوٰۃ حاجت کی نیت کر کے نفل پڑھنا شروع کریں جب سورۂ فاتحہ میں اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچیں تو بار بار ایک آیت کی تکرار کریں آپ جتنی دیر کر سکتے ہیں کریں جب تھک جائیں تو باقی سورۂ مکمل کر کے رکوع اور سجدہ کر کے دوسری رکعت میں بھی اسی طرح اسی آیت کی تکرار کرتے رہیں اور پھر نفل مکمل پڑھ کر سلام پھیر لیں اور پھر گڑگڑا کر خدا سے دعا کریں۔ انشاء اللہ دعا ضرور قبول ہوگی۔ انہوں نے اسی طرح کیا۔ صرف ایک ہفتے بعد ہی میری بہن کا رشتہ اتنی اچھی جگہ طے ہوگیا کہ ہم سب حیران رہ گئے اور خدا کا شکر ادا کیا کہ اتنے سالوں سے جو پریشانی تھی وہ اللہ تعالیٰ نے دور کی۔ قارئین! آج کے دور میں ہر دوسرا شخص پریشانیوں کا شکار ہے ہم بھی رزق کی بندش کا شکار رہ چکے ہیں مگر یقین جانیے سورۂ کوثر نے ہمیں اس تمام پریشانی سے نکال دیا۔ میں نے جب سے صبح و شام 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھنا شروع کی تب سے حالات میں بہتری آنا شروع ہوگئی۔ اب بھی جب میرے پرس میں رقم کم ہوجاتی ہے میں 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر پرس پر دم کر دیتی ہوں اور اللہ کے فضل سے غیب سے میری مدد ہوجاتی ہے۔ اس وظیفہ کی برکت بھی عبقری کی بدولت مجھے ملی۔ (ج۔ش)

موت کیلئے کیا گیا جادو 28 دن میں یقینی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اگر کسی انسان پر زبردست جادو ہو اور کسی بھی طرح جادو کے اثرات سے نجات نہ ملتی ہو تو (ہفت سلام) کے نقوش کے ذریعے روحانی علاج کرنے سے جادو کے اثرات سے یقینی نجات ملتی ہے۔ جمعرات کے دن سے علاج شروع کریں اور درج ذیل نقوش تفصیل کے ساتھ پلائیں۔ 28 دن کا علاج ہے ہر نقش چار مرتبہ پلائیں اور ساتوں نقوش جو ہفتے کے سات دنوں میں پلانے ہیں درج ذیل ہیں:۔

جمعرات کے دن پینے والا نقش

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ			
۳۲۲	۱۱۶	۱۱۰	۱۳۱
۱۰۹	۱۳۲	۳۲۱	۱۱۷
۱۳۳	۱۱۲	۱۱۴	۳۲۰
۱۱۵	۳۱۹	۱۳۴	۱۱۱

شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات

پوری سائنس فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے' آپ کے پاس انٹرنیٹ، اپنا مشاہدہ، تحریر، کوئی بھی ایسی چیز جس میں شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات ملے ہوں ہمیں ضرور بھیجیں۔ باری آنے پر آپ کے نام سے شائع ہوں گے۔ لاکھوں کا نفع ہوگا۔ (ادارہ)

جسمانی کمزوری کا علاج: ایسے لوگ جنہیں بھوک کم لگتی ہو اور جسم نہایت ہی کمزور اور دبلا پتلا ہو اور دیکھنے میں انتہائی کمزور نظر آتے ہوں اسم یَامُقِیْتُ کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور گیارہ دن تک یہ عمل کر کے پانی پئیں۔

جمعۃ المبارک کے دن پینے والا نقش

سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ

۱۳۱	۱۱۰	۱۱۶	۲۶۸
۱۱۷	۲۲۷	۱۳۲	۱۰۹
۲۶۶	۱۱۴	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۲۶۵	۱۱۵

ہفتہ کے دن پینے والا نقش

سَلٰمٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ

۱۳۱	۱۱۰	۳۱	۷۰
۳۲	۴۹	۱۳۲	۱۰۹
۶۸	۲۹	۱۱۹	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۶۷	۳۰

اتوار کے دن پینے والا نقش

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

۱۳۱	۱۳۷	۲۹۲	۲۸۹
۲۹۳	۲۸۸	۱۳۲	۱۳۶
۲۸۷	۲۹۰	۱۳۹	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۴	۲۸۶	۲۹۱

پیر کے دن پینے والا نقش

سَلٰمٌ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی

۱۳۱	۱۱۰	۵۶۳	۵۰
۵۶۴	۴۹	۱۳۲	۱۰۹
۴۷	۵۶۱	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۴۷	۵۶۲

منگل کے دن پینے والا نقش

سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ

۱۳۱	۱۷۰	۴۵۱	۱۴۲۲
۴۵۲	۱۴۲۱	۱۳۲	۱۶۹
۱۴۲۰	۴۴۹	۱۷۲	۱۳۳
۱۷۱	۱۳۴	۱۴۱۹	۴۵۰

بدھ کے دن پینے والا نقش

سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ

۱۳۱	۴۳۳	۱۴۹	۳۱۴
۱۵۰	۳۱۳	۱۳۲	۴۳۲
۳۱۲	۱۴۷	۴۳۵	۱۳۳
۴۳۴	۱۳۴	۳۱۱	۱۴۸

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ والا نقش گلے میں ڈال دینا چاہیے۔ انشاء اللہ کیسا ہی جادو ہوگا علوی یا سفلی پوری طرح نجات ہوگی اور اٹھائیس دن میں مریض صحت مند ہوگا' فائدہ یہ ہے کہ 28 دن میں ہر نقش چار کی تعداد میں بنانے ہیں۔ یہ نقش میرے بہت کامیاب نکلے ہیں اور آگے جس کو بھی بتایا اس کو بھی بہت فائدہ ہوا ہے۔ یہ عمل میں نے دفتر ماہنامہ عبقری سے ایک کتاب ''کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء اور جدید سائنسی تحقیقات'' کے نام سے لی تھی اس میں یہ عمل درج تھا۔ کالے جادو کیلئے یہ عمل واقعی ننگی تلوار ہے میری قارئین عبقری سے گزارش ہے کہ یہ عمل ضرور آزمایئے گا۔ اس کے علاوہ میرے پاس ایک عمل امتحان میں کامیابی کیلئے ہے۔

امتحان میں کامیابی کیلئے: جو کوئی امتحان میں کامیابی کا خواہاں ہو تو اسے چاہیے کہ وہ امتحان کے پہلے دن سے لے کر چالیس یوم تک بلاناغہ دن یا رات کے کسی وقت 100 مرتبہ یہ پڑھے لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَ نَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَ کَذٰلِکَ نُـْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصد کی دعا مانگے۔ انشاء اللہ امتحان میں ضرور کامیابی ہوگی۔ (ساجدہ شاہین' جہانیاں)

جادو جنات سے چھٹکارے کے کچھ آزمودہ طریقے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس کچھ تجربات و مشاہدات ہیں جو میں مرنے سے پہلے اپنے لیے صدقہ جاریہ کے طور پر چھوڑ کر جانا چاہتا ہوں اسی نیت سے یہ تجربات و مشاہدات قارئین عبقری کے سپرد کر رہا ہوں۔ قارئین! جنات کی پیدائش انسانوں سے زیادہ ہے۔ وہ کسی وقت بھی انسانوں کو خاص کر بچوں اور بچیوں کو پریشان کر سکتے ہیں۔ اس لیے ہر ایک کو چاہیے کہ وہ سورۂ مومن کی پہلی چار آیات روزانہ تین تین مرتبہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ لیا کریں۔ ایسا کرنے سے وہ جادو و جنات سے محفوظ زندگی گزار سکے گا۔ اگر کسی پر تعویذات کا اثر دکھائی دے تو پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔ ایک عبقری رسالہ میں ایک عبقری کے قاری نے حقہ کے پانی سے مصدقہ علاج تحریر فرمایا تھا۔ ہمارے علاقہ میں کافی لوگ اس علاج کو اپنائے ہوئے ہیں۔ یہ رسالہ پڑھ رہا تھا کہ اچانک میرے

(بقیہ: اب جادو ٹوٹ رہا ہے!)

مکمل معلوم کیا اور آپ کے درس انٹرنیٹ پر سننا شروع کر دیے۔ مزید دل کی دنیا بدل گئی' پہلے تو نماز میں دل نہیں لگتا تھا لیکن جب سے بیعت کی تو نماز میں سکون ملنا شروع ہوا' اب آپ کے سلسلے کا ذکر بھی میں کرتا ہوں اور برکت والی تھیلی کا عمل بھی کرتا ہوں۔ بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اب جب دفتر جاتا ہوں تو درس میں بتائے گئے مختلف اعمال کرتا ہوں۔ جب وضو ٹوٹ جاتا ہے اسی وقت نیا وضو کرتا ہے۔ ان اعمال اور درس سننے کی برکت سے میرے گھر میں سکون آتا جا رہا ہے۔ واضح محسوس ہو رہا ہے کہ اب جادو ٹوٹ رہا ہے۔ (شبیر حسین' شیخوپورہ)

صرف پانچ روپے سے جوڑوں اور کمر کا درد ختم

میرے ایک جاننے والے دوست ہیں' جو کہ کوئٹہ سے تعلق رکھتے ہیں اور چائے بیچنے کا کاروبار کرتے ہیں۔ ان کے جوڑوں میں اکثر درد رہتا تھا' بڑے بڑے ڈاکٹر اور حکیموں سے دوائی لے کر عاجز آ چکا تھا' مگر درد نے نام نہ لیا جانے کا۔ اچانک انہیں ایک رات خیالات میں گم اپنی دادی اماں کی بات یاد آ گئی کہ میری دادی اماں اپنی کمر پر یہ عمل کرتی تو اسے کمر کے درد سے نجات مل جاتی۔ رات کو جیسے کیسے کٹ گئی مگر خیال اور درد جوڑوں میں موجود تھا۔ صبح اٹھ کر اس نے میڈیکل سٹور سے مطلوبہ چیز خریدی اور جوڑوں پر چپکا دیا۔ کیونکہ چائے پہنچانے کیلئے وہ کبھی اس دکان پر کبھی اس دکان پر بھاگتا' جب عصر کا وقت ہوتا تو درد میں مبتلا ہو جاتا مگر جب اس نے مطلوبہ چیز لگائی تو درد میں افاقہ ہونے لگا۔ ایک دن اچانک وہ مجھے ملا تو میں نے اس سے دریافت کیا کہ آج تو رشید بھائی عصر کے وقت دوڑ میں لگے ہوئے ہیں۔ عبقری کا شمارہ پڑھ پڑھ کر ہم تو علاقہ میں حکیم بن گئے ہیں۔ سب سے بڑی ذات تو اللہ کی ہے جو کہ خود حکیم ہے' علیم ہے۔ دن بھر عبقری کے شمارہ میں نسخہ جات پڑھ پڑھ کر لوگوں کو بتاتے بتاتے ہم بھی علاقہ میں حکیم مشہور ہو گئے ہیں۔ تو وہ کہنے لگا حکیم صاحب بڑا روپیہ لگایا مگر درد میں افاقہ نہیں ہوا۔ میری دادی یہ پلستر کمر پر لگاتی تھی اس کی کمر کا درد ختم ہو جاتا تھا۔ میں نے پلستر (جو عام طور پر پھوڑے پھنسیوں پر لگایا جاتا ہے جس میں چھوٹے چھوٹے سوراخ بنے ہوتے ہیں) پانچ روپے کا خریدا اور جوڑ پر لگایا میں نے دیکھا کہ جوڑ کا درد سے وہاں سے ہٹ کر دوسری جگہ منتقل ہو گیا ہے تو میں نے پلستر دوسری جگہ پر لگا دیا جب میں نے پلاسٹر اکھاڑا تو میں نے دیکھا کہ خون ایک رگ میں جمع ہو چکا ہے میں چھید کر کے وہ خون نکال دیا اب میں بالکل تندرست ہوں۔ (محمد بلال یارو کھوسہ' ڈیرہ غازیخان)

ایک دوست عبدالقیوم ویلڈر ملنے آ گئے۔ میں نے جادو کے علاج کیلئے حقہ کے پانی والا صفحہ نکالا اور ان کو پڑھنے کیلئے دیا۔ پڑھ کر کہنے لگے کہ اس علاج کا تو ہمیں بخوبی علم ہے لکھنے والے کو اللہ تعالیٰ خوش رکھے جس کو اس علاج کا علم نہ ہوگا وہ جان لے گا اور فیض یاب ہوگا۔ وہ تحریر ایک قاری نسرین زاہد' راولپنڈی کی تھیں جنہوں نے بھیجی تھی اور یہ اگست 2013ء کے رسالہ میں لگی تھی۔ اس کا خلاصہ یہ تھا کہ ان پر کسی نے بڑا ہی خطرناک جادو کیا ہوا تھا اور ان کی قمیص پر بہت زیادہ سوئیاں برآمد ہوئیں تھی اور یہ مسلسل بیمار رہتیں اور ہر وقت بے سدھ بت کی طرح نیم بیہوش رہنا شروع ہوگئیں تھیں۔ پھر ان کو ایک بزرگ نے حقہ کے پانی سے نہانے کا مشورہ دیا جس سے یہ تندرست ہوگئیں۔

پہلی مرتبہ حقہ کے پانی سے نہانے کے بعد ان کے الفاظ یہ تھے۔ ''آپ یقین کریں پہلے دن یعنی پہلی دفعہ کے غسل سے ہی اندر باہر سے گند نکلتا محسوس ہوا جیسا کہ جسم پر سے منوں بوجھ اتر رہا ہو۔ 4 ہفتے یہ عمل کیا میں تقریباً ٹھیک ہوگئی مگر میں دو ماہ تک ہر ہفتہ غسل کرتی تھی تاکہ اثرات بالکل ختم ہوجائیں''۔

طریقہ غسل: ہر منگل کو دن بارہ بجے تک یہ غسل کرنا ہے۔ غسل آپ پہلے صابن وغیرہ سے نہانا ہو تو نہالیں صاف ہونے کے بعد آدھی یا پوری بالٹی بھر لیں سادہ پانی سے۔ پھر اس میں نہانے والا ڈونگا جو ہم بالٹی سے پانی نکالنے کیلئے استعمال کرتے ہیں حقے کے پانی سے بھر کر اس بالٹی میں مکس کردیں پھر آپ نے صرف اسی پانی سے غسل کرنا ہے۔ پورا سر اچھی طرح تر ہوجائے اور پورا جسم اس پانی سے دھل جائے۔ غسل کے بعد آپ نے کوئی پاؤڈر پرفیوم' خوشبودار صابن استعمال نہیں کرنا' غسل کے بعد حقے کے پانی کی جو بو ہے وہ جادو ٹونے کی کاٹ کرتی ہے' غسل کے فوراً بعد گیارہ' اکیس' اکیاون' ایک سو ایک روپے جتنی توفیق ہے وہ خیرات کردیں۔ ہر منگل دن بارہ بجے تک چڑھتے سورج کے وقت چار منگل کرنا ہے۔ زیادہ بھی کرسکتے ہیں۔ درج بالا عمل کے علاوہ حقہ کے پانی کو جادو زدہ کے کھانے میں دو یا تین قطرے یا آدھا چھوٹا چمچ بھی ڈال دیں تاکہ اندر سے بھی یہ اثرات کو کاٹ دے۔ قارئین! اس عمل کو ہمارے علاقہ میں بہت زیادہ دفعہ آزمایا جاچکا ہے اور یہ بہت ہی لاجواب اور باکمال عمل ہے۔ اس خاتون پر جو جادو کیا گیا تھا وہ اس کی موت کیلئے تھا مگر اس حقہ کے پانی نے وہ جادو بھی ختم کردیا۔ خیر بات کہاں سے کہاں چلی گئی۔ تو بات چل رہی تھی کہ میرے دوست عبدالقیوم ویلڈر صاحب کو میں نے عبقری رسالہ دکھایا دیکھ کر کہنے لگے حکیم صاحب دامت برکاتہم نے یہ رسالہ عبقری شائع کرکے ساری قوم پر احسان فرمایا ہے۔ اس رسالہ کو حکیم، عامل اور سنیاسی بھی پڑھتے ہوں گے جو کہ اپنے علوم میں بہت ماہر ہیں۔ وہ کیوں ایسے اعمال عبقری میں نہیں لکھتے کہ عام عوام کا بھرپور بھلا ہو۔ کہنے لگے کہ میری طرف سے تمام عاملین اور حکماء وغیرہ کو پیغام دیں کہ ازراہ خدا بخل نہ کریں اور سینے کے راز خداوند کریم کی خوشنودی کی خاطر شائع کروائیں۔ موت کا ذائقہ ہر ایک نے چکھنا ہے نامعلوم کب موت آجائے اس لیے بخل نہ کریں۔ کیوں نہ مالک الملک کو مرنے سے پہلے راضی کرلیا جائے۔ کہنے لگے کہ انشاء اللہ میں بھی عبقری میں عنقریب عجیب وغریب عملیات اپنے سینے سے نکال کر شائع کرواؤں گا جو بڑی محنت اور مشقت سے حاصل کرچکا ہوں۔

موچی کے برتن کے پانی سے جادو ختم

اس کے علاوہ انہوں نے جادو اور جنات کے علاج کیلئے ایک ٹوٹکہ بتایا۔ کہنے لگے: آج کل حقہ پینے کا رواج کم ہوگیا ہے' اس کا پانی بمشکل دستیاب ہوگا۔ اس کی جگہ موچی کے برتن کا پانی لے آئیں۔ موچی ہر محلہ میں ہوتے ہیں۔ ان سے ان کے برتن کا پانی جس میں اپنے اوزار بھگو کر تیز کرتے ہیں اور بوٹ چپل ڈبو کر نرم کرتے ہیں وہ پانی لاکر تین دن گھر میں چھڑکاؤ کریں اور بیمار کو نہانے کے پانی میں تھوڑا سا ملا کر غسل کرائیں۔ انشاء اللہ مریض تندرست ہوجائے گا اور گھر سے بھی اثر ختم ہوجائے گا۔

اس کے علاوہ ایک اور عامل صاحب جو ایک بچی کے ساتھ چمٹے ہوئے جن نکال رہا تھا نے فرمایا کہ بچوں کو اذان کے وقت گھر سے باہر نہ نکالا کریں۔ شریر جن جب اذان کی آواز سنتے ہیں تو وہ دوڑ دوڑ کر ایسی جگہ گھسنے کی کوشش کرتے ہیں کہ جہاں یہ آواز نہ آسکے اگر ان کی دوڑ کے وقت جو بچہ سامنے آتا ہے اس کے ساتھ چمٹ جاتے ہیں۔ رات کے وقت بچوں کو (بغیر ضرورت) کبھی باہر نہ نکالیں اگر جانا بہت ہی ضروری ہو تو آیۃ الکرسی اور آخری دو قل دم کرکے لے جائیں۔ بچیاں اور جوان عورتیں خوشبو لگا کر راستوں پر ہرگز نہ چلا کریں اس عمل سے بھی شریر جنات چمٹ جاتے ہیں۔

جادو میں دن بدن ہوتا اضافہ اور ہمارا معاشرہ

جادو جنات سے متاثرہ مریضوں کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ کچھ لوگوں کا کاروبار ہی الٹے پلٹے تعویذ کرنا اور پھر ان کے اثرات کو ختم کرنا ہے۔ ہمارے معاشرہ میں ایسا کوئی قانون موجود نہیں کہ جس کے تحت ان نام نہاد عاملین کو سزا مل سکے۔ جعلی عاملین کا زور بڑھ رہا ہے۔ عجب بات یہ بھی دیکھنے میں آئی کہ فٹ پاتھ پر بیٹھے نجومی بھی عملیات کرنے لگ گئے ہیں۔ ہماری عوام نجانے کیوں اتنی سادہ بختی ہے کہ میں بیان نہیں کرسکتا۔ ان کے چکروں میں پھنس کر اپنی جمع پونجی ضائع کررہے ہیں اور اپنا ایمان بھی۔ کبھی ہم نے یہ نہیں سوچا کہ اس بدبخت کے پاس کوئی علم ہوتا یا یہ کسی عمل یعنی تعویذات کیلئے دوسروں کی پریشانیاں دور کرسکتا ہے تو خود کیوں اس جھلساتی دھوپ اور شل کردینے والی سردی میں فٹ پاتھ پر بیٹھا رہتا ہے۔ اپنے لیے کیوں ایسے اعمال نہیں کرتا۔ حیرانگی کی بات ہے کہ کچھ مساجد کے امام صاحب نے بھی تعویذات کا کاروبار عام کررکھا ہے۔ چند ایک نے مؤکلات تابع کررکھے ہیں' خوب کمائی ہورہی ہے۔ معصوم اور سادہ لوح افراد کو ہر طرح سے لوٹا جارہا ہے کوئی پرسان حال نہیں۔ علماء کرام نے جادو کرنے اور کروانے والے کو کافر قرار دیا ہوا ہے مگر کوئی بھی خدا کا خوف نہیں کھاتا' مقصد صرف پیسے کمانا ہے۔ جعلی عامل ونجومی جو مخلوق خدا کی زندگیاں اجاڑ رہے ہیں ان کے علم میں ہونا چاہیے کہ اللہ کی لاٹھی بے آواز ہے۔ ہم نے کئی ایسے نامور جادوگر اور عامل تڑپتے مرتے دیکھے ہیں کہ جن کی قبروں کو بھی آگ لگی ہے' شکل بگڑ گئی ہے' بیوی بچے بھیک مانگتے در بدر ٹھوکریں کھاتے دنیا سے رخصت ہوئے۔ کئی ایسے بھی تھے کہ زمین نے قبر کی جگہ بھی نہ دی اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان کو ہدایت سے نواز دے اور ہماری معاشرے کو بھی چاہیے کہ ان جیسے نام نہاد عاملین سے بچے۔

مصیبت کیسی بھی ہو آخر ختم ہوجاتی ہے

امام ابن الجوزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صاحب ایمان کو یہ بات زیب نہیں دیتی کہ بیماری یا موت کے خیال سے گھبرائے۔ اگرچہ طبیعت پر قابو نہیں چلتا ہے لیکن جتنا ہوسکے کوشش کرنا چاہیے۔ خواہ یہ سوچ کر کہ مشقتوں پر اجر حاصل ہوگا اور خواہ تقدیر پر رضا کو حاصل کرنے کیلئے۔ جبکہ مصیبت کیسی ہی ہو تھوڑے وقت کیلئے ہوتی ہے پھر ختم ہوجاتی ہے۔ چنانچہ جو شخص کسی بیماری میں مبتلا رہ چکا ہو وہ صحت کے زمانہ میں ان گھڑیوں کو سوچے جن میں وہ بیمار تھا۔ آخر وہ تکالیف کہاں ہیں۔ مصیبت زائل ہوگئی ہے اور ثواب لکھا جاچکا ہے۔ جیسے حرام لذتیں فنا ہوجاتی ہیں اور ان کا گناہ باقی رہ جاتا ہے اور تقدیر پر ناراضگی کا زمانہ گزر جاتا ہے لیکن اس کا عتاب باقی رہ جاتا ہے۔

موت سوائے اس کے اور کیا ہے کہ تکالیف اتنی بڑھ جائیں کہ جس کی وجہ سے انسان عاجز ہوجائے پھر وہ

سبھی بیماری کا نبوی ﷺ علاج: حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اپنی حلال کمائی کے درہم سے شہد خرید کر اسے بارش کے پانی میں ملا کر پینا تقریباً سبھی بیماریوں کا علاج ہے۔"

تکالیف بھی زائل ہو جاتی ہیں۔ لہٰذا بیمار کو یہ تصور کرنا چاہیے کہ روح کے نکل جانے کے بعد راحت ہو جائے گی تاکہ وہ بیماری جس میں مبتلا ہے ہلکی ہو جائے جیسے کڑوی دوا پیتے وقت یہ تصور رکھنا کہ اس کے بعد صحت ہو جائے گی اور جسم کے سڑ جانے کو سوچ کر بھی گھبرانے کے کوئی معنی نہیں کیونکہ یہ سڑنا اور گلنا سواری کو پیش آئے گا سوار تو جنت میں جائے یا خدانخواستہ جہنم میں۔ لہٰذا اس بات کا پورا اہتمام کرنا چاہیے کہ رکاوٹوں کے پیش آنے سے پہلے ہی فضائل اور درجات میں اضافہ کر لے کیونکہ نیک بخت وہی ہے جس نے عافیت کے زمانہ کی قدر کی اور عافیت کے وقت عین افضل سے افضل عمل کو حاصل کرتا رہے۔ خوب سمجھ لو کہ یہاں جس قدر فضائل حاصل کیے جائیں گے جنت میں اسی کے بقدر مراتب حاصل ہوں گے جبکہ عمر تھوڑی ہے اور فضائل بہت ہیں لہٰذا جلد از جلد فضیلتوں کے حصول کی کوشش میں لگ جانا چاہیے۔ ہائے کس قدر طویل ہوگی۔ یہاں کی مشقتوں کے بدلہ وہاں کی راحت۔ ہائے کیا خوب ہوگی یہاں کے غم زدوں کیلئے وہاں کی فرحت' ہائے کس قدر یہاں کے مبتلا الام کیلئے وہاں کی مسرت۔ جب خیال آجاتا ہے کہ جنت میں ہر لذت ہمیشہ رہے گی' نہ اس میں کوئی کدورت ہوگی اور نہ کبھی ختم ہوگی تو پھر ہر مصیبت اور سختی ہلکی معلوم ہونے لگتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا معاملہ کافروں کے ساتھ اور ہے مسلمانوں کے ساتھ کچھ اور ہے۔ کافروں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا معاملہ یہ ہے کہ چونکہ کافر بھی دنیا میں نیک اعمال کرتے رہتے ہیں مثلاً کسی کو صدقہ خیرات کر دیا' کبھی کسی فقیر کی مدد کر دی' ان کے یہ نیک اعمال اگر آخرت میں اللہ تعالیٰ کے ہاں مقبول نہیں ہیں لیکن اللہ تعالیٰ ان کے نیک اعمال کا حساب دنیا میں چکا دیتے ہیں تاکہ آخرت میں اللہ تعالیٰ کے پاس آئیں تو ان کے نیک اعمال کا حساب چکا ہوتا ہو اور اللہ تعالیٰ کے ذمہ ان کی کوئی نیکی کا بدلہ باقی نہ ہو اور مسلمانوں کے ساتھ معاملہ جدا ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ یہ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کے گناہوں کا حساب دنیا کے اندر ہی چکا دیں تاکہ جب یہ اللہ تعالیٰ کے پاس آئیں تو گناہوں سے پاک صاف ہو کر آئیں۔ ایک اللہ والے نے مواعظ میں فرمایا تھا کہ دنیا میں راحت سے رہنے کا صرف ایک ہی نسخہ ہے وہ یہ کہ مخلوق سے توقعات ختم کر دو مثلاً یہ توقع رکھنا کہ فلاں شخص میرے ساتھ اچھائی کرے گا فلاں شخص میرے کام آئے گا فلاں شخص میرے دکھ درد میں کام آئے گا۔ یہ تمام توقعات ختم کر کے صرف ایک ذات اللہ جل شانہٗ سے توقع رکھو۔ اس لیے کہ مخلوق سے توقع ختم کر دینے کے بعد اگر ان کی طرف سے کوئی اچھائی ملے گی تو خلاف توقع ملے گی۔ اس کے نتیجہ میں خوشی بہت ہوگی کیونکہ خلاف توقع ملی ہے اور مخلوق کی طرف سے کوئی تکلیف پہنچے گی تو پھر رنج زیادہ نہ ہوگا کیونکہ اچھائی کی توقع تھی ہی نہیں تکلیف کی ہی توقع تھی۔ وہ تکلیف توقع کے مطابق ملی اس لیے صدمہ اور رنج زیادہ نہیں ہوگا۔ (نصیر احمد' ایبٹ آباد)

عامل نے کہا آپ پر جادو ہے! مگر یہ کیا؟

علم عملیات میں میرے تجربات اور مشاہدات: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دراصل بات یہ ہے کہ میں نے ایک ریسرچ کی ہے وہ ریسرچ یہ ہے کہ آج جتنا امت مسلمہ پریشانیوں مشکلات اور بیماریوں میں مبتلا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سنت نبوی ﷺ پر عمل کرنا چھوڑ دیا ہے جتنی پریشانیاں امراض اور روحانی بیماریاں' جادو' ٹونے' جنات یا جسمانی امراض ہیں اس کا حل اللہ تعالیٰ نے سنت نبوی ﷺ میں رکھا ہے۔ اگر بندہ یہ کہے کہ جتنے مریض ہیں اس کے مرض کا سو فیصد رزلٹ یہ ہے کہ مریض کسی نہ کسی صورت میں سنت محمدی ﷺ پر عمل کرنا چھوڑ رہا ہے تو یہ بات غلط بھی نہ ہوگی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب حضور نبی کریم ﷺ کے مبارک طریقے اور سنت میں بھرپور شفاء رکھی ہے۔ ابھی یہ بات میں آپ کو واضح کر رہا ہوں فرض کریں سو مریض ہیں جو مختلف مشکلات اور بیماریوں میں مبتلا ہیں اس میں پچاس فیصد مریض ایسے ہیں جو گھر میں نافرمانیوں الجھنوں' تکالیف' دشمنیوں' مار پیٹ وغیرہ میں مبتلا ہیں۔ تیس فیصد مریض ایسے ہیں کہ جسمانی امراض میں مبتلا ہیں۔ بیس فیصد مریض ایسے ہیں کہ جادو وغیرہ میں مبتلا ہیں۔ یہ پچاس فیصد مریض جو گھریلو مشکلات اور نافرمانیوں میں مبتلا ہیں اس کی بڑی وجہ اور سبب دین سے دوری ہے اور سنت رسول ﷺ پر عمل کرنا چھوڑ دینا ہے۔ پچاس فیصد گھرانوں میں سے چالیس فیصد گھرانے ایسے ہیں جو گناہ کی وجہ سے مشکلات میں پھنسے ہوئے ہیں اور باقی دس فیصد گھرانے صرف اور صرف جادو، جنات، تعویذات وغیرہ کی وجہ سے مشکلات میں پھنسے ہوئے ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میں یہ واضح کرتا ہوں کہ اگر چالیس فیصد گھرانے جو گناہ میں مبتلا ہیں اس وجہ سے مشکلات میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اگر یہ گھرانے گناہ میں مبتلا نہ ہوں تو ان کو یہ تکالیف بھی ہرگز نہ ہوں۔ معلوم ہو گیا اس گھرانے نے سنت نبوی ﷺ پر عمل کرنا چھوڑ دیا ہے۔

باقی دس فیصد گھرانے جو جادو وغیرہ میں مبتلا ہیں اگر وہ گھرانے قرآن کی تلاوت اور مسنون دعائیں پڑھ لیتے اور صبح و شام کی مسنون دعائیں پڑھ لیتے تو ان گھرانوں کو جادو وغیرہ کی تکلیف ہرگز نہ ہوتی۔ کیونکہ سنت نبوی ﷺ میں براہ راست مدد اللہ کریم کی شامل ہوتی ہے تو جس کی مدد اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو تو کوئی بھی طاقت خواہ کوئی جن ہو' دیو ہو یا جادو ٹونہ تعویذ ہو۔ اللہ تعالیٰ واحدہٗ لاشریک کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ تیس فیصد مریض جو جسمانی امراض میں مبتلا ہیں کسی کی آنکھ کا درد' کسی کو سر کا درد' کسی کو دانت کی تکلیف' کسی کو شوگر کی تکلیف جیسے مختلف امراض ہیں مطلب یہ ہے کہ کسی نہ کسی مرض میں مبتلا ہیں اگر ہم جسمانی امراض پر غور کریں تو اس میں ہمیں یہ بات واضح طور پر ملے گی کہ اس نے سنت نبوی ﷺ پر عمل کرنا چھوڑ دیا ہے ابھی یہ جسمانی امراض کی تفصیل بتا رہا ہوں۔

فرض کریں جو مریض سر درد' آنکھوں اور کانوں کے امراض میں مبتلا ہے اگر وہ لوگ طب نبوی ﷺ اور سنت پر عمل کرے تو یہ مشکلات نہ ہوں۔ حضور نبی کریم ﷺ اپنے سر مبارک میں تیل کی مالش فرماتے تھے' اگر انسان سر کو تیل سے مالش کرے تو سر درد اور درج بالا امراض ہرگز نہ ہوں۔ جن افراد کو آنکھوں کی تکلیف ہو اگر وہ لوگ ہر رات سرمہ لگا لیتے تو آنکھوں کی تکلیف ہرگز نہ ہوتی کیونکہ حضور نبی کریم ﷺ اپنی مبارک نورانی آنکھوں میں سرمہ لگایا کرتے تھے۔ اس طرح جن لوگوں کو دانت' بلغم' دمہ' سانس پھولنا' منہ کا پک جانا وغیرہ کی تکالیف ہیں اگر یہ لوگ مسواک ہر نماز کیلئے کر لیں تو یہ تکالیف ہرگز نہ ہوں۔

حضرت حکیم صاحب! کیا بتاؤں سنت نبوی ﷺ میں آخرت کی کمائی کے ساتھ جسمانی مسائل کے فائدے بھی پوشیدہ ہیں اگر ہم لوگ اس پر غور کریں تو۔۔۔! میں ایک بات یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ سنت نبوی ﷺ میں اللہ تعالیٰ نے دنیا و آخرت کے فائدے کے سمندر سمو رکھے ہیں۔

میں نے سنت نبوی ﷺ کے طریقے میں مشکلات کے حل' اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں اور لوگوں کو بتایا ہے کہ عاملین حضرات جو مشکلات' جادو جنات وغیرہ تصور کرتے تھے حالانکہ اصل میں وہ معاملہ سنت پر عمل نہ کرنا تھا۔

انسان کے گناہ جادو کی شکل میں ظاہر

ایسے بہت سے واقعات ہیں جو ہمیں سنت پر عمل نہ کرنے کے اثرات دکھاتے ہیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب! ایک بندہ میرے پاس آیا اور مجھے کہہ دیا کہ میری اولاد میری نافرمان بن گئی ہے' میری بات کو نہیں مانتے' بہت مار کٹائی کی ہے' مگر

حسد بھری نظروں سے محفوظ: جو شخص روزانہ نماز فجر کے بعد ایک گھنٹہ تک اسم یَا کَرِیْمُ کا ورد کرتا ہے اور پھر نماز عشاء کے بعد پھر یہی عمل دہرائے اس پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے اور دنیا کی حسد بھری نظروں سے ہمیشہ محفوظ رہے گا۔

پھر بھی راہ راست پر نہیں آتے' قاری صاحب آپ حساب لگائیں کہ میرے گھر پر کسی نے جادو وغیرہ تو نہیں کیا ہے کیونکہ میرے گھر میں چین سکون وغیرہ ختم ہوگیا ہے اور گھر کے افراد بداخلاق ہورہے ہیں اور ابھی بیوی بھی اکثر غصے میں ہوتی ہے۔ میں نے فوراً اس سے پوچھا کہ کیا آپ نے اپنے مسئلہ کے متعلق کسی عامل سے بھی پوچھا ہے کہ یہ کونسے حالات ہیں اور یہ میرے ساتھ کیا ہورہا ہے۔ تو وہ صاحب کہنے لگا: جی ہاں بہت سے عاملوں کے پیچھے گیا ہوں اور دوڑ لگارہا ہوں۔ عاملین حضرات کہتے ہیں آپ پر جادو وغیرہ کیا گیا ہے۔ کوئی عامل کہتے ہیں نہیں آپ حضرات کے ساتھ جنات کی دشمنی ہوگئی ہے اور تمہاری اولاد تباہ اور برباد کرنا چاہتے ہیں۔ کوئی کہتا ہے آپ کے پیچھے حاسدین لگے ہوئے ہیں اور آپ کے گھر پر جادو وغیرہ کراتے ہیں اور تمہاری اولاد کو بداخلاق بنانا چاہتے ہیں اور تمہارے گھر سے راحت چین سکون وغیرہ چھین لینا چاہتے ہیں۔

تو میں نے کہا عاملین حضرات پر کتنے روپے خرچ کیے گئے ہیں اس نے کہا تقریباً لاکھ تک شکرانے نذرانے وغیرہ پر خرچ کرچکا ہوں تو میں نے اس بندہ سے پوچھا کہ آپ کا کاروبار کون سا ہے۔ اس نے کہا میں نوکری کرتا ہوں اور ایک سرکاری ادارہ میں اچھے عہدے پر فائز ہوں۔ میں نے اس بندے سے پوچھا کہ کیا آپ کی تنخواہ میں رشوت یعنی حرام کی کمائی بھی شامل ہوتی ہے۔ اس نے کہا میری پوسٹ ایسی ہے جس میں مکمل طور پر رشوت چلتی ہے اگر چاہوں تو دس ہزار تک روزانہ رشوت کا کما سکتا ہوں۔ میں نے کہا: اگر آپ حضرات اپنی تنخواہ پر اپنے گھر کی ضروریات پوری کرلیں تو بہت اچھا ہوگا اور میں بغیر شکرانے کے آپ کے گھر کے معاملات درست کردوں گا۔ بشرطیکہ حرام کی کمائی چھوڑنی ہے۔ اس بندے نے وعدہ لیا اور چند ہفتے کے بعد آیا کہ ماشاء اللہ قاری صاحب آپ کے پاس بہت ''زوردار جنات'' ہیں۔ میرے گھر کے حالات درست ہونا شروع ہوگئے ہیں' میں تو حیران ہوگیا کہ چند دنوں میں ہی اولاد فرمانبردار اور بیوی محبت سے پیش آتی ہے۔

میں نے اس بندے کو سمجھایا کہ آپ پر کوئی جادو نہیں کیا گیا نہ ہی جنات کا چکر ہے۔ یہ سب کچھ آپ کی حرام کی کمائی کا نقصان تھا۔ کیونکہ حرام کی کمائی سے گھر میں امراض بے برکتی اور بے چینی وغیرہ بہت زیادہ ہوتی ہے۔

یہ کیا تھا؟ جادو تھا' جنات تھے یا گناہ کا شاخسانہ تھا؟ صرف حرام کی کمائی تھی اور حرام کی کمائی گناہ ہے۔ جب بندے نے حرام کی کمائی چھوڑی تو اس کو شفاء ہوگئی اگر جادو وغیرہ ہوتا تو بغیر جوابی عمل کے چھٹکارا کیسے ہوسکتا تھا؟ مگر کیا کہوں ان فراڈی عاملین کو' جنہوں نے انسانیت کو بہت زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ کاش! میرے ہاتھ میں کچھ ہوتا کہ میں تمام لوگوں کو بتاتا کہ ان فراڈی عاملین سے بچیں یہ آپ کی جان مال اور ایمان کے دشمن ہیں۔ (ناصر خان نقشبندی' بنوں)

جادو ٹونہ سے نجات کیلئے گوالے سے ملا کامیاب عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں خیریت سے ہوں اور آپ کی دعاؤں کا طلب گار ہوں۔ میں گزشتہ تیرہ سال سے طب وروحانیت سے منسلک ہوں اور اپنے کچھ تجربات قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں:۔

گوالے سے ملا جادو ٹونہ سے نجات کا عمل: یہ میرا پہلا آزمودہ عمل جو کہ مجھے ایک گوالے سے ملا تھا جو دودھ بیچتا ہے۔ میرے تایازاد بھائی کا دوست ہے۔ عمل درج ہے:۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ دس مرتبہ۔ تعوذ تسمیہ دس مرتبہ۔ سورۂ فاتحہ سات مرتبہ۔ درود شریف پانچ مرتبہ۔ آیۃ الکرسی تین مرتبہ۔ چاروں قل سات، سات مرتبہ۔ سورۂ مومن کی پہلی تین آیات۔ حم سے المصیر تک 21 مرتبہ۔ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اکیس مرتبہ۔ سورۂ بقرہ کی آخری تین آیات سات مرتبہ۔ تیسرہ کلمہ دس مرتبہ۔ بعد نماز عشاء آیۃ الکرسی سات مرتبہ پڑھ کر نئے چاقو یا چھری پر پھونک کر اپنے گرد حصار لگا کر قبلہ رخ ہوکر چالیس دن زمان و مکان کی قید سے پڑھا ہے۔ بدبودار چیزوں سے پرہیز کے ساتھ۔!

فائدہ: نظر، جادو ٹونہ وغیرہ کیلئے مکمل پڑھ کر دم کرنا ہے۔ کافی لوگوں کو کیا کرتا ہوں' مریض کا انگوٹھا پکڑ کر دم کرنا ہے۔

چھوٹے بچوں کا سایہ' سوکڑا وغیرہ کیلئے

دوسرا عمل: سورۂ فاتحہ کی ایک مکمل تسبیح نماز فجر کی دو سنت اور دو فرض کے درمیان پڑھیں۔ سردرد، ناف اور چھوٹے بچوں کے مسان جسے سایہ یا سوکڑا کہتے ہیں کیلئے آزمودہ اور مجرب ہے۔ بس یہی دو عمل کیے ہیں۔

میرے چند طبی آزمودہ نسخے عبقری قارئین کیلئے

میرے طبی تجربات اور آزمودہ نسخہ جات عبقری قارئین کی حوصلہ افزائی کیلئے پیش خدمت ہیں۔

قوت باہ کیلئے میرے تایا جان کا مقبول نسخہ: یہ نسخہ قوت باہ کیلئے ہے جو کہ میرے تایا جان کا مقبول تھا جو اب اس دنیا میں نہیں رہے جنہوں نے اپنی زندگی میں شاید ہی کوئی نسخہ کسی کو بتایا ہوگا جو بہت ہی مجرب اور آزمودہ ہوگا۔ یہ نسخہ بہت ہی مجرب اور آزمودہ ہے پہلی ہی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے۔ **ھوالشافی:** شنگرف رومی ایک تولہ' مصطگی رومی ایک تولہ' تخم بھنگرہ سیاہ ایک تولہ' افیون آدھ تولہ' لیموں بارہ عدد۔ **ترکیب:** پہلے شنگرف کھرل میں باریک پیس لیں پھر اس میں لیموں کا رس تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں جب خشک ہوجائے تو باقی تینوں ادویات کو باریک پیس کر شامل کردیں۔ گولی بقدر دیسی چنا جو باریک ہوتا ہے۔ ایک گولی صبح ناشتے کے آدھ گھنٹہ بعد دودھ یا دیسی گھی کے ہمراہ کھائیں۔ صرف چودہ گولیاں بنانی ہیں اور چودہ دن ہی روزانہ کھانی ہیں۔ لاجواب چیز ہے۔

لیکوریا اور کمر درد کیلئے: ھوالشافی: سفید ماش سالم ایک کلو' ماجو ایک پاؤ۔ ترکیب: ایک دیگچی میں پانی ڈال کر دونوں چیزوں کو اس میں ڈال دیں اور آگ جلادیں جب پانی ابلنے لگے تو تھوڑے تھوڑے وقفے سے ایک دو بار پانی بدل دیں۔ جب ماجو اچھی طرح گل جائیں تو نکال کر سایہ میں خشک کرلیں اور ایک رتی بالائی یا مکھن سے دیں اور ماش کی جگہ دبادیں۔ اگر سفید ماش نہ ملے تو عام ماش بھی ڈال دیں۔ میں نے ایک مرتبہ اس نسخہ میں عام ماش ڈالی ہے رزلٹ تو ملتا ہے مگر وہ نہیں جو سفید ماش کا ہوتا تھا۔

خونی بواسیر اور حیض کی زیادتی کیلئے اکسیر: ریٹھا اور نیلا تھوتھا ہم وزن لے لیں۔ پہلے ریٹھے کی گٹھلی نکال دیں اور اس میں نیلا تھوتھا سفوف بھر دیں پھر اس کے اوپر دیسی کپڑا اچھی طرح لپیٹ کر اوپر مٹی لگادیں یعنی ہر ریٹھا کا لڈو سا بنادیں جب مٹی کے لڈو خشک ہوجائیں تو اوپلوں کی بھوبھل میں دبادیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر جو کچھ مٹی کے لڈو کے اندر سے برآمد ہو پیس کر مثل غبار کرلیں۔ خوراک: ماچس کی تیلی کے مصالحے سے بھی کم مکھن میں لپیٹ کر صبح کے کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دیں۔ صرف سات دن کی دوائی بنائیں اور صرف سات دن ہی کھائیں۔ یہ نسخہ ایک واپڈا کے آفیسر کا تھا جس کو وہ فی سبیل اللہ دیا کرتا تھا اور فی سبیل اللہ کی تاکید کے ساتھ مجھے بتایا تھا۔

پیلے یرقان اور گرمی کیلئے اکسیر: درخت جنڈ کے پتے ایک مٹھی بھر مٹی کے کسی برتن میں پانی ڈال کر رات کو بھگودیں۔ صبح نہار پیٹ مصری ملا کر میٹھا کریں اور پی لیں۔ صرف ایک ہفتہ میں مریض ٹھیک ہوجاتا ہے۔

قبض کیلئے: گوند کیکر آدھ چمچ' کیسٹر آئل پچاس ملی لیٹر۔ پہلے گوند کو پیس کر گول کھرل میں ڈالیں یا جو ڈاکٹروں کے پاس پیالہ ہوتا ہے جس میں ڈاکٹر گولیاں ڈال کر

پیستے ہیں میں ڈال کر اوپر تھوڑا تھوڑا کیسٹر آئل ڈالتے جائیں۔ اوپر سے کھرل کرتے جائیں دیکھتے ہی دیکھتے وہ سفید دودھیا رنگت کا بن جائے گا اس میں تھوڑا سا پانی بھی شامل کرلیں اور اچھی طرح ہلا کر بوتل میں ڈال دیں۔ یہ جوان آدمی کی دو خوراک بنیں گی۔ عمر کے لحاظ سے کم یا زیادہ کرسکتے ہیں۔ ایک ماہ کے بچہ سے لے کر بوڑھوں تک مفید اور بے ضرر ہے۔

سفوف قوت باہ: ھوالشافی: ثعلب مصری دو تولہ' ثعلب پنجہ دو تولہ' موصلی سفید انڈیا تین تولہ' تل مکھانہ ایک تولہ' اسگندھ تین تولہ' تخم جوز ماثل آدھ تولہ' تخم بھنگ آدھ تولہ' قسط شیریں چار تولہ' بھوسی اسپغول پانچ تولہ۔ ترکیب: تمام اجزاء کا باریک سفوف بنا کر صبح وشام ایک چھوٹا چمچ ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔ یہ جریان' احتلام' رقت منی اور قوت باہ کیلئے انتہائی مفید ہے۔

نزلہ، زکام، کیرا بلغمی بخار، گلا خراب میں اکسیر: یہ نسخہ حکیم عبداللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب کنز المجربات میں درج ہے۔ ھوالشافی: تخم جوز ماثل آدھ تولہ' زنجبیل ایک تولہ' ریوند چینی ایک تولہ' گوند کیکر چار گرام۔ باریک سفوف بنا کر تھوڑا سا پانی ملا کر گولی بقدر نخود بنائیں۔ نزلہ، زکام، کیرا، بلغمی بخار، گلا خراب میں اکسیر کا کام کرتا ہے حتیٰ کہ افیون چھڑوانے کیلئے بھی کارگر ہے۔

سیاہ گولی کے روشن فائدے: ھوالشافی: لونگ ایک تولہ' دارچینی ایک تولہ' جائفل ایک تولہ' جلوتری ایک تولہ' میٹھا تیلیا ایک تولہ' کنوار گندل حسب ضرورت' گڑ پرانا دو تولہ۔ ترکیب: پہلے میٹھا تیلیا کو کنوار گندل کے ایک پھڑے میں جو اس کا پتہ ہوتا ہے کو درمیان سے کاٹ کر تیلیا کو اس میں رکھ کر اوپر اور پھڑے چیر کر غلاف کی طرح چڑھا کر کسی تار وغیرہ سے باندھ دیں اور اوپلوں کی تیز بھوبھل میں دبا دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر تیلیا نکال کر مقشر کرلیں اور باریک کوٹ لیں۔ باقی چیزوں کا سفوف بنا کر اس میں شامل کرلیں اوپر سے گڑ ملا کر خوب گھوٹیں پھر اس میں تھوڑا سا کنوار گندل کا پانی نکال کر شامل کریں اور ایک گھنٹہ تک گھوٹیں۔ گولی بقدر نخود بنا دیں۔ بواسیر ہر قسم' زیادہ حیض، گنٹھیا، فالج کیلئے ازحد مجرب ہیں ایک گولی روزانہ کھانے کے بعد دودھ یا دیسی گھی کے ساتھ استعمال کریں۔

قارئین عبقری کیلئے آیا خاص سنیاسی راز: بوری پرانی ایک عدد' مونجھ کا بان پرانا ایک چارپائی کا۔ مونجھ کا بان پرانا جو چارپائی سے اتار کر حاصل کیا گیا ہو اور بوری بھی پرانی لینی ہے جو پٹ سن کی بنی ہوتی ہے۔ دونوں کو اتوار کے دن صاف جگہ پر رکھ کر آگ دیں اور پاس بیٹھ کر باوضو سورۂ اخلاص کا ورد کرتے رہیں جب آگ بند ہوجائے تو اس کے اوپر کوئی پرات یا لوہے کا برتن الٹا رکھ دیں تاکہ اسے دم آجائے جب بالکل ٹھنڈا ہوجائے تو راکھ نکال کر مثل غبار کرکے محفوظ کرلیں۔ خوراک بقدر دو ماشہ ہمراہ پانی صبح وشام لیں۔ یہ دوا زیادتی حیض کیلئے مفید و موثر اور آزمودہ ہے۔

گھٹنوں کے درد کیلئے لاجواب و آسان نسخہ: اجوائن خراسانی ایک تولہ' گڑ پرانا ایک تولہ۔ ترکیب: اجوائن خراسانی کو اچھی طرح صاف کرکے سفوف بنائیں اور گڑ ملا کر گولی بقدر نخود بنائیں۔ ایک گولی روزانہ ہمراہ چائے نہانے کے بعد کھائیں۔

آنکھوں کے امراض اور گردن توڑ بخار کیلئے: مرچ سفید گول ایک تولہ' سیندھا نمک ایک تولہ' سفوف دھمانسہ ایک تولہ۔ ترکیب: سب کا باریک سفوف بنا کر کھرل کریں کہ سرمہ ہوجائے رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی آنکھوں کے تمام امراض کیلئے اور گردن توڑ بخار کیلئے جو کسی دوائی سے نہ جائے' سر کو ہوجائے اسی وقت دونوں آنکھوں میں ایک ایک سلائی ڈالیں اور لیٹ جائیں انشاء اللہ بخار دوبارہ نہ ہوگا۔ سرمہ ڈالنے کے فوراً بعد آنکھوں کو ملنا یا دھونا منع ہے۔

بچوں کے تمام امراض کیلئے: اجوائن دیسی، نمک سیاہ، ہلدی ثابت، نمک سیاہ اور ہلدی کو موٹا موٹا کوٹ لیں اور مٹی کے برتن میں ڈال کر 20 کلو اوپلوں کی آگ دے کر گل حکمت کردیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پیس لیں۔ ماچس کی تیلی پر رکھ کر بچے کے منہ میں ڈال دیں۔ بچوں کے تمام امراض کیلئے بخار، ہیضہ، بدہضمی، پیٹ درد، گیس، قبض حتیٰ کہ نمونیا کیلئے بہت ہی مجرب و معمول ہے۔

جریان احتلام کیلئے: ھوالشافی: کشتہ قلعی ایک ماشہ' کشتہ زمرد ایک ماشہ' پوٹاشیم برومائیڈ ایک ماشہ۔ یہ ایک خوراک ہے' مکھن یا دہی کے ساتھ صبح نہار پیٹ صرف دس خوراک سے ہی انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

امرت دھارا: کافور ایک تولہ' ست اجوائن ایک تولہ' ست پودینہ ایک تولہ سب کو ملا کر شیشی میں رکھ دیں' پانی ہوجائے گا۔ سردرد، دل خراب ہونا، پیٹ درد، گیس، مروڑ، قبض کیلئے اور کافی امراض پر استعمال کرتا ہوں۔ (محمد فیصل، ہڈیارہ)

حیض کے ناپاک خون کا عمل اور گھر تباہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دواخانہ چلاتا ہوں۔ میرے پاس سارا دن مختلف امراض میں مبتلا لوگ آتے ہیں اور اپنی ایسی ایسی کہانیاں سناتے ہیں کہ میں حیران و پریشان رہ جاتا ہوں۔ ابھی پچھلے دنوں کی بات ہے کہ میرے پاس ایک صاحب تشریف لائے اور عبقری دواخانہ کی ستر شفائیں لے کر جانے لگے اور جاتے جاتے رک گئے اور کہنے لگے: ایک مریض کی دل کی دو شریانیں بند تھیں اس دوائی کے استعمال سے کھل گئی ہیں۔ دوسرے ایک مریض کو دو سال سے کندھوں پر کھنچاؤ اور درد تھا اس کے استعمال سے وہ ختم ہوگیا۔ الحمدللہ۔

میرے ساتھ ہزاروں بلائیں تھیں: اسی طرح ایک خاتون ریک میں رکھی ہوئیں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی کتب دیکھ رہی تھی کہ ایک صاحب تشریف لائے اور کہنے لگے کہ عبقری کے اندر بہت وظائف آتے ہیں مجھے تو کسی سے کوئی فائدہ نہیں ہوا میں ابھی سوچ ہی رہا تھا کہ اس کو کیا جواب دوں کہ وہ خاتون پلٹیں اور بولیں: میرے ساتھ ہزاروں بلائیں لگی ہوئی تھیں بے شمار لوگوں کا قرض دینا تھا' قرض والے واپسی کا تقاضا کرتے اور بہت زیادہ بے عزتی اور بداخلاقی سے پیش آتے تھے۔ میں نے عبقری سے بسم اللہ والا وظیفہ (جو کہ اس طرح کہ اول وآخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ آٹھ سو مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنا ہے) پڑھا۔ میں نے یہ عمل بھرپور توجہ' دھیان اور یقین کے ساتھ پڑھا۔ میری ساری بلائیں مجھ سے دور ہوگئیں میری زندگی میں سکون آگیا۔ جب قرض والوں کو میں ملتی ہوں اور جتنے بھی کم پیسے ان کو دوں چپ کرکے لے لیتے ہیں اور کوئی کچھ نہیں بولتا۔ جناب والا! عمل وظیفے کام کرتے ہیں وہ صاحب بھی نیک فطرت تھے ورنہ بعض لوگ تو ایسی بات کردیتے ہیں کہ دل دکھتا ہے۔ کہنے لگے: واقعی ہمارے یقین میں ہی کمی ہے' بندہ تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے فیض سے یہ عرض کرتا ہے کہ ہمارے جسم میں 360 جوڑ ہیں بے شمار اعضاء ہیں' نسیں ہیں' خدا جانے کیا کچھ ہے' ہم کوئی عمل وظیفہ کرتے ہیں تو ضرور بہ ضرور کسی نہ کسی جگہ فائدہ ہو رہا ہوتا ہے بالفرض کسی بھی قسم کا کوئی فائدہ نہیں ہو رہا ایک فائدہ تو یقینی ہے اور اس پر ہم اللہ کا جتنا بھی شکر ادا کریں کم ہے وہ یہ کہ اللہ نے ہمیں اپنے قریب کرلیا اپنے ذکر میں ہمیں لگا دیا' یہ اللہ کریم کا کتنا بڑا احسان ہے کہ ہم کسی غیر شرعی کام کرنے والے عامل کے پاس جاتے وہ ہمیں کوئی منتر پڑھنے کو دے دیتا' ہم سے کوئی غیر شرعی کام کرواتا۔

حیض کے ناپاک خون کا عمل اور گھر تباہ

مثلاً مجھے ایک عورت نے فون پر بتایا کہ ایک عامل نے مجھے کہا ہے کہ آپ اس اس طریقے سے سفلی عمل

دانتوں کا ماسخورہ اور پائیوریا ٹھیک: انگوری سرکہ دو تولے' پھول کی ہوئی پھٹکڑی ایک تولہ' کالی مرچ پسی ہوئی تین ماشے اور شہد دو تولے' ملا کر پیسٹ بنالیں' دن میں دو بار مسوڑھوں پر مل کر پانی گرائیں۔

کریں اور اپنے شوہر کو اپنے قابو میں کرلیں۔ (نعوذ باللہ)
میں نے انہیں عرض کیا کہ یہ ناپاک اور حرام عمل ہے' کہنے والا بھی بدبخت' کرنے والا بھی بدبخت' حرام چیز میں شفاء تو کیا ہوتی بلکہ اس گناہ کی نحوست سے پہلے اگر شوہر کچھ صحیح بھی تھا تو اس عمل سے بالکل ہی ظالم بن گیا' بندے کے پاس ایسے مزید واقعات ہیں۔ دو بہنیں ایک ہی گھر میں دو بھائیوں کے نکاح میں گئیں' یہ کچھ دین سے دور تھیں۔ ان دونوں نے اپنے شوہروں کو اپنی مٹھی میں رکھنے کیلئے اپنے اپنے شوہروں کو کالے جادو کا علم حیض کا خون کسی طریقے سے کھلا دیا' اب اس کے نتیجے میں ان کے شوہر ان پر جو ظلم و ستم کرتے ہیں اس سے ان کی زندگی خراب اور گھر تباہ ہوچکے ہیں اور کیوں نہ ہو یہ گناہ ہی اللہ کے عذاب کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔
بہر حال یہ ہم پر اس مالک کا بڑا احسان ہے اس نے ہمیں اپنا نام لینے کی توفیق عطا فرمائی اور ہمیں کالے جادو کے چکروں سے بچایا۔ اس کالے جادو نے آج ہر دوسرے گھر میں آگ لگائی ہوئی ہے اور عبقری نے ان ڈسے ہوئے گھرانوں کو اپنے وظائف سے بچایا ہوا ہے۔ اللہ کا احسان ہے کہ لوگ اب لٹیرے عاملین سے بچے ہوئے ہیں اور کوئی عبقری کا قاری سورۂ بقرہ پڑھ رہا ہے' کوئی سورۂ کوثر پڑھ رہا ہے' کوئی اپنے مقصد کیلئے سورۂ اخلاص پڑھ رہا ہے' کوئی درود شریف لاکھوں کی تعداد میں پڑھ رہا ہے۔ ابھی ایک بندہ کا فون آیا کہنے لگے میں نے ایک کروڑ درود شریف پڑھنے کی نیت کی ہے۔ غرض یہ بابرکت اعمال اللہ ہم سے کروا رہا ہے یہ ہی اتنی بڑی نعمت ہے کہ کائنات میں جس کی کوئی قیمت نہیں ہے۔ اللہ ہمیں ان نام نہاد کالے جادوگروں اور ان کے بُرے عزائم سے بچائے رکھے۔ آمین۔ (عاشق حسین' کراچی)

3 کلو کوئلے جلائیں اور کالا جادو ختم!
بار ہا کا آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سخت جن، جادو کو جلانے اور کالے عمل کی کاٹ کیلئے کوئلوں والا عمل پیش خدمت ہے۔ یہ عمل میں نے اب تک بار ہا دفعہ آزمایا ہے اور کامیاب پایا ہے۔ میں نے یہ اپنے گھر اپنے تین بندوں کو جمع کرکے کیا ہے۔ عمل کچھ اس طرح ہے کہ مریض کے قدموں کے نیچے پاک مٹی بچھا کر مریض کو سورج کے سامنے مٹی پر کھڑا کردیں' اور خود درج ذیل قرآنی آیات پڑھنا شروع کردیں اور ہوسکے تو ساتھ مریض بھی ایک ایک لفظ پڑھے۔ سامنے تین کلو کوئلے جلا کر رکھ دیں۔

عمل یہ ہے: اول و آخر سات مرتبہ درود شریف۔ 3،3 مرتبہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس۔ تین مرتبہ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَ اسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿اعراف ۱۱۶﴾ ۔ تین مرتبہ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿المؤمنون ۹۷﴾ ۔ تین مرتبہ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿القلم ۵۱﴾ تین مرتبہ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَ سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿الصّٰفّٰت ۱۸۲﴾
اس کے بعد مریض اپنے ہاتھوں پر دم کرکے پورے بدن پر پھیرے اور پاؤں کے نیچے سے مٹی اٹھاتا جائے اور بسم اللہ پڑھ کر آگ میں ڈالتا جائے۔ انشاء اللہ جادو کٹ جائے گا۔

لال مرچوں کی دھونی اور جادو زدہ دوشیزہ کی چیخیں

ایک واقعہ مزید بیان کرتا ہوں کہ ایک دفعہ واہ کینٹ کے ایک قصبہ میں ایک پیر صاحب جو کہ خود کو عامل کہتے تھے ایک گھر میں آئے۔ جن کے گھر میں آئے تھے ان کی جوان بچی کو کوئی جادو ٹونہ کی شکایت تھی اور پیر صاحب کو اس سلسلے میں انہوں نے بلایا تھا۔ پیر صاحب نے لڑکی جو کہ جوان اور خوبصورت تھی کو سرخ مرچوں کی دھونی دے دی' جوں جوں مرچیں ناک کے ذریعے اس بیچاری کے دماغ میں جاتیں تو اس کو شدید جلن ہوتی' لڑکی چیختی چلاتی پورے محلے میں بھاگتی' گھر والے بہت زیادہ پریشان تھے چونکہ پہلے میں نے اس کی والدہ کا علاج کیا تھا تو انہوں نے میرے ساتھ رابطہ کیا تو میں نے کہا کہ میں آپ کے گھر آتا ہوں' جب میں ان کے گھر پہنچا تو پورا کمرہ لوگوں سے بھرا ہوا تھا میں نے سفید کاٹن اور سندھی ٹوپی پہنی ہوئی تھی جب پیر صاحب کی نظر مجھ پر پڑی اور انہیں پتہ چلا کہ یہ صاحب عملیات کا کام کرتے ہیں تو وہ غصہ میں آگئے اور سب کے سامنے مجھے کہنے لگے کہ لڑکی کے ساتھ جو چیز تھی میں نے اس کو حاضر کیا ہے اور وہ کہتی ہے کہ ہم تو جانا چاہتے ہیں مگر رمضان صاحب (یعنی میں) ان کو دوبارہ واپس لڑکی میں بھیج دیتا ہوں۔ یقین کریں میرے ہونٹ خشک ہوگئے اور میں حیران ہوگیا میرے ساتھ ایک بزرگ بیٹھے تھے انہوں نے میرے ہاتھ کو دبایا اور اشارے سے کہا کہ یہ عامل آپ کو دیکھ کر جل گیا ہے مختصر یہ کہ بحث تکرار کے بعد اور سب نے مجھے عمل کیلئے راضی کرلیا جس کا میں انکار کرچکا تھا۔
میں نے اس کے گھر والوں سے کہا کہ پانی نیم گرم کرکے ایک ٹب میں ڈالو اور اسے وضو کرواؤ۔ اب گھر کے درمیان میں نے چھری سے آیۃ الکرسی پڑھ کر دائرہ لگایا اور لڑکی کو پانی کے ٹب میں بٹھا دیا اور اس کے اوپر ایک کپڑا ڈال دیا اور منزل پڑھ کر اس کو پانی کے چھینٹے مارنے لگا' ایک چھینٹا اس کے سر پر اور ایک چھینٹا اس کے ناک میں مارتا گیا۔ جوں جوں پانی اس کی ناک سے اوپر جاتا گیا مرچوں کا اثر ختم ہوتا گیا۔ تھوڑی دیر بعد لڑکی الحمدللہ بالکل ٹھیک ہوگئی اور نام نہاد عامل صاحب کو شرمندگی کا سامنا کرنا پڑا۔
جادو اور جنات انسان کے نفسیات کو بُری طرح متاثر کرتے ہیں۔ اگر ایسا طریقہ استعمال کیا جائے تو مریض کے ذہن سے بوجھ اتر جاتا ہے اور وہ خود کو بہت ہلکا محسوس کرتا ہے اور بھی بہت ساری جگہوں پر میں نے یہ عمل آزمایا اور بہت فائدہ ہوا۔ (محمد رمضان ملک' ٹیکسلا)

21 مرچیں' سورۂ کوثر کا دم اور کمال دیکھیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اگر کوئی اکٹھے ہوکر آپ کے خلاف سازش کررہے ہوں یا خاوند کسی غلط عورت کے چنگل میں ہو تو سرخ ثابت مرچیں اکیس عدد لے لیں' ہر مرچ پر سات سات مرتبہ سورۂ کوثر پڑھیں جس وقت دیکھیں کہ وہ لوگ اکٹھے بیٹھے ہیں (اگر سامنے نہ آسکتے ہوں تو تصور کرکے بھی عمل کیا جاسکتا ہے۔) اسی وقت تقریباً ان کے سامنے تین مرچوں کو آگ میں جلادیں سات دن تک یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ ان میں پھوٹ پڑ جائے گی اگر چاہیں تو ایک ہی دن تمام مرچوں پر دم کرکے رکھ دیں یا روزانہ صرف تین مرچوں پر دم کریں اور جلا دیں لیکن خیال رہے کہ یہ عمل صرف شک اور بدگمانی کی وجہ سے نہ کریں ورنہ الٹ اثر ہوگا اور ذلت اٹھانی پڑے گی۔
لڑکیوں کے رشتوں کیلئے وظیفے: سورۂ تغابن تین مرتبہ روزانہ گیارہ دن تک پڑھیں۔ 2۔ روزانہ سورۂ رحمٰن تین مرتبہ پڑھیں جب تک رشتہ نہ ہوجائے پڑھتی رہیں۔ 3۔ روزانہ ایک دفعہ خلوص دل اور مکمل اعتماد اور یقین سے کرنا چاہیے۔ اللہ کی مہربانی اور وظیفہ کی برکت سے رشتہ آجائے تو پھر خواہ مخواہ اس میں' میں میخ نہ نکالیں قبول کرلیں۔ اللہ پر توکل رکھیں۔ (محمد فاران ارشد بھٹی' خان گڑھ ضلع مظفر گڑھ)

جادو ٹونہ، چوری اور ہر قسم کے نقصان سے بچنے کیلئے بہترین

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اس مرتبہ خاص نمبر کیلئے کچھ خاص وظائف بھیج رہا ہوں۔ یقیناً ان وظائف سے لوگوں کی نام نہاد عاملین سے جان چھوٹ جائے گی۔ ان اعمال کی برکت سے اللہ پاک بہت سے مسائل اور سفلی جادو کو ختم فرمادیتے ہیں۔ میری ذاتی طور پر درخواست

کالاعلم اثر نہ کرے گا: اگر کسی کے خلاف کوئی کالے علم یعنی جادو وغیرہ کے تعویذات ڈالتا ہے تو اسے چاہیے کہ اسم یَارَقِیْبُ کو روزانہ چالیس دن تک 1248 مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد روزانہ سو مرتبہ پڑھتا رہے۔ ہر قسم کا جادو زائل اور ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ

ہے کہ ان اعمال کو ماہنامہ عبقری میں جگہ دیں کیونکہ آپ تو پہلے ہی دین کی بہت بڑی خدمت کررہے ہیں اگر آپ نے یہ اعمال عبقری میں شائع کردیئے تو کوئی شک نہیں کہ لاکھوں کا بھلا ہوجائے گا اور آپ اور میرے لیے مستقل صدقہ جاریہ بن جائے گا۔ میں ماہنامہ عبقری کا مستقل قاری ہوں اور میری اکثر تحریریں ماہنامہ عبقری میں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ جو لوگ رات کو آیۃ الکرسی پڑھ کر سوجاتے ہیں اللہ پاک آیۃ الکرسی کی بدولت اس تمام گھر اور گھر کے سامان اور گھر کے بندوں کی حفاظت فرماتے ہیں۔ ویسے بھی تین مواقع پر آیۃ الکرسی ضرور پڑھنی چاہیے یعنی ہر نماز کے بعد' رات کو سوتے ہوئے اور گھر سے نکلتے ہوئے۔ گھر سے نکل کر کہیں بھی جائیں ہمیشہ آیۃ الکرسی پڑھ کر جایا کریں۔ اللہ پاک گھر کے باہر کے مسائل کو حل فرمادیتے ہیں اور بحفاظت گھر واپس لے آتے ہیں۔

ایک مشہور واقعہ کتب میں لکھا ہوا ہے کہ ایک مرتبہ خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ایک درویش کے گھر میں ایک بار دو چور گھس آئے۔ اس درویش نے گھر میں آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کررکھی تھی جب چوروں نے اپنی کارروائی شروع کی تو دونوں چور اندھے ہوگئے چوروں نے شور مچانا شروع کردیا۔ درویش نے اٹھ کر ان کی یہ حالت دیکھی' دونوں چوروں نے اقرار کیا کہ ہم چوری کرنے کی نیت سے آئے مگر اندھے ہوگئے ہیں' ہمیں کچھ نظر نہیں آرہا ہے۔ آپ ہمارے لیے دعا کیجئے کہ ہماری آنکھوں میں روشنی لوٹ آئے۔ ہم آج سے سچے دل سے توبہ کرتے ہیں اور اسلام قبول کرتے ہیں۔ درویش نے ان کیلئے دعا کی اور چوروں سے کہا کہ آنکھیں کھولو' انہوں نے آنکھیں کھولیں تو بینا ہوچکے تھے۔ اس کے بعد دونوں تائب ہوگئے۔ ویسے تو اللہ پاک نے سارے قرآن پاک کی ساری آیات میں فائدہ ہی فائدہ رکھا ہے کہیں یہ آیات انسان کی پریشانیوں کو ختم کررہی ہیں' کہیں انسان کو صحت دے رہی ہیں کہیں حفاظت کررہی ہیں۔ کہیں ناجائز مقدمات اور جھگڑوں سے انسان کو بچارہی ہیں مگر آیۃ الکرسی ایسی زبردست آیت ہے کہ اس میں اسم اعظم ہونے کی وجہ سے بہت سے مسائل کا حل اس میں موجود ہے۔ چاہے وہ جادو ہو، ٹونہ ہو، جنات ہوں یا کوئی بھی مسئلہ ہو آیۃ الکرسی تمام پریشانیوں کا حل ہے۔ بالخصوص رات کو سوتے وقت، ہر نماز کے بعد اور گھر سے نکلتے وقت ضرور پڑھا کریں۔ جو مریض جو جادو کی وجہ سے یا کسی بیماری کی وجہ سے چارپائی پر پڑے رہتے ہیں ان کو چاہیے کہ وضو بے وضو ہر وقت آیۃ الکرسی پڑھتے رہیں اور پانی پڑ' گھڑے پر یا واٹر کولر پر دم کرتے رہیں اور یہ پانی سارا دن پیتے رہیں۔ انشاء اللہ بہت جلد شفاء نصیب اور جادو سے چھٹکارا ملے گا۔

جادو ٹونہ اور مشکلات سے چھٹکارا کیلئے

آج کل کے دور میں کوئی بھی آدمی دکھ' پریشانیوں اور جادو جنات سے بچا ہوا نہیں ہے۔ عورت ہو یا مرد کسی نہ کسی پریشانی میں ضرور مبتلا ہے۔ ایسے پریشان حضرات کیلئے یہ عمل اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ ضرور عمل کریں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھیں اور درمیان سورۂ قریش 101 مرتبہ پڑھ لیں۔ انشاء اللہ جادو ٹونہ، تمام پریشانیوں اور مشکلات سے جان چھوٹ جائے گی۔ کامل یقین سے پڑھیں۔

ہر غم کا بہترین علاج

(کالے جادو و جنات سے پریشان ضرور کریں)

جو شخص کسی رنج وغم میں مبتلا ہو تو اس کے کان میں اذان دینے سے اس کا غم اور رنج دور ہوجاتا ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ ایک حدیث شریف بیان فرماتے ہیں کہ ایک موقع پر رسول کریم ﷺ نے مجھے غمگین دیکھ کر فرمایا: اے ابن ابی طالب! میں تمہیں غمگین دیکھ رہا ہوں' میں نے کہا۔ جی!۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم اپنے گھر والوں میں سے کسی سے کہو کہ وہ تمہارے کان میں اذان دے کیونکہ یہ ہر غم کا بہترین علاج ہے۔'' قارئین! اذان کالے وسفلی جادو، ٹونہ' جنات سے چھٹکارا کیلئے بہترین علاج ہے اس کے علاوہ جس کے اخلاق خراب ہوجائیں مرد ہو یا عورت جانور ہی کیوں نہ ہو اگر اس کے کان میں اذان دے دی جائے تو اصلاح ہوجاتی ہے۔ حدیث شریف کے مفہوم کے مطابق بداخلاق انسان ہو یا چوپایہ تو اس کے کان میں اذان دو۔ (مشکوۃ جلد دوم صفحہ 149)

جب کبھی شیطانی چیزیں انسان کو پریشان کریں اور ڈرائیں تو اس وقت بلند آواز سے اذان پڑھنی چاہیے کیونکہ شیطان اذان سن کر بھاگ جاتا ہے۔ حضرت سہیل بن ابی صالح کہتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے بنو حارث کے پاس بھیجا اور میرے ہمراہ ایک بچہ یا ساتھی تھا۔ دیوار کی طرف سے کسی پکارنے والے نے اس کا نام لے کر آواز دی۔ ہم نے دیوار کی طرف دیکھا تو کوئی چیز نظر نہ آئی۔ پھر میں نے اپنے والد سے اس کا تذکرہ کیا تو انہوں نے فرمایا کہ اگر مجھے یہ پتہ ہوتا کہ تمہیں یہ بات پیش آئے گی تو میں تم کو نہ بھیجتا لیکن یاد رکھو! جب تم کوئی ایسا خطرہ والی آواز سنو تو اذان کہو کیونکہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ جب اذان کہی جائے تو شیطان پیٹھ پھیر کر گوز مارتا ہوا بھاگتا ہے۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیان کردہ حدیث مبارکہ کے مفہوم کے مطابق اگر کوئی شخص بھوت پریت دیکھے تو اس کو بلند آواز سے اذان کہنی چاہیے جب تمہارے سامنے مختلف اشکال میں بھوت پریت ظاہر ہوں تو بلند آواز سے اذان کہو' ان واقعات کے علاوہ بزرگوں نے اذان کہنے کے درج ذیل مواقع بھی اپنی کتب میں نقل کیے ہیں جو درج ذیل ہیں یعنی ان تمام مواقع پر اذان کہو وہ یہ ہیں کہ آگ لگنے کے وقت۔ کفار سے جنگ کرتے وقت۔ غصہ کے وقت۔ جب مسافر راستہ بھول جائے۔ جب کسی مرد یا عورت کو مرگی کا دورہ پڑے۔ بچہ کے کان میں وقت ولادت۔ جب کسی آدمی یا عورت یا جانور کی بدخلقی ظاہر ہو۔

معمولی اکرام مسلم پر سارے گناہ معاف: حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اس وقت حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھ کر انہوں نے وہ تکیہ حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیلئے رکھ دیا تو حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے سچ فرمایا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے ابوعبداللہ! اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا فرمان ہمیں بھی سناؤ۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ ایک مرتبہ میں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' آپ ﷺ ایک تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے اور آپ ﷺ نے وہ تکیہ میرے لیے رکھ دیا' پھر مجھ سے فرمایا: اے سلیمان جو مسلمان اپنے مسلمان بھائی کے پاس جاتا ہے اور وہ اس کے اکرام کیلئے تکیہ رکھ دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت ضرور فرمادیتے ہیں۔ (حیاۃ الصحابہ جلد دوم)

اس حدیث شریف کے مطابق مسلمان کے اکرام کی بہت زیادہ فضیلت اللہ پاک کے ہاں ہے جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان کا مخفی عیب دیکھ کر چھپالیتا ہے اور لوگوں میں اس عیب کو نہیں بتاتا محض اس لیے کہ اس سے میرے مسلمان بھائی کو تکلیف ہوگی تو اس کا ثواب ایسا ہے جیسا اس نے زندہ گاڑھے جانے والے کو موت کے منہ میں جانے سے بچالیا۔ جو مسلمان بھائی کسی مسلمان کیلئے قبر کی جگہ

دیتا ہے تو اس کا ثواب ایسا ہے کہ اس نے قیامت تک رہنے کیلئے اس کو مکان دے دیا۔ جو مسلمان بھائی بیمار بھائی کی عیادت کو جاتا ہے گویا وہ جنت میں جا رہا ہے۔ جب تک اس کے پاس رہے گا اس کو مسلسل ثواب ملتا رہے گا۔ ہمیں بھی چاہیے کہ ہم زیادہ سے زیادہ مسلمانوں کی مدد کریں تا کہ ہمارا شمار اللہ کے پسندیدہ بندوں میں ہوجائے۔ تبھی ہم اس جادو ٹونہ سے ڈسے ہوئے معاشرہ کو پرسکون بنا سکتے ہیں۔

خارش کا علاج: خارش ایک گندی بیماری ہے' گو یہ جان لیوا تو نہیں مگر انسان کو بہت تنگ کرتی ہے اور انسان انتہائی پریشان ہوجاتا ہے۔ اگر ایسی صورتحال درپیش آجائے اور بندہ خارش میں مبتلا ہوجائے تو ایسا آدمی درج ذیل آیت کو اکیس مرتبہ صبح وشام اکتالیس روز تک پڑھتا رہے اور روزانہ پانی پر دم کرتا رہے۔ یہ پانی خارش زدہ شخص سارا دن پیتا رہے اگر خود نہیں پڑھ سکتا تو کسی مخلص سے کہے کہ صبح وشام اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کروا لیا کرے۔ انشاء اللہ اس گندی بیماری سے جان چھوٹ جائے گی اور سکون آجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ (المومنون 14)

اس کے علاوہ سیدنا حضرت جعفر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ صبح وشام سات سات مرتبہ سورۂ قدر پانی پر دم کرکے مریض کو پلانا خارش کیلئے مفید ہے۔

پیٹ کی تمام بیماریوں سے محفوظ رہنے کا عمل: جب کھانا سامنے آجائے تو اس پر ایک مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر دم کردیں اس کے بعد ہاتھ دھو کر سنت طریقہ سے کھانا کھالیں' ساری عمر پیٹ کی کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔ جب بھی کھانا کھائیں تو اس طریقہ سے کھائیں انشاء اللہ پیٹ کے تمام امراض سے شفاء ہوگی۔

دورہ اور پیٹ درد کیلئے روحانی عمل: سورۂ المنافقون پارہ 28 صاف کاغذ پر ہاتھ سے لکھیں اور پھر اسے دھو کر پی لیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر بارش کے پانی پر دم کریں اور معدہ کے مریض اسے پی لیں' اگلے ہی دن پھر ایسا کریں' کم از کم گیارہ روز تک ایسا کریں انشاء اللہ معدہ کے تمام مسائل سے جان چھوٹ جائے گی۔ اگر بارش کا پانی نہ ملے تو عام پانی حالت مجبوری میں استعمال کرسکتے ہیں مگر جو رزلٹ بارش کے پانی کا ہوگا وہ عام پانی سے نہ ملے گا۔ سورۂ قصص اور سورۂ لقمان پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلانا دورے کے مریضوں کیلئے بہت مفید اور شفاء بخش ہے۔

سفلی اور کالے جادو ٹونہ سے حفاظت کے نبوی ﷺ اعمال

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب رات شروع ہوجائے تو اپنی اولادوں کو باہر جانے سے روکو کیونکہ شیاطین اس وقت منتشر ہوتے ہیں یعنی پھیلے ہوئے ہوتے ہیں جب تھوڑی سی رات گزر جائے تو ان کو چھوڑ دو۔ دروازوں کو بسم اللہ شریف پڑھ کر بند کرو کیونکہ شیاطین ایسے دروازوں کو نہیں کھولتے جو بسم اللہ پڑھ کر بند کیے گئے ہوں اور بسم اللہ پڑھ کر اپنے مشکوں کا منہ بند کرو اپنے برتنوں کو چھپادو اور چراغوں کو بجھادو۔

شیاطین اور جنات سے حفاظت کیلئے قرآنی دعا: ایک حدیث شریف کے مفہوم کے مطابق "جو شخص سورۂ بقرہ کا آخری رکوع صبح کے وقت پڑھ لے وہ سارا دن جنات اور شیاطین سے محفوظ ہوجاتا ہے اور جو شام کو کسی بھی وقت پڑھ لے وہ ساری رات جنات سے محفوظ ہوجاتا ہے۔" اس مقصد کیلئے بہترین وظیفہ منزل کا ہے جو 33 آیات پر مشتمل ہے۔ صبح وشام منزل کو پابندی کے ساتھ پڑھنے سے نہ صرف انسان کے گھر اور تمام رہنے والوں کی ہر قسم کے جادو ٹونہ اور جنات سے حفاظت ہوجاتی ہے بلکہ قبر اور آخرت کی زندگی بھی بن جاتی ہے۔

آخری تین قل کی فضیلت: حدیث شریف کے مفہوم کے مطابق آخری تین قل یعنی (سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس) صبح تین تین مرتبہ پڑھنے سے اور شام کو تین تین مرتبہ پڑھنے سے آدمی، اس کے اہل وعیال اور اس کا مال تمام محفوظ ہوجاتے ہیں۔ یعنی ہر قل کو ہم نے تین تین دفعہ پڑھ کر اپنے جسم پر اور اپنے گھر پر اور اپنے مال پر پھونک دینے سے یہ تمام چیزیں اللہ کی حفاظت میں آجاتی ہیں اور کوئی چیز کوئی جادو کوئی سفلی عمل نقصان نہیں پہنچاسکتی۔ اللہ پاک تمام مسلمانوں کو اس پر عمل کرنے کی توفیق نصیب کرے۔ آمین۔

جادو ٹونہ اور پریشانیوں سے حفاظت کیلئے ان باتوں پر بھی عمل کریں

گندے جانور نہ پالیں: گھر میں گندے اور ناپاک جانور نہ پالیں اور حلال جانوروں کا بھی ایسا شوق نہ رکھیں کہ ان کے ساتھ حد سے زیادہ پیار ہو۔ مرغ بازی' بٹیر بازی اور کتے وغیرہ گھر میں پالنے سے گریز کریں کیونکہ ان کی غلاظت سے اکثر کپڑے ناپاک ہوجاتے ہیں اور بعض اوقات یہی چیزیں جادو کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔

مقدس اوراق کا احترام: جادوگروں میں معروف طریقہ بہت مشہور ہے جن کو لکھتے ہوئے بھی میری قلم کانپ رہی ہے کہ وہ نعوذ باللہ مقدس اوراق کی بہت زیادہ بے حرمتی کرتے ہیں۔ جن لوگوں کے گھروں میں ایسے اوراق ہوں وہ ان کا احترام نہ کریں تو وہ گھر خود بخود مصائب اور جادو کی زد میں آجاتے ہیں۔ اس لیے خدارا ان اوراق کا حد سے زیادہ احترام کریں انہیں پاک صاف کرکے پاک صاف جگہ پر رکھ دیا کریں۔ ان کے احترام کی وجہ سے آپ کا گھر مصائب' جادو اور پریشانیوں سے بچ جائے گا اور ثواب الگ ہوگا۔ اس لیے ضرور احتیاط کریں۔

بدنظری سے پرہیز: ناول، ڈائجسٹ اور رومانی کہانیاں خصوصاً فلمی کہانیوں سے بچیں اخبارات اور رسائل میں عورتوں کی تصاویر سے اجتناب کریں اور ہمیشہ صاف ستھرا لٹریچر اور مذہبی لٹریچر پڑھیں اس سے آپ کے خیالات پاک رہیں گے۔

حرام غذا سے بچیں: جادو سے نکلنے کے جتنے مرضی اعمال کرلیں اگر آپ کی کمائی حرام ہے تو کچھ بھی اثر نہ ہوگا۔ اپنی اولاد کو ہمیشہ رزق حلال کھلائیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکرگزار ہوں گا۔

کتاب نمبر 35 خواتین کے حسن وجمال کے قیمتی راز: دوران کلینک اور خطوط کے ذریعے مجھے کتنی کہانیاں پتہ چلتیں کہ مرد حضرات بتاتے کہ ان کی خواتین اپنی صفائی' حفاظت صحت اور ظاہری بناؤ سنگھار کا خیال نہیں کرتیں جس کی وجہ سے ہم ان سے نفرت کرتے ہیں اور بعض کی محض اس وجہ سے طلاق ہوگئی۔ اسلام صفائی اور نفاست اور طہارت کا مذہب ہے اور اس طہارت کو نصف ایمان کا درجہ عطا ہوا ہے آخر یہ طہارت کچھ درجہ اور مقام رکھتی ہے تو ایسا حکم ہے۔ میری اس کتاب کا مقصد خواتین کے اندر ایسا شعور کہ جس سے ان کی گھریلو اور ازدواجی زندگی خوشگوار ہو نہ کہ معاشرے میں کھلے عام بناؤ سنگھار کو رواج دینا ہے۔ یاد رکھیے! خوشبو' میک اپ بناؤ سنگھار اور زیبائش صرف اور صرف محرم مرد یعنی اپنے خاوند کیلئے کرنا جائز اور ثواب کا کام ہے اس کے علاوہ محض حرام ہی حرام اور لعنت ہی لعنت ہے۔ اس کتاب کی تیاری میں مختلف کالم نگاروں' مختلف کتب اور رسائل سے استفادہ حاصل کیا گیا۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

بند چوٹیں سردی اور لونگ کا تیل: لونگ کا تیل بند چوٹوں پر نیم گرم ملنا اور پھر اس پر روئی رکھ کر کسی کپڑے سے باندھنا بے حد مفید ہوتا ہے۔ اس سے نیل بھی بڑی جلدی صاف ہوجاتا ہے۔

کہ جو گوشت حرام غذا سے بنتا ہے وہ آگ کا مستحق ہوجاتا ہے۔ پس جو لوگ حرام کھاتے ہیں وہ ایسے انگارے کھاتے ہیں جو نہ صرف آخرت بلکہ دنیا میں بھی ان کیلئے جادوٹونہ اور دیگر مصائب' پریشانیاں اور بے سکونی کا باعث بن جاتے ہیں۔ اس لیے خدارا ہمیشہ حلال کھائیں س سے پہلے کہ آپ کی آخرت برباد ہوجائے' ہر حرام کام سے باز آجائیں۔

تقدیر کامل ایمان: یہ دنیا مصائب کا گھر ہے' یہ ممکن نہیں کہ ہر مصیبت ٹل جائے یا ہر بیماری سے چھٹکارا مل جائے اور ہر مسئلے کا حل ہوجائے۔ یہ دنیا امتحان گاہ ہے یہاں انسان اپنے ذاتی مسائل حل کروانے نہیں آیا ہے اس قسم کے مسائل کو حل کرنے کے ساتھ ساتھ ہم جتنا بھی شکر کریں گے اور صبر کریں گے وہ ہمارے لیے آخرت کے درجات بلند کرنے کا باعث بن جائے گا۔ حضور ﷺ نے ایک عورت کو اس بات پر جنت کی بشارت دی کہ اس نے اپنی بیماری کو اللہ کا حکم قبول کرلیا تھا۔ دنیاوی مسائل کو حل کرنے کی فکر انسان کو بسا اوقات کفر و شرک میں مبتلا کردیتی ہے۔ خواہش یا اپنی مرضی پورا ہونے کی جگہ جنت ہے یہ دنیا نہیں۔ اس لیے اپنی قسمت کا حال معلوم کرنے کیلئے اور اپنی بگڑی سنوارنے کیلئے ہر در پر جھکنا' طرح طرح کے فٹ پاتھ پر بیٹھے عاملوں کے پاس جانا یہ مشرکوں کا شیوہ ہے مسلمانوں کا نہیں۔ مسلمان کا یہ یقین ہونا چاہیے کہ ہمارے تمام مسائل اور تمام مصائب اوپر سے ہمارے اعمال کے مطابق اتر رہے ہیں۔ اس میں کسی انسان کا دخل نہیں۔ اللہ جو چاہ رہا ہے وہی کررہا ہے اور ہر انسان کے ساتھ اس کا رویہ مختلف ہے اسی کا نام تقدیر ہے۔ لہٰذا اپنی تقدیر کو خوشی سے قبول کریں کہ میرے اللہ کا حکم یہی ہے۔ میری بہتری کس چیز یا عمل میں ہے یہ ہم سے زیادہ ہمارا رب بہتر جانتا ہے اور وہ اس کی بہتری کیلئے فیصلے کرتا ہے۔ بہتری کس چیز کی بے شک آخرت کی۔ اگر ایک انسان کی بہتری بیماری میں ہے تو اللہ پاک اس بیماری میں ہی مبتلا رکھیں گے کہ یہ بندہ گناہوں سے پاک صاف ہوکر میرے پاس آئے۔ اسی لیے مسلمان کا شیوہ یہ ہونا چاہیے کہ وہ تقدیر اٹل پر ایمان رکھے اور دنیاوی مسائل اور مصائب سے بچنے کیلئے صرف اور صرف قرآن وسنت سے مدد لے۔ لہٰذا ہم نام نہاد عاملین سے بچیں ہر جادو، ہر ٹونہ، ہر سفلی علم کی کاٹ صرف اور صرف قرآن وسنت پر عمل کرنے میں ہے۔ ہمیشہ شرک اور کفریہ کلمات سے بچیں۔ اسی میں دنیا اور آخرت کی خیر ہے۔

جنات کی شرارت سے بچنے کا نبوی ﷺ نسخہ: ابن ابی حاتم میں ہے کہ ایک بیمار شخص جسے کوئی جن ستا رہا تھا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سورۂ مؤمنون کی آخری چار آیات پڑھیں۔ اللہ پاک نے اسے شفا دے دی۔ جب نبی کریم ﷺ سے اس کا ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: عبداللہ! تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا تھا' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان چار آیات کا بتایا۔ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم نے یہ آیات اس کے کان میں پڑھ کر اسے جلا دیا۔ واللہ ان آیات کو اگر کوئی باایمان شخص کسی پہاڑ پر پڑھے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ہل جائے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد 3 صفحہ نمبر 474)

حلال لقمے کھاؤ دعائیں قبول ہوتی ہیں: حدیث شریف کے مفہوم کے مطابق حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کھڑے ہوکر کہا: یارسول اللہ! ﷺ میرے لیے دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ میری دعاؤں کو قبول فرمائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے سعدؓ! پاک چیزیں اور حلال لقمے کھاتے رہو' اللہ تعالیٰ دعائیں قبول فرماتا رہے گا۔ قسم ہے اس خدا کی جس کے ہاتھ میں محمد (ﷺ) کی جان ہے' حرام لقمہ جو انسان اپنے پیٹ میں ڈالتا ہے اس کی نحوست کی وجہ سے چالیس دن تک اس کی دعا قبول نہیں ہوتی جو گوشت پوست حرام سے پلا وہ جہنمی ہے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد 1 صفحہ 235)

آیت قطب سے جادوٹونہ سفلی عمل و دیگر مسائل سب ختم

قارئین! یہ آیت میرے معمول کا حصہ ہے اور میں نے جس کو بھی بتایا اللہ نے اسے مسائل سے ایسے نکالا کہ وہ خود بھی حیران رہ گئے۔ یہ آیت سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 154 مکمل ثم انزل علیکم من بعد الغم امنته نعاساً یغشیٰ سے لے کر بذات الصدور تک۔ ویسے تو قرآن پاک کی ہر آیت ہی بڑی بابرکت اور باعث شفاء ہے لیکن اس آیت کے فوائد بے شمار ہیں۔ یہ قرآن پاک کی لمبی آیات میں سے ایک ہے۔ اختصار کے ساتھ اس کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں۔ ہر بندہ اس آیت کو حفظ کرلے اور ہر نماز کے بعد تسبیحات فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، آیۃ الکرسی اور اس آیت کو ایک دفعہ ضرور پڑھے۔ اب میں آپ کو بتاتا ہوں اس آیت کے کرشمات' پڑھیں اور ہر مسئلے سے چھٹکارا پائیں۔

کالے سفلی جادو کا توڑ اور جنات سے چھٹکارا: بعض لوگ جادو اور جنات کی وجہ سے پریشان ہوتے ہیں۔ جنات اور جادو کا اثر ختم کرنے کیلئے یہ آیت بہترین ہے۔ اس آیت مبارکہ کو سات دفعہ پڑھ کر مریض کی آنکھوں، کان اور سر پر پھونک ماریں۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے جادو اور جنات کا اثر ختم ہوجائے گا اس کے مسلسل پڑھنے سے مریض کا چھٹکارا جنات اور جادو سے انشاء اللہ یقینی ہوجائے گا۔ مجرب ہے۔ **جلدی امراض کیلئے:** ہر قسم کے جلدی امراض مثلاً خارش اور انفیکشن کیلئے بہت مفید ہے۔ سات دفعہ پڑھ کر متاثرہ حصے پر دم کردیں انشاء اللہ فوری اثر ہوگا۔

پھوڑے پھنسیوں کیلئے: جسم میں کہیں بھی پھوڑے پھنسی ہوں اس آیت مبارکہ کو پانچ دفعہ پڑھیں اور مریض پر پھونک دیں۔ انشاء اللہ فوری آرام ہوگا۔ **سردرد کیلئے:** آدھے سردرد یا سردرد کی شکایت آج کل لوگوں میں عام ہے یہ آیت سردرد کیلئے بھی مشہور ہے۔ جب ایسی شکایت ہوجائے تو اس آیت مبارکہ کو اکیس دفعہ پڑھیں۔ ہر بار پڑھنے کے بعد پھونک ماردیا کریں یا اپنے ہاتھ پر ہر بار پڑھ کر پھونک ماردیا کریں اور پھر ہاتھ سر پر لگادیا کریں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں ہی آرام آجائے گا۔ مجرب ہے۔

مرگی: مرگی کی کئی اقسام ہیں' سر پر چوٹ لگ جائے یا دماغ کو خون کی سپلائی میں رکاوٹ آجائے تو مرگی کا دورہ پڑسکتا ہے اگر دماغ میں رسولی ہو تو مرگی کا دورہ پڑسکتا ہے یا وہ مرگی جو کسی میڈیکل ٹیسٹ میں ظاہر نہ ہو تو ہر قسم کے مرگی کے دورے کیلئے صبح و شام اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کردیا کریں اور ایسا اس وقت تک کرتے رہیں جب تک مکمل صحت نہیں ہوجاتی۔ **لاعلاج مرض کیلئے:** کسی بھی لاعلاج مرض جس پر معالج تنگ آچکے ہیں۔ اکتالیس دفعہ پڑھ کر دم کریں اور پانی پر بھی دم کریں۔ یہی پانی سارا دن مریض کو

درود تنجینا سے تمام مسائل حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ایک دوست کو بہت زیادہ مسائل تھے مگر وہ آہستہ آہستہ تمام مسائل سے باآسانی نکل آئی۔ اب بھی جب کبھی اسے کوئی مسئلہ ہوتا ہے بہت آسانی سے حل ہوجاتا ہے۔ میں نے ایک دن اس سے پوچھا کہ آخر تیرے پاس کیا جادو ہے کہ تمہارے مسائل فوری حل ہوجاتے ہیں تو اس نے مجھے ایک عمل بتایا اور کہا کہ مجھے کوئی بھی مسئلہ ہو میں یہی وظیفہ پڑھتی ہوں اور میرا مسئلہ لمحوں میں حل ہوجاتا ہے۔ وہ وظیفہ یہ ہے: درود تنجینا ایک ہزار مرتبہ پڑھیں' چاہے گھر کے تمام افراد مل کر پڑھ لیں' اگر اکیلے پڑھیں تو تین دن کے اندر ایک ہزار پورا کرنا ہے' پہلے دن تین سو تک ضرور پڑھنا ہے۔ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھ لیں اور اپنی مشکل کا سخت تصور کرلیں کہ اس درود شریف کی برکت سے یہ مسئلہ حل ہوجائے گا تو انشاء اللہ مشکل حل ہوجاتی ہے۔ میرا تو بارہا کا آزمودہ ہے۔ (رابعہ قمر' لاہور)

رزق کی کشادگی: ایک باکمال عامل کا قول ہے کہ رزق کی کشادگی کیلئے اسم یَاوَاسِعُ کو روزانہ پانچ ہزار مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھنا بہت ہی مجرب ہے۔ رزق میں کشادگی حاصل ہوتی ہے۔

پلاتے رہیں۔ جب پانی ختم ہوجائے تو تازہ پانی بھر کر پھر اکتالیس دفعہ پڑھ دیں۔ مریض پر بھی اور پانی پر بھی انشاء اللہ فرق آپ خود محسوس کریں گے۔ **ڈاڑھ درد کیلئے:** درد والی ڈاڑھ پر انگلی رکھ کر درج بالا آیت کو اول و آخر درود شریف سات دفعہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ فوری آرام آجائے گا۔ **کسی بھی جائز مقصد کیلئے:** کسی کام میں رکاوٹ ہو یا کوئی بندہ جائز بات نہ مانے یا بندہ کسی مصیبت میں مبتلا ہوجائے سات دفعہ درج بالا آیت پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک مارلیں اور پھر یہی ہاتھ اپنے چہرے پر مل لیں اور پھر اس بندے کے پاس چلے جائیں۔ انشاء اللہ وہ بندہ کام کردے گا۔ مجرب ہے۔ **پیٹ کی اندرونی بیماریاں:** معدہ میں زخم ہو' جگر خراب ہوجائے' کسی قسم کا یرقان ہوجائے' انتڑیاں خراب ہوجائیں یا گردے کا درد ہوجائے تو یہی آیت اکیس دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کردیں اور مریض کو پلادیں۔ یہ عمل کریں اور اس وقت تک کریں اور اس وقت تک کرتے رہیں جب تک مریض مکمل ٹھیک نہیں ہوجاتا۔

(بندہ خدا' واہ کینٹ)

جادو جنات اور تمام جسمانی امراض کے دفعیہ کیلئے اکسیر اعظم عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا پیغام ملا کہ ''جادو کیسے ہوتا ہے؟ کیسے ٹوٹتا ہے؟'' کے موضوع پر جنوری 2017 کا خاص نمبر ہوگا اگر اس حوالے سے کسی کے پاس کوئی روحانی ٹوٹکہ ہو تو ارسال کریں۔ میرے پاس ایک اکسیر اعظم عمل ہے میرے مطابق اس سے بڑھ کر جادو کا کوئی اور توڑ نہیں ہے۔ میں یہ عمل قارئین کی خدمت میں ارسال کررہا ہوں۔ یقیناً اس سے لاکھوں فیض یاب ہوں گے۔ عمل یہ ہے:۔ الحمد شریف سات مرتبہ' آیۃ الکرسی تین مرتبہ' سورۂ یٰسین ایک مرتبہ' سورۂ نوح ایک مرتبہ' سورۂ جن گیارہ مرتبہ' سورۂ لہب ایک مرتبہ' آخری تینوں قل تین تین مرتبہ' اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں اور دعا کریں۔ کم از کم پانچ ماہ یہ عمل کریں اس سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں ہے۔ (الہم از مولانا منظور احمد شامی، ص192) (غ۔ش)

جادو کی وجہ سے آئی بیروزگاری آسان عمل سے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں سعودی عرب کے شہر طائف میں رہتی ہوں۔ رسالہ عبقری اور آپ کے تمام درس انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کرکے سنتی ہوں اور خوب فیض پاتی ہوں۔ یہاں میں گزشتہ چھ سال سے بے روزگار تھی' الحمدللہ کوالیفائیڈ ہوں' جاب کا تجربہ بھی تھا' میرٹ پر پورا اترتی مگر پھر نہ جانے کیوں عین وقت پر آکر مسترد ہوجاتی۔ جب مختلف جگہوں سے پتہ کروایا تو ہر کسی نے سخت ترین جادو کا بتایا۔ اپنی اس پریشانی کے حل کیلئے میں نے شیخ ابومحمد مرجانی رحمۃ اللہ علیہ کا عمل جو کہ میں نے ماہنامہ عبقری میں پڑھا تھا۔ عمل اس طرح ہے:۔

یہ عمل شیخ ابومحمد مرجانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو نبی کریم ﷺ نے خواب میں تلقین فرمایا تھا۔ عملیات کی اکثر کتابوں میں یہ عمل موجود ہے۔ عمل حد درجہ مؤثر ہے۔ سورۂ توبہ کی آخری دو آیات۔ بنی اسرائیل آیت نمبر 82۔ سورۂ حشر کی آیت 21 تا24۔ سورۂ فلق وناس مکمل اور یہ دعا اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُحْیِ وَاَنْتَ الْمُمِیْتُ وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنْتَ الْبَارِئُ وَاَنْتَ اللّٰہُ فِی اَلَمْ نَخْلُقْکُمْ مِنْ مَّاءٍ مَّھِیْنٍ فَجَعَلْنٰہُ فِیْ قَرَارٍ مَّکِیْنٍ اِلٰی قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَسْمَآءِکَ الْحُسْنٰی وَصِفَاتِکَ الْعُلْیَا یَامَنْ بِیَدِہِ الْاِبْتِلَاءُ وَالْمُعَافَاتُ وَالشِّفَاءُ وَالدَّوَاءُ بِمُعْجِزَاتِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ وَبَرَکَاتِ خَلِیْلِکَ اِبْرَاھِیْمَ وَحُرْمَۃِ کَلِمَتِکَ عِیْسٰی عَلَیْھِمُ السَّلَامُ اَللّٰھُمَّ اشْفِہٖ صبح وشام اول وآخر سات مرتبہ درود شریف اور تین تین مرتبہ درج بالا آیات اور سات مرتبہ دعا پڑھیں۔ اس کے ساتھ میں نے روزانہ تین بار منزل پڑھی' سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 154 دس دن روزانہ دس بار پڑھی' جب اذان ہوتی تو جواب کے ساتھ دعا مانگتی۔ سات دن بعد میں نے ایک جگہ جاب کیلئے اپلائی کیا تو الحمدللہ مجھے بہترین جاب مل گئی۔ اس وقت میں سعودی عرب کے شہر طائف کی یونیورسٹی میں جاب کررہی ہوں۔ عمل کرتے ہوئے پانچویں دن میں نے اپنا حساب لگوایا تو مجھ پر کیا گیا جادو اور بندش ختم ہوچکی تھی۔ آج میں بالکل مطمئن اور پرسکون زندگی گزار رہی ہوں۔

(سائرہ بانو' طائف سعودی عرب)

کالے جادو کالے جنات کا سچا توڑ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ عبقری اور درس بہت شوق سے پڑھتی اور سنتی ہوں۔ عبقری کی تمام سالانہ جلدیں میرے پاس ہیں۔ بہت فائدہ ہوتا ہے۔ آپ کی تمام کتب کا مطالعہ کرنا چاہتی ہوں چند لے چکی ہوں۔ آپ کی کتاب کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء اور جدید سائنسی تحقیقات میں سے بہت سے وظائف آزمائے ہیں۔ **جادو توڑ کیلئے:** ایک عمل اسم محمد (ﷺ) زعفران اور گلاب سے لکھ کر دیں اور سورۂ علق کا نقش جادو زدہ کو بہت فائدہ دیتا ہے۔ میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔ اکیس دن کے نقش بنائیں اور اکیس دن پینے ہیں۔ عصر و مغرب کے درمیان اگر نقش پئیں تو بہت زبردست فائدہ ملتا ہے۔ پینے اور گلے میں ڈالنے والے نقش درج ذیل ہیں۔

پینے والا نقش

۷۸۶

۲۳	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۲۰
۲۹	۲۶	۲۱

گلے میں ڈالنے والا نقش

۷۸۶

۸	۱۱	۴۶	۱
۴۵	۲	۷	۱۲
۳	۴۸	۹	۲
۱۰	۵	۴	۴۷

جادو کے اثرات سے حفاظت کیلئے

نقش سورۂ علق جس کو بھی دیا بہت فائدہ ہوا

باوضو لکھ کر فریم کرکے گھر لگانا ہے

۷۸۶

۵۶۳۵	۵۶۳۸	۵۶۴۱	۵۶۲۷
۵۶۳۰	۵۶۲۸	۵۶۳۴	۵۶۳۹
۵۶۲۹	۵۶۴۳	۵۶۳۶	۵۶۳۳
۵۶۳۷	۵۶۳۲	۵۶۳۰	۵۶۴۲

بندشیں ختم! جلد شادی کیلئے تعویذ

یہ شادی کیلئے تعویذ ہے بہت زبردست ہے میں نے کافی لوگوں پر آزمایا ہے۔ اس سے بندشیں ختم ہوجاتی ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَمِنْ کُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ قَوْلِکَ ھٰذَا وَبِحُرْمَۃِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ اَنْ تَرْزُقَ فلاں بنت فلاں زَوْجًا مُوَافِقًا غَیْرَ مُخَالِفٍ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ

مسئلہ جنات کا ہو یا جادو یقینی حل

ایک عمل جو میں روحانی مریضوں پر بار بار آزمایا ہے یہ میں نے ایک کتاب سے لیا ہے اور انتہائی تیر بہدف ہے۔ عمل اس طرح ہے:۔ سورۂ فاتحہ' آیۃ الکرسی اور سورۂ جن کی شروع کی پانچ آیات مریض کو پانی پر دم کرکے دیں وہ پیے اور ساتھ مریض پر چھڑکاؤ بھی کریں۔ مریض بہت جلد صحت

یاب ہوجاتا ہے۔ یہ عمل صبح وشام کریں۔ اس کے ساتھ اگر جادو یا جنات کا مسئلہ ہے تو وہ بہت جلد حل ہوجاتا ہے۔ میرا نام پوشیدہ رکھیے گا۔ (ج۔ش، لاہور)

کالے جنات گھر کے مین دروازہ سے باہر بھاگ گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک چھوٹا سا عملیات کا سٹوڈنٹ ہوں۔ میری چچی پر کچھ اثرات تھے‘ میں نے خواب میں ان کو دیکھا کہ وہ بے ہوش ہیں۔ میں نے اٹھ کر ان کو فون کیا اور خیریت پوچھی تو انہوں نے باتوں باتوں میں بتایا کہ میرا ہر وقت سر چکراتا ہے‘ غصہ‘ خوف وغیرہ کی علامات ہیں‘ میں نے انہیں نماز کی تلقین کی اور اذان اور سورۂ مومنون کی آخری چار آیات ہر دو گھنٹہ کے بعد سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں کندھوں اور گھر کے چاروں کونوں میں دم کریں اور ساتھ یہ تاکید کی کہ یہ عمل صرف گیارہ دن کرنا ہے پھر مجھے بتائیے۔ گیارہ دن بعد میری چچی نے مجھے بتایا کہ میں نے خواب دیکھا کہ بہت سارے جنات ہمارے گھر سے دروازے کی طرف بھاگ رہے ہیں اور دروازے سے نکل جاتے ہیں میں ان کے پیچھے بھاگتی ہوں اور جا کر دروازہ بند کر کے کنڈی لگا دیتی ہوں۔ اس خواب کے بعد سے میری طبیعت بالکل ٹھیک ہے اور میں اب بالکل صحت منداور فریش ہوں۔ الحمدللہ!

گردوں میں زخم: اپنی بڑی بہن کو گردوں کی پیپ کیلئے یہ عمل بتایا۔ عمل: اول و آخر گیارہ بار درود شریف‘ اکیس بار الم نشرح بمع بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ پانی پر دم کر کے دن میں تین بار پلایا۔ الحمدللہ وہ تین دن میں ٹھیک ہوگئی۔

پانچ منٹ سورۂ الم نشرح پڑھی روڈ کھل گیا: جی ٹی روڈ پشاور پر کوئی مسئلہ تھا کسی نے روڈ زبردستی بند کیا تھا۔ میں کسی کام سے جارہا تھا‘ دس منٹ انتظار کیا مگر روڈ نہ کھلا‘ پھر میں نے اپنے بھائی سے کہا کہ سورۂ الم نشرح لاتعداد پڑھو‘ ابھی پانچ منٹ ہی پڑھی تھی کہ لفٹ آگئی اور اس کار کو جس نے روڈ بلاک کر رکھی تھی لفٹ نے اٹھا کر سائیڈ پر کیا اور روڈ کھل گیا۔

میری اہلیہ کی ڈیلیوری کا مسئلہ فوری حل: سورۂ انشقاق کی آیت نمبر چار اور پانچ ڈیلیوری کے مسئلہ کیلئے بہت ہی زبردست ہے۔ میری اہلیہ کو ڈیلیوری کی تکلیف تھی صبح کی نماز سے ہسپتال پہنچا دیا گیا‘ میں نے کئی دن پہلے اس کا تعویذ لکھ کر رکھا ہوا تھا (یعنی ایک سادہ کاغذ پر باوضو دونوں آیات لکھ کر رکھی تھیں)۔ امی کو سمجھایا کہ یہ تعویذ میری اہلیہ کے پیٹ پر باندھ دیں۔ تعویذ باندھنے سے پہلے ڈاکٹرز نے انجکشن بھی لگائے مگر ڈیلیوری نہ ہو رہی تھیں‘ ڈاکٹرز کے مطابق ابھی وقت لگے گا۔ میری امی نے تعویذ باندھا اور صرف تین منٹ کے اندر اندر اللہ میری بیوی کو صحت یاب کیا اور اللہ نے ہمیں صحت مند بیٹے سے نوازا۔ میں نے اپنی اہلیہ سے پوچھا کہ تعویذ باندھنے کے بعد کیا ہوا تو اس نے کہا کہ جیسے ہی امی نے تعویذ باندھا۔ اللہ نے کرم کر دیا اور مجھے خبر بھی نہ ہوئی کہ ڈیلیوری ہوگئی حالانکہ اس سے پہلے دو بچیاں سخت اذیت کے بعد پیدا ہوئی تھیں۔ سبحان اللہ!

میرے سب سے بڑے ماموں کے بچے نماز میں کوتاہی کرتے تھے‘ ایک رات بڑے لڑکے کو جنات نے ڈرایا‘ ہاتھ سے اور پاؤں سے پکڑ کر گھسیٹا‘ خوب مارا کہ وہ بے ہوش ہوگیا۔ اس نے مجھے سارا واقعہ سنایا میں نے اسے سختی سے نماز کی ترغیب دی اور روحانی غسل کا بتایا۔

طریقہ روحانی غسل: اول و آخر تین مرتبہ درود شریف تیسویں پارہ کی آخری چھ سورتیں پھر باتھ روم میں داخل ہونے سے پہلے باتھ روم والی دعا‘ نہانے کے دوران دل ہی دل میں بیت الخلاء والی دعا پڑھیں‘ زبان سے پڑھنا سخت منع ہے۔ نہانے کے بعد باہر آ کر پھر درود شریف اور آخری چھ سورتیں پڑھیں۔ روحانی غسل کے ساتھ میں نے اس سارا دن کھلا یَاقَھَّارُ کا ورد بتایا۔ اس نے صرف تین دن یہ عمل کیے اور وہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔ اس کے بعد آج تک اس کو کسی چیز نے تنگ نہیں کیا۔ (عطاء اللہ‘ پشاور)

دفع سحر، بندش، نظر بد کیلئے نہایت مجرب عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! حضرت امام صالح جزائری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ دفع سحر، بندش، نظر بد کیلئے نہایت مجرب عمل ہے۔ عمل کرنے کا طریقہ یہ ہے: اس آیت کو سفید کاغذ پر زعفران کی سیاہی سے لکھیں باوضو قبلہ رخ ہو کر۔ اس کے بعد اس کو پاک صاف پانی سے دھودیں اور اس پانی سے مریض غسل کرے۔ غسل کسی ٹب میں بیٹھ کر کرے‘ پانی زمین پر نہ گرے اور بعد از غسل اس پانی کو گملوں کیاری یا کچی دیوار یا مٹی پر گرا دیں تاکہ بے ادبی نہ ہو۔ اس غسل سے فارغ ہو کر اس آیت شریف کو گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ نظر بد‘ سحر‘ بندش کا اثر ختم ہوجائے گا۔ اس آیت کو سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے تین دن بلاناغہ پلائیں۔ آیت شریف یہ ہے:۔ (اعراب لگانے کی ضرورت نہیں ہے)۔

ینبی ادم خذو ازینکم عند کل مسجدو کلوا وشربوا ولا تسرفوا. انه لایحب المسرفین. قل من حرم زینة الله التی اخرج لعباده ولیطبت من الرزق. قل هی للذین امنو فی الحیوة الدنیا خالصة یوم القیمة. کذلك نفعل الایت لقوم یعلمون۔ (اعراف آیہ نمبر 32،31) قرآن پاک سے دیکھ کر باآسانی لکھ سکتے ہیں۔ اعراب نہ لگائیے۔ بعد از شفاء بندہ ناچیز اور حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم اور عبقری کی پوری ٹیم کی خیریت کی دعا کریں جن کی وجہ سے آپ کو ایسا کامیاب اور مجرب عمل نصیب ہوا۔

جادو کے توڑ کیلئے بزرگوں کا دیا عمل

جادو کے توڑ کے لئے بزرگ درج ذیل آیات کا وظیفہ تلقین فرماتے ہیں جو بے حد مفید اور مجرب ہے۔ فَوَقَعَ الۡحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ. فَغُلِبُوۡا هُنَالِكَ وَانۡقَلَبُوۡا صٰغِرِيۡنَ. وَ اُلۡقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيۡنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوۡۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ. رَبِّ مُوۡسٰى وَهٰرُوۡنَ (سورۃ الاعراف) فَلَمَّاۤ اَلۡقَوۡا قَالَ مُوۡسٰى مَا جِئۡتُمۡ بِهِ ۙ السِّحۡرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبۡطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصۡلِحُ عَمَلَ الۡمُفۡسِدِيۡنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الۡحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ (یونس 82،81) وَاَلۡقِ مَا فِىۡ يَمِيۡنِكَ تَلۡقَفۡ مَا صَنَعُوۡا اِنَّمَا صَنَعُوۡا كَيۡدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفۡلِحُ السّٰحِرُ حَيۡثُ اَتٰى . فَاُلۡقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوۡۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوۡنَ وَمُوۡسٰى ﴿طٰہٰ 71,69﴾

ان آیات کو صبح وشام تین تین بار پڑھ لیا جائے۔ دم کرنا اور پانی پر دم کر کے چھڑکنا بھی مفید ہے۔ ایک چھوٹے سے کارڈ پر ان آیات کو لکھ لیں۔ جادو زدہ اس کا کارڈ کو جیب میں رکھے اور نماز فجر کے بعد ضرور پڑھے۔

خاص کر وہ لوگ جو جادو کے شدید وہم میں مبتلا ہیں۔ وہ اگر ان آیات کا ترجمہ پڑھیں تو انہیں انشاء اللہ افاقہ ہوگا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں جادو عروج پر تھا۔ جب ان جادوگروں کو اللہ تعالیٰ نے ناکام فرمادیا تو اس زمانے کے جادوگر کس کھاتے میں آتے ہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے میں جادوگر نہ ٹھہر سکے اور ایمان لائے۔ (ط۔ص)

جادو‘ عملیات کرنے والا اب خود ہی سزا پائے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! حاسد پر فتح پانے کا آزمودہ وظیفہ قارئین عبقری کی نذر کر رہی ہوں‘ جادو عملیات اور دوسرے طریقے سے نقصان پہنچانے والا حاسد خود ہی اپنے عمل کی سزا پائے گا۔

رَبِّ انۡصُرۡنِىۡ عَلَى الۡقَوۡمِ الۡمُفۡسِدِيۡنَ

بعد نماز فجر 1000 مرتبہ بعد نماز عصر 1000 مرتبہ بعد نماز عشاء ہزار مرتبہ۔ کچھ عرصہ اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ آپ کو نقصان پہنچانے والا خود ہی نقصان اٹھائے گا۔

لیموں سے شفاء یابی: لیموں جراثیم کا خاتمہ کرتا ہے اگر بواسیری مسوں پر لگایا جائے تو وہ جلد ٹھیک ہوجاتے ہیں اور پھوڑے پھنسیوں پر لگانے سے زخم جلد مندمل ہوجاتے ہیں۔

ظالم جادوگر کو سزا ملتی اپنی آنکھوں سے دیکھیں

ایک نقش بھی ارسال کررہی ہوں' خاص نمبر میں ضرور شائع کریں' نقش صرف لکھ کر پاس رکھنا ہے پھر آپ خود ہی آپ پر جادو کرنے والے کا حال لیجئے گا کہ اس کا کیا حال ہوتا ہے۔ ظالم کو اپنے کیے کی سزا ضرور ملے گا اور مظلوم کو نجات' اگر کسی پر عمل ہوا تو اس تعویذ سے اس عمل کی بھی کاٹ ہوجاتی ہے۔ یہ تعویذ بارہا کا آزمودہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۷۵	۱۰۶۷	۱۰۷۳
۱۰۶۹	۱۰۷۱	۱۰۷۴
۱۰۷۰	۱۰۷۶	۱۰۶۸

میاں بیوی محبت کیلئے اب عاملین کے پاس جانا بھول جائیں

میاں بیوی میں محبت کیلئے درج ذیل تعویذ بہت لاجواب اور آزمودہ ہے۔ صرف لکھ کر پلانا ہے اور پھر محبت کی انتہا دیکھیں۔ اب میاں بیوی کو آپس کی محبت بڑھانے کیلئے نام نہاد عاملین کے پاس جانے کی ہرگز ضرورت نہیں۔ یہ عمل محبت کیلئے بارہا کا آزمودہ ہے۔ یہ تعویذ لکھ کر گھول کر پلانا ہے۔

۷۸۶

۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶
۷۸۶	۷۸۶	۷۸۶

یہاں (لڑکی کا نام) علی حب مادر (ماں کا نام)

یہاں (لڑکے کا نام) علی حب مادر (ماں کا نام)

یقیناً درج بالا اعمال سے عبقری قارئین بھرپور استفادہ حاصل کریں گے۔ (شازیہ شوکت' گوجرانوالہ)

نقش نعلین مبارک سے جادو، دشمنی، حسد، پریشانی' مصیبت اور بیماری کا حل یقینی بنائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس نقش نعلین پاک کے کچھ مشاہدات ہیں جو میں خاص نمبر کیلئے جادو جنات اور مختلف پریشانیوں میں مبتلا افراد کو ہدیہ کررہا ہوں۔ یہ نقش مبارک بارہا لاعلاج مریضوں کیلئے اکسیر اور مردہ قلوب کیلئے آب حیات ثابت ہوا' اس کے توسل سے بے شمار انسانوں کی دعائیں بارگاہِ خداوندی میں مستجاب ہوئیں۔ علامہ ابوجعفر سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ایک طالب علم کو یہ مبارک نقش بنا کردیا۔ ایک دن وہ شاداں میرے پاس آیا اور کہا ابوجعفر! آج اس لیے حاضر ہوا ہوں کہ آپ کو اس نعلین پاک کے نقش کی حیرت انگیز خوبی و برکت سے آگاہ کروں' اللہ تعالیٰ کا ہزار ہا شکر ہے کہ اس مبارک نقش کے طفیل میری رفیقہ حیات کو نئی زندگی نصیب ہوئی۔ گزشتہ رات بی بی کو ایسا شدید درد شروع ہوا کہ ہم اس کی زندگی سے ناامید ہوگئے' اس عالم مایوسی میں آپ کے ہاتھ سے تیار کیا ہوا نقش نعلین مبارک درد کی جگہ پر رکھ کر بارگاہ اللہ رب العزت میں عرض پرداز ہوا۔ یارب العالمین مجھے اپنے محبوب محترم حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جوتیوں کی برکت سے سرفراز فرما' اے ابوجعفر! خداوند قدوس نے اسی وقت مریضہ کو شفا عنایت فرمادی اور میں یہ کرشمہ خداوندی اور نعلین مبارک کی عجیب برکت کا جلوہ دیکھ کر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں سربسجود ہوگیا۔ حضرت قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تجربہ بزرگان دین اس نقشہ اقدس کی آزمائی ہوئی کرامات یہ ہیں کہ جو شخص تبرکاً اس کو اپنے پاس رکھے گا وہ ظالموں کے ظلم سے' دشمنوں کے ظلم سے' شیطان کے سرکش فتنہ گری سے' حاسدوں کی نظر بد سے' جادو ٹونہ سے امن وامان میں رہے گا۔ اگر حاملہ عورت دردزہ کے وقت اپنے دائیں ہاتھ میں رکھے انشاء اللہ اس کی جملہ مشکلات آسان ہوجائیں گی۔

امام ابوالخیر محمد بن محمد الجزری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میرا اپنا آزمودہ ہے۔ چھ دن پہلے میرے استاد جی نے مجھے ایک کتاب عنایت فرمائی' جب میں نے یہ نقش مبارک دیکھا تو ایک جگہ رقم پھنسی ہوئی تھی۔ اس نقش کے وسیلے سے اللہ رب العزت کے حضور دعا مانگی۔ خدائے وحدہٗ لاشریک کی قسم صرف ایک رات گزری تھی کہ اس بندے نے خود آکر رقم میری ہتھیلی پر رکھ دی اور میری حیرت کی انتہا ہی نہ رہی۔ یاد رہے کہ مکمل یقین سے اللہ کے حضور دعا مانگیں اور اس نقش نعلین مبارک کی ہرگز ہرگز بے ادبی نہ ہونے پائے ورنہ الٹا نقصان ہوگا اور صرف جائز کاموں کیلئے بوسیلہ دعا مانگیں اور برکت کیلئے اپنے پاس رکھیں۔

مولانا محمد زکریا کاندھلوی لکھتے ہیں: ''نعل شریف کے برکات وفضائل مولانا اشرف علی تھانوی کے رسالہ 'زادالسعید' کے آخر میں مفصل مذکور ہیں جس کو تفصیل جاننا مقصود ہو، اس میں دیکھ لے۔ مختصر یہ کہ اس کے خواص بے انتہا ہیں، علماء نے بارہا تجربے کئے ہیں۔ اسے اپنے پاس رکھنے سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوتی ہے، ظالموں سے نجات اور لوگوں میں ہردلعزیزی حاصل ہوتی ہے، غرض اس کے توسل سے ہر مقصد میں کامیابی ہوتی ہے، طریق توسل بھی اسی میں مذکور ہے۔''

اس نقش پاک کی برکتوں میں سے یہ بھی ہے کہ اس کے ذریعہ نظر بد اور جادو ٹونے سے آدمی امان میں رہتا ہے۔ نقش نعلین پاک کے حوالے سے امام ابن فہد مکی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر ائمہ کی ایک کثیر تعداد نے اپنا اپنا یہ تجربہ بیان کیا کہ یہ جس لشکر میں ہوگا وہ فتح یاب ہوگا جس قافلے میں ہوگا وہ بحفاظت اپنی منزل پر پہنچے گا، جس کشتی میں ہوگا وہ ڈوبنے سے محفوظ رہے گی، جس گھر میں ہوگا وہ جلنے سے محفوظ رہے گا، جس مال ومتاع میں ہوگا، وہ چوری سے محفوظ رہے گا اور کسی بھی حاجت کے لئے صاحب نعلین (حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے توسل کیا جائے تو وہ پوری ہوکر رہے گی اور اس توسل سے ہر تنگی فراخی میں تبدیل ہوگی۔

شیخ عبدالخالق بن حب النبی مالکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک سال نصف رمضان کو مجھے ایک پھوڑا نکل آیا اور کسی کی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ یہ کیا ہے اس کی وجہ سے مجھے سخت تکلیف لاحق ہوئی۔ میں اس مرض کے ماہر اطباء اور جراح کے پاس گیا مگر کوئی بھی اس تکلیف کو سمجھ سکا اور نہ کوئی اس کا علاج تجویز کرسکا۔ مجھے شدت تکلیف نے بے چین کیا ہوا تھا۔ پھر جب اچانک مجھے اس نقش نعلین پاک کے فضائل و برکات یاد آئے تو میں نے اس نقش کو جائے تکلیف پر رکھا اور دعا کی: اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ بِحَقِّ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ ﷺ مَنْ مَشٰی بِالنَّعْلِ اَنْ تُعَافِیَنِیْ مِنْ ھٰذَا الْمَرَضِ یَااَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ

''اے اللہ! تجھ سے تیرے محبوب نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وسیلہ دیتے ہوئے سوال کرتا ہوں جو کہ اس نعل مبارک میں چلتے رہے ہیں جس کا یہ نقش ہے۔ اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے پروردگار! مجھے اس بیماری سے شفا عطا فرما۔'' وہ فرماتے ہیں خدا کی قسم مجھے ایک دن کے اندر ایسا افاقہ ہوا گویا کہ تکلیف تھی ہی نہیں۔''

اسی طرح ان کی ایک بچی تھی جس کی آنکھیں ایسی خراب ہوئیں کہ اطباء اسکے علاج سے عاجز آگئے ایک دن اس بچی نے ان سے کہا: میں نے سنا ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نعل پاک کے نقش کے بہت زیادہ فوائد و برکات ہیں مجھے بھی لاکر دیں، پس انہوں نے اس کو نقش مبارک دیا، اس بچی نے نقش کو اپنے آنکھوں پر رکھا تو نقش نعلین پاک کی برکت سے اس کی آنکھوں کی بیماری ختم ہوگئی۔

اسی طرح مجھ سے ایک ثقہ شخص نے اپنا واقعہ بیان کیا کہ اسے ایک شدید مرض لاحق ہوگیا تھا جس کی وجہ سے وہ قریب المرگ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے الہام فرمایا کہ نقش نعلین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے توسل کرو، اس نے ایسا ہی کیا تو اللہ تعالیٰ نے فضل وکرم فرمایا اور وہ اس کی برکت سے شفایاب ہوگیا۔ اسی طرح یہ بھی مجھے بعض قابل اعتماد احباب نے بتایا کہ انہوں نے کئی دفعہ ایسے ممالک کا سفر کیا

جن کے راستوں پر چوروں، رہزنوں کا ہر وقت خوف رہتا تھا اور عام طور پر ان کی لوٹ مار سے کوئی بھی مسافر نہیں بچتا تھا مگر چونکہ ان کے پاس نقشِ نعلینِ پاک تھا کئی مرتبہ ان کا سامنا چوروں کے ساتھ ہوا لیکن اس نقش کی برکت سے اللہ نے انہیں ان کے شر سے محفوظ رکھا۔ اس بحث سے ثابت ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے پناہ عشق و محبت اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اشیاء کی تعظیم و تکریم ہی زندگی کا حقیقی سرمایہ ہیں۔ جیسا کہ ایک اللہ والے رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

جو سر پہ رکھنے کو مل جائے نعلِ پاکِ حضورؐ
تو پھر کہیں گے کہ ہاں، تاجدار ہم بھی ہیں

(ق۔ش)

جادو کو انگ انگ سے نکالنے والا طاقتور ترین عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں اور ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں ہونے والا درس بھی سنتا ہوں۔ ایک مرتبہ درس میں آپ نے ایک عمل بتایا جو ہم نے آزمایا انتہائی لاجواب پایا۔ آپ نے عمل واقعہ کے ساتھ اس طرح بتایا کہ حضرت امام باقر رحمۃ اللہ علیہ جو کہ اہل بیت اطہار رضوان اللہ علیہم اجمعین کی بہت بڑی ہستی کہ جن کا ادب، احترام، محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ ان پر ایک مرتبہ جادو ہوگیا جس کا اثر یہ ہوا کہ کئی مہینے بستر پر بیمار پڑے رہے' دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی' گھبراہٹ ہوجاتی' بعض اوقات باغات میں نکل جاتے' گھر سے باہر نکل جاتے' مسجد میں پڑے رہتے تھے' لوگوں سے نہیں ملتے تھے' کافی عرصہ یہ حالت رہی۔ ایک مرتبہ ایک مسلمان عامل آئے' انہوں نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا اور انتہائی ادب سے کہنے لگے اے نواسہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ رحمۃ اللہ علیہ پر تو جادو ہے اور بہت سخت قسم کا جادو ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تو تیرے پاس اس کا حل ہے؟ اس نے کہا جی حضور ضرور ہے۔ تو اس عامل نے عمل یہ بتایا: اکتالیس عدد بیری کے پتے لے لیں' ہر پتے پر گیارہ مرتبہ آیۃ کریمہ پڑھیں اور گیارہ مرتبہ پہلا کلمہ پڑھیں۔ اب ان پتوں کو پانی میں ابالیں۔ تقریباً دس لیٹر پانی ہو۔ (جس ملک یا شہر میں بیری کے پتے نہ ہوں وہ دوسری جگہ سے منگوالیں' خشک پتے ملیں تو اس پر بھی عمل ہوجائے گا۔) اب اس پانی سے جادو زدہ کو نہلوائیں۔ گرمیوں میں تازہ پانی سے اگر سردی ہو تو نیم گرم پانی سے نہلائیں۔ پانی پتوں سے چھنا ہوا ہو یا دوسرے پانی سے نہالیں اور آخر میں یہ پانی اپنے اوپر بہالیں مگر اس پانی کے بہا لینے کے بعد دوسرا پانی ہرگز نہ بہائیں۔ حضرت حکیم صاحب نے دوران درس مزید بتایا کہ میں نے آج کے دور میں بھی یہ عمل بہت سے لوگوں کو کروایا' اس کے شاندار سو فیصد نتائج ملے ہیں حتیٰ کہ جہاں شک تھا کہ شاید جادو ہو وہاں بھی کروایا اور انتہائی مثبت نتائج ملے۔ آپ سوچ نہیں سکتے اس عمل میں کتنی طاقت ہے۔ جادو کو دھو کر رکھ دے' بیماریوں کو دھو کر رکھ دے' انگ انگ سے جادو نکال دے' بیماری نکال دے' طبیعت کے اندر سے سستی' کاہلی نکال دے اور جسم کو ہشاش بشاش صحت مند بنادے گا۔ ایک ڈاکٹر صاحب بتانے لگے کہ یہ عمل میں اپنے مریضوں کو بلکہ لاعلاج مریضوں کو دیتا ہوں' میں نے کلینک پر چھپوا کر رکھا ہوا ہے۔ میرے پاس کم و بیش سات سو مشاہدات ہیں کہ لاعلاج مریض ٹھیک ہوئے۔ مریض خود بھی کرسکتا ہے اور اس کی طرف سے کوئی اور بھی کرسکتا ہے۔ ہفتے میں دو چار مرتبہ یہ عمل کریں یا ایک مرتبہ یہ عمل کریں۔ کچھ عرصہ لگاتار کریں مرض کی شدت زیادہ ہو تو روزانہ بھی کرسکتے ہیں اگر اس عمل کو روحانی غسل کے ساتھ ہی کریں تو تاثیر اور بھی بڑھ جائے گی۔

یاقہار سے جادو ہمیشہ کیلئے ختم

جب سے انسان راہ حق سے بھٹکا اسے بہت سی آزمائشوں' دکھوں اور تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑا۔ لوگوں کی ان مشکلات کو دیکھتے ہوئے نام نہاد جادوگروں نے اپنے اڈے سجا لیے اور اپنی باتوں سے سادہ لوح لوگوں کو لوٹنا شروع کردیا۔ ابھی پچھلے دنوں ایک خبر پڑھی جس میں یہ واقعہ لکھا تھا کہ ایک جعلی عامل نے گرم سلاخوں سے داغ کر ایک خاتون کو مار ڈالا، خاتون کا شوہر جن اتروانے کیلئے نام نہاد عامل کے پاس لایا جس نے اپنے جن اتارنے کے عمل کے دوران خاتون کے جسم کو گرم سلاخوں سے داغا اور ڈنڈے بھی مارے جس سے خاتون موقع پر ہی ہلاک ہوگئی۔

جادو کی تاریخ انسانی تاریخ کی مانند بہت قدیم ہے جادو ایک علم ہے جس کے ذریعے لوگوں کے دلوں میں وسوسے پیدا کرکے انہیں سیدھے راستے سے بھٹکایا جاتا ہے اور یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ جادو کا بانی ابلیس تھا جس نے انسانوں کے دلوں میں وسوسے ڈالے اور انہیں گمراہ کرنے کا چیلنج کیا تھا اور خدا نے اس کے وسوسوں سے بچنے کی تاکید کی تھی۔ وقت کے ساتھ ساتھ جیسے حق کی قوتیں کام کرتی رہیں ویسے ہی بدی کی طاقتیں بھی اپنا اثر ورسوخ بڑھاتی رہیں اور بدی کا ساتھ دینے والے شیطانی علوم سے عوام الناس کو مختلف مصائب میں مبتلا کرتے رہتے ہیں۔ یہ کالے جادوگر لوگوں کو اپنی طرف راغب کرنے کیلئے بلند و بانگ دعوے کرتے ہیں اور خود کو روحانی سکالر، روحانی ڈاکٹر، عاملوں کا سردار، جنات کا بادشاہ، موکلوں کا مالک اور پیر کامل اور جنات والے ظاہر کرتے ہیں اور اپنا تعلق بنگال، کیرالا، کالی گھاٹ، تبت، نیپال، وار سندر کے ہندو پجاریوں سے ملاتے ہیں اور لوگوں کو دھوکہ دیکر ان سے ہزاروں روپے بٹور لیتے ہیں ان لوگوں کی وجہ سے آج ہر دسواں گھر نت نئے مسائل میں مبتلا ہوچکا ہے اور معاشرے میں کفر اور شرک پھیلانے کا سبب بھی بن رہے ہیں۔ ماہنامہ عبقری میں یاقہار کا عمل چھپنے کے بعد لاتعداد لوگوں کو جادو جنات' سفلی علم' کالا علم' تعویذی اثرات اور نہ حل ہونے والے مسائل سے چھٹکارا ملا۔ اس عمل سے ان کے ناممکن کام ممکن ہوگئے۔

یاقہار کے عمل سے کالا سفلی جادو ختم

یاقہار سے کالے جادو کا وار ختم کرنے کا آسان عمل درج ہے: کچا برتن' پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبولیں' پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَهَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے' جس گناہ سے' جس عیب سے' جس بدکاری سے' یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کرکے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کردیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو' قبلہ رخ بیٹھ کر' پانی روز بدلنا ہے' اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے' گیارہ دن' اکیس دن' اکتیر دن' اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہوگا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ سارا دن یاقہار کو کھلا پڑھیں صبح و شام گیارہ گیارہ تسبیحات اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں اور کالے سفلی گندے علم کو ہمیشہ کیلئے گھر سے بھگائیں۔

مجھ پر جادو ٹونہ کا اثر نہیں ہوتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے اور آپ کے تمام نیک کاموں میں آپ کیلئے غیب سے آسانیاں فرمائے۔ آمین! میں عرصہ تقریباً پانچ سال سے عبقری کا قاری ہوں' ہر جمعرات کو درس میں بھی شرکت کرتا ہوں۔ میں عرصہ گیارہ سال سے مختلف مقدمات

شراب کی عادت چھوٹ سکتی ہے دیر کیسی؟

قارئین! آپ کے پاس کوئی ٹوٹکہ یا وظیفہ ہو جس کے پڑھنے یا کرنے سے شراب کی عادت چھوٹ جائے کیونکہ عبقری سے بہت زیادہ قارئین شراب چھوڑنے کا علاج پوچھتے ہیں۔ اگر آپ پاس ہو تو عبقری کو ضرور بھیجیں۔

میں الجھا ہوا ہوں' میں حق پر ہوں اور مخالفین کی لاکھ کوشش کے باوجود وہ کامیاب نہیں ہو رہے۔ وہ لوگ چند سالوں سے مجھ پر کافی قسم کے سفلی عملیات کروا چکے ہیں مگر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے بتائے ہوئے وظیفے یَاقَھَّارُ کے مسلسل ورد نے مجھے ان سے بچایا ہوا ہے اور ان کا ہر وار خالی جاتا ہے۔ مجھے مختلف خبریں ملتی ہیں کہ آج انہوں نے فلاں عملیات والے سے تم پر بہت بڑا جادو کیا ہے مگر میں یَاقَھَّارُ ہر وقت پڑھتا رہتا ہوں اور صبح و شام اول و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی کے ساتھ گیارہ سو مرتبہ یَاقَھَّارُ پڑھتا ہوں۔ یہ عمل مجھے ان کی چالوں سے بچائے رکھتا ہے۔ (ا۔ج)۔

کالا جادو ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اور میرے سب گھر والے آپ کا رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور اس میں سے بہت سی چیزیں آزماتے بھی رہتے ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! آپ نے اپنی تحریروں میں ناک اور ناف میں تیل لگانے کا ذکر کیا' یہ نہایت ہی فائدے کا سبب ہے۔ میں کچھ دنوں سے ناف اور ناک میں تیل لگا رہی ہوں جس سے میرے دن رات بہت سکون سے گزر رہے ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! ہمارے گھر اور گھر والوں پر کئی سالوں سے کالا جادو ہے جس کے اثرات شاید اب بھی تھوڑے سے ہیں۔ میرے ساتھ ایک مسئلہ یہ بھی تھا کہ میں بچپن سے بہت زیادہ ڈرتی تھی' اکثر رات کو چیخیں مار کر اٹھ بیٹھتی تھی۔ اس لیے ہم سب گھر والوں نے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا عبقری میں بتایا ہوا وظیفہ یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس کا سوا لاکھ بھی ایک بار مکمل کیا اور اس کے علاوہ بھی میں اور میرے والد' والدہ ہر روز گیارہ سو بار صبح اور گیارہ سو بار شام کو پڑھتے۔ اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔ اس سے ہمارے گھر میں بہت سکون آگیا ہے' میرا ڈرنا اب نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے۔

یَاقَھَّارُ کے نقش کا عمل درج ذیل ہے

جو شخص یَاقَھَّارُ کو جدا جدا حرف میں لکھے یعنی ''ی'' علیحدہ، ''ا'' علیحدہ، ''ق'' علیحدہ، ''ہ'' علیحدہ، پھر ''ا'' علیحدہ، اور ''ر'' علیحدہ اور پھر اسی طرح دوسری دفعہ یعنی کل اکتالیس دفعہ جدا جدا حروف میں لکھے اور کالی سیاہی گھلنے والی ہو جو پانی میں گھل جائے اس کو تعویذ بنا کر گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں' پی بھی سکتے ہیں اور اپنے تکیے کے اندر بھی رکھ سکتے ہیں۔

آسیب و سحر سے نجات کا عمل

محبوب الٰہی سلطان المشائخ حضرت مولانا نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ سورہ مزمل کے ذریعہ جادو کا علاج کیا کرتے تھے۔ سورہ مزمل باوضو پانی پر دم کر کے مریض کو دیا کرتے تھے۔ صبح و شام مریض یہ پانی پینے سے جادو کے اثرات سے نجات پاتا تھا۔ ایک مرتبہ آپ نے فرمایا تھا کہ جو شخص سورہ مزمل کو روزانہ پڑھے گا اور اس کو اپنے پاس (باوضو) لکھ کر رکھے گا اس پر کوئی بلا نازل نہ ہوگی۔ اللہ کی مخلوق کی نظروں میں وہ ذی عزت ہوگا۔ اللہ اس کو اپنا ولی بنائے گا اور اس سورہ کی پابندی سے تلاوت کرنے والے پر آسیب و سحر اثر انداز نہ ہوں گے۔ سحر کے اثرات حضرت شاہ کلیم اللہ شاہجہان آبادی کا ارشاد گرامی ہے کہ اگر کوئی شخص عشاء کی نماز کے بعد بیت اللہ کی طرف رخ کر کے گیارہ سو مرتبہ یَاسُبُّوحُ یَاقُدُّوسُ یَاغَفُوْرُ یَاوَدُوْدُ یَاذَاالْجَلَال'' پڑھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اکیس روز میں سحر کے اثرات سے نجات نصیب ہوگی۔ سحر کا اثر ختم کرنا سفید کاغذ پر یہ عبارت باوضو کالی روشنائی سے لکھیں۔ یَاقَاھِرُ ذَاالْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَایُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَاقَاھِرُ اس کو موم جامہ کر کے مریض کے دائیں بازو پر باندھیں۔ دوسرے کاغذ پر یہ عبارت لکھیں۔ یَامُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ یَامُذِلُّ اس کو مریض کے بائیں بازو پر باندھیں اور یہ دونوں عبارتیں ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دس دن کے اندر سحر کے اثرات زائل ہو جائیں گے۔

ایٹم بم وظیفہ اور کالے جادوگر کی معافیاں

ایک صاحب اور ان کی بیوی پر کسی جادوگر نے انتہائی سخت جادو کا وار کیا یہ جادوگر اس جادو پر باقاعدہ پہرہ بھی دیا کرتا اور کسی عامل کو اس کا توڑ نہ کرنے دیتا۔ وہ صاحب فرماتے ہیں کہ ان کی بیوی کے ہاں اول تو حمل ہی نہ ٹھہرتا اور اگر ٹھہر بھی جاتا تو ساقط ہو جاتا اگر کسی طریقہ 9 ماہ پورے ہوتے تو بچے کی پیدائش مردہ حالت میں ہوتی۔ یہ صاحب انتہائی باکردار اور پانچ وقت کے نمازی تھے اور بچوں کو مسجد میں قرآن بھی پڑھایا کرتے تھے۔ بہت علاج کروائے بڑے سے بڑا عامل بلوایا اور علاج کروایا اور ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا مگر نتیجہ صفر نکلا۔ ایک دن ایک انتہائی درویش باعمل عالم اور عامل کے پاس جانا ہوا۔ یہ صاحب اپنے استخارہ کے لیے مشہور تھے اور ان کا استخارہ ایک منٹ کا ہوا کرتا تھا۔ ایک منٹ میں سارا کچا چٹھا کھول کے رکھ دیتے۔ اللہ نے بہت عطا کیا تھا ان کو...... اب یہ پریشانی لے کر ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ مولوی صاحب نے بتایا کہ یہ کسی عام زور آور جادوگر کا وار نہیں بلکہ یہ تو کسی خبیث العین (جادو کی دنیا کا انتہائی غلیظ اور ماہر جادوگر) کا وار ہے اور یہ میرے بس سے باہر ہے۔ میں اس عمر میں اتنی سخت محنت نہیں کر سکتا۔ اس کا توڑ بھی کوئی خبیث العین ہی کر سکتا ہے۔ یہ چونکہ مجبور تھے اس لیے پوچھنے لگے کہ کچھ تو حل ہوگا۔ مولوی صاحب فرمانے لگے کہ سندھ کے فلاں علاقے فلاں جگہ پر ایک گاؤں کے باہر اسی خبیث العین نے ان دنوں ڈیرہ لگایا ہے تو فوراً اس کے پاس چلا جا۔ (یہاں بیان کرتا چلوں کہ مولوی صاحب کا یہ حکم مشیت ایزدی کے تحت تھا خود ساختہ نہ تھا پورا واقعہ پڑھنے کے بعد قارئین کی سمجھ میں آئے گا کہ مولوی صاحب نے ایک جادوگر کے پاس کیوں بھیجا)

یہ صاحب فوراً سندھ روانہ ہو گئے اور جیسے ہی اس گاؤں کے باہر پہنچے تو دور سے ایک آگ کا دہکتا الاؤ لگا ہوا دکھائی دیا۔ انہوں نے بزرگوں کی بتائی ہوئی نشانی دیکھ کر اس کی طرف بڑھنا شروع کیا' دور سے دیکھتے ہیں کہ ایک آدمی آگ کے پاس بیٹھا ہوا ہے اور اردگرد اس کے ماننے والوں کا جمگھٹا ہے۔ ابھی ایک ایکڑ دور تھے کہ وہ شخص اچھل کر کھڑا ہو گیا اور زور زور سے چلانے لگا کہ وہ دیکھو آ گیا' جادو کا ڈسا...... وہ

جسم کے اندر گھسا کانٹا خود بخود باہر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کی آپ پر رحمتیں ہوں اور اللہ آپ سے راضی ہو۔ 2008ء سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں' دوست احباب کو بھی گفٹ کیے' پڑھنے کا مشورہ دیتا ہوں۔ الحمدللہ! لوگوں کو خوب فائدہ ہو رہا ہے۔ عبقری کی ادویات لاجواب ہیں' میں ستر شفائیں گلے کے امراض کیلئے استعمال کر رہا ہوں بہت زبردست رزلٹ ہے۔ میرے ایک دوست نے نسخہ بتایا صدقہ جاریہ کی نیت سے ارسال کر رہا ہوں۔ میرا دوست بتاتا ہے کہ ایک دفعہ میں کھیتوں میں رات کے وقت پانی لگا رہا تھا کہ اچانک میرے پاؤں میں کانٹا چبھ گیا' وہ کھجور کا کانٹا تھا اور پاؤں کے اندر کافی آگے چلا گیا' ہر نسخہ آزمایا مگر بے سود' آخر میں پندرہ دن چارپائی پر بیٹھا رہا' دیہاڑی دار آدمی تھا بہت پریشان' کانٹا تھا کہ نکلنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔ آخر ایک شخص کو پتہ چلا وہ کسی زمین دار کا نوکر تھا وہ آیا' اللہ اس کا بھلا کرے' اللہ اس کے بچوں کا بھلا کرے (وہ جب یہ واقعہ سنا رہا تھا ساتھ اس شخص کو دعائیں دے رہا تھا) خیر اس نے کہا کہ آپ ارنڈ (ہرنولی) کے بیج کوٹ کر باندھیں میں نے ایک پٹی باندھی دوسری باندھی' دوسری پٹی پر کانٹا جہاں بھی تھا باہر نکل آیا' میں بہت خوش ہوا۔ چند الفاظ مزید قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔ بخل تنگ دلی کو توڑتا ہے۔ چاہے جیسے بھی حالات ہوں صرف اللہ سے امید رکھنی چاہیے۔ ہر وقت ہر لمحہ مخلوق کے فائدہ کے بارے سوچنا چاہیے۔ (سہیل احمد' دائرہ دین پناہ)

مہندی کالیپ اور چیچک: چیچک کے مریضوں کے تلوؤں میں اگر صبح وشام مہندی لگائی جائے تو آنکھیں بیماری کے اثرات سے محفوظ رہتی ہیں اور چیچک کے آبلے جلد ٹھیک ہوجاتے ہیں۔

آگیا قرآن پڑھانے والا...... یہ اس کے پاس پہنچے اور اپنا مقصد بتایا۔ اب خبیث العین خوشی سے پاگلوں کی طرح ناچنے لگا اور بولا جاؤ فلاں کے پاس...... جاؤ فلاں کے پاس...... یہ گرہ جو لگی ہے کھلواؤ اپنے مولویوں سے...... غرض اس نے مولوی صاحبان کے ساتھ ساتھ ان صاحب کو بھی برا بھلا کہا اور بڑے بڑے خدائی کے دعوے بھی کیے اور جادو توڑنے سے انکار کردیا۔ یہ صاحب واپس آئے اور اپنے رب کو پکارا کہ یااللہ! یہ بھی مخلوق ہے تو چاہے تو کیا نہیں ہوسکتا' یہ ظالم مجھ پر غالب آگئے ہیں اور ظلم کرنے سے باز نہیں آرہے اور رورو کے اللہ کے حضور التجائیں کیں۔ دفعتاً دل میں القا ہوا کہ جادو کا توڑ تو آقا ﷺ نے معوذتین سے کیا تھا اور جادو بھی انتہائی سخت بلکہ آخری درجے کا تھا جب آقا ﷺ نے معوذتین سے یہ جادو توڑا تو میں بھی معوذتین ہی پڑھتا ہوں۔ اب انہوں نے اللہ کا نام لیا اور اسی رات سے باوضو ہوکر مسجد میں جاکر معوذتین اس جادو کی توڑ کی نیت سے پڑھنی شروع کی۔ یہ پوری رات پڑھتے رہے اور وقتاً فوقتاً دن کو بھی ورد چلتا رہتا ہر وقت باوضو رہنے لگے' غالباً چھٹے دن رات کو اونگھ آگئی اور اچانک خون کی پوری بالٹی ان کے اوپر جیسے کسی نے گرادی ہو۔ یہ بہت پریشان ہوئے اٹھے مسجد کے ساتھ ہی کنواں تھا وہاں نہائے دھوئے اور کپڑے بھی پاک کیے' مسجد دھوئی۔ اب سوچا بی بی کی بھی خبر لوں' گھر پہنچے تو وہاں بھی یہی حال تھا اور بیوی انتہائی پریشان تھی۔ بیوی کو دلاسہ دیا اور فرمانے لگے کہ بھلی مانس اب کچھ ہلچل ہوگئی ہے' انشاء اللہ اب کام بن جائے گا۔

ایک نئے ولولے سے اسی رات سے پھر دوبارہ مسجد میں عمل شروع کردیا نویں دن پھر وہی ہوا اونگھ آئی اور دونوں میاں بیوی پر خون کی بالٹی گرادی گئی۔ انہوں نے ہمت نہ ہاری اور پڑھنا جاری رکھا۔ تیرہویں دن صبح کے وقت وہی سندھ والا خبیث العین مسجد میں داخل ہوا اور آتے ہی پیروں میں گر کے معافیاں مانگنے لگا۔ ان صاحب نے اسے بولا کہ تو مجھ سے کیوں معافیاں مانگ رہا ہے؟ کہنے لگا کہ اللہ کے واسطے مجھے معاف کردیجئے' پھر بتاؤں گا۔ انہوں نے معاف کردیا اور وجہ پوچھی۔ کہنے لگا کہ آپ میاں بیوی پر جادو میں نے کیا تھا جب آپ مسجد میں عمل کرنے بیٹھے تو میں بھی آپ کے مقابلے پر بیٹھ گیا اور روزانہ میرا کیا ہوا جادو مجھ پر ہی الٹا چلنے لگا اور میرے موکل میرے دشمن ہوگئے۔ یہ صاحب فرمانے لگے کہ اگر یہ بات تو نے مجھے پہلے بتادی ہوتی تو تجھے میں کبھی معاف نہ کرتا۔ بہر حال یہ جادوگر معافی مانگ کر اپنی جان بچا کر واپس سندھ لوٹ گیا۔ کیونکہ اگر وہ معافی نہ مانگتا تو جان سے ہاتھ دھو بیٹھتا۔ انہوں نے اللہ کا شکر ادا کیا مگر جادوگر کی صلح کا اعتبار بھی نہ کیا اور اکتالیس دن مسلسل عمل کرتے رہے اس کے بعد اللہ نے ان کو نرینہ صحت مند اولاد سے نوازا اور دو سے زائد بیٹے عطا فرمائے اور بندش ہمیشہ کیلئے ٹوٹ گئی۔

معوذتین کا آسان اور موثر عمل

نوچندی جمعرات سے عمل شروع کریں' عشاء کے بعد وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ معوذتین 505 مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمی پانچ مرتبہ پڑھیں۔ پہلے سورۂ فلق 505 مرتبہ پھر سورۂ ناس 505 مرتبہ اور روزانہ پانی' چینی اور سونف پر دم کرلیا کریں۔ 41 دن عمل کریں اور کم از کم 21 دن ہر روز چینی اور سونف استعمال کریں اور ساتھ محفوظ بھی رکھیں اور ہر دسویں دن دم کیے ہوئے پانی سے کسی پاک صاف جگہ پر نہا لیا کریں۔ دم کیا ہوا (پانی' چینی اور سونف) محفوظ رکھیں اور عمل کے بعد روزانہ 41 مرتبہ پڑھ کر پھونک دیا کریں تاکہ عمل جاری رہے انشاء اللہ جادو' ٹونہ' حسد' آسیب وغیرہ سے مکمل شفاء ہوگی۔ نوٹ: عمل شروع کرنے سے پہلے اور مکمل کرنے کے بعد شیرینی بچوں میں تقسیم ضرور کریں۔ دم کیے ہوئے پانی سے تین گھونٹ پانی برتن میں ڈالیں باقی حسب ضرورت سادہ پانی ملالیں جس کسی کو بھی دم کیا ہوا پانی' چینی اور سونف دیا کریں گے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ تیل بھی دم کیا جاسکتا ہے۔ حصار کا طریقہ: عمل شروع کرنے سے پہلے سات مرتبہ آیۃ الکرسی اور سات مرتبہ تیسرا کلمہ اول و آخر درود شریف ہاتھوں پر دم کرکے پورے جسم پر بہ نیت حصار پھیر لیا کریں۔

(قارئین درج بالا تحریر ماہنامہ عبقری میں پہلے بھی شائع ہوچکی ہے۔ جادو کے توڑ کیلئے اس کی اہمیت کے مدنظر اسے دوبارہ عبقری کے صفحات کی زینت بنایا گیا ہے۔)

(بقیہ: روحانی محفل سے فیض پانے والے)

بھی میسر نہیں۔ قرض لینے والے گھر آکر ذلیل کرتے۔ عبقری تو پہلے بھی آتا تھا مگر جب سے یاقہار اور روحانی محفل والا عمل ملا اور ہم سب گھر والوں نے دل وجان سے کرنا شروع کردیا۔ روحانی محفل دی گئی ترتیب سے کرتے اور یاقہار سارا دن کھلا پڑھتے۔ الحمدللہ! اب خون آنا بھی بند ہوگیا' گھر میں سکون آگیا' اب کوئی جن کسی پر آکر ہمیں نہیں للکارتا' معاشی حالات میں بہتری آرہی ہے۔ (ن، ل، ا)

(بقیہ: پاک فوج کے شیر دل جوان کی کہانی)

ہے۔ میرے ہارٹ کے سب ٹیسٹ ہوچکے ہیں اور میری ساری رپورٹس نارمل ہیں' (اس نے یہ کہہ کر کاغذات کا ایک ڈھیر اپنی میز کی دراز سے نکال کر میرے سامنے رکھ دیا) وہ بول رہا تھا اور دیکھو میری رپورٹس بالکل نارمل ہیں۔ میری کیٹیگری دوبارہ اَپ ہوچکی ہے۔ میری پروموشن ہونے والی ہے۔ ذرا دیکھو! درود شریف کی برکت نے مجھے کہاں سے کہاں پہنچادیا۔ میں ششدر رہ بیٹھا رہ گیا' میری آنکھیں بے اختیار آسمان کی طرف اٹھ گئیں جہاں دو عالم کا رب بیٹھا ہے جو رگ وجاں سے بھی زیادہ قریب ہے جو ہر بندے کی صدا بے شک ضرور سنتا ہے' وہ کہہ رہا ہے میرے خزانے میں کسی چیز کی کمی نہیں۔ (بے شک)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد اَللّٰھُمَّ کٓھٰیٰعٓصٓ کا ورد کریں' اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اسکے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت غور سے پڑھتا ہوں۔ چند سال سے عبقری رسالہ میں ہر ماہ دیا جانے والا مراقبہ ضرور کرتا ہوں۔ پہلے پہل تو مجھے پر کچھ بھی ظاہر نہ ہوا۔ مگر الحمدللہ گزشتہ دنوں کیا جانے والے مراقبہ میں مجھے حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی اور یہ میری زندگی کا خوش قسمت ترین دن ہے۔ دوران مراقبہ بہت دیر تک مجھے یہ محسوس ہوا کہ نور ہی نور ہے جس کو پکڑ کر میں اوپر جارہا ہوں پھر ایک خاص جگہ پر جاکر رک جاتا ہوں' ایک لکڑی کا بہت ہی خوبصورت دروازہ جس پر سونے کا کام ہوا تھا دکھائی دیا، اندر بہت بڑا دربار لگا ہوا جس میں بہت بڑے بڑے بزرگ تشریف فرما ہیں۔ مجھے یہ محسوس ہورہا تھا کہ یہ جگہ ریاض الجنۃ ہے اور میرے آقا نبی کریم ﷺ سب سے آگے تشریف فرما ہیں اور ان کی ہلکی ہلکی آواز مبارک میرے کانوں میں سنائی دے رہی ہے، مجھے ایسا محسوس ہورہا ہے کہ کوئی خاص طاقت مجھے آہستہ آہستہ آگے لے کر جارہی ہے اور میں نے اس دربار میں اندر جانے کی ہمت کی ہے کسی خاص طاقت (باقی صفحہ نمبر 41 پر)

شہوت، غفلت، حرص اور بخل جیسے امراض ختم: جوان امراض میں مبتلا ہو اسے چاہیے کہ رات سوتے وقت اپنے بستر پر بیٹھ کر یا لیٹ کر اسم یَابَاعِثُ 573 مرتبہ روزانہ پڑھے۔ یہ عمل ایک سال تک جاری رکھے۔

خواتین پوچھتی ہیں؟

ام اوراق

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

نظام انہضام تباہ ہو چکا: میری عمر 25 سال ہے طالب علم ہوں، چند ماہ سے میرے پیٹ میں تکلیف ہے، ہر وقت پیٹ بھرا بھرا رہتا ہے، بھوک نہیں لگتی، زبردستی کھانا کھاتی ہوں، پیٹ میں گیس بنتی ہے اور بعض دفعہ سخت درد ہوتا ہے، اکثر قے بھی آجاتی ہے، کئی دوائیاں کھائیں مگر وقتی طور پر آرام آتا ہے، پھر وہی تکلیف، مجھے کوئی مشورہ دیجئے میں دوائیاں نہیں کھانا چاہتی، غذا سے صحیح ہونا چاہتی ہوں۔ (س۔ر)

مشورہ: آپ نے کھانے پینے میں جو بے اعتدالیاں کی ہیں ان کا نتیجہ آپ کے سامنے ہے، نوجوان عجلتی کھانوں (فاسٹ فوڈ) کے دیوانے ہیں، آپ لوگ بھنی مرغی اور تکے کباب شوق سے کھاتے ہیں، شاید آپ کو علم نہیں کہ مرغیوں کو کیا خوراک دی جاتی ہے اور ان کے مابعد اثرات کیا ہیں، یہ انسانی صحت کو تباہ کر دیتی ہے، اب آپ بازار کے کھانے چھوڑ دیں، گھر میں سادہ غذا بنایئے، آپ کے لیے گھیا بہت اچھا ہے، گوشت میں پکا کر کھائیں نیز اس کی بھجیا یا پھر دہی میں رائتہ بنا کر کھائیں، دن میں ایک بار گھیا ضرور کھائیں، ناشتے میں دلیہ لیں، اس میں ایک بڑا چمچ شہد ملا لیں، دلیہ جو کا ہو، تو زیادہ بہتر ہے۔ ادرک کا رس آدھا چمچ، لیموں کا رس ایک چمچ، پودینے کا پانی ایک چمچ اور ایک چمچ شہد ملا کر رکھ لیں، ان سب کو ملا کر آہستہ آہستہ چاٹ لیں، دن میں دو بار لیں، یہ نسخہ گوشت، مرغن، تلے ہوئے کھانوں سے پیدا شدہ بدہضمی کیلئے مفید ہے، دوسری بیماریاں بھی دور کرتا ہے، دن میں تین بار بھی لے سکتے ہیں، ادرک کے بہت سے فائدے ہیں، ادرک کا چھوٹا سا ٹکڑا کاٹ کر پانی میں ابالیں، جب خوب جوش آجائے تو آپ چائے کی پتی ڈال کر دم کریں، یہ چائے نزلہ زکام اور سردی میں بے حد مفید ہے، آپ پرہیز کریں اور ادرک کا رس استعمال کریں، ان شاء اللہ دو چار ہفتوں میں صحت یاب ہو جائیں گے۔

میرے گھر کے امرود: ہمارے گھر میں امرود کے دو درخت ہیں، امرود لگتے تو ہیں، مگر اتنے میٹھے نہیں، مجھے لال رنگ کے امرود پسند ہیں، آپ مجھے امرود کے بارے میں بتائیں، اس کے کیا فائدے ہیں، یا ویسے ہی ہم لوگ ذائقہ کیلئے کھاتے ہیں۔ (نازیہ ملک، لاہور)

مشورہ: امرود بہت اچھا اور غذائیت سے بھرپور پھل ہے، جن لوگوں کو دل کا عارضہ ہو، دل تیز تیز دھڑکتا ہو بلند فشار خون ہو تو امرود کھانے سے افاقہ ہو جاتا ہے، کچھ لوگوں کو بھوک نہیں لگتی، وہ کھانے کے بعد ایک دو امرود کھا لیں تو ان کی بھوک بڑھ جاتی ہے، اسی طرح جن کا نظام انہضام ٹھیک نہ ہو، قبض رہتا ہو، آنتوں میں خشکی ہو تو ناشتے میں پیٹ بھر کر امرود کھائیں، کالی مرچ اور ذرا سا نمک چھڑک سکتے ہیں، چند روز نہار منہ امرود کھانے سے قبض دور ہو جائے گا، اسی طرح بخار کے بعد منہ کا ذائقہ خراب ہو جاتا ہے، امرود کی چاٹ بنا کر کھائیں، منہ کا ذائقہ ٹھیک ہو جائے گا، کھانسی میں کچا امرود جلا کر کھانے سے آرام آتا ہے امرود کے بیج بھی کھانے چاہئیں، آنتوں میں جو فاسد مادے رکے ہوتے ہیں، خارج ہوتے ہیں، امرود کا شربت بھی بنتا ہے جو ہاضم اور مزیدار ہوتا ہے۔ مجھے بھی امرود اچھے لگتے ہیں جب تک اپنا گھر تھا، امرود کا پیڑ رہا، ہم قربانی کا خون امرود کے پودوں کی جڑوں میں ڈالتے تھے اور پھول آنے سے پہلے جڑ کے پاس زمین کھود کر چاروں طرف گڑ بھی کوٹ کر ڈالتے، اس عمل سے امرود لال اور میٹھے ہوتے تھے، جب وہ گھر چھوڑا تو سب سے زیادہ امرود کے درخت کا افسوس ہوا، سارے محلے میں امرود بانٹتے تھے۔

دھوئیں کی ناگوار بدبو: ہمارے گھر کے پیچھے لکڑی اور کاغذ وغیرہ کا کام ہوتا ہے، یہ لوگ جب ردی کاغذ جلاتے ہیں تو گھر میں ناگوار بو پھیل جاتی ہے جو بہت بری لگتی ہے، اکثر دم گھٹنے لگتا ہے، اسی طرح اگر کوئی مہمان گھر میں سگریٹ پیئے تو اس کا دھواں اچھا نہیں لگتا، آپ اس بارے میں ضرور لکھیں کہ دھوئیں کی بدبو سے کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ (س۔ر)

مشورہ: دھوئیں کی بدبو واقعی برداشت نہیں ہوتی، دھوئیں سے سانس رکنے لگتا ہے، پھر گلا بھی خراب ہو جاتا ہے، جیسے ہی دھوئیں کی بدبو محسوس ہو آپ چھوٹے چھوٹے پیالوں میں دو تین جگہ سرکہ بھر کر رکھ دیں، تھوڑی دیر میں دھوئیں کی بدبو نہیں رہے گی، اس طرح اگر کوئی مہمان سگریٹ پیئے تو اس کے دھوئیں کی بدبو دور کرنے کیلئے کمرے میں کسی جگہ موم بتی جلا دیں، موم بتی جلنے کے بعد سگریٹ کی بدبو نہیں آئے گی، اسی طرح غسل خانہ میں سگریٹ پیا جائے اور بدبو ہو تو آپ ماچس کی چار پانچ تیلیاں جلائیں، بدبو بہت ہو تو موم بتی چند منٹ کیلئے جلا دیں، بدبو دور ہو جائے گی، اگر ناک اور منہ میں دھوئیں کی وجہ سے خراش ہو یا گلا بند ہونے لگے تو ایک چمچ چینی منہ میں ڈال کر چوسیے، زیادہ ہی دھواں لگا ہو تو دو چمچ چینی ایک گلاس پانی میں ڈال کر آہستہ آہستہ پی لیں، سکون ملے گا۔

سر چکراتا ہے: میرا سر چکراتا ہے، اس کیلئے آپ بتایئے کیا کرنا چاہئے؟۔ (راحیلہ، لاہور)

مشورہ: لگتا ہے آپ کی نیند پوری نہیں ہوتی، آپ جلدی سویئے تا کہ نیند پوری ہو، رات کو آپ سات بادام پیس کر دودھ میں ملا کر پئیں، آملے کا مربہ منگوا کر رکھئے، ایک آملہ لے کر چاندی کا ورق لپیٹ کر نہار منہ کھایئے، چکر نہیں آئیں گے۔

چڑچڑاپن: پچھلے آٹھ ماہ سے میرے شوہر چڑچڑے ہو گئے ہیں، سب سے اہم بات یہ کہ انہوں نے دوسرے کمرے میں سونا شروع کر دیا ہے، مجھ سے کوئی بات نہیں کرتے، ان کی عمر چالیس سال سے زائد ہے، ان کی وجہ سے بہت پریشان ہوں کمزور ہوتے جا رہے ہیں، علاج بھی نہیں کراتے، اصل میں ہماری آمدن محدود ہے، مشکل سے گزارہ کرتی ہوں، آپ ان کیلئے کوئی آسان سا نسخہ بتایئے، جس سے ان کی کمزوری دور ہو جائے، ہمارے دو بچے ہیں۔ (ایک پریشان بیگم)

مشورہ: آپ بازار سے چھوہارے خریدیں، آپ شام کو پانچ چھوہارے دھو کر ایک پیالہ پانی میں بھگو دیں، رات کو ایک پاؤ دودھ میں یہ چھوہارے اور پانی ملا کر پکایئے، جب ایک پیالہ دودھ رہ جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے کسی ٹھنڈی جگہ رکھ دیجئے، صبح کے وقت آپ سب سے پہلے اپنے شوہر کو چھوہاروں والا دودھ دیجئے، ان سے کہیں کہ چھوہارے کھا لیں اور دودھ پی لیں۔ پانچ چھ ہفتے میں ان کی کمزوری دور ہو جائے گی، جسم میں چستی اور توانائی کا احساس ہوگا، چھوہارے میں بہت طاقت ہوتی ہے، اس میں غذائی ریشہ کے ساتھ ساتھ بے پناہ حیاتین بھی شامل ہیں۔ یہ دل اور اعصاب کو تقویت دے گی، کہنے کو تو پانچ چھوارے معمولی بات لگتی ہے مگر آپ آزما کر دیکھئے، یہ خاطر خواہ فائدہ دیں گے، چھوہارے پرانے اور کالے نہ ہوں۔ اچھی بات ہے کہ آپ سفید پوشی کا بھرم رکھتی ہیں، اس کے ساتھ ساتھ شوہر پر بھی بھرپور توجہ دیجئے، ہر بات کا خیال رکھیں، وہ بھی انسان ہیں، پیسہ نہ ہونے سے ویسے ہی پریشانیاں پیدا ہوتی ہیں، ایسے میں بیوی ساتھ نہ دے تو مسئلہ بن جاتا ہے، وہ آپ لوگوں کیلئے محنت کرتے ہیں اور آپ کا فرض ہے کہ ان کا خیال رکھیں، ان کا ساتھ دیں۔

پاک فوج کے شیر دل جوان کی کہانی

عبدالمناف‘ چاہ سمندری ملتان

اس بزرگ نے کہا: تمہیں درود شریف ایک کروڑ بار پڑھنا ہوگا میں نے ان سے وعدہ لیا کہ یہ عمل چنداں مشکل نہیں! اور پھر میں نے پورے شد و مد سے درود شریف پڑھنا شروع کردیا اور آج اس درود شریف کی برکت سے میں تمہارے سامنے ٹھیک ٹھاک بیٹھا ہوں‘ میرے دل کی دھڑکن معمول پر ہے۔

کرنل خضر جاوید قاضی صاحب آرمڈ کور میں اپنی ڈیوٹی سرانجام دینے کے بعد ابھی حال ہی میں ریٹائر ہوئے ہیں‘ آپ نے آرمی کی سروس ایک بہادر پرجوش فوجی کی حیثیت سے گزاری آپ کو بہترین پرفارمنس پر تمغہ امتیاز سے نوازا گیا ہے آیئے ان کی زبانی قصہ سنتے ہیں:۔ یہ واقعہ جو میں آپ کو سنانے والا ہوں میرے ایک دوست کے ساتھ وقوع پذیر ہوا۔ میں ان دنوں مری میں تعینات تھا کہ اچانک مجھے اپنے ایک آفیسر کے بارے میں علم ہوا کہ اس کی کیٹیگری ڈاؤن کردی گئی ہے‘ آرمی آفیسر کیلئے کیٹیگری ڈاؤن ہونا ایک بہت بڑے سانحے سے کم نہیں ہوتا۔ ایک بہادر فوجی مورچے میں دشمن سے جنگ لڑسکتا ہے‘ محاذ پر سینہ تان کر مقابلہ کرسکتا ہے‘ سمندر کی تہوں میں یا آسمان کی وسعتوں میں دشمن کو پسپائی پر مجبور کرسکتا ہے لیکن اپنی قسمت سے جنگ نہیں لڑسکتا۔ میں اپنے دوست سے ملنے اور اس کے غم میں شریک ہونے اور اسے حوصلہ دینے اس کے گھر گیا‘ معلوم ہوا کہ اس کے دل کے تین والو بند ہیں لیکن میرا وہ دوست اسی سپاہیانہ جوش و جذبے سے بہت حوصلے میں تھا‘ اس کی شگفتہ مزاجی اسی طرح قائم دائم تھی وہ پہلے کی طرح بات بات پر لطیفے سنا رہا تھا‘ ہنس رہا تھا‘ بالکل اسی سپاہی کی طرح جو مورچے میں دشمن کے گولوں کی بوچھاڑ میں بھی اپنی خوش مزاجی اور حواس کو قائم رکھتا ہے اور اچانک کسی سمت سے آنے والی گولی کے خوف سے اپنے آپ کو اور زیادہ بے نیاز ثابت کرنے کیلئے موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر شیر دل ہونے کا ثبوت دینے لگتا ہے۔ یار مجھے آپریشن کیلئے کہا گیا ہے اور حکم دیا گیا ہے کہ میں فوری طور پر سی ایم ایچ میں رپورٹ کروں اور مجھے انہوں نے ہائی رسک کے مریضوں کی کیٹیگری میں شامل کیا ہے۔ لیکن یار! پتہ نہیں کیا بات ہے! میں فوجی ہوں اور میں آپریشن ٹیبل پر نہیں مرنا چاہتا‘ مجھے اس طرح کی موت منظور نہیں‘ موت نے تو آنا ہے اور وہ ہر حال میں آئے گی لیکن میں اسے خود چل کر ٹیبل پر لیٹ کر اپنا دل پیش نہیں کرنا چاہتا۔ میں نے اس کے کندھے پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا: آج کل کے ماڈرن دور میں ایسی باتیں؟ زمانہ کہاں سے کہاں تک پہنچ گیا‘ آپریشن کامیاب ہورہے ہیں تم ایسا کچھ سوچنا ہی چھوڑ دو اور آپریشن کی تیاری کرو ہم تمہیں زندہ دیکھنا چاہتے ہیں اب تو دل کا آپریشن ایک نارمل سی بات سمجھی جاتی ہے‘ وہ کسی سوچ میں ڈوب گیا‘ میں نے اسے چپ دیکھ کر کہا: یار کچھ بھابی اور بچوں کی بھی تو سناؤ‘ یار خضر! یہ آپریشن بھی موت ہی ہوئی ناں؟ دل نکال کر ایک ٹرے میں رکھ دیں‘ اب پتہ نہیں دل صحیح جڑے نہ جڑے‘ دوبارہ ورک کرے نہ کرے؟ سپارک اپنا اثر دکھائے نہ دکھائے؟ میں نے اس کی بات ٹوکتے ہوئے کہا: یار تم ایسی باتیں سوچ ہی کیوں رہے ہو؟ اللہ نے چاہا تو تم بالکل صحت یاب ہوجاؤ گے‘ آپریشن کا صرف خوف ہی ہوتا ہے اور کچھ نہیں۔ وہ پھر کچھ کہنے لگا: میں نے گرج کر کہا: ’’نو مور ٹاک اباوٹ اٹ‘‘ ہم تمہیں صحت مند دیکھنا چاہتے ہیں۔ ان دنوں میری پوسٹنگ ہوگئی اور پھر میں ٹریننگ کیلئے کوئٹہ چلا گیا۔ اس دوران میری اپنے اس دوست سے ملاقات نہ ہوسکی۔ میرا خیال تھا آپریشن کے لمحات سے نبرد آزما ہوچکا ہوگا‘ اس کے زندہ ہونے کی خبریں اپنے کولیگ سے ملتی رہتی تھیں اور پھر چند سال بعد ہم دوبارہ ایک اسٹیشن پر اکٹھے ہوتے ہیں اسے ملنے گیا تو وہ اپنی سیٹ سے اٹھ کر اسی محبت اور جوش سے مجھے ملا۔ میں نے اسے دیکھا اور اور دیکھتے ہی کہا: سناؤ، آخر تم نے میرا کہا مان لیا نا۔۔۔! اور اب دیکھو بالکل بھلے چنگے ہو‘ وہ مسکرایا اور بولا: ٹھیک تو ہوگیا ہوں لیکن تم حیران ہوگے میں نے آپریشن نہیں کروایا‘ تو پھر یہ کیسے؟ تم ٹھیک تو ہونا! کہنے لگا: یار خضر! میں آپریشن سے ڈرتا تھا‘ بہت زیادہ میں نے اپنے آپ کو قائل کرنے کی کوشش کی لیکن میں اس مقصد میں کامیاب نہ ہوسکا ان دنوں موت مجھ سے صرف چند قدم دور تھی‘ مجھے ایک بزرگ ملے‘ میں نے اپنی پریشانی کا ذکر کیا‘ انہوں نے صرف اتنا کہا: بیٹا اگر تم صحت یاب ہونا چاہتے ہو تو پھر تمہیں ایک نسخہ کیمیا بتاتا ہوں اگر تم نے سچے دل کی لگن سے یہ نسخہ آزما لیا یقین کامل ہے تم ٹھیک ہوجاؤ گے۔ اس بزرگ نے کہا: تمہیں درود شریف ایک کروڑ بار پڑھنا ہوگا میں نے ان سے وعدہ لیا کہ یہ عمل چنداں مشکل نہیں! اور پھر میں نے پورے شد و مد سے درود شریف پڑھنا شروع کردیا اور آج اس درود شریف کی برکت سے میں تمہارے سامنے ٹھیک ٹھاک بیٹھا ہوں‘ میرے دل کی دھڑکن معمول پر (بقیہ صفحہ نمبر 35 پر)

خطرناک رستا پھوڑا اور وظیفہ عبقری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم خیریت سے ہیں امید ہے آپ بھی اللہ تعالیٰ کے کرم سے خیریت سے ہوں۔ ہم آپ کے رسالہ عبقری کے جنوری 2011ء سے قاری ہیں ہم پورے گھر والے یہ رسالہ بڑے شوق سے پڑھتے ہیں اس رسالہ سے ہمیں بہت کچھ ملا ہے‘ اس پرفتن دور کا یہ بہترین رسالہ ہے‘ اس میں اکثر اوقات وظائف بھی آتے رہتے ہیں ایک دفعہ میری بیٹی کی آنکھ کے نیچے ایک پھوڑا سا بن گیا جو وقت کے ساتھ ساتھ رستا تھا‘ رسنے کی وجہ سے گڑھا سا بن گیا‘ بہت ڈاکٹروں‘ حکیموں کو دکھایا‘ کوئی ناسور کہتا‘ کوئی بھگندر کہتا‘ کہیں سے بھی ٹھیک نہیں ہوا پھر نشتر میڈیکل کالج ملتان داخل کروایا اور وہ بھی علاج کرتے رہے بعد میں بتایا آپریشن ہوگا وہ بھی نہ ہوا‘ انہوں نے برن یونٹ ریفر کردیا وہ بھی ٹائم دیتے رہے کہ آپریشن کریں گے جب بھی کوئی بیڈ فارغ ہوگا ہم آپ کو کال کرکے بلالیں گے‘ ڈیڑھ ماہ گزر گیا۔ دعائیں بھی ساتھ ساتھ کرتا رہا‘ عبقری رسالہ میں ایک وظیفہ لکھا تھا کہ اللہ الصمد جو کہ سوا کلو گندم کے دانوں پر ایک ایک دانے پر پڑھنا ہے پھر دانے دریا یا نہر میں ڈال دینے میں میری بیوی نے بڑے شوق اور توجہ سے یہ عمل کیا اور دانے نہر میں بہا دیئے اس دن سے پس نکلنا بند ہوگئی۔ دوسرے دن 313 دفعہ درود ابراہیمی پڑھنا شروع کیا‘ چالیس دن تک عشاء کے بعد ایک جگہ بیٹھ کر پڑھا۔ آہستہ آہستہ سوراخ بند ہونا شروع ہوگیا اور آخر اس کا اب نشان تک ختم ہوچکا ہے۔ یہ سب اللہ کا کرم ہے۔

مرض لیکوریا کا مکمل خاتمہ ہمارا آزمودہ گھریلو نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے پاس ایک آزمودہ نسخہ لیکوریا سے نجات کیلئے ہے۔ یہ نسخہ ہمارا آزمودہ ہے۔ اس آزمودہ نسخہ کے استعمال سے لیکوریا کا خاتمہ ہوجاتا ہے اور شادی شدہ بے اولاد خواتین کی جسمانی کمزوری کا خاتمہ کرکے اولاد کی خوشی نصیب ہوتی ہے۔ انشاء اللہ۔ نسخہ درج ہے **ھوالشافی:** چھوٹی الائچی‘ طباشیر‘ چھلکا اسپغول‘ مصری‘ ست کلودی‘ ورق چاندی۔ تمام اشیاء ہم وزن لینی ہیں۔ رات کو کھاتے سوتے وقت ایک چمچ چائے والا نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ (حنا رفیق‘ ساہیوال)

ریاحی دردوں کی مالش: ریاحی دردوں میں دو ماشہ نمک گرم پانی کے ساتھ دن میں دو بار پلانے سے اور تلوں کے تیل میں نمک ملا کر مقام درد پر مالش کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

صرف میک اپ ہی نہیں! کچن میں موجود اشیاء بھی حسن نکھارتی ہیں

خواتین مہمانوں کو بلانے سے اسلیے بھی کتراتی ہیں کہ وہ لوگوں کا سامنا کرنے میں گھبراہٹ محسوس کرتی ہیں۔ یا پھر وہ سمجھتی ہیں کہ ان میں اچھی میزبانی کی صلاحیتیں موجود نہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ آپ کے اندر ایک اچھی میزبان چھپی ہے۔

اچھی میزبان ہونا' خاتون خانہ کی گوناگوں صلاحیتوں میں سے ایک اہم ترین صلاحیت ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اچھی میزبان ہونا بھی ایک آرٹ ہے' لہٰذا ایک خاتون کو اس آرٹ سے بخوبی واقف ہونا چاہیے۔ یوں تو ہمارے ہاں کی بیشتر خواتین خاصی مہمان نواز ہوتی ہیں۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ مہمان نوازی اور رواداری ہمارے کلچر اور روایات میں شامل ہے۔ لوگوں سے ملنا جلنا اور مہمان داری کرنا نہ صرف ہماری مذہبی اور تہذیبی روایات کا حصہ ہے بلکہ ہماری سماجی ضرورت بھی ہے۔ لہٰذا یہ باتیں بچپن ہی سے بڑوں کی تربیت اور اردگرد کے ماحول کی بدولت ہمارے مزاج کا حصہ بن جاتی ہیں۔ تاہم اس کے باوجود ہر خاتون اچھی میزبان ثابت نہیں ہوتی کیونکہ وہ اکثر و بیشتر کچھ بنیادی باتوں کو نظرانداز کرجاتی ہے۔ اچھی میزبان بننے کیلئے ضروری ہے کہ آپ کی توجہ گھرداری اور سلیقہ شعاری کے ہر پہلو پر رہے۔ اس میں آپ کی اپنی ذات بھی شامل ہے لہٰذا گھر کی صفائی ستھرائی اور کھانوں کی تیاری میں مصروف ہوکر اپنی تیاری کو نظرانداز نہ کریں کیونکہ اگر خاتون خانہ ہی کسی مہمان داری کے موقع پر اچھے حلیے میں نہ ہو تو باقی ساری تیاریوں اور اہتمام کا تاثر ماند پڑ جاتا ہے۔ اس لیے مہمانوں کی آمد اور کسی دعوت وغیرہ کے موقع پر اپنے لباس اور اس کی مناسبت سے دیگر لوازمات کا انتخاب ایک دن پہلے کرلیں۔ کپڑوں کو استری کر کے ہینگر میں لگا دیں اور دوسری چیزیں بھی نکال کر علیحدہ رکھ لیں۔ اس طرح وقت کی بچت ہوگی اور آپ عین موقع پر ہڑبونگ کا شکار ہونے سے بچ جائیں گی۔ جب کسی کو اپنے گھر بلائیں تو پھر کھلے دل کے ساتھ اس کا استقبال کریں۔ خاص طور سے کسی خاص موقع پر جب تمام گلے شکوے مٹا کر ایک دوسرے سے ملا جاتا ہے بہت سی خواتین مہمانوں کو بلانے سے اس لیے بھی کتراتی ہیں کہ وہ لوگوں کا سامنا کرنے میں گھبراہٹ محسوس کرتی ہیں۔ یا پھر وہ سمجھتی ہیں کہ ان میں اچھی میزبانی کی صلاحیتیں موجود نہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ آپ کے اندر ایک اچھی میزبان چھپی ہے اور آپ کی ذرا سی کوشش اس صلاحیت کو نکھار کر سامنے لاسکتی ہے۔ اس کے بعد میزبانی کا تجربہ آپ کیلئے بہت پُرلطف اور خوشگوار ثابت ہوگا۔ اس کیلئے پہلے سے تمام کاموں کی فہرست ترتیب دے لیں اور اسی ترتیب کے مطابق تمام کام انجام دیں۔ جن اشیاء کی خریداری بازار سے کرنی ہو، وہ پہلے سے منگوا کر رکھ لیں۔ کھانے کا مینیو تیار کرلیں اور اس سلسلے میں ابتدائی تیاری ایک دن پہلے یا رات سے شروع کردیں۔ گھر کی سجاوٹ اور ترتیب و آرائش پر بھی ایک نظر ڈال لیں اور اگر اس میں کوئی تبدیلی لانی مقصود ہو تو گھر والوں سے اس سلسلے میں مدد لے سکتی ہیں۔ مہمان گھر میں داخل ہونے کے بعد سب سے پہلے جن باتوں پر توجہ دیتے ہیں وہ آپ کا لباس اور گھر کی ترتیب و آرائش ہے۔ لہٰذا اس جانب کوئی کمی نہ رہنے دیں۔ مزید یہ کہ مہمانوں کی آمد کے وقت گھر کا ماحول روشن اور ہوادار رکھیں۔ اگر ضرورت محسوس کریں تو گھر میں کسی اچھے ایئر فریشنر کا اسپرے کردیں۔ اس کے علاوہ آپ لازمی طور پر یہ نہیں چاہیں گی کہ جب مہمان گھر آئیں تو پورے گھر میں آپ کے بنائے ہوئے کھانوں کی مہک پھیلی ہو اور یہ راز فاش کررہی ہو کہ آپ نے کیا کیا پکایا ہے۔ لہٰذا کچن کا ایگزاسٹ فین آن رکھیں اور گھر کی دو ایک کھڑکیاں بھی کھلی رکھیں۔ اس کے بعد جب مہمان آپ کے سلیقے سے آراستہ گھر میں بیٹھ کر خوشگوار ماحول میں گفتگو کریں گے اور نفاست سے سجائی گئی ڈائننگ ٹیبل پر آپ کے ہاتھ کا بنا خوش ذائقہ کھانا کھائیں گے تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ سب آپ کے گُن گاتے ہوئے نہ جائیں۔ تب آپ کو میزبانی کا حق ادا کرنے پر جو خوشی اور اطمینان حاصل ہوگا اس کا کوئی بدل نہیں۔ (شہربانو' لاہور)

میک اپ ضرور کریں! مگر کچھ جلد کا بھی خیال کریں

زندگی گزارنے کے کچھ طور طریقے ہیں جو قدرت نے ہمارے لیے وضع کررکھے ہیں۔ مثلاً! کھانا پینا، سونا جاگنا! اہم ترین ضروریات زندگی ہیں لیکن حفظان صحت کے اصولوں کا خیال رکھنا بھی اسی قدر ضروری ہے جنہیں ہم اکثر و بیشتر نظرانداز کردیتے ہیں۔ اسی طرح جلد کی تندرستی کا خیال رکھنا بھی بے حد اہم ہے۔ کیا آپ کا شمار بھی ان ہی خواتین میں ہوتا ہے جو دیگر ضروریات پر تو پیسے خرچ کردیتی ہیں لیکن جلد کی حفاظت پر زیادہ توجہ نہیں دیتیں۔ پروڈکٹ کو الزام دینا درست نہیں بلکہ یہ دراصل معلومات کی کمی ہے جس کے باعث ہم اپنے لیے موزوں اسکن کیئر پراڈکٹس کا انتخاب نہیں کرپاتے۔ سب سے پہلے اپنی اسکن ٹائپ کو پہچانیں' پھر اس کے لحاظ سے اپنی میک اپ پراڈکٹس اور اسکن کیئر پراڈکٹس خریدیں۔ اس مقصد کیلئے کسی بیوٹی ایکسپرٹ یا ڈرماٹولوجسٹ سے مشورہ کیا جاسکتا ہے۔ باقاعدگی کے ساتھ اپنی جلد کی کلینزنگ' ٹوننگ اور موئسچرائزنگ کریں۔ جب بھی کوئی پراڈکٹ خریدیں تو معیاری برانڈ کا انتخاب کریں اور لیبل پر درج ہدایات کے علاوہ ایکسپائری ڈیٹ ضرور چیک کرلیں۔ اس کے علاوہ اپنے کچن میں موجود اشیاء سے جلد کی حفاظت اور صفائی کا کام لیں۔ مثلاً! ہلدی، انڈے، دہی، دودھ، شہد اور لیموں سے آپ یہ کام بخوبی انجام دے سکتی ہیں۔ ایلوویرا اور نیم بھی اس سلسلے میں بہت مفید ثابت ہوتے ہیں۔ ان چیزوں سے تیار کیے جانے والے گھریلو نسخوں سے سب ہی خواتین واقف ہوتی ہیں۔ لہٰذا سُستی چھوڑیں اور اپنی خاطر کچھ وقت نکالیں۔ سو اپنی کٹ میں کچھ چیزوں کا اضافہ ضرور کریں اور ہر محفل میں سب سے الگ نظر آئیں اس مقصد کیلئے ایک مختصر سی فہرست حاضر ہے۔ کلینزر' ٹونر' موئسچرائزر' کریکٹر' میٹ فاؤنڈیشن' میک اَپ ریموور' پرفیوم۔

سردیوں میں ہونٹوں کی حفاظت: ہونٹوں کی پتلی جلد کو جسم کے کسی اور حصے کی جلد کے مقابلے میں بڑی آسانی سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ چنانچہ ہونٹوں کی صحت کا خیال رکھنا خاص طور پر خشک اور ٹھنڈے موسم میں بہت ضروری ہوتا ہے۔ ہونٹوں کو پھٹنے سے روکنے کیلئے مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر اختیار کی جاسکتی ہیں:۔ ہونٹوں پر زبان نہ پھیریۓ تھوک میں پائے جانے والے ہاضمے کے خامرات (نزائم) اور بیکٹیریا ہونٹوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ ہونٹوں کو گیلا رکھنے کے لیے دوسرے طریقے اختیار کریں۔ ہونٹوں کو پھٹنے سے محفوظ رکھنے کیلئے ہونٹوں کو نم رکھیں۔ اس مقصد کیلئے کوئی مناسب کریم استعمال کریں۔ اگر آپ کے ہونٹ پہلے ہی پھٹ چکے ہوں تو ان کا علاج ایسے روغن سے کریں جس میں کافور' منتھول اور حیاتین ھ (وٹامن ای) شامل ہو۔ خوب پانی پئیں: اپنے جسم میں پانی کی مقدار کو کم نہ ہونے دیں اور خوب پانی پئیں۔ اپنے گھر اور دفتر کی فضا میں نمی برقرار رکھیں تاکہ آپ کے ہونٹ خشک نہ ہونے پائیں۔ لپ اسٹک استعمال کریں: گہری لپ اسٹک کا استعمال ہونٹوں کو ٹھنڈک' دھوپ اور ہوا کے اثرات کے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کا استعمال مسلسل کریں۔ اس سلسلے میں دیرپا لپ اسٹک جو سارا دن قائم رہتی ہے' فائدہ نہیں پہنچاتی بلکہ ہونٹوں میں خشکی پیدا کرتی ہے۔ مریض حضرات ہونٹوں کو خشکی سے بچانے کیلئے ''چیف اسٹک'' استعمال کرسکتے ہیں جو ہر جگہ آسانی سے دستیاب ہے۔ (میمونہ مجید' راولپنڈی)

رزق اور بھلائی کے دروازے کھلوایئے: جو شخص اسم یَاوَکِیْلُ کی کثرت سے تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر رزق اور بھلائی کے دروازے کھول دے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 87

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اسرار پر بچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

ہمارے رونے چیخنے چلانے کا اس پر کوئی اثر نہ ہوا: اس نے ایک کاغذ دکھایا کہ جس پر تحریر اور گواہوں کے انگوٹھوں کے نشان موجود تھے' پانچ گواہ تھے جو اس کے اپنے آدمی تھے اور ہماری تحریر میں ہمارے بھی انگوٹھے موجود تھے' جو ہم نے لگائے نہیں تھے اور یہ لکھا تھا تم رقم ہم سے لے جا چکے ہو اور بلکہ اس نے ہمیں ڈانٹا اور بے عزت کیا کہ ایک دفعہ رقم لے کر دوسری دفعہ لینے آئے ہو' ہمارا رونا' چیخنا چلانا' اس کا کوئی اثر نہ ہوا بلکہ اس نے دھمکی دی اگر تم نے زیادہ مطالبہ کیا تو کوتوال شہر کو بلا کر تمہیں اتنی خطرناک جیل میں ڈلواؤں گا جہاں سے تم شاید زندگی میں کبھی واپس نہ نکل سکو۔ ہماری کسی نے نہ سنی اور ہم روتے' چیختے' چلاتے واپس آگئے۔ ہمارے پاس جو سرمایہ تھا ہم لگا چکے تھے' اس دکاندار کا جو سرمایہ تھا وہ ہم سارا اس کو دے چکے تھے' آئندہ کاروبار کرنے کیلئے سرمایہ نہیں' اس دکاندار سے لیا سرمایہ لوٹانے اور اس کو منہ دکھانے کیلئے کوئی راستہ نہیں تھا' آخرکار میں نے مزدوری کی اور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے لگی' میں نے بہت کوشش کی لیکن اس سردار کے خلاف کسی نے نہ سنی وہ سردار طاقتور تھا اور اس نے اپنے طاقتور بدمعاش رکھے ہوئے تھے اس کا انکشاف مجھے بعد میں ہوا اور وہ جو تسلیاں دینے والے اور مجھے کہنے والے کہ یہ سردار بہت ایماندار ہے' اس نے کبھی کسی کا مال نہیں کھایا دراصل یہ اسی ڈاکو کے ساتھی تھے۔ **داستان کی سچائی:** میں نے جب ان کی درد بڑی کہانی سنی تو مجھے خیال ہوا کہ پہلے میں ان کی داستان کی سچائی کو جانچ لوں میں نے فوراً لونڈی کو بھیجا کہ فلاں کوتوال شہر کو اس پتے کے سردار کے بارے میں تحقیق کر کے فوراً مجھے اطلاع دو' میں بازار میں اپنے کام میں گھومتی رہی' کچھ ہی دیر کے بعد وہ لونڈی آئی تو اس نے اس سردار کے بارے میں بتایا کہ واقعی وہ سردار دو نمبر ہے اور لوگوں کے پیسے کھا جاتا ہے' اور مزدور کی مزدوری مار جاتا ہے' ظالم ہے اور جابر ہے۔ **میں اس کا ذمہ لیتی ہوں:** میں فوراً ساری حقیقت تک پہنچ گئی میں واپس اسی دکان پر پہنچی اور اس دکاندار کو کہا کہ میں اس کا ذمہ لیتی ہوں اور اس کے پیسے میں خود ادا کروں گی' دکاندار نے کہا آپ کون ہیں؟ میں نے کہا اس کو چھوڑو' میں نے لونڈی کو بھیجا اور تمام پیسے میں نے ان کے ادا کر دیئے' انہیں چھڑوا دیا اور مزید اشرفیاں دیں کہ وہ اپنا کاروبار کریں۔ میں جب انہیں رخصت کرنے لگی تو اس کی بیوی مجھے بار بار گلے مل رہی تھی اور چوم رہی تھی اور چومتے چومتے اس کے ہونٹ ہل رہے ہیں۔ **ہلتے ہونٹوں کی وجہ:** میں نے اس کے ہلتے ہونٹوں کی وجہ پوچھی؟ اس نے اور تو کچھ وجہ نہ بتائی وہ خاتون کہنے لگی: کہ دراصل میں نے ایک فیصلہ کیا ہے جو کہ میں نے اپنی دادی سے سنا تھا کہ میں ہر وقت لوگوں کی خیر مانگتی ہوں' لوگوں کا بھلا مانگتی ہوں اور لوگوں کا سکھ مانگتی ہوں اور یہ آج کی بات نہیں یہ سالہا سال کی بات ہے۔ مجھے کئی دفعہ میری اولاد نے بھی اور میری جاننے والی خواتین نے بھی مجھے کہا تو لوگوں کا سکھ مانگتی ہے' لوگوں کی خیر مانگتی ہے اور لوگوں کا بھلا مانگتی ہے اور تیرا خود بھلا نہیں ہوتا اور تو روز بروز غربت اور تنگدستی کی طرف بڑھتی چلی جارہی ہے' لیکن میں کسی کی بات کو اپنے دل پر نہیں لیتی اور میں دن بدن اپنی جہاں محنت مزدوری (میاں بیوی مل کر کرتے) کرتی' وہاں میں ہر وقت سب کی خیر' سب کا بھلا اور سب کیلئے خیر خیریت برکت اور عافیت مانگتی۔ **میری دعا آج میرے کام آئی:** اب بھی جب آپ نے مجھ پر احسانات اور عنایات کی بارش کردی تو میں نے دل ہی دل میں یہی کہا: یااللہ تو لوگوں کی خیر کر دے' لوگوں پر رحم کر دے' لوگوں کا بھلا کر دے اور میں سمجھتی ہوں کہ میری یہ دعا آج میرے کام آئی ہے کہ لوگوں کیلئے کانٹے بچھانے والوں کو آخرکار کانٹے ملتے ہیں اور لوگوں کیلئے پھول بچھانے والے کو ایک وقت آتا ہے' پھول ضرور ملتے ہیں۔ بس یہ ان پھولوں کا فائدہ ہے جو میں نے لوگوں کیلئے پھیلائے تھے آج بھرے بازار میں ذلت و رسوائی کا سامان اور اللہ نے آپ جیسی نیک اور پاکباز سخی خاتون سے ملاقات کروا دی جس نے میرا شرم اور بھرم بھی رکھ لیا اور میرے مسائل کو حل بھی کر دیا۔ **تیسرا واقعہ:** شہنشاہ ظفر کی چچی نے تیسرا واقعہ یہ سنایا: کہنے لگیں یہ اس دور کی بات ہے جب میں ابھی چھوٹی تھی' شاید دس گیارہ سال کی ہونگی' مالداری' دولت' چیزیں رزق' عنایات عزت آبرو' وقار شان و شوکت کی ریل پیل تھی' ہمارا ہر لمحہ خوشحالی' دولت اور عزت سے گزر رہا تھا میری والدہ کی ایک باندی تھی جن کی والدہ پھر ان کی والدہ اور پھر ان کی والدہ یعنی وہ نسل در نسل ہمارے غلام تھے' بہت دیانتدار اور وفادار تھے اچانک فوت ہوگئی' حالانکہ اس کی اس کی اتنی عمر بھی نہیں تھی تین چھوٹے چھوٹے بچے تھے۔ **باندی کے مرنے کا شدید ترین افسوس:** میری والدہ کو اس کا بہت افسوس ہوا شاید کسی بہت ہی عزیز کی موت پر میری والدہ کو اتنا افسوس نہ ہوا ہو جتنا کہ اس لونڈی اور باندی کے مرنے کا میری والدہ کو افسوس ہوا۔ میری والدہ کے دن رات سسکیاں لیتے اور آہیں بھرنے میں گزر رہے تھے' لاکھ ان کو تسلی دی جاتی لاکھ ان کو تشفی دی جاتی لیکن کوئی پل' کوئی سانس ان کو تسلی کا ملتا ہی نہیں تھا۔ وہ ہر لمحہ اسی لونڈی کو یاد کرتی حالانکہ ان کی اور باندیاں اور لونڈیاں بھی تھیں لیکن انہیں اس باندی اور لونڈی سے کچھ زیادہ ہی پیار تھا۔ اس کی وجہ دیانتداری' وفاداری اور نسل در نسل ان کا خاندان اسی وفا اور دیانت میں ہمیشہ پیش پیش رہا۔ **شہزادی عزیزہ کی آمد:** ایک دن کی بات ہے میری والدہ غمزدہ اور پریشان بیٹھی ہوئی تھیں تو ہماری ایک جاننے والی عزیزہ جن کی کسی اور شہزادے کے ساتھ شادی ہوگئی تھی ملنے کیلئے آئیں ان کی بگھی رکی' وہ اتریں' میری والدہ ان کو ملیں انہوں نے والدہ کے چہرے پر غم اور ملال دیکھا اور پریشانی کے آثار دیکھے۔ وقتی خیر خیریت پوچھنے کے بعد انہوں نے پہلا سوال کر ڈالا: وہ والدہ کو مامی کہتی تھیں کہ مامی خیریت تو ہے؟ میں آپ کو بہت پریشان دیکھ رہی ہوں' والدہ تو نہ بولیں ساتھ بیٹھیں ایک اور عزیزہ بولیں کہ دراصل ایک بہت ہی قریبی لونڈی تھی جو اچانک فوت ہوگئیں ان کا غم اور ان کا درد ان کے دل میں اتنا ہے کہ بس ان کو اب دنیا کی کوئی چیز اور کچھ بھی رونق اور لذت نظر نہیں آتی۔ **مرحوم سے ملاقات کا شاہی مسجد کے خطیب کا بتایا آزمودہ عمل:** وہ کچھ دیر کیلئے خاموش ہوگئیں اور انہیں بھی افسوس ہوا کیونکہ وہ بھی اس لونڈی کو جانتی تھیں پھر بولنے لگیں کہ مامی اگر آپ کہیں تو میں آپ کو ایک عمل نہ بتاؤں جو ہمارے ہاں ایک شاہی مسجد کے خطیب نے میری ساس کے فوت ہونے پر میرے شوہر کو بتایا تھا اور وہ ہم نے کیا اس کا نتیجہ سو فیصد پایا اور اس عمل سے سب سے بڑی بات یہ ہے کہ بہت تسلی ہوتی ہے اور جو دل کے اندر غم، ملال اور فکر ہوتا ہے وہ ختم ہو جاتا ہے۔ میری والدہ نے ٹوٹے دل سے کہا ٹھیک ہے بتا دیں وہ کہنے لگیں: مامی آپ ایسا کریں اس لونڈی کا کوئی پہنا ہوا کپڑا لے لیں نیا ہو یا پرانا لیکن پہنا ہوا لازم ہے اور اس کپڑے کو آپ کسی

حاسد، پتھر اور دشمن کی ہنسی: حاسد اس شخص کی طرح جو اپنے دشمن کو پتھر مارنے کیلئے پتھر پھینکے لیکن وہ پتھر دشمن کو لگنے کے بجائے اسی کو مجروح کردے اور دشمن دیکھ دیکھ کر ہنسے۔

پھل دار درخت پر لٹکا دیں لیکن پھل دار ایسا درخت ہو جس پر کانٹے نہ ہوں' اور روزانہ اس کپڑے کے ساتھ کھڑے ہو کر صرف ستر بار آیہ کریمہ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھ لیا کریں۔ سات دن یا ستر دن یہ عمل کریں۔ اس کپڑے کے اندر وہی وجود پھر آئے گا اور آپ سے باتیں کرے گا اور آپ کو تسلی بھی دے گا اور اپنی زندگی کے دن رات صبح و شام بتائے گا۔ **بیٹی! یہ عمل میں نہیں کرسکتی:** میری ماں کہنے لگی بیٹی یہ عمل میں نہیں کرسکتی' میری اب ہمت جواب دے گئی ہے' یہ تو کسی ہمت والے فرد کا کام ہے وہ یہ عمل کرے' ساتھ بیٹھی ہماری عزیزہ کہنے لگی مامی آپ کی طرف سے میں یہ کردوں گی مجھے آپ کا سکون چاہیے۔ بس! انہوں نے یہ عمل شروع کردیا لیکن ستر دن کے بعد بھی وہ کپڑا پرانا میلا تو ضرور ہوا لیکن اس کے اندر وہ وجود ظاہر نہ ہوا جس وجود کے بارے میں انہوں نے بتایا تھا۔ وہ مایوس ہوگئیں اس دوران وہ خاتون واپس اپنے شوہر کے ہاں چلی گئیں' اسے پیغام بھیجا کہ آپ نے جو لونڈی کے کپڑے کا عمل بتایا تھا اس عمل کو بھرپور انداز سے روزانہ کیا پر اس کا فائدہ نہیں ہوا۔ **باندی عذاب میں مبتلا:** اس نے افسوس کا اظہار کیا اور افسوس کا اظہار کرکے کہنے لگیں کہ معلوم یہ ہوتا ہے کہ کسی گناہ کی پکڑ میں ہے' یا کسی عذاب کی پکڑ میں ہے جس کی وجہ سے اس کو کسی چیز نے پکڑا ہوا ہے۔ آپ ایسا کریں آپ اس کیلئے کوئی دعا مانگیں اور اس کی مغفرت کیلئے کوئی عمل کریں۔ میری والدہ نے جب یہ بات سنی' ان کا غم اور دکھ اور بڑھ گیا ان کی تکلیف میں اضافہ ہوگیا ان کی آہوں اور ہچکیوں میں اور زیادہ اضافہ ہوا اور یہ آہیں اور ہچکیاں بہت زیادہ بڑھ گئیں۔ **بخشش کا نظام صرف اسی عمل سے:** انہوں نے اپنی لونڈی کیلئے اللھم ارحم امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بہت کثرت سے پڑھنا شروع کردیا کیونکہ انہیں پتہ تھا کہ اس لونڈی کی آخرت اور قبر اور مرنے کے بعد بخشش اور بخشش کا نظام صرف اسی سے ہوسکتا ہے۔ بس یہ دعا کچھ مہینے تک میری والدہ بہت دکھ سے غم سے بہت درد سے اور بہت توجہ سے پڑھتی رہیں' پڑھتے پڑھتے ایک دفعہ صبح اٹھیں تو بہت مطمئن' چہرے پر مسکراہٹ' طبیعت میں خوشحالی اور خوش باشی تھی۔ **آپ کا بہت شکریہ!:** پوچھا: تو کہنے لگیں آج رات مجھے خواب میں میری لونڈی ملی ہے۔ کہنے لگی: آپ کا بہت شکریہ آپ نے مجھے اتنا پیار دیا اور میرے ساتھ اتنی محبت کی اور میرے دکھوں میں میرے اتنا کام آئیں۔

نماز اعمال پر توجہ نہ دی اور پکڑ میں آگئی: دراصل میں خدمت تو بہت کرتی تھی' امانت دیانت تو بہت کرتی تھی اور وفا بھی بہت کرتی تھی لیکن میں نماز اعمال کی طرف توجہ نہیں دیتی تھی' میں اسی پکڑ میں تھی اور اگر کوئی شخص کسی پکڑ میں ہو تو وہ چونکہ قید خانہ میں ہوتا ہے جب تک وہ قید سے نہ چھوٹے اس کا وجود اس کی روح اس کپڑے میں آنے کے قابل نہیں ہوتی جس کپڑے کے اوپر آیت کریمہ پڑھا گیا تھا۔ **فرشتوں نے مجھے خوشخبری سنائی:** جب سے آپ نے میرے لیے یہ مغفرت والے الفاظ پڑھے میں اپنی قبر میں کچھ ہی عرصہ میں اچانک خوشحال ہوگئی' فرشتوں نے مجھے خوشخبری سنائی کہ آپ کیلئے خاص طور پر آپ کی مالکہ نے مغفرت کے اعمال کیے ہیں' مغفرت کے الفاظ پڑھے ہیں اور مغفرت مانگی ہے۔ بس یہ مانگی ہوئی مغفرت اور ان الفاظ کی طاقت اور تاثیر ہے کہ میں آپ کے خواب میں آگئی ہوں میری قید چھوٹ گئی ہے اور مجھے رہائی مل گئی ہے اب میں مطمئن ہوں بس آپ سے ایک اتنی درخواست ہے کہ آپ کبھی بھی مجھے مغفرت اور رحمت کے بولوں میں نہیں بھولیں گی۔ قارئین! اچانک مجھے ایک اور واقعہ یاد آیا اس دوران وہ بھی آپ کو سناتا چلوں۔ میرے جنات دوستوں میں سے دو جن دوست ہیں جو بلوچستان کے خشک پہاڑوں کے غاروں میں رہتے ہیں۔ بہت بھلے مانس، نیک مخلص، غرباء فقراء، مساکین اور بے سہاروں کیلئے بہت زیادہ چاہنے اور محنت کرنے والے ہیں۔ ان کی زندگی میں ایک واقعہ ایسا ہوا جو انہوں نے مجھے بتایا۔ واقعہ بتانے سے پہلے کہنے لگے: ہماری زندگی کا رہن سہن مسلسل ان غاروں میں ہے ہزاروں لاکھوں سال پرانی غاریں' ان غاروں میں لوگ صدیوں سے رہتے رہے' جس دور میں گھر بنانے کی ترتیب نہیں تھی' لوگ ان غاروں میں ہی رہتے تھے ہم اور ہمارے سب بڑے انہی غاروں میں انہی انسانوں کے ساتھ زندگی گزارتے تھے اب غاروں میں لوگ رہتے تو نہیں لیکن بعض جرائم پیشہ لوگ ان غاروں میں پناہ ضرور لیتے ہیں۔ ہمارا تجربہ ہے کہ اگر ان غاروں میں نیک صالح جنات رہتے ہوں تو ان نیک جنات کی وجہ سے مجرمانہ زندگی گزارنے کا بھرپور فیصلہ کرنے والے لوگ بھی ایک دفعہ اس غار میں آجائیں تو ان کو توبہ نصیب ہوجاتی ہے اور وہ تائب ہوجاتے ہیں لیکن وہ غار صرف ایک ہے وہاں سینکڑوں ہزاروں غاریں ہیں چھوٹی اور بڑی کچھ غاریں ایسی ہیں جن کو چھوٹے چھوٹے پتھروں کی اوٹوں نے چھپا رکھا ہے جو بظاہر بالکل چھوٹی کہ انسان اس میں سے بمشکل داخل ہوسکے لیکن اندر اتنی کشادہ کہ شاید جتنے بہت بڑے بڑے ہال ہوتے ہیں۔ **غار میں نورانی اور روحانی انورات:** ایک دفعہ کی بات ہے کچھ قزاق اور ڈاکو ہماری غار میں آکر چھپے' الحمدللہ! ہم روزانہ سوا لاکھ دفعہ لاالہ الااللہ۔ سوا لاکھ دفعہ الا اللہ۔ سوا لاکھ دفعہ اللہ سوا لاکھ دفعہ اللہ ھو۔ سوا لاکھ دفعہ آیت کریمہ۔ سوا لاکھ دفعہ سورۂ فاتحہ، سوا لاکھ دفعہ سورۂ اخلاص، تین سوا لاکھ درود شریف اور روزانہ 9 قرآن پاک کے ختم کرلیتے ہیں۔ ان اعمال کی نورانی اور روحانی اتنے انوارات اس غار میں ہیں کہ وہ صرف ہمیں پتہ ہے اور اس غار کے اندر کوئی غلطی سے بھی داخل ہوجائے حتیٰ کہ ہمارا یہاں تک بھی تجربہ ہوا خونخوار درندے اور چیر نے پھاڑنے والے جانور وہ غار میں آئے تو وہ بھوکے رہنے لگے' ان کو کسی اور جانور کو چیرنے پھاڑنے کا دل ہی نہ چاہا اور ان کی طبیعت میں سکون آیا۔ **چار ڈاکوؤں کی غار میں پناہ:** بس اسی طرح ایک دن کی بات ہے کہ چار ڈاکو آئے انہوں نے پناہ لی ان کے پاس چھینا ہوا بہت سارا مال تھا' انہوں نے غار کو محفوظ بلکہ محفوظ ترین دیکھ کو مال کو ایک طرف رکھا اور سو گئے' ہم اپنے ذکر اذکار عبادات اور اعمال میں مشغول تھے آدھا دن تک وہ سوتے رہے' بہت تسلی سے اٹھے' ان کے پاس کچھ کھانے پینے کا سامان تھا اور کچھ پانی پیا' غار کے دور ایک کونے میں انہوں نے پیشاب کیا جو ہمیں بہت ناگوار گزرا' پھر وہ بیٹھے باتیں کرنے لگے اور لوٹے ہوئے مال کو خوش ہو کر دیکھتے رہے اور آپس میں تقسیم کرنے لگے۔ اب ہم انتظار میں تھے کہ اس غار کے روحانی اور نورانی انوارات تجلیات اور برکات کا ان پر کب اثر ہوتا ہے اور کیسے ہوتا ہے؟ (جاری ہے)

نیل ملے پانی کا کمال: منہ پک جانے کی صورت میں یا بخار کے دانے ہونٹوں پر ظاہر ہونے کی صورت میں نیل پانی میں ملا کر لگانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

ربیع الثانی! روزِ محشر مغفرت کا پروانہ حاصل کیجئے

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

ربیع الثانی اسلامی قمری سال کا چوتھا مہینہ ہے۔ یہ بڑی فضیلت اور برکت والا مہینہ ہے۔ اس ماہ کو ربیع الآخر بھی کہا جاتا ہے۔ ربیع الثانی کے مہینہ میں نوافل و وظائف کا پڑھنا بے شمار ثواب حاصل کرنے کا باعث ہے۔ اس ماہ کے نوافل حسب ذیل ہیں جو اکثر صوفیاء پڑھتے رہے ہیں۔

شب اول کے نوافل: عابدوں کا کہنا ہے کہ جب ربیع الثانی کا چاند نظر آجائے تو اس کی شب اول میں بعد نمازِ مغرب آٹھ رکعت نفل دو دو رکعت کر کے پڑھے اور پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الکوثر تین بار اور دوسری میں سورۃ الکافرون تین بار پھر تیسری چوتھی، پانچویں، چھٹی، ساتویں، آٹھویں رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین بار ہر رکعت میں پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو بے شمار ثواب ملے گا اور بے شمار نمازوں کا اجر عطا ہوگا۔

پانچویں شب: اس ماہ کی پانچویں شب کو نماز عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 9 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ پروردگار عالم ان نوافل کی مداومت کرنے والے کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائیں گے۔ (انشاءاللہ)

چار رکعت نفل: جواہر غیبی میں ہے کہ اس مہینہ کی پہلی، پندرہویں، انتیسویں تاریخوں میں چار رکعت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پانچ بار پڑھے۔ اس کے لیے ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور ہزار برائیاں مٹائی جاتی ہیں۔ انشاءاللہ پروردگار عالم روز محشر مغفرت فرمائیں گے۔

انجام بخیر کا وظیفہ: جو شخص پورا ماہ بعد نماز عشاء یہ وظیفہ روزانہ گیارہ سو گیارہ مرتبہ پڑھے گا وہ موت کے وقت کلمہ پڑھتا ہوا اس دنیا سے رخصت ہوگا۔ بعض بزرگوں کا کہنا ہے کہ اس وظیفے میں خاتمہ بالخیر کی بے حد تاثیر ہے۔ اس وظیفہ سے خاتمہ بالخیر ہوتا ہے۔ **فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ** (سورہ یوسف:101)

ترجمہ: اے آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے دنیا اور آخرت میں تو ہی میرا رفیق ہے، تو مجھ کو اپنی فرمانبرداری میں دنیا سے اٹھا لے اور مجھ کو اپنے نیک بندوں میں داخل کرلے۔

بابرکت دعا:۔ ماہ ربیع الثانی نہایت افضل مہینہ ہے اور اس ماہ میں زیادہ سے زیادہ درود پاک پڑھنا چاہیے۔

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک بار اسرافیل علیہ السلام حضور نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور کہا **سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰہُ وَمِثْلَ مَا عَلِمَ اللّٰہُ** ایک بار پڑھے گا اللہ اس کو ان لوگوں کے زمرہ میں لکھے گا جو خدا کی بکثرت یاد کرنیوالے ہیں اور وہ رات و دن خدا کی یاد میں لگے رہنے والوں سے بھی افضل ہو جائے گا اور یہ کلمات اس کیلئے جنت میں داخلہ کا ذریعہ بن جائیں گے اور جس طرح درخت کے پتے جھڑتے ہیں اسی طرح اس کے گناہ جھڑ جائیں گے اور خدا کی اس پر نظر رہے گی اور اس کو دوزخ کا عذاب نہ دے گا اور حدیث میں آیا ہے کو کوئی **سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ وَدَوَامَ مُلْکِ اللّٰہِ** پڑھے گا دنیا اور اہل دنیا چاہے ختم ہو جائیں لیکن اس کے پڑھنے والے کا ثواب نہ ختم ہوگا۔

(بقیہ: مراقبہ سے فیض پانے والے)

کی وجہ سے، اندر داخل ہو کر میری ہمت تو نہیں ہوتی کہ دیکھوں لیکن ایسا محسوس ضرور ہوا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سامنے والی قطار میں تشریف فرما ہیں اور چاروں طرف سے ایسا محسوس ہوا کہ چاندی کی طرح نور کی بارش ہورہی ہے، سائیڈوں پر ایسے درخت ہیں جن پر چاندی لگی ہوئی ہے جہاں میں کھڑا ہوں وہاں سے مجھے نبی کریم ﷺ کے نورانی پاؤں مبارک اور نورانی گھٹنے مبارک تک دکھائی دیتے ہیں' اتنے خوبصورت ہیں کہ میری نظریں وہیں پر جم گئیں' اوپر دیکھنے کی مجھ میں طاقت اور ہمت نہ تھی، اسی دوران ایک ہاتھ میری کمر تک آیا اور مجھے پہلی صف میں بیٹھا دیا، اس وقت مجھے یہ محسوس ہوا کہ نہ میرا وزن ہے نہ ہی اپنی ذات ہے، بس احساس ہے، آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے، یوں محسوس ہوا کہ یہی میری منزل ہے، وہاں سے واپس آنے کو دل نہیں چاہ رہا تھا دل چاہتا تھا کہ وہاں بیٹھا رہوں۔ پھر نا معلوم کب میں نیند کی وادی میں کھو گیا۔ صبح اذان فجر کے دوران میری آنکھ کھلی تو میری خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا میں خود کو دنیا کا خوش قسمت ترین انسان سمجھتا ہوں کہ مجھے حبیب خدا حضور نبی کریم ﷺ کا دیدار نصیب ہوا۔ الحمدللہ! (پ۔ش)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 8 جنوری بروز اتوار صبح 7 تا 8 بجکر 10 منٹ' 18 جنوری بروز بدھ عصر تا مغرب 30 جنوری بروز سوموار 2 بجکر 15 منٹ سے لیکر 3 بجکر 27 منٹ تک **فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً** یہ ذکر، ابھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاءاللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

روحانی محفل سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت ذوق شوق سے پڑھتے ہیں' اس رسالے اور اس میں موجود روحانی محفل کے عمل نے ہمیں مسائل کی دلدل سے یوں نکالا ہے کہ ہم اب خود حیران ہیں کہ یہ کیسے ہو گیا؟ مسئلہ یہ تھا کہ میری بھانجی کو ہوئی چیزیں باقاعدہ کاٹتی تھیں' ہر دو دن کے بعد ہمارے گھر میں خون کے چھینٹے پڑتے' صبح کو اٹھتے تو بستر اور کپڑوں پر خون لگا ہوتا' گھر والے اکثر چلتے پھرتے بیہوش ہو جاتے' گھر میں شدید کالا سفلی جادو کروایا گیا' اکثر جنات یا وہ کوئی بھی طاقتور چیزیں تھیں ہمیں کہتیں کہ ہمیں آپ پر کسی نے بھیجا ہے اور ہم بہت طاقتور ہیں' ہم آپ لوگوں کو نہیں چھوڑیں گے بھاگ لو جہاں تک بھاگ سکتے ہو پھر وہ وقت بھی آیا کہ دو وقت کی روٹی (باقی صفحہ نمبر 35 پر)



قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں۔ اپنے معمولی سے تجربے کا بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

شاندار صحت کے جاندار اصول

ورزش اور صبح کی سیر کو اپنا معمول بنائیں' اگر جسم مشقت نہیں کررہا تو اسے فاقہ دیں۔ روزانہ غسل کریں اور تیل سے خوب مالش کریں۔ پاؤں کی مالش کرنے میں کبھی غفلت نہ برتیں۔ دماغ کی صحت، نظروں کی طاقت، اعصاب کی قوت، یادداشت، جوانی، طاقت، حسن و جمال، طویل عمری اور مضبوط جسم کا تعلق صرف اور صرف پاؤں کی صحت سے ہے۔ تکان ہو یا دماغی کام خوشبو لگائیں۔ ناک کے اندر تیل کی مالش کریں یا ہلکا عطر لگائیں۔ دماغ معطر اور جسم پرسکون رہے گا۔ ناک، ناف اور مقعد میں تیل ضرور لگائیں۔ اگر ناک میں چند قطرے بادام روغن کے لگائیں تو نزلہ، زکام، الرجی، چھینکیں، بے خوابی، دماغی کمزوری، اعصابی کھچاؤ، تناؤ، ٹینشن، اسٹریس، ڈیپریشن اور خراٹوں کا شکار نہیں ہوں گے۔ تین بڑے چمچ خالص عرق گلاب صبح نہار منہ پیتے رہیں۔ سوتے وقت دیوار سے دو فٹ کے فاصلے پر تیز پھونکیں ماریں تاکہ اندر سے ناقص کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس نکل جائے اور صحت مند آکسیجن داخل ہو یا صبح سویرے کھلی فضا میں گہرے سانس لیں چہرے پر سرخی آئے گی صحت میں تازگی اور پرسکون نیند کے مزے لوگے۔ دانتوں کی صفائی کیلئے روزانہ مسواک کریں۔ (پرنسپل (ر) غلام قادر ہراج' جھنگ)

کشتہ برائے امراض دل! اڑھائی صدیوں سے آزمودہ' آپریشن سے پہلے ضرور آزمائیں!

انسان ہو یا جانور' مرد عورت بچے سب کیلئے یکساں مفید وشافی' دل پر چربی آنا' دل ڈوبنا' دل کا سکڑنا' دل کو سوجھ جانا' دل کے والو بند ہوجائیں' دل میں زخم پیدا ہوجائیں' دل پر اندھیرا چھا جانا' ان تمام امراض کیلئے بہت ہی فائدہ مند شفابخش ہے اور دل کو طاقت دیتا ہے' خون کی رفتار کو اعتدال پر لاتا ہے' دل کے دورے ختم کرتا ہے اور یہی فائدہ گردوں اور پھیپھڑوں کو بھی دیتا ہے' یہ نسخہ تقریباً 250 سال پہلے افغانستان کے ایک درویش سے ہمارے خاندان کو ملا آج تک ہماری نسل در نسل چلا آرہا ہے اور ایسے مریض جو کہ آپریشن سے بھی ٹھیک نہ ہوتے ہوں انشاء اللہ شفاء کامل نصیب ہوگی اور جب تک زندگی ہوگی کبھی دوبارہ ان امراض میں مبتلا نہ ہوگا۔ آپریشن سے پہلے ایک بار یہ نسخہ ضرور آزمائیں۔ **کشتہ عقیق بنانے کا طریقہ:** پہلے زمین میں ایک کھڈا کرلیں' تقریباً تین فٹ چوڑا اور لمبا۔ پھر بیس کلو گوبر اور بادام کے چھلکے تقریباً چار کلو لے لیں' پہلے کھڈے میں نیچے سات کلو گوبر ڈالیں اور گوبر کے اوپر یعنی درمیان میں دو کلو بادام کے چھلکے رکھیں' ان کے درمیان میں عقیق پتھر رکھ دیں پھر اس عقیق پتھر پر دو کلو بادام کے چھلکے ڈالیں اور اس کے اوپر اور اردگرد تقریباً بیس کلو گوبر رکھ دیں اور اسے آگ لگادیں جب سارا گوبر جل کر راکھ ہوجائے' بالکل ٹھنڈا ہوجائے تو بڑی احتیاط کے ساتھ نکال کر کسی پیالے میں مسل دینا' بس کشتہ عقیق تیار ہے۔ ترکیب استعمال: صبح نہار منہ آدھی چاول جتنا کشتہ عقیق تھوڑے سے مکھن گائے میں ڈال کر دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ دو ہفتے استعمال کرنے سے دل گردے پھیپھڑوں کے تمام زخم اور تمام امراض ختم ہوکر انہیں دوبارہ سے تازہ اور طاقتور بنادے گا۔ انشاء اللہ۔ (حکیم محمد ظاہر' حیدرآباد)

اخلاق نبوی ﷺ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں میں نے حضور اکرم ﷺ کو کبھی اس طرح ہنستے نہیں دیکھا کہ آپ ﷺ کا سارا منہ مبارک کھل گیا ہو' آپ ﷺ صرف مسکرا دیتے تھے۔ آپ ﷺ ایک ایک بات علیحدہ علیحدہ فرماتے اگر کوئی شخص آپ ﷺ کے مبارک جملوں کو گننا چاہتا تو گن سکتا تھا۔ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ کسی بات یا واقعہ پر خوش ہوتے تو آپ ﷺ کا چہرہ انور اس طرح کھل جاتا جس طرح کہ وہ چاند کا ٹکڑا ہے۔ (سبحان اللہ!)

بیمار کی مزاج پرسی بیمار کا اخلاقی حق ہے: بیمار کی مزاج پرسی سرکار دوعالم ﷺ کی سنت ہے۔ بیمار کی مزاج پرسی سے اس کا حوصلہ بڑھتا ہے۔ بیمار کی تیمارداری نصف شفاء ہے۔ بیمار کی مزاج پرسی اسلامی معاشرت کا لازمی حصہ ہے۔ بیمار کی مزاج پرسی اس کا انسانی حق ہے۔

ماں! زندگی کے صحرا میں شجر سایہ دار: اسلام نے عورت کو ماں' بہن' بیوی' بیٹی ہر حیثیت میں عزت وعظمت عطا فرمائی ہے۔ انسانی رشتوں میں صبر و استقامت، ایثار و قربانی اور مہر و وفا کی روشن مثال "ماں" ہے۔ ☆ماں کے قدموں تلے جنت ہے۔ ☆ماں کی اصل خوبصورتی اس کی محبت ہے اور میری ماں دنیا کی خوبصورت ماں ہے۔ ☆ماں کے بغیر گھر ایک قبرستان ہے۔ ☆ماں کی آغوش انسان کی پہلی درس گاہ ہوتی ہے۔ ☆ماں زندگی کی تاریک راہوں میں روشنی کا مینار ہے۔ ☆ماں کی نافرمانی کرنا کبیرہ گناہوں میں سے بڑا گناہ ہے۔ ☆ماں کو جب بھی مصیبت کے وقت یاد کرتا ہوں تو مجھے سکون ملتا ہے۔ ☆ماں سے بڑھ کر کوئی بڑا استاد نہیں۔ ☆ماں کی نافرمانی کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ ☆ماں کی دعا میری کامیابی کا راز ہے۔ ☆ماں میری دنیا کی عزیز ترین ہستی ہے۔ ☆ماں کی محبت پھول سے زیادہ تروتازہ اور لطیف ہے۔ ☆ماں کی خوشنودی دنیا میں باعث دولت اور آخرت میں باعث نجات ہے۔ ☆ماں کے منہ سے نکلی ہوئی دعا انشاء اللہ ضرور قبول ہوتی ہے۔ ☆ماں کی بددعا سے بچو' کیونکہ خدا اور اس کے درمیان کوئی پردہ نہیں۔ ☆ماں کو گالی دینے والا دنیا کا بدبخت ترین انسان ہے۔ ☆ماں کا دوسرا نام جنت ہے ماں کے بغیر کائنات نامکمل ہے۔ **حکمت و دانائی کی باتیں:** اپنے خیالات پر نظر رکھئے' یہ الفاظ کی شکل اختیار کرلیتے ہیں۔ ☆اپنے اعمال پر نظر رکھئے' یہ عادات میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔ ☆اپنی عادات پر نظر رکھئے' یہ شخصیت کا روپ دھار لیتی ہیں۔ ☆اپنی شخصیت پر نظر رکھئے یہ آپ کا مقصد بن جاتی ہیں۔ (حاجی محمد وارث' راولپنڈی)

امریکہ میں بیٹھے حکیم کے مجرب نسخہ جات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچاس برس سے حکمت کررہا ہوں' حکیم حسن محمود قریشی صاحب اور حکیم سعید صاحب ہمدرد دواخانہ والے کبھی میرے دوست تھے۔ میں ماہنامہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتا ہوں بہت لاجواب اور عمدہ رسالہ ہے۔

میرے پاس بھی آزمودہ نسخہ جات موجود ہیں جن میں سے چند میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ انشاء اللہ وقتاً فوقتاً مزید نسخہ جات بھی بھیجتا رہوں گا۔

مصفی خون: ھوالشافی: اجوائن ایک تولہ' بابچی ایک تولہ' گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ پیس کر محفوظ رکھیں۔ انتہائی مصفی خون ہے' بیڈ سور' دافع خارش' داد' یورک ایسڈ کی زیادتی' شدید خونی پیچش' گردہ کی پتھری' بواسیر' خشک دمہ' خشک کھانسی' دانت درد' رعشہ کیلئے مجرب ہے۔ گولیاں بقدر ایک چنا کے بنالیں ایک گولی صبح' ایک گولی رات کو لیں۔ مرض کی شدت میں ایک گولی صبح' ایک گولی دوپہر' ایک گولی رات کو لیں۔

معجون شباب آور: ھوالشافی: کچلہ مدبر دودھ والا ایک تولہ' سہاگہ چھ ماشہ' سنڈھ چار ماشہ' دارچینی چار ماشہ' مگھاں چار ماشہ' مرچ سیاہ چار ماشہ' شہد اصلی سولہ تولہ۔ شہد میں معجون بنائیں' نصف ماشہ ہمراہ دودھ کھائیں' بعد میں حسب طبیعت معجون کی مقدار تھوڑی تھوڑی بڑھاتے رہیں' دودھ' گھی مکھن کا استعمال کریں اگر خشکی ہوجائے ایک چھٹانک دیسی گھی پی لیا کریں۔ بہت بھوک لگتی ہے۔ اعضاء رئیسہ دل دماغ' جگر' کمردرد' سردرد' فالج لقوہ' جوڑوں کا درد' سیروں دودھ' چھٹانکوں مکھن ہضم کرتا ہے۔ جسم بھاری' چہرہ سرخ پررونق ہوجاتا ہے۔

آتشک کا خاندانی نسخہ: رس کپور ایک تولہ' دارچکنا ایک تولہ' قرنفل ایک تولہ' لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستہ کے ساتھ خوب کھرل کریں' بکری کے دودھ دوسیر میں کھرل کریں۔ گولیاں دتی بنائیں ایک گولی صبح ایک گولی شام کو دیں۔ گوشت' بینگن وغیرہ سے پرہیز کریں۔ یہ آتشک کا مجرب نسخہ ہے۔

مرہم سیاہ کا نسخہ: ھوالشافی: سندھور چھ تولہ' کنجد آئل دس تولہ' نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ کڑاہی میں تیل گرم کریں اس میں سندھور ڈال دیں۔ آگ نرم رکھیں' زیادہ تیز نہ کریں' پھر نیلا تھوتھا پسا ہوا ملادیں۔ سیاہ مرہم تیار ہے۔ پھوڑے' پھنسیاں زخموں کیلئے مجرب ہے۔

سردیوں کیلئے بام خاص: سہاگہ سفید بریاں (سہاگہ کو کسی برتن میں ڈال کر آگ پر سہاگہ پھول جائے گا' یہ سہاگہ سفید بریاں ہوا)۔ کافور دو تولہ' ویزلین دس تولہ پیس کر ملالیں۔ خارش ہو ہلکی ہلکی مالش کریں۔ پاؤں کی انگلیاں گل جائیں رات کو پاؤں صاف کرکے لگائیں' دوتین مرتبہ کافی ہوگی۔ نزلہ زکام ناک میں لگائیں۔ سردرد پیشانی اور ناک میں لگائیں۔

تین خوراک سے بند حیض کھل جائے گا: حیض بند ہوتو ست مصبر، افسنتین، زراوند مدحرج' زعفران تمام دو ماشہ اور پھٹکڑی سرخ دو ماشہ' تمام اشیاء کو شہد کی مدد سے اشیاء کی چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ دو گولی گرم دودھ سے لے لیں۔ تین خوراک سے حیض کھل جائے گا۔

نزلہ زکام اگر جان نہ چھوڑے: پھٹکڑی ایک تولہ' ایک دن شیر مدار یعنی آک کے دودھ میں کھرل کریں۔ دوسرے دن دھتورہ کے پتوں میں کھرل کریں' کسی مٹی کی ڈوری میں رکھ کر گل حکمت کریں' خشک ہونے پر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں' سرد ہونے پر نکال لیں' ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھلائیں' بعد میں پانی پینا سخت منع ہے' نزلہ، زکام، فلو کیلئے مجرب علاج ہے۔

ممسک اعلیٰ قسم: اجوائن خراسانی تین تولہ' کیکر کا گوند جو کیکر سے نکلتا ہے اور گاڑھا سا ہوتا ہے۔ ایک تولہ ملا کر دو گولیاں بنالیں۔ ملاقات سے ایک گھنٹہ قبل جب کھانا مکمل ہضم ہوچکا ہو ایک گولی کھالیں۔ سمجھدار کیلئے اشارہ کافی ہے۔ درج بالا تمام نسخہ جات انتہائی مجرب اور تیر بہدف اور سائیڈ افیکٹ سے بالکل پاک ہیں۔ (حکیم میاں سیلمی' امریکہ)

میرے آزمودہ ٹوٹکے عبقری قارئین کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس قارئین عبقری کیلئے چند آزمودہ آسان ترین ٹوٹکے ہیں۔ یقیناً انہیں استعمال کے بعد قارئین کو بھرپور فائدہ ہوگا اور میرے لیے صدقہ جاریہ کا باعث بنے گا۔ **جلے ہوئے حصے کا علاج:** دیسی گھی میں خشک نیل ملا کر جلی ہوئی جگہ پر مرغی یا کسی دوسرے پرندے کے پر سے لگا کر جلی ہوئی جگہ پر لیپ کرنے سے زخم بہت جلد ٹھیک ہوجاتا ہے۔ **پیٹ کے کیڑوں کیلئے:** گندم کی فصل میں موجود بوٹی ''لہلی'' کے پتوں کا سالن بنا کر کھانے سے پیٹ کے کیڑے بے ہوش ہوکر پیشاب کے راستے خارج ہوجاتے ہیں۔ **چند بیوٹی ٹپس عبقری قارئین کیلئے:** لیموں اور زعفران کے پتے مکس کرکے لگانے سے رنگت نکھرتی ہے۔ تازہ مولی کا رس نکال کر اسے اتنے ہی دودھ میں ملا کر چہرے پر لگانے سے چھائیاں ختم ہوجاتی ہیں۔ بیسن سے روزانہ منہ دھونے سے بھی رنگت سفید ہوتی ہے۔ زیتون کے تیل سے ہاتھوں اور پاؤں کی مالش کرنے سے ان میں خوبصورتی آتی ہے۔ لیموں کے چھلکوں سے گردن کا مساج کرنے سے گردن کا کالا پن ختم ہوجاتا ہے۔ (ماسٹر افتخار' چکوال)

خواتین کے اندرونی امراض اور بانجھ پن دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! خواتین کیلئے امراض کیلئے اکسیر نسخہ بھیج رہی ہوں یقیناً عبقری کی خواتین قارئین اس سے بھرپور استفادہ حاصل کریں گی۔ **ھوالشافی:** کلونجی آدھ چھٹانک پسی ہوئی' ہلدی آدھ چھٹانک' شہد ایک چھٹانک' مرچ سیاہ آدھ تولہ پسی ہوئی' بادام کشمش وغیرہ اگر شامل کرنا چاہیں تو ضرور کریں۔ تمام اشیاء شہد میں مکس کرکے صبح وشام ایک چائے والا چمچ دودھ کے ساتھ استعمال کریں' انشاء اللہ بے شمار لوگ مستفید ہوچکے ہیں۔

گھٹنوں کے درد کیلئے: کالے چنے رات کو بھگو کر تقریباً آدھ چھٹانک صبح کو اس کا پانی پی لیں۔ نلیوں والے گوشت کی یخنی یہ بھی بڑا شاندار نسخہ ہے۔ گوشت والی دکان سے بڑے آرام سے یہ ہڈیاں مل جاتی ہیں۔ ان کی یخنی اعصاب، جوڑوں کے درد اور جسمانی طاقت کیلئے لاجواب ہیں۔ آپ صرف ایک مرتبہ آزما کر تو دیکھیں۔ (ام ایمان' ساہیوال)

طبیبہ نے دیئے چند آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک طبیبہ ہوں اور عبقری کی قاریہ ہوں اور اس میں ہر ماہ کسی نہ کسی موضوع پر کوئی تحریر بھیجنا چاہتی ہوں' یہ میری پہلی کوشش ہے انشاء اللہ مزید بھیج کر اپنے لیے صدقہ جاریہ کا سامان کرتی رہوں گی۔ **بچوں کے کان درد کا آزمودہ گھریلو علاج:** اکثر بچوں کو کان میں درد ہوتا ہے اگر آپ فوراً ڈاکٹر سے رجوع نہیں کرسکتے تو دیسی اجوائن تھوڑی سی لے کر تھوڑا سا پانی ملائیں اچھی طرح پیس لیں اور کپڑے میں ڈال کر نچوڑ لیں اور نیم گرم کرکے چند قطرے کان میں ٹپکائیں' تین سے پانچ منٹ میں درد رک جائے گا چاہے وجہ کوئی بھی ہو۔ آزمودہ ہے۔ **ہیضہ کا گھریلو علاج:** آپ کی ذرا سی بے احتیاطی آپ کو ہیضہ جیسی نامراد بیماری میں مبتلا کرسکتی ہے۔ اگر ایسی بے احتیاطی ہوجائے اور آپ کو لوز موشن یا قے متلی کی شکایت ہو' پیٹ میں درد ہو تو فوراً تھوڑی سی اجوائن' پودینہ' دارچینی' لونگ کا قہوہ بنائیں' دو تین جوش آنے پر ڈھانپ کر چولہا بند کردیں' جب نیم گرم رہ جائے تو نمک اور ایک کپ قہوہ میں آدھا لیموں نچوڑ کر پئیں۔ چند کپ استعمال کرنے سے آپ کی حالت سنبھل جائے گی لیکن ایک دو دن اس کو جاری رکھیں۔ **احتیاط:** بادی' ثقیل غذا سے پرہیز کریں۔ **غذا:** مسور کی دال' انڈا' کباب اور گرم خشک غذائیں استعمال کریں کیونکہ اس بیماری میں صفراء اور تیزاب کا اخراج ہوجاتا ہے اور اس کا دوبارہ جسم میں پیدا ہونا ہی اس کا صحیح علاج ہے۔ اگر کسی بیماری کا علاج اصولِ علاج کے تحت کیا جائے تو اللہ تعالیٰ ضرور اپنا فضل فرماتے ہوئے شفاء عطا کردیتے ہیں۔ (مسز شاہدہ شاہد' لاہور)

بواسیر، کمزوری گردہ اور بچکی کیلئے: بڑھی ہوئی تلی میں انجیر پانچ دانہ، بادام سات دانہ، پستہ چھ دانہ پیس کر کھانا نہ صرف تلی کو فائدہ دیتا ہے بلکہ بواسیر، کمزوری گردہ اور بچکی کو بے حد مفید ہوتا ہے۔

بارش کا پانی صحت کا جانی

(قسط نمبر 3)

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں، آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

جس دن سے بارش کے پانی کے فائدے اور کمالات عبقری میں شائع ہونا شروع ہوئے ہیں شاید مخلوق خدا انتظار میں تھی یا انہیں کوئی راستہ اور عنوان چاہیے تھا، مجھے بے شمار لوگوں نے اپنے تجربات بتانا شروع کیے، ان تجربات میں کچھ تجربات میں چاہتا ہوں امانت سمجھ کر آپ تک پہنچاؤں۔

بھگندر اور فسچولہ سے نجات: ایک صاحب کہنے لگے: مجھے ناسور کی بیماری تھی جس کو بھگندر اور فسچولہ بھی کہتے ہیں۔ (پاخانہ کی جگہ کے ساتھ ایک ناسور جس کا بار بار آپریشن کروانے کے بعد بھی صحت بہت کم لوگوں کو ملتی ہے) کہنے لگے: میں نے دو آپریشن بھی کروا لیے، بہت زیادہ مہنگی اور قیمتی ادویات کھا ڈالیں، کسی دوائی نے مجھ پر اثر نہ کیا، کرتے کرتے ایک دن میں شادی کی تقریب میں جھنگ گیا ہوا تھا، وہاں میرے اٹھنے بیٹھنے کی تکلیف کو دیکھ کر ایک بوڑھے رشتہ دار نے پوچھا تو میں نے بتایا کہ ''یہ تکلیف ہے'' ہنس کر کہنے لگے کہ میں بتاؤں گا آپ کو سمجھ نہیں آئے گی؟ کرلیں گے فائدہ ہوگا اور فائدے کے بعد آپ بھی کسی کو بتائیں گے ان کو بھی سمجھ نہیں آئے گی۔ پھر کہنے لگے: ایسا کریں آپ صرف اور صرف بارش کا پانی پئیں اور بارش کے پانی کو زخم کی جگہ پر دن میں چند بار ایک چلو پانی بھر کر لگائیں یعنی اس حصہ کو دھو دیا کریں اور مسلسل بارش کا پانی پئیں اور اس ان پڑھ بابے نے جو اگلی بات کہی وہ بہت حیرت انگیز تھی۔ کہنے لگے: جب بھی بارش کا پانی پئیں، اس نیت اس جذبے سے پئیں یااللہ یہ آسمان سے اترا ہے، آسمان پر تیری رحمت ہوتی ہے، یقیناً اس قطرے کے ساتھ تیری رحمت لگی ہوگی، اپنی رحمت کے صدقے اس پانی میں شفاء دے دے اور اس شفاء کے اندر میری بیماری میں شفاء ڈال دے۔ کہنے لگے میں نے ان کی بات سنی چونکہ ادویات اور آپریشن سے مجبور ہو چکا تھا اور کسی سانس اور کسی پل مجھے سکون نہیں مل رہا تھا میں نے فوراً اس کی بات مانی، بارش کا پانی کسی طرح مجھے کہیں سے مل گیا اور آئندہ جمع کرنے کیلئے میں نے پورا عزم کیا۔ میں نے بارش کا پانی پینا اور لگانا شروع کر دیا اور کرتے کرتے یہاں تک کہ میں کچھ ہی ماہ میں بالکل صحت مند اور تندرست ہو گیا اور مجھے احساس ہی نہ ہوا کہ مجھے کوئی تکلیف ہے بھی۔

ذہنی دباؤ، ٹینشن، اعصابی کھچاؤ اور بے چینی ختم: اگلا واقعہ ایک صاحب نے سنایا: کہنے لگے: میں ذہنی ٹینشن، اعصابی کھچاؤ، ذہنی دباؤ اور طبیعت کی گھبراہٹ اور بے چینی کا شکار تھا، میں مری کے ایک گاؤں میں اپنے ایک دوست سے ملنے گیا، ان کی سادہ غذا تھی لیکن میرے جی میں آیا کہ میں پانی پیوں، بہت میٹھا ٹھنڈا پانی، میں وہاں پانی پیتا رہا میں سات دن وہاں رہا، مجھے اتنا فائدہ ہوا کہ میں خود گمان نہ کر سکا کہ آج تک مجھے کبھی اتنا فائدہ ہوگا بھی؟ مجھے حیرت ہوئی میرا خیال تھا کہ شاید ماحول کے بدلنے سے مجھے فائدہ ہوا یقیناً اس کا اثر بھی ہوتا ہے، پھر اگلا خیال کہ شاید کسی سادہ غذا کی وجہ سے واقعی اس کا اثر ہوتا ہے، لیکن پھر خیال آیا کہ اتنا فائدہ کہ جس سے میرے دل کو سکون ملا، طبیعت کو چین ملا اور ذہنی آسودگی ملی اور اندر کی ٹینشن، گھبراہٹ، اکتاہٹ اور بے چینی مجھے جو اندر ہی اندر کھائے جا رہی تھی اس سے مجھے خلاصی ملی، آخر یہ کیا ہے؟ میں نے اس کا تذکرہ اپنے میزبان سے کیا۔ کہنے لگے دراصل ہمارے ہاں پہلے بہت چشمے تھے اور چونکہ یہاں سارے علاقہ میں انگریز سے پہلے سکھوں کا دور دورا تھا، سکھوں نے چشموں کو بہت محفوظ کیا اور سکھ حکومت نے چشموں کی بہت قدردانی کی، ان کو مضبوط کیا، پکا کیا ان کے ڈھکنے بنوائے ان کی حفاظت کی، بس ہمارے گناہ ہیں کہ چشمے خشک ہو گئے، بہت تھوڑے چشمے باقی ہیں، ہمارے یہاں بارش بہت ہوتی ہے، ہم بارش کا پانی محفوظ کر لیتے ہیں، گھر میں نیچے بہت بڑی بڑی ٹنکیاں بنائی ہوئی ہیں۔ اسی پانی کو کپڑے سے چھان کر پیتے بھی ہیں، استعمال بھی کرتے ہیں دراصل آپ کو جو پانی دیا ہے یہ بارش کا پانی ہے اور پھر اس پہاڑی نے اپنا مشاہدہ بتایا کہنے لگا: ہمارے بڑے بتاتے تھے کہ بارش کا پانی اللہ کی رحمت اور دعا کے ساتھ آتا ہے اور اس کو صرف وہی لوگ پی سکیں گے جن کے ساتھ رحمت اور دعا ہوگی یا جنہیں رحمت اور دعا چھوئے گی اور کوئی اس کو نہ پی سکے گا اور نہ اور کوئی اس کو استعمال کر سکے گا۔ کیونکہ رحمت کا مستحق ہر فرد نہیں ہوتا، یہ صرف قسمت والے کو ملتی ہے اور نصیب والے کو ملتی ہے اور پھر ہمارے بڑے یہ بات کہتے تھے کہ بارش میں رحمت اس دن آئی تھی جس دن حضور رحمۃ اللعالمین ﷺ اس کائنات میں تشریف لائے تھے اور حضور ﷺ کی تشریف آوری نے بارش کے پانی کو رحمت بنا دیا، بارشیں تو اس سے پہلے بھی ہوتی تھیں لیکن اس میں رحمت شفاء اور برکت مدینے والے ﷺ کی آمد سے ہوئی۔

بارش کے پانی اور جَو کے دلیہ سے جادو ختم: وہ پہاڑی مزید بتانے لگا ہمارے ہاں ایک بات مشہور ہے کہ پاگل کو اگر ستر دن تک بارش کا پانی پلائیں اور جَو کا دلیہ کھلائیں نہ کچھ اور کھلائیں نہ پلائیں تو پاگل تندرست ہو جائے گا اس کا پاگل پن ختم ہو جائے گا۔ یہ بات بھی ہمارے ہاں مشہور ہے کہ اگر کوئی ایسا فرد جو کسی لاعلاج بیماری، لاعلاج جادو یا کالے جنات کی گرفت میں ہو وہ ستر دن بہت زیادہ بارش کا پانی پیئے اپنی ضرورت سے بھی زیادہ پیئے اور دن رات صرف جَو کا دلیہ کھائے، اس کا جادو بھی ٹوٹ جائے گا اس کی بندش بھی ختم ہو جائے گی اس کو صحت و تندرستی بھی ملے گی اور جسمانی بیماریاں چاہے وہ جتنی بھی لاعلاج کیوں نہ ہوں سب ختم ہو جائیں گی۔

میں اس پہاڑی کی باتیں سن کر حیران ہوا کہ بارش تو ہمارے ہاں بھی ہوتی ہے اور لاہور میں بارش کے موسم میں بہت زیادہ ہوتی ہے اس کے علاوہ بھی بارش ہوتی رہتی ہے ہم نے تو کبھی بارش کے پانی کی قدر ہی نہیں کی۔ بلکہ غریب ڈرتے ہیں کہ ہمارے گھر ڈوب نہ جائیں، گر نہ جائیں اور امیر خوش ہوتے ہیں چلو ہمارے گھر دھل جائیں گے اور ہمارے باغیچے پھل پھول جائیں گے لیکن جو بارش میں شفاء میں نے سنی، وہ کبھی نہ سنی، نہ سوچی، نہ پڑھی، نہ دیکھی، نہ گمان خیال میں، نہ احساس ادراک میں۔ وہ صاحب کہنے لگے میرے دل میں خیال آیا کہ میں کچھ دن مزید یہاں رہوں کیونکہ ان سے میرا تعلق بہت گہرا تھا مزید رہنا ان کی خوشی کا ذریعہ تھا نہ کہ ان کی پریشانی کا۔ بس میں نے وہاں اپنے آپ کو بارش کے پانی کے حوالے کر دیا، جو ایک کمی میرے اندر جَو کے دلیہ کی تھی میں نے اس جَو کے دلیہ کو کھایا اور سب کھانا سب کچھ چھوڑ دیا بس دن رات میرا کھانا جَو کا دلیہ اور پینا بارش کا پانی تھا اور بارش کا پانی میں بہت زیادہ پیتا تھا مجھے پیشاب زیادہ آنے لگا میں گھبرایا نہیں، میں دو ہفتے مزید رہا میں جب مری گیا تھا میرے ساتھ ایک چھوٹا بیگ تھا جس میں طرح طرح کی رنگ برنگی دوائیں انجکشن، انسولین اور نامعلوم کتنی ایمرجنسی کی ادویات تھیں کہ وہاں گاؤں اور دیہات ہے اگر اچانک کچھ ہو گیا تو؟ اس کیلئے دوائی رکھ لی، اچانک اگر دل کا مرض ہو گیا تو اس کیلئے یہ دل کی دوا ہے اگر کوئی چوٹ لگ گئی تو یہ چوٹ کی دوا ہے نامعلوم مزید کتنی اضافی ادویات اپنے ساتھ رکھ لیں۔ لیکن حالات نے بارش کے پانی اور جَو کے دلیہ نے مجھے سوچنے پر مجبور کر دیا کہ مجھے کسی دوا کی اب ضرورت نہیں ہے اور میں نہایت صحت مند ہوں اور تندرست ہوں، میری طاقت، میری صحت، میری تندرستی، شعور احساس اور ادراک میرا ساتھ دے رہا میں محسوس کر رہا تھا کہ میں اٹھاون سال کی عمر میں پھر سے اٹھارہ سال کی عمر میں چلا گیا ہوں۔ میرے پٹھے، اعصاب، دل دماغ، نیند اور زندگی کا چین بارش کے پانی نے لوٹا دیا۔ اے کاش! میں پہلے اور اس سے پہلے بارش کے پانی سے فیض یاب ہو جاتا۔ (جاری ہے)

قارئین کے طبی اور روحانی سوال' صرف قارئین کے جواب

قارئین! کوئی آسان سا علاج بتادیں: محترم قارئین! گزارش ہے کہ گزشتہ چند سال سے میں بدخوابی کے مرض میں مبتلا ہوں' اس کی شدت بھی بہت زیادہ ہے' اس مسئلے کے حل کیلئے ڈاکٹر کے پاس گیا مگر کوئی افاقہ نہ گیا۔ کافی پریشان ہوں۔ اس کا کوئی حل بتادیں عین نوازش ہوگی۔ (س،ق)

جواب: بیٹا آپ تقویٰ اور طہارت اختیار کریں اور نماز میں پابندی کریں۔ سونف، زیرہ سفید، اندر جو شیریں، کباب چینی، چھلکا اسپغول ہموزن کوٹ پیس کر اسے مستقل استعمال کریں۔ آدھا چمچ دن میں چار بار پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ **(محمد جلیل ثاقب' جھنگ)**

نہ سر پر بال نہ ڈاڑھی پر: محترم قارئین! میری عمر 24 سال ہے میرے سر کے بال اور ڈاڑھی کے بال انتہائی گنجان اور گھنے تھے' آٹھ نو ماہ قبل ڈاڑھی میں بالچر لگا جس کی وجہ سے میری ڈاڑھی ایک سائیڈ سے خالی ہوگئی' علاج معالجہ کیا تو اس خالی جگہ پر بال آگئے مگر اب پھر مسلسل سر اور ڈاڑھی کے بال جھڑ رہے ہیں' صابن لگاتے ہوئے تیل لگاتے ہوئے کنگھی کرتے ہوئے' بہت بال جھڑتے ہیں جس کی وجہ سے ڈاڑھی کافی پتلی ہوتی جارہی ہے۔ قارئین! انگریزی میڈیسن کھا کھا کر تھک گیا ہوں مگر کوئی فرق محسوس نہیں ہورہا حالانکہ غذا میں دودھ اور دہی وغیرہ کا استعمال بھی بکثرت کررہا ہوں اگر کسی صاحب کے پاس کوئی حل ہو تو بتائیں' اللہ پاک جزائے خیر دے گے۔ **(کلیم اللہ)**

جواب: بھائی! آپ صبح و شام 3 چمچ شہد پانی میں گھول کر پئیں۔ کچھ ماہ کے بعد چھوڑ دیں نہایت آزمودہ ہے۔ اس کے علاوہ ہر قسم کے شیمپو کا استعمال چھوڑ دیں۔ آپ ریٹھا' آملہ' بالچھڑ اور مہندی کے پتے ہر ایک 50 گرام لے کر 5 کلو پانی میں ہلکا کوٹ کر بھگو دیں اور اس پانی کو آدھ گھنٹہ ابالیں اور پھر رکھیں روزانہ اسی پانی سے سر دھوئیں۔ **(ریحانہ' لاہور)**

دم گھٹنے کی تکلیف میں مبتلا: قارئین! آپ کی خدمت میں ایک مسئلہ عرض ہے' اس وجہ سے نماز' قرآن میں بھی بہت کوتاہی ہورہی ہے' براہ مہربانی اس کا حل بتایئے۔ میری عمر 23 سال ہے' بچپن سے ہی دم گھٹنے کی تکلیف میں مبتلا ہوں اب حالت یہ ہے کہ سارا دن ہر وقت دم گھٹتا رہتا ہے۔ آدھ آدھ گھنٹہ سانس نہیں لے پاتی۔ دل کی دھڑکن تیز' دل میں درد محسوس ہوتا ہے' ہاتھوں کی گرفت کمزور' ہاتھ پاؤں جلدی سن ہوجاتے ہیں' نیند کا غلبہ' ٹھنڈے پسینے' گھٹنوں میں درد اور اکثر ایڑیوں میں درد اور کھچاؤ رہتا ہے' پہلے بلڈ پریشر لو رہتا تھا اب ہائی رہتا ہے۔ ہاتھ پاؤں میں جلن' پانچ منٹ سے زیادہ کھڑی رہوں تو چکر آجاتے ہیں۔ دماغی و جسمانی کمزوری اور یادداشت بھی کمزور ہوگئی ہے' ذہنی یکسوئی نہیں رہتی۔ **(ر،ح' سندھ)**

جواب: آپ مندرجہ ذیل نسخہ کم از کم تین ماہ استعمال کریں۔ بنفشی قہوہ عبقری دواخانہ کا' اطریفل اسطخدوس' خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا' جوارش جالینوس' معجون عشبہ' کسی اچھے دوا خانہ سے لے کر ان کے اوپر لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ **(ماجد بٹ' ساہیوال)**

چہرے پر بال' ناخنوں کے نشان: قارئین! میرے دو مسائل ہیں جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں ایک تو یہ کہ میرے چہرے پر بہت زیادہ بال ہیں' میں نے ایک دو دفعہ اتارے بھی ہے' تھریڈنگ کی ہے لیکن بال پہلے سے زیادہ موٹے نکلتے ہیں اور چہرے پر دانوں اور ناخنوں کے نشان بھی ہیں پلیز آپ کوئی ایسا حل بتادیں جس سے میرے چہرے سے بال اور نشان و داغ وغیرہ ہمیشہ کیلئے ختم ہوجائیں اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ میری عمر صرف انیس سال ہے اور میرے سر کے بال سفید ہوگئے ہیں علاج بھی کروانے ہیں لیکن بے سود اور بال گرنے بھی بہت ہیں' بال پہلے بہت گھنے ہوتے تھے لیکن اب گر گر کر پتلے ہوگئے ہیں بالوں کے بارے میں بھی کوئی حل بتادیں جس سے بال لمبے کالے اور گھنے ہوجائیں' پلیز آپ میرے ان مسائل کا حل ضرور بتادیں' میں بہت پریشان ہوں۔ **(ف۔ع)**

جواب: آپ تسلی رکھیں اور مندرجہ ذیل نبوی ﷺ نسخہ استعمال کریں۔ کلونجی آدھ چمچ چھوٹا' روغن زیتون ایک چمچہ چھوٹا' تخم کاسنی آدھا چمچ' تخم میتھی آدھا چمچہ۔ یہ ایک وقت کی خوراک ہے۔ ایسا آپ صرف صبح و شام کرلیں اور مستقل مزاجی سے کم از کم دو ماہ استعمال کریں۔ تمام ادویات اگر کوٹ کر استعمال کریں تو بہتر ہے۔ ورنہ ثابت ہی استعمال کر سکتی ہیں۔ یہ بہترین نسخہ ہے آپ کے تمام مسائل کے حل کے لئے نہایت مفید اور موثر ہے۔ **(نائلہ جمشید' لاہور)**

قسمت ساتھ نہیں دے رہی: قارئین! میں بہت پریشان ہوں' میرے گھر میں بہت پریشانیاں ہیں' میری قسمت میرا ساتھ نہیں دے رہی' میں جو بھی کام کرتا ہوں الٹ ہوجاتا ہے' کوئی میری عزت نہیں کرتا' شدید جادو ہے' براہ مہربانی! مجھے کوئی وظیفہ بتایئے سب کی پریشانیاں ختم ہوجائیں' اچھا سا کاروبار اور میری پسند کا رشتہ مل جائے اور گھر میں ہمیشہ کیلئے خوشیاں آجائیں۔ (ایف،ج،ک)

جواب: آپ کے لیے اللہ تعالیٰ کے اسم "یَا وَهَّابُ" کا ورد بابرکت ثابت ہوگا۔ روزانہ نماز عشاء یا نصف شب کے بعد تین سو بار پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں حالات بہتر ہونے کی دعا کیا کریں۔ انشاء اللہ کرم کرے گا۔ **(پروفیسر جمشید' راولپنڈی)**

آنکھیں بند ہوگئیں: قارئین! میری ایک آنکھ تو آج سے پندرہ سال پہلے بند ہوگئی تھی اور اب دوسری بند ہوگئی ہے۔ قارئین! میں نے بہت علاج کروائے مگر یہ سوء' جادو کی وجہ سے ہے کوئی عمل بتائیں۔ **(محمد ادریس' شکر گڑھ)**

جواب: آپ ہمت کرکے سورۃ القریش 121 بار روزانہ پڑھیں اور اپنی آنکھوں پر دم کریں۔ اٹھتے بیٹھتے بھی یہ سورۃ نہایت کثرت سے پڑھیں۔ 90 دن یہ عمل کریں آپ کے لیے انشاء اللہ تعالیٰ خزانہ غیب سے دروازے کھلیں گے۔ **(زوہیب شاہ' کوئٹہ)**

پاؤں کی ایڑیاں پھٹی رہتی ہیں: قارئین! میرے پاؤں کی ایڑیاں سارا سال پھٹی رہتی ہیں۔ خاص کر سردیوں میں تو ان میں بڑے بڑے کٹ لگ جاتے ہیں اور یہ دیکھنے میں انتہائی بھدی معلوم ہوتی ہیں اور مزید کیا ربڑ کے سلیپر پہننے سے بھی ایڑیاں پھٹ جاتی ہیں۔ براہ مہربانی اس کا کوئی حل بتایئے۔ (ج۔ش)

جواب: پاؤں کی ایڑیوں کے پھٹنے کا مجرب علاج ناف اور ہونٹوں پر آئل اور گھی لگائیں۔ بکرے یا گائے وغیرہ کی چربی کو پگلانے کے بعد جو گھی نکلتا ہے وہ ایڑیوں پر دو سے تین دن لگائیں ایڑیاں بالکل ٹھیک ہوجاتی ہیں۔ علاوہ ازیں ربڑ کے سلیپر پہننے سے ہرگز ایڑیاں نہیں پھٹتیں۔ آپ بے شک مشاہدہ کرلیں۔ تمام بہنیں استعمال کریں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ **(طاہر منیر' چکوال)**

ii: شلجم کے ٹکڑے کرلیں' پھر اسے پانی میں ڈال کر ابال لیں۔ حتیٰ کہ وہ بالکل نرم ہوجائیں۔ اب ایک چھوٹے ٹب میں جب یہ پانی نیم گرم ہوجائے تو اس میں نمک اور سرسوں کا تیل ڈال کر اس میں اپنے پاؤں ڈبوئیں اور شلجم کے ٹکڑوں کو انگلیوں کے درمیان اور پورے پاؤں پر رگڑیں جب پانی ٹھنڈا ہوجائے تو پاؤں نکال کر آہستہ سے ٹشو پیپر سے صاف کرکے سوجائیں۔ یہ عمل رات کو سونے سے پہلے کریں تاکہ ساری رات اثر ہو۔ یہ عمل میں نے خود کیا تھا۔ میرے پاؤں میں بھی ایسی ہی تکلیف ہوئی تھی تو والدہ کو کسی نے بتایا تھا۔ میرے ساتھ ہر سال سردیوں میں یہ مسئلہ ہوجاتا تھا تو پھر یہ عمل کرنے سے فرق پڑتا تھا۔ (ش۔ج)

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لیے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلرز پن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

جوانی میں بال سفید: محترم حضرت حکیم صاحب! میں ماہنامہ عبقری کا باقاعدگی سے مطالعہ کرتا ہوں اور اس کے مطالعے سے مجھے بہت کچھ حاصل ہوتا ہے۔ ماہنامہ عبقری طبی ٹوٹکوں اور اوراد و وظائف کا ایک انسائیکلوپیڈیا ہے اس میں تو کوئی شک نہیں ہے۔ اتنے سارے طبی ٹوٹکے، طبی راز، اوراد و وظائف، اسرار و رموز جو کسی اور رسالے میں نہیں' آپ خلق خدا کی بہت بڑی خدمت کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور صحت و تندرستی کے ساتھ عمرِ دراز عطا فرمائے تاکہ آپ اسی طرح دکھی اور پریشان مخلوق خدا کی خدمت سرانجام دیتے رہیں' آمین ثم آمین۔ ناک کان گلے کی تکالیف کی وجہ سے وقت سے پہلے ڈاڑھی اور سر کے بال سفید ہونا شروع ہوجاتے ہیں۔ کوئی نسخہ بتائیے جو سفید بالوں کو دنوں میں ڈارک براؤن کردے' آگاہ فرمائیے۔ (محمد عدنان عامر' لاہور)

مشورہ: اسطخدوس باریک پیس کر ایک ماشہ' کشتہ مرجان ایک رتی' خالص شہد ایک چائے کی چمچ' اطریفل اسطخدوس چھ گرام میں ملا کر سوتے وقت کھالیا کریں۔ اصلی عمدہ بنا ہوا خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا جو کسی دیانتدار طبیب نے خود تیار کیا ہو آدھی چائے کی چمچ صبح وشام کھائیں۔ بالوں کو وقتی طور پر براؤن کرنے کیلئے آپ سادہ مہندی جو بازار سے کھلی ملتی ہے وہ لگالیا کریں۔

اچانک ہوئے کمر درد سے نجات: میں بہت بیمار ہوں' میری کمر میں دسمبر سے اچانک درد شروع ہوا' میں نے پین کلر انجکشن بھی لگوائے وقتی آرام کے بعد وہی پوزیشن رہی' وقتاً فوقتاً ڈاکٹرز سے ادویات لیتی رہی' ڈاکٹر کو چیک اپ کروایا تو انہوں نے وین بند ہونے کا کہا اور مزید کہا کہ گودا باہر کو نکل رہا ہے۔ میں بہت پریشان ہوں' اب ڈاکٹر سرجری کا بتا رہے ہیں' میں آپریشن ہرگز نہیں کروانا چاہتی' براہ مہربانی مجھے کوئی نسخہ بتائیں دعا گو رہوں گی۔ (زمرد حسین' مظفرآباد)

مشورہ: آپ کو چاہیے کہ مغز پنبہ دانہ (بنولہ) سے فائدہ اٹھائیں، نہایت اچھی دوا ہے۔ 9 گرام بنولہ کے بیج ذرا کوٹ کر رات کھولتے گرم پانی میں بھگونے کے بعد ہلا کر رکھ دیں۔ صبح نتھار کر اوپر کا پانی لے لیں۔ اس میں ایک چمچ شہد ملا کر نوش جان کر لیجئے، اس سے درد کمر رفع ہوجائے گا۔ اگر چاہیں اور فائدہ نہ ہو رہا ہو تو شام کو ماءالذہب فولادی سیال ایک چائے کے چمچ کے برابر گلاس نیم گرم پانی میں ملا کر ہفتہ دو ہفتہ پی لیں۔ آرام آجائے گا۔

ادویات کے سہارے جی رہا ہوں: مجھے گزشتہ سولہ سترہ سال سے دمہ کی بیماری ہے اور مجھے بہت تکلیف ہے' چھاتی میں ریشہ ہے اور چھینکیں بہت آتی ہیں اور موٹاپا بھی بڑھ رہا ہے' دن بدن میری عمر بیس سال ہے اور ابھی سے ہی انگریزی ادویات کے سہارے جی رہا ہوں' مجھے اب ایک دوست نے بتایا ہے کہ عبقری میں خط لکھو۔ براہ مہربانی مجھے اس کا علاج بتائیے۔ (واصف علی' اٹک)

مشورہ: کشتہ طلاء کلاں اصلی دو چاول عمدہ اصلی خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا پر ڈال کر صبح کھائیں سوتے وقت لعوق صنوبر اصلی ایک چائے کی چمچ کھائیں۔ اسطخدوس کا جوشاندہ دن میں دو بار پئیں۔ شدید ضرورت پر انہیلر یا کوئی بھی علاج ہمراہ لیتے رہیں۔ وہ تمام پرہیز کریں جو اس سلسلے میں ہم لکھتے ہیں اور غذا بھی ہمارے مشوروں کے مطابق کھائیں۔ اس بات کا یقین رکھیں کہ اگر درست علاج میسر آجائے اور غذائی پرہیز اور سردی سے مکمل بچاؤ رہے تو شفایابی یقینی ہے (انشاء اللہ) دمہ کوئی مستقل یا لاعلاج مرض نہیں ہے۔ اکثر مریضوں کو تو پرہیز کا ہی پتہ نہیں ہوتا کہ کیا کرنا ہے؟ اکثر کے ذہن میں الرجی جیسا مبہم لفظ ہوتا ہے وہ دھوئیں، گرد سے بھاگتا رہتا ہے۔ سردی گرمی خشکی تری کے بنیادی فلسفے سے اس کی واقفیت صفر ہوتی ہے تو بچاؤ اور پرہیز کیسا؟

زکام اور الرجی سے تنگ ہوں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے اور میرے والد صاحب کو زکام کیرا کافی پرانی بیماری ہے' زکام پانی کی طرح آتا ہے' سانس بھی بند ہونے لگتا ہے' بہت علاج کیا مگر آرام نہیں آیا۔ مختلف حکیموں سے ادویات لیں مگر استعمال کرتے رہو تو ٹھیک جیسے ہی چھوڑو پھر وہی حال ہوجاتا ہے۔ ڈاکٹر کہتے ہیں الرجی ہے' مٹی' دھواں سے بچیے' مگر کیسے' مزدور آدمی ہوں دھواں مٹی سے نہیں بچ سکتا۔ رسالہ عبقری کی بہت تعریف سنی' ہر ماہ پڑھتا ہوں' بندے کو اس کا آسان نسخہ بتائیے۔ (تجمل)

مشورہ: سب سے پہلے تو آپ غذائی بے احتیاطی چھوڑ دیں اور خاص طور پر کھٹی، ٹھنڈی اور بادی چیزوں سے مکمل پرہیز کریں۔ مندرجہ ذیل نسخہ مکمل توجہ اور دھیان سے کچھ عرصہ استعمال کریں۔ **حوالشافی:** کلونجی باریک کر کے رکھیں۔ اطریفل اسطخدوس کا ایک چھوٹا چمچ چائے والا اگر گرم پانی کے کپ میں گھول کر اس میں ایک چوتھائی چمچ کلونجی ڈال کر حل کر کے پی لیں اور اوپر سے کوئی ٹھنڈا پانی یا ٹھنڈی غذا ہرگز ہرگز استعمال نہ کریں۔ اس طرح صبح وشام کھانے سے قبل استعمال کریں۔

وضو ٹوٹ جاتا ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں جب بھی وضو کرتا ہوں تو تقریباً دس منٹ بعد یا آدھا گھنٹہ بعد یا کبھی وضو کرتا ہوں' نماز پڑھتے ہی میرا وضو ٹوٹ جاتا ہے (ہوا خارج ہوجاتی ہے) آپ اس کا حل بتائیں۔ (ج، واہ کینٹ)

مشورہ: آپ سونف' سونٹھ، دانہ الائچی کلاں، ملٹھی، مرچ سیاہ، نمک ایک ایک تولہ، نمک سیاہ نو ماشہ' نوشادر چھ ماشہ باریک پیس کر تین تین ماشہ صبح، دوپہر، شام بعد از غذا استعمال کریں۔

دماغی کمزوری: میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری بیٹی جس کی عمر تقریباً دس سال ہے' پڑھنے لکھنے میں دل چسپی نہیں لیتی' ریاضی' انگلش' سائنس میں بالکل نکمی ہے اگر پیپروں میں محنت کرتی ہے تو کمرہ امتحان میں جا کر سب بھول جاتی ہے۔ دماغی کمزوری شدید ہے۔ سر میں درد بھی رہتا ہے کیا یہ درد شقیقہ ہے۔ براہ مہربانی کوئی ٹوٹکہ بتائیں۔ (محمد کاشف' لاہور)

مشورہ: آپ حب عنبر مومیائی ایک ایک گولی صبح وشام چائے کیساتھ کھلائیں، صبح ناشتہ میں بادام بھی کھلایا کریں۔ آپکی تحریر کردہ کیفیت سے یہ اندازہ ہوا کہ یہ درد شقیقہ نہیں ہے۔

چہرے کی چھائیاں: میری عمر 37 سال ہے اور چار بچے ہیں اللہ کا شکر ہے صحت تندرستی سب کچھ ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ میرے چہرے پر گزشتہ آٹھ سال سے چھائیاں بہت ہیں۔ بہت علاج کروائے مگر فرق نہ پڑا۔ چہرے پر کوئی دانہ نہیں' بس رنگت کالی اور چہرہ سیاہی سے بھرا ہوا ہے۔ باقی الحمدللہ بالکل تندرست ہوں۔ کوئی نسخہ یا دوائی بتائیے۔ (ن۔ پ' چیچہ وطنی)

مشورہ: عرق گل منڈی صبح دس بجے اور شام 5 بجے پئیں۔ گرم چیزوں سے پرہیز بھی ضروری ہے۔ دو ہفتے کے بعد دوبارہ حال لکھیں۔ خون میں ہیموگلوبن بھی چیک کروائیں۔ اس کے علاوہ ایک پاؤ گل منڈی لیجئے اور اس کے سولہ دانے آدھے گلاس پانی میں بھگو دیجئے۔ چھلنی میں پانی چھان کر ایک چمچ شہد ملا کر پی جایئے۔ شہد نہ ملے تو آپ عناب کا شربت ملا سکتی ہیں ورنہ گل منڈی کے ساتھ عناب کے سات دانے رات کو بھگو دیجئے اور تھوڑی سی چینی ملا کر صبح نہار منہ پیجئے۔ تین چار ہفتے پی کر دیکھئے آپ کا یہ مسئلہ حل ہوجائے گا۔

امریکہ کے مشہور سرجن کا آزمودہ ٹوٹکہ عبقری کیلئے

ان کے بارے میں مشہور ہے کہ ان کے ہاتھوں میں جادو ہے اور وہ جو آپریشن کرتے ہیں کبھی ناکام نہیں ہوتا۔ وہ سرجن میری والدہ کے چچا کے دوست بھی ہیں۔ ایک دن انہوں نے انہی سرجن سے ان کی ذہانت کا راز پوچھا تو اس سرجن نے کہا کہ ویسے تو کبھی میں نے یہ راز کسی کو نہیں بتایا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے چند ماہ قبل میری والدہ کے چچا امریکہ سے آئے ہوئے تھے۔ ان سے بات ہوئی تو انہوں نے امریکہ کے ایک مشہور نیورو سرجن کے بارے میں بتایا جو کہ پاکستانی ہیں۔ ان کے بارے میں مشہور ہے کہ ان کے ہاتھوں میں جادو ہے اور وہ جو آپریشن کرتے ہیں کبھی ناکام نہیں ہوتا۔ وہ سرجن میری والدہ کے چچا کے دوست بھی ہیں۔ ایک دن انہوں نے انہی سرجن سے ان کی ذہانت کا راز پوچھا تو اس سرجن نے کہا کہ ویسے تو کبھی میں نے یہ راز کسی کو نہیں بتایا لیکن آج آپ کو ضرور بتاؤں گا تو پھر انہوں نے بتانا شروع کیا کہ میری والدہ بچپن سے مجھے اور میرے دیگر بہن بھائیوں کو ایک ایسی خوراک کھلاتی تھیں جس سے دماغ بہت تیز ہوجاتا ہے اور کند ذہن سے کند ذہن طالب علم بھی امتحان میں اعلیٰ نمبر حاصل کرسکتا ہے۔ سرجن نے بتایا کہ اس خوراک کی وجہ سے آج اس نے یہ مقام حاصل کیا ہے اور اس کی ایک بہن حافظہ قرآن' عالمہ اور مذہبی اسکالر ہے۔ ہزاروں مسئلے اسے زبانی یاد ہیں۔ ایک بھائی جدہ میں الیکٹرک انجینئر ہے جبکہ دوسرے بھائی گوگل کمپنی میں اعلیٰ عہدے پر فائز ہیں۔

قارئین! وہ خوراک یہ ہے: ایک پاؤ خشخاش، آدھ کلو مشین کا بہت باریک قیمہ (گائے یا بکرے کا) ایک پاؤ چھلکا اتار کر بادام' ایک چھوٹی گری خشک ناریل کدوکش کیا ہوا۔ اب خشخاش کو بہت باریک پیس لیں، اتنا باریک کہ اس کا دانہ بالکل ختم ہوجائے اور بہت باریک سی چٹنی بن جائے۔ یاد رکھیں! سل بٹے پر پیسنا ہے۔ اب اس میں چھلکا اتارے بادام اور کدوکش کیا ناریل ڈال کر خوب اچھی طرح پیس لیں۔ اب قیمے میں حسب ذائقہ نمک، دو چمچ پسی کالی مرچ' پسا ہوا ادرک' لہسن دو چمچ' چھ بڑے چمچ پھینٹا ہوا دہی اور خشخاش کا مصالحہ ملالیں۔ اب اسے چولہے پر بغیر پانی ملائے بہت دھیمی آنچ پر رکھنا ہے۔ یہاں تک کہ قیمہ گل جائے اور پانی خشک ہوجائے۔ اب اس میں تھوڑا سا دیسی گھی ڈال کر بھون لیں۔ امتحان سے ایک ہفتے قبل بچے کو ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن اسی سے ناشتہ کرانا ہے۔ امتحان والے دن بھی اسی سے ناشتہ کرنا ہے اور چاہیں تو اس کو روٹی سے کھالیں اور چاہیں تو چمچ سے۔ اس کے ساتھ ساتھ روز رات کو پابندی سے دودھ پینا ہے اور امتحان سے ایک ہفتے پہلے ہر تین دن بعد خالص دودھ کی آدھ پاؤ کھیر کھانی ہے۔

اس خوراک کے استعمال سے وہ بچے جس کا دل پڑھائی میں نہیں لگتا یا جو یاد کرکے بھول جاتے ہیں یا اکثر یاد ہی نہیں کرپاتے انشاءاللہ ہر امتحان اعلیٰ نمبروں سے پاس کریں گے یا وہ حضرات ذہنی کمزوری کا شکار ہیں اور ہر ٹانک آزما چکے ہیں صرف ایک ہفتہ یہ خوراک استعمال کریں وہ بھی شفاء یاب ہوں گے۔ وہ خواتین جو گھر کے کام کاج اور بھاگ دوڑ سے بے دم ہوجاتی ہیں وہ بھی صرف ایک ہفتے میں تمام تھکن سے نجات پائیں گی۔ صرف ایک ہفتے کا استعمال صدق دل سے شرط ہے۔ میں نے کافی لوگوں پر آزمایا اور شاندار نتائج ملیں ہیں۔ باقی اللہ شافی ہے۔ نیت صاف منزل آسان۔ (پروین کوثر' کراچی)

بستر مرگ پر پڑی ابر رحمت سے بھلی چنگی ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ محترمہ 2010ء سال سے ماہنامہ عبقری کی باقاعدگی سے قاریہ ہیں اور قبل ازیں بھی ماہنامہ عبقری میں شائع شدہ تحریروں سے بے شمار فیوض وبرکات حاصل کرچکی ہیں اور ہر ماہ عرصہ دراز سے حاصل کردہ فوائد وثمرات کے پیش نظر زیادہ تعداد میں خرید کر لوگوں کو بطور گفٹ دیتی ہیں۔ عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں ''ہر بیماری کیلئے لاجواب عمل'' تحریر پڑھی اور تحریر میں بیان کردہ حدیث مبارکہ کے مطابق بارش کے پانی پر دم کرکے اپنے پاس رکھ لیا اور میری خالہ جو کہ فیصل آباد رہتی ہیں اور اکثر و بیشتر عرصہ دراز سے مختلف امراض میں مبتلا تھیں حتیٰ کہ اب بیماری اتنا غلبہ پاچکی تھی کہ اچانک طبیعت اتنی زیادہ خراب ہوجاتی کہ گھر والے ان کی زندگی کی دعائیں کرنے لگ جاتے۔ ہائی بلڈ پریشر کی بھی عرصہ دراز سے دوائیں کھارہی تھیں اور ادویات پر بھی بے شمار روپیہ پیسہ اور وقت برباد ہوچکا تھا۔ بارش والا دم کیا ہوا پانی ان کو پینے کیلئے بھجوایا جو کہ الحمدللہ اب بالکل ٹھیک ہیں اور روزانہ کے معمول کی ادویات سے نہ صرف ان کی جان چھوٹ گئی ہے بلکہ اب وہ اپنے روزمرہ کے گھریلو فرائض و ذمہ داریاں بھی احسن طریقہ سے سرانجام دے رہی ہیں۔ اللہ پاک حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم اور ان کی پوری عبقری ٹیم کو لمبی عمر صحت اور تندرستی عطا کرے اور ماہنامہ عبقری کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا کرے۔ (شاہد شوکت ایڈووکیٹ)

میری بیوی کے جوڑوں کا درد آسان نسخہ سے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیوی گنٹھیا (جوڑوں کا درد) کی بیماری عرصہ چھ یا سات سال سے تھی' بہت ایلوپیتھک ادویات استعمال کیں' کچھ فائدہ نہ ہوتا۔ یاد رہے میری بیوی کی عمر صرف 33 سال اور ایک بیٹی ہے حتیٰ کہ بیٹی کو بھی یہی بیماری تھی اس کی عمر 15 سال ہے۔ اس پر میں نے درج ذیل دو نسخہ جات استعمال کیے۔

نسخہ نمبر 1: دفتر ماہنامہ عبقری سے آپ کی ایک کتاب ''مجھے شفاء کیسی ملی'' عبقری دواخانہ سے منگوائی اس کتاب سے صفحہ نمبر 216 پر ایک نسخہ جو کہ اس طرح ہے۔ **ھوالشافی:** مغز جمال گھوٹہ ایک تولہ' مصبر ایک تولہ' دھتورہ سیاہ ایک تولہ' سرنجاں شیریں ایک تولہ' جمال گھوٹہ کو اڑتالیس گھنٹے لیموں کے رس میں کھرل کریں۔ بعد میں بقیہ تین چیزیں ڈال کر چار گھنٹے مزید کھرل کریں اب اس سفوف کے کیپسول بھرلیں۔ **خوراک:** ایک کیپسول صبح بعد ناشتہ دس دن تک کھلائیں۔ یہ نسخہ میں نے اسی طریقہ سے دس دن تک استعمال کیا اور اس کے بعد میں نے درج ذیل نسخہ نمبر 2 شروع کیا۔

ھوالشافی: آک کی جڑ کا خشک چھلکا 250 گرام' کلونجی 250 گرام' اجوائن دیسی 250 گرام سفوف بنالیں اور صبح و شام ایک چمچ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! یہ نسخہ نمبر دو آک کی جڑ کا خشک چھلکا والا' اس میں ناغہ ہوجاتا ہے۔ کیونکہ اکثر میرے گھر میں دودھ نہیں ہوتا لیکن اس کے باوجود بیماری میں 75 فیصد فائدہ ہے۔ ابھی علاج جاری ہے۔ میں، میری بیوی اور میرے بچے آپ کیلئے ہمیشہ دعاگو رہیں گے۔ (سلطان جان' خیبر ایجنسی پشاور)

ہمیشہ حضرت حکیم صاحب کی دعاؤں میں رہنے کا گر

کاپی بنائیں یا ڈائری جس میں اپنے روحانی، طبی تجربات، کیفیات اپنی آزمائی ہوئیں یا بڑے بوڑھوں کے سنے ہوئے تجربات لکھیں۔ روزانہ لکھیں، چاہے ایک یا دو صفحات ہی کیوں نہ ہوں۔ کاپی مکمل ہونے پر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کریں۔ ڈاک کے ذریعے یا دفتر ماہنامہ عبقری میں خود آکر جمع کروائیں اور ہمیشہ حضرت حکیم صاحب کی دعاؤں میں رہنے کا ذریعہ بن جائیں۔

بچہ تندرست آسانی سے پیدا ہو: اگر حمل کے بعد عورت اسم یَامُبْدِئُ کو بچے کی پیدائش تک پڑھتی رہے تو بچہ بالکل آسانی سے صحیح سلامت پیدا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ

گمشدہ چیز فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ

قسط نمبر 31

ہر درد‘ ہر پریشانی اور ہر مرض کی دوا

وہ تمام یقین کے ساتھ یہ پڑھتی رہیں تو ایک ماہ کے بعد وہی الماری جہاں کئی بار دیکھا تھا جب کھولی تو چیزوں والی تھیلی ان کے سامنے تھی۔ چیزیں دیکھ کر حیرت زدہ ہوگئیں اور بے تحاشہ یہی الفاظ نکلے کہ یہ اللہ کے کلام کی تاثیر ہے۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔(ایڈیٹر کے قلم سے)

یہ وظیفہ تو ہر درد کی دوا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ہمیں مسلمان پیدا کیا اور پاکستان جیسی اسلامی ریاست کا ہمیں وارث بنایا اور پھر آپ جیسی بے لوث اور نایاب ہستی کو ہماری مدد کا وسیلہ بنایا آپ کیلئے اور عبقری کی تمام مددگار ہستیوں کیلئے میں اللہ سے دعا گو ہوں۔

ایک سال سے عبقری پڑھ رہا ہوں جب پہلی بار دیکھا تو معمولی عام سا رسالہ لگا مگر جب مطالعہ کیا تو میرے چودہ طبق روشن ہوگئے بہت اچھی کاوش ہے‘ بہت دنوں سے خط لکھنے کا سوچ رہا تھا آج ہمت کرکے قلم اٹھا ہی لی۔ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ بھی لکھتا رہوں گا۔ میرے اپنے تجربات پیش خدمت ہیں۔ اسی سال رمضان المبارک میں میرے دادا جان جو کہ بہت ضعیف ہیں ان کے ساتھ پنشن لینے بینک گیا تو وہاں اتنا رش تھا کہ میرے بھائی نے کہا کہ آج افطاری بھی ہمیں بینک میں کرنا پڑے گی جبکہ بجلی بھی بند ہوگئی اور تمام اے سی بھی بند ہوگئے‘ بینک کے دروازے اور کھڑکیاں چونکہ بند تھیں اس لیے بینک میں بہت زیادہ حبس ہوگیا۔

اچانک مجھے آپ کا روحانی آرٹیکل میں دیا گیا وظیفہ یاد آگیا جو کہ کچھ اس طرح ہے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور ساتھ استغفار اور یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھنا شروع کیا ابھی پانچ منٹ بھی نہ ہوئے تھے کہ بینک کی انتظامیہ نے پیڈسٹل فین چلادیئے اور گرمی کا احساس ختم ہوگیا اور مزید پڑھا تو بہت زیادہ رش ہونے کے باوجود ایک گھنٹے کے اندر میرے دادا جان کو آواز دے کر انہوں نے پنشن کے روپے دے دیئے حالانکہ ہم سے پہلے بھی لوگ وہاں موجود تھے مگر ان کو آواز نہیں دی گئی تھی۔ یہ سب اس باکمال وظیفے کی برکت ہے۔(ش۔ذ، پشاور)

دو ماہ سے گم انگوٹھی وظیفہ پڑھا اور مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بہن کی سونے کی انگوٹھی دو ماہ سے گم تھی‘ سارا گھر چھان مارا نہیں مل رہی تھی‘ حساب والوں کے پاس بھی گئے مگر کچھ نہ ہوا جیسے ہی میری امی نے عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر ہم سب کو درج ذیل وظیفہ بتایا۔ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یہ وظیفہ شروع کیا۔ ہم سب نے یہ وظیفہ کھلا پڑھا تو جس گھر کا چپہ چپہ چھان مارا تھا اور ڈھونڈنے کی کوئی کسر نہ چھوڑی تھی اسی گھر سے یہ انگوٹھی انتہائی آرام سے بالکل سامنے پڑی ہوئی مل گئی۔ واہ کیا بات ہے!(ماریہ‘ ایبٹ آباد)

سونے کی قیمتی اشیاء وظیفہ پڑھتے ہی مل گئیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو‘ پوری ٹیم عبقری کو سلامت رکھے اور آپ اسی طرح انسانوں کی رہنمائی کرتے رہیں۔ ہم عبقری کو دن رات پڑھتے ہیں اور اس کے ٹوٹکے ایک دوسرے کو بتاتے ہیں اور اس میں لکھے ہوئے لوگوں کے تجربات کو حیرت سے پڑھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان چھوٹے چھوٹے وظائف اور نسخہ جات میں کتنی تاثیر رکھی ہے۔ اس طرح تو کوئی اپنے راز کسی کو نہ بتائے اور نہ خاندانی نسخہ جات مگر یہ عبقری کی بدولت ممکن ہوا کہ لوگ ایک دوسرے کے ٹوٹکوں کے ذریعے مدد کرتے ہیں۔ شکریہ عبقری!۔ محترم حضرت حکیم صاحب! جہاں عبقری میں بہت سے روحانی وجسمانی حل ہیں اس میں موجود آپ کے روحانی آرٹیکل میں دیا گیا وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تو بہت ہی زیادہ اچھا ہے اس کو تو ہم نے بہت ہی زیادہ آزمایا ہے اور آزما رہے ہیں۔ گھر میں کوئی چیز گم ہوجائے تو سبھی پڑھنا شروع ہوجاتے ہیں اور لمحوں میں چیز مل جاتی ہے۔ میری بڑی باجی کی گزشتہ مہینے سونے کی چند قیمتی اشیاء لاپتہ ہوگئیں وہ اور ان کی بیٹیاں یقین کے ساتھ یہ کلام پڑھتی رہیں اور اللہ کا کرم ہوگیا جب چیزیں کھوگئیں تو تمام گھر کی تلاشی لی مگر ان کا نام ونشان نہ تھا‘ وہ تمام یقین کے ساتھ یہ پڑھتی رہیں تو ایک ماہ کے بعد وہی الماری جہاں کئی بار دیکھا تھا جب کھولی تو چیزوں والی تھیلی ان کے سامنے تھی۔ چیزیں دیکھ کر حیرت زدہ ہوگئیں اور بے ساختہ یہی الفاظ نکلے کہ یہ اللہ کے کلام کی تاثیر ہے۔ ورنہ وہ تو حد سے زیادہ پریشان تھیں‘ ڈر کے مارے اپنے میاں سے ذکر نہ کیا کہ گھر میں لڑائی جھگڑا نہ ہوجائے۔ حضرت حکیم صاحب! اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے‘ اسی طرح لوگوں کے مسائل حل کرتے رہیں۔ اس کے علاوہ ہم علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ”جنات کا پیدائشی دوست“ میں دیا گیا کلمہ کا نصاب پڑھتے ہیں۔ دل کو بہت سکون ملتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہمیں یقین ہے کہ اس عمل سے ہمارے مسائل ختم ہوجائیں گے۔ ایک مرتبہ آپ کے دواخانہ بھی گئے تھے وہاں پر اتنا سکون ہے خدا جانے آپ کے درس میں کتنا سکون ہوگا؟ میرا بہت دل کرتا ہے درس میں آنے کو مگر دور ہونے کی وجہ سے میں آنہیں سکتی۔ عبقری کی بدولت بہت سارے وظائف کا پتہ چلا ہے اور دعائیں بھی ہم پڑھنا شروع ہوگئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنا قرب بخشے اور ہمارا خاتمہ ایمان پر ہو۔ روحانی پھکی لاجواب ہے: روحانی پھکی واقعی ہی لاجواب ہے۔ اس کا کوئی ثانی نہیں۔ یہ اپنی تاثیر میں لاجواب ہے۔ موتی مسجد میں بھی بہت سکون ملتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکت پر بڑا یقین ہے کہ انشاء اللہ ہماری پریشانیاں ضرور دور کرے گا۔ براہ مہربانی! میرا نام شائع نہ کیجئے گا۔(ب۔خ)

قارئین! میں آپ کے سینے کی امانت آپ تک پہنچا رہا ہوں‘ آپ کو اس وظیفے سے جو فائدہ پہنچے‘ ضرور امانت سمجھ کر مجھے لکھیں‘ انتظار رہے گا۔ ایڈیٹر!

قارئین اصلاح فرمالیں!

قارئین! حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی آرٹیکل ”گمشدہ چیز فرد اور سرمایہ پانے کا راز“ میں ایک وظیفہ دیا گیا ہے جو کہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ چند شمارے پہلے غلطی سے یَارَبَّ مُوْسٰی یَارَبَّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ شائع ہوگیا۔ اصل وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ قارئین اصلاح فرمالیں! (ادارہ)

جسم کا کوئی حصہ جل جائے تو ٹوٹکہ حاضر ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری قارئین کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ اگر کسی کا ہاتھ وغیرہ جل جائے اور نشان رہ جائے تو اس کے لیے ایک ٹوٹکہ حاضر ہے۔ جامن کے سوکھے پتے پیس کر رکھ لیں‘ جتنا بڑا داغ ہو اسی حساب سے تقریباً ایک چمچ پتوں کا سفوف لیں اور مکھن میں ملا کر مرہم سی بنالیں یہ مرہم صبح وشام گاڑھا گاڑھا داغ پر لگائیں۔ ایک ڈیڑھ ہفتے کے استعمال سے داغ دور ہوجائے گا۔(فرحت‘ لاہور)

عبقری رسالہ، ادویات، کتب آپ کے شہر میں

فیصل آباد: ادویات اور رسالہ کیلئے عبقری ایجنسی 0301-7118200

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اٹک 0321-5247893
اسلام آباد 0336-0195366
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالہ 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بہاولنگر 0333-6320766
بھیرہ شریف 0301-6799177
بہاولپور 0333-6367755
بوریوالا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھاگٹانوالہ 0322-7836671
بٹ خیلہ/ چکدرہ 0344-9783610
پشاور 0314-9007293
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پشاور 0333-9161237
پنڈی گھیب 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
تونسہ شریف 0331-6464456
تلہ گنگ 0346-5771975
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0462-511845
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6755442
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
ٹیکسلا 0307-8321046
جہانیاں 0321-7359861
جہلم دینہ 0333-5806101
جنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6758452
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیروالا 0300-8985689
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چنیوٹ 0332-2544447
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چوآسیدن شاہ 054-3580102
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدر آباد 0300-3790255
حیدر آباد: 0300-0936775
حیدر آباد 0300-3215348
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528

"عبقری" نام صرف ... کسی بھی ایجنسی/ میڈیکل سٹور/ آفس/ گھر کے ساتھ عبقری کے نام کا استعمال قانوناً ممنوع ہے۔ جو لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں وہ فوراً ختم کر دیں ورنہ ایجنسی ختم کر کے قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر

حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
خیر پور ٹامیوالی: 0302-7779671
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 051-5505194
رائے ونڈ 0300-4719056
رائے ونڈ: 0341-4037028
رحیم یار خان 068-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
دیپالپور 0300-4059957
درگئی: 0343-4959350
دریا خان: 0303-9622443
ونڈا شاہ بلاول 0336-5953230
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈسکہ 0346-6747112
ڈیرہ غازی خان 064-2017622
ڈیرہ غازیخان 0315-8701970
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سمندری 0335-7724570
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6938847
شیخوپورہ 0341-6616915
شجاع آباد 0300-2539685
شہداد پور 0334-3100962
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ: 0301-6644331
صادق آباد 0333-7452600
صوابی: 0314-9661622
ظاہر پیر 0333-6353870
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فتح پور 0333-6843333
کنگری ضلع لورالائی 0828-601084
کنڈیارو 0300-3215348
کراچی 0300-3218560
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134
کوٹ ادو 0333-6003909

ایجنسی سے صرف پیکنگ شدہ دوائی لیں، کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری ادویات ہی لیں خود ساختہ دوائی نہ لیں۔

نام شہر اور فون نمبر

کوہاٹ 0922-511760
قصور 0322-7616470
کوٹ ادو 0333-6003070
کاموکی 0324-6037765
کھپرو 0336-0312694
کوئٹہ **081-2824617**
کلورکوٹ 0300-7780221
کھوڑ 0307-5137855
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911
کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی: 0301-6267600
گجرات 0302-6292132
گجرات 0333-8443093
گوجر خان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
گلگت 0312-9934607
قلعہ دیدار سنگھ 0300-8356645
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0320-9439889
لاہور **0322-8081142**
لاہور 0322-4614031
لاڑکانہ 0345-3228855
لورا **0321-5500221**
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
منڈی بہاؤالدین 0345-6810615
مظفر گڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی **0313-7400000**
مانسہرہ 0300-2753463
ملتان **0300-6301461**
ملتان: **0300-8632292**
مری 051-3410777
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
میاں چنوں 0333-8884615
منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
ملہوالی: 0333-5333389
مظفر آباد 0312-4602800
میر پور خاص 0333-3436222
میر پور آزاد کشمیر 0332-5855356
منچن آباد 0331-7584075
نارووال 0322-4861522
نوشہرہ نخیر پختونخواہ 0321-9702005
نارووال 0333-8749464
نواب شاہ 0333-8775548
نوشکی **0332-7846812**
نورکوٹ: 0301-6195500

(ادارہ کی طرف سے دواؤں کا فارمولا اور کتب کوئی شخص چھاپ سکتا، قانونی حق محفوظ ہے)

ایجنسی ہولڈر بورڈ/ اشتہار/ پیڈ/ کیلنڈر اور دکان پر حکیم صاحب کے نام کی "زیر سرپرستی" کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ قانوناً غلط ہے۔ کسی اجازت نہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔

نام شہر اور فون نمبر

وہاڑی 0306-8281075
وہاڑی 0301-6661714
وزیر آباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
واہ: **0301-3232634**
ہارون آباد 0333-4985886
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421
یزمان 0346-4934044
نیوجرسی یو ایس اے
01-683-1882
شکاگو 630-589-6432
یو کے
0044-7880-9842-16
اگی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سنجاوی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
درہ پیزو 0300-9097993
درہ آدم خیل 0342-9233590
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
مانسہرہ 0301-8133822

ایجنسی ہولڈر قیمت زیادہ لیتے ہیں

مسلسل شکایت ہے کہ ایجنسی ہولڈرز ڈبی پر لکھی قیمت سے زائد وصول کرتے ہیں' عبقری ان کو معقول کمیشن دیتا ہے۔ اگر آپ کے علم میں ایسا ایجنسی ہولڈر ہے تو فوراً دفتر ماہنامہ عبقری میں خط لکھیں یا اس نمبر 0343-8710009 پر بذریعہ میسج اطلاع کریں۔ ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ مزید عبقری کے علاوہ اپنی غیر مستند اور ناقص ادویات بھی چلا رہے ہیں نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے' عبقری دفتر سے ان کی اجازت نہیں۔

ایجنسی ہولڈر بھی خطرناک عامل بن گئے

وہ لوگ جو عملیات' تعویذات اور وظائف کی الف، ب سے کبھی واقف بھی نہ تھے انہوں نے ماہنامہ عبقری اور عبقری ادویات اگر ایجنسی شروع کر دیں تو انہوں نے باقاعدہ لوگوں کو دم کرنا اور تعویذ دینا شروع کر دیا جس کے نہایت خطرناک الٹ نتائج عبقری کے دفتر میں مسلسل آرہے ہیں۔ قارئین! عبقری کی طرف سے ایسی نہ کوئی اجازت ہے اور نہ کوئی ترتیب۔ ایسا کرنے میں نقصان کے ذمہ دار لوگ خود ہوں گے ادارہ عبقری اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

مجھے ضرور پڑھیں!!!

1- الحمدللہ لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ اگر کہیں سے تحریر لیں تو متعلقہ حوالہ ضرور لکھیں۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔

2- ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے۔ ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب اور رسائل اور جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے یہ وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں کہ جس کتاب سے حوالہ لیا گیا ہے مؤلف کا انکے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

3- حکیم صاحب کو موصول ہونیوالی ڈاک میں سے بعض کیساتھ جوابی لفافہ نہیں ہوتا لہٰذا ان کا جواب نہیں دیا جاتا۔ قارئین! جوابی لفافہ بمعہ ٹکٹ ساتھ ضرور ارسال کیا کریں۔

نوٹ: بعض قارئین اخبارات و رسائل سے تحریریں من و عن نقل کر کے اپنے نام سے ارسال کرتے ہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔ ورنہ آئندہ ان کی قلمی تحریر بھی شائع نہیں کی جائیگی۔ (ادارہ)

پرانی کھانسی کیلئے: پرانی کھانسی کے واسطے نمک مولی نصف ماشہ تک کھانڈ ملا کر اوپر سے گرم پانی پینا مفید ہے۔

معجون شفاء یابی

گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا

معذور اپاہج لوگوں کیلئے نئی زندگی

لولے لنگڑے' اپاہج' معذور' سر میں پانی بھر جانا' مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا' اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید

پولیو کے شکار' ٹیڑھے پاؤں' لنگڑے' گردن مڑگئی ہو' کمر بوجھ نہ برداشت کرسکتی ہو' جسم کی نشوونما نہ ہورہی ہو' دماغ کی کمزوری ہو' ہڈیوں کا مڑجانا' ڈسک پرابلم' مہروں کا درد' عضو کا پھڑکنا' لاغری' لقوہ' رعشہ' کمر کا درد' پنڈلیوں کا درد' نقرس' مہروں کا خلا' پٹھوں کا درد' اعصابی درد' پانی میں بھیگ جانے سے سردی کا لگنا' بجلی کا شاک لگنے کے بعد کی کمزوری' بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفاء یابی بڑھاپے کا سہارا ہے

قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

فٹنس فولاد ٹانک

مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک

خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک

چہرے کو گلنار بنائے

کاروباری' ملازم پیشہ مردوں' عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک

لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی

خون کی کمی کے شکار افراد کیلئے آب حیات	شباب کو قائم رکھنے والا بہترین ٹانک	

فٹنس فولاد ٹانک بچوں کیلئے انمول تحفہ

قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

بچوں کی پڑھائی میں مدد اور روشن مستقبل کی ضمانت

نظر کو قائم' حافظہ کو قوی' دانتوں کو مضبوط بنائے

اکسیر البدن

کامیاب بچپن' لاجواب جوانی

بے مثال بڑھاپا

☆ نبوی جڑی بوٹیاں، وٹامن سے بھرپور قیمتی جنتی پھل، سمندری صدف اور ایسی ایسی جڑی بوٹیاں ڈالی گئی ہیں جن کی ایک ایک خوراک صحت میں شادابی لاتی ہے ☆ دل و دماغ، جگر کی خصوصی نگہداشت ☆ لڑکے لڑکیوں کی تمام کمزوریوں کا آزمودہ حل ☆ بے رونق جسم' پچکے گال' آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو' امتحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی پائیں ☆ چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال ☆ دل و دماغ، اور جگر کی طاقت پائیں ☆ ٹائیفائیڈ بخار ہو یا بخار کے بعد کی کمزوری رمضان میں اکسیر البدن کو ساتھی بنائیں اور کمال خود دیکھیں۔ (قیمت صرف -/300 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

الرجی' چھینکیں' دائمی نزلہ' ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)

دائمی نزلہ' الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس ☆ سفید اور گرتے بال' دماغ کمزور' حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا۔ ☆ کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا ☆ تو دائمی نزلہ' الرجی' ناک کی ہڈی کا بڑھنا' ناک کا بند رہنا' جلدی مسائل' حتیٰ کہ الرجی کا دمہ ان تمام کیلئے "الرجی' چھینکیں' دائمی نزلہ' ناک کی ہڈی کا بڑھنا" (کورس) انتہائی آزمودہ اور مؤثر ہے۔

(قیمت صرف -/600 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

اصلاح معدہ و جگر پیکیج

قیمت صرف -/440 روپے علاوہ ڈاک خرچ

معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج

معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے	معدے کے زخم کی خاص دوا

قیمتی قدرتی جڑی بوٹیاں جو سوزش اور معدہ کے زخم بھرنے میں مدد دیتے ہیں

رحم کے ورم کی شکار خواتین کیلئے بہترین ٹانک	معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔

چہرہ پر چھائیاں ہوں یا رنگت پیلی بے فکر ہو کر یہ پیکیج استعمال کریں

اپنڈی سائٹس میں مفید

نشاطی جدید

خفیہ طاقتوں کو بیدار کرنے والا امیرانہ نسخہ

ہزاروں کی تعداد میں اجڑے ہوئے گھر آباد

قوت کی کمی ڈپریشن ایسی حالت میں "نشاطی" قدرتی اجزاء کا وہ فارمولا ہے جو آپ کو ملٹی وٹامنز فراہم کرتا ہے

"نشاطی" ایسے قیمتی اجزاء کا مرکب ہے، جو بوڑھوں کو نوجوان اور نوجوانوں کو پہلوان بنا دیتی ہے

خواتین، بوڑھے، نوجوان، بچے بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ سائیڈ ایفکیٹ سے سو فیصد پاک

مایوس لاعلاج لوگوں کیلئے "نشاطی"، خوشیوں کا پیغام

(قیمت -/520 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

سورۃ الزلزال پڑھنے کا ثواب: حدیث شریف میں سورۃ الزلزال کو آدھے قرآن کریم کے برابر فرمایا ہے۔ (ترمذی) اس طرح دو مرتبہ اس کو پڑھنے کا ثواب ایک قرآن کریم پڑھنے کے برابر ہے۔

زبان کی تیزی ختم: جس کی زبان بہت چلتی ہو اسے چاہیے کہ استغفر اللہ یعنی میں اللہ سے مغفرت کا سوال کرتا ہوں پڑھا کرے اس کی زبان کی تیزی میں کمی آجائیگی۔

نومولود بچوں کو اسٹیرائیڈ اور اینٹی بائیوٹک ادویات سے بچائیں
دیسی اور قدرتی جڑی بوٹیوں کا شفاء بخش مرکب استعمال کروائیں

عبقری چلڈرن سیرپ

پیچش، پتلے دست، قے، متلی، فوڈ پوائزنگ اور ہیضہ کیلئے ایک خوش ذائقہ سیرپ

عبقری چلڈرن سیرپ بچوں کے پیٹ کے تمام امراض کا سوفیصد شافی علاج۔ بچوں کو بھوک خوب لگائے، خون خوب بنائے۔

دانت نکالتے بچوں کیلئے لاجواب ٹانک

اسہال کے بعد ہونے والی نمکیات کی کمی کو دور کرتا ہے

(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟

چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

چہرے کے تمام امراض، دانے، کیل مہاسے، جھائیاں، داغ، گڑھے، پیپ دار دانے الرجی، رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہو جانا اعتماد سے استعمال کریں۔

معدے کی تیزابیت، جسم کی الرجی، پرانے دانے، پرانی خشک و تر خارش کیلئے "چہرہ شفاء" لاجواب چیز ہے۔

آزمودہ طبی فارمولہ جس کے کوئی سائیڈ ایفلیکٹ نہیں قیمت-/150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

چوٹ شفاء

......جسم پر ہر قسم کی چوٹ کیلئے ٹانک

درد سے کراہتے مریضوں کیلئے شفاء کا پیغام

ایکسیڈنٹ کی چوٹ ہو یا کسی حادثہ کی ہو چوٹ کی وجہ سے گوشت پھٹ گیا ہو اور شدید تکلیف ہو یا ہڈی ٹوٹ گئی ہو اعتماد سے استعمال کریں اور صحت یاب ہو جائیں۔

ساتھ کراماتی تیل کا استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگہ

انوکھا تجربہ: تجربات نے انوکھا فائدہ ضرور بتایا کہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنے سے 'موٹاپے اور پیٹ کے بڑھنے سے نجات' میں اس کے لاجواب رزلٹ ملے۔ (قیمت صرف-/100 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

نیو طاقتی

جسم میں فولادی قوت پیدا کرنے والا شاہی نسخہ

مایوس از دواجی زندگی کیلئے ☆ لاعلاج حضرات کی زندگی جب بے لطف ہو جائے ☆ "طاقتی" دراصل اعصابی دماغی اور مزاجی طور پر تھکے ہوئے بوڑھوں، نوجوانوں اور عورتوں کیلئے نہایت موثر ہے ☆ طاقتی کے کوئی سائیڈ ایفکیٹ نہیں۔ طاقتی اعصابی کمزوری، اور جلدی تھک جانے والوں کیلئے پیغام مسرت ہے ☆ طاقتی کمر کے درد اور پٹھوں کے کھچاؤ اور پریشان لوگوں کیلئے لاجواب ☆ ذہنی دباؤ، ٹینشن، ڈپریشن کے مریض ضرور استعمال کریں ☆ طاقتی نہایت مقوی اور ممسک ہے۔ جونشہ پیدا کرنے والے مضر اجزا سے پاک اور ایسے خاص قسم کی دواؤں اور جوہروں سے تیار کی گئی ہے کہ جو جوہر غدود کے افعال کو منظم رکھتے ہیں ☆ طاقتی مراکز عصبیہ کو بجلی سی تیزی سے بیدار اور ہوشیار کرتی ہے۔ ☆ طاقتی قوت باہ کی کمزوری، بے رغبتی، باہ کی مختلف کمزوریوں کو بغیر کچھ نقصان پہنچائے دور کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔ ☆ دماغ اور حافظہ کی کمزوری کو دنوں میں دور کر دینا طاقتی کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ (قیمت-/640 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

خواتین، بوڑھے، نوجوان، بچے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ سائیڈ ایفکیٹ سے سوفیصد پاک

قددراز کورس

پریشانی کیسی؟ اب آپ بھی اپنے قد میں اضافہ کر سکتے ہیں

ہڈیوں کی مضبوطی بڑھوتری اور عضلات کی ساخت کو برقرار رکھنے کیلئے لاجواب

خالص بے ضرر جڑی بوٹیوں کا بہترین مرکب

جن کی شادی صرف چھوٹے قد کی وجہ سے رکی ہے وہ آج ہی سے استعمال شروع کر دیں

قیمت صرف-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

خون روک شفاء

حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی

خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہو جانا، پیچش میں خون آرہا ہو، نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔

لیکوریا، رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔

(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

آگ شفاء جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم

جلی ہوئی جگہ پر لگائیں فوری سکون پائیں۔ جلی ہوئی جگہ کا نشان تک نہ چھوڑے

ہر وقت کچن، دفتر، ورکشاپ، دکان اور گاڑی میں رکھنے کی دوا

جدید تحقیق کے مطابق آگ شفاء ایک ایسی ایجاد ہے جو ہر قسم کے جلنے کا علاج ہے۔ خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جسم کا کوئی حصہ بھی جل جائے۔ گھبرائیں نہیں‘ آگ شفاء لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں تو انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ آگ شفاء کی سب سے بڑی خاصیت ہے یہ ہے کہ جلنے کا نشان تک ختم کردیتی ہے۔ داغ وغیرہ نہیں رہتا۔ ’’آگ شفاء‘‘ اس کے علاوہ کٹ، چوٹ لگنے‘ پھوڑے پھنسی کا بھی شافی علاج ہے۔ آگ شفاء کا انوکھا اضافی فائدہ: عبقری کے بے شمار قارئین نے بتایا کہ اگر آگ شفاء کو بواسیر کے مسوں پر لگایا جائے تو وہ بہت جلد ختم ہوجاتے ہیں۔ (قیمت صرف 80 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

قوتی گولیاں قوت وشباب کا بے بہا خزانہ

قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ

بے طاقتی‘ بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

دائمی فائدہ ہے‘ عارضی فائدہ نہیں۔ زندگی بھر ساتھ دینے والی چیز ہے۔ ہر قسم کے سٹرائیڈ‘ کیمیکل‘ زہریلے کشتہ جات اور انگریزی ادویات سے پاک

خواتین ہوں یا مردان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔

ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔

ڈیپریشن پیکیج

بے خوابی‘ ڈیپریشن اور ٹینشن کا آخری علاج

نیند کی گولیوں کا آخری آزمودہ حل

موٹاپے اور بڑھے ہوئے پیٹ میں نہایت آزمودہ

ہائی بلڈ پریشر کی ادویات سے چھٹکارا

گھر بھر کے تمام افراد کیلئے ’’ڈیپریشن پیکیج‘‘ ایک مکمل فٹنس پروگرام

معاشرے کے چست‘ چاق و چوبند اور طاقتور افراد بننے کیلئے ابھی استعمال کریں

بے سکون افراد کیلئے ماں کی گود کی طرح پرسکون

چڑچڑی‘ نازک اور غیر مستقل مزاج غصے سے بھری خواتین کیلئے شاندار پیکیج

قیمت: 490 روپے علاوہ ڈاک خرچ

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟

معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

آپ کے جسم کو ہلکا، تندرست اور جوڑوں کی دردوں اور ورموں کی تکالیف سے نجات کیلئے آخری حل ہے۔ ایسے مریض جو کمر کے لیے بیلٹ یا خاص بستر استعمال کرتے ہیں یا جوڑوں کے درد کی وجہ سے عبادت اور زندگی کی ضروری حاجات سے بھی عاجز ہیں ان کیلئے ’’کمر درد جوڑوں کا درد کورس‘‘ خاص تحفہ اور مسرت وصحت کا پیغام ہے۔ اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ’’کمر درد جوڑوں کا درد کورس‘‘ آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی‘ طاقت اور فٹنس کیلئے بھی حیرت انگیز رزلٹ دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوچکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔

(قیمت صرف -/800 روپے علاوہ ڈاک خرچ) (دوا برائے پندرہ یوم)

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی

زرغوانی نقرائی

جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا لاجواب نسخہ

شوگر کے مریض مایوس کیوں؟ بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید

فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر مؤثر

ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے

لاغر انسان کو بھی قابل فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے

بادشاہ، نواب، روساء اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی

قیمت صرف 2200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

صنعت کار، تاجر، دفتری کام کرنے والے، دماغی یا جسمانی محنت کرنے والے، گھریلو خواتین اور طالب علم سب کیلئے یہ اعلیٰ درجے کی طاقت اور پل میں فریش کرنے والی انوکھی دوا۔

ستر شفائیں

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء

فوڈ الرجی‘ قے‘ حاملہ کی شدید ترین قے صرف ایک خوراک سے ختم

جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق

دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب ہے کہ بڑے بڑے سرجن حیران رہ گئے

ڈھیروں لاعلاج مریض صرف چند دنوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا آخری بار ہا کا آزمودہ علاج

ذہنی پریشانی اور خاص طاقت سے محروم دیا جوان بے دوائی اعتماد اور بھروسے سے استعمال کریں

طرح طرح کے امراض میں مبتلا بس ایک خوراک منہ میں ڈالیں اور صحت کی کرن دیکھیں معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

معیار میں اعتماد سے بھی آگے

سدا بہار حسن خوبصورتی پیکیج

لائے ایسا نکھار کہ آجائے بہار

ہر عورت کے خواب کی اصل تعبیر۔ عبقری نے حسن کے رازوں سے پردہ اٹھا دیا

مایوس خواتین کیلئے سر سے لے کر پاؤں تک حسن و جمال کا مکمل پیکیج

نکھری گوری شگفتہ جلد کیلئے انتہائی آزمودہ۔ (قیمت صرف 840 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
نسوانی حسن کو چار چاند لگا کر چہرے کو پررونق اور شاداب کر دے۔
سانولی رنگت سے پریشان‘ احساس کمتری کے شکار مرد و خواتین کیلئے لاجواب تحفہ
ازدواجی زندگی کو خوبصورت اور خوشیوں سے معطر کرنے میں اپنی مثال آپ
مردہ و بے رونق اجڑے بالوں کیلئے لاجواب تحفہ
چہرے اور بالوں کو قدرتی رعنائی اور دلکشی دینے میں خوب سے خوب تر
اندرونی و بیرونی نظام کو صاف کر کے آپ کی جلد کو وقتی نہیں بلکہ دائمی حسن دے

طب نبوی حسن و جمال کریم

مایوس مرد و خواتین کیلئے قدرت کا انمول تحفہ

انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے

چہرے کا حسن دوبالا کرے‘ داغ‘ دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ۔

چہرے کے تمام امراض کو دور کر کے آپ کے چہرے کو تروتازہ دلکش اور روشن بناتی ہے۔ اور آپ کا چہرہ گلاب کی پنکھڑیوں کی طرح کھل اٹھتا ہے۔

طرح طرح کی مرہمیں‘ کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد و خواتین کیلئے لاجواب تحفہ
(قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

حسن شفاء سیرپ

چند بوتلیں‘ نیا حسن‘ نئی زندگی اور نیا اعتماد

مردوں اور عورتوں کے چہرے کے حسن و جمال کیلئے کیل مہاسے‘ چھائیاں‘ داغ دھبے‘ غیر ضروری بال اور جھریاں زہر ہیں۔ خواتین کے میک اپ سے متعلقہ چیزیں تو پوری دنیا میں سب سے زیادہ چل رہی ہیں لیکن مسئلہ وہی کا وہی ہے کیونکہ کریمیں اور لوشن وغیرہ کا فائدہ اس وقت ہوتا ہے جب اندر کا نظام ٹھیک ہو ”حسن شفاء سیرپ“ ایک ایسی لاجواب ایجاد ہے جو خون کو شیشہ کی طرح صاف کرتا ہے جگر کے فعل کو درست کر کے پورے جسم میں صاف خون سپلائی کرتا ہے جب اندر صاف ہوگا تو باہر اس کے اثرات بھی صاف ہوں گے۔ ایسے کئی مریض حسن شفاء سیرپ سے ٹھیک ہوئے جو بالکل مایوس ہو گئے تھے۔ ان کا خواب بن گیا تھا کہ ہمارا چہرہ کبھی بھی صاف شفاف اور نکھرا ہوگا یا نہیں۔ چند بوتلیں حسن شفاء سیرپ کے استعمال نے شفا بخشی۔ داغ دھبے، جھریوں، چھائیوں جلد کے کھردرے پن کیلئے حسن شفاء سیرپ بہترین دوا ہے۔ پرانی سے پرانی خارش‘ الرجی‘ زخم بن گئے ہوں‘ جسم پر پھنسیاں ہوں ان تمام امراض میں ”حسن شفاء سیرپ“ سچی شفاء دیتا ہے۔ پرانے زخم، داد، ایگزیما، چنبل، شوگر سے ہونے والے زخم، بیڈسول کے زخم کے مریض بھی ”حسن شفاء سیرپ“ تسلی سے استعمال کریں۔ ایسی خواتین جن کا ہارمونز کا نظام ٹھیک نہیں ہوتا اور حیض وقت پر نہیں آتا۔ ان کیلئے ”حسن شفاء سیرپ“ بہت کارآمد ہے کیونکہ حیض کی خرابی بھی خون کی خرابی کی نشانی ہے۔ کسی سٹرائیڈ یا کیمیکل کے استعمال سے چہرہ اور جلد پر داغ دھبے ہو گئے ہوں‘ پرانے دانے زخم کی شکل اختیار کر گئے ہوں“ ”حسن شفاء سیرپ“ نبوی جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب نسخہ ہے جو جسم میں تیزابی اور زہریلے مادے ختم کر کے بغیر سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں مریضوں پر آزمایا گیا ہے اور مفید پایا ہے۔ ایک دفعہ آپ آزمائیں۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟

مشکلات جتنی بھی ہوں‘ الجھنیں حد سے زیادہ ہو گئی ہوں‘ فری بالکل فری‘ بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے‘ حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے‘ کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کر سکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

کوپن

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے مشورہ کیلئے علیحدہ خط لکھیں۔

صرف حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم سے مشورہ کرنے والے ہی کوپن پر کریں۔

نام ________ والدہ کا نام ________

عمر ________ شہر ________ فون/موبائل ________

آپ کا شعبہ/شوہر کا شعبہ ________ تفصیل سے لکھیں

مسئلہ ________

بقیہ: روحانی الجھنیں، جادو جنات اثرات بندشیں اگر مزید تفصیل ہے تو علیحدہ کاغذ پر لکھیں اور فارم پن کر دیں۔

کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا

بواسیر کے مسے ختم: انجیر کے تازہ پھل سے نچوڑ کر دودھ نکال کر اگر بواسیر کے مسوں پر لگایا جائے تو وہ گر جاتے ہیں۔

بلڈ پریشر شفاء

بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار کردہ

ہائی بلڈ پریشر ایک موذی مرض ہے جو آج کل بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے، دماغی کام کرنے اور کرسی پر بیٹھنے والوں میں یہ مرض بہت زیادہ ہوتا ہے۔ بلڈ پریشر کی وجہ سے ہر وقت سر درد، غصہ، ٹینشن، چڑچڑاپن، کسی کام کو دل نہ کرنا، نیند بالکل ختم ہو جانا، کبھی آدھے اور کبھی پورے سر میں درد ہوتا ہے، سر چکراتا ہے، آنکھوں کے سامنے ہر چیز گھومتی نظر آتی ہے اور اس کیلئے بہت قیمتی اور ہائی ڈوز گولیاں کھانا پڑتی ہیں جس سے مریض دواؤں کا عادی بن جاتا ہے۔ عبقری کی پراڈکٹ ''بلڈ پریشر شفاء'' ایک ایسی دوا ہے جو بلڈ پریشر کو لیول پر لاتی ہے، اگر بلڈ پریشر ہائی ہو تو نارمل کرتی ہے اور اگر لو ہو تو بھی نارمل کرتی ہے۔ ''بلڈ پریشر شفاء'' پینے میں کڑوی لیکن شفاء میں میٹھی ہے، کئی ایسے مریض جو بلڈ پریشر کیلئے ڈھیروں گولیاں کھاتے تھے پھر بھی سکون نہیں تھا ''بلڈ پریشر شفاء'' سیرپ نے انہیں سب دواؤں سے آزاد کر کے شفاء دی۔ یہ سیرپ خالص جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار ہے بغیر کیمیکل اور سٹیرائیڈ سے پاک ہے، بڑے چھوٹے خواتین سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ ''بلڈ پریشر شفاء'' سیرپ مستقل اور دائمی شفاء دیتا ہے اور سب دواؤں سے آزاد کر دیتا ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عرق موٹاپا شفاء

موٹاپا بدن میں چربی بڑھنے کے باعث بنتا ہے اس وقت معاشرہ تیزی سے موٹاپے کی طرف بڑھ رہا ہے اور ہر دوسرا شخص موٹاپے سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں گھرتا جا رہا ہے۔ مردوں کی نسبت خواتین میں موٹاپا بہت بڑھ رہا ہے۔ اس کی تیزی سے بڑھنے کی وجہ فاسٹ فوڈ، ہوٹل اور بیکری کی چیزیں ہیں۔ موٹاپا نہ صرف انسان کی خوبصورتی ختم کرتا ہے بلکہ مختلف خطرناک قسم کی بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ خواتین میں تو اب بچپن سے موٹاپا آنا شروع ہو گیا ہے موٹاپے کی وجہ سے خواتین کم عمر میں ہی بوڑھی نظر آتی ہیں اور انہیں ہارمونز کا مسئلہ رہتا ہے۔ موٹاپے کی وجہ سے کئی بچیوں کی شادی نہیں ہو پاتی، شادی ہو بھی جائے تو کئی بچیاں اولاد کی دولت سے محروم رہتی ہیں۔ ''عرق موٹاپا شفاء'' بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے جسم کی چربی کو پگھلاتا ہے اور جسم سلم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ سانس کا پھولنا ختم ہو جاتا ہے، دل پر بوجھ کم ہو جاتا ہے۔ ایسی خواتین جن کو ایام یعنی حیض وقت پر نہیں آتا یا رک رک کر آتا ہے ان کیلئے ''عرق موٹاپا شفاء'' بہترین شفاء ہے۔ ''عرق شفاء سیرپ'' ایسی خواتین کیلئے بھی مفید ہے جو ڈلیوری کے بعد موٹاپے کا شکار ہو جاتی ہیں۔

قیمت 350 روپے 800ML
علاوہ ڈاک خرچ

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت	نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	70/-	43	شفاء حیرت سیرپ	120/-
2	آگ شفاء	80/-	44	شہد ایک کلو گرام	700/-
3	اکسیر البدن	300/-	45	شہد 330 گرام	240/-
4	الرجی نزلہ کورس	600/-	46	شوگر کورس	800/-
5	اصلاح معدہ پیکیج	440/-	47	طب نبوی حسن و جمال کریم	300/-
6	السر کورس	400/-	48	طب نبوی ہیئر آئل	300/-
7	بواسیر کورس	500/-	49	طب نبوی انمول ہیئر پاؤڈر	120/-
8	برص پھلبہری کورس	500/-	50	عروسی سہاگ کورس	5000/-
9	بے اولادی کورس	2500/-	51	قناری گولیاں	200/-
10	بے اولادی پاؤڈر	500/-	52	ققنس پیکیج	600/-
11	بنفشی قہوہ	120/-	53	ققنس فولاد ٹانک	120/-
12	بستر پیشاب شفاء	120/-	54	کراماتی تیل	200/-
13	بلڈ پریشر شفاء سیرپ	120/-	55	کان شفاء	70/-
14	پیشاب کنٹرول کورس	400/-	56	کولیسٹرول سے نجات (کورس)	600/-
15	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-	57	کرنٹ مالش	500/-
16	پوشیدہ کورس	600/-	58	کمر جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	800/-
17	پیچش شفاء	120/-	59	گیس بدہضمی تبخیر کورس	600/-
18	پتہ پتھری شفاء	90/-	60	گردے فیل شفاء	150/-
19	تندرستی ٹانک	440/-	61	گلٹیاں رسولیاں لیموے نجات کورس	500/-
20	ٹھنڈی مراد	120/-	62	قد دراز کورس	500/-
21	ٹھنڈک پیکیج	500/-	63	قبض کشا	120/-
22	جوہر شفاء مدینہ	150/-	64	قوتی گولیاں	500/-
23	چلڈرن سیرپ	120/-	65	لاجواب حافظہ پیکیج	670/-
24	چوٹ شفاء	100/-	66	لیکوریا شفاء	120/-
25	چہرہ شفاء	150/-	67	معجون شفاء یابی	500/-
26	حسن شفاء سیرپ	120/-	68	مرہم سکون	70/-
27	خون صفاء پاؤڈر	120/-	69	موٹاپا کورس	600/-
28	خاتون شفاء (سیرپ)	120/-	70	مشروب عبقری افزاء	200/-
29	خون روک شفاء	120/-	71	معجون مراد	1100/-
30	خون افزاء ٹانک	120/-	72	عرق موٹاپا شفاء	350/-
31	دیسی کریم	500/-	73	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
32	دم والا شہد دوائی	900/-	74	ناک شفاء	100/-
33	ڈپریشن پیکیج	490/-	75	نشاطی (جدید)	520/-
34	روحانی پھکی	30/-	76	نوجوان شفاء	120/-
35	روحانی عطر	240/-	77	نیو طاقتی	640/-
36	روشن دماغ ٹانک	250/-	78	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
37	زرغونی نقرائی	2200/-	79	ہارمونز شفاء	300/-
38	ستر شفائیں	250/-	80	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
39	سکون افزاء شوگر فری سیرپ	120/-	81	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	120/-
40	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	320/-	82	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	320/-
41	سچا منجن	70/-	83	ہاضم خاص پاؤڈر	200/-
42	بچی دوا بے اولادی کیلئے	100/-	84	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-
43	سدابہار حسن و خوبصورتی پیکیج	840/-			

سر کا درد ختم: اگر کسی کے سر میں درد ہو تو وہ شخص تین مرتبہ یَاغَفُوْرُ کاغذ پر لکھ کر اس کی سیاہی پر روئی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روئی میں جذب کر لے اور اسے کھالے انشاء اللہ اس کا درد ختم ہو جائیگا۔

مشروبِ عبقری موسم سرما میں بھی

1۔ پہلا ٹانک: مشروب عبقری میں خالص نبویؐ جڑی بوٹیوں کے اجزا اپنی تاثیر جہاں موسم گرما میں حیرت انگیز کمالات کے ساتھ واضح ہوئے ہیں' وہاں موسم سرما میں بھی اپنا وجود باقی رکھتے ہیں۔ اکبر بادشاہ کا ایک ٹانک دودھ بادام کی سردائی بنا کر اسے گرم کریں اور اس میں تین سے پانچ بڑے چمچ مشروب عبقری کے ڈال کر چسکی چسکی نوش جان کریں۔ جسم کی فٹنس' اعصاب کی قوت' پٹھوں کی طاقت اور مصنوعی ٹانکوں رنگ برنگی وٹامن کی گولیوں سے یہ قدرتی اور طاقت ور ٹانک صدیوں سے آزمودہ ہے ہم نے اس میں میٹھے کی جگہ مشروب عبقری کا اضافہ کیا ہے۔ **2۔ دوسرا ٹانک:** گرم دودھ پیالہ میں دیسی گھی ایک چمچ اور تین سے پانچ بڑے چمچ مشروب عبقری کے ڈال کر نوش جان کریں۔ ایسے لوگ جن کو جوڑوں کا درد' پٹھوں کا کھچاؤ' پرانی چوٹ یا سخت کام کرنے والے سخت محنت کرنے والے جسمانی دماغی محنت کیلئے یہ ایک انوکھا ٹانک ہے۔ آپ دیسی گھی نہ بھی ڈالیں صرف گرم دودھ میں مشروب عبقری ڈال کر استعمال کریں اس کے حیرت انگیز کمالات ہیں۔ بس فرق یہ ہے کہ موسم سرما میں گرم دودھ اور موسم گرما ٹھنڈے دودھ میں مشروب عبقری کا استعمال آپ کو جسم وجاں کی راحت طبیعت کی فرحت اور مزاج میں انوکھی قوت دے گا۔ **3۔ تیسرا ٹانک:** جن لوگوں کا بلڈ پریشر کم ہو یا زیادہ وہ عرق گلاب ایک چھوٹی پیالی نیم گرم میں ۴ ڈال کر پئیں۔ یہ ہائی بلڈ پریشر لو بلڈ پریشر' دل کے مریض' انجائنا' جسم کی گھبراہٹ' ڈپریشن' ٹینشن' ذہنی اور نفسیاتی الجھنوں کا انوکھا علاج ہے۔ **4۔ چوتھا ٹانک:** بادام گیارہ گریاں رات کو بھگو دیں ان کا چھلکا نہ اتاریں چھلکے میں انوکھے وٹامنز ہوتے ہیں۔ پیس کر شہد اور مشروب عبقری ملا کر بچوں کو صبح نہار منہ چٹائیں' خوش ذائقہ' خوش رنگ اور پھر فائدے ایسے کہ بچوں کی نگاہ تیز' بدن طاقت ور' ذہن بہت لاجواب' بڑھوتری میں فائدہ' فٹنس انوکھی' چٹے گورے' موٹے تازے اور مستقل نہایت ذہین اور بڑے آدمی بنیں گے۔ یہی ترکیب بڑے بھی بلا جھجک استعمال کر لیں۔ نہایت آزمودہ چیز ہے۔ بغیر سوچے مشروب عبقری کا استعمال موسم سرما بھی ان ترکیبوں کے ساتھ کریں۔ آپ کوئی ترکیب بھی نہ کریں تو صرف گرم دودھ میں چند چمچ مشروب عبقری ملا کر استعمال کریں۔ خوش ذائقہ بھی اور ٹانک بھی۔ بڑے بچے بوڑھے جوان سب استعمال کریں۔ **خاص بات:** نبویؐ اجزاء ہر موسم ہر عمر اور ہر زمانے میں اپنی حقیقت کو واضح کرتے رہے ہیں لہٰذا ان اجزاء سے تیار مشروب آپ بلاجھجک ہر موسم میں خاص ترکیب اور تدبیر کے ساتھ استعمال کریں۔ ماں کے دودھ کی طرح شافی اور فائدہ مند ہے۔ (قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ دستیاب نہ ہو؟ 2۔ شہر اور علاقے کا نام؟ 3۔ ممکن ہو تو بک سٹال کا فون یا موبائل نمبر۔ ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

042-37552384-042-37425801-3

یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری' عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

مشروب عبقری کی مقبولیت اور ایجنسی ہولڈرز کیلئے شاندار پیکیج

مشروب عبقری کی بے انتہا مقبولیت کے پیش نظر ادارہ نے ایجنسی ہولڈرز کیلئے شاندار پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ خواہشمند پارٹیاں پیکیج سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے اپنا آرڈر بمع رقم 15 جنوری تک عبقری دواخانہ میں جمع کروائیں۔ تفصیلات کیلئے صرف اس نمبر پر رابطہ کریں۔ 0332-7552382

تسبیح خانہ سے بیعت ہونے کے بعد کیا کریں؟

حضرت حکیم صاحب کے سلسلہ عالیہ قادری ہجویری کے بیعت ہونے کے بعد 1۔ منتخب احادیث کا مستقل مطالعہ کریں۔ 2۔ شجرہ طیبہ کو اپنی زندگی کی ترتیب میں لائیں۔ اپنی زندگی کے معاملات پاکیزہ اور صاف ستھرے ہوں' کسی کے لین دین میں حلال وحرام کا خاص خیال رکھا جائے۔ اپنی گھریلو زندگی اور معاشرت میں بیوی' ماں' بہن بھائیوں کے ساتھ اچھا معاملہ اور خوش خلقی کا معاملہ ہو۔ کسی سے رنجش ہو تو کوشش کریں اس کے ساتھ معاملہ بہتر ہو بدکار سے بدکار انسان کے دل میں نفرت نہ ہوتی کہ کافر اور مشرک کے لیے دل میں نفرت نہ ہو بلکہ خیر خواہی کا جذبہ اور اس کی ہدایت کا فکر ہو۔ اپنے مرشد کو ہر ہفتے پندرہ دن کے بعد آخری ہر مہینے اپنے احوال اذکار کیفیات تسبیحات لکھتے رہیں اور خاص طور پر جو اعمال نہیں کر پا رہے ان کی اطلاع ضرور دیں اور سب سے زیادہ نفع اس کو ہوگا جو مرشد کے بارے میں اچھا گمان اعتماد اور یقین سے چلے گا۔ بیعت ہونے کے بعد درس کا سننا بہت ضروری ہے یہ دراصل مرید اور مرشد کے درمیان ایک رابطہ کا ذریعہ ہے درس کسی بھی شکل میں نیٹ' سی ڈی' میموری کارڈ' موبائل کے ذریعے مستقل سنتے رہیں اور دوسروں کو بھی درس کی ترغیب دیتے رہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا عطا فرمائے اور مسنون زندگی پہ دن رات چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم کی کتب (تالیفات)

نمبر	کتاب	قیمت
1	اہل بیتؓ کے پاکیزہ اور انوکھے واقعات	200/-
2	اہل بیتؓ سے جینا سیکھیں	200/-
3	اہل بیتؓ سے محبت کے بعد	150/-
4	اچھے لوگ سیکھے اصول	200/-
5	ازدواجی مسائل علاج نبویؐ اور جدید سائنس	200/-
6	الرجی سے نجات کے قدرتی طریقے	100/-
7	انوکھی بیماریاں انوکھے علاج	180/-
8	اچھی زندگی کے 700 سلیقے وظائف	300/-
9	انٹرنیٹ کی غلاظت سے نکلنے کے انوکھے بھید	150/-
10	آزمودہ گھریلو معالج	200/-
11	آداب معرفت (جدید)	400/-
12	آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل (اردو انگلش)	200/-
13	1947ء کے مظالم کی کہانی خود مظلوموں کی زبانی	350/-
14	اقوال اولیاء	350/-
15	امراض معدہ علاج نبویؐ اور جدید سائنس	200/-
16	ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری	200/-
17	المسبحہ اور اذان کے کرشمات	180/-
18	بدترین خصلتوں کا بہترین علاج	200/-
19	بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف	160/-
20	بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟	160/-
21	بڑوں کی زندگی کے انمٹ تجربات	250/-
22	باپ کا تقدس اسلام اور جدید سائنس	200/-
23	بے قرار زندگی سے خوشگوار زندگی تک	250/-
24	باکمال عاملین کے بے مثال تجربات	250/-
25	بیان المجذوب علی کشف المحجوب المعروف حلقہ کشف المحجوب	600/-
26	پرکشش زندگی گزارنے کے گر نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
27	پھلوں میں چھپے صحت کے راز	220/-
28	پھلوں سے صحت و تندرستی	200/-
29	پرسکون زندگی کی تلاش نبوی طریقے اور جدید سائنس	250/-
30	پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک (اردو انگلش)	350/-
31	پرسکون نیند نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	200/-
32	تربیت اولاد اسلام اور جدید سائنس	230/-
33	تندرستی کے دس راز دان ٹانک	200/-
34	تعلیمات نبوی اور جدید سائنس	500/-
35	توبہ کے کمالات	200/-
36	تیس روزے تیس عبادتیں	120/-
37	تسبیح خانہ میں گزرے شب و روز	300/-
38	ٹینشن کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
39	جوی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات	250/-
40	جیلوں میں بیتے لمحات کی کہانی مشاہیر کی زبانی	400/-
41	جنسی زندگی اسلام اور جدید سائنس	250/-
42	جانوروں کے انوکھے چشم دید واقعات	300/-
43	جنسی پاکیزگی نبویؐ علاج و احتیاط اور جدید سائنس	300/-
44	جوانی کی حفاظت کیسے کی جائے؟	250/-
45	جادو جنات کے پراسرار حقائق اور آزمودہ روحانی علاج	320/-
46	جادو جنات اسلام اور جدید سائنس	400/-
47	جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل	10/-
48	جنات کا پیدائشی دوست (جلد اول)	350/-
49	جنات کا پیدائشی دوست (جلد دوئم)	350/-
50	جنات سے سچی ملاقاتیں	300/-
51	جاندار جوانی شاندار بڑھاپا	150/-
52	جذبات اور خیالات کے روگ نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	200/-
53	گزرا جہنم	120/-
54	جنس جوانی اسلام اور جدید سائنس	300/-
55	حال دل	200/-
56	حسن و صحت کیلئے انمول ٹانک	300/-
57	حسن لازوال کی قاتل بیماریاں	400/-
58	حکماء کی زندگیوں کے طبی نچوڑ	320/-
59	حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں	200/-
60	حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ	300/-
61	حم لاینصرون کے کرشمات	80/-
62	یاحفیظ یاسلام کے کرشمات	60/-
63	خاندانی مسائل کا طبی و نفسیاتی نچوڑ	450/-
64	خواتین کے حسن و جمال کے قیمتی راز	300/-
65	خطبات عبقری (جلد اول)	300/-
66	خطبات عبقری (جلد دوئم)	300/-
67	خطبات عبقری (جلد سوئم)	300/-
68	خطبات عبقری (جلد چہارم)	300/-
69	خطبات عبقری (جلد پنجم)	300/-
70	خطبات عبقری (ششم)	300/-
71	خواتین کے مسائل اور بڑی بوڑھیوں کے ٹوٹکے	300/-
72	خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق	250/-
73	خوابوں کی پراسرار دنیا	180/-
74	خوشبو کا سفر اہل بیتؓ کے ہمراہ	350/-
75	دو انمول خزانے (اردو)	10/-

نمبر	کتاب	قیمت
76	دو انمول خزانے (انگلش)	10/-
77	دو انمول خزانے کے کرشمات (بڑا سائز)	200/-
78	درود و سلام کے حسین کرشمات	250
79	ڈیپریشن سے نجات پانے والے	120/-
80	دائمی قبض سے چھٹکارا	200/-
81	رمضان المبارک کے بکھرے موتی	60/-
82	روحانی دنیا کے انوکھے بھید	200/-
83	روحانی بیٹری کے کرشمات	40/-
84	رنگ برنگی سبزیاں دوا بھی غذا بھی شفا بھی	200/-
85	روحانی غسل کے کرشمات	10/-
86	رمضان المبارک کے روحانی و جسمانی ٹوٹکے	200/-
87	رمضان میں روحانی و جسمانی تندرستی	30/-
88	رمضان المبارک کے خاص تحفے	5/-
89	روزگار کی پریشانی کا آزمودہ وظیفہ	10/-
90	روحانیت جادو اور وہم	350/-
91	روحانی پاکیزگی	250
92	ربنا آتنا فی الدنیا کے کرشمات	200/-
93	سورۂ یٰسین کے کرشمات	10/-
94	سورۂ بقرہ سے شرطیہ (انشاء اللہ) بیٹا پائیں	10/-
95	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	400/-
96	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/-
97	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/-
98	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/-
99	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (انگلش والیم 1)	300/-
100	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (انگلش والیم 2)	300/-
101	سدا بہار حسن کی ضامن غذائیں	280/-
102	سترہ وظائف سے زندگی آسان	10/-
103	سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص کے کرشمات	50/-
104	سورۂ قریش کے کرشمات	60/-
105	سورۂ کوثر کے کرشمات	60/-
106	شجرہ طیبہ قادری ہجویری	10/-
107	شگفتہ باتیں بکھرے موتی انمول یادیں	250/-
108	شہد کے کمالات	150/-
109	شاہراہ معرفت پر کامیابی کا سفر	250/-
110	شافی دوائیں شافی علاج	250/-
111	شوگر کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
112	شادی شدہ زندگی ہنسی خوشی گزارنے کے راز	300/-
113	شوگر کا کامیاب علاج	200/-
114	شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول	250/-
115	شفا بخش خیالات کی کرشمہ سازی نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	120/-
116	شہید پاکستان	250/-
117	شاداب زندگی کے راز نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	200/-
118	صوفی ازم اور ٹینشن فری لائف	160/-
119	صحت مند عادات نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	200/-
120	صحت بخش خوش ذائقہ خوراکیں اور سائنسی اصول	150/-
121	صوفی ازم سے روشنی کا سفر	250/-
122	صوفی ازم اور قبولیت دعا	180/-
123	صوفی ازم کے روشن ستارے	350/-
124	صوفی ازم اور باطنی سکون	160/-
125	صلوٰۃ التسبیح کے کرشمات	200/-
126	صادق دوست اور قلعہ ڈیراور	350/-
127	ضدی بیماریوں کے 700 آسان ٹوٹکے	300/-
128	طبی تجربات و مشاہدات	150/-
129	عورت اسلام اور جدید سائنس	350/-
130	عامل کامل بننے کے راز	200/-
131	عبقری ادویات کی شفایابی	20/-
132	عشق اسلام اور جدید سائنس	450/-
133	ذوق تصوف	2100/-
134	سچی کرامات (جلد اول)	400/-
135	سچی کرامات (جلد دوئم)	300/-
136	خوشیاں، دولت اور سکون کے وظائف	200/-
137	تصوف کی خوشبو (جلد اول)	400/-
138	تصوف کی خوشبو (جلد دوئم)	400/-
139	عبقری بتائے جوی بوٹیوں کے کرشمات	200/-
140	عبقری لایا انوکھے اور لاجواب ٹوٹکے (جلد اول)	300/-
141	عبقری لایا انوکھے اور لاجواب ٹوٹکے (جلد دوئم)	300/-
142	عرشی وظائف اور آزمودہ یقینی نتائج	280/-
143	علماء کے آزمودہ عملیات	300/-
144	غلاف روضہ مبارک کے کرشمات	5/-
145	غلطیوں کی اصلاح نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	300/-
146	غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کا تحفظ ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں	40/-
147	فیضان سنت اور جدید سائنس	200/-
148	قدرتی ٹانک اور علاج نبویؐ	200/-
149	قدرت کا انعام اور انتقام	300/-
150	قبولیت دعا کے انوکھے واقعات	180/-
151	کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج	120/-
152	کامیاب شادی کے ستر اصول نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	250/-

نمبر	کتاب	قیمت
153	کمالات اولیاء	200/-
154	کینسر کو شکست	200/-
155	کلونجی کے کرشمات	80/-
156	کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات	700/-
157	کشف اور پراسرار روحانی قوتوں کا حصول	250/-
158	کامیاب عامل بنیے	250/-
159	کامیاب عامل بنیے کرشمات دیکھئے	250/-
160	کھنڈرات سے ملی خاندانی بیاض	2500/-
161	کچن سے شفا پانے کے راز	230/-
162	گلوکاری سے پرہیزگاری تک	100/-
163	گردے کا ایلسر، پتھری کا سائنسی اور روحانی علاج	150/-
164	خوبصورت اور گھنے بال	230/-
165	گھریلو طبی الجھنیں اور ماہرین کے تجربات	400/-
166	گھریلو الجھنوں کا روحانی علاج	150/-
167	گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے	400/-
168	گھروں میں ابدی سکون اور خوشیوں کا راز	200/-
169	گھریلو الجھنوں کا روحانی اور قرآنی علاج	150/-
170	موتی مسجد کے کرشمات	10/-
171	مہلک دوائیں نبویؐ دوائیں اور جدید سائنس	170/-
172	میرے طبی رازوں کا خزانہ	250/-
173	مالدار بنانے کا آزمودہ راز	10/-
174	موت کے سائنسی و روحانی انکشافات	150/-
175	مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات (مجالس چولی)	250/-
176	مجھے شفا کیسے ملی؟	500/-
177	معرفت کے متلاشی	280/-
178	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	400/-
179	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/-
180	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/-
181	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/-
182	معاشرت نبویؐ اور جدید سائنس	500/-
183	مخلص یا ایماندار	300/-
184	مولانا کے ہمراہ	250/-
185	ماں کا تقدس اسلام اور جدید تہذیب	200/-
186	مہلک غذائیں نبویؐ غذائیں اور جدید سائنس	200/-
187	مایوس خاندانی مشکلات کا پر تاثیر روحانی علاج (جدید ایڈیشن)	200/-
188	مولانا شخصیت و کمال	250/-
189	معالج اور مریضوں کے تجربات	200/-
190	مہلک عادات نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	200/-
191	مشاہیر کی آپ بیتیاں	150/-
192	ویران جوانی مایوس نوجوان	250/-
193	موٹاپے سے نجات علاج نبویؐ اور جدید سائنس	200/-
194	مشکلات کے پہاڑ اور میرے روحانی تجربات	80/-
195	مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی	300/-
196	مثالی حافظہ اور آزمودہ نبویؐ عمل	40/-
197	مساج سے حسن صحت اور سکون	120/-
198	مختصر زندگی میں بھرپور جینے کے گر	325/-
199	ندامت کے آنسو	200/-
200	نوجوانوں کی جنسی الجھنیں علاج نبویؐ اور جدید سائنس	250/-
201	نبویؐ دسترخوان صحت و تندرستی کے راز اور جدید سائنس	300/-
202	نوجوانوں کے جنسی مسائل علاج نبویؐ اور جدید سائنس	250/-
203	نباتات قرآنی اور جدید سائنس	350/-
204	وضو کے تین گھونٹ کے کرشمات	10/-
205	وٹامن جسمانی صحت کیلئے کیوں ضروری	200/-
206	ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی روحانی اور سائنسی ترکیب	180/-
207	ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
208	ہائی بلڈ پریشر کا روحانی اور سائنسی علاج	200/-
209	ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید	350/-
210	یاقہار کے کرشمات	120/

رواداری کتب

نمبر	کتاب	قیمت
211	بریلوی علماء کی رواداریاں	250/-
212	دیوبندی علماء کی رواداریاں	500/-
213	اسلاف اہل حدیث کی رواداریاں	300/-

عبقری کتب سندھی زبان میں

نمبر	کتاب	قیمت
214	وضو کے تین گھونٹ پانی	10
215	غلاف روضہ مبارک	10
216	سورۂ یٰسین کے کرشمات	10
217	روزگار وظیفہ اور کینسر سے نجات	10
218	شجرہ طیبہ قادری ہجویری	10
219	سورۂ بقرہ سے شرطیہ بیٹا پائیں	10
220	روحانی غسل کے کرشمات	10
221	جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل	10
222	دو انمول خزانے کے کرشمات	زیر طبع
223	سترہ وظائف سے زندگی آسان	10
224	مالدار بننے کا آزمودہ راز	10
225	سورۂ فاتحہ و اخلاص کے کرشمات	زیر طبع
226	سورۂ قریش کے کرشمات	زیر طبع
227	سورۂ کوثر کے کرشمات	زیر طبع
228	دکھ اور غم سے چھٹکارا مل گیا	زیر طبع
229	وجھلوں سے میں حکیم بن گیا	زیر طبع
230	کامیابی کا راز آپ کے ہاتھ میں	زیر طبع
231	میں مالدار کیسے بنا؟	زیر طبع
232	میری مشکلات آسان کیسے ہوئیں	زیر طبع
233	آخر کار میری بندشیں ٹوٹ گئیں	زیر طبع
234	میں خوشحال کیسے ہوا؟	زیر طبع
235	ایک دن میں ستر حاجتیں پوری	زیر طبع
236	ہم نے آزمایا آپ بھی آزمائیں	زیر طبع
237	کچھ اللہ پڑھے پریشانی ختم	زیر طبع
238	روحانی جسمانی فٹنس کا راز	زیر طبع
239	بے بہا رزق، دولت کا انبار	زیر طبع
240	غربت اور بیماری کیسے گئی؟	زیر طبع
241	صرف چار اسم پڑھیں مشکلات حل	زیر طبع
242	ناممکن مسائل کا چند دنوں میں خاتمہ	زیر طبع
243	صرف تین راتوں میں مرادیں پوری	زیر طبع
244	بکھرے خاندان اور آزمودہ راز	زیر طبع
245	لاعلاج بیماریوں اور روگوں کا خاتمہ	زیر طبع

گالیاں، دھمکیاں اور الزامات

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے مخلوق خدا کا رجوع دن بدن بڑھ رہا ہے۔ روزانہ سینکڑوں، ہزاروں کی تعداد میں لوگ ملنا چاہتے ہیں۔ حضرت حکیم صاحب کی بے شمار مصروفیات کی وجہ سے سب سے ملنا ممکن نہیں۔ پہلے پہل 6 ماہ کا وقت ایک ہی ماہ دے دیا جاتا تھا لیکن لوگوں کے اصرار پر اسے تین ماہ پر لایا گیا لیکن اس کے بعد ہر ماہ کا ٹائم دیا جاتا ہے اور اگلے ماہ پھر یہی ترتیب ہوتی ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ سارا دن کالز کرنے کے باوجود رابطہ نہیں ہوتا جبکہ ٹوکن دینے والا نمبر مستقل مصروف رہتا ہے خود اندازہ کریں کہ پوری دنیا سے کالز آرہی ہوتی ہیں ایسے میں سب کی کالز ایک ساتھ سننا ممکن نہیں سسٹم پر جب لوڈ زیادہ ہوتا ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نمبر بند ہے جب کہ نمبر مسلسل کھلا ہوتا ہے۔ جن کی کال مل جائے وہ مطمئن ہوجاتے ہیں اور جن کا رابطہ نہ ہوسکے وہ بدگمان ہوجاتے ہیں اور گالی گلوچ اور الزامات پر اتر آتے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ نمبر صرف ٹیلی فون پر اور منصفانہ دیئے جاتے ہیں۔ ہمیں مخلوق خدا کی پریشانی اور تکلیف کا احساس ہے اور ہم ہر ممکن حد تک اس کے ازالے کیلئے فکر مند رہتے ہیں لیکن سب کو مطمئن اور خوش کرنا شاید ہمارے بس میں نہیں ہے۔ امید ہے آپ ہماری مجبوریوں کا احساس کرتے ہوئے حوصلے اور درگزر سے کام لیں گے۔ ایک گزارش یہ بھی ہے کہ جن کو وقت مل جائے وہ دوبارہ کال نہ کیا کریں تاکہ دوسروں کو بھی موقع مل سکے۔ (ادارہ عبقری)۔ ملاقات کی تفصیلات حاصل کرنے کیلئے 0322-4688313

آج کل کاغذ اور دیگر سامان طباعت کی گرانی کی وجہ سے کتابوں کی قیمتیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں اس لیے آرڈر کرتے وقت جو قیمت ہوگی اسی کا اعتبار ہوگا اس سلسلے میں ادارہ پر اعتماد فرمائیں۔

ایڈیٹر کی کتابیں آپ کی نظر سے گزریں۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے۔

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد

سکھر: 3،4 مارچ 2017 بروز جمعہ، ہفتہ

کنڈیارو ضلع نوشہرو فیروز، حیدرآباد: 5 مارچ بروز اتوار

0322-4688313

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد

مظفر آباد۔ ایبٹ آباد۔ مانسہرہ۔

کاغان۔ کشمیر ضلع باغ۔ ہری پور۔ جبوڑی۔

(مقام اور وقت کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔)

0322-4688313

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد: جنڈ والا۔ لودھراں۔ کوٹ ادو۔ دائرہ دین پناہ۔ مظفر گڑھ۔ دوحہ قطر۔ مظفر آباد تفصیلات ٹائٹل کی بیک پر

صرف درس

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

128

ماہنامہ

عبقری

لاہور

®

فروری 2017ء جمادی الاولیٰ 1438ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل


آسان آزمودہ گھریلو نسخہ!

پچاس سیکنڈز میں ہارٹ اٹیک کا دم ختم

گھریلو مشکلات' الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

الم نشرح! میری ہر مشکل' ہر رکاوٹ' ہر مسئلے کا حل

- دماغ کو تیز اور بیدار رکھنے کیلئے ماہرین کے مشورے
- بیٹے یا شوہر کی ستائی ماؤں بہنوں کے دکھ اب ختم
- چڑیل نے بچے کا دل نکالا اور دھونا شروع کر دیا
- جتنا مرضی میٹھا کھاؤ' شوگر رہے ہر پل کنٹرول
- نہ کوئی پرہیز کیا' نہ ورزش اور میرا موٹاپا ختم
- حسن کو چار چاند لگانا آپ کیلئے منٹوں کا کام
- آنکھیں جادوئی طور پر ٹھیک ہو گئیں
- عزت پانے کا لاجواب عمل



بے وقت' بلاضرورت اور مصنوعی کھانوں سے بیمار ہونے والے حضرات کیلئے لاجواب کتاب مزید تعارف کیلئے صفحہ 56 ملاحظہ فرمائیں۔

میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غلام ہوں! اے شیر!

فروری سردی اور الرجی! کیسے بچا جائے؟

حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں: لازوال بے مثال اور حیرت انگیز حافظے کیلئے بہترین کتاب جو آپ کی نسلوں کے حافظے اور تقویت کیلئے رہبر ثابت ہوگی۔

عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

عبقری حسانِ ﷺ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (القرآن)

بانی: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ — جناب حکیم محمد رمضان چغتائی

سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہٗ (پھلت) ٭ حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 8 | جلد نمبر 11 | فروری 2017ء جمادی اولیٰ 1438 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور فروری 2017ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1080 روپے (بمع رجسٹرڈ ڈاک) بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: لارڈ ماونٹ بیٹن نے کہا کہ: "میں امید کرتا ہوں کہ پاکستان میں اقلیتوں کے ساتھ ویسا ہی سلوک ہوگا اور ویسے ہی اصول پیش نظر رکھے جائیں گے جن کی مثالیں اکبراعظم کے دور میں ملتی ہیں" تو اس پر قائداعظم نے برجستہ فرمایا: "وہ رواداری اور خیرسگالی جو شہنشاہ اکبر نے غیرمسلموں کے حق میں برتی کوئی نئی بات نہیں۔ یہ تو مسلمانوں کی تیرہ صدی قبل کی روایت ہے۔ جب پیغمبر اسلام حضرت محمد ﷺ یہودیوں اور عیسائیوں پر فتح حاصل کرنے کے بعد ان کے ساتھ نہ صرف انصاف بلکہ فیاضی کا برتاؤ کرتے تھے۔ مسلمانوں کی ساری تاریخ اس قسم کے واقعات سے بھری پڑی ہے۔ ہم حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں ہی پاکستان کا نظام چلائیں گے"۔

یہ نکتہ میں نے سیکھا بوالحسن سے	کہ جاں مرتی نہیں مرگ بدن سے
چمک سورج میں کیا باقی رہے گی	اگر بیزار ہو اپنی کرن سے!

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہاسال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 | E mail:contact@ubqari.org

نفس کی نگہبانی: جو شخص اسم یَارَقِیْبُ کثرت سے پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اپنے نفس کی نگہبانی کی توفیق عطا فرماتا ہے۔

کمزور اور بے کسوں کی برکت: حضرت مُصعَب بن سَعْد رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ (ان کے والد) حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا خیال تھا کہ انہیں اُن صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین پر فضیلت حاصل ہے جو ان سے (مالداری اور بہادری کی وجہ سے) کم درجہ کے ہیں۔ (ان کے خیال کی اصلاح کی غرض سے) نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارے کمزوروں اور بے کسوں ہی کی برکت سے تمہاری مدد کی جاتی ہے اور تمہیں روزی دی جاتی ہے۔ (بخاری)۔ **گناہوں سے بالکل پاک صاف:** حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو بندہ بیماری کی وجہ سے (اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوکر) گڑگڑاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بیماری سے اس حال میں شفاء عطا فرماتے ہیں کہ وہ گناہوں سے بالکل پاک صاف ہوتا ہے۔ (طبرانی۔ مجمع الزوائد)۔ **تاجر جنہوں نے پرہیزگاری اختیار کی:** حضرت رفاعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تاجر لوگ قیامت کے دن گنہگار اٹھائے جائیں گے سوائے ان تاجروں کے جنہوں نے اپنی تجارت میں پرہیزگاری اختیار کی یعنی خیانت اور فریب دہی وغیرہ میں مبتلا نہیں ہوئے اور نیکی کی یعنی اپنی تجارتی معاملات میں لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا اور سچ پر قائم رہے۔ (ترمذی)

ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا



آئیے! زندگی کے دن رات سنوار لیں

میں ابھی لاہور کے سروسز ہسپتال کے کامن وارڈ میں ایک غریب مزدور کی عیادت کر کے آرہا ہوں۔ ہسپتال میں یہ میرا دوسری دفعہ جانا ہوا' پہلے بھی ایک سفید پوش کی عیادت کرنے گیا تھا۔ اب دوسری دفعہ جانا ہوا انسانوں بڑوں اور بچوں کا اتنا ہجوم' اتنا رش کہ شاید مخلوق خدا اپنے تمام کام بھول گئی ہے اور ان کا کام ہی صرف ہسپتال ہے' کبھی کبھی میں ٹھنڈی سانسیں بھر کر ایک بات کہا کرتا ہوں کہ آج وہ بات بے ساختہ میرے دل سے نکلی' کہ جب دیکھو کہ ہسپتالوں اور کچہریوں میں رش بڑھ جائے' مخلوق خدا افراتفری میں پھر رہی ہو تو سمجھ لو کہ یہ پریشان معاشرے کی زندہ دلیل ہے۔ جس معاشرے میں بیماریاں' پریشانیاں' گھریلو الجھنیں' مقدمات' طلاقیں' روز کی گھر کی لڑائی' بچوں کا ہر وقت کارٹون، نیٹ یا موبائل میں بیٹھے رہنا' محلے بازار بن جائیں اور گلیاں مارکیٹیں بن جائیں اور باہر کا کھانا منگوا کر گھر میں دسترخوان سجانا اعزاز وقار اور احترام بن جائے تو اس معاشرے میں رہنا اور اس معاشرے کے بارے میں تبصرہ کرنا واضح اور سچی بات ہے کہ وہ بیمار معاشرہ ہے' اندر سے ٹوٹا ہوا اور کھوکھلا جس کے تانے بانے ختم ہوچکے ہیں اور جس میں ہر سانس ہر لمحہ' ہر لحظہ اچانک کیا ہوگا کا فکر' دلوں میں موجود ہے۔ اور وہ معاشرہ جو سوچوں میں ایسا ڈوبا ہوا کہ پتہ نہ چلے کہ میں گاڑی ڈرائیو کررہا ہوں یا موٹرسائیکل' اور موٹرسائیکل کی ڈرائیو کے دوران وہ اپنے دونوں ہاتھ چھوڑ کر ہواؤں فضاؤں میں باتیں کرنا شروع کردے اور اس طرح بے شمار واقعات اور حادثات ہوجائیں۔ رات کو دیر سے سونے والا معاشرہ اور صبح دیر سے اٹھنے والے افراد جنہوں نے آج تک چڑیوں کی چہچہاہٹ اور بلبل کا نغمہ' سورج کی پہلی کرن سالہا سال سے نہیں دیکھی' ایک صاحب مجھے ملے نماز، روزہ، تسبیح اور اسلام کے کسی بھی رکن سے دور پرے کا ان سے تعلق نہیں' سال کے بعد عید آتی ہے اور اس عید سے بھی اس لیے محروم ہیں کہ صبح لیٹ اٹھنے کا مزاج اور طبیعت ہے۔ پرانی ریت روایات کو جو بولے یا چلے اس کو بنیاد پرست اور چھوٹے ذہن کا فرد کہا جاتا ہے لیکن کچھ سالوں سے میں ایک بات محسوس کررہا ہوں معاشرہ واپس اپنی زندگی کے فطری اصولوں کی طرف لوٹ رہا ہے مدہم لائٹیں' پارک میں کچے ٹریک (یعنی کچی سڑکیں)' گرافی کے نام پر ہاتھوں سے لیپا پوتی، کچے گھروں کی طرح کا رواج بڑھ رہا ہے' سوتی کپڑے کاٹن کے نام پر' چمڑا لیدر کے نام پر' موٹا پسا ہوا آٹا وٹامنز کے نام پر اور چوکر کا استعمال براؤن بریڈ یا چوکر والے بسکٹ کے نام پر لیکن بہت کم لوگ جو اس فطری زندگی کی طرف لوٹ رہے ہیں ہم میں سے چند لوگ لیکن مغرب یعنی گوروں میں ایک ہجوم اور اکثریت ہے جو فطرت کی تلاش میں واپس لکڑی' سوتی کپڑے' چمڑے کی طرف رجوع کررہے ہیں اور مصنوعی چیزوں سے چھٹکارے کا عزم کرچکے ہیں۔ گولیاں کھانے والا معاشرہ اور جس معاشرے میں نشے کا استعمال پڑھے لکھے لوگوں میں اور خاص طور پر میڈیکل کالجز میں اور ہسپتالوں میں بہت تیزی سے بڑھتا چلا جارہا ہے وہ کمزور اور بیمار معاشرہ اس بات کی دلیل ہے کہ انسان اندر سے ٹوٹ گیا ہے کیا سارا قصور حکمرانوں اور وقت کے بادشاہ کا ہے؟ ہرگز نہیں! یہ سارا ہمارا قصور ہے ہم نے اپنی زندگی کو مصنوعی زندگی کے دھاروں پر ایسا چلایا کہ اپنی زندگی کا چین سکون کھو بیٹھے یقین جانیے! دین فطرت ہے مدینے ﷺ والے کا فرمان فطرت ہے رب کی ڈھلی ہوئی زندگی فطرت ہے اس فطرت سے جو بھی دور ہوگا وہ فطری زندگی سے دور نہیں ہوگا دراصل وہ چین اور سکون کا کھویا ہوا ایسا فرد ہوگا جسے سہارا دینے کی ضرورت ہے جس کیلئے آسرا ہمارے کندھے اور ہمارے بازو بنیں ہمارے میٹھے بول ہماری زندگی کی سانسیں اور ہمارا پل پل ایسے لوگوں کیلئے اپنی پلکیں بچھائیں۔ آج اس ٹوٹے معاشرے کو پھر سے جوڑنے کی ضرورت ہے اس کیلئے ہمیں سوئی دھاگہ چاہیے تاکہ ہم ٹوٹے دلوں اور ٹوٹے معاشرے کو سی سکیں۔ ہمیں قینچی اور چھری نہیں چاہیے معاشرہ تو پہلے ہی کٹا اور ٹوٹا ہوا ہے۔ عبقری ایک ٹوٹا پھوٹا پیغام ہے ایک سوچ ہے اور ایک جذبہ ہے اس جذبے کے تحت ہم زندگی کے دن رات سنوار لیں اور لوگوں کیلئے بے لوث سہارا بن جائیں۔ آیئے! معاشرے میں اس جذبے کو پھیلائیں محبتیں بانٹیں' پھول بکھیریں آپس میں نفرت اور عداوت کو چھوڑ کر ایک جسم ایک جان ہوجائیں۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

درس روحانیت و امن

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

شیطان کی مکاریاں اور نفس کی ہوشیاریاں

ذکر کی برکت اور دعا کے فوائد: ایک صاحب میرے پاس آئے کہنے لگے: "میرا یہ جبڑا موٹر سائیکل ایکسیڈنٹ کی وجہ سے ٹوٹ گیا ہے۔ کہنے لگے: "میں بہت دیر بے ہوش رہا اور دورانِ بے ہوشی میں نے خواب دیکھا کہ دو آدمی ہیں جنہوں نے آہنی لباس پہنے ہوئے ہیں، جیسے زمانہ قدیم میں پورا جنگی لباس ہوا کرتا تھا۔ایک شخص نے مجھے زور سے ڈھال ماری، جبڑے کے دانت ٹوٹ گئے اور میرا خون بہنے لگا۔وہ شخص اپنے بڑے سے کہتا ہے کہ "میں نے آج تک جس کو بھی ڈھال ماری ہے وہ تڑپا ہے، اور یہ تڑپا ہی نہیں۔وہ شخص مجھے مزید ڈھال مارنے لگا تو دوسرے نے روک دیا، کہ نہ مار یہ تو اللہ کا ذکر کرتا ہے۔" وہ صاحب کہنے لگے: "جب میں ہوش میں آیا جس جگہ اس نے ڈھال ماری تھی اسی جگہ مجھے موٹر سائیکل ایکسیڈنٹ میں چوٹ لگی تھی۔" تیرہ چودہ ٹانکے لگے۔اب بھی میرا جبڑا ٹھیک سے کام نہیں کرتا۔تو معلوم ہوا یہ ذکر، یہ مسنون اعمال، یہ صدقہ یا کسی اللہ والے کی دعا بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔دعا میں بڑی طاقت ہے، دعا میں بڑی تاثیر ہے۔جس طرح بددعا کے اندر طاقت ہے اسی طرح دعا کے اندر بھی طاقت ہے۔جس طرح بری نظر لگتی ہے اسی طرح اچھی نظر بھی لگتی ہے۔۔ایسی چیزیں بڑی بڑی مصیبتوں سے بچا دیتی ہیں اور بعض اوقات جو چھوٹی مصیبتیں آتی ہیں وہ بڑی مصیبتوں کا ازالہ کر جاتی ہیں۔بظاہر وہ مصیبت بڑی لگتی ہے لیکن جو مصیبت آنی ہوتی ہے وہ اس سے بھی بڑی ہوتی ہے۔

ایک بزرگ کی منکسر المزاجی: ایک بزرگ دعا کرتے تھے کہ "یا اللہ میرے جو معاملات تیرے ساتھ ہیں، یا اللہ اگر وہ سارے کھل جائیں تو میں تو اس قابل بھی نہیں کہ مجھے ایک گھونٹ پانی کا ملے، ایک نوالہ روٹی کا ملے اور یا اللہ میں اس قابل بھی نہیں کہ مجھے رات کا چین ملے اور دن کا سایہ نصیب ہو، کہ کوئی مجھے اچھی نظر سے بھی دیکھے، یا اللہ میں تو اس قابل ہوں کہ کتے مجھے نوچیں اور شہر میں مجھے ذلیل کیا جائے اور میری میت کو بغیر دفن کیے شہر کی گندی کوڑی جگہ پر پھینک دیا جائے ۔یا اللہ یہ تیری عافیت والا نظام ہی ہے جس نے میرے تن من کو ڈھانکا ہوا ہے اور میرے گوشت کی اس جلد نے میرے عیوب کو چھپایا ہوا ہے۔الٰہی یہ تو تیرا ہی کرم ہے ورنہ میں تو اس قابل تھا کہ میرے ساتھ برا حال ہوتا، یہ تو محض تیری عافیت والا نظام ہے جس نے مجھے پناہ دی ہوئی ہے۔

شکر بھی عافیت کو محفوظ رکھتا ہے: جو شکر کرتا ہے اس کو بھی بڑی عافیت ملتی ہے جو میسر ہوتا ہے اسی کو موثر سمجھتا ہے۔ کہتا ہے یا اللہ مجھ سے نیچے والے ایسے لوگ بھی ہیں جن کے پاس تو یہ بھی نہیں ہے یا اللہ یہ تیرا شکر ہے تو نے مجھے اتنا عطا فرما دیا۔میرے اللہ اگر تو مجھ سے یہ سب چھین بھی لے میں کیا کر سکتا ہوں۔

نعمتوں کا گھٹنا اور بڑھنا شکر پر منحصر: موسیٰ علیہ السلام اللہ رب العزت سے ملاقات کرنے جا رہے تھے۔راستے میں ایک بندہ ملا۔اس نے کہا میری یہ التجاء اللہ کے حضور پیش کرنا کہ اس نے اپنے ننگے بدن کے ستر کو ریت میں چھپایا ہوا تھا، اس کے پاس ڈھانپنے کیلئے کپڑا بھی نہیں تھا۔تو وہ کہنے لگے کہ: درخواست کرنا کہ اللہ مجھے بھی کچھ عطا فرمادے ۔آگے ایک اور صاحب تھے وہ کہنے لگے کہ: اللہ پاک سے میرے لیے دعا کیجئے گا کہ میرے پاس مال اتنا زیادہ ہے کہ میں اپنے مال کو سنبھال نہیں سکتا تو آپ اللہ پاک سے عرض کریں کہ وہ میرے مال کو تھوڑا کم کر دے۔

اب موسیٰ علیہ السلام نے ان دونوں کے مسائل اللہ کی خدمت میں عرض کیے تو اللہ پاک نے فرمایا! موسیٰ! جو پہلا تھا جس کے پاس کچھ نہیں تھا اسے کہیں کہ وہ میرا شکر ادا کرے۔ ہر پل میرا شکر ادا کرے اور جو دوسرا شخص ہے جو کہتا ہے میرے پاس بہت کچھ ہے اسے کہیں کہ وہ میری ناشکری کرے ۔اب موسیٰ علیہ السلام ان دونوں کے پاس واپس پلٹے پہلے وہ ملا جس کے پاس زیادہ مال تھا وہ اپنے انار کے درخت سے انار کھا رہا تھا تو موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تو اللہ پاک کی ناشکری کر، تو حیران کے ساتھ اس کے ہاتھ سے انار گر گیا اور اس کا ہر ہر دانا موتی و لعل بن گیا۔اور کہنے لگا کہ مجھے اتنا میرا کریم عطا کرے اور میں اسکی ناشکری کروں؟ اے موسیٰ علیہ السلام میں ایسا نہیں کر سکتا۔تو موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا تو پھر تم فقیر بھی نہیں ہو سکتے۔جو دوسرا شخص تھا جس نے اپنا ستر ریت میں چھپایا ہوا تھا، جب موسیٰ علیہ السلام اس کے پاس آئے اور اللہ کا پیغام سنایا کہ شکر کر تو اس نے کہا کہ اللہ نے دیا ہی کیا ہے جو میں شکر کروں؟ یکا یک ہوا چلی اور جو ریت اس پر تھی وہ بھی اُڑا لے گئی۔

تو عافیت کے نظام کے میسر ہونے نہ ہونے کے اسباب جو میں عرض کر رہا ہوں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر ادا کیا کریں۔بعض اوقات اللہ بہت نعمتیں دے دیتا ہے، بہت کرم فرما دیتا ہے، لیکن بندے کے اندر شکر کا نظام نہیں چلتا وہ ناشکری کرتا رہتا ہے، اور جب مکافات عمل ہوتا ہے پھر کہتا ہے کہ میں پریشان ہوں، میری طبیعت گھٹی گھٹی سی ہے، بس فلاں چیز ہے، معلوم ہوا کہ اس کو شکر کی توفیق اور نعمت کی قدر نصیب نہیں ہوئی ۔ اگر شکر کی توفیق اور نعمت کی قدردانی اس کو میسر ہو جاتی تو یہ جھک جاتا تو یہ کہتا کہ یا اللہ تیرا اتنا شکر ہے، تو نے مجھے اتنا عطا فرما دیا، اللہ میں تو اس قابل تھا جو وہ بزرگ کہتے تھے کہ میری میت کو کوڑی پر پھینک دیا جائے۔

شیطان کی مکاریاں، اور نفس کی ہوشیاریاں: شیطان بندے کو اس کی سیاہ کاریاں نہیں دکھاتا، اس کی خطائیں نہیں دکھاتا، کہ اس نے دن رات میں میرے رب کو کتنا راضی کیا ہے یا کتنا ناراض کیا یہ نہیں دکھاتا بلکہ اسے اس کی پریشانیاں، مصیبتیں دکھاتا ہے ۔(نعوذ باللہ ثم نعوذ باللہ) بے شمار لوگ میرے سامنے بیان کرتے ہیں "کہ ہم کیا کوئی دنیا کے سب سے بڑے مجرم ہیں جو ہم پر ہی ساری مصیبتیں ٹوٹیں" ارے وہ کیا جانے؟ کہ ہم تو اس قابل تھے کہ ہمیں کتے نوچتے، وہ تو کریم نے پھر بھی بھرم رکھا ہوا ہے۔کریم نے پھر بھی عزت رکھی ہوئی ہے، اس کریم نے پھر بھی روٹی، لقمہ اور سانس جیسی نعمتیں دے دی ہے۔ اس طرف نظر نہیں ڈالو کہ ہماری زندگی کے دن رات کیسے گزر رہے ہیں۔

درس سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ بہت عظیم انسان ہیں' اللہ پاک آپ کو اور آپ کے اہل وعیال کو دنیا اور آخرت کی ساری رحمتیں، برکتیں اور نعمتیں دے اور تسبیح خانہ کو قیامت تک آباد رکھے ۔آپ اکثر درس میں ٹھیک فرماتے ہیں کہ تسبیح خانہ آباد ہے تو ہمارے گھر آباد ہیں۔ تسبیح خانہ میں دیئے گئے آپ کے درس سن کر ہماری زندگیاں بدل گئی ہیں' ہمارے گھر کے حالات بدل گئے ہیں۔ دو تین ماہ سے آپ کے درس سن رہی ہوں۔ بھائی کی شادی کے بعد ہمارے گھر میں موسیقی کا بہت زیادہ رواج ہو گیا تھا' ہمارے گھر ہر وقت موسیقی چلتی تھی' مگر جب سے آپ کے درس سننا شروع کیے ہیں موسیقی سے نفرت (باقی صفحہ نمبر 34 پر)

کھانسی اور دمہ کا علاج: کھانسی اور دمہ میں دارچینی کو ہم وزن شہد میں ملا کر چٹانے سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔

اے شیر! میں رسول اللہ ﷺ کا غلام ہوں

ابولبیب شاذلی

انہوں نے ڈانٹ کر بلند آواز سے فرمایا: اے شیر! میں رسول اللہ ﷺ کا غلام ہوں اور میرا معاملہ یہ ہے کہ میں لشکر اسلام سے الگ پڑ گیا ہوں اور لشکر کی تلاش میں ہوں۔ یہ سن کر شیر دم ہلاتا ہوا ان کے پہلو میں آ کر کھڑا ہو گیا اور برابر ان کو اپنے ساتھ لیے ہوئے چلتا رہا۔

فرشتوں سے مصافحہ کرنا اور ان کی تسبیح سننا

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سات ہجری میں جنگ خیبر کے سال مسلمان ہوئے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے اپنی خلافت کے دوران ان کو اہل بصرہ کی تعلیم کیلئے مقرر فرمایا تھا۔ محمد بن سیرین محدث رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ بصرہ میں عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے زیادہ پرانا اور افضل کوئی صحابی نہیں۔ ان کی پوری زندگی مذہبی رنگ میں رنگی ہوئی تھی۔ طرح طرح کی عبادات میں بہت زیادہ محنت شاقہ فرماتے تھے۔ حضور اقدس ﷺ کے ساتھ اتنی والہانہ عقیدت تھی اور آپ ﷺ کا اتنا احترام رکھتے تھے کہ جس ہاتھ سے انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک پر بیعت کی تھی' اس ہاتھ سے عمر بھر انہوں نے پیشاب کا مقام نہیں چھوا۔ تیس برس تک مسلسل استسقاء کی بیماری میں صاحب فراش رہے اور شکم کا آپریشن بھی ہوا' مگر صبر و شکر کا یہ حال تھا کہ ہر مزاج پرسی کرنے والے سے یہی فرمایا کرتے تھے کہ میرے خدا کو جو پسند ہے وہی مجھے بھی محبوب ہے۔ (حجۃ اللہ ج 2 ص 873 واکمال و اسد الغابہ ج 4 ص 137) آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی ایک مشہور کرامت یہ ہے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ فرشتوں کی تسبیح کی آواز سنا کرتے اور فرشتے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے مصافحہ کیا کرتے تھے نیز آپ بہت مستجاب الدعوات بھی تھے یعنی آپ کی دعائیں بہت زیادہ مقبول ہوا کرتی تھیں۔ (حجۃ اللہ ج 2 ص 873 و اسد الغابہ ج 4 ص 137 و ابن سعد ج 4 ص 288) حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ حضور نبی کریم ﷺ کے آزاد کردہ غلام ہیں اور بعض کا قول ہے کہ یہ حضرت اُم المومنین اُم سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے غلام تھے۔ انہوں نے اس شرط پر ان کو آزاد کیا تھا کہ عمر بھر رسول اللہ ﷺ کی خدمت کرتے رہیں گے۔ ''سفینہ'' ان کا لقب ہے۔ ان کے نام میں اختلاف ہے کسی نے ''رباح'' کسی نے ''مہران'' کسی نے ''رومان'' نام بتایا ہے۔ ''سفینہ'' عربی میں کشتی کو کہتے ہیں۔ ان کا لقب ''سفینہ'' ہونے کا سبب یہ ہے کہ دوران سفر ایک شخص تھک گیا تو اس نے اپنا سامان ان کے کندھوں پر ڈال دیا اور یہ پہلے ہی بہت زیادہ سامان اٹھائے ہوئے تھے۔ یہ دیکھ کر حضور اقدس ﷺ نے خوش طبعی اور مزاح کے طور پر یہ فرمایا کہ انت سفینۃ (تم تو کشتی ہو) اس دن سے آپ کا یہ لقب مشہور ہو گیا کہ لوگ آپ کا اصلی نام ہی بھول گئے' لوگ ان کا اصلی نام پوچھتے تو یہ فرماتے تھے کہ میں نہیں بتاؤں گا۔ میرا نام رسول اللہ ﷺ نے ''سفینہ'' رکھ دیا ہے' اب میں اس نام کو کبھی ہرگز ہرگز نہیں بدلوں گا۔ (اکمال ص 597، و اسد الغابہ ج 2 ص 324)

شیر نے راستہ بتایا: ان کی مشہور اور نہایت ہی مستند کرامت یہ ہے کہ یہ روم کی سرزمین میں جہاد کے دوران اسلامی لشکر سے بچھڑ گئے اور لشکر کی تلاش میں دوڑتے بھاگتے چلے جا رہے تھے کہ بالکل ہی اچانک جنگل سے ایک شیر نکل کر ان کے سامنے آ گیا۔ انہوں نے ڈانٹ کر بلند آواز سے فرمایا: اے شیر! میں رسول اللہ ﷺ کا غلام ہوں اور میرا معاملہ یہ ہے کہ میں لشکر اسلام سے الگ پڑ گیا ہوں اور لشکر کی تلاش میں ہوں۔ یہ سن کر شیر دم ہلاتا ہوا ان کے پہلو میں آ کر کھڑا ہو گیا اور برابر ان کو اپنے ساتھ لیے ہوئے چلتا رہا یہاں تک یہ لشکر اسلام میں پہنچ گئے تو شیر واپس چلا گیا۔ (مشکوٰۃ جلد 2 ص 554 باب الکرامات)

چورانوے برس کا جوان

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ ہجرت کے دوسرے سال پیدا ہوئے اور حجۃ الوداع میں اپنے والد کے ساتھ حج کیا۔ امام زہری ان کے شاگردوں میں بہت ہی مشہور ہیں۔ اسی ہجری میں ان کی وفات ہوئی۔ حضور اقدس ﷺ نے ان کے سر پر اپنا دست مبارک پھیرا تھا۔ جعید بن عبدالرحمٰن کا بیان ہے کہ حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ 94 برس تک نہایت ہی تندرست اور قوی ہیکل رہے اور کان' آنکھ' دانت کسی چیز میں بھی کمزوری کے آثار نہیں پیدا ہوئے تھے۔ (کنز العمال ج 16 ص 51)

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے غلام عطا کہتے ہیں کہ حضرت سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے سر کے اگلے حصے کے بال بالکل سیاہ تھے اور سر کے پچھلے حصے کے سب بال اور ڈاڑھی بالکل سفید تھی۔ میں نے حیران ہو کر پوچھا اے میرے آقا! یہ کیا معاملہ ہے؟ مجھے اس پر تعجب ہو رہا ہے تو انہوں نے فرمایا کہ میں بچپن میں بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا تو حضور نبی کریم ﷺ میرے پاس سے گزرے اور مجھ سے میرا نام پوچھا؟ میں نے اپنا نام سائب بن یزید بتایا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے میرے سر پر اپنا ہاتھ مبارک پھیرا جہاں تک حضور اقدس ﷺ کا دست مبارک پہنچا ہے وہ بال سفید نہیں ہوئے اور آئندہ بھی کبھی سفید نہیں ہوں گے۔ انشاء اللہ۔

مریض کو سر لگایا وہ صحت یاب ہو گیا

حضرت حنظلہ بن حزیم رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ ایک مرتبہ اپنے باپ کے ساتھ دربار نبوت ﷺ میں حاضر ہوئے اور ان کے باپ نے ان کیلئے دعا کی درخواست کی۔ حضور رحمت عالم ﷺ نے ازراہ کرم اپنا دست اقدس ان کے سر پر پھیرا جس کی بدولت ان کو مندرجہ ذیل کرامت ملی۔

سر لگتے ہی مرض غائب: جس قسم کا بھی کوئی مریض انسان یا جانور جب ان کے پاس لایا جاتا تو یہ اپنا سر اس مریض کے بدن پر لگا دیتے تھے تو فی الفور شفاء حاصل ہو جاتی تھی اور ایک روایت میں یہ ہے کہ یہ اپنے ہاتھ میں اپنا لعاب دہن لگا کر اپنے سر پر رکھتے اور یہ دعا پڑھتے۔ بِسْمِ اللهِ عَلٰی اَثَرِ یَدِ رَسُوْلِ اللهِ پھر اپنا ہاتھ مریض کے ورم پر پھیر دیتے تو فوراً مریض شفایاب ہو جاتا۔ (کنز العمال ج 15 ص 327)

بڑے لوگوں کی بڑی باتیں

جو کسی مقصد کیلئے مرتے ہیں وہ ہمیشہ زندہ رہتے ہیں اور جو کسی مقصد کے بغیر جیتے ہیں وہ جیتے نہیں۔ ☆ اگر سکون چاہیے ہو تو کسی کا سکون برباد نہ کرو۔ ☆ بُروں کی ہم نشینی سے تنہائی بہتر ہے۔ ☆ انسان پر سب سے زیادہ مصیبتیں اس کی اپنی زبان کی وجہ سے آتی ہیں۔ **(حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ)** ☆ آج عمل ہوگا' حساب نہیں ہوگا' کل حساب ہوگا' عمل نہیں ہوگا۔ ☆ اپنے ظاہر کو لوگوں کی طرف اور اپنے باطن کو خدا کی طرف متوجہ رکھو۔ **(حضرت علی کرم اللہ وجہہ)** ☆ خاموشی غصے کا بہترین علاج ہے۔ **(حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ)** ☆ جب تک تیرا اترانا اور تیرا غصہ کرنا باقی ہے اپنے آپ کو اہل علم میں شمار نہ کر۔ **(شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ)** ☆ سارے ملک کا بگاڑ ان تین گروہوں کے بگڑنے پر ہے حکمران جب بے علم ہوں' عالم بے عمل ہوں اور فقیر بے توکل ہوں۔ **(حضرت داتا علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ)** ☆ بولنے میں نرمی سے کام لو کیونکہ اگر بلند آواز سے کوئی گھر بن سکتا تو گدھا ایک دن میں دو گھر بنا لیتا۔ **(اہلیہ حکیم خالد محمود چغتائی' احمد پور شرقیہ)**

بیوی واپس لانے کا عمل: کسی کی بیوی ناراض ہوکر میکے چلی گئی تو خاوند کو چاہیے کہ اسم یَامُجِیْبُ کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور پڑھنے کے بعد پانی پر پھونک کر پانی کو اس طرف جس طرف بیوی کا گھر ہے منہ کرکے پاکیزہ جگہ پر پھینکے گیارہ روز کرے۔ گیارہ روز بعد بیوی واپس آجائیگی۔

نجمہ عامر، گوجرانوالہ

بچوں کو ہم بگاڑ رہے ہیں یا ماحول

چٹ پٹی مرچ مصالحے والی چیزوں سے نظام بگڑ جائے گا، بدتمیزی، لڑائی، بداخلاقی جیسی معاشرتی برائی جنم لے گی۔ انہی چیزوں کے دلدادہ آخر بے قرار بچے ناسمجھ ہیں، ہم خود سمجھدار ہیں، ہم خود ہی ان کو زہریلا بناتے ہیں پھر شکوہ کرتے ہیں۔

آج کے اس نفسانفسی اور مادہ پرستی کے دور میں ہر طرف برائیاں اور جرائم جنم لے رہے ہیں، معاشرتی اور اخلاقی برائیاں وبا کی شکل اختیار کرگئی ہیں۔ انسان کے تین بڑے دشمن ہیں، شیطان، نفس اور برا ماحول۔ اس صورت حال میں والدین کو اپنی اولاد پر توجہ دینا انتہا کا ضروری امر ہے۔ اولاد ہی اصل سرمایہ ہے جو آخرت کی ناختم ہونے والی زندگی میں بطور تحفہ ہے، جس کی نگہداشت اور تربیت صحیح اصولوں پر کرنے کی ضرورت ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: آدمی کے فوت ہونے کے بعد اس کے اعمال کا سلسلہ منقطع ہوجاتا ہے مگر تین اعمال کا ثواب جاری رہتا ہے: 1) صدقہ جاریہ۔ 2) ایسا علم جس سے نفع اٹھایا جائے۔ 3) نیک اولاد جو اس کیلئے دعا کرتی رہے۔ (مسلم شریف)۔ ایک حدیث میں ہے: تم میں سے ہر ایک اپنے ماتحت کا نگران ہے اس کے بارے میں تم سے پوچھا جائے گا" اس لئے اگر اولاد بگڑتی ہے تو یقیناً والدین سے اس کی اولاد کے بارے میں پوچھا جائے گا" والدین ہی بچوں کے نگران ہیں والد پر چونکہ اللہ تعالیٰ نے باہر کی ذمہ داری سونپی ہے اور والدہ پر گھر کی ذمہ داری ہے جس میں سب سے اہم ضروری اولاد کی تربیت کرنا ہے۔ ماں کا رتبہ اس وجہ سے ہے کہ وہ بچے کی پہلی درسگاہ ہے تربیت نگہداشت کا اعلیٰ سنٹر ہے۔ اگر نیک تربیت نہ کی تو ان کی نافرمانیوں کا وبال والدین پر ہوگا۔ اچھی تربیت کیلئے سب سے پہلے خود اپنے اندر ایک جذبہ سوچ ہمت پیدا کرتے ہوئے اپنی ذمہ داری قبول کیجئے، دوران حمل والدین توبہ کیساتھ گناہوں سے بچیں، والدہ باوضو رہتے ہوئے قرآن و اعمال کی زندگی اختیار کرے۔ ماں کو پاکیزہ دیکھنا، سننا اور بولنا چاہئے۔ حرام لقمے سے بچنا چاہئے، انہی اعمال کا اثر بچے پر پڑے گا۔ جتنے بھی بزرگ اولیاء کرام رحمہم اللہ گزرے ہیں ان کے پیچھے ان کی پرہیزگار و عبادت گزار ماں کا ہی کردار ہوتا ہے۔ پیران پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ، عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ جیسی ہستیوں نے بھی عظیم والدہ کی بدولت عظمت پائی۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام چھوٹے بچے اپنی جان کی قربانی کیلئے تیار ہوگئے یہ والدہ ہی کی گود کا اثر تھا۔ بہت سے بچے پیدائشی کئی کئی سورتوں کے حافظ ہوئے، ایسا والدین کے قرآن کے ساتھ تعلق کی وجہ سے ہوا۔ ماں کو بچے کو قریب کرنے کیلئے خود دودھ پلانا چاہئے باوضو ذکر میں رہتے ہوئے بچے کی دیکھ بھال کرنی چاہئے۔ بہت اچھا ہے کہ کسی اللہ والے کی چبائی ہوئی کھجور کی گھٹی دیں، نام انبیاء کرام علیہم السلام اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نام پر رکھیں۔ جب بولنا شروع کرے تو سب سے پہلے اللہ ہی کا نام سکھائیں۔ اس پر اللہ والدین کے پچھلے سب گناہ معاف فرمادیتے ہیں۔ لا الہ الا اللہ سے لوری دیں، سنت کے مطابق مسنون دعاؤں کا اہتمام کرتے ہوئے زندگی گزاریں گے تو بچہ خود بخود ہی اعلیٰ اوصاف و اعلیٰ کردار کا مالک بنے گا۔ بچوں کی جسمانی و ذہنی صحت کا خیال رکھیں، بچے آپ ہی کا مستقبل ہیں، بچے بڑوں کو دیکھ کر ہر بات ذہن نشین کرلیتے ہیں اگر ماں نے پہلے خود سیکھا ہوگا تو تربیت تب ہی ممکن ہے، آج کا بیٹا کل کا باپ اور آج کی بیٹی کل کی ماں ہے۔ سیکھنے، عمل کرنے اور معاشرتی اصولوں سے آگاہی بچپن سے ہی ضروری ہے، بچوں کو ہر اچھے اور برے کا امتیاز اور انجام سمجھانا بہت ضروری ہے۔ پوری دنیا کے ماہرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ بچوں کے ذہن کی دیواریں ایک خالی کینوس کی طرح ہوتی ہیں اس پر قصے کہانیاں، عظیم کردار اور اخلاقیات سے مزین سچی نصیحت آمیز داستانوں کی ایک دنیا آباد ہوتی ہے، بچپن میں جیسا ماحول ان کے ذہن پر نقش کریں گے، ویسا ہی کردار میں ڈھل جاتا ہے، پھر اس کے اخلاقیات کا معیار وہی رہتا ہے، بچپن میں کی ہوئی تربیت کا اثر آخری عمر تک رہتا ہے۔ لہٰذا یہ کام آپ کے کرنے کا بہت اہم ہے کہ ان کی صحیح تربیت اور حفاظت کریں، ان کی کڑی نگرانی کریں تاکہ تباہی کی وجوہات کی نوبت نہ آئے۔ کوئی بھی عادت جو پختہ ہوجائے نشہ کہلاتی ہے، بچوں کو فوڈ میں جنک فوڈ بالکل نہیں دینا چاہئے۔ مگر والدین خود اولاد کیلئے لے کر آتے ہیں، لاشعوری طور پر خود ہی بچے اس کے عادی ہوجاتے ہیں، بڑوں کا نشہ سگریٹ، پان، چائے، کافی، حقہ، تمباکو ہیں اور بچے جن کی جسمانی ساخت نازک کمزور ہوتی ہے ہم ان کی زندگی کے نازک سالوں میں ان کے جسمانی اعضاء اور نشوونما کا بیڑہ غرق کردیتے ہیں۔ کالی پیلی ہری نیلی کولڈ ڈرنکس، رنگ برنگے کیمیکل سے لبریز جوسز، چاکلیٹ، آئس کریم کھٹی میٹھی ٹافیاں، چورن، املی، کٹارے، ٹاٹری، پاپڑ چپس، برگر، کیچپ، شوارمے، پیزے، چٹنیاں فنگر چپس بازاری پکوڑے سموسے۔ جب ان اشیاء کا ذائقہ لگ جائے تو بچے کئی کئی دن ان چیزوں پر زندہ رہتے ہیں، گھر کے کھانے کے قریب نہیں جاتے جس وجہ سے ہڈیوں کی بیماریاں، قوت مدافعت کمزور، نزلہ زکام، بخار، الرجی، خارش، کھانسی، دمہ ٹائیفائیڈ ہوکر آخر بچے ضدی بن جاتے ہیں' جب عادت پختہ ہوگئی تو خود ہی پیسے چرا کر نشہ پورا کریں گے اور برائی جنم لے گی۔ چٹ پٹی مرچ مصالحے والی چیزوں سے نظام بگڑ جائے گا، بدتمیزی، لڑائی، بداخلاقی جیسی معاشرتی برائی جنم لے گی۔ انہی چیزوں کے دلدادہ آخر بے قرار بچے ناسمجھ ہیں، ہم خود سمجھدار ہیں، ہم خود ہی ان کو زہریلا بناتے ہیں، پھر شکوہ کرتے ہیں، بچے زہریلے ہوگئے تو ہر طرف زہر پھیل جائے گا، گناہوں اور ظلم و ستم کا زہر۔ ایک تو ماؤں کو جلد ہی بچوں کے پیمپروں سے جان چھڑوانی چاہئے، معصوم مسلسل ناپاکی کو باندھ کر پریشان رہتا ہے، فیڈر کی بجائے جلد ہی مگ سے دودھ پلانے کی عادت ڈالیں، مائیں ٹائم گزارنے کیلئے بچوں کو کارٹون کیلئے بٹھادیتی ہیں، 6 ماہ کی عمر سے ہی بچے کی توجہ کارٹون کی طرف کرادی جاتی ہے، 2 سال کی عمر تک کارٹون کے ساتھ بچہ فلموں کا شوقین بنادیا جاتا ہے، کارٹون سے فضول اور بیہودہ باتیں سیکھ لیتے ہیں، کارٹون بچوں کے اخلاق و کردار پر گہرا اثر ڈالتے ہیں، بچہ جنگجو، جذباتی اور نافرمان بن جاتا ہے۔ ایک سال کی عمر تک ہر بات ذہن نشین کرتا ہے اور اس کا اثر ساری زندگی اس پر رہتا ہے۔ دوسری طرف بچوں کو ٹیوشن بھیج کر مائیں خیال کرتی ہیں سب کچھ سیکھ رہا ہے، سوچئے! جب ہم کسی سے مزدوری پر کام کرواتے ہیں تو بس کام ہی ہوسکتا ہے تربیت مزدوری پر نہیں ہوا کرتی۔ تربیت کیلئے والدین کو جاگنا ہوگا، ٹیوشن کے بعد بچہ ٹی وی کی کمپنی میں رہتا ہے، آخر بچہ اس مرحلے میں پہنچ جاتا ہے کہ اب وہ اپنی من مانی کرنے لگا اور پانی سر سے اوپر ہوگیا، کیونکہ ہم نے خود ہی دوسروں کے رحم و کرم پر چھوڑ کر مفلوج بنادیا، ہر سننے دیکھنے والی چیز غیر محسوس طریقے سے اثر انداز ہوگئی۔ جس طرح زمین پر پھل پھول کیلئے اس زمین سے جھاڑیاں کانٹے ہٹا کر پہلے تیار کیا جاتا ہے، تب زمین پھل پھول دے گی، اسی طرح بچے کی زندگی سے ہر کردار خراب کرنے والی چیز ہٹانا پڑے گی۔ ہمیں گھروں میں اپنے بیٹے بیٹی بہن بھائی پر کڑی نظر رکھنی چاہئے، چاروں طرف خواہشات کو بھڑکانے والے اسباب موجود ہیں اور ہم سب اس معاشرے کی پیداوار ہیں۔ جدید دور کی نت نئی ایجادات نے بھی نسل نو کو (باقی صفحہ نمبر 30 پر)

خطیب عبدالقیوم اسکردو

الم نشرح! میری ہر مشکل، ہر کاٹ، ہر مسئلے کا حل

وہ کہنے لگی کہ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ میری چوری ہوجائے؟ جاکر دیکھا تو دروازہ کھلا تھا‘ تالے ٹوٹے ہوئے تھے مگر گھر کا ایک تنکا بھی چوری نہیں ہوا‘ سب صحیح سلامت تھا کیونکہ وہ کہتی ہے کہ میں روزانہ سورۂ الم نشرح پڑھتی ہوں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کیلئے ڈھیروں دعائیں‘ اللہ رب العزت آپ کو اور عبقری سے وابستہ ہر شخص کو تاقیامت خوش وخرم اور سرسبز وشاداب رکھے‘ آمین! عبقری ایک ایسا مشن ہے ایک ایسا ادارہ ہے جہاں سے انسان روحانی اور جسمانی طور پر شفاء یاب ہورہا ہے لوگوں کے ایمان مضبوط وقوی ہورہے ہیں اور عمل سے بننے پلنے کا یقین ہورہا ہے۔ حضرت! آپ کے درس کے اندر ایک قوت ہے اور ایک روشنی ہے اور ایک امید ویقین کا واعیہ پیدا کرنے والا عنصر ہے جو درس سنتا ہے اس کی طلب ہوتی ہے کہ میں اپنے آپ کو ان اعمال کی بدولت بہتر کرسکتا ہوں اور اپنی پریشانیوں وبیماریوں کو خوشیوں اور صحت میں بدل سکتا ہوں اور لوگ پھر بفضل اللہ اعمال سے اپنے آپ کو کامیابیوں اور خوشیوں میں تبدیل کررہے ہیں اور اپنی برباد زندگیوں کو آباد کررہے ہیں۔ عبقری میں چھپے اعمال کی بدولت ہمیں بہت خوب خوب فوائد حاصل ہورہے ہیں۔ قرآن کی سورۂ الم نشرح جو کہ تیسویں پارہ میں ہے اس سے فوائد کے دو واقعات میں قارئین کی نذر کرتا ہوں۔ میرا ایک بیٹا جو کہ پاک آرمی میں کیپٹن ہے۔ وہ ایک مرتبہ سیاچن سے اپنی ڈیوٹی مکمل کرکے چھٹیوں پر گھر آرہا تھا کہ ایک جگہ ٹریفک رک گئی‘ میں نے فون کیا تو بتایا کہ میں بشام کے علاقہ میں ہوں۔ دو گھنٹے بعد میں نے فون کیا تو کہنے لگا: بشام میں ہوں۔ میں نے حیرانی سے پوچھا: دو گھنٹے پہلے بھی بشام میں تھے‘ اور اب بھی بشام میں ہی ہوں۔ کیا ہوا؟ کہنے لگا؟ بابا روڈ بند ہے‘ دو سے تین کلومیٹر لمبی لائن لگی ہوئی ہے۔ نامعلوم یہ ٹریفک کب کھلے گی؟ وہ مجھے کافی پریشان محسوس ہوئی۔ میں نے اسے کہا کہ تم سورۂ الم نشرح پڑھنا شروع کردو انشاء اللہ اللہ کرم کرے گا۔ یقین جانیے! صرف تین منٹ کے بعد ہی اس کا میسج آیا اور میں نے دیکھے بغیر گھر والوں کو کہا کہ یہ میرے کیپٹن کا میسج ہے اور اس میسج میں راستہ کھلنے کی خوشخبری لکھی ہوگی۔ جب گھر والوں نے میسج پڑھا تو اس میں یہی لکھا تھا کہ اس سورۃ کے پڑھتے ہی ٹریفک چل پڑی ہے اور راستہ کھل گیا ہے۔ اسی طرح میری بیٹی کا لیپ ٹاپ خراب ہوگیا اور وہ بھکر سے میرے پاس راولپنڈی میں لے کر آئی۔ اس کا بھائی بھی ٹھیک کرلیتا ہے‘ اس نے چیک کیا مگر اس سے نہ ہوا۔ مکینک کو دکھایا اور تین دن رکھنے کے بعد انہوں نے جواب دے دیا کہ ٹھیک نہیں ہورہا۔ میری بیٹی بہت پریشان کہ میرا اتنا مہنگا لیپ ٹاپ اچانک کیسے خراب ہوگیا؟ میں نے بیٹی کو کہا کہ سورۂ الم نشرح بار بار پڑھو اور پھر کوشش کرو انشاء اللہ ٹھیک ہوجائے گا۔ جناب! میری بیٹی کے الفاظ ہیں کہ میں نے پہلے سوچا کہ الم نشرح پڑھنے سے کیا ہوگا؟ پھر میں نے خود ہی پہلے ایک تسبیح سورۂ الم نشرح کی پڑھی اور کوشش شروع کردی تو آدھے گھنٹے کے بعد لیپ ٹاپ بالکل ٹھیک ہوگیا۔ اور اسی دن سے بالکل ٹھیک چل رہا ہے۔ اسی طرح میری بیٹی شہر سے گاؤں آئی ہوئی تھی‘ ابھی کل ہی اسے پتہ چلا کہ اس کے گھر میں چوری ہوگئی ہے‘ وہ کہنے لگی کہ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ میری چوری ہوجائے؟ جاکر دیکھا تو دروازہ کھلا تھا‘ تالے ٹوٹے ہوئے تھے مگر گھر کا ایک تنکا بھی چوری نہیں ہوا‘ سب صحیح سلامت تھا کیونکہ وہ کہتی ہے کہ میں روزانہ سورۂ الم نشرح پڑھتی ہوں۔

میرے ہر مسئلے کی ’ماسٹر کی‘

محترم جناب حکیم صاحب السلام علیکم! بعد از سلام عرض ہے میں اپنے چند آزمودہ اعمال قارئین عبقری کیلئے لیکر حاضر ہورہی ہوں۔ سورہ مائدہ آیت نمبر 114 میری بہت آزمائی ہوئی ہے اور میرے لئے ماسٹر کی ہے، آپ سے شیئر کرنا چاہتی ہوں۔ **عمل کا طریقہ:** تین مرتبہ درود شریف گیارہ مرتبہ سورہ مائدہ کی آیت نمبر 114 پھر تین مرتبہ درود شریف اس عمل کو پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک کر جو بھی دعا مانگی جائے اللہ کے فضل و کرم سے پوری ہوجاتی ہے، ایک دن کچھ یوں ہوا کہ میرا ٹیسٹ تھا اور اس سے ایک دن پہلے میں کالج نہیں گئی تھی جس کی وجہ سے میں ٹیسٹ سے بے خبر تھی میں نے اسی وقت یہ عمل کیا اور دعا کی کہ میرا ٹیسٹ آج نہ ہو‘ کل ہو‘ دعا مانگی تھی کہ سر نے کہا آج ٹیسٹ نہیں ہوگا اور میری دعا قبول ہوئی اور مجھے ٹیسٹ یاد کرنے کا موقع مل گیا۔ جب بھی مجھ سے کوئی چیز گم ہوجاتی ہے تو میں یہی سورہ مائدہ کی آیت گیارہ مرتبہ پڑھتی ہوں پڑھنے کی دیر ہوتی ہے مجھے میری وہ چیز مل جاتی ہے، اس عمل کو میں نے اپنے امتحانات میں بھی بہت آزمایا اور اللہ کے فضل و کرم سے مجھے بہت فائدہ ہوا، میرا مشکل سے مشکل پیپر آسانی سے حل ہوجاتا ہے۔ (لائبہ گل‘ میری کالونی)

اسلام اور رواداری | قسط نمبر 115 | ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

غیر مسلم کا پکا ہوا کھانا کھانا

فرمان باری تعالیٰ ہے: اور اہل کتاب کا کھانا تمہارے لیے اور تمہارا کھانا ان کیلئے حلال ہے۔ (المائدہ: 5:5) سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک یہودی خاتون نے رسول اکرم ﷺ کی ضیافت کی اور بھنی ہوئی بکری پیش کی لیکن اس میں زہر ملایا گیا تھا۔ آپ ﷺ نے اسے کھایا، البتہ لقمہ نگلا نہیں تھا کہ اس کے زہر آلود ہونے کی اطلاع (وحی کے ذریعے) مل گئی۔ ایک صحابی بشر بن براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ لقمہ نگل گئے تھے جس سے ان کی شہادت ہوگئی۔ (البخاری 2617، ابوداؤد 4512) سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ تبوک کے مقام پر تھے کہ پنیر لایا گیا۔ آپ ﷺ نے چھری منگوائی اور بسم اللہ پڑھ کر اسے کاٹ کر کھایا۔ (ابوداؤد 3819) اس زمانے میں پنیر شام کے اندر بنایا جاتا تھا اور وہاں غیر مسلم آباد تھے۔ (نیل الاوطار 26:1)

پڑھتا جا اور مایوس نہ ہو! واقعی مسئلہ حل ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ ناچیز دو مرتبہ آپ سے ملنے کا شرف حاصل کرچکا ہے‘ آپ کے بتائے ہوئے اعمال سے واقعی حیرت انگیز فوائد ملے۔ اعمال کو کرتے ہوئے چند ماہ گزرے مسائل حل نہ ہوئے تو مختلف قسم کے وساوس آنے شروع ہوگئے‘ ایک دن میں گھر سے باہر کھڑا آسمان کو دیکھ رہا تھا اور دل ہی دل میں اللہ سے دعا کررہا تھا کہ اللہ تیرا کونسا اسم پڑھوں جس سے میری پریشانی دور ہو‘ اے اللہ میں يَاحَيُّ يَاقَيُّومُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ پڑھ رہا ہوں اسی کی برکت سے میری مشکل آسان کردے۔ دل میں خیال آیا اسی میں اسم اعظم ہے اسی کو پڑھتا جا اور مایوس نہ ہو اور واقعی جلد وہ دن آگیا جب وہ ہوگیا جس کا مجھے یقین نہیں تھا۔ میرے مسائل حل ہونے شروع ہوگئے۔ (ذیشان انور)

نزلے اور زکام کا علاج: نزلے اور زکام میں دار چینی کا سفوف ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرنا انتہائی مفید ہے۔

دماغ کو تیز اور بیدار رکھنے کیلئے ماہرین کے مشورے

سحرش بانو، اسلام آباد

ذہن صاف رکھئے! آپ کا دماغ آپ کی سب سے قیمتی متاع ہے اس کی حفاظت اور دیکھ بھال بروقت' توجہ اور رقم صرف کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں' اسے ہر طرح سے درست' متوازن اور چوکس رکھنا خود آپ کی ذات کیلئے سود مند ہے۔

انگریزی کی ایک مشہور ضرب المثل ہے" نقش اول ہی نقش آخری ہوتا ہے"۔ اسی حقیقت کو ماہرین نفسیات نے اس طرح بیان کیا ہے کہ آپ پہلی نظر میں اپنے مخاطب کے ذہن پر جو نقش چھوڑتے ہیں' اس کا اثر اکثر و بیشتر تاحیات قائم رہتا ہے۔ انسانی شخصیت کے بے شمار پہلو ہیں جو دیکھنے اور ملنے والوں پر اثر انداز ہوتے ہیں یا جن کی روشنی میں لوگ آپ کی شخصیت کی دلکشی اور جاذبیت کو پرکھتے اور جانچتے ہیں۔ ان میں آپ کی ظاہری شکل و صورت' لباس' آواز' گفتگو کا انداز اور رویہ سرفہرست ہے' زندگی میں کامیابی اور کامرانی حاصل کرنے کیلئے ان پر مناسب توجہ ضروری ہے۔ یہ کام زیادہ مشکل نہیں' تھوڑی سی کوشش اور محنت سے اپنا مقصد بخوبی حاصل کیا جاسکتا ہے' مختلف ماہرین نفسیات نے اس سلسلے میں جو چند رہنما اصول اور ہدایت وضع کی ہیں' ان کی بدولت یہ کام مزید آسان ہوگیا ہے۔ **اپنا حلیہ ٹھیک رکھئے!** اس حقیقت کو اچھی طرح ذہن نشین کرلیجئے کہ مخاطب کی نظریں سب سے پہلے آپ کی صورت' حلئے اور لباس پر پڑتی ہیں' اس لئے ان کا ٹھیک اور موزوں ہونا ازحد ضروری ہے۔ میلے کچیلے کپڑے' بکھرے بال اور بے ترتیب ڈاڑھی دوسروں پر ناگوار اثر ڈالتی ہے۔ اس کے برعکس صاف ستھرے اور اچھی طرح دھلے ہوئے کپڑے انسانی شخصیت کی قدر و قیمت کو بڑھا دیتے ہیں۔ ان کا اثر نہ صرف مخاطب پر اچھا پڑتا ہے بلکہ خود آپ کی ذات میں بھی بے پناہ اعتماد اور چمک پیدا ہوجاتی ہے' کبھی آپ نے سوچا آپ اپنی ظاہری شکل و صورت' لباس اور حلئے پر کتنی توجہ اور وقت صرف کرتے ہیں؟ یاد رکھئے اس ہدایت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ صرف اعلیٰ تر اور قیمتی کپڑے ہی زیب تن کرنے سے انسان کی شخصیت نکھر سکتی ہے' وگرنہ نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ تھوڑی سی سوجھ بوجھ اور سلیقہ ہو تو کپڑوں کے صرف ایک جوڑے سے بھی بخوبی کام چلایا جاسکتا ہے۔ کسی روز قد آور شیشے کے سامنے کھڑے ہوکر اپنے عکس پر ایک بھرپور اور پرسکون ناقدانہ نظر ڈالئے اور پھر اپنے آپ سے سوال کیجئے کہ اس حلئے میں اگر آپ کا سامنا کسی اجنبی سے ہوجائے تو اس کے تاثرات کیا ہوں گے؟ کیا وہ کہے گا کہ آپ بڑے جامہ زیب، باسلیقہ' صفائی پسند اور دلچسپ انسان ہیں یا پھوہڑ' گندے اور تاجرانہ ذہن کے مالک ہیں؟

ذہن صاف رکھئے! آپ کا دماغ آپ کی سب سے قیمتی متاع ہے' اس کی حفاظت اور دیکھ بھال بروقت' توجہ اور رقم صرف کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں' اسے ہر طرح سے درست' متوازن اور چوکس رکھنا خود آپ کی ذات کیلئے سود مند ہے' آپ کے تمام افعال اس کے تابع ہیں' ان میں ہم آہنگی اور تیزی پیدا کرنے کیلئے ذہن کو غیر ضروری خیالات اور اندیشوں سے ہمیشہ پاک اور صاف رکھنے کی کوشش کریں۔ ذہن کو تیز اور چوکس و بیدار رکھنے کیلئے ماہرین نے مطالعے کی ہدایت کی ہے، ان کا کہنا ہے یہ ایک بہترین محرک ہے' کوشش کرکے اپنی مصروفیات میں سے روزانہ کم از کم دس پندرہ منٹ ضرور ایسے نکالیں' جو مطالعے میں صرف کئے جاسکیں۔ اچھے ناول پڑھئے' سوانح عمریوں' تاریخ' ڈرامے اور شعر و شاعری کا مطالعہ کیجئے۔ مذہب' آرٹ اور سائنسی موضوع پر لکھی ہوئی کتابیں پڑھئے' ان کے مطالعے سے نہ صرف آپ کی سوچ اور فکر کو مناسب غذا مہیا ہوتی رہے گی' آپ نئے نئے خیالات سے روشناس ہوں گے بلکہ آپ کی علمی قابلیت میں بھی معتدبہ اضافہ ہوتا جائے گا اور آپ دوسروں کو متاثر کرنے کے قابل ہوجائیں گے۔ مطالعے کے ساتھ ساتھ ماہرین نفسیات نے نت نئے مشغلے اپنانے یا کھیلوں میں حصہ لینے کی ہدایت بھی کی ہے، اس کا بڑا مقصد انسانی ذہن میں جلا پیدا کرنا ہے' ہر نئے مشغلے یا کھیل کے آغاز میں انسان ضروری معلومات حاصل کرنے یا نئے دوست بنانے کیلئے جو ذہنی اور جسمانی تگ و دو کرتا ہے اس کا ہیجان ذہن کو بیدار اور چوکس رکھنے میں مدد اور معاون ثابت ہوتا ہے' ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر عام دلچسپی کے مختلف پروگرام پیش کئے جاتے ہیں' ان میں سے اپنی پسند کے علمی یا تفریحی پروگرام منتخب کرلئے جائیں تو یہ ذہن کیلئے لازماً ایک بہترین محرک ثابت ہوتے ہیں۔ **لہجے کی کرختگی دور کیجئے!** روزمرہ زندگی میں لب و لہجے کی کرختگی کا اثر بآسانی محسوس کیا جاسکتا ہے' عزیز ترین دوست یا رشتہ دار سے چند لمحوں کیلئے اکھڑے اکھڑے انداز میں گفتگو کریں' وہ بہت جلد آپ کی ذات سے متنفر ہوجائے گا۔ لوگوں کے دلوں میں گھر کرنے کیلئے اس خامی کو دور کرنا ضروری ہے' میٹھی زبان' ہر دلعزیزی کی جان ہے۔ بعض افراد میں یہ صفت پیدائشی موجود ہوتی ہے لیکن بعض لوگ اس سے عاری ہوتے ہیں' ایسی صورت میں گھبرانے یا پریشان ہونے کی چنداں ضرورت نہیں۔ ماہرین نفسیات نے ایسے بے شمار طریقے اور ورزشیں وضع کی ہیں جن پر عمل کریں تو چند ماہ کی کوشش اور محنت سے لب و لہجے میں حلاوت اور ملائمت پیدا ہوجاتی ہے اور آواز پہلے سے کہیں زیادہ صاف' شیریں' اور پرکشش بن جاتی ہے۔ اگر زبان میں لکنت کا قدرتی نقص اور عیب بھی موجود ہو تو محسوس نہیں ہوتا۔ ماہرین نفسیات کا کہنا ہے اگر آپ کی آواز کرخت ہے تو مخاطب سے دھیمے لب و لہجے میں بات کیجئے' کسی بات پر بے چینی یا تناؤ محسوس ہو تو گفتگو کے آغاز میں ایک گہرا سانس لے لیجئے' اس سے نہ صرف آپ کا اضطراب اور عصبی تناؤ قدرے کم ہوجائے گا بلکہ آواز میں بھی کرختگی پیدا نہیں ہونے پائے گی۔ اپنے لب و لہجے کو متوازن بنانے کیلئے بلند آواز سے مطالعہ بھی مفید ہے' اپنی پسند کے مطابق نثر یا شاعری کا کوئی اچھا سا ٹکڑا منتخب کرکے روزانہ تھوڑی دیر کیلئے بلند آواز سے پڑھیں' نثر کی سلیس عبارت جہاں آپ کے لب و لہجے میں روانی اور سلاست پیدا کرے گی' وہاں شاعری کی بدولت نغمگی اور ملائمت بھی راہ پائے گا۔ **اپنا سراغ لگائیے!** یاد رکھئے! جب تک آپ اپنی خداداد صلاحیتوں سے کما حقہٗ آگاہ نہیں ہوں گے شخصیت میں دلکشی اور جاذبیت پیدا کرنے کی ہر کوشش رائیگاں جائے گی' دوسرے لوگوں کیلئے آپ کی ذات اسی وقت مفید اور پرکشش ثابت ہوسکتی ہے' جب آپ خود اس سے بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہوں اور آپ کو اس کے اچھے اور برے دونوں پہلوؤں کا گہرا علم ہو۔ یقین کیجئے ایک بار آپ نے اپنی صلاحیتوں کا صحیح احاطہ کرلیا تو زندگی میں ترقی و کامرانی کا حصول چنداں دشوار نہیں رہے گا۔ **اندازفکر کا محاسبہ کیجئے!** اکثر لوگ زندگی میں محض اپنے غیر صحت مندانہ اندازفکر کی وجہ سے ناکام ہوتے ہیں' اپنی مصروفیات یا الجھنوں کی وجہ سے وہ لاشعوری طور پر اکھڑ، سنکی اور شکی مزاج ہوجاتے ہیں اور ان کے اندر فکر میں منفی رنگ جھلکنے لگتا ہے' ایسے لوگ صرف زندگی کی محرومیوں' ظلم و تشدد اور بدقسمتی کا رونا ہی روتے ہیں' ان کی نظر انصاف اور کائنات کی خوبصورتی اور دلکشی کے روشن پہلوؤں پر کبھی نہیں پڑتی۔ لمحہ بھر کیلئے اپنا جائزہ لے کر دیکھ لیجئے' کہیں آپ بھی تو اس عادت بد کا شکار نہیں' اگر ایسا ہے تو جان لیجئے کہ آپ نہ صرف خود اپنی خوشیوں کے دشمن ہیں بلکہ اپنے اردگرد بسنے والوں کی خوشیوں پر بھی ڈاکہ ڈال رہے ہیں' (باقی صفحہ نمبر 12 پر)

فیض کا سرچشمہ: جو شخص اسم یَاوَاسِعُ کو کثرت سے پڑھتا ہے اس کے ہر کام میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے بے پناہ عزت ملتی ہے ہر کوئی دل و جان سے اس کی عزت کرتا ہے اقتدار ملتا ہے۔

سردی اور الرجی! کیسے بچا جائے؟

شفاقت علی لیہ

بیڈروم میں ہم آرام کرتے ہیں اس لیے اس کی دیکھ بھال سب سے زیادہ ضروری ہے الرجی سے بچنے کے لیے بھی آپ کو سب سے زیادہ صفائی کا خیال بیڈ روم میں ہی رکھنا ہوگا آپ کا زیادہ تر وقت بیڈ روم میں گزرتا ہے۔

سردی لگ جانے اور سردیوں کی الرجی ہونے میں فرق ہے جب کسی کو سردی لگ جاتی ہے تو اس کا اثر تین، پانچ یا زیادہ سے زیادہ سات دن میں ٹوٹنے لگتا ہے، جب کہ الرجی کی علامات طویل عرصے تک محسوس ہوتی ہیں۔ بعض اوقات سردیوں میں ہونے والی الرجی کی علامات موسم گزرنے کے بعد بھی نظر آتی رہتی ہیں ان علامات میں چھینکیں آنا، جسم پر خارش ہونا، بخار رہنا اور آنکھوں میں جلن ہونا شامل ہیں اگر آپ تھوڑی سی احتیاط سے کام لیں تو آپ بنا کسی تکلیف اور پریشانی کے موسم پرسکون انداز میں گزار سکتے ہیں اور سردیوں کے مزے بھی لوٹ سکتے ہیں۔

ان 6 آسان نسخوں کے ذریعے سردی کے موسم میں ہر قسم کی الرجی سے محفوظ رہا جاسکتا ہے

1۔ کراس وینٹیلیشن (ہوا کی وافر، لگاتار تبدیلی)

گرمیوں کی طرح سردیوں میں بھی کراس وینٹیلیشن بے حد ضروری ہے ہوا کی آمدورفت سے الرجی کا باعث بننے والے جراثیم ایک جگہ جمع نہیں ہو پاتے نہاتے اور کھانا پکاتے وقت ایگزاسٹ فین چلائیں تاکہ ہوا میں موجود اضافی نمی ایک جگہ جمع نہ ہو۔

2۔ قالین کی صفائی

یوں تو آج کل گھروں میں قالین کے زیادہ استعمال سے گریز کرنے کی تاکید کی جاتی ہے، تاکہ صفائی کرنا آسان ہوسکے اور الرجی پھیلانے والے جراثیم کو چھپنے کی جگہ نہ ملے، البتہ اگر آپ اپنے گھروں میں قالین کا استعمال کرنا چاہتے بھی ہیں تو ان کی صفائی کا خاص خیال رکھیں انہیں روزانہ ویکیوم سے صاف کریں ساتھ ہی فرش پر بھی ایک اچھے اینٹی بیکٹیریل ڈٹرجنٹ سے پونچھا لگائیں۔

3۔ ہاتھ باقاعدگی سے دھوئیں

کھانے کھانے سے پہلے، کسی سے ہاتھ ملاتے اور اپنے پالتو جانور کو چھونے کے بعد ہاتھ ضرور دھوئیں اگر آپ باقاعدگی سے اپنے ہاتھ دھوئیں تو جراثیم کو جسم میں داخل ہونے کا موقع نہیں ملے گا اور سردیوں میں پھیلنے والے وائرسز سے بھی آپ محفوظ رہیں گے۔

4۔ گرم پانی کا استعمال

گرم پانی ٹھنڈے پانی کے مقابلے جلدی جراثیم مارتا ہے گرم پانی کا استعمال صرف نہانے میں نہیں بلکہ برتن اور کپڑے دھونے میں بھی کریں اونی اور موٹے کپڑے جیسے پاجامے، سوئٹرز اور جینز اور بیڈ کی چادریں دھونے کے لیے بھی گرم پانی کا ہی استعمال کریں پانی کا درجہ حرارت اگر 130 ڈگریز یا اس سے زیادہ ہو تو اس کے استعمال سے زیادہ تر جراثیم اور مٹی کے ذرات ختم ہو جاتے ہیں۔

5۔ بیڈروم، گھر کا محفوظ ترین کمرہ

بیڈروم میں ہم آرام کرتے ہیں اس لیے اس کی دیکھ بھال سب سے زیادہ ضروری ہے الرجی سے بچنے کے لیے بھی آپ کو سب سے زیادہ صفائی کا خیال بیڈروم میں ہی رکھنا ہوگا آپ کا زیادہ تر وقت بیڈروم میں گزرتا ہے اس لیے کوشش کریں کہ یہاں الرجی پیدا کرنے والا سامان کم سے کم ہو اپنے پالتو جانور کو کم سے کم بیڈروم میں داخل نہ ہونے دیں۔ بیڈروم میں پودے رکھنا بھی مناسب نہیں کیونکہ پودے رات کے وقت کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج کرتے ہیں جو کہ انسانی صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔

6۔ ادرک اور ہلدی کا زیادہ استعمال

سردیوں کے موسم میں ہلدی اور ادرک جیسی چیزوں کا استعمال قوت مدافعت کو مضبوط بناتا ہے ان سے انسان الرجی پیدا کرنے والے جراثیم سے محفوظ رہتا ہے کھانے میں ہلدی اور ادرک کا لازمی استعمال کریں سردیوں میں الرجی سے محفوظ رہنے کا بہترین نسخہ ادرک اور ہلدی سے بننے والا ٹانک ہے۔

سردیوں کا ٹانک

اجزا: ہلدی آدھا چھوٹا چمچ، ادرک ایک چھوٹا ٹکڑا، چائے کی پتی آدھا چمچ، شہد ایک چھوٹا چمچ، گرم پانی ڈیڑھ کپ

طریقہ: ان تمام اشیا کو ایک کپ میں ڈال کر چمچ سے اچھی طرح ہلائیں تاکہ یہ مکسچر کی شکل میں آجائے پیتے وقت مکسچر میں سے ادرک کا ٹکڑا ہٹا دیں اس ٹانک کا آدھا گلاس دن میں ایک یا دو بار پینے سے آپ سردی اور اس میں ہونے والی الرجی سے بچے رہیں گے۔ سردیوں کا موسم بڑا ہی خوبصورت اور سہانا ہوتا ہے ان آسان نسخوں کے ذریعے آپ اسے محفوظ اور صحت مند طریقے سے گزار سکتے ہیں ہم امید کرتے ہیں کہ اس بار آپ ان تدابیر پر عمل کر کے ان سردیوں میں تمام تر الرجیز سے بچے رہیں گے۔

موسم سرما! مناسب دیکھ بھال امراض سے بچا سکتی ہے؟

موسم سرما میں اگر مناسب دیکھ بھال نہ کی جائے تو جلد مختلف امراض کا شکار ہوسکتی ہے۔ موسم سرما کی آمد کیساتھ ہی فضا کی قدرتی نمی میں کمی آجاتی ہے۔ سرد اور خشک ہوائیں نہ صرف چہرے بلکہ ہاتھوں اور پیروں کو بھی بری طرح متاثر کرتی ہیں۔ انتہائی حساس جلد کی حامل خواتین اور مرد خشکی یا ڈرائی جلد کے مالک فوری طور پر متاثر ہوتے ہیں۔ ان کی جلد بے رونق خشک اور کھردری ہونے لگتی ہے اور بعض لوگوں کے ایگزیما بھی ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ چہرے پر کیل مہاسے بھی بڑھ جاتے ہیں، نہ صرف چہرہ کی جلد بلکہ اس سے سر کی جلد بھی متاثر ہوتی ہے جس سے بیشتر لوگوں کے سر کے بال بھی جھڑنے لگتے ہیں اور سر میں خشکی ہو جاتی ہے۔ جلد کے امراض میں جلد کا پھٹنا جیسی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ مناسب خوراک پانی، اور بھرپور توجہ سے اس موسم میں بھی جلد کو بہتر رکھا جاسکتا ہے۔ درج بالا ہدایات کا استعمال کر کے ہم الرجی کے ساتھ ساتھ ڈھیروں امراض سے بچ سکتے ہیں۔

دل کے مریضوں کیلئے خوراک، احتیاط اور وظائف

انجیر تین عدد صبح نہار منہ کھائے، ہر قسم کا گوشت اس کو منع ہے، سبزی کا استعمال ضروری ہے، اس میں گھی برائے نام استعمال کرے، دل کے مریض کو نمک بھی منع ہے۔ دوپہر کا کھانا پودینہ، ادرک، انار دانہ کی پھکی چٹنی کے ساتھ کھائے۔ وظائف میں سورۂ فاتحہ بمعہ تسمیہ اکتالیس مرتبہ، نماز فجر کی سنتوں اور فرائض کے درمیان پڑھ کر دم کر کے پیے۔ دن میں چالیس بار آیۃ کریمہ روزانہ پڑھیں۔ روزانہ تین سو مرتبہ یَاوَهَّابُ پڑھیں۔ روزانہ تین سو مرتبہ یَاحَلِيْمُ یَارَءُوْفُ یَارَحِيْمُ پڑھیں۔ ہر وظیفے کے ساتھ اول و آخر درود شریف شامل رکھیں۔ جَو کا دلیہ شہد سے میٹھا کر کے استعمال کریں۔ ہر فرض نماز کا سلام پھیرتے ہی تین بار یَاقَهَّارُ کہہ کر دل پر دم کریں۔ بعض کتب میں ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عجوہ کھجور روزانہ سات عدد بمعہ گٹھلی پیس کر کھائی جائے تو دل کا مریض شفاء پاتا ہے۔ طریقہ یوں اختیار کیا جائے تو آسان ہے کہ سات کھجوریں روزانہ کھائیں اور گٹھلیاں اکٹھی کر کے پیس لی جائیں اور چائے والا آدھا چمچ صبح اور آدھا چمچ شام کو لیا جائے۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ (ش۔ش)

تعریف سے مغرور مت ہوجا: اگر لوگ تجھے اس صفت کے ساتھ موصوف بتلائیں جو کہ تیری ذات میں نہ ہو تو ان کی تعریف سے مغرور مت ہوجا کیونکہ جاہلوں کے کہنے سے ٹھیکری سونا نہیں بن سکتی۔

جمادی الاولیٰ! ہر نیک حاجت ضرور پوری ہوگی

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

اسلامی سال کے پانچویں مہینہ کا نام جمادی الاولیٰ ہے۔ اس مہینہ میں قرآن پاک کی پاک وصاف لباس پہن کر صاف اور آہستہ آہستہ سمجھ کر تلاوت کرنا بہت زیادہ ثواب اور فائدہ کا باعث ہے۔ اس ماہ میں نوافل پڑھنا اور دیگر عبادات کرنا بہت سی فیوض وبرکات کے حصول کا باعث ہے۔

پہلی شب:۔ جو کوئی اس ماہ کی پہلی شب نماز مغرب کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے تو پروردگار عالم اس کو بے شمار ثواب سے نوازے گا اور اس کو گناہوں کی معافی عطا فرمائے گا۔ **دو نفل:۔** جمادی الاولیٰ کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھنی چاہئے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ جمعہ پڑھے جبکہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ مزمل پڑھے۔ **چار نوافل:۔** اس ماہ کی یکم تاریخ کو نماز ظہر کے بعد چار رکعت اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۃ النصر پڑھے۔

تیسری شب:۔ جمادی الاولیٰ کے مہینہ کی تیسری شب کو نماز عشاء کے بعد بیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کے ساتھ اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد دس دس مرتبہ سورہ قدر پڑھے اور سلام پھیرتے ہی یعنی تمام نوافل کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ہی قبلہ رخ بیٹھ کر فجر کی اذان تک یہ کلمات بکثرت پڑھتا رہے۔

یَاعَظِیْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظَمَةِ وَالْعَظَمَةُ فِیْ عَظَمَةِ عَظَمَتِكَ یَاعَظِیْمُ

انشاء اللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہوگا اور جو بھی نیک حاجت ہوگی پروردگار عالم وہ ضرور پوری فرمائے گا۔

نفلی روزے:۔ اس ماہ کی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ کو نفلی روزے رکھنے کی بہت زیادہ فضیلت ہے۔

اکیسویں شب:۔ اس مہینہ کی اکیسویں شب کو نماز عشاء کے بعد چھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ نوافل کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت برکات حاصل ہونگی۔

ستائیسویں شب: اس شب کو نماز عشاء کے بعد آٹھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۃ والضحیٰ پڑھے۔ اس کے بعد بکثرت سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ کا ورد کرتا ہوا باوضو حالت میں سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت سی برکات حاصل ہوں گی۔ **عظمت والی دعا:** ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ذوالقرنین علیہ السلام سے ملے اور ان سے پوچھا کہ سارے زمانہ کو تو نے کس طرح سے دیکھا اور شرق سے لیکر غرب تک کا کیسے مالک ہوگیا انہوں نے جواب دیا قُلْ ھُوَ اللہُ اَحَدٌ سے اور ان چند کلمات سے کہ جو انہیں پڑھے گا اللہ پاک اس کیلئے دس لاکھ نیکیاں لکھے گا اور اس کے دس لاکھ گناہ بخش دیگا اور اس کے دس لاکھ درجے بلند کریگا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا مجھے بتلاؤ وہ کیا ہیں انہوں نے چند کلمات بتلائے۔ سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ بَاقٍ لَا یَفْنٰی سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ عَالِمٌ لَایَنْسٰی سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ قَیُّوْمٌ لَایَنَامُ سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ دَائِمٌ لَا یَسْھُوْ سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ وَاسِعٌ لَایَتَکَلَّفُ سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ قَائِمٌ لَایَلْھُوْ سُبْحٰنَ مَنْ ھُوَ عَزِیْزٌ لَایُظْلَمُ۔

عزت پانے کا لاجواب عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ایک دوست (ع) نے مجھے ہر جگہ عزت پانے کا لاجواب عمل بتایا۔ کہنے لگی کہ آپ جب کہیں بھی جانے لگیں آپ اندر داخل ہونے سے پہلے ہی پچاس بار تسمیہ اور پچاس بار یَابَاعِثُ پڑھ کر ان لوگوں پر پھونک دیں۔ جن سے آپ کی نہ بنتی ہو یا جو لوگ آپ کی عزت نہ کرتے ہوں میں مقامی بینک میں نوکری کرتی ہوں واقعی جس دن یہ عمل کیا ہے سارا دن بہت ہی زبردست گزرتا ہے واقعی لاجواب عمل ہے۔ میری دوست جو کہ ایک بہترین سکول میں ٹیچر ہیں۔ بتاتی ہے کہ اس کے سکول میں ایک ٹیچر اسے ہر وقت ڈانٹتی رہتی تھیں مگر اس وظیفے کی برکت سے وہ (ع،ع) کہتی نہیں تھکتی۔ قارئین عبقری ضروری آزمائیں۔ (فرحت، لاہور)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 11 فروری بروز ہفتہ شام 5 سے 6 بجکر 12 منٹ تک، 20 فروری بروز سوموار صبح 7 تا 8 بجکر 10 منٹ، 26 فروری بروز اتوار دوپہر 2 بجکر 15 منٹ سے لیکر 3 بجکر 27 منٹ تک یَارَبَّنَا یَامَوْلَانَا پڑھیں۔ یہ ذکر، ابھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پہلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

روحانی محفل سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک دکاندار ہوں جب میں نے دکان شروع کی تو شروع شروع میں دکان خوب چلی میں نے دکان کیلئے اپنے کزن سے قرض لیا تھا جو میں نے جلد ہی آدھا واپس کردیا لیکن کچھ عرصہ بعد قرض دوبارہ مجھ پر آگیا۔ دن بدن کام ختم ہونے لگا میں اتنا پریشان ہوگیا کہ میں بولتا کہ دکان ختم کردوں۔ ہر وقت یہ خیال دل ودماغ میں رہتا کہ اب پتہ نہیں کیا ہوگا۔ طبیعت خراب رہتی۔ کافی عاملین کے پاس چکر لگائے مگر صرف وقتی فائدہ ہوتا اور بعد میں صرف وہی حال۔ پھر ایک دن دکان پر بیٹھا تھا کہ میرے ایک دوست آئے ان کے ہاتھ میں عبقری رسالہ تھا۔ انہیں میرے حالات کا پتہ تھا انہوں نے مجھے کہا کہ روزانہ اس (باقی صفحہ نمبر 24 پر)

امراض چشم کیلئے انتہائی مفید: اگر شہد سرمہ والی سلائی کے ذریعے روزانہ رات کو سوتے وقت آنکھوں میں ڈالا جائے تو آنکھوں کے بے شمار امراض کیلئے بے حد مفید ہے۔

حضرت خواجہ ابوالحسن نوری رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اسے بڑی تمنا ہو کہ اس کے بچہ ہوجائے تو اس کیلئے اکتالیس عدد کالی مرچ لے اور اکتالیس عدد لونگ لے کر ان پر باوضو اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ یہ آیت پڑھ کر ان دونوں چیزوں پر دم کریں۔

ہر قسم کی مشکل کا حل ہونا

اگر کوئی ایسی مشکل پیدا ہوگئی ہو جس کا حل ہونا ضروری ہو اور اس کے حل نہ ہونے سے جان کا یا مال کا یا عزت کے جانے کا خطرہ ہو تو اس کیلئے جمعرات کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے۔ اس رات بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل فوراً حل ہوجائے گی اگر ایک مرتبہ کے پڑھنے سے حل نہ ہو تو اگلے جمعہ کی شب کو پھر اسی طرح عمل کرے جب تک مشکل حل نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے:۔ اَمَّنۡ یُّجِیۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَ یَکۡشِفُ السُّوۡٓءَ وَ یَجۡعَلُکُمۡ خُلَفَآءَ الۡاَرۡضِ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قَلِیۡلًا مَّا تَذَکَّرُوۡنَ ﴿النمل ۶۲﴾

بچے کا حد سے زیادہ رونا

اگر چھوٹا بچہ حد سے زیادہ روتا ہے اور گھر میں ہر وقت اس کے رونے کی آواز آتی ہے۔ بات بات پر ضد کرتا ہے' مچلتا ہے' زمین پر لیٹ جاتا ہے اور طرح طرح سے بہانے کر کر کے روتا ہے تو اس کیلئے یہ آیت باوضو چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر لکھیں اور گیارہ دن روزانہ ایک پلیٹ دھو کر اس کا پانی بچے کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونا بند کردے گا اور ضد کرنے اور مچلنے سے باز رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ وَ خَشَعَتِ الۡاَصۡوَاتُ لِلرَّحۡمٰنِ فَلَا تَسۡمَعُ اِلَّا هَمۡسًا ﴿طٰهٰ ۱۰۸﴾

دل کے مرض سے افاقہ

اگر خدانخواستہ کسی کو دل کا مرض لگ جائے تو اس کیلئے باوضو اکتالیس دن روزانہ ایک پلیٹ پر یہ آیت لکھے اور پانی سے دھو کر مریض کو وہ پانی چار وقت پلائے۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں:۔ 1۔ صبح ناشتہ سے قبل۔ 2۔ صبح گیارہ بجے دن۔ 3۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے۔ 4۔ بعد نماز عشاء سونے سے پہلے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل کے مریض کو فائدہ ہوگا اور تکلیف سے نجات ملے گی۔ وہ آیت یہ ہے:۔ یَمۡحُوا اللّٰهُ مَا یَشَآءُ وَ یُثۡبِتُ وَ عِنۡدَهٗۤ اُمُّ الۡکِتٰبِ ﴿الرعد ۳۹﴾

درد گردہ کا علاج

اگر کسی کو درد گردہ کی شکایت پیدا ہوگئی ہو اور گردے کی جگہ ہر وقت ٹیسیں اٹھتی ہوں اور کسی پل چین نہ آتا ہو تو اس کیلئے مندرجہ ذیل آیات اکتالیس دن تک روزانہ باوضو ایک پلیٹ پر لکھے اور پلیٹ کو پانی سے دھو کر وہ پانی مریض کو چار وقت پلائے' انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی درد گردہ کی بیماری سے صحت حاصل ہوگی۔ وَ اِنَّ مِنۡهَا لَمَا یَهۡبِطُ مِنۡ خَشۡیَةِ اللّٰهِ (البقرۃ 74)۔ تَکَادُ السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرۡنَ مِنۡهُ وَ تَنۡشَقُّ الۡاَرۡضُ وَ تَخِرُّ الۡجِبَالُ هَدًّا ﴿مریم ۹۰﴾۔ اِذَا دُکَّتِ الۡاَرۡضُ دَکًّا دَکًّا ﴿الفجر ۲۱﴾

اولاد ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اسے بڑی تمنا ہو کہ اس کے بچہ ہوجائے تو اس کیلئے اکتالیس عدد کالی مرچ لے اور اکتالیس عدد لونگ لے کر ان پر باوضو اکتالیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ یہ آیت پڑھ کر ان دونوں چیزوں پر دم کریں۔ وہ آیت یہ ہے: وَ السَّمَآءَ بَنَیۡنٰهَا بِاَیۡىدٍ وَّ اِنَّا لَمُوۡسِعُوۡنَ ﴿الذّٰریٰت ۴۷﴾ یہی آیت اکتالیس دن روزانہ ایک چینی کی بغیر پھول والی سادہ پلیٹ پر لکھیں۔ رات کو سونے سے پہلے مرد ایک عدد کالی مرچ اور ایک عدد لونگ کھا کر باوضو پلیٹ کو دھو کر پانی پی لے۔ اکتالیس دن تک اسی طرح عمل کرے۔ بے اولاد مرد کی بیوی کیلئے بھی اکتالیس عدد کالی مرچ اور اکتالیس عدد لونگ لے کر اس پر اکتالیس بار یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کرے۔ وَ الۡاَرۡضَ فَرَشۡنٰهَا فَنِعۡمَ الۡمٰهِدُوۡنَ ﴿الذّٰریٰت ۴۸﴾۔ اور یہی آیت روزانہ ایک پلیٹ پر باوضو لکھیں اور رات کو سونے سے قبل عورت ایک کالی مرچ اور ایک لونگ کھالے اس کے بعد باوضو پلیٹ دھو کر پانی پی لے اور دونوں میاں بیوی حقوقِ زوجیت ادا کریں۔ ماہواری کے ایام میں عورت یہ چیزیں استعمال نہ کرے۔

سخت دل انسان کا دل نرم کرنا

اگر کسی شخص کا دل سخت ہو اور اس کے مزاج میں نرمی اور شفقت نہ ہو بلکہ ہر ایک کے ساتھ ظالمانہ انداز میں پیش آتا ہو اور ہر وقت گرم مزاجی سے پیش آتا ہو تو اس کیلئے اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام یَا رَحۡمٰنُ روزانہ بعد نماز فجر باوضو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے اور سخت دل شخص کو پلادے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مزاج بدل جائے گا۔ دل کی سختی دور ہوجائے گی اور مزاج میں نرمی اور شفقت پیدا ہوجائے گی۔

میاں بیوی کی آپس کی ناراضگی ختم

اگر میاں بیوی میں کسی بات پر رنجش پیدا ہوگئی ہو اور دونوں آپس میں ایک دوسرے سے سخت ناراض ہوں اور بول چال بند ہوچکی ہو تو اس کیلئے اسم الٰہی یَا رَحِیۡمُ کو باوضو نماز فجر کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ ایک سو ایک بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرکے دونوں میاں بیوی کو کھلادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی ناراضگی ختم ہوجائے گی اور وہ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک برابر کرتا رہے' ناغہ نہ کرے۔

عزت کا مقام حاصل کرنا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی سب عزت کریں اور اس کے ساتھ ادب و احترام کا برتاؤ کریں تو اس کیلئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے' اس کے بعد اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک یَا مَالِکُ ایک سو ایک بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت و عظمت قائم ہونے کی دعا کرے۔ یہ عمل روزانہ بعد نماز فجر کرلیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس کے اثار ظاہر ہونا شروع ہوجائیں گے۔ لوگوں کے دلوں میں عزت قائم ہوجائے گی اور وہ ادب و احترام کے ساتھ پیش آنے لگیں گے لیکن شرط یہ ہے کہ یہ عمل پابندی کے ساتھ کرے' ناغہ کرکے کرے گا تو وہ فوائد حاصل نہ ہوں گے دوسرے یہ کہ عمل کے دوران پنج وقتہ نماز باجماعت ادا کرتا رہے۔

موٹاپا' کالی کھانسی اور شوگر تینوں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس تین ٹوٹکے ہیں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں:۔ **موٹاپے کیلئے:** دہی اور میتھی ملا کر نہار منہ پئیں' تین ماہ میں آپ کو واضح فرق ملے گا۔ موٹاپا بالکل غائب ہوجائے گا۔ **کالی کھانسی کیلئے:** بورا (آٹے والا) اور زیتون کا تیل جتنا بورا یعنی اگر بورا دو چمچ تو زیتون کا تیل دو چمچ مکس کرکے کھلائیں۔ **شوگر کے مریض اور کمزور بچے:** کمزور بچوں اور شوگر کے مریض شوگر کنٹرول کرنے کیلئے میتھی کی چائے بنا کر پئیں۔ قارئین! یہ ٹوٹکے انتہائی مجرب اور آزمودہ ہیں انہیں معمولی سمجھ کر نظر انداز ہرگز مت کیجئے گا۔ (بنت نور محمد' کھوئیاں)

زعفران آخر ہے کیا؟ آئیے ہم بتاتے ہیں!

محمد صادق، مظفر گڑھ

بطور سرمہ صبح وشام ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں اس کا سرمہ نظر کو تیز کرتا ہے' آنکھوں کی خارش اور جالے کیلئے مفید ہے۔ اس میں قوت خاص ہے' قوت باہ میں بے پناہ اضافہ کرتی ہے' دل و دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ چہرے کے رنگ کو نکھارتی ہے' گردے اور مثانے کو صاف کرتی ہے۔

عام طور پر لوگ اسے تعویذات میں استعمال کرتے ہیں' یعنی اس کی سیاہی کو تعویذات لکھ کر مریض کو پلائے جاتے ہیں جن علاقوں میں زعفران کے پودے نہیں ہوتے وہاں کے لوگوں کو زعفران کی مسیحائی اثرات کا کچھ علم نہیں ہے۔ اکثر قدیم حکماء کی اولاد سے نسل در نسل خاندانی جدید حکماء زعفران کو مردانہ قوت' دماغی ادویات' مقوی باہ ادویات میں استعمال کرتے ہیں مگر جن ممالک یا علاقوں میں زعفران کے پودے ہوتے ہیں' وہاں کے فرض شناس حکماء کے سامنے اگر زعفران کا نام لیا جائے تو زعفران ان کے ذہن میں خوشبوؤں، لذتوں، لطافتوں اور طبی فوائد کا ایک پاکیزہ تصور بھر دیتا ہے۔ یہ خوشبودار قسم کے پھول ہوتے ہیں اور اپنے اپنے ممالک، علاقوں کی نسبت سے مختلف رنگوں میں ہوتے ہیں' زعفران یورپی ممالک کے علاوہ ایشیاء کے بعض ممالک میں بکثرت پایا جاتا ہے جن میں پاکستان اور انڈیا بھی شامل ہیں۔ سب سے زیادہ بہتر کشمیر کا زعفران ہے۔ زعفران کا پودہ ڈیڑھ سے دو بالشت کے قریب اونچا ہوتا ہے سب سے پہلے زمین سے پھول نکلتا ہے، پھول کے بعد پتے نکلتے ہیں' پھول کے اندر بڑے بڑے چار عدد رنگین تار نکلتے ہیں' یہی تار زعفران کہلاتے ہیں' یہ تار بہت باریک ہوتے ہیں ان کی لمبائی تقریباً ایک انچ ہوتی ہے' اگر زعفران کی اچھی فصل ہو تو تقریباً ساٹھ ہزار پھولوں سے آدھ کلو زعفران نکلتی ہے۔ جب پھول کھلنے کے قریب ہوں تو لوگ صبح اٹھ کر انہیں توڑ کر باریک تار نکال کر سفید کاغذ پر پھیلا دیتے ہیں' جب یہ باریک تار (جو کہ زعفران کہلاتے ہیں) خشک ہو جائے تو انہیں محفوظ کر لیا جاتا ہے اور منڈیوں میں بھیج دیا جاتا ہے۔ زعفران اس وقت نسخہ جات میں شامل ہونے والی مہنگی ترین دوائی ہے۔ زعفران درجہ اول میں خشک اور درجہ دوم میں گرم ہے۔

زعفران کے فوائد: بطور سرمہ صبح وشام ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں اس کا سرمہ نظر کو تیز کرتا ہے' آنکھوں کی خارش اور جالے کیلئے مفید ہے۔ اس میں قوت خاص ہے' قوت باہ میں بے پناہ اضافہ کرتی ہے' دل و دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ چہرے کے رنگ کو نکھارتی ہے' گردے اور مثانے کو صاف کرتی ہے۔ دوسری ادویات میں ملانے سے اس کا اثر جلد از جلد دل اور دل سے دوسرے اعضاء تک پہنچتا ہے۔ دل، دماغ اور تلی کے ورم کیلئے مفید تر ہے۔ مناسب ادویات میں شامل کریں تو درد رحم' ورم رحم' رحم کی خارش' جلن کیلئے مفید ہے۔ اس کا لیپ پیشانی پر کرنے سے آنکھوں سے بہنے والا پانی بند ہو جاتا ہے۔ زعفران کا باریک ریشہ ایک عدد پیشاب کے سوراخ میں رکھنے سے مریض کا بند پیشاب جاری ہو جائے گا۔ اس کا سفوف بنالیں' سفوف سے گولی بنالیں' پھر گولی میں سوراخ کر کے دھاگہ کے ساتھ عورت کے پیٹ پر باندھ دیں' عورت کے بچہ کی پیدائش کے وقت کی دشواری کے بغیر بچہ آسانی سے پیدا ہو جائے گا۔ اس کا خالص عطر رحم کی سختی اور خارش کو دور کرتا ہے۔ کھٹے انگور کے ساتھ ملا کر مریض کو کھلائیں تو مریض کا نشہ دور ہو جاتا ہے۔ زعفران کا سفوف کر کے حسب ضرورت شہد ملا کر معجون بنالیں' مرض کی شدت میں ایک چمچ صبح، دوپہر، شام مریض کو استعمال کرائیں' گردہ اور مثانہ کی پتھری نکل جائے گی۔ دردزہ کی حالت میں پانچ ماشہ زعفران تھوڑے سے یعنی (حسب ضرورت) پانی میں حل کر کے مریضہ کو پلائیں، بفضلہٖ تعالیٰ بچہ کی پیدائش میں آسانی ہو جاتی ہے۔ اگر زعفران حد سے زیادہ استعمال کی جائے تو گردوں کو کمزور کرتی ہے اور انسان مریض بن جاتا ہے' بھوک کم لگتی ہے جس کی وجہ سے کمزوری واقع ہو جاتی ہے۔ زعفران کے ساتھ موم اور بکری کی ہڈی کا مغز ملا کر کسی دایہ کے ذریعے زخم رحم پر لگائیں چند یوم بعد زخم ختم ہو جائے گا۔ اعضاء سے خون بہنے کی حالت میں اس کا سفوف متاثرہ جگہ پر لگانے سے خون بند ہو جاتا ہے۔ ساڑھے تین ماشہ سفوف روزانہ تین وقت میں صبح، دوپہر، شام استعمال کریں۔ ورم طحال (تلی کے ورم) کو ختم کرتا ہے۔

(بقیہ: دماغ کو تیز اور بیدار رکھنے کیلئے ماہرین کے مشورے)

اس انداز فکر کو بدل دیجئے' آپ کی تمام شکایتیں اور مشکلیں دور ہو سکتی ہیں۔ موجودہ دور کچھ ایسا ہے کہ انسان زندگی میں کسی نہ کسی مرحلے پر مایوس ہو کر افسردگی کا شکار ہو جاتا ہے اور اسے احساس مظلومی ستانے لگتا ہے' اگر آپ اپنی شخصیت میں فی الواقعہ نکھار پیدا کرنے کے متمنی ہیں تو زندگی میں ایسے لمحات کی عمر کو حتیٰ الامکان مختصر کرنے کی کوشش کریں' اپنے اندر چیزوں کے روشن اور خوشگوار پہلو دیکھنے کی عادت ڈالیں' اس طرح آپ ناامیدی اور احساس مظلومی کو تشکر اور مایوسی اور نفرت کو محبت کے سانچوں میں بآسانی بدل سکیں گے۔ فرصت کے اوقات کو وقتاً فوقتاً بنی نوع انسان کی فلاح و بہبود کیلئے صرف کرنے کی عادت ڈالیں' اس طرح آپ کے علم' معلومات' شناسائی اور تعلقات میں جو اضافہ ہوگا ان کی بدولت آپ کی شخصیت نکھر کر مزید بھرپور اور دلآویز ہو جائے گی۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد آمین آمین مسلسل آمین پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اسکے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر اپنی ڈھیروں رحمتیں اور عطائیں نازل فرمائے اور آپ کو آپ کے اہل خانہ کو اپنی امان میں رکھے۔ آمین۔ میرا عبقری کے ساتھ تعلق پچھلے تین سال سے ہے' میں نے اپنی پھپھو کے گھر آپ کا رسالہ دیکھا۔ ایک ہی آنکھ میں مجھے بہت اچھا لگا' پھر میں نے بھی گھر آ کر اس کو باقاعدگی سے پڑھنا شروع کر دیا۔ عبقری سے تعلق کے بعد میں نے گھر پر مراقبہ کرنا بھی شروع کیا۔ ایک رات نماز عشاء کے بعد مراقبہ کیا دیکھا کہ ایک بڑے میدان میں ہوں' بڑے سفید سفید پہاڑ ہیں' نمازی وضو کیلئے جا رہے ہیں' میں ایک کمرے میں چلی جاتی ہوں' اندر ایک کمرے میں مرد بیٹھے ہیں اور عورتیں باہر' میرے ساتھ ایک عورت بیٹھ جاتی ہے' دوسرے کمرے میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ میں سے کوئی ہے۔ میں کہتی ہوں کہ وہ فارغ ہوں گے تو میں ان کی زیارت کرنے جاؤں گی۔ پھر ایک مرتبہ مراقبہ کیلئے بیٹھی تو دیکھا کبھی سیڑھیاں چڑھتی ہوں کبھی اترتی ہوں۔ اتنی دیر میں ایک جگہ پہنچ جاتی ہوں۔ ایک کونے میں بہت بڑا سفید رنگ کا پھول ہے۔ ہر طرف نورانی ماحول ہے۔ مجھے وہاں جا کر بہت سکون ملتا ہے۔ (ج۔ش)

نیک بخت اور بد بخت: نیک بخت وہ ہے جو نیکی کرے اور ڈرے اور بد بخت وہ ہے جو بدی کرے اور اکڑے۔

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند ٹیپ یا سٹیپلر زپن کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ اپنا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کرکے جوابی خط پہ ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

بیٹی کی پیدائش کیلئے وظیفہ چاہیے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تہہ دل سے دعا گو ہوں کہ اللہ پاک آپ اور آپ کے اہل خانہ اور تسبیح خانہ سے وابستہ ہر فرد پر اپنی خاص الخاص رحمتیں اور عافیتیں عنایت فرمائے۔ آمین!۔ حضرت میری بھابھی کے تین بچے ہیں اور الحمدللہ تینوں ہی بیٹے ہیں' میری بھابھی اور ہم سب کی شدید خواہش ہے کہ اللہ پاک نے تین بیٹے تو دے دیئے اب بیٹی بھی دے دے۔ براہ مہربانی اس کیلئے ہمیں کوئی وظیفہ عنایت فرمادیں۔ ہماری بیٹی کیلئے شدید خواہش ہے۔ (پوشیدہ)

جواب: آپ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ کوثر اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ پھر انتہائی دھیان اور توجہ کے ساتھ اللہ کے حضور دعا کریں۔ انشاء اللہ آپ کی حاجت ضرور پوری ہوگی۔

آخری چانس ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی وتندرستی عطا فرمائے' عبقری رسالہ ہر ماہ ہمارے گھر آتا ہے' ہم اس سے فیض یاب ہوتے ہیں' اس وقت میں بہت پریشان ہوں' ایف اے کے پیپرز دیئے تو دو مضمون میں رہ گئی' چانس تھا پیپرز دے دیئے' لیکن پھر سے رہ گئی' خوب تیاری کرتی ہوں مگر رزلٹ وہی آتا ہے۔ اب تو آخری چانس ہے براہ مہربانی کوئی وظیفہ عنایت فرمادیں' میں پاس ہوجاؤں آگے بڑھنا چاہتی ہوں۔ اللہ آپ کو اور آپ کی پوری ٹیم کو دن رات کامیابی عطا فرمائے۔ (ح،ف' چکوال)

جواب: آپ اور آپ کی بیٹی ہر نماز کے بعد سورۂ الم نشرح بمعہ تسمیہ گیارہ بار اول و آخر تین بار درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ اللہ سے کامیابی کی دعا کریں۔ بیٹی جب امتحان کیلئے گھر سے نکلے تو راستے میں بھی پڑھتی جائے۔ پیپر جب سامنے آئے تو پڑھ کر پھونک مار دے۔ انشاء اللہ پڑھا ہوا یاد رہے گا اور کبھی بھولے گا نہیں اور رزلٹ بھی ایسا شاندار ہوگا کہ آپ گمان نہ کرسکیں۔ آزمودہ ہے۔

گناہوں کی نحوست: مجھ سے نماز فجر کیلئے نہیں اٹھا جاتا' کبھی اٹھ بھی جاؤں تو نماز نہیں پڑھتا۔ لاکھ کوشش کے باوجود میں مسجد تک نہیں جاپاتا۔ یہ گناہوں کی نحوست ہی ہے۔ براہ مہربانی مجھے کوئی وظیفہ یا عمل بتائیے کہ میں نماز فجر وقت پر ادا کرسکوں۔ (اختر سعید' اسلام آباد)

جواب: آپ باوضو ہوکر سوتے وقت تسبیحات فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پڑھ کر سوئیں۔ تسبیحات فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا یہ ہے۔ 33 مرتبہ سبحان اللہ۔ 33 مرتبہ الحمدللہ اور 34 مرتبہ اللہ اکبر۔ یہ پڑھنے کے بعد بآواز بلند کہے جن فرشتوں کی میرے ساتھ ڈیوٹی ہے وہ مجھے نماز فجر کیلئے اٹھا دے تاکہ میں بآسانی نماز ادا کرسکوں۔ یہ عمل بارہا کا آزمودہ ہے۔ آپ بھی آزمائیے اور دعاؤں میں یاد رکھیے۔

شوہر ساتھ نہیں رکھتے: میرے گھر والے رسالہ عبقری بہت شوق اور دلچسپی سے پڑھتے ہیں۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے شوہر مجھے اپنے ساتھ نہیں رکھتے' کبھی ہفتہ' کبھی ایک ماہ رکھ کر واپس میکے بھیج دیتے ہیں۔ میکے والے بھی تنگ ہیں' شوہر کے اندر ہر برائی موجود ہے' بُری عورتیں، شراب ان کا پسندیدہ مشغلہ ہے۔ میں بہت روتی ہوں' بہت چڑچڑی ہوگئی ہوں' اپنا غصہ اپنی بچیوں پر اتارتی ہوں' ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے۔ براہ مہربانی! مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ شوہر صرف مجھے توجہ دیں' غیر عورتوں کے پاس جانا چھوڑ دیں اور صرف مجھے ہی اپنے ساتھ رکھیں۔ عمر بھر شکر گزار رہوں گی۔ (پوشیدہ)

جواب: آپ صبح وشام 313 مرتبہ **یَالَطِیۡفُ یَاوَدُوۡدُ** اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ پڑھتے ہوئے دھیان اپنے شوہر کا رکھیں۔ انشاء اللہ بہت جلد آپ کے شوہر کو آپ سے شدید محبت ہوجائے گی۔ نماز پنجگانہ کی پابندی کریں۔ غیر عورتوں سے چھٹکارے کیلئے گیارہ سو مرتبہ صبح وشام **یَامَانِعُ** پڑھیں۔ پڑھتے ہوئے نیت یہ رکھیں کہ میرا شوہر غیر عورتوں کے پاس نہ جائے۔ انشاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں آپ کے شوہر تمام برائی کے راستے چھوڑ دیں گے۔

آمدن میں ذرا برکت نہیں: میرے شوہر کو معاشی مسائل لاحق ہیں' ہمیں کافی تنگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے' لگی بندھی آمدن میں ذرا برکت نہیں' ایڈوانس لے لے کر پورا کرتے ہیں اور پھر پورا مہینہ خواہشات اور ضروریات کو مارے مارے پھرتے ہیں۔ براہ مہربانی کوئی وظیفہ بتائیے جس سے مالی و معاشی تنگی دور ہو' رزق میں برکت ہو۔ (ا۔ع)

جواب: آپ کو رزق میں برکت کا ایک انتہائی آسان اور آزمودہ عمل بتائے دیتا ہوں۔ آپ اپنے شوہر سے کہیے کہ جب ان کو تنخواہ ملے اس تنخواہ کے پیسوں میں سے اڑھائی فیصد علیحدہ نکال لیں اور یہ پیسے کسی مستحق کو دے دیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ کے شوہر کی تنخواہ بیس ہزار ہے تو اس کے اڑھائی فیصد صرف پانچ سو روپے بنتے ہیں۔ ہر ماہ یہ عمل کریں اور پھر کمال دیکھیں۔ یہ عمل بے شمار کا آزمودہ ہے۔ جس جس نے بھی یہ عمل کیا ان کے گھر رزق کی ریل پیل ہوچکی ہے۔ آپ بھی آزمائیے اور خوب پائیے۔

عامل نے گھر پر جنات چھوڑ دیئے: میں جس گھر میں رہتا ہوں وہاں اندازاً پچھلے بیس سال سے جنات رہتے ہیں' میرے والد صاحب کا کسی عامل سے جھگڑا ہونے کی صورت میں اس عامل نے میرے والد اور ہمارے گھر پر جنات چھوڑ دیئے تھے جو ہمارے گھر کے افراد کو پریشان کرتے ہیں۔ میرے والد وفات پاچکے ہیں' گزشتہ دو سال سے میرے جسم کے مختلف حصوں میں بہت دباؤ ہوتا ہے' کبھی گردن' کندھوں اور سر کے درمیانی حصے پر بہت شدید دباؤ ہوتا ہے۔ دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی ہے' بلڈ پریشر ہائی ہوجاتا ہے۔ میری بیوی اور بچے بھی بیمار رہتے ہیں۔ رزق کی طرف سے تنگی ہے' زندگی بوجھ بن گئی ہے۔ براہ مہربانی میری مدد کیجئے۔ (م۔م' ملتان)

جواب: آپ تمام گھر والے باوضو سورۂ انعام کی آیت نمبر 45 اس عامل اور گھر پر مسلط جنات کا سخت تصور کرکے سارا دن کھلا پڑھیں۔ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا جلد فائدہ ہوگا۔

بے اولاد اور کمزور حضرات کی بیماری پریشانی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ نسخہ نامردی' سرعت انزال' جریان' بے اولادی کیلئے ہے۔ میں نے بہت سے لوگوں کو آزمایا اللہ نے سب کو شفاء دی۔ ان میں سے چار افراد جو کہ بے اولاد تھے اللہ نے اس نسخہ کی بدولت انہیں اولاد سے نوازا۔ بہت زبردست چیز ہے۔ ھوالشافی: ثعلب مصری اصلی پچاس گرام' موصلی سفید انڈیا پچاس گرام' سمندر سوکھ پچاس گرام' چھلکا اسپغول سو گرام۔ تمام کو پاؤڈر بنا کر چالیس پڑیا بنالیں۔ صبح نہار منہ آدھ کلو دودھ میں ایک پڑیا ڈال کر پکائیں' چینی وغیرہ ڈال دیں اور کھیر کی طرح کھائیں۔ چالیس دن حقوق زوجیت سے پرہیز کریں۔ نماز پنج گانہ کا اہتمام کریں اور روزانہ سو بار استغفار پڑھیں۔ اللہ اولاد سے نواز دے گا۔ انشاء اللہ۔ (عطاء اللہ)

شہد اور معمولات نبوی ﷺ: مختلف کتب میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے کبھی شہد کا شربت اور کبھی دودھ میں شہد ملا کر جسمانی کمزوری، تھکن اور مختلف امراض کیلئے پیا اور لوگوں کو بھی ایسے ہی تلقین فرمائی۔

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر زپن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

خود کو تباہ کر بیٹھا ہوں: بچپن سے ہی خود کو خود ہی تباہ کر رہا ہوں، میری عمر اس وقت 38 سال ہے، کسی قابل نہیں رہا ہوں۔ براہ مہربانی مجھے کچھ تو بتایئے۔ (ر۔ف، کوٹلی)

مشورہ: آپ کو اطمینان سے شادی کر لینی چاہیے۔ اکثر حالات میں ایسا ہوتا ہے کہ ذہن اور ضمیر برائی کی یاد دلاتے رہتے ہیں اور مرض اس قدر شدید نہیں ہوتا جس قدر اسے محسوس کیا جاتا ہے۔ آپ کو صرف اپنی صحت کی درستی پر توجہ کرنی چاہیے۔ اچھی غذا سے مدد لینی چاہیے، ٹانک کے طور پر صرف اکسیر البدن کھانا کھانے سے قبل 3,3 گولیاں دن میں تین بار کھانا شروع کر دیں، حسب طبیعت کمی بیشی کر سکتے ہیں ساتھ ورزش یا کوئی کھیل بھی ضروری ہے۔

اعصاب جواب دے چکے: انتہائی دکھ کے ساتھ میں یہ بات لکھ رہی ہوں، میری آنکھوں میں آنسو ہیں، میں اعصابی لحاظ سے بہت کمزور ہو چکی ہوں، میری ہڈیاں جواب دے چکی ہیں، ہر وقت لیکوریا رہتا ہے، پورے جسم کے پٹھے کمزور ہو چکے ہیں، بہت علاج کروایا مگر بے سود۔ دل چاہتا ہے کہ خودکشی کر لوں۔ براہ مہربانی میرا علاج کیجئے۔ (ص،ک)

مشورہ: بہن! آپ مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کریں، نہایت مفید ہے۔ آپ کی تمام بیماریاں انشاء اللہ ختم ہو جائیں گی۔ جوارش شاہی، خمیرہ گاؤزبان سادہ، شربت عناب، مفرح شیخ الرئیس کسی اچھے دواخانہ سے لے کر لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ مصالحہ دار، تلی ہوئی چیزوں سے مکمل پرہیز کریں۔

عبقری کا عاشق ہوں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 17 ماہ سے عبقری کا عاشق ہوں، میں ہر ماہ بڑے شوق سے عبقری رسالہ لیتا ہوں، بہت کچھ سیکھنے کو مل جاتا ہے، اللہ تعالیٰ آپ کے رسالے کو دن دگنی رات چگنی ترقی دے۔ آمین! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں گزشتہ چودہ سال سے جریان جیسے موذی مرض میں مبتلا ہوں، براہ مہربانی میرے لیے کوئی دوا تجویز کریں۔ (ر۔ا)

مشورہ: جریان دراصل نوجوانوں کا مسئلہ ہے اور زیادہ تر یہ وہم اور فکر کا نتیجہ ہوتا ہے۔ مرد کا جوہر ایک تھیلی میں رہتا ہے۔ جب یہ تھیلی لبالب بھر جاتی ہے تو مادہ چھلکتا ہے اور باہر نکل جاتا ہے، یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے اسے بھول جانا چاہیے۔ غلطیوں کے نتیجے میں ایسا ہوتا ہے کہ حس بڑھ جاتی ہے۔ اس بڑھی ہوئی حس کی وجہ سے یہ مادہ خارج ہو سکتا ہے۔ اس کا علاج احتیاط ہے۔ غلطیاں نہ کی جائیں، خودبخود حالات اعتدال پر آ جاتے ہیں۔ لوگ اسے خواہ مخواہ مرض بتا دیتے ہیں اور دوائیں کھلا کھلا کر نئے نئے مسائل پیدا کرتے ہیں، ان سے بچنا چاہیے۔ اگر مرض زیادہ ہو تو عبقری کا کورس "نوجوانوں کے روگ" استعمال کریں۔

نظر بہت کمزور ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آپ کی عمر دراز کرے۔ محترم! میرے بڑے بیٹے کی نظر کمزور ہے، چھوٹا بیٹا جو ابھی صرف چھ سال کا ہے اس کی نظر بھی کمزور ہے حتیٰ کہ میری بیٹی کی نظر بھی کمزور ہے۔ ان سب کیلئے کوئی ٹوٹکہ بتا دیں۔ (مسز منظور، بہاولپور)

مشورہ: آپ اپنے تمام بچوں کو اصلی عمدہ بنا ہوا خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا آدھی چائے کی چمچ صبح نہار منہ اور آدھی چائے کی چمچ شام کو خالی پیٹ کھلائیں اس کے علاوہ خالص مکھن اور عمدہ قسم کے بادام ناشتہ میں ضرور کھلایا کریں۔ تمام بچوں سے کہیں کہ تازہ ہوا میں صبح سورج نکلنے سے پہلے دس منٹ تک گہرے سانس لیا کریں۔ انشاء اللہ آہستہ آہستہ ان کی نظر کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

شوہر کے طنز و طعنہ کی شکار: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ چند ماہ سے عبقری کی قاری بنی ہوں، میرا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ مجھ میں نسوانی حسن کی شدید کمی ہے، میں بچے کو فیڈ بھی کرواتی ہوں، مگر نسوانی حسن نہ ہونے کے برابر ہے، ہر وقت شوہر کے طنز و طعنہ کی شکار رہتی ہوں۔ براہ مہربانی مجھے کوئی ٹوٹکہ بتائیں۔ میں اس وجہ سے شدید ڈیپریشن کی شکار ہوں۔ عمر 25 سال اور موٹاپے کی شکار ہوں، مگر نسوانی حسن بالکل بھی نہیں ہے۔ (پوشیدہ)

مشورہ: آپ بازار سے تلوں کا تیل منگوائیں اور دن میں کم از کم چار دفعہ نیم گرم حسب برداشت کر کے اس تیل سے مالش کریں۔ انشاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں آپ کی شکایت دور ہو جائے گی۔ اگر کسی بہن کو ساتھ میں موٹاپا نہیں ہے تو وہ تیل کی مالش کے ساتھ عبقری دواخانہ کی "اکسیر البدن" کچھ عرصہ استعمال کرے۔ بہت جلد رزلٹ ملتا ہے۔

ماہانہ دس ہزار کی ادویات کھاتا ہوں: تقریباً پانچ سال سے رعشہ کی بیماری ہے۔ انگریزی علاج کروا کروا کر تھک گیا ہوں، ماہانہ دس ہزار کی ادویات کھاتا ہوں، جو کہ اب میرے بس سے باہر ہیں، غریب آدمی ہوں، البتہ اتنا ہے کہ وقت چل رہا ہے لیکن بہت مشکل سے معمولات زندگی چل رہے ہیں۔ براہ مہربانی اس مرض سے نجات کیلئے کوئی نسخہ عنایت فرمائیں۔ ساتھ دعاؤں کی درخواست ہے۔ (محمد رفیق، ایبٹ آباد)

مشورہ: آپ بادام، کشمش اور بھنے ہوئے چنے ہموزن لے کر مکس کر لیں۔ صبح دوپہر شام ایک ایک مٹھی کھا لیں۔ جسمانی قوت اور طاقت کیلئے لاجواب ہے۔

میری تین مہینے بعد شادی ہے!: محترم حضرت حکیم صاحب! میری تین مہینے بعد شادی ہے اور کچھ مہینوں پہلے میں شدید بیمار ہوئی تھی، بخار الٹیاں تھیں تو اب میں بالکل ٹھیک ہوں مگر کمزوری بہت زیادہ ہوگئی ہے، میرے ہاتھوں کی نسیں اُبھر آئی ہیں، جس کی وجہ سے میرے ہاتھ بوڑھی عورتوں کی طرح نظر آتے ہیں اور کچھ لوگ جو ارد گرد ہیں وہ بہت باتیں بھی بناتے ہیں۔ مہربانی کر کے آپ کوئی ایسا نسخہ یا طریقہ بتا دیں جس کو استعمال کرنے یا ہاتھوں پر لگانے سے ہاتھ پہلے کی طرح پھولے پھولے خوبصورت ہو جائیں کیونکہ میں سبزیاں اور پھلوں کا جوس بھی استعمال کر رہی ہوں، لیکن کوئی فرق نہیں ہے۔ میری امی بھی بہت پریشان ہیں۔ میری مدد کریں میں بہت پریشان ہوں اور ہر وقت ہاتھ چھپا کر رکھتی ہوں۔ (پوشیدہ)

مشورہ: بیٹی! آپ روزانہ صبح اٹھ کر تین کھجوریں مکھن کے ساتھ کھائیں اور اوپر سے ایک گلاس دودھ پی لیں۔ اس کے علاوہ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا (ایماندار حکیم سے بنوائیں) ڈبی پر دی گئی ترکیب کے ساتھ استعمال کریں۔ ان سب کے ساتھ عبقری کا "وفٹنس فولاد سیرپ" کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ انشاء اللہ درج بالا چیزوں سے آپ کی تمام پریشانیاں ختم ہو جائیں گی۔

آنکھیں جادوئی طور پر ٹھیک ہوگئیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری آئی سائیٹ بہت زیادہ کمزور ہے، سارا دن کمپیوٹر پر بیٹھ کر اپنا کام کر رہی تھی، زیادہ دیر کمپیوٹر پر بیٹھنے کی وجہ سے میری آنکھوں میں بہت زیادہ درد شروع ہو گیا تو میں نے سات بار اول و آخر درود شریف اور سات بار فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿ق ۲۲﴾ پڑھ کر پھونک دی، میری آنکھیں جادوئی طور پر فوراً ٹھیک ہو گئیں۔ اب میں یہی عمل کرتی ہوں تو میری آنکھیں درد نہیں کرتیں۔ (فرحت، لاہور)

میری زندگی کیسے بدلی؟

وہ عظیم شخص مجھے بازارِ حُسن سے اٹھا کر گھر لے آیا

قارئین! حضرت جی! کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہو جاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روزانہ سنیں آپ کے گھر کار میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تعلق سید گھرانہ سے ہے' ہمارے گھر میں عبقری رسالہ 2008ء سے آرہا ہے' ہمارے پورے خاندان والے اس رسالہ کو بڑے ذوق وشوق سے پڑھتے ہیں۔ ایک دوسرے کو وظیفے اور ٹوٹکے بتائے جاتے ہیں۔ کبھی کوئی محفل ہو اور وہاں عبقری رسالہ کی بات نہ ہو' یہ ہو ہی نہیں سکتا۔ میں تو خود عبقری رسالہ کی بہت بڑی ''فین'' ہوں۔ میں نے عبقری رسالہ سے بہت سے لوگوں کو متعارف کرایا ہے اور وہ بھی اب بہت ذوق وشوق سے پڑھتے ہیں اور عبقری رسالہ کا انتظار کرتے ہیں۔ مجھے تو بس آپ سے ملاقات کا شوق ہے' پتہ نہیں کب میں تسبیح خانہ کی زیارت کروں گی اور کب موتی مسجد میں نوافل ادا کروں گی' میرا یہ شوق جنون کی حد تک ہو گیا ہے' پتہ نہیں کب اللہ تعالیٰ میری یہ دعا سنیں گے اور کب میں آپ کی زیارت کر پاؤں گی۔ میں آپ کو جو واقعہ لکھ رہی ہوں۔ وہ آپ کے رسالہ عبقری کیلئے ہے۔ رسالہ کا سلسلہ ''میری زندگی کیسے بدلی؟'' کیلئے بھیج رہی ہوں۔ واقعی آپ کے درس اور عبقری سے لاتعداد کی زندگیاں بدل رہی ہیں۔ یہ واقعہ میری امی جان کی شاگردہ کا ہے۔ میری امی جان بچوں اور بچیوں کو گھر پر قرآن پاک پڑھاتی ہیں یہ ان دنوں کا واقعہ ہے جب ہم (ب) شہر میں کرایہ کے گھر میں رہتے تھے' ہمارا اپنا ذاتی گھر اس وقت تعمیر ہو رہا تھا۔ ہم جس محلے میں رہتے تھے وہاں پچھلی گلی میں ایک ایسی جگہ تھی جہاں پر شریف لوگ گزرنا بھی پسند نہیں کرتے وہ جگہ تھی ''بازارحسن''۔ اس کے ساتھ ہی ایک بہت ہی خوبصورت مسجد بنی ہوئی تھی جس کا نام مسجد قریش ہے۔ لوگوں کے سامنے کچھ لوگ مسجد میں جارہے ہوتے اور کچھ بازارحسن میں۔ عجب جنت ودوزخ کا نظارہ تھا۔ میری امی جان کے پاس کچھ بچیاں اس محلے کی بھی قرآن مجید پڑھنے کیلئے آتی تھیں۔ میری امی جان ان کو بھی دل وجان سے پڑھاتیں تھیں تاکہ ان میں بھی قرآن مجید پڑھنے کا شوق پیدا ہو اور ان کے دلوں میں بھی قرآن کی روشنی بھر جائے۔ انہی دنوں میری امی جان کے پاس ایک لڑکی نے آکر پڑھنا شروع کیا' وہ آکر روز بتایا کرتی تھی کہ میری نانی مجھے پڑھنے کیلئے نہیں آنے دیتی میں تو خود ہی شوق سے پڑھنے آتی ہوں' میری امی جان اس کو قرآن مجید کا سبق دیتیں اور سمجھاتیں بھی تھیں کہ بیٹا! قرآن پڑھ لوگی تو تمہیں اچھے اور بُرے کی سمجھ آجائے گی' دن گزرتے رہے' وہ روز پڑھنے آتی تھی' جب جب وہ بڑی ہوگئی تو وہ چھٹیاں کرنا شروع ہوگئی' میری امی جان نے نہ آنے کی وجہ پوچھی تو وہ بہانہ کر دیتی آہستہ آہستہ وہ ہمارے گھر آنا چھوڑ گئی' پھر امی جان کو کسی نے بتایا اس کی نانی نے اس کو بازارحسن بھیج دیا ہے۔ امی جان کو اس نیک لڑکی کا بہت دکھ ہوا اور افسوس ہوا۔ آہستہ آہستہ دن گزرتے گئے ہمارا اپنا ذاتی مکان تعمیر ہو گیا ہم اپنے نئے گھر میں شفٹ ہو گئے' یہاں آکر امی جان کے پاس اور نئے بچے اور بچیوں نے آکر پڑھنا شروع کر دیا' ہم اس بات کو بھول ہی گئے' پھر کچھ عرصہ کے بعد ایک دن ہمارے گھر کے سامنے ایک بڑی سی کار آکر رکی' اس میں سے ایک عورت نکلی جس نے برقعہ اوڑھا ہوا تھا' اس کے ساتھ دو ننھے منے پیارے سے بچے بھی تھے' ہمارے گھر کے اندر آکر اس نے نقاب اتارا امی جان کو آکر ملی' اور کہا خالہ جی میں ''ک'' ہوں جو آپ کے پاس پڑھنے کیلئے آیا کرتی تھی' میری امی نے خوشی سے اس کو گلے سے لگایا اور اس کی خوب آؤ بھگت کی۔

پھر اس نے اپنی جو کہانی سنائی وہ یہ ہے:۔

میں کچھ عرصہ تو بازارحسن کی رونق بنی رہی' پھر میری زندگی میں ایک اچھا اور مخلص انسان آیا' اس نے مجھے وہاں کے غلیظ ماحول میں دیکھا تو نامعلوم اسے کیا ہوا اس نے میری نانی کو میری منہ مانگی قیمت دی اور مجھے اس دلدل سے نکال کر اپنے گھر لے آیا اور مجھ سے شادی کر لی اور مجھے وہ عزت دی جس کا تو میں کبھی تصور بھی نہیں کر سکتی تھی۔ میرے دو بچے ہیں اور دونوں اس شہر کے بڑے سکول میں داخل ہیں' میرا گھرانہ جنت ہے' میرے شوہر ایک اچھے اور مخلص انسان ہیں' میرے شوہر عبقری والے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا درس باقاعدگی سے سنتے ہیں اور ہمارے گھر عبقری رسالہ بھی باقاعدگی سے آتا ہے۔ میرے شوہر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے بہت محبت رکھتے ہیں۔ یہ سب حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم اور ان کے درس کی بدولت ہے کہ انہوں نے مجھ جیسی لڑکی کو قبول کر کے وہ عزت دی ہے جس کی مثال بہت کم ملتی ہے۔ میں تو ہر وقت حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کیلئے دعائیں کرتی ہوں جو میرا گھر آباد ہوا۔ ورنہ میں نے آج بھی اس گندی گلی کی کسی گندی نالی میں گل سڑ رہی ہونا تھا۔ (ف، ب، خ)

میری توبہ ہمیشہ ٹوٹ جاتی؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں برائیوں کی دلدل میں دھنسا ہوا تھا' میں قارئین کے ساتھ اپنی ایک برائی شیئر کر رہا ہوں کہ مجھے فحش فلمیں دیکھنے کا شوق نہیں نشہ تھا' جب تک میں فلم نہ دیکھ لیتا مجھے سکون نہ ملتا۔ روز اللہ سے توبہ کرتا دیکھنے کے بعد سخت افسوس ہوتا مگر اگلے دن پھر توبہ ہمیشہ کی طرح ٹوٹ جاتی۔ میری اس عادت نے مجھے جسمانی اور ذہنی طور پر مفلوج کر دیا تھا۔ پھر ایک مرتبہ میں نے آپ کا درس ایک دوست کے ہاں سنا' اس میں آپ نے انٹرنیٹ کے نشہ سے نکلنے کی دعا بتائی۔ میں نے صرف درس سنا آپ نے جو دعا بتائی ابھی وہ پڑھنا شروع نہیں کی' دو مہینے ہو گئے ہیں میں نے صرف درس سننے کی برکت سے ہی فحش فلم نہیں دیکھی۔ میں وہی ہوں جو دیکھے بغیر سوتا نہ تھا مگر اب ماشاء اللہ دو ماہ ہو گئے ہیں اللہ نے مجھے اس لعنت سے بچایا ہوا ہے اور اس دن سے سچی توبہ کی توفیق مل گئی ہے۔ اب میں ہر روز آپ کے درس سنتا ہوں اور خوب فیض پاتا ہوں۔ اب تو نہ گانے سننے کو دل کرتا ہے اور نہ ہی انڈین یا پاکستانی فلمیں دیکھنے کو' بس میرا دل کرتا ہے کہ اللہ کا ذکر ہی کرتا رہوں۔ اب ہر وقت ذکر کر رہا ہوں تو جو بھی حاصل ہو رہی ہے۔ میں روزانہ ایک ہزار مرتبہ درود پاک پڑھتا ہوں۔ اب تو میں نے سیاستدانوں کو بُرا بھلا کہنا بھی چھوڑ دیا ہے۔ گزشتہ ایک ہفتے سے درس میں بتائے گئے اعمال کر رہا ہوں' مجھے بہت فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔ اب مجھے لگ رہا ہے کہ میری منزلیں کھل رہی ہیں' الحمدللہ میری پانچوں نمازیں ہو رہی ہیں۔ (ع۔ ژ)۔

نوٹ: نام اور مقام کی اتفاقاً مماثلت ہو سکتی ہے۔

خطرناک بیماری سے نجات انتہائی آسان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ میرے پاس ایک روحانی ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔ خطرناک بیماری سے نجات کیلئے بغیر پھول والی چینی کی پلیٹ پر پوری سورۂ فاتحہ کے نیچے یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَاحَیُّ عرق گلاب سے لکھ کر زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر 4 دن تک مریض کو پلائیں۔ لاجواب رزلٹ ملتا ہے۔ (حبیب گل' پشاور)

میں چیخ اٹھی! آج میں نے خدا کو دیکھا آؤ تم بھی دیکھو

(ج ش ر)

حضرت جی! میری عمر اس وقت تیرہ سال کی ہوگی' والدہ صدمے میں تھیں' تو میں نے سوچا کہ میں پڑھتی ہوں' میں نے یہ نوافل پڑھے۔ میں نوافل پڑھ کر ابھی دعا مانگ ہی رہی تھی کہ مجھے اونگھ آگئی' اتنے میں کسی نے کہا بھائی آگیا ہے۔ بے ساختہ میں اٹھی' میرے منہ سے نکلا آج میں نے خدا کو دیکھا'

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چونکہ میرا میلان شروع سے ہی نماز' روزے اور وظائف کی طرف رہا ہے اس لیے جتنا ممکن ہوسکے اس راستے پر چلنے کی کوشش میں ہوں۔ کیونکہ مجھے روحانیت سے بہت زیادہ دلچسپی ہے اور علم مخفی سیکھنے کا شوق ہے۔ ایک اپنا ذاتی مشاہدہ لکھ رہی ہوں جو کہ یقیناً قارئین عبقری کیلئے سبق آموز ہے۔ یہ بالکل سچا واقعہ ہے جو میرے ساتھ پیش آیا۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میری زندگی مسلسل محنت اور جدوجہد سے مزین ہے ایک واقعہ لکھ رہی ہوں۔ الحمدللہ اردو ادب میں ماسٹر کی ڈگری حاصل کی ہوئی ہے اور مزید بھی عبقری کیلئے لکھتی رہوں گی۔

واقعہ کچھ یوں ہے: تقریباً آج سے 35 سال پہلے کی بات ہے میری والدہ مجھے اور میرے دو بھائیوں کی پرورش کررہی تھیں' والد کی وفات کے بعد ہم تین بچے ان کی کل کائنات تھے۔ میں اور میرا چھوٹا بھائی دونوں مسکین طبیعت کے تھے' مگر سب سے چھوٹا بھائی جس کی عمر تقریباً نو،دس سال تھی تھوڑا ضدی تھا اور تھوڑا پراسرار طبیعت رکھتا تھا اور عقل بھی پوری تھی۔ اس نے بائیں ہاتھ سے لکھنا شروع کیا تو امی جان نے زبردستی اس کو دائیں ہاتھ سے لکھنے پر مجبور کیا جس سے اس نے دائیں ہاتھ سے لکھنا شروع کیا مگر باقی کام بائیں ہاتھ سے ہی کرتا تھا۔ وہ کبھی کبھی ہمارا کہنا نہیں مانتا تھا ایک دن امی جان نے پڑھائی سے ڈانٹا تو وہ گھر سے چلا گیا۔

چونکہ وہ گھر میں چھوٹا تھا۔ والد سر پر نہیں تھے' اس لیے یہ ہمارے لیے بہت بڑا صدمہ تھا۔ میری والدہ نے رو رو کر اپنی طبیعت خراب کرلی تھی' ہم نے پورا شہر ڈھونڈا مگر اس کا کہیں پتہ نہ چلا۔ میں بھی پریشان تھی' تمام رشتہ دار اس کو ڈھونڈ رہے تھے مگر اس نے نہ ملنا تھا نہ ہی ملا۔ اللہ کا کرنا ایسا ایک خاتون جو ہماری ہمسائی تھیں۔ وہ ہمارے گھر آئیں۔ انہوں نے ایک عمل دیا ''12 نفل ادا کرنا ہیں اور ہر دو نفل کے بعد ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنی ہے اور یہ نوافل تقریباً رات دس بجے شروع کریں اور اندازے کے مطابق فجر کی اذان سے پہلے ختم ہوجائیں گے اور جب بھی اس کے دوران آپ کا دل چاہے دعا کریں اور ختم ہونے کے بعد رو رو کر گڑگڑا کر لمبی دعا مانگیں۔ انشاءاللہ ضرور کرم ہوگا۔

حضرت جی! میری عمر اس وقت تیرہ سال کی ہوگی' والدہ صدمے میں تھیں' تو میں نے سوچا کہ میں پڑھتی ہوں' میں نے یہ نوافل پڑھے۔ میں نوافل پڑھ کر ابھی دعا مانگ ہی رہی تھی کہ مجھے اونگھ آگئی' اتنے میں کسی نے کہا بھائی آگیا ہے۔ بے ساختہ میں اٹھی' میرے منہ سے نکلا آج میں نے خدا کو دیکھا' آؤ لوگو! تم بھی دیکھو' دیکھو خدا ہے' خدا ہے' میرا بھائی کسی اجنبی کے ساتھ باہر کھڑا تھا۔ اس اجنبی نے بتایا کہ یہ بچہ لاہور کی ایک دکان پر کھڑا تھا' تو مجھے لگا کہ میں اس کی مدد کروں' میں اس کے ساتھ ہولیا اور پیار سے ساری بات پوچھی اور اس کو لے کر پانچ سو کلومیٹر کا فاصلہ طے کرکے اس کو چھوڑنے آیا ہوں۔ براہ مہربانی اس کو کچھ نہ کہیے گا۔ اس طرح اس وظیفے کی بدولت میرا بھائی واپس گھر لوٹ آیا۔ شکریہ عبقری! جس نے نسل انسانی کو سکون آرام دیا' اللہ حضرت حکیم صاحب کے بال بال میں سکون دے۔ آمین!

آیات شفاء اور آیات سلام سے مکمل شفاء

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک تجربہ جو کہ میں نے بارہا آزمایا ہے مخلوق خدا کو فائدہ دینے اور اللہ سے ثواب کی امید کی خاطر عرض کرتا ہوں۔ آیات شفاء اور آیات سلام تقریباً ہر بیماری کیلئے مفید ہے۔ بندہ ناچیز گیارہ گیارہ بار پڑھنے کیلئے بتاتا ہے اللہ ان کو شفاء دے دیتا ہے۔ آیات شفاء درج ذیل ہیں۔ 1۔ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ۔ 2۔ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ۔ 3۔ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ۔ 4۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ 5۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔ 6۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ۔ آیات شفاء درج ہیں:۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ۔ سَلٰمٌ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ۔ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ۔ سَلٰمٌ عَلٰى اِلْ يَاسِيْنَ۔ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ۔ سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ۔ یہ آیات روزانہ صبح و شام گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں یا مریض خود پڑھ کر خود پر دم کرے اللہ تعالیٰ شفاء سے نوازتا ہے۔ (محمد حسین شاہ' میانوالی)

تعمیر کی فتح

مولانا وحید الدین خاں

صبح کو وہ سو کر اٹھا تو کمرہ میں چڑیا کا انڈا ٹوٹا ہوا پڑا تھا۔ یہ گوریا کا انڈہ تھا جس نے چھت کی لکڑی میں ایک گوشہ پاکر وہاں اپنا گھونسلا بنا رکھا تھا۔ اس گھونسلے کی وجہ سے کمرہ میں ہر وقت چڑیوں کا شور رہتا۔ تنکے گرتے رہتے۔ آدمی نے فرش پر ٹوٹا ہوا انڈا دیکھا تو اس نے گھونسلا اجاڑ کر پھینک دیا۔ اگلے دن پھر وہی ''چوں چوں'' کا شور تھا۔ چڑیاں دوبارہ چھت کی لکڑی میں تنکے جمع کررہی تھیں۔ شاید اجڑے ہوئے گھونسلے کو دوبارہ بنا بنایا دیکھنے کے جذبہ نے ان کے اندر عمل کا شوق بڑھا دیا تھا۔ دوسرا گھونسلا انہوں نے اس سے کم مدت میں بنالیا جتنی مدت میں انہوں نے پہلا گھونسلا بنایا تھا۔ چڑیوں کی اس جسارت پر اس کو غصہ آیا اور اس نے دوبارہ ان کا گھونسلا اجاڑ کر پھینک دیا۔ وہ سمجھتا تھا کہ اس نے چڑیوں کے اوپر آخری طور پر فتح پالی ہے۔ مگر اگلے دن پھر گھونسلے کا مسئلہ اس کے سر پر موجود تھا۔ چڑیوں نے جب دیکھا کہ ان کا بنا بنایا گھونسلا اجاڑ دیا گیا ہے اور انڈے توڑے جاچکے ہیں تو انہوں نے رونے میں یا فریاد کرنے میں وقت ضائع نہیں کیا۔ انہوں نے ایسا بھی نہیں کیا کہ باہر جاکر دوسری ہم جنس چڑیوں کو ڈھونڈیں اور ان کے ساتھ متحدہ محاذ بنا کر گھر پر حملہ کریں۔ اس کے برعکس وہ خاموشی سے باہر نکل گئیں اور ایک ایک تنکا لاکر دوبارہ گھونسلا بنانا شروع کردیا۔ اب یہی روزانہ کا قصہ ہوگیا۔ چڑیاں روزانہ گھونسلا بنانا شروع کرتیں اور آدمی روزانہ اس کو اجاڑ دیتا، اسی طرح ایک مہینہ گزر گیا۔ اس دوران میں کتنی ہی بار چڑیوں کی محنت ضائع ہوئی۔ ان کے چنے ہوئے تنکے بیکار ہوگئے مگر چڑیاں ان چیزوں سے بے پروہ ہوکر اپنا کام کیے جارہی تھیں۔ آدمی کی نفرت کا جواب چڑیوں کے پاس صرف خاموش عمل تھا۔ آدمی کی تخریب کا مقابلہ ہر بار وہ نئی تعمیر سے کرتی تھیں۔ چڑیوں کا دشمن بہت طاقتور تھا مگر طاقت ور دشمن کا توڑ انہوں نے اپنے لگاتار عمل میں ڈھونڈ لیا تھا۔ آخر نفرت پر خاموش عمل غالب آیا، چڑیوں کی مسلسل تعمیر نے آدمی کو مسلسل تخریب پر فتح پائی۔ ایک مہینہ کے ناکام مقابلہ کے بعد آدمی تھک چکا تھا۔ اس نے چڑیوں کا گھونسلا اجاڑنا چھوڑ دیا۔ اب گوریا نے اپنے گھونسلے کو مکمل کرکے پھر اس میں انڈے دے دیئے ہیں۔ وہ ان کو سینے میں مشغول ہے تاکہ وہ اپنی اگلی نسل پیدا کرے اور پھر اپنا کام کرکے اڑ جائے۔ جب یہ چڑیاں اپنے گھونسلے میں جمع ہوتی ہیں تو ان کا ''چوں چوں'' کا شور اب بھی کمرہ میں گونجتا ہے۔ مگر اب آدمی کو یہ شور برا نہیں لگتا۔ کیونکہ ''چوں چوں'' کی آواز میں اس کو قیمتی پیغام سنائی دیتا ہے کہ اپنے دشمن سے نفرت نہ کرو' ہر حال میں اپنی تعمیری جدوجہد میں لگے رہو تم کامیاب ہوگے۔

اولین زمانہ کی تجارت اور برکت

منشی عبدالرحمن خان

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک پیشین گوئی کے مطابق یہ وہ زمانہ ہے کہ سود کے اثرات سے کوئی بھی محفوظ نہیں۔ تمام تر تجارت بینکوں کے ذریعے سے ہوتی ہے جہاں سودی لین دین ہوتا ہے، اکثر مسلمان سرمایہ دار اور صاحب ثروت بھی بغیر سود کسی کو قرض نہیں دیتے اور بعض تو یہودیوں سے بھی زیادہ سود لیتے ہیں۔ سود کے بغیر کاروبار چلانا ناممکن بتایا جاتا ہے، مگر زمانہ رفتہ میں کروڑوں روپوں کا لین دین، تجارت اور قرض بغیر سود کے چلتا تھا۔ چوتھی صدی ہجری کا سیاح ابن حوقل جہاں گردی کرتے ہوئے جب مغربی افریقہ کی آخری حد بادغشت میں پہنچا تو اس نے وہاں اربوں روپے کی تجارت اور بلاسود قرضوں کے لین دین کا رواج دیکھا اور ان کی دستاویز تک پڑھیں، چنانچہ وہ ایک بلاسود قرض کی نسبت اپنی ڈائری لکھتا ہے: ''میں نے ایک رسید قرضہ بادغشت میں دیکھی جو محمد بن ابی سعدون کے قرض کے متعلق تھی۔ اس پر عادل گواہوں کی گواہیاں ثبت تھیں، اس رسید کی رقم 42 ہزار اشرفیاں تھیں''۔ ایک روایت کے مطابق غوری نے آخری دفعہ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ سے قرض لے کر ہندوستان پر چڑھائی کی تھی۔ عالم گیر کے لڑکے مراد بخش گورنر گجرات نے ایک مرتبہ حاجی پیر محمد زاہد علی رحمۃ اللہ علیہ سے چھ لاکھ کا قرض لیا، یہ سب قرضے بلاسود تھے۔ اتنی کثیر رقم کے قرضِ حسنہ کسی ضمانت اور رجسٹری وغیرہ کے بغیر آج کل ملنا تو ناممکن ہے، اس زمانہ میں یہ لین دین سود کے منافع کے لالچ کی بجائے آخرت کے فائدے کے پیش نظر ہوتا تھا، نیت نیک ہوتی تھی، حاجت مندوں کی دعائیں شامل حال ہوتی تھیں، جس سے کاروبار چمکتا تھا اور روپیہ بھی محفوظ رہتا تھا، ایسی تجارت آخرت کا اس زمانہ میں لین دین عام تھا۔ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ ایک بہت بڑے تاجر تھے، اکثر شہروں میں ان کی ایجنسیاں قائم تھیں، ان کا بڑے بڑے تاجروں سے معاملہ رہتا تھا اور لاکھوں کا لین دین ہوتا تھا، اس قدر وسیع کاروبار کے ساتھ احتیاط اتنی برتتے کہ ان کے خزانہ میں ایک پائی بھی ناجائز طور پر داخل نہ ہوسکتی تھی۔ اس احتیاط کے باعث کہ اگر کبھی نقصان بھی ہوجاتا تو ملول نہ ہوتے تھے، ان کی اپنے کارندوں کو اس بات کی سخت ہدایت تھی کہ عیب دار تھان خریدار کو دکھلا اور جتلا کر بیچنا۔ ایک دفعہ حفص بن عبدالرحمٰن کو یہ ہدایت یاد نہ رہی اور اس نے عیب و ثواب بتلائے بغیر خز کے تھان فروخت کردیے۔ امام صاحب کو جب اس کی اطلاع ہوئی تو انہیں بہت افسوس ہوا۔ کفارہ کی اور تو کوئی صورت نظر نہ آئی کیونکہ تھان ایسا شخص لے گیا تھا جس کا اَتا پتا معلوم نہ تھا، اس لئے آپ نے ان تھانوں کی قیمت جو تیس ہزار درہم تھی، خیرات کردی تاکہ آخرت میں کوئی مواخذہ نہ ہو۔ ایک اور موقع پر ایک عورت امام صاحب کے پاس خز کا ایک تھان برائے فروخت لائی، امام صاحب نے دام پوچھے تو اس نے سو درہم مانگے۔ امام صاحب نے کہا کہ یہ کم ہیں۔ اس نے کہا تو دو سو روپے دیجئے۔ آپ نے فرمایا تھان پانچ سو سے کم کا نہیں ہے۔ اس پر عورت نے کہا کیا آپ مذاق تو نہیں کررہے؟ امام صاحب نے کہا نہیں اور پانچ سو درہم اپنے پاس دے کر تھان رکھ لیا۔ ان کے پیش نظر ہمیشہ آخرت کی تجارت رہی تاکہ کسی غلط کاری کا وہاں کوئی خمیازہ نہ بھگتنا پڑے۔ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ بھی تجارت کے وقت آخرت کو پیش نظر رکھتے تھے، آپ ذاتی مفاد کی بجائے خریدار کے مفاد کو ترجیح دیتے تھے، ایک مرتبہ انہیں جرجریا کی اراضی سے مال گزاری میں انگوروں کی کافی مقدار آئی۔ کچھ لوگوں نے اس کا افشردہ نکالنا چاہا تاکہ ان کی جلد نکاسی ہوجائے، ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے ایسا کرنے سے منع کیا اور کہا کہ انہیں منقیٰ بنا کر بیچو۔ کارندوں نے کہا کہ اس طرح ان کی نکاسی ممکن نہیں، جس پر آپ نے سب انگوروں کو پانی میں پھینکوا کر ضائع کرادیا تاکہ لوگوں تک ایسی چیز نہ پہنچے جو حرام شکل اختیار کرچکی ہو۔ لین دین میں بسا اوقات کھوٹے سکے دے جاتے تھے، آپ کو جونہی ان کا علم ہوتا انہیں دوسروں کو مڑھنے (دینے) کے بجائے خود الگ کرکے رکھ دیتے تھے۔ چنانچہ آپ کی وفات پر ایسے پانچ سو کھوٹے سکے ایک جگہ جمع شدہ ملے۔ گزشتہ صدیوں میں مسلمان دنیا کی تجارت پر ایسے حاوی تھے جیسے اس دور میں امریکہ اور برطانیہ کا طوطی بول رہا ہے، دنیا کا کوئی گوشہ ایسا نہ تھا جہاں مسلمان نہ پہنچے ہوں۔ اس دور کے کاروبار کا آج کی منڈیاں مقابلہ نہیں کرسکتیں۔

اربیل سے مراغہ جاتے ہوئے راستہ میں ایک منزل کورسرہ پڑتی تھی، یہاں سالانہ چاند کی ابتدائی تاریخوں میں تجارتی میلے لگتے تھے، ان میلوں میں مختلف قوموں کے تجارتی لوگ شرکت کرتے تھے اور کپڑے، عطر، سرکہ، روشنی کا سامان، ٹھٹھیرے، سونا، چاندی، گھوڑے، خچر، گدھے، گائے، بیل، بھیڑ، بکریوں کی تجارت کرتے۔ میلہ کا یہ میدان 9 مربع میل سے زائد رقبہ پر پھیلا ہوا تھا اور بقول ابن حوقل جہاں گرد، حج کے موقع پر جس قدر ہجوم اور ساز و سامان میدان عرفات میں جمع ہوتا تھا یہاں اس سے زیادہ جمع ہوتا اور حج کی یاد تازہ ہوجاتی تھی۔ کاروبار کی کثرت کا یہ عالم تاکہ ابو اسحاق ماجروانی نے صرف اس میلہ میں ایک سال دو لاکھ جانور بیچے۔ ابومحمد عبدالرحمٰن ابن السری نے اسی میلہ میں دس لاکھ بھیڑ بکریاں فروخت کیں، اسی میلہ میں ایک دوسرے تاجر شعیب بن میران نے بھی اسی قدر جانور بیچے۔ مصر سے نکل کر صحرائے لیبیا کے مشہور شہر قیروان کو جاتے ہوئے راستے میں برقہ کے شہر سے گزرنا پڑتا تھا، یہ ایک تجارتی مرکز تھا، اس شہر میں اون، سیاہ مرچ، شہد، موم، روغن زیتون وغیرہ کی تجارت ہوتی تھی۔ یہاں بکثرت تاجروں اور دوسرے ممالک کے لوگوں کی ہروقت اور ہر زمانہ میں آمد و رفت رہتی تھی۔ یہ سلسلہ آمد و رفت کبھی منقطع نہ ہوتا تھا، اس شہر کے راستوں پر قافلوں پر قافلے ملتے تھے جو تمام تر مسلمانوں کی قوتِ عمل اور نیک نیتی کی کرامات تھیں۔ اگلے وقتوں میں تجارت عروج پر تھی، معاملات میں نیک نیتی برتی جاتی تھی، اس لئے تجارت و بیوپار میں بہت زیادہ برکت تھی، دولت عام تھی، خیر و خیرات بہت زیادہ تھی۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین زیادہ تر تجارت پیشہ تھے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی نظر یوم آخرت پر رہتی تھی تاکہ وہاں کوئی خسارہ نہ اٹھانا پڑے۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں فیاض مشہور تھے، آپ رضی اللہ عنہ نے اپنی وفات پر بارہ لاکھ درہم نقد اور تین کروڑ کی جائیداد چھوڑی۔ ابن سعد کی ایک روایت کے مطابق آپ کے گھر سے تین بھار (بھار گائے کے چمڑے کو کہتے تھے) وزنی سونا نکلا۔ مشہور صحابی تاجر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی وفات پر ان کی چاروں بیویوں میں تقسیم کیلئے جب سونا کاٹا گیا تو کاٹنے والوں کے ہاتھوں میں چھالے پڑگئے۔ ہر بیوی کو اسی اسی ہزار اشرفیاں ملیں۔ باقی حصہ داروں کے حصص کا تو شمار نہیں۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کی دولت موجودہ حساب سے 35 ہزار ملین تھی۔ یہ تو دورِ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی دولت کا حال ہے ان سے بعد کے زمانہ کی یہ کیفیت تھی کہ: خلیفہ مقتدر باللہ کے زمانہ الجصاص جوہری کی خانہ تلاشی سے ایک کروڑ آٹھ لاکھ اشرفیاں برآمد ہوئیں، دکان کے مال اور دیگر اموال کا تو شمار نہیں۔ الفخری کے ایک بیان کے مطابق خلیفہ معتصم باللہ کے زمانہ کے ایک چکی پیسنے والے نے بصرہ سے نقل مکانی کرکے جب بغداد میں کاروبار شروع کیا اس سے اسے اتنی آمدن ہوئی کہ ایک سو اشرفی (باقی صفحہ نمبر 38)

حسن کو چار چاند لگانا آپ کیلئے منٹوں کا کام

ہر عورت چاہتی ہے کہ اسکی آنکھیں بڑی اور پلکیں لمبی نظر آئیں لیکن بہت سی خواتین ان ترکیبوں سے واقف نہیں ہوتیں جن سے کام لیتے ہوئے نہ صرف آنکھوں کی دلکشی میں اضافہ کیا جاسکتا ہے بلکہ وہ کشادہ بھی دکھائی دیتی ہیں؛ یہاں آپ کیلئے کچھ ایسی کارآمد ٹپس حاضر ہیں

شازیہ اطہر، لاہور

آنکھیں کسی بھی انسان کی شخصیت کو پرکشش بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، خاص طور سے خواتین کی خوبصورتی کا پیمانہ ان کی کشادہ اور روشن آنکھیں ہی سمجھی جاتی ہیں، یہی وجہ ہے کہ ہر عورت چاہتی ہے کہ اسکی آنکھیں بڑی اور پلکیں لمبی نظر آئیں لیکن بہت سی خواتین ان ترکیبوں سے واقف نہیں ہوتیں جن سے کام لیتے ہوئے نہ صرف آنکھوں کی دلکشی میں اضافہ کیا جاسکتا ہے بلکہ وہ کشادہ بھی دکھائی دیتی ہیں، یہاں آپ کیلئے کچھ ایسی کارآمد ٹپس حاضر ہیں جن پر عمل کرتے ہوئے آپ اپنی آنکھیں خوبصورت بنانے کا خواب پورا کرسکتی ہیں۔ **وائٹ آئی شیڈو کو دوست بنائیں:** سفید ہائی لائٹر پین کی مدد سے اپنی آنکھوں کے اندرونی کناروں پر سفید آئی شیڈو لگائیں، اس طرح آپ کی آنکھیں روشن اور کشادہ دکھائی دیں گی۔ **بڑی پلکیں:** یہ حقیقت ہے کہ آپ کی پلکیں جس قدر بڑی ہوں گی، آنکھیں بھی اتنی ہی کشادہ نظر آئیں گی، لہٰذا آنکھوں کی خوبصورتی میں اضافے کیلئے چاہے پلکوں میں گھنا پن لانے والا مسکارا استعمال کریں یا مصنوعی آئی لیش ایکس ٹینشنز خریدیں، یہ دونوں ہی چیزیں بہت کارآمد ثابت ہوں گی، سب سے پہلے اپنی پلکوں کو کرل کریں اور اس کے بعد مسکارا لگائیں یا مصنوعی پلکیں لگالیں۔ تاہم جب بھی اپنے لئے مصنوعی پلکیں خریدیں تو بھاری بھرکم پلکوں کے بجائے الگ الگ ملنے والے ایکس ٹینشنز ہی لیں اور نچلی پلکوں پر انہیں نہ لگائیں۔ **آنکھوں کے اردگرد کی شکنوں کو چھپائیں:** آنکھوں کے گرد واقع شکنوں کو چھپانے کیلئے قدرے گہرا آئی شیڈو استعمال کریں، اس کے علاوہ آئی لائنر پنسل کی مدد سے آنکھوں کے بیرونی کنارے تک لائن بنائیں تاکہ شکنیں اس میں ہر ممکن حد تک چھپ جائیں اور آنکھیں بڑی نظر آئیں۔ **آئی لائنر کا استعمال سمجھداری سے کریں:** آئی لائنر کا استعمال اپنی آنکھوں کی مناسبت سے کریں اور بہت موٹا لائنر لگانے سے گریز کریں، آنکھوں کے نیچے آئی لائنر کی پوری لائن بنانے کے بجائے صرف بیرونی جانب کے آدھے حصے پر کاجل یا جیل آئی لائنر لگالیں، جبکہ بقیہ اندرونی حصے پر کوئی چمکدار لائنر لگالیں، اس بات کا خاص طور پر سے خیال رکھیں کہ آنکھ کے بیرونی گوشوں پر آپ کی بنائی ہوئی لائن ذرا موٹی اور اندرونی گوشوں پر قدرے باریک ہو۔ **دھوکے سے کام لیں:** حیران نہ ہوں کیونکہ یہ بھی ایک ترکیب ہے اور نئی نہیں بلکہ خاصی پرانی ہے لیکن اگر آپ اس ترکیب سے واقف نہیں تو جان لیں کہ اگر اپنی آنکھوں کی جانب سے سب کی توجہ ہٹانا چاہتی ہیں تو اس کیلئے توجہ دوسری جانب مبذول کردیں، میک اپ میں دھوکہ یا ترکیب سے کام لینا اسی کو کہتے ہیں، لہٰذا آنکھوں کا میک اپ ہلکا رکھیں جبکہ لپ اسٹک گہری اور چمکدار سی لگائیں، آنکھوں پر صرف مسکارا لگانا ہی کافی ہوگا۔ **رنگ آزمائیں:** مختلف شوخ رنگ آئی شیڈو لگانے سے بھی آنکھیں بڑی دکھائی دیتی ہیں، آنکھ کے درمیانی حصے یعنی پپوٹے کے اوپر آئی شیڈو خاص احتیاط کے ساتھ لگائیں، یہاں شیڈ نسبتاً ہلکا رکھیں اور آنکھ کے بیرونی گوشوں کے علاوہ بھنوؤں کی ہڈی پر قدرے گہرا شیڈ لگائیں۔ **کشادگی کا تاثر لائیں:** آنکھوں میں کشادگی کا تاثر پیدا کرنے کیلئے اپنے آئی شیڈو کو آنکھوں کے اردگرد پھیلا کر لگانے سے نہ ہچکچائیں، اس لئے آئی شیڈو کو آؤٹ لائن دیتے ہوئے اسے باہر کی جانب بڑھاتے ہوئے لگائیں تاکہ آپ کی آنکھیں زیادہ بڑی دکھائی دیں، البتہ یہ یاد رکھیں کہ آئی شیڈو کو پھیلاتے ہوئے مہارت اور فنکاری کی ضرورت ہے۔ **درست ہائی لائٹ کرنا سیکھیں:** اس بات کو ہمیشہ ذہن میں رکھیں کہ میک اپ کرتے ہوئے ہائی لائٹر آپ کا بہترین دوست بھی ہوسکتا ہے اور بدترین دشمن بھی، اس لئے ہائی لائٹر کا درست استعمال سیکھیں کہ اسکی مدد سے کس طرح بھنوؤں کی ہڈی، رخساروں اور آنکھوں کے اندرونی گوشوں کو ہائی لائٹ یا نمایاں کیا جاتا ہے، پھر کوئی وجہ نہیں کہ آپ کی آنکھیں کشادہ نہ دکھائی دیں۔ **ایک ہی شیڈ لگائیں:** بجائے اس کے کہ میک اپ کٹ میں موجود سارے شیڈ اپنے پپوٹوں پر لگالئے جائیں، بہتر یہی ہے کہ آنکھوں پر ایک ہی شیڈ یا ایک ہی رنگ کے مختلف شیڈز لگائیں، اس معاملے میں اصول یہ ہے کہ جتنے کم شیڈز استعمال کئے جائیں گے اسی قدر آپ کی آنکھیں خوبصورت اور بڑی نظر آئیں گی، اس لئے ایک ہی فیملی کے کلر استعمال کریں جیسے کہ بیج اور براؤن، وائٹ اور آف وائٹ، ڈارک براؤن اور بلیک یا سلور اور ڈارک گرے وغیرہ وغیرہ۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کو یہ تجاویز کچھ مشکل معلوم ہوں لیکن جب آپ ان پر عمل کریں گی تو اندازہ ہوگا کہ یہ بہت آسان ہیں، بس یہ خیال رکھیں کہ آپ کے پاس درست میک اپ پروڈکٹس اور ٹولز موجود ہوں، آئی میک اپ سیکھنے کی سب سے بہترین ترکیب یہ ہے کہ تمام تجاویز کو ذہن میں رکھتے ہوئے اپنی آنکھوں کا میک اپ کریں اور یہ دیکھیں کہ آپ پر کون سا اسٹائل اچھا لگتا ہے، اس کے بعد کہیں جاتے ہوئے خوبصورت آئی میک اپ کرنا اور اپنے حسن کو چار چاند لگانا آپ کیلئے منٹوں کا کام ہوگا! **بیوٹی ٹپس!:** اگر کبھی بے احتیاطی کے باعث آپ کی جلد دھوپ میں جھلس جائے اور سن برن کے نتیجے میں رنگت کالی ہوجائے تو ایک بڑا چمچ دہی لے کر اس میں ایک ایک بڑا چمچ آلو کا رس اور کارن فلو ملا کر پیسٹ بنائیں اور متاثرہ جگہ پر لگائیں، ایک گھنٹے بعد دھولیں، جب تک جلد ٹھیک نہ ہوجائے یہ ماسک روزانہ استعمال کریں۔ آنکھوں کے حلقے دور کرنے کیلئے استعمال شدہ ٹی بیگ آنکھوں پر رکھیں، اس کیلئے طریقہ یہ اختیار کریں کہ پہلے گرم ٹی بیگ اور ایک منٹ بعد ٹھنڈے ٹی بیگ آنکھوں پر رکھیں، یہ عمل کئی بار دہرائیں، جب تک حلقے واضح طور پر ہلکے نہ پڑ جائیں آپ یہ طریقہ روزانہ دہرا سکتی ہیں۔ سر کی خشکی دور کرنے کیلئے دو بڑے چمچ دہی لے کر اس میں ایک چمچ لیموں کا رس ملائیں اور اسے سر کی جلد پر مالش کریں، ایک گھنٹے بعد بال دھولیں۔ اگر آپ کی جلد بہت زیادہ آئلی (Oily) ہے تو ایک چائے کا چمچ لیموں کا رس لے کر برابر کی مقدار میں شہد ملائیں اور اس ماسک کو اچھی طرح چہرے پر مساج کریں، ایک گھنٹے بعد چہرہ دھولیں، یہ طریقہ روزانہ دہرائیں۔ اگر بال بہت زیادہ گر رہے ہوں تو ایک چائے کا چمچ ادرک کا رس، ایک چائے کا چمچ کیسٹر آئل اور ایک چائے کا چمچ کوکونٹ آئل باہم مکس کریں اور بال دھونے سے ایک گھنٹہ پہلے سر کی جلد پر اس کا مساج کریں، اس کے علاوہ بال دھونے کیلئے ہربل یا پروٹین شیمپو استعمال کریں۔ اگر بال پتلے اور چھدرے ہوں اور کم عمری کے باوجود گر رہے ہوں تو روزانہ انگلیوں کی پوروں کی مدد سے سر کی جلد کا مساج کریں تاکہ دوران خون تیز ہوسکے، پھر چند منٹ تک بال برش کریں اور بادام کے تیل یا کھوپرے کے تیل سے سر کا مساج کریں، اس کے علاوہ وقتاً فوقتاً گرم پانی میں بھیگا ہوا تولیہ سر پر لپیٹیں تاکہ بال تیزی سے بڑھیں۔ ناخنوں کے گرد حلقہ بنانے والی جلد یا کیوٹیکلز اکثر کالے پڑ جاتے ہیں، اس کیلئے وٹامن ای کا ایک کیپسول لے کر اسے توڑیں اور اس سے نکلنے والے آئل کا مساج اپنے کیوٹیکلز پر کریں، روزانہ رات کو سونے سے پہلے اس طریقے پر عمل کریں، اس کے بعد سوتی دستانے پہن لیں تاکہ آئل کیوٹیکلز پر لگا رہے۔

جنت سے عمدہ کوئی چیز نہیں: حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے جہنم سے زیادہ خطرناک کوئی چیز نہیں دیکھی کہ جس سے بھاگنے والا سو رہا ہے اور جنت سے عمدہ چیز نہیں دیکھی کہ جس کا چاہنے والا سو رہا ہے۔ (ترمذی)

میاں بیوی کا رشتہ اور کچھ غلط تصورات

عبدالباسط، لاہور

آپ جس ماحول کے عادی ہوتے ہیں اور جو چیزیں آپ کی تربیت کا حصہ ہوتی ہیں ان سے کوئی الگ راستہ اختیار کرنا بہت کٹھن محسوس ہوتا ہے۔ حالات اس وقت زیادہ خراب ہونے لگتے ہیں جب ایک فریق دوسرے سے توقعات بڑھاتا چلا جاتا ہے

کسی فلسفی سے میاں بیوی کے رشتے کی مضبوطی کے بارے میں سوال کیا گیا تو اس کا کہنا تھا کہ ”یہ رشتہ اتنا ہی مضبوط ہے جتنا کہ یہ نازک ہے۔“ اس جملے پر غور کیا جائے تو اس میں چھپے حقائق بہت واضح ہوکر سامنے آجاتے ہیں کیونکہ میاں بیوی کا کوئی عارضی ساتھ نہیں ہوتا بلکہ عمر بھر ایک دوسرے کو خوبیوں اور کمزوریوں کے ساتھ زندہ رہنا ہوتا ہے اور لازمی بات ہے جہاں دو ذہن ہوں گے وہاں سوچنے کے انداز بھی ایک دوسرے سے کہیں نہ کہیں متصادم ہوگا۔ یہی وہ اہم نکتہ ہے جہاں اکثر میاں بیوی ڈگمگا جاتے ہیں اور ایک دوسرے کو سمجھنے میں ناکام رہتے ہیں۔ عام طور پر اس طرح کی صورت حال شادی کے ابتدائی سالوں میں زیادہ ہوتی ہے کیونکہ دونوں افراد ایک نئی زندگی میں قدم رکھتے ہیں جہاں کے کچھ تقاضے عام زندگی سے یقیناً مختلف ہوتے ہیں۔ دونوں اطراف سے کچھ تبدیلیاں لازمی ہوتی ہیں اور تبدیلیوں کا یہی عمل شاید کسی حد تک انسانوں کو مشکلات میں ڈالتا ہے کیونکہ شروع میں آپ جس ماحول کے عادی ہوتے ہیں اور جو چیزیں آپ کی تربیت کا حصہ ہوتی ہیں ان سے کوئی الگ راستہ اختیار کرنا بہت کٹھن محسوس ہوتا ہے۔ حالات اس وقت زیادہ خراب ہونے لگتے ہیں جب ایک فریق دوسرے سے توقعات بڑھاتا چلا جاتا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ بس دوسرے ہی کو تبدیل ہونا چاہیے جبکہ وہ خود کو تبدیل کرنے کی سنجیدہ کوشش قطعی نہیں کرتا۔ مشہور ماہر نفسیات فرائیڈ سے کسی نے پوچھا تھا کہ میاں بیوی کے رشتے میں سب سے خراب بات کیا ہوسکتی ہے؟ اس کا جواب تھا: اس رشتے میں سب سے خراب بات یہی ہوسکتی ہے کہ دونوں میں سے کوئی ایک یہ فرض کرلے کہ دوسرے ہی کو اسے محبت اور توجہ دینی چاہیے۔ گویا میاں بیوی کے رشتے کی خوبصورتی ہمیشہ ایک دوسرے کا یکساں خیال رکھنے سے جڑی ہوتی ہے۔

میاں بیوی ایک دوسرے کو خوش رکھیں؟: ایک اور رنگین فریب خیال یہ ہے کہ بیوی شوہر کی خوشی کیلئے تن من دھن اور شوہر بیوی کی خوشی کیلئے سب دوست، رشتے دار، کھیل اور تفریحی سرگرمیاں ترک کردے۔ بس دونوں ایک دوسرے کی خوشی کیلئے وقف ہوجائیں۔ تعلقات کے حوالے سے ریسرچ کرنے والوں کا کہنا ہے کہ خوشی کے حصول کیلئے کسی اور شخص پر مکمل انحصار کبھی سچی خوشی کے حصول کا ذریعہ نہیں ہوسکتا۔ ہوتا یہ ہے کہ ایسی سوچ کے حامل جوڑوں کو جب کوئی رنج اور صدمہ پہنچتا ہے تو وہ اس کا الزام اپنے ساتھی پر لگادیتے ہیں۔ ایسے جوڑوں کو ہمیشہ ایک دوسرے سے شکوہ کرتے ہوئے دیکھا جائے گا کہ وہ اس کیلئے خوشی کا انتظام نہیں کرسکا۔ یہاں تک کہ ایک خواہش پوری ہونے کے بعد کوئی دوسری بات ناخوشی کا سبب بن جائے گی۔ آپ کو اپنی ذات کو گم نہیں کرنا چاہئے اگر آپ کو کتاب پڑھنے کا شوق ہے تو شادی کے بعد بھی اس شوق کو جاری رہنا چاہئے۔ آپ کو اپنے ساتھی کی اس خواہش کا احترام کرنا آنا چاہئے کہ وہ ایسی چیز سے خوش ہوسکتا ہے جس میں بے شک آپ کی دلچسپی کیلئے کوئی سامان نہیں ہے بلکہ آپ کی کوشش ہونی چاہئے کہ آپ اسے اس کا اہتمام کرکے دیں۔

تمام کام ایک ساتھ انجام دینے چاہئیں؟: کہتے ہیں کہ میاں بیوی اگر کام مل کر کرتے ہیں تو اس کے نتائج بہتر نکلتے ہیں دونوں کم دباؤ کا سامنا کرکے یا کم توانائی خرچ کرکے زیادہ مفید نتائج حاصل کرتے ہیں بے شک زندگی کے کئی معاملات میں یہ اصول لاگو ہوسکتا ہے لیکن یہ اس سے بھی اچھا ہوگا کہ جو کام بیوی کے کرنے کا ہے وہ کرے اور جو ذمہ داریاں شوہر کی ہیں وہ خود انہیں پورا کرے۔ اگر ہر کام میں دونوں نے ایک دوسرے کا انتظام کرنا شروع کردیا تو نہ صرف کام میں تاخیر ہوگی بلکہ اس کے نتائج بھی اچھے نہیں نکلیں گے۔

جذبات کا اظہار کردینے میں مضائقہ نہیں؟: کئی جوڑوں کا یہی خیال ہے کہ اگر جذبات کا اظہار نہ کیا جائے تو دباؤ بڑھ جاتا ہے اس لئے جب بھی غصہ آئے میاں بیوی کو ایک دوسرے سے کھل کر اس کا اظہار کردینا چاہئے تاکہ دل کی بھڑاس نکل جائے۔ اوہو!!! ایسا نہیں ہے۔ کئی مرتبہ آپ کو غصے پر قابو پانا ہوتا ہے اور آپ کو یہ گُر آنا چاہئے کیونکہ اگر آپ جذبات کے اظہار میں لگ گئے تو یہ جذبات پیدا ہوتے رہیں گے اور روز آپ اس کا اظہار کرتے رہیں گے ان حالات میں گھر کا کیا ماحول ہوگا اس کے بارے میں صرف تصور ہی کیا جاسکتا ہے اکثر میاں بیوی کی عادت ہوتی ہے کہ وہ دوسروں سے رنجیدہ ہوتے ہیں۔ خاص طور پر دیکھا گیا کہ خواتین اپنے سسرال والوں کی تلخ وترش باتوں پر شوہر کو طنز و تشنیع کا نشانہ بناتی ہیں۔ اسی طرح کا رویہ میاں بیوی کیلئے انتہائی خطرناک ہے حالات کیسے ہی کیوں نہ ہوں، دونوں کو اپنا غصہ ایک دوسرے پر نہیں اتارنا چاہئے ہاں ان حالات میں تھوڑا سا محتاط رویہ اختیار کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح کہ آپ کے درمیان تھوڑی سی اجنبیت آجائے کچھ وقت گزرنے کے بعد جب آپ کا غصہ ٹھنڈا ہوجائے گا تو گھر کا ماحول بہت تیزی سے بہتر ہوجائے گا۔

ذہنی ہم آہنگی ضروری ہے: انسانی تعلقات کے ماہر اکثر ایک بات کہتے ہیں کہ اچھے میاں بیوی کی پہچان یہ ہے کہ ان میں ذہنی ہم آہنگی ہوتی ہے بے شک خوشگوار تعلقات کیلئے ذہن ہم آہنگی واقعی بہت ضروری ہے لیکن اس نکتے کو اکثر غلط انداز میں لیا جاتا ہے ذہنی ہم آہنگی کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ آپ دونوں کے درمیان کسی مسئلے پر اختلاف رائے سامنے نہ آسکے۔ آپ ذہنی ہم آہنگی کو خلوص کے پرکھنے کا معیار نہیں بناسکتے۔ خلوص ایک الگ چیز ہے، یہ ضروری نہیں کہ میاں بیوی میں سے کوئی ایک دوسرے کی رائے سے اختلاف رکھتا ہو، اس کے خیالات کسی معاملے میں مختلف ہوں تو یہ سمجھا جائے کہ اس کے خلوص میں کمی ہے، ایسا نہیں ہوتا ایسے جوڑے جو اس بات پر پختہ یقین رکھتے ہیں کہ ذہنی ہم آہنگی ہی اچھے میاں بیوی کا معیار ہے ان کیلئے کسی معاملے میں اختلاف رائے ہونے کے بعد بے شمار قسم کے شکوک و شبہات جنم لینے لگتے ہیں۔ اپنے شریک حیات کے خیالات کو جان لینا خلوص ومحبت کا معیار نہیں ہوسکتا۔

کیا اندھا اعتماد لازمی ہے؟: میاں بیوی کو اکثر سبق دیا جاتا ہے کہ ایک دوسرے پر مکمل اعتماد کریں۔ ایسا نہیں ہے دونوں انسان ہیں اور خاص طور پر مردوں کی عادات اور فطرت عورتوں سے قدرے مختلف ہوتی ہے۔ وہ جلد جذباتیت کی رو میں بہہ سکتے ہیں۔ دونوں کو ایک دوسرے پر اعتماد کے ساتھ ساتھ اس بات کا بھی خیال رکھنا ہے کہ وہ ایسے ماحول اور حالات سے دور رہیں جو ان کی ازدواجی زندگی کیلئے نقصان دہ ثابت ہوسکتے ہیں۔ کیا بیوی کو اپنے شوہر پر اندھا اعتماد کرتے ہوئے اسے کسی بھی ایسی جگہ جانے کی اجازت دے دینی چاہئے جہاں جانا اس کی ازدواجی زندگی کیلئے خطرناک ہوسکتا ہو؟ شاید نہیں۔ انہی باتوں کو سامنے رکھتے ہوئے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اعتماد اپنی جگہ لیکن اس کے ساتھ ساتھ کچھ زندگی کے پہلو ایسے ضرور ہوتے ہیں جہاں محتاط بلکہ انتہائی محتاط رویہ اختیار کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور اگر میاں بیوی اسمارٹ قسم کے ہوں تو یہ ضرورت کچھ اور بڑھ جاتی ہے۔

بچہ روتا ہو تو: بچہ اگر پیٹ درد کی وجہ سے روتا ہو تو اسے عرق گلاب‘ عرق پودینہ‘ عرق سونف اور شہد ہم وزن ملا کر چٹانا فوری آرام پہنچاتا ہے۔

برکت کی چابی ہر وقت اپنے پاس رکھیے

اکثر ہم نے اتوار کو اچھا کھانا پکانا کہ سب مل کر کھائیں گے (اس نواب بلے نے آنا اس میں منہ مارنا اور ہمیں سارا سالن گرانا پڑتا) ہم کھانا پکا کر اکثر بھاری چیزیں ڈھکن پر رکھ دیتے کبھی کونڈی کبھی کچھ مگر یہ پھر بھی منہ مار جاتا، کچن کا دروازہ بھی بند کرتے پھر بھی۔

سورۃ الکوثر کی فضیلت

گلی میں ایک موٹا بلا تھا جو دور سے گوشت کی خوشبو سونگھ کر اکثر محلہ داروں کا کھانا خراب کرتا تھا اسکی خاص بات یہ تھی کہ پورے سالن میں سے یا چاولوں میں سے اور کوئی بوٹی نہ کھاتا نہ خراب کرتا صرف ٹانگ کی بوٹی نکالتا تھا، اکثر ہم نے اتوار کو اچھا کھانا پکانا کہ سب مل کر کھائیں گے‘ اس نواب بلے نے آنا اس میں منہ مارنا اور ہمیں سارا سالن گرانا پڑتا۔ ہم کھانا پکا کر اکثر بھاری چیزیں ڈھکن پر رکھ دیتے کبھی کونڈی کبھی کچھ مگر یہ پھر بھی منہ مار جاتا، کچن کا دروازہ بھی بند کرتے پھر بھی۔ پھر عبقری سے سورۂ کوثر کا وظیفہ ملا۔ اتوار کی دوپہر کو سالن پکا کر سورۃ الکوثر کا وظیفہ پڑھتی، نماز ظہر کی فکر میں ڈھکن دے کر دروازہ بند کر کے جائے نماز پر کھڑی ہوگئی، جلدی میں بھاری چیزیں رکھنا بھول گئی (یا پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی شان عظیم ظاہر کرنا تھی) اب جائے نماز پر بیٹھی تو کھٹ پٹ کی آوازیں آرہی ہیں، میں نے سوچا وہم ہے‘ دروازہ تو بند ہے اور پھر نماز پڑھنے لگ گئی، پوری نماز پڑھ لی، پھر بھی آوازیں آرہی ہیں، سوچا جا کر دیکھوں تو سہی کیا ہو رہا ہے؟ جب گئی تو دیکھا صرف خالی ڈھکن سے بلا سر مار رہا ہے اور ڈھکن اٹھ ہی نہیں رہا، اس دن میرا یقین اور پختہ ہوگیا‘ اس دن سب نے مل کر کھانا بھی کھایا اور میں سالن گرانے سے بھی بچ گئی۔ سبحان اللہ!۔ (رشیدہ خانم، لاہور)

برکتوں کی چابی ہاتھ لگ گئی

مجھے عبقری سے سورۂ کوثر کا وظیفہ کیا ملا جیسے برکتوں کی چابی ہاتھ آگئی ہو۔ ہر وقت باوضو کھلا پڑھتی تھی۔ حضرت صاحب کا جزاک اللہ جو ہمیں اسم الٰہی اسم اعظم دیتے رہتے ہیں (بھولے ہوؤں کو یاد کرواتے رہتے ہیں) اب اکثر ماہ کے آخر پر رقم بچ جاتی ہے پہلے وہی ادھار پکڑنے پڑتے تھے، بجٹ متاثر ہوجاتا تھا اب رفتہ رفتہ (سورۃ الکوثر پڑھنے رہنے سے) برکتیں اور راحتیں واضح ہوتی جارہی ہیں۔ (ثمینہ ذوالفقار، شاہدرہ)

میرے شوہر پٹرول ڈلوانا بھول گئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم لوگ شادی سے واپس آرہے تھے اور ڈر تھا کہ پٹرول نہ ختم ہوجائے ابھی گھر سے دور تھے فوراً سورۃ الکوثر کا وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا شوہر بار بار یہی دہرا رہے تھے مجھے لگ رہا ہے جیسے پٹرول ختم ہوگیا ہے کیونکہ میں پٹرول ڈلوانا بھول گیا، یوں بھی پٹرول جلدی ختم ہوجاتا تھا، میں وظیفہ پڑھتی رہی اور عافیت کے ساتھ گھر پہنچ گئے لیکن جونہی گھر پہنچے گاڑی بند، پٹرول سچ مچ ختم ہو چکا تھا لیکن رب العزت نے رات کے وقت ہمیں خیریت کے ساتھ گھر پہنچا دیا اور یہ سب سورۃ الکوثر کی برکت سے ممکن ہوا۔ اس روز کے بعد میرا اور میرے شوہر کا ایمان اس قدر مضبوط ہوا کہ ہم اب سورۃ الکوثر پڑھے بغیر پٹرول اور سی این جی ڈلواتے ہی نہیں۔ جزاک اللہ! (شہنیلا، عسکری ٹاؤن)

باہر جارہے ہیں! یاحفیظ سات مرتبہ اور سفر کی دعا ہرگز نہ بھولیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں اس رسالہ میں موجود وظائف اور نسخہ جات سے ہم خوب فوائد اٹھاتے ہیں۔ آج میں قارئین کیلئے اپنا آزمودہ ایک واقعہ لائی ہوں یقیناً قارئین بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ قارئین! درس میں حضرت حکیم صاحب نے حفاظت والے اعمال کے ساتھ مسبب الاسباب سے بھی مدد لینے کا فرمایا۔ یَاحَفِیْظُ 7 مرتبہ پڑھ کر سفر کی دعا پڑھ کر دونوں میاں بیوی چلے تو اچانک سامنے سے آتی ویگن کے ساتھ حادثہ ہوتے ہوتے بچ گیا۔ صاف واضح تھا اتنی تھوڑی جگہ تھی جہاں بمشکل ہم سائیڈ پر ہوتے دونوں کو فوراً احساس ہوا کہ یہ جو ناگہانی آفت سے حفاظت ہوئی، صرف اور صرف اسم الٰہی سے ہوئی ورنہ حادثہ ہو جاتا۔ اب کبھی بھی یَاحَفِیْظُ 7 مرتبہ اور سفر کی دعا پڑھنا نہیں بھولتے۔ (عظمیٰ، گڑھی شاہو)

ہمیشہ حضرت حکیم صاحب کی دعاؤں میں رہنے کا گر

کاپی بنائیں یا ڈائری جس میں اپنے روحانی، طبی تجربات، کیفیات اپنی آزمائی ہوئیں یا بڑے بوڑھوں کے سنے ہوئے تجربات لکھیں۔ روزانہ لکھیں، چاہے ایک یا دو صفحات ہی کیوں نہ ہوں۔ کاپی مکمل ہونے پر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کریں۔ ڈاک کے ذریعے یا دفتر ماہنامہ عبقری میں خود آکر جمع کروائیں اور ہمیشہ حضرت حکیم صاحب کی دعاؤں میں رہنے کا ذریعہ بن جائیں۔

حکمت کی چوڑیاں

ایک عرب شوہر نے اپنی نئی نویلی دلہن کو چار عربی اشعار میں بہت ہی اچھے اور بہت ہی پیارے انداز میں نصیحتیں کی ہیں۔ ہم ان کو ہر مسلمان بہن کیلئے دلہن بننے سے پہلے اور اگر بن چکی ہوں تو اب بھی ان کی خدمت میں پیش کرتے ہیں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان بہن کو جو کسی کے نکاح میں آچکی ہیں یا آنے والی ہیں ان پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین! ۔خذ العفو منی تستدیمی مودتی۔ ولا تنطقی فی وقت حین اغضب۔ ترجمہ: کبھی مجھ سے غلطی ہوجائے تو معافی اور چشم پوشی سے کام لینا تاکہ تیری محبت میرے ساتھ ہمیشہ کیلئے رہے اور جب میں غصہ میں ہوں تو اس وقت میرے سامنے جواب بالکل مت دینا۔ ولا تنقرینی نقرک الدف مرۃ فانک لاتدرین کیف المغیب۔ مجھے اس طرح مت بجانا جس طرح تم ڈھول کو بجاتی ہو تمہیں کیا معلوم اس میں کیسی آواز نکلے، یعنی اگر تم غصے کے وقت چپ نہ ہوئی تو ہوسکتا ہے میرے منہ سے ایسی بات یا الفاظ میری بے احتیاطی کی وجہ سے نکلیں جسے عمر بھر تمہیں بھی پریشانی اٹھانا پڑے اور مجھے بھی۔ ولا تکثری الشکوی فتذھب بالھوی، ویاباک قلبی والقلوب تتقلب۔ شکوہ شکایت کی کثرت بری چیز ہے اس سے میاں بیوی کے درمیان محبت ختم ہوجاتی ہے اللہ تعالیٰ تمہاری حفاظت کریں اگر تم بھی اس میں مبتلا ہوگئی تو میرا دل تم سے نفرت کرنے لگے گا اور دلوں کو بدلنے میں خیالات کو آنے جانے میں دیر نہیں لگا کرتی انسان کی ہر سانس کے ساتھ نیا خیال اندر جاتا ہے اس لئے شکوہ شکایت محبت کو نفرت سے بدل دیتے ہیں۔ فانی رایت الحب فی القلب والاذی۔ اذا اجتمعا لم یلبث الحب یذھب۔ میں نے تو یہ دیکھا ہے کہ شوہر کی طرف سے محبت اور بیوی کی طرف سے نافرمانی کی تکلیف یا شکوہ شکایت یا شوہر کے غصہ کے وقت خود بھی غصہ میں آجانا جواب پر جواب دیتے جانا یہ دونوں باتیں اگر جمع اور یکجا ہوجائیں تو شوہر کی محبت ایسی بیوی سے ختم ہوجاتی ہے۔ **اشعار کا خلاصہ:** اگر شوہر کی محبت چاہتی ہیں تو میری نصیحتوں کو ان شعروں میں ہمیشہ یاد رکھنا جس کا خلاصہ دوبارہ سن لیں۔ شوہر کی غلطیوں کوتاہیوں کو فوراً معاف کر دینا دل میں ان کو مت رکھنا۔ 2) شوہر کے غصہ کے وقت خاموش رہنا، اپنی غلطی کا اقرار و اعتراف کر لینا چاہیے۔ اپنی غلطی نہ بھی ہو تب بھی یہ کہنا کہ آئندہ (باقی صفحہ نمبر 26 پر)

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کررہا ہے۔ **3**۔جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کردیتی ہے۔ **4**۔مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

مختار احمد' عارف والا۔سلمیٰ علی' راولپنڈی۔مزمل ارشد' اسلام آباد۔صفیہ بی بی' اسلام آباد۔صائمہ بی بی' جنڈ۔روبینہ کوثر' خان پور کٹورہ۔محمد عارف خان' پلندری۔عذرا فردوس' حیدرآباد۔غلام غوث' کراچی۔ تیمور خان' باغ آزاد کشمیر۔حافظ ثوبیہ نورین' بہاولپور۔شبیر احمد' خاران۔ میمونہ کوثر' ساگری۔صدف شریف خان' کراچی۔صوبیدار کرم دین' پنڈی گھیب۔ماجد امین' اٹک۔شمشاد' ڈیرہ اسماعیل خان۔محمد ابراہیم' سوئی۔ شوکت عباس' وہاڑی۔ مزمل ارشد' راولپنڈی۔ بشیر احمد' چوہڑ۔صائمہ' بھکر۔عظمیٰ سلیم' ملتان۔غوثیہ بانو' رحیم یار خان۔ناہید اختر' گوجر خان۔حمیدہ پروین' کراچی۔محمد الیاس' مظفر آباد۔محمد شرجیل' کھیوڑہ۔محمد ف،ن' چکوال۔حامد حسین' رسول پور۔کوثر' ڈی آئی خان۔نادیہ زیدی' راولپنڈی۔صائمہ تبسم' سرگودھا۔ثمینہ اکرم' فیصل آباد۔محمد رمضان' سرگودھا۔فیض الیاس' راولپنڈی۔دل نواز' حویلیاں۔فریحہ ریاض' لاہور۔ وقاص محمود' وہاڑی۔ سید عمران حسین قادری' کراچی۔سلمیٰ پروین' اوکاڑہ۔رخشندہ عندلیب' بہاولپور۔ڈاکٹر وسیم حیدر' لاہور۔مسز زاہد رضوی' ملتان۔عمر ایاز' اسلام آباد۔ رابعہ رشید خان' راولپنڈی۔شوکت علی' کوٹ قیصرانی۔ خادم حسین' سنانواں۔محمد سلیم حیات خان' اسلام آباد۔ ذوالفقار علی' صادق آباد۔ پروین بیگم' جہلم۔صفیہ بی بی' جہانیاں۔ آصف' میرپور ماتھیلو۔حسنین رضا' جھنگ۔مطلوب الرحمٰن' فتح جنگ۔عبدالقدیر' رحیم یار خان۔صائمہ اسلام' سکھر۔سیما محمد عالم' سید اظہر شاہ' ملتان۔ ارشد محمود' سکھر۔زبیدہ' کوئٹہ۔سید اعظم حسین شاہ کاظمی' مظفر آباد۔میاں ارشد عزیز' واہ کینٹ۔رضیہ سلطانہ' موہڑہ کورچشم۔دلرازہ بی بی' پشاور۔ حمیرا' بنگلوٹ پلاٹ۔محمد اسحاق' پشاور۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝ وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۝ وَ اِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝ وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝ (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ' سات دفعہ' گیارہ دفعہ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔

زبیدہ بیگم' اسلام آباد۔فائزہ' حیدرآباد۔خدیجہ' سانگلہ ہل۔ساجدہ بی بی' وہاڑی۔نسیم اختر' کراچی۔اخی جانہ بی بی' لکی مروت۔سمیعہ بی بی' راولپنڈی۔مبشر اعجاز گل' واہ کینٹ۔اقراء' کوٹ ادو۔سدرہ عمران' لاہور۔محمد معظم غفار' وہاڑی۔زوبیہ بشیر' چکوال۔سید وجاہت علی بخاری' ملتان۔ خالدہ شاہین' پنڈی بھٹیاں۔فرحت' لاہور۔عنبرین شہاب' اسلام آباد۔تحریم مصطفیٰ' کامونکی۔شیخ فرحت عباس' جھنگ۔حافظ محمد عمار حسین' میاں چنوں۔عفت شہزاد' ملتان۔ امیر اعظم' اٹک۔علی احمد' چونیاں۔ ماہی شیر' سرگودھا۔ ساجد اقبال' سرگودھا۔ عذرا پروین' کراچی۔ثروت' ڈیرہ غازیخان۔بنت محمد رفیق' پنڈی گھیب۔نسرین اختر' بھیرہ۔نصرت سعید' رواٹ۔محمد ماجد' ملتان۔رابیا راشد' لاہور۔نائلہ صفی' بنوں۔ثناء شیراز' راولپنڈی۔تنویر احمد' دینہ۔رخسانہ فاروق' کھائی پیر۔کوثر جبین' راولپنڈی۔سید حماد علی نظامی' کراچی۔فاطمہ ظفر' لاہور۔فرح ناز' کوٹ ادو۔محمد سلیم' دادو۔جویریہ بی بی' ایبٹ آباد۔نسرین ناز' کراچی۔ ساجد محمود' آزاد کشمیر۔محمد ایوب' ٹنڈو الہ یار۔ رابعہ بی بی' کوٹ ادو۔ریاض الحق' لاہور۔ غزالہ شاہین' لالہ موسیٰ۔ عاصمہ ہمایوں' راولپنڈی۔حاجی محمد امین' گوجر کان۔رفعت نوید' سیالکوٹ۔ریحانہ کنول' ڈی جی خان۔شائستہ' گوجرہ۔راجہ تنویر ثالث' دینہ۔ ناصرہ بی بی' اٹک۔ طاہر شاہ' پشاور۔فخر الدین' کراچی۔راحیل' لاہور۔محمد اسد' احسان پور۔عامر رحیم' ایبٹ آباد۔ ساجد حسین' کراچی۔امتیاز بیگم' کراچی۔تسلیم اختر' کراچی۔خلیل اللہ شیخ' نواب شاہ۔ راحیلہ' اٹک۔ شکیلہ' اٹک۔طاہرہ یاسمین' راولپنڈی۔حسن رضا' لاہور۔ زرینہ' جھنگ۔زینت احسان' گجرات۔رقیہ' ٹی ایم کے۔محمد فارق' کوٹ قاضی۔یاسمین نذیر احمد' لاہور۔منیزہ اسلم' سیالکوٹ۔شازینہ بلال' گوجرہ۔فرحانہ گل' ڈی آئی خان۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ کریں

یَاحَکِیْمُ یَاعَزِیْزُ یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ بکثرت یعنی روزانہ وضو بے وضو' پاک' ناپاک' ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ ہزاروں کی تعداد سے کم نہ ہو۔یہ عمل (کم از کم 90 دن) چند ہفتے' چند مہینے ضرور کریں۔دوران عمل حسب توفیق صدقہ ضرور کریں۔

رضیہ سلطانہ' مانو چک۔ حافظ افتخار علی' بہاولنگر۔صفیہ بی بی' جہانیاں۔ شبانہ اختر' راولپنڈی۔ مصباح فاطمہ' حسن ابدال۔ سید امجد علی' کراچی۔ بشریٰ اقبال' ٹورنٹو۔ نرگس سلطانہ' راولپنڈی۔ذکیہ پروین' محمد پور دیوان۔تسلیم اسد' راولپنڈی۔ باقر حسین' راولپنڈی۔نور العین' کراچی۔تمثیلہ ارم' مہرین ارم' کوئٹہ۔شاہدہ پروین' ساہیوال۔محمد عبدالحفیظ' دینہ۔محمد قاسم' کچہ کھوہ۔علی رضا' وہاڑی۔مہناز' راولپنڈی۔شبانہ جلیل' ملتان۔حنا' گوجرانوالہ۔فائزہ' ملیر کراچی۔نقاش ارشاد' راولاکوٹ۔شازیہ عندلیب' کراچی۔ میرب عمران' لاہور۔ ماریہ پرویز' مری۔محمد صابر' راولپنڈی۔نبیلہ حبیب' راولپنڈی۔ عابدہ' فیصل آباد۔شبنم بی بی' اٹک۔حمیرا بی بی' ہری پور۔ محمد یلسین' کراچی۔ ارفع' باغ کشمیر۔ پروین' پشاور۔ روشین جمیل' راولپنڈی۔ رخسانہ بی بی' راولپنڈی۔سدرہ رفیق' حیدرآباد۔ بی بی سدرہ' ضلع اٹک۔محمد ریاض' فتح جنگ۔جمیل احمد' کراچی۔حمیرا ارشد' کراچی۔عطرت حسین' راولپنڈی۔ زاہد' کراچی۔ صغریٰ زاہد خان' لاہور۔ شہناز پروین' فیصل آباد۔ صائمہ' سیالکوٹ۔ صدف سعد' راولپنڈی۔ثناء میر' چکوال۔مہوش نوشین' چکوال۔محمد سلیم ملک' کھوڑو۔ نصیر احمد' لاہور۔ چوہدری اورنگزیب' راولپنڈی۔صدف آصف' کندیاں۔عامر علی' اٹک۔ بشریٰ ملک' ایبٹ آباد۔عبدالحمید' حیدرآباد۔خواجہ محمود اقبال' فیصل آباد۔ محمد کامران' شکردرہ۔ مرزا امجد یعقوب براس' راولپنڈی۔محمد ادریس' تلہ گنگ۔حبیب الرحمٰن' بلانی۔سنبل کامران۔ منورہ بی بی' رحیم یار خان۔ ارم' راولپنڈی۔محمد زمان' گجرات۔صدف' راولپنڈی۔صائمہ' لاہور۔ناصر محمود' جہلم۔ رفاقت بیگم' راولپنڈی۔حفیظ اصغر' کلر سیداں۔عبدالحق' کراچی۔صدف نواز' ٹوپی۔محمد نعیم خان' بھیرہ۔محمد صدیق' چیچہ وطنی۔ محمد افضل خان' راولپنڈی۔ س۔ز' بہاولپور۔محمد سرفراز' میرپور آزاد کشمیر۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پر پہنچے تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو نا وضو' پاک ناپاک۔یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

نسرین خانم ایبٹ آباد

قسط نمبر 8

کسان نے دل کے راز قارئین عبقری کیلئے بتادیئے

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

شروع رب دو جہاں کے نام سے جس نے انسان کی خدمت وسہولت کیلئے جانور پرندے، درخت جمادات ونباتات پیدا فرمائے تاکہ وہ اس سے سہولت پائے اور شکر گزاری کرے۔ محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم دے کہ آپ نے اس جھوٹ' دغابازی کے گرم بازار میں فرشتہ رحمت بن کر انسانوں کے سر پہ سایہ فگن ہوئے اور نوع کو اپنی حکمت و دانش مندی سے سہولت پہنچانے کیلئے کوشاں ہیں چاہے وہ انسان ہوں' جنات ہوں' حیوانات ہوں یا جمادات' اللہ آپ کو اور بہت دے۔ آمین ثم آمین۔ عبقری کا نیا سلسلہ جو کسان بھائیوں کیلئے ہے انتہائی لاجواب ہے۔ میں آج کسان بھائیوں کے لیے چند ٹوٹکے لایا ہوں جو انتہائی آزمودہ اور لاجواب ہیں۔

جانور کی دم کے بال سے منہ کے زخموں کا علاج

کسان بھائیوں کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے کہ جب بھی کسی بھینس، بکری، بھیڑ وغیرہ کو منہ پک جانے کی بیماری ہو تو اس کے منہ پر بار بار سرسوں کا تیل لگا کر اوپر سے مہندی پسی ہوئی چھڑک دیں یا ان کی دُم کے آخری سرے کے بال کاٹ کر ان کے منہ پر برش کی طرح لگاتے رہیں تو اس طرح کرنے سے انشاء اللہ جانور صحت یاب ہوجائیں گے۔ کسان حضرات اور گوالے بھائی گوبر سے بالکل احتیاط نہیں کرتے جس کی وجہ سے طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہوجاتے ہیں' اس کیلئے احتیاط یہ ہے کہ جب بھی باڑے میں جائیں ہاتھوں اور پاؤں پر سرسوں کا تیل لگالیں کیونکہ ہاتھ پاؤں پر ذرا سا زخم ہونے کی صورت میں گوبر زخم پر لگے گا اور جراثیم پھیل جائیں گے جس سے بروسیلا بخار ہوجاتا ہے جو بہت خطرناک ہوتا ہے۔ تیل لگانے سے تیل زخموں میں چلا جائے گا اور مزید جراثیم پرورش نہیں پائیں گے۔

گھریلو مرغیاں کبھی بیمار نہ ہوں گی

گھریلو مرغیاں سردیوں میں زکام میں مبتلا ہوتی ہیں' ناک میں ریشے کی وجہ سے سانس تنگی سے اور منہ سے لیتی ہیں کچھ کھاپی نہیں سکتیں اس کیلئے میں نے اپنے طور پر قسط شیریں کو آزمایا' بہت مفید پایا اور جن مرغیوں پر آزمایا وہ دوبارہ اس مرض میں مبتلا نہیں ہوئیں' قسط شیریں کا سفوف پانی میں دو چٹکی گھول کر مرغی کے منہ میں صبح وشام' چیچ چیچ یہ پانی ڈالیں' ایک پیالی پانی میں چھوٹی چیچ سفوف گھول کر ڈربے میں رکھ دیں ساری مرغیاں یہی پانی پئیں۔ انشاء اللہ زکام اور گل گھوٹو کی بیماری سے ہمیشہ محفوظ رہیں گی یہ میرا آزمودہ ہے۔

جانور کے پیشاب میں اگر خون آرہا ہو تو

بکری، بھینس، گائے، بھیڑ وغیرہ کے بچوں کے پیشاب میں اگر خون آرہا ہو تو اسے پانی میں نشاستہ گھول کر کچی لسی کی طرح بنا کر پلائیں۔ (یعنی جیسے کچی لسی بناتے ہیں اس میں دودھ کم اور پانی زیادہ ہوتا ہے اسی طرح پانی میں نشاستہ کم اور پانی زیادہ رکھیں) اس کے علاوہ اس کے پینے والے پانی میں نشاستہ جو گندم کے دانوں سے بناتے ہیں' گھول دیں وہ پیتا رہے گا تو انشاء اللہ پیشاب میں خون آنا بند ہوجائے گا۔

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے ہمیں اس قابل کردیا کہ دلوں کے راز دنیا میں چھوڑ کر جائیں اگر آپ نے مزید حوصلہ افزائی کی تو انشاء اللہ ہر طرح کے واقعات پر قلم اٹھائیں گے اللہ تعالیٰ ہمیں اور آپ کو آسانیاں بانٹنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

جلنے کا نشان تک مٹ جائے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اگر کوئی آدمی آگ یا کسی چیز سے جل جائے تو اس کیلئے خشک کھوپرا لے کر اس کو آگ لگا کر کوئلہ بنالیں اور پھر اس کوئلے کو پیس کر باریک پاؤڈر بنالیں۔ صبح، دوپہر اور رات سوتے وقت جلی ہوئی جگہ پر یہ پاؤڈر لگائیں۔ انشاء اللہ جلنے کا نشان تک ختم ہوجائے گا۔ (محمد شعیب خان)

قسط نمبر 8

اچھا بیج اچھی فصل

حکیم ضیاء الرحمٰن' ملتان

ضیاء الرحمٰن یار میرا نزلہ' کھانسی' دمہ بالکل ٹھیک ہوگیا ہے۔ یار میں تو زندہ ہوگیا ہوں۔ میں تو جوان ہوگیا ہوں۔

ایک مرتبہ میرے خاندان کے تمام نوجوانوں اور میں نے اتوار کے دن شکار کا پروگرام بنایا۔ میں نے اپنے چھوٹے بیٹے کو بڑے حکیم صاحب کی خدمت میں یہ پیغام دے کر بھیجا کہ تیار رہیں کل ہمیں شکار پر جانا ہے۔ انہوں نے فرمایا کہ مجھے شدید نزلہ' زکام اور کھانسی ہورہی ہے میں نہیں جاسکوں گا۔ میں نے دوبارہ بیٹے کو بھیجا اور عرض کیا کہ آپ کو کل شکار پر چلنا ہے۔ پھر وہی جواب ملا کہ واقعی میں نہ جاسکوں گا۔ حتیٰ کہ چوتھی مرتبہ میں نے پیغام بھیجا کہ آپ سامان باندھ رکھیں کل کی کل دیکھی جائے گی۔

چنانچہ اگلے دن صبح ہم بڑے حکیم صاحب کے دروازے پر رک گئے' میں اندر گیا' میں نے حکیم صاحب کے کمرے پر جاکر بڑی محبت اور لاڈ سے انہیں بستر پر گرالیا اور ان پر چڑھ گیا۔ میں نے اپنی چھاتی ان کی چھاتی پر رکھ کر زور دیا اور پوچھا اب بولئے۔ تو فرمایا ''اچھا چلتا ہوں''۔ ہم نے ان کا سامان ویگن میں رکھا اور پھر ویگن میں بیٹھ گئے اور تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ بعد ہم مطلوبہ شکارگاہ پہنچ گئے۔ جنوری کا سرد مہینہ اور شکارگاہ میں گھٹنوں تک کیچڑ اور گارا۔ یہ تھی ہماری شکارگاہ۔ جہاں ہمیں بھاگ دوڑ کرکے شکار کرنا تھا۔ اب آپ خود سوچیں کہ جنوری میں کیچڑ اور گارا کتنا ٹھنڈا ہوسکتا ہے اور پھر اس میں تیزی کے ساتھ چلنے اور بھاگ دوڑ کرنے میں سینے اور پنڈلیوں کو کتنی طاقت صرف کرنا ہوگی۔ شکار شروع ہوگیا تقریباً ادھے گھنٹے بعد اتفاقیہ طور پر ہم ایک دوسرے کے قریب ہوئے تو کہنے لگے: ضیاء الرحمٰن یار میرا نزلہ' کھانسی' دمہ بالکل ٹھیک ہوگیا ہے۔ یار میں تو زندہ ہوگیا ہوں۔ میں تو جوان ہوگیا ہوں۔ یار تیرا بہت شکریہ! دیکھو میں نے اچھا بیج بویا تھا۔ اللہ نے آج اس کا پھل دیا اور میرے نہ چاہتے ہوئے بھی تم اصرار کرکے مجھے ساتھ لے آئے اب میں بالکل ٹھیک ہوں' اس کے بعد پورا دن ہم نے شکار کھیلتے گزار دیا۔ حکیم صاحب نے اس بات کو کئی مرتبہ محفلوں میں دہرایا۔ اور وہ ایک خاص لفظ بولا کرتے تھے ''شالا کوئی ہووئے'' اس سے ان کی مراد یہ ہوتی تھی کہ کوئی ایسا شخص ہونا خدا کی نعمت ہے جو دوسرے کو زندگی کی راہ پر چلنے اور آگے ہی آگے بڑھنے کیلئے حوصلہ بڑھانے والا اور کان مروڑ کر اچھی باتوں کی یاددہانی کرانے والا ہو۔

آسان آزمودہ گھریلو نسخہ!

پچاس سیکنڈز میں ہارٹ اٹیک کا دم ختم

یہ ایک ایسی دوا ہے کہ میڈیکل کی تمام ادویہ کا عمل کا دورانیہ ڈیڑھ منٹ سے دو منٹ تک ہے جبکہ دوائے مذکور صرف پچاس سیکنڈ میں اپنا اثر دکھاتی ہے۔ ہارٹ اٹیک کے عمل کے دوران تین ماشہ ادویہ کھلانے سے ایک منٹ کے اندر اندر درد دل سے نجات ہو کر آدمی شفا یابی سے ہمکنار ہوتا ہے۔

آب شفاء برائے شوگر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری گزشتہ چھ سال سے پڑھ رہا ہوں۔ میرے لاتعداد وظائف و نسخہ جات آپ نے عبقری میں چھاپے الحمدللہ لاکھوں لوگوں کا بھلا اور میرے لیے صدقہ جاریہ کا سبب بن رہے ہیں۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی اور بھیج رہا ہوں۔ میرے پاس ایک انتہائی لاجواب اور آزمودہ نسخہ شوگر کیلئے ہے جو میں قارئین عبقری کو ہدیہ کر رہا ہوں۔ یہ شوگر کی نہایت کامیاب و کامران دوا ہے۔ محلول ہونے کی وجہ سے فوراً عمل کر کے مرض کے قلع قمع کرتی ہے۔ اس کی تیاری اتنی آسان کہ اس کو تیار کرنے کیلئے کسی ماہر طبیب کی ضرورت نہیں بلکہ عام آدمی جو اس کو پڑھ رہے ہیں وہ بھی تیار کر کے اپنے عزیز و اقارب جو اس مرض میں مبتلا ہوں کو بنا کر دے سکتا ہے۔ لیجئے نسخہ کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔ اجزاء: گڑمار بوٹی پانچ تولہ' خستہ جامن پانچ تولہ' کریلا خشک پانچ تولہ' ہڑ پانچ تولہ' بہیڑہ پانچ تولہ' آملہ پانچ تولہ' برگ جامن پانچ تولہ' برگ نیم پانچ تولہ' برگ چرائتہ پانچ تولہ' ہزار دانی بوٹی پانچ تولہ' تمام ادویات کو آدھ کٹا کر لیں۔ یعنی بالکل میدہ نہیں کرنا' درا درا کرنا ہے۔ اس میں سے دس تولہ ادویات لے کر دو اڑھائی لیٹر والی خالی بوتل میں ڈال دیں۔ یہ بوتل تقریباً ہر گھر میں آسانی سے مل جاتی ہے۔ ادویات ڈال کر پھر اوپر سے ابلتا ہوا پانی ڈال دیں اور کچھ دیر پڑا رہنے دیں' پھر بوتل کو چار سے پانچ مرتبہ الٹا سیدھا کریں' پھر بوتل کو رکھ دیں اور روزانہ چار سے پانچ دفعہ دن میں بوتل کو الٹا سیدھا کریں' پانچ دن کے بعد دوا قابل استعمال ہو جائے گی۔ دس ملی لیٹر دوا دن میں تین دفعہ استعمال کروائیں اور انشاء اللہ مطلوبہ فوائد حاصل کریں۔ **درد دل کی فوری دوا:** یہ ایک ایسی دوا ہے کہ میڈیکل کی تمام ادویہ کا عمل کا دورانیہ ڈیڑھ منٹ سے دو منٹ تک ہے جبکہ دوائے مذکور صرف پچاس سیکنڈ میں اپنا اثر دکھاتی ہے۔ ہارٹ اٹیک کے عمل کے دوران تین ماشہ ادویہ کھلانے سے ایک منٹ کے اندر اندر درد دل سے نجات ہو کر آدمی شفا یابی سے ہمکنار ہوتا ہے۔ یہ مطب میں نہیں ہر گھر میں اس کا تیار رہنا نہایت ضروری ہے۔ نسخہ کے اجزاء اور ترکیب تیاری ملاحظہ فرمائیں۔ اجزاء: سورنجاں شیریں دو تولہ' کالی مرچ دو تولہ' ہینگ دو تولہ' زرنباد دو تولہ' تمام ادویہ کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور ایک پاؤ شہد میں ملا کر رکھ دیں' یہ معجون بن جائے گی۔ بوقت ضرورت درد دل میں استعمال کریں۔ درد دل انشاء اللہ ایک منٹ کے اندر اندر ختم ہو جائے گا۔ حفظ ماتقدم کے تحت اگر روزانہ صبح نہار منہ تین ماشہ دوا کھا لی جائے تو ہارٹ اٹیک کا خطرہ نہیں رہتا۔ (حاجی مہتاب حسین دہلوی' نوشہرہ کینٹ)

مچھلی اور معالجین کے تجربات

مچھلی ایک انمول نعمت ہے' پروٹین کا ایک اعلیٰ اور اہم ذریعہ ہونے کے علاوہ مچھلی دماغ و اعصاب اور قلب کیلئے بہترین ٹانک ثابت ہوتی ہے' مچھلی رفتار قلب پر بھی اثر انداز ہوتی ہے اس کی وجہ سے قلب کی رفتار کم رہتی ہے۔ مچھلی کے مفید قلب و شرائن ہونے کا ایک اور ثبوت آسٹریلیا کے محققین نے فراہم کیا ہے ان کے مطابق ہفتے میں دو مرتبہ مچھلی کھانے والے قلب کی تکالیف سے محفوظ رہتے ہیں۔ ڈاکٹر مارک وایکوسٹ کے مطابق ہفتے میں صرف تین سے چار اونس مچھلی کھانے والوں کی شریانیں نرم اور کھلی رہتی ہیں جس کی وجہ سے وہ قلب کی تکلیف سے محفوظ رہتے ہیں۔ مچھلی سے بالخصوص ذیابیطس کے مریضوں کو بہت فائدہ پہنچتا ہے ان کے پاؤں کی رگیں صحت مند رہتی ہیں۔

مچھلی سے اومیگا تھری روغنی تیزاب حاصل ہوتے ہیں جو عارضہ رگ دل کے سدباب میں اہم ہیں' مچھلی کھانے والوں میں خون کو گاڑھا کرنے والے امراض عام نہیں۔ ماہرین کی رائے میں مچھلی کا تیل بھی مفید قلب ہے' مچھلی کے تیل سے قلب پر کیمیائی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اوہانہ یونیورسٹی میں ہونے والی ایک حالیہ تحقیق کے مطابق حملہ قلب کے بعد مچھلی کا تیل استعمال کرانے سے پچاسی فیصد مریض حملہ قلب سے رونما ہونے والی قلب کی مہلک تیز رفتاری سے محفوظ پائے گئے۔ ایسے مشاہدات بھی ملتے ہیں جن سے ماہرین کا خیال ہے کہ مچھلی سے حاصل ہونے والی چکنائیاں اور تیل جسم میں موجود کولیسٹرول کی مقدار کو کم کرتے ہیں۔ مچھلی کا تیل ایک مشہور ٹانک ہے' یہ قوت مدافعت میں اضافہ کرتا ہے اس تیل کے چھوٹے چمچ میں وٹامن اے کے 4500 یونٹ ہوتے ہیں اس کے علاوہ پانچ سو یونٹ وٹامن ڈی بھی ہوتا ہے۔ **کدو:** حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ: ''مجھے مخاطب کرتے ہوئے رسول پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! جب خشک گوشت پکاؤ تو اس میں کدو ڈال کر اضافہ کر لیا کرو کیونکہ یہ غمگین دل کو مضبوط کرتا ہے''۔ دل کے ایک مریض کو بائی پاس آپریشن کے کچھ عرصہ بعد پھر سے تکلیف ہوگئی' ادویات بیکار ہو رہی تھیں اور اندیشہ تھا کہ آپریشن دوبارہ کرنا پڑے گا۔ انہوں نے ایک پرانی کتاب میں کدو کے بارے میں پڑھا۔ کدو کو گرم راکھ میں گھنٹہ بھر دبا کر رکھا گیا' پھر دھو کر اس کو اچھی طرح نرم کر لیا گیا' ایک سوراخ ڈال کر اندر کا پانی نکال لیا گیا۔ اسی طرح سات روز ایک کدو کا پانی پیا گیا۔ دل کی جملہ تکالیف جاتی رہیں' انہوں نے یہ علاج دوسرے کئی مریضوں کو بتایا سب کو فائدہ ہوا۔ کدو کے اس قسم کے فوائد پرانے حکماء کے پاس بکثرت ملتے ہیں۔ **سنگترہ انار:** حضرت عبدالرحمٰن بن ولہم رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تمہارے لیے اترج میں بے شمار فوائد موجود ہیں کیونکہ یہ دل کے دورے کی شدت کو کم کرتا ہے اور دل کو مضبوط بناتا ہے۔'' (مسند فردوس' دیلمی)۔ سنگترہ دل اور معدہ کو طاقت دیتا ہے' پیاس کو بجھاتا ہے' مدر بول ہے' منشیات کے برے اثرات کو دور کرتا ہے' سنگترہ کھانے سے اعصابی کمزوری دور ہو جاتی ہے' رنج' غم پریشانی اور نقاہت کو دور کرتا ہے۔ محمد احمد ذہبی نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت نقل کی ہے جس نے انار کھایا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو روشن کر دے گا۔ محدثین نے انار کو دل' جگر اور معدہ کیلئے مفید قرار دیا ہے۔ (ام احمد)

پیمپرز کی چھٹی! بچے اب بستر پر پیشاب نہ کریں گے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالے کا قاری ہوں' عبقری سے ہمیں بہت مفید اور اچھی اچھی باتیں سیکھنے کو ملتی ہیں۔ ایک نسخہ قارئین عبقری کیلئے بھیج رہا ہوں۔ یقیناً یہ نسخہ تقریباً ہر گھر کی ضرورت ہے۔ قارئین اس سے بھرپور استفادہ حاصل کریں گے۔ آزمودہ نسخہ ہے۔ جو بچے خاص کر سردیوں میں سوتے وقت بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں (بعض بڑے ہونے کے باوجود بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں) ان کو یہ نسخہ کھلانے سے اس تکلیف سے نجات مل جاتی ہے۔ ھوالشافی: پان کی جڑ بیس روپے' سونٹھ بیس روپے' پستہ تیس روپے۔ ان اشیاء کو کوٹ لیں' پھر حسب ضرورت چینی بھی کوٹ کر ملا دیں۔ ایک چمچ سوتے وقت پانی سے دیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔ پانچ یا پانچ سال سے زیادہ عمر کے بچے کو یہ دے سکتے ہیں۔ مجرب نسخہ ہے۔ (محمد اکبر خان' لیہ)

بارش کا پانی صحت کا جانی (قسط نمبر 4)

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

بارش کا پانی موجودہ سائنس کی آخری ترقی کے مطابق جسم انسانی کیلئے اتنا ضروری ہے جتنا کہ آکسیجن' کیونکہ بارش کے پانی میں آکسیجن کی ایک بہترین مقدار شامل ہوتی ہے یہ پانی دنیا کے ان چند صحت افزا چشموں سے بھی زیادہ صحت منداور مفید ہے جن چشموں کا پانی عمرِ خضر کیلئے نہایت مفید سمجھا جاتا ہے یا جن چشموں کے پانی کے بارے میں پرانی داستانیں ہیں کہ ایک بادشاہ شکار کھیلتے کھیلتے کہیں دور نکل گیا اور پیاس نے ستایا' چشمے کی تلاش میں ایک ایسے ہی چشمے پر گیا جہاں سے سیر ہو کر پانی پیا' پانی پیتے ہی اس کے جسم میں تبدیلیاں شروع ہوئیں اس کے تمام جسم کے بال گر گئے اس کے تمام دانت گر گئے' وہ حیران شاہی معالج علاج معالجے میں لگ گئے لیکن کچھ ہی دنوں کے بعد اس کی جوانی لوٹ آئی۔ سیاہ بال پھر سے نکلنا شروع ہو گئے' دانت بہترین اور مضبوط خوبصورت نکلنے لگے اور وہ بڑھاپے سے ایک طاقتور جوانی کی طرف لوٹ آیا اور رہتی دنیا تک یہ کہانی مشہور ہوگئی کہ دنیا میں کچھ چشمے ایسے ہیں جن کا پانی پینے سے جسم واپس صحت تندرستی اور توانائی کی طرف لوٹ آتا ہے۔ قارئین! وہ چشمے پھر شاید بادشاہوں کو بھی نہ ملے' بادشاہوں نے ان کی بہت تلاش کروائی لیکن بارش کا پانی ایک ایسا آسمانی چشمہ ہے جو ہر غریب' فقیر' مالدار' ضرورت مند اور غیر ضرورت مند کو ہر وقت میسر ہے کیونکہ یہ آسمانی فضاؤں اور ہواؤں سے ایک خاص سفر کرتا ہوا اور خاص منزلیں طے کرتا ہوا پانی ایک جگہ برستا ہے۔ جو فصلیں بارانی ہوتی ہیں یعنی صرف بارش کے پانی پر اگتی ہیں ان کی طاقت اور دوسرے پانی کی طاقت میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ جس کی مثال کالے چنے کی ہے' کالے چنے کا تعلق اکثر بارانی علاقوں سے ہوتا ہے اور بھی دیگر فصلیں پھر ان کی طاقت اور قوت لوگوں کیلئے مثال ہے' کالے چنے کچے کوٹ کر گھوڑے کی غذا کیلئے استعمال کیے جاتے ہیں اور گھوڑے کی طاقت اور قوت بطور ''ہارس پاور'' استعمال ہوتی ہے۔ ہارس گھوڑے کو کہتے ہیں پاور طاقت کو کہتے ہیں۔ موٹروں' مشینوں اور ہیوی انڈسٹری کیلئے استعمال ہونے والی بڑی بڑی مشینری کو ناپنے کیلئے لفظ ہارس پاور استعمال ہوتا ہے۔ ہارس پاور کی بنیادی وجہ گھوڑے کی غذا اور گھوڑے کی غذا میں شامل چنا ہے اور چنے کی طاقت کی اصل وجہ بارانی علاقہ اور بارانی علاقہ کی سو فیصد شفاء یابی آسمانی چشمے یعنی بارش کا پانی ہے۔ بارش کا پانی وہ عظیم اور پاکیزہ صحت مند پانی ہے جس کے استعمال سے زندگی کی صحت اور تندرستی ایسے لوٹ کر آتی ہے جیسے کوئی دنیا کے بڑے طاقت ور وٹامن شاید آپ استعمال کر رہے ہیں۔ خوش قسمت لوگ وہ ہیں جو بارش کے پانی کے قدردان ہیں۔ میں ایک بہت پرانی کتاب میں ایک واقعہ پڑھ رہا تھا کہ ایک درویش کے پاس جب لوگ اللہ اللہ سیکھنے جاتے تھے وہ پینے میں کنوئیں کا یا کوئی اور پانی سختی سے منع کرتے تھے' انہوں نے باقاعدہ اس کا انتظام کیا ہوا تھا اور وہ بارش کا پانی ہی پلاتے تھے۔ فرماتے تھے ذکر الٰہی' عبادت' اعمال یہ سب آسمانی تحفے ہیں اگر ان آسمانی تحفوں کے ساتھ آسمانی پانی استعمال کریں تو اس پانی کی طاقت اور تاثیر روحانیت میں اتنی تیز ہوتی ہے کہ انسان گمان نہیں کرسکتا وہ اپنے سالکین کو جو اللہ اللہ سیکھنے آتے تھے انہیں صرف پینے کیلئے بارش کا پانی ہی استعمال کراتے تھے اور بارش کا پانی اکٹھا کرنے کیلئے ان کے ہاں بھرپور وسیع نظام تھا اور پھر بے شمار مٹکے تھے جن میں بارش کا پانی محفوظ کیا جاتا تھا اور بہت قدر دانی اور احتیاط سے بارش کا پانی استعمال کیا جاتا تھا اور یوں ان کی خانقاہ سے بڑے بڑے ولی اور اللہ کے دوست بنتے تھے ان کی شہرت کا ایک خاص راز یہ بارش کا پانی بھی تھا۔

موجودہ سائنس نے بارش کے پانی کے سلسلے میں ایک اور بات بھی اپنی تحقیق میں بتائی ہے کہ ہوائیں اور فضائیں جب سمندر' پہاڑوں' دریاؤں اور چشموں سے جب پانی اٹھاتے ہیں تو اس میں کثیف اور بھاری مواد وہیں چھوڑ دیتے ہیں صرف لطیف اور حساس اجزاء اپنے ساتھ لاتے ہیں اور یہ حساس اجزاء ہی بادل اٹھاسکتے ہیں۔ بھاری اور کثیف اجزاء بادل ہرگز نہیں اٹھاسکتے۔ یہی لطیف اجزاء دراصل عرق ہوتا ہے' ہماری طب میں کبھی بھی جڑی بوٹی کا یا گلاب کے پھولوں کا جب عرق نکالتے ہیں تو پھولوں میں پانی ڈالتے ہیں پھر اس کو ابالتے ہیں اس سے ایک بھاپ یعنی سٹیم بنتی ہے وہی بھاپ جب اوپر جاتی ہے تو وہ پانی میں بدل کر عرق کی شکل میں باہر آتی ہے اور گلاب کے اندر یا کسی جڑی بوٹی کے اندر جو روحانی جوہر ہوتا ہے وہ عرق کی شکل میں جسم و جاں کی صحت اور تندرستی کا ذریعہ بنتا ہے بالکل یہی صورت حال بارش کے پانی کی ہے کہ بارش کا پانی بادلوں کے سہارے دراصل اس پانی کا جوہر ہوتا ہے جو بظاہر صاف شفاف لیکن اس کے اندر بے شمار بھاری کثافتیں اور ایسا میٹریل ہوتا ہے یا ایسا مواد ہوتا ہے جو صحت و تندرستی کیلئے کسی طور پر موزوں نہیں۔ یہ بادل ان میں سے بہترین جوہر بھاپ کی شکل میں اٹھا کر اپنے اوپر لادے پھرتے ہیں اور پھر بارش کی شکل میں ہمیں وہ تحفہ دیتے ہیں اور یہی تحفہ صحت تندرستی اور شفاء کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ پھر جب یہی بارش کا پانی صحرائی اور بدو پیتے ہیں تو وہ ان کی عقل ذہانت اور اچھی صحت کا بہترین ذریعہ بن جاتا ہے۔

بارش کا پانی صحت مند معاشرہ کیلئے آب حیات سے کم نہیں جو گھر، جسم اور صحت مند رہنا چاہتا ہے اسے عام پانی کی جگہ بارش کا پانی پلائیں۔ آپ سوچ نہیں سکتے کہ یہ تھوڑا سا پانی ہماری صحت کیلئے کتنا مفید اور موثر ہے۔ معاشرہ سے بیماریوں' تکالیف' روگ' دکھ اور آخری سے آخری مسائل کے حل کیلئے بارش کے پانی کا ہر گھونٹ آسمانی اور روحانی شفاء ہے حتیٰ کہ وہ لوگ جو روحانی ترقی اور روحانی مقامات اور منازل طے کرنا چاہتے ہیں وہ بارش کے پانی سے ضرور دوستی کریں اور یہی سچ ہے کہ بارش کا پانی سچا ہے اور سچی شفا ہے اور آسمانی رحمت، برکت اور نور ہے۔

نہ کمر درد' نہ مردانہ امراض' واہ کیا بات ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو دونوں جہانوں کی خوشیاں عطا فرمائے۔ اللہ رب العزت اپنے علم میں سے آپ کو مزید علم عطا فرمائے۔ اللہ رب العزت آپ کو اپنی صحت کے خزانوں میں سے مزید صحت عطا فرمائے۔ فقیر کی طرف سے ایک نسخہ جسم درد' کمر درد اور امراض مردانہ کیلئے کمرکس، اور تج علیحدہ علیحدہ ہم وزن پیس لیں۔ پھر دونوں کو مکس کریں اور کڑاہی پر چڑھا کر نیچے ہلکی آنچ جلادیں۔ پھر ان دونوں کے ہم وزن گائے کا گھی تھوڑا گرم کرکے تھوڑا تھوڑا کڑاہی میں ڈالتے رہیں اور جب یہ پنجیری کی شکل اختیار کرلے تو اتار لیں۔ ایک چمچ صبح، ایک شام بھاسی پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ کمر کا درد کبھی نہیں ہوگا۔ خواتین بھی استعمال کرسکتی ہیں۔ صرف دس دن کے استعمال سے مردانہ امراض بھی ختم ہوجائیں۔ یقیناً استعمال کے بعد آپ کہیں گے واہ کیا بات ہے!۔ (طاہر عبداللہ' ڈیرہ اسماعیل خان)

(بقیہ: روحانی محفل سے فیض پانے والے)

میں موجود روحانی محفل ضرور کیا کرو' ہر وقت باوضو رہا کرو۔ میں نے عبقری رسالہ میں موجود ماہانہ روحانی محفل دکان میں بیٹھ کر کرنا شروع کردی۔ چند ماہ میں ہی میرے حالات بدلنا شروع ہوگئے اور اب الحمدللہ میری دکان پھر پہلے کی طرح ہی چلنا شروع ہوگئی ہے۔ (عبدالستار' مانسہرہ)

زندگی کی تین سختیاں: زندگی میں تین چیزیں نہایت سخت ہیں۔ 1۔خوف مرگ۔ 2۔شدت مرض۔ 3۔ذلت قرض۔

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج

جوابی لفافہ ضرور بھیجیں، مکمل پتہ لکھا ہوا۔ جواب میں جلدی نہ کریں۔

میں بہت ڈرتی ہوں: میرے شوہر کا کزن دماغی طور پر ٹھیک نہیں ہے، ایک بار اس نے چھوٹے بھائی کا گلا دبا دیا، بڑی مشکل سے گھر والوں نے چھڑایا۔ اس کے اندر اچانک اتنی طاقت آجاتی ہے کہ کئی لوگ مل کر سنبھالتے ہیں، اور مشکل ہوتی ہے، اس کی والدہ سمجھتی ہیں کہ اس پر کچھ اثرات ہیں جو یہ اتنا طاقتور ہوجاتا ہے، میں اس سے بہت ڈرتی ہوں، گھر والے کہتے ہیں تم جتنا ڈرو گی یہ اتنا ہی ڈرائے گا۔ (ک۔ش)

مشورہ: شدید ذہنی امراض کا شکار لوگ اپنے اور دوسروں کیلئے خطرہ ہوتے ہیں، اس قدر آزاد نہیں رکھا جاسکتا کہ وہ کسی کا گلا دبا دیں یا اچانک حملہ کردیں ایسے لوگوں کو اثر، اثرات کے زیر اثر سمجھ کر خصوصی رعایت مل جاتی ہے جوان کی کیفیت کو مزید خراب کردیتی ہے، آپ اس سے محتاط رہیں۔ گھر والوں کو بھی بتائیں کہ علاج سے اس کے پرتشدد رویے کو کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ زیادہ طاقت کا ظاہر ہونا بھی بیماری کی علامت ہے۔

بوریت کا حل بتادیں: ایک وہ وقت تھا جب میں اپنے گھر والوں کے بغیر ایک دن بھی نہیں گزار سکتی تھی اور آج مجھے علیحدہ رہتے ہوئے ایک سال ہوگیا ہے، صبح جب نیند سے بیدار ہوتی ہوں تو شوہر جاب پر جاچکے ہوتے ہیں، ان کے انتظار میں شام ہوجاتی ہے، وہ اتنے تھکے ہوئے ہوتے ہیں کہ ہم کہیں باہر نہیں جاسکتے، میری زندگی میں اتنی بوریت پہلے کبھی نہ تھی، خیال آتا ہے اٹھ کر اپنے گھر چلی جاؤں اور بھی کئی خیالات آتے ہیں، شوہر کی مرضی [illegible]ک سکول میں پڑھانے کی بات ہوئی، انگریزی اور اردو کے علاوہ وہاں عربی زبان بھی آنا ضروری تھی اس وجہ سے نہ جاسکی، عربی پڑھنا تو آتی ہے لیکن بول نہیں سکتی، مجھے بوریت کا حل بتادیں۔ (غ۔ش، عرب امارات)

مشورہ: عربی زبان میں گرامر بہت اہم ہے، کوشش کی تو اسے جلد سیکھ لیں گی، بول چال کا ماحول ملے گا تو مزید آسانی ہوگی، ماہرین نفسیات کی تحقیق کے مطابق بوریت یا بیزاری کی وجہ ماحول سے عدم دلچسپی کے ساتھ یکسانیت بھی ہے، اس جذباتی ردعمل پر قابو پانے کیلئے سوچ میں کچھ تبدیلیاں لانا ضروری ہیں، مثلاً اپنا گھر یہی ہے، ساری خوشیاں اسی گھر سے منسوب ہوں گی، لہٰذا یہیں خوش اور مطمئن رہنے والا رویہ اپنانا ہے۔

بھائی کی بیوی کی شکایات: ایک ماہ قبل ہمارے بڑے بھائی اپنی بیوی کے ساتھ الگ گھر میں چلے گئے، ان کی بیوی کو ہم سے بہت شکایات رہتی تھیں مگر بھائی کے جانے سے ہم سب ہی بہت اداس ہیں اور امی تو ایک ماہ سے مسلسل رو رہی ہیں، بھائی امی سے ملنے آتے ہیں ان کی بیوی نہیں آتیں، ہم لوگ بھائی سے پوچھتے ہیں تو وہ کوئی جواب نہیں دیتے، ہمیں حیرت ہوتی ہے ہمارے والد کو بھائی کے گھر سے جانے کا غم نہیں۔ امی کی غلطی اتنی سی ہے کہ وہ اپنی بیٹیوں یعنی ہماری حمایت کرتی تھیں۔ (س، لاہور)

مشورہ: ایک نہ ایک دن ہر ایک کا علیحدہ گھر بنتا ہے، کوئی حرج نہیں اگر آپ کے بھائی نے علیحدہ رہنا شروع کردیا، اس تبدیلی کو خوشی کے ساتھ قبول کرنا چاہئے، تعلقات اچھے ہوں گے تو وہ اب بھی آپ لوگوں کا خیال رکھ سکتے ہیں، والدہ سے ملنے آنا یہ ظاہر کررہا ہے کہ وہ علیحدہ رہتے ہوئے بھی آپ کے قریب ہیں۔ ان کی بیوی کے بارے میں زیادہ بات نہ کریں ورنہ بھائی سے تعلقات میں فرق آسکتا ہے۔

آگ، آگ، آگ: ایک روز فیکٹری میں آگ لگ جانے کا شور مچ گیا۔ سب سے زیادہ میں پریشان ہوا اور لوگوں کو دھکیلتا ہوا دروازے سے باہر نکلنے میں کامیاب ہوا۔ تھوڑی دیر بعد ایک حصے میں لگی ہوئی آگ پر قابو پالیا گیا۔ کوئی جانی نقصان بھی نہ ہوا، اب مجھے کام سے فارغ ہوتے ہی آگ لگنے کا خیال آتا ہے اور دل کی دھڑکن تیز محسوس ہوتی ہے۔ آگ کے تصور سے پسینہ آجاتا ہے، کام کرنا مصیبت بن گیا ہے، مالی حالات ٹھیک نہیں ورنہ اس جگہ کبھی نہ آتا۔ نہ آگ لگتی نہ یہ حال ہوتا۔ (عاشق حسین، ملتان)

مشورہ: حساس لوگ ناگوار واقعہ کا اثر اپنے ذہن پر کچھ اس طرح لیتے ہیں کہ ان کا سکون ختم ہوجاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بار بار منفی خیالات ان کے دماغ میں گردش کرتے ہیں، اگر اس طرح حادثات کے بعد جن میں جانی نقصان نہیں ہوتا اور کوئی بڑا نقصان پہنچنے سے پہلے صورتحال کو کنٹرول کرلیا جاتا ہے، مثبت انداز میں سوچا جائے تو گھبراہٹ نہیں ہوتی، مثلاً آپ کی جان بچ گئی اور سب لوگ محفوظ رہے، آگ بڑھنے اور پھیلنے نہ پائی، اس کے ساتھ سوچیں کہ آئندہ ایسے کون سے اقدامات کیے جائیں جو اس قسم کے حادثات ہونے سے روکیں۔ سوچ کا انداز بدلتے ہی فیکٹری میں کام کرنا آسان ہوگا۔

موٹاپے سے خوفزدہ ہوں: میں کھانا بہت احتیاط سے اور ڈر ڈر کر کھاتا ہوں پھر بھی کھانے کے بعد محسوس ہوتا ہے کہ گیس دماغ کی طرف جارہی ہے اور سر میں درد بھی ہونے لگتا ہے۔ میں موٹاپے سے خوفزدہ ہوں، بڑی عمر تک اسمارٹ رہنے کی خواہش ہے۔ میرے دوست تقاریب سے خوش خوش واپس آتے ہیں جبکہ میرے چہرے پر اذیت ہوتی ہے، ڈاکٹر بھی میرے معدے کے مسئلے کو سنجیدہ نہیں لیتے۔ (مجیب بٹ، گوجرانوالہ)

مشورہ: آپ کو موٹاپے کا خوف ہے یہ بات سکون سے کھانا نہیں کھانے نہیں دیتی اور ڈر کر کھانا کھانے کے سبب کھانے کی لذت کے احساس سے بھی محروم رہتے ہوں گے، طبی معائنہ کروانے کے علاوہ یہ بھی آگہی حاصل کریں کہ کس طرح کا کھانا مفید ہے اور پھر جب بھی کھانا کھایا جائے، لطف اندوز ہو کر کھائیں، خوشی کے ساتھ کھایا گیا کھانا بوجھ نہیں ہوگا۔ اگر معدے کا مسئلہ نہیں ہے تو یقیناً نفسیاتی مسئلہ ہے، جیسے ہی کھانے کے حوالے سے خوف اور تشویش پر قابو پائیں گے، گیس وغیرہ کی شکایات دور ہوجائیں گی۔

اکثر الجھ جاتا ہوں: پتہ نہیں ان دنوں مجھے کیا ہورہا ہے؟ کچھ بولتا ہوں سو خیال آتا ہے صحیح نہیں بولا۔ دوبارہ صحیح کرکے بات کہتا ہوں، اس کے بعد بھی تین مرتبہ پھر بولنے کی کوشش ہوتی ہے [illegible]رے دماغ میں پتہ نہیں کیا ہوا ہے، معمولی معمولی باتوں پر الجھ جاتا ہوں، ہاتھ دھوتے ہوئے خیال آتا ہے کہ ٹھیک نہیں دھلے، گنتی کرکے دھوتا ہوں، اسی طرح برش کرتے ہوئے بھی ہوتا ہے۔ (ف۔ق، کوئٹہ)

مشورہ: یہ کیفیت عام طور پر ایک دم نہیں ہوتی، دوسری نفسیاتی الجھنوں کی طرح اس کی بنیاد بھی کسی واقعہ، صورتحال اور خیالات میں ہوتی ہے، اس خیال پر قابو پانا ضروری ہے جو ایک کام کو کئی بار کرنے پر آمادہ کرتا ہے۔ آپ نے ایک بار کوئی بات کہی وہ دوسرے فرد کی سمجھ میں آگئی۔ اس کا مطلب ہے کہ بولنے کا انداز صحیح تھا، پہلے آنے والے خیال پر ہی اس بات کو نہ دہرائیں، تین مرتبہ بولنے پر مجبور ہوں گے، اسی طرح ہاتھ دھونے اور دیگر کاموں کو کرنے میں ذہن میں آنے والے خیالات کو روکنے کی ضرورت ہے جو ایک ہی کام بار بار کرنے پر اکساتے ہیں، ان کا مقابلہ کرنا ہے، اس کے بعد ہی ذہنی طور پر مطمئن اور پرسکون زندگی گزارنے کے قابل ہوں گے۔

بیٹے یا شوہر کی ستائی ماؤں بہنوں کے دکھ اب ختم

حمزہ سعید اتراء

تحدیث بالنعمۃ طور پر عرض کرتا ہوں جن سے یہ عمل ملا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی اپنی بیوی سے ناراض تھا اور سعودیہ میں رہتا تھا جب اس کی بیوی نے یہ عمل کیا تو فوراً واپس آ گیا، عمل کے آخر میں دعا کریں مجھے بھی یاد رکھیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض یہ ہے کہ بندہ نے آپ کے ماہنامہ عبقری میں ایک پوسٹر پڑھا کہ میاں بیوی کی محبت کیلئے آزمائے ہوئے عمل بھیجیں میں بھی عبقری کا چھ سات ماہ سے قاری ہوں لیکن عبقری سے رابطہ پہلے ہی ہو چکا تھا یہ ایک الگ موضوع ہے اصل بات جو آپ کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ بندہ 9،8 سال کی عمر میں ہی عملیات کا شوق دل میں اجاگر کر چکا تھا اسی لئے جب بھی کوئی کتاب یا کوئی عمل ملتا تو فوراً نوٹ کر لیتا اور خصوصاً جو اعمال حب (محبت) کیلئے ہوتے ان کو تو کبھی نہ چھوڑتا۔ ذیل میں جو عمل قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں یہ بہت مجرب عمل ہیں اور آزمائے ہوئے ہیں بشرطیکہ یقین کامل ہو۔ اگر کسی کا شوہر ناراض ہو تعلقات اچھے نہ ہوں تو سورۃ والضحیٰ 313 مرتبہ سات دن تک پڑھے اول و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔ تحدیث بالنعمۃ طور پر عرض کرتا ہوں جن سے یہ عمل ملا ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی اپنی بیوی سے ناراض تھا اور سعودیہ میں رہتا تھا جب اس کی بیوی نے یہ عمل کیا تو فوراً واپس آ گیا، عمل کے آخر میں دعا کریں مجھے بھی یاد رکھیں۔ اسی طرح ایک اور عمل کہ بیوی کو چاہئے 11 کالی مرچیں لے کر ان کو دھولے اور ہر مرچ پر 100 مرتبہ ''یاتنکفیل بحق'' پڑھے اور مرچ پر دم کرتے وقت الحب طالب بنت اعلیٰ حب مطلوب بنت یعنی طالب و مطلوب دونوں کا نام لیں اس طرح 19 مرچیں مکمل کریں اور سب کو آگ پر جلا دیں، ان شاء اللہ تین دن، سات دن میں کام ہو جائے گا لیکن یہ عمل 19 دن بلا ناغہ مکمل کریں انتہائی موثر ہے۔ 1) سورہ مائدہ کی آیت جس کا عمل انتہائی طاقتور ہے جب بھی آزمایا بے حد نافع پایا، اول و آخر تین بار درود شریف درمیان میں آیت ''یُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ'' 41 بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں اور اگر چھوہاروں پر دم کر دیں تو تاثیر بڑھ جائے گی۔ ویسے طریقہ یہ ہے کہ اگر ایسی چیز پر دم کریں جو پکائی جائے جیسے کھیر وغیرہ تو اس صورت میں چولہے سے اتار کر دم کی ہوئی چیز مکس کریں۔ سورہ یٰسین کی آیت وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿یٰسین ۹﴾ 31 مرتبہ کھانے کی چیز پر دم کر کے دیں۔ بعض مرد ایسے ہوتے ہیں جو گھر سے باہر دل لگا لیتے ہیں اول اس رابطہ کو ختم کیا جائے پھر محبت کے اعمال کئے جائیں۔ اگر دو شخصوں کے درمیان ناجائز محبت اور تعلق اور ان میں جدائی و نفرت مطلوب ہو تو مٹی کا ایسا برتن جس کو مطلق پانی نہ لگا ہو جیسے ہانڈی وغیرہ اس پر سورہ کوثر مکمل لکھیں اور ساتھ یہ عزیمت بھی درج کریں

یاقاھر ذوالبطش الشدید انت الذی لایطاق انتقامه یاقاصر امرو هواحدا البغض والعدواۃ

نام طالب بنت ماں کا نام علی بغض نفاق و جدائی نام مطلوب بنت مطلوب کی ماں کا نام لکھ کر اس برتن کو چورا چورا کریں، مٹی کی طرح اور اس پر سورہ کوثر بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے مع اس عزیمت کے 313 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس بریدہ کو گھر کے کونوں میں پھیلا دیں، ان شاء اللہ شوہر کا دل بیوی کی طرف سے کہیں اور نہ جائے گا۔ آخر میں گزارش ہے کہ ان اعمال کو وہ کرے جو باشرع پانچ وقت کا نمازی ہو لیکن ناجائز جگہ استعمال نہ کریں ورنہ سخت ترین نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔ یہ عمل میں نے اپنی دکھی ماؤں بہنوں کیلئے بھیجے ہیں دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ نوٹ: آخر میں پھر لکھ رہا ہوں کہ بارہا تجربات کے جس نے بھی یہ اعمال ناجائز کیے اس نے سخت ترین نقصان اٹھایا۔ صرف جائز مقصد کیلئے کریں۔

(بقیہ: حکمت کی چوڑیاں)

ایسا نہیں ہوگا جیسے آپ کہیں گے ویسے ہی کروں گی۔ 3) شکوے شکایت مت کرنا شوہر کے گھر میں جو کچھ اللہ تعالیٰ دے اس پر شکر کرنا اور جو ساس نند دیورانی کی طرف سے تکالیف ہوں ان پر صبر کرنا، اللہ سے مدد مانگتے رہنا کبھی شوہر کا مزاج دیکھ کر کہنے میں حرج نہیں لیکن ایسا نہ ہو کہ شوہر تھکا ہوا گھر پر آئے اور بیوی کی طرف سے شکایتیں شروع ہو جائیں کہ آپ کی ماں نے یہ کہا، آپ کی بہن نے مجھے اس طرح ڈانٹا، بچہ اتنا شریر ہے بات نہیں مانتا، آپ میرا ساتھ نہیں دیتے وغیرہ وغیرہ۔ اس طرح کی شکایات مت کرنا۔ 4) ان شکایتوں سے شوہر کو تکلیف ہوگی اور جو رہی سہی محبت ہوگی وہ بھی ختم ہو جائے گی اس لئے کہ تکلیف اور محبت ایک ہی برتن میں جمع نہیں ہو سکتی۔

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

دماغ اور نظر کو تیز کرنے والا حلوہ

ھوالشافی: ڈیڑھ کپ سوجی' دو کپ دودھ کا پاؤڈر' دو کپ کھوپرا' پونا کپ گھی' چند سبز الائچی اور پستہ بادام' ایک کپ چینی جو میٹھے کے شوقین ہیں وہ ڈیڑھ کپ ڈال لیں۔ **ترکیب:** سوکھا دودھ' چینی اور کھوپرا ایک پیالے میں ڈال کر تھوڑا پانی ملا کر پیسٹ سی بنا لیں' گھی کو گرم کر کے الائچیاں دانے نکال کر کڑکڑائیں اور پھر سوجی ڈال کر بھونیں' جب خوشبو آنے لگے تو کھوپرے' چینی اور سوکھے دودھ والا پیسٹ ڈال کر بھونیں جب پینڈا چھوڑنے لگے تو کسی چکنائی لگے ٹرے میں ڈال کر ہموار کریں' اوپر بادام اور پستہ چھڑک دیں اور جمنے پر چھری سے چوکور ٹکڑیوں میں نشان لگائیں اور جب بالکل سخت ہو جائے تو علیحدہ علیحدہ کر لیں' ہر روز ایک ٹکڑا صبح ناشتے سے پہلے کھالیں' دو ہفتوں تک استعمال کر سکتے ہیں فریج میں رکھے بغیر۔ نظر و دماغ کیلئے بے حد مفید ہے۔

برائے خوف حاکم: جو شخص کسی صاحب سے خوف کرے اس کو چاہیے کہ یوں کہے کٓهٰيٰعٓصٓ كُفِيْتُ حٰمٓعٓسٓقٓ حُمِيْتُ اور کٓهٰيٰعٓصٓ کے کہتے وقت ہر حرف کے تلفظ پر داہنے ہاتھ کی ہر انگلی کو بند کرے یعنی کاف کہتے وقت سب سے چھوٹی انگلی بند کرے' ھا پر دوسری' یا پر تیسری' عین پر چوتھی اور ص پر انگوٹھا بند کرے اور حٰمٓعٓسٓقٓ کے ہر حرف پر بائیں ہاتھ کی اسی طرح انگلیاں بند کرے اور دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو بند کیے ہوئے اس حاکم کے سامنے جا کر کھول دے انشاء اللہ مہربان ہوگا۔ **برائے غنائے قلبی و کشائش ظاہری و باطنی:** ہر روز گیارہ سو مرتبہ یَامُغْنِیُ اور سورۂ مزمل شریف چالیس بار پڑھنے پر ہمیشگی کرے اگر چالیس بار نہ ہو سکے تو گیارہ بار پڑھے بعض بزرگوں سے منزل شریف اکتالیس بار پڑھنا منقول ہے اور بعض سے عشاء کی نماز کے بعد دو رکعتوں میں اکتالیس بار اس طرح کہ پہلی رکعت میں اکیس بار اور دوسری میں بیس بار پڑھے اور ایک یہ ہے کہ فجر کی سنتوں کے بعد ایک بار اور تمام نمازوں کے بعد دو دو بار شب و روز میں گیارہ بار ہو جائے۔ (بحوالہ: عبقری جلد نمبر 7)

بچوں کا صفحہ

عجب عدالت عجب مقدمہ عجب فیصلہ

ایک شہنشاہ جب دنیا کو فتح کرنے کے ارادے سے نکلا تو اس کا گزر افریقہ کی ایک ایسی بستی سے ہوا جو دنیا کے ہنگاموں سے دور اور بڑی پرسکون تھی۔ یہاں کے باشندوں نے جنگ کا نام تک نہ سنا تھا اور وہ فاتح اور مفتوح کے نام سے ناآشنا تھے بستی کے باشندے شہنشاہ اعظم کو مہمان کی طرح ساتھ لے کر اپنے سردار کی جھونپڑی میں پہنچے۔ سردار نے اس کا بڑی گرم جوشی سے استقبال کیا اور پھلوں سے شہنشاہ کی تواضع کی، کچھ دیر میں دو قبائلی اپنا مقدمہ لے کر سردار کی جھونپڑی کے اندر داخل ہوئے، سردار کی یہ جھونپڑی عدالت کا کام بھی دیتی تھی پہلے نے کہا کہ میں نے اس آدمی سے زمین کا ایک ٹکڑا خریدا تھا' ہل چلانے کے دوران اس میں سے خزانہ برآمد ہوا میں نے یہ خزانہ اس آدمی کو دینا چاہا مگر یہ نہیں لیتا میں یہ کہتا ہوں کہ یہ خزانہ میرا نہیں ہے کیونکہ میں نے اس سے زمین خریدی تھی اور اسے صرف زمین کی قیمت ادا کی تھی' خزانے کی نہیں۔ دوسرے نے جواب میں کہا: میرا ضمیر ابھی زندہ ہے' میں یہ خزانہ اس سے کس طرح لے سکتا ہوں' میں نے تو اس کے ہاتھ زمین فروخت کی تھی اب اس میں سے جو کچھ بھی برآمد ہو یہ اس کی قسمت ہے اور یہی اس کا مالک ہے۔ میرا اب اس زمین اور اس میں موجود اشیاء سے کوئی تعلق نہیں۔ سردار نے غور کرنے کرنے کے بعد زمین خریدنے والے سے کہا تمہارا کوئی لڑکا ہے' ''ہاں ہے'' پھر زمین بیچنے والے سے پوچھا اور تمہاری کوئی لڑکی ہے اس نے بھی اثبات میں گردن ہلا دی تو تم ان دونوں کی شادی کر کے یہ خزانہ ان کے حوالے کر دو' اس فیصلے نے شہنشاہ کو حیران کر دیا وہ فکر مند ہو کر کچھ سوچنے لگا۔ سردار نے شہنشاہ کی پریشانی دیکھتے ہوئے اس سے دریافت کیا۔ کیوں میرے فیصلے سے آپ مطمئن نہیں ہیں؟ نہیں ایسی بات نہیں ہے شہنشاہ نے جواب دیا۔ لیکن تمہارا فیصلہ میرے نزدیک حیران کن ضرور ہے۔ سردار نے سوال کیا: کہ اگر یہ مقدمہ آپ کے روبرو پیش ہوتا تو آپ کیا فیصلہ سناتے۔ شہنشاہ نے کہا پہلی تو بات یہ ہے کہ اگر یہ مقدمہ ہمارے ملک میں ہوتا تو زمین خریدنے والے اور بیچنے والے کے درمیان کچھ اس طرح کا جھگڑا ہوتا کہ بیچنے والا کہتا کہ میں نے اسے زمین فروخت کر دی ہے اور اس سے زمین کی قیمت وصول کی ہے اب جبکہ خزانہ نکل آیا ہے تو اس کی قیمت میں نے وصول ہی نہیں کی۔ اس لیے یہ میرا ہے۔ خریدنے والا کہتا کہ میں نے اس سے زمین خرید لی ہے تو اب اس میں جو کچھ ہے وہ میری ملکیت ہے اور میری قسمت ہے۔ سردار نے شہنشاہ سے پوچھا۔ پھر تم کیا فیصلہ سناتے' شہنشاہ نے اس کے ذہن میں موجود سوچ کے مطابق فوراً جواب دیا۔ ہم فریقین کو حراست میں لے لیتے اور خزانہ حکومت کی ملکیت قرار دے کر شاہی خزانے میں داخل کر دیا جاتا۔ ''بادشاہ کی ملکیت'' سردار نے حیرت سے پوچھا کیا آپ کے ملک میں سورج دکھائی دیتا ہے۔ جی ہاں! کیوں نہیں؟۔ وہاں بارش بھی ہوتی ہے؟ بالکل!۔ بہت خوب سردار حیران تھا لیکن ایک بات اور بتائیں کیا آپ کے ہاں جانور بھی پائے جاتے ہیں جو گھاس اور چارہ کھاتے ہیں۔ ہاں ایسے بے شمار جانور پائے ہیں ہمارے ہاں!۔ اوہ خوب! میں اب سمجھا' سردار نے یوں گردن ہلائی جیسے کوئی مشکل ترین بات اس کی سمجھ میں آگئی ہو اور بولا: تو اس ناانصافی کی سرزمین پر شاید ان ہی جانوروں کے طفیل سورج روشنی دے رہا ہے اور بارش کھیتوں کو سیراب کر رہی ہے۔ (محمد صفی اللہ ہمدانی' اٹک)

دُم چھلا

بہت سال پہلے ایک گاؤں میں ایک غریب آدمی اپنی بیٹی کے ساتھ رہتا تھا۔ وہ چرخہ پر روئی سے دھاگہ بناتا تھا۔ وہ بادشاہ کے محل بھی جاتا رہتا تھا۔ ایک دن اُس نے بادشاہ کو خوش کرنے کیلئے کہا: ''بادشاہ سلامت! میری بیٹی بہت قابل ہے وہ بھوسے کو چرخہ پر چلا کر سونے کا دھاگہ بنا سکتی ہے۔'' بادشاہ نے اس کی بات پر یقین کرتے ہوئے کہا: ''اچھا یہ تو بہت اچھی بات ہے۔ تم اس کو محل میں لے آؤ اگر واقعی اس نے بھوسے کو سونا بنا دیا تو میں اس سے شادی کر لوں گا ورنہ اس کو مار دیا جائے گا۔ اگلے دن باپ بیٹی محل آگئے بادشاہ نے اس لڑکی کو ایک چرخہ اور ایک بنڈل بھوسہ دیا اور کہا: ''لڑکی! رات بھر اس بھوسے سے سونا بنا دو' اگر تم نہیں بنا سکیں تو تم کو مرنا ہوگا۔ لڑکی جانتی تھی کہ یہ ناممکن کام ہے۔ وہ بیٹھی رو رہی تھی کہ اس کو ایک آواز سنائی دی' کیوں روتی ہے؟ لڑکی نے دیکھا تو ایک چھوٹا سا بونا اس سے پوچھ رہا تھا' جب لڑکی نے اپنا مسئلہ بتایا تو وہ بونا بولا: ''یہ بھی کوئی مشکل کام ہے' تم مجھے اپنی انگوٹھی اگر دو تو میں تمہارا یہ کام کر دوں گا' اس لڑکی نے اپنی سونے کی انگوٹھی بونے کو دے دی۔ تھوڑی ہی دیر میں بونے نے سارے بھوسے کو سونے کے دھاگے میں تبدیل کر دیا اور خود غائب ہوگیا۔ بادشاہ نے صبح جب دیکھا تو بھوسے کے بجائے سونے کا دھاگہ پڑا ہے تو وہ بہت خوش ہوا مگر اس نے کہا کہ آج رات مزید بھوسے کو سونے میں تبدیل کرنا ہوگا تاکہ ہمیں یقین ہو جائے کہ یہ کوئی جادو تو نہیں۔ لڑکی پھر رونے لگی' بونا پھر آگیا اور لڑکی سے مخاطب ہو کر بولا: آج اگر تم مجھے قیمت دو تو میں یہ کام کر دوں' لڑکی نے اپنا سونے کا ہار گلے سے اتار کر بونے کو دے دیا بونے نے پھر بھوسے کو سونا بنا دیا اور صبح ہونے سے پہلے غائب ہوگیا۔ بادشاہ نے صبح پھر بھوسے کے بجائے سونے کے دھاگے کے گولے دیکھے تیسرے دن بادشاہ نے لڑکی کو بہت بڑے کمرے میں بہت سے بھوسے کے ساتھ بند کر دیا یہ کہہ کر کہ ''یہ آخری امتحان ہے تمہارا' صبح اگر بھوسے کے بجائے سونا ہوا تو میں تم سے ضرور شادی کر لوں گا'' لڑکی پریشان تھی کیونکہ اس دفعہ اس کے پاس بونے کو دینے کیلئے کچھ نہیں تھا۔ بونے نے لڑکی سے کہا: میں آج بھی تمہارا کام کر دیتا ہوں مگر شرط یہ ہے کہ شادی کے بعد اپنا پہلا بچہ مجھے دے دو' لڑکی نے دل میں سوچا کہ وہ اپنا بچہ ہرگز نہیں دے گی مگر پریشانی میں اس نے بونے سے وعدہ کر لیا۔ اگلے دن بادشاہ نے اپنے وعدے کے مطابق اس لڑکی سے شادی کر لی۔ ایک سال بعد ایک بہت پیاری سی بچی پیدا ہوئی تو وہ لڑکی بہت خوش ہوئی۔ دن بہت اچھے گزر رہے تھے۔ بادشاہ بھی بہت خوش تھا۔ ایک دن کمرے میں اچانک وہ بونا آگیا اور لڑکی سے بولا: وعدے کے مطابق لاؤ یہ بچی مجھے دے دو' یہ سن کر وہ لڑکی اب ملکہ تھی بہت رونے لگی۔ وہ اتنا روئی اتنا روئی کہ بونے کو اس پر ترس آگیا۔ بونے نے کہا: اے ملکہ! اگر تم میرا نام بتا دو تو میں یہ بچی نہیں لے جاؤں گا۔ اس وقت میں جا رہا ہوں۔ ایک ہفتے کے بعد پھر آؤں گا۔ اگر تم نے میرا نام بتا دیا تو یہ بچی تمہاری رہے گی ورنہ میں لے جاؤں گا' یہ کہہ کر وہ غائب ہوگیا۔ ملکہ نے بہت نام سوچے مگر کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا۔ آخر اس نے پورے ملک میں اعلان کروا دیا کہ جو سب سے مختلف اور عجیب نام بتائے گا اس کو انعام دیا جائے گا۔ تین دن بعد ایک سپاہی ملکہ کے پاس آیا اور بولا کہ میں جنگل میں سے گزر رہا تھا کہ میں نے دیکھا کہ ایک چھوٹا سا عجیب شکل اور حلیے کا بونا آگ کے گرد ناچ رہا تھا اور کہہ رہا تھا' ملکہ کو میرا نام پتہ چل ہی نہیں سکتا کیونکہ آج تک میرا نام کسی کو پتہ نہیں' میرا نام ہے چھلا دم چھلا ہاہا!!!! ملکہ نے سپاہی کو انعام دے کر رخصت کیا۔ وعدے کے مطابق بونا آگیا اور ملکہ سے اپنا نام پوچھا تو ملکہ نے مذاقاً کہا: تمہارا نام اٹکن بٹکن ہے نا؟ بونے نے کہا: نہیں! ملکہ نے پھر کہا: اچھا! تمہارا نام اگڑم بگڑم ہے؟ بونے نے پھر کہا: نہیں نہیں۔ تم میرا نام نہیں جانتی لاؤ یہ بچی مجھے دے دو۔ پھر ملکہ نے آخر میں کہا: تمہارا نام چھلا دم چھلا ہے ناں؟ بونا بہت حیران ہوا اور غصہ سے اتنی زور سے زمین پر پاؤں مارا کہ خود ہی گر پڑا اور پھر اچانک ہی ہمیشہ کیلئے غائب ہوگیا۔ بادشاہ، ملکہ اور ان کی بیٹی شہزادی مزے سے رہنے لگے۔ (انتخاب: سانول چغتائی' رانجھو چغتائی' اماں زبیدہ چغتائی' بھورل چغتائی' احمد پور شرقیہ)

چڑیل نے بچے کا دل نکالا اور دھونا شروع کردیا

رات کوانہوں نے دیکھا کہ ایک چڑیل کھیتوں کے پانی کے پاس بیٹھی کچھ دھورہی ہے' میرے نانا ابو نے اس کے بال اپنے ہاتھوں سے باندھے اوراس کوحکم دیا کہ یہ جس بچے کا دل نکال کرلائی ہو' جا کر واپس ڈال آؤ' جیسے جیسے وہ جاتی رہی بال لمبے ہوتے گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتے ہیں' اس رسالے سے ہم نے بہت فیض پایا ہے۔اس میں آنے والے نسخہ جات اور وظائف کمال کے ہوتے ہیں۔میں بہت سے نسخہ جات اور وظائف اپنے ملنے والوں کو اکثر بتاتی رہتی ہوں جس سے انہیں بھرپور فائدہ ہوتا ہے اور میرے ساتھ وہ بھی عبقری کے گُن گاتے ہیں۔میرا تعلق ایک سید گھرانے سے ہے' میرے نانا ابو بھی گدی نشین تھے' ہروقت ان کے گھر لوگوں کی رونق لگی رہتی تھی' الحمدللہ! ہمارے معاشرے کیا پوری دنیا میں سید گھرانے کی بہت زیادہ عزت کی جاتی ہے۔ میرے نانا ابو بہت بڑے اللہ والے تھے ان کے کئی مرید تھے' میری والدہ ہمیں بتاتی ہیں کہ اس وقت وہ بہت چھوٹی تھیں' رات کا وقت تھا' میرے نانا ابو ذکر کرتے کرتے کھیتوں کی طرف چلے گئے' میری امی بھی ساتھ تھیں' کہتی ہیں جیسے ہی ہم تھوڑے آگے ہوئے تو ایک تلوار نظر آئی اور آواز آئی کون ہو؟ میرے نانا ابو نے آواز دی ''شاہ جی'' تو آواز آئی آجاؤ۔ پھر انہوں نے مل کر ذکر کیا اور مجھے (میری والدہ) غیبی ہاتھ نے پیار کیا اور پھر واپس تشریف لے آئے۔میری والدہ نے ایک اور بات ہمیں بتائی کہ رات کے وقت میرے نانا اپنی سفید گھوڑی پر زمینوں کا چکر لگاتے تھے کہ زمینوں کا پانی کوئی چوری نہ کرلے' رات کو انہوں نے دیکھا کہ ایک چڑیل کھیتوں کے پانی کے پاس بیٹھی کچھ دھورہی ہے' میرے نانا ابو نے اس کے بال اپنے ہاتھوں سے باندھے اوراس کو حکم دیا کہ یہ جس بچے کا دل نکال کرلائی ہو' جا کر واپس ڈال آؤ' جیسے جیسے وہ جاتی رہی بال لمبے ہوتے گئے' جب بچے کا دل واپس اس کے سینے میں ڈال کر آئی تو میرے نانا کے گھر کے پاس ہی قبرستان ہے' اس میں ایک کچا مٹی کا کمرہ تھا۔ نانا ابو نے اس کو اندر بند کردیا اور اس چڑیل کے ناک سے لکیریں نکلوائیں کہ جہاں تک ہماری نسل ہے نہ نظر آؤ گی نہ نقصان دو گی۔اس کی ساتھی سب چڑیلیں آگئیں سب نے معافی مانگی' جاتے ہوئے میرے نانا کو تو کچھ نہ کہہ کر گئیں مگر ان کی انتہائی خوبصورت قیمتی گھوڑی کو مار کر چلی گئیں۔ ایک اور واقعہ میری والدہ نے سنایا کہ ایک مرتبہ ایک محفل تھی تمام گاؤں والے جمع تھے' اس دور میں گاؤں میں بجلی نہ تھی' لالٹین اور دیئے مٹی کے تیل سے جلائے جاتے تھے۔اچانک تیل ختم ہوگیا' چارسو اندھیرا چھا گیا' رات کا وقت گاؤں میں دکان بھی بند' سب پریشان ہوگئے۔ میرے نانا ابو نے کہا لیمپ میں کنوئیں سے پانی بھرلاؤ سب حیران کے پانی سے لیمپ کیسے چلے گا' جب تمام لیمپوں میں پانی بھر کرلایا گیا تو سب حیران رہ گئے اس پانی کے بھرے لیمپ میں آگ لگی ہوئی اور ہر طرف روشنی پھیل گئی۔ آج بھی ہم گاؤں میں جاتے ہیں تو کنواں تو نہیں رہا وہاں نلکا لگا دیا گیا ہے مگر آج بھی اس پانی پر تیل نظر آتا ہے۔(م، ہری پور ہزارہ)

جنات کی شادی پر کھانا کھایا' گھر لایا مگر یہ کیا نکلا؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک دوست اپنے نانا کے حوالے سے ایک واقعہ بتاتے ہیں کہ ایک مرتبہ رات کے وقت وہ کھیتوں کو پانی ڈالنے جارہے تھے کہ گاؤں کے باہر ایک جگہ شامیانے لگے ہوئے ہیں' میرے نانا نے ذرا قریب جا کر دیکھا تو وہاں کسی کی شادی تھی۔اسی دوران ایک آدمی آیا اور انتہائی پیار اور اصرار کے ساتھ میرے والد کو اس شامیانے کے اندر لے گیا' اندر خوب چہل پہل اور رونق تھی' کچھ دیر بعد سب کو کھانا پیش کیا گیا تو میرے نانا بتاتے ہیں کہ میں نے آج تک اس طرح کے کھانے نہیں کھائے' بہت لاجواب تھے۔ جب کھانا کھا چکے تو میرے نانا واپس آنے لگے تو وہی آدمی پھر آیا اور کہنے لگا: جناب گھر کیلئے بھی لیتے جائیں اور انہوں نے کافی زیادہ کھانا میرے نانا کی چادر میں باندھ دیا۔ میرے نانا خوشی خوشی کھانا گھر لائے' رات کو سب سوئے ہوئے تھے' صبح اٹھے' سب کو بتایا کہ رات کو میں شادی پر گیا تھا' کسی نے یقین نہ کیا تو کہنے لگے آج ناشتہ نہ بنائیں شادی والے گھر سے میں بہت زیادہ کھانا لایا ہوں' تمام گھر والوں کی جستجو بڑھی تو نانا اٹھ کر اندر کمرے میں گئے' جب کھانے والی چادر اٹھا کر باہر لائے' سب کے سامنے کھولا تو اس میں صرف اور صرف ''گند'' تھا اور بدبو ایسی کہ دماغ پھٹ جائے۔ یہ ایک شرارت تھی جو جنات نے میرے نانا کے ساتھ کی۔ اللہ ہم سب کو شریر جنات کے شر سے محفوظ رکھے۔آمین! (ا۔ح، لاہور)

سلیم اللہ سومرو' کنڈیارو

کشادگی و خوشحالی کا راز

بنی اسرائیل میں ایک نیک صالح آدمی تھا اور اس کی بیوی بھی نیک صالحہ تھی' اس کو خواب میں کسی نے کہا کہ تیری عمر میں باقی اتنے سال رہ گئے ہیں اور اس باقی عمر کا آدھا حصہ تیرا شاہوکاری میں گزرے گا اور آدھا تنگی اور مسکینی میں گزرے گا۔ اب تیرے اوپر ہے کہ سوچ کر بتا کہ تیری عمر کا پہلا آدھا شاہوکاری اور کشادگی پر گزرے یا بعد والا؟ اس نیک صالح آدمی نے اسے کہا کہ میری نیک صالحہ بیوی ہے' میری زندگی کی وہ ساتھی ہے' میں اس سے مشورہ کرکے بعد میں بتاؤں گا۔صبح ہوئی' یہ سارا قصہ اس نے اپنی بیوی کو بتایا تو بیوی نے کہا کہ تو پہلے آدھے عمر کے حصے میں کشادگی طلب کر' بھلائی اور بہتری کو اولیت دے یعنی اس کو ترجیح دے۔شاید آگے چل کر اللہ تعالیٰ کو ہم پر رحم آجائے اور ساری زندگی سکھ والی بنادے۔ اب جب دوسری رات آئی تو خواب میں اس کو وہی شخص آیا اور کہا کہ تو نے اپنے لیے کیا پسند کیا ہے؟ اس نے کہا میں باقی عمر کے پہلے آدھے حصے میں آسودگی اور کشادگی پسند کرتا ہوں۔تو اس نے کہا کہ ٹھیک ہے ایسے ہی ہوگا۔ اس کے بعد اس کے لیے دنیا کے ہر طرف سے نعمتیں' مال آنا شروع ہوگیا۔ جب دولت بے حد ہوگئی تب بیوی نے اس سے کہا کہ جو بھی اپنے رشتہ دار مسکین محتاج ہیں یا پڑوس میں کوئی بھوکا یا مسکین آدمی ہو تو اس دولت سے ان کو تعاون کریں اور ان کی دعائیں حاصل کریں۔اس آدمی نے ایسا ہی کیا۔کرتے کرتے جب اس کی زندگی کا پہلا آدھا حصہ گزر گیا تب وہی آدمی خواب میں اس کے پاس آیا اور کہا کہ تو نے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کیا اور قدر کی' اس لیے تیری عمر کا باقی حصہ بھی اللہ تعالیٰ نے اسی طرح نعمتوں اور کشادگی میں گزارنے کا فرمادیا ہے۔(ماخوذ: قصص الانبیاء قطب الدین)

جتنا مرضی میٹھا کھاؤ' شوگر رہے ہرپل کنٹرول

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شوگر کنٹرول کرنے کیلئے میں یہ قہوہ قارئین عبقری کی خدمت میں پیش کررہی ہوں۔ ہمارے ایک جاننے والے ہیں ان کو اتنی شوگر تھی کہ 200 تک پہنچ جاتی' اب روزانہ شام کے کھانے کے بعد درج ذیل قہوہ پیتے ہیں' اللہ کا کرم ہوا شوگر ختم ہونے کے برابر ہے' قہوہ صرف رات کے کھانے کے قہوہ پینا ہے۔ ھوالشافی: سونف' اجوائن' لیمن گراس پتی' دار چینی' سبز پتی' سبز الائچی چھوٹی' خشک سبز پودینہ' ایک کپ کیلئے ایک چٹکی ہر ایک چیز کی ڈال کر قہوہ پکالیں اور پئیں چند دنوں بعد فرق محسوس ہوگا۔زبردست چیز ہے۔(ج۔ز)

بچے کے دانت آسانی سے نکلیں: شہد اور مکھن ملا کر اگر شیر خوار بچوں کے مسوڑھوں پر لگایا جائے تو دانت آسانی سے نکل آتے ہیں۔

یہ بے سکونی اموات خودکشیاں اور لڑائی جھگڑے

ایک مرتبہ تمام گھر والے ٹی وی دیکھ رہے تھے کہ اچانک ہی اس میں آگ لگ گئی' سرونٹ کوارٹر کی چھت اچانک گرگئی اور نوکرانی اس میں دب گئی شدید زخمی حالت میں باہر نکالا جب صحت یاب ہوئی تو دوبارہ اس گھر میں نہ آئی۔ رات کو کوئی بھی شخص سکون سے سو نہیں سکتا

بلاوجہ طلاق دینے کا انجام

یہ کائنات ایک نظام کے تحت چل رہی ہے' اللہ پاک نے ہر کسی کیلئے ایک اصول وضع کردیا ہے' جو بھی اس اصول سے انحراف کرے گا اسے سنگین نتائج بھگتنا پڑیں گے' جو شخص بھی کسی سے بلاوجہ زیادتی ظلم کرے گا اسے اس کا حساب دینا ہوگا۔ یہ تمام واقعات ہمارے اردگرد پھیلے ہوئے ہیں مگر ہماری آنکھوں پر مصروفیت کی پٹی چڑھی ہوئی ہے اور ہم اللہ پاک کے آفاقی نظام کو نہ دیکھ سکتے ہیں اور نہ ہی سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس طرح کا ایک واقعہ ہمارے علاقہ میں پیش آیا کہ والد کی اعلیٰ عہدہ پر ملازمت تھی' ملازمت کے سلسلے میں والد کو اکثر گھر سے باہر رہنا پڑتا تھا۔ والد خود نیک اور نمازی تھا مگر مصروفیت کی وجہ سے اولاد کو وقت نہ دے سکا اور ان کی صحیح تربیت نہ کرسکا۔ اولاد کے معمولات کو نہ دیکھ سکا۔ اس کی سوسائٹی کو نہ پرکھ سکا۔ گھر میں دولت کی ریل پیل تھی' مگر باپ کا کنٹرول نہ تھا جس کی وجہ سے اولاد خودسر اور ضدی ہوگئی' بیٹے میں عجیب قسم کا احساس برتری پیدا ہوگیا۔ والد صاحب ریٹائر ہوکر گھر آئے تو اس نے گھر کا ماحول دیکھا تو گھر پر پابندیاں لگادیں کہ وقت پر گھر واپس آئیں' بتا کر جائیں' دوست کون کون ہیں؟ مگر اب دیر ہوچکی تھی' بیٹے کے ذہن میں یہ بات بیٹھ گئی کہ باپ اس کا مخالف ہے' کہیں جانے ہی نہیں دیتا اور باپ نے اس کی آزادی چھین لی ہے۔ بیٹا اب پچیس سال کا ہوگیا تھا اس سختی کی وجہ سے خاموش رہنے لگا باپ نے اس کی والدہ سے مشورہ کیا کہ اس کی شادی کردی جائے۔ بیٹے کی مرضی کے بغیر ایک دینی گھرانے کی حافظ قرآن لڑکی سے شادی کردی گئی۔ بیٹا آزاد ماحول کا عادی تھا' بیوی صوم صلوٰۃ کی پابند تھی' اس وجہ سے آپس میں ذہنی ہم آہنگی پیدا نہ ہوسکی جس کی وجہ سے لڑکا زیادہ تر باہر وقت گزارنے لگا۔ کیونکہ یہ بات والد کے مزاج کے خلاف تھی اس لیے اس نے پہلے بیٹے کو پیار سے سمجھانے کی کوشش کی بیٹا باز نہ آیا۔ پھر والد نے سختی کی تو بیٹا بھی ضد پر اتر آیا۔ والد کو بہو سے ہمدردی تھی جب بھی بات ہوتی تو والد بہو کی طرفداری کرتا۔ اس بات سے بیٹا مزید چڑ جاتا تھا اور آئے روز لڑائی جھگڑے شروع ہوگئے۔ ایک دن بیٹا دیر سے گھر آیا والد انتظار میں بیٹھا تھا۔ والد نے سخت سست کہا تو بیٹا بھی طیش میں آگیا اور والد کے سامنے بدتمیزی کرنے لگا' بہو آگئی' سارے اکٹھے ہوگئے' والد نے غصہ میں کہا کہ نکل جاؤ میرے گھر سے' بیٹے نے بھی غصہ میں کہا کہ اگر آپ مجھے گھر سے نکال رہے ہیں تو بہو آپ کو پیاری ہے' اس لیے میں اپنی بیوی اور آپ کی بہو کو طلاق، طلاق، طلاق دیتا ہوں۔ اور ناراض ہوکر گھر سے چلا گیا۔ اب والد کو احساس ہوا ہے کہ یہ تو بہت بڑا نقصان ہوگیا ہے' بیٹا بھی گیا اور بہو بھی گئی' بہو کے والدین کو جب پتہ چلا تو وہ آکر اپنی بیٹی کو لے کر چلے گئے کہ اسے اب طلاق ہوچکی ہے اس لیے ہم اسے آپ کے گھر نہیں رکھیں گے' بہو کے والد نے کہا کہ آپ کے بیٹے نے بلاوجہ طلاق دی ہے اللہ کے غضب کو دعوت دی ہے اور انجام کیلئے تیار رہیں۔ بیٹے کو منا کر گھر لے آئے' چند دن بعد گھر میں عجیب وغریب واقعات ہونا شروع ہوگئے۔ گھر میں عجیب قسم کی دہشت محسوس ہوتی اور چند منٹ بھی اس گھر میں گزارنا محال ہوتا' ایک مرتبہ تمام گھر والے ٹی وی دیکھ رہے تھے کہ اچانک ہی اس میں آگ لگ گئی' سرونٹ کوارٹر کی چھت اچانک گرگئی اور نوکرانی اس میں دب گئی شدید زخمی حالت میں باہر نکالا جب صحت یاب ہوئی تو دوبارہ اس گھر میں نہ آئی۔ رات کو کوئی بھی شخص سکون سے سو نہیں سکتا کیونکہ کسی کے رونے کی مسلسل آوازیں آتی رہتی ہیں۔ سچ ہے کہ جس شخص نے بھی اپنی اولاد پر توجہ نہ دی اور اللہ کے حکم کی خلاف ورزی کی اس نے اللہ کے غضب کو للکارا اور اسے بھگتنا ہی پڑے گا اور کسی کو بلاوجہ طلاق دینا اللہ کی ناراضگی کو مول لینا ہے۔ (سید واجد حسین بخاری ایڈووکیٹ' احمد پور شرقیہ)

تمام دولت لے لو' سکون کا ایک پل دے دو

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں قارئین عبقری کو آج بتانا چاہتی ہوں کہ دولت جائیداد' کاریں' بنگلے کوئی چیز نہیں اصل چیز سکون ہے۔ میں چاہتی ہوں کہ کوئی میری ساری دولت لے لے مگر مجھے چند لمحات کیلئے سکون دے دے۔ مگر مجھے آج تک کوئی ایسا نہیں ملا۔ مختصراً عرض کرتی ہوں کہ میرے والد بہت دولتمند' جائیداد والے ہیں' اپنا بزنس تھا' زندگی میں اتنی دولت جائز و ناجائز طریقے سے اکٹھی کی کہ شہر کے سب سے زیادہ بااثر شخصیات میں نام ہوتا ہے۔ سود کا کاروبار بھی کرتے رہے اور اب بھی جبکہ بوڑھے ہوچکے ہیں خوب دولت کمارہے ہیں۔ اصل چیز جو بتانا چاہتی ہوں کہ اتنی دولت ہے کہ ہمیں خود نہیں معلوم کہ ہمارے پاس کتنی دولت ہے اور کہاں کہاں سے آرہی ہے مگر گھر میں سکون نام کی چیز نہیں' ہروقت لڑائی جھگڑے' بے سکونی۔ میرے ایک چھوٹے بھائی نے مسائل سے تنگ آکر خودکشی کرلی۔ میری شادی سے پہلے میری بھابھی نے مسائل سے تنگ آکر خودکشی کرلی۔ پھر میرے دو کزن ایکسیڈنٹ میں وفات پاگئے۔ میرے خاوند اچانک ہارٹ اٹیک سے چل بسے۔ میرے ایک کزن کے جوان بیٹے نے کنپٹی پر گولی مار کر خودکشی کرلی۔ ابھی اس کی موت کو چھ ماہ گزرے تھے کہ اس کی ماں فوت ہوگئی۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ہر خوشی سے پہلے ہمارے گھر میں ایک ماتم ہوجاتا ہے۔ موت زندگی اللہ کے اختیار میں ہے مگر یہ بے سکونی' اموات' خودکشیاں' ہروقت لڑائی جھگڑے صرف اور صرف حرام کی کمائی کا شاخسانہ ہے اور کچھ نہیں۔ ہم نے اپنے باپ کو لاکھ سمجھایا ہے کہ اب بھی وقت ہے سب بُرے کام چھوڑ دیں' حرام کی کمائی کو آگ لگادیں' مگر ان کی سمجھ میں اب بھی نہیں آرہا۔ کیا کبھی میری زندگی میں بھی سکون آپائے گا۔ کیا ہم بھی کبھی کوئی خوشی مناسکیں گے۔ مجھے لگتا ہے کہ کبھی نہیں' کیونکہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے جنگ کرنے والے ہمیشہ برباد ہی ہوتے ہیں۔ (پوشیدہ)

ایک علاقے کا مشہور چور تھا' بہت سارے اس کو چوری کرنے کے گُر آتے تھے' چوروں کی نانی کہلاتا تھا یا ماسٹر کہیں تو بھی بجا۔ لیکن جب بھی اس نے چوری کی اس نے اس سے کچھ نہ کھایا نہ کھلایا۔ اصل میں اس کے پیچھے اس کی ماں کی بددعا تھی' وہ کہتی تھی کہ اللہ کرے گا کہ چوری تیرے ہاتھ نہ لگے گی' چوری کرکے تو گھر پہنچے گا ہی تو چیزوں کے مالک بھی تیرے گھر پہنچیں گے۔ لوگ کہتے ہیں کہ ایسا ہی ہوا تھا ہر مرتبہ چوری پکڑی گئی۔ بالآخر اس کو ہر بار سزا ہوئی اور اس نے تنگ آکر مزدوری شروع کردی۔ (پوشیدہ)

کینو اس طرح کھاؤ' ملیریا کبھی نہ ہوگا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ ٹوٹکہ مجھے میرے والد صاحب نے بتایا تھا' مجھے ملیریا چھوڑتا ہی نہیں تھا' جب سے میں نے کینو کو درج ذیل طریقہ سے کھانا شروع کیا ہے الحمدللہ مجھے سات سال ہوگئے ہیں ملیریا نہیں ہوا۔ طریقہ یہ ہے: کینو کو چھیل کر اس کو بیج سمیت کھائیں' دو سے تین کینو روزانہ اس طرح کھالیا کریں اگر منہ کا ذائقہ کڑوا ہوجائے تو ایک کینو کو چھیل کر بیج نکال کر کھالیں۔ اس طرح کرنے سے منہ کا ذائقہ ٹھیک ہوجائے گا۔ (جویریہ نثار' گھانگھرو)

قارئین کے سوال
قارئین کے جواب

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ، تجربہ، کوئی فارمولا آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالے میں شائع کریں گے۔ کوشش کریں آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

فروری کے سوالات

1۔ پیشاب کا مسئلہ: محترم قارئین! مجھے ناف کے نیچے والے حصہ میں درد اور سوزش ہے' درد جلد کی اندر والی نالیوں میں ہے' اس وجہ سے میں صحیح طریقے سے بیٹھ بھی نہیں سکتا' جب چھوٹا پیشاب کرتا ہوں تو سخت درد ہوتا ہے' قارئین براہ مہربانی مجھے کوئی نسخہ بتائیں۔ (م۔ر، آزاد کشمیر) **2۔ عجب بیماری:** محترم قارئین! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں دن میں چار یا پانچ مرتبہ بڑا پیشاب کرتا ہوں' بڑا پیشاب آسانی سے ہوجاتا ہے' مگر مسئلہ یہ ہے کہ جس جگہ بھی جاتا ہوں تو ڈر لگتا ہے کہ کہیں بڑا پیشاب نہ آجائے' اگر باجماعت نماز پڑھتا ہوں تو کوشش کرتا ہوں کہ سب سے آخری صف میں کھڑا ہوں' اس مسئلہ کی وجہ سے گھر سے باہر جانے سے ڈر لگتا ہے۔ قارئین اس مسئلہ کا کوئی حل بتائیں۔ میں بہت مشکل میں ہوں۔ (بلال' پشاور) **3۔ سپلی کیلئے وظیفہ:** میری بیٹی پچھلے دو سال سے آئی سی ایس کا امتحان دے رہی ہے' مگر سپلی کلیئر نہیں ہو رہی' اس دفعہ بھی تین سپلیاں آئی ہیں' میری بہت خواہش ہے کہ میری بیٹی آگے بڑھے اب وہ پیپرز دینے کیلئے تیار ہے' اور آخری چانس رہتا ہے۔ چاہتی ہوں کہ وہ اس بار کامیاب ہوجائے۔ قارئین میری بیٹی کیلئے جلد از جلد کوئی وظیفہ بتایئے۔ انتہائی مشکور رہوں گی۔ (شہناز منظور' بہاولپور) **4۔ نسوار چھوڑنے کا طریقہ بتایئے:** قارئین! نسوار چھوڑنے کا کوئی روحانی طریقہ بتایئے' اس کے علاوہ میرا بدکاری کرنے کو دل کرتا ہے' جسم میں شدید کمزوری ہے۔ چہرے پر دانے ہیں۔ بھوک نہیں لگتی۔ امید ہے آپ عبقری رسالہ میں میرے مسائل کا حل ضرور لکھ کر بھیجیں گے۔ (م، ع)

رشتے کی بندش اور بستر کے زخم دونوں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مؤدبانہ عرض یہ ہے کہ ہم نے اپنے مسائل کے حل کیلئے آپ کے خط لکھا آپ نے جوابی لفافہ میں ہمیں چند وظائف بتائے ان وظائف کے پڑھنے سے ہمارے گھر کے حالات بہت بہتر ہوگئے ہیں' پہلے ہر وقت گھر میں میوزک چلتا تھا' اب ہمیں میوزک سے نفرت ہوگئی ہے۔ پہلے ہر وقت گھر میں بے سکونی تھی ہر کوئی آپس میں لڑتا رہتا تھا اور قرض بھی بہت زیادہ چڑھ گیا تھا لیکن جب سے وظائف شروع کیے ہیں ہر وقت کی بے سکونی اور لڑائی جھگڑے سے نجات ملی ہے اور قرض بھی اتر گیا اور مالی تنگی بھی دور ہوگئی ہے۔ اب میں قارئین عبقری کو ایک ٹوٹکہ بتا رہی ہوں۔ میرے بھائی کا ایکسیڈنٹ ہوا تو اس کی ایک ٹانگ ٹوٹ گئی' مسلسل بیڈ پر پڑا رہنے سے اس کو بیڈسور بن گئے جو کسی بھی دوائی یا مرہم پٹی کے ساتھ ٹھیک نہیں ہوتے تھے پھر میری امی کو ایک عورت نے ایک ٹوٹکہ بتایا اور جب امی نے وہ مرہم بنا کر بھائی کو پٹی کی تو چند ہی ہفتوں میں میرے بھائی ک بیڈسور ٹھیک ہوگئے۔ وہ ٹوٹکہ یہ ہے اس کو قارئین عبقری ضرور استعمال کریں اور میرے بھائی کیلئے خصوصی دعا کریں اللہ اس کو صحت و تندرستی دے۔ ٹوٹکہ یہ ہے: ایک پاؤ گندم' ایک پاؤ کھوپرا' ایک پاؤ دیسی گھی۔ گندم اور کھوپرا کو دیسی گھی میں اتنا جلائیں کہ وہ سیاہ ہوجائے' جب سیاہ ہوجائے تو اتارلیں' اب اسے رگڑیں' وہ بالکل ایک مرہم سی بن جائے گی۔ اس کو ایک ڈبے میں ڈال لیں اور صبح و شام لگا کر اوپر پٹی باندھ دیں۔ **رشتوں کی بندش کیلئے:** میری بڑی بہن کا تیرہ، چودہ سالوں سے رشتہ نہیں ہو رہا تھا' ہر کوئی بندش بتا رہا تھا جب یہ وظیفہ کیا تو میری بہن کا رشتہ انتہائی اچھی جگہ ہوگیا ہے۔ وظیفہ یہ ہے: رشتے کی بندش کیلئے میری تمام قارئین بہنیں سورۂ الم نشرح کی تسبیح روزانہ ضرور پڑھیں۔ میری امی اور بہن نے یہ تسبیح روزانہ پڑھی اور اللہ کا شکر ہے کہ میری بہن کا رشتہ ہوگیا۔ (عشرت بتول' چکوال)

غیر ضروری بال ہمیشہ کیلئے ختم کرنے کا ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! انتہائی مصروفیت کے باوجود عبقری قارئین کیلئے ایک انتہائی نایاب اور قیمتی نسخہ بھیج رہی ہوں یقیناً قارئین دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔ جنڈ کے درخت کے پھل کو لے کر انہیں گھوٹ لیں' جس جگہ کے بال ناپید کرنے مطلوب ہوں وہاں سے پہلے بال استرے سے یا جس طریقے سے کرنے ہوں' صاف کرلیں' پھر جنڈ جو گھوٹ رکھا ہے رات کو وہ کریم کی طرح لگا کر لیپ کریں' صبح دھودیں' یہی عمل چار یوم تک کریں' پھر عمر بھر بال نہ آئیں گے۔ (مسز سید محمد اعجاز بخاری' تلہ گنگ)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد پوری

''حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حسن اور حسین (رضی اللہ عنہم) عرش کے دو ستون ہیں لیکن وہ لٹکے ہوئے نہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اہل جنت، جنت میں مقیم ہوجائیں گے تو جنت عرض کرے گی اے پروردگار! تو نے مجھے اپنے ستونوں میں سے دو ستونوں سے مزین کرنے کا وعدہ فرمایا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا میں نے تجھے حسن اور حسین کی موجودگی کے ذریعے مزین نہیں کردیا؟ (یہی تو میرے دو ستون ہیں)'' (طبرانی)۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضرت حسن (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سینہ سے سر تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کامل شبیہ تھے اور حضرت حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سینہ سے نیچے تک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کامل شبیہ تھے۔ (ترمذی' احمد)۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہم حضرت عبدالمطلب کی اولاد جنت کے سردار ہیں جن میں میں، حمزہ، علی، جعفر، حسن، حسین اور مہدی شامل ہیں۔'' (ابن ماجہ)

(بقیہ: بچوں کو ہم بگاڑ رہے ہیں یا ماحول)

بگاڑنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ انداز و اطوار بدلنے میں ان کا بھی بہت دخل ہے، کوئی انٹرنیٹ کوئی موبائل کی تباہ کاریوں کا شکار ہے، مسلم امت پر یہ سب سے موثر تباہ کن وار ہے، ہر طبقے کا انسان اس کے آگے بے بس دکھائی دے رہا ہے، خوش قسمت لائق تحسین وہ والدین ہیں جنہوں نے اولاد کو اس وبا سے محفوظ رکھا ہوا ہے۔ بچے تفریحی طور پر موبائل ہرگز استعمال نہ کریں۔ فون کی اگر ضرورت پڑے تو مندرجہ ذیل تدابیر پر ضرور توجہ دیں: بچیوں کو Unknown نمبر سے آنے والی کالز ریسو کرنے سے سختی کے ساتھ منع کریں۔ موبائل پر کسی قسم کا لاک یا پاسورڈ قطعاً نہ لگانے دیں، ہینڈ فری کے استعمال پر خاص نظر رکھیں، ہینڈ فری پر بچے طویل گفتگو کرسکتے ہیں، معلوم ہوتا ہے کہ دینی درس اور نعت وغیرہ سن رہے ہیں۔ بچوں کے کنٹیکٹ نمبر پر سختی سے نظر رکھیں، فون کی رنگ ٹونز کو ہرگز سائلنٹ یا وائبریشن پر نہ رکھنے دیں۔ موجود بیلنس پر مستقل نظر رکھیں، تنہائی میں فون استعمال کی بالکل اجازت نہ دیں، ضرورت کے وقت خود استعمال کروا کر رات کو سب فون سیٹ اپنے پاس رکھیں۔ محترم قارئین! آپ کیلئے بہت ہی ضروری ہے کہ ٹی وی کی اسکرین سے باخبر رہنے کے بجائے اپنے دل و دماغ کی اسکرین کھولئے اور اپنے پیاروں سے باخبر رہنے میں ہی دنیا و آخرت کی عافیت ہے، والدین کو بچوں سے بے غرض بے لوث محبت ہوتی ہے، انہیں ہر پل ترقی میں دیکھنا چاہتے ہیں، بڑے مقاصد کیلئے قربانی بھی بڑی ہی دینا پڑتی ہے، بچوں بچیوں کے بہتر مستقبل کیلئے ان کی خود نگرانی کیجئے، دور جدید کے خرافات سے انہیں بچائیں، گھر میں ایسا ماحول پیدا کریں کہ خیر کی طرف ہمیشہ ان کی رغبت ہو، تاکہ فتنوں کے دور میں کوئی ہزیمت نہ اٹھانی پڑے، نوجوان نسل بہت زیادہ پیسہ اور قیمتی وقت ضائع کرنے سے بچ جائے، جس کیلئے ماحول آپ خود ترتیب دیں۔

اللہ کے ہاں جھوٹا: سچائی نیکی کی طرف ہدایت کرتی ہے' آدمی سچ بولتا ہے حتیٰ کہ صدیق ہوجاتا ہے' جھوٹ بدکاری کی طرف ہدایت کرتا ہے اور بدکاری دوزخ کی طرف ہدایت کرتی ہے' آدمی جھوٹ بولتا ہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے پاس جھوٹا لکھا جاتا ہے۔ (فرمان رسول کریم ﷺ)

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

☆نورانی بزرگ اور سفید گھوڑا ☆قائداعظمؒ اور علامہ اقبالؒ کے ساتھ سفر ☆سرمئی رنگ کے سانپ ☆میرے سسر مجھے دیکھ کر روتے ہیں

قائداعظمؒ اور علامہ اقبالؒ کے ساتھ سفر: میں نے دیکھا میں اور میرا کزن گھر سے نکلتے ہیں تو ایک گاڑی ہمارے آگے آکر کھڑی ہوجاتی ہے، ہم دونوں اس گاڑی میں بیٹھ جاتے ہیں تو اس گاڑی میں قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ بیٹھے ہوتے ہیں اور علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ گاڑی چلا رہے ہوتے ہیں، ہم اپنے علاقے سے باہر نکل کر مین سڑک پر چلے جاتے ہیں، سڑک پر سے گزر کر ایک بازار میں جا کر گاڑی رک جاتی ہے اور سڑک پر چلنے لگتی ہے، پھر ہم گاڑی کے ذریعے گھر پہنچ جاتے ہیں۔ (ر۔ل)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کی اشارہ ہے کہ آپ کو وطن عزیز کی خدمت کی عظیم ذمہ داری تفویض ہوگی اور ایسے لوگ جو ملک کے بدخواہ ہیں آپ کی مخالفت کریں گے لیکن اپنے مقصد میں ناکام رہیں گے۔ آپ کو نصیحت ہے کہ اپنی تعلیم پر توجہ دیں اور قرآن کو اپنا رہبر بنائیں۔ انشاء اللہ کامیابیاں آپ کا مقدر ہوں گی۔ واللہ اعلم!

سرمئی رنگ کے سانپ: میں نے خواب میں سرمئی رنگ کے سانپ دیکھے ہیں میں نے دیکھا کہ نئے گھر میں شفٹ ہوں اور فرش کے سفید ٹائلوں پر سانپ رینگ رہے ہیں۔ کیبنٹ کھولے تو 2 سانپ اس میں سے نکل کر گر پڑے۔ مگر کسی سانپ نے مجھے نقصان نہیں پہنچایا۔ (انیسہ' ملتان)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ اس وقت کسی قسم کی پریشانیوں میں مبتلا ہیں تاہم اس بات کا بھی اشارہ ہے کہ اگر ہمت سے کام لے کر ان سے نکلنے کی کوشش کریں تو آپ کو غیبی مدد حاصل ہوگی اور تمام پریشانیاں ایک ایک کرکے ختم ہوتی چلی جائیں گی۔ واللہ اعلم!

پاکستان اسٹڈیز کا پیپر: میں نے دیکھا کہ میں پاکستان اسٹڈیز کا پیپر دے رہی ہوں، ایک لڑکی پاس آئی ہے اور مجھ سے پیپر کیلئے جواب مانگ رہی ہے میں اسے گائیڈ دے دیتی ہوں اور کہتی ہوں کہ اس میں سے جواب ڈھونڈ لو۔ منظر بدلتا ہے، میں کسی اور جگہ گئی ہوں، کچے گھر ہوتے ہیں، وہاں پر میں کچھ ڈھونڈ رہی ہوں میرے ساتھ ایک آدمی بھی ہوتا ہے، ہم دیوار پر چڑھتے ہیں، چھت پر چڑھتے ہیں، وہاں پر بہت سارے کتے ہوتے ہیں، ہم پھر نیچے آتے ہیں۔ ایک بکری میرے پاس آتی ہے وہ بھی ہمارے ساتھ چلتی ہے، پھر اچانک میرا ہاتھ چاٹنے لگتی ہے، میں کہتی ہوں اسے پیاس لگی ہے، میں نلکا چلا کر اسے پانی پلاتی ہوں۔ (خالدہ' لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ انشاء اللہ آپ کو اچھی کامیابی ملے گی، تاہم تعلیم کا سلسلہ منقطع ہونے کا اندیشہ بھی ہے۔ واللہ اعلم!

میرا ملازم میرا مذاق اڑاتا ہے: میں نے دیکھا کہ میں ایک جگہ کھڑا ہوں، میرے پاس میرا چھوٹا بھائی اور اس کا ملازم بھی کھڑا ہے، میرے بھائی کا ملازم میرے کپڑوں پر مٹی ڈال دیتا ہے، میں اپنے بھائی سے شکایت کرتا ہوں کہ دیکھو تمہارے ملازم نے میرے کپڑے خراب کردیئے ہیں، اب مجھے یہ کپڑے اتارنے پڑیں گے، میرا بھائی اور اس کا ملازم یہ بات سن کر ہنسنے لگتے ہیں اور میرا مذاق اڑاتے ہیں۔ (شہریار' کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو متنبہ کیا گیا ہے کہ آپ اپنے کاموں کیلئے دوسروں پر انحصار نہ کیا کریں، ورنہ نقصان اور پچھتاوا ہی ہوگا۔ آپ ہر نماز کے بعد 41 بار یَاعَزِیْزُ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم!

میرے سسر مجھے دیکھ کر روتے ہیں: میری بڑی باجی نے دیکھا کہ ہمارے سسرالی گھر کے پاس ایک ہسپتال بنا ہوا ہے، اس ہسپتال کے اندر ہمارے سسر اور ہماری سب سے چھوٹی نند بیٹھے ہوئے ہیں، میں اور میری باجی وہاں جاتی ہیں، جب ہمارے سسر ہمیں دیکھتے ہیں تو بہت روتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو بھی فیصلہ ہوا، وہ میں نے نہیں کیا۔ اتنے میں ہماری بڑی دو نندیں آتی ہیں، ہمارے سسر اپنی بیٹیوں کو کہتے ہیں کہ بیٹا ادھر آؤ، باجیوں سے ملو پھر وہ ہمارے پاس آکر ہم سے ملتی ہیں، پھر ہماری بڑی بھابھی کی بڑی بہن وہاں آجاتی ہیں تو ہم دونوں بہنیں گھبرا کر چھپ جاتی ہیں، میری باجی اور میں دونوں مدرسے میں ہوتی ہیں، وہاں اور بھی بہت سی لڑکیاں ہوتی ہیں، مدرسہ بالکل ہمارے سسرالی گھر کے ساتھ ہوتا ہے۔ باجی دیکھتی ہیں کہ ہم بہت سی لڑکیاں اکٹھی بیٹھی ہیں اور قرآن پاک کا ترجمہ لکھ رہی ہیں۔ (مائرہ' اٹک)

تعبیر: آپ کی باجی کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے حاسدین اپنی سازشوں میں مصروف ہیں اور ایسا مواقع ڈھونڈ رہے ہیں تاکہ کسی طرح نقصان پہنچا سکیں، تاہم آپ معوذتین ہر نماز کے بعد گیارہ گیارہ بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم!

دوست کی گھڑی: میں نے دیکھا کہ میں اپنی دوست کو گھڑی دے رہی ہوں، میری امی کہتی ہیں کہ یہ 50 روپے کی ہے، میں کہتی ہوں نہیں، یہ اتنے پیسوں کی نہیں ہے، اس سے زیادہ پیسوں کی ہے، مگر میری امی ایک ہی بات پر اڑ جاتی ہیں، میں دل میں سوچتی ہوں کہ امی مجھے اس کے سامنے ایسے کیوں کہہ رہی ہیں۔ (سویرا' راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کسی تکلیف دینے والی بیماری سے یا پریشانی سے نجات ملے گی۔ آپ حسب توفیق صدقہ دے دیں اور ہر نماز کے بعد یَاحَفِیْظُ گیارہ گیارہ بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

نورانی بزرگ اور سفید گھوڑا: میری پڑوسن نے دیکھا کہ ایک بہت بڑا سمندر ہے اور دور سے ایک نورانی بزرگ ایک سفید گھوڑے پر سوار کنارے آرہے ہیں۔ چاروں طرف روشنی ہے اور پھر وہ دیکھتی ہے کہ آسمان سے ایک لمبا سا صندوق اتر رہا ہے، جس کو دیکھنے کیلئے اس نے میرا نام لیا اور کہا کہ دیکھو (ش) اس میں سفید روشنی جو ہر سو بکھر گئی ہے، وہ صندوق آسمان سے اترتا ہے اور ہم دونوں کے لے کر آسمان کی طرف چلا جاتا ہے۔ (ش،م)

تعبیر: آپ کی پڑوسن کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ اور آپ کی خواب دیکھنے والی پڑوسن کو ان شاء اللہ پاک کا تعلق نصیب ہوگا، آپ دونوں کثرت کے ساتھ استغفار اور درود شریف پڑھا کریں۔ واللہ اعلم!

استخارہ کیلئے میرا آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری قارئین کی روایت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک استخارہ کا عمل درج کرتا ہوں جو کہ میرا آزمودہ ہے۔ اس کا جواب کوئی آکر بتا جاتا ہے۔ یہ عمل تین جمعرات کو کیا جاتا ہے۔ عمل درج ہے: شب جمعہ کو رات بارہ بجے کے بعد اٹھ کر وضو کریں اور دو رکعت نماز نفل پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایک سو پچاس مرتبہ یَاعَالِمُ یَاعَلِیْمُ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر قبلہ کی طرف منہ کرکے سوجائے۔ جب تک نیند نہ آئے درود شریف پڑھتا رہے۔ پہلی دوسری یا تیسری جمعرات کو جواب مل جاتا ہے۔ صرف جمعرات کے جمعرات یعنی شب جمعہ کو یہ عمل کرنا ہے۔ (محمد ریاض خان' مظفر گڑھ)

بس! میں آپ کے شوہر کو وہاں ہرگز نہ جانے دونگی

اہلیہ محمد اشرف، لاہور

مجھے یہ جاب کرنے دو اور ہاں دیکھو موجودہ ادارے میں بھی جائز ناجائز سب چلتا ہے لیکن میں یہاں ایمانداری سے کام کر رہا ہوں نا۔ وہاں بھی ایسے ہی کروں گا۔ لیکن میرا دل کسی طرح بھی راضی نہ ہوا کہ میرے شوہر اس ادارہ میں جاب کریں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک خود پر بیتا واقعہ عبقری قارئین کیلئے پیش کر رہی ہوں۔ ''بے شک میرا اللہ میرے ساتھ ہے'' دو سال پہلے جب پنجاب میں گورنمنٹ جاب سے بین ہٹا تو لاہور کے ایک سرکاری ادارے کو مختلف گریڈ کیلئے درخواستیں مطلوب ہوئیں۔ میرے محترم شوہر جو کہ ایک سرکاری محکمہ میں چودھویں گریڈ پر کام کر رہے ہیں' مجھے کہنے لگے کہ میں نے اس ادارے میں 17 ویں گریڈ کیلئے بطور پرسنل اسسٹنٹ درخواست دینی ہے۔ تنخواہ بھی اسی ہزار ہو جائے گی اور گریڈ بھی بڑھ جائے گا۔ میں نے کہا ایسا نہ کریں۔ میری یہ بات سن کر انہیں غصہ آ گیا کہ بس تو مجھے ترقی نہ کرنے دے گی۔ ان الفاظ کو سن کر مجھے شدید صدمہ ہوا۔ میں نے ان سے کہا کہ وہ دن بھی یاد کریں کہ میں صرف 3100 تنخواہ پر بھی آپ کے ساتھ خوشی سے گزارہ کرتی تھی۔ (1996 میں جب میری شادی ہوئی)۔ میں نے آپ کی جیب کو دیکھتے ہوئے اپنی ہر جائز خواہش کو قربان کیا کہ گھر میں کوئی ناجائز رزق نہ آنے پائے۔ اب الحمدللہ اب اکتیس سے بڑھ کر پچاس ہزار سے زیادہ تنخواہ میں اس پر راضی ہوں' مجھے اسی ہزار نہیں چاہئیں کیونکہ اس ادارے کی نوکری میں جائز ناجائز سب چلتا ہے کہنے لگے کب تک میں کرائے کے مکان میں بیٹھا رہوں گا' مجھے یہ جاب کرنے دو اور ہاں دیکھو موجودہ ادارے میں بھی جائز ناجائز سب چلتا ہے لیکن میں یہاں ایمانداری سے کام کر رہا ہوں نا۔ وہاں بھی ایسے ہی کروں گا۔ لیکن میرا دل کسی طرح بھی راضی نہ ہوا کہ میرے شوہر اس ادارہ میں جاب کریں۔ میں نے انہیں بہت سمجھایا کہ آپ کثرت نہ دیکھیں برکت کو دیکھیں اور 14 ویں گریڈ سے 17 ویں گریڈ پر ترقی کر کے اگر اللہ کے ہاں عزت نہ ملی تو کہیں عزت نہیں مل سکتی۔ خیر اسی طرح چند دن گرم سرد تکرار چلتی رہی۔ جب میرے محترم شوہر کسی طرح بھی نہ مانے تو میں نے کہا چلیں: آپ بھی زور لگا لیں اور میں بھی اپنے رب سے کہہ کر منوا لیتی ہوں۔ جب یہ سنا تو کہنے لگے: اچھا پھر مفتی صاحب سے پوچھ لیتے ہیں۔ عیدالاضحیٰ ء سے دو دن پہلے مقامی مفتی صاحب سے پوچھا تو انہوں نے بلا جھجک فرمایا کہ ''جائز'' ہے۔ اب میں سخت پریشان! کہ جائز تو ہے لیکن تقویٰ تو نہیں ہے نا!!!۔ مجھے تو تقویٰ والی زندگی چاہیے' بس میں اپنے شوہر کو ہرگز ایسے ماحول میں نہ جانے دوں گی۔ جہاں ''سب جائز ہے'' چلتا ہو۔ حضرت مفتی صاحب سے ''جائز'' کا نام سننا تھا کہ اگلے دن شوہر صاحب انٹرنیٹ سے درخواست فارم نکال لائے۔ اسے فل کیا اور مجھے کہا اب بتاؤ۔ میں نے اپنی ڈائری (جس میں آپ کے درس کے دوران بتائے ہوئے اعمال لکھتی ہوں) کھولی اور سورۂ انعام کی آیت نمبر 45۔ کسی برائی کو دور کرنے کیلئے ہر نماز کے بعد (اول و آخر درود پاک) 21 مرتبہ پڑھیں۔ میں نے یہ عمل شروع کر دیا اور ساتھ بیٹی کو بھی اسی طرح پڑھنے کو کہا۔ اسی دوران عیدالاضحیٰ کی چھٹیاں ہوئیں اور درخواست فارم گھر میں ہی پڑا رہا کہ چھٹیوں کے بعد جمع کراؤں گا۔ ابھی یہ عمل دو سے تین دن ہی کیا ہو گا کہ میرے شوہر صاحب نے اس جاب کیلئے استخارہ کیا۔ خواب میں انہوں نے دیکھا کہ سب امیدوار اپنی درخواستیں اس ادارہ میں جمع کروا رہے ہیں اور جب درخواست جمع کروانے کی میری باری آئی تو جمع کرنے والے نے کہا کہ آپ درخواست جمع نہ کروائیں۔ یہ خواب میرے محترم شوہر صاحب نے مجھے نہ بتایا۔ ایک دن آپ کا درس سن کر ہم سب گھر واپس آئے تو میرے محترم میاں صاحب نے اپنا فل کیا ہوا فارم مجھے دکھایا اور کہا ''یہ لو تم جو چاہتی تھی وہ ہو گیا'' اب میں یہ فارم جمع نہیں کراؤں گا۔ پتہ نہیں تو کیا کرتی ہے اور کیا پڑھتی ہے کہ بس!۔ میں نے دل میں کہا: بے شک میرا اللہ میرے ساتھ ہے۔

آنکھوں کے تمام امراض کیلئے انوکھا سرمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس آنکھوں کے تمام امراض کیلئے ایک نسخہ ہے۔ ھوالشافی: سرمہ سیاہ سادہ دو تولہ' سبز الائچی دانہ ایک تولہ' تمباکو دیسی کڑوا صافی ایک تولہ۔ ان اجزا کو خوب باریک سرمہ بنا لیں۔ ایک تا دو سلائی آنکھوں میں لگائیں' بظاہر سلائی کو لگا نظر نہیں آتا' وہ بھی کافی ہے۔ آنکھوں کے تمام امراض مثلاً! آنکھوں سے پانی بہنا' درد' بینائی کی کمزوری' ابتدائی موتیا بند وغیرہ کیلئے انتہائی مفید و مجرب ہے۔ یہ نسخہ حکیم عبداللہ روڑی والے جہانیاں منڈی کی اطباء کے مجربات پر مشتمل سب سے پہلی کتاب سے ماخوذ ہے اور راقم کا آزمودہ ہے۔ (ج۔ش)

بیوٹی پارلر سے عبقری ملا وظیفہ پڑھا اولاد نرینہ ملی

مجھے بچپن سے روحانی علم کا بہت شوق تھا۔ عبقری سے منسلک ہونے سے پہلے کافی کتابوں سے وظائف وغیرہ پڑھے' لیکن کوئی نگرانی یا رہنمائی نہ ہونے کی وجہ سے فائدہ نہ ہوا۔ ایک وظیفہ جو مجھے اچھی طرح یاد ہے' حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہے ایک دعا تھی جو ہر روز چھ دن تک سو مرتبہ پڑھنی تھی جو کہ چوتھے کلمہ سے کافی مشابہت رکھتی تھی۔ بندے نے کچھ دن اس کا ورد کیا وقت مقررہ پر ورد کیا' ایک خواب میں دیکھا کہ میرے ہاتھ میں دو تلواریں ہیں اور میں اڑتا ہوا ایک ایسے عالم میں پہنچا ہوں جہاں پر زمین لکڑی کی تھی' اچانک ایک مخلوق جس کے چہرے واضح نہیں تھے انہوں نے مجھے گھیر لیا۔ میں نے تلواریں جو ہاتھ میں پکڑی تھی' غالباً ایک چھوٹی اور ایک بڑی تھی۔ میرے الفاظ تھے اے اللہ معاف کرنا' غلطی ہو گئی اور خواب ختم ہو گیا۔ اس خواب کے بعد ایک دن اچانک مجھے عبقری ایک بیوٹی پارلر سے ملا۔ ایک دن میں اپنی بیوی کو لے کر پارلر گیا' واپسی پر میری بیوی نے کہا کہ مجھے عبقری رسالہ لا کر دیں۔ میں چونکہ کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کافی زیادہ استعمال کرتا ہوں' میں نے فوراً نام اور ایڈریس پڑھا اس رسالے میں غالباً سورۂ بقرہ سے بیٹا پائیں کا کالم چھپا تھا۔ اس وقت میرا بیٹا نہیں تھا۔ میری مسز نے وہ عمل کیا۔ اللہ نے ہمیں بیٹا عطا کیا۔ الحمدللہ! میں نے کہا جہاں بھی ہو گا یہ رسالہ ڈھونڈ نکالوں گا۔ میں نے گھر آ کر انٹرنیٹ پر سرچ کیا تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی عبقری مجھے انتہائی آسانی سے مل گیا۔ میں نے اخبار والے ہاکر سے عبقری کے متعلق پوچھا تو اس نے اسی وقت نکال کر میرے ہاتھ میں تھما دیا۔ بقول اس کے یہ ہماری سب سے زیادہ سیل ہونے والی آئٹم ہے۔ عبقری جب سے ملا میری زندگی کی ترتیب ہی بدل گئی۔ اس میں سے دیکھ کر بہت سے اعمال کیے اور کیا خوب پایا۔ اس میں سے دیکھ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا ایک عمل جو نو چندی جمعرات سے رروزانہ ایک وقت نماز عشاء کے بعد 786 مرتبہ پڑھی' انیس دنوں تک۔ اس کی عجیب تاثیر ہے۔ ہر کام سے پہلے اور صبح و شام انیس دفعہ معمول میں ہے۔ تسخیر کیلئے لاجواب ہے۔ جس سے بھی ملتا ہوں بڑی مہربانی اور پیار اور خلوص سے ملتا ہے۔ (ذ۔ا)

حساب اورعاقبت میں آسانی: ایک عامل کا قول ہے کہ اسم یَامُحْصِیُ کو شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو اس کی عاقبت کے حساب میں آسانی ہوگی۔

خواتین پوچھتی ہیں؟!

ام اوراق

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

ادویات سے الرجی ہے: جب سے بچہ پیدا ہوا ہے میری صحت گرتی جارہی ہے، چہرہ بالکل خراب ہوگیا ہے، دودھ پلانے سے بھی کمزوری ہوتی ہے، رطوبتوں کا اخراج بڑھ گیا ہے، مجھے دوائیوں سے الرجی ہے، دودھ بھی پورا نہیں اترتا، میرا بچہ چھ ماہ کا ہے، وہ بھی اکثر بھوکا رہتا ہے۔ (ر۔ف)

مشورہ: بی بی! یہ سب کچھ آپ کی جسمانی کمزوری کی وجہ سے ہورہا ہے، چلہ میں خواتین بہت کچھ کھاتی ہیں، گوند وغیرہ کھانے سے بھی صحت بہتر ہوتی ہے، لگتا ہے آپ نے کچھ نہیں کھایا، اب آپ اصلی شہد صبح دو چمچ ایک پیالہ گرم دودھ میں ملا کر پینا شروع کریں، بچے کیلئے آپ تھوڑا سا سہاگہ توے پر بھون لیں، بالکل سفید ہوجائے تو اتار کر سنبھال لیں، آدھا چمچ شہد میں چٹکی بھر سہاگہ ملا کر بچے کے مسوڑھوں پر ملیے، دانت آسانی سے نکلیں گے اور بچہ بھی صحت مند رہے گا، شہد میں بہت طاقت ہے۔ آپ ناشتے میں گیہوں کا دلیہ اور کیلے کھایئے، آپ کی صحت بہتر ہوجائے گی، چھ ماہ کے بچے کو آپ چاول، دلیہ، کیلا وغیرہ دے سکتی ہیں۔

ماضی کے گناہ: تیس سالہ خاتون کا آٹھ دس صفحات پر مشتمل خط آیا ہے، ماضی کی یادیں ان کیلئے عذاب بن گئی ہیں، سکول و کالج کی پڑھائی کے دوران لڑکوں سے آزادانہ ملنا جلنا رہنا، پھر ایک مشترکہ گھرانے میں شادی ہوگئی، میاں تعاون کرنے والے اچھے انسان ہیں مگر وہ ماضی میں سرزد ہوجانے والی غلطیوں پر دل ہی دل میں پشیمان رہنے لگی ہیں، کسی کام میں دل نہیں لگتا، ہر وقت مذہب کے بارے میں سوچتی ہیں، گھر والے ٹی وی دیکھتے ہیں، تو انہیں برا لگتا ہے، حجاب پر بھی سختی سے عملدرآمد کرتی ہیں، میاں خاموش طبع ہیں، مہینوں ان کا قرب بھی نہیں ملتا، بے حد پریشان ہیں اور کوئی حل چاہتی ہیں۔ (پوشیدہ)

مشورہ: محترمہ! ساری بات تربیت کی ہوتی ہے، میں بارہا اس بارے میں لکھ چکی ہوں، ماؤں کو چاہئے کہ بچیوں کے ملنے والوں پر کڑی نظر رکھیں، ورنہ خرابیاں جنم لیتی ہیں، یہ خاتون سخت تھیں، ملنا جلنا رہا، مگر انہوں نے اپنے آپ کو حد میں رکھا، پھر بھی ان کا ضمیر ملامت کرتا ہے، کوئی اور لڑکی ہوتی تو سب کچھ گنوا چکی ہوتی، کالج یونیورسٹی میں آپس میں ملنا جلنا معیوب نہیں سمجھا جاتا، حالانکہ جو بات غلط ہے وہ غلط ہے، یہ اپنے شوہر کو بے پناہ چاہتی اور گھر میں مکمل اسلامی ماحول لانا چاہتی ہیں، اکثر بات کرتے ہوئے لہجہ سخت ہوجاتا ہے اور وہ اپنی بات غصے میں صحیح طریقے سے بیان نہیں کرسکتی ہیں، انہیں اپنے شوہر سے کوئی شکایت نہیں سوائے اس کے وہ چند لمحے ان کے ساتھ گزار سکیں۔ وہ بھی ذہنی دباؤ اور کمزوری کا شکار ہیں، اس کیلئے آپ کسی اچھے طبیب سے رابطہ کرسکتی ہیں، رہی ساس نند کی ٹی وی دیکھنے کی بات تو آپ انہیں منع نہیں کرسکتیں، دبے الفاظ میں کہہ ضرور سکتی ہیں، یہ ان کا ذاتی مسئلہ ہے، اللہ تعالیٰ بڑا رحیم و کریم ہے وہ اپنے بندوں کے گناہ معاف فرمادیتا ہے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے پیارے نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ایک بندے نے بہت گناہ کئے اور پھر کہا'' اے میرے رب! میں تیرا ہی گنہگار بندہ ہوں تو مجھے بخش دے۔ رب العزت نے فرمایا: میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی رب ضرور ہے جو گناہ معاف کرتا ہے اور گناہ کی وجہ سے سزا بھی دیتا ہے، میں نے اپنے بندے کو بخش دیا۔ پھر وہ بندہ رکا رہا، جتنا اللہ نے چاہا اور پھر اس نے گناہ کیا اور رب تعالیٰ سے عرض کیا، میرے رب میں نے دوبارہ گناہ کرلیا اسے بھی بخش دے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی رب ضرور ہے جو گناہ معاف کرتا ہے اور گناہوں کی وجہ سے سزا بھی دیتا ہے، پس میں نے اپنے بندے کو بخش دیا۔ پھر جب تک اللہ نے چاہا وہ رکا رہا، پھر تیسری بار گناہ کیا اور اللہ کے حضور عرض کیا: اے میرے رب میں نے پھر گناہ کرلیا تو مجھے بخش دے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی رب ضرور ہے جو گناہ معاف کرتا ہے اور گناہوں کی وجہ سے سزا بھی دیتا ہے، پس اب جو چاہے عمل کرے۔

بالکل پریشان نہ ہوں، گھر کی ذمہ داریاں نبھایئے، رہی بات شوہر کی سردمہری کی تو اپنا رویہ صحیح رکھیں، سب ٹھیک ہوجائے گا، ذہنی خلفشار پر قابو پایئے اور خوشگوار زندگی گزاریئے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اولاد کی نعمت سے نوازا ہے، ان پر بھرپور توجہ دیجئے۔

کمزور جسم: میری عمر چوبیس سال ہے، بہت دبلی پتلی ہوں، رشتے والے آتے ہیں، تو کمزور جسم دیکھ کر چلے جاتے ہیں، بہت دوائیاں کھائیں مگر موٹی نہیں ہوئی، آپ کے رسالہ کی قاری ہوں کیا آپ مجھے کوئی مشورہ دے سکتی ہیں؟ (م۔ع)

مشورہ: آپ نے یہ نہیں لکھا کہ آپ کیا کھاتی ہیں، آپ کم از کم چار کیلے روزانہ کھائیں یا ملک شیک پئیں، آج کل شکرقندی کا موسم ہے، دو کلو شکرقندی دھو کر چھیل کر اس کے باریک باریک گول قتلے کاٹ کر سکھالیں، اب ان کو پیس کر رکھیں، تین چار چمچ آٹا لے کر اصلی گھی میں ہلکا سا بھونیئے، گھی زیادہ ڈالئے، اب چینی چار چمچ لے کر تھوڑے سے پانی میں پکایئے، یہ شیرہ شکرقندی میں ملایئے، بادام، پستہ اور ناریل بھی کاٹ کر ملایئے، صبح اس کا ناشتہ کریں، شکرقندی کا حلوہ بڑے مزے کا ہوتا ہے، جب تک شکرقندی نہ سوکھے آپ تازہ شکرقندی کو کدوکش کرکے گھی میں بھون کر میوہ چینی ملا کر کھایئے، چار پانچ ہفتہ کافی ہے اس سے زیادہ نہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ جسم بھرنا شروع ہوجائے گا، خوراک اچھی رکھیں۔

میری بچی کے مسائل: میری بچی پانچ سال کی ہے، پیدائش کے وقت اس کے بال سیاہ تھے، اب عجیب سی مٹیالی رنگت کے ہیں، کنگھا کرتے ہوئے بال گرتے ہیں، سارے سر میں جوئیں بھی ہیں، بال گرنے سے سر کی جلد نظر آنے لگی ہے، جس سے بہت پریشان ہوں دوسری بات یہ کہ اس کے بازو پر بال نما رواں ہے جو برا لگتا ہے، اس کے متعلق ضرور لکھیں۔ (عالیہ نواز)

مشورہ: تلسی کے پودے ہر جگہ لگے ہوتے ہیں، آپ تلسی کے پتے منگوایئے، بے شک سکھا کر رکھ لیجئے، دو چمچ پسے ہوئے آملے اور ڈیڑھ چمچ تلسی کے پتوں کا سفوف کسی مٹی کے پیالے میں تھوڑا سا پانی ڈال کر رات کو بھگویئے، صبح بالوں میں اچھی طرح لگایئے، بیس منٹ بعد سر دھویئے اور باریک کنگھا کرکے تیل لگایئے۔ ایک پاؤ سرسوں کا تیل کڑاہی میں گرم کریں، مٹھی بھر نیم کے پتے ڈالیں، دو بڑے چمچ کلونجی ڈالیں، دو چمچ میتھی دانہ ڈال کر آپ ایک چقندر کے گول باریک قتلے کریں، ایک دو قتلے تیل میں ڈالیں، جل جائیں تو نکال کر دوسرے قتلے ڈالیں اور عمل یہ دہرائیں، ٹھنڈا ہونے کے بعد چھان کر رکھیں، سر دھو کر بالوں میں یہ تیل لگادیجئے، تین چار ماہ میں کافی فرق پڑ جائے گا، بالوں کا رنگ ٹھیک ہوگا اور وہ مضبوط بھی ہوں گے، تلسی اور آملے کا سفوف جوئیں دور کرے گا، بازو کے بالوں کیلئے آپ چھٹانک بھر ثابت ہلدی لے کر پیس لیں، بادام یا چنبیلی کی کھل منگوائیں، ایک چمچ کھل میں ہلدی کا ایک چمچ ملا کر پانی میں سخت سا آٹے کی طرح گوندھ لیں، ذرا سا نمک اور چند قطرے تیل ملا کر اسے پیڑے کی طرح گول کرکے بازو اچھی طرح ملیں، صبح و شام دس دس منٹ، روزانہ نیا پیڑا بنائیں، کھل نہ ملے تو آٹا لے لیں، روزانہ ملنے سے رواں دور ہوتا ہے، یاد رکھیئے ہلدی بازار کی پسی نہ ہو بلکہ ثابت ہلدی خود پیسی جائے تو فائدہ ہوگا۔

ادرک! آپ کے معدے کی سچی دوست

علی اسامہ قصور

ادرک کو شریانوں میں خون جمنے یا گاڑھا ہونے سے روکنے والی بہترین قدرتی دوا سمجھا جاتا ہے۔ اطباء قدیم سے دور حاضر کے ہربل ڈاکٹر تک خون کی شریانوں میں Clots کو جمنے سے روکنے کیلئے ادرک کا سہارا لیتے ہیں

تازہ ادرک کے استعمال سے پیٹ کا نظام درست رہتا ہے اس کے علاوہ متلی کی شکایت کیلئے بھی یہ بہت مفید ہوتی ہے، قدیم طبوں کے معالجین نے اسے موٹاپے کیلئے بھی بہت موزوں قرار دیا ہے۔ ادرک کے کیمیائی تجزیے کے مطابق اس میں فراری تیل کے علاوہ تیز تلخ رال، گوند، نشاستہ، ریشہ، ایسٹک ایڈ، ایسٹیٹ آف پوٹاش اور گندھک وغیرہ ہوتے ہیں۔ معروف قدیم یونانی طبیب جالینوس، ابن سینا اور پوموس کہتے ہیں کہ وہ فالج اور گٹھیا (جوڑوں کا درد) کے مریضوں کا علاج ادرک سے کرتے تھے، ادرک پر ہونے والی حالیہ ریسرچ نے بھی اسے معدے کی خرابی، گیس، تبخیر، جی کا متلانا اور انتڑیوں کی سختی میں انتہائی مفید قرار دیا ہے۔ ایک تحقیق میں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ یہ یرقان کیلئے بھی مفید ہے۔ اس مقصد کیلئے آدھا چائے کا چمچ ادرک کا رس نکال لیں پھر اس میں اتنی ہی مقدار میں لیموں اور پودینے کا رس ملا دیں پھر ایک کھانے کا چمچ شہد اس میں شامل کر کے دن میں تین مرتبہ استعمال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے، یہ نسخہ بدہضمی، اپھارہ، جی متلانا، بدمزاجی، چڑچڑاپن اور تھکن دور کرنے کیلئے بھی موثر ثابت ہوا ہے۔ ادرک میں غذا کے مضر اثرات کو ختم کرنے کی بھرپور صلاحیت ہوتی ہے، ثقیل غذاؤں مثلاً اڑد کی دال یا گوبھی وغیرہ کے ساتھ اسے شامل کرنے سے یہ آسانی سے ہضم ہو جاتی ہیں اور ان کا بادی پن بھی دور ہو جاتا ہے، ادرک کو چھیل کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے نمک چھڑک کر کھانے سے بھوک کھل کر لگتی ہے۔ معدے کے ساتھ ساتھ جوڑوں، پٹھوں اور اعصابی درد میں بھی ادرک کو اکسیر کا درجہ حاصل ہے۔ جاپان میں خاص طور پر ایسے مریضوں کا علاج ادرک ہی کی مدد سے کیا جاتا ہے، جاپان کے معروف ڈاکٹر کوجی پوموڈا جو ٹوکیو میں پریکٹس کرتے ہیں نے اس کیلئے ایک خاص فارمولا بتایا ہے جو کچھ اس طرح ہے کہ ادرک کے تقریباً ڈیڑھ انچ کے مناسب ٹکڑے چھلکے اتار کر ململ کی ایک تھیلی میں ڈال دیں اور ابلنے کیلئے ایک گیلن پانی میں رکھ دیں۔ تھیلی کو زیادہ سخت بند نہ کریں بلکہ اتنا ڈھیلا رکھیں کہ اس میں موجود ٹکڑے پانی ابلنے پر تھیلی کے اندر حرکت کر سکیں پھر سات منٹ تک برتن کو سختی سے بند کر دیں تا کہ بھاپ بالکل نہ نکل سکے، اس کے بعد لکڑی کی ڈوئی سے ململ کی تھیلی یا پوٹلی کو پانی میں دبائیں یہاں تک کہ ادرک سے نکلنے والا رس پانی میں اچھی طرح حل ہو جائے اور تھیلی میں صرف پھوک رہ جائے اس طرح پانی کا رنگ پیلا ہو جائے گا پھر نہانے کے ٹب میں اس پانی کو ڈال لیں۔ اس طریقہ کار کو اپنانے پر ادرک کے پانی سے اعصاب، پٹھوں اور جوڑوں کے درد میں کمی آتی ہے بلکہ تھکاوٹ کا احساس بھی دور ہو جاتا ہے۔ ادرک کو شریانوں میں خون جمنے یا گاڑھا ہونے سے روکنے والی بہترین قدرتی دوا سمجھا جاتا ہے۔ اطباء قدیم سے دور حاضر کے ہربل ڈاکٹر تک خون کی شریانوں میں Clots کو جمنے سے روکنے کیلئے ادرک کا سہارا لیتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ دل کے امراض میں بھی ادرک موثر ثابت ہوئی ہے، اس کے استعمال کا طریقہ کار یہ ہے کہ ایک تہائی چائے کا چمچ پسی ہوئی ادرک کو دونوں وقت کھانے کے درمیان دوبار استعمال کیا جائے۔ پھیپھڑوں میں جانے والی ہوا کی نالیوں میں تنگی، دمہ کالی کھانسی اور تپ دق میں بھی ادرک کا استعمال انتہائی موثر ثابت ہوا ہے، اس کیلئے دو کپ پانی میں دو کھانے کے چمچ پسی ہوئی ادرک ابلنے کیلئے رکھ دیں پھر ہر دو یا اڑھائی گھنٹے بعد گرم کر کے استعمال کریں۔ ادرک کا رس حیض سے متعلق خرابیوں یا رکاوٹ میں بھی فائدہ دیتا ہے اس ضمن میں تازہ ادرک کا ٹکڑا لے کر ایک کپ پانی میں ابال لیں اس میں تھوڑی سی چینی ڈال کر دن میں ہر کھانے کے ساتھ پینا مردوں کی جسمانی قوت میں اضافہ کرتا ہے، نیز اعصاب کی کمزوری سے ہونے والی اس کمزوری کیلئے یہ مرکب زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ ادرک میں جراثیم کش اجزاء کی بھی وافر مقدار پائی جاتی ہے جو مختلف امراض کے خلاف قوتِ مدافعت میں اضافہ کرتے ہیں یہاں تک کہ سرطان کے خلاف بھی یہ موثر خیال کیا جاتا ہے۔ ڈیپریشن اور ہیضہ سے بچاؤ کیلئے ادرک کی اہمیت تسلیم شدہ ہے۔

(بقیہ: درس سے فیض پانے والے)

ہو چکی ہے۔ پہلے ہمارے گھر سود کا پیسہ آتا تھا مگر درس کی برکت سے ہم نے وہ لینا بھی بند کر دیا ہے۔ ہمارے گھر میں سکون آگیا ہے۔ پریشانیاں کم ہو رہی ہیں۔ اللہ اب ہم سے ساری زندگی درس سننے کی سعادت نہ چھینے۔ آمین۔ (ک، ڈسکہ)


حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

اس سبق میں شیخ پیر علی ہجویریؒ نے ہمیں جو احتیاطیں بتائیں ہیں انکے اندر خیر خواہی کے جذبے ہیں۔ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے ہمیں یہ سبق دیا کہ اپنی زندگی احتیاط کے ساتھ گزاریں راستہ صرف توحید اور اطاعت نبی ﷺ والا اختیار کریں۔ ایسا نہ ہو کہ ساری زندگی محنت بھی کرتے رہے، مشقت بھی کرتے رہے، قربانیاں بھی دیتے رہے۔ آنکھ کھلی تو پتا چلا کہ وہ تو سراب تھا، دھوکہ تھا۔ وہ تو اللہ کی محبت والا راستہ تھا ہی نہیں۔ اللہ کے غیر کا محبت کا راستہ تھا۔ سرورِ کونین ﷺ کا پسندیدہ راستہ تھا ہی نہیں یہ تو سرورِ کونین ﷺ کا ناپسندیدہ راستہ تھا۔ شیخ مزید بتاتے ہیں کہ جب تک طبیعت نہیں ٹوٹے گی، اس وقت تک شریعت نہیں آئے گی۔ مطالعے کو طبیعت چاہتی ہے۔ ہم کہتے ہیں نہیں اسکو چھوڑ تنہائی میں بیٹھ کے ذکر کر۔ یہ کہتا ہے تھک جاتا ہوں۔ اب اسکی طبیعت کو توڑنا ہے۔ روزہ کس چیز کا نام ہے؟ سارا کا سارا طبیعت کو توڑنے کا نام ہے، شیخ معالج ہوتا ہے نا؟ معالج کہتا ہے کہ طبیعت کو توڑے گا تو صحت ملے گی۔ یہ چھوڑ دے، یہ چھوڑ دے، یہ چھوڑ دے۔ وہ کہتا ہے، جی چٹخارے، کہتا ہے چھوڑ! پھیکی چیزیں کھا۔ طبیعت ٹوٹی شوگر لیول کم ہوا، کولیسٹرول، یوریا، یورک ایسڈ فلاں فلاں کم ہوئے۔ شوگر لیول کم ہوا۔ جب لیول کم ہوا تو صحت ملنا شروع ہوگئی۔

منشائے شیخ پر چلانا: تیسری چیز یہ ہے کہ اسکو منشائے شیخ پہ چلانا ہے۔ اسکی منشاء یہ ہے کہ میں یہ پڑھوں۔ ہماری منشاء یہ ہے کہ یہ یہ نہ پڑھے۔ اسکو منشائے شیخ پہ چلانا ہے اور لانا ہے۔ تین ہو گئیں۔ کیونکہ اگر اسکو منشائے شیخ نہ آئی، اپنے مرشد کی منشاء نہ آئی اور اپنی منشاء پہ چلتا رہا۔ تو یہ سو سال بھی چلتا رہے گا تو ایسے ہی رہے گا کیونکہ اسکو ماننا ہی نہ آیا۔ (جاری ہے)

سوجھے یا پھولے گلے کا علاج: سوجھے ہوئے یا پھولے ہوئے گلے پر نمک کو کپڑے پر چھان کر انگلی سے لگانے سے آرام آجاتا ہے۔



قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کا بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں' نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

نہ کوئی پرہیز کیا نہ ورزش اور میرا موٹاپا ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ اپنی ہر تحریر میں فرماتے ہیں کہ اپنے تجربات و مشاہدات لکھیں تاکہ لاکھوں انسانوں کا بھلا ہو اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ قبلہ حکیم صاحب کا حکم کیسے انظر انداز کیا جاسکتا ہے کیونکہ حکیم صاحب جیسے اللہ تعالیٰ کے بندے خال خال نظر آتے ہیں۔ میں زندگی میں پہلی بار کسی شمارے میں لکھ رہی ہوں۔ اس سے پہلے کہ اپنے سینے کے راز لکھوں عرض یہ ہے کہ میں تو عبقری نہیں پڑھتی' مجھے کوئی شوق نہیں لیکن میری والدہ مرحومہ کو عبقری سے بے حد وحساب محبت تھی' عبقری کا تازہ شمارہ ان کے سرہانے رہتا' ہم سب بہن بھائیوں کو بٹھا کر پڑھ کر سناتیں' اس میں سے وظیفے کرتیں' نسخہ جات بنا کر استعمال کراتیں۔ جب تک پورا نہ پڑھ لیتیں انہیں سکون نہ آتا اور تب تک نہ ہمیں پڑھنے کیلئے دیتیں۔ آج جو میں سینے کا راز لکھ رہی ہوں یہ اپنی والدہ مرحومہ کے نام کرتی ہوں تمام عبقری کے میٹھے اور پیارے قارئین سے درخواست ہے کہ جب بھی نسخہ استعمال کریں میری والدہ مرحومہ کیلئے ضرور بالضرور دعائے مغفرت کریں اللہ پاک آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے گا اور حضرت حکیم صاحب کو اجر عظیم عطا فرمائے آمین! **جسمانی ورم اور موٹاپا کیلئے:** میں جب بھی بیمار ہوتی تو انگریزی ادویات استعمال کرتی' اس کا نقصان یہ ہوا کہ میرے پورے جسم پر ورم ہوگیا' پورا جسم بہت زیادہ موٹا ہوگیا' میرے چھوٹے بھائی نے یہ نسخہ کہیں پڑھا تھا اس نے مجھے کہا کہ یہ نسخہ استعمال کرو' میں ٹالتی رہی پھر تکلیف مزید بڑھی تو آخر یہ نسخہ استعمال کر ہی لیا۔ اگر آپ کے جسم پر ورم اور پیٹ بھی بڑھا ہوا تو کسی بھی کمپنی کا عرق مکو لے لیں اور ایک کپ صبح، ایک کپ دوپہر، ایک کپ شام پی لیں۔ تقریباً ستر روپے کی بوتل ہے۔ 25 یا 30 بوتلیں پی لیں۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو ایسے سلم وسمارٹ ہوجائیں گے کہ آپ کو یقین نہیں آئے گا۔ بوتل دو دن میں ختم کرنی ہے کسی قسم کا کوئی پرہیز نہیں۔ ورم اور موٹاپا دور ہوجائے گا۔

حد درجہ پریشانی اور حصول مقاصد کیلئے

نماز عصر کے بعد تنہا جگہ پر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ 313 بار سات دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ الکریم کامیابی حاصل ہوگی۔

حل المشکلات کیلئے سجدات تلاوت کا عمل

حضرت شیخ امام حافظ الدین عبداللہ بن احمد بن محمود نسفی (متوفی 710 ہجری) اپنی کتاب ''کافی شرح دانی'' میں فرماتے ہیں جس نے قرآن پاک کی تمام آیات سجدہ کیا تو اس کی جو بھی مصیبت و حاجت ہوگی اللہ تعالیٰ اس کیلئے کفایت فرمائیں گے (الطحاوی علی المراقی من 272 باب سجدہ التلاوۃ) دفع مصائب اور قضائے حاجات کیلئے یہ ایک بہترین عمل ہے اور اہل ایمان کیلئے تحفہ بے بہا' حاجت مند اس کو عمل میں لائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

طریقہ: پہلے وضو کریں پھر رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر سو بار درود شریف پڑھیں پھر تعوذ و تسمیہ (یعنی اعوذ باللہ و بسم اللہ) پڑھ کر سجدے کی تمام آیات کی تلاوت اور سجدہ ایک ہی مجلس میں کریں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنی حاجت کیلئے خلوص دل سے اللہ پاک کی بارگاہ میں دعا کریں۔ دعا ہے اللہ پاک سب کو صحت وتندرستی عطا فرمائے اور سب کی مشکلات' پریشانیاں دور فرمائے' ایمان سلامت رہے۔ آمین!۔ اللہ تبارک وتعالیٰ محترم حضرت حکیم صاحب کا سایہ اور فیضان تادیر سلامت رکھے۔ آمین! حکیم صاحب کے حکم کے مطابق اپنے آزمودہ نسخہ جات عبقری میں ضرور شائع کروائیں۔ صدقہ جاریہ ہے زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔

(سیدہ یاسمین ہاشمی' راولپنڈی)

عرق النساء کیلئے میرے معمول کے آزمودہ نسخہ جات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عبقری قارئین سے گزارش ہے کہ درج ذیل نسخہ جات میرے معمول کے استعمال میں ہیں۔ آزمودہ اور مجرب ہیں' بے فکر ہوکر بنائیں' استعمال کریں' بعد از شفاء بندہ ناچیز اور عبقری کی پوری ٹیم کے حق میں دعائے خیر کریں' جن کی انتھک محنت کی وجہ سے آپ کو گھر بیٹھے ارزاں قیمت پر اتنے قیمتی نسخہ جات باآسانی مل جاتے ہیں' ان کی قدر کریں۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو خصوصی طور پر خراج تحسین پیش کریں جن کی کاوشوں کی وجہ سے عبقری کا ہر قاری حکیم بن گیا ہے بلکہ میں تو یہ کہتا ہوں کہ حضرت حکیم صاحب تو حکیم بنانے والی مشین ہیں جن کے ورق اور محنت سے عبقری کا رسالہ آج اس مقام پر پہنچا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو اپنی پناہ میں رکھے اور حاسدین کی نظر بد سے بچائے۔ آمین۔ **عرق النساء کے بارے میں عرض:** وجع المفاصل کو عرف عام میں گنٹھیا یا جوڑوں کا درد کہتے ہیں' یہ درد جسم کے بڑے جوڑوں یعنی گھٹنوں اور کہنیوں میں ہوتا ہے' جو درد ٹخنے یا پاؤں کی انگلیوں کے جوڑوں یا انگوٹھے میں ہوتا ہے اسے نقرس کہتے ہیں۔ اسی طرح جو درد کولہے کے جوڑ میں ہوتا ہے اسے وجع الورک کہتے ہیں۔ جو درد کولہے سے پیدا کر پاؤں میں نیچے تک اُتر آتا ہے' وہ عرق النساء کہلاتا ہے' اردو میں اسے لنگڑی کا درد کہتے ہیں۔ وجع المفاصل کے جملہ اقسام کے اسباب اور علاج عموماً ایک ہی جیسے ہوتے ہیں۔ وجع المفاصل کا سبب سوئے مزاج مادہ ہو' خون کی کثرت ہو' صفراء ہو' بلغم ہو' سودا ہو یا ریح' سورنجان ہر قسم کے وجع المفاصل میں عموماً اور وجع المفاصل بلغمی میں خصوصاً مفید ہے۔ کھانے کیلئے بھی اور بیرونی مالش یا ضماد کے طور پر بھی سورنجان انتہائی مفید دوائی ہے لیکن سورنجان کے ساتھ زیرہ سفید اور زنجبیل ملا کر کھائیں۔ ورنہ معدہ کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔

ھوالشافی: سورنجان شیریں' پوست ہلیلہ زرد' صبر سقوطری' تینوں ادویات ہموزن لے کر سفوف بنالیں۔ صبح، دوپہر، شام چار ماشہ دوا تازہ پانی سے مریض کو کھانے کیلئے دیں۔ دوا کھانے کے دوران جوڑوں پر موم روغن کی مالش کریں تاکہ جوڑوں کے عضلات کو تکلیف نہ پہنچے۔

اے ون معجون عشبہ: یہ معجون جوڑوں کے درد' آتشک' بواسیر' فساد خون اور خارش میں مفید ہے۔ **ھوالشافی:** عشبہ، بسفائج فستقی، افیتمون ولائتی، کباب چینی، دارچینی، گاؤزبان ہر ایک کا وزن دو تولہ' گل سرخ' چوب چینی' صندل سفید' صندل سرخ' ہر ایک کا وزن تین تولہ' سناء مکی چار تولہ' پوست بہیڑہ سنبل الطیب ہر ایک کا وزن ایک تولہ' ہلیلہ سیاہ

سات ماشہ' پوست ہلیلہ زرد چھ ماشہ' سب ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں اور تین گنا وزن شہد خالص کا قوام بنا کر اس میں شامل کرلیں اور یک جان کرلیں۔

خوراک: روزانہ ایک تولہ عرق عشبہ سات تولہ کے ساتھ استعمال کریں اس کے علاوہ قبض دور کرنے کیلئے یہی نسخہ ہر چوتھے دن رات سوتے وقت دودھ کے ساتھ تین سے چار تولہ کھائیں۔**اے ون معجون سورنجان:** پوست ہلیلہ زرد' فلفل دراز' زنجبیل' زیرہ سیاہ ہر ایک کا وزن ایک تولہ' برگ سنا مکی' سورنجاں شیریں ہر ایک کا وزن دو تولہ' کوٹ چھان کر شہد ملا کر معجون بنائیں۔**مقدار خوراک:** ایک تولہ روزانہ عرق بادیان یا نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔**اے ون سفوف اسپند:** عرق النساء وجع المفاصل' نقرس نیز اعصابی دردوں کیلئے ازحد مفید ہے۔**ھوالشافی نسخہ:** تخم اسپند چار تولہ' مالکنگنی دو تولہ' سورنجان تلخ ایک تولہ' مقل دو تولہ' پہلی تین ادویات کو خوب باریک پیس کر مقل میں ملا کر خوب کوٹیں اور یکجان کرلیں۔

خوراک: چار رتی سے ایک ماشہ تک پانی کے ساتھ دن میں دو سے تین خوراک مریض کو دیں۔(ایم اے قریشی' ملتان)

درود شریف کے کمالات

سورۂ احزاب آیت نمبر 55 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں اے لوگو! جو ایمان لائے ہو تم بھی ان پر درود و سلام بھیجتے رہا کرو۔'' عام پڑھا لکھا انسان بھی اگر قرآن پاک ترجمہ سے پڑھے تو اسے یہ معلوم ہوگا کہ نماز پڑھنے کا حکم بار بار آیا ہے اسی طرح زکوٰۃ، روزہ اور حج کا حکم آیا ہے لیکن کسی عمل کے متعلق اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ یہ میں بھی کرتا ہوں اور میرے فرشتے بھی کرتے ہیں۔ لہٰذا اے ایمان والو! تم بھی کروسوائے درود شریف پڑھنے حکم کے۔ اسی لیے اسے وظیفہ خداوندی کہا جاتا ہے۔ پس یہی اللہ جل شانہٗ ، فرشتوں اور مسلمانوں کا مشترکہ وظیفہ ہے۔ ہر وہ درود شریف جس میں صلوٰۃ و سلام کے الفاظ ہوں' پڑھا جائے تو اللہ کے حکم کی بجا آوری ہو جائے گی۔ درود شریف پڑھنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ انسان باوضو ہو کر قبلہ کی طرف منہ کر کے دوزانو بیٹھے اور خوشبو لگائے تو بہتر ہے' درود شریف پڑھتے وقت کسی غیر کی طرف متوجہ نہ ہو' کیونکہ بندہ جو نیک عمل کرے جب وہ حضورِ دل سے ہو تو وہ زندہ عمل ہے اور جو غفلت سے ہو یعنی دل کسی غیر کی طرف لگا ہوا ہو تو وہ مردہ کی طرح بے جان ہوتا ہے' درود شریف پاک جگہ پر بیٹھ کر' کھڑے ہو کر اور سفر کے دوران باوضو اور بے وضو بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

درود شریف کے فضائل پر تو لاتعداد احادیث مبارکہ اور واقعات ہیں مگر میں یہاں صرف تین احادیث مبارکہ بیان کررہی ہوں:۔1۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ جب وہ بارگاہ الٰہی میں حاضر ہو تو اللہ تعالیٰ اس پر راضی ہو اسے چاہیے کہ مجھ پر درود پاک کی کثرت کرے۔2۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن لوگوں میں سے میرے قریب وہ ہوگا جس نے دنیا میں مجھ پر درود شریف زیادہ پڑھا ہوگا۔3۔ حضور نبی کریم رؤف الرحیم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد پاک ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں' اس کے دس گناہ معاف اور دس درجے بلند فرماتے ہیں۔

تیسری حدیث پاک پر غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ جس شخص نے ایک بار درود شریف پڑھا وہ اللہ تعالیٰ کی دس رحمتوں کا مستحق ٹھہرا' آئیں غور کریں کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے کیا؟ قرآن مجید کی سورۂ اعراف کی آیت نمبر 156 میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اور میری رحمت ہر چیز پر پھیلی ہوئی ہے'' اسی طرح سورۃ المومن کی آیت نمبر 8 میں ارشاد فرمایا: ''جو فرشتے عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور اس کے گرد حلقہ باندھے ہوئے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتے ہیں اور مومنوں کیلئے بخشش مانگتے ہوئے کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار تیری رحمت اور علم نے ہر چیز کو گھیر رکھا ہے۔'' ان آیات مبارکہ کو سامنے رکھیں تو درود خواں کو خوش قسمتی کی سند مل جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو شخص درود شریف کو اپنا وظیفہ صبح و شام بنالیتا ہے اس کو فائدہ ہی فائدہ پہنچتا ہے اور ہر شرو ضرر سے محفوظ رہتا ہے۔ اس کا ہر کام بنتا ہی چلا جاتا ہے کیونکہ ہر چیز کو اللہ تعالیٰ کی رحمت نے گھیر رکھا ہے۔ ایک بار درود پڑھا دس رحمتیں نازل ہوئیں' سو بار پڑھا ہزار رحمتیں' ایک ہزار بار پڑھا دس ہزار رحمتوں کا نزول ہوا اور ایک لاکھ پڑھا دس لاکھ رحمتیں نازل ہوئیں۔ انسان اپنی اس عارضی زندگی میں جتنا زیادہ درود شریف پڑھے گا اتنی ہی زیادہ اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کو اپنے ساتھ قبر میں لے جائے گا۔ کتنا قابل رشک اور خوش قسمت ترین وہ انسان ہوگا جس کی لحد اربوں' کھربوں رحمتوں سے جگمگا رہی ہوگی' اور میرا گمان ہے کہ وہ وہاں بھی قیامت تک درود شریف ہی پڑھتا رہے گا۔ قیامت کے آغاز و اختتام پر اس کا وظیفہ درود شریف ہوگا اور جنت الفردوس میں بھی اس کا ورد درود شریف ہی ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ دوسرا انعام درود خوان کو گناہوں کی معافی کی صورت میں ملتا ہے کہ ایک مرتبہ درود پڑھا اور دس گناہ معاف' درود شریف پڑھ کر انسان کم از کم ایسے روزمرہ گناہوں کا ساتھ ساتھ کفارہ ہی ادا کرسکتا ہے اور انشاء اللہ درود شریف کی برکات سے وہ ان روزمرہ کے گناہوں سے بچ بھی جائے گا۔

تیسرا انعام: تیسرا انعام دس درجات کی بلندی ہے۔ درجہ کیا ہے؟ اس کا مفہوم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث پاک سے باخوبی سمجھ آجاتا ہے۔ حضرت کعب بن مرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے کہا میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ تم تیراندازی کیا کرو' جس کا ایک تیر بھی دشمن کے لگ گیا اللہ تعالیٰ اس کا درجہ اس تیر کی وجہ سے بلند کردے گا' حضرت عبدالرحمٰن بن نحام رضی اللہ عنہٗ نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درجہ کیا ہے؟ فرمایا: درجہ تمہاری ماں کی چوکھٹ کی طرح نہیں ہے بلکہ دو درجوں کے درمیان سو برس کا فاصلہ ہے۔(ابن کثیر اسد الغابہ فی معرفت الصحابہ جلد ششم)

اس حدیث پاک سے واضح ہوا کہ ایک درجہ اور دوسرے درجہ کے درمیان سو برس کا فاصلہ ہے جبکہ ایک بار درود شریف پڑھنے سے دس درجات بلند ہوتے ہیں سمجھنے والے کیلئے کتنا بڑا انعام اور کتنی بڑی کرم نوازی ہے۔ یقیناً درجات کا بڑھنا بارگاہ رب العزت ہی کی طرف ہے لہٰذا جو شخص درود شریف کثرت سے پڑھتا رہے گا انشاء اللہ وہ اللہ تعالیٰ کا مقرب بندہ بن جائے گا۔ شاید یہی وجہ ہے کہ جو شخص کثرت سے درود شریف پڑھتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر خصوصی نظر کرم فرماتے ہوئے بیداری میں اسے اپنی زیارت سے مستفیض فرماتے ہیں۔(مہوش رحمان' پشاور)

ہر بیماری کیلئے مفید اور آزمودہ دم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک تجربہ جو کہ میں نے بارہا آزمایا ہے مخلوق خدا کو فائدہ دینے اور اللہ سے ثواب کی امید کی خاطر عرض کرتا ہوں۔ آیات شفاء اور آیات سلام تقریباً ہر بیماری کیلئے مفید ہے۔ بندہ ناچیز گیارہ گیارہ بار پڑھنے کیلئے بتاتا ہے اللہ ان کو شفاء دے دیتا ہے۔

1) وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿سورۃ توبہ، آیت ۱۴﴾ 2) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ﴿سورۃ یونس، آیت ۵۷﴾ 3) یَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ﴿سورۃ نحل، آیت ۶۹﴾ 4) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿سورۃ بنی اسرائیل، آیت ۸۲﴾ 5) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ﴿سورۃ الشعراء، آیت ۸۰﴾ 6) قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّ شِفَآءٌ ﴿سورۃ حم سجدہ، آیت ۴۴﴾ (ج۔ر)

سفیدہ! معمولی سمجھ کر ہرگز نظر انداز کرنے کی غلطی نہ کیجئے

عالیہ شہزاد، کراچی

اس کا تیل چھوٹے کیڑے مکوڑوں کو بھی ہلاک کر دیتا ہے' اسے گلے کی تکلیف اور اس کے ورم وخراش کیلئے غرغرے کی دواؤں میں بھی شامل کیا جاتا ہے، کھانسی کے سیرپس اور گلے کی گولیوں میں اسے شامل کرنے سے گلا اور سینہ صاف ہوجاتا ہے درد اور چوٹ کی جگہ اس کی پالش سے آرام ہوتا ہے۔

ناصرف کراچی بلکہ پورے پاکستان میں سڑکوں، پارکوں، باغوں اور کھیل کے میدانوں میں ایک بلند و بالا درخت دکھائی دیتا ہے، اپنے لمبے قد، دبیز پتوں اور سفید تنے کے باوجود جسے لوگ نظرانداز کر دیتے ہیں، سفید تنے کی وجہ سے لوگ اس کو سفیدہ کا درخت کہتے ہیں، لیکن اس درخت کا اصلی نام ''یوکلپٹس'' ہے۔ 1860ء میں بحیرہ روم کے آس پاس کے جزیروں میں سفیدے کے پتوں سے بخار کے علاج کا طریقہ بہت مشہور تھا۔ یہ درخت بڑی تیزی سے بڑھتا ہے چنانچہ پاکستان میں سڑکوں اور میدانوں میں یہ بڑی تیزی سے بڑے ہوئے۔ کراچی کی اکثر سڑکوں پر ان کا گھنا سایہ راحت وسکون کا سامان کرتا ہے۔ سفیدے کا شمار لمبے درختوں میں ہوتا ہے، یہ درخت 475 فٹ تک ریکارڈ ہوا ہے، یعنی 10 منزلہ عمارت کے برابر۔ سفیدے میں ایک قدرتی کیمیائی جزیوکلپٹول Eucalyptol پایا جاتا ہے جو زخموں کو ٹھیک کرنے میں بہت مفید اور موثر ثابت ہوتا ہے، یہ بہترین جراثیم کش Antiseptic کا کام کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، سینے سے بلغمی مواد نکالتا ہے، دمہ کے دورے، بند ناک اور بلغم کی وجہ سے دماغ کی Semsation کو دور کرتا ہے، یہ درخت اپنے تیل کی وجہ سے بڑی اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ سفیدے کی تقریباً 25 اقسام سے یہ تیل کشید کیا جاتا ہے اور اس تیل کی بالعموم تین قسمیں ہیں: 1) طبی مقاصد کیلئے استعمال ہونے والا تیل۔ 2) صنعتی مقاصد کیلئے استعمال ہونے والے تیل۔ 3) خوش بودار تیل، یوکلپٹس آئل تازہ پتوں سے کشید کیا جاتا ہے۔ جراثیم کشی میں غالباً کوئی نباتاتی تیل اس سے زیادہ موثر نہیں ہوتا۔ انگلستان اور دیگر یورپی ملکوں میں اس کا تیل چکن پاکس کے دانوں پر لگاتے ہیں اس کے استعمال سے یہ دانے بہت جلد سوکھ جاتے ہیں اور جلد پر کوئی نشان بھی نہیں چھوڑتے، اس کا تیل چھوٹے کیڑے مکوڑوں کو بھی ہلاک کر دیتا ہے' اسے گلے کی تکلیف اور اس کے ورم وخراش کیلئے غرغرے کی دواؤں میں بھی شامل کیا جاتا ہے، کھانسی کے سیرپس اور گلے کی گولیوں میں اسے شامل کرنے سے گلا اور سینہ صاف ہوجاتا ہے درد اور چوٹ کی جگہ اس کی مالش سے آرام ہوتا ہے۔ گوند کے لعاب میں اس تیل کو خوب ملا کر اس ایملشن کے پلانے سے دق وسل کے مریضوں کو آرام ہوتا ہے، گلے کی خراش، نزلہ زکام اور سینے کی جکڑن کیلئے سینے اور گلے پر اس تیل کی مالش کرنا ایک مفید عمل ہے۔ بلغمی کھانسی میں یہ خاص طور پر مفید ثابت ہوسکتا ہے، کھولتے ہوئے پانی میں اس کے چند قطرے ڈال کر بھاپ لینے سے بند ناک کھل جاتی ہے۔ گلے اور حلق میں جما ہوا بلغم خارج ہوجاتا ہے۔ تقریباً ہر قسم کے بام میں بھی یہ تیل شامل کیا جاتا ہے، اس تیل کو ویسلین میں ملا کر لگانے سے پھٹے ہوئے ہاتھ پاؤں، جلد اور سر کی خشکی کو بھی آرام ہوسکتا ہے۔

لو بلڈ پریشر میں بھی آپ کامیابی سے سفیدے کو استعمال کر سکتے ہیں، اس میں سفیدہ استعمال کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب آپ کا بلڈ پریشر کم (Low) ہو تو آپ دو پتے سفیدے کے منہ میں رکھ کر چبائیں۔ اس کا رس نگل لیں مگر پھوک پھینک دیں، ان شاء اللہ بلڈ پریشر نارمل ہوجائے گا۔ اگر پتے چبا نہیں سکتے تو 15 سے 20 عدد پتے لے کر آدھا گلاس پانی میں ڈال کر گرائنڈ کرلیں پھر چھان کر اس جوس کے دن میں تین چمچ دو سے تین بار پئیں۔ دل کی بیماریوں مثلاً انجائنا، خفقان، گھبراہٹ اور جنون میں سفیدے کا استعمال کچھ اس طرح ہے کہ اس کے تیس عدد پتے لے کر 8 گلاس پانی میں ابالیں، جب 5 گلاس پانی رہ جائے تو اسے اتار کر ٹھنڈا کرکے چھان لیں اور کسی بوتل یا جگ میں ڈال کر رکھ دیں، اس جوشاندہ کو آدھا گلاس نیم گرم کرکے دن میں 4 سے 5 بار پینے سے نتائج آپ خود محسوس کریں گے۔ کولیسٹرول کی زیادتی میں بھی یہ طریقہ فائدہ مند ہے۔ سفیدے کے آٹھ پتے لے کر اسے توے پر سینک لیں بغیر جلائے، اب انہیں ایک گلاس پانی میں رات بھر بھگا رہنے دیں، صبح نہار میں یہ پانی چھان کر پی لیں۔ یہ شوگر یا ذیابیطس میں اکسیر ہے۔ تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ Eucalyptol پھیپھڑوں کی چھوٹی نالیوں کو کھول کر بلغم کے اخراج کا باعث ہے، یہی وجہ ہے کہ ٹی بی میں بھی سفیدے کو استعمال کرکے کامیابی نتائج لے سکتے ہیں۔ سفیدے کے وہ پتے جو سائے میں خشک کئے گئے ہوں ان کی دھونی بھی سینے سے بلغم کے اخراج میں معاون ہوتی ہے۔ اگر آپ اپنے گھر خصوصاً باورچی خانہ میں لال بیگ وغیرہ کی آمدورفت سے پریشان ہیں تو آپ کپڑے کے کچھ ٹکڑے لے کر انہیں Eucalyptol میں بھگو کر اپنے کچن کی الماریوں کے چاروں طرف (باقی صفحہ نمبر 41 پر)

روحانی کیفیت

(ح۔م۔ح)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کی عمر دراز کرے اور آپ جیسے نیک لوگوں کے صدقے سے ہماری بخشش فرمائے۔ آمین۔ جناب عالی بندہ ناچیز تقریباً ایک سال سے آپ کے رسالہ عبقری کا قاری ہے اور اس رسالے میں دکھی انسانیت کیلئے بیش بہا انمول ہیرے ہوتے ہیں لوگوں کے خطوط ان کے مسائل اور ان کے تجربات اس میں آپ نہایت اچھے طریقے سے آپ خود پڑھتے ہیں اور ان کی اصلاح بھی فرماتے ہیں اور دوسرے لوگوں کے فائدے کی خاطر اس کو اپنے رسالے میں چھاپتے بھی ہیں اللہ آپ کی اس کاوش کو قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ جناب عالی! میں پہلی دفعہ آپ کو خط لکھ رہا ہوں' اپنی اصلاح کی خاطر آپ کو اپنے چند معمولات بتا رہا ہوں جو عبقری سے جڑنے کے بعد شروع کیے ہیں۔ میں ایک خطیب ہوں اور فجر کی نماز پڑھانے کے بعد ایک بار سورۂ یٰسین' درود شریف ایک تسبیح' سورۂ توبہ کی آخری آیت دس مرتبہ' مسنون دعائیں' آیت قطب ایک بار' سورۂ فتح کی آیت نمبر 29 محمد رسول اللہ سے آخر تک ایک بار۔ سورۂ فاتحہ اکیس بار' کلمہ طیبہ سو بار' سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 26 سے 27 قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ سے بِغَیْرِ حِسَابٍ دو آیتیں پانچ بار' ان میں سے بعض اوراد نماز سے پہلے بھی پڑھ لیتا ہوں اور بعض بعد میں وقت کی تنگی کی وجہ سے اور مغرب کی نماز کے بعد سورۂ السجدہ اور سورۂ ملک پڑھتا ہوں اور عصر کے بعد سورۂ حشر کی آیت آخری تین دفعہ تعوذ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ مع تسمیہ کے پڑھتا ہوں اور ان آیات کو فجر کی نماز کے بعد کبھی پہلے یعنی صبح بھی پڑھتا ہوں اس کے علاوہ درود شریف اور مسنون دعائیں پڑھتا رہتا ہوں۔ رات روزانہ پانچ سو بار درود شریف پڑھتا ہوں۔

کان میں کبھی درد نہ ہوگا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک ٹوٹکہ کان درد کا ہمارے گھر کا آزمودہ ہے۔ روغن کدو اور سرکہ دونوں چیزیں ہم وزن لے کر مکس کرلیں اور رات کو حسب برداشت گرم کرکے دو قطرے روزانہ کان میں ڈالیں۔ انشاء اللہ آپ کے کان میں کبھی درد نہیں ہوگا اور نہ ہی کان میں کبھی کسی قسم کا مسئلہ ہوگا۔ اللہ آپ کو ہر دم عافیت دے اور ہمارے سر پر سلامت رکھے۔ آمین! (ثمینہ، لاہور)

پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکل جائے: نوشادر چار رتی روزانہ ہمراہ پانی لینے سے گردہ ومثانہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکل جاتی ہے۔

نشان حیدر لانس نائیک محمد محفوظ شہید کی قبر کشائی کے مناظر پڑھ کر ایمان تازہ کیجئے

صندوق باہر نکال کر چار پائی پر رکھا تو چار پائی سے خون کے قطرے گرنا شروع ہوگئے اور پھر پلیٹ منگوا کر نیچے رکھ دی تا کہ شہید کے خون کی بے حرمتی نہ ہو، پہلے ارادہ تھا کہ صندوق نکال کر فوری دوسری جگہ تدفین کردیں گے مگر خوشبو اور نور ہی نور کی وجہ سے ہمیں حوصلہ ملا اور ہم نے آرام سے منتقلی کی۔

گزشتہ سال 25 اکتوبر کو پاک فوج کے لانس نائیک محمد محفوظ شہید کا 72 واں یوم پیدائش منایا گیا۔ لانس نائیک محمد محفوظ شہید 25 اکتوبر 1944ء کو ضلع راولپنڈی کے گاؤں پنڈ ملکان (محفوظ آباد) میں پیدا ہوئے انہوں نے 25 اکتوبر 1962ء کو پاک فوج کی پنجاب رجمنٹ میں شمولیت اختیار کی اور 1965ء کی جنگ میں شاندار خدمات سرانجام دیں جبکہ 1971ء کی پاک بھارت جنگ میں بھی بارڈر پر دلیری اور شجاعت کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا اور جام شہادت نوش کیا۔ ان کی بہادری وجذبہ انہیں اس مقام پر لے گیا جس پر انہیں نشان حیدر جیسے اعلیٰ ترین اعزاز سے نوازا گیا۔ انہوں نے دنیا وآخرت میں اپنا مقام بنالیا۔ لانس نائیک محمد محفوظ شہید کے بھائی محمد مصروف نے ایک میڈیا نمائندے کو انٹرویو میں ایسا ایمان افروز واقعہ سنایا کہ سننے والے جھوم اٹھے انہوں نے بتایا کہ محفوظ شہید کیلئے نشان حیدر کے اعلان پر کرنل صاحب نے اُس وقت مجھے بلایا اور چھٹی کی ہدایت کی کیونکہ چیف آف آرمی صاحب نے گھر آنا تھا، جب میں گھر پہنچا تو اس وقت کے چیف آف آرمی سٹاف جنرل ٹکا خان ہوکر چلے گئے تھے لیکن ان کی گھر موجودگی میں ہی 15 پنجاب کے سی او آئے انہوں نے آکر پھولوں کی چادر چڑھائی، عام قبرستان میں قبر تھی سلامی دی اور کہا کہ یہ جگہ بہت تنگ ہے اور یہاں سلامی وغیرہ مشکل سے ہوگی اور مزار بنانا ہے لیکن اس جگہ پر مزار نہیں بن سکتا کھلی جگہ میں ہوتو بہتر ہے، جس پر میں (محفوظ شہید کا بھائی) مزار کی منتقلی پر راضی ہوگیا کیونکہ اردگرد اپنی زمین موجود تھی یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ لوگوں کی بڑی تعداد ایسا نہیں کرنا چاہتی تھی اور ڈرانے کا سلسلہ بھی عروج پر تھا۔ یہ 30 جون کا دن تھا اور شدید گرمی اور سخت دھوپ تھی، جیسے ہی قبر کشائی شروع کی تو بادل کا ایک ٹکڑا قبرستان پر چھا گیا اور اس سے بوندا باندی شروع ہوگئی، قبرستان کے علاوہ نواح میں کڑاکے کی دھوپ تھی، جب مٹی ہٹائی گئی تو اتنی پیاری خوشبو آنا شروع ہوگئی جو شاید اس سے پہلے کبھی نہ سونگھی تھی اور نہ محسوس کی تھی۔ قبر کشائی مکمل کرنے کے بعد جب صندوق کو اٹھانے لگے تو نیچے ہاتھ ڈالا تو پورا ہاتھ خون میں لت پت ہوگیا، نیچے سارا خون تھا۔ صندوق باہر نکال کر چار پائی پر رکھا تو چار پائی سے خون کے قطرے گرنا شروع ہوگئے اور پھر پلیٹ منگوا کر نیچے رکھ دی تا کہ شہید کے خون کی بے حرمتی نہ ہو، پہلے ارادہ تھا کہ صندوق نکال کر فوری دوسری جگہ تدفین کردیں گے مگر خوشبو اور نور ہی نور کی وجہ سے ہمیں حوصلہ ملا اور ہم نے آرام سے منتقلی کی۔ اس وقت کے جذبات بیان نہیں کرسکتا چونکہ پہلی تدفین کے وقت میں حاضر نہیں تھا اس پر درخواست کی کہ میں چہرہ مبارک دیکھنا چاہتا ہوں اور مقامی علماء نے اجازت دے دی۔ میں نے جب چہرہ دیکھا تو حیران رہ گیا شہید کی تدفین کے وقت تازہ شیو ہوئی تھی مگر 6 ماہ بعد ڈاڑھی مبارک بڑھی ہوئی تھی پھول بھی اسی طرح تروتازہ تھے جیسے ہم نے ابھی ابھی پودوں سے توڑ کر وہاں رکھے ہیں۔ خون جاری تھا یہ منظر وہاں موجود تقریباً اڑھائی ہزار لوگوں نے دیکھا۔ محفوظ شہید کی چار پائی پر ماں نے اپنے انتقال تک کسی کو سونے کی اجازت نہیں دی۔ والدہ کو ان سے بہت پیار تھا والدہ یہ دیکھ کر برداشت نہیں کرسکتی تھیں، بہت سمجھایا کہ وہ جنتی ہے اور آپ کو بھی جنت میں بلائے گا، والدہ جب تک زندہ رہیں بیٹے کی یاد میں تڑپتی رہیں بالآخر اپنے بیٹے کے پاس جاکر انہیں سکون ملا۔

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں ضرور لکھیں۔ ہر ماہ یہ سلسلہ شروع کیا جارہا ہے۔

شراب کی عادت چھوٹ سکتی ہے دیر کیسی؟

قارئین! آپ کے پاس کوئی ٹوٹکہ یا وظیفہ ہو جس کے پڑھنے یا کرنے سے شراب کی عادت چھوٹ جائے کیونکہ عبقری سے بہت زیادہ قارئین شراب چھوڑنے کا علاج پوچھتے ہیں۔ اگر آپ پاس ہو تو عبقری کو ضرور بھیجیں۔

میری تالیفات اوران کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکر گزار رہوں گا۔
کتاب نمبر 35: رنگ برنگی سبزیاں' دوا بھی' غذا بھی' شفاء بھی: سبزیاں ایک دور میں جنگل کی جڑی بوٹیاں تھیں۔ انسان نے شعور حاصل کیا تو آہستہ آہستہ انہیں اپنی غذا میں شامل کرلیا۔ یہ غذائیں کتنی مفید ہیں اس کا حاصل یہ ہے کہ ''گوشت چھوڑ وسبزی کھاؤ'' مہم شروع ہے کیونکہ سبزی وہ چیز ہے جس کے اثرات بد نہیں ہیں اور یہ جسمانی صحت وتندرستی کیلئے ایک لاجواب ٹانک ہے۔ سبزیاں بے شک لاجواب غذا بھی ہیں' دوا بھی ہیں اور شفاء کا ذریعہ بھی۔ انہی فوائد کو دیکھتے ہوئے میں نے یہ کتاب تالیف کی تاکہ مخلوق خدا کو اپنے اردگرد بکھرے قدرت کے شاہکار کے فوائد کا علم ہوسکے۔ اس کتاب کی تالیف میں درج ذیل محترم شخصیات' کتب و رسالہ جات سے مدد لی گئی۔ پاولا ریحمہ رابنس' انگلینڈ۔ حکیم حبیب الرحمٰن۔ صباحت فرید۔ حکیم محمد عثمان۔ طبیب بشیر احمد ظفر۔ ڈاکٹر سید زاہد علی واسطی۔ معظم علی شاہ۔ حکیم امجد وحید بھٹی۔ حکیم وحید اختر شائی۔ حکیم عبداللطیف جاوید۔ شرجیل بٹ۔ فرحت افزا۔ ڈاکٹر خالد غزنوی۔ حکیم راحت نسیم سوہدروی۔ طبیبہ گل یاسمین۔ ایک اے باکھرو۔ اقبال احمد قریشی۔ سید صبیح الزمان۔ حکیم عبدالماجد۔ حکیم شجاع احمد طاہر۔ مصطفیٰ کمال۔ رابعہ انصاری۔ حکیم ملک محمد عبداللہ۔ پروفیسر حکیم محمد اعجاز فاروقی۔ ماہنامہ خواتین میگزین۔ ماہنامہ قومی صحت۔ اردو ڈائجسٹ۔ التخلیق۔ مرحبا صحت۔ اسرار حکمت۔ ہمدرد صحت۔ ضیاء الحکمت۔ راہنمائے صحت۔ خبر نامہ طب۔ روحانی ڈائجسٹ۔ خبر نامہ ہمدرد۔ ماہنامہ طبیب حاذق۔ **نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)**

(بقیہ: اولین زمانہ کی تجارت اور برکت)

روزانہ زکوٰۃ کی مد میں خیرات کرتا تھا۔ ایران کی قدیم تجارتی بندرگاہ سیراف کے ایک تاجر نے اپنے پاس موجود مال کی وصیت کی تو اس کا ثلث دس لاکھ اشرفیوں پر مشتمل تھا، بے زر لوگوں کو تجارت کیلئے اس نے جو سرمایہ دے رکھا تھا، وہ اس کے علاوہ تھا۔ عدن کے سوداگر رامشت کے سب سے چھوٹے لڑکے موسیٰ کے زیر استعمال چاندی کے آلات کا جب وزن کیا گیا تو وہ ایک ہزار دو سو من نکلے، باقی لڑکوں اور اس کے گھر کی دولت اس کے علاوہ تھی۔ اس کے منشی علی نیل کو ایک مرتبہ صرف چین میں مال بیچنے کا منشیانہ پانچ لاکھ دینار ملا۔ مآثر الامراء کے ایک بیان کے مطابق عالمگیر کے زمانہ میں سوات کے ایک ملا عبدالغفور کا سرمایہ تجارت کروڑوں روپے سے زائد تھا۔ یہ وہ اعداد وشمار ہیں جن پر زکوٰۃ ادا ہوتی تھی اور یہ اسی تجارت اور ثروت کا نتیجہ تھا کہ ایک زمانہ میں مستحقین زکوٰۃ تلاش کے باوجود نہیں ملتے تھے۔ (بشکریہ ماہنامہ فیض الاسلام)

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 88

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

میں یہ کیا کر رہا ہوں؟: جب سب نے آپس میں تمام حصے تقسیم کر لیے وہ کل پانچ لوگ (ڈاکو) تھے ان میں سے ایک کہنے لگا: کہ مجھے ایک احساس ہونا شروع ہو رہا ہے کہ ہم لوگوں کا مال اور جان غصب کرتے ہیں' ان کو نقصان دیتے ہیں' ان کو ذلیل کرتے ہیں اور رسوا کرتے ہیں' ہم بھی مسلمان ہیں اور وہ بھی مسلمان ہیں۔ میں پڑھا ہوا نہیں ہوں' پر میں نے بڑوں سے سنا تھا کہ مسلمان تو وہ ہوتا ہے جو کسی مسلمان کو نہ ذلیل کرتا ہے نہ اس کا مال چھینتا ہے' میرے جی میں یہ بات آرہی کہ میں یہ کیا کر رہا ہوں؟ ساری زندگی گزر گئی مجھے احساس بھی نہ ہوا اور میں بے حس زندگی گزار رہا' ساری زندگی گزر گئی میری طبیعت میں آج تک کوئی دکھ بھی نہ ہوا کوئی غم بھی نہ ہوا' یہ میں اپنے ساتھ کیا کر بیٹھا؟ **دل کا زنگ اترا نور کا رنگ چڑھ گیا:** وہ یہ باتیں کر کے رونے لگ گیا اور فوراً ہم خوش ہوئے اس روحانی اور نورانی ماحول اور اعمال کا نور ایسا اس کے دل پر لگا ہے اس کے دل کا زنگ اترا اور نور کا رنگ چڑھا اور نور کے رنگ کے چڑھتے ہی اس کے اندر ایک احساس پیدا ہوا اور اسی احساس نے اس کو ندامت کے آنسو دیئے ہیں اور اعتراف حقیقت دی ہے۔ **میں تو بہت بڑا ظالم ہوں!** دوسرا بولا: او ہو! یہ کیا بات کہہ دی آپ نے؟ واقعی بات تو ٹھیک ہے میں تو بہت بڑا ظالم ہوں' میں نے آج تک کسی انسان کو انسان ہی نہیں سمجھا۔ میں نے تو کتنی عورتوں کے ان کے زیور اتارنے کیلئے کان چیر ڈالے' کتنی عورتوں کو بے آبرو کیا' کتنے لوگوں کو میں نے ذلیل کیا' مال کی خاطر کتنے لوگوں کا میں نے قتل کیا' وہ یہ بات کرتا جا رہا تھا اور ساتھ ساتھ اپنا چہرہ نوچ رہا تھا اور منہ پیٹ رہا تھا اور زور زور سے دھاڑیں مار رہا تھا اور آنسو بہا رہا تھا۔ اس کی حالت جاری تھی کہ تیسرا پہلے کو متوجہ کر کے بولا' تیرا بھلا ہو تو نے یہ کیا آج احساس دلا دیا' خیال تو بار بار آیا مگر یہ احساس پہلی دفعہ آیا اور میرا دل خود خون کے آنسو رو رہا کہ میں نے اب تک کیا تو کیا کیا؟ اتنا گھاٹا' اتنا نقصان اور اتنا بے درد اور بے رحم بنا۔ میری ماں نے مجھے ایک دفعہ نہیں کئی دفعہ روکا تھا اب تو وہ بیچاری روتے روتے خود مرگئی میں نے تو ماں کی بھی بے قدری کر ڈالی میری بہن نے مجھے کئی دفعہ ٹوکا میں نے بہن کو تھپڑ مار دیا تھا۔ **میں پہلے دن ہی مر کیوں نہ گیا؟** میں نے تو اس مال لوٹنے میں اور بے آبرو کرنے میں ماں کو بے عزت کر دیا' بہن کو بے وقار کر دیا۔ اے کاش! یہ احساس مجھے پہلے آجاتا' مجھے یہ پہلے کیوں نہیں آیا؟ اور میرے دل میں یہ احساس گہرا کیوں نہیں ہوا؟ اے کاش! میں پہلے ہی دن مر کیوں نہ گیا' جس دن مجھے ماں نے جنا تھا' میں قیامت کے دن ان لوگوں کو کیا منہ دکھاؤں گا جن لوگوں کو میں نے اتنا بے عزت' بے وقار' بے آبرو کیا۔ قارئین! وہ دونوں نیک جنات مجھے بتا رہے تھے' اور خود ان کی آنکھوں میں آنسو تھے اور کہہ رہے تھے کہ ان ڈاکوؤں کی ندامت توبہ اور اللہ کے سامنے بہے ہوئے آنسو ہمیں اتنے اچھے لگ رہے تھے کہ ہم گمان کر رہے تھے کہ اے کاش ساری دنیا اس غار میں کسی نہ کسی طرح آجائے کیونکہ جو بھی آئے گا ان شاء اللہ نورانی اعمال کی نورانیت کی وجہ سے دل کی روحانیت اور نورانیت کو پا کر رہے گا۔ وہ نیک جنات کہنے لگے: ان میں سے چوتھا بولا: بلکہ وہ اتنا غمزدہ تھا اس سے بولا ہی نہیں جا رہا تھا وہ اپنے آپ کو بس مسلسل گالیاں ہی دے رہا تھا' اس کی گالیوں سے ہمیں دکھ پہنچا' اسے ایسا نہیں کرنا چاہیے لیکن پھر خیال آیا کہ اس کے پاس طریقہ ہی یہی تھا' اسے علم ہی نہیں تھا کہ توبہ کے الفاظ کیا ہیں استغفار کی ترتیب کیا ہے؟ اللہ کو راضی کرنے کا انداز کیا ہے؟ اس نے آج تک خونخواری، درندگی' وحشت اور حیوانیت سیکھی تھی۔ انسانیت تو اس غار کے داخلے نے اسے بتائی تھی پھر ان کے ساتھ بھلا یہ ہوا کہ وہ آتے ہی سو گئے۔ گھنٹوں اس نورانی' روحانی ماحول میں' روحانیت میں' اپنی سانسوں اور کروٹوں کے ذریعے جذب کرتے رہے اور جب اٹھے تو ان میں ہر شخص وہ تھا جس نے توبہ کا قدم بڑھایا۔ یہ چوتھا شخص مسلسل اپنے آپ کو گالیاں دیئے اور برا بھلا کہے جا رہا تھا اور پھر ہر برے واقعہ کو یاد کر رہا تھا اور برملا اپنے آپ کو ذلیل کر رہا تھا اور کہہ رہا تھا تجھے ایک دفعہ ایک خنجر لگا تھا تو مر کیوں نہ گیا' تو بچ کیوں گیا تھا؟ تو کتنا ظالم اور درندہ ہے کہ تو نے اس خنجر کی خاطر کتنے لوگوں کو خون میں تڑپا دیا تھا اور مٹی میں ان کی لاشوں کے ٹکڑے تو نے پھینک دیئے تھے۔ پانچواں بس بولنا ہی چاہتا تھا اس سے بولا نہ گیا اور وہ غش کھا کر گر گیا اس کے منہ سے جھاگ نکل رہی تھی اور وہ بس پڑا ہوا تھا اسے کوئی سنبھالنے والا ہی نہیں تھا ہر شخص اپنی آہ و بکا میں اور ہر شخص اپنی نالہ و فریاد میں اور ہر شخص اپنی ندامت میں ایسا ڈوبا ہوا تھا اس کو دوسرے کا ہوش ہی نہیں تھا۔ **وہ ہمیں قتل بھی کر دیں تو قبول ہے:** ان کا چہرہ مٹی آلود تھا انہوں نے سر پر خاک ڈالی ہوئی تھی حالانکہ اس وقت ان کے سامنے لوٹ کا بہت قیمتی سامان پڑا ہوا تھا لیکن وہ اپنے پاؤں سے اس سامان کو ٹھوکریں مار رہے تھے' بہت دیر تک وہ اسی حالت میں مدہوش رہے پھر ان میں سے ایک جو تیسرا شخص تھا اس کو ہوش آیا۔ کہنے لگا دوستو! اس سب کا کوئی فائدہ نہیں' آؤ ان کے مالکوں کو ڈھونڈتے ہیں اور ان کے سامنے توبہ کرتے ہیں اور پھر وہ اس کے عوض ہمیں قتل بھی کر دیں تو موت کو قبول کرتے ہیں' ان کا سامان انہیں واپس کرتے ہیں سب نے خوش دلی سے اس پر رضا مندی کا اظہار کیا اور اپنا لوٹ کا سامان اٹھایا اور تیزی سے چل پڑے۔ **ہم ان کا پیچھا کر رہے تھے:** ان کے پاؤں میں بجلیاں بھری ہوئی تھیں اب سے پہلے ان کے جذبے حیوانیت' شہوانیت' درندگی اور لوٹ کے تھے اب ان کا جذبہ روحانیت، توبہ، معرفت اور واپسی کا سفر تھا۔ میں ان کے اس جذبے کو دیکھ رہا تھا اور مجھے ان کے پل پل سے حیرت ہو رہی تھی اور یہ حیرت مزید بڑھ رہی تھی کہ وہ جس سمت جا رہے تھے واقعی اس سمت میں وہی لوگ تھے جن کے مال کو انہوں نے لوٹا تھا' ہم دیکھ رہے تھے اور ایک دوسرے کو بتا رہے تھے کہ جس لمحے سے ان کے اندر توبہ کی کیفیت نے جگہ لی ہے اس لمحے سے ان کے اندر ایک روحانیت اور معرفت آگئی ہے اور یہ روحانیت اور معرفت ہی ہے کہ جس نے ان کے قدم اس طرف مائل کیے جس طرف اس مال کے مالک تھے۔ ہم ان کا پیچھا کر رہے تھے۔ آخر کار وہ مالکوں تک پہنچے مالک انہیں دیکھ کر پریشان ہو گئے یہ ڈاکو پھر کیوں آگئے؟ لیکن انہوں نے ان کا مال ان کے قدموں میں ڈالا ان کے قدموں میں گر گئے زار و قطار رو رہے تھے' چیخ و پکار کر رہے تھے فریاد کر رہے تھے ہم وہ مشہور ڈاکو ہیں جنہیں آج تک کوئی قانون پکڑ نہیں سکا' کسی بادشاہ کی گرفت میں نہیں آسکے' کسی طاقتور سے طاقتور نے ہم پر آج تک اپنا جال ڈالنے کی لاکھ کوشش کی پر ڈال نہیں سکا۔ پر آج نامعلوم کیا ہوا؟ ہمیں خود خبر نہیں شاید ہمارے لیے توبہ کا دروازہ آج ہی کھلنا تھا آپ اپنا مال چیک کر لیں ہم نے ایک چیز کو بھی انگلی نہیں لگائی' اب ہمیں سزا دیں آپ جو ہمارے لیے سزا مقرر کریں گے ہمارے لیے وہی سزا ہوگی اور ہم اپنے لیے اسی سزا کا خود انتخاب کریں گے۔

روح کی تسکین‘ روح کی غذا اور روح کی دوا: وہ رو رہے تھے‘ وہ چیخ رہے تھے‘ وہ زاریاں کررہے تھے‘ وہ معافیاں مانگ رہے تھے اور ہمارے دل سے ان کیلئے اٹھنے والی دعائیں پکار پکار کر کہہ رہی تھیں کہ جس جگہ اعمال کیے جاتے ہیں‘ ذکر کیے جاتے ہیں‘ تسبیحات کی جاتی ہیں اور اللہ کو راضی کرنے کی مشق کی جاتی ہیں وہ جگہ ایسی ہوتی ہیں کہ جہاں روح کی تسکین روح کی غذا اور روح کی دوا ہوتی ہے‘ اے کاش! جس طرح ان ڈاکوؤں کو زندگی بھر کیلئے توبہ نصیب ہوئی اور پھر ان ڈاکوؤں نے صرف وہ نہیں بلکہ ہر اس شخص کو ڈھونڈا‘ تلاش کرکر کے ڈھونڈا‘ قریہ قریہ ڈھونڈا جس کسی کا مال‘ جس کسی کی جان‘ کسی کی عزت آبرو کو نقصان پہنچایا۔**ایک ڈاکو کو ایک شخص نے قتل کردیا:** اسی دوران ایک ڈاکو کو ایک شخص نے اپنے باپ کے قتل کے بدلے میں قتل کردیا۔ دوسرے تائب ڈاکوؤں نے اپنے دوست کو دفنایا اُف نہیں کیا‘ شکوہ نہیں کیا‘ بلکہ یہ کہتے رہے کہ اے کاش! کہ جس طرح اس کو دنیا میں اس کے قتل کا بدلہ مل گیا‘ ہمیں بھی مل جاتا‘ ہم آخرت کا عذاب نہیں سہہ سکتے ہماری چاہت ہے کہ جس طرح بلوچستان کے غار میں ایک روحانیت‘ نورانیت اور اعمال کا ماحول ہے اور کوئی بھولا بھٹکا یہاں آ بھی جاتا ہے تو اس کا دل ایک پل میں بدل جاتا ہے اس کے دل کا زنگ اتر جاتا ہے رنگ چڑھ جاتا ہے اور جینے کا ڈھنگ آجاتا ہے۔ان نیک جنات نے کچھ اور واقعات بھی سنائے ۔جو قارئین کے گوش گزار کرتا ہوں آپ کو ضرور سناؤں گا۔**خود میری عقل دنگ رہ گئی:** ان غار کے جنات نے مزید اور حیرت انگیز حالات سنائے اور اتنے عجیب اور حیرت انگیز تھے خود میری عقل دنگ رہ گئی‘ دراصل کائنات پراسرار چیزوں سے بھری ہوئی ہے‘ ضروری نہیں کوئی چیز ہماری عقل میں اور ہمارے شعور میں آجائے۔ ہماری عقل بھی مختصر اور ہمارا شعور بھی مختصر‘ ہم ہر چیز کو اگر اپنی عقل و شعور اور احساس سے جانچیں اور پرکھیں گے بعض اوقات ہم مایوس بھی ہوں گے اور پھر اس کو شاید جھوٹ قرار دیں گے۔ حالانکہ حقیقت کچھ اور ہے۔ جنات کی دنیا ایک ایسی دنیا ہے جس نے بڑی بڑی سائنس اور سائنسدانوں کو سوچنے پر مجبور کردیا‘ وہی سائنس اور سائنسدان جو آج تک اس کو ڈھکوسلے‘ نفسیاتی کہانیاں‘ نفسیاتی الجھنیں اور انسانی رویوں سے تعبیر دیتے تھے وہی لوگ آج یہ بات کہنے پر مجبور ہوگئے ہیں کہ جنات کی ایک حقیقت ہے اور جنات اس معاشرے میں ہماری زندگی کا حصہ ہیں۔قارئین! غار والے جنات نے مجھے کچھ ایسی حقیقتیں بتائیں جو سچ بھی ہیں اور ان کا وجود بھی ہے۔**جنات کی شادیوں کی تقاریب:** مثلاً ایک واقعہ سنایا کہنے لگے: ہم مسلمان ہوں یا کافر، ہر فرد کی شادی میں موجود ہوتے ہیں‘ جنات کو شادیوں کی تقاریب بہت اچھی لگتی ہیں‘ اگر نیک اور صالح جنات ہوتے ہیں تو وہ دور سے ان تقاریب میں شرکت کرتے ہیں اور اگر بدکار جنات ہوتے ہیں تو وہ قریب سے‘ ہاں نیک جنات اتنی احتیاط ضرور کرتے ہیں کہ کسی کی رازداری اور پردہ دری کو وہ نہ دیکھیں اور اس میں شامل نہ ہوں۔ ورنہ شادیوں کی تقاریب میں کسی نہ کسی شکل میں وہ اپنے تقویٰ کا خیال رکھتے ہوئے ضرور شامل ہوتے ہیں جبکہ بدکار جنات شادی کی ہر کیفیت‘ ہر تقریب اور ہر نظام میں اپنے آپ کو کسی نہ کسی شکل میں ضرور شامل کرلیتے ہیں۔غار والے جنات کہنے لگے ایک واقعہ ہے کہ ہم کچھ جنات ایک لمبے سفر میں جارہے تھے‘ ایک جگہ دیکھا کسی بستی کے بڑے سردار کی بیٹی کی شادی تھی کھانوں کی خوشبوئیں اوپر تک آرہی تھیں‘ ہم نے سوچا کہ اس میں ہم شامل ہوجائیں حالانکہ اس وقت ہمیں بھوک نہیں لگتی تھی لیکن ان کھانوں کی خوشبوئیں ایسی تھیں جنہوں نے ہمیں بہت مسحور اور متاثر کیا تھا۔ **بدمعاش‘ عیاش اور مکار جنات:** ہم وہاں چلتے گئے جب پہنچے تو دیکھا بہت بڑی تقریب ہے‘ خواتین کا نظام علیحدہ اور مردوں کا نظام علیحدہ‘ ہم اس تقریب میں شامل ہوگئے‘ ہماری حیرت کی انتہا نہ رہی جب ہم نے دیکھا کہ ہم سے پہلے بھی جنات وہاں موجود تھے لیکن وہ ایک کونے میں بیٹھے تھے‘ ان کے کسی کھانے پینے اور کسی اور تقریب شامل نہیں ہوسکتے تھے‘ میرے ساتھ جتنے بھی جنات تھے‘ وہ سارے وہ تھے جو خوف خدا رکھنے والے تھے اور ہمارے سامنے جتنے بھی جنات بیٹھے تھے۔ وہ سارے بدمعاش، عیاش اور مکار تھے۔ان جنات نے ہمیں دیکھا ہم نے انہیں دیکھا‘ دیکھنے کے بعد میں ان کے قریب گیا، میں نے کہا: آپ تو لگتا ہے خصوصی اس تقریب کیلئے تیار ہوکر آئے ہو انہوں نے ہاں میں سر ہلایا پھر میں نے کہا آپ اس تقریب میں شامل کیوں نہیں ہو پارہے؟ وہ خاموش رہا‘ اس نے مجھے کوئی جواب نہ دیا میں اس کی خاموشی سے متاثر بھی ہوا اور پریشان بھی ہوا وہ کس چیز پر خاموش ہے؟ میں نے اس کو چھوڑ کر تمام شادی کی تقریب کا چکر لگایا۔**فرشتے حفاظت پر معمور:** دیکھا ساتھ ہی کمرے میں ایک بزرگ تھے جن کو وہ ’’پیر صاحب‘‘ کہہ رہے تھے اور وہ کچھ تسبیحات‘ ذکر‘ وظائف اور اعمال پڑھ رہے تھے۔ میں نے انہیں چھوڑ کر مزید تمام شادی میں مدعو حاضرین اور ناظرین کا بغور مطالعہ اور معائنہ کیا۔ مجھے محسوس ہوا کہ پورے شادی کے مجمع کے اردگرد ایک نور کا حصار ہے اور مضبوط دیوار ہے‘ جو تنی ہوئی ہے اور فرشتے چاروں طرف حفاظت کیلئے معمور ہیں اور اپنی ڈیوٹی پر مستعد ہیں۔ **مجھے اس نیک ہستی پر اعتماد ہے:** میں نے یہ چیز پہلے بھی کئی بار دیکھی اور مجھے پتہ ہے کہ فرشتے حفاظت پر اس وقت معمور ہوتے ہیں اور نور کی دیوار اس وقت ہوتی ہے جب کوئی نورانی وظائف اور نورانی اعمال کیے جائیں اور نورانی تقاریب یا کوئی نورانی ہستی ایسی ہے جس کا اللہ کی ذات سے تعلق بہت گہرا ہو اور اس کی وجہ سے فرشتوں کی حفاظت کا نظام بہت مضبوط ہوجاتا ہے۔میں نے تمام حاضرین کو بار بار دیکھا مجھے کوئی ایسا فرد نظر نہ آیا جس کا تقویٰ بہت بلند ہو یا جس کے پاس ایسے طاقتور اعمال ہوں جن طاقتور اعمال کی وجہ سے یہ حفاظت اور حصار کی اتنی بڑی دیوار موجود ہو، مجھے رہ سہہ کر صرف اس نیک ہستی پر اعتماد تھا‘ یہ سب اس نیک ہستی کی وجہ سے اور اس کے کیے جانے والے مبارک اور مقدس اعمال کی وجہ سے یہ سب کچھ ہے‘ میں خاموشی سے جا کر اس درویش کے ساتھ بیٹھ گیا اور میں نے ان کی ایک ایک چیز کو محسوس کرنا شروع کردیا۔میرے بیٹھتے ہی اس بزرگ ہستی کو فوراً میرے بیٹھنے کا احساس ہوگیا مجھ سے فوراً سوال کیا‘ کہاں سے آئے؟ اور کس لیے آئے؟ میں نے اپنا تعارف کروایا میرے تعارف پر بہت خوش ہوئے اور مجھے دعائیں دینے لگ گئے۔ میں نے پوچھا: آپ یہاں کتنی دیر سے ہیں؟ فرمانے لگے: مجھے آج پانچواں دن ہے۔(جاری ہے)

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا‘ نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد‘ عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں ۔اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج ذیل نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔**0343-8710009**

مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 56 پر دیا گیا کوپن پُر کرکے بھجوادیں۔کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ کتاب پڑھیے

مقدس حوضوں کی شراب: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے قسم ہے میری عزت کی میرا جو بندہ شراب کا ایک گھونٹ بھی پیے گا میں اس کو اس کی مثل پیپ پلاؤں گا اور جو بندہ میرے خوف سے شراب پینا چھوڑ دے گا میں اس کو مقدس حوضوں میں سے (شراب طہور) پلاؤں گا۔ (مشکوۃ)

مجھ پر شدید ترین کالا سفلی جادو تھا

قارئین! عبقری میں چھپے یا کسی بھی عمل‘ وظیفے کے کرنے سے آپ کو جادو جنات سے چھٹکارا ملا ہو یا آپ پر کیا گیا جادو ٹونہ ہوا ہو تو وہ مکمل عمل اور اس کی مکمل روداد تفصیل کے ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری میں بھیجئے۔ آپ کا یہ عمل لاکھوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔

محترم قارئین السلام علیکم! میرا نام (ز) ہے‘ میرے علاج کو تقریباً تین سال ہونے والے ہیں‘ تین سال پہلے میری حالت یہ تھی کہ میں اللہ تک نہیں کہہ پاتی تھی اور نہ کوئی میرے پاس بیٹھ کر کوئی کلام پڑھ سکتا تھا۔ مجھ پر شدید ترین کالا سفلی جادو تھا۔ ہم نے تسبیح خانہ رجوع کیا۔ موبائل فون پر ٹائم لے کر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات کی۔ آپ نے ہمیں ہر دس منٹ تک کہ وقفے سے اذان اور افحسبتم کا عمل پڑھنے کو دیا۔ (سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھکر اپنے کندھوں پر دم کرنا ہے یا کوئی دوسرا پڑھ کر کرے) اس عمل سے مجھ میں اتنی بہتری آئی ہے کہ میں خود بہت پڑھتی ہوں یہ عمل‘ لیکن مجھ سے نماز اب بھی نہیں پڑھی جاتی‘ گھبراہٹ ہونے لگتی ہے‘ دل نہیں چاہتا‘ الٹیاں بہت ہو رہی ہیں‘ حالت خراب ہو جاتی ہے اور ان الٹیوں میں یہ سب چیزیں نکلتی ہیں‘ بال‘ سوئی‘ بوٹیاں کلیجی ٹائپ کی‘ کاغذ کئی بار نکلے‘ کالے کاغذ کے ذرات اور جھٹکے بھی لگتے ہیں‘ کان تک سے واضح کاغذ نکلا ہے‘ اذان افحسبتم کے عمل کے دوران مجھے بہت سے لوگ دکھائی دیتے ہیں جو کہ لمبے سفید کپڑوں میں تسبیح ہاتھ میں لئے ہوتے ہیں اور پڑھتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں اور بھی بہت کچھ دکھائی دیتا ہے جو کہ ایک خط میں بیان کرنا بہت مشکل ہے اسی دوران مجھے بہت سی چیزیں دکھائی دیتی ہیں جن میں جواہرات‘ تھالوں میں تسبیحات‘ قرآن پاک کچھ لوگ لا رہے ہیں‘ بہت خوبصورت لباس میں لڑکیاں لمبے لمبے سے لوگ اور وہ یہ کہتے تھے یہ ان جنات کے گھر والے ہیں جو جادو کے ذریعے بھیجے گئے تھے اور پڑھائی کے ذریعے باہر آئے تو وہ خوش ہو کر ہمیں یہ تحائف دے کر جا رہے ہیں جبکہ ہم پر ایسا وقت بھی آیا ہے کہ ہم تین وقت کے فاقے ہوتے تھے اور ہمیں یہ سب تب دکھائی نہیں دیتا تھا سوائے ان جنات کے جو بلال جن اور ان کے ساتھی تھے اور کچھ بُری چیزیں دکھائی دیتی تھیں۔

اس جگہ جہاں ہم رہتے تھے یہ تمام چیزیں مجھے اب بھی نظر آتی ہیں اور میری دونوں بڑی بہنوں اور بھائی کو نظر آتی ہیں۔ درج بالا عمل کرنے کے دوران ہی ہمیں پتہ چل گیا تھا کہ ہمارے پورے گھر پر جادو ہو رہا ہے کیونکہ میری دونوں بہنوں پر بھی یہ جنات واضح ہونے لگے اور باتیں کرنے لگے جیسا کہ بلال جن وغیرہ باتیں کرتے ہیں‘ دونوں بہنوں کو بھی جھٹکے لگتے ہیں اور ہلتی رہتی ہیں۔ اذان افحسبتم کے عمل کے ساتھ میں اکثر دو انمول خزانہ نمبر ایک اور دو پچیس ہزار بار پڑھ لیتی ہوں۔ تمام چیزیں مجھے اب دکھائی دیتی ہیں۔ اس عمل سے دن بدن بہتری آ رہی ہے جادو ٹوٹ رہا ہے مگر لگتا ہے ابھی منزل بہت دور ہے۔

خونخوار کتے اچانک لوٹ گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ ہماری ترتیب ہے کہ ہم گاؤں کی چند خواتین صبح نماز فجر کے فوری بعد واک کرنے جاتی ہیں اور گاؤں سے باہر تقریباً ایک گھنٹہ کی واک کرکے واپس آجاتی ہیں۔ ایک صبح حسب معمول میں اٹھی‘ نماز فجر ادا کی مگر میں نے وقت نہ دیکھا اور گھر سے واک کرنے نکل پڑی‘ کافی دیر بعد میں نے دیکھا کہ میں بالکل اکیلی تھی اور میں درود پاک صلی اللہ علی محمد پڑھ رہی تھی۔ کافی دیر واک کرنے کے بعد غور کیا کہ ابھی تک صبح کیوں نہ ہوئی تو مجھے احساس ہوا کہ ابھی تو فجر ہونے میں کافی وقت ہے۔ میں جس جگہ کھڑی تھی اس کے طرف سڑک تھی اور دوسری طرف کھیت اور میرے پیچھے پانی کا تالاب تھا‘ اچانک دور سے پانچ سے چھ خونخوار کتے بڑی تیزی سے میری طرف آرہے تھے‘ جب میں نے تالاب کی طرف دیکھا تو اس طرف سے بھی چار خونخوار خطرناک کتے میری طرف انتہائی تیزی سے آرہے ہیں‘ میں بہت زیادہ گھبرا گئی کچھ سمجھ نہ آرہی تھی‘ مگر میری زبان سے درود جاری رہا اور درود کو میں نے مزید اونچی آواز میں پڑھنا شروع کردیا‘ کتے جب میرے مزید قریب ہوئے تو میں نے مزید اونچی آواز میں پڑھنا شروع کیا‘ جیسے ہی کتے میرے قریب ہوئے اچانک رک گئے اور خودبخود پیچھے ہٹ گئے اور میرے لیے راستہ چھوڑ دیا۔ میں جلدی سے واپس پلٹی‘ جب میں گھر کے قریب پہنچی تو پھر اذان فجر ہوئی۔ (پوشیدہ)

عزم و ہمت اور زندگی کی آزمائش

زندگی کی آزمائشوں کے وقت عزم و ہمت اور انسان کی اندرونی مضبوطی ہی کام آتی ہے۔ ایسے موقع پر انسان جتنا زیادہ اپنے پر بھروسہ رکھتا ہے اتنا ہی زیادہ مضبوط رہتا ہے اور ضرورت کے وقت اتنا ہی زیادہ اوروں کی خدمت گزاری کرسکتا ہے۔ اس کی زندگی اوروں کیلئے مددگار اور طاقت بخش ثابت ہوتی ہے اور وہ اپنی زندگی سے دوسروں کو ہمتِ مرداں اور مدد خدا کا لاثانی اور بیش بہا سبق سکھاتا ہے۔ دنیا بھر کی ادویات اپنی متفقہ کوششوں سے انسان کی مدد نہیں کرسکتیں جب تک وہ ہی ہاتھ پھیلا کر اپنے خاص مرض کے لیے مناسب دوا کا استعمال نہ کرے۔ اگر کوئی انسان خود اپنی روح بچانے کی ضرورت نہیں سمجھتا اور اپنی سمجھ کے موافق رہتی پر عمل نہیں کرتا اور راستی کے قاعدوں پر حتی الوسع عمل کرکے اپنی زندگی ڈھالنے کی کوشش نہیں کرتا تو دنیا کے سب مذاہب صرف اخلاقی مباحثے یا نجات کے راستے ہی رہ جاتے ہیں اور ان سے کچھ بھی فائدہ حاصل نہیں ہوسکتا۔ یاد رکھئے! مذہب اس گاڑی کی طرح نہیں ہے جس میں نرم نرم گدیلے بچھے ہوئے ہیں اور صرف ٹکٹ کے دام ہی دینے پڑتے ہیں باقی سب کام کوئی اور کردیتا ہے مذہب اور دوسرے تمام اہم کاموں میں تم کو اپنی محنت سے کام لینا پڑے گا اوروں سے حسب ضرورت مدد لو لیکن اپنی زندگی آپ بسر کرو‘ محض گاڑی کے مسافر نہ بنو بلکہ اس کے انجینئر بنو اور اپنی زندگی کو گاڑی کے مانند بناؤ ہم کو اپنی محبت پر بھروسہ رکھنا چاہیے اپنی زندگی خود بسر کرنی چاہیے۔ ورنہ ہماری خود حیثیت پانی کی رو میں بہنے والے خس و خاشاک کی سی ہوجائے گی اور زندگی کی اعلیٰ ترین تربیت اور رحمانی اوصاف سے محروم رہ جائیں گے۔ دوسرے شخص ہم کو صرف موقع بتاسکتے ہیں مگر ہم کو خود ہمیشہ اس موقع کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ اور اگر ہم کو موقع نہ ملے تو اس کی تلاش کرنی چاہیے ورنہ وہ موقع ہمارے لیے بے سود ثابت ہوگا موقعوں کے سلسلہ کا ہی نام زندگی ہے لیکن عزم و ہمت کے ذریعے ان کو مفید یا کم ہمتی سے ان کو مضر بنانا ہمارا اپنا کام ہے۔

پیٹ بڑھ رہا ہے تو میرا آزمودہ نسخہ آزما لیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا پیٹ بڑھ رہا تھا تو مجھے کسی نے بتایا کہ صبح نہار منہ آدھا چمچ شہد اور آدھا لیموں نیم گرم پانی میں نچوڑ کر پینے سے بہت زیادہ فرق محسوس ہوا۔ قارئین عبقری بھی آزمائیں۔ (ارم زہرہ)

پرانا ناسور ہلدی سے ٹھیک: پرانا ناسور بھی ہلدی تین ماشہ دن میں دو تین مرتبہ گھس کر لگانے سے ٹھیک ہوجاتا ہے۔

بڑھتا گردن کا درد اسباب اور علاج

ڈاکٹر ایس اے صدیقی

گردن کا درد زیادہ تر مریضوں میں معمولی بیماریوں کی وجہ سے بھی ہوتا ہے جو سادہ اور معمولی علاج سے ٹھیک ہوجاتا ہے اور صرف چند مریض ایسے ہوتے ہیں جن کیلئے آپریشن یا دوسرے طریقہ علاج کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ گردن میں درد کی شدید کیفیت کی وجہ جاننا بے حد ضروری ہے

گردن میں درد کی کیفیت کا احساس بہت عام ہے اور یہ گردن کی بناوٹ میں کسی تبدیلی یا اندرونی بیماری کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔ یہ درد معمولی تھکاوٹ سے یا حادثاتی طور پر اتنا شدید ہوجاتا ہے کہ مریض کا گردن گھمانا بھی دشوار ہوجاتا ہے۔ گردن کا درد کاندھوں سے ہوتا ہوا ہاتھ میں آجائے اور انگلیوں میں سن پن یا سوئیاں چبھنے کا احساس ہوجائے تو فوراً سمجھ لینا چاہئے کہ گردن کے مہروں کے درمیان نسوں پر دباؤ آچکا ہے' یہ کیفیت ایک یا دونوں بازوؤں میں بیک وقت محسوس کی جاسکتی ہے' ان علامات کی صورت میں نیوروسرجن سے فوری طور پر طبی معائنہ کرانا ضروری ہوجاتا ہے تاکہ بروقت تشخیص کرکے اس مرض کا صحیح علاج کیا جاسکے۔ معمولی پٹھوں کا درد، ہڈیوں اور اعصاب کی بیماریاں بھی جن میں ہڈی کی ٹی بی اور کینسر بھی شامل ہیں اس کا درد سبب بن سکتی ہیں۔ گردن کا درد زیادہ تر مریضوں میں معمولی بیماریوں کی وجہ سے بھی ہوتا ہے جو سادہ اور معمولی علاج سے ٹھیک ہوجاتا ہے اور صرف چند مریض ایسے ہوتے ہیں جن کیلئے آپریشن یا دوسرے طریقہ علاج کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ گردن میں درد کی شدید کیفیت کی وجہ جاننا بے حد ضروری ہے جس میں مخصوص جگہ درد ہونا' اس کی شدت' دورانیہ اور ایک جگہ سے درد کا ادھر سے اُدھر منتقل ہونا شامل ہے۔ ماضی میں ایکسیڈنٹ سے گردن یا اس کے کسی قریبی حصے کا متاثر ہوجانا اہم نکتہ فکر ہوتا ہے آگے جاکر اس سے ہونے والے درد عام زندگی کو متاثر کرنا شروع کردیتا ہے' گردن کو کسی جانب موڑنے سے سکون مل جانا یا درد بڑھ جانا' اندرونی بناوٹ میں کسی غیر متوقع تبدیلی کی نشان دہی کرتا ہے۔ نیوروسرجن تفصیل سے مریض کے نروس سسٹم کا معائنہ کرتا ہے جس سے دیگر وجوہ کے ساتھ ساتھ اندرونی زخم کی سختی کی جگہ کی بھی نشان دہی ہوجاتی ہے۔ گردن کے درد کی اصل وجوہ جاننے کیلئے کچھ طبی ٹیسٹ ہوتے ہیں تاکہ نیوروسرجن صحیح تشخیص کے مطابق دواؤں کے علاوہ Cervical Pain کے متعلق دیگر مشورے بھی دے سکے ان میں گردن کے ایکس ریز' نسوں اور پٹھوں کے امراض کا ٹیسٹ ہڈیوں کی ساخت و اندرونی تبدیلیوں کا ٹیسٹ Bone Scan' نسوں پر دباؤ کا ٹیسٹ اور ایم آر آئی شامل ہیں۔ ان ٹیسٹ کے ذریعے آپ کے معالج کو تشخیص اور اس کے علاج میں مدد ملتی ہے۔ گردن کے درد کی سب سے بڑی وجہ Poor Posture یعنی گردن کو درست پوزیشن میں نہ رکھنا ہے جس سے گردن کے مہروں میں خرابی پیدا ہوجاتی ہے اس کو Cervical Spon Dylosis کہتے ہیں مثلاً اگر آپ گہری نیند بہت ٹیڑھے ہوکر اسلئے ہوکر گردن ایک طرف سے نیچے یا اوپر رکھ کر سوجائیں تو دوسرے دن گردن میں درد ہونے لگتا ہے۔ آفس میں کام کرنے والے لوگ دن بھر اگر اپنی گردن کو خم دے کر بیٹھیں تو یہ پٹھے تناؤ میں آجاتے ہیں اور ان میں درد رہنے لگتا ہے اس کا بہترین علاج یہ ہے کہ آپ اپنی گردن کو بالکل صحیح رکھیں اس میں کسی قسم کا جھکاؤ نہیں ہونا چاہئے۔ Trauma یا چوٹ لگنے کی صورت میں عموماً مریض کی گردن میں درد کا احساس رہتا ہے لیکن بعض اوقات چونکہ یہ چوٹ براہ راست گردن پر نہیں لگتی اس لئے مریض اسے یاد نہیں رکھتا البتہ حادثے کے بارے میں اسے یاد رہتا ہے۔ ٹریفک حادثات کی صورت میں اکثر گردن میں شدید جھٹکے کی وجہ سے چوٹ آجاتی ہے جس سے نسوں اور پٹھوں کو نقصان پہنچنے کے علاوہ بعض اوقات مہروں کی ہڈیاں اپنی جگہ چھوڑ دیتی ہیں یا ان میں ٹوٹ پھوٹ ہوجاتی ہے لیکن جب مریض اپنے معالج کے پاس آتے ہیں تو گردن کا یہ درد بازوؤں سے ہوتا ہوا انگلیوں تک پہنچ چکا ہوتا ہے اور ان میں سنسناہٹ یا چونٹیاں رینگتی محسوس ہوتی ہیں۔ جسم کے تمام جوڑوں کو متاثر کرنے والی بیماری گنٹھیا Rheumat oid Arthritis گردن کے پہلے مہرے کو زیادہ متاثر کرتی ہے اور عمر کے ساتھ ساتھ مہروں کے کنارے بھی کھردرے ہوجاتے ہیں' چالیس سال کی عمر کے بعد ہڈیوں میں معدنیات اور نمکیات کی کمی ہونے لگتی ہے جس میں اہم ترین کیلشیم ہے۔ ہڈی کا گودا اور سطح کمزور ہوجانے سے ان کی سطح میں چکنائی کا عنصر کم ہونے لگتا ہے یعنی ان ہڈیوں کے درمیان پانے والا چکنا مادہ کم ہونے لگا ہے اور اس صورت میں اطراف کے پٹھے سوکھنے اور کمزور ہونے لگتے ہیں اور بعض اوقات مریض کسی چیز کو پکڑنے سے بھی قاصر رہتا ہے یعنی طاقت اور گرفت کم ہونے لگتی ہے اور ہاتھ کی کچھ انگلیاں سن ہوجاتی ہیں' صبح سویرے عموماً جب مریض جاگتا ہے تو اسے ہاتھ سن یا شل سے محسوس ہوتے ہیں اور وہ انہیں خوب ہلانے لگتا ہے' گردن کی یہ بیماری اور درد پوری گردن سے ہاتھوں تک پہنچتا ہے اور بعض اوقات یہ فالج کا سبب بن جاتا ہے۔ علاج: علاج کی نوعیت کا انحصار گردن کا درد پیدا کرنے والی وجوہ پر ہوتا ہے' علاج میں سکون سے آرام کرنا' گرم یا ٹھنڈی چیزوں سے سکائی ٹریکشن اور فزیوتھراپی جس میں الٹراسونک' مساج اور گردن کے پٹھوں کی مشقیں' گردن میں کالر لگانا' لوکل انجکشن اور درد ختم کرنے کی کریم پٹھوں کے جکڑاؤ' کھنچاؤ' اینٹھن اور درد ختم کرنے کی دوائیں اور آپریشن شامل ہیں۔ احتیاط اور ورزشیں: لمبے عرصے تک ایک ہی پوزیشن میں گردن کو جھکا کر کام نہ کریں' بلکہ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پوزیشنیں تبدیل کرتے رہیں تاکہ گردن کو آرام مل سکے۔ سخت اور اونچے فوم کا تکیہ ہرگز استعمال نہ کریں بلکہ نرم اور تقریباً تین انچ موٹا تکیہ استعمال کریں۔ ایسی کرسی کا انتخاب کریں جس کی پشت آپ کی گردن کے برابر ہوتا کہ آپ کچھ وقفے کیلئے گردن کو اس پر ٹیک کر آرام کرسکیں۔ لکھنے اور پڑھنے کیلئے اونچی ٹیبل کا انتخاب کریں تاکہ آپ کی گردن سیدھی رہے اور آپ آسانی سے کام کرسکیں۔ زیادہ تر تک کمپیوٹر ہمیشہ اپنی گردن کی مساوی سطح پر رکھیں۔ روزانہ چہل قدمی ضرور کریں۔ گردن کی ورزشیں: گردن کو نیچے سینے کی جانب جھکائیں پھر گردن کو واپس اوپر کی طرف اٹھائیں جتنا آپ آسانی سے اوپر اٹھاسکتے ہیں اس کے بعد اپنی پہلے والی پوزیشن پر آجائیں عمل کو دس دس بار دہرائیں۔ گردن کو سیدھا رکھتے ہوئے پہلے دائیں جانب موڑیں اس کے بعد اپنی اصل حالت میں آتے ہوئے بائیں جانب گردن کو موڑنے اور پھر واپس نارمل پوزیشن پر آجائیں یہ عمل بھی دن میں دس دس بار دہرائیں۔ گردن کو سیدھا رکھتے ہوئے دائیں جانب جھکائیں اور پھر واپس گردن کو سیدھا کرتے ہوئے بائیں جانب جھکائیں اور دوبارہ نارمل پوزیشن پر آجائیں یہ عمل دن میں دس دس بار دہرائیں۔ گردن کو سیدھا رکھ کر آہستہ آہستہ (Clock) اور (Anti Clock) گھمائیں کم از کم دس دس بار یہ عمل کریں۔

(بقیہ: سفیدہ! معمولی سمجھ کر ہرگز نظرانداز کرنے کی غلطی نہ کیجئے)

رکھ دیں اور کوشش کریں کہ ایسی جگہ رکھا جائے جہاں ہوا کا گزر کم ہو اس طرح اس کی خوشبو اچھی طرح رچ بس جائے گی اور آپ اس انوکھی کیڑے مار دوا سے فائدہ حاصل کرلیں گے۔ سفیدے کے پتے آپ کی جلد کیلئے بھی بے حد مفید ہیں، اگر آپ اپنی جلد کو جلدی بیماریوں سے محفوظ رکھنا چاہتے ہیں تو سفیدے سے غسل کریں اس کا طریقہ یہ ہے کہ سفیدے کے پتے کسی جالی دار کپڑے میں باندھ کر کسی ٹب میں رکھ دیں اور اس ٹب میں گرم پانی تقریباً 20 منٹ تک کیلئے بھر دیں تاکہ سفیدے کے پتے باتھ ٹب میں اپنا تیل چھوڑیں، پھر آپ انتہائی آرام سے نہائیں اور اس کپڑے کو جس میں آپ نے پتے باندھ رکھے ہیں پورے جسم پر پھیر لیں۔ تقریباً ایک دو مرتبہ ہربل باتھ کا یہ طریقہ ہلکی پھلکی جلدی بیماریوں میں شفاء کا کام دے گا اور آپ کو تازہ دم اور چست کردے گا۔

ٹھیکیدار کیلئے: اگر کسی ٹھیکے دار کا ٹھیکہ رک گیا ہو یا محکمہ میں کیے ہوئے کام کی ادائیگی نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ ٹھیکے کے مقام پر اسم یَامُعِیْنُ کو کیس دن تک 5100 مرتبہ خود پڑھے یا کسی سے پڑھائے۔ انشاء اللہ ٹھیکہ کے حالات درست ہو جائیں گے۔

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا دامت برکاتہم العالیہ عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ ان کی نامور شہرہ آفاق کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے

آخرت سے یہ غفلت کیوں؟

ایک اجنبی بغیر اجازت کے دربار شاہی میں آ گیا، کبھی ادھر کبھی ادھر، تخت شاہی کے نیچے دیکھنے لگا، جیسے کوئی چیز تلاش کر رہا ہو، بغیر آداب شاہی بجالائے اور بغیر اجازت کے اپنے دربار میں حضرت ابراہیم بن ادھم نے ایک اجنبی کی یہ حرکت دیکھی تو ڈانٹ کر سوال کیا کہ بغیر اجازت اور بغیر دربار شاہی کے آداب بجالائے تم دربار میں کیا بے تکی حرکت کر رہے ہو اور کیا تلاش کر رہے ہو، اجنبی نے جواب دیا، میں یہاں ایک رات قیام کی جگہ تلاش کر رہا ہوں۔ حضرت ابراہیم بن ادھم (جو اپنے ماموں کی بادشاہت پر ان کے جانشین کی حیثیت سے درباری کارروائی میں مصروف تھے) میں حیرت اور ذرا سختی سے کہا: تم بے وقوف ہو، کیا یہ کوئی سرائے ہے؟ اجنبی نے کہا یہ سرائے نہیں تو کیا ہے، حضرت ابراہیم بن ادہم نے جواب دیا: یہ میرا دربار شاہی ہے۔ اجنبی نے سوال کیا: آپ سے قبل یہاں دربار میں کون بیٹھتا تھا؟ انہوں نے جواب دیا کہ میرے ماموں، اجنبی نے سوال کیا: ماموں سے پہلے کون تھا؟ بولے: ان کے والد، سوال کیا ان کے والد سے پہلے کون تھا؟ تو حضرت ابراہیم بن ادہم نے کہا: ان کے چچا۔ اجنبی بڑی حیرت سے بولا: ایک آتا ہے، کچھ روز قیام کرتا ہے اور چلا جاتا ہے اس کے بعد دوسرا آتا ہے، کچھ روز قیام کرتا ہے پھر چلا جاتا ہے' اس کے بعد تیسرا آتا ہے اور جاتا ہے اور پھر تم آ کر رہنے لگے اور تمہیں بھی جانا ہے اور تمہارے بعد کسی اور کو آ کر یہاں کام دیکھنا ہے' یہ آپ کا دربار شاہی کہاں ہے؟ یہ سرائے نہیں تو اور کیا ہے؟ یہ کہہ کر وہ اجنبی شخص غائب ہو گیا تو معلوم ہوا کہ وہ فرشتہ غیبی تھا اور مشہور یہ ہے کہ یہی واقعہ حضرت ابراہیم بن ادہم کی توبہ کا ذریعہ بنا۔

یہ دنیا جس روز سے بسی ہے یہاں کا دستور ہے کہ ہر ایک آتا ہے کچھ روز رہتا ہے اور چلا جاتا ہے، جن محلوں اور حویلیوں کے بنانے میں نوابوں اور بادشاہوں نے اپنی پوری زندگیاں لگا دیں، ان میں ان کو، چند سال، بعض کو چند یوم بلکہ چند پل رہنا بھی نصیب نہیں ہوا' بلکہ کبھی کبھی ان کی نسلوں کو بھی ان محلوں میں داخلہ نصیب نہیں ہوتا' پھر بھی نہ جانے کیوں انسان اس دھوکہ کے گھر اور سرائے میں ایسا دل لگا لیتا ہے جیسے اسے ہمیشہ یہاں رہنا ہے' اپنے ساتھ رہنے والے کتنے عزیزوں، دوستوں، رفیقوں اور ساتھیوں کو ہم بے بسی میں نہلا کر، کفنا کر قبروں میں دفن کر کے روز آتے ہیں، مگر ہمارے طرز حیات اور ہمارے رہن سہن سے، یہاں تک کہ ہمار مکانوں کے بیت الخلاء اور باتھ روموں سے بھی یہ احساس نہیں ہوتا کہ موت کی یہ سچائی جس کو ان لوگوں کو بھی ماننا پڑتا ہے جو خدا کی ذات کے ہونے پر یقین نہیں رکھتے، کہ ہمیں اس سے دوچار ہونے کا احساس ہے، یہ دنیا سرائے فانی ہے' دھوکہ کا گھر ہے اور ہمیں اسے چھوڑ کر جانا ہے۔

ضروری نہیں کہ زندگی کا سارا آرام اور زندگی کا کل سرمایہ بلکہ پوری زندگی کے ایک ایک پل کو قربان کر کے، بلکہ اپنی آخرت اور نجات کو داؤں پر لگا کر، اور دوسروں کا حق مار کو جو محل اور ٹاور ہم بنا رہے ہیں اس میں ہمیں اور ہماری اولادوں کو رہنا بھی نصیب ہوگا مگر نہ جانے کیسی نادانی اور بوالہوسی ہے کہ ہم اس سرائے فانی میں دل لگا کر اپنے حقیقی گھر آخرت کو بھولے ہوئے ہیں، غفلت کی نیند سے بیدار کرنے کیلئے ملک الموت آتا ہے اور ہمارے ساتھ کھیلنے، چلنے، پھرنے اور ہماری طرح ہمیشہ اس دنیا میں رہنے کا پلان بنانے والوں کو اجل کی راہ پر لگا دیتا ہے' ماں سے ستر گنا مامتا رکھنے والے ہمارے رب ہمیں بار بار ہوشیار کرنے کا سامان پیدا فرماتے ہیں اور اس غفلت سے بیدار کرنے کیلئے آواز لگاتے ہیں۔ ترجمہ: ''جان لو! کہ دنیوی حیات، محض لہو و لعب اور زینت اور باہم ایک دوسرے پر فخر کرنا اور اموال اور اولاد میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنا ہے، جیسے بارش ہے کہ اس کی پیداوار کاشت کاروں کو اچھی معلوم ہوتی ہے پھر وہ خشک ہو جاتی ہے، وہ اس کو زرد دیکھتا ہے، پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے، اور آخرت میں عذاب شدید ہے اور خدا کی طرف سے مغفرت و رضامندی ہے اور دنیوی زندگی محض دھوکہ کا سامان ہے۔ (الحدید ۲۰)'' کاش! ہر لمحہ خواب غفلت سے جگانے والے ان واقعات سے دنیا کی بے ثباتی اور اسے دھوکہ کا گھر سمجھنے کیلئے ہم ہوش کے ناخن لیں، اور موت کے بعد کی عافیت اور نجات کو اس سرائے فانی میں داؤ پر نہ لگائیں۔

مجھے شفاء کیسے ملی؟

یقینی شفاء کیلئے: جب کسی مسلمان کی عیادت کریں تو یہ دعا سات بار پڑھیں اگر موت نہ آئی ہوئی تو اسے شفا ہو گی۔ اَسْئَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ. ترجمہ: عظیم اللہ سے سوال کرتا ہوں جو عرش کریم کا مالک ہے کہ وہ تجھے شفا دے۔ **تمام ضرورتیں پوری ہونگی:** جس کسی کو انسان سے یا اللہ سے کوئی حاجت ہو اسے چاہئے کہ اچھی طرح وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے اور اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اور یہ دعا پڑھے۔ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَاتَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ. **پیدائش میں آسانی کیلئے:** اگر بچہ پیدا ہونے میں رکاوٹ ہو اور تکلیف زیادہ بڑھ جائے تو ۲ تولہ گڑ کو نصف پاؤ پانی میں گھول کر پکائیں۔ جب نصف رہ جائے تو ۲ تولہ گھی اور ایک ڈیڑھ ماشہ تلسی کا کھار ملا کر گرم گرم پلائیں۔ پندرہ منٹ کے اندر بچہ باہر آ جائے گا۔ اگر بہت جلدی ہو تو یوں ہی پانی گرم کر کے دے دیں۔ **زہر ختم کرنے کیلئے:** تلسی کے پتے یا جڑ مکھن میں رگڑ کر اس کا لیپ مارگزیدہ پر لگا دیں۔ جب لیپ کا رنگ سفید سے کالا ہو جائے تو اس لیپ کو اتار کر اس جگہ اور لیپ لگایا جائے اس طرح تمام زہر خارج ہو جائیگا۔

گلٹی سے آرام کیلئے: اگر گلٹی نکلی ہو تو دو دو ماشہ پھٹکڑی بریاں ۳۔۳ گھنٹہ کے بعد گرم دودھ کے ساتھ کھلائیں اور گیہوں اور السی کے آٹے کو سرسوں کے تیل میں بطور پلٹس پکا کر ٹکیہ بنائیں اور اس پر باریک پسی ہوئی پھٹکڑی ڈال کر گرم گرم گلٹی پر باندھ دیں۔ دن میں تین بار۔

بحوالہ ''مجھے شفاء کیسے ملی'' لاعلاج روحانی اور جسمانی بیماریوں میں مبتلا اس کتاب کا مطالعہ کریں۔ (جو عمل یا ٹوٹکہ آزمائیں ضرور لکھیں' لاکھوں کا نفع آپ کا صدقہ جاریہ)

کھانے پینے کے دو مہلک انداز

سید رشید الدین احمد

بسیار خوری کی جو تعریف کی ہے اس کے مطابق جو شخص ہفتے میں کم از کم دو مرتبہ خوب ٹھونس کر کھاتا ہے اور اگر اس طرح خوب رج کر کھانے کا یہ سلسلہ متواتر تین مہینوں تک جاری رکھتا ہے تو اسے بسیار خوری کا مریض سمجھنا چاہیے۔

جب کھانا پینا ہی کھاتے پیتے لوگوں کا مشغلہ تھا تو اس سلسلے میں کئی باتیں اور خودساختہ اصول بھی سننے کو ملتے تھے' مثلاً یہ بات بہت عام تھی کہ اتنا کھاؤ کہ مرغ تمہارے منہ سے دانے ٹھونگنے لگے۔ پھل بکثرت کھانے کے سلسلے میں بھی ایک دوسرے سے یہ سوال کیا جاتا تھا کہ آپ نے کتنے پھل کھائے' مثلاً آم کا موسم ہے تو کہا جاتا تھا کہ آپ نے کتنے آم کھائے' ایک ڈاڑھی یا دو ڈاڑھی؟ یعنی آم کی گٹھلیوں کا ڈھیر کتنی مرتبہ بڑھتے بڑھتے آپ کی ڈاڑھی تک آیا۔ ایک اور بات یہ بھی مشہور تھی کہ آم خوری کے دوران کتنی لنگیاں بدلنی پڑیں۔ بکثرت کھانے کا یہ انداز' بھوک کا ہوکا اور ''جوع البقر'' یعنی بیل جیسی بھوک بھی کہلاتا ہے۔ برصغیر میں اس سلسلے میں بہت سے واقعات عوام اور خواص دونوں ہی کے ملتے ہیں۔ مثلاً متھرا اور بنارس کے پنڈوں اور چوبوں کی بسیار خوری آج بھی مشہور اور موجود ہے۔ یہ ایک ہی وقت میں کئی کئی سیر لڈو پیڑے وغیرہ مرنے والوں کی روح کو خوش کرنے کیلئے کھا جاتے ہیں۔ حیدرآباد دکن میں ایک شخص پنج سیری نواب کے نام سے بہت مشہور تھا۔ جسے خاص طور پر مدعو کر کے کھلایا جاتا تھا۔ وہ پانچ سیر کا ایک لگن یا پرات اپنے ساتھ لاتا اور اس میں بریانی بھر کر کھاتا' اپنا پیٹ پانچ سیر بریانی سے بھرتا تو دیکھنے والوں کو حیرت کے سمندر میں ڈبو دیتا' حالانکہ دراصل وہ خود اپنا اور اپنی نقل کرنے پر آمادہ کرنے والوں کا بیڑہ غرق کرتا تھا۔

نواح لکھنؤ کے ایک راجہ صاحب کے بارے میں مشہور تھا کہ وہ آم کے موسم میں دوپہر کے کھانے کے بعد' آم اس وقت تک چوستے رہتے تھے کہ جب تک نیند انہیں بستر پر گرا نہیں دیتی تھی۔ ہمارے ایک گورنر جنرل بھی اپنی بسیار خوری کے قصے پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔ کوئی ڈش انہیں پسند آجاتی تو کھانے کے تھوڑی دیر بعد قے کر کے طبیعت بحال ہوتے ہی اسے پھر رج کر کھاتے۔

کھانے پینے کا ایک انداز یہ بھی ہے کہ بہت سے لوگ کھانے کو زہر سمجھ کر بہت کم اور بعض بالکل ہاتھ نہیں لگاتے ہیں۔ اس کیفیت کو طب میں بے اشتہائی یعنی بھوک کی عدم موجودگی کہتے ہیں تو پہلی کیفیت بھوک کا ہوکا کہلاتی ہے اور یہ دونوں شکایات دنیا کے سب سے خوش حال ملک میں بہت عام ہیں۔ ان کے اپنے اندازوں کے مطابق تقریباً آٹھ ملین امریکی اس کا شکار ہیں۔ ان میں سے دس لاکھ مرد ہیں۔

یہ دونوں مرض بالعموم اوائل عمر میں شروع ہوتے ہیں' لیکن پانچ سے ستر سال کی عمر کے لوگ بھی ان میں مبتلا ہوتے ہیں۔ ان کا تعلق ہر قسم کے طبقات اور پس منظر سے ہوتا ہے۔ یعنی ان میں اقتصادی' نسلی یا مذہبی تفریق نہیں پائی جاتی۔ کھانے پینے کی یہ غیر معتدل اور غیر متوازن عادات' مہلک ہوتی ہیں۔ اندازاً ایسے چھ فیصد افراد ان عادات کی شدت کی وجہ سے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ ایسے افراد بالعموم قلب اور سانس کی بندش کے علاوہ دست لانے والی ادویات کی کثرت اور خودکشی کی وجہ سے موت کے گھاٹ اتر جاتے ہیں۔ امریکن سائیکاٹرک سوسائٹی نے بسیار خوری کی جو تعریف کی ہے اس کے مطابق جو شخص ہفتے میں کم از کم دو مرتبہ خوب ٹھونس کر کھاتا ہے اور اگر اس طرح خوب رج کر کھانے کا یہ سلسلہ متواتر تین مہینوں تک جاری رکھتا ہے تو اسے بسیار خوری کا مریض سمجھنا چاہیے۔ ایسے مریض ڈٹ کر کھانے کے بعد بالعموم حلق میں انگلی ڈال کر کھایا پیا قے کر کے نکال دیتے ہیں' دست آور دوائیں استعمال کرتے ہیں۔ کھانا نہ کھانے والے دبلے پتلے افراد کے برخلاف یہ لوگ بہت موٹے بھی نہیں ہوتے۔ ان کا وزن زیادہ بڑھ بھی جائے تو دس پاؤنڈ سے زیادہ نہیں بڑھتا۔

علامات: ان کے گلے میں سوجن اور خراش مستقل رہتی ہے۔ اس کے علاوہ لعابی غدود بھی متورم رہتے ہیں۔ ان کے دانت کم زور اور بار بار قے کی وجہ سے اس میں صفرا شامل ہونے سے بدرنگ ہو جاتے ہیں۔ پپوٹے سوجے ہوئے ہوتے ہیں اور آنکھوں کی باریک رگیں بھی پھٹ جاتی ہیں۔

مرض کی شدت: مرض کی شدت کی صورت میں پٹھوں (عضلات) میں اینٹھن ہوتی ہے۔ قلب کی رفتار ہموار نہیں رہتی۔ گھبراہٹ یعنی اختلاج کی تکلیف رہتی ہے۔ خون میں شکر کی سطح کم رہتی ہے۔ جگر' آنتوں اور گردوں کی شکایات کے یہ شکار ہو جاتے ہیں۔ ان کے معدے کی اندرونی پرتیں اور غذائی نالی بھی پھٹ کر سنگین مسائل کا سبب بن سکتی ہے۔

طبی اعتبار سے: طبی اعتبار سے بھوک کے ہوکے کے اسباب میں معدے کی خراش' ذیابیطس' بچوں میں پیٹ کے کیڑے قابل ذکر ہیں۔ معدے میں نزلے کی سوزش سے بھی بھوک بہت لگتی ہے۔ رات کے آخری حصے میں بھوک کی شدت' معدے کی خراش کی علامت بھی ہو سکتی ہے۔ چنانچہ اس کا علاج اسباب پر غور کر کے ہی کیا جا سکتا ہے۔ بھوک کا مر جانا یا کم ہونا بھی بہت خطرناک ہوتا ہے۔ جسم کے علاوہ دیگر صلاحیتیں اس سے متاثر ہوتی ہیں۔ جسم کی قوت مدافعت کے گھٹ جانے سے امراض کے حملے بڑھ جاتے ہیں۔ یہ شکایت عام طور پر معدے کے امراض کی ایک علامت ہوتی ہے۔ معدے کی پرانی سوزش کے علاوہ دیگر امراض بھی اس کا سبب ہو سکتے ہیں۔ مثلاً بدہضمی' عصبی کمزوری' کثرت شراب نوشی' خوب سیر ہو کر کھانا' روغنی غذاؤں کا کثرت سے استعمال' سرطان یا زخم معدہ' واضح رہے کہ بھوک کا نہ لگنا' سرطان معدہ کی ایک اہم علامت ہوتی ہے۔ ان دونوں مرضی کیفیات کا ایک اہم سبب نفسیاتی بھی ہوتا ہے۔ ماہرین اسے جسم میں حیاتی کیمیائی عدم توازن کا سبب بھی قرار دیتے ہیں۔ بسا اوقات فکر و پریشانی میں اکثر لوگ بے تحاشہ کھانے لگتے ہیں تو اکثر کی بھوک غائب ہو جاتی ہے۔ معالج کے لیے ضروری ہے کہ تمام اسباب پر نظر رکھ کر مریض کا علاج کرے۔

گھروں میں بیٹھیں اپنے گھروں کی ہوگئیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا قاری ہوں' ماشاء اللہ اس میں بہت سی معلومات اور عملیات کے حوالے سے کافی حد تک میں مستفید ہوتا ہوں۔ عبقری رسالہ میں ایک بہن کا خط پڑھا جس میں لکھا تھا کہ بے شمار گھروں کی بیٹیاں بن بیاہی بیٹھی ہیں ان کے رشتے نہیں آتے' اگر آتے ہیں تو دیکھ کر چلے جاتے ہیں اور کوئی جواب نہیں دیتے۔ اس بارے میں کوئی عمل بتایئے۔ میرے پاس بہت اہم عمل ہے اور یہ عمل آزمایا ہوا ہے اور ماشاء اللہ سے بہت سے گھروں کی بیٹیاں اپنے گھروں میں آباد ہو گئیں ہیں۔ عمل یہ ہے: عشاء کی نماز کے بعد ایک گلاس پانی لیں اور اس پر سورۂ فاتحہ گیارہ دفعہ' جب اس آیت پر پہنچیں اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ تو اس آیت کو گیارہ دفعہ دہرائیں اور پھر سورۂ کو مکمل کر لیں اور پانی پر دم کر لیں۔ اس طرح گیارہ دفعہ اس عمل کو دہرائیں اور آخر میں دعا کریں اور پانی پی لیں۔ نوٹ: یہ عمل لڑکی یا والدہ کرے' اور اگر لڑکی خود کرے تو بہت بہتر ہے۔ یہ عمل پاکی غسل کے بعد بیس دن کرنا ہے اور دوسرے مہینے پاکی غسل کے بعد بیس دن تک کریں۔ جب تک رشتہ نہیں آتا۔ یہ عمل دہراتے رہیں۔ انشاء اللہ جلد رشتہ ہو جائے گا۔ (افتخار حسین' اسلام آباد)

رکاوٹ پیشاب کا علاج: پیشاب کی رکاوٹ کی صورت میں نیل کے پتوں کو گڑ کر زیر ناف لیپ کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

نصف شب کے عمل سے مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے ماہنامہ عبقری پڑھنا شروع کیا ہے تب سے کچھ نہ کچھ مسائل حل ہونا شروع ہوئے ہیں' کئی سالوں سے میرے چھوٹے بھائی کے کاغذات کا مسئلہ حل نہیں ہو رہا تھا اکتوبر کا ماہنامہ پڑھا اس میں ایک عمل ہے نصب شب کو کسی بھی حاجت کیلئے۔ عمل یہ ہے: نصب شب کو وضو کریں اور تین بار سجدہ کرے اور ہر سجدہ میں سو بار یَاوَهَّابُ کا ورد کرے اس طرح کہ ہاتھ کی ہتھیلیاں مثل دعا کے اوپر کر رکھیں' میں نے یہ عمل صرف تین دن کیا اور مسئلہ حل ہوگیا اور بڑی خوشی ہوئی۔ عبقری تیرا شکریہ! محترم حضرت حکیم صاحب! اللہ آپ کو زندگی دے بلکہ لمبی زندگی دے اور دنیا کو آپ سے اسی طرح فائدہ ملتا رہے۔ (عابدہ' فیصل آباد)

میرے آزمودہ ٹوٹکے قارئین عبقری کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس چند طبی و روحانی ٹوٹکے ہیں جن میں سے کچھ آزمودہ اور کچھ مختلف کتب سے پڑھے جو کہ مجھے بہت زبردست لگے یہ تمام میں قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔

خسرہ کیلئے نبوی ﷺ نسخہ: ایک شخص کو خسرہ نکلا اس نے حضور نبی کریم ﷺ کی خواب میں زیارت کر کے اپنا مرض بیان کیا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تھوڑا انگوری سرکہ تھوڑا اصلی شہد اور روغن زیتون لے کر ان سب کو ملالو اور سارے بدن پر اس کی مالش کرو' اس نے ایسا ہی کیا اور بفضل تعالیٰ شفاء پائی۔

پڑھا ہوا روغن زیتون تیار کرنے کا طریقہ: روغن زیتون کو کسی صاف برتن میں رکھیں اور اسے کسی چیز سے ہلاتے جایئے اور سورۂ توبہ کی آخری دو آیات اور سورۂ حشر کی آخری چار آیات پھر سورۂ اخلاص اور آخری دو سورتیں ایک ایک پڑھ کر دم کریں۔ پڑھا ہوا روغن زیتون تیار ہے۔ اس تیل کی بدن پر مالش تمام بیماریوں کیلئے بھی شفاء ہے۔ اگر کسی درد کی تکلیف زیادہ ہو تو تھوڑی دیر دھوپ میں بیٹھیے اور درد کی جگہ اس تیل کی مالش کریں اور پھر تھوڑی سی مصطگی اور کلونجی کوٹ کر درد کی جگہ پر رکھیں۔ (بحوالہ: دینی دسترخوان' جلد اول)

بلڈ پریشر کا مجرب روحانی علاج: مختصر درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ 100 مرتبہ پڑھیں پھر 500 مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللہ پھر سو مرتبہ درود مذکورہ پڑھیں۔ یہ عمل چالیس دن مسلسل کرنا ہے جس وقت مرضی کرلیں نماز فجر کے بعد پڑھ لیں تو زیادہ بہتر ہے۔ پانی پر پڑھ کر بھی پی سکتے ہیں اس وظیفہ پر عمل کی برکت سے انشاء اللہ تمام ادویات چھوٹ جائیں گی۔

ہچکی روکنے کا آزمودہ ٹوٹکہ: اگر ہچکی لگ جائے تو ایک منٹ تک سانس روکے رکھیں ہو سکے تو دل ہی دل میں اللہ اللہ پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ ہچکی رک جائے گی۔

دست روکنے کیلئے: سونف کو اصلی گھی میں بھون پیس کر چینی ملالیں۔ صبح و شام دس دس گرام کھانے سے دست بند ہوجائیں گے اگر اس کے ساتھ بیل گری بھی ہم وزن ملالی جائے تو یہ دست روکنے کی قوی اور زود اثر دوا بن جائے گی۔

شوگر کا یقینی نسخہ: ھوالشافی: تخم میتھی، کلونجی، ناگر موتھا، مغز کرنجوہ ہم وزن لیکر باریک پیس لیں دس، دس گرام صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

شوگر کا روحانی علاج: سورۂ بنی اسرائیل آیت نمبر 80 تین مرتبہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں۔ (عظمت علی صدیقی' فیصل آباد)

میرے کلینک کے سب سے اہم نسخہ جات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ اس میں موجود نسخہ جات اور وظائف لوگوں کو بتاتا رہتا ہوں۔ اللہ پاک ان پر رحمت فرماتا ہے۔ عبقری کے قارئین کو چند نسخہ جات جو کہ میرے مجرب ہیں پیش خدمت ہیں۔

معدہ کے جملہ امراض کیلئے اکسیر: ھوالشافی: گوند کتیرا پچاس گرام' رال سفید پچاس گرام' ملٹھی پچاس گرام' کشنیز خشک پچاس گرام' چینی چالیس گرام۔ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر مکس کر لیں۔ اس آسان سے ٹوٹکہ کے درج ذیل لاجواب فائدے ہیں۔ معدہ میں جلن۔ درد۔ بدہضمی۔ بھوک کا نہ لگنا۔ کھٹے ڈکار۔ سر درد۔ منہ سے پانی بہنا۔ قبض وغیرہ کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ میرے کلینک کا یہ سب سے اہم نسخہ ہے۔ یہ میں گھر میں بھی رکھتا ہوں اور کلینک پر بھی۔ میں نے اس کا نام اکسیر السر رکھا ہے۔

یہ نسخہ تو ہر مرض کیلئے کام کرتا ہے: میں نے یہ نسخہ ماہنامہ عبقری سے آپ کے طبی کالم سے لیا تھا۔ انتہائی آسان اور ہر مرض کیلئے لاجواب ہے۔ آپ نے اس دوائی کا نام ''سفید پاؤڈر'' لکھا ہے۔ ھوالشافی: ایک پاؤ چینی' ایک چھٹانک میٹھا سوڈا اور بارہ ماشہ ست پودینہ۔ یہ بہت ہی کارآمد ہے۔ یہ تو تقریباً ہر مرض کیلئے کام کرتا ہے۔ خصوصاً معدہ کے جملہ امراض کیلئے بہت ہی مجرب ہے۔ میں نے بہت سے مریضوں پر آزمایا۔ آج بھی دعاؤں میں یاد رکھتے ہیں۔

ہر قسم کی خارش کیلئے اکسیر: ھوالشافی: ایک پاؤ تیل سرسوں' ایک چھٹانک گندھک پسی ہوئی اچھی طرح مکس کر لیں۔ ہر قسم کی خارش کیلئے اکسیر ہے۔ میرے مجربات میں ہے۔ گرم اشیاء سے پرہیز کریں' رات کو جسم پر لگا کر سوئیں۔ صبح اٹھ کر نیم گرم پانی سے نہالیں۔ گرمیوں میں تازہ پانی سے نہائیں۔

مثانہ کے تمام امراض کیلئے مجرب: ھوالشافی: بہروزہ خشک' پھٹکڑی بریاں' قلمی شورہ ہر ایک پچاس گرام' باریک پیس کر مکس کر لیں۔ ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی، صبح دوپہر شام۔ یہ دوائی سوزاک' پیشاب کی جلن' پیشاب کا کم آنا' یا رک رک کر آنا غرض مثانہ کے تمام امراض کیلئے انتہائی مجرب ہے۔ (و۔ش)

ہر قسم کی جائز حاجت کیلئے مجرب المجرب وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری کیلئے آزمودہ اور مجرب وظائف بھیج رہا ہوں' امید ہے عامۃ المسلمین کے افادہ کیلئے عبقری میں ضرور شائع ہوں گے۔ ناچیز اپنے لیے سعادت سمجھے گا۔

درج ذیل وظیفہ ہر قسم کے جائز مقصد کیلئے مجرب المجرب ہے۔ اول و آخر 21 مرتبہ درود ابراہیمی اور درمیان میں مندرجہ ذیل دعا 1200 مرتبہ پڑھیں۔ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ۔ 12 دن تک انشاء اللہ کام ہوجاتا ہے۔

برص سمیت ہر قسم کے مرض کیلئے: درج ذیل عمل خصوصی طور پر برص کیلئے اور عمومی طور پر ہر قسم کے مرض کیلئے ہے۔ (برص کیلئے مجرب المجرب)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَیِّئِ الْاَسْقَامِ۔

ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ اول و آخر درود شریف۔ اگر اس مسنون دعا کے ساتھ حضرت ایوب علیہ الصلوٰۃ

والسلام کی دعا رَبِّ اِنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ 313 مرتبہ بھی صبح کے وقت پڑھ لی جائے تو پھر تاثیر دیکھیں۔ (عرفان اللہ کلی مروت)

پرانی چوٹ کا درد ہمیشہ کیلئے دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دو سال پہلے میرے پاؤں میں شدید موچ آگئی تھی میں نے کسی مرہم سے دو دن مالش کی تو چلنے پھرنے کے قابل ہوگیا لیکن گزرتے وقت کے ساتھ اکثر موچ والی جگہ پر شدید درد محسوس ہوتا جس کا مطلب تھا کہ پاؤں مکمل ٹھیک نہیں ہوا۔ ابھی کچھ ہی دن پہلے میں نے ہلدی کے بارے میں پڑھا کہ یہ زبردست اینٹی بائیوٹک ہے تو میں نے رات کے وقت ہلدی کی پٹی بنا کر پاؤں پر لپیٹ لی اور اوپر مضبوطی سے ٹیپ چڑھا دی۔ صبح پٹی کھول کر چل کر دیکھا تو معجزہ ہی ہوگیا میرا اسی فیصد درد ٹھیک ہوچکا تھا۔ ابھی ارادہ ہے کہ انشاء اللہ پانچ چھ بار یہ عمل مزید کروں گا۔ اس کے علاوہ میں نے درج بالا واقعہ اپنے روم میٹ کو بتایا تو اس نے مجھے اس سے بھی زیادہ باکمال تجربہ بتایا۔ اس کے بقول ان کے گھر کے قریب ایک نوجوان کو سانپ نے ڈس لیا وہ ادھر سے درد سے پڑا بلبلا رہا تھا کسی نے راستے سے گزرتے ہوئے اس کو دیکھا تو فوراً اٹھا کر ان کے گھر پہنچا دیا۔ اس کی والدہ کو جب پتہ چلا کہ سانپ کا زہر ہے تو اس نے فوراً دودھ گرم کرکے اس میں ہلدی گھولنا شروع کی۔ روم میٹ نے اپنی والدہ سے کہا وہ بیچارہ پہلے ہی مر رہا ہے اوپر سے یہ ہلدی والا دودھ پلا کر اس کو اور تکلیف کیوں دے رہی ہیں؟ اس کی والدہ نے کہا: نہیں بیٹا یہ اسی سے اچھا ہوجائے گا۔ واقعی اس جوان نے پیا تو کچھ منٹوں بعد اٹھنے کے قابل ہوگیا۔ جب اس کو دوسری دفعہ پلایا تو وہ فوراً اٹھ کر گھر چلا گیا۔ پھر روم میٹ نے بتایا کہ کچھ ہی عرصہ بعد ایک اور آدمی کو سانپ نے ڈس لیا کیونکہ گاؤں میں اکثر سانپ زیادہ ہوتے ہیں۔ اب اسے اپنی والدہ کا ٹوٹکہ یاد آگیا۔ کہنے لگا: میں نے فوراً دودھ گرم کیا اور کافی ساری ہلدی گھول کر پلا دی۔ کچھ ہی دیر بعد اس کی طبیعت بحال ہوگئی۔ وہ آج بھی کہتا ہے کہ اس دن تم نے میری جان بچائی' تمہارا بھلا ہو۔ گزشتہ رمضان میں تسبیح خانہ میں تھا' ایک صبح درس کے بعد روٹین کے مطابق سو گیا۔ پتہ نہیں کب مجھے برا شیطانی خواب آیا جیسا کہ ہر جوان آدمی کو آتا ہے اور اس کی تب آنکھ کھلتی ہے جب وہ ناپاک ہوچکا ہوتا ہے۔ قریب تھا کہ میں اس کا شکار بن جاتا لیکن فوراً ہی خواب میں اور سامنے حضرت حکیم صاحب موجود تھے۔ حضرت فرمانے لگے "یہ پاک جگہ ہے یہاں شیطان کا کوئی بس نہیں'' (ساتھ کچھ اور بھی کہا جو کہ اب مجھے یاد نہیں) اس کے فوراً بعد میری آنکھ کھل گئی۔ (معاذ صدیق' فیصل آباد)

آپ پر جادو کیا گیا ہے؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے تسبیح خانہ میں درس سننے کا موقع ملا ہے عبادات میں دلچسپی بڑھ گئی ہے اور عبادات کرنا آسان ہوگیا ہے بالخصوص لمبی عبادات جیسے صلوٰۃ التسبیح وغیرہ' میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی صحت' ایمان وعمل میں برکت اور ترقی عطا فرمائے۔ آمین! میری بیٹھک زیادہ دیندار لوگوں کے ساتھ ہے' ان میں سے دو عالم ہیں اور روحانی عامل بھی ہیں' انہوں نے مجھے بتایا کہ آپ پر جادو کیا گیا ہے۔ میں نے ان کی ہدایات پر کچھ دن عمل کیا مگر مجھے کچھ افاقہ نہ ہوا۔ پھر ایک اور دوست عامل ہیں انہوں نے مجھے روزانہ سورۂ بقرہ تلاوت کرنے کا کہا۔ میں روزانہ سورۂ بقرہ کی تلاوت شروع کردی۔ شروع میں اکیس دن روزانہ دو دفعہ صبح وشام تلاوت کرتا تھا' پھر ایک دفعہ کردی۔ جب بھی تلاوت کرتا مجھے بھرپور سکون ملتا اور طبیعت تروتازہ ہوجاتی، مجھے اعصابی مسئلہ بھی تھا وہ بھی ٹھیک ہوگیا۔ ہر گزرتے دن کے ساتھ میری صحت بہتر ہونا شروع ہوگئی ہے۔ الحمدللہ۔ (ج۔ز)

میری فٹنس کا راز! آسان روحانی ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یقیناً آپ خیریت سے ہوں گے' اللہ پاک سے دعا ہے کہ وہ آپ کو اور آپ کی تمام نسلوں کو جزائے خیر عطا کرے اور رسالہ عبقری کو دن دگنی اور رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔ محترم حکیم صاحب! میں ہر نماز کے بعد سترہ دفعہ درود شریف اور قرآن پاک کی پچاس آیات تلاوت کرتی ہوں اور آخر میں پھر سترہ دفعہ درود شریف پڑھتی ہوں۔ یہ عمل کرکے شہد ملے پانی پر دم کرلیتی ہوں اور وہ پانی پی لیتی ہوں۔ اس عمل کی بدولت سارا دن طبیعت میں بہتری محسوس کرتی ہوں' سانس نہیں پھولتا' دیر تک کھڑے ہوکر کام کرتی ہوں' زیادہ تھکن نہیں ہوتی' سارے کام اکیلی کرتی ہوں' دل کی دھڑکن ہر وقت بہتر محسوس کرتی ہوں۔ ہر دم فٹ اور خوش رہتی ہوں۔ (مرینہ اسلم' صادق آباد)

مجھے جنات سے ڈر لگتا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری کا زیادہ پرانا قاری تو نہیں ہوں مگر تھوڑے ہی عرصہ میں اس رسالہ نے مجھے اپنا گرویدہ بنالیا ہے۔ مجھے زندگی میں صرف دو جگہ سکون ملا ہے ایک مسجد میں اور ایک درج ذیل وظیفے سے۔ حضرت حکیم صاحب! میں جنات سے بہت زیادہ ڈرتا تھا' میرا خوف اس وظیفے سے ختم ہوگیا' اس دعا نے مجھے بہادر بنادیا' میرے دل میں ایک جوہر پیدا کردیا' مجھے بہت سکون ملا۔ اس سے پہلے میں ڈیپریشن اور شدید ٹینشن کا مریض تھا اور پڑھائی کی طرف میری توجہ بہت ہی کم تھی مگر اب میں بہت ہشاش بشاش اور خوش ہوں۔ یہ دعا اس وقت میں عبقری قارئین کیلئے لکھ رہا ہوں یقیناً قارئین بھی اس قرآنی دعا سے بھرپور استفادہ حاصل کریں گے۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَةً وَّفِی الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ دعا سارا دن باوضو کھلی پڑھیں اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف لازمی پڑھیں۔ (محمد ماجد' خیرپور میرس سندھ)

آئیں ٹوٹکے آزمائیں اور پھیلائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دو آزمودہ ٹوٹکے ہیں جو میں قارئین عبقری کیلئے بھیج رہا ہوں۔ یہ ٹوٹکے مجھے میرے دادا دادی نے بتائے تھے: فریج یا فریزر میں ہم مختلف چیزیں مثلاً کھانا، سبزیاں، پھل اور دوسری کئی قسم کی چیزیں رکھتے ہیں جس کی وجہ سے اس سے بدبو آنا شروع ہوجاتی ہے' فریزر کو ہر طرح کی ناخوشگوار بدبو سے پاک کرنے کیلئے ایک ثابت پیاز فریج میں رکھ دیں اور اگر کچھ عرصہ کے بعد پھر ناگوار بدبو آئے تو وہ پیاز نکال کر نیا پیاز رکھ دیں تو بدبو نہیں آئے گی۔ **دوسرا ٹوٹکہ:** انڈے ابالتے وقت اکثر اوقات انڈے ابلتے وقت ہی ٹوٹ جاتے ہیں اور انڈا ٹوٹ کر آہستہ آہستہ اندر سے نکلنا شروع ہوجاتا ہے' انڈے ٹوٹنے سے بچانے کیلئے انڈے ابالنے سے پہلے پانی میں آدھا چمچ نمک کا ڈال دیں اس سے انڈے نہیں ٹوٹیں گے اور ابلنے کے بعد انڈے کا چھلکا بھی آسانی سے اتر جائے گا۔ **ٹوٹکہ نمبر تین:** پودینہ کچن میں رکھنے سے مکھیاں کچن میں نہیں آئیں گی' اس کے علاوہ کتابوں کو دیمک سے بچانے کیلئے اس میں پودینے کے پتے رکھ دیں۔ (عبدالغفار ثاقب' ایبٹ آباد)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کبھی ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

گناہ پر راضی: گناہ کرنے والے سے میل جول رکھنا گناہ پر راضی ہونا ہے اور گناہ پر راضی ہونا گناہ کرنے کے برابر ہے۔ (حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ)

یاقادر یانافع سے گھر میں ننھی کلی کھل گئی

میں نے خواب میں ہی یاقہار پڑھنا شروع کر دیا اچانک دھما کہ ہوا وہ پھٹ گئی اور مرگئی میں میں جب صبح اٹھی تو میں نے اپنی دیورانی کو بتایا اور پھر کچھ دن بعد اسے بھی خواب آیا کہ کچھ لوگ ایک جنازہ لے کر جارہے ہیں اور وہ عورت (چڑیل) ہے

یاقادر یانافع سے گھر میں ننھی کلی کھل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کو بتانا چاہتی ہوں کہ ہم سب اکٹھے ایک ہی گھر میں رہتے ہیں۔ میری سب سے چھوٹی دیورانی ہیں جب ان کے ہاں پہلی بیٹی پیدا ہوئی تو وہ ٹھیک تھی اور اس کے بعد ان کے گھر دو بیٹیاں ہوئی لیکن وہ نارمل بھی نہ تھیں اور کچھ ہی عرصہ کے بعد فوت بھی ہوگئیں۔ ہم لوگ بڑے پریشان تھے کہ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں دیا گیا وظیفہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھا۔ اس کے دیگر فوائد میں یہ بھی لکھا تھا اس سے بچے نارمل اور صحت مند پیدا ہوتے ہیں۔ اسی دوران میری دیورانی صاحبہ پھر امید سے ہوئیں تو ہم سب نے اس کو کہا کہ تم یہی وظیفہ پڑھو اللہ کرم فرمائے گا۔ اس نے سوفیصد یقین کے ساتھ اس وظیفے کو ہروقت کھلا پڑھا۔ اللہ پاک نے کرم کیا اور ہمارے گھر ایک چھوٹی سی پیاری سی بیٹی ہوئی' وہ بھی بالکل ٹھیک اور تندرست۔ اس کے علاوہ ہمارے گھر میں شیطانی چیزیں تھیں ان سے نجات کیلئے ہم نے علامہ صاحب کا دیا گیا ہی وظیفہ یَاقَهَّارُ بہت زیادہ پڑھا۔ مجھے بتاتے ہوئے انتہائی خوشی ہو رہی ہے کہ ہمارے گھر سے تمام شیطانی چیزیں چلی گئی ہیں۔ میری دیورانی بتاتی ہیں کہ میری جب دوسری بیٹی پیدا (جو فوت ہوگئی تھی) ہونے والی تھی تو مجھے خواب میں چڑیل نظر آئی تھی اور وہ کہتی تھی کہ یہ بچہ تیرا نہیں' میرا ہے اور پھر دوسرے تیسرے دن ہم ڈاکٹر کے پاس جاتے تھے اور وہ ہمیں کہتے تھے کہ یہ بچہ ٹھیک نہیں ہے اور اسی طرح دو بچیاں فوت ہوئیں اور پھر جب سب گھر والوں نے یَاقَهَّارُ پڑھنا شروع کیا تو وہ چڑیل پھر میرے خواب میں آئی اور کہتی کہ یہ سبق نہ پڑھیں' میں نے کہا نہیں میں تو پڑھوں گی اور میں نے خواب میں ہی یَاقَهَّارُ پڑھنا شروع کر دیا اچانک دھما کہ ہوا وہ پھٹ گئی اور مرگئی میں میں جب صبح اٹھی تو میں نے اپنی دیورانی کو بتایا اور پھر کچھ دن بعد اسے بھی خواب آیا کہ کچھ لوگ ایک جنازہ لے کر جارہے ہیں اور وہ عورت (چڑیل) ہے اور اس کے ہاتھ باہر اور اس کے لمبے لمبے ناخنوں سے خون نکل رہا ہے اور پھر اس کے بعد ہمارے گھر میں سکون ہے۔ (ج، لاہور)

گھر میں سکون ہی سکون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو' عبقری کے ممبران کو جزائے خیر دے' میں یہ دعا ہر نماز کے بعد ضرور کرتی ہوں۔ محترم حکیم صاحب! جب سے میری شادی ہوئی ہے دروازے پر اکثر پانی پڑا ہوتا تھا جس کی وجہ سے طبیعت خراب ہوجاتی تھی بچوں میں لڑائی شروع ہوجاتی تھی لیکن چار سال سے یہ پانی بیڈ کے میٹرس کے نیچے والی سائیڈ پر پڑنا شروع ہوگیا' خشک کر دینے پر طبیعت ٹھیک ہوجاتی تھی کافی دن پانی نہیں پڑا' مگر گزشتہ چند دن کے بعد سے دوبارہ وہی پانی میری اور میرے شوہر کی سائیڈ پر پھر پڑنا شروع ہوگیا۔ ہم دونوں کو بخار ہونا شروع ہوگیا' جسم میں سردی اور درد رہتا۔ پھر یہ پانی روزانہ ہی پڑنا شروع ہوگیا۔ پھر میں نے یَاقَهَّارُ کے تعویذ ہر کمرے میں لگائے' کافی دیر گھر میں سکون رہا۔ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب اور آپ کیلئے تعریف کے الفاظ نہیں۔ جتنا سکون لوگوں کے گھروں میں ہوا ہے یہ سب آپ کی مہربانی سے ہوا ہے۔ اللہ آپ سب کو بہت خوشیاں دے دل سے دعا نکلتی ہے۔ (مسز رومانہ ناصر)

ناجائز تعلقات کا شوق' یاقہار اور ناف کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بطور کلرک نوکری کرتا ہوں' کافی عرصہ فیس بک پر عبقری کی پوسٹیں دیکھتا رہتا اور آگے دوستوں سے شیئر کرتا تھا۔ پھر عبقری کی ویب سائٹ بھی چیک کی تو بہت ہی اچھی لگی اور پھر انٹرنیٹ پر آپ کے درس سنتا رہتا ہوں' بہت اچھی اچھی باتیں سیکھنے اور سمجھنے کو ملتی ہیں۔ پھر عبقری رسالہ لینا شروع کیا تو کمال ہی ہوگیا۔ اس رسالے سے مجھے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا معلوم ہوا۔ جب سے ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھنا شروع ہوا مزید وظائف کا پتہ چلا۔ دل کو ایک سکون سا مل گیا ہے اور زندگی میں ایک ٹھہراؤ آگیا ہے۔ مجھ سے دو بڑے گناہ شدت سے ہوتے تھے میں جب بھی نماز اور دیگر کوئی بھی اچھا یا نیک کام کرتا تو میرے دل میں ایک غرور اور تکبر پیدا ہوتا جاتا ہے جو بہت ہی بڑا گناہ ہے اور میں یہ سمجھ لگ جاتا کہ لوگ مجھے دیکھ کر یہ سمجھ رہے ہیں کہ میں بہت نیک اور اچھا انسان ہوں' میرا یہ گناہ میری تمام ٹوٹی پھوٹی نیکیوں کو بھی ختم کر رہا تھا کیونکہ غرور و تکبر اور ریا کاری بہت بڑے گناہ ہیں اس کے علاوہ میرے اندر پائے جانے والا دوسرا بڑا گناہ یہ تھا کہ مجھے غیر محرم عورتوں سے دوستی کرنا' ان سے باتیں کرنا اور ناجائز تعلقات رکھنے کا شوق تھا۔ رسالہ میں ایک جگہ یَاقَهَّارُ ناف پر شہادت کی انگلی رکھ کر پڑھنا، پڑھا تھا میں یہ ورد پڑھتا ہوں جس کی وجہ سے ان گناہوں سے کافی حد تک بچ گیا ہوں۔ (واجد محمود' ایبٹ آباد)

اتنا آسان وظیفہ اور اتنی اچھی نوکری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کو گزشتہ تین سال سے پڑھ رہی ہوں' میں نے نوکری کیلئے بہت کوشش کی' کیونکہ والد صاحب کی وفات کے بعد گھر کی واحد کفیل میں ہی تھی اور چار سے پانچ لاکھ کے قرض کو بھی اتارنا تھا' چار ماہ پہلے مجھے بہت ہی اچھے ادارہ میں بہت ہی اچھی پوسٹ پر نوکری مل گئی۔ میں نے آپ کے ادارہ عبقری کی چھپی ہوئی ایک کتاب ''سورۂ یٰسین کے کرشمات'' ادارہ عبقری فون کرکے منگوائی تھی اس میں ایک وظیفہ تھا کہ رات کو نماز عشاء کے بعد سات مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھنی ہے اور قرض کی ادائیگی کیلئے دعا مانگنی ہے' میں جب سورۂ یٰسین پڑھتی تھی تو چھت پر بیٹھ کر چونکہ موسم گرم تھا' ہم چھت پر سوتے تھے' میں وظیفہ پڑھ کر سوتی' ایک رات میں نے اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھا کہ آسمان پر ایک ستارہ پوری طرح پھیل کر دوبارہ سکڑ جاتا ہے' جتنے دن میں یٰسین پڑھتی رہی ایسا ہی ہوتا رہا' پھر جھٹ پٹ نوکری مل گئی حالانکہ میں نے اس سے پہلے انیس جگہ سی وی جمع کروائی تھی ہر جگہ سے جواب ملا' پھر ایک جگہ ہی جمع کروائی اور وہیں نوکری مل گئی اور نوکری بھی ایسی جگہ ملی جہاں پردہ' عزت اور تحفظ ہے۔ ہروقت عبایا' بڑا ڈوپٹہ سکارف کی طرح لیا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت' آپ کی دعا' والد صاحب مرحوم کی دعا سے مجھے بہت ہی اچھی نوکری مل گئی۔ (ن، لاہور)

نسخہ برائے تبخیر معدہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے پڑھ رہا ہوں۔ عبقری میں بہت اچھے اچھے وظائف اور نسخہ جات آتے ہیں جن سے ہم بھرپور فوائد اٹھاتے ہیں۔ میرے پاس تبخیر معدہ کیلئے ایک آزمودہ نسخہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ ھوالشافی: نوشادر ایک تولہ' قلمی شورہ ایک تولہ' ریوند خطائی ایک تولہ۔ ان تین اشیاء کو پیس کر رکھیں اور صبح سویرے ایک چٹکی پانی کے ساتھ کھالیں۔ انشاء اللہ صحت کاملہ ہوگی۔ (محمد ایوب شاہد' تونسہ شریف)

چوٹ لگنے یا موچ آجائے تو: چوٹ لگنے یا موچ آنے کی صورت میں ہلدی اور چونا ہم وزن رگڑ کر لیپ کرنا انتہائی مفید ہوتا ہے۔

پونے تین لاکھ بھی ملے اور شاہ زور گاڑی بھی

گمشدہ چیز، فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ
قسط نمبر 32

2010ء میں میرے شوہر کی شاہ زور گاڑی چوری ہوئی تھی تب سے میرے شوہر کی تمنا تھی کہ اللہ دوبارہ شاہ زور گاڑی دے دے۔اس وظیفے کی برکت سے اللہ نے دوبارہ ہمیں شاہ زور گاڑی دلا دی۔آپ کے دیئے وظیفے میں واقعی ہی بہت زیادہ طاقت ہے۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔(ایڈیٹر کے قلم سے)

قارئین! میں آپ کے سینے کی امانت آپ تک پہنچا رہا ہوں' آپ کو اس وظیفے سے جو فائدہ پہنچے ضرور امانت سمجھ کر مجھے لکھیں' انتظار رہے گا۔ ایڈیٹر!

بازار میں گم ہوا بٹوہ رات بیڈ پر پڑا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو اور پوری امت کو ہدایت کا نور عطا فرمائے۔آمین! میں آپ کے درس سنتی ہوں اور وظائف بھی جو وقتاً فوقتاً آپ کے ماہنامہ عبقری میں درج ہوتے ہیں۔ان پر بھی کافی عمل کرتی ہوں۔میں اپنے میاں کے ہمراہ بازار گئی' میرے ہاتھ میں ایک چھوٹا سا بٹوہ تھا جس میں کچھ رقم موجود تھی اور اکثر میں اس میں سے ضرورت کے وقت خود بھی خرچ کرتی رہتی اور کبھی کوئی صدقہ خیرات بھی کرتی تھی' میں نے آج تک کبھی بٹوہ میں موجود رقم نہیں گنی تھی اور نہ ہی بٹوہ میں کبھی رقم ختم ہوئی تھی۔ بازار میں بھی کئی جگہ پر چھوٹی موٹی چیزیں میں نے اسی بٹوہ سے پیسے نکال کر خریدی تھیں' کچھ ہی دیر کے بعد بٹوہ میرے ہاتھ سے کہیں گر گیا۔میں بہت پریشان رہی کہ برکت والا بٹوہ گم ہوگیا ہے اور پھر بازار ہی میں مجھے ماہنامہ عبقری میں آیا آپ کے روحانی آرٹیکل کا وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مستقل پڑھنا شروع کردیا۔ بازار میں کافی دیر تک میں اور میرے شوہر صاحب ڈھونڈتے رہے ساتھ ساتھ ہی وظیفہ پڑھتے رہے مگر بٹوہ نہ ملا۔تھکے ماندے گھر آگئے' مجھے اپنے بٹوہ کے گم ہونے کا انتہائی دکھ تھا' مگر اس وظیفے پر مکمل بھروسہ بھی تھا' میں نے وظیفہ پڑھنا نہ چھوڑا۔پھر ایک دن تیرہ دن کے بعد میں عشاء کی نماز پڑھ کر اپنے کمرے میں گئی تو میں دیکھ کر حیران رہ گئی کہ بٹوہ میرے بیڈ پر پڑا ہے۔ مجھے تو کتنی دیر یقین ہی نہ آیا' میں نے بھاگ کر بٹوہ اٹھایا تو اس میں رقم بھی ویسے ہی موجود تھے مجھے بے انتہا حیرت اور خوشی محسوس ہورہی تھی۔ آنکھ میں آنسو تھے اور دل سے آپ کیلئے دعائیں نکل رہی تھیں۔اب میں روزانہ ایک تسبیح یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ آپ کیلئے اور آپ کے نظام کیلئے پڑھ لیتی ہوں اللہ سے دعا ہے کہ اللہ رب العزت قبول فرمائے اور آپ کو مزید دین کی خدمت کیلئے قبول فرمائے۔آمین۔(مسز شکور حسین' اسلام آباد)

خود کو پیر کہلوانے والا ستر ہزار کھا گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔اس رسالہ سے ہمیں بہت کچھ ملا ہے۔ ہم سب گھر والے عبقری رسالہ پڑھتے اور آپ کا ہر جمعرات کو دیا جانے والا درس روحانیت وامن ضرور سنتے ہیں۔میری خالہ زاد بہن بہت سخت بیمار تھیں' ان کا منہ نہیں کھلتا تھا' میری خالہ زاد کو ہم درس میں لانا شروع ہوگئے' درس سن کر انہیں بہت سکون ملا' مسلسل درس میں آرہی ہیں' درس کی برکات ہیں کہ اب وہ خود لنگر کھاتی ہیں' ان کا منہ کھلنے لگا ہے اور چہرہ بھی پہلے سے بہت اچھا ہوگیا ہے۔آپ دعا کریں کہ میری خالہ زاد بہن ٹھیک ہوجائے۔محترم حکیم صاحب! آپ کے روحانی آرٹیکل یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے کمالات تو حیرت انگیز ہیں۔میں جب بھی گھر سے باہر جاتی ہوں تو راستے میں یہ ورد کرتی رہتی ہوں اور حیرت انگیز طور پر راستہ کھلتا چلا جاتا ہے۔جب بھی ٹریفک بند ہوا اور رش بہت زیادہ ہوتب بھی راستہ مل جاتا ہے۔سگنل بند ہو تو فوراً کھل جاتا ہے۔محترم حکیم صاحب! میرے کسی شخص نے 75 ہزار روپے لے کر واپس نہیں کیے تھے۔وہ انسان خود کو "پیر" کہلواتا ہے' تین سال ہوگئے تھے وہ پیسے واپس نہیں کر رہا تھا۔میں نے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ والا وظیفہ پڑھنا شروع کردیا اور وہ آدمی خود گھر آکر پچاس ہزار دے گیا۔یہ سب اس وظیفے کی برکات ہیں اور آپ کا ہم رحمت بھرا ہاتھ ہے سب اسی کی برکتیں ہیں۔(ن۔لاہور)

پونے تین لاکھ بھی ملے اور شاہ زور گاڑی بھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ سال موبائل فون پر وقت لے کر آپ سے ملی تھی' میری زندگی میں بہت سی الجھنیں تھیں' آپ کے درس میں بھی ہر جمعرات شامل ہوتی ہوں جس سے بہت فوائد حاصل ہوئے ہیں۔آپ کے روحانی آرٹیکل کا وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہر وقت پڑھتی رہتی ہوں' میرے شوہر اور بچوں سے بھی پڑھواتی ہوں۔اس وظیفے سے ہمیں بہت فائدہ ہوا' بہت سے رکے ہوئے کام چل پڑے۔کسی نے ہمارے دو سال سے پونے تین لاکھ دینے تھے اور دینے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا وہ بھی اس نے خود بخود دے دیئے۔ 2010ء میں میرے شوہر کی شاہ زور گاڑی چوری ہوئی تھی تب سے میرے شوہر کی تمنا تھی کہ اللہ دوبارہ شاہ زور گاڑی دے دے۔اس وظیفے کی برکت سے اللہ نے دوبارہ ہمیں شاہ زور گاڑی دلا دی۔آپ کے دیئے وظیفے میں واقعی ہی بہت زیادہ طاقت ہے۔(ص۔س۔لاہور)

ناراض بھائی تین دن بعد گھر واپس آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں امید کرتا ہوں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا اور آخرت کی تمام بھلائیاں عطا فرمائے۔گزشتہ سال رمضان المبارک میں میرے بھائی ناراض ہوکر گھر چھوڑ کر چلے گئے' ہم نے بہت پتہ لگوایا مگر ہمیں کہیں سے بھی خیر کی کوئی خبر نہ ملی۔ہم سب گھر والے بہت زیادہ پریشان کہ یہ اچانک کیا ہوگیا؟ اسی طرح تین دن گزر گئے مگر بھائی کا کچھ پتہ نہ چلا۔میری ایک آنٹی ہیں وہ ماہنامہ عبقری کا مطالعہ کرتی ہیں انہوں نے ہمیں فون کرکے بتایا کہ تمام گھر والے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں۔ہم سب گھر والوں نے پڑھنا شروع کردیا کہ تین دن بعد بھائی خود ہی خیریت سے گھر واپس آگئی۔اب ہمارے گھر میں عبقری ہر مہینے آتا ہے اور اس سے خوب فائدہ اٹھاتے ہیں۔(ج۔ز)

قارئین اصلاح فرمالیں!

قارئین! حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی آرٹیکل "گمشدہ چیز فرد اور سرمایہ پانے کا راز" میں ایک وظیفہ دیا گیا ہے جو کہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔چند شمارے پہلے غلطی سے یَارَبَّ مُوْسٰی یَارَبَّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔شائع ہوگیا۔اصل وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔قارئین اصلاح فرمالیں! (ادارہ)

شوگر کو کنٹرول میں رکھنے کا راز افشاں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ آٹھ سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں۔اس رسالے سے میں نے بہت کچھ پایا ہے۔پیشہ کے لحاظ سے میں ایک طبیب ہے۔میرے پاس ایک خاتون تشریف لائیں وہ خود بھی عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ اس نے اپنی شوگر کو ایک دیسی نسخہ سے کنٹرول میں رکھا ہوا ہے۔میں فوراً اپنے محسن عبقری کیلئے اس نسخہ کو لکھوالیا۔اس خاتون کا کہنا تھا کہ یہ میرے پاس ایک راز تھا جو میں عبقری کیلئے افشاں کررہی ہوں: **ھوالشافی:** خشک کریلا' نیمتی دانہ' افسنتین' جامن بیج' گڑمار بوٹی' کلونجی' کالی مرچ' دارچینی تمام اشیاء سو سو گرام اور تمہ پچاس گرام لے لیں۔تمام اشیاء کا سفوف بنا کر آدھ چمچ چائے صبح نہار منہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔انشاء اللہ شوگر ہمیشہ کنٹرول میں رہے گی۔

(ناصر محمود خان' لاہور)

542

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور

129 ®

مارچ 2017ء جمادی الثانی 1438 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل


قیمت فی شمارہ 50 روپے

اے ماؤں سنبھلو! کیوں بچوں کو شوگر کا مریض بنا رہی ہو؟

گھریلو مشکلات، الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

15 لاکھ سے صحیح نہ ہونے والا مرض ایک چٹکی سے ختم

- ٹوٹا جادو، ٹوٹی بندشیں، اور ملی خوشیاں سب کمال علامہ لاہوتی کا ہے
- پھولوں کے عرقیات اور گلقند کے حیران کر دینے والے ٹوٹکے
- یااللہ! اس شراب کو سرکہ بنا دے! واقعی شراب سرکہ بن گئی
- شیخ الوظائف کے درس نہ سنتی تو کب کی خودکشی کر چکی ہوتی
- انوکھا عمل! نہتوں پر گولیاں چلانے والے خود ہی مر گئے
- ہاتھ میں تسبیح، آنکھ میں آنسو اور زبان پر متلاشی وظیفہ
- جب برفانی پہاڑ پاک فوج کے جوانوں پر آ گرا
- وزیراعظم کا قرآن پاک سے پیار اور ادب



جنات سے ملاقات کی سچی انوکھی اور دل کو دہلا دینے والی داستانیں ضرور پڑھیں!

شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب کی کراچی آمد

کراچی میں درس 2 اپریل 2017 بروز اتوار دوپہر 1 بجے ہوگا۔ بمقام: صائمہ ٹریڈ ٹاور بالمقابل جنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی 0322-4688313

آنتوں، پھیپھڑوں اور معدہ میں خرابی ہے تو محترم انجیر کھائیے

لاجواب عمل! زمین کم پیداوار بے شمار ضرور کیجئے

حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں: لازوال بے مثال اور حیرت انگیز حافظے کیلئے بہترین کتاب جو آپ کی نسلوں کے حافظے اور تقویت کیلئے رہبر ثابت ہوگی۔

حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے جارہے ہیں تو ذرا ٹھہریئے! حرمین میں [illegible] ... پڑھیں اور لطف کریں!

رمضان گزاریئے عبقری کے ساتھ

رمضان کی آمد آمد ہے۔ رحمتوں کی برسات' نیکیوں کی بہار' ایمان ویقین اور اللہ کے خزانوں سے جھولیاں بھرنے' جنت کی بکنگ کروانے اور جہنم سے چھٹکارے کیلئے اللہ کریم ایک بار پھر رمضان کی صورت میں موقع دے رہے ہیں۔ رمضان کا مہینہ جب بھی آتا ہے ایمان والوں پر بہار آجاتی ہے اور ان کے چہرے رحمت الٰہی سے کھل اٹھتے ہیں۔ 'ماہنامہ عبقری' کا ہمیشہ سے یہ منشور رہا ہے کہ امت محمدیہ ﷺ کو فلاح' سہولت' بیماریوں اور دکھوں سے نجات اور دنیا وآخرت کا سکون وراحت کے نبوی پیکیج پیش کیے جائیں۔ 'ماہنامہ عبقری' کی پسندیدگی اور مقبولیت کی وجہ بھی یہی ہے کہ اس میں بخل شکنی کی جاتی ہے اور ہر وہ چیز دینے کی کوشش کی جاتی ہے جس سے کسی کا بھلا ہو۔ خصوصاً رمضان المبارک کے ہر سال کے شمارے کو قارئین بے پناہ پسند کرتے ہیں اس میں موجود آزمودہ طبی اور روحانی ٹوٹکوں اور تجربات سے جسمانی اور ایمانی صحت پاتے ہیں۔ بلاشبہ ہر رمضان کا خاص نمبر منفرد اور پہلے سے زیادہ بہترین ہوتا ہے' اسی وجہ سے معمول کی اشاعت سے کہیں زیادہ شائع کیا جاتا ہے۔ مئی 2017ء کا شمارہ رمضان کے بہترین ٹوٹکوں' گرمی اور لو میں روزے کی شدت سے بچاؤ اور نجات کیلئے آزمودہ طبی تحریریں اور ایسے روحانی اجروثواب سے بھرپور اور اولیاء وصالحین سے منقول شدہ روحانی واصلاحی تحریریں جو روح کو غلاظتوں اور کثافتوں سے پاک کرکے ایمانی تازگی عطا کریں۔ تحریروں کا ایسا حسین مجموعہ جو گھر بھر کی روحانی وجسمانی صحت کے ساتھ امن وسکون اور معرفت الٰہی کا ذریعہ بھی بنے گا۔ انشاء اللہ یہ شمارہ بھی پہلے کی طرح آپ کی امیدوں سے بڑھ کر ہوگا اور تسکین قلب کا ذریعہ بنے گا۔ خود بھی پڑھیں اور دوست احباب کو بھی گفٹ کریں۔ رمضان میں جب ایک عمل کا ثواب ستر گنا اور اس سے بھی زیادہ کردیا جاتا ہے 'ماہنامہ عبقری' سے بڑا روحانی اور جسمانی تحفہ دوسروں کیلئے اور کوئی نہیں ہوسکتا۔ بہترین صدقہ جاریہ بھی اور معاشرے میں امن وسکون کی شمع روشن کرنے میں آپ کا حصہ بھی۔ یقیناً آپ کے تحفے کی پذیرائی کی جائے گی۔ ابھی سے اپنی ڈیمانڈ سے مطلع کریں۔

رمضان شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے ساتھ گزاریں

صحابہ کرامؓ واہل بیتؓ' اولیاء کرام اور بزرگان دین رمضان المبارک کی آمد سے پہلے ہی خود کو اور اپنے اوقات کو رمضان کے قیمتی لمحات کیلئے فارغ کرلیتے تھے۔ قیمتی گھڑیوں' بابرکت لمحات' اصلاح نفس' تزکیہ باطن اور اپنی زندگی سنوارنے والوں کیلئے شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی صحبت اور زیرنگرانی تسبیح خانہ میں وقت گزارنے کا نادر موقع۔ مزید رمضان المبارک کا روحانی دسترخوان' صبح وشام تک کے اعمال۔ چند دن یا آخری عشرہ بھی قیام کی اجازت ہے۔ **نوٹ:** حسب موسم بستر ہمراہ لائیں' جوتا بند نہ لائیں تاکہ وضو کیلئے سہولت رہے۔ سحری اور افطاری کا مکمل اور بہترین انتظام ہوگا۔ چوبیس گھنٹے بلاتعطل بجلی کی فراہمی ہوگی۔

خصوصی دعوت برائے اساتذہ' پروفیسرز اور سٹوڈنٹس

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے ہمراہ چھٹیاں قیمتی بنائیں' لاہور کے دل میں جیل روڈ پر چار کنال کے وسیع وعریض تسبیح خانہ جدید میں تمام تر سہولیات سے آراستہ۔ آپ صرف حسب موسم بستر ہمراہ لائیں۔ رمضان میں اساتذہ پروفیسر سٹوڈنٹس تاجر ہر شعبہ زندگی کے افراد تسبیح خانہ میں قیام کرکے اپنی چھٹیوں کو قیمتی بنائیں۔ اپنی چھٹیوں کو غفلت اور سستی میں گزارنے کی بجائے تسبیح خانہ میں حضرت حکیم صاحب کے زیرسایہ گزار کر قبولیت ومقبولیت کی مہر لگوائیں اور اپنی زندگی کو اعمال سے سنوارنے کے گر سیکھیں۔

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد (صرف درس)

انشاء اللہ 2017 میں کراچی۔ دوحہ قطر۔ سکھر۔ کنڈیارو۔ مظفرآباد۔ ایبٹ آباد۔ مانسہرہ۔ کاغان۔ ہری پور۔ جبوڑی۔ (آٹھ مقام۔ میرپور۔ باغ۔ فارورڈ کہوٹہ براستہ محمود گلی آزاد کشمیر)۔ (صرف درس)

سکھر: 3،4 مارچ بروز جمعہ، ہفتہ 0322-4688313

کنڈیارو ضلع نوشہرو فیروز رشید آباد: 5 مارچ بروز اتوار 0322-4688313

کراچی: 2 اپریل بروز اتوار دوپہر ایک بجے۔ بمقام: صائمہ ٹریڈ ٹاور بالمقابل جنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی 0322-4688313

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن' نقش ونگار شدہ پرانے دروازے' کھڑکیاں' شیڈ' اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی' تانبے' کانسی' چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے' ایشیں' ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بزرگ ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

ایجنسی ہولڈرز کیلئے خصوصی رعایتی پیکیج

(شرائط وضوابط لاگو ہوں گے)

سابقہ سال کی طرح اس سال بھی عبقری لارہا ہے پورے ملک میں ادویات وکتب کے تمام ایجنسی ہولڈرز کیلئے خصوصی رعایتی پیکیج۔۔۔ جو کہ عبقری کے تمام چھوٹے اور بڑے ایجنسی ہولڈرز کیلئے ہے۔ تمام کتب' ادویات کی خریداری نقد رقم پر ہوگی' بینکنگ آن لائن چیک وغیرہ اوکے ہونے پر آرڈر کنفرم ہوگا۔ خریدی ہوئی دوائی' کتب واپس نہ ہوسکیں۔ 1۔ یہ پیکیج صرف ان ایجنسی ہولڈرز کو دیا جائے گا جن کے بقایاجات کلیئر ہوں گے۔ 2۔ آرڈر ہمراہ لکھ کر لائیں اور دفتر میں بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک بھی بھیج سکتے ہیں' فون پر بھی لکھوا سکتے ہیں۔ 3۔ 30 اپریل 2017 تک اپنا آرڈر بمع بینک آن لائن رسید دفتر عبقری دواخانہ میں جمع کروائیں۔ اس کے بعد قابل قبول نہ ہوگا۔ 4۔ مال کی ڈیلیوری 15 مئی 2017ء سے شروع ہوگی۔ ادارہ کی کوشش ہوگی کہ مال کی ڈیلیوری ایک ماہ تک مکمل ہو۔ بوجہ مجبوری اس میں تاخیر بھی ہوسکتی ہے۔ (بحث سے گریز کریں) 5۔ جن ایجنسی ہولڈرز کو عبقری دواخانہ لاہور سے ڈائریکٹ مال نہیں جاتا اور وہ مین ڈیلر سے مال لے رہے ہیں وہ حضرات اپنے آرڈر کے ساتھ بل کی رسید (پروف) ساتھ لائیں۔ تفصیلات کیلئے دفتر لاہور رابطہ کریں۔

خبردار! عبقری کی ادویات "طاقتی" اور "شفائی" کا نام رجسٹرڈ ہے کوئی بھی اس نام سے کوئی دوائی تیار نہ کرے ورنہ سخت قانونی چارہ جوئی کا سامنا کرے گا۔

اپنی نسلوں کے تحفظ، مشکلات سے چھٹکارا، گھریلو الجھنوں سے نجات، روحانی اور فوری امداد کیلئے عبقری کی پراثر فائل پڑھیں اور گفٹ کریں۔

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب ؒ جناب حکیم محمد رمضان چغتائی ؒ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 9 جلد نمبر 11 مارچ 2017 جمادی الثانی 1438 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور مارچ 2017ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1080 روپے رجسٹرڈ ڈاک بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: وہ کون سا رشتہ ہے جس سے منسلک ہونے سے تمام مسلمان جسد واحد کی طرح ہیں، وہ کون سی چٹان ہے جس پر ان کی ملت کی عمارت استوار ہے، وہ کون سا لنگر ہے جس پر امت کی کشتی محفوظ کر دی گئی ہے؟ وہ رشتہ، وہ چٹان، وہ لنگر اللہ کی کتاب قرانِ کریم ہے۔ مجھے امید ہے کہ جوں جوں ہم آگے بڑھتے جائیں گے، قرآنِ مجید کی برکت سے ہم میں زیادہ سے زیادہ اتحاد پیدا ہوتا جائے گا۔ ایک خدا، ایک کتاب، ایک رسول، ایک امت" (6 دسمبر 1943 کو کراچی میں آل انڈیا مسلم لیگ کے 31 ویں اجلاس سے خطاب)

ہاتھ ہے اللہ کا بندۂ مؤمن کا ہاتھ	غالب و کار آفریں، کار کشاء کارساز
ذاتِ او دروازۂ شہرِ علوم	زیرِ فرمانش حجاز و چین و روم

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہاسال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں۔ شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان ونقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط وکتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن
عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 || E mail:contact@ubqari.org

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے

رشتوں میں محبت پیدا کرنا: اگر رشتوں میں آپس کی محبت یا الفت نہ ہو یا ایک رشتہ دار دوسرے کا جائز حق ادا نہ کرتا ہو تو اسم یَاوَدُوْدُ کو 3125 مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھ کر دعا کریں۔ پانی دم کر کے پلائیں تو زیادہ بہتر ہے۔

سب کی مغفرت کر دو! صرف ان دو کو رہنے دو

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر پیر اور جمعرات کے دن اللہ تعالیٰ کے سامنے بندوں کے اعمال پیش کئے جاتے ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ اس دن ہر اس شخص کی جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو' مغفرت فرماتے ہیں' البتہ وہ شخص اس بخشش سے محروم رہتا ہے کہ جس کی اپنے کسی (مسلمان) بھائی سے دشمنی ہو۔ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرشتوں کو) کہا جائے گا: ان دونوں کو رہنے دو جب تک آپس میں صلح وصفائی نہ کرلیں' ان دونوں کو رہنے دو جب تک آپس میں صلح وصفائی نہ کرلیں۔ (مسلم)۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو مسلمان درخت لگاتا ہے پھر اس میں سے جتنا حصہ کھالیا جائے وہ درخت لگانے والے کیلئے صدقہ ہوجاتا ہے اور جو اس میں سے چرا لیا جائے وہ بھی صدقہ ہوجاتا ہے یعنی اس پر بھی مالک کو صدقہ کا ثواب ملتا ہے اور جتنا حصہ اس میں سے درندے کھالیتے ہیں وہ بھی اس کیلئے صدقہ ہوجاتا ہے اور جتنا حصہ اس میں سے پرندے کھالیتے ہیں وہ بھی اس کیلئے صدقہ ہوجاتا ہے (غرض یہ کہ) جو کوئی اس درخت میں سے کچھ (بھی پھل وغیرہ) لے کر کم کردیتا ہے تو وہ اس (درخت لگانے والے) کیلئے صدقہ ہوجاتا ہے۔ (مسلم)

ایڈیٹر کے قلم سے



حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

بربادی کی تین وجوہات

گزشتہ دنوں ایک انوکھا کیس میرے پاس آیا' میں تو سارا دن انوکھے کیس ہی سنتا ہوں' لیکن یہ کیس کچھ مجھے اور انوکھا لگا' کیس کی نوعیت کچھ اس طرح تھی۔ پریشانیاں' مصائب' مشکلات نے اسے آناً فاناً گھیر لیا' وہ دن رات سکون چین سے محروم ہوگیا اور سکون چین اس کا پتہ نہیں کہاں کوچ کرگیا' اس کا گھر ایک جھونپڑی سے بدتر' حالانکہ ایک بہت بڑا بنگلہ اور کوٹھی تھی' اس کے درودیوار اسے ڈراتے تھے' اس کی آنکھوں میں وحشت' اس کے دل میں بے قراری' بے سکونی' اس کا جسم ہر وقت بے چین رہتا تھا' بیٹھے بیٹھے ایک دم چیخنا شروع کردیتا کہ یہ دیکھو وہ بھاگا جارہا ہے' اور اس نے مجھے کاٹ لیا ہے اور جب وہاں سے کپڑا ہٹایا جاتا تو واقعی دانتوں کے اور خون کے رسنے کے نشانات موجود ہوتے۔ وہ کہتا تھا کہ مجھے کتے کاٹتے ہیں۔ کتے صرف اسے نظر آتے تھے اور کسی کو نظر نہیں آتے تھے ان کا بھاگنا ان کا آنا' ان کو تکلیف دینا' ان کا پریشان کرنا اسے نظر آتا تھا اور وہ ہر لمحہ اسی خوف میں رہتا تھا حتیٰ کہ سو نہیں سکتا تھا' نیند کیا آتی آنکھ لگتے ہی' ایک دم اس کی چیخ اور ہائے نکلتی کہ یہ دیکھو کتے نے مجھے کاٹا ہے اور وہ دیکھو اس کھڑکی سے جارہا' اس دروازے سے جارہا' اس روشن دان سے جارہا اور اس گھر کی نالی سے نکل کر دور چلا گیا۔ بعض اوقات کتے کے پیچھے دوڑنے اور اسے مارنے کی کوشش کرتا' ہاتھ میں جو چیز آتی اٹھا کر مارتا اس طرح گھر کی چیزیں ٹوٹنا شروع ہوگئیں' یہ سلسلہ ابھی چل ہی رہا تھا جس کیلئے کوئی عامل' کوئی ملنگ اور کوئی کالے پیلے جادو والا نہیں چھوڑا گیا۔ لیکن افسوس اصل مسئلے کی طرف اس کی توجہ نہیں گئی' لیکن اس کی دن رات کی اذیت ایسی تھی کہ اس کی ہائے ہائے اور شور شرابہ کی وجہ سے پڑوسی بھی پریشان تھے۔ کسی نے اس کی ماں کو کہا کہ اس کو نماز پڑھاؤ' بوڑھی ماں تھی اور ممتا کی محبت تھی' وہ اس کو اٹھاتی' وضو کراتی' دوائی کھلاتی اور نماز پڑھواتی لیکن حالات اور مزید بد سے بدتر ہوگئے' کیونکہ یہ نماز پڑھنا نہیں چاہتا تھا آج تک زندگی بھر اس نے' عید کی نماز بھی شاید اس لیے نہیں پڑھی کہ یہ دیر سے اٹھتا تھا۔ آخر چار ماہ پہلے ماں بھی فوت ہوگئی۔ گھر اس نے بینک میں گروی رکھوایا ہوا تھا' اور وہ پیسہ لے کر اس نے اپنا کاروبار شروع کیا ایمان اعمال کی زندگی تھی نہیں' ذکر نماز کا ساتھ ویسے چھوٹا ہوا تھا مزید سود کی نحوست نے اسے اور گھیر لیا' ادھر اس کا اپنا کاروبار ہی مشکوک تھا جس میں بقول اس کے کہ ملاوٹ کے بغیر بچت اور گزارا نہیں حالانکہ ایک اور زرگر اسے ملا اور اس نے اس کو سمجھایا کہ میں نے توبہ کی ہے تو بھی توبہ کرلے بچت نہ کر' پھر بھی گزارا ہوجاتا ہے۔ لیکن اسے بچت کچھ زیادہ چاہیے تھی۔ آخر کار گھر بک گیا' دکان بند ہوگئی' پھر اس نے کسی پرنٹنگ پریس میں نوکری کرنا شروع کردی' وہ مزدوری بھی آخر کار ختم ہوگئی۔ پھر کچھ دنوں کے بعد اس کی ایک آنکھ ختم ہوگئی اب اس کیلئے آنکھوں کے معالج کی بھاگ دوڑ شروع ہوگئی اور آنکھوں کے معالج نے علاج معالجہ شروع کیا لیکن ابھی علاج ہو ہی رہا تھا پھر دوسری آنکھ بھی ختم ہوگئی۔ حالانکہ سب ٹیسٹ بالکل درست ملتے تھے۔ لیکن یہ کیا؟ ڈاکٹر حیران! سرجن حیران! سیانے عقل مند حیران!۔ اب صورتحال یہ ہے اس کے گردے فیل ہوگئے ہیں' جگر ختم ہوگیا' اب صرف اس کے جگر کیلئے ایک کروڑ چاہیے۔ گھر بک گیا' زندگی میں سکون ختم ہوگیا' نسلیں ویران ہوگئیں' آنکھیں چلی گئیں' گردے ساتھ چھوڑ گئے' جگر روٹھ گیا' رزق ختم ہوگیا' دوست رشتہ دار چھوڑ گئے' بیماریاں' دکھ' تکالیف' مشکلات' مصائب نے اس کو گھیر لیا۔ اس سب کی وجہ صرف تین چیزیں تھیں۔ یہ ہر بندہ کو اپنے ہر جملے میں کتا کہتا' اپنے رزق کو اس نے نہایت مشکوک کرلیا' کہ سونے میں ملاوٹ کی انتہا کرتا تھا اور مزید جلتی پر تیل کا کام بینک سے سود پر قرضہ لے لیا۔ قارئین! آپ حیران ہوں گے یہی کام اگر کوئی غیر مسلم کرے تو اس پر دنیا کے شاید وبال نہ آئیں اس کی ایک وجہ ہے کہ مسلمان کیلئے اللہ نے آخرت میں جنت کے نام پر اور اپنی رضا کے نام پر جو نعمتیں تیار کی ہوئی ہیں وہ صرف مسلمان کیلئے ہیں کسی اور کے لیے نہیں اس لیے اللہ مسلمان کی یہ زندگی زیادہ ناپسند فرماتا ہے اور رب اس کو آزمائشوں میں ڈال دیتا ہے۔ میں نے' آپ نے تمام انسانیت نے ان تمام چیزوں سے بچنا ہے اس ساری بربادی کی بنیاد گالی تھی' اور پھر اس کے بعد بربادی کی ایک داستان چل نکلی۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

یہ جادو ٹونہ ہے یا اپنے اعمالِ بد

اللہ کا فضل اور اللہ کا عدل: اللہ والو! قیامت کے دن ایک بندہ اللہ سے کہے گا کہ یا اللہ میرے ساتھ عدل والا معاملہ کیا جائے۔ اللہ پاک فرمائیں گے "میرا فضل مانگ، میری رحمت مانگ، میرا عدل نہ مانگ۔" وہ بندہ پھر کہے گا: "یا اللہ میرے ساتھ عدل والا معاملہ کیا جائے تو پھر اللہ پاک فرمائیں گے" کہ اس کی آنکھ والی نعمت جو ہم نے اسے دی تھی اس کا حساب کیا جائے۔ جب اس کی آنکھ کا حساب کیا جائے گا تو اس کی ساری نیکیاں ذرہ بن جائیں گی اور وہ نیکیوں سے خالی کھڑا ہوا ہوگا اور پھر اللہ پاک سے کہے گا: "یا اللہ تو رحمت فرما اور فضل فرما۔" بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا۔ اس نے بہت عبادت کی۔ یہاں تک کہ اس کے تن کے کپڑے پھٹ گئے اور اس کے سر میں پرندوں نے گھونسلے بنا لیے۔ صدیوں عبادت کی، اس وقت عمریں لمبی ہوا کرتی تھیں۔ اللہ پاک نے اس کی عبادت سے خوش ہو کر فرشتوں سے کہا کہ اس بندے سے جا کر پوچھو کیا مانگتا ہے میں عطا کروں گا۔ اس عابد نے پیغام لانے والے فرشتوں کو بڑی بے اعتنائی سے کہا کہ "اللہ پاک سے عرض کریں کہ میرے ساتھ عدل کریں۔ میں نے اتنی عبادت کی ہے کہ صدیاں اس عبادت میں بیت گئیں۔" پھر اللہ پاک نے فرشتے کو بھیجا اس سے جا کر پوچھ "کیا مانگتا ہے" وہ کہنے لگا کہ "اللہ سے عرض کریں کہ مجھ سے عدل کریں" اس پر اللہ کی قہاری کو جلال آیا، اللہ پاک نے فرمایا "ٹھیک ہے اتنی صدیاں اس نے زمین کے اوپر جو سواری کی ہے، اب زمین اس کے اوپر سواری کرے گی۔" اس کو پلٹ دیا گیا اور اب زمین کو اس کے اوپر ڈال دیا گیا۔

نعمتوں کی فراوانی بطور آزمائش: بعض اوقات انسان بڑے حالات میں ہوتا ہے، سخت مشکلات میں ہوتا ہے، مسائل و مصائب میں ہوتا ہے۔ پھر اللہ کچھ نعمتیں عطا فرماتا ہے۔ اب اگر وہ شکر سے محروم رہتا ہے تو وہ نعمتیں تھوڑے عرصہ کیلئے ہوتی ہیں، اللہ ان نعمتوں کو پھر چھین لیتا ہے اور اللہ فرماتا ہے کہ میں نے یہ نعمتیں تجھے آزمانے کیلئے دی تھیں تاکہ معلوم ہو کہ تو شکر کرتا ہے یا وہی ناشکری کرتا ہے، تیرا ہر پل، ہر سانس شکرگزاری کرتا ہے یا ناشکری کرتا ہے؟ اور اگر اس کا ہر ہر سانس ان نعمتوں پر شکرگزار بن جاتا ہے اور دل کی گہرائیوں سے اپنی تنہائیوں میں بھی اور اپنے ظاہر و باطن میں بھی، تو پھر اللہ پاک اس کیلئے اور اس کی نسلوں کیلئے بھی برکتوں اور رحمتوں کے دروازے کھول دیتا ہے۔ تو عافیت ملنے کا ایک ذریعہ یہ بھی ہے کہ جو یہ چاہتا ہے کہ اُس کو عافیت کی نعمت میسر ہو، تو اسے چاہیے کہ وہ ہر وقت شکر کرے۔

مسنون دعاؤں کا اہتمام اور صدقات: ایک تو ہم سب مسنون دعاؤں کا اہتمام کریں اور دوسرا سبب عافیت کا نظام پانے کا میں نے یہ عرض کیا ہے کہ: صدقات کا اہتمام کریں۔ میں لاہور سے سات دن باہر رہا اس دوران میں نے اسی سال سے زائد عمر کے درویش تلاش کیے۔ ایک تو میرے والد صاحب کے دوست مل گئے جو اباجی سے بھی بڑے تھے۔ تین دفعہ میں ان کے گھر گیا۔ ایک دفعہ ان کے ہاں گیا وہ نہیں ملے، کسی جنازے پر گئے ہوئے تھے۔ دوسری دفعہ ان کے ہاں گیا تو معلوم ہوا کہ وہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے مزارات پر گئے ہوئے ہیں (صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کے مزارات قلعہ ڈیراور بہاولپور کے پاس واقع ہیں) جب تیسری دفعہ گیا تو وہ بزرگ مل گئے۔ رات کا وقت تھا۔ میں نے ان سے پوچھا "کہ جب پاکستان بنا تھا تب آپ کی عمر کیا تھی؟ وہ درویش کہنے لگے تب میں تئیس سال کا تھا۔" اب ان کی عمر اسی سال سے زیادہ ہے۔ میں نے انہیں ایک حدیث سنائی کہ میرے آقا سرور کونین ﷺ نے فرمایا: جب بندہ چالیس سال کا ہو تو یہ فضیلت ہے، پچاس سال کا ہو، پھر ساٹھ سال کا ہو، پھر ستر سال کا ہو، جب اسی سال سے اوپر چلا جائے تو پھر جو دعا مانگے گا اللہ عطا فرماتے ہیں اور پھر میں نے ان سے کہا "میرے لیے تین دعائیں آپ کریں۔" وہ درویش کہنے لگے "یہ تو بات تیری ٹھیک ہے۔" اس طرف تو آج تک میرا بھی ذہن نہیں گیا کہ کبھی اسی سال کے بندے کو تلاش کرے اس سے دعا کروانی چاہیے آخرت کیلئے اور دنیا کیلئے۔ خود میری نانی اماں اسی سال سے زائد عمر کی ہیں سو سال کے قریب ہیں۔ ان سے میں نے بہت دعائیں کرائیں۔ عافیت کا ایک نظام ہے۔ دعاؤں کے ذریعے بھی عافیت ملتی ہے اور بددعا سے بچنا بھی عافیت کا نظام پانے کا ذریعہ ہے۔

جادو ٹونہ یا اپنے اعمال بد: بعض لوگ کہتے ہیں ہم پر جادو ہے، ہم پر جنات ہیں، ہم پر اثرات ہیں، اسلئے تعویذات ہیں۔ جو صاحب نظر لوگ ہیں وہ اصل سبب کو دیکھ لیتے ہیں۔ تو کہنا یہ چاہ رہا ہوں کہ کوئی جادو نہیں ہوتا، کوئی جنات نہیں ہوتے، کوئی اثرات نہیں ہوتے۔ اس کے پیچھے اصل میں کچھ اور چیزیں ہوتی ہیں جو میں آپ کو آج بتا رہا ہوں اور جو میں نے صاحب نظر لوگوں سے سنی ہیں، جن لوگوں کو اللہ پاک نے دل کی نظر دی ہے، کشف کی نظر دی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ اس کے پیچھے جادو، جنات نہیں ہوتے، اس پر کسی نے کچھ نہیں کیا ہوتا ہے۔ ۱۔ فرمایا کہ اس کے پیچھے کوئی بددعا ہوتی ہے وہ نظر آجاتی ہے۔ ۲۔ یا اس کے گناہ، اس کی برائیاں اور اس کی بدکاریاں ہوتی ہیں وہ نظر آجاتی ہیں۔ ۳۔ یا اس کے پیچھے سود ہوتا ہے بلکہ ایسے اللہ والے جن کو اللہ نے نظر دی ہوتی ہے وہ ہر گناہ کو پہچان لیتے ہیں۔ ہر گناہ کی اپنی ایک شکل ہوتی ہے، اس گناہ کا اپنا ایک رنگ ہوتا ہے، جیسے ٹائر جلے تو دھواں اور رنگ کا ہوتا ہے اور لکڑی جلے تو دھواں اور رنگ کا ہوتا ہے، پھر اگر شیشم کی لکڑی جلے تو اس کا اپنا دھواں ہوتا ہے، کیکر کی لکڑی کا اپنا دھواں ہوتا ہے، اس طرح دھوئیں کی اپنی شکلیں ہوتی ہیں۔ پھر روشنیاں بھی مختلف ہوتی ہیں، ٹیوب لائیٹ کی اپنی روشنی ہوتی ہے، بلب کی اپنی روشنی ہوتی ہے۔ اللہ والو!! یہ مثال میں آپ کو سمجھانے کیلئے دے رہا ہوں۔ بالکل ایسے ہی وہ صاحب نظر بزرگ کہتے ہیں کہ: ہر عمل کی ایک روشنی ہوتی ہے، اور ظلمت کی بھی کئی قسمیں ہوتی ہیں، جس سے ہمیں پتہ چل جاتا ہے کہ یہ سود کی ظلمت ہے جو اس کا تعاقب کر رہی ہے، اس کے

درس سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس ماہنامہ کی وجہ سے ہمیں آپ جیسی شخصیت کا معلوم ہوا۔ آپ کے درس ہم انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے روزانہ سنتے ہیں۔ اب ہم تمام گھر والوں کے موبائل میموری کارڈز میں صرف آپ کے درس ہی بھرے ہوئے ہیں۔ ہمیں جب بھی کوئی مسئلہ' پریشانی ہوتی ہے ہم آپ کا درس لگا کر سننا شروع کر دیتے ہیں' ساری پریشانی دور جاتی ہے اور ہم بالکل ہلکے پھلکے پریشانی سے آزاد ہو جاتے ہیں۔ درس روحانیت و امن کی وجہ سے ہمارے گھر میں امن آچکا ہے' ہمارے کاروبار' رزق میں برکت آگئی ہے۔ گھریلو' مالی و معاشی پریشانیاں ختم ہو رہی ہیں۔ اب تو درس نہ سنیں تو ہمیں سکون ہی نہیں ملتا۔ (م۔ف)

موٹاپے کا آزمودہ علاج: سفوف کریلا موٹاپے کو دور کرنے کی بہترین دوا ہے۔ اس کیلئے دو ماشہ سفوف کریلا ہمراہ پانی روزانہ صبح نہار منہ استعمال کرنا چاہیے۔

یا اللہ! اس شراب کو سرکہ بنادے! واقعی شراب سرکہ بن گئی

ابولبیب شاذلی

بڑی دیر تک سجدہ میں پڑے رہے۔ پھر مصلی اٹھا کر آپ نے غلام سے فرمایا کہ اس جگہ زمین کھودو۔ غلام نے زمین کھودی تو نا گہاں وہاں سے پانی کا ایک ایسا ذخار چشمہ ابلنے لگا جس سے نہ صرف اس زمین بلکہ آس پاس کی تمام زمینوں کی آبپاشی و سیرابی کا انتظام ہوگیا۔

حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور نبی کریم ﷺ کے چچا ہیں اور چونکہ انہوں نے بھی حضرت ثوبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا دودھ پیا تھا اس لیے دودھ کے رشتہ سے آپ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے رضاعی بھائی بھی ہیں' صرف چار سال حضور نبی کریم ﷺ سے عمر میں بڑے تھے اور بعض کا قول ہے کہ صرف دو ہی سال کا فرق تھا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے انتہائی والہانہ محبت رکھتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ جب ابوجہل نے حرم کعبہ میں حضور اقدس ﷺ کو بہت زیادہ برا بھلا کہا تو آپ باوجود کہ ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے لیکن جوش غضب میں آپے سے باہر ہوگئے اور حرم کعبہ میں جا کر ابوجہل کے سر پر اس زور کے ساتھ اپنی کمان سے ضرب لگائی کہ اس کا سر پھٹ گیا اور ایک ہنگامہ مچ گیا۔ آپ نے ابوجہل کا سر پھاڑ کر بلند آواز سے کلمہ پڑھا اور قریش کے سامنے زور زور سے اعلان کرنے لگے کہ میں بھی مسلمان ہو چکا ہوں۔ اب کسی کی مجال نہیں ہے کہ میرے بھتیجے ﷺ کو آج کے بعد کوئی برا بھلا کہہ سکے۔ اس میں اختلاف ہے کہ اعلان نبوت کے دوسرے سال آپ مسلمان ہوئے یا چھٹے سال۔ بہرحال آپ کے مسلمان ہوجانے سے بہت زیادہ اسلام اور مسلمانوں کو تقویت کا سامان ہوگیا کیونکہ آپ کی بہادری اور جنگی کارناموں کا سکہ تمام بہادران قریش کے اوپر بیٹھا ہوا تھا۔ دربار نبوت ﷺ سے ان کو ''اسداللہ'' و ''اسد الرسول ﷺ'' (اللہ اور رسول ﷺ کا شیر) کا معزز خطاب ملا۔ تیسری ہجری میں جنگ احد کے معرکہ میں لڑتے ہوئے شہادت سے سرفراز ہوگئے اور سیدالشہداء کے قابل احترام لقب کے ساتھ مشہور ہوئے۔ **(اکمال ص 560، زرقانی ج 3 ص 270 تا ص 285 و مدارج النبوۃ وغیرہ)**

فرشتوں نے غسل دیا: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قول ہے کہ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان کی شہادت کے بعد فرشتوں نے غسل دیا۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے بھی اس کی تصدیق فرمائی کہ بے شک میرے چچا کو شہادت کے بعد فرشتوں نے غسل دیا۔ **(حجۃ اللہ علی العالمین ص 863 ج 2، بحوالہ ابن سعد)**

قبر کے اندر سے سلام: حضرت فاطمہ خزاعیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ میں ایک دن حضرت سیدالشہداء جناب حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار اقدس کی زیارت کیلئے گئی اور میں نے قبر منور کے سامنے کھڑے ہوکر ''السلام علیک یا عم رسول اللہ'' تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے باآواز بلند قبر کے اندر سے میرے سلام کا جواب دیا جس کو میں نے اپنے کانوں سے سنا۔ **(حجۃ اللہ ج 2 ص 863 بحوالہ بیہقی)**

اسی طرح شیخ محمود کردی' شیخانی نزیل مدینہ منورہ نے آپ کی قبر انور پر حاضر ہو کر سلام عرض کیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قبر منور کے اندر سے باآواز بلند ان کے سلام کا جواب دیا اور ارشاد فرمایا کہ اے شیخ محمود! تم اپنے لڑکے کا نام میرے نام پر ''حمزہ'' رکھنا' چنانچہ جب خداوند کریم نے ان کو فرزند عطا فرمایا تو انہوں نے اس کا نام ''حمزہ'' رکھا۔ **(حجۃ اللہ علی العالمین ج 2 بحوالہ کتاب الباقیات الصالحات)**

دعا مانگی اور شراب شہد بن گئی: حضرت خیثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس شراب سے بھری ہوئی مشک لے کر آیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ دعا مانگی کہ یا اللہ! اس کو شہد بنادے' تھوڑی دیر بعد جب لوگوں نے دیکھا تو مشک شہد سے بھری ہوئی تھی۔ **(حجۃ اللہ ج 2 ص 867، طبری ج 4 ص 4)**

شراب سرکہ بن گئی: ایک مرتبہ لوگوں نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے شکایت کی کہ اے امیر لشکر آپ کی فوج میں کچھ لوگ شراب پیتے ہیں۔ آپ نے فوراً ہی تلاشی لینے کا حکم دیا۔ تلاشی لینے والوں نے ایک سپاہی کے پاس سے شراب کی ایک مشک برآمد کی لیکن جب یہ مشک آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے پیش کی گئی تو آپ نے بارگاہ الٰہی میں یہ دعا مانگی کہ ''یا اللہ! اس کو سرکہ بنادے'' چنانچہ جب لوگوں نے مشک کا منہ کھول کر دیکھا تو واقعی اس میں سے سرکہ نکلا۔ یہ دیکھ کر مشک والا سپاہی کہنے لگا خدا کی قسم! یہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کرامت ہے ورنہ حقیقت یہی ہے کہ میں نے اس مشک میں شراب بھر رکھی تھی۔ **(حجۃ اللہ علی العالمین ج 2 ص 867)**

جس جگہ سجدہ کیا وہاں چشمہ ابل پڑا: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ میرے باپ کے ذمہ تمہارا کچھ قرض باقی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ میں نے اس کو معاف کردیا۔ میں نے ان سے کہا کہ میں اس قرض کو معاف کرانا ہرگز ہرگز پسند نہیں کروں گا ہاں یہ اور بات ہے کہ میرے پاس نقد رقم نہیں ہے لیکن میرے پاس زمینیں ہیں۔ آپ میری فلاں زمین اپنے اس قرض میں لے لیجئے مگر اس زمین میں کنواں نہیں ہے اور آبپاشی کیلئے دوسرا کوئی ذریعہ بھی نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا کہ بہت اچھا' بہرحال میں نے آپ کی وہ زمین لے لی۔ پھر آپ اس زمین میں تشریف لے گئے اور وہاں پہنچ کر اپنے غلام کو مصلی بچھانے کا حکم دیا اور آپ نے اس جگہ دو رکعت نماز پڑھی اور بڑی دیر تک سجدہ میں پڑے رہے۔ پھر مصلی اٹھا کر آپ نے غلام سے فرمایا کہ اس جگہ زمین کھودو۔ غلام نے زمین کھودی تو نا گہاں وہاں سے پانی کا ایک ایسا ذخار چشمہ ابلنے لگا جس سے نہ صرف اس زمین بلکہ آس پاس کی تمام زمینوں کی آبپاشی و سیرابی کا انتظام ہوگیا۔ (اسد الغابہ ج 3 ص 135)

میرے دو آزمودہ نسخے عبقری قارئین کی نذر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ عبقری میں موجود نسخہ جات استعمال کرتے رہتے ہیں لاجواب فوائد ملتے ہیں۔ عبقری قارئین کے لیے میں اپنے دو عدد آزمودہ نسخہ جات لایا ہوں۔ یقیناً ان کے استعمال سے قارئین کو بھرپور فائدہ ہوگا۔ **نسخہ نمبر 1: سفوف مغلظ** (جریان کیلئے بھی مفید ہے) ھوالشافی: موصلی انڈیا سفید ایک تولہ' ثعلب پنجہ ایک تولہ' ثعلب مصری ایک تولہ' اسگندھ ناگوری ایک تولہ' ستاور ایک تولہ' تال مکھانہ دو تولہ' لاجونتی دو تولہ' تخم اوٹنگن دو تولہ' گوند دیسی کیکر پچاس گرام۔ ترکیب: تمام چیزوں کا سفوف بنا کر آدھ چمچ صبح نہار منہ اور شام پانچ بجے کے قریب نیم گرم دودھ سے استعمال کریں۔ **نسخہ نمبر 2: دماغی کمزوری کیلئے:** ھوالشافی: چھلکا اسپغول آدھ کلو' دیسی گھی خالص دو سو گرام۔ دیسی گھی کو چھوٹی کڑاہی میں گرم کریں اور اس میں آدھ کلو چھلکا اسپغول ڈال دیں۔ جب ہلکا براؤن ہوجائے تو اتار کر' ٹھنڈا کرکے کسی برتن میں محفوظ کرلیں۔ رات سونے سے پہلے پچاس گرام چھلکا نیم گرم دودھ میں ڈال کر پی لیں۔ انشاء اللہ دماغی کمزوری بھی دور ہوجائے گی اور قبض بھی ٹھیک ہوجائے گی۔ یہ نسخہ لاجواب ہے اور بارہا کا آزمودہ ہے۔ (حفیظ الرحمٰن' لاہور)

ہر رکاوٹ دور‘ ہر کام ہوگا: اسم یَامُجِیْبُ کو اگر کوئی روزانہ 300 مرتبہ پڑھتا رہے گا تو اس کی ہر رکاوٹ دور ہوگی‘ رزق میں برکت ہوگی‘ شادی کے مسائل حل ہونگے حتیٰ کہ اس اسم کو ہمیشہ پڑھنے والے کا کوئی کام نہیں رکتا۔

اے ماؤں سنبھلو! کیوں بچوں کو شوگر کا مریض بنا رہی ہو؟

مائیں چمچ بھر بھر کر چینی (شوگر) کے فیڈر میں ڈالتی ہیں حالانکہ فالتو چینی (شوگر) کی بالکل ضرورت نہیں ہے جو چینی ڈالتی ہے وہ فالتو کیلوریز ہوتی ہیں جو بچہ جلا نہیں پاتا۔ اگر بچہ دن میں چھ بار فیڈر لیتا ہے تو چھ سے بارہ چمچ چینی اضافی لیتا ہے۔

آج کل پاکستان میں شوگر کے مریضوں کی تعداد میں بے انتہا اضافہ ہورہا ہے‘ نوزائیدہ نونہال نوجوان جوان بوڑھے سب اس کی گرفت میں ہیں۔ پاکستان میں اس کی شرح دوسرے ممالک کی نسبت بہت زیادہ ہے‘ آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ اس میں سراسر قصور والدین کا ہے۔ جو نادانی‘ ناواقفیت اپنی جسمانی فٹنس اور بچوں کی وقتی خوشی کیلئے اپنے بچوں کو شوگر (میٹھا‘ چینی وغیرہ) کھلا کھلا کر مرض شوگر میں مبتلا کررہے ہیں۔ پیدائش کے بعد بچے کا دماغ اور جسمانی ساخت نازک اور کمزور ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے بیٹے کو ماں اڑھائی سال اور بیٹی کو دو سال اپنا یا کسی دوسری عورت کا ہی پلائیں۔ وجہ یہ ہے انسانی دودھ انسان کی ضروریات کیلئے ہے اور حیوانی دودھ ان کے بچوں کیلئے ہے۔ انسانی بچہ کے لیے اس کی ماں کا دودھ ہی لطیف غذا ہے جو دنیا کی کوئی بھی لیبارٹری تیار نہیں کرسکتی ہے اس کے ساتھ ساتھ ماں کے دودھ سے بچے کو انسانی خواص عادات‘ اعمال‘ انسانی جبلت منتقل ہوتے ہیں۔ اس کی جگہ اگر حیوانی دودھ ملتا ہے تو اس میں بکری‘ بھینس‘ گائیں کی عادات ہوں گی۔ اس عرصہ میں اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق ماں کے دودھ سے بہتر کوئی دودھ نہیں۔ ماں کے دودھ میں قدرتی شوگر (مٹھاس) ہوتی ہے۔ جو بچہ کی ضروریات کے مطابق ہے۔ بھینس، گائے‘ بکری کے دودھ میں ہی تناسب ہوتا ہے‘ ڈبے کے دودھ جو گائیں یا بھینس کا ہی ہوتا ہے۔ اُس فیکٹری میں شوگر (مٹھاس) اضافی شامل ہوتی ہے۔ لیکن مائیں چمچ بھر بھر کر چینی (شوگر) کے فیڈر میں ڈالتی ہیں حالانکہ فالتو چینی (شوگر) کی بالکل ضرورت نہیں ہے جو چینی ڈلتی ہے وہ فالتو کیلوریز ہوتی ہیں جو بچہ جلا نہیں پاتا۔ اگر بچہ دن میں چھ بار فیڈر لیتا ہے تو چھ سے بارہ چمچ چینی اضافی لیتا ہے۔ شوگر (چینی) جسم میں کیڑے اور بیماریاں پیدا کرتا ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ اکثر بچوں کو جو نے تنگ کرنے پر مائیں وقتی طور پر میٹھا بند کردیتی ہیں اور رسوت وغیرہ بچوں کے مقعد پر لگاتی ہیں‘ فالتو چینی کا اثر بچوں کی آئندہ عمر پر پڑتا ہے جسمانی کمزوری ہوجاتی ہے‘ بچہ بچہ طرح طرح کے جسمانی امراض کا شکار ہورہا ہے‘ لیکن لوگوں کی زبان پر لفظ ہوتے ہیں کہ پہلے دور کی خوراک خالص ہوتی تھی اس لیے اب تک بوڑھوں میں طاقت ہے‘ ہم نے ناخالص اور کیمیکل والی خوراک کھائی ہے‘ ہم میں وہ طاقت کہاں؟ جب ماں چینی کی عادت ڈالتی ہے کہ بچہ آہستہ آہستہ گولیاں‘ ٹافیاں‘ کولڈ ڈرنکس یعنی شوگر کا عادی ہوجاتا ہے جو نشے کی طرح کام کرتی ہے۔ بچہ خودسر‘ ضدی‘ بدتمیز‘ بدلحاظ ہوجاتا ہے۔ اس لیے بچہ وقفہ وقفہ سے ماں کو تنگ کرتا ہے۔ ماں جان چھڑانے کیلئے بچے کو پیسے دیتی ہے جا بیٹا لے آ۔ بچہ اپنی جگہ خوش ماں اپنی جگہ خوش‘ دونوں کا کام وقتی طور پر آسان ہوگیا۔ بوتل‘ رنگ برنگ کی گولیاں‘ کھٹے میٹھے چورن وغیرہ یہ سب کیمیکل ٹاٹری‘ تیزاب‘ کلر‘ استعمال ہوتے ہیں‘ کھانے والے کلر مہنگے ہوتے ہیں ان کی جگہ نہایت سستے کلر جو کپڑے رنگنے کیلئے ہوتے ہیں استعمال ہوتے ہیں۔ پھر نہایت گندے ماحول میں تیار ہوتی ہیں۔ یہی دکھ کی بات ہے جو والدین اپنی اولاد کے خیرخواہ ہیں وہ ہی لاشعور طور پر خود انہی سے سرزرد ہورہا ہے براہ کرم اپنی اولاد پر ترس کھائیں آئندہ نسلوں کو شوگر کے نشہ سے بچائیں۔ فیڈر والے دودھ میں اضافی چینی استعمال نہ کریں۔ بچے کو جیسا چسکا لگائیں گی وہ اسی کا عادی ہوجائے گا۔ اگر انسان شوگر کے مرض مبتلا ہوتا ہے تو ہر چیز سے پرہیز شروع ہوجاتا ہے۔ یعنی شوگر کے بغیر انسان زندہ رہ سکتا ہے تو یہ پرہیز پہلے ہی دن سے شروع کریں۔ 80 فیصد ڈبہ کے جوس میں صرف کیمیکل ہوتا ہے اس میں چینی کلر اور ذائقہ ہوتا ہے۔ پھلوں کا جوس بالکل نہیں ہوتا اگر ہو بھی اس میں بھی محفوظ کرنے کیلئے طرح طرح کے کیمیکل اور اضافی شوگر ملائی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ کھانوں میں ذائقہ کیلئے گھر گھر بریانی مصالحہ‘ چاٹ مصالحہ‘ مچھلی مصالحہ‘ قورمہ مصالحہ‘ وغیرہ کا عام استعمال ہے‘ یہ صرف کیمیکل ہے۔ آج سے تیس سال پہلے مائیں موسم بہار میں رسوت‘ چاکسو‘ چرائتہ‘ نیم کی نمولیاں کھلاتی تھیں تاکہ بچے کا خون صاف ہو‘ بچہ گرمی سردی کے اثرات سے بچتا تھا۔ کئی امراض شروع میں نہیں ہوتے؟ کیا یہ مائیں ظالم تھیں؟ کیا آپ اپنے بچوں کی حفاظت کریں گی یا ان کو نشہ کا عادی بنائیں گی۔ (سید خالد حسین‘ لاہور)

بچوں کے لنچ بکس کو صحت بخش بنائیے

بچے جب سکول جاتے ہیں تو زیادہ تر مائیں ایک ڈبے میں کھانے پینے کی کچھ چیزیں رکھ کر ان کے ساتھ کردیتی ہیں اور یہ لنچ باکس بچے کو تھماتے ہوئے اکثر تاکید کرتی ہیں: ”دیکھو بیٹا سب چیزیں کھالینا‘ چھوڑنا نہیں۔ خوب کھاؤ گے تو طاقت آئے گی‘ صحت اچھی رہے گی“ آیئے! دیکھتے ہیں کہ بچے کی صحت واقعی اچھی رکھنے کیلئے اس کے لنچ باکس میں کیا کیا ہونا چاہیے۔ غذائی ماہرین کی رائے ہے کہ لنچ باکس میں رکھے گئے کھانے میں ایک تہائی حصہ روٹی، ڈبل روٹی یا نشاستے دار چیزوں کا ہونا چاہیے کیونکہ نشاستے سے بچوں کے دماغ اور جسم دونوں کو توانائی حاصل ہوتی ہے۔ چوکر والی روٹی یا ڈبل روٹی فولاد اور حیاتین ب (وٹامن بی) سے بھرپور ہوتی ہے اور یہ پانچ سال سے زیادہ عمر کے بچوں کیلئے بہت مفید ہے۔ اس سے کم عمر کے بچوں کو ریشے کی اتنی ضرورت نہیں ہوتی لہٰذا ان کیلئے بغیر چوکر والی یا سفید روٹی اور ڈبل روٹی مناسب ہے۔ بڑوں کی طرح بچوں کو بھی دن میں کم از کم پانچ بار پھل اور سبزیاں کھانی چاہئیں‘ لہٰذا ان کے لنچ باکس میں کم از کم ایک یا دو پھل مناسب مقدار میں ضرور رکھیں۔ یہ مناسب مقدار ظاہر ہے کہ اس مقدار سے کچھ کم ہی ہوگی جو بڑوں کیلئے تجویز کی جاتی ہے۔ جو مائیں اپنے بچوں کو سکول کیلئے سینڈوچ دیتی ہیں انہیں یہ خیال رکھنا چاہیے کہ سینڈوچ کے اندر کیا رکھیں۔ اس سلسلے میں ایسی اشیاء کو اہمیت دیں جن میں پروٹین ہو‘ کیونکہ پروٹین سے نہ صرف صحت مند عضلات اور بافتیں بنتی ہیں بلکہ سہ پہر میں ان کی وجہ سے توجہ مرکوز کرنے کی صلاحیت بھی درست رہتی ہے۔ بچوں کیلئے عموماً پچاس گرام کسی بھی قسم کا گوشت یا ماچس کی ڈبیا کے برابر پنیر کا ٹکڑا مناسب ہے۔ جو بچے گوشت نہیں کھاتے ان کیلئے تین بڑے چمچ بنا ہوا لوبیا دال یا ایک بڑا چمچ خشک میوے کا یا پھر ایک انڈا مناسب ہوگا۔ یہ ایک اندازہ ہے لیکن دراصل مقدار کا انحصار بچے کی بھوک پر بھی ہے۔ گوشت میں چربی جتنی کم ہو اتنا ہی اچھا ہے۔ بچے کے لنچ باکس میں مچھلی شامل رکھنے کی زیادہ کوشش کیجئے۔ بچوں کو دن میں دو تین بار دودھ یا دودھ سے بنی اشیاء بھی دی جائیں۔ اس سے جسمانی ڈھانچہ مضبوط ہوگا۔ آلو کے چپس‘ چاکلیٹ اور بسکٹ جیسی مزے دار چیزوں کی ایک حد تو ٹھیک ہے لیکن انہیں بچے کی روزانہ کی غذا کا حصہ نہ بنائیے۔ دوسری بات یہ کہ ایسی چیزیں ہر وقت بچوں کی پہنچ میں نہ رکھیے۔ بچوں کو گردوں، جلد، آنکھوں اور معدے کی صحت کیلئے انہیں روزانہ چھ سے آٹھ گلاس پانی ضرور پلایئے۔ ان کے لنچ باکس کے ساتھ دو سو سے ڈھائی سو ملی لیٹر پانی کی بوتل رکھیے۔ بچوں کے دانتوں کیلئے سادہ دودھ اور پانی بہترین ہیں لیکن ملک شیک بھی خوب ہے اور اس سے کیلشیم بہت زیادہ حاصل ہوتا ہے البتہ لنچ باکس میں سوفٹ کولڈ ڈرنک (ٹھنڈی بوتل) ہرگز نہ رکھیے۔ (ماریہ شاکر‘ راولپنڈی)

دوزخ اور بدنصیب: حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: دوزخ میں صرف بدنصیب داخل ہوگا' بدنصیب وہ شخص ہے کہ جس نے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے اس کی اطاعت نہیں کی اور اللہ تعالیٰ کیلئے گناہ کو نہیں چھوڑا۔

انوکھا عمل! نہتوں پر گولیاں چلانے والے خود ہی مر گئے

ذکیہ اقتدار، بہاولنگر

کہنے لگیں: کیا بتاؤں مجھے یوں لگتا ہے جیسے کوئی حملہ ہوگا' مجھے ہنسی آگئی۔ میں نے کہا اللہ پر ایمان رکھتی ہیں اور پھر ڈرتی کیوں ہیں' وہ پالنہار آپ کے ساتھ ہے' وہ ایسی ہستی ہے آپ کے تمام معاملات سے باخبر ہے' ذرے ذرے پر اس کا ہولڈ ہے

میری بہت ہی قریبی عزیزہ اپنے شوہر کے ہمراہ میرے پاس آئیں' رات قیام کیا اور دوسرے روز رات نو بجے اسلام آباد روانگی تھی۔ میری عزیزہ طویل سفر سے بہت گھبراتی ہیں۔ یہاں سے بارہ گھنٹے کا سفر درکار تھا۔ میں نے انہیں بے حد تسلی دی مگر ان کی کیفیت ویسی ہی رہی۔ پھر میں نے ان سے کہا کہ میں آپ کو سکون سے سفر کرنے کا ایسا نسخہ دیتی ہوں جو آپ استعمال کرلیجئے تو سفر آپ کا اتنا پرسکون اور یادگار سفر ہوگا جو آپ نے پوری زندگی میں بھی نہیں کیا ہوگا۔ میری عزیزہ بہت شوق سے میری طرف متوجہ ہوئیں اور میں اپنی الماری سے قرآن پاک کا نسخہ اٹھالائی اور انہیں تھما دیا وہ مجھے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگیں؟ مجھ سے کہتی ہیں سفر کا قرآن مجید سے کیا تعلق؟ میں نے کہا آپ اس کتاب سے ناطہ جوڑیں گی تو آپ کی سمجھ میں آئے گا اس کتاب میں امن کا پیغام ہے اور ہر مسئلہ اور مشکل کا حل ہے اس کو کھول کر پڑھیں گی تو اس کے کمالات دیکھیں گی۔ میری عزیزہ نے کہا واقعی آپ سچ کہہ رہی ہیں میں نے تو قرآن پاک پر بڑے نفیس کپڑے کا غلاف چڑھایا اس پر موتی ستارے لگائے اور قرآن کو اس میں بند کرکے اپنے شوکیس میں رکھ دیا کہ وہ مجھے نظر آتا رہے اس پر گرد نہ پڑے اس کی بے حرمتی نہ ہو' تم نے اس کتاب کے ساتھ اور اپنے ساتھ بہت ظلم کیا ہے۔ ہماری پیدائش کے ساتھ ہی اللہ نے یہ کتاب ہمیں تھمادی یہ بھی اپنے ساتھ لیتے جاؤ، ہم نے بچپن میں آنکھ کھولتے ہی یہ دیکھا ہوگا کہ ہماری مائیں ہمیں گود میں لے کر قرآن کریم پڑھا کرتی تھیں بچوں کو گود میں اس لیے لیتی تھیں کہ بچہ خاموش رہے اور قرآن پڑھنے میں خلل نہ پڑے۔ بچہ قرآن کی آواز کو سنتا تھا اور سکون محسوس کرتا تھا۔ تم اس قرآن کو کھولو اور اس کو پڑھو اس میں بہت انوکھے راز ہیں۔ میرا یہ اصول ہے گھر سے نکلتے ہوئے ہمیشہ سورۂ کہف پڑھتی ہوں' بہت بڑے حادثات، مصائب اور آفات سے محفوظ رہتی ہوں' سفر تو ایسے گزرتا ہے جیسے میں اپنے بیڈروم میں آرام دہ بستر پر سو رہی ہوں۔ شرط ہے آپ پوری سورۂ کہف پڑھیں۔ میری عزیزہ کا منہ تو حیرت سے کھلا کا کھلا رہ گیا اور آنکھیں تو ان کی یوں پھٹی رہ گئیں جیسے میں نے کہہ دیا ہو آسمان پھٹ گیا ہو آپ کو اتنا مشکل کیوں لگ رہا ہے' آپ نے پی ایچ ڈی کر رکھی ہے آپ نے بہت مشکل کتابیں پڑھی ہیں یہ تو دنیا کی آسان ترین کتاب ہے۔ دنیا کی جتنی بھی کتابیں ہیں اسی کتاب سے وجود میں آئی ہیں۔ میں نے عزیزہ کو سورۂ کہف نکال کر دی' میں نے کہا آپ اس کو پڑھیں میں کچھ کام کرلوں۔ باورچی خانہ سے نکلی' وضو کیا' کچھ دیر بعد مہمان بہن کے پاس گئی' انہیں سوچوں میں گم پایا۔ ارے! آپ ابھی تک ایسے ہی بیٹھی ہوئی ہیں وہ مجھ سے کہنے لگیں یہ تو بہت لمبی سورۂ ہے۔ اب وقت بہت کم رہ گیا ہے' ایسا کریں اس کا پہلا اور آخری رکوع پڑھ لیں باقی سورۂ بعد میں پڑھ لیں۔ پھر ہم بس سٹینڈ کی طرف چلے' پہنچے تو معلوم ہوا بس ایک گھنٹہ لیٹ ہے' ہم لوگ واپس گھر آگئے' مگر میری مہمان بہن مستقل پریشان ہی تھیں گم سم بیٹھی تھیں۔ میں نے کہا بہن! بات کیا ہے؟ آپ نے تو اتنے طویل سفر کیے ہیں صحرا، پہاڑ، دریا، سمندر سب عبور کر ڈالے مگر آج کیسا خوف ہے؟ آپ سفر کرنے کو تیار نہیں ہیں؟ کہنے لگیں: کیا بتاؤں مجھے یوں لگتا ہے جیسے کوئی حملہ ہوگا' مجھے ہنسی آگئی۔ میں نے کہا اللہ پر ایمان رکھتی ہیں اور پھر ڈرتی کیوں ہیں' وہ پالنہار آپ کے ساتھ ہے' وہ ایسی ہستی ہے آپ کے تمام معاملات سے باخبر ہے' ذرے ذرے پر اس کا ہولڈ ہے' اس کے حکم کے بغیر کچھ بھی نہیں ہوگا۔ آپ بلاوجہ میں خوفزدہ ہیں۔ میں اس رب کے حکم سے آپ کو حفاظتی ہتھیار بھی دوں گی اور روحانی اسلحہ بھی فراہم کروں گی مگر میری شرط ہے آپ کو اس پر عمل کرنا ہوگا۔ ان کے چہرے پر مسکراہٹ آئی اور بولیں وہ عمل مجھے دیں' میں پڑھوں گی۔ میں نے سورہ کہف کی آیت

اِذْ اَوَی الْفِتْیَۃُ اِلَی الْکَھْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً وَّھَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا (کہف ۱۰)

اور یَنْشُرْ لَکُمْ رَبُّکُمْ مِّنْ رَّحْمَتِہٖ وَ یُھَیِّئْ لَکُمْ مِّنْ اَمْرِکُمْ مِّرْفَقًا (کھف 16)

میں نے یہ آیات لکھیں اور کثیر تعداد میں فوٹو کاپی کروا کر الگ کیا' پھر سیفٹی پن سے لگا کر ان کے حوالے کر دیا۔ انکو طریقہ بتایا جونہی آپ اپنی سیٹ پر بیٹھیں تو یہ آیات پڑھیے' مسلسل پڑھیں' جب دو گھنٹے گزر جائیں تو آپ کے شوہر بہت اطمینان سے ڈرائیور کو بتائیں کہ رات کے دو بجے فلاں جگہ سے گاڑی گزرے گی اس جگہ روڈ کے کچھ فاصلے پر گھنے درخت ہیں وہاں نقاب پوش چھپے ہوتے ہیں۔ وہ اکثر گاڑیوں کو لوٹ لیتے ہیں اگر وہ گاڑی کو گھیر لیں اور کہیں کہ گاڑی روک لو ورنہ ہم گولی چلادیں گے تو آپ نے گاڑی نہیں روکنی' سوار اور سواری ڈاکوؤں کا مقابلہ کریں گے۔ ڈرائیور بہت پریشان ہوا' ڈرائیور نے وعدہ کیا کہ وہ بس نہیں روکے گا۔ میں نے عزیزہ سے کہا تھا کہ بس میں جو پڑھی لکھی خواتین ہوں گی انکو یہ آیات دینا اور سمجھانا اور جن کو پڑھنا نہیں آتا انہیں کہنا کہ صرف پہلا کلمہ پڑھیں۔ اگر ڈاکو آجائیں اور کہیں کہ ہم گولی چلادیں گے تو پوری بس اللہ اکبر کا نعرہ لگائیں اس بڑے ہتھیار کا آپ کمال دیکھیں گی۔ بارہ بجے تک گاڑی میں یہ بات پھیل گئی کہ ڈاکو حملہ آور ہوسکتے ہیں۔ اس لیے تمام افراد وہ سب کچھ پڑھ رہے تھے جو انہیں بتایا گیا تھا۔ جان تو بڑی عزیز ہوتی ہے۔ سچے جذبے سے لوگ اونچی آواز میں پڑھ رہے تھے۔ ٹی وی چلنا بند ہوگیا۔ جس کو جو سورۂ' کلمہ' آیت' درود شریف یاد تھا وہ پڑھ رہے تھے۔ آخر وہ کام ہو ہی گیا جس کا خدشہ تھا' ڈاکوؤں نے گاڑی کو آگے پیچھے سے گھیر لیا اور آواز لگائی گاڑی فوراً روک دو' ورنہ گولی چلادیں گے' پوری گاڑی کے افراد نے نعرہ تکبیر اللہ اکبر کا نعرہ لگایا' اتنے جذبے سے کہ شاید اگر کسی نے میدان جنگ نہ دیکھا ہو تو اس گاڑی میں دیکھ لے' گاڑی نہ رکی' وہ ساتھی بتارہی تھیں کہ کم از کم ہم آدھ گھنٹہ تک تکبیر کا نعرہ لگاتے رہے ہم لوگ بہت رش کی جگہ پر آگئے پھر بھی ہم نعرے لگا رہے تھے ہمیں بہت مزہ آرہا تھا' پیچھے والے ڈاکو بھاگ گئے مگر آگے والے دو ڈاکو گاڑی کے نیچے کچلے گئے۔ جب گاڑی اسٹینڈ پر پہنچی تو تمام سواریاں اتریں اس گاڑی کا منظر ہی کچھ اور تھا۔ خواتین ایک دوسرے سے مصافحہ کررہی تھیں' مرد حضرات ایک دوسرے سے گلے مل رہے تھے' اللہ کا معجزہ ہے ہم سب کو اللہ نے پالیا' ڈرائیور بھی اتر کر آگیا۔ وہ میری عزیزہ کے شوہر سے بغل گیر ہوا اور کہا کہ اگر گولی چل جاتی تو سب سے پہلے میں مارا جاتا۔ عزیزہ کے شوہر نے کہا ہم نے تین گھنٹے اللہ سے اپنی زندگی مانگی یقیناً وہ قبولیت کا وقت تھا اللہ نے ہماری عرض قبول کرلی' میرا کوئی کمال نہیں بلکہ قرآنی آیات اور سورۂ کہف کا کمال ہے۔ ڈرائیور نے کہا کہ میں اٹھارہ سال کا تھا جب سے ڈرائیونگ کررہا ہوں میں نے پوری زندگی میں آج تک ایسا محبت اور رحم کا نظارہ آنکھوں سے نہ دیکھا اور نہ محسوس کیا۔ واقعی وہ کریم بہت رحیم ہے۔ آج گھر جانے سے قبل اللہ کے گھر حاضری دوں گا اور اپنے گناہوں کی معافی مانگوں گا' صدقہ اس لیے دوں گا کہ مولا کریم نے میرے بچوں کو یتیمی سے بچالیا اور (باقی صفحہ نمبر 9 پر)

کانجی کا موسم آگیا!: گاجر سے کانجی بنائی جاتی ہے جو نمکین اور مزے دار مشروب ہے' کانجی بھوک بڑھاتی ہے اور اندر کی گرمی دور کرتی ہے' کھانا ہضم کرتی ہے۔ یوں سمجھئے بہترین تحفہ ہے۔

دولت' شہرت' اقتدار سب کچھ مگر سکون کدھر گیا؟

انتخاب: محمد شہباز' گوجرانوالہ

دن کے تین وقت کے کھانوں میں ان میں سے ایک دو چیزیں لازماً شامل ہونی چاہئیں۔ اس کے علاوہ دودھ، دہی، پنیر اور شہد بھی استعمال کرنا چاہیے۔ دباؤ اور بے چینی کے مریضوں کو کافی، سافٹ ڈرنکس' سگریٹ اور دیگر نشہ آور چیزوں سے دور رہنا چاہیے۔

چارلس ڈیوک Charles Mass Duke Jr. امریکی خلاباز Astronaut ہیں۔ وہ 1935ء میں امریکہ North Carolina میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے سپیس سائنس میں اعلیٰ تعلیم حاصل کی' وہ 1966ء میں ناسا کے پانچویں خلاباز گروپ کے لئے منتخب کئے گئے۔ انہوں نے خلا میں کی پروازیں کیں' 1972ء میں انہوں نے اپالو کے ذریعے چاند کا سفر کیا' 16 اپریل 1972ء میں وہ چاند کی سطح پر اترے۔ 21 فروری 2008ء کی شام کو ہماری ٹیم کے دو ممبر (رجت ملہوترا' سعدیہ خان) ڈاکٹر چارلس ڈیوک سے نئی دہلی کے اشوکا ہوٹل میں انٹرویو کیلئے ملے۔ ملاقات کے وقت انہوں نے اپنے دستخط کے ساتھ اپنی ایک تصویر دی۔ اس تصویر میں وہ خلائی سوٹ میں چاند کی سطح پر کھڑے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ ہماری ٹیم کے مذکورہ دونوں ممبروں نے امریکی خلاباز ڈاکٹر چارلس ڈیوک کا ویڈیو انٹرویو ریکارڈ کیا۔ اس انٹرویو کا موضوع سپر یچولسٹی تھا۔ انٹرویو کے دوران ان سے ایک سوال یہ کیا گیا کہ آپ اپنی زندگی سے مطمئن ہیں اور آپ کو پرمسرت زندگی حاصل ہے۔ اس کے جواب میں انہوں نے اپنے حالات بتاتے ہوئے کہا کہ ابتدائی طور پر میری زندگی میں سکون نہ تھا میں نے یہ سمجھا کہ چاند مجھ کو سکون دے گا۔ میں نے یہ سمجھا کہ خلابازی کی زندگی مجھے سکون دے گی' میں خلاباز بن گیا مگر خلابازی کی زندگی نے مجھ کو سکون نہیں دیا۔ پھر میں نے سوچا کہ میں اپنا کیریئر بدل دوٗ میں نے ناسا میں ایسٹروناٹ کی جاب چھوڑ دیا اور بزنس شروع کر دیا۔ میں نے کافی دولت کمائی مگر اب بھی میری زندگی کو سکون نہ تھا۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ اب بھی میری زندگی میں کوئی چیز مفقود ہے۔ یہ معاملہ صرف ڈاکٹر چارلس ڈیوک کا نہیں یہی موجودہ زمانے میں تمام لوگوں کا معاملہ ہے۔ موجودہ زمانے میں دولت اور شہرت اور اقتدار حاصل کرنے کے مواقع بہت زیادہ بڑھ گئے ہیں' لوگ نہایت تیزی کے ساتھ ان چیزوں کو حاصل کرنے کیلئے دوڑ رہے ہیں' بہت سے لوگ ان چیزوں کو پانے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو سپر اچیورس کہا جاتا ہے لیکن تجربہ یہ بتاتا ہے کہ تمام سپر اچیور کا کیس سپر ناکامی کا کیس تھا۔ سب کچھ پانے کے باوجود ان لوگوں کو داخلی مسرت حاصل نہیں ہوئی' آخرکار وہ مایوسی کا احساس لے کر مر گئے۔

کہا جاتا ہے کہ موجودہ زمانہ بڑی بڑی کامیابیاں حاصل کرنے کا زمانہ ہے۔ اس صورتحال نے موجودہ زمانے میں ایک نئی اصطلاح پیدا کی ہے جس کو اعلیٰ کامیابی حاصل کرنے والے کہا جاتا ہے مگر تجربہ بتاتا ہے کہ ہر بڑی کامیابی آخر میں صرف بڑی ناکامی بن گئی' اس قسم کے نئے قسم کے سنگین مسائل میں مبتلا ہو گئے' مثلاً مہلک بیماریاں وغیرہ۔ انہیں نئے مسائل میں سے ایک ٹینشن یا اسٹریس ہے' لوگوں کے پاس دولت اور شہرت اور اقتدار سب کچھ موجود ہے لیکن ان ظاہری کامیابیوں کے باوجود لوگ مسلسل طور پر ٹینشن اور اسٹریس میں مبتلا رہتے ہیں۔ زیادہ دولت صرف بیماری کا سبب بن رہی ہے کہا جاتا ہے کہ موجودہ زمانے میں سب سے زیادہ ریسرچ میڈیکل سائنس میں ہو رہی ہے تاکہ نئی نئی بیماریوں کا علاج دریافت کیا جاسکے۔ اس صورتحال کے نتیجے میں ایک نیا بزنس شروع ہوگیا ہے جس کو ڈی اسٹریسنگ کہا جاتا ہے۔ ان اداروں میں بڑے بڑے مہرین لوگوں کو سٹریس سے نجات دینے کیلئے سرگرم ہیں لیکن واقعات بتاتے ہیں کہ لوگوں کا ٹینشن اور اسٹریس بدستور بڑھتا جارہا ہے' کہا جاتا ہے کہ موجودہ زمانے کا سب سے بڑا خطرہ تیسری عالمی جنگ کا خطرہ نہیں ہے بلکہ ٹینشن اور اسٹریس کا خطرہ ہے۔ یہ صورتحال کو قرآن کریم کی ایک آیت کی یاد دلاتی ہے' وہ آیت یہ ہے: اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (الرعد:28) اسی بات کو پیغمبر اسلام ﷺ نے ان الفاظ میں فرمایا: اَللّٰهُمَّ لَا عَيْشَ اِلَّا عَيْشَ الْاٰخِرَةِ (صحیح البخاری' کتاب الرقاق) کا مطلب یہ ہے کہ خدائے برتر ہی کو اپنا سپریم کنسرن بنانے سے انسان کو سکون حاصل ہوتا ہے اور اپنی پسند کی زندگی انسان چاہتا ہے وہ صرف موت سے پہلے کے دور حیات میں کسی انسان کو ملے گی۔ موت سے پہلے کے دور حیات میں کسی کو اپنی پسند کی زندگی ملنے والی نہیں۔ اس معاملے کا براہ راست تعلق خالق کے کریشن پلان سے ہے۔ خالق نے موجودہ دنیا کو امتحان گاہ کے طور پر بنایا ہے۔ موجودہ دنیا کسی کیلئے بھی اپنی آرزوؤں کی تکمیل کی جگہ نہیں بن سکتی۔ موجود دنیا ہر عورت اور مرد کیلئے سفر کا مرحلہ ہے اور بعد کو آنے والی آخرت کی دنیا اس کی ابدی منزل ہے۔ آپ بس یا ٹرین یا ہوائی جہاز میں سفر کررہے ہوں اور اس کے اندر آپ گھر والی سہولتیں حاصل کرنا چاہئیں تو آپ اس کو حاصل نہ کرسکیں گے کیونکہ سواری صرف سواری ہے اس طرح موجودہ دنیا میں خواہشوں کی تکمیل fulfilment کسی کیلئے بھی ممکن نہیں' جو آدمی اپنی خواہشوں کی تکمیل چاہتا ہے اس کو آخرت کیلئے کام کرنا چاہئے۔ یہی وہ حقیقت ہے جو قرآن میں ان الفاظ میں بیان کی گئی: لِمِثْلِ هٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ﴿الصفت ٦١﴾

طبی علاج: ذہنی دباؤ کے علاج کیلئے مریض کے طرز زندگی اور معمولاتِ زندگی کو مکمل طور پر تبدیل کرنا پڑتا ہے۔ اسے ایسی خوراک استعمال کرنی چاہیے جو دباؤ کے غذائی مطالبات کو پورا کرسکتے ہیں۔ تجربات اور امر کے شواہد ہیں کہ جس غذا میں بیج خشک میوؤں کی گریاں' اناج' پھل اور سبزیاں شامل ہوں وہ خوراک کی ضرورت پوری کرنے کے ساتھ ساتھ جسمانی قوت بڑھانے میں بھی خاصے مددگار ہوتے ہیں۔ لہٰذا ماہرین خوراک تجویز کرتے ہیں کہ دن کے تین وقت کے کھانوں میں ان میں سے ایک دو چیزیں لازماً شامل ہونی چاہئیں۔ اس کے علاوہ دودھ، دہی، پنیر اور شہد بھی استعمال کرنا چاہیے۔ دباؤ اور بے چینی کے مریضوں کو کافی، سافٹ ڈرنکس' سگریٹ اور دیگر نشہ آور چیزوں سے دور رہنا چاہیے۔ معمولاتِ زندگی میں تبدیلی لاکر باقاعدہ ورزش کرنی چاہیے یاد رکھیں کہ ورزش سے ذہن ہشاش بشاش رہتا ہے۔ ذہنی اور جذباتی دباؤ کے مریضوں کو سیر و تفریح اور آرام کیلئے مناسب پروگرام ترتیب دینا چاہیے۔ انہیں ہفتے میں ایک یا دو دن مکمل آرام کرنے کے علاوہ خوش و خرم رہنے کے اسباب بھی پیدا کرتے رہنا چاہیے۔ اگر ہم اپنے معمولاتِ زندگی میں تھوڑی سی تبدیلیاں لے آئیں اور پریشانیوں و الجھنوں پر ضرورت کی حد تک ہی توجہ دیں تو نہ صرف ہم ذہنی و اعصابی دباؤ سے بچ سکتے ہیں بلکہ صحت مند اور خوش و خرم زندگی بھی بسر کی جاسکتی ہے۔

موکے ختم اور بچے مٹی نہ کھائیں

جسم کے اوپر کسی بھی حصے میں موکے نکل آتے ہیں' تکلیف دہ ہوتے ہیں اور آہستہ آہستہ پھیلتے چلے جاتے ہیں یا بعض اوقات نہیں پھیلتے لیکن برے لگتے ہیں آپ کے پاس کوئی طبی روحانی ٹوٹکہ ہو تو ہمیں ضرور مکمل مشاہدات تجربات اور واقعات کے ساتھ لکھیں۔ اسی طرح بچوں کو مٹی کھانے سے روکنے کیلئے اور انگوٹھا چوسنے سے روکنے کیلئے بھی اپنے مشاہدات تجربات ضرور تحریر کریں۔ (ایڈیٹر عبقری)

قید سے رہائی: اگر کوئی شخص حق پر ہے اور اسے الزام لگا کر قید میں ڈال دیا گیا ہو تو قیدی کو چاہیے کہ آدھی رات کے وقت سر ننگا کر کے ایک سو ساٹھ مرتبہ اسم یَاحَقُّ پڑھے' انشاء اللہ جلد رہائی پائے گا۔

مارچ کی صحت بخشیاں اپنے دامن میں سمیٹ لیں

گل ناز' مظفر آباد

مارچ بہ نظر ظاہر ہی نہیں' معنوی لحاظ سے بھی صحت انسانی کے لیے ایک دلکش وراحت افروز مہینہ ہے۔ لیکن یاد رکھیے کہ ماہ سرما کے آخر یعنی جنوری اور فروری کے ظہور پذیر ہونے کے باعث اس ماہ کی خصوصیات اپنے دامن میں بعض ایسے مضمرات بھی رکھتی ہے کہ اگر ان کی طرف مناسب اور بروقت توجہ نہ کی جائے تو پھر اس مہینے کی دلاویزیوں اور کیفیتوں میں تکلیفیں اور پریشانیاں بھی شامل ہو سکتی ہیں کیونکہ موسم سرما میں استعمال کردہ گرم تاثیر رکھنے والی غذاؤں کا ردعمل بہرحال جسم کے ایک ایک رگ وریشے میں موجود ہوتا ہے اور اسے مناسب ومتوازن تدابیر کے ساتھ ہی حد اعتدال پر لا کر اپنے جسم کی قوت برداشت اور اعصاب وجلد نیز قوائے ہاضمہ کو موسم بہار کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں یوں سمجھئے کہ یہ مہینے اپنے دامن میں عجیب وغریب اور خاموش آتش فشانی مادے رکھتا ہے اس لیے اس مہینے کی سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ ان مادوں کی سخت نگرانی کی جائے تاکہ آنے والے مہینے یعنی اپریل میں آپ کے جسم کو ناگوار اور پریشان کن نتائج کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ان احتیاطوں اور حفاظتی تدابیر سے اغماض کا نتیجہ ہی ہے کہ اپریل میں بہت سے لوگ خرابی خون اور متعدد جلدی عوارض (بالخصوص بچے) مثلاً خسرہ' موتی جھرہ' لاکڑا کاکڑا' کالی کھانسی' چیچک' فلو وغیرہ کے عوارض سے دوچار ہوتے ہیں۔ اس قسم کے موسمی عوارض سے محفوظ رہنے کیلئے مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر کرنا بے حد سودمند ثابت ہوگا۔ ☆ زیادہ گرم تاثیر والے میوہ جات سے اجتناب کریں۔ ☆ رات کو جلد سوئیں اور علی الصبح بیدار ہونے کی عادت ڈالیں۔ ☆ ہر قسم کی شیریں غذائیں مثلاً مٹھائی' بالخصوص چینی بہت کم استعمال کریں۔ کیونکہ یہ خون فساد وخرابی پیدا کر کے شوگر جیسے موذی مرض کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ ☆ پیدل چلنے' صبح کی ہوا خوری اور مناسب ورزش کو اپنا معمول بنائیں۔ پیدل ہوا خوری کا سادہ طریقہ یہ ہے کہ علی الصبح سورج نکلنے سے ایک ڈیڑھ گھنٹہ پہلے نکل جایا کریں اور اس وقت لوٹا جائے جبکہ دھوپ زیادہ تیز نہیں ہوئی ہو' حسب طاقت ایک شخص ایک میل سے پانچ چھ میل تک روزانہ پیدل ہوا خوری کر سکتا ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ پیدل ہوا خوری سے آپ کی قوت برداشت بڑھ جائے گی اور پورے نظام جسمانی کو یکساں طور پر یہ فائدہ پہنچے گا کہ کسی مرض کے جراثیم آپ کے جسم کے اندر پہنچ بھی چکے ہوں گے یا جو موسمی رطوبات نظام جسمانی میں بیماریوں کو پالنے والی موجود ہوں گی ان کا اخراج حتمی طور پر عمل میں آجائے گا اگر زمین پتھریلی اور کنکریلی نہ ہو تو ننگے پاؤں پیدل ہوا خوری کرنے سے مطلوبہ نتائج برآمد ہوں گے۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ شہروں میں اس طرح ہوا خوری ممکن نہیں ہے اگر قصبات ودیہات کی کچی اور گھاس والی پگ ڈنڈیوں اور راستوں پر چلنے کا موقع میسر آئے تو یہ سب سے زیادہ مناسب صورت ہے۔ اس مہینے میں تغیر موسم کے سبب بخار بھی ہوجایا کرتا ہے جو عدم علاج کے باعث بگڑ کر اعضائے رئیسہ اور اعضائے غریبہ میں خلل وفتور کا باعث بنتا ہے اس کی یہ صورت ہے کہ آرد مغز کرنجوہ دن میں چار مرتبہ (شیر خوار بچوں سے لے کر عمر طبعی تک دو رتی سے دو ماشہ تک یعنی حسب العمر) چینی کے نیم گرم جوشاندے کے ساتھ دیں۔

مارچ میں کیا کھائیں؟: ناشتہ میں دودھ' دلیہ' ڈبل روٹی' مکھن ایک انڈا تلی ہوئی مچھلی ایک ٹکڑا یا تھوڑا سا گوشت' بادام اور دودھ کا حریرہ وغیرہ جو چیز پسند ہو کھا سکتے ہیں۔ ناشتہ میں چائے کی بجائے گرم دودھ زیادہ مفید ہے۔ بلغمی مزاج والے حضرات اس میں تھوڑا سا چائے کا پانی شامل کر لیں۔ **مارچ میں کیا پہنیں؟:** علی الصبح باہر نکلتے وقت گرم سویٹر وغیرہ ضرور استعمال کریں۔ کام پر جاتے ہوئے ذرا موٹے لباس کا استعمال کر سکتے ہیں۔ ململ یا وائل کا کرتہ پہننے سے ابھی گریز کریں۔ **ابھی کھلے آسمان کے نیچے سونے سے گریز کریں:** رات کھلے آسمان کے نیچے نہ سوئیں بلکہ برآمدہ میں سوئیں تاکہ اوس (شبنم) سے بچا جا سکے لحاف اتار کر کمبل استعمال کیا جا سکتا ہے مگر ایک آدھ ماہ تک اگر چاہیں تو گدا استعمال کر سکتے ہیں۔ اسی طرح بجلی (الیکٹرک) کے پنکھے کی ہوا لینا یا ایئر کنڈیشنڈ کمرے میں سونا بھی ابھی مضر صحت ہے ہر چیز کا اپنا ایک وقت ہوتا ہے۔ **مارچ میں ہونیوالی بیماریاں:** مت بھولیں کہ مارچ موسم بہار کے آغاز واستقبال کا مہینہ ہے اس مہینے میں اپنے گلستان جسم کے پھولوں یعنی دل' دماغ' جگر اور معدہ کو جن کو طبی اصطلاح میں اعضائے رئیسہ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے پورے غور والتفات سے نگہداشت کریں' یاد رکھیے! آپ کی اس بروقت اور ہوشمندانہ توجہ سے صرف اعضائے رئیسہ کو ہی فائدہ نہیں پہنچے گا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ اعضائے غریبہ کو بھی خاطر خواہ فوائد حاصل ہوں گے۔ اس موسم میں چھوٹے بچوں کو بالعموم خسرہ' لاکڑا کاکڑا یا چیچک کا خطرہ درپیش ہوتا ہے۔ اس لیے مناسب ہے کہ انہیں چیچک کا ٹیکہ ضرور لگوا لیا جائے۔ آج کل حکومت کی کوششوں سے مرض چیچک ملک میں ناپید ہو چکا ہے اس کی جگہ مختلف چھ بیماریوں پولیو' خسرہ' اختناق' کالی کھانسی' ٹیٹنس اور ٹی بی سے محفوظ رہنے کیلئے پانچ سال تک کے بچوں کو ویکسین کے ٹیکے لگائے جاتے ہیں اور قطرے پلائے جاتے ہیں۔ بعض کمزور بچوں پر تپ محرقہ (ٹائیفائیڈ فیور) کا حملہ ہو جاتا ہے اس لیے ان کی غذا کا خاص خیال رکھیں۔ ضرورت سے زیادہ کھا لینا' بار بار کھانا' گندا پانی پینا اس مرض کے اسباب میں شامل ہیں۔ بچوں کو بھی بڑوں کی طرح روزانہ غسل کروائیں اور صاف ستھرا لباس پہنائیں تو انشاء اللہ ان کی صحت بہت اچھی رہے گی اور وہ بیماریوں سے بھی بچے رہیں گے۔ اس کے علاوہ زیادہ گرم تاثیر والے میوہ جات سے اجتناب کریں۔ ☆ رات کو جلد سوئیں اور علی الصبح بیدار ہونے کی عادت ڈالیں۔ ☆ ہر قسم کی شیریں غذائیں مثلاً مٹھائی' بالخصوص چینی بہت کم استعمال کریں کیونکہ یہ خون میں فساد وخرابی پیدا کر کے شوگر جیسے موذی مرض کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ ☆ پیدل چلنے' صبح کی ہوا خوری اور مناسب ورزش کو اپنا معمول بنائیں۔

(بقیہ: دولت' شہرت' اقتدار سب کچھ مگر سکون کدھر گیا؟)

میری بیوی سہاگن رہی۔ اور میں اللہ کریم سے وعدہ کرتا ہوں کہ ہمیشہ سورۂ کہف کا پہلا اور آخری رکوع پڑھ کر گھر سے نکلوں گا اور میری بیوی اور بچی مکمل سورۂ کہف روزانہ پڑھیں گی۔ میری عزیزہ مزید کہنے لگیں ایک بات جو سب سے پہلے بتانی تھی کوچ سے اترنے کے بعد تمام مسافر ایک دوسرے کا شکریہ ادا کر رہے تھے۔ ایک فرد کو خیال آیا وہ دعا تو دیں جو لکھ کر لائے تھے اب معلوم ہوا وہ دعا بہت قیمتی تھی۔ ہم نے سب افراد میں وہ پرچیاں بانٹ دیں۔ سب لوگوں نے ایک دوسرے سے وعدہ کیا ہم سورۂ کہف ہمیشہ پڑھیں گے۔ محبت سے ایک دوسرے کو الوداع کہا اور اپنے گھروں کو روانہ ہو گئے۔

(بقیہ: جس نے جادو کیا اس پر پلٹتا خود دیکھیں)

جنات کو ہدایہ کرتا رہتا ہوں۔ اب عبقری قارئین کیلئے ایک تحفہ لایا ہوں جو کہ میرا کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ میں نے جس جس کو بھی بتایا الحمدللہ اس کا گھر شریر جنات کے شر سے محفوظ ہو گیا۔ عمل یہ ہے:۔ گھر کو تمام شیاطین' جنات سے محفوظ رکھنے کیلئے پانچ عدد لیموں جو کہ خوب پیلے اور بے داغ اور رسیلے ہوں لے کر باوضو اس پر آیۃ الکرسی 41 مرتبہ' سورۂ کافرون 41 مرتبہ' سورۂ اخلاص 41 مرتبہ' سورۂ فلق 41 مرتبہ اور سورۂ ناس 41 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور لیموں پر عمدہ خوشبو لگا کر چاروں لیموں گھر کے چاروں کونوں میں نیلے دھاگے سے لٹکا دیں اور پانچواں لیموں صدر دروازے کے عین اوپر نیلے دھاگے کی مدد سے لٹکا دیں۔ عمل سے پہلے یعنی لیموں دم کرنے اور لٹکانے سے پہلے گھر میں تین دن تک صبح وشام سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات پڑھیں' پھر چوتھے دن لیموں والا عمل کریں۔ انشاء اللہ گھر تمام شریر شیاطین جنات ومخلوقات سے پاک ہو جائے گا اور آئندہ یہ شریر چیزیں کبھی بھی آپ کے گھر داخل نہ ہو سکیں گی۔ گھر میں نماز وعبادات کا ماحول بنائیں۔ تلاوت کلام پاک کی کثرت' ہی آپ کو دائمی تحفظ عطا کر سکے گا۔ (محمد نوید علی وارثی' حیدرآباد)

ہر مراد کیلئے یہ نفل پڑھیں! پھر کمال دیکھئے!

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

قارئین کی مسلسل شکایات کہ رسالہ اس وقت ملتا جب اسلامی مہینہ کا پہلا عشرہ گزر جاتا ہے لہٰذا اب سے اسلامی مہینے کا پیشگی عمل شائع کیا جارہا ہے۔

حضور اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ جب ماہ رجب کا چاند دیکھو تو پہلے ایک مرتبہ یہ دعا پڑھو: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ رَجَبَ وَشَعْبَانَ وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ (رواہ البیہقی)

نفل نماز: ماہ رجب کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد دس رکعت نماز پانچ سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ کافرون تین مرتبہ اور سورۂ اخلاص تین دفعہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز پڑھنے والے کو اللہ پاک قیامت کے دن شہیدوں میں شامل کریگا اور ہزار درجہ اس کے بلند کریگا۔

پہلی شب: بعد نماز عشاء چار رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ الم نشرح ایک بار سورۂ اخلاص ایک بار سورۂ فلق ایک بار سورۂ الناس ایک بار پڑھے جب دو رکعت کا سلام پھیرے تو کلمہ توحید 33 بار اور درود شریف 33 مرتبہ پڑھے۔ پھر دو رکعت کی نیت باندھ کر پہلی دو رکعت کی طرح پڑھے پھر بعد سلام کے کلمہ توحید 33 دفعہ درود شریف 33 دفعہ پڑھ کر جو بھی حاجت ہو اللہ پاک سے طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر دعا قبول ہوگی۔

ماہ رجب کی ہر شب جمعہ بعد نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ بقرہ کا آخری رکوع اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے كَافِرِيْنَ تک سات مرتبہ پڑھے۔ پھر دو رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ حشر کی آخری آیات هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ تا الْحَكِيْمُ سات مرتبہ پڑھے سلام کے بعد بارگاہ الٰہی میں جو بھی حاجت ہو طلب کرے انشاء اللہ تعالیٰ جو دعا مانگے گا قبول ہوگی۔ ہر مراد کیلئے یہ نماز بہت افضل ہے۔ اس مہینہ کے پہلے جمعہ کو بعد مغرب کے بارہ رکعت نفل چھ سلام سے پڑھے جائیں۔ ہر رکعت میں بعد الحمد کے سورۃ القدر تین بار اور سورۃ اخلاص بارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد ستر بار پڑھے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا پھر سجدہ میں جا کر ستر بار پڑھے۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلَآئِكَةِ وَالرُّوْحِ اور پھر سر اٹھائے اور کہے رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْاَعْظَمُ ستر مرتبہ پھر دوسرا سجدہ اسی طرح کرے۔ پھر جو دعا مانگے گا قبول ہوگی۔ ماہ رجب کی کسی بھی شب کو بارہ رکعات نماز تین سلام سے پڑھے پہلی چار رکعات میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ القدر ہر رکعت میں تین تین مرتبہ پڑھے سلام کے بعد ستر مرتبہ بیٹھ کر یہ پڑھے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ دوسری چار رکعات میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ نصر تین تین مرتبہ ہر رکعت میں سلام کے بعد بیٹھ کر ستر مرتبہ پڑھے۔ اِنَّكَ قَوِيٌّ مُّعِيْنٌ وَّاحِدٌ دَلِيْلٌ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ تیسری چار رکعات میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص تین تین مرتبہ ہر رکعات میں سلام کے بعد بیٹھ کر ستر مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھے پھر بارگاہ رب العزت میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جو حاجت ہوگی وہ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا۔ ماہ رجب المرجب کی پندرہ تاریخ کو کسی نماز کے بعد ایک مرتبہ یہ استغفار پڑھنی بہت افضل ہے۔ اس دعا کے پڑھنے والے کی تمام برائیاں مٹا کر اللہ پاک اسے نیکیوں میں بدل دیگا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

ماہ رجب کی کسی تاریخ کو نماز ظہر یا مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد سورۂ کہف ایک بار سورۂ یٰسٓ ایک بار، سورۂ حٰمٓ ایک بار، سورۂ دخان ایک بار سورۂ معارج ایک بار پڑھے پھر سورۂ اخلاص ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔

عبقری بخل نہیں کرتا تو میں کیوں کروں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں جنوری 2010 سے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہا تھا' اس کی تفصیل لکھنے سے قاصر ہوں' اس دوران ایک چاہنے والے نے عبقری کے متعلق بتایا' رسالہ خریدا' کئی مرتبہ پڑھا' طبیعت کافی حد تک مطمئن ہوگئی۔ چونکہ کمر اور ٹانگوں کے درد میں مبتلا تھا' سب سے پہلے کراماتی تیل سے ابتدا کی۔ ایک ہفتہ کے اندر بہترین رزلٹ ملا' ساتھ ہی اکتالیس مرتبہ روزانہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس تیل پر دم کرتا تھا' اس سے اتنا فرق پڑا کہ اب میں بالکل صحت یاب ہوں۔ عبقری کے نسخہ جات اور وظائف مجھے اس لیے پسند ہیں کہ عبقری بخل نہیں کرتا ہر اچھی اور مفید بات لوگوں تک پہنچتا ہے۔ میں بھی لوگوں کے فائدہ کیلئے لکھ رہا ہوں۔ میری دل سے دعا ہے کہ عبقری والوں کو اس کا اجر اللہ کی ذات ہی دے سکتی ہے۔ اور وہی عطا فرمائے۔ (عبدالرحیم قریشی' پشاور)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 مارچ بروز جمعہ عصر سے مغرب تک۔ 19 مارچ بروز اتوار صبح 10 بجے سے 11 بجکر 21 منٹ تک۔ 28 مارچ بروز منگل رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 23 منٹ تک يَا غَفَّارُ يَا كَرِيْمُ پڑھیں۔ یہ ذکر، ابھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

روحانی محفل سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! خداوند کریم سے دلی دعا ہے کہ وہ آپ کے درجات میں مزید اضافہ کرے۔ آپ کے والدین کی قبروں میں اپنی خاص رحمتیں نازل کرے اور عبقری سے منسلک ہر انسان کو اپنی عافیت میں رکھے۔ آمین۔ سمجھ نہیں آرہا کہ کیا لکھوں' ذہن بہت الجھا ہوا ہے۔ ایک مرتبہ رات کو سوئی تو صبح اٹھی تو مجھے ایک کان سے بالکل بھی سنائی نہیں دے رہا تھا' دوپہر تک کان اچانک کھل گیا' مگر انتہائی کم سنائی دے رہا تھا' شام کے وقت اچانک گھر میں تیز چبھنے والی آواز سنائی دی' میں کچن میں تھی تو ایسا محسوس ہوا کہ جیسے کچن کے دروازے پر کوئی ہے' بہت زوردار آواز آئی' میں نے پہلے سمجھا کہ بچی اوپر گئی ہے وہاں سے آواز آئی ہے (باقی صفحہ نمبر 16 پر)

زہر کا اثر ختم: اگر لہسن کو سرکہ میں رگڑ کر سانپ' بچھو' باؤلے کتے اور بھڑ وغیرہ کے کاٹے کے زخم پر لگایا جائے تو اس سے زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

خواجہ نور محمد مہاروی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

اگر کوئی ایسا مسئلہ اٹک گیا ہے کہ اس کا حل ہونا ضروری ہے ورنہ بے عزتی ہوگی تو اس کیلئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اسم الٰہی یَامُجِیْبُ ایک ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے' پڑھنے کے دوران نہ اٹھے نہ کسی سے بات کرے بلکہ پوری توجہ اور یکسوئی سے عمل کرے۔

قرض کی ادائیگی اور رزق میں اضافہ: اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا قرض جلد ادا ہو جائے اور اس کو جلد از جلد اس بوجھ سے نجات مل جائے اور اس کی آمدنی اور رزق میں بھی اضافہ ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ اسم الٰہی ''یَااَللّٰہُ'' روزانہ بعد نماز فجر ایک سو ایک (101) مرتبہ باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل برابر کرتا رہے چھٹی ناغہ نہ کرے بلکہ عمل کی پابندی کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ کرنے کی برکت سے کبھی جیب خالی نہ رہے گی اور سارا قرضہ جلد ہی ادا ہو جائے گا۔

دعا کی قبولیت کیلئے: اگر کوئی ایسا مسئلہ اٹک گیا ہے کہ اس کا حل ہونا ضروری ہے ورنہ بے عزتی ہوگی تو اس کیلئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اسم الٰہی یَامُجِیْبُ ایک ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے' پڑھنے کے دوران نہ اٹھے نہ کسی سے بات کرے بلکہ پوری توجہ اور یکسوئی سے عمل کرے۔ اس کے بعد اپنے مسئلہ کے حل کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی اور مسئلہ حل ہو جائے گا۔

روزگار کیلئے: اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے اس کی مرضی کا کام نہ ملتا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کیلئے روزانہ بعد نماز فجر سورج طلوع ہونے سے پہلے پہلے اسم الٰہی یَاوَاسِعُ ستر مرتبہ باوضو پڑھے اور سورج نکلنے کے بعد اشراق کی نماز پڑھ کر روزگار کی تلاش میں نکل جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے کی برکت سے جلد ہی اچھے روزگار کا انتظام ہو جائے گا اور اگر نوکری سے نکال دیا گیا ہے تو نوکری پر بحال ہو جائے گا۔

آپس کی ناراضگی ختم کرنا: اگر دو آدمیوں کی آپس میں سخت ناراضگی ہو اور وہ ایک دوسرے سے بات چیت نہ کرتے ہوں تو اس کیلئے اول گیارہ بار درود پڑھے اس کے بعد اسم الٰہی یَاوَدُوْدُ ایک ہزار مرتبہ پڑھے' اس کے بعد درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دوسرے ناراض شخص کو کھلا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دونوں میں مثالی محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ ایک دوسرے کا خیال رکھنے لگیں گے۔ یہ عمل چند دن برابر کرتا رہے اور کچھ صدقہ خیرات بھی کرتا رہے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے صغیرہ و کبیرہ گناہوں کی معافی مانگتا رہے۔

قیدی کی رہائی کیلئے: اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور رہائی چاہتا ہو تو اس کیلئے رات کا آدھا حصہ گزرنے کے بعد باوضو کھلے آسمان کے نیچے (اوپر کوئی چھت یا سائبان نہ ہو) اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے اور اس قیدی کے نام کے اعداد کی تعداد کے مطابق پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن تک بلاناغہ کرے۔ اگر ایک چلے میں کام ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ دو تین چلے اس عمل کے کر لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ قیدی جلد رہا ہو جائے گا۔ وہ اسم الٰہی یَاحَقُّ ہے۔

دشمن کے شر سے حفاظت کیلئے: اگر خدانخواستہ کسی کا دشمن طاقتور اور شرارت میں یکتا ہو اور طرح طرح سے نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہو تو ایسے دشمن کو نیچا دکھانے اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر تین بار یَاقَوِیُّ پڑھا کرے۔ ایک چلہ (چالیس دن) پابندی کے ساتھ پڑھنے سے ان شاء اللہ دشمن پر ڈر خوف طاری ہوگا اور وہ اپنی شرارتوں سے باز آ جائے گا۔

نافرمان اولاد کی اصلاح کیلئے: اگر اولاد نافرمان ہو چاہے وہ لڑکا ہو یا لڑکی اس کی اصلاح و ہدایت کیلئے روزانہ نماز فجر کے بعد باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک سو اکتیس بار اسم الٰہی یَاوَلِیُّ پڑھے۔ اس اسم کے شروع اور آخری میں گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کر کے بچوں کو پلا دے تو اس کی برکت اور اللہ تعالیٰ کے سے بچے نیک اور فرمانبردار بن جائیں گے۔

شیطانی وسوسوں سے حفاظت: اگر کوئی شخص شیطانی وساوس سے پریشان ہو اور شیطانی خیالات اس کو کسی طور سے بھی سکون سے رہنے نہ دیتے ہوں تو اس کیلئے اسم الٰہی یَاسَلَامُ ہر فرض نماز کے بعد اکیس بار پڑھے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے تمام دن شیطانی اثرات اور وساوس سے محفوظ رہے گا اور تمام دن سکون اور ذہنی خوشی میں گزرے گا۔

رزق کی کمی دور کرنا: جو شخص تنگدست' غریب اور محتاج ہونے کے سبب اکثر مقروض رہتا ہو اور زندگی پریشانی میں گزر رہی ہو تو اس کیلئے بعد نماز فجر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اسم الٰہی یَاعَزِیْزُ 101 بار اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔ استغفار کی کثرت کرے' نماز کی پابندی کرے اور اپنے چھوٹے بڑے گناہوں کی معافی مانگے اور گناہوں سے توبہ کرے اور آئندہ نہ کرنے کا عزم و ارادہ کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رزق میں برکت اور ترقی ہوگی اور اگر قرض ہے وہ بھی دور ہو جائے گا۔

صاحب اولاد ہونے کیلئے: اگر کوئی شخص بے اولاد ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کیلئے بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ اسم الٰہی یَاخَالِقُ پڑھے یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک حمل قائم نہ ہو جائے' جب حمل قائم ہو جائے عمل ترک کر دے ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

حاملہ عورت کے باآسانی اولاد پیدا ہونا: اگر کوئی عورت حاملہ ہو اور ڈرتی ہو کہ حمل کے دوران یا بچہ کی پیدائش کے وقت کوئی بحران پیدا نہ ہو اور آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو تو اس کیلئے حاملہ عورت خود یا کوئی دوسرا شخص روزانہ باوضو بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں اکتالیس مرتبہ اسم الٰہی یَامُصَوِّرُ پڑھے اور پانی پر دم کر کے حاملہ عورت وہ پانی پی لے۔ یہ عمل بچہ ہونے تک برابر کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل کے دوران عورت کو کوئی تکلیف نہ ہوگی اور حمل قائم رہے گا۔ اور بچہ بھی آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا۔ نیز بچہ صحیح و سالم ہوگا اس میں کوئی عیب نہ ہوگا۔

میرا ہر کام فوری ہوتا ہے! راز آپ بھی جان لیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ پر میرے اور میرے بچوں کی طرف سے لاکھوں دعائیں' اللہ آپ کو عزت' ترقی اور خوب صحت دے اور آپ کو آپ کے بچوں پر سلامت رکھے۔ آمین! اللہ پاک آپ کو حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ جنت الفردوس میں جگہ عنایت فرمائے۔ آمین!۔ عبقری سے تعلق کے بعد زندگی بدل گئی ہے' میں نے پردہ کرنا شروع کر دیا' گھر سے ٹی وی نکال دیا ہے' میرے تینوں بیٹوں نے ڈاڑھیاں رکھ لی ہیں۔ ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہمارا تعلق عبقری اور تسبیح خانہ سے جڑ گیا ہے۔ ایک عمل میرا بارہا کا آزمودہ ہے کہ جب مجھے کوئی مشکل پڑ جاتی ہے میں آپ کے مرشد حضرت خواجہ سید عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو سورۃ فاتحہ' سورۃ اخلاص' آیۃ الکرسی اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایصال ثواب کرتی ہوں۔ تو میرا کام فوری ہو جاتا ہے۔ ہر مشکل ٹل جاتی ہے۔ اس کے علاوہ جب بھی کوئی چیز یا فرد گم ہوا ہم نے یَاکَثِیْرَالْخَیْرِیَادَائِمَ الْمَعْرُوْفِ پڑھا ہے' گمشدہ فوری مل جاتا ہے۔ میرے بیٹے کا دیرینہ ایگزیما صرف کافور اور گندھک کو ہم وزن پیس کر اس میں ناریل کا تیل ڈال کر مرہم بنا کر لگانے سے ٹھیک ہو گیا۔ (صائمہ کامران' کراچی)

مردانہ کمزوری کا علاج: ایسے شخص کو چاہیے کہ روزانہ گیارہ باداموں کی گریاں لے اور ہر گری پر ایک سو مرتبہ یَاقَوِیُّ پڑھ کر دم کرے اور کھالے۔ چالیس دن یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ اسکے جسم کی طاقت بحال ہوگی۔

تمام بیماریوں کا علاج صرف ایک چمچ شہد

حکیم فاروق، شہر سانوں

شہد نہار منہ چاٹنے سے حلق کی تمام بیماریاں ختم ہوجاتی ہیں۔ شہد نہار منہ چاٹنے سے بلغم دور ہوجاتا ہے' شہد زود ہضم ہے۔ معدہ صاف کرتا ہے' فضلات کو دفع کرتا ہے اور یہ گردوں اور انتڑیوں کے فعل کو بہتر بناتا ہے' معدہ کو اعتدال پر لاتا ہے' شہد خون کو صاف کرتا ہے۔

اطباء کا کہنا ہے کہ شہد بہت سی بیماریوں کا کافی شافی علاج ہے حکماء نے شہد کے بے شمار فائدے لکھے ہیں شہد نہار منہ چاٹنے سے حلق کی تمام بیماریاں ختم ہوجاتی ہیں۔ شہد نہار منہ چاٹنے سے بلغم دور ہوجاتا ہے' شہد زود ہضم ہے۔ معدہ صاف کرتا ہے' فضلات کو دفع کرتا ہے اور یہ گردوں اور انتڑیوں کے فعل کو بہتر بناتا ہے' معدہ کو اعتدال پر لاتا ہے' شہد خون کو صاف کرتا ہے' یہ جسم کو وافر مقدار میں انرجی فراہم کرتا ہے' موٹے آدمیوں کو پتلا اور سمارٹ بناتا ہے' پھیپھڑوں کو تقویت دیتا ہے' کھانسی' نزلہ زکام' دمہ' فالج' لقوہ' سردی سے ہونے والی تکلیف دہ بیماریوں میں مفید ہے۔ دماغ کو قوت دیتا ہے' قوت باہ میں تحریک پیدا کرتا ہے' مثانہ کیلئے مفید ہے' مثانہ کی پتھری کو دور کرتا ہے اور پیشاب کے بند ہونے کو کھولتا ہے' گیس خارج کرتا ہے اور بھوک لگاتا ہے' جلدی مسائل' امراض نسواں' امراض چشم خصوصاً موتیا بند کے مرض میں انتہائی فائدہ مند ہے اور بینائی کو تیز کرتا ہے۔ **دردسینہ کیلئے:** گاجروں کو آگ پر پکائیں اور ان کا پانی نچوڑ کر شہد ملا کر پلائیں تو اس سے سینہ کا درد رفع ہوجاتا ہے۔ **دافع زہر:** شہد' پیاز کے ساتھ اخروٹ پیس کر دیوانے کتے کے کاٹے پر باندھ دینے سے زہر دور ہوجاتا ہے۔ **یرقان کیلئے:** گاجر کا رس ایک گلاس میں ایک چمچ شہد ملا کر پئیں' شہد کے ساتھ کیلا ملا کر کھانے سے بھی یرقان ختم ہوجاتا ہے۔ **ہاتھ' پاؤں کا سن ہوجانا:** روزانہ ایک چمچ شہد اور آدھا لیموں ایک گلاس پانی میں ملا کر پئیں کم از کم چالیس دن' ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ **گردے اور مثانہ کی پتھری کیلئے:** اگر کلونجی کو پیس کر گرم پانی میں شہد کے شربت کے ساتھ ملا کر پیا جائے تو گردے اور مثانہ کی پتھری ختم ہوجاتی ہے۔ **کھانسی کیلئے:** (1) کیلے کے درخت کا پتا سکھا کر توے پر رکھ کر جلایا جائے اس راکھ کو شہد میں ملا کر بار بار چٹایا جائے۔ (2) خشک ادرک کو پیس کر اسے شہد پر چھڑک دیا جائے' یہ ہر قسم کی کھانسی کیلئے مفید ہے۔ اس مرکب کو سات دن تک صبح وشام چاٹیں' کھانسی اور کالی کھانسی کے مریض دن میں کئی بار شہد چاٹیں۔ **ناک کی بیماری:** ناک کی بیماریوں میں بڑا چمچ شہد صبح نہار منہ اور بعد نماز عصر ابلتے پانی میں ملا کر چائے کی طرح گرم گرم پئیں۔ **آنکھ کی بیماری کیلئے:** خالص شہد آنکھوں میں لگائیں' آنکھوں کی بہت سی بیماریوں کیلئے مفید ہے۔ رات کو سوتے وقت سلائی سے لگائیں۔ **جسم کی خوبصورتی کیلئے:** پانی ایک گلاس میں لیموں اور شہد ایک چمچ ملا کر پینے سے پورے جسم کی صفائی کیساتھ رنگت نکھر آتی ہے۔ **دفع زہر:** شہد میں لہسن پیس کر چاٹنے سے اور متاثر جگہ پر لگانے سے بچھو کا زہر اتر جاتا ہے۔ **گنج کیلئے:** شہد اور پیاز کا رس ملا کر گنج پر ملتے رہنے سے بال پیدا ہونے لگتے ہیں اور بال گرنا بند اور جوئیں ہلاک ہوجاتی ہیں۔ **دماغی امراض کیلئے:** دماغی امراض' جسمانی و اعصابی کمزوری میں روغن کلونجی کے 5 قطرے شہد یا کسی شربت میں ملا کر پئیں۔ **قوت باہ کیلئے:** (1) روغن کلونجی 10 قطرے شہد یا شربت کے ہمراہ استعمال کریں۔ (2) سفید پیاز کا رس نچوڑ کر شہد میں ملا کر استعمال کرنے سے قوت باہ میں اضافہ ہوتا ہے۔ **زخموں کیلئے:** انار کے دانوں کو رگڑ کر شہد ملا کر لگانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ **پیٹ درد کیلئے:** خالص شہد ایک تولہ' عرق گلاب' عرق سونف' عرق پودینہ ہر ایک دو تولہ شہد کو اچھی طرح تینوں عرق میں ملا کر دن میں تین چار مرتبہ استعمال کرنے سے پیٹ کا درد ختم ہوجاتا ہے' بچوں کے پیٹ درد کیلئے بے حد مفید ہے۔ **دمہ اور آنکھوں کی بیماری کیلئے:** شہد کو نمک لاہوری اور پیاز کے رس کے ساتھ استعمال کرنے سے دمہ اور سفید موتیا سے آرام ہوجاتا ہے۔ **جسم کو خوبصورت اور صحت مند بنانے کیلئے:** جسم کو خوبصورت اور صحت مند بنانے کیلئے اپنی روز مرہ غذا میں دودھ' مکھن' شہد استعمال کریں۔ **تمام بیماریوں کیلئے اکسیر نسخہ:** شہد 1 پاؤ' کلونجی 5 گرام' کلونجی کو پیس کر شہد میں مکس کردیں۔ خوراک ایک چمچ صبح وشام استعمال کریں۔ یہ نسخہ ہر بیماری کیلئے فائدہ مند ہے کیونکہ ارشاد الٰہی ہے کہ شہد میں شفاء ہے اور حضور نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا فرمان عالیشان ہے" کلونجی میں موت کے سوا ہر بیماری کا علاج ہے"۔ **ہاضمہ کیلئے:** شہد 1 پاؤ' دارچینی 5 گرام' دارچینی کو پیس کر شہد میں مکس کردیں۔ خوراک ایک چمچ صبح وشام کھانے کے بعد استعمال کریں۔ نہار منہ بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ یہ نسخہ کھانسی دمہ نزلہ زکام معدہ کی خرابی وغیرہ کیلئے مفید ہے۔ **تمام لاعلاج بیماریوں کیلئے اکسیر نسخہ:** روحانی پھکی میں شہد ملا کر استعمال کرنے سے تمام لاعلاج بیماریاں ختم ہوجاتی ہیں۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَاوَاسِعُ یَاجَلِیْلُ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ" آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اسکے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ ہر ماہ باقاعدگی سے پڑھتی ہوں اور اس میں موجود روحانی محفل اور مراقبہ دی گئی ترتیب سے ضرور کرتی ہوں۔ ایک مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد مراقبہ کررہی تھی کہ اسی دوران مجھے اونگھ آگئی اور میں نے مراقبہ میں دیکھا کہ میں اپنے بیٹے کو کھجوروں کے باغات دکھا رہی ہوں کہ یہ کھجوریں خود نبی پاک ﷺ نے اپنے ہاتھ مبارک سے لگائی ہیں۔ تبھی آگے دیکھا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین تشریف فرما ہیں اور نبی پاک ﷺ اور حضرت عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ تشریف فرما ہیں۔ مجھے حضور نبی کریم ﷺ اپنے پاس بلا کر سر پر ہاتھ رکھ کر فرماتے ہیں کوئی پریشانی؟ میں انکار میں سر ہلاتی ہوں بوجہ رونے کے بول نہیں سکتی۔ پھر آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ حاضری وہ ہے جو مدینے لکھی گئی ہے تیاری کرو۔ میں خوشی سے پھولے نہ سمائی، میری آنکھ کھل گئی۔ ٹائم دیکھا 3 بجے تھے اور پوری دنیا کی خوشبو میرے کمرے میں تھی میں گہرے گہرے سانس لے کر اپنے اندر ساری خوشبو انڈیلی پھر تہجد پڑھی اور صبح اٹھ کر اپنی چوڑیاں بیچ کر پیسے جمع کروادیے اور پھر عمرہ پر چلی گئی۔ (م۔ض، گجرات)

حسد جائز نہیں مگر: حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حسد جائز نہیں مگر دو شخصوں پر ایک وہ جسے اللہ تعالیٰ مال دے تو وہ اس آدمی کو دے جو راہ حق میں خرچ کرے اور ایک وہ جسے اللہ تعالیٰ حکمت دے تو وہ اس کی مدد سے فیصلے کرے اور اس کی تعلیم دے۔

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند ٹیپ یا سٹیپلر زپن کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ راز داری کا خیال رکھا جائے گا۔ اپنا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کرکے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

خراب گھریلو حالات: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر کے حالات بہت ہی خراب ہوتے جارہے ہیں' گھر میں ہروقت پریشانی اور بیماری رہتی ہے' میرے ابو اکیلے ہی مزدوری کرتے ہیں گھر میں جتنے پیسے آتے ہیں سارے بیماری پر لگ جاتے ہیں' گھر میں ہروقت بات بات پر لڑائی ہوتی ہے' بات ہوئی نہیں اور لڑائی شروع ہوئی نہیں' میرے ابوجان پر بہت زیادہ قرض ہے' تنگدستی کی وجہ سے میرے بھائی کی پڑھائی بھی چھڑوادی گئی ہے' میری امی بھی بیمار رہتی ہیں اور ہمارا سر ہروقت درد کرتا رہتا ہے' ہمیں ڈراؤنے خواب آتے ہیں' میرے اور امی کے جسم پر ہروقت ایسے جیسے چیونٹیاں چلتی ہیں' پھر خارش ہوتی ہے' رات بھر نیند نہیں آتی۔ جب بھی ہمارے پیپر نزدیک آتے ہیں ہم سب بیمار ہوجاتے ہیں۔ براہ مہربانی ہمیں کوئی وظیفہ بتائیں جس سے ہمارے گھریلو حالات درست ہوجائیں۔ (م۔س)

مشورہ: آپ تمام گھر والے یہ عمل مستقل کریں "افحسبتم اور اذان" کا عمل جادو توڑ کیلئے ایک طاقتور علاج ہے جو درج ذیل ہے: سورہ مومنون (پارہ 18) کی آخری آیات سات مرتبہ اور اذان سات مرتبہ اول و آخر تین، تین دفعہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر پہلے دائیں اور پھر بائیں کان کا تصور کرکے دائیں اور بائیں کندھے پر دم کریں۔ اگر مریض کے ساتھ اور دیگر احباب دم کرنا چاہیں تو وہ بھی کریں بلکہ ضرور کریں۔ یہ عمل ہر تین گھنٹے کے بعد کریں، ہر نماز کے بعد بھی کرسکتے ہیں اور روزانہ صبح وشام بھی کرسکتے ہیں، وضو بے وضو کرسکتے ہیں، سارے گھر کے افراد مل کر روزانہ کریں تو فائدہ زیادہ ہوگا۔ خواتین ایام کی صورت میں سورۂ مومنون کی آخری چار آیات نہ پڑھیں۔ صرف اذان کا عمل کرسکتی ہیں۔

سسرالی ظلم: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی میرے والدین کی مرضی سے ہوئی' شادی کے کچھ عرصہ بعد ہی میری ساس' سسر' نندیں اور دیورانی وغیرہ نے مجھ پر بہت زیادہ ظلم ڈھانے شروع کردیئے' حد سے زیادہ سختی کرتے ہیں' سارا دن غلاموں کی طرح کام لیتے ہیں' والدین کے گھر دو دو سال نہیں جانے دیتے حالانکہ میرے والدین کا گھر چند فرلانگ کے فاصلے پر ہے' میں کام میں سستی کروں تو ساس' سسر' نندیں وغیرہ کہتی ہیں کہ ہم تمہیں روٹی دیتے ہیں' تم تو نوکرانی ہوکر روٹی کھاتی ہو کام اچھی طرح کیا کرو۔ طرح طرح کے گندے الزامات لگاتے ہیں۔ میری اچھی بھلی صحت تھی اب سوکھ کا کانٹا بن چکی ہیں' مجھے دکھ میں دیکھ کر میرے اوپر سب ہنستے ہیں۔ میرے شوہر بھی میرا ساتھ نہیں دیتے۔ خدارا مجھے کوئی وظیفہ بتائیں کہ میں اپنے گھر میں سکون سے رہ سکوں؟ (پوشیدہ)

مشورہ: بہن آپ یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَاسَامِعَ الْاَصْوَاتِ 317 بار روزانہ نہایت توجہ اور اعتماد سے پڑھیں اول و آخر درود شریف 90 دن کم از کم اگر اسی دوران گھر کے حالات درست ہوجائیں تو عمل پورا کرلیں۔ اولاد کیلئے اپنے شوہر کو عبقری دواخانہ کا "بے اولادی کورس" چند ماہ استعمال کروائیں۔ انشاءاللہ اللہ کرم فرمائیں گے۔

بچے مرجاتے ہیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ آٹھ سال سے عبقری کا قاری ہوں' بہت اچھا رسالہ ہے۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے ایک رشتہ دار کی چھ سات سال پہلے شادی ہوگئی' اب تک پانچ بچے پیدا ہوئے ہیں لیکن ہر بچہ یا تو آخری ایام میں پیٹ میں مرجاتا ہے یا باہر نکلتے ہی دم توڑ دیتا ہے۔ سارے بچے ابنارمل ہوتے ہیں اکثر کے سر میں پانی بھرا ہوتا ہے' کافی علاج کیا ہے لیکن فائدہ کچھ نہیں۔ کافی عاملین سے علاج کروائے مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ براہ مہربانی رہنمائی فرمائیں۔ (ثمر گل' شمالی وزیرستان)

مشورہ: یہ وظیفہ تمام گھر والے ماں سمیت یَااَللّٰہُ یَامُصَوِّرُ یَابَارِئُ صبح و شام 313 مرتبہ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ مستقل مزاجی سے پڑھیں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کا "پوشیدہ کورس" عورت شروع دن سے لے کر بچے کی پیدائش تک کورس کے ساتھ لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کرے۔

گھر میں برکت نہیں' بچے بدتمیز ہیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری چار بیٹیاں' بیٹا نہیں ہے' دیور کا بیٹا گود لیا ہے انہوں نے زبردستی دیا ہے' بیٹے کی عمر اب چار سال ہوگئی ہے۔ ہم سب اکٹھے گھر میں رہتے ہیں' اب مسئلہ یہ ہے کہ بیٹا اگر بدتمیزی کرے یا کوئی شرارت یا بُری حرکت کرے تو میں اگر اسے ڈانٹوں تو میری دیورانی کو اچھا نہیں لگتا' اس بچے نے ہمیں بہت پریشان کیا ہوا ہے' بچہ بہت بگڑ گیا ہے' سدھرنے کی امید نہیں۔ بچہ واپس دینا چاہتے ہیں تو وہ جاتا نہیں کیونکہ وہ مجھے ہی اپنی ماں سمجھتا ہے۔ میں ڈپریشن کی مریضہ بن چکی ہوں' اس کے علاوہ میرے میاں کو غصہ بہت رہتا ہے۔ سب کو گالیاں' غصہ کرتے رہتے ہیں' گھر میں بالکل بھی برکت نہیں' میں بھی کماتی ہوں' میرے میاں بھی کماتے ہیں' مگر بیماریاں' پریشانیاں ختم ہی نہیں ہوتیں' میری بچیاں اکثر بیمار رہتی ہیں۔ مجھے کبھی جادو کا شک ہوتا ہے' براہ مہربانی! میرے مسائل سامنے رکھتے ہوئے مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ دعا گو رہوں گی۔ (پوشیدہ)

مشورہ: آپ نماز عشاء کے بعد ایک سو ایک بار یَاجَلِیْلُ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ چہرے پر پھیر لیا کریں۔ گھریلو حالات اور بیٹے کی بدتمیزی میں جادو کا دخل نہیں ہے بلکہ یہ خراب گھریلو حالات، آپس میں ذہنی ہم آہنگی نہ ہونے کی وجہ سے ہیں۔ بیٹے کیلئے صبح سورج نکلنے سے پہلے وضو کرکے پانی پر گیارہ بار یَاوَدُوْدُ پڑھ کر دم کریں اور یہ پانی بیٹے کو پلادیا کریں۔ بیٹیوں کی بیماریوں کیلئے بیٹیوں سے کہیے کہ صبح وشام پانی پر چھیاسٹھ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ، یَااَللّٰہُ، یَارَحِیْمُ، یَامُرِیْدُ دم کرکے پی لیا کریں۔ کم از کم تین ماہ عمل کیا جائے انشاءاللہ ذہنی پریشانیوں اور امراض کی زیادتی سے اللہ تعالیٰ محفوظ فرمائیں گے۔

قرض واپس نہیں مل رہا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گارمنٹس کا کام کرتا ہوں' گزشتہ چھ ماہ سے انتہائی پریشان ہوں۔ ایک صاحب سے میں نے ساڑھے تین لاکھ لینے تھے' مگر اب وہ وفات پاچکے ہیں۔ انہوں نے اپنی وفات سے پانچ دن پہلے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ میں آپ کو ہر مہینے 70 ہزار ہر صورت ادا کروں گا لیکن وہ اللہ کو پیارے ہوگئے۔ اب نہ تو ان کے بچے دکان کھول رہے ہیں اور نہ ہی اپنے والد کا کیا ہوا وعدہ پورا کررہے ہیں۔ میں نے فیکٹری والوں کو پیسے دینے ہیں وہ مجھ کو الگ پریشان کررہے ہیں۔ گھر کے حالات دن بدن خراب ہورہے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی مجھے میرے کئی دکاندار حضرات نے لاکھوں میں پیسے دینے ہیں مگر سب ٹال مٹول کررہے ہیں۔ جن کے میں نے دینے ہیں وہ مجھے بہت زیادہ تنگ کررہے ہیں۔ خدارا کوئی وظیفہ بتایئے تاکہ میری زندگی میں بھی سکون آسکے۔ (ج،ر)

مشورہ: محترم آپ کو قرض کی واپسی اور گھریلو حالات کی بہتری اور زندگی میں سکون پانے کیلئے ایک انتہائی لاجواب وظیفہ عنایت کرتا ہوں۔ آپ ہر نماز کے بعد 41 مرتبہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھا کریں۔

پیشاب کی تمام تکالیف کا علاج: مولی کے مسلسل کھانے سے پیشاب کا رک رک کر آنا' جل کر آنا' کم آنا یا قطرہ قطرہ آنا یہ تمام شکایات دور ہوجاتی ہیں۔

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لیے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلرز پن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

کانچ نکلنے کا مرض: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ عرصہ تین سال سے عبقری کا قاری ہے' اللہ تعالیٰ آپ کو نعمت کثیر عطا فرمائے۔ محترم حکیم صاحب میری عمر 34 سال ہے میں گزشتہ دس سال سے مرض کانچ نکلنا (حاجت کے وقت بڑی آنت کا کچھ حصہ باہر نکل آتا ہے) کے مرض میں مبتلا ہوں۔ اس کے علاوہ مجھے ہیپاٹائٹس بی بھی ہے۔ آپ سے گزارش ہے کہ مجھے ان امراض سے بچاؤ کا طریقہ اور ادویات تجویز فرمائیں۔ (ن، ملتان)

مشورہ: بھائی آپ سپستان (لہسوڑہ) کو جلا کر خوب باریک کرلیں۔ جب کانچ نکلے تو پاخانے کے مقام پر پہلے تل کا تیل لگائیں۔ اس کے بعد یہ سفوف چھڑک دیں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی ''پیچش شفاء'' انشاء اللہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں تو اس نامراد مرض سے جان چھوٹ جائے گی۔ قبض ہرگز نہ ہونے دیں۔ قبض کیلئے عبقری دواخانہ کی ''قبض کشاء گولیاں'' اور ہیپاٹائٹس سے نجات کیلئے عبقری دواخانہ سے ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے پئیں اور کمال خود دیکھیں۔

میں دوڑ نہیں سکتا: اللہ آپ کو خوش رکھے اور لمبی زندگی عطا فرمائے' میری عمر 18 سال ہے' میں عبقری رسالہ بڑے شوق سے پڑھتا ہوں' میں اپنے دو مسائل لے کر حاضر ہوا ہوں۔ پہلا مسئلہ یہ ہے کہ مجھ سے دوڑا نہیں جاتا' پیدل تو میں کافی چل لیتا ہوں' دو سے تین کلومیٹر روزانہ چلنا میرا معمول ہے مگر جیسے ہی میں دوڑنے کی کوشش کرتا ہوں تو میری ٹانگیں شل ہوجاتی ہیں۔ ٹانگوں سے جان نکلتی محسوس ہوتی ہے۔ میری اس کمزوری کا علاج بتادیں اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے پیشاب کے بعد قطرے آتے ہیں' اس بیماری کا میں نے ابھی تک کہیں سے بھی علاج نہیں کروایا' بار بار کپڑے تبدیل کرنے پڑتے ہیں' اکثر نماز قضا ہوجاتی ہے۔ مجھے ان بیماریوں کا علاج بتادیں تاعمر احسان مند رہوں گا۔ (علی احمد)

مشورہ: آپ دفتر ماہنامہ عبقری کی معجون مراد کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ انشاء اللہ آپ کے دونوں مسائل کا حل اسی میں ہے۔ اپنی خوراک میں دودھ، مکھن، دیسی گھی اور بکرے کے گوشت کا اضافہ کریں۔ روزانہ ہلکی سی چہل قدمی کے ساتھ چند میٹر تک بھاگیں ضرور۔

رنگ کالا اور چہرہ بے رونق: محترم حکیم صاحب السلام علیکم! عرض ہے کہ میں نے کتاب ''مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی؟'' کا مطالعہ کیا' الحمدللہ بہت سے لوگوں نے اپنے تجربات بتائے' میرا بھی عقیدہ بنا کہ آپ کے علاج سے انشاء اللہ مجھے بھی فائدہ ہوگا' لوگوں کو اتنا فائدہ ہورہا ہے اللہ کریم آپ کو دنیا و آخرت میں اس کا بہترین بدلہ دے۔ آمین! میرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے خون کی بہت کمی ہے' رنگ زرد ہوگیا ہے اور رات کو ٹانگوں میں بھی درد ہوتا ہے' کام تھوڑا کروں تب بھی جلد تھک جاتی ہوں اور میرے معدے کا بھی مسئلہ ہے کچھ بھی کھاؤں' فوراً جلن ہوتی ہے جس کی وجہ سے منہ پر بہت دانے نکلتے ہیں۔ منہ دھوؤں تو وہ لال ہوجاتے ہیں' درد بھی ہوتا ہے اور دانوں کی جگہ خارش بھی ہوتی ہے' رنگ پہلے سرخ و سپید تھا اب کالا ہوگیا ہے' چہرہ بہت بے رونق ہوگیا ہے' کوئی بھی صابن یا کریم اثر نہیں کرتی' دوسرا میرے چہرے پر برص کی طرح سفید داغ بھی ہے۔ اس کے علاوہ میرے ہاتھ پاؤں ہر وقت گرم رہتے ہیں۔ براہ کرم کوئی نسخہ بتائیے' مجھے یقین ہے کہ آپ کے بتائے علاج سے مجھے ضرور ضرور ضرور فائدہ ہوگا۔ (ج۔ج)

مشورہ: عمدہ اصلی جوارش جالینوس تین گرام صبح' دوپہر' رات کو غذا کے بعد کھائیں۔ ماہنامہ عبقری کے دفتر سے اکسیر البدن' جوہر شفائے مدینہ اور ٹھنڈی مراد منگوا کر استعمال کریں۔ غذا میں بادام' کشمش' خالص شہد ناشتے میں لیں۔ پراٹھے سے پرہیز کریں' البتہ گرم روٹی پر خالص دیسی گھی ڈال کر کھا سکتی ہیں۔ بکرے کا گوشت اور روٹی صحت بنانے کیلئے عمدہ غذا ہے جو دیسی گھی میں بھون کر کھائیں۔ موسمی پھل بھی بہت مفید ہیں۔ ان شاء اللہ صحت مند ہوجائینگی۔ برص کے علاج کیلئے کسی اچھے امراض جلد سے رابطہ فرمائیں۔ نماز کی پابندی کریں اور صبح اٹھ کر چہل قدمی ضرور کریں چاہے گھر کے صحن یا چھت پر ہی کریں۔

بواسیر کی شکار: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری دیکھا اس میں تمام سلسلے بہت عمدہ اور مفید ہیں' اس تمام سلسلے کے ذریعے آپ جو مخلوق خدا کی خدمت کررہے ہیں یقیناً قابل ستائش اور بے مثال ہے۔ دعا ہے کہ اللہ کریم آپ کو اس کا اجر عظیم عطا فرمائے اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کو عمر دراز اور مزید توانائیاں عطا فرمائے تاکہ آپ اس خدمت کو تادیر جاری رکھ سکیں۔ آمین!۔ گزارش ہے کہ میں تقریباً دو تین سال سے بواسیر بادی میں مبتلا ہوں' حکیم' ڈاکٹر اور ہومیوپیتھک ہر طرح کا علاج کرکے دیکھ چکی ہوں' اس کے علاوہ کئی دیسی ٹوٹکے بھی آزما کر دیکھے لیکن بے سود۔ براہ مہربانی کوئی نسخہ بتائیے۔ (پوشیدہ)

مشورہ: لعوق معتدل چھ گرام آدھی پیالی گرم پانی میں ملا کر سوتے وقت روزانہ پئیں۔ دودھ' چاول' سبزیاں' پھل نہ کھائیں۔ خاص طور پر ٹھنڈے دودھ سے قطعی پرہیز کریں، غذا کے بعد عمدہ بنی ہوئی جوارش جالینوس تین گرام دوپہر رات کو غذا کے بعد کھائیں۔

میری والدہ کا مسئلہ: جناب! میری والدہ کا مسئلہ عجیب ہے' دوائی نہ لینے سے تو تکلیف ہے ہی لیکن جب دوائی لیتی ہیں تو تکلیف مزید بڑھ جاتی ہے' ہم بہت پریشان ہیں' اللہ آپ کو اجر دے اور اپنی خدمات تادیر جاری رکھنے کی ہمت اور توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ میری والدہ کا بنیادی مسئلہ معدے کی بیماری ہے' ڈاکٹر نے بتایا ہے کہ تلی پر سوجن ہے' قبض اکثر رہتی ہے' ہاتھ پاؤں سن ہوجاتے ہیں' بیٹھتی ہیں تو پاؤں سوج جاتے ہیں' سانس پھولتی ہے' کبھی کبھی چلتے ہوئے اچانک ایسے گر جاتی ہیں گویا ٹانگوں کی طاقت ختم ہوگئی ہو' چکر آتے ہیں اور اکثر بخار ہوجاتا ہے' گوشت اور انڈا کھانے سے جسم پر جلن اور سوجن ہوجاتی ہے۔ (ج، از قصور)

مشورہ: بہن! آپ والدہ کو مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کروائیں، نہایت مفید ہے۔ آپ کی تمام بیماریاں انشاء اللہ ختم ہو جائیں گی۔ جوارش شاہی، خمیرہ گاؤ زبان سادہ، شربت عناب، مفرح شیخ الرئیس کسی اچھے دواخانہ سے لے کر لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ مصالحہ دار، تلی ہوئی چیزوں سے مکمل پرہیز کریں۔

گھٹنے میں درد: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک دوست کے بائیں گھٹنے میں شدید درد رہتا ہے' کافی علاج کرایا ہے لیکن درد میں کمی نہیں آئی۔ ڈاکٹر کہتے ہیں کہ گھٹنے میں جو لیسدار مادہ ہوتا ہے وہ ختم ہوگیا ہے' گھٹنوں کی بیماری بہت عام ہے' اچھے خاصے باجماعت نماز ادا کرنے والے اس بیماری کی وجہ سے گھروں میں محصور ہوگئے ہیں۔ اس سلسلہ میں مؤثر علاج بھی رسالہ میں دیدیں تاکہ عوام الناس کو فائدہ پہنچے۔ (ش، شمالی وزیرستان)

مشورہ: اصلی شہد کے چھتے کے موم کی گولیاں چنے کے برابر بنالیں۔ ایک گولی دن میں تین بار غذا سے آدھا گھنٹہ پہلے کھائیں۔ سوتے وقت ایک چائے کا چمچ مچھلی کا تیل بھی پئیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

روحانی امراض ختم: جس شخص کو روحانی امراض مثلاً غصہ' بخل' خودنمائی' حسد اور تکبر ہوا سے چاہیے کہ اسم یَامُحْصِیُ ہر فجر کی نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے' اس کی طبیعت میں مستقل مزاجی پیدا ہوجائیگی۔ روح کے امراض کیلئے اکسیر ہے۔

قسط نمبر 16

میری زندگی کیسے بدلی؟

شیخ الوظائف کے درس نہ سنتی تو کب کی خودکشی کرچکی ہوتی

قارئین! حضرت جی! کے درس' موبائل (میموری کارڈ)' نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں' انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں' روز سنیں' آپ کے گھر' گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ نے مجھے ہدایت دی اور اس کا ذریعہ آپ کو بنایا اور میری طرح ہزاروں لوگوں کی ہدایت کا ذریعہ اللہ کریم نے آپ کو بنایا ہے۔ اللہ رحیم وکریم آپ کو اس کا اجر عظیم عطا کرے اور آپ اور آپ کے گھر والوں کو تمام شر، آفات و بلیات سے دور اور محفوظ فرمائے۔ آمین! ۔ میرا تعلق جب سے تسبیح خانہ سے بنا ہے میری تو زندگی ہی بدل گئی ہے۔ میں اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتی ہوں کہ اس کریم نے میری نسبت تسبیح خانہ سے جوڑ دی ہے۔ محترم حکیم صاحب! میں پہلے بہت سے گناہوں میں مبتلا تھی' جن کے بارے میں سوچ کر ہی مجھے اب خود سے گھن آتی ہے مگر الحمدللہ اللہ نے مجھے ان گناہوں سے پناہ دی ہے اور ان گناہوں سے مجھے چھٹکارا حاصل ہوا ہے۔ ان غلیظ گناہوں میں سے صرف چند کا تذکرہ کررہی ہوں کہ جیسے لڑکوں سے رات کو موبائل فون پر بستر میں چھپ کر بیہودہ باتیں کرنا' موبائل فون پر فلمیں ڈاؤن لوڈ کرکے دیکھنا' مختلف چینلز کے اہتمام کے ساتھ ڈرامے دیکھنا' نماز کے قریب بھی نہ جانا وغیرہ۔ مگر تسبیح خانہ سے جڑنے کے بعد درج بالا گناہوں کے بارے میں سوچتی ہوں تو دل کرتا ہے کہ کاش وہ زندگی ایک خواب ہوتی اور آنکھیں کھولتی تو شکر ادا کرتی کہ یااللہ تیرا شکر ہے کہ یہ ایک خواب تھا۔ رہ رہ کر مجھے اب اس گناہوں والی زندگی پر افسوس ہوتا ہے۔ میں تو ہر وقت ان گناہوں والی زندگی سے توبہ کرتی رہتی ہوں الحمدللہ!۔ یہ تو تھے میرے گناہ۔ اب میں آتی ہوں اس تبدیلی کی طرف جو میری زندگی میں تسبیح خانہ سے جڑنے اور آپ کے درس سننے کے بعد آئی۔ وہ یہ ہے کہ فلموں، بیہودہ گانوں کی جگہ اب میرے موبائل کی تمام میموری میں صرف اور صرف آپ کے درس اور تلاوت کلام پاک ہے۔ جو میں ہر وقت سنتی رہتی ہوں۔ جو وقت میں فلمیں دیکھنے اور ڈرامے دیکھنے میں ضائع کرتی تھی اب اس کی جگہ نماز، ذکر، تسبیح اور مصلی نے لے لی ہے اور اب شکر ہے اللہ کا سوائے گزشتہ سترہ سال جو میں نے گناہوں میں گزارے اس کے سوا مجھے کوئی دکھ نہیں ہے۔ اپنی زندگی کا ہر معاملہ میں نے اب اللہ کریم پر چھوڑ دیا ہے۔ بس اللہ میرے سابقہ گناہ معاف فرمادے اور مجھے نیک پاکیزہ لڑکی بنادے۔ حضرت رابعہ بصریہ رحمۃ اللہ علیہا کی طرح عبادت گزار بنادے۔ اب تو میرے احساسات اور جذبات بھی بدل گئے ہیں۔ مجھے ہر چیز نئی نئی محسوس ہوتی ہے' زندگی میں ایک خوشگوار احساس آ گیا ہے۔ ہر وقت خوش رہتی ہوں' مطمئن رہتی ہوں۔ مجھے تو اب معلوم ہوا ہے کہ میں ہر وقت ٹینشن میں اور افسردہ کیوں رہتی تھی' وہ میرے غلیظ گناہ تھے جو مجھے چین نہ لینے دیتے تھے۔ جیسے وہ گناہ مجھ سے دور ہوئے میری روح کو چین ملا اور میرا دماغ بالکل مطمئن ہوچکا ہے۔ میری روح پرسکون ہوچکی ہے۔ میں اب ایک پاکیزہ زندگی گزار رہی ہوں' اللہ کا کرم ہے کہ اس نے مجھے میری دوست کے ذریعے آپ کے درس عطا فرمادیئے۔ جن کو سن کر مجھے آپ کا پتہ چلا اور آپ نے مجھے تسبیح خانہ کی راہ دکھائی جہاں میں ہر جمعرات کو ہونے والا درس لائیو سنتی ہوں اور اپنی زندگی میں سکون اور چین لاتی ہوں۔ بس میں ایک دعا روزانہ رو رو کر گڑگڑا کر کرتی ہوں کہ میرے گناہوں کا ازالہ کہیں میرے والدین کو نہ کرنا پڑے' وہ کسی قسم کے طعنوں کے مستحق نہیں ہیں نہ انہوں نے مجھے یہ بے حیائی آوارگی سکھائی تھی اور نہ ہی غلط تربیت کی تھی' یہ تو سب میری ہی کم عمری' نااہلی اور شیطان سے دوستی کا نتیجہ تھا کہ میں غلط راہوں پر چلی اور چلتی ہی گئی۔ بس اللہ میرے گناہوں پر ایسے ہی پردہ ڈالے رکھے اور میرے والدین کی عزت ویسی ہی برقرار رہے جیسے الحمدللہ اب قائم ہے۔ میں توبہ کرتی ہوں اپنے ہر گناہ جو دانستہ اور غیر دانستہ مجھ سے سرزد ہوئے ہیں۔ بس اللہ مجھ گنہگار کو بخش دے' مجھے اب پتہ چل گیا ہے کہ اپنی عزت کیا ہوتی اور والدین کی عزت کیا ہوتی ہے اور اس کو کیسے سنبھال کر رکھتے ہیں۔ سوچتی ہوں تو آنسو نکل آتے ہیں' بس اللہ مجھے معاف کردے۔ بس اللہ مجھے معاف کردے۔ بس اللہ مجھے معاف کردے۔ (پوشیدہ)

شوہر نے توجہ نہ کی اور سب برباد ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کیلئے آپ کی نسلوں کیلئے ڈھیروں دعائیں' اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو' آپ کے ساتھ منسلک لوگوں کو عمر دراز دے۔ تسبیح خانہ' درود محل' روحانی منزل' دارالتوبہ اور ہجویری محل کیلئے ہر وقت دعاگو ہوں۔ آپ جب کبھی اپنے درس میں اپنی کم عمری کا ذکر کرتے ہیں تو میری روح تک بے چین ہوجاتی ہے کہ میری' میرے بچوں کی عمر بھی آپ لگ جائے' اللہ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے' آپ کو صحت وتندرستی کے ساتھ سلامت رکھے۔ دکھی انسانیت کو آپ کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب میں بہت گنہگار ہوں' آپ کے درس سن سن کر میری زندگی بدلی' میں ایسی گنہگار تھی کہ میرے گناہ دیکھ کر زمین بھی کانپتی ہوگی۔ الحمدللہ! ان گناہوں والی زندگی سے نکل آئی ہوں۔ اب میری گناہوں بھری زندگی کی مختصر کہانی میری زبانی سنیے:۔ میری شادی انتہائی اچھے گھرانے میں ہوئی' میرے سسرال نے میرا بھرپور ساتھ دیا' پہلے دو تین سال خوشیوں بھرے گزرے کہ میرے شوہر کی نوکری دوسرے شہر لگ گئی۔ میں اپنا مخلص اور اچھا سسرال چھوڑ کر اپنے شوہر کیساتھ نئے شہر میں آگئی' یہاں ہم نے اپنا گھر خریدا جس وجہ سے شروع میں بہت زیادہ مشکلات تھیں' پھر میرے شوہر نے نوکری کے ساتھ ایک بزنس شروع کیا جس میں کافی ترقی ہوئی اور ہمارے حالات بہت بہتر ہوگئے۔ جوں جوں وقت گزرتا گیا میرے شوہر نے اپنی ساری ذمہ داریاں مجھ پر ڈال دیں اور میں بھی ان کا ہر کام بڑھ چڑھ کر خوشی خوشی کرتی کہ انہیں محسوس ہو کہ میں ان سے بہت زیادہ محبت کرتی ہوں۔ گھر کا سودا سلف لانا' ان کے کپڑے' موزے حد تو یہ ہے کہ جوتے' شیونگ کا سامان' شیو کرنا یہ سب میں نے اپنی ذمہ داری بنالیا۔ یوں وہ ساری ذمہ داریاں مجھ پر ڈالتے چلے گئے پھر چاہے ڈاکٹر کے پاس جانا ہو' بچوں کے سکول کا کوئی مسئلہ ہو' بجلی کے بل کا مسئلہ ہو سب کام میں نے ہی کرنے ہیں۔ بہت مرتبہ شوہر کو ذمہ داری کا احساس دلایا کہ گھر کے باہر کے کام میرے کرنے کے نہیں یہ آپ کی ذمہ داری ہیں' میں روز روز غیر محرموں کے ساتھ جاکر بحث نہیں کرسکتی مگر ان کے کان پر کبھی جوں تک نہ رینگی۔ اس کے علاوہ انہوں نے اپنے حقوق سے روگردانی اختیار کرلی' میں رات رات بھر تڑپتی تھی مگر انہیں کوئی فرق نہ پڑتا۔ ایک لمبی داستان ہے کہ میں کہاں کہاں ماری ماری پھری۔ پھر گھر کی مزید تعمیر کا معاملہ بنا پھر سب کام میرے ذمہ لگادیئے' ٹھیکیدار سے بات چیت' سیمنٹ' اینٹ' بجری' سریا سب کام میرے ذمہ' ان کو اپنے کام سے غرض بس! پھر میرے شوہر کے ایک ملازم کی ذمہ داری لگائی اور مجھ سے کہا تمہیں سیمنٹ' ماربل' لوہے کیلئے کہیں بھی جانا ہو تو اس کے ساتھ چلی جانا' یوں اس کے ساتھ آنے جانے لگی' وہ شخص بھی جان گیا تھا اس کا شوہر اس کا ساتھ نہیں دیتا' اس نے مزید ہمدردی دکھانی شروع کردی' وہ سارے کام جس کیلئے شوہر کی ضرورت ہوتی ہے وہ کرنے لگا' (باقی صفحہ نمبر 24 پر)

انسان کی قدروقیمت: انسان کی قدروقیمت اس چیز میں نہیں جو اسے حاصل ہو جائے بلکہ اس چیز سے ہے جس کے حصول کیلئے وہ تڑپتا ہے۔

اپنی مرضی کا ٹرانسفر کروانا اب کوئی مسئلہ نہیں!

آصف ندیم' راولپنڈی

میں نے دعا کی کہ میرے کریم رب جس کے آگے نہ کوئی پابندی اور نہ کوئی روک ٹوک ہے' تیرا کلام دے دیا ہے' یااللہ کریم بادشاہ میرا در خالی تیرا در خالی نہیں' سید بادشاہ پریشان ہے ان کی پریشانی دور فرما۔ میرے اندر سے آواز آئی کہ ان کا کام ہوجائے گا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ اس میں موجود طبی و روحانی ٹوٹکے انتہائی لاجواب ہیں۔ میں ایک دوست کے گھر گیا تو ایک بوڑھے باباجی اور ان کا بیٹا جو کہ ڈاکٹر تھا اور وہ بیٹھے باتیں کررہے تھے کہ میرے بیٹے کے ٹرانسفر کا مسئلہ ہے جس پر گورنمنٹ نے پابندی لگائی ہوئی ہے اور میرے پاس ڈیڑھ لاکھ روپے ہیں کوئی لے لے اور میرے بیٹے کی ٹرانسفر کروا دے' وہ باباجی اٹھ کر گئے تو میرا دوست کہنے لگا کہ باباجی بے چارے دل کے مریض ہیں اور ایک ہی بیٹا ہے خود راولپنڈی میں رہتے ہیں اور بیمار بھی ہیں' بیٹا کہتا ہے کہ کسی نزدیک جگہ ٹرانسفر ہوجائے تو والد صاحب کی خدمت کروں' دوائی وغیرہ وقت پر دینی ہوتی ہے' میں نے دوست کو کہا کہ باباجی کو فون کریں' میرے دوست نے فون کیا تو باباجی نے کہا کہ میں کار پارکنگ میں ہوں' میں نے دوست کو کہا کہ انہیں کہیں کہ ایک منٹ آپ ادھر ہی کھڑے ہو ہم آپ کے پاس آرہے ہیں' ہم کار پارکنگ میں پہنچ گئے تو میں نے کہا کہ باباجی ایک وظیفہ آپ کو بتاؤں تو آپ پڑھ لیں گے تو کہنے لگے بیٹا میں سید گھرانے کا چراغ ہوں' کیوں نہیں پڑھوں گا؟ میں نے کہا کہ جب آپ لاہور ٹرانسفر کیلئے جائیں تو صبح گھر سے نکلتے ہوئے **یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ** کا ورد کرتے جانا' آپ کا کام انشاءاللہ ہوجائے گا۔ وہ کہنے لگے کہ یہ تو میں پڑھتا ہوں یہ وظیفہ تو حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہے۔ میں نے کہا کہ کسی سے بات نہیں کرنی' راستے میں یقین کی طاقت کے ساتھ آپ نے پڑھنا ہے' آپ کا کام میرا اللہ کردے گا۔ وہ چلے گئے' میں نے دعا کی کہ میرے کریم رب جس کے آگے نہ کوئی پابندی اور نہ کوئی روک ٹوک ہے' تیرا کلام دے دیا ہے' یااللہ کریم بادشاہ میرا در خالی تیرا در خالی نہیں' سید بادشاہ پریشان ہے ان کی پریشانی دور فرما۔ میرے اندر سے آواز آئی کہ ان کا کام ہوجائے گا۔ میں نے بھی پڑھنا شروع کردیا۔

پندرہ دن بعد وہ باباجی میرے دوست کے پاس آئے' شکریہ ادا کرنے کہ اپنے دوست کے ساتھ میری ملاقات کروادیں۔ اللہ تعالیٰ نے میرا کام کردیا ہے' بس کچھ مجبوری تھی کہ جب وہ آئے تو میں ان سے نہ مل سکا' کام ہونے کا جو واقعہ باباجی نے سنایا وہ یہ ہے کہ میں جب راولپنڈی سے لاہور کیلئے گھر سے نکلا تو گاڑی میں بیٹھ کر پڑھنا شروع کردیا' چار گھنٹے بعد لاہور سیکرٹریٹ میں پہنچ گیا تو باہر جا کر بیٹھ گیا کہ اپنی باری پر اندر جاؤں گا وہ شاہ صاحب کہتے ہیں کہ بیس منٹ بعد دروازہ کھلا اور ایک ایم این اے صاحب اندر سے باہر نکلے' باہر نکل کر شاہ صاحب کہنے لگے کہ سب بندوں کو چھوڑ کر میرے پاس آئے' مجھ سے پوچھا کہ باباجی کیا کام ہے' میں نے اپنا کام بتایا کہ میرا یہ مسئلہ ہے' وہ ایم این اے صاحب واپس اندر گئے اور آدھے گھنٹے بعد ٹرانسفر آرڈر میرے ہاتھ میں پکڑا دیا۔ رب بڑا کریم ہے' اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ایک پریشان حال کی پریشانی دور ہوئی' اللہ کے کلام کی برکت سے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! اللہ کریم آپ کو خاص کرم سے نوازیں اگر آپ ہمیں نہ بتاتے تو مجھے کیا پتا تھا اس کی تاثیر کا' میں تو امت کا سب سے گنہگار اور بدکار انسان ہوں' گناہوں کا شمار ہی نہیں' پہلی دفعہ عبقری رسالہ کیلئے لکھ رہا ہوں۔

شوگر کا نام ونشان تک نہ رہے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری رسالہ پچھلے تین چار سال سے پڑھ رہا ہوں اور لوگوں کو بھی خرید کر بانٹتا ہوں۔ عبقری عوام الناس کی جس طرح خدمت کررہا ہے وہ قابل ستائش ہے۔ میں مخلوق خدا کی خدمت میں شوگر کا ایک ایسا نسخہ بھیج رہا ہوں جس سے بہت سے لوگوں کا مرض شوگر ختم ہوچکا ہے۔ وہ نسخہ یہ ہے: ھوالشافی: کوڑ تمبہ یامانکیری یا حنظل کا آدھ سیر پانی۔ آدھ پاؤ کچے کالے چنے۔ کالے چنے کچے کوڑ تما کے پانی میں رکھ دیں جب یہ پانی چنے جذب کرلیں تو سائے میں کسی کاغذ پر پھیلا کر رکھ دیں اور خشک کرلیں' پھر ان کو چکی پر پیس لیں اور خالی کیپسول بھر لیں۔ روزانہ صبح کے وقت ایک ایک کیپسول ایک ہفتے تک کھائیں۔ شوگر کا نام ونشان تک نہیں رہے گا۔ جن جن صاحبان کو فائدہ ہو وہ مجھے اور حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو دعاؤں میں یاد رکھیں کہ ان کی وساطت سے یہ نسخہ آپ تک پہنچا ہے۔ (ماسٹر رئیس الدین بابر' بنوں سٹی)

اسلام اور رواداری | قسط نمبر 116 | ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیرمسلموں سے حسن سلوک

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رواداری' حسن اخلاق اور حسن سلوک

یمامہ کے سردار ثمامہ بن اُثال جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سخت مخالف اور مشرک تھا' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اُسے پکڑ کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں پیش کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُسے مسجد میں رکھنے اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پتہ چلا کہ وہ اکیلا سات آدمیوں کا کھانا کھاتا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے پورے کھانے کا انتظام فرمایا' روزانہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس پر دعوت اسلام پیش کرتے لیکن وہ انکار کرتا' تین دنوں کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے آزاد کرنے کا حکم دیا لیکن وہ تین دنوں میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رواداری، حسنِ اخلاق اور حسنِ سلوک سے اتنا متاثر ہوچکا تھا کہ اسلام قبول کیے بغیر واپس نہیں گیا۔ مزید اس نے کہا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آج سے پہلے دنیا میں کوئی شخص میری نظر میں آپ سے زیادہ ناپسندیدہ نہ تھا اور اب آپ سے زیادہ دنیا میں مجھے کوئی محبوب نہیں' آج سے پہلے کوئی مذہب آپ کے مذہب سے زیادہ میری آنکھوں میں بُرا نہ تھا اور اب وہی سب سے زیادہ پیارا ہے' آج سے پہلے کوئی شہر آپ کے شہر سے زیادہ ناپسند نہ تھا اور اب وہی سب سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ (جاری ہے)

"پیغمبر اسلامؐ کا غیرمسلموں سے حسن سلوک" اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور "غیرمسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

(بقیہ: روحانی محفل سے فیض پانے والے)

(بقیہ: روحانی محفل سے فیض پانے والے)

ماما میں ٹھیک ہوں کیا آپ ٹھیک ہیں؟ میں بھاگ کر ابوجی کے کمرے میں گئی اللہ نہ کرے انہیں تو نہیں کچھ ہوگیا مگر اللہ کا شکر کہ سب ٹھیک تھا۔ مگر یہ آواز کہاں سے آئی' اگلے دن بھی بہت تیز قسم کی آواز کانوں میں محسوس ہوئی' اتنی تیز تھی کہ میرا بیٹا اٹھ کر بیٹھ گیا' عجیب سی دہشت تھی گھر میں' اکثر میری الماری سے پیسے غائب ہوجاتے' حالانکہ میرے علاوہ گھر میں کوئی اور ہوتا بھی نہ تھا' بچے ابھی بہت چھوٹے ہیں۔ پھر مجھے ایک کزن نے عبقری دیا اور ساتھ اس میں موجود روحانی محفل کے فضائل بتائے۔ مجھے لگا یہی وہ ہتھیار ہے جس کی بدولت میرے گھر میں سکون آئے گا۔ میں نے عبقری میں موجود ماہانہ روحانی محفل دی گئی ترتیب سے کرنا شروع کردی۔ آج روحانی محفل کو کرتے ہوئے دوسال ہوگئے ہیں اور الحمدللہ میرے گھر سے اب کبھی پیسے چوری نہیں ہوئے' گھر سے دہشت کا خاتمہ ہوگیا ہے' اب کبھی تیز آواز سنائی نہیں دی اور نہ ہی میرے بچے سوئے ہوئے اچانک ڈر کر اٹھتے ہیں۔ اس روحانی محفل سے میری زندگی میں سکون آگیا ہے۔ (پوشیدہ)

سلیم باسط

محبت اور جذباتی لگاؤ بڑھانے کے جادوئی جملے سیکھ لیں

گھر والوں کو وقت نہ دینے کی وجہ سے بیوی چڑچڑی' بچے باغی اور بزرگ ناراض

برطانیہ میں کی جانے والی ایک تحقیق کے مطابق دفتر میں سخت محنت کرنے والے افراد اور وہاں زیادہ سے زیادہ وقت گزارنے والے افراد کی ازدواجی زندگی خطرے کا شکار ہے' صرف برطانیہ میں ایسے افراد کی تعداد نصف میں ہے جو اپنی بیویوں کو زیادہ وقت نہیں دے پاتے۔ یہ افراد صرف اپنی بیویوں کو ناراض نہیں کرتے بلکہ بچوں کی جانب بھی ان کی توجہ کم ہوجاتی ہے۔ دفاتر میں کام کے اس نئے انداز کو EXTREME JOBS کا نام دیا گیا ہے۔ اپنے کیریئر میں بہت آگے بڑھنے کی لگن میں انٹرٹیمنٹ' میڈیا' دواسازی' قانون یا اکاؤنٹنگ کے شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد بعض اوقات دس گھنٹے تک دفتر میں گزار دیتے ہیں اور اسے اوورٹائم کا نام دیتے ہیں۔ ہارورڈ یونیورسٹی کی ایک تحقیق کے مطابق اس نوعیت کی ملازمتیں لوگوں کی نجی زندگی پر بہت اثر انداز ہوتی ہیں۔ ہارورڈ بزنس ریویو کی شائع شدہ تحقیق کے مطابق اندازہ ہے کہ زیادہ تنخواہیں پانے والے پینتالیس فیصد افراد جو بین الاقوامی اداروں سے وابستہ ہیں ہفتے میں ساٹھ گھنٹے تک فرائض منصبی انجام دیتے ہیں۔ بعض اوقات ان کے دوران کار سو گھنٹوں پر بھی محیط ہوجاتے ہیں' یہ لوگ چھٹی بھی کبھی کبھار ہی کرتے ہیں' ایک اندازے کے مطابق یہ لوگ ہر سال دس چھٹیاں کرتے ہیں ان کی ملازمت اتنی اہم ہوتی ہے کہ وہ اس کی خاطر مسلسل قربانیاں دیتے چلے جاتے ہیں۔ ایسے ہی کام کے دھنی کی بیوی کا کہنا ہے کہ شادی کے پہلے سال ایسا بھی ہوا کہ ایک ضروری میٹنگ میں شرکت کی خاطر میرے شوہر کو اپنی ماں کی آخری رسومات کے انتظامات اور اوقات کو بھی نئے سرے سے مقرر کرنا پڑا۔ ایک شخص کا کہنا ہے کہ اپنی ''سخت'' ملازمت کی وجہ سے میں اپنے بزرگوں کی شفقت سے بھی محروم ہوگیا ہوں۔ میرے والد جو وہاں چیئرمین ہیں اس وجہ سے ناراض ہیں کہ انہیں ہسپتال کے پہلے سے طے شدہ شیڈول کو میں نے کئی بار ملتوی کیا ایک اور شخص نے بتایا کہ وہ لندن کے ساؤتھ کنگسٹن کے علاقے میں ایک فلیٹ میں دو سال سے رہتا ہے' اپنے ملازمت کے شیڈول کی وجہ سے اس نے اب تک صرف ایک گدا اور ایک سلیپنگ بیگ خریدا ہے۔ تحقیقی رپورٹ کے مطابق سخت مصروف ملازمت کی وجہ سے سب سے زیادہ نقصان نوجوانوں کو ہوا ہے' ان کا کہنا ہے کہ انہیں اب اپنے بزرگوں کی محبت اور شفقت حاصل نہیں ہے۔ ان میں پینتالیس فیصد افراد کا یہ بھی کہنا ہے کہ مسلسل سفر اور شام کی مصروفیات کی وجہ سے وہ اپنی گھریلو زندگی سے لطف اندوز ہونے سے بھی محروم ہوگئے ہیں۔ سب سے تشویشناک امر یہ ہے کہ سخت ملازمتوں میں مصروف ان افراد کے بچوں پر بھی منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ ان کی عدم موجودگی میں بچے بہت زیادہ ٹی وی دیکھنے لگے ہیں' بہت زیادہ جنک فوڈ کھانے لگے ہیں اور گھر میں ان کی وجہ سے ڈسپلن کے مسائل پیدا ہورہے ہیں۔ یہ بات بھی حیرت انگیز ہے کہ بہت مصروف اور ملازمت کرنے والے اپنے کام سے نفرت بھی نہیں کرتے۔ وہ اپنے فرائض کی ادائیگی کو ایک اعزاز کی طرح اپنے سینوں پر سجائے پھرتے ہیں۔

کچھ مشورے اور بھی لیتے جائیں: اگر آپ کوئی بھی کام کرتے ہیں تجارت، ملازمت یا فلاحی کام تو بہت اچھا ہے۔ اگر آپ اپنی روزانہ کی روئیداد تجربات اور دن کی کچھ باتیں اپنی اہلیہ سے شیئر کرلیں اور کبھی اپنے دوستانہ رویہ سے اپنی بیگم کو قائل کرنے کی کوشش کریں تو ممکن ہے کہ آپ کی بیوی آپ کی پیشہ وارانہ گفتگو کو مکمل طور پر نہ سمجھ سکے مگر وہ دلچسپی سے آپ کی بات ضرور سنے گی۔ یہ گفتگو جو باہمی مصروفیات سے متعلق ہوگی مگر وہ آپ دونوں کو ایک دوسرے کے مزید قریب کردے گی۔ شوہر کیلئے خود کو مضبوط اور صحتمند رکھنے کیلئے ضروری ہے کہ مہینے میں یا پندرہ دن کے اندر ایک بار اپنے پرانے دوستوں کیلئے بھی کچھ وقت نکالیں۔ ان کے ساتھ بیتے خوشگوار لمحات شیئر کریں۔ ہنسیں ہنسائیں' دیکھنے میں آیا ہے کہ شادی کے بعد بہت سے افراد دوستوں سے دور ہونے لگتے ہیں کوشش کرکے پرانے دوستوں سے رابطہ میں رہیں۔ بیوی کو بھی چاہیے کہ وہ بھی اپنی پرانی سہیلیوں سے کبھی کبھی رابطہ رکھے۔ قریب آنے اور قریب رہنے کا مطلب ایک دوسرے کی ذاتی دلچسپی پر تنقید کرنا نہیں ہے نہ ہی ایک دوسرے کے عزیز واقارب یا دوستوں کا مذاق اڑانا ٹھیک ہوگا۔ کچھ رشتوں سے جذباتی لگاؤ زیادہ ہوتا ہے مگر بیوی بیوی ہوتی ہے اور شوہر بھی شوہر ہی ہوتا ہے اور ہم سب انسان ہیں ہم سب کے ساتھ کوئی نہ کوئی محرومی، خلش کمزوری بھی رہتی ہے انسان کو انسان سمجھنے کی ہوشیاری دکھایئے ذلت اور تذلیل کو اپنی لغت سے نکال پھینکیے۔ ازدواجی زندگی کو خوشگوار بنانے کیلئے بیماری کا دور بھی انتہائی اہم ہوتا ہے۔ اس وقت میں جب میاں بیوی دونوں میں سے کوئی ایک بیمار ہوجائے تو ایسے وقت میں دلداری' محبت کا احساس آدھی بیماری رفع کرسکتا ہے۔ آپ کے انداز نشست و برخاست ایسے ہونے چاہئیں کہ میاں یا بیوی اسے احسان نہ سمجھے بلکہ بے غرض محبت کا برتاؤ سمجھے اور آپ کی ذات سے پھوٹنے والی یہ روشنی آپ کے میاں یا بیوی کو دکھ اور بیماری کے اندھیرے سے باہر نکال لائے گی۔ کبھی کبھی تعریف و توصیف سے تعلقات میں کوئی بگاڑ نہیں آجاتا بلکہ زندگی نکھر سی جاتی ہے۔ عورت اپنی تعریف سننا چاہتی ہیں تو مرد کیسے پیچھے رہیں وہ بھی چاہتے ہیں کہ ان کے سراہے' کیریئر' بچوں کی کامیابیوں اور دیگر کامیابیوں پر انہیں سراہا جائے' تعریف سن کر سیروں خون بڑھ جانے والی بات ایسی غلط بھی نہیں۔ کچھ مالی معاملات ایسے ہوتے ہیں جن کی تکمیل آسان بات نہیں ہوتی مثلاً یہ توقع رکھنا کہ شوہر کی کروڑوں کی جائیداد ہوجائے یا شوہر کی لاٹری نکل آئے قطعی منفی سا رویہ ہے کہ ایک دوسرے کی مالی پوزیشن دیکھ کر محبت کا اظہار کیا جائے۔ گھر کی معیشت کی بہتری کیلئے شوہر کو وسعت نظر کا مظاہرہ کرنا پڑے گا اور جو شوہر اپنی بیوی کو اعتماد اور اعتبار کی دولت دے دیتے ہیں اور بیویاں جی جان سے تحفظات کا مظاہرہ کرنے لگتی ہیں ایسے گھرانے جنت بن جاتے ہیں' ایسے گھرانے محبت کے اہل بھی رہتے ہیں' ذمہ داریوں کی تقسیم اور جذباتی سہاروں کے بل پر آپ اپنی دنیا فتح کرسکتے ہیں اب ذرا سوچے کہ شکریہ آپ کا احسان ہے! آپ نے میرا مان سمان بڑھا دیا اور مجھے آپ سے محبت ہے' کتنے اہم جادوئی جملے ہیں ناں!

مستقل گورا پن پانے کا ٹوٹکہ میں آزما چکی ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے پڑھ رہی ہوں۔ ابھی گزشتہ ایک شمارے میں مستقل گورا پن پانے کے دو ٹوٹکے کے نام سے ایک تحریر پڑھی اس میں ایک ٹوٹکہ چاولوں کو پیس کر اس میں ہموزن ہلدی اور تربوز کا پانی ملا کر لگائیں' اس سے دانوں کے بعد جو کالے کالے نشان رہ جاتے ہیں وہ ختم ہوجائیں گے میں نے یہ ٹوٹکہ آزمایا میرے چہرے پر ایک سال سے دانوں کے نشانات تھے جو کہ اب بالکل ختم ہوچکے ہیں۔ میں عبقری کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور اس بہن کا بھی جس نے یہ ٹوٹکہ لکھ کر عبقری کو بھیجا۔ ان چھوٹے چھوٹے ٹوٹکوں سے لاکھوں کا بھلا ہوتا ہے اور بھیجنے والے کیلئے واقعی میں یہ صدقہ جاریہ ہے۔ (بنت اشرف)

دل کی مراد پوری: اگر کوئی شخص دل میں کوئی نیک اور جائز مراد رکھ کر اسم یَامُعِیۡنُ کو روزانہ 3125 مرتبہ چالیس دن تک پڑھے گا انشاءاللہ اس کے دل کی مراد پوری ہوجائے گی۔

رنگ برنگے شیمپو اور کنڈیشنرز سے بالوں کی تباہی

بالوں کی حفاظت کیلئے ان میں کنگھی ضروری کرنی چاہئے' اس سے بال صاف رہتے ہیں اوران کی کثرت بھی ہوجاتی ہے۔ کنگھی کرنے سے بال جڑنے کا ڈر رہتا ہے' اس لئے بال سنوارنے کیلئے ایسی کنگھی کا استعمال ٹھیک ہوتا ہے' جس کے دانت زیادہ تیز نہ ہوں

جہاں تک ہمارے دیکھنے میں آیا ہے کہ زیادہ تر عورتیں اپنے بالوں کی حفاظت اور خوبصورتی میں اضافہ کی جانب خاص توجہ نہیں دیتیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ چھوٹے چھوٹے بغیر چمک کے خشک بال ان کی قدرتی خوبصورتی میں رکاوٹ کھڑی کردیتے ہیں۔ ہمارا مطلب یہ نہیں کہ خشک بال نقصان دہ ہوتے ہیں' ہم نے بہت سے ایسے لوگوں کو دیکھا ہے جنہوں نے سالہا سال سے اپنے سر میں تیل نہیں ڈالا' لیکن وہ تندرست وتوانا ہیں' مگر جہاں تک خوبصورتی کا تعلق ہے خشک بال خوبصورتی کے اضافے میں اکثر رکاوٹ ہوتے ہیں' لہٰذا ہر عورت کا فرض ہے کہ جس طرح وہ دیگر اعضا کی خوبصورتی کے اضافہ کی جانب توجہ دیتی رہتی ہیں اسی طرح بالوں کی خوبصورتی کی طرف پوری توجہ دیں۔ ☆ بالوں کو ہر ہفتہ دھونا چاہئے کیونکہ دھونے کے علاوہ دوسرا کوئی ایسا طریقہ نہیں جس سے بال صاف رہ سکیں۔ ایک اوسط پاکستانی عورتوں کیلئے یہ تو ممکن نہیں کہ وہ ہر روز بال دھوسکیں' لہٰذا ہفتہ میں ایک دن بال دھونے کے ساتھ ہی اگر ہر روز غسل کیا جائے تو بڑا فائدہ ہوگا۔ اگر ہر روز ممکن نہ ہوتو ایک روز چھوڑ کر غسل کرنا ضروری ہے۔ بال دھونے کیلئے مندرجہ ذیل اشیاء کام میں لائی جاسکتی ہیں۔ **آملہ:** بالوں کو دھونے کیلئے خشک آملہ سب سے عمدہ چیز ہے' اس سے بال لمبے' چمکدار اور نرم و سیاہ ہوتے ہیں۔ **بیسن:** بیسن نہایت باریک پسا ہوا ہونا چاہئے' اسے بالوں میں لگا کر اچھی طرح دھونا چاہئے' اس سے بال ملائم اور چمکدار ہوتے ہیں۔ **ریٹھا:** اسے توڑ کر رات بھر پانی میں بھگو دینا چاہئے' صبح اسے پانی میں مل کر اس سے بال دھونے چاہئیں۔ اس سے بال ملائم ہوتے ہیں' زیادہ تر عورتیں بال دھونے کیلئے دلکش اشتہارات کے چکر میں پڑ کر قیمتی صابن اور شیمپو کا استعمال کرتی ہیں۔ ہماری رائے میں ان صابنوں اور شیمپوز کی بجائے ان سستی چیزوں سے بال دھوکر زیادہ فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ بال دھونے کے بعد جب تک وہ پوری طرح خشک نہ ہوجائیں تب تک کنگھی نہیں کرنی چاہئے۔ بالوں کو خشک کرنے کیلئے انہیں کسی موٹے کپڑے یا تولیے سے اچھی طرح جھاڑ کر ہوا میں کھلا چھوڑ دینا چاہئے۔ ہوا اور دھوپ لگنے سے بال خوبصورت' چمکدار اور ملائم رہیں گے۔ خشک ہونے کے بعد ان میں تیل مل کر ٹھیک طرح کنگھی کرنی چاہئے' رات میں سوتے وقت بال کھول کر سونا اچھا ہے' اس کے علاوہ ہر آٹھویں یا دسویں روز سر کی مالش کرنا مفید ہے۔ پہلے سر کو اوپر لکھی ہوئی اشیاء میں سے کسی سے دھوکر انگلیوں سے جلد کو خوب ملنا چاہئے' پھر گرم پانی سے بالوں کو دھو ڈالنا چاہئے' بعدازاں بادام کا تیل' تازہ مکھن یا آملہ کو پیس کر اس کی نغدی بنا کر بالوں میں لگانا چاہئے' اسے بھی کچھ دیر ملنے کے بعد دھونا چاہئے' پھر ٹھنڈے پانی سے بال دھوکر سر خشک کرلینا چاہئے۔ باقاعدہ اس طرح مالش کرنے سے بال بڑھتے ہیں' ان کا جھڑنا رک جاتا ہے اور سر ہلکا رہتا ہے' زکام سے بچنے کیلئے بالوں کو کھلی دھوپ میں ہی خشک کرنا چاہئے' جب اچھی طرح خشک ہوجائیں تب ان میں تیل لگانا چاہئے۔ بالوں میں لگانے کیلئے کوہلو کا تیل سرسوں یا پھر ناریل کا تیل عمدہ ہوتا ہے' بازاری کریمیں بالوں کو اکثر نقصان پہنچاتی ہیں' تیل سے بال بڑھتے اور سیاہ رہتے ہیں' دماغ کیلئے یہ مفید ہوتا ہے اس مقصد کیلئے آملہ کا تیل بھی اچھا ہوتا ہے' یہ ٹھنڈا ہونے کے ساتھ ہی ساتھ بالوں کو مضبوط بناتا ہے اس کے علاوہ مہندی کا تیل بھی بالوں کیلئے کارآمد ہے' اس سے بھی بال مضبوط اور سیاہ رہتے ہیں۔ بالوں کی حفاظت کیلئے ان میں کنگھی ضروری کرنی چاہئے' اس سے بال صاف رہتے ہیں اور ان کی کثرت بھی ہوجاتی ہے۔ کنگھی کرنے سے بال جھڑنے کا ڈر رہتا ہے' اس لئے بال سنوارنے کیلئے ایسی کنگھی کا استعمال ٹھیک ہوتا ہے' جس کے دانت زیادہ تیز نہ ہوں' اگر برش کام میں لایا جائے وہ بھی زیادہ سخت نہیں ہونا چاہئے۔ ہر روز صبح سویرے پہلے آہستہ آہستہ کنگھی کرنی چاہئے اس سے بال ٹوٹتے نہیں اور تندرست رہتے ہیں' نیز ان کی چمک میں اضافہ ہوتا ہے۔ **بالوں کا جھڑنا اور ٹوٹنا:** بال دو وجوہات کی بناء پر ٹوٹتے ہیں' جسمانی امراض کے باعث اور بالوں کی طرف سے لاپرواہ رہنے کے سبب۔ اگر جسمانی امراض کے باعث بال جھڑتے اور ٹوٹتے ہوں تو ان کی جانب توجہ دینی چاہئے' اکثر سر میں کوئی مرض ہوجانے پر بال جھڑ کر جگہ جگہ سے سفید ہوجاتے ہیں' ان جگہوں پر پھر بال اگانے کیلئے مندرجہ ذیل طریقے اختیار کئے جاسکتے ہیں۔ ☆ ہاتھی دانت جلا کر اس کی راکھ میں ہموزن رسونت خالص مصفی ملا کر بکری کے دودھ میں باریک پیس لیا جائے۔ رات میں اس کا لیپ کرکے صبح دھو دیا جائے' کچھ دنوں تک لگاتار اس کا استعمال کرتے رہنے سے بال اگنا شروع ہوجاتے ہیں۔ ☆ جہاں بال نہ ہوں اس مقام پر تازہ پیاز مل کر تھوڑا سا شہد لگا دیا جائے اور ایک گھنٹہ پانی سے دھوکر کسٹر آئل لگا دیا جائے۔ دس پندرہ دن کا باقاعدہ استعمال ضروری ہے۔ ☆ جس جگہ بال نہ ہوں وہاں لہسن مل کر اس پر سرمہ سیاہ لگادیں۔ چند روز کے استعمال سے بال اگنا شروع ہوجائیں گے۔ بال عموماً دماغ کی کمزوری کی حالت میں جھڑتے ہیں' اسے روکنے کیلئے مندرجہ ذیل طریقوں کو کام میں لاجاسکتا ہے: ☆ لیموں کے رس میں آملہ پیس کر بالوں کی جڑوں میں ملیں۔ ☆ لیموں کا ٹکڑا سر میں ملنے سے بالوں کا جھڑنا رک جاتا ہے۔ بہت سی عورتوں کے سر میں خشکی ہوجاتی ہے جس سے کھجلی ہونے لگتی ہے اور سفید بھوسی سی جھڑنے لگتی ہے' اسے دور کرنے کیلئے مندرجہ ذیل طریقے مفید ہیں۔ ☆ آملہ سے سر کو دھونا۔ ☆ گلیسرین کے صابن سے سر کو دھونا۔ ☆ پانی میں مشک کافور اور سہاگہ ملا کر دھونا۔ جب نہانا ہو تو کچھ دیر پہلے آملے خوب باریک پیس کر بالوں میں لگانے چاہئے۔ اس سے بال سیاہ چمکدار اور نرم ہوجاتے ہیں' لیکن ساتھ ساتھ بالوں کا مضبوط ہونا بھی ضروری ہے' اس کیلئے سر میں چقندر پیس کر لگانا چاہئے' یہ بالوں کیلئے بہترین ٹانک ہے' اس سے بال مضبوط اور سیاہ ہوجاتے ہیں۔ کچھ دنوں تک مہندی کی پتیاں ابال کر سر دھونے سے بھی بالوں کی جڑیں مضبوط ہوجاتی ہیں اور ان کا گرنا بھی بند ہوجاتا ہے' جاڑے کے دنوں میں سر کھول کر بالوں کو کچھ دیر دھوپ لگانے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ بالوں کو صابن نہیں لگانا چاہئے کیونکہ کاسٹک سوڈا جو صابن بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے بالوں کیلئے مضر ہے' اس سے بالوں کی جڑیں کمزور ہوجاتی ہیں اور بالوں کی نرمی اور چمک بھی جاتی رہتی ہے۔ نہانے سے قبل پانچ یا سات ریٹھے توڑ کر گرم پانی میں پھیلا دینا چاہئے' پھر نہانے وقت ہاتھوں سے جھاگ پیدا کرکے سر میں لگانا چاہئے' اس سے بال بالکل صاف ہوجاتے ہیں' چمک اور نرمی بھی قائم رہتی ہے۔ جتنا زیادہ ہوسکے ان جھاگ دار شیمپو اور رنگ برنگے کنڈیشنرز سے بچیے یہ صرف وقتی چمک دمک پیدا کرتے ہیں ان کے خطرناک اثرات کچھ عرصہ بعد جب ظاہر ہوتے ہیں تو بہت دیر ہوچکی ہوتی ہے۔ آپ اپنی بڑی بوڑھیوں کو ہی دیکھ لیجئے بڑھاپے تک انکے بال سفید ضرور ہوجاتے ہیں مگر ان کی چمک دھمک ختم نہیں ہوتی۔ وجہ صرف وہ بالوں کی حفاظت گھر میں بنائے آملہ، ریٹھا کے تیل' کھٹی لسی' بادام کی کھل اور اس طرح کے دوسرے دیسی ٹوٹکوں سے کرتی تھیں اور ان کے بال ہمیشہ گھنے' لمبے اور چمکدار رہتے تھے۔

شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟

کالا جادو' بندش' نظربد' سفلی عمل اور گھریلو الجھنوں کا ڈسا' شیخ الوظائف کی خدمت میں حاضر ہوا بغیر نذرانہ، شکرانہ کے روحانی علاج ہوا دکھ سے سکھ کا یہ سفر اس کی زبانی سنیے!

محترم قارئین السلام علیکم! میں گزشتہ چھ سالوں سے ایسی زندگی میں گرفتار رہا ہوں جس میں صرف خوف ہی خوف تھا' مجھے بیماریوں نے گھیرا ہوا تھا' ہر وقت بے چینی رہتی تھی' ڈیپریشن کا مریض بن چکا تھا' ایک بند کمرے میں خاموش زندگی گزار رہا تھا' ڈیپریشن کی ادویات کھاتا وقتی سکون ملتا مگر کچھ ہی عرصہ کے بعد ان ادویات نے بھی اثر کرنا چھوڑ دیا' خود سے خیالات بہت زیادہ آتے تھے' اس کے علاوہ مجھے معدہ کے مسائل' پیشاب کے مسائل اور پتہ نہیں کیا کیا تھا؟ میں باقاعدگی سے علاج کرواتا' ہر قسم کا پرہیز کرتا مگر حالت جوں کی توں رہتی' پھر میں نے عاملین کے چکر لگانا شروع کردیئے' ہر کسی نے مجھ پر بندش اور سخت ترین کالا سفلی جادو بتایا۔ جگہ جگہ پیسے لٹائے مگر چند دن سکون رہتا پھر وہی حالت ہوجاتی۔ مجھے شدید قسم کے روحانی مسائل لاحق تھے۔ ایک دن میں نے انٹرنیٹ سے عبقری کی ویب سائٹ دیکھی تو وہاں سے مجھے ماہنامہ عبقری کا معلوم ہوا' بازار سے عبقری خریدا' پڑھا' حضرت شیخ الوظائف کے بارے میں معلوم ہوا۔ پڑھ کر لاہور پہنچا' دفتر ماہنامہ عبقری آیا' ادھر آکر معلوم ہوا کہ شیخ الوظائف سے ملاقات کیلئے موبائل فون پر وقت لینا پڑتا ہے۔ خیر شیخ الوظائف کی مختلف کتب خرید کر واپس اپنے شہر آگیا۔ پھر وہ دن بھی آگیا جس دن موبائل فون پر وقت ملنا تھا۔ سارا دن کال ملاتا رہا مگر شاید ابھی میری قسمت نہیں جاگی تھی اور سارا دن مسلسل کال ملانے کے باوجود میرا فون ریسیو نہیں ہوا اور میں مایوس ہوگیا۔ پھر مزید ایک ماہ شدید انتظار کے بعد آخر وہ گھڑیاں آن پہنچیں جب موبائل پر شیخ الوظائف سے ملاقات کا وقت دیا جارہا تھا۔ ابھی میں نے دو گھنٹے ہی ٹرائی کیا تو میری کال ایک نہایت شفیق آواز والے شخص نے اٹھائی اور مجھ سے انتہائی پیار سے مخاطب ہوئے اور کہا کہ آپ کو حضرت شیخ الوظائف سے ملاقات کا وقت دیا جارہا ہے اور آپ فلاں دن دفتر ماہنامہ عبقری حاضر ہوجائیں۔ میری حالت دن بدن مزید خراب ہورہی تھی' گھر والوں نے مجھے ایک کمرے میں بند کیا ہوا تھا' خود سے شدید نفرت آئینہ دیکھتا تو اپنے منہ پر خود ہی تھپڑ مارنا شروع ہوجاتا' کوئی چیز اٹھا کر شیشہ توڑ دیتا' شیشے کے برتن توڑ کر مجھے سکون ملتا' مجھ سے کوئی بھی ملاقات نہ کرتا' لوگ مجھے پاگل سمجھنا شروع ہوگئے' میرے گھر میں خون کے چھینٹے گرتے' میرے الماری میں پڑے مہنگے کپڑوں کو کٹ لگ جاتے' والد صاحب کا کاروبار دن بدن خراب ہوتا جارہا تھا۔ آخر کار وہ دن بھی آن پہنچا جس دن شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی سے ملاقات تھی۔

میں ملاقات کیلئے صبح سویرے ہی لاہور پہنچا۔ نماز ظہر کے بعد شیخ الوظائف تشریف لائے اور میں اپنی باری پر آپ سے ملا۔ آپ نے میرے بتانے سے پہلے ہی میرے تمام حالات کھول کر میرے سامنے رکھ دیئے اور ساتھ ہی مجھے یہ وظیفہ یَامُمِیْتُ یَاقَابِضُ یَاصَبُوْرُ یَامَانِعُ یَاحَفِیْظُ ہر وقت کھلا پڑھنے کیلئے دیا۔ ساتھ مجھے ہر جمعرات کو تسبیح خانہ لاہور میں درس میں شرکت کرنے کو کہا۔ جیسے ہی میں نے پڑھنا شروع کیا تو میری طبیعت کافی بہتر محسوس ہوئی۔ ہر جمعرات کو نماز مغرب سے پہلے لاہور تسبیح خانہ پہنچتا۔ میرا جسم ہر وقت جکڑا رہتا تھا۔ کچھ ماہ وظیفہ پڑھا اور درس میں شرکت کی تو جسم جیسے ہلکا پھلکا ہوگیا۔ ایک دن دوران درس معلوم ہوا کہ آئندہ آنے والے اتوار کو روحانی دم ہے' ضرور شریک ہوں۔ میں روحانی دم والے دن صبح سات بجے تسبیح خانہ لاہور پہنچا۔ شیخ الوظائف نے خود ہر آنے والے کو دم کیا۔ میں جب دم کروانے کے بعد تسبیح خانہ سے باہر نکلا تو خود کو بہت ہی بہتر محسوس کیا۔ مزید تسبیح خانہ سے اسم اعظم کے روحانی دم والی اگربتی اور دم والا صابن ملا۔ خاص کر دم والے صابن سے میرے جسم سے جکڑاؤ ختم ہوجاتا ہے اب بھی استعمال کرتا ہوں تو فوراً سارا جسم آرام دہ ہوجاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے بہت بڑی نعمت سے نوازا ہے جو مجھے شیخ الوظائف سے ملوادیا اور میرا تعلق تسبیح خانہ سے جوڑ دیا۔ میرا شیخ الوظائف سے تعلق بنے چھ ماہ ہوگئے ہیں اور ان چھ ماہ میں میں اعمال پر آگیا ہوں' نماز پڑھنا شروع ہوگیا ہوں۔

اب آتا ہوں جادو اور مجھ پر ہونے والی بندشوں کی طرف' میرے گھر کا ماحول انتہائی پراسرار ہوچکا تھا' ہر کوئی چڑچڑے پن میں مبتلا تھا' ہر وقت گھر میں لڑائی جھگڑے رہتے' چھوٹی چھوٹی باتوں پر اتنی اتنی بڑی لڑائیاں ہوتیں کہ محلے والے چھتوں پر چڑھ کر ہماری لڑائیاں ''انجوائے'' کرتے۔ مگر شیخ الوظائف کے بتائے اعمال کی برکت سے ہمارے گھر میں سکون آچکا ہے' اب نہ کسی کے چلنے کی آوازیں آتیں ہیں' نہ برتنوں کے ٹوٹنے کی آوازیں آتی ہیں' نہ ہمارے الماریوں میں پڑے کپڑوں کو کوئی کاٹتا ہے' نہ ہی خون کے چھینٹے پڑتے ہیں اور نہ ہی پراسرار خواب آتے ہیں۔ ہر وقت گھر میں شیخ الوظائف کے درس چلتے ہیں' تمام گھر والے نماز اور تسبیحات پر آگئے ہیں۔ الحمدللہ اعمال کی برکت سے میں خوفناک زندگی سے نکلا اب ایک مطمئن اور آزاد زندگی گزار رہا ہوں۔ شیخ الوظائف کی تالیف آداب معرفت اور منتخب احادیث روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھتا ہوں۔ نماز فجر کے بعد قرآن پاک کی تلاوت کرتا ہوں' ہر وقت ہشاش بشاش رہتا ہوں' پچھلے دو ماہ سے اپنا بزنس پھر سے دوبارہ سنبھال لیا ہے۔ ہر کسی سے پرجوش اور خوش ہوکر ملتا ہوں۔ جو بھی اب مجھے ملتا ہے حیرانی اور خوشی کا ملا جلا تاثر دیتا ہے کہ آپ اتنی جلدی اتنے صحت مند کیسے ہوگئے تو میں تو سینہ چوڑا کرکے شیخ الوظائف کا بتادیتا ہوں۔ اعمال کی برکت سے ہر کسی سے شفقت سے پیش آتا ہوں غصہ محبت میں تبدیل ہوگیا ہے۔ دل کو سکون ملا اور گناہوں سے نفرت ہوگئی ہے۔ طبی مسائل بھی اعمال والی زندگی پر آنے سے ختم ہوگئے ہیں۔ اس سے پہلے کچھ پوشیدہ امراض میں مبتلا تھا بہت ادویات استعمال کیں مگر صحت نہ ملتی تھی مگر جب سے اعمال شروع کیے ہیں تمام ادویات ڈسٹ بین میں پھینک چکا ہوں اور بالکل صحت مند زندگی گزار رہا ہوں۔ طبیعت نیکی پر خود چلتی ہے' خیر کے کام کرنے کو دل کرتا ہے۔ شیخ الوظائف میرے محسن ہیں' اللہ تعالیٰ آپ کو اور ادارہ عبقری کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ میری زندگی کی امید تسبیح خانہ اور شیخ الوظائف ہی ہیں۔ الحمدللہ!

قارئین اصلاح فرمالیں!

قارئین! جنوری 2017ء کے شمارہ میں صفحہ نمبر 43 پر ''ممسک اعلیٰ قسم'' کے نام سے ایک نسخہ چھپا جس میں مقدار خوراک غلط لکھی شائع ہوئی تھی۔ قارئین اصلاح فرمالیں! **ممسک اعلیٰ قسم:** اجوائن خراسانی تین تولہ' کیکر کا گوند جو کیکر سے نکلتا ہے اور گاڑھا سا ہوتا ہے۔ 1 تولہ لے کر پیس اور شہد کی مدد سے چھوٹے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ روزانہ ایک گولی کھالیں۔ گولی ہمیشہ اس وقت کھائیں جب کھانا مکمل ہضم ہوچکا ہو۔ سمجھدار کیلئے اشارہ کافی ہے۔ یہ نسخہ غلط ہے۔ **اصل نسخہ درج ذیل ہے:**

ھوالشافی: اجوائن خراسانی ایک تولہ' گوند کیکر ایک پاؤ' پیس کر شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ روزانہ ایک گولی کھائیں۔ گولی اس وقت کھائیں' جب کھانا ہضم ہوچکا ہو۔

19

نشہ چوری جھوٹ چھڑوانے کا آسان طریقہ

شکیل الرحمٰن' پشاور

اسم یَاحَمِیۡدُ کو 99 بار پڑھیں اور 99 مرتبہ کورے پیالے میں لکھیں اور پھر اس میں پانی ڈال کر فحش گو کو پلائیں۔

اسم الٰہی حمید' حمد سے مشتق ہے کیونکہ حمد کے لائق صرف وہی ذات ہے اس لئے اسے حمید کہا جاتا ہے' اس کے علاوہ ایسا نہیں جو تعریف کا مستحق ہو کیونکہ وہ ہر کمال اور خوبی سے متصف ہے اس لئے انسانوں کا فرض ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء میں مصروف رہیں' اس کی نعمتوں کا شکر کریں' یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد 61 ہیں۔ اسے پڑھنے والا صاحب عظمت بنتا ہے اور اس میں اخلاق حمیدہ کے اوصاف پیدا ہوجاتے ہیں۔ اس کے خواص حسب ذیل ہیں: **بری عادات چھڑانے کا عمل:** یہ عمل بری عادات مثلاً شراب' نشہ' جوا' چوری' جھوٹ وغیرہ چھڑانے کیلئے بہت موثر ہے۔ ایسے لوگوں کو جن سے برائی ختم کرنی ہو ان کو اسم یَاحَمِیۡدُ روزانہ 6100 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں اور 41 دن تک یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ وہ برائی کو چھوڑ دیں گے۔ ایسے ہی شریر' بدچلن اور نافرمان اولاد کو راہ ہدایت پر لانے کیلئے انہیں بھی دم شدہ پانی پلائیں' وہ درست ہوجائیں گے۔

اخلاق حمیدہ کا پیدا ہونا: اسم یَاحَمِیۡدُ اخلاق حمیدہ پیدا کرنے میں بہت قوی اور موثر ہے۔ اسے کثرت سے پڑھنے سے زبان پر سچائی' اعمال میں اخلاص' کاموں میں نیک نیتی' عبادت میں خشوع وخضوع' دل میں نرمی اور کردار میں عظمت پیدا ہوتی ہے اس کی زبان ہمیشہ گالی گلوچ سے پاک صاف رہے گی۔ لوگ اس کے اخلاق سے گرویدہ ہوں گے جہاں اس کا ذکر ہوگا اچھے الفاظ سے ہوگا۔ جو شخص صبح کی نماز کے بعد روزانہ ایک سو مرتبہ یَاحَمِیۡدُ پڑھے گا اس سے بہت اچھے اخلاق سے پیش آئیں گے۔ اگر دشمن بھی اس کے سامنے آئے تو نیچی نگاہ کرکے چلا جائے گا اور کبھی برائی سے پیش نہ آئے گا۔ **تسخیر خلق اور محبت:** یَاحَمِیۡدُ کے ذکر سے حب الٰہی پیدا ہوتی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بے پناہ محبت کا جذبہ دل میں جنم لیتا ہے۔ جس شخص کا نام محمود ہو اس کیلئے اس اسم کا ورد بہت اچھا ہے' وہ لوگوں کی محبت کا مرکز بن جائے گا۔ بعض عاملین کا کہنا ہے کہ یَاحَمِیۡدُ کو کثرت سے پڑھنے سے تسخیر خلق بھی ہوتی ہے اس لئے جو شخص تسخیر کا قائل ہو وہ اسے روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور دو سال تک پڑھتا رہے ان شاء اللہ حسب منشاء تسخیر حاصل ہوگی۔ **گالی اور فحش گوئی کا علاج:** بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ بات بات پر گالیاں دیتے ہیں اور فحش گوئی کرتے ہیں' ایسے لوگوں کا علاج یہ ہے کہ اسم یَاحَمِیۡدُ کو 99 بار پڑھیں اور 99 مرتبہ کورے پیالے میں لکھیں اور پھر اس میں پانی ڈال کر فحش گو کو پلائیں۔ انشاء اللہ وہ گالی دینا چھوڑ دے گا اور بدکلامی سے نجات پائے گا۔ **بزرگ بننے کا وظیفہ:** جو شخص مندرجہ ذیل وظیفہ کثرت سے پڑھنے کا معمول بنالے اس میں بزرگی کے اوصاف بہت جلد پیدا ہوں گے اس کا دل یاد الٰہی اور عبادت الٰہی میں مگن رہے گا۔ اس کے تمام گناہ معاف ہوجائیں گے' اس کا ظاہر اور باطن ایک ہوجائے گا سب لوگ اس کا بے حد احترام کرنے لگیں گے اگر کوئی اسے اذیت پہنچانے کی کوشش کرے گا تو منہ کی کھائے گا۔ **اللہ سے دوستی کا وظیفہ:** جو شخص یَامَجِیۡدُ یَاحَمِیۡدُ اکیس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور سات سال تک پڑھائی جاری رکھے اللہ تعالیٰ اسے اپنے اس اسم کے ذکر کی بدولت دوست بنالے گا اور اگر کوئی سالک فنا کی منازل عبور کرنے کے بعد اس اسم کو دن رات پڑھنے لگے تو اس کی ولایت ظاہر ہوجائے گی اور اس کے پاس آنے والے بے پناہ فیوض وبرکات حاصل کریں گے۔ **دولت مند بننے کا وظیفہ:** جو شخص تین سال تک روزانہ تین ہزار مرتبہ یَاغَنِیُّ یَاحَمِیۡدُ پڑھتا رہے انشاء اللہ وہ دولت مند بن جائے گا اور اور اللہ تعالیٰ اسے دنیا کی تمام نعمتوں سے نوازے گا۔ ہر ملنے والا اس سے عزت سے پیش آئے گا۔ **یاحمید کا جامع وظیفہ:** یہ وظیفہ یَاحَمِیۡدُ کا مفصل اور جامع وظیفہ ہے اور یہ حصول عزت اور سرداری کیلئے بہت مجرب ہے لہٰذا جو شخص اس وظیفہ کو 5000 مرتبہ روزانہ 40 دن تک پڑھے گا اس اسم کے تمام فوائد حاصل ہوں گے۔ وظیفہ یہ ہے: **یَاحَمِیۡدَ الۡفِعَالِ ذَاالۡمَنِّ عَلٰی جَمِیۡعِ خَلۡقِهٖ بِلُطۡفِهٖ یَاحَمِیۡدُ**

موسمی بخار کا آسان گھریلو ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ گرمیوں میں مجھے دھوپ میں کام کرنے کی وجہ سے بخار ہوگیا تھا اس کو ختم کرنے کیلئے مجھے کسی نے بتایا کہ ایک تربوز لے کر خوب جی بھر کر دن میں دو سے تین مرتبہ کھائیں۔ میں نے دو سے تین دن کھایا تو میرا بخار اتر گیا۔ (عبدالغفار ثاقب' ایبٹ آباد)

یہ برکت تھی ہمت کی

(م۔ا، لاہور)

ایک بزرگ تھے کہ لمبے سفر میں تو نماز و جماعت کے خیال سے ایک دو آدمی کو ہمراہ رکھتے تھے اور چھوٹے سفر میں ایسے انداز سے سفر کرتے تھے کہ نماز کے وقت منزل پر پہنچ جائیں۔ اتفاق سے ایک چھوٹے سفر میں راستہ میں کچھ حرج ہوگیا اور ظہر کا وقت آگیا۔ گاڑی بان ہندو تھا۔ انہوں نے وضو کیا' سنتیں پڑھیں' کوئی اور نمازی نہ دکھائی دیا۔ انہوں نے دعا مانگی کہ اے اللہ! ہمیشہ میں جماعت سے نماز پڑھتا ہوں اور اس وقت میں مجبور ہوں۔ اگر آپ چاہیں تو اس وقت بھی جماعت سے مشرف کرسکتے ہیں۔ مصلیٰ بچھا کر یہ دعا ہی کررہے تھے کہ گاڑی سے گاڑی بان سامنے آیا کہ میاں مجھے تم مسلمان کرلو' بڑی مسرت ہوئی سمجھ گئے کہ دعا قبول ہوگئی۔ اسی وقت مسلمان کیا اور وضو کروا کر کہا کہ جس طرح میں کروں اسی طرح تو بھی کر اور سب ارکان میں سبحان اللہ سبحان اللہ کہتا رہ۔ دیکھئے یہ برکت تھی ہمت کی' اور اگر ہمت ہو تو سب کے ساتھ اچھا معاملہ کرو۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمہاری ہمت کی برکت سے سارے کے سارے نمازی بن جائیں گے۔ **استغفار کے ذریعے غموں سے نجات:** حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: جو استغفار کو اپنے اوپر لازم کرلے تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے ہر تنگی سے چھٹکارا اور ہر غم سے نجات دے گا اور اسے وہاں سے روزی دے گا جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہوگا۔ (احمد، داؤد، ابن ماجہ)

سورۂ ہود میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''اور اے میری قوم معافی مانگو اپنے رب سے پھر توبہ کرو اس کی بارگاہ میں وہ بھیج دے گا بادل تم پر موسلا دھار برسنے والے اور زیادہ کردے گا تمہارے لیے طاقت تمہاری موجودہ طاقت میں اور نہ انحراف کرو جرموں پر اصرار کرتے ہوئے''۔ اسی طرح سورۂ نوح میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''پس میں نے (حضرت نوح علیہ السلام سے) کہا مغفرت مانگو اپنے رب سے' بلاشبہ وہ بڑا بخشنے والا ہے' وہ برسائے گا آسمان سے تم پر موسلا دھار بارش اور مدد کرے گا تمہاری مال اور اولاد سے اور تمہارے باغ اور بنادے گا' تمہارے لیے نہریں' تمہیں کیا ہوگیا تم خیال نہیں رکھتے اللہ کی عظمت کا' حالانکہ اس نے پیدا کیا تم کو کئی طرح سے'' (نوح 10 تا 14)۔ قوت اور روزی کے لفظ میں مال' جسمانی طاقت' اولاد اور عزت سبھی کچھ شامل ہے' یہ وہ نعمتیں ہیں جو استغفار کی برکت سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو عطا فرمائے گا۔

جدائی کا خوف نہ ہوگا: اگر کسی کو اپنے کسی عزیز سے مفارقت (جدائی) کا خوف ہو تو اسے چاہیے اسم یَامُحْیِیُ کو زیادہ سے زیادہ پڑھے' انشاء اللہ جلد اسے جدائی کا خوف ختم ہو جائے گا۔

آپ کا سوال۔۔۔حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ 2۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ 3۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ 4۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ 5۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ 6۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ 7۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ 8۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

واجد علی' کراچی۔ مریم رشید' گوجرانوالہ۔ فائزہ الماس' گوجرانوالہ۔ افشاں فدا' لاہور۔ عزیز بن محمد' کراچی۔ فراح ذیشان' کراچی۔ ریاض احمد خان' منچن آباد۔ حاجی محمد حنیف قریشی' ڈیرہ غازیخان۔ محمد اسلم' ملتان۔ خرم یونس' پشاور۔ شاہین شوکت' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔۔ عبدالخالق' اسلام آباد۔ شفیع محمد' بھکر۔ شمشاد بیگم' جڑانوالہ۔ فرزانہ' میرپور خاص سندھ۔ زینت' میرپورخاص۔ فرزانہ منیر احمد' بہاولپور۔ مسعود احمد' واہ کینٹ۔ عابد' راولپنڈی۔ مبارک علی' قصور۔ پروین اختر' لاہور۔ توصیف اختر' وزیرآباد۔ شاہد اقبال' لاہور۔ رخسانہ فاروق' گڑھا موڑ وہاڑی۔ شہزاد حسین' سانگھڑ۔ منزہ فیصل سفری' کراچی۔ رضوان خان' ڈیرہ اسماعیلخان۔ مردان شاہ' نوشہرہ۔ ریحانہ بی بی' اترا۔ سحر افشین' لاہور۔ جاوید علی' ٹنڈو الہ یار۔ آصف محمود' چکوال۔ ظفر جاوید' تلہ گنگ۔ گلشن ناہید' چکوال۔ میجر شیخ اظہر قریشی' کراچی۔ محمد عارف' پشاور۔ عبدالبصیر' منگورہ۔ سدرہ جنید' لاہور۔ رئیس خان' پشاور۔ غلام احمد مہروی' ملتان۔ سلیم اختر' لاہور۔ عبدالباسط' کراچی۔ مریم' لاہور۔ شکیل احمد' راولپنڈی۔ مردان شاہ' نوشہرہ۔ نسرین اختر' راولپنڈی۔ حمزہ صادق' بہاولنگر۔ زنیرہ بابر' اوکاڑہ۔ فرزانہ حسین' تلہ گنگ۔ عبدالوہاب' اسلام آباد۔ عارفہ' ماتلی۔ عبدالرشید' کبیروالہ۔ نیرا اکبر' واہ کینٹ۔ عزرا اکبر' واہ کینٹ۔ محمد یوسف' پاکپتن۔ سعیدہ بی بی' بہاولنگر۔ عابدہ بیگم' کراچی۔ احمد سعید' کراچی۔ عبدالوہاب' کوکاری۔ اے انور خان' مردان۔ مسز ارشد' راولپنڈی۔ عبدالرحمٰن' چوکنڈا۔ نعمل' وہاڑی۔ نصرت پروین' فیصل آباد۔ حاجی محمد سعید' لاہور۔ گل زیب' چکوال۔ ذوالفقار علی' چیچہ وطنی۔ محمد اکرم رحمانی' بہاولپور۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ o وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ o وَ اِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ o وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ o (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ' سات دفعہ' گیارہ دفعہ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔

جمیل' راولپنڈی۔ محمد سلیمان' ڈی آئی خان۔ ثمینہ خان' اسلام آباد۔ حفصہ امجد' کراچی۔ حافظ سلطان محمد' لاہور۔ محمد اقبال خان' راولپنڈی۔ محمد اکرام اللہ' میانوالی۔ سمیع اللہ ملک' میانوالی۔ عبدالغفور' رحیم یار خان۔ محمد عرفان' واہ کینٹ۔ فدا محمد' راولپنڈی۔ نادرہ سلطانہ' کبیروالہ۔ ارم شاہد' مری کمپنی باغ۔ عبدالناصر حمید' آزاد کشمیر۔ نورالحق عباسی' اسلام آباد۔ سعدیہ رحمان' لاہور۔ رافعہ' کراچی۔ محمد عمران' ملتان۔ ارشد غفار' ڈیرہ اسماعیل خان۔ محمد نصیر احمد' کراچی۔ گلاب' بھاگ ٹاڑی۔ نازیہ بی بی' کھلابٹ۔ مصباح امین' جہان خان' بھکر۔ ماریہ عاصم' چکوال۔ صبغہ رحمٰن' سرائے صالح۔ حرا دانش' کراچی۔ ناہید اشرف' وہاڑی۔ مہرین صدیقی' ملتان۔ عبدالقیوم گوہر' پونچھ بلوچ کشمیر آزاد۔ فضیلت یاسمین' ڈی آئی خان۔ عائشہ فضیل' واہ کینٹ۔ نصرت شہزادی' منڈی بہاؤالدین۔ محمد حارث' حیدرآباد۔ عمران یونس' دریا خان۔ خرم شہزاد' جہانیاں۔ ثناء اکرم' جام پور۔ شبانہ الیاس' جام پور۔ رخسانہ فردوس' خانیوال۔ محمد الطاف' نین وال۔ فائزہ نسرین' لاہور۔ شبنم رشید' اوکاڑہ۔ آمنہ رضوان' اوکاڑہ۔ کاملہ سنبل حبیب' ملتان۔ دیبا حبیب' ملتان۔ ارم شہزادی' لاہور۔ محمد امجد' دنیا پور۔ محمد فاروق احمد' کراچی۔ کنیز زہرہ' منڈی بہاؤالدین۔ صفیہ بیگم' منڈی بہاؤالدین۔ غلام علی' کراچی۔ آسیہ بیگم' اخلاص۔ صوبیہ تبسم' کراچی۔ انیلا عبدالرزاق' کراچی۔ حنا گل' مہمند ایجنسی۔ ریاست محمود' ڈھوک محمد۔ خدیجہ' کراچی۔ ظفر اقبال عنصر' بھٹہ واہن۔ اشفاق احمد تبسم' بھٹہ واہن۔ کلثوم زارا' سرگودھا۔ عالیہ عثمان' بہاولنگر۔ ظہور احمد' زاہدہ پروین' حیدرآباد۔ آمنہ' سعید حیدرآباد۔ حلیمہ میمن' سکھر۔ صفیہ اختر' خانپور۔ عبدالحمید اختر' ڈسکہ۔ حافظ وقاص علی' صوابی۔ فاطمہ تصور' ملتان۔ ثمینہ کوکب' وزیرآباد۔ محمد سلیم شیخ' اسلام آباد۔ سید سجاد حسین شاہ' راولپنڈی۔ نعیم اللہ' اسلام آباد۔ فرحت' سیرت' شکرگڑھ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ کریں

یَاحَکِیْمُ یَاعَزِیْزُ یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ بکثرت یعنی روزانہ' وضو بے وضو' پاک' ناپاک' ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ ہزاروں کی تعداد سے کم نہ ہو۔ یہ عمل (کم از کم 90 دن) چند ہفتے' چند مہینے ضرور کریں۔ دوران عمل حسب توفیق صدقہ ضرور کریں۔

عظمت' لاہور۔ سید سبطین احمد گیلانی' ملتان۔ سید خالدہ خانم جیلانی' ملتان۔ حرا اطہر' شیخوپورہ۔ رخیہ ناز' میاں چنوں۔ فرزانہ خالق' میاں چنوں۔ انیسہ جبین' باہیا بندوٹی۔ شہناز اختر' گجرات۔ عثمان طارق' فیصل آباد۔ عادل خان' کراچی۔ عرفان اللہ' کراچی۔ اظہر لاشاری' کوئٹہ۔ شمائلہ نازلی' راولپنڈی۔ مہرین ارم' پشاور۔ حافظ محمد صادق' پشاور۔ شہناز بیگم' کھلابٹ۔ رضوانہ پرویز' راولپنڈی۔ عائشہ پرویز' راولپنڈی۔ کلثوم بی بی' چشتیاں شریف۔ ام فروا ہاشمی' لاہور۔ مہ جبیں' لاہور۔ یاسمین فیض' کوئٹہ۔ سید وقاص حسین' کراچی۔ محمد منہاج حسین' کراچی۔ ہما عادل' لاہور۔ تسنیم اختر' ہری پور۔ مہوش رشید' گوجرانوالہ۔ سلمیٰ جاوید' لاہور۔ محمد سعید' لاہور۔ نادرہ پروین' پیرووالی۔ شاہین پروین' کراچی۔ غلام فضہ' گجرات۔ قرۃ العین حمیرا' خانیوال۔ قدسیہ منیر' ملتان۔ محمد شاہد' کراچی۔ ثناء جمال' کراچی۔ صائمہ' رینالہ خورد۔ ام کلثوم' پشاور۔ نیلم بی بی' کچا کھوہ۔ ولی محمد' ڈگری۔ عاصم' لاہور۔ انیلہ خان' راولپنڈی۔ محمد شفقت' پنڈ سلطانی۔ جویریہ' حیدرآباد۔ بشریٰ' حیدرآباد۔ صغریٰ بانو' کراچی۔ شکیلہ جبین' گوجرانوالہ۔ فرزانہ' ڈومیلی۔ نبیلہ اشرف' اوکاڑہ۔ محمد ارشد خالد' فیصل آباد۔ محمد زین' کراچی۔ محمد عادل' کراچی۔ سعدیہ سارہ' سرگودھا۔ شازیہ' پشاور۔ رضوانہ حسین' لاہور۔ ظفر اقبال' دینہ۔ نسرین موسیٰ' گوجرانوالہ۔ ناصرہ' کراچی۔ مدیحہ ریاض' راولپنڈی۔ ناہیدہ پروین نازیہ' گوجرانوالہ۔ محمد اعظم' میاں چنوں۔ ثناء فردوس اسلم' لاہور۔ ارم' لاہور۔ حمیز احمد' لاہور۔ صائمہ بتول' بھلوال۔ سائرہ حفیظ' گوجرخان۔ مقدس محمود' ہارون آباد۔ مریم طارق' راولپنڈی۔ محمد ندیم الرحمٰن' لیہ۔ محمد ایاز' کبیروالا۔ محمد ساجد' کراچی۔ ساجد اقبال' پشاور۔ لبنیٰ' کراچی۔ س۔ف' لاہور۔ محمد وسیم زاہد' لاہور۔ محمد علی' راولپنڈی۔ محمود خان خالد' ہری پور۔ صدیق احمد' میرپورخاص۔ سید محسن علی' بورے والا۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پر پہنچے تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو نا وضو' پاک ناپاک۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

اسے غم ہے نہ خوف: عزیز چیزوں سے بھی غم پیدا ہوتا ہے اور عزیز چیزوں سے ہی خوف' جو عزیز چیزوں کے بندھنوں سے آزاد ہے اسے غم ہے نہ خوف۔ (گوتم بدھ)

قسط نمبر 9

لاجواب عمل! زمین کم' پیداوار بے شمار ضرور کیجئے

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

جانوروں کے ضدی زخم ہمیشہ کیلئے ختم

اگر کسی جانور کو زخم لگ جائے تو اس زخم میں مکھیاں بیٹھنے کی وجہ سے کیڑے پڑ جاتے ہیں (خاص طور پر برسات کے موسم میں) ایسے زخم کو انگریزی میں مگیٹ وونڈ کہا جاتا ہے۔ اگر ایسے زخم کا صحیح علاج نہ کیا جائے تو یہ کیڑے جانور کا گوشت کھا کھا کر اندر چلے جاتے ہیں اور جانور کو شدید تکلیف دیتے ہیں' ان کے علاج کیلئے تارپین کا تیل کسی بھی پنسار سٹور سے لے کر اس میں کپڑے کی صاف پٹی تر کر کے زخم کے اوپر رکھ دیں اوپر سے باندھ دیں' 24 گھنٹے بعد پٹی کھول دیں تمام کیڑے مر جائیں گے۔ پھر عام زخم کی دوائی لگانے سے زخم بھر جائے گا' زخم کو کھلا نہ چھوڑا جائے بلکہ اوپر کپڑا باندھ دیا جائے تاکہ دوبارہ مکھیاں نہ بیٹھ سکیں۔ (ڈاکٹر محمد بخش' میرپور خاص سندھ)

اللہ الصمد اور عشر کا کمال

محترم حضرت صاحب میرے ابو ہر سال باغ لیتے ہیں آم کے بھی اور مالٹوں کے بھی۔ اب کی بار میرے ابو نے جو مالٹوں کا باغ لیا' اس باغ میں صرف تین بیگھوں میں میرے ابو نے گندم اگائی' جب میرے ابو گندم کا بیج گھر لے کر آئے تو میں نے اپنے ابو سے کہا کہ ابو جب آپ گندم کا بیج زمین پر ڈالو تو (اللہ الصمد) ضرور پڑھتے رہنا۔ میرے ابو نے جب دانہ بیج ڈالا تو وظیفہ کے ساتھ سب سے پہلے عشر کی نیت کی اور فصلوں کو کیڑے سے بچانے کیلئے سورۃ ھمزۃ اور تین بار بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ سات بار اول و آخر تین بار درود ابراہیمی پڑھ کر ہر طرف تا حد نگاہ اور سپرے پر پھونک مار کر چھڑکاؤ کریں۔ ہم نے صرف گھر کیلئے بوئی تھی جس مالک کا وہ حقیقی باغ ہے وہ مالک تھا کہ میری ٹوٹل زمین پر 15 من گندم سے اوپر نہیں ہوتی لیکن میرے ابو نے جب گندم کٹوائی تو اللہ کے فضل سے 35 من سے بھی زیادہ ہوئی کیونکہ وہ زمین باغ والی ہے جگہ جگہ پر بوٹیاں ہیں کینو کی اس کے باوجود اتنی زیادہ گندم ہوئی' باغ کا مالک حیران تھا کہ میری تو آج تک 15 من سے زیادہ کبھی بھی نہیں ہوئی اور ان شاء اللہ باغ نے پھل بھی اتنا اٹھایا ہے کہ وہ حیران ہے اور کئی بیگھا تو ابو نے غریب کو بونے کیلئے فری میں دے دیا تھا جس سے وہ بھی بہت خوش عشر اور "اللہ الصمد"

کا عمل کسان کے علاوہ ہر چیز کیلئے حیران کن تجربہ ہے اور پرندوں کو اور جانوروں کو بھی کھلاتا رہے' وہ بھی ان شاء اللہ دعا سے آپ کا غلہ بڑھا دیں گے۔ **فصل چوری کبھی نہ ہوگی:** میرے رشتے میں نانا لگتے ہیں وہ جب گندم نکلواتے ہیں تو گندم کی ڈھیریوں کو اٹھاتے نہیں بلکہ اپنی زمین پر ہی پڑی رہنے دیتے ہیں سب لوگ اپنی اپنی اٹھا کر لے جاتے ہیں۔ میرے نانا بتا رہے تھے کہ میرا ہمیشہ کا تجربہ ہے کہ میں اپنی فصل کبھی بھی چوری کے ڈر سے نہیں اٹھاتا بلکہ اپنی فصل پر آیت الکرسی پڑھ کر دم کر دیتا ہوں میری گندم کی طرف کوئی بھی نہیں آتا اور آ بھی جائے تو اٹھا نہیں پاتا۔ میں ہر سال یہی عمل کرتا ہوں' اپنے گھر پر بھی آیت الکرسی کا حصار کرتا ہوں کبھی بھی میرے گھر میں چور نہیں آئے۔ ایک بار آئے تو وہ بھی باہر کا چرایا ہوا سونا بھی میرے گھر پر ہی چھوڑ گئے تھے اسی وجہ سے میرا ہمیشہ کا یقین ہو گیا کہ آیت الکرسی سے بڑھ کر کسی چیز کی طاقت نہیں۔ بیشک! (رانا عادل' کبیروالا)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

شدید درد کا ٹوٹکہ بنایا' والد صاحب کو کھلایا لاجواب پایا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد صاحب کے بازوؤں میں ہر وقت شدید درد رہتا تھا۔ مجھے کسی نے درج ذیل ٹوٹکہ بتایا ہم نے بنایا والد صاحب کو کھلایا لاجواب پایا۔ ایک پاؤ گوند کیکر ایک چھٹانک گوند کتیرہ دونوں کو باریک پیس لیں اور گھی میں ہلکا سا براؤن کر لیں ایک چمچ چائے صبح و شام نیم گرم دودھ کیساتھ استعمال کریں۔ نوٹ: یہ دوائی اپنے والد کے بازوؤں میں درد کیلئے بنائی تھی' بہت خوب پایا۔ (شاہ نیاز خان' بنوں)

حکیم ضیاء الرحمٰن' ملتان

قسط نمبر 9

ایک دن اور آدھے مہینے کی تنخواہ

میرے داداجی کے ایک دوست محکمہ انہار میں ملازم تھے۔ ساری عمر نوکری اور ملتان تک محدود رہے۔ آٹھ دس بچے تھے۔ باباجی نے نوٹ کیا کہ اس کی شگفتگی زندہ دلی' قہقہے مدھم پڑتے جا رہے ہیں۔ صحت کمزور ہو کر وزن کم ہو گیا ہے۔ عینک کے شیشے بھی بدل گئے ہیں۔ آخر ایک دن باباجی نے اس کو پکڑ کر بٹھا لیا اور اس سے پوچھا کہ مجھے اندر کی بات بتا جب تک تو نہیں بتائے گا تجھے جانے کی اجازت نہیں۔ وہ باباجی کی طبیعت کو جانتا تھا۔ باباجی نے اس کو کہا کہ اگر ہماری دوستی قلبی دوستی ہے تو کھل کر بات بتا' تاکہ اس کا حل سوچیں' اللہ سے مانگیں۔ آخر کار وہ گویا ہوا' میری ریٹائرمنٹ جوں جوں قریب آ رہی ہے۔ میری پریشانی بڑھ رہی کہ بچے زیر تعلیم ہیں ان کی شادی بیاہ کا معاملہ کرنا ہے۔ نوکری کے بعد یہ کیسے چلے گا؟ باباجی نے پوچھا اور کچھ کہنا ہے؟ اس نے کہا بس یہی بات ہے۔ آپ نے فرمایا اچھا اس موضوع پر سوچتے اور اللہ سے مانگتے ہیں۔ کل اس موضوع پر بات کریں گے۔ اگلے دن شام کو دونوں جمع ہوئے تو فرمایا: پہلے تو تو اللہ پاک پر مکمل بھروسہ رکھ اس پر چھوڑ دے اور بے فکر ہو جا اپنی پریشانی اللہ کو دے دے۔ جب تو اس گھٹن سے آزاد ہو جائے گا تو تیری صحت سنبھل جائے گی۔ پھر تو باعزت ریٹائر ہو کر میرے پاس آ جانا میں تجھے دوستوں' عزیزوں اور رشتہ داروں کے پتے دوں گا۔ خوب سیر کرنا جتنا چاہے وقت لگانا' گھر کا خرچہ دے کر جانا اور باقی سب پیسہ خرچ کر کے میرے پاس آ جانا۔ وہ شیر کا بچہ لاہور' شملہ' میرٹھ' دہلی' کلکتہ وغیرہ کی سیر کر کے سوا سال بعد لوٹا' میاں بیوی دونوں ہمسفر تھے۔ آ کر داداجی سے ملے' حال چال سنایا۔ انہوں نے تو پوری زندگی میں ایسی سیر و تفریح میزبانی کا سوچا کیا خواب بھی نہیں دیکھا تھا۔ بے شمار تحفے' تحائف اور جہیز بری کا بہت سارا سامان بھی ساتھ لائے تھے۔ قصہ مختصر کہ انہوں نے بہت شکریہ ادا کیا اور دوست نے پوچھا؟ حکیم صاحب اب میں کیا کروں؟ فرمایا: ایک دستہ کاغذ' ایک فٹا' دو قلم دوات لے کر اپنے محکمہ انہار کے دفتر کے پلاٹ میں جا بیٹھ' اس اللہ کے بندے نے ایسا ہی کیا۔ شام کو ملنے کیلئے آیا تو باباجی سے کہا مجھے بجہ مارو (منہ پر ہاتھ کھول کر رگڑو) عرف عام میں مجھے لعنت دو۔ اس نے اصرار کیا باباجی نے اس کو بڑی منت سے سمجھایا کہ یہ اچھی بات نہیں ہے۔ اللہ رب العزت نے اس سے منع فرمایا ہے۔ تو کام کی بات کر۔ کہنے لگا: آج پہلے دن میں ہی میں آدھے مہینے کی تنخواہ کما لایا ہوں۔ اس پر شادی مرگ کی کیفیت طاری تھی' الفاظ منہ سے نہ نکلتے تھے ہاتھ جوڑ کر کبھی آسمان کی طرف کرتا اور کبھی باباجی کی طرف۔

ہچکی فوری بند: ہچکی کو روکنے کیلئے اجوائن دیسی کو آگ پر ڈال کر اگر اس کا دھواں کسی نلکی کے ذریعے ناک میں لیا جائے تو ہچکی فوراً بند ہوجاتی ہے۔

15لاکھ سے صحیح نہ ہونے والا مرض ایک چٹکی سے ختم

میرے پاس تقریباً 15 لاکھ روپے نقد تھے' میری اپنی ورک شاپ تھی' میری زندگی شاہانہ گزر رہی تھی' مگر جب میں یاروکھوسہ آیا تو اس وقت میرا وجود بہت بھاری تھا' پھر مجھے یہ صفراوی دست لگے دولت لٹادی مگر افاقہ کہیں سے بھی نہ ہوا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! خیریت موجود ہے' عافیت مطلوب ہے' خلاصہ احوال یوں ہے کہ ''مجھے شفاء کیسے ملی'' صفحہ نمبر 262 درج ذیل نسخہ بچوں کی چونڈی'' اس کے تمام اجزاء سوائے الائچی سبز کے میں نے یہی دوا دو چمچ ایک آدمی جس کو ہم چوہدری صاحب کہتے ہیں' اس کو دی۔ صرف پانچویں چٹکی سے اسے 3 سال سے لگے صفراوی دست رک گئے۔ علاوہ ازیں صفراوی دستوں کے علاوہ اس کے جسم سے نہایت گندی بدبو آتی تھیں' وہ بھی ختم ہوگئی۔ اس نے مجھے دعائیں دیں' مگر میں نے اسے کہا کہ اصل دعاؤں کے مستحق میرے مرشد میرے استاد میرے محسن جناب حکیم طارق محمود چغتائی مجذوبی صاحب ہیں جن کی کتاب ''مجھے شفاء کیسے ملی'' میں نے اسے دکھائی' اس نے کتاب کو آنکھوں پر رکھا چوما۔ وہ کہتا ہے کہ میرے پاس تقریباً 15 لاکھ روپے نقد تھے' میری اپنی ورک شاپ تھی' میری زندگی شاہانہ گزر رہی تھی' مگر جب میں یاروکھوسہ آیا تو اس وقت میرا وجود بہت بھاری تھا' پھر مجھے یہ صفراوی دست لگے دولت لٹادی مگر افاقہ کہیں سے بھی نہ ہوا۔

نسخہ یہ ہے:۔ ھوالشافی: زیرہ سفید 10 گرام، سونف 20 گرام، دانہ الائچی سبز 3 گرام، مصری کوزہ 10 گرام، **خوراک:** 2 رتی۔ ترکیب تمام چیزیں لیکر بالکل باریک سفوف بنائیں تاکہ بچہ کے منہ میں گھل جائے۔ (ii) تونسہ روڈ پل قمبر سے ایک شخص آیا' اس نے مجھے بتایا کہ میرے جسم میں خشک خارش ہے اور یہ خارش مجھے کافی عرصہ سے ہے۔ میں نے اسے خارشی کیپسول دیے وہ دوائی لے کر چلا گیا' کافی عرصہ کے بعد وہاں سے ایک آدمی میرے مطب پر آیا اور کہا کہ تم نے میرے ابو کو خارشی کیپسول دیے تھے' صرف دس دن میں پورے جسم سے خارش ختم ہوگئی۔ یہ ٹوٹکہ بھی میں نے آپ کی لاجواب تالیف ''مجھے شفاء کیسے ملی'' صفحہ نمبر 212 سے لیا۔

نسخہ خارشی کیپسول: اسوں 2 تولہ، مغز نمولیاں 2 تولہ، مرچ سیاہ 2 تولہ، سب کو باریک کرکے بڑے کیپسول بھر لیں۔ 2 کیپسول ہمراہ پانی صبح وشام کو دیں۔ اس نے خوشی میں میرے انکار کے باوجود مجھے 2000 روپے نقد دیے اور کپڑوں کا ایک جوڑا بھی دیا۔ ایک دن عبقری کی سابقہ فائلیں دیکھ رہا تھا کہ اچانک ایک مضمون پر نگاہ پڑی' اسے پڑھا' اس کا عنوان تھا کہ استغفار سے اولاد پائیں۔ بس میں نے اپنا معمول بنالیا' دن میں کم از کم 1000 مرتبہ پڑھا۔ میں نے اٹھتے بیٹھتے پڑھنا شروع کردیا' اچانک ایک دن میں نے گھر میں ایک عجیب منظر دیکھا وہ یہ کہ میری زوجہ کو متلی اور قے آنا شروع ہوگئی پھر میں نے اپنی والدہ کو بتایا کہ آپ میری بیوی کو نہ بتائیں خود اندازہ کریں پھر میری والدہ نے میری بیوی کو دیکھا اور مجھے کہا کہ بتانا کسی کو نہیں جب دو ماہ ہوجائیں تو پیشاب ٹیسٹ کروانا جب دو ماہ ہوئے تو میں نے اپنی بیوی سے کہا کہ پیشاب اس ڈبی میں بھر دو۔ میں ڈاکٹر سے چیک کرواتا ہوں' جب ڈاکٹر نے مجھے اطلاع دی کہ حمل ٹھہر چکا ہے تو میں نے اسی وقت اللہ تعالیٰ کا شکر بجالایا اور سجدہ شکر ادا کیا۔ اس لئے میری تمام عبقری کے قارئین سے گزارش ہے کہ عبقری کی گزشتہ فائلیں خریدیں' ان میں خزانے موجود ہیں اور انہیں پڑھتے رہا کریں۔ ماہنامہ عبقری کی فائلیں اس وقت میرے پاس موجود ہیں اور ماہنامہ عبقری کے شمارے میرے گھر میں پڑے ہوئے ہیں جیسے حضرت حکیم صاحب اپنے دل کے راز ظاہر کرتے ہیں ایسے میرے پاس ماہنامہ عبقری سے آزمائے بے شمار نسخے' ٹوٹکے' ذہن میں ہوتے ہیں میں لوگوں کو بتاتا ہوں' لوگ میری بہت قدر کرتے ہیں اور بعض کسی سواری مثلاً رکشہ' ویگن' ہائی پاور گاڑی ہو یا بس میں کسی جگہ بھی ہوں عبقری کے راز لوگوں کو بتانا شروع کردیتا ہوں۔ بعض اوقات مجھے لوگ کہتے ہیں کہ آپ کے ہاتھ میں شفاء ہے اور میں انہیں کہتا ہوں کہ میں رابطہ ہوں' راستہ ہوں' ذریعہ ہوں' سبب ہوں' شافی صرف خدا تعالیٰ کی ذات ہے اور میرے دل کے اندر سے دعائیں ابھرتی ہیں' یہ دعائیں میں حکیم صاحب دامت برکاتہم کو دیتا ہوں کیونکہ آپ نے اپنے راز ہم قارئین سے نہیں چھپائے تو ہم کیوں چھپائیں۔ (محمد بلال یاروکھوسہ' ڈیرہ غازیخان)

20 سے 25 دن میں بواسیر کا یقینی خاتمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو اپنے علم میں سے مزید علم عطا فرمائے۔ اپنے نور میں سے مزید نور عطا فرمائے اور اپنی طاقت میں سے مزید طاقت عطا فرمائے۔ ایک بہترین نسخہ خونی و بادی بواسیر کیلئے عرض ہے۔ **ھوالشافی:** کرنجوہ لے کر اس کی گلی نکال لیں اور ان کو پیس لیں اور درمیانے کیپسول بھرلیں اور مریض کو دو کیپسول رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ دیں۔ رات کو روٹی کم کھائیں اور خالی پیٹ ہونے تک استعمال کریں۔ صبح دو چمچ اسپغول کا چھلکا' دو چمچ چینی اور ایک گلاس پانی میں شربت بنا کر پی لیں۔ دو دن دو دو کیپسول اور اس کے بعد ایک ایک کھانا ہے۔ بیس تا پچیس دن کے اندر بواسیر خونی وبادی کا انشاء اللہ مکمل خاتمہ ہوجاتا ہے۔

شوگر کنٹرول میں رکھنے کا بہترین نسخہ: ایک پاؤ کوڑتمہ (تازہ) اس کو لیکر کاٹ لیں اور جوسر میں بلینڈ کرلیں۔ ان کو دیگچی میں ڈال دیں اور ایک پاؤ کچے چنے پوری رات پانی میں رکھ دیں اور ان کے اندر میٹھا سوڈا آدھا چمچ ڈال دیں اور صبح ہلا کر پانی نیچے ڈال دیں اور چنوں کو کپڑے میں اچھی طرح خشک کرلیں اور پھر ان کو کوڑتمہ والی دیگچی میں ڈال دیں اور ان کو ہلکی آنچ پر پکائیں اور چمچ ساتھ ہلاتے رہیں جب کوڑتمہ کا پانی مکمل خشک ہوجائے (تقریباً دو گھنٹے لگتے ہیں) تو چنے نکال لیں ان کو چھاؤں میں خشک کریں۔ جس کی شوگر 200 پر ہو چار چنے ناشتہ کے بعد اور چار چنے سوتے وقت کھائیں۔ جیسے شوگر کم ہوتی جائے چنے کم کرتے جائیں اور ایک چنا صبح شام چار، پانچ ماہ تک کھاتا رہے۔ یہ نسخہ شیخ حافظ عبداللہ (میرے دادا) مرحوم کا ہے۔ (طاہر عبداللہ' ڈیرہ اسماعیل خان)

ارے یہ تو جادو ہے! پر لوگ یقین نہیں کرتے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بتانا چاہتی ہوں کہ میں نے ماہنامہ عبقری سے بہت کچھ پایا اور عبقری قارئین کو کچھ دینا بھی چاہتی ہوں۔ میں اور میری بھابی نے جب عبقری میں معدے اور گیس کیلئے ''سفید پاؤڈر'' کے نام سے دوائی پڑھی تو ہم نے آزمانے کیلئے بنالی اور جب استعمال کی تو دنگ رہ گئی ''ارے یہ تو جادو ہے'' چٹکیوں میں تیزابیت' گیس' درد اور الٹی سے آرام مل جاتا ہے۔ میری تین سال کی بھتیجی ہے وہ الم غلم کھاتی ہے اور جب معدے پر بوجھ بنتا ہے تو کہتی ہے مجھے چٹکی پھکی دے دو میرا معدہ خراب ہوگیا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ جس کو بھی بتایا ان لوگوں نے سو باتیں کیں کہ اس سوڈے سے تو اندر کا نظام گل جائے گا سوڈا تو سفید چنے وغیرہ گلا سکتا ہے تو معدہ بھی گل سکتا ہے وغیرہ وغیرہ اب ہم لوگوں کو دوائی تو دیتے ہیں مگر نسخہ نہیں بتاتے کیونکہ وہ آگے سے نخرے کرتے ہیں حالانکہ اس سے سب کو فائدہ ہورہا ہے۔ **ھوالشافی:** چینی ایک پاؤ' سفید میٹھا سوڈا 50 گرام' ست پودینہ ایک تولہ باریک پیس کر اچھی طرح ملالیں۔ **منہ کے چھالے ٹھیک:** اس کے علاوہ معدے میں تیزابیت اور معدہ گرم ہوگیا ہو جس کی وجہ سے منہ میں چھالے ہوگئے ہوں تو آٹے کی چھان کو ایک چمچ پانی کے ساتھ کھالیں اور دو تین گھنٹوں بعد بھی لیتے رہیں تو یقین کریں منہ کے چھالے وغیرہ ایسے ٹھیک ہوتے ہیں جیسے کبھی تھے ہی نہیں۔ یہ آزمودہ ہے۔ (سعیہ کرن' اٹک)

23

بارش کا پانی صحت کا جانی

(قسط نمبر 5)

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

ماہرین کے مسلسل تجربات کے بعد عالمی سطح پر ایک بات سامنے آرہی ہے کہ آئندہ جنگ پانی کی جنگ ہوگی۔ یعنی مخلوق خدا عالمی سطح پر پانی کیلئے جنگ لڑے گی کیونکہ زیرزمین پانی آہستہ آہستہ ختم ہورہا' کیمیکل اور آلودگی کی وجہ سے آئندہ زیرزمین پانی بہت خطرناک ہوجائے گا ناقابل استعمال' کڑوا تو ہو ہی گیا ہے۔ میٹھے پانی کے ذخائر ختم ہورہے ہیں اور بہت کم ہوگئے ہیں سمندری آلودگی بڑھ رہی ہے اور پوری دنیا اس وقت آلودگی کے خلاف ایک پوری جنگ میں ہے اور دو چیزوں کے تحفظ کا احساس حد سے زیادہ بڑھ گیا ایک جانوروں کا تحفظ کہ جنگلی جانور جنگل کا حسن ہیں اور ایک زیرزمین پانی' دریاؤں، سمندروں اور نہروں کے پانی کی حفاظت کا احساس بہت بڑھ گیا ہے۔ اب آخری سہارا صرف آسمانی پانی ہے جو کہ ہماری زندگی کا ایک بہترین سرمایہ ہے ہم اس سرمایہ کی کیسے حفاظت کریں؟ مجھے گزشتہ چند ہفتوں سے مسلسل دعاؤں کیلئے پیغام مل رہے ہیں کہ گندم کی فصل بارش کا پانی مانگتی ہے اور اگر بارش کا پانی نہیں ملا تو فصل بہت متاثر ہوگی اور ہمارے ملک کی غذائی ضروریات میں بحران پیدا ہوگا' نہ صرف گندم کی فصل بلکہ اور فصلیں بھی بارش کا پانی مانگتی ہیں اور بارش کے پانی کیلئے ہمیں سبزہ کو برقرار رکھنا ہوگا۔ یہ بات تو واضح ہوگئی کہ ہماری زندگی کے بحرانوں میں بارش کا پانی آخری نشانی اور امید ہے لیکن جسمانی ضروریات اور روحانی ضروریات کیلئے بارش کا پانی ایک آخری صحت اور تندرستی کی امید ہے۔ میں بارش کے پانی کو مزید صحت مند اور تندرست بنانے کیلئے ایک روحانی عمل اور ایک جسمانی ٹوٹکہ آج میں آپ کو بتاتا ہوں۔ درج ذیل روحانی عمل اس سے پہلے بھی عبقری میں شائع ہوچکا اور بلامبالغہ ہزاروں' لاکھوں قارئین نے اسے آزمایا لاعلاج سے لاعلاج بیماری' لاعلاج سے لاعلاج جادو' بندش' نظربد اور ایسی حیرت انگیز تکالیف جہاں بڑے سے بڑے معالج مایوس ہوچکے تھے محض اللہ کے فضل و کرم سے اس بارش کے پانی کی وجہ سے اور اس روحانی عمل کی برکت سے صحت و تندرستی کے انوکھے راز ملے۔ بے شمار لوگوں نے غسل صحت کیا' تندرستی پائی' توانائی پائی اور صحت پائی۔ بارش کا پانی ایک بوتل اول و آخر ستر ستر مرتبہ درود ابراہیمی پھر ستر بار سورۃ فاتحہ مع تسمیہ اور ستر بار آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اور ستر بار آیۃ الکرسی مع تسمیہ اور ستر ستر بار چاروں قل مع تسمیہ یعنی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہر دفعہ ساتھ ہو۔ بس یہ ایک دفعہ دم کرنا ہے آپ چاہیں تو اس پانی پر بار بار بھی یہی عمل دم کرتے رہیں تاثیر طاقت اور اس کے اندر کی توانائی بڑھتی چلی جائے گی۔ اب اس پانی کو ہمیشہ بڑھاتے جائیں۔ کھانے، پینے، پکانے کسی بھی شکل میں اس پانی کو مستقل حتیٰ کہ آٹا گوندھنے میں بھی استعمال کریں۔ بہت کمال کی چیز ہے' صحت مند چیز ہے' اس کے رزلٹ حیرت انگیز ہیں' اس کے فائدے واقعات' مشاہدات' تجربات اور انمول راز اگر میں لکھنا شروع کردوں تو گمان اور خیال سے بالاتر ہوگا۔ ایک جسمانی عمل بتاتا ہوں:۔ اگر سردی ہو تو ہلکا نیم گرم اگر گرمی ہو تو بالکل ہلکا ٹھنڈا (زیادہ ٹھنڈا ہرگز نہ ہو) بارش کا پانی لے کر اس میں ایک سے تین بڑے چمچ حسب طبیعت شہد ملائیں' گھول کر نہار منہ نوش جاں کریں۔ صبح نہار منہ اور عصر کے بعد چند ہفتے، چند مہینے' اب اس کے فائدے سنیے:۔ دل کی بیماریوں یا جن کو دل کا دورہ پڑچکا ہو یا دل کے دورے کا خطرہ ہو' ڈیپریشن کا آخری علاج' ٹینشن کا بہترین ٹوٹکہ' ایسے لوگ جو نشے کی دوائیاں کھا کھا کر تھک گئے ہوں اور ٹینشن نہ جارہی ہو ان کیلئے یہ ٹوٹکہ بہت فائدہ مند ثابت ہوگا۔ معدے کی بیماری ہو' تیزابیت ہو' گیس تبخیر ہو یا غیرضروری چربی' کولیسٹرول اور ہاں!!! بلڈپریشر کو تو ایسے پہنچتا ہے جیسے کوئی تیر کمان سے نکل کر یا گولی رائفل سے نکل کر' آپ تندرست رہنا چاہتے ہیں' حسن برقرار رکھنا چاہتے ہیں' صحت برقرار رکھنا چاہتے ہیں۔ طبیعت کو ہشاش بشاش رکھنا چاہتے ہیں' صحت' طبیعت اور تندرستی آپ کی ہمیشہ ساتھ رہے۔ جسم آپ کا صحت مند رہے حتیٰ کہ لاعلاج بیماریاں آپ کو نہ چھوئیں بس! یہ پانی صبح اور عصر کے بعد کچھ عرصہ یا زندگی بھر کا معمول بنالیں۔ آپ اپنی اولاد کو صحت مند رکھنا چاہتے ہیں ان کی عینک اتار کر انہیں خوبصورت بنا کر ان کو عقل مند بنانا چاہتے ہیں' ان کی یادداشت لازوال' ان کا جسم بہترین اور مضبوط تو بس دیر کیسی؟ بارش کا پانی اور شہد آپ کا انتظار کررہا ہے' حاملہ عورت ہے' کبھی ڈیلیوری میں آپریشن نہ ہو اور بچہ ہمیشہ تندرست گول مٹول اور خوبصورت' آپ کو کوئی بھی بیماری ہے میں نے آپ کو دو آسمانی شفائیں بتائی ہیں' شہد بھی آسمانی شفاء ہے اور جنت کی سوغات ہے اور قرآنی شفاء ہے اور بارش بھی آسمانی شفاء ہے اور اللہ کی خاص رحمت کا ایک حصہ ہے جب آپ ان دونوں کو ملائیں گے پھر آپ چاہیں جس بیماری' جس تکلیف میں اس کو استعمال کریں۔ بس چند دن' چند ہفتے استعمال کریں چند ہی دنوں میں اس کا بہترین رزلٹ ملے گا اور بہترین کمال۔ یہ شہد اور بارش کا پانی آپ کی صحت کو جتنا بہتر بنا سکتا ہے آپ گمان نہیں کرسکتے اور صحت مند زندگی کیلئے آپ خود بھی اور اپنی نسلوں کو بھی اس بارش کے ٹانک سے روشناس کرائیں مجھے تو ایسے ایسے لاعلاج مریض ملے جن کو میں نے یہ استعمال کروایا تھا اور انہیں اتنا جلدی اور بہترین فائدہ ہوا کہ خود میں بھی حیران رہ گیا حتیٰ کہ وہ لوگ تمام علاج معالجے سے تھک گئے تھے مایوس ہوگئے تھے اور ہار گئے تھے لیکن صحت ان کے قریب نہیں آئی' تندرستی ان سے ہمیشہ دور رہی اور وہ تھکے ہارے زندگی کے اسی سفر میں چل رہے تھے۔ بس انہیں یہی شہد اور بارش کے پانی کا مرکب استعمال کرایا' ایسے تندرست ہوئے کہ دوسروں کو بتاتے پھرتے ہیں' کئی ڈاکٹر' کئی پیر' کئی معالج اور کئی حکیم حتیٰ کہ علاقوں کے بعض سیانے اور سمجھدار بندے جب ان تک یہ ٹوٹکہ پہنچا تو انہوں نے اسے مسلسل لوگوں کو بتایا اس کا فائدہ پانے والوں کی تعداد بڑھتی چلی گئی اور رزلٹ بہتر سے بہترین ہوتے چلے گئے۔ آیئے ہم بھی اس روحانی تحفے کو قدردانی سے لیں۔ **قارئین! آپ نے بارش کا پانی کسی بھی مقصد کیلئے آزمایا ہو اپنے تجربات مشاہدات ابھی لکھیں اور عبقری کو بھیجیں۔**

(بقیہ: شیخ الوظائف کے درس نہ سنتی تو کب کی خودکشی کرچکی ہوتی)

بس بات منہ سے نکلتی وہ پوری کردیتا' کھانا' کپڑے' برتن' بچوں کی سکول کی فیس جمع کروانا' وہ ایسے خیال رکھنے لگا کہ ہم بھول گئے کہ ہمارا رشتہ کیا ہے؟ نجانے کب میں ایسے گناہ میں مبتلا ہوگئی کہ اس سے بہتر تھا میں زمین میں زندہ گاڑ دی جاتی۔ مگر جب خیال آیا بہت، بہت دیر ہوچکی تھی' میں کئی ماہ اس گندگی میں مبتلا رہی۔ ایک مرتبہ میری ہمسائی آئی اس نے باتوں باتوں میں آپ کے بارے بتایا اور آپ کے تمام درس میرے موبائل میں "شیئر اٹ" کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کردیے۔ میں جوں جوں درس سنتی گئی میرا اندر بدلتا گیا۔ الحمدللہ اب اس گناہ والی زندگی کو چھوڑ چکی ہوں اور اس پر استقامت کی وجہ بھی آپ کے درس ہی ہیں۔ میں اس کریم رب کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتی ہوں جس نے میرے اس عظیم گناہ کو ظاہر نہ کیا اور ہمیشہ میرا پردہ رکھا۔ توبہ کے بعد بھی وہ شخص مجھے فون کرتا رہا' اللہ کی طرف سے کچھ عرصہ بعد اس پر کچھ حالات آئے تو اس نے یہ شہر ہی چھوڑ دیا' مزید اس سے چھٹکارے کیلئے میں نے اپنا نمبر تبدیل کرلیا ہے۔ اب الحمدللہ اس کے فون نہیں آتے اور میں بھی پرسکون رہتی ہوں۔ خدا کا شکر ہے کہ آپ کے درس مجھے ملے اور میں بچ گئی۔ آپ نے درس میں ہاتھ روم دھونے والا عمل بتایا تھا' میں اپنے ہاتھوں سے باتھ روم دھوتی ہوں' میں جب بھی باتھ روم جاتی ہوں باتھ روم والی دعا لازمی پڑھتی ہوں۔ نماز' ذکر' تسبیح مل گئی ہے۔ ہر وقت درود شریف پڑھتی ہوں' استغفار پڑھتی ہوں۔ کاش! میرا شوہر مجھ پر توجہ دیتا تو میں نہ بھٹکتی' کئی بار شوہر کو احساس دلایا کہ گھر پر توجہ دو' مجھ پر توجہ دو' بچوں پر توجہ دو' جب گھر سے توجہ نہیں ملتی اور دین سے بھی دوری ہو تو انسان باہر توجہ تلاش کرتا ہے۔ الحمدللہ! آپ کے درس کی برکت سے میں غلاظت بھری زندگی سے نکل آئی۔ (فقط: انتہائی گنہگار)

نوٹ: نام اور مقام کی اتفاقاً مماثلت ہوسکتی ہے۔

میں بہت خوش ہوں؟: ہم خودخوشی کا احساس کرنے کی بجائے دوسروں کواس بات کا یقین دلانے کی زیادہ کوشش کرتے ہیں کہ ہم بہت خوش ہیں۔(کینفوشش)

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج

جوابی لفافہ ضرور بھیجیں، مکمل پتہ لکھا ہوا۔ جواب میں جلدی نہ کریں۔

خودکوبدل لیا: میٹرک میں ایک لڑکا مجھے پڑھانے آتا تھا، اس وقت وہ بی ایس سی کر رہا تھا، پھر اس نے جاب کرلی، میں مسلسل پڑھتی رہی، اب میں اور وہ یونیورسٹی میں ساتھ ہیں، ہمارے درمیان دوستی ہوگئی، میں نے اس کی خاطر خود کو اس قدر بدل لیا کہ مجھے خود اپنے اوپر بھی حیرانی ہوتی ہے، اس نے کہا تم نقاب کرو، میں نے پورا پردا کیا، کسی لڑکے اور لڑکی تک سے بات کرنے پر پابندی لگائی، میں نے یہ بھی کیا۔ اب وہ کہتا ہے گھر والوں کی بات بھی نہ مانو، میں اس سے پڑھ چکی ہوں، وہ پہلے ایسا نہیں تھا، اسی لئے تو قریب ہوئی تھی، اب اس قدر ذہنی پریشان ہوں کہ ایم ایس سی کی ڈگری کا حصول مشکل لگتا ہے۔(ج۔ز،جھنگ)

مشورہ: اس تجربے سے سبق لیں کہ کسی نامحرم لڑکے کے قریب ہونے سے زندگی کس قدر اذیت ناک بن جاتی ہے، ابھی وقت ہے اس سے فاصلہ اختیار کرلیں۔خیال رہے کہ لہجے میں ناراضی یا طنز نہ ہو۔اسلامی تعلیمات کا مطالعہ کیجئے آپ کے سب مسائل حل ہوجائیں گے۔رہی بات دوستی کی تو دوستی میں آزادی بنیادی حیثیت رکھتی ہے، ایسی دوستی زیادہ پائیدار ہوتی ہے جس میں ایک دوسرے کا تجسس نہیں ہوتا، عام طور پر غیر ضروری اور صرف اپنی پسند ناپسند کے مطابق پابندی لگانے والے ناقابل برداشت ہوجاتے ہیں، نقاب کرتیں تو اپنی مرضی اور ذہن کی آمادگی سے احکام خداوندی کے تحت تاکہ آپ کے دل سکون ملے اور حفاظت کا احساس بڑھے۔اب وہ گھر والوں کے حوالے سے پابندیاں لگا رہا ہے، یہاں اس کو روک دیں۔

ماں سے کچھ نہ چھپانا: دل ہی دل میں اپنے ایک کزن کو پسند کرتی رہی، مجھے اندازہ تھا کہ وہ کبھی میرے بارے میں بات کرے گا، حال ہی میں وہ امریکہ چلا گیا، اس کے جانے کے بعد میں بے حد اداس ہوگئی حالانکہ میری اس سے بات نہیں ہوتی تھی، بھابھی نے میری حالت دیکھی تو بتایا کہ اس نے میرا ذکر کیا تھا، انہوں نے یہ سوچ کر خاموشی اختیار کرلی کہ میں برا نہ مان جاؤں۔ مجھے یہ بھی ڈر ہے کہ وہ امی سے یہ ذکر کسی غلط انداز میں نہ کردیں۔(غ۔اسلام آباد)

مشورہ: ماں سے کوئی بات نہیں چھپانا چاہئے، آپ خود ذکر کریں اور ان کو ساری بات بتایئے، لڑکا اچھا ہوا تو والدہ بھی اس معاملے کو بہتر انداز میں طے کریں گی، جب غلطی نہیں کی تو اس حوالے سے خود کو پریشان کن خیالات کی یلغار سے محفوظ رکھنے میں کامیاب ہوجائیں گی۔

دوا کا الٹا اثر: میں بے حد حساس ہوں' ذرا سی بات پر گھنٹوں بلکہ مہینوں تک سوچتی رہتی ہوں' بات اچھی ہو یا بری' جم کر رہ جاتی ہے۔ میری ایک دوست نفسیاتی علاج کرواتی ہے تنگ آکر اس کی دوا کھانی شروع کردی تو الٹا اثر ہوا' گھبراہٹ بڑھ گئی' ٹھنڈے پسینے آنے لگے' میرے اس مسئلے کو گھر والے اہمیت نہیں دیتے۔(ش۔کراچی)

مشورہ: آئندہ کسی دوسرے کی دوا کھا کر خود کو خطرے میں نہ ڈالیں کیونکہ منفی اثرات شدید بھی ہوسکتے ہیں۔خوف، غصہ، پریشانی، خیالات کا دباؤ، اذیت کا احساس، پچھتاوے یہ سب انسان کا سکون چھین کر مسلسل دینے والی تکلیف میں مبتلا رکھتے ہیں جبکہ اچھے خیالات اور جذبات پریشانی کا سبب نہیں ہوتے۔ جیسے ہی کوئی منفی خیال دماغ میں آئے اسے ٹھہرنے نہ دیں اس کی جگہ متبادل اچھی بات سوچیں۔

احساس کمتری کا شکار: میرے تایا کے بیٹے ملک سے باہر ہیں' میری والدہ ہر وقت میرا ان سے مقابلہ کرتی رہتی ہیں' مجھے معلوم ہے کہ والد کے پاس اتنی رقم نہیں وہ تو ہمیں میٹرک سے آگے تعلیم نہیں دلوا سکے' بڑی مشکل سے ہم بہن بھائیوں نے پڑھا ہے۔ جب کوئی باہر سے آتا ہے تو میرا دل نہیں چاہتا کہ اس سے ملنے جاؤں' سوچتا ہوں احساس کمتری کا شکار ہوجاؤں گا۔(کامران' اوکاڑہ)

مشورہ: اکثر والدین اپنے بچوں کا مقابلہ رشتے داروں یا پڑوسیوں کے بچوں سے کرتے ہیں حالانکہ ایسا کرنا کبھی بھی فائدہ نہیں دیتا۔ اس طرح بچوں میں مایوسی پیدا ہوتی ہے' آپ لوگوں سے ملنا نہ چھوڑیں' اپنے حوالے سے مشورے کیا کریں' والدہ کو بھی سمجھائیں کہ آپ لوگ ان سے دور ہوں گے تو وہ زیادہ فکر مند ہوں گی۔ اچھی زندگی گزارنے کیلئے ضروری نہیں کہ انسان ہر حال میں ملک سے باہر چلا جائے' باہر جا کر بھی وہی لوگ زیادہ کامیاب ہوتے ہیں جو اپنے ملک میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرچکے ہوں یا کسی ہنر کے ماہر ہوں۔ جو لوگ مشکلات برداشت کرتے ہوئے کامیابی کے راستے پر چلتے ہیں انہیں خود پر فخر کرنا چاہیے۔

امتحان میں بیمار: تین سال ہوگئے ہیں ہر بار امتحان میں بیمار ہوجاتا ہوں ایک ہفتہ پہلے ہی پیٹ کی تکلیف شروع ہوجاتی ہے' علاج کروایا' ادویات لیں' لیکن ٹھیک نہیں ہوا۔ جیسے ہی امتحان ختم ہوئے طبیعت صحیح ہونا شروع ہوجاتی ہے گھر میں کوئی یہ بات کرتا ہے تو میں نہیں مانتا لیکن اکیلے میں بیٹھ کر سوچتا ہوں' تب خیال آتا ہے کہ واقعی ایسا ہے' یہ بتاتا چلوں کہ میں بہانا نہیں بناتا۔(کاشف' لاہور)

مشورہ: بعض بچے اور نوجوان لڑکے لڑکیاں امتحان کے خوف کے باعث اس قدر فکرمند اور تناؤ کا شکار ہوجاتے ہیں کہ بیمار پڑ جاتے ہیں۔ دراصل ان کو امتحان کا خوف ہوتا ہے اور اس سے بچنے کیلئے ان کا دماغ بیماری کا لاشعوری حربہ استعمال کرنے میں کامیاب ہوجاتا ہے۔ آپ کی بیماری کی وجہ بھی ذہنی خوف اور تشویش ہے۔ اس قسم کے خوف کی مختلف وجوہ ہیں مثلاً سال کے آغاز سے امتحان کی تیاری نہ کرنا' پڑھائی لکھائی میں دلچسپی نہ لینا لیکن والدین کے دباؤ میں پڑھنے کی ضرورت سمجھنا' بہترین گریڈ سے پاس ہونے میں ناکامی کا خیال آنا' اس خوف کو دور کرنے کیلئے سال کے آغاز سے پڑھائی کریں اور ہر ماہ ٹیسٹ دیں۔ اس ٹیسٹ کو اتنا اہم بنائیں جتنا کہ سالانہ امتحان ہوتا ہے۔

دل سے مجبور ہوں: مجھ سے گھر کا کھانا بالکل نہیں کھایا جاتا' لگتا ہے صفائی سے نہیں بنایا' امی کے ہاتھ کا پکا کھانا کھالیتا ہوں' وہ عمرے پر گئیں تو بھابھی نے کھانا پکانے کی ذمہ داری سنبھالی اور میں نے ہوٹل کا رخ کیا۔ بھائی ناراض بھی ہوئے لیکن میں اپنے دل سے مجبور ہوں' لگتا ہے گھر میں کھانا کھانے پر یہ لوگ مجھے مجبور کرتے ہیں' میں کسی کو کچھ نہیں کہتا' اندر ہی اندر پریشان رہتا ہوں' اپنی امی کی بھی فکر ہے' انہیں کچھ نہ ہو جائے۔ بار بار فون کرتا رہتا ہوں' یونیورسٹی جانے کو بھی دل نہیں چاہتا' پڑھائی کا نقصان ہو رہا ہے۔(شہریار' کوئٹہ)

مشورہ: حقیقت یہ ہے کہ صحت کیلئے گھر کا بنا ہوا کھانا زیادہ اچھا ہوتا ہے' باہر کا کھانا آپ کو اس لئے ٹھیک لگتا ہوگا کہ آپ نے اس کو بنتے ہوئے نہیں دیکھا۔ بہرحال یہ ساری باتیں اور مشکلات منفی خیالات کے سبب ہیں' بھائی کو آپ سے محبت ہے اسی لئے وہ چاہتے ہیں کہ آپ ہوٹل کے بجائے گھر کا کھانا کھایا کریں۔ ماں باپ کو بچوں سے اور بچوں کو ماں باپ سے شدید محبت ہوتی ہے' اس کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ کسی اہم وجہ سے دونوں کو ایک دوسرے سے دور ہونا پڑ جائے تو وہ زندگی معمول کے مطابق نہ گزار سکیں۔ آپ یونیورسٹی کے طالب علم ہیں' اپنے وقت کی اہمیت اور تقاضوں کو پہچانتے ہوئے پڑھنے کی طرف راغب رہیں' وقت زیادہ جلدی گزرتا محسوس ہوگا۔

کھانسی اور دمہ میں دارچینی کا کمال: کھانسی اور دمہ میں دارچینی کو ہم وزن شہد میں ملاکر چٹانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

جس نے جادو کیا اس پر پلٹتا خود دیکھیں

صبح جب میں اٹھا تو میں نے اپنی ساس کو کہا جس نے آپ پر جادو کیا تھا اور آپ کے منہ پر لقوہ ہوگیا تھا وہ جادو پلٹ گیا ہے اور دوسرے دن ایسا ہی ہوا جس نے جادو کروایا تھا اس کو لقوہ ہوگیا میری ساس بالکل ٹھیک ہوگئیں اور جادو پلٹ گیا۔

اور آخر کار جادو پلٹ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں روحانیت کا شوق رکھتا ہوں اور روحانیت میں آپ کا ایک ادنیٰ سا شاگرد ہوں۔آپ کا درس بہت شوق سے سنتا ہوں' آپ نے ایک مرتبہ اپنے درس میں ''ب س م'' کے نقش کا عمل بتایا تھا کہ اس عمل کے چالیس نقش لکھ کر نگل جانے ہیں۔ انتہائی لاجواب ہے۔ میں ہر روز تین نقش لکھتا تھا۔ایک کزن کیلئے' ایک اپنے لیے اور ایک اپنی ساس کیلئے۔ میرے پاس ایک کتاب تھی اس میں کچھ عملیات تھے جو میری سمجھ میں بالکل بھی نہ آتے تھے میں نے لاکھ سمجھنے کی کوشش کی مگر نہ سمجھ سکا۔جس دن میں نے پہلا نقش لکھا اور منہ میں رکھا' اچانک میری نظر اس کتاب پر پڑی' ورق گردانتے ہوئے وہی صفحہ میرے سامنے آگیا تو مجھے حیرت ہوئی کہ ساری باتیں جو اس میں لکھی تھیں مجھے سمجھ آنا شروع ہوگئیں' میرا ذہن کھل گیا' الحمدللہ۔ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد نقش لکھ کر چوستا پھر نگل جاتا۔ نقش نگل جانے کے بعد ایک رات خواب دیکھا کہ میں اپنے گھر میں ہوں اور میرے پاس کچھ رنگوں کے موتی ہیں تو اس کو غور سے دیکھتا ہوں تو اس میں خانہ کعبہ نظر آتا ہے' پھر دوسرا موتی اٹھاتا ہوں تو اس میں سے روضہ رسول ﷺ نظر آتا ہے۔ میں بہت خوش ہوتا ہوں۔ جب میرے نقش کے چالیس دن پورے ہوئے جو کہ میری ساس اور میرے کزن کے تھے' چالیس دن بعد میں نے خواب دیکھا کہ میں اپنے گاؤں میں ہوں بہت زیادہ بارش ہورہی ہے لوگوں کے گھروں میں پانی جاچکا ہے میں اپنے کزن کے ساتھ باہر کھیتوں میں جاتا ہوں تو وہ کہتا ہے کہ سامنے جو کمرہ نظر آرہا ہے وہاں نہیں جانا وہاں کچھ ہے' میں کہتا ہوں کہ دیکھتا ہوں مجھے کون کچھ کہتا ہے؟ میں خواب میں ہی یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ اونچی آواز میں پڑھتے ہوئے وہاں جاتا ہوں تو وہاں کچھ نہیں ہوتا' پھر جو بارش کا بہت زیادہ پانی ایک نہر کی شکل میں ایک سوراخ میں جانا شروع ہوجاتا ہے' میرا کزن اس میں گم ہوجاتا ہے' میں کہتا ہوں کہ اس سوراخ میں اتنا پانی کیسے چلا گیا جب میں دیکھتا ہوں تو وہاں لوہے کے بڑے بڑے راڈز اور تیز آرے جیسے گراریوں میں ایک بدصورت سا کالا شخص مرا پڑا ہوتا ہے۔صبح جب میں اٹھا تو میں نے اپنی ساس کو کہا جس نے آپ پر جادو کیا تھا اور آپ کا منہ پر لقوہ ہوگیا تھا وہ جادو پلٹ گیا ہے اور دوسرے دن ایسا ہی ہوا جس نے جادو کروایا تھا اس کو لقوہ ہوگیا میری ساس بالکل ٹھیک ہوگئیں اور جادو پلٹ گیا۔ **نقش لکھنے کا طریقہ درج ہے:**۔ ایک چھوٹا سا صفحہ کا ٹکڑا لیں اس پر تین لائنیں بنائیں اور ہر لائن میں دائیں سے بائیں 19 مرتبہ ''ب'' لکھیں۔ اس کے بعد دوسری لائن میں 19 مرتبہ ''س'' لکھیں۔ اس کے بعد تیسری لائن میں 19 مرتبہ ''م'' لکھیں۔ جب یہ تین لائنیں مکمل ہوجائیں تو ان تینوں لائنوں کے اوپر بڑا سا صرف ایک مرتبہ لفظ اللہ لکھ دیں۔ (س۔ز)

پانچ لیموں گھر میں لٹکائیں اور شریر جنات ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کے درجات بلندی فرمائے اور آپ کے روحانی مشن کو تا قیامت جاری و ساری رکھے۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ آپ جیسی روحانی ہستی کا سایہ ہم سب پر ہمیشہ قائم رکھے۔ آمین۔ جب سے ماہنامہ عبقری سے تعلق قائم ہوا ہے تب سے دل میں یہ خواہش تھی کہ حضرت حکیم صاحب سے اپنی خواہش ظاہر کروں' عبقری سے رشتہ جڑنے سے پہلے میں دوسرے میگزینز اور ڈائجسٹ کا عادی تھا' مگر ان رسائل اور ڈائجسٹوں سے مجھے کچھ حاصل نہ ہوسکا۔ مگر جیسے ہی ماہنامہ عبقری ملا اور اس نے ایسا غلبہ کیا کہ سب کو خیرباد کہنا پڑا اور اس ماہنامہ نے مجھے اتنا کچھ دیا کہ میں بیان نہیں کرسکتا۔ اب تو مجھے صاحب عبقری کے ساتھ بھی بہت زیادہ محبت ہوگئی ہے۔ میں سارا دن کانوں میں ہینڈفری لگا کر موبائل کے ذریعے آپ کے درس سنتا رہتا ہوں جس سے مجھے بہت زیادہ روحانی تسکین ہوتی ہے۔ ہروقت کچھ نہ کچھ پڑھ آپ کو ''جنات کا پیدائشی دوست'' علامہ لاہوتی صاحب' صحابی بابا اور تمام صالحین جنات اور موتی مسجد کے شاہی (باقی صفحہ نمبر 9 پر)

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

امراض معدہ' تبخیر کیلئے اکسیر حکمت

سونف' دھنیا' بڑی الائچی تینوں اشیاء ہم وزن اور مصری دو حصے پیس کر سفوف بنالیں اور کھانے کے بعد بقدر ایک چھوٹا چمچہ استعمال کریں۔ جملہ امراض معدہ اور تبخیر کیلئے اکسیر حکمت کی یہ چٹکی مخلوق کے افادہ عام کے لیے فی سبیل اللہ ہدیہ ہے۔ کوئی صاحب اسے ذریعہ معاش نہ بنائے۔

نکاح کی بندش کیلئے: نکاح کی بندش کیلئے حکیم صاحب کی کتاب ''سورۂ بقرہ کے عمل کے کرشمات'' کتاب (مطبوعہ ادارہ عبقری) لاجواب ہے' عمل: ہر اسلامی مہینے ابتدائی سات دن روزانہ سورۂ بقرہ مکمل پڑھیں۔ اس عمل کی برکت سے رشتہ بھی ہوجاتا ہے' شادی بھی ہوجاتی ہے اور اولاد بھی ہوجاتی ہے۔ میں نے بہت سوں کو بتایا اللہ نے سب کی بندشیں ختم کردی ہیں۔ اس کے علاوہ دعائے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ یَا بِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ اس لڑکی کو کہیں کہ کثرت سے پڑھے انشاءاللہ بہت جلد شادی ہوجاتی ہے۔

تکان دور کرنے کا آزمودہ ٹوٹکہ: جب زیادہ تھکاوٹ محسوس کریں تب صرف 20 منٹ کیلئے یہ درج ذیل عمل کریں' عمل کرنے میں بہت آسان ہے اور دماغ کی نسوں اور جسم کی شریانوں سے ہر قسم کی تھکاوٹ دور ہوجاتی ہے اور انسان سچ مچ پھول سا ہلکا پن محسوس کرتا ہے۔ عمل درج ذیل ہے:۔ ایک بالٹی میں تھوڑا تیز گرم پانی (جتنا آپ برداشت کرسکیں) لیں' اس میں تھوڑا نمک اور تھوڑا سا سرسوں کا تیل ڈال کر پاؤں پنڈلیوں تک ڈبو دیں' بیٹھے بیٹھے ہاتھوں سے کوئی اور کام بھی کرسکتے ہیں' جب آپ دیکھیں' محسوس کریں پورا نظام شریان نرم پڑ گیا ہے' پاؤں کے تلے سے ساری تکان باہر نکل جائے گی تو باہر نکال کر خشک کرکے جرابیں پہن لیں' اگر گرمیوں میں کریں تو کچھ دیر نارمل پوزیشن کے بعد پنکھے کی ہوا یا اے سی میں جائیں' ایسے میں گلٹیاں بھی نہیں رہیں گی۔ آزما کر دیکھ لیں۔

نفس مطیع: حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے کہ جو شخص سوتے وقت اپنے دونوں ہاتھوں کو سینے پر رکھ کر 490 مرتبہ اسم یَامُمِیۡتُ کو پڑھے اور یہ عمل 41 روز تک کرے' انشاء اللہ نفس مطیع ہوجائیگا۔

بچوں کا صفحہ

وزیراعظم کا قرآن پاک سے پیار اور ادب

دوسری گاڑی سے جب اے کے فضل الحق کلکتہ پہنچے' انہیں اس واقعے کا علم ہوا تو تقریر میں کہا: ہندو مجھے مار ڈالنا چاہتے ہیں وہ یاد رکھیں کہ میرے پاس قرآن ہر وقت رہتا ہے میرا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ جو ہندو اس ڈبے میں سوار تھے اور زخمی ہوگئے تھے

پیارے بچو یہ سچا واقعہ ہمارا پیارا ملک پاکستان بننے سے پہلے کا ہے۔ ایک دفعہ اے کے فضل الحق مرحوم جو کسی زمانہ میں مسلم لیگ کی وزارت بنگال کلکتہ میں وزیراعظم تھے' دہلی سے کلکتہ جانے کیلئے ٹرین کی فرسٹ کلاس میں سوار ہوئے اور ملازم سے پوچھا: ہمارا قرآن شریف بھی آگیا ہے؟''۔ ملازم نے کہا: ابھی پورا سامان ڈبے میں نہیں آیا قرآن جس بکس میں ہے وہ بھی نہیں آیا' ابھی لاتا ہوں۔ یہ سن کر وہ فوراً ڈبے سے باہر اتر گئے اور کہا: تمہیں ہم نے بارہا کہا ہے کہ قرآن کریم سب سے پہلے آنا چاہئے سامان اتارلو' ہم اس گاڑی سے نہیں جائیں گے دوسری گاڑی سے جائیں گے۔ چنانچہ سامان اتار لیا گیا۔ بعض ہندو جو اس ڈبے میں سوار تھے' اے کے فضل الحق کی اس بات پر ہنسنے لگے کہ عجب مذہبی دیوانہ ہے کہ قرآن پہلے نہ آیا تو گاڑی ہی چھوڑ دی۔ جب یہ گاڑی کلکتہ کے قریب پہنچی تو فرسٹ کلاس کے اس ڈبے کے نیچے سے بم پھٹا اور ڈبے کے پرخچے اڑ گئے۔ جتنے سوار تھے اکثر ہلاک ہوگئے' بعض زخمی ہوئے' معلوم ہوا کہ بعض ہندوؤں نے جو اے کے فضل الحق کے دشمن تھے یہ سن کر کہ فضل الحق اس گاڑی سے آرہے ہیں فرسٹ کلاس کے ڈبے میں بم رکھ دیا تھا۔ وہ تو قرآن کی برکت سے بچ گئے کہ اس گاڑی کو چھوڑ چکے تھے' دوسروں کی شامت آگئی۔ دوسری گاڑی سے جب اے کے فضل الحق کلکتہ پہنچے' انہیں اس واقعے کا علم ہوا تو تقریر میں کہا: ہندو مجھے مار ڈالنا چاہتے ہیں وہ یاد رکھیں کہ میرے پاس قرآن ہر وقت رہتا ہے میرا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ جو ہندو اس ڈبے میں سوار تھے اور زخمی ہوگئے تھے' انہوں نے اخبار میں یہ واقعہ پڑھ کر کہا: جب فضل الحق اس ڈبے سے اترے تو ہم ہنس رہے تھے مگر اب معلوم ہوا کہ ان کا اتر جانا اچھا تھا' قرآن مجید نے انہیں بچالیا۔ (مرسلہ: محمد ضیاء اللہ زاہد شجاع آباد)

پیارے بچو! سلیقہ مندی اپنائیے

(1) بچو! جو چیز گھر کے افراد کے درمیان استعمال میں مشترک ہے (یعنی سبھی اسے استعمال کرتے ہیں) اس کی جگہ مقرر کیجئے پھر اسے استعمال کے بعد اپنی جگہ پہ رکھیں تاکہ دوسرے فرد کو ضرورت پڑنے پر ڈھونڈنے کی زحمت نہ اٹھانی پڑے۔ بصورت دیگر آپ کے طرز عمل سے ایک مسلمان کو تکلیف پہنچے گی اور آپ مسلمانوں کو تکلیف پہنچانے جیسے کبیرہ گناہ کے مرتکب ہوں گے اپنی ذاتی استعمال کی اشیاء کو بھی اپنی جگہ پہ رکھنے کی عادت ڈالیں۔ اگر آپ نے موبائل چارج کیا ہے تو چارجر اپنی جگہ پہ رکھنے سے پہلے تار اچھی طرح لپیٹ لیں۔ اپنی کتابیں میز یا تکیے وغیرہ پہ بکھری ہوئی مت چھوڑیں' اپنی جگہ پہ رکھیں' علم کے قدر دان بنئے' طلبہ کو یہ بدسلیقگی زیب نہیں دیتی۔ (2) اگر آپ کے گھر میں کسی نے برتن وغیرہ میں کچھ ہدیہ بھیجا ہے تو یہ دینے والے نے برتن آپ کی ملکیت میں نہیں دیا کہ آپ اسے استعمال میں لائیں یا اپنے گھر کی زینت بنائے رکھیں۔ جلد از جلد لوٹانے کی فکر کریں' عاریۃً لی جانے والی چیز میں بھی یہی طریقہ اپنائیے تاخیر کی صورت میں معذرت کریں۔ (3) بعض بچوں کو یونیفارم وغیرہ تبدیل کرکے بے ترتیب چھوڑ دینے کی عادت ہوتی ہے۔ یہ بدسلیقہ ہونے کے ساتھ حساس طبیعتوں کیلئے الجھن کا سبب بھی ہے' اسے نفاست سے لٹکادیں' اگر کپڑے میلے ہوگئے ہوں تو حمام وغیرہ میں آویزاں کرنے سے بہتر ہے کہ فوراً مشین میں ڈال دیں' جس طرح کمرے میں مختصر فرنیچر دماغ کو سکون بخشتا ہے' اسی طرح میلے کپڑوں سے حمام کی فارغ دیواریں سکون بخشنے کے ساتھ صفائی میں اضافہ کرتی ہیں اور ہاں بیت الخلاء یا حمام کے استعمال کے بعد وائپر لگانے کی دائمی عادت ڈالیں تاکہ گھر کا یہ حصہ بھی چمکتا دمکتا رہے' نیت یہ کریں کہ اللہ صفائی ستھرائی کو پسند کرتا ہے' کیا معلوم میرا یہ عمل اللہ کی رضا کا سبب بن جائے۔ (4) جائے نماز تہہ کرتے ہوئے بہتر ہے کہ پہلی تہہ اس طرح لگائیں کہ اوپر کے دونوں کنارے اور اسی طرح نیچے کے دونوں کنارے آپس میں مل جائیں نہ کہ پاؤں اور سجدے کی جگہ پہلی مرتبہ میں ایک دوسرے کے مقابل ہوجائیں۔ میرے ایک ہونہار عزیز کو ان کے استاذ نے اس طرح تہہ کرتے ہوئے دیکھا تو بولے' یہ بات آپ کے ادب اور سلیقے کی دلیل ہے۔ (5) اپنی چادر کمبل وغیرہ خود تہہ کریں' اپنے بستر کی چادر بھی خود درست کرنے کی بچپن سے عادت ڈالیں۔ جس محسن انسانیت ﷺ کے ہم نام لیوا ہیں وہ اپنا کام خود اپنے مبارک نورانی ہاتھوں سے فرماتے تھے۔ سنت کی پیروی کی غرض سے چند منٹ اسی کام میں صرف کریں' اللہ کی محبوبیت حاصل ہوگی اور زندگی میں بھی نورانیت آئے گی۔ (6) اگر آپ نے معمولی ضرورت کیلئے کوئی برتن استعمال کیا ہے۔ مثلاً دودھ یا شربت کے گلاس ہی کو لے لیں تو اسے گندا مندا کرکے سنک پہ مت چھوڑیں۔ آج کل چھوٹے بڑے اس میں مبتلا ہیں' دھو کر الٹا کر خشک ہونے کیلئے چھوڑ دیں' حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ تسلیماً کثیراً نبوت جیسے عہدہ جلیلہ کا حق ادا کرنے کے ساتھ اپنی ازواج کا گھر کے کاموں میں ہاتھ بٹاتے تھے۔ آپ کے حقیقی نام لیواؤں کی زندگیوں میں ذرا جھانکئے' زیادہ دور نہ جایئے' ایک بہت بڑے اللہ والے ہیں' گھر والوں کے حقوق تو ایک طرف' ان کے اوقات میں اتنی برکت ہے کہ بعد عصر محلے کی بیواؤں کا سودا لا کر دے رہے ہیں' کئی کئی چکر بازاروں کے لگ رہے ہیں' آپ اپنے مصرف اوقات میں سے جو بے برکتی کا شکار بھی ہوگئے ہیں' گھر والوں کا ہاتھ بٹانے کی سنت کی نیت سے اگر چند منٹ اس کام میں صرف کرلیں تو کیا حرج ہے۔ پھر سلیقہ مندی کے ساتھ ساتھ اس میں انکساری کا اظہار بھی ہے جو انشاء اللہ درجات بلند کرنے کا سبب ہوگا اور اپنی ماؤں کا جو پیار حاصل ہوگا' وہ الگ رہا۔ (ہمشیرہ محمد محسن الیاس' کراچی)

ڈاکٹرز نے کہا: آپ کے دماغ کی شریان پھٹ جائیگی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں اس میں موجود روحانی اور جسمانی ٹوٹکے بہت کمال کے ہوتے ہیں۔ عبقری رسالہ ہمارے پورے خاندان میں بہت مقبول ہے۔ عبقری کے ایک گزشتہ شمارہ میں ''ہائی بلڈ پریشر کیلئے عظیم روحانی نسخہ'' پڑھا اور ہائی بلڈ پریشر کے دیرینہ/ پرانے مریضوں بشمول میری خالہ جان جو کہ اسلام آباد میں ہائی سکول کی ہیڈ مسٹریس اور میری والدہ محترمہ نے اپنی سہیلی کو بتایا۔ جو کہ بہت عرصہ سے اس موذی مرض میں مبتلا تھیں اور ڈاکٹروں نے دوائی چھوڑنے کی صورت میں ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے دماغ کی شریان تک پھٹ جانے کا بھی کہہ رکھا تھا۔ اس عظیم نسخہ روحانی اور اللہ کی خاص رحمت سے اب وہ نارمل زندگی گزار رہی ہیں اور ان کی دوائی بھی چھوٹ چکی ہے۔ ہم تو ہر وقت ادارہ عبقری اور تسبیح خانہ کیلئے دعا گو رہتے ہیں۔ روحانی نسخہ درج ہے۔ **ھوالشافی:** صبح فجر کی نماز کے بعد روزانہ درود ابراہیمی تین مرتبہ' سورۂ فاتحہ تین مرتبہ' سورۂ اخلاص تین مرتبہ' درود ابراہیمی تین مرتبہ پڑھ کر دل والی سائیڈ پر دم کریں انشاء اللہ بلڈ پریشر نارمل رہے گا۔ (شاہد شوکت ایڈووکیٹ' اسلام آباد)

(ع۔ب)

کوہ قاف کے جادوگر دیو نے میری زندگی برباد کردی!

مجھے جس اللہ والے نے درود پاک پڑھنے کو دیا تھا دیو نے بار بار ایکسیڈنٹ کروا کروا کر انہیں آخر کار مروا دیا۔ اس کے علاوہ بھی سے عامل اس دیو کے ہاتھوں مارے جاچکے تھے۔ اس کے علاوہ میری بہن نے مجھے یورپ سے فون کر کے بتایا کہ تم سارا دن درود شریف کے علاوہ سورۂ الم نشرح کھلی پڑھو

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں یہ تحریر خاص طور پر ان کیلئے لکھ رہی ہوں جو یہ سمجھتے ہیں کہ جنات' چڑیل' دیو وغیرہ یہ سب فرضی کہانیاں ہیں۔ حقیقت میں ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ یہ میری سچی آپ بیتی ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہی ہوں۔ میں جب چار سال کی تھی تو میرے ساتھ ایک دیو کا سایہ تھا۔ میں جوں جوں بڑی ہوتی گئی وہ مسلسل میرے ساتھ رہتا اور مجھے رات کو اکثر خود پر بوجھ محسوس ہوتا تھا۔ جب میں بارہ یا تیرہ سال کی ہوئی تو مجھے ہسٹریا کے دورے پڑنے لگے اور ہروقت عجیب سی کیفیت رہتی تھی۔ جب میں 19 سال کی تھی تو میری شادی ہوگئی' انہی دنوں میں یورپ کے ایک مشہور ملک میں چلی گئی' شادی کے ڈیڑھ سال کے بعد مجھے مرگی کے دورے پڑنا شروع ہوگئے۔ تب میری ایک بیٹی بھی تھی۔ اس دیو کی وجہ سے اکثر میرا خاوند مجھے بغیر وجہ کے تنگ کرتا' اس دیو نے ہمیں اتنا تنگ کیا اتنا تنگ کیا کہ میرے خاوند نے مجھے آٹھ سال بعد پاکستان بھجوا دیا۔ ادھر پاکستان آئی تو یہاں بھی حالات ویسے ہی تھے ہر کوئی ہروقت مجھے تنگ کرتا۔ پھر مجھے کسی نے صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ درود شریف کا بتایا کہ ہروقت کھلا پڑھو۔ میں یہ درود شریف الحمدللہ 19 لاکھ دفعہ پڑھ چکی ہوں اور سورۂ توبہ کی آخری آیات کا سوا لاکھ ختم کیا جب میں نے درود پاک کا ورد اور سورۂ توبہ کی آخری آیات کا ذکر شروع کیا تو میرے حالات مزید خراب ہونا شروع ہوگئے' اس دیو نے مجھے مزید تنگ کرنا شروع کیا اور میرے خاوند نے مجھے طلاق بھیج دی' میری دو بیٹیاں تھیں وہ بھی چھین لیں اور سارے شہر میں الٹا بدنام بھی کیا۔ جب بھی کسی عامل کے پاس گئی اس نے یہی بتایا کہ آپ کے ساتھ بہت بڑا دیو ہے جس کا مقابلہ ہم نہیں کرسکتے۔ کیونکہ وہ دیو خود بہت بڑا جادوگر ہے ہم اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ میں نے بچوں کیلئے ملک اور بیرون ملک دونوں جگہ کیس دائر کیا مگر حیرت انگیز طور پر دونوں کیسوں کا فیصلہ میرے خلاف آیا جس پر سب حیران بھی تھے۔ جو بھی عامل اس دیو پر ہاتھ ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں وہ ڈر کر پیچھے ہٹ جاتا کہ اور کہتا کہ وہ خود کوہ قاف کا سب سے بڑا عامل اور کوہ قاف کے وزیر کا داماد ہے اور اس نے عبرانی اور سیرانی کتابوں سے جادو سیکھا ہوا ہے جس کا توڑ ہمارے پاس نہیں ہے۔ پھر ایک عامل صاحب ملے انہوں نے دن رات محنت کر کے اس دیو کو مار دیا اس کے ساتھ کوہ قاف کے اور بھی جنات مارے گئے۔ میرے کیس کے علاوہ اس عامل کی اپنی بھی اس دیو کے ساتھ پرانی دشمنی تھی۔ اب وہ دیو تو مر گیا' اس کا آنا جانا ختم ہوگیا' رات کو مجھ پر کوئی بوجھ نہیں مگر جو اس نے جادو مجھ پر اور میرے بچوں اور سابقہ خاوند پر کیا ہے اس کا کوئی توڑ سامنے نہیں آرہا اب تو اس عامل نے بھی ہاتھ کھڑے کردیئے ہیں کہ میں اتنا کرسکتا تھا اس سے زیادہ نہیں۔ میں کسی کو یہ باتیں نہیں بتاتی کیوں کہ لوگ میری باتوں کا یقین نہیں کرتے بلکہ میری غیر موجودگی میں ہنستے ہیں اور میرا مذاق اڑاتے ہیں کہ ''یہ تو پاگل ہوچکی ہے'' مجھے جس اللہ والے نے درود پاک پڑھنے کو دیا تھا دیو نے بار بار ایکسیڈنٹ کروا کروا کر انہیں آخر کار مروا دیا۔ اس کے علاوہ بھی بہت سے عامل اس دیو کے ہاتھوں مارے جاچکے تھے۔ اس کے علاوہ میری بہن نے مجھے یورپ سے فون کر کے بتایا کہ تم سارا دن درود شریف کے علاوہ سورۂ الم نشرح کھلی پڑھو' وہ میں نے مسلسل ڈیڑھ سال پڑھی جس کے بعد وہ دیو پہلی مرتبہ میرے سامنے آیا تھا اور کہہ رہا تھا میں ہمیشہ تمہارے ساتھ تھا اور رہوں گا اور جو بھی تمہارے قریب آیا اس کو مرنا ہوگا۔ مگر الحمدللہ وہ اب خود مر چکا ہے۔ وہ مر چکا ہے مگر میرے حالات ویسے ہی ہیں۔ بچوں کا مسئلہ کسی صورت حل نہیں ہورہا۔ ہاں یاد آیا! ایک مرتبہ دیو میرے سامنے آیا اور مجھے سختی سے کہا کہ تم جب درود شریف پڑھتی تھی تو مجھے تمہارے پاس آنے میں شدید مشکل ہوتی تھی اس لیے میں نے تمہیں' تمہارے خاوند اور بچوں سے دور کردیا تاکہ تو صرف میری بن کے رہے۔ مگر الحمدللہ درود پاک کی برکت ہے کہ وہ دیو مر چکا ہے۔ انشاء اللہ مجھے اللہ کی رحمت پر پورا پورا یقین ہے کہ میرے دوسرے معاملات بھی درود شریف کی برکت سے حل ہوجائیں گے۔ درود شریف نے مجھے ہر پل زندگی کا سکون عطا کیا ہے' مجھے ساری ساری رات نیند نہیں آتی تھی مگر اب ہاتھ میں تسبیح لیے درود شریف پڑھ رہی ہوتی ہوں تو نہ جانے کب پرسکون نیند کی وادی میں کھو جاتی ہوں۔

عبقری ملا' وظیفہ پڑھا اپنا مکان مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر اپنی رحمت فرمائے اور آپ کا سایہ ہم جیسے لوگوں پر سدا قائم رکھے۔ آمین! میں نے آپ کا رسالہ عبقری 2010 سے اپنے گھر لگوایا ہوا ہے۔ الحمدللہ اس ماہنامہ میں آنے والے وظائف کو پڑھ کر ہم نے دنیاوی اور دینی بہت سے فوائد حاصل کیے ہیں' میں نے حاجت کے نوافل اور سورۂ یٰسین والا وظیفہ ماہنامہ عبقری میں پڑھا۔ میں نے یہ عمل اپنے مکان کی نیت کر کے کرنا شروع کردیا۔ اللہ تعالیٰ نے سبب بنایا اور صرف دو سال بعد ہم اپنے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے۔ الحمدللہ اب پانچ وقت کی نماز' تہجد اور ماہنامہ عبقری میں آئے وظائف پڑھتی ہوں۔ تلاوت قرآن اور تسبیحات پڑھتی رہتی ہوں۔ ماہنامہ عبقری میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون جنات کا پیدائشی دوست تو بہت ہی زبردست ہے۔ علامہ صاحب کے زندگی کے بیتے واقعات پڑھ کر ایمان تازہ ہوجاتا ہے۔ درس روحانیت و امن تو ہمارے لیے نجات کا ذریعہ ہے۔ اس کے علاوہ دفتر ماہنامہ عبقری سے برکت والی تھیلی بھی منگوائی ہوئی ہے اور اس پر باقاعدگی سے 129 مرتبہ صبح و شام سورۂ کوثر پڑھ کر دم کرتی ہوں اور جب بھی پیسے نکالتی یا ڈالتی ہوں ایک مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر پھونک مار دیتی ہوں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اگر ماہنامہ عبقری نہ ملتا تو آج بھی ہم اعمال سے دور اور کرائے کے مکانات میں دھکے کھا رہے ہوتے۔ (حمیرا ایوب)

سورۂ فاتحہ دم کر کے پانی پلایا بیوی ٹھیک ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری اہلیہ کو آئے دن ایک تکلیف شروع ہوجاتی' پہلے ٹانگیں سوجنا شروع ہوگئیں جو کہ مختلف ڈاکٹروں کے چیک اپ اور ٹیسٹ کروانے کے بعد بھی کوئی فرق نہیں پڑا' اس کے بعد عید پر جب ہم گاؤں گئے' میری اہلیہ کا ایسا پیٹ خراب ہوا کہ ٹھیک ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا' تقریباً ڈیڑھ ماہ بعد جب میں نے حدیث سنی کہ سورۂ فاتحہ دم کر کے پانی پلائیں تو جناب میں نے اول و آخر درود شریف 21 دفعہ سورۂ فاتحہ کا دم ہر نماز کے بعد کیا تو میری بیوی کا پیٹ درست ہوگیا۔ اس کے علاوہ جب بھی اس کی طبیعت خراب ہوتی ہے اس کیلئے کیلئے میں دو انمول خزانہ نمبر ایک اور دو پڑھتا ہوں تو فوری آرام آجاتا ہے۔ (عتیق الرحمان)

برص کے نشانات ختم: پھلبہری اور برص کے امراض میں دارچینی کو تھوڑے سے پانی میں رگڑ کر پیسٹ بنا کر نشانات پر ملنے سے یہ نشانات آہستہ آہستہ ختم ہوجاتے ہیں۔ چند ہفتے، چند مہینے کریں۔

سکتے۔ انہیں اس مظلوم کی بددعا کھا گئی ہے۔ جب کبھی زیادہ دکھی ہوتی ہوں تو نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود بھیجتی ہوں' آپ ﷺ کے حالات زندگی پڑھتی ہوں جس سے مجھے بہت دلی سکون ملتا ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ نے اپنی امت کی خاطر بہت غم اٹھائے ہیں۔ اللہ مجھے سب کیلئے ہدایت کا ذریعہ بنائے اور ثابت قدم رکھے اور ہمارے خاندان سے اس بددعا کے اثر کو ختم کرے آمین ثم آمین۔ (پوشیدہ)

مظلوم کی بددعا اور طلاق کی لوٹ سیل

وہ ان کو بددعائیں دیتی ہوئی چلی گئیں اور باہر کوڑے کے ڈھیر پر سوتی تھیں اور پھر کچھ عرصہ کے بعد وہیں فوت ہوگئیں۔ میری نانی کہتی ہیں ہمیں بھی ان پر ترس آتا تھا چھپ چھپ کر دیکھتے اور روتے تھے' چھوٹے تھے اور امی سے بہت زیادہ ڈرتے تھے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ ہمیشہ کی طرح ٹھیک ہوں کیونکہ جو زمین والوں پر رحم کرتا ہے عرش والا بھی اس پر ہمیشہ رحم کرتا ہے۔ آپ لوگوں کو ہدایت پر لانے کا ذریعہ بن رہے ہیں۔ لوگوں کی مشکلات میں ان کو اللہ کے قریب کرتے ہیں۔ دعا ہے آپ سدا خوش رہیں اور آپ کی آنے والی نسلیں بھی اسی طرح دین پر مٹنے والی اور دین کے پیغام کو عام کرانے والی ہوں۔ کچھ عرصہ پہلے آپ کا ہمارے علاقہ میں درس تھا' اس میں میرے بھائی اور میں نے شرکت کی تھی۔ اس کے علاوہ کچھ دنوں سے آپ کے درس بھی گھر میں لگا رہی ہوں۔ بہت سکون ملتا ہے۔ اب میں آتی ہوں اپنے اصل مسئلہ کی طرف جس کی وجہ سے میں نے آج قلم اٹھایا ہے۔ ہمارے بڑے بتاتے ہیں کہ ہمیں ہمارے ایک رشتہ دار کی بددعا ہے جس کی وجہ سے ہماری خاندان کی کسی بھی لڑکی کا گھر نہیں بستا' شادی کے چند ماہ یا سال کے بعد طلاق ہوجاتی ہے۔ حتیٰ کہ بعض کی دو سے تین دفعہ بھی شادی ہوئی مگر نتیجہ وہی طلاق ہی نکلا۔ میری خالہ کی ایک جگہ شادی ہوئی اس کے چار بچے ہوئے' ابھی سب سے چھوٹی بیٹی دو سال کی تھی' میرے انکل کام نہیں کرتے تھے تو ان کے رشتہ داروں کے کہنے پر علیحدگی ہوگئی اور بچے انہوں نے رکھ لیے' پھر دوسری جگہ شادی ہوئی تو وہاں بھی میری خالہ کے شوہر ان کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ میری نانی نے انہیں گھر بھی بنا کر دیا' اس کے باوجود نجانے کیوں دونوں میاں بیوی کو آپس میں سخت نفرت ہوگئی کہ دونوں ایک دوسرے کا منہ دیکھنا گوارا نہ کرتے پھر ایک دفعہ نتیجہ وہی طلاق ہی نکلا۔ اس مرتبہ بھی خالہ کے تین بچے تھے جو ان سے دور ہوگئے۔ اسی طرح میری امی کی بھی دو شادیاں ہوئیں اور دوسری شادی پر میرے پہلے ابو نے امی اور دوسرے ابو کو قتل کردیا اس طرح ابو جیل چلے گئے۔ ان کو عمر قید کی سزا ہے۔ میرا ابھی نکاح ہوا' شادی کی تیاریاں مکمل تھیں اور پہلے ہی طلاق ہوگئی۔ میری نانی کی بھی دو شادیاں ہوئیں پہلے نانا جوانی میں فوت ہوگئے' پھر دوسری شادی کی تو دوسرے نانا کا بھی تھوڑے ہی عرصہ کے بعد ایکسیڈنٹ ہوگیا۔

میری نانی نے اس دن ہمیں بتایا کہ ہمیں بددعا ہے' اس وجہ سے ہمارے ساتھ ایسا ہو رہا ہے۔ میں نے ان کو آپ کا درس سنایا جس میں آپ فرما رہے ہیں کہ ''دعائیں بھی تعاقب کرتی ہیں اور بددعائیں بھی تعاقب کرتی ہیں۔'' نانی بتاتی ہیں کہ میرے ابو (نانی کے ابو) بہت اچھے تھے لیکن امی (نانی کی امی) ان سے بہت برا سلوک کرتی تھیں' حتیٰ کہ ان کو مارتی بھی تھیں' ایک دفعہ ان کا سر بھی پھاڑ دیا تھا۔ میری امی (نانی کی امی) نے اپنی سوتیلی نند کو گھر سے مار مار کر نکال دیا' ان کا ذہنی توازن کچھ ٹھیک نہیں تھا وہ ان کو بددعائیں دیتی ہوئی چلی گئیں اور باہر کوڑے کے ڈھیر پر سوتی تھیں اور پھر کچھ عرصہ کے بعد وہیں فوت ہوگئیں۔ میری نانی کہتی ہیں ہمیں بھی ان پر ترس آتا تھا چھپ چھپ کر دیکھتے اور روتے تھے' چھوٹے تھے اور امی سے بہت زیادہ ڈرتے تھے' سچ تو یہ ہے ابو (نانی کے ابو) بھی میری امی (نانی کی امی) سے بہت زیادہ ڈرتے تھے اسی وجہ سے کچھ نہ بولے۔ نانی کے ابو نانی کی امی سے انتہائی تمیز اور ادب سے بولتے اور نانی کی امی اُن سے انتہائی بدتمیزی اور سخت لہجے میں بات کرتیں اور ان سے نوکروں سے بھی بدتر سلوک کرتیں۔ خیر ہماری وہ رشتہ دار کوڑے کے ڈھیر پر دنیا سے ہمیں بددعائیں دیتے ہوئے رخصت ہوگئیں۔ اس کے چند ماہ کے بعد میری نانی کی امی سلنڈر پھٹنے کی وجہ سے جل کر کوئلہ بن گئیں۔ وہ کوڑے کے ڈھیر سے اٹھنے والی بددعا آج بھی ہماری نسلوں کا تعاقب کررہی ہے۔ آج بھی ہمارے خاندان والے کہتے ہیں کہ ہمارے لیے یہ دنیا دوزخ بنی ہوئی ہے۔

اب تو کسی کی بھی شادی ہوتی ہے تو ہر کوئی ڈر رہا ہوتا ہے نجانے اس کا انجام کیا ہوگا۔ ہر کسی کے دماغ میں ہر وقت ڈر، وہم اور خوف ہے۔ جو بھی کام کرنے لگو ہر کوئی ڈر رہا ہوتا ہے کہ نجانے اس کا انجام کیسا ہوگا۔ میں نے عبقری سے ایک وظیفہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھا' اس کی برکت سے انتہائی اچھے کالج میں داخلہ ملا لیکن میرے دل میں ڈر و خوف پیدا ہوگیا کہ میں وہاں جاؤں گی تو مجھے شدید نقصان ہوجائے گا۔ اب یہ بات ذہن میں بیٹھ گئی ہے کہ پہلے نکاح ہوا بغیر کسی وجہ کے طلاق ہوگئی' اگر کہیں اور شادی ہوئی تو پھر طلاق ہوگئی تو! ۔ اب تو ایسا ہی محسوس ہوتا ہے کہ قیامت تک ہمارے گھر والے کبھی خوشیاں نہیں دیکھ

پیٹ کم کرنے کا انتہائی آسان و آزمودہ نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اس نسخہ کے تجربات کئی مرتبہ ماہنامہ عبقری میں پڑھے۔ چھوٹے سے آسان ٹوٹکے کے اتنے زیادہ فوائد پڑھنے کے بعد میرے دل میں بھی امید جاگی کہ میں بھی یہ ٹوٹکہ استعمال کروں۔ میرا پیٹ بہت پھولا ہوا تھا اور میرے والدین کے مطابق یہی مسئلہ میری منگیتر کے ساتھ بھی تھا مگر جب ہم نے اس ٹوٹکے کا استعمال شروع کیا پیٹ ایسا کم ہوا کہ لوگ حیران ہوگئے۔ اس دوائی سے پہلے پیٹ ایسا پھولا ہوا تھا جیسے قمیص کے اندر کوئی بڑا فٹبال چھپایا ہوا ہو۔ مگر اب بالکل بھی ایسا نہیں ہے اور پیٹ بالکل ساتھ لگ گیا ہے۔ حتیٰ کہ پیٹ بھر کر جو مرضی کھالوں' پیٹ نہیں پھولتا۔ قارئین عبقری! یہ ٹوٹکہ انتہائی آسان اور آزمودہ اور عبقری میں پہلے بھی کئی دفعہ شائع ہوچکا ہے۔ مجھے اور میری منگیتر کو اس سے لاجواب فائدہ حاصل ہوا ہے آپ بھی آزمایئے اور ماہنامہ عبقری والوں کو دل سے دعائیں دیں۔ نسخہ حاضر ہے: کلونجی سو گرام' چھلکا اسپغول سو گرام' شہد دو سو گرام۔ کلونجی کو رگڑ کر چھلکا اسپغول ملادیں اور شہد بھی مکس کردیں۔ ایک چمچ صبح نہار منہ کھائیں۔ انشاء اللہ بڑھا ہوا پیٹ کم ہوجائے گا۔ (افتخار حسین' شہر سلطان مظفرگڑھ)

پیٹ کی گیس' ہلکا بخار اور سردی لگنے میں انتہائی مفید

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ انتہائی شوق سے پڑھتے ہیں اور ہر ماہ ہمیں دس دن پہلے ہی عبقری کا انتظار رہتا ہے۔ میرے پاس پیٹ کی گیس کیلئے دو عدد ٹوٹکے ہیں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ ھوالشافی: نمک لاہوری دو چٹکی' لیموں درمیانہ ایک عدد' کھانے کا سوڈا دو چٹکی ایک گلاس پانی میں گھول لیے اور پی لیجئے' پیٹ کی گیس خارج اور ہاضمے کا لاجواب ٹانک ہے۔ ٹوٹکہ نمبر 2: سبز چائے' دارچینی' سونف' زیرہ ایک ایک چٹکی ایک ڈیڑھ کپ پانی میں پکایئے جب ایک کپ رہ جائے تو چسکی چسکی پیجئے' پیٹ کی گیس' ہلکا بخار' سردی لگنا میں بہت مفید ہے۔ (محمد اکرم صدیقی' ہرنولی)

ہمیشہ تندرست رہنے کا روحانی ٹانک: جو شخص اسم یَاحَیُّ کو ہر وقت اٹھتے بیٹھتے' وضو بے وضو ہر حالت میں کھلا پڑھنے کا معمول بنالے وہ انشاء اللہ ہمیشہ تندرست رہے گا۔ اگر کبھی بیمار ہوا تو فوراً تندرست ہوجائیگا۔

قارئین کے سوال قارئین کے جواب

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ' کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں' یہ جوابات ہم رسالے میں شائع کرینگے۔ کوشش کریں آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

مارچ کے سوالات

1۔ سریلی آواز: محترم قارئین! میں ایک امید کے ساتھ آپ کو خط لکھ رہا ہوں' مجھے میرے مسئلے کا حل چاہیے۔ قارئین! میں نے درس نظامی کا کورس مکمل کیا ہوا ہے' ایک جگہ جمعہ پڑھاتا ہوں لیکن مسئلہ یہ ہے کہ میں آدھ پون گھنٹہ تقریر کرسکتا ہوں پھر گلہ خراب ہوجاتا ہے' آواز بھاری ہوجاتی ہے' دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ میری آواز سریلی نہیں ہے۔ جہاں جاتا ہوں لوگ واپس بھیج دیتے ہیں کہتے ہیں ہمیں کوئی سُر والا عالم چاہیے۔ براہ مہربانی میرے مسئلوں کا حل بتائیے۔ **(ایک بندہ خدا)**

2۔ میرا دکھ بھی سنیے: قارئین! میں بہت ذلت و رسوائی کی زندگی جی رہا ہوں' میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں اپنی بیوی کے حقوق ادا کرنے کے قابل نہیں رہا' ہر بار شرمندگی اور ذلت اٹھانی پڑھتی ہے' براہ مہربانی مجھے کچھ بتائیے تاکہ ہر بار شرمندگی سے بچ سکوں۔ تاحیات دعا گو رہوں گا۔ **(پوشیدہ)**

3۔ میں کسان ہوں!: قارئین عبقری میرا آپ سے سوال ہے کہ میں ایک کسان ہوں میرا مسئلہ یہ ہے کہ ہم جو پھلیاں لگاتے ہیں جسے لوبیا بھی کہا جاتا ہے اور یہ گندم کی کٹائی کے بعد لگائی جاتی ہیں ان پر اکثر سنڈیاں لگ جاتی ہیں' ان پر حملہ کرکے سارے پتے کھاجاتی ہیں اور فصل برباد ہوجاتی ہے۔ مہربانی کرکے اس کا حل بتادیں۔ یہ سنڈیاں سبز رنگ کی ہوتی ہیں اور سارے کے سارے پودے کھاجاتی ہیں۔ **(مزمل سعید باٹھ)**

4۔ مایوس ہو کر گھر بیٹھ گیا ہوں!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ اس رسالے کے مطالعہ سے مجھے صحت کی نئی امید ملی ہے۔ آپ کے رسالہ میں موجود ''قارئین کے سوال قارئین کے جواب'' سلسلہ بہت منفرد اور لاجواب ہے۔ میرا قارئین سے ایک سوال ہے کہ میں تو مایوس ہو کر گھر بیٹھ گیا ہوں۔ میری عمر 43 سال ہے' مجھے 35 سال پہلے برص (پھلبہری) کا مرض پاؤں کے پنجے سے شروع ہوا۔ اب تقریباً جسم کے 30 فیصد حصے پر سفید داغ پھیل چکے ہیں۔ دونوں ہاتھوں' پاؤں' آنکھوں کے اوپر کے حصے میں بھی ہیں۔ پرانا مرض ہے میں اپنا چہرہ بچانا چاہتا ہوں۔ قارئین کو اچھا سا نسخہ تجویز فرمائیں۔ ساتھ وظیفہ بھی دیں تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔ **(صادق' کوہاٹ)**

فروری کے جوابات

1۔ محترم جناب م۔ر، آزاد کشمیر صاحب! آپ کا مسئلہ میں نے گزشتہ شمارہ میں پڑھا' بالکل یہی مسئلہ میرے ایک کزن کو بھی تھا۔ اس نے بہت علاج کروائے مگر صرف وقتی فائدہ ہوتا تھا۔ اس کو کسی بزرگ نے درج ذیل ٹوٹکہ بتایا اس نے چند ہفتے یا چند مہینے یہ ٹوٹکہ مستقل مزاجی سے استعمال کیا۔ الحمدللہ وہ اب بالکل صحت یاب ہے۔ ٹوٹکہ درج ذیل ہے: **ھوالشافی:** آپ ہلدی اور کچور ہم وزن لے کر پیس کر مکس کرلیں۔ آدھا چمچ صبح، آدھا چمچ دوپہر اور آدھا چمچ شام کو نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ انشاء اللہ چند ہی ہفتوں میں آپ خود کو تندرست محسوس کریں گے۔ **(عاشق حسین' لاہور)**

2۔ محترم بھائی بلال! آپ کے مسئلے کا میرے پاس بہترین حل موجود ہے۔ یہ نسخہ میں کئی افراد پر آزما چکا ہوں۔ آپ درج ذیل نسخہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ انشاء اللہ آپ کا مسئلہ ہمیشہ کیلئے حل ہوجائے گا۔ ھوالشافی: انجبار، ہڑڑ سیاہ' سونف ہم وزن لے کر علیحدہ علیحدہ پیس لیں۔ پھر تمام کو ایک جگہ مکس کرلیں۔ روزانہ صبح، دوپہر شام ایک چمچ چائے والا کھانے کے بعد تازہ پانی سے لیں۔ چند دن، چند ہفتے استعمال کریں۔ **(عمر بشیر' جھنگ)**

3۔ بیٹی آپ کا مسئلہ انتہائی گھمبیر ہے مگر اس کا حل انتہائی آسان ہے۔ الحمدللہ میں اب شادی شدہ ہوں اور میرے تین بچے ہیں مگر جب میں بی اے کا امتحان کررہی تھی تو میری دوبار سپلی آئی' ہماری گلی میں ایک 'سیدہ آپا' رہتی تھیں' وہ بچوں کو قرآن پاک پڑھاتی تھیں انہوں نے مجھے درج ذیل وظیفہ بتایا تھا میں نے یہ کیا تو میں امتحان میں باآسانی سے پاس ہوگئی۔ وظیفہ درج ہے:۔ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ سورۂ الم نشرح گیارہ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھیں۔ انشاء اللہ پڑھائی کے ساتھ وظیفہ پڑھیں پوزیشن آپ کی پکی۔ **(رحمانہ بیگم' ملتان)**

4۔ م۔ع صاحب! جس وقت آپ کا نسوار منہ میں رکھنے کو دل کرے تو عبقری دواخانہ کی معجون ستر شفائیں چنے کے برابر نسوار کی جگہ رکھ لیا کریں۔ آپ نے مزید مسئلہ بتایا کہ آپ کا بدکاری کرنے کو بہت دل چاہتا ہے تو اس کیلئے ہر وقت کھلا سارا دن یَاھَادِیُ یَارَحِیْمُ پڑھیں انشاء اللہ آپ کے دل کی دنیا بدل جائے گی۔ **(محمد نذیر' کوئٹہ)**

مناقب اہل بیت اطہار

انتخاب: کمی احمد پوری

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے غزوۂ طائف کے موقع پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلایا اور ان سے سرگوشی کی۔ صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا: آج آپ ﷺ نے اپنے چچازاد بھائی کے ساتھ کافی دیر تک سرگوشی کی۔ سو آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے نہیں کی' بلکہ اللہ نے خود ان سے سرگوشی کی ہے۔'' **(ترمذی' ابی عاصم' ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے)** حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں قرآن کی ہر آیت کے بارے میں جانتا ہوں کہ وہ کس کے بارے، کس جگہ اور کس پر نازل ہوئی' بے شک میرے رب نے مجھے بہت زیادہ سمجھ والا دل اور فصیح زبان عطا فرمائی ہے۔ **(ابونعیم' ابن سعد)** حضرت ابواسحاق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ اہل مدینہ میں سے سب سے اچھا فیصلہ فرمانے والا علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے۔ **(امام حاکم)**

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حسن اور حسین (رضوان اللہ علیہم اجمعین) بہشتی جوانوں کے سردار ہیں اور ان کا باپ ان دونوں سے بہتر ہے۔ **(ابن ماجہ)**

رزق' کاروبار اور عمر میں ترقی ہی ترقی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں سال 2013ء سے عبقری کا قاری ہوں۔ عبقری کی گزشتہ تمام جلدیں پڑھ چکا ہوں۔ عبقری کے ایک گزشتہ شمارے سے درج ذیل عمل پڑھا جس کے بے شمار فوائد ہیں۔ عبقری قارئین کی نذر کررہا ہوں۔ ان دو اسماء یَابَاسِطُ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ کے ذکر سے رزق اور عمر میں ترقی ہوتی ہے' ان کا ذاکر کبھی اللہ کے سوا کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ جو شخص ان دونوں اسماء کو عقیق کی انگوٹھی پر کندہ کرکے بائیں ہاتھ میں پہنے تو اس کو رزق آسانی سے ملے اور لوگوں کے دل اس کی طرف مائل ہوں اور جو شخص اس کے حروف کو کسر کرکے سونے' چاندی یا زعفران سے شرف شمسی میں لکھ کر روپے کی تھیلی میں رکھے اور ان سے خرچ کرتا رہے تو رقم کبھی ختم نہ ہوگی' بشرطیکہ تمام رقم ایک مرتبہ نہ نکالے۔ **(کلیم نذیر' لاہور کینٹ)**

خودغرضی کی مکمل تشریح: اپنی خوشی کو دوسروں کی خوشی پر مقدم سمجھنا اور دوسروں کے جذبات سے بالکل بے پرواہ ہوجانا خودغرضی کی مکمل تشریح ہے۔ (سٹین لے)

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

☆اجنبی نے میرے پیٹ میں انگلیاں گھسادیں ☆میرے شوہر مجھے بیوقوف بنارہے ☆میں نے پہلوانی شروع کردی ☆ابوکو چوروں نے لوٹا

یہ بندش ہے: میں نے دیکھا کہ میرے گھر کا کمرہ ہے اور میری کسی بات سے میری چھوٹی بہن ناراض ہوگئی اور اس کی آنکھ میں آنسو تھے پھر وہ دوسرے کمرے میں چلی گئی' مجھے افسوس ہونے لگا کہ میں نے ایسا کیوں کیا' کچھ دیر بعد وہ واپس آئی اور میں اسے کچھ کہنے ہی والی تھی کہ وہ میرے قریب آکر اپنے ہاتھ میں سے تین انگلیاں میری بائیں پسلی کے نیچے گھسادیتی ہے' مجھے اتنی تکلیف ہوتی ہے کہ سانس بند ہونے لگتی ہے' ایسا لگتا ہے میرا دم نکلنے والا ہے کہ میرے منہ سے لا الہ نکلتا ہے اور پورا کلمہ طیبہ پڑھنے لگتی ہوں اور تکلیف کم ہونے لگتی ہے۔ اسی وقت میری آنکھ کھل گئی لیکن تکلیف تب بھی محسوس ہوتی ہے۔ پانچ بجے کے قریب کا وقت تھا' میری زندگی بہت مشکل میں گزر رہی ہے' چاروں طرف سے پریشانیوں نے گھیر رکھا ہے' ایسا خواب دو بار پہلے بھی دیکھ چکی ہوں کہ کوئی اجنبی ہے جس نے میرے پیٹ میں انگلیاں گھسادی ہیں اور میرا دم نکلنے والا ہے۔ ایک بار اپنی نانی مرحومہ کو دیکھا کہ انہوں نے بھی میرے پیٹ میں انگلیاں گھسادیں اور ہر بار میرے منہ سے کلمہ یا اللہ تعالیٰ کا کوئی کلام نکلتا ہے تو تکلیف کم ہونے لگتی ہے۔ (ص۔لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ پر کسی نے بندش کرنے کی کوشش کی ہے' تاہم اللہ کے کلام کی برکت سے یہ بندش انشاء اللہ ختم ہوجائے گی مگر آپ سورہ الانعام کی آیت 45 روزانہ 313 بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کریں اور حسب استطاعت کچھ صدقہ دیں۔ واللہ اعلم!

سسرال میں حاسد: میں نے دیکھا کہ ایک کمرے میں میرے شوہر اور میری دو ماموں زاد بہنیں بیٹھی ہیں اور آپس میں ہلکی آواز میں ہنس بول رہے ہیں۔ مگر جب میں کمرے میں داخل ہوتی ہوں تو جیسے ہی وہ مجھے دیکھتے ہیں یا انہیں میری آہٹ سنائی دیتی ہے تو وہ بالکل چپ چاپ ایسے بن جاتے ہیں جیسے کہ وہ ایک دوسرے سے بے تکلیف ہی نہیں ہیں۔ جب میں اپنے شوہر سے اور کزن سے پوچھتی ہوں کہ تم لوگ کیا باتیں کررہے تھے تو وہ کہتی ہیں کہ ہم تو کوئی باتیں نہیں کررہے تھے اور میرے شوہر بھی بڑے سنجیدہ بن کر نفی میں جواب دیتے ہیں۔ جب میں ان کی بات سن کر مڑ کر کمرے میں کچھ کرنے لگتی ہوں تو اچانک میری اپنے شوہر پر نظر پڑتی ہے جو کہ مجھے غافل سمجھ کر ان کی طرف ہنس کر میرے بارے میں اشارہ کررہے ہوتے ہیں کہ دیکھو اس نے ہمیں دیکھ لیا مگر ہم نے اسے بیوقوف بنادیا۔ (ت۔س' جگہ نامعلوم)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے سسرال میں کچھ لوگ آپ سے حسد کرتے ہیں اور آپ کے شوہر کو آپ سے متنفر کرنے کی کوشش میں مصروف ہیں تاہم آپ سورہ فلق اور سورہ ناس بعد نماز عشاء 313 بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں' ان شاء اللہ حاسدین اپنے ارادوں میں ناکام رہیں گے۔ واللہ اعلم!

سلیٹی رنگ کی شلوار قمیص: میں نے خواب دیکھا کہ میری پھپھو کا بیٹا (جو کہ حقیقت میں فوت ہوچکا ہے) ہمارے گھر آتا ہے۔ اس نے سلیٹی رنگ کی شلوار قمیص پہن رکھی ہے' اس کا سر چھوٹا ہے اور دھڑ پھولا ہوا ہے یعنی کہ جسم بہت موٹا ہوگیا ہے اور کہتا ہے کہ میں نے پہلوانی شروع کردی ہے۔ امی چاہتی ہیں کہ میرے ماموں پھپھو کے بیٹے سے بات نہ کریں تاکہ کوئی اس پر طنز نہ کرے کیونکہ اس کے پاس پہلوانی کرنے کا پکا کارڈ نہیں ہوتا' خالی پہلوانی کا کاغذ ہوتا ہے۔ وہ بستر پر بیٹھا ہوا ہے' پھر ہم بھی لیٹ جاتے ہیں' بھابھی کو بھائی بلالیتا ہے امی بھی وہیں بستر پر لیٹ جاتی ہیں۔ (غ، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے ددھیال میں سے کوئی رشتہ دار شدید بیماری کے بعد صحت یابی حاصل کرے گا۔ آپ ان کیلئے یَاسَلَامُ سوا لاکھ مرتبہ اجتماعی طور پر پڑھنے کا کہیں' نیز حسب استطاعت صدقہ بھی دے دیں۔ واللہ اعلم!

بیوی سیڑھیوں سے گرگئی: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں اور میری بیوی تیسری منزل پر سیڑھیوں پر کھڑے ہیں اور نیچے اتر رہے ہیں کہ اچانک میری بیوی (جہاں سیڑھیوں پر گرل لگی ہوئی ہے جو کہ میرے گھر کی سیڑھیوں پر نہیں لگی ہے) گر جاتی ہے اور میں اتنا پریشان بے حال ہوکر نیچے اس کو اٹھانے جاتا ہوں مگر وہاں صرف اس کا دوپٹہ پڑا ہوتا ہے' میں پریشانی کے عالم میں دوسری طرف جاتا ہوں تو وہ وہاں سے آجاتی ہے اور بالکل ٹھیک ہوتی ہے میں اس سے پوچھتا ہوں کہ تمہیں چوٹ تو نہیں آئی؟ تو وہ کہتی ہے کہ نہیں میں تو بالکل ٹھیک ہوں کچھ بھی نہیں ہوا گھر میں بہت زور سے گری تھی۔ (عبدالرحمٰن' اسلام آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے اہم کاموں کے پورا ہونے میں انشاء اللہ 3 ماہ کا عرصہ لگے گا' تاہم آپ حسب توفیق صدقہ دیں اور روزانہ بعد نماز عشاء 1200 مرتبہ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ اول و آخر درود شریف 12، 12 مرتبہ پڑھ کر تمام اہم کاموں کیلئے دعا کرلیا کریں' یہ عمل 3 ماہ تک لگاتار پڑھنا ہے۔ واللہ اعلم!

جھوٹے مقدمے: میں نے دیکھا کہ اپنے گھر کے دروازے پر کھڑا ہوں، کافی لوگ ہمارے گھر بھاگے جارہے ہیں، میں اپنی امی سے پوچھتا ہوں یہ لوگ کیوں آرہے ہیں، تو کہتی ہیں کہ تمہارے ابو کو چوروں نے لوٹا ہے، پھر اس کے بعد مجھے بتاتی ہیں کہ کسی نے جھوٹے مقدمے میں پھنسادیا ہے، پھر دیکھا کہ رات کا وقت ہے اور خوفناک منظر ہے، میرے ابو نے نئی گاڑی لی ہے جو بڑی عجیب ہے، وہ گاڑی کھڑی کرتے ہیں تو وہ پیچھے کو گرنے لگتی ہے، نیچے گہرا گڑھا ہوجاتا ہے، میں گاڑی کو آگے دھکا لگاتا ہوں تو وہ زور سے میرے ابو کو لگتی ہے اور پھر واپس گڑھے میں گرجاتی ہے، میری امی کہتی ہیں کہ ہمارا اس گاڑی میں سفر کرنا بہتر نہیں۔ (خ، شیخوپورہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے ابو کوئی نیا کام شروع کرنے کا ارادہ کریں گے لیکن ان کے اس کام میں کئی سخت رکاوٹیں حائل ہوجائیں گی اور انہوں نے جلد ہی اپنا ارادہ تبدیل نہ کیا تو اس میں نقصان کا بھی اندیشہ ہے۔ واللہ اعلم!

دانتوں سے پیلا پن دور کرنے کا آزمودہ فارمولہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دانتوں کے پیلے پن کو دور کرنے کیلئے نہایت ہی آزمودہ فارمولہ جو میرے ذاتی استعمال میں بھی ہے' دانتوں پر سے سگریٹ کے داغ اور میل بھی ختم ہوجاتی ہے اور پہلی بار کے استعمال سے ہی نمایاں فرق نظر آتا ہے۔ انڈین ہلدی (آبنہ ہلدی) لے کر پیس لیں اور کسی بھی دانتوں پر ملنے والے پاؤڈر میں برابر مقدار میں مکس کرلیں اور دانتوں پر ملیں۔ پہلی بار لگانے سے ہی فرق نظر آئے گا اس نسخے میں تجرباتی طور پر جب میں نے عبقری دواخانہ کا "سچا منجن" ملایا تو میں حیران رہ گیا اتنی جلدی اتنی صفائی سچا منجن تو سونے پر سہاگہ کا کام کررہا ہے۔ (ڈاکٹر ظفر حمید ملک' اٹک)

آٹا اور میدہ خراب نہ ہوگا: اگر زیرہ سیاہ اور نمک ہم وزن پیس کر پانی میں ملا کر گلیاں بنا کر میدہ اور آٹا کی بوریوں میں رکھ دی جائیں تو دونوں کبھی خراب نہ ہونگے۔ اسی طرح کتابوں اور الماریوں میں رکھ دیں تو دیمک نہ لگے گی۔

(پوشیدہ)

وٹہ سٹہ کی شادی کا انجام دیکھ کر میں کانپ اٹھی

ماجد انکل نے بچے اپنے پاس رکھ لیے۔ کچھ عرصہ بعد ماجد انکل کی سابقہ اہلیہ نے عدت کے بعد شادی کر لی۔ اس بات کا ماجد انکل کو بہت رنج ہوا۔ چونکہ یہ وٹہ سٹہ کی شادی تھی تو ماجد انکل کی بہن کو بھی طلاق دے دی گئی اور یوں یہ گھرانہ ماجد انکل کی ضد، انا اور حسد سے ٹوٹ گئے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری میں ہر ماہ لکھا ہوا پڑھتی ہوں کہ اپنے تجربات و مشاہدات مخلوق خدا کے نفع کیلئے لکھیں جو کہ آپ کیلئے بھی صدقہ جاریہ بنے گا۔ اسی لیے میں عبقری قارئین کی نذر ایک سچا واقعہ کر رہی ہوں۔ میرے ایک رشتہ دار (جنہیں میں ماجد انکل کا فرضی نام دوں گی) کی شادی آج سے 22 سال پہلے ہوئی۔ خاص طور پر یہ شادی وٹہ سٹہ کی بنیاد پر کی گئی۔ شروع میں دونوں خاندانوں کے حالات بہت اچھے تھے' ہنسی خوشی زندگی گزار رہے تھے۔ پھر اکثر ہوتا یہ کہ ایک گھر میں جھگڑا ہوتا اس کی خبر دوسرے گھر پہنچتی تو ادھر بھی جھگڑا شروع ہو جاتا۔ ماجد انکل صرف اس بنیاد پر اپنی اہلیہ کے ساتھ ناروا سلوک کرتے کہ اُن کے مطابق ان کی بہن کے ساتھ اُس گھر میں اچھا سلوک نہیں کیا جاتا۔ روزانہ کا جھگڑا اور مار پیٹ معمول بن گیا۔ بالآخر ایک دن میرے ماجد انکل کی اہلیہ گھر چھوڑ کر اپنے ماں باپ کے پاس چلی گئیں۔ ماجد انکل نے ایک دن طیش میں آ کر انہیں بلاوجہ طلاق دے دی۔ اس وقت ماجد انکل کے دو بیٹے اور ایک بیٹی تھی۔

ماجد انکل نے بچے اپنے پاس رکھ لیے۔ کچھ عرصہ بھی ماجد انکل کی سابقہ اہلیہ نے عدت کے بعد شادی کر لی۔ اس بات کا ماجد انکل کو بہت رنج ہوا۔ چونکہ یہ وٹہ سٹہ کی شادی تھی تو ماجد انکل کی بہن کو بھی طلاق دے دی گئی اور یوں یہ گھرانہ ماجد انکل کی ضد، انا اور حسد سے ٹوٹ گئے۔ کچھ عرصہ بعد ماجد انکل نے بدلہ لینے کیلئے دوبارہ سابقہ اہلیہ سے رابطہ کیا اور انہیں بہکایا کہ بچوں کی خاطر واپس آ جائے' ہمارے بچوں کی زندگی برباد ہو رہی ہے' انہوں نے اپنے دوسرے شوہر سے طلاق لے کر دوبارہ ماجد انکل سے نکاح پڑھوا لیا۔ ماجد انکل نے بدلہ لینے کیلئے اپنی اہلیہ پر حد سے زیادہ ظلم کیا کہ ان کا ذہنی توازن خراب ہو گیا اور وہ اپنے کمسن بچوں کو چھوڑ کر نامعلوم کہاں چلی گئیں۔ انہوں نے ان کی غیر موجودگی میں دوبارہ انہیں طلاق دی اور دوسری شادی کر لی۔ یوں بچوں کی پرورش کیلئے ایک سوتیلی ماں آ گئی۔ وہ بچوں پر بہت زیادہ ظلم کرتی' ماجد انکل کی ایک بیٹی (ش) بھی ہے' اب (ش) کی کہانی سنیے۔ (ش) کو دن رات سوتیلی ماں کی گالیاں اور مار سہنا پڑتی۔ سوتیلی ماں سارا گھر کا کام اسی سے کرواتی' جب (ش) ذرا بڑی ہوئی تو اس کے والد نے اس کی شادی شہر سے دور اپنے دوست کے بیٹے سے کروا دی۔ (ش) نے خدا کا شکر ادا کیا کہ اس کی جان سوتیلی ماں کے ظلم سے چھوٹ گئی اور اسے اچھا جیون ساتھی اور محبت کرنے والا شوہر مل گیا۔ زندگی بہت اچھی گزر رہی تھی۔ (ش) تمام گھر کا کام کرتی' گھر میں جانور تھے' خاوند کے ساتھ جانوروں کو گھاس ڈالتی' سخت گرمی میں گندم کاٹتی' تمام لوگ بچی کی حالت دیکھ کر افسوس کرتے کہ کتنا کام کرتی ہے مگر (ش) اس حال میں بہت خوش اور مطمئن تھی۔ اچانک ایک صبح اس بچی پر قیامت گری کہ صبح ناشتہ کے وقت (ش) کے خاوند اور اس کے سسر کے درمیان جھگڑا ہوا' جھگڑے کے دس منٹ بعد (ش) کے خاوند نے چھوٹی سی بات پر خود کو گولی مار کر خودکشی کر لی اور یوں یہ بچی نیم پاگل ہو کر اپنے باپ کے پاس پہنچ گئی۔ اب سب ماجد انکل کو کہتے ہیں آپ کو اپنے کیے کی سزا مل رہی ہے اور یوں ایک وٹہ سٹہ کا رشتہ جو کہ مزید مضبوط ہونا چاہیے اپنی انا، ضد اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے پہلی دو گھر برباد ہوئے اب ایک مزید نسل برباد ہو گئی اور ابھی نامعلوم یہ ہٹ دھرمی' انا کتنے گھرانے برباد کرے گی؟ اللہ ہم سب کو رشتوں کا ادب اور احترام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

باتھ روم میں پاؤں دھوئے اور دائمی زکام ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں' چھوٹا سا عملیات کا طالب علم ہوں' ماہنامہ عبقری کو اپنا استاد مانتا ہوں۔ میرا مسئلہ یہ تھا کہ مجھے دائمی نزلہ زکام رہتا تھا' میں نے بہت ٹوٹکے اور نسخہ جات استعمال کیے مگر صرف وقتی فائدہ ہوتا۔ پھر ایک دن میں نے عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں پڑھا کہ باتھ روم میں حاجت سے فارغ ہونے کے بعد باہر آنے سے پہلے پاؤں دھو کر باہر آئیں۔ میں یہ ٹوٹکہ کچھ عرصہ سے استعمال کر رہا ہوں' جب سے میں نے یہ ٹوٹکہ استعمال کرنا شروع کیا ہے مجھے نزلہ زکام نہیں ہوتا۔ یہ ٹوٹکہ واقعی کام کرتا ہے' میری تو طرح طرح کی ادویات اور ڈراپس سے جان چھوٹ چکی ہے۔ (عبدالغفار' کبیر والہ)

اسم اعظم کے روحانی دم سے جو سوچا پالیا

زبیدہ ارم، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ آٹھ ماہ سے تسبیح خانہ سے وابستہ ہوں' مجھے میری ایک دوست نے تسبیح خانہ سے متعارف کروایا' اس دوست نے مجھے سیدھی راہ پر لگا دیا میں ہر پل اس کی شکرگزار رہتی ہوں۔ مجھے گنٹھیا کی بیماری تھی' میری دوست نے مجھے روحانی دم کا بتایا' جو کہ ہر ماہ تسبیح خانہ میں حضرت حکیم صاحب خود ہر آنے والے کو کرتے ہیں' الحمدللہ! روحانی دم کروانے سے میں بالکل ٹھیک ہوں۔ میری تمام ادویات چھوٹ چکی ہیں۔ اس کے علاوہ میرے ابو دل کے مریض ہیں' جس کی وجہ سے وہ ساری رات سو نہیں سکتے تھے' اکثر دل میں شدید درد ہوتا' پنجاب کارڈیالوجی میں بھی ایک ہفتہ داخل رہے' ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ انجیوگرافی نہیں ہو سکتی کیونکہ یہ بہت کمزور ہیں۔ پھر میں نے اپنے ابو سے کہا کہ آپ بھی تسبیح خانہ سے روحانی دم کروائیں۔ بڑی مشکل سے ابو کو منایا اور بتائی گئی تاریخ کو روحانی دم کروانے بھائی ابو کو تسبیح خانہ لے کر آئے' دم کروایا الحمد اب وہ بہت بہتر ہو گئے ہیں۔ رات کو پرسکون نیند لیتے ہیں۔ اب تو خود پوچھتے ہیں کہ اب کب دم کروانے جانا ہے۔ اب انہوں نے خود پر تیسرا روحانی دم کروانا ہے اور وہ پہلے سے بہت بہتر اور مطمئن ہیں اور آپ کو خوب دعائیں دیتے ہیں۔ تسبیح خانہ میں ہونے والا روحانی دم بہت ہی زبردست چیز ہے' جس بھی نیت سے کروائیں وہ پوری ہو جاتی ہے۔ گزشتہ روحانی دم میں میرے محلے کی ایک عورت بھی میرے ساتھ آئی' اس کا حمل ٹھیک جگہ پر نہ تھا اور ڈاکٹرز نے ڈی ایم سی کیلئے کہا تھا اور دس ہزار مانگ رہے تھے۔ میرے ساتھ روحانی دم پر آئی اور بار بار پوچھ رہی تھی کہ باجی مسئلہ حل ہو جائے گا نا؟ میں نے اسے کہا کہ آپ اپنا مسئلہ ذہن میں رکھ کر دم کروائیں انشاء اللہ بہتری ہی ہوگی' گھر واپس آئے تو اگلے دن رات سوتے میں ہی اس کی ڈی ایم سی ہو گئی اب وہ بالکل ٹھیک ہے۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7، 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنا لیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

اب ہراٹکا کام ہوجائیگا: ایک عامل کا قول ہے کہ سخت سے سخت مشکل اور مہم میں اسم یَاقَیُّوْمُ کو تین روز تک تین آدمی مل کر 21000 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ انشاء اللہ کام ہوجائیگا۔

خواتین پوچھتی ہیں؟

ام اوراق

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

دلہن کے خواب: شادی سے پہلے میرے تصور میں ایک چاہنے والا خوبصورت شوہر تھا' شادی ہوئی تو میرے سارے خواب چکنا چور ہوگئے' شکل وصورت تو اللہ کی بنائی ہوئی ہے سو صبر کرلیا مگر وہ تو مجھ سے بات کرنے کے بھی روادار نہیں۔ انہیں وقت پر کھانا چاہئے اور بس! وہ خوشامد پسند ہیں جبکہ میری یہ عادت نہیں۔ بہرحال مسئلہ یہ ہے کہ میرا دل نہیں چاہتا کہ ان سے بات بھی کروں' میں بہت پریشان ہوں۔ (ش' ک۔ کراچی)

مشورہ: ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں عام طور پر مختلف ٹی وی چینلز کے ڈرامے دیکھ دیکھ کر لڑکیاں اپنے تصورات کو خود پر حاوی کرلیتی ہیں' وہ شادی کا یہی مطلب اخذ کرتی ہیں کہ نئے گھر میں پیار محبت' پیسے کی فراوانی' شوہر کی چاہت' گھومنا پھرنا اور وہ سب کچھ ہوگا جو ہمارے میڈیا میں دکھایا جاتا ہے جبکہ ازدواجی زندگی کے تقاضے کچھ اور ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ایک دوسرے کے سکون کیلئے مرد اور عورت کے جوڑے بنائے' شادی کے بعد آپ کا فرض ہے کہ پیار ومحبت اور خدمت واطاعت سے اپنے شوہر کا دل جیتیں۔ خواتین کی یہ عادت بہت بری ہے کہ وہ شوہر کے سارے حسن سلوک اور پیار محبت کو ان کی ذراسی غلطی پر غصے میں ٹھکرا دیتی ہیں۔ میں یہ سب اس لئے لکھ رہی ہوں کہ اگر ان سے ایسی کوئی غلطی ہوگئی ہے تو آپ ٹھنڈے دل سے غور کرلیں۔ صورت شکل تو اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے' ضروری نہیں دونوں میاں بیوی خوبصورت ہوں' اب وہ آپ کے شوہر ہیں اور آپ پر ان کے حقوق واجب ہیں۔ اب یہ آپ پر منحصر ہے کہ شوہر کو کیسے اپناتی ہیں' خدمت اور پیار کبھی بھی رائیگاں نہیں جاتا۔ آپ اپنے آپ کو سنوار کر رکھئے' ان کی جائز تعریف کیجئے اور ان کے تلخ رویے سے ہار نہ مانئے' یقین کریں جیت آپ کی ہوگی۔ آپ کا رب بھی خوش ہوگا اور دنیا بھی سنور جائے گی۔ یہ سوچئے کہ شوہر نے آپ سے شادی کرکے آپ کو بھرپور تحفظ دیا ہے پھر آپ کیوں گھبراتی ہیں۔ انشاء اللہ وقت کے ساتھ سب ٹھیک ہوجائے گا' بچے ہوتے ہیں تو یہ رشتہ اور مضبوط ہوجاتا ہے۔ ان کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں' انہیں جو کھانے مرغوب ہیں وہ بنائیں اور ان کے ساتھ بیٹھ کر کھائیں۔ رفتہ رفتہ آپ کی محبت انہیں اسیر کرلے گی اور آپ مطمئن بھی ہوجائیں گی۔

شکوہ ایک شوہر کا: اس سلسلے میں ایک خط پچھلے شمارے میں شائع ہوا' پھر اس خط کے بارے میں بہت سارے ٹیلی فون آئے' دو لڑکیاں اپنے شوہروں سے علیحدہ ہوکر میکے میں بیٹھی تھیں۔ انہوں نے اس سلسلے میں مشورہ کیا تو میں نے احادیث کی روشنی میں انہیں شوہر کے حقوق بتائے اور نصیحت کی کہ واپس اپنے گھر جاکر شوہر کے ساتھ پیار محبت سے رہیں۔ جب انہوں نے میرا کہا مانا تو مجھے بڑی خوشی ہوئی' چند اور خواتین نے اپنی خرابی صحت کا گلہ کیا جس کی بناء پر وہ شوہر سے کتراتی تھیں' ہومیوپیتھی میں ایسی بھی دوائیاں ہیں جو سرد مہری ختم کردیتی ہیں۔ میں نے انہیں ڈاکٹر کا فون نمبر دیا' اب وہ زیر علاج ہیں اور صحت یاب ہورہی ہیں۔

اس موضوع پر بہت ساری حقیقتیں لکھی جاسکتی ہیں' کبھی وقت ملا تو ضرور کوشش کروں گی۔ یہ بھی ہمارے معاشرے کا ایک خاص الخاص مسئلہ ہے جو صرف پیار محبت سے ہی حل ہوسکتا ہے' دونوں کو ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہئے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس آدمی کا ایمان زیادہ کامل ہے جو سب کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آتا ہو اور بیوی کے ساتھ اس کا برتاؤ لطف ومحبت کا ہو۔

بچہ بھوکا رہتا ہے: میری عمر 22 سال ہے' میرے ہاں دوسرا بچہ ہونے والا ہے میں خود کمزور اور دبلی پتلی ہوں' زچگی کے بعد بچے کو دودھ بھی نہیں پلا سکتی' دو چار دن پیتا ہے پھر بھوکا روتا رہتا ہے' اس بارے میں ضرور لکھئے تاکہ میں اپنے بچے کو اچھی طرح پال سکوں' میری صحت بھی ٹھیک رہے۔ (عاصمہ اکبر)

مشورہ: بی بی! آپ ہر ماہ طبی معائنہ کرایئے' ڈاکٹر طاقت کیلئے جو دوائیاں بتائیں وہ کھاتی رہیں تاکہ آپ کی صحت بھی ٹھیک رہے اور ہونے والا بچہ بھی صحت مند رہے۔ آپ زچگی کے بعد ناشتے میں روز گیہوں کا دلیہ دودھ میں پکا کر کھایئے۔ ہفتے میں ایک بار کلیجی بھون کر کھائیں' دودھ کم اترتا ہو تو بکری کے پھیپھڑے منگوا کر ان کے ٹکڑے کرکے روزانہ تین چار ٹکڑے توے یا فرائی پان میں تھوڑا سا گھی ڈال کر اوپر کوئی برتن رکھ دیں۔ ہلکی آنچ پر گل جائیں تو بھون کر نمک' کالی مرچ چھڑک کر کھالیں' دو تین ہفتے مسلسل کھانے سے دودھ وافر اترے گا' اسی طرح میتھی کے بیج صاف کرکے تھوڑے سے گھی میں بھون کر اتار لیں۔ اب انہیں پیس کر رکھ لیں' جب آپ دلیہ پکانے لگیں تو چائے کا آدھا چمچ سفوف دلیے میں ڈال کر پکالیں۔ اسے کھانے سے دودھ زیادہ ہوتا ہے' اپنی غذا میں سلاد' پھل' سبزیاں' گوشت شامل رکھیں کیونکہ آپ نے دو بچوں کی پرورش کرنی ہے' ماں صحت مند ہوگی تو بچوں کی بہتر دیکھ بھال کرسکے گی۔ دبلی پتلی کمزور مائیں بھی بچے پال لیتی ہیں' آپ پریشان نہ ہوں' بچہ ہونے کے بعد آپ دونوں بچے آسانی سے سنبھال سکیں گی بس اپنی غذا کا خاص خیال رکھئے گا۔ بچے کو گود کی عادت نہ ڈالئے گا بلکہ دودھ پلا کر لٹا دیا کریں' جو مائیں بچے کو ہر وقت گود میں لئے رہتی ہیں اس سے بھی بچے کو گود کی عادت پڑ جاتی ہے اور گود سے اتارتے ہی بچہ رونا شروع کردیتا ہے' اس سے گھریلو کاموں میں دقت ہوتی ہے' اسی طرح آپ بڑے بچے کو بھی بہت کچھ سکھا سکتی ہے۔

مجھ سے خوشبو آتی ہے! راز آپ بھی جانیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے 2013 سے ماہنامہ عبقری پڑھنا شروع کیا' مجھے بہت اچھا لگا' عبقری پڑھنے میں مجھے بہت مزہ آتا ہے' میں نے عبقری کی گزشتہ تمام جلدیں منگوا کر پڑھ لیں اور آپ کی تالیف کردہ کتب جن میں 'مجھے شفاء کیسے ملی؟' جنات کا پیدائشی دوست حصہ اول، حصہ دوئم' کلونجی کے کرشمات' حکماء کا طبی نچوڑ' کالی دنیا کالا جادو' وظائف اولیاء اور جدید سائنسی تحقیقات' عامل کامل بننے کے راز' باکمال عاملین کے بے مثال تجربات' شافی دوائیں شافی علاج' خاندانی بیاض' دو انمول خزانہ درج بالا کتب میرے مطالعہ میں ہیں اور الحمدللہ ان سے بھرپور فیض یاب ہورہا ہوں۔ مجھے حکمت اور روحانیت کا شوق ہے۔ میرے دو شوق ایک ماہنامہ عبقری سے پورے ہورہے ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! لوگ کہتے ہیں کہ تمہارے جسم سے گلاب کی خوشبو آتی ہے۔ یہ آج کی بات نہیں گزشتہ سات سال سے میرے جسم سے خوشبو آتی ہے اور اس کا راز یہ ہے کہ گزشتہ پندرہ سال سے میں روزانہ پہلا کلمہ تین ہزار مرتبہ اور پندرہ سال سے ہی درود شریف تین ہزار مرتبہ پڑھ رہا ہوں۔ اس کے بعد گزشتہ سات سال ہوگئے ہیں میرے جسم سے خوشبو آرہی ہے۔ اکثر مسائل میری زندگی میں بھی آتے ہیں مگر ایسے حل ہوتے ہیں کہ میں خود حیران رہ جاتا ہوں۔ اس کے علاوہ میرے گھر میں ایک الماری ہے جس میں مختلف کتب پڑی ہیں جس پر ہر کوئی دستک دیتا رہتا ہے۔ جب میں الماری کھول دیتا ہوں دستک ختم ہوجاتی ہے۔ (محمد رئیس قادری' کراچی)

جاہلوں کا طریقہ: جاہلوں کا طریقہ یہ ہے کہ جب ان کی کوئی دلیل مقابل کے آگے نہیں چل سکتی تو جھگڑا شروع کر دیتے ہیں۔ (شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ)

چقندر اور اس کے رس سے کینسر کا علاج ممکن

صغیرہ بانو شیریں

چقندر خون کی کمی کے مریضوں کیلئے ایک صحت بخش ٹانک کی حیثیت رکھتا ہے‘ اس میں موجود فولاد کی مقدار خون کے سرخ ذرات میں نمایاں اضافہ کرتی ہے۔ جرمنی کے ماہرین کی رائے ہے کہ سرخ چقندر کا رس قوت مدافعت کیلئے مفید ہے۔

سرخ رنگ کے چقندر بازار میں دستیاب ہیں‘ جو لوگ ان کی غذائی افادیت جانتے ہیں وہ انہیں موسم میں ضرور استعمال کرتے ہیں۔ گول‘ لمبے یا بیضوی چقندر سبزیوں میں پکے نمایاں نظر آتے ہیں اور لوگ انہیں پسند کرتے ہیں۔ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر ایک خاتون چقندر اور جو سے بنا ہوا کھانا‘ ہریسہ کی مانند گھوٹ کر ہر جمعہ کو لے آتیں۔ جمعہ کی نماز پڑھ کر لوگ ان کو سلام کر کے چقندر اور جو کا پکوان لے کر کھاتے۔ (بخاری‘ مسلم)

جدید تحقیق نے چقندر کو سرطان جیسے موذی مرض اور جوڑوں کے درد کے خاتمے میں مفید قرار دیا ہے۔ چقندر کے پتے کبھی ضائع نہ کریں‘ انہیں ہلکی آنچ پر پکائیے‘ پتے تازہ ہونے چاہئیں تاکہ ان کا ذائقہ بہتر رہے اور طبی افادیت بھی ضائع نہ ہو‘ گردے کے درد میں مبتلا مریض‘ بواسیر اور جوڑوں کے درد والے افراد چقندر کو گوشت یا قیمے میں یا سادی سبزی کے طور پر غذا میں شامل کریں تو اس کا دوا کی طرح اثر ہوتا ہے۔ معدے میں گیس زیادہ بنے تو اس کے سالن میں پسا ہوا کالا زیرہ اچھی طرح چھڑک کر کھانے سے معدہ صحیح ہوجاتا ہے‘ بھوک لگتی ہے اور گیس نہیں بنتی۔ قبض کی پرانی شکایت میں طبیب چقندر کا جوشاندہ گلاس بھر کے پلاتے تھے‘ اس سے بواسیر اور قبض میں آرام آتا تھا‘ ایران میں آج بھی چقندر کا گرم رس شوق سے پیا جاتا ہے۔ فرانس کے معالج اپنے مریضوں کو ایک کلو چقندر کھانے کا مشورہ دیتے ہیں۔ ایک درمیانہ چقندر مع پتوں کے دھو کر کاٹ کر دو کپ پانی میں ابالئے‘ ایک پیالی پانی چھان کر پینے سے قبض بھی دور ہوجاتا ہے اور بواسیر کی شدت میں کمی آتی ہے۔ چقندر خون کی کمی کے مریضوں کیلئے ایک صحت بخش ٹانک کی حیثیت رکھتا ہے‘ اس میں موجود فولاد کی مقدار خون کے سرخ ذرات میں نمایاں اضافہ کرتی ہے۔ جرمنی کے ماہرین کی رائے ہے کہ سرخ چقندر کا رس نہ صرف قوت مدافعت کیلئے مفید ہے بلکہ ایسے بچوں خصوصاً عالم شباب میں داخل ہونے والے بچے بچوں کیلئے دوسری ادویہ اور ٹانک کے مقابلے میں محفوظ اور موثر ثابت ہوا ہے۔ جہاں دوسرے علاج کارگر ثابت نہیں ہوتے‘ وہاں چقندر مفید ثابت ہوتا ہے۔ ہمارے جسم میں ایسے مادے جمع ہوجاتے ہیں جو صحت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ کیلشیم کو تحلیل کرنے میں چقندر کا رس انتہائی موثر ثابت ہوا ہے۔ پھولی ہوئی وریدوں‘ ہائی بلڈ پریشر اور شریانوں کی بندش میں تو چقندر کا رس دوا اور غذا کا کام کرتا ہے۔ پتے اور گردے کی بیماریوں کو دور کرنے میں گاجر‘ چقندر اور کھیرے کا رس بہت مفید ہے۔ پھلوں اور سبزیوں کا رس جسم سے نہ صرف فاسد مادے خارج کرتا ہے‘ بلکہ ہاضمے کے نظام کو بھی درست رکھتا ہے۔ سبزیوں کے رس کے اہم غذائی اجزا براہ راست خون میں شامل ہوجاتے ہیں جو اعضائے انسانی کو قوت بخشتے ہیں۔ چقندر کا رس بناتے وقت صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھنا چاہئے تازہ پکے ہوئے پھل اور سبزیاں لینی چاہئیں۔ پھل اور سبزیاں قدرتی طریقے سے پکی ہوئی ہونی چاہئیں پھل اور سبزیوں کا رس بنا کر اسی وقت پی لینا چاہئے ذرا سی دیر کیلئے بھی نہیں رکھنا چاہئے۔ ہیپاٹائٹس‘ یرقان‘ اسہال اور پیچش میں تھوڑے سے چقندر کا رس ایک چمچ لیموں کے رس میں ملا کر دیا جاتا ہے۔ رس دن میں صرف ایک بار ہی معالج تجویز کرتے ہیں۔ بالوں کے مسائل آج کل بڑھتے جارہے ہیں چقندر بالوں کی بڑھوتری‘ خشکی اور جوؤں کو ختم کرنے کیلئے بھی مفید ہے صرف ایک چقندر چھلکوں سمیت دھو کر مع پتوں کے کاٹ کر تھوڑے پانی میں ابالئے۔ جب اچھی طرح گل جائے تو سر پر یہ پانی ڈال کر ملئے‘ آدھے گھنٹے بعد سر دھوئیے‘ ہفتے میں دو بار سر دھونے سے خشکی دور ہوجائے گی۔ جوؤں کے خاتمے کیلئے روزانہ چقندر کے پانی سے اسی طرح بال دھوئیے۔ چقندر کا تیل گھر میں خود بنائیے‘ دو چقندر لیں ان کے گول قتلے کاٹ لیں‘ پتے بھی کاٹ لیں‘ ایک کلو سرسوں کا تیل گرم کر کے اس میں ایک دو قتلے ڈال کر جلائیے‘ جل جائیں تو دوسرے قتلے ڈالئے‘ آخر میں پتے ڈال کر چولہا بند کر دیجئے‘ پتے بھی سیاہ ہوجائیں گے‘ ٹھنڈا ہونے پر تیل چھان کر رکھئے۔ یہ تیل بالوں کی سیاہی‘ مضبوطی‘ خشکی اور بال گھنے کرنے کیلئے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ سر پر صرف چقندر کا رس نکال کر لگانے اور آدھے گھنٹے بعد سر دھونے سے بھی بال سیاہ اور گھنے رہتے ہیں۔ جوڑوں کے درد کیلئے چقندر کا تیل بھی بنتا ہے‘ ایک کلو چقندر (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

روحانی پھکی اور دم والے صابن کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس دنیا میں اچھے کام کرنے اور لوگوں کی مدد کرنے کیلئے بھیجا ہے۔ اور جو جو وظائف اور ٹوٹکے عبقری میں بتاتے ہیں ہم ان پر عمل کرتے ہیں تو یقین کریں کہ تمام کام بفضلہ تعالیٰ خیریت سے ہوجاتے ہیں۔ شرط یقین اور توجہ کی ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب ہم نے دفتر ماہنامہ عبقری سے روحانی پھکی اور دم والا صابن خریدا‘ یقین کیجئے کہ دم والے صابن سے جلدی مسائل ایسے حل ہوئے کہ جیسے تھے ہی نہیں‘ ہمارے گھر میں سب کو خارش ہوگئی‘ ہم سب دم والے صابن سے نہاتے رہے اور الحمدللہ خارش ہمارے گھر سے بالکل ختم ہوگئی ہے۔ گھر میں کسی کو پیٹ کا کوئی مسئلہ ہو روحانی پھکی کھلاتے ہیں فوراً آرام آجاتا ہے۔ قبض کی صورت میں ایک بڑا چمچ صبح اور ایک بڑا چمچ رات کو سوتے وقت روحانی پھکی کا کھاتے ہیں قبض بہت جلد ختم ہوجاتی ہے۔ الحمدللہ! عبقری کا سچا منجن اور ہیئر آئل استعمال کرتے ہیں‘ دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔ برکت والی تھیلی استعمال کرتے ہیں روزانہ صبح و شام 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھتے ہیں لاجواب اثرات ہیں‘ برکت ہی برکت ہے۔ حضرت حکیم صاحب! میں نے بہت سادہ انداز میں لکھا ہے ان باتوں میں نہ بناوٹ ہے نہ ہی جھوٹ۔ جو کہہ رہی ہوں سچ کہہ رہی ہوں اور سچ کے سوا کچھ نہیں کہہ رہی۔ بخدا! (ج، پشاور)

عبقری تحریر مقابلہ جیتنے والے خوش نصیب

عبقری انٹرنیشنل تحریری مقابلہ میں نقدی انعام جیتنے والے تین خوش نصیب۔ عائشہ جمال‘ لاہور۔ ذیشان افضال‘ شیخوپورہ۔ عمارہ فردوس‘ گروٹ۔ (خوشاب)

عبقری تحریری مقابلہ میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے کتب کا گفٹ خاص آٹوگراف کے ساتھ جیتنے والے خوش نصیبوں کے نام درج ذیل ہیں۔

محمد عثمان‘ بنوں۔ آسیہ بی بی‘ واہ کینٹ۔ معلمہ بنت حنیف گاؤں سیدھڑی‘ گجرات۔ نسرین عالم‘ ایبٹ آباد۔ رابعہ عبدالحمید‘ کراچی۔ مقصود شاہ۔ محمد عارف‘ چکوال۔ عبیدہ مہ جبیں‘ چمن۔ ارم نورین‘ اسلام آباد۔ بنت چشتی‘ قصور۔ صائمہ افضل‘ لاہور۔ محمد حنیف‘ یزمان بہاولپور۔ محمد یوسف‘ گوجرانوالہ۔ حرا طاہر‘ راولپنڈی۔ صائمہ شاہین‘ اسلام آباد۔ حکیم فاروق‘ چڑھوے والا۔ خالدہ پروین‘ ساہیوال۔ اہلیہ عتیق الرحمٰن‘ سرگودھا۔ نجمہ عامر‘ گوجرانوالہ۔ فرزانہ روحی اسلم‘ کراچی۔ کائنات مغل‘ ایبٹ آباد۔ محمد عدیل‘ سرگودھا۔ ڈاکٹر راغب حسین ترمذی‘ راولپنڈی۔ محمد افضل رفیق رحمانی‘ خوشاب۔ نوٹ: درج بالا نام تحریریں فائنل کر کے ایمانداری سے نکالے گئے ہیں۔

پیٹ کے درد کا علاج: دردِ شکم کو فوری دور کرنے کے لیے سونف کے تیل کی چند بوندیں لینا مفید ہے۔ اس کے علاوہ عرق سونف کا باقاعدہ استعمال خصوصاً بچوں کیلئے اور عموماً بڑوں کے معدے کو مقوی کرتا ہے۔



قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی‘ جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں‘ اپنے معمولی سے تجربے کا بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

یارسول اللہ ﷺ! میرے لیے آپ ہی کافی ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں آپ کے اس رسالے نے بہت سے لوگوں کی دنیا و آخرت سنوار دی ہے۔ میری طرف سے آپ کیلئے بس اتنی سی دعا ہے کہ جن شرور سے بچنے کیلئے انبیائے کرام علیہم السلام نے دعا مانگی اللہ تعالیٰ آپ کو ان سے بچائے اور جتنی بھلائیاں انبیاء کرام علیہم السلام نے اپنے لئے مانگی ہیں وہ ساری بھلائیاں اللہ تعالیٰ آپ کو بن مانگے عطا فرمائے۔ میں عبقری میں خاص طور پر ”جنات کا پیدائشی دوست“ بہت بہت شوق سے پڑھتی ہوں مجھے علامہ لاہوتی صاحب سے ملنے کا بڑا اشوق ہے۔ حضرت حکیم صاحب میں کسی رسالے میں پہلی مرتبہ لکھ رہی ہوں‘ اس لئے اگر مجھ سے غلطی ہوجائے تو معاف فرمایئے گا۔ اب میں آتی ہوں اصل بات کی طرف حضرت غزالی زماں رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے محدث گزرے ہیں‘ اللہ کریم نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کو اَن گنت خوبیوں سے نوازا تھا‘ آپ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ اس وقت میری عمر سولہ سترہ سال ہوگی ان دنوں لاہور عظیم الشان علمی مرکز تھا‘ لاہور کے ایک علاقہ میں ہر سال پانچ روزہ جلسہ ہوا کرتا تھا مجھے بھی اس جلسے میں خطاب کرنے کا موقع ملا۔ ابھی اس وقت تقسیم برصغیر عمل میں نہیں آیا تھا‘ جلسہ گاہ کے قرب و جوار میں ہندو اور سکھ رہتے تھے میں تقریر کررہا تھا کہ اس دوران ایک پرچی آئی‘ اس پر لکھا تھا کہ مولانا صاحب میں ایک ہندو لڑکی ہوں اور بی اے میں پڑھتی ہوں۔ میرا گھر آپ کے جلسہ گاہ کے بالکل ساتھ ہے اس لئے کئی دن سے میں آپ کے جلسہ میں ہونے والی تقاریر سن رہی ہوں‘ آج آپ کہہ رہے ہیں کہ دنیا میں کسی صفت اور خوبی میں آپ ﷺ سے بڑھ کر کوئی بھی نہیں ہوسکتا۔ جبکہ کل اسی اسٹیج پر ایک مولانا صاحب نے حاتم طائی کی سخاوت کا ایک واقعہ بیان کیا‘ انہوں نے بتایا کہ حاتم طائی اتنا سخی تھا کہ انہوں نے لوگوں میں مال و دولت تقسیم کرنے کیلئے ایک محل بنوایا جس کے سات دروازے تھے جو سائل جس دروازے سے آتا حاتم اسے خیرات دیتا۔ تیسرے اور چوتھے حتیٰ کہ وہی سائل ساتوں دروازوں سے آتا اور ساتوں مرتبہ ہی اسے خیرات مل جاتی اور حاتم کی زبان پر یہ الفاظ نہیں آتے تھے کہ تم پہلے کتنی دفعہ آچکے ہو‘ بار بار کیوں چلے آتے ہو۔ اب جب کہ آپ کا دعویٰ ہے کہ مخلوق میں کوئی بھی ہمارے نبی کریم ﷺ سے بڑھ کر کوئی نہیں ہوسکتا۔ جبکہ حاتم طائی کی اس سخاوت سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ آپ کے نبی کریم ﷺ سے بھی بڑھ کر سخی تھا۔ شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ اس واقعہ سے تو حاتم طائی کی کنجوسی اور کم ہمتی ثابت ہوتی ہے۔ ایک سائل آتا ہے سوال کرتا ہے حاتم اسے دیتا ہے لیکن سائل کی طلب ختم نہیں ہوتی وہ دوبارہ جھولی پھیلاتا ہے حاتم اسے پھر کم دیتا ہے کہ سائل دوبارہ سوال کرنے پر مجبور رہے۔ اگر سخاوت دیکھنی ہے تو آؤ میرے آقا ﷺ کی سخاوت دیکھو‘ تہجد کا وقت ہے حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کو وضو کروا رہے ہیں۔ سرکار دو عالم ﷺ آپ رضی اللہ عنہ کی اس خدمت سے خوش ہوتے ہیں‘ سرکار دو عالم ﷺ فرماتے ہیں: سل یا ربیعہ“ اے ربیعہ مانگ کیا مانگتا ہے؟ حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ عرض کرتے ہیں: اسئلك مر افقتك فی الجنة یارسول اللہ ﷺ! میں جنت میں آپ ﷺ سے آپ ﷺ کی رفاقت طلب کرتا ہوں۔ سرکار دو عالم ﷺ فرماتے ہیں یہ ہم نے تمہیں عطا کردیا‘ اس کے علاوہ کوئی اور طلب ہو تو مانگ۔ حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ عرض کرتے ہیں اے اللہ کے رسول ﷺ میرے لئے آپ ﷺ ہی سب کچھ ہیں۔ سرکار دو عالم ﷺ پھر فرماتے ہیں اے ربیعہ کچھ اور مانگ لے۔ وہ عرض کرتے ہیں یارسول اللہ ﷺ آپ ﷺ ہی میرے لئے کافی ہیں۔ ذرا دیکھو! ایک طرف وہ سائل ہے جو بار بار آتا ہے اور حاتم سے سوال کرتا ہے‘ ایک یہ داتا ہیں جو سائل سے بار بار کہتے ہیں کہ کچھ اور مانگ لو۔ اب آپ خود فیصلہ کریں کہ کون زیادہ سخی ہے؟ یہ جواب سن کر وہ لڑکی مسلمان ہوگئی۔ (اقراء جاوید‘ خوشاب)

پٹھوں کی طاقت کیلئے ادرک کا حلوہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو صحت عطا فرمائے اور آپ کی عمر دراز فرمائے۔ آمین۔ میں عبقری گزشتہ چھ سال سے پڑھ رہی ہوں‘ عبقری رسالہ ہی میری خوراک ہے۔ میرے ملنے والے مجھے ”آدھی حکیم“ کہتے ہیں کیونکہ اکثر عبقری کے نسخے اور وظیفہ جات میں لکھ کر فوٹو کاپی کروا کر اپنے ملنے والوں کو تقسیم کرتی ہوں سب بہت خوش ہوتے ہیں۔ دو انمول خزانے بھی تقسیم کرتی ہوں‘ پڑھنے کیلئے جس کو بھی دیتی ہوں بہت فائدے ملتے ہیں۔ عبقری قارئین کی خدمت میں میرے تین نسخہ جات ہیں جو میں نے خود آزمائے ہیں۔ میں چونکہ خود جوڑوں کے درد کی مریضہ رہی ہوں میری والدہ پٹھوں کی طاقت کیلئے ادرک کا حلوہ بنا کر کھلاتی تھیں۔ اس کے علاوہ ایک اور نسخہ میری دادی جان بچوں کی ٹھنڈ کیلئے بنا کر بچوں کو کھلاتی تھیں جس سے کبھی بھی بچے کو ٹھنڈ نہیں لگتی۔ میرا بھائی حافظ قرآن ہے اس کے دماغ کی طاقت کیلئے خشک ناریل کا حلوہ میری والدہ اسے بنا کر کھلاتی تھیں تو محترم قارئین یہ نسخہ جات بہت ہی بہترین اور آزمودہ ہیں اور ہمیشہ ہمارے استعمال میں رہتے ہیں جو آپ کی خدمت میں پیش کررہی ہوں۔

پٹھوں کی طاقت کیلئے ادرک کا حلوہ: ھوالشافی: ادرک ایک پاؤ‘ دودھ پانچ کلو‘ دیسی گھی‘ چینی‘ میوہ جات حسب ذائقہ۔ ترکیب: ادرک کو جوسر میں ڈال کر جوس نکال لیں اور دودھ میں ڈال کر چولہے پر ہلکی آنچ پر چڑھا دیں‘ جب دودھ خشک ہوجائے اور گاڑھے آمیزے کی شکل اختیار کرلے تو اس میں گھی اور چینی اور میوہ جات ڈال کر پکائیں اور خشک ہونے پر جار میں محفوظ کرلیں۔ ایک چمچ صبح، ایک چمچ شام ہمراہ دودھ لیں۔ انشاء اللہ پٹھے کبھی کمزور نہیں ہونگے۔

دماغ کی طاقت کیلئے خشک ناریل کا حلوہ: خشک ناریل دو عدد (یہ بند ناریل جسے گولہ ناریل بھی کہتے ہیں پنساری کی دکان سے مل جاتے ہیں) اسپغول کا چھلکا ایک پاؤ‘ دیسی گھی ایک پاؤ‘ دودھ پانچ کلو۔ ترکیب: بند ناریل کے سرے پر چھری کی نوک سے چھوٹا سا سوراخ کرلیں۔ سوراخ کے ذریعے اسپغول کا چھلکا اور گھی ناریل میں بھر دیں اور گوندے ہوئے آٹے کی مدد سے سوراخ کا منہ بند کردیں اور دودھ میں ناریل چھوڑ کر چولہے پر چڑھا دیں جب دودھ گاڑھے آمیزے کی شکل کا ہوجائے تو بند ناریل جو

رشتہ درست ہے یا نہیں: اگر کسی رشتے کا پیغام آیا ہو اور یہ معلوم کرنا ہو کہ یہ رشتہ درست رہے گا یا نہیں تو اس کیلئے سات دن تک رات کو سوتے وقت اسم یَاوَاجِدُ کو 1414 مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ خواب میں اشارہ ہوجائیگا۔

دودھ میں پک رہے تھے نکال کر کدوکش کر کے دودھ میں دوبارہ شامل کردیں اور چینی ڈال کر اچھی طرح بھون لیں اور حسب ذائقہ میوہ جات ڈال کر صبح وشام ایک چمچ نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔

بچوں کو ٹھنڈ سے محفوظ رکھنے کا لاجواب نسخہ

گرم مصالحے میں جائفل ہوتی ہے جس کے اوپر چھلکا ہوتا ہے اندر چھالیہ کی طرح جائفل کا چھلکا اتار کر چھالیہ نکال لیں اور اس چھالیہ کو (دھوکر) کسی پتھر پر رگڑیں' رگڑنے سے چھالیے کے ارگرد تھوڑا سا چاکلیٹ کلر کا پیسٹ بن جائے گا' پیسٹ اتار کر ایک چمچ چائے یا دودھ میں ملا کر بچے کو سخت سردی میں ایک یا دو بار دیں' جائفل دینے سے بچے کو اگر موشن ہوجائیں تو گھبرائیں نہیں یہ سینے کا ریشہ صاف کر کے بچے کو سردی اور ٹھنڈ سے محفوظ کردے گا۔ سردی میں جب بارشیں ہوں تب ایک یا دو بار دودن کے وقفے سے دیں۔ (وحیدہ شمس' ملتان)

دعائیں ایسے قبول ہوتی ہیں!

حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دعا مومن کا ہتھیار ہے' دین کا ستون ہے اور آسمان اور زمین کا نور ہے۔ ایک حدیث شریف میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں دعا سے زیادہ اور کسی چیز کی وقعت نہیں۔ ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعا سختیوں اور مصائب کے وقت قبول فرمائے اس کو چاہیے کہ وہ فراخی اور خوشحالی میں بھی کثرت سے دعا مانگا کرے۔ ایک حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو بھی مسلمان (کسی چیز کے) مانگنے کیلئے اللہ تعالیٰ کی جانب رجوع کرتا ہے (اور دعا مانگتا ہے) اللہ' تعالیٰ کی جانب رجوع کرتا ہے (اور دعا مانگتا ہے) اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز ضرور دیتے ہیں یا وہی چیز اس کو فی الفور دے دیتے ہیں یا اس کے واسطے (دنیا یا آخرت میں) اس کو ذخیرہ کردیتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے کوئی سوال نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوجاتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: تم اللہ سے دعا مانگنے میں عاجز نہ بنو (اور کوتاہی نہ کرو) کہ دعا (کرتے رہنے) کی صورت میں ہرگز کوئی شخص (کسی ناگہانی آفت سے) ہلاک نہ ہوگا۔ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دعا کے سوا کوئی چیز قضا (تقدیر کے فیصلہ) کو رد نہیں کرسکتی اور نیکی (عمل خیر) کے سوا کوئی چیز عمر کو بڑھا نہیں سکتی ایک حدیث شریف کا مفہوم ہے کہ جس شخص کیلئے دعا کا دروازہ کھول دیا گیا اس کے لیے رحمت کے' جنت کے اور قبولیت کے دروازے کھول دیئے گئے۔ **آداب دعا:** دعا مانگنے والا باوضو ہو کر قبلہ کی طرف منہ کر کے دوزانو بیٹھے جیسے التحیات میں بیٹھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی عظمت وقدرت کا دھیان جما کر اللہ تعالیٰ کو حاضر ناظر سمجھتے ہوئے دعا مانگے۔ ہاتھوں کو دعا کیلئے اٹھا کر سب سے پہلے درود شریف پڑھے۔ حدیث شریف میں آتا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو دعا بغیر درود شریف کے مانگی جاتی ہے وہ زمین وآسمان کے درمیان لٹکی رہتی ہے اور قبول نہیں ہوتی۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی تعریف وتوصیف میں جتنے عمدہ کلمات کہہ سکتے ہیں کہیے اس کے بعد اسم اعظم اور اسمائے حسنیٰ پڑھیے جن کے متعلق حدیث شریف میں آیا ہے کہ ان کے پڑھنے کے بعد جو دعا مانگی جائے گی وہ رد نہیں کی جاتی ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ اسم اعظم ان دو آیات میں ہے۔ وَاِلٰھُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿البقرہ ۱۶۳﴾ الٓمّٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ﴿آل عمران ۲﴾ یہ اسماء الحسنیٰ کہہ کر پھر اپنی حاجت کو احکم الحاکمین، ارحم الراحمین ذات خداوندی کے سامنے پیش کریں' رو رو کر' گڑگڑا کر اپنی دعا کو قبول کروائیے' دعا میں سب کچھ مانگ لینے کے بعد آخر میں درود شریف پڑھ کر آمین کہہ کر اپنے ہاتھ منہ پر پھیر لیں اور اس پر پورا یقین رکھیں کہ دعا ضرور قبول ہوگی۔ حلال روزی کا دعا کی قبولیت میں بڑا دخل ہے' گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ کریں' اپنی ذات سے دعا شروع کریں' پھر اپنے والدین اور تمام مومن بھائیوں کیلئے دعا کریں۔ یہ مستحب ہے۔ **ضروری بات:** دعا قبول ہونے کی صورت میں اللہ تعالیٰ کا شکر ضرور ادا کریں۔ اس کیلئے یہ دعا پڑھیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ بِعِزَّتِهٖ وَ جَلَالِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ۔ (م۔ا، لاہور)

انجانے گناہ

بعض اوقات ایسے مشاہدے ہماری نظروں کے سامنے سے گزر جاتے ہیں جنہیں ہم انجانے میں نظر انداز کردیتے ہیں جو اللہ تعالیٰ جل شانہ اور رسول اللہ ﷺ اور مقدس ناموں کی شان میں ہم بے ادبی کرجاتے ہیں۔ بازاروں میں روٹی یا کھانے کی مختلف اشیاء اخبار کے صفحہ میں لپیٹ کردی جاتی ہیں' جنہیں ہم کھانے کے بعد مروڑ کر کوڑا دان میں پھینک دیتے ہیں۔ اسی صفحہ پر قرآنی یا اس کا ترجمہ یا مقدس نام بھی لکھے ہوتے ہیں۔ ان کو صفحہ سے الگ کر کے ایک صاف پلاسٹک کی تھیلی میں جمع کرلیں' مسجد یا کسی جگہ ان مقدس اوراق کو ڈالنے کیلئے بکس بنائے گئے ہیں جو اسی مقصد کیلئے ہیں۔ اگر الگ کئے ہوئے ٹکڑے یا صفحہ پر پیچھے کی طرف کسی جاندار کی تصویر ہے تو اس پر کالا مار کر پھیر دیں' اسی طرح اسلامی اور دوسرے رسالے' شادی کارڈ وغیرہ پر ان شاء اللہ اور بسم اللہ' نام مثلاً عبداللہ یا نام کے آگے یا بعد محمد لکھا ہو تو احتیاط کریں۔ بعض مواقع پر ہدیہ کے طور پر سٹیل یا تانبے وغیرہ کی پلیٹ یا پتیلی کے سیٹ پر اپنے نام کے آگے یا بعد مقدس نام کندہ کرواتے ہیں پھر یہی برتن ہم آگ پر پکانے یا گرم چیزیں ڈال کر استعمال کرتے ہیں۔ ایسے تو اور بھی ہمارے عمل ہوں گے جو اب تک دنیا کی مصروفیت کی وجہ سے شیطان نے ہماری نظروں سے پوشیدہ کر رکھا ہے اور غور وفکر کرنے کی مہلت نہیں دیتا۔ خدا ہم سب کو اپنی ہدایت کے ذریعہ گناہوں سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے کہ گناہوں سے بچنے کی طاقت اور سمجھنے کی ہدایت بھی وہی دیتا ہے۔ (خورشید بانو علم' کراچی)

گرمیوں کیا سردیوں میں نکسیر جان نہیں چھوڑتی

مکرمی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمدللہ! ماہنامہ عبقری میں ہر ماہ انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے پڑھتا ہوں' اس سے بہت فائدہ اٹھایا' اپنے کچھ تجربات عبقری میں اشاعت کیلئے پیش خدمت ہیں۔ (1) مجھے بچپن میں نکسیر کی شکایت تھی' گرمیوں میں تو کبھی بھی سوتے سوتے اور جاگنے کی حالت میں نکسیر پھوٹ جاتی اور پھر بہت پریشانی ہوتی' بڑے حکماء اور انگریزی دواؤں سے علاج کیا لیکن افاقہ نہ ہوا' اس سلسلے میں گل داؤدی رات کو بھگو کر صبح اس کا پانی پیا' اس سے فائدہ ہوا لیکن نکسیر بند نہیں ہوئی۔ منڈی بوٹی کا پھول بھی رات کو بھگو کر صبح اس کا پانی پیتا رہا' اس سے بھی فائدہ ہوا' کسی کے بتانے پر تخم ملنگا بھگو کر پیا اس سے پورے جسم میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا اور جب تک اس کی ٹھنڈک باقی رہتی نکسیر نہ پھوٹتی' لیکن جیسے ہی تخم ملنگا کے بھگو کر پینے میں کچھ دن کا ناغہ ہوتا نکسیر پھر آنے لگتی۔ بہرحال نکسیر پھوٹنی بالکل بند نہیں ہوئی' ایک مرتبہ ہندوپاک کی جڑی بوٹیاں نامی کتاب پڑھ رہا تھا اس میں پڑھا کہ جس کو نکسیر آتی ہو وہ پیپل کی چھال رات کو پیس کر سوتے ہوئے پیشانی اور تلوؤں پر لگائے اور رات کو چھال بھگو کر صبح اس کا نہار منہ پانی پیے تو نکسیر ختم ہوجائے گی۔ دو تین ہفتہ ایسا کرنے سے نکسیر بالکل ختم ہوجائے گی۔ میں نے ایسا کیا تو دو یا تین ہفتوں میں ہی نکسیر پھوٹنا بند ہوگئی' آج گیارہ سال سے زیادہ کا عرصہ ہوگیا ہے لیکن یاد نہیں کہ کبھی نکسیر پھوٹی ہو۔ (2) حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان میں چلا آرہا ہے کہ جب کوئی بھڑ یا کیڑا مکوڑا کاٹ لیتا ہے تو اس پر سات مرتبہ مکمل تعوذ یعنی اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھ کر دم کردیتے ہیں' آرام مل جاتا ہے۔ (عبدالہادی اعظمی' علی گڑھ)

آنتوں پھیپھڑوں اور معدہ میں خرابی ہے تو محترم انجیر کھائیے

عدیل رحمٰن

جو لوگ جسمانی کمزوری کی وجہ سے پریشان ہوں اور اپنے وزن میں اضافے کے خواہشمند ہوں انہیں روزانہ رات چار یا پانچ خشک انجیر گرم دودھ میں بھگو کر صبح خوب چبا کر کھا لینا چاہئے پھر اوپر سے دودھ پی لیا جائے۔

انجیر کا شمار ان پھلوں میں ہوتا ہے جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں خاص طور پر کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انجیر میں ایسی خصوصیات قدرتی طور پر پنہاں رکھی ہیں جو اپنے ساتھ صحت و توانائی کا خزانہ لئے ہوئے ہیں۔ انجیر خوش رنگ، نرم اور بہت ہی لذیذ پھل ہے، زیادہ تر پہاڑی علاقوں میں اس کی کاشت ہوتی ہے۔ سائنسی ماہرین کے تجزیئے کے مطابق انجیر میں 50 فیصد انگوری شکر ہوتی ہے جسے Dextrose کہا جاتا ہے، انگوری شکر میں یہ خاصیت عام شکر کی نسبت زیادہ ہوتی ہے کہ یہ جسم میں داخل ہوتے ہی آسانی سے جذب ہو جاتی ہے۔ اسی خصوصیت کی بناء پر اسے فوری توانائی کی فراہمی کا اہم ذریعہ خیال کیا جاتا ہے۔ انجیر کی ایک خاصیت اس میں موجود پانی بھی ہے جس کی مقدار کا اندازہ 80 فیصد لگایا گیا ہے جو جسمانی تھکن کو دور کر کے توانائی پہنچانے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ پانی کی اتنی مناسب مقدار کی وجہ سے معدے اور آنتوں کی صفائی میں کافی مدد ملتی ہے۔ اس کے علاوہ انجیر کی ایک انفرادیت یہ بھی ہے کہ اس میں ریشہ بالکل نہیں ہوتا، اسی بنا پر کسی طویل تھکا دینے والی بیماری کے بعد صحت و توانائی کی بحالی کیلئے انجیر کا استعمال انتہائی مفید اور کارآمد سمجھا جاتا ہے۔ آنتوں کی سستی، خون کے دباؤ میں کمی، نزلہ زکام، پھیپھڑوں کی تکالیف، گٹھیا کی شکایت، جلدی امراض، کھانسی، گردے مثانے کی پتھری، قبض، بواسیر اور دمہ جیسے عوارض میں بھی انجیر کا استعمال بہت ہی معاون خصوصیات کا حامل سمجھا جاتا ہے۔ موجودہ دور میں آنتوں کی خشکی کی شکایت عام ہوتی جا رہی ہے، جس سے صحت کو بہت سے خطرات لاحق ہو سکتے ہیں اس کو دور کرنے کے ضمن میں رات کو سوتے وقت چار یا پانچ خشک انجیر اچھی طرح چبا کر کھانا اور پھر اتنی ہی مقدار گرم دودھ میں بھگو کر نرم ہونے پر استعمال کرنا بہت موثر سمجھا جاتا ہے۔ انجیر میں نامیاتی ترشوں میلک ایسڈ، اسٹرک ایسڈ اور ایسیٹک ایسڈ کی موجودگی کو بھی ماہرین نے دریافت کیا ہے یہ ترشے جراثیم سے پاک ہونے کے ساتھ ساتھ اینٹی بیکٹیریل خصوصیات کے بھی حامل ہوتے ہیں اسی لئے انجیر کو بہت سے جسمانی عوارض کے علاوہ جلدی امراض میں بھی بہت مفید دیکھا گیا ہے اس مقصد کیلئے انجیر کا شربت بنا کر پینے کی ہدایت بالعموم دی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ انجیر، مویز، منقی اور کلاں کا جوشاندہ استعمال کرنا بہت ہی منفعت بخش ہوتا ہے۔ وہ افراد جن کے نظام ہضم اور معدے کی کارکردگی اطمینان بخش نہیں ہے یعنی ان کی غذا دیر میں ہضم ہوتی ہو تو ایسے افراد کیلئے اطباء یہ تجویز دیتے ہیں کہ کھانے کے بعد تین عدد خشک انجیر کھالی جائیں۔ انجیر کا شمار ایک بہترین قبض کشا کے طور پر ہوتا ہے اور اس مقصد کیلئے اسے تنہا یا دیگر دواؤں کے ہمراہ استعمال کیا جاتا ہے۔ ماہرین کے خیال کے مطابق اس کی قبض کشائی کا راز تازہ انجیر کے رس میں پوشیدہ ہوتا ہے جبکہ خشک انجیر کے بیج آنتوں کی حرکت تیز کر کے قبض دور کرتے ہیں۔ حکماء کے مطابق ہمارا جسم پسینے، اجابت و پیشاب کے ذریعے زہریلے مواد کا اخراج کرتا ہے۔ انجیر میں یہ صلاحیتیں بھی پائی جاتی ہیں کہ گرم تاثر کی بدولت اس کے استعمال سے پسینہ اور پیشاب کا اخراج بہت زیادہ ہوتا ہے جس سے پیٹ کا نظام درست رہتا ہے، اس نظام کی کارکردگی کو بڑھانے کیلئے اطباء حضرات انجیر کو مختلف ادویات میں بھی شامل کرتے ہیں ان میں گل بنفشہ، گل زوفا، ملٹھی، مویز اور منقی قابل ذکر ہیں۔ سینے میں بلغم جمع ہو جائے تو ان ادویات کے ساتھ 4 عدد انجیر شامل کر کے جوش دے کر پینے سے بلغم خارج ہو کر سینہ صاف ہو جاتا ہے۔ اس مقصد کیلئے گل بنفشہ 3 گرام، گل زوفا 5 گرام، ملٹھی 3 گرام اور مویز منقی 7 عدد لینا چاہئے، اس جوشاندے میں شہد یا چینی کا اضافہ بھی کیا جا سکتا ہے۔ انجیر اپنی گرم تاثیر کی بدولت موسم سرما میں جسم کو مناسب درجہ حرارت پہنچانے کا بھی اہم ذریعہ ہے اس مقصد کیلئے مونگ پھلی، چلغوزوں اور دار چینی کے ہمراہ اس کا استعمال مفید ہے جو لوگ جسمانی کمزوری کی وجہ سے پریشان ہوں اور اپنے وزن میں اضافے کے خواہشمند ہوں انہیں روزانہ رات چار یا پانچ خشک انجیر گرم دودھ میں بھگو کر صبح خوب چبا کر کھا لینا چاہئے پھر اوپر سے دودھ پی لیا جائے۔ گلے میں خراش اور کھانسی کی صورت میں اطباء حضرات یہ مشورہ دیتے ہیں کہ انجیر کو اچھی طرح چبایئے اور جب منہ میں لئی سی بن جائے تو اسے آہستہ آہستہ حلق میں اتاریئے۔

سکون کی راہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں اور آپ کے درس روحانیت و امن جو ہر جمعرات کو نماز مغرب کے بعد ہوتا ہے اور عبقری کی ویب سائٹ پر لائیو سنا جا سکتا ہے ضرور سنتا ہوں۔ درس کے دوران جو بھی اعمال آپ بتاتے ہیں انہیں ضرور کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ الحمدللہ آپ سے بیعت ہو چکا ہوں۔ اس وقت تک جو روزانہ کے میرے معمولات ہیں وہ ذیل میں ہیں۔ سورۂ بقرہ کا پہلا اور آخری رکوع، سورۂ یٰسین، سورۂ حشر کی آخری تین آیات، سورۂ ملک، سورۂ مومنون کی آخری چار آیات روزانہ پڑھتا ہوں اور درج بالا تمام آیات زبانی یاد کر لی ہیں۔ اس کے علاوہ چاروں قل روزانہ تین مرتبہ پڑھ کر جسم پر پھونک مارتا ہوں، قرآن پاک کی تلاوت ہر نماز کے بعد کرتا ہوں۔ میری تسبیحات روزانہ کی یہ ہیں:۔ تیسرا کلمہ روزانہ سو مرتبہ، استغفار تین سو مرتبہ، درود شریف تین سو مرتبہ، ہر نماز کے بعد دو انمول خزانہ نمبر ایک اور دو انمول خزانہ نمبر دو 313 مرتبہ پڑھتا ہوں، حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ سو مرتبہ، محمد رسول اللہ سو مرتبہ، سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ سو مرتبہ، یَاقَھَّارُ کم از کم گیارہ سو مرتبہ صبح و شام اور ہر نماز کے بعد 121 مرتبہ۔ سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 سات مرتبہ، یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ صبح و شام گیارہ مرتبہ روزانہ اس کے علاوہ صبح و شام کی مسنون دعائیں اور یَاھَادِیُ یَارَحِیْمُ سو مرتبہ کم از کم روزانہ پڑھتا ہوں۔ درج بالا تمام اعمال تسبیح خانہ سے جڑنے کے بعد میری زندگی میں آئے ہیں۔ الحمدللہ! (ر۔خ۔م)

مجھے اب نفس کی آگ نہیں جلاتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کے درجات کو بلند کرے، جو دکھی انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں اور لوگوں کی شیطان کے مقابلے میں مدد کر کے ان کو دشمن سے بچا رہے ہیں خدا آپ کو اس کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔ میرے ساتھ عجب معاملہ تھا تین مرتبہ خواب میں کوئی مجھے مارنے کی کوشش کر رہا تھا۔ ایک مرتبہ سورۂ قدر، ایک مرتبہ اذان اور ایک مرتبہ سورۂ ناس پڑھی تو میری جان بچی۔ اس کے علاوہ میں صبح و شام روزانہ 100 مرتبہ سورۂ ناس پڑھتا ہوں تو مجھے اب نفس کی آگ نہیں جلاتی۔ اس سے پہلے میں اپنے جذبات کے ہاتھوں بہت پریشان تھا۔ مگر آپ کے درس سننے اور درج بالا عمل کرنے کی بدولت میں بالکل پرسکون زندگی گزار رہا ہوں۔ (سہیل احمد، ملتان)

لقوے کیلئے کالی مرچ: لقوے میں کالی مرچ بے حد مفید ہے۔ اس کو باریک پیس کر روغن زیتون میں ملا کر مقام ماؤف پر لیپ کرنا چاہیے۔ مجرب ہے۔

جب برفانی پہاڑ پاک فوج کے جوانوں پر آ گرا

لیفٹیننٹ کرنل غلام مصطفیٰ خان' ملیر کینٹ کراچی

تمام لوگ آپریشن چھوڑ کر امید ہار کر بیٹھ گئے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے لگے کہ اب تو ہی ہمارا سہارا ہے اور پھر صبح کیا دیکھتے ہیں کہ کل شام جو دریا کا پانی اس برف کے پہاڑ جہاں لاشیں پڑی تھیں اس میں جانے کی بجائے دوبارہ واپس نیچے کو بہہ رہا تھا۔

1984ء میں جب ہمارے دشمن ملک بھارت نے سیاچن کی طرف پیش قدمی کی تو پاک فوج نے سیاچن گلیشیر کے سفید پوش پہاڑوں کا محاصرہ کیا اور دفاع وطن کی خاطر اپنا گرم بستر چھوڑ کر برف پر سونے کو ترجیح دی اور ساتھ ہی بھارت کو بتایا کہ آپ کے سامنے پاکستان کی افواج ہیں دیکھ کر اور سوچ سمجھ کر آگے بڑھنا' اگر پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھا تو آنکھیں نکال دیں گے' الحمدللہ پاک فوج نے اس برف پوش پہاڑوں پر بھی دشمن کو اینٹ کا جواب پتھر سے دیا اور آج تک دشمن کو آگے بڑھنے کی جرأت نہ ہوسکی۔ 7اپریل 2012ء گیاری سیکٹر میں چھ این ایل آئی بٹالین اپنی عسکری خدمات انجام دے رہی تھی کہ رات تقریباً دو بجے اچانک برف کے تودوں کا ایک پہاڑ 350 کلومیٹر فی سیکنڈ کی رفتار سے آگے بڑھا اور چھ این ایل آئی بٹالین جو کہ تقریباً ایک کلومیٹر پر محیط تھی اسے نشانہ بنایا۔ اس وقت زیادہ تر لوگ سو رہے تھے اور باقی کچھ حضرات اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے تھے۔ دیکھتے ہی دیکھتے یہ ہنستا بستا آنگن منوں برف کے نیچے دب گیا۔ شہادتوں کا سفر بدر کے پتھریلے میدانوں سے شروع ہوا اور کربلا کی پیاسی زمین سے ہوتا ہوا یہ 13 ہزار فٹ کی بلندی پر واقع گیاری میں ابھی تمام نہیں ہوا۔ اس وقت یونٹ کی کل تعداد 140 تھی جس میں 11 سویلین شامل تھے اور وہ تمام کے تمام برف کے تودے کے نیچے آگئے۔ کسی نے سوچا بھی نہ ہوگا کہ ان شہدا کے جسد خاکی کو بھی کبھی تلاش کیا جاسکے گا۔ گلیشیر ایک میل چوڑا اور کئی سو فٹ گہرا تھا اور سفاک ترین ہوائیں قدم ٹکنے نہیں دیتی تھیں۔ پاکستان فوج اور تمام ادارے وہاں اس کام کیلئے پہنچے اور بیرون ملکوں سے بھی ماہرین کو مدعو کیا گیا تاکہ ان کی ماہرانہ رائے اور جدید اوزار کے ذریعے ان لوگوں کو زندہ نکالا جاسکے مگر سارے ماہرین نے مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہاں پر سے زندہ نکالنا ناممکن ہے اور سب نے اس آپریشن میں حصہ لینے سے انکار کردیا۔ مگر الحمدللہ! پاکستان آرمی نے ہمت نہیں ہاری اور آپریشن شروع کردیا۔ پہلا بلڈوزر وہاں پہنچا تو برفانی تودے کے سامنے اس کی مثال ماچس کی ڈبیا کی سی تھی' دنیا بھر کے ماہرین نے مایوسی کا اظہار کیا مگر جس باپ کے بچے ہزاروں ٹن وزنی برفانی پتھر کے نیچے دبے ہوں اس کو کسی پل چین نہیں آرہا تھا۔ یہ غمزدہ باپ چیف آف آرمی سٹاف تھے' جن کا چہرہ بظاہر کسی احساس سے عاری دکھائی دیتا ہے اور جس کی آواز انسانی گلے سے نکلنے کی بجائے کسی روبوٹ کی مشینی آواز سے مشابہت رکھتی ہے مگر وہ اندر سے ٹوٹ چکا تھا' بکھر چکا تھا' اسے اپنے فوجی کیریئر کا مشکل ترین چیلنج درپیش تھا' میدان جنگ میں شہید کے جسد خاکی کو واپس لانے کیلئے کئی جانیں قربان کردی جاتی ہیں' جنرل صاحب نے بظاہر ایک ناممکن العمل عزم کا اظہار کیا کہ ہر شہید کو تلاش کریں گے' اسے احترام اور وقار کے ساتھ اس کے عزیزوں کی آنکھوں کے سامنے سپرد خاک کریں گے' اس میں وقت لگے گا مگر ہم یہ کام مکمل کر کے چھوڑیں گے۔ جب پاک فوج نے آپریشن شروع کیا تو جہاں پر لاشیں تھیں ان کے اوپر برف کا پہاڑ تھا تو پاک فوج نے برف کے پہاڑ کے نیچے سے ایک راستہ کھودا تاکہ برف کا پانی بہہ کر نیچے دریا میں گر جائے مگر صبح انہوں نے کیا دیکھا کہ برف کا پانی نیچے کی طرف بہنے کی بجائے اوپر کی طرف جدھر لاشیں پڑی تھیں ادھر بہہ رہا تھا۔ پاک فوج نے سوچا کہ اب تو لاشیں نکالنا ناممکن ہے کیونکہ پانی تمام لاشیں دریا میں بہا کر لے جائے گا تو تمام لوگ آپریشن چھوڑ کر امید ہار کر بیٹھ گئے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے لگے کہ اب تو ہی ہمارا سہارا ہے اور پھر صبح کیا دیکھتے ہیں کہ کل شام جو دریا کا پانی اس برف کے پہاڑ جہاں لاشیں پڑی تھیں اس میں جانے کی بجائے دوبارہ واپس نیچے کو بہہ (باقی صفحہ نمبر 48 پر)

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں' ضرور لکھیں۔ ہر ماہ یہ سلسلہ شروع کیا جارہا ہے۔

حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہٗ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

قارئین ہم "حلقہ کشف المحجوب" کا یہ آٹھواں باب ہے جس کا خلاصہ ہم بیان کریں گے۔ کشف المحجوب کی بنیاد (جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا تھا) دراصل توحید ہے۔ توحید! ولایت توحید پر باقی رہ سکتی ہے، ولایت کرامات پر باقی نہیں رہ سکتی۔ یہ دو باتیں یاد رکھیے گا۔ ولایت صرف توحید پر باقی رہ سکتی ہے۔ جس ولی کے پیچھے، جس ولایت کے پیچھے توحید ہے نا؟ (اور حفاظت توحید ہے) وہ ولایت باقی رہے گی، توحید کیا ہے؟ جو میرے اللہ جل اللہ شانہ کے حقوق ہیں اور جو میرے اللہ جل اللہ شانہ کا مقام ہے۔ اللہ کے مقام کا پاس میں نے کرنا ہے اور سرور کونین ﷺ کا جو مقام ہے اس مقام کو بڑھا کر میں نے رب نہیں بنا دینا اور یہ رسالت ہے۔ رسالت کیا ہے؟ کہ سرور کونین ﷺ کو اللہ پاک نے جو عروج اور مقام دیا ہے، اس مقام کا پاس میں نے کرنا ہی کرنا ہے کم نہیں کرنا کہ نبی ﷺ کو اپنے جیسا بنا لینا۔ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ساری چیزوں کے اندر رب ہے اور اگلی بات کہ اگر تو ان چیزوں کے اندر جائے گا تو رب کو تلاش کرے گا اور اگر ان کو اپنے اندر ڈال لے گا تو شرک میں مبتلا ہو جائے گا۔ نوٹ جیب میں ہے تو ضرورت ہے۔ نوٹ دل میں ہے تو دنیا آ گئی۔ اسی کو حب دنیا کہتے ہیں۔ نوٹ تو ضرورت ہے نا؟ نوٹ سے اللہ پاک نے روٹی رکھی ہے، روزی رکھی ہے نوٹ سے زندگی کی ضروریات رکھی ہیں، نوٹ کو دنیا کا سبب بنایا ہے۔ کیوں؟ کشتی کے اندر پانی نہیں کشتی پانی میں ہے تو ٹھیک اور اگر کشتی کے اندر پانی ہے تو ٹھیک نہیں۔ نکتہ سمجھے؟۔ یہ ساری کی ساری کائنات جو کچھ تجھے نظر آ رہی، یہ سب کچھ ٹھیک ہے۔ اس کے اندر رب کو تلاش کر اور اگر تو اس کے اندر چلا گیا تو رب ملے گا اور اگر تو اس کو اندر لے گیا تو پھر شرک میں مبتلا ہو جائے گا۔ کیوں؟ تو اسکو اپنا معمول بنا لے گا۔ پھر بس کیا کرے گا کہ ہندو کو لعنت ملامت کرے گا کہ بت کی پوجا کرتا ہے اور کہے گا کہ ہندو بتوں کا پجاری ہے اسکو لعنت ملامت کرے گا۔ (جاری ہے)

صبر شکر کرنے کا جذبہ: جو شخص اسم یَاوَاحِدُ کو کثرت سے پڑھتا ہے ایسے شخص کو بے شمار خوبیاں عطا ہوتی ہیں کہ وہ خدا کے سوا کسی کو اپنا دوست اور مہربان نہیں سمجھتا' صبر اور شکر کرنے کا جذبہ بےحد پیدا ہوجاتا ہے' دنیا کی محبت دل سے نکل جاتی ہے۔

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 89

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے'اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اسرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

یہ میرے بچے مرید ہیں: یہ میرے بچے مرید ہیں اور میں ان کی شادی میں آیا ہوں' میں نے ان سے اگلا سوال کیا: آپ کے کون سے ایسے معمولات' وظائف اور اورادو تسبیحات' نوافل یا کوئی طاقت ور ایسا عمل جس کی وجہ سے وہاں شریر جنات کو اس تقریب میں اندر آنے کا موقع نہیں مل رہا۔تو مجھ سے فرمانے لگے: دراصل بات یہ ہے' میں نے اللہ سے کچھ اعمال کی طاقت اور تاثیر اپنے لیے منوالی تھی اور اللہ نے ان مسنون اعمال کی طاقت اور تاثیر اپنی شان کریمی اور غیب سے مجھے عطا کردی، اب میں جہاں بھی جاتا ہوں اور جہاں بھی چلتا ہوں تو کچھ مخلوقات ایسی ہیں جن کے وار مجھ پر بھی نہیں چلتے اور جہاں میں بیٹھا ہوں ان لوگوں پر بھی نہیں چلتے' مثلاً جنات، بدروحیں، سانپ، بچھو، بھیڑیا، شیر یا کوئی اور خطرناک قسم کا جانور یا مخلوق جو انسان کو تکلیف اور نقصان پہنچاتا ہو'وہ بالکل اس پر اثر نہیں کرتا اور اس کی وجہ سے میں بھی محفوظ رہتا ہوں اور وہ لوگ بھی جن کے ساتھ میں بیٹھا ہوں محفوظ رہتے ہیں۔ **برکتوں' رحمتوں اور خوشیوں کے خزانے:** کہنے لگے اصل بات یہ ہے میں نے کسی اللہ والے کے پاس کچھ عرصہ ان کی زیر سرپرستی گزارا ہے اور مجھے وہاں سے برکتوں' رحمتوں اور خوشیوں کے خزانے ملے ہیں اور وہ اللہ والے بہت ہی زیادہ شریعت کی اتباع کرنے والے تھے' حلال حرام' جائز ناجائز حتیٰ کہ مشکوک چیز کا بھی خیال کرنے والے تھے۔ میں نے ان سے زندگی گزارنے کا سلیقہ سیکھا اور زندگی میں پانے کا طریقہ سیکھا۔ انہوں نے مجھے زندگی گزارنے اور زندگی پانے کا جو سبق دیا وہ سبق یہی دیا کہ جو کچھ پایا ہے جو کچھ ملا ہے اور جو کچھ ملے گا وہ سب کچھ قرآن اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان سے ملے گا۔بس یہ چیز میں نے اپنا سبق بنالیا آج میری عمر ستر سال سے زیادہ ہے اور میں نے اس بزرگ کی صحبت سے بہت کچھ پایا ہے، میں اکیس سال ان کی صحبت میں رہا ہوں اور اکیس سال کی صحبت نے مجھے قیمتی اعمال چننے کا قیمتی موقع دیا ہے۔ پھر ٹھنڈی آہ لے کر کہنے لگے: آج لوگوں کو کتابوں کی ضرورت ہے اور ایسے اللہ والوں کی ضرورت نہیں جن کے ساتھ بیٹھ کر وہ علم کا نور حاصل کریں۔ ذکر، تسبیحات اور وظائف کا نور حاصل کریں اور ان اللہ والوں کے ساتھ بیٹھ کر وہ برکتیں، رحمتیں، خوشیاں، خیریں اور کامیابیاں سمیٹیں۔ یہ زندگی کی بہت بڑی خیریں اور برکات ہیں جو ہر انسان کو میسر نہیں۔ **شریر جنات کا شکار معصوم بچے اور نوجوان لڑکیاں:** پھر خود ہی فرمانے لگے: وہ شریر جنات سمجھتے ہیں کہ شاید میں نے انہیں نہیں دیکھا' میں نے انہیں آتے ہی دیکھ لیا تھا' ان کا شکار یہاں چھوٹے معصوم بچے' یہاں کی جوان لڑکیاں اور عورتیں اور یہاں کے مرغوب کھانے تھے لیکن نور کی دیوار نے اور فرشتوں کی حفاظت نے انہیں اندر نہ جانے پر مجبور کردیا کہ وہ اندر نہیں جاسکتے' اور روح کی دنیا نے انہیں بتادیا ہے کہ وہ اس روحانی اور نورانی دیوار کو نہیں توڑ سکتے۔اب چونکہ تمہارے مقاصد خیر کے تھے شر کے نہیں تھے'اس لیے تم مجھ تک پہنچ گئے ہو'اب بھی اگر وہ اپنے جذبے کو پاک کرلیں' نیت کو صاف کرلیں تو وہ اندر آسکتے ہیں۔ **رزق کی برکت پانے کے طریقے:** اب وہ غار کے جنات مزید کہنے لگے ہم نے بزرگوں کی صحبت وہ بزرگ انسان ہو یا جن بہت کچھ حاصل کیا ہے اور بہت کچھ پایا ہے۔ رزق کی برکت کے طریقے صحت پانے کے انداز خوشیاں حاصل کرنے کی ترتیب اور زندگی کی ایک ایک قدم اور ایک ایک گوشے میں ہم نے ان بزرگوں سے اور ان صالحین سے بہت کچھ پایا ہے۔ غار والے جنات آنسو بہا رہے تھے' اور یہ بات بار بار کہہ رہے تھے اگر کوئی اللہ سے جڑا ہوا ہے اور اس کی زندگی میں شرک اور بدعت نہیں ہے تو وہ شخص وہ ہے جس کی وجہ سے اللہ پاک بلائیں' آفات ٹال دیتے ہیں اور خیروں کو متوجہ کردیتے ہیں اور زندگی میں شر، فساد اور خطرات کو ٹال دیتے ہیں' غار والے جنات کہنے لگے: ہم دراصل اگر نیک نہیں ہوتے تو ہمارے جنات کی اکثریت شریر ہوتی اور شریر جن تکلیف دے کر لطف محسوس کرتا ہے' جیسے سانپ ڈستا ہے' ڈسنے سے اسے کوئی مزہ نہیں آتا بچھو' ڈس لے اس کے ڈسنے سے اسے لطف محسوس نہیں ہوتا لیکن اسے سکون ملتا ہے' کسی کو تکلیف دے کر' کسی کو دکھ دے کر اور کسی کو پریشان کرکے بس یہی سکون ایسی چیز ہے جو شریر کی فطرت میں شامل ہوتا ہے' اسے شر سے سکون ملتا ہے اسے خیر سے سکون نہیں ملتا وہ شر کو اپنی زندگی کا حصہ بنالیتا ہے' وہ خیر کی طرف متوجہ نہیں ہوتا اور یہ بدقسمت جنات ہماری دنیا میں بہت ہوتے ہیں اور ہم اس دنیا میں ایک ایک فرد کے بارے میں جانتے ہیں یعنی جنات کے ایک ایک فرد کے بارے میں جانتے ہیں۔ **انفیکشن شریر جنات کی پھیلائی بیماری:** ہمارے چچا کا ایک بیٹا تھا جس کی فطرت میں آگ اور شہوانی جذبات' جذبے تھے' مخلوق خدا کو قتل کرنا' بیماریاں پھیلانا' تکالیف دینا' دکھ دینا اور مشکلات میں مبتلا کرنا اس کا پسندیدہ پیشہ اور شعبہ تھا۔ وہ ہر وقت اسی تلاش میں رہتا تھا کوئی فرد اسے ملے اور وہ اس کو تکلیف دے' ہمارے شریر جنات ایک ایسا کام کرتے ہیں جس کو آپ کے سائنسدان چھوت کا پھیلنا کہتے ہیں اور عام طور پر اس کو لفظ ''انفیکشن'' کہتے ہیں وہ مخلوق خدا کو پریشان کرنے کیلئے ایک دور دراز علاقہ سے بیماری اور بیماری کے جراثیم اٹھا کرلے آتے ہیں یا کسی علاقہ میں بستی میں، یا کسی گھر میں وہ بیماری ڈال دیتے ہیں اور پھر لوگ بیمار ہونا شروع ہوجاتے ہیں اور وہ بیماری پھیلتی چلی جاتی ہے اور وہ دکھ بڑھتے چلے جاتے ہیں' وہ لوگوں کو دکھی دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔ **جنات کی خبیث ترین قسم:** وہ لوگوں کو پریشان دیکھ کر مسرور ہوتے ہیں' وہ جھگڑے کرواتے ہیں اور جھگڑتے لوگوں کو دیکھ کر ان کا دل باغ باغ ہوتا ہے پھر جب جھگڑنے والے لوگ حد سے زیادہ تجاوز کرتے ہیں اور ایک دوسرے کا خون نکالتے ہیں ہمارے جنات میں تمام نہیں لیکن ایک جنات کی خبیث ترین ایسی قسم بھی ہے یہ بات کہتے ہوئے غار والے جنات خلاؤں میں گھور کر دیکھنے لگے جیسے وہ سوچ رہے ہوں کہ بات بتائیں یا نہ بتائیں۔ پھر ٹھنڈی آہ لے کر بولے کہ وہ گندے اور بُرے جنات بس انسانوں کے خون کے پیاسے رہتے ہیں ان کا مقصد صرف انسانوں کا خون ہے کسی نہ کسی شکل میں وہ انسانی خون کو نکلواتے ہیں انسانی خون پیتے بھی ہیں اور ابلتے خون سے ایک خاص قسم کی بو نکلتی ہے اس بو سے وہ سیراب ہوتے ہیں اور لطف اندوز ہوتے ہیں' ان کی زندگی میں خون سے سیرابی ایک بہترین مشغلہ ہے۔ بس ان کا مقصد انسانیت کے خون کی پیاس ہے اور ابھی پچھلے دنوں' دس بندے اکٹھے قتل ہوئے ہیں اور بات کچھ نہیں تھی' علاقہ اور زبان کی بنیاد پر ان میں بات بڑھتی چلی گئی' ہم نیک جنات تقدیر کے ہاتھوں بے بس ہوتے ہیں' ہم بہت کوشش کرتے ہیں کہ ان بدکار جنات کو ان کی بدکاری سے ہٹایا جائے اور اس کوشش میں ہم بہت دفعہ کامیاب بھی ہوجاتے ہیں لیکن یہ بدکار اور بُرے جنات اپنی پوری کوشش اور محنت میں ہمیشہ ڈٹے رہتے ہیں اور اس کوشش اور محنت میں یہ اس وقت کامیاب ہوجاتے ہیں جب یہ انسانی جذبات کے اندر خود داخل ہوجاتے ہیں

اور خون میں اور ان کے ذروں میں شامل ہو کر جسم کی رگوں میں دوڑنا شروع ہوجاتے ہیں اور پھر انسان سے وہ کروا دیتے ہیں جو انسان نہ چاہتے ہوئے بھی کرتا ہے پھر کروانے کے بعد یعنی قتل، خون ریزی کروانے کے بعد پھر ان کو اور تکلیف دیتے ہیں اور اس تکلیف سے لطف اندوز ہوتے ہیں' وہ تکلیف پچھتاوا ہوتا ہے' انسان ساری زندگی پچھتاوے کے نام پر ایک بہت بڑی ٹینشن اور دکھ میں چلا جاتا ہے اور یہ ٹینشن اور دکھ اس کی زندگی میں بہت بڑے مصائب' پریشانیاں' دکھ اور تکلیف لاتا ہے اور یہ دکھ اور تکلیف اس کی زندگی اس کی نسلوں کیلئے مزید دکھ اور وبال جان بن جاتا ہے۔ **مخصوص شور، گونج اور آواز:** ابھی ہماری بات چل ہی رہی تھی کہ اچانک ایک مخصوص شور، گونج اور آواز پیدا ہوئی میں اپنے عبقری کے قارئین کو سادہ لفظوں میں سمجھانے کیلئے اس مخصوص گونج اور آواز کو ایسی مثال دوں گا جیسے جب تیز آندھی آتی ہے تو تیز آندھی میں ہوا میں ایک مخصوص شور اور گونج ہوتی ہے بالکل ایسے ہی جب یہ گونج اور شور جو کہ ہوا سے بہت زیادہ ہوتا ہے لیکن انداز یہی ہوتا ہے جب آئے ہمیں محسوس ہوجاتا ہے کہ کوئی جنات کی بہت بڑی سواری یا جنات کا بہت بڑا لشکر یا قافلہ آرہا ہے' ہم اس گونج کی طرف متوجہ ہوئے تو ہمیں پتہ چلا کہ وہ جنات کا کوئی بہت بڑا قافلہ اور جنات کی بہت بڑی ایک جماعت ہے جو ہماری طرف آرہی ہے' ہم نے ان کیلئے جگہ بنائی وہ بیٹھے تو وہ بیاسی سے زیادہ جنات تھے' میں انہیں نہیں جانتا تھا لیکن غار والے جن ان سے معانقہ کرکے ایک ایک کا نام لے کر مل رہے تھے اور سب کو فرداً فرداً میرا تعارف کروا رہے تھے' ان کے آنے پر مجھے ایک بات کا احساس ہوا کہ غار والے جن ہمیں اپنی زندگی کی انوکھی معلومات دے رہے تھے۔ بہرحال میں خاموش رہا وہ آپس میں باتیں کرنے لگے' ان میں ایک صاحب اٹھے اور بہت تپاک سے مجھے ملے کہنے لگے میں بہت دیر سے سوچ رہا تھا اب مجھے یاد آیا کہ میں تو آپ کو فلاں ایک مفلس اور غریب کے گھر ملا تھا جس کے بچوں کی شادی میں آپ تشریف لائے تھے میں بھی وہاں موجود تھا اور وہاں آپ نے مخلوق خدا کو یعنی جنات کو ایسی پرسوز دعا کروائی تھی اور اس میں آمین کہنے والے جنات بچے' بوڑھے' عورتیں' مرد' جوان سب تھے اس دعا کے بعد مجھے ایک نعمت ملی اور وہ نعمت یہ ہے کہ مجھے رونا نصیب ہوگیا اور میں اس دن سے آنسوؤں کے تحفے اللہ کی بارگاہ میں بھیجتا رہتا ہوں اور اس دعا کے بعد میرے کئی مسئلے حل ہوئے اور میری کئی الجھنیں دور ہوئیں اور میری کئی مصیبتیں ختم ہوئیں اور زندگی میں سکون' راحت' چین اور برکات نصیب ہوئیں اور میں مطمئن ہوا کہ مجھے وہ لمحے نصیب ہوئے۔ **میں بہت عرصہ سے آپ کو ڈھونڈ رہا تھا:** میں بہت عرصہ سے آپ کو ڈھونڈ رہا تھا کیونکہ یہ بہت سال پرانی بات ہے اس لیے میں بے چین بھی تھا' بے قرار بھی تھا اور آج میں نے آپ کو دیکھا تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی' بہت دیر تک میں آپ کو دیکھتا' پڑھتا اور پرکھتا رہا پھر بہت دیر کے بعد مجھے احساس ہوا کہ ہاں آپ وہی ہیں جن کو میں نے بہت عرصہ پہلے دیکھا تھا اور آپ کی دعاؤں کے ذریعے بہت قبولیت ملی تھی اور میرے بہت مسائل حل ہوئے تھے۔ وہ بار بار مجھے گلے مل رہے تھے اور بہت محبت سے مجھ سے لپٹ رہے تھے اور میرا شکریہ ادا کررہے تھے اور میں دل ہی دل میں کہہ رہا تھا کہ اللہ قبولیت تو نے کی ہے دعاؤں کی محبوبیت اور مقبولیت تو تیرے خزانے سے ملتی ہے تو جس کی قبول کرلے جس کو رد کردے مجھے خود اس بندے سے مل کر خوشی ہورہی تھی۔ **میں بہت غریب' مفلس اور تنگ دست تھا:** وہ اس لیے کہ وہ بتا رہا تھا کہ میں بہت غریب اور مفلس اور تنگدست تھا' جب آپ ان غریب جنات کے بچوں کی شادی کی تقریب میں آئے تھے وہ بہت خوش ہورہے تھے کہ غریب کے گھر کون آتا ہے' لیکن آپ آتے ہوئے ان کیلئے بہت تحائف بھی لائے تھے' آپ نے انہیں اچھی خاصی رقم بھی دی تھی اور پھر آپ نے اللہ کی مخلوق کو اللہ کا ذکر بھی کروایا اور ذکر کے بعد دعا کروائی' بس اسی دن سے میرے دل میں ایک اطمینان ہوگیا تھا اور یقین بڑھ گیا تھا کہ میں نے ان سے بہت کچھ پانا ہے اور بہت کچھ حاصل کرنا ہے اور میں نے ان کی زندگی کے قریب رہ کر ان سے مزید اپنے مسائل حل کروانے کیلئے دعا کروانی ہے۔ میرے مسائل میں غربت تھی' قرضے تھے' اولاد کی شادیاں تھیں میرے حالات اب بہت بہتر ہیں' میرے قرضوں میں' میری تنگدستی میں اور غربت' قرضے اور تنگدستی نے میری زندگی کو اجیرن کردیا تھا اور میں مسائل اور مشکلات میں بہت الجھ گیا تھا لیکن مجھے اس دن کے بعد احساس ہوا کہ دعاؤں میں کیا طاقت ہے اور دعاؤں میں کیا تاثیر ہے اور مجھے اس دن کے بعد احساس ہوا کہ دعائیں زندگی میں ایسی ایسی ناکامیوں کو ختم کردیتی ہیں اور ایسی کامیابیوں کو زندگی کا ساتھی بنادیتی ہیں جس پر عام انسان بے بس اور بے کس ہوتا ہے اور عام انسان اس کمال تک پہنچ ہی نہیں پاتا جہاں اس کو دعائیں لے جاتی ہیں۔ **میرے کم از کم دو بیٹے ہوں!:** پھر وہ جن مجھے کہنے لگا: کہ حضرت علامہ صاحب آپ مہربانی کریں یہاں بہت اور مخلوق بھی ہے اور مزید دوست بھی ہیں ان سب کی موجودگی میں میرے لیے ایک دعا کردیں کہ میری زندگی میں باقی جتنے مسائل ہیں اور جتنی پریشانیاں ہیں اور جتنے دکھ اور تکالیف ہیں سب ختم ہوجائیں اور خاص طور پر میرا بیٹا نہیں جبکہ میری عمر اب زیادہ ہوگئی ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ میرا بیٹا ہو' کم از کم دو بیٹے ہوں' یہ میری زندگی کی خواہش ہے۔ ان کی بات کو درمیان میں کاٹتے ہوئے غار والے جن کہنے لگے حضرت علامہ آپ ان کی بات ضرور سنیں اور مانیں اور یقیناً آپ کی دعاؤں میں بہت طاقت اور تاثیر ہے اور آپ کی دعاؤں سے بہت کچھ ملتا ہے اور ملا ہے دکھ دور ہوتے ہیں' مشکلات حل ہوتی ہیں' پریشانیاں دور ہوتی ہیں' عزت ملتی ہے' رزق ملتا ہے' کھویا ہوا وقار ملتا ہے' صحت، برکت اور کامیابی ملتی ہے' بے آسراؤں کو آسرا ملتا ہے اور زندگی ایک بہترین انداز سے ڈھلتی اور کھلتی چلی جاتی ہے۔ **جنات میری بات پر متوجہ ہوئے!:** میں نے سب حضرات کو متوجہ کیا تمام جن میری بات پر متوجہ ہوئے اور اللہ کی بارگاہ میں دعا مانگی' دعا کے شروع ہوتے ہی بس دل کی کیفیتیں اللہ کی طرف متوجہ ہوگئیں' دراصل ان لوگوں کی طلب سچی توجہ اتنی ہی زیادہ تھی کہ ان کی طلب اور سچی توجہ کی وجہ سے اللہ نے ایک پل میں رواں دواں آنسو جاری کردیئے اور وہ لوگ رو رہے تھے میں بھی رو رہا تھا' دل سے دعائیں نکل رہی تھیں آہ وفغاں کا ایک عجیب منظر تھا' رونا تھا پکار تھی اور ایک سکون تھا اور زندگی کی ایک عجیب کیفیت تھی اور سکون تھا۔ بہت دیر تک یہ دعا کا سماں بندھا رہا اور اس کے بعد دعا ختم ہوئی۔ ہر شخص اپنے آنسو پونچھ رہا تھا اور مجھے احساس ہوا کہ جب مخلصین ہوں' سچی طلب والے ہوں سچے دھیان والے ہوں' تو ان کی دعاؤں میں واقعی قبولیت ہوتی ہے۔ (جاری ہے)

جعلی عاملہ کے ہاتھوں میری والدہ اور گھر کی بربادی

قارئین! عبقری میں چھپے یا کسی بھی عمل' وظیفے کے کرنے سے آپ کو جادو جنات سے چھٹکارا ملا ہو یا آپ پر کیا گیا جادو ٹونہ ہوا ہو تو وہ مکمل عمل اور اس کی مکمل روداد تفصیل کے ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری میں بھیجئے۔ آپ کا یہ عمل لاکھوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔

میرے والد صاحب دس سال قبل وفات پا چکے ہیں' وہ گردوں کے مرض میں مبتلا تھے' کبھی بالکل ٹھیک ہوجاتے اور کبھی شدید بیمار' بہت علاج' دم' تعویذ وغیرہ کروائے مگر سب بے سود رہا۔ اس دوران میری والدہ کا ایک عورت سے ملنا ہوا جو ہمارے گاؤں کی ہے اور وہ اپنے ساتھ کوئی باہر کی مخلوق کا ہونا بتاتی تھی جو ایک پری تھی۔ یہ عورت اس پری کے ذریعہ تعویذ گنڈا کا کام کرتی تھی۔ میری معصوم والدہ اس چالاک عورت کی باتوں میں آگئی اس عورت کے ہاں آنا جانا شروع کردیا۔ اس عورت کے مطابق ہم سب گھر والوں پر جادو تھا اور میرے والد کو جادو کے ذریعے مارا گیا۔ وہ عورت میری امی سے پیسے لیتی اور ہمارے تعویذات وغیرہ نکالتی جو ہماری والدہ ہمیں آکر دکھاتیں' جن میں تعویذ' چھوٹے چھوٹے گڈے گڑیا اور پتلے بنے ہوتے کسی کے اندر تعویذ ہوتے اور کسی کے اندر سوئیاں لگی ہوتیں غرضیکہ ہم سب گھر والوں کو بھی یقین آگیا کہ واقعی ہم سب گھر والوں پر جادو ہے۔ میرے والد صاحب سرکاری ملازم تھے' اب جب میری والدہ کو ان کی پنشن وغیرہ کی رقم ملی تو اس جادوگر عورت اور اس کے شوہر نے امی کو وہم ڈال دیا کہ تمہارے شوہر کو تمہارے اور ان کے خاندان نے تعویذات کے ذریعے مار دیا اب وہ تمہیں اور تمہارے بیٹوں کو بھی ختم کردیں گے لہٰذا تم ہمارے تعویذات استعمال کرو سب بچ جاؤ گے۔

بس پھر میری والدہ ان کی باتوں میں آگئیں اور سب خاندان والوں کا بائیکاٹ کردیا نہ خود کسی کے گھر جاتیں اور نہ ہمیں چھوڑتیں۔ اگر کسی کے غمی خوشی میں جاتیں بھی تو وہاں نہ کچھ کھاتیں اور نہ پیتیں اگر کوئی ہمارے گھر کوئی چیز دیتا تو استعمال نہ کرتیں' محلے میں کسی کو دے دیتیں۔ خاندان والوں کا نام لے کر ان کو گالیاں دیتیں کہ تم میرے شوہر کے قاتل ہو' جس پر سب خاندان والے ہم سے ناراض ہوگئے اور آنا جانا چھوڑ دیا۔ اسی طرح تین سال گزر گئے میری والدہ کی حالت یہ کہ اپنے بچوں اور خاندان والوں کو اپنا شدید دشمن سمجھتی ہیں۔ شادی بیاہ میں نہیں جاتیں۔ میری والدہ کے دن رات اسی عورت کے ساتھ گزرتے' سارا دن اس کے ساتھ رہتیں' اگر گھر آجائیں تو فون پر رابطہ رہتا' امی کے سامنے کوئی بھی اس عورت کو برا کہے تو آگ بگولہ ہوجاتیں' مرنے مارنے پر تیار ہوجاتیں' حالانکہ گاؤں میں اس عورت کے اپنے خاندان والے کہتے ہیں کہ یہ عورت دھوکہ باز ہے اور تمہاری والدہ کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہی ہے۔ اس عورت نے اب تک میری والدہ سے دس لاکھ سے زیادہ رقم بٹور لی ہے' گھر سے تمام سونے کے زیورات اٹھا کر اس عورت کے حوالے کردیئے ہیں کہ تم اپنے پاس رکھو۔ اس کے علاوہ روزانہ نت نئے کھانے بنا کر اس عورت کو پیش کیے جاتے۔

کئی بار ہم بہن بھائیوں نے گھر چھوڑ کر جانا چاہا ہم سب زندگی سے تنگ آچکے تھے' گاؤں کے لوگ بھی باتیں کرتے کہ تم اپنی والدہ کو کیوں نہیں روکتے؟ وہ اس غلط قسم کی عورت سے کیوں تعلقات رکھے ہوئے ہے۔ ہم اگر اپنی والدہ سے زبردستی کرتے تو وہ گھر چھوڑ کر چلی جاتیں۔ اسی عورت کے کہنے پر ہماری والدہ نے ہمیں عاق بھی کردیا۔ مہینہ کی پنشن کی رقم جو کہ 32 ہزار بنتی ہے وہ بھی نا معلوم کہاں خرچ ہوتی ہے۔ اس عورت کا شوہر کوئی کام نہیں کرتا جبکہ اس کے گھر دور جدید کی ہر سہولت موجود ہے۔ پچھلے ماہ اس نے قریب ہی ایک پلاٹ بھی خریدا ہے۔ جبکہ اپنے گھر کا خرچ ہم بہن بھائی بمشکل چلاتے ہیں۔ ہم سب گھر والے بیمار' ڈیپریشن کا شکار رہے' پھر میرے بھائی کو کہیں سے عبقری ملا' عبقری سے ہمیں افحسبتم اور اذان کا عمل ملا جو کہ اس طرح تھا کہ سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور سات مرتبہ اذان اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر ایک مرتبہ اپنے دائیں کندھے پر پھونک مارنی ہے اور ایک مرتبہ بائیں کندھے پر پھونک مارنی ہے۔ ہم سب گھر والے گزشتہ ایک سال سے یہ عمل کررہے ہیں۔ ہمارے گھر میں کافی سکون آگیا ہے۔ میری والدہ اب بھی اس عورت کے پاس جاتی ہیں مگر بہت کم۔ انشاء اللہ پہلے سے کافی بہتر ہیں' اب ہمیں ساتھ رویہ دن بدن بہت بہتر ہورہا ہے۔ ابھی پچھلے دنوں ایک جگہ شادی تھی' میری والدہ ہمارے ساتھ وہاں گئیں سب سے بہت خوش اخلاقی سے ملیں اور ادھر شادی کا کھانا سب کے ساتھ مل بیٹھ کر کھایا۔ میری قارئین عبقری سے گزارش ہے کہ خدارا کبھی خود یا اپنے کسی پیارے کو ایسے نام نہاد عاملوں اور جادوگروں کے پاس ہرگز ہرگز نہ جائیں اور نہ جانے دیں۔ ورنہ جتنی تباہی ہم نے دیکھی ہے آپ کو بھی دیکھنی ہوگی! (پوشیدہ)

دانیال جمشید' لاہور

قوت فیصلہ میں ہونے والی غلطی سے مت گھبرائیے!

کسی دانا کا قول ہے۔ اپنی شخصیت کی تعمیر اس طرح کیجئے کہ آپ میں فوری اور درست فیصلے کرنے کی قوت آجائے اور پھر اسے ایک اچھی عادت کی طرح اپنا لیجئے۔ ممکن ہے زندگی میں بعض فیصلے آپ غلط بھی کرجائیں لیکن اس سے بددل یا مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔ انسان اس حد تک اکمل نہیں ہے کہ اس کا ہر فیصلہ ہمیشہ درست ہی ہو۔ بعض اوقات بڑے بڑے عالی دماغ اور شہرہ آفاق نابغوں سے بھی غلط فیصلے سرزد ہوئے ہیں۔ آپ کو یاد رکھنا ہے کہ فوری فیصلے میں بھی آپ حاضر دماغ اور سنجیدہ ہوں۔ اشتعال اور غصے میں اکثر فیصلے غلط ہوتے ہیں اگر صورت حال ایسی ہے کہ آپ انتہائی اشتعالی کیفیت میں ہیں اور فیصلہ کی گھڑی تلوار کی طرح سر پر لٹک رہی ہے تو ایسی حالت میں ٹھنڈا پانی پیجئے' کھڑے ہیں تو بیٹھ جائیے' آنکھیں بند کرلیجئے۔ کوئی دعا جو آپ کو یاد ہو' خدا کے حضور دہرائیے اور ایک بار پھر ٹھنڈا پانی پی کر دماغ پر خوب زور دیجئے اور فیصلہ کردیجئے جس شخص کے فیصلے سدا ہی غلط ہوں وہ ضرور دماغی طور پر پاگل اور اخلاقی طور پر گمراہ ہے۔ قطعی فیصلے کی عادت میں درست اور استدلال کی صفائی شامل ہوجاتی ہے' اس لیے اس بات کا کوئی خطرہ نہیں کہ اس عادت کی وجہ سے برے نتائج پیدا ہوں۔ ایک دانا کا قول ہے کہ کسی شخص کو جگانے کی کوشش میں لگ جانا اس سے بدرجہ بہتر ہے کہ ساری عمر دنیا کو بیدار کرنے کیلئے خواب دیکھتے رہیں۔ بہت سے کامیاب اشخاص فوری فیصلہ اور شاندار جرأت کی بدولت خطرناک اور نازک موقعوں پر غالب آجاتے ہیں اور اگر وہ سوچ و بچار میں لگے رہتے تو ضرور تباہ ہوجاتے۔ ان کے جوابات فراہم نہ کرنے سے نقصان ہوتا ہے اور اگر آپ ان کے سلسلے میں بروقت اور صحیح فیصلہ نہ کرسکیں گے تو آپ کی کامیابی خطرے میں پڑ جائے گی۔ مگر صحیح فیصلہ کرسکنا اٹکل پچو قسم کا عمل نہیں ہے۔ اس کے خاص قاعدے ہیں ان پر عمل کرنے سے ہی کامیاب زندگی کیلئے راہ ہموار کی جاسکتی ہے پھر یہ نکتہ بھی ذہن نشین کرلیجئے کہ اگر اس قسم کے معاملات کے سلسلے میں آپ نے خود فیصلے نہ کیے تو یہ حق دوسرے لوگ غصب کرلیں گے۔ حالات آپ کے فیصلے کیلئے رکے نہیں رہیں گے' اس لیے یہ بھی ضروری ہے کہ آپ صحیح فیصلے بروقت کریں۔

نفسانی خواہشات اور شہوات کا علاج: نفس ہمیشہ انسان کو برائی کا حکم دیتا ہے۔ یہ ابلیس سے بھی زیادہ بڑا دشمن ہے۔ نفسانی خواہشات اور شہوات کے علاج کیلئے اسم یَا اَحَدُ کا ورد بہت مجرب ہے۔ ہروقت کھلا پڑھیں۔

مزاج میں بشاشت دل میں خوشی! تو پھر دوڑیئے جناب

آسیہ بشیر، ملتان

دوڑتے وقت اپنا جسم بالکل سیدھا رکھیں اور تقریباً دس میٹر کے فاصلے پر سامنے کی جانب اپنی نگاہ مرکوز رکھیں۔ کمر کو سیدھا رکھتے ہوئے ایک لائن میں سیدھی دوڑیں' بازوؤں کو ڈھیلا رکھیں اور دوڑتے ہوئے ٹانگوں کے ساتھ ساتھ قدرتی انداز میں انہیں حرکت دیتی جائیں۔

دوڑنا بہترین ورزش ہے کیونکہ اس کے فوائد بے شمار ہیں' دوڑنے سے نہ صرف یہ کہ دوران خون تیز ہوتا ہے بلکہ آپ کا دل' پھیپھڑے' پٹھے اور دفاعی نظام بھی مضبوط ہوتا ہے۔ اگر آپ وزن گھٹانے کی خواہش مند ہیں یا اپنے آپ کو فعال رکھنا چاہتی ہیں تو دوڑنا آپ کیلئے انتہائی مفید ورزش ہے۔ یوں بھی خواتین کیلئے یہ آسان ترین ورزش ان معنوں میں تصور کیا جاتا ہے کہ اس کیلئے جم جانے کا تردد کرنا پڑتا ہے اور نہ ہی کسی قسم کی ایکسرسائز مشین کی ضرورت پیش آتی ہے بس جاگرز پہنیں اور کسی موزوں ٹریک پر دوڑنا شروع کردیں۔ یہ جان کر آپ کو حیرت آمیز مسرت ہوگی کہ دوڑنا آپ کی جسمانی صحت کیلئے ہی مفید اور کارگر نہیں بلکہ اس کے اثرات آپ کی مجموعی شخصیت پر بھی بہت اچھے مرتب ہوتے ہیں۔ ماہرین نفسیات کی رائے کے مطابق اس کے نتیجے میں آپ کی سوچ میں مثبت طاقت پیدا ہوتی ہے' مزاج میں انکساری آتی ہے اور لوگوں سے آپ کے تعلقات زیادہ مستحکم ہوجاتے ہیں اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ دوڑنے کے نتیجے میں آپ کے جسم میں انڈورفن نامی ہارمون پیدا ہوتا ہے جو مزاج میں بشاشت پیدا کرتا ہے اور آپ کے ذہنی تناؤ کو کم کرکے دل میں خوشیوں کا احساس بڑھادیتا ہے۔ سو آپ کیلئے تجویز ہے کہ کمر ہمت کس لیں اور دوڑنے کا آغاز کریں کیونکہ اتنا مشکل نہیں جتنا کہ عام طور سے خواتین سمجھتی ہیں ریسرچ سے معلوم ہوا کہ ورزش آپ کی نفسیات پر خوشگوار اثرات مرتب کرتی ہے اور دوڑنے سے آپ کے اندر ایک قسم کا احساس طمانیت پیدا ہوتا ہے جو آپ کو قوت اور مضبوطی دیتا ہے' ان دنوں یوں بھی سب کو ورزش کی زیادہ ضرورت ہے کیونکہ ہمارے ہاں مرغن کھانوں اور گوشت خوری کے سبب کولیسٹرول میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے جو ظاہر ہے کہ صحت کیلئے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے سو آپ چاہتی ہیں کہ آپ کے وزن میں اضافہ نہ ہونے پائے تو دوڑنے کیلئے تیار ہوجائیں!

دوڑنے کے آداب: جی ہاں! دیگر اہم معاملات زندگی کی مانند دوڑنے کے بھی آداب ہیں جن پر عمل کرنا بہت ضروری ہے ورنہ آپ اس سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھاسکتیں سو جب دوڑنے کا ارادہ کریں تو درج ذیل باتوں کا خیال رکھیں۔ دوڑنے سے پہلے تقریباً دس منٹ تک اپنے مسلز کو وارم اپ کریں۔ اس مقصد کیلئے اسٹریچنگ بہترین ایکسرسائز ہے لیکن اسٹریچنگ شروع کرتے وقت بھی یہ خیال رکھیں کہ آپ کے پٹھے بالکل ٹھنڈے نہ ہوں' لہٰذا جسم کے تمام پٹھوں کو وارم اپ کے بعد ہلکی رفتار سے دوڑنا شروع کریں اور پھر 15 سیکنڈ سے دو منٹ کے دوران بتدریج اپنی رفتار بڑھاتی جائیں۔ دوڑتے وقت اپنا جسم بالکل سیدھا رکھیں اور تقریباً دس میٹر کے فاصلے پر سامنے کی جانب اپنی نگاہ مرکوز رکھیں۔ کمر کو سیدھا رکھتے ہوئے ایک لائن میں سیدھی دوڑیں' بازوؤں کو ڈھیلا رکھیں اور دوڑتے ہوئے ٹانگوں کے ساتھ ساتھ قدرتی انداز میں انہیں حرکت دیتی جائیں جبکہ اپنی مٹھیاں ڈھیلے ڈھالے انداز میں بند رکھیں۔ دوڑ لگاتے ہوئے چونکہ پسینے کا اخراج زیادہ ہوتا ہے' اس لئے دن بھر میں کم از کم دو لیٹر پانی پینے کو اپنی عادت بنائیں تاکہ جسم میں پانی کی کمی پوری ہوتی رہے۔ جس دن زیادہ دوڑ لگائیں اس دن مزید پانی پئیں کیونکہ بھاگنے کے نتیجے میں ہمارے جسم سے 500 سے 1000 ملی لیٹر فی گھنٹہ پسینے کا اخراج ہوتا ہے' لہٰذا اگر آپ پانی کم پئیں گی تو ڈی ہائیڈریشن کا شکار ہوسکتی ہیں۔ دوڑتے وقت اپنی توجہ سانس پر مرکوز رکھیں۔ سانس اندر کھینچتے وقت پیٹ کو باہر کی جانب رکھیں جبکہ باہر سانس چھوڑتے ہوئے پیٹ کو اندر کی جانب دبائیں' تیز دوڑتے وقت جلدی جلدی گہرے گہرے سانس لیں اور جب بائیں پاؤں پر آپ کا وزن ہو تو کوشش کریں کہ اس لمحے سانس اندر کھینچیں اور پھر خارج کریں۔ دوڑتے ہوئے مسکراتی رہیں تاکہ ٹینشن آپ کے نزدیک نہ آنے پائے اور اس طرح دوڑیں کہ جیسے آپ کسی رنج و فکر کو خاطر میں لانے والی نہیں!

ڈائٹنگ نہیں ورزش کیجئے: ایک سروے کے مطابق ڈائٹنگ کرنے والے لوگ اب وزن کم کرنے کیلئے ورزش کی بجائے خوراک میں موجود کیلوریز گننے لگے ہیں اور انہیں کم سے کم استعمال کرکے اپنا وزن کم کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ خوراک میں موجود کیلوریز کی تعداد گننے کی عادت خواتین میں زیادہ ہوتی ہے' تقریباً 50 فیصد خواتین اپنی خوراک میں موجود کیلوریز گنتی ہیں جبکہ اس کے مقابلے میں مردوں کی ایک تہائی تعداد ایسا کرتی ہے۔ گلیکسو سمیتھ کلائن نیوٹریشنل ہیلتھ کیئر کے زیراہتمام سروے میں دو ہزار افراد میں 59 فیصد افراد یہ جانتے ہیں کہ ورزش صحت کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

غذائی ماہرین کا کہنا ہے کہ کم کیلوریز والی خوراک کی زیادہ اقسام کی دستیابی کے باعث لوگ ورزش کی بجائے ایسی خوراک کھانے کو ترجیح دیتے ہیں جس میں کم سے کم کیلوریز ہوں۔ گلیکسو سمیتھ کلائن کے کھیلوں کے ماہر جان بریور کا کہنا ہے کہ لوگوں کا جمنیزیم جانے کی بجائے کم کیلوریز والی خوراک کا استعمال کرنا بہت پریشان کن ہے۔ کم کیلوریز والی خوراک ورزش کا متبادل کسی صورت میں بھی نہیں ہے' ایک فعال زندگی گزارنے کے بہت زیادہ فائدے ہیں۔ غذائی تحقیق کی ماہر شار لین شونے کا کہنا ہے ''میں نتائج سے حیران نہیں ہوں۔ بہت سے لوگ ایسے ہیں جن کو جم جانا بہت مشکل لگتا ہے' اس لئے وہ وزن کم کرنے کیلئے کم کیلوریز لینے کو ترجیح دیتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ حال ہی میں ہونے والے ایک سروے سے پتا چلا ہے کہ صرف بارہ فیصد افراد جم کے ممبر ہیں۔ ان کا کہنا ہے ہم جم جانے کو ضروری نہیں سمجھتے لیکن جسمانی حرکت زیادہ سے زیادہ ہونی چاہئے جیسا کہ آپ لفٹ کی بجائے سیڑھیوں کا استعمال کریں اور زیادہ سے زیادہ پیدل چلیں تاکہ پورے دن میں آپ کی توانائی کا زیادہ سے زیادہ خرچ ہو۔ دن میں ساٹھ منٹ کی حرکت ضروری ہے اور یہ مختصر وقفوں میں کی جاسکتی ہے۔ ایک بین الاقوامی تحقیق کے مطابق جسمانی طور پر چاق و چوبند رہنے سے بڑی آنت کے کینسر کا خطرہ بہت حد تک کم ہوجاتا ہے۔ اس سلسلے میں سائنسدانوں نے دس یورپی ممالک سے چار لاکھ تیرہ ہزار افراد سے لئے گئے مواد کا جائزہ لیتے ہوئے دیکھا کہ جسمانی طور پر چاق و چوبند لوگ باقی لوگوں کی نسبت بائیس فیصد تک کم تعداد میں بڑی آنت کے کینسر میں مبتلا ہوتے ہیں۔ سائنسدانوں کے مطابق دن بھر میں ایک گھنٹے کی سخت ورزش یا پھر دو گھنٹے کی درمیانے درجے کی ورزش کینسر کے خطرے کو کم کرنے کیلئے کافی ہے۔ اس تحقیق سے پتا چلا ہے کہ جسمانی طور پر فعال افراد کی 35 فیصد تعداد بڑی آنت کے دائیں جانب کے حصے کے کینسر سے محفوظ رہتی ہے' ایسے لوگ جو کہ چاق و چوبند اور ان کا وزن کا بھی کم ہوتا ہے' ان میں اس طرح کے کینسر کا خطرہ اور بھی کم ہوجاتا ہے۔

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

ایک مظلوم شریف زادی کی داستان

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

سفر سے واپس آیا تو' گھر والوں نے ڈاک حوالہ کی پہلا خط کھولا تو ضلع گیا بہار کی ایک مظلوم شریف زادی کا خط تھا' جس میں ایک مسئلہ دریافت کرنے کیلئے یہ مضمون لکھا تھا:

محترم چچا جان السلام علیکم! امید ہے آپ بخیر ہوں گے۔ بڑی تلاش کے بعد آپ کا پتہ ملا' ایک ضروری مسئلہ معلوم کرنے کیلئے آپ کو زحمت دے رہی ہوں میں بہار کے ضلع گیا کے ایک قصبہ سے ایک نیک دین دار اور پڑھے لکھے مسلمان کی بیٹی ہوں' میرے والد ایک دینی جماعت سے جڑے ہوئے ایک سرکاری مڈل سکول کے ہیڈ ماسٹر ہیں' میری والدہ اکثر بیمار رہتی ہیں' اپنے والد کی ہم چار بیٹیاں ہیں' چاروں قبول صورت اور گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ ہیں' ہمارے والد کو جو تنخواہ ملتی ہے اس میں ہماری والدہ کی بیماری کے ساتھ گھر کے اخراجات مشکل سے پورے ہوتے ہیں' اب ہماری شادیوں کیلئے جو جہیز اور تلک کے مطالبات ہیں' ہمارے والد ان کو پورا کرنے کے قادر نہیں ہیں' اس کی وجہ سے ہم چاروں بہنیں اپنے والدین کیلئے بوجھ اور عذاب بن گئی ہیں' کب سے ہم نے اپنے والد اور والدہ کو ہنستے ہوئے نہیں دیکھا' رات میرے والد کی ہچکیوں سے میری آنکھ کھل گئی' تہجد میں اپنے رب سے فریاد کررہے تھے' میرے رب! میری پھول سی بچیاں مجھ پر عذاب بن گئی ہیں' مولائے کریم آپ اس عذاب سے مجھے کب نجات عطا فرمائیں گے۔ چچا جان! مسئلہ یہ معلوم کرنا ہے کہ کیا ہمارے لئے اس حال میں بھی خودکشی جائز نہیں۔ (والسلام! آپ کی بھتیجی)

یہ خط کسی ایک شریف زادی کا نہیں بلکہ ان لاکھوں مظلوم دوشیزاؤں کی المناک داستان ہے جن کی جوانی ملت کے مالداروں کی شادیوں میں فضول خرچیوں اور اسلام کے مثالی آسانی اور سادگی کے نظام معاشرت کو چھوڑ کر غیر اسلامی رسم و رواج جہیز اور تلک کے مطالبات کی حد تک بڑھتے ہوئے ظالمانہ طور طریقوں کی وجہ سے اپنے والدین کیلئے بوجھ اور عذاب بنی ہوئی ہیں اور ان میں سے خاصی تعداد ایسی مظلوم دوشیزاؤں کی بھی ہے جنہیں اس ظالمانہ رسم و رواج اور مال کی بھوک کے نظام کی وجہ سے شادیوں کی خوشی سے محروم ہی رہنا پڑتا ہے' کیسا افسوسناک ہے یہ حال اس ملت کا جس کو مسلمان ہونے کا دعویٰ ہے اور جس کو اس کے نبی رحمۃ للعالمین ﷺ نے اسلام جیسا محبت بھرا نظام عطا فرما کر: من ضیق الدنیا الی سعتھا دنیا کی تنگی سے اسلام کی وسعت کی طرف ومن جور الادیان الی عدل الاسلام اور مذاہب کے ظلم و جور سے اسلام کے انصاف کی طرف' نکالا گیا تھا مگر اسلام کا دم بھرنے والے ہم مسلمان اسلام کے اس آسانی اور سادہ معاشرہ کے نظام کو چھوڑ کر جس کا بہت ہی رحمت بھرا نظام اللہ کے رسول ﷺ نے اپنے عمل اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو اس پر ڈال کر ہمارے لئے چھوڑا تھا' آسانی سے تنگی کی طرف اور اسلام کے عدل و رحمت کے نظام سے غیر اسلامی ظالمانہ رسم و رواج کے بندھن میں اپنے کو باندھتے چلے جارہے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ بہادر اور جیالے اسلام کے سپاہی اٹھیں اور ان لاکھوں مظلوم دوشیزاؤں کے زخموں کا مرہم بن کر فضول خرچی' اسراف اور حرص و ہوس کے شادی بیاہ کے نظام کے خلاف کھڑے ہوں' اور اعظم النکاح برکۃ ایسرہ مؤنۃ (سب سے زیادہ برکت والا نکاح وہ ہے جس میں مالی بوجھ کم ہو) کی عملی تصویر پیش کرکے اس ظالمانہ دھارے کا رخ بدل دیں۔

قبض کا آسان مجرب علاج: محترم حکیم صاحب! قبض دور کرنے کا ایک آسان مجرب نسخہ بھیج رہا ہوں۔ کسی پنساری کی دکان سے پنیر لے لیں صبح نہار منہ تین عدد پنیر دانے لیکر چھلکا اتار لیں منہ میں رکھ کر دانتوں سے رگڑتے ہوئے سادہ پانی کیساتھ کھالیں' روزانہ ایسا ہی کریں۔ بارہا کا آزمودہ۔ پرانی سے پرانی قبض ختم۔ (مجیب الرحمٰن' بخارا شریف)

ناف میں تیل لگایا اور طبیعت بالکل فریش

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ کافی عرصہ سے پڑھ رہی ہوں' اس رسالے میں آنے والی طبی و روحانی ٹوٹکوں نے ہمارے بہت سے مسائل لمحوں میں حل کردیئے ہیں۔ واقعی یہ رسالہ اللہ تعالیٰ کی کسی نعمت سے کم نہیں ہے۔ محترم حکیم صاحب! میرے ساتھ مسئلہ یہ تھا کہ مجھے ہر وقت تھکاوٹ محسوس ہوتی تھی' آنکھوں کے آگے اکثر اندھیرا چھا جاتا تھا' کسی بھی کام کو کرنے میں بالکل بھی دل نہیں کرتا تھا' میں نے ایک مرتبہ ماہنامہ عبقری میں یہ ٹوٹکہ پڑھا کہ رات کو سوتے وقت ناف میں تیل یا ویزلین لگا کر سوجائیں۔ صبح اٹھیں گے ناف بالکل خشک ہوچکی ہوگی۔ میں نے جب سے یہ ٹوٹکہ عبقری سے پڑھا میں نے رات سوتے وقت ناف میں تیل یا ویزلین لگانا شروع کردی۔ اب صبح بالکل فریش اٹھتی ہوں' کسی قسم کی کوئی تھکاوٹ نہیں ہوتی اور نہ ہی کمزوری محسوس ہوتی ہے' ہر کام بخوشی کرتی ہوں۔ (ہ۔ش)

ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید

رزق اور عزت میں اضافہ: جو شخص کھانے کے شروع میں بِسْمِ اللہ شریف پڑھ کر اس کے بعد ہر لقمہ کھاتے ہوئے یَاشَکُوْرُ پڑھے تو اللہ اس سے راضی ہوگا' اس کے رزق اور عزت میں دن بدن اضافہ ہوگا۔ **آنکھوں کی تاحیات حفاظت:** جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی آنکھوں کی بینائی مرتے دم تک قائم رہے تو اسے چاہیے کہ یَاشَکُوْرُ کو 526 مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر پڑھے۔ **تابعدار بیوی:** اگر کسی کی بیوی تابعدار نہ ہو تو اسے چاہیے کہ اسم یَاعَلِیُّ کو اکیس روز تک 11 ہزار مرتبہ پڑھے اور آخری روز اللہ کے حضور بیوی کے تابع ہونے کی دعا کرے۔ **دبلا پن ختم:** ایسا شخص جو نہایت دبلا پتلا ہو اور بھوک بہت کم لگتی ہو اس کیلئے یَامُقِیْتُ کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرلیں اور گیارہ روز تک ایسے ہی کرکے اسے یہ پانی پلائیں۔ **اگر بدہضمی ہوگئی ہو تو:** اگر بدہضمی ہوگئی ہو تو تین گلاس ٹھنڈا پانی پی لینے سے آرام آجاتا ہے۔ پیچش یا پیٹ خراب ہوجائے تو خشخاش پیس کر پانی سے کھانے سے آرام آجاتا ہے۔ **بادی سے پیٹ خراب ہو تو:** بادی سے پیٹ خراب ہو تو جنگلی پودینہ کا قہوہ اور زیادہ مرچیں کھانے سے حاجت کی تکلیف ٹھیک ہوجاتی ہے۔ **خناق کا علاج:** یہ ایک متعدی اور مہلک بیماری ہے انسان دم گھٹنے سے مرجاتا ہے بالکل تازہ دودھ کے غرارے کرنا بہت ہی مفید ہے۔ روزانہ کچھ عرصہ کریں۔ **جریان و احتلام:** ہر روز بہو پھلی کی پھلیوں کا سفوف چھ سات ماشہ دودھ کے ساتھ پھانک لیا کریں۔ جریان کی شکایت رفع ہوجائے گی۔ **لیکوریا بالکل ختم:** ایک تولہ اسگندھ ناگوری پیس کر اونٹنی کے تین پاؤ دودھ میں ڈال کر پکائیں' جب دودھ آدھا رہ جائے تو نیچے اتار کر رکھ لیں' رات کو سوتے وقت نیم گرم پلایا کریں۔

بحوالہ ''ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید'' لاعلاج روحانی اور جسمانی بیماریوں میں مبتلا اس کتاب کا مطالعہ کریں۔ (جو عمل یا ٹوٹکہ آزمائیں ضرور لکھیں' لاکھوں کا نفع آپ کا صدقہ جاریہ)

آسان ترین چھوٹے اور آزمودہ ٹوٹکوں پر محیط عبقری پبلیکیشنز کی شاندار پیشکش

چھائیاں کیل مہاسے ختم: لیموں کو کاٹ کر اگر چہرے پر آہستہ آہستہ ملا جائے تو چھائیاں اور کیل مہاسے آہستہ آہستہ ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ چند ہفتے، چند مہینے یہ عمل کریں۔

پھولوں کے عرقیات اور گلقند کے حیران کر دینے والے ٹوٹکے

عائشہ حمید، لاہور

گلاب کے پھول کی پتیاں اور پانی ملا کر عرق کشید کیا جاتا ہے' یہ دل و دماغ کو طاقت اور فرحت دیتا ہے' دل کی دھڑکن اور بے چینی کو دور کرتا ہے سردی کی وجہ سے اگر سر درد ہو تو عرق گلاب میں لونگ گھس کر ماتھے پر لیپ کرنے سے سر درد دور ہو جاتا ہے۔

پھول اپنی مختصر زندگی میں کتنے خوشگوار لمحات چھوڑ جاتے ہیں کھلنے سے پہلے سے لے کر شاخ پر مرجھانے تک مختلف قسم کی کیفیات سے جلوہ افروز ہوتے ہیں۔ ان کی کشش' دیدہ زیبی' خوشبو نہ صرف انسانوں کو اپنی طرف کھینچتی ہے بلکہ پرندے اور حشرات الارض جو پر رکھتے ہیں دیوانے ہو کر ان پر منڈلاتے ہیں اور ان سے خاطر خواہ اپنی خوراک کی ضروریات پورے کرتے ہیں۔ شاعروں نے ہمیشہ سے ہی اپنی نظموں' غزلوں کے الفاظ کو مزین کرنے میں پھولوں کا سہارا لیا ہے۔ نسوانی حسن کو اجاگر کرنے کیلئے پھولوں کلیوں سے تشبیہات دے کر اپنے شعروں کو آراستہ کیا ہے' ادیبوں نے اپنی افسانوں واقعاتی تخلیقات میں منظر کشی کے لئے سبزہ زاروں میں آگے پھولوں کلیوں کی مہک اور خوبصورت سے ماحول کی خوشنمائی دیدہ زیبی کو زمین جنت قرار دیا ہے۔ علم نباتات کے ماہر وئیدوں حکیموں نے زمانہ ماضی میں جب پھولوں کلیوں کی نبضوں پر ہاتھ رکھا تو ان کی قدرت کی اس حسین بخشش میں بے شمار خوبیاں اور فوائد کا علم ہوا۔ پھول نہ صرف تازگی میں انسانی بیمار زندگی میں سنجیونی کا کام دیتے ہیں بلکہ سوکھے ہوئے بھی اپنے خواص کی طاقت سے بیمار زندگی کو ہرا بھرا کرتے ہیں' آیئے! آج ہم چند قسم کے زیبائشی پھولوں کے فوائد کے بارے میں جانکاری حاصل کرتے ہیں۔ **گلاب کا پھول:** بے حد خوبصورت پھول ہے' عربی میں کو ورد کہتے ہیں' نفاست اور خوشبو کے لحاظ سے اس کو پھولوں کا راجہ کہا جاتا ہے۔ قدرت نے اس میں بے شمار خوشیاں سمو رکھی ہیں' بہت سے امراض کیلئے اس میں شفاء ہے۔ باغوں میں پارکوں میں اس کو لگا کر ان جگہوں کی زینت بڑھائی جاتی ہے' گھروں کے کھلے آنگنوں اور گملوں میں لگایا جاتا ہے' مغلیہ دور میں اس کی اقسام کو بڑھاوا ملا تھا۔ مغل شہزادیاں' بیگمات اس کی خوبصورت اور اس کی خوشبو کی دیوانی تھیں' ان کے باغیچوں میں بہت زیادہ تعداد میں لگایا جاتا تھا۔ گلاب کے عطر کو بنانے میں اسی دور میں نمایاں حیثیت ملی تھی' دوائی کے طور پر صرف دیسی گلاب ہی فائدہ مند ہے' اسی کی شاخوں پر پیوندکاری کر کے مختلف قسم کے رنگ برنگے گلاب کے پودے تیار کیے جاتے ہیں۔ خواص کے لحاظ سے قبض کشا ہے' پٹھوں اور ٹشوز کو مضبوط کرتا ہے' دل کی اکثر بیماریوں میں مفید ہے' دل و دماغ کو فرحت دیتا ہے' حکماء نے اس کی مزاج کو گرم تر کسی نے سرد خشک اور کسی نے معتدل بتایا ہے علم سیارگان کی رو سے اس کو مشتری ستارہ سے منسوب کیا گیا ہے۔ **گلقند:** دیسی گلاب کے پھول کی پتیاں ایک کلو' شکر (چینی) ایک کلو دونوں کو کھلے برتن میں ڈال کر ہاتھوں سے خوب مل کر مکس کریں پھر اس کو صاف جگہ پر دھوپ میں تین چار گھنٹوں کیلئے رکھ دیں۔ چینی اس میں اچھی طرح سے گھل جائے گی' اس کو شیشے یا اچھے پلاسٹک کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔ **خوراک:** دو تولہ پانی یا دودھ کے ساتھ لے سکتے ہیں۔ **فوائد:** قبض کشا ہے معدہ کی فالتو رطوبتوں کو ختم کرتا ہے معدہ کو طاقت دیتا ہے' دل و دماغ کو فرحت دیتا ہے۔ **شہد والی گلقند:** دیسی گلاب کی پتیاں ایک کلو' شہد 500 گرام' دونوں کو کھلے برتن میں ڈال کر اچھی طرح سے ہاتھوں سے ملیں جب دونوں اچھی طرح سے مل جائیں تو اس کو پانچ چھ گھنٹہ کیلئے دھوپ میں رکھ دیں اور صاف مرتبان میں محفوظ کر لیں۔ **عرق گلاب:** پھول کی پتیاں اور پانی ملا کر عرق کشید کیا جاتا ہے' یہ دل و دماغ کو طاقت اور فرحت دیتا ہے' دل کی دھڑکن اور بے چینی کو دور کرتا ہے سردی کی وجہ سے اگر سر درد ہو تو عرق گلاب میں لونگ گھس کر ماتھے پر لیپ کرنے سے سر درد دور ہو جاتا ہے۔ گلاب کا عطر بنانے کے بہت سے طریقے ہیں جو کافی پیچیدہ ہیں۔ اس لئے اچھی کمپنیوں کا تیار کردہ عطر استعمال کریں۔ **گڑھل کا پھول:** گڑھل کا پودا برصغیر میں ہر جگہ پایا جاتا ہے باغ باغیچوں میں اور گھروں کے کھلے صحن میں زیبائش کیلئے لگایا جاتا ہے۔ یہ پودا ایک ڈیڑھ میٹر تک اونچا ہوتا ہے اس کے یہ پھول گہرے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں اور پتے بیضوی شکل کے دندے دار ہوتے ہیں۔ پھول کے درمیان سے ایک ریشہ دار ڈنڈی نکلتی ہے' جس کے سر پر باریک پیلے رنگ کے دانے ہوتے ہیں علم سیارگان کے ماہروں نے اس کو قمر یعنی چاند سے نسبت دی ہے۔ **خواص و افعال:** دل کو طاقت دیتا ہے جس سے فرحت محسوس ہوتی ہے' قوت باہ کے اضافہ کی دوائیوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مادہ منویہ کے روگ جریان' کثرت احتلام' سرعت انزال کیلئے اس کا استعمال بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔ کھانسی اور گلے کی بیماریوں میں اس کا شربت بنا کر استعمال میں کیا جاتا ہے' بازار میں جو بالوں کو کالا کرنے والے تیل دستیاب ہیں ان میں دیگر اجزا کے ساتھ ان پھولوں کو شامل کر کے یہ تیل بنائے جاتے ہیں۔ **بالوں کو سیاہ اور ملائم بنانے کا نسخہ:** گڑھل کے پھول کی پنکھڑیاں 250 گرام تل کا تیل 500 گرام تل کو صاف برتن میں ڈال کر آگ پر جوش دیں اور اس میں پھولوں کی پنکھڑیاں ڈال دیں۔ اس کو اس قدر پکائیں کہ پنکھڑیاں جل جائیں تو آگ سے اتار کر ٹھنڈا کر کے باریک کپڑے یا چھلنی سے چھان لیں اس کو خوش نما بنانے کیلئے ہرا رنگ آئیلی اور حسب خواہش خوشبو ملا کر بوتل میں محفوظ رکھیں اور استعمال میں لائیں۔ **مادہ منویہ کی جملہ بیماریوں کیلئے:** گڑھل پھول کی خشک پتیاں 25 گرام' کالی مرچ 5 گرام رات کو سونے سے قبل پانی کے ساتھ لیں' منی کی جملہ بیماریوں کیلئے بے حد مفید ہے' جریان و احتلام کو روکتا ہے امساک پیدا کرتا ہے۔ **نسخہ برائے تقویت قلب:** گڑھل کے پھول 15 عدد لے کر ان کی پنکھڑیاں علیحدہ کر لیں اور کسی کانچ کے چھوٹے مرتبان میں ڈال کر اس میں 150 گرام صاف پانی ڈالیں دو عدد لیموں کا عرق دو چمچ کیوڑا اور 60 گرام دیسی کھانڈ ڈال کر اس کے ڈھکن کو اچھی طرح کس کر لگائیں اور 24 گھنٹے کیلئے اس مرتبان کو پانی میں رکھ دیں اس کے بعد اس مشروب کو چھان کر پئیں نہایت خوش ذائقہ دل کو طاقت دینے والا ہوا۔ **نسخہ برائے قوت باہ:** گڑھل پھول کی تازہ پتیاں 20 گرام' گڑ پرانا 50 گرام دونوں کو ہاون دستہ سے کوٹ کر یکجا کر لیں پھر رس گلہ کے برابر گولیاں بنا کر دھوپ میں خشک کریں ایک گولی رات کو سونے سے قبل ایک پاؤ دودھ کے ساتھ لیں۔ **گیندا:** ہمارے ملک میں ہر جگہ لگایا جاتا ہے باغوں پارکوں میں کیاریوں میں لگایا جاتا ہے۔ گھروں میں گملوں اور کھلے صحن میں بھی لگایا جاتا ہے' زرد رنگ کے خوشنما پھول سنگل اور ڈبل پتیوں میں ہوتے ہیں اس کی اپنی نوعیت کی بھینی بھینی خوشبو دل کو فرحت دیتی ہے۔ گیندے کے پھول کو گل صدر برگ بھی کہتے ہیں' گلاب کے پھولوں کی طرح اس پھول کی بھی گلقند تیار کی جاتی ہے تیاری کا طریقہ شکر چینی اور پھولوں کا یکساں توازن ہوتا ہے چینی اور پھولوں کو ہاتھ سے ملا کر دھوپ میں رکھتے ہیں یکجان ہو جانے پر شیشے یا پلاسٹک کے مرتبان میں محفوظ رکھتے ہیں یہ دل کی کمزوری بواسیر کے خون کو بند کرتا ہے' دودھ یا دودھ کی لسی کے ساتھ لیا جاتا ہے۔ پرانے وید حکیم خناق کی بیماری میں اس کی پتیاں ابال کر پینے کو دیتے تھے جس سے یہ بیماری دور ہو جاتی تھی۔ **کنیر کا پھول:** خوش نما پھول جو لمبے سبز پتوں والی ٹہنیوں کے سروں پر گچھوں (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

معجزہ یا کرشمہ

محترم میرے ساتھ عبقری کے حوالے سے ایک واقعہ پیش آیا ضرور چھاپئے جس نے تصدیق کرنی ہو ہر طرح سے کر سکتا ہے۔ میں نے اخبار والے کو کچھ مجبوری کے پیش نظر جواب دے دیا' رسالہ عبقری بھی وہی لاتا ہے اس طرح اپریل اور مئی کا عبقری مجھے نہیں ملا ان دنوں عبقری ایجنسی جو ہمارے گھر کے قریب تھا دور چلی گئی' اس کے ساتھ میری پریشانیاں بڑھ گئیں' مئی کے آخری دنوں میں میری بے چینی بڑھ گئی کہ مجھے ابھی عبقری مل جائے میں گھر کی صفائی کر رہی تھی' جو چھوڑ کر ہمسائیوں کے گھر گئی اور ان کے لڑکے سے کہا بیٹا! مجھے عبقری ایجنسی سے اپریل اور مئی کا عبقری رسالہ لا دو۔ اس نے کہا آنٹی شام کو پتا کروں گا' تقریباً دس پندرہ منٹ بعد میرا بیٹا جس کی عمر دس سال ہے' باہر گیا اور کہا امی دہلیز پر عبقری پڑا ہے میں حیران رہ گئی بھاگ کر ہمسائیوں کے گھر گئی تو وہ لڑکا وہیں بیٹھا تھا۔ پوچھا تو کہنے لگا آنٹی میں تو ابھی گیا ہی نہیں۔ مئی کا شمارہ تھا میری عقل حیران رہ گئی اور عبقری میں پڑھے ہوئے واقعات پر یقین پختہ ہو گیا۔ مئی کا شمارہ خود بخود میرے گھر آ گیا' اپریل کا میں نے حکیم آصف صاحب سے منگوایا ہے۔ ٹوٹا پھوٹا لکھا ہے امید ہے سمجھ آجائے گی' کسی غلطی کی معافی مانگتی ہوں۔ (شبانہ فردوس' منڈی بہاؤالدین)

نسوار کے عادی اور نمونیا بخار میں مبتلا ضرور پڑھیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کا شکر ہے کہ اس پرفتن دور میں آپ لوگوں کو اللہ کی محبت پر لگا رہے ہیں اور پریشان لوگوں کو قرآن و سنت کے مطابق وظائف عطا فرما رہے ہیں۔ گزشتہ تین سال سے میرے والد صاحب نے گھر پر رسالہ عبقری لگوا رکھا ہے۔ میں بھی پڑھتا ہوں۔

درس کی برکت سے نسوار رکھنا چھوڑ دی: محترم حضرت حکیم صاحب میں آپ کے ہر جمعرات کو ہونے والا درس انٹرنیٹ پر لائیو سنتا ہوں۔ درس کی برکت سے میں بہت سی برائیوں سے بچ گیا ہوں۔ اس کے علاوہ مجھے جو سب سے بری عادت تھی وہ نسوار رکھنے کی تھی۔ میری صحت کافی کمزور تھی میں جس بھی ڈاکٹر یا حکیم کو دکھاتا تو وہ کہتا کہ تم نسوار رکھنا چھوڑ دو تمہاری صحت ٹھیک ہو جائے گی مگر میں کہتا کہ یہ نہیں ہو سکتا۔ میری منگنی ہوئی تو میری والدہ نے میری ہونے والی ساس کو سچ سچ بتا دیا کہ میرا بیٹا نسوار کا عادی ہے۔ تو میری ساس نے کہا کوئی بات نہیں اس کی بیوی خود ہی چھڑوا دے گی۔ شادی کے بعد میری اہلیہ نے مجھے کئی بار نسوار چھوڑنے کا کہا مگر میں جھوٹ موٹ کہتا کہ ہاں چھوڑ دوں گا۔ مگر اندر سے بالکل انکاری تھا۔ مگر جب میں نے آپ کے درس سُنے تو یہ صرف اور صرف درس سننے کی ہی برکت تھی کہ آج میں نسوار چھوڑ چکا ہوں' فرقہ بندی سے نجات ملی' نماز کا پابند ہو گیا ہوں' گناہوں سے بچنے کا ذہن بن گیا ہے۔ واقعی آپ کے درس نے میری زندگی بدل کر رکھ دی ہے۔ اس کے علاوہ ایک ٹوٹکہ عبقری قارئین کے نام کر رہا ہوں۔ اگر کوئی نمونیا بخار میں مبتلا ہے تو وہ درج ذیل ٹوٹکہ آزمائیں نمونیا سے یقینی نجات مل جاتی ہے۔

ھوالشافی: سبز قہوہ اور لیموں لیں۔ سبز قہوہ کو پکا لیں اور لیموں کاٹ کر اس میں ڈال دیں۔ ایک ٹکڑا لیموں کا منہ میں نچوڑیں اور دوسرا ٹکڑا قہوہ میں نچوڑ کر پی لیں۔ دو تین مرتبہ پئیں' بخار اتر جائے گا۔ آزمودہ ہے۔ (اعجاز الحق' ہارون آباد)

منزل اور الم نشرح کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! چند دن پہلے کی بات ہے کہ میری والدہ رات کے تقریباً اڑھائی بجے ٹائلٹ جانے کیلئے اٹھیں تو دوران پیشاب ان کا پیشاب ایسے اوپر کھینچا گیا جیسے ڈور سے پتنگ کھینچتے ہیں اور جب ٹائلٹ سے باہر نکلیں تو ان کی ٹانگیں کانپ رہی تھیں اور گردن گھٹ گئی اور پیٹ بڑھتا بڑھتا کافی بڑا ہو گیا اور ان کی حالت ایسے ہوگئی کہ جیسے ابھی ان کی جان نکل جائے گی۔ ہماری امی ہانپتی کانپتی ہمارے پاس آئیں ہمیں اٹھایا کہ دیکھو مجھے کیا ہوا؟ میں مرنے لگی ہوں' اپنا گھر سنبھالو اور مجھے منزل وغیرہ کا پانی پڑھ کر دو۔ ہم سارے بہن بھائی اٹھ کھڑے ہوئے اور منزل کا پانی پڑھ کر دیا اور سورتیں وغیرہ پڑھ کر پھونکیں تو تقریباً چار بجے ان کی حالت سنبھلی لیکن پیشاب جاری نہیں ہو رہا تھا تو ہم نے سورۂ الم نشرح کا پانی پڑھ کر دیا تو تھوڑی دیر بعد پیشاب جاری ہو گیا اور میری والدہ کو سکون آیا۔ جب ہم نے مقامی عالم سے اس بارے پوچھا تو انہوں نے حساب کر کے بتایا کہ آپ کی والدہ پر کالے جادو کا وار ہوا تھا مگر منزل اور سورۂ الم نشرح کے ورد نے ان کی جان بچالی۔ الحمدللہ! (پوشیدہ)

جسم میں سوئیاں چلتی ہیں سورۂ رحمٰن سنیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت ذوق و شوق سے پڑھتے ہیں۔ کچھ ہی عرصہ پہلے عبقری کی ویب سائٹ کا معلوم ہوا' ہم تمام گھر والے آپ کے تمام درس بہت غور سے سنتے ہیں۔ اس کے علاوہ پچھلے ریکارڈ شدہ درس بھی سن رہے ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرے ابوجان کے جسم میں سوئیاں چبھتی تھیں اور بہت تکلیف ہوتی تھی' ہم نے ان کا بہت علاج کروایا مگر کوئی فرق نہیں پڑتا پھر میری والدہ کو کسی نے ایک شخص کا بتایا تھا کہ یہ سورۂ رحمٰن سے علاج کرتا ہے' آنکھیں بند کر کے سورۂ رحمٰن سنواتا ہے اور پھر کہتا ہے کہ تین بار اللہ کا نام لو اور پانی کو پی لو' ہمیں یہ عمل بالکل ٹھیک اور شریعت کے مطابق لگا۔ چنانچہ ہم ابو کو اس کے پاس لے گئے' اس شخص نے درج بالا عمل میرے ابو کو کروایا تو ان کے جسم میں جو سوئیاں چلتی تھیں وہ ختم ہوگئیں اور ابو نے اپنے آپ کو بالکل تندرست محسوس کیا۔ الحمدللہ۔ (بنت خالد' یو کے)

بازو پر چند لفظ لکھے اور شوگر نارمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ کو تندرستی کے ساتھ طویل عمر سے نوازیں' عرض حال یہ ہے کہ میں 4 سال سے عبقری کا مطالعہ کر رہا ہوں۔ میں اور میرے اہل خانہ عبقری سے منسلک تمام بزرگوں' بھائیوں' بہنوں' مضمون نگاروں سب کیلئے دنیا و آخرت کیلئے بھلائی کی دعا کرتے ہیں' محترم حضرت حکیم صاحب کیلئے یہی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کا سایہ ہمیشہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے وہ تندرستی کے ساتھ طویل عمر پائیں۔ میں عبقری رسالہ سے ضروری باتیں نوٹ کر کے ماہنامہ عبقری تقسیم کر دیتا ہوں۔ عبقری کے ایک شمارے میں ایک جدول پڑھا جو علم الاعداد اور ٹیلی پیتھی کے تحت مختلف بیماریوں کے علاج کے طور پر شائع ہوا۔ یہ تحریر محترم ایم اے قریشی' ملتان کی تھی۔ میں نماز عشا کے بعد وظائف میں مشغول تھا کہ زبان خشک ہو کر تالو سے چپٹنے لگی' شوگر چیک کی تو 344 تھی میں نے گولی کھانے کی بجائے علم اعداد کو آزمانے کا فیصلہ کیا۔ بسم اللہ پڑھ کر دائیں کلائی پر 30-66-212-812 پوائنٹر سے لکھا اور 35 منٹ بعد دوبارہ شوگر چیک کی تو نتیجہ حیرت انگیز تھا یعنی شوگر 220 پر آگئی' ہم اس طریقہ علاج کو مزید آزمائیں گے نہ ہینگ لگے نہ

پھٹکڑی اور رنگ بھی خوب آئے۔ وہ مکمل جدول درج ذیل ہے۔

نام امراض	علاج امراض، متعلقہ اعداد
گلے میں سوزش کا درد ختم	812-212-66-4
مچھر کے کاٹنے کا علاج	812-212-66-5
آگ یا گرم پانی سے جلنا	812-212-66-6
ہوائی جہاز یا بس میں الٹی	812-212-66-7
لو بلڈ پریشر کیلئے	812-212-66-12
ہائی بلڈ پریشر کیلئے	812-212-66-13
یرقان (پیلیا) ختم کرنے کیلئے	812-212-66-14
سخت سردی سے بچاؤ	812-212-66-24
فالج کا علاج	812-212-66-26
شوگر کنٹرول کرنے کیلئے	812-212-66-30
صدمہ یا خوف سے تکلیف ہونا	812-212-66-32
گھٹنوں، جوڑوں کی سوجن ختم	812-212-66-33
بواسیر ختم کرنے کیلئے	812-212-66-34
زہریلی گیس اور سوجن ختم	812-212-66-35
چہرے کی پھنسیاں ختم	5-66

(ملک اکبر، چکوال)

3 بار آیۃ الکرسی پڑھتی ہوں تو وہ خواب نہیں آتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ تھا کہ گزشتہ ایک سال سے جب بھی میں دوپہر کو سوتی تو مجھے ایک خواب آتا جس میں مجھے گھٹن اور شدید دباؤ محسوس ہوتا ہے۔ میں خواب میں آیۃ الکرسی پڑھتی تب ایک دم میرے سر سے کچھ نکلتا اور میری آنکھ کھل جاتی۔ مجھے لگتا ہے کہ کوئی ہے، جس کی وجہ سے مجھے یہ بوجھ محسوس ہوتا ہے۔ کبھی کبھی محسوس ہوتا کہ میرے جسم پر کوئی ہاتھ پھیر رہا ہے۔ پھر میں روزانہ سونے سے پہلے تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ اول و آخر درود شریف پڑھ کر خود پر، اپنے کمرے کے چاروں کونوں اور بستر پر پھونک مار لیتی ہوں تو مجھے یہ خواب اور گھٹن محسوس نہیں ہوتی۔ میں نے بہت ساری خواتین سے اس بارے پوچھا تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی کہ اکثر خواتین کے ساتھ ایسا ہی مسئلہ ہے تو میرا سب کو مشورہ ہے کہ جب بھی سوئیں باوضو اور اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں اور پرسکون نیند کے مزے لیں۔ گھر سے میوزک بند، اور اگر کمرے میں کسی جاندار کی کوئی تصویر لگی ہے تو اس کو ہٹا دیں۔ روزانہ پانچ وقت نماز پڑھیں، تلاوت قرآن کریم

کریں، شریعت کے احکامات مانیں، پھر دیکھیں زندگی بھی پرسکون ہوگی اور نیند بھی اور آخرت بھی۔

پٹرول کم منزل دور: محترم حضرت حکیم صاحب! چونکہ ہم راولپنڈی میں رہتے ہیں اکثر لاہور آتے رہتے ہیں، ایک دن لاہور آئے واپسی پر موتی مسجد بھی گئے اور وہاں نوافل ادا کیے، راستے میں جب راولپنڈی کیلئے نکلے تو گاڑی میں پٹرول انتہائی کم تھا اور پٹرول پمپ دور تھا، ہم سوچ رہے تھے کہ گاڑی راستے میں بند ہوجائے گی اور ہمیں دھکا لگوانا پڑے گا۔ مگر میں نے سب کو کہا کہ سب سورۂ الم نشرح پڑھ پڑھ کر گاڑی پر پھونکیں، ہم سب نے یہ عمل کرنا شروع کردیا، الحمدللہ ہم باآسانی پٹرول پمپ تک پہنچ گئے اور جیسے ہی پٹرول پمپ کے اندر گئے گاڑی بند ہوگئی۔ (صدف اقبال، راولپنڈی)

انجیر اور عبقری ویب سائٹ کے فائدے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں، اللہ آپ کو دنیا و آخرت کی بے شمار نعمتیں عطا فرمائے۔ محترم حکیم صاحب! میری جب شادی ہوئی تو میں بیاہ کر اپنے سسرال امریکہ آگئی، یہاں کا موسم کچھ ایسا تھا کہ میں یہاں آکر بیمار رہنا شروع ہوگئی، مجھے اپنے سسر صاحب کی لائبریری سے ایک طبی بک ملی جس میں بہت کمال کی باتیں لکھی ہوئی تھیں۔ جسے پڑھ کر مجھے بہت فائدہ ہوا۔ اس کتاب میں انجیر اور کھجور کے بہت سے فوائد لکھے ہوئے تھے میں نے اپنے شوہر صاحب سے کہہ کر انجیر اور کھجوریں گھر میں منگوالیں اور انہیں اپنی روزانہ کی روٹین میں استعمال کرنا شروع کردیا۔ میری صحت کے کافی مسائل تھے جو عبقری ویب سائٹ پڑھنے سے آہستہ آہستہ ختم ہوچکے ہیں۔ خاص طور پر عبقری ویب سائٹ پر موجود روحانی اور جسمانی ٹوٹکوں سے میری زندگی انتہائی آسان ہوچکی ہے۔ انجیر کے جو فائدے میں نے اس کتاب میں پڑھے اور خود پر آزمائے بھی وہ میں عبقری قارئین کی نذر کررہی ہوں۔ انجیر کھانے سے بلڈ پریشر اور شوگر جیسی بیماری نہیں ہوتی اور انسان گردوں کی تکلیف سے بچا رہتا ہے۔ 2۔ انجیر بدن کو فوری طاقت فراہم کرتی ہے۔ 3۔ انجیر کولیسٹرول یعنی رگوں میں جمی چکنائی کو ختم کرتی ہے اور چربی یعنی فیٹس کو ختم کرتی ہے۔ 4۔ دل کی بیماری میں مبتلا افراد کیلئے بہت فائدہ مند چیز ہے۔ 5۔ کمزوری کو دور کرکے خون بنانے میں مدد دیتی ہے۔ 6۔ معدہ کی تبخیر کو پیدا ہونے سے روکتی ہے۔ 7۔ قبض کیلئے تو لاجواب ہے۔ 8۔ خون کو صاف کرکے مدافعتی نظام کو مضبوطی دیتی ہے اور خاص کر گردوں کی بیماری جو لاعلاج قرار دے دی گئی ہو اس میں بھی بہت فائدہ دیتی ہے۔ (حرا خان، امریکہ)

آئیں ٹوٹکے آزمائیں اور پھیلائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً دو سال کے عرصہ سے آپ کے رسالہ کا مستقل قاری ہوں اور یقین فرمائیں کہ اپنی 53 سالہ زندگی میں میں نے آج تک اتنا مفید رسالہ نہیں دیکھا۔ جبکہ مطالعہ میرے مشاغل میں شامل ہے اللہ کی مخلوق کیلئے آپ کے دل میں جو درد ہے وہ درد اور خدمت کا جذبہ بہت کم لوگوں میں نظر آتا ہے اللہ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ آمین!۔ جناب محترم! اکثر دودھ پلانے والی مائیں دودھ پلاتے ہوئے بچے کا سر پستان میں لگنے سے ایک ناقابل برداشت تکلیف میں مبتلا ہوجاتی ہیں اور یہ تکلیف زیادہ دن رہے تو کینسر میں بدل جاتی ہے۔ اس کیلئے علاج یہ ہے کہ اگر سیدھے پستان میں تکلیف ہے تو الٹے ہاتھ کی کلائی پر کسی محرم سے سرسوں کا تیل ملوالیں اور اسی طرح اگر سیدھے پستان میں تکلیف ہو تو الٹے ہاتھ کی کلائی میں قابل برداشت سخت ہاتھ سے تیل ملوالیں۔ ان شاء اللہ فوراً آرام آجائے گا۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔ جس کو فائدہ ہو وہ میری مرحوم والدہ کیلئے دعائے خیر ضرور کرے۔ (چاند محمد، کراچی)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں، عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

دو انمول خزانہ پڑھا اللہ نے خاوند عطا کردیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ میرا مسئلہ یہ تھا کہ آج سے چار سال پہلے میری شادی ایک جگہ پر ہوئی تو وہ شخص ازدواجی حقوق ادا نہیں کرسکتا تھا اس نے مجھ سے معافی مانگی اور مجھے دو ماہ بعد طلاق دے دی۔ اس کے بعد چار سال تک میں گھر پر پریشان بیٹھی رہی، پھر مجھے کسی نے عبقری اور دو انمول خزانہ کا بتایا۔ میں نے سارا دن دو انمول خزانہ نمبر دو کھلا پڑھا اور میری شادی چند ماہ میں ہی بہترین جگہ پر ہوگئی۔ الحمدللہ! (ص۔ر)

روغن مہندی کا کمال: مہندی کو روغن زیتون میں ملا کر لگانے سے سر کی پھنسیاں دور ہوجاتی ہیں۔ اگر دیسی مہندی جو کھلی ملتی ہے وہ بھی سر کی پھنسیوں پر لگائی جائے تو اس سے بھی فرق محسوس ہوتا ہے۔

ٹوٹا جادو ٹوٹی بندشیں اور ملی خوشیاں سب کمال علامہ لاہوتی کا ہے

اس وظیفہ کا سب سے پہلے میں نے یہ تجربہ کیا کہ گھر گیا' چالیس مرتبہ پڑھ کر سالن خود بنایا' سالن اتنا لذیذ تھا کہ میری بیوی مجھ سے پوچھنے لگی کہ اس سالن میں آپ نے کیا ڈالا ہے۔ اس سالن میں ایک عجیب قسم کی مٹھاس تھی اور اس سالن میں برکت بھی دیکھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ عبقری تقریباً ساڑھے تین سال سے باقاعدہ سے پڑھ رہا ہوں۔ آپ کے درس بھی سنتا رہتا ہوں۔ ایک مرتبہ ہمارے شہر میں آپ کا درس تھا میں وہاں بھی پہنچا' درس کے بعد آپ نے بیعت کا عمل کیا تو میری زبان پر بھی الفاظ جاری ہوگئے اور میں بھی بیعت ہوگیا۔ اس کے علاوہ بھی آپ کا جہاں بھی درس ہو میری کوشش ہوتی ہے اس جگہ پہنچ جاؤں۔ آپ کے درس سن کر بہت سکون ملتا ہے۔ عبقری رسالہ اور درس سے مجھے روحانی طور پر بہت ترقی ملی ہے۔ آج میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے شاندار اور لاجواب مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کے ایک وظیفہ کا تجربہ لکھ رہا ہوں۔ میں نے جنات کا پیدائشی دوست مضمون میں ایک وظیفہ پڑھا تھا کہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے پڑھیں یا سفر کرنے سے پہلے چالیس مرتبہ پڑھیں۔ آپ کا بڑے سے بڑا مشکل کام آسان ہوجائے گا۔ میں سفر سے پہلے چالیس مرتبہ درج بالا وظیفہ پڑھتا ہوں تو میرا سفر پرسکون اور باحفاظت ہوجاتا ہے۔ جب بھی کھانا کھانے سے پہلے درج بالا وظیفہ پڑھتا ہوں تو کھانے میں لاجواب لذت آجاتی ہے اور کھانا ایسے ہضم ہوتا ہے جیسے میرا ہاضمہ انتہائی لاجواب ہو مگر پہلے ایسی بات نہ تھی۔ میرے دفتر میں میرے ایک جونیئر ساتھی ہیں' اس کو میں نے یہ وظیفہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھنے کو دیا۔ اس کے کچھ مسائل تھے میں نے کہا آپ یہ وظیفہ پڑھا کریں آپ کے مسائل حل ہوجائیں گے۔ دو ماہ کے بعد اس ساتھی نے مجھے بتایا کہ اس وظیفہ کا سب سے پہلے میں نے یہ تجربہ کیا کہ گھر گیا' چالیس مرتبہ پڑھ کر سالن خود بنایا' سالن اتنا لذیذ تھا کہ میری بیوی مجھ سے پوچھنے لگی کہ اس سالن میں آپ نے کیا ڈالا ہے۔ اس سالن میں ایک عجیب قسم کی مٹھاس تھی اور اس سالن میں برکت بھی دیکھی' اسی ساتھی نے مزید مجھے بتایا کہ میں جو کام بھی کرنے کا ارادہ کرتا ہوں' تو چالیس مرتبہ وظیفہ پڑھ لیتا ہوں اور اس وظیفہ سے میری مشکلات حل ہوئیں جس کام کے کرنے سے پہلے یہ الفاظ پڑھے ہیں وہ کام ہوگیا' غیبی مدد میں نے اس کام میں دیکھی اور کبھی ناکام واپس نہیں آیا۔ اس ساتھی نے مزید بتایا کہ جب سے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کیا ہے میرے گھر کے حالات یکسر تبدیل ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ گھر میں دن بدن بہتری آرہی ہے' میری زندگی میں تبدیلی آرہی ہے۔ اس کے علاوہ میں نے یہ وظیفہ اپنی خالہ زاد بہن جو کہ میری سالی بھی ہے' ان کو بھی پڑھنے کیلئے دیا۔ انہوں نے بھی تجربات کرکے بتایا کہ جب بھی کھانا یا روٹی بنانے سے پہلے چالیس مرتبہ یہ وظیفہ پڑھتی ہوں تو سالن میں عجیب قسم کی مٹھاس' لذت اور خیر و برکت ہوتی ہے۔ یہ سب کمال عبقری رسالہ کا ہے' ہم سب گھر والے ماہنامہ عبقری اور خاص کر ''جنات کا پیدائشی دوست'' مضمون بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور اس میں آنے والے وظائف بھی کرتے ہیں اور خوب خوب فضائل پاتے ہیں۔ اس کے علاوہ آپ کی تالیف کردہ کتب بھی اکثر منگوا رکھی ہیں اور پڑھتا ہوں جن میں میری پسندیدہ خطبات عبقری جلد اول سے لے کر تین تک پڑھ چکا ہوں۔ میں نے ان کتب اور رسالہ سے بہت کچھ سیکھا ہے۔ بے شک آپ کی کتب اور رسالہ کو پڑھ کر دن بدن لوگوں کی مشکلات حل ہورہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ادارے اور آپ کے معاونین کی حفاظت فرمائے اور اللہ تعالیٰ آپ کو دکھی انسانیت کی مزید خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ جس خلوص، محبت سے آپ دکھی انسانیت کی خدمت کررہے ہیں یا جس طریقے سے آپ اپنے درس میں چھوٹے چھوٹے مسائل پر لوگوں کو نبویؐ دعائیں دیتے ہیں اس کی مثال نہیں ملتی۔ (راجہ خالد محمود خان' باغ آزاد کشمیر)

پیدائشی دوست نہ پڑھتا تو خودکشی کرلیتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں رسالہ عبقری اور کتب کو بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ اس مضمون میں علامہ صاحب نے لاجواب وظائف دے رکھے ہیں جن کو پڑھنے سے عوام الناس کے مسائل بہت جلدی حل ہورہے ہیں۔ سب سے بڑی بات علامہ صاحب نے تمام وظائف کی اجازت دے رکھی ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میرے ساتھ ایک مسئلہ تھا اگر میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کی کتاب ''جنات کا پیدائشی دوست'' نہ پڑھتا تو یقیناً اب تک خودکشی کرلیتا۔ مگر جب میں نے اس کتاب کا مطالعہ کیا تو مجھے یقین ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ نے میری آزمائش ختم کردی ہے اور میرے دل میں یہ بات بیٹھ گئی ہے کہ اللہ پاک کے حکم سے میری مصیبت آپ کے وسیلہ کے ذریعے سے ضرور ختم ہوجائے گی۔ اس کتاب میں ایک وظیفہ تھا یَاقَهَّارُ' میں نے یہ وظیفہ ہر وقت کھلا پڑھا تو میرا مسئلہ حل ہوگیا۔ الحمدللہ! اب میں مطمئن زندگی گزار رہا ہوں' مجھے طبی لحاظ سے کچھ مسئلہ تھا اس کیلئے دفتر ماہنامہ عبقری سے چیک اپ کے بعد دوائی لی اب الحمدللہ طبی لحاظ سے بھی تندرست ہوں۔ (غ۔ش)

(بقیہ: پھولوں کے عرقیات اور گلقند کے حیران کردینے والے ٹوٹکے)

کی شکل میں ہوتے ہیں سفید گلابی زرد رنگوں میں یہ پھول سارا سال دستیاب ہوتے ہیں دوائی کے طور پر سفید رنگ کے پھول ہی زیادہ استعمال میں لائے جاتے ہیں' خواص میں یہ پھول ورموں کی تحلیل کرتا ہے' جوڑوں کے درد کو آرام دیتا ہے' پیٹھ کے درد گھٹنے کا درد شیاٹیکا میں پھولوں کو پیس کر لگانے میں درد کا فائدہ ہوتا ہے' پھولوں کا پانی نکال کر چہرے پر ملنا چہرے کو شفاف اور چمکدار بناتا ہے لیکن یہ آنکھوں سے بچا کر لگانا پڑتا ہے' از روئے مزاج اس کو مریخ ستارہ سے نسبت ہے۔ **قوت باہ بڑھانے:** سفید کنیر کے اتنے پھول لئے جائیں جس سے کم سے 50 گرام پانی نکل آئے' دو کلو دودھ اصلی جس میں سے مکھن نکل سکتا ہو لے کر ابال لیں اور دودھ کے ابلتے وقت اس میں پھولوں کا رس ڈال کر تین چار ابال دے دیں۔ ٹھنڈا کرکے اس کی دہی جما کر پھر گھی نکالنے کیلئے طریقے سے گھی نکالیں اور صاف شیشی میں محفوظ رکھیں' سونے سے ایک گھنٹہ قبل قطرہ گھی کا بتاشہ میں ڈال کر کھائیں۔ **پھولوں کی نسوار:** سفید پھولوں کو سکھا کر پیس لیں' پاؤڈر کی طرح بنالیں صبح سویرے اس پاؤڈر کی ایک چٹکی نسوار لیں۔ پرانے نزلہ کو ٹھیک کرتا ہے دماغی رطوبتوں جو نزلہ کی وجہ بنتی ہیں ان کو ختم کرتا ہے سر درد کو فائدہ ہوتا ہے۔

(بقیہ: چقندر اور اس کے رس سے کینسر کا علاج ممکن)

پتوں سمیت لے کر رس نکالئے' اس میں ارنڈ کے پتوں کا آدھا کلو رس بھی شامل کریں' ڈیڑھ کلو کلونجی کے تیل کو گرم کرکے دونوں رس کر گرم کریں۔ جب سارا رس جل جائے تو اسے اتار کر چھان کر رکھئے' ہلکا نیم گرم تیل جوڑوں پر ملنے سے درد کو آرام آتا ہے' گٹھیا کے ورم میں بھی چقندر پانی میں ابال کر گرم پانی کی ٹکور کرنے سے درد اور ورم دور ہوجاتا ہے۔ چہرے کے سیاہ دھبوں اور داغوں کے خاتمے کیلئے چقندر کے پتے مفید ہیں۔ پتوں کو کاٹ کر تھوڑے سے پانی میں ابال کر پانی میں ملا کر داغوں کو دھونے سے سیاہی کم ہونے لگتی ہے۔ چقندر گوشت اور قیمے میں بڑے لذیذ بنتے ہیں' چقندر جب بھی گوشت یا قیمے میں پکائیں تو اس میں پتے ضرور شامل کریں چقندر اور پالک گوشت کے بغیر بھی بنتے ہیں۔ چند ماہ پہلے پڑھا تھا کہ چقندر کا رس سرطان کے خلیات کو روکتا ہے اور جگر' گردے اور لبلبے کے امراض دور کرنے میں مفید ہے اور قوت مدافعت کو بھی مضبوط بناتا ہے۔ سرطان کے مریضوں کو اس کے پینے کی تاکید کی ہے' کیونکہ یہ عارضہ قلب اور ہائی بلڈ پریشر کا تدارک بھی کرتا ہے' صرف دو ہفتوں کے پینے سے صحت میں نمایاں فرق آجاتا ہے اور چند ہفتے بعد سرطان کے خلیات کی افزائش بھی کم ہوجاتی ہے اور صحت پر خوشگوار اثرات مرتب ہونے لگتے ہیں۔ ایک چقندر' ایک گاجر' ایک سیب لے لیں اور ان کو دھو کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں مع چھلکے کاٹ کر رس نکالئے۔ اس میں آپ ادھے لیموں کا رس بھی ملا سکتے ہیں اور بلاتوقف نہار منہ پی سکتے ہیں۔ اس کے اثرات آپ کی جلد اور چہرے پر بھی نمایاں ہوں گے' چہرے کے داغ دھبے دور ہوں گے' قبض نہیں رہے گا' پٹھوں کا درد بھی کم ہونے لگے گا۔ بصارت بہتر اور آنکھوں کی خشکی دور ہوجائے گی۔

باطن کے حالات کھل جائینگے: جو شخص زبان بند کر کے دل سے ایک ہار مرتبہ یَابَاطِنُ روزانہ پڑھے گا' اس پر باطن کے حالات کھل جائیں گے مگر رزق حلال کما کر کھانا ضروری ہے۔

ہاتھ میں تسبیح آنکھ میں آنسو اور زبان پر متلاشی وظیفہ

گمشدہ چیز' فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ
قسط نمبر 32

اتنا بڑا کرم جو خاوند نہ مجھے منہ لگاتا تھا اور نہ اولاد کو اس نے خود پوچھا میرے بچے کیسے ہیں' مجھ سے انتہائی شفقت اور پیار سے بات کی

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔ (ایڈیٹر کے قلم سے)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ اسی رسالہ کی وجہ سے میری آپ سے ملاقات گزشتہ سال ہوئی۔ اب میں اپنے گزشتہ سال کے حالات قارئین عبقری کے گوش گزار کرنا چاہتی ہوں۔ میرے حالات دگرگوں تھے' سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں اور پھر دل و جان سے عبقری کی شکر گزار ہوں اور اس شخص کی جس نے عبقری تک آنے کا راستہ بتایا۔ فی الحال میں زیادہ تفصیل میں نہیں جاؤں گی' اصل بات کی طرف آتی ہوں۔ میرے حالات یہ تھے کہ خاوند پاگل خانہ میں تھے اور گھر کے حالات تین چار سال سے بگڑتے چلے جارہے تھے لیکن جب سے میری شادی ہوئی ہے یہ مسائل ہمیشہ رہے' اولاد خدا نے چودہ سال بعد ایک معجزہ کی صورت میں دی' حسد کرنے والے بہت تھے' بڑا بیٹا لاپرواضرور ہے مگر تعلیم میں نارمل تھا' 9th کلاس میں ان مسائل نے گھیرا ہوا تھا کبھی اکیڈمی ٹھیک نہیں کبھی اسے سمجھنا مشکل تھا' بہر حال آخری تین مہینوں میں ایک ٹیوٹر ملا' تیاری ہوگئی اور الحمدللہ پاس بھی ہوگیا مگر میرا خیال ہے کوئی دعا کام آگئی۔ خاوند کی طرف سے علیحدہ پریشانی' دکان کا الگ مسئلہ' بس ہمت نہیں ہاری اور آپ کے دفتر فون پر ٹرائی کرتی رہی' عبقری دفتر میں موجود آپ کے اسسٹنٹ صاحب نے درج ذیل وظیفہ بتایا جو میں نے دل و جان سے پڑھنا شروع کردیا۔ اللہ نے کرم کیا آپ سے ملاقات کا وقت بھی مل گیا آپ نے بھی درج ذیل وظیفہ ہی بتایا۔ حالات اتنے خراب ہوچکے تھے کہ بیٹا اور میں سنبھل ہی نہیں رہے تھے بلکہ حواس باختہ ہوچکے تھے۔ اس وظیفہ کے دل و جان سے پڑھتے ہوئے ابھی ایک مہینہ ہی گزرا تھا کہ خاوند کی حالت سنبھل گئی اور ہسپتال والوں نے کہا آپ انہیں گھر لے جاسکتی ہیں۔ اتنا بڑا کرم جو خاوند نہ مجھے منہ لگاتا تھا اور نہ اولاد کو اس نے خود پوچھا میرے بچے کیسے ہیں' مجھ سے انتہائی شفقت اور پیار سے بات کی' میں ان کی باتیں سن رہی تھی اتنا بڑا کرم' اس وقت بھی میرے ہاتھ میں تسبیح تھی' آنکھوں میں آنسو تھے اور زبان پر آپ کا دیا ہوا متلاشی وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یہ سب خدا کرم ہی تھا۔ (ق۔گ)

گن پوائنٹ پر چھینی گاڑی خود ہی واپس کر گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ پر میرے اللہ کی کروڑوں رحمتیں کہ آپ کی وجہ سے میں اپنے رب کے بہت قریب آئی' دل میں رب کی محبت کی چنگاری تو تھی مگر آپ کے دروس نے اس چنگاری کو شعلوں میں تبدیل کردیا ہے۔ اب تو میرے ہاتھ کام کر رہے ہوتے ہیں اور دھیان اپنے رب کی طرف ہی ہوتا ہے۔ آپ کی دعاؤں اور توجہات سے اور درس کی برکات سے اعمال والی زندگی پر آگئی ہوں' ہر وقت تسبیح ہاتھ میں ہوتی ہے اور زبان سے ذکر جاری رہتا ہے۔ پانچ وقت کی نماز اہتمام کے ساتھ ادا کرتی ہوں' نماز فجر کے بعد قرآن پاک کی تلاوت کرتی ہوں۔ الحمدللہ! نماز فجر کے بعد تو اب محلہ کی بچیوں کو قرآن پاک کی تعلیم بھی دیتی ہوں جس سے کافی سکون ملتا ہے۔ اب میں قارئین عبقری کو آپ کے روحانی کالم میں چھپے وظیفے کے کمالات اور برکات بتاتی ہوں۔ میرے بیٹے کی میٹرک کی مارکس شیٹ گم ہوگئی تھی ہر جگہ تلاش کی مگر نہ ملی۔ میں اس وجہ سے بہت پریشان تھی کیونکہ اس کے ایڈمیشن کیلئے بہت ضروری تھی اور اس پر یہ کہ فوٹو کاپی بھی نہ تھی۔ میں نے فوراً یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنا شروع کردیا۔ دو دن مسلسل پڑھنے کے بعد ایسی جگہ سے ملی جہاں ملنے کا گمان تک نہ تھا۔ اس وظیفہ کی برکت سے ہی ہمیں شیٹ ملی۔ اس کے علاوہ میری ایک طالب علم کے بھائی کی گاڑی (جو کہ وہ خود ڈرائیو کر رہا تھا) راولپنڈی کے قریب ڈاکو گن پوائنٹ پر لے گئے۔ جس کیلئے وہ بہت پریشان تھے۔ اس نے آکر مجھ سے اپنے بھائی کی پریشانی کا اظہار کیا میں نے اسے یہی درج بالا وظیفہ پڑھنے کو کہا۔ ان کے سارے گھر نے یقین اور توجہ کے ساتھ سارا دن کھلا پڑھا۔ تھانے رپورٹ بھی درج کروا رکھی تھی۔ مگر ہر طرف ناکامی ہی ناکامی تھی' گاڑی کا کوئی سراغ نہ مل رہا تھا۔ میں نے انہیں کہا کہ مایوس ہوکر اس وظیفے کو ہرگز نہ چھوڑنا۔ انہوں نے مزید یقین کے ساتھ پڑھنا شروع کردیا۔ اللہ نے کرم نوازی فرمائی اور چار ماہ بعد ان کی گاڑی تھانے کے باہر کھڑی کر گیا۔ پولیس والوں نے گھر آکر ان کو اطلاع دی کہ آپ اپنی گاڑی تھانہ سے آکر لے جائیں۔ یہ صرف اس وظیفے کی برکت تھی کہ بغیر پیسے لگائے گاڑی واپس مل گئی۔ (نگہت یاسمین' واہ کینٹ)

بغیر تیاری پیپر زدیئے اور رزلٹ نے حیران کردیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں اس میں موجود چار سلسلے ہمیں بہت زیادہ پسند ہیں اور ہم سب سے پہلے انہی کو پڑھتے ہیں۔ ایک: حال دل، دوئم: آپ کا طبی آرٹیکل۔ سوئم: جنات کا پیدائشی دوست اور چہارم آپ کا روحانی کالم۔ آج میں آپ کے روحانی کالم میں جو وظیفہ آپ نے بتایا ہے اس کا ایک مشاہدہ قارئین عبقری کی نذر کر رہی ہوں۔ میرے امتحان سر پر تھے اور تیاری بالکل بھی نہ تھی' میں نے امتحان کے دنوں میں اس وظیفے کو پاگلوں کی طرح پڑھا۔ ہر وقت میری زبان پر یہی وظیفہ رہتا تھا۔ جب رزلٹ آیا تو میں انتہائی اچھے نمبروں سے پاس ہوگئی مجھے تو اب تک یقین نہیں آرہا کہ میں پاس ہوگئی ہوں اور وہ بھی اتنے اچھے نمبرز کے ساتھ۔ اگر بس سٹاپ پر کھڑی ہوں اور گاڑی کا انتظار ہے تو یہی وظیفہ پڑھتی ہوں' فوراً گاڑی مل جاتی ہے۔ اب کالج جاتے اور آتے ہوئے کبھی بھی کسی قسم کی کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔ (وقار النساء' گاؤں ہون)

قارئین! میں آپ کے سینے کی امانت آپ تک پہنچا رہا ہوں' آپ کو اس وظیفے سے جو فائدہ پہنچے ضرور امانت سمجھ کر مجھے لکھیں' انتظار رہے گا۔ ایڈیٹر!

قارئین اصلاح فرمالیں!

قارئین! حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی آرٹیکل "گمشدہ چیز' فرد اور سرمایہ پانے کا راز" میں ایک وظیفہ دیا گیا ہے جو کہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ چند شمارے پہلے غلطی سے یَارَبَّ مُوْسٰی یَارَبَّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ شائع ہوگیا۔ اصل وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ قارئین اصلاح فرمالیں! (ادارہ)

(بقیہ: جب برفانی پہاڑ پاک فوج کے جوانوں پر آگرا)

رہا تھا۔ پاک فوج نے دوبارہ آپریشن شروع کیا۔ کچھ دنوں کے کام کے بعد اس طرح کے مزید مشکل مراحل آئے مگر اللہ نے پاک فوج کا ساتھ دیا اور آخر کار چالیس دن بعد جب پہلی لاش نکالی گئی تو اس کے جسم پر کوئی خراش تک نہیں تھی ایسے لگ رہا تھا کہ وہ ابھی ابھی فوت ہوا ہے اور اس کی لاش کو ورثا کے حوالے کردیا گیا۔ پورے دو سال تک یہ آپریشن جاری رہا تو 140 شہداء میں سے 133 شہداء کی لاشیں نکال لی گئیں اور ان کے ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ مگر 7 جوانوں کی لاشیں نہ مل سکیں کیونکہ اس وقت برف باری کا موسم شروع ہو چکا تھا اور ان کو وہاں دفن کرکے ان کی عزت و تکریم میں ایک چھوٹا سا قبرستان بنادیا گیا اور ساتھ ہی ان تمام شہداء کی یاد میں اور ان کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ایک یادگار شہداء بھی وہاں پر بنایا گیا۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ ماسوائے چند ایک شہداء کے سب کے جسد خاکی اپنی اصلی حالت میں پائے گئے اور جو جس حالت میں پڑا تھا ویسا ہی ملا۔ جب ان شہداء کی لاشیں نکالی جارہی تھیں تو وہ نہ صرف صحیح سلامت تھیں بلکہ اس سانحہ کے دوران ان کی جو بھی پوزیشن تھی تو وہ خود بخود ویلیٹی حالت میں چلی گئیں اور الحمدللہ ان سب کو اپنے اپنے علاقوں میں دفن کیا گیا۔ یہ وہ ملک ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد شامل ہے جبھی تو اس برف کے پہاڑوں میں اللہ تعالیٰ نے ایک ناممکن کو ممکن کر دکھایا اور ساری دنیا حیران و پریشان ہوگئی۔

عبقری رسالہ ادویات' کتب آپ کے شہر میں

فیصل آباد: ادویات اور رسالہ کیلئے عبقری ایجنسی 0301-7118200

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302 -7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اٹک 0321-5247893
اسلام آباد 0336-0195366
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد: 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالہ 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بہاولنگر 0333-6320766
بھیرہ شریف 0301-6799177
بہاولپور 0333-6367755
بوریوالا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھاگٹانوالہ 0322-7836671
بٹ خیلہ / چکدرہ: 0344-9783610
پشاور 0314-9007293
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پشاور 0333-9161237
پنڈی گھیپ 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
تونسہ شریف 0331-6464456
تلہ گنگ 0346-5771975
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: **0321-7531597**
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6755442
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
ٹیکسلا 0307-8321046
جہانیاں 0321-7359861
جہلم دینہ 0333-5806101
جنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6758452
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیر والا 0300-8985689
جنڈیال 0312-9934607
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چنیوٹ 0332-2544447
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چوآ سیدن شاہ 054-3580102
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد: 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدرآباد 0300-3790255
حیدرآباد: 0300-0936775
حیدرآباد 0300-3215348

نام شہر اور فون نمبر

حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
خیر پور ٹامیوالی: 0302-7779671
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 051-5505194
رائے ونڈ 0300-4719056
رائے ونڈ: 0341-4037028
رحیم یار خان 068-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
دیپالپور 0300-4059957
درگئی: 0343-4959350
دریا خان: 0303-9622443
ونداشاہ بلاول: 0336-5953230
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈسکہ 0346-6747112
ڈیرہ غازی خان 064-2017622
ڈیرہ غازیخان 0315-8701970
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120818
سکھر 0336-9312436
سمندری 0335-7724570
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6938847
شیخوپورہ 0341-6616915
شجاع آباد 0300-2539685
شہداد پور 0334-3100962
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ: **0301-6644331**
صادق آباد 0333-7452600
صوابی: 0314-9661622
ظاہر پیر 0333-6353870
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فتح پور 0333-6843333
کنگری ضلع لورالائی 0828-601084
کنڈیارو 0300-3215348
کراچی 0300-3218560
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134

نام شہر اور فون نمبر

کوٹ ادو 0333-6003909
کوہاٹ 0922-511760
قصور 0322-7616470
کاموکی 0324-6037765
کھرڑو 0336-0312694
کوئٹہ **081-2824617**
کلورکوٹ 0300-7780221
کھوڑ 0307-5137855
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911
کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی: 0301-6267600
گجرات 0302-6292132
گجرات 0333-8443093
گجرخان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
قلعہ دیدار سنگھ 0300-8356645
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0320-9439889
لاہور **0322-8081142**
لاہور 0322-4614031
لاڑکانہ 0345-3228855
لورا **0321-5500221**
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
منڈی بہاؤالدین 0345-6810615
مظفرگڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ 0300-2753463
ملتان 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
مری **051-3410777**
مری **0300-5506082**
مردان 0300-9175500
میاں چنوں 0333-8884615
منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
ملہوالی: 0333-5333389
مظفر آباد 0312-4602800
میرپورخاص 0333-3436222
میرپور آزاد کشمیر 0332-5855356
کچن آباد 0331-7584075
نارووال 0322-4861522
نوشہرہ خیبر پختونخواہ 0321-9702005
نارووال 0333-8749464
نواب شاہ 0333-8775548
نوشکی **0332-7846812**
نورکوٹ: 0301-6195500

نام شہر اور فون نمبر

وہاڑی 0306-8281075
وہاڑی 0301-6661714
وزیرآباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
واہ: **0301-3232634**
ہارون آباد 0333-4985886
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421
یزمان 0346-4934044
نیوجرسی' یو ایس اے
01-683-1882
شکاگو 630-589-6432
یو کے
0044-7880-9842-16
اُگی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سنجاوی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
درہ پیزو 0300-9097993
درہ آدم خیل 0342-9233590
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
مانسہرہ 0301-8133822

ایجنسی ہولڈر قیمت زیادہ لیتے ہیں

مسلسل شکایت ہے کہ ایجنسی ہولڈرز ڈبی پر لکھی قیمت سے زائد وصول کرتے ہیں' عبقری ان کو معقول کمیشن دیتا ہے۔ اگر آپ کے علم میں ایسا ایجنسی ہولڈر ہے تو فوراً دفتر ماہنامہ عبقری میں خط لکھیں یا اس نمبر 0343-8710009 پر بذریعہ میسج اطلاع کریں۔ ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ مزید عبقری کے علاوہ اپنی غیر مستند اور ناقص ادویات بھی چلا رہے ہیں نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے' عبقری دفتر سے ان کی اجازت نہیں۔

ایجنسی ہولڈر بھی خطرناک عامل بن گئے

وہ لوگ جو عملیات' تعویذات اور وظائف کی الف، ب سے بھی واقف بھی نہ تھے انہوں نے ماہنامہ عبقری اور عبقری ادویات اگر ایجنسی شروع کردیں تو انہوں نے باقاعدہ لوگوں کو دم کرنا اور تعویذ دینا شروع کردیا جس کے نہایت خطرناک الٹ نتائج عبقری کے دفتر میں مسلسل آرہے ہیں۔ قارئین! عبقری کی طرف سے ایسی نہ کوئی اجازت ہے اور نہ کوئی ترتیب۔ ایسا کرنے میں نقصان کے ذمہ دار لوگ خود ہوں گے ادارہ عبقری اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

عبقری روحانی اجتماع 24،25،26 نومبر

بروز جمعہ' ہفتہ' اتوار (ان شاءاللہ)

23 نومبر بروز جمعرات عصر سے 26 نومبر بروز اتوار صبح دعا ہوگی۔

تربیتی اصلاحی تعلق مع اللہ' روحانیت کے پراسرار حقائق اور گھریلو الجھنوں' مشکلات اور پریشانیوں کے خاتمہ کیلئے تین روزہ اجتماع میں شرکت کریں۔ ہروقت ترجیت، ذکر، دعا، آہ و زاری اور قبولیت کا نہایت انوکھا نظام، روحانی اور نورانی ماحول، مرد، عورت، بچے، بوڑھے، جوان سب اجتماع میں شرکت کرسکیں گے۔ اس بار اجتماع "ہجویری محل" شیخوپورہ روڈ خان پور نہر کے ساتھ منسلک ایکڑوں میں محیط وسیع ترین جگہ پر ہوگا۔ جہاں خواتین کیلئے پردہ اور حفاظت کا بہترین انتظام ہوگا۔ وسیع ترین پارکنگ' بچوں اور خواتین کی روزمرہ ضروریات کی تمام چیزوں کیلئے علیحدہ ٹک شاپ۔ تین وقت بہترین لنگر اور چائے کا انتظام اور کینٹین۔ چوبیس گھنٹے سکیورٹی کا بہترین سسٹم۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے دعوت عام اور اجازت عام ہے۔ حسب موسم بستر ہمراہ لائیں۔ ابھی سے دعائیں شروع کردیں' یااللہ! عافیت سے تمام نظام ممکن فرما اور ہر شر' ہر فتنے سے محفوظ فرما۔ آمین! بچوں کو ساتھ لانے کی اجازت ہے۔ (اصل شناختی کارڈ اور فوٹو کاپی لانا ہرگز نہ بھولیں) آپ اپنی کوسٹر' بس یا گاڑی ہمراہ لائیں تین دن وہاں گاڑی ٹھہرنے کی بہت مناسب پارکنگ ہوگی۔ نوٹ: (روحانی اجتماع کا پنڈال لاہور شہر کی آبادی کے ساتھ جڑا ہوا ہے اور ایک لحاظ سے نہایت ایسی مناسب جگہ جو لاہور شہر کے اندر ہے۔

ادارہ عبقری نے میانوالی میں محمدی نیوز ایجنسی منسوخ کردی ہے۔ اب ماہنامہ عبقری میانوالی میں نیازی نیوز ایجنسی سے ملے گا۔ 0313-9831959۔ کوٹ ادو میں المظاہر کتب خانہ میں ادویات کی ایجنسی ختم کردی گئی ہے۔

دنیادار سے محبت نہ کر: دنیادار لوگوں کی محبت اختیار نہ کر کیونکہ اگر تو تنگ دست ہوا تو یہ تجھے چھوڑ دیں گے اور دولت مند ہوا تو تجھ سے حسد کریں گے۔

تندرستی ٹانک

جسم و جان کیلئے شاہی ٹانک

مغلیہ دور کے شاہی طبیبوں کا شہنشاہ اکبر اعظم کی فٹنس کیلئے قیمتی اجزاء سے تیار کردہ اکسیر نسخہ جو عبقری نے عوام کیلئے عام کر دیا۔ امور سلطنت طے کرتے کرتے جب بادشاہ یا شہزادے تھک جاتے تو سردار جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ یہ نسخہ استعمال کرتے۔ اسی دوا کے استعمال سے ان کی فٹنس ذہنی و جسمانی توانائیاں صحت نظر برقرار رہتی۔ عبقری نے اس مایہ ناز نسخہ کو مشروب کی شکل میں تیار کیا ہے۔ ایک بار کے استعمال سے ہی آدمی "تندرستی ٹانک" کا گرویدہ ہو جاتا ہے۔ "تندرستی ٹانک" امراء اور رئیسوں کیلئے خاص تحفہ ہے۔ عبقری نے اس قیمتی نسخہ کو "تندرستی ٹانک" کی شکل میں غریبوں تک بھی آسانی سے پہنچا دیا ہے۔ ایک بار کے استعمال سے دل کو فرحت اور طاقت ملنا شروع ہو جاتی ہے۔ کچھ عرصہ کے استعمال سے ہی جسم طاقتور ہو جاتا ہے۔ "تندرستی ٹانک" یقیناً تمام اعضاء کیلئے آب حیات ہے۔ "تندرستی ٹانک" دل کی گھبراہٹ، بے چینی، بخار، قے، دست، پیچش، دل دھڑکنا، زیادہ پسینہ آنا، سر کا چکرانا۔ کھڑے ہوتے ہوئے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا، بدن کی کمزوری، نبض کا تیز چلنا، معدہ کی کمزوری کیلئے اکسیر اعظم ہے۔ "تندرستی ٹانک" گھر بھر کی ضرورت ہے۔ اس مشینی دور میں جسمانی و ذہنی مشقت سے کئی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ مثلاً ضعف قلب، کمزوری دماغ، کمی خون، تندرستی ٹانک، قوت مدافعت میں اضافہ کرتا ہے اور بیماریوں کا مقابلہ کرنے کیلئے انسان کو اندر سے مضبوط بناتا ہے۔ "تندرستی ٹانک" کے استعمال سے جلد ہی صحت قابل رشک ہو جاتی ہے۔ "تندرستی ٹانک" قوت فیصلہ اور دماغ کیلئے ایسا زبردست شربت ہے جس کے چند روز کے استعمال سے برسوں کی بھولی باتیں یاد آنا شروع ہو جاتی ہیں۔ "تندرستی ٹانک" دماغی محنت کرنے والوں کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں، دل و دماغ اور دیگر جسمانی قوتوں میں نئی روح پھونک دیتا ہے۔ "تندرستی ٹانک" جسم میں نئی امنگ اور تازگی پیدا کرتا ہے۔ اپنے کام سرانجام دینے کیلئے آدمی میں نیا ولولہ اور جذبہ پیدا کرتا ہے۔ "تندرستی ٹانک" آپ کو رکھے ہر دم صحت مند اور توانا۔ طلبہ، اساتذہ، وکلاء، علماء، صحافی، کلرک اور ذہنی و جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ "تندرستی ٹانک" گرمیوں میں بطور شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر پئیں یا لیموں ملا کر سکنجبین بنالیں۔ دودھ کی لسی یا ٹھنڈے دودھ میں ملا کر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ ملک شیک میں ملا کر بھی پی سکتے ہیں۔ سردیوں میں نیم گرم دودھ میں ڈال کر استعمال کریں۔ "تندرستی ٹانک" بچوں بڑوں کیلئے یکساں مفید ہے۔ ہائی بلڈ پریشر والے بے دھڑک استعمال کریں۔ ہر موسم اور ہر عمر کے لیے یکساں مفید ہے۔ (قیمت صرف -/440 روپے)

خون افزاء ٹانک خون بنانے والی گولیاں

☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے، جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ، اسٹریس، ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ ڈھلتی عمر کے افراد کو تیز براق بنانے میں صدیوں سے آزمودہ فارمولہ ☆ مستقل صحت و توانائی اور فولادی قوت کیلئے بے مثال ☆ جوڑوں کے دردوں میں مبتلا کچھ عرصہ استعمال کریں پھر کمال دیکھیں ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔ کمزور حاملہ خواتین دوران حمل اور بچہ کی پیدائش کے بعد ضرور استعمال کریں۔ ☆ اچھی خوراک کھا کر بھی کمزور اور ہڈیوں ڈھانچہ بننے والی چند ڈبیاں استعمال کریں۔ ☆ آنکھوں میں چمک اور چہرے پر گوشت لائے۔ ☆ پوشیدہ امراض کی شکار خواتین ضرور استعمال کریں۔ ☆ مائیں اپنے کمزور بچوں کو چند ڈبیاں استعمال کریں اور پھر ان کی صحت میں کمال دیکھیں۔ قیمت:-/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)

دائمی نزلہ، الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس ☆ سفید اور گرتے بال، دماغ کمزور، حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا۔ ☆ کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا ☆ تو دائمی نزلہ، الرجی، ناک کی ہڈی کا بڑھنا، ناک کا بند رہنا، جلدی مسائل، حتیٰ کہ الرجی کا دمہ ان تمام کیلئے "الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا" (کورس) انتہائی آزمودہ اور مؤثر ہے۔

(قیمت صرف -/600 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

اصلاح معدہ و جگر پیکیج

قیمت صرف -/440 روپے علاوہ ڈاک خرچ

معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج

معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے	معدے کے زخم کی خاص دوا

قیمتی قدرتی جڑی بوٹیاں جو سوزش اور معدہ کے زخم بھرنے میں مدد دیتے ہیں

رحم کے ورم کی شکار خواتین کیلئے بہترین ٹانک	معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔

چہرہ پر چھائیاں ہوں یا رنگت پیلی بے فکر ہو کر یہ پیکیج استعمال کریں

اپنڈی سائٹس میں مفید

نشاطی جدید

خفیہ طاقتوں کو بیدار کرنے والا امیرانہ نسخہ

ہزاروں کی تعداد میں اجڑے ہوئے گھر آباد

قوت کی کمی ڈپریشن ایسی حالت میں "نشاطی" قدرتی اجزاء کا وہ فارمولا ہے جو آپ کو ملٹی وٹامنز فراہم کرتا ہے

"نشاطی" ایسے قیمتی اجزاء کا مرکب ہے، جو بوڑھوں کو نوجوان اور نوجوانوں کو پہلوان بنا دیتی ہے

مایوس لاعلاج لوگوں کیلئے "نشاطی" خوشیوں کا پیغام

خواتین، بوڑھے، نوجوان، بچے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ سائیڈ ایفیکٹ سے سو فیصد پاک

(قیمت -/520 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

نظر کی کمزوری کا آسان علاج: نظر کی کمزوری کیلئے ایک نہایت ہی آسان نسخہ کہ ایک پیالی نیم گرم دودھ میں دو چمچ شہد ملا کر رات کو سوتے وقت پینا بہت مفید ہے۔

عرق موٹاپا شفاء

موٹاپا بدن میں چربی بڑھنے کے باعث بنتا ہے اس وقت معاشرہ تیزی سے موٹاپے کی طرف بڑھ رہا ہے اور ہر دوسرا شخص موٹاپے سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں گھرتا جارہا ہے۔ مردوں کی نسبت خواتین میں موٹاپا بہت بڑھ رہا ہے۔ اس کی تیزی سے بڑھنے کی وجہ فاسٹ فوڈ، ہوٹل اور بیکری کی چیزیں ہیں۔ موٹاپا نہ صرف انسان کی خوبصورتی ختم کرتا ہے بلکہ مختلف خطرناک قسم کی بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ خواتین میں تو اب بچپن سے موٹاپا آنا شروع ہوگیا ہے موٹاپے کی وجہ سے خواتین کم عمر میں ہی بوڑھی نظر آتی ہیں اور انہیں ہارمونز کا مسئلہ رہتا ہے۔ موٹاپے کی وجہ سے کئی بچیوں کی شادی نہیں ہوپاتی، شادی ہو بھی جائے تو کئی بچیاں اولاد کی دولت سے محروم رہتی ہیں۔ ''عرق موٹاپا شفاء'' بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے جسم کی چربی کو پگھلاتا ہے اور جسم سلم ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ سانس کا پھولنا ختم ہوجاتا ہے، دل پر بوجھ کم ہوجاتا ہے۔ ایسی خواتین جن کو ایام یعنی حیض وقت پر نہیں آتا یا رک رک کر آتا ہے ان کیلئے ''عرق موٹاپا شفاء'' بہترین شفاء ہے۔ ''عرق شفاء سیرپ'' ایسی خواتین کیلئے بھی مفید ہے جو ڈلیوری کے بعد موٹاپے کا شکار ہوجاتی ہیں۔ (قیمت 350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

بلڈ پریشر شفاء

بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار کردہ

ہائی بلڈ پریشر ایک موذی مرض ہے جو آج کل بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے، دماغی کام کرنے اور کرسی پر بیٹھنے والوں میں یہ مرض بہت زیادہ ہوتا ہے۔ بلڈ پریشر کی وجہ سے ہر وقت سر درد، غصہ، ٹینشن، چڑچڑا پن، کسی کام کو دل نہ کرنا، نیند بالکل ختم ہوجانا، کبھی آدھے اور کبھی پورے سر میں درد ہوتا ہے، سر چکراتا ہے، آنکھوں کے سامنے ہر چیز گھومتی نظر آتی ہے اور اس کیلئے بہت قیمتی اور ہائی ڈوز گولیاں کھانا پڑتی ہیں جس سے مریض دواؤں کا عادی بن جاتا ہے۔ عبقری کی پراڈکٹ ''بلڈ پریشر شفاء'' ایک ایسی دوا ہے جو بلڈ پریشر کو لیول پر لاتی ہے، اگر بلڈ پریشر ہائی ہو تو نارمل کرتی ہے اور اگر لو ہو تو بھی نارمل کرتی ہے۔ ''بلڈ پریشر شفاء'' پینے میں کڑوی لیکن شفاء میں میٹھی ہے، کئی ایسے مریض جو بلڈ پریشر کیلئے ڈھیروں گولیاں کھاتے تھے پھر بھی سکون نہیں تھا ''بلڈ پریشر شفاء'' سیرپ نے انہیں سب دواؤں سے آزاد کرکے شفاء دی۔ یہ سیرپ خالص جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار ہے بغیر کیمیکل اور سٹیرائیڈ سے پاک ہے، بڑے چھوٹے خواتین سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ ''بلڈ پریشر شفاء'' سیرپ مستقل اور دائمی شفاء دیتا ہے اور سب دواؤں سے آزاد کردیتا ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

معذور شفاء ٹانک

معذور و کمزور افراد کیلئے انوکھی دوا

''معذور شفاء ٹانک'' ایک ایسی انوکھی اور لاجواب دوا ہے۔ جو ہر عمر اور ہر موسم میں مفید ہے کسی قسم کا سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ ''معذور شفاء ٹانک'' پولیو، فالج، لقوہ، رعشہ، ادھرنگ، حادثہ یا ایکسیڈنٹ سے نچلے دھڑ کا ختم ہوجانا، پاؤں یا ٹانگ کا لنگڑا پن، کیلشیم کی کمی کی وجہ سے ٹیڑھا پن یا ٹانگوں کو گھسیٹ کر چلنا، بچوں میں سوکھا پن، ٹیڑھا پن، پیدائشی معذوری، کمزوری کی وجہ سے پیشاب کا پتہ نہ چلنا، دماغی کمزوری، نیند کی کمی، ٹینشن، ڈیپریشن، پاگل پن، مرگی، کبھی غم حادثہ یا اچانک خبر سن کر پاگل ہوجانا، جسم میں درد، اعصاب کی کمزوری۔ ان تمام امراض کیلئے ''معذور شفاء ٹانک'' ہی میں شفاء ہے۔ پرانے سے پرانے امراض میں معذور شفاء کامیابی سے مریض کو نئی زندگی دیتی ہے۔ مرد و خواتین، بچوں، بوڑھوں کیلئے ہر موسم میں اکسیر اعظم ہے۔ پٹھوں کو طاقت دیتی ہے، پنڈلیوں، کمر اور اعصابی دردوں میں فائدہ مند ہے۔ جو بچے پیدائشی معذور ہوں ان کو بھی تین سے چھ ماہ تک ''معذور شفاء ٹانک'' مستقل کھلائیں۔ ترکیب استعمال: معذور شفاء ٹانک بچوں کیلئے چنے کے برابر دن میں ہر گھنٹے کے بعد۔ بڑوں کیلئے: چوتھائی چمچہ ہر گھنٹے کے بعد، حسب طبیعت مقدار خوراک کم یا زیادہ کرسکتے ہیں۔ (قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

بدہضمی، گیس، تبخیر پیٹ کا بڑھنا قابل علاج ہے (کورس)

موجودہ زندگی کی غذائی بے اعتدالی پھر غیر متحرک زندگی اور چلتی پر تیل کا کام کہ مرچ مصالحے چٹ پٹی چیزوں کا بکثرت استعمال یہ تمام اعمال مل کر معدے اور آنتوں کے نظام کو ناکارہ اور غیر فعال کردیتے ہیں۔ انسان جو غذا بھی استعمال کرتا ہے وہ چونکہ دیر سے ہضم ہوتی ہے یا پھر اس کے ہضم ہونے کیلئے حرکت یعنی چلت پھرت چاہیے اور وہ ہوتی نہیں پھر وہی غذا معدے اور آنتوں میں سڑ کر گیس اور تیزابیت بناتی ہے یہ گیس اگر دماغ کی طرف اپنے اثرات بڑھائے تو غنودگی ہر وقت نیند کی کیفیت یا پھر نیند بالکل ختم ہوجاتی ہے۔ چہرے کے اطراف سرخ اور گرم ہوجاتے ہیں۔ سر میں چکر آتے ہیں' بلڈ پریشر' تھوڑی تھوڑی بات سے ٹینشن اور بدمزگی پیدا ہونا' غذا کا جزو بدن نہ بننا' دل کی دھڑکن تیز' دل کا ڈوبنا اور گھبراہٹ کا بار بار پیدا ہونا یا پھر مستقل جسم پر گھبراہٹ کا مسلط رہنا' منہ سے بدبو' کھٹے ڈکار' قبض یا پھر اجابت کا غیر تسلی بخش آنا' مسوڑوں کا پھول جانا' منہ میں چھالے اور زبان کا پھٹ جانا یا پھر اس پر سفید تہہ کا جم جانا یہ تمام علامات معدے کی خرابی' تبخیر یا گیس بادی اور بدہضمی کی ہیں ایسی حالت میں اگر سوڈا واٹر یا تیزابی پانی استعمال کیا جائے تو اس کی بظاہر اچھی کیفیت' لیکن حقیقت میں بہت زیادہ نقصان ہوتا ہے اور یہی بڑھ کر معدے السر یا پھر معدے کے لاعلاج مرض کی شکل اختیار کرلیتا ہے ہمارے شعبہ تحقیق نے اس مرض کا شافی علاج دریافت کیا ہے۔ آپ بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں اور ایسے لوگوں کی فہرست میں آسکتے ہیں جن کا شمار صحت مند اور کامیاب لوگوں میں ہوتا ہے۔ (قیمت صرف 600 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

شدید کھانسی کا شافی علاج: اگر آپ کو شدید کھانسی ہو تو رس برگ تلسی 3 گرام میں شہد 6 گرام ملا کر چاٹ لیں۔ دن میں تین بار یہ عمل دہرائیں۔

نومولود بچوں کو اسٹیرائیڈ اور اینٹی بائیوٹک ادویات سے بچائیں
دیسی اور قدرتی جڑی بوٹیوں کا شفاء بخش مرکب استعمال کروائیں

عبقری چلڈرن سیرپ

پیچش، پتلے دست، قے، حلق، فوڈ پوائزنگ اور ہیضہ کیلئے ایک خوش ذائقہ سیرپ

عبقری چلڈرن سیرپ بچوں کے پیٹ کے تمام امراض کا سو فیصد شافی علاج۔ بچوں کو بھوک خوب لگائے، خون خوب بنائے۔

دانت نکالتے بچوں کیلئے لاجواب ٹانک

اسہال کے بعد ہونے والی نمکیات کی کمی کو دور کرتا ہے

(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟

چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

چہرے کے تمام امراض دانے، کیل مہاسے، جھائیاں، داغ، گڑھے، پیپ دار دانے الرجی، رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہو جانا اعتماد سے استعمال کریں۔

معدے کی تیزابیت، جسم کی الرجی، پرانے دانے پرانی خشک و تر خارش کیلئے "چہرہ شفاء" لاجواب چیز ہے۔

آزمودہ طبی فارمولہ جس کے کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ قیمت -/150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

چوٹ شفاء ...... جسم پر ہر قسم کی چوٹ کیلئے ٹانک

درد سے کراہتے مریضوں کیلئے شفاء کا پیغام

ایکسیڈنٹ کی چوٹ ہو یا کسی حادثہ کی ہو چوٹ کی وجہ سے گوشت پھٹ گیا ہو اور شدید تکلیف ہو یا ہڈی ٹوٹ گئی ہو اعتماد سے استعمال کریں اور صحت یاب ہو جائیں۔

ساتھ کراماتی تیل کا استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگہ

انوکھا تجربہ: تجربات نے انوکھا فائدہ ضرور بتایا کہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنے سے 'موٹاپے اور پیٹ کے بڑھنے سے نجات' میں اس کے لاجواب رزلٹ ملے۔ (قیمت صرف -/100 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

نیو طاقتی جسم میں فولادی قوت پیدا کرنے والا شاہی نسخہ

مایوس ازدواجی زندگی کیلئے ☆ لاعلاج حضرات کی زندگی جب بے لطف ہو جائے ☆ "طاقتی" دراصل اعصابی دماغی اور مزاجی طور پر تھکے ہوئے بوڑھوں، نوجوانوں اور عورتوں کیلئے نہایت موثر ہے ☆ طاقتی کے کوئی سائیڈ ایفکٹ نہیں۔ طاقتی اعصابی کمزوری، اور جلدی تھک جانے والوں کیلئے پیغام مسرت ہے ☆ طاقتی کمر کے درد اور پٹھوں کے کھچاؤ اور پریشان لوگوں کیلئے لاجواب ☆ ذہنی دباؤ، ٹینشن، ڈپریشن کے مریض ضرور استعمال کریں ☆ طاقتی نہایت مقوی اور ممسک ہے۔ جوشہ پیدا کرنے والے مضر اجزا سے پاک اور ایسے خاص قسم کی دواؤں اور جوہروں سے تیار کی گئی ہے کہ جو جو ہر غدود کے افعال کو منظم رکھتے ہیں ☆ طاقتی مراکز عصبیہ کو بجلی سی تیزی سے بیدار اور ہوشیار کرتی ہے۔ ☆ طاقتی قوت باہ کی کمزوری، بے رغبتی، باہ کی مختلف کمزوریوں کو بغیر کچھ نقصان پہنچائے دور کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔ ☆ دماغ اور حافظہ کی کمزوری کو دنوں میں دور کر دینا طاقتی کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ (قیمت -/640 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

خواتین، بوڑھے، نوجوان، بچے سبھی استعمال کر سکتے ہیں۔ سائیڈ ایفکٹ سے سو فیصد پاک

قد دراز کورس

پریشانی کیسی؟ اب آپ بھی اپنے قد میں اضافہ کر سکتے ہیں

خالص بے ضرر جڑی بوٹیوں کا بہترین مرکب

ہڈیوں کی مضبوطی بڑھوتری اور عضلات کی ساخت کو برقرار رکھنے کیلئے لاجواب

جن کی شادی صرف چھوٹے قد کی وجہ سے رکی ہے وہ آج ہی سے استعمال شروع کر دیں

قیمت صرف -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

خون روک شفاء

حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی

خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہو جانا، پیچش میں خون آرہا ہو، نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔

لیکوریا، رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔

(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

پسلی میں درد کا آسان دم: جس شخص کی پسلی میں درد ہو ایک ہزار مرتبہ یَا قَھَّارُ پڑھ کر روئی کے اوپر دم کر کے روئی درد والی جگہ پر باندھیں انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

کوپن

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے مشورہ کیلئے علیحدہ خط لکھیں۔

صرف حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم سے مشورہ کرنے والے ہی کوپن پُر کریں۔

نام ________ والدہ کا نام ________

عمر ________ شہر ________ فون/موبائل ________

آپ کا شعبہ/شوہر کا شعبہ ________ تفصیل سے لکھیں

مسئلہ ________

____

____

بقیہ: روحانی الجھنیں' جادو جنات اثرات بند شیں اگر مزید تفصیل ہے تو علیحدہ کاغذ پر لکھیں اور فارم پن کر دیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟

مشکلات جتنی بھی ہوں' الجھنیں حد سے زیادہ ہو گئی ہوں' فری بالکل فری' بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے' حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے' کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کر سکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

عبقری کیلنڈر 2017 گزشتہ سال کے کیلنڈر سے منفرد نئی باتیں' نئے آزمودہ وظائف اور نئے قارئین کے آزمودہ ٹوٹکے

آئیے رمضان میں دکھی انسانیت کے دکھ بانٹیں

☆ رمضان المبارک کا چاند دیکھتے ہی شب قدر کا ثواب پالیں ☆ نماز تراویح پڑھیں اور اپنے مسائل حل کروائیں! ☆ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللهِ انوکھا آسان عمل اور مشکل ترین پریشانیاں' مصائب' مشکلات' گھریلو الجھنیں لمحوں میں ختم ☆ تسبیح خانہ میں قیام کرنے والوں کا افطاری مشروب اور اس کے فوائد (مکمل نسخہ) ☆ رمضان میں کھجور کی روٹی! ذائقہ بھی لاجواب اور فنس بھی بے مثال ☆ اس رمضان قبض! ہرگز نہیں ☆ چند سیکنڈ میں مالا مال ہونے کا راز! صرف تصور کریں اور مال دار بن جائیں! ☆ لاعلاج بیماریوں اور جادو جنات کے ڈسے ہوؤں کے لیے لاجواب عمل ☆ بیری کے درخت کے انوکھے راز اور جادو جنات اور پریشانیوں سے چھٹکارا ☆ رمضان میں گھریلو الجھنوں سے نجات پانے کے انوکھے' آسان اور آزمودہ بھید ☆ رمضان میں بھوک پیاس ختم' 15 سالہ آزمودہ ٹوٹکہ ☆ آسان ترین ذکر اور برکتیں عافیتیں اور دعاؤں کی مقبولیت کا راز پائیے عبقری رمضان کیلنڈر میں! ☆ رمضان المبارک مغفرت، بخشش اور عنایتوں کے آسان روحانی ٹوٹکے ☆ پورے سال کا رزق چند لمحوں میں پانے کی گھڑیاں آگئیں ☆ آسان اسم الٰہی صرف 21 مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر پھونکیں' پھر سونگھیں اور بھوک پیاس ختم اور آپ بالکل ہشاش بشاش! کیلنڈر میں ملاحظہ فرمائیں! ☆ شادی کی بندش فوری ختم' انوکھا عمل جو سالہا سال سے گھر بیٹھی بیٹیوں کے لمحوں میں رشتے کروادے' لوگوں کے خوشیوں بھرے خط کیلنڈر میں پڑھیں ☆ تین مرتبہ درود پاک پڑھیں' ہتھیلیوں پر پھونکیں' چہرے پر پھیریں اور اس کے کمال جانیے رمضان کیلنڈر 2017 میں ☆ رزق، روزی یا کاروبار میں پریشانی! ایک دن میں ختم ☆ حسن سے مالامال ٹوٹکے حاصل کیجئے کیلنڈر سے ☆ رمضان میں گرمی کا توڑ کرنے والی پانچ گھریلو چیزیں ☆ 30 دن' ایک آیت! فائدے بے شمار! قارئین کے آزمودہ تجربات کے ساتھ ☆ میری افطاری اور پودینے کی چٹنی ☆ کائنات کی ہر ناممکن چیز کو ممکن بنانے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کو ساتھ لینے کا انوکھا آزمودہ آسان ترین عمل ☆ 3 راتیں، رب سے باتیں اور ہر مسئلہ حل ☆ یہ 12 نوافل آپ کی قسمت بدل سکتے ہیں! ☆ سخت گرمی کا رمضان اور سالہا سال کا آزمودہ ٹوٹکہ ☆ رمضان میں طاقت و اعصاب، جسم فولاد اور معدہ شاندار ☆ سحری میں یہ شربت پئیں اور پھر کمال دیکھیں! ☆ مئی، جون کے رمضان میں چند گھونٹ اور مسئلہ حل! ☆ شاندار سحری اور جاندار تروتازہ روزہ ☆ گرمی کے ستائے روزہ داروں کیلئے لاجواب عمل ☆ الائچی کھائیں روزہ آسان بنائیں! ☆ حوض کوثر سے سیراب ہونا چاہتے ہیں؟ شاندار موقع! ☆ زندگی سے تھکے ہارے رمضان میں اس عمل کو ضرور کریں! ☆ افطاری کس چیز سے کرنی چاہیے؟ ضرور پڑھیں! ☆ آخری عشرے میں کچھ نہایت خطرناک غلطیاں! ☆ جاگنے کی راتیں، مانگنے کی راتیں! ☆ منٹوں میں لاکھوں نیکیاں کمانے کا راز! ☆ جمعۃ الوداع کا خصوصی عمل۔ لیلۃ الجائزہ میں جادو، بندشیں ختم (انشاءاللہ)

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت	نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	70/-	43	شفاء حیرت سیرپ	120/-
2	آگ شفاء	80/-	44	شہد ایک کلوگرام	700/-
3	اکسیر البدن	300/-	45	شہد 330 گرام	240/-
4	الرجی نزلہ کورس	600/-	46	شوگر کورس	800/-
5	اصلاح معدہ پیکیج	440/-	47	طب نبوی حسن و جمال کریم	300/-
6	السر کورس	400/-	48	طب نبوی ہیئر آئل	300/-
7	بواسیر کورس	500/-	49	طب نبوی انمول ہیئر پاؤڈر	120/-
8	برص پھلبہری کورس	500/-	50	عروسی سہاگ کورس	5000/-
9	بے اولادی کورس	2500/-	51	عرق موٹاپا شفاء	350/-
10	بے اولادی پاؤڈر	500/-	52	فشاری گولیاں	200/-
11	بنفشی قہوہ	120/-	53	فنفس پیکیج	600/-
12	بستر پیشاب شفاء	120/-	54	فنفس فولاد ٹانک	120/-
13	بلڈ پریشر شفاء سیرپ	120/-	55	کراماتی تیل	200/-
14	پیشاب کنٹرول کورس	400/-	56	کان شفاء	70/-
15	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-	57	کولیسٹرول سے نجات (کورس)	600/-
16	پوشیدہ کورس	600/-	58	کرنٹ مالش	500/-
17	پیچش شفاء	120/-	59	کمر جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	800/-
18	پتہ پتھری شفاء	90/-	60	گیس بدہضمی تبخیر کورس	600/-
19	تندرستی ٹانک	440/-	61	گردے فیل شفاء	150/-
20	ٹھنڈی مراد	120/-	62	گلٹیاں رسولیاں ٹیومر سے نجات کورس	500/-
21	ٹھنڈک پیکیج	500/-	63	قد دراز کورس	500/-
22	جوہر شفاء مدینہ	150/-	64	قبض کشا	120/-
23	چلڈرن سیرپ	120/-	65	قوتی گولیاں	500/-
24	چوٹ شفاء	100/-	66	لاجواب حافظہ پیکیج	670/-
25	چہرہ شفاء	150/-	67	لیکوریا شفاء	120/-
26	حسن شفاء سیرپ	120/-	68	معجون شفاء یابی	500/-
27	خون صفاء پاؤڈر	120/-	69	مرہم سکون	70/-
28	خاتون شفاء (سیرپ)	120/-	70	موٹاپا کورس	600/-
29	خون روک شفاء	120/-	71	مشروب عبقری افزاء	180/-
30	خون افزاء ٹانک	120/-	72	معجون مراد	1100/-
31	دیسی کریم	500/-	73	معذور شفاء ٹانک	500/-
32	دم والا شہد دوائی	900/-	74	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
33	ڈیپریشن پیکیج	490/-	75	ناک شفاء	100/-
34	روحانی پھکی	30/-	76	نشاطی (جدید)	520/-
35	روحانی عطر	240/-	77	نوجوان شفاء	120/-
36	روشن دماغ ٹانک	250/-	78	نیو طاقتی	640/-
37	زرغونی نقرائی	2200/-	79	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
38	ستر شفائیں	250/-	80	ہارمونز شفاء	300/-
39	سکون افزاء شوگر فری سیرپ	120/-	81	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
40	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	320/-	82	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	120/-
41	سچا منجن	70/-	83	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	320/-
42	بچی دوا بے اولادی کیلئے	100/-	84	ہاضم خاص پاؤڈر	200/-
43	سدابہار حسن و خوبصورتی پیکیج	840/-	85	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-

بواسیر ختم اور پرانے دست بند: انار کے درخت کا چھلکا پانی میں ابال کر اس میں چاول کا پانی یا اروی ملا کر حقنہ کرنا بواسیر میں نافع اور پرانے دستوں کو بند کرتا ہے۔

”جنات کا پیدائشی دوست“ (جلد سوئم) کے متلاشی متوجہ ہوں!

”جنات کا پیدائشی دوست“ جلد سوئم منظر عام پر آگئی

”جنات کا پیدائشی دوست“ ایک حیرت انگیز، سچی اور منفرد آپ بیتی لیکن آسان جناتی و لاہوتی وظائف کی وجہ سے قارئین کے ہاں سب سے زیادہ پسندیدہ ترین سلسلے کا درجہ حاصل کر چکی ہے۔ قارئین کے بے پناہ اور مسلسل اصرار پر اسے کتابی شکل میں شائع کیا گیا۔ اس سلسلے کی پہلی اور دوسری جلد منظر عام پر آئی تو قارئین کا بہت زیادہ اصرار تھا کہ جلد از جلد اس کی تیسری جلد بھی شائع کی جائے۔ کیونکہ بے شمار خطوط، ٹیلی فونز اور ای میلز کیلئے ذریعے ہمیں معلوم ہوا کہ اس کتاب میں چھپے جناتی مقبول وظائف سے لاکھوں دکھی افراد کے غم کا مداوا ہوا ★ بے شمار بیروزگار افراد کو روزگار ملا گھروں میں بیٹھی بچیوں کو اپنا آنگن نصیب ہوا شریر جنات کے ستائے افراد کو سکون ملا۔ نام نہاد عاملین سے چھٹکارا ملا۔ پریشان افراد اور در در کے دھکے کھانے والوں کو تسلی اور سکون ملا۔ الحمدللہ! پہلی دو جلدوں کی کامیاب اشاعت کے بعد علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کی خاص اجازت سے تیسری جلد منظر عام پر آرہی ہے۔ ”جنات کا پیدائشی دوست“ جلد سوئم میں جنات کی انوکھی زندگی، سائنس اور عصر حاضر میں جنات اور روحوں کے ساتھ بیتے ایسے سچے مشاہدات شامل کیے گئے ہیں جو ناقابل یقین ہیں۔ اس کتاب کے چند مضامین کی ہیڈنگز ملاحظہ فرمائیں ★ اللہ والوں کے مقابلہ میں عامل کی قوت کچھ بھی نہیں ★ حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ اور ایک جن کا واقعہ ★ ایک ہی دن میں مالک دکان بن گیا ★ اکیس سال پرانا جادو ختم ★ شریر جنات سے جان چھوٹ گئی۔ ★ گھر میں رونقیں لوٹ آئیں ★ اجڑا گھر بس گیا ★ ”کہف“ کے کمالات ★ یاقہار اور بوڑھی چڑیل ★ تعویذ نبوی ﷺ سے بھاگی پر آیا جن جل گیا ★ یاقہار پڑھا کالا کتا جل گیا ★ گھر سے ڈھانچے نکل کر بھاگ گئے ★ گھر اجڑتے اجڑتے ایسے بستے ہیں ★ مجھ پر جادو ٹونہ کا اثر نہیں ہوتا ★ گھر میں پیسے کی ریل پیل اور برکت کا عمل ★ برف پوش پہاڑوں سے آئے جن کی انوکھی کہانی ★ حاملہ عورت کیلئے نایاب نسخہ ★ ایک جن نے مجھے بتائی راز کی بات ★ وادی کربلا سے آئے جنات ★ اولاد کی نافرمانی دو الفاظ سے ختم ★ جنات کی تین بچیوں کا نکاح۔ غیبی شفاء، غیبی صحت، غیبی تندرستی ★ جنگل میں موجود بزرگ کا بتایا عمل ★ واقعہ کربلا کا آنکھوں دیکھا حال ★ بے بس جننی میرے قدموں میں ★ ہندو جوگی کی خفیہ نمازیں اور روزے ★ ایک پل میں کلمہ نے کروڑ پتی بنادیا ★ نشے سے جان چھڑوانے والے متوجہ ہوں! میرا اور جنات کا گہرا تعلق ★ شاہی قلعہ کے بونے جنات کی شکایات ★ بیٹیوں کی شادی کے سلسلے میں پریشان ضرور پڑھیں! ★ جنات کی قبریں ہمارے قبرستانوں میں ★ وہ جن مجھ سے دور ہو میں نہیں چاہتی ★ کیا آپ کے گھر میں خزانہ ہے؟ ★ غلام نے خزانہ کیسے حاصل کیا؟ ★ ہاں! میں جن ہوں مگر!۔ بالاکوٹ کی ایک مسلمان پری سے ملاقات ★ ٹائم ٹریولنگ کے حوالے سے مشہور واقعات پر مبنی خصوصی فیچر ★ پاکستان کے چوٹی کے عامل ★ کولمبیا کے جنات ★ گرین جیکٹ والا بھوت ★ حادثاتی موت کے شکار 23 ہزار افراد کی بھٹکتی روحیں ★ سوتیلے باپ کی محبوبہ کا بھوت۔ قارئین یہ صرف چند ہیڈنگز کی جھلکیاں ہیں۔ یہ کتاب ایک کہانی نہیں بلکہ زندگی کی پراسرار حقیقتوں میں سے ایک حقیقت کا اظہار ہے اس کا ثبوت وہ ہزاروں خطوط ہیں جنہوں نے اس منفرد آپ بیتی میں دیئے گئے لاہوتی وظائف سے فیض پایا اور گھریلو مشکلات، جادو جنات، شادیوں میں رکاوٹ کا حل اور پرسکون زندگی پائی۔ 400 سے زائد صفحات پر مشتمل یہ انمول کتاب آپ بھی پڑھیے اور گفٹ بھی کیجئے ابھی سے اپنی کاپی بک کروائیں۔ (قیمت صرف 350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ دستیاب نہ ہو؟ 2۔ شہر اور علاقے کا نام؟ 3۔ ممکن ہو تو بک سٹال کا فون یا موبائل نمبر۔ ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تا کہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

042-37552384-042-37425801-3

یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری، عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

خوشخبری! بہت بڑا اعزاز اور عظمت پانے کیلئے مختصر عمل

اپنی ناممکن پریشانیاں، غم، گھریلو الجھنیں اور ناکامیاں آپ کو سو فیصد مایوس کر چکی ہوں تو ایک عمل ایسا جس سے بے شمار نے فائدہ لیا وہ آپ بھی کریں لیکن اسے صرف یقین والا ہی کرے گا، بے یقین، شاید شک، بدگمانی یا مذاق کی نظر سے دیکھے۔ اپنی آمدنی یا تنخواہ میں سے اڑھائی فیصد نکالیں (یہ زکوٰۃ شمار نہیں ہوگی اگر آپ زکوٰۃ دیتے ہیں تو وہ اس کے علاوہ ہوگی) اور اس رقم سے عبقری رسالہ یا حضرت حکیم صاحب کے درس کے میموری کارڈ مخلوق خدا کو اس کے سو فیصد فائدے سمجھا کر پھر گفٹ کریں۔ قارئین! آپ دوسروں کو خیر پہنچائیں گے لوگوں کا بھلا کریں، خیر اور بھلائی آپ کے دروازے توڑ کر آپ کی نسلوں تک آپ کا ساتھ دے گی اور مشکلات پریشانیاں چاہے کسی قسم کی بھی ہوں حل ہو جائیں گی۔ یہ عمل اپنی زندگی کا معمول بنالیں۔ **خاص بات:** اس اعلان کو ہر فرد اپنی نظر سے دیکھے گا، کوئی سعادت کی نظر، کوئی اعتراض کی نظر، کوئی کہے گا اپنی مشہوری کروانا چاہتے ہیں اور صاحب دل سمجھ لیں گے کہ مخلوق کے دکھوں کے دور کرنے میں دراصل عبقری ہمیں حصہ دار بنانا چاہتا ہے کہ تا کہ ہمارے دکھ بھی دور ہوں اور خوشیاں صدا ہمارے ساتھ ہوں۔ آیئے! اس خیر کو خود بھی کریں اور دوسروں کو بھی اس کی اطلاع اور ترغیب دیں۔

تسبیح خانہ سے بیعت ہونے کے بعد کیا کریں؟: حضرت حکیم صاحب کے سلسلہ عالیہ قادری ہجویری کے بیعت ہونے کے بعد 1۔ منتخب احادیث کا مستقل مطالعہ کریں۔ 2۔ شجرہ طیبہ کو اپنی زندگی کی ترتیب میں لائیں۔ اپنی زندگی کے معاملات پاکیزہ اور صاف ستھرے ہوں، کسی کے لین دین میں حلال و حرام کا خاص خیال رکھا جائے۔ اپنی گھریلو زندگی اور معاشرت میں بیوی، ماں، بہن بھائیوں کے ساتھ اچھا معاملہ اور خوش خلقی کا معاملہ ہو۔ کسی سے رنجش ہو تو کوشش کریں اس کے ساتھ معاملہ بہتر ہو بدکار سے بدکار انسان کے دل میں نفرت نہ ہو حتیٰ کہ کافر اور مشرک کے لیے دل میں نفرت نہ ہو بلکہ خیر خواہی کا جذبہ اور اس کی ہدایت کا فکر ہو۔ اپنے مرشد کو ہر ہفتے پندرہ دن کے بعد آخری ہر مہینے اپنے احوال اذکار کیفیات تسبیحات لکھتے رہیں اور خاص طور پر جو اعمال نہیں کر پارہے ان کی اطلاع ضرور دیں اور سب سے زیادہ نفع اس کو ہوگا جو مرشد کے بارے میں اچھا گمان اعتماد اور یقین سے چلے گا۔ بیعت ہونے کے بعد درس کا سننا بہت ضروری ہے یہ دراصل مرید اور مرشد کے درمیان ایک رابطہ کا ذریعہ ہے، درس کسی بھی شکل میں نیٹ، سی ڈی میموری کارڈ موبائل کے ذریعے مستقل سنتے رہیں اور دوسروں کو بھی درس کی ترغیب دیتے رہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا عطا فرمائے اور مسنون زندگی پہ دن رات چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آج کل کاغذ اور دیگر سامان طباعت کی گرانی کی وجہ سے کتابوں کی قیمتیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں اس لیے ترسیل کے وقت جو قیمت ہوگی اسی کا اعتبار ہوگا اس سلسلے میں ادارہ پر اعتماد فرمائیں۔

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم کی کتب (تالیفات)

نمبر	کتاب	قیمت
1	اہل بیت کے پاکیزہ اور انوکھے واقعات	200/-
2	اہل بیت سے جینا سیکھیں	200/-
3	اہل بیت سے محبت کے بھید	150/-
4	انجانا کچھ سیکھے اصول	200/-
5	ازدواجی مسائل علاج نبوی اور جدید سائنس	200/-
6	الرجی سے نجات کے قدرتی طریقے	100/-
7	انوکھی بیماریاں انوکھے علاج	180/-
8	امجھی زندگی کے 700 سیکھے وظائف	300/-
9	انٹرنیٹ کی لعنت سے نکلنے کے انوکھے بھید	150/-
10	آزمودہ گھریلو معالج	200/-
11	آداب معاشرت (بیوہ)	400/-
12	آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل (اردو/انگلش)	200/-
13	1947ء کے مظالم کی کہانی خود مظلوموں کی زبانی	350/-
14	اقوال اولیاء	350/-
15	امراض معدہ علاج نبوی اور جدید سائنس	200/-
16	ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری	200/-
17	اسم اعظم اور اس کے کرشمات	180/-
18	بہترین نسخوں کا بہترین علاج	200/-
19	بہترین مجربات کا مجموعہ اور وظائف	160/-
20	بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟	160/-
21	بزرگوں کی زندگی کے انمول تجربات	250/-
22	باپ کا تقدس اسلام اور جدید سائنس	200/-
23	بچپن اور زندگی سے خوشحال زندگی تک	250/-
24	باکمال عاملین کے بے مثال تجربات	250/-
25	بیان الحق	600/-
26	پرسکون زندگی گزارنے کے نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/
27	پھلوں میں چھپے صحت کے راز	220/-
28	پھلوں سے صحت و تندرستی	200/-
29	پرسکون زندگی کی تلاش نبوی طریقے اور جدید سائنس	250/-
30	پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک (اردو/انگلش)	350/-
31	پرسکون نیند نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
32	تربیت اولاد اسلام اور جدید سائنس	230/-
33	تندرستی کے دس راز و ان کا نسخہ	200/-
34	تعلیمات نبوی اور جدید سائنس	500/-
35	توبہ کے کمالات	200/-
36	تیس روز سے تیس عبادتیں	120/-
37	تسبیح خانہ میں گزرے شب و روز	300/-
38	ٹینشن کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
39	جڑی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات	250/-
40	جیلوں میں بیتے لمحات کی کہانی حاجیوں کی زبانی	400/-
41	جنسی زندگی اسلام اور جدید سائنس	250/-
42	جانوروں کے انوکھے چشم دید واقعات	300/-
43	جنسی پاکیزگی نبوی علاج احتیاط اور جدید سائنس	300/-
44	جوانی کی حفاظت کیسے کی جائے؟	250/-
45	جادو جنات کے پراسرار حقائق اور آزمودہ روحانی علاج	320/-
46	جادو جنات اسلام اور جدید سائنس	400/-
47	جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل	10/-
48	جنات کا پیدائشی دوست (جلد اول)	350/-
49	جنات کا پیدائشی دوست (جلد دوم)	350/-
50	جنات کا پیدائشی دوست (جلد سوم)	350/-
51	جنات سے سچی ملاقاتیں	300/-
52	چادر، چوانی کا نادر، چ جاملی	150/-
53	جذبات اور خیالات کے روگ نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
54	گوہر اعظم	120/-
55	جنس جوانی اسلام اور جدید سائنس	300/-
56	حال دل	200/-
57	حسن و صحت کیلئے انمول نانکے	300/-
58	حسن و زوال کی قاتل بیماریاں	400/-
59	حکماء کی زندگیوں کے علمی نچوڑ	320/-
60	حیرت انگیز حالات کا مکمل نسخہ	200/-
61	حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ	300/-
62	حم لا ینصرون کے کرشمات	80/-
63	یا حفیظ یا سلام کے کرشمات	60/-
64	خاندانی مسائل کا علمی و نفسیاتی تجزیہ	450/-
65	خواتین کے حسن و جمال کے مخفی راز	300/-
66	خطبات عبقری (جلد اول)	300/-
67	خطبات عبقری (جلد دوم)	300/-
68	خطبات عبقری (جلد سوم)	300/-
69	خطبات عبقری (جلد چہارم)	300/-
70	خطبات عبقری (جلد پنجم)	300/-
71	خطبات عبقری (ششم)	300/-
72	خواتین کے مسائل اور بڑی بوڑھیوں کے نسخے	300/-
73	خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق	250/-
74	خوابوں کی پراسرار دنیا	180/-
75	خوشبو کا سفر اہل بیت کے ہمراہ	350/-
76	دو انمول خزانے (اردو)	10/-
77	دو انمول خزانے (انگلش)	10/-
78	دو انمول خزانے کے کرشمات (بڑا سائز)	200/-
79	درود و سلام کے حسین کرشمات	250
80	ڈپریشن سے نجات پانے والے	120/-
81	دائمی قبض سے چھٹکارا	200/-
82	رمضان المبارک کے گھر سے موتی	60/-
83	روحانی دنیا کے انوکھے بھید	200/-
84	روحانی بیٹی کے کرشمات	40/-
85	رنگ برنگی سبزیاں دوا بھی غذا بھی شفا بھی	200/-
86	روحانی غسل کے کرشمات	10/-
87	رمضان المبارک کے روحانی و جسمانی نسخے	200/-
88	رمضان میں روحانی و جسمانی تندرستی	30/-
89	رمضان المبارک کے خاص تحفے	5/-
90	روزگار کی پریشانی کا آزمودہ وظیفہ	10/-
91	روحانیت جادو اور وہم	350/-
92	روحانی پاکیزگی	250
93	ربنا آتنا فی الدنیا کے کرشمات	200/-
94	سورۃ یٰسین کے کرشمات	10/-
95	سورۃ بقرہ سے شرطیہ (انشاء اللہ) علاج کیں	10/-
96	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	400/-
97	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/-
98	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/-
99	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/-
100	سنت نبوی اور جدید سائنس (انگلش والیم 1)	300/-
101	سنت نبوی اور جدید سائنس (انگلش والیم 2)	300/-
102	سدا بہار حسن کی ضامن غذائیں	280/-
103	ستر وظائف سے زندگی آسان	10/-
104	سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص کے کرشمات	50/-
105	سورۃ قریش کے کرشمات	60/-
106	سورۃ کوثر کے کرشمات	60/-
107	شجرہ طیبہ قادری نقشبندی	10/-
108	شگفتہ باتیں بکھرے موتی انمول یادیں	250/-
109	شہد کے کمالات	150/
110	شباب اور معرفت پر کامیابی کا سفر	250/-
111	شوگر دوا میں شافی علاج	250/
112	شوگر کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
113	شادی شدہ زندگی خوشی خوشی گزارنے کے راز	300/-
114	شوگر کا کامیاب علاج	200/-
115	شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول	250/-
116	شارٹ کٹ خیالات کی کرشمہ سازی نبوی طریقے اور جدید سائنس	120/-
117	شہید پاکستان	250/-
118	شاداب زندگی کے راز نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
119	صوفی ازم اور ٹینشن فری لائف	160/-
120	صحت مند عادات نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/
121	صحت کش خوش ذائقہ غذائیں اور سائنسی اصول	150/-
122	صوفی ازم سے روشنی کا سفر	250/-
123	صوفی ازم اور قبولیت دعا	180/
124	صوفی ازم کے روشن ستارے	350/-
125	صوفی ازم اور باطنی سکون	160/-
126	صلوٰۃ التسبیح کے کرشمات	200/-
127	صادق دوست اور قصہ ڈیرہ اور	350/-
128	ضدی بیماریوں کے 700 آسان ٹوٹکے	300/-
129	طبی تجربات و مشاہدات	150/-
130	عورت اسلام اور جدید سائنس	350/-
131	عامل کامل بننے کے راز	200/-
132	عبقری ادویات کی شفا یابی	20/-
133	عشق اسلام اور جدید سائنس	450/-
134	ذوق تصوف	2100/-
135	سچی کرامات (جلد اول)	400/-
136	سچی کرامات (جلد دوم)	300/-
137	خوشیاں، دولت اور سکون کے وظائف	200/-
138	تصوف کی خوشبو (جلد اول)	400/-
139	تصوف کی خوشبو (جلد دوم)	400/-
140	عبقری بتائے جڑی بوٹیوں کے کرشمات	200/-
141	عبقری لایا انوکھے اور لاجواب ٹوٹکے (جلد اول)	300/-
142	عبقری لایا انوکھے اور لاجواب ٹوٹکے (جلد دوم)	300/-
143	عرفی وظائف اور آزمودہ یقینی نتائج	280/-
144	علماء کے آزمودہ عملیات	300/-
145	غلاف روضہ مبارک کے کرشمات	5/-
146	غلطیوں کی اصلاح نبوی طریقے اور جدید سائنس	300/-
147	غیر مسلموں کی جانب سے نبوی تعلیمات اور حقوق	40/-
148	فیضان سنت اور جدید سائنس	200/-
149	قدرتی ٹانک اور علاج نبوی	200/-
150	قدرت کا انعام اور انتقام	300/-
151	قبولیت دعا کے انوکھے واقعات	180/-
152	کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج	120/-
153	کامیاب شادی کے ستر اصول نبوی طریقے اور جدید سائنس	250/-
154	کمالات اولیاء	200/-
155	گیند و شکست	200/
156	کلونجی کے کرشمات	80/-
157	لائی دنیا کا جادو، وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات	700/
158	کشف و مراقبہ اسرار روحانی قوتوں کا حصول	260/
159	کامیاب عامل بنیے	260/
160	کامیاب عامل بنیے کرشمات دیکھیے	250/-
161	گمنام راستے سے گل قندانی پائیں	2500/
162	لچی سے نشہ چھوڑنے کے راز	280/
163	گولائی سے پریشانی کا حل	190/
164	گردے کا جسمانی تجزیہ کا سائنسی اور روحانی علاج	160/
165	خوبصورت اور گھنے بال	290/
166	گھریلو الجھنیں اور ماہرین کے تجربات	400/
167	گھریلو الجھنوں کا روحانی علاج	160/
168	گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے	400/
169	گھروں میں ابدی سکون اور خوشیوں کا راز	200/
170	گھریلو الجھنوں کا روحانی اور قرآنی علاج	160/
171	سورۃ مسبحہ کے کرشمات	10/-
172	مختلف دوائیں نبوی دوائیں اور جدید سائنس	170/
173	میرے مجی ماڈرن ٹیلر	260/
174	مالدار بنانے کا آزمودہ راز	10/-
175	موت کے سائنسی و روحانی انکشافات	160/
176	مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات (فائل/پوائنٹ)	260/
177	مجھے شفا کیسے ملی؟	500/
178	معرفت کے متلاشی	280/
179	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	490/
180	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/
181	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/
182	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/
183	معاشرت نبوی اور جدید سائنس	500/
184	مکلمہ ہی ایجادات	300/
185	مولانا کے ہمراہ	260/
186	ماں کا تقدس اسلام اور جدید تہذیب	280/
187	مختلف غذائیں نبوی غذائیں اور جدید سائنس	200/
188	ماہرین نفسیات خیالات اور روحانی علاج (جدید ایڈیشن)	200/
189	مولانا شخصیت و کمال	260/
190	معالج اور مریضوں کے تجربات	290/
191	مہلک عادات نبوی طریقے اور جدید سائنس	290/
192	مشاہیر کی آپ بیتیاں	160/
193	مراقبہ کے کرشمات	300/
194	ویران جوانی مایوس نوجوان	260/
195	موٹاپے سے نجات علاج نبوی اور جدید سائنس	200/
196	مشکلات کے پہاڑ اور میرے روحانی تجربات	80/-
197	مجھے موت نے بھی مدد کیسے کی	300/
198	نشانی حافظ اور آزمودہ نبوی عمل	40/-
199	مسرت سے حسن صحت اور سکون	120/
200	مختصر ہی زندگی میں بھرپور جینے کے گُر	325/
201	ندامت کے آنسو	290/
202	نوجوانوں کی جنسی الجھنیں علاج نبوی اور جدید سائنس	260/
203	نبوی دستر خوان صحت و تندرستی کے راز اور جدید سائنس	300/
204	نوجوانوں کے جنسی مسائل علاج نبوی اور جدید سائنس	260/
205	نباتات قرآنی اور جدید سائنس	360/
206	وضو کے تین گھونٹ کے کرشمات	10/-
207	وٹامن جسمانی صحت کیلئے کیوں ضروری	290/
208	ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی روحانی اور سائنسی ترکیب	180/
209	ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی علاج	290/
210	ہائی بلڈ پریشر کا روحانی اور سائنسی علاج	200/
211	ہزار سال پرانے نسخے اور روحانی بھید	360/
212	یا قہار کے کرشمات	120/

رواداری کتب

نمبر	کتاب	قیمت
213	بریلوی علماء کی رواداریاں	250/-
214	دیوبندی علماء کی رواداریاں	500/-
215	اسلاف اہل حدیث کی رواداریاں	300/-

عبقری کتب سندھی زبان میں

نمبر	کتاب	قیمت
216	وضو کے تین گھونٹ پانی	10
217	غلاف روضہ مبارک	10
218	سورۃ یٰسین کے کرشمات	10
219	روزگار وظیفہ اور ٹینشن سے نجات	10
220	شجرہ طیبہ قادری نقشبندی	10
221	سورۃ بقرہ سے شرطیہ علاج شفا	10
222	روحانی غسل کے کرشمات	10
223	جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل	10
224	دو انمول خزانے کے کرشمات	زیر طبع
225	ستر وظائف سے زندگی آسان	10
226	مالدار بننے کا آزمودہ راز	10
227	سورۃ فاتحہ و اخلاص کے کرشمات	زیر طبع
228	سورۃ قریش کے کرشمات	زیر طبع
229	سورۃ کوثر کے کرشمات	زیر طبع
230	دکھ اور غم سے چھٹکارا مل گیا	زیر طبع
231	دھکوں سے میں حکیم بن گیا	زیر طبع
232	کامیابی کا راز آپ کے ہاتھ میں	زیر طبع
233	میں مالدار کیسے بنا؟	زیر طبع
234	میری مشکلات آسان کیسے ہوئیں	زیر طبع
235	آخر کار میری بندشیں ٹوٹ گئیں	زیر طبع
236	میں خوشحال کیسے ہوا؟	زیر طبع
237	ایک دن میں ستر حاجتیں پوری	زیر طبع
238	ہم نے آزمایا آپ بھی آزمائیں	زیر طبع
239	گھریلو جھگڑے پریشانی ختم	زیر طبع
240	روحانی جسمانی تسکین کا راز	زیر طبع
241	بے بہار زندگی سے دولت کا انبار	زیر طبع
242	غربت اور بیماری بھاگ گئی؟	زیر طبع
243	صرف چار اسم بڑی بڑی مشکلات حل	زیر طبع
244	ناممکن مسائل کا چند دنوں میں خاتمہ	زیر طبع
245	صرف تین راتوں میں مراد مل پوری	زیر طبع
246	بکھرے خاندان اور آزمودہ راز	زیر طبع
247	لاعلاج بیماریوں اور روگوں کا خاتمہ	زیر طبع

گالیاں، دھمکیاں اور الزامات

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے مخلوق خدا کا رجوع دن بدن بڑھ رہا ہے۔ روزانہ سینکڑوں، ہزاروں کی تعداد میں لوگ ملنا چاہتے ہیں۔ حضرت حکیم صاحب کی بے شمار مصروفیات کی وجہ سے سب سے ملنا ممکن نہیں۔ پہلے پہل 6 ماہ کا وقت ایک ہی ماہ دے دیا جاتا تھا لیکن لوگوں کے اصرار پر اسے تین ماہ پر لایا گیا لیکن اس کے بعد ہر ماہ کا ٹائم دیا جاتا ہے اور اگلے ماہ پھر یہی ترتیب ہوتی ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ سارا دن کالز کرنے کے باوجود رابطہ نہیں ہوتا جبکہ ٹوکن دینے والا نمبر مستقل مصروف رہتا ہے خود اندازہ کریں کہ پوری دنیا سے کالز آرہی ہوتی ہیں ایسے میں سب کی کالز ایک ساتھ سننا ممکن نہیں سسٹم پر جب لوڈ زیادہ ہوتا ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نمبر بند ہے جب کہ نمبر مسلسل کھلا ہوتا ہے۔ جن کی کال مل جائے وہ مطمئن ہو جاتے ہیں اور جن کا رابطہ نہ ہو سکے وہ بدگمان ہو جاتے ہیں اور گالی گلوچ اور الزامات پر اتر آتے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ نمبر صرف ٹیلی فون پر اور منصفانہ دیئے جاتے ہیں۔ ہمیں مخلوق خدا کی پریشانی اور تکلیف کا احساس ہے اور ہم ہر ممکن حد تک اس کے ازالے کیلئے فکر مند رہتے ہیں لیکن سب کو مطمئن اور خوش کرنا شاید ہمارے بس میں نہیں ہے۔ امید ہے آپ ہماری مجبوریوں کا احساس کرتے ہوئے حوصلے اور درگزر سے کام لیں گے۔ ایک گزارش یہ بھی ہے کہ جن کو وقت مل جائے وہ دوبارہ کال نہ کیا کریں تاکہ دوسروں کو بھی موقع مل سکے۔ (ادارہ عبقری)۔ ملاقات کی تفصیلات حاصل کرنے کیلئے 0322-4688313

ایڈیٹر کی کتابیں آپ کی نظر سے گزریں۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے۔

خالص شہد کے متلاشی متوجہ ہوں!

موسم سرما کے تمام امراض کا یقینی اور صحت بخش حل

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص ہر ماہ میں تین دن تک صبح کے وقت شہد چاٹے گا اسے کوئی بڑی بلا بھی تکلیف نہیں دے گی

''شہد'' کیمیائے صحت مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ دل و دماغ اور معدہ وجگر کو غضب کی تقویت بخش کر حرارت غریزی میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ ''شہد'' مصفی خون ہونے کے علاوہ مولد خون بھی ہے۔ جگر میں ٹھنڈک پیدا کرنے کیلئے پانی میں شہد ملا کر استعمال کریں۔ دماغ کی تقویت اور جھریوں سے نجات کیلئے غذا میں دودھ، مکھن، شہد استعمال کریں۔ گردے ومثانے کی پتھری کو توڑتا ہے۔ دانتوں کو صاف کرکے انہیں مضبوط بناتا ہے۔ آیورویدک میں شہد معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ رنگت کو نکھارتا ہے، حسن افزا ہے، بھوک لگاتا ہے، دل کے جملہ امراض کیلئے نافع ہے، آواز میں رس پیدا کرتا ہے۔



یہ بڑھاپے کو جلدی آنے سے روکتا ہے۔ پانی کے گلاس میں لیموں اور شہد ملا کر پینے سے پورے جسم کی صفائی کے ساتھ رنگت نکھر جاتی ہے۔ روزانہ کھانے کے ساتھ تھوڑی مقدار میں شہد کھاتے رہنے سے نظام ہضم درست رہتا ہے اور تیزابیت کنٹرول میں رہتی ہے۔ شہد السر میں بھی مفید ہے۔ اگر تازہ زخم پر شہد کا پھاہا رکھ دیا جائے تو زخم بہت جلد بھر جاتے ہیں۔ جلی ہوئی جگہ پر شہد کا لیپ بڑا مفید ہے۔ اس کے علاوہ شہد فشل ماسک اور ہینڈ لوشن کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

شہد زنانہ اور مردانہ امراض کیلئے انتہائی مفید قدرتی دوا

قارئین کا دیرینہ مطالبہ پورا: عبقری کا خالص شہد اب آدھا کلو کی پیکنگ میں بھی دستیاب ہے۔

قیمت: 330 گرام 240 روپے۔ آدھا کلو: 350 روپے۔ ایک کلو: 700 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

خالص ترین قدرتی جڑی بوٹیوں کا مجموعہ

عبقری قہوہ

ہر موسم، ہر مزاج کا بہترین ساتھی

فلو، نزلہ زکام، بخار، کھانسی اور گلے کی خراش سے پہنچائے فوری آرام

(نوٹ: ایک ساشے بنائے تین کپ قہوہ)

پیکنگ 24۔ قیمت صرف 240 روپے علاوہ ڈاک خرچ



---

30 روزے 30 عبادتیں

رمضان المبارک کے ہر لمحہ کو کارآمد بنانے کا انوکھا مستند فارمولہ

تیس روزے تیس عبادتیں کتاب میں ہر روز کی ایک عبادت، جس میں حیرت انگیز اعمال جو مستند کتابوں سے چن چن کر پیش کیے جن کو کرنے والا کبھی نامراد نہیں ہوا۔ آپ کی نسلیں، رزق، عزت، برکت، روحانیت، دولت مالدار ہوں اور دکھوں، مصائب، مصیبتوں اور دنیا کی الجھنوں سے ہر دم محفوظ رہیں اور عبادات ایسی آسان جو ہر آدمی بخوشی کر سکے۔ اپنے رمضان کو بہترین اور شاندار رمضان بنانے کیلئے یہ کتاب ہر گھر اور سواری میں موجود ہو۔ اس رمضان کا بہترین گفٹ ابھی خریدیں اور بانٹیں بلکہ ضرور لیں ضرور تقسیم کریں۔

طبی تجربات و مشاہدات

تحقیق وترتیب: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

حکماء، مریضوں اور طب کا شوق رکھنے والوں کیلئے رہنما کتاب

الرجی سے نجات کے قدرتی طریقے

تحقیق وترتیب: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

الرجی سے پریشان ضرور گھر لائیں

عبقری بتائے جڑی بوٹیوں کے کرشمات

تحقیق وترتیب: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

ہر کچن ہر فرد کی ضرورت

عبقری رمضان کیلنڈر 2017

انوکھا انداز، انوکھے ٹوٹکے اور آزمودہ وظائف

آئیے رمضان میں دکھی انسانیت کے دکھ بانٹیں

مزید تفصیل کیلئے صفحہ نمبر 56 کا مطالعہ کیجئے۔

(قیمت صرف -/30 روپے)

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد کراچی۔ دوحہ قطر۔ ایبٹ آباد، مانسہرہ، کاغان، ہری پور، جہوڑی۔ (مظفرآباد، آٹھ مقام، میرپور، باغ، فارورڈ کہوٹہ، برالہ، مجہوئی، گلی، آزاد کشمیر) تفصیلات ٹائٹل کی بیک پر

عبقری کتب اور ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

باوقار مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

130

ماہنامہ عبقری لاہور ®

اپریل 2017ء رجب 1438 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

اڑتی جادوئی ہانڈی کے وار سے کیسے بچا؟

2 جولائی 2017 بروز اتوار
احمد پور شرقیہ درس تفصیلات صفحہ نمبر 57 پر

گھریلو مشکلات، الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

میری ہڈیاں توڑ دیں میں بے وضو آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام نہ لوں گا

- انوکھا دنگل! شیطان کو صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے 3 مرتبہ پچھاڑ دیا
- قدیم ہندو حکیم کی کتاب سے لیا عجب غضب کا نسخہ
- ڈیپریشن کی ماری عبقری ویب سائٹ سے شفاء پاگئی
- پسینے سے بُو، پیلاہٹ اور کندھوں سے بوجھ ختم
- ارے یہ کیا؟ کند ذہن اور بھلکڑ ڈاکٹر بن گئے
- ڈاکو چھینا سامان اگلے دن واپس کر گئے
- روتا تسبیح خانہ آیا اور خوشیوں کی گٹھڑی مل گئی
- موٹاپا اور بڑھا ہوا پیٹ دنوں میں ختم



مراقبہ سے روحانی ترقی اور ہر مشکل، الجھن کا حل پایئے
مخلوق خدا کی مراقبہ کیفیات من وعن شائع شوقین مراقبہ کیلئے لاجواب تحفہ

گوالے نے بتایا ٹوٹکہ! جانور صحتمند اور خوبصورت ہوگئے

جنات بولے خبردار یہ گھر ہمارا ہے چھوڑ جاؤ ورنہ ۔ ۔ ۔ !

حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں: لازوال بے مثال اور حیرت انگیز حافظے کیلئے بہترین کتاب جو آپ کی نسلوں کے حافظے اور تقویت کیلئے رہبر ثابت ہو گی۔

عَبۡقَرِیٍّ حِسَانٍ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (القرآن)

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 10 جلد نمبر 11 اپریل 2017ء، رجب 1438 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

اپریل 2017ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان

قیمت فی شمارہ 50 روپے

سالانہ ممبر شپ 1080 روپے (رجسٹرڈ ڈاک) بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: زندگی کے مختلف شعبوں میں کام کیا جا رہا ہے، وہ آئندہ آپ کو جاری رکھنا ہوگا۔ جو ذمہ داری آپ پر کل عائد ہونے والی ہیں کیا آپ ان پر عہدہ برآ ہونے کیلئے اپنے آپ کو تیار کر رہے ہیں؟ کیا اپنے اندر اہلیت پیدا کر رہے ہیں؟ موزوں تربیت لے رہے ہیں؟ اگر نہیں تو جائیں آج سے تیاری شروع کر دیجئے۔ مستقبل کیلئے اپنے آپ کو تیار کرنے کا یہی زمانہ ہے۔ (طلبہ کے نام پیغام)

کبھی تنہائی کوہ و دمن عشق	کبھی سوز و سرور و انجمن عشق!
کبھی سرمایۂ محراب و منبر	کبھی مولا علیؓ خیبر شکن عشق!

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے برتن جوتے فرنیچر رضائیاں اپنی زکوٰۃ صدقات عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن
عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37425801-37425802-37425803 - 042-37552384-37597605-37586453 E mail:contact@ubqari.org

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریگل روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

دفتر: مزنگ چونگی نزد قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ ... عبقری کا دفتر ہے۔

ناحق قیدی کیلئے: اگر کوئی ناحق قید ہو یا گمشدہ ہو تو چند آدمی اکٹھے مل کر اسم یَامُجِیْبُ کو سوا لاکھ مرتبہ ایک نشست میں پڑھیں، پڑھائی مکمل ہونے پر تمام پڑھنے والے سجدے میں جا کر قیدی کی رہائی کیلئے دعا مانگیں۔

سنو! عورتوں کے ساتھ اچھا سلوک کرو

حضرت احوص رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا: غور سے سنو! عورتوں کے ساتھ اچھا سلوک کیا کرو اس لیے کہ وہ تمہارے ماتحت ہیں تمہیں ان کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کے علاوہ اور کسی چیز کا اختیار نہیں ہے۔ ہاں اگر وہ کسی کھلی بے حیائی کا ارتکاب کریں تو پھر ان کو ان کے بستروں میں تنہا چھوڑ دو یعنی ان کے ساتھ سونا چھوڑ دو لیکن گھر ہی میں رہو اور ہلکی مار مارو۔ پھر اگر وہ تمہاری فرمانبرداری اختیار کرلیں تو ان پر زیادتی کرنے کے لیے بہانہ مت ڈھونڈو۔ غور سے سنو! تمہارا حق تمہاری بیویوں پر ہے اور (اسی طرح) تمہاری بیویوں کا تم پر حق ہے۔ تمہارا حق ان پر یہ ہے کہ وہ تمہارے بستروں پر کسی ایسے شخص کو نہ آنے دیں جس کا آنا تم کو ناگوار گزرے اور نہ وہ تمہارے گھروں میں تمہاری اجازت کے بغیر کسی کو آنے دیں۔ غور سے سنو! ان عورتوں کا تم پر حق یہ ہے کہ تم ان کے ساتھ ان کے لباس اور ان کی خوراک میں اچھا سلوک کرو یعنی اپنی حیثیت کے مطابق ان کے لیے ان چیزوں کا انتظام کرو۔ (ترمذی)

ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل



جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

کبھی دعا اور بددعا کا بھی سوچا؟

وہ اس وقت ریٹائرڈ ہیں، اس سے پہلے آرمی میں کرنل تھے، عبقری نہایت شوق جذبے اور انتظار سے پڑھتے ہیں، ہر ماہ انہیں عبقری کا انتظار ہوتا ہے، ایک شریف اچھے انسان ہیں۔ پرانے طرز کی بڑی حویلی جس میں آگ جلانے کی چمنی جو کہ دھواں باہر نکالتی ہے اب چونکہ رواج ہی ختم ہوگیا، گھروں میں کوئلہ جلانا، لکڑی جلانا، چمنی ویران پڑی ہوئی تھی، چمنی میں اوپر کی منزل میں کہیں توڑ پھوڑ ہوئی اور کوئی جگہ بن گئی، جس میں بلی نے بچے دے دیئے۔ انہوں نے سوچا کہ بلی کے بچے نا معلوم کیا کریں؟ بیوی نے بھی ان کی رائے کی مزید تقویت دی، اب رات یہ مشورہ ہوا کہ ہم صبح اٹھتے ہی گھریلو ملازم کو حکم دیں گے کہ ان بچوں کو اٹھا کر بلی سمیت باہر کہیں چھوڑ آئے، بس یہ مشورہ تھا، رات سو گئے، رات کو خواب دیکھا اور کسی کہنے والے نے کہا ''خیال کرنا، اس بے زبان کو نہ چھیڑنا، ورنہ تمہارا باقی کچھ نہیں بچنا'' وہ آواز ایسی ہیبت ناک تھی کہ ان کے رونگٹے کھڑے ہوگئے، نیند میں ایک دم ڈر گئے، چیخ نکلی، اٹھے تو پسینہ پسینہ تھے، اس دن کے بعد انہوں نے اپنے گھر سے کسی بے زبان جانور کو نکالنے کے فیصلے ختم کردیئے اور واقعی پھر ہوا یہی کہ ان کے گھر میں خیریں اور برکتیں ایسے آنا شروع ہوئیں جن مسائل کو یہ بہت زیادہ حل کرنا چاہتے تھے اور حل نہیں ہو پا رہے تھے اور وہ سلوٹوں میں حل ہوگئے اور زندگی میں راحتیں، خوشیاں ایسے لوٹ آئیں جو کبھی سوچی ہی نہیں تھیں۔ بالکل اسی طرح کا واقعہ ایک بزرگ کا ہے انہیں فالج ہوا، مصلے پر بیٹھے ذکر تسبیحات کررہے تھے اور کئی عرصہ سے یہ تکلیف بھگت رہے تھے، تکلیف تھی کہ روز بڑھتی چلی جارہی تھی اور یہ اس تکلیف سے بالکل عاجز آگئے اور تھک گئے تھے، اسی دکھ اور تکلیف کے انداز میں بیٹھے اللہ سے شفایابی کی مناجات کررہے تھے کہ اچانک اونگھ آئی اور چڑیا کی چہچہانے کی آواز کانوں میں آئی اور چڑیا ہی کی آواز کی طرز پر ایک ایسی آواز آئی جس میں یہ پیغام دیا گیا کہ یاد ہے! کہ ہم نے تیرے گھر میں گھونسلہ بنایا تھا اور چونکہ تنکے تیرے گھر میں گرتے تھے اور تیرے گھر کی خوبصورتی اور صفائی میں حرج آتا تھا تو نے ہمارے گھونسلے کو توڑ کر بچوں کو اٹھا کر کہیں دور کھلی جگہ پر رکھ دیا اور وہ جگہ ایسی تھی جہاں ظالم جانور میرے بچوں کو نقصان پہنچا سکتا تھا اسی وقت میں دعاؤں میں لگ گئی اللہ نے ایک رحم دل کے دل میں ترس ڈالا اور اس نے وہ میرا گھونسلہ اٹھا کر کسی محفوظ جگہ رکھ دیا اس کیلئے تو میں نے دعا کردی اور تیرے لیے بددعا کردی۔ وہ ایک خطرناک لاعلاج بیماری او بے شمار مصائب میں مبتلا تھا وہ آنا فانا ان سے نکل گیا اور تو بہت راحتوں دولتوں خوشیوں اور صحت مند تھا بس آنا فانا تجھے بیماری ہوگئی اور تیرا سب کچھ چھن گیا۔ یہ سب کچھ اس نے مصلے پر بیٹھے اپنے کانوں سے۔ بات ختم ہوئی تو ایک دم آنکھ کھلی اس نے رونا شروع کردیا اور گڑگڑانا شروع کردیا اور اب احساس ہوا کہ کیا واقعی بے زبان دعا بھی دیتے ہیں اور بددعا بھی، میری ایک ملنے والے نہایت حلیم اور کریم مزاج اور بہت صالح شخص ہیں۔ فرمانے لگے: میں بہت سالہا سال کی آسوں اور مرادوں کے بعد حج پر حاضر ہوا چونکہ پہلی پہلی فلائٹ تھی اور رش بالکل نہیں تھا میں رات کے آخری پہر میں ایسے وقت میں گیا کہ کعبہ کا حطیم خالی تھا، میں نے وہاں دیکھا تو ایک بلی دونوں ہاتھوں کو زمین پر بچھائے اور اپنی گردن اور سر کو فرش سے لگا۔ سجدے میں پڑی تھی اسے میرے آنے کی کوئی خبر نہ ہوئی وہ بے سدھ تھی اور جیسے اللہ کے ساتھ راز و نیاز کررہی ہو۔ شیخ بہاؤالدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ جن کی وجہ سے سلسلہ نقشبندیہ ہے۔ اللہ سے فقیری ولایت اور قبولیت مانگتے رہتے تھے اپنے پیٹ پالنے کیلئے ایک چھوٹا سا پیشہ اور مزدوری کرتے تھے تاکہ رزق حلال میں معاونت رہے، ایک دفعہ حکم ہوا کہ ایک کتا نما مردار جانور ہے وہ گندگی میں لتھڑا ہوا ہے اور اسے ایک جگہ زخم ہے وہ بھوکا بھی ہے اور پیاسا بھی ہے۔ بہاؤالدین اس کی خدمت کرو دل کی مرادیں پا جاؤ گے۔ شیخ بہاؤالدین رحمۃ اللہ علیہ نے اس جانور کی خدمت کی، بہت عرصہ خدمت کرنے کے بعد جانور تندرست ہوگیا، ادھر وہ تندرست ہوا، اور ادھر انہیں بہت برکتوں اور رحمتوں کا خزانہ مل گیا آج ان کا نام دنیا میں روشن ہے۔ میرے دوست ایک قصائی سے گوشت لیتے ہیں، نمازی آدمی ہیں، میں بھی ایک دفعہ ان کے پاس گیا، بات چل رہی تھی بلی، کہنے لگے کہ بلی آتی اور میرا گوشت کھا جاتی، ایک دفعہ آئی تو میں نے اس کو زور سے دوڑتے ہوئے چھری ماری، چھری جا کر اس کو لگی اور وہیں تڑپ کر مرگئی دوسرے دن میرا ایک تندرست بکرا مرگیا۔ ایک چوہدری صاحب مجھے بتانے لگے میں نے ایک دفعہ ایک بلی کو مارا تو مجھے پندرہ دن بخار رہا۔ قارئین! بے زبانوں کی دعائیں بھی اثر کرتی ہیں، اور بددعائیں بھی اثر کرتی ہیں۔ بس! دعائیں لیتے رہیں اور بددعاؤں سے بچتے رہیں۔

ہفتہ وار درس سے انتخاب

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درس روحانیت و امن

ندامت پر رب کی شان کریمی

پیغام زندگی: پہلے دن بچے کو ایک پیغام دیا جاتا ہے کہ یہ زندگی تیری نہیں پرائی ہے۔ وہ پیغام اس انداز میں دیا جاتا ہے کہ ایک کان میں اذان دیتے ہیں اور دوسرے میں اقامت کہتے ہیں۔ اسی لیے جنازے کی نہ اذان ہے نہ اقامت ہے کیونکہ وہ تو پہلے ہوچکی۔ اس لیے بہترین انسان وہ ہے جو زندگی کے دن رات کو گن کر گزارے۔ مال کو گن کر حساب وکتاب کر کے چلنے والا، اپنی چادر کے مطابق پاؤں پھیلانے والا کامیاب شخص ہوتا ہے اور ناکام شخص وہ ہے جس کے زندگی کے دن تھوڑے اور امیدیں، خواہشیں اور تمنائیں زیادہ ہیں۔ **نصیحت سے مقصد اپنی اصلاح:** غور کیجئے! اگر ہر شخص یہ سمجھے گا کہ میں اپنے لیے کر رہا ہوں اور مجھ جیسا جو یہ کہے کہ میں اپنے لیے بات کر رہا ہوں پھر بات صحیح سمجھ آئے گی۔ اگر مجمع کیلئے سمجھیں گے تو مجمع کو سمجھ آجائے گی مجھے نہیں آئے گی۔ جو زندگی اپنی ہے ہی نہیں اس زندگی سے وفا کا وعدہ کرلیں؟ یہ کیسی عجیب بات ہے؟ زندگی اس انداز سے واپس لی جاتی ہے کہ بندے کو پتہ ہی نہیں چلتا اور بندہ چلا جاتا ہے۔ ایک پل کے اندر جھٹکا لگتا ہے بس! چھوٹا سا احساس ہوتا ہے کہ موت کی آخری ہچکی اپنے آغوش میں لے لیتی ہے۔ **نہایت ہی خوش قسمت انسان:** کتنا خوش قسمت انسان ہے جو ایسے اعمال کی تعمیر کرجائے جو اس کی قبر کو کشادہ کرنے کا ذریعہ بن جائیں۔ ہم اعمال کی تعمیر کریں، نماز کی تعمیر کریں، ذکر کی تعمیر کریں، قرآن سے محبت کی تعمیر کریں، اخلاق کی تعمیر کریں، ایمان کی تعمیر کریں، اپنی تنہائیوں کی تعمیر کریں اور ایسی جگہ کی تعمیر کریں جہاں اللہ کا نام لیا جائے۔ بعض قبریں ایسی ہوتی ہیں جن کے نشان نہیں رہتے۔ جو صاحب نظر ہیں اور جن کی دل کی دنیا کھلی ہوتی ہے وہ ان قبر والوں سے ملاقات کرلیتے ہیں۔ صاحب نظر جب بھی صاحب قبر والوں سے ملتے ہیں تو ان سے پوچھتے ہیں کہ: ''تیرا کیا عمل تھا دنیا میں؟'' تو صاحب قبر کہنے لگے: ''ہم نے دنیا میں رہتے ہوئے دل کی دنیا میں خالق حقیقی کو بسایا تھا۔ آخرت کو یاد رکھا تھا اور موت کو یاد رکھا تھا۔ بس اسی وجہ سے یہ مقام حاصل ہوگیا''۔ **ندامت پر رب کی شان کریمی:** اللہ سے محبت اور اللہ کے رسول ﷺ سے پیار، قبر و آخرت، اللہ پاک کا خوف اور اللہ کی محبت کا شوق یہ چیزیں کبھی ضائع نہیں جاتیں۔ ندامت اور پچھتاوے کیلئے نیک ہونا ضروری نہیں، متقی ہونا ضروری نہیں، تہجد گزار ہونا ضروری نہیں، جہادی ہونا ضروری نہیں، غازی ہونا ضروری نہیں، نمازی ہونا ضروری نہیں۔ **بخشش کا متلاشی:** صحیحین میں ایک حدیث ہے کہ: بنی اسرائیل کے ایک شخص نے ایک کم سو قتل کیے۔ قتل کرنے کے بعد ایک احساس ہوا کہ میں اتنا بڑا قاتل ہوں، میری بخشش کیسے ہوگی؟ بس بخشش کا ایک خوف اور اللہ جل شانہٗ کی جلالت کا خوف دل کے اندر پیدا ہوگیا اور اس کے قدم اٹھے کہ کوئی اللہ والا ڈھونڈو، کوئی اللہ والا ملے۔ اس دور کے، اس امت کے ایک اللہ والے راہب تھے۔ ڈھونڈتے ڈھونڈتے ان کے پاس گیا اور ان سے جا کر اپنی کہانی بتائی کہ دنیا کا کوئی جرم ایسا نہیں جو میں نے نہیں کیا ہو اور سب سے بڑا جرم قتل ہے جو میں نے کیا ہے اور ایک نہیں ننانوے قتل کیے ہیں۔ آپ فرمائیں میری بخشش کی سبیل؟ میری بخشش کی امید؟ میری بخشش کا کوئی راستہ مل سکتا ہے؟ اللہ والے راہب نے سوچ کر کہا کہ ممکن نہیں۔ اتنا بڑا مجرم ہے کہ تیری بخشش کا کوئی راستہ مجھے نظر نہیں آرہا۔ وہ قاتل مایوس ہوگیا اور ایسا مایوس ہوا کہ اس اللہ والے راہب پر اس قدر غصہ آیا کہ اس کو بھی قتل کردیا۔ اب سو پورے ہوگئے۔ کریم ذات کی کریمی کا عالم دیکھیں، اس کی شان کریمی دیکھیں اور بندے کے جرائم کی کیفیت دیکھیں کہ وہ اللہ والے راہب کا قتل بھی کرگیا اور پھر بھی بخشش کی امید پر چل رہا ہے اور کہتا ہے کہ نہیں میں آگے جا کر کسی اور سے پوچھوں گا کہ کوئی بخشش کا نظام، کوئی بخشش کا سامان، کوئی بخشش کا راستہ، کوئی توبہ کا دروازہ کہیں سے بھی مل جائے۔ اگر دنیا کے کسی حساب دان کو، دنیا کے کسی شخص کو یہ پیمانہ دے دیا جائے کہ ایک بندہ بخشش کیلئے نکلا ہے وہ بخشش چاہتا ہے، پھر بخشش چاہتے چاہتے مزید جرم بھی کر بیٹھتا ہے اور جرم بھی قتل جیسا ہوا اور قتل بھی کس کو کیا؟ ایک اللہ والے کو۔ **سچے جذبہ پر جنت کی بشارت:** بنی اسرائیل میں اللہ والوں کو راہب کہتے تھے۔ جو اپنی زندگیاں اللہ کی راہ میں وقف کردیتے تھے۔ وہ شخص بھی ایک اللہ والے راہب کو قتل کر بیٹھا۔ پھر بخشش کے سامان کی تلاش میں پھر رہا ہے کہ شاید کوئی بخشش کی امید مل جائے۔ اب اس کے اندر سچی توبہ کا جذبہ ہے، اللہ جل شانہٗ کی سچی محبت پانے کا جذبہ ہے، راستے میں موت آگئی۔ اب اِدھر سے سزا والے فرشتے آگئے اور اُدھر سے جزا والے فرشتے آگئے۔ اِدھر سے جنت والے فرشتے آگئے اُدھر سے جہنم والے فرشتے آگئے۔ اب دونوں فرشتے اکھٹے ہوگئے۔ جہنم والے کہنے لگے کہ یہ ہمارا ہے اور بنتا بھی انہیں کا تھا کیونکہ اس نے سو قتل کردیئے ہیں اب باقی کیا بچا ہے۔ اب جنت اور جہنم والے فرشتوں میں جھگڑا ہوا۔ تو فرشتوں نے فرمایا کہ: ایسا کرتے ہیں زمین ناپ لیتے ہیں۔ بخشش اور توبہ والا علاقہ زیادہ قریب ہے یا گناہوں والا علاقہ زیادہ قریب ہے۔ اس کے سچے جذبے پر اللہ کریم نے شان کریمی سے کرم فرمایا کیونکہ اللہ کے ہاں سچے جذبے کی بڑی قیمت ہے، اللہ پاک نے اس کو بخشش والوں کے حوالے کردیا اور جہنم والے دیکھتے رہ گئے اور جنت والے اسے لے کر چلے گئے۔ **سچے جذبوں پر اونچا مقام:** انسانیت کے خون کا ایک قطرہ اللہ جل شانہٗ کے ہاں نہایت قیمتی ہے چاہے وہ مسلمان کا ہو یا کافر کا ہو۔ شخص جس جذبہ کو لے کر چل رہا تھا وہ جذبہ انسانیت کے خون کے قطرے سے کہیں زیادہ قیمتی تھا اور کہیں زیادہ مہنگا تھا۔ اللہ کے ہاں توبہ کرنیوالے کا جذبہ بڑا عظیم ہوتا ہے (جاری ہے)

درس سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں، اس میں موجود روحانی محفل اور مراقبہ ہر ماہ شوق سے کرتی ہوں۔ میں اپنے شوہر اور ان کے دینی اور معاشی معاملات کی وجہ سے بہت پریشان تھی، وہ بالکل ہی دنیا کے ہو کر رہ گئے تھے، نہ نماز نہ روزہ نہ نوافل بس کام، کام اور کام، معاشی معاملات بھی دن بدن خراب ہوتے جارہے تھے، ہم اس سلسلے میں ملاقات کیلئے آپ کے پاس آئے، ملاقات کی، آپ نے ہمیں 21 درس تسبیح خانہ میں آکر سننے کا حکم دیا۔ الحمدللہ! ہم درس سن رہے ہیں اب تک 17 درس ہوچکے ہیں۔ میں اب اس وقت حیران ہوجاتی ہوں جب میرے شوہر فجر کیلئے اٹھتے ہیں، نماز پڑھتے ہیں اور بعد میں تلاوت قرآن کریم بھی کرتے ہیں، پانچ وقت نماز جماعت کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان میں بہت زیادہ تبدیلیاں آگئی ہیں۔ گھر میں سکون ہے، پہلے غصہ کرتے تھے اب نہ جانے ان کا غصہ کدھر گیا؟ ہر کسی کے ساتھ پیار محبت اور شفقت سے پیش آتے ہیں، ہمارے معاشی حالات بہت زیادہ خراب تھے درس میں آنے کی برکت سے دن بدن بہتر ہو رہے ہیں۔ (ن، س، لاہور)

جسم پروانے ختم کریں: پتی (جسم پر دانے نکلنا) کے مرض میں سبز پودینہ ایک تولہ (خشک ہونے کی صورت میں چھ ماشے) گڑ دو تولے پانی میں جوش دے کر پلانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

انوکھا دنگل! شیطان کو صحابی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے 3 مرتبہ پچھاڑ دیا

ابولبیب شاذلی

یہ سن کر حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہنے لگے کہ خدا کی قسم! مجھے یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ شیطان ہے ورنہ میں اس کو مار ڈالتا ہاں البتہ تیسری مرتبہ مجھے بڑا ہی غصہ آگیا تھا اور میں نے ارادہ کرلیا تھا کہ میں دانت سے اس کی ناک کاٹ لوں۔

تجارت میں کبھی گھاٹا نہیں ہوا: حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ابوخالد ہے اور خاندان قریش کی شاخ بنو اسد سے ان کا تعلق خاندانی ہے۔ یہ ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بھتیجے ہیں۔ ان کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ زمانہ جاہلیت میں ان کی والدہ (جبکہ یہ ان کے بطن میں تھے) کعبہ کے اندر بتوں پر چڑھاوا چڑھانے کو گئیں تو بیچ کعبہ میں حکیم بن حزام پیدا ہوگئے۔ زمانہ جاہلیت اور اسلام دونوں زمانوں میں یہ اشراف قریش میں سے شمار کیے جاتے تھے۔ فتح مکہ کے سال 8 ہجری میں مشرف باسلام ہوئے۔ بہت ہی عقلمند، معاملہ فہم اور صاحب علم و تقویٰ شعار تھے۔ ایک سو غلاموں کو خرید کر آزاد کیا اور ایک سو اونٹ ان مسافروں کو دیئے جن کے پاس سواری کے جانور نہیں تھے۔ ایک سو بیس برس کی عمر پائی۔ ساٹھ برس کفر کی حالت میں اور ساٹھ برس اسلامی زندگی گزاری۔ 45 ہجری میں بمقام مدینہ منورہ ان کا وصال ہوا۔ (1 کمال ص 561)

ان کی مشہور کرامت یہ ہے کہ یہ تاجر تھے۔ زندگی بھر تجارت کرتے رہے مگر کبھی بھی اور کہیں بھی اور کسی سودے میں بھی کوئی نقصان اور گھاٹا نہیں ہوا بلکہ اگر یہ مٹی بھی خریدتے تو اس میں نفع ہی نفع ہوتا کیونکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کیلئے یہ دعا فرمائی تھی اللھم بارك فی صنعته (اے اللہ! ان کے بیوپار میں برکت عطا فرما) کنزالعمال ج 12 ص 362)۔ ترمذی و ابوداؤد کی روایتوں میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو دو دینار دے کر ایک مینڈھا خریدنے کیلئے بھیجا تو انہوں نے ایک دینار میں دو مینڈھے خریدے اور پھر ان میں سے ایک مینڈھے کو ایک دینار میں فروخت کر ڈالا اور آپ کی خدمت اقدس میں آکر ایک مینڈھا اور دو دینار پیش کردیئے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس میں سے ایک دینار کو تو خدا کی راہ میں خیرات کردیا اور پھر خوش ہوکر ان کی تجارت میں برکت کیلئے دعا فرمادی۔ (مشکوٰۃ ص 254، باب الشرکۃ والوکالت)

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ: یہ قدیم الاسلام اور مہاجرین اولین میں سے ہیں اور یہ ان مصیبت زدہ صحابیوں میں سے ہیں جن کو کفار مکہ نے اس قدر ایذائیں دیں کہ جنہیں سوچ کر ہی بدن کے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ ظالموں نے ان کو جلتی ہوئی آگ پر لٹایا چنانچہ یہ دہکتی ہوئی آگ کے کوئلوں پر پیٹھ کے بل لیٹے رہتے تھے اور جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس سے گزرتے اور یہ آپ کو یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہہ کر پکارتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کیلئے اس طرح آگ سے فرمایا کرتے تھے۔

یانار کونی بردا وسلاما علی عمار کما کنت علی ابراھیم۔ (اے آگ تو عمار پر اس طرح ٹھنڈی اور سلامتی والی بن جا جس طرح تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کیلئے ٹھنڈی اور سلامتی والی بن گئی تھی)۔ ان کی والدہ ماجدہ حضرت بی بی سمعیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اسلام قبول کرنے کی وجہ سے ابوجہل نے بہت ستایا' یہاں تک کہ ان کی ناف کے نیچے نیزہ مار دیا جس سے ان کی روح پرواز کرگئی اور عہد اسلام میں سب سے پہلے یہ شہادت سے سرفراز ہوگئیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو طیب و مطیب کے لقب سے پکارا کرتے تھے۔ یہ 37 ہجری میں ترانوے برس کی عمر پاکر شہید ہوگئے۔ (اکمال ص 607)

کبھی ان کی قسم نہیں ٹوٹی: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مشہور کرامت ہے کہ یہ جس بات کی قسم اٹھالیا کرتے تھے خداوند کریم ہمیشہ ان کی قسم کو پوری فرمادیتے تھے کیونکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا تھا کم من ذی طمرین لایوبہ لو اقسم علی اللہ لابرہ منھم عمار بن یاسر۔ (کنزالعمال 12 ص 295) (ترجمہ: کتنے ہی ایسے کمبل پوش ہیں کہ لوگ ان کی کوئی پروا نہیں کرتے لیکن اگر وہ کسی بات کی قسم کھالیں تو اللہ تعالیٰ ضرور ان کی قسم کو پوری فرمادے گا اور انہیں لوگوں میں عمار بن یاسر ہیں)

تین مرتبہ شیطان کو پچھاڑا: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پانی بھرنے کیلئے بھیجا۔ شیطان ایک کالے غلام کی صورت میں حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پانی بھرنے سے روکنے لگا اور لڑنے پر آمادہ ہوگیا۔ حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کو پچھاڑ دیا تو وہ عاجزی کرنے لگا۔ اسی طرح تین مرتبہ شیطان نے پانی بھرنے سے آپ کو روکا اور لڑنے پر تیار ہوا اور تینوں مرتبہ آپ نے اس کو پچھاڑ دیا جس وقت شیطان سے آپ کی کشتی ہورہی تھی۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی مجلس میں صحابہ کرامؓ کو بتادیا کہ آج عمار نے تین مرتبہ شیطان کو پچھاڑ دیا ہے جو ایک کالے غلام کی صورت میں ان سے لڑ رہا ہے۔ حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب پانی لے کر آگئے تو میں نے ان سے کہا کہ تمہارے بارے میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم نے تین مرتبہ شیطان کو پچھاڑا ہے۔ یہ سن کر حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہنے لگے کہ خدا کی قسم! مجھے یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ شیطان ہے ورنہ میں اس کو مار ڈالتا ہاں البتہ تیسری مرتبہ مجھے بڑا ہی غصہ آگیا تھا اور میں نے ارادہ کرلیا تھا کہ میں دانت سے اس کی ناک کاٹ لوں مگر میں جب اس کی ناک کے قریب منہ لے کر گیا تو مجھے بہت ہی گندی بدبو محسوس ہوئی اس لیے میں پیچھے ہٹ گیا اور اس کی ناک بچ گئی۔ (شواہد النبوۃ ص 218، مطبوعہ نولکشور پریس لکھنو)

پسینے سے بُو' پیلاہٹ اور کندھوں سے بوجھ ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں چند سال پہلے عجیب و غریب امراض کا شکار تھا' جادو جنات کی وجہ سے میں بالکل معذور ہوچکا تھا' حتیٰ کہ کروٹ بھی نہ بدل سکتا تھا۔ روحانی علاج کروا کروا کر تھک چکا تھا' پھر ایک مرتبہ ایک پرانے سے میگزین میں جادو جنات سے نجات کیلئے ایک وظیفہ پڑھا کہ اول و آخر تین مرتبہ درود پاک کے ساتھ سورۂ بقرہ پڑھ کر آخر میں تین بار سورۂ اخلاص پڑھیں' پانی پر دم کرکے خود بھی پینا اور گھر والوں کو بھی پلانا اور دیواروں اور گھر کے چاروں کونوں پر اس پانی کو چھڑکنا ہوتا ہے۔ میں نے خود ہمت کرکے یہ عمل کرنا شروع کیا اور پہلے ہی ہفتے میں تقریباً پون گھنٹے میں میں نے یہ عمل پورا کرلیا' مجھے اپنا جسم' کمر' ٹانگیں بازو ہلکے محسوس ہونے لگے' دو ہفتے میں بستر پر کروٹ بدلنے اور اٹھنے بیٹھنے میں آسانی محسوس ہونے لگی' ایسا لگتا تھا جیسے کندھوں سے کمر تک بہت بوجھ اتر گیا' اس کے علاوہ میرے پسینے میں بہت زیادہ بدبو آتی تھی اور چہرے پر پیلاہٹ رہتی تھی جو اس عمل سے ختم ہوگئی' میں یہ عمل پانچ ماہ تک لگاتار کرتا رہا' الحمدللہ! میں اب ستر فیصد تک ٹھیک ہوچکا ہوں' خود ہی واش روم جاتا ہوں کھانا کھاتا ہوں' ہلکی پھلکی صبح کی سیر کرتا ہوں۔ (ج) 5

شریر جانور تابع ہو: جس شخص کا کوئی بھی پالتو جانور اسے شدید تنگ کرتا ہو کہنے میں نہ آتا ہو تو اس کیلئے اس کے چارے پر اسم یَاوَدُوْدُ 2 ہزار مرتبہ پڑھ کر پھونک مار کر اسے کھلا دیں' تین دن تک لگاتار یہ عمل کریں۔

بچے جھوٹ کیوں بولتے ہیں؟

(کوثر خیر پور میرس)

بچے کی تربیت اور سیکھنے کا عمل تو اس کے گھر سے ہی شروع ہوتا ہے اور سکول میں داخل ہونے سے پہلے کا عرصہ ہی بچوں کی عمر کا ایسا دور ہے جب ان کے اخلاقی اور جذباتی کردار کی بنیاد رکھی جاتی ہے اور یہی ان کی عمر کا فیصلہ کن دور ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ جل شانہٗ جب ماں کے پیٹ میں بچے کی خلقت فرماتے ہیں تو سب سے پہلے اس بچے کی شہادت کی انگلی تخلیق فرماتے ہیں اور باقی جسم کی تکمیل بعد میں ہوتی ہے' یہی شہادت کی انگلی وحدانیت کی گواہ بنتی ہے اور اس کے حبیب ﷺ کے آخری نبی ﷺ ہونے کی بھی گواہی دیتی ہے۔ انسان کی پیدائش تو اسی ایمان پر ہوتی ہے اور یہی فطرت کا اصول بھی ہے لیکن دنیا میں آنے کے بعد اس کے ایمان کا بٹوارہ ہوجاتا ہے' مذاہب کے نام پر' مسلکوں کے نام پر' اور پھر آباؤ اجداد کا مذہب ہی ان کا مذہب بن جاتا ہے۔ تقریباً دو سال قبل کی بات ہے' میں ایک دکان پر گئی' کچھ خریدنا تھا دکان کا مالک نہیں تھا' دو بچے کھڑے تھے تقریباً دس بارہ سال کے ہوں گے میں نے ان سے اس چیز کی قیمت پوچھی' ایک بچہ جو مسلمان تھا' اس نے کہا: اس سے پوچھیں' یہ جھوٹ نہیں بولتا'' اس نے دوسرے بچے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا وہ بچہ ہندو مذہب کا تھا میں حیران و پریشان دونوں بچوں کی طرف دیکھتی رہی۔ وہ بچہ جس کے مذہب کی بنیاد ہی جھوٹ پر' جھوٹے بتوں کو پوجنے والا' اس کو اپنے جھوٹے خداؤں پر اتنا پختہ یقین کہ وہ عام زندگی میں جھوٹ نہیں بولتا۔ آخر کیوں؟ میں بہت دیر تک سوچتی رہ گئی صرف اس بات پر کہ بچے جھوٹ بولتے کیوں ہیں؟ وہ کون سے عوامل ہیں جو ان کو جھوٹ بولنے پر مجبور کرتے ہیں وہ بچے جن کو دنیا میں آتے ہی اللہ اکبر کی آواز کانوں میں سنائی جاتی ہے' جن کو شعور میں آتے ہی کلمہ سکھا کر اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا درس دیا جاتا ہے۔ سچ اور سچائی کی روشنی میں چلنا سکھایا جاتا ہے آگے چل کر یہی بچے مختلف مسائل کا شکار ہوکر بھٹک جاتے ہیں' بکھر بھی جاتے ہیں۔ آخر کیا وجہ ہے؟ بچے کی تربیت اور سیکھنے کا عمل تو اس کے گھر سے ہی شروع ہوتا ہے اور سکول میں داخل ہونے سے پہلے کا عرصہ ہی بچوں کی عمر کا ایسا دور ہے جب ان کے اخلاقی اور جذباتی کردار کی بنیاد رکھی جاتی ہے اور یہی ان کی عمر کا فیصلہ کن دور ہوتا ہے۔ اچھی تربیت بھی ایمان کا ایک جز ہے کیونکہ صحیح تربیت اور صحیح نگہداشت سے ہی بچوں کی شخصیت کے اوصاف اجاگر ہوتے ہیں۔ سائنسدانوں کے مطابق: ''بچوں کی پرورش کیلئے صرف یہ دیکھنا ہی کافی نہیں ہوتا کہ ہر ماہ ان کے وزن میں کتنا اضافہ ہوا ہے۔ یا ان کو بھوک کیوں نہیں لگتی البتہ یہ دیکھنا بھی ضروری ہے کہ ان میں کس قسم کے احساس پیدا ہو رہے ہیں کیونکہ کئی احساس ہی مل کر ایک بچے کی شخصیت تشکیل کرتے ہیں اور ان کا اپنا ایک کردار بناتے ہیں' یہی احساسات بچے کی زندگی میں کمال اور زوال میں ایک اہم رول ادا کرتے ہیں'' یہ بچے جو مستقبل کے معمار ہیں وہ بے راہ روی کا شکار کیوں ہوجاتے ہیں' ان میں جو منفی احساسات اور جذبات پرورش پائے ہیں اس میں خارجی ماحول کا اثر ہوتا ہے یا اپنے ہی گھر کے ناسازگار ماحول میں اس کی شخصیت تباہ ہوجاتی ہے۔ وہ اپنے راستے کا انتخاب خود کرتو لیتے ہیں' مگر غلط کیا ہے' صحیح کیا ہے۔ اس کو پہچان نہیں ہو پاتے' وہ کبھی جھوٹ کا سہارا لیتے ہیں' کبھی مجرم بن کر معاشرے کیلئے ناسور بن جاتے ہیں ہم کیوں نہیں سوچتے کہ والدین کا کردار اور ان کی سوچ بچوں پر گہرا اثر ڈالتی ہے۔ وہ فطری طور پر جھوٹا نہیں ہوتا بلکہ جو احساسات بچے کی شخصیت کی تشکیل کرتے ہیں اس میں بچے کے ماں باپ کا خاص طور پر اہم کردار ہوتا ہے۔ اس لئے ہمارے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ بچوں کی تربیت کرنے والے ماں باپ کا رویہ ان کے ساتھ کیسا ہے۔ خاص طور پر ماں کا کردار بچوں کی نشوونما میں اہم رول ادا کرتا ہے' اکثر مائیں بچوں کو بے تحاشا مارتی پیٹتی ہیں' اکثر ماؤں کو یہ کہتے بھی سنا ہے'' میرا بچہ تو بہت بدتمیز ہوگیا ہے' سنتا ہی نہیں' یا یہ تو میرے لئے عذاب ہے' ایسی اولاد نہ ہوتی تو بہتر تھا'' اور نہ جانے کیا کچھ کہہ جاتی ہیں۔ یہ سب کچھ کہنے سے پہلے یہ سوچنا چاہئے کہ کیا ہمارا بچہ ان الفاظ کا حقدار ہے؟ اگر ہے تو کیوں! اس میں ہمارا اپنا کردار واضح ہوجاتا ہے' بچہ تو ماں باپ کا آئینہ ہوتا ہے۔ آج کل کے دور میں والدین اور اساتذہ کا اولین فرض ہے کہ بچوں کے ذہنی' جذباتی اور معاشرتی رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی تربیت کریں کیونکہ غیر متوازن رویے اور ناسازگار ماحول بچے کی تباہی کا سبب بن جاتے ہیں۔ ایک طرف تو بچوں کو تمام آسائشات میسر ہوتی ہیں اور دوسری طرف صرف ایک تصوراتی زندگی' جس میں بچہ جو چاہتا ہے اس کو ملتا نہیں لیکن وہ اپنے ہم عمر بچوں میں اپنے آپ کو برتر ثابت کرنے کیلئے سب کو بتاتا ہے: آج میں نے یہ سب کھایا تھا' آج میں اپنے بابا کے ساتھ فلاں جگہ گھومنے گیا تھا' یا پھر میں نے خوب شاپنگ کی'' وغیرہ وغیرہ۔ اس کا سبب صرف غربت نہیں بلکہ والدین کی عدم توجہی' لاپرواہی اور بچوں کو اپنے حال پر چھوڑ دینا سب سے بڑا سبب ہے جس کی وجہ سے وہ محرومیوں کا شکار ہوکر جھوٹی دنیا میں رہنا شروع کردیتا ہے جہاں سے جرائم کی ابتداء ہوتی ہے۔ بچوں کو والدین کے بے جا لاڈ و پیار یا پھر اس سے محرومی' دونوں صورتوں میں بچے احساس برتری اور احساسِ کمتری کا شکار ہوکر مختلف جرائم کے مرتکب ہوتے ہیں۔ اگر والدین کے درمیان اختلافات ہوں تو بھی بچوں میں احساسِ محرومی پیدا ہوتا ہے اس صورت میں وہ اپنی اہمیت منوانے کیلئے باہر کی دنیا میں اپنا مقام ڈھونڈنے کی کوشش کرتا ہے' گلیوں کی خراب سوسائٹی میں ایڈجسٹ کرنے کی کوشش میں مختلف جھوٹ کا سہارا بھی لیتا ہے جو بچے کی شخصی نشوونما کیلئے زہر ثابت ہوتا ہے۔ پیسے کی فراوانی سے بچے مثبت راستے پر کم نظر آتے ہیں کیونکہ اس صورت میں بچہ ہر جائز ناجائز خواہش کے پیچھے لگ کر کئی کوتاہیاں کر بیٹھتا ہے جن پر پردہ ڈالنے کی خاطر جھوٹ کا سہارا لیتا ہے۔ دوسری طرف غربت کی وجہ سے بھی بچہ احساس محرومی کا شکار ہوکر جھوٹ اور جرم کا ایک بہت بڑا محرک بن جاتا ہے جس سے والدین انجان بنے رہتے ہیں۔ سکول میں اساتذہ کا غیر مساویانہ رویہ اور سخت گوئی بھی بچوں کو جھوٹ بولنے پر مجبور کردیتی ہے کیونکہ وہ اپنے آپ کو سزا سے بچانے کی کوشش میں جھوٹ ضرور بولتا ہے بعض بچے اپنے ساتھیوں کو سزا سے بچانے کی خاطر بھی جھوٹ بولتے ہیں۔ بعض والدین بچوں پر بے جا سختی کرتے ہیں محبت سے سمجھانے کی بجائے مار پیٹ اور تشدد سے کام لیتے ہیں' دوسروں کے سامنے اپنے بچوں کو نیچا دکھا کر برا بھلا کہتے ہیں' اس سے بچوں کی عزت نفس پر ایک چوٹ سی لگتی ہے اور وہ خودسر اور باغی ہوجاتے ہیں۔ اپنی انا کی خاطر ہر قدم پر جھوٹ کا سہارا لیتے ہیں' اس طرح ان کی مستقبل کی زندگی' معاشی' معاشرتی اور سیاسی سطح پر اسی جھوٹ کی بنیاد پر آگے بڑھتی ہے اور یہ معاشرے کے لئے انتہائی نقصان دہ ہے۔ بچوں کی تربیت کے اس اہم پہلو کو نظر انداز کرنا ایک معاشرتی جرم ہے والدین کا فرض ہے کہ وہ اپنے بچوں سے متوازن رویہ رکھیں' سازگار ماحول فراہم کریں' ان کے جذبات اور احساسات کو پرکھیں اور سمجھیں اور ان کی وہی شہادت کی انگلی پکڑ کر سچ کا سودا کرنا سکھائیں جو اُن دیکھے رب کی توحید کی گواہی دیتی ہے۔ اگر ایسا نہ کیا تو جھوٹ بچے کو ایک مہذب شہری بننے سے روکے گا اور وہ جھوٹ کا سہارا لیتے لیتے مختلف جرائم کا مرتکب ہوسکتا ہے۔ غلط سوسائٹی ایسے ہی افراد سے جنم لیتی ہے' جس کو ہم معاشرہ اور معاشرے کی برائیاں کہہ کر الزام لگا دیتے ہیں لیکن اپنا محاسبہ کرنے سے گریز کرتے ہیں۔

(پوشیدہ)

خواب میں کسی نے کہا الم نشرح پڑھو! پھر کمال دیکھو

میرے شوہر نے دوبارہ سے سپئیر پارٹس کا کام شروع کر دیا ہے اور رزق میں خوب برکت ہو رہی ہے' چند ہمارے اپنے عزیز ایسے رہ گئے ہیں جن کا ہم نے معمولی سا قرض دینا ہے وہ ابھی انشاء اللہ اس ماہ کے آخر تک ادا کر دیں گے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے نہیں معلوم کہ میں اپنے بارے میں کیسے شروع کروں' مگر عبقری رسالے میں لوگوں کے خیالات اور تحریریں پڑھ پڑھ کر مجھ میں بھی ہمت پیدا ہوئی کہ میں بھی اپنے حالات زندگی قارئین عبقری کے سامنے رکھوں اور انہیں بتاؤں کہ کیسے میری زندگی قرآن کریم کی ایک سورۃ نے بدل کر رکھ دی۔ میری زندگی میں کیسے ایک سورۃ آئی اور میری زندگی سے تمام پریشانیاں' دکھ' قرضے دور کر دیئے۔ تو قارئین سنیے: میری شادی ہماری برادری سے باہر آج سے آٹھ سال پہلے ہوئی' مگر میرے شوہر شادی سے پہلے ہی قرض جیسے لعنت میں مبتلا تھے جس کے بارے میں ہم گھر والوں کو معلوم نہیں تھا' اس قرض کے چکر میں میرے سارے زیورات بھی بک گئے' میرے شوہر کاسمیٹکس کا کاروبار کرتے تھے' میں ان آٹھ سال میں تین مرتبہ اپنے ابو کے گھر رہ چکی ہوں' اب گزشتہ ایک سال سے اپنے ابو کے گھر رہ رہی ہوں' الحمدللہ میرے والد کے مالی حالات بہت بہتر ہیں اللہ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ میرے شوہر دل کے بہت اچھے ہیں' میرے اور اپنی بیٹی کے ساتھ بہت پیار محبت کرتے ہیں' پھر کچھ عرصہ میری زندگی میں سکون آیا اور ایک دن وہ کسی کی گاڑی لے کر کہیں گئے مگر وہ گاڑی ان سے کسی نے چھین لی' خوف کے مارے کسی کو نہ بتایا اور آج کل کرتے رہے اور پھر ان کے خوف سے کہیں چلے گئے اور میں اپنے ابو کے گھر آ گئی' اس دوران ان کا کچھ پتہ نہیں چلا پھر ایک دن میرے سسر کو وہ مل گئے اور میرے سسر نے اپنا فلیٹ بیچ کر ان کا قرض اتارا۔ میں پھر اپنے گھر واپس چلی گئی۔ اس کے بعد میرے شوہر نے سپئیر پارٹس کا کاروبار شروع کیا اور میں نے بھی کچھ عرصہ خوشحالی کا دور دیکھا مگر زیادہ نہیں۔ میرے شوہر نے کسی کے ساتھ مل کر (پارٹنرشپ) امپورٹ ایکسپورٹ کا کاروبار شروع کیا' اس کام کیلئے بڑی رقم کی ضرورت تھی اس کیلئے میرے شوہر نے لاکھوں کی رقم لی لیکن وہ آدمی ان کو دھوکہ دے گیا' ہم کرائے کے گھر پر آ گئے' قرض داروں نے قرض کا تقاضا شروع کر دیا اور حالات دن بدن خراب ہو گئے' میرے والد مجھے واپس اپنے گھر لے آئے اور میرے شوہر قرض داروں کے خوف سے ایک مرتبہ پھر غائب ہو گئے۔ کچھ عرصہ بعد میرا ان سے فون پر رابطہ ہوا' میرے شوہر کسی دوسرے شہر میں ایمانداری سے محنت مزدوری کر رہے ہیں اور ان کی نیت سب کے پیسے واپس کرنے کی بھی ہے' اس عرصہ میں انہوں نے کافی لوگوں کے پیسے بھی واپس کر دیئے ہیں۔ مجھے ہر وقت اپنا شوہر اور اپنا گھر یاد آتا' والد کے گھر میں کتنی ہی آسائشیں ہوں مگر اپنا گھر اپنا ہی ہوتا ہے۔ اسی پریشانی میں مجھے ایک خواب نظر آیا کہ کوئی مجھے سورۃ الم نشرح پڑھنے کا کہہ رہا ہے' وہ خواب صبح میں نے اپنے والد محترم' امی جان کو سنایا اور اس سورۃ کا ترجمہ پڑھا' ترجمہ پڑھ کر مجھے سکون ہوا کہ میری مشکل ضرور حل ہو جائے گی اور پھر آپ کے درس بھی میں سنتی تھی اس میں بھی آپ اکثر سورۃ الم نشرح کے فضائل بتاتے ہیں۔ اب الحمدللہ گزشتہ تقریباً 7 جمعراتوں سے میں درس میں شرکت کر رہی ہوں اور ہر وقت باوضو ہو کر پاک حالت میں سورۃ الم نشرح پڑھتی ہوں' میں حیران ہوئی کہ تھوڑے عرصہ میں ہی میرے حالات بدل رہے ہیں میرے شوہر نے تقریباً سب کا قرض اتار دیا ہے اور میں ایک ہفتہ ہو گیا ہے اپنے گھر میں واپس آ چکی ہوں' میرے شوہر نے دوبارہ سے سپئیر پارٹس کا کام شروع کر دیا ہے اور رزق میں خوب برکت ہو رہی ہے' چند ہمارے اپنے عزیز ایسے رہ گئے ہیں جن کا ہم نے معمولی سا قرض دینا ہے وہ ابھی انشاء اللہ اس ماہ کے آخر تک ادا کر دیں گے۔

اسلام اور رواداری — قسط نمبر 117 — ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

غیر مسلموں کے برتن میں کھانا: سیدنا ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: ہم اہل کتاب (یہود ونصاریٰ) کے ساتھ رہتے ہیں اور وہ اپنی ہانڈیوں میں خنزیر ... پکاتے اور برتنوں میں شراب پیتے ہیں (آیا انہیں استعمال کیا ... جا سکتا ہے؟) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اگر تمہیں ... دوسرے (پاک وصاف) برتن ملیں تو ان میں کھاؤ پیو لیکن ... اگر نہ مل سکیں تو انہیں پانی کے ساتھ دھو لو اور ان میں کھا پی ... سکتے ہو" (ابوداؤد 3839) سیدنا عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک طویل حدیث بیان کی جس کا خلاصہ یہ ... ہے کہ دوران سفر صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کو پانی کی ... ضرورت ہوئی لیکن پانی موجود نہیں تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ... انہیں اور سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تلاش میں بھیجا۔ انہوں نے چلتے چلتے ایک عورت کو دیکھا جو اونٹ پر پانی کے ... مشکیزے رکھ کر آ رہی تھی، اس سے پانی ملنے کی جگہ کا پوچھا تو ... اس نے بتایا میں کل اس وقت وہاں سے چلی تھی اور آج ... یہاں تک پہنچی ہوں۔ اس عورت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ... پاس لے جایا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (باقی صفحہ نمبر 31 پر)

شوگر کے زخموں سے پریشان یہ ٹوٹکہ آزمالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا تقریباً چار سال سے قاری ہوں' اس کے پڑھنے سے مجھے بہت سے فائدے ہوئے اور اللہ پاک کی مخلوق کو بے شمار فائدے ہو رہے ہیں' میں عبقری کی ادویات ستر شفائیں' ٹھنڈی مراد' ہیپاٹائٹس شربت خود بھی استعمال کر رہا ہوں اور دوست رشتہ داروں کو بھی استعمال کروا رہا ہوں۔ اللہ پاک سب کو شفاء دے رہا ہے۔ میرے پاس شوگر کا زخم ٹھیک کرنے کا نسخہ ہے جو کہ ہماری نانی صاحبہ کا بتایا ہوا ہے' یہ نسخہ میں نے اپنے والد صاحب کو استعمال کروایا اور اب اپنے بڑے بھائی کو بھی استعمال کروایا' اللہ پاک نے انہیں شفاء دی۔ شوگر کے علاوہ کسی بھی قسم کا زخم ہو انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔ میں چاہتا ہوں یہ نسخہ عبقری کے ذریعے اور لوگوں تک بھی پہنچے تاکہ اللہ پاک کی مخلوق اس سے فائدہ اٹھائے۔ نسخہ حاضر خدمت ہے' ھوالشافی: رتن جوت ایک چھٹانک' سرسوں کا تیل آدھ پاؤ' تین سے چار عدد پیاز کاٹ کر' نیم کے تازہ پتے اندازاً دو سے ڈھائی سو عدد' سرسوں کے تیل میں اسے کھلی فضا میں پکائیں کیونکہ پکتے وقت اس سے عجیب سی بُو آئے گی پکاتے وقت تھوڑے تھوڑے وقفے سے اسے آگ سے اتار کر ڈنڈے سے کوٹتے رہیں پھر آگ پر پکائیں یہ پیسٹ کی شکل اختیار کرے گی اور اسے محفوظ کر لیں جب بھی زخم پر لگانی ہو نیم گرم کر کے روئی کے ساتھ زخم پر لگائیں۔ انشاء اللہ چند بار لگانے سے زخم ٹھیک ہو جائے گا۔ نسخے کے اجزا میں آپ اپنے حساب سے کمی بیشی بھی کر سکتے ہیں۔ (واجد علی، لاہور)

بے ہوش مریض کو ہوش میں لائیں: بے ہوشی کی حالت میں مریض کو پیاز کاٹ کر اس کی بو سنگھائیں' مریض ہوش میں آجائے گا۔

مسمط زبیر

فلم سٹار ڈیپریشن کا شکار کیوں ہو جاتے ہیں؟ جانیے!

ہم معاشرے میں مختلف لوگوں کے ساتھ کس طرح پیش آتے ہیں اس کا دارومدار نہ صرف ہماری ذہانت اور معاشی حالت پر ہوتا ہے بلکہ معاشرے کے مزاج کے مطابق ہم کس طرح اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہیں یہ چیز بھی رویوں کے بننے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

انسان کی زندگی خواہشات' امیدوں اور ذمہ داریوں سے عبارت ہے۔ اپنی ابتدائی زندگی میں وہ صرف اپنے لئے خواہشات اور امید رکھتا ہے لیکن بعد میں بہت جلد اسے احساس ہوجاتا ہے کہ وہ ایک ایسے معاشرے میں رہتا ہے جہاں اسے صرف اپنے لئے نہیں بلکہ دوسروں کیلئے بھی بہت کچھ کرنا ہے تب اس کی خواہشات اور امیدوں میں کچھ ذمہ داریاں بھی شامل ہوجاتی ہیں جن میں سے اپنی شخصیت کو قابل قدر اور قابل قبول بنانا بھی ایک اہم ضرورت کا درجہ رکھتی ہے تاہم ایسا کرتے ہوئے جہاں چند نادانستہ اور فطری ذہنی عوامل شخصیت پر اثر انداز ہوتے ہیں وہاں خود انسان بھی لوگوں میں اپنا مقام بنانے کیلئے اپنی ذات کو تبدیل کرنے لگتا ہے یہ ایک ایسا حساس مرحلہ ہوتا ہے کہ اکثر اوقات انسان اپنی ترجیحات اور پسند و ناپسند کو بھی یکسر فراموش کر بیٹھا تا ہے وہ اپنے لئے نہیں بلکہ دوسروں کے لئے جیتا ہے ذیل میں ان تمام عوامل کو زیر بحث لایا گیا ہے جو آپ کی شخصیت کو بنانے اور بگاڑنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ یہ انسان پر منحصر ہے کہ وہ اپنے لئے کون سے راستے کا انتخاب کرتا ہے۔ **اندرونی احساسات کو چھپانا:** جیسے جیسے ہم بڑے ہوتے ہیں ناخوشگوار سچائیوں' تلخ حقیقتوں اور المیہ واقعات کے خود پر اثرات کو چھپانا سیکھتے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم کمال ہوشیاری سے چہرے کے تاثرات اور جسمانی حرکات وسکنات کے ذریعے اپنے اندرونی جذبات کو ظاہر نہ کرنا بھی سیکھ لیتے ہیں۔ ہماری شخصیت کا یہ بناوٹی نقاب کئی لحاظ سے ہمارے لئے فائدہ مند بھی ثابت ہوتا ہے۔ ذرا تصور تو کیجئے کہ اگر ہمارا چہرہ کسی آئینے کی طرح ہمارے اندرونی احساسات و خیالات کی عکاسی کرنے لگ جائے تو زندگی کیسی ہوجائے گی؟ ہم میں سے اکثر تو ابتدائی مہینوں میں ہی اپنی نوکریوں سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے اور ازدواجی زندگی بہت جلد ٹوٹ پھوٹ اور انتشار کا شکار ہوکر رہ جائے گی۔ ہمارے نہ کوئی دوست ہوں گے اور نہ کوئی رشتہ دار کیونکہ اپنے چہرے سے جھلکنے والے ''سچے تاثرات'' کے جرم میں ہم سب کو اپنا دشمن بنا چکے ہوں گے لہٰذا آپ اس بات پر پریشان مت ہوں کہ آپ کی شخصیت میں منافقت یا دوغلے پن کا عنصر کیوں موجود ہے یا آپ تضاد سے سمجھوتہ کررہے ہیں۔ آپ اسے مصلحت کا نام بھی دے سکتے ہیں۔ ایک ایسی مصلحت جو سماجی تعلقات کو بہتر بنانے کیلئے نہایت ضروری ہے۔ **معاشرتی دباؤ سے مزاج کو ہم آہنگ بنائیں:** ہم معاشرے میں مختلف لوگوں کے ساتھ کس طرح پیش آتے ہیں اس کا دارومدار نہ صرف ہماری ذہانت اور معاشی حالت پر ہوتا ہے بلکہ معاشرے کے مزاج کے مطابق ہم کس طرح اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہیں یہ چیز بھی رویوں کے بننے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ لوگ چاہتے ہیں کہ ہم ان کی پسند و ناپسند کے مطابق اپنی شخصیت بنائیں' اس سے قطع نظر خود ہمارے کیا احساسات ہیں اور ہمیں فطرتاً کیا بات اچھی لگتی ہے اور کیا بری وہ مسلسل ہم سے اپنے تقاضے منوانے پر تلے رہتے ہیں جو شخص اپنے آپ کو ان کے ساتھ ہم آہنگ کرنے میں کامیاب ہوجاتا ہے وہ اپنی زندگی کو کامیاب وکامران بنا دیتا ہے اور جس نے ان سے بغاوت کی اس نے گویا خود کو لوگوں کی نظر میں برا بنا دیا لیکن اس کا مطلب یہ بھی نہیں کہ آپ مکمل طور پر اپنی شخصیت کو فراموش کردیں اور اسے دوسروں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیں۔ کوئی بھی کام کرنے سے قبل آپ اپنے جذبات واحساسات کو بھی ضرور مدنظر رکھیں۔ **تلخ باتوں کو بھول جائیں:** ہمارے دماغ میں بھولنے کی بڑی صلاحیت پائی جاتی ہے' ذرا سوچیے! اگر ہم ماضی کی ہر چھوٹی سے چھوٹی بات کو بھی یاد کرنے لگے جائیں تو زندگی کس قدر تکلیف دہ ہوجائے گی۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے: اگر آپ اپنے تعلقات کو خوشگوار اور طویل بنانا چاہتے ہیں تو ضروری ہے کہ آپ کی یادداشت محدود ہو''۔ دماغ کی یہ حیرت انگیز فراموشی ہمارے لئے ایک نعمت سے کسی طرح بھی کم نہیں ہوتی۔ اسی کی بدولت ہم ماضی کی ان تمام تلخ اور تکلیف دہ یادوں سے محفوظ رہتے ہیں جو یاد رکھے جانے پر ساری زندگی شدید ذہنی اذیت کا باعث بنی رہتی ہیں۔ فراموشی کی یہ عادت ایک اور افادیت رکھتی ہے' اکثر اوقات جب لوگ کسی بہت ہی خوفناک واقعہ سے دوچار ہوتے ہیں (مثلاً ایکسیڈنٹ' قتل یا کوئی اور قدرتی سانحہ) تو ان کا دماغ اس کے اثرات سے بچنے کیلئے اسے یادداشت کی ایک دھند میں چھپانے کی کوشش کرتا ہے نتیجتاً دماغ پر ایک خود فراموشی کی کیفیت طاری ہوجاتی ہے اس خودکار دفاعی عمل کی وجہ سے جسمانی اعصاب پر برے اثرات نہیں پڑتے۔ جن لوگوں میں تلخ اور دوسروں کی ناپسندیدہ باتوں کی فراموش کرنے کی عادت نہیں ہوتی وہ زیادہ تر پریشان کن زندگی سے دوچار رہتے ہیں اور لوگوں سے ان کا رویہ بھی تلخ رہتا ہے ان کے سماجی تعلقات زیادہ تر ناخوشگواریت کا شکار رہتے ہیں لہٰذا آپ کی کوشش ہونی چاہئے کہ جو باتیں آپ کیلئے تکلیف کا باعث بنی ہیں انہیں جہاں تک ممکن ہو ذہن کے گوشوں سے نکال دیا جائے۔ **لوگوں کے جذبات کی قدر کیجئے:** آپ کا لوگوں کے ساتھ جذباتی رویہ کیسا ہوتا ہے؟ یہ چیز خود کو معاشرے میں ہردلعزیز بنانے کیلئے بہت اہمیت رکھتی ہے بہت سے افراد ذہانت اور قابلیت کے لحاظ سے کافی پختہ شخصیت کے مالک ہوتے ہیں لیکن وہ لوگوں کے جذبات کی ٹھیک طرح قدر نہیں کرپاتے انہیں صرف اس بات کی پروا ہوتی ہے کہ لوگ ان کی اصل ذات کو سمجھنے کی کوشش کریں اور یہی چیز انہیں معاشرتی طور پر نقصان میں رکھتی ہے جبکہ اکثر لوگ ذہنی طور پر اتنے قابل نہیں ہوتے لیکن چونکہ وہ دوسروں کے جذبات کا پورا پورا خیال رکھتے ہیں اور انہیں ہمیشہ خوش رکھنے میں کوشاں رہتے ہیں لہٰذا وہ کئی لحاظ سے قابل اور سمجھدار افراد سے بھی زیادہ ذہین نظر آتے ہیں۔ مثلاً وہ کئی ایسے حالات سے بآسانی خود کو بچا لیتے ہیں جہاں مجبور اور خود دار افراد دوسروں کے سامنے اپنی شخصیت کو غلط یا ناپسندیدہ بنا دیتے ہیں۔ آپ بے جا اور نام نہاد انا پسندی کا شکار نہ ہوں آپ کے کسی عمل سے لوگوں کے جذبات کو ٹھیس نہیں پہنچنی چاہئے آپ جس قدر دوسروں کا خیال رکھیں گے ان کا رویہ بھی آپ سے ویسا ہی ہوگا۔ **چاپلوسی روش سے گریز کیجئے:** ہمارے معاشرے میں دولت اور ظاہری خوبصورتی کی بنیاد پر ہی انسان کو اہمیت دی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ اکثر لوگ دوسروں کے جذبات کا خیال رکھنے میں بہت ''اوور'' ہوجاتے ہیں۔ یہاں تک کہ ان کی شخصیت مکمل طور پر تصنع اور بناوٹ کا نمونہ بن کر رہ جاتی ہے۔ ان کے دل میں کچھ ہوتا ہے اور زبان پر کچھ۔ ان کے لئے ''اداکاری'' ایک حقیقت یا ایک کارآمد حربہ ہوتی ہے' جس کے ذریعے وہ ہر ایک کو اپنا ہمنوا بنانے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں۔ زندگی ان کیلئے ایک طویل شو کی مانند ہوتی ہے اور ان کے تمام الفاظ محض ڈائیلاگ کا درجہ رکھتے ہیں' وہ حقیقت سے دور چلے جاتے ہیں' انہیں خود اپنی شخصیت پر یقین نہیں ہوتا کہ وہ کیسی ہے اور ان کی ''حقیقی قدرو قیمت'' کیا ہے؟ یہ کیفیت ایک ایسی نفسیاتی بیماری ہے جس میں انسان کی ''انا'' اندر ہی اندر گھٹ کر رہ جاتی ہے۔ اکثر فلمسٹار اس کا شکار دکھائی دیتے ہیں۔ حتیٰ کہ ہم میں سے بھی ہر ایک شخص اپنی زندگی میں کبھی نہ کبھی اس بری کیفیت سے ضرور دوچار ہوتا ہے اور اگر کوئی (باقی صفحہ نمبر 16 پر)

دودھ بڑھانے کیلئے: اگر کسی عورت کو دودھ کم آئے تو اس صورت میں اسم یَامُتِیْنُ کو خود یا کوئی اور پانچ ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پلائے اور گیارہ روز تک یہ عمل روزانہ کرے' انشاء اللہ دودھ پورا ہوجائیگا۔

گرمی آئی! دودھ' دہی' مکھن اور لسی کا ناشتہ لائی

محمد کامران' لاہور

اس ماہ میں صبح کی ابتداء چائے کی بجائے کسی ٹھنڈے مشروب سے کرنی چاہیے جیسے شربت صندل' شربت کیوڑہ' شربت بزوری یا بادام سے تیار شدہ سردائی یا مشروب عبقری افراء وغیرہ۔ ناشتہ میں مچھلی' گوشت اور انڈوں کی بجائے دودھ' دہی' مکھن اور لسی زیادہ مفید ہے۔

اپریل سے ہمارے پیارے ملک (پاکستان) میں اچھی خاصی گرمی پڑنی شروع ہوجاتی ہے۔ موسم سرما کا اثر مکمل طور پر ختم ہوجاتا ہے اس لیے ہوا میں نمی کم ہوکر حرارت تیز ہونے لگتی ہے جس کی بنا پر ہوا کا بھاری پن ختم ہوجاتا ہے اور ہوا گرم ہوکر بالائی فضا میں چلی جاتی ہے اور اس خلا کو پر کرنے کیلئے ٹھنڈی ہوا آجاتی ہے۔ ہوا کے اس مسلسل چکر کے باعث ہوا کی کثافتیں کم ہوکر ہمیں صاف ہوا ملنے لگتی ہے۔

سورج اور دھوپ کی شدید حرارت کے باعث فضا گرم ہوجاتی ہے جس سے انسانی اجسام بھی متاثر ہوتے ہیں اور نہ صرف بدن کی بیرونی جلد کا ہی درجہ حرارت بھی بڑھ جاتا ہے بلکہ اندرونی طور پر بھی ایک آدھ فارن ہائیٹ زیادہ ہوجاتا ہے۔

حرارت کے باعث رطوبات بدن کم ہوکر پیاس میں شدت آجاتی ہے اور چونکہ نمک رطوبتوں کو اکٹھا کرکے اخراج کا باعث بنتا ہے۔ اس لیے اس موسم میں زیادہ نمکین چیزیں کھانے سے پرہیز واجب ہے۔ اسی طرح زیادہ حرارت کی وجہ سے معدہ کمزور ہوجاتا ہے اور سری' گائے کا گوشت وغیرہ انتہائی ثقیل غذاؤں کو خاطر خواہ ہضم کرنے کی اہلیت نہیں رکھتا' گائے اور بکری کا دودھ اس موسم میں بہ نسبت بھینس کے دودھ کے اجزاء ترکیبی اور تاثیر کے لحاظ سے زیادہ فائدہ مند سمجھا گیا ہے۔ جہاں تک ورزش کا تعلق ہے آپ جانتے ہیں حرکت سے حرارت پیدا ہوتی ہے اور جبکہ گرم موسم کے باعث پہلے ہی بدن متاثر ہورہا ہو تو اسے مزید متاثر کرنے کا سبب بنتی ہے۔ مگر طلوع آفتاب سے قبل اگر معمولی قسم کی ورزش کر بھی لی جائے تو زیادہ نقصان دہ نہیں۔ ہمارے ملکی حالات کے اس موسم میں دن میں دو یا تین بار غسل کرنا بھی بیحد مفید ہے تاکہ پسینہ کی بدبو اور میل کچیل صاف ہوکر جلد کے مسامات کھل جائیں۔

اس ماہ میں صبح کی ابتداء چائے کی بجائے کسی ٹھنڈے مشروب سے کرنی چاہیے جیسے شربت صندل' شربت کیوڑہ' شربت بزوری یا بادام سے تیار شدہ سردائی یا مشروب عبقری افراء وغیرہ۔ ناشتہ میں مچھلی' گوشت اور انڈوں کی بجائے دودھ' دہی' مکھن اور لسی زیادہ مفید ہے۔ اسی طرح دوپہر اور رات کے کھانوں میں سبز پتوں والی سبزیاں اور دالیں زیادہ استعمال کریں۔ کھانے کے ہمراہ انار دانہ' پودینہ یا دھنیا کی چٹنی' پیاز اور سلاد بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ سوڈا واٹر' چائے' کافی' قہوہ وغیرہ سے حتیٰ الوسع پرہیز کریں تو آپ کی صحت کیلئے زیادہ بہتر ہوگا۔ دھوپ میں زیادہ دیر ٹھہرنے' کام کرنے یا سفر کرنے میں احتیاط رکھیں۔ ضرورت کے وقت سر پر چھجے دار تنکوں کی بنی ہوئی ٹوپی استعمال کریں تاکہ سورج کی شعاعیں براہ راست ننگے سر یا گردن پر نہ پڑیں۔ ورنہ سردرد' بخار' نزلہ زکام' آشوب چشم' سوء مزاج بخار اور گردن توڑ جیسی بیماری کا حملہ ہوسکتا ہے۔ باہر سے آکر فوراً بجلی کے پنکھے تلے یا ایئر کنڈیشنڈ کمرے میں بیٹھنا مضر صحت ہے۔

تمازت آفتاب سے دردسر: شدید گرمی یا حبس میں بعض اوقات سردرد ہونے لگتا ہے۔ تمازت آفتاب سے لاحق ہونے والا دردسر شدید اور چبھن دار ہوتا ہے اس میں مریض بے چینی و بے قراری محسوس کرتا ہے۔ ایسی حالت میں نمک ملے پانی کا استعمال کرانا چاہیے۔ مریض کو ٹھنڈی اور تاریک جگہ رکھیں تاکہ اسے سکون حاصل ہو۔ زیادہ دیر سخت دھوپ میں گھومنے پھرنے سے کئی لوگ نڈھال ہوجاتے ہیں۔ اسی کیفیت میں مریض کی جلد زرد' ٹھنڈی اور نمدار ہوجاتی ہے اہم علامات میں انتشار' ذہنی پریشانی' کمزوری' سستی' سر چکرانا' مدہوشی اور مختلف اعضاء کا تشنج اکڑاؤ شامل ہے۔ مریض کو وقفے وقفے سے نمک ملا پانی پلانا چاہیے۔

اس ماہ میں لباس عام سوتی کپڑے کا پہنیں تاکہ بدن تک سورج کی شعائیں پہنچنے میں مناسب رکاوٹ رہے۔ ویسے بھی اس قسم کے لباس میں آکر جسم ٹھنڈا رہتا ہے۔ بالکل باریک ململ یا وائل کے کپڑے نقصان دہ ہوتے ہیں اور ریشمی کپڑے پہننا تو اپنے جسم پر ظلم کرنا ہے۔

پندرہ اپریل کے بعد کوشش کریں رات کھلی ہوا میں پلنگ پر مچھردانی لگا کر سوئیں تاکہ مچھروں سے محفوظ رہ سکیں ورنہ ملیریا بخار کا خطرہ ہے جن لوگوں کے پاس مچھردانی نہ ہو بدن کے کھلے حصوں پر مچھر مار کریم یا سرسوں کے تیل کی مالش کرکے سوئیں۔ **چند احتیاطی تدابیر:** گرم موسم میں حسب ذیل احتیاطی وحفاظتی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں:۔ ☆ زیادہ دیر دھوپ میں پھرنے سے پرہیز کریں۔ ☆ کسی دوسری جگہ نقل مکانی کی صورت میں آب وہوا سے موافقت پیدا کرنے کا دورانیہ آہستہ آہستہ بڑھایا جائے۔ ☆ سگریٹ' چائے' کافی اور الکوحل کا استعمال فوراً ترک کردیا جائے۔ ☆ بچوں کو ننگے پاؤں باہر نہ جانے دیا جائے۔ ☆ تمازت آفتاب کے اثرات سب سے زیادہ رخسار محسوس کرتے ہیں۔ لہٰذا سائیکل یا موٹر سائیکل پر سفر کرتے ہوئے رومال چہرے اور سر پر لپیٹ لیا جائے۔ یہ لو سے بچنے کا ذریعہ ضرور ہے تاہم لو لگنے کے نقصانات بہرحال زیادہ ہیں۔ ☆ گوشت' چکنائی اور گرم سبزیوں کا استعمال کم سے کم کیا جائے۔ ☆ تربوز' آلو بخارا اور فالسہ جیسے پھل اور سردائی' لسی' ستو اور مشروبات کا استعمال باقاعدگی سے کیا جائے۔

یہ عمل کیجئے! کوئی غم کبھی قریب بھی نہیں پھٹکے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر' عبقری پر' آپ کی آل اولاد پر اور عبقری کے تمام پڑھنے' درس سننے والوں پر قیامت تک رحمت و برکات' حفاظت اور عنایات جاری وساری رکھے۔ الحمدللہ درس سننے کی برکت سے میں نے ماہ ایام بیض کے روزے باقاعدہ رکھنا شروع کردیئے ہیں' پانچ وقت کی نماز اہتمام سے شروع کردی ہے۔ وتر کے بعد دو سجدے کرتا ہوں جس میں پانچ مرتبہ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ اور سجدوں کے بعد تعوذ اور تسمیہ کے ساتھ آیۃ الکرسی پڑھنا شروع کردی ہے۔ ایک عمل قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں:۔ فجر اور مغرب کے بعد تین، تین مرتبہ سورۂ اخلاص' سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھی جائے تو صبح سے شام اور شام سے صبح تک کوئی غم نہیں ملے گا۔ انشاء اللہ۔ یہ میں نے ایک حدیث شریف میں پڑھا تھا۔ (انور منیر)

عرب سے آیا مرض شوگر کا کامیاب ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ میں عبقری قارئین کیلئے ایک ٹوٹکہ بھیج رہی ہوں۔ یہ سعودی عرب کا ٹوٹکہ ہے' میں استعمال کررہی ہوں مجھے اس ٹوٹکہ سے بہت فائدہ ہوا ہے اور مزید لوگوں کو بھی بہت فائدہ ہورہا ہے۔ بیرون ممالک میں یہ ٹوٹکہ بہت استعمال ہورہا ہے۔ ھوالشافی: کالے جَو ایک پاؤ' کالے چنے بھنے ہوئے اور چھلکا اترے ہوئے ایک پاؤ' ایرانی بادام ایک پاؤ۔ ان سب چیزوں کو ایک ساتھ پیس لیں' ایک چمچ صبح ناشتہ کے بعد اور ایک چمچ رات کو کھانے کے بعد استعمال کریں۔ شوگر بالکل کنٹرول رہتی ہے اور کسی بھی قسم کی کمزوری بھی نہیں ہوتی۔ دعاؤں کی طالب (صفیہ زاہد' کراچی)

استاد کی خدمت سے اعلیٰ مقام: حضرت شیخ ابوعلی فارمدی رحمۃ اللہ علیہ کا قول مبارک ہے کہ خلوص نیت سے جس نے استاد کی خدمت کی اس نے اعلیٰ مقام پایا۔

اعلان مغفرت اور جہنم سے آزادی کا پروانہ مل گیا

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

مسلسل شکایات کہ رسالہ اس وقت ملتا جب اسلامی مہینہ کا پہلا عشرہ گزر جاتا ہے لہٰذا اب سے اسلامی مہینے کا پیشگی عمل شائع کیا جا رہا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ماہ شعبان بہت ہی برگزیدہ مہینہ ہے اور اس ماہ مبارک کی عبادت کا اللہ تعالیٰ بے حد ثواب عطا فرماتے ہیں۔ **نفلی نماز:** ماہ شعبان کی پہلی شب بعد نماز عشاء بارہ رکعت نماز چھ سلام سے پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھنی ہے۔ سلام کے بعد ستر مرتبہ درود پاک پڑھ کر اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔ انشاء اللہ اس نماز کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرما کر اسے جنت میں داخل کریں گے۔

ماہ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب بعد نماز عشاء آٹھ رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ دفعہ پڑھے اور اس کا ثواب خاتون جنت حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بخشے خاتون جنت فرماتی ہیں کہ میں ہرگز جنت میں قدم نہ رکھوں گی جب تک کہ اس نماز پڑھنے والے کو اپنے ہمراہ جنت میں نہ لیجاؤں۔ ماہ شعبان کے پہلے جمعہ کی شب چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ سورۂ اخلاص تین تین بار پڑھنی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اسے عمرے کا ثواب عطا ہوگا۔

شعبان کے پہلے جمعہ کو بعد نماز مغرب اور قبل نماز عشاء دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے ایک بار آیۃ الکرسی دس بار سورۂ اخلاص ایک بار سورۂ فلق اور ایک بار سورۂ ناس پڑھنی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ نماز ترقی ایمان کیلئے بہت مفید ہے۔ **وظیفہ:** شعبان المعظم کی چودہ تاریخ کو بعد نماز عصر آفتاب غروب ہونے کے وقت باوضو چالیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اللہ تعالیٰ اس دعا کے پڑھنے والے کے چالیس سال کے گناہ معاف فرمادیں گے۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ)

اعلان مغفرت

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ شعبان المعظم کی پندرہویں شب کی عبادت بہت افضل ہے فرمایا اس شب کو اللہ تعالیٰ اپنے بندے کیلئے اپنی رحمت کے بے شمار دروازے کھول دیتا ہے اور فرماتا ہے کہ کون ہے جو آج کی شب مجھ سے بخشش طلب کرے اور میں اس کو دوزخ کے عذاب سے نجات دیکر اس کی مغفرت کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس شب کی عبادت کرنیوالے پر اللہ تعالیٰ دوزخ کی آگ حرام کردینگے۔

نوافل اور روزہ: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جب شعبان کی پندرھویں شب آئے تو تم رات کو قیام کیا کرو یعنی نوافل پڑھو اور دن کو روزہ رکھو۔ اس رات اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ہے کوئی بخشش چاہنے والا کہ میں اسے بخش دوں' کوئی رزق مانگنے والا ہے کہ میں اس کو رزق عطا کروں' کوئی مصیبت میں مبتلا ہے کہ میں اس کو عافیت دوں۔

شب برأت: شب برأت میں یہ نماز پڑھنی چاہیے۔ حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مجھ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تیس صحابیوں نے بیان کیا ہے کہ اس رات جو شخص یہ نماز پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طرف ستر بار (نظر رحمت سے) دیکھتے ہیں اور ہر نگاہ میں ستر حاجتیں پوری کرتے ہیں جن میں سب سے ادنیٰ حاجت گناہوں کی مغفرت ہے۔ اس نماز کا طریقہ یہ ہے کہ دو، دو نفل کی نیت سے سو رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے بعد نماز دعا کرلے۔ (رات کو عبادت کرے اور دن کو روزہ رکھے) شب برأت میں دو رکعت نماز اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار' سورۂ اخلاص پندرہ پندرہ مرتبہ بعد سلام کے درود شریف ایک سو دفعہ پڑھ کر ترقی رزق کی دعا کریں۔ انشاء اللہ اس نماز کے باعث رزق میں ترقی ہوجائیگی۔ جو شخص شب برأت کو آٹھ رکعت نماز دو سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص دس دس مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کیلئے بے شمار فرشتے مقرر کردینگے جو اسے عذاب قبر سے نجات اور جنت میں داخل ہونے کی خوشخبری دیں گے۔

گھر بیٹھے حج اور عمرہ کا ثواب: ماہ شعبان میں ہر جمعہ کی رات چار رکعت نفل پڑھیں۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھیں تو ان نوافل کے پڑھنے والے کو مقبول حج اور عمرہ کا ثواب نصیب ہوگا۔

مئی اور جون 2017ء کا خاص شمارہ رمضان المبارک کے طبی و روحانی ٹوٹکوں پر مزین ہوگا۔ ابھی سے بکنگ کروایئے۔

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 11 اپریل بروز منگل رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 21 منٹ تک 22 اپریل بروز ہفتہ عصر سے مغرب 30 اپریل بروز اتوار صبح 10 بجکر 15 منٹ سے 11 بجکر 21 منٹ تک اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ (صرف اتنا) پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پیئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

روحانی محفل سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' آپ کے درس بھی سنتے ہیں' درس سننے اور عبقری پڑھنے سے سب سے بڑی تبدیلی یہ ہے کہ اب اللہ کا شکر ادا کرنے کا طریقہ آگیا ہے پہلے تو طریقہ ہی نہیں آتا تھا۔ آپ ایک مرتبہ ہمارے علاقہ میں آئے تھے تو میں امی کو اور محلے کی کچھ خواتین کو لے کر درس میں آئی تھی۔ میری اللہ سے دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کو اخلاص نصیب فرماتا رہے اور آپ کی نسلوں کو بھی اسی کام پر لگائے رکھے جو کام آپ انسانیت کیلئے کررہے ہیں۔ اللہ پاک مزید ترقی نصیب فرمائے۔ میں عبقری میں موجود روحانی محفل ہر ماہ گھر پر کرتی ہوں' روحانی محفل نے تو (باقی صفحہ نمبر 37 پر)

دل ودماغ کیلئے قوت بخش ہے: پیٹھے کا مربہ دل ودماغ کو قوت دیتا ہے اور بھوک بڑھاتا ہے اس کے علاوہ پیشاب آور بھی ہے۔ انسان کو ہشاش بشاش بناتا ہے۔

سید اکرام الحق بھٹھوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

اگر میاں بیوی میں آپس میں نااتفاقی رہتی ہو اور ایک دوسرے سے کٹے کٹے رہتے ہوں ایسی صورت میں عشاء کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار یَاحَنَّانُ یَاحَلِیْمُ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی تعلقات خوشگوار ہوجائیں گے اگر بیوی شوہر سے الگ الگ رہتی ہو تو شوہر یہ عمل کرے

غلط وساوس اور گندے خیالات سے نجات: اگر کوئی شخص وساوس اور گندے گندے خیالات میں مبتلا ہو۔ اس کو ہروقت بے ہودہ اور گندے خیالات آتے رہتے ہوں جس کے سبب وہ پریشان اور غائب دماغ رہتا ہو۔ اس کا کسی کام میں دل نہ لگتا ہو اور نہ وہ کوئی کام پوری توجہ سے کرسکتا ہو۔ ہروقت بے چین اور مدہوش رہتا ہو۔ اس کیلئے سب سے پہلا کام یہ ہے کہ پابندی کے ساتھ نماز باجماعت ادا کرے۔ اس کے بعد ہروقت باوضو رہنے کی کوشش کرے۔ جب وضو ٹوٹ جائے فوراً وضو کرلے۔ ہرنماز کے بعد ایک سو بار اسم الٰہی یَاقُدُّوْسُ پابندی کے ساتھ پڑھے اور فجر اور عشاء کی نماز کے بعد یہ عمل کرکے پانی پر دم کرکے پانی پی لے اور تمام بدن پر سر سے پاؤں تک ہاتھ پھیرلے۔ وہ عمل یہ ہے:۔ اول سات سات مرتبہ درود شریف، الحمد شریف پوری سورۂ تین مرتبہ' آیۃ الکرسی تین مرتبہ' چاروں قل تین تین مرتبہ' آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا دل کام یا پڑھنے میں دل لگے گا برے خیالات آنا بند ہوجائیں گے اور حالت سدھر جائے گی۔

آفات اور حاسدین سے حفاظت: اگر کوئی شخص پے درپے آفات کا شکار ہوتا ہو اور حاسد اسے ظلم کا نشانہ بناتے ہوں تو ان تمام آفات وظلم سے نجات کیلئے بعد نماز عشاء ایک سو چھتیس بار اسم الٰہی یَامُؤْمِنُ پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن پابندی کے ساتھ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی آفات سے نجات حاصل ہوگی اور آئندہ ظلم اور آفات سے حفاظت رہے گی۔

بانجھ عورت کا بانجھ پن ختم: اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد کے نہ ہونے سے پریشان ہو اور اس کی بڑی تمنا ہو کہ اس کے بھی بچہ پیدا ہوجائے تو بانجھ پن کو ختم کرنے کیلئے پانچ وقت کی نماز پابندی کے ساتھ ادا کیا کرے اس میں سستی کاہلی نہ کرے اور ہروقت کوشش کرے کہ باوضو رہے اگر وضو ٹوٹ جائے دوبارہ وضو کرلے اور ہرنماز کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اکتالیس مرتبہ یَابَارِئُ الْمُصَوِّرُ پڑھے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل حمل قائم ہونے تک کرے' انشاء اللہ تعالیٰ بانجھ پن ختم ہوکر اولاد ہوگی۔

ہر قسم کی بے چینی اور پریشانی کا خاتمہ: اگر کوئی شخص کسی قسم کی بے چینی محسوس کرتا ہے اور پریشان رہتا ہے تو اس کیلئے باوضو عشاء کی نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ اسم الٰہی یَاقَہَّارُ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے جلد ہی اس کی بے چینی ختم ہوجائے گی اور ہر قسم کی پریشانی دور ہوجائے گی۔ عمل شرط ہے۔ جب تک بے چینی ختم نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے کرے۔

ملازمت میں ترقی کیلئے: اگر کوئی چاہتا ہے کہ اپنے شعبے میں ملازمت کے دوران اونچے سے اونچے منصب پر فائز ہوجائے اور اس کی ترقی میں کوئی رکاوٹ نہ بنے بلکہ وہ تیزی سے ترقی کی منزلیں طے کرتا جائے تو اس کیلئے بعد نماز فجر کسی سے بات نہ کرے اور نماز اشراق تک اپنی جگہ بیٹھ کر اسم الٰہی یَارَزَّاقُ پڑھے اور سورج نکلنے تک باقاعدہ پڑھتا رہے۔ درمیان میں اپنی جگہ سے نہ اٹھے اور نہ کسی سے بات کرے۔ اس اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول رہے اور یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے اثرات قدم قدم پر اس کی زندگی میں ظاہر ہوتے رہیں گے اور وہ بآسانی ترقی کرتے کرتے اعلیٰ منصب پر پہنچ جاتا ہے۔

نقصان پہنچانے والے سے بچاؤ کیلئے: اگر کسی جگہ کسی حاسد یا نقصان پہنچانے والے کے حملہ کا خطرہ ہے اور سمت معلوم ہے کہ وہ اس طرف سے آئے گا تو اس کیلئے باوضو درج ذیل آیت ستر مرتبہ پڑھ کر ایک مٹھی ریت (مٹی) پر دم کرکے دشمن کے آنے والے راستے کی طرف پھینک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاسد اور نقصان پہنچانے کی نیت سے آنے والا واپس پلٹ جائے گا اور اس کا قدم کسی صورت میں بھی آگے کی طرف نہیں اٹھے گا اور اس کے دل پر رعب غالب آجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔ سَیُھْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ (القمر ۴۵)

دیدار نبی کریم ﷺ کی سعادت حاصل کیجئے: ہر عاشق رسول کے دل میں تڑپ ہوتی ہے کہ وہ تاجدار انبیاء رحمۃ اللعالمین حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت خواب میں کرے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ خواب میں زیارت ہونے کے بہت سے طریقے علماء کرام اور صوفیاء عظام نے اپنے اپنے تجربات کی روشنی میں بیان کیے ہیں۔ ان میں ایک طریقہ یہ ہے کہ جمعرات کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے۔ اس میں دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 35 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نماز کے بعد ایک ہزار بار یہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے کہ اے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت خاص سے مجھے حضرت محمد ﷺ خاتم الانبیاء ﷺ کی خواب میں زیارت کرادے۔ اس کے بعد پاک بستر پر قبلہ رُخ باوضو سوجائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ جمعہ آنے سے قبل خواب میں زیارت نصیب ہوجائے گی۔ اگر ایک مرتبہ کے عمل سے زیارت نہ ہو تو تین بار (تین جمعہ کی رات) عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہوجائے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے:۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

میاں بیوی میں محبت واتفاق: اگر میاں بیوی میں آپس میں نااتفاقی رہتی ہو اور ایک دوسرے سے کٹے کٹے رہتے ہوں ایسی صورت میں عشاء کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار یَاحَنَّانُ یَاحَلِیْمُ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی تعلقات خوشگوار ہوجائیں گے اگر بیوی شوہر سے الگ الگ رہتی ہو تو شوہر یہ عمل کرے اور شوہر بیوی سے میل جول میں کمی کرتا ہے تو بیوی پڑھے جب تک تعلقات صحیح قائم نہ ہوجائیں اس وقت تک برابر عمل کرنا ہے۔

ارے یہ کیا؟ کند ذہن اور بھلکڑ ڈاکٹر بن گئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت ہی شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس میں موجود ٹوٹکے واقعی بہت ہی کمال کے ہوتے ہیں۔ میں بھی اس کار خیر میں حصہ میں ڈالنے کیلئے ایک انتہائی نایاب اور آزمودہ نسخہ قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں۔ یہ نسخہ میں نے بے شمار افراد پر استعمال کیا اور الحمدللہ تمام ہی صحت یاب ہوئے۔ 1980ء کی بات ہے میرے دوست نے اپنے تین بھانجوں کو یہ بنا کردیا' میرے اس دوست کے بھانجے حسن ابدال میں رہتے تھے' دوست کے مطابق یہ تینوں بھانجے انتہائی کند ذہن اور بھلکڑ ہیں' ادھر گھنٹہ لگا کر سبق یاد کرواؤ اور صرف پانچ منٹ بعد پوچھو تو بھول چکے ہوتے ہیں۔ میں نے درج ذیل نسخہ بنا کردیا۔ الحمدللہ اس وقت وہ تینوں بھلکڑ ڈاکٹر ہیں۔ یہ نسخہ ہمارا خاندانی ہے' میری امی جان نے مجھے بتایا تھا۔ مقوی دماغ' دافع نسیان' مقوی نظر ھوالشافی: سونف مصفیٰ' مصری' دار چینی' اور خشک دھنیا ہموزن لیکر الگ الگ پیس کر مکس کرلیں۔ صبح وشام ایک بڑا چمچ کھانے والا نیم گرم دودھ کے ہمراہ کھلائیں۔ (ڈاکٹر حکیم عباس علی' واہ کینٹ)

سیب سستے کیا ہوئے معالج بھیک مانگنے پر مجبور!

بشریٰ خالد

گنٹھیا، جوڑوں کے درد اور سوجن کی کیفیات میں سیب ایک عمدہ ترین غذائی علاج قرار دیا جاتا ہے۔ خشک کھانسی، جس میں کھنکھاتی ہوئی آواز پائی جائے، دور کرنے کیلئے میٹھے سیب نافع رہتے ہیں۔ سیب کے چھلکوں کا پانی سوجی ہوئی آنکھوں کیلئے عمدہ دوا ہے۔

سیب ایک خفیف ترش پھل ہے، جسے تمام پھلوں میں سب سے زیادہ قیمتی قرار دیا جاتا ہے۔ سیب کو "محافظ" اور مکمل غذا سمجھا جاتا ہے۔ اس کی قوت بخش صلاحیت سے قطع نظر یہ جسم کے اندر کیمیائی تبدیلیوں کے عمل کو تقویت دے کر جسمانی نشوونما اور کارکردگی کو بہتر بناتا ہے۔ کچے سیب میں عموماً سٹارچ کی معمولی سی مقدار ہوتی ہے جو پیڑ پر پکنے کے مرحلہ کے دوران شکر میں بدل جاتی ہے، سیب کے ترش اجزاء بھی شکر کے ساتھ ساتھ بڑھ جاتے ہیں، یہ ترشی میلک ایسڈ کی وجہ سے ہوتی ہے جو انسانی بدن مکمل طور پر استعمال کرلیتا ہے، سیب کو کچا کھانا ہو تو اس کا چھلکا نہیں اتارنا چاہئے کیونکہ اس کے چھلکے کی اندرونی تہہ اور اس کے نیچے پائے جانے والے گودے میں وٹامن سی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ وٹامنز کی مقدار سیب کے بیچ والے حصے کی طرف سے جاتے ہوئے کم ہوتی جاتی ہے۔ سیب کے چھلکے میں گودے کے برعکس 5 گنا زیادہ وٹامن اے پائی جاتی ہے، سیب اچھی صحت برقرار رکھنے اور بہت سی بیماریوں کے علاج میں انمول ہے۔ بہت عرصہ پہلے کی ایک کہاوت ہے کہ "سونے سے پہلے ایک سیب کھانا، ڈاکٹر کو بھیک مانگنے پر مجبور کردیتا ہے" سیب میں آئرن، آرسینک اور فاسفورس وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ ان کی بدولت خون کی کمی کا تدارک سیب کے تازہ جوس سے کامیابی کے ساتھ کیا جاسکتا ہے، سیب کا جوس روزانہ مناسب مقدار میں لینا مفید نتائج دیتا ہے۔ جوس پینے کا بہترین وقت کھانا کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے اور رات کو سونے سے پہلے ہے۔ یہ جوس اچھے اور منتخب کردہ سیبوں سے خوب اچھی طرح دھوکر اور چھیل کر نکالنا چاہئے، اس طرح سیب قبض اور اسہال دونوں امراض میں ایک جیسا کارآمد ہوتا ہے کچے سیب قبض دور کرنے کیلئے مناسب ہوتے ہیں۔ بچوں کو لاحق پرانی اور شدید پیچش میں سیب شافی علاج ثابت ہوتے ہیں۔ پیڑوں پہ پکے ہوئے اور میٹھے سیب چھیل کر عمر کے مطابق ایک سے چار کھانے کے چمچ روزانہ دینا، اس مرض سے نجات دلاتا ہے، باریک کٹے ہوئے سیب میں ایک کھانے کا چمچ شہد اور تل چھڑک کر کھانا معدے کیلئے مقوی اور اشتہا انگیز ہوتا ہے۔ خوب پکے ہوئے سیب کا چھلکا اتار کر بیج والا سخت حصہ نکال کر روزانہ صبح نمک کے ساتھ کھانا کسی بھی قسم کے سردرد کا خاتمہ کرتا ہے۔ مسلسل ایک ہفتہ تک استعمال شدید قسم کے پرانے سردرد سے بھی نجات دے دیتا ہے۔ دل کے مریضوں کیلئے سیب نہایت عمدہ پھل ہے، اس میں پوٹاشیم اور فاسفورس کی مقدار زیادہ جبکہ سوڈیم کی مقدار بہت قلیل ہوتی ہے، زمانہ قدیم سے شہد کے ساتھ سیب کا استعمال دل کی بے قاعدگیوں کیلئے مؤثر علاج سمجھا جاتا ہے۔ حال ہی میں کیلیفورنیا یونیورسٹی کے ماہرین نے انکشاف کیا ہے کہ جو لوگ غذا کے ذریعے وافر مقدار میں پوٹاشیم لیتے ہیں وہ دل کی بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں، سیب چونکہ پوٹاشیم کا بھرپور ذریعہ ہے اس لئے یہ دل کی بیماریوں کو کم کرنے میں مددگار ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے سیب انمول تحفہ ہے، سیب کا استعمال پیشاب آور اثرات کی بدولت جسم سے پیشاب کی مقدار اور اخراج میں اضافہ کرتا ہے جس کے نتیجے میں بلڈ پریشر کم ہوکر معمول کی سطح پر آجاتا ہے۔ یہ سوڈیم کلورائیڈ (نمک) کی سپلائی کو کم کرکے گردوں کو بھی آلودہ کرتا ہے۔ مزید برآں خلیوں اور بافتوں میں نمک کی مقدار کم ہوجاتی ہے کیونکہ سیب میں پوٹاشیم بہت زیادہ پائی جاتی ہے۔ گنٹھیا، جوڑوں کے درد اور سوجن کی کیفیات میں سیب ایک عمدہ ترین غذائی علاج قرار دیا جاتا ہے۔ خشک کھانسی، جس میں کھنکھاتی ہوئی آواز پائی جائے، دور کرنے کیلئے میٹھے سیب نافع رہتے ہیں۔ سیب کے چھلکوں کا پانی سوجی ہوئی آنکھوں کیلئے عمدہ دوا ہے۔ اسے پینا اور اس سے آنکھوں کو دھونا دونوں طرح استعمال کیا جاتا ہے، اس کا مشروب تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کسی برتن میں سیب کے چھلکے اتار کر ڈال دیں۔ اب اس برتن میں اتنا پانی ڈالیں کہ چھلکے خوب ڈوب جائیں۔ اب پانی کو ابال لیں اور بعد میں چند منٹ تک اسے دھیمی آنچ پر پڑا رہنے دیں۔ آگ سے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر چھان لیں۔ تھوڑا سا شہد ملادیں، یہ مشروب استعمال کیلئے تیار ہے، زیادہ پکے ہوئے سیبوں کا پلٹس بنا کر آنکھوں پر باندھنا بھی دکھتی آنکھوں کا اچھا علاج ہے۔ سیبوں کا باقاعدہ استعمال دانتوں کے انحطاط کو روکتا ہے کیونکہ ان میں ایسے اجزاء پائے جاتے ہیں جو دانتوں اور مسوڑھوں کا کہنا ہے کہ منہ کو صاف رکھنے کی صلاحیت جس قدر سیب میں ہے کسی اور پھل میں نہیں۔ انسانی صحت کو بھرپور انداز میں برقرار رکھنے والے مختلف داخلی نظام اگر کمزور اور ضعیف ہوجائیں تو سیب انہیں پھر سے مستعد اور مؤثر بنانے کیلئے بہترین غذا ہے۔ سیب عموماً باقاعدہ کھانوں کے بعد استعمال کیا جاتا ہے۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد اَللّٰہُ الصَّمَدُ اَللّٰہُ ھُوَ اَحَدٌ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سوفیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اسکے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے گزشتہ پانچ سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ عبقری شمارہ پڑھنے سے پہلے بھی میرے گھر میں مراقبہ کے متعلق کتب موجود تھیں، مگر جب عبقری میں مراقبہ کے متعلق پڑھا تو میرا دل باغ باغ ہوگیا، میں اسی دن سے ہر ماہ عبقری دیا گیا مراقبہ ہر روز بعد نماز عشاء کرتا ہوں۔ الحمدللہ! میرے بہت سے روحانی و جسمانی مسائل مراقبہ کی وجہ سے حل ہوئے ہیں۔ گزشتہ رات مراقبہ میں دیکھا کہ ہمارا اپنا ذاتی گھر ہے، نچلا پورشن کرایہ پر دیا ہوا ہے جبکہ اوپر رہائش ہے، ایئر پورٹ کے قریب ہے جہاں سے جہازوں کا چڑھنا اترنا نظر آتا ہے (میرا پلاٹ اس وقت ایئرپورٹ کے پاس ہے تقریباً اسی طرح کے محل وقوع میں ہے) کارنر ہے خواب میں بھی کارنر ہے۔ ذکر کے دوران یوں محسوس ہوا کہ دیواریں اوپر اٹھ گئیں اور ہم تمام گھر والے گھر سمیت بارگاہ الٰہی میں حاضر ہوتے ہیں تو اس دوران بارگاہ الٰہی سے تجلیات کا ظہور ہوا اور سب کے قلوب اسی تجلی سے منور ہوگئے۔ جب میری آنکھ کھلی تو میرا سینہ ٹھنڈک سے بھرپور تھا۔ (م۔ز)

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند ٹیپ یا سٹیپلر زمن کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا اپنا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کر کے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

مچھلی کے شکاری متوجہ ہوں! محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ دراز سے عبقری کا قاری ہوں' میرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے مچھلی کے شکار کا شوق ہے' میں اور میرے ساتھی مچھلیاں بذریعہ کنڈی پکڑتے ہیں لیکن مجھے اکثر خالی ہاتھ دریا سے لوٹنا پڑتا ہے' صرف چند آدمی ہوتے ہیں جن کے پاس کوئی چرائی نام کی کوئی چیز ہوتی ہے جن کی مدد سے وہ شکار کرتے ہیں ان چرائی والے آدمیوں کی کنڈی کو مچھلی لگتی ہے لیکن ان کے علاوہ شاید ہی کسی کو مچھلی نصیب ہو اور یہ لوگ مجھے چرائی کا فارمولہ بتانے سے گریز کرتے ہیں کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس کی بدولت میری کنڈی کو بھی مچھلیاں لگیں اور وہ لوگ بھی جو میری طرح خالی لوٹتے ہیں ان کا بھی بھلا ہو۔ (تنویر احمد' گوجرانوالہ)

مشورہ: محترم تنویر صاحب! آپ جب بھی مچھلی کا شکار کرنے جائیں تو جاتے ہوئے سارے راستہ درود پاک اور جب کنڈی پانی میں ڈالیں تو جب تک کنڈی پانی میں رہے سورۂ کوثر پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی ضرورت کے مطابق مچھلی آپ کو مل جائے گی۔

برکت ختم ہوگئی: محترم السلام علیکم! ہم بڑی مشکل میں ہیں اور آپ کی مدد چاہتے ہیں ہم پانچ بہن بھائی ہیں اور سب کے ساتھ کوئی نہ کوئی مشکل درپیش ہے۔ گھر سے بیماری جاتی نہیں' کبھی والد صاحب بیمار' کبھی ان کا ایکسیڈنٹ ہوجاتا ہے اور کبھی والدہ اچانک سے شدید بیمار ہوجاتی ہیں' دن بدن نقصانات بڑھتے جارہے ہیں' بھائی کا کاروبار چلتا نہیں' برکت جیسے ختم سی ہوگئی ہو اور نوکری کے بھی پکے ہونے کے آثار نظر نہیں آرہے' رشتوں میں محبت تک ختم ہوتی جارہی ہے احساس ایک دوسرے کیلئے مرسا گیا ہو میرے رشتے میں رکاوٹ اور دشواریاں ہیں کئی لوگوں سے بات کی مگر بات کہیں آگے بڑھتی ہی نہیں' کوئی گھر تک ہی نہیں آتا' کسی نے دیکھا تک نہیں اور میری وجہ سے میری والدہ بہت پریشان رہتی ہیں۔ گھر میں لڑائیاں ختم ہونے کا نام نہیں لے رہیں' سب کا سکون ختم ہوگیا ہے' ایک بھائی گھر کی راہ تک نہیں دیکھتا' نہ اس کی اپنی بیوی سے بنتی ہے نہ کسی اور سے۔ اس کے علاوہ گھر سے رات کے وقت عجیب عجیب آوازیں آتی ہیں' جیسے چھت پر کوئی چل رہا ہو' ورزش کر رہا ہو' پائپ کاٹ رہا ہو' تیز پانی چلنے کی آوازیں لیکن فوراً ہی رک جاتی ہیں۔ حساب لگوانے پر معلوم ہوا کہ یہ آسیب اور جادو کے بہت پرانے اثرات ہیں' صدقہ وخیرات اور پڑھائی بھی کر رہے ہیں میری والدہ بھی پڑھائی کرتی ہیں مگر کچھ فرق زیادہ نہیں پڑ رہا۔ کچھ وظائف بتائیں یا کوئی عمل بتائیں کہ کچھ حل نکل آئے اور والدین کو صحت تندرستی عطا فرمائے آمین۔ (س،ا)

جواب: رات کو سونے سے قبل سورۂ بنی اسرائیل کی آیت نمبر 110 اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کیساتھ پڑھیں گھریلو جھگڑے ختم ہونے اور باہمی حسن سلوک کیلئے دعا کیا کریں۔ یہ عمل کم از کم ایک ماہ جاری رکھیں۔ علاوہ ازیں اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کا شکر ادا کیا جائے۔ شکر یہ ہے کہ اللہ نے جو کچھ بھی عطا کیا ہے اس سے دوسروں کو بھی فائدہ پہنچایا جائے۔ چاہے اس کی شکل کچھ بھی ہو۔ اسکے علاوہ تمام گھر والے سارا دن کھلا سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْن پڑھیں۔ یہ وظیفہ وضو بے وضو' پاک ناپاک ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ چاہیں تو سوا سوا لاکھ کا ٹارگٹ بنا کر پڑھیں۔ ان شاء اللہ آپ کے تمام مسائل کا حل درج بالا وظائف میں ہے۔

گناہوں سے نکلنے اور سکون پانے کیلئے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پہلی مرتبہ کسی ماہنامہ میں خط لکھ رہا ہوں براہ مہربانی میرے مسئلہ حل ضرور بتایئے گا۔ محترم! میری عمر ابھی صرف 21 سال ہے اور میں مقامی یونیورسٹی کا طالب علم ہوں' میں عبقری گزشتہ دو سال سے باقاعدگی سے پڑھ رہا ہوں' لوگوں کے مسائل حل ہوتے دیکھے تو میں نے بھی اپنا مسئلہ بیان کرنے کیلئے قلم اٹھایا۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں اپنے ہاتھوں سے اپنی جوانی برباد کر چکا ہوں' ہر بار توبہ کرتا ہوں اور دو سے تین دن بعد توڑ دیتا ہوں۔ میں جسمانی طور پر کمزور تو ہو ہی گیا ہوں' مگر روحانی توڑ پر خود کو تباہ کر بیٹھا ہوں' میں شیطان کے مکمل قابو میں ہوں' گناہوں کی دلدل میں دھنسا ہوا ہوں' شیطان جیسے چاہتا ہے مجھے استعمال کرتا ہے' براہ مہربانی مجھے کوئی وظیفہ بتایئے جس سے میں گناہوں سے بچ سکوں اور دلی سکون پا سکوں۔ اس کے علاوہ میں پڑھائی کے ساتھ نوکری بھی کرنا چاہتا ہوں کئی دفاتر میں سی وی جمع کروائی ہوئی ہے اس کیلئے بھی کوئی وظیفہ بتایئے تاکہ کامیاب ہوسکوں۔ براہ مہربانی میرا یہ خط ماہنامہ عبقری میں ضرور شامل کیجئے گا تاکہ میرے جیسے مسائل میں مبتلا مزید لوگوں کا بھی بھلا ہوسکے۔ شکریہ! (ع۔ح'ث)

جواب: سیدنا حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات سے معلوم ہوتا ہے کہ سچی توبہ پچھلے گناہوں کو دھو دیتی ہے۔ انسان فطرتاً کمزور واقع ہوا ہے لیکن جب وہ اپنی خطا کا اعتراف کر رہا ہے اور اللہ تعالیٰ سے استغفار و توبہ کر رہا ہے تو وہ احساس گناہ سے خواہ مخواہ اپنے آپ کو مبتلائے عذاب کیوں رکھے بلکہ اس پر واجب ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حضور معافی اور مغفرت کا امیدوار رہے۔ حضور نبی کریم ﷺ کا ارشاد پاک ہے: ''ہر انسان خطا کار ہے اور خطا کاروں میں سب سے بہتر توبہ کرنے والے ہیں'' (مسند احمد) قرآن پاک میں اللہ رب العزت کا ارشاد ہے: ''اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے'' (توبہ 22) چالیس روز تک ہر نماز کے بعد 100 مرتبہ اسم الٰہی یَاتَوَّابُ کا ورد کرلیں۔ اس کے علاوہ نوکری کیلئے صبح وشام 313 مرتبہ سورۂ قریش اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔

شوہر کی توجہ سے محروم: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو دو سال ہونے والے ہیں' شروع کے دن تو میرے ساتھ میرے شوہر کا رویہ بالکل ٹھیک رہا' اس کے بعد مار پیٹ' گالم گلوچ شروع کردی' ہر وقت میری ساس کے ساتھ بیٹھ کر میری برائیاں کرتے ہیں' پورے محلے میں مجھے بدنام کیا ہوا ہے' میرے شوہر اپنی ساری آمدن بھی اپنی والدہ کو دیتے ہیں میں پیسے پیسے کو ترستی ہوں۔ کتنے کتنے مہینے مجھ سے بات تک نہیں کرتے۔ میں چھپ چھپ کر روتی رہتی ہوں۔ جب گھر والوں میں بیٹھے ہوتے ہیں تو میری طرف دیکھنا بھی گوارا نہیں کرتے۔ اب تو برداشت سے باہر ہوتا جارہا ہے براہ مہربانی کوئی وظیفہ بتائیں۔ (ث،ا)

جواب: آپ سورۃ مزمل 11 بار روزانہ یا کم از کم 3 روزانہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کردیں۔ اس کے ساتھ آپ ہر وقت اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے' وضو بے وضو' پاک ناپاک ہر وقت یَارَبِّ مُوسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے شوہر آپ کے حقوق ادا کرنا شروع کردیں گے اور آپ پر بھرپور توجہ دیں گے۔ بس آپ یہ وظائف مکمل یقین' توجہ اور اعتماد کے ساتھ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے کریں۔ درج بالا وظائف سے لاتعداد کے اُجڑے گھر بس چکے ہیں۔

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر، پن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

بے رغبتی کا شکار: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 33 سال ہے، میری سات سال پہلے شادی ہوئی، الحمدللہ دو بچے ہیں، میرا مسئلہ یہ ہے کہ گزشتہ سات سال میں صرف چند مرتبہ ہی دوران خلوت لطف اندوز ہوا ہوں، خود سے زبردستی کرتا ہوں اور حقوق زوجیت ادا کرنے کو دل بالکل بھی نہیں کرتا۔ اگر حقوق زوجیت ادا کر بھی لوں تو جسم تھکا تھکا، ذہنی دباؤ اور ٹانگیں کانپنا شروع ہو جاتی ہیں۔ میں چاہتا ہوں میرے اندر دوبارہ انقلابی قوت پیدا ہو جائے۔ کوئی نسخہ عنایت فرمایئے۔ (ح، خ۔ اسلام آباد)

مشورہ: آپ مستقل مزاجی سے یہ نسخہ استعمال کریں۔ جوارش شاہی، خمیرہ گاؤزبان سادہ، دونوں میں سے ایک ایک چمچ دن میں 4 بار دودھ پتلے کے ہمراہ 2 ماہ لیں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی معجون مراد اور قوتی لکھی گئی ترکیب کے ساتھ استعمال کریں۔

حسن انسانیت سے محروم: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے کزن پیدائشی طور پر حسن انسانیت سے محروم ہیں، ان کے منہ میں دانت بھی پورے نہیں ہیں۔ اب جو کہ بالغ بھی ہو چکے ہیں تو ان کے جسم پر کوئی بال بھی نہیں ہے۔ صرف سر پر بھورے بال ہیں۔ جوں جوں گرمی پڑتی ہے تو ان کے کیلئے بہت ہی زیادہ نقصان دہ ہوتی ہے اور ان کو پسینہ بھی نہیں آتا۔ آپ سے گزارش ہے کہ ان بیماریوں کے سلسلہ میں ہماری رہنمائی فرمائیں۔ (قاری مختار عثمانی، کمالیہ)

مشورہ: موسمی پھلوں کا بھرپور استعمال کریں۔ روزانہ رات کو سونے سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گلاس دودھ میں دو چمچ شہد ڈال کر پئیں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی اکسیر البدن اور جوہر شفاء مدینہ لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ صبح کی سیر لازمی کریں۔ انشاء اللہ کچھ عرصہ کے بعد ان کی صحت بہتری کی جانب گامزن ہو جائے گی۔

ہیپاٹائٹس بی ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنے کچھ مسائل آپ کی گوش گزار کرنا چاہتا ہوں۔ میری عمر 32 سال ہے، وزن 63 کلو ہے جبکہ مجھے ہیپاٹائٹس بی ہے اس کے علاوہ بچپن کی غلط کاریوں کی وجہ سے بالکل صفر ہو چکا ہوں، ہر وقت تھکا تھکا رہتا ہوں، وزن اٹھا نہیں سکتا، ٹانگوں میں درد رہتا ہے، پٹھے بھی کمزور لگتے ہیں جس کی وجہ سے کبھی کبھی تو ہاتھ کانپنے لگ جاتے ہیں، چہرے کے گال بھی اندر کو دھنس گئے ہیں، سر کے بال کافی حد تک سفید ہو چکے ہیں اور ڈاڑھی کے بال بھی سفید ہو رہے ہیں دیکھنے میں کافی زیادہ عمر کا لگتا ہوں۔ نظر کی عینک بھی لگی ہوئی ہے۔ چار ماہ بعد شادی ہے براہ کرم کوئی دوا تجویز فرما دیں۔ (ایم۔ ب۔ ا، بورے والا)

مشورہ: عرق گلاب سہ آتشہ، عرق سونف اصلی آدھی پیالی، خالص شہد ایک چمچ دوپہر اور رات کو کھانے کے بعد پئیں۔ غذا میں صرف سبزیاں، انگور کھائیں۔ عبقری دواخانہ کا ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' استعمال کریں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی جوہر شفاء مدینہ، ٹھنڈی مراد، روحانی پھکی تینوں ادویات مکس کر کے ایک بڑے ڈبے میں محفوظ کر لیں اور ہر دو گھنٹے بعد ایک چائے والا چمچ سادہ پانی کے ساتھ کھائیں۔

اُف گرمی!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ تقریباً چار سال سے مجھے گرمی ضرورت سے بہت زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ ہاتھ پاؤں ہر وقت گرم رہتے ہیں، بند جوتے نہیں پہنے جاتے اور چہرے پر پسینہ بھی بہت آتا ہے۔ پسینہ صاف کرتے کرتے بعض اوقات چہرہ زخمی ہو جاتا ہے۔ دھوپ بھی برداشت نہیں ہوتی۔ ذرا سی دھوپ لگ جائے تو جلد جلنا شروع ہو جاتی ہے۔ براہ کرم اس مسئلے سے نجات کیلئے کوئی آسان سا حل بتا دیں۔ آگے گرمیاں آ رہی ہیں مجھے ابھی سے ڈر لگنا شروع ہو گیا ہے۔ (مدیحہ فاروق، لاہور)

مشورہ: عمدہ اصلی خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار چھ گرام صبح کھائیں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ٹھنڈی مراد اور خون صفاء کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے کھائیں۔ ایک ماہ بعد لکھیں۔

بچی نہیں بولتی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بچی جس کی عمر دو سال ہے لیکن ابھی تک بولنے نہیں لگی کبھی کبھی بڑی مشکل سے ''مما'' اور ''پاپا'' کہتی ہے۔ باقی سب اشاروں سے ہی بتاتی ہے۔ ہم بہت پریشان ہیں، کوئی آسان سا تیر بہدف نسخہ عنایت فرمائیں۔ (بابر سلیم، پیر محل)

مشورہ: بیٹی کو کہیں سے بطخ کے انڈے لا کر دو دن چھوڑ کر ایک کھلائیں۔ اگر سخت گرمی کا موسم ہے تو ہفتے میں ایک انڈہ کھلائیں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی ''ستر شفائیں'' کالی مرچ کے برابر دن میں پانچ مرتبہ استعمال کروائیں۔ انشاء اللہ، اللہ کرم کرے گا۔

مسائل ہی مسائل: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دانتوں کو کیڑا لگا ہے اور سارے دانت اندر سے ختم ہو چکے ہیں، اب اوپر سے تھوڑے تھوڑے کر کے ٹوٹ رہے ہیں، علاج بہت کیے ہیں مگر فرق نہیں پڑا۔ میری نظر بہت کمزور ہیں، آنکھوں میں ہر وقت درد اور سرخ رہتی ہیں۔ معدہ بہت خراب ہے، ہر وقت سو بخار رہتا ہے، دوائی کھا بھی لوں تو کوئی فرق نہیں پڑتا، دل ہر وقت گھبراتا رہتا ہے۔ غصہ بہت آتا ہے۔ برداشت بالکل ختم ہو گئی ہے۔ ہڈیوں میں درد رہتا ہے، لیکوریا کا بھی بہت مسئلہ ہے۔ (پوشیدہ)

مشورہ: آپ اپنی غذا کی طرف بھرپور توجہ دیں، دودھ اور دودھ سے بنی ہوئی اشیاء کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ معدہ کے امراض کیلئے عبقری دواخانہ کا ''اصلاح معدہ و جگر پیکیج'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ آنکھوں میں دن میں پانچ سے سات مرتبہ عرق گلاب تین تین ڈراپ ڈراپر سے ڈالیں۔ صبح کی سیر لازمی کریں۔ لیکوریا کیلئے یہ نسخہ استعمال کریں **ھوالشافی:** مازو، رال سفید، پھٹکڑی بریاں ہموزن کوٹ پیس کر آدھا چھوٹا چمچ دودھ کے ہمراہ صبح و شام مستقل کچھ عرصہ استعمال کریں۔ مصالحہ دار، گرم اور تلی ہوئی چیزوں سے مستقل پرہیز کریں۔

الرجی، ناک بند، چھینکیں، نزلہ زکام: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو ہر طرح کے مصائب اور تکالیف سے محفوظ فرمائے۔ گزارش ہے کہ مجھے پندرہ سال سے بیماری ہے کہ ناک بند رہتا ہے، چھینکیں آتی ہیں اور شدید قسم کا نزلہ زکام رہتا ہے اور سونگھنے کی حس بھی ختم ہو جاتی ہے۔ ڈاکٹر صاحبان اس کو الرجی کہتے ہیں اس الرجی کی وجہ سے ناک کے غدود بڑھ جاتے ہیں جس کی وجہ سے ناک بند رہتا ہے، بہت علاج کروا چکا ہوں کوئی آرام نہیں آتا ہے، براہ مہربانی مجھے کوئی نسخہ، ٹوٹکہ بتائیں، نوازش ہوگی۔ (محمد بوٹا، چونیاں)

مشورہ: محترم آپ اطریفل اسطخدوس ایک چمچ چائے والا۔ اور کلونجی پاؤڈر ایک چوتھائی چمچہ۔ دونوں آپس میں ملا کر کھا لیں یا ایک گرم پانی کے کپ میں گھول کر صبح و شام پی لیں۔ اگر مرض زیادہ ہو تو اسے دن میں تین بار بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ انجیر سات عدد روزانہ صبح و شام استعمال کریں اور یہ بھی کم از کم تین ماہ استعمال کریں اور پرہیز کی سختی سے پابندی کریں۔ اس کے علاوہ رات سوتے وقت خالص دیسی گھی ڈراپر میں ڈال کر حسب برداشت گرم کر کے ایک ایک قطرہ ناک کے دونوں طرف ڈال کر دماغ کی طرف کھینچیں۔ الرجی کیلئے بارہا کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔

کہیں آپ پر جادو تو نہیں: اگر کبھی محسوس کریں کہ آپ پر سفلی علم ہونے والا ہے تو اسم یَامُمِیْتُ کو سات روز تک سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں اور پانی پر پھونک کر خود پئیں یا جادو سے متاثرہ شخص کو پلائیں۔

قسط نمبر 16

میری زندگی کیسے بدلی؟

روتا تسبیح خانہ آیا اور خوشیوں کی گٹھڑی مل گئی

قارئین! حضرت جی! کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں‘ انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں‘ آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں‘ روز سنیں‘ آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں‘ کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں قارئین عبقری کو آج یہ بتانا چاہتا ہوں کہ تسبیح خانہ نے میری زندگی کیسے بدل ڈالی؟ میں کیا تھا اور اب میرے اللہ نے مجھے کیا بنا دیا اور وسیلہ تسبیح خانہ کو بنایا۔ قارئین عبقری! میں ایک لڑکی کے عشق میں مبتلا ہوگیا تھا۔ میں اس کے عشق میں کیسے گرفتار ہوا؟ اس کی تفصیل میں یہاں بتانا ضروری نہیں سمجھتا۔ عشق میں گرفتار ہونے کے بعد میری کیا حالت ہوئی اور میں کیسے حالات کا شکار ہوگیا تھا وہ بتا رہا ہوں اور اس دنیاوی عشق نے مجھے عشق حقیقی سے ملا دیا۔ قارئین! میری حالت بہت زیادہ خراب ہوگئی تھی‘ مجھے اس کی یاد بہت ستاتی تھی اور میں اس کو حاصل کرنے کیلئے کچھ بھی کرنے کو تیار تھا اور میں نے کوئی ایسی دعا نہ مانگی ہوگی جس میں میں نے اپنے رب سے اس کو نہ مانگا ہوگا۔ پانچ وقت نماز کی پابندی کرتا تھا اور ہر نماز میں اس کو حاصل کرنے کی دعائیں اور التجائیں کرتا تھا۔ میری حالت دیکھ کر ایک دوست مجھے ایک بابا جی کے پاس لے گیا‘ اس نے میرا سارا مسئلہ سننے کے بعد مجھے کچھ عمل بتائے جس میں اس نے اپنے ہاتھ سے لکھے ہوئے کاغذ کے ٹکڑے دو صبح اور دو شام کو جلانے کا کہا اور ایک کاغذ کے ٹکڑے کو مچھلی کے منہ میں رکھ کر کسی چوطرفہ راستہ پر مچھلی کو دفنانے کا کہا اور اس نے کہا یہ عمل اس کی (میری محبوبہ) شادی کو روکنے کیلئے اور باقی عمل اس کے دل میں میری محبت ڈالنے کیلئے ہے اور اس طرح میری شادی اس لڑکی کے ساتھ ہوجائے گی۔ الغرض جب میں اس بابا جی سے سارا عمل کا طریقہ سمجھ کر واپس آیا تو راستہ میں مجھے میرا ایک اور دوست ملا‘ اس نے مجھے شدید پریشان دیکھا تو مسئلہ پوچھا میں نے سب کچھ بتا دیا اور ساتھ یہ بھی بتایا کہ میں اس طرح ایک بابا جی کے پاس گیا تھا انہوں نے مجھے یہ چیزیں دی ہیں۔ چونکہ میں ہر طرف سے ناامید ہوچکا تھا انتہائی پریشان تھا‘ میرے دوست نے مجھ سے وہ تمام چیزیں لیں اور کہا کہ تم میرے ساتھ تسبیح خانہ چلنا‘ وہاں حضرت حکیم صاحب ہیں اگر ان سے ملاقات ہوگئی تو وہ تمہارا مسئلہ حل فرمادیں گے اور تمہاری اس لڑکی سے شادی ہوجائے گی۔ میں یہ سنتے ہی اس کے پیچھے پڑ گیا کہ مجھے آج ہی لے کر چلو‘ اس نے مجھے کہا کہ ان سے ملاقات سے پہلے وقت لینا پڑتا ہے‘ ایسے ان سے ملاقات نہیں ہوتی‘ اس نے مجھے بہت سمجھایا کہ بغیر ٹوکن کے وہ نہیں ملتے‘ مگر وہ میری حالت دیکھ اور میرے اصرار پر وہ مجھے حضرت حکیم صاحب سے ملاقات کیلئے بروز سوموار دفتر ماہنامہ عبقری لے آیا‘ میں وہاں اُن سے ملاقات کیلئے پانچ گھنٹے بیٹھا رہا جب شام کے سات بج گئے تو وہاں موجود لڑکے نے آکر بتایا کہ حضرت حکیم صاحب نے ملاقات سے انکار کردیا ہے‘ ابھی ملاقات نہیں ہوسکتی اگر ملاقات کرنی ہے تو پہلے فون پر وقت لیں پھر آئیں۔ مگر میں اس بات پر بضد تھا کہ میں نے حضرت حکیم صاحب سے ملاقات کرکے ہی جانا ہے۔ وہاں موجود خادموں نے مجھے بہت سمجھایا مگر میں نے کسی کی بات نہ سنی اور جب ساڑھے سات کا وقت ہوا تو میں بہت زیادہ رونے لگا اور اللہ سے عرض کی کہ اے اللہ! میرے مسئلہ کا حل نہیں نکل رہا‘ میں تیرا بندہ کے پاس اپنا مسئلہ لے کر آیا ہوں کہ شاید وہ میری رہنمائی فرمائے لیکن وہ بھی ملنے کو تیار نہیں‘ خیر ادھر میں بہت رویا اور پھر سات پینتالیس پر حضرت حکیم صاحب کلینک سے باہر نکلے تو میں باہر ہی کھڑا تھا میں نے آپ کو السلام علیکم کہا آپ نے میری طرف دیکھا اور کلینک سے باہر جانا چاہا میری ہمت نہیں ہورہی تھی کہ میں آپ کو روکوں خیر آپ نے مجھے بلایا اور آپ بہت شدید جلال میں تھے آپ نے مجھے کہا کہ اپنے دوست کو بتا دینا کہ تم زیادتی کررہے ہو‘ اور مرشد کو ایسے نہیں ستاتے۔ جب آپ نے یہ بات کہی تو میں نے آپ سے التجا کی کہ (ع) کا کوئی قصور نہیں ہے سارا قصور میرا ہے میں نے اس کو مجبور کیا تھا ادھر آنے کو‘ خیر میں بہت رونے لگا اور آپ چلے گئے اور میں واپس (ع) کے پاس آیا اور میں نے اس کو روک کر کہا کہ دوست مجھے معاف کردینا‘ میری وجہ سے حضرت حکیم صاحب آپ پر غصہ ہوئے ہیں‘ میں سارا راستہ روتا رہا اور اپنے کوارٹر تک پہنچنے تک روتا رہا۔ جب اپنے کمرے میں داخل ہوا تو مجھے (ایس) کا میسج آیا ’’آپ کیسے ہیں؟‘‘ میں بہت زیادہ ٹینشن میں تھا‘ عجیب کیفیت تھی میری‘ مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا میں کیا کررہا ہوں میں نے اس کو جواب دیا ’’میں تمہارے لیے مرچکا ہوں اور تم میرے لیے‘ خبردار مجھے کوئی کال یا کوئی میسج نہ کرے‘ نہ ہی اب میری طرف سے آئے گا اللہ حافظ‘‘ یہ لکھتے ہوئے اور لکھنے کے بعد میں بہت دیر تک روتا رہا اور خود کو بعد میں کوستا رہا یہ میں نے کیوں لکھا‘ میرے ہاتھوں نے میرا ساتھ کیسے دے دیا کہ میں جس سے اتنا عشق کرتا ہوں اس کو یہ الفاظ لکھوں‘ خیر میں بہت دیر تک بلک بلک کر روتا رہا‘ مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا کہ میرے ساتھ کیا ہورہا ہے‘ میرا دل بند ہورہا تھا اور میرے اوپر کوئی عجیب روحانی کیفیت تھی‘ خیر میں قریبی مسجد میں چلا گیا اور بس روئے جارہا تھا‘ مسجد سے رات گیارہ بجے واپس آیا اور بڑی مشکل سے اپنے بیڈ پر سونے کیلئے لیٹا نہ جانے کب نیند آئی۔ اس رات میں نے خواب دیکھا کہ حضرت حکیم صاحب ممبر پر بیٹھے اور (ع) اکیلا تسبیح خانہ لاہور میں موجود ہے اور اس کے بعد (ع) میرا دل نکال کر کہہ رہا ہے کہ یہ تمہارا دل ہے اس کو دھو دیا گیا ہے۔ پھر تہجد کے وقت میری آنکھ کھلی‘ اٹھ کر تہجد کی نماز ادا کی‘ پھر فجر کی نماز ادا کی‘ مسجد میں بیٹھے ہی میں نے اشراک اور چاشت بھی ادا کی۔ میری آنکھ سے آنسو تھے کہ تھمتے ہی نہ تھے۔ میں نے ارادہ کرلیا کہ اس جمعرات حضرت حکیم صاحب کا درس سننے تسبیح خانہ لاہور میں ضرور جاؤں گا‘ پھر میں جمعرات کو درس سننے تسبیح خانہ گیا‘ درس سنا اور اسی دن بیعت کی اور واپس آکر کوارٹر میں سوگیا اور اسی رات مجھے خواب میں پھر حضرت حکیم صاحب کی زیارت ہوئی‘ خواب یہ تھا کہ میں تسبیح خانہ سے ایک بہت بڑی گٹھڑی اٹھا کرلے جارہا ہوں‘ حکیم صاحب مجھے کہہ رہے ہیں کہ تم سب سے قیمتی گٹھڑی اٹھا کرلے جارہے ہو۔ پھر میں آپ کے ساتھ بیٹھ کر کھیر کھا رہا ہوں‘ میں حضرت حکیم صاحب کو بتا رہا تھا کہ میں اس بغیر ٹوکن کے آپ سے ملاقات کیلئے آیا تھا اور آپ جلال میں آگئے تھے آپ میری بات سن کر مسکرا دیتے ہیں۔ قارئین! جب سے میں نے تسبیح خانہ کا چکر لگایا ہے اور درس سنا ہے مجھے (ایس) کی بالکل یاد نہیں آتی اور میں اس کے بارے میں اب اگر سوچتا بھی ہوں تو خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ شاید اللہ نے مجھے بہت بڑی مصیبت سے بچالیا ہے۔ میری زندگی بہت زیادہ بدل گئی ہے‘ پانچ وقت کی نماز باجماعت ادا کرتا ہوں‘ اشراک، چاشت اور تہجد پڑھتا ہوں‘ تسبیحات پڑھتا ہوں۔ ہر جمعرات کو درس سنتا ہوں اور حلقہ کشف المحجوب میں بھی شامل ہوتا ہوں۔ حضرت حکیم صاحب کے درس اور آپ کی ڈانٹ نے میری زندگی ہی بدل ڈالی ہے۔ اس پر میں سب سے پہلے اپنے رب کا شکر ادا کرتا ہوں کہ جس نے مجھے گمراہی سے بچالیا اور مجھے گمراہی سے محفوظ رکھا اور اس کے بعد میں حضرت حکیم صاحب کا شکرادا کرتا ہوں۔ آپ کی نگاہ کرم سے میری زندگی میں نکھار (باقی صفحہ نمبر 26 پر)

قہقہہ دل کو مردہ کر دیتا ہے: حضرت خواجہ عبدالخالق غجدانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ قہقہہ مار کر کبھی نہ ہنسنا کیونکہ قہقہہ غفلت سے ہوتا ہے اور دل کو مردہ کر دیتا ہے

ڈاکٹرز سے مایوس ایک ماں کا خوشی بھرا خط

ام محمد مکی' کنڈیارو

وظیفہ نے کمال کر دکھایا' آپ بھی پڑھیں اور مایوسی کو بالکل بھول جائیں

ہر انسان کی زندگی میں کوئی نہ کوئی پریشانی ہوتی ہے کوئی کم تو کوئی زیادہ اگر خدا پر اور اس بات پر پورا یقین ہو کہ اللہ تعالیٰ ہماری اس پریشانی کو دور کرے گا تو یقین مانیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اپنے کرم سے اس کی پریشانی ختم کرتے ہیں۔ آج جو میں آپ کو بتانے والی ہوں اسے سن کر دکھ بھی ہوگا اور خوشی بھی۔ دکھ اس بات کا ہے جن معالجین کو ہم لوگ سب کچھ سمجھتے ہیں جیسے کہ ہر بیماری کا علاج ہی ان کے پاس ہے ہر مریض جو یہ سمجھتا ہے کہ اس کیلئے ڈاکٹر ہی سب کچھ ہے تو یہ ان کیلئے میرا پیغام ہے کہ جو مایوس ہو کسی بھی وجہ سے کسی بھی بیماری کی وج سے تو ان کیلئے حیرت انگیز وظیفہ ہے **حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ** اس وظیفہ کا مجھے میرے استاد صاحب نے بتایا استاد صاحب کو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت اور کرم سے نوازے میں حاملہ تھی شروع کے دن تھے' میں بہت بیمار ہوگئی تھی الٹیاں بند ہونے کا نام نہیں لے رہی تھیں۔ دو مہینے تک میری حالت بہت خراب رہی' مجھے کراچی لے جایا گیا تو وہاں ڈاکٹر نے کہا کہ اس بچے کا بچنا بہت مشکل ہے آپ اسے ضائع کروا دو۔ دوسرا مہینہ تھا مجھے کچھ ہوش نہیں تھا کہ میرے ساتھ کیا ہو رہا ہے ہر ڈاکٹر کو دکھا دیا اس وقت جس نے بھی مجھے دیکھا کہا کہ اس لڑکی کو بالکل ختم کر کے آپ ہمارے پاس لائے ہیں میری امی بہت پریشان ہوگئیں۔ ایک طرف میں اس حالت میں دوسری طرف میرے بچے کیلئے سب نے کہا کہ اسے ضائع کروادو۔ میں نے خدا سے رو رو کر اولاد مانگی تھی پھر میں وظیفہ پڑھتی' میری امی پڑھتی' اس طرح بہت پریشانی اور دکھی وقت گزر گیا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے اور میرے بچے کو ایک نئی زندگی دی۔ ایک مہینہ سکون اور خوشی کا گزار' میں چیک اپ کیلئے ڈاکٹر کے پاس گئی اس نے میرا الٹراساؤنڈ کیا اور مجھے کہا کہ میں تمہیں ایک بات کہوں پریشان مت ہونا میں نے کہا جی کہیں' کہاں کہ آپ بچے کے سر میں پانی ہے اور اگر یہ بڑھ گیا تو خطرہ ہے کہ بچہ صحیح نہیں ہوگا۔ آپ ایک مہینے بعد آنا پھر دیکھتے ہیں کم ہوا ہے یا نہیں اس کا کوئی علاج بھی نہیں میں حد سے زیادہ پریشان ہوگئی کسی بھی چیز میں دل نہیں لگ رہا تھا۔ میں کراچی گئی وہاں دکھایا تو وہاں کی بہت بڑی ڈاکٹر تھیں انہوں نے تو ایک نئی بات کی کہ دماغ میں ایک ہڈی چھوٹی ایک بڑی ہے' آپ ایک مہینے بعد آنا پھر بتائیں گے کیا کرنا ہے۔ اس پریشانی کے ساتھ میں نے بڑی مشکل سے ایک مہینہ گزارا اور پھر سے کراچی گئی' دوبارہ الٹرا ساؤنڈ کروایا۔ پھر ڈاکٹر نے کہا کہ آپ اس بچے کو ضائع کروا دیں یہ ٹھیک نہیں ہوگا۔ میں نے کہا نہیں میں کسی اور کو دکھاتی ہوں' وہاں میں نے کئی بڑی ڈاکٹروں کو دکھایا کسی نے کہا دل میں سوراخ ہے' کسی نے کہا دماغ میں پانی ہے' کسی نے کچھ کہا اور کسی نے کچھ کہا۔ مجھے ہسپتال میں ایڈمٹ کر لیا' میں بہت پریشان تھی میری امی بھی پریشان ہوگئیں۔ میں نے ڈاکٹر سے کہا مجھے ایک بار گھر جانا ہے میں کل آؤں گی' بہت مشکل سے میں گھر آئی' رو رو کر میرا برا حال ہوگیا کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ کیا کروں۔ میری کزن بھی ڈاکٹر ہیں میں نے ان سے پوچھا سب نے یہی بات کہی۔ میں بہت مایوس ہوگئی تھی سب گھر والوں نے مجھے سمجھایا کہ ڈاکٹر کہہ رہے ہیں مان لو مگر میں نے کہا نہیں ایک بار میں اپنی کوشش کرنا چاہتی ہوں۔ میں گھر آ گئی اور میں نے استاد صاحب سے پوچھا (مجھے جب بھی پریشانی ہوتی ہے میں اپنے استاد صاحب سے پوچھتی ہوں وہ مجھے بہت اچھا مشورہ دیتے ہیں اور بہت اچھا وظیفہ بتاتے ہیں) انہوں نے مجھے کہا آپ پریشان مت ہو دل سے اللہ پر یقین کر کے یہ وظیفہ **حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ** جتنا ہو سکے پڑھو۔ میں نے یہ وظیفہ پڑھا سوا لاکھ مرتبہ پڑھا' بہت دعا کی پھر کسی نے کہا حیدرآباد کی ایک بڑی ڈاکٹر ہے اسے دکھاؤ۔ میں وہاں گئی بہت مشکل سے اس کا ٹائم ملا انہوں نے میری رپورٹ دیکھیں اور میری امی اور میرے شوہر کو بلایا اور کہا آپ لوگ اس بات کو سمجھ لیں کہ یہ بچہ اگر پیدا بھی ہوگیا تب بھی یہ عام بچوں کی طرح نارمل نہیں ہوگا باقی آپ لوگوں کی مرضی ہے۔ آٹھواں مہینہ تھا میں بہت زیادہ پریشان ہوگئی پھر وہاں ایک اور ڈاکٹر کو دکھایا بہت زیادہ مشہور اور اچھی ڈاکٹر ہے۔ اس نے میری رپورٹ دیکھی اور ٹیبل پر میری فائل پھینکی اور کہا آپ کیا دکھانے آئی ہیں؟ آپ اپنے شوہر سے پوچھ لیں کہ کب آنا ہے' آجانا ہم بچہ ضائع کر دیں گے۔ ڈاکٹر کو امی نے کہا کہ ہم لوگ وظیفہ کر رہے ہیں دعا کریں گے سب ٹھیک ہو جائے گا تو وہ ہنسی اور کہا جو کمی ہے وہ رہے گی وہ ختم نہیں ہوگی چاہے کچھ بھی کر لیں۔ میں پھر سے سوچ میں پڑ گئی نہ بھوک لگتی تھی نہ نیند آتی تھی' دن رات دکھ اور (باقی صفحہ نمبر 19 پر)

قدرت کا نظام

مولانا وحید الدین خاں

اگر آپ اپنا کمرہ بند کر کے باہر چلے جائیں اور چند مہینہ کے بعد واپس آ کر اسے کھولیں تو ہر طرف اتنی گرد پڑی ہوئی ہوگی کہ جب تک آپ اسے صاف نہ کر لیں آپ اس کمرہ میں بیٹھنا پسند نہ کریں گے۔ تیز ہوا کے ساتھ جب گرد اٹھتی ہے تو آدمی سخت پریشان ہوتا ہے اور چاہتا ہے کہ کب یہ گرد کی آفت اس سے دور ہو جائے۔ لیکن گرد کیا ہے۔ یہ زمین کی اوپری سطح کی وہ ذرخیز مٹی ہے جس سے ہر قسم کی سبزیاں، پھل اور غلے پیدا ہوتے ہیں۔ اگر زمین کی سطح پر یہ مٹی نہ ہو تو زمین پر زندگی گزارنا آدمی کیلئے ناممکن ہو جائے۔ پھر یہی گرد ہے جو فضا میں کثافت پیدا کرتی ہے جس کی وجہ سے پانی کے بخارات بادل کی صورت اختیار کرتے ہیں اور بوند بوند کر کے زمین پر برستے ہیں۔ زمین کی اوپری فضا میں گرد نہ ہو تو بارش کا عمل ختم ہو جائے۔ سورج نکلنے اور ڈوبنے کے وقت جو رنگین شفق آسمان کے کناروں پر دکھائی دیتی ہے وہ بھی فضا میں اسی گرد کی موجودگی کی وجہ سے ہے۔ گرد ہمارے لیے ایک مفید مادہ بھی ہے اور ہماری دنیا کو خوش منظر بنانے کا ذریعہ بھی۔ یہ ایک سادہ سی مثال ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ دنیا کی زندگی میں کس طرح خدا نے ناخوشگوار چیزوں کے ساتھ خوشگوار چیزیں رکھ دی ہیں۔ جس طرح پھول کے ساتھ کانٹا ہوتا ہے اسی طرح زندگی میں پسندیدہ چیزوں کے ساتھ ناپسندیدہ چیزوں کا جوڑا بھی لگا ہوا ہے۔ اب جبکہ خود قدرت نے پھول اور کانٹے کو ایک ساتھ پیدا کیا ہے تو ہمارے لیے اس کے سوا چارہ نہیں کہ ہم اس کے ساتھ نباہ کی صورت پیدا کریں۔ موجودہ دنیا میں اس کے سوا کچھ اور ہوتا ممکن نہیں۔ دوسروں کی شکایت کرنا صرف اپنے وقت کو ضائع کرنا ہے۔ یہ دنیا اس ڈھنگ پر بنائی گئی ہے کہ یہاں لازماً شکایت کے مواقع آئیں گے۔ عقل مند آدمی کا کام یہ ہے کہ وہ اس کو بھول جائے۔ وہ شکایت کو نظر انداز کر کے اپنے مقصد کی طرف اپنا سفر جاری رکھے۔

(بقیہ: فلم سٹار ڈپریشن کا شکار کیوں ہو جاتے ہیں؟ جانیے!)

شخص یہ دعویٰ کرتا ہے کہ وہ کبھی اس مرض میں مبتلا نہیں ہوا تو یہ اس کی غلط بیانی ہوگی یا پھر اس کی زندگی کبھی ارتقاء کے ادوار سے نہیں گزری اور اس نے ابھی وہ دن نہیں دیکھے جو ایک انسان کو زندگی کی حقیقتوں سے روشناس کراتے ہیں۔ بہر حال اب یہ انسان کے اوپر ہے کہ خود کو بناوٹ کے اس جال سے نکالنے کی کس قدر صلاحیت رکھتا ہے' یہ حوصلہ مندانہ قدم جتنی جلد اٹھایا جائے گا ایک متوازن اور اچھا انسان بننے کیلئے اتنا ہی بہتر ہوگا۔ **متعدل رویہ اختیار کیجئے:** یہ بات یاد رکھیں کہ مکمل طور پر ذاتی خواہش کا اسیر ہو کر یا سو فیصد دوسروں کی خواہشات کے تابع رہ کر آپ کامیاب زندگی نہیں گزار سکتے اور نہ آپ ایک بہترین شخصیت کے حامل ہو سکتے ہیں۔ آپ کو ان دونوں رویوں کے درمیان ایک توازن پیدا کرنا ہے اس لئے آپ کو اعتدال کا راستہ اختیار کرنا پڑے گا' ہمیں امید ہے کہ یہ چند رہنما اصول اپنا کر آپ کافی حد تک ایک متوازن' پرسکون اور مطمئن زندگی گزار سکیں گے۔

گرمی اور حرارت کو ختم کرتا ہے: ٹماٹر کا استعمال موسم سرما کی نسبت موسم گرما میں زیادہ ہوتا ہے کیونکہ ٹماٹر کا استعمال گرمی اور حرارت کو ختم کر دیتا ہے‘ دوپہر کو سلاد میں ضرور ساتھ رکھیں۔

نکاح کے بعد قدرت کی طرف سے ملنے والی سعادتیں

بنت سید کبیر الدین

نکاح میں تاخیر کی وجہ سے جو بے راہ روی پھیل رہی ہے اور جو بے دینی کی فضا پھیل رہی ہے‘اس کو ختم کیا جاسکے‘ نکاح کو شریعت کے مطابق آسان بنا کر عام کرنے والوں کو اللہ اجر و برکت سے ضرور نوازے گا اور ایک مٹی ہوئی سنت یعنی نکاح کو آسان کرنے پر دنیا و آخرت کی بھلائیوں سے نوازے گا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رسالہ عبقری کا ہم پر قرض ہے کہ جب وہ ہماری اتنی قیمتی اور گراں قدر معلومات‘ وظائف اور اصلاح کا ذریعہ ہے تو ہم بھی اپنی ٹوٹی پھوٹی کوشش کریں گو کہ ہماری معلومات اور مطالعہ اتنا وسیع نہیں لیکن پھر بھی ادنیٰ سی کوشش کرنے کی سعادت حاصل کررہی ہوں۔ امید ہے اصلاح فرمائیں گے۔ شکریہ!۔ شادی ایک مقدس رشتہ ہے یہ نہ صرف سماجی اور معاشرتی تعلق ہے بلکہ ایک مذہبی فریضہ اور سنت رسول ﷺ بھی ہے بلکہ دین اسلام میں نکاح اور رشتہ ازدواج ایسا رشتہ ہے جس کے بغیر ایمان مکمل نہیں اور نکاح کو نصف ایمان کا درجہ قرار دیا گیا ہے۔ آدمی جتنا بھی متقی و پرہیزگار ہو نکاح کے بغیر اس کا ایمان نامکمل ہے ایک جگہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: جو نکاح سے اعراض کرے یعنی بغیر کسی وجہ کے شادی نہ کرے اس کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں‘ میرا طریقہ تو نکاح ہے‘‘۔ اللہ تعالیٰ نے مرد وزن کی طبیعتوں میں ایک دوسرے کیلئے کشش رکھی ہے اور اسی فطری تقاضے کو شادی کے ذریعے جائز قرار دیا ہے اور اس میں بلاوجہ تاخیر‘ اور کوتاہی‘ بے راہ روی‘ گمراہی اور گناہ کو دعوت دینا ہے آج کے اس پرفتن دور میں انٹرنیٹ‘ میڈیا اور کیبل جیسی لغویات نے اور زیادہ معاشرے میں مسائل پیدا کردیئے ہیں جن کی وجہ سے اور زیادہ بے راہ روی بڑھ رہی ہے۔ شادی کو مشکل سے مشکل تر بنادیا گیا ہے‘ بے شمار رسومات کی پابندی‘ ذات برادری کو ترجیح دینا‘ اپنے سے اونچے گھرانے کی تمنا کرنا‘ چاہے لڑکا ہو یا لڑکی۔ اگر لڑکے کی شادی کرنی ہے تو بھئی کافی جہیز آئے گا‘ گویا شادی کو کاروبار کا درجہ دے دیا گیا ہے اور بیٹی کیلئے اچھے گھرانے میں شادی کرنے کیلئے جہیز جمع کرتے کرتے اس کے بالوں میں سفیدی آجاتی ہے اور وہ شادی کے انتظار میں بوڑھی ہوجاتی ہے جبکہ ایک حدیث میں ہے کہ: جب لڑکی جوان ہوجائے اور مناسب رشتہ آجائے تو نکاح میں جلدی کرو‘ اس میں حکمت یہ ہے کہ خوامخواہ جوان لڑکی کو گھر میں بیٹھائے رکھنا بے راہ روی کا سبب بن سکتا ہے۔ اگر برادری میں کوئی مناسب رشتہ نہ ہو تو برادری سے باہر رشتہ کرنے میں عار یا شرم محسوس کرنا یا قباحت محسوس کرنا صحیح نہیں۔ بس برادری کو خوش کرنے کے چکر میں اولاد کی زندگی خراب نہیں کرنی چاہئے۔ ہمارے معاشرے میں بہت سے گھرانے ایسے ہیں جہاں نوجوان اولاد ایسے ہی بے نکاحی اور غیر فطری زندگی گزار رہے ہیں‘ ان کے بال تو سفید ہوگئے مگر برادری سے باہر ان کے والدین نے رشتہ نہ کیا‘ کیا یہ اولاد کے ساتھ خیرخواہی ہے؟ بلکہ ہمارے اسلامی معاشرے میں تو یہاں تک حکم ہے کہ بیوہ گان کا بھی نکاح کردو‘ کیونکہ بہت سی سعادتیں نکاح ہونے سے حاصل ہوجاتی ہیں مثلاً ایک بیوہ خاتون محرم نہ ہونے کی وجہ سے حج جیسی سعادت سے محروم تھی جب اس کا نکاح ہوا تو حرمین شریفین کی زیارت کو چلی گئی۔ نکاح کی فضیلت‘ اہمیت‘ افادیت اپنی جگہ مسلم ہے۔ اس لئے یہ فضیلت جلد حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ حدیث شریف کے مطابق سب سے کم خرچ والا نکاح سب سے زیادہ برکت والا ہوتا ہے۔ گنجائش اور حیثیت سے بڑھ کر خرچ کرنا بے جا رسومات اور خرافات کو اہمیت دینا غلط ہے ان سے بچ کر نکاح کرنا باعث برکت ہے۔ شریعت نے نکاح میں اتنی آسانیاں دی ہیں کہ آج کا معاشرہ اس کا تصور ہی نہیں کرسکتا ہم نے شریعت کی دی ہوئی سہولتوں سے فائدہ اٹھانے کے بجائے رسم و رواج کی پابندی‘ ذات برادری‘ جہیز جیسی لعنتیں شامل کرکے اپنے لئے مشکلات کھڑی کرلی ہیں۔ ورنہ تو شریعت کے مطابق بس دو گواہ ہوں ایجاب و قبول ہو اور لڑکے کی وسعت کے مطابق مہر مقرر کردیا جائے بس نکاح ہوگیا۔ مصنوعی تکلفات میں پڑ کر اس اہم اور نیک کام میں تاخیر کرنا بے راہ روی کا سبب بن سکتا ہے۔ ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوکر فقر (غربت) کی شکایت کی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: شادی کرلو۔ خود قرآن میں ہے: ترجمہ اگر فقر ہے تو شادی کسی برکت سے اللہ تعالیٰ غنا نصیب فرمادے گا۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ مال و جہیز خوب ملے گا بلکہ ذمہ داری کا احساس ہوجاتا ہے‘ آدمی کچھ کرنے لگتا ہے اور اللہ تعالیٰ برکت دے دیتے ہیں۔ رزق کیلئے پریشان نہیں ہونا چاہئے انسان اپنے مقدر کا کھاتا ہے۔ پڑھائی اور نوکری کو تاخیر کا ذریعہ نہ بنایا جائے۔ نکاح کے ذریعے بعض سعادتیں بھی حاصل ہوتی ہیں‘ نکاح کے ذریعے مرد و عورت باوقار بنتے ہیں۔ والدین کا ایک اہم فریضہ ادا ہوجاتا ہے فطری تقاضے فطری طریقے پر پورے ہوتے ہیں اور بدنگاہی سے بچنے کا بہترین علاج ہوجاتا ہے ایمان کی سلامتی اور بچاؤ کا بڑا ہی اہم ذریعہ ہے‘ امت محمدیہ ﷺ میں بڑھوتری کی سعادت نصیب ہوتی ہے‘ نیک اولاد صدقہ جاریہ بنتی ہے یہ تمام سعادتیں صرف نکاح جیسی عظیم نعمت کے ساتھ وابستہ ہیں انہیں بغیر اس سنت کی ادائیگی کے حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ لہٰذا امت کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ معاشرے میں نکاح سے متعلق بے اعتدالیوں اور برائیوں کو ختم کرنے کی کوشش کرے اور یہ اقدام معاشرتی طور پر اٹھایا جائے۔ مثلاً بے نکاح مرد و عورت اور ان کے والدین غیر شرعی مطالبات اور رسومات کو ترک کرکے نکاح کو نہایت آسان بنائیں تاکہ نکاح میں تاخیر کی وجہ سے جو بے راہ روی پھیل رہی ہے اور جو بے دینی کی فضا پھیل رہی ہے‘ اس کو ختم کیا جاسکے‘ نکاح کو شریعت کے مطابق آسان بنا کر عام کرنے والوں کو اللہ اجر و برکت سے ضرور نوازے گا اور ایک مٹی ہوئی سنت یعنی نکاح کو آسان کرنے پر دنیا و آخرت کی بھلائیوں سے نوازے گا۔ ایک ایسے ہی نکاح کا آنکھوں دیکھا حال پیش خدمت ہے۔ ہمارے سب سے عزیز اور چہیتے بھائی جو بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے والدہ کا انتقال ہوچکا تھا سب بہن بھائیوں کی شادی ہوچکی تھی‘ اب سب کو صرف ان کی فکر تھی کہ کسی طرح ان کا بھی گھر بس جائے‘ لیکن وہ شادی کرنے پر راضی ہی نہیں ہورہے تھے کہ شادی کے بعد انسان ذمہ داریوں میں پھنس جاتا ہے اور مجھے ابھی بہت سے (دین کیلئے) کام کرنے ہیں لیکن حضرت حکیم صاحب کے اصرار پر انتہائی سادگی سے نکاح ہوگیا اور یہ کام اتنی جلدی اتنی آسانی‘ سادگی اور سہولت سے ہوا کہ سب حیران رہ گئے۔ ایک مہینے کے اندر اندر بات چلی‘ تاریخ طے ہوئی اور نکاح ہوگیا۔ مسجد میں عصر کے بعد نکاح تھا‘ نہ کوئی مہندی‘ نہ مایوں‘ نہ بارات‘ بس نکاح کے بعد تین خواتین اور دو مرد جا کر دلہن کو برقعے میں گھر لے آئے‘ دلہن نے گھر آ کر وضو کیا‘ مغرب کی نماز ادا کی پھر گھر کی خواتین نے ہلکا سا تیار کردیا۔ دولہا نے حق مہر اسی دن ادا کردیا۔ صبح دوسرے دن دوپہر کو ولیمہ سادگی اور پروقار طریقے سے ہوا جس میں کسی قسم کی سلامی نہیں لی گئی‘ نہ ہی کسی قسم کا جہیز وغیرہ لیا گیا۔ حضرت حکیم صاحب بھی اس نکاح میں شریک ہوئے اور ان کے بیانات بھی ہوئے اور دعائیں و برکتیں بھی حاصل ہوئیں۔ اللہ پاک انہیں برکتوں‘ رحمتوں اور خوشیوں سے نوازے۔ آمین!۔ لہٰذا ہمیں نکاح کو آسان اور شادی کو سادگی سے کرنے کی کوشش کرنی چاہئے تاکہ بہت سے غریب اور شریف گھرانوں کے بچے اور بچیوں کے بھی گھر بس سکیں۔

خواتین کا مزاج اور حسن کو چار چاند لگانے والے زیورات

فاطمہ احمد

زیورات کی پسندیدگی اگر ہلکے پھلکے اور سادہ زیورات پر مشتمل ہو تو یہ قناعت پسند خواتین کی نشاندہی کرتے ہیں ایسی خواتین محتاط ہو کر ہر کام کرنے کی عادی ہوتی ہیں ان میں منصوبہ بندی کی صفت بھی پائی جاتی ہے۔ان کے نزدیک ظاہری چمک دمک اور دکھاوا بے معنی ہوتے ہیں۔

عورت کیلئے بناؤ سنگھار زندگی کا لازمی اور ضروری حصہ سمجھا جاتا ہے۔وہ نہ صرف میک اپ کے ذریعے اپنا حسن سنوارتی ہے بلکہ اس کی خوبصورتی بڑھانے کیلئے زیورات کا بھی استعمال کرتی ہے۔خواتین کے نزدیک حسن و خوبصورتی' آرائش وزیبائش دنیا کے ہر کام سے پہلے اور اہمیت کی حامل چیزیں ہیں۔اس مقصد کیلئے وہ اپنی روزمرہ زندگی کا زیادہ تر حصہ وقف کئے ہوئے ہیں۔یہ آرائش بالوں سے لے کر ہاتھوں اور پاؤں تک کی جاتی ہے' بالوں کی تراش خراش ان کے چہرے کے میک اپ سے مطابقت رکھتے ہوئے ناخنوں کی خوبصورتی میں اضافے کا باعث بنتی ہے اور اگر ان کے اس تمام عمل میں خوبصورت جیولری شامل کر دی جائے تو ان کی شخصیت کو چار چاند لگ جاتے ہیں۔خواتین کی اس حد تک گہری دلچسپی اور ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے دور جدید میں مختلف میک اپ اشیاء اور جیولری بازار میں عام دستیاب ہوتی ہے۔ہر ملک یا علاقے کی ثقافت اس کے باشندوں کے طرز زندگی اور روزمرہ استعمال کی اشیاء سے ظاہر ہوتی ہے۔پاکستان کے ہر صوبے میں رسم و رواج' خوبصورتی کے انداز اور نظریات مختلف ہوتے ہیں جو کہ خواتین کی زیبائش سے ظاہر ہوتے ہیں۔کہیں بہت بڑے بڑے جیولری کے سیٹ استعمال میں لائے جاتے ہیں تو کہیں چھوٹے چھوٹے قیمتی پتھروں کی جیولری کا استعمال عام ہے۔اسی لئے کہا جاتا ہے کہ ہر انسان کی شخصیت اس کے کردار اور کپڑوں سے ظاہر ہوتی ہے لیکن خواتین کے حوالے سے ایک نئی تحقیق سامنے آئی ہے جس میں خواتین کی اندرونی شخصی خوبصورتی کو اجاگر کیا ہے۔یہ تحقیق جیولری کے انتخاب پر مشتمل ہے' اس تحقیق میں بہت سی ایسی خواتین کا جائزہ لیا گیا ہے جو مختلف اقسام کی جیولری یا زیورات کے استعمال کا شوق رکھتی ہیں۔مختلف احساسات وجذبات سے لبریز' تصویر کائنات میں رنگ بکھیرنے والی صنف نازک کیلئے (زیور) بالی' جھمکا' کنگن' پائل اور چوڑیوں کے بغیر زندگی کا تصور ناممکن ہوتا ہے ان کے مطابق یہ چھوٹی چھوٹی چیزیں دراصل ان کی اندرونی کیفیات جذبات کی عکاسی ہوتی ہیں جن کے ذریعے وہ اپنا موقف یا نظریہ دوسروں تک پہنچاتی ہیں۔اگر دیکھا جائے تو واقعی یہ بات واضح ہو جائے گی کہ خواتین کی اصل شخصیت ان چند زیورات کے پیچھے پوشیدہ ہوتی ہے۔آپ جس انداز کے زیورات خریدنا اور پہننا پسند کرتی ہیں وہ آپ کے بارے میں دوسروں کو سب کچھ بتا دیتی ہیں۔**بھاری زیورات یا جیولری:** شاہانہ مزاج کی حامل خواتین بھاری بھرکم زیورات پہننا پسند کرتی ہیں۔ان کے نزدیک زندگی بھرپور انداز سے گزارنی چاہئے' اس قسم کی خواتین کو مطمئن کرنا آسان نہیں ہوتا یہ اعلیٰ ذوق رکھتی ہیں اور ہر چیز معیار کے مطابق چاہتی ہیں ان خواتین میں دکھاوا بھی پایا جاتا ہے۔**ہلکے اور سادہ زیورات:** زیورات کی پسندیدگی اگر ہلکے پھلکے اور سادہ زیورات پر مشتمل ہو تو یہ قناعت پسند خواتین کی نشاندہی کرتے ہیں ایسی خواتین محتاط ہو کر ہر کام کرنے کی عادی ہوتی ہیں ان میں منصوبہ بندی کی صفت بھی پائی جاتی ہے۔ان کے نزدیک ظاہری چمک دمک اور دکھاوا بے معنی ہوتے ہیں۔دوسرے لفظوں میں ایسی خواتین حقیقت پسند ہوتی ہیں۔**نفیس جیولری:** نفیس قسم کی جیولری پسند کرنے والی خواتین پراعتماد شخصیت کی مالک ہوتی ہیں۔ان کی کوشش ہوتی ہے کہ اپنی زندگی اپنے انداز سے گزار دی جائے دوسروں کی دخل اندازی ان کیلئے برداشت کرنا مشکل ہوتا ہے' ایسی خواتین اعتبار کے قابل ہوتی ہیں اور یہ بہت اچھی دوست ثابت ہوتی ہیں۔آرٹسٹک خیالات ان کی خوبی ہوتی ہے۔**مختلف رنگوں پر مشتمل:** ایسی جیولری جس میں مختلف رنگ شامل ہوں انہیں پسند کرنے والی خواتین دوغلی شخصیت کی حامل ہوتی ہیں۔وہ ہر چیز کیلئے دو علیحدہ نظریات رکھتی ہیں۔ایسی خواتین کنفیوژ رہتی ہیں اور دوسروں کی رائے لینا اپنا فرض سمجھتی ہیں۔

بھرپور رنگ اور نفاست: ایسی خواتین جو رنگ برنگی جیولری بدل بدل کر پہننا پسند کرتی ہیں تو یہ زندگی کو ہر رنگ اور ڈھنگ میں جینے کی علامت ہوتی ہے۔اس قسم کی خواتین ہر قسم کے حالات سے باآسانی نمٹ لیتی ہیں۔ان کے ہر کام میں نفاست پائی جاتی ہے۔مختلف خواتین کیلئے زیورات کی پسندیدگی بعض اوقات صرف ایک چیز تک محدود ہوتی ہے جیسے کچھ خواتین بالیاں پہننا پسند کرتی ہیں خواہ وہ بھاری ہوں یا ہلکی اسی طرح بعض خواتین صرف چوڑیاں پہننا پسند کرتی ہیں ذیل میں چند ایک چیزوں کی پسندیدگی کے حوالے سے آپ کی صفات کا ذکر کیا جا رہا ہے۔**بالیاں:** اگر آپ بالیوں کی شوقین ہیں تو آپ ہلہ گلہ کرنے والی اور شوخ مزاج کی حامل خاتون ہیں' زندگی کے ہر رنگ کو بھرپور انداز میں گزارنے کو ترجیح دیتی ہیں۔ایسی خواتین زیادہ دیر تک کسی سے ناراض نہیں رہ سکتی اور دل کی صاف ہوتی ہیں۔**چوڑیاں:** ہر وقت چوڑیاں پہنے رکھنا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ایسی خواتین بہت جلد دوسروں پر اعتماد کر لیتی ہیں جس کی وجہ سے انہیں نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔سادہ مزاجی کی بناء پر آپ کے دوست احباب آپ کو نادان تصور کرتے ہیں۔**جھمکا:** ایسی خواتین بارعب شخصیت کی حامل ہوتی ہیں اور شاہانہ انداز اپناتی ہیں۔

خطرناک بیماریاں اور حافظہ کیلئے تیر بہدف

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو ازلی بدبختی اور ازلی بدبخت دشمنوں سے بچائے رکھے۔ڈیرہ میں آپ کا درس ہوا' سننے کیلئے آیا' آپ کا درس سنا' تو واقعی آپ ایک صوفی باعمل کے روپ میں دکھائی دیئے۔اللہ آپ کو اپنے اعمال پر تادم زیست قائم رکھے۔میں اپنے کچھ مشاہدات اور اعمال تحریر کر رہا ہوں' میرا نام نہ لکھیے گا کیونکہ ریاکاری سے ڈرتا ہوں:۔

میرے تجربات میں ہے کہ بارش کے پانی پر سورۂ فاتحہ آیۃ الکرسی' چاروں قل' ہر ایک ستر ستر مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔میرا آزمودہ ہے۔عورتوں کی حیض کی خطرناک بیماریاں اور تیز ترین حافظہ کیلئے تیر بہدف ہے۔**سورۂ یٰسین کا کمال:** میرے والد صاحب وفات سے پہلے بیہوش ہو گئے تو میرے والد صاحب کی روح درج ذیل آیت کے ساتھ نکلی۔میں نے والد صاحب کے سرہانے بیٹھ کر سورۂ یٰسین پڑھنا شروع کر دی' جب میں سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پر پہنچا تو بار بار اسی کا تکرار کرنے لگا تو میرے والد کی روح آسانی سے پرواز کر گئی۔پھر میں نے سورۂ مکمل کی۔**صلوٰۃ التسبیح سے سکون:** عرصہ تیرہ سال سے اللہ کا فضل و کرم ہے کہ روزانہ صبح تہجد کے وقت صلوٰۃ التسبیح پڑھتا ہوں اور اس کا ثواب اپنے پیرومرشد' والدین' اپنی بیوی' اولاد' تمام امت محمد ﷺ انسان، جنات زندہ مردہ تمام' آسمان پر بسنے والی مخلوق' سمندر میں رہنے والی مخلوق' چرند پرند تمام کو ہدیہ کرتا ہوں۔اس عمل کی برکت سے میں ہمیشہ پرسکون رہتا ہوں کبھی پریشانی نہیں ہوئی۔(ب،مانک)

توبہ قبول نہیں ہوتی: حضرت خواجہ امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے: توبہ اس وقت تک قبول نہیں ہوتی جب تک اس کا اثر باطن میں محسوس نہ ہو۔

شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟ (قسط نمبر 2)

ناکامیوں کی اندھیری رات کا خاتمہ کامیابی کا سورج طلوع

کالا جادو، بندش، نظر بد، سفلی عمل اور گھریلو الجھنوں کا ڈسا شیخ الوظائف کی خدمت میں حاضر ہوا بغیر نذرانہ شکرانے کے روحانی علاج ہوا دکھ سے سکھ کا یہ سفر اس کی زبانی سنیے!

محترم شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ پر کروڑوں رحمتیں نچھاور فرمائے اور آپ کو دنیا اور آخرت کی ساری برکتیں، رحمتیں عطا فرمائے اور ادارہ عبقری قیامت تک جاری وساری رہے۔ حضرت ہمیں آپ کے پاس آئے ہوئے دوسال سے زیادہ کا عرصہ ہوگیا ہے ہم سب پر جادو کا مسئلہ تھا آپ نے سورۂ فاتحہ والا عمل جو جمعرات کو ستر مرتبہ جمعہ کو ساٹھ مرتبہ اور آخری دن بدھ کو دس مرتبہ پڑھنا ہے اور یہ وظیفہ **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ** یہ وظیفہ سارے گھر والوں نے کھلا پڑھنا تھا اور تہدیدی نامہ مبارک گھر میں لٹکانے کیلئے دیا تھا حضرت ہمیں ان سے بہت نفع ملا ہے ہماری بہت ساری مشکلات جھگڑے، بندشیں، جادو ختم اور میری طبیعت بہت ٹھیک ہوگئی ہے اب رمضان 2016ء میں دوبارہ چیک کروایا تو آپ نے فرمایا کہ ابھی چار ماہ وظیفہ اور پڑھیں آپ ٹھیک ہوجائیں گے۔ الحمدللہ آج میں یہ تحریر فخر سے لکھ رہا ہوں کہ اب ہمارے گھر سے جھگڑے تقریباً ختم ہوچکے ہیں اور گھر کا نظام بہت ہی بہتر ہوگیا ہے۔ (وجاہت حسین، چکوال)

شیخ الوظائف کیا ملے؟ خوشیوں کا خزانہ مل گیا

محترم حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! میرے پیارے شیخ الوظائف اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ پر، آپ کی نسلوں پر، آپ سے منسلک تمام دینی اور دنیاوی سلاسل پر ہمیشہ اپنا کرم وفضل رکھے اور تمام حاجات غیب کے خزانوں سے اللہ پورا فرمائے۔ آمین!۔ محترم شیخ الوظائف سچ میں تو میں ایک گنہگار انسان ہوں، مگر جب سے میری والدہ کا تعلق تسبیح خانہ سے جڑا اور تسبیح کی وجہ سے ہمارا تعلق آپ جیسی عظیم ہستی سے جڑا تب سے ہمارے حالات بے تحاشہ ٹھیک ہوئے۔ صبح وشام بدلنے لگے، ہروقت ناکامیوں میں گزرنے والی اندھیری رات کی مانند زندگی میں کامیابیوں کا سورج طلوع ہونے لگا اور اس سورج کی کرنیں وہ لوگ بھی محسوس کرنے لگے جو ہماری اندھیری رات کی سیاہی سے اپنے بچوں کو بھی دور رکھتے تھے۔ تعلیم کے میدان میں اللہ کے فضل اور آپ دامت برکاتہم کی دعاؤں سے وہ کامیابیاں ملی ہیں جو کہ میرا پورا خاندان جو کہ افسران کا خاندان کہلاتا ہے اس میں کسی کے پاس نہیں۔ نو سال سے پڑھائی میں وقفہ تھا، اس کے بعد اچانک سے معاملات سیدھے ہوگئے۔ غیب سے امداد ہوجاتی ہے۔ صرف آپ سے تعلق کے بعد۔ میوزک وغیرہ سے دل بھرنے لگا۔ چیزیں سمجھ آنے لگیں۔ نشے اور علتوں سے بھرپور زندگی میں قرار آنے لگا۔ آپ کی ذات سے ایک مشاہدہ بھی سامنے آیا کہ آپ نے جو چیز کہی مثلاً میں 14 سال سے نسوار کھا رہا تھا اور چھوڑنا چاہ رہا تھا اور نسوار بھی اتنی کہ پٹھان لوگ دیکھتے تو میرے ساتھ نسوار کھانے سے انکار کردیتے۔ میرے دن میں چھ سال سے لیکر دس پیکٹ بھی نسوار کے لگا کرتے تھے۔ میں نے کئی مرتبہ خود سے چھوڑنے کی کوشش کی لیکن ہر مرتبہ مقدار تو کم کی لیکن چھوڑ نہ پایا، میری والدہ میری وجہ سے حد درجہ پریشان رہتی تھیں۔ صرف ایک مرتبہ ہی آپ کی خدمت میں حاضر ہوکر میں نے اپنا مدعا آپ کو لکھ کردیا۔ دوسرے دن سے میں نے محسوس کیا کہ نسوار مجھ سے دور ہوچکی ہے اور اللہ کی مہربانی اور آپ کی شفقت سے تقریباً دوسال سے میں اس برائی سے محفوظ ہوں۔ اللہ مجھے ہمیشہ محفوظ رکھے۔ (آمین)۔ پہلے میں نوکریاں ڈھونڈتا تھا اور کم تعلیم کی وجہ سے ملتی نہیں تھیں، اب میں خود نوکریاں چھوڑتا ہوں صرف شیخ الوظائف کے تعلق کی وجہ سے۔ پہلے رشتہ دار مجھ سے ڈرتے تھے پیٹھ پیچھے کہتے تھے کہ ''ویلا پھرتا ہے، ہم سے جائیداد میں حصہ مانگے گا، نکما ہے'' اب وہی لوگ دوسروں کے سامنے تعریفیں کرتے ہیں جبکہ میرا ان سے کافی عرصہ سے تعلق بھی نہیں ہے۔ صرف شیخ الوظائف سے تعلق کی بدولت ہمیں دنیا کے علاوہ دین کا تعلق بھی عطا ہوا۔ کافی معاملات میں تمیز آنے لگی ہے۔ جہاں پہلے میں ہر معاملے میں اپنے گھر والوں کیلئے مسائل کا سبب تھا اب ان کی پریشانی تقریباً ختم ہوگئی ہے۔ آپ کی ذات کے حوالہ سے ایک اور مشاہدہ بھی میرے علم میں ہے (معذرت کیساتھ)۔ شروع میں 2010ء کے جنوری میں آپ نے والدہ کو سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھنے کو دیں، تب میں مری میں جاب کرتا تھا۔ آپ نے پورے گھر والوں کو پڑھنے کیلئے دیا۔ لیکن والدہ نے مجھے نہ بتایا پر بعد میں جب انہوں نے بتایا تو پتہ چلا کہ میں بھی ان دنوں سورۂ فلق اور ناس پڑھتا تھا مگر چونکہ پتہ نہ تھا، اس لیے وظیفہ کی نیت سے نہیں بس ویسے ہی پڑھتا تھا۔ بعد میں جب پتہ چلا تو مجھے خیال آیا کہ میں تو بس اللہ کیلئے پڑھتا تھا لیکن میں آج تک اس بات پر حیران ضرور ہوں کہ یہ سورتیں تو میں نے کبھی ایسے نہیں پڑھیں۔ ایک اور مشاہدہ یہ ہے کہ آپ نے سورۂ والضحیٰ ہم سب کو اچھی قسمت کیلئے پڑھنے کیلئے دی۔ سورۂ والضحیٰ صرف میری والدہ پڑھ رہی ہیں لیکن پتہ نہیں اس دن سے میں نے نمازوں اور تسبیحات اپنی اچھی قسمت کیلئے خود سے ہی دعا مانگنی شروع کردی۔ اس سے پہلے مجھے کبھی بھی یہ خیال نہ آیا تھا۔ ابھی بھی میں تو مسائل کا حل پوچھنے کیلئے خط لکھنے بیٹھا تھا مگر آپ دامت برکاتہم نے پچھلی ملاقات پر مشاہدات لکھنے کیلئے کہا میں تو اس دن سے سوچ رہا تھا کہ کیا لکھوں؟ مگر سمجھ نہ آیا۔ آج نامعلوم کیوں میرا قلم چل رہا ہے اور میں اپنے مشاہدات لکھ رہا ہوں۔ میں پورے یقین کے ساتھ کہہ رہا ہوں کہ یہ مشاہدات لکھنے کا کام بھی اللہ رب العزت مجھ سے غیب سے کروا رہا ہے۔ تسبیح خانہ لاہور میں اکثر درس کے دوران مجھے ایسا محسوس ہوا کہ میں آپ کے سامنے تو نہیں بیٹھا مگر جو سوالات میرے دل ودماغ میں ہیں آپ دامت برکاتہم ان کا اسی تسلسل سے جواب دے رہے ہیں۔ جس طرح وہ میرے اندر آتے ہیں اور یہ بہت مرتبہ ہوا ہے۔ میری والدہ کے بقول کہ حضرت شیخ الوظائف صاحب تو ہمارا پورا ذہن ودل کا ایکسرے کرلیتے ہیں۔ عبقری میں میری تحریر چھاپیے تو میرا نام نہ لکھیے گا۔ شکریہ! (پوشیدہ)

(بقیہ: ڈاکٹرز سے مایوس ایک ماں کا خوشی بھرا خط)

سوچ کہ میرا کیا ہوگا۔ میرے سسرال والوں نے اور میرے شوہر نے ہمت دی اور کہا تم اللہ پر یقین کرو اور بس دعا کرو۔ میں نے دوبارہ استاد صاحب سے بات کی تو انہوں نے کہا یہ وظیفہ پڑھتی رہو سب ٹھیک ہوجائے گا۔ میں نے اور اس نے واپس یہ وظیفہ پڑھوایا سوالاکھ پڑھ کر ہم لوگ نواب شاہ گئے وہاں دکھایا تو ڈاکٹر نے کہا سب کچھ بالکل ٹھیک ہے اور بچہ بھی ماشاء اللہ بالکل ٹھیک ہے۔ مجھے بے حد خوشی ہوئی یقین نہیں آرہا تھا کہ یہ سب ٹھیک ہوگیا پھر تسلی کیلئے ہم لوگ حیدرآباد گئے وہاں دکھایا تو ڈاکٹر نے رپورٹ دیکھی تو کہا یہ سب آپ کو کس نے کہا بچہ تو بالکل ٹھیک ہے اس میں تو کوئی بھی کمی نہیں ہے۔ ہم سب لوگ بہت خوش تھے، یہ سب کچھ وظیفہ کی برکت سے ہوا تھا اتنا بڑا کرشمہ کہ کسی کو یقین نہیں تھا کہ ایسا ہوگا۔ اگر اللہ تعالیٰ کی ذات پر یقین رکھ کر دل سے دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول کرتا ہے۔ ہم لوگ ڈاکٹروں کو پیسے بھی دیتے ہیں اور اتنے پریشان بھی ہوتے ہیں اور کچھ ملتا بھی نہیں۔ اگر اتنے پریشان ہوکر اللہ سے مانگیں تو کبھی مایوس نہیں ہوں گے، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میرا پیارا سا بیٹا ہوا اور ہم سب بہت خوش ہوئے۔ استاد صاحب نے اس کا نام ''محمد مکی'' رکھا، بہت ہی پیارا نام اور ماشاء اللہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے، بہت ہی عقلمند اور پیارا بچہ ہے، تین ماہ کا بچہ اللہ اللہ بولنے لگ گیا، یہ سب کچھ دعا اور وظیفہ سے ہوا ہے۔ بے شک اللہ کے کلام میں بہت برکت ہے۔ یہ سارا واقعہ بتانے کا صرف یہ مقصد تھا کہ ہر چیز اور ہر بیماری کا علاج اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے تو پھر ہم کیوں معمولی معمولی بات کیلئے معالجین کے پاس جاتے ہیں، بے شک علاج سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے مگر کچھ کوشش انسان کو بھی کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ قادر ہے، اپنی قدرت سے بڑی سے بڑی مشکل آسان کرتا ہے۔

جادو کے راستے بند! صرف آنکھ کان اور سر پر پھونک دیں

بندہ خدا، واہ کینٹ

بیرون ممالک کے تمام بھائیوں کیلئے بہت زبردست عمل ہے۔ اس پر ضرور عمل کریں۔ اس عمل کی بدولت سے ان پر جادو وغیرہ اثر نہیں کرے گا اس کے علاوہ کوئی غلیظ عمل بھی ان پر عمل نہیں کرے اور ان کی زندگی میں ٹھہراؤ اور سکون آجائے گا۔ عمل ضرور کریں

بیرون ممالک کام کرنے والے لوگ حسد اور نظر بد کا شکار ہوجاتے ہیں لوگ ان سے حسد کرنے لگ جاتے ہیں اور انہیں تنگ کرنے تکالیف پہنچانے کیلئے مختلف قسم کے غلیظ عمل کرنا شروع کردیتے ہیں۔ لوگوں کے ان غلیظ اعمال کی بدولت کئی لوگوں کا روزگار بھی چھوٹ جاتا ہے اور کئی لوگوں کی صحت خراب رہنے لگتی ہے ان کا کسی کام میں دل نہیں لگتا اور شدید بے چینی ہوتی ہے۔ بیرون ممالک کے تمام بھائیوں کیلئے بہت زبردست عمل ہے۔ اس پر ضرور عمل کریں۔ اس عمل کی بدولت سے ان پر جادو وغیرہ اثر نہیں کرے گا اس کے علاوہ کوئی غلیظ عمل بھی ان پر عمل نہیں کرے اور ان کی زندگی میں ٹھہراؤ اور سکون آجائے گا۔ عمل ضرور کریں اور ماہنامہ عبقری کے اس انمول وظیفہ کی برکت سے تمام غلیظ قسم کے اعمال سے نجات پائیں اور حضرت حکیم صاحب کی لمبی عمر کیلئے ضرور دعا کریں۔ عمل یہ ہے: سورۂ فلق سو مرتبہ، سورۂ ناس سو مرتبہ (دن میں کسی بھی وقت باوضو پڑھیں) اس کے علاوہ **منزل کا وظیفہ:** یہ ایک چھوٹی سی کتاب ہے جو کسی بھی کتب کی دکان سے آسانی سے مل جاتی ہے۔ اس کو ایک دفعہ صبح وشام پڑھ لیا کریں۔ **آیت قطب کا عجیب وغریب:** قرآن پاک کی ہر آیت ہی بڑی بابرکت اور باعث شفاء ہے لیکن آیت قطب ایک لمبی آیت ہے جس کے فوائد بے شمار ہیں۔ یہ آیت قطب سورۂ آل عمران پارہ 4 کی آیت نمبر 154 ہے۔ اختصار کے ساتھ اس کے فوائد مندرجہ ذیل ہیں:۔ اس آیت کا عامل بننے کیلئے ایک چلہ کرلیں، یعنی اکتالیس مرتبہ اکتالیس دن تک پڑھیں اس کے بعد تین مرتبہ صبح وشام معمول بنالیں۔ اس کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ گیارہ مرتبہ صبح وشام 160 دن تک پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ عمل مل آجائے گی۔ **جنات اور جادو کا توڑ:** اگر کسی انسان پر جن آجائے یا جادو کا اثر ہوجائے تو آیت قطب کو سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے دونوں کان، آنکھوں اور سر پر پھونک مار دیں۔ اس کی برکت سے وہ راستے بند ہوجائیں گے جن سے جن اور جادو اثر انداز ہوتے ہیں۔ **سر درد کیلئے:** جس شخص کے سر میں درد ہو تو سات مرتبہ آیت قطب پڑھ کر دم کریں ان شاء اللہ آرام آجائے گا۔ اگر سات دفعہ پڑھنے سے آرام نہ آئے تو طاق اعداد یعنی 11، 13، 15، 17، 19، 21 تک پڑھ کر دم کرتے رہیں اور مریض سے حال پوچھتے رہیں۔ ان شاء اللہ 21 دفعہ پڑھنے سے آرام آجائے گا۔ **پھوڑے پھنسیوں کیلئے:** ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں کیلئے پانچ دفعہ آیت قطب پڑھیں اور ہر بار پھونک مارتے رہیں اور آخر میں سات مرتبہ وَإِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ﴿الشعراء ۱۳۰﴾ پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ اس بیماری سے جان چھوٹ جائیگی۔ **جلدی امراض کیلئے:** ہر قسم کے جلدی امراض کیلئے یعنی خارش یا انفیکشن وغیرہ کیلئے بہت مفید ہے۔ سات دفعہ پڑھ کر متاثرہ حصے پر دم کردیں۔ ان شاء اللہ ضرور بہتری آئے گی۔ **بچوں کی بیماریوں کیلئے:** چھوٹے بچوں کا ڈر جانا، رونا، سوکھا پن، دودھ نہ پینا، سبق یاد نہ رہنا، نظر کا کمزور ہونا ان تمام امراض کیلئے آیت قطب ایک دفعہ روز شام کو سات روز تک درود ابراہیمی پڑھ کر بچے پر دم کردیا کریں۔ ان شاء اللہ ان تمام امراض سے جان چھوٹ جائے گی۔ **آدھے سر کا درد:** آدھے سر کے درد کیلئے 21 مرتبہ درج بالا آیت پڑھ کر اتنی ہی پھونکیں ماریں، ان شاء اللہ ایک ہی ہفتہ میں آرام آجائے گا۔ **مرگی:** ہر قسم کے مرگی کے دورے کیلئے صبح وشام 21،21 مرتبہ پڑھ کر دعا کریں اور مریض کے مکمل ٹھیک ہونے تک یہ عمل جاری رکھیں۔ اللہ کے فضل سے ضرور شفاء ہوجائے گی۔ **ہر قسم کے کینسر کیلئے:** کینسر کی کوئی بھی قسم ہو، 41 دن تک صبح وشام 41 دفعہ شام کو آیت قطب پڑھ کر دم کردیں، ان شاء اللہ پہلے ہی ہفتے سے فرق پڑنا شروع ہوجائے گا اور اس وقت تک یہ عمل جاری رکھیں جب تک مریض مکمل طور پر شفایاب نہیں ہوجاتا۔

آیئے! آنکھوں کے امراض سے نجات پالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس نظر کی حفاظت کیلئے ایک بڑا زبردست وظیفہ ہے، میں اپنے سارے ملنے جلنے والوں کو ضرور بتاتی ہوں، آج تک بے شمار لوگوں کی عینکیں اتر چکی ہیں علاوہ ازیں آنکھوں کی مزید کوئی تکلیف ساری عمر نہیں ہوسکتی چاہیں آپ جیسے مرضی کمپیوٹر اور انٹرنیٹ استعمال کرتے ہوں، یا وہ ڈاکٹر حضرات جو مستقل الٹرا ساؤنڈ مشین کا استعمال کرتے ہوں، وظیفہ بہت ہی چھوٹا ہے یقین شرط ہے۔ ہر فرض نماز کے بعد 41 مرتبہ یَا نُوْرُ پڑھ کر اپنے ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر پھونک ماریں اور اپنی آنکھوں کو لگالیں اور آنکھوں کی ہر تکلیف سے چھٹکارا پالیں، دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (صائمہ طارق، شرقپور شریف)

اسم اعظم کے روحانی دم سے روحانی و جسمانی مسائل ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کسی نے ہر ماہ تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم کے بارے میں بتایا تو میں بھی ان کے ساتھ مقررہ دن چل پڑا۔ میرا مسئلہ یہ تھا کہ میرے بازو میں ہر وقت درد رہتا تھا، ہر قسم کا علاج کروایا مگر آرام نہ آتا تھا۔ میں پہلی مرتبہ ہی دم میں شریک ہوا، آپ نے مجھے دم کیا بہت سکون ملا۔ میرے بازو میں شدید درد تھا وہ صرف چار دم میں شرکت کرنے سے بالکل ختم ہوگیا۔ میں تسبیح خانہ میں دم کے علاوہ آپ کے درس میں بھی شرکت کی۔ اسم اعظم کے روحانی دم کے علاوہ مجھے آپ کے درس سے بھی بہت زیادہ فائدہ ہو رہا ہے۔ میرے پاس بھینسیں ہیں اور میں انہیں چرانے کیلئے شہر سے دور ویران جگہ لے جاتا ہوں، ایک مرتبہ بھینسیں چراتے ہوئے ظہر کا وقت ہوا تو میں نے اپنے ساتھی سے اجازت لی اور نماز پڑھنے گیا، میں نے وضو کیا اور مسجد میں چلا گیا تو اکثر وہ مسجد ویران ہی رہتی ہے۔ میں نے آپ کے درس میں سنا تھا کہ اللہ نے نیک صالح جنات کی ڈیوٹیاں لگائی ہوتی ہیں جو ان مساجد کو آباد کرتے ہیں تو میں نے جاکر السلام علیکم جنات المسلمین کہا مجھے نظر تو کچھ نہیں آیا لیکن ایک خوشبو ایسی آئی جو زندگی نے آج تک نہیں سونگھی تھی اور حسب معمول جھاڑو دیا کیونکہ آپ کے درس میں سنا تھا کہ ویران مسجد میں جھاڑو دینے کے بہت فائدے ہیں پھر میں نے مسجد میں جھاڑو دیا اور جب سنتوں کے بعد فرض پڑھنے لگا تو پھر وہ ہی خوشبو آنے لگی۔ اسم اعظم کے روحانی دم میں ہر ماہ باقاعدگی سے شرکت کرتا ہوں، الحمدللہ! میری جسمانی مسائل کے ساتھ ساتھ میرے روحانی مسائل بھی حل ہو رہے ہیں، اللہ نے حرام سے بچایا ہوا ہے، ایک مرتبہ میرے دوست میرے لیے مالٹے لائے میں نے پوچھا کہاں سے لائے تو انہوں نے کہا کہ چوری کے ہیں، تو میں نے (باقی صفحہ نمبر 28 پر)

صرف اللہ کی محبت: جو شخص روزانہ ایک ہزار بار اسم یَاوَاحِدُ کی تلاوت کرے گا اس کے دل سے تمام مخلوق کی محبت نکل جائے گی اور اللہ کی محبت پیدا ہو جائے گی۔

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ 2۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ 3۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ 4۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ 5۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ 6۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ 7۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ 8۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

عطیہ یونس' ستیانہ۔ محمد آصف ہارون' کراچی۔ عدیلہ تیمور' چکوال۔ رابعہ سعید' ساہیوال۔ حاجرہ عمر' جہلم۔ ام کلثوم' لاہور۔ حلیمہ' لاہور۔ نسیم اختر' خانیوال۔ سیدہ رضیہ' کراچی۔ شیزہ' کراچی۔ محمد خالد' رحیم یارخان۔ محمد اشرف' کراچی۔ عثمان رشید' کوئٹہ۔ حفیظ اللہ' ٹوپی۔ نبیلہ شاہین' اٹک۔ سائرہ محمود' چکوال۔ فوزیہ شاہین' اٹک۔ بی بی انور سلطان' شہرائے سعداللہ۔ سمیرا شہباز' گوجرانوالہ۔ صائمہ جاوید' جوہر آباد۔ حنیفہ جان' لاہور۔ رشیدہ پروین' حیدرآباد۔ افشاں خانم' کراچی۔ صورت بی بی اعوان' لاہور۔ صبا زاہد' لاہور۔ نیک بخت' چکوال۔ سمیرا خان' ڈیرہ غازیخان۔ محمد طارق' لودھراں۔ رشید احمد' لودھراں۔ افشین عارف' حیدرآباد۔ طلعت جاوید' سنانواں۔ شبانہ کیانی' واہ کینٹ۔ عذرا اکبر' محمد اکبر' واہ کینٹ۔ محمد علی' راولپنڈی۔ شاہد' واہ کینٹ۔ صدف' کراچی۔ شوکت جمیل' کراچی۔ زاہد پرویز' کراچی۔ صغریٰ بی بی' منڈی بہاؤالدین۔ بشریٰ بیگم' گاؤں عاقی۔ رسول بخش جوکھیو' گڈاپ۔ ارشاد الحق' فتح جنگ۔ کنول عنبرین' اٹک۔ آسیہ گل' اخلاص۔ مبین جاوید' بھرپور۔ ارسلان' رحیم یار خان۔ رشید احمد' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ بشریٰ' لاہور۔ نثار رشید' میاں چنوں۔ ساجدہ' کراچی۔ ندیم احمد' ٹنڈو آدم۔ ملک منیب الرحمٰن' تلہ گنگ۔ صائمہ نورین' جھنگ۔ عنایت اللہ' دیر لوئر۔ اقراء اسلام' حاصل پور۔ طیب علی' لاہور۔ کبریٰ بی بی' ملک وال۔ محمد عامر مبین' پتوکی۔ ساجدہ پروین' لاہور۔ فضیلت جبین' گجرات۔ ضیاالحق' کراچی۔ رفعت انجم' راولپنڈی۔ شگفتہ' سرگودھا۔ عظمیٰ شاہین' لاہور۔ ثمینہ نورین' بھیرہ۔ اسد اللہ' کنڈیارو۔ عبدالوحید اعوان' اسلام آباد۔ آصف وہاب' کراچی۔ کومل' لاہور۔ محمد اکرم نواز' لاہور۔ زار علی' لاہور۔ لقمان اکرم' منڈی بہاؤالدین۔ محمد شفیع خان' آزاد کشمیر۔ فہمینہ تاج بھٹی' جہانیاں منڈی۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ پر پہنچے تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو نا وضو' پاک ناپاک۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

ام فروا' گجرات۔ رضیہ شیبا کنول' سکھر۔ احمد بلال انور' لاہور۔ شکیلہ' خانپور۔ رضوان علی' پتوکی۔ محمد حسن' ہری پور۔ رؤف احمد' غزالہ رؤف۔ راولپنڈی۔ محمد رحمان احسن' ملتان۔ ملک عاصم' راولپنڈی۔ شکیل احمد' راولپنڈی۔ نیر سلطانہ' گوجرخان۔ سائرہ ریاض' کرک۔ فوزیہ تبسم' لاہور۔ قدسیہ بانو' لاہور۔ فوزیہ فخر' لاہور۔ نورین بیگم' راولپنڈی۔ سیدہ غزالہ جبیں' رحیم یار خان۔ سید معظم علی' رحیم یار خان۔ مشتاق احمد چشتی' فیصل آباد۔ محمد وقاص' میاں چنوں۔ محمد شریف' چکوال۔ احسان اللہ' چنیوٹ۔ صدام حسین' چنیوٹ۔ عرفان علی' صادق آباد۔ الطاف' کراچی۔ رفعت یاسمین' فیصل آباد۔ عثمان ارشاد' فیصل آباد۔ امان ارشاد' فیصل آباد۔ روبینہ کوثر' خان پور کٹورہ۔ تسنیم' فیصل آباد۔ عامر' پشاور۔ مقصود حسین' لاہور۔ مہر شہزاد' سیالکوٹ۔ غلام علی' امرہ کلاں۔ زاہدہ مسعود' گوجرانوالہ۔ عمر طارق' ڈھنوڑ۔ ثناء عرفان' لاہور۔ صائمہ نثار' راولپنڈی۔ سونیا فہد' اسلام آباد۔ اقرا کاظمی' حویلیاں۔ رضوان احمد' مانسہرہ۔ ثمرہ خان' میرپور خاص۔ مہرالنساء' پتوکی۔ عاصمہ' کامونکی۔ نسرین' کراچی۔ ایمن' حیدرآباد۔ جہانزیب' راولپنڈی۔ نیلمہ افضل' اٹک۔ محمد سلیم اقبال' دیپالپور۔ رخسانہ مہر' مخدوم پور' خانیوال۔ محمد عبدالرحمٰن' لاہور۔ ثمرہ خان' میرپور خاص۔ روبینہ مرزا' ملتان۔ زیب النساء' لاہور۔ محمد سہیل' سلانوالی۔ انجم آرا' واہ کینٹ۔ شاکرہ' اٹک۔ سعدیہ بشیر' سیالکوٹ۔ سیدہ مریم مجتبیٰ بخاری' دیپال پور۔ سید اخلاق احمد' کراچی۔ عائشہ بی بی' ملتان۔ عابدہ بتول' فیصل آباد۔ شائلہ شمیم' کراچی۔ غلام مصطفیٰ' شاہ پور شہر سرگودھا۔ حرا امتیاز' گجرات۔ شاہد سلیم' قلعہ دیدار سنگھ۔ مسرت بانو' لاہور۔ عذرا بیگم' خان پور۔ شازیہ خان' راولپنڈی۔ عبدالخالق' کوہاٹ۔ عبدالباسط' کوہاٹ۔ محمد یحییٰ وقار' کوہاٹ۔ محمد بشیر احمد چشتی' جھنگ

آپ تمام درج ذیل وظیفہ کریں

یَاحَکِیْمُ یَاعَزِیْزُ یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ بکثرت یعنی روزانہ وضو' بے وضو' پاک' ناپاک' ہزاروں کی تعداد میں پڑھیں۔ ہزاروں کی تعداد سے کم نہ ہو۔ یہ عمل (کم از کم 90 دن) چند ہفتے' چند مہینے ضرور کریں۔ دوران عمل حسب توفیق صدقہ ضرور کریں۔

صدر۔ محمد ناصر محمود' ملتان۔ ارم عطاریہ' لاہور۔ شہلا ناصر عرف جویریہ' ملتان۔ محمد خرم انصاری' حیدرآباد۔ نازیہ رضوان' لاہور۔ سعدیہ علی' حسن ابدال۔ عظیم جمیل' کراچی۔ مسز حنا فہیم' کراچی۔ طارق یعقوب' کراچی۔ صداقت محمود' جہلم۔ ناہید اختر' گوجرخان۔ افتخار حسین' ملتان۔ ہاجرہ تسکین' سہگل آباد۔ محمد شاہد' کراچی۔ تابشہ سلیم' کراچی۔ فرحانہ غوث' تلہ گنگ۔ صائمہ شاہین' اٹک سٹی۔ غزالہ قادر' جنڈ ہنڈ سلطانی۔ شفقت شہزادی' گوجرخان۔ ثمن رزاق' لاہور۔ شبنم نورین' ٹانک۔ اقراء' ٹنڈو جام۔ نوشابہ عندلیب' چکوال۔ محمد شاہد' ٹنڈو جام۔ چمن زیب خان' راولپنڈی۔ شاہین خان' میرپور خاص۔ صغیر اختر خان' دھیر کوٹ۔ نعمان اقبال' چکوال۔ رباب حسین' ملتان۔ رباب حسین' ملتان۔ صائمہ رحمان' چارسدہ۔ نیاز احمد' شکرگڑھ۔ نگینہ سید' لاڑکانہ۔ وقار سلیم پاشا' گوجرانوالہ۔ محمد عمر' لاہور۔ محمد افضل خان چغتائی' باغ آزاد کشمیر۔ نمرہ تنویر' حافظ آباد۔ آنسہ' کراچی۔ محمد عمران' ظفروال۔ شفاعت بیگم' دینہ۔ سنیہ سرور' کوٹ ادو۔ حنیفہ ناز' ملکوال۔ لیاقت علی خان' نوشہرہ۔ آصف رشید' لاہور۔ عائشہ جمشید' لاہور۔ ح۔ ن' لاہور۔ محمد عرفان' کراچی۔ محمد عظیم' لاہور۔ محمد بلال پھوروی' کندیاں سانوالی۔ محمد شفیق' چوآسیدنشاہ۔ کوثر' ملتان۔ رائے محمد ضیاء اللہ خان' بڑانہ ضلع چنیوٹ۔ اسماء نوشین' وہاڑی۔ شبانہ نثار' پشاور۔ فاروق شریف' چیچہ وطنی۔ ملک تاج محمد' راجن پور۔ خورشیدہ' ڈی آئی خان۔ کرشمہ وقار قریشی' ڈی آئی خان۔ ڈاکٹر ضیاء الحسن' اسلام آباد۔ محمد رضوان قریشی' ڈی جی خان۔ عابدہ نور' ملتان۔ سنبل شہزادی' لاہور۔ آسیہ ناز' بستی عثمانوالہ۔ انعم سحر' سکھر۔ عبدالرؤف' کراچی۔ کنیز فاطمہ' کراچی۔ واجدہ مشرف' کراچی۔ محمد اسماعیل' رحیم یار خان۔ محمد الیاس' راولپنڈی۔ ماریہ وجیہا عظیمی' لاہور۔ تہمینہ' نوشہرہ کینٹ۔ رفاقت بیگم' راولپنڈی۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ پر پہنچے تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو نا وضو' پاک ناپاک۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

گوالے نے بتایا ٹوٹکہ! جانور صحتمند اور خوبصورت ہوگئے

فضل حسین، تلہ گنگ

قسط نمبر 10 — کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ کافی عرصہ سے بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ ویسے تو اس میں ہر مسئلہ کا حل موجود تھا مگر صرف ایک چیز کی کمی تھی اور وہ تھی جانوروں کے مسائل کا حل، الحمدللہ! عبقری نے ہماری دلی خواہش کو پورا کیا اور اس کمی کو بھی پورا کردیا۔ کیونکہ بہت سے کسان بھائیوں کو جانوروں کھیت کھلیان کے چھوٹے چھوٹے مسائل کا معلوم ہی نہیں تھا اور انہیں بہت بڑے بڑے نقصانات اٹھانے پڑتے ہیں۔ الحمدللہ! اس سلسلے سے کسان بھائیوں کو بہت فائدہ ہورہا ہے اور وہ اپنے چھوٹے چھوٹے مسائل خود ہی حل کرلیتے ہیں اور بڑے بڑے خرچہ جات سے بچ جاتے ہیں۔ میں آج اپنے کسان بھائیوں کیلئے دو مجرب ٹوٹکے لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یقیناً ان کی بدولت ان کے جانور موذی امراض سے محفوظ رہیں گے اور انہیں خوب فائدہ ہوگا۔ یہ دو عمل جانوروں کے دو موذی امراض سے نجات کیلئے ہے۔ پہلا مرض ہے گل گھوٹو:

گل گھوٹو: یہ مرض گائے اور بھینس کے دودھ پینے والے بچوں کو ہوتا ہے۔ جب یہ بیماری بچے کو شروع ہوجاتی ہے تو اس کی نشانی یہ ہے اُس کے منہ سے جھاگ بہنے لگتی ہے اور بھینس یا گائے کا بچہ ایک جگہ بیٹھ نہیں سکتا، کبھی اٹھتا ہے اور کبھی بیٹھتا ہے، اس حالت میں اگر جانوروں کے ڈاکٹر صاحب کو بلایا جائے تو ڈاکٹر صاحب صرف یہ حکم دیں گے کہ اب صرف بچے کو چھری پھیر دیں اور کوئی حل نہیں ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میں راولپنڈی میں سرکاری ملازم تھا اور بھینسیں بھی رکھی ہوئی تھیں ایک دن ایک گجر بھائی نے اس بیماری کا علاج بتایا کچھ وقت گزرنے کے بعد ایک دن میری بھینس کے بچے کو یہ بیماری ہوئی، میں نے درج ذیل ٹوٹکہ کیا اور میری بھینس کا بچہ تندرست ہوگیا۔ ٹوٹکہ یہ ہے:۔

ایک پاؤ چھوٹی لال مرچ (جسے پنجابی میں دھوُوڑی مرچ بھی کہتے ہیں) لیں۔ اس کے دو حصے کردیں، آدھ پاؤ مرچ، ایک کلو یا تھوڑا سا زیادہ پانی میں ڈال کر آگ پر رکھ دیں جب مرچ گل جائے تو لال مرچ کو پانی سے علیحدہ کرکے کوٹ کر یہ مرچ بچے کے منہ میں ڈال کر پانی والے پائپ یا لوٹے سے بچے کے منہ میں پانی ڈال دیں۔ خیال کریں، لال مرچ بچے کے پیٹ میں چلی جائے اور اس طرح جو باقی آدھ پاؤ لال مرچ ہے وہ بھی اسی طرح عمل کرکے بچے کے منہ میں ڈال دیں۔ یہ عمل مکمل ہوگیا ہے۔ انشاء اللہ تھوڑی دیر کے بعد بچے کی حالت درست ہونا شروع ہوجائے گی۔ اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے زندگی ہے تو بچہ تندرست ہوجائے گا۔ اس ٹوٹکہ سے بچے کے گلے کا چمڑا سخت ہوجائے گا اس سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ **پھیلہ:** یہ بیماری دودھ دینے والے جانور، گائے، بھینس، بکری کو ہوتی ہے۔ اس بیماری کا کوئی وقت نہیں ہے۔ پورے سال میں کسی وقت بھی ہوسکتی ہے۔ اس بیماری کی نشانی یہ ہے کہ جانور چارہ کھانا چھوڑ دیتا ہے، کمزور ہونا شروع ہوجاتا ہے اور دودھ بھی کم ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! اگر اس بیماری کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو جانور کی موت بھی واقع ہوجاتی ہے۔ میں اس بیماری کا دم تحریر کررہا ہوں یہ دم گیارہ مرتبہ پانی پر دم کرکے بیمار شدہ جانور کو وقفے وقفے سے پلائیں انشاء اللہ العزیز جانور تین یا چار دن میں تندرست ہوجائے گا۔ ضروری تاکید: جب درج ذیل دم پڑھنا ہے تو اس کے اول و آخر میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور درود شریف ہرگز ہرگز نہیں پڑھنا ہے۔ دم پنجابی میں ہے:۔

سَر چُھوڑاں۔ سریڑ چُھوڑاں۔ داتا پھل داتاری چُھوڑاں
کہناں پھل ڈُکھاں راچُھوڑاں۔ ایویں چُھوڑاں
جیویں ہری رام کی سُمندری چُھوڑاں گیارہ مرتبہ پانی دم کرنا ہے۔

کسان بھائیو! حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم، پوری ٹیم ماہنامہ عبقری اور میری صحت کیلئے دعا ضرور کرنا۔

قارئین! یہ عمل من وعن شائع ہوا' اس کی شرعی حیثیت ملحوظ رکھیں۔

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں، فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو، یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

کیا کوئی میرا مخلص دوست ہے؟

حکیم ضیاء الرحمٰن، ملتان

قسط نمبر 10

کیا کوئی میرا مخلص دوست ہے؟ آپ حیران ہوں گے کہ میں نے بچپن سے اور اچھے زمانے میں یہ فقرہ اپنے دادا جان حکیم ضیاء الدین رحمۃ اللہ علیہ اور اپنے والد گرامی حکیم فیروز الدین اجملی رحمۃ اللہ علیہ سے سنا۔ قرآن پاک طب ونفسیات اور سپورٹس مین شپ ان کی زندگی تھی، اوڑھنا، بچھونا تھی اُس وقت ہمارا معاشرہ بانجھ، بے مزہ، بے وقعت نہیں ہوا تھا۔ ہر گھر میں مشینری کم سے کم تھی زیادہ سے زیادہ کھاتے پیتے گھرانے میں چھت والا پنکھا اور زیادہ امیر کے گھر میں پیڈسٹل فین ہوتا تھا۔ موبائل فون، ٹی وی، ویڈیو گیمز نہیں تھیں۔ یقین مانیے اس وقت مہنگائی، اوورک، تکان، تناؤ، ٹینشن، ڈیپریشن، بلڈ پریشر، شوگر، قلب، معدہ جگر، آنتوں کے مریض اس قدر نہیں تھے ان میں سے اکثر الفاظ سے قوم ناآشنا تھی۔ اس وقت میں نے اپنے بزرگوں کو اپنے احباب سے یہ فقرہ کہتے سنا کہ کیا تمہارا کوئی مخلص دوست ہے؟ میں نے بالکل بچپن میں ان کی کتابیں پڑھنا شروع کیں۔ میٹھے بول میں جادو ہے۔ ہنسی خوشی جینا سیکھئے۔ حکایات سعدی۔ حکایات رومی۔ گلستان، بوستان جیسے عنوانات سے مزین کتابوں کی گھٹی ملی۔ قارئین کرام! میرے باباجی کے دوست تھے عارف شاہ وارثی صاحب فرماتے دوست کا مطلب ہے دوسَت یعنی دو جو ہر دو نچوڑ، دوالکلائیڈ، جس کی بُری بھی بھلی لگے، دوست بے غرض، بے لوث، درمیان میں امیری غریبی کا فرق نہ ہو۔ امیر جھک کر دوستی میں اغراض و مقاصد لالچ پر مبنی نہ ہو صرف اللہ کیلئے تعلق ہو اور غیر مسلم سے انسانیت اور اخلاق کے ناطے تعلق ہو۔ تب ہی نبھتی ہے۔ بابرکت ہوتی ہے اس میں اللہ کی رحمت موجود ہوتی ہے۔ پیارے قارئین کرام تمہید کچھ لمبی ہوگئی۔ اس وقت نفسا نفسی، بے برکتی، بے اعتباری، بے اعتمادی کے جس دور سے ہم گزر رہے ہیں حقیقتاً معاشرہ برباد ہوچکا ہے۔ نہ ہماری دینی قدریں مضبوط ہیں نہ ہی دنیاوی خاندان اور رشتوں کو توڑ پھوڑ، مہنگائی نے ملنا جلنا، آنا جانا چھین لیا ہے۔ فون پر بھی غم خوشی بانٹتے سے ہم دور ہوگئے ہیں، ہر کاروباری سے دن بھر اسی حوالے کے لوگ ملتے ہیں جب غور کرے تو دوست شاید ایک بھی مشکل سے ہوتا ہوگا۔ میں اکثر احباب سے پوچھتا ہوں کیا تمہارا کوئی بے تکلف دوست ہے؟ (جاری ہے)

سانپ کا زہر ختم کرنے کیلئے: سانپ کے کاٹے مریض کیلئے ساگ بہترین غذا ہے‘ اس کا مسلسل استعمال زہر کم کرنے میں معاون ہے۔

آدھا چمچ کا ٹوٹکہ اور کیا کمال کے فوائد

چند ادویات ایسی ہیں جن کا اثر فوری ہوتا ہے اور اکثر ادویات ایسی ہیں کہ ان کا اثر دیر سے ہوتا ہے۔ مریضوں کو تین ماہ سے نو ماہ تک کورس مکمل کرنا پڑتا ہے مگر یہ حقیقت ہے کہ ’’دیسی ادویات‘‘ سے بفضلہٖ تعالیٰ بیماری جڑ سے اکھڑ جاتی ہے اور مریض کو شفا ملتی ہے۔

یہ ایک خاندانی نسخہ ہے اور اس کے فائدے بہت زیادہ ہیں اکثر قدیم حکماء ایسے خاندانی قیمتی نسخہ جات صرف اپنی نسل تک محدود رکھتے تھے‘ کسی اور کو نہیں بتاتے تھے جس کی وجہ سے اکثر قیمتی نسخہ جات حکیموں کے مرنے کے ساتھ ہی قبروں میں دفن ہوگئے۔ حکمت کا تعلق قرآن و حدیث سے ہے‘ حکمت میں چند ادویات ایسی ہیں جن کا اثر فوری ہوتا ہے اور اکثر ادویات ایسی ہیں کہ ان کا اثر دیر سے ہوتا ہے۔ مریضوں کو تین ماہ سے نو ماہ تک کورس مکمل کرنا پڑتا ہے مگر یہ حقیقت ہے کہ ’’دیسی ادویات‘‘ سے بفضلہٖ تعالیٰ بیماری جڑ سے اکھڑ جاتی ہے اور مریض کو شفا ملتی ہے۔ المختصر ہم اپنے مضمون کے عنوان کی طرف آتے ہیں۔ نسخہ ملاحظہ فرمائیں۔

1) ہرڑ جسے ہریڑ بھی کہتے ہیں۔ 2) چینی

دونوں ہم وزن لے کر سفوف تیار کرلیں‘ ہرڑ کی اندر والی گٹھلی استعمال نہیں کرنی۔ سفوف ایسا تیار کریں جیسے (پاؤڈر) ہوتا ہے۔ چھوٹے بچے 5 سال کی عمر سے لے کر 14 سال تک چوتھائی چمچ صبح و شام دودھ کے ساتھ کھائیں۔ 14 سال کی عمر سے لے کر 40 سال تک آدھا چمچ صبح و شام دودھ کے ساتھ کھائیں۔ 40 سال سے لے کر آخر تک ایک چمچ صبح و شام نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔ نوٹ! 5 سال سے نچلی عمر کے بچے یہ سفوف ہرگز استعمال نہ کریں۔

سفوف کے فائدے: ☆ نزلہ‘ زکام‘ رعشہ کو ختم کرتا ہے‘ کھانسی اور بلغم کو ختم کرتا ہے۔ ☆ دماغی کمزوری کو دور کرتا ہے‘ حافظہ قوی کرتا ہے۔ ☆ دانتوں کو مضبوط کرتا ہے مسوڑھوں سے خون آنا بند کرتا ہے۔ ☆ بطور منجن چینی کے بغیر سفوف استعمال کریں تو دانتوں کو صاف کرتا ہے۔ ☆ گھنٹیا‘ نقرس کے مریضوں کو فائدہ دیتا ہے۔ یعنی ہر قسم کی اعصابی دردوں‘ وجود کے کسی بھی حصہ میں درد ہو تو فائدہ دیتا ہے۔ ☆ نظر کو تیز کرتا ہے مسلسل استعمال کرنے سے عینک اتر جاتی ہے۔ ☆ سر درد کو ختم کرتا ہے۔ ☆ قبض کو دور کرتا ہے اور اگر جلاب لینا ہو تو چینی کے بغیر دو سے تین چمچ ہرڑ کا سفوف نیم گرم دودھ یا تازہ پانی سے استعمال کریں۔ اگر دست روکنے ہوں تو ایک چمچ یا آدھا چمچ سفوف استعمال کریں۔ ☆ مردانہ قوت میں اضافہ کرتا ہے۔ ☆ منہ کے اندر چھالوں کو ختم کرتا ہے‘ منہ کے باہر کیل مہاسے چھائیوں دانوں کو ختم کرتا ہے۔ ☆ چہرے کی رنگت کو نکھارتا ہے۔ ☆ لیکوریا‘ جریان و احتلام‘ بواسیر کیلئے مفید ہے۔ بواسیر کے مریض چینی کے بغیر ہرڑ کا سفوف کا جوشاندہ تیار کرکے رات کو سوتے وقت پاخانہ کی جگہ کو جوشاندہ کے پانی سے استنجا کرکے سوئیں۔ دو ہفتے مسلسل اسی طرح کریں اور یہ سفوف ساتھ ساتھ آدھا یا ایک چمچ عمر کے لحاظ سے کھائیں بے حد مفید ہے۔ ☆ گرمیوں میں جسم پر پھوڑے‘ پھنسیاں نکل آتی ہیں اور اکثر لوگوں کو جسم پر چھوٹے چھوٹے دانے نکلتے ہیں جن کے اندر پیپ ہوتی ہے جسے سرائیکی زبان میں (پت) کہتے ہیں۔ مسلسل یہ سفوف استعمال کریں گرمیوں میں پت پھوڑے نہیں نکلیں گے۔ ☆ مصفی خون ہے‘ خون صاف کرتا ہے۔ ☆ پیٹ کے درد کیلئے مفید ہے‘ ہچکی کو بند کرتا ہے۔ ☆ مثانہ کی کمزوری کو دور کرتا ہے‘ بار بار پیشاب آنے کو روکتا ہے‘ ہاتھ پاؤں اور گھٹنے کی ورم کیلئے مفید ہے۔ ☆ ہاتھ پاؤں جسم کے کسی حصے میں زخم ہوجائے تو سفوف کو جلا کر مکھن ملا کر (مرہم) تیار کرلیں رات کو سوتے وقت متاثرہ جگہ پر لگائیں اور صبح نماز کے بعد لگائیں زخم چند دنوں بعد ختم ہوجاتا ہے۔ ☆ ہاتھ پاؤں اور سینے کی جلن‘ معدے کی جلن‘ قے‘ کھٹی ڈکاریں‘ متلی کو روکتا ہے۔ محترم قارئین! یہ چند فوائد آپ کی خدمت میں پیش کردیے ہیں اس کے مزید فوائد آپ خود ملاحظہ فرمائیں گے۔ حقیقت میں یہ ایک معمولی قیمت کا نسخہ ہے مگر جو مریض بجائے مہنگی ادویات کھا کھا کر پریشان ہوں اور مرض بجائے ختم ہونے کے بڑھتا جارہا ہو وہ اللہ کا نام لے کر اس سفوف کو بلاخوف و خطر استعمال کریں۔ اس کا کوئی نقصان نہیں ہے‘ طریقہ استعمال عمر کے لحاظ سے مضمون کے شروع میں عرض کردیا ہے۔ فائدہ اٹھائیں اور بندہ کے علم و عمل اور خاتمہ ایمان کیلئے ہمیشہ دعاؤں میں یاد رکھیں۔ ان شاء اللہ مزید بھی ایسے کئی خاندانی نسخہ جات آپ کی خدمت میں پیش کرتا رہوں گا۔ **(محمد صادق‘ مظفرگڑھ)**

موٹاپا سے نجات کا آزمودہ غذائی چارٹ

محترم حضرت حکیم صاحب! میرے پاس ایک بہت آزمایا ہوا غذائی شیڈول ہے جو بہت دلچسپ‘ لذیذ اور پرجوش ہے جس پر عمل کرنے سے ایک ہفتہ میں 18 پونڈ وزن کم ہوجاتا ہے اور جسم میں کمزوری بالکل نہیں ہوتی کیونکہ اعلیٰ غذا کھانی ہے نہ کمزوری نہ سستی۔ بہت ہی موٹاپا ہو‘ بہت ہی فکرمند ہیں تو اب میں وہ شیڈول عرض کرتی ہوں۔ سب سے پہلے نیت ہے جو ہر کام کے شروع میں کرنا بہت ضروری ہے۔ کیونکہ نیت کا اثر عمل پر ہوتا ہے‘ نیت کے بعد خلوص بھی شرط ہے اس طرح ہم بھٹکنے سے بچ جاتے ہیں۔ اپنے بارے میں تو ہر انسان مخلص ہی ہوتا ہے اس لئے یہ غذا جلد اثر کرے گی۔ ایک سوپ تیار کرنا ہے جو غذا کے ساتھ پورا ہفتہ کھانا ہے یہ دبلا کرنے کا حیرت انگیز ٹانک ہے‘ جتنا زیادہ یہ سوپ استعمال کریں گے اتنا ہی لاجواب فائدہ ہوگا۔ ایک بڑا بند گوبھی کا پھول باریک کاٹ لیں‘ پانچ عدد گرین پیاز جو پتوں کی طرح ہوتے ہیں باریک کاٹ لیں‘ ایک دو تازہ ٹماٹر‘ دو سبز مرچ اور سلاد کے پتوں کی مکمل ایک گھٹی اور ایک عام درمیانہ پیاز سب کو بالکل باریک کاٹ کے نمک کالی مرچ ڈال کر دس منٹ پکائیں۔ سوپ تیار ہے‘ دو گلاس پانی میں پکائیں۔ **پہلا دن:** تمام پھل کھائیں جس مرضی پھل کو جتنا مرضی کھائیں اور سوپ مکمل پئیں۔ **دوسرا دن:** تمام سبزیاں‘ سوائے لوبیہ‘ مکئی‘ مٹر‘ سٹیم میں ہلکی نمک مرچ کے ساتھ اور سوپ زیادہ سے زیادہ رات کو ایک بڑا آلو بیک کرکے مکھن کے ساتھ کھائیں۔ **تیسرا دن:** تمام پھل‘ تمام سبزیاں سٹیم میں پکی ہوئی اور سوپ زیادہ سے زیادہ۔ **چوتھا دن:** کیلے کھائیں اور بلائی کے بغیر دودھ‘ جتنا چاہیں پئیں۔ **پانچواں دن:** ابلا ہوا نمک‘ کالی مرچ والا چکن یا بڑا گوشت یا فش ساتھ فریش ٹماٹر آٹھ دس گلاس پانی سوپ زیادہ سے پئیں۔ **چھٹا دن:** تین عدد گوشت یا چکن کی بوٹیاں اور سبز پتوں والی سبزیاں مچھلی کے تین پیس سٹیم میں پکے ہوئے بھی کھاسکتے ہیں۔ سبزیوں کے علاوہ سوپ جتنا کھاسکتے ہیں اس سے ہی پیٹ بھریں۔ **ساتواں دن:** تڑکے والے چاول اور سٹیم والی تمام سبزیاں‘ تمام فروٹ اور فریش جوس آج بھی سوپ زیادہ سے زیادہ کھائیں۔ نوٹ! اگر آپ اپنے ساتھ مخلص ہیں اور چیٹ نہیں کیا تو سترہ اٹھارہ پونڈ وزن سات دن میں کم کرچکے ہیں جو کہ پرہیز کے بغیر ممکن نہیں۔ **پرہیز:** روٹی‘ ڈبل روٹی‘ ہر قسم کی بوتلیں‘ ہر قسم کی میٹھی اشیاء اور ہر قسم کے فرائی کھانے بیکری۔ یہ غذائی شیڈول میری نند کے بیٹے نے انگلینڈ کے ڈاکٹروں سے لیا ہوا ہے جو انہوں نے موٹاپا کے مریضوں کیلئے تیار کیا ہے‘ بہت لوگوں نے آزمایا اور وزن میں بہت کمی ہوئی۔ عبقری کے قارئین یہ ٹوٹکہ ضرور آزمائیں اور پھر کمال دیکھیں۔ **(نجمہ عامر‘ گوجرانوالہ)**

چور، ڈاکو یا دشمن کا خوف ہوتو: اگر کسی چور، دشمن یا ڈاکو کا خوف ہوتو اسم یَاوَاحِدُ کو ایک سو مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ڈر ختم ہوجائے گا۔

بارش کا پانی صحت کا جانی

قسط نمبر 6

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں، آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

جتنی بھی نیک عبادات، دعائیں، صدقات اور خیرات ہیں یہ سب عرش پر جاتی ہیں، یہ عرش پر جاتے ہوئے آسمان کی وسعتوں اور بادلوں کو چھو کر جاتی ہیں۔ پھر انوکھی بات یہ ہے سائنس کہتی ہے کہ بادل سمندر سے پانی لیتے ہیں اور سمندر سے پانی لے کر ایک کیمیائی عمل ہوتا ہے اس کیمیائی عمل کی وجہ سے وہ نمی پانی کی شکل اختیار کرلیتی ہے اور رم جھم بارش موسلادھار شروع ہوجاتی ہے۔ قارئین! کبھی آپ نے سوچا سمندر میں رہنے والی مخلوق گنہگار نہیں، بدکار نہیں، سیاہ کار نہیں، فاسق و فاجر نہیں، ان کے اندر گناہ تو گناہ احساس گناہ نہیں، سمندر کی بستی میں گنہگاروں کا وجود نہیں، گناہ تو صرف انسان اور جن ہی کرتے ہیں، جس بستی میں گنہگار نہ رہتے ہوں وہ بستی نیک اور صالحین کی بستی ہوتی ہے وہاں کی ہر چیز میں برکت ہوتی ہے اور ہر چیز میں وسعت ہوتی ہے۔ میں کراچی میں کلینک کرتا تھا تو وہاں ایک ملاحوں کے بڑے سردار میرے پاس آتے تھے ایک دفعہ باتوں باتوں میں کہنے لگے کہ سمندر میں رزق ہی رزق ہے اور سمندر کے رزق میں انوکھی بات ہے برکت ہے، میں نے کئی بار سمندر کے رزق کو چھوڑ کر اور بہت سے کاروبار کیے لیکن پھر لوٹ کر سمندر کے رزق پر آیا، میں نے پوچھا کہ حاجی صاحب آپ کو علم ہے کہ سمندر کے رزق میں برکت کیوں ہے؟ برکت وہاں سے ہٹتی ہیں جب نیتیں خراب ہوں، خیانتیں ہوں، جب ناپ تول میں کمی ہو جب ایک دوسرے کے جھوٹ، دھوکہ اور دغا ہو جب جذبے ناپاک ہوں پھر اللہ برکتوں کو ہٹا دیتا ہے اور زمین و آسمان کی خیریں اس سے دور ہوجاتی ہیں۔ سمندر میں یہ سب کچھ نہیں ہے اس لیے سمندر کے رزق میں اللہ جل شانہٗ نے برکت رکھ دی ہے، یہی نمی بادل کی شکل اختیار کرکے جب میٹھے پانی کی شکل میں برستی ہے تو اس پانی میں بھی وہی برکات، وہی سچا پن، وہی کھرا پن، وہی خیانت سے پاک، جھوٹ سے پاک، دھوکہ سے پاک، دغا سے پاک دنیا ہے۔ جو اس پانی میں موجود ہوتی ہے۔ اس لیے جو بھی اس پانی کو پیتا ہے اسے صحت، شفاء اور خیریں ملتی ہیں۔ بالکل یہی انداز ہواؤں اور فضاؤں کا ہے، ہواؤں اور فضاؤں میں جو جانور اور مخلوق رہتی ہے وہ بھی دھوکہ، دغا، جھوٹ، فریب اور گناہوں سے پاک ہے، اب وہاں کی بھی برکات ساتھ پانی میں شامل ہوجاتی ہیں۔ پھر وہ پانی کیوں نہ شفاء ہو پھر اس پانی میں کیوں نہ خیریں، برکات، راحتیں، رحمتیں اور عافیتیں ہوں اور وہ پانی شفاء یابی اور تندرستی کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ جب سے میں نے بارش کے پانی پر مسلسل مضمون لکھنا شروع کیا ہے، میرے پاس اتنے بے شمار لوگوں کے تجربات مشاہدات اور واقعات آنا شروع ہوگئے ہیں کہ شاید میں ان کو بمشکل سمیٹ سکوں۔ ایک صاحب بتانے لگے: بارش کے پانی میں شفاء یابی کا مجھے پتہ اس وقت چلا جب مجھے ڈاکٹرز نے اپینڈکس کا آپریشن بتادیا، درد بہت زیادہ تھی، وقتی درد ختم کرنے والی دوائیں استعمال کرتے ہلکا افاقہ ہوجاتا لیکن پھر حالات ویسے کے ویسے، اچانک خیال آیا، کہیں سے اگر بارش کا پانی مل جائے اور میں بارش کا پانی استعمال کرلوں اور بارش کے پانی سے میں انشاء اللہ سو فیصد ٹھیک ہوجاؤں گا۔ میں نے ادھر ادھر تلاش کیا تو ایک جگہ مجھے ڈیڑھ بوتل بارش کے پانی کی مل گئی، میں اسے گھونٹ گھونٹ پیتا رہا اللہ شافی پڑھتا تھا اور جو مجھے ذکر تسبیحات قرآنی آیات مسنون دعائیں یاد تھیں وہ سب بھی ساتھ ساتھ پڑھتا رہا۔ بس سارا دن یہی گھونٹ گھونٹ پیتا رہا اور ذکر بھی ساتھ کرتا رہا، شام تک ستر فیصد میرا درد ختم ہوگیا لیکن پھر بھی میں نے درد ختم کرنے والی ادویات استعمال کیں، رات کو جب بھی نیند کھلتی پانی پی بھی لیتا اور دعائیں پڑھتا صرف دو دن کے اندر میرا درد ختم ہوگیا آج کتنے مہینے ہوگئے کہ میں درد سے بالکل مطمئن ہوں اور مجھے درد سو فیصد نہیں ہورہا۔ ایک اور صاحب نے اپنا مشاہدہ بتایا کہ میرے دل میں آیا کہ کیوں نہ بارش کا پانی زمزم کے پانی میں ملا کر ڈراپر میں ڈال کر آنکھوں میں ڈالوں اور اس بندے کو وہ مرض تھا جس کے بارے میں آنکھوں کے ڈاکٹرز نے قطعی فیصلہ دے دیا تھا کہ اس کا آپریشن ممکن نہیں کیونکہ ایک تو آپ کو شوگر ہے اور دوسرا آپ کا بلڈ پریشر بہت ہائی رہتا ہے اور تیسرا آپ کی آنکھ قابل نہیں کہ اس کا آپریشن ہو اور خطرہ یہ ہے کہ آپ کی دونوں آنکھیں جو آہستہ آہستہ اپنی نگاہ ختم کررہی ہیں، ایک وقت آئے گا آپ بالکل اندھے ہوجائیں گے اور یہ بات ایک حد تک درست بھی تھی کیونکہ ہمارے سابقہ خاندان میں بڑوں کے ساتھ یہی کچھ ہوا اور میں نے خود دیکھا بھی اور سنا بھی۔ اب یہ بات جب سنی تو میرے رونگٹے کھڑے ہوئے آخر کار دل میں اللہ نے یہ بات ڈالی کہ اگر میں بارش اور زم زم کا پانی ملا کر مسلسل اپنی آنکھوں میں ڈالوں تو شاید اللہ شفاء دے دے۔ بس میں نے ایک ڈراپر میں دونوں برابر مکس کرلیے اور ہر وقت ڈراپر جیب میں رکھا، ہر آدھے گھنٹے کے بعد آنکھوں میں ایک ایک قطرہ ڈال لیتا، جتنا آنکھ میں رہ جاتا، باقی گر جاتا، تین ہفتوں کے بعد مجھے احساس ہوا کہ ایک تو مرض بڑھنا ختم ہوگیا اور دوسرا میرا دھندلا پن کم ہوگیا، یہ احساس میرا اس وقت بہت زیادہ مضبوط ہوا جب میں نے مسلسل اس کو ڈالا تو صحت اور شفاء یابی کو میں نے حیرت انگیز طور پر آنکھوں سے دیکھا اور میرا نور مجھے واپس ملتا نظر آیا اور میری نظر تیزی سے شفاف ہوتی چلی گئی اور میں صحت اور تندرستی کی طرف رواں دواں بڑھتا گیا۔ اب تو میرا یقین اور بڑھ گیا اور میں بس فیصلہ کرچکا تھا کہ اس ڈراپر کو نہ چھوڑوں اس سے زیادہ خطرناک بات یہ تھی کہ یہ مرض میرے خاندان میں تھا میں نے اپنے خاندان کو بھی یہ بتانا شروع کردیا کچھ لوگوں نے تو میری بات پر توجہ نہ دی لیکن چند نے میری بات پر توجہ دی اور میں یہ دیکھ کر اور حیران ہوگیا کہ جس جس نے بھی یہ استعمال کیا اسے فائدہ اور نفع ہوا اور حیرت انگیز نفع ہوا اور نظر تیز ہوئی۔ عینک کا نمبر کم ہوا، دھندلا پن ختم ہوا، جو آنکھوں کے سامنے جالا آچکا تھا جس کا علاج نہ آپریشن کے ذریعے تھا نہ لیزر کے ذریعے وہ آہستہ آہستہ میں نے ختم ہوتا دیکھا اور پھر مجھے بارش اور زم زم کے مقدس اور مبارک پانیوں کے بارے میں احساس ہوا کہ اے کاش! اس سے پہلے ہمارے دل میں زم زم کے پانی کے بارے میں تو قدردانی تھی لیکن بارش کے پانی کو ہم نے کچھ بھی نہیں سمجھا تھا کہ اگر بارش کے پانی کو ہم اس سے پہلے قدر دے دیتے تو یقیناً کتنے ہمارے بے شمار مریض لاعلاج مرضوں میں مبتلا صحت یاب ہوجاتے۔

قارئین! آپ نے بارش کا پانی کسی بھی مقصد کیلئے آزمایا ہو اپنے تجربات مشاہدات ابھی لکھیں اور عبقری کو بھیجیں۔ (ایڈیٹر)

موکے ختم اور بچے مٹی نہ کھائیں

جسم کے اوپر کسی بھی حصے میں موکے نکل آتے ہیں، تکلیف دہ ہوتے ہیں اور آہستہ آہستہ پھیلتے چلے جاتے ہیں یا بعض اوقات نہیں پھیلتے لیکن برے لگتے ہیں آپ کے پاس کوئی طبی روحانی ٹوٹکہ ہو تو ہمیں ضرور مکمل مشاہدات تجربات اور واقعات کے ساتھ لکھیں۔ اسی طرح بچوں کو مٹی کھانے سے روکنے کیلئے اور انگوٹھا چوسنے سے روکنے کیلئے بھی اپنے مشاہدات تجربات ضرور تحریر کریں۔ (ایڈیٹر عبقری)

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج

جوابی لفافہ ضرور بھیجیں، مکمل پتہ لکھا ہوا۔ جواب میں جلدی نہ کریں۔

ناکامی کا خوف: انٹر میں داخلہ لینے کے بعد میں نے راتوں کو جاگ کر پڑھنا شروع کردیا۔ گھر والے مستقل مجھے احساس دلاتے کہ اگر میں نے اچھے نمبروں سے امتحان پاس نہ کیا تو میڈیکل کالج میں داخلہ نہیں ملے گا۔ میں بھی سوچتی کہ مستقبل تاریک نہیں کرنا' اب پڑھنا ہے۔ میں نیند بھگانے کیلئے چائے اور کافی کثرت سے استعمال کرتی' جیسے تیسے امتحان دے دیا۔ پاس بھی ہوگئی لیکن اتنے نمبر نہ آئے کہ داخلہ ہوجاتا۔ اب گھر والے شادی کا ذکر کررہے ہیں میں اس پر بالکل بھی تیار نہیں۔ عجیب قسم کا خوف ہے' ساری ساری رات جاگ کر گزارتی ہوں' گھبراہٹ ہوتی ہے' نیا گھر' نئے لوگ اور وہ اجنبی شخص جس کے ساتھ زندگی بھر کا ساتھ ہوگا پتا نہیں کیسا ہو؟ کہیں میری زندگی ناکام نہ ہوجائے' اس سے بہتر ہے میں خود کو ختم کرلوں۔ (ج۔ جگہ نامعلوم)

جواب: بے خوابی انسان کی ذہنی صحت پر اثر انداز ہوتی ہے' مسلسل جاگنے سے گھبراہٹ' پژمردگی کی کیفیت اور جلد مایوس ہوجانے کی عادت کے ساتھ چڑچڑاپن بھی پیدا ہوجاتا ہے۔ امتحان میں اچھے نمبر تو آگئے لیکن آپ نے داخلہ نہ ہونے کی وجہ سے خود کو ناکام سمجھ لیا۔ اب یہ خوف شادی کے حوالے سے بھی پیدا ہورہا ہے۔ اچھے نمبروں سے کامیابی زندگی اور موت کا مسئلہ نہیں اسی طرح شادی کے ناکام ہوجانے کا ڈر اتنا نہ ہو کہ خود کو ختم کرنے کا خیال غالب آجائے۔ مثبت سوچیں' اکثر لڑکیوں کو نئے لوگوں کے ساتھ ہی زندگی گزارنی پڑتی ہے' شادی شدہ ایسی لڑکیوں سے ملیں جو کامیاب اور خوشحال زندگی گزار رہی ہوں تاکہ خیالات میں مثبت تبدیلی آئے۔

شادی کیوں نہیں کی؟ میری شادی 35 سال کی عمر میں ہوئی' دس سال ہوگئے' اس وقت بیٹا 8 سال کا ہے' اس کو دیکھ کر سوچتا ہوں کہ میں نے 25 سال کی عمر میں شادی کیوں نہیں کی۔ بیٹا جوان ہوتا تو کتنا اچھا تھا' چھوٹے چھوٹے بچوں کو بڑی عمر تک کس طرح توجہ دے سکوں گا۔ یہ سوچ کر تھک جاتا ہوں' رشتہ دار اور دوست بھی اس بات کا احساس دلاتے ہیں' مایوسیاں بڑھتی جارہی ہیں۔ (محمد عمر' لاہور)

جواب: شادی دیر سے ہو یا جلدی' بچے سب کے بڑے ہوجاتے ہیں۔ عمر کی پروا نہ کریں بچوں کی تعلیم اور تربیت اچھی ہونی ضروری ہے' مثبت انداز میں سوچا کریں اور دوسروں کی بھی ایسی باتوں پر توجہ نہ دیں جو مایوسی کا شکار بنائیں بلکہ کسی سے ملتے ہوئے خوشی کا اظہار کریں۔ آپ کے مثبت رویے کا بچوں پر بھی اچھا اثر ہوگا۔ اگر مایوسی بڑھتی گئی تو بچے بھی بہت جلد مایوس ہونا سیکھ جائیں گے۔

بیٹی ہر وقت آئینہ دیکھتی رہتی ہے: میری بیٹی ہر وقت اپنا چہرہ آئینے میں دیکھتی رہتی ہے اور کہتی ہے کہ کبھی اس کو اپنی اصلی شکل نظر آتی ہے جو بہت خراب ہے اور بعض اوقات وہ ایسا چہرہ دیکھتی ہے جس کو خوبصورت کہا جاسکتا ہے۔ اس کو آئینے میں اپنا چہرہ مختلف انداز سے نظر آتا ہے' یہ ہماری اکلوتی بیٹی ہے جو کچھ وہ کہتی ہے میں پوری توجہ سے سنتی ہوں' مسئلہ یہ ہے کہ کسی گوری چٹی لڑکی کو دیکھ کر مرعوب ہوجاتی ہے اور کہتی ہے کہ میری جلد بدلوادیں' پھر ہم سب ہی اداس ہوجاتے ہیں کہ ہمارے پاس اتنی دولت نہیں۔ ایک روز میری بہن نے کہا کہ اس کے ساتھ تو نفسیاتی مسئلہ ہے اس پر ہم لوگوں کو بہت غصہ آیا کیونکہ ہم کبھی برداشت نہیں کرسکتے کہ ہماری بیٹی کو کوئی نفسیاتی مریضہ یا پاگل کہے کیونکہ وہ بہت اچھی باتیں کرتی ہے۔ پڑھنے میں ٹھیک ہے' دیکھنے میں اچھی نظر آتی ہے بس یہ آئینے میں چہرہ دیکھ کر پریشان ہونے والی بات سمجھ میں نہیں آرہی۔ (عائشہ' ملتان)

جواب: یہ آپ کی بیٹی کا ہی مسئلہ نہیں' اکثر لڑکیاں یہ سوچتی ہیں کہ وہ بہت لمبی ہیں یا چھوٹی یا موٹی یا ان کے بال اچھے نہیں' رنگ گورا نہیں' نقوش موٹے ہیں وغیرہ اہم یہ ہے کہ گھر کے دیگر لوگ خاص طور پر ماں اس رویے پر کیسا ردعمل کرتی ہیں۔ بیٹی آئینے میں چہرہ دیکھتی ہے تو آپ اس کے اس عمل کو نظر انداز کریں بلکہ اس کو کوئی مصروفیت دیں۔ جو لڑکیاں گھر کے کاموں' تعلیم یا جاب میں وقت گزارتی ہیں ان کے پاس اپنے بارے میں مستقل منفی سوچنے کا وقت نہیں رہتا بلکہ ذمہ داریوں کی ادائیگی سکون مہیا کرتی ہے۔

معدے میں تکلیف اور ٹیسیں: کئی ماہ سے میرے معدے میں تکلیف ہے کبھی درد اٹھتا ہے تو کبھی ٹیسیں۔ دوستوں نے سگریٹ پینے کا مشورہ دیا۔ اس سے چند روز فائدے کا احساس ہوا پھر وہی حالت ہوگئی۔ البتہ رات کو یہ تکلیف نہیں ہوتی' فون پر دوستوں سے اچھے موڈ میں باتیں کرتا ہوں' کوئی کہہ نہیں سکتا میں بیمار ہوں' صبح ہوتے ہی بستر پر کروٹیں بدل رہا ہوتا ہوں' کالج میں پڑھنے کی وجہ سے بڑی بہن کے گھر رہ رہا ہوں میں نہیں چاہتا کہ ان کو مجھ سے تکلیف پہنچے۔ (شرجیل خان' پشاور)

جواب: ماہرین کے مطابق مختلف قسم کے درد سے بچنے کیلئے زندگی بسر کرنے کے صحت مند طریقے اپنانے چاہئیں۔ نشہ آور اشیاء ادویات اور تیزابیت پیدا کرنے والی خوراک سے پرہیز کریں' ہر روز رات کو ایک مقررہ وقت تک بھرپور نیند لیں' اس کے علاوہ ورزش کو معمول بنالیں۔

وہ کسی لڑکی کو پسند کرتا ہے: میرے بیٹے کی عمر 18 سال ہے' پڑھنے میں ٹھیک ہے' پہلے بہت اچھا تھا' اس کے دوستوں نے بتایا ہے کہ وہ کسی لڑکی کو پسند کرنے لگا ہے' میں نے بھی محسوس کیا کہ اب وہ اکثر کھویا کھویا سا رہنے لگا' اردگرد کہیں بھی کوئی دلچسپی نہیں رہی' کوئی آئے کوئی جائے وہ اپنی ذات میں مگن رہتا ہے' موبائل فون پر مسلسل بات کرتا نظر آتا ہے۔ میں نے تو اسے اعلیٰ تعلیم دلوانی چاہی تھی' یہ سب کیا ہوگیا؟ میرا ایک ہی بیٹا ہے۔ (عفت کریم' لاہور)

جواب: ایسا عموماً ان لڑکوں کے ساتھ ہوتا ہے جو اپنے والدین سے زیادہ بے تکلف نہیں ہوتے' اپنے مسائل اور معاملات کو اپنے تک رکھتے ہیں یا پھر دوستوں میں زیر بحث لاتے ہیں' دوست بھی انہی کی عمروں کے ناتجربہ کار لڑکے غلط مشورے دے ڈالتے ہیں بیٹے سے نرمی اور ہمدردی کے ساتھ بات کرنے کی ضرورت ہے نوجوان لڑکے لڑکیوں میں افسردگی کی یہ علامت بہت عام ہے۔ اس کیفیت کو گفتگو سے بہتر بنایا جاسکتا ہے۔

ڈیپریشن کی ماری عبقری ویب سائٹ سے شفا پاگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ٹینشن اور ڈیپریشن کہ ماری ہوئی تھی' ہر جگہ سے علاج کروا کروا کر تھک ہار چکی تھی۔ عبقری کی ویب سائٹ کا وزٹ کیا تو مجھے درج ذیل ٹوٹکہ ملا' پڑھتے ہی دل کو لگا' اسی دن درج ذیل نسخہ منگوالیا اور جب آزمایا تو بہت ہی لاجواب پایا۔ میں یہی نسخہ استعمال کررہی ہوں مجھے اس سے بہت زیادہ فائدہ ہورہا ہے۔ میری طبیعت پہلے سے بہت بہتر ہوچکی ہے۔ نسخہ یہ ہے: **ھوالشافی:** خمیرہ گاؤزبان جواہر دار عنبری' جواہر مہرہ سفوف۔ خمیرہ گاؤزبان جوہر دار عنبری 100 گرام کی ایک ڈبی میں جواہر مہرہ سفوف ایک گرام مکس کرکے صبح وشام ایک چائے کا چمچ استعمال کریں۔ اس کے علاوہ نیند پوری لیتی ہوں' ہاضمہ کا علاج کروایا' ناک شفاء ڈراپر ناک میں ڈالتی ہوں جس سے اب میں بالکل فٹ رہتی ہوں۔ (بشریٰ یوسف' کراچی)

چہرے پر پھنسیوں اور گندے زخم: چہرے پر پھنسیوں اور گندے زخموں پر ... لگانے سے آرام ملتا ہے۔

فوزیہ مثل، بہاولپور

شوہر کے پاس اُڑ کر پہنچنے کا وظیفہ آگیا

... مقصد لکھیں اور ایک صاف کاغذ پر مقناطیس کی تصویر بنا کر رکھیں گی۔

... مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ... حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ کریں آپ ... اس کا ہدیہ اپنے شوہر کی روح ... اپنے پاک نام سے صدقے ... پڑھ کر بس ... گا۔

... کی حاجت کے لیے پڑھیے اور اس میں تو ... بھی نیت ... نمبر 3: چالیس دن تک استغفار پڑھیے 313 مرتبہ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ وَ اَتُوۡبُ اِلَیۡہِ ... پاک ... حاجت میں پڑھ ... سکتے ہیں۔ عمل نمبر 4: شیشے کا کھلے منہ والا پیالہ لے لیں پھر ... میں ... جیسے پانچ والا، دس والا سکہ ... نیت کے مطابق نوٹ ڈالیں جیسے ... والا پچاس ... ہیں ... والا (خیال رہے بعد میں یہ پیسے خیرات کرنے ہیں) پھر ان نوٹوں کے اوپر اپنے مقصد کی تصویر ... جیسے اگر آپ اپنے شوہر کے پاس جانا چاہتی ہیں ... ہیں تو آپ پہلے ہوائی جہاز کی تصویر رکھیں ... جس ملک میں جانا چاہتی ہیں اس ملک کے جھنڈے کی تصویر رکھیں گی اس کے اوپر پرچی پر اپنا مقصد لکھیں گی اور ایک صاف کاغذ پر مقناطیس کی تصویر بنا کر رکھیں گی۔ (نوٹ: ایک خالی پیپر لیں اس پر کچی پنسل سے ایک تصویر بنائیں اور چوکور یا گول اور تصور کریں کہ یہ مقناطیس ہے اور اس سے کشش مل رہی ہے) یہ تصویر سب سے آخر میں ڈالیں گی۔ اس پیالہ کو الماری یا بند جگہ نہیں رکھنا ... رکھیں کہ جہاں آتے جاتے آپ کی نظر پڑتی رہے اور روزانہ کے حساب سے اس میں کچھ پیسے خیرات کی نیت سے ... جب آپ کا مقصد پورا ہو جائے تو باؤل ... خیرات ... اور شکرانے کے نفل پڑھیں ان شاء ... جن لوگوں کی شادی نہیں ... کی شادی شدہ جوڑے کی تصویر ... ہیں ... اس میں ڈال دیں اور ... بعد خیرات کریں اگر شوہر ... نہیں آ رہا تو ...

نہیں ہے تو ... کی تصویر ڈال دیں اوپر مقصد لکھ کر مقناطیس کی تصویر بنا کر ڈال دیں۔ (نوٹ: ایک خالی پیپر لیں اس پر کچی پنسل سے ایک تصویر بنائیں اور چوکور یا گول اور تصور کریں کہ یہ مقناطیس ہے اور اس سے کشش مل رہی ہے)۔ تھوڑے تھوڑے پیسے اس کے اوپر خیرات کی نیت سے ڈالتے جائیں جب پیالہ بھر جائے تو اوپر سے اٹھا کر خیرات کر دیں اور مقصد پورا ہو جانے تک یہ کام کرتے رہیں جن لوگوں کو جائز پیسہ چاہیے وہ اس میں سونے کی یا پیسوں والی کوئی تصویر رکھ دیں۔ جو علم کے متلاشی ہیں، رزق کی تلاش میں ہیں، اچھی نوکری چاہتے ہیں، اچھا گھر، کاروبار وہ تمام اپنے اپنے مقصد کا تصور کر کے یہ عمل کر سکتے ہیں۔ باقی سب طریقہ وہی ہے۔ ساتھ ہی دعا اور محنت کو نہ چھوڑیئے گا۔ اپنے اللہ اور اس کے حبیب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کیجئے اس میں سب کی فلاح ہے۔ (نوٹ: تصویر والا عمل صرف جائز کام کیلئے کریں، ناجائز کسی غیر مرد یا غیر عورت کی تصویر ڈال کر سخت گنہگار نہ ہوں، مشاہدہ میں ہے جس جس نے ناجائز کیا اس کے ساتھ انتہائی عبرت ناک معاملہ ہوا۔ سختی سے منع ہے۔ اگر میری یہ تحریر پڑھ کر کسی کا اجڑا گھر بس جائے تو وہ میرے لیے اور پوری امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مغفرت کیلئے ضرور دعا کریں۔ قارئین! اس روحانی ٹوٹکہ کو ہرگز عام نہ سمجھئے گا۔ یہ ٹوٹکہ ان بیچاری بیویوں کیلئے لکھ رہی ہوں جو سالہا سال سے شوہر کے پاس جانے کو ترس گئی ہیں۔

قارئین! یہ عمل من وعن شائع ہوا' اس کی شرعی حیثیت ملحوظ رکھیں۔

(بقیہ: میری زندگی کیسے بدلی؟)

... میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ میں (ایس) کے بغیر زندہ رہ ... میں زندہ ہوں اور بہت خوش، مطمئن ہوں ... (ایس) کی شادی ... مجھے ... کوئی پریشانی نہیں ہے ... شادی نہیں ... اپنے کریم رب کا شکر ادا کرتا ہوں ... (م، ج)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

ناف کا ٹل جانا اور اس کا آسان وظیفہ

یہ ایسی تکلیف ہے جس کا ڈاکٹری علاج آج تک دریافت نہیں ہوسکا۔ اگر کسی کی ناف ٹل جائے تو ناف کی جگہ پر شہادت کی انگلی رکھ کر ... تعداد مرتبہ پڑھیں لِلّٰہِ الۡمَلِکِ الۡحَقِّ ... اللہ کے اس نام کی برکت سے ناف اپنی جگہ پر آجائے گی اگر محسوس ہو کہ ناف اپنی جگہ پر نہیں آئی ہے تو دو تین مرتبہ ... کریں۔ بہت ہی آزمودہ ہے۔ یہ میں سینکڑوں لوگوں پر آزما چکا ہوں

جنات' تعویذات اور کالے علم کا توڑ

1۔ سورۃ ... روزانہ ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے پورے گھر میں چھڑکاؤ کریں اور خود پی لیں۔ یہ عمل متواتر اکتالیس دن تک کریں۔ 2۔ نماز فجر کے بعد روزانہ سات مرتبہ سورۃ فاتحہ' سورۃ فلق تین مرتبہ اور سورۃ الناس تین مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کریں اور وہ پانی پی لیں۔ یہ عمل بھی اکتالیس دن تک کریں۔ بار بار کا آزمودہ عمل ہے۔ ل

پنیر ڈوڈا سے شوگر کا حیرت انگیز علاج

میں خود شوگر کا مریض ہوں' میری شوگر لیول 260 سے لیکر 366 تک گیا میں انگریزی گولیاں کھاتا رہا مگر افاقہ نہیں ہوا میرے ہمسائے نے مجھے بتایا کہ آپ پنیر ڈوڈہ جو ہاف وائٹ رنگ اور بیر کی طرح گول ہوتا ہے رات پانی میں دس دانے بھگو دیں صبح نہار منہ پی لیں میں نے اسی طرح استعمال کیا تو میری شوگر کنٹرول ہو گئی' یہ نسخہ میں قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں اپنی پرخلوص دعاؤں میں مجھے بھی یاد رکھیں۔ **ھوالشافی**: پنیر ڈوڈا پنساری کی دکان سے مل جاتا ہے اور 30 یا 40 روپے پاؤ ہے۔ رات کو بھگو دیں صبح نہار منہ پانی پی لیں دوسرے دن پھر تازہ پانی بنائیں۔ یہ ٹوٹکہ میرا آزمودہ ہے اور میں نے جس جس کو بھی بتایا اس نے اس کے بہترین نتائج بتائے ہیں۔

زہر کے تریاق کیلئے اکسیر: بعض عاملین نے اسم یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ کو زہر کے تریاق کیلئے بہت اکسیر قرار دیا ہے' اس کیلئے ان اسماء کو ایک سو مرتبہ پڑھ کر زہریلی چیز کے کاٹے ہوئے پر پڑھ کر دم کریں۔

میری ہڈیاں توڑ دیں

بچوں کا صفحہ

میں بے وضو آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام نہ لوں گا

محمد عبدالحئی ربانی' جھاوریاں

استاد نے دل میں سوچا اس نے پہلے بھی میری بے عزتی کروائی تھی اب پھر پوری کلاس کے سامنے پوچھ رہا ہوں یہ جواب نہیں دیتا' لگتا ہے یہ لڑکا بہت ضدی قسم کا ہے۔ استاد نے ڈنڈا ہاتھ میں لہرایا اور قریب آ کر کہا: تمہیں ہمارے نبی ﷺ کا نام آتا ہے؟

احمد نامی ایک بچہ سکول میں پڑھتا تھا اس کے اسلامیات کے ٹیچر نے اسے خواجہ الطاف حسین حالی کی مشہور نظم یاد کروائی۔

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا
مرادیں غریبوں کی برلانے والا

احمد جب بھی پڑھتا یوں پڑھتا:۔

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والے
مرادیں غریبوں کی برلانے والے

استاد نے کئی مرتبہ کہا: شاعر نے ''والا'' لکھا ہے تم بھی ایسے ہی پڑھا کرو مگر وہ اسی طرح پڑھتا' استاد نے سوچا شاید وہ اس غلطی کو آہستہ آہستہ ٹھیک کرلے گا۔ سکول کی سالانہ تقریب منعقد ہوئی احمد نے جب وہ نعت سنائی تو پھر وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والے پڑھا۔ ڈپٹی کمشنر صاحب آئے ہوئے تھے انہوں نے اپنی صدارتی خطبے جہاں دیگر کچھ باتیں کہیں ساتھ یہ بھی کہا: آج کل استاد بچوں کا خیال نہیں کرتے یہ دیکھئے اسلامیات کے ٹیچر نے بچے کو نعت سکھائی اور بچے نے ''والا'' کی بجائے ''والے'' کہا' حالانکہ صحیح شعر میں لفظ والا ہے۔ استاد کو پتا ہی نہیں شاعر نے کیا لکھا اور لڑکا کیا پڑھ رہا ہے۔ اس طرح بھرے مجمع میں استاد کی سبکی ہوئی تو وہ اپنی صفائی پیش کرنے پر مجبور ہوئے انہوں نے کہا: میں نے غلطی کی نشاندہی کئی بار کی تھی مگر اس بچے نے میری بات نہیں مانی اور مجھے سب کے سامنے رسوا کیا۔ یہ سال کی آخری تقریب تھی طلبہ اگلے سال کی کلاسوں میں چلے گئے احمد کی کلاس کے ابتدائی دن تھے ایک دن ان کے ریاضی کے ٹیچر نہیں آئے تھے ہیڈ ماسٹر صاحب نے دیکھا کہ سٹاف روم میں اسلامیات کے استاد موجود ہیں ان کا پیریڈ خالی تھا انہوں نے کہا: آپ اس کلاس میں چلے جائیں' آج ان کے ٹیچر نہیں آئے آج تو داخلے کا پہلا دن ہے' ان کے پاس کتابیں بھی نہیں ہیں آپ ان سے پیار و محبت کی باتیں کرتے رہیں تو یہ شور نہیں کریں گے۔ چنانچہ اسلامیات کے ٹیچر آ گئے اور کہنے لگے بھئی میں کچھ باتیں آپ کو سناؤں گا پھر آپ سے چھوٹے چھوٹے سوال پوچھوں گا آپ جواب دیجئے گا' ہمارا وقت اچھا گزر جائے گا' لڑکے تیار ہوگئے۔

پہلے استاد نے کچھ باتیں بتائیں پھر ان بچوں سے چھوٹے چھوٹے سوالات کرنا شروع کردیئے' کسی سے کچھ پوچھا' کسی سے کچھ' جب احمد کی باری آئی تو استاد صاحب نے کہا: ہمارے نبی ﷺ کا نام کیا ہے؟ احمد تم بتاؤ! احمد اٹھ کھڑا ہوگیا لیکن اس نے کوئی جواب نہ دیا' استاد نے پھر سوال دہرایا یہ پھر بھی چپ رہا۔ استاد نے دل میں سوچا اس نے پہلے بھی میری بے عزتی کروائی تھی اب پھر پوری کلاس کے سامنے پوچھ رہا ہوں یہ جواب نہیں دیتا' لگتا ہے یہ لڑکا بہت ضدی قسم کا ہے۔ استاد نے ڈنڈا ہاتھ میں لہرایا اور قریب آ کر کہا: تمہیں ہمارے نبی ﷺ کا نام آتا ہے؟ احمد نے سر ہلا کر کہا جی ہاں! بتاتے کیوں نہیں؟ احمد چپ ہوگیا۔ استاد نے پھر کہا: میں تمہاری پٹائی کروں گا تم نام کیوں نہیں بتاتے؟ احمد اب بھی خاموش رہا' ساری کلاس کے بچے حیران تھے کہ یہ تو اتنا لائق ہے بتا کیوں نہیں دیتا۔ استاد کو غصہ آ گیا' بار بار پوچھنے پر بھی اس نے نہ بتایا آخر استاد نے اسے دو چار ڈنڈے لگائے۔ احمد کو اپنی لیاقت کی وجہ سے کبھی سکول میں مار نہیں پڑی تھی یہ اس کی پہلی مرتبہ کلاس میں پٹائی ہوئی تو وہ رونے لگا۔ آنسو بہنے لگے' اتنے میں تفریح کی گھنٹی بجی' استاد کہنے لگے: اچھا میں اگلے پیریڈ میں آ رہا ہوں اور میں دیکھتا ہوں تم کیسے نام نہیں بتاتے' میں تمہاری ضد کو توڑ کر دکھاؤں گا۔ استاد غصے میں یہ کہہ کر چلے گئے۔ بچے بھی اٹھ گئے لیکن کچھ بچے ایسے تھے جو اس کے دوست تھے وہ اس کے قریب بیٹھ گئے' احمد بلک بلک کر رو رہا تھا آنسو پونچھ رہا تھا مگر کسی سے کچھ نہیں کہہ رہا تھا۔ کچھ دیر بعد احمد باہر نکلا اور منہ ہاتھ دھو کر آ گیا۔ تفریح کے بعد وہ اپنی کرسی پر بیٹھا ہوا تھا استاد دوبارہ آ گئے' اپنا ڈنڈا لہراتے ہوئے انہوں نے کہا: احمد کھڑے ہوجاؤ! احمد کھڑا ہوگیا۔ انہوں نے پوچھا بتاؤ ہمارے نبی ﷺ کا نام کیا ہے؟ احمد نے انتہائی ادب اور احترام اور سر جھکا کر کہا حضرت محمد ﷺ استاد خوش ہوگئے۔ کہنے لگے تم نے پہلے کیوں نہیں بتایا؟ احمد پھر خاموش رہا' اب استاد سمجھ گئے کہ اس کے پیچھے کوئی راز ہے۔ استاد قریب آئے احمد کے سر پر شفقت سے ہاتھ رکھا پھر بولے تم میرے اچھے شاگرد ہو' میرے بیٹے کی مانند ہو' میں نے تم سے کہا تھا وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا پڑھنا تم نے وہاں بھی والے پڑھا تھا اور اب بھی پیچھے بار بار پوچھنے پر بھی تم نے نام نہیں بتایا تھا اور اب بتا دیا آخر وجہ کیا ہے؟ جب احمد کو پیار ملا تو اس نے پھر بلک بلک کر رونا شروع کر دیا۔ استاد نے تسلی دی بیٹے رو نہیں بتاؤ وجہ کیا ہے؟ احمد آنسو خشک کرتے ہوئے کہنے لگا: اصل بات یہ ہے کہ میرے ابو دنیا سے رخصت ہوگئے ہیں انہیں نبی کریم ﷺ سے بہت محبت تھی وہ مجھے نصیحت کیا کرتے تھے بیٹا تم کبھی بھی حضور ﷺ کا نام بے ادبی سے نہیں لینا اس لئے والا کے بجائے میں نے والے کہا یعنی:۔

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والے
مرادیں غریبوں کی برلانے والے

یہ سن کر ندامت کے مارے استاد صاحب کا پسینہ بہنے لگا' پھر انہوں لرزتی ہوئی آواز میں پوچھا: اور تم نے حضور ﷺ کا نام کیوں نہیں بتایا؟ میرے ابو مجھے کہا کرتے تھے بیٹا نبی کریم ﷺ کا نام کبھی بھی بے وضو نہیں لینا۔ میرا اس وقت وضو نہیں تھا' آپ کی مار میں نے کھالی آپ میری ہڈیاں بھی توڑ دیتے تو میں برداشت کرلیتا میں مار تو کھالیتا لیکن اپنے آقا ﷺ کا نام بے وضو نہ لیتا۔ اب میں تفریح کے دوران وضو کر کے آیا ہوں آپ نے پوچھا میں نے اپنے محبوب ﷺ کا نام بتا دیا۔ یہ سن کر استاد صاحب کی آنکھیں بھر آئیں پوری کلاس پر بھی سکتہ طاری تھا۔

40 سال سے کبھی کوئی پریشانی نہیں آئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ میں مقامی پرائیویٹ کمپنی میں جاب کرتی ہوں اور اپنے اور لوگوں کے طبی و روحانی تجربات و مشاہدات اکثر ماہنامہ عبقری کو لکھ کر بھیجتی ہوں اور مجھے بہت خوشی ہوتی ہے جب میرا بتایا کوئی ٹوٹکہ یا وظیفہ عبقری میں چھپتا ہے۔ چند دن پہلے میرے ایک کلائنٹ نے آ کر مجھے اپنی زندگی کا ایک زبردست تجربہ بتایا۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک درود پاک پڑھتا ہوں' اس کے پڑھنے سے مجھے بہت سکون ملتا ہے اور زندگی کی مشکلات بالکل ختم ہوگئی ہیں۔ مجھے کبھی کوئی ٹینشن' پریشانی' مشکل نہیں ہوئی اور جب سے پڑھ رہا ہوں ہر مقام پر زبردست فتح و نصرت ملتی ہے۔ وہ بتانے لگے کہ 35 سے 40 سال ہوگئے ہیں میں یہ درود پاک پڑھ رہا ہوں۔ میری زندگی میں سکھ ہی سکھ ہے۔ میں نے جیسے ہی یہ مشاہدہ سنا' سوچا قارئین عبقری کو بتاؤں' فوراً قلم اٹھایا اور لکھنے بیٹھ گئی۔ کیونکہ عبقری بلا مبالغہ لاکھوں کی تعداد میں لوگ پڑھتے ہیں اور جہاں لاکھوں کا فائدہ ...

عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ

(پ۔ج)

جنات بولے خبردار! یہ گھر ہمارا ہے چھوڑ جاؤ ورنہ....!

''ہمارے گھر میں جنات ہیں'' اور وہ خود کو اس کا گھر مالک کہتے ہیں۔شادی سے پہلے وہ میری ساس صاحبہ کو بہت زیادہ تنگ کرتے تھے' اکثر جنات میری ساس سے ملاقات کرتے اور کہتے کہ تم اس گھر سے چلی جاؤ' یہ ہمارا گھر ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو پانچ سال ہوگئے ہیں' میری ساس اور سسر دونوں ہی اس وقت دنیا سے جاچکے ہیں' میری ساس شادی سے پہلے اور سسر شادی کے بعد فوت ہوئے۔ میری شادی میری پھپھو کے گھر ہوئی' میرے ساس سسر بہت ہی اچھے تھے' شادی سے پہلے بھی میرے ساتھ بہت شفقت سے پیش آتے اور شادی کے بعد میرے سسر نے مجھے میرے سگے باپ سے زیادہ پیار دیا' اور اتنا پیار اور توجہ دی کبھی مجھے میرے گھر کی یاد تک نہ آنے دی۔ وہ بہت ہی اچھے انسان تھے ایسے انسان دنیا میں کم ہی ہوتے ہیں۔ اب میں آتی ہوں اصل مسئلے کی طرف ''ہمارے گھر میں جنات ہیں'' اور وہ خود کو اس کا گھر مالک کہتے ہیں۔شادی سے پہلے وہ میری ساس صاحبہ کو بہت زیادہ تنگ کرتے تھے' اکثر جنات میری ساس سے ملاقات کرتے اور کہتے کہ تم اس گھر سے چلی جاؤ' یہ ہمارا گھر ہے وہ سب کو بتاتی مگر کوئی بھی ان کا یقین نہیں کرتے تھے' بالآخر ان کے ہاتھوں پر زخم بن گئے' جتنے زیادہ علاج کرواتے اتنے ہی زیادہ ہاتھ خراب ہوجاتے۔ ان کو جنات نے اتنی زیادہ تکلیف دی کہ وہ اسی تکلیف کی وجہ سے دنیا سے رخصت ہوگئیں۔ جب ان کو جنات نظر آتے تو وہ اپنے بچوں کو گھر سے باہر بھیج دیتیں اور اونچی اونچی آواز میں ہنسنا شروع کردیتیں' بچے بہت زیادہ خوفزدہ ہوجاتے تھے۔میری محترم ساس صاحبہ کی وفات کے بعد جب میری شادی ہوئی اور میں اس گھر میں دلہن بن کر آئی تو اس وقت سے لے کر آج تک کوئی ایک دن بھی ایسا نہیں گزرا کہ میں ٹھیک رہی ہوں' ہر وقت کوئی نہ کوئی مسئلہ' کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا رہتی ہوں۔ ہر کوئی کہتا ہے کہ گھر بدل دیں' یہ جنات آپ کو اذیتیں دیتے رہیں گے' اس گھر پر ان جنات کا قبضہ ہے وہ آپ کو ہرگز نہیں چھوڑیں گے۔

جنات نے ہمیں بہت مرتبہ گھر چھوڑنے کو کہا' مگر ہم نہیں گئے' جب جنات کہتے تھے اس وقت ہمارے پاس اتنا سرمایہ تھا کہ ہم یہ گھر چھوڑ کر کہیں بھی چھوٹا سا گھر بنا سکتے تھے مگر اب گزشتہ چار سال سے جنات نے ہمیں کہنا چھوڑ دیا ہے کہ اس گھر سے چلے جاؤ' اب ہمارے ساتھ ایک اور کہانی چل نکلی ہے اور وہ یہ ہے کہ میرے میاں کا کاروبار بالکل ختم ہوگیا ہے' میرے میاں نے چھوٹے بھائی کو زمین بیچ کر بیرون ملک بھیجا تھا مگر وہاں اس کے ساتھ دھوکہ ہوگیا اور وہ سب کچھ لٹا کر واپس آگیا اب وہ بھی بیروزگار ہے' ہر طرف سے ناکامی ہی ناکامی ہے' اب نوبت یہاں تک آگئی ہے کہ کئی کئی دن ہمارے گھر چولہا نہیں جلتا' ہر چیز دن بدن ختم ہوتی جارہی ہے' میرے شوہر اب ایسے لگتے ہیں کہ جیسے صدیوں سے بیمار ہوں' حالانکہ وہ بالکل ٹھیک ہیں' ان کا وزن دن بدن کم ہوتا جارہا ہے' گھر میں ہر وقت بیماریاں' لڑائی جھگڑے اور فاقے ہوگئے ہیں۔ ان جنات نے میری زندگی اجیرن کرکے رکھ دی ہے' ہمارے کپڑے' ہمارا کھانا سب برباد کردیتے ہیں۔ میرے شوہر اب کہتے ہیں کہ مجھے معلوم ہوتا کہ میرے ساتھ اتنا برا ہوگا تو میں یہ گھر کب کا بیچ چکا ہوتا۔ مگر اب کیا ہوسکتا ہے؟ جنات نے ہمارا جینا حرام کردیا ہے ہم کیا کریں؟ کچھ سمجھ نہیں آتا کوئی ہمیں ایک روپیہ تک نہیں دیتا۔ میں اپنے شوہر سے بہت محبت کرتی ہوں' مگر نا معلوم کیوں میں ان سے شدید بدتمیزی کرتی ہوں۔

سورۂ کوثر کا کمال! کمیٹی آپ ہی کی نکلے گی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہماری دعا ہے کہ آپ ہمیشہ خوش رہیں' جب سے عبقری ملا ہے خوب فائدہ ہورہا ہے۔ جس کو بھی عبقری کا بتایا وہ اس کا گرویدہ ہوگیا۔ میں نے ایک جگہ کمیٹی ڈالی ہوئی تھی اور ان دنوں مجھے پیسوں کی سخت ضرورت تھی اور مجھے کمیٹی لازمی چاہیے تھی' میرے دکان مالک نے مجھے کہا کہ آج کمیٹی نکالنے جانا ہے' میں اس کے ساتھ چل پڑا' راستے میں درود شریف پڑھا اور اس کے بعد سورۂ کوثر پڑھنا شروع کردی' کمیٹی والے کے پاس پہنچ گئے' وہاں بھی سورۂ کوثر پڑھتا رہا۔ کمیٹی والے نے مجھے کہا کہ ایک پرچی آپ نے اٹھانی ہے اور ایک کسی اور نے' میں نے بسم اللہ کے بعد سورۂ کوثر پڑھتے ہوئے ایک پرچی اٹھائی' تو میں حیران رہ گیا کہ میرا نام میرے سامنے لکھا ہوا تھا' وہ کمیٹی والا کہنے لگا ''یار کیا بات ہے' کمال کردیا آپ نے' آپ ویسے پڑھ کیا رہے ہو؟ میں نے کہا: جناب یہ تو صرف سورۂ کوثر کا کمال ہے۔ **(محمد ظہیر' عارفوالہ)**

(فرزانہ صغیر)

ارے! آپ تو چرواہے تھے؟ یہ مقام کیسے پایا؟

حضرت لقمان علیہ الصلوٰۃ والسلام ایک دن اپنے شاگردوں اور دوستوں کو حکمت اور دانائی کا درس دے رہے تھے سب لوگ ان کے سبق کو بہت غور سے سن رہے تھے۔ ایک شخص درس میں بیٹھا آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بہت غور سے دیکھ رہا تھا۔ اُسے آپ کی آواز جانی پہچانی معلوم ہورہی تھی۔ آخر جب آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام درس سے فارغ ہوگئے تو آگے بڑھا اور بولا میں فلاں مقام پر کسی زمانے میں بکریاں چرایا کرتا تھا بکریاں چرانے والا میرا ایک ساتھی تھا اس شخص کی صورت اور آواز بالکل آپ جیسی تھی۔ ہاں مجھے یاد ہے۔ میں وہی ہوں' حضرت لقمان علیہ الصلوٰۃ والسلام بولے۔ اس شخص نے حیران ہوکر پوچھا آپ کو یہ مرتبہ کس طرح حاصل ہوا؟ حضرت لقمان علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: دو باتوں سے ایک سچ بولنا' دوسرا بغیر ضرورت بات نہ کرنا۔

امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ کی امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کو نصیحت: حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ایک روز کسی کام سے بازار جارہے تھے' راستے میں ان کی ملاقات حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے ہوگئی۔ ان کی شکل وصورت دیکھ کر وہ سمجھے کہ یہ کوئی طالب علم ہے۔ چنانچہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں اپنے پاس بلایا اور پوچھنے لگے: اے نوجوان! کہاں جارہے ہو؟ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا میں ایک تاجر کے پاس جارہا ہوں۔ ان کی بات سن کر حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میرا مطلب ہے تم کس سے پڑھتے ہو؟ یہ سن کر آپ شرمندہ ہوئے اور بولے میں کسی سے بھی نہیں پڑھتا۔ اس پر حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرمانے لگے: تم علماء کی صحبت میں بیٹھا کرو' مجھے تمہارے اندر قابلیت کے جوہر نظر آتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ بات میرے دل میں گھر کرگئی میں بازار چھوڑ کر صرف علم کا ہوکر رہ گیا۔

(بقیہ: اسم اعظم کے روحانی دم سے جسمانی وروحانی مسائل ختم)

ہاتھ کھینچ لیے' انہوں نے میرا مذاق بھی اڑایا اور کھانے شروع کردیے' مالٹے کھا کر سوئے تو جو ساتھی مالٹے چوری کرکے لایا تھا اسے اسی رات کسی نے غلطی سے گولی ماردی' انہوں نے مارنا کسی اور کو تھا اور گولی اس کو لگ گئی۔ گولی لگنے کی وجہ سے اس کا بازو کٹ گیا۔ تو میں نے دل میں کہ کہ یا اللہ یہ انجام ہے اس کا جو ناحق کسی کا حق کھائے۔ میرے مزاج میں یہ تبدیلی صرف ہر ماہ اسم اعظم کے روحانی دم میں شرکت کی وجہ سے آرہی ہے۔ (محمد کامران احمد)

دست، قے فوراً بند: دس گرام دھنیا [illegible] سات گرام [illegible]

جاؤ اب مانگ کر لاؤ اور ہمیں کھلاؤ اور میں فقیر بن گیا

والد نے میری نئی والدہ کی عیاشی بدمعاشی میں دس ایکڑ زمین فروخت کردی۔ اڑھائی ایکڑ زمین باقی بچی ایک دن میری دادی اماں قرآن اٹھا کر لے آئی اور میرے والد کی جھولی میں رکھ دیا اور کہا کہ باقی زمین فروخت نہ کرنا لیکن میرے والد نے ایک نہ مانی وہ زمین بھی فروخت کردی گھر بھی فروخت کردیا

میرے پاس ایک بوڑھا شخص جس کا نام (م) تھا خیرات لینے آتا تھا میں اسے خیرات دیتا تھا اور عید الاضحی پر قربانی کی کھال وغیرہ اور گاہے بگاہے صدقہ زکوۃ دیتا رہتا تھا وہ شخص پندرہ بیس دن بعد میری دکان سے آٹھ پانچ سات سو روپے کا سودا لے جاتا اور امانتاً رقم بھی میرے پاس رکھوا جاتا تھا۔ میں نے اس سے کئی دفعہ پوچھا بابا جی اتنا سودا صرف کیا کرتے ہو؟ اتنا تو میرے گھر کا بھی خرچہ نہیں ہے۔ وہ کہتا کہ میں اندرون سندھ میں رہتا تھا میری بیوی اور بچوں کو اغواکاروں نے اغواء کرلیا۔ ایک بیٹی بچ گئی تھی جو قریبی کالونی میں رہتی ہے شادی شدہ ہے یہ سارا سامان اس کیلئے لے جاتا ہوں۔ تقریباً چار سال گزر گئے مجھے اس بزرگ کی باتوں میں کچھ صداقت نظر نہ آئی میں نے آہستہ آہستہ اسے خیرات صدقہ دینا بند کردیا۔ کبھی کبھار کچھ مدد کردیتا۔ ایک ہفتہ قبل وہ بوڑھا فقیر میری دکان کے سامنے صبح کھڑا تھا میں دکان کھولنے کیلئے بازار آیا' اس شخص کی چادر (تہہ بند) کھلی ہوئی تھی کچھ شرارتی لڑکے اور ہمسائے اکٹھے ہو کر اس کا مذاق اڑا رہے تھے میں نے ان کو منع کیا اور شٹر کھولنے کے بعد بابا جی کو دکان کے اندر لے آیا اور خود اس کی چادر درست کرکے باندھی اور ان سے کہا بابا جی اب آپ بہت ضعیف ہوگئے ہیں بازار میں خیرات یا سودا لینے نہ آیا کریں۔ اب عمر کا آخری حصہ ہے گھر میں رہا کریں اور اللہ کا ذکر کیا کریں۔ لیکن دو دن بعد پھر مجھے مانگتے ہوئے نظر آئے۔ آج صبح حسب معمول میں نے دکان کھولی اور اللہ کے ذکر میں مشغول ہوگیا اس بوڑھے بابا کی بیٹی آئی جو پہلے بھی کبھی کبھار اپنے والد کے ساتھ دکان پر آیا کرتی تھی اور مجھے کہنے لگی کہ بھائی جان میرے گھر والے (یعنی اس کا خاوند) سخت بیمار ہے ہسپتال میں داخل ہے ہمیں [illegible] رقم دے دو کیونکہ آپ کا لوگوں سے تعلق واسطہ ہے۔ میں نے کہا کہ آپ کے گھر والے کو کیا بیماری ہے؟ کہنے لگی [illegible] شوگر ہے تقریباً 500 تک ہے اور جگر بھی کام نہیں کرتا میرے خاوند کو کسی نے تعویذ ڈال دیئے تھے [illegible] میں آگ لگی رہتی تھی۔ ابھی کچھ دن پہلے ایک بزرگ سے تعویذ نکلوائے ہیں اب ان کو کافی فرق ہے لیکن اب [illegible] کیلئے ہمارے پاس رقم نہیں ہے۔ میں نے اسے سمجھایا کہ باجی اپنے والد صاحب سے کہو کہ خیرات نہ مانگا کریں وہ میری بات سنتے ہی رو پڑی اور اتنا روئی کہ خدا کی پناہ اور پھر کہانی سنانا شروع کی کہ میرا والد اپنے کیے کی سزا بھگت رہا ہے اس نے جو کہانی بتائی وہ کچھ یوں ہے: میرے دادا ابو کی 60 ایکڑ زمین اندرون سندھ میں تھی جس میں سے میرے والد کے حصہ میں ساڑھے بارہ ایکڑ اراضی آتی تھی میرے والد نے پہلے ایک شادی کی جو تقریباً تین سال رہی اس میں سے کوئی اولاد نہ ہوئی' میرے والد کے سسرال والوں نے طلاق لے لی۔ دوسری شادی میری والدہ سے کی جو کہ خاندان میں تھی جس میں سے ہم تین بہنیں اور دو بھائی تھے۔ اب جن میں سے ہم دو بہنیں اور ایک بھائی زندہ ہے۔ اس کے بعد میرے والد نے ایک دوسرے خاندان میں شادی کیلئے رجوع کیا میری بڑی بہن جو ابھی بالغ بھی نہ تھی اپنی شادی کیلئے اسی خاندان میں ایک [illegible] دی۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی بچی جو ابھی بہت چھوٹی ہے بڑی ہونے پر آپ کو بیاہ دیں گے۔ تقریباً دو ماہ بعد وہ لوگ رات کی تاریکی میں میری بہن کو کسی کے گھر میں چھوڑ کر اپنا مکان بیچ کر نکل گئے۔ میرے والد نے چوتھی شادی (ش) عورت سے کی جو بہت ظالم ہے اس کو بیاہ کر میرا والد ہمارے گھر لے آیا۔ میری سگی والدہ نے اپنی سوکن کو برداشت کیا میرا والد میری والدہ کو بہت مارتا تھا میری والدہ کہتی تھیں کہ میں تیرا گھر چھوڑ کر نہیں جاؤں گی۔ میرے والد نے میری نئی والدہ کی عیاشی بدمعاشی میں دس ایکڑ زمین فروخت کردی۔ اڑھائی ایکڑ زمین باقی بچی ایک دن میری دادی اماں قرآن اٹھا کر لے آئی اور میرے والد کے ہاتھ پر رکھ دیا اور کہا کہ باقی زمین فروخت نہ کرنا لیکن میرے والد نے ایک نہ مانی وہ زمین بھی فروخت کردی گھر بھی فروخت کردیا' میری والدہ اپنے والدین (یعنی میرے نانا نانی) کے گھر چلی گئی۔ میری دادی اماں فوت ہوگئی' ہم دونوں بہنوں کی شادی ہوگئی میرا بھائی مل میں ملازم ہے۔ نئی والدہ نے میرے والد کو خوب دونوں ہاتھوں لوٹا جب رقم ختم ہوگئی تو رہائش تبدیل کرنا شروع کردی اس میں سے بھی [illegible] جاؤ مانگ کر لاؤ اور ہمیں کھلاؤ۔ [illegible] فقیر بن [illegible]

قریبی شہر میں ہے یہ اب [illegible] اپنے والد کو نہار رہی تھی تو بہت [illegible] صابن لگاؤ میرے جسم میں درد ہے۔ میں نے [illegible] ہے؟ کہنے لگے تمہاری سوتیلی ماں نے مجھے [illegible] ہیں اور گھر سے نکال دیا ہے کہتی ہے [illegible] بیٹھ [illegible] ہمارا والد قصوروار ہے لیکن میں اسے [illegible] میرا باپ ہے میرے تایا چچا بھی [illegible] وارث نہیں بنتے۔ پچھلے ایک ماہ کی بات ہے میرا [illegible] اپنے پرانے دوستوں کے پاس گیا اور ان سے [illegible] (میری بیوی جو ابھی جوان ہے خوبصورت ہے اور میری [illegible] ہے) ان دونوں کو اٹھا کر لے جاؤ [illegible] آپ کی مدد کروں گا کیونکہ اب میری بیوی [illegible] بنتے۔ میرے بھائی کو پتہ چلا تو اس [illegible] اگر آپ نے یہ حرکت کی تو میں آپ کو [illegible] دوں گا۔ اس کے بعد میرا والد [illegible] میرے بھائی نے کہا وہ جیسی بھی ہے [illegible] ہے اور اس کی لڑکی ہماری بہن ہے [illegible]

کتے دنبے کھا گئے: ہمارے علاقے [illegible] چار عدد دنبے ادھار لئے اور تین ماہ بعد پیسے [illegible] چاروں دنبے تحصیلدار نے پٹواری [illegible] تحصیلدار کا تبادلہ ہوگیا تو پٹواری [illegible] گھر بھیج دیئے کہ ان کو اب چارہ وغیرہ تم [illegible] مگر پیسے نہ دیئے۔ میں ان دنبوں [illegible] سال بعد ان دنبوں نے دو بچے دیئے۔ رمضان شریف کا مہینہ تھا ہم نماز تراویح ادا کرکے واپس گھر [illegible] پھر تمام (4) دنبوں کو آوارہ کتوں نے چیر پھاڑ [illegible] بچ گئے بعد میں پتا چلا تحصیلدار جو پیسے [illegible] نہ بچے۔ ہمارا تمام مال مویشی اللہ پاک [illegible] میں رکھے۔ محترم حضرت حکیم صاحب [illegible] شہر کا نام ہرگز شائع نہ کیجئے گا۔

جامن کے پتے شکر ملا کر پیئے بواسیر ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! [illegible]

[illegible] بہترین نسخہ ہے۔ چند دن میں [illegible]

ہوالشافی: جامن کے نرم پتے [illegible] پانی ڈال کر اس کو چھان کر اس گلاس میں [illegible] (نوٹ: [illegible]) مجھے [illegible] (لبنیٰ فیصل آباد)

قارئین کے سوال — قارئین کے جواب

قارئین! زیرِ نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولا آپ صفحے کے ایک طرف خوشخط تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

اپریل کے سوالات

1۔ محترم قارئین! میں تقریباً 10 سال پہلے میں ایک عادت بد میں مبتلا ہوگیا تھا جس کے سال یا دو سال بعد سے میری طبیعت بہت خراب رہنے لگی اور بدخوابی کا مرض لاحق ہوگیا۔ جس کے بعد میری حالت یہ ہے کہ میرے ہاتھ بہت زیادہ کانپتے ہیں خاص طور پر جب کوئی ذمہ داری والا کام ہو حتی کہ چائے کی پیالی بھی منہ تک لانا مشکل ہوتی ہے اور میں نے بہت علاج کروائے مگر صرف وقتی فائدہ ہوتا ہے۔ تھوڑا سا چل لوں دل کی دھڑکن بہت تیز اور سانس پھول جاتا ہے۔ پنڈلیوں میں درد جسم ٹوٹتا ہے۔ ابھی شادی کی تیاریاں ہورہی ہیں اور میں پریشانی میں آپ کو خط لکھ رہا ہوں۔ **(ع،ب،ع، کراچی)**

2۔ محترم قارئین! آپ پر اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں ہوں میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری دونوں ٹیوبز بند ہیں۔ تمام علاج کرواچکی ہوں قارئین سے التجا ہے کہ کسی کے پاس بند ٹیوبز کھولنے کا علاج ہے تو برائے مہربانی ماہنامہ عبقری کے ذریعہ خط جلد از جلد بتائیے۔ میں ساری زندگی آپ کو دعا میں دوں گی۔ **(پوشیدہ)**

3۔ محترم قارئین! گزشتہ چند سالوں سے مندرجہ ذیل تکلیف ہے کافی علاج کیا عارضی طور پر کچھ فائدہ ہوجاتا ہے لیکن پھر وہی تکلیف ہوتی ہے۔ سائل کو گرمی کے موسم میں بدن کے مختلف حصوں سے انتہائی شدید بدبو آتی ہے۔ میں خود بھی اور دوسرے بھی محسوس کرتے ہیں۔ شرم کے بارے کسی سے ملنے بھی نہیں جاتا۔ مرے میں قید ہوکر رہ گیا ہوں صفائی کا خاص خیال رکھتا ہوں لیکن پسینہ آتا ہے تو ساتھ ہی بدبو آنا شروع ہوجاتی ہے۔ **(محمد انور لاچی، کوہاٹ)**

4۔ **بال بہت گرتے ہیں:** محترم قارئین! میں عبقری کا نیا قاری ہوں پچھلے چار ماہ سے پڑھ رہا ہوں اس رسالہ کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے قارئین! میں چاہتا ہوں میرے بال بہت مضبوط گھنے موٹے اور چمکدار ہوجائیں مجھے کوئی ٹوٹکہ بتائیں جس سے میں اپنے بال اور مجھے بالوں کے گرنے سے فائدہ حاصل ہوں اور ایسی عادات کے بارے میں بھی بتائیں میں انتہائی مشکور رہوں گا۔ **(محمد مہدی اکبر، بھکر)**

مارچ کے جوابات

1۔ میرے بڑے بھائی نعت خواں ہیں ان کے ساتھ یہ مسئلہ تھا کہ جب بھی نعت پڑھتے ان کے گلے میں خراش شروع ہوجاتی انہیں کسی نے درج ذیل ٹوٹکہ بتایا الحمدللہ اس پر عمل کرنے سے اب ان کی آواز بہترین اور کبھی گلے میں خراش نہیں ہوئی ہے۔ سوتے وقت لعوق سپستاں ایک چائے کی چمچ چاٹیں اور ٹھنڈا پانی نہ پئیں۔ اس کے علاوہ جب بھی خطبہ دینے بیٹھیں عبقری دواخانہ کی ستر شفا ئیں چنے کے برابر منہ میں نسوار کی طرح رکھ لیں۔ ان شاء اللہ آپ کو کبھی بھی گلے کے مسائل نہ ہوں گے اور آپ کی آواز بھی بہترین ہوجائے گی۔ **(محمد کامران قادری، کراچی)**

2۔ سب سے پہلے تو آپ اپنے آپ کو آرام دیں اور اتنا پریشان نہ ہوں۔ آپ مستقل مزاجی سے علاج کرائیں ٹھیک ہوجائیں گے۔ درج ذیل نسخہ استعمال کریں۔ **ھوالشافی:** مغز املی کلاں، ستاور، بیج بند سرخ، تالمکھانہ، اندرجو شیریں، بدھارا، تخم اٹنگن، اسگندھ، بہمن سفید، مصری ان تمام چیزوں کو ہم وزن لے کر پیس کر کسی جار میں محفوظ رکھیں۔ اس دوا کا ایک چمچ چائے والا صبح و شام پانی سے کھالیا کریں۔ صبح دس بجے اور رات کو معجون مراد ایک چمچ چائے والا اور حب جالینوس دو گولی دودھ سے کھالیا کریں۔ خوش رہنے کی کوشش کریں۔ صبح کی سیر ضرور کریں، ورزش کی عادت اپنائیں، جسم اور ٹانگوں کی روغن زیتون سے مالش کیا کریں۔ **(عبدالماجد، راولپنڈی)**

3۔ محترم کسان بھائی! آپ جب بھی گندم کا بیج ڈالیں تو بیج ڈالتے ہوئے اللہ الصمد کا ورد ضرور کرتے رہیں۔ اس کے ساتھ سورۂ حمزہ تین بار اور بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ۔ سات بار اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر پھونک مار کر چھڑکاؤ کریں۔ اس کے ساتھ عشر کی نیت ضرور کریں۔ یہ ہمارا آزمودہ ہے۔ **(محی الدین، شیخوپورہ)**

4۔ چاول اور دودھ کا استعمال نہ کریں۔ البتہ دودھ والی چائے پی سکتی ہیں۔ گوشت، انڈا، پالک، میتھی، مچھلیاں وغیرہ اور دالیں پکا کر کھایا کریں بلاوجہ پریشان نہ ہوں۔ پرہیز کیا تو داغ مزید جسم میں نہیں بڑھیں گے نہیں۔ ساتھ عبقری دواخانہ کا "برص پھلبہری ورژن" کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ **(صوبیہ بشیر، لاہور)**

مناقب اہل بیت اطہار

انتخاب: کمی احمد پوری

حضرت حبہ عرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو منبر پر مسکراتے ہوئے دیکھا اور میں نے کبھی بھی آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس سے زیادہ مسکراتے ہوئے نہیں دیکھا۔ یہاں تک کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دانت مبارک نظر آنے لگے۔ پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ''مجھے اپنے والد محترم ابوطالب کا قول یاد آگیا تھا۔ ایک دن وہ ہمارے پاس تشریف لائے جبکہ میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اور ہم وادی نخلہ میں نماز ادا کررہے تھے پس انہوں نے کہا: اے میرے بھتیجے! آپ کیا کررہے ہیں؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے کہا: جو کچھ آپ کررہے ہیں یا کہہ رہے ہیں اس میں کوئی حرج نہیں لیکن آپ کبھی بھی (تجربہ میں) میری عمر سے زیادہ نہیں ہوسکتے۔ پس حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد محترم کی بات پر مسکرادیئے اور پھر فرمایا: اے اللہ! میں نہیں جانتا کہ مجھ سے پہلے اس امت کے کسی اور فرد نے تیری عبادت کی ہو سوائے تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ تین مرتبہ دہرایا پھر فرمایا: تحقیق میں نے عامۃ الناس کے نماز پڑھنے سے سات سال پہلے نماز ادا کی۔'' **(اس حدیث کو امام احمد بن حنبل نے روایت کیا ہے)**

خارش اتنی شدید اور علاج اتنا آسان اور سستا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ چار سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں بہت ہی لاجواب ہے۔ میری اہلیہ کو بہت ہی شدید خارش کی بیماری تھی بہت علاج کروائے ٹیکے لگوائے، مرہم استعمال کیں مگر وقتی فرق بھی نہ پڑتا۔ پھر مجھے کسی نے بتایا کہ ویجی ٹیبل کلفڈا ایسین ویجائنل کریم چالیس گرام استعمال کریں۔ یہ کریم میں میڈیکل سٹور سے لے کر آیا۔ تقریباً چار ڈبیاں استعمال کیں میری بیوی بالکل ٹھیک ہوگئی۔ میری بیوی کا مرض جو مہنگے ترین علاج سے نہ جاتا تھا اس سستی سی کریم سے ختم ہوگیا۔ یہ تحریر میں خاص عبقری قارئین کیلئے لکھ رہا ہوں تاکہ کسی بہن کے کام آجائے۔ کسی بھی بہن کو پوشیدہ جگہ پر خارش ہو دانے ہوں سوجن یا پیپ وغیرہ یہ کریم استعمال کریں بہترین نتائج دیتی ہے۔ **(زاہد اللہ، ضلع بنوں)**

نفی کرنا فخر نہیں راہزنی ہے: حضرت مولانا درویش محمد رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ دوسروں کی چھپی ہوئی تبدیلیوں کی نفی کرنا فخر نہیں بلکہ راہزنی ہے۔

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

☆ معافی چاہتا ہوں! ☆ کتاب پر لڑکیوں کے نام ☆ پاؤں پر چھالا ☆ گندا پانی ☆ تکالیف کا ازالہ ☆ اچھی خبر ☆ بیٹی کی وفات

معافی چاہتا ہوں: میں نے دیکھا کہ میرے پاس ایک بچہ ہے جو حقیقت میں میرا نہیں، میں اسے اپنے پاس رکھتی ہوں، جب اس بات کا میرے جیٹھ جیٹھانی کو پتہ چلتا ہے تو وہ ہمارے گھر آتے ہیں اور اس بچے کو اٹھاتے ہیں، ان کے بچے بھی اسے اٹھاتے ہیں، پھر میرا جیٹھ کہتا ہے کہ اگلی پچھلی تمام باتوں سے معافی چاہتا ہوں مجھے معاف کردو یہ بچہ ہمارا ہے جو ہسپتال میں گم ہوگیا تھا لہٰذا یہ بچہ ہمیں دے دو۔ (ش۔کوئٹہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کوئی ایسا سلسلہ یا سبب بن جائے گا کہ جس سے آپ کے جیٹھ جیٹھانی سے صلح صفائی ہوجائے گی اور ناراضگی دور ہوجائے گی۔ واللہ اعلم!

پاؤں پر چھالا: میں نے دیکھا کہ ایک سانپ ہمارے کمرے میں گھس آیا ہے اور میں بہت ڈر رہی ہوں، اتنے میں وہ تیزی سے میرے پاس سے گزرتا ہے تو اس کا منہ میرے پاؤں سے لگتا ہے اور میرے پاؤں پر چھالا بن جاتا ہے اور پاؤں سوج جاتا ہے، میں اپنے شوہر سے کہتی ہوں کہ میں نے آپ سے کہا تھا کہ سانپ کا منہ میرے پاؤں سے لگا ہے۔ (ن، پشاور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے حاسد دشمن آپ کے اہم کاموں میں خفیہ طور پر رکاوٹیں ڈالنے میں مصروف ہیں، تاہم آپ معوذتین ہر نماز کے بعد 41،41 بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں، نیز یہ عمل کم از کم 90 دن کرنا ہوگا، ناغہ کے دن بعد میں شمار کرلیا کریں، یہ عمل شروع کرنے سے پہلے گوشت کا صدقہ دینا ہوگا۔ واللہ اعلم!

جنرل سرجری: میں نے اعلیٰ تعلیم کیلئے استخارہ کیا تو دیکھا کہ میں ہسپتال میں جنرل سرجری کے یونٹ میں بیٹھا ہوں اور 40 سے 50 مریض بیٹھے ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ میں سمجھتا تھا کہ اب جنرل سرجری میں مریض نہیں آتے اور انکم نہیں ہوتی یہ اتنے سارے تو مریض ہیں۔ (مشتاق، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق جو استخارہ آپ نے کیا ہے اس کا واضح جواب آپ کو مل گیا ہے بس آپ جنرل سرجری ہی میں سپیشلائزیشن کریں ان شاء اللہ کامیابی آپ کا مقدر ہوگی۔

بیٹی کی وفات: میں نے دیکھا کہ میری بیٹی جو [illegible] میں نے اسے فوت ہوتے دیکھا۔ (ع، سرگودھا)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کی بیٹی تعلیم کے میدان میں نمایاں کامیابی حاصل کرے گی۔ واللہ اعلم!

تکالیف کا ازالہ: میں نے دیکھا کہ میری شادی ایک ایسے شخص سے ہوئی ہے جو موٹا ہے اور تھوڑا گنجا بھی ہے۔ اسے دیکھ کر میں سوچ رہی ہوں کہ یہ تو وہ آدمی ہے جس سے میری خالہ زاد بہن کی شادی ہوئی تھی۔ اس نے تو کزن کو طلاق دے دی تھی' پھر یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ میری شادی اس سے کردی گئی۔ وہ آدمی بہت خوش نظر آرہا ہے (حقیقت میں بھی اس نے میری کزن کو طلاق دے دی تھی) (غ، اسلام آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کی کزن کا کسی اچھی جگہ پر رشتہ طے پاجائے گا اور جو تکلیفیں اس نے اٹھائی ہیں اس کا ازالہ ہوگا۔ اسے کہیں کہ ہر نماز کے بعد یَابَدِیْعُ پڑھا کرے۔ واللہ اعلم!

گندا پانی: میری والدہ اکثر خواب میں بند دروازوں کو دیکھتی ہیں اور کبھی گندے پانی کو دیکھتی ہیں ہمیں یہ محسوس ہورہا ہے کہ ہمارے سارے کاموں میں بندش ہے۔ (سنیہ، قصور)

تعبیر: آپ کی والدہ کے خواب کے مطابق ان کے ساتھ بندش ہی کا مسئلہ چل رہا ہے تاہم ان سے کہیں کہ گوشت کا صدقہ دیں اور روزانہ صبح شام سورہ طٰہٰ ایک ایک بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ یہ عمل کم از کم 40 دن پابندی سے کرنا ہوگا۔

اچھی خبر: میں نے دیکھا کہ میں اور میری امی بس میں بیٹھے ہیں۔ بس کالج کے سامنے رکی ہوئی ہے' اس میں اچانک دو تین عورتیں آتی ہیں میں خوش ہوکر کہتی ہوں کہ امی! خالہ آئی ہیں' مگر وہ مجھے دیکھ کر منہ پھیر لیتی ہیں۔ پھر میری امی کی کزن جیسی عورت بھی آتی ہے۔ منظر بدلتا ہے میں کسی اور گھر میں ہوں' وہاں پر میرے ننھیال سے بہت لوگ ہیں میں سیڑھیوں پر کھڑی ہوں' میری دو کزنز نیچے کھڑی ہیں ان میں سے میری چھوٹی کزن دوسری کزن کو کہتی ہے' مبارک ہو (ق) کو شہادت نصیب ہوئی ہے' یہ سن کر میں حیران ہوجاتی ہوں اتنی دیر میں (ق) کو کپڑے میں باندھ کر لایا جاتا ہے' میری کزن اس کا سر پکڑ کر چھوڑتی ہے تو اس کی گردن [illegible] (تبسم آرا، خانیوال)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کو جلد اچھی خبر ملنے والی ہے تاہم آپ نماز کی پابندی کرتے ہوئے ہر نماز کے بعد یَابَشِیْرُ یَاخَبِیْرُ 21 بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم!

کتاب پر لڑکیوں کے نام: میں نے اپنے رشتے کے سلسلے میں استخارہ کیا تو دیکھا کہ میرے پاس ایف ایس سی کی بک ہے' سوچتی ہوں وہ بک اسے دے دوں' وہ ایف ایس سی کررہا ہے اس کے کام آجائے گی۔ میں وہ کتاب کھولتی ہوں تو اس پر لڑکیوں کے نام لکھے ہوتے ہیں میں سوچتی ہوں یہ کیوں لکھے ہوں گے پھر یاد آتا ہے یہ بک تو میں نے ایک لڑکی سے لی تھی' اس نے لکھے ہوں گے' پھر اگلے پیج نکالتی ہوں تو اس پر بھی لڑکیوں کے نام ہوتے ہیں۔ ایک پیج کھولتی ہوں تو اس پر اس کا اور میرا نام لکھا ہوتا ہے' آگے کھولتی جاتی ہوں کچھ غزلیں اور میرا نام ہوتا ہے آگے اس کے کچھ ٹیسٹ اور ریاضی کے سوال ہوتے ہیں' اس کے آگے قرآن مجید کی آخری سورتوں والے چار پانچ پیج لگے ہوتے ہیں۔ میں سوچتی ہوں کہ اس کے رجسٹر میں قرآن مجید کی آخری سورتوں والے چار پانچ پیج لگے ہوتے ہیں۔ میں سوچتی ہوں کہ اس کے رجسٹر میں قرآن مجید کے پیج کیسے آئے ہوں گے پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (عالیہ، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ پر حاسدین کی طرف سے بندش عائد کی گئی ہے اور جس جگہ آپ رشتہ کرنا چاہ رہی ہیں یہ عمل اسی وجہ سے ہورہا ہے لیکن جیسا کہ پہلے بھی بتایا جاچکا ہے کہ اس جگہ پر رشتہ کرنا زندگی کی بھیانک غلطی ثابت ہوگا۔ آپ کسی بڑے فیصلے سے پہلے بندش کی کاٹ کروالیں اور اس کیلئے روزانہ سورہ طٰہٰ کی آیات 69-70 کو 313 بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

(بقیہ: پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک)

[illegible]

قے بند کرنے کیلئے: کریلے کے پانی میں نمک ملا کر ہیضہ کے مریض کو پلانے سے قے اور دست فوراً بند ہوجاتے ہیں اور مرض میں افاقہ ہوجاتا ہے۔

خوشبو لگا کر دکان پر بیٹھا اور آمدن ڈبل

حکیم عاشق حسین فاروقی، کراچی

جب خوشبو لگا کر اپنی کپڑے کی دکان پر بیٹھتا ہوں میں نے واضح طور پر اس کا مشاہدہ کیا کہ میری آمدنی بڑھ جاتی ہے گاہک زیادہ آتے ہیں میرے اس تجربے کی تصدیق میرے بیٹے نے بھی کی کہ واقعی اباجان! جب آپ خوشبو لگا کر آتے ہیں تو گاہک زیادہ آتے ہیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک بزرگ ہیں جن کو ہم چچا اقبال کہتے ہیں' چچا کپڑے کے تاجر ہیں اورانہوں نے ایک واقعہ سنایا کہ کراچی کی بولٹن مارکیٹ سے دکان کیلئے کپڑا لیا اور ایک رکشہ والے سے بات کی' کرایہ طے کرنے کے بعد سامان رکھا' میں موٹرسائیکل پر رکشے کے پیچھے پیچھے چلا آرہا تھا' ایک چورنگی پر سگنل بند ہونے اور پھر کھل جانے پر گاڑیوں کے ہجوم میں رکشہ میری نظروں سے اوجھل ہوگیا' میں نے اپنے طور پر ادھر ادھر کافی تلاش کیا مگر کامیابی نہ ملی' بڑی پریشانی ہوئی' عید کا سیزن' پورے سال کی کمائی ڈوبتے ہوئے نظر آئی تو آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا گیا' چکر آنا شروع ہوگئے۔ بہرحال میری عادت ہے کہ میں رکشہ کا نمبر نوٹ کرلیتا ہوں' میں نے تھانہ میں رپورٹ درج کروائی مگر کوئی شنوائی نہ ہوئی' ایک صاحب نے پیسے لے کر کہا میں کام کردوں گا لیکن اس سے بھی کام نہ ہوا اور مجھے ہر طرف سے ناکامی ہی ناکامی کا سامنا کرنا پڑا' پورے رمضان میں اسی جستجو میں رہا' اسی دوران ایک صاحب نے مجھے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ پڑھنے کیلئے کہا میں نے ان کی بات پر عمل کرتے ہوئے اسے پڑھنا شروع کردیا اور روزانہ چلتے پھرتے اسے ورد بنالیا اور سینکڑوں' ہزاروں کی تعداد میں پڑھتا رہا۔ پورے ایک ماہ بعد کسی دوسرے علاقے میں کسی کام سے گیا اور وہاں کی مقامی مسجد میں نماز جمعہ پڑھ کر جیسے ہی میں مسجد سے نکل کر سڑک پر آیا اور میری نظر ایک رکشے پر پڑی' دیکھا تو اسی نمبر کا رکشہ تھا جس پر میں نے سامان رکھا تھا' میں بھاگ کر اس تک پہنچا تو بندہ بھی وہی تھا' اس نے بھی مجھے پہچان لیا اور بولا بابا آپ کدھر چلا گیا ہم تو آپ کو تلاش کرکے پاگل ہوگیا ہے' آپ کا سامان ہمارے پاس آپ کی امانت ہے' آپ ابھی میرے ساتھ چلیں اور براہ مہربانی مجھے امانت کے بار سے نجات دلائیں' اس نے جو علاقہ بتایا وہ کراچی کا بدامنی کے لحاظ سے مشہور و معروف ہے' مجھے ڈر بھی لگ رہا تھا' بہرحال دعائیں کرتا اس کے ساتھ آیا اور اس نے مجھے وہ سامان دے دیا' کوئی ایک چیز بھی اس میں سے کم نہ تھی' اللہ اسے جزائے خیر عطا فرمائے' اللہ کی رحمت اور اس کی برکت سے ان کا سامان انہیں واپس مل گیا۔ دوسرا واقعہ چچا اقبال نے یہ سنایا کہ محترم حضرت حکیم صاحب گزشتہ سال جب کراچی میں درس کیلئے تشریف لائے تھے اور انہوں نے اپنے بیان میں ایک بات یہ فرمائی تھی کہ سفید لباس اور خوشبو لگایا کریں اور ہمیشہ باوضو رہا کریں اس کے حضرت حکیم صاحب نے بےشمار فائدے بتائے' اس کا جو فائدہ ہوا وہ بتارہا ہوں' فرمانے لگے: میں نے جب سے باوضو رہنا اور خوشبو لگانا شروع کی ہے اور خاص طور پر جب خوشبو لگا کر اپنی کپڑے کی دکان پر بیٹھتا ہوں میں نے واضح طور پر اس کا مشاہدہ کیا کہ میری آمدنی بڑھ جاتی ہے گاہک زیادہ آتے ہیں میرے اس تجربے کی تصدیق میرے بیٹے نے بھی کی کہ واقعی اباجان! جب آپ خوشبو لگا کر آتے ہیں تو گاہک زیادہ آتے ہیں۔

کان بہتے ہیں یا برص! ذاتی تجربہ لے لیں

یہ نسخہ پرانی حکمت کی کتاب میں ایک بہت بڑے حکیم صاحب نے لکھا ہے اور میرا تجربہ شدہ ہے۔ اکثر لوگوں اور عام طور پر بچوں کے کان میں سے پیپ بہتی ہے۔ حکیم صاحب نے لکھا کہ دس سالہ بچے کو یہی تکلیف تھی بہت عمدہ ادویات استعمال کرائی گئیں مگر افاقہ نہ ہوا۔ درج ذیل نسخہ استعمال کرایا کان بہنا بالکل بند ہوگیا۔ دوا دو چار روز استعمال کریں تو آرام آجاتا ہے۔ سب سے پہلے کان کو اچھی طرح برڈز سے صاف کریں پھر ایک ماشہ یا حسب ضرورت گلیسرین ڈال دیں' اوپر سے چار رتی بورک ایسڈ ڈال کر کان کے منہ پر روئی دے دیں دو بار یہ عمل کریں۔ دوبارہ کان صاف کرنے کی ضرورت نہیں' ویسے ہی گلیسرین ڈال کر بورک ایسڈ ڈال دیں۔ پہلے ہی روز پیپ آنا بند ہوجائے گی۔ **برص کیلئے تجربہ شدہ ٹوٹکہ:** جس موسم میں گندم بوئی جاتی ہے اس کے ساتھ ہی ایک بوٹی بھی پیدا ہوتی ہے جسے باتھو یا بتھوا کہتے ہیں اکثر دیہاتی لوگ اس کا سالن کھاتے ہیں' یہ بوٹی برص کے داغوں کیلئے بے حد مفید ہے۔ ہر روز اس کا سالن بنا کر کھائیں' اس کے پتوں کا پانی نکال کر داغوں پر لگائیں۔ متواتر دو ماہ کھانے سے برص کو نیست و نابود کردے گی۔ روٹی کے ساتھ سالن بنا کر کھانا ہے۔ میرا ذاتی تجربہ ہے۔ میرے عزیز کو اس سے لاجواب فائدہ حاصل ہوا ہے۔ (**مسز سید محمد اعجاز شبیر بخاری' تلہ گنگ**)

ماہنامہ عبقری سے خوشیاں پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کو اور عبقری کی پوری ٹیم کو اللہ تعالیٰ اجر عظیم عطا فرمائے۔ میں ماہنامہ عبقری کی گزشتہ پانچ سال سے قاری ہوں۔ اس کے پڑھنے سے مجھے بہت فائدہ ہوا' میرے علم میں اضافہ ہوتا ہے اور میں نے بہت لوگوں کو بتایا ہے جس کو بھی بتایا الحمدللہ اس میں موجود وظائف پڑھنے سے انہیں خوب فائدہ ہوا ہے۔ الحمدللہ! جس گھر میں بھی عبقری دیکھا وہاں خوشیوں کا خزانہ دیکھا' میاں بیوی میں مثالی محبت دیکھی' بچوں میں بڑوں کا ادب اور بڑوں میں بچوں کے ساتھ پیار دیکھا۔ ہاتھوں میں تسبیح اور زبان پر ذکر جاری دیکھا' نماز کا اہتمام خوب دیکھا۔ واقعی عبقری گھروں کیلئے خوشیوں کا خزانہ ہے۔ (ج۔ر)

عبقری جو پڑھا فائدہ ہی ملا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری گزشتہ دو سال سے پڑھ رہی ہوں' میں نے اس سے آج تک جو بھی وظیفہ کیا الحمدللہ مجھے خوب فائدہ ہوا ہے۔ اس کے علاوہ میں نے جس کسی کو بھی یہ ماہنامہ عبقری دیا ہے وہ اس کا مستقل قاری بن گیا ہے اور اس رسالہ کی بدولت اسے بہت ہی زیادہ طبی و روحانی فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ (شبانہ اقبال)

قرض سے نجات: محترم حضرت حکیم صاحب! گزشتہ دو سال سے عبقری پڑھ رہا ہوں اور ہر ماہ شدت سے عبقری کا انتظار رہتا ہے۔ الحمدللہ جس دن سے عبقری پڑھنا شروع کیا ہے لوگوں سے قرض لینا چھوڑ دیا ہے۔ اب جبکہ خالق حقیقی سے مانگتا ہوں اور وظائف کرتا ہوں میرا قرض اترنا شروع ہوگیا۔ غیب سے نظام چلنا شروع ہوگیا ہے۔ بےشک میرے وسائل نہیں ہیں مگر میرا پروردگار کسی وسائل اور اسباب کا محتاج نہیں ہے۔ جو اسباب اور وسائل بنانے پر آتا ہے تو وہ کسی کا محتاج نہیں جب اس کی عطا ہوتی ہے وہ نہ نیک دیکھتا ہے اور نہ وہ گنہگار دیکھتا ہے وہ کالا دیکھتا ہے اور نہ وہ سیاہ دیکھتا ہے' وہ نہ عمل دیکھتا ہے نہ وہ کوڑے کے ڈھیر دیکھتا ہے' وہ ایسا کریم ہے کہ اس کی موج رحمت بنجر اور سنگلاخ زمینوں کو بھی سیراب کردیتی ہے۔ الحمدللہ! عبقری میں آئے طبی و روحانی ٹوٹکوں نے زندگی آسان کردی ہے۔ (**محمد صابر' ہری پور**)

عبقری سے زندگی میں سکون: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کی بہت شکرگزار ہوں' آپ کی وجہ سے میرے بہت سے کام حل ہوئے ہیں' محترم حکیم صاحب میں آپ کا رسالہ جس کی وجہ سے مجھے سکون ملتا ہے۔ عبقری میں جو بھی وظائف آتے ہیں میں کرتی ہوں اور میرے مسائل حل ہوتے ہیں۔ (ک۔ش)

دل نیکی طرف مائل: جس کا نماز پڑھنے کو دل نہ کرتا ہو اسے چاہیے کہ اسم یَااَوَّلُ کو روزانہ ایک ہزار بار پڑھنا شروع کردے ان شاء اللہ اس کے نفس سے سستی دور ہوجائے گی اور اسکا دل خیر کی طرف مائل ہوگا۔

خواتین پوچھتی ہیں!

(ام اوراق)

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کے لیے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے متعلق [illegible] بات ضرور تحریر کریں۔ **نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں**

ملیریا بخار: میرے بچے کو ملیریا بخار ہے۔ اس کی وجہ سے پریشان ہوں۔ اتر جاتا ہے پھر چڑھ جاتا ہے۔ علاج ہو رہا ہے۔ آپ اس بارے میں ضرور لکھیے تاکہ بہت سارے لوگوں کا بھلا ہوجائے۔ اس کی علامات اور بہتری کے لیے بتایئے کیا کریں؟ **(ماریہ، لاہور)**

مشورہ: ڈاکٹر کی دی ہوئی دوا پابندی سے کھلایئے۔ ملیریا میں چکوترہ بہت مفید ہے، روزانہ کھلانا چاہیے۔ اسی طرح تلسی کی چائے مفید ہے۔ دارچینی کی چائے فائدہ دیتی ہے۔ موٹی کٹی ہوئی دارچینی ایک چائے کا چمچ لے کر ایک گلاس پانی میں اُبالتے ہیں۔ پھر اس میں ایک چٹکی پسی ہوئی کالی مرچ اور ایک چمچہ شہد ملا کر پیتے ہیں۔ اسی طرح تلسی کے سات پتے پانی میں چائے کی طرح پکا کر چھان کر چٹکی بھر کالی مرچ چھڑک کر پیتے ہیں۔ ملیریا میں تازہ پھل اور سبزیاں مفید ہیں۔ نیم کے پتے پانی میں اُبال کر رکھیں۔ یہ پانی آپ گھر میں رکھے پودوں کو دے سکتے ہیں۔ نیم کے پانی سے مچھر نہیں آتے۔ پوری آستین کی قمیص اور لمبا پاجامہ پہنئے۔ بازار میں بہت سارے لوشن دستیاب ہیں وہ آپ جسم کے کھلے حصوں پر لگا کر سو سکتے ہیں۔ نیم کے سوکھے پتے، کلونجی، حرمل ملا کر کمرے میں دُھونی دیں۔ گھر سے باہر پانی نہ کھڑا ہونے دیں۔ مچھر گندے اور ٹھہرے پانی میں انڈے دیتے ہیں۔ ملیریا کی علامت معلوم ہوتے ہی ڈاکٹر کی تجویز کردہ دواؤں کا استعمال کرنا ضروری ہے۔ مچھر مارنے کے لیے گھروں میں جلیبی یا میٹ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ آپ استعمال شدہ میٹ سنبھال کر رکھیے۔ نیم کے پتے ڈیڑھ گلاس میں خوب اُبال کر پانی چھان کر اس میں میٹ ملا دیں۔ جب میٹ اچھی طرح نرم ہو جائیں تو پانی چھان کر اسپرے کی بوتل میں بھر کر کمرے میں خوب اسپرے کریں۔ اس سے مچھر بھاگ جائیں گے۔ نیم کے پتوں کی دھونی اچھی طرح ہفتہ میں ایک بار دی جائے تو مچھر ہلاک ہوجاتے ہیں۔ تھوڑی سی احتیاط گھر والوں کو محفوظ رکھ سکتی ہے۔

شوہر کا مسئلہ: میری شادی کو دو سال ہوگئے۔ اللہ نے ایک بیٹی بھی عنایت فرمائی ہے۔ میرے گھر کا مشترکہ نظام ہے۔ ساس، سسر، دیور ساتھ رہتے ہیں۔ دو تین ماہ سے میں یہ بات محسوس کر رہی ہوں، شوہر مجھ پر توجہ نہیں دے رہے۔ اتوار کے دن وہ بازار جاتے ہیں۔ پہلے میں ساتھ چلی جاتی تھی اب بچی کی وجہ سے نہیں جا سکتی۔ گھر کے کاموں میں الجھی رہتی ہوں۔ رات گئے تھک کر لیٹ جاتی ہوں۔ نیند بھی پوری نہیں ہوتی۔ صبح اٹھ کر کام کرنا پڑتا ہے۔ آپ ہی بتایئے میں کیا کروں اور کیسے اپنے شوہر کی توجہ حاصل کروں۔ (ش، ا)

مشورہ: بی بی! سارا قصور آپ کا ہے۔ مجھے لگتا ہے بچہ ہونے کے بعد آپ نے اپنے آپ پر توجہ دینی چھوڑ دی ہے۔ بچے بھی ہوتے ہیں۔ گھر بار کا مسئلہ ہوتا ہے مگر آپ کو سب سے پہلی ترجیح اپنے شوہر کو دینی چاہیے۔ آپ صبح ناشتہ بنا کر ان کے پاس بیٹھ کر ساتھ دیجیے۔ شام کو ان کے آنے سے پہلے اپنے پر توجہ دیں۔ کپڑے بدلیں، بال ٹھیک کریں اور پھر شوہر کر اچھی سی چائے بنا کر دیں۔ ان کے ساتھ ہنسیں بولیں۔ بچی کو بھی تیار کر کے اپنے ساتھ گود میں رکھیں۔ وہ بازار جائیں تو سب کام چھوڑ کر ان کے ساتھ جایئے۔ بچی کو آپ اپنی ساس کے پاس چھوڑ کر جا سکتی ہیں۔ اسی طرح صبح ناشتہ کے وقت بھی آپ بچی کو ساس کے حوالے کر سکتی ہیں اور پندرہ بیس منٹ شوہر کے ساتھ بیٹھ سکتی ہیں۔ بچہ ہونے کے بعد معمولات میں تھوری بہت تبدیلی آتی ہے مگر عقل مند بچیاں سارے کام سنبھال لیتی اور اپنے شوہر کے ساتھ خوش رہتی ہیں۔ اپنے گھر کو ٹوٹنے سے بچایئے۔ شوہر پر بھرپور توجہ دیجیے۔ آپ کے سارے مسئلے خودبخود ٹھیک ہوجائیں گے اور آپ کے شوہر بھی خوش رہیں گے۔ چند ماہ کی بات ہے، بچی ذرا بڑی ہوگی تو آپ کو بھی سہولت ہو جائے گی۔ عورت پر بہت ساری ذمہ داریاں ہوتی ہیں اور ان ذمہ داریوں کو نبھانے کے لیے تھوڑی سی قربانی دینی پڑتی ہے۔

لکنت: میرا بچہ سات سال کا ہے۔ پہلے وہ ہم سے تتلا کر بات کرتا تھا۔ اب اسے لکنت کی بیماری ہوگئی ہے۔ چند الفاظ پر اٹک جاتا ہے۔ بظاہر صحت مند ہے۔ میں اس کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان ہوں۔ کوئی دعا ہو یا دوا ہو تو ضرور بتایئے۔ (ق)

مشورہ: جو بچے لکنت کا شکار ہوتے ہیں ان پر خاص توجہ دینی چاہیے۔ احساسِ کمتری کی وجہ سے وہ اور زیادہ پریشان ہو جاتے ہیں۔ بچے کو پیار سے سمجھایئے کہ وہ ٹھیک ہو سکتا ہے۔ اکیلے کمرے میں جا کر جن حروف پر اٹک جاتا ہے، ان حروف کو زور زور سے دہرانے کی مشق کریں۔ کچھ بچے اکیلے میں بالکل صاف لفظ ادا کرتے لیکن سب کے سامنے اٹک جاتے ہیں۔ ان کو خوف ہوتا ہے کہ وہ لفظ بول نہیں پائیں گے۔ ان کا یہ خوف آپ پیار سے ختم کر سکتی ہیں۔ قرآن پاک کی [illegible] کی آیت [illegible] سے [illegible] تک بچے کو زبانی یاد کرائیں اور بچے کو دن میں کئی بار پڑھنے کی ہدایت کریں۔ آیات کی برکت سے زبان صاف ہوجائے گی۔ پنساری سے تھوڑا عقرقرحا خریدیں۔ اسے پیس کر رکھ لیں۔ چٹکی بھر عقرقرحا تھوڑے سے شہد میں ملا کر بچے کی زبان پر اور منہ کے اندرون میں دو بار اچھی طرح لگائیں۔ اس سے منہ کے اندر سے پانی اور رال بہے گی۔ عقرقرحا اور تیزپات کے پتے 12،12 گرام، کالی مرچ 6 گرام ملا کر پیس کر دن میں دو بار منہ میں لگانے سے لکنت ٹھیک ہوجاتی ہے۔

سینے کی جلن: میرا پہلا بچہ ہونے والا ہے۔ باوجود کوشش کے میں کھا نہیں سکتی۔ سینہ میں اتنی جلن ہوتی ہے کہ برداشت سے باہر۔ کچھ کھانے کو دل نہیں چاہتا۔ ڈاکٹر نے دوائی دی ہے مگر جلن میں کمی نہیں ہو رہی۔ اس بارے میں بتائیں۔ (ب،م،ح)

مشورہ: مجھے ایسا لگتا ہے آپ مرغن کھانا لیتی ہیں۔ حمل کے دوران سادہ غذا لینی چاہیے۔ مصالحے دار، چٹ پٹی، تلی ہوئی چیزیں کھانے سے یہ مسئلہ ہوجاتا ہے۔ آپ تھوڑا تھوڑا کر کے چار پانچ بار کھانا لیں۔ رات کو سونے سے پہلے ایک پیالی دودھ پینے سے جلن میں کمی ہوتی ہے۔ اپنے کھانے میں پھل ضرور شامل کریں۔ کبھی کیلا کھالیا، موسم کے پھل لے لیے۔ دہی، دالیں، مغزیات، دودھ، دلیہ لیں۔ ناشپاتی مل جائے تو ضرور کھائیں۔ آپ کی غذا سادہ اور متوازن ہونی چاہیے۔ اپنی ڈاکٹر سے ضرور معائنہ کراتی رہیں اور جو دوائیں دیں، وہ ضرور کھائیں۔

خون کی کمی: میرے بچے میں خون کی کمی ہے۔ ڈاکٹر نے دوائیاں دی ہیں۔ علاج ہو رہا ہے۔ کالج میں پڑھتا ہے۔ آپ اس کے لیے کوئی غذائی ٹوٹکہ بتائیں تاکہ وہ جلدی ٹھیک ہوکر پڑھائی مکمل کر سکے۔ **(ثانیہ، راولپنڈی)**

مشورہ: ہمارے ہاں حکیم لوگ تو خون کی کمی کی دوا ''فولاد'' سمجھتے اور اس کے لیے دوا دیتے ہیں۔ آپ کھانا کھلانے کے بعد دو کینو یا مالٹے موسمی ضرور کھلایئے۔ بکری کا قیمہ لا کر ہلکا سا نمک اور کالی مرچ ڈال کر کباب بنایئے۔ ایک کباب صبح ناشتے میں اور ایک شام کی چائے کے ساتھ ایک ماہ تک ضرور کھلایئے۔ اسی طرح آپ بکری کے قیمہ میں لہسن، پیاز، نمک وغیرہ ڈال کر بھون کر کھلا سکتی ہیں۔ صحت بہتر ہوجائے گی۔ کینو کے موسم میں بچوں والے گھر میں آپ اس کا استعمال زیادہ سے زیادہ کریں تاکہ آپ کی اور بچوں کی صحت بہتر رہے۔

تحریر: سید اقراء

کھیرا جسم و جاں کیلئے دلفریب ہیرا

کھیرا جسم میں پانی کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ اگر آپ اتنے مصروف رہتے ہیں کہ آپ کو پانی پینے کی بھی فرصت نہیں ہوتی تو ٹھنڈا میٹھا کھیرا کھالیا کریں جس میں 90 فیصد پانی ہوتا ہے اس سے جسم میں پانی کی تلافی ہوجائے گی۔

دنیا بھر میں جتنی بھی سبزیاں کاشت کی جاتی ہیں ان میں کھیرا چوتھے نمبر پر ہے اور یہ آپ کی مجموعی صحت کو بہتر رکھنے میں نمایاں کردار ادا کرتا ہے۔ کھیرے کی بے شمار خوبیوں میں سے چند حسب ذیل ہیں: ☆ کھیرا جسم میں پانی کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ اگر آپ اتنے مصروف رہتے ہیں کہ آپ کو پانی پینے کی بھی فرصت نہیں ہوتی تو ٹھنڈا میٹھا کھیرا کھالیا کریں جس میں 90 فیصد پانی ہوتا ہے اس سے جسم میں پانی کی تلافی ہوجائے گی۔ ☆ کھیرا جسم کے اندر اور باہر کی گرمی کو مارتا ہے اگر تیزابیت کے باعث آپ کے سینے میں جلن ہورہی ہے تو کھیرا اس کا مداوا کرسکتا ہے' اگر تیز دھوپ اور لو کی وجہ سے کھال سرخ ہورہی ہے اور جلن ناقابل برداشت ہوچکی ہے تو کھیرے کو کچل کر جسم پر مل لیں' ٹھنڈک کا احساس ہوگا۔ اگر آپ کھیرے کے ساتھ پالک اور گاجر کو بھی شامل کرکے ان کا مشترکہ جوس نکالیں تو یہ زیادہ مفید ہوگا لیکن خیال رہے کہ کھیرے اور گاجر کو چھیل کر جوسر میں نہ ڈالیں اس لئے کہ صرف ان کے چھلکے میں وٹامن سی کی اتنی مقدار ہوتی ہے جو آپ کے یومیہ سفارش کردہ مقدار کا بارہ فیصد پورا کرسکتی ہے۔ ☆ کھیرے سے کھانا ہضم کرنے اور وزن کم کرنے میں مدد ملتی ہے چونکہ اس میں پانی بہت ہوتا ہے اور حرارے نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں اس لئے کھیرا ان لوگوں کیلئے آئیڈیل غذا ہے جو اپنا وزن کم کرنا چاہتے ہیں۔ اپنے سوپ اور سلادوں میں دل کھول کر کھیرا استعمال کریں' اگر سادا کھیرا آپ کو پسند نہیں ہے تو پھر کم چکنائی والے دہی میں اس کی لمبی قاشیں ڈبو کر نوش کریں۔ کھیرا چبانے سے آپ کے جبڑوں کی بھی ورزش ہوجاتی ہے اور اس میں جو ریشے ہوتے ہیں' ان سے کھانا ہضم کرنا میں مدد ملتی ہے' جن لوگوں کو اکثر قبض کی شکایت ہوتی ہے وہ روزانہ کھیرا کھا کر آزمائیں۔ ☆ کھیرا آنکھوں کو تروتازہ کرتا ہے' کمپیوٹر کے سامنے کام کرنے سے جب آنکھیں دکھنے لگیں تو ٹھنڈے کھیرے کی گول قاشیں کاٹ کر آنکھیں بند کرکے اپنی پلکوں پر رکھ لیں۔ اس طرح کھیرے کی دافع سوزش خصوصیات کی وجہ سے نہ صرف آنکھوں کی تھکاوٹ غائب ہوگی بلکہ آنکھوں کے نیچے جو چھوٹی چھوٹی تھیلیاں سی بن جاتی ہیں اور آنکھیں سوجی ہوئی لگتی ہیں یہ شکایتیں بھی رفتہ رفتہ دور ہوجائیں گی۔ ☆ کھیرے میں کینسر کا مقابلہ کرنے کی بھی صلاحیت ہوتی ہے۔ اس میں موجود کیمیائی مرکبات مختلف اقسام کے کینسرز کا خطرہ گھٹاتے ہیں جن میں بیضہ دانی' چھاتی' پروسٹیٹ اور رحم کے سرطان شامل ہیں۔ ☆ ذیابیطس' ہائی کولیسٹرول اور ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے کھیرا واقعتا انمول ہیرا ہے۔ کھیرے کے جوس میں ایک ہارمون شامل ہوتا ہے جس کی لبلبے کے خلیات کو انسولین کی پیداوار کیلئے ضرورت ہوتی ہے' کھیرے میں شامل اس ہارمون سے ذیابیطس کے مریضوں کو بہت فائدہ ہوسکتا ہے۔ ☆ کھیرا منہ کے امراض سے بھی محفوظ رکھتا ہے' مسوڑھے اگر سوجے ہوئے ہیں اور ان سے خون رستا ہے تو کھیرے کا جوس استعمال کریں۔ اگر آپ کے منہ سے بدبو آتی ہے تو کھیرے کی ایک قاش کاٹیں اور اسے اپنی زبان کی مدد سے تالو پر آدھے منٹ تک دبائے رکھیں' اس میں سے خارج ہونے والے فائٹو کیمیکلز ان جراثیم کا قلع قمع کردیں گے جو منہ میں پرورش پاتے ہیں اور بدبودار سانس کا باعث بنتے ہیں۔ ☆ کھیرا بالوں اور ناخنوں کو چمکدار بناتا ہے' اس میں شامل حیرت انگیز معدن سلیکا (Silica) آپ کے بالوں اور ناخنوں کو زیادہ چمکدار اور مضبوط کرتا ہے سلیکا کے علاوہ کھیرے میں گندھک بھی ہوتا ہے جو بالوں کی افزائش میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ☆ جوڑوں کے درد گھٹیا کے مریض بھی کھیرے سے استفادہ کرسکتے ہیں چونکہ کھیرے میں سلیکا کی وافر مقدار ہوتی ہے اس لئے یہ جوڑوں کو جوڑنے والے ٹشوز کو صحت مند رکھ کر جوڑوں کو بھی فائدہ پہنچاتا ہے۔ اگر کھیرے اور گاجر کا ایک ساتھ جوس نکال کر پئیں تو اس سے گھٹیا اور جوڑوں کا درد کم ہوگا کیونکہ یہ جوس خون میں یورک ایسڈ کی مقدار گھٹا دیتا ہے۔ ☆ کھیرے کی یورک ایسڈ کم کرنے کی صلاحیت کی وجہ سے گردے بھی صحت مند رہتے ہیں۔ ☆ اگر صبح سو کر اٹھنے کے بعد سر بھاری رہتا ہے یا سر میں درد محسوس کرتے ہیں تو بستر پر جانے سے پہلے کھیرے کی چند قاشیں کھالیں' کھیرے میں وافر وٹامنز بی شکر اور الیکٹرولائٹس ہوتے ہیں جو بہت سی ضروری غذائیات کی کمی پوری کردیتے ہیں۔

روحانی کیفیت

روحانی ترقی کا راز

محترم شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک دنیا دار آدمی تھا' نہ نماز' نہ روزہ' نہ فرائض نہ نوافل بس اپنی دنیا میں مست تھا۔ پھر مجھے اللہ نے ہدایت دی اور میرا تعلق آپ سے اور تسبیح خانہ سے جوڑا۔ جب سے آپ سے اور تسبیح خانہ سے نسبت ہوئی ہے اللہ کا نام لے کر اور ذکر کرکے دل میں وجد اور آنکھ سے آنسو جاری ہوجاتے ہیں' حضرت جی جب سے اللہ کا نام لے کر رونا شروع کیا ہے دل کہتا ہے کہ بس اللہ اللہ کرتا جاؤں اور روتا جاتا ہوں بہت زیادہ سرور ملتا ہے۔ محترم شیخ الوظائف! تسبیح خانہ سے مجھے اللہ کی معرفت کا ذرا سا حال مل گیا بس دل کرتا ہے اللہ کے نام میں غرق رہوں۔ میں نے کبھی زندگی میں بھی نہیں سوچا تھا کہ راتوں کو اٹھ کر عبادت کروں گا۔ الحمدللہ! میں نے سر پر ٹوپی بھی رکھ لی ہے۔ بیعت کارڈ میں دی گئی تسبیحات کا خوب اہتمام کرتا ہوں۔ آپ کے درس روزانہ لازماً سنتا ہوں۔ درس میں بتائے گئے وظائف بھی کرنے کی بھرپور کوشش کرتا ہوں۔ عبقری رسالے ہر ماہ حسب توفیق خرید کر لوگوں میں بانٹتا ہوں۔ تسبیح خانہ کی نسبت سے میری زندگی بہت زیادہ تبدیلیاں رونما ہوچکی ہیں۔ بس دعا کریں اللہ رب العزت استقامت دے اور مزید روحانی ترقی عطا فرماتا رہے۔ آمین!

اب پسینہ تو آئے گا مگر بدبو ہرگز نہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں اور ہر ماہ لے کر حسب توفیق لوگوں میں بانٹتا بھی ہوں' جس سے میرے بہت سے معاشی مسائل حل ہورہے ہیں۔ ابھی میں قارئین کیلئے ایک طبی ٹوٹکہ لے کر حاضر ہوا ہوں۔ میرے ساتھ مسئلہ یہ تھا کہ میرے پاؤں میں بہت پسینہ آتا تھا اور پسینہ اتنا بدبودار کہ میرے نزدیک کوئی بندہ کھڑا نہیں ہوسکتا تھا' خاص کر سردی کے موسم میں جب کہیں قالین' کارپٹ کی جگہ پر جوتے اتار کر جانا پڑتا تو بس ساتھ بیٹھنے والے کی ہمت ہوتی تھی کہ مجھے برداشت کرلیتا تھا۔ مجھے کسی جاننے والے نے یہ ٹوٹکہ بتایا تو پہلی ہی خوراک سے افاقہ آنا شروع ہوگیا تھا۔ میں نے دو دفعہ ہی استعمال کیا اس کے بعد ضرورت ہی محسوس نہیں ہوئی۔ ھوالشافی: عرق کاسنی' عرق مکو آدھ چھٹانک۔ شربت دینار ایک چھٹانک۔ مکس کرکے دن میں دو سے تین مرتبہ پینا ہے۔ (م۔ط)



قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی‘ جسمانی نسخہ‘ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں‘ اپنے معمولی سے تجربے کا بھی پیارا سمجھئے‘ یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں‘ نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

مٹی کھانے والے بچوں اور جو بچے گالیاں دیتے ہوں

گڑ‘ شکر‘ نمک پر سات مرتبہ پڑھ کر پھونک ماریں اور بچوں کو کھلا دیں۔ مٹی کھانا بند اور گالیاں دینا بھی بند کر دیں گے۔ یارب گنج شکر۔ یارب گنج شکر۔ یارب گنج شکر۔ یارب حضرت باوا گنج شکر۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یہ عمل کریں۔

گیس‘ پیٹ درد‘ اپھارہ کیلئے پھکی: آم چور‘ اجوائن‘ ٹھیکری نوشادر‘ کالا نمک برابر وزن پیس کر سفوف بنالیں کھانے کے بعد ایک چھوٹا چمچ ہمراہ تازہ پانی۔ **الٹی اور پیٹ درد کیلئے:** پانچ دانے آلو بخارا‘ پودینہ خشک‘ سونف‘ ملا کر پانی میں جوش دے کر پئیں‘ بہت فائدہ مند ہے۔ **جوڑوں کے درد کیلئے:** روزانہ صبح فجر کی نماز کے بعد ایک گلاس گرم پانی پر 41 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کر کے پی لیا کریں۔ عمل 41 دن کرنا ہے۔ **جسمانی درد کیلئے:** ٹب میں گرم پانی اور نمک ملا کر اس میں پیر ڈال کر آہستہ آہستہ ہلائیں اور دل میں ”یا شافی یا کافی یا مرید“ کا ورد کریں۔ پانی ٹھنڈا ہونے تک پڑھیں‘ عمل دو ہفتے تک کرنا ہے۔ **دماغی طاقت‘ بار بار بھولنا‘ زکام‘ بالوں کا سفید ہونا‘ سبق یاد نہ ہونے کیلئے بے حد مفید نسخہ:** کالی ہرڑ 100 گرام لیں‘ موٹا موٹا کوٹ لیں اور دیسی گھی یا روغن بادام میں بھون لیں۔ جلنے نہ دیں‘ ٹھنڈا ہونے پر باریک سفوف بنالیں‘ سردیوں میں گرم پانی کے ساتھ صبح خالی پیٹ اور گرمیوں میں ٹھنڈے پانی کیساتھ روزانہ صبح نہار منہ حسب ضرورت خوراک ایک گرام کھائیں۔ **نکسیر کیلئے:** ناریل کا ایک عدد ٹکڑا مناسب سائز‘ رات کو مٹی کے برتن میں ڈال کر بھگو دیں صبح خالی پیٹ وہ ناریل کا ٹکڑا چبا کر کھائیں‘ سات دن تک روزانہ کھائیں‘ نکسیر ٹھیک ہوجائے گی۔ **کھوپرے کا حلوہ دماغی طاقت کیلئے:** گری ایک پاؤ‘ چینی ایک پاؤ‘ انڈے دیسی تین عدد دیسی گھی آدھا چھٹانک‘ ملائی آدھا چھٹانک‘ 10 عدد سبز الائچی‘ لونگ 2 عدد‘ چینی کی چاس بنا کر رکھ لیں‘ انڈوں کی زردی الگ سفیدی الگ پھینٹ لیں اب گھی لونگ ڈال کر گرم کریں‘ کھوپرا ڈال کر گھی کے اندر سرخ کریں ہلکا براؤن ہوجائے‘ خوشبو آنے لگے تو بالائی انڈے چاس میں ڈال دیں تھوڑا سا بھون لیں‘ گھی چھوڑنے پر مغز بادام کشمش چلغوزے کا مغز ڈال لیں‘ صبح چائے یا گرم دودھ کے ساتھ تھوڑا سا روزانہ ناشتہ کریں۔ بہت مزیدار حلوہ ہے۔

ہر قسم کی درد کیلئے: بسم اللہ کو 21 مرتبہ لکھ کر کالی سیاہی یا کالے پین سے لکھیں جہاں درد ہو تیل میں لکھ کر ڈال لیں اور تیل کی مالش کریں‘ پانی پر دم کر کے پانی روزانہ پئیں‘ ہر قسم کی درد سے آرام آجائے گا۔ بسم اللہ‘ بسم اللہ۔

بالوں کو لمبا اور گھنا کرنے کیلئے نسخہ: صندل سرخ 6 ماشہ‘ ناگر موتھا 6 ماشہ‘ صندل سفید 6 ماشہ‘ طباشیر 6 ماشہ‘ ٹرہڑ 6 ماشہ‘ رتن جوت 6 ماشہ‘ ریٹھے 6 ماشہ‘ سیکا کائی 6 ماشہ‘ کسٹر آئل 5 تولے‘ آملہ 6 ماشہ‘ بالچھڑ 6 ماشہ‘ ناریل کا تیل 1 پاؤ‘ برہمن 6 ماشہ‘ مصطگی رومی 6 ماشہ۔ سب چیزوں کو ہلکا ہلکا پیس لیں‘ اس کے بعد ایک کلو پانی میں آگ پر پکائیں جب ایک پاؤ پانی رہ جائے تو چولہے سے اتار کر چھان کر اس میں ناریل کا تیل اور کسٹر آئل ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں جب پانی جل جائے اور تیل رہ جائے تو اتار لیں‘ ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں ڈال لیں‘ تیل تیار ہے‘ بالوں کی مساج کریں۔

نسخہ جسمانی درد کیلئے بلڈ پریشر والے احتیاط کریں: جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو نئی یا پرانی درد ہو‘ ٹانگوں میں چلنے پھرنے میں مشکل ہو گھٹنے میں درد ہو یا پیٹ میں گیس ہو سب کیلئے‘ مصبر‘ منقی‘ کالی مرچ‘ برابر وزن میں لیں اور کونڈی میں باریک پیس لیں‘ پہلے مصبر‘ پھر کالی مرچ الگ الگ باریک پیس لیں۔ پھر منقی میں سے بیج نکال کر خوب گھوٹیں‘ یاد رہے گھوٹتے ہوئے پانی ہرگز نہیں لگانا۔ جب یکجان ہو جائے تو چنے کے برابر گولیاں بنالیں‘ خوراک رات کو نیم گرم دودھ کے ساتھ ایک یا دو گولی حسب طبیعت ان شاء اللہ ہر قسم کی درد سے نجات مل جائے گی۔ (ا۔ب)

چار راستے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض ہے کہ میں رسالہ عبقری کا ایک ادنیٰ سا قاری ہوں اور تقریباً آٹھ سال سے آپ کا رسالہ پابندی سے پڑھتا ہوں۔ بہت ہی زبردست اور قیمتی رسالہ ہے جس کے ذریعے سے بہت سے لوگوں کی ظاہری اور باطنی اصلاح ہورہی ہے اور سب سے خوش آئند بات یہ ہے کہ رسالہ سیاست، فرقہ پرستی اور تصاویر سے مکمل پاک ہے۔ ایک تحریر قارئین عبقری کیلئے پیش خدمت ہے:۔ ہمارے بڑے فرماتے ہیں کہ ایمان چار راستوں سے بنتا ہے اور ان چار راستوں سے ہی بگڑتا بھی ہے اور یہ بات تجربے اور مشاہدے سے ثابت بھی ہے۔ 1۔آنکھ کا دیکھنا۔ 2۔زبان کا بولنا۔ 3۔کان کا سننا۔ 4۔دماغ کا سوچنا۔

آنکھ کا دیکھنا: اگر ہماری آنکھیں درست دیکھیں گی تو ہمارا ایمان دن بدن بنتا چلا جائے گا اور اگر غلط دیکھے گی تو ایمان بگڑتا جائے گا یعنی جہاں دیکھنے سے اللہ اور اس کے پیارے رسول ﷺ نے منع فرمایا ہے وہاں دیکھنے سے ہم پرہیز کرلیں گے تو ایمان پختہ ہوتا رہے گا۔ خصوصاً جو چیز سب سے زیادہ ایمان کی بربادی کا سبب ہے اور آج کے دور میں بہت زیادہ ہورہی ہے وہ ہے غیر محرم کو دیکھنا۔ جب بھی ہم گھر سے نکلیں تو دل میں پختہ ارادہ کریں کہ میں نے اپنی نگاہ کی بھرپور حفاظت کرنی ہے اور خوب محنت کے ساتھ نظروں کی حفاظت کی عادت بنانی ہے نگاہ کی حفاظت کے بہت بڑے فضائل بھی ہیں۔

زبان کا بولنا: جب بھی ہم زبان سے کچھ بولیں تو ہمارا کلام اچھائی پر مبنی ہونا چاہیے۔ فضولیات، لغویات، چغلی اور غیبت سے اپنی زبان کو بچا کر رکھیں اور خصوصاً جو چیز آج کل ایمان کی بربادی کا سبب بن رہی ہے‘ وہ ہے فحش گوئی‘ لہٰذا ایسی بات کرنے سے بچا جائے جو ہماری آخرت کی بربادی کا سبب بنے اپنی زبان کو ہم اللہ کے ذکر سے تر رکھیں درود پاک اور استغفار کی کثرت کریں تو فضول کام سے بچ سکتے ہیں۔ اگر ہم فضولیات اور لغو کلام سے بچیں گے تو ایمان بنتا رہے گا ورنہ بگڑتا رہے گا۔

کان کا سننا: ہمارے کان کبھی بھی ایسی آواز پر نہ لگیں جس کے سننے سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے منع فرمایا ہے۔ ہم نے کسی کی غیبت کرنی بھی نہیں ہے اور غیبت سننی بھی نہیں ہے اور آج کل جو چیز سب سے زیادہ ایمانی

بگاڑ کا سبب بن رہی ہے وہ ہے موسیقی۔ لہٰذا ہم اپنے کانوں کی حفاظت کی پوری کوشش کریں اور گانے باجے سے خود کو بچا کر رکھیں ورنہ ایمان بگڑتا رہے گا۔

دماغ کا سوچنا: ہم اپنے دل و دماغ کو غلط خیالات سے پاک رکھیں اور اللہ پاک کی عظیم قدرتوں پر غور کیا کریں اس سے ایمان بنتا رہے گا اور جو فضول خیالات دل و دماغ میں آئیں ان کو جھٹکنے کے بجائے اگر مزید بڑھاتے رہیں گے تو ایمان بگڑتا چلا جائے گا۔ میری ناقص عقل کے مطابق آج کل جو غلط خیالات دل و دماغ میں پائے جاتے ہیں ان میں ایک خیال بدگمانی ہے۔ دوسروں کے بارے میں غلط گمان ہے۔ لہٰذا ہم دوسروں کے بارے میں اچھا گمان رکھنے کی بھرپور کوشش کریں۔ (قیصر ندیم' لورہ ہزارہ)

دو پڑیاں اور زندگی بھر کیلئے درد گردہ سے نجات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جولائی 2012ء میں ایک دوست کے ہاں فیصل آباد جانے کا اتفاق ہوا تو اس نے مجھے تحفہ میں ماہنامہ عبقری عنایت فرمایا۔ لاہور پہنچ کر مطالعہ شروع کیا تو ختم کر کے دم لیا اور افسوس بھی ہوا کہ لاہور میں رہ کر اس نعمت سے محروم رہا' آپ سے ملاقات کا شرف حاصل کرنے کی آرزو رکھتا ہوں اور انشاء اللہ جلد پوری ہوگی۔ کئی نایاب نسخے آپ اور قارئین عبقری کی بارگاہ میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ بندہ کی طرف سے نایاب موتی پیش خدمت ہے:۔ **درد گردہ:** 1980ء کی بات ہے والد صاحب کو درد گردہ کی شکایت ہوئی' ان دنوں یہ ناچیز پیر محل ضلع لائل پور موجودہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں رہائش پذیر تھا۔ مجھے پتہ چلا کہ پیر محل میں ایک حاجی صاحب مفت پڑیا دیتے ہیں درد گردہ سے آرام آجاتا ہے۔ میں حاجی صاحب سے دو پڑیاں لایا اور والد صاحب کو ایک پڑیا کچی لسی کے ہمراہ دی تو ان کو چند منٹ کے بعد آرام آگیا۔ 2000ء میں ان کی وفات ہوئی اللہ ان کی مغفرت فرمائے۔ زندگی بھر ان کو دوبارہ گردہ میں تکلیف نہ ہوئی۔ 1985ء میں ایک اور مریض کیلئے پڑیاں لینے حاجی صاحب کے پاس گیا تو انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ میں غفلت کی وجہ سے دوائی تیار نہ کر سکا۔ البتہ انہوں نے مجھے نسخہ بتادیا اور ساتھ ہی شرط عائد کی کہ دوائی بنا کر عوام کو مفت میں دینی ہے۔ **ھوالشافی:** پانچ کلو دیسی مولی کا جوس' دو کلو' کلر' (جو کہ شورزدہ زمین کے اوپر سفید رنگ کی پیڑیاں سی بن جاتی ہیں ان کو چھری سے اٹھا کر اخبار میں رکھ کر چیچ کیا جاسکتا ہے)' ایک پاؤ ست لوبان جو کہ پنساری کی دکان سے مل جاتا ہے۔ **طریقہ تیاری:** کمہار سے ایک عدد گھڑا لینا ہے اس گھڑے میں مذکورہ بالا تینوں اشیاء ڈال کر منہ بند کر کے سایہ میں رکھنا ہے' روزانہ اچھی طرح ہلاتے رہیں۔ چند دن بعد گھڑے کے باہر سفید رنگ کا پاؤڈر سا جمنا شروع ہوجائے گا۔ اس کو چھڑی سے اتار کر شیشے کے مرتبان میں جمع کرتے رہیں۔ تین ماشہ کی ایک پڑیا ہی درد گردہ کیلئے کافی ہے۔ ورنہ پندرہ منٹ بعد دوسری پڑیا بذریعہ کچی لسی نمکین دودھ والی کے ہمراہ دیں۔ نوٹ قارئین عبقری سے التجا اور اپیل ہے کہ اس دوائی کو ہرگز ہرگز نہ بیچئے گا یہ نسخہ بالکل مفت بنا کر تقسیم کیجئے۔ ورنہ اس کا بالکل بھی فائدہ نہ ہوگا۔ (ج، لاہور)

اس مُلّا پر اپنا زور نہیں چلنے والا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض ہے کہ ماہ رمضان آنے والا ہے اور ماہ رمضان میں جو رسالہ نکلے گا مجھے امید ہے مجھے اس میں گزشتہ رمضان شریف کی طرح گرمی بھگانے کے بہترین طبی و روحانی قارئین کے آزمودہ تجربات ہوں گے۔ اس میں رمضان المبارک میں کرنے والے آزمودہ وظائف لکھے ہوئے ملیں گے۔ مزید مجھے آنے والے رمضان کے عبقری رمضان کیلنڈر کا مزید شدت سے انتظار ہے۔ میں نے عبقری کی کراچی میں موجود ایجنسی سے آپ کی تالیف شدہ مختلف کتب لی ہیں اور چھوٹے کتابچے لے کر تقسیم کرتا ہوں۔ ''کلونجی کے کرشمات'' اور ''مجھے شفاء کیسے ملی'' حکمت کے بارے میں بہت ہی اچھی لگی ''میرے طبی رازوں کا خزانہ'' بھی بہت اچھی ہے' روحانی کتابیں بھی اچھی ہیں۔ نبوی دسترخوان' ندامت کے آنسو' سنت نبوی اور جدید سائنس وغیرہ انتہائی کامیاب ہیں۔ آپ کے دواخانہ کی ادویات کے کئی کورس میں لوگوں کو کروائے ہیں ایک دو کے علاوہ سب کو آرام آیا ہے۔ آپ کے رسالہ عبقری رمضان ایڈیشن اور کیلنڈر کا شدت سے انتظار ہے۔ اب میں قارئین عبقری کیلئے اپنی آپ بیتی لکھ رہا ہوں۔ میں کراچی کی ایک لوکل بس میں سفر کر رہا تھا جب سے میں نے یعنی اکتوبر 2012 سے عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا ہے' اور ماہنامہ عبقری ہی سے مجھے یہ معلوم ہوا کہ یاحفیظ پڑھنے سے انسان حادثات' پریشانی سے محفوظ ہوجاتا ہے میں جب بھی گھر سے نکلتا ہوں تو یَاحَفِیۡظُ یَااَللّٰہُ پڑھتا ہوں' میں بس میں سفر کر رہا تھا ایک آدمی نے مجھے بیٹھنے کیلئے جگہ دی' میں بیٹھ گیا مجھے پتہ ہی نہ چلا ایک جیب کترے نے میری جیب میں ہاتھ ڈال کر پیسے نکالنے چاہے' جب مجھے شک ہوا اور میں ہوشیار ہوگیا تو وہ اچانک ہٹ گیا۔ میں نے غور کیا تو وہ چار جیب کترے تھے' پھر ایک جیب کترے نے کچھ پڑھ کر کچھ عجیب سی حرکت کرتے ہوئے پھونک ماری' میں بھی آیۃ الکرسی اور یاحفیظ پڑھ رہا تھا اور ڈر بھی رہا تھا کہ کیونکہ میں نوٹ کر رہا تھا کہ وہ چار آدمی ہیں اور کراچی جیسے شہر میں مگر اس کا زور نہیں چلا جب وہ بس سے اتر رہے تھے تو سندھی اور سرائیکی زبان میں بول رہے تھے اور غلیظ گالی نکالتے ہوئے کہہ رہے تھے ''اس ملا پر ہمارا زور نہیں چلے گا'' پھر وہ چاروں بس سے اتر گئے۔ یہ واقعہ شارع فیصل کراچی کا ہے۔ (حاجی منظور احمد قائم خانی' کراچی)

ایک قطرہ پانی اور خطرناک زہر کا اثر زائل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کے تمام درس بہت غور سے سنتی ہوں' اے کاش میں بھی اپنے والدین کیلئے صدقہ جاریہ بن سکوں۔ آپ کی خدمت میں کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں میرے والد محترم اب اس دنیا میں نہیں ہیں۔ یہ ان کا بار بار کا تجربہ ہے۔ اگر کسی کو بچھو کاٹ لے تو فوراً نمک کو پانی میں گھول کر مریض کی آنکھ میں دائیں یا بائیں صرف ایک قطرہ ڈال دیں فوراً بچھو کا زہر زائل ہوجائے گا اور بحکم الٰہی مریض فوراً آرام اور راحت محسوس کرے گا۔ اس کا تجربہ میں نے خود کیا ہے۔ مزید ایک ٹوٹکہ بھی ہے آج کل گرمی کا موسم ہے اور طرح طرح کے کیڑے' حشرات ہر وقت اڑتے رہتے ہیں جیسے بھونڈ (پیلے اور کالے رنگ کے)' شہد کی مکھیاں جو کہ اکثر کاٹ لیتی ہیں' جس کی شدید جلن اور سوزش ہوتی۔ اگر کبھی آپ کے یا آپ کے کسی عزیز کے ساتھ ایسا ہوجائے تو اس پر فوراً پٹرول لگالیں' نہ سوجن ہوگی نہ ہی درد۔ بس اتنی دیر ہی جلن ہوگی جتنی دیر آپ پٹرول نہ لگائیں گے۔ امید کرتی ہوں کہ یہ ٹوٹکہ مخلوق خدا کے بھرپور کام آئیں گے اور میرے والد جان کیلئے صدقہ جاریہ بن جائیں گے۔ (صائمہ اکبری)

روحانی مسائل کا آزمودہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو مخلوق کی خدمت کرنے کی جزا دے آمین!۔ چند سالوں سے کام کا مسئلہ بنا ہوا تھا' پہلے تو کئی سال کام بند رہا' پھر اللہ آپ کا بھلا کرے' عبقری رسالہ سے میں اور میری بیٹی وظائف کرتی رہی تو ہمارا کام بہتر ہوگیا ہے۔ ایک اللہ والی نے مجھے ایک وظیفہ بتایا تھا یَاعَزِیۡزُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ۔ اس سے نماز کی پابندی اور چغلی' غیبت وغیرہ سے کافی پرہیز ہوجاتا ہے اور دل نیکیوں کی طرف مائل ہوجاتا ہے۔ الحمدللہ! میں یہ وظیفہ پڑھ رہا ہوں میرے روحانی مسائل حل ہو رہے ہیں۔ (عبدالوہاب)

آش جَو! جسم کی سو بیماریوں کا یقینی علاج

حکیم راحت نسیم سوہدروی لاہور

نبی کریم ﷺ جو بہت پسند فرماتے تھے۔ آپ ﷺ کی ذات گرامی کے ساتھ اس کا واسطہ بطور روٹی' دلیہ اور بطور ستو احادیث نبوی ﷺ سے ثابت ہے۔ حضرت ام المنذر رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ میرے پاس نبی کریم ﷺ' حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہمراہ تشریف لائے' ہمارے ہاں کھجور کے خوشے لٹکے ہوئے موجود تھے' وہ آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کئے گئے اس میں سے دونوں نے تناول فرمایا۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ تھوڑے کھا چکے تو رسول اللہ ﷺ نے روک دیا اور فرمایا کہ تم ابھی بیماری سے اٹھے ہو اور کمزور ہو مزید مت کھاؤ"۔ اس کے بعد میں نے ان کیلئے جَو اور چقندر تیار کئے۔ نبی کریم ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ سے کہا تم اس میں سے کھاؤ یہ تمہارے لئے مفید ہے"۔ اسی طرح حضرت مالک بن انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک درزی نے نبی کریم ﷺ کی دعوت کی اور اس نے جَو کی روٹی کے ساتھ کدو گوشت پکایا۔ حضور ﷺ بڑی محبت سے سالن سے کدو کے ٹکڑے تلاش کرکر کے تناول فرماتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ کے اہل خانہ میں سے جب کوئی بیمار ہوتا تھا تو حکم ہوتا تھا کہ اس کیلئے دلیہ تیار کیا جائے۔ پھر آپ ﷺ فرماتے تھے کہ بیمار کے دل سے غم کو اتار دیتا ہے اور اس کی کمزوری کو دور کر دیتا ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیمار کیلئے جَو کو دودھ میں پکا کر اس میں شہد ڈال کر تلبینہ تیار کرواتی تھیں اور فرماتی تھیں کہ اگرچہ بیمار اس کو ناپسند کرتا ہے لیکن وہ اس کیلئے بہت مفید ہے۔ تلبینہ تھکن اور پریشانی کو بھی دور کرتا ہے' حضور نبی کریم ﷺ تلبینہ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اس خدا کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے یہ تمہارے پیٹوں سے غلاظت کو دور کرتا اور دل کے جملہ عوارض کا علاج ہے۔ آپ ﷺ اس تلبینہ کو گرم گرم بار بار اور خالی پیٹ تناول فرماتے تھے۔ جَو کے بارے میں بوعلی سینا نے لکھا کہ جَو کھانے سے خون پیدا ہوتا ہے یہ خون معتدل' صالح اور کم گاڑھا ہوتا ہے فردوس الحکمت میں لکھا ہے کہ جَو کو اس کے وزن کے پندرہ گنا پانی میں اتنی دیر تک ہلکی آنچ پر پکایا جائے کہ تیسرا حصہ اڑ جائے۔ اس کو" آش جَو" یہ پانی جسم کی ایک سو بیماریوں کیلئے مفید ہے۔ شمس الدین ثمرقندی اسے فوائد کے لحاظ سے فضیلت گندم سے کم تر درجہ دیتا ہے مگر وہ گندم سے اس لحاظ سے فضیلت ہے کہ یہ جسم کی گرمی اور تپش کو کم کرتا ہے' اس کا حریرہ قابض دواؤں کے ساتھ دست روکتا ہے' جَو کے آٹے میں چھاچھ ملا کر پینے سے صفراوی قے' پیاس کی شدت اور معدہ کی سوزش میں فائدہ مند ہے۔ اطباء نے اعصابی دوروں' اورام' سوزشوں اور خارش کی مختلف اقسام میں اس کے استعمال کو مفید بتایا ہے۔ اس کا آٹا سرکہ میں گوندھ کر لگانے سے ہر قسم کی خارش میں مفید ہے۔ یہ سر کی پھپھوندی کو دور کرتا ہے' اس کے آٹے کو شہد کے پانی میں گوندھ کر لیپ کریں تو بلغمی اورام تحلیل ہوتے ہیں۔ سفرجل (بہی) کا چھلکا اتار کر اسے جَو اور سرکہ کے ساتھ پیس کر جوڑوں کے درد اور اعصابی دردوں پر لگانا نفع بخش ہے۔ اس کے ساتھ تخم خیارین (کھیرا) پیس کر پلوری' پستان کے درد پر لگانا مفید ہے۔ جَو اور گیہوں کی بھوسی کو پانی میں ابال کر اس پانی سے کلیاں کریں تو دانت کا درد جاتا رہتا ہے۔ ہرا دھنیا کے پانی میں جَو کا آٹا ملا کر خنازیر اور گرم سخت اور اورام تحلیل ہو جاتے ہیں سرکہ میں اس کا آٹا ملا کر پیشانی پر لیپ کرنے سے گرمی کا دردسر دور ہوتا ہے۔ جَو صفرا اور خون کو درست کرتا ہے۔ حلق کے امراض کو نافع ہے' بلغم' جریان اور گرمی کو مٹاتا ہے۔ جسم سے چربی کم کر کے موٹاپا کم کرتا اور جسم کو مضبوط کرتا ہے' ان کی تلی کھچڑی پکا کر اس میں شہد ملا کر ٹھنڈی کر کے کھانے سے بخار' قے اور صفراوی دردشکم میں بہت مفید ہے۔ اوپری دودھ پینے والے بچوں کو اگر دودھ میں جَو کا پانی ملا کر دیا جائے تو ان کی آنتیں زیادہ صحتمند رہتی ہیں۔ مثانہ اور پیشاب کی سوزش میں جَو کے پانی میں صمغ عربی (کیکر کی گوند) کا سفوف شامل کر کے پلایا جائے تو پیشاب کی جلن کو جلد آرام آ جاتا ہے۔ **جدید مشاہدات:** احادیث مبارکہ میں جَو کے فوائد کی روشنی میں معدہ و آنتوں کے السر کے مریضوں کو صبح کے ناشتہ میں سرکار دو عالم ﷺ کے عظیم نسخہ کے مطابق تلبینہ دیا گیا۔ السر کا ہر مریض دو سے تین ماہ میں درست ہو گیا جبکہ بہترین علاج کے ذریعے یہ علاج دو سال سے کم عرصہ میں ممکن نہ تھا۔ پیشاب میں خون اور پیپ کے مریضوں میں وجہ چاہے کچھ بھی ہو مناسب علاج کے ساتھ جَو کا پانی اگر شہد میں ڈال کر پلایا جائے تو یہ تکلیف پندرہ روز میں ختم ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات اس سے پتھری خارج ہو جاتی ہے' پرانی قبض کیلئے جَو کے دلیہ سے بہتر محفوظ کوئی اور دوا نہیں دیکھی گئی۔ **جَو کا ستو:** گیہوں یا جَو کو صاف کر کے پانی میں بھگو دیا جاتا ہے اور دھوپ میں خشک کر کے بریاں کیا جاتا ہے (باقی صفحہ نمبر 41 پر)

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو اطلاع دیں' شکر گزار رہوں گا۔ **کتاب نمبر 36: ڈیپریشن سے نجات پانے والے:** دل پریشان ہے' کسی چیز میں دل نہیں لگتا' مایوسی ہے' میں مر کیوں نہیں جاتا' لوگوں مجھے مار ڈالو' میں خودکشی کر لوں گا یا کبھی کبھی خودکشی کے خیالات آتے ہیں۔ یہ تمام کیفیات ڈیپریشن کہلاتی ہے۔ معاشی زندگی میں بدحالی ضروریات کا پورا نہ ہونا ہیں خواہشات کی کبھی تکمیل نہ ہو سکنا انسان کو پریشان کر دیتا ہے۔ انسان کی ویرانی کا سبب ہی ڈیپریشن ہے۔ کلینک پر روزانہ کی بنیاد پر بڑھتے ڈیپریشن کے مریضوں کو دیکھتے ہوئے مخلوق خدا کی بھلائی کیلئے میں نے ڈیپریشن پر کتاب تالیف کرنے کا ارادہ کیا اور بہت جلد میرا یہ ارادہ کتاب کی شکل میں میری ٹیبل پر تھا۔ اگر کسی بھی قسم کا ڈیپریشن کا مریض اس کتاب کو یقین سے پڑھ لے تو اس میں اسے اپنے مرض کا کامیاب علاج ملے گا۔ انشاء اللہ۔ اس کتاب کی تالیف میں جن محترم حضرات کی تحریروں اور رسالہ جات سے مدد لی گئی ان کے نام درج ذیل ہیں: میم۔ الف۔ ڈاکٹر صہیب احمد بٹ۔ خلیق تبسم۔ ڈاکٹر محمد ندیم فیصل میر۔ حکیم شیخ محمد آصف اقبال۔ چوہدری بشیر احمد۔ پروفیسر ارشد جاوید۔ حکیم راشد حسن۔ حکیم ضیاء الرحمٰن۔ حکیم فیروز الدین اجملی۔ ڈاکٹر زاہد جاوید۔ ارل یوبل۔ نعیم ابرار۔ خالد محمود وارثی۔ فاروق عظمت۔ قاضی ذوالفقار احمد۔ شاہنواز فاروقی۔ حکیم ضیاء الرحمان۔ ڈاکٹر فاروق احمد خان۔ غزالہ عصمت۔ ہنری سلاسر۔ ناصر حمید۔ محمد شمیم مرتضیٰ۔ شمیم بلگرامی۔ عرفان محمود۔ الفرح عظمیٰ۔ **رسائل:** حکایت۔ اردو ڈائجسٹ۔ قومی صحت۔ ضیاء الحکمت۔ مرحبا صحت۔ راہنمائے صحت۔ سیارہ ڈائجسٹ۔ ہمدرد صحت۔ ۔ **نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)**

(بقیہ: روحانی محفل سے فیض پانے والے)

میری کیفیات اور جینے کا انداز ہی بدل کر رکھ دیا ہے۔ دل کو سکون ملتا ہے' بس دل کرتا ہے کہ خود بھی اعمال کروں اور دوسروں کو بھی لگاتی رہیں۔ مجھے میرے امتحانات کی شدید پریشانی تھی' میں نے امتحانات دینے کے بعد بھرپور توجہ اور دھیان سے عبقری میں دی گئی روحانی محفل گھر میں کرنا شروع کر دی' الحمدللہ! جب میرا رزلٹ آیا تو میں حیران ہوگئی کہ روحانی محفل کے ذریعے اللہ کریم نے میری دعا کتنی جلدی قبول کر لی۔ الحمدللہ' میں اے گریڈ سے کامیاب ہوئی جبکہ مجھے امید گریڈ بی کی بھی نہ تھی۔ (ا۔ ج: لاہور)

(ادبی ہیڈ فیبس ملک محمد نواز، ننکانہ)

میت کے چہرے سے کپڑا ہٹایا اور نور ہی نور

انہوں نے میت کے چہرہ سے کمبل اٹھایا تو اس کے نیچے سے میں نے ایک ابدی نیند سوئے ہوئے جوان کو دیکھا جس کا چہرہ پھول کی طرح کھلا ہوا تھا' بال بکھرے ہوئے تھے اور پرمورچوں کی مٹی کا گردوغبار تھوڑا تھوڑا نظر آرہا تھا اور ہونٹ ایسے لگ رہے تھے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا گزشتہ کئی سال سے قاری ہوں۔ ایک چشم دید واقعہ آپ کی خدمت میں ارسال کررہا ہوں۔ یہ واقعہ سو فیصد حقیقت پر مبنی ہے۔ میں ایک ریٹائرڈ فوجی ہوں اور 1971 کی جنگ کے دوران میں سیالکوٹ چھاؤنی میں سروس کررہا تھا ایک دن ظہر کے وقت میں اپنے جے سی او میں بیٹھا ہوا تھا کہ 19 لانسر کا ایک جوان میرے کمرے میں داخل ہوا اور مجھے سیلوٹ کرنے کے بعد مجھے بتایا کہ سر آپ کو ہمارے نائب رسالدار ملک خان محمد صاحب یاد کررہے ہیں جو ابھی ابھی اپریشنل ایریا سے ایک شہید کی میت لے کر آئے ہیں۔ یہ نائب رسالدار صاحب میرے گاؤں کے رہنے والے تھے اور میرے دوست بھی تھے۔ جنگ کے دنوں میں ہم لوگ ہر وقت وردی میں ہوتے تھے۔ میں فوراً اٹھ کھڑا ہوا۔ 19 لانسر کی جے سی او میں تقریباً پندرہ بیس گز کے فاصلہ پر تھی درمیان میں صرف ایک سڑک تھی اس کو کراس کرکے میں فوراً ملک خان محمد صاحب کے پاس پہنچ گیا۔ ان کو سیلوٹ کیا اور ہاتھ ملایا۔ اس وقت چند جوان ایک گاڑی سے میت کی سٹریچر اتار رہے تھے انہوں نے اس میت کو برآمدے میں ایک چارپائی پر رکھ دیا۔ میں نے خان محمد صاحب سے پوچھا کہ سر یہ کون صاحب ہیں؟ انہوں نے کہا کہ پہلے آپ چہرہ دیکھ لیں پھر میں تفصیل بتاتا ہوں۔ انہوں نے میت کے چہرہ سے کمبل اٹھایا تو اس کے نیچے سے میں نے ایک ابدی نیند سوئے ہوئے جوان کو دیکھا جس کا چہرہ پھول کی طرح کھلا ہوا تھا' بال بکھرے ہوئے تھے اور پرمورچوں کی مٹی کا گردوغبار تھوڑا تھوڑا نظر آرہا تھا اور ہونٹ ایسے لگ رہے تھے جیسے ہلکی ہلکی مسکراہٹ محسوس ہورہی ہو' میں نے گالوں پر ویسے ہی ہاتھ لگا دیا میت مجھے گرم محسوس ہورہی تھی۔ میرا خیال ہے کہ اس سوار کی شہادت تقریباً پانچ یا چھ گھنٹے پہلے ہوئی تھی بعد میں جناب خان محمد صاحب نے میرے اس گمان کی تصدیق بھی کردی تھی۔ میت کا چہرہ اتنا پرسکون تھا اس سے مجھے نور کی ایسی جھلک نظر آرہی تھی کہ میں نے اس سے پہلے اپنی زندگی میں کسی میت کا چہرہ اس طرح پرسکون نہیں دیکھا تھا۔ دل کررہا تھا کہ بس اس پرنور چہرے کو دیکھتا رہوں' ان پر اترتے انوارات کا مشاہدہ کرتا رہوں میں چاہ کر بھی اس پرنور مکھڑے سے نظر نہیں ہٹا پارہا تھا۔

ملک خان محمد صاحب نے مجھے آواز دی تو میں چونک اٹھا' مڑ کر ان کی طرف دیکھا تو انہوں نے کہا ادھر میرے پاس آجائیں میں آپ کو تفصیل بتاتا ہوں میں حیران پریشان کرسی پر بیٹھ گیا۔ ان کے چہرے کی شیو بڑھی ہوئی تھی اور مسلسل کئی راتوں کی بے آرامی کی وجہ سے وہ کافی تھکے ہوئے لگ رہے تھے اور ساتھ ہی میت کی طرف دیکھ کر ان کی آنکھوں میں آنسو بھی تیر رہے تھے انہوں نے کہا کہ یہ جوان میرے ٹروپ کا تھا اس کا گریڈ تو ڈرائیور تھا لیکن پچھلے مسلسل دو دنوں سے اگلے مورچوں میں اتنی دلیری اور مستعدی سے ایمونیشن پہنچا رہا تھا کہ اس کی کارکردگی کی بدولت ہمارے جوان دشمن کی یلغار کو روکنے میں کامیاب ہوئے تھے۔ سوار محمد حسین شہید نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر اپنے جوانوں کی ایسی مدد کی جس کی مثال ملنا مشکل ہے۔ اس کوشش کے دوران دشمن کا ایک برسٹ اس کو آلگا اور یہ شہید ہوگیا اس شہید کی کارکردگی اور بہادری کو دیکھ کر ہمارے سی او صاحب نے اس کی بہادری کی رپورٹ اعلیٰ حکام کو بھجوا دی ہے اور ابھی ہمارے سی او صاحب اور بریگیڈ کمانڈر صاحب آنے والے ہیں ہوسکتا ہے کہ اس سوار کو کوئی اعلیٰ فوجی اعزاز مل جائے چنانچہ واقعی ہی سوار محمد حسین شہید کو پاکستان کے سب سے بڑے فوجی اعزاز یعنی ''نشان حیدر'' سے نوازا گیا۔ یہ تھا میرا آنکھوں دیکھا واقعہ۔

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں' ضرور لکھیں۔ ہر ماہ یہ سلسلہ شروع کیا جارہا ہے۔

حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب ربیعاً حضرت حکیم صاحب مدظلہٗ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ اس باب میں فرماتے ہیں کہ حق کا طالب کرنے والا صرف حق والا ہی ہوسکتا ہے۔ مزید فرماتے ہیں تو حق کے طلب کرنے والا ہے تجھے ایک پیغام دیتا ہوں۔ کیا؟ ساری کائنات کے بھید کا مقام، جو ہر اعراض وعناصر اور اجرام فلکی، یہ جتنی کہکشائیں ہیں، جتنے آسمان ہیں، جتنے سیارے، ہیں جتنے ستارے ہیں۔ زمین کی جتنی کائنات ہے، زمین کا نظام ہے اور مخلوقات کی جتنی طبیعتیں ہیں، انکے مزاج ان کے انداز، ان کا اٹھنا بیٹھنا، ان کی زندگی گزارنے کی طرز، جو کچھ بھی ہے، ان سب میں اسرار الٰہی کا حجاب ہے۔ ان سب میں تو رب کو تلاش کرسکتا ہے۔ یہ حجاب ہے، اس حجاب کو کھول، تجھے اس میں رب نظر آئے گا۔ قارئین! جس نے پانا ہے وہ رب کو صرف آسمان کو دیکھ کے پاسکتا ہے ''رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا'' یہ ساری کائنات آسمان زمین جو کچھ تو نے پیدا کیا، ایسے ہی بے کار پیدا کیا؟ بس اس لفظ کے کہنے میں بندے کی بخشش ہوگئی تھی۔ ایسے سویا ہوا تھا، گرمی کا موسم تھا، آسمان پر ستاروں کی روشنی اور چمک تھی اور اس نے اوپر دیکھا اور دیکھ کے کہنے لگا الٰہی! یہ جو کچھ بھی ہے، ایسے ہی بے کار بنایا گیا ہے؟ بس! اور پھر اللہ کی قدرت کو آگے بیان کیا۔ اللہ جل شانہ نے اپنی قدرت کے بیان کرنے پر، اپنی طاقت کے بیان کرنے پر اس شخص کی مغفرت کردی۔ **موحد اور مشرک کا فرق:** پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ''ان ساری چیزوں کے اندر رب ہے'' اور اگلی بات کہ اگر تو ان چیزوں کے اندر جائے گا تو رب کو تلاش کرے گا اور اگر ان کو اپنے اندر ڈال لے گا تو شرک میں مبتلا ہو جائے گا۔ نوٹ جیب میں ہے تو ضرورت ہے۔ نوٹ دل میں ہے تو دنیا آگئی۔ اسی کو حب دنیا کہتے ہیں۔ نوٹ تو ضرورت ہے نا؟ نوٹ سے زندگی کی ضروریات رکھی ہیں، نوٹ کو دنیا کا سبب بنایا ہے۔ کیوں؟ کشتی کے اندر پانی نہیں کشتی پانی میں ہے تو ٹھیک اور اگر کشتی کے اندر پانی ہے تو ٹھیک نہیں۔ نکتہ سمجھے؟ (جاری ہے)

تصوف ومعرفت کی زندہ وتابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ "حلقہ کشف المحجوب" کا آج ہی مطالعہ کریں

باطن کھل جائے گا: جو شخص زبان بند کر کے دل سے ایک ہزار مرتبہ یَابَاطِنُ روزانہ پڑھے گا اس پر باطن کے حالات کھل جائیں گے مگر رزق حلال کما کر کھانا بہت ضروری ہے۔

جناتِ کا پیدائشی دوست

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 90

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر بے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

یہ پتھر وادی جنات سے لایا ہوں!: دعا کے بعد اس مجلس میں بیٹھے ایک جن نے میرے سامنے چمڑے کی بنی ہوئی ایک تھیلی میں سے کچھ پتھر نکالے اور کہنے لگے: آپ اس میں سے کوئی ایک پتھر چن لیجئے میں آپ کو ایک پتھر گفٹ دینا چاہتا ہوں‘ میں نے پوچھا کہ آپ یہ پتھر مجھے کیوں دے رہے ہیں‘ کہنے لگے: دراصل یہ پتھر میں وادی جنات سے لایا ہوں اور وادی جنات کا تذکرہ کرتے ہوئے میری طرف غور سے دیکھا اور کہا یہ وادی جنات دراصل ہمالیہ کے کنارے میں ایک ایسی جگہ ہے جہاں جنات بہت زیادہ رہتے ہیں‘ اور وہاں میں یہ بات سو فیصد یقین اور وثوق سے کہہ سکتا ہوں اور یہ بات کہتے ہوئے اس نے تمام جنات کے مجمع کی طرف نظر دوڑائی کہ کیونکہ وہ تمام جنات شریر بدکار نہیں تھے اور اپنی بات کو پھر دہرایا کہ میں نہایت وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمالیہ کے کنارے میں وہ لوگ رہتے ہیں جو بہت متقی اور پرہیزگار ہیں اور اللہ کے کلام کا خصوصی علم ان کے پاس ہے‘ قرآن پاک کی آیات کی تفسیر طاقت اور کمال ان پر بہت زیادہ کھلا ہے۔ انہوں نے وادی کے چپے چپے میں کلام الٰہی کی آیات کی اتنی زیادہ طاقت اور تاثیر دی ہے کہ اس چپے کے کسی بھی حصے کا اگر کوئی پتھر اٹھالیا جائے تو وہ پتھر آپ جس کمرے میں رکھیں اندھیرا ہو تو اس کمرے میں روشنی چراغ سے بھی کہیں زیادہ آنا شروع ہو جاتی ہے۔

چھوٹے سے پتھر سے کمرہ جگمگا اٹھا: یہ بات کہتے ہوئے ساتھ ہی کمرے میں مجھے لے گئے اور اس کمرے میں انہوں نے دروازے بند کر دیئے‘ کھڑکیاں بند کر دیں‘ اندھیرا ہوا‘ چمڑے کی پوٹلی نکالی اور مجھ سے کہنے لگے آپ خود ہی کوئی ایک پتھر نکالیے میں نے ہاتھ ڈالا میں نے جان بوجھ کر ایک چھوٹا سا پتھر نکالا جس کی جسامت سب پتھروں سے بہت چھوٹی تھی۔ بس میرا ہاتھ پوٹلی سے نکلتے ہی پتھر باہر آیا اور ساتھ ہی کمرہ جگمگ جگمگ کرنے لگ گیا۔ میں حیران! مجھے احساس ہوا کہ اللہ کا نور اگر پتھروں میں شامل ہو جائے تو پتھر اتنے روشن اور تابندہ ہو جاتے ہیں اور یہی نور اگر انسان کے اندر داخل ہو جائے تو پھر کیوں نہ اس انسان کے نور کی وجہ سے وہ شریر جنات اس نورانی اور روحانی دیوار سے دور بیٹھے فرشتوں کی حفاظت اور حصار کا پورا انتظام تھا۔

ایک پتھر آپ ضرور لیجئے: مجھ سے کہنے لگے: اس میں سے ایک پتھر آپ ضرور لیجئے! میں نے وہی چھوٹا پتھر اپنے پاس رکھ لیا‘ اس کا اصرار تھا کہ نہیں آپ بڑا پتھر لیں اور بڑے پتھر سے روشنی زیادہ ہوگی‘ لیکن میں نے مناسب نہ سمجھا میں نے وہی چھوٹا پتھر اپنے پاس رکھ لیا‘ وہ آج بھی میرے پاس موجود ہے۔ عجب روشنی‘ عجب نور ہاں اتنا میں نے کیا ہے کہ جو ذکر تسبیحات اور معمولات کرتا ہوں اس کی ایک پھونک اس پتھر پر مار دیتا ہوں اور جس دن میں ذکر تسبیحات معمولات زیادہ کروں اور اسے پھونک ماروں اس کی روشنی تو ویسے بہت زیادہ ہے لیکن اس دن اس کی روشنی حد سے زیادہ بڑھی ہوئی ہوتی ہے۔

جانیے جنات ہماری نسلوں کو کیسے ورغلاتے ہیں: میری بارہا چاہت تھی کہ غار والے جنات اگر اپنے زندگی کے مشاہدات اور جنات کا رہن سہن اور جنات کا انسانی زندگی میں عمل دخل اگر بیان کریں تو مجھے بھی فائدہ ہوگا اور عبقری کے قارئین کو بھی بہت زیادہ فائدہ ہوگا چونکہ اب اس آنے والے قافلے سے کچھ مناسبت ہو گئی تھی اور وہ جنات بھی مجھ سے گھل مل گئے تھے اور پھر یہ ایک جن ان میں ایسا تھا جو مجھے پہلے سے جانتا بھی تھا اور اللہ کے فضل و کرم سے دعا کی برکت سے اس کو مرادیں بھی ملی تھیں تو میں نے پھر وہی اپنا موضوع چھیڑا اور میں نے غار والے جنات کو متوجہ کیا کہ کیوں نہ وہی موضوع اور وہ سلسلہ پھر شروع ہو جائے اور اس سلسلے سے مخلوق خدا کو بہت زیادہ حالات سے آگاہی ہوئی‘ میں نے پھر سوال کیا اور اس سوال میں اس قافلے میں آنے والے بہت سے جنات اور بھی متوجہ تھے بلکہ سارے متوجہ تھے میں نے سوال کیا کہ یہ بتائیں جنات ہمارا خزانہ چوری کر لیتے ہیں‘ ہمارا کھانا کھا لیتے ہیں‘ ہماری نوجوان عورتوں کو ورغلاتے اور پریشان بھی کرتے ہیں اور ان سے بُرائی کا ارادہ بلکہ برائی بھی کر لیتے ہیں‘ ہماری نسلوں کو کیسے ورغلاتے اور پریشان کرتے ہیں ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ کی بیماریاں اور تکالیف کیسے لے آتے ہیں؟۔

جن اگر شر اور فساد کی طرف متوجہ ہو جائیں تو: غار والے جن کے بولنے سے پہلے اسی قافلے میں ایک جن بڑی عمر کا تھا‘ کچھ زیادہ بوڑھا بھی نہیں تھا‘ فوراً بولا: کہنے لگا دراصل بات یہ ہے کہ ہم میں سے اگر کوئی جن شریر ہو جاتا ہے یہ سب اسی کی ڈیوٹی کا حصہ ہے‘ ہمارا دن رات مخلوق خدا کو نفع دینا‘ خیر پھیلانا‘ جیسے ابھی آپ ان غار والے جنات کے حوالے سے بتا رہے تھے کہ یہ ایک شادی کی تقریب میں جا رہے تھے‘ وہاں ہر طرف روحانی دیواریں‘ فرشتوں کی حفاظت‘ فرشتوں کا حصار تھا اور تحقیق کرنے پر پتہ چلا کہ ایک بزرگ وہاں موجود ہیں۔ ان کے نیک اعمال اور نیکی کی وجہ سے اللہ نے ان کو اور ان کے مجمع کو اتنی بڑی خیر سے نوازا ہے‘ اتنی بڑی برکت سے سرفراز کیا ہے‘ بالکل اسی طرح جب ہمارے جنات جو کہ اکثر جنات خود شریر ہوتے ہیں شر اور فساد کی طرف متوجہ ہو جائیں تو ان کی زندگی میں ایک چیز ایسی ہوتی ہے جس کو وہ خود پھیلانا چاہتے ہیں چاہے وہ دکھ کی شکل میں ہو یا غم کی شکل میں ہماری پھر بھی کوشش ہوتی ہے کہ یہ ایسا نہ کریں لیکن بعض اوقات ہم بے بس ہو جاتے ہیں۔

یہ رزق حلال کی طاقت اور تاثیر ہے: اس کی مثال دیتے ہوئے اس قافلے کے جن نے کہا: اکثر زیر زمین خزانے ہزاروں سال پرانے یا صدیوں پرانے بہت زیادہ ہوتے ہیں‘ اگر ان خزانوں کا کوئی مالک نہ ہو تو ان پر حفاظت کا غیبی نظام ہوتا ہے جنات کی کوشش ہوتی ہے کہ جنات ان خزانوں کو لوٹیں‘ لیکن چونکہ فرشتوں کا حصار اور فرشتوں کی حفاظت ہوتی ہے اور ویسے بھی اگر وہ خزانے رزق حلال کے ہیں تو ان کی غیبی حفاظت ایسے ہوتی ہے کہ کوئی طاقتور سے طاقتور جن، دیو، عفریت اس تک پہنچ تو کیا اس طرف اگر گہری نظر سے دیکھے تو اس کی آنکھیں اندھی ہو جاتی ہیں۔ یہ رزق حلال کی طاقت اور تاثیر ہے۔ اب جنات کی کوشش ہوتی ہے کہ ان خزانوں کو نکالیں اور ان خزانوں کو لوٹ لیں۔

صحرائی جنات اور خزانہ کی تلاش: ایک دفعہ کا واقعہ ہے حیدر آباد شہر کے قلعہ کے اندر ایک خزانہ تھا‘ اس خزانے کا لوگوں کو علم نہیں تھا ساتھ تھر کے رہنے والے صحرائی جنات بہت عرصہ سے اس کی تلاش میں بھی تھے پھر انہوں نے تلاش کر لیا‘ اب وہ چاہتے تھے کسی طرح اس کو نکالا جائے‘ میں اس قافلے کے جن کی باتیں سن رہا تھا۔ غار والے جنات بھی اس کی باتوں میں متوجہ تھے اور سر ہلا رہے تھے‘ قافلے والے جن کی باتوں میں سچائی صداقت اور حقیقت واضح محسوس ہو رہی تھی۔ کہنے لگے: ایک دفعہ انہوں نے بھرپور پروگرام بنایا کہ چل کر حیدر آباد کے اس قلعہ کے نیچے خزانہ جو کہ بہت بڑا خزانہ ہے جس میں لاکھوں ہیرے، جواہرات، موتی، منوں کے حساب سے سونا، چاندی اور قیمتی پتھر جس کی قیمت شاید دنیا میں اربوں کھربوں سے بھی زیادہ ہو‘ یہ کل سینتیس جنات تھے جب یہ نکالنے کیلئے وہاں پہنچے ایک

بات کا احساس نہ رہا کہ اس خزانے پر غیبی فرشتوں کی حفاظت کا نظام ہے' انہوں نے اس حصار کو محسوس نہ کیا اور اس کا کوئی خیال بھی نہ کیا' بس یہ وہاں سے خزانہ ہی لینا چاہتے تھے آندھی طوفان کی طرح آگے بڑھے ایک خوفناک دھماکہ اور جھٹکا لگا اور اس میں سے آٹھ جنات ایک پل میں اُڑ گئے اور جل گئے۔ ان کی چیخ و پکار شروع ہوئی یہ پیچھے ہٹ گئے' انہیں احساس ہوا کچھ ہے' جب یہ ان کا احساس بڑھا تو ان میں ایک سمجھدار اور علم رکھنے والا جن تھا اس نے اپنے علم کے مطابق پرکھنا شروع کردیا پرکھتے پرکھتے وہ اپنے علم پر پہنچا اس نے کہا کہ ہٹ جاؤ اگر ہم بھی آگے بڑھے تو فرشتوں نے ہمیں بھی جلا دینا ہے ہمارے پاس طاقت ہے' ہم جنات ہیں لیکن فرشتوں سے زیادہ طاقتور ہم جنات نہیں ہیں۔ **تھکے ہارے' زخمی جنات:** وہ جنات تھکے ہارے اور زخمی واپس چلے گئے جو کہ باقی بچے تھے' وہ پچھتاتے ہوئے اور گھبراتے ہوئے دور ہوگئے۔ قافلہ کا جن ابھی بول ہی رہا تھا تو غار کے جن نے کہا خزانوں کی کہانیاں میرے پاس بے شمار ہیں' جیسے انسان خزانوں کے متلاشی ہوتے ہیں' بالکل ایسے ہی جنات بھی خزانوں کے متلاشی ہوتے ہیں لیکن جنات خزانوں کو دیکھ سکتے ہیں انسان دیکھ نہیں سکتے پر نکال سکتے ہیں' اگر جنات نکال سکتے کہ یہ واقعات جو وقتاً فوقتاً انسانوں کی دنیا میں ہوتے رہتے ہیں کہ فلاں جگہ سے خزانہ نکلا فلاں جگہ سے خزانہ نکلا پھر یہ کوئی خزانہ نہ نکلتا بلکہ جنات سب خزانوں کو صاف کرچکے ہوتے۔ میں نے آج کی محفل کو بہت قیمتی جانا' میرے دل نے چاہا کہ ان سے اور زیادہ معلومات حاصل کروں اور خاص طور پر خزانوں کے بارے میں معلومات ضرور لوں۔ **کسی جن کو خزانے کے متعلق معلومات ہیں؟:** اسی دوران میں نے خود ہی سوال کیا آپ میں سے کسی جن کو کسی خزانے کے بارے میں کچھ معلومات ہیں تو مجھے ضرور بتائیں' بہت سے جنات خزانوں کے بارے میں معلومات کیلئے بولنا چاہ رہے تھے لیکن غار والے جن نے ان میں سے ایک ہی کی بات' ایک ہی وقت میں سننا پسند کی۔ کہنے لگے کہ میں ایک جگہ انسانی شکل میں خدمت کرتا تھا اور ملازمت کرتا تھا' ایک جگہ تعمیرات کا کام ہورہا تھا۔ **اس خزانہ کو ہاتھ نہ ڈالنا بے شمار جنات مارے گئے ہیں:** میں نے وہاں محسوس کیا کہ کوئی خزانہ وہاں موجود ہے اور پھر چونکہ ہم جنات ہیں اور ہم نے اس خزانہ کو اچھی طرح پرکھ لیا تھا' اور بہت تسلی سے دیکھ لیا تھا اب میں موقع کی تلاش میں تھا کہ کسی طرح یہ خزانہ میں حاصل کرلوں میں نے ایک دفعہ کوشش بھی کی کہ کسی طرح اس خزانہ کو حاصل کروں مجھے کسی نے بتایا کہ ایسے خزانہ کو ہاتھ نہ ڈالنا بے شمار جنات مارے گئے ہیں' ہمارے ایک بہت بوڑھے صاحب تھے جو کہ عملیات کی دنیا میں بہت زیادہ آگے تھے' ان کی شہرت بہت تھی' ان کے تعویذ کی تاثیر کئی دفعہ پرکھی' ان کے وظیفے کئی دفعہ چیک کیے اور کہیں ایسا بھی ہوا کہ کتنے عجیب وغریب ناممکن کام انہیں دیئے اور انہوں نے چند دنوں میں ان کاموں کو کرکے دکھایا میں خوش خوش ان کے پاس گیا کہ کسی طرح وہ مجھے اس خزانے کا حل بتاسکیں۔ **خزانہ کیا نکلتا میری جان نکلنا شروع ہوگئی:** خزانہ بہت بڑا تھا میرے دل میں تھا کہ میں ان سے یہ بات واضح کہوں گا کہ آپ خزانہ اور خزانہ میں سے جتنا حصہ لینا چاہیں گے۔ میں آپ کو دوں گا لیکن کسی طرح یہ خزانہ مجھے مل جائے' ان سے باتیں کرتے کرتے میں نے جب ان کے سامنے اس خزانے کی طلب کا تذکرہ کیا تو مجھ سے فرمانے لگے جس طلب کو لے کر آئے ہو' اس طلب کو بھول جاؤ' کہیں ایسا نہ ہو کہ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھو' پھر میری طرف گہری اور تیز نظروں سے دیکھ کر کہنے لگے: تو جانتا ہے میں بہت بڑا عامل ہوں اور اگر میں اپنے منہ سے کہوں کہ بہت بڑا امنتر اور غیبی علوم کی دنیا کا کامل ہوں تو میں غلط نہیں کہوں گا لیکن ایک بات یاد رکھنا خزانے دراصل کبھی لوگوں کی امانت ہوتے ہیں' کبھی نسلوں کی امانت ہوتے ہیں اور کبھی اللہ پاک نے اسے چھپا کر رکھا ہوتا ہے اور وہ راز صرف اللہ ہی جانتا ہے۔ شروع دنوں میں میں نے بھی بہت کوشش کی تھی کہ میں ان خزانوں کو نکالوں لیکن خزانے کیا نکلتے تھے؟ مجھے اپنی جان نکلتی نظر آئی اور میں اپنی جان بچا کر وہاں سے نکلا۔ **خبردار خزانہ کے خیال سے باز آ:** ایک دفعہ تو ایسا ہوا کہ میں نے ایک خزانہ کو تلاش کرنے کیلئے اکتالیس دن کا چلہ کیا' چلہ کرتے کرتے جب مجھے سینتیس دن ہوگئے میں ایک پوری امید اور توقع میں تھا اب میرا مقصد مجھے حاصل ہوجائے گا لیکن میں اس وقت بہت زیادہ مایوس ہوا جب ٹھیک انتالیس دن بعد بہت طاقتور مخلوق جو کہ نجانے کون تھے؟ نہ فرشتے تھے نہ انسان تھے' میرے سامنے آکر کھڑی ہوگئی اور کہنے لگی: اگر تیرے پاس حفاظت اور حصار کے طاقتور عمل نہ ہوتے تو تجھے ہم ٹکڑے ٹکڑے کردیتے حتیٰ کہ تیری نسلوں کو پھونک دیتے اور تیری نسلوں کو ختم کردیتے' لیکن کل آخری دن ہے اور کل فیصلہ ہونا ہے یعنی چالیسواں دن ہے اور فیصلہ ہونا ہے اور اس چالیسویں دن میں تجھے ہم نے ختم کرنے کا بھرپور پروگرام بنایا تھا لیکن کچھ چیزیں ایسی ہیں جنہوں نے تیری حفاظت کی' خبردار خزانہ کے خیال سے باز آ۔ **یہ نظام جنات سے بھی محفوظ:** قارئین! جنات ہوں یا انسان خزانہ ایک غیبی نظام کے ساتھ حفاظت میں رہتا ہے' یہ ایک ایسا غیبی نظام ہے جو صرف عرش والا ہی جانتا ہے' عام انسان اس کو نہ سمجھ سکتا ہے' نہ سوچ سکتا ہے' نہ اس نظام کو بدل سکتا ہے حتیٰ کہ یہ نظام رب نے جنات سے بھی محفوظ رکھا ہوا ہے' آپ حیران ہوں گے کہ جنات اس نظام کو دیکھ تو سکتے ہیں' پرکھ بھی سکتے ہیں لیکن خزانہ نکال نہیں سکتے' بالکل یہی معاملہ اس جن کے ساتھ ہوا' اس نے چالیس دن کا چلہ کیا پر وہی غیبی طاقت جو خزانہ کی حفاظت پر معمور ہے اور ایک وقت معینہ کا انتظار ہوتا ہے کہ یہ خزانے کہاں اور کس جگہ نکلتے ہیں' اور نکلنے ہیں کون ان کا وارث ہے؟ اور کہاں کہاں سے آدمی آئیں گے' کیسے یہ بکے گا؟ پھر استعمال میں کہاں آئے گا۔ **خزانہ نکالنے کے بے شمار قصے:** میرے پاس بے شمار ایسے شواہد موجود ہیں کچھ لوگوں نے علم کی طاقت کی بنیاد پر خزانوں کو نکالنے کی کوشش کی' چونکہ علم بھی تو رب کا ہوتا ہے اور ہاروت ماروت کا قصہ یہی کچھ بتاتا ہے یعنی قرآن میں ہے کہ اللہ نے ڈھیل دی ہوئی اور ساتھ علم بھی دیا ہوا' کہ خیر بھی موجود ہے اور شر بھی موجود ہے' اب جو چاہے اس خیر کو کرلے اور جو چاہے شر کو اپنالے' اب انہوں نے اگر کوشش کی بھی اور کوشش میں کامیاب بھی ہوگئے اور وہ خزانہ نکلا لیکن اس خزانہ میں خونریزی قتل' لڑائیاں جھگڑے بیماریاں تکالیف مسائل مشکلات مقدمات الجھنیں نسلوں کی بربادی بیٹوں کی کمی' مسائل ایک کے بعد دوسرے اور مسلسل مشکلات اور الجھنیں ان میں مبتلا کردیتے ہیں۔ میرے پاس ایک صاحب آئے چونکہ انہیں عمل بتایا تھا اور چالیسویں دن اس عمل میں اس کیلئے واضح اشارہ ہونا تھا کہ یہ خزانہ تیرے لیے خیر و برکت کا ذریعہ ہے یا نہیں ہے۔ (جاری ہے)

اڑتی جادوئی ہانڈی کے وار سے کیسے بچا؟

قارئین! عبقری میں چھپے یا کسی بھی عمل وظیفے کے کرنے سے آپ کو جادو جنات سے چھٹکارا ملا ہو یا آپ پر کیا گیا جادو ٹونہ ہوا ہو تو وہ مکمل عمل اور اس کی مکمل روداد تفصیل کے ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری میں بھیجئے۔ آپ کا یہ عمل لاکھوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت معیاری ہے' اللہ پاک سے اور دین اسلام سے مخلوق کا تعلق مضبوط بنا رہا ہے' محترم علامہ لاہوتی پراسراری صاحب سے لاکھوں قارئین کی طرح میری بھی ملنے کی خواہش ہے؟ نہ جانے کب پوری ہوگی؟ انشاء اللہ آپ کی دعاؤں سے یہ بھی پوری ہوگی۔ درج ذیل تحریر کے ذریعے پہلی بار آپ کی عبقری محفل میں شریک ہو رہا ہوں امید ہے میری تحریر سے قارئین عبقری کو بھرپور فائدہ ہوگا۔ قارئین عبقری! مجھ پر کسی نے انتہائی سخت کالا جادو کیا تھا' جسے عرف عام میں ہانڈی بھیجنا بھی کہتے ہیں' مگر مجھے اس وقت ان چیزوں کا علم نہیں تھا کہ یہ ہانڈی کیا ہوتی ہے؟ اور میرے اوپر کیوں آئی مگر الحمدللہ مجھے اللہ نے اپنے کلام پاک کی برکت سے اس جادوئی ہانڈی سے محفوظ رکھا۔ قارئین! کلمہ طیبہ اللہ عزوجل کی وحدانیت' عظمت کا اقرار اور ہمارے پیارے نبی حبیب خدا رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری نبی یعنی خاتم النبیین پر ایمان آسان الفاظ میں یہ بات یوں بھی کہی جاسکتی ہے کہ اللہ پاک کے احکامات کو اُس کے نبی محترم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقوں کے مطابق پورا کرنے کا نام دین ہے' یہی اصل کامیابی ہے' آخرت و دنیا کی جو کام اللہ پاک کے بابرکت نام اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پاک پڑھ کر شروع کیا جائے وہ نہ صرف بابرکت ہوتا ہے بلکہ پایہ تکمیل تک بخیر و عافیت انجام پاتا ہے۔ محترم قارئین! یہ واقعہ کئی سال پہلے کا ہے ایک مرتبہ رات کو میں اکیلا سو رہا تھا کہ اچانک تیز گرمی اور تپش سے میری آنکھ کھل گئی' میری عادت ہے کہ رات کو کلمہ طیبہ' دوسرا' تیسرا' چوتھا کلمہ' درود شریف' مسنون دعائیں پڑھ کر سوتا ہوں' ایک رات میں نے کھلی آنکھوں سے دیکھا کہ ایک ہانڈی ہے جس سے اُبلنے کی آواز آ رہی ہے اور ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے اس کے اندر کوئی چیز پک رہی ہو' جیسے بہت تیز گرم پانی کھولتا ہے' کھولتے پانی کی آواز سن کر میری آنکھ کھل گئی' یقیناً اللہ پاک کو میری حفاظت منظور تھی میں نے کلمہ طیبہ' آیۃ الکرسی پڑھی تو وہ اوپر اٹھ کر اونچی ہوگئی اور نظروں سے غائب ہوگئی دوبارہ میری آنکھ لگ گئی' پھر تپش اور گرمی سے آنکھ کھلی تو دیکھا کہ وہ ہانڈی مجھ سے تقریباً ڈیڑھ میٹر بلند ہے میں نے پھر کلمہ طیبہ اور آیۃ الکرسی' درود پاک کا مسلسل ورد کیا تو وہ دوبارہ اوپر جا کر نظروں سے اوجھل ہوگئی' میں دوبارہ نیند کی وادی میں چلا گیا' ایک مرتبہ پھر تیسری بار میری آنکھیں کھلی تو کھلی کی کھلی رہ گئیں وہی ہانڈی میرے لیٹے ہوئے جسم سے تقریباً دو فٹ اوپر تھی کہ میں اس کے نیچے جلنے والی موٹی لکڑیوں کی سفید راکھ دیکھ رہا تھا میں نے لیٹے لیٹے لرزتے ہونٹوں کے ساتھ کلمہ طیبہ، آیۃ الکرسی اور مسنون دعائیں کے علاوہ تلاوت قرآن پاک بھی شروع کر دی جونہی وہ ہانڈی اوپر جا کر غائب ہوئی تو میں چارپائی سے اٹھ چکا تھا' رات ڈیڑھ دو بجے کا وقت تھا' وضو کیا رب کے حضور سر جھکا دیا اور شکر ادا کیا کہ نہ جانے یہ کیسی مصیبت تھی جو مجھ پر آ رہی تھی اللہ پاک نے نجات عطا فرمائی۔ صبح اٹھ کر مختلف علماء کرام' عاملین کے پاس گیا' سب نے یہی بتایا کہ کسی نے انتہائی سخت کالے جادو والے عامل سے آپ پر قاتلانہ حملہ کروایا اور اس حملہ سے 97 فیصد افراد زندہ نہیں رہتے' اللہ پاک کی مہربانی کلام پاک' کلمہ طیبہ کی برکت تھی کہ آپ محفوظ' صحیح سلامت رہے۔ سچ ہے جو اللہ پاک کی پناہ میں آجاتا ہے اس کا مخلوق کچھ نہیں بگاڑ سکتی کہ بچانے والا خود اللہ پاک طاقتور زبردست ہے۔ (غ۔ش)

موٹاپا اور بڑھا ہوا پیٹ دنوں میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو ہمیشہ سکھی رکھے۔ دونوں جہانوں کی نعمتوں سے مالا مال رکھے اور آپ کے تسبیح خانہ والے سلسلے کو اللہ نسلوں تک چلاتا رہے اور میری یہ دعا ہے کہ اللہ رب العزت آپ کو میری عمر بھی لگا دے ایک عدد نسخہ بڑھے ہوئے پیٹ اور اضافی موٹاپا کیلئے عرض ہے۔ ایک پاؤ پودینہ سبز خشک کر کے (جنگلی نہ ہو) اور ایک پاؤ اجوائن ایک پاؤ اُسوں (جس سے کڑوا تیل نکلتا ہے) ان سب کو علیحدہ علیحدہ پیس لیں اور پھر اکٹھا کر کے خوب پیس لیں۔ صبح، دوپہر، شام ایک چوتھائی چمچ نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ ایک مہینے کے بعد مریض اپنی کیفیت کے مطابق اس کو کم کرتے جائیں۔ پیٹ اور موٹاپا انشاء اللہ دنوں میں ختم ہو جائے گا۔ (طاہر عبداللہ' ڈیرہ اسماعیل خان)

مستقبل کے روشن خاکوں میں رنگ بھریے

شازیہ شکیل' لاہور

ایک ماہر نفسیات نے کہا کہ ہر انسان کو تنہائی میں پریشان کن حالات پیش آتے ہیں اور وہ اداس ہو جاتا ہے میں نے اس کا علاج یہ تجویز کیا ہے کہ میں تنہائی کے اوقات میں کوشش کرتا ہوں کہ اپنی ذات کے بارے میں کچھ نہ سوچوں اور دوسرے لوگوں اور چیزوں کے بارے میں سوچتا رہوں۔ میں نہ ماضی کے عمدہ مواقع سے محرومی یا انہیں گنوانے کے باعث پر غور کرتا ہوں بلکہ میں تنہائی کے اوقات میں مستقبل کے اپنے خاکوں میں رنگ بھرتا رہتا ہوں جس سے مجھے خوشی محسوس ہوتی ہے۔ ساتھ ہی میں مستقبل کے اس روشن خاکے کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے کوشش بھی کرتا ہوں۔ اس کا نتیجہ یہ برآمد ہوتا ہے کہ میں آئندہ کیلئے کاموں کو محنت اور لگن سے انجام دینے لگتا ہوں اور اس طرح میری زندگی میں امید، روشنی اور خوشی پیدا ہوتی چلی جاتی ہے۔ میں اپنی راہ کی مشکلات اور رکاوٹوں سے کبھی دل برداشتہ نہیں ہوتا بلکہ ان کا خوش دلی اور جرأت سے مقابلہ کرتا ہوں کیونکہ مجھے علم ہے کہ فکر و غم مایوسی اور پریشانی میں مبتلا انسان کی دماغی اور اعصابی قوتیں ناکارہ ہو جاتی ہیں اور وہ انجانے میں غیر شعوری طور پر ایسا عمل اختیار کر لیتا ہے کہ اس کے کام سنورنے کے بجائے بگڑ جاتے ہیں اور ناکامی اس کا مقدر بن کر رہ جاتی ہے اس کے برعکس میں چونکہ ہر کام خوشی اور مستقل مزاجی اور لگن سے کرتا ہوں اس لیے ناکامی کے اندیشے اور مایوسی کے وسوسے مجھ سے دور رہتے ہیں اور مجھے امید کے دریچوں سے کامیابی کی راہیں روشن نظر آنے لگتی ہیں۔ غمزدہ مایوس اور ناکام انسانوں کو چاہیے کہ اپنا ذہنی رویہ تبدیل کر دیں اس سے یقیناً ان کی مایوسی امید میں' غم خوشی میں' مفلسی امارت میں اور ناکامی کامیابی میں بدل جائے گی۔ انشاء اللہ۔

(بقیہ: آش جو! جسم کی سو بیماریوں کا یقینی علاج)

پھر اس کو پیس کر استعمال کرتے ہیں' طبی حوالے سے یہ ایک معتدل غذا ہے' سریع الہضم ہے' مسکن حرارت ہے' آج کے دور میں لوگ آٹا چھان کر روٹی پکاتے ہیں اور بھوسی ضائع کر دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ معدہ اور نظام ہضم کی متعدد بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں حالانکہ یہی بھوسی بغیر چھنے کی شکل میں ستو کا نعم البدل ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دستور تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بغیر چھنے آٹے کو ستو کی شکل میں نوش فرماتے تھے۔ متفرق روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حلیمہ جو یا گیہوں کو ڈال کر دودھ میں پکایا جاتا تھا جو بیماروں کو کھانے کیلئے بطور خاص دیا جاتا تھا۔ الغرض بغیر چھنے آٹا روٹی کی شکل میں یا ستو کی شکل میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام زندگی استعمال فرمایا اور اسکو طرح استعمال کرنے کی ہدایت فرمائی۔ جس کے متعلق اطباء جدید جدید سائنسی تحقیق ایمان لائے اور پھر اس کے فوائد بیان کیے۔

گھر ہمیشہ آباد رہے: سات روز تک اسم یَاوَالِیُّ کو 313 مرتبہ پڑھ کر پانی پردم کرکے گھر کے چاروں کونوں پردم شدہ پانی کا چھڑکاؤ کریں' انشاء اللہ گھر ہمیشہ آباد اور قدرتی آفات سے بچا رہے گا۔

اپنی صحت اور شادمانی کیلئے باغ بانی کیجئے

صائمہ تیمور، راولپنڈی

مختصر سی جگہ میں نہایت خوبصورت باغیچہ لگا رکھا تھا تقریباً دس فٹ لمبا اور چودہ فٹ چوڑا ہوگا۔ اس میں انہوں نے سدا بہار قسم کے پودے لگا رکھے تھے۔ وہ اپنے پھولوں کی شگفتگی کو دیکھ کر ہر قسم کے وسوسوں' شکوک وشبہات اور مایوسیوں سے دن بھر کیلئے محفوظ ہوجاتے تھے۔

ایک صاحب دن رات اٹھتے بیٹھتے شطرنج کی باتیں کیا کرتے تھے۔ اتفاق سے انہیں ایک باغ دیکھنے کی دعوت دی گئی۔ باغ کے مالی نے انہیں دو تین گلاب کے پودوں کو خریدنے کی ترغیب دی۔ کچھ ہی دنوں میں وہ گلاب کی خوبصورتی سے اتنے مسحور ہوگئے کہ انہوں نے تقریباً پچاس کیاریاں لگا ڈالیں۔ لوگوں نے جب ان سے پوچھا کہ آپ نے شطرنج کیوں چھوڑ دی تو کہنے لگے کہ دن بھر شطرنج کھیلنے کے بعد صرف یادیں باقی رہ جاتی تھیں اور وہ یادیں بھی کچھ اچھی نہیں ہوتی تھیں۔ اس کے برعکس اپنے گلابوں کی خدمت کرنے کے بعد مجھے اپنے چاروں طرف حسن ہی حسن نظر آتا ہے اور اس سے میری آنکھوں کو ٹھنڈک اور دل کو مسرت وشادمانی حاصل ہوتی ہے۔ میں نے محسوس کیا ہے کہ میری صحت بھی پہلے سے بہتر ہوگئی ہے۔ اسی طرح فوج کے ایک پنشن یافتہ میجر صاحب ہیں جنہوں نے پودوں کا کاروبار کررکھا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انہیں فوج سے اس بنا پر رخصت کردیا گیا تھا کہ ان کا دل کچھ کمزور ہوگیا تھا معالج نے ان سے کہا تھا کہ اب وہ صرف چند ماہ زندہ رہ سکیں گے اور اگر کہیں محنت و مشقت کی تو یہ ان کیلئے سخت مضر ہوگا بلکہ مہلک ہوگا۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ معالج کی تنبیہ کے باوجود آپ کو پودوں کا کاروبار کرتے ہوئے ڈر نہیں لگا؟ تو انہوں نے جواب دیا: میں نے معالج کی بات پر کچھ دنوں تک غور کیا۔ پھر میں نے طے کیا کہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنے سے تو بہتر یہ ہوگا کہ مرہی جاؤں۔ مجھے پودے ہمیشہ سے اچھے معلوم ہوتے تھے' لہٰذا میں نے ایک درجن مختلف اقسام کے پودے خرید ڈالے اور انہیں فروخت کرنے کیلئے اشتہار دے دیا۔ دوست اور اجنبی سب ہی خریدنے آگئے اور میں نے وہ پودے بیچ کر کچھ اور خرید لئے۔ میں روپیہ کمانے کی فکر میں قطعی نہ تھا بلکہ یہ چاہتا تھا کہ خود مصروف رہوں اور دوسروں کے ماحول کو خوش نما بنانے میں ان کی مدد کروں' چنانچہ میں نے مناظر قدرت کا مشاہدہ کیا اور لوگوں کو پودے سجانے کا مشورہ دینا شروع کردیا۔ واضح رہے کہ معالج صاحب نے جو تنبیہ کی تھی اس کو بیس برس ہو چکے ہیں۔

معالج صاحبان اب لوگوں کو باغ بانی کا مشورہ دینے لگے ہیں۔ ایک معالج نے ایک خاتون سے کہا کہ اگر آپ کے پاس باغ نہیں ہے تو کسی میدان میں چلی جایئے اور وہاں ایک گڑھا کھود لیجئے پھر اسے مٹی سے بھر دیجئے بعد میں جب یہ خاتون ہسپتال میں تھیں تو انہوں نے اپنے کسی دوست سے کہا کہ مجھے ایک گملے میں مٹی لادو تاکہ میں اس میں اپنا ہاتھ ڈال لوں۔ ایک اور خاتون نے شادی نہیں کی تھی بات یہ تھی کہ وہ ایک اعصابی مرض میں مبتلا تھیں۔ لہٰذا کام نہیں کرسکتی تھیں' اتفاق سے کسی نے انہیں افریقہ کا بنفشہ دے دیا بس پھر کیا تھا انہوں نے اس سے پچاس اقسام کے پودے پیدا کرلئے چنانچہ ان کے دوست احباب ان سے وہ خریدنے لگے۔ اپنے پودوں سے لوگوں کو خوش دیکھ کر اس خاتون کو اتنی مسرت حاصل ہوئی کہ انہوں نے دیگر اقسام کے پودے خرید لئے' چنانچہ اور لوگ انہیں خریدنے آنے لگے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس خاتون کی اعصابی بیماری دور ہوگئی اور زندگی کے بارے میں اس کا رویہ نہایت خوشگوار ہوگیا۔ مٹی اور پودوں میں کام کرنے کی وجہ سے اس کے اعصاب میں زندگی کی ایک نئی لہر دوڑ گئی۔ ایک صاحب نے بتایا کہ جب وہ اپنے باغ میں چہل قدمی کرتے ہیں تو طرح طرح کے خیالات ان کے دل میں آتے رہتے ہیں' چنانچہ وہ اپنی تمام تقریریں اکثر باغ کی چہل قدمی کے دوران تیار کرلیتے ہیں اس کے علاوہ وہ اپنے دوستوں کی پریشانیوں کا حل بھی اسی دوران میں تلاش کرلیتے ہیں۔ باغ کیلئے بہت زیادہ جگہ کی ضرورت نہیں ایک صاحب نے نہایت مختصر سی جگہ میں نہایت خوبصورت باغیچہ لگا رکھا تھا تقریباً دس فٹ لمبا اور چودہ فٹ چوڑا ہوگا۔ اس میں انہوں نے سدا بہار قسم کے پودے لگا رکھے تھے۔ وہ اپنے پھولوں کی شگفتگی کو دیکھ کر ہر قسم کے وسوسوں' شکوک وشبہات اور مایوسیوں سے دن بھر کیلئے محفوظ ہوجاتے تھے۔ بہت سے لوگ فلیٹوں میں رہتے ہیں وہاں بھی گملوں کے ذریعے سے چھوٹے چھوٹے باغیچے لگائے جاسکتے ہیں' ان میں ٹماٹر' ککڑی' پیاز اور دیگر چیزیں لگاسکتے ہیں ان باغیچوں کی بدولت بعض لوگ بے حد خوش رہتے ہیں۔ لہٰذا صحت وشادمانی حاصل کرنے کیلئے آپ بھی باغ بانی کرسکتے ہیں۔

ورزش اور صحت: ستر کے عشرے کے آخر تک انسان کی تندرستی کی تعریف صرف اس کی اس صلاحیت تک محدود تھی کہ وہ کتنی آکسیجن استعمال کرتا ہے' اسے اس شخص کی ''ایروبک کنڈیشن'' کہا جاتا ہے' اس تعریف میں جسمانی طاقت کا کوئی ذکر نہ تھا۔ 1978ء تک یہ کہا جاتا تھا کہ ایک عام فرد کو مطلوبہ قوت برداشت کیلئے ہر ہفتے تین سے پانچ دن 15 سے 60 منٹ تک ورزش کرنی چاہئے۔ اس دوران وقتاً فوقتاً رفتار قلب (دل کی دھڑکن کی شرح) بھی معلوم کرتے رہنا چاہئے۔ ورزش کے دوران میں اس بات کا بھی خاص خیال رکھنا چاہئے کہ دل کی دھڑکن کی یہ رفتار کے 60 سے 90 فیصد کے برابر ہوتی ہے لیکن اب امریکن کالج اوف سپورٹس میڈیسن نے نئی تحقیقات کے بعد ورزش کے ہفتہ وار پروگرام کیلئے چند نئے اصول وضع کئے ہیں' جو یہ ہیں:

☆ بالغ افراد کو اپنے ہفتہ وار معمول (شیڈول) میں دو بار طاقت برآری (Strength Training) کی ورزشیں شامل کرنی چاہئیں۔ ☆ ایروبک ورزش ہفتے میں تین سے پانچ روز کرنی چاہئے۔ تاہم ورزش کی شدت جانچنے کے رہنما اصول اب بدل چکے ہیں۔ ورزش کی شدت کو جانچنے کیلئے دو طریقے رائج ہیں: ان میں پہلا جانا پہچانا'' رفتار قلب کا طریقہ'' ہے' جس میں ورزش کے دوران نبض کی رفتار دیکھی جاتی ہے۔ اب بھی ورزش کرنے والے کو اپنے قلب کی زیادہ سے زیادہ رفتار کے 60 سے 90 فیصد پر کام کرنا چاہئے۔ ورزش کی شدت ناپنے کا دوسرا طریقہ وہ ہے جس کا انحصار اس بات پر ہے کہ کتنی توجہ کے ساتھ آپ یہ سوچ سکتے ہیں کہ آپ ورزش کررہے ہیں ایروبک ورزش لگاتار کم از کم 20 منٹ تک کرنی چاہئے' بیس منٹ کی مسلسل ورزش ایک عام آدمی کی تندرستی کو برقرار رکھنے کیلئے بہت مناسب ہے۔ کچھ افراد اس میں پانچ منٹ کا مزید اضافہ بھی کرلیتے ہیں جو یقیناً صحت پر نمایاں مثبت اثرات مرتب کرتا ہے۔ ایروبک ورزشوں کی فہرست کو سیڑھیاں چڑھنے اور مخصوص ایروبک رقص تک وسیع کردیا گیا ہے۔ نئی تحقیقات کے مطابق طاقت برآری کی ورزشوں کو بھی اہمیت دی گئی ہے کیونکہ دیکھا یہ گیا ہے کہ طاقت براری کی ورزش کرنے سے عضلات اور ہڈیوں کی صحت قائم رہتی ہے۔ ایک ماہر کے خیال میں ہم اپنے عضلات اور ہڈیوں کی صحت کو عمر بھر برقرار رکھ سکتے ہیں۔ تاہم معاشرے میں رہنے کیلئے یہ ضرورت محسوس ہوتا ہے کہ جہاں تک ہوسکے لوگ اپنی آخری عمر تک ایک متحرک اور خود مختار زندگی گزاریں جس میں ان کو کسی پر بوجھ نہ بننا پڑے اور انہیں کسی سہارے کی ضرورت نہ ہو۔

ایمان کی سلامتی: حضرت خواجہ محمد معصوم عروۃ الوثقیٰ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ایمان کی سلامتی کیلئے تین قسم کے لوگوں کی صحبت سے بچو: (1) غافل علماء (2) مداہنت کرنے والے قاری (3) جاہل صوفی

کاش! ہم اس شہر محبوب کے بدو بچوں سے سبق لیں

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

مسجد قبا میں نوافل و دعا سے فارغ ہو کر ہم لوگ نکلے، باہر مختلف اشیاء فروخت کرنے والے لوگ کھڑے تھے، کچھ برقع پوش بدو خواتین، کچھ بوڑھے، کچھ بچے، کھجوریں، مصلے، تسبیح اور دوسری اشیاء لیے آوازیں لگا رہے تھے، اس حقیر کے رفیق محترم رضوان بھائی نے ایک بچہ سے ایک درجن تسبیح کا پیکٹ خریدا جس کی قیمت اس نے سات ریال بتائی، برابر میں ایک دوسرا بچہ بھی کھڑا تھا وہ خوشامد اور ضد کرنے لگا کہ ایک درجن مجھ سے بھی خریدو، رضوان بھائی نے معذرت کی، اس نے شکایت کی کہ پہلے میں نے آپ کو تسبیح کا بھاؤ بتایا تھا، آپ مجھ سے بھی خریدیں، مدینہ منورہ کے اکرام میں رضوان بھائی نے اس بچے سے بھی تسبیحات خرید لیں، اور پندرہ ریال دس اور پانچ کے دو نوٹ ایک بچہ کو دیئے اور کہا دونوں تقسیم کر لینا، دو درجن تسبیح کی قیمت چودہ ریال بنتی تھی اس خیال سے کہ ہمارے ملکوں کی طرح ایک ریال کیلئے ان دونوں میں لڑائی نہ ہو، رضوان بھائی نے ان بچوں سے معلوم کیا، تم دونوں پندرہ ریال کیسے تقسیم کرو گے؟ دونوں بیک زبان بڑی خوشی سے بولے سات سات دونوں لیں گے اور ایک بچے گا اس کو صدقہ کر دیں گے ان بچوں کے اس جواب کے بعد دل کا عجیب سا حال ہو گیا اور جب بھی یہ واقعہ یاد آتا ہے اپنے حال پر بڑی ندامت اور شرمندگی ہوتی ہے۔

یہ شہر مقدس اس تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مسکن اور شہر ہے جس نے دنیا کو ایسی سخاوت، ایثار اور استغنا سکھائی کہ چودہ سو سال کے بعد بھی اس شہر کے بدو بچوں میں سخاوت، ایثار و استغنا کی یہ شان پائی جاتی ہے۔ ہمارا حال ایسا شرمناک ہے کہ ہم کوئی موقع خود غرضی، ہوس اور بخل کا گنوانا پسند نہیں کرتے، اس واقعہ کو سالوں ہو گئے، مگر جب بھی خیال و تصور میں اس شہر محبوب کا سفر ہوتا ہے، یہ واقعہ بھی یاد آ جاتا ہے اور شرم سے منہ چھپانے کو جی چاہنے لگتا ہے کہ ہم غلاموں کی نسبت بھی اس معلم جود و سخا اور ایثار و استغنا سکھانے والے نبیوں کے سردار صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے جنہوں نے پوری دنیا کے دل و دماغ اور اس کے رخ کو دنیا کی بے ثباتی اور نفع و نقصان کو آخرت کی یاد اور اصل نفع و نقصان کی طرف موڑ کر اس دنیا کے سارے اندھیروں کو دین اسلام اور اسلامی اصولوں کے نور میں بدل کر رکھ دیا تھا اور دنیا میں یہ مشہور ہو گیا کہ مسلمانوں سمجھ دار کیا پاگل و دیوانہ بھی اپنی چیزوں کو دوسروں کے گھر میں پھینکتا ہے اور غیر مسلموں کا پاگل دوسروں کی اشیاء پاگل پن میں اچھال کر اپنے گھر میں ڈالتا ہے، اس لیے کہ مومن و مسلم کی نگاہ میں نفع ہے تو آخرت کا، اور نقصان ہے تو آخرت کا، اس دنیا کے نفع کو وہ ایک متاع غرور اور دھوکہ کے علاوہ کچھ نہیں سمجھتا، وہ اس خواب کے نفع و نقصان کو حقیقی آخرت کی زندگی کے نفع و نقصان کے مقابلہ چھوڑتا اور قربان کر دینا عقل مندی سمجھتا ہے جب کہ کافر و مشرک کی زندگی کی آخری منزل یہ دھوکہ کی دنیا ہی ہے: يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿الروم، ۷﴾ ''جانتے ہیں آنکھوں کے سامنے کی دنیوی زندگی (ف ۱۰) اور وہ آخرت سے پورے بے خبر ہیں'' دنیا کی زندگی کی بے ثباتی اور متاع غرور اور آخرت کی ابدالآباد حقیقی زندگی کا یقین ہی وہ سرمایہ اور زندگی کی چولوں کو اور انسان کے دل و دماغ کو بنا دینے والا وہ گوہر ہے جو مدینہ منورہ کے بے پڑھے بدو بچوں میں ایسا سخاوت و ایثار اور استغناء کا جذبہ بیدار کرنے والا ہے اور جس کو سکھانے کیلئے نبی رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے۔ کاش ہم بھی اس رسول رحمت صلی اللہ علیہ وسلم سے نسبت کی لاج رکھنے والے بنیں!

جی ہاں! اب ہمارے گھر میں بھی سکون آ گیا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام خاندان والے عبقری رسالہ بہت شوق و ذوق سے پڑھتے ہیں۔ نامعلوم کیا وجہ تھی میں جب سے اپنے سسرال آئی میرے گھر میں شروع دن سے سکون نام کی چیز نہ تھی، ہر کوئی چڑچڑے پن کا شکار، روزانہ کسی نہ کسی کی لڑائی ہوتی اور بہت شدید ہوتی، میری بھی روزانہ طبیعت خراب رہتی، جسم میں ہر وقت ہلکا ہلکا درد رہتا، میرے شوہر کئی کئی دن تک بالکل نارمل رہتے اور کبھی کبھی اچانک سے شدید غصے میں آ جاتے، تمام خاندان کے سامنے مجھے بے عزت کر دیتے، گالیاں دینا عام سی بات تھی۔ مگر اب الحمدللہ! میرے گھر میں بھی سکون آ گیا ہے، مجھے ایک مولانا صاحب نے ایک وظیفہ بتایا کہ روزانہ یَاجَامِعُ 1061 مرتبہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھو۔ الحمدللہ! وظیفہ جاری ہے اور برکتیں رحمتیں اور [illegible] بھی جاری [illegible] (... [illegible])

ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید

عزت و عظمت: جو شخص معاشرے میں عزت و عظمت چاہتا ہو اسے چاہیے کہ بکثرت یَاعَظِیْمُ پڑھے اللہ پاک اسے عزت و عظمت سے نوازیں گے۔ **وساوس کا علاج:** جس شخص کو ہر وقت وساوس آتے ہوں اس کو چاہیے کہ اسم یَاضَارُّ کو صبح و شام 313 دفعہ پڑھے۔ انشاء اللہ وہ بہت جلد شیطان کے مکر سے محفوظ ہو جائیگا۔ **اللہ کے غصہ کو ٹھنڈا کرنیوالی چیزیں:** نیک خصلتی اور نیک مزاجی اللہ تعالیٰ عزوجل کے غصہ کو ٹھنڈا کر دیتی ہے۔ **جھوٹی محبت کا دعویدار:** جو شخص دنیا اور دنیا کے پیدا کرنے والے دونوں کی محبت کا دعویدار ہو وہ جھوٹا ہے۔ **جھوٹے شخص کی نشانی:** حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انسان کے جھوٹے ہونے کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ جو بات سنے لوگوں سے بیان کرنا شروع کر دے۔ **جنسی تقویت:** چھوہارے دودھ میں جوش دے کر کھا لیے جائیں اور اوپر سے یہ دودھ نیم گرم پی لیا جائے اس طرح جنسی طاقت میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے۔ **چکر نہ آئیں گے:** اگر تھوڑی دیر بیٹھ کر اٹھنے سے یا چلتے پھرتے چکر آ جاتے ہوں تو صبح کے وقت ایک لیموں پانی میں نچوڑ کر اس میں کوزہ مصری ملا کر پئیں۔ **درد شکم ختم:** جس گھر میں سورۂ ق پڑھی جائے اس کی دولت قائم رہے گی، اگر اس سورۂ کو لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر اس پانی کو درد شکم کے مریض کو پلایا جائے تو فوری صحت ہوگی۔ **نزلہ و زکام کا فوری علاج:** امرود کے پتوں کو تھوڑے سے پانی میں بطور چائے اُبال کر استعمال کرنا نزلہ و زکام کا فوری علاج ہے۔ **آشوب چشم سے نجات:** آشوب چشم میں اگر تین روز تک ہر روزانہ سورۂ ملک دم کیا جائے تو آشوب چشم سے ہمیشہ کیلئے آرام آ جاتا ہے۔

بحوالہ ''ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید'' لاعلاج روحانی اور جسمانی بیماریوں میں مبتلا اس کتاب کا مطالعہ کریں۔ (جو عمل یا ٹوٹکہ آزمائیں ضرور لکھیں، لاکھوں کا نفع آپ کا صدقہ جاریہ)

آسان ترین چھوٹے اور آزمودہ ٹوٹکوں پر محیط عبقری پبلیکیشنز کی شاندار پیشکش

قضائے حاجت کیلئے مجرب عمل: حضرت امام بونی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ اسم یَامُتَعَالِیُ قضائے حاجت کیلئے بہت مؤثر ہے۔ ہر وقت کھلا پڑھیں۔

بے رنگ زندگی کو خوبصورت رنگوں سے سجائیں

روزانہ ایک جیسے کام کرنے سے اکتاہٹ طاری ہوجاتی ہے‘ ہمیں اپنی زندگیوں میں تبدیلیاں اور دلچسپیاں پیدا کرنا چاہئیں اور نئی اشیاء کا تجربہ کرنا چاہئے روزمرہ یا چھٹی کے دن کے معمولات کو تبدیل کیجئے۔ کچھ نیا کام کریں جس سے طبیعت کی اکتاہٹ ختم ہوسکے۔

ہماری تھوڑی سی توجہ سے زندگی گل رنگ بن سکتی ہے آتی جاتی سانسوں کا نام زندگی ہے‘ مگر یہی زندگی قدرت کا وہ انمول تحفہ بھی ہے جس سے کائنات کے تمام رنگ‘ ڈھنگ اور انداز وابستہ ہیں۔ بے مقصد جئے جانے کا نام زندگی نہیں۔ زندگی اتار چڑھاؤ‘ نشیب وفراز دیکھتے ہوئے گزار دی جاتی ہے‘ خوشی کے حصول میں ہر فرد کو روزانہ دیگر احساسات مثلاً غم و غصہ اور جھنجلاہٹ وغیرہ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بڑوں کا کہنا ہے کہ ہر حال میں جئے جانا ہی زندگی ہے۔ اپنے حال میں خوش اور مگن رہئے‘ جہاں تک ہوسکے زندگی کے لطف اٹھایئے اور مزے کیجئے۔ ’’جہاں تک ہوسکے‘‘ کا مقصد صرف یہ واضح کرنا ہے کہ کوئی بھی بشر ہر لحظہ خوش نہیں رہ سکتا۔ خوشی کو کمایا جاتا ہے‘ اس کے ساتھ رہا جاتا ہے اور پھر اس پر مالک حقیقی کا شکر ادا کیا جاتا ہے۔ کچھ لوگ قنوطی ہوتے ہیں جو زمانہ کیا کہے گا اور کیا ہوگا؟ جیسے جذبات کا مسلسل سامنا کرتے ہیں‘ ان کیلئے کچھ باتیں یاد رکھنا ضروری ہیں تاکہ انہیں بھی زندگی کی اصل خوشی اور خوبصورتی حاصل ہوسکے۔ **انداز فکر تبدیل کریں:** سیانوں کا کہنا ہے کہ ایسے جیو جیسے آج تمہارا آخری دن ہے‘ دنیا میں ایسے لوگوں کی کمی نہیں جنہیں کسی حادثے سے دوچار ہونا پڑا ہو‘ کسی اپنے کی جدائی کا صدمہ اٹھانا پڑا ہو یا کسی خطرناک بیماری سے نجات ملی ہو ایسے تمام لوگوں کے سوچنے کا انداز بالکل مختلف ہوتا ہے۔ ایسے لوگ زندگی کی قدر کرتے ہیں اور کوئی کام کل پر نہیں چھوڑتے۔ وہ دنیا بھر کی سیر کرتے ہیں‘ نئی نئی مہارتیں حاصل کرتے ہیں‘ ان کی لغت میں ’’کل‘‘ کا لفظ نہیں ہوتا۔ **ڈائری لکھنے کی عادت ڈالئے:** ایک کاپی یا ڈائری رکھئے جس میں آپ دن بھر کی روداد لکھ سکیں۔ بچوں کی کہی ہوئی کوئی معصوم بات‘ کسی دوست کا کوئی چٹکلا‘ کچھ باتیں جو یادیں بن جاتی ہیں اور سالوں کے گرد میں کھو جاتی ہیں‘ ڈائری میں لکھنے سے یہ محفوظ ہوجاتے ہیں‘ یہی نہیں لکھنے کے اور بھی بے شمار فوائد ہیں۔ خیالات‘ مسائل یا اہم باتیں اگر لکھ لی جائیں تو ان پر بہتر انداز میں غوروخوض کیا جاسکتا ہے۔ **اپنا نقطہ واضح رکھئے:** یہ حقیقت ہے کہ ہم سے ہر فرد اچھے لفظوں سے یاد رکھے اور پکارے جانے کا متمنی ہوتا ہے‘ سب ہی کی خواہش ہوتی ہے کہ انہیں پیٹھ پیچھے بھی اچھی کردار اور گفتار کا حامل سمجھا جائے۔ اگر ہم یہ سوچ رکھتے ہیں تو ہمیں چاہئے کہ ہم ہر معاملے پر اپنا واضح اور شفاف نکتہ نظر رکھیں‘ اس اصول پر کاربند رہیں اور اپنی جذباتی توانائی کو ضائع نہ کریں۔ زندگی کی چھوٹی چھوٹی اور فضول باتوں کو دل کا روگ نہ بنایئے۔ مثلاً اگر بس میں کسی خاتون نے آپ کے پیر پر سینڈل رکھ دیا اور پھر معذرت بھی کرلی تو آپ بھی ان کی اس غلطی کو مسکرا کر معاف کردیجئے اور بھول جائیں۔ غلطی انسان ہی سے ہوتی ہے‘ اس طرح کے چھوٹے چھوٹے واقعات پر جی جلانے اور اپنی جذباتی توانائی کو فضول میں ضائع کرنے کی ضرورت نہیں۔ بس یہ جان لیں کہ زندگی کا یہ معمول ہے اور خندہ پیشانی سے ان حالات کا سامنا کرنا چاہئے۔ **آج کا کام کل پر نہ چھوڑیں:** ایسے بہت سے کام جو ناپسندیدہ یا دشوار ہوں اور ان کا کیا جانا ضروری بھی ہو‘ انہیں کل پر نہ ٹالئے‘ ناخوشگواری اور تاخیر سے ذہن پر بوجھ پڑتا ہے‘ اگر کسی کام کے بارے میں فکر ہو تو اس کا سامنا کرکے مسئلے کو حل کرنا ہی بہترین حل ہے۔ **لگے بندھے معمولات زندگی میں تبدیلی لایئے:** روزانہ ایک جیسے کام کرنے سے اکتاہٹ طاری ہوجاتی ہے‘ ہمیں اپنی زندگیوں میں تبدیلیاں اور دلچسپیاں پیدا کرنا چاہئیں اور نئی اشیاء کا تجربہ کرنا چاہئے روزمرہ یا چھٹی کے دن کے معمولات کو تبدیل کیجئے۔ کچھ نیا کام کریں جس سے طبیعت کی اکتاہٹ ختم ہوسکے۔ زندگی ایک ہی ڈگر پر چلتی رہے تو یکسانیت لطف نہیں دیتی اور جھنجلاہٹ طاری ہونے لگتی ہے۔ لہٰذا خوش رہنے کیلئے زندگی کے لگے بندھے معمولات میں بھی تبدیلی ضروری ہے۔ **حسد نہ کیجئے:** آپ کی پڑوسن کا گھر آپ کے گھر سے اچھا ہے اس کے گھر کے کمرے میں اے سی ہے‘ یا برانڈ نیو کار۔ آپ کو ان تمام چیزوں سے کیا لینا دینا‘ ذرا یہ بھی تو دیکھیں کہ اس کا شوہر چھٹی کے دن بھی کولہو کا بیل بنا اوور ٹائم کرتا ہے اور آپ کے شوہر کی طرح کہیں گھمانے پھرانے نہیں لے جاتا۔ آپ خود بتایئے کون بہتر ہے؟ آپ یا آپ کی پڑوسن؟ لہٰذا کسی سے حسد نہ کریں بلکہ اپنے وسائل اپنے معمولات اور اپنی زندگی کو بہتر انداز میں گزارنے پر توجہ دیں اور جو کچھ خدا نے دیا ہے اس پر خدا کا شکر ادا کریں۔ **مزاج کے خلاف اقرار یا انکار نہ کریں:** ہر کام کیلئے قرار ضروری نہیں۔ زندگی بہت مصروف ہے‘ دوسروں کیلئے جینا بلاشبہ اچھی بات ہے مگر آپ کی زندگی پر آپ کا بھی پورا اختیار ہے۔ لہٰذا ایسے کام نہ کریں جنہیں آپ دل سے پسند نہیں کرتیں اور انہیں تبدیل کرنے کا فیصلہ خود آپ کے ہاتھوں میں ہے تو پھر بہتر ہے کہ ایسا کام یا وعدہ نہ کیا جائے جو آپ کی مرضی کے خلاف ہو لہٰذا آپ اپنے مزاج کے مطابق اقرار یا انکار کرنا سیکھیں۔ **شریک حیات سے محبت کریں:** شادی کے اولین سالوں میں محبت کا دریا ٹھاٹھیں مارتے سمندر کی مانند دکھائی دیتا ہے۔ میاں بیوی باہمی رفاقت نبھانے اور ہر دکھ سکھ ساتھ مل کر جھیلنے کے وعدے کرتے ہیں‘ مگر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مصروفیات اور غم روزگار آپس میں مل بیٹھنے تک کے مواقع فراہم نہیں کرتے۔ لیکن پرلطف زندگی گزارنے کیلئے ضروری ہے کہ شریک حیات سے بے لوث محبت کریں اور ایک دوسرے کی تکالیف اور خوشیوں کو شیئر کریں۔ **تعریف کریں:** اپنے ساتھیوں‘ دوستوں‘ گھر والوں کو باور کرایئے کہ آپ ان سے محبت کرتے ہیں ان کے اچھے کاموں پر تعریفی کلمات ان کا حق ہیں لہٰذا آپ اپنے ساتھیوں‘ اہل خانہ کے اچھے کاموں پر ان کی برملا تعریف کریں‘ اس سے گھر کے ماحول پر خوشگوار اثر پڑتا ہے۔ **کیا آپ اچھے/اچھی غمگسار ہیں؟:** دوسروں کے دکھ درد بانٹنا بظاہر بہت مشکل لگتا ہے‘ کسی کو تکلیف میں دیکھ کر اگرچہ ہمیں بہت رنج محسوس ہوتا ہے مگر بعض مرتبہ زبان دل کا ساتھ نہیں دے پاتی۔ آپ اپنے رویہ سے لوگوں کے دکھ درد بانٹنے کی کوشش کریں۔ ان کے آنسو صاف کریں یاد رہے کہ روتی آنکھ کے آنسو پونچھنا بہت ثواب ہے۔ **رابطے مت توڑیے:** فون‘ خط‘ ای میل‘ یہ سب رابطے کے ذریعے ہیں۔ کسی پرانے وقتوں کے دوست یا دور پار کے عزیزوں سے رابطہ میں رہئے تاکہ اچھی یادیں پھر سے تازہ کی جاسکیں۔ اگر کسی دوست احباب کے ای میلز یا میسجز وغیرہ ملیں تو کوشش کریں کہ اس کا جواب جلد از جلد دے سکیں۔ **اپنا موڈ بہتر بنایئے:** تازہ پھول‘ بھیگی گھاس پر چلنا‘ یہ سب مزاج پر خوشگوار اثر ڈالتے ہیں‘ گھر میں اگر لان نہیں ہے یا جگہ کم ہے تو پھولوں کے گملوں وغیرہ سے گھر کو سرسبز بنایئے۔ علاوہ ازیں سمندر کا نظارا‘ ٹھنڈی بھیگی ہوا‘ لہریں اور ریت پر ننگے پاؤں چلنا یہ سب بہت لطف دیتا ہے۔ روح کی تازگی کا اس سے اچھا کوئی اور سامان نہیں‘ کوشش کیجئے کہ ہفتہ پندرہ دن میں کچھ وقت خود کو بھی دے سکیں۔ **تخلیقی کاموں پر توجہ دیں:** سلائی‘ کڑھائی‘ بنائی‘ پکوان‘ گھریلو عورتوں کیلئے یہ روزمرہ کے کام ہیں۔ اگر آپ کے پاس وقت ہے تو اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اس طرح کے کاموں میں نہ صرف آپ کا فارغ وقت بہترین انداز میں کٹ سکتا ہے بلکہ اس طرح آپ کچھ پیسے بھی کما سکتی ہیں۔

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

گوشت چیلوں نے جھپٹ لیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک گوشت والے سے گوشت خریدتا ہوں ایک دن میں کپڑے کا تھیلا لانا بھول گیا' گوشت والے نے گوشت شاپر میں ڈالتے ہوئے کہا مولوی صاحب آج تھیلا نہیں لائے' چیلیں گوشت جھپٹ لیں گی۔ میں نے کہا میں آیۃ الکرسی پڑھ کر اس پر دم کرلیتا ہوں ایسا نہیں ہوگا' کہنے لگے: مولوی صاحب یہ ٹھیک ہے پر احتیاط کرنی چاہیے۔ میں نے اس کے سامنے ہی آیۃ الکرسی پڑھی اور شاپر پر دم کرکے عرض کی' یہی تو احتیاط ہے' اتنے میں انہوں نے ایک طرف دیکھتے ہوئے کہا وہ دیکھیں اس عورت کے گوشت کو کس طرح چیلوں نے جھپٹ لیا ہے' میں نے دیکھا تو واقعی ایک عورت کے شاپر کو چیلوں نے جھپٹ کر گرایا اور سب ان کو اٹھا اٹھا کر لے جارہی ہیں اور وہ عورت حیران و پریشان کھڑی ہے۔ میں نے شاپر اٹھایا اور چل دیا' انہوں نے پیچھے سے آواز دی مولوی صاحب احتیاط' میں چل کر ایک سبزی والے کے پاس آیا اس نے بھی دیکھتے ہی کہا مولوی صاحب یہ گوشت اور یوں کھلا اٹھایا ہوا ہے' چیلیں لے جائیں گی' میں نے عرض کیا اتنی دور سے ایسے ہی لے کر آرہا ہوں الحمدللہ کسی چیل وغیرہ نے قریب بھی آنے کی کوشش نہیں کی' کہنے لگے: یہ کیسے ممکن ہے؟ میں نے کہا میں نے اس پر ایک بار آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرلیا تھا' حیران ہوتے ہوئے بولے یہ ٹھیک ہے مگر احتیاط بھی تو لازمی ہے نا! میں نے عرض کیا بھئی یہ آیۃ الکرسی احتیاط ہی تو ہے' یہ سن کر وہ خاموش تو ہوگئے لیکن محسوس کیا کہ انہوں نے مجھے بے وقوف سمجھا ہے' بہرحال اللہ کی رحمت سے آیۃ الکرسی کی برکت سے میرا گوشت محفوظ رہا۔ (چ۔ا، کراچی)

خوشگوار ازدواجی زندگی گزاریئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا اور عبقری ٹیم کا شکریہ کہ انہوں نے میری سابقہ تحریر کو عبقری رسالے میں شائع کیا۔ اسی سلسلے کی ایک اور کڑی عبقری قارئین کیلئے لکھ رہا ہوں۔ آج بھی میں دو عدد نایاب ترین ٹوٹکے اپنی دکھی بھائیوں کی خدمت میں پیش کررہا ہوں جو جگہ جگہ کی ادویات اور مہنگے ترین نسخہ آزما کر تھک چکے ہیں۔ انشاء اللہ اس ٹوٹکے کے استعمال سے آپ حیران ہوجائیں گے۔ یہ ٹوٹکہ کبھی خطا نہیں گیا اور عبقری قارئین کیلئے خصوصی تحفہ ہے۔ ضرور آزمایئے گا انتہائی کامیاب' طاقتور اور بالکل سستا اور بے ضرر ہے۔ **ھوالشافی:** قسط شیریں ایک تولہ' منقیٰ 16 عدد۔ سب سے پہلے قسط شیریں کو باریک پیس کر منقیٰ سے دانے نکال دیں مکس کرکے کل 16 عدد گولیاں بنائیں۔ اس سے زائد نہ بنایئے۔ **ترکیب:** چائے کا قہوہ بنا کر اس میں آدھا چمچ خالص دیسی گھی ڈال دیں اور وقت خاص سے ایک گھنٹہ قبل لیں اور خوشگوار ازدواجی زندگی کو دوبالا کریں۔ **جب جگر کے سیل کمزور ہوں:** اپنے مطب کا ایک اور نسخہ خاص لکھ رہا ہوں۔ جب جگر کے سیل کمزور ہوں' معدہ کی تمام خراب رطوبتوں کی اصلاح کیلئے انشاء اللہ ان تمام بیماریوں سے بچاؤ کیلئے مجرب نسخہ عبقری قارئین کیلئے۔ دعاؤں کی التجا کیساتھ بنائیں اور فائدہ اٹھائیں اور دعائے خیر میں یاد رکھیں۔ **ھوالشافی:** عشبہ' چرائتہ' چوب چینی' منڈی بوٹی' پاپڑہ ہر دوائی چار رتی کل دس پڑیاں بنالیں اور رات کو ایک برتن میں ڈال کر صبح نہار منہ پی لیں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ (حکیم محمد ارشد زبیر' ساہیوال)

تلاوتِ قرآن اور ملائکہ

کیا آپ کو معلوم ہے کہ قرآن پاک کی تلاوت کرنے سے اللہ کی رحمت کے فرشتے اترتے ہیں لیکن وہاں پر نہیں جاتے جہاں کتا اور تصویر ہو' لہٰذا اپنے گھروں کو تصاویر سے پاک کریں یا ایسی جگہ بیٹھ کر تلاوت کریں جہاں کوئی تصویر نہ ہو۔ گھروں میں ٹی وی' ڈی وی ڈی پلیئر' انٹرنیٹ اور نہ جانے کیا کیا خرافات ہیں؟ اگر ان چیزوں کا درست استعمال کیا جائے تو کوئی حرج نہیں مگر آج کل نوجوان نسل لڑکی ہو یا لڑکا اس کا منفی استعمال ہی کرتی ہے۔ خود ہی فیصلہ کرلیں کہ یہاں پر تعریف شیطان کی ہورہی ہے یا رحمٰن کی۔ اپنے عمل سے بھی اپنے رب کی تعریف کریں اور اپنی زبان سے بھی۔ انشاء اللہ اس کی برکت سے ہمارے تمام مسائل ہوجائیں گے اور ہمارے گھروں میں سکون آجائے گا اس لیے صبح و شام تلاوت قرآن کو کبھی نہ چھوڑیں۔ (ب۔خ، واہ کینٹ)

شدید ترین خارش سے آرام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اپنی عجب حالت اور آرام کی کہانی عبقری قارئین کو سنانا چاہتا ہوں۔ میرے ساتھ مسئلہ یہ تھا کہ میرا جسم ہر وقت گرم رہتا' جسم پر تھپڑ نکل آتے' جب کھانا کھاتا تب تو جسم میں آگ لگ جاتی' مجبوراً مجھے اپنے جسم کو ٹھنڈا کرنے کیلئے سخت سردیوں میں بھی ٹھنڈے پانی سے نہانا پڑتا' بار بار نہانے سے میرے پٹھے کمزور ہوگئے' کمر اور پٹھوں کی کمزوری کی وجہ سے تکلیف الگ رہتی' اگر پٹھوں کی مالش کرواؤں تو جسم گرم ہونے سے یہ جلن اور خارشی دانے فوراً نکل آتے' سارا دن اور ساری رات تڑپ تڑپ کر گزرتے' کوئی کہتا خون کی خرابی ہے' کوئی کہتا معدہ خراب ہے' ہر قسم کے علاج کروالیے مگر افاقہ صرف وقتی ہوتا دوائی کے اثر کے ساتھ ہی مرض دوبارہ شدت پکڑ لیتا۔ ایک بار ماہنامہ عبقری رسالہ مارچ 2012ء کے صفحہ نمبر 35 پر کسی مریض کا لکھا ہوا نسخہ بنا کر استعمال کیا تو تقریباً دو سے تین ماہ میں بالکل سکون مل گیا اور میں بالکل صحت یاب ہوگیا۔ نسخہ درج ذیل ہے: **ھوالشافی:** کوڑتمہ 50 گرام' گلوڑ 50 گرام' سناء مکی 50 گرام' چرائتہ 50 گرام۔ ان سب دوائیوں کو 6 سیر پانی میں بھگو کر پھر چولہے پر نرم آنچ پر پکاتے رہیں اور وقفہ وقفہ سے چمچ سے ہلاتے رہیں جب تین کلو پانی خشک ہوجائے اتار کر ٹھنڈا کرکے چھان کر بوتلوں میں بھر کر رکھ دیں۔ صرف صبح نہار منہ آدھی پیالی چائے والی۔ **پرہیز:** لال مرچ' گرم مصالحہ' بڑا گوشت۔ (محمد نسیم' ملتان)

اللہ تعالیٰ سے مشورہ کرلیں

ہر کام کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کا خوش ہونا بہت لازمی ہے ورنہ جس کام میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی نہ ہو وہ کام یا تو ہوتا نہیں' اگر ہوجائے تو اس کا سکون چھن جاتا ہے اس لیے اللہ تعالیٰ سے مشورہ کرلینا بہت بہتر ہے' میرے بڑوں نے مجھے ایک استخارہ بتایا وہ میں نے کیا تو میں نے جو معلوم کرنا تھا معلوم ہوگیا' اب میں اپنا ہر کام کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کا مشورہ اللہ تعالیٰ کی پسندیت لے لینا بہت بہتر سمجھتا ہوں اور اب میں وہ استخارہ عبقری پڑھنے والوں کو مفت میں دے رہا ہوں جو کہ لوگ ان روحانی مسائل کو حل کرنے میں بہت سے پیسے بٹورتے ہیں' خواہ ان کا کام پروان چڑھے یا نہ اب میں آپ کو استخارہ عبقری کا رسالہ پڑھنے والوں کو پیش کرتا ہوں۔ دو مرتبہ یہ الفاظ اِفْتَحْ اَفْتَحْ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ۔ اول و آخر درود خضری:۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اس کے بعد دائیں کرٹ لیٹ کر چہرے کے نیچے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی رکھ کر سوجائیں۔ سوتے وقت جو بات معلوم کرنی ہے اسے ذہن میں دہرائیں۔ زیادہ سے زیادہ تین دن کے اندر خواب یا بیداری میں

یرقان کیلئے: ایک پاؤ آلو بخارا‘ زیرہ سفید اور گوکھرو (بھکڑا) ہم وزن کا سفوف بنا کر دو ماشے سفوف ہمراہ مذکورہ بالا آلو بخارا دن میں تین دفعہ استعمال کرنا بے حد مفید ہوتا ہے۔

جو کچھ معلوم کیا گیا ہے منکشف ہوجائے گا۔ اگر آپ کا مقصد حل ہوجائے تو میرے اور پوری عبقری ٹیم کیلئے ڈھیروں دعائیں کیجئے گا۔ (ابرار علی‘ لاہور)

یقین نہیں آتا! مگر سچ میں بواسیر ختم ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے ذریعے آپ نے جو مخلوق خدا کی بھلائی اور بہتری کیلئے جو نیک قدم اٹھایا ہے خداوند کریم اس میں آپ کو اور پورے عبقری کے سٹاف کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین! مہینہ پہلے مجھے خونی بواسیر کی شکایت ہوگئی تھی‘ اسی مہینے کے شمارہ عبقری میں بواسیر کا آزمودہ علاج لکھا تھا۔ میں نے وہ ٹوٹکہ بنایا۔ پندرہ دن کے اندر شفاء مل گئی۔ نسخہ برائے خونی بواسیر: ھوالشافی: تخم بکائن‘ تخم نیم‘ گل سرخ‘ سنا مکی‘ ہلیلہ کلاں سب ایک ایک تولہ اور رسونت چھ ماشے‘ میں نے یہ سب اجزاء ڈبل خریدے اور خرچہ صرف اور صرف 50 روپے بنا۔ صرف پچاس روپے کی دوائی سے میری خونی بواسیر بالکل ختم ہوگئی۔ باریک پیس کر آدھ چمچ چائے والا صبح ناشتے کے بعد اور آدھ چمچ رات کھانے کے بعد پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

میری قارئین عبقری سے التجا: قارئین! یہ 1999ء کا واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ میری دائیں ٹانگ پر ٹخنے کے اوپر باہر کی طرف لوہے کی رگڑ سے ایک تین انچ کا کٹ لگا۔ جو کہ بعد میں چھوٹی انگلی کی موٹائی برابر زخم بن گیا۔ ”اس وقت سب سے بڑی مجھ سے جو غلطی ہوئی وہ یہ ہوئی کہ اس وقت میں ATS INJ نہیں لگایا“ کچھ عرصہ علاج کرنے سے زخم ٹھیک ہوجاتا مگر گوشت کے اندر درد ہوتا تھا‘ علاج برابر ہوتا رہا‘ لیکن اسکے باوجود زخم ٹھیک ہونے کا نام نہیں لیتا‘ یہاں تک کہ چار مرتبہ آپریشن کروالیا‘ ران سے چمڑہ لیکر زخم کے اوپر لگادیتے لیکن پکڑ نہیں کرتا‘ کیونکہ زخم سے بہت گندہ مواد خارج ہوتا رہتا تھا‘ ہر قسم کا علاج کیا‘ انگریزی‘ حکیمی‘ ہومیوپیتھک وغیرہ اس کے علاوہ جس نے جو دوا بتائی وہ بھی لگاتا رہا کہ فلاں چیز کے استعمال سے پرانے سے پرانا زخم ٹھیک ہوجاتا ہے سب کچھ کیا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا‘ حتیٰ کہ وظائف کا سہارا لیا‘ کئی سالوں سے مختلف وظائف پڑھ رہا ہوں مگر کوئی فرق نہیں پڑا۔ شوگر کا مسئلہ بھی نہیں‘ کینسر بھی نہیں‘ الٹراساؤنڈ رپورٹ کے مطابق پاؤں میں جراثیم ہیں اور پیر کی رگیں بند ہیں۔ بلڈ سرکولیشن نہیں ہورہا‘ اب تو سرجن کہتے ہیں کہ اس کو کاٹ کر مصنوعی ٹانگ لگوائیں۔ میں لاکھوں برباد کرچکا ہوں صرف اپنی ایک چھوٹی سی غلطی کہ میں نے فوری انجکشن نہیں لگوایا۔ قارئین! میری التجا ہے کہ آپ کبھی بھی کہیں بھی ہلکا سا بھی کوئی کٹ‘ سڑک پر لگی رگڑ یا کسی پرانے زنگ آلود لوہے کا زخم لگے تو فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں اور فوری انجکشن لگوائیں۔ (فیض الرحمان‘ پشاور)

مرض شوگر ہے؟ نجات چاہیے تو ادھر آئیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں رسالہ عبقری کا بہت پرانا قاری ہوں۔ مجھے شدید شوگر تھی‘ پھر میرے ہاتھ ایک نسخہ لگا اور یہ گزشتہ دس سال سے میرے استعمال میں ہے اور یہ بوٹی انتہائی شاندار شفائی تاثیر رکھتی ہے۔ میں نے اسے شوگر کے علاج میں استعمال کیا ہے۔ نسخہ درج ذیل ہے جو میں نے دس سال پہلے ایک ڈائجسٹ سے حاصل کیا تھا۔ ھوالشافی: تخم کلونجی‘ تخم میتھی‘ تخم کاسنی‘ سفوف جڑ سنبھلو سیاہ۔ تمام اجزاء ہم وزن سفوف بنا کر محفوظ رکھ لیں۔ ایک چھوٹا چمچ چائے صبح اور ایک شام سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ فوائد: شوگر ہروقت کنٹرول میں رہے۔ شوگر کی وجہ سے دانت ہل رہے تھے چند دن کے علاج سے دانت ایسے جڑ گئے کہ جیسے نئے لگے ہوں۔ نظر تیزی سے گر رہی تھی چند روز استعمال سے نظر گرنا بند اور پندرہ دن کے بعد نظر واپس اپنی جگہ۔ کانوں سے کم سنائی دیتا تھا چند روز استعمال سے سماعت واپس صحیح۔ شوگر کے باعث بدن اور جوڑوں میں درد‘ سیڑھیاں چڑھنا مشکل چند دن کے استعمال سے بدن سے درد ختم‘ جوڑوں میں درد ختم۔ ہاتھ پاؤں کے ناخن پیلے‘ کھردرے ہوں تو فقط ایک خوراک رات کو پانی کے ساتھ استعمال کریں اور صبح دیکھیں تو ناخن گلابی اور چمکدار۔ اگر گلہ خراب اور سوجن ہے تو چٹکی نسوار کی طرح منہ میں رکھیں وقفہ وقفہ سے دن میں پانچ بار رکھیں۔ گلے کی سوزش ختم اور چند دن متواتر استعمال کرنے سے بالکل تندرست۔ شوگر کی وجہ سے گردوں میں سوزش ہوگئی ہو تو چند دن استعمال سے بالکل ختم۔ سنبھلو سیاہ کے بہت زیادہ فوائد ہیں۔ یعنی ہڈی کو جوڑنا ہو تو جڑ سنبھلو سیاہ کا سفوف انڈے کی زردی میں ڈال کر پیسٹ بنائیں اور ٹوٹی ہوئی ہڈی پر لیپ کریں۔ گرم گرم روٹی رکھ کر پٹی باندھیں۔ 21 روز میں ہڈی جڑ جائے گی۔ درج بالا تمام فوائد میں نے اس نسخہ سے خود حاصل کیے ہیں۔ نوٹ: جڑ سنبھلو سیاہ صرف پہاڑی علاقوں سے ملتی ہے۔ (غیاث الدین‘ لاہور کینٹ)

اس نسخہ سے لوگوں نے لاکھوں کمائے آپ بھی لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس نمک سلیمانی کا نسخہ ہے‘ بلا مبالغہ اس نسخہ سے لوگوں نے لاکھوں کمائے ہیں میں قارئین عبقری کیلئے بالکل فری دے رہا ہوں۔ ھوالشافی: نمک دیسی ایک تولہ‘ نمک سیاہ ایک تولہ‘ زیرہ سیاہ دو تولہ‘ مرچ سیاہ ایک تولہ‘ پودینہ کوہی دو تولہ‘ نوشادر ایک تولہ‘ فلفل دراز ایک تولہ‘ دانہ الائچی ایک تولہ‘ مغز دھنیا خشک ایک تولہ‘ تیزپات دو تولہ‘ سونٹھ ایک تولہ‘ اجوائن دیسی ایک تولہ‘ انار دانہ ایک تولہ۔ تمام اشیاء کوٹ پیس کر پھکی بنالیں۔ ایک چمچ چائے والا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے یا بعد سادہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ ہاضمہ کے تمام امراض کیلئے لاجواب ہے۔ **نکسیر کیلئے:** پھٹکڑی شفاف ایک تولہ‘ مصری دو تولہ دونوں کو کوٹ کر سفوف بنالیں۔ خوراک: آدھا چمچ چائے والا صبح نہار منہ شربت صندل یا بزوری کے ساتھ کھائیں۔ نکسیر کیلئے لاجواب ہے۔ **نسخہ نمبر 2:** برنگ بانسہ بمقدار آدھی مٹھی یا کم‘ رات کو مٹی کے برتن میں بھگودیں‘ صبح نہار منہ چھان کر نمک ڈال کر پئیں۔ ایک دو ہفتے پینے سے مکمل آرام آجائے گا۔ نسخہ نمبر 3: جب بھی نکسیر پھوٹے‘ انگلی کی مدد سے ناک سے پیشانی کی طرف بار بار بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ لکھتے رہیں‘ نکسیر رُک جائے گی۔ عمامہ شریف کی سنت اپنائیں اور بازاری و مرغن غذا ترک کردیں۔ (محمد شاہد محبوب‘ اسلام آباد)

آئیں ٹوٹکے آزمائیں اور پھیلائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کا رسالہ پچھلے چار ماہ پہلے پڑھا اور اسے خرید کر گھر لے آیا رسالہ پڑھا تو دل کو بہت سکون ملا‘ خاص طور پر جنات کا پیدائشی دوست میرا پسندیدہ سلسلہ ہے‘ اللہ آپ کو اس وسیلے سے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام دے‘ کیونکہ آپ پریشان اور غموں میں گرے ہوئے لوگوں کی مدد کررہے ہیں‘ میں آج سے اس رسالے کا مستقل قاری ہوں۔ عبقری کے ٹوٹکہ سیکشن کیلئے ایک عدد اپنا آزمودہ ٹوٹکہ لکھ رہا ہوں۔ جو لوگ چاہتے ہیں کہ ان کے سر کے بالوں میں جوئیں نہ ہوں اگر ہوں بھی گئیں ہیں تو آپ تختی کی مٹی (جسے گاچی بھی کہتے ہیں) لے کر دن میں سر میں تین مرتبہ لگائیں‘ انشاء اللہ جوئیں اندھی ہو کر نکل جائیں گی اور سر پر کنگھی کریں۔ میرا آزمودہ ہے‘ مجھے دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (محمد مہدی غوری‘ بھکر)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں‘ عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

اللہ تجھ پر مہربان ہو!: جو شخص اسم یَارَءُوْفُ کو روزانہ ہر نماز کے بعد چند بار پڑھنے کا معمول بنالیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پر مہربان ہوجاتا ہے۔ اس کا دل نرم اور روح کی کثافت دور ہوجاتی ہے۔

پندرہ سال بعد پہلی مرتبہ سکون سے سویا

ایک تعویذ میں نے خود ہی لکھا' اسی رات اپنے سرہانے رکھ کر سویا تو اتنی پرسکون اور میٹھی نیند آئی کہ صبح اٹھ کر مجھے تو یقین ہی نہ آیا کہ چھ الفاظ پر مشتمل سادہ سے تعویذ میں اتنی طاقت ہے کہ جہاں مہنگے مہنگے عاملین عاجز آگئے تھے' یہ شریر جنات کسی کے قابو میں نہ آرہے تھے

پندرہ سال بعد پہلی مرتبہ سکون سے سویا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ خاص کر اس رسالہ میں موجود علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مستقل سلسلہ ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت ہی لاجواب اور باکمال ہے۔ اس سلسلے نے میری زندگی میں سکون بھر دیا ہے۔ گزشتہ پندرہ سال سے جنات نے میری زندگی کا سکون غارت کر رکھا تھا' ساری ساری رات نہ سونے دیتے تھے' میں زندگی سے تنگ آچکا تھا' جگہ جگہ سے علاج کرواکروا کر تنگ آچکا تھا۔ الحمدللہ! مجھے پھر عبقری ملا اور عبقری میں سے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب ملے۔ علامہ صاحب کا اپنے مشہور و معروف سلسلے ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں بتایا ایک تعویذ میں نے خود ہی لکھا' اسی رات اپنے سرہانے رکھ کر سویا تو اتنی پرسکون اور میٹھی نیند آئی کہ صبح اٹھ کر مجھے تو یقین ہی نہ آیا کہ چھ الفاظ پر مشتمل سادہ سے تعویذ میں اتنی طاقت ہے کہ جہاں مہنگے مہنگے عاملین عاجز آگئے تھے' یہ شریر جنات کسی کے قابو میں نہ آرہے تھے اور ہر عامل بتاتا تھا کہ بہت طاقتور ہیں۔ مگر یہ کیا؟ میں نے صرف وہ چھ لفظ لکھے اور کاغذ کا ٹکڑا اپنے سرہانے رکھا ساری رات کسی کی جرأت نہ ہوئی کہ مجھے تنگ کرسکے۔ وہ تعویذ یاقہار کا تھا۔ لکھنے کا طریقہ صرف یہ تھا کہ سادہ کاغذ پر صرف ی۔ا۔ق۔ہ۔ا۔ر لکھیں اور لیجئے جنات کیلئے ننگی تلوار تیار اور اس کے ساتھ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ گیارہ تسبیح صبح اور گیارہ تسبیح رات سوتے وقت یاقہار کی پڑھتا ہوں ہروقت جنات سے محفوظ رہتا ہوں۔ ایک مرتبہ میں اپنی چھوٹی بہن (جو کہ شادی شدہ ہے) کے گھر گیا' اس کی طبیعت بھی خراب تھی اور اس نے بتایا کہ ہمارے گھر میں جنات ہیں' اور ہم سب گھر والے اکثر بیمار ہی رہتے ہیں۔ میں وہیں **یاقہار** کا تعویذ درج بالا طریقے سے لکھا اور اس کو دے آیا' کچھ دن بعد فون کرکے پوچھا تو اس نے بتایا کہ جب سے آپ نے یاقہار کا تعویذ دیا ہے' ہم سب گھر والے بالکل ٹھیک ہیں اور گھر میں اب جنات کی کوئی نقل و حرکت نہیں ہے۔

پیدائشی دوست کے وظیفہ نے قتل و غارت ختم کروادی

اس کے علاوہ محترم علامہ صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کے یَاقَهَّارُ کے علاوہ بھی میرے پاس چند تجربات و مشاہدات ہیں۔ واللہ اشد باسا واشد تنکیلا والی آیت میں نے جہاں بھی پڑھی' وہاں امن و امان ہوگیا اور لڑائی نہیں ہوتی۔ جس کالونی میں میں رہتا ہوں وہاں جٹ برادری اور بلوچ برادری میں الیکشن کے دوران لڑائی ہوگئی' سب عوام پریشان کیونکہ یہاں پہلے بھی دو قتل ہوچکے تھے' وہاں میں نے سانس روک کر تین مرتبہ درج بالا آیت پڑھی' محترم! ایک سائیڈ پر جٹ برادری اور ایک سائیڈ پر بلوچ برادری دونوں کے ہاتھ میں اسلحہ' کلہاڑی' ڈنڈے سوٹے' بس میرا یہ آیت پڑھ کر پھونکنا تھا کہ اچانک لڑائی ہوتے ہوتے نامعلوم کیا ہوا ان کے بڑے اکٹھے ہوئے اور دونوں پارٹیاں آرام سے واپس چلی گئیں اور لڑائی ہوتے ہوتے رہ گئی' اگر اس وقت وہاں لڑائی ہوجاتی تو بہت خون خرابہ ہونا تھا۔ اس آیت نے تمام لوگوں کے غصہ پر ٹھنڈ ڈال دی۔ چلتے چلتے میرے پاس ایک طبی راز ہے جو مجھے میرے ایک دوست نے دیا تھا وہ بھی میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں:۔ میرا ایک دوست حکیم ہے اس سے میں نے یہ نسخہ لیا تھا' جسمانی کمزوری' مثانہ، جگر کی گرمی کیلئے لاجواب ہے۔ جسکو بھی دیا سو فیصد رزلٹ ملا۔ نسخہ یہ ہے:۔ ھوالشافی: گوند کتیرا، گوند کیکر' ساگودانہ' بہی دانہ' چھلکا اسپغول ان سب کو برابر وزن لے کر گرینڈ کرکے آدھ کلو دودھ میں پکائیں۔ جب دودھ پک کر ایک پاؤ رہ جائے تو اتار لیں اور اس میں ایک چمچ دوائی اور چینی حسب ذائقہ ڈال کر رات کو رکھ دیجئے صبح ناشتہ سے ایک گھنٹہ پہلے کھالیں' قارئین! زبردست کھیر ہے۔ اس کے علاوہ عبقری میں نسخہ چھپا تھا ست پودینہ' چینی اور میٹھا سوڈا ہموزن لے کر مکس کرلیں اور اسکی پھکی تیار کرلیں۔ ہر کھانے کے بعد آدھ چمچ چینی والا کھانی ہے۔ معدہ کے امراض کیلئے لاجواب ہے۔ (عبدالرحمٰن' صادق آباد)

کالے جادو کی کالی رات میں روشنی کی کرن

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ چھ ماہ سے پڑھ رہی ہوں۔ میرے ساتھ دنیا کا بھیانک ترین اور دردناک ترین مسئلہ تھا جو میرے ساتھ بچپن سے لے کر جوانی تک جڑا ہوا ہے ہر ایک کے پاس گئی' اللہ کا کلام پڑھا ایک سال یا چھ ماہ بعد ہر طرف سے جواب مل جاتا۔ میرے ساتھ مسئلہ یہ تھا کہ بچپن میں میری والدہ اور والد مجھے لے کر ایک سرکاری رہائش میں منتقل ہوئے تو وہاں صرف ایک برآمدہ اور پیپل کا درخت تھا اور اس کے بارہ سال بعد ہم ایک اور گھر میں منتقل ہوئے تو اس گھر میں چراغ رکھے ہوئے تھے جو پہلے لوگ رہتے تھے وہ ہر روز شام کو چراغ جلاتے تھے۔ مگر جب ہم اس گھر میں آئے تو ہم نے چراغ نہیں جلائے کچھ دنوں کے بعد میں صحن میں سو رہی تھی کہ ایک بجے کے بعد صحن میں ایک عورت سفید کپڑوں والی نظر آئی جو سامنے کمرے میں چلی گئی کمرے میں اس وقت تالہ لگا ہوا تھا۔ اس وقت ہی میری والدہ چھوٹی بہن کو نہلا رہی تھیں جس کی عمر اس وقت پانچ سال تھی اس وقت اس نے بھی اس عورت کو دیکھا۔ اس رات کے بعد میرے ساتھ عجیب معاملہ شروع ہوگیا۔ دن ہو یا رات سوتے میں کوئی لمبے قد کا بے لباس آدمی میرے سینے پر کھڑا مجھے خوف زدہ کرتا' مختلف طریقوں سے ڈراتا' میں چیخ مار کر اٹھتی' مجھے کچھ ہوش نہ ہوتا تھا' مجھے ہوش میں لانے کیلئے میرے منہ پر تھپڑ مارے جاتے' ہوش میں آتے ہی میں پھر بے ہوش ہوجاتی۔ عبقری میں ایک امید کے ساتھ ایک روشنی کی کرن نظر آئی وہ بھی اس لیے کہ میں کسی کے علاج یا بات سے مطمئن نہیں تھی۔ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا سلسلہ ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھا' ہمت ہوئی۔ اس میں موجود وظائف کرنا شروع کردیئے۔ الحمدللہ میری زندگی میں سکون آنا شروع ہوگیا ہے جو کہ اس سے پہلے کبھی نہ آیا تھا۔ (غ۔ش)

قدیم ہندو حکیم کی کتاب سے لیا عجب غضب کا نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک نسخہ ہے جو میں نے ایک ہندو حکیم کی کتاب مطبوعہ 1930ء سے لیا تھا' قارئین کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔ ھوالشافی: بوہڑ کی سبز چھال باریک ایک حصہ' چینی آدھ حصہ۔ بوہڑ کی باریک سبز چھال کو کاٹ کر فوراً اس کی چھال علیحدہ کرلیں اگر کچھ دیر بعد علیحدہ کریں گے تو وہ بے کار ہوجائے گی۔ چھال کو سایہ میں خشک کرلیں۔ جب بالکل خشک ہوجائے تو کوٹ چھان کر جو پاؤڈر بنے اس میں آدھ حصہ چینی باریک کرکے شامل کردیں۔ نسخہ تیار ہے۔ خوراک: صبح نہار منہ پانچ گرام' اور رات کو پانچ گرام مع گائے کے دودھ' اگر گائے کا دودھ نہ ملے تو کسی بھی دودھ کے ساتھ استعمال کرسکتے ہیں۔ فوائد: یہ پورے جسم کی اور ہالنگ کرتی ہے' پرانے خون کو صاف کرتی ہے' نیا خون پیدا کرتی ہے' نیا مادہ پیدا کرتی ہے۔ یہ میرا آزمودہ ہے۔ (محمد صادق ڈار' سرگودھا)

گمشدہ چیز، فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ

قسط نمبر 33

ڈاکو چھینا سامان اگلے دن واپس کر گئے

میرے بیٹوں نے یہ وظیفہ پڑھا تو الحمدللہ بڑا بیٹا سعودیہ چلا گیا اور وہاں پر بہت اچھی نوکری بھی مل گئی اور جب کوئی چیز گم ہوجاتی ہے تب بھی یہی وظیفہ پڑھتے ہیں تو وہ چیز بھی مل جاتی ہے۔ بلکہ بعض چیزیں تو ایسی ملی ہیں کہ وہ ہمیں معجزہ ہی لگتا ہے۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔ (ایڈیٹر کے قلم سے)

چور موبائل خود واپس کر گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب عبقری سے نسبت نہیں جڑی تھی تو کوئی پتہ نہیں تھا کہ ماں کی عزت، باپ کی عزت، چھوٹوں بڑوں کی عزت کیا ہے، جب عبقری سے واسطہ پڑا ہے تو معلوم ہوا کہ حقوق العباد کیا ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ پچھلے سال سے تسبیح خانہ سے تعلق جڑا ہے۔ الحمدللہ! گزشتہ ماہ رمضان تسبیح خانہ میں گزرا۔ الحمدللہ! اس قیام میں بہت کچھ سیکھنے کو ملا اور ایسی باتیں سیکھیں جن کی طرف میں نے کبھی دھیان بھی نہیں دیا تھا۔ اس رمضان میں نے جو سیکھا وہ سب سے پہلے ندامت ہے، نظر کے گناہ سے حفاظت کا پکا ارادہ کرکے تسبیح خانہ سے نکلا تھا۔

محترم حضرت حکیم صاحب! دو تین مہینے پہلے کی بات ہے کہ میں جہاں کام کرتا ہوں وہاں سے ہماری میڈم کے کمرے سے کسی نے موبائل جو چارجنگ پر لگا ہوا تھا، وہ چوری کرلیا۔ میڈم بہت زیادہ پریشان تھیں، مجھے بلایا، پوچھا، میں نے کہا مجھے نہیں معلوم، میڈم تو پریشان تھیں ہی میں میڈم سے زیادہ پریشان تھا کیونکہ میں میڈم کے آفس میں، میں زیادہ جاتا ہوں، تمام دفتر والے مجھ پر ہی شک کررہے تھے، پھر میرے ذہن میں آیا کہ محترم حکیم صاحب نے ایک مرتبہ درس میں گمشدہ چیز پانے کیلئے ایک وظیفہ بتایا تھا میں نے وہ وظیفہ پڑھنا شروع کردیا۔ دوپہر سے لے کر شام تک پڑھتا رہا، شام کو جب گھر جارہا تھا تو راستے میں ایک دوست ملا اس نے مجھے پریشان دیکھا تو مجھ سے مسئلہ پوچھا میں نے ساری کہانی اسے بتائی اور ساتھ بتایا کہ میں حضرت حکیم صاحب کا بتایا ہوا یہ وظیفہ پڑھ رہا ہوں۔ اس نے جب میری زبان سے وظیفہ سنا تو اس نے کہا یہ وظیفہ بہت زبردست ہے، جلدی یا دیر سے اس کا رزلٹ ضرور ملتا ہے، یہ میرا بھی آزمودہ ہے۔ وہ رات بڑی اذیت سے گزری، اگلی صبح ڈرتا ڈرتا دفتر پہنچا تو ایک بندے نے معذرت کے ساتھ وہ موبائل واپس کردیا، جو اس نے چوری کیا تھا، جب مجھے معلوم ہوا تو میں نے اللہ کریم کا شکر ادا کیا۔ وہ وظیفہ یہ ہے:۔ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ (محمد عمر فاروق، ڈیرہ غازیخان)

متلاشی وظیفہ اور عبقری خوشیوں کا خزانہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور پوری عبقری ٹیم کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور آپ ایسے ہی پریشانی سے آئے ہوئے لوگوں کو قرآن کے ذریعے اور اللہ کی مدد سے اپنے وظائف سے مستفید کرتے رہیں۔ اللہ آپ کو اس کی جزا دے۔ (آمین)۔ دوسال سے میں عبقری کی قاری ہوں اور میرے حالات میں بہت مثبت تبدیلیاں آئی ہیں اور حالات پہلے سے کافی سدھر چکے ہیں۔ یہ سب اس رسالے کی بدولت ہے کہ میں اپنے اللہ اور اس کے حبیب نبی کریم ﷺ کے بہت زیادہ قریب ہوئی ہوں اور دنیا سے لاپرواہ ہوگئی ہوں، مجھے صرف اللہ اور اس کے رسول کی خوشیاں عزیز ہیں اور اپنا آپ سدھارنے کی کوشش کرتی ہوں، یہ پرواہ اب نہیں ہے کہ دنیا کیا سوچے گی۔ الحمدللہ! ہر ماہ بڑی بے صبری سے رسالہ عبقری کا انتظار رہتا ہے۔ اس میں موجود ہر اسلامی ماہ کے وظائف ہم بڑی توجہ اور دھیان سے کرتے ہیں اور ہر ماہ میں دیا گیا مراقبہ بھی کرتے ہیں۔ اس رسالہ سے تو میرے اور میرے شوہر کی طبیعت میں جو خراب تھی وہ الحمدللہ ٹھیک ہوچکی ہے۔ آپ کا ہی بیان ہے کہ جس وظیفے یا ٹوٹکے سے آپ کو فائدہ ہو وہ آپ پر لکھنا فرض ہے تو میں آپ کو یہ وظیفہ بتارہی ہوں۔ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وظیفے نے میری دنیا ہی بدل کر رکھ دی ہے، اس وظیفے سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے، اب تو یہ وظیفہ میں خود بھی پڑھتی ہوں، میرے بچے اور خاوند بھی پڑھتے ہیں۔ میرے بیٹوں نے یہ وظیفہ پڑھا تو الحمدللہ بڑا بیٹا سعودیہ چلا گیا اور وہاں پر بہت اچھی نوکری بھی مل گئی اور جب کوئی چیز گم ہوجاتی ہے تب بھی یہی وظیفہ پڑھتے ہیں تو وہ چیز بھی مل جاتی ہے۔ بلکہ بعض چیزیں تو ایسی ملی ہیں کہ وہ ہمیں معجزہ ہی لگتا ہے۔ اسی رسالہ سے ہمیں یہ والا وظیفہ بھی ملا کہ سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 صبح وشام پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکتے ہیں، جب سے یہ عمل ملا ہے ہمیں کبھی ادھار نہیں مانگنا پڑا اور میری بہت سی دیرینہ خواہشات پوری ہوتی ہیں۔ جو کہ ناممکن تھیں۔ اس کے علاوہ علامہ صاحب اور ان کی پوری ٹیم کو اللہ رب العزت سلامت رکھے۔ (صفیہ بیگم، منڈی بہاؤالدین)

ڈاکو لیپ ٹاپ اور بیگ واپس کر گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بھائی لاہور یونیورسٹی میں پڑھتا ہے۔ ایک دن وہ گھر آرہا تھا کہ اچانک بائیک پر دو لڑکے آئے اور بھائی سے لیپ ٹاپ بیگ چھین کر لے گئے جس میں پیسے بھی تھے۔ پھر وہ بہت اداس ہوا گھر بھی نہیں آیا، ہمیں گھر فون کرکے بتادیا، دوبارہ ہوسٹل چلا گیا۔ پھر میری امی نے، میں نے اور بھائی نے ساری رات رو رو کر آپ کی بتائی ہوئی تسبیح یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھا اور اللہ کا کرنا ایسا ہوا وہ لڑکے صبح کو یونیورسٹی میں لیپ ٹاپ اور بیگ اور باقی تمام سامان دے گئے، بس پیسے نہیں تھے۔ الحمدللہ! (ع۔ف، سرگودھا)

قارئین اصلاح فرمالیں!

قارئین! حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی آرٹیکل "گمشدہ چیز، فرد اور سرمایہ پانے کا راز" میں ایک وظیفہ دیا گیا ہے جو کہ چند شمارے پہلے زیر زبر کی غلطی سے شائع ہوگیا۔ اصل وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ قارئین اصلاح فرمالیں! (ادارہ)

لیکوریا ختم! بے اولاد کو اولاد نصیب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس خواتین کے پوشیدہ امراض کا لاجواب آزمودہ حل ہے جو میں قارئین عبقری کیلئے خاص طور پر شائع کروارہی ہوں۔

ھوالشافی: کاٹھی سپاری ایک پاؤ، تیلی سپاری ایک پاؤ، سنگھاڑے ایک پاؤ، آس کند چھٹانک، نشاستہ ایک کلو، شکر ایک کلو، گھی دیسی تین پاؤ۔ **ترکیب:** سپاریاں اور سنگھاڑے کو باہم پیس لیں۔ نشاستہ کو گھی میں بھون کر رکھ لیں۔ پھر شکر میں پانی ملا کر شیرہ بنالیں۔ نشاستہ اور پسی ہوئی تمام اشیاء ملالیں۔ اچھی طرح چمچ چلا کر یکجان کرلیں اور اتار لیں۔

طریقہ استعمال: صبح نہار منہ سردیوں میں دودھ کے ساتھ، گرمیوں میں شربت انجبار کے ساتھ استعمال کریں۔ تین ماہ تک لگاتار کھائیں۔ ناغہ بالکل نہ کریں۔ ایک کپ بھرا ہوا کھائیں، خشک دوا ہے دودھ خوب پئیں۔ لیکوریا کا نام و نشان ختم ہوجائے گا۔ بے اولاد کو اولاد نصیب ہوگی۔ انشاء اللہ۔ جاتے جاتے قارئین ایک بہترین آزمودہ اور لاجواب ٹوٹکہ بھی لیتے جائیں۔ اگر کسی کو بھڑ کاٹ لے تو فوراً مٹی کا تیل ڈنگ والی جگہ پر لگادیں درد ختم ہوجائے گا اور سوجن بھی نہیں ہوگی۔ (محمد فاران ارشد بھٹی، مظفر گڑھ)

پسینہ زیادہ آتا ہے: پسینہ زیادہ آنے کی صورت میں ماز وایک تولہ انگور کا رس چھ تولے ٹھنڈا پانی دو تولے ان تمام اشیاء کو ملا کر بدن پر لیپ کرنے سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔

عبقری رسالہ ادویات 'کتب آپ کے شہر میں

فیصل آباد: ادویات اور رسالہ کیلئے عبقری ایجنسی 0301-7118200

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اٹک 0321-5247893
اسلام آباد 0336-0195366
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بورے والا 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بہاولنگر 0333-6320766
بھیرہ شریف 0301-6799177
بہاولپور 0333-6367755
بورے والا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھاگٹانوالہ 0322-7836671
بٹ خیلہ/ چکدرہ 0344-9783610
پشاور 0314-9007293
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پشاور 0333-9161237
پنڈی گھیب 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
تونسہ شریف 0331-6464456
تلہ گنگ 0346-5771975
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6755442
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0345-7555271
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
ٹیکسلا 0307-8321046
جہانیاں 0321-7359861
جہلم دینہ 0333-5806101
جڑ 0333-5480393
جام پور 0336-6758452
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیر والا 0300-8985689
جلیال 0312-9934607
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چنیوٹ 0332-2544447
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چوآ سیدن شاہ 054-3580102
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدرآباد 0300-3790255
حیدرآباد: 0300-0936775
حیدرآباد 0300-3215348

"عبقری" نام رجسٹرڈ ہے کسی کو بھی ایجنسی، کلینک، مطب، اکیڈمی یا گھر کے ساتھ عبقری کے نام کا استعمال قانوناً ممنوع ہے۔ جو لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں وہ فوراً ختم کر دیں، ورنہ ایجنسی ختم کر کے قانونی کاروائی کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر

حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
خیر پور ٹامیوالی: 0302-7779671
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 051-5505194
رائے ونڈ 0300-4719056
رائے ونڈ: 0341-4037028
رحیم یار خان 068-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
دیپالپور 0300-4059957
درگئی: 0343-4959350
دریا خان: 0303-9622443
دنداشاہ بلاول: 0336-5953230
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈسکہ 0346-6747112
ڈیرہ غازی خان 064-2017622
ڈیرہ غازیخان 0315-8701970
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سمندری 0335-7724570
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6938847
شیخوپورہ 0341-6616915
شجاع آباد 0300-2539685
شہدادپور 0334-3100962
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر: 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ: 0301-6644331
صادق آباد 0333-7452600
صوابی: 0314-9661622
ظاہر پیر 0333-6353870
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فتح پور 0333-6843333
گلگتی ضلع لورالائی 0828-601084
کنڈ یارو 0300-3215348
کراچی 0300-3218560
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134

(ادارہ کی طرف سے دوا، نسخہ خزانہ اور کتب کوئی شخص چھاپ سکتا، قانونی حق محفوظ ہے)

ایجنسی ہولڈر بورڈ، اشتہار، پینافلیکس، لیٹر پیڈ، ریڈر اور دکان پر حکیم صاحب کے نام کے ساتھ "زیر سرپرستی" کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ قانوناً غلط ہے۔ کسی کو اجازت نہیں۔ ایسا نہ کریں۔

نام شہر اور فون نمبر

کوٹ ادو 0333-6003909
کوٹ ادو 0331-6007670
کوہاٹ 0922-511760
قصور 0322-7616470
کاموکی 0323-8240642
کھپرو 0336-0312694
کوئٹہ 081-2824617
کلورکوٹ 0300-7780221
کھوڑ 0307-5137855
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911
کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی 0301-6267600
کرمشانی 0301-8955413
گجرات 0302-6292132
گجرات 0333-8443093
گوجر خان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
قلعہ دیدار سنگھ 0300-8356645
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0320-9439889
لاہور 0322-8081142
لاہور 0322-4614031
لاڑکانہ 0345-3228855
لورا 0321-5500221
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
منڈی بہاؤالدین 0345-6810615
مظفر گڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ 0300-2753463
ملتان 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
مری 051-3410777
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
میاں چنوں 0333-8884615
منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
ملہوالی: 0333-5333389
مظفر آباد 0312-4602800
میرپور خاص 0333-3436222
میرپور آزاد کشمیر 0332-5855356
منچن آباد 0331-7584075
نارووال 0322-4861522
نوشہرہ خیبر پختونخواہ 0321-9702005
نارووال 0333-8749464
نواب شاہ 0333-8775548
نوشکی 0332-7846812

کمپنی سے صرف پیکنگ شدہ دوائی لیں، کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری ادویات ہی لیں، خود ساختہ دوائی نہ لیں۔

نام شہر اور فون نمبر

نورکوٹ: 0301-6195500
وہاڑی 0306-8281075
وہاڑی 0301-6661714
وزیر آباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
واتا: 0301-3232634
ہارون آباد 0333-4985886
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421
یزمان 0346-4934044

نیوجرسی' یو ایس اے
01-683-1882
شکاگو 630-589-6432

یوکے
0044-7880-9842-16

اُگی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سنجاوی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
درہ پیترو 0300-9097993
درہ آدم خیل 0342-9233590
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
مانسہرہ 0301-8133822

ایجنسی ہولڈر قیمت زیادہ لیتے ہیں

مسلسل شکایت ہے کہ ایجنسی ہولڈرز ڈبی پر لکھی قیمت سے زائد وصول کرتے ہیں' عبقری ان کو معقول کمیشن دیتا ہے۔ اگر آپ کے علم میں ایسا ایجنسی ہولڈر ہے تو فوراً دفتر ماہنامہ عبقری میں خط لکھیں یا اس نمبر 0343-8710009 پر بذریعہ میسج اطلاع کریں۔ ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ مزید عبقری کے علاوہ اپنی غیر مستند اور ناقص ادویات بھی چلا رہے ہیں نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے' عبقری دفتر سے ان کی اجازت نہیں۔

ایجنسی ہولڈر بھی خطرناک عامل بن گئے

وہ لوگ جو عملیات' تعویذات اور وظائف کی الف ، ب سے کبھی واقف بھی نہ تھے انہوں نے ماہنامہ عبقری اور عبقری ادویات اگر بیچنی شروع کر دیں تو انہوں نے باقاعدہ لوگوں کو دم کرنا اور تعویذ دینا شروع کر دیا جس کے نہایت خطرناک الٹ نتائج عبقری کے دفتر میں مسلسل آرہے ہیں۔ قارئین! عبقری کی طرف سے ایسی نہ کوئی اجازت ہے اور نہ کوئی ترتیب۔ ایسا کرنے میں نقصان کے ذمہ دار لوگ خود ہوں گے ادارہ عبقری اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

عبقری روحانی اجتماع 24، 25، 26 نومبر

بروز جمعہ، ہفتہ، اتوار (انشاء اللہ)

23 نومبر بروز جمعرات عصر سے 26 نومبر بروز اتوار صبح دعا ہوگی۔

تربیتی اصلاحی تعلق مع اللہ روحانیت کے پراسرار حقائق اور گھریلو الجھنوں' مشکلات اور پریشانیوں کے خاتمہ کیلئے تین روزہ اجتماع میں شرکت کریں۔ ہر وقت تربیت، ذکر، دعا، آہ و زاری اور قبولیت کا نہایت انوکھا نظام، روحانی اور نورانی ماحول، مرد، عورت، بچے، بوڑھے، جوان سب اجتماع میں شرکت کر سکیں گے۔ اس بار اجتماع "ہجویری محل" شیخوپورہ روڈ خان پور نہر کے ساتھ منسلک ایکڑوں میں محیط وسیع ترین جگہ پر ہوگا۔ جہاں خواتین کیلئے پردہ اور حفاظت کا بہترین انتظام ہوگا۔ وسیع ترین پارکنگ' بچوں اور خواتین کی روز مرہ ضروریات کی تمام چیزوں کیلئے علیحدہ ٹک شاپ۔ بہترین اعلیٰ کوالٹی کینٹین۔ چوبیس گھنٹے سکیورٹی کا بہترین سسٹم۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے دعوت عام اور اجازت عام ہے۔ حسب موسم بستر ہمراہ لائیں۔ ابھی سے دعائیں شروع کر دیں یااللہ! عافیت سے تمام نظام ممکن فرما اور ہر شر ہر فتنے سے محفوظ فرما۔ آمین! بچوں کو ساتھ لانے کی اجازت ہے۔ (اصل شناختی کارڈ اور فوٹو کاپی لانا ہرگز نہ بھولیں) آپ اپنی کوسٹر، بس یا گاڑی ہمراہ لائیں تین دن وہاں گاڑی ٹھہرنے کی بہت مناسب پارکنگ ہوگی۔ نوٹ: (روحانی اجتماع کا پنڈال لاہور شہر کی آبادی کے ساتھ جڑا ہوا ہے اور ایک لحاظ سے نہایت ایسی مناسب جگہ جو لاہور شہر کے اندر ہے۔

Monthly "UBQARI" Lahore

مشروب عبقری

ایک ایک بوند خالص

باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے

بہترین مشروب ٹانک اور زندگی کا ساتھ
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار

فطری اور نبوی ﷺ جڑی بوٹیوں کا
سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ

قیمت 200 روپے



چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سب

کمزوری، خون کی کمی، گرمی کا برداشت نہ ہونا، روز ... کیلئے تسکین اور راحت جان کا پر اعتماد مشروب ہر عمر، ہر موسم اور ہر مزاج ... ہزاروں سالوں سے تجربہ شدہ ایک نہایت کارآمد اور بہترین فارمولہ تڑپاتی اور بے چین کر دینے والی گرمی میں ٹھنڈک کا دلفریب احساس

نوجوان اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج

بے شمار کا آزمودہ!

قیمت 800 روپے

شوگر کورس

شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم



شوگر کا خاتمہ ممکن ہے

آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں


کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں


30 روزے 30 عبادتیں


رمضان المبارک کے ہر لمحہ کو کارآمد بنانے کا انوکھا مستند فارمولہ


تیس روزے تیس عبادتیں کتاب میں ہر روز کی ایک عبادت، جس میں حیرت انگیز اعمال جو مستند کتابوں سے چن چن کر پیش کیے جن کو کرنے والا کبھی نامراد نہیں ہوا۔ آپ کی نسلیں، رزق، عزت، برکت، روحانیت، دولت مالدار ہوں اور دکھوں، مصائب، مصیبتوں اور دنیا کی الجھنوں سے ہر دم محفوظ رہیں اور عبادات ایسی آسان جو ہر آدمی بخوشی کر سکے۔ اپنے رمضان کو بہترین اور شاندار رمضان بنانے کیلئے یہ کتاب ہر گھر اور سواری میں موجود ہو۔ اس رمضان کا بہترین گفٹ ابھی خریدیں اور بانٹیں بلکہ ضرور لیں ضرور تقسیم کریں۔

عبقری کتب کے شوقین حضرات کیلئے شاندار رمضان آفر
شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی رمضان المبارک کے حوالے سے تالیف شدہ تمام کتب پر پورے 50 فیصد ڈسکاؤنٹ یہ آفر اپریل، مئی اور جون 2017ء تک ہے۔
یہ آفر صرف دفتر ماہنامہ عبقری لاہور کیلئے ہے۔
بذریعہ ڈاک منگوائی جا سکتی ہیں۔









عبقری کتب و ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

حضرت حکیم صاحب کی آمد۔ دوحہ قطر۔ ایبٹ آباد، مانسہرہ، کاغان، ہری پور، جبوڑی۔ (مظفر آباد۔ آٹھ مقام۔ میر پور، باغ۔ فارورڈ کہوٹہ براستہ مجھوئی گلی آزاد کشمیر)۔ تفصیلات ٹائٹل کی بیک پر

قیمت فی شمارہ 50 روپے

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور 131

مئی 2017ء شعبان المعظم 1438 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

آمدِ رمضان! رحمت برکت کے دروازہ کی چابی لے لیں

گھریلو مشکلات' الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

شہنشاہِ اہل بیت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی تین کرامتیں

★ قبر میں ہندو کی لاش اور آگ میں مسلمان! ماجرا کیا ہے؟

★ جن بولا: غیر شرعی منتر چھوڑ' کالی دنیا کالا جادو کتاب خریدو

★ اس رمضان! شفاء کیلئے پڑھیے سورۂ تغابن اور رحمٰن

★ کان چالیس سال سے دوبارہ خراب نہیں ہوئے


★ میرے بچوں کا قد کیسے بڑھا؟ آپ بھی جانیے

★ گمشدہ سامان کی ایسی حفاظت! پہلے کبھی نہ سنی

★ لگتا ہے آج میری آخری رات ہے! نسخہ لکھ لو!

★ تین مرتبہ لفظ پڑھا' انگلی لگائی اور درد ختم

★ دیسی انڈوں کے چھلکے اور بیماری ختم





تربوز فالسے اور مینگو شیک سے رمضان مزیدار

21 مئی بروز اتوار اسم اعظم کا روحانی دم صبح 7 سے آٹھ بجے تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا • 21 مئی بروز اتوار علوم کشف المحجوب اور مراقبہ بعد نماز مغرب تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا

عَبۡقَرِیٍّ حِسَانٍ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ (القرآن)

حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 11 جلد نمبر 11 مئی 2017ء شعبان المعظم 1438 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

مئی 2017ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان، راشد شمسی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1080 روپے رجسٹرڈ ڈاک، بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

خصوصی ہولڈر اپنی مہر لگائیں

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: پاکستان کی سرزمین میں زبردست خزانے چھپے ہوئے ہیں مگر اس کو ایک ایسا ملک بنانے کیلئے جو ایک مسلمان کے رہنے سہنے کے قابل ہو ہمیں اپنی قوت اور اپنی محنت کے زبردست ذخیرے کا ایک ایک ذرہ صرف کرنا پڑے گا اور مجھے امید ہے کہ تمام لوگ اس کی تعمیر میں دل و جان سے حصہ لیں گے۔ (جمعۃ الوداع 17 اگست 1947)

جمالِ عشق و مستی نَے نوازی	جلالِ عشق و مستی بے نیازی
کمالِ عشق و مستی ظرفِ حیدرؓ	زوالِ عشق و مستی حرفِ رازی

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے برتن جوتے فرنیچر رضائیاں اپنی زکوٰۃ صدقات عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرا دیں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے

مصیبت زدہ کو صبر کی تلقین کا اجر جان کر حیران ہو جائیں

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی مصیبت زدہ کو تسلی دیتا ہے تو اسے اس مصیبت زدہ جیسا ثواب ملتا ہے۔ (ترمذی)۔ مزید ایک جگہ روایت ہے کہ حضرت محمد بن عمرو بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو مومن اپنے کسی مومن بھائی کی مصیبت میں اسے صبر و سکون کی تلقین کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے عزت کے لباس پہنائیں گے۔ (ابن ماجہ) حضرت عبداللہ بن عبید بن عمیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کے صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ایک جماعت کے ساتھ میرے پاس تشریف لائے۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ساتھیوں کے سامنے روٹی اور سرکہ پیش کیا اور فرمایا: اسے کھالو کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: سرکہ بہترین سالن ہے۔ آدمی کیلئے ہلاکت ہے کہ اس کے کچھ بھائی اس کے پاس آئیں تو جو چیز گھر میں ہو اسے ان کے سامنے پیش کرنے کو کم سمجھے۔ اور لوگوں کیلئے ہلاکت ہے کہ جو ان کے سامنے پیش کیا جائے وہ اسے حقیر اور کم سمجھیں۔ ایک اور روایت میں ہے کہ آدمی کی برائی کیلئے یہ کافی ہے کہ جو اس کے سامنے پیش کیا جائے وہ اس کو کم سمجھے۔ (مسند احمد، طبرانی، ابویعلی، مجمع الزوائد)۔

ایڈیٹر کے قلم سے



حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

کم کھاؤ، غم نہ کھاؤ۔ حلال کھاؤ حرام نہ کھاؤ

انسان ساری زندگی سیکھتا ہے اور سیکھتا رہے تو اچھا ہے جب یہی شخص کہہ دیتا ہے کہ میں سیکھ گیا ہوں یہیں سے اس کا زوال شروع ہوتا ہے اور یہ زوال جہالت' لاعلمی' کم علمی تک حتیٰ کہ موت تک یہ لاعلمی رہتی ہے' چلتے چلتے انسان قبر میں چلا جاتا ہے۔ میری طبیعت ہے کہ میں ہر کسی سے سیکھتا ہوں اور ہر کسی کو اس قابل سمجھتا ہوں کہ میں اس سے سیکھوں' اس سے مجھے فائدہ بھی ہوتا ہے اور چونکہ میرا تعلق پورے عالم کی انسانیت کے ساتھ ہے (تقریباً 212 ملک عبقری ویب سائٹ کے ذریعے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے فیضان کو پا رہے ہیں) تو اس لیے وہ میری معلومات ذاتی نہیں ہوتیں بلکہ عالم اور انسانیت اس سے فیض یاب ہو رہی ہے۔ ختم القرآن کی ایک محفل تھی' میں ایک پرانے اور بوڑھے نیک صالح تجربہ کار شخص کے پاس بیٹھا تھا میں نے ان سے عرض کیا آپ کی عمر؟ فرمانے لگے: اسی سے بہت اوپر' دوسرا سوال کیا: اپنی زندگی کے اسی سالہ تجربات میں سے مجھے کچھ عنایت فرمائیں۔ بے ساختہ فرمانے لگے: ''کم کھاؤ غم نہ کھاؤ۔ حلال کھاؤ حرام نہ کھاؤ'' میں انہیں غور سے دیکھتا رہا' لیکن ان کا بار بار اسی بات کا دہرانا تھا' انہیں محسوس ہوا کہ واقعی میں نے ان کی بات کو لیا ہے اور میرے دل میں اس بات کی حیثیت اور اہمیت ہے میں نے پوچھا: اگر آپ ان لفظوں کی وضاحت کر دیں تو سمجھنا آسان ہوگا؟ کہنے لگے: اب تک جتنے لوگ مرے ہیں' کوئی ایک فرد بھی کم کھانے سے نہیں مرا' سب زیادہ کھانے سے مرے ہیں' اور دنیا میں جتنے مریں گے آئندہ بھی وہ سب زیادہ کھانے سے ہی مریں گے' لہٰذا کم کھائیں' سکھ سے جئیں' سکون سے جئیں اور چین سے جئیں' دوسرا نکتہ غم نہ کھاؤ: انسان جہاں زیادہ کھانے سے مرتا ہے وہاں اس کو ٹینشن' ہر وقت کا غم اس کی ہڈیوں تک کو گلا دیتا ہے' گوشت تو دور کی بات ہے' اس کی چربی پگھلا دیتا ہے' دل' جگر' معدہ' ذہن' نیند' اعصاب ہر چیز متاثر ہوتی ہے' کیا کسی کہنے والے نے کہا کہ انسان کو غربت نہیں مارتی اس کو ٹینشن مار جاتی ہے' ٹینشن کی بنیادی وجہ رب کی تقسیم پر راضی نہ ہونا' مجھے تھوڑا کیوں دیا؟ مجھے غم دیا' اُس کو سکھ دیا' مجھے سائیکل دی اس کو گاڑی دی' مجھے رتبہ نہیں دیا اس کو مقام دیا' جو تسلیم و رضا کے مزاج پر چلتا ہے وہ کبھی بھی ٹینشن نہیں لیتا بلکہ سکھ' سکون' چین اور راحت کو اپنے مزاج کا حصہ بنا لیتا ہے اور وہ مزے میں ہوتا ہے' جیسے لکھا ہوتا ہے ''موج فقیر دی''۔ تیسرا نکتہ موصوف نے فرمایا: ''حلال کھاؤ حرام نہ کھاؤ'' اس کا تو خود عکس میں نے اپنی زندگی اور ان کی نسلوں میں دیکھا مرحوم کے سات بیٹے اور دو بیٹیاں جو ماشاء اللہ ابھی موجود ہیں' ان کی نسلیں پھر ان کی آگے کی نسلیں' سب کی زندگی میں حلال' طیب' طاہر' لباس' غذا اور رہنا اور اٹھنا بیٹھنا ہے' رب نے ان کو صلہ یہ دیا' بہت تھوڑے ہی عرصہ میں ان کے ساتھ برکتوں کے وہ دروازے کھلے' خیروں اور عافیتوں کی وہ راہیں کھلیں' رزق اور وسعت کے وہ دریا بہے جو عام عقل انسانی' شعور اور ادراک سے کہیں زیادہ ہے۔ قارئین! زندگی بہت مختصر ہے' اگر اس کو زیادہ کھا کر بیماری کی حالت' غم کھا کر بے سکونی کی کیفیت اور حرام سمیٹ کر نسلوں کیلئے عذاب اور وبال چھوڑ کر جائیں گے تو زندگی سکھ اور سکون سے ہمارے ساتھ نہیں چل سکے گی' اس زندگی کی سسکن' تڑپ اور مرنے کے بعد کا نظام کیسا ہوگا؟ آپ خود محسوس کر سکتے ہیں۔ مجھے یہ نصیحت کیسی لگی؟ میں اب بھی اس شخص کی نسلوں کیلئے بہت دعا گو رہتا ہوں اور دل کی گہرائیوں سے ان کیلئے ٹھنڈی آہیں بھر بھر کر خیریت اور عافیت کے بول بولتا ہوں۔ اس محسن کے یہ لفظ اور بول آج بھی میرے لیے آپ کیلئے مشعل راہ ہیں اور ہم سچی راہوں کو اگر لے کر چلنا چاہتے ہیں تو ان بولوں پر عمل کریں اور میرا جی چاہتا ہے کہ اپنی گاڑی کے سامنے جہاں آپ کی نظر پڑے کچن میں جہاں آپ اس کو بار بار دیکھتے رہیں اپنے دفتر میں' اپنے بیڈروم میں' دکان میں' زمیندار ہیں تو ٹریکٹر پر اس کو لکھ کر لگائیں ہماری نظریں بار بار اس پر پڑیں جس چیز کو بار بار دیکھا جائے اس کی تاثیر اور طاقت دل میں اترتی ہے اور طبیعت شاد و آباد ہو جاتی ہے اور زندگیوں کے دھارے اور رخ بدل جاتے ہیں۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم

درس روحانیت و امن

راحت بھری پرسکون زندگی کا راز

زندگی آمد برائے بندگی: زندگی تھوڑی ہے اور ان دیکھی زندگی ہے۔ پتہ نہیں جوانی میں موت آجائے یا بڑھاپے میں موت آجائے۔ آپ نے چھوٹی قبریں بھی دیکھی ہونگی اور بڑی قبریں بھی دیکھی ہونگی۔ زمین و آسمان کا ایک نظام ہے کہ چھوٹی قبریں بھی ہیں اور بڑی قبریں بھی ہیں۔ چھوٹی عمر کے لوگ بھی مدفون ہیں اور بڑی عمر کے لوگ بھی مدفون ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ آنے کی ترتیب ہے جانے کی ترتیب نہیں۔ پہلے دادا آئے گا' پھر باپ آئے گا' پھر بیٹا آئے گا اور پھر پوتا آئے گا۔ لیکن جانے کی کوئی ترتیب نہیں۔ کتنے بوڑھے دادے بیٹھے رہتے ہیں اور پوتے آنکھوں کے سامنے اس دنیا سے رخصت ہوجاتے ہیں۔

رب سے معاملہ برابر رکھیں!: کیسا خوش قسمت انسان ہے جو رات کو اللہ کے ساتھ اپنا معاملہ برابر کرکے سوتا ہے۔ رب کے ساتھ معاملہ برابر کرکے وہ شخص سوئے گا جس کو یقین ہوگا کہ میری آخری رات ہے۔ صبح میں اُٹھ سکوں نہ اُٹھ سکوں اور کہے گا بس! یااللہ جو میری خطائیں ہیں' جو میری بے ادبیاں ہیں اور جو میری بے وفائیاں ہیں اللہ میں ان سے معافی مانگتا ہوں۔ اللہ میں ان سے توبہ کرتا ہوں۔ اللہ میں ان سے استغفار کرتا ہوں۔ اللہ میں ان پہ ندامت کرتا ہوں۔ کتنا خوش قسمت انسان ہے جو رات کو اپنا معاملہ برابر کرکے' صاف کرکے سوتا ہے۔

معاملات کی صفائی پر جنت کی ضمانت: ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے بارے میں دوسرے صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کو پتہ چلا کہ وہ جنتی ہیں۔ اب دوسرے صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ اس جستجو میں کہ اس کا ایسا کونسا عمل ہے جو یہ جنتیوں کی لسٹ میں شامل ہے۔ یہ صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ ان کے گھر جاکر مہمان ٹھہرے اور ان کو دیکھتے اور پرکھتے رہے آخر میں پوچھنے لگے کہ: ''آپ کا ایسا کوئی خاص عمل تو مجھے نظر نہیں آیا' یہی سب عمل تو میں بھی کرتا ہوں۔ آپ آخر ایسا کونسا عمل کرتے ہیں جس کی وجہ سے آپ جنتی ہیں؟'' تو انہوں نے کہا کہ: ''جب میں رات کو سوتا ہوں تو سب کو معاف کرکے سوتا ہوں'' چونکہ یہ عمل ایسا ہے جو میرے اور اللہ کے درمیان ہے اس لیے آپ کو پتہ نہیں چلا۔ جب میں روزانہ سوتا ہوں تو اسی روز جس کسی نے بھی مجھے ستایا ہوتا ہے، اذیت دی ہوتی ہے میں اس کو معاف کرکے سوتا ہوں۔

راحت بھری پرسکون زندگی کا راز: ایک شخص نے یورپ میں ایک بہت موٹی کتاب لکھی اور کئی ہزار ڈالر اس کتاب کی قیمت تھی۔ کتاب پیکنگ ہوکر آتی تھی ہر بندے کو پیک کتاب ملتی تھی۔ یہ کتاب پیکنگ سے کھولنی پڑتی تھی اور اعلان ہوا کہ اس کتاب میں کائنات کا سب سے بڑا راز ہے۔ خوشحال زندگی' پُرسکون زندگی' راحت بھری زندگی' چین بھری زندگی' عزت بھری زندگی' عافیت بھری زندگی' ٹینشن کو' STRESS کو' نفسیاتی الجھنوں کو' گھریلو الجھنوں کو' مسائل کو' مشکلات کو' پریشانیوں کو دور کرنے کیلئے اس کتاب میں ایک راز ہے۔ ان مسائل میں گرے ہوئے لاکھوں لوگوں نے وہ کتاب خریدی اور جب کتاب کھولی سارے صفحے پلٹتے گئے سب صفحے صاف تھے۔ آخری صفحے میں ایک چیز لکھی ہوئی تھی کہ: ''دوسروں کو معاف کرو' خود کو معاف کرو۔'' بس کتاب ختم شد۔

دوسروں کو معاف کرنا: دوسروں کو معاف کرنا تو سمجھ آتا ہے خود کو معاف کرنا یہ سمجھ نہیں آتا۔ اپنی سمجھ کے مطابق آپ کو یہ بھی سمجھا دیتا ہوں کہ دوسروں کو کیسے معاف کرنا چاہیے۔ اب ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا عمل آپ نے دیکھا کہ وہ جنتی ہے۔ جنتی کی علامت دنیا میں دیکھتے چلے جائیں۔ انبیائے کرام علیہ السلام پر بڑی مصیبتیں آئیں۔ بہت مصائب آئے جو اللہ کا دوست ہوتا ہے جو اللہ کے قریب ہوتا ہے قدرت اسے آزماتی ہے۔ ایک حدیث کا مفہوم ہے کہ: ''ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے آپ سے محبت ہے۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''سوچ سمجھ کے بات کر۔'' وہ صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ پھر کہنے لگے کہ: ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے آپ سے محبت ہے۔'' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''فقر اور تکلیف کیلئے تیار رہو جا یہ تیری طرف ایسے آئے گا جیسے ڈھلوان کی طرف پانی آتا ہے۔''

مشکلات پر دلی اطمینان جنتی ہونے کی علامت: اللہ پاک جل شانہٗ نے زندگی میں مشکلات اگر دی ہیں تو صبر و تحمل سے برداشت کرنا ہی جنتی ہونے کی علامت ہے۔ جنتی ہونے والے شخص کا من پرسکون ہوتا ہے۔ یاد رکھیے گا یہ ایک نکتہ ہے اور ہر بندہ اس نکتے سے اپنے من کو پرکھے کہ اس دنیا میں جنتی ہونے کا کیسے پتہ چلے گا؟ وہ شخص جس کے اوپر ساری مصیبتیں' ساری تکلیفیں' ساری پریشانیاں گھیرا ڈال لیں، گھبرائے گا نہیں کیونکہ اس کا من مطمئن اور پرسکون ہوگا یہی جنتی ہونے کی علامت ہے۔ اس کتاب میں لکھا تھا کہ: ''اپنے آپ کو معاف کرو اور دوسروں کو معاف کرو'' اپنے آپ کو معاف یہ ہے جو رضا بالقضا کا قائل ہوگیا۔ اگر اللہ جل شانہٗ نے مجھے چھوٹا بنایا ہے' میں نے محنت کرنی ہے حلال طریقے سے' جائز طریقے سے لیکن میں نے بڑا بننے کیلئے حرام راستے اختیار نہیں کرنے ہیں۔ سود ہمیشہ بڑا بننے کیلئے لیا جاتا ہے۔ ہمیشہ جو کرپشن ہوتی ہے وہ بڑا بننے کیلئے ہوتی ہے۔ میری تھوڑی زمین سے زیادہ زمین' میرے چھوٹے گھر سے بڑا گھر' چھوٹی فیکٹری سے بڑی فیکٹری' چھوٹی مل سے بڑی مل ہمیشہ ناجائز راستے جو اختیار کیے جاتے ہیں وہ بڑا بننے کیلئے ہوتے ہیں۔ مجھے ایک صاحب نے خط لکھا کہنے لگے کہ: میرے اوپر ساری مصیبتیں' ساری تکلیفیں ہیں لیکن الحمدللہ میرا من بڑا مطمئن ہے اور اللہ کی ذات پر مجھے بڑا اعتماد ہے۔ میں بڑا خوش ہوا اور اس خط کو چوم لیا۔ اس کا رابطہ نمبر نیچے لکھا ہوا تھا' میں نے خود اس کو فون کیا۔ میں نے کہا: آج میں بیٹھے ڈاک کا جواب دے رہا ہوں۔ آپ کا خط سامنے آیا ہے۔ اچھا کیا آپ نے نمبر لکھ دیا کیونکہ ہر کسی کو کال کر نہیں کرسکتا لیکن آپ کے ایک جملہ نے مجھے خوب متوجہ کیا ہے۔ (جاری ہے)

درس سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو' عبقری کو' آپ کی آل اولاد کو اور عبقری کے تمام پڑھنے اور درس سننے والوں کو اپنی حفظ و امان میں رکھے اور قیامت تک رحمتیں و برکتیں' حفاظت اور عنایات جاری و ساری رکھے۔ محترم حکیم صاحب میں گناہوں میں ڈوبا ہوا تھا۔ آپ کا بہت نام سنا تھا' آپ کا رسالہ عبقری پڑھا' آپ کے درس نے ان سب کا یہ اثر ہوا کہ زندگی میں بہت سی تبدیلیاں آگئی ہیں' بہت مسنون دعائیں یاد کرچکا ہوں' اعمال کرتا ہوں' گانے سننا' فلمیں ڈرامے چھوڑ چکا ہوں۔ میوزک سے نفرت ہوچکی ہے' دعا مانگنے کا طریقہ پتہ چلا' بس اللہ سے مانگنا آگیا ہے' اللہ تعالیٰ سے اپنی سابقہ زندگی کے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں۔ میرے بہت سے گھریلو اور کاروباری مسائل تھے جو صرف درس سننے کی برکت سے اللہ نے حل فرمادیے ہیں' گھر میں عجب بے سکونی رہتی تھی مگر اب ہر وقت درس چلتا ہے اور سکون رہتا ہے۔ (م۔ب۔م)

جسم کی جلد نرم و نازک: سرسوں کو تنہا یا ابٹن میں شامل کر کے جسم پر ملنے سے بدن کی کھال صاف ہو جاتی ہے اور کچھ مرتبہ استعمال سے جلد نرم و نازک ہو جاتی ہے۔

شہنشاہ اہل بیت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی تین کرامتیں

صاحبزادی نے یہ خواب دیکھا کہ ان کے والد صاحب کا انتقال ہو گیا۔ وہ اس پریشان کن خواب سے گھبرا کر اٹھ بیٹھیں اور آواز دی تو دیکھا کہ آپ نماز پڑھ رہے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد دوسری مرتبہ آواز دی تو کوئی جواب نہیں ملا' پاس جا کر دیکھا تو سر سجدہ میں تھا اور روح پرواز کر چکی تھی۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضور نبی کریم ﷺ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فرزند ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کیلئے حکمت اور فقہ و تفسیر کے علوم کے حاصل ہونے کی دعا مانگی۔ ان کا علم بہت ہی وسیع تھا' اسی لیے کچھ لوگ ان کو بحر (دریا) کہتے تھے اور حبر الامۃ (امت کا بہت بڑا عالم) یہ تو آپ کا بہت ہی مشہور لقب ہے۔ یہ بہت ہی خوبصورت اور گورے رنگ کے نہایت ہی حسین و جمیل شخص تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کو کم عمری کے باوجود امور خلافت کے اہم ترین مشوروں میں شریک کرتے رہے۔ لیث بن ابی سلیم کا بیان ہے کہ میں نے طاؤس محدث سے کہا کہ تم اس نوعمر شخص (عبداللہ بن عباس) کی درس گاہ سے چمٹے ہوئے ہو اور اکابر صحابہ کی درس گاہوں میں نہیں جارہے ہو۔ طاؤس محدث نے فرمایا کہ میں نے یہ دیکھا ہے کہ ستر صحابہ کرام" جب ان کے مابین کسی مسئلہ میں اختلاف ہوتا تھا تو وہ سب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول پر عمل کرتے تھے' اس لیے مجھے ان کے علم کی وسعت پر اعتماد ہے۔ اس لیے میں ان کی درس گاہ چھوڑ کر کہیں نہیں جا سکتا۔ ان پر خوف خدا کا بہت زیادہ غلبہ رہتا۔ آپ اس قدر زیادہ روتے کہ آپ کے دونوں رخساروں پر آنسوؤں کی دھار بہنے کا نشان پڑ گیا تھا۔ 68 ہجری میں بمقام طائف 71 برس کی عمر میں وصال ہوا۔ (اکمال ص 604، واسد الغابہ ج 3 ص 192)

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کرامتوں میں سے تین کرامتیں بہت زیادہ مشہور ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں۔

کفن میں پرندہ: میمون بن مہران تابعی محدث کا بیان ہے کہ میں طائف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے جنازہ میں حاضر تھا جب لوگ نماز جنازہ کیلئے کھڑے ہوئے تو بالکل ہی اچانک نہایت تیزی کے ساتھ ایک سفید پرندہ آیا اور ان کے کفن کے اندر داخل ہو گیا۔ نماز کے بعد ہم لوگوں نے ٹٹول ٹٹول کر بہت تلاش کیا مگر اس پرندے کا کچھ بھی پتہ نہیں چلا کہ وہ کہاں گیا اور کیا ہوا؟ (مستطرف ج 2، ص 281)

غیبی آواز: جب لوگ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو دفن کر چکے اور قبر مبارک پر مٹی برابر کی جا چکی تو تمام حاضرین نے ایک غیبی آواز سنی کہ کوئی شخص بلند آواز سے یہ تلاوت کر رہا ہے۔ "ترجمہ: اے اطمینان پانے والی جان! تو اپنے رب کے دربار میں اس طرح حاضر ہو جا کہ تو خدا سے خوش ہے اور خدا تجھ سے خوش ہے۔" (کنز العمال ج 16 وحاشیہ کنز العمال ص 73)

حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دیدار: یہ بھی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ایک کرامت ہے کہ انہوں نے دو مرتبہ حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ (اکمال ص 604)

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ: یہ مدینہ منورہ کے انصاری ہیں اور خاندان بنی خزرج سے ان کا نسبی تعلق ہے۔ اکابر صحابہ کی فہرست میں ان کا نام نامی بہت مشہور ہے۔ یہ رسول اللہ ﷺ کے خطیب تھے اور ان کی حضور اقدس ﷺ نے بہترین زندگی' پھر شہادت پھر جنت کی بشارت دی تھی۔ 12 ہجری میں جنگ یمامہ کے دن مسلیمۃ الکذاب کی فوجوں سے جنگ کرتے ہوئے شہادت سے سربلند ہو گئے۔ (اکمال ص 588 وغیرہ)

موت کے بعد وصیت: ان کی یہ ایک کرامت ایسی بے مثل کرامت ہے کہ اس کی دوسری کوئی مثال نہیں مل سکتی۔ شہید ہو جانے کے بعد آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خواب میں آ کر فرمایا کہ اے شخص! تم امیر لشکر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میرا یہ پیغام دے دو کہ میں جس وقت شہید ہوا میرے جسم پر لوہے کی ایک زرہ تھی جس کو ایک مسلمان سپاہی نے میرے بدن سے اتار لیا اور اپنے گھوڑا باندھنے کی جگہ پر اس کو رکھ کر اس پر ایک ہانڈی اوندھی کر کے اس کو چھپا رکھا ہے لہٰذا امیر لشکر میری اس زرہ کو برآمد کر کے اپنے قبضے میں لے لیں اور تم مدینہ منورہ پہنچ کر امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میرا یہ پیغام دے دینا کہ مجھ پر جو قرض ہے' وہ اس کو ادا کر دیں اور میرا فلاں غلام آزاد ہے۔ خواب دیکھنے والے صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنا خواب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کیا تو انہوں نے فوراً ہی تلاشی لی اور واقعی ٹھیک اسی جگہ سے زرہ برآمد ہوئی جس جگہ کا خواب میں آپ نے نشان بتایا تھا اور جب امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ خواب سنایا گیا تو آپ نے حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وصیت کو نافذ کرتے ہوئے ان کا قرض ادا فرما دیا اور ان کے غلام کو آزاد قرار دے دیا۔ مشہور صحابی حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وہ خصوصیت ہے جو کسی کو بھی نصیب نہیں ہوئی کیونکہ ایسا کوئی شخص بھی میرے علم میں نہیں ہے کہ جس کے مرجانے کے بعد خواب میں کی ہوئی اس کی وصیت کو نافذ کیا گیا ہو۔ (تفسیر صاوی ج 2 ص 108)

اپنی پسند کی موت ملی: حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکثر کہا کرتے تھے اور دعائیں بھی مانگا کرتے تھے کہ یا اللہ! مجھ کو عام لوگوں کی طرح ایڑیاں رگڑ رگڑ کر اور دم گھٹ گھٹ کر مرنا پسند نہیں ہے' مجھے ایسی موت ملے کہ اس میں دم گھٹنے اور ایڑیاں رگڑنے کی زحمت نہ اٹھانی پڑے' چنانچہ ان کی یہ کرامت ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حکومت کے دوران یہ آدھی رات گزرنے کے بعد نماز میں مشغول تھے کہ ان کی صاحبزادی نے یہ خواب دیکھا کہ ان کے والد صاحب کا انتقال ہو گیا۔ وہ اس پریشان کن خواب سے گھبرا کر اٹھ بیٹھیں اور آواز دی تو دیکھا کہ آپ نماز پڑھ رہے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد دوسری مرتبہ آواز دی تو کوئی جواب نہیں ملا' پاس جا کر دیکھا تو سر سجدہ میں تھا اور روح پرواز کر چکی تھی۔ (اسد الغابہ واصابہ)

امتحان میں کامیابی اور ٹوپی والا برقعہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آج ٹوپی والے برقعہ کے حیران کن کمالات کا تذکرہ کر رہی ہوں۔ میں نے NTS فیز ٹو میں اپلائی کیا تھا اور ٹیسٹ والے دن ٹوپی والا برقعہ پہن کر گئی۔ ٹوپی والے برقعہ کی برکت سے میں پاس ہو گئی ہوں اور میرے سو میں سے 63 نمبر آئے ہیں۔ میری قارئین خواتین سٹوڈنٹس سے گزارش ہے کہ جس بھی سبجیکٹ کا امتحان ہو تو امتحان والے دن مکمل نقاب کر کے جائیں' سفر مکمل برقعہ میں گزاریں اور راستہ میں مسنون دعاؤں کا اہتمام کریں۔ امتحانی سنٹر میں پہنچ کر ٹوپی والا برقعہ اتار دیں اور بڑی سی چادر سے نقاب کر لیں' ورنہ ٹوپی والے برقعہ کے ساتھ آپ کو کوئی بیٹھنے نہیں دے گا۔ قارئین میں نے جس کسی کو بھی یہ ٹوٹکہ بتایا ہے اس کے پیپر بہت زبردست اور رزلٹ بہت شاندار آیا ہے۔ زندگی بھر کا معمول بنالیں تو امتحان میں کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ شاید آپ کو یہ ٹوٹکہ پڑھ کر ہنسی بھی آئے مگر یہ ہے بڑے کام کا۔ (میرا جھانیاں)

شیطانی خیالات تنگ کرتے ہوں: اگر کسی کو شیطانی خیالات تنگ کرتے ہوں تو اسے چاہیے کہ اسم یَاتَوَّابُ کا زیادہ سے زیادہ ورد کرے انشاء اللہ اسے شیطان تنگ نہ کرے گا۔

میرے بچوں کا قد کیسے بڑھا؟ آپ بھی جانیے

مسز قریشی، اسلام آباد

بچوں کی صحت اور قد رب اللہ تعالیٰ کے بعد ماؤں کے ہاتھ میں ہے۔ بچے دنیا کی بہت بڑی نعمت ہوتے ہیں اور یہ بے بس ہوتے ہیں ماں باپ کے رحم و کرم پر ہوتے ہیں لیکن ہم بچوں کو اپنی جاگیر سمجھتے ہیں اور جس طرح چاہے ان کے ساتھ سلوک کرتے ہیں

محترم جناب حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر سلامت رکھے ہمیں سیدھا راستہ دکھایا زندگی کی اب سمجھ آئی ہے اور ذکر و اعمال سے طبیعت اور زندگی میں بہت سکون آگیا ہے اللہ پاک آپ کو درازی عمر بالخیر عطا فرمائیں۔ تقریباً تین سال سے عبقری میری زندگی میں آیا ہے دیر سے آیا ہے اس سے پہلے زندگی یوں تھی جیسے صحراؤں اور جنگلوں میں بھٹک رہے ہیں جانے کس چیز اور کس طرح سیدھے راستے پر چلنا ہے یہ سب آپ کی ذات اور عبقری نے سمجھایا اور ان تعویذ گنڈے اور بے یقینی والے کلام سے بچایا اب ذکر یقین سے کرتے ہیں اور اس کا رزلٹ بھی ملتا ہے۔ پہلی بار عبقری میں لکھنے کی جسارت کر رہی ہوں اور شیخ الوظائف کے حکم کے مطابق کہ سخی بننا چاہیے تو میں بھی بچوں کی صحت' قد اور تربیت کے بارے میں آزمودہ باتوں کا ذکر کروں گی۔ بچوں کی صحت اور قد اللہ تعالیٰ کے بعد ماؤں کے ہاتھوں میں ہے۔ بچے دنیا کی بہت بڑی نعمت ہوتے ہیں اور یہ بے بس ہوتے ہیں ماں باپ کے رحم و کرم پر ہوتے ہیں لیکن ہم بچوں کو اپنی جاگیر سمجھتے ہیں اور جس طرح چاہیں' ان کے ساتھ سلوک کرتے ہیں لیکن جس طرح اللہ تعالیٰ کا حکم ہے اسی طرح بچوں کے ساتھ رہنا چاہیے ان کی تعلیم و تربیت کرنی چاہیے۔ سب سے زیادہ فرض ماں کا ہوتا ہے بچہ زیادہ ماں کے ساتھ رہتا ہے ماں اس کیلئے رول ماڈل بنے اور اب ماں بننے کے بعد سب سے اہم بات بچوں کی بہترین تربیت اور خیال رکھنا ہے۔ جب بچہ ابھی چند دنوں کا ہوتا ہے تو ماں جب بچے کو گود میں لے تو اس کا ماتھا ہاتھ کی ہتھیلی سے آہستہ آہستہ دبائے زیتون یا کسی بھی تیل کو انگلیوں پر لگا کر ناک کو آہستہ آہستہ مالش کرے' ناک کے نیچے اور ہونٹوں کے اوپر ہلکا سا انگوٹھا رکھ کر دبائے' دونوں گال پر انگوٹھا آہستہ آہستہ رکھ کر دبائے اور سر بنانے کا تو سب کو پتا ہوگا جب بچہ چند دنوں کا ہوتا ہے تو ہاتھوں سے چہرے کی ساخت اس طرح بنانے سے خوبصورتی آتی ہے۔ بڑے ہو کر ماتھا باہر نہیں نکلا ہوتا' دانت باہر کو نہیں نکلتے اور جو بچے سردیوں میں پیدا ہوتے ہیں ان کی تو شامت آجاتی ہے سارا دن بچے کو دھوپ میں لٹایا جاتا ہے اور خوب بچے کا رنگ جلایا جاتا ہے' بڑے ہو کر پھر ساری عمر لڑکے اور لڑکیوں کی رنگ گورا کرنے کی کریمیں ملتے گزر جاتی ہے کیونکہ بچے کی جلد نازک ہوتی ہے اور اگر دھوپ ڈائریکٹ پڑے تو رنگ لازمی جل جاتا ہے اس لئے جب بھی بچے کو دھوپ میں لٹائیں تو اس کے چہرے کے سامنے ایک تار یا کوئی کرسی وغیرہ پر پردہ ٹانک دیں تاکہ بچے کو ڈائریکٹ دھوپ نہ پڑے صرف نچلے حصے پر دھوپ پڑے ورنہ اس عمر میں دھوپ سے جو بچہ کالا ہوجائے وہ ساری عمر کالا ہی رہتا ہے۔ نہلانے سے پہلے تیل کی مالش ضرور کریں لیکن دھوپ کا خیال رکھیں' ماں باپ کو اللہ تعالیٰ نے بہت بڑا رتبہ دیا ہے ماں کے قدموں تلے جنت ہے اس لئے اولاد کی دین و دنیا آخرت کا بھی خیال ماں باپ نے رکھنا ہے۔ بچوں کی تربیت بہت صبر مانگتی ہے' اپنے بچوں کی اعلیٰ تربیت کریں اور اپنے بچوں کو دعائیں دیں' میں اپنے بچوں کو بہت دعائیں دیتی ہوں اور اب حکیم صاحب دامت برکاتہم کے درسوں سے پتا چلا ہے کہ نسلوں تک کیلئے دعا کریں تو میں اب اپنے بچوں اور ان آگے آنے والی نسل در نسل کیلئے دعائیں مانگتی ہوں۔ ماں باپ کی دعا بہت لگتی ہے اور اپنے بچوں کو معاف کریں اور اچھے کام پر دعا دیں ضروری نہیں سامنے دیں' اپنے دل میں دعا دیں اگر بچے نے آپ کو پانی کا گلاس لاکر دیا ہے تو ماں دعا دے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں تمہاری زندگی میں ہمیشہ ٹھنڈک عطا کرے' اور کبھی نہ کوسیں نہ بددعا دیں' بچوں میں سمجھ نہیں ہوتی تو کیا ماں باپ بھی اپنی سمجھ اور رتبہ کھو دیں۔ ہمیشہ دعا دیں۔ اللہ تعالیٰ نے دنیا میں جس کی ڈیوٹی لگائی ہے وہ پوری کرنی ہے۔

اب قد کی طرف آتے ہیں میرے سسرال میں سب کے قد چھوٹے تھے میں اپنے بچوں کی طرف سے بہت فکر مند تھی لیکن میں نے ہمت نہ ہاری' کوشش کرنا انسان کا فرض ہے۔ جب بچے گیارہ بارہ سال کی عمر کو پہنچیں تو ان کے قد اور صحت کی فکر کریں' یہ بلوغت کی عمر ہوتی ہے صرف یہ نہ دیکھیں کہ دیکھتے ہیں قدرتاً بچے کا قد کتنا بڑھتا ہے' بچے کوئی خودرو جھاڑیاں یا پودے نہیں ہوتے ویسے زیادہ تر تو یہی ماں باپ دیکھتے ہیں بے بی پاؤڈر بچوں کو چہرے ہاتھ پاؤں پر لگائیں یہ بچوں کا سن بلاک ہے کہ نیچرلی بچے کا رنگ کیسا نکلا ہے' قد کیسا نکلا ہے' شکل کیسی نکلی ہے' عادات کیسی نکلی ہیں خود ماں باپ زیادہ سرسری کوشش کرتے ہیں۔ رنگ بھی صاف ہوسکتا ہے ایک تو جیسے پہلے بتایا ہے کہ بچے کو براہ راست دھوپ سے بچائیں تھوڑا بڑا بچہ ہو تو پیٹرولیم جیلی رات کو لگائیں دن کو نہ لگائیں اور اچھی کمپنی کا بے بی لوشن بھی لگائیں' اس سے رنگ صاف رہتا ہے' اچھے بھلے گورے چٹے بچے پیدا ہوتے ہیں لیکن کچھ عرصہ بعد ہی رنگ روپ خراب ہوجاتا ہے کہ بڑے ہو کر نکھر جائے گا یہ کہہ کر مائیں لاپرواہی کرتی ہیں۔ بچے کے قد کا بہت خیال رکھیں اب یہ ذرا مہنگا نسخہ ہے لیکن اگر خوراک کو دوائی سمجھ کر کھلائیں اور سارے بچے تو آپ کے گیارہ بارہ سال کے نہیں ہوں گے' ہر عمر کی علیحدہ خوراک ہوتی ہے۔ قد کیلئے دو گلاس دودھ روزانہ دیں' اس سے ہڈیاں لمبی ہوتی ہیں' صبح تندوری نان کلچہ دہی یا انڈے کے ساتھ دیں سردیوں میں ساتھ چائے دے سکتے ہیں۔ ہومیوپیتھک کی دوائیاں بھی اثر کرتی ہیں قد لمبا کرتی ہیں عبقری کی لمبے قد کی دوائی بھی دی جاسکتی ہے۔ لیکن خوراک زیادہ ضروری ہے یعنی ایڑی چوٹی کا زور لگانا ہے' دوپہر کو جو کھانا بنا ہے ایک روٹی اور سالن کے ساتھ دیں مطلب ہر چیز نہیں دینی ہے بازار کی چیزوں سے پرہیز ہی کروائیں لیکن بچے باز نہیں آتے ہیں لیکن آپ بچوں کو خوراک کے بارے میں آگہی دیتے ہیں آلو جولین کٹ میں لمبے چھوٹے کاٹ لیں اس میں باریک لمبی گاجریں ڈالیں' بند گوبھی' مٹر ڈالیں اور ایک چمچ ہلکے آئل میں فرائی کریں اوپر نمک اور لیموں نچوڑ کر ساتھ ٹوتھ پک یا کانٹے سے پیالہ بھر کر دیں بچے شوق سے کھائیں گے۔ سبزی بھی ضروری ہے روزانہ نہیں تو ہفتے میں چار پانچ دن گوشت کی بوٹیاں چکن' بیف' مٹن ہلکا نمک مرچ ڈال کر بھون کر یا روسٹ کر کے دیں' بچے شوق سے کھائیں گے گوشت اور دودھ سے قد لمبا ہوتا ہے یاد رکھیں اس مہنگائی کے دور میں اس خوراک کو دوائی سمجھیں اگر آپ ڈاکٹر کے پاس جائیں تو دواؤں پر بھی تو پیسے لگتے ہیں بچہ تو چھوٹے قد کی احساس کمتری سے بچ جائے گا اور ان چیزوں سے لازمی قد بڑے گا میرے بیٹے چھ چھ فٹ قد کے ہیں' اس کے علاوہ وٹامن کے سیرپ بھی ملتے ہیں وہ بھی بچے کو دیں اس سے بھی قد بڑھے گا۔ چاول بھی دیں لیکن دودھ کے علاوہ کوئی چیز زیادہ نہیں کھانے کیلئے دینی کہ چاولوں کی تین پلیٹیں کھالیں' چار روٹیاں کھالیں' پانچ سموسے کھالیں' اس سے موٹاپا پہلے ہی آجاتا ہے اور قد بڑھنا رک جاتا ہے کیونکہ یہ بیلنس ڈائٹ نہیں ہے اور بچوں کو برگر شوارما چپس پیزا کے نقصانات سے آگاہ کریں کبھی کبھار کھا سکتے ہیں لیکن ان چیزوں سے ڈریں' سافٹ ڈرنک نہیں دینی کبھی کبھار چکھ سکتے ہیں' قد جو بیس پچیس سال تک بڑھ سکتا (باقی صفحہ نمبر 37 پر)

آمدِ رمضان! رحمت برکت کے دروازہ کی چابی لے لیں

بانو ایک دن ایک مشہور دربار پر فاتحہ خوانی کیلئے گئی اور اپنے بیٹے کو بھی ساتھ لے گئی وہاں پر کسی عورت نے بانو کو کھانے پینے کی چیزیں دیں وہ بانو نے کھائیں اور بے ہوش ہوگئی۔ نجانے وہ عورت بانو اور اس کے بیٹے کو کہاں لے گئی اور فروخت کردیا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ چھ سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ ہر ماہ مجھے اگلے شمارے کا انتظار رہتا ہے۔ مجھے 2013ء میں سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کا عبقری کے ذریعے معلوم ہوا۔ میں نے تب ہی سے پڑھنا شروع کردی۔ جب سے یہ آیت میرے ہاتھ لگی جیسے کوئی بہت بڑا خزانہ میرے ہاتھ لگ گیا ہو سارا دن کھلا پڑھا' ہر نماز کے بعد پڑھا' بس جب بھی موقع ملتا اس آیت کو پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارتی اور اللہ سے خوب مانگتی اور کچھ ہی عرصہ کے بعد برکت کے دروازے جو نہ نجانے کب کے بند تھے' رزق کے دروازے' رحمت کے دروازے ایسے کھلے کہ میں حیران رہ گئی' ہر طرف سے رحمت' برکت اور رزق کی ایسے بارش ہوئی کہ میں لوگوں میں بانٹنا شروع ہوگئی۔ گزشتہ رمضان اسی آیت کی برکتیں کہ میرا رمضان ایسا شاندار گزرا کہ دنیا کی ہر نعمت مجھے رمضان المبارک میں مل گئی۔ رمضان کے بعد میں نے ایک ترکیب سوچی کہ سورۂ مائدہ کا ایک نور اور مانگتی ہوں' اللہ کریم کے لیے کون سا مشکل کام ہے' میں نے مستقبل دیکھنے کی دعائیں مانگنا شروع کردیں اب ہم چار گھر کے کل تیس افراد کے قریب ہیں تو میں نے کہا اللہ کریم پہلے دکھادیا کرو تا کہ فوراً بچت ہوجایا کرے' دشمنوں سے' پھر ایک دن خواب دیکھا کہ مجھے خواب میری فوت شدہ نانوں نظر آئیں کہتی ہیں کہ (ج) بہت مارا ہے انہوں نے میری بیٹی کو بچالے' پھر اگلے دن میری دادی نظر آئیں کہنے لگے ہائے! میرے بیٹے کو بچالے' میں بہت پریشان ہوئی کہ یہ تو میرے امی ابو کے بارے میں بتارہے ہیں ان دنوں امی ابو کی بہت لڑائی ہوتی تھی' میں نے پھر خواب دیکھا کہ میں سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 پڑھ پڑھ کر ان پر پھونک رہی ہوں تو میرے امی ابو ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ بس پھر کیا تھا سارا دن ہر وقت یہی آیت پڑھ پڑھ کر پھونک مارتی رہی' اور کہتی یا اللہ بچالے' تہجد اور ہر نماز کے بعد بھی' بس تصور میں پھونک مارتی رہتی' بس پھر کیا ساری بازی اللہ کریم مجھے جیت کی صورت میں دیتے جاتے ہیں' "کریم جو ہوا"۔ اس آیت کی برکت سے ایک ایک بات اللہ سے پوچھتی جاتی ہوں اب کیا کروں' کیسے کروں' پھر تو دروازے کھلتے گئے' راہیں بنتی گئیں' نئی زندگی شروع ہوگئی۔ (ف۔ا)

قرآن پاک نے اغوا شدہ کو آزادی دلوادی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری پچھلے چار سال سے پڑھ رہی ہوں' ہر ماہ کچھ سچے واقعات لکھنا چاہتی ہوں لیکن ہر بار ہمت نہیں ہوتی۔ میں اور میرا شوہر لاہور میں رہتے تھے' ایک عورت جس کا نام بانو تھا' میرے گھر کی ملازم تھی' گھر کام کرنے آتی تھی' وہ نہایت ہی سیدھی سادی بیوہ تھی' ایک بچہ تھا آج سے دس سال پہلے اس عورت بانو نے مجھ کو یہ واقعہ سنایا تھا جو میں اپنے پسندیدہ رسالہ عبقری میں لکھنا ضروری سمجھتی ہوں۔ بانو ایک دن ایک مشہور دربار پر فاتحہ خوانی کیلئے گئی اور اپنے بیٹے کو بھی ساتھ لے گئی وہاں پر کسی عورت نے بانو کو کھانے پینے کی چیزیں دیں وہ بانو نے کھائیں اور بے ہوش ہوگئی۔ نجانے وہ عورت بانو اور اس کے بیٹے کو کہاں لے گئی اور فروخت کردیا' اس طرح بانو بے چاری کئی جگہ فروخت ہوتی رہی وہ لوگ بانو کو باندھ کر رکھتے پھر اس طرح کسی آدمی نے اس کو عیسائیوں کے گھر فروخت کردیا جو گاؤں سے کافی فاصلے پر تھا۔ عیسائیوں کی عورت پانی بھرنے گاؤں میں مسلمانوں کے گھر جاتی تھی بانو کو وہاں رہتے دو سال گزر گئے ایک دن عیسائی عورت بیمار ہوگئی وہ بانو کو بولی جاؤ' سامنے جو گھر ہے وہاں سے پانی بھر کر لاؤ۔ بانو گھڑا اٹھا کر پانی لینے گئی تو وہاں دیکھا کہ مسلمان عورت قرآن پاک پڑھ رہی ہے۔ بانو کو نجانے کتنے سال گزر گئے تھے قرآن پاک کھولے دل چاہا کہ دیکھ لوں' چوم لوں' قریب گئی تو مسلمان عورت کہنے لگی پیچھے ہٹ جاؤ' یہ ہمارا قرآن پاک ہے' ہاتھ مت لگادینا' بانو حیران ہوگئی' بولی: باجی جی قرآن پاک میں نے پڑھ رکھا ہے۔ عورت بولی تم تو عیسائیوں کی بہو ہو' تم نے کیسے قرآن پاک پڑھ لیا۔ سیدھی سادی بانو بولی: مجھے نہیں معلوم یہ لوگ عیسائی ہیں! اچھا چلو قرآن پاک پڑھ کر سناؤ، بانو نے قرآن پاک پڑھ کر سنایا' اس عورت نے اپنے گھر کے آدمیوں کو ساری بات بتائی اور پھر بانو کے ابو کو اطلاع دی۔ بانو کا والد پولیس لے کر وہاں آیا اور اپنی بیٹی اور نواسے کو لے کر اپنے شہر چلا گیا اس طرح قرآن پاک نے آزادی دلوائی۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان مرد عورت کو قرآن پاک پڑھنے کی توفیق دے۔ آمین! (نسیم ذلفی، ہرنولی)

اخلاق اور رواداری | قسط نمبر 118 | ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا غیرمسلموں سے حسن سلوک

کچھ یہودی مسلمانوں کی رعیت ہو کر مدینہ طیبہ میں آباد تھے' ایک یہودی کا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر کچھ قرض تھا' اس نے ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اس قدر تنگ کیا کہ ظہر سے اگلے دن صبح تک آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو مسجد سے گھر بھی نہ آنے دیا' صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے اس کو دھمکایا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو معاہدہ پر ظلم کرنے سے منع فرمایا ہے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین خاموش ہوگئے' جب دن چڑھا تو یہودی نے کہا: اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ایمان لے آیا اور کہنے لگا: میں نے تو یہ سب اس لیے کہا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صفت جو توریت میں ہے کہ محمد ابن عبداللہ ہیں' پیدائش مکہ میں ہے اور ہجرت کا مقام مدینہ ہے اور سلطنت شام میں ہوگی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نہ سخت خو ہیں نہ ترش (باقی صفحہ نمبر 37 پر)

"پیغمبر اسلام ؐ کا غیرمسلموں سے حسن سلوک' اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور "غیرمسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

درزی بھائی سے لیجئے نایاب چورن کا نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک انتہائی کامیاب' نایاب اور آزمودہ چورن کا نسخہ ہے۔ یہ انتہائی تیر بہدف ہے۔ اس کو استعمال کرنے سے موٹاپا ختم' قبض ختم' الٹی لگی ہے یا موشن دو سے تین خوراک سے آرام آجاتا ہے' بھوک بڑھاتا ہے اور معدے سے متعلق تمام امراض کیلئے انتہائی آزمودہ اور کامیاب ہے۔

ھوالشافی: پودینہ' زیرہ' کالی مرچ' لاہوری نمک' طباشیر' سوناپتی (مہندی کے پتوں کی طرح ہوتی ہے' پنسار سے عام مل جاتی ہے)' نوشادر' سونف' چھوٹی الائچی' دارچینی اور خشک مولی کا پاؤڈر تمام اشیاء پچاس پچاس گرام لے لیں۔ لیموں 250 گرام' پودینہ 250 گرام' ادرک آدھا کلو۔ ترکیب: تمام اشیاء کو پیس لیں اور یاد رہے بلینڈر سے نہیں پیسنا بلکہ سل وٹے یا کونڈی میں پیسنا ہے۔ لیجئے نایاب چورن تیار ہے۔ کھانے سے پہلے یا بعد ایک چمچ چائے والا تازہ پانی سے لیں۔ (طارق ٹیلر' کراچی)

رمضان پھر آگیا! اب تو زندگی کا رُخ موڑیئے

محمد عبدالرحمن، ٹوبہ ٹیک سنگھ

ہمارے سارے اعمال آخرت کا سرمایہ ہیں جن کا ثمرہ جنت ہے یا دوزخ۔ ہمارے جتنے اعمال صالحہ ہیں وہ ان شاء اللہ رضاء الٰہی کا باعث اور حصول جنت کا باعث بنیں گے اور اس کے برعکس، ہماری بداعمالیوں اور فسق و فجور کے بدلے میں دردناک عذاب ''نار'' ہے۔

ہر سال رمضان آتا ہے اور اپنی نعمتیں برکتیں لٹا کر چلا جاتا ہے، الحمدللہ! رمضان پھر قریب قریب ہے، اس وقت انسان دین سے بیگانہ ہو کر حیوانوں کی طرح زندگی بسر کر رہا ہے الا ماشاء اللہ! اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس زمانہ میں بھی کچھ لوگوں میں دین کا اہتمام ہے اور اپنی بے عملی کی درستگی کی فکر ہے خدا کا شکر ہے کہ اُس نے ہم کو اپنے بزرگوں کے ذریعے سے اسلام اور ایمان، ہم پر واضح کر دیا، لیکن صحیح علم آنے کے بعد عمل صحیح نہ ہو تو بڑی محرومی کی بات ہے، اللہ تعالیٰ پر ہم سب کا ایمان ہے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم برحق، کلام الٰہی برحق ہے، کلام پاک عقائد کے معاملہ میں تین چیزوں پر زیادہ زور دیتا ہے۔ توحید و رسالت اور معاد ان کو اگر ہم نے درست کر لیا تو ہماری زندگی اور آخرت کا یہی سرمایہ ہے۔ ہماری زندگی میں تغیرات بے انتہا ہیں اور مشیت الٰہی کے تحت ہیں ان پر ہمیں کوئی گفتگو نہیں کرنی ہے، قرآن پاک میں ''معاد'' کی اہمیت پر بہت وضاحت فرمائی ہے اور جب تک یہ پوری طرح مستحضر نہ ہو جائے ہمارے سارے اعمال و عبادات بے وزن ہیں، بے روح ہیں، اور بے فائدہ ہیں، اس لئے ایک نظر ان پر ڈال کر اطمینان کر لیجئے پھر آپ کے سب اعمال وزنی ہو جائیں گے۔ اگر کپڑا ناپاک ہے اور رخ بھی قبلہ کی طرف نہیں ہے تو ہماری عمر بھر کی نمازیں ضائع ہیں۔ اسی طرح اگر ہم نے ایمان کے مطابق اپنے اعمال اور اخلاق کی طرف توجہ نہ دی اور ان کی اصلاح نہ کی تو ہماری زندگی خسرانِ عظیم کا مصداق ہوگی۔ ہمارے سارے اعمال آخرت کا سرمایہ ہیں جن کا ثمرہ جنت ہے دوزخ۔ ہمارے جتنے اعمال صالحہ ہیں وہ ان شاء اللہ رضاء الٰہی کا باعث اور حصولِ جنت کا باعث بنیں گے اور اس کے برعکس، ہماری بداعمالیوں اور فسق و فجور کے بدلے میں دردناک عذاب ''نار'' ہے۔ ان سب کی تفصیل قرآن و حدیث میں موجود ہے، قانون فطرت جو قانون الٰہی ہے بدل نہیں سکتا یہ سب کچھ ہو کر رہے گا۔ آنکھیں بند ہوتے ہی تمام نیک و بد اعمال سامنے آجائیں گے اس لئے آخرت کے معاملہ میں ہماری غفلت بڑی خطرناک ہے۔ اللہ پاک نے ہم کو بہت سے کبائر سے بچا لیا ہے، اس کا ہزار ہا شکر ہے اور جنت میں لے جانے والے اعمال بھی صاف صاف بتلا دیئے۔ اب کوئی مصلحت اندیشی سے نیا اسلام بنا لینا صریحاً کفر ہے، یہ مسخ شدہ دماغ والے جو اسلام میں ترمیم چاہتے ہیں یہ زندقہ ہیں آج زمانہ جو چاہتا ہے اور آج کی سوسائٹی جو پسند کرتی ہے یہ سب الحاد ہے، کفر ہے، ایسے کہنے والے عذابِ الٰہی سے بچ نہیں سکتے۔ اللہ پاک سے پناہ مانگو، دراصل آج کا نوجوان سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور حالاتِ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ناواقف ہے اور اربابِ اقتدار نے عمداً مسلمانوں کو ان چیزوں سے دور رکھا ہے۔ قوت ایمانیہ کی حفاظت کیلئے سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا مطالعہ ضرور کیجئے جب تک اللہ تعالیٰ کی حرام کی ہوئی چیزوں سے اجتناب نہ کرو گے، کوئی صورت عذاب دوزخ سے مفر کی نہیں ہے۔ عورتوں کی بے پردگیاں، اداروں کی ناانصافیاں، دفاتر کی حق تلفیاں، بازاروں کی فریب کاریاں، تعلیم گاہوں کی بے حیائیاں اور ہسپتالوں کے مظالم، یہ سب ڈھکی چھپی باتیں نہیں ہیں۔ اللہ پاک کے احکام بھی ایسے نہیں جو کسی زمانہ میں بھی بندوں کیلئے برداشت کے قابل نہ ہوں۔ ایک نظر ڈالو! جتنی حرام چیزیں ہیں راگ راگنیاں، فوٹو، مغربی طرز زندگی، ٹیلی ویژن، ان سب چیزوں سے تم بچ سکتے ہو یہ واہمہ ہے کہ روزہ بھی رکھ لیا، نماز بھی پڑھ لی اور گانا بھی سن لیا، ڈرامے، فلمیں بھی دیکھ لیں، خدا بھی خوش اور شیطان ملعون بھی راضی۔ یہ نہ کرو اللہ تعالیٰ اور شیطان کو ایک ساتھ راضی نہ کرو، شیطان کو جہنم میں دھکیلا جائے گا تم اپنی آنکھیں بند اس مردود کی پیروی نہ کرو کہ تم بھی اس کے ساتھ جہنم میں دھکیل دیے جاؤ گے۔ یہ مختصر زندگی ختم ہو رہی ہے اور ابدی زندگی شروع ہو رہی ہے اور عمل اور ردعمل کا معاملہ شروع ہو رہا ہے۔ ابھی مہلت ہے ہوشیار ہو جاؤ اور کبائر کو ترک کر دو اور توبہ کرو اور اپنی سب سے زیادہ قیمتی دولت ''ایمان'' کو بچاؤ۔ اصل رائج الوقت کبائر یہ ہیں جس گھر میں یہ چار چیزیں ہوں گی وہاں رحمت کے فرشتے موت کے وقت تو کیا کسی وقت بھی نہیں آتے۔ ایک تصاویر و گانے بجانے کا سامان، دوسری کتا (سوائے چند شرطوں کے) تیسری ننگے سر والی عورت، چوتھی جنبی یعنی جس کو غسل کی حاجت ہو۔

تصاویر آج کا فتنہ ہیں، جہاں جایئے بورڈز بڑے بڑے نیم برہنہ عورتوں کی تصاویر کے ساتھ آویزاں ہیں۔ اسلام میں مسلم مومن عورت کو وہ درجہ حاصل ہے جو حوروں کو بھی نہیں۔ آج وقار نسوانیت کو اس قدر پامال کیا جا رہا ہے کہ ہر جگہ ایسی تصویریں اپنے معاشرے میں عریاں کر دی گئی ہیں کہ ہمیشہ فرشتوں اور انسانوں کی طرف سے اس پر لعنتیں برس رہی ہیں۔ شیطان کہتا ہوگا میں نے اتنا سوچا بھی نہ تھا جتنا خود انسان نے عورت کو بے حیائی اور بے غیرتی کے درجہ کمال تک پہنچا دیا۔ خدا معلوم یہ کمال کہاں تک پہنچا دیا۔ خدا معلوم یہ کمال کہاں کہاں تک پہنچے گا، العیاذ باللہ! اللہ پاک ہم سب کو فکر آخرت نصیب فرمائے۔

ایک اللہ والے فرماتے تھے یہ دنیا جو گناہوں کی آگ سے بھری ہوئی ہے اس کی مثال بالکل ایسی ہے جیسے کسی کمرے میں گیس بھر گئی ہو، اب وہ گیس حقیقت میں آگ ہے صرف دیا سلائی لگانے کی دیر ہے۔ ایک دیا سلائی دکھاؤ گے تو پورا کمرہ آگ سے دہک جائے گا، اسی طرح یہ بداعمالیاں، یہ گناہ جو معاشرے کے اندر پھیلے ہوئے ہیں حقیقت میں آگ ہیں۔ صرف ایک صور پھونکنے کی دیر ہے، جب صور پھونکا جائے گا تو یہ معاشرہ آگ سے دہک جائے گا۔ ہمارے یہ برے اعمال درحقیقت جہنم ہیں ان سے اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو بچاؤ۔ آئیں! اس رمضان سچی توبہ کریں اور ہمیشہ کیلئے درج بالا گناہوں سے خود کو بچالیں اور اپنی راہ کو بدل کر نیک راہوں پر لگالیں۔

دیسی انڈوں کے چھلکے اور بیماری ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک خصوصی نسخہ عرض خدمت ہے جس کا چھوٹے پیشاب پر کنٹرول ختم ہو جائے اور غدود/رگیں کمزور ہو جائیں تو تین درجن دیسی انڈوں کے چھلکوں کو مٹی کے برتن میں ڈال کر برتن کو مٹی میں 40 دن تک دفن کر دیں ہر 4 دن بعد لکڑی کے ساتھ ان چھلکوں کو ہلا کر پھر بند کر دینا ہے۔ 40 دن بعد نکال کر ان کو کھرل کر لیں، دوائی تیار ہے۔ مریض کو چمچ کا آٹھواں حصہ ایک چمچ شہد میں ڈال کر صبح نہار منہ اور رات کو خالی پیٹ استعمال کرائیں، ان شاء اللہ 8 دنوں میں ٹھیک ہو جائے گا۔ یہ نسخہ میرے دادا حافظ عبداللہ صاحب کا ہے، حضرت صاحب اللہ پاک آپ کو دونوں جہانوں کی خوشیاں نصیب کرے اور آپ کی نسلوں تک تسبیح خانہ کے سلسلے کو قائم رکھے۔ میری یہ دلی دعا ہے کہ اللہ رب العزت آپ کو دونوں جہانوں کی خوشیاں دے اور دونوں جہانوں کی دولتوں سے مالا مال کرے اور آپ تسبیح خانہ والے سلسلوں کو آپ کی نسلوں تک قائم و دائم رکھے۔ اللہ رب العزت میری عمر بھی آپ کو لگا دے۔ بلڈ پریشر کیلئے نسخہ عرض ہے، دو پھلیاں لہسن کی صبح شام روٹی کے اندر رکھ کر چبانا بلڈ پریشر کیلئے بہترین چیز ہے۔ (فقیر طاہر عبداللہ ڈیرہ اسماعیل خان)

کالے علم کا وار رد کیجیے: اس کیلئے چالیس دن تک روزانہ صبح کے وقت اسم یَامُنْتَقِمُ 640 مرتبہ پڑھے اگر اس سے زیادہ 2400 مرتبہ پڑھ سکتا ہو تو پڑھ لے ان شاء اللہ کالے علم کا وار ختم ہوجائے گا۔

[redacted]

موسم گرما کے رمضان میں گرمی توڑ غذائیں

صدیوں سے بہت سے مشروب بنائے گئے اور ان کا عام استعمال ہوا ان قدیم مشروبات کی فہرست مندرجہ ذیل ہے: (1) لسی پکی اور کچی۔ (2) گنے کا رس۔ (3) صندل کا شربت۔ (4) لال مشروبات۔ (5) بزوری کا شربت۔ (6) ستو کا شربت۔

موسم گرما! انسانی صحت اور دنیا کے نظام کو بحال رکھنے اور پروان چڑھانے کیلئے نعمت خداوندی ہے۔ انسان گرمی سے بچنے کیلئے بہت سی تدبیریں اختیار کرتا ہے اور زیادہ سے زیادہ ٹھنڈے بازاری مصنوعی مشروبات افطاری میں پی کر پیاس کم کرتا ہے اس طرح وہ گرمی سے بچاؤ کی خاطر بے اعتدالی کا راستہ چن لیتا ہے جس سے وہ معدہ کے متعدد عوارض میں مبتلا ہوجاتا ہے اگر گرمی سے پیدا ہونے والے خطرات کا سمجھداری سے مقابلہ کیا جائے اور ایسی سستی اور آسان غذاؤں کو استعمال کیا جائے جو ہماری زندگی میں عام میسر ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ انسان ان کی بدولت گرمی کا مناسب اور بہتر توڑ کر سکے۔ گرمی لگنے سے سردرد' سر کا چکرانا اور تھکاوٹ کے بعد بے ہوشی ہوسکتی ہے۔ نبض کی رفتار بڑھ جاتی ہے' ان علامات میں مریض کے جسم کو ٹھنڈا رکھنا ضروری ہے' نیم ٹھنڈا پانی استعمال کرنا چاہئے' زیادہ ٹھنڈا پانی نقصان پہنچا سکتا ہے۔ گرمیوں کے موسم میں شربت صندل اور مشروب عبقری افزاء بہترین مشروب ہیں' اس کے ساتھ ایسی اشیاء جو جسم میں پانی کو قائم رکھنے میں معاون ثابت ہوں۔ مثلاً گوند کتیرا' ست ملٹھی بھی جسم میں پانی کو قائم رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ کچے آم کا رس مفید مشروب ہے جو لو کے اثرات کو ختم کرتا ہے۔ ماہرین کہتے ہیں کہ (1) گرمیوں کے موسم میں پانی کا استعمال زیادہ کریں اور کم از کم 13 گلاس پانی روزانہ استعمال کریں۔ (یہ رمضان کے علاوہ ہے۔) (2) چائے' کافی' کولا اور دوسرے پیشاب آور مشروبات کے استعمال سے گریز کرنا چاہئے۔ (3) سر کو ڈھانپ کر باہر نکلنا چاہئے اور کپڑے یا ٹوپی کا رنگ سفید ہونا چاہئے۔ (4) باہر نکلنے سے پہلے پانی ضرور پی کر جائیں۔ (5) گھر میں داخل ہوتے ہی پانی ضرور استعمال کریں۔ (6) کچی لسی اور پکی لسی گرمیوں کے بہترین مشروب ہیں۔ ان کا استعمال آپ کو لو سے بچا سکتا ہے۔ (7) گرمیوں میں گہرے رنگوں کے کپڑے استعمال نہ کریں کیونکہ یہ حرارت کو بہت زیادہ جذب کرتے ہیں۔ سفید اور ہلکے رنگ مثلاً گلابی' آسمانی' نیلے رنگ کے کپڑے استعمال کریں۔ (8) گرمیوں میں چمڑے کے تلے والے جوتے استعمال کریں کیونکہ ان سے حرارت پاؤں تک کم پہنچتی ہے۔ (9) گرمیوں میں افطار پارٹیوں میں روایتی مشروبات سے کریں۔ (10) شربت صندل' شربت بزوری اور مشروب عبقری افزاء کا استعمال جاری رکھیں۔ (11) گوند کتیرا' اسپغول کا چھلکا' ستو' تخم بالنگو ملا شربت سحری یا افطاری میں ایک بار ضرور استعمال کریں۔ (12) اگر آپ کا منہ خشک رہتا ہو اور پانی پینے کے فوراً بعد پیشاب کی حاجت ہوجاتی ہو تو اس صورت میں گندم کے دانے کے برابر ست ملٹھی دن میں تین چار بار ضرور چوس لیں۔ یہ انسانی جسم میں پانی کو باہر نکلنے میں قدرے رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ (13) تربوز گرمی کا بہترین توڑ ہے لیکن اس کے ساتھ کالی مرچ' نمک کا سفوف ضرور استعمال کریں۔ بلڈ پریشر کے لوگ صرف کالی مرچ کا سفوف استعمال میں لائیں۔ گرمیوں کے موسم میں انسانی جسم پر مختلف اثرات مرتب ہوتے ہیں برے اثرات کو ختم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ کی ذات نے مختلف قسم کے پھل اور جڑی بوٹیاں پیدا کی ہیں جو انسان کو موسمی اثرات سے دور رکھتی ہیں۔ پاکستان کے موسم کو مدنظر رکھتے ہوئے وقت کے ساتھ ساتھ صدیوں سے بہت سے مشروب بنائے گئے اور ان کا عام استعمال ہوا' ان قدیم مشروبات کی فہرست مندرجہ ذیل ہے: (1) لسی پکی اور کچی۔ (2) گنے کا رس۔ (3) صندل کا شربت۔ (4) لال مشروبات۔ (5) بزوری کا شربت۔ (6) ستو کا شربت۔

گرمیوں کی حدت کی وجہ سے انسانی جسم میں پانی اور نمکیات کی کمی واقع ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔ کسی نہ کسی طریقے سے جسم کے اندر اور باہر جسم کو ٹھنڈک کا احساس دینے والے مشروبات کا بھی استعمال ضروری ہے۔ البتہ دور جدید کے مشروبات مثلاً (1) کولا مشروبات۔ (2) کاربونیٹڈ مشروبات۔ (3) جوس پر مبنی مشروبات سے گریز کریں۔

آسان غذائی تدابیر: قلفہ: یہ فرحت بخش سرد مزاج موسمی بوٹی رطوبتوں میں اضافہ کرکے پیشاب کی مقدار بڑھاتی ہے۔ گرمیوں میں درد کے ساتھ پیشاب آئے یا زیادہ پسینہ آنے کی وجہ سے پیشاب کی مقدار کم ہوجائے تو مریض کو قلفہ کے بیج کا جوشاندہ پلایا جاسکتا ہے' قلفہ کے بیج کا روغن ایک چائے کا چمچ' ایک گلاس ناریل کے پانی میں ڈال کر دن میں تین بار پلانے سے پیشاب کی تکلیف' مثانہ کی سوزش اور جلن دور ہوجاتی ہے۔ موسم گرما میں جسم کو حدت سے بچانے اور بدن ٹھنڈا رکھنے کیلئے قلفہ کے تنے کا رس استعمال کرنے سے گرمی دانوں اور ہاتھ پاؤں میں جلن کی شکایت دور ہوجاتی ہے' اس کے پتوں کا لیپ کیا جائے تو تب بھی بدن کو ٹھنڈک مہیا ہوتی ہے۔ **مہندی:** مہندی کے پتوں میں اگر رنگ چڑھانے والے ایسڈز پائے جاتے ہیں تو اس کے پتے اور بیج بھی ایسے طبی اثرات رکھتے ہیں جس سے جلد کے امراض سے تحفظ اور گرمی کی حدت سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ موسم گرما میں گرمی دانے بہت تنگ کرتے ہیں۔ مہندی کے پتوں کو پانی میں پیس کر متاثرہ حصوں پر لگایا جائے تو گرمی دانے ختم ہوجاتے ہیں۔ گرمی میں پاؤں جلتے ہیں' لہٰذا ایسے افراد کو چاہئے کہ پاؤں کے تلوؤں پر مہندی گھول کر لگائی جائے۔ گرمی سے سر درد ہونے لگے تو مہندی کے پھولوں اور سرکہ سے بنے پلاسٹر کو پیشانی پر لگایا جائے تو سر درد ختم ہوجاتا ہے اور بدن سے حدت خارج ہوجاتی ہے۔ **صندل:** صندل سفید خوشبودار جڑی بوٹی ہوتی ہے یہ دل کیلئے فرحت بخش ٹانک ہے' گرمیوں میں اس کا شربت گرمی سے پیدا ہونے والے عوارض سے بچاتا ہے۔ گرمیوں میں پیدا ہونے والے گرمی دانوں کیلئے صندل کی لکڑی کا لیپ بہت زیادہ مفید ہے۔ حدت سے جھلسی جلد پر یہ آزمودہ نسخہ لگایا جائے تو بے جا بہنے والا پسینہ رک جاتا اور ٹھنڈک کا احساس پیدا کرتا ہے۔ اس کیلئے صندل کی خشک لکڑی کا سفوف عرق گلاب میں ملا کر جسم کے متاثرہ حصے پر لگایا جاتا ہے۔ صندل کا تیل گرم مزاج افراد کے دل اور معدہ کو تقویت دیتا اور گرم ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ **چھوٹی الائچی:** سبز الائچی کو پانی میں پیس کر اس کا شربت حسب ضرورت میٹھا ملا کر ٹھنڈا کرکے دن میں دو بار پی لیا جائے تو بدن کی حدت کم ہوتی اور پیشاب کھل کر آتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر الائچی کے بیجوں کو پیس کر کھانے کا ایک چمچ کیلے کے پتوں اور آملے کا رس ملا کر دن میں تین بار پلایا جائے تو پیشاب کے جملہ امراض' سوزش مثانہ' سوزش گردہ سے افاقہ ہوتا ہے۔ گرمیوں کے موسم میں الائچی کا خالص مشروب فرحت قلب کا باعث بنتا اور پسینہ سے پیدا ہونے والی ناگوار بو کو دور کرتا ہے۔ **دھنیا:** بے شمار غذائی اجزاء اور فوائد کا حامل یہ روزمرہ استعمال کا پودا گرمیوں میں قدرتی معالج کی خصوصیات رکھتا ہے۔ دھنیے کا جوس وٹامنز کا خزانہ ہے لہٰذا گرمیوں میں اس کے بیج یا پتوں کو ایک گلاس پانی میں پیس کر پیا جائے تو مفرح تاثیر پیدا کرتا ہے۔ گرمیوں میں دھنیا کا مشروب باقاعدہ پیا جائے تو یہ خون میں کولیسٹرول کم کرتا' پیشاب لاتا اور گردوں کو متحرک رکھتا ہے۔ دھنیا کا مشروب بنانے کا طریقہ یہ ہے: خشک بیج پانی میں ابال کر چھان لیں اور ٹھنڈا ہونے پر اس کو استعمال کرسکتے ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

سُن! رب پکار رہا ہے خیر کے متلاشی متوجہ ہوں!

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

مسلسل شکایات کہ رسالہ اس وقت ملتا جب اسلامی مہینہ کا پہلا عشرہ گزر جاتا ہے لہٰذا اب سے اسلامی مہینے کا پیشگی عمل شائع کیا جا رہا ہے۔

خیر کے متلاشی متوجہ ہوں! بیہقی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رمضان کے مہینے کی جب پہلی رات ہوتی ہے تو شیاطین اور سرکش جنات کو باندھ دیا جاتا ہے دوزخ کے دروازے بند کردیئے جاتے ہیں اور اس میں سے کوئی دروازہ نہیں کھلتا اور جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور اس میں سے کوئی دروازہ بند نہیں کیا جاتا۔ اور ایک پکارنے والا ہر رات پکارتا ہے اے خیر کے متلاشی متوجہ ہو اور اس شر کے متلاشی بس کر، اور اللہ تعالیٰ کے لئے دوزخ سے آزاد ہوتے ہیں اور ہر رات کو ایسا ہوتا ہے۔

روزے رکھنے والا کامیاب ہوگیا: مالک، بخاری، مسلم، ابو داؤد، نسائی نے طلحہ بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت کیا کہ ایک دیہاتی رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں بکھرے ہوئے بالوں والا آیا اور کہا یا رسول اللہ ﷺ مجھ کو بتایئے جو اللہ تعالیٰ نے مجھ پر روزے فرض کئے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا رمضان کا مہینہ (فرض ہے) مگر یہ کہ تو نفل روزے رکھ لے پھر اس نے پوچھا مجھ کو بتایئے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر زکوٰۃ فرض کی ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے اس کو اسلام کے احکام بتایئے اس نے کہا اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو عزت دی ہے میں کوئی نفلی عمل نہیں کروں گا اور اللہ تعالیٰ نے جو مجھ پر فرض فرمایا ہے اس میں کمی نہیں کروں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کامیاب ہوگیا اگر اس نے سچ کہا یا جنت میں داخل ہوگا اگر اس نے سچ کہا۔

تمام گناہوں کی معافی کا آسان پیکیج: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص رمضان میں ایمان اور ثواب کا کام سمجھ کر قیام کرے تو اس شخص کے اگلے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔

پورے سال کے گناہ معاف! حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: پنج وقتہ نمازیں، ایک جمعہ دوسرے جمعہ تک اور ایک رمضان دوسرے رمضان تک، ان گناہوں کا جو درمیانی اوقات میں سرزد ہوئے ہوں، کفارہ ہے، بشرطیکہ کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے۔

روزہ اور نماز تراویح: رمضان المبارک کے مہینہ میں روزہ رکھنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے اس کے علاوہ نماز عشاء کے بعد تراویح پڑھنے کی بھی بہت زیادہ فضیلت ہے۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور سرور کائنات ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص صدق دل اور اعتقاد صحیح کے ساتھ رمضان میں قیام کرے یعنی تراویح پڑھے تو اس کے پچھلے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ (مسلم شریف)

پہلی شب: رمضان المبارک کے مہینہ کی پہلی شب کو نمازِ عشاء کے بعد ایک مرتبہ سورۂ فتح پڑھنا ثواب عظیم حاصل کرنے کا باعث ہے۔ رمضان المبارک کی پہلی شب نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد آسمان کی طرف چہرہ کرکے بارہ مرتبہ یہ دعا پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ بہت سی نعمتیں حاصل ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ خصوصی فضل و کرم نازل فرمائیگا۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ ۢ بِمَا کَسَبَتْ

روزانہ کا وظیفہ: جو کوئی رمضان المبارک کے مہینہ میں ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یہ دعا پڑھے اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ تَوْبَۃَ عَبْدٍ ظَالِمٍ لَّا یَمْلِکُ لِنَفْسِہٖ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا حَیَاۃً وَّلَا نُشُوْرًا ۝

نوٹ: رمضان المبارک کے مزید وظائف جون 2017ء کے شمارہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

اللہ سے بیٹا چاہیے! یہ عمل آزمالیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جو شخص چاہے کہ اللہ پاک اس کو فرزند عطا فرمائیں تو دن میں کسی وقت سو مرتبہ سورۂ فجر (پارہ30) پڑھ لیں اور خلوص نیت سے دعا کریں' اللہ تعالیٰ اس کو مایوس نہیں فرمائیں گے۔ ہر ہفتہ کم از کم یہ عمل ضرور کرلیں۔ **ہر مشکل آسان:** جو شخص چاہے کہ اس کی مشکل آسان ہو اور کام بآسانی تکمیل تک پہنچ جائیں تو وہ سورۂ فجر (پارہ30) کو باوضو ستر بار پڑھے' اللہ تعالیٰ اس کی ہر مشکل آسان فرمادیں گے۔ آزمودہ ہے۔ کسی کو بچھو نے ڈنک مارا ہے تو اس پر سورۂ انشقاق پڑھ کر دم کردیں' بچھو کا زہر زائل ہوجائیگا۔ (بندہ خدا' واہ کینٹ)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 مئی بروز بدھ رات 9-10 بجکر 21 منٹ تک' 21 مئی بروز اتوار دوپہر 11 بجکر 17 منٹ سے 12 بجکر 35 منٹ تک' 30 مئی بروز منگل عصر سے مغرب تک یَآاَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:)1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

روحانی محفل سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری گزشتہ آٹھ ماہ سے پڑھ رہا ہوں اور بذریعہ انٹرنیٹ آپ کے درس بھی سن رہا ہوں۔ ماہنامہ عبقری میں موجود روحانی محفل کرنے کی وجہ سے میری زندگی کا رخ ہی بدل گیا ہے' میری پریشانیاں ختم ہو رہی ہیں' الجھنیں ختم ہو رہی ہیں۔ میری زندگی کا راستہ برائیوں سے نکل کر اچھائیوں کی طرف گامزن ہوگیا ہے۔ پہلے میں ہر قسم کے گناہوں میں لگا رہتا تھا' فلمیں دیکھنا' ہر وقت ٹی وی پر اپنے پسندیدہ ڈرامے اور گانے دیکھنا' جس جگہ دین کی بات ہو رہی ہوتی وہاں سے بھاگ جاتا تھا' زندگی میں نماز کا نام و نشان تک نہ تھا' صرف جمعہ کی نماز پڑھتا تھا وہ بھی صرف دنیا والوں کے ڈر سے مگر جب سے (باقی صفحہ نمبر)

شاہ نعمت الرحمن قاسمی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف

خطرہ ہو تو اس کیلئے گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس طرف منہ کر کے پھونک ماردیں ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا حملہ ناکام رہے گا اور وہ واپس لوٹ جائے گا اور کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ ''وَلَوْ تَرٰٓی اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ''۔

لوگوں کے دلوں میں عزت قائم ہونا: اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں' لوگوں کے دل میں اس کی عظمت اور بزرگی اور فضیلت کا نقش بیٹھ جائے تو اس کیلئے اول شب جمعہ (جمعرات کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ شب جمعہ یعنی جمعہ کے دن سے پہلے آنے والی رات) میں یہ کلمات تین سو مرتبہ پاک مصلے پر باوضو بیٹھ کر پڑھیں۔ اسکے بعد روزانہ اکتیس مرتبہ پڑھا کرے۔ یہ عمل ہمیشہ کرے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی لوگوں میں مقبولیت پیدا ہوجائے گی اور لوگ احترام سے پیش آئیں گے اور سب لوگ عزت کریں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں: یَادَآئِمُ بِلَا فَنَآءٍ وَّلَا زَوَالَ لِمُلْکِهٖ وَبَقَآئِهٖ''۔

گمشدہ اور غائب شخص کیلئے: اگر خدانخواستہ گھر کا کوئی فرد روٹھ کر' ناراض ہو کر غصے سے گھر سے کہیں چلا جائے اور اس کا پتہ نہ ملتا ہو اس کیلئے یہ کلمات تین سو تیرہ مرتبہ (313) باوضو پڑھے۔ جب تک غائب واپس نہ آجائے برابر پڑھتا رہے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی غائب شدہ آدمی آجائے گا۔ البتہ اگر دور گیا ہے تو چند دن اور لگ سکتے ہیں' وہ کلمات یہ ہیں: یَاحَلِیْمُ ذَاالْاِنَاءَةِ فَلَا یُعَادِلُهٗ شَیْءٌ مِّنْ خَلْقِهٖ''۔

دشمن کی ناکامی کیلئے: اگر دشمن' چور' ڈاکو' لٹیرے کے حملے کا ڈر ہو اور اس کے حملے کا خطرہ ہو تو اس کیلئے گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس طرف منہ کر کے پھونک ماردیں ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا حملہ ناکام رہے گا اور وہ واپس لوٹ جائے گا اور کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ وَلَوْ تَرٰٓی اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ

غصہ اور اشتعال دور کرنے کیلئے: اگر کوئی سخت غصہ میں ہو اور اس کے اندر بہت زیادہ اشتعال پیدا ہو گیا ہو تو اس غصے اور اشتعال کو ختم کرنے کیلئے وہ خود یا کوئی شخص اس آیت کو تین یا سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس شخص کو پلائے یا اس کے منہ پر چھینٹے مارے یا اس کی طرف منہ کر کے پھونک مار دے اور خود عمل کرتا ہے تو خود پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی پی لے یا پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کر لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ غصہ اور اشتعال فوراً ختم ہوجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے: وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

دشمن کے نقصان پہنچانے سے حفاظت: اگر کسی شخص کو خطرہ ہے کہ اس کے دشمن اسے نقصان پہنچا دیں گے اور کسی بڑی پریشانی میں مبتلا کر دیں گے تو دشمن کے شر اور فتنہ سے بچنے کیلئے یہ اسم الٰہی 'یَاقَابِضُ' باوضو بعد نماز عشاء ایک سو بار پابندی سے پڑھا کرے جب تک دشمن کے حملے یا اس کی شرارت کا ڈر ہے' برابر پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن اپنے ارادے میں ناکام رہے گا اور کسی بھی قسم کا کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

امتحان اچھا ہونے اور کمرہ امتحان میں گھبراہٹ نہ ہونے کیلئے: اگر کوئی طالب علم گھبراہٹ کا شکار ہے یا دل و دماغ کا کمزور ہے اور امتحان کا نام سن کر اس کا دل دھڑکنے لگتا ہے نبض تیز چلنے لگتی ہے' دل کی گھبراہٹ دور ہونے اور امتحان کا پرچہ اچھا ہونے کیلئے اور کمرہ امتحان میں سکون کے ساتھ گھبراہٹ بالکل نہیں ہوتی اور کمرہ امتحان میں سکون قلب قائم رہتا ہے اور پرچہ بھی اچھا اور عمدہ ہوتا ہے دماغ پوری طرح کام کرتا ہے۔ عمل یہ ہے اور بالکل آسان ہے' جب طالب علم گھر سے چلے تو اسم الٰہی ''یَا عَلِیْمُ'' کا ورد کرنا شروع کردے اور پورے راستے ''یَا عَلِیْمُ'' پڑھتا رہے اس کے بعد جب کمرہ امتحان میں بیٹھے تو برابر پڑھتا رہے۔ پرچہ امتحان ملنے کے بعد پرچہ کو میز پر الٹا رکھ دے اور دس مرتبہ ''یَا عَلِیْمُ'' پڑھے اور پرچہ پڑھنا شروع کردے۔ جو سوال آسان معلوم ہو اس کو پہلے حل کرے' ان شاء اللہ پڑھا ہوا یاد آتا رہے گا اور پرچہ بآسانی حل ہوتا جائے گا۔

بھولنے کی عادت ختم اور حافظہ تیز: اگر کسی شخص کا حافظہ کمزور ہو گیا ہو اور ذرا ذرا سی بات بھول جاتا ہو اور حافظہ بیکار ہو گیا ہو تو اس کیلئے اسم الٰہی 'یَافَتَّاحُ' بعد نماز فجر باوضو پاک جگہ بیٹھ کر ننانوے (99) مرتبہ پڑھے اور پڑھ کر اپنے سینے پر پھونک مارلے تو ان شاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہوجائے گا اور بھول کا مرض ختم ہوگا۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک پورا پورا فائدہ نہ ہو۔

ہر مشکل آسان ہونے کیلئے: اگر کوئی سخت مشکل پیش آگئی ہو اور اس کا حل ہونا مشکل دکھائی دیتا ہو تو اس کیلئے باوضو اسم الٰہی 'یَافَتَّاحُ' چار سو نواسی (489) مرتبہ باوضو بعد نماز عشاء پاک مصلے پر بیٹھ کر پڑھے اور اس وقت تک پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے جب تک مشکل حل نہ ہوجائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مشکل کے حل ہونے کے غیب سے سامان پیدا ہوں گے اور مشکل جلد حل ہوجائے گی۔

ہر کام میں کامیابی کا عمل: اگر کوئی ڈاکٹر یا حکیم ہے یا مقرر اور خطیب ہے یا کسی اور پیشے سے تعلق رکھتا ہے لیکن کامیاب نہیں ہے' نہ اسے مرکزیت حاصل ہے اور نہ اس کا کام ترقی کرتا ہے' اس کیلئے بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر اسم الٰہی 'یَافَتَّاحُ' ایک سو ایک (101) بار پڑھا کرے' ناغہ نہ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے مقبولیت میں اضافہ ہوگا اور کامیابی کے حساب سے اس کا شمار اونچے لوگوں میں ہوگا۔ اگر حکیم ڈاکٹر ہے تو مریض بہت آئیں گے۔ مقرر ہے تو لوگ زیادہ سے زیادہ تقریر سننے آئیں گے یا اور کوئی پیشہ ہے تو اس میں بھی ہر وقت لوگوں کی بھیڑ لگی رہے گی۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ کرے' چھٹی (ناغہ) نہ کرے۔

دشمن کے فتنہ کا خاتمہ: اگر دشمن زبردست طاقت کا مالک ہو' اس کے وسائل اور اثرات دور دور تک ہوں اور اس سے مقابلہ کرنا خطرناک ہو لیکن خدانخواستہ اگر ایسا وقت آجائے مقابلہ کرنا ہی پڑ جائے تو اس کیلئے تین روزے رکھے' چوتھے روز ایک جگہ تنہائی میں بیٹھ کر دشمن کے تصور کے ساتھ باوضو بعد نماز عشا گیارہ سو بار 'یَاخَافِضُ' پڑھے اور یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن جھک نہ جائے اور اپنی حرکتیں نہ چھوڑ دے۔ یہ عمل بہت مؤثر ہے۔

مٹی کی تو ناک ہے اتار کر رکھ لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے معاشرے میں لوگ ناک کا بڑا خیال رکھتے ہیں' کہیں ہماری ناک نہ کٹ جائے' اس لیے ہم شادی بیاہ پر یا دوسری تقریبات پر اپنی ناک بچانے کی خاطر قرض اٹھالیتے ہیں کہ معاشرے میں ہماری ناک بچ جائے۔ تو جناب گزارش ہے کہ ناک کا اتنا خیال نہ رکھا کریں ایسا نہ ہو کہ زکام لگے اور پھر ناک بہنے لگے اور کہیں آپ سے صاف ہی نہ ہو سکے اور غلاظت آپ کے منہ پر آگئے۔ اس لیے ناک جیسی بھی ہے قدرت خداوندی کا حسین تحفہ جان کر دل و جان سے قبول کیجئے۔ کہیں بھی کوئی مسئلہ ہو پہلے اپنی حیثیت دیکھیں نہ کہ ناک' کہ ایسا نہ ہو کہ ناک بچاتے بچاتے خود کو تباہ کر بیٹھیں۔ اس لیے عزت اسی میں ہے کہ ناک چاہے جیسی بھی ہے لمبی ہے' چوڑی ہے' چپٹی ہے خداوند کریم کا حسین تحفہ اور نعمت جان کر اسے سنبھال کر رکھیں۔ ناشکرے نہ بنیں اس کا شکر ادا کریں اور ہر دم خداوند کریم کے شکر گزار رہیں۔ (فقط: بہادر و کنز الماس' لاہور)

تربوز فالسے اور مینگو شیک سے رمضان مزیدار

عائشہ مجید لاہور

مینگو شیک تیار کرنے کیلئے اچھی طرح پکے ہوئے آم لیں اور انہیں پھانکوں کی شکل میں کاٹ کر چھلکا اتار لیں اور گودے کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ کر بلائنڈر میں حسب ضرورت دودھ اور چاہیں تو حسب منشا شکر ملا کر بلائنڈ کرلیں۔

تربوز کی افادیت: تربوز میٹھا اور رس دار پھل ہے کہتے ہیں تربوز کا بڑا حصہ پانی و نمکیات پر مشتمل ہوتا ہے' اس طرح موسم گرما میں تربوز کا استعمال نہ صرف پیاس کی شدت میں کمی لاتا ہے بلکہ جسم کو درکار پانی کی ضرورت بھی بڑی حد تک پوری کر دیتا ہے پیاس مٹتی ہے اور جسمانی توانائی بھی بحال ہوجاتی ہیں۔ موسم گرما کا یہ بڑا پھل یعنی تربوز زمین پر پھیلی ہوئی بیل پر لگتا ہے یہ جتنا وزنی ہوتا ہے اتنا ہی میٹھا اور توانائی سے بھرپور ہوتا ہے۔ بعض علاقوں کے تربوز کا گودا سرخ اور انتہائی میٹھا ہوتا ہے۔ تربوز میں فولاد' فاسفورس' روغنی اجزاء' پوٹاشیم حیاتین الف' ب اور د کے علاوہ گلوکوز بھی کافی مقدار میں ہوتا ہے جو جگر کی گرمی دور کرتا ہے' جسم کے اندر موجود زہریلے مادے خارج کرتا ہے' یوں گردے' مثانہ اور جسم سے فاضل مادوں کا اخراج کرنے والی نالیاں بڑی حد تک صاف ہوجاتی ہیں۔ تربوز بلڈ پریشر کیلئے بھی بہت مفید ہے' تربوز کھانے کا صحیح وقت صبح نہار منہ یا دوپہر کا کھانا کھانے سے پہلے ہے۔ اس کو کبھی رات میں یا کھانا کھانے کے بعد نہیں کھانا چاہئے۔ تربوز کے ہمراہ دہی کا استعمال کرنے سے بھی گریز کریں' بسا اوقات تربوز اور دہی کے ایک ساتھ استعمال سے یہ نقصان دہ بھی ہوجاتا ہے' تربوز کے بے شمار غذائی فوائد ہیں لیکن ان فوائد سے اسی صورت میں مستفید ہوا جاسکتا ہے اگر اس کو اعتدال سے استعمال کیا جائے' ورنہ یہ جسم میں بہت سی کمزوریاں اور بیماریاں بھی پیدا کرسکتا ہے۔ پانی ملا کر مشروب تیار کریں اور برف ڈال کر پئیں' گرمی کی شدت کو دور اور پانی کی کمی کو متوازن اور جسمانی توانائی کو برقرار رکھنے کا آسان نسخہ ہے۔

مینگو شیک: آم سے تیار شربت آج کل مینگو شیک کے نام سے خاصی شہرت حاصل کرچکا ہے' آم پھلوں کا بادشاہ کہلاتا ہے اور غذائیت کے لحاظ سے بھی یہ خاصا اہم پھل ہے۔ مینگو شیک تیار کرنے کیلئے اچھی طرح پکے ہوئے آم لیں اور انہیں پھانکوں کی شکل میں کاٹ کر چھلکا اتار لیں اور گودے کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ کر بلینڈر میں حسب ضرورت دودھ اور چاہیں تو حسب منشا شکر ملا کر بلینڈر کرلیں۔ لیجئے چند منٹوں میں غذائیت سے بھرپور مینگو شیک تیار ہے' گرمیوں میں اس سے مہمانوں کی تواضع کا اپنا ہی لطف ہے اور چائے کا بھی بہترین متبادل ہے۔

فالسے کا شربت: فالسہ گرمی میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسان کیلئے خاص تحفہ ہے۔ گرمی کی شدت کو کم کرنے کیلئے فالسے کا شربت استعمال کیا جاسکتا ہے۔ بنیادی طور پر فالسے کی دو اقسام ہیں ایک شکری فالسہ جس کا پھل ابتدا میں کھٹ میٹھا ہوتا ہے اور پک جانے پر شیریں ہوجاتا ہے جبکہ دوسری قسم شربتی فالسہ ہے جو ابتدا میں ترش اور پکنے کے بعد میٹھا ہوجاتا ہے۔ اطباء کہتے ہیں کہ ذیابیطس کے مرض میں فالسہ بہت مفید ہے' فالسے کا شربت گھر پر بہ آسانی تیار کیا جاسکتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ کسی برتن میں فالسے ڈال کر موٹا موٹا کوٹ لیں' بیج اگر نکالنا چاہیں تو نکال لیں ورنہ رہنے دیں۔ اب اس میں پانی حسب ذائقہ شکر اور ایک چٹکی نمک ڈالیں' شربت تیار ہے۔ یہ شربت دل کی گھبراہٹ' اختلاج قلب' پیاس کی شدت' معدے کی کمزوری' پیشاب کی جلن اور سینے کی جلن کو دور کرکے ٹھنڈک پیدا کرتا ہے۔ فالسہ استعمال کرتے ہوئے ایک بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ فالسہ ہمیشہ پکا ہوا اور نرم استعمال کریں کچا یا بہت کھٹا فالسہ نقصان دہ ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے زمین پر انسانوں کیلئے جو بھی نعمتیں اتاری ہیں وہ اپنے اندر بیش بہا غذائیت اور خصوصیات رکھتی ہیں' اسی طرح موسمی پھلوں میں بھی موسم کی مناسبت سے قدرتی تاثیر' افادیت پنہاں ہے۔ ایسے میں ہمیں چاہئے کہ جسمانی صحت اور موسم کی مناسبت سے پھلوں کا استعمال کریں تاکہ جسم کو درکار توانائی بھی ملے اور ہم موسم کی شدت سے محفوظ رہ کر اپنی صحت کی حفاظت بھی کرسکیں۔

انوکھا عمل! بیٹا بھی ملا اور منہ سے خوشبو بھی آئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' اس میں موجود ٹوٹکے اور وظائف سے ہمیں بہت فائدہ ہوتا ہے۔ محترم حکیم صاحب! میری بڑی بہن کو جب امید لگی تو اس نے عبقری کے ایک سابقہ شمارے میں سورۂ یوسف کا پڑھا تھا کہ سورۂ یوسف لکھ کر گلے میں ڈالنی ہے (چمڑے کا تعویذ بنا کر) میں نے سورۂ یوسف لکھ کر اپنی بہن کو تعویذ بنوا کر دے دیا' اس نے وہ تعویذ گلے میں ڈال لیا' الحمدللہ اللہ پاک نے انتہائی خوبصورت بیٹا عطا کیا اور اس کا نام عبدالمنان رکھا اور خاص بات اس معصوم سے چھوٹے سے بچے کے منہ سے انتہائی خوشگوار خوشبو آتی ہے۔ (کرن)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلاتعداد یَارَحْمٰنَ الدُّنْیَا پڑھیں۔ اول وآخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اسکے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ سے فیض پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ کئی سالوں سے عبقری رسالہ بہت شوق ذوق سے پڑھتی ہوں اور خاص کر اس میں موجود مراقبہ تو میرا ''فیورٹ'' ہے۔ میں کافی عرصہ سے مراقبہ ہر رات نماز عشاء کے بعد کرتی ہوں جس کی وجہ سے میں ہر قسم کی الجھن' پریشانی سے بچی رہتی ہوں۔ مراقبہ مجھے ہردم تندرست اور تازہ دم رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ مجھے مراقبہ کی وجہ سے بہت سی مقدس ہستیوں کے دیدار اور مقدس مقامات کی سیر کی سعادت بھی حاصل ہوچکی ہے۔ گزشتہ اتوار نماز عشاء کے بعد مراقبہ کیلئے بیٹھی تو دیکھا:۔ دیکھتی ہوں کہ میں مدینہ منورہ پہنچتی ہوں اور روزہ مبارک صلی اللہ علیہ وسلم پر حاضری دیتی ہوں آگے بڑھتی ہوں اور ان مبارک جالیوں کے قریب پہنچتی ہوں اور یک دم سے دروازہ کھلتا ہے اور اندر سے روشنی نکلتی ہے (سفید رنگ کی) میں خود کو سنبھالتی ہوئی اندر داخل ہوتی ہوں اور بائیں طرف مڑتی ہوں وہاں مجھے ایک چھوٹی سی کرسی سی بنی نظر آتی ہے اور ایک خوبصورت نورانی سی (باقی صفحہ نمبر 15 پر)

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں' توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خط و لکھتے ہوئے اضافی کو ہد تیپ یا سٹیپلر زین کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ راز داری کا خیال رکھا جائے گا اپنا نام' شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کرکے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

ایک دکھی بیٹی!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں انتہائی پریشان ہوں' جوائنٹ فیملی میں رہتی ہوں' چھ بچے ہیں' بچے انتہائی بدتمیز' گستاخ اور نافرمان ہوگئے ہیں' سب دیور اور ماں نند کی بات سنتے ہیں' گھر میں اُسی کی حکومت ہے' جو مرضی وہ جھوٹ سچ کہے سب ''لبیک'' کہتے ہیں' بچے انتہائی بگڑ گئے ہیں' جس گھر میں بچوں کے سامنے ماں کو مارا جائے اور گالیاں دی جائیں وہاں بچے کیا ماں کی عزت کریں گے' بچے کوئی غلط کام یا شرارت کریں شامت ماں کی آجاتی ہے' مجھے کہا جاتا ہے کہ تو نے پیدا کیے ہیں اب اُنہیں پال بھی' میری حیثیت صرف ایک کام والی ماسی سی ہے' میرے میاں کو مجھ سے بہت زیادہ بدظن کردیا گیا ہے' گزشتہ چھ ماہ سے ہمارا آپس میں کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں ہے' وہ علیحدہ کمرے میں سوتے ہیں۔ لمبے عرصہ سے والدین کے گھر جانے' ان کے میرے گھر آنے' حتیٰ کہ موبائل فون سننے پر بھی پابندی ہے۔ خدارا مجھے کوئی وظیفہ بتائیں۔ (بنتِ حوا)

جواب: رات کو ایک نیند لے کر نصف شب کے بعد کسی وقت بیدار ہوجائیں تہجد کے نفل ادا کرکے اکیس مرتبہ سورۂ اخلاص اور بیس مرتبہ سورۂ فاتحہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر اپنے مسائل' بچوں اور سسرال کا رویہ اچھا ہونے کی دعا کریں۔ یہ عمل نوے روز تک جاری رکھیں۔ بچوں کی طرف سے حسب استطاعت صدقہ بھی کردیں اور ہر جمعرات صدقہ لازمی کیا کریں۔

کمزور دل: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دل کا مرض بڑھ چکا ہے' اس کے کام کرنے کی صلاحیت یعنی کہ خون پمپ کرنے کی جو صلاحیت ہے وہ کم ہے' جس کی وجہ سے مجھ کو سانس کا مسئلہ ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے میں اکثر ہسپتال میں رہتا ہوں۔ براہ مہربانی مجھے دل کو تندرست کرنے کیلئے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ (محمد رضا' لاہور)

جواب: میرے پاس دل کی صحت کا ایک مجرب روحانی نسخہ ہے ہر نماز کے بعد اپنا دایاں ہاتھ دل پر رکھ کر سات مرتبہ یہ دعا پڑھیں اَللّٰھُمَّ یَاقَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ پھر ہاتھ پر دم کرکے دل کے مقام پر پھیریں ان شاء اللہ بہت ہی مفید عمل ہے۔

نظر بد کا علاج بتایئے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اگر کسی کھانے کی چیز کو نظر لگ جائے تو اسے دیکھ کر ہی طبیعت میں اکتاہٹ ہونے لگتی ہے اس سلسلے میں کوئی علاج مرحمت فرمائیں۔ (اعجاز احمد' یوکے)

جواب: نظر کی اچھی یا بری تاثیر سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ احادیث نبوی ﷺ میں نظر بد سے نجات کیلئے دعاؤں کا ذکر ملتا ہے۔ فجر کی نماز کے فوراً بعد اور عشاء کی نماز کے بعد جائے نماز پر بیٹھ کر اکیس اکیس بار بِسْمِكَ اللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَصَبَھَا پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں اور اس کے بعد باذن اللہ کہتے ہوئے اُٹھ کر کھڑے ہوجائیں۔ اسی طرح جب بھی کھانا کھائیں تعوذ اور تسمیہ کے بعد ایک بار درج بالا آیت پڑھ کر پھونک دیا کریں۔

گلہڑ اور ڈیپریشن: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ چھ ماہ سے عبقری کی قاریہ ہوں' میں نے اس رسالے کو انتہائی مفید پایا' میں پچھلے تین سال سے گلہڑ اور ڈیپریشن کی بھی مریضہ ہوں' تین سال قبل بیٹی کی پیدائش کے فوراً بعد میرے گلہڑ بن گیا جواب خاصا بڑا ہوچکا ہے اور گلے میں دائیں سائیڈ پر ہے۔ آپ سے گزارش ہے کہ گلہڑ اور ڈیپریشن کے بارے میں کوئی وظیفہ اور نسخہ بتائیں۔ (بنت حوا' پتوکی)

جواب: ہر نماز کے بعد تیسرا کلمہ گیارہ بار پڑھ کر اپنے گلہڑ پر دم کردیا کریں۔ رات سونے سے پہلے درود شریف اور پہلا کلمہ تین تین بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے ہاتھ گلہڑ پر پھیر کر سوجایا کریں شام کے وقت کوئی بھی مصروفیت اپنالیں جس سے آپ کی توجہ بٹ سکے اگر ہوسکے تو باغبانی کریں یا پودوں کی نگہداشت کیا کریں۔

کڑوا پانی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے علاقے میں زمین میں پانی بہت کڑوا اور نمک والا ہے اور پانی کی کمی ہوتی ہے گرمیوں میں یہ پانی کی کمی اور زیادہ ہوجاتی ہے۔ ایسا عمل بتائیں جس سے یہ پتہ چل جائے کہ زمین میں کونسی جگہ پانی میٹھا ہوگا اور زیادہ ہوگا تاکہ پریشر پمپ لگایا جائے اور پانی میٹھا نصیب ہو۔ (حفیظ اللہ انور' ڈیرہ اسماعیل خان)

جواب: آپ تمام علاقہ والوں سے گزارش کریں کہ زیادہ سے زیادہ درود پاک پڑھا کریں اور اللہ رب العزت سے درود پاک کی برکت سے پانی میٹھا ہونے کی دعا کریں اور جب بھی نیا کنواں یا موٹر وغیرہ لگائیں تو درود پاک کی کثرت کرکے میٹھے پانی کیلئے دعا کریں۔ ان شاء اللہ درود پاک کے وسیلے سے زیر زمین پانی میٹھا ہوجائے گا۔

میرا بچہ اور اس کی صحت: میں گزشتہ پانچ سال سے عبقری کی قاریہ ہوں' بہت اعلیٰ اور ایمان افروز رسالہ ہے' میں تو بس اسی کی ہوکر رہ گئی ہوں' آپ کی بہت ہی کتب خریدی ہیں اور ان سے استفادہ بھی کررہی ہوں' اللہ آپ کو ان ساری کاوشوں کیلئے جزائے خیر عطا کرے۔ آمین!۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرا ساڑھے سات سال کا بچہ ہے اور اس کی عمومی صحت بس نارمل ہی ہے ہر وقت اسے کچھ نہ کچھ ہوا رہتا ہے کبھی کھانسی کبھی بخار' کبھی کہیں درد' کبھی کہیں درد اور زکام تو اس کو مستقل ہی ہے' سردی گرمی اس کا ناک بہتا ہے' ٹانسلز بھی ہیں' کورسز بھی کروائے مگر وقتی آرام اور پھر وہی مسئلہ شروع۔ نیا مسئلہ یہ ہے کہ اس کے دودھ کے دانت گررہے ہیں اور جو نئے آرہے ہیں وہ بھی عجیب سے ہیں' آپ کو اللہ کا واسطہ ہے مجھے کوئی وظیفہ بتائیں میں ساری عمر آپ کو دعائیں دوں گی' اللہ آپ کو دونوں جہاں کی نعمتیں اور خوشیاں عطا کریں۔ (ش' ہری پور)

جواب: نماز عشاء کے بعد تین سو بار یَاوَھَّابُ اور نماز فجر کے بعد اسی تعداد میں یَابَاسِطُ پڑھ کر دعا کی جائے۔ کم از کم چار ماہ تک۔ ان شاء اللہ حالات میں تبدیلی واقع ہوگی۔ بیماریوں کے لیے صبح شام گھر کا ہر فرد ایک بار سورۂ فلق پڑھ کر پانی پر دم کرکے پی لیا کرے۔ اس عمل کو کم از کم تین ماہ کیا جائے۔

حمل نہیں ٹھہرتا: میری شادی کو چھ سال ہوچکے ہیں' ایک بار حمل دو ماہ تک رہا اس کے بعد ضائع ہوگیا' اس کے بعد نہیں ہوا' میری عمر 42 سال ہوچکی ہے' سب ڈاکٹروں' حکیموں کے پاس جاکر دیکھا الٹراساؤنڈ لاتعداد مرتبہ کروایا' ادویات کھائیں' ڈاکٹر کہتے ہیں انڈے پیدا نہیں ہورہے' بچہ دانی میں رسولی ہے' خدارا مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں' میں تھک چکی ہوں' ٹوٹ چکی ہوں۔ ہر کوئی بندش' جادو بتاتا ہے' کوئی کہتا ہے جنات کا مسئلہ ہے۔ (م۔م)

جواب: بعد نماز عشاء سورۂ علق' بعد نماز فجر سورۂ یٰسین اور بعد نماز مغرب سورۂ مریم پڑھ کر پانی پر دم کرکے شوہر و بیوی دونوں اس پانی سے نصف پی لیا کریں۔ اللہ سے دعا بھی کریں کہ وہ اولاد صالح عطا فرمائے۔ اللہ کی قدرت و حکمت پر یقین رکھیں اور ازدواجی زندگی کو سرد مہری کی نذر نہ ہونے دیں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کا ''پوشیدہ کورس'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کے تمام مسائل درج بالا وظیفہ سے حل ہوجائیں گے۔

اگر کان بہتے ہوں: اگر کان بہتے ہوں تو چند قطرے سرکہ کے کان میں ڈال لینے سے فوری اثر ہوتا ہے۔ قطرے ڈالنے سے پہلے قابل برداشت حد تک گرم کریں۔

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج
طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلرز پن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

دائیں ہاتھ پر چنبل: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ دراز سے رسالہ عبقری کا قاری ہوں' میں ایک ریٹائرڈ فوجی ہوں اب ایک میڈیکل سٹور چلا رہا ہوں' میرا مسئلہ یہ ہے کہ عرصہ سے میرے دائیں ہاتھ پر چنبل ہے' ہر قسم کا علاج کیا' مرض زیادہ ہوتا گیا' جوں جوں علاج کیا مرض بڑھتا گیا' آپ سے گزارش ہے کہ کوئی دوا' ٹوٹکہ تحریر فرمائیں۔ (ایم کے خان' مانسہرہ)

مشورہ: خان صاحب! یہ نسخہ انتہائی سستا اور تیر بہدف ہے' عبقری شمارہ میں بھی چھپ چکا ہے۔ سرسوں کے ایک سیر تیل میں تھوڑا سا ڈنڈا تھوہر ڈال کر آگ پر رکھیں، جب ڈنڈا جل کر کوئلہ ہو جائے تو اتار لیں اور کسی لوہے کے ڈنڈے اس کو رگڑیں اور تیل میں حل کر لیں۔ یہ تیل کسی شیشی میں بحفاظت رکھ دیں۔ روئی یا کسی مرغ کے پر سے متاثرہ جگہ پر صبح و شام لگائیں۔ چند دن میں چنبل دور ہو جائیگی اور پھر کبھی نہ ہوگی۔

بہت پریشان ہوں!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی زندگی میں برکت ڈالے اور آپ کا ادارہ اور تسبیح خانہ ہمیشہ زندگی بھر چلتا رہا۔ بہت سارے لوگ اس سے فیض پا رہے ہیں اور فائدہ اٹھا رہے ہیں' میرا ایک مسئلہ ہے جس کی وجہ سے میں بڑا پریشان رہتا ہوں اور دن بدن کمزور ہو رہا ہوں' جناب مجھے جریان کا مسئلہ ہے' میں بہت تنگ آچکا ہوں' میرا یہ مسئلہ تقریباً سات سے آٹھ سال پرانا ہے' میں نے بہت ادویات استعمال کی ہیں' مگر افاقہ نہیں ہو رہا۔ محترم! میری اسی سال شادی ہے' مہربانی فرما کر اس مسئلہ کا حل تجویز کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ کے تسبیح خانہ پر لاکھوں رحمتیں عطا فرمائے۔ آمین (خاں)

مشورہ: ھوالشافی: مغز بادام 250 گرام' سونف 250 گرام' مصری 250 گرام' اسطخدوس 20 گرام' مرچ سفید 20 گرام۔ کوٹ چھان لیں ایک چمچ چاول والا صبح و شام ہمراہ تازہ پانی لیں۔ پرہیز: قابض اور بادی اشیاء بینگن' مسور کی دال' آلو اروی' گوبھی' باقلا' لہسن' پیاز' زیادہ چائے اور تمباکو نوشی سے پرہیز کریں۔ زود ہضم اور مقوی غذائیں استعمال کریں۔ یخنی' شوربہ' چپاتی' انڈا' دودھ' مکھن' حیوانات کے مغز' تازہ پھل' سبزیاں' سیب' امرود اور انگور وغیرہ استعمال کریں۔

پتلی کلائی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بازو بہت پتلے ہیں' کلائیاں بھی پتلی ہیں' اسی طرح ٹانگیں بھی سوکھی ہوئی ہیں' آنکھوں کے گرد حلقے بہت گہرے ہیں۔ حقوق زوجیت کے بعد ٹانگیں کانپنا شروع ہو جاتی ہیں بہت زیادہ کمزوری ہے۔ محترم حکیم صاحب! مجھے جلد از جلد کوئی نسخہ بتائیں تاکہ میں صحت مندانہ زندگی گزار سکوں۔ (محمد خان' ہری پور)

مشورہ: عمدہ بنا ہوا بادام کا حلوہ کھائیں۔ صبح توے کی گرم روٹی پر خالص گھی لگا کر کھائیں، ٹھنڈی اور کھٹی چیزیں بالکل نہ کھائیں۔ رات کو سونے سے دو گھنٹے پہلے نیم گرم دودھ میں دو چمچ شہد کے ڈال کر پئیں۔

دل میں سوراخ ہے: میری عمر 27 سال ہے' شادی ابھی نہیں ہوئی' میرے دل میں سوراخ ہے' یہ پیدائشی ہے' وزنی کام کرتے ہوئے اونچائی پر چڑھتے ہوئے اور دوڑتے ہوئے دل میں تکلیف ہوتی ہے۔ ڈاکٹرز حضرات کے مطابق آپریشن ہوگا مگر میرے گھر والے اور میں نہیں مانتا۔ (اسحاق خان' راولپنڈی)

مشورہ: اسحاق بھائی آپ دفتر ماہنامہ عبقری سے ستر شفائیں' ٹھنڈی مراد اور جوہر شفاء مدینہ منگوا کر لکھی گئی ترکیب سے کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے علاوہ عبقری کا سکون افزاء سیرپ بھی رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

کانوں میں سیٹیاں: ماہنامہ عبقری دکھی اور سکون کے متلاشی افراد کیلئے ایک گوہر نایاب ہے' راقم الحروف بھی اس جریدے کا مستقل قاری ہے۔ مزید عرض یہ ہے کہ مجھے کافی سالوں سے ایک مسئلہ درپیش ہے کہ میرے کانوں سے ہمہ وقت ہلکی سیٹیاں یا جھینگر بولنے جیسی آوازیں آتی رہتی ہیں' ہو سکتا ہے کہ اس عارضہ میں دیگر افراد بھی مبتلا ہوں۔ خدارا اس کے حل کیلئے کوئی نسخہ عنایت فرمائیں تاکہ میرے ساتھ دیگر کا بھی بھلا ہو۔ میں نے اس مرض کے علاج کیلئے مہنگے سے مہنگے ڈاکٹر اور حکماء کی ادویات استعمال کیں مگر فرق بالکل نہیں پڑ رہا۔ میرے اس روگ کے ازالے کیلئے عبقری کی شکل میں امید کی کرن نظر آ رہی ہے۔ (ڈاکٹر محمد جاوید خان' میر پور خاص' سندھ)

مشورہ: آپ خمیرہ گاؤزبان عنبری پانچ گرام صبح نہار منہ اصلی چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھائیں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ''کان شفاء'' لکھی گئی ترکیب سے استعمال کریں۔ پندرہ دن کے بعد دوبارہ کیفیت لکھیں۔

بیماریوں کا گھر: میری عمر 24 سال ہے' مجھے ایسے لگتا ہے کہ میں بیماریوں کا گھر ہوں' پہلے نمبر پر میرا معدہ ٹھیک نہیں رہتا' کوئی دوائی کھا لوں پھر کچھ دیر فرق پڑ جاتا ہے' ورنہ معدے میں درد رہتا ہے' کھانا ہضم نہیں ہوتا' سینے میں جلن ہوتی رہتی ہے' کبھی بہت زیادہ بھوک لگتی ہے' کبھی لگتی ہی نہیں' چہرے پر سیاہیاں ہیں' حلقے بھی کافی گہرے ہیں' کمزوری بہت محسوس ہوتی ہے۔ مجھے چھینکوں والی الرجی بھی ہے' ناک میں بہت خارش ہوتی ہے' جس سے ناک سوج جاتی ہے' مجھے لمبے بالوں کا بہت شوق ہے اور میں نے بہت سے ٹوٹکے آزمائے ہیں لیکن کوئی فرق نہیں پڑتا' مجھے لیکوریا بھی ہے جس کی وجہ سے جسم میں درد رہتا ہے' پٹھے بھی درد کرتے رہتے ہیں' چاول یا دہی وغیرہ سے ٹانسلز پھول جاتے ہیں' پانی پینا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ (تبسم' سلطان پور)

مشورہ: آپ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا لیں اور ایک چمچ چائے والا دن میں تین بار استعمال کریں۔ یاد رہے خمیرہ کسی اچھے دیانتدار طبیب کا بنا ہوا ہو اور اسکے ساتھ ساتھ اطریفل اسطخدوس ایک چمچ چائے والا اور کلونجی پاؤڈر ایک چوتھائی چمچ استعمال کریں۔ غذا میں کھٹی چیزیں، اچار وغیرہ سے پرہیز کریں۔ ایک حیرت انگیز ٹوٹکہ جو بظاہر آپ کیلئے عام سا ہوگا لیکن الرجی کے مریضوں کے لیے یہ ایک خدائی عطیہ ہے۔ سرسوں کا تیل روزانہ صبح اور شام چند قطرے ناف، ناک کے نتھنوں میں اور مقعد کے اندر اور باہر لگائیں۔

لیکوریا کیلئے میری خالہ یہ نسخہ دیتی ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بے شمار لوگوں کو میری خالہ نے لیکوریا کیلئے درج ذیل نسخہ بنا کر دیا اور دے رہی ہیں لوگ شفاء یاب ہو رہے ہیں۔ ھوالشافی: عود پٹھانی دو تولے' کمرکس دو تولے' سفید موصلی ایک تولہ' گوند کیکر دو تولے' سب چیزیں الگ الگ کوٹ چھان لیں' پھر مکس کر کے رکھ لیں۔ رات سوتے وقت دودھ کے ساتھ کھائیں۔ **ماہواری زیادہ ہوتی ہو تو اس کیلئے:** ھوالشافی: دیسی انار کے چھلکے آدھ پاؤ' جامن کی گٹھلیاں آدھ پاؤ' پھٹکڑی ایک تولہ کوٹ چھان کر مکس کر لیں۔ شربت انجبار کے ساتھ آدھا چمچ چائے والا صبح نہار منہ کھائیں۔ مجرب ہے۔ یہ ٹوٹکے آزمودہ اور تیر بہدف ہیں۔ بارہا خواتین نے آزمائے اور بہت خوب پائے۔ (خالدہ شمیم بوٹا)

قسط نمبر 17 — میری زندگی کیسے بدلی؟

کیا واقعی میں ہی منحوس تھی؟

قارئین! حضرت جی! کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں! انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا انہیں روز سنیں' آپ کے گھر گاڑی میں ہروقت درس ہو۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیے گئے ہیں' کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ جل شانہٗ سے امید کرتی ہوں کہ آپ بالکل ٹھیک ہوں گے' میں ایم اے انگلش کررہی ہوں' آخری سال ہے' بہت عرصہ سے دل میں تھا کہ آپ کو خط لکھ کر اپنا غم سناؤں مگر آج رہا نہیں جارہا بہت دل بھرا پڑا ہے' دل کرتا ہے کہ اونچا اونچا روؤں اگر آپ کو میرے الفاظ غم اور (مسائل سے چھٹکارا کے بعد) بھرپور خوشی پسند آئے یا اس قابل سمجھیں تو میری بہت خواہش ہے کہ میری آواز دنیا تک پہنچے مگر میرا نام اور شہر کا تعلق ظاہر نہ ہوں اور جہاں جہاں آپ محسوس کریں تبدیلی کرکے ضرور عبقری میں میرا خط چھاپیے گا۔

بات کچھ ایسے ہے کہ جب میں نے آنکھ کھولی تو میرے والد صاحب کا ایکسیڈنٹ ہوگیا تھا ہوائی جہاز کریش ہوگیا تھا مگر شکر اللہ کریم کا وہ بچ گئے تھے مگر اس کے بعد بیروزگار ایسے ہوئے کہ نو سال تک بیروزگار رہے' بچپن میں ایک آواز کان میں پڑی تھی کہ تو ہے ہی منحوس' ہم دو بہنیں اور پانچ بھائی ہیں' ایک بہن کی جیسے تیسے کرکے شادی کردی' گھر میں سب کے درمیان اتفاق نام کی چیز نہیں تھی اور نہ ہم اپنے والد صاحب کو برداشت کرتے تھے۔ میرے بھائیوں کے لڑکیوں کے ساتھ چکر تھے' ساری ساری رات گھر کے باہر رہتے تھے' ان کو دیکھا دیکھی چوری چھپے میرا ایک رانگ نمبر سے چکر چل پڑا' جس کو شیطانی آنکھیں رائٹ نمبر بنانے بیٹھ نکلیں' مگر ہوتا تو وہی ہے جو اللہ کریم چاہتے ہیں۔ دو سال کی گندگی بھری زندگی کے بعد اللہ نے ایک دم سے میرا رانگ نمبر سے تعلق چھڑوادیا۔ تھوڑا روئی' پھر رضائے الٰہی سمجھ کر خوش ہوگئی کیونکہ کچھ عرصہ سے محسوس کررہی تھی کہ وہ لڑکا ٹھیک نہیں' ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ میرا رشتہ آیا لڑکا بلجیم میں تھا۔ وہ وٹہ سٹہ کا کہہ رہے تھے مگر میرے بڑے بھائی نے انکار کردیا۔ چلتے چلتے وقت یہاں تک پہنچا کہ میں نے ایم اے انگلش کرلیا' تو میرے ماموں کی بیٹی کی شادی تھی' ویسے میں سر پر ڈوپٹہ رکھنے والی اور صوم وصلوٰۃ کی پابند تھی مگر میرے گھر والوں کو یہ برداشت نہیں ہوتا کہ میں شادی کے موقع پر سر پر ڈوپٹہ رکھوں اور سادہ رہوں' خیر میں نے شادی پر خوب میک اپ کیا' اور سر سے ڈوپٹہ بھی اتار دیا۔ شیطان اور نفس کے پیچھے لگ کر شادی میں میری کزن کے خاوند کے ساتھ بات کررہی تھی کہ ایک لڑکا تصویر بنانے آیا' پھر کیا ایک جھٹکا لگا کہ اس کو تو میں نے پہلے بھی کئی دفعہ دیکھا' سمجھ نہیں آتی تھی کہ کہاں دیکھا ہے' میں نہ گھر سے جلدی باہر نکلتی تھی اور نہ جلدی بازار جاتی تھی' بارات کی پوری رات سوچتی رہی اس کو کہاں دیکھا ہے' سمجھ پھر نہیں آئی۔ ویسے کے دن پھر سامنے آیا تو میں نے اپنا دھیان کہیں اور کرلیا اور پھر سوچا دوبارہ دیکھوں تو دیکھا وہی شکل جو اکثر رات کو خواب میں نظر آتی تھی' اب نہ میں اس کو جانتی تھی کہ اس سے پوچھوں' نہ ہی ضرورت محسوس کی' بس ایک بات اس کے بارے میں معلوم ہوئی کہ وہ لاہور کا رہائشی ہے۔ سوچا اس سے بات کروں مگر پھر نہیں' پھر لگ گئی شیطان کے پیچھے' فیس بک پر اس کو ڈھونڈا اور بس پھر اس سے بات کرنے کی کوشش کی' پہلے وہ تھوڑا پریشان ہوا مگر پھر اس نے کہا کہ میں کسی اور میں انٹرسٹڈ ہوں آپ کی باتیں میری سمجھ میں نہیں آرہیں' میں نے اس کو بہت سمجھایا کہ میں نے تم کو اکثر خواب میں دیکھا ہے' مگر وہ نہ مانا۔ پھر ایک دن ٹی وی پر ایک مولانا صاحب کہہ رہے تھے کہ اگر آپ کسی سے شادی کرنا چاہتے ہیں تو اپنے والدین کو فوراً کہہ دیں' بے حیائی مت اپنائیں' آپ کے حق میں ہوا تو آپ کو وہ مل جائے گا اور میں نے ہمت کرکے اس کو ہی نکاح کی دعوت دے دی مگر اس نے انکار کردیا اور میں بالکل چپ سی ہوگئی۔ اس رات بہت روئی۔ پھر دوبارہ نفس کے چکر میں آنے لگی اور اس سے دوبارہ بات کی اور وہ آخری بات تھی' پھر اللہ کریم سے نماز میں کہا مجھے کوئی پروا نہیں ہے' ملنا ہوا تو ٹھیک ورنہ نہ سہی' میں روئی بہت تھی پھر بھی دل نہیں مانتا تھا' نفس کا پیروکار جو ہوا۔ پھر کیا میں نے دوبارہ کوشش کی مگر وہ مجھ سے بچتا تھا' بھاگتا تھا' پھر احساس ہوا کہ وہ واقعی کسی اور لڑکی میں دلچسپی رکھتا ہے پھر کیا ایک دم انٹرنیٹ سے پتہ نہیں کیسے "عبقری ویب سائٹ" مل گئی اور ایک درس سنا وہ بھی یاد نہیں کون سا تھا' میرے آنسو تھے کہ بند نہ ہوئے کہ اللہ کریم ہم نے تیرا دین بھلادیا' تو نے ہم کو پیدا کیا' رزق دیا' صحت دی ہم نے تیرے رسول کریم ﷺ کے احکامات کو بھلادیا' ہم سب کچھ بھول گئے۔ پھر میرے آنسو تھے کہ تھمتے نہیں تھے۔ آہستہ آہستہ میں عبقری ویب سائٹ سے آپ کے تمام درس سن لیا' صبح' دوپہر' شام رات بس پھر تو زندگی کا نیا رخ نظر آنے لگا' ہر طرف اللہ اللہ دکھنے لگا' ایک نماز میں دعا مانگی یا اللہ بس تو سب کو دشمنوں سے بچا۔ اُف حضرت حکیم صاحب! یہ دعا مانگنے کی دیر تھی کہ خواب میں اللہ کریم نے دشمن کیا حاسد کیا' بغض رکھنے والے کیا' جادو ٹونہ کرنے والے کیا' ایک ایک کا روپ دکھانا شروع کردیا' بس اکثر سوچتی تھی کہ میرے گھر کے باہر اتنے کتے کیوں بھونکتے ہیں اکثر خواب میں بھی دیکھتی تھی مگر ماروچی تھی۔ پھر آپ کے بیان سنتی رہی' میں نے سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 بہت پڑھی اور دعا صرف یہی مانگتی کہ یا اللہ! دشمن کے شر سے بچا' اس آیت کی برکت سے اللہ سے ہر چیز مانگی' بس بنا سوچے سمجھے مانگتی گئی' بس ایک بات یاد رہی کہ "بس اللہ صرف میرا ہے" اللہ کریم نے ایسے ایسے جلوے دکھانا شروع کیے کہ سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کی برکت سے رزق بڑھا' روزی بڑھی' خیالات بدلے' میں بہت شوخ و چنچل تھی ہروقت ہنسنے والی پھر اللہ کو اللہ سے مانگنا شروع کردیا بس اگر لکھنے بیٹھوں تو پتہ نہیں کیا کیا مانگا اور کتنا مانگا بس مانگتی گئی اور وہ دیتا گیا۔ اگر لکھنے بیٹھوں تو کتابیں بھر جائیں۔ لوگوں کیلئے مانگتی کہ یا اللہ فلاں کے پاس گھر نہیں تو انہیں گھر دے دے' فلاں کا ہاتھ تنگ ہے تو روزی دے دے' بس تو جس کو جو جو چاہیے تو دے دے۔ خواب دیکھتی ہوں کہ حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں' ہاتھ میں بہت سونا پکڑا ہوا ہے اور کہتے ہیں کہ آنکھیں کیوں بند کرتی ہے۔ اب اکثر امی کہتی ہیں کہ تیرے پیپرز ہیں تو نے پڑھنا نہیں' میں سوچتی ہوں کہ بس وقت اور عمر پڑھائی میں ضائع کردی' اب اللہ کریم کا کلام پڑھنا ہے' جس نے انگلش بنائی' ہر طرح کی زبان بنائی۔ گزشتہ دنوں کی بات ہے میں ذکر کرکے لیٹی تو محسوس ہوا کہ میں مدینہ منورہ میں لیٹی ہوئی ہوں اور سبز رنگ کا کپڑا میرے اوپر ہے' پھر مجھے کسی کا کوئی ڈر نہیں' پھر تو ایسی رہنمائی ملی' ایسی رحمت کی مجھ پر بارش ہوتی گئی۔ میں اللہ کریم کا کیسے شکر ادا کروں میں تو بے حد گنہگار ہوں' سمجھ بوجھ تو رکھتی نہیں ہوں' خبیث ہوں اور بس بہت بُری ہوں! بس اللہ نے گندگی سے نکال کر اپنی راہوں کیلئے چن لیا۔ یا اللہ تیرا شکر ہے۔

(بقیہ: مراقبہ سے فیض پانے والے)

خاتون مسکراتے ہوئے چہرے کے ساتھ میرے قریب آگئیں ہیں (وہ غالباً حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا ہیں) مجھے اشارے سے فرماتی ہیں کہ یہاں بیٹھ جاؤ تو میں بیٹھ جاتی ہوں لیکن وہاں پوری نہیں آتی کیونکہ میں خود کو اس حالت میں دیکھ رہی ہوں میں بڑی ہوں اور جگہ چھوٹی تو حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا مجھ سے فرماتی ہیں کہ ادھر آجاؤ جہاں اشارہ فرماتی ہیں۔ وہاں پر بڑی کرسی پڑی ہے تو میں وہاں پر جا بیٹھتی ہوں اور مجھ سے خیریت معلوم فرماتی ہیں تو میں حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے ہاتھ مبارک پکڑ لیتی ہوں اور دعا کیلئے عرض کرتی ہوں۔ حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا مسکراتے ہوئے آمین فرماتی جاتی ہیں اور نا معلوم کب میں نیندکی وادی میں کھوگئی۔ (ا۔ع۔ع)

غیبت کا کفارہ: حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ دعائے مغفرت کرے اس شخص کیلئے جس کی تو نے غیبت کی ہے تو یوں کہے کہ یااللہ تو میری اور اس کی مغفرت فرما۔

[redacted]

انوکھا دروازہ، کھٹکھٹاؤ جو مانگو ملے گا

خدا تعالیٰ کا کرنا وہ کیس یونیورسٹی والے جیت گئے اور بھائی اور ان کے ساتھی کیس ہار گئے لیکن ناامید نہیں ہوئے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات سے ناامید ہونا کفر ہے ان سب نے یہ فیصلہ کیا کہ ہم اپنا کیس اسلام آباد سپریم کورٹ میں چلائیں گے ادھر ہمارا وظیفہ زور و شور پر تھا

میں ایک گنہگار نہایت عاجزہ ہوں' پاک ہے وہ ذات اقدس جس نے نبی کریم ﷺ کو بھیج کر اپنی امت پر احسان عظیم کیا۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو وجود دیا تو اس کے تمام مسائل کا حل بھی فرمایا ہے' فرق صرف یہ ہے کہ عاجز انسان اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے یعنی اپنے مسائل کو حل کرنے کیلئے ایسا دروازہ کھٹکھٹایا جس سے بھکاری کبھی خالی ہاتھ نہیں جاتا۔ ایسا سخی جو دے کر نہیں تھکتا' ہمارا گندا وجود مانگ کر تو تھک سکتا ہے لیکن اللہ رب العزت کی عظیم الشان ذات دینے سے نہیں تھکتی آپ ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں اگر نمک مانگنا ہے تو وہ بھی اپنے رب سے مانگو اگر جوتے کا تسمیہ چاہئے تو وہ بھی اپنے پرودگار سے مانگو کیونکہ تمہارا رب مانگنے والوں سے خوش ہوتا ہے ناں مانگنے والوں سے ناراض ہوتا ہے۔

واقعہ کچھ اس طرح ہے کہ میرے بڑے بھائی نے ملازمت حاصل کرنے کیلئے ان تھک محنت کی اور کوششیں کیں لیکن ہمارے معاشرے میں جو سفارش والا بندہ ہوتا ہے وہ میرٹ پر پورا نہ بھی اترتا ہو اس کے باوجود افسر بن جاتا ہے اور بڑے سے بڑے عہدے پر بآسانی فائز ہوسکتا ہے' ایسے معاشرے میں جہاں ہر طرف سے نگاہیں تھک جاتی ہیں' ہر کوشش ناکام معلوم ہونے لگے تو یہ مسافر ایسی کشتی میں سوار ہوجاتا ہے جس کا کوئی گناہ معلوم نہیں ہوتا امید نہیں کہ سفر اپنی منزل تک لے جائے گا یا نہیں۔ یا منزل کے سہارے بھٹکتے ہی رہیں گے' اندھیروں میں چراغ تو نظر آتے ہیں لیکن غیروں کے اپنے چراغ کی آس باقی ہو ایسی صورتحال میں ہم اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگتے رہے' مناجات سناتے رہے اور امیدوں کے سہارے چلتے رہے کیونکہ کسی نے کہا ہے کہ زندگی امیدوں کے دم پر قائم ہے' اچانک میرے بھائی کے ذہن میں آیا کہ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرچکا ہوں' قسمت کو آزمانا چاہئے لہٰذا انہوں نے ایک یونیورسٹی میں بیرون ملک جانے کیلئے درخواست دی کام تو بہت بڑا تھا لیکن کام کا بڑا اور چھوٹا ہونا آپ کے اور میرے نزدیک ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کے ''کن'' کہنے کا فاصلہ ہے۔ اس کے بعد امید کی کچھ کرنیں طلوع ہوئی اور بھائی کو محسوس ہونے لگا کہ اللہ تعالیٰ ضرور اس طرح ہماری نصرت فرمائیں گے آخر کام پختہ ہوتا محسوس ہوا' 4 لڑکے اور ایک لڑکی باہر ملک جانے کیلئے منتخب ہوئے' اس منظر نے ہماری دعاؤں اور تسبیحات میں اور اضافہ کردیا جب بالکل محسوس ہونے لگا کہ کام بن گیا ہے تو اچانک پتا چلا کہ جن افراد کو باہر ملک بھیج رہے تھے ان کیلئے بجٹ کی کمی ہے پاکستان اتنی قیمت فراہم نہیں کرسکتا۔ اس کے بعد پھر وہی بے چارگی ساز ماحول لیکن ہماری امی (اللہ تعالیٰ ان کی زندگی اور نیک اعمال میں برکت دے' ہمیں ان کا مطیع بنائے) کا حکم ملا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بگڑے کام بھی بن جاتے ہیں (کیونکہ وہ حضرت شیخ الوظائف دامت برکاتہم العالیہ سے بیعت ہیں) انمول خزانہ نمبر 2 کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ سے مدد لینی چاہئے یعنی یالطیفا بخلقه یاعلیما بخلقه یاخبیرا بخلقه الطف بي یالطیف یا علیم یاخبیر' یہ عمل ہم نے شروع کیا اور ماشاء اللہ ایسا شروع کیا کہ عشاء کی نماز کے بعد اور فجر کی نماز کے بعد سب گھر والوں نے اس کے پڑھنے کا ماحول بنالیا۔ اس کے بعد بھائی نے اپنے دوسرے ساتھیوں کے مشورے سے ان کے ساتھ مل کر یونیورسٹی والوں کے خلاف کیس چلایا ادھر کیس چل رہا تھا' ادھر ہمارا وظیفہ چل رہا تھا۔ اللہ تعالیٰ کا کرنا ایسا ہوا کہ وہ کیس یونیورسٹی والے جیت گئے اور بھائی اور ان کے ساتھی کیس ہار گئے لیکن ناامید نہیں ہوئے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات سے ناامید ہونا کفر ہے ان سب نے یہ فیصلہ کیا کہ ہم اپنا کیس اسلام آباد سپریم کورٹ میں چلائیں گے ادھر ہمارا وظیفہ زور و شور پر تھا ہم نے اس میں مزید اضافہ کیا کہ جس وقت گھر کا جو بھی بندہ فارغ ہوتا تسبیح ہاتھ میں لے کر یہ وظیفہ پڑھتا رہتا' اس کے بعد اس کورٹ سے بھی ایسے نتائج محسوس ہورہے تھے کہ پچھلی کورٹ کی طرح ان جج صاحب سے بھی ہمارے کان وہی الفاظ سنیں گے' ہمارے وظیفے میں مزید اضافہ ہوا کیونکہ کہتے ہیں جتنا گڑ اتنا میٹھا۔ یعنی تسبیح اٹھانے کا ٹائم ہوتا یا نہ ہوتا ہاتھ کام کاج میں مشغول ہوتے لیکن زبانوں پر اللہ پاک کا مقدس نام جاری رہتا۔ پھر اللہ تعالیٰ کا کرنا ابھی اس کورٹ نے فیصلہ ہی نہیں سنایا اچانک یونیورسٹی والوں کی طرف سے فون آیا کہ آپ کا کام ہوگا کیونکہ بجٹ میں کچھ اضافہ ہوا ہے یہ بات ذہن نشین کی جائے کہ بجٹ میں اضافے کی وجہ وظیفہ میں اضافہ تھا۔ بگڑی بھی بن جاتی (باقی صفحہ نمبر 25 پر)

زبان درازی

مولانا وحیدالدین خاں

سترالط کا قول ہے' اگر تم اتنے زبان دراز ہو کہ تمہاری زبان درازی کے مقابلہ میں کوئی تم سے جیت نہ سکے تو تم کبھی غریبوں کے ساتھ ہمدردی نہیں کرسکتے۔ بظاہر یہ عجیب سی بات معلوم ہوتی ہے کہ زبان درازی اور غریبوں کے ساتھ ہمدردی سے کیا تعلق۔ لیکن گہرائی کے ساتھ دیکھئے تو ان میں بہت گہرا تعلق ہے۔ غریب کے ساتھ ہمدردی وہی شخص کرسکتا ہے جو حق کا اعتراف کرنا جانتا ہو' خواہ اس حق کا تعلق ایک غریب آدمی سے کیوں نہ ہو۔ ایک واقعہ سے اس کی بخوبی وضاحت ہوجائے گی۔ ایک زمیندار نے اپنا آم کا باغ کسی باغبان کے ہاتھ فروخت کیا۔ جب درختوں میں پھل لگے تو اندھی آئی۔ اس اندھی میں بہت سے پھل گر گئے۔ باغبان کو اندیشہ ہوا کہ وہ پھلوں کی فروخت سے پوری قیمت حاصل نہ کرسکے گا اور اس کو نقصان ہوگا۔ اس نے ٹوٹے ہوئے آم ایک ٹوکری میں رکھے اور ان کو لے کر زمیندار کے پاس گیا اور کہا کہ دیکھئے اندھی کی وجہ سے کافی پھل گر گئے ہیں اور ہم کو نقصان کا اندیشہ ہے اس لیے آپ باغ کی قیمت میں کچھ کمی کریں۔ زمیندار نے یہ سنا تو بگڑ کر کہا جب تم نے ہمارا باغ خریدا تھا اس وقت تم کو یہ معلوم نہ تھا کہ باغ کے گرد کوئی ایسی اونچی دیوار کھڑی ہوئی نہیں ہے جو آندھی اور باغ کے درمیان رکاوٹ بن سکے۔ غریب باغبان مایوس ہوکر چلا گیا۔ زمیندار کے ایک دوست اس وقت زمیندار کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور زمیندار اور باغبان کی پوری بات سن رہے تھے۔ جب باغبان چلا گیا تو انہوں نے زمیندار سے کہا تم بہت سنگدل معلوم ہوتے ہو' غریب آدمی پر رحم کرنا نہیں جانتے۔ زمیندار صاحب نے یہ سن کر کہا۔ آپ جیسے تعلیم یافتہ لوگ شاید یہ سمجھتے ہیں کہ ایک انسان دوسرے انسان کو رزق دیتا ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ رزق دینے والا خدا ہے وہ بہرحال ہر ایک کو اس کا رزق پہنچاتا ہے۔ طاقتور کے سامنے آدمی زیادہ بول نہیں پاتا۔ مگر جب کمزور سے معاملہ ہو تو وہ خوب زبان درازی دکھاتا ہے۔ اس کی یہ زبان درازی اس کو یہ موقع نہیں دیتی کہ وہ سنجیدگی کے ساتھ معاملہ کو سمجھے اور حق کو مان کر اس کے مطابق وہ کرے جو اسے کرنا چاہیے۔

(روزہ! قدرت کا قدیم' موثر' کم خرچ طریقہ علاج)

وغیرہ نہ پاکر جسم خود خوری کا عمل شروع کردے گا یعنی اپنی بافتوں کو جلا جلا کر ہضم کرنے لگے گا لیکن وہ یہ کام بے تحاشہ نہیں کرے گا۔ پہلے مرحلے میں جسم ان خلیوں اور بافتوں کو تحلیل کرے گا یا جلائے گا جو مرض زدہ کمزور پرانے یا مردہ ہوں گے فاقے کے دوران اہم بافتوں زندگی کیلئے ضروری اعضا غدودوں اعصابی نظام اور دماغ کو نہ نقصان پہنچتا ہے اور نہ وہ ہضم ہوتے ہیں فاقے کی افادیت کا یہی راز ہے کہ اس میں صحت، طاقت اور سر نو زندگی کا پیغام مضمر ہوتا ہے۔

پیٹ میں گیس ہے تو؟: جن کے پیٹ میں گیس ہے انہیں چاہیے کہ ہر کھانے کے بعد ایک ماشہ سفوف زیرہ سیاہ ہمراہ سادہ پانی استعمال کریں۔ بہت مفید ہے۔

روزہ! دنیا کا قدیم ترین مذہبی رواج! شفاء ہی شفاء

بھاری جسم والے لوگوں کیلئے روزہ دوسروں کی بہ نسبت آسان رہتا ہے انہیں وزن میں کمی سے کوئی پریشانی نہیں ہوتی بلکہ وہ دوران روزہ خوشی محسوس کرتے ہیں' پہلے روز بھوک برداشت کرنا بہت مشکل امر ہوتا ہے' تاہم جوں جوں فاقے کا دورانیہ بڑھتا جائے گا خوراک کی خواہش میں بتدریج کمی آتی جائے گی۔

قارئین! روزہ کے روحانی فضائل اپنی جگہ بے شمار مگر اس کے طبی فوائد بھی لاتعداد ہیں۔ یقیناً آپ کو بھرپور فائدہ ہوگا۔

فاقہ سے ہماری مراد کسی بیماری کے علاج کیلئے لمبے یا مختصر عرصہ تک ٹھوس خوراک سے مکمل پرہیز کرنا ہے فاقہ امراض کے علاج کے سلسلہ میں فطرت کا قدیم اور موثر ترین لیکن بے حد کم خرچ طریقہ علاج ہے۔ اسے فطری صحت یابی کے نظام کیلئے بنیادی ستون تسلیم کیا جاتا ہے غیر لیسدار غذا کے ذریعے علاج کے بانی ڈاکٹر آرنلڈ ایہرٹ نے فاقے کو فطرت کا تجویز کردہ واحد عالمگیر اور قوی ترین علاج قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ فاقہ یا روزہ قدرت کا گرانقدر اور بنیادی عطیہ ہے جو انسانوں کو بیماریوں سے نجات دینے کیلئے بنایا گیا ہے' یہ دنیا کا قدیم ترین مذہبی رواج بھی ہے جس کا تصور تقریباً ہر مذہب میں موجود ہے۔ اسلام' بدھ مت ہندو مت اپنے پیروکاروں کو باقاعدگی سے روزے رکھنے کی ترغیب دیتے ہیں اس روزے کے فقط آداب اور طریقوں میں فرق ہے بنیادی اصول تقریباً ایک ہی ہے۔ عہد متوسط کی تمام روحانی شخصیات روزے پر بڑا زور دیتی رہی ہیں' دو ہزار سال قبل یونان میں فلسفہ فطرت کے علمبردار ایکسلیڈز نے بھی بیماریوں کے مقابلے کیلئے طویل روزہ رکھنے کی تلقین کی تھی۔ طب کی پوری تاریخ میں روزے یا فاقے کو قابل اعتماد طریقہ علاج سمجھا جاتا رہا ہے' بقراط' گلیلیو' پیراکلیس اور علم الادویہ کے دیگر ماہرین' مریضوں کو دوا کے ساتھ فاقہ کرنے کی بھی ترغیب دیتے رہے ہیں۔ جدید دور کے متعدد طبی ماہرین بھی اپنے نظام علاج کے تحت بے شمار امراض کے سلسلے میں فاقے کی افادیت کو تسلیم کرتے ہیں۔

تمام امراض کا مشترک سبب' جسم میں ان فالتو اور زہریلے مادوں کا جمع ہوجانا ہے جو بسیار خوری کا نتیجہ ہوتے ہیں' غذا کا یہ ناروا بوجھ ہاضمے اور جذب کے اعضاء پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اس طرح پیدا ہونے والی کثافتیں اور زہریلے مادے نظام ہضم میں خلل کا باعث بن جاتے ہیں غذا کو جزو بدن بنانے اور فالتو مادوں کو خارج کرنے کا عمل سست پڑ جانے سے پورے نظام کی فعلیاتی سرگرمیاں درہم برہم ہوجاتی ہیں۔ کسی بیماری کا فاقے سے شفایابی کا آغاز حقیقت میں جسم کا محض ہے ہر بیماری کا صرف ایک انسداد ہوتا ہے یعنی اس کے لاحق ہونے کا جو سبب ہو اس کے برعکس عمل کیا جائے' جسم کو ایک وقت کی خوراک سے محروم کردیا جائے تو اس سے اعضائے اخراج یعنی آنتوں کو بلا روک ٹوک موقع مل جاتا ہے' اسی لئے فاقے کو صفائی کے عمل اور موثر فوری علاج کا ذریعہ بھی کہا جاتا ہے۔ فاقے کا دورانیے کا انحصار' مریض کی عمر' بیماری کی نوعیت اور پہلے استعمال کی ہوئی دواؤں کی مقدار اور قسم پر ہوتا ہے۔ فاقے کی طوالت اس لئے اہمیت رکھتی ہے کہ ماہر معالج کی پیشہ وارانہ رہنمائی کے بغیر طویل فاقہ خطرناک بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ اس لئے مریض شروع میں دو دو تین تین دن کے مختصر فاقے کرے اور پھر بعد میں بتدریج ایک ایک دن کا اضافہ کرتا چلا جائے۔ البتہ ان کا کل عرصہ ایک ہفتے سے فائدہ نہیں ہونا چاہئے۔ ایسا کرنے سے پرانی بیماری میں مبتلا شخص رفتہ رفتہ تمام فالتو مادوں کو جسم سے خارج کرسکے گا اور اس کے جسم کی طبعی کارکردگی کو بھی نقصان نہیں پہنچے گا۔

فاقے کی معیاد مکمل ہونے کے بعد صحیح بود و باش اختیار کرنے اور متوازن غذا کی عادت ڈالنے والے شخص کی تمام توانائیاں بحال ہوجاتی ہیں جبکہ صحت مند شخص کو ہر ماہ میں کم از کم تین دن وقفے وقفے اور ماہ رمضان میں روزے ضرور بالضرور رکھنے چاہیے۔ معدے اور آنتوں کی بیماریوں کی تمام اقسام' گردے اور جگر کی سنگین خرابیاں دور کرنے کیلئے روزہ بے حد فائدہ مند ہوتا ہے اس سے چنبل اور دیگر جلدی بیماریوں کے خاتمہ میں بھی معجزہ نما اثرات برآمد ہوتے ہیں' ان میں سے بعض بیماریاں تو مستقل طور پر دور ہوجاتی ہیں' اعصابی امراض کے خاتمہ میں بھی روزہ سے بڑی مدد ملتی ہے۔ تاہم ہر بیماری کیلئے فاقے والا طریقہ اختیار نہیں کیا جانا چاہئے۔ ذیابیطس' تپ دق کی انتہائی حالتوں اور شدید قسم کے ضعف الاعصاب میں مبتلا مریضوں کیلئے طویل روزہ نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ زیادہ تر کیسوں میں روزہ رکھنے والوں کو نقصان نہیں پہنچتا بشرطیکہ وہ مناسب آرام کرتے رہیں اور روزہ کسی ماہر معالج کے مشورہ سے شروع کریں۔ رمضان کے علاوہ فاقوں کا

طریقہ کار: فاقوں کا بہترین اور بے حد موثر طریقہ جوسز (پھلوں کے رس) کا استعمال ہے۔ فاقے کا قدیم ترین طریقہ اگرچہ خالص پانی کا استعمال تھا لیکن جدید دور کے ماہرین کا متفقہ خیال ہے کہ جوس کا استعمال پانی کے استعمال کی بہ نسبت بہتر ہے' علم الغذا کے عالمی شہرت یافتہ ماہر ڈاکٹر ریگنر برگ کا کہنا ہے کہ "فاقے کے دوران جسم اپنے اندر جمع شدہ تمام فالتو مادوں کو یا تو جلا دیتا یا اسے خارج کردیتا ہے۔ ہم پانی کے بجائے الکلی والے مشروبات استعمال کرکے صفائی کے اس عمل میں مدد دے سکتے ہیں۔ اس سے یورک ایسڈ اور دیگر غیر نامیاتی تیزابوں کے اخراج کا عمل بھی تیز تر ہوجاتا ہے۔ پھلوں کے رس میں موجود مختلف اقسام کی شکر دل کو تقویت بخشتی ہیں۔ تازہ سبزیوں اور پھلوں کے رس میں پائے جانے والے وٹامنز' معدنی اجزاء کیمیائی خمیر اور دیگر عناصر جسم کی کارکردگی کو نارمل بنانے میں بے حد مفید کردار ادا کرتے ہیں' یہ جسم کی بحالیاتی سرگرمیوں کو تیز کرتے ہیں اور نئے خلیے پیدا کرنے کے علاوہ بحالی صحت کے عمل کو بھی تقویت دیتے ہیں۔ افطاری میں تمام جوس تازہ پھلوں میں سے نکالے جائیں اور فوراً پی لئے جانے چاہئیں۔ ڈبہ بند اور یخ بستہ جوس نہیں پینے چاہئے' تازہ جوس میں خالص پانی ملا کر اس کا گاڑھا پن کم کرلینا چاہئے مجموعی طور سحری تک سات آٹھ گلاس ایسا جوس ضرور پینا چاہئے۔ ایسے فاقے جن میں مریض صرف فروٹ جوس مثلاً تازہ انگور' سنگترہ' مالٹا' کینو یا چکوترے کا رس استعمال کررہا ہو' زہریلے فاضل مادے تیزی سے خون کی گردش میں شامل ہوکر زہر کا دباؤ بڑھاتے رہتے ہیں اس سے جسم کا نارمل فنکشن لازمی طور پر متاثر ہوتا ہے اس کے نتیجے میں مریض کا سر چکرانے لگتا ہے اسہال لگ جاتے ہیں اور متلی بھی آنے لگتی ہے' اگر یہ کیفیت زیادہ دیر تک برقرار رہے تو فاقہ فوراً ترک کردینا چاہئے۔ بھاری جسم والے لوگوں کیلئے روزہ دوسروں کی بہ نسبت آسان رہتا ہے' انہیں وزن میں کمی سے کوئی پریشانی نہیں ہوتی بلکہ وہ دوران روزہ خوشی محسوس کرتے ہیں' پہلا روز بھوک برداشت کرنا بہت مشکل امر ہوتا ہے' تاہم جوں جوں فاقے کا دورانیہ بڑھتا جائے گا خوراک کی خواہش میں بتدریج کمی آتی جائے گی۔ جو لوگ زیادہ بیمار ہوں یعنی جن لوگوں کی بیماری میں شدت ہو ان میں کھانے پینے کی خواہش ویسے بھی نہیں ہوتی۔ لہٰذا وہ فاقے (رمضان کے علاوہ) کو معمولی بات سمجھتے ہیں ان کیلئے سادہ ترین اصول یہ ہے کہ وہ کھانا اس وقت تک بند رکھیں جب تک بھوک واپس نہیں آجاتی یا روزہ اس وقت رکھیں جب خود کو بالکل صحت مند نہ پائیں۔

فاقہ کے فوائد: فاقہ کے متعدد فوائد ہیں طویل فاقے کے دوران جسم اپنے اندر موجود محفوظ غذائی مواد سے تقویت (غذائیت) پاتا رہتا ہے' مطلوبہ غذاؤں (مقویات) سے محرومی بالخصوص پروٹین اور چربی (باقی صفحہ نمبر 16 پر)

[redacted]

آمدِ رمضان! مصروفیت سے پہلے گوری رنگت کا راز لے لیں

شہد میں روغن صندل اچھی طرح ملا کر رکھ لیں اور دھوپ میں جانے سے پہلے جلد پر یہ آمیزہ لگالیں اس آمیزے کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کی حفاظتی تہہ نظر نہیں آتی۔ رنگ صاف کرنے کیلئے یہ طریقہ بہت مفید ثابت ہوسکتا ہے

رنگ کو خوبصورتی جانچنے میں اہم مقام حاصل ہے لڑکیاں لڑکے اور مرد وخواتین کی ایک بڑی تعداد رنگ گورا کرنے والے مختلف قسم کے لوشن، کریمیں اور صابن وغیرہ طویل عمر تک اپنی جلد پر لگاتے رہتے ہیں جو اکثر و بیشتر بے کار ہی ثابت ہوتے ہیں اور اگر فائدہ ہو تو بھی چند گھنٹوں بعد رنگت پھر واپس آجاتی ہے۔ لہٰذا سیاہ رنگ کے تدارک سے پہلے ہم اس مسئلہ حسن کی وجہ معلوم کرتے ہیں کہ رنگت سیاہ کیوں ہوتی ہے؟ تاکہ اسی کے مطابق اس مسئلہ کو حل کیا جائے۔ **کالی جلد:** طویل میڈیکل ریسرچ سے یہ بات واضح ہوئی کہ جلد کی گہرائی میں واقع خلیات ''میلانن'' نامی ایک مادہ تیار کرتے ہیں میلانن دراصل قدرت کی طرف سے ایک حفاظتی تدبیر سے یہ مادہ جلد کو سورج کی پرتپش شعاعوں سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ جب بھی سورج کی پرتپش اور تیز شعاعیں جلد پر پڑتی ہیں تو میلانن کی تیاری میں اضافہ ہوجاتا ہے اور یہ تیار ہونے کے بعد جلد کی گہرائی سے نکل کر اوپری سطح پر آجاتا ہے کیونکہ میلانن مادے کی رنگ سیاہ ہوتی ہے لہٰذا جلد کی رنگت بھی سیاہ پڑ جاتی ہے جبکہ گوری جلد میں میلانن کی نیچے سے اوپر منتقلی رک جاتی ہے چنانچہ جلد سیاہ نہیں ہوتی۔ بعض حساس قسم کی جلدوں میں یہ عمل بہت تیزی سے ہوتا ہے چنانچہ اگر ایسے افراد شدید دھوپ میں مستقل رہیں تو ان کی جلد بھی تیزی سے کالی پڑنے لگتی ہے کچھ افراد کی جلدوں میں میلانن نیچے سے اوپر سطح تک آنے میں بتدریج تباہ ہوجاتا ہے اس طرح یہ نقصان ہوتا ہے کہ جلد پر سورج کی شعاعوں کے مضر اثرات رونما ہونے لگتے ہیں اور مختلف جلدی امراض کا خطرہ بڑھ جاتا ہے بعض اوقات جلد کے اندر میلانن کی تیاری اور اس کی اوپر سطح پر منتقلی کی راہ میں پیتھالوجیکل مسائل بھی حائل ہوجاتے ہیں جس کی وجہ سے جلد پر سیاہ دھبے پڑ جاتے ہیں کیونکہ سورج کی روشنی میں میلانن زیادہ تیار ہو رہا ہوتا ہے لیکن جب جلد کی بیرونی سطح پر جانے میں اسے رکاوٹ ہوتی ہے تو یہ جلد پر دھبوں کی صورت میں نمودار ہوتا ہے اور اگر اس کے باوجود احتیاط نہ کی جائے اور شدید دھوپ میں رہا جائے تو یہ دھبے اور بھی گہرے اور پکے ہوجاتے ہیں۔ مذکورہ سطور میں سیاہ رنگ کی وجہ میں میلانن کا کردار سامنے آتا ہے جو جلد کی حفاظت کیلئے ضروری تو ہے مگر اس کی زیادتی سیاہ رنگ کا سبب بن جاتی ہے۔ سیاہ رنگ کے تدارک میں سب سے زیادہ اہمیت اس بات کو حاصل ہے کہ مختلف طریقوں سے میلانن کی تیاری میں کمی کردی جائے۔ یہ بات مشاہدے میں آتی ہے کہ بعض افراد کی جلد پیدائشی طور پر سانولی یا سیاہ ہوتی ہے جبکہ کچھ افراد کی جلد وقت کے ساتھ ساتھ سیاہی مائل ہوتی جاتی ہے اور بعض افراد ایسے بھی ہوتے ہیں کہ ان کی جلد پیدائشی طور پر صاف رنگ کی حامل ہوتی ہے اور وقت و دھوپ وغیرہ کا بھی جلد پر کوئی خاطر خواہ اثر نہیں ہوتا ایسے افراد میں جلد کے خلیات میلانن کی تیاری بہت کم کرتے ہیں لیکن ایسے افراد کی جلد سورج کی شعاعوں سے زیادہ متاثر ہوتی ہے اور ان کو جلدی امراض کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ بہرحال سیاہ رنگ چاہے پیدائشی ہو یا وقت کی وجہ سے دونوں میں یکساں احتیاطیں اور علاج کے طریقے استعمال کئے جاتے ہیں۔ اس میں سب سے اہم تو یہ ہے کہ سورج کی پرتپش شعاعوں سے ممکن حد تک خود کو محفوظ رکھیں اور اگر سورج کی روشنی میں نکلنا ضروری ہو تو سورج کی کرنوں کو روکنے والی حفاظتی اشیاء ''سن اسکرین'' لگا کر باہر جائیں۔ سن اسکرین کی دواؤں کا انتخاب کرتے وقت ان باتوں کا ضرور خیال رکھیں کہ وہ سورج کی شعاعوں کو مؤثر طور پر روک سکیں اور یہ کہ ایسی دوائیں جلد میں پانی کی کمی پیدا نہ کریں۔ کیمیکل سے تیار شدہ دوائیں عموماً جلد میں خراش بھی پیدا کردیتی ہیں جبکہ قدرتی اشیاء سے تیار ہونے والی دوائیں اس قسم کے مسائل سے محفوظ ہوتی ہیں۔ قدرتی دواؤں میں صندل اور شہد کا آمیزہ سرفہرست ہے۔ شہد میں روغن صندل اچھی طرح ملا کر رکھ لیں اور دھوپ میں جانے سے پہلے جلد پر یہ آمیزہ لگالیں اس آمیزے کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کی حفاظتی تہہ نظر نہیں آتی۔ رنگ صاف کرنے کیلئے یہ طریقہ بہت مفید ثابت ہوسکتا ہے دودھ گرم کرنے کے بعد چہرے پر ہلکی بھاپ لیں کہ چہرہ نم ہوجائے اس کے بعد کچے آلوؤں کی کٹی ہوئی قاشیں چہرے پر لگائیں اور اچھی طرح مساج کریں تاکہ آلوؤں کا عرق جلد میں جذب ہوجائے اس کے بعد ہلدی اور آٹے کا آمیزہ چہرے پر لگا کر تھوڑی دیر بعد چہرہ دھولیں۔ ☆ پانچ عدد بادام شیریں چھلے ہوئے اور عرق گلاب۔ باداموں کو عرق گلاب میں خوب باریک گھوٹ کر مناسب مقدار میں پانی شامل کرکے پئیں اور دن رات میں کسی بھی وقت چہرے پر ملیں۔ ☆ مسور اور کالے چنوں کو پسوا کر سفوف بنالیں اور اس سفوف کو جلد پر لگا کر کچھ دیر بعد دھولیں۔ ☆ رائی اور انجیر پیس کر جلد پر لگانا بھی مفید ثابت ہوا ہے۔ ☆ جَو، چنے اور باقلا کا آٹا، نشاستہ، کتیرا، تخم مولی اور ہلدی برابر وزن علیحدہ علیحدہ پیس کر سب کو ملا کر رکھ لیں۔ رات کو دودھ میں گھول کر چہرے اور ہاتھ پیروں پر خوب اچھی طرح ملیں اور صبح بلکے نیم پانی سے چہرہ دھولیں۔

جلد کی رنگت صاف کرنے کیلئے درج ذیل ہدایات اہم ہیں

☆ سورج کی تیز شعاعوں سے ممکن حد تک خود کو محفوظ رکھیں۔ ☆ روزانہ غسل کی عادت اپنائیں غسل کے دوران کسی موٹے کپڑے سے جلد کو خوب اچھی طرح ملیں تاکہ مردہ خلیات دور ہوجائیں۔ غسل کے بعد ایک چمچ شہد کھا کر ٹھنڈے پانی کا ایک گلاس پئیں اس کے بعد کسی سوتی کپڑے میں برف کا ٹکڑا رکھ کر چہرے پر بہت آہستگی سے مساج کریں۔ ☆ رات کو سونے سے پہلے شہد، دہی یا گھیکوار کا گودا چہرے اور ہاتھ پیروں کی جلد پر لگائیں اور صبح دھولیں۔ ☆ خوراک میں وٹامن سی سے مزین غذائیں زیادہ استعمال کریں۔ ☆ روزانہ دس سے بارہ گلاس پانی ضرور پیجئے۔ پانی پیتے وقت یہ ضرور خیال رکھیں کہ اس کے فوراً بعد غذا نہ لی جائے اور غذا کے فوراً بعد بھی پانی استعمال نہ کریں۔ ☆ اپنے جسم کو یہ مشورہ دیتے رہیں کہ اب اسے دھوپ سے کوئی خطرہ نہیں ہے لہٰذا وہ میلانن کی تیاری کم کردے۔

کان چالیس سال سے دوبارہ خراب نہیں ہوئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً ڈیڑھ سال سے عبقری پڑھ رہی ہوں۔ ہر مہینے اس کا بڑی بے تابی سے انتظار رہتا ہے۔ اس میں چھپنے والا ہر قسم کا مواد بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اس میں دنیا و آخرت کی بھلائی کیلئے اتنا کچھ ملتا ہے کہ دل سے عبقری ٹیم کیلئے دعائیں نکلتی ہیں۔ یہ اللہ کی رحمت اور آپ کی زبردست کاوش کا نتیجہ ہے۔ میں آج قارئین عبقری کیلئے ''بہتے ہوئے کان کا نسخہ'' ایک نسخہ بھیج رہی ہوں۔ میرا بھانجا چھوٹا سا تھا جب اس کے کان بہتے تھے، ہر قسم کے علاج کروا کر تھک چکے تھے مگر اس پر کسی دوائی کا اثر نہ ہوتا تھا۔ پھر کسی نے ہمیں درج ذیل نسخہ بتایا، ہم نے بنا کر استعمال کروایا تو چند ہی دنوں میں اسے آرام آگیا۔ اب اس کی عمر 40 سال سے اوپر ہے مگر آج تک دوبارہ اس کے کان میں کبھی تکلیف نہیں ہوئی۔ اگر کسی کے کان میں پھنسی وغیرہ ہے یا میل جمی ہے پانی پڑ گیا تو اس نسخے کو استعمال کریں، بہت جلد آرام آجاتا ہے۔ نسخہ درج ہے: **ھوالشافی:** نیم کے پتے 12 گرام، مصری 6 گرام اور افیون چنے کے برابر تینوں چیزیں 20 گرام سرسوں کے تیل میں جلالیں۔ بعدازاں تیل چھان کر بہتے ہوئے کان میں ڈال دیں۔ (ع۔ ڈ، شاہدرہ)

شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟ (قسط نمبر 3)

شیخ الوظائف کے ایک جملے نے زندگی میں سکون بھر دیا

[illegible]

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں گزشتہ ایک سال سے آپ کے زیر علاج ہوں۔ اللہ کے احسانات اور کرم کی انتہا ہے' بس وہ ہماری لغزشیں' ناشکریاں معاف کرے اور ہم سے راضی ہوجائے۔ اللہ آپ کی صحت' عمر میں برکت ڈالے کہ آپ تو مخلوق خدا کی خدمت کررہے ہیں اس کا اجر آپ کو اللہ رب العزت کی ذات ہی دے سکتی ہے۔ ایک سال پہلے جب میری آپ سے اپوائنٹمنٹ تھی تو میں نے مسائل کے انبار آپ کے ساتھ ڈسکس کیے تھے تو آپ نے کچھ اعمال 90 دن کیلئے دیئے۔ ناپاکی کے دنوں کو چھوڑ کر پڑھتی رہی' جب دوبارہ فون پر ملاقات کا وقت لے کر گئی اور بتایا کہ میں یہ عمل ناپاکی کے دنوں میں چھوڑ دیتی تھی تو آپ نے فرمایا کہ ان خاص دنوں میں بھی پڑھو اور مزید پڑھو' 90 دن پڑھو' اللہ کرم کرے گا' ساتھ ہی ایک سرزنش کی ''کچھ صبر و برداشت سے بھی کام لیا کریں'' جیسے ایک باپ بیٹی کے سر پر ہلکی سی چپت لگا کر سمجھاتا ہے' مجھے تو وہی انداز لگا۔ بہرحال شرم سے پانی پانی ہوگئی کہ واقعی میں بے صبری اور جلد باز تو ہوں فوری رزلٹ کی خواہش نے اکثر پریشان کیا ہے۔ بہرحال اس فقرے نے میرے مسائل کے حل ادا کرنے میں بہت کردار ادا کیا ہے۔ گھر میں جب بھی میاں سے بحث و تکرار یا پھر کوئی مسئلہ پیدا ہونے لگا تو یہی فقرہ یاد آیا اور میں درگزر کرگئی تو یقین کریں کہ ٹھنڈ اور سکون کا احساس ہوا اور مسئلہ بھی پیدا نہیں ہوا۔ وظائف کی بات بتاؤں تو جب آپ نے دوبارہ مزید پڑھنے کا فرمایا تو ساتھ کلمہ پڑھنے کی اجازت بھی مل گئی جو کہ رمضان سے دوسرے رمضان کریم تک دس لاکھ مکمل کرنا ہے تو میں نے پورے دل و جان کے ساتھ پڑھنا شروع کردیا۔ اب حالات میں بہتری ہے اور مزید بہتری آرہی ہے' پہلے میں بہت پریشان ہوتی تھی کہ وظیفہ پڑھے جارہی ہوں مگر حالات بہتر نہیں ہورہے مگر کیا کروں؟ انسان جلد باز ہے اور بے صبرا ہے' ہم اسٹرائیڈز والے اثرات کے عادی ہوگئے ہیں۔ مگر اب میں مطمئن ہوں میں جس مقصد کیلئے آپ کے پاس آئی تھی وہ اب حل ہورہا ہے۔ اللہ کریم کا ہمیں معاف فرمائے' اور ہم سے راضی ہوجائے۔ اس کا شکر ہے کہ وہ فوری پکڑ نہیں کرتا اور مہلت پر مہلت دیئے جارہا ہے۔ حالات دن بدن بہتر سے بہتر ہوتے جارہے ہیں۔ اللہ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آپ کے رسالہ ''عبقری'' کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے' ہر وظیفہ کرنے کو دل کرتا ہے' خصوصاً جو وظائف علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں آتے ہیں۔ ایمان سے سب کیلئے ہی دل چاہتا ہے کہ اپنا لیے جائیں۔ (ن،ع)

ہمارے مسائل اور شیخ الوظائف کے وظائف

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری آپ سے صرف ایک ملاقات بمشکل ٹائم ملنے کی وجہ سے ہوئی تھی' اس کے بعد اب تک کوششوں میں مصروف ہوں' انشاء اللہ امید ہے مجھے بھی دوبارہ ملاقات کیلئے وقت مل جائے گا۔ اس ملاقات کے بعد جب تک لاہور میں رہا آپ کے ہر جمعرات ہونے والے درس روحانیت و امن میں بعد نماز مغرب تسبیح خانہ میں ضرور آتا تھا۔ اب چونکہ میری پوسٹنگ کراچی ہوگئی ہے تو میں میموری کارڈ میں ہر وقت آپ کے درس سنتا رہتا ہوں۔ ہمارے گھر بہت سے مسائل تھے' ہم بہن بھائیوں کی شادی نہیں ہورہی تھی اور ہمارے چھوٹے بھائی بھی اچانک انتقال کرگئے' ہم بہت پریشان تھے' پھر مجھے کسی نے آپ کا بتایا اور اللہ کا شکر کے ٹیلیفون پر آپ سے ملاقات کا وقت بھی مل گیا' آپ نے مجھے بتایا کہ آپ پر 25 سال پرانا جادو ہے اور کچھ عمل بتائے۔ ہم نے وہ عمل توجہ دھیان اور یقین کے ساتھ کیے ہم حیران رہ گئے کہ ہمارے ستر فیصد مسائل حل ہوگئے۔ پھر کافی عرصہ بعد آپ کو (جوابی لفافہ کے ساتھ) خط لکھا تو آپ نے یہی وظائف جاری رکھنے کا حکم دیا' الحمدللہ وظائف جاری ہیں' اس کریم کا کرم ہے کہ ہم سب بہن بھائیوں کی اب شادیاں ہوچکی ہیں۔ میرے بڑے بھائیوں کی اللہ کے کرم سے اولاد بھی ہوگئی ہے۔ (ڈاکٹر شکیل احمد' کراچی)

شیخ الوظائف کے علاج سے بندشیں ٹوٹ گئیں

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے' میری آپ سے ملاقات 9 دسمبر 2014 کو ہوئی تھی اور جب سے آپ کا دیا ہوا وظیفہ پڑھ رہی ہوں۔ اب تک آپ کا دیا ہوا وظیفہ 22 لاکھ مرتبہ پڑھ چکی ہوں۔ حضرت! جب شروع شروع میں وظیفہ شروع کیا تھا تو بہت سی پریشانیاں مشکلات بڑھنا شروع ہوگئیں مگر میں نے وظیفہ پڑھنا نہ چھوڑا۔ میرا مسئلہ یہ تھا کہ میری عمر بڑھتی جارہی تھی مگر رشتہ کہیں نہ ہورہا تھا' لوگ آتے دیکھ کر چلے جاتے مگر ہاں یا ناں میں جواب نہ دیتے۔ جب پتہ کروایا تو ہر کسی نے بندش کا بتایا مگر کوئی توڑ نہ کرسکا۔ مگر آپ کا دیا ہوا وظیفہ پڑھنے سے اللہ کا مجھ پر کرم ہوا اور میرا رشتہ بہت ہی اچھی جگہ ہوگیا ہے' اس کے علاوہ زندگی میں ایک بے چینی بے سکونی تھی وہ ختم ہوگئی ہے۔ انشاء اللہ دو ماہ بعد میری شادی ہے۔ دعاؤں میں یاد رکھیے گا اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ آمین!۔ (ث،م)

دس سال جہنم میں گزارے مگر اب سکون ہے

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری دعا ہے کہ اللہ آپ کو سدا سلامت رکھے اور تمام عمر غریب اور بے سکون لوگوں کی مدد کریں' خدائے پاک آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! محترم شیخ الوظائف آپ کے دیئے وظائف کی وجہ سے ہم دونوں بہنیں آج خوشحال زندگی گزار رہی ہیں۔ دس سال جہنم میں گزارنے کے بعد آج زندگی جنت کی مانند ہے' آپ کا بتایا ہوا' عمل ہم دونوں بہنیں لاتعداد اور کھلا پڑھ رہی ہیں۔ (ص،ح' راولپنڈی)

شیخ الوظائف نے شوہر سے جدائی ختم کروادی

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! امید ہے کہ آپ خیر و عافیت سے ہوں گے' عرض ہے کہ میں ماہنامہ عبقری کی 2012ء سے قاریہ ہوں' نہ صرف میں بلکہ میری تمام فیملی آپ کے رسالے کو شوق سے پڑھتی ہے اور استفادہ حاصل کرتی ہے۔ میری شادی کا معاملہ جو کہ بہت ہی پیچیدہ تھا' اللہ کے فضل و کرم سے آپ کے دیئے ہوئے وظائف کی بدولت حل ہوا۔ شادی کے بعد میرے شوہر کی لاہور سے کراچی منتقل ہونے اور جاب کراچی میں کرنے کا مسئلہ یعنی ہمارے درمیان جدائی کو قربت میں بدلنے کا مسئلہ بھی اللہ کے فضل و کرم سے حل ہوگیا ہے۔ اس سلسلے میں بھی آپ کے بتائے ہوئے وظائف پر عمل کیا تھا۔ (ع،عدیل' کراچی)

(بقیہ: روحانی محفل سے فیض پانے والے)

روحانی محفل شروع کی ہے دل خود بخود نیک کام کرنے کو کرتا ہے اور برائی سے دور بھاگتا ہے۔ جہاں دین کی بات ہورہی ہوتی ہے وہاں بیٹھتے ہی دل کو چین سکون مل جاتا ہے۔ گانے باجے فلم ڈراموں سے خود کو بچاتا ہوں جہاں لگا ہوتا ہے وہاں کانوں میں انگلیاں خود بخود گھس جاتی ہیں۔ جب بھی کوئی مسئلہ یا پریشانی ہوتی ہے اس کی روحانی محفل اسی نیت کے ساتھ کرتا ہوں تو اللہ تعالیٰ چند بار کرنے سے ہی میری مدد فرماتے ہیں اور وہ مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ بے شک عبقری نے میری زندگی میں سکون بھر دیا ہے۔ (آ-ہزارہ)

آئیے! رمضان کی بہاریں مل کر لوٹیں

(ڈاکٹر احمد قریشی، پشاور)

حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص تم میں سے روزہ افطار کرنا چاہے اس کو چاہیے کہ وہ کھجور سے افطار کرے اس لئے کہ کھجور برکت کا سبب ہے اگر کھجور نہ ملے تو پانی سے افطار کرے اس لئے کہ پانی پاک کرنے والا ہے۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ شعبان کے آخری دن رسول اللہ ﷺ نے ہمارے سامنے خطبہ دیا اور فرمایا کہ اے لوگو! ایک بڑے مہینے نے تم پر سایہ ڈالا ہے جو بڑا بابرکت مہینہ ہے' یہ ایسا مہینہ ہے کہ اس میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے' خداوند تعالیٰ نے اس مہینے کے روزے فرض قرار دیئے ہیں اور اس رات کی عبادت نفل قرار دی ہے جو شخص اس مہینے میں کسی نیکی سے خدا کی قربت تلاش کرے یعنی خدا تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کیلئے نفل عبادت کرے' اس کا ثواب اتنا ہی ہوتا ہے جتنا فرض کا' رمضان کے مہینے کے سوا دوسرے مہینوں میں اور جو شخص ادا کرے اس مہینہ میں فرض کو اس کا ثواب اتنا ہے جتنا رمضان کے سوا دوسرے مہینوں میں ستر فرض ادا کرنے کا ثواب اور یہ مہینہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا ثواب جنت ہے اور یہ مہینہ غم خواری کا ہے اور یہ مہینہ ایک ایسا مہینہ ہے جس میں مومن کا رزق زیادہ کیا جاتا ہے' جو شخص اس مہینہ میں کسی روزہ دار کا روزہ افطار کرائے وہ اس کیلئے گناہوں کی بخشش کا سبب ہوتا ہے اور دوزخ کی آگ سے نجات کا ذریعہ اور روزہ دار کے ثواب کے برابر اور اس سے روزہ دار کے ثواب میں بھی کوئی کمی نہیں ہوتی۔ ہم نے پوچھا یارسول اللہ ﷺ! ہم سب کے پاس اتنا سامان نہیں ہے کہ اس سے ہم روزہ داروں کے روزے افطار کرائیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: عطا فرماتا ہے خداوند تعالیٰ یہ ثواب اس شخص کو بھی جو اس کے ایک گھونٹ یا ایک کھجور یا پانی کے ایک گھونٹ سے کسی کا روزہ افطار کرائے اور جو شخص روزہ دار کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائے سیراب کرے گا اس کو اللہ تعالیٰ میرے حوض سے ایسا کہ پھر کبھی اس کو پیاس نہ لگے گی یہاں تک کہ وہ جنت میں جائے اور یہ مہینہ ایسا مہینہ ہے کہ اس کی ابتداء رحمت ہے اور درمیان میں مغفرت اور آخر میں دوزخ سے نجات اور جس شخص نے اس مہینہ میں ایک غلام (روزہ دار) سے کم کام لیا اور اس کے کام میں تخفیف کر دی۔ بخش دیا' اللہ اس کو دوزخ سے نجات دیتا ہے۔ (بیہقی)۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رمضان اور قرآن بندہ کی سفارش کریں گے۔ چنانچہ روزہ یہ کہے گا اے پروردگار! میں نے اس کو کھانے اور خواہشات سے دن میں روکے رکھا' پس اس کیلئے میری سفارش کو قبول فرما اور قرآن یہ کہے گا کہ میں نے اس کو رات نیند سے باز رکھا یعنی سونے نہیں دیا پس اس کے حق میں تو میری سفارش قبول کر' پس ان کی سفارش قبول کی جائیں گی۔ (بیہقی) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ بہشت آراستہ کی جاتی ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب رمضان کا پہلا دن ہوتا ہے تو عرش الٰہی کے نیچے جنت کے درختوں کے پتوں سے ہوا چلتی ہے حوروں پر' پس کہتی ہیں وہ حوریں اے پروردگار اپنے بندوں کو ہمارا شوہر بنا دے کہ اس کی صحبت کی لذت سے ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ان کی آنکھیں ہماری مجامعت کی لذت سے ٹھنڈی ہوں۔ (بیہقی) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ روزہ رکھو چاند دیکھ کر اور افطار کرو یعنی روزہ کو ختم کرو چاند دیکھ کر اور اگر ابر ہو تو شعبان کے پورے تیس دن کر لو اور اسی طرح رمضان کے۔ (بخاری و مسلم) حضرت عمارہ بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس شخص نے مشکوک دن کا روزہ رکھا' اس نے ابوالقاسم ﷺ کی نافرمانی کی۔ (ابوداؤد' ترمذی' نسائی ابن ماجہ دارمی) حضرت سہل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لوگ ہمیشہ بھلائی میں رہیں گے جب تک افطار میں جلدی کریں گے یعنی آفتاب غروب ہونے کے بعد فوراً ہی افطار کریں گے۔ (بخاری و مسلم) حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص فجر سے پہلے روزہ کی نیت نہ کرے اس کا روزہ نہیں ہے۔ (ترمذی' ابوداؤد ونسائی دارمی) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خداوند تعالیٰ نے کہا ہے کہ میرے بندوں میں سب سے پیارا بندہ وہ ہے جو روزہ افطار کرنے میں جلدی کرے۔ (ترمذی) حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص تم میں سے روزہ افطار کرنا چاہے اس کو چاہیے کہ وہ کھجور سے افطار کرے اس لئے کہ کھجور برکت کا سبب ہے اگر کھجور نہ ملے تو پانی سے افطار کرے اس لئے کہ پانی پاک کرنے والا ہے۔ (ترمذی ابوداؤد' احمد' ابن ماجہ دارمی) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مومن کا بہترین سحر کا کھانا کھجور ہے۔ (ابوداؤد)

وہ نہ آتے تو میں بھی رام رام کی مالا جپتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک مرتبہ درس میں آپ نے ربنا ما خلقت ھذا باطلا۔ کے بارے میں فرمایا تھا۔ یہ آیت سورۂ آل عمران میں ہے تو میں بھی آپ سے کچھ چیزیں شیئر کرنا چاہتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے کسی چیز کو حکمت سے خالی نہیں پیدا فرمایا۔ 1۔ گدھ ایک پرندہ ہے' اس کے سر اور گردن پر بال اس لیے نہیں ہوتے کیونکہ انہیں اللہ پاک نے مرے ہوئے جانوروں اور کچرے کو ختم کرنے کیلئے پیدا کیا ہے کہ جب وہ مردار کھا رہے ہوں تو ان کے سر اور پر گندے نہ ہوں۔ 2۔ جب زمین کے نیچے سے لاوا گزرتا ہے تو وہ بہت زیادہ زہریلا ہوتا ہے تو اس زہر کو ختم کرنے کیلئے اللہ پاک نے سانپ بنائے کہ وہ اس زہر کو چوس لیں اور زمین کی کھیتی زہر کی وجہ سے زہریلی نہ ہو جائے۔ سبحان اللہ!۔ 3۔ مادہ مورنی اس لیے براؤن رنگ کی ہوتی ہے کیونکہ وہ انڈوں پر بیٹھے تو وہ کسی کو نظر نہ آئے۔

محترم حضرت حکیم صاحب! آپ نے فیس بک پر کلمہ کے بارے میں بتایا تھا' ایک مرتبہ پڑھنے سے چار ہزار نور ملتے ہیں بچوں کو یہ سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ نور کیا ہوتا ہے تو میں نے ان کو آپ کی وہ بات کہ جیسے موبائل کے سگنل اور بجلی کی تار میں بجلی ہوتی ہے لیکن نظر نہیں آتی اسی طرح نور ہوتا ہے مگر ہمیں نظر نہیں آتا تو ان کو فوراً سمجھ آ گئی۔ اللہ آپ کا بھلا کرے اتنی مشکل باتوں کو آسانی سے مثالوں کے ساتھ ہمیں سمجھا دیتے ہیں۔ میرے بچے اکثر سوال کرتے ہیں کہ مما یہ روحانیت کیا ہوتی ہے' روحیں کیسے آتی ہیں؟ میں اکثر ان سے ایک بات کہتی ہوں کہ اگر اولیاء اکرام نہ ہوتے تو ہم آپ اور میں بھی یہاں رام رام کی مالا جپ رہے ہوتے' میں نے کہا کہ روحانیت ایسے ہے کہ جیسے ہم اپنے بچوں سے محبت کرتے ہیں لیکن وہ نظر نہیں آتی۔ بتانا آپ کو یہ تھا کہ ایک تصویر ہوتی ہے سٹیر وگرامز اگر انٹرنیٹ پر لکھ کر گوگل پر سرچ کریں تو آ جاتی ہے' خالی تصویر ہوتی ہے اور ایک خاص زاویے سے دیکھو تو اس میں ایک اور تصویر ابھر آتی ہے اب یہ میرے گھر میں صرف مجھے اور میری خالہ کی بیٹی کو نظر آئی باقی لوگوں نے کہا کہ کچھ بھی نظر نہیں آ رہا اس کو دیکھنے کیلئے بہت محنت کرنا پڑتی ہے اسی طرح روحانیت (تصوف) بھی ہے اگر محنت کرو اور اللہ تعالیٰ سے تعلق بناؤ' جب ہی دل کی دنیا کھلتی ہے' آپ صحیح کہتے ہیں صرف عالم بننے سے کچھ نہیں ہوتا۔ عمل بھی ضروری ہے دھیان لگاؤ۔

دل کو روشن کیجئے: دل کو روشن کرنے کیلئے نفی اثبات کے ذکر کے بعد یانُوْرُ یانُوْرُ کا ورد بہت مفید ہے۔ اس سے دل منور ہو جاتا ہے اور پڑھنے والے کو خود محسوس ہوتا کہ اس کا دل پاکیزہ ہو گیا ہے۔

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ 2۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ 3۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ 4۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ 5۔ تمام گھر والے پڑھیں ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ 6۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ 7۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ 8۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

سلمٰی پروین' نارتھ کراچی۔ محمد کلیم' کراچی۔ محمد قریش' میرپور آزاد کشمیر۔ چاند محمد' کراچی۔ محمد اسحاق شاکر' شورکوٹ کینٹ۔ حاجی محمد اقبال خان نیازی' میانوالی۔ غلام محمد ناسق' پشاور۔ عالیہ قمر' کوئٹہ۔ صغراں بی بی' ننکانہ صاحب۔ رخشندہ حمید' لاہور۔ عربیہ فاطمہ' میانوالی۔ عظیم احمد' لاہور۔ نازیہ' حیدرآباد۔ صباء عروج سیف علی' جہانیاں منڈی۔ شازیہ شفیق' پاکپتن شریف۔ حفصہ' اسلام گڑھ' میرپور آزاد کشمیر۔ فہمیدہ گل' راولپنڈی۔ عظمیٰ' ڈیرہ دین پناہ۔ صوفیہ بانو' محمد طاہر' کراچی۔ نصرت حسین' کراچی۔ عائشہ احمد' حویلی لکھا اوکاڑہ۔ نجمہ داؤد اعوان' اٹک۔ نعیم شوکت' شہید کالونی ملتان۔ بشیر احمد' سکردو۔ ثریا' ڈی آئی خان۔ عائشہ بی بی' بٹگرام۔ عبدالرقیب' باغ آزاد کشمیر۔ حمیدہ' گوجرانوالہ۔ ریحان شبیر' ڈی جی خان۔ شاہد احمد' راولپنڈی۔ منظور احمد' مظفرگڑھ۔ زرینہ بی بی' چناب نگر۔ محمد افضل خان' راولپنڈی۔ ساجدہ ستار' ملکوال۔ ربیعہ سلیم' راولپنڈی۔ زینب بی بی' کوہاٹ۔ فرزانہ شاہین' راولپنڈی۔ فرزانہ شاہین' راولپنڈی۔ نصرت روشن' راولپنڈی۔ محمد رمضان' پونچھ پلندری۔ محمد معین بشیر ایڈووکیٹ' جڑانوالہ۔ سراج الدین' کراچی۔ فرزانہ ثمرین' چوآسیدن شاہ۔ مہوش جاوید' باغ آزاد کشمیر۔ آصفہ رانی' لالہ موسیٰ۔ ساجدہ' رینالہ خورد۔ علی قدر' کراچی۔ محمد امجد بٹ' لاہور۔ محمد جمیل' بہاولنگر۔ شہلا گل' پشاور۔ خالد محمود' کراچی۔ مولانا گل محمد' بٹگرام۔ کشور سلطانہ' اسلام آباد۔ نسیم سلطان' پشاور۔ مولانا گل محمد حقانی' بٹگرام۔ عابدہ سلطانہ' اسلام آباد۔ طارق تنویر' ڈڈیال۔ لبنیٰ حسین' چکوال۔ نسرین بی بی' چیچہ وطنی۔ کوثر پروین' شیخوپورہ۔ جمشید خان' کراچی۔ شاکر اللہ چشتی' نوشہرہ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

رات کو عشاء کی نماز کے بعد پرسکون ماحول میں باوضو خوشبو لگا کر مسلسل اَسْتَغْفِرُاللہَ الْعَظِیْمُ بس یہی پڑھیں اور کچھ نہ پڑھیں۔ یہ لفظ ٹھیک ستر منٹ پڑھنا ہے' تصور یہ ہو کہ دنیا کی ہر چیز میرے ساتھ استغفار کر رہی ہے اور میں دنیا کا سب سے بڑا مجرم ہوں' ستر منٹ کے بعد سو جائیں اور ہاں فجر کی نماز ضرور پڑھنی ہے۔

عطاء اللہ' پشاور۔ محمد نصیر' پشاور۔ ندرت ذیشان' راولپنڈی۔ محمد معین شیر' جڑانوالہ۔ زاہد حسین' مری۔ ارم شہباز' لاہور شاہدرہ۔ فرزانہ' میرپور خاص سندھ۔ یاسمین بی بی' نواب آباد۔ عابدہ انور' بہاولپور۔ ضیغم زمان خان' اسلام آباد۔ بلقیس اختر' لاہور۔ محمد زاہد خان' ملتان۔ ساجد حسین' عبدالحکیم۔ محمد ارشد' سرگودھا۔ سجاد شاہد' سرگودھا۔ شہناز فیض' (پکی) شاہ مران۔ ماسٹر ناصر خان' کوٹ شاکر۔ ممتاز جہاں' ملتان۔ حنا عمر۔ محمد ہدایت' راولپنڈی۔ عتیق الرحمان' اسلام آباد۔ شازیہ' ملتان۔ سونیا نعیم لودھی' جامشورو۔ حافظ محمد شکیل' ایبٹ آباد۔ محمد ریاض' رحیم یار خان۔ نجمہ محمود' اسلام آباد۔ مسز شاہدہ احمد' راولاکوٹ۔ سعدیہ' حیدرآباد۔ عائشہ' حیدرآباد۔ ڈاکٹر فضل مالک عادل' اسلام آباد۔ ام لائبہ' نوشہرہ۔ محمد عدنان' لیہ۔ محمد سلیم' لاہور۔ ناہید اختر' راولپنڈی۔ مظہر حسین خان' راولاکوٹ۔ محمد کامران' کراچی۔ شازیہ کامران' کراچی۔ حکیم محمد اکرم' نیا شہر جھنگ۔ محمد عثمان' شورکوٹ۔ مسرت بی بی' میانوالی۔ نیر سلطانہ' چکوال۔ نرگس بیگم' کراچی۔ فرحت جہاں' کراچی۔ فرح ناز' کراچی۔ مدثر عزیز' عبدالحکیم۔ حبیبہ عابد' راولپنڈی۔ غلام یٰسین' میانوالی۔ مشتاق احمد' لاوہ تلہ گنگ۔ کرن نساء' راولپنڈی۔ محمد شفیق' راولپنڈی۔ جمیلہ بی بی' گاؤں پیراں بانڈی۔ کیپٹن نادیہ کرن' ہنگو۔ محمد عمر اقبال' اسلام آباد۔ محمد فائز' کراچی۔ سدرہ شاہین' ملتان۔ ماریہ حسین' راولپنڈی۔ سعدیہ فیاض' لاہور۔ شمیم اختر' لاہور۔ ثمینہ خان' اسلام آباد۔ فرح نیاز' مظفر گڑھ۔ نسیمہ اشرف' اسلام آباد۔ شہزاد خالد' لاہور۔ مطیع اللہ خان' لاہور۔ ذکیہ سلطانہ' خوشاب۔ مزمل حسین' میاں چنوں۔ سلمان فارسی' اسلام آباد۔ طارق محمود' صائمہ طارق' لاہور۔ اکبر علی' مظفرگڑھ۔ حافظ ندیم رسول' بہاولپور۔ مشتاق احمد' تلہ گنگ۔ امان اللہ' الہ آباد۔ ناہید اختر' پھولنگر۔ کلثوم دلدار' اسلام آباد۔ رخسانہ' سانگلہ۔ ساجدہ نعیم' فیصل آباد۔ عظمیٰ لیاقت' ایبٹ آباد۔ عثمان رشید' کوئٹہ۔ عبدالرشید' جڑانوالہ۔ ثمین زارا' گوجرانوالہ۔ عابدہ اعجاز' دینہ۔ زیب النساء' لاہور۔ صبا' لاہور۔ فرزانہ کوثر' لاہور۔ محمد ظفراللہ' میانوالی۔ امبرین' کراچی۔ ام رباب' لاہور۔ محمد علیم بھٹی' قصور۔ سعید اختر سولہری' لاہور۔ محمد خان' ملتان۔ یاسمین بی بی' واہ کینٹ۔ شمس الحق' لاہور کینٹ۔ کنیزہ ہاجرہ' ملتان۔ شاکرہ' اٹک۔ حاجی محمد منیر بھٹی' گوجرانوالہ۔ سائرہ' ملتان۔ محمد رفیق' جہلم۔ مرید حسین' سرائے عالمگیر۔ محمد عمر فاروق' گگومنڈی۔ ثمر عباس' چکوال۔ محمد عرفان' راولپنڈی۔ ذوالفقار علی' دینہ۔ آسیہ شہزادی' گجرات۔ رخشندہ عندلیب' بہاولپور۔ رحیم بخش' پشاور۔ عبدالوحید' کراچی۔ علی حمزہ' گجرات۔ عائشہ مقدس' واہ کینٹ۔ محمد شعیب' ہری پور۔ بی بی منیر فاطمہ' راولپنڈی۔ افتخار احمد' صادق آباد۔ اقراء اکرم' رجانہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ رخسانہ پرویز' راولاکوٹ۔ خالد محمود' گوجرانوالہ۔ اقرار حسن' راولپنڈی۔ ماریہ منیر' گوجرانوالہ۔ نسرین بی بی' مانسہرہ۔ شائستہ نوشین' عیسیٰ خیل۔ ن۔ب' بنوں۔ نورالصباح' لاہور۔ لیاقت علی' ہری پور۔ ڈاکٹر محمد ارشد قاضی' لاہور۔ آسیہ نواز' ساہیوال۔ غلام اسماء' سرگودھا۔ رابعہ اختر' ساہیوال۔ شمیم بی بی' جامپور۔ شبانہ کوثر' حیدرآباد۔ رضیہ' گوجرہ۔ محمد ایوب اختر' مٹھن کوٹ۔ خدا بخش' بہاولپور۔ خالد مسعود' ڈیرہ غازیخان۔ عائشہ' لاہور۔ عامر شیر' لاہور۔ راحت' لاہور۔ اسحاق احمد نوری قادری' فتح پور ملتان۔ رضوان اللہ' حیدرآباد۔ شگفتہ پروین' مظفرگڑھ۔ عمر دراز علی' بہاولنگر۔ فرح ولد اکرام حسین' کراچی۔ بی بی شگفتہ' جنڈ۔ عمارہ شفیق' راولپنڈی۔ نیر سلطانہ' ملتان۔ شاہنواز' خانیوال۔ فدا محمد' ایبٹ آباد۔ محمد بوٹا' لاہور۔ خدیجہ' کراچی۔ عطیہ مبین' شادیوال۔ محمد اعجاز' ساہیوال۔ فائزہ طارق' ملتان۔ فرحانہ بتول' چکوال۔ آصف علی' میرپور ماتھیلو۔ محمد اقبال خان' راولپنڈی۔ فخر الزمان' ملتان۔ پروین بشیراں' سرگودھا۔ رقیہ' سرگودھا۔ سید اصغر علی شاہ' راولپنڈی۔ پروین رؤف' اسلام آباد۔ مینزہ عطاریہ' کراچی۔ اقصیٰ' ملتان کینٹ۔ محمودہ بیگم' ڈونگہ بونگہ۔ آصف گلزار' واہ کینٹ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

رمضان کے پہلے روزے کی صبح سے لے کر آخری روزے کی شام تک اکتالیس دفعہ قرآن کی یہ آیت بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اول و آخر ایک مرتبہ

جانور کو کیڑے پڑے تو فینائل کی گولی نے کمال کر دیا

جانوروں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے رسالہ عبقری کے تمام سلسلے بہت زبردست لگتے ہیں مگر یہ جو آپ نے نیا سلسلہ شروع کیا ہے یہ تو کمال ہے کا ہے' لگتا ہے کہ جیسے آپ نے ہمارے دل کی آواز سن لی ہے۔ ہم نے بھی گھر میں جانور پال رکھے ہیں' میرے پاس ایک بکری تھی اس کے کان میں ہروقت کیڑے پڑے رہتے تھے جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا' بکری بہت اعلیٰ نسل کی تھی' مجھے کسی نے بتایا کہ کیڑے والی جگہ پر فینائل کی گولی بھر کر اوپر سے پٹی باندھ دیں۔ میرے بھائی نے ایسا ہی کیا' چند ہی دن کے بعد اس کے کان کے کیڑے بالکل ختم ہو گئے' اس سے پہلے تو ہم نے بارہا ٹوٹکے آزمائے تھے مگر کیڑے تھے کہ ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے۔

جانور کو زخم ہو جائیں یا آنکھیں خراب ٹوٹکہ لے لیں

اگر جانوروں کو زخم کسی بھی جگہ پر ہو جائیں تو بیٹا ڈرم ٹیوب لگائیں اور اگلے دن سرسوں کا تیل لگائیں' انشاء اللہ جانور بالکل ٹھیک ہو جائیں گے اور زخم خراب نہ ہوگا اور بہت جلد بھر جائے گا۔ اس کے علاوہ اگر جانور کی آنکھیں آ جائیں تو پولی فیکس آئی ٹیوب جس کے اوپر گھوڑا بنا ہوتا ہے اور جامنی رنگ کی ہوتی ہے' یہ ٹیوب انسانوں کیلئے ہے' جانور کی آنکھ میں ڈالنے سے جانور بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے۔ بے فکر ہو کر استعمال کریں۔

جانور بیچنا چاہتے ہیں تو عمل بھی لے لیں

میرے بھائی نے ایمرجنسی گائے بیچنی تھی' کہیں بھی ریٹ نہیں لگ رہا تھا بلکہ کوئی بیوپاری ہی نہیں مل رہا تھا۔ میں نے اپنے بھائی کو درج ذیل تعویذ بنا کر دیا تو فوراً ہی بیوپاری آنا شروع ہو گئے۔ ابو اور بھائی حیران تھے اور پھر بہت جلد وہ گائے بہت ہی اچھی قیمت پر بک گئی۔ وہ سورۂ توبہ کی آخری دو آیات ہیں' انہیں لکھ کر چمڑے میں بند کر کے بھینس کے سامنے لٹکا دیں تاکہ وہ ہوا سے ہلتا رہے اور اللہ کے فضل سے کام بہت جلد ہو جاتا ہے آزما کر دیکھیں۔ انشاء اللہ سو فیصد رزلٹ ملیں گے۔ میں نے یہ روحانی ٹوٹکہ جس کسی کو بھی بتایا اس کے جانور بہت اچھی قیمت پر بک گئے۔ خاص کر بڑی عید پر تو یہ بارہا کا آزمودہ ہے۔ یقیناً بیوپاری بھائیوں کو اسی کی تلاش ہوگی۔ (رانا عادل' کبیر والا)

میری بکری پر بھینس بیٹھ گئی مگر۔۔۔!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم نے گھر میں جانور پال رکھے ہیں' ہمارے صحن میں ہروقت بکریاں کھلی رہتی ہیں قریب ہی بھینسیں بھی بندھی ہوتی ہیں' ایک دفعہ ایک بکری بھینس کے پاس ہی بیٹھی سو رہی تھی کہ اچانک ایک بھاری بھرکم بھینس اس کے اوپر بیٹھ گئی' بہت مشکل سے بھینس کو اٹھایا تو بکری کی ٹانگیں کام ہی نہیں کر رہی تھیں' میں نے جلدی سے پنساری سے چندرس منگوائی اس کو کچا ہی پیس لیا' پاؤڈر بنا کر اپنی بکری کو روٹی کے نوالے میں لگا کر دو تین دن دیا' بکری کی ٹانگیں بالکل ٹھیک ہو گئیں۔ اندرونی چوٹوں کیلئے اس بوٹی کو انسان بھی درمیانے کیپسول میں بھر کر ایک کیپسول نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ لاجواب فائدہ ہوگا۔ (ف' کوثر' نیو دمبالو سندھ)

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور موٹا تازہ صحت مند' سدابہار رکھنے کیلئے ہر گھر کی ضرورت ہے۔ (قیمت-/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

موہکے ختم اور بچے مٹی نہ کھائیں

جسم کے اوپر کسی بھی حصے میں موہکے نکل آتے ہیں' تکلیف دہ ہوتے ہیں اور آہستہ آہستہ پھیلتے چلے جاتے ہیں یا بعض اوقات نہیں پھیلتے لیکن برے لگتے ہیں آپ کے پاس کوئی طبی روحانی ٹوٹکہ ہو تو ہمیں ضرور مکمل مشاہدات تجربات اور واقعات کے ساتھ لکھیں۔ اسی طرح بچوں کو مٹی کھانے سے روکنے کیلئے اور انگوٹھا چوسنے سے روکنے کیلئے بھی اپنے مشاہدات تجربات ضرور تحریر کریں۔ (ایڈیٹر عبقری)

دوستی کا ذائقہ جس نے چکھا وہی جانتا ہے

(محمد ضیاء الرحمٰن، ملتان)

قسط 11

میں ایک طویل عرصہ سے مشاہدہ کر رہا ہوں کہ انتہائی مصروف اور سنجیدہ رہنے والے حضرات ایک خول میں بند ہو جاتے ہیں ایک ایسا حصار ان کے گرد ہوتا ہے' جس کو وہ نہیں توڑ پاتے۔ ان کے نزدیک تازہ ہوا ٹکرا کر واپس ہو جاتی ہے۔ جیسے ایک الٹے پڑے گلاس یا بند شیشی میں ہوا نہیں جا سکتی میں نے نہایت قابل ترین اونچی پوسٹ کے لوگوں کو دیکھا کہ ریٹائرڈ ہو گئے شادی نہیں کی۔ کیوں؟ کیونکہ دوست پر خرچ کرنا پڑتا ہے۔ کیا؟ وقت توجہ، اخلاص، اعتماد، بھروسے کے بیج اس لیے نہیں بوئے یا انوسٹمنٹ نہیں کی تو ان کی فصل کیسے لے لے گا؟ ہوٹلوں کے کھانے کھائے گا۔ بے شمار جائیداد چھوڑ کر مر جائے گا' کسی کے رفاعی ادارہ کے نام بھی نہیں کرے گا۔ کیا مزہ آیا اس پھیکی زندگی کا۔ رشتوں بچوں، بیوی دوست سے محروم زندگی۔ یہاں بزرگوں کی بات کہے بنا چارہ نہیں کہ نیکی کی دوستی دونوں جہانوں تک چلتی ہے۔ بدی کی دوستی وقتی اور غرض کی ہوتی ہے اور بزرگ مزید فرماتے ہیں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے بعد سب سے اعلیٰ دوستی والدین اور اولاد کے درمیان ہے۔ پھر معاشرتی دوستیاں ہیں۔ باپ بیٹوں کی حقیقی دوستی کا مزہ کیا ہے؟ شاید یہ لفظوں میں بیان نہ ہو سکے۔ یہ ذائقہ وہی جانتے ہوں گے جنہوں نے چکھا ہوگا کہ یہ دنیا بھی ان کے لیے گلزار بن جاتی ہے۔ اگرچہ ہزار بکھیڑے ہوں۔ میں نے اپنی کوئی بھی بات اپنے باپ سے چھپائی نہیں ہے۔ جھوٹ نہیں چلے گا۔ دل میں جو بھی اچھا یا برا خیال آ رہا ہے۔ ایک دوسرے سے بانٹنا ہے۔ شیئر کرنا ہے۔ ادھر یہ عمل کیا اُدھر ہی پرسکون ہو جاتا ہے کہ اب مسئلہ کسی نہ کسی طور حل ہو ہی جائے گا۔ اس سوچ کا اجرا اچھا ہی ہوگا۔ اپنے مطب میں اکثر میرا مشاہدہ رہتا ہے کہ اب وہ زمانہ ہے کہ گھر کے افراد کھانے کی میز پر بھی بمشکل اکٹھے نظر آتے ہیں اور ان کے آنے جانے کی ٹائمنگ مختلف ہوتی ہے۔ یوں کئی کئی دن ملاقات نہیں ہوتی۔ وہ ملاقات جس میں دل دیا دل لیا جاتا ہے۔ غمی خوشی بانٹی جاتی ہے۔ اب شاید اس کا رُخ باہر کی طرف ہو گیا ہے یا موبائل' فیس بک' کمپیوٹر کی نظر ہوا' وقت اتنا کم ہوتا ہے کہ اپنے یا گھر کے افراد کیلئے وقت بچ پائے۔ دوستی کے بیج والدین کے تعلق داروں سے ملتے ہیں' رشتے بنتے ہیں' نیری' درخت بنتی ہے۔ جس بچے نے (باقی صفحہ نمبر 42 پر)

لیموں کے رس سے یرقان کا خاتمہ: یرقان میں لیموں کے رس کا استعمال بے حد مفید ہے۔ لیموں کی سکنجبین بنا کر دن میں تین بار استعمال کریں۔

لگتا ہے آج میری آخری رات ہے! نسخہ لکھ لو!

وقت بے وقت کھاتے رہنے سے معدہ تباہ ہوجاتا ہے۔ چٹ پٹی چیزیں مرچ اور مصالحہ والی چیزیں کھانے سے معدہ کا بیڑا غرق ہوجاتا ہے اوپر سے افطاری میں طرح طرح کے چٹخارے، جلتی پر خوب تیل کا کام کر رہے ہیں

رمضان سے پہلے صرف 15 روپے میں معدہ ٹھیک

رمضان المبارک سر پر ہے اور آج کل ہر دوسرے آدمی کے ساتھ معدہ کا مسئلہ ہے اور اسی کا رونا رو رہا ہے وقت بے وقت کھاتے رہنے سے معدہ تباہ ہوجاتا ہے۔ چٹ پٹی چیزیں مرچ اور مصالحہ والی چیزیں کھانے سے معدہ کا بیڑا غرق ہوجاتا ہے اوپر سے افطاری میں طرح طرح کے چٹخارے جلتی پر خوب تیل کا کام کر رہے ہیں۔ ''قوت القلوب'' میں لکھا ہے کہ کھانے کے بعد چھ گھنٹے سے پہلے اگر کھانا نکل جائے تو معدہ بیمار اگر چوبیس گھنٹے سے زیادہ وقت تک خارج نہ ہو تب بھی معدہ خراب ہے۔ اگر کھانے میں احتیاط کی جائے مثلاً: جب تک بھوک نہ لگے اس وقت تک کھانا نہیں کھانا چاہئے کیونکہ یہ سنت کے بھی خلاف ہے' کھانا جب بھی کھایا جائے تو بھوک کے تین حصے کئے جائیں ایک حصہ پانی کیلئے دوسرا کھانے اور تیرا حصہ ہوا کیلئے' اس کے ساتھ ساتھ تیزابیت اور مصالحہ دار کھانوں سے بچا جائے' کھانے کے تقریباً دو گھنٹے تک سونا نہ چاہئے گوشت کم اور سبزیاں زیادہ استعمال کرنی چاہئیں' رات کے کھانے کے بعد کم از کم 150 قدم چلنا چاہئے' اسی سے آپ کے ہاضمہ کی وہ بیماریاں جو کسی بھی دوا سے ٹھیک نہیں ہوتیں انشاء اللہ درست ہوجائیں گی اور کبھی کبھی معدہ خراب نہیں ہوگا۔ اس کے علاوہ دو ٹوٹکے حاضر خدمت ہیں: حکیم صاحب! کچھ مہینے پہلے میرا معدہ بھی خراب ہوگیا چھوٹی چیز بھی کھالیتا تو بدہضمی ہوجاتی' کچھ دن میں نے کھانا بالکل ہی چھوڑ دیا صرف پانی اور فروٹ کھانے لگ گیا لیکن جب کھانا شروع کیا پھر وہی حال۔ قارئین! میرے یا میرے گھر والوں کے ساتھ جب بھی کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو سب سے پہلے میں اس کا علاج عبقری میں ہی تلاش کرتا ہوں اس کیلئے میں نے حسب معمول عبقری کی فائلیں پڑھنا شروع کردیں' جولائی 2014ء کے شمارے میں مَیں نے گیس اور ہاضمہ کیلئے پھکی کا ایک نسخہ پڑھا' پڑھتے ہی میں پنساری کی دکان پر گیا' دس روپے کی اجوائن اور پانچ روپے کا کالا نمک لیا۔ ان دونوں اشیاء کو مکس کیا بس پھکی تیار ہے۔ حکیم صاحب میں نے دو دن ہی کھانے کے بعد ایک چمچ لیا تیسرے دن ہی میرا ہاضمہ بالکل ٹھیک ہوگیا اب چوتھا مہینہ جارہا ہے مجھے ہاضمہ کی کوئی تکلیف نہ ہوئی۔ یہ نسخہ میں نے جس کو بھی دیا ان سے دعا لی اور میں دعا نسخہ والے اور آپ کو دیتا ہوں اور ہاں اس کے استعمال سے مجھے جو بڑا فائدہ ہوا ہے وہ یہ کہ معدہ کے ساتھ ساتھ مجھے ناف کا بھی مسئلہ بن گیا تھا وہ بھی ٹھیک ہوگیا اب جب مجھے ناف کا مسئلہ ہو تب بھی یہ پھکی استعمال کرتا ہوں اس سے ناف بھی اپنی جگہ پر آجاتی ہے۔ عبقری کے قارئین سے میری گزارش ہے کہ آپ کے ساتھ بھی اگر معدہ یا ناف کا مسئلہ ہے تو صرف یہ پندرہ روپے کا نسخہ استعمال کریں اور ان مسائل سے چھٹکارا پائیں۔ اس کے علاوہ اگر کسی کے پیٹ میں ہوا بھر جاتی ہو تو پیٹ پھول جاتا ہو تو ھوالشافی: پسی ہوئی خالص ہلدی ایک گرام اور نمک ایک گرام گرم پانی سے استعمال کی جائے تو پیٹ سے ہوا خارج ہوجاتی ہے اور پیٹ ہلکا ہوجاتا ہے۔ ان نسخہ جات کو استعمال کریں بہت ہی مفید ہیں۔ والسلام! (کلیم اللہ شیخ' ڈیرہ اسماعیل خان)

لگتا ہے آج میری آخری رات ہے! نسخہ لکھ لو!

آپ کے اکثر مضامین میں لکھا ہوا ہوتا ہے بخیل مت بنئے لکھیں' ہم آپ کی تحریر کو خود سنوار لیں گے تو حکیم صاحب میں لکھ رہا ہوں' آخری دم تک عبقری کیلئے لکھوں گا' میری آپ کی طرح کوشش ہوتی ہے کہ کسی کے پاس بیٹھوں تو اس کو کوئی پیغام دوں۔ عبقری نے ایک نئی ریت کو جنم دیا ہے' سینے کے وہ راز جو قبروں میں لے کر گئے' علم پھر نہ چھپا ہے نہ چھپے گا۔ علم مخلوق خدا کیلئے مشعل ہے اور یہ مشعل دم آخر تک روشن رہے گی' یہ طبی راز ایک محنت سے حاصل کیا ہوا نسخہ ہے جو ایک لوہار کے پاس تھا۔ یہ ایک مرہم ہے جو کہ پھوڑے پھنسیاں' کیل' دنبل' خبیث پھوڑوں کیلئے لاجواب ہے۔ دور دور سے لوگ اس کے پاس لینے آتے ہیں اور صحت یاب ہوجاتے ہیں۔ لوہار اس نسخے کو اپنی جان سے عزیز سمجھتا تھا ویسے بات بھی ٹھیک ہے روزی روٹی بڑی مشکل سے جان جوکھوں سے ہاتھ آتی ہے۔ ایک آدمی سخت محنت کے باوجود روٹی کیلئے ترستا ہے اور ایک ایسا شخص بھی ہے جسے روٹی کھانے کیلئے وقت نہیں ملتا۔ حکیم صاحب! پہلے مساجد کچی تھیں لیکن نمازی پکے تھے اور آج نمازی کچے اور مسجدیں پکی ہیں۔ کوئی اپنوں کیلئے روٹی چھوڑ دیتا ہے اور کوئی روٹی کیلئے اپنوں کو چھوڑ دیا ہے' نرالے لوگ نرالی دنیا ہے' پہلے پیسہ ہاتھ کا میل اور پیار دل کا سکون تھا اور آج پیار محبت ہاتھوں کا میل اور پیسہ دل کا سکون ہے' کچھ یہی حال اس لوہار کا تھا۔ لوہار کے گھر میں بیٹیوں کی بھرمار تھی لوہار بیچارہ دوسروں کے گھر پیدا ہونے والے بچوں کو اپنے گھر لاکر ان کی دھوم دھام سے شادی کراتا اور صبح اس شادی کیلئے خیراتیں بانٹتا مگر خود کو نرینہ اولاد نہ ہونی تھی نہ ہوئی۔ نہ جانے اس نے یہ کہاں سے سن رکھا تھا کہ دوسرے لوگوں کے بچوں کی شادی کا ڈھول پیٹو اللہ تعالیٰ تمہارے گھر بیٹا پیدا کرے گا بچیاں چھوٹی تھیں بڑی ہوئیں اور بیاہ ہوکر دوسروں کے گھر چلی گئیں۔ بیوی چند سال زندہ رہی آخر وہ بھی چل بسی اب وہ وقت کہاں جب اس کے ہاتھوں میں طاقت اور جوانی جوبن تھا۔ بیس کلو کا ہتھوڑا چلنا' لوہے کو گرم کرنا اوزار بنانا برسوں کھیل پرانا تھا اب تو ٹانگوں میں چلنے پھرنے کی سکت بھی نہیں تھی۔ ایسے وقت میں وہ کہاں تھا کہ ایسی فائدہ مند چیزوں اوروں کو دیتا' بڑی محنت کے بعد اس کی خدمت سے ملا یہ نسخہ جہاں اس کیلئے نادر تھا وہاں میرا بار بار نسخہ کیلئے پوچھنا دردسر' ہاں مجھے یہی یاد ہے کہ وہ جو مرہم بناتا اسے کئی دن تک رگڑتا رہتا تھا اس کا اکثر کہنا تھا کہ اسے جتنا رگڑا دو گے اتنا ہی یہ اور طاقتور بنے گا۔ میری عمر اس وقت بچگانہ تھی اور دوسرا مجھے حکمت کے کاموں سے کیا لینا دینا جب ڈیرہ غازی خان جانا ہوتا میں اس سے پوچھتا تھا چچا نِکا خاں کوئی ڈیرے دا کم ہے' میں وہی ان پڑھ' مجھے کیا پتا کہ کاغذ پر کیا لکھا ہوتا ہے ایک دن میں نے اس سے پوچھا چچا نکا خاں آخر مجھے بتاؤ تو سہی کہ اس میں لکھا کیا ہوتا ہے اور وہ بھی میری بات کو اور باتوں میں لگا دیتا تھا۔ ایک دن اس نے جو کاغذ پر مجھے لکھ کر دیا تو میں نے راستے میں حافظ غلام حیدر سے پوچھ لیا کہ اس میں کیا لکھا ہوا ہے؟ اس نے مجھے بتادیا کہ اس میں پھٹکڑی سرخ' سہاگہ بریاں بیس بیس تولہ لکھا ہوا ہے۔ اب مجھے پتہ چلا یہ اتنا آسان سا نسخہ اور اس کے بدلے میں ملنے والی چٹائیاں' بکرے' مٹھائیاں اور کپڑوں کے جوڑے اور سر پر باندھنے والے دستار اور ساتھ پیسہ بھی استاد محمد بخش عرف نکا خان قریبی ہمارے پڑوس کے بیوہ گھرانوں میں بانٹ دیتا تھا اور پیسہ خود رکھ لیتا تھا' ایک دن کہنے لگا کہ یاد رکھ کالو خان اتنی جلدی اولاد فائدہ نہیں دیتی جتنی جلد پیسہ کام دے جاتا ہے اور یہ پیسہ بڑے کام کی چیز ہے۔ دونوں یہ بات سن کر کھل کھلا اٹھتے تھے۔ وقت گزرتا رہا اور نکا خان اپنی منزل کے قریب تھا' ایک دن مجھے بلا کر کہا کہ کالو خان آج مجھے لگتا ہے کہ یہ رات میری آخری ملاقات کی رات ہے۔ لہٰذا آج میں تمہیں اس مرہم کے بارے میں بتاتا ہوں مرہم کے اجزاء کے بارے (باقی صفحہ نمبر 27 پر)

زیادہ رونے والے بچوں کا علاج: ایسے بچے جو شیر خوارگی کے زمانہ میں بہت روتے ہوں۔ اگر والدین کو کوئی عامل گیارہ مرتبہ اسم یَاهَادِیُ پڑھ کر دم کردے تو ان شاء اللہ اس کا رونا بند ہو جائیگا۔

بارش کا پانی صحت کا جانی

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں، آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

بارش کا تو رمضان کی بہاروں کے ساتھ بہت گہرا تعلق ہے، کیونکہ رمضان میں رحمت کی، نور کی، تجلیات کی، راحت کی، انوارات کی، فیضان کی اور رزق، کرم جود وسخا کی بارش ہوتی ہے۔ اگر دو بارشیں اکٹھی کرلی جائیں ایک رحمت کی بارش اور ایک پانی کی بارش اور اس کو ملالیا جائے تو یہ دو آتشہ ایک مرکب بن جائے گا وہ کیسے؟ وہ اس طرح کہ اگر آپ کے پاس بارش کا پانی میسر ہے تو ایک گھونٹ سحری اور افطار کے وقت اگر زیادہ میسر ہے تو زیادہ مقدار میں اور اگر موقع ملے تو بارش کے پانی اور زم زم کے پانی کو ملا کر اسی سے روزہ افطار کریں کیونکہ زم زم کا پانی پینے سے دعائیں قبول ہوتی ہیں افطاری کے وقت دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

سالہا سال کے رمضان میں میں نے بے شمار لوگوں کو بارش کے پانی سے روزہ افطار کرنے کی ترتیب اور ترغیب دی، جب بھی یہ کسی نے آزمایا اس کا بہترین نتیجہ، بہت کمال پایا۔ بارش کے پانی کا ہر قطرہ رب کی رحمت قدرت طاقت اور عنایت کو لاتا ہے، بارش اللہ کے امر سے ہوتی ہے، عرش سے برسنے والا یہ رحمت کا نظام غیبی راحتیں اور غیبی برکتیں لاتا ہے، آپ کسی بھی بیماری میں مبتلا ہیں کسی بھی روگ کسی بھی دکھ اور کسی بھی تکلیف کو آپ جھیل رہے ہیں آیئے! میں آپ کو بارش کے پانی کا جاتے جاتے ایک عمل بتائے دیتا ہوں عمل کیا ہے؟ ایک حیرت انگیز طاقت اور تاثیر۔ کبھی بارش کے پانی سے آٹا گوندھ کر دیکھیں پہاڑی علاقوں میں جہاں چشمے اور بارش کا پانی ہوتا ہے ان کے ہاں تو یہ عمومی رواج ہے، ان کی صحت، حسن و جمال، طاقت، قوت، فٹنس اور اس کا اظہار ان کو دیکھتے ہی ہوجاتا ہے، آٹا گوندھیں اور یہی پانی کھانے میں، پینے میں، پکانے میں، لسی اور چائے بنانے میں استعمال کریں۔ جن کے گھر سے نحوست نہیں جاتی، بیماریاں چھوڑتی نہیں، تکالیف، مشکلات اور مسائل ہر وقت ان کے ساتھ لگے رہتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جو خیروں اور برکات کی نعمتوں سے محروم ہیں بارش کا پانی عرشی خیر ہے، عرشی برکت ہے اور غیبی نظام اور غیبی رحمت ہے، اس کا عمومی استعمال اپنی زندگی میں لائیں بلکہ میرا مشورہ ہے کہ بارش کا پانی تلاش کریں، رمضان کی ساعتوں میں اور اس کے علاوہ بھی۔

بارش کا پانی خود پئیں، بچوں کو پلائیں، بڑے اعزاز اور عظمت کے ساتھ مہمانوں کی تواضع کریں مجھے ایک واقعہ یاد آیا آپ کو سنائے دیتا ہوں، علامہ ابن البر ایک بہت بڑے محدث گزرے ہیں انہوں نے جتنا حدیث، فقہ اور تفسیر پر کام کیا ہے ان کے بارے میں مشہور ہے کہ ان کی ساری زندگی کو ساٹھ سال میں شمار کیا جائے جتنا انہوں نے ہاتھ سے لکھا ہے تو روزانہ کا ڈیڑھ سو سے زیادہ صفحہ بنتا ہے وہ کس وقت سوتے تھے، کھانے کیلئے کون سا وقت نکالتے تھے زندگی کی اور مصروفیات کو کیسے سمیٹتے تھے کچھ سمجھ نہیں آتی، بس ایک سمجھ آتی ہے کہ ان کی زندگی میں کچھ چیزیں ہیں اگر ان پر غور کیا جائے تو پھر عقل کہتی ہے کہ ان کے اندر اتنا علم، طاقت، قوت اور قلم کی روانی واقعی ممکن ہے! یہ کیسے ممکن ہے؟ آپ ان کے تجربات میں سے چند موتی چن لیجئے: خود کہتے ہیں کہ میری کوشش ہوتی تھی بارش کے پانی کے ایک ایک قطرے کو میں سمیٹ کر رکھوں سنبھال کر رکھوں اور شیشے کے برتن میں رکھوں تاکہ اس کی تاثیر اور قوت باقی رہے۔ اور لکھا تھا کہ میں بارش کے پانی کو نہانے کیلئے، وضو کیلئے، کھانا پکانے، روٹی کو پانی لگانے آٹا گوندھنے، سالن میں ڈالنے اور زندگی کی ہر ضروریات حتیٰ کہ جب میں لکھنے بیٹھتا ہوں تو میں اپنے ساتھ ایک برتن میں بارش کا پانی لے لیتا ہوں جب بھی میں تھکتا ہوں ایک ہلکی سی چسکی یعنی چھوٹا گھونٹ بارش کا پانی پی لیتا ہوں میری طاقتیں قوتیں دوبالا ہوجاتی ہیں اور میں پھر سے جوان ہوجاتا ہوں۔ آگے لکھتے ہیں: یہ چیز مجھے علامہ ابن جوزی نے بتائی تھی۔ یہ اس دور کی بات تھی جب میں ابھی لکھنا پڑھنا سیکھ رہا تھا، تو لکھتے پڑھتے سیکھتے ہوئے میں نے دیکھا ان کے پاس ایک برتن ہوتا تھا اس میں پانی تھا وہ کسی کو پانی نہیں پینے دیتے تھے وہ پانی خود ہی استعمال کرتے تھے میں نے ایک دفعہ سوال کیا کیا یہ آب زم زم ہے؟ سر ہلایا نہیں۔ اور میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پوچھنے لگے کیوں پوچھ رہے ہو؟ میں نے عرض کیا: اس پانی کی قدردانی نے مجھے یہ احساس دیا ہے کہ اس پانی میں کچھ ہے، کہنے لگے: چالیس دن نفل پڑھ، پھر بتاؤں گا یہ کیا ہے۔ چونکہ مجھے لگن تھی اور میرے اندر تڑپ تھی میری لگن تڑپ اور بے چینی کو دیکھتے ہوئے انہوں نے مجھے چالیس دن کا چلہ دیا۔ میں دو نفل کیا، بہت زیادہ نوافل پڑھنے لگا، اور ہر نفل میں میں یہ اللہ سے مانگتا تھا یا اللہ! شیخ متقی اتنے بڑے عالم، فاضل، علامہ، صاحب کلام، صاحب فصاحت و بلاغت مصنف، قلم کار، منقش نقش و نگار جو کہ سونے اور چاندی سے لکھے ہوئے ہوتے تھے ... تھا کہ ان کے اندر یہ صلاحیتیں صفات قوتیں کہاں سے آ گئیں؟ چالیس دن کے بعد میں ان کے دروازے پر حاضر ہوا دروازہ کھٹکھٹایا فرمانے لگے مجھے پتہ ہے آج چالیسواں دن ہے تسلی سے بیٹھ جاؤ مجھے بھوک لگ رہی تھی میں نے سوچا شاید مجھے کھانے کو کچھ دیں لیکن انہوں نے کھانے کو کچھ نہ دیا۔ حتیٰ کہ دوپہر ہوگئی، جس وقت ظہر کا وقت ہوا گھر سے باہر نکلے ان کے ہاتھ میں مٹی کا ایک پیالہ تھا جس میں پانی کا ایک گھونٹ تھا، مجھے پینے کو دیا، اور فرمانے لگے اس کو ایک گھونٹ نہیں پینا، اس ایک گھونٹ کے چالیس گھونٹ کرنے ہیں اور ہر بار درود پاک پڑھتے ہوئے ایک گھونٹ پئیں مجھ سے صبر نہیں ہو رہا تھا بھوک اور پیاس سے میرا برا حال لیکن آج یہ بات سمجھ آتی ہے کہ شیخ متقی نے میرے ساتھ وہ زیادتی نہیں بلکہ بھلا کیا تھا، اگر مجھے چالیس دن کا چلہ نہ کرواتے، گھنٹوں باہر گرمی بھوک میں بھوکا پیاسا نہ بٹھاتے تو مجھے اس بابرکت پانی کی سمجھ تو کیا قدردانی بھی نہیں آنی تھی۔ میں نے چالیس گھونٹ صبر سے پئے اور پینے کے بعد میں نے ان کا منہ دیکھا اور میری نظریں سوالی تھیں کہ یہ کیا پانی ہے؟ ہلکی سی مسکراہٹ کے بعد کہنے لگے: کہ بیٹا یہ بارش کا پانی ہے اور کچھ بھی نہیں ہے۔ لوگوں کو خبر نہیں کہ بارش کے پانی میں رب نے کیا خیریں اور برکات رکھی ہیں اور علم و حکمت کے کیا دروازے اور ان کی چابیاں رکھی ہیں صحت اور تندرستی کا انوکھا جہان بارش کے پانی کے اندر رکھا ہے۔ لہٰذا اس دن کے بعد میں نے اپنی زندگی کو بارش کے پانی کے ساتھ سی لیا۔ **قارئین! آپ نے بارش کا پانی کسی بھی مقصد کیلئے آزمایا ہو اپنے تجربات مشاہدات ابھی لکھیں اور عبقری کو بھیجیں۔ (ایڈیٹر)**

اس رمضان! شفاء کیلئے پڑھیے سورۃ تغابن اور رحمٰن

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا ذاتی تجربہ ہے کہ جسم کی کوئی بیماری ہو سورۃ تغابن اور سورۃ رحمٰن پڑھنے سے وہ بیماری دور ہوجاتی ہے۔ میں نے خود دانت درد، پیشاب کے قطرے، جسم کی گرمی، دل کی بے چینی کیلئے سورۃ رحمٰن اور سورۃ تغابن پڑھی مجھے لاجواب فائدہ ہوا۔ اب تو رمضان بھی آرہا ہے اس میں تو ویسے بھی اللہ کی رحمتیں، برکتیں بے بہا ہوتی ہیں اس میں تو اس کی تاثیر ستر گنا زیادہ ہوجاتی ہے۔ کسی کو کوئی مسئلہ ہو، پریشانی ہو، الجھن ہو، کیسی ہی بیماری ہو صبح و شام شام تین تین مرتبہ یہ سورتیں پڑھیں اور سارا دن گھر میں اس کی تلاوت چلائیں، پھر کمال دیکھیں۔ (محمد فضل الرحمٰن، اسلام آباد)

نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج

جوابی لفافہ ضرور بھیجیں مکمل پتہ لکھا ہوا۔ جواب میں جلدی نہ کریں۔

چڑیلوں کا خوف: اس وقت میری نند کی عمر 20 سال ہے' مسئلہ یہ ہے کہ وہ اکیلے کمرے میں نہیں بیٹھ سکتی۔ کہتی ہے چڑیلیں تنگ کررہی ہیں' ویسے ٹھیک ہے گھر کے کام کاج کرتی ہے' ملنے جلنے میں اچھی ہے' میرے بچوں کو سنبھال لیتی ہے مگر چڑیلوں کا ذکر ضرور کرتی ہے' میں بھی ڈرتی ہوں اور اس کو اپنے کمرے میں سلاتی ہوں' خاص طور پر اس وقت جب میری ساس کہیں چلی جاتی ہیں' اب اس لڑکی نے مہمانوں کے سامنے آنا بھی چھوڑ دیا ہے کہ سب ہنسی اڑاتے ہیں حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ لوگ تو اپنی بات پر ہنستے ہیں۔ سب کہہ رہے ہیں کہ گھر بدل لو' یہاں کوئی اثر ہے' میری ساس یہ کہتی ہیں کہ اس کی شادی کردو' چڑیلیں بھاگ جائیں گی' یہ خواہ مخواہ ڈرامہ کرتی ہے۔ (ج۔دبئی)

جواب: اچھی بات ہے آپ اپنی نند کیلئے ہمدردی کے جذبات رکھتی ہیں اور اس کے مسائل سے بھی دلچسپی ہے' کوئی بھی ایسی چیز نظر آنا جو ماحول میں موجود نہ ہو اور وہ محسوس ہوتی ہے' اس کے علاوہ لوگوں سے ایسی باتوں کی امید جن کی حقیقت نہ ہو' اس بات کی علامت ہے کہ ذہنی اور نفسیاتی کیفیت ٹھیک نہیں۔ بعض ذہنی امراض کی علامات کی نوعیت ایسی ہوتی ہے کہ سننے والے اپنے لوگ بھی مذاق سمجھتے ہیں اور یہ سوچ لیتے ہیں کہ مریض ڈرامہ کررہا ہے جبکہ جس پر گزرتی ہے وہ ہی جانتا ہے کہ اس کو کس قدر اذیت ہے شادی کردینا اس کا علاج نہیں لڑکی کے مسائل کو سمجھیں اس سے ہمدردانہ گفتگو کریں۔

بڑی عمر کے لوگ: میری امی کو یہ احساس ہے کہ انہیں ہر رات سونے سے پہلے دوائی کھانی ہے' وہ تعلیم یافتہ بھی نہیں جو گولیاں ان کی میز پر رکھی ہوتی ہیں ان میں سے ایک ایک گولی نکال کر کھالیتی ہیں صبح کبھی تو جلدی اٹھ جاتی ہیں اور کبھی دوپہر کے دو بھی بج جاتے ہیں۔ میں جس دن جلدی گھر آتا ہوں وہ سورہی ہوتی ہیں ان کا دماغ ماؤف رہتا ہے اپنے کھانے پینے کی بھی پروا نہیں کرتیں' بس ان کو ہر وقت دوا کا خیال رہتا ہے' تنگ آکر بڑے بھائی نے انہیں ڈاکٹر کے پاس لے جانا بھی چھوڑ دیا کیا وہ ٹھیک ہوجائیں گی؟ (عبدالرؤف۔کوئٹہ)

جواب: والدہ کو بہت زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے' اس کیلئے ان کے معالج سے مشورہ کریں اور گھر میں کوئی فرد ان کی ادویات سنبھالنے کی ذمہ داری لے۔ انہیں رات کو صرف وہ دوا دی جائے جو تجویز کردہ ہے' باقی ساری ادویات ان کی میز سے ہٹالی جائیں۔ بعض اوقات بڑی عمر کے لوگوں کا بچوں کی طرح محبت اور خلوص کے ساتھ خیال رکھنا پڑتا ہے تب ہی ان کی صحت میں بہتری آتی ہے۔

میں لائق سٹوڈنٹ تھا؟ میں نے اسی سال ایف ایس سی مکمل کی ہے' میں لائق سٹوڈنٹ تھا' آٹھویں کلاس میں پورے بورڈ میں تھرڈ پوزیشن حاصل کی تھی مگر پھر جس طرح سب کے ساتھ ہوتا ہے کہ ذرا بڑے ہوئے تو عشق محبت کے چکر میں پڑ کر زندگی کے سنہری وقت کا ضیاع کرنے کا دستور بن گیا یہی میرے ساتھ ہوا' میں نے میٹرک کے بعد پانچ برس ایف ایس سی کرنے میں لگادیئے' اب والدین کی خواہش اور کسی حد تک میری بھی ڈاکٹر بننے کی ہے' اب نمبر اتنے آئے ہیں کہ کسی پرائیویٹ میڈیکل کالج میں داخلہ ہوسکتا ہے اور ہم معاشی طور پر اسے برداشت بھی کرسکتے ہیں کیونکہ والد صاحب سعودی عرب میں انجینئر ہیں اور ہم دو ہی بھائی ہیں' بہن کوئی نہیں میرا ابھی دل چاہتا ہے کہ کمپیوٹر کا کورس کرلوں (مسعود بٹ' کراچی)

جواب: اگر آپ ڈاکٹر بننا چاہتے ہیں تو اس کیلئے آپ کو بے حد محنت کرنا ہوگی جس طرح آپ نے پانچ سال میں ایف ایس سی کیا ہے اس طرح ڈاکٹری کی پڑھائی نہ ہوسکے گی یہی حال کمپیوٹر اور بی ایس سی کرنے کا بھی ہوگا اس لئے پہلے تو آپ یہ مصمم ارادہ کرلیجئے کہ آپ خوب دل لگا کر بلکہ جان لگا کر پڑھیں گے اور چند سال تک تمام تفریحات من جملہ عشق و محبت سب سے کنارہ کش ہوکر صرف تعلیم پر توجہ دیں گے' اس کے بعد آپ چونکہ ڈاکٹر بننے کے خواہشمند ہیں اور گھر والے بھی آپ کو ڈاکٹر بنوانا چاہتے ہیں اس لئے آپ کسی بھی میڈیکل کالج میں داخلہ لے لیجئے چند سال کی محنت کے بعد آپ کا مستقبل سنور جائے گا لیکن شرط یہی ہے کہ رات دن ایک کرکے آپ کو اپنی تعلیم مکمل کرنا ہوگی اس کے بعد عیش ہی عیش ہوں گے۔

انتظار آخر کب تک؟: میری عمر تیس سال ہے تعلیم ایف اے ہے دس سال پہلے ہمارے پڑوس میں ایک فیملی آکر رہی جو دو بہنیں دو بھائی اور ماں باپ پر مشتمل تھی یہ لوگ آہستہ آہستہ ہم سے فری ہوگئے ان کی دونوں لڑکیاں میری بہن سے ٹیوشن پڑھنے آنے لگیں ان کی چھوٹی لڑکی اور میں محبت میں بہت آگے نکل گئے' اب مسئلہ یہ ہے کہ لڑکی کی بڑی بہن اور والدہ کا کہنا ہے کہ ہم شادی بہت امیر گھرانے میں کریں گے جبکہ ان کے اپنے حالات بھی کچھ اچھے نہیں ہیں' باپ نشہ کرتا ہے اور دونوں بھائیوں کی کمائی پر گزارہ ہورہا ہے' میرے بڑے بھائی نے کچھ بڑے لوگوں کو درمیان میں ڈال کر میری منگنی اس لڑکی سے کرادی لیکن اس کے گھر والے شادی کرنے میں ٹال مٹول سے کام لے رہے ہیں' وہ کہتے ہیں کہ جب جہیز بنے گا تو شادی کریں گے۔ ہم نے کہہ دیا کہ ہمیں صرف لڑکی چاہئے جہیز کی ضرورت نہیں' میری منگنی کو پانچ سال ہوچکے ہیں' ان پانچ سالوں میں اس کی والدہ نے کئی بار جھگڑا کیا اور دو سال قبل لڑکی کی والدہ نے منگنی توڑ دی اب میرے گھر والے میری شادی خاندان میں کرنا چاہتے ہیں لیکن میں راضی نہیں جبکہ جس سے منگنی ہوئی تھی' اس سے بھی اب شادی ممکن نہیں' میں بہت پریشان ہوں۔ (ا،لاہور)

جواب: لڑکی کی والدہ منگنی توڑ چکی ہیں اور اس واقعے کو بھی دو سال گزر چکے ہیں مگر لڑکی کی اب تک کہیں شادی نہیں ہوئی ہے اس لئے آپ ایک بار اور کوشش کرکے دیکھئے ہوسکتا ہے کہ بات بن جائے اس موقع پر لڑکی کے گھر والے پرانی باتیں نکالیں گے اور ناراضگی کا اظہار بھی کریں گے' آپ کو چونکہ اپنا مطلب نکالنا ہے اس لئے خاموشی اختیار کئے رہیں اور بہتر ہوگا کہ آپ کے بھائی صاحب ایک بار پھر بڑوں کو درمیان میں ڈال کر اس رشتے کو دوبارہ جوڑنے کی کوشش کریں ساتھ ہی یہ شرط بھی رکھ دیں کہ اس بار منگنی نہیں بلکہ براہ راست شادی ہوگی جہیز وغیرہ کی ضرورت نہیں' اگر لڑکی والے راضی ہوجائیں تو آپ بھی اس کام میں دیر نہ لگائیں کہ مبادا لڑکی والے پھر نہ بدل جائیں آپ کی یہ کوشش اگر کارگر ثابت نہیں ہوتی تو پھر آپ بھی گھر والوں کی خواہش کے مطابق خاندان کی کسی لڑکی سے یا پھر جو لڑکی آپ کو پسند ہو' اس سے شادی کرلیں اس ایک لڑکی کا انتظار آخر کب تک کریں گے۔

(بقیہ: انوکھا دروازہ' کھٹکھٹاؤ' جو مانگو ملے گا)

ہے جب فضل خدا ہوتا ہے۔ یونیورسٹی والوں نے بیرون ملک جانے کی اجازت دی اب مسئلہ یہ تھا کہ بھائی جس ملک جارہے تھے ان کا ویزہ مطلوب تھا انہوں نے ویزہ دینے سے انکار کردیا' امتحان کے اوپر امتحان شاید اللہ تعالیٰ ہمارے صبر کو آزمارہے تھے یا ہماری تسبیحات ہمارے گناہوں کو مٹانے کا ذریعہ بن رہی ہیں۔ واللہ اعلم! لیکن اس مرتبہ ہم مطمئن تھے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ جو کام کو اتنا آسان بناسکتا ہے وہ ضرور اس کام کو بھی آسان فرمائے گا لیکن حضرت یعقوب علیہ السلام کی طرح ہمیں بھی آزمایا جارہا ہے آخر وہ وقت بھی آیا کہ باہر ملک والوں نے خود بھائی سے انٹرنیٹ پر رابطہ کرکے کہا کہ آپ یہاں پر آئیں ہم آپ کے منتظر ہیں اب کوئی رکاوٹ بھی باقی نہ رہی۔ یہ ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کی مدد بس ہمارے مانگنے میں کمی ہے کریم کے عطا کرنے میں کوئی کمی نہیں ہے۔ ہمیں مانگنا تو نہیں آتا نہ آسکتا ہے بس اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمیں اپنے در سے مانگنے والے بندوں میں بنائے۔ آمین!

منہ پک جائے یا چھالے ہوں: گلے' منہ اور زبان کے چھالے اور منہ پک جانے میں مہندی کے پانی (مہندی کے پتوں کو پانی میں ابال لیں) سے غرارے کرنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

ترقی رزق' درازی عمر' آفات سے حفاظت

شعبان کی پندرہویں شب سورۂ یٰسین تین دفعہ پڑھنے سے حسب ذیل فائدے ہیں' ترقی رزق' درازی عمر' ناگہانی آفات سے حفاظت رہتی ہے۔ اسی شب سورۂ دخان سات مرتبہ پڑھنی بہت ہی افضل ہے۔ انشاء اللہ عزوجل اللہ تعالیٰ ستر حاجات دنیا کی اور ستر حاجات عقبیٰ کی قبول فرمائے گا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شعبان المعظم چل رہا ہے۔ پندرہ شعبان آنے والا ہے' میرے پاس کچھ اعمال ہیں جو میں قارئین عبقری کیلئے بھیج رہا ہوں۔ یقیناً لاکھوں کا بھلا ہوگا اور میرے لیے صدقہ جاریہ بنے گا۔ بعض بزرگان دین سے منقول ہے کہ جو شخص 14 شعبان کی شب بعد نماز عصر غروب آفتاب ہونے سے چند لمحات پہلے باوضو چالیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ اللہ پاک اس دعا کے پڑھنے والے کے چالیس سال کے گناہ معاف فرمادے گا۔ انشاء اللہ۔

پندرہ شعبان کی شب کی عبادات

بزرگان دین کی کتب میں لکھا ہے کہ جو امتی شب برات میں دس رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے گناہ معاف ہوں گے اور اس کی عمر میں برکت ہوگی۔ ایک روایت میں ہے کہ جو شخص سو رکعت اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تو اللہ تبارک و تعالیٰ اس کی طرف ستر مرتبہ نگاہ کرم فرمائیں گے اور ہر نگاہ میں اس کی ستر حاجتیں پوری فرمائیں گے ادنیٰ حاجت اس کی بخشش ہے۔ بعض بزرگان دین نے اپنی کتب میں لکھا ہے کہ شعبان کی شب دو نفل کا ثواب چار سو سال کی عبادت سے زیادہ ہے۔ ایک طویل حکایت کا خلاصہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک ایسے بزرگ کو دیکھ کر رب تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کیا جو کہ چار سو سال سے ایک پتھر کے اندر محو عبادت تھے۔ فرمایا: مولا! کیا تو نے اس سے افضل مخلوق پیدا نہیں کی۔ جواب ملا: اے عیسیٰ! میرے محبوب ﷺ کی امت کا جو فرد شعبان میں دو رکعت نفل پڑھ لے ان دو نفل کا ثواب اس کی چار سو سال کی عبادت سے زیادہ ہوگا۔ یہ سن کر حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کہا اے کاش! میں بھی محمد ﷺ کی امت میں ہوتا۔

سال بھر جادو سے حفاظت کا نسخہ

شعبان کی پندرہویں رات بیری یعنی بیر کے درخت کے سات پتے پانی میں جوش دے کر (پانی جب نہانے کے قابل ہوجائے تو) اس پانی سے غسل کریں۔ انشاء اللہ عزوجل تمام سال جادو کے اثر سے محفوظ رہیں گے۔ شعبان کی پندرہویں شب سورۂ یٰسین تین دفعہ پڑھنے کے حسب ذیل فائدے ہیں' ترقی رزق' درازی عمر' ناگہانی آفات سے حفاظت رہتی ہے۔ اسی شب سورۂ دخان سات مرتبہ پڑھنا بہت ہی افضل ہے۔ انشاء اللہ عزوجل اللہ تعالیٰ ستر حاجات دنیا کی اور ستر حاجات عقبیٰ کی قبول فرمائے گا۔ (ق۔ش)

کوئی پریشانی' مسئلہ یا الجھن دو الفاظ سے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ میں نے آج تک اتنا مفید رسالہ نہیں دیکھا' اس میں ہمارے ہر مسئلہ کا حل پہلے سے موجود ہوتا ہے' اب کوئی مسئلہ ہو نئے آنے والے شمارہ کا انتظار ہوتا ہے۔ میرے پاس جیسے ہی کوئی مفید چیز آتی ہے وہ میں عبقری سے ضرور شیئر کرتا ہوں۔ یہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

میری ملاقات ایک خواجہ سرا سے ہوئی جو کچھ عرصہ پہلے ہی برائی کے راستے کو چھوڑ کر عبادت گزار بن چکا ہے۔ اس نے مجھے بہت عجیب وظائف اور باتیں بتائیں۔ کہنے لگا جب میں دین کی طرف آیا تو سارا دن مسجد بیٹھا رہتا ایک نوجوان نے مجھے دیکھ کر کہا دیکھو ڈاڑھی رکھی نہیں اور سارا دن مسجد میں بیٹھا رہتا ہے' میں اسی رات تہجد میں اٹھا اور اللہ سے رو رو کر یہ دعا مانگی کہ اے اللہ مجھے اپنی حبیب نبی کریم ﷺ کی سنت عطا فرما۔ چالیس دن لگاتار تہجد میں اٹھ کر دعا مانگتا رہا چالیس دن کے بعد میری ڈاڑھی کے بال آنا شروع ہوگئے حالانکہ پہلے میری جلد ایسی تھی کہ اس پر بال نہیں آتے تھے۔ اسی خواجہ سرا نے میری بہن کے سسر کو درج ذیل وظیفہ دیا تو انہوں نے آگے میری بہن کو بتایا وہ یہ ہے کہ مسئلہ جس قسم کا ہو' جیسی بھی پریشانی ہو' مصیبت ہو' الجھن ہو یا آپ راستہ بھول چکے ہیں تو یہ دعا پڑھنا شروع کردیں۔ اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ یہ دعا واقعی ہی بہت کامیاب ہے اور انتہائی تیر بہدف ہے۔ جب بھی مسئلہ ہو اس کو پڑھا جائے تو اللہ کریم مسئلہ فوری حل فرما دیتے ہیں۔ (نعمان' کراچی)

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

جادو ختم' کاروبار بہتر

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ کچھ عرصہ سے جادو کی بیماری میں مبتلا تھا 2012ء کے رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں میری کمر میں شدید درد ہوگیا' آخری عشرہ بیٹھ کر بمشکل نماز پڑھی' ایک دوست کو فون کیا' انہوں نے میری والدہ کا نام پوچھا تو میں نے بتایا۔ کہنے لگے پرانا مسئلہ ہے' جادو ہے۔ کچھ سال پہلے کی بات ہے۔ ہمارے کھیت سے گوشت کے گیارہ ٹکڑے ملے تھے' اس وقت ہم گھر کے افراد بھی گیارہ تھے' دکان اور گھر پر جادو ہے۔ انہوں نے مجھے ہر نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھنے کو کہا۔ پہلے ہی دن سے حیرت انگیز طور پر فرق محسوس ہوا۔ چالیس دن پڑھا' بہت زیادہ بہتری ہوگئی۔ دکان کا کام بھی بہت بہتر ہوگیا ہے۔

ہزاروں کا آزمایا شوگر کا کامیاب نسخہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً عرصہ تین سال سے آپ کا رسالہ عبقری پڑھ رہا ہوں اور آپ کی کتب بھی لے رکھی ہیں لیکن آپ کو خط پہلی دفعہ لکھ رہا ہوں اور یقیناً آج کے اس دور میں لوگوں کی بھلائی اور رہنمائی کرنا کسی عام آدمی کے بس کا کام نہیں بلکہ ایک نیک دل' سخی اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والے کا کام ہے۔ محترم حکیم صاحب! ایک نسخہ عبقری کے قارئین کیلئے جو کہ شوگر کیلئے ہے اور ایسے شخص سے یہ نسخہ ملا ہے جس کی ساری عمر بڑے بڑے ڈاکٹروں اور حکیموں کے ساتھ گزری ہے جب حضرت حکیم صاحب کچھ نہیں چھپاتے تو ہم کیوں چھپائیں؟ نسخہ یہ ہے۔ **ھوالشافی:** دارچینی ایک انچ کا ٹکڑا' موٹی الائچی ایک عدد' چائے دانے دار ایک چھوٹا چمچہ' دیسی گھی ایک چمچ' پانی ڈیڑھ پاؤ۔ سب چیزیں ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکائیں یہاں تک کہ پانی آدھ پاؤ رہ جائے' اتار لیں اور ٹھنڈا ہونے دیں اور آخر میں شہد کا چمچ ڈال دیں اور پی لیں' سوتے وقت استعمال کریں۔ اس شخص کا دعویٰ ہے کہ شوگر جتنی بھی زیادہ ہو وہ صبح بالکل نارمل ہوچکی ہوگی۔

…چاہیے کہ وہ فیصلہ حق اور سچ پر کرے تو اسے چاہیے کہ وہ فیصلہ کرنے سے پہلے اسم یافتاح کو 1100 مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ، اللہ تعالیٰ اس کے دل میں سچی بات ڈال دے گا…

[redacted]

بچو! اس رمضان خدمت کرکے خوشیاں سمیٹ لیں

کئی بزرگ تنہائی کا شکار ہوتے ہیں ایسے بزرگوں کے بچے پوتے اور نواسے وغیرہ ان کی دیکھ بھال کرکے ان کی دعائیں اور محبت لے سکتے ہیں ان کے ساتھ گزرا ہوا وقت آپ کا قیمتی سرمایہ ہوگا۔ ہر حالت میں ان کی مدد کریں ان کو تحائف دیں۔

ہم اس بھری دنیا میں رہتے ہیں ہمارے بڑے بزرگ بھی اسی دنیا کا حصہ ہیں اس لئے ہمیں چاہئے کہ اپنے بڑے بزرگوں کیلئے باقاعدگی سے وقت نکالیں اور ان کی خدمت کریں۔ ہم نے اپنے بزرگوں اور بڑوں کے زیر سایہ ہی پرورش پائی ہوتی ہے ان کا سایہ ہمیشہ ہمارے لئے رحمت ہوتا ہے جب یہ بچے اپنے دادا دادی کے ساتھ وقت گزارتے ہیں تو یہ وقت ان کیلئے شاندار ہوتا ہے۔ دادا دادی کے ساتھ گزرے ہوئے وقت کو وہ کبھی فراموش نہیں کرپاتے ان کی شفقت اور غیر مشروط محبت بچوں کیلئے عظیم الشان تحفہ ہوتی ہے۔ جب وہ بچے جوان ہوکر خود ماں باپ بنتے ہیں تو پھر انہیں پتا چلتا ہے کہ ان کے بڑوں کی محبت اور شفقت نے ان میں کیا کیا اقدار پیدا کی ہیں۔ تب وہ ان اقدار کو اپنے بچوں تک منتقل کرتے ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ آپ کے والدین بھی آپ کے ساتھ ایسا محبت کا سلوک کرتے ہیں آپ کے والدین آپ کو اس دنیا میں لے کر آتے ہیں آپ کی پرورش کرتے ہیں' وہ آپ کے ساتھ بہت زیادہ محبت کرتے ہیں۔

عظیم کے دو بچے ثانیہ اور علیم ہیں جب ثانیہ کی عمر صرف دو سال تھی تو عظیم کے والدین عظیم کے گھر کافی عرصہ تک رہے تھے۔ اب ثانیہ کی عمر چودہ سال ہے' اسے ابھی بھی اپنے دادا دادی کی محبت یاد ہے اور ان کے ساتھ گزرا ہوا وقت اس کا بہترین سرمایہ ہے۔ عظیم کے دونوں بچے اپنے دادا دادی کی محبت کو اب بھی بہت یاد کرتے ہیں۔ عظیم کے والدین جب اس کے ساتھ رہتے ہیں تو عظیم کی بیوی ان کی بہت زیادہ خدمت کرتی تھی' اور اس کے بدلے اس کو بزرگوں کی دعائیں اور محبت ملتی تھی جبکہ عظیم کی بیوی کے والدین فوت ہوچکے تھے وہ عظیم کے والدین کو اپنے ماں باپ سمجھتی تھی اور ان کی خدمت کرکے ایک روحانی سکون محسوس کرتی تھی۔ بزرگ بچوں میں محبت کی خوشیاں بانٹتے ہیں ان سے غیر مشروط محبت کرتے ہیں اس طرح بڑے ہوکر بچے اچھے انسان بنتے ہیں۔ عظیم کا کہنا ہے کہ جب میرے والدین میرے ساتھ رہتے ہیں تو میں ایک عجیب طرح کا سکون محسوس کرتا ہوں اور اپنے آپ کو آپ کو زیادہ محفوظ خیال کرتا ہے۔ جب ہم بزرگوں کی خدمت کرتے ہیں اور ان سے محبت کرتے ہیں تو یہ ان کے لئے عظیم الشان تحفہ ہوتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو زیادہ صحت مند اور توانا محسوس کرتے ہیں۔ لوگوں کو چاہیے کہ چھوٹے بچوں کے جوش اور ولوں کا غلط اندازہ نہ لگائیں' یہ جذبہ بہت طاقتور ہوتا ہے کیونکہ بچوں نے یہ جذبہ اپنے بڑوں کے تجربات سے حاصل کیا ہوا ہوتا ہے' بزرگ اور بچے دونوں ہی ہمیں زندگی گزارنے کا ڈھنگ سکھاتے ہیں۔ اسی سے خاندان کی اقدار اور روایات مستحکم ہوتی ہیں۔ اس لئے آپ کیلئے سنہری موقع ہے کہ اپنے بڑوں کی خدمت کرکے بے شمار خوشیاں سمیٹ لیں۔ کئی بزرگ تنہائی کا شکار ہوتے ہیں ایسے بزرگوں کے بچے پوتے اور نواسے وغیرہ ان کی دیکھ بھال کرکے ان کی دعائیں اور محبت لے سکتے ہیں ان کے ساتھ گزرا ہوا وقت آپ کا قیمتی سرمایہ ہوگا۔ ہر حالت میں ان کی مدد کریں ان کو تحائف دیں اور ان کے ساتھ ملکر کھانا کھائیں یہ ان کے لئے بہت بڑا تحفہ ہوگا۔ پھر آپ کو زندگی کے بہت سے مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی' آپ کو نئی نئی چیزیں معلوم ہوں گی آپ کے بزرگ آپ کی توجہ کے مستحق ہیں یہ بزرگ بھی آپ کے خاندان کا حصہ ہیں' آپ ان کو توجہ دیں گے تو آپ کو بے شمار فوائد حاصل ہوں گے۔ (فرحت' لاہور)

بچے رمضان کی تیاری کیسے کریں گے؟

رمضان المبارک میں والدین کی خواہش ہوتی ہے کہ اس اہم مہینے کو بچے بھی بہترین انداز میں گزاریں۔ اس کی اہمیت کو سمجھیں، لیکن ان کی دلچسپی کو کس طرح بڑھایا جائے، یہ اکثر والدین نہیں سمجھ پاتے۔ ان کی آسانی کے لیے چند قیمتی مشورے یہاں پیش کرتے ہیں: **1۔ بچوں کو رمضان کی اہمیت اور تاریخ سے آگاہ کرنا:** رمضان المبارک کی ملک بھر میں بڑی خاص تیاریاں ہوتی ہیں، جسے یقینا بچے بھی محسوس کرتے ہیں اور ان کے ذہنوں میں بہت سے سوال جنم لیتے ہیں۔ بس یہی وقت ہے کہ بچوں کے لیے وقت نکالیں اور رمضان کی مکمل تاریخ اور اہمیت کو دلچسپ پیرائے میں بچوں کے سامنے پیش کریں۔ **2۔ رمضان کے متعلق مضمون لکھوائیں:** اگر آپ کے بچے لکھ سکتے ہیں، تو ان سے رمضان کے متعلق مضمون لکھوائیں۔ اگر وہ لکھ نہیں سکتے تو ان کی زبانی رمضان کہانی ضرور سنیں اور پھر اسے خود تحریر کی شکل دیں۔ یہ تحریر تاعمر بچوں کے ذہنوں پر نقش رہے گی۔ **3۔ افطار پارٹیوں کا انعقاد:** والدین اپنے بچوں کے ہم عمر دوستوں کے لیے ''استقبال رمضان'' کا پروگرام بھی کرسکتے ہیں تاکہ اس اہم مہینے کی آمد کے بارے میں بچوں کو سمجھا سکے [illegible] رمضان افطار پارٹیوں کا اہتمام کریں۔ اس تیاری میں بچوں کو شامل بھی کریں۔ اس سے نہ صرف بچوں میں روزہ رکھنے کی عادت پروان چڑھے گی بلکہ دوستی کی مشترکہ سرگرمی سے دلچسپی بھی بڑھے گی۔ **4۔ سحر و افطار کی تیاری میں شمولیت:** عموماً بچوں کو گھر کے کاموں، خاص طور پر باورچی خانے سے دور رکھا جاتا ہے اور یہی عادت بعد میں ان کی شخصیت کا حصہ بن جاتی ہے۔ یہ ضروری ہے کہ بچوں کو گھر کے اہم کاموں میں شامل رکھا جائے، خاص کر رمضان میں سحر و افطار اوقات میں بچوں کی عمر کے لحاظ سے ان میں کاموں کی تقسیم کریں، تو اس سے ان کی دلچسپی بہت بڑھے گی۔ **5۔ قرآن سے لگاؤ:** رمضان میں قریبا ہر گھر میں تلاوت قرآن مجید کا انتظام ہوتا ہے، مگر اس میں بچوں کی دلچسپی نہیں ہوتی، مگر جب انہیں قرآن کے پیغام کو کہانیوں کی شکل میں بتایا جائے گا، تو دلچسپی غیر معمولی طور پر بڑھے گی۔ اس لیے بچوں کو قرآن میں موجود واقعات دلچسپ پیرائے میں سنائیں یا قرآن کی اہمیت کو کہانیوں کے انداز میں ثابت کریں **6۔ خوشیوں میں غریبوں اور مسکینوں کو شامل کریں:** رمضان دوسروں کا احساس کرنے کا مہینہ ہے۔ مہینے کے آغاز ہی میں بچوں کے اندر دوسروں کی مدد کا جذبہ ابھاریں۔ افطاری کے لیے سامان غریبوں اور مسکینوں کے لیے بھی مختص رکھیں اور انہیں بچوں کے ہاتھوں سے تقسیم کروائیں، پھر اپنے کھلونے یا دیگر چیزیں بھی غریب بچوں میں تقسیم کرنے کی ترغیب دیں۔ یہ عادت اس عمر میں پختہ ہوگئی تو تاعمر ساتھ رہے گی۔ **7۔ مسجد کو مرکز بنائیں:** بچوں میں چھوٹی عمر سے ہی مسجد سے لگاؤ پیدا کرنا چاہیے چونکہ رمضان میں مساجد میں عوام کی حاضری غیر معمولی ہوتی ہے، اس لیے بچوں کو نماز پڑھنے ساتھ لے کر جانا چاہیے۔ اس سے نماز سے لگاؤ کے ساتھ ساتھ نظم و ضبط سیکھنے اور اجتماعیت کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔ (زرتاشیہ میر)

(بقیہ: لگتا ہے آج میری آخری رات ہے! نسخہ لکھ لو!)

میں تو مجھے پہلے سے ہی پتا تھا لیکن خالی اجزاء سے مرہم کیسے بنتا ہے یہ مجھے معلوم نہ تھا جب میں نے اسے کہا کہ استاد صاحب مجھے نسخے کے اجزاء معلوم ہیں تو کہنے لگے آپ کو کس نے بتائے۔ میں نے کہا کہ آپ ہمیشہ مجھ سے یہ اجزاء دے کر خرید کرواتے تھے تو کہنے لگے جب آپ کو پتا ہے تو یہ بھی سن لو کہ جو تیل مریض اپنے ساتھ لاتے ہیں انہی کی مدد سے میں تیل علیحدہ بوتل میں جمع کرتا رہتا تھا۔ جب مکمل ہوجاتا تو آپ کو چٹ لکھ کر منگوالیتا تھا اور یہی رات اس کی آخری ملاقات تھی' صبح اس کی موت کی صورت میں خبر ملی۔ جب ایک دو مریضوں سے میں نے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ ہم تل کا تیل لاتے تھے۔ جیسے ہم نکا خان کو دیتے تھے۔ مرہم عجب کے اجزاء: پھکوی سرخ' سوہاگہ بریاں ہر ایک بیس تولہ باریک کرکے روغن تل ایک سیر میں ملا کر سات روز کھرل کریں۔ ہر قسم کے خبیث زخم پرانے زخم' کسی' کلہاڑی کے زخم' پھوڑے مختلف قسم کے پھوڑوں کیلئے لاجواب ہے۔ اس کا پھاہا لگائیں۔ تمام مواد نکال کر زخم خشک کردے گا' دنبل زہرباد والے پھوڑے [illegible] میں ختم ہوجاتے ہیں۔ (محمد بلال یار و کھوسو' ڈیرہ غازی خان)

جن بولا! غیر شرعی منتر چھوڑو' کالی دنیا کا کالا جادو' کتاب خریدو

ایک عمل شروع کیا تو ایک ہفتہ اس نے مجھے بہت زیادہ تنگ کیا' پھر ایک دن میرے ذہن میں آیا کہ میں نے جو کچھ پڑھا ہے اس کا ہدیہ اس کی روح کو کروں پھر میں نے جو کچھ پڑھا اور جو پڑھ رہی ہوں اس کا ہدیہ اس کی روح کر کرتی ہوں اس کے بعد ایک دن اس کا حملہ ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا و آخرت میں جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! محترم حضرت حکیم صاحب! میرے ساتھ گزشتہ کئی سالوں سے بہت عجیب مسئلہ ہے' ایک شیطانی طاقت ہے جو میرے ساتھ آکر برائی کرتی ہے' ایک مرتبہ میں نے ایک عامل کے کہنے پر ایک عمل شروع کیا تو ایک ہفتہ اس نے مجھے بہت زیادہ تنگ کیا' پھر ایک دن میرے ذہن میں آیا کہ میں نے جو کچھ پڑھا ہے اس کا ہدیہ اس کی روح کو کروں پھر میں نے جو کچھ پڑھا اور جو پڑھ رہی ہوں اس کا ہدیہ اس کی روح کر کرتی ہوں اس کے بعد ایک دن اس کا حملہ ہوا کہ اس نے میرے پورے جسم کو دبایا ہوا ہے اور میری زبان کو دبایا ہوا ہے کہ یہ کچھ پڑھ نہ سکے لیکن میرے دل میں درود تنجینا کی آواز آرہی ہے اور میں دل سے درود تنجینا پڑھ رہی ہوں اور جب میری آنکھ کھلی تو میں درود تنجینا پڑھ رہی تھی اس کے بعد تین دن پہلے اس کا دوبارہ حملہ ہوا جو کہ بہت زیادہ نہیں تھا۔ اس کے حملے کے بعد میرے جسم کا جوڑ جوڑ دکھتا ہے۔ میں آپ کے پاس بھی روحانی علاج کیلئے آئی تھی' آپ نے مجھے انمول خزانہ' سورۂ الم نشرح' سورۂ والضحیٰ اور یَا کَرِیْمُ کا وظیفہ عنایت فرمایا تھا۔ میں گزشتہ کئی ماہ سے یہ وظائف پڑھ رہی ہوں جب سے علاج شروع ہوا بہت فائدہ ہوا ہے۔ اللہ کریم کا بہت بہت شکر ادا کرتی ہوں کہ اس نے میری زبان پر اپنا نام دیا ہوا ہے میں وظیفہ پڑھنے سے ذرا نہ اکتاتی ہوں اور نہ گھبراتی ہوں۔ اب اس شیطانی طاقت کے حملے ذرا کم ہو گئے ہیں مگر رکے نہیں' اب بھی اگر اس کا حملہ ہو جائے تو پھر چار پانچ دن وظیفہ کرنے میں میرا دل نہیں لگتا' دعا مانگنے کو دل نہیں کرتا' اپنے لیے بھی دعا نہیں مانگتی اگر ان دنوں میں بھی مانگتی ہوں تو اپنے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت کیلئے دعائیں مانگتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو بغیر حساب و کتاب جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور آپ کے صدقے ہم جیسے گنہگاروں کی بخشش و مغفرت فرمائے۔ آمین! (پوشیدہ)

مفتی جن نے حضرت حکیم صاحب کی کتاب کا بتایا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اور میری بیٹی نے آپ کا وظیفہ المسبعات اور اذان کا عمل پورا سال پڑھا اور اچھا خاصا پڑھا' پھر میرا بھائی باہر سے آیا اس کے پاس ایک عمل تھا وہ کسی کے ساتھ مل کر جن وغیرہ قابو کرتا تھا اور پھر اس نے مجھے بھی وہ عمل بتایا اور پھر میں نے المسبعات اور اذان کا عمل جاری رکھا میری بیٹی پر کالا علم ہوا تھا میرے بھائی نے مجھے منتر بتایا پھر میں نے وہ پڑھا تو بیٹی پر جنات حاضر ہو گئے' پانچ جن تھے' تین بچے اور ماں باپ' انہوں نے ہمیں خوب تنگ کیا' درمیان میں بھائی سے بھی رابطہ رکھا۔ ان جنات نے کہا کہ ہم تمہاری بیٹی کو مارنے کیلئے آئے ہیں اس کی حالت بہت خراب تھی وہ شادی شدہ تھی' پھر میں اس کو گھر لے آئی' پھر میری چھوٹی بیٹی پر ایک نیک جننی حاضر ہوئی وہ اپنے آپ کو اماں جی کہلواتی ہے' پھر اس نے جن اتارنے کے سارے طریقے بتائے' میرے چھوٹے بیٹے پر بھی ایک جن حاضر ہوا' سلیمان نام تھا' اماں جی کا ساتھی تھا۔ پھر سلیمان جن نے میری بیٹی کے جنات کو مسلمان کیا پھر ہم نے اور لوگوں پر بھی یہ طریقہ استعمال کیا بہت لوگوں کے جن بھی اترے' ہم نے چھ ماہ تک منتر پڑھا' وہ منتر غیر شرعی تھا اور اس سے گناہ ہوتا تھا مگر مجھے علم نہ تھا' اس منتر کی وجہ سے میرے گھر میں بہت سی چیزیں آگئیں جنہوں نے ہمیں بہت پریشان کیا۔ پھر میری اسی بیٹی پر مفتی جن حاضر ہوا اس نے کہا ہر قسم کے غیر شرعی منتر پڑھنا چھوڑ دو' ایک کتاب کا نام بتایا ''کالی دنیا کا کالا جادو وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات'' (جو کہ عبقری پبلشرز کی شائع شدہ اور حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی تالیف ہے) اس میں جو وظائف تھے وہ سب استعمال کیے' ڈیڑھ سال سے ہم نے اس کتاب سے لوگوں کو وظائف دینا شروع کیے' اس ہی سال میری بیٹی کی شادی ہوئی' اور میری بیٹی انڈونیشیا شوہر کے ساتھ چلی گئی۔

یا حفیظ یا سلام سے حفاظت کا نظام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے جب سے تعلق ہوا ہے زندگی اور شب و روز میں سکون آگیا ہے۔ نماز تو پہلے بھی پڑھتی تھی مگر عبقری سے جو ہدایت اور علم کی روشنی ملی اس نے بے حد فائدہ ہوا۔ سورۂ کوثر 129 مرتبہ صبح و شام پڑھنے سے لاجواب برکت ہوئی' یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ سے گھر پر حفاظت کا جو نظام نظر آیا اس کی مثال روز مرہ زندگی میں کئی بار نظر آئی۔ (نگہت سیف)

پاگل پا گیا اور سیانا بھیک مانگتا رہا

ہمارے علاقے میں دو بھائی تھے ایک سیانا تھا اور ایک پاگل۔ سیانا بہت چالاک تھا' والد کی وراثت کا سارا مال اپنے قبضے میں رکھتا تھا نہ ماں کو کچھ دیتا تھا اور نہ پاگل بھائی کو کچھ دیتا تھا اور پاگل بھائی کو حقارت سے مارتا بھی تھا اور پاگل اپنی ماں کی خدمت میں سارا دن گزارتا تھا۔ بوڑھی ماں کو اپنے کندھے پر اٹھا کر علاج کروانے کیلئے شہر ڈاکٹر کے پاس لے جاتا تھا اور ادھر سیانا مال کو دیکھ کر اپنی مستی میں رہتا تھا اور کسی کو آدمی سمجھنے کیلئے تیار نہ تھا۔ بس ایک کی نظر مال پر اور ایک کی نظر ماں پر تھی۔ پاگل کو ماں دعائیں دیتی تھی کہ تو مت گھبرا اللہ تعالیٰ تجھے سیانا کر دے گا اور تیرے پاس بہت کچھ ہوگا۔ قدرت کی شان دیکھیں دن بدل گئے پاگل عقلمند بن گیا' اولاد ہوئی اللہ تعالیٰ نے ماں کی دعا سے ان کی جھولی بھر دی بہت خوش تھا۔ کئی جائیدادیں شہر میں ہیں' اس وقت اس کے بیٹے صالح ہیں اور کما رہے ہیں اور ادھر سیانے آدمی پر جو گزری وہ بھی دنیا نے دیکھا کہ دو بیٹے تھے جو دونوں ڈاکے مارتے مارے گئے مال سب کچھ لٹ گیا' بہوؤں نے سیانے باپ کو گھر سے نکال دیا باقی جو اس کی زندگی تھی اس میں بھیک مانگتا ہوا انتقال کر گیا۔ (ن۔ز)

حوض کوثر پر پانی پینا ہے! تیاری پکڑ لیں

علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ۔ جو شخص یہ درود پاک پڑھے گا وہ آپ ﷺ کو خواب میں دیکھے گا' اسی طرح قیامت والے دن دیکھے گا کہ حضور ﷺ اس کی شفاعت فرمائیں گے اور وہ آپ ﷺ کے مبارک ہاتھوں سے حوض کوثر سے پانی پیے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے بدن کو دوزخ پر حرام فرما دے گا۔ (انشاء اللہ)

روشن سورتیں: حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دو چمکتی ہوئی روشن سورتیں پڑھا کرو' ایک سورۂ بقرہ اور دوسری سورۂ آل عمران' اس لیے کہ یہ دونوں سورتیں قیامت کے دن اس طرح آئیں گی گویا کہ دو سایہ فگن بادل ہیں' یا دو سائبان ہیں یا دو پرے باندھے ہوئے پرندوں کی ٹکڑیاں ہیں' اپنے پڑھنے والوں کو بخشوانے کیلئے اللہ تعالیٰ سے جھگڑا کرتی ہیں۔ (مرسلہ: بنت محمد حنیف' گاؤں سید مری)

ماجرا کیا ہے

قبر میں ہندو کی لاش اور آگ میں مسلمان!

اب امام صاحب نے ایک ایک کر کے اشرفیاں مکھن میں لگا لگا کر سب اشرفیاں کھا گئے کچھ دیر کے بعد کمرے سے باہر آگئے۔ کچھ گھنٹے کے بعد شاید ان اشرفیوں نے اپنا کام دکھایا اور امام صاحب چند گھنٹوں کے بعد فوت ہو گئے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! یہ مضمون آپ کی خدمت میں بھیج رہا ہوں جو کہ آج سے تقریباً چالیس سال پہلے ایک عالم دین چغتائی صاحب جن کا نام میں بھول گیا ہوں یہ عالم دین عدالت میں اسٹامپ فروش اور عرائض نویس تھے نے جمعہ کے دن جمعہ کی نماز سے پہلے اپنی تقریر میں بہاولپور کی مسجد الفردوس (جو کہ مسجد حافظ گھوڑا کے نام سے مشہور ہے) میں سنایا۔ میں پوری ایمانداری سے جو کچھ ان عالم دین چغتائی صاحب نے سنایا تحریر کر رہا ہوں۔ یہ مضمون خاص کر ایسے لوگوں کیلئے عبرت ہے جو اپنی دولت‘ سونا وغیرہ کو جمع کرتے ہیں نہ اپنے اوپر خرچ کرتے ہیں نہ دوسروں پر بلکہ اس دولت پر ناگ بن کر بیٹھے رہتے ہیں۔ اور اسی حالت میں انہیں آجاتی ہے۔

ایک عالم دین نے جمعہ کی نماز سے پہلے اپنی تقریر میں یہ قصہ سنایا: پاکستان بننے سے پہلے بہاولپور کی ایک مسجد میں امام مسجد قرآن مجید کی تعلیم بھی دیتے تھے‘ امام صاحب بچوں کو قرآن مجید پڑھا کر اور بچوں کو چھٹی دے کر مسجد کے اس کمرے میں چلے جاتے جس میں ان کی رہائش تھی۔ کمرہ اندر سے بند کر لیتے‘ کچھ گھنٹے کے بعد کمرہ کھول کر کاموں میں مصروف ہو جاتے۔ ان کا ایک شریر شاگرد لڑکا روزانہ سوچتا کہ آخر استاد جی اپنے کمرے میں کیا کرتے ہیں‘ دیکھنا چاہئے‘ اس لڑکے نے دروازے میں ایک سوراخ کیا‘ ایک دن یہ لڑکا امام صاحب کے کمرے میں جانے کے بعد اس سوراخ میں سے دیکھنے لگا۔ اس نے دیکھا کہ امام صاحب نے کمرے کی زمین پر سے چٹائی ہٹائی اس کے نیچے گھاس پھونس بھرا تھا انہوں نے اسے بھی ہٹا کر زمین میں سے ایک مٹی کی ہانڈی نکالی اس ہانڈی کو الٹایا تو زمین پر اشرفیوں کا ڈھیر لگ گیا۔ امام صاحب ان اشرفیوں سے کھیلنے لگے جب ان کا کھیل سے دل بھر گیا تو انہوں نے یہ اشرفیاں واپس ہانڈی میں رکھ کر ہانڈی زمین میں اسی جگہ پر رکھ دی اور اوپر سے گھاس پھونس ڈال کر چٹائی زمین پر بچھا دی۔ اب روزانہ یہ لڑکا یہ تماشہ سوراخ میں سے دیکھتا ایک دن امام صاحب کو بخار چڑھ گیا‘ امام صاحب نے ایک لڑکے سے بازار سے مکھن منگوایا اور حسب معمول اپنے کمرے میں جا کر کمرہ بند کر لیا۔ ان کے اسی شاگرد نے سوراخ میں سے دیکھا کہ امام صاحب نے ہانڈی نکالی اور زمین پر اشرفیاں الٹیں۔ اب امام صاحب نے ایک ایک کر کے اشرفیاں مکھن میں لگا کر سب اشرفیاں کھا گئے کچھ دیر کے بعد کمرے سے باہر آگئے۔ کچھ گھنٹے کے بعد شاید ان اشرفیوں نے اپنا کام دکھایا اور امام صاحب چند گھنٹوں کے بعد فوت ہو گئے۔ محترم حکیم صاحب! اب ہم مسجد کے پچھلی طرف ایک گلی میں چلتے ہیں: مسجد کی پچھلی گلی میں ایک ہندو بنیا رہتا تھا جس کا کاروبار سود کا تھا اس نے بے شمار مسلمانوں کو سود پر رقم دی ہوئی تھی۔ اتفاق سے یہ ہندو بیمار ہو گیا اس ہندو نے اپنے بیٹے کو بلا کر اس سے تمام سودی کھاتے منگوائے‘ لڑکا بہت خوش کہ باپ اپنے آخری وقت میں یہ تمام سودی کھاتے بیٹے کے حوالے کر دے گا۔ اس ہندو نے اپنے بیٹے کے ذریعہ تمام ان مسلمانوں کو بلوایا جب تمام مسلمان جمع ہو گئے تو اس ہندو نے یہ تمام کھاتے آگ کی نذر کر دیئے اور ان مسلمانوں کی تمام رقم اصل معہ سود معاف کر دی کے بعد ہندو مر گیا۔ ادھر امام صاحب اشرفیاں کھا کر فوت ہوئے اور اُدھر ہندو مسلمانوں کا اصل معہ سود معاف کر کے مرا۔ ادھر امام صاحب کو قبر میں دفنایا ادھر ہندو کو مرگھٹ میں جلا دیا یہ سب ایک وقت میں ہوا۔ اب رات کو یہ مسجد کا طالب علم لڑکا سو نہ سکا اس کے دل میں لالچ آگیا کہ کیوں نہ امام صاحب کی قبر کھود کر امام صاحب کے پیٹ میں سے اشرفیاں نکالوں۔ آخر لالچ میں آ کر یہ لڑکا قبرستان گیا امام صاحب کی قبر کھودی جب امام صاحب کا کفن ہٹایا تو وہاں امام صاحب کی جگہ وہ ہندو بنیا تھا۔ غیب سے آواز آئی کہ جس چیز کو تو تلاش کر رہا ہے اسے مرگھٹ میں جا کر تلاش کر۔ آخر وہ لڑکا بھاگم بھاگ مرگھٹ میں گیا جس جگہ ہندو کو جلایا تھا وہاں راکھ میں ہاتھ مارا تو اسے سونے کی ایک ڈبی ملی جو کہ اشرفیاں آگ سے پگل کر ایک جگہ خراب ہو کر جڑ گئی تھیں۔ اب یہ لڑکا وہ سونا لے کر صبح کو قاضی شہر کے پاس گیا اور تمام ماجرا سنایا اور وہ سونے کی ڈبی بھی قاضی صاحب کے حوالے کر دی۔ قاضی صاحب اس لڑکے کو لے کر جمعہ کے دن جامع مسجد میں آئے اور جمعہ کی نماز سے پہلے یہ سونا اور وہ لڑکا نمازیوں کو دکھایا اور تمام قصہ لوگوں کو سنایا۔ جن عالم دین چغتائی صاحب نے یہ قصہ ہمیں سنایا وہ کہتے ہیں اس وقت میں بھی مسجد موجود تھا اس لڑکے کو معہ وہ جلی ہوئی اشرفیاں سونے کی شکل میں ان عالم دین چغتائی صاحب نے بھی دیکھیں۔ (محمد معظم حسین‘ بہاولپور)

والد کی قبر سے آوازیں آج بھی آتی ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اپنے والد کو محنت کرتے اور اچھائیوں میں ہی دیکھا تھا‘ ساری رات عبادت‘ تہجد‘ کہیں بھی کوئی فوت ہو جاتا‘ خود قبر کھودتے‘ قبریں بہت اچھی کھودتے تھے‘ میں اپنے والد کی لاڈلی بیٹی تھی ان کی وفات کا سب سے زیادہ صدمہ مجھے ہی ہوا۔ میں ان کیلئے پڑھ پڑھ کر ہدیہ کرتی رہتی تھی۔ کچھ عرصہ پہلے پریشانیاں ایسی آئیں کہ میں نے ان کی روح کو ہدیہ کرنا چھوڑ دیا‘ رات کے وقت مجھے کوئی میرا نام لے کر پکارتا‘ یہ آواز میرے سر کی طرف سے ایک کونے سے آتی‘ یہ وقت صبح تہجد کا ہوتا تھا‘ میں نے جاننے کی بہت کوشش کی لیکن پتہ نہ چلا‘ کوئی کہتا یہ آواز قبر دیتی ہے‘ اللہ رحم کرے‘ لیکن میں کھوج میں رہی کہ معلوم کروں‘ کافی جگہ سے معلوم کروایا تو ایک جگہ حاضرات کے ذریعے معلوم ہوا کہ یہ آواز میرے باپ کی طرف سے آتی ہے۔ میرے والد ساری اولاد کو چھوڑ کر میرے پاس آتے تھے‘ ان پر کوئی عذاب تھا اور وہ اس وجہ سے تھا کہ ہماری نسل میں سے کسی بڑے نے قرآن پاک اٹھایا تھا‘ میرے دل میں ایسے زور کا دھچکا لگا بہت افسوس ہوا‘ جلدی سے دوبارہ اپنے والد کی روح کو پڑھ پڑھ کر ہدیہ کرنا شروع کیا۔ (ف۔ک)

پیچش روکنے کا تیر بہدف نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ ہمیں بہت پسند ہے‘ ہمارے خاندان کے تقریباً ہر گھر میں عبقری ہر ماہ انتہائی شوق سے پڑھا جاتا ہے۔ میرے اکثر آزمودہ ٹوٹکے اور وظائف عبقری میں چھپتے رہتے ہیں۔ آج بھی میں ’’موشن بند کرنے کا تیر بہدف نسخہ‘‘ لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ نسخہ درج ہے۔ **ھوالشافی:** جامن کے درخت سے نرم پتے‘ نئی کونپلیں دس عدد دھو کر رگڑ لیں (آج کل جامن کے درخت پر نئے پتے اور کونپلیں باآسانی دستیاب ہیں)‘ دو عدد کالی مرچ‘ دس دانے سونف‘ دو پتے پودینہ لے لیں۔ تمام اشیاء کو جامن کے رگڑے ہوئے پتوں میں مکس کر لیں اور اس تمام آمیزے میں تین چمچ پانی ڈال کر اچھی طرح رگڑ لیں‘ ہر گھنٹے بعد چار چار قطرے پلائیں‘ موشن بند ہو جائیں گے۔ قارئین! یہ ٹوٹکہ انتہائی آسان اور آزمودہ ہے۔ اس کے ساتھ اگر نمکول کا استعمال بھی کیا جائے تو موشن سے ہونے والی کمزوری نہیں ہوتی۔ (حرا رمضان‘ اختر آباد)

مشکل دور: مشکل درپیش ہو تو باوضو ہو کر قبلہ کی طرف منہ کرکے یَابَدِیْعُ پڑھنا شروع کردے اور کوشش کرکے دو چار روز میں ستر ہزار کی تعداد پوری کریں' انشاء اللہ مشکل دور ہو جائے گی۔

قارئین کے سوال قارئین کے جواب

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

اپریل کے جوابات

1۔ محترم بھائی! آپ جب بھی سونے کیلئے لیٹیں باوضو سوئیں اور اپنے دل کے مقام پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام مبارک لکھ کر سوئیں۔ یہ آزمودہ ہے' اس عمل سے رات کو بدخوابی نہیں ہوتی۔ اپنے خیالات کو پاک رکھیں' خوراک سادہ اور اچھی رکھیں' مرچ مصالحہ اور گرم اشیاء سے چند ماہ پرہیز کریں۔ صبح کی سیر ضرور ضرور کریں۔ پھر دیکھیں آپ کی طبیعت کیسے بہتر سے بہترین ہوتی ہے۔ (شاکر مجید' ملتان)

2۔ میری بہن! میری بھابھی کے ساتھ بھی یہی مسئلہ تھا' ہمیں کسی نے عبقری دواخانہ کا ''پوشیدہ کورس'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا' میری بھابھی گزشتہ چھ ماہ سے یہ کورس عبقری دواخانہ سے بذریعہ ڈاک منگوا کر استعمال کر رہی ہے۔ الحمدللہ وہ ستر فیصد ٹھیک ہو چکی ہیں۔ آپ بھی یہی کورس چند ماہ استعمال کروائیں۔ (م' پشاور)

3۔ جناب! میرے ساتھ بھی یہی مسئلہ تھا' آپ سچ کہتے ہیں کہ بندہ کمرے میں قید ہو کر رہ جاتا ہے۔ اللہ انسان کو ہر مرض سے بچائے۔ آمین! آپ جب بھی نہائیں نیم کے پتوں سے ابلے ہوئے پانی سے نہائیں' عبقری دواخانہ کی خون صفاء چند ڈبیاں استعمال کریں۔ اس کے ساتھ درج ذیل ٹوٹکہ آزمائیں میری طرح انشاء اللہ آپ کا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔ ھوالشافی: عرق کاسنی' عرق مکو آدھ چھٹانک۔ شربت دینار ایک چھٹانک۔ مکس کرکے دن میں دو سے تین مرتبہ پینا ہے۔ (ملک مبشر کریم' لاہور)

4۔ مہدی بھائی! آپ درج ذیل ٹوٹکے آزمائیں انشاء اللہ آپ خود محسوس کریں گے کہ آپ کے بال خوبصورت ملائم اور مضبوط ہو گئے ہیں۔ لیموں کا رس اور سرکہ: ایک کپ لیموں کے رس میں دو چمچ سرکہ ملا کر سر پر لگانے سے آپ کے بال چمکدار اور ملائم ہو جائیں گے۔ انڈے کی زردی: دو انڈوں کی زردی میں ایک چمچ زیتون کا تیل ملا کر انہیں اچھی طرح پھینٹ لیں اور سر پر لگا کر 20 منٹ بعد بال دھو لیں۔ یہ نسخہ بالوں کو قدرتی نشوونما میں نہایت معاون ہے اور بالوں کو خراب ہونے سے بچاتا ہے۔ مزید اپنی خوراک بہتر کریں اور صبح کی سیر لازمی کریں۔ (ام فریال' اسلام آباد)

مئی کے سوالات

1۔ بچپن کی نادانیاں: بچپن کی نادانیوں کی وجہ سے اپنی صحت تباہ کر چکا ہوں۔ جسم کمزور' پچکے گال' کمر کے نچلے حصے میں درد' حافظہ بہت ہی کمزور' آلتی پالتی مار کر بیٹھتا ہوں تو ٹانگیں سن ہو جاتی ہیں' دل کی دھڑکن تیز رہتی ہے' سانس پھول جاتا ہے' قارئین! براہ مہربانی کوئی طبی و روحانی علاج بتا دیں۔ (ہمایوں' ڈیرہ اسماعیل خان)

2۔ عجب مرض: محترم قارئین! السلام علیکم! میری عمر 36 سال ہے' غیر شادی شدہ ہوں' میں قارئین سے ایک بیماری کا علاج پوچھنا چاہتی ہوں' دل پر جلن' گردے میں سوج' دل کے مقام پر درد' چبھن' دباؤ' ہاتھ پاؤں پر جلن' دل کی دھڑکن کا بہت تیز ہونا' سانس لینے میں مشکل' کھانا کھانے کے بعد ایسے محسوس ہونا جیسے سینے میں پھنس گیا ہو۔ قارئین مجھے کوئی نسخہ بتائیں۔ (ص۔ ح' سیالکوٹ)

3۔ محترم قارئین السلام علیکم! عبقری رسالہ بہت اچھا ہے' اللہ تعالیٰ اسکو ترقی دے' ہم جیسوں کے کام بھی آتا ہے۔ قارئین! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرا دل بڑھ رہا ہے اور ہائی بلڈ پریشر بھی ہے' بھوک بھی نہیں لگتی ہے' بہت سے ڈاکٹروں کو بھی دکھایا ہے لیکن کوئی آرام نہیں آیا' قارئین آپ کے پاس کوئی نسخہ ہے تو براہ مہربانی اس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں۔ (محمد الیاس' جبر خورد)

4۔ محترم قارئین السلام علیکم! میرا اکلوتا بیٹا ہے عمر سترہ سال ہے' صحت اچھی ہے' موٹا پا مائل ہے' کالج میں پڑھتا ہے' عموماً قبض رہتی ہے' سر کے بال سفید ہو رہے ہیں' ڈاڑھی مونچھ ابھی تک نہیں آئی۔ چہرہ لڑکیوں کی طرح بالکل صاف ہے۔ قارئین عبقری سے مجھے جلد از جلد اس مسئلے کا حل ''قارئین کے سوال قارئین کے جواب'' میں بتائیں۔ میں ہمیشہ مشکور رہوں گا۔ (حق داد' پشاور)

5۔ محترم قارئین! ہم عبقری رسالہ بہت عرصہ سے پڑھ رہے ہیں اس سے ہمیں بہت زیادہ معلومات ملتی ہیں' اللہ پاک حکیم صاحب کی عمر میں خیر اور برکت عطا فرمائے۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ کچھ عرصہ سے میرے منہ میں سے ناگوار بو آتی ہے' تین وقت دانت صاف کرنے کے باوجود بھی بدبو آتی ہے' کوئی نسخہ عنایت فرمائیں۔ (زہرہ جبیں' کراچی)

مناقب اہل بیت اطہار

انتخاب: مکی احمد پوری

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضور نبی کریم ﷺ کے پاس ایک پرندے کا گوشت تھا' آپ ﷺ نے دعا فرمائی: یااللہ! اپنی مخلوق میں سے محبوب ترین شخص کو میرے پاس بھیج تاکہ وہ میرے ساتھ اس پرندے کا گوشت کھائے چنانچہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے اور آپ ﷺ کے ساتھ وہ گوشت تناول فرمایا۔ (ترمذی' طبرانی)

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے زمین پر چار لکیریں کھینچی فرمایا تم جانتے ہو یہ کیا ہے؟ تو صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول ﷺ ہی خوب جانتے ہیں تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جنتی عورتوں میں سب سے افضل خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت خویلد اور فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت محمد ﷺ اور آسیہ بنت مزاحم فرعون کی بیوی اور مریم بنت عمران ہیں۔ (احمد' ابویعلیٰ' طبرانی)

رمضان میں چڑچڑے پن کا شکار ٹوٹکے لیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ رمضان المبارک آرہا ہے اور آ بھی جون میں رہا ہے' عموماً رمضان المبارک میں روزہ دار نماز ظہر کے بعد سے ہی چڑچڑے پن کا شکار ہو جاتے ہیں اور یہ چڑچڑا پن نماز عصر کے بعد تو اپنے عروج پر پہنچ جاتا ہے اور دیکھنے میں آیا ہے رمضان میں جھگڑے بھی زیادہ تر نماز عصر کے بعد ہی ہوتے ہیں اور بہت شدید ہوتے اور حیران کن بات چھوٹی چھوٹی باتوں پر ہوتے ہیں۔ میرے پاس خود کا آزمودہ روحانی ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں اگر کسی کو بہت زیادہ غصہ آنا شروع ہو جائے تو وہ یَاعَزِیْزُ یَاوَدُوْدُ کو کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ افطاری میں مشروب کا گلاس پینے تک اس کو غصہ نہیں آئے گا۔

رشتہ نہیں آتا تو اب بے شمار آئیں گے: اگر کسی کا رشتہ نہ آتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ عشاء کی نماز کے بعد جمعرات کی شب (بدھ کی رات) اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے بعد دعائے نور سات مرتبہ پڑھے اور یہ عمل سات دن تک کرے اگر سات دن میں اثر نہ ہو تو چودہ ورنہ اکیس دن میں لازمی رشتے آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ (م' مثل)

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

☆پنجروں میں طوطے☆میرے اوپر چمگادڑ گری☆ بلیک شوز پر وائٹ پالش☆ چلتی ہوئی عورتیں ساکت ہوگئیں☆بندش کا مسئلہ

پنجروں میں طوطے: میں نے دیکھا کہ میں بھاگ رہی ہوں ہمارے گاؤں کی سڑک پر میرے پیچھے میرا ایک کزن پڑا ہوا ہے' راستے میں مجھے میرے پاپا ملتے ہیں ان کے ہاتھ میں دو پنجرے ہیں ان میں طوطے ہیں دونوں پنجروں میں چار چار طوطے ہوتے ہیں' پاپا وہ مجھے دیتے ہیں پھر میں ان کو لے کر بھاگ رہی ہوں' راستہ وہی ہے' اس راستے کے نیچے بہت بڑا گڑھا ہے میں اس گڑھے کے اندر چھپ جاتی ہوں' اندر ایک کشتی بنی ہوئی ہے اس میں بہت خوبصورت بچے بیٹھے ہیں۔ میں طوطے وہیں رکھتی ہوں پھر سوچتی ہوں یہ شور نہ کردیں' دشمنوں کو پتا چل جائے گا' وہاں بیٹھی اس لڑکی سے میں کہتی ہوں کہ تم کون ہو؟ وہ سیڑھیوں پر بیٹھی ہوئی ہے اور وہاں پر گندم کی ڈالیاں پڑی ہوئی ہیں۔ لڑکی مجھے جواب نہیں دیتی۔ وہاں پر ایک اور لڑکی کہتی ہے کہ اس کا باپ امیر ہے' اسے شاپنگ کرانے لایا ہے' وہاں پر ایک بچہ بھی ہوتا ہے خوبصورت سا! میں اسے کہتی ہوں تم بہت اچھے ہو تم مجھ سے بات کرو' وہ شرماتا ہے۔ (نائلہ' راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے کاموں میں حاسدین کی طرف سے رکاوٹیں ڈالی جانے کے باوجود آپ کو خوشیاں اور کامیابیاں نصیب ہوں گی۔ واللہ اعلم!

بندش کا مسئلہ: میں گزشتہ 12 سال سے مسلسل ایک خواب دیکھ رہا ہوں' میرے پیچھے چھپکلیاں لگی ہوتی ہیں اور اکثر میں خواب میں خود کو ننگے پاؤں دیکھتا ہوں۔ (ناصر' اوکاڑہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے ساتھ واقعی بندش ہی کا مسئلہ ہے' تاہم آپ حسب توفیق صدقہ دیں اور سورہ فلق اور سورہ الناس روزانہ 313 بار پڑھ کر بندش کے خاتمے کی دعا کرلیا کریں۔ یہ عمل کم از کم 90 دن باقاعدگی سے کرنا ہوگا' ان شاء اللہ بندش ختم ہوجائے گی۔ واللہ اعلم!

میرے اوپر چمگادڑ گری: میں نے دیکھا ایک قبرستان ہے میری امی اور ایک کزن وہاں پر کھڑے ہیں ایک کمرا بنا ہوا ہے جس کی چھت نہیں ہے ہم جیسے ہی اس کمرے میں اندر جاتے ہیں ایسا لگتا ہے کہ میرے اوپر چمگادڑ گری ہو' میں ڈر گئی پھر امی کو کہتی ہوں یہاں سے چلیں' یہ راستہ صحیح نہیں ہے۔ میری کزن اسی کمرے کی زمین پر راستہ تلاش کرتی ہے اور زمین پر سے ڈھکن ہٹاتی ہے تو سیڑھیاں بنی ہوتی ہیں وہ اندر چلی جاتی ہے مگر میں نہیں جاتی اور امی کو دوسرے راستے لے کر جاتی ہوں' وہاں پر ویسے ہی کمرے اور برآمدے ہیں' ان کی چھت نہیں ہیں' قبریں ہی قبریں ہیں۔ میں امی کو کہتی ہوں کہ راستہ مل جائے گا' آپ چلیں۔ ہم بہت پیدل چلتے ہیں' راستے ایسے ہوتے ہیں جیسے بھول بھلیاں۔۔۔! میں دل میں یہ بھی سوچ رہی ہوں کہ میں امی کو لے کر تو آئی ہوں اگر راستہ نہ ملا تو کیا ہوگا۔ میں آگے چلتی ہوں آخر مجھے راستہ مل ہی جاتا ہے۔ ایک جگہ پر ہمارے گاؤں کی لڑکیاں قرآن پاک پڑھ رہی ہیں' میں وہاں سے آرام سے گزر جاتی ہوں۔ میرے دل میں اطمینان ہوتا ہے کہ اب گھر پہنچ جائیں گے۔ (صبا' لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس وقت جو پریشانیاں آپ پر آئی ہوئی ہیں' اس بات کا اشارہ ہے کہ یہ پریشانیاں ان شاء اللہ جلد دور ہوجائیں گی۔ آپ یَااَبَدِیُّ یَابَدِیْعُ ہر نماز کے بعد 21 بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم!

بلیک شوز پر وائٹ پالش: میں نے گزشتہ ماہ استخارہ کیا تھا' دوسرے شہر میں منتقل ہونے کیلئے تو میں نے خواب دیکھا کہ ریلوے اسٹیشن پر ٹرین کھڑی ہے اور تیار ہے اور اس کے انجن سے تھوڑا سا دھواں بھی نکل رہا ہے پھر اپنے آپ کو دیکھا کہ جیسے میں اپنے شوہر' بچوں اور بہن بھائیوں کے ہمراہ ہوں اور اسٹیشن پر بھی کھڑی ہوں مگر ان سب کو اتنا واضح نہیں دیکھا اور پاس ہی تھوڑے فاصلے پر اسٹیشن پر دوسروں کا سامان ہے اور ہمارے بھی دو عدد اٹیچی کیس ہیں' پھر منظر بدل جاتا ہے۔ میں نے دیکھا کہ میرا بڑا بیٹا اسکول جانے کیلئے تیار ہے' یونیفارم میں سٹول پر بیٹھا ہوا ہے اور اس نے یونیفارم نیکر کے ساتھ پہنا ہوا ہے اور صاف ستھرا سا ہے اور اس کے ساتھ کالے رنگ کے جوتے پہنے ہوئے ہیں جن پر سفید پالش کی ہوتی ہے۔ دوسرے سٹول پر میرا درمیان والا بھائی بیٹھا ہے اور وہ بھی دیکھ کر مسکرا رہا ہے اور میں بھی پالش کرتے ہوئے باتیں بھی کررہی ہوں اور ہنستے ہوئے اٹھتی ہوں اور اسے کہتی ہوں کہ دیکھوں میں نے بلیک شوز کو وائٹ پالش کردی ہے پھر ہم تینوں ہنستے ہیں اور میں وہاں سے اٹھ کھڑی ہوتی ہوں۔ (پوشیدہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے دونوں بیٹے ان شاء اللہ نیک اور فرمانبردار ہوں گے اور نیک کاموں میں آپ کے مددگار بنیں گے۔ واللہ اعلم!

چلتی ہوئی عورتیں ساکت ہوگئیں: میں نے دیکھا کہ آسمان پر رنگ برنگے دائرے ہیں جو کہ خوبصورت منظر پیش کررہے ہیں پھر منظر بدلا اور زمین پر برف پڑنا شروع ہوگئی اور ہر چیز منجمد ہوگئی' چلتی ہوئی عوریں ساکت ہوگئیں۔ زمین برف سے ڈھک گئی۔ راستے' پہاڑ چھوٹے چھوٹے اور آسمان پر چاند اور سورج سب ساکت ہوگئے پھر میں یہ منظر اپنی ماں کو دکھاتی ہوں اور خود جھاڑیوں کے پاس بیٹھی ہوں' دل میں سوچتی ہوں کہ چیلیں نہ آجائیں پھر دوبارہ آسمان کی طرف دیکھتی ہوں تو حرکت شروع ہوجاتی ہے۔ سورج گلاب کا نیلا پھول بن کر پھیل جاتا ہے اور پھر نیلے پانی میں تبدیل ہوجاتا ہے اور آسمان پر دوبارہ رنگ برنگے دائرے نظر آتے ہیں جن کی تصویر اتارنے کیلئے میں کیمرہ ڈھونڈتی ہوں پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (مناہل' ملتان)

تعبیر: خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے بعض اہم کاموں میں اچانک ٹھہراؤ آجائے گا تاہم کچھ عرصہ بعد حالات میں پھر سے بہتری آجائے گی۔ واللہ اعلم

گڑ تو آپ لائے ہی نہیں

آمد رمضان ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں آپ کے طبی آرٹیکل میں گڑ کے فوائد پڑھے۔ میں نے اسی دن اپنے گاؤں سے براؤن گڑ منگوایا اور ہر کھانے کے بعد ایک ٹافی کے برابر گڑ کھانا شروع کردیا' چند دنوں کے بعد میں حیران ہی رہ گیا کہ میری زندگی پرسکون ہوگئی' ہاضمہ لاجواب' صحت بے مثال ہونا شروع ہوگئی۔ اس سے پہلے میں روزانہ چار مرتبہ اور کبھی چھ مرتبہ قضائے حاجت کیلئے جاتا تھا لیکن اب صرف دو مرتبہ صبح وشام جاتا ہوں۔ اسی دوران رمضان کریم آیا تو میں نے افطاری اور سحری کے بعد گڑ کھانا شروع کردیا۔ اس سے پہلے فجر کے بعد قرآن کی تلاوت کیلئے مجھے تین سے چار مرتبہ وضو اور اسی طرح تسبیح تراویح کیلئے بھی بار بار وضو کرنا پڑتا' حالانکہ اس روگ کی وجہ سے میری عبادت نہ ہونے کے برابر رہ گئی تھی اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ گزشتہ رمضان گڑ کے استعمال سے میں بالکل فٹ رہا اور خوب عبادات کیں۔ (بیٹا حاجی سید عبدالرزاق شاہ مرحوم)

اپنی جوان بیٹی کی شادی مجھ سے کردو گھر جنت بن جائے گا

پیر صاحب نے ان کے گھر کی بائیس سالہ جوان خوبرو لڑکی کا رشتہ اپنے لیے مانگ لیا اور ساتھ کہا کہ اگر اس کی شادی مجھ سے ہوجائے گی تو آپ کا گھر جنت بن جائے گا‘ تمام پریشانیاں‘ مسائل‘ جادوٹونہ‘ کاروباری بندشیں سب ختم ہوجائیں گی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ اور آپ کی نسلوں کو تاقیامت شادو آباد رکھے اور تسبیح خانہ کا فیض ساری دنیا تک پہنچاتا رہے۔ رسالہ میں عدم برداشت اور رواداری کا کالم پڑھا تو سوچا میں بھی اپنی آنکھوں دیکھا ایک سچا واقعہ لکھوں اس دور میں اپنی خوبصورت زندگی اور خواہشات کو ختم کرتے ہوئے صبرو برداشت کا مظاہرہ کرتے ہوئے زندگی گزارنا میں نے آج تک نہیں دیکھا۔ یہ واقعہ ہمارے پڑوس کا ہے۔ آج سے سولہ سال پہلے ہمارے پڑوس میں ایک فیملی آئی‘ بہت اچھی اور سلجھی ہوئی فیملی تھی‘ کل چھ افراد تھے‘ انہوں نے یہاں اپنا گھر خریدا تھا‘ بظاہر خوشحال لگتے تھے‘ کچھ عرصہ گزرا تو ان کے گھر مختلف معاشی اور مالی مسائل پیدا ہونا شروع ہوگئے اور والد صاحب کی طبیعت بھی اکثر خراب رہتی کاروبار متاثر ہونا شروع ہوگیا۔ مسلسل ناکامیوں سے پریشان ہوکر آخر انہوں نے استخارہ کروایا تو پتہ چلا کہ وہ کچھ بدعملیات اور کالے جادو کا شکار ہیں۔ لہٰذا اس سب حالات سے نکلنے کی کوشش میں ان کی ملاقات ایک نام نہاد ’’پیر صاحب‘‘ سے ہوگئی ان پیر صاحب نے ان کی مشکلات حل کرنے کی مکمل یقین دہانی کروائی اور انہیں اپنی جھوٹی بیعت کے جال میں پھنسا لیا۔ بیعت کے بعد ان پیر صاحب نے ان کے گھر کی بائیس سالہ جوان خوبرو لڑکی کا رشتہ اپنے لیے مانگ لیا اور ساتھ کہا کہ اگر اس کی شادی مجھ سے ہوجائے گی تو آپ کا گھر جنت بن جائے گا‘ تمام پریشانیاں‘ مسائل‘ جادوٹونہ‘ کاروباری بندشیں سب ختم ہوجائیں گی۔ گھر والوں پر اپنی جھوٹی بیعت اور ان کا مرشد ہونے کا خوب دھونس جمایا اور یہاں تک کہا کہ (نعوذباللہ) مرشد کا حکم خدا کا حکم ہوتا ہے‘ لہٰذا بیعت کرتے وقت میں نے جو کلمے پڑھائے ان کی لاج رکھتے ہوئے آپ سب میری بات پر غور کریں۔ اللہ کی یہی مرضی ہے۔ سب گھر والے (جھوٹے) پیر صاحب کی بات سن کر بہت زیادہ پریشان ہوئے اور پیر صاحب کی ’’عظمت‘‘ کو دیکھتے ہوئے کہ ان کی شان میں کوئی گستاخی نہ ہوجائے اس بات کا ذکر کسی سے نہ کیا۔ آخرکار پیر صاحب کے پرپوزل کے دو سال بعد اس نازک سی بچی کی شادی 80 سالہ (بدمعاش) پیر صاحب سے کردی‘ اس شادی میں پیر صاحب کے بچے اور پوتے پوتیاں شامل ہوئے۔ والدین نے اپنی پھول سی بچی کو لاکھوں کا جہیز دے کر رخصت کیا‘ وہاں جا کر اس بچی پر غموں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے‘ اس سے ملازموں سے بدتر سلوک کیا جاتا‘ اوپر سے وہ پیر صاحب اس قابل ہی نہ تھے کہ حقوق زوجیت ادا کرسکتے۔ اس سختی کو بھی اس بچی کو ہی برداشت کرنا پڑا‘ اسے اپنے والدین کے گھر جانے سے روکا جانے لگا حتیٰ کہ فون کرنے پر بھی پابندی لگادی گئی۔ ایک دن ایسا ہوا کہ پیر صاحب کی بڑی بہو (جن کے اپنے بچے جوان اور شادی کے قابل تھے) کو معلوم ہوگیا کہ اس بچی اور اس بزرگ کے کسی قسم کے کوئی تعلقات نہیں ہیں تو اس نے جہیز کے سامان پر قبضہ کرنے کیلئے اس بچی کو والدین کے گھر بھجوا دیا اور کہا کہ وہ اپنے سسر کا علاج کروا کر اسے واپس بلوالیں گے۔ لہٰذا یہ معصوم کی گڑیا اپنے گھر واپس آگئی۔ دو روز بعد پیر صاحب کی طرف سے طلاق نامہ اس کے والدین کے گھر بھیج دیا گیا۔ بیٹی کا طلاق نامہ دیکھ کر والدین پر تو جیسے پریشانیوں کے مزید پہاڑ ٹوٹ پڑے۔ نام نہاد جھوٹے پیر کی بیعت کی لاج رکھتے ہوئے وہ شدید مشکلات اور پریشانیوں کا شکار ہوچکے تھے۔ بیچارے والدین نے بیٹی کے جہیز کے سامان کی چیزیں قسطوں پر لے رکھی تھیں وہ قسطیں ابھی پوری بھی نہ ہوئیں تھیں کہ بیٹی گھر واپس آگئی۔ اپنی عزت اور شرافت کو مدنظر رکھتے ہوئے بچی کے والدین خاموش ہوگئے۔ جہیز کا سامان واپس لینے کی لاکھ کوشش کی مگر وہ بھی نہ ملا۔ ان جھوٹے پیر صاحب نے یہاں بھی بس نہ کیا اور اپنے بدعملیات کو حد درجہ استعمال کرکے ان کی زندگی مزید جہنم بنادی۔ آج نو سال بعد بھی وہ گھرانہ دکھوں اور مصائب میں گھرا ہوا ہے‘ اس بچی کے دکھ سہتے سہتے زندگی کی بازی ہار چکے ہیں‘ ایک بھائی معمولی ملازمت کرتا ہے‘ اور اس بچی کی نہ تو اب تک شادی ہوسکی اور نہ اس کو کسی لمحے چین سکون میسر آسکا۔ ابھی تک ایسا ہے جیسے ان کی کسی بات کسی عمل میں کوئی اثر ہی نہیں۔ قرضوں کی وجہ سے انہیں اپنا گھر بیچنا پڑ گیا اور اب وہ دو کمروں کے معمولی فلیٹ میں رہتے ہیں۔ اس نام نہاد جھوٹے پیر کی آخرت نا معلوم کیسی ہوگی لیکن اس بچی (باقی صفحہ نمبر 41 پر)

ماہنامہ عبقری پڑھنا ٹینشن فری ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دعا ہے کہ اللہ کریم آپ کو صحت کاملہ اور عمر خضر عطا فرمائے کہ آپ کی بدولت لاکھوں لوگ اپنی بیماریوں اور پریشانیوں سے نجات پا رہے ہیں۔ میرا عبقری سے تعلق تقریباً سوا تین سال پرانا ہے اور اس سے تعلق کے بعد میری زندگی میں سکون آنا شروع ہوگیا ہے۔ ابھی گزشتہ رمضان کریم میں‘ میں تسبیح خانہ میں ستائیسویں کی شب جب آپ کا درس سننے کیلئے آئی اور اللہ نے اس رات مجھے تسبیح خانہ کی خدمت کا شرف بھی بخشا تو دل میں دعا کی کہ کاش میں بھی شہر لاہور میں رہتی اور ہر روز یہاں آکر دلی سکون پاتی‘ مگر الحمدللہ ماہنامہ عبقری کی بدولت ہمارے گھر ہر ماہ سکون کا پروانہ آتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے میرے اوپر بہت کرم فرمایا کہ عبقری کے ذریعے مختلف اعمال و وظائف نے میری بہت سی پریشانیوں کو دور کردیتے ہیں۔ بے شک اللہ والوں کی نسبت اور قربت سے انسان بڑے بڑے گناہوں سے بچ جاتا ہے اور حوادث سے بھی۔ عبقری میں آئے ذکر اور تسبیحات مجھے خود بخود ٹینشن فری کردیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت اور عمر خضر عطا فرمائے اور ہماری اور سب دکھی انسانیت کی خدمت کرنے پر آپ کو اجر عظیم عطا کرے۔ (طیبہ آصف‘ راولپنڈی)

عبقری نے جینے تمنا بڑھادی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رب کریم آپ کی عمر دراز کرے‘ ایمان ہدایت وعافیت کے ساتھ‘ آپ کے تمام اہل خانہ کیلئے بے حد دعاگو ہوں۔ اللہ آپ کا سایہ ہم سب پر سلامت رکھے۔ آپ اور تمام گھر والوں کو جنت نعیم کا وارث بنائے۔ آمین۔ گزشتہ چند ماہ پہلے عبقری ویب سائٹ انٹرنیٹ پر دیکھی اس میں آپ کے شمارے ماہنامہ عبقری کے بارے معلوم ہوا۔ پڑھتے ہی تجسس ہوا‘ اس میں موجود تحریریں پڑھنے کے بعد مجھ پر حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے کہ واقعی دل سے جو دعا نکلتی ہے اثر رکھتی ہے۔ میری یہ بدنصیبی ہے کہ اب تک ان رحمتوں کے خزانوں سے محروم بھی۔ بے شمار دعاؤں اور کئی عاملوں کے علاج سے تھک گئی ہوں کوئی چیز اثر ہی نہیں کرتی۔ عبقری میں موجود وظائف اور نسخہ جات نے جینے کی تمنا بڑھادی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کے عمل قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ (سائرہ‘ دہلی)

خواتین پوچھتی ہیں؟

(ام اوراق)

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

ہاضمہ ٹھیک نہیں: چند ماہ سے مجھے عجیب سا محسوس ہو رہا ہے۔ پراٹھا کھالوں یا دوپہر کو سالن وغیرہ تو کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ ڈکاریں آتی ہیں۔ کچھ کھانے پینے کو دل نہیں چاہتا۔ بالکل سادہ کھانا لوں تو طبیعت بوجھل نہیں ہوتی۔ کیا کرنا چاہیے۔ (س۔ک)

مشورہ: کراچی میں پپیتا عام دستیاب ہے۔ کہنے کو تو یہ سستا پھل ہے مگر اس کے فائدے بے شمار ہیں۔ سخت سے سخت گوشت پر آپ کچا پپیتا لگا دیں تو وہ گل جاتا ہے۔ معدہ کے مریضوں کے لیے یہ تحفہ ہے۔ اس کے کھانے سے قبض دور ہوجاتی ہے۔ مرغن کھانا ہضم ہوتا ہے۔ آپ پکا ہوا پپیتا لا کر گھر میں رکھیں۔ کھانا کھانے کے بعد دو سے تین قاشیں کھا لیجیے۔ کھانا معدہ پر بوجھ نہیں بنے گا۔ آپ کے معدے، جگر، آنتوں کا عمل ٹھیک رہے گا۔ اس سے آپ کے دل کو بھی تقویت ملے گی۔ دس، پندرہ دن کھا کر دیکھیے۔ پھلوں کی چاٹ یا سلاد میں پپیتا شامل کیا جائے تو صحت کے لیے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ دوا کی دوا ہے اور غذائیت سے بھرپور پھل بھی۔

نیند کی کمی: میری نیند آج کل پوری نہیں ہو رہی۔ کام کی زیادتی ہے اور گھر میں بچہ بیمار ہے۔ رات کو سوتی ہوں تو نیند اچٹ جاتی ہے۔ میں نیند لانے والی گولی نہیں کھانی چاہتی۔ نیند کی کمی سے کام متاثر ہو رہا ہے۔ نیند کی کمی کیسے ٹھیک ہوگی اور میں گہری نیند کیسے لے سکوں گی۔ (صدیقہ بی بی)

مشورہ: نیند کی گولیاں کھانے سے اعصاب اور پٹھوں پر بُرا اثر پڑتا ہے پھر ان کی عادت ہوجاتی ہے۔ آپ عبقری دواخانہ کا سکون افزا سیرپ خریدیں۔ رات ایک چمچ تازہ پانی میں ملا کر پی لیجیے۔ چند دنوں میں آپ کو خود محسوس ہوگا، نیند اچھی آ رہی ہے۔ بادام، چاروں مغز اور دوسری چیزیں دماغ اور اعصاب کو سکون دیتی ہیں اور ان کے مابعد اثرات بھی نہیں ہوتے۔ آپ بھی کھائیے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کو اچھی نیند آجائے گی۔

سبزیاں خراب ہوجاتی ہیں: فریج میں سبزیاں رکھیں تو خراب ہوجاتی ہیں فریج میں سے پھلوں کی بو بھی آنے لگتی ہے کیلے کالے ہوجاتے ہیں اس کیلئے بتائیے؟ ہرا دھنیا بھی گل جاتا ہے سبزیاں فریج میں کیسے ٹھیک رہ سکتی ہیں؟ (صدف لاہور)

مشورہ: بی بی! آپ اپنا فریج خالی کرکے اچھی طرح صاف کریں، ایک چھوٹے پیالے میں میٹھا سوڈا چار پانچ چمچ ڈال کر رکھ دیں، بدبو نہیں ہوگی۔ ہرا دھنیا صاف کرکے ڈنڈیوں کے ساتھ دھو کر چھلنی میں رکھ دیں تاکہ پانی نکل جائے، اب کسی موٹے سوتی کپڑے کو گیلا کرکے نچوڑ کر اس میں دھنیا رکھئے، دو چار دن ہرا دھنیا تازہ رہے گا، باقی ہرا دھنیا دھو اور کاٹ کر کسی ہوا بند ڈبے میں فریزر میں رکھئے، محفوظ رہے گا۔ سبزیوں کو اچھی طرح صاف کرکے اخباری کاغذ میں لپیٹ کر رکھیں۔ کیلے عموماً کالے پڑ جاتے ہیں کیلوں کو آپ موٹے خاکی کاغذ کے لفافے میں لپیٹ کر فریج میں رکھیں، خراب نہیں ہوں گے، اوپر سے رنگ بدل جائے تب بھی اندر سے سفید نکلیں گے۔ آپ مٹر چھیل کر رکھ سکتی ہیں پالک بھی ڈنڈیاں توڑ کر اخبار میں لپیٹ کر رکھیں۔ اروی، ٹینڈے، گھیا فریج میں کھلی حالت میں بھی محفوظ رہ جاتے ہیں ادرک بھی کاغذ میں لپیٹ کر رکھیں، پیٹھا آپ کاٹ کر بھی رکھ سکتی ہیں۔

جسم پر دانے: بازو، کندھے، کمر پر دانے نکلنے کی وجہ سے پریشان ہوں، تین سال سے دانے نکل رہے ہیں بال بھی گر رہے ہیں شادی ہونے والی ہے، دانوں کی وجہ سے بہت گھبراتی ہوں۔ (حسنہ، لاہور)

مشورہ: حسنہ! آپ کو خون صفا دوائی کی ضرورت ہے، آپ عبقری دواخانہ سے خون صفاء دوا لے کر استعمال کریں۔ ٹھیک ہوجائیں گی، عبقری دواخانہ سے آپ دانوں کی دوا اور سر کے بالوں کیلئے تیل لے سکتی ہیں۔

بوجھل پن: میرے جسم میں بہت حدت ہے، ڈاکٹر کہتے ہیں خون گاڑھا ہونے کی وجہ سے جسم میں بوجھل پن ہے، کام کاج کرنے میں مشکل ہوتی ہے، جسم سے گرمی نکلتی ہے، بعض دفعہ تو فشار خون بھی زیادہ ہوجاتا ہے، ڈاکٹر کی دوا موافق نہیں آتی، آپ مجھے کوئی علاج بتائیے میں دوا کھانا نہیں چاہتی۔ (ام انور، پشاور)

مشورہ: دوا تو کھانی چاہیے اسی سے آرام آتا ہے بہرحال آپ تربوز استعمال کریں، ایک گلاس تربوز کے عرق میں ایک لیموں نچوڑ کر پی لیجیے، شروع میں صبح شام پئیں، دو تین دن بعد صرف ایک بار۔ اس سے آپ کے خون کا گاڑھا پن دور ہوگا، تربوز کھانے سے بلند فشار خون بھی ٹھیک ہوتا ہے، ہمارے ایک ملنے والے بلند فشار خون کے شاکی تھے انہیں صرف تربوز کھانے کو کہا وہ رات کو تربوز کاٹ کر فریج میں رکھ دیتے، صبح نماز پڑھ کر کھالیتے، چند دن میں بغیر کسی دوا کے ٹھیک ہوگئے پیشاب کھل کر آنے لگا، قبض دور ہوئی اور وہ اپنے کاموں میں مصروف ہوگئے۔ صرف تربوز نے انہیں ٹھیک کردیا، اللہ تعالیٰ نے پھلوں میں بہت خواص رکھے ہیں، آپ بھی آزما کر دیکھئے۔ جسم کا بوجھل پن بھی ٹھیک ہوجائے گا، بھوک لگے گی، ناف کے اردگرد سختی ٹھیک ہوگی جسم کی گرمی اور پیاس ختم ہوگی۔ تربوز میں بے شمار غذائی اور شفائی اثرات موجود ہیں، جسم کو سکون دیتا ہے، جو لوگ اس کے فائدے جانتے ہیں وہ اس کے چھلکے بھی سبزی کی طرح پکا کر کھاتے اور بیج سردائی میں ڈالتے ہیں۔

مور کا پر اور حاملہ خاتون: ہمارے علم میں ہے کہ مور کے پر کا چاند والا حصہ دردزہ میں گرم دودھ کے ساتھ حاملہ خاتون کو پلایا جاتا ہے، اس سے آسانی ہوتی ہے، آپ نے گزشتہ ایک شمارے میں اسے اولاد نرینہ کیلئے تجویز کیا ہے اس کی وضاحت فرمائیے۔ میں نے یہ بھی سنا ہے کہ اگر کچی پکی بند گوبھی مرد زیادہ استعمال کریں تو اولاد نرینہ کے زیادہ امکانات ہوتے ہیں۔ (سیما، کراچی)

مشورہ: سیما بہن! آپ کا خط ملا، مور کے پر کا چاند والا حصہ تقریباً سو سال سے حکیم لوگ استعمال کررہے ہیں آپ کا نسخہ میں نے کسی کتاب میں یا کسی حکیم سے نہیں سنا۔ اولاد نرینہ کیلئے آپ نے جو وظائف لکھے ہیں وہ بھی لوگ برسہا برس سے آزماتے آرہے ہیں۔ کچھ لوگ انار دم کرکے دیتے ہیں تو کچھ سیب لیکن میں نے پہلے بھی لکھا تھا کہ سب اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، کسی بھی بات پر انحصار نہیں کرنا چاہئے، اللہ تعالیٰ سے بس دعا کرنی چاہئے بیٹا ہو یا بیٹی، نیک اور صالح اولاد کی دعا کرنی چاہئے، ہماری ایک ملنے والی خاتون تھیں، انہوں نے بڑی منت مرادیں مانیں ایک ہی دعا تھی کہ اللہ بیٹا دے۔ بیس برس بعد اللہ نے بیٹا دیا، مگر وہ زندہ نہیں تھا۔ اب انہوں نے دعا کرنی شروع کی اللہ تعالیٰ بیٹا دے اور اسے میں گود میں بھی لوں۔ اللہ تعالیٰ نے دوسری بار بیٹا دیا، سات دن ان کی گود میں رہا پھر مرگیا۔ اب سب نے انہیں ٹوکا اور کہا یہ دعا کرو کہ زندگی والا بیٹا دے۔ تیسری بار پھر بیٹا ہوا اور زندہ سلامت رہا، یہ آنکھوں دیکھا سچا واقعہ ہے رہی بند گوبھی کی افادیت تو اس بارے میں کبھی تفصیل سے لکھوں گی۔ اس سبزی کے بہت سارے فائدے ہیں، پہلے تو پکا کر کھائی جاتی ہے، سبزیاں اور پھل ضرور کھانے چاہئیں اللہ تعالیٰ کی نعمتیں ہیں۔

25 سال پہلے ریڈیو سے سنے ٹوٹکہ نے صحت دلادی

تین ماہ کے اندر اندر چہرہ صاف صبح منہ کو اچھے سے دھولیں اور تولیہ کسی دوسرے شخص کا استعمال نہ کریں۔ صابن بھی کسی دوسرے شخص کا استعمال نہ کریں یہ مجھے کسی نے نہیں بتایا پچیس سال پہلے ریڈیو سے سنا تھا آزمایا تو اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ہر ایک کو فائدہ پہنچا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس لوکی کی کھیر کی ترکیب ہے جوکہ میں نے کسی سے نہ تولی ہے نہ ٹیلی ویژن سے دیکھ کرلی ہے یہ مجھے بچپن سے نئی نئی چیزیں بنانے کا شوق ہے یہ میری امی نے بتائی تھی اس کے بہت سے فائدے ہیں دل کو دماغ کو جگر کو معدے کو فرحت دیتی ہے اور بھی زیادہ فائدے آپ کو معلوم ہوں گے۔ ترکیب: آدھا کلو لوکی جسے ہرا گھیا بھی کہتے ہیں گھیا شریف بھی کہتے ہیں ڈیڑھ کلو دودھ' ایک پاؤ کھویا یا ایک پاؤ برفی جو مٹھائی والے کی دکان سے ملتی ہے چھ سے سات سبز الائچی کا تازہ پاؤڈر خود بنائیں۔ چینی بہت کم کیونکہ برفی بھی میٹھی ہوتی ہے سب سے پہلے دودھ میں چھ سے سات سبز الائچی گرینڈ کر کے دودھ کو گاڑھا کرلیں ہرا گھیا کوکش کر کے ابال لیں لیکن دو کپ پانی میں اور پھر اسے جالی والے برتن میں رکھیں کہ پانی نکل جائے پھر اسے نچوڑ لیں ہاتھوں سے اور گاڑھے دودھ میں ڈال کر چمچ سے ہلاتے رہیں بہت اچھی خوشبو آنے لگے تو اس میں برفی ڈال دیں اگر کھویا ہے تو کھویا ڈال کر ہلاتے رہیں اگر میٹھا کم لگے تو تھوڑی سی چینی ڈالیں اور گاڑھا ہونے پر چولہا بند کردیں کسی اچھی سی ڈش میں ڈالیں اور فریج میں ٹھنڈا ہونے کیلئے رکھ دیں۔ اپنی پسند کے میوے ڈالیں جیسے بادام پستہ اخروٹ ڈال سکتے ہیں کھانے میں بے حد لذیذ کہ دل چاہے بار بار کھاؤ اور گرمیوں میں لاجواب ہے افطار میں گرمی دور کرنے والی کھیر تیار ہے۔

دوسرا میرا آزمایا ہوا ٹوٹکہ گیرو جو گملوں پر لگایا جاتا ہے چہرے پر کیل مہاسے جھائیوں سے نجات کیلئے گیرو جو پنساری کے پاس سے دس بیس روپے کا مل جاتا ہے وہ لے کر باریک پیس لیں اور تھوڑا سا الگ برتن میں ڈال کر پانی ڈالیں اور اس کا لیپ رات کو چہرے پر کرلیں تین ماہ کے اندر اندر چہرہ صاف صبح منہ کو اچھے سے دھولیں اور تولیہ کسی دوسرے شخص کا استعمال نہ کریں۔ صابن بھی کسی دوسرے شخص کا استعمال نہ کریں یہ مجھے کسی نے نہیں بتایا پچیس سال پہلے ریڈیو سے سنا تھا آزمایا تو اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ہر ایک کو فائدہ پہنچا بلکہ مجھے تو بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ مہنگی مہنگی کریموں پر پیسے ضائع کرنے والوں کیلئے نایاب تحفہ ہے۔ (مسرت نعیم)

رمضان اور رنگ رنگیلی سلاد! صحت کا بلاوا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رمضان کی آمد آمد ہے اور رمضان بھی گرمیوں کے سردار مہینے جون میں آرہا ہے' سارا دن بھوک پیاس برداشت کرنے کے بعد افطاری میں جب سب من پسند چیزیں دسترخوان پر موجود ہوتی تو افطار کے فوری بعد صرف ایک یا دو گلاس مشروب پینے سے ہی بھوک ختم اور رنگ برنگی ڈشیں اپنی جگہ پر ہی پڑی رہ جاتی ہیں یا اگر آپ نے افطاری میں بریانی' نہاری' قورمہ یا کوئی اور ثقیل غذا کھا بھی لی ہے تو ان کے مضر اثرات زائل کرنے کیلئے میں آپ کو بتاتی ہوں وٹامنز کا خزانہ جن کے کھانے سے آپ بالکل فریش ہوجائیں گے۔ کبھی آپ نے کراچی کے برنس روڈ کے مرغن کھانے بیچنے والے ریستورانوں کے باہر کھڑے دیکھا ہوگا تو کبھی طارق روڈ اور دستگیر سوسائٹی کے بارونق فوڈ اسٹریٹس پر چند ریڑی بان مہارت سے کٹی ہوئی گاجریں' پیاز' چقندر' مولیاں' کھیرے' ککڑیاں' کچے آم' سلاد کے پتے' لیموں' ٹماٹر اور بند گوبھی کی قاشیں مکس کر کے بیچ رہے ہوتے ہیں۔ یہ پاؤ بھر بھی لے لیں تو پورے کنبے کیلئے کافی ٹھہریں۔ مزدور طبقہ کی صحت اور چہروں کی تازگی کا راز یہی سلاد ہے اور رمضان میں افطاری اور عام دنوں میں دوپہر کے کھانے کے بعد سادہ یا مرغن کسی بھی طرح کی غذا کے ساتھ صرف دس سے بیس روپے میں دستیاب ہونے والی سلاد نہ جیب پر بوجھ بنتی ہے اور نہ ہی معدے پر۔ اس سلاد کے خریدار شاید نہ جانتے ہوں کہ پاؤ بھر سبزی سے انہوں نے وٹامنز (نایاسین' کیلشیم' فولاد' پوٹاشیم' فاسفورس' لائیکوپین) کا خزانہ حاصل کرلیا ہے۔ سلاد ایک کامل غذا ہے اسے رمضان میں اور علاوہ رمضان ضرور کھایا کیجئے' پھر دیکھئے صحت کی چمک اندر سے پھوٹے گی۔ آپ کے علاوہ میں اگر آپ کو مکس سلاد نہ ملے تو یہ تمام چیزیں سبزی والے بھائی سے تھوڑی تھوڑی لے کر گھر میں اکٹھی سلاد بنالیں اور روزانہ افطار کے وقت اس کا استعمال کھانے کے ساتھ کریں جو بچ جائے فریج میں رکھیں اور دوسرے دن افطار میں استعمال کرلیں۔ اگر چاہیں تو روزانہ تازہ لاکر بھی تیار کرسکتے ہیں۔ آپ افطار میں جیسی بھی غذا کھالیں مگر اس سلاد کے استعمال کے بعد آپ پر بوجھ نہ بنیں گی بلکہ خوشگوار ڈکار کے ساتھ آپ کو فرحت نصیب ہوگی۔ (ح، کراچی)

پانچ مسائل ایک روحانی دم سے ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ سے کامل امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ میری دعا ہے اللہ تعالیٰ تسبیح خانہ کو ہمیشہ آباد رکھے اور دکھی انسانوں کے سکھ کا ذریعہ بنا رہے۔ محترم حضرت صاحب! عبقری رسالہ تو میں 2012ء سے پڑھ رہا ہوں۔ بہت عمدہ اور اعلیٰ رسالہ ہے' اس رسالہ میں ہر ایک چیز قابل تعریف ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میں پہلی مرتبہ 29 مئی کو دم کروانے تسبیح خانہ لاہور میں آیا' پہلی مرتبہ جب تسبیح خانہ کا نظام دیکھا تو دنگ رہ گیا اور زندگی میں پہلی اگر سکون والی زندگی دیکھی تو تسبیح خانہ کی دیکھی۔ محترم حکیم صاحب! میرے بہت سے مسائل تھے جن کی وجہ سے میں نے تسبیح خانہ کا رخ کیا' سب سے پہلا مسئلہ یہ تھا کہ ہم گھر والے پکے نمازی نہ تھے لیکن دم کروانے کے بعد الحمدللہ اب ہماری کوشش ہوتی ہے کہ نماز ضائع نہ ہو۔ دوسرا مسئلہ یہ تھا کہ ہم تقریباً گھر والے بیمار رہتے تھے اب اسم اعظم کا روحانی دم کروانے کے بعد مجھے اپنے رب سے قوی امید ہے کہ ہم ٹھیک ہوجائیں گے۔ تیسرا مسئلہ یہ تھا کہ میرا چھوٹا بچہ اس کی زبان میں لکنت تھی اب وہ لکنت بھی الحمدللہ آہستہ آہستہ ختم ہورہی ہے۔ چوتھا مسئلہ یہ تھا کہ ہمارے مالی حالات بہت خراب تھے لیکن اسم اعظم کے روحانی دم کے بعد انشاء اللہ ٹھیک ہوجائیں گے۔

پانچواں مسئلہ جو سب سے بڑا تھا وہ میرے ساتھ تھا' وہ یہ کہ میں کسی بند گاڑی میں آدھا گھنٹہ بھی سفر نہیں کرسکتا تھا' مجھے اُلٹی آجاتی تھی اور بہت شرمندگی ہوتی تھی بعض دفعہ سفر سے پہلے الٹی روکنے کی گولیاں بھی لی تھیں لیکن پھر بھی الٹی آجاتی تھی اور بہت شرمندگی اٹھانا پڑتی تھی' بعض دفعہ سفر سے پہلے الٹی روکنے کی گولیاں بھی لی تھیں لیکن پھر بھی الٹی آجاتی تھی۔ میں جب گھر سے تسبیح خانہ کی طرف دم کروانے کیلئے نکلا تو میں نے گھر سے نکلنے کی دعا (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 147 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو، ... کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے



قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل ختم کریں آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کا بھی یہ ضرور سمجھئے' دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

رمضان المبارک' رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ "روزہ کی جزاء میں ہوں روزہ کا بدل میں ہوں روزہ میرے لئے ہے"۔ دراصل روزہ ہی ہمارے ہاں وہ نظام ہے جو ترک سے تعلق رکھتا ہے۔ آپ اپنا زیادہ سے زیادہ وقت عبادت میں گزارتے ہیں' اس وقت آپ کاروبار کو بھی ترک کردیتے ہیں۔ معاش بھی آپ کے ذہن میں نہیں ہوتا' صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کیلئے صاف ستھری زندگی صحیح نظام الاوقات کی حدود میں گزارتے ہیں تو وہاں اللہ تعالیٰ خود آپ کی رہنمائی کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ خود آپ کے ساتھ ہوتا ہے اللہ تعالیٰ خود آپ کے اندر کام کرتا ہے' اللہ خود آپ کے اندر دیکھتا ہے' سنتا اور اب آپ اس بات کا اندازہ لگائیے کہ آپ کی چیش اس وقت کہاں ہوتی ہے اور آپ اللہ تعالیٰ سے کتنے قریب ہوتے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ صحیح ترک یعنی روزہ کی حالت میں آپ کی ہر تحریک اللہ تعالیٰ کی تحریک پر مبنی ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد پاک ہے:

ہم نے نازل کیا اس کو لیلۃ القدر میں جو محیط ہے ہزار مہینوں پر اس رات میں ملائکہ اترتے ہیں اپنے رب کے حکم سے اور یہ رات امان اور سلامتی کی رات ہے"۔

رمضان المبارک مسلمانوں کیلئے نیکیوں کا موسم بہار ہے' یہ وہ شجرہ سایہ دار ہے جس کی چھاؤں میں زندگی بھر کی تلخیاں آن واحد میں چھٹ جاتی ہے۔ ماہ رمضان میں شیاطین بند کردیے جاتے ہیں اور یوں ہر سو نیکیوں کا ہی موسم بہار ہوتا ہے۔ رمضان المبارک کا پہلا عشرہ رحمت' دوسرا عشرہ مغفرت اور تیسرا عشرہ دوزخ سے خلاصی کا موجب بنتا ہے۔ رمضان المبارک کو تقویٰ کا مہینہ بھی کہا جاتا ہے' تقویٰ عربی زبان کا لفظ ہے یہ دل کی وہ حالت ہے جو نیکیوں پر ابھارے اور برائیوں سے دور رکھے' اللہ تعالیٰ سے محبت اور اس محبت میں کمی بیشی پر اللہ تعالیٰ کے ناراض ہوجانے کے ڈر کو تقویٰ کہتے ہیں۔ تقویٰ کا منبع دل ہے اور رمضان کا چاند طلوع ہوتے ہی یہ شام دل کی کیفیت بدل دی جاتی ہے' روزہ کی حالت میں انسان اللہ تعالیٰ کے قریب ہوتا ہے' تبھی تو مالک کل نے فرمایا کہ روزہ میرے لئے ہی ہے۔ میں ہی اس کا اجر دوں گا' رمضان المبارک کی فضیلت پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چند فرامین اگر زیر مطالعہ لائے جائیں تو وہ مینارہ نور کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس لئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمانوں پر کوئی مہینہ رمضان سے بہتر نہیں آیا اور منافقوں پر کوئی مہینہ رمضان سے برا نہیں آیا"۔

اسلام کی تعلیمات کا مقصد بھی ہمدردی و غمگساری کے جذبات کو ابھارنا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو منصب خلافت عطا کر کے اسے زندگی کے ہر میدان میں کامیابی کے اسرار و رموز بھی سکھائے۔ رمضان المبارک کی گھڑیاں رحمتوں اور برکتوں والی ساعتیں ہوتی ہیں' ان لمحات میں خالق کے حضور عاجزی اور اپنا محاسبہ کرتے ہوئے اپنی ذمہ داریوں کا احساس بہت ضروری ہے۔ اے رحیم و کریم! پروردگار عالم رمضان المبارک کو ہمارے لئے گناہوں کی معافی کا سبب بنادیجئے۔ ہم نالائق نکمے اور حقیر انسانوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ اپنی رحمت' شفقت' رحم و کرم سے امت مسلمہ کو صراط مستقیم پر چلادیجئے' الٰہی رحم فرمائیے ہم پر' یااللہ! ہمارے قلوب منور کردیجئے۔ آمین! (محمد علیم نظامی)

میری ڈائری کے روحانی ایٹم اور مفید نسخے

حفاظت از احتلام: سورۃ النور (پارہ 18) اس کو لکھ کر پاس رکھنے سے احتلام سے محفوظ رہتا ہے' اور اگر اس کو آب زم زم سے لکھ کر پیئے تو شہوت منقطع ہوجاتی ہے۔ (اعمال قرآنی)

احتلام اور پریشان خواب کیلئے: سورۃ المعارج سوتے وقت پڑھنے سے جنابت اور پریشان خواب سے محفوظ رہے۔

احتلام کیلئے: والسماء والطارق سے ناصر" تک (پارہ 30) سوتے وقت پڑھنے سے احتلام سے محفوظ رہے۔

احتلام اور جریان کیلئے آسان نسخہ: مغز دھنیا خشک 20 تولہ' کوزہ مصری 20 تولہ دونوں اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں' خوراک صبح نہار منہ ایک چمچ پانی کے ساتھ استعمال کریں اور رات کو کھانا کھانے سے پہلے ایک چمچ استعمال کریں۔

احتلام اور جریان کیلئے: پانچ تولہ موصلی سفید' پانچ تولہ مصری ملا کر سفوف بنالیں' خوراک تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک حسب حالات مزاج استعمال کرائیں۔ اس نسخہ سے منی کی حدت دفع ہوجاتی ہے' ذکاوت حس کی اصلاح ہوجاتی ہے' احتلام کیلئے شرطیہ فائدہ مند ہے' مقوی ہے اور مادہ تولید کی پیدائش کو بڑھانے میں از حد مفید ہے۔

سفوف جریان توڑ: جریان کو دور کرنے والا اس کے جوڑ کا نسخہ آپ کو شاید ہی ملے گا' عام طور پر جریان کی جس قدر بھی دوائیں ہیں اس سب سے قبض ہوجاتی ہے' قبض کی حالت میں یہ مرض اور بھی بڑھ جاتا ہے مگر اس سفوف کے استعمال کرنے سے قبض بالکل نہیں ہوتی علاوہ ازیں یہ سفوف نہ زیادہ سرد ہے اور نہ زیادہ گرم بلکہ معتدل ہے' رقیق اور پتلا مادہ تولید پیدا کر کے قوت میں اضافہ کرتا ہے' غرضیکہ ہمہ صفت سفوف ہے۔ نسخہ: دانہ الائچی خورد' دانہ الائچی کلاں' اسگندھ ناگوری' ثعلب مصری' تالمکھانہ جملہ ادویہ ہموزن لے کر نہایت باریک کوٹ پیس لیں' اس کے برابر مصری باریک کر کے ملالیں۔ خوراک: سات ماشہ سے 9 ماشہ تک صبح کے وقت ہمراہ دودھ کھلا دیا کریں۔

کمزوری مثانہ کیلئے: جن لوگوں کا مثانہ کمزور ہو اور رات کو خواب بد سے یا بغیر کسی خواب کے بغیر ہی ناپاک ہوجاتے ہوں' ان کو جامن کی گٹھلی کا سفوف تین ماشہ صبح و شام پانی کے ساتھ کھانا چاہئے۔

لیکوریا کیلئے: سایہ میں خشک کر کے اور باریک پیس کر کپڑا چھان کی ہوئی جامن کی چھال چار چار ماشہ صبح و شام پانی کے ساتھ استعمال کرنے سے لیکوریا دور ہوجاتا ہے۔

سوزاک کیلئے: جامن کا تر و تازہ چھلکا ایک تولہ' آدھ پاؤ پانی میں رگڑ کر صبح و شام پلانا سوزاک کو دور کرتا ہے۔

دوا احتلام: اگر احتلام کی تکلیف ہو تو انار کا چھلکا پیس کر تین تین ماشہ صبح و شام پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ سوزاک: رال سفید 20 گرام' پھٹکڑی سفید 20 گرام' سنگجراحت 16 گرام' سندور 6 ماشہ' پھٹکڑی کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر جب پانی ہوجائے تو اس میں سنگجراحت تھوڑی تھوڑی ڈالتے جائیں' جب پھٹکڑی پھول جائے نیچے اتار لیں اس میں باقی ادویہ ڈال کر سفوف بنالیں' 2 ماشہ لسی سے استعمال کریں بہت اچھا نسخہ ہے۔

ہسٹریا کیلئے: ہینگ آدھ ماشہ' پیپرمنٹ 2 ماشہ

مال نقصان سے حفاظت: جو شخص رات کو سوتے وقت اسم یَاوَارِثُ کا ورد کریں اس کے بعد اپنے مال اور جان کو اللہ کو پناہ میں دے کر اس کے محفوظ رہنے کی دعا کریں۔ انشاء اللہ اس کا مال و دولت بحفاظت رہے گا۔

باریک پیس کر ڈیڑھ پاؤ پانی میں ملا کر رکھ لیں۔ ایک ایک تولہ یہ پانی ہر دو گھنٹہ بعد استعمال کریں' ہسٹریا کیلئے بے نظیر چیز ہے۔

دافع احتلام: اسپغول کی بھوسی چھ ماشہ صبح ونہار منہ دودھ سے لیں ایک ہفتہ استعمال کریں۔ جریان کیلئے بھی فائدہ مند ہے۔

لیکوریا کیلئے: انگور کا رس ہموزن شہد صبح و شام استعمال کریں' رنگ بھی نکھرے گا' حاملہ استعمال کرے تو صحت مند بچہ پیدا ہوگا۔ (حکیم فاروق' مظفر گڑھ)

ایمان کے بعد عظیم ترین نعمت "عافیت" ہے

ادارہ عبقری بلاشبہ اپنی کاوشوں کے نتیجے میں لائق صد آفرین ہے۔ گمراہی والحاد اور قحط الرجال کے اس دور میں عوام کو ذکر و فکر اور سنت اعمال کی طرف لانا عظیم الشان کارنامہ ہے۔ آج ہمارا ہر گھر پریشانیوں کا مرکز اور ہر ذہن مسائل کی آماہ جگا بنا ہوا ہے۔ ایسے حالات میں مسائل کا صرف اور صرف حل وہی ہے جو وحی الٰہی کے ذریعے ہم تک پہنچایا گیا۔ زیر نظر مضمون ہماری پریشانیوں کا تیر بہدف علاج اور ہماری ضرورتوں کا شافی حل ہے۔ امید ہے حسب روایت ادارہ اس عمدہ "نبوی نسخے" کو عوام الناس تک پہنچائے گا تاکہ ہم سب مسلمان اس سے فیض یاب ہو سکیں۔

آج کے مشینی دور میں نت نئے امراض و آفات' ناگہانی حادثات اور طرح طرح کی پریشانیاں' وباء کی شکل اختیار کر چکی ہیں۔ ہر شخص اپنی جگہ حیران و پریشان اور سرگرداں ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "اور تم کو جو کچھ مصیبت پہنچی ہے تو وہ تمہارے ہی ہاتھوں کے کئے کاموں سے اور بہت سے تو (وہ) درگزر ہی کر دیتا ہے" لیکن ان مصائب کے نزول میں بڑا دخل ہماری اس کوتاہی کا بھی ہے کہ ہم مصیبت کی گھڑیوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہی نہیں کرتے نہ ہی اس سے عافیت وسلامتی کی دعا کرتے ہیں جبکہ عافیت ایسی عظیم نعمت ہے جسے صحیح حدیث میں ایمان کے بعد سب سے بڑی دولت قرار دیا گیا ہے۔ اب آیئے ذیل میں عافیت اور سلامتی کے بارے میں حدیث مبارکہ کی روشنی میں چند فرامین اور واقعات کہ جس سے ہمیں اس نعمت کی عظمت اور فی زمانہ اس کی اہمیت اور ضرورت کا احساس ہو' تاکہ ہم اسے اپنے روزمرہ کے معمولات کا حصہ بنا کر دنیا اور آخرت کے مصائب سے بھی بچیں اور اللہ رب العزت کی خصوصی رحمتوں کے حق دار بھی ٹھہریں۔

ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! افضل ترین دعا کونسی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے رب سے دنیا اور آخرت کی عافیت وسلامتی اور معافی کا سوال کرو' پھر وہ دوسرے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! افضل ترین دعا کونسی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہی جواب ارشاد فرمایا۔ پھر وہ تیسرے دن بارگاہ اقدس میں تشریف لائے اور وہی سوال دہرایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہی جواب ارشاد فرمایا اور فرمایا جب تمہیں دنیا اور آخرت کی عافیت عطا کی گئی تو تم فلاح پا گئے۔ (ترمذی)۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایسے لوگوں پر ہوا جو مصائب میں مبتلا تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ سے عافیت کی دعا نہیں کرتے۔ (بزار)۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی اور عافیت وسلامتی کا سوال کرتے رہو' اس لیے کہ ایمان ویقین کے بعد کسی انسان کو عافیت سے بڑھ کر کوئی دولت عطا نہیں کی گئی۔ (احمد' ترمذی' نسائی)۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمائش کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے کوئی ایسی دعا سکھلایئے جو میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کرتا رہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چچا جان اللہ تعالیٰ سے دنیا اور آخرت کی عافیت کا سوال کیجئے۔ (ترمذی)۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی مصیبت زدہ کو دیکھ کر یہ دعا پڑھے اللہ تعالیٰ اسے مصیبت سے محفوظ رکھیں گے۔ خواہ وہ کسی ہی مصیبت ہو۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا ترجمہ: "اے اللہ تیرا ہی شکر ہے کہ تو نے مجھے اس آزمائش سے بچایا جس میں تو نے اس کو مبتلا کیا اور مجھے اپنی بہت ساری مخلوق پر فضیلت بخشی"۔ ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر مبارک ایک ناقص الخلقت شخص پر پڑی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ ریز ہو گئے پھر فرمایا: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَافِیَةَ (ترجمہ) میں اللہ تعالیٰ سے عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ (بیہقی)۔

اب آیئے! حدیث پاک کی اس عظیم الشان دعاء عافیت کی طرف کہ جس میں اللہ تعالیٰ سے بندہ' اپنے تمام معاملات کی عافیت طلب کرتا ہے' چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم صبح وشام کبھی اس دعا کا ناغہ نہ فرماتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْعَافِیَةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ. اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِیْ وَاٰمِنْ رَوْعَاتِیْ. اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ یَمِیْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَاَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ (سنن ابی داؤد' نسائی' ابن ماجہ) ترجمہ: "اے اللہ! بے شک میں آپ سے دنیا اور آخرت کی عافیت مانگتا ہوں۔ اے اللہ! بے شک میں آپ سے درگزر کا اور اپنے دین' دنیا' اہل اور مال کی عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ میرے عیب ڈھانپ دے اور مجھے خوف سے امن عطا فرما۔ اے اللہ! میری حفاظت کر' میرے سامنے سے اور میرے پیچھے سے اور میرے دائیں سے اور میرے بائیں سے اور میرے اوپر سے اور میں پناہ چاہتا ہوں تیری عظمت کی اس سے کہ میں نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔" (محمد سعید اقبال' صادق آباد)

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکر گزار ہوں گا۔

کتاب نمبر 37: جادو جنات کے پراسرار حقائق اور آزمودہ روحانی علاج: قارئین! میری سالوں میں بکھری روحانی زندگی میں بے شمار ایسے واقعات ملتے ہیں جن میں نام نہاد عاملین نے لوگوں کی زندگیاں برباد کر دیں۔ روز کوئی نہ کوئی واقعہ ایسا ضرور پیش آتا ہے کہ فٹ پاتھ پر بیٹھے نام نہاد جھوٹے عاملین کیسے کسی کی دنیا و آخرت' عزت' دولت سب لوٹ لیتے ہیں؟ اور انہیں ذرا بھی احساس نہیں ہوتا۔ میں چاہتا ہوں کہا گر ہم تمام ایمان' اعمال' تقویٰ اور طہارت کی زندگی مسلسل اختیار کریں' کوشش کریں ہر وقت باوضو رہیں' کچھ وقت اللہ تعالیٰ کے ذکر کیلئے نہایت دھیان' خشوع وخضوع اور بھکاری بن کر نکالیں تو تمام مشکلات ختم ہو جائیں۔ زیر نظر کتاب میں ایسے چشم کشا تجربات اکٹھے کیے ہیں جن سے قارئین کو نفع ہو اور وہ گمراہ کن عاملوں اور شرکیہ اعمال سے بچ جائیں۔ اگر ہم اعمال اور تقویٰ طہارت اختیار کریں تو انشاء اللہ ان آفات سے محفوظ رہیں گے کیونکہ میرے پاس روحانی علاج کیلئے جتنے لوگ آتے ہیں وہی ہوتے ہیں جو دینی زندگی سے محروم ہیں۔ اس کتاب کی تالیف کیلئے درج ذیل محترم شخصیات کی تحریروں اور رسائل سے استفادہ حاصل کیا گیا۔ سلطان محمود آشفتہ۔ ادریس احمد احدی۔ رحمان مذنب۔ نیناا جلال۔ ڈاکٹر سید زاہد علی واسطی۔ یٰسین فخری۔ جاوید اختر۔ ابن صحرا۔ اختر حسین شیخ۔ ع۔س۔ مس شگفتہ منیر۔ فرخ سعید۔ اکبر علی راجہ ایم اے۔ ج۔ق۔ ابو وسیم۔ سلطان احمد داؤدی۔ ڈاکٹر منظور ممتاز۔ ولی محمد۔ رشد رحمان۔ ن۔ن۔ راجہ محمد یوسف۔ اظہر جاوید۔ راجہ مظہر علی۔ رسائل: حکایت۔ سیارہ ڈائجسٹ۔ اردو ڈائجسٹ۔ قومی ڈائجسٹ۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

100 سال پرانے گوند کتیرا سے ایک ملاقات

صبح کے وقت اسے گلاس میں پانی ڈال کے رکھ دیں اور شام کو جب آپ دیکھیں گے تو یہ گلاس پورا بھرا ہوگا اب اسے کسی پیالہ میں ڈال کر اس میں دودھ ڈال لیں اور میٹھا حسب ضرورت رکھیں اور جس کے ہاتھ پاؤں یا جسم گرم رہتا ہے اسے پلا دیں یا افطاری میں یہ مشروب استعمال کریں۔

گوند کتیرا ایک خاردار درخت کا گوند ہے اس درخت کے کانٹوں کی کثرت اور تیزی بہت مشہور ہے' یہ گوند پانی میں پھول جاتی ہے' اس کے پھولوں کی خوشبو ناگوار ہوتی ہے اس کو خوراک کو گاڑھا کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے اس کا گوند ہی بطور دوا مستعمل ہے۔ یہ قبض کشا ہے' گوند کتیرا کا استعمال تقریباً سو سال سے ہو رہا ہے' اندرونی طور پر استعمال کرنے کیلئے اس کے ساتھ پانی کی زیادہ مقدار استعمال کرنی چاہئے دنیا میں اس کی پیداوار 5500 ٹن سالانہ ہے۔ ایک درخت سے ایک سال میں پانچ کلو گوند کتیرا ملتا ہے اس کو وزن کم کرنے والے نسخہ جات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ گوند کا ایملشن بنانے کیلئے استعمال ہوتا ہے (Emulsifier) ☆ متوازن کرنا ☆ گاڑھا کرنا ☆ کاسمیٹکس ☆ بالوں پر لگانے والے سپرے ☆ لوشن ☆ ٹیکسٹائل پرنٹنگ ☆ گوشت کی تیاری ☆ بیکری ☆ چپکنے والی ☆ ڈیری مصنوعات ☆ فروزن ڈیزرٹس (Fronzen Desserts) ☆ شربت آئس کریم' جیلی ☆ فروٹس ☆ جیلی ☆ وارنش ☆ دانت پر چپکنے والی ادویات ☆ پیٹرولیم اور گیس کی مصنوعات ☆ چمڑے کی مصنوعات

ادویاتی استعمال: بلڈ شوگر کو کنٹرول کرنا' قبض کشا' مقوی باہ' مسے (Warts)' جلدی السر

طبی خصوصیات: گوند کتیرا آنتوں میں جا کر پھول جاتا ہے جو کھانے کی آنت کو متحرک کرتا ہے اور پاخانہ آسانی سے نکل جاتا ہے۔ پیچش کیلئے مفید ہے۔ زخموں کیلئے فائدہ مند ہے۔ جلد کے السر کیلئے مفید ہے۔۔

گوند کتیرا کا طب یونانی میں استعمال: خون کو گاڑھا کرتا ہے۔ کھانسی' سینہ اور حلق کی خشونت اور پھیپھڑوں کے زخم کیلئے مفید ہے۔ پاخانہ روکنے کیلئے اس کو دہی میں ملا کر کھلایا جاتا ہے۔ اس کے لیپ سے چھائیں دور ہوتی ہے۔ بدن کی کھال ملائم کرتا ہے۔ ہونٹ کے پھٹ جانے میں مفید ہے۔

احتیاطیں: حمل اور بچے کے دودھ پلانے والے عرصہ میں شوہر گوند کتیرا کا استعمال نہ کریں۔ شدید قبض کی صورت میں اس کا استعمال نہ کریں۔ زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے آپ کی شوگر کی مقدار کم ہو سکتی ہے لہٰذا ذیابیطس کے مریض اس کو احتیاط کے ساتھ استعمال کریں اگر آپ کوئی دوسری ادویات استعمال کر رہے ہیں تو دوا لینے سے دو گھنٹے پہلے یا دو گھنٹے بعد گوند کتیرا استعمال کریں۔ **خونی بواسیر کے لئے مفید نسخہ:** گوند کیکر، گوند کتیرا، گیرو تمام ہم وزن لیں۔ **ترکیب تیاری و استعمال:** ان تمام ادویہ کا سفوف بنا کر ایک چمچ صبح و شام ہمراہ پانی یا دودھ ایک گلاس کے ساتھ استعمال کریں۔

گوند کتیرا افطار کا بہترین مشروب: گوند کتیرا شیشے کی طرح صاف اور سخت دانے ہوتے ہیں جو آپس میں جڑے ہوئے ہونگے، اپنی انگلی کی ایک پور جتنے دانے کسی موٹے کاغذ میں ڈال کر کسی ہتھوڑی سے انہیں پیس لیں اور پھر اسے کسی گلاس میں ڈال کر اس میں پانی ڈال دیں خیال رہے کہ صبح کے وقت اسے گلاس میں پانی ڈال کے رکھ دیں اور شام کو جب آپ دیکھیں گے تو یہ گلاس پورا بھرا ہوگا اب اسے کسی پیالہ میں ڈال کر اس میں دودھ ڈال لیں اور میٹھا حسب ضرورت رکھیں اور جس کے ہاتھ پاؤں یا جسم گرم رہتا ہے اسے پلا دیں یا افطاری میں یہ مشروب استعمال کریں۔ انتباہ! یہ قدرتی ٹانک بہت ٹھنڈا ہوتا ہے' اس لئے ہفتہ میں دو مرتبہ استعمال کروائیں ان شاء اللہ گرمی کیا ہوتی ہے بھول ہی جائیں گے۔ مگر اسے معمول نہیں بنانا ورنہ ٹھنڈے ہو جائیں گے اور یہ صرف گرمیوں میں ہی استعمال کرنی ہے۔

(بقیہ: میرے بچوں کا قد کیسے بڑھا؟ آپ بھی جانیے)

ہے یہ میرا تجربہ ہے۔ اس کے علاوہ بچے کھیل میں بھی حصہ لیں اور کرکٹ اور دوڑ وغیرہ لگائیں لٹکنے وغیرہ کی ضرورت نہیں ہے۔ اس ڈائٹ پلان پر عمل کریں کچھ عرصہ میں بچے کی ہڈیاں لمبی ہونا شروع ہو جائیں گی اور بچے جب بڑے ہوں گے تو ظاہر ہے اپنی مرضی سے کھائیں گے لیکن ان کا سٹرکچر تو بن جائے گا قد تو لمبا ہو جائے گا۔ اب ان کی بھوک بڑھے گی پھر بھی بیلنس ڈائٹ پر ہی زور دیں اب یہ جو مرضی کھائیں اور بیلنس ڈائٹ لیں لیکن زیادہ سبزیاں پھل گوشت کم سادہ خوراک ہونی چاہئے اور صفائی کا دھیان رکھا جائے۔ کیوں پھر والدین کیا یہ مشکل ہے؟ یہ آزمودہ ہے!

(بقیہ: پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کا غیر مسلموں سے حسن سلوک)

روزنہ بازاروں میں شور وغل کرنے والے ہیں اور نہ بے حیائی کا کام کرنے والے نہ بے حیائی کی بات آپ کی وضع۔ مجھ کو یہ دیکھنا تھا کہ دیکھوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہی ہیں یا نہیں؟ چنانچہ میں نے دیکھ لیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہی ہیں' بس کہتا ہوں اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔ لوگوں کی ایذاء رسانی پر سب سے زیادہ صبر کرنے والے اور سب سے بڑھ کر حلیم تھے برائی کرنے والے سے درگزر فرماتے جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بدسلوکی کرتا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے نیک سلوک فرماتے' جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ دیتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو دیتے' جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ظلم کرتا آپ صلی اللہ علیہ وسلم عفو کر فرماتے اپنی ذات کیلئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی سے انتقام نہیں لیا۔

رمضان آگیا! دولت کے انبار لگانے والا عمل آپ بھی کیجئے

سالہا سال سے بے شمار کا آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری گزشتہ سات سال سے پڑھ رہا ہوں۔ غالباً 2011ء کے شمارے میں "رمضان المبارک میں برکت والی تھیلی سے مالدار بنیں" کے عنوان سے ایک مضمون چھپا۔ اس مضمون میں غربت سے چھٹکارا پانے والوں کے بے شمار واقعات تھے' میں بھی ان دنوں حالات کا ستایا ہوا تھا' یہ عمل میرے دل کو لگا' ان دنوں ویسے بھی رمضان کی آمد آمد تھی' میں نے فوراً دفتر ماہنامہ عبقری سے برکت والی تھیلی خریدی اور اس عمل کی تیاری شروع کر دی۔ جیسے ہی رمضان المبارک کا چاند نظر آیا میں نے درج ذیل طریقے پر عمل شروع کر دیا اور عید نماز کے بعد مکمل ترکیب' توجہ اور دھیان کے ساتھ عمل کیا۔ الحمدللہ! اسی سال اللہ نے ایسا نظام چلایا کہ میری جیب جو گزشتہ کافی سالوں سے بھرتی نہیں تھی اب کبھی خالی نہیں رہتی۔ تقریباً چھ سال سے یہ عمل ہر سال عبقری میں چھپتا ہے اور بے شمار قارئین اس میں اپنے تجربات و مشاہدات لکھتے ہیں۔ میں بھی اپنا آزمودہ مشاہدہ عبقری قارئین کیلئے لکھ رہا ہوں' لاکھوں کا فائدہ اور میرے لیے صدقہ جاریہ۔ عمل کی ترکیب درج ہے:۔ **رمضان المبارک کا خاص عمل:** رمضان المبارک کی چاند رات کو 313 مرتبہ سورۃ کوثر مع تسمیہ پڑھیں۔ دسویں اور گیارہویں روزے کی رات 313 مرتبہ سورۃ کوثر مع تسمیہ پڑھیں۔ بیسواں روزہ اکیس رمضان المبارک کی رات بھی 313 مرتبہ سورۃ کوثر پڑھیں۔ (ان تمام اعمال میں اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک ضرور پڑھیں) ستائیسویں شب 1100 مرتبہ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں (یہ عمل چند افراد مل کر بھی کر سکتے ہیں) اور عید کی نماز کے بعد 313 مرتبہ سورۃ کوثر مع تسمیہ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اگر یہ عمل کسی مجبوری کے پیش نظر رات میں نہ ہو سکے تو دن میں بھی کر سکتے ہیں۔ (سوائے ستائیس شب کے) قارئین! سارا سال آپ سارے وظیفے پڑھیں لیکن جو رمضان کا وظیفہ ہے جو رمضان کی عبادت ہے اس کی فضیلت نہیں مل سکتی۔ رمضان کے علاوہ سارا سال اس **طرح عمل کریں:** برکت والی تھیلی میں اپنی جمع پونجی رکھیں اور روزانہ صبح و شام سورۂ کوثر 129 مرتبہ اول و آخر 7 مرتبہ درود شریف پڑھ کر روزانہ برکت والی تھیلی پر دم کریں۔ **گھر کے تمام افراد مل کر پڑھیں** اور جب بھی رقم نکالیں یا ڈالیں صرف ایک مرتبہ سورۃ کوثر پڑھ کر دم کر دیں۔ (طاہر سلیم، لاہور)

پیشاب کی جلن اور گرمی دور: پیشاب کی جلن اور سوزاک کی صورت میں مغز بادام کا شیرہ دو تولہ روزانہ صبح وشام استعمال کرنا مفید ہے اس سے مثانہ کا زخم بھی درست ہوتا ہے بچوں اور توجہ میں بھی لاجواب ہے۔

پاک فوج کی قلیل تعداد نے مصر اور شام کو بچالیا

خالدہ بابر، راولپنڈی

ملک شام کے نازک حالات کو دیکھتے ہوئے اور اردن حکومت کو پرواہ نہ کرتے ہوئے بریگیڈ کو وہاں سے نکال کر دمشق کے دفاع پر لگا دیا گیا تو اسرائیل کی پیش قدمی نہ صرف رک گئی بلکہ ان کو گولان ہائٹ تک دھکیل دیا گیا۔ اس دوران کئی دفعہ بریگیڈ کو دست بدست جنگ کی نوبت آئی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد مرحوم پاک فوج میں ملازم تھے' اسلامی تاریخ کی جنگوں کے واقعات سے انہیں گہری دلچسپی تھی' میری ان کے ساتھ گھنٹوں جنگ کے واقعات کے متعلق گفتگو ہوتی رہتی تھی' 1973ء کی عرب اسرائیل جنگ میں پاکستان نے خفیہ طور پر جو حصہ لیا اس کے متعلق والد صاحب نے کئی باتیں بتائیں۔ اس میں ایس ایس جی کمانڈوز کے 200 جوان' ایک بریگیڈ نفری 5 ہزار اور ایئرفورس کے تقریباً دو اسکواڈرن شامل تھے۔ پہلے دشمن کی دفاعی تیاریوں کے بارے میں تفصیل بتانا ضروری ہے۔ اسرائیل نے نہر سویز کے کنارے پر دنیا کا جو مضبوط ترین دفاعی نظام تیار کیا تھا اس کو بارلیف لائن کا نام دیا گیا' یہ ریت کی ستر فٹ اونچی دیوار کنکریٹ کے پشتے کی مدد سے کھڑی کی گئی تھی' اس کے ساتھ پیچھے مضبوط قلعہ بندیاں جن میں ہر سومیٹر کے فاصلے پر ایک پلاٹون (28 فوجی) موجود رہتے پھر ان قلعہ بندیوں کے اردگرد بارودی سرنگیں اور کانٹے دار تار کا علاقہ اور ساتھ ہی لوہے کے بنکروں میں ہیوی مشین گنیں نصب تھیں۔ اس کے علاوہ فرنٹ لائن سے پانچ چھ سو میٹر پیچھے ٹینکوں کے فائر کرنے کی پوزیشنیں بنائی گئیں اور چند کلومیٹر پیچھے فیلڈ آرٹلری اور اینٹی ٹینک ہتھیاروں کے مورچے تھے نہر سویز کو مزید مشکل کرنے کیلئے پانی میں پمپ داخل کیے گئے جس میں کسی بھی وقت تیل بھر کر بھیجا جا سکتا تھا تاکہ پانی میں آگ لگ جائے اس کے علاوہ سڑکوں کا جال پورے صحرائے سینا میں بنایا گیا ان کے خیال میں اس سے زیادہ مضبوط ڈیفنس آج تک کسی نے نہیں بنایا تھا۔ اس جنگ میں شام اور مصر نے 1967ء کی جنگ کا بدلہ لینے کا پروگرام بنایا تھا۔ پاکستانی ایئرفورس کے جہازوں نے مصر کا اندرونی دفاع سنبھالا ہوا تھا۔ ایس ایس جی کے دو سو جوان جنرل نکا خان کی سرگردگی میں پانچ اکتوبر 1973ء کو نہر سویز کے کنارے تیار کھڑے تھے۔ صبح سویرے مصر کی راکٹ گنوں اور دو ہزار سے زائد توپوں نے اسرائیلی مورچوں پر گولہ باری شروع کی۔ اس کور فائر کی آڑ میں ایس ایس جی کے جوان موٹر بوٹ کے ذریعے نہر سویز پار کرنا شروع ہوئے۔ دشمن کی فائرنگ لائن کے سامنے سے اور پانی میں سے لڑتے ہوئے گزرنا' ہوائی جہازوں کی بمباری اور پانی میں تیل کی آگ نے ماحول کو انتہائی ہولناک بنا دیا تھا۔ کئی جوان پانی میں شہید ہوگئے جو پار نکل جاتے وہ دشمن کے مورچوں پر کس طرح حملہ آور ہوتے ان کو دیکھنے والا کوئی نہیں تھا۔ صرف اکیلی خدا کی ذات ان کو دیکھ رہی تھی۔ انہوں نے یقینی موت کے سامنے ہو کر جنگ کی' تقریباً سبھی جوان شہید ہوگئے لیکن مضبوط ترین دفاعی نظام روئی کے گالے بن کر اڑ گیا۔ دو سو جوانوں میں سے صرف دو جوان زندہ بچے لیکن دشمن کا چار سے پانچ کلومیٹر کا فرنٹ خالی کرالیا تب مصری فوج نے نہر سویز پر تیزی سے پل بنایا اور صحرائے سینا میں داخل ہوگئی۔ دوسری طرف شام کے محاذ پر اسرائیلی بڑھتے بڑھتے دمشق کے قریب پہنچ گئے تھے لڑائی کا آٹھواں دن اور وہ دمشق سے صرف 25 میل دور تھے۔ پاکستان کا بریگیڈ جو ابھی تک اردن میں تعینات تھا اردن حکومت کے جنگ میں حصہ نہ لینے کی وجہ سے رُکا ہوا تھا۔ شام کے نازک حالات کو دیکھتے ہوئے اور اردن حکومت کی پرواہ نہ کرتے ہوئے بریگیڈ کو وہاں سے نکال کر دمشق کے دفاع پر لگا یا گیا تو اسرائیل کی پیش قدمی نہ صرف رک گئی بلکہ ان کو گولان ہائٹ تک دھکیل دیا گیا۔ اس دوران کئی دفعہ بریگیڈ کو دست بدست جنگ کی نوبت آئی۔ پاکستان ایئرفورس سے مصر کا اندرونی دفاع کرتے ہوئے اسرائیل کے کم از کم پانچ جہازوں کو مار گرایا۔ اس میں فلائٹ فائٹر ستار علوی کا نام قابل ذکر ہے اور پاکستان کے ایک جہاز کا بھی نقصان نہیں ہوا۔ پاک فوج کی قلیل تعداد نے مصر اور شام کو شکست سے بچایا۔ یہ ہے وہ ایمانی جذبہ جب مقصد صرف کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کی مدد کرنا اور اللہ کی راہ میں شہید ہونا ہوتا ہے تو اسی قدر اللہ کی مدد شامل حال ہوتی ہے۔

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں' ضرور لکھیں۔

حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب بیتا حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

عند اللہ مقبولیت کی فکر کریں: یہ جو پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف کا خلاصہ آپ حضرات کی خدمت میں ٹوٹا پھوٹا عرض کر رہا ہوں یہ ٹوٹا پھوٹا اپنے شیخ رحمہ اللہ سے سیکھا اور سیکھ کر عرض کر رہا ہوں۔ احباب کہتے ہیں کہ یہ سن کر نفع ہوتا ہے۔ آنے والے حضرات جو لوگ آتے ہیں حلقہ کشف المحجوب میں وہ کہتے ہیں نفع ہوتا ہے۔ یہ میں آپ کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں کہ جو بھی عمل کریں، اس کیلئے اللہ کی بارگاہ میں قبول ہونے کا احساس ہو اور خوف ہو کہ پتہ نہیں قبول ہو یا نہ ہو۔ پتہ نہیں اللہ کے ہاں اس کا صلہ ملے گا یا نہیں ملے گا۔ پتہ نہیں کیا بنے! اسکی مقبولیت کا شوق ہو اور مقبولیت کیلئے سو فیصد فکر مند ہو۔ یا اللہ! تو اس کو قبول کر لے قبول کر لے، سو فیصد فکر مند ہو۔ یہاں کا آنا اسکی قبولیت کیلئے فکر مند ہو۔ یا اللہ! میں تیری رضا کیلئے آیا ہوں۔ کس لیے آیا ہوں؟ اپنے دل کی دنیا کو ٹٹولے۔ کیوں آیا؟ صدقہ کیوں دیا؟ یہ عمل کیوں کیا؟ نماز کیوں پڑھی؟ ذکر کیوں کیا؟ ہمارے حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ جس دن تمہارے دل سے اپنے لئے کیوں، کیوں چلی گئی اس دن تم بے حس اور مردہ ہو جاؤ گے۔

اپنا محاسبہ کرتے رہیں: جب تک تمہارے اندر اپنی ذات کیلئے (دوسرے کیلئے نہیں) کیوں کیوں رہے گی، (جیسے کہ تو نے یہ کام کیوں کیا تھا؟) تمہاری ترقی ہوتی رہے گی۔ فرماتے تھے کہ دوسروں سے پوچھ گچھ کا حق صرف تین آدمیوں کو ہے۔ ایک استاد کو، دوسرا ماں باپ کو اور تیسرا مرشد کو! پھر فرماتے تھے کہ لوگ مجھے مرشد کہتے ہیں اور اگر میں کسی کو کہتا ہوں کیوں؟ تو پھر اپنے آپ سے استفسار کرتا ہوں کہ تجھے یہ حق تو تھا لیکن تو نے کہا کیوں تھا؟ میں پھر اپنے اندر سے پوچھتا ہوں کہ اللہ کیلئے یا اپنی حاکمیت کیلئے کہ مجھے بڑا کہیں۔ یہ جو امر بالمعروف اور نہی المنکر ہے یہ کیوں کیا تھا؟ اللہ کیلئے یا کس لیے؟ (جاری ہے)

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 91

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے‘ اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

جنگل کا ہر جانور جلا ڈالا: اس نے منظر دیکھا ایک بہت بڑا گڑھا ہے‘ ایک شخص آیا اس نے گڑھے میں لکڑیاں جمع کرنا شروع کردیں‘ اتنا بڑا گڑھا تھا کہ اگر دس اونٹ اس میں کھڑے کردیئے جائیں تو نظر نہ آئیں‘ اس نے اس گڑھے کو لکڑیوں سے پُر کرکے آگ لگائی‘ آگ جب بہت زیادہ بھڑکی اور اس کے شعلے اور انگارے بنے تو اس نے جنگل کے تمام جانور پکڑ کر اس میں ڈالنے شروع کردیئے۔ سب سے پہلے لومڑی کی باری آئی‘ اس کے بعد بھیڑیئے کی‘ وہ ایک ایک کرکے جانور ڈال رہا تھا اور جانور جل رہے تھے اور جلتے جلتے وہ کوئلہ ہوجاتے‘ وہ ان کا کوئلہ ہونے کا انتظار کرتا‘ اس کے پاس کوئی ایسی طاقت یا چیز تھی کہ تمام جنگل کے جانور اکٹھے کھڑے تھے اور لائن بنا کر کھڑے تھے‘ تمام جنگل کے جانور آہ و بکا کررہے تھے‘ چیخ و پکار‘ رونا‘ اس سے سارا جنگل دہل رہا تھا‘ خوف کا منظر‘ خوفناک آوازیں تھیں اور کربناک ایک انوکھا نظام تھا جس سے انسان ایسا دہل جاتا کہ اچھا خاصا انسان اس کو دیکھ کر مرجائے‘ پھر جب ایک کوئلہ ہوجاتا پھر دوسرا کوئلہ بننا شروع ہوتا‘ چھوٹے چھوٹے معصوم جانوروں کے بچوں کو حتیٰ کہ دودھ پیتے بچوں کو بھی یوں آگ میں ڈالتا کہ ان کی سسکی اور سسکاری تک نہ نکلتی اور وہ چیزیں جل کر کوئلہ ہوجاتیں۔ جانور جلتے گئے‘ بھیڑیے بھی جل گئے‘ ہرنوں کی باری آئی پھر ہرن بھی جل گئے‘ پھر پرندوں کی باری آئی‘ غول کے غول پرندے آرہے تھے اور وہ شخص اکٹھے پکڑ پکڑ کر یوں آگ میں جھونک رہا تھا جیسا کہ خشک پتوں کو جھونکا جاتا ہے اور وہ سارے ایک ہی شعلہ میں جلے جارہے تھے اور ایسے جل رہے تھے کہ ایک طوفان تھا‘ ہاتھی جلے‘ شیر جلے‘ چیتے جلے‘ کوئی جانور ایسا نہیں جو بچ گیا ہو۔ **تو برداشت نہ کرسکے گا:** یہ عامل یہ منظر دیکھ رہا تھا‘ تھوڑی دیر کے بعد سارے جنگل کو جلانے والے شخص نے اس عامل کی طرف دیکھا (کیونکہ میں نے پہلے اسے کہا ہوا تھا کہ تجھے ایسے خوفناک منظر دکھائی دیں گے جن کو تو برداشت نہیں کرسکے گا‘ لیکن کبھی ڈرنا نہیں‘ ہلکی سی جھرجھری بھی تیرے عمل کی چادر کو تجھ سے اتار دے گی اور وہ چادر حفاظت کی چادر ہوگی‘ اس نے بالکل یہی کیا‘ سارے منظر کو دیکھنے کے بعد اس نے کسی قسم کا خوف اپنے اوپر سوار نہیں کیا) حتیٰ کہ وہ قاتل اور خونخوار شخص اس کی طرف بڑھا اور اس پر ہاتھ ڈالا‘ اس نے اس کے ہاتھ کے لمس کو اپنے جسم پر محسوس کیا لیکن اس کے پیچھے میری بات تھی وہ اس بات پر مضبوط رہا اور اس نے ہلکا سا خوف محسوس نہ کیا‘ بس تھوڑی دیر کے بعد اس خونخوار شخص نے زور سے قہقہہ مارا اور وہ قہقہہ اتنا زور کا تھا کہ اس کے منہ سے آگ کے شعلے نکلنے لگے اور اس کے قریب جتنے بھی درخت تھے وہ جل گئے اور تھوڑی دیر کے بعد وہ چھوٹا ہوتا چلا گیا۔

یہ خزانہ تیرے لیے خیر کا ذریعہ نہیں: اس سے پہلے اس کا قد پہاڑ جتنا تھا‘ چھوٹا ہوتے ہوتے پہلے وہ ہاتھی بنا‘ پھر گھوڑا بنا‘ پھر خچر بنا‘ پھر گدھا بنا‘ پھر بکری بنا‘ پھر کتا بنا‘ پھر کتے کا بچہ بنا‘ پھر بلی بنا‘ پھر بلی کا بچہ بنا‘ پھر چوہا بنا اور ایک بل میں گھس گیا اور ایک آواز آئی کہ یہ خزانہ تیرے لیے خیر کا ذریعہ نہیں‘ چونکہ تو نے نوری عمل کیا ہے اور نورانی عمل کیا ہوا کبھی ضائع نہیں جاتا اس کی طاقت اس کی تاثیر اور اس کا کمال ہمیشہ رہتا ہے اور اس طاقت تاثیر اور کمال کی وجہ سے اس کے اندر ایک ایسی تاثیر پیدا ہوجاتی ہے کہ کہیں نہ کہیں سے اس کا راستہ نکلتا ہے اور کہیں نہ کہیں سے وہ عامل کو خیر دے کر جاتا ہے اور ایسی خیر دے کر جاتا ہے جس سے اس کی نسلیں شاد و آباد ہوجاتی ہیں۔ وہی غیبی آواز ایک بار پھر گونجی اور اور ایسی گونجی کہ اس کے قلب اور جگر میں اتر گئی اور اس آواز نے پھر کہا یہ خزانہ تیرے لیے خیر کا ذریعہ نہیں اب تو اگر اس خزانہ کو پانا چاہتا ہے تو اس کو اسی حال پر چھوڑ دے اور اس غیبی آواز نے بتایا ہم تجھے ایک عمل بتاتے ہیں وہ ہے سورۂ رحمٰن کی آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ بس اس آیت کو پڑھ اس غیبی آواز نے ایک ترتیب بتائی کہ اس ترتیب سے پڑھتا جا اور اس کے کمالات دیکھتا جا‘ وہ شخص مجھ سے کہنے لگا کہ چالیس دن پورے کرکے میں نے وہ عمل چھوڑ دیا اگر پیچھے آپ کا ہاتھ اور ہدایات اور آپ نے میرے لیے جو حصار اور حفاظتی روحانی‘ نورانی قلعہ بنایا تھا وہ نہ ہوتا وہ مجھے بھی اٹھا کر اس میں جلا دیتا اور جلانے سے مراد یہ ہے کہ یا تو یہ شخص پاگل ہوجاتا یا لولا لنگڑا‘ اپاہج‘ کانا‘ اندھا کسی نہ کسی شکل میں یہ شخص ہوجاتا اور بربادی اور نقصان اس کی نسلوں میں چلا جاتا۔ **علامہ صاحب غریب پرور:** اور وہ بار بار آنسو بہا کر ایک بات کہہ رہا تھا کہ حضرت علامہ صاحب میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے ایسا روحانی عمل بتایا جس کو میں نے کیا‘ میں ایک مفلس اور غریب آدمی ہوں اور تنگدست انسان ہوں آپ غریب پرور ہیں‘ غرباء کی مدد کرتے ہیں‘ غرباء کا ساتھ دیتے ہیں‘ غرباء پر شفقت فرماتے ہیں اور غرباء میں عنایات کرتے ہیں‘ آپ کا احسان ہے وہ شخص مزید کہنے لگا کہ اس غیبی آواز نے مجھے اس آیت کا جو عمل بتایا کیا میں کرلوں؟ **اس عمل سے تجھے بہت کچھ ملے گا:** میں نے اعتماد اور بھروسے سے کہا: ہاں کرلے! میری روحانی توجہ‘ روحانی طاقت اور روحانی کمالات تیرے ساتھ ہوں گے۔ انشاء اللہ اس عمل میں تجھے بہت کچھ ملے گا‘ وہ ستر دن کا عمل تھا اور اسی ترکیب کے مطابق جو ترکیب اس غیبی آواز نے بتائی تھی اس نے کرنا شروع کردیا اور کرتے کرتے بالآخر اس کے ستر دن پورے ہوگئے اس دوران اسے کوئی خواب نہ آیا‘ کوئی خیال نہ آیا اور نہ ہی کوئی خوف محسوس ہوا‘ بہت سادگی اور اطمینان سے اس نے یہ تمام عمل پورا کرلیا اور پورا کرنے کے بعد پھر میرے پاس آیا مجھے کہنے لگا: اب کیا ہوگا؟ میں نے پوچھا: اس غیبی آواز نے اس عمل کی طاقت‘ تاثیر‘ نفع یا فائدہ وغیرہ کچھ بتایا۔ کہنے لگا: انہوں نے کہا تھا بس یہ عمل کرلے اور اس کا نفع ہم پر چھوڑ دے‘ اس کا فائدہ ہم خود دیں گے اور ہم اس کا جو فائدہ دیں گے تیرا خیال اور گمان سے بالاتر ہوگا۔ **خیر کے غنچے برکات کی کلیاں:** قارئین! آج سالہا سال ہوگئے میں آپ کو یہ واقعہ سنا رہا ہوں‘ آج بھی مجھے وہ شخص ملتا ہے جس نے کالے عمل کے زور سے خزانہ نکالنے کی کوشش نہیں کی‘ اس نے روحانی اور نوری عمل کی مدد سے خزانہ تک رسائی حاصل کرلی لیکن ایک روحانی آواز نے اس کو خزانہ سے روک کر اس آیت کا عمل دے دیا اور اس آیت کے عمل کے کرنے کے بعد کئی سال تک تو اس کو اس کا نفع‘ فائدہ‘ رزلٹ یا نتیجہ نہ ملا بس! چند سالوں کے بعد اس کے لیے خیر کے غنچے کھلنے لگے۔ برکات کی کلیاں پھوٹنے لگیں‘ راحت کے دروازے کھلنے لگے‘ خوشیاں مچلنے لگیں اور ایسے ایسے کمالات‘ برکات‘ ثمرات اور خیریں اس کے قریب آنا شروع ہوگئیں کہ خود اس کی عقل‘ اس کا شعور‘ اس کا احساس حیران تھا۔ رزق ملا‘ صحت ملی‘ بیماریاں گئیں‘ دکھ دور ہوگئے‘ پریشانیاں دور

نجات نہ پانے والے چہرے: اگر انسان چالیس سال کی عمر تک پہنچ کر بھی گناہ نہ چھوڑے اور اپنی سرکشی سے تائب نہ ہو تو شیطان اس کے چہرے پر ہاتھ پھیرتا ہے کہ نجات نہ پانے والے چہرے پر فدا ہوں۔

ہوئیں' مشکلات حل ہوئیں' مسائل حل ہوئے' اور زندگی کی ناکامیاں ختم ہو کر کامیابیوں کے دروازے کھلنا شروع ہو گئے۔ **آج وہ خوشحال ترین ہے:** شان و شوکت عزت و راحت خیر اور برکت اس کے قریب آنا شروع ہو گئے اور اس کا وہ نظام بنا کہ جو شاید یہ سوچ نہیں سکتا تھا اور اس کے گمان میں نہیں آسکتا تھا۔ آج بھی وہ دنیا کا خوشحال انسان ہے' راحتیں' برکات' عزتیں' شہرت' سواریاں اور گھر اس کے پاس بے بہا اور بے شمار ہیں۔ قارئین! اصل بات یہ ہے کہ جو شخص ایک فیصلہ کر لے کہ میں نے خیر کو ہی تلاش کرنا ہے شر سے دور رہنا ہے اور برکت کا متلاشی رہنا ہے' اسے اللہ سب دیتا ہے۔ **سندھ کا عامل اور انوکھا کالا عمل:** ایک شخص میرے پاس آیا اسے کسی سندھ کے عامل نے ایک عمل دیا' اس عمل میں اسے یہ کہا گیا کہ تو کیلے کے درخت کے نیچے بیٹھ کر صرف گیارہ دن یہ عمل کر گیارہ دن میں دن کو عمل کرنا تھا اور رات کو سونا تھا کوئی سخت پابندی نہیں تھی یعنی ترک جلالی' ترک جمالی' ترک لذات' ترک حیوانات' ترک شہوات' بڑا گوشت نہیں کھانا' چمڑے کے برتن' چمڑے کی جوتی اور چمڑے کی چیزیں استعمال نہیں کرنی' بیوی سے نہیں ملنا' نظروں کو پاک دل کو پاک اور حرام سے بچنا ہے اور بھی بے شمار قیود اور چیزیں اس کے ساتھ تھیں۔ یہ ساری چیزیں اس نے کیں اور گیارہ دن کا پورا عمل کیا لیکن گیارہ دن کے بعد رزلٹ یہ نکلا کہ اسے بظاہر کچھ محسوس ہوا نہ فائدہ نہ نقصان لیکن یہ اس کی بھول تھی' میں اس شخص کی زبوں حالی بربادی اور تمام ظاہری نقشے دیکھ رہا تھا جب اس کے ظاہری نقشے دیکھ رہا تھا تو مجھے احساس ہو رہا تھا کہ اس کے گھر میں نامعلوم کتنے دنوں سے روٹی شاید پکی ہوگی یا نہیں۔ اس کے رزق کا کیا بنتا ہوگا؟ اور اس بیچارے کے حالات کیا ہوں گے؟ بس میں یہی سوچ رہا تھا وہ خود ہی بولا مجھے کہنے لگا کہ میں تھک گیا ہوں اور میرا اندر کہتا ہے یہ اس عمل کی وجہ سے ہے جس عمل کو میں نے کیا' مجھے اس کا بظاہر نقصان محسوس نہیں ہوا اور نفع بھی محسوس نہیں ہوا لیکن اس کا نقصان چند ہی ماہ کے بعد ہونا شروع ہو گیا حادثے در حادثے' مسائل در مسائل' مشکلات در مشکلات' ہر قسم کی پریشانیاں' دکھ' تکالیف' الجھنیں اور بہت زیادہ مسائل' اتنے زیادہ مسائل کہ میں ان مسائل سے تھک گیا ہوں اور میں الجھنوں کی انتہا پر پہنچ گیا ہوں۔ اس نے مجھے یہ کہا تھا کہ یہ نوری عمل ہے اور مجھے سندھی زبان کے کچھ بول بتائے تھے۔ **عرشی فیضان سے تاثیر ملتی ہے:** میں نے فوراً اسے کہا اگر یہ نوری عمل ہوتا تو قرآن و حدیث کے کچھ بول ہوتے' کسی انسانی زبان کے بول تو نہ ہوتے' انسانی زبان کے بول تو تاثیر رکھتے ہیں لیکن یہ ضروری نہیں کہ ان کی تاثیر تمہارے حق میں ہو قرآن و حدیث کے بولوں کی اپنی ایک طاقت ہوتی ہے' تاثیر ہوتی ہے اور اپنا ایک کمال ہوتا ہے اور اس طاقت تاثیر اور کمال میں عرش کی مدد ساتھ ہوتی ہے اور عرشی فیضان ساتھ ہوتا ہے اور عرشی فیضان سے ہی تاثیر ملتی ہے اب اس شخص کی صورتحال یہ ہے کہ کپڑا نہیں تو روٹی ہے' روٹی نہیں تو جوتی ہے' پہننا نہیں تو چھت' نامعلوم وہ کن کن مسائل میں اچانک گھرا ہے اور چند ہی ماہ میں مشکلات' مسائل' دکھ اور پریشانیوں نے اسے اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ **ذرا سوچ کر عمل شروع کیجئے:** قارئین! کبھی بھی کوئی عمل کوئی کتنا بڑا عامل ہی کیوں نہ ہو بس ذرا سوچ سمجھ کر کیجئے گا اور خاص طور پر خزانہ حاصل کرنے کیلئے خزانہ کے نام پر جتنی لوٹ مار لگی ہوئی ہے اور اکثر خزانہ کے متلاشی سفید پوش نچلے درجے کے غریب' تنگدست اور ایسے لوگ جو راتوں رات امیر بننے کے خواب دیکھتے ہیں' ایسے لوگوں کو لوگ لوٹتے ہیں اور ایسے لوگوں کو لوگ تلاش کرتے ہیں اور ان کو تلاش کر کے پھر ان کو خواب دکھاتے ہیں' پھر ان کو بعض جگہ کھدائیاں کرواتے ہیں' بعض اوقات چلے کرواتے ہیں' بعض اوقات جنگلوں میں' دریاؤں میں' سمندروں میں' نہروں میں' پہاڑوں میں' غاروں میں' نامعلوم کیا کیا دھوکہ فریب ان کے ساتھ کرتے ہیں اور لوگ انہی دھوکہ فریب میں چلتے چلتے آخر کار اپنے گھر کے برتن' روٹی کے دو لقمے' جو بچا کھچا اپنی اولاد کیلئے تھوڑا سا سرمایہ یا کوئی چیز تھی وہ سب کچھ ختم کر کے خالی ہو کر بیٹھ جاتے ہیں اور ایسے خالی ہوتے ہیں کہ پتہ بھی نہیں چلتا کہ ہم خالی ہو بھی چکے ہیں یا نہیں کیونکہ خزانہ ایک عرشی طاقت اور قوت کے ساتھ محفوظ کیا جاتا ہے' مجھے کئی جنات نے یہ بات بتائی کہ ہمارے بڑے ہمیں خزانے دکھا دیتے ہیں اور چونکہ ہماری نظروں سے وہ چیزیں بھی پوشیدہ نہیں جو بظاہر انسانوں کی نظروں سے پوشیدہ ہیں' اس لیے ہم آنکھوں سے ان چیزوں کو دیکھ لیتے ہیں اور ہماری نظریں وہ چیزیں مسلسل تلاش کر لیتی ہیں۔ **ابھی تک وہ خزانے دفن ہیں:** ہماری نظروں کے سامنے اس زمین میں بے شمار خزانے ہیں' خاص طور پر ایک جن نے مجھے ایک پتے کی بات بتائی کہ 1947ء کے ہنگاموں میں جب ملک تقسیم ہوا تو ہندو پاکستان میں اور دولت مند مسلمان انڈیا میں اپنے خزانے محفوظ مقام پر دفن کر کے آئے ان کے خیال میں ایک وقتی اور عارضی تقسیم اور بٹوارہ ہے بس کچھ عرصہ کے بعد یہ ختم ہو جائے گا اور اس کے بعد ہم واپس اپنے گھروں میں چلے جائیں گے اور پھر اپنا خزانہ نکال لیں گے۔ وہ جن کہنے لگا ہم نے خزانے دفن ہوتے دیکھے اور ابھی تک وہ خزانے دفن ہیں۔ **خزانہ کی وجہ سے بربادی مقدر بن گئی:** چند ایک خزانے ایسے ہیں جو اچانک کسی کھدائی' مکان بننے بنانے یا کسی جگہ دھنسنے کے نام پر وہ نکل آئے لیکن جن جن کے بھی نکلے بہت کم ایسے ہیں جن کو ان کی خیر نصیب ہوئی ہوگی اور اس کی وجہ سے ان کے گھروں میں ان کو برکات ملی ہوں گی' ورنہ تو اکثر کو ان برکتوں کے نشان تو کیا گمان بھی نہ ملے اور ان خزانوں کی وجہ سے بربادی ان کا مقدر بن گئی۔ وہ جن مزید کہنے لگا ہمارے لیے ایک انوکھی بات ہے' انسان سمجھتے ہوں گے جنات ہر چیز دیکھ لیتے ہیں یقیناً ہم دیکھ لیتے ہیں لیکن ہم عرشی طاقت سے زیادہ طاقتور نہیں' ہم عرشی قوت سے زیادہ محفوظ نہیں' عرشی طاقت' عرشی قوت اور عرشی توانائی سے ہم زیادہ طاقتور نہیں وہ ان چیزوں کی حفاظت کرتی ہیں۔ ہمارے دیکھنے کے باوجود بھی ہم اس کو چھو نہیں سکتے۔ ہماری نسل در نسل سے یہ واقعات چلے آرہے ہیں۔ وہ جن ٹھنڈی سانس لے کر کچھ دیر خاموش بیٹھ گیا اور پھر بولا کہ ہماری نسل در نسل یہ واقعات چلے آرہے ہیں کہ ہم نے جب بھی ان خزانوں کو چھیڑا بربادیاں' اموات' مشکلات' مسائل اور پریشانیاں ایسی ہوئیں کہ ہمارے لیے نسل در نسل عبرت کی کہانیاں بنتی چلی گئیں اور عبرت ہی عبرت ہوگئی۔ (جاری ہے)

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کر کے لوگوں کو دونوں ہاتھوں لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج ذیل نمبر پر صرف میسج کر کے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ **0343-8710009**

مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہر گز نہیں ہے۔

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 56 پر دیا گیا کوپن پُر کر کے بھجوا دیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور ساتھ [illegible] جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیں۔ [illegible]

خون کی تیزابیت ختم: اگر خون میں تیزابیت ہوجائے تو روزانہ خشک خوبانی ایک چھٹانک اور دو تولے عناب رات کو بھگو کر صبح نہار منہ مل چھان کر ایک گلاس پانی چند روز تک متواتر پینے سے فائدہ ہوتا ہے۔

سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی سنت اپنائی! رزق سکون چین مل گیا

قارئین! عبقری میں چھپے یا کسی بھی عمل، وظیفے کے کرنے سے آپ کو جادو جنات سے چھٹکارا ملا ہو یا آپ پر کیا گیا جادو ٹونہ ہوا ہو تو وہ مکمل عمل اور اس کی مکمل روداد تفصیل کے ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری میں بھیجئے۔ آپ کا یہ عمل لاکھوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔

میں نے عبقری سے بہت پایا۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ عبقری کا فیضان جاری وساری رکھے۔ دن دگنی رات چوگنی اس کے فیض میں ترقی عطا فرمائے۔ میں نے عبقری سے دین بھی پایا آخرت بھی پائی۔ میں 2009ء سے عبقری پڑھ رہی تھی۔ میرے گھر کے حالات بہت خراب تھے۔ جادو سحر کے اثرات بھی بہت تھے۔ کئی دفعہ علاج کروایا لیکن بار بار میرے پر جادو کے اثرات آجاتے تھے۔ ایک رات میں سوئی ہوئی تھی کہ خواب میں دیکھا کہ ایک سایہ مجھے دبوچ رہا ہے' میں دو انمول خزانے پڑھتی ہوں تو وہ میرے سے دور ہوجاتا ہے میں چھوڑتی ہوں تو پھر پکڑ لیتا ہے ایسے کئی بار ہوا۔ پھر میں دیکھتی ہوں ایک شخص میرے گھر سے باہر کی طرف جارہا ہے سفید ٹوپی پہنی ہوئے بہت ہی پرفیض اور بارعب شخصیت ہے مجھے ایک آواز آتی ہے کہ یہ حکیم طارق صاحب ہیں تمہارا علاج ان کے پاس ہے۔ صبح جب میں اٹھی تو بس یہ رب کی طرف سے اپنے اوپر کرم اور رحمت سمجھ کر دو انمول خزانے پڑھنا شروع کردیے۔ مجھ پر سے تمام اثرات ہٹنا شروع ہوگئے۔ جسمانی' روحانی پریشانیاں دور ہونے لگیں۔ گھر میں سکون آنے لگا' گھر میں خیروبرکت آنا شروع ہوگئی۔ جنات باقاعدہ خواب میں اشارہ دیتے تھے کہ باقی گھر والوں کو قابو کرنا آسان ہے اس کے پاس جاتے ہیں تو جل کر راکھ ہوجاتے ہیں۔ ہم میاں بیوی بھی آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے تھے کسی بات پر اتفاق نہیں ہوتا تھا۔ ایک مشرق ہے تو ایک مغرب۔ میں نے عبقری میں پڑھا کہ میاں بیوی کے اتفاق کیلئے یہ درود شریف ہزار مرتبہ پڑھنا ہے صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ اور ایک تسبیح روزانہ بِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعُ جَلَّا جَلَالُہٗ اور ایک تسبیح یَاحَنَّانُ یَاحَلِیْمُ یہ عمل کرنے سے ہم دونوں کی نفرت پیار ومحبت میں بدل گئی' میرا گھر جنت بن گیا۔ اب میرے شوہر کو میری خوشی' میری چاہت نظر آتی ہے اور میں بھی ان کی ہر خوشی پوری کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔ ایک ایک دوسرے کی عزت اور محبت کا خیال ہوتا ہے میں نے دو انمول خزانہ اور یہ اعمال اور آپ کا درس متواتر سننا شروع کردیا۔ آپ کے درس کے اہم نکات نوٹ کرلیتی تھی' میں نے سب کو دو انمول خزانے اور اس عمل کو بتانا شروع کردیا۔ میرے سب گھر والے بھی ان اعمال پر آگئے لیکن کچھ عرصے بعد مجھ سے دو انمول خزانے اور درس بھی چھوٹ گیا' اب آپ سے جب سے خط پر رابطہ ہوا ہے تو اللہ تعالیٰ کا شکر ہے میں نے درس دوبارہ سننا شروع کردیا ہے۔ میں 2012ء میں اپنی فیملی کے ساتھ عمرے پر گئی تو وہاں پر دورانِ طواف دو انمول خزانے پڑھتی رہی کہ اللہ تعالیٰ مجھے دین کی جانی ومالی خدمت کرنے کیلئے چن لیں۔ علم دین نافع عطا فرمادے' قرآن پاک ترجمہ تفسیر کے ساتھ پڑھ سکوں۔ میرے مرشدین ہمیشہ مجھ سے راضی رہے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا پاؤں اور یہ سب مجھے میرے گمان سے بڑھ کر ملا اور مل بھی رہا ہے۔ میرے لئے ایسے اسباب بن گئے گھر بیٹھ کر نیٹ پر عالمہ سے علم دین پڑھنے لگ گئی ہوں۔ سیدہ طاہرہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے زندگی پر چھپی کتب پڑھیں اور ان کی سنتیں اپنانے سے نہ میرا گھر ڈسٹرب ہوا نہ میں گھر سے باہر نکلی کہ جس سے گھر متاثر ہوتا۔ حکیم صاحب عبقری کے ہر عمل سے فائدہ حاصل ہوتا ہے' اگر یقین کے ساتھ کیا جائے۔ میں اگر یاحفیظ یاسلام' دو انمول خزانے کے فوائد لکھنے بیٹھوں تو شاید پورا رجسٹر بھر جائے۔ دو انمول خزانے کے تو اتنے کرشمات ہیں کہ بیان سے باہر ہیں۔ میرے جیٹھ کے بیٹے کی شادی کو چار سال ہوگئے تھے اس بندے میں ایک ہی ضد تھی کہ مجھے اولاد نہیں چاہئے اس کیلئے اس نے سب تدبیریں اختیار کی ہوئی تھیں۔ اس کی بیوی روتی تھی کہ مجھے ماں بننے کے حق سے کیوں محروم کردیا ہے اس پر کئی بار لڑائی جھگڑا ہوا اور وہ ناراض ہوکر میکے چلی گئی۔ میں نے اس کو سمجھایا کہ تم اللہ تعالیٰ سے مانگو اس سے مت مانگو۔ میں نے اس کو دو انمول خزانے دیے اس نے پڑھنا شروع کئے اور تین ماہ بعد اس کا شوہر اس بات پر راضی ہوگیا اور الحمدللہ! ان کی بہت ہی پیاری اور خوبصورت سی بیٹی ہے۔

(بقیہ: اپنی جوان بیٹی کی شادی مجھ سے کردو' گھر جنت بن جائیگا)

کی زندگی اور اس کے خاندان کی دنیاوی زندگی اس نے جہنم بنادی ہے۔ میری قارئین سے التماس ہے کہ خدارا کسی کو اپنا روحانی پیشوا بناتا ہے تو ایک چیز ضرور دیکھ لیں کہ کیا وہ شریعت پر پورا اترتا ہے' کیا اس کا اٹھنا بیٹھنا' چلنا' پھرنا سنت کے عین مطابق ہے' اگر نہیں تو اس سے جتنا دور بھاگ سکتے بھاگیے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ بھی کسی کے بہکاوے میں آکر اپنی زندگی برباد کربیٹھیں۔ میں نے تو ایک کتاب میں یہاں تک پڑھا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مفہوم ہے کہ اگر کوئی شخص تمہیں اُڑ کر بھی دکھائے مگر اس کوئی ایک عمل بھی میری شریعت کے خلاف ہے تو اس کے ہاتھ پر بیعت ہرگز نہ کرنا۔ قارئین سے گزارش ہے کہ اس دکھی خاندان کیلئے دعا ضرور کردیجئے۔

قلبی اطمینان کیلئے اپنے اندر ایمانداری پیدا کیجئے

آپ کو چاہیے کہ جس زندگی میں آپ کام کررہے ہیں اس میں راحت اور اطمینان پیدا کرسکتے ہیں۔ اسی سے سکون حاصل کرسکتے ہیں۔ حقیقی خوشی کا حصول ہوسکتا ہے۔ صرف اپنے کام میں دلچسپی کرکے اسے لگن اور ایمانداری سے پورا کرنے کی ضرورت ہے سب ہی کام انسان کی زندگی میں بے سکونی لانے والے ہیں اور سب ہی کام انسان کو راحت اور اطمینان مہیا کرنے والے ہوتے ہیں۔ صرف نکتہ نظر تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ جو گناہ کی کمائی کھاتا ہے دوسروں کا حق چھینتا ہے' اپنی خود غرضی کیلئے کسی کے بُرے بھلے کا خیال نہیں کرتا جھوٹ بولتا ہے' دھوکہ دیتا ہے' وہ کبھی بھی مطمئن نہیں ہوسکتا' چاہے ہی اس کے پاس کروڑوں کا مال و دولت ہے' تمام سکھ سہولتیں ہیں جو شخص سچائی سے اپنی زندگی بسر کررہا ہے' اپنے فرض کی ادائیگی اچھی طرح کرتا ہے دوسروں کی پریشانی اور دکھوں میں کام آتا ہے۔ سب سے محبت کرتا ہے' چاہے ہی اسے پیٹ بھر کر کھانا نہیں ملتا' آسمان اس کی چھت ہے اور زمین اس کا بستر ہے' چاہے ہی اس کے پاس پھٹے ہوئے کپڑے ہیں اور دوسری کوئی سہولت نہیں لیکن اسے اطمینان ہوگا وہ زندگی کا حقیقی لطف حاصل کرسکتا ہے۔ آج معاشرہ میں ان کی عزت ہوتی ہے جن کے پاس موٹر کاریں' دولت ہے اور دوسری سہولتیں ہیں اور جو آپ کو اوپر سے خوشحال دکھائی دیتے ہیں اگر ان کی زندگی کا قریب سے مشاہدہ کرنے کا موقع ملے آپ ان کے تعلق میں آئیں اور ان کے اندر کی آواز کو سنیں تو وہ بے حد فکرمند اور دکھی دکھائی دیں گے۔ سب کچھ ہوتے ہوئے بھی ان کے گھروں میں بیماریاں اور مصائب وغیرہ ہی ملیں گے۔ کہیں بھائی بھائی کا جھگڑا ہے کہیں جائیداد کی تقسیم کا جھگڑا ہے' کہیں کوئی ایسے مرض میں گرفتار ہے کہ برسوں سے چارپائی پر پڑا ہے۔ اپنی خواہش کے مطابق کھا نہیں سکتا۔ رات کو نیند نہیں آتی کہیں کاروبار میں نقصان کا فکر ہے کہیں نفرت ہے کہیں حسد ہے وغیرہ باتوں سے عجب صورت ہی آپ کو نظر آئے گی۔

شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات

پوری سائنس فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے' آپ کے پاس انٹرنیٹ، اپنا مشاہدہ، تحریر کوئی بھی ایسی چیز جس میں شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات ملے ہوں ہمیں ضرور بھیجیں۔ ہماری آئی ہوئی آپ کے نام سے شائع ہوں گے۔ لاکھوں کا نفع ہوگا۔ (ادارہ)

نشہ چھڑانے کا مجرب عمل: اسم یا ہادی نشہ چھڑانے کیلئے بہت اکسیر ہے لہٰذا کسی کا نشہ چھڑانے کیلئے اسم کو گیارہ دن تک روزانہ 1150 مرتبہ پڑھ کر آخری دن پانی دم کرکے اس کے بستر اور کپڑوں پر چھڑکیں تین مرتبہ یہ عمل کریں۔

ورزش سے انکار! زندگی کا چین چھین لیتا ہے

احمد خان جمیل

غذا کھانے سے جو چربی بنتی ہے وہ ورزش نہ کرنے کے باعث گھلتی نہیں اور دل و دماغ کی رگوں میں جم کر رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔ اب کولیسٹرول' ٹرائی گلیسرائڈز وغیرہ ناموں سے عام لوگ واقف ہیں ان کا صحیح' آسان اور موثر علاج ورزش ہے۔

وطن عزیز کے نونہالوں' نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں پر مشتمل نسل جو پاکستان کی نصف آبادی کے برابر ہے' واضح نصب العین اور متعین کردہ سمت کے بغیر خانہ بدوشوں کی طرح ڈانواں ڈول رواں دواں ہے۔ کیا یہ منتشر و متفرق قافلہ ''کنتم خیر امۃ اخرجت للناس'' کی تصویر پیش کرتا ہے؟ کہ دنیا میں بہترین گروہ تم ہو جسے انسانوں (کی ہدایت و اصلاح) کیلئے بھیجا گیا ہے۔ (آل عمران: 110) کیا اس کارواں کو معلوم ہے کہ ترجمہ ''کہ تم لوگ دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو حالانکہ آخرت بہتر ہے اور باقی رہنے والی ہے۔ (سورۃ الاعلیٰ: 16-17)''

ہمارے معاشرے میں ایمان' شرافت اور تہذیب کے سوا اور بھی کئی دکھ ہیں' ایک یہ کہ نئی نسل کیلئے کوئی سمت متعین نہیں' ان کو مخرب اخلاق سرگرمیوں سے بچانے کیلئے ان کی صحت کو بہتر بنانے کیلئے کیونکہ جسم صحت مند ہو تو ذہن بھی صحت مند ہوتا ہے' ان میں نظم اور ڈسپلن پیدا کرنے کیلئے' ان کی زندگی کو فعال کرنے کیلئے' ہماری تجویز یہ ہے کہ جب تک قوم دوررس تدابیر نہیں سوچ لیتی' قوم کی نئی نسل کو ''ورزش کلچر'' اپنانے کا مشورہ دیا جائے۔ نوجوان نسل کو محرومیوں کے احساس کی وجہ سے پستی (ڈیپریشن) اور دباؤ (اسٹریس) سے بچانے کیلئے' فکر و غم کو دور رکھنے کیلئے بے فائدہ وقت برباد کرنے سے بچانے کیلئے' مفید مطلب سرگرمی اختیار کرنے کیلئے' بری صحبت سے بچنے کیلئے' ورزش بہت ہی ضروری ہے۔ ہماری قوم میں حرام و حلال اور اعتدال کی تمیز کے باوجود مرض قلب' ذیابیطس' فالج اور ہائی بلڈ پریشر سے متاثرہ افراد کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ اعصابیت اور جذباتیت کے نہایت ہی مذموم ثبوت سامنے آچکے' لوگ مسجدوں میں مخالفین کو قتل کرتے ہیں' ایمان اور اخلاق کی تدابیر کے علاوہ ان واقعات کو روکنے میں ورزش مفید ثابت ہوسکتی ہے۔ ہمارے وہ بزرگ جو پچاس پچپن میں بزرگ بن کر گھروں میں بیٹھ جاتے ہیں ان کو صحت مند رکھنے کیلئے بھی ورزش کا ایک کردار ہے' وہ اگر کوئی اور کسرت نہیں کرسکتے تو گھر سے چند فرلانگ دور واقع مسجد میں نمازیں پڑھنے چلا جایا کریں۔ معاشرہ اور حکومت دونوں کو ورزش کلچر کی حوصلہ افزائی کرنی چاہئے' یورپ اور امریکہ میں لاکھوں افراد صبح یا شام سڑکوں پر پیدل چلتے ہیں' سائیکل چلاتے یا گھر کے صحن میں ورزش کرتے نظر آتے ہیں' ہر ملک میں درجنوں انجمنیں' تنظیمیں قائم ہیں جو رہنمائی دیتی ہیں۔ ورزش کیلئے کسی زائد خرچ کی ضرورت نہیں' جو کپڑے گھر پر پہنے جاتے ہیں انہی میں ورزش ہوسکتی ہے۔ لاکھوں لوگ دکانوں میں یا کارخانوں میں بیٹھ کر کام کرتے ہیں' ان کیلئے چلنا ویسے بھی ضروری ہے۔ اگر وہ صبح یا شام کو مہذب طریق سے پیدل چل کر اپنی صحت بہتر بنائیں تو کتنا بھلا منظر نظر آئے گا۔ اس وقت ملک میں موٹاپا اور ذیابیطس بڑھ رہا ہے' یہ دونوں مرض قلب' ہائی بلڈ پریشر اور فالج کا باعث بنتے ہیں۔ غذا کھانے سے جو چربی بنتی ہے وہ ورزش نہ کرنے کے باعث گھلتی نہیں اور دل و دماغ کی رگوں میں جم کر رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔ اب کولیسٹرول' ٹرائی گلیسرائڈز وغیرہ ناموں سے عام لوگ واقف ہیں ان کا صحیح' آسان اور موثر علاج ورزش ہے۔ ورزش کلچر کو اگر رہنمائی دی جائے تو چند تجربہ کار حضرات کی دلچسپی سے اس میں نظم اور ڈسپلن قائم ہوسکتا ہے۔ اس نظم و ڈسپلن کی سب سے زیادہ ضرورت نوجوان نسل کو ہے۔ اگر اخبارات اور ٹی وی' سکول اور کالج' صنعتی اور تجارتی ادارے دلچسپی لیں تو ایک ملک گیر کلچر بن سکتا ہے اور اس کے نتائج بہتر قومی صحت اور بہتر اتحاد کی صورت میں نکل سکتے ہیں۔ دوسرے ممالک میں یہ سب کچھ ہو رہا ہے' ہمارے ہاں اس طرف کسی نے توجہ نہیں کی۔

صحت کا ایک اہم ستون۔ **ورزش:** تعلیم صحت کے فقدان کا نتیجہ یہ ہے کہ اکثر لوگ ورزش کی اہمیت کو نہیں سمجھتے' حالانکہ ورزش ہر عمر میں ضروری ہے۔ ہماری زندگی کا انحصار سانس پر ہے اور سانس سے مراد آکسیجن ہے' آکسیجن جن خون کے ساتھ مل کر ہمارے بدن کے تمام اعضاء میں اعضاء کی تمام بافتوں میں اور بافتوں کے تمام خلیات میں پہنچ کر انہیں زندہ اور متحرک رکھتی ہے۔ ہماری سانس کے ساتھ جو آکسیجن بدن کے اندر جاتی ہے اس کی مدد سے ہمارے پھیپھڑے خون کو صاف اور طاقت ور بناتے ہیں۔ نیلے رنگ کی رگیں استعمال شدہ خون پھیپھڑوں کو واپس لوٹاتی ہیں اور سرخ رنگ کی شریانیں شوخ سرخ رنگ کے خون کو ایک ایک خلیے تک پہنچاتی ہیں۔ بدن کے جو خلیات مردہ ہوجاتے ہیں مثلاً حملہ قلب میں قلب کے کچھ حصے' خلیات مردہ ہوجاتے ہیں پھر دوبارہ وہ زندہ نہیں ہوتے۔ آکسیجن اور خون کے بہاؤ میں ورزش کا کردار یہ ہے کہ آرام کی حالت میں دل فی منٹ 5 لیٹر خون پمپ کرتا ہے جو آدمی 12 کلومیٹر (ساڑھے سات میل) فی گھنٹہ کی رفتار سے دوڑتا ہے اس کا دل فی منٹ 25 لیٹر خون پمپ کرتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ورزش میں چار پانچ گنا زیادہ آکسیجن سانس کے ساتھ اندر جاتی ہے۔ چار پانچ گنا خون صاف ہوتا ہے اور ایک ایک خلیے کو پہنچتا ہے' زندگی کا سرچشمہ خون ہے' خون کیلئے آکسیجن ضروری ہے اور ورزش سے بدن کو زیادہ آکسیجن ملتی ہے۔ یہاں صرف پھیپھڑوں اور خون کا ذکر ہوا ہے دراصل اس کا اطلاق ہمارے جسم کے ہر عضو پر ہے۔ معدہ' جگر' مثانہ' گردہ' دماغ سب کی کارکردگی بڑھ جاتی ہے۔ اس میں زیادہ توانائی خرچ ہوتی ہے' اس توانائی کو پورا کرنے کیلئے ہماری کھائی ہوئی غذا ہضم و جذب ہوجاتی ہے اور مزید توانائی فراہم کرتی ہے۔ جہاں تک دماغ کا تعلق ہے اس سے پیغام لانے والے اور اس تک پیغام لے جانے والے اعصاب کی حرکت تیز ہوجاتی ہے۔ ورزش سے ان میں پھرتی آجاتی ہے' بدنی صحت اچھی ہوتی ہے تو ذہنی صحت بھی اچھی رہتی ہے۔ اب میکانکی عمل پر غور کیجئے ہمارے جسم میں بیسیوں جوڑ ہیں اور ان کے ساتھ گوشت کے عضلات ہیں۔ جس طرح مشین چلتی رہتی ہے تو اس کے پرزے جام نہیں ہوتے اسی طرح بدنی جوڑ اور عضلات میں حرکت ہوتی رہے تو وہ جام نہیں ہوتے۔ مختصر یہ کہ ورزش خواہ تھوڑے وقت کیلئے ہی کیوں نہ ہو' پورے بدن کو چاق چوبند پھرتیلا اور تیز کردیتی ہے۔ ورزش کی عادت بچپن میں ڈالنی چاہئے' سکول کے تمام بچوں کیلئے پی ٹی لازمی ہونی چاہئے' اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ورزش کی صحیح تربیت سے کھڑے ہونے' چلنے' بیٹھنے کا صحیح انداز سیکھا جاتا ہے۔ جن بچوں کو پی ٹی نہیں کرائی جاتی ان کے کندھوں پر گولائی سی آجاتی ہے اور کھڑے ہونے اور چلنے کا انداز درست نہیں ہوتا۔ بدن کا صحیح انداز نہ ہو تو ریڑھ کے ستون میں کجی آجاتی ہے اور زندگی بھر کیلئے ناقابل علاج روگ لگ جاتا ہے۔ بچوں اور لڑکوں میں ورزش اس لئے بھی ضروری ہے کہ ان کی عمروں میں جسم کی بڑھوتری ہوتی ہے انہیں زیادہ آکسیجن چاہئے انہیں زیادہ پھرتی چاہئے تاکہ کھائی ہوئی غذا خوب ہضم ہو اور پھر زیادہ بھوک لگے اور بدن کی خوب نشوونما ہو۔ موٹاپا اور زیادہ وزن کی وجہ بھی ورزش کی کمی ہے۔ دفتر میں کام کرنے والے اساتذہ خوشحال لوگ ورزش کے فقدان کی وجہ سے موٹے ہوجاتے ہیں موٹاپا نہ صرف شکل کو بگاڑتا ہے بلکہ کئی امراض کا پیش خیمہ ہوتا ہے مثلاً ذیابیطس' تنگی نفس اور امراض قلب اس کا یقینی اور قابل اعتماد علاج ورزش ہے۔ ورزش نہ کرنے والوں کا ایک اور مجموعہ علامات قبض' بدہضمی اور گیس وغیرہ ہے۔ یہ علامتیں بظاہر سنگین نہیں لیکن زندگی کا چین چھین لیتی ہیں۔

بخیل کی دولت: بخیل آدمی کی دولت اس وقت زمین سے نکلتی ہے جب وہ خود زمین کے نیچے چلا جاتا ہے۔ (حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ)

اتباع سنت ہر مشکل کی کلید

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

رفقاء اور اہل تعلق نے اصرار کیا کہ حضرت والا ان صاحب کی دعوت ضرور قبول فرمالیں' یہ امریکہ کی ایک اہم یونیورسٹی میں کسی شعبہ کے صدر ہیں اور بہت ہی ذہین اور زیرک انسان ہیں مگر ان کی کمزوری یہ ہے کہ اہل دین خصوصاً علمائے دین کو دقیانوسی سمجھتے ہیں اور دین داروں کا اکثر مذاق اڑاتے ہیں' اگر حضرت والا نے ان کی دعوت قبول فرمالی تو حضرت کی صحبت مبارکہ اور توجہ سے امید ہے کہ یہاں نیویارک میں دین اور دعوت کا بہت کام کریں گے اس لیے کہ یہ عبقری صلاحیت کے انسان ہیں۔ حکیم الاسلام حضرت قاری محمد طیب صاحب نے رفقاء کے اصرار پر ان صاحب کی دعوت قبول فرمالی' دوپہر کے وقت وہ صاحب حکیم الاسلام کو اپنی گاڑی میں اپنے گھر لے کر گئے اور اپنے مزاج سے مجبور ہوکر انہوں نے حضرت کے ساتھ بھی دعوت کھلانے میں ایک کھیل کھیلا جو وہ اکثر دین داروں کے ساتھ ان کو دنیا سے نابلد سمجھ کر کھیلا کرتے تھے انہوں نے حضرت کے اکرام میں ڈائننگ ٹیبل کے بجائے دسترخوان بچھایا مگر دسترخوان پر مختلف رنگوں اور ڈیزائنوں کی کراکری' چھریاں' کانٹے' پھول گلدستے' چمچ' پلیٹیں سجا کر رکھ دیں اور حضرت سے عرض کیا کہ حضرت شروع فرمائیں؟ حکیم الاسلام حضرت قاری صاحب نے فرمایا کہ مجھے بڑا عجیب لگا کہ برتن اور چھری کانٹے کراکری سب سجادی ہیں' کھانا ہے ہی نہیں اور میزبان کہہ رہا ہے کہ شروع کیجئے تو حضرت نے فرمایا کہ میں نے رہنمائی کیلئے اسوہ رسول اکرم ﷺ کی روشنی میں سنت کے دروازہ پر حاضری دی وہاں سے فوراً رہنمائی ہوئی اور میرے اللہ نے مشکل حل کردی میں نے ان سے عرض کیا: سنت یہ ہے کہ میزبان پہلے شروع کرے' یہ ایک غلط بات' خلاف سنت ہمارے معاشرہ میں رائج ہے کہ مہمان پہلے شروع کرے' سنت یہ ہے کہ میزبان پہلے شروع کرے' ان صاحب نے وہ کانٹے چھریاں' پھول اور پلیٹیں توڑ کر کھانا شروع کردیں وہ سب فاسٹ فوڈز آئٹمز تھے جو انہوں نے کانٹے' چھریوں' گل دستوں اور برتنوں کی شکل میں تیار کرائے تھے ہم لوگوں نے ان کو دیکھ کر کھانا کھایا اور دعوت کا مزہ لیا اور ان صاحب کا یہ خیال غلط ثابت ہوا کہ دین دار لوگ دقیانوسی سوچ کے لوگ ہوتے ہیں اور چودہ سوسالہ دین اس نئے زمانہ کیلئے موزوں نہیں ہے۔

حضرت نے اپنے ایک بیان میں یہ واقعہ سنا کر فرمایا کہ یہ ایک سنت کہ میزبان پہلے شروع کرے' اس میں کتنی رحمت اور عافیت ہے۔ پوری دنیا میں لوگوں کے رہن سہن اور کھانے پینے کی چیزوں کا انداز مختلف ہے' کسی کھانے کو کھانے کا جو طریقہ ہے اسے اسی طرح کھا کر اس کا صحیح لطف اٹھایا جاسکتا ہے اور اُس علاقہ کے لوگوں کو اُسی طرح کھانا اچھا بھی لگتا ہے اس طریقہ کے علاوہ اگر کوئی بڑے سے بڑا عالم بھی کھائے گا تو لوگوں کی نگاہ میں اس کا مذاق بنے گا' اگر میزبان شروع کرے گا تو مہمان کیلئے کوئی دقت نہیں ہوگی' حضرت نے یہ واقعہ بیان فرما کر فرمایا کہ میں نے یہ بات اس پس منظر میں کہی ہے کہ اس کائنات کے مالک حکیم وخبیر رب نے اس دین کو جس کا عملی نمونہ اللہ کے رسول ﷺ کی حیات طیبہ کو قرار دیا اور آپ کی حیات اور سنت کو اسوہ حسنہ قرار دیا' یہ قیامت تک کے لوگوں کیلئے موزوں ترین طرز حیات ہے بس انسان کیلئے ضروری ہے کہ اس کو سنت کا صحیح علم ہو' اگر وہ طریقہ سنت کو جانتا ہے تو اسے جدید سے جدید تر دور میں اور مشکل ترین مراحل زندگی میں سنت سے روشنی حاصل ہوگی اور سنت کو کامل طریقہ پر جاننے اور اس پر عمل کرنے والا کبھی بھی کسی مشکل سے مشکل مرحلہ میں پھنسے گا نہیں۔ مگر ضروری ہے کہ اسے سنت کا کامل علم ہو اور محض رواجی طور پر مشہور ان چیزوں کو وہ دین نہ سمجھے جن کا سنت سے کہیں ثبوت نہیں ملتا۔ جیسے یہ بات مشہور ہے اور مہمان کی عزت اس میں سمجھی جاتی ہے کہ مہمان پہلے شروع کرے حالانکہ سنت اس کے خلاف ہے۔ کاش ہم سنت کو اس کی اصل سے اور اہل علم محققین سے سیرت پاک کی عظمت کو سمجھیں اور زندگی کے ہر مرحلہ میں اپنے مسائل کو اس احسن ترین طریق سے حل کرنے کا مزاج بنائیں۔

اتنا آسان عمل اور میرا حافظہ تیز ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! حفاظ کرام کیلئے میرا آزمودہ روحانی ٹوٹکہ ہے۔ میں خود بھی حفظ کررہی ہوں' میرا حافظ بہت کمزور تھا مگر اب الحمدللہ تیز ہوگیا ہے۔ عمل صرف یہ ہے کہ سورۂ اعلیٰ کی آیت نمبر 6 کو روزانہ تین بار اپنے ہاتھ پر ماتھے رکھ کر پڑھیں' اول وآخر تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں۔ قارئین! یہ انتہائی آسان اور میرا آزمودہ ہے۔ ضرور آزمائیں اور بچوں کو بھی بتائیں۔ (حنا نثار)

ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید

اگر بچھو بھڑ کاٹ لے تو: اگر بچھو بھڑ کاٹ لے تو پیاز کا پانی وہاں لگایا جائے اس سے درد دور ہوجائے گا اور زہر اثر نہیں کرے گا۔ **ہر قسم کے درد کا علاج:** اگر کسی کا جسم درد کرتا ہو یا جسم کا کوئی خاص حصہ درد کرتا ہو یا آشوب چشم ہو تو وہ سورۃ الکافرون دم کرے انشاء اللہ نفع ہوگا۔

کیلشیم کی کمی: جن لوگوں کو کیلشیم کی کمی ہو' ہڈیوں' دانتوں اور پٹھوں میں اس وجہ سے نقص واقع ہو تو ان کیلئے شلجم کافی مفید ثابت ہوتے ہیں۔ **رعشہ اور لقوہ کا علاج:** رعشہ اور لقوہ سے متاثرہ مریض باقاعدگی سے لہسن کا زیادہ استعمال کریں تو اس مرض سے نجات مل سکتی ہے۔ **درد گردہ کی تکلیف سے نجات:** نصف پیالی مولی کے تازہ رس میں ایک چمچ مصری ملا کر صبح کے وقت پینے سے درد گردہ کی تکلیف دُور ہوجاتی ہے۔ **دمہ اور کھانسی کے مریضوں کیلئے آسان نسخہ:** دمہ اور کھانسی کے مریضوں کو میتھی کے پتوں کا جوشاندہ بنا کر اس میں شہد ملا کر دینا بے حد مفید ہے۔ **کاٹ کھانے کو دوڑیں:** مال ایک ایسی ذلیل شے ہے کہ پاس موجود ہو تو سب تعظیم کرنے کو دوڑیں اور جب چلا جائے تو سب کاٹ کھانے کو دوڑیں۔ **فقر وفاقہ دور کرنے کا آسان وظیفہ:** سورۂ ن اور سورۂ قلم ہر نماز میں پڑھنے سے فقر وفاقہ دور ہوجائے گا اور دعائیں قبول ہونگی۔ انشاء اللہ۔ **ولادت میں آسانی:** اگر بچے کی پیدائش میں دشواری ہو تو کھجور کے سات دانے گرم دُودھ کے ساتھ استعمال کیے جائیں' اس طرح ولادت میں آسانی ہوجاتی ہے۔ **کالی کھانسی کا نہایت آسان علاج:** لہسن کا تازہ رس دس بوند' شہد تین ماشہ' پانی تین ماشہ آپس میں ملا کر ایک خوراک بنا کر دن میں چار بار استعمال کریں۔

بحوالہ "ہزار سال پرانے طبی وروحانی بھید" لاعلاج روحانی اور جسمانی بیماریوں میں مبتلا اس کتاب کا مطالعہ کریں۔ (جو عمل یا ٹوٹکہ آزمائیں ضرور لکھیں' لاکھوں کا نفع آپ کا صدقہ جاریہ)

کشش سے اسہال دور: اسہال کو دور کرنے کیلئے کشش سات دانہ الائچی سبز چھ ماشہ سونف چھ ماشے کو پیس کر کھانا مفید ہوتا ہے۔

رمضان المبارک ہماری صحت اور غذائیں

[illegible] (ہری پور ہزارہ)

مصنوعی مشروبات کے بجائے دودھ کا استعمال کریں تو جسم کو درکار توانائی حاصل ہوتی ہے اور پانی کی کمی پر بھی قابو پایا جاسکتا ہے۔ رمضان المبارک میں اپنی غذا کو غذائیت سے بھرپور بنانے کیلئے تلی ہوئی اور مرغن غذاؤں کے بجائے سادہ غذائیں اپنے دسترخوان پر سجائیں کھجور قدرت کا ایک انمول تحفہ ہے

رمضان المبارک آیا ہی چاہتا ہے یہ وہ پرعظمت مہینہ ہے جس کی عظمتوں برکتوں اور سعادتوں سے ہر مسلمان مستفید ہونا چاہتا ہے اس مہینے کی سعادت سے ہم اسی صورت بھرپور فائدہ اٹھاسکتے ہیں جب ہم صحت مند ہوں اور رمضان المبارک میں تندرست رہیں۔ رمضان المبارک میں سب سے عمومی مسئلہ جسم میں پانی کی کمی کا لاحق ہونا ہوتا ہے اگر یہ کمی شدت اختیار کرجائے تو انسانی معمولات پر اثر انداز ہوتی ہے۔ پانی انسانی بقا کا لازمی جز ہے' ہر ذی روح کی زندگی کا دارومدار پانی پر ہوتا ہے انسانی جسم کا نوے فیصد سے زائد حصہ پانی پر مشتمل ہے صاف تازہ اور مضر اثرات سے پاک پانی بنیاد زندگی ہے' انسانی جسم ایک فطری متوازن نظام کے تحت تمام افعال سرانجام دیتا ہے لیکن لاعلمی کے باعث یہ نظام درہم برہم بھی ہوجاتا ہے' خصوصاً رمضان المبارک میں ہم کھانے پینے کے حوالے سے بے پرواہی برتتے ہیں جو جسم میں ناصرف پانی کی کمی پیدا کرنے کا سبب بنتی ہے بلکہ جسم میں موجود زائد نمکیات بھی جسمانی افعال میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ مثلاً سوڈیم کی مخصوص مقدار سے زائد جسم میں موجودگی نہایت نقصان دہ ہوتی ہے دراصل ہمارے جسم کو روزانہ ایک چائے کا چمچ نمک کی ضرورت ہوتی ہے لیکن رمضان میں نمکین غذاؤں کا استعمال قدرے زیادہ ہوتا ہے جس کے سبب صحت مند افراد بھی بیماری کا شکار ہوجاتے ہیں نمک سے بھرپور غذائیں جسم میں موجود نمک کے مخصوص تناسب کو بڑھادیتی ہیں اور جسم کے افعال متاثر ہوتے ہیں۔ خلیوں میں موجود زیادہ نمکیات کا اخراج نہیں ہوتا جس سے پانی کی شدید کمی پیدا ہوجاتی ہے جو جلد کی خشکی' بھوک کی کمی اور قلت خون کی شکایات کی صورت میں سامنے آتی ہیں سوڈیم کی درست مقدار سے باخبر ہونا ضروری ہے' سوڈیم کا درست تناسب ہی میں استعمال ہمیں رمضان المبارک میں تندرست رکھتا ہے۔ پوٹاشیم بھی ایک لازمی جز ہے' جسمانی خلیوں میں پانی کے بہاؤ کو ایک تسلسل سے جاری رکھتے ہیں پوٹاشیم اور سوڈیم کی متوازن مقدار جسم کو توانائی فراہم کرتی ہے جسم میں پوٹاشیم کی کمی سے فشار خون اور پانی کی کمی کے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ اگر پوٹاشیم کی مقدار عمر کے تناسب سے بڑھادی جائے تو پانی کی کمی پوری کی جاسکتی ہے رمضان المبارک میں ایسی غذاؤں کا استعمال کرنا چاہئے جس میں پوٹاشیم کی وافر مقدار ہوتا کہ پانی کی کمی کے مسائل پیدا نہ ہوں' سوڈیم پوٹاشیم کے ساتھ ساتھ کیلشیم کا وافر استعمال ضروری ہے تاکہ پانی کی کمی کے مسائل پیدا نہ ہوں' ماہرین غذائیت کی رائے کے مطابق اسے روزانہ غذا میں 1000 ملی گرام استعمال کیا جائے تو جسم میں پانی کی کمی ہرگز پیدا نہیں ہوگی اس ضمن میں دودھ اور دودھ سے تیار شدہ اشیاء رمضان المبارک میں تروتازہ رکھ سکتی ہیں اور کیلشیم کی کمی بھی دور ہوجاتی ہے معمر افراد کیلئے کیلشیم کی افادیت مزید بڑھ جاتی ہے ان کیلئے لازمی ہے کہ چکنائی سے پاک دودھ سحر و افطار میں ضرور استعمال کریں۔ مصنوعی مشروبات کے بجائے دودھ کا استعمال کریں تو جسم کو درکار توانائی حاصل ہوتی ہے اور پانی کی کمی پر بھی قابو پایا جاسکتا ہے۔ رمضان المبارک میں اپنی غذا کو غذائیت سے بھرپور بنانے کیلئے تلی ہوئی اور مرغن غذاؤں کی بجائے سادہ غذائیں اپنے دسترخوان پر سجائیں کھجور قدرت کا ایک انمول تحفہ ہے یہ ایک طاقتور غذا ہے روزہ افطار کرنے کیلئے کھجور کو ترجیح دی گئی ہے تو اس کی اہمیت مسلمہ ہے۔ اس میں انسانی جسم کو درکار ضروری غذائی اجزاء وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں جو جسم کو تقویت پہنچاتے ہیں۔ اس لئے کھجور کے استعمال سے کھوئی ہوئی توانائی فوری بحال ہوجاتی ہے کھجور سے مسلمانوں کو روزہ افطار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے قدرت نے کھجور میں ایسے غذائی اجزاء شامل کردیے ہیں جن کی ہمارے جسم کی ضرورت ہے کھجور معدے کی تیزابیت کو ختم کردیتی ہے کھجور کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں۔ غذائیت کے لحاظ سے یہ ایک بہترین اور مقوی غذا ہے اس میں طاقت کے خزانے پوشیدہ ہیں' حیاتین الف ب ج وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ پوٹاشیم' میگنیشیم' تانبا' گندھک' جست' آرسینک اور آیوڈین جیسے اہم عناصر بھی موجود ہیں اس کے علاوہ کھجور میں فولاد کی مقدار 10.6 فیصد ہوتی ہے جبکہ سیب میں یہ مقدار 1.7 فیصد امرود میں ایک فیصد پالک میں پانچ فیصد اور انار میں 4.3 فیصد ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ کھجور کو خون پیدا کرنے کا خزانہ بھی کہا جاتا ہے۔ کھجور کی افادیت اس بات سے بھی ظاہر ہوتی ہے کہ اگر ہم ایک چھٹانک سیب کھائیں تو 35 حرارے حاصل ہوں گے ایک چھٹانک سے 22 حرارے ایک چھٹانک کیلا 86 حرارے فراہم کرے گا جبکہ ایک چھٹانک کھجور سے ہمیں 160 حرارے حاصل ہوں گے۔ کھجور میں یہ خصوصیت بھی پائی جاتی ہے کہ یہ کمزور جسموں کو فربہ اور جسم کو طاقت فراہم کرتی ہے۔ اس کے علاوہ دماغ اعصاب' قلب اور معدے کیلئے تقویت کا باعث ہے جو لوگ جسمانی طور پر کمزور ہوں یا جن کا وزن کم ہو اور جنہیں خون کی کمی کی شکایت ہو انہیں کھجور بطور غذا اور دوا استعمال کرنی چاہئے دماغی قوت کیلئے بھی کھجور ایک بے مثال تحفہ ہے اور اس میں موجود لحمیات حیاتین اور معدنی نمکیات دماغ اور اعصاب کو طاقت بخشتے ہیں۔ اس کے متواتر استعمال سے دماغ کو قوت حاصل ہوتی ہے اور اس کی کارکردگی میں مثبت تبدیلی آجاتی ہے جن افراد میں آیوڈین کی کمی ہوتی ہے انہیں خاص پر کھجور استعمال کرنی چاہئے کھجور کے استعمال سے خون میں کولیسٹرول کی مقدار نہیں بڑھتی۔ خون میں کولیسٹرول کی تعداد بڑھنے سے دل کے دورہ پڑسکتا ہے' کھجور ایک مکمل غذا بھی ہے جس میں غذائیت بھی ہے۔

کھجور کے ساتھ ساتھ حسب استطاعت پھلوں کا استعمال بھی بے حد مفید ہے' مختلف پھلوں میں مختلف غذائی اجزاء قدرتی طور پر موجود ہوتے ہیں جو ہمارے جسم کو صحت مند رکھنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ مثلاً انار جدید سائنسی تحقیق کے نتیجے میں انار کو انسانی صحت کیلئے بہت مفید قرار دیا گیا ہے۔ خصوصاً اس کے اندر پائے جانے والے اینٹی آکسیڈنٹ اجزاء بیماریوں کے خلاف مزاحمت پیدا کرتے ہیں۔ تحقیق نے ثابت کیا ہے کہ گرین ٹی اور ریڈ وائن کے مقابلے میں انار کے اندر تین گناہ زیادہ اینٹی آکسیڈنٹ اجزاء پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس کے اندر ریشہ' پوٹاشیم' وٹامن سی بھی پایا جاتا ہے۔ گزشتہ کئی صدیوں سے انار کو مشرق وسطی ہندوستان اور ایران کے علاقائی طب میں مختلف امراض سے نجات پانے کیلئے استعمال کیا جارہا ہے۔

قبض چند دن میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے قبض کا مسئلہ کافی پرانا تھا' میں نے آپ کی شہرہ آفاق کتاب ''میرے طبی رازوں کا خزانہ'' میں ایک ٹوٹکہ پڑھا کہ دو گلاس چسکی چسکی پانی پینے سے قبض ختم ہوجاتی ہے۔ میں نے چند دن ایک وقت میں دو گلاس پانی چسکی چسکی پیا' میری قبض ختم ہوگئی۔ (شہر احمد، بہاولنگر)

ہر کام میں آسانی: حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ نے عقل بیدار میں فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص یَا شَہِیْدُ کو نماز مغرب کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کا ہر کام آسانی سے سرانجام پائے گا۔

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

قبر میں صرف نور ہی نور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رمضان کی آمد آمد ہے' اس ماہ میں غافل سے غافل مسلمان بھی قرآن کریم کی خوب تلاوت کرتا ہے۔ کاش کے سارا سال ہم قرآن مجید سے اسی طرح محبت کریں جس طرح رمضان المبارک میں کرتے ہیں۔ میں نے ایک کتاب میں سورۂ کہف کے فضائل پڑھے تو میں نے سوچا اس کو عبقری کے لاکھوں قارئین تک پہنچایا جائے۔ سورۂ کہف کا جمعہ کی نماز کے بعد پڑھنا زمین سے آسمان تک نور پیدا کرتا ہے اور آٹھ دن تک وہ نور برابر قائم رہتا ہے اور اس عرصہ کے تمام گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔ پھر اس کے پڑھنے والے کو یہ سارا نور قبر میں اور قبر کے بعد قیامت میں دیا جائے گا۔ اس سورۂ کا روزانہ پڑھنا ایمان میں اضافہ کرتا ہے اور نور ایمان میں ترقی بخشتا ہے جس مکان میں سورۂ کہف پڑھی جائے گی کوئی شیطان یا چور اس مکان کا قصد نہ کرے گا سورۂ کہف کی تین آیات اول سے یاد کرنا پھر ان کا ہر روز تین مرتبہ پڑھنا دجال کے فتنہ سے محفوظ رکھے گا اگر کسی شخص کو رات کے وقت جگانے والا نہیں ہے اور خود بھی اٹھنے کی امید نہ ہو وہ شخص عشاء کی نماز کے بعد سورۂ کہف پڑھ کر سوجائے انشاء اللہ تعالیٰ جس وقت کا ارادہ کرے گا اسی وقت آنکھ کھل جائے گی' یہ مجرب عمل ہے۔

(م۔ح، گجرات)

نیکی کا صلہ ایسے ملتا ہے

ہمارے علاقہ کے ایک بے روزگار نوجوان نے فیسکو میں ملازمت کیلئے درخواست دی۔ انٹرویو کیلئے اسے جھنگ سے فیصل آباد جانا پڑا۔ بس میں بہت رش تھا۔ جب بس جھنگ اور فیصل آباد کے درمیان ''اڈا نواں لاہور'' پر پہنچی تو مزید بیس پچیس مسافر سوار ہوئے اور تل دھرنے کو جگہ نہ رہی۔ اس بیروزگار نوجوان نے دیکھا کہ ایک بزرگ بڑی مشکل سے کھڑا ہے۔ اس نے فوراً بزرگ کو اپنی سیٹ دے دی اور خود کھڑا ہوگیا۔ بزرگ نے اسے دعائیں دیں اور پوچھا کہ بیٹا کہاں جارہے ہو' اس نے اپنے انٹرویو کے بارے بتایا۔ بزرگ نے کہا کہ میں تمہیں ایک رقعہ دیتا ہوں۔ انٹرویو لینے والی کمیٹی کے چیئرمین کو وہ رقعہ دے دینا۔ اس نوجوان نے اور رقعہ لے لیا اور انٹرویو کمیٹی کے چیئرمین کو دے دیا۔ چیئرمین نے وہ رقعہ پڑھ کر آنکھوں سے لگایا کیونکہ وہ رقعہ اس کے باپ کا جس میں اس نے اس امیدوار کے اخلاق و آداب کی تعریف کی تھی اور اسے بھرتی کرلینے کی سفارش کی ہوئی تھی۔ ہزاروں امیدواروں میں سے چند ایک افراد بھرتی کیے جانے تھے جن میں اس نوجوان کا نام شامل کرلیا گیا اور ایک ماہ کی ضروری کارروائی کے بعد اسے ملازمت مل گئی۔ آپ اندازہ کریں کہ ایک بزرگ کے ساتھ بھلائی کرنے پر اسے نقد صلہ مل گیا اور باروزگار ہوگیا۔

چھینک آنے پر الحمدللہ کہنے کی سائنسی توجیح

چھینک آنے پر الحمدللہ کہنا سنت عمل ہے' سائنس اس کی وضاحت یوں کرتی ہے کہ جب آدمی کو چھینک آتی ہے تو انسان کے دل کی حرکت ایک ملی سیکنڈ کیلئے بند ہوجاتی ہے اگر یہ وقفہ بڑھ جائے تو انسان کی موت واقع ہوسکتی ہے۔ چھینک آنے پر انسان یہ شکر ادا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے دل کی حرکت کو دوبارہ بحال کردیا ہے۔ (پروفیسر (ر) غلام قادر ہراج' جھنگ صدر)

رمضان میں آزمودہ ٹوٹکے آپ کے کام آئینگے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے تسبیح خانہ سے تعلق بنا' پوری کوشش رہی کہ جمعرات کا درس کبھی چھوٹ نہ جائے' اللہ کا شکر اور احسان ہے کہ تسبیح خانہ کی نسبت کے بعد اللہ نے نماز کی توفیق عطا فرمائی' اللہ ہمیشہ تسبیح خانہ پر اپنا فضل' رحمت رکھے آمین! تسبیح خانہ میں مسلسل آنے سے اب یقین بڑھتا جارہا ہے کہ سب مل رہا ہے' اللہ اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے' میرے تھوڑے سے اعمال کو اپنی رحمت' کرم اور فضل سے بہت زیادہ قبول فرمائے۔ میرے پاس چند طبی اور روحانی مشاہدات ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں' آگے رمضان آرہا ہے اور یقیناً میرے یہ تجربات و مشاہدات آپ کے بہت کام آئیں گے۔

اگر افطاری میں بے ہنگم کھانے سے یا بعداز رمضان کبھی آپ کو موشن لگ جائیں گے تو میرا ذاتی مشاہدہ ہے کہ تھوڑی سی چائے کی پتی پانی کے ساتھ کھانے سے فوری فائدہ ہوتا ہے یا اس کے علاوہ ایک سو کھا رس کھالیں۔ ہمیشہ نماز کے بعد اللہ کا ذکر ضرور کریں تھوڑا یا زیادہ' جتنی ہمت کی اللہ نے اس سے بڑھ کر ہمیشہ مجھے عطا کیا' مانگے بھی اور بن مانگے بھی۔ اللہ میرے مرشد کے درجات بلند فرمائے' صحت دے اور زیادہ فضل و کرم اور رحمت سے نوازے' آمین!۔

قارئین! افطاری کے بعد روزانہ تھوڑا سا جو کا دلیہ کھالیا کریں' اس سے دماغی سکون اور بدن میں چستی اور معدہ ٹھیک رہتا ہے اور خاص بات سحری میں بھوک خوب لگتی ہے۔ گرمیوں میں اگر چہرے پر دانے' جنہیں گرمی دانے کہتے ہیں ہیں ہوں تو کھیرے کا استعمال زیادہ کیجئے تو وہ ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس رمضان مسواک کا استعمال زیادہ کیجئے' مسواک سے دانت بہت مضبوط ہوتے ہیں وہاں روحانی طور پر عبادت کی بہت لذت نصیب ہوتی ہے' میں کافی عرصہ سے نماز سے پہلے مسواک کرتا ہوں اگر کبھی نماز سے پہلے مسواک رہ جائے تو مسواک والی نماز اور مسواک کے بغیر نماز کا فرق واضح محسوس ہوتا ہے۔

قارئین! میں کالج اور یونیورسٹی میں فٹ بال کا کھلاڑی تھا' پاؤں اور گھٹنے کی کچھ چوٹیں ایسی تھیں کہ ہمارے کوچ کہتے تھے کہ اب تو آرام آگیا ہے مگر بڑھاپے میں یہ چوٹیں آپ کو بہت ستائیں گی' اب اکثر سردیوں میں ان چوٹوں میں شدید درد ہوتا تھا' مگر نماز میں آخری چھ سورتوں کے اہتمام سے وہ درد ختم ہوگیا ہے' بلکہ بعض اوقات رات کو کسی چوٹ کے مقام پر ایسا لگتا جیسے وہاں گوشت دل کی طرح دھڑک رہا ہو' میٹھا سا درد کا احساس ہوتا ہے۔ جب صبح فجر کے وقت اٹھتا ہوں تو اس جگہ ایسا سکون اور لذت سی ہوتی ہے کہ بیان سے باہر' اور اس جگہ پھر کبھی نہ درد ہوا اور نہ کبھی کوئی مسئلہ بلکہ انتہا کی تازگی کا احساس بھر جاتا ہے۔

ہر نماز کے بعد اللہ کا شکر ادا کریں' اس سے اگلی نماز ضرور نصیب ہوتی ہے' اور پہلے سے زیادہ لذت اور دھیان والی نماز نصیب ہوتی ہے۔ اگر کہیں جاتے ہوئے' کسی بھی جگہ میوزک کی آواز کانوں میں پڑے تو میں ذکر روک کر اللہ عزوجل سے عرض کرتا ہوں کہ یا اللہ تو ہر چیز پر قادر ہے جس نے بھی لگایا ہوا آپ اس کے دل میں کچھ بھی ایسا ڈال دیں کہ گانا بند کردے اور واقعی ایک منٹ کے اندر وہ گانا بند ہوجاتا ہے۔ یہ سب میرے اللہ کا فضل و کرم رحمت اور میرے مرشد کی دعا اور فیض کا نتیجہ ہے۔ (شاہد رحمٰن' بہاولنگر)

آمد رمضان! میرے آزمودہ تجربات لے لیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری سے بہت سے ٹوٹکے پائے اور انہیں جب اپنے تجربات و

مصیبت میں لائی تو اس سے بہت فائدہ ہوا۔ چند ایک ہیں کیلئے پیش خدمت ہیں آگے رمضان آرہا ہے قارئین کو خوب فائدہ ہوگا۔

ولادت میں آسانی: میری کزن کی ڈلیوری ہونے والی تھی‘ ایک ماہ رہتا تھا‘ وہ ڈلیوری سے ڈر رہی تھی ہم نے اسے سورۂ انشقاق کی آیت بتادی اور لکھ کر دے دی‘ اس نے پڑھنا شروع کردیا‘ جب اس کی ڈلیوری ہوئی تو اللہ نے انتہائی آسانی پیدا فرمادی‘ وہ خود بتارہی تھی کہ مجھے اس آیت کا بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ والقت مافیہا و تخلت۔

امتحان میں کامیابی: میری کزن کی بی کام میں کمپارٹ آگئی تھی‘ وہ کلیئر نہ کرپارہی تھی‘ شاید اس کا آخری چانس تھا‘ وہ بہت زیادہ پریشان تھی‘ میری چھوٹی بہن نے اسے **یَاحَسِیْبُ** گیارہ ہزار مرتبہ تین دن میں پڑھنے کیلئے کہا‘ ہر مہینے صرف تین دن پڑھنا ہے‘ ٹوٹل 33 ہزار بنتا ہے۔ ہمیں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے بتایا تھا۔ اسی وظیفے کی وجہ سے میں بھی امتحان میں کامیاب ہوئی تھی۔ میری کزن نے دل لگا کر ہر مہینے ایک ہی وقت فکس کرلیا اور تین دن میں پڑھ لیتی۔ جب تک رزلٹ آنا تھا پڑھتی رہی‘ جب اس کا رزلٹ آیا تو وہ بہت زیادہ خوش تھی اور خوشی سے وہ بتارہی تھی کہ میں بہت اچھے نمبروں میں پاس ہوگئی ہوں اور شکریہ ادا کررہی تھی۔ یہ سارا شکریہ حضرت حکیم صاحب کو جاتا ہے کہ ان کو بتایا ہوا وظیفہ ہم نے آگے بتایا تو وہ پاس ہوگئی۔ اللہ حضرت حکیم صاحب کو صحت عطا فرمائے۔

ہدایت کی منزل مل گئی: حضرت حکیم صاحب آپ کو دنیا جہاں کی خوشیاں اور نعمتیں اللہ عطا فرمائے۔ کسی کا کبھی بھی محتاج نہ کرے‘ میرا چھوٹا بھائی سگریٹ‘ شیشہ اور گندی سپاریاں وغیرہ کھاتا تھا‘ آپ کے پاس ملاقات کیلئے آیا‘ آپ نے اسے درس میں آنے کی تاکید کی اور وظیفہ بھی دیا۔ پہلے وہ درس میں نہیں آتا تھا پھر وہ درس میں آنے لگا‘ دو سے تین دروس میں ہی اس نے ان تمام چیزوں سے توبہ کرلی۔ ڈیڑھ ماہ ہوگیا ہے اس نے سگریٹ نہیں پیا۔ کہا ہے مجھے سگریٹ سے نفرت ہوگئی ہے۔ اوہ خدا میں اتنی بری چیز پیتا رہا۔ ہم اس کے یہ الفاظ سن کر حیران ہورہے تھے دل کو خوشی محسوس ہورہی تھی‘ اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں آپ نے اس کی زندگی بدل دی‘ آوارہ گردی کافی حد تک ختم ہوگئی ہے‘ راتوں کو غائب رہتا تھا‘ بری صحبت میں رہتا تھا‘ وہ چھوٹ گئی ہیں‘ پڑھائی کا فکر لگ گیا ہے‘ کچھ کچھ نمازیں بھی پڑھنے لگ گیا‘ آپ کا شکریہ! اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اللہ آپ کو اس کا بہترین اجر دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی عطا فرمائے آمین! اس کے بارے میں ہم بہت پریشان تھے‘ آپ نے ہماری سب سے بڑی مشکل حل کردی‘ میرے بھائی کو ہدایت کی راہ مل گئی ہے۔

رمضان سے پہلے عید کی شاپنگ اور لاخلابہ کا کمال:

محترم حضرت حکیم صاحب! آپ نے ہمیں کیا کمال کا موتی دیا ہے **لَاخَلَابَہ**۔ ہم نے جب بھی یہ پڑھا ہے۔ اللہ نے ہمیں کسی بھی مصیبت میں مبتلا ہونے سے بچالیا۔ لین دین یا رشتے کے سلسلے میں پڑھتے ہیں تو دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہماری آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے۔ یعنی حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے۔ رمضان آرہا ہے اور رمضان سے پہلے ہم عید کی شاپنگ مکمل کرلیتے ہیں اسی لیے جب بھی بازار جائیں منہ میں ہروقت **لَاخَلَابَہ** پڑھتے رہیں‘ پھر کمال دیکھیے اور انتہائی عمدہ چیز انتہائی سستے ریٹ پر ملے گی‘ یہ میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔ عبقری میں اس سے پہلے بھی اور حضرت حکیم صاحب اپنے دروس میں بھی اس لفظ کے کمالات بتاتے رہتے ہیں اور یہ بے شمار کا آزمودہ ہے آپ بھی اس رمضان آزما کر دیکھئے۔ (رابعہ قمر‘ لاہور)

رمضان میں سونے سے پہلے شہد کھائیں‘ وزن گھٹائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک دن انٹرنیٹ پر کچھ سرچ کررہی تھی تو مجھے دو عدد انتہائی کمال کے ٹوٹکے ملے‘ رمضان المبارک کی آمد آمد ہے‘ جن خواتین کو اپنے بڑھتے وزن کی فکر ہے اور چاہتی ہیں کہ رمضان میں ان کا وزن بھی کم ہوجائے اور کمزوری بھی نہ ہو‘ دماغی سکون بھی متاثر نہ ہو اور نیند بھی بھرپور آئے تو اس مشکل کا آسان ترین حل شہد میں پوشیدہ ہے۔ غذائی ماہرین کے مطابق روزانہ رات سونے سے قبل ایک چمچ شہد کھانے سے وزن میں کمی کرنا ممکن ہے ماہرین کے مطابق رات کے شہد کھانے سے نہ صرف جسم کی اضافی چکنائی تیزی سے حل ہوتی ہے بلکہ دن بھر میٹھا کھانے کی خواہش بھی نہیں ہوتی۔ صرف یہی نہیں بلکہ رات کو شہد کا استعمال دماغی تھکان کو بھی دور کرتا ہے اور پرسکون نیند لانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ کیوں قارئین! رمضان میں شہد کو اپنی زندگی کا ساتھی بنالیں اور سارا دن پراعتماد اور رات کو پرسکون بنالیں۔ قارئین! رمضان میں خوب دعائیں مانگیں۔ کہتے ہیں کہ جہاں دوا کام نہ آئے وہاں دعا کام آتی ہے اور اب تو اس بات کو سائنس نے بھی ثابت کردیا ہے۔ جی ہاں! یورپ میں ہونے والی ایک تحقیق کے مطابق دعا مانگنے سے نہ صرف انسان کی خوداعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ اس سے انسان کو اپنے رویے اور جذبات کو قابو رکھنے میں بھی مدد ملتی ہے۔ تحقیق میں یہ بات سامنے آئی کہ دعا مانگنے کا عمل قوت ارادی کو بڑھانے کے ساتھ ساتھ انسانی لالچ اور غیر ضروری ترغیبات پر کنٹرول رکھنے میں بھی مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ (سعدیہ زبیر‘ لاہور)

ایک مرتبہ پڑھیں‘ پھونک ماریں نظر بد زائل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! نظر بد ایک حقیقت ہے اور اپنی زندگی میں کوئی نہ کوئی یا اس کا کوئی جانور یا کوئی چیز اس سے متاثر ضرور ہوئی ہے۔ میرے پاس ایک عمل ہے جس کے صرف ایک مرتبہ پڑھ کر متاثرہ شخص‘ جانور یا چیز پر پھونکنے سے نظر بد ختم ہوجاتی ہے۔ اَللّٰھُمَّ ذَاالسُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ وَالْمَنِّ الْقَدِیْمِ ذَاالْوَجْهِ الْکَرِیْمِ وَلِیِّ الْکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ وَالدَّعَوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ الْحَسَنْ وَالْحُسَیْنِ مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْیُنِ الْاِنْسِ۔ یہ الفاظ آزمودہ ہیں‘ جب بھی کسی بچے یا بڑے کو نظر بد ہوتی ہے ہمارے گھر میں یہی الفاظ پڑھ کر پھونکا جاتا ہے۔ (محمد بشیر‘ کلورکوٹ)

آئیں ٹوٹکے آزمائیں اور پھیلائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری شمارہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں اور وقتاً فوقتاً آزمودہ تجربات و مشاہدات عبقری قارئین کی نذر کرتا رہتا ہوں۔ میرے پاس ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ یقیناً قارئین عبقری اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ میرے ہاتھ میں موکے نکل آئے تھے میں بہت زیادہ پریشان تھا‘ مجھے ایک پان بیچنے والے بنگالی نے یہ ٹوٹکہ بتایا کہ ان موکوں پر پان کے پتے کی ڈنڈی رگڑو‘ میں نے اسی بنگالی سے روزانہ پان کی ڈنڈی لینا شروع کردی اور موکوں پر رگڑ لیتا تھا۔ الحمدللہ موکے جڑ سے ختم ہوگئے اور اب الحمدللہ میرے ہاتھ دوبارہ صاف شفاف اور خوبصورت ہوگئے ہیں۔ (محمد طاہر)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں‘ عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کبھی ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

ناریل کی ڈاڑھی سے ہچکی ختم: ناریل کی ڈاڑھی کی راکھ کو پانی میں گھول کر نتھرا ہوا پانی ہچکی والے مریض کو پلانا بے حد مفید ہوتا ہے۔

میں تو یہ رمضان بھی تسبیح خانہ میں گزاروں گی

پھر تسبیح خانہ میں تعلیم دی جاتی تھی' نماز درست کروائی جاتی تھی' غسل کرنے کا صحیح طریقہ' چھوٹی چھوٹی باتیں' چھوٹے چھوٹے مسئلے جن کو نظرانداز کردیا جاتا ہے وہ سیکھنے کا موقع ملا' جمعہ کے دن عصر کے بعد جوذکر خاص پڑھا اور جو پونے گھنٹے کی دعا مانگی کہرام مچ گیا ہوگیا آسمان پر'

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو دنیا و جہان کی نعمتوں سے نوازے' کوئی دکھ بھی آپ کے قریب سے بھی نہ گزرے' ڈھیروں خوشیاں عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ محترم شیخ الوظائف! آپ کا بہت بہت شکریہ' آپ نے ہمیں تسبیح خانہ میں رہنے کا موقع دیا' اتنا شاہانہ ماحول دیا' بادشاہوں جیسا خوشگوار ماحول میسر کیا' شاہی دسترخوان میسر کیا' مجھے تو ایسے لگتا تھا جیسے جنت میں بیٹھے ہیں۔ ہمیں کچھ کرنا ہی نہیں پڑتا تھا اور جنت کی طرح ہمارے سامنے دسترخوان لگ جاتا تھا۔ سب سے بڑی بات ہر چیز وقت پر ملتی تھی' ایک دوسرے کے ساتھ مل کر رہنے میں بہت مزہ آیا۔ ایک دوسرے کو سمجھنے کا موقع ملا۔ دوسروں کی عظمت کا پتہ چلا۔ آپ کے پاس وقت کی قدر کرنے کا اور ہر لمحہ قیمتی بنانے کا سبق ملا۔ ایک عجیب ہی سکون تھا گھر جانے کو دل ہی نہیں کررہا تھا کاش وہ لمحے وہی پر ٹھہر جاتے' ہر کام وقت پر ہورہا تھا۔ آج کے دور میں آپ جیسا کوئی بھی نہیں ہوگا۔ چراغ لے کر ڈھونڈیں گے بھی تو نہیں ملے گا۔ اتنے مخلص کہ جو کھلائے بھی' پلائے بھی اور اصلاح بھی کرے اور معافی بھی مانگے اور لوگوں کی باتوں کو سہے بھی' آفریں ہے بھئی آفرین ہے' اللہ حضرت حکیم صاحب کو سلامت رکھے ان کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے۔ حضرت حکیم صاحب! آپ نے تو ہماری حسرتیں پوری کردی ہیں' بہت عرصہ سے خواہش تھی کہ مرد حضرات ہر رمضان المبارک میں اتنے مزے لوٹتے ہیں اور ہم گھر بیٹھی ترستی رہتی ہیں' یہ روحانیت کی لوٹ سیل صرف مرد حضرات ہی کیوں لوٹ رہے ہیں' شکر ہوا آپ نے ہم خواتین کے دل کی آواز کو سن لیا اور خواتین کو بھی تسبیح خانہ میں آنے کا موقع فراہم کیا اور روحانیت کی لوٹ سیل لوٹنے کی اجازت دی۔ اللہ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔ گزشتہ رمضان کے تسبیح خانہ میں گزارے لمحات بہت خوبصورت تھے' میں کبھی بھی نہیں بھلا سکتی' زندگی کے یہ لمحات سب سے زیادہ اچھے تھے' اپنے لمحات میں نے زندگی میں کبھی نہیں پائے تھے' یہ لمحات میری زندگی کے سب سے قیمتی لمحات تھے' ان دنوں میں نے بہت کچھ سیکھا۔ تسبیح خانہ میں ایسی برکت تھی' کہ اس جگہ کی برکت سے اللہ نے مجھے تہجد پڑھنے کا موقع دیا۔ اللہ والوں سے راز و نیاز کا موقع ملا۔ ساری رات مجھے اللہ سے باتیں کرنے کا بہت مزہ آتا تھا' میرا دل ہی نہیں بھرتا تھا کہ میں بس کروں' فجر کی نماز پڑھنے کا اور ادھر تہجد کے وقت بیعت کی تسبیحات پڑھنے کا مجھے بہت مزہ آیا' میں نے کافی عرصہ کے بعد یہ تسبیحات پڑھیں۔ اس جگہ کی عجب ہی روحانیت تھی اور صبح کو جو آپ درس کے بعد ذکر کرواتے تھے وہ تو بہت لاجواب تھا' اس ذکر کی برکت سے اللہ نے میرے دل پر اپنا نام جاری کردیا' اللہ اور اللہ ھو ہی پڑھتی رہوں اور میرا دل اللہ ھو کرتا رہتا ہے۔ اللہ نے کچھ ندامت کے آنسو بھی عطا فرمائے۔ جب میرے آنسو نہیں آتے میں پریشان ہوجاتی ہوں انہوں نے بھی میرا ساتھ چھوڑ دیا ساری دنیا نے مجھے تنہا کردیا تم تو ساتھ نہ چھوڑو' پھر اللہ نے مجھے اپنی محبت کے چند آنسو عطا فرمادیئے' مجھے سکون مل گیا' شکر ہے میرے آنسو اب میرا ساتھ نہیں چھوڑتے اللہ کی محبت مل گئی' اللہ کا تعلق مل گیا۔

پھر تسبیح خانہ میں تعلیم دی جاتی تھی' نماز درست کروائی جاتی تھی' غسل کرنے کا صحیح طریقہ' چھوٹی چھوٹی باتیں' چھوٹے چھوٹے مسئلے جن کو نظرانداز کردیا جاتا ہے وہ سیکھنے کا موقع ملا' جمعہ کے دن عصر کے بعد جوذکر خاص پڑھا اور جو پونے گھنٹے کی دعا مانگی کہرام مچ گیا ہوگیا آسمان پر' دل چاہ رہا تھا وہ دعا ختم ہی نہ ہو' ایسی کیفیت اور جمعہ کی سعاعت کی گھڑیاں ایسے لگ رہا تھا جیسے دعا قبول ہوگئی اور قبولیت کی مہر لگ گئی۔ اس دعا میں بہت مزہ آیا۔ پونے گھنٹے کی زیارت کا بھی بہت مزہ آیا' اتنا مزہ پہلے کبھی نہ آیا تھا۔

محترم حضرت حکیم صاحب! مجھے آپ کی اہلیہ صاحبہ کو دیکھنے ان سے ملنے اور بات کرنے کا بہت شوق تھا' اللہ نے آپ کی اہلیہ کی زیارت بھی کروائی' آپ کی اہلیہ کو دیکھ کر ربنا ھب لنا زوجنا والی دعا کی تفسیر اب آنکھوں سے دیکھ لی۔ چھوٹا بیٹا بھی بہت انوکھا بچہ دیکھا۔ جو کسی بھی چیز سے چپ نہیں ہوتا صرف ذکر ہی سے خاموش ہوتا ہے۔ آپ کی اہلیہ نے بھی بہت زیادہ پروٹوکول دیا بہت خیال رکھا بہت بہت شکریہ!

رمضان المبارک میں تسبیح خانہ کی عجب تاثیر تھی' گرمی نام کی بھی نہ تھی' مجھے گرمی بہت لگتی ہے' مگر تسبیح خانہ میں پہلے دن سے ہی مجھے گرمی لگنا ختم ہوگئی' الحمدللہ رمضان المبارک میں تسبیح خانہ میں خدمت کرنے کا موقع ملا مگر جو خدمت کرنا چاہتی تھی وہ نہ کرسکی۔ ہاں کھانا تقسیم کرتے وقت بہت مزہ آتا تھا۔ آپ نے ہماری اتنی خدمت کی ہم آپ کو کچھ بھی نہ دے سکے' حضرت جی ہمیشہ کیلئے خدمت کیلئے قبول کرلیں' ہمیں دل سے نکالیے گا مت' ہمیں اپنے حال پر مت چھوڑیے گا۔ حضرت جی تسبیح خانہ میں ہماری بہت خدمت کی گئی ہے' ہمیں خدمت کا ایسا موقع ضرور دیجئے گا' انشاء اللہ اس آنے والے رمضان میں بھی تسبیح خانہ میں قیام ہوگا تو اس سے زیادہ میری زندگی کا سنہری موقع اور کوئی بھی نہیں ہوسکتا۔ تسبیح خانہ سے گھر جانے کو دل ہی نہیں چاہ رہا تھا یہ لمحات یہاں ہی رک جائیں۔ جب جارہے تھے دل بہت اداس تھا' وہاں کی یادیں وہاں کے پل بہت یاد آتے ہیں۔ دل چاہتا ہے وہ پل دوبارہ لوٹ آئیں۔

(بقیہ: روحانی دم سے فیض پانے والے)

بسم اللہ توکلت علی اللہ لاحول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَ الْخَلِیْفَةُ فِی الْاَھْلِ وَالْمَالِ۔ یہ دعائیں پڑھ کر نکلا اور ساتھ سورۂ قریش کی تلاوت بھی جاری رکھی۔ میرے گھر سے تلہ گنگ تک ایک گھنٹے کا سفر ہے اور تلہ گنگ سے لاہور تک چار گھنٹوں کا سفر ہے۔ آپ یقین جانیے کہ پورے سفر میں ایک مرتبہ بھی الٹی نہیں آئی۔ یعنی پانچ گھنٹوں کے سفر میں مجھ جیسے بندے کو الٹی نہ آنا بہت بڑا اعجوبہ ہے اور میں خود حیران ہوں کہ یہ کیا ہوگیا ہے میں تو سمجھتا ہوں یہ سب سورۂ قریش کا کمال ہے اور تسبیح خانہ کی برکت ہے اور 29 مئی کو واپسی تھی تو میں نے 29 مئی کو صبح خوب سیر ہوکر ناشتہ بھی کیا ورنہ میں نے سفر سے پہلے کبھی بھی ناشتہ نہیں کیا۔ واپسی پر بھی سورۂ قریش کی تلاوت کرتا آیا تو مجھے کہیں بھی الٹی نہیں آتی اور میں شرمندگی سے بچ گیا۔ (آصف محمود' تلہ گنگ)

(بقیہ: موسم گرما کے رمضان میں گرمی توڑ غذائیں)

اسپغول: اسپغول مسکن سرد مزاج اور معمولی سا مسہل ہے' یہ پیشاب آور جلدی بافتوں پر خوشگوار اثرات مرتب کرتا ہے' گرمیوں میں صبح کے ناشتے کے وقت یا شام کے وقت اسپغول' گوند کتیرا ٹھنڈے دودھ میں ملا کر پیا جائے تو طبیعت خوشگوار ہوتی اور بدن گرمی کی کثافتوں سے محفوظ رہتا ہے۔ گرم طبیعت والوں کو روزانہ رات کو ٹھنڈے شربت میں اسپغول کا چھلکا ملا کر پینا چاہیے۔ اس سے ان کی حدت کم ہوتی ہے۔ بالخصوص ہائی بلڈ پریشر اور ہائی کولیسٹرول دل والوں کو گرمیوں میں اسپغول کو بطور غذا استعمال کرنا چاہیے۔ آم: پھلوں کا بادشاہ گرمی کے موسم میں انسانی طبیعت کو بحال رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے کچا آم لو لگنے سے پیدا ہونے والے مسائل ختم کرتا ہے۔ آدم کچے آم کو راکھ میں پکا کر اس کے گودے کو پانی اور چینی میں ڈال کر مشروب بنالیا جاتا ہے۔ جو وقتاً فوقتاً استعمال کیا جائے تو لو کے بداثرات سے بچاتا ہے۔ کچے آم کو نمک لگا کر کھایا جائے تو پیاس کی شدت کم ہوجاتی ہے۔ اس کے استعمال سے زیادہ پسینہ بہنے سے جنم لینے والی نقاہت ختم ہوجاتی ہے۔ شریں پکے آم کھانے کے بعد دودھ اور پانی کی کچی لسی پی لینی چاہیے اس سے آم کی گرم تاثیر ٹھنڈی تاثیر میں بدل جاتی ہے۔ لیموں: اس کے طبی فوائد بے شمار ہیں اس میں وٹامن سی کا خزانہ پوشیدہ ہے۔ اس کا صدیوں سے گھریلوں اور طبی استعمال ہورہا ہے' گرمیوں میں لیموں کی سکنجبین پینے سے معدہ کی تنگی' پسینہ کی کثرت اور نقاہت جیسے مسائل پیدا نہیں ہوتے۔ دودھ دہی: گرمیوں میں دودھ اور دہی کی لسی پینے سے بھی گرمی سے تحفظ ملتا ہے۔ صبح ناشتہ کے وقت اور دوپہر کو چاٹی کی لسی پی جائے تو اس کے مفرح اثرات ہوتے ہیں۔ اگر چاٹی کی لسی نہ ملے تو دہی یا دودھ میں پانی کی مقدار زیادہ بڑھا کر اسے پتلا کرلیں۔ تلی کی...

سے گردوں اور مثانے کی کارکردگی بہتر ہوجاتی ہے اور پسینے زیادہ نہیں...

(34)

گمشدہ سامان کی ایسی حفاظت! پہلے کبھی نہ سنی

جب میرا وظیفہ مکمل ہوا تو اس نے ہمشیرہ کو کہا باجی آپ میری باہر لان میں آکر بات سنیں۔ جب لان میں باجی گئیں تو اس نے جیب میں سے انگوٹھی نکال کر کہا کہ مجھے معاف کردیں یہ میں نے غلطی کی تھی یہ آپ کو واپس کررہا ہوں۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔ (ایڈیٹر کے قلم سے)

چوری شدہ ہیرے کی انگوٹھی گھریلو ملازم دے گیا

محترم جناب حکیم صاحب دامت برکاتہم خانقاہ شریف پر کروڑہا رحمتیں برکتیں اور نور تا قیامت برستیں رہیں۔ آمین! السلام علیکم! جناب کچھ روز پہلے کا واقعہ ہے کہ میری بڑی ہمشیرہ کی بیٹی کی ڈائمنڈ کی رنگ گھر میں گم ہوگئی۔ بے حد پریشانی اور تلاش کے بعد جب نہ ملی تو اپنے گھر کے خانساماں پر شک ہوا، پوچھنے پر نہ بالکل بھی نہ مانا یوں سارا دن گزر گیا۔ میری چھوٹی ہمشیرہ کو باجی نے فون کرکے بتایا کہ یہ واقعہ ہوا ہے جس کی وجہ سے گھر میں سب بے حد پریشان ہیں کیوں کہ انگوٹھی بہت قیمتی ہے۔ میں چھوٹی ہمشیرہ کی طرف آیا تو اس نے سارا معاملہ بتایا میں نے فوراً کہا آپ سب بھی اور بڑی باجی کے سب گھر والے یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ والا وظیفہ پڑھنا شروع کردیں۔ وہ کہنے لگیں وہ تو باجی پڑھ رہی ہیں۔ میں ایک مولانا کے ساتھ مصروف تھا انہوں نے مختلف جگہوں پر علماء حضرات سے ملنا تھا پھر لاہور سے باہر کا سفر کراچی تک کرنا تھا۔ تو میں ان کی گاڑی ڈرائیو کررہا تھا۔ ایک جگہ اسٹیشن کے پاس وہ اپنے کسی عزیز کی طرف آئے تو مجھے گاڑی میں ہی وقت مل گیا تنہائی کا میں نے پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ ہمشیرہ کے گھر کا اور اس انگوٹھی کا تصور کرکے 313 مرتبہ یہی وظیفہ پڑھنا شروع کردیا۔ ٹھیک 6:59 منٹ پر وظیفہ مکمل کرلیا اور میرے ذہن اور دل نے گواہی دی کہ انگوٹھی ضرور مل گئی ہوگی۔ باجی کو فون کیا مگر انہوں نے فون نہیں اٹھایا۔ جب چھوٹی ہمشیرہ کے ہاں گیا تو جاتے ہی پوچھا کہ اس انگوٹھی کا کیا بنا؟ وہ بتانے لگی کہ اسی خانساماں نے اٹھائی تھی اسی وقت جب میرا وظیفہ مکمل ہوا تھا اس نے ہمشیرہ کو کہا باجی آپ میری باہر لان میں آکر بات سنیں۔ جب لان میں باجی گئیں تو اس نے جیب میں سے انگوٹھی نکال کر کہا کہ مجھے معاف کردیں یہ میں نے غلطی کی تھی یہ آپ کو واپس کررہا ہوں۔ اس وظیفہ کی برکت سے اللہ کریم نے نقصان ہونے سے بچالیا۔ الحمدللہ! اسے پھر ہم نے فارغ کردیا کہ کل کو یہ اور نقصان پہنچائے گا، اعتماد اٹھ گیا تھا۔ اس کا حساب کرکے بھیج دیا۔ اگر اس خانساماں کے کھانے کا بتائیں تو جو گھر والے کھاتے تھے وہی اسے دیتے تھے، بلکہ وہ خود کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتا تھا۔ آپ ہمارے لئے خصوصی دعا و توجہ فرمائیں ہر طرح سے حفاظت ہو، برکت ہو، امن عافیت نصیب ہو۔ آپ پر سدا رحمتیں و برکتیں ہوں، آپ کی نسلوں کی اللہ کریم حفاظت فرمائے سدا ہرا بھرا رکھے۔ تسبیح خانہ سے ہم سب کو اللہ کریم تا قیامت جوڑے رکھے اور ہمیں ہمیشہ فیض یاب ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین! (م۔ش)

گمشدہ سامان کی ایسی حفاظت! پہلے کبھی نہ سنی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ سال مارچ میں عمرے پر اپنے بیٹے کے ساتھ گئی' وہاں میری پڑھائی چل رہی تھی' ہر اتوار کو میں سات دفعہ سورۂ بقرہ پڑھتی اپنے کاروبار کی بندش کو توڑنے کیلئے' اس عمل کی برکت سے میرے شوہر کے کاروبار میں لاجواب برکت اور اضافہ ہوا اور تمام بندشیں ٹوٹ گئیں۔ یہ عمل میں اپنے شہر میں بھی کرتی تھی اور عمرے پر جانے کے بعد بھی کرتی رہی۔ حالانکہ اس سے پہلے میرے میاں کا کاروبار بالکل بند ہوچکا تھا۔ میں ایک واقعہ قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ میں حرم پاک میں مطاف کے سامنے نماز مغرب کے بعد بیٹھی ہوئی تھی اور میرے برابر میں ایک عربی عورت بیٹھی تھی' میں نے مغرب کی نماز کے بعد اس سے کہا کہ کیا آپ عشاء تک یہی پر ہیں وہ بولی کہ ہاں میں ادھر ہی ہوں۔ میں نے اس کے پاس اپنا پرس اور جوتی رکھوائی اور میں طواف کرنے چلی گئی' طواف کرکے عشاء کی نماز کے وقت واپس آئی اور صلوٰۃ الحاجۃ پڑھے' صلوٰۃ الحاجت اس طرح پڑھتی ہوں کہ دو نفل نماز ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پچاس پچاس دفعہ سورۂ اخلاص پڑھتی ہوں۔ اسی ترتیب کے ساتھ دو نفل پڑھے۔ اب وہاں سے نکلی اور سارے راستہ دعا مانگتی رہی کہ اللہ میرا پرس اور عورت ملوا دے' کافی دیر کے بعد وہ جگہ تو مل گئی مگر عورت اور سامان نہیں ملا۔ عشاء کی نماز پڑھ کر صلوٰۃ الحاجت پڑھے اور پھر عورت کو دیکھا مگر نہ ملنا تھا نہ ملا۔ مجھے ساری پریشانی اپنے موبائل کی تھی کیونکہ بیٹی کا فون آنا تھا خیر ورد کرتی ہوئی واپس ہوٹل کی طرف آئی۔ سارے راستہ میں یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھتی رہی اور ہوٹل میں آگئی' ننگے پاؤں کیونکہ جوتی بھی اسی خاتون کے پاس رکھوائی تھی۔ بیٹے نے دیکھا پوچھا کیا ہوا؟ میں نے کہا: پرس اور جوتی چلی گئی تو بولا کوئی بات نہیں مگر مجھے پریشانی کہ اس کے پاس سعودی سم نہیں تھی کہ پاکستان فون کرسکے خیررات کو ہم سو گئے' صبح ہوئی تو وہ نیچے گیا تو اس کے انٹرنیٹ پر کال آئی اور میرے شوہر غصہ ہونے لگے تم کہاں ہو؟ اور تمہاری ماں کدھر ہے؟ اس کا پرس کہاں ہے؟ اس کا پرس تو جدہ پہنچ گیا ہے' میری ایک نند جدہ میں رہتی ہیں ان کو کسی نے فون کیا کہ حرم سے ایک پرس ملا ہے اور اس میں آپ کا نمبر تھا اس لیے فون کیا اور اس طرح پرس جدہ پہنچ گیا' شام کو میرے بیٹے نے جدہ سے میرا پرس منگوایا۔ اللہ کی شان تمام سامان' موبائل' میرے جوتے ہر چیز موجود تھی۔ کوئی ایک چیز بھی ادھر سے ادھر نہ ہوئی تھی۔ یہ سب کمال یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا ہے۔ (رخسانہ بیگم)

قارئین اصلاح فرمالیں!

قارئین! حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی آرٹیکل ''گمشدہ چیز' فرد اور سرمایہ پانے کا راز'' میں ایک وظیفہ دیا گیا ہے جو کہ چند شمارے پہلے زیر زبر کی غلطی سے شائع ہوگیا۔ اصل وظیفہ یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ قارئین اصلاح فرمالیں! (ادارہ)

تین مرتبہ لفظ پڑھا' انگلی لگائی اور درد ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ ماہ پہلے ایک ڈاکٹر کے کلینک پر ماہنامہ عبقری پڑھنے کا موقع ملا۔ رسالہ اتنا زبردست تھا کہ میں اس کی کیا تعریف کروں' میرے پاس الفاظ نہیں ہیں میری بہت سی پریشانیاں اس رسالہ سے حل ہوئی' عبقری میں چھپنے والے وظیفے اور نسخے بڑے کارآمد ہوتے ہیں۔ میرے شوہر کی ٹانگ میں بڑا درد رہتا تھا آرتھوپیڈک سرجن سے بھی علاج کروایا' اس کے علاوہ اور ڈاکٹروں سے بھی علاج کروایا لیکن درد تھا کہ ختم ہونے کا نام ہی نہیں لیتا تھا۔ عبقری میں کسی نے بتایا تھا کہ درد ختم کرنے کیلئے تین مرتبہ سانس روک کر شہادت کی انگلی سے لِیُعَذِّبَہُمْ لکھیں بعد میں اس جگہ ہاتھ پھیر دیں درد اسی وقت یا دو مرتبہ کرنے سے ختم ہوجائے گا۔ آپ یقین کریں کہ میں نے دو مرتبہ دَم کیا تو انہیں کافی فرق پڑا۔ ایک ہفتہ کرنے سے ٹانگ کا درد بالکل ختم ہوگیا' ڈاکٹری دوائیوں سے اتنی دیر کا ختم درد نہیں ہورہا تھا وہ ایک ہفتے میں مکمل ٹھیک ہوگئے۔ محترم حکیم صاحب! ہمیں دعاؤں میں ضرور یاد رکھیے گا اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین! (ج۔س)

شہادت کی موت: اگر کوئی اپنی زندگی کا خاتمہ شہادت پر چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ یاشہید کو 33 مرتبہ بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب پڑھنے کا معمول بنالے۔

عبقری کیلنڈر 2017

آئیے رمضان میں دکھی انسانیت کے دکھ بانٹیں

☆ رمضان المبارک کا چاند دیکھتے ہی شب قدر کا ثواب پالیں ☆ نماز تراویح پڑھیں اور اپنے مسائل حل کروائیں! ☆ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ انوکھا آسان ترین اور مشکل ترین پریشانیاں' مصائب' مشکلات' گھریلو الجھنیں لمحوں میں ختم ☆ تسبیح خانہ میں قیام کرنے والوں کا افطاری مشروب اور اس کے فوائد (مکمل نسخہ) ☆ رمضان میں کھجور کی روٹی! ذائقہ بھی لاجواب اور فٹنس بھی بے مثال ☆ اس رمضان قبض! ہرگز نہیں ☆ چند سیکنڈ میں مالا مال ہونے کا راز! صرف تصور کریں اور مال دار بن جائیں! ☆ لاعلاج بیماریوں اور جادو جنات کے ڈسے ہوؤں کے لیے لاجواب عمل ☆ بیری کے درخت کے انوکھے راز اور جادو جنات اور پریشانیوں سے چھٹکارا ☆ رمضان میں گھریلو الجھنوں سے نجات پانے کے انوکھے' آسان اور آزمودہ بھید ☆ رمضان میں بھوک پیاس ختم' 15 سالہ آزمودہ ٹوٹکہ ☆ آسان ترین ذکر اور برکتیں عافیتیں اور دعاؤں کی مقبولیت کا راز پائیے عبقری رمضان کیلنڈر میں! ☆ رمضان المبارک مغفرت، بخشش اور عنایتوں کے آسان روحانی ٹوٹکے ☆ پورے سال کا رزق چند لمحوں میں پانے کی گھڑیاں آگئیں ☆ آسان اسم الٰہی صرف 21 مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر پھونکیں' پھر سونگیں اور بھوک پیاس ختم اور آپ بالکل ہشاش بشاش! کیلنڈر میں ملاحظہ فرمائیں! ☆ شادی کی بندش فوری ختم' انوکھا عمل جو سالہا سال سے گھر بیٹھی بیٹیوں کے لمحوں میں رشتے کروادے' لوگوں کے خوشیوں بھرے خط کیلنڈر میں پڑھیں ☆ تین مرتبہ درود پاک پڑھیں' ہتھیلیوں پر پھونکیں' چہرے پر پھیریں اور اس کے کمال جانیے رمضان کیلنڈر 2017 میں ☆ رزق، روزی یا کاروبار میں پریشانی! ایک دن میں ختم ☆ حسن سے مالا مال ٹوٹکے حاصل کیجئے کیلنڈر سے ☆ رمضان میں گرمی کا توڑ کرنے والی پانچ گھریلو چیزیں ☆ 30 دن' ایک آیت! فائدے بے شمار! قارئین کے آزمودہ تجربات کے ساتھ ☆ میری افطاری اور پودینے کی چٹنی ☆ کائنات کی ہر ناممکن چیز کو ممکن بنانے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کو ساتھ لینے کا انوکھا آزمودہ آسان ترین عمل ☆ 3 راتیں، رب سے باتیں اور ہر مسئلہ حل ☆ یہ 12 نوافل آپ کی قسمت بدل سکتے ہیں! ☆ سخت گرمی کا رمضان اور سالہا سال کا آزمودہ ٹوٹکہ ☆ رمضان میں طاقت و راعصاب، جسم فولاد اور معدہ شاندار ☆ سحری میں یہ شربت پئیں اور پھر کمال دیکھیں! ☆ مئی، جون کے رمضان میں چند گھونٹ اور مسئلہ حل! ☆ شاندار سحری اور جاندار تر و تازہ روزہ ☆ گرمی کے ستائے روزہ داروں کیلئے لاجواب عمل ☆ الائچی کھائیں روزہ آسان بنائیں! ☆ حوض کوثر سے سیراب ہونا چاہتے ہیں؟ شاندار موقع! ☆ زندگی سے تھکے ہارے رمضان میں اس عمل کو ضرور کریں! ☆ افطاری کس چیز سے کرنی چاہیے؟ ضرور پڑھیں! ☆ آخری عشرے میں کچھ نہایت خطرناک غلطیاں! ☆ جاگنے کی راتیں، مانگنے کی راتیں! ☆ منٹوں میں لاکھوں نیکیاں کمانے کا راز! ☆ جمعۃ الوداع کا خصوصی عمل۔ لیلۃ الجائزہ میں جادو، بندشیں ختم (انشاءاللہ)

قارئین! یہ صرف چند طبی و روحانی ٹوٹکوں کی جھلک ہیں۔ مکمل رازوں کا سمندر پانے کیلئے آج ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔ دلکش ڈیزائن بہترین آرٹ پیپر اور قیمت صرف 30 روپے۔ (زیادہ تعداد میں لینے والوں کیلئے خصوصی ڈسکاؤنٹ)

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت	نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	70/-	43	شفاء حیرت سیرپ	120/-
2	آگ شفاء	80/-	44	شہد ایک کلوگرام	700/-
3	اکسیر البدن	300/-	45	شہد 330 گرام	240/-
4	الرجی نزلہ کورس	600/-	46	شوگر کورس	800/-
5	اصلاح معدہ پیکیج	440/-	47	طب نبوی حسن و جمال کریم	300/-
6	السر کورس	400/-	48	طب نبوی ہیئر آئل	300/-
7	بواسیر کورس	500/-	49	طب نبوی انمول ہیئر پاؤڈر	120/-
8	برص پھلبہری کورس	500/-	50	عروسی سہاگ کورس	5000/-
9	بے اولادی کورس	2500/-	51	عرق موٹاپا شفاء	350/-
10	بے اولادی پاؤڈر	500/-	52	فشاری گولیاں	200/-
11	بنفشی قہوہ	120/-	53	فٹنس پیکیج	600/-
12	بستر پیشاب شفاء	120/-	54	فٹنس فولاد ٹانک	120/-
13	بلڈ پریشر شفاء سیرپ	120/-	55	کراماتی تیل	200/-
14	پیشاب کنٹرول کورس	400/-	56	کان شفاء	70/-
15	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-	57	کولیسٹرول سے نجات (کورس)	600/-
16	پوشیدہ کورس	600/-	58	کرنٹ مالش	500/-
17	پیچش شفاء	120/-	59	کمر' جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	800/-
18	پتہ پتھری شفاء	90/-	60	گیس' بدہضمی' تبخیر کورس	600/-
19	تندرستی ٹانک	440/-	61	گردے فیل شفاء	150/-
20	ٹھنڈی مراد	120/-	62	گلٹیاں رسولیاں ٹیومر سے نجات کورس	500/-
21	ٹھنڈک پیکیج	500/-	63	قد دراز کورس	500/-
22	جوہر شفاء مدینہ	150/-	64	قبض کشا	120/-
23	چلڈرن سیرپ	120/-	65	قوتی گولیاں	500/-
24	چوٹ شفاء	100/-	66	لاجواب حافظہ پیکیج	670/-
25	چہرہ شفاء	150/-	67	لیکوریا شفاء	120/-
26	حسن شفاء سیرپ	120/-	68	معجون شفاء یابی	500/-
27	خون صفاء پاؤڈر	120/-	69	مرہم سکون	70/-
28	خاتون شفاء (سیرپ)	120/-	70	موٹاپا کورس	600/-
29	خون روک شفاء	120/-	71	مشروب عبقری افزاء	200/-
30	خون افزاء ٹانک	120/-	72	معجون مراد	1100/-
31	دیسی کریم	500/-	73	معدہ ورشفاء ٹانک	500/-
32	دم والا شہد' دوائی	900/-	74	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
33	ڈیپریشن پیکیج	490/-	75	ناک شفاء	100/-
34	روحانی پھکی	30/-	76	نشاطی (جدید)	520/-
35	روحانی عطر	240/-	77	نوجوان شفاء	120/-
36	روشن دماغ ٹانک	250/-	78	نیوطاقتی	640/-
37	زرغوانی نقرائی	2200/-	79	نسوانی حسن شفاء	200/-
38	ستر شفائیں	250/-	80	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
39	سکون افزاء شوگر فری سیرپ	120/-	81	ہارمونز شفاء	300/-
40	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	320/-	82	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
41	سچا منجن	70/-	83	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	120/-
42	پکی دوا' بے اولادی کیلئے	100/-	84	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	320/-
43	سدابہار حسن و خوبصورتی پیکیج	840/-	85	ہاضم خاص پاؤڈر	200/-
			86	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-
			87	جانور شفاء (صرف جانوروں کیلئے)	130/-

Monthly "UBQARI" Lahore

583

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ® 132

جون 2017ء رمضان المبارک 1438ھ ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

رمضان کریم



فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

رحمتیں لٹاتے رمضان میں انوکھے درود کی 40 برکات

افطاری کیلئے انوکھا ڈرنک صحت لاجواب چہرہ خوبصورت


عید! خواتین کی مصروفیات، پکوان اور حسن کی زیبائش

- ☆ رمضان میں گھر کھجور تو آگئی! فوائد و عظمت بھی جانیے
- ☆ سلیقہ مند بہو کی تلاش! ہوشمند خواتین نایاب ہوگئیں
- ☆ پانچ راتوں کا پیکیج! دنیا و آخرت کی ہر نعمت پائیے
- ☆ کمی خون کے شکار خون بنانے کی مشین لے لیں
- ☆ ٹائیفائیڈ اور لیکوریا کیلئے میرے ذاتی تجربات
- ☆ رمضان میں پائیے ہر پریشانی دور کرنے کا راز

پھٹے پرانے بوسیدہ عبقری کی ایک لائن نے زندگی بدل دی

رمضان میں لیموں کا رس امرت سے کم نہیں





عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ — جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیرسرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 12 | جلد نمبر 11 | جون 2017ء رمضان المبارک 1438 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور جون 2017ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1080 روپے رجسٹرڈ ڈاک، بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: مسلمان جھکنے کے لیے پیدا نہیں ہوا۔ اگر اسے جھکانے کی کوشش کی گئی تو یہ ابھر جائے گا۔ یہ سلطان کی صورت میں نمودار ہوگا یہ مرجائے گا لیکن محکومی قبول نہ کرے گا۔ (16 اپریل 1938ء مسلم لیگ اجلاس کلکتہ)۔ مزید ایک جگہ فرمایا: میرے پیغام کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر مسلمان کو دیانت داری خلوص اور بے غرضی سے پاکستان کی خدمت کرنی چاہیے۔ (27 اگست 1947)

فقر خیبر گیر با نانِ شعیر	بستۂ فتراکِ اُو سلطان و میر
فقر چوں عریاں شود زیر سپہر	از نہیبِ اُو بلرزد ماہ و مہر

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہاسال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے برتن جوتے فرنیچر رضائیاں اپنی زکوٰۃ صدقات عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں۔ شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37425801-37425802-37425803-042-37552384-37597605-37586453 | E mail:contact@ubqari.org

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ عبقری مزنگ چونگی لاہور سے شائع کیا

تمام مشکلات آسان: جوکوئی جمعۃ المبارک کے دن جمعہ کی نماز سے پہلے پاک صاف ہوکر کسی گوشہ میں بیٹھ کر دوسو بار اسم ذات اللہ پڑھے اس کا مطلب پورا ہوگا اور جو بھی مشکلات ہوں گی وہ آسان ہوجائیں گی۔

بھوکے کو کھانا کھلاؤ مغفرت واجب

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے (مسلمان) بھائی کو پیٹ بھر کر کھانا کھلاتا ہے اور پانی پلاتا ہے اللہ تعالیٰ اسے جہنم سے سات خندقیں دور فرمادیتے ہیں۔ دو خندقوں کا درمیانی فاصلہ پانچ سو سال کی مسافت ہے۔ (مستدرک حاکم) حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بھوکے مسلمان کو کھانا کھلانا مغفرت کو واجب کرنے والے اعمال میں سے ہے۔ (بیہقی) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: رحمان کی عبادت کرتے رہو' کھانا کھلاتے رہو اور سلام پھیلاتے رہو (ان اعمال کی وجہ سے) جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہوجاؤ گے۔ (ترمذی)۔



ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

قرض کیلئے کتے کو دے دیا

وہ دیہاتی تھا اور یقیناً ان پڑھ بھی تھا لیکن بڑوں کی ریت روایت اور دیانتداری سے خوب واقف تھا' وہ دیہات کے عمومی مزاج کہ لیا اور دیا نہیں' دیا اور لیا نہیں' معاملات کی کمی بیشی' دھوکہ' جھوٹ فریب سے واقف تو تھا کہ یہ چلن عمومی چلن ہے اور یہ ریت روایت ہمارے معاشرے کا حصہ ایسا ہے کہ اب رچ بس گئی ہے' لیکن وہ یہ چاہتا تھا کہ اس کے معاملات صاف ستھرے ہوں' اس کی زندگی میں کوئی جھول نہ ہو' اپنے والد کا ایک قصہ بار بار اس کے ذہن میں آتا تھا کہ اس کا والد ایک بوڑھی گائے کا سودا کرکے گائے کی رسی ہاتھ میں پکڑے تین گاؤں دور کچے راستے سے اپنے گھر واپس آرہا تھا' راستے میں ایک صاحب نے گائے کو دیکھا' پرکھ کر کہ بوڑھی ہے لیکن پھر بھی اس کا سودا کرنا چاہا' سوال کیا کتنے کی دیں گے؟ کہا کہ میں نے 137 روپے کی لی ہے' میں جھوٹ بول رہا ہوں یا سچ' نہ کوئی گواہ ہے' نہ کوئی رسید ہے اور نہ کوئی ثبوت ہے لیکن میں تو اپنے لیے لے جارہا ہوں' اسے علم نہیں تھا کہ سامنے سودا کرنے والا شخص دراصل قصائی تھا وہ اسے ذبح کرکے گوشت بیچنا چاہ رہا تھا' اس نے کہا میں 140 روپے دے دوں آپ کو' کہنے لگے نہیں بہت تھوڑا منافع ہے' ہاں اگر 180 دے دیں تو میں دے دیتا ہوں' یہ رقم واقعی زیادہ تھی' قصائی نے نامعلوم کیسے ہاں کردی؟ اور فوراً 100 روپے نکال کردے دیئے اور کہا یہ رکھ لیں' باقی میں اس کو بیچ کر ادائیگی کردوں گا۔ اس کے والد نے پس و پیش کیا کہ نہیں میں ادھار پر نہیں دوں گا' اس نے کئی جاننے والوں کے نام گنوائے' ان کے نام سنتے ہی انہوں نے اعتماد کرلیا' ایک ماہ گزر گیا' دو ماہ گزر گئے' لیکن اسی (80) روپے واپس نہ ملے' کئی بار پیغام بھجوایا' دو بار خود بھی گئے' آج کل کی رٹ نے ایک بار انہی ذمہ دار اور بڑے آدمی کو جس کے حوالے سے اس نے ادھار لیا تھا' ساتھ لے کر اس کے گھر گئے' جب اس نے اپنے گھر میں ان لوگوں کو دیکھا' پریشان ہوگیا' جو گھر میں کھانا' لسی تھی' لے آیا' خوب تواضع کی' خاموشی سے اندر گیا اور اپنی جوان بیٹی لے آیا' کہنے لگا: میں اس کی شادی کیلئے فکرمند ہوں' مناسب رشتہ نہیں مل رہا' آپ یہ بیٹی لے جائیں' اپنے بیٹے سے نکاح کرلیں' خود نکاح کرلیں' میں اس کو اسی روپے کے [illegible] کیوں؟ میں قصائی ضرور ہوں' لیکن بددیانت نہیں ہوں' دراصل ہوا یہ کہ میں نے گائے ذبح کی تو جتنے کی کھال بکنی تھی' اتنے کی کھال نہ بکی' نہ اوجھڑی بکی' نہ پھیپھڑا اور نہ ہی گوشت۔ آخری امید یہی تھی کہ چلو چربی بک جائے گی' چربی اس میں تھی نہیں' مجھے پورے 92 روپے کا نقصان ہوگیا' میں تازہ روزی کرنے والا ہوں' ادھر لیا ادھر دیا اور کرکے گزارا چلا لیا مجھے جب بھی ان کا پیغام ملا' میں نادم ہوا' پریشان ہوا لیکن بے بس تھا' میرے بس میں نہیں تھا کہ میں کیا کروں جب آپ سارے بڑے میرے گھر چل کر آئے ہیں تو اب واحد یہی حل ہے۔ والد صاحب نے جب یہ صورتحال دیکھی تو خاموشی سے وہ بیٹی لے آئے' میرا بھائی بڑا تھا' بیوی سے مشورہ کیا' کانوں میں کچھ باتیں ہوئیں' قصائی کی بیٹی اور ایک بھرا ہوا صندوق اور بہت ساری نقدی ان کے گھر واپس پہنچائی' دو ہفتے کے بعد بارات پہنچی اور عزت' وقار' آبرو کے ساتھ اس بچی کو بیاہ کرلے آئے۔ بچی نے گھر کے آنگن کو اپنے اخلاق' محبت اور مروت سے سونا بنادیا۔ اب جب وہ اس واقعہ کو غور سے دیکھتا تو اسے اپنا دین اور قرضہ بار بار دل میں آتا' کہ فلاں شخص سے میں نے اتنی رقم لی ہے' ابھی تک میں نے اس کی رقم واپس نہیں کی جبکہ میرے والد کو تو قصائی نے اپنی مروت اپنی امانت داری اتنی دکھائی کہ اپنی عزت یعنی بیٹی کو حوالے کردیا اور میرے باپ نے بھی اس کی عزت، بھرم اور شرم کی لاج رکھی۔ بس یہ سوچیں تھیں جو دن رات اس کو کھائے جارہی تھیں کہ اس نے قرض دینا ہے' اچانک وہی کچھ ہوا جس کا اس کو ڈر اور خطرہ تھا' قرض لینے والا اس کے دروازے پر آیا' یہ پریشان ہوا' اب کیا کروں؟ اس پریشانی کے عالم میں اس نے اور تو کچھ نہ سوچا' اپنے زیور، گھر، جانور اور بڑی حویلی کیلئے جو بہت قیمتی کتا رکھا ہوا تھا' جبکہ اب یہ چیزیں رہی نہیں تھیں سوائے گھر کے' کتے کو بلایا اور اسے سامنے کھڑا کرکے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہنے لگا دیکھ میں امانت دار باپ کا بیٹا ہوں' ہم مالدار لوگ تھے' تو اس گھر میں بچپن سے پلا ہے' جوان ہوا ہے' اب معاملہ میری عزت کا ہے اور لین دین کا ہے میں نے اس کے پیسے دینے ہیں تو ایسا کر اس کے ساتھ چلا جا اور دیکھ' واپس نہ آنا' میری عزت اور وقار پر پانی نہ پھیر دینا' یہ بات کہی اور کتے کی زنجیر پکڑ کر اس قرض کے تقاضا کرنے والے کو دے دی' کتا سر جھکائے جارہا تھا' لیکن کسی نے اس کی آنکھوں سے بہتے آنسو نہ دیکھے' جو مالک کے کھائے ٹکڑے' اس کی چوکھٹ پر رکھے سر' زندگی کے دن رات اس گھر کے ساتھ گزارے اور پرانی یادیں یہ ساری جمع ہوکر آنسوؤں کی شکل میں بہہ گئی تھیں۔ گھر میں اداسی چھا گئی' کتا اس گھر کا ایک فرد تھا' ایک طرف اداسی اور ایک طرف معاملات اور لین دین کی فکر جس شخص نے کتا لیا وہ خود قیمتی کتوں کا شوقین تھا اور اس کی نظر بہت پہلے سے اس کتے پر تھی' جتنی قیمت میں اس نے کتا لیا تھا قیمت اس سے ہزار گنا زیادہ تھی' وہ حیران بھی تھا اور خوش بھی' لیکن نامعلوم صرف دو ہفتے کے بعد وہ کتے کو لیے واپس آگیا اور کہنے لگا اس کتے کو اپنے پاس رکھیں' یہ لوگ حیران کہ آپ کتے کو واپس کیوں کررہے ہیں؟ وہ کہنے لگا میرا ضمیر بار بار مجھے ملامت کررہا تھا اور یہ کہہ رہا کہ اتنے قیمتی کتے کو اتنی تھوڑی رقم میں تو لے کر آگیا' مجھے اس کا بھی احساس رہا کہ کتے نے ایک پل بھی مجھے بے چین نہیں کیا' واپس جانے کی کبھی کوشش نہیں کی' اس نے تو اپنے مالک کی اتنی لاج رکھی اور میں اپنے عرش والے مالک کا اتنا لحاظ بھی نہ کروں کہ میں آپ کی مجبوری سے اتنا فائدہ اٹھالوں میرے اندر کے ضمیر نے مجھے اتنا جھنجھوڑا کہ میں مایوس ہوگیا اور مجھے آخرکار جھکنا پڑا کہ آپ کا جب جی چاہے مجھے رقم دے دیں لیکن میں یہ کتا آپ کی امانت آپ کو واپس دے کر جاؤں گا۔ قارئین! دین کیا مسجد کے اندر تک رہ گیا' معاملات، لین دین معاشرت' جس کام کی ہم تنخواہ لیتے ہیں اس کا سو فیصد حق ادا کرنا' اپنے معاوضے اپنی دیہاڑی اپنی اجرت کو حلال کرنا یہ کیا ہمارے ذمے نہیں' کیا یہ کتے کے ذمے ہے' قصائی کے ذمے ہے یا پھر کتا لے کر واپس کرنے والے کے ذمے ہے۔ آیئے! ہم اس کا مواخذہ کریں اپنی طبیعتوں کا خود معائنہ کریں ورنہ معاشرے میں کرپشن' ناسور بڑھتا چلا جائے گا اور غور سے سنیے یہ ذمہ داری حکومت کی نہیں ہر فرد کی ہے۔ ہر فرد اس کا ذمہ دار ہے وہ چاہے ایڈیٹر عبقری ہو یا آپ!

غلط فہمیوں کا شکار مت ہو: اپنے آپ کو غلط فہمیوں کا شکار مت کر کیونکہ اس سے زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

درس روحانیت و امن

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

مطمئن ہو جا کہ رب راضی ہے!

احوال کی اطلاع سے اصلاح جلد ممکن: خط دل کی کہانیاں ہوتی ہیں۔ میرے اور آپ کے سامنے بیٹھ کر کوئی بندہ بعض اوقات کوئی بات نہیں کہہ پاتا' موبائل پہ بھی نہیں کہہ پاتا' خط ایک ایسا ذریعہ ہے جس کو وہ تنہائی میں بیٹھ کر لکھ رہا ہوتا ہے۔ اپنے دل کے درد اور اپنے دل کی کہانیاں' اپنے دل کے غم' اپنے دل کی آہ وزاریاں' اپنے دل کی حسرتیں وہ بیٹھا بیان کر رہا ہوتا ہے۔ اس لیے حالات بتانے میں خط زیادہ نفع دیتے ہیں۔ خوش قسمت انسان وہ ہے جو اپنے احوال بتاتا ہے۔ جیسے بھی اچھے برے حالات ہیں ان کا تذکرہ کر دیتا ہے۔ آج کل یہ احوال لکھے جاتے ہیں کہ: مجھے فلاں خواب آیا' فلاں کشف ہوا' یہ چیز ہوئی' جو چیز نہیں ہو رہی اسکو زیادہ بیان نہیں کرتے ہیں۔ جہاں خامی ہے' جہاں غلطی ہے' جہاں نقص ہے' اسکو بیان کرنا اسکو لکھنا ضروری ہے۔ غلطی ہوگی تو اصلاح ہوگی۔ خط والے صاحب کہنے لگے کہ: مجھے اللہ پاک کی ذات پر اب بھی یقین ہے ان حالات کے بعد بھی کہ غربت' فقر و فاقہ' تنگ دستی ہے اور ہر چیز میری ختم ہو گئی ہے۔ مگر اللہ پر یقین ہے اور طبیعت میں سکون ہے یہ جنتی ہونے کی علامت ہے۔ **جو ایوب علیہ سلام کا رب ہے وہ تیرا میرا بھی رب ہے:** اللہ جل شانہٗ نے جس حال میں حضرت ایوب علیہ السلام کو رکھا ہے۔ اللہ اکبر۔۔۔! پورا جسم بیماری سے بھر گیا' گل گیا۔ ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے کہ: مجھ پر تکلیف آئی اور اس تکلیف میں ایسی شدت تھی کہ اچانک میرا حادثہ ہوا۔ پھر میں نے اللہ سے عرض کیا کہ: اے اللہ! تو ایوب علیہ السلام کا رب ہے کیا میرا نہیں ہے؟ اُن کو تو دن میں دو دفعہ پوچھتا تھا مجھے تو نے پوچھا ہی نہیں ہے؟ اللہ اکبر! یا اللہ تجھ سے دوستی چاہتے ہیں۔ تجھ سے محبت بھی چاہتے ہیں۔ لیکن دوستی اور محبت کا پتہ نہیں ہے کہ کیسے کرنی ہے۔ وہ صاحب کہنے لگے پھر اللہ نے میرے ساتھ ایسا معاملہ کیا کہ حضور پاک ﷺ کی برکت سے مجھ سے اللہ نے دن میں تین دفعہ پوچھا کہ: ''کیا حال ہے تیرا'' اس شخص کا درجہ نبی سے نہیں بڑھ گیا۔ کہیں ایسا نہ سمجھ بیٹھنا۔ کیونکہ ساری کائنات کے شخص محنت کر کے نبی نہیں بن سکتے' ولائیت پا کر بھی نبی نہیں بن سکتے کہیں یہ مغالطہ نہ ہو جائے۔ یہ ہوتی ہے رضا بالقضاء۔ اگر اللہ پاک تو اس حال میں مجھ سے راضی ہے تو میں بھی مطمئن ہوں۔ **رضا بالقضاء:** خیر پور ٹامیوالی میں باپ اور دو بیٹے دیوار بنا رہے تھے۔ اچانک دیوار ان پر گری۔ ان کو فوراً ایمرجنسی میں لے گئے۔ بڑا بیٹا بہت زخمی تھا اس کا مثانہ سارا پھٹ گیا تھا چونکہ دیوار اوپر گر گئی تھی اور چھوٹا بیٹا بھی بہت زخمی تھا اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی تھی۔ میں ان کے پاس ہی کھڑا تھا۔ اس جوان نے آخری ہچکی لی بائیس تئیس سال کا وہ جوان تھا جو واصل بحق ہو گیا۔ میں نے اس کے ہاتھ پاؤں سیدھے کیے۔ اسکی ٹھوڑی اور انگوٹھے باندھ دیئے۔ ان کا والد میرے پاس آیا۔ مجھے وہ نقشہ کبھی نہ بھولے گا موت ہی اس نقشے کو بھلا سکے گی۔ میں نے ان سے کہا کہ: ''آپ کا بیٹا فوت ہو گیا۔'' کہنے لگے اچھا؟ ٹھیک ہے۔ ''جس کی امانت تھی اُس نے لے لی۔'' بڑے مطمئن لہجے میں کہا۔ جوان کڑیل بیٹے کی لاش سامنے پڑی ہوئی ہے اور باپ کہہ رہا ہے کہ: ''جس کی امانت تھی اُس نے لے لی۔'' بس! یہ لفظ اس نے کہے تو مجھ پر سناٹا سا طاری ہو گیا۔ میں ایک پل کے اندر یوں سُن ہو گیا۔ الٰہی یہ کیسا نفس مطمئنہ ہے؟ **اللہ سے دوستی کا راز:** صرف دو لفظ ہیں ایک لوگوں کو معاف کرو اور دوسرا اپنے آپ کو معاف کرو۔ اور اپنے آپ کو معاف کرنا یہ ہے کہ اللہ جل شانہٗ نے دنیا کے اعتبار سے جس حیثیت میں رکھا ہے اس سے رب سے شکوہ نہ کر' مخلوق سے شکوہ نہ کر' تیرے ذمے کوشش ہے جائز طریقے سے تو کرتا رہ۔ اگر باوجود کوشش کے تیرا رب تجھے زیادہ مال نہیں دے رہا' زیادہ وسعت نہیں دے رہا' زیادہ بڑا گھر نہیں دے رہا' زیادہ نعمتیں نہیں دے رہا' زیادہ چیزیں نہیں دے رہا پھر مطمئن ہو جا کہ میرا رب اسی پر راضی ہے اور کہہ الحمدللہ! اے اللہ اگر تو ایسے حالات پر راضی ہے تو پھر میں بھی اسی پر راضی ہوں۔ میں بھی تجھ سے راضی ہوں تو مجھ سے راضی ہو جا۔ یہ اللہ کے دوستوں کی علامت ہے۔

روزانہ احوال کا جائزہ لیں اور توبہ کریں: اپنے راستے دیکھیں کہ ہم نے جو راستے اختیار کیے ہیں وہ کونسے ہیں؟ جائز ہیں' تو ٹھیک ہیں' نافرمانی تو نہیں' حرام کے راستے تو نہیں ہیں۔ یہ زندگی کی خوشحالی کا راز پیش کر رہا ہوں ایسا شخص بہت اچھی موت' بہت بہترین موت' اور بہت لاجواب موت لے کر مرے گا۔ مرجانا ہمارے مقدر کا حصہ ہے لیکن بہترین انسان وہ ہے جو توبہ کے ساتھ مرے اور بہترین انسان وہ ہے جس کی صبح توبہ کے ساتھ ہو اور رات کو اس دنیا سے ایسے رخصت ہو کہ بس اللہ کے ساتھ اپنا معاملہ برابر کر کے سوئے اور جن کے حقوق دینے ہیں ان کے حقوق ادا کرنے کا سو فیصد جذبہ ہو۔ **گناہ پر ندامت دراصل توبہ ہی ہے:** بعض کتابوں میں یہ بات لکھی ہے کہ جس شخص نے ننانوے قتل کیے تھے دراصل وہ یہ پوچھنے جا رہا تھا کہ میں اس کا مداوا کیسے کروں؟ اُن لوگوں کے گھر میں کیسے پورے کروں جن گھروں کے چراغ میں نے گل کر دیے؟ اتنا بڑا قاتل لیکن فکر دامن گیر کہ میں اُن کے گھر والوں کے ساتھ کیسے معاملہ کروں۔ اُن کے ورثاء کو میں کیسے مناؤں کیسے معافی کراؤں؟ اس شخص کی چاہت یہی تھی کہ اگر بندے سے معافی ملے گی تو اللہ سے بھی ملے گی۔ وہ حقوق انسانیت جانتا تھا لیکن اُس کو موقعہ نہ مل سکا وہ اپنی عادت کی وجہ سے قتل کر بیٹھا۔ لیکن اس شخص پر ایک جذبہ غالب تھا اور وہ جذبہ یہ تھا کہ میں نے اب توبہ کرنی ہے۔ میں نے اب ندامت کی زندگی گزارنی ہے۔ میں نے اب توبہ کی زندگی گزارنی ہے۔ میں نے اب اللہ پاک سے اپنا معاملہ ٹھیک کرنا ہے بہت گناہ کر بیٹھا ہوں۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے

خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

بیوٹی پارلر کے شیشے پر لگے عبقری وظائف

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نہیں جانتی تھی کہ ''عبقری'' کیا ہے؟' میں بیوٹی پارلر چلاتی ہوں' میری ایک کسٹمر نے مجھے کہا کہ آپ کو کتابیں پڑھنے کا شوق ہے' کیا میں آپ کو دو کتابیں دوں' میں نے کہا ضرور' اس نے مجھے آپ کے دروس پر مشتمل کتاب ''خطبات عبقری'' اور ''تسبیح اور اذان کے کرشمات'' دی۔ پڑھی' علم میں بہت اضافہ ہوا۔ میری عادت ہے کہ جو اچھی بات معلوم ہو میں دوسروں کو ضرور بتاتی ہوں' اسی لیے باتھ روم میں جانے اور آنے کی دعا چھپوا کر لوگوں میں بانٹنا شروع کر دی' کتابیں پڑھنے سے معلوم ہوا کہ کچھ اور بھی لوگ ہیں جو عبقری سے واقف ہیں' میں نے اپنے شوہر سے کہا کہ مجھ سے کوئی سلسلہ جُڑ رہا ہے' مجھے ہر جمعرات بعد از نماز مغرب تسبیح خانہ درس سننے جانا ہے' میرے شوہر نے اجازت دے دی' لہٰذا تو چندی جمعرات کو پہلی دفعہ تسبیح خانہ میں درس سننے کیلئے حاضر ہوئی' آپ کی میٹھی اور شفیق آواز نے جیسے دل میں گھر کر لیا' بہت سکون ملا' پھر درس پر پابندی سے آنا شروع ہو گئی' درس (باقی صفحہ نمبر 6 پر)

آم ہمیشہ ٹھنڈا کر کے کھائیں: بغیر ٹھنڈا کیے آم اکثر جسم پر پھوڑے پھنسیاں اور آنکھوں کی بیماریاں پیدا کرتا ہے۔

دو خوبصورت عمدہ اونٹ گھاٹی میں چھپا دیے

ابولبیب شاذلی

ایک روز رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے صبح کا وقت تھا میں تسبیح میں مشغول تھی پھر آپ ﷺ دوپہر کے وقت تشریف لائے میں اس وقت بھی تسبیح میں مشغول تھی، مجھے اسی حالت میں بیٹھی پا کر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا تم صبح سے اسی طرح بیٹھی ہو

آپ رضی اللہ عنہا کا ابتدائی نام برہ تھا۔ والد کا نام حارث بن ابی فرار تھا۔ آپ رضی اللہ عنہا کے والد قبیلہ بن مصطلق کے سردار تھے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے نام تبدیل فرمایا اور جویریہ رکھا۔ آپ رضی اللہ عنہا کا پہلا نکاح اپنے قبیلے کے ایک شخص مسافع بن صفوان سے ہوا تھا۔ مسافع اور آپ رضی اللہ عنہا کے والد دونوں اسلام کے دشمن تھے۔ مسافع کفر کی حالت میں قتل ہوا آپ کے والد حارث نے قریش کے اشارے پر مدینہ منورہ پر حملے کی تیاریاں شروع کردیں۔ آنحضور ﷺ کو یہ اطلاع ملی کہ بنی مصطلق کے سردار حارث نے مسلمانوں پر حملہ کرنے کیلئے بہت سی فوج جمع کرلی ہے۔ اطلاع ملنے پر حضور ﷺ نے صورتحال معلوم کرنے کیلئے حضرت بریدہ بن حصیب رضی اللہ عنہ کو بھیجا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے واپس آکر بتایا کہ خبر درست ہے۔ اس پر آپ ﷺ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو لے کر بنی مصطلق کی طرف روانہ ہوئے۔ راستے میں بہت سے منافق بھی لشکر میں شامل ہوگئے۔ یہ لوگ مال غنیمت کے لالچ میں شامل ہوئے تھے اس سے پہلے اتنی تعداد میں منافق کبھی اسلامی لشکر میں شامل نہیں ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے مدینہ منورہ میں سیدنا زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو اپنا قائمقام مقرر فرمایا اور ازواج میں سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو ساتھ لیا۔ یہ لشکر 2 شعبان 5 ہجری کو روانہ ہوا' آپ ﷺ بہت تیز رفتاری سے سفر کرتے ہوئے اچانک دشمن پر حملہ آور ہوئے۔ اس وقت وہ لوگ اپنے مویشیوں کو پانی پلا رہے تھے' حملے کی تاب نہ لا سکے ان کے دس مرد قتل ہوئے' باقی مرد' عورتیں اور بچے گرفتار کرلئے گئے' مال اور اسباب پر قبضہ کرلیا' دو ہزار اونٹ اور پانچ ہزار بکریاں مسلمانوں کے ہاتھ لگیں' دو سو گھرانے قید ہوئے۔ انہی قیدیوں میں سردار حارث کی بیٹی برہ بھی تھیں یعنی حضرت جویرہ رضی اللہ عنہا۔ جب مال غنیمت تقسیم کیا گیا تو سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے حصے میں آئیں۔ آپ نے حضرت ثابت رضی اللہ عنہ سے فرمایا آپ مجھ سے مکاتبت کرلیں' مطلب یہ کہ کوئی رقم طے کرلیں۔ میں وہ ادا کردوں تو مجھے آزاد کردیں۔ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ نے 14 اوقیہ سونے پر مکاتبت کرلی' آپ کے پاس اتنا سونا نہیں تھا آپ حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ آپ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ آپ کو معلوم ہے میں حارث بن ابی فرار کی بیٹی برہ ہوں' آپ ﷺ کو یہ بھی معلوم ہے کہ میں قیدی ہوں' تقسیم کے مطابق میں ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے حصے میں آئی ہوں۔ میں نے ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ سے مکاتبت کرلی ہے اس سلسلے میں آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوں لوگوں سے کہیں میرے لئے چندہ جمع کردیں۔ یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا: تم پسند کرو تو میں تمہیں اس سے بہتر بات بتادوں اور یہ کہ تمہاری طرف سے مکاتبت میں ادا کردوں اور تمہیں آزاد کرکے تم سے نکاح کرلوں۔ یہ سن کر سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی اللہ کے رسول ﷺ! مجھے یہ بات منظور ہے۔ اس بات کے طے ہونے کے بعد سیدہ رضی اللہ عنہا کا باپ حارث بھی ان کے سلسلے میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے کہا میں قبیلہ بن مصطلق کا سردار ہوں۔ اس لئے میری بیٹی کنیز بن کر نہیں رہ سکتی' آپ (ﷺ) اسے آزاد فرما دیں۔ آپ ﷺ نے جواب میں فرمایا: کیا یہ بہتر نہیں ہوگا کہ میں اس کا فیصلہ تمہاری بیٹی پر چھوڑ دوں' تم جا کر اپنی بیٹی سے خود پوچھو۔ حارث حضرت سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور یہ بات آپ رضی اللہ عنہا کو بتائی اس پر آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو اختیار کرتی ہوں۔ حارث بیٹی کو چھڑانے کیلئے بہت سے اونٹ اپنے ساتھ لائے تھے لیکن مدینہ منورہ میں داخل ہونے سے پہلے انہوں نے ان میں سے دو خوبصورت اور عمدہ اونٹ ایک گھاٹی میں چھپا دیے تھے تاکہ واپسی پر وہ ساتھ لے جائیں۔ آپ ﷺ کی خدمت میں اونٹوں کے لانے کا ذکر ہوا تو آپ ﷺ نے پوچھا ان میں دو اونٹ فلاں گھاٹی میں چھپا آئے ہو۔ یہ سنتے ہی حارث پکار اٹھے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ﷺ ہیں میرے دو اونٹ چھپانے کا کسی کو علم نہیں تھا' اللہ ہی نے آپ ﷺ کو اطلاع دی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے 14 اوقیہ سونا حضرت ثابت رضی اللہ عنہ کو دے کر سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کرایا اور آپ رضی اللہ عنہا سے نکاح کرلیا۔ جب صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو یہ بات معلوم ہوئی تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے بنی مصطلق کے تمام قیدیوں کو آزاد کردیا کیونکہ اب یہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے سسرالی رشتہ دار بن چکے تھے اس طرح ام المومنین سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہ کی وجہ سے بنی مصطلق کے گھرانے آزاد ہوئے۔ ام المومنین سیدہ عائشہ رضی صدیقہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں میں نے جویریہ سے زیادہ کسی عورت کو اپنے خاندان کے حق میں بابرکت نہیں دیکھا جن کی وجہ سے ایک دن میں اتنے گھرانے آزاد ہوئے ہوں۔ سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں آپ ﷺ کے حملہ آور ہونے سے تین رات پہلے میں نے خواب میں دیکھا تھا کہ چاند یثرب (مدینۃ المنورہ) سے چلا آرہا ہے اور آکر میری گود میں گر گیا ہے۔ میں نے یہ بات لوگوں کو بتانا پسند نہیں کی تھی یہاں تک کہ آپ ﷺ تشریف لے آئے۔ جب ہم قیدی بن گئے تو اس وقت مجھے اس خواب کے پورا ہونے کی امید ہو چکی تھی چنانچہ آپ ﷺ نے مجھے آزاد کرکے اپنی ازواج مطہرات میں شامل کرلیا۔ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ربیع الاول 50 ہجری میں ہوا' ایک روایت 56 ہجری کی بھی ہے۔ مدینہ منورہ کے گورنر مروان بن حکم نے آپ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ پڑھائی۔ آپ کو جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔ انتقال کے وقت آپ کی عمر 65 سال تھی ایک اور روایت کے مطابق آپ کی عمر 70 سال تھی۔ سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ایک روز رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے صبح کا وقت تھا میں تسبیح میں مشغول تھی پھر آپ ﷺ دوپہر کے وقت تشریف لائے' میں اس وقت بھی تسبیح میں مشغول تھی' مجھے اسی حالت میں بیٹھی پا کر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا تم صبح سے اسی طرح بیٹھی ہو' میں نے جواب دیا: جی! آپ ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں کچھ ایسے کلمات نہ سکھادوں جو وزن میں اس تمام تسبیح کے برابر ہوں گے جو تم ابھی پڑھ چکی ہو۔ وہ کلمات یہ ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ خَلْقِہٖ ۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ رِضَا نَفْسِہٖ
سُبْحَانَ اللّٰہِ زِنَۃَ عَرْشِہٖ ۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ مِدَادَ کَلِمٰتِہٖ

حضور نبی کریم ﷺ کو آپ رضی اللہ عنہا سے بہت محبت تھی۔ تاریخ کی کتابوں میں آپ رضی اللہ عنہا کے بہت کم حالات ملتے ہیں۔ اللہ پاک کی آپ رضی اللہ عنہا پر کروڑوں رحمتیں نازل ہوں۔

(بقیہ: کاروبار شاندار اور صحت جاندار)

پورے ہوگئے اس کے ساتھ ساتھ مجھے جو روحانی فائدہ ہوا وہ یہ کہ تمام رمضان روحانی محفل کی وجہ سے بالکل فریش گزرا' سارا دن نہ بھوک نہ پیاس اور پورا رمضان نہ کوئی بیماری ہوئی۔ الحمدللہ! میں ہر ماہ کی روحانی محفل ضرور کرتی ہوں میرے شوہر کا کاروبار بھی پہلے کی طرح چل پڑا ہے اور میں صحت بھی شاندار ہوگئی ہے۔ اب تو میرے شوہر' میرے بچے' میری ساس ہم تمام روحانی محفل ہر ماہ باقاعدگی سے کرتے ہیں۔ (اہلیہ شہریار' سیالکوٹ)

ماؤں ہوش کرو! آپ کی اولاد کس ڈگر پر چل پڑی؟

ثمرہ نعمان۔ لاہور

اس دور میں جہاں بیٹیوں کو ماں باپ کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے ماں باپ کو ان کا دوست ہونا چاہئے وہ اپنے ماں باپ سے خار کھا رہی ہوتی ہیں گھروں سے بھاگنے کے پلان بن رہے ہوتے ہیں ان کو ایسا لگتا ہے کہ کوئی انہیں نہیں سمجھتا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ پانچ سال سے تعلیم کے شعبہ سے وابستہ ہوں بچوں کو پڑھاتی ہوں میرے تجربے میں ایک بات ہے جو کہ میں آپ تمام سے شیئر کرنا چاہوں گی' اس سے پہلے یہ بات بتاتی چلوں کہ میرے پاس جو بچے آتے ہیں وہ دراصل لاہور کی کریم ہے یعنی لاہور شہر کے تمام بڑے سکولوں کے بچے آتے ہیں اب آتے ہیں اپنے اصل موضوع کی جانب' آج کل والدین نے اپنے بچوں کے ساتھ کوالٹی ٹائم گزارنا چھوڑ دیا ہے بظاہر تو وہ بچوں کے ساتھ ہوتے ہیں لیکن ان کی توجہ کہیں اور ہوتی ہے مثال کے طور پر اگر ماں ہے تو وہ جاب کرتی ہے گھر آ کر اس کو گھر کے امور اور پھر اگلے دن کی ترتیب اور پھر سب سے ضروری اپنے موبائل سے فرصت نہیں' باپ ہے تو وہ ہر وقت بزنس' لیپ ٹاپ اپنے دوست احباب یا پھر موبائل اور کچھ نہیں تو نیوز چینل زندہ باد یعنی کہ ایک ماں جو قوم کی معمار اور ایک باپ جس سے اس کی رعیت یعنی اس کے اپنے گھر کے بارے میں سوال کیا جائے گا اس نے یہ سوچ سمجھ لیا کہ میرے ذمہ صرف ان کے اخراجات پورے کرنا ہیں۔ آپ یقین کیجئے کہ میرے پاس بچیاں آتی ہیں اور یہ بتاتی ہیں کہ ہم اپنے باپ سے ایک گھر میں ہونے کے باوجود ایک ایک ہفتہ سلام نہیں کر پاتیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ابا نے اپنے ارد گرد ایک عجیب سا دائرہ بنا رکھا ہے جس میں شامل ہی نہیں کہ انہیں اپنی بیٹیوں سے بات کرنی ہے۔ 9th سے لے کر 2nd year تک کی لڑکیاں۔ لڑکیوں کی بات اس لئے کر رہی ہوں کہ آج کے دور میں لڑکیوں کی یہ عمر سب سے زیادہ خطرناک ہوتی ہے۔ ہمارا معاشرہ میڈیا ان سب نے ہم سے زندگیوں کا سکون لوٹ لیا ہے اور ہم ان کے رنگ میں ڈھلتے جا رہے ہیں اس دور میں جہاں بیٹیوں کو ماں باپ کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے ماں باپ کو ان کا دوست ہونا چاہئے وہ اپنے ماں باپ سے خار کھا رہی ہوتی ہیں گھروں سے بھاگنے کے پلان بن رہے ہوتے ہیں ان کو ایسا لگتا ہے کہ کوئی انہیں نہیں سمجھتا' انہیں اہمیت نہیں دی جاتی کیونکہ ماں باپ کے پاس وقت ہی نہیں' ایسے میں وہ باہر سہارا ڈھونڈنا شروع کر دیتی ہیں ماں باپ کو ہوش اس وقت آتا ہے جب بہت دیر ہو چکی ہوتی ہے۔ جب ان کی پرورش کا وقت تھا اس وقت تو ہوش نہ آیا' وقت سے پہلے موبائل کے فوائد نقصانات بتائے بغیر انہیں فون دے دیا پھر ستم یہ کہ انٹرنیٹ۔ میں اس تمام جدت کے خلاف نہیں لیکن ہر چیز کی حد مقرر ہونی چاہئے۔ ہمیں اپنی اولاد کو باور کروانا چاہئے کہ ان کی کچھ حدود ہیں جن سے باہر قطعاً نہیں جایا جا سکتا۔ آج کل آپ بچوں سے کچھ نہیں چھپا سکتے آپ یہ کیوں نہیں سمجھتے کہ جو آپ نہیں بتائیں گے وہ باہر سے پتا چلے گا اور وہ کس رنگ میں' کس طرح چلے اس کا نقصان آپ ہی کو بھگتنا ہوگا۔ میری تحریر بے ترتیب ہے لیکن مجھے کہنا ہے کہ آج کل یہ نوجوان بچیوں نے باتھ روم بغیر باتھ روم کی دعا اور ڈوپٹہ سے جانا شروع کر دیا ہے اور ہائی کلاس میں تو یہ بہت عام ہے کیونکہ ان کے باتھ روم اتنے لگژری سے بھرپور ہیں کہ پوچھیے مت' ہم تو بس یہ جانتے ہیں جب ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "وہاں شیاطین کے خاندان آباد ہیں" تو اس کا معنی ہے کہ واقعی' بے شک ہیں! آپ چاہے جتنا مرضی اسے آراستہ کر لیں' بچیاں بے فکری سے وقت باتھ روم میں گزارتی ہیں' گانے گاتی' 'سنتی' گاتی ہیں۔ ماؤں کو ہوش نہیں پرواہ نہیں' باتھ روم میں فون ہیں' لمبی لمبی باتیں ہو رہی ہیں۔ ہم چھوٹے تھے' ہماری مائیں باتھ روم لے جاتے وقت ہماری طرف سے دعا پڑھا کرتی تھیں' ذرا بولنے کے قابل ہوئے تو دعائیں یاد کروا دی گئیں۔ آج کل رواج ہی نہیں' بچوں کو بتاؤ تو حیران ہوتے ہیں' انہیں لگتا ہے کہ میں پاگل ہوں یا انتہائی دقیانوس ہوں جو ایسی باتیں کر رہی ہوں کیونکہ انہوں نے بھی یہ باتیں اپنے گھروں میں نہ دیکھی' نہ سنیں۔ باتھ روم میں جا کر سٹڈی کرنا' موبائل فون استعمال کرنا ان تمام برائیوں کی جڑ ہے جو آج ہم میں عام ہیں۔ یہ تو جنات خود کہتے ہیں کہ ہمیں عورت کا جسم پسند ہے جو دعا نہیں پڑھتا ہم اس کے جسم سے شرارت کرتے ہیں۔ پلیز! میری آپ تمام والدین سے التماس ہے کہ جیسے آپ اپنے بچوں کی تعلیم پر توجہ دیتے ہیں ویسے ہی ان کی تربیت پر بھی توجہ دیں۔ یہ نہ سوچیں کہ سکول بھیج دیا یا ٹیوشن یا قاری صاحب آ گئے تو اب دین کا ٹھیکہ ان کا' دنیا کا سکول کا۔ اپنے بچوں کو اعتماد میں لیں ان سے بات کریں تا کہ آپ کو اندازہ ہو کہ وہ کس سمت میں جا رہے ہیں۔ ایسا نہ ہو کہ ہم اپنی مصروفیت میں اپنے سرمائے کو کھو دیں۔ انٹرنیٹ دیں مگر ہسٹری چیک کریں' آج کل بآسانی سافٹ ویئر دستیاب ہیں' انٹرنیٹ رات 10 بجے بند کر دیں۔ 11 سال سے کم عمر بچے کو ٹیبلٹ یا موبائل مت دیں اس کے بعد بھی اگر دیں تو اپنی نگرانی میں 30 سے 45 منٹ کیلئے۔ جاپان' چائنہ' کوریا میں باقاعدہ یہ بیداری پیدا کی جا رہی ہے کہ 11 سال سے کم عمر بچوں کو صرف پڑھائی کے علاوہ ٹیبلٹ وغیرہ نہ دیے جائیں کیونکہ ایک اندازہ کے مطابق انٹرنیٹ پر موجود 13 سال کا بچہ ایکسپوز ہو چکا ہوتا ہے۔ ایک اور بات کہ نئے دور کے تقاضے کو سمجھیں اور بچوں کو اصول سکھائیں کہ انٹرنیٹ پر کسی سے بات چیت کے دوران کبھی بھی اپنی اصل شناخت' جگہ نام پتہ کبھی بھی کسی سے بھی شیئر نہ کریں۔ کوئی آپ کو کتنے ہی واسطے اور تعلق کیوں نہ دے' دوسری بات کہ اگر کوئی بھی انہیں پریشان کر رہا ہے تو فوراً ان سے کہیں کہ گھر میں کسی بھی بڑے کو جیسے ماں باپ بڑا بھائی بہن دادا' دادی کو آگاہ کریں۔ آج کل یہ بہت عام ہے کہ آپ سے کسی بھی طرح آپ کی انفارمیشن لے کر آپ کو بلیک میل کیا جائے ہراساں کیا جائے۔ لڑکیاں اندر ہی اندر گھٹتی رہتی ہیں گھر والوں سے ڈر کے مارے کچھ نہیں کہتیں اب وہ دور نہیں رہا گھر اتنا چھوڑ دیں جو غلطیاں آپ سے ہوئی ہیں ان کا اعتراف کریں اور گھر والوں کو سب سچ بتائیں۔ گورنمنٹ کی ویب سائٹ ہے سائبر کیسز کے حوالے سے ان سے رابطہ کریں۔ www.nr3c.gov فیس بک کی اپنی ٹیم ہے ان سے رابطہ کریں اپنے گناہوں سے توبہ کریں اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں' اپنی ایک غلطی کی وجہ سے زندگی برباد مت کریں۔ میری باتیں تلخ' بے ربط الجھی ہوئی ضرور ہیں مگر میرے اندر ایک درد ہے جوان نوجوان بچیوں کیلئے ہے۔ میں بہت پریشان ہوتی ہوں جب بچیاں ایسی باتیں آ کر مجھ سے کہتی ہیں' نا جانے ہم کہاں جا رہے ہیں؟ آخر کون سے ایسے تمغے ہیں جو ہمیں اپنے بچوں کو دین سے آشنا کروانے سے روکتے ہیں؟ ہم نے سوچ کا معیار بدل لیا ہے؟ ہم کہتے ہیں کہ جو برقعہ والی ہے' ڈاڑھی والا ہے وہ پرانے زمانے کا ہے اور جو جتنا ننگا ہے وہ اتنا ماڈرن ہے۔ جو اردو بولے وہ پینڈو ہے جو جتنا منہ چڑھا کر انگریزی جھاڑے وہ پڑھا لکھا ہے۔

(بقیہ: بیوٹی پارلر کے شیشے پر لگے عبقری وظائف)

سے جو ملتا ہے وہ چھپوا کر کاپی کروا کر اپنے کسٹمرز کو بھی ضرور بتاتی اور دیتی ہوں۔ کسٹمر بھی خوش کہ کام کے ساتھ بہت کچھ لیکر جا رہے ہیں آپ کا درس پر دیا ہوا ہر پیکیج میں نے خود لکھ کر پارلر کے شیشے پر لگا دیا تا کہ عبقری کا تحفہ سب کو ملے جب کوئی گزرنے والا رک کر پڑھتا ہے تو دلی سکون ملتا ہے اور بعض اوقات کسٹمر خود بتاتی ہیں کہ ان کے مسائل ان وظائف سے حل ہو رہے ہیں۔ الحمدللہ! درس کی برکت سے میرے گھر میں سکون اور کاروبار میں برکت ہو رہی ہے۔ ہر جمعرات درس میں آنے سے پہلے لوگوں میں میٹھی چیز بانٹتی ہوں دل کو بڑی خوشی ہوتی ہے۔ (ر۔ا، لاہور)

رمضان میں پائیے ہر پریشانی دور کرنے کا راز

اگر کوئی مسلمان بندہ قرآن پاک نہیں پڑھ سکتے تو پہلے تو قرآن پاک پڑھنا ضرور ضرور ضرور سیکھیں اس کو اپنی زندگی کا مشن بنالیں' اس رمضان تو یہ عہد کرہی لیں کہ ہم نے ناظرہ قرآن پاک ضرور سیکھنا ہے' جتنی دیر آپ قرآن پاک دیکھ کر نہیں پڑھ سکتے ان دنوں کم از کم سورۂ اخلاص کو ضرور یاد کرلیں

کیا آپ سورۂ اخلاص کے بے شمار فوائد حاصل کرنا چاہتے ہیں؟ سب سے پہلے یہ الفاظ میں چھوٹی مگر فضائل میں پہاڑوں سے بھی وزنی سورۂ رب العزت کی توحید بیان کرتی ہے' اس سورۂ کو بس تین مرتبہ پڑھنے سے ایک قرآن پاک کا ثواب مل جاتا ہے' اگر کوئی مسلمان بندہ قرآن پاک نہیں پڑھ سکتے تو پہلے تو قرآن پاک پڑھنا ضرور ضرور ضرور سیکھیں اس کو اپنی زندگی کا مشن بنالیں' اس رمضان تو یہ عہد کرہی لیں کہ ہم نے ناظرہ قرآن پاک ضرور سیکھنا ہے' جتنی دیر آپ قرآن پاک دیکھ کر نہیں پڑھ سکتے ان دنوں کم از کم سورۂ اخلاص کو ضرور یاد کرلیں اور دن میں جتنی مرتبہ بھی تین بار یہ سورۂ پڑھیں گے آپ کو اتنی مرتبہ مکمل قرآن پاک پڑھنے کا ثواب مل جائے گا۔ اب سورۂ کہ مزید فضائل پڑھیں!

روزانہ دوسو مرتبہ باوضو پڑھنے سے 9 فائدے حاصل ہوتے ہیں۔1۔ اللہ رب العزت 300 دروازے غضب کے بند کردے مثلاً دنیا کی قہر، فتنہ وغیرہ۔2۔ تین سو دروازے رحمت کے کھول دے گا۔3۔ تین سو دروازے رزق کے کھول دے گا' اللہ تعالیٰ اپنے غیب سے رزق دے گا۔4۔ بغیر محنت کے اللہ پاک اپنے علم سے علم دے گا۔ اپنے صبر سے صبر اور اپنی سمجھ سے سمجھ دے گا۔5۔ چھیاسٹھ مرتبہ قرآن پاک کے ختم کرنے کا ثواب دے گا۔6۔ پچاس سال کے گناہ معاف ہوں گے۔7۔ اللہ پاک جنت میں بیس بنگلے دے گا' یاقوت، مرجان، زمرد کے بنے ہوئے ہوں گے' ہر بنگلے کے ستر ہزار دروازے ہوں گے۔8۔ دو ہزار رکعات نفل پڑھنے کا ثواب ملے گا۔9۔ جب بھی مریں گے تو جنازے میں ایک لاکھ دس ہزار فرشتے شمولیت کریں گے۔ (اس کے علاوہ) انشاء اللہ (واللہ اعلم)

موت کے سوا ہر چیز سے حفاظت کا نبوی نسخہ: مسند بزار میں حدیث ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تم بستر پر لیٹتے وقت سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھ لو تو موت کے سوا ہر چیز سے امن میں رہو۔ (ام محمد' رحیم یار خان)

خیر و برکت اور شفاء: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان ہے کہ چار چیزوں میں خیر و برکت ہے۔1۔ قرآن کریم پڑھنے میں'2۔ بارش کے پانی میں۔3۔ شہد میں اور نمبر 4 بیوی کے مہر کی رقم میں۔ علماء نے لکھا ہے کہ جب کوئی شخص کاروبار کرے تو اپنی بیوی کے مہر میں سے کچھ رقم کاروبار میں لگا دے۔ انشاء اللہ کاروبار میں فائدہ ہوگا' رقم طرفین کیلئے خیر و برکت کا باعث ہے۔ (ماخوذ بکھرے موتی)

ساری پریشانیاں دور کرنے کا نبوی ﷺ علاج

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ ایک مرتبہ مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ ان سے علمی استفادہ کیلئے آئے' آپ نے لوگوں سے کہا کہ مجھے تعجب ہے چار قسم کے آدمیوں پر جو چار باتوں سے غافل ہیں۔1۔ مجھے تعجب ہے اس آدمی پر جو مصیبت میں پھنسا ہو اور یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ نہ پڑھتا ہو' اس دعا کا فائدہ قرآن کریم میں یہ بیان کیا گیا' ''پس ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کی تکلیف دور کی''۔2۔ مجھے تعجب ہے اس آدمی پر جو غم اور مشکلات میں پھنسا ہو اور وہ دعا نہ پڑھتا ہو جو حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے سخت ترین مشکل وقت میں پڑھی تھی لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ یعنی آیۃ کریمہ۔3۔ مجھے تعجب ہے اس آدمی پر جس پر کوئی خوف لاحق ہو اور وہ دعا نہ پڑھے جو صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے خوف کے وقت پڑھی تھی۔ وہ دعا یہ ہے: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ 4۔ مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو دشمنوں (حاسدین) کے مکر و فریب میں پھنسا ہو اور دعا نہ پڑھے جو فرعون کے خاندان کے ایک فرد نے پڑھی تھی وہ دعا یہ ہے۔ وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ ﴿المؤمن ۴۴﴾۔ (ماخوذ بکھرے موتی)

(انتخاب: بندہ خدا' واہ کینٹ)

(بقیہ: رب کو منانے کا راز)

ایک پوری کتاب بن جائے۔ اس کے علاوہ ماہنامہ عبقری میں تخم بالنگو (ملنگا) رمضان المبارک میں پیاس نہ لگنے کیلئے پڑھا تھا میں نے اپنے تجربے میں آزمایا ہے میں اس طرح کرتی ہوں کہ آدھا دودھ' آدھا سادہ پانی (کچی لسی) جس میں روح افزاء (یا مشروب عبقری افزا) ملا کر جگ تیار کرلیتی ہوں' پھر اس میں تخم بالنگو (ملنگا) بھی ایک چمچ ڈال کر رکھ لیتی ہوں۔ افطاری کے بعد دو یا تین کھجور ایک ایک کرکے منہ میں رکھ کر خوب چباتی ہوں اور ساتھ یہی دودھ (کچی لسی) گھونٹ گھونٹ پیتی رہتی ہوں اور ساتھ سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 پڑھتی رہتی ہوں۔ واہ کیا کمال کی چیز بنتی ہے۔ ساری تھکاوٹ' ساری گرمی' ساری نقاہت دور ہوجاتی ہے۔ جسم' روح میں عبادات کی طاقت' دن بھر نہ پیاس' نہ بھوک۔ محترم قارئین! اگر آپ بھی چاہیں تو یہ کام شروع کردیں لیکن ''اُٹھ بھلیا چل یار منائیے'' ہرگز ہرگز نہ بھولیے گا۔

اسلام اور رواداری | قسط نمبر 119 | ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

حضور نبی کریم ﷺ کا غیر مسلموں کے بچوں سے حسن سلوک: حضور نبی کریم ﷺ نے ہمسایوں کا حق ادا کرنے کی جو تلقین کی اس میں مسلم اور غیر مسلم کی کوئی تفریق نہیں رکھی اور آپ ﷺ کی اس تعلیم پر صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین برابر عمل کرتے رہے۔ اسی طرح آپ ﷺ غیر مسلم کے بچوں کے ساتھ بھی نہایت مشفقانہ سلوک فرماتے اور مشرکین کے بچے بھی آپ ﷺ کی شفقت کی وجہ سے آپ ﷺ کے پاس آیا کرتے تھے جب بھی جنگ ہوتی آپ ﷺ خصوصی طور پر حکم دیتے کہ خبردار کسی بچے کو مت مارنا' وہ بے گناہ ہیں۔ ایک جنگ میں چند بچے مارے گئے' آپ ﷺ کو خبر ملی تو شدید رنج ہوا۔ ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! وہ تو مشرکین کے بچے تھے' آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''خبردار بچوں کو قتل نہ کرنا۔''

''پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک'' کتاب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور ''غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں'' کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

رمضان کیا پورا موسم گرما ٹھنڈا ٹھار اور پرسکون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ نسخہ بہت ہی مجرب ہے۔ خاص کر گرمی سے پریشان افراد کیلئے تو اس سے بہتر کوئی نسخہ ہو ہی نہیں سکتا۔ بارہا لوگوں کا آزمودہ ہے۔ رمضان المبارک میں استعمال کریں یا بعد از رمضان لاجواب چیز ہے۔ گرمی کو جسم سے نکال باہر کرتا ہے اور پرسکون ٹھنڈک کا احساس دلاتا ہے۔ ھوالشافی: عرق مکو اور جوارش انارین لے لیں۔ صبح کھانے (یا سحری) کے بعد آدھ پیالی عرق مکو پی لیں اور رمضان میں افطاری کے بعد اور علاوہ رمضان ایک چھوٹا چمچ جوارش انارین عصر کے بعد پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اس سے جگر کی سوجن' معدے' مثانہ کی گرمی جڑ سے ختم ہوجائے گی اور گرمی بالکل نکل جائے گی' جگر دوبارہ خون بنانے کے قابل ہوجائے گا اور چہرے کی رنگ گلابی اور صحت لاجواب بن جائے گی۔ نوجوان لڑکے اور لڑکیاں جن کو گرمی کے مسائل ہیں ضرور استعمال کریں۔ (حکیم محمد ظاہر' حیدرآباد)

پرانا بخار؛ سونف اور سکنجبین سے ختم: سونف پرانے بخاروں میں بے حد مفید ہے۔ اس مرض میں مریض کو ایک چھوٹا چمچ سونف' ایک گلاس سکنجبین کے ساتھ دن میں تین بار دیا جاتا ہے۔

ضمیر کی لعنت ملامت سے بچنے کا راز

ہم بہت ساری ثقافتوں اور تہذیبوں کے مل کر وجود پانے والے معاشرے کے فرد ہیں یہاں قدم قدم پر ہمیں ایک دوسرے کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے اس لئے اگر کبھی بھی کوئی شخص آپ کی مدد کا طالب ہو تو اس کی جو مدد کر سکتے ہیں وہ ضرور کر دیں۔

یہ بات کھلی حقیقت ہے کہ اس دنیا میں آنے کیلئے ہماری مرضی کا کوئی دخل ہے اور نہ ہی جانے کیلئے وقت کے انتخاب میں ہم سے مشورہ کیا جاتا ہے بلکہ ہوتا تو یہ ہے کہ بیشتر اوقات ہمیں نہ چاہتے ہوئے بھی جانا ہی پڑتا ہے۔ ہاں اس دوران ہمیں جو وقت ملتا ہے اس کو کسی قدر ہمارے تابع ضرور کر دیا گیا ہے لیکن ایک امانت کی صورت تو بس پھر ایک چیز ہو سکتی ہے اور وہ یہ کہ جس حیات و قضا پر ہمارا کوئی اختیار نہیں اس کی فکر چھوڑ کر اس بات کی فکر کی بجائے کہ جو زندگی ہمیں امانت کے طور پر ملی اسے درست حالت میں کس طرح لوٹایا جا سکتا ہے' فضول کے دکھوں سے بچنے کیلئے ضروری ہے کہ ادراک حاصل کیا جائے کہ کس چیز پر ہمارا اختیار ہے اور کس پر نہیں زندگی کو کامیابیوں سے پر اور پرمسرت انداز میں بسر کیا جائے تو یہ جاننا پڑے گا کہ کامیاب اور پرمسرت زندگی بسر کرنے کے اصول کیا ہیں؟ دنیا کے مختلف ماہرین نفسیات و سماجیات کامیاب زندگی کیلئے درج ذیل اصول بیان کرتے ہیں۔ ہماری رائے میں یہ اصول اتنے مضبوط ہیں کہ اگر ان پر عمل کیا جائے تو نہ صرف ہم اپنے اہداف حاصل کر سکتے ہیں بلکہ زندگی کو مطمئن انداز میں بھی بسر کر سکتے ہیں۔

جانیے یہ عزت نفس ہے کیا؟

عزت نفس وہ الفاظ ہیں جو ہم اپنی روزمرہ زندگی میں بارہا سنتے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ حقیقت میں عزت نفس ہے کیا؟ نفس وجود ہے اور عزت اپنے نفس کی نہ صرف ظاہری بلکہ باطنی طور پر بھی تکریم کرتا اور کراتا ہے۔ انسان کی ظاہری تکریم اس کے احساس ذمہ داری اخلاق اور دوسروں کی عزت کرنے کے علاوہ ایفائے عہد سے بھی مشروط ہے۔ ظاہری تکریم دوسروں کی مرہون منت ہوتی ہے لیکن اس کے برعکس داخلی تکریم صرف اور صرف ہمارے اپنے اوپر منحصر ہوتی ہے داخلی تکریم اس وقت حاصل ہوتی ہے کہ جب ہم کسی کے دکھ سکھ میں اس کے کام آئیں' دوسروں کو اپنے عمل سے نقصان نہ پہنچائیں' کسی دوسرے کو دھوکا نہ دیں' اس کے بدلے جو خوشی حاصل ہوگی وہ نہ صرف ہمیں احساس طمانیت بخشتی ہے بلکہ ہم خود سے مطمئن ہو جاتے ہیں اور اپنے اچھے خیالات و عمل کی اپنے ہی دل میں عزت کرنے لگتے ہیں۔

اگر ہمارا عمل مذکورہ دونوں باتوں کے برعکس ہو تو اس سے نہ صرف ہم دوسروں کی نظروں میں گر جاتے ہیں بلکہ ہمارا ضمیر بھی ہمیں لعنت و ملامت کرتا رہتا ہے' جس کے نتیجے میں من کا چین و سکون غارت ہو کر رہ جاتا ہے اس لئے کامیاب اور پرمسرت زندگی بسر کرنے کیلئے ہمیں چاہئے کہ اپنی عزت نفس کا خیال رکھیں اور ایسا کوئی کام نہ کریں کہ جو ہمارے من کا چین و سکون تباہ کر سکتا ہو۔ یاد رکھیں کہ زندگی میں وہی لوگ آگے بڑھتے ہیں جنہیں من کا چین حاصل ہوتا ہے عزت نفس اور اعلیٰ کردار کے حصول کا ایک راز یہ بھی ہے کہ صحیح سوچ پر مبنی طریقہ عمل کا انتخاب کر کے اس پر ثابت قدم رہیں اور سخت مخالفت کے باوجود نہ تو مصلحت سے کام لیں اور نہ ہی درست اصولوں پر سودے بازی کریں۔

رمضان میں دوسروں کی مدد کرنا سیکھیں

علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کا ایک شعر ہے

فرد قائم ربط ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں
موج ہے دریا میں اور بیرون دریا کچھ نہیں

ہم بہت ساری ثقافتوں اور تہذیبوں کے مل کر وجود پانے والے معاشرے کے فرد ہیں یہاں قدم قدم پر ہمیں ایک دوسرے کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے اس لئے اگر کبھی بھی کوئی شخص آپ کی مدد کا طالب ہو تو اس کی جو مدد کر سکتے ہیں وہ ضرور کر دیں کیونکہ جب کل آپ کو کسی سہارے کی ضرورت پیش آئے تو ردعمل ویسا ہی ہو۔ کسی دانشور کا قول ہے کہ دنیا ایک گھومتے پہیے کی مانند ہے اور ہم سب اس سے چمٹے ہوئے ہیں۔ وقت کے ساتھ کوئی اوپر جاتا ہے تو کوئی نیچے آ جاتا ہے اس لئے جب آپ اوپر جائیں تو نیچے والے کا ہاتھ تھام لیں کیونکہ جب آپ نیچے آئیں گے تب آپ کو اس کے سہارے کی ضرورت پڑے گی"۔ یہ وہ نکتہ ہے کہ اگر ایک بار ہماری سمجھ میں آ گیا تو پھر زندگی بھر کبھی بھی دوسروں کی بے اعتنائی کا شکوہ نہیں کریں گے۔ رمضان المبارک کی مبارک ساعتیں گزر رہی ہیں' آیئے دوسروں کیلئے جینا شروع کریں اور پھر رب کریم کا اس کریم مہینے میں کرم دیکھئے۔

محرومیوں سے رہنمائی

بھرپور اور کامیاب زندگی گزارنے والے لوگ خوب جانتے ہیں کہ ان کی زندگی میں آنے والی آزمائش کی گھڑیاں انہیں زیادہ حساس اور محنتی بنا دینے کے علاوہ ان کی قوت برداشت اور سیرت کو بھی نکھار دیتی ہیں۔ انہیں آگہی حاصل ہو چکی ہوتی ہے کہ یادگار کامیابیوں کے پیچھے محنت اور جاں فشانی کا خون اور محرومیوں اور ناکامیوں کے داغ پوری طرح نمایاں ہیں تاریخ کے صفحات ایسے نڈر مردوں اور عورتوں کے دلیرانہ کارناموں سے بھرے پڑے ہیں جنہوں نے نامساعد حالات میں مخالف قوتوں کے خلاف جنگیں لڑیں اور ان کو شکست دے کر فتح و کامرانی حاصل کی۔

ہم ایک ایسے معاشرے میں رہ رہے ہیں جو محض نصب العین کے حصول میں دلچسپی رکھتا ہے جس کا مقصد مسائل کا فوری حل ہے۔ یاد رکھیں کہ زندگی ایک لامحدود سفر ہے جس کے دوران انسان اپنے آپ کو دریافت کرتا رہتا ہے' اس لئے اگر کبھی ناکامی ملے تو گھبرائیں نہیں بلکہ وہ اسباب دریافت کریں جن کی بدولت ناکامی ہوئی اور پھر اس احساس محرومی کو کامیابی کے حصول کیلئے انتھک جدوجہد میں تبدیل کر دیں کامیابی یقیناً آپ کے قدم چومے گی۔

نصب العین: ہماری زندگی کا عمومی نصب العین ذاتی خواہشات کی تکمیل کے گرد ہی گھومتا ہے لیکن اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا وجود دوسروں کیلئے بھی فائدہ مند ہو تو اپنے سامنے ہمیشہ ذاتی خواہشات سے بالاتر نصب العین رکھیں اگر آپ صرف اپنی ذاتی خواہشات کی تکمیل کی خاطر زندگی گزارتے رہے تو وہ زندگی پرسکون ضرور ہو سکتی ہے' شاید مطمئن نہیں۔ اس لئے ایسا نصب العین منتخب کیجئے جو آپ کی ذاتی خواہشات سے بلند ہو اور اس کے حصول کیلئے جذبہ خلوص کے ساتھ کام کرتے رہیں۔ یقیناً کامیابی' عزت اور سکون آپ کا مقدر بن جائے گا۔

درویش سے ملا مثانہ کی گرمی کا آسان ترین علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے جو مجھے ایک درویش نے بتایا تھا اور میرا ذاتی آزمایا ہوا ہے' مجھے یہ ٹوٹکہ جس درویش نے بتایا تھا وہ درویش فوت ہو چکے ہیں' میرے پاس یہ ٹوٹکہ امانت ہے گرمی' احتلام' جریان کیلئے ہے۔ خشک دھنیا لیا جائے اور مٹی کا کورا پیالہ لے لیا جائے۔ رات کو پیالے میں پانی ڈال کر اس میں خشک دھنیا ڈال کر کھلے آسمان تلے رکھ دیا جائے' سونے سے پہلے پانی خوب پی کر سویا جائے اور صبح اٹھتے ہی اس پیالے میں (نفس کو ڈبو کر) پیشاب کیا جائے۔ گرمی کا اثر زائل ہو جائے گا۔ گھٹنوں کے اوپر کے حصے کے جوڑ کو دبایا جائے تو صحت ٹھیک ہو جائے گی۔

(جاوید اقبال چیمہ' اسلام آباد)

یادداشت چلی جائے تو: مرض نسیان جس میں انسان کی یادداشت چلی جاتی ہے اس کو دور کرنے کیلئے اور لوگوں میں عزت واحترام حاصل کرنے کیلئے ہرنماز کے بعد 285 باراسم یَاجَمِیۡعُ کو پڑھنا انتہائی فائدہ مند ہے۔

روزہ سے بھاگنے والے رکھنے پر مجبور

(محمد صادق' مظفرآباد)

الحمدللہ! روزہ کی فضیلت واحکامات' فوائد' قرآن وحدیث میں تفصیل سے موجود ہیں' صحت' ہمت' طاقت رکھنے کے باوجود محض گرمی' مزدوری کا کام وغیرہ کا بہانہ بنا کر روزہ نہ رکھنا' کم ہمتی، کم عقلی اور اللہ تبارک وتعالیٰ کو ناراض کرنے والی بات ہے۔ ہر سال میں ایک ماہ مسلسل روزہ رکھنا ہر عاقل، بالغ مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے۔ اس ماہ کو ماہ رمضان کہتے ہیں۔ فرض روزے رکھنے سے بندے کے صغیرہ گناہ معاف ہوتے ہیں اگر ساتھ ساتھ توبہ کی جائے تو کبیرہ گناہ بھی معاف ہوجائیں گے۔ ذہنی وجسمانی سکون حاصل ہوتا ہے' اللہ تبارک وتعالیٰ روزہ دار کو خود انعامات سے نوازیں گے جس طرح فرض روزہ کے روحانی وجسمانی فوائد ہیں' اسی طرح نفلی روزہ کے بھی بہت فوائد ہیں۔ روزہ کے بارے بندہ ناچیز کے مشاہدات میں جو فوائد آئے ہیں وہ محترم قارئین کی خدمت میں حاضر ہیں۔ میرے پاس ایک مریض آیا اسے خارش تھی' پہلے خارش خشک ہوتی تھی' بار بار ایک جگہ پر خارش کرنے کے بعد خارش' تر خارش میں بدل کر زخم کردیتی۔ مریض کے پورے جسم پر زخم تھے' اکثر زخموں سے پیپ اور خون بہہ رہا تھا۔ اوپر سے مکھیاں تنگ کررہی تھیں۔ مریض کے جسم سے بدبو آرہی تھی۔ مریض نے کہا مجھے دو ماہ ہوگئے ہیں 3500 خرچ کرچکا ہوں مگر خارش ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی' کوئی نسخہ بتادیں۔ عام طور پر میں خارش کے مریضوں کو سرسوں کا تیل دم کرکے دیتا ہوں' خیر میں نے اسے ایک ہفتہ نفلی روزہ (ان دنوں رمضان المبارک نہیں تھا) رکھنے کا کہا' مریض نے کہا قاری صاحب میں نے زندگی بھر فرضی روزہ نہیں رکھا میں نفلی روزہ کیسے رکھ سکتا ہوں' پیاس بہت لگتی ہے' کوئی اور دوائی بتائیں' میں بھی اپنے موقف پر ڈٹ گیا اور کہا دیکھ بھائی! اگر روزہ نہیں رکھنا تو خارش ختم نہیں ہوگی آپ کی خارش روزہ رکھنے سے ہی ختم ہوگی۔ کوئی دوائی نہیں مرتا کیا نہ کرتا' بڑی مشکل سے مان گیا' ایک ہفتہ بعد مریض میرے پاس آیا' مٹھائی کا ڈبہ ساتھ لایا' اس کی خارش بالکل ختم ہوچکی تھی' البتہ زخم کچھ باقی تھے' میں نے مزید ایک ہفتہ روزے رکھنے کا کہا' دوسرے ہفتے مریض بالکل صحت یاب ہوگیا۔ سابقہ زندگی سے توبہ کی اور جو فرض روزے اب تک چھوٹ گئے تھے قضا رکھنے کا وعدہ کیا۔ الحمدللہ! میں نے خود دیکھا ہے کہ اب وہ ہر سال رمضان المبارک کے پورے روزے اہتمام کے ساتھ رکھتا ہے۔ گزشتہ رمضان المبارک میرے پاس ایک دوست مریض لے کر آئے۔ مریض نے بتایا کہ چھ سال ہوگئے ہیں شوگر کا مرض ہے۔ اس وجہ سے چھ سال سے روزہ نہیں رکھ پارہا۔ براہ مہربانی کوئی نسخہ بتادیں۔ میں نے کہا: روزہ ضرور رکھیں اور سحری وافطاری میں اول وآخر درود ابراہیمی تین بار' سات بار سورۂ فاتحہ پانی پر دم کرکے پئیں' اللہ خیر کرے گا۔ مجبور تھا بیچارہ حامی بھرلی۔ یہ بھائی میرے پاس چھ رمضان المبارک کو تشریف لائے تھے' سات رمضان المبارک کو روزہ رکھا' شام کو افطاری کے وقت مریض کی حالت غیر ہوگئی' مجھے فون کیا' میں ان کے گھر پہنچا' تسلی دی' دم کیا' مسلسل روزہ رکھنے کا کہا' دوسرے مریض نے میرے اصرار پر پھر روزہ رکھا' اسی طرح دس دن بعد شوگر چیک کروائی الحمدللہ روزہ کی برکت سے بالکل نارمل تھی' اب وہی دوست رمضان المبارک کے علاوہ بھی ہفتہ میں ایک روزہ لازمی رکھتا ہے' بہت خوشحال ہے اور شوگر بالکل بھی نہیں ہے۔

محترم قارئین! اگر آپ کے جسم یا منہ پر گرمی کی وجہ سے یا موسمی تبدیلی کی وجہ سے پھوڑے' پھنسیاں' پت' خارش ہو تو آپ رمضان المبارک میں تمام روزے ضرور رکھیں۔ رمضان المبارک کے علاوہ ایک دن چھوڑ کر ایک دن نفلی روزہ رکھیں آپ چند دنوں میں ہی بالکل ٹھیک ہوجائیں گے۔ آپ کو نزلہ زکام' سردرد' کمردرد' پیٹ درد' کھٹے ڈکار' ڈراؤنے خواب یا قبض کی شکایات ہوں تو ایک دن چھوڑ کر دس عدد نفلی روزے رکھیں۔ انشاء اللہ آپ بالکل ٹھیک ہوجائیں گے۔

مٹی کا گھڑا نہ لائے تو رمضان کیسے گزاریں گے؟

شدید گرمی کا رمضان میں افطاری اور سحری میں گھڑے (مٹکے) کے پانی کے دو گلاس آپ کی جسمانی گرمی کو فوری بھگائے' پیاس کی شدت فوری ختم اور پرسکون راحت دلائے۔

ذرا غور کیجئے آپ مٹی کے گھڑے (مٹکے) کا پانی پئیں تو وہ ٹھنڈا کیوں محسوس ہوتا ہے؟ گھڑا کوئی فریج تو نہیں اور اس پانی سے طبیعت سیر بھی ہوجاتی ہے وہ جو کہتے ہیں کہ پیاس بجھ گئی تو کچھ ایسا ہی معاملہ اس مٹکے کے پانی کا ہے۔ باوجود اس کے کہ یہ مٹکے صحن یا برآمدے میں ایک جگہ رکھے رہتے ہیں جہاں سورج کی شعاعیں بھی پہنچتی ہیں پھر سایہ بھی رہتا ہے لیکن سورج کی دھوپ کو آنے سے کوئی نہیں روک سکتا یہ تو غیر معمولی نعمت ہے۔ یہ مٹکے بھی دھوپ کے اثرات قبول کرتے ہیں مگر پھر بھی مٹکے کا پانی براہ راست دھوپ میں رکھے رہنے کے باوجود تپتا اور کھولتا نہیں ہے اگر یہی پیتل یا تانبے کا برتن جون کی سخت گرمی میں دھوپ میں رکھ دیا جائے تو حرارت کی وجہ سے اسے چھونا بھی محال ہے۔ مٹکے میں پانی کی ٹھنڈک بحال رہنے کا یہ عمل تغیر قدرتی طور پر جاری رہتا ہے۔ اس پانی کو اگر ابالا نہ بھی جائے تو یہ جراثیم کش اور صحت افزا رہتا ہے۔ ہمارے ہاں گھروں میں ابلا ہوا پانی بھی مٹکوں میں رکھا جاتا ہے۔ مٹکے مٹی سے بنتے ہیں اور اس میں جا بجا ننھے منے خلا ہوتے ہیں ویسے تو تانبے یا پیتل کے کٹورے سے اسے ڈھک کے رکھا جاتا ہے لیکن ان چھوٹے چھوٹے سوراخوں یعنی برتن کے مساموں کے درمیان سے گرد وغبار اور کچرا خارج ہوتا رہتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ آکسیجن کی تہہ باقی رہتی ہے۔ مٹی کے اس برتن میں ایسی بھرپور خاصیت ہوتی ہے کہ وہ حرارت کو معتدل اور خوشگوار رکھتی ہے۔ چند گھنٹوں ہی میں پانی نتھارا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ یہ پانی سرد بھی ہوتا چلا جاتا ہے اب سوال یہ اٹھتا ہے کہ گلاس یعنی کانچ کے گلاس اور سٹیل کے برتن میں تادیر پانی کیوں ٹھنڈا نہیں رکھ پاتے؟ سادہ سا جواب تو یہی ہے کہ ان کیمیائی ذرائع میں کوئی مسام دار سطح نہیں ہوتی جس سے ٹھنڈی ہوا کا گزر برتن میں باآسانی ہوسکے اور نہ طبیعاتی طور پر ان کانچ کے برتنوں میں حرارت زائل کرنے کی صلاحیت موجود ہے بلکہ یہ سرد اگر گرم دونوں اشیاء کی حالت بدل دیتی ہیں ٹھنڈا پانی گرم ہونا شروع ہوجاتا ہے اور گرم چائے ٹھنڈی ہوتی چلی جاتی ہے۔

گھڑے کے پانی کے بے بہا فوائد ہیں' گرمیوں میں یہ قدرت کی بہت بڑی نعمت ہیں' اس پانی کے استعمال کبھی بھی گلا خراب نہیں ہوتا' گرمی کی شدت سے طبیعت خراب نہیں ہوتی' جھاگ دار اور رنگ دار مشروبات پینے کے باوجود پیاس کی حدت شدت کم نہیں ہوتی مگر گھڑے کے پانی کا ایک گلاس آپ کو شدید گرمی میں پرسکون راحت دیتا ہے۔ اس پانی میں بے شمار امراض کا علاج موجود ہے۔ (آسیہ شاہ محمد' بہاولنگر)

رمضان کی 29ویں شب عمل کیا اور رشتہ آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ اپنی رحمت سے خیریت سے رکھے۔ حکیم صاحب عرض ہے کہ جو اعمال آپ نے دیئے ان کی برکات اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے میرا بیٹا دبئی چلا گیا ہے۔ آپ نے رمضان المبارک کی 29ویں شب جو عمل بتایا تھا اس کے کرنے سے بیٹی کیلئے بہترین رشتہ آیا ہے۔ عمل یہ ہے:۔ رمضان المبارک کے گیارہویں اور بارہویں روزے (29ویں شب کو بھی یہ عمل کیا جاسکتا ہے) کی درمیانی رات کو بعد نماز عشاء دو دو رکعت کرکے 12 نوافل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ اخلاص پڑھیں 12 نفل پڑھ کر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر تمام نوافل اور درود شریف کا ثواب حضور نبی کریم ﷺ کو پہنچائیں اور پھر حضور نبی کریم ﷺ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر خلوص دل' انکساری' عاجزی سے کم از کم 15 منٹ تک دعا کریں۔ (عبدالرحمٰن' گوجرانوالہ)

پانچ راتوں کا پیکیج! دنیا و آخرت کی ہر نعمت پائیے

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

مسلسل شکایات کہ رسالہ اس وقت ملتا جب اسلامی مہینہ کا پہلا عشرہ گزر جاتا ہے لہٰذا اب سے اسلامی مہینے کا پیشگی عمل شائع کیا جارہا ہے۔

اکیسویں شب: رمضان المبارک کی اکیسویں رات کو اکیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھنے سے ثواب عظیم حاصل ہوتا ہے۔ رمضان المبارک کی اکیسویں رات کو دو نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ القدر اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد ستر مرتبہ دُرود پاک اور ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔ بفضل باری تعالیٰ گناہوں کی معافی عطا ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس رات کی برکت سے یہ نماز پڑھنے والے کو بخش دے گا۔ اکیسویں شب کو ہی چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ القدر اور ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد ستر مرتبہ دُرود پاک پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فرشتے اس نماز کے پڑھنے والے کی مغفرت کیلئے دعا کریں گے۔ **تئیسویں شب:** رمضان المبارک کی تئیسویں رات کو نماز عشاء و نماز تراویح کی ادائیگی کے بعد ایک مرتبہ سورۃ یاسین اور ایک مرتبہ سورۃ رحمٰن پڑھنا باعث برکت وفضیلت ہے۔ تئیسویں رات کو چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ القدر اور تین تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد نہایت توجہ ویکسوئی کے ساتھ ستر مرتبہ دُرودِ پاک پڑھے۔ بفضل باری تعالیٰ گناہوں کی معافی عطا ہوگی۔ **پچیسویں شب:** رمضان المبارک کی پچیسویں رات کو سات مرتبہ سورۃ فتح پڑھنا فضیلت و برکت کا باعث ہے۔ پچیسویں رات کو دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۃ القدر اور پندرہ پندرہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ نماز سے فراغت کے بعد ستر مرتبہ دوسرا کلمہ پڑھے۔ گناہوں سے معافی عطا ہوگی۔ **ستائیسویں شب:** حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے رمضان المبارک کے مہینہ کی ستائیسویں رات صبح ہونے تک عبادت میں گزاری وہ مجھے رمضان المبارک کی تمام راتوں کی عبادت سے زیادہ پسند ہے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی اے ابا جان! وہ ضعیف مرد اور عورتیں کیا کریں جو قیام پر قدرت نہیں رکھتے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ’’کیا وہ تکیے نہیں رکھ سکتے جن کا سہارا لیں اور اس رات کے لمحات میں سے کچھ لمحات بیٹھ کر گزاریں اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں‘ لیکن یہ بات اپنی امت کے تمام ماہ رمضان کو قیام میں گزارنے سے زیادہ محبوب ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی ﷺ نے فرمایا کہ جس نے شب قدر جاگ کر گزاری اور اس میں دو رکعت (نفل) نماز ادا کی تو اللہ تعالیٰ نے اسے بخش دیا ہے۔ اسے اپنی رحمت میں جگہ دیتا ہے اور جبرئیل علیہ السلام اس پر اپنے پَر پھیرتے ہیں اور جس پر جبرئیل علیہ السلام نے اپنے پَر پھیریں وہ جنت میں داخل ہوگا۔ رمضان المبارک کی ستائیسویں رات کو جو کوئی دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سات سات مرتبہ سوٗرۃ اخلاص پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد ستر مرتبہ یہ تسبیح پڑھے۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ تو اللہ تعالیٰ اس کے ماں باپ اور اس کے گناہوں کی بخشش ہو جائے گی۔ پروردگار عالم اس کے والدین کی مغفرت فرمائے گا اور اسے جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے گا اس کے علاوہ اس نماز کے پڑھنے والے کو نیکی کے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔ جو کوئی رمضان المبارک کی ستائیسویں شب چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۃ قدر اور پچاس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور پھر نماز سے فارغ ہونے کے بعد بارگاہِ الٰہی میں سجدہ ریز ہوکر نہایت یکسوئی کے ساتھ دعا مانگے‘ جو بھی جائز حاجت ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہوگی۔ رمضان المبارک کی ستائیسویں شب کو جو کوئی ساتوں حم والی سورتیں پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسے گناہوں کی معافی عطا ہوگی۔ جو کوئی رمضان المبارک کی ستائیسویں شب کو دو دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۂ الم نشرح اور تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ستائیس مرتبہ سورۂ القدر پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسے ثواب عظیم حاصل ہوگا۔ **انتیسویں شب:** جو کوئی رمضان المبارک کی انتیسویں رات کو سات مرتبہ سورۂ الواقعہ پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ اس کے رزق

(باقی صفحہ نمبر 12 پر)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 جون بروز ہفتہ 2 بجکر 10 منٹ سے لیکر 3 بجکر 25 منٹ تک‘ 18 جون بروز اتوار صبح 10 تا 11 بجکر 17 منٹ تک‘ 26 جون بروز پیر عصر تا مغرب تک اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، دردِ دل توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل وجان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا‘ اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ: روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

کاروبار شاندار اور صحت جاندار

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عبقری آج سے چار سال پہلے ملا‘ عبقری کے لاجواب وظائف اور آسان ترین نسخہ جات اور ٹوٹکوں نے تو زندگی میں سکون ہی بھر دیا ہے۔ گزشتہ رمضان المبارک میں شدید گرمی کے دوران روزہ سے میرا تو بُرا حال ہو جاتا۔ اس کے علاوہ میرے شوہر کا کاروبار شعبان سے ہی شدید مندی کا شکار ہو گیا اور مجھے عید کے خرچ کیلئے بھی مزید پریشانی کا سامنا تھا۔ میں نے عبقری میں ہر ماہ آنے والی روحانی محفل بتائے گئے طریقے سے کرنا شروع کر دی۔ ابھی روحانی محفل بتائی گئی تاریخ پر دو مرتبہ ہی کی تھی کہ میرے شوہر کو ایک بڑا آرڈر مل گیا اور ساتھ ایڈوانس میں پیسے بھی جس سے ہماری عید کی شاپنگ اور تمام اخراجات (باقی صفحہ نمبر 5 پر)

لقوہ میں کالی مرچ: لقوے میں کالی مرچ بے حد مفید ہے' اس کو باریک پیس کر روغن زیتون میں ملا کر مقام ماؤف پر لیپ کرنا چاہیے۔ مجرب ہے۔

حضرت پیر نصرت اللہ کابلی کے روحانی وظائف

اگر میاں بیوی میں آپس میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور وہ آپس میں ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں تو اس کیلئے اسم الٰہی یَاجَلِیْلُ ایک سو ایک بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور دونوں کو پانی پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جھگڑا ختم ہوگا اور باہمی محبت پیدا ہوجائے گی۔

دلی مراد پورا ہونے کیلئے: اگر کوئی شخص دل میں کوئی تمنا رکھتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کی تمنا ضرور پوری ہو اور اس کی دلی مراد ضرور پوری ہو تو اس کیلئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رخ پاک مصلے پر بیٹھ کر ایک سو اکیس (121) بار اسم الٰہی یَامُعِزُّ کو پڑھے اور دلی مراد پوری ہونے تک برابر یہ عمل جاری رکھے' ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دلی مراد پوری ہوگی۔

دعا کی قبولیت کیلئے: بعض مرتبہ انسان چاہتا ہے کہ اس کی دعا جلد قبول ہو اور اس کا مقصد جلد از جلد پورا ہو لیکن دعا کی قبولیت میں دیر لگتی ہے پریشانی بڑھتی جاتی ہے لہٰذا دعا کے جلد پورا ہونے کیلئے بعد نماز عشاء روزانہ باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر قبلہ رخ ایک سو گیارہ (111) بار پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دعا جلد از جلد قبول ہوگی اور تمام پریشانی دور ہوجائے گی۔ وہ اسم الٰہی یَاسَمِیْعُ ہے جب بھی ضرورت پیش آئے اس عمل کو کیا کریں۔

روزی میں برکت اور ہر قسم کا دکھ دور: اگر کوئی شخص روزی کی کمی کی وجہ سے پریشان ہو اور اس کو طرح طرح کے دکھ اور ہر قسم کی تکالیف سے واسطہ پڑتا رہتا ہو تو اس کیلئے باوضو تین سو دو (302) بار اسم الٰہی یَابَصِیْرُ پڑھا کرے۔ یہ عمل عشاء کی نماز کے بعد کرے تو بہتر ہے۔ پڑھتے وقت باوضو ہونے کے ساتھ ساتھ لباس اور مصلےٰ اور جگہ بھی پاک ہوں۔ پڑھتے وقت قبلہ کی طرف منہ ہو اور پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھے اور جب تک مالی حالت بہتر نہ ہوجائے برابر پڑھتا رہے' ناغہ نہ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت اور اضافہ ہوگا اور ہر قسم کا دکھ اور ہر قسم کی تکلیف دور ہوجائے گی۔

گھر سے جنات کا عمل دخل ختم: اگر کسی مکان میں جن کا بسیرا ہو اور وہ وہاں رہتا ہو اور اہل خانہ کو ڈراتا ہو یا انہیں پریشان کرتا ہو' برتن پھینک دینا' گھر کی چیزیں ایک جگہ سے دوسری جگہ رکھ دینا یا رات کو اندھیرے میں جسم پر بوجھ ڈال دینا' ہیولے کی شکل میں نظر آنا یا بچوں کو گرا دینا' ان پر آجانا اور بچوں کو دورہ پڑنا' یا سوتے میں چارپائی الٹ دینا' اس کیلئے روزانہ بعد نماز عشاء یا کسی بھی نماز کے بعد بلند آواز سے سورۃ البقرہ اور سورۃ الجن مکان میں ایسی جگہ پڑھی جائے جہاں سے آواز مکان کے ہر کمرے میں سنائی دے اور ایک نیا مٹکا خرید کر دھو کر پانی سے بھر کر رکھ لیں اور دونوں سورتیں پڑھ کر اس پانی کے مٹکے پر دم کریں' اسی طرح مکان کے ہر ہر کونے میں دم کریں' سٹور اور باورچی خانہ میں بھی دم کریں البتہ غسل خانے اور بیت الخلاء میں دم نہ کریں' نہ ان میں پڑھا ہوا پانی چھڑکیں' پڑھا ہوا پانی سب گھر والے چار وقت پئیں اور چار ہی وقت وہ پانی مکان کے ہر ہر کمرے کے کونے میں ہلکا ہلکا چھڑکیں۔ پانی پینے اور چھڑکنے کے چار وقت یہ ہیں: 1۔ صبح سورج نکلنے کے بعد اور ناشتہ سے پہلے۔ 2۔ دوپہرہ گیارہ بجے۔ 3۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے۔ 4۔ بعد نماز عشاء رات کو سونے سے پہلے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس گھر سے جن چلے جائیں گے اور بچوں کو دورہ پڑنا بھی بند ہوجائے گا۔ سورۃ البقرہ پارہ 1 میں ہے اور سورۃ الجن پارہ 29 میں ہے وہاں سے دیکھ کر پڑھ لی جائے یا کسی حافظ قرآن سے پڑھوالی جائے۔

دوبارہ عہدہ پر بحال ہونے کیلئے: اگر کوئی شخص اپنے عہدہ سے معزول کردیا گیا ہو اور چاہتا ہو کہ دوبارہ اسی عہدہ پر بحال ہوجائے تو اس لیے سات دن مسلسل روزے رکھے درمیان میں ناغہ نہ کرے اور روزانہ بعد نماز فجر ایک ہزار بار اسم الٰہی یَاکَبِیْرُ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اپنے عہدے پر بحال ہوجائے گا۔ جب تک بحال نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔

بچے کی ضد کی عادت چھڑانا: اگر بچہ ضد کرنے کا عادی ہو اور بات بات پر ضد کرتا ہو تو اس کیلئے اسم الٰہی یَامُقِیْتُ سات مرتبہ پڑھ کر خالی گلاس یا کٹورے یا پیالے پر دم کرے اور پھر اس میں اتنا پانی بھرے کہ بچہ تمام پانی آسانی کے ساتھ پی لے۔ یہ عمل صبح کے وقت کرے اور سات دن برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بچہ ضد کرنا چھوڑ دے گا۔

سامان کے گم ہونے یا چوری ہونے سے حفاظت: اگر کوئی شخص سفر پر جارہا ہے یا کسی دوسری جگہ سامان بھیج رہا ہے تو اس کو گم ہونے یا چوری ہونے سے بچانے کیلئے اسم الٰہی یَاحَفِیْظُ اس سامان پر تین جگہ لکھ دے انشاء اللہ تعالیٰ تمام سامان بحفاظت رہے گا' نہ چوری ہوگا نہ ہی گم ہوگا۔

لوگ عزت کریں اور اچھا برتاؤ کریں: اگر معاشرہ میں کسی آدمی کو عزت کا مقام حاصل نہیں ہے اور لوگ اس کے ساتھ اچھا سلوک بھی نہیں کرتے ہیں اور وہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں اس کے ساتھ اچھے برتاؤ کے ساتھ پیش آئیں اور معاشرہ میں اس کو عزت و توقیر کا مقام حاصل ہو تو بعد نماز عشاء پاک مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر پانچ سو مرتبہ اسم الٰہی یَاکَرِیْمُ پابندی کے ساتھ روزانہ پڑھا کرے۔ اگر یہ عمل بعد نماز عشاء نہ ہوسکے تو جس وقت فرصت ہو کرلیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لوگ احترام و عزت کا برتاؤ کریں گے اور اس کی ہر اچھی بات کو اہمیت دیں گے۔

میاں بیوی کا لڑائی جھگڑا ختم: اگر میاں بیوی میں آپس میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور وہ آپس میں ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں تو اس کیلئے اسم الٰہی یَاجَلِیْلُ ایک سو ایک بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور دونوں کو پانی پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جھگڑا ختم ہوگا اور باہمی محبت پیدا ہوجائے گی۔

ہر غم دور' ہر مشکل حل: اگر کوئی شخص کسی پریشانی میں گرفتار ہوگیا ہو یا کوئی غم اس سے چمٹ گیا ہو جو دور نہ ہوتا ہو یا کوئی ایسی مشکل سامنے آگئی ہو جس کا حل ہونا ضروری ہے ورنہ مال کا یا جان کا بڑا نقصان ہوگا۔ ان سب مسائل سے آزاد ہونے کیلئے اسم الٰہی یَارَشِیْدُ باوضو بعد نماز عشاء تین ہزار مرتبہ پڑھے جگہ اور جائے نماز پاک ہو اس اسم الٰہی کے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک غم دور نہ ہو یا وہ مشکل حل نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مشکلات دور ہوجائیں گی اور غم و فکر دور ہوگا۔

ہر حاجت' ہر مشکل کیلئے مجرب عمل اور درود شریف

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ میرے پاس ہر حاجت اور ہر مشکل کیلئے ایک مجرب ترین عمل اور درود پاک ہے۔ عمل اس طرح ہے: بعض بزرگوں نے لکھا ہے کہ چاہے کتنے ہی مشکل میں پھنسا ہوا ہوں یا کوئی بہت بڑی پریشانی ہو انشاء اللہ اس عمل سے کام باآسانی ہوجاتا ہے۔ شرائط یہ ہیں:۔ 1۔ عمل سے مقصود رضائے الٰہی ہو۔ 2۔ جائز مقصد کیلئے کیا جائے۔ عمل یہ ہے: بعد نماز عشاء اول و آخر سو مرتبہ (100) درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلٰوتِكَ۔ درمیان میں گیارہ سو مرتبہ (1100) اَلْمُعْطِی ھُوَاللّٰہُ پڑھیں اور اپنے جائز مقصد کیلئے دعا کریں' انشاء اللہ کام پورا ہوگا۔ یہ اَلْمُعْطِی ھُوَاللّٰہُ اللہ تعالیٰ کا اتنا مبارک نام ہے کہ تقریباً ہزار ناموں کا مجموعہ ہے اور اللہ کے اس اسم کی برکت سے کوئی صاحب ایمان انکار نہیں کرسکتا۔ (شازیہ تبسم' کوئٹہ)

رمضان میں گھر کھجور تو آگئی! فوائد و عظمت بھی جانیے

کلیم اللہ شیخ' پہاڑپور

کھجور کھانے سے پرانی قبض دور ہوتی ہے۔ دمہ' دل' گردہ' مثانہ' پتے اور آنتوں کے امراض میں کھجور مفید ہے۔ دل کی بیماری اور کالا موتیا کیلئے کھجور کو گٹھلی سمیت کوٹ کر کھانا مفید ہے۔ کھجور کو بھگو کر اس کا پانی پی لینے سے جگر کی بیماری دور ہوتی ہے۔

محترم حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر اور علم میں برکت فرمائے۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان عالی شان ہے کہ نہار منہ کھجور کھاؤ اس سے پیٹ کے کیڑے مرجاتے ہیں (الجامع الصغیر صفحہ 398) حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم مختلف طریقوں سے کھجور استعمال فرمایا کرتے تھے کبھی صرف کھجور اور کبھی ساتھ مکھن یا کبھی دودھ ملا کر تناول فرماتے تھے۔ بعض روایتوں میں کھجور کے ساتھ ککڑی خربوزے یا تربوز کے ساتھ ملا کر کھانے کا بھی ذکر ہے۔ ساتھ ہی اس کی حکمت بیان فرماتے تھے کہ اس طرح کھجور کی گرمی کو ان مذکورہ چیزوں کی ٹھنڈک کے ذریعے معتدل کیا جاسکتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کچی کھجور تناول نہیں فرماتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کی کھجور کیلئے برکت کی دعا بھی فرمائی جس کے سبب وہاں ہمیشہ عمدہ اور بکثرت کھجور پیدا ہوتی ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عجوہ کھجور سب سے زیادہ پسند تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت کا پھل قرار دیا۔ حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ کی ایک روایت کے مطابق جو شخص صبح کو سات عجوہ کھجور کھائے گا اس دن اس پر کسی جادو یا زہر کا اثر نہیں ہوگا۔ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک ارشاد نقل کرتے ہیں کہ ''جس گھر میں کھجور نہ ہو اس گھر والے بھوکے ہیں''۔ جب بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی نومولود بچہ پیش کیا جاتا تو اس کے منہ میں گھٹی کے طور پر کھجور چبا کر ڈالا کرتے۔ اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم بچے کی ماں کیلئے بھی کھجور تجویز فرمایا کرتے تھے۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کے ساتھ مومن کو تشبیہ دی ہے کہ مومن کی طرح اس میں خیر ہی خیر ہے۔ چنانچہ اس کے پتے' تنا' پھل حتیٰ کہ گٹھلی کی گٹھلی کا پاؤڈر بھی فائدہ مند ہے۔ سیدنا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ کھجور کھانے سے قولنج (یعنی بڑی انتڑی کا درد) نہیں ہوتا۔ (کنزل العمال ج:1' ص:12)

کھجور کھانے سے پرانی قبض دور ہوتی ہے۔ دمہ' دل' گردہ' مثانہ' پتا اور آنتوں کے امراض میں کھجور مفید ہے۔ دل کی بیماری اور کالا موتیا کیلئے کھجور کو گٹھلی سمیت کوٹ کر کھانا مفید ہے۔ کھجور کو بھگو کر اس کا پانی پی لینے سے جگر کی بیماری دور ہوتی ہے۔ کھجور کو دودھ میں ابال کر کھانا بہترین مقوی غذا ہے' یہ غذا بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرنے کیلئے بے حد مفید ہے۔ کھجور کی گٹھلیوں کو آگ میں جلا کر اس کا منجن بنا لیجئے یہ دانتوں کو چمکدار اور منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے۔ کھجور کی گٹھلیوں کو آگ میں ڈال کر دھونی لینا بواسیر کے مسوں کو خشک کرتا ہے۔ کھجور کے درخت کی جڑ یا پتوں کی راکھ سے منجن کرنا دانتوں کے درد کیلئے بہت مفید ہے۔ کھجور کا سر (کھجور کے اوپر جو کیپ ہوتی ہے) اس کو اکٹھا کر کے سائے میں خشک کر کے بالکل باریک پاؤڈر بنالیں اور اس کو منجن کے طور پر استعمال کریں' دانت مضبوط اور چمکدار ہوں گے جو زخم گل گیا ہو ڈاکٹر کہیں یہ جگہ کاٹنا پڑے گی اس کیلئے اس پاؤڈر کو بالکل باریک کر کے زیتون کے تیل میں ملا کر پٹی باندھیں روزانہ پٹی بدلیں کچھ عرصہ استعمال سے زخم بالکل ٹھیک ہوجائے گا اور جسم کا کوئی حصہ جل جائے تو یہ پاؤڈر گری کے تیل میں ملا کر لگائیں اسی وقت ٹھنڈک پڑ جائے گی اور چند بار کے استعمال سے نشان بھی ٹھیک ہوجائے گا۔ جس کو کھجور کھانے سے کسی قسم کا نقصان ہوتا ہو تو [illegible] یا خشخاش یا کالی مرچ کے ساتھ استعمال کرے ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ اس طرح ادھ پکی اور پرانی کھجوریں بیک وقت کھانا نقصان دہ ہے اسی طرح کھجور کے ساتھ انگور یا کشمش یا منقیٰ ملا کر کھانا' کھجور اور انجیر بیک وقت کھانا' بیماری سے اٹھتے ہی کمزوری میں زیادہ کھجوریں کھانا نقصان دہ ہے۔ مدینہ منورہ کی کھجوروں کی گٹھلیاں مت پھینکئے کسی ادب کی جگہ دیجئے یا دریا برد فرما دیجئے' بلکہ ہو سکے تو ان کی باریک ٹکڑیاں کر کے جیب میں ڈال کر رکھ لیجئے اور چھالیہ کی جگہ استعمال کیجئے۔

دماغی کمزوری کو دور کرنے کا آزمودہ ٹوٹکہ: مغز اخروٹ 100 گرام' مغز بادام 100 گرام' مغز سونف 100 گرام' دانہ الائچی سبز 10 گرام' مرچ سیاہ 10 گرام' مصری 1 پاؤ۔ ان تمام اجزاء کو باریک پیس کر چھان کر صبح دوپہر اور شام ایک ایک چمچ دودھ یا سادہ پانی کے ساتھ استعمال کریں چند ہفتوں کے مسلسل استعمال سے ہر قسم کی دماغ اور بصری کمزوری دور ہوجاتی ہے۔

(بقیہ: پانچ راتوں کا پیکیج! دنیا و آخرت کی ہر نعمت پائیے)

میں خوب اضافہ ہوگا۔ رمضان کی انتیسویں رات کو جو کوئی چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ القدر اور تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد ستر مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اُسے ایمان کی سلامتی اور ایمان کی مضبوطی عطا ہوگی۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب [illegible] کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

رمضان کی آخری شب کا مراقبہ اور نورانی چہرہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ میں پیشے کے لحاظ سے ایک ڈاکٹر ہوں اور آپ کے تمام درس بذریعہ انٹرنیٹ سنتی ہوں اور عبقری میں آنے والا مراقبہ ضرور کرتی ہوں۔ میں گزشتہ رمضان بہت زیادہ پریشان تھی' کچھ الجھنیں تھیں جو ختم ہونے کا نام ہی نہ لے رہی تھیں مگر آپ کے نماز فجر اور تراویح کے بعد ہونے والے درس اور درس کے بعد ہونے والے اسم اعظم کے ذکر کے بعد دعا میں شامل ہونے کی وجہ سے مجھے کامیابی حاصل ہوئی۔ رمضان المبارک ہی کی بات ہے کہ رمضان المبارک کی آخری شب میں مراقبہ میں تھی کہ مجھے گھر کے لان میں بہت زیادہ فرشتے نظر آئے' ان کے جسم نورانی تھے' مراقبہ کرنے کی وجہ سے میں چہرہ دن بدن نورانی ہوتا جارہا ہے' ہاتھ پاؤں بھی آہستہ آہستہ سفید ہوتے جارہے ہیں' میری بہت سی پریشانیاں اور بیماریاں صرف روزانہ مراقبہ کرنے کی وجہ سے ختم ہورہی ہیں۔ اس کے علاوہ اکثر مجھے خوشبو محسوس ہوتی ہے اور کبھی کبھی کوئی بزرگ بھی نظر آتے ہیں۔ (ش،م، مانسہرہ)

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند ٹیپ یا سٹیپلر زپن کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ راز داری کا خیال رکھا جائے گا۔ اپنا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کر کے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

میں عامل کامل بننا چاہتا ہوں!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزارش یہ ہے کہ میں عامل کامل بننا چاہتا ہوں' براہ مہربانی مجھے کوئی ایسا عمل عنایت فرمائیں کہ میرے ہاتھ میں تاثیر آجائے اور میں بھی عامل بن جاؤں اور مخلوق خدا کی مدد کروں۔ (عبدالماجد' سکھر)

جواب: یہ درود پاک عامل بننے کی کنجی ہے جو شخص صاحب کشف اور عامل کامل بننا چاہے اسے چاہیے کہ تین سال تک اس درود پاک کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ صبح اور گیارہ سو مرتبہ رات کو سوتے وقت پڑھے انشاء اللہ صاحب کشف ہو جائے گا اور اس پر باطنی اور پوشیدہ راز کھل جائیں گے یہ درود پاک صاحب کشف بننے کی گویا کنجی ہے۔ انشاء اللہ اس درود پاک کی کثرت سے آپ کے ہاتھوں میں بھی تاثیر آجائے گی اور آپ لوگوں کا روحانی علاج کرسکیں گے۔ درود پاک یہ ہے: صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّ الرَّحْمَةِ شَفِيْعِ الْاُمَّةِ كَاشِفِ الْغُمَّةِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

وہ مجھے چھوڑ گئی!: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری جس لڑکی سے منگنی ہونے والی تھی وہ مجھ سے بہت پیار کرتی تھی' نامعلوم کیا ہوا کسی عامل کے پاس اپنی آنٹی کے ساتھ گئی اس نے اسے کچھ کھلایا اور کچھ عمل کیا تو ایک ہفتے کے اندر اس کے بیٹے کے ساتھ بھاگ گئی' گزشتہ تین سال سے کیس چل رہا ہے لڑکی اب تک اسی لڑکے کے حق میں بیان دیتی ہے۔ میں ابھی تک اسی بات پر اڑا ہوا ہوں کہ میں نے شادی صرف اسی لڑکی سے کرنی ہے' وہ مجھ سے بہت محبت کرتی تھی' میں بھی اس سے بہت محبت کرتا تھا' ہماری شادی بس ہونے ہی والی تھی' خدارا مجھے کوئی وظیفہ بتائیں کہ مجھے میری محبت مل جائے یا محبت میرے دل سے ختم ہو جائے۔ نہیں تو میں خودکشی کرلوں گا۔ (پ۔ا' سکھر)

جواب: جو آپ کو چھوڑ کر کسی اور کی ہو چکی ہے' چاہے وجہ کوئی بھی ہو' اس کے بارے میں سوچ سوچ کر کیوں اپنی زندگی برباد کر رہے ہیں؟ آپ پانچ وقت نماز پڑھیں اور سارا دن کثرت کے ساتھ استغفار پڑھیں اور اپنے گھر والوں سے کہیں کہ آپ کیلئے کوئی نیک' صالحہ اور اچھا رشتہ تلاش کریں اور سادگی سے سنت کے مطابق نکاح کریں۔ انشاء اللہ آپ کی بہتری اسی میں ہے۔

کام نہیں چل رہا: محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارا مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے پیتل تانبے کا کام شروع کیا ہے لیکن کام ٹھیک سے نہیں چل رہا' ایک سال ہو گیا ہے کام شروع کیے ہوئے لیکن کوئی بہتری نہیں آرہی۔ میرے والد سعودیہ میں کام کرتے ہیں ان کے کاروباری حالات بھی خراب ہوتے جارہے ہیں۔ اس کے علاوہ میرے بہنوئی میری بہن کو چھوڑ کر باہر چلے گئے ہیں چار سال سے واپس نہیں آئے نہ ہی رابطہ کیا ہے۔ دونوں مسائل کیلئے کوئی حل بتائیں۔ (ا،ا)

جواب: کاروبار کیلئے آپ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ 313 دفعہ نہایت توجہ سے روزانہ پڑھیں اگر گھر کے دیگر افراد پڑھیں تو اور زیادہ فائدہ ہوگا اور یہ عمل کم از کم 90 دن کریں۔ اپنی بہن سے کہیں کہ وہ سارا دن اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے [illegible] مُوْسٰى يَا رَبِّ كَلِيْم بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شوہر کا دھیان کر کے پڑھے' انشاء اللہ شوہر واپس آجائے گا۔

بندش نکاح: میری والدہ کی دلی تمنا تھی کہ دنیا سے رخصت ہونے سے پہلے میرے نکاح کی خوشخبری سن لیں' بہت افسوس کہ نہیں ہوسکا' اب میری عمر 30 سال کے قریب ہے' گھر والے میری نکاح کے بارے میں بہت پریشان ہے اور اساتذہ کرام بھی بہت پریشان ہیں' اساتذہ نے پانچ جگہ کوشش کی لیکن عین وقت پر لڑکی والے انکار کر گئے' جس سے بھی معلوم کیا انہوں نے بندش بتائی۔ مہربانی کر کے کوئی مجرب عمل بتائیں۔ (محمد امین' رائے ونڈ)

جواب: بھائی! مبارک ہو رمضان المبارک آگیا' آپ یہ عمل کریں: رمضان شریف کی گیارہویں اور بارہویں روزے (29 ویں شب کو بھی یہ عمل کیا جاسکتا ہے) کی درمیانی رات کو بعد نماز عشاء دو دو رکعت کر کے 12 نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔ 12 نوافل پڑھ کر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر تمام نفل اور درود شریف کا ثواب حضور نبی کریم ﷺ کو پہنچائیں اور پھر حضور نبی کریم ﷺ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر خلوص دل' انکساری' عاجزی سے کم از کم 15 منٹ تک دعا کریں۔ بے شمار کا آزمودہ اور عبقری میں کئی مرتبہ اس کے مشاہدے چھپ چکے ہیں۔

آپسی جھگڑے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گھر میں بہن بھائیوں کا آپس میں لڑائی جھگڑا رہتا ہے' روزی کی بہت تنگی ہے' کافی قرض چڑھ گیا ہے' رشتوں کی بندش ہے' بیوی بیمار ہے' دو بچے اور ایک بچی کانوں سے کم سنتے ہیں۔ براہ مہربانی ان مسائل کا حل بتائیں۔ شکریہ! (خدا بخش' کوٹ ادو)

جواب: آپ تمام گھر والے کثرت سے وضو بے وضو' پاک ناپاک' اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے ہر حالت میں کھلا حٰمٓ لَا يُنْصَرُوْنَ لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ انشاء اللہ کچھ عرصہ میں حالات بدلتے خود دیکھیں گے۔

خواب میں جن نظر آتے ہیں: میرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے ساری ساری رات نیند نہیں آتی' دل بہت مایوس رہتا ہے' اکثر دل کرتا ہے کہ دیوار سے مار کر سر پھوڑ دوں۔ اگر نیند آتی بھی ہے تو خواب میں جن نظر آتے ہیں' کبھی اگر کسی کی بتائی پڑھائی کرتا ہوں تو میرے بال کاٹ دیتے ہیں۔ مزید جگر بھی خراب ہے اور خون نہیں بنا رہا۔ (غ۔ش)

جواب: آپ صبح و شام اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ گیارہ تسبیح يَاقَهَّارُ کی پڑھیں۔ اس کے علاوہ بھی سارا دن يَاقَهَّارُ کھلا پڑھیں۔

آپریشن سے ڈر لگتا ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم سب گھر والے عبقری رسالے سے اتنے متاثر ہیں کہ میرے پاس تعریف کے الفاظ نہیں ہیں۔ اللہ کریم سے آپ کی صحت و تندرستی اور درازی عمر کیلئے دعا گو ہوں۔ آج سے آٹھ سال پہلے ہارٹ اٹیک ہوا' پھر 2015ء میں دوبارہ ہارٹ اٹیک ہوا اس کے بعد بیماریوں کا لاتعداد سلسلہ شروع ہوگیا' کبھی سانس کی تکلیف' کبھی بدہضمی' کبھی پیٹ درد وغیرہ' دو دفعہ ہسپتال میں بھی داخل رہا۔ معاشی پریشانیاں بھی ہیں' ابھی پچھلے ہفتے پیٹ میں درد ہونے پر الٹراساؤنڈ کروایا تو پتہ چلا کہ جگر میں دو رسولیاں ہیں' ڈاکٹرز نے فوری آپریشن تجویز کیا ہے' مجھے آپریشن سے بڑا ڈر لگتا ہے' کوئی ایسا وظیفہ بتادیں کہ مجھے ان بیماریوں سے چھٹکارا نصیب ہو جائے۔ رو رو کر برا حال ہے' کرائے کا مکان ہے' بیوی بھی بیمار میں بھی بیمار نہ جانے ہمارا کیا بنے گا؟ ڈاکٹروں کی فیس برداشت سے باہر ہے۔ (م۔ا' فیصل آباد)

جواب: نماز عشاء کے بعد تین سو بار ''يَا وَهَّابُ'' اور نماز فجر کے بعد اسی تعداد میں يَا بَاسِطُ پڑھ کر دعا کی جائے۔ کم از کم چار ماہ تک۔ انشاء اللہ حالات میں تبدیلی واقع ہوگی۔ بیماریوں کے لیے صبح و شام ایک بار سورۂ رحمٰن اور سورۂ تغابن اور اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ اس عمل کو کم از کم تین ماہ کیا جائے۔

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر ز پن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

نظر کمزور: میری عمر 17 سال ہے' دور کی نظر دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہے' کالج میں بورڈ پر لکھا ہوا پڑھنا بہت دشوار ہوتا ہے' زیادہ دیر کتاب پڑھوں تو آنکھیں درد کرتی ہیں کوئی آسان حل فرمائیں۔ (کنور عزیز' اسلام آباد)

مشورہ: بیٹا! آپ بازار میں جہاں دیسی جڑی بوٹیاں ملتی ہیں وہاں سے ایک دوا ''کشنیز خشک'' خرید لیں' ایک کلو خریدیں۔ یہ سب آپ نے کھانی ہے۔ روزانہ ایک چائے والا چمچ صبح اور شام کھائیں۔ بغیر پانی وغیرہ کے آپ سب کو کھلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپ کو بہت فائدہ ہوگا۔

سر کے بال گر رہے ہیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر ابھی صرف 25 سال ہے اور میرے سر کے بال گرنا شروع ہوگئے ہیں' تقریباً آدھے سر سے بال اتر گئے ہیں۔ سب لڑکے مذاق اڑاتے ہیں' کوئی حل بتادیں کہ بال گرنا بند ہوجائیں۔ (ارشد لطیف' فیروز والہ)

مشورہ: بھائی! آپ کلونجی کا تیل اپنے سامنے نکلوائیں۔ روزانہ رات سوتے وقت تولیہ سے متاثرہ جگہ کو اچھی طرح رگڑ کر اس جگہ پر یہ تیل انگلی کی مدد سے مساج کیا کریں بال نکل آئیں گے۔ اس کے علاوہ آپ تین چمچ سرکہ، تین چمچ عرق لیموں میں ایک عدد کیلا اچھی طرح پھینٹ کر سر پر لگایا کریں' بال نکلنا شروع ہوجائیں گے اور گرنا بند ہوجائیں گے۔

میں صحت مند رہنا چاہتا ہوں: میری عمر 50 سال ہے' میں چاہتا ہوں کہ لمبی عمر تک صحت مند رہوں کوئی بیماری وغیرہ نہ آئے اب بھی میں کبھی بیمار نہیں رہتا' کوئی ایسی ترکیب بتائیں کہ میرا مقصد پورا ہوجائے۔ (جہانداد خان' بنوں)

مشورہ: آپ صبح سویرے اٹھ کر نماز ادا کیا کریں' پھر سیر کو نکل جایا کریں' پچاس سال کے آپ ہیں تو آپ روزانہ کم از کم پچاس منٹ پیدل واک کیا کریں۔ واپسی پر ایک عدد سیب کھائیں اور جو کا دلیہ دودھ میں پکا ہوا کا ناشتہ نوش فرمائیں۔ موسمی تازہ پھل اور سبزیاں استعمال کریں۔ خوش رہیں خوش رکھیں۔ انشاء اللہ آپ ہمیشہ صحت مند رہیں گے۔

کریموں نے بیڑہ غرق کردیا: محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے چہرے پر چھائیاں ہیں' میں نے بہت زیادہ کریمیں استعمال کی ہیں جس کی وجہ سے میرے چہرے پر بال آگئے ہیں' کوئی بھی کریم لگاؤں تو الرجی ہوجاتی ہے' رنگ برنگی کریموں کی وجہ سے میرا چہرہ بہت زیادہ خراب ہوچکا ہے' خدارا مجھے کوئی نسخہ عنایت فرمائیں کہ میرا چہرہ پھر سے ٹھیک ہوجائے۔ اس کے علاوہ میرے پاؤں اکثر خراب رہتے ہیں' سوجن اور دانے نکلتے رہتے ہیں۔ اس کیلئے بھی کچھ بتائیں۔ (ش،ز)

مشورہ: آپ عبقری دواخانے کی بنی ہوئی دوا ''خون صفاء'' اور ''چہرہ شفاء'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ رات کو سونے سے پہلے چہرے پر دودھ کی بالائی لگا کر سوجایا کریں۔ رنگ برنگی اشتہاری کریموں سے بچیں۔ اس کے سائیڈ ایفیکٹ بہت زیادہ مل رہے ہیں۔

اب کوئی دوا کام نہیں کرتی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کافی عرصہ سے آپ کا رسالہ عبقری کا مطالعہ کررہا ہوں' میرا ایک مسئلہ ہے میری عمر تقریباً 53 سال ہے اور تقریباً [illegible] لائق نہیں رہا' علاج تقریباً ہر بڑے ڈاکٹر اور حکیم سے کروایا ہے کوئی دوا کام ہی نہیں کرتی ہے اور اب مایوس ہوکر آپ کی خدمت میں اپنا مسئلہ بھیج رہا ہوں' روحانی علاج بھی بہت کروائے' میں اللہ کی ذات سے مایوس نہیں ہوں مگر میری گھریلو زندگی تباہ ہورہی ہے۔ (ع۔ب، حیدرآباد)

مشورہ: سب سے پہلے تو آپ اپنے آپ کو آرام دیں اور اتنا پریشان نہ ہوں۔ آپ مستقل مزاجی سے علاج کرائیں ٹھیک ہوجائیں گے۔ درج ذیل نسخہ استعمال کریں۔ نسخہ ھوالشافی: مغز املی کلاں' ستاور' بیج بند سُرخ' تالمکھانہ' اندرجو شیریں' بدھارا' تخم لاجونتی' اسگندھ' بہمن سفید' مصری ان تمام دس چیزوں کو ہم وزن لے کر پیس کر کسی جار میں محفوظ رکھیں۔ اس دوا کا ایک چمچ چائے والا صبح وشام پانی سے کھالیا کریں۔ صبح دس بجے اور رات کو عبقری دواخانہ کی ''معجون مراد'' ایک چمچ چائے والا اور دو گولی ''قوتی'' دودھ سے کھالیا کریں۔ خوش رہنے کی کوشش کریں۔ صبح کی سیر ضرور کریں' ورزش کی عادت اپنائیں' جسم اور ٹانگوں کی روغن زیتون سے مالش کیا کریں۔

دو بڑے مسئلے: میں 9th کلاس کی اسٹوڈنٹ ہوں اور میری عمر 14 سال ہے' میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' میرے دو مسئلے ہیں میرا پہلا مسئلہ یہ ہے کہ میرے چہرے پر بہت سے تل بنے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے چہرہ بہت متاثر ہوتا ہے۔ مہربانی فرما کر مجھے کوئی ایسا زوداثر ٹوٹکہ یا نسخہ بتائیں جس سے یہ جلد ختم ہوجائیں۔ میرا دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے سر کے بال بہت تیزی سے گر رہے ہیں' نہانے کے بعد بال بہت زیادہ اترتے ہیں' مہربانی فرما کر مجھے کوئی ایسا نسخہ بتائیں جس سے میرے بال گرنا بند ہوجائیں' گھنے اور لمبے بھی ہوجائیں۔ (س،ز۔ بہاولپور)

مشورہ: چہرے پر تلوں کا مسئلہ اور سر کے بال تیزی سے گرنا دراصل دماغی کمزوری کی وجہ سے ہے۔ آپ مندرجہ ذیل نسخہ کم از کم تین ماہ استعمال کریں۔ اطریفل اسطوخودوس، خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا، جوارش جالینوس، معجون عشبہ، کسی اچھے دوا خانہ سے لے کر اوپر لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ عبقری دواخانہ کی ''دیسی کریم'' لکھی گئی ترکیب کے ساتھ استعمال کریں اور پھر کمال دیکھیں۔

ٹائیفائیڈ اور لیکوریا کیلئے میرے ذاتی تجربات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں رسالہ عبقری کی شروع سے قاری ہوں' رسالہ عبقری سے میں نے بلکہ بہت سے جاننے والوں نے بھی استفادہ حاصل کیا' [illegible] آپ کی بےلوث کاوشوں کیلئے اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ آپ کو اور دیگر اہلیان کو بہت بہت اجر عظیم عطا فرمائے' دو تجربات اور مشاہدات ارسال کررہی ہوں کہ اللہ رب العزت ان سے اپنی مخلوق کا مداوا فرمائیں۔ کسی بھی قسم کا بخار ہو جو اتر نہ رہا ہو جیسے ٹائیفائیڈ یا پرانا بخار تو رات ایک پیالی ٹھنڈے دودھ میں اجوائن ایک چٹکی ڈال دیں' صبح نہار منہ اجوائن سمیت دودھ نوش فرمائیں' اس کے بعد حسب معمول ناشتہ کرلیں' پرہیز کچھ نہیں' اپنے روزمرہ کے کام کریں' آپ کو محسوس ہوگا کہ آپ کی ہڈیوں سے حرارت نکل رہی' چند روز استعمال کریں انشاء اللہ کوئی بھی بخار نہیں رہے گا۔ **لیکوریا کیلئے:** درج ذیل قرآنی آیات لکھ کر بازو پر تعویذ باندھنا ہے یا گلے میں ڈالنا ہے' دوسرا طریقہ: لکھ کر پانی میں ڈال لیں اور پانی لگاتار چالیس روز تک استعمال کریں' انشاء اللہ تعالیٰ مکمل شفاء ہوگی۔ لیکوریا کیلئے یہ لکھنی ہیں:۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ یَابَارِئُ یَا مُصَوِّرَ الۡاَرۡحَامِ (زردہ رنگ سے لکھنا ہے۔)۔ میں نے رکاوٹوں کیلئے استخارہ کیا تھا جس میں مجھے سورۂ یوسف کو چالیس روز پڑھنے کی تلقین کی گئی الحمدللہ میں نے یہ سورۂ چالیس روز تک پڑھی' بہت مجرب پایا۔ (شگفتہ مسرت' ایبٹ آباد)

دل ہر وسوسے اور گندگی سے پاک: جو کوئی اسم یَاقُدُّوْسُ کو پاک صاف ہو کر پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر اس کا ورد کرتا رہے گا' کچھ ہی عرصہ میں اس کا دل ہر قسم کے وساوس اور گندے خیالات سے پاک ہو جائیگا۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

گناہ کر کے اکڑ کر چلتی! کریم نے پھر بھی کرم کر دیا

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں' کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

قارئین! حضرت جی! کے درس' موبائل (میموری کارڈ)' نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں' انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہو جاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں' روز سنیں' آپ کے گھر' گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دعا ہے اللہ کریم آپ کو لمبی زندگی دے' دونوں جہانوں کی کامیابیاں عطا کرے۔ آمین! میرا یہ کسی بھی ادارہ میں پہلا خط ہے' میں کچھ ماہ سے انٹرنیٹ سے آپ کے درس روحانیت و امن سن رہی ہوں۔ میں گناہوں میں ڈوبی ہوئی تھی کہ اللہ کریم کی مجھ پر نظر کرم ہوئی اور میرا آپ سے رابطہ ہو گیا' میں آپ کے درس میں بتائے ہوئے وظائف پر عمل کرتی ہوں اور مجھے بہت حوصلہ ملتا ہے۔ محترم حضرت جی! میری داستان بہت عجیب ہے' میری عمر 24 سال ہے' زندگی کے آٹھ سال گناہوں میں گزار دیئے' کوئی گناہ ایسا نہیں جو میں نے نہ کیا ہو اور فخریہ گناہ کرتی تھی یعنی گناہ کر کے اس پر فخر کر کے اکڑ کر چلتی تھی' زندگی کو خوب ''انجوائے'' کیا۔ اللہ کریم کو ناراض کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے کبھی نہ جانے دیا۔ میں صرف یہ بتانا چاہتی ہوں کہ میں تو گناہوں سے بھری گندی لڑکی ہوں مگر نامعلوم اللہ کریم کو میری یا میرے بڑوں کی کون سی نیکی پسند آ گئی کہ اس نے مجھ پر اتنا کرم کر دیا۔ میں اتنی دور نکل گئی تھی کہ میرے ساتھ ایسا بہت کچھ ہو سکتا تھا کہ میں نہ دین کی رہتی نہ دنیا کی۔ کیونکہ میں اپنے شہر سے میلوں دور رہتی تھی اس لیے مجھے مکمل آزادی حاصل تھی۔ گھر والوں کو فون پر سب اچھا کی رپورٹ دیتی اور انتہائی شریف' نیک' باپردہ اور ان کی عزت کا پاس رکھنے والی بتاتی اور بعد میں خود ہی ہنستی کہ میری باتوں سے کیسے مطمئن ہو جاتے ہیں۔ مگر میرے اللہ نے مجھے پھر بھی بچائے رکھا' میرے ہر گناہ پر وہ پردے ڈالتا رہا۔ پھر اچانک اللہ نے مجھے عمرے کی سعادت دی' محترم حکیم صاحب! میں اتنی گناہ گار ہوں کہ اگر میری فیملی کو ذرا بھی علم ہو جائے تو وہ مجھے زندہ جلا دیں' میری قبر پر آ کر کوئی تھوکنا بھی پسند نہ کرے' جب میں عمرے سے واپس آئی اور آپ کے درس انٹرنیٹ سے صبح و شام سننے شروع کیے تو میری زندگی بدلنے لگی۔ میں نے کبھی سوچا بھی نہ تھا کہ میں بھی بدل سکتی ہوں یا میں بھی بدل جاؤں گی۔ مدینہ پاک میں ریاض الجنۃ میں اللہ کے نبی ﷺ سے دعا کہ یارسول اللہ ﷺ! میرے خواب میں تشریف لے آئیں' میں خالی نہیں جانا چاہتی' حضرت صاحب! اللہ کریم کا کرم دیکھئے کہ اللہ کے حبیب حضور نبی کریم ﷺ کی اسی رات مجھے خواب میں زیارت نصیب ہوئی۔ مجھ سی گندی گنہگار پر اتنا کرم میرے تو آنسو ہی نہیں رکتے تھے۔ میں اللہ سے دور تھی تب بھی اس کریم نے ہر دعا قبول کی اور جب سے اللہ پاک سے تعلق بنا اب بھی الحمدللہ جو بھی سچے دل اپنے کریم اللہ سے مانگتی ہوں ملتا ہے۔ میری زندگی میں جو بھی کمی تھی آپ کے دروس نے پوری کر دی' آپ نے مجھے اللہ سے باتیں کرنا سکھایا' میرے دل سے آپ کیلئے دعائیں نکلتی ہیں۔

چند ماہ پہلے میں اپنے والد محترم کے ساتھ لاہور آئی' جمعرات کا دن تھا' آپ کی گلی کا دیدار کیا' تسبیح خانہ دیکھا' میرے دل میں بڑی خواہش تھی کہ اللہ مجھے بھی کبھی تسبیح خانہ کا دیدار کروائے گا' اللہ نے میری یہ دعا بھی قبول فرمائی۔ آپ کا درس سنا' دعا میں زار و قطار روئی' دل کر رہا تھا کہ تسبیح خانہ کے سامنے بیٹھی رہوں۔ آپ سے پہلے کبھی نہ ملی تھی' کبھی تسبیح خانہ نہ دیکھا تھا' پہلی مرتبہ تسبیح خانہ دیکھ کر جب واپس جا رہی تھی تو گاڑی میں ایسے رو رہی تھی کہ جیسے کسی بہت ہی اپنے کو چھوڑ کر جا رہی ہوں' اب تو یہ عالم ہے کہ درس سنے بغیر مجھے نیند ہی نہیں آتی۔ اب سر پر ڈوپٹہ آ گیا ہے حالانکہ اس سے پہلے گلے میں بھی کبھی کبھی ہی ہوتا تھا۔ مگر درس ہی کی برکت ہے کہ اب سر سے کبھی ڈوپٹہ ہٹنے نہیں دیتی۔ آپ اللہ کے دوست ہیں اور اللہ کیلئے مجھے آپ سے محبت ہے۔ آپ ہم جیسوں کو اللہ سے باتیں کرنا سکھاتے ہیں' آپ کی ہر بات پر یقین کرتی ہوں۔ تسبیح خانہ کا لنگر کھایا' لنگر کی کیا بات ہے' اللہ آپ کے تسبیح خانہ کو قیامت تک آباد رکھے۔ دنیا سے محبت بہت کر لی اب میں اللہ سے محبت کرنا چاہتی ہوں' مجھے اللہ چاہیے اس کی محبت چاہیے۔ ڈھیر ساری دعائیں آپ کیلئے اور سوہنے تسبیح خانہ کیلئے۔ (پوشیدہ)

رمضان' جمعہ' آیۃ الکرسی کا عمل اور شاندار نوکری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت اہتمام سے پڑھتی ہوں' مجھے ہر ماہ اس شمارے کا انتظار رہتا ہے۔ آپ کے درس ہر جمعرات کو انٹرنیٹ پر بہت غور اور شوق سے سنتی ہوں اور اس میں بتائے گئے اعمال توجہ اور دھیان سے کرتی ہوں۔ الحمدللہ! گزشتہ رمضان میں بذریعہ انٹرنیٹ آپ سے بیعت بھی ہو چکی ہوں۔ آپ ہمارے شہر تشریف لائے تھے' بہت دل تھا کہ اپنے ہاتھ سے کچھ بنا کر آپ کیلئے لاؤں پھر سوچا یہ کیسے ممکن ہوگا؟ میں بہت دور ہوں' بہت خواہش ہے کہ ایک بار ملاقات کیلئے وقت مل جائے' انشاء اللہ اللہ وہ دن بھی ضرور لائے گا۔ گزشتہ رمضان المبارک میں آپ نے بروز جمعۃ المبارک جمعہ کے خطبہ کے دوران ایک عمل بتایا تھا کہ جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد سے لے کر نماز مغرب کی اذان تک مسلسل آیۃ الکرسی پڑھی جائے اور جب مؤذن مغرب کی اذان دینے لگے تو سجدے میں جا کر اللہ کریم سے جو مانگا جائے وہ مل جاتا ہے۔ پہلا جمعہ نہیں تو دو سے تین جمعہ میں کام ہو جاتا ہے۔ میں ایک ڈاکٹر ہوں اور اپنی نوکری کیلئے پریشان تھی مگر اس عمل کی برکت سے مجھے بہت شاندار نوکری انتہائی آسانی سے مل گئی۔ اس کے علاوہ میں الحمدللہ درود نور بہت زیادہ پڑھتی ہوں۔ اللہ قبول فرمائے۔ (مریم شہزادی' مانسہرہ)

دوران روزہ پیاس نہیں لگتی! ٹوٹکہ لے لیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دو ٹوٹکے ہیں جو میں اس رمضان قارئین عبقری کی نذر کر رہی ہوں۔ اگر بلڈ پریشر ہائی ہو تو دودھ کی کچی لسی بغیر نمک ڈالے پی لیں اور اگر بلڈ پریشر لو ہو تو ایک گلاس ٹھنڈے پانی میں چینی اور تھوڑا سا (حسب ذائقہ) نمک ملا کر دن میں تین چار بار پینے سے لو بلڈ پریشر ٹھیک ہو جاتا ہے اور جسم میں اگر بہت زیادہ گرمی محسوس ہو تو یہی پانی پی لیں گرمی زائل ہو جاتی ہے۔ خاص کر شدید گرمی کے رمضان میں افطاری کے بعد یہ پانی ایک گلاس ضرور پینا چاہیے۔ گزشتہ رمضان میں میں نے ہر روز سحری ختم ہونے سے کچھ منٹ پہلے تین یا پانچ کھجوریں لے کر ایک ایک کر کے چبا چبا کر کھاتی رہی' ساتھ پانی بھی پیتی رہی۔ یہ ٹوٹکہ میں نے عبقری میں پڑھا تھا گزشتہ رمضان مجھے بہت فائدہ ہوا' اس سے پیاس بالکل بھی نہیں لگتی۔ گزشتہ رمضان آپ کے تمام درس سحری و افطاری کے بذریعہ انٹرنیٹ سنتی رہی پورا رمضان بہت ہی شاندار گزرا۔ میں اکثر گھر بیٹھ کر سوچتی ہوں کہ ہمارا تسبیح خانہ انشاء اللہ قیامت تک قائم رہے گا۔ کیونکہ یہاں پر لوگوں کی پریشانیاں دور ہوتی ہیں' الجھنیں ختم ہوتی ہیں' بندشیں ٹوٹتی ہیں' بیماریاں ختم ہوتی ہیں۔ دکھیاروں کے دکھ ختم ہوتے ہیں۔ صحابی بابا اور علامہ لاہوتی صاحب کیلئے دعا۔ دعاؤں کی منتظر (فرح ذوالفقار)

پھٹے پرانے بوسیدہ عبقری کی ایک لائن نے زندگی بدل دی

نوازش علی خان، اٹک

قارئین! دین کا علم تو میرے پاس کم ہی تھا' نہ ماں کے حقوق کا پتہ نہ بیوی کے حقوق کا پتہ' میں تو یہی سمجھتا تھا کہ بیوی کو بولنا نہیں چاہیے' ماں کے ساتھ مل کر میں بھی بیوی کیخلاف جی بھر کر بولتا' آخر بیوی بھی انسان تھی' اپنی ماں کے گھر چلی گئی۔ ماں باپ سے علیحدہ گھر لے کر بیوی بچوں کے ساتھ رہنے لگا' کیبل کا بھوت سوار ہوگیا' گھر میں کیبل لگوالی پھر تو سارا دن رات جب گھر ہوتا ٹی وی ہی لگا رہتا' کبھی فلمیں' کبھی میچ' کبھی گانے' میں تو جانور بن چکا تھا' میری بیوی دیندار تھی' اُسے ٹی وی سے نفرت تھی' کہتی میں دیکھتی ہوں تو میرے سر میں درد شروع ہوجاتا ہے' اس لیے وہ ٹی وی والے کمرے میں بیٹھتی ہی کم تھی' نماز کی پابند تھی' مجھے کہتی نماز تو پڑھ لیا کریں' میرے حالات بڑے تنگ ہوتے گئے' بس اس طرح لگتا تھا مہنگائی سے گزارا مشکل' تنخواہ تھوڑی' بچے ہر ماہ بیمار ہونا شروع ہوگئے' ہر ماہ پیسے دوسروں سے مانگنا پڑتے۔ بچے ہر ماہ بیمار ہوتے تو انہیں آرام صرف شہر کے مہنگے ترین ڈاکٹر سے ہی آتا' مجھے اس بات پر بھی حیرت ہوتی [illegible] جب تحقیق کی تو معلوم ہوا وہ اور اس کا تمام سٹاف نمازی ہے پھر میرے دل نے فیصلہ کیا کہ ہاں جو ہوتا ہے اللہ سے ہوتا ہے' پہلے میں زبان سے کہتا تھا مگر اللہ سے مانگتا نہیں تھا' فیصلہ کیا کہ اب نماز نہیں چھوڑوں گا' میرے اللہ نے مجھ پر بڑا کرم کیا اور مجھے ہدایت دی' میں نے پانچ وقت کی نماز شروع کردی' کہا کہ جو بھی ہوجائے نماز نہ چھوڑوں گا' نماز پڑھتا' بڑا سکون ملتا' پھر نماز کا ترجمہ یاد کرنا شروع کیا تو احساس ہوا کہ ہم تو ساری نماز میں اپنے اللہ سے مانگتے ہیں' ہم تو نماز میں اللہ سے کچھ مانگتے ہیں اللہ کو دیتے تو کچھ بھی نہیں' نماز میں کبھی اپنے لیے مانگتے ہیں کبھی اپنی اولاد کیلئے' کبھی والدین کیلئے اور سب مسلمانوں کیلئے۔ ایک مرتبہ گھر میں عبقری پڑا دیکھا' کافی پرانا تھا' اماں پڑھتی تھیں' پرانے سامان کے ساتھ میرے گھر بھی آگیا۔ گرد پڑی ہوئی تھی' کافی صفحات پھٹ چکے تھے' اٹھایا' کپڑے سے مٹی صاف کی' وہ عبقری رسالہ جولائی 2011 کا تھا جس سے میرے دل پر ایسی چوٹ لگی کہ دنیا بدل گئی' میں بدل گیا' رسالہ پڑھتے پڑھتے جب میں صفحہ نمبر 31 پر پہنچا تو وہاں لکھا تھا ''ڈاڑھی کٹوانے کا عبرت انگیز واقعہ'' دل پر ایسی چوٹ لگی کہ میں اپنے آپ کو مجرم تصور کرنے لگا' پہلے یہی سوچتا کہ سنت ہے' رکھ لی تو ٹھیک' نہیں تو کوئی گناہ نہیں' کبھی کوئی کہتا رکھو' کٹوانا حرام ہے' میں کہتا کہ سنت ہے رکھ لوں گا لیکن جب پڑھا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے مسلمانوں کو تاکید کے ساتھ کہا کہ ڈاڑھی رکھ کر مجوسیوں کی مخالفت کرو' مشرکین کی مخالفت کرو' ڈاڑھیاں بڑھاؤ' مونچھیں خوب کترآؤ۔ (بخاری شریف) حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت محمد ﷺ کا ارشاد نقل کرتی ہیں کہ دس باتیں فطرت میں ہیں جن میں مونچھیں کترنا اور ڈاڑھی بڑھانا بھی شامل ہے۔ اور اسی وجہ سے ڈاڑھی رکھنے کو واجب اور کاٹنے کو حرام کہا جاتا ہے۔ یہ بات کہہ دینا کوئی معنی نہیں رکھتی کہ یہ تو ایک سنت ہے کرلو تو اچھا نہ کرو تو گناہ نہیں اگر یہ گناہ نہ ہوتی تو آنحضرت ﷺ اس کو کاٹنے کے خلاف ناگواری کا اظہار نہ فرماتے اور رکھنے کی اتنی تاکید نہ فرماتے۔ جب یہ پڑھا تو پھر مجھے کیا ہوا' اپنے آپ سے باتوں کا سلسلہ شروع ہوگیا کہ تو نہ تو اللہ کی مانتا ہے نہ رسول ﷺ کی مانتا ہے' تجھے [illegible] جب نماز میں کھڑا ہوتا یہ خیال ذہن میں آتا مسجد کیوں آیا ہے؟ شکل تو اس طرح بناتا نہیں جس طرح اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا حکم ہے اور نماز میں کھڑا ہوجاتا ہے اور کہتا ہے یا اللہ تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں۔ مسجد جاتا تو یہ خیالات آنے شروع ہوجاتے کہ تو اللہ کی نہیں مانتا جب گھر آتا تو پھر وہی حال شروع ہوجاتا' کئی دفعہ فیصلہ کیا کہ اب شیو نہیں کروں گا لیکن پھر شیطان اپنا زور لگاتا کہ ڈیوٹی پاس میں تصویر تبدیل کروانی پڑے گی' شناختی کارڈ پر تصویر تبدیل کروانی پڑے گی' بڑی مشکل ہوگی اس چکر میں دوبارہ شیو کروالیتا۔ میری اور نفس کی جنگ شروع ہوچکی تھی' جب شیو بڑھ جاتی تو خود کو دیکھتے ہی اندر سے آواز آتی کیا خود کو روگ لگالیا ہے' کیسی حالت بنالی ہے' چھوڑو ڈاڑھی میں بال بھی تھوڑے تھوڑے سفید ہوگئے ہیں' شیو کرواؤ جاکر۔ لیکن دوسری طرف پھر خیال آتا کہ نماز کیلئے کھڑا ہوجاتا ہے اور کہتا ہے کہ میں اللہ کی مانتا ہوں۔ میں نے گھر میں رسالہ رکھا ہوا تھا روزانہ اس کو کھول کر پڑھتا تو پھر اپنے آپ کو بُرا بھلا کہنا شروع کردیتا کہ نبی پاک ﷺ سے مجھے محبت نہیں ہے مجھے بس کچھ سمجھ نہیں آتا کہ کیا کروں پھر اللہ نے دل میں ڈال دیا کہ گناہ سے بچنے کی توفیق اور نیکی کرنے (باقی صفحہ نمبر 17 پر)

رب کو منانے کا راز

(اہلیہ منصور' لاہور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری قارئین کیلئے میرے پاس رمضان المبارک میں روزہ اور عبادات کے حوالے سے کچھ مفید باتیں ہیں انشاء اللہ قارئین اس سے سوفیصد مستفید ہوں گے۔ اب سے کچھ سال پہلے محترم جناب حضرت حکیم صاحب اپنے ہر درس میں بار بار یہ جملہ دہرایا کرتے تھے ''اُٹھ بھلیا چل یار منایئے''۔ حضرت جی فرماتے تھے گھر کے کسی کونے میں یا تنہائی میں جاکر نماز نفل ادا کی جائے۔ چاہے حاجت کے نفل ہوں یا شکرانے کے نفل ہوں' حتیٰ کہ جو بھی نیت ہو سب اکٹھی کرکے نوافل ادا کریں۔ تمام دھیان نماز میں جما کر بھکاری بن کر عاجزی' انکساری کے ساتھ نماز ادا کریں' گڑگڑا کر دعائیں مانگیں' اپنا دامن پکڑ پکڑ کر جھولی پھیلا پھیلا کر رب سے مانگیں' پھر دیکھیں کیسے یار (میرا رب کریم) مان جاتا ہے۔

میں نے جب رمضان کریم سے پہلے یہ درس سنا تھا تو رمضان میں ہی یہ عمل شروع کردیا' پھر آج چوتھا سال ہے اور میرا رب کریم ایسا مانا ایسا مانا اور رب سے ایسی ''یاری لگی'' [illegible] افطاری کے بعد سے ہی دل کہتا ہے ''اُٹھ بھلیا چل یار منایئے'' اور عشاء کی اذان ہوتے ہی میں اپنی جائے نماز پر قرآن' تسبیح وغیرہ لے کر اپنے گھر کے ٹیرس پر چلی جاتی ہوں (مکمل باپردہ انتظام ہے) پھر تنہائی میں آنسو بہتے ہیں' کبھی کپکپی طاری ہوجاتی' اکثر ایسی کیفیت ہوتی کہ میں کہتی ہوں کہ اللہ کریم آپ مجھے بتائیں کہ کیا آپ مجھ سے خوش ہیں نا' اس کے بعد نماز تراویح کی چار رکعت کے بعد جو دعائے تراویح پڑھی جاتی ہے میں اس میں ساتھ ہی سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 پڑھتی ہوں اور دعا کرتی ہوں کہ اس عبادت اور سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کی برکت سے پورا سال فضل' کرم اور رحم کی بارش برسا تارہ الحمدللہ پانچ سال ہوگئے سارا سال ہی اللہ کی رضا والے کاموں میں گزرتا ہے۔ اللہ رب العزت نے عالمہ کا کورس کروایا اور تیسرے سال تک درس و تدریس سے وابستہ کردیا اور یہ سلسلہ اب تک جاری ہے' یہ اس کی رضا کی نشانی ہے یا میرا اچھا گمان کیونکہ میرا رب کہتا ہے: ''مفہوم ہے میں بندہ کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرتا ہوں جیسا وہ مجھ سے گمان رکھتا ہے''

میرے رمضان میں اعمال: حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے روحانی دسترخوان کی دعا (سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114) ہر وقت چلتے پھرتے پڑھتی ہوں بس کیا بتاؤں اس آیت کے اتنے فائدے ہیں کہ (باقی صفحہ نمبر 7 پر)

جگر کی کمزوری کا حل: جگر کی کمزوری میں آدھا کلو دودھ میں چار تولے شہد ملا کر پینا بے حد مفید ہوتا ہے' اگر شہد کو غذا کا حصہ بنا لیا جائے تو جگر کی کبھی تکلیف نہیں ہوتی۔

شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟ (قسط نمبر 4)

موت نظر آرہی تھی شیخ الوظائف کے دیئے عمل نے بچالیا

کالا جادو' بندش' نظر بد' سفلی عمل اور گھریلو الجھنوں کا ڈسا شیخ الوظائف کی خدمت میں حاضر ہوا بغیر نذرانہ شکرانہ کے روحانی علاج ہوا دکھ سے سکھ کا یہ سفر اس کی زبانی سنیئے!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں شعبہ کے اعتبار سے ایک ٹیچر ہوں' میرا تعلق آپ سے کیسے بنا اور میں نے وظائف عبقری سے کیا کچھ پایا اس کا ذکر درج ذیل کر رہا ہوں:۔

میں بچوں کو پڑھا رہا تھا کہ اچانک محسوس ہوا کہ میرے معدے کے نیچے سے کچھ اٹھا ہے اور وہ میرے دل تک پہنچا ہے' پھر اس چیز نے میرے دل اور سینہ دونوں کو قابو کر لیا ہے' سینہ پر بوجھ ایسے ہوگیا جیسے کسی نے اینٹ رکھ دی ہے اور دل کی دھڑکن بہت زیادہ تیز ہوگئی اور سانس لینے میں بھی بہت مشکل ہو رہی تھی' ایسے لگ رہا تھا جیسے دل کا دورہ پڑے ہی پڑے۔ خیر جیسے تیسے کر کے دن گزارا اور میں گھر گیا اور چپ چاپ لیٹ گیا پھر رات کو تقریباً دو بجے کے قریب مجھے کارڈیالوجی جانا پڑا وہاں سے چیک اپ کرایا تو انہوں نے کہا دل کا مسئلہ نہیں معدہ کا مسئلہ ہے' آپ قریب سروسز ہسپتال چلے جائیں۔ وہاں سے دوائی لی تو آرام آگیا لیکن صرف اتنی دیر ہی آرام رہا جتنی دیر دوائی کا اثر رہا اور یہ سلسلہ ایک ماہ تک چلتا رہا' ہر بار معدہ سے کوئی چیز اٹھتی اور دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی اور سینہ کو کوئی جکڑ لیتا میں حکیم اور ڈاکٹرز سے مایوس ہو رہا تھا' عاملین اسے کسی عمل کا چکر بتا رہے تھے کیونکہ میری امی کو بھی یہ مسئلہ تھا اور وہ دنیا سے جا چکی تھیں۔ میں نے بھی مان لیا تھا کہ اب میری باری لگ چکی ہے' میں ہار چکا تھا' لیکن پھر میری بہن نے مجھے عبقری کا راستہ دکھایا کیونکہ وہ یہاں کی ریگولر وزیٹر تھیں' میں یہاں تو نہ آیا مگر میں نے انٹرنیٹ پر عبقری کی ویب سائٹ کھول کر شیخ الوظائف کے درس سنے درس میں حضرت شیخ الوظائف نے مختلف اعمال بتائے جو میں نے کرنے کا سچے دل سے عہد کرلیا۔ اس میں آپ نے سورۃ الم نشرح کا ایک عمل بتایا کہ دل پر ہاتھ رکھ کر سورۃ الم نشرح پڑھی جائے۔ میں نے دل پر ہاتھ رکھ کر سورۃ الم نشرح پڑھنا شروع کردی' پھر ایسا ہونا شروع ہوا کہ وہی چیز معدہ سے اٹھتی تھی لیکن جیسے اسے کوئی روحانی طاقت پکڑ لیتی اور اس کا اثر ختم کر دیتی اور پھر چند ہی دنوں میں وہ اثر ختم ہوگیا اور اب میں ہر چیز کھا پی سکتا ہوں وہ بھی بنا کسی خوف کے' ہر اتوار کو کرکٹ بھی کھیلتا ہوں اس سے پہلے تو چند قدم بھی چلتا تھا تو دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی تھی اب ایسا کچھ نہیں بلکہ بہت سے روحانی مسائل بھی تھے جو صرف شیخ الوظائف کے اس بتائے وظیفے سے حل ہوگئے۔ یہی نہیں میرے کمپیوٹر کا کچھ مسئلہ ہوا تو میں نے اس پر بھی سورۃ الم نشرح پڑھ کر پھونک ماری تو وہ بھی ٹھیک ہوگیا۔ گاڑی پر عمل کیا تو وہ بھی بالکل ٹھیک چلنے لگی' الغرض شیخ الوظائف کے بتائے وظائف سے وہ کچھ مل رہا ہے جس کی تلاش پتہ نہیں کب سے تھی یقیناً یہی وہ دنیا ہے جس کی تلاش تھی اب میں باقاعدگی سے شیخ الوظائف کے درس سنتا ہوں بتائے اعمال کرتا ہوں' مجھے کسی کالے جادو ٹونے کا کوئی ڈر نہیں کیونکہ مجھے پتہ ہے کہ میرے ساتھ اللہ کی مدد اور شیخ الوظائف کی دعائیں ہیں۔

بیماری سے زندگی اجیرن اور نوبت فاقوں تک

محترم حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! الحمدللہ اس وقت میں بالکل مطمئن اور بالکل پرسکون ہو کر آپ کو خط لکھ رہا ہوں' بڑے کڑے امتحان میں پھنسا تھا مگر آپ کے روحانی علاج نے میرے دن پھیر دیئے ہیں۔ میرے ساتھ مسئلہ یہ تھا کہ شادی کے تقریباً تین ماہ بعد بیماری نے ڈیرہ ڈال دیا' حالات نے میری زندگی کو اجیرن بنا دیا اور نوبت فاقوں تک پہنچ گئی' اسی دوران میں نے اپنی طاقت کے مطابق علاج' دم' پیروں' فقیروں' درباروں کے بہت چکر لگائے' لیکن میں ٹھیک نہ ہوسکا اور میں معذور ہو کر چارپائی کا ہو کر رہ گیا' اس دوران نوکری ختم ہوگئی اور میں گھر بیٹھ گیا اور میرا سب کچھ ختم ہوگیا' اسی دوران شیخ الوظائف سے روحانی علاج جاری ہوگیا' آپ نے مجھے دو انمول خزانہ پڑھنے کیلئے دیا۔ کچھ دن بعد میرے سسرال کی طرف سے میری بیوی کو ایک عدد گائے ملی اور گائے سے ہم نے زندگی کی گاڑی کو کھینچنا شروع کیا' میری بیوی نے میرا بھرپور ساتھ دیا اور گائے کا دودھ بیچ کر بچوں کا پیٹ پالنا شروع کردیا اسی دوران مزید برکت ہوئی اور ہمارے پاس تین عدد گائے ہوگئیں اور ہم نے سمجھا شاید ہمارے دن پھر گئے ہیں اور فکر و فاقے کی زندگی ختم ہوگئی ہے لیکن امتحان ابھی باقی تھا۔ ایک رات گائے کو سانپ نے ڈس لیا صبح ہم نے دیکھا گائے کی زبان باہر نکلی ہوئی ہے اور وہ کھڑی ہے' مجھے پتہ تو چل گیا پھر میں نے ڈاکٹر کو بلایا اور اس نے آکر بتایا کہ گائے ختم ہوچکی ہے چونکہ ہمارے پاس ذریعہ معاش ہی یہی تھا' ان دنوں ہمارے ہاں سیلاب آیا ہوا تھا سانپوں نے ہماری زندگی اجیرن بنا کر رکھ دی تھی' ہم بہت زیادہ ڈرے ہوئے تھے' حتیٰ کہ سانپوں کی وجہ سے نماز بھی نہ پڑھ سکتے تھے' ایک مرتبہ نماز پڑھ کر فارغ ہوا تو سامنے سانپ نظر آیا میں نے گھر والوں کو بلایا اور اس کو مار دیا۔ شیخ الوظائف کا وظیفہ جاری تھا کہ اسی دوران اللہ تعالیٰ نے مجھے اس جیسی گائے جو مری تھی دے دی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کے ایسے دروازے کھولے کہ آہستہ پریشانی اور بیماری ختم ہونے لگی' گزشتہ ماہ رمضان میں میں نے بڑے سالوں بعد مکمل روزے رکھے اور ایک دعا کی کہ میں نماز کا پابند بن جاؤں اور اللہ پاک نے میری سن لی اور میں پانچ وقت کا نمازی بن گیا اور اب حال یہ ہے کہ میں اٹھتے بیٹھتے' اعمال' وظیفہ' تسبیح اور شیخ الوظائف کا دیا وظیفہ پڑھتا ہوں' خیر خواہی کا جذبہ ہے چونکہ اس قابل تو نہیں ہوں لیکن میں اپنے اللہ پاک سے منوا لیتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے مانگتے اور یقین یہ سب آپ کے درس کی وجہ سے ہوا کیونکہ روزے تو میں بیماری سے پہلے بھی رکھتا تھا مگر اب جو یقین کی دولت اللہ تعالیٰ نے دی ہے کیونکہ معذور ہوں اور میں دعا سے اپنے سارے کام کرا لیتا ہوں اور آخر میں حضرت شیخ الوظائف آپ کا کس طرح شکریہ ادا کروں کہ مجھے واپس زندگی میں لانے کا سبب آپ اور آپ کے درس [illegible] آپ سے میری ملاقات ہوئی [illegible] ایک کہانی ہے' کیونکہ میں نے جو مانگا اب مجھے مل رہا ہے اور حکیم صاحب اب میرے بچے رزق حلال سے پل رہے ہیں میں خوش و مطمئن ہوں۔ (محمد ظفر' سرگودھا)

(بقیہ: پھٹے پرانے بوسیدہ عبقری کی ایک لائن نے زندگی بدل دی)

کی طاقت تو صرف اللہ کی مدد سے ہے۔ پھر ہر نماز میں اللہ کریم سے دعا کرنا شروع کردی کہ یااللہ میری شکل اُس طرح کردے جس طرح تیرا حکم ہے اور تیرے نبی ﷺ کا طریقہ ہے۔ ہر نماز کے بعد یہ دعا کرتا' پھر چند دنوں میں ہی میرے اندر ایسی طاقت آئی کہ شیطان ذلیل ہوا اور میں نے ڈاڑھی رکھ لی۔ پھر میں نے سوچا کہ اب ڈاڑھی پر محنت کروں گا اور جلد سے جلد اسے بڑھا کر ایک مٹھی کرلوں گا۔ آپ کے دواخانہ کا طب نبوی ہیئر آئل خریدا اور اس سے روز ڈاڑھی کی مالش کرتا' اللہ کے فضل سے ایک ماہ کے اندر اندر میری ڈاڑھی کافی بڑی ہوگئی' لوگ حیران ہوگئے کہ یہ کیا اتنی جلدی ڈاڑھی بھی رکھ لی اور اتنی بڑی بھی ہوگئی۔ مجھے تو کئی لوگوں نے پہچانا ہی نہیں' جب تعارف کرواتا تو یقین آتا' ایک مرتبہ اپنی سگی خالہ کے گھر گیا' ان کے کمرے میں بیٹھا خالہ کمرے میں آئیں تو مجھے دیکھ کر فوراً واپس بھاگ گئیں کہ کوئی انجان مہمان آیا ہے' میری امی سے پوچھا کمرے میں کون بیٹھا ہے تو میری امی نے میرا نام بتایا پھر بھی نہ پہچانا جب میں نے ان کے پاس جا کر بات کی تو پہچانا۔ میرے اللہ نے مجھ پر بہت کرم کیا کہ دعا کی برکت سے آج میرے چہرے پر بھی سنت رسول ہے میری دعا ہے کہ اللہ سب کو توفیق دے اور سب دوستوں کو اس کی دعوت بھی دیتا ہوں کہ ہم زبان سے تو محبت کا دعویٰ کرتے ہیں اور صبح ہی سنت پر بلیڈ مار کر اسے گندی نالی میں پھینک دیتے ہیں' ہم بڑے ظالم لوگ ہیں' باہر اور ہیں اندر سے اور ہیں اب جب یہ بات یاد آتی ہے کہ کتنی دفعہ میں نے سنت کو قتل کیا اور ایک تو سنت کو کاٹا اور پھر اس کو نالی میں پھینکا وہ نالی جس میں گند ہوتا ہے' پیشاب بھی وہاں سے گزر رہا ہے اس بات پر اب بھی دل خون کے آنسو روتا ہے۔

ہرخوف وخطر سے محفوظ: ہرنماز کے بعد اسم یاسلام 131 مرتبہ پڑھنا ہر مشکل وقت میں سلامتی بخشتا ہے اور ہر خوف وخطر سے محفوظ رکھتا ہے۔

سلیقہ مند بننے کی خواہشمند خواتین نایاب گُر سیکھ لیں

ساس کے جانے کے بعد گھر' باہر اور بچوں کی یعنی تینوں ذمہ داریاں مجھ پر آپڑیں اور میں ہل کر رہ جاتی مگر کہتے ہیں نہ کہ خدا ہر ایک کا ساتھ ضرور دیتا ہے لہٰذا خدا نے مجھے بھی سکھا دیا کہ میں کیسے اپنے کام انجام دوں؟

چند ماہ پیشتر خواتین کے خطوط میں ایک بہن جو ملازمت پیشہ ہیں انہوں نے ''ام اوراق'' سے کھانا محفوظ رکھنے کا طریقہ دریافت کیا ہے اس ضمن میں عرض ہے کہ بہن میں بھی ملازمت پیشہ ہوں اور درس وتدریس کے شعبے سے وابستہ ہوں واقعی ملازمت پیشہ خواتین کو گھر کے کاموں میں دشواری ہوتی ہے مگر تھوڑی سی سوجھ بوجھ اور حکمت عملی کو اپنا کر ہم اپنی خوش اسلوبی سے بآسانی اس پر قابو پاسکتے ہیں۔ میں شادی سے پہلے سے ہی جاب کرتی تھی اور مقامی کالج میں لیکچرار تھی' بڑے مزے کی زندگی گزر رہی تھی' وقت پر ناشتہ امی بنا کر میز پر رکھ دیتیں اور آواز دے کر بلاتیں کہ یہ ٹائم ہوگیا ہے ناشتہ کرلو اور جب دوپہر میں تھکی ہوئی گھر پہنچتی تو امی کو صاف ستھرے گھر میں کھانا بناتے ہوئے دیکھتی ماسی سبزی وغیرہ کاٹ رہی ہوتی تھی ساتھ میں میں بھی سلاد وغیرہ بنانے میں مصروف ہوجاتی اور کھانا ٹیبل پر لگاتی' سب ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے بہت اچھا لگتا تھا مگر شادی کے بعد یہ سکون کہاں؟ اوپر سے میرا سسرال حیدر آباد سے دور ضلع کنڈیارو میں تھا جبکہ میری جاب حیدر آباد میں لہٰذا حیدر آباد میں کرائے کا گھر لے کر نئی زندگی کا آغاز کیا شروع شروع میں بڑی مشکلات اٹھائیں اوپر تلے بچے پیدا ہوئے یعنی شادی کو دو سال ہوئے نہیں کہ دو بچے گود میں آگئے ایسے میں میرے شوہر کی پوسٹنگ بھی دوسرے شہر میں تھی لہٰذا گھر کے اور باہر کے کام تقریباً مجھے ہی کرنا پڑتے تھے اوپر سے بچے چھوٹے جن کو زیادہ نگہداشت کی ضرورت تھی دوسری میری ملازمت کی ذمہ داریاں اور گھر کے تمام کام اس وقت میری امی جان کی پرانی ملازمہ جو انتہائی ضعیف اور قابل اعتماد تھی وہ میرے گھر میں بچوں کے ساتھ رہنے کیلئے آمادہ ہوگئی اور مجھے اتنا سہارا مل گیا کہ جب کالج میں ہوتی تو یہ اطمینان ہوتا کہ میرے بچوں کے پاس کوئی بیٹھا ہے۔ ویسے تو بچوں کی پیدائش کے وقت میری ساس بھی گاؤں سے آجاتی تھیں مگر وہ مستقل نہیں رہ پاتی تھیں کیونکہ ان کا اپنا گھر کنڈیارو میں تھا' ساس کے جانے کے بعد گھر' باہر اور بچوں کی یعنی تینوں ذمہ داریاں مجھ پر آپڑیں اور میں ہل کر رہ جاتی مگر کہتے ہیں نہ کہ خدا ہر ایک کا ساتھ ضرور دیتا ہے لہٰذا خدا نے مجھے بھی سکھا دیا کہ میں کیسے اپنے کام انجام دوں؟ سب سے پہلی چیز جو میں نے اپنائی وہ سویرے اٹھنے کی عادت تھی خیر صبح فجر کے وقت تو میں ہمیشہ سے ہی بیدار ہوتی تھی اور نماز وقرآن پڑھنے کے بعد ہی اپنے دن کے کاموں کا آغاز کرتی تھی مگر اب میں نے صبح چار بجے بیدار ہونا شروع کردیا تاکہ میں صبح آٹھ بجے کالج جانے سے پہلے گھر کے کام جس قدر ممکن ہوسکے نمٹا سکوں۔ میں نے گھر کے کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر تقسیم کیا:

پہلی ترجیح: بچوں کے کام یعنی فیڈر بوائل کرنا' پانی ابال کر تھرموس میں رکھنا' دودھ بنانے کیلئے' بچے کی صفائی وغیرہ۔

دوسری ترجیح: کھانا پکانے کے کام جو نہایت ضروری ہیں۔

تیسری ترجیح: گھر کی صفائی اور انتظام جو کہ ایک سلیقہ مند عورت کی پہچان ہے۔ اس مقصد کیلئے میں نے ایک ڈائری مخصوص کی اور اس میں بجٹ بنایا کہ اپنی تنخواہ کا کتنا پیسہ بچانا (Save) ہے اور کتنا خرچ کرنا ہے کیونکہ کرایہ کے گھر سے نکل کر اپنا گھر بنانا بھی میرا خواب تھا جو اللہ تعالیٰ نے میری کفایت شعاری حکمت عملی اور سب سے بڑھ کر اپنی کرم نوازی سے جلد پورا کردیا۔ اب آتے ہیں اصل موضوع کی طرف جس کیلئے میں نے قلم اٹھایا ہے اور اپنی زندگی کے تجربات بیان کرنا چاہتی ہوں یعنی کھانا پکانا اس سلسلے میں اگر ابتدائی کام کرکے رکھا جائے تو کھانا پکانا کچھ بھی مشکل نہیں۔ مثلاً آٹا گوندھنا ہو تو کافی سارا ایک ساتھ گوندھ لیا جائے اور پھر اسے تھیلیوں میں پیک کرکے فریزر میں رکھ دیا جائے اس طرح روزانہ کام پر جانے سے پہلے اور اسے فریزر سے فریج میں رکھ دیں جب آپ گھر آئیں گی تو آٹا نرم پڑ چکا ہوگا لہٰذا اس کی روٹیاں بنا کر دوبارہ فریزر میں رکھ دیں یا ہوسکے تو گوندھے ہوئے آٹے کی ایک وقت کی ضر... کے مطابق چھوٹی چھوٹی کئی تھیلیاں بنالیں رات کیلئے دوسری تھیلی فریزر سے نکال کر فریج میں رکھ دیں تین چار گھنٹے کے بعد یہ بھی نرم پڑ جائے گی۔ اسی طرح بچی ہوئی روٹیاں بھی تہہ در تہہ یعنی بغیر موڑے پلاسٹک کی تھیلی میں رکھ کر فریز کردیں جو اس وقت کام آئیں گی جب آپ کے پاس ٹائم نہ ہو یا آپ تھکی ہوئی ہوں تو ایسے میں فریزر آپ کیلئے فوڈ بنک (Food Bank) کا کام دے گا اور روٹیاں نکال کر انہیں ہلکی آنچ پر یا توے پر گرم کرتی جائیں اور گھر والوں کو پیش کرتی جائیں یا اگر مائیکرو اوون ہو تو ایک ساتھ کئی روٹیاں اس میں گرم کی جاسکتی ہیں اور وہ تازہ جیسی لگتی ہیں۔ جہاں تک سالن بنانے کا تعلق ہے تو پہلے سے ابتدائی کام کرکے رکھیں۔ گوشت چاہے وہ مرغی کا ہو یا گائے اور بکرے وغیرہ کا اکٹھا منگوائیں چھٹی کے روز پھر اس سے چربی وغیرہ ہٹا کر دھوئیں اور چھلنی میں ڈال کر پیکٹ بنا کر فریز کردیں یا پھر ایسا کریں جیسا کہ میں کرتی ہوں یعنی اس میں سے صاف بوٹیاں چن کر کباب بنانے کیلئے چڑھادیں' ہڈی والی بوٹیوں کی پلاؤ بنانے کیلئے یخنی بنادیں اور باقی گوشت میں مصالحے ملا کر گلانے کیلئے چولہے پر چڑھادیں۔ اب آپ کو جتنا پکانا ہو اتنا گوشت گلے ہوئے گوشت سے نکال کر بھون لیں اور سبزی ملا کر پکالیں باقی گوشت کو فریز کردیں کیونکہ اس سے بوقت ضرورت قورمہ یا شوربہ والا سالن بنایا جاسکتا ہے۔ اس طرح چھٹی والے دن کباب یا کوفتے وغیرہ بنا کر فریز کردیں جو کبھی بھی بوقت ضرورت نکالے جاسکتے ہیں۔ دوسرے چھٹی کے دن یا جب بھی آپ کے پاس ٹائم ہو لہسن ادرک پیاز وغیرہ چھیل کر اور پیس کر رکھیں' ٹماٹر بھی گرائینڈر کرکے رکھے جاسکتے ہیں۔

ایک اچھی عادت جو ملازمت پیشہ خواتین کو اپنانا چاہئے وہ ہے وقت کا صحیح استعمال یعنی جب بھی آپ کے پاس گھر میں وقت ہو آپ اسے بے کار باتوں میں ضائع کرنے کے بجائے کھانے پکانے کے ابتدائی کام کرکے رکھیں مثلاً چاول دالیں وغیرہ چن چن کر ڈبوں میں محفوظ کرکے رکھ لیں۔ اس طرح جب پکانا ہوں تو آپ کا چننے میں وقت ضائع نہیں ہوگا۔ دوسری سبزیاں وغیرہ جیسے میتھی پالک کے پتے بھی چن کر تھیلیوں میں پیک کرکے فریج کے نچلے خانے یعنی سبزی کے خانے میں رکھے جاسکتے ہیں۔ میں تو ایکسٹرا پیاز بھی چھیل کر سبزی کے خانے میں کاغذ میں لپیٹ کر رکھتی ہوں اس طرح کھانا بنانے میں بالکل بھی ٹائم نہیں لگتا ہے اور جاب سے آنے کے بعد پندرہ سے بیس منٹ میں کھانا تیار ہوجاتا ہے۔ امید ہے کہ میری اس تحریر سے ملازمت پیشہ خواتین کو جھٹ پٹ کھانا بنانے کے فن میں رہنمائی ملے گی۔

بچوں نے رات کو ڈرنا چھوڑا' پرسکون نیند ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ساتھ ایک مسئلہ تھا کہ میرے بچے رات کو ڈر جاتے تھے اور پھر دو سے تین گھنٹے تک خود بھی جاگتے اور مجھے بھی جگاتے' میں بہت پریشان تھی' اس مسئلے کو لے کر میں نے آپ کو جوابی لفافہ کے ساتھ خط لکھا۔ جواب میں آپ نے لکھا کہ رات سوتے وقت بچوں پر آیۃ الکرسی اور چاروں قل اول وآخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کردیں' جب سے یہ عمل کر رہی ہوں اب ماشاء اللہ بچے ٹھیک ہیں اور پڑھائی کی طرف بھی متوجہ ہورہے ہیں۔ (فرزانہ' صادق آباد)

رمضان! ٹائم گزارنے کیلئے گپیں ہانکنے والے متوجہ ہوں!

ربیعہ رحمٰن

تمام تعریفیں اس ذات پاک کیلئے جس نے حسن و اعتدال کے ساتھ انسان کو تخلیق کیا اس کے دل کو ایمان کے نور سے بھر دیا اس کو زینت و جمال سے نکھارا اور اسے بیان کی قوت بخش کر اشرف المخلوقات بنایا۔ زبان بندے کے دل و عقل کی ترجمان ہے' جسے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء' نعمتوں کے شکرانے' علوم کے خزانے لٹانے اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے فریضہ کی ادائیگی کیلئے قوت گویائی عطا کی گئی ہے۔ بے شک زبان اللہ رب العزت کی بہت بڑی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے' نیکی میں اس کا دامن وسیع ہے اور بدی میں اس کا دامن لمبا ہے۔ جو شخص اپنی زبان کو کھلی چھٹی دے دیتا ہے اس کی لگام ڈھیلی چھوڑ دیتا ہے شیطان اسے ہر جگہ لے جاتا ہے یہاں تک کہ ہلاکت میں ڈال دیتا ہے۔ الحمدللہ! رمضان المبارک کا بابرکت مہینہ ایک مرتبہ پھر ہماری گناہوں سے بھری زندگی میں آچکا ہے اور اپنی بھرپور رحمتیں' برکتیں' نعمتیں لٹا رہا ہے اور مسلمان خوب پا رہے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں ویسے تو سارا سال ہی خوب بدزبانی ہوتی ہے مگر غور کیا کیا ہے کہ رمضان المبارک میں بجائے ہماری زبان ذکر اور نیک باتوں پر لگے الٹا ہم زیادہ فضول گفتگو کرنا شروع کر دیتے ہیں اور ایسی محفلوں کو "ٹائم پاس" کہہ کر خوب غیبت' گالیاں' بےہودہ مذاق کیا جاتا ہے' آج یہ زبان کا فتنہ ہمیں پوری طرح اپنی لپیٹ میں لے چکا ہے۔ ایسے ماحول میں میں آپ کے سامنے چند احادیث پیش کرنا چاہتی ہوں۔ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ایک دن نبی کریم ﷺ سے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے جس پر عمل کرکے میں جنت میں پہنچ جاؤں اور دوزخ سے دور کر دیا جاؤں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: سنو سب سے مقدم بات یہ ہے کہ دین کے بنیادی مطالبوں کی فکر اہتمام سے ادا رکھا کرو' اللہ کی عبادت کرو' کسی کو اس کے ساتھ شریک نہ کرو' اچھے طریقے اور دل کی توجہ کے ساتھ نماز ادا کیا کرو' زکوٰۃ ادا کرو' رمضان کے روزے رکھا کرو' بیت اللہ کا حج کرو' پھر فرمایا: کیا میں تمہیں خیر کے دروازے بھی بتا دوں (گویا اب تک جو فرمایا وہ اسلام کے ارکان و فرائض تھے خیر کے اور دروازے سے غالباً آپ کی مراد نفل عبادات تھیں) چنانچہ حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طلب دیکھ کر آپ ﷺ نے فرمایا: روزہ (گناہوں اور دوزخ کی آگ سے بچانے والی) ڈھال ہے۔ صدقہ گناہ کو (گناہ سے پیدا ہونے والی آگ کو) بجھا دیتا ہے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں معاملے کا (یعنی دین کا) سر اور اس کا عمود (یعنی ستون) اور اس کی بلند چوٹی بتا دوں؟" حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طلب دیکھ کر آپ ﷺ نے مزید فرمایا: دین کا سر یا سرا اسلام ہے اور اس کا ستون نماز ہے اور اس کی بلند چوٹی جہاد ہے' پھر آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں وہ چیز بھی بتا دوں جس پر گویا ان سب کا دارومدار ہے' حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا وہ چیز بھی ضرور بتایئے۔ پس آپ ﷺ نے اپنی زبان مبارک پکڑی اور فرمایا: "اس کو روکو" (یعنی اپنی زبان کو روکو یہ چلنے میں بے احتیاط اور بے قابو نہ ہو) حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: حضور ﷺ کیا ہم جو آپس میں باتیں کرتے ہیں ان پر بھی ہم سے مواخذہ ہوگا؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آدمیوں کو دوزخ میں (زیادہ تر) ان کی زبانوں کی بیباکانہ باتیں ہی ڈلوائیں گی۔ حدیث مبارکہ کے آخری جزء سے پتہ چلتا ہے کہ تمام ارکان اسلام نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج اور جہاد کے علاوہ نفلی عبادات نماز، تہجد، روزہ صدقہ وغیرہ جیسی عبادات کی نورانیت اور اللہ کی بارگاہ میں ان کا حسن و قبول زبان کی احتیاط پر ہی موقوف ہے۔ یعنی زبان کی بے احتیاطی ان تمام اعمال حسنہ کو بے وزن اور بے نور کر دیتی ہے۔

ہمیں جان لینا چاہیے کہ زبان کا خطرہ بہت بڑا ہے' اس خطرے سے نجات صرف خاموشی میں ہی ہے۔ یہی وجہ ہے شریعت نے خاموشی کی تعریف کی اور اس کی ترغیب دی ہے۔ مفہوم ہے حضور نبی کریم ﷺ تاکید فرماتے تھے کہ زبان کو قابو میں رکھا جائے ہر قسم کی بری باتوں سے بلکہ بے ضرورت' بے فائدہ باتیں کرنے سے بھی زبان کو روکا جائے اور جب بات کرنے کی خاص ضرورت نہ ہو اور بات سے کسی خیر اور نفع کی امید نہ ہو تو خاموش ہی رہا جائے۔ یہ تعلیم رسول خدا ﷺ کی اہم تعلیمات میں سے ہے جس پر آپ ﷺ نے نجات کا دارومدار بتایا ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "جو خاموش رہا اس نے نجات پالی"۔

ہر دیکھنے والا بچشم خود دیکھ سکتا ہے کہ آج کل بڑے بڑے گناہ جو وبا کی طرح عام ہیں وہ جس سے بچنے والے بہت ہی کم ہیں' ان کا تعلق زیادہ تر زبان سے ہی ہے۔ دنیا میں بھی جھگڑے، فسادات زیادہ تر زبان کی بے احتیاطی اور بے باکی ہی کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ زبان کی آفات بہت زیادہ ہیں۔ ان میں وہ بھی چیزیں شامل ہیں جنہیں ہم ہلکا سمجھ کر اختیار کر لیتے ہیں اور وہ بھی جنہیں گناہ کبیرہ سمجھتے ہوئے بچنے کی کوشش کرتے ہیں۔ مثلاً بے مقصد گفتگو' فضول کلام' جھگڑا' فساد' طعن تشنیع' باطل گفتگو' فحش کلامی' گالی گلوچ' لعنت بھیجنا' مذاق اڑانا' تحقیر کرنا' راز افشاء کرنا' جھوٹا وعدہ' جھوٹ بولنا' منہ پر تعریف کرنا' دو رخی اختیار کرنا' یعنی منافقت۔ غیبت' چغلی' ریاکاری اور لوگوں کے راز کھولنا۔

ان سب گناہوں کا تعلق زبان سے ہے اور یہ زبان پر بھاری بھی ہیں۔ ان کا باعث طبعی بھی ہے اور شیطانی بھی اور جو بھی آدمی بہت باتونی ہو وہ بہت کم اپنی زبان کو روک سکتا ہے۔ الا یہ کہ وہ اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کے احکامات اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات سے باخبر اور وہی بات منہ سے نکالے جو اللہ کو پسند ہو اور اس بات سے رک جائے جس میں اللہ کی ناراضگی کا خطرہ ہو۔ خاموشی کو سلامتی اور بولنے کو خطرہ قرار دے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں ایسی دو فضیلتیں بتا دوں جو پیٹھ پر بہت ہلکی ہیں (یعنی ان کو اختیار کرنے سے آدمی پر کچھ زیادہ بوجھ نہیں پڑتا) مگر اللہ کے میزان میں بہت بھاری ہوں گی۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اصرار پر نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: زیادہ خاموش رہنے کی عادت اور حسن اخلاق۔ قسم اس ذات پاک کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے مخلوقات کے اعمال میں یہ دونوں چیزیں بے مثل ہیں۔

نبی کریم ﷺ کو اس دنیا میں بولنے کی ضرورت تھی کیونکہ آپ ﷺ کو قیامت تک آنے والے انسانوں کو ہدایات دینا تھیں۔ آپ ﷺ ضرورت پر بولنے میں کوئی کمی نہیں فرماتے تھے' بتانے کی ہر چھوٹی بڑی بات بتاتے' لیکن اس کے باوجود آپ ﷺ کو دیکھنے والے صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے آپ ﷺ کا یہ حال بیان فرمایا ہے کہ آپ ﷺ بہت زیادہ خاموش رہتے تھے۔ آپ ﷺ صرف وہی بات فرماتے تھے جس پر آپ ﷺ کو ثواب کی امید ہوتی تھی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مومن کی زبان دل کے پیچھے ہوتی ہے جب وہ کوئی بات کرنا چاہتا ہے تو دل سے غور و فکر کرتا ہے پھر اسے زبان پر جاری کرتا ہے اور منافق کی زبان اس کے دل کے آگے ہوتی ہے جب وہ کسی بات کا فیصلہ کرتا ہے اسے زبان پر لے آتا ہے دل سے سوچتا نہیں ہے۔ لیکن ایک بات کی وضاحت ہونی چاہیے کہ خاموشی کی جو فضیلت ہے وہ بری باتیں کرنے کے مقابلے میں ہے ورنہ اچھی باتیں کرنا (باقی صفحہ نمبر 27 پر)

زچہ کے اندرونی حصے کی صفائی کیلئے: گڑ میں سفید زیرہ ملا کر زچہ کو کھلانے سے اس کے اندرونی حصے کی صفائی ہوجاتی ہے۔ زچہ کو طاقت بھی ملتی ہے۔

رحمتیں لٹاتے رمضان میں انوکھے درود کی 40 برکات

حضور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کریں گے کہ یہ یارسول اللہ ﷺ فلاں بن فلاں نے آپ ﷺ کو سلام عرض کیا ہے اور حضور اکرم ﷺ ہر مرتبہ کے درود پر ارشاد فرمائیں گے کہ فلاں بن فلاں پر میری طرف سے سلام اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔

بعض جگہ لکھا ہے کہ رمضان مبارک میں ایک بار درود پاک پڑھیں تو ایک لاکھ درود پاک کا ثواب ملتا ہے۔ **بڑی فضیلت والا درود:** ایک ایسا درود جس کے پڑھنے سے چالیس فائدے ملیں گے۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ یہ درود شریف ایک اللہ والے رحمۃ اللہ علیہ نے ترتیب دیا ہے۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ تین مختصر درودوں کو یکجا کردیا گیا ہے لہٰذا جو شخص ایک مرتبہ درود شریف پڑھے گا وہ تین مرتبہ درود پڑھنے کے ثواب کا مستحق قرار پائے گا۔ یہ درود شریف ہر نماز کے بعد خصوصاً بعد نماز جمعہ سو مرتبہ پڑھنے سے بے شمار فضائل و برکات حاصل ہوتے ہیں۔ **چالیس (40) فائدے:** اس کے چالیس فائدے جو معتبر حدیثوں سے ثابت ہیں جو شخص رسول اللہ ﷺ سے محبت ذوق وشوق کی بناء پر پڑھے گا بے شمار برکتیں پائے گا۔ (1) اس کے پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ ایک ہزار رحمتیں اتارے گا۔ (2) اس پر دو ہزار بار اپنا سلام بھیجے گا۔ (3) پانچ ہزار نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھے گا۔ (4) اس کے پانچ ہزار درجے بلند فرمائے گا۔ (5) اس کے پانچ ہزار گناہ معاف فرمائے گا۔ (6) اس کے ماتھے (پیشانی) پر لکھ دیا جائے گا کہ یہ منافق نہیں ہے۔ (7) اس کے ماتھے (پیشانی) پر لکھ دیا جائے گا کہ یہ دوزخ سے آزاد ہے۔ (8) اسے قیامت کے دن شہیدوں کے ساتھ رکھا جائے گا۔ (9) پانچ ہزار فرشتے اس کا اور اس کے باپ کا نام لے کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کریں گے کہ یہ یارسول اللہ ﷺ فلاں بن فلاں نے آپ ﷺ کو سلام عرض کیا ہے اور حضور اکرم ﷺ ہر مرتبہ کے درود پر ارشاد فرمائیں گے کہ فلاں بن فلاں پر میری طرف سے سلام اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں۔ (ابوداؤد نسائی)۔ (10) جب تک درود پڑھنے میں مشغول رہے گا اللہ تعالیٰ کے معصوم فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے۔ (القول البدیع)۔ (11) اللہ تعالیٰ اس کی تین سو حاجتیں پوری فرمائے گا دو سو دس حاجتیں آخرت کی اور نوے حاجتیں دنیا کی۔ (12) اس کے دین میں ترقی ہوگی۔ (13) اس کی اولاد اور اولاد کی اولاد میں برکات دے گا۔ (14) اسے اپنا محبوب بنائے گا۔ (15) دلوں میں اس کی محبت رکھے گا۔ (16) کسی دن خواب میں زیارت رسالت مآب ﷺ سے مشرف ہوگا۔ (17) ایمان پر خاتمہ ہوگا۔ (دلائل الخیرات)۔ (18) اس کا دل منور ہوجائے گا۔ (دلائل الخیرات)۔ (19) قبر و حشر کی ہولناکیوں (غم و پریشانیوں) سے پناہ میں رہے گا۔ (20) قیامت کے دن عرش الٰہی کے سایہ میں ہوگا جس دن اس کے سوا اور کوئی سایہ نہ ہوگا۔ (21) رسول کریم ﷺ کی شفاعت اس پر واجب ہوگی۔ (القول البدیع' ص 102)۔ (22) رسول اکرم ﷺ قیامت کے دن اس کے گواہ ہوں گے۔ (القول البدیع' ص 103)۔ (23) میزان میں اس کی نیکیوں کا پلہ بھاری رہے گا۔ (القول البدیع' ص 102)۔ (24) قیامت کی پیاس سے محفوظ رہے گا۔ (شفا شریف)۔ (25) حوض کوثر میں اس کیلئے نور ہوگا۔ (شفا شریف)۔ (26) پل صراط پر آسانی سے گزرے گا۔ (دلائل الخیرات) (27) قبر و حشر میں اس کیلئے نور ہوگا۔ (دلائل الخیرات) (28) قیامت میں اس کیلئے نور ہوگا۔ (دلائل الخیرات) (29) رسول کریم ﷺ اس سے مصافحہ فرمائیں گے۔ (القول البدیع) (30) اللہ تعالیٰ اس سے ایسا راضی ہوگا کہ کبھی ناراض نہ ہوگا۔ اجتماعی طور پر پڑھنے کا حکم بھی حدیث مبارکہ میں ہے اور اس کے فوائد یہ ہیں: (31) فرشتے زمین سے آسمان تک (درود خوانوں) کے گرد جمع ہوکر سونے کے قلموں سے چاندی کے ورقوں پر ان کا درود لکھیں گے۔ (32) فرشتے کہیں گے'' ذکر کرو اللہ تعالیٰ تم پر رحمت کرے' زیادہ کرو اللہ تعالیٰ تمہیں زیادہ دے۔ (سعادۃ الدارین' ج 1' ص:203)۔ (33) ان کی دعا قبول ہوگی۔ (القول البدیع' ص:116)۔ (34) حوران عین انہیں نگاہ شوق سے دیکھیں گی۔ (القول البدیع)۔ (35) اللہ تعالیٰ ان کی طرف متوجہ رہے گا' یہاں تک کہ یہ متوجہ ہوجائیں یا باتیں کرنے لگیں۔ (سعادۃ الدارین' ج 1' ص:23)۔ (36) جب اجتماعی طور پر مل کر درود شریف شروع کریں گے تو آسمان کے دروازے ان کیلئے کھول دیئے جائیں گے۔ (37) رحمت الٰہی انہیں ڈھانپ لے گی۔ (القول البدیع' ص:122)۔ (38) سکینہ ان پر اترے گا' اللہ تعالیٰ عالم بالا میں ان کا ذکر فرمائے گا۔ (39) سارا مجمع بخش دیا جائے گا۔ (40) ان کی برکت ان کے ہم نشینوں کو بھی پہنچے گی اور وہ بھی بدبخت نہیں رہیں گے۔ (القول البدیع' ص:122)

مشابہت کو معمولی نہ سمجھیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! حدیث پاک کا مفہوم ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص کسی قوم سے محبت کرے گا' قیامت کے دن اسی گروہ کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ **مشابہت اپنائی اور کرم ہوگیا:** فرعون اپنے پورے لشکر سمیت غرق ہوچکا تھا' اس میں ایک ایسے شخص کو اللہ کریم نے نجات دے دی جس سے حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام تنگ تھے' وہ شخص حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرح ڈاڑھی بناتے' لاٹھی اٹھاتے' اسی طرح چلتے' باتیں کرتے' فرعون کے سامنے حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نقلیں اتارتے اور لوگ ہنستے۔ موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اللہ تعالیٰ سے فریاد کہ اے رب کریم! میں جس شخص کی وجہ سے پریشان تھا آپ نے اس کو نجات دے دی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اس نے آپ جیسا حلیہ بنایا تھا میری رحمت کو گوارا نہ ہوا کہ اس کو غرق کروں۔ اسی وجہ سے میں نے اس کو نجات دی۔ وہ اللہ پر ایمان بھی نہ لایا تھا مگر ایک پیغمبر کی مشابہت کی وجہ سے نجات پاگیا۔ حضور نبی کریم ﷺ ایک جگہ تشریف لے گئے جب وہاں گئے تو دیکھا کہ وہاں موجود تمام یہودیوں نے روزہ رکھا ہوا ہے' پوچھنے پر بتایا گیا کہ اس دن حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے روزہ رکھا تھا اور اسی دن حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو نجات ملی تھی۔ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہم اس سنت کے زیادہ اہل ہیں۔ اگر زندگی رہی تو میں بھی دسویں محرم کا روزہ رکھوں گا مگر یہود کی مشابہت سے بچنے کیلئے نویں اور دسویں محرم الحرام دو روزے رکھوں گا۔ ثابت ہوا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نیک کام میں بھی یہود کی مشابہت سے بچتے تھے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب رو کر دعا مانگو تو قبول ہوگی اگر رونا نہیں آتا تو رونے والی صورت (مشابہت اختیار کر) بنالو اللہ کی رحمت جوش میں آئے گی۔ یہ تھے مشابہت کے بارے میں چند واقعات' قارئین سے گزارش ہے کہ گھر میں سنت والے طریقے سیکھیں' سکھائیں' امامہ شریف پہنیں' لمبا کرتا' کھلا پاجامہ پہنیں' سفید کپڑے پہنیں' سنت کے مطابق ڈاڑھی شریف رکھیں' حتیٰ کہ ہمارا اٹھنا' بیٹھنا' ملنا' بولنا' چلنا' کھانا پینا سب سنت طریقے پر ہو اور مزید ایسے لوگوں کو بھی بہت زیادہ عزت وقدر کی نگاہ سے دیکھیں جو سنت نبوی ﷺ پر عمل پیرا ہوں۔ سوچ بدلیں' انداز بدلیں' اس طرح زندگی گزاریں جو پیغمبروں اور صحابہ کرام سے مشابہ ہو۔

ظلم اور آفات سے محفوظ: جو کوئی اسم مبارک یَامُؤْمِنُ کو روزانہ 136 مرتبہ پڑھے گا وہ ظالموں کے ظلم اور جملہ آفات سے محفوظ رہے گا۔

آپ کا سوال ۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

شایان احمد' رحیم یار خان۔ مولانا گل محمد حقانی' بگرام ہزارہ۔ محمد بوٹا سلہریا' شیخوپورہ۔ سدرہ سلہری' شیخوپورہ۔ ذیشان عظیم' کندیاں۔ شبانہ بی بی' ملتان۔ محمود احمد' بھائی پھیرو۔ عطا محمد' جھلوال۔ صبا مہتاب' میانوالی۔ شکیلہ فیاض' اوکاڑا۔ وحید الحق قریشی عرف عتیق' کراچی۔ غلام کبریٰ' خوشاب۔ سدرہ نور' گولڑہ۔ سدرہ رضوانہ بی بی' ہٹیاں بالا۔ حمیرہ تبسم' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ میمونہ بی بی' ملتان۔ کوثر عندلیب' لاہور۔ پروین اختر' راولپنڈی۔ محمد عبداللہ' کبیروالہ۔ شاہد حسن' ٹنڈو جان محمد۔ فرحان' ماتلی سندھ۔ ظہیر اسد' گجرات۔ اقراء عظمت' بہاولنگر۔ مریم رفیق' بہاولنگر۔ یاسمین' کراچی۔ غضنفر علی شاہ' کوٹ خلیل۔ اظہر محمود' چکوال۔ طاہرہ' پشاور۔ یار افضل' کوہاٹ۔ ڈاکٹر محمد ارشد فانی' لاہور کینٹ۔ عمر فاروق' ملتان۔ ماہ رخ شاہد' اسلام آباد۔ شازیہ پروین' لاہور۔ محمد آصف' کراچی۔ عنبرین' لاہور۔ ہاجرہ گل' کراچی۔ نائلہ پروین' کمالیہ۔ انعم علی' سیالکوٹ۔ عامرہ الطاف' کھوڑ شہر۔ آصف اقبال' شکر گڑھ۔ فرحان، ماتلی۔ محمد یعقوب' اسلام آباد۔ سعیدہ کوثر' ملتان۔ نسیم شہزاد' لاہور۔ ذیشان شہزاد' لاہور۔ کرن شہزاد' لاہور۔ امبر' کراچی۔ محمد امیر عمر' سلانوالی۔ محمد بشیر' ہٹیاں بالا۔ کلثوم قریشی' حیدر آباد۔ شریف الحق' بگرام۔ فیاض احمد سدھو' کراچی۔ محمد احمد' لاہور۔ رضیہ منیر' بہاولپور۔ طیبہ عبدالمجید' گوجرانوالہ۔ محمد طیب غفور' اسلام آباد۔ فرزانہ بلال' راولپنڈی۔ یاسمین اختر' راولپنڈی۔ شگفتہ اشرف' تارسنگھ۔ بیوہ گل محمد' ٹنڈو آدم۔ عبدالرحمٰن' پشاور۔ عظمیٰ رشید' گاؤں خاص ہنجیری۔ محمد جنید' مندرہ۔ خالد حسین' اسلام آباد۔ حنا عمر' گوجرانوالہ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

رات کو عشاء کی نماز کے بعد پرسکون ماحول میں باوضو خوشبو لگا کر مسلسل اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ الْعَظِیْمُ بس یہی پڑھیں اور کچھ نہ پڑھیں۔ یہ لفظ ٹھیک ستر منٹ پڑھنا ہے' تصور یہ ہو کہ دنیا کی ہر چیز میرے ساتھ استغفار کر رہی ہے اور میں دنیا کا سب سے بڑا مجرم ہوں' ستر منٹ کے بعد سو جائیں اور ہاں فجر کی نماز ضرور پڑھنی ہے۔

مہرافشاں جاوید' کراچی۔ فرزانہ بی بی' سردار گڑھ۔ یاسمین نثار الحق' کراچی۔ ریحانہ' ملتان۔ محمد عامر' ٹنڈو جام۔ شگفتہ، ٹنڈو جام۔ سمیرا بی بی' بھاتھی جوئیاں والی۔ انعم اقبال' سیالکوٹ۔ محمد عقیل' فیصل آباد۔ یاسمین' ٹنڈو جام۔ فضہ ناز' لاہور۔ زرینہ بی بی' ہارون آباد۔ ضمیر احمد سونگی' دادو۔ خلیل اللہ' نواب شاہ۔ عاصمہ' عالم چوک۔ کلثوم بی بی' فیصل آباد۔ گل بشریٰ' منگھو پیر۔ ندا عمیر خان' کراچی۔ رابعہ کلیم' راولپنڈی۔ پرویز انور' سرگودھا۔ مسز حاجی نواز' فیصل آباد۔ محمد یاسر' لاہور۔ محمد رفیع مسلم' رحیم یار خان۔ نواز علی' کراچی۔ ساجد علی' نوشہرو فیروز۔ گلشن پروین' فیصل آباد۔ فرقان فرحان' فراز' واہ کینٹ۔ محمد شبیر گوندل' حافظ آباد۔ بیبہ مریم' تونسہ شریف۔ محمد افضل خان' واہ کینٹ۔ شازیہ پروین' چیچہ وطنی۔ وقاص سعید' لاہور۔ نازیہ شعیب' لیہ۔ کرن شہزاد' لاہور۔ ڈاکٹر محمد شبیر جان' مظفر آباد کشمیر۔ محمد آصف' کراچی۔ زینب گل' لکی مروت۔ فوزیہ خان' لکی مروت۔ محمد شہباز' چکوال۔ محمد حسنین قریشی' کراچی۔ شمیم اختر' کراچی۔ فرزانہ بی بی' پنڈی گھیب۔ منظور عتیقہ' درپال چھٹہ۔ ناظمہ' چکوال۔ رخسانہ عامر' راولپنڈی۔ ثوبیہ نورین' بہاولپور۔ مہناز بی بی' کوہاٹ۔ ثمینہ بتول' گاؤں جنڈالہ پکھوال۔ فرحت نسیم' خانیوال۔ محمد زبیر سلیم' تلہ گنگ۔ منصورہ اختر' اسلام آباد۔ کبیر احمد' تلہ گنگ۔ ماریہ بی بی' بنوں۔ محمد اسلم' پڑعیدن۔ ملیحہ ارشد' لاہور۔ سلطان جان' پشاور۔ شوکت عباس' جھنگ۔ محمد اعجاز خالد' راولپنڈی۔ فرید احمد' چکوال۔ شبانہ کوثر' راولپنڈی۔ ظہیر احمد' راولپنڈی۔ حافظہ میمونہ لطیف' بہاولنگر۔ فرزانہ' میرپور خاص۔ انصر عباس' لیہ۔ شیخ محمد طارق' صادق آباد۔ عشرت جہاں' کوئٹہ۔ مسرت' لاہور۔ ساجدہ پروین' فیصل آباد۔ محمد شمشاد' راولپنڈی۔ محمد اقبال خان' راولپنڈی۔ کشور رشید' ڈاہرانوالہ۔ تسمیہ بانو' ڈاہرانوالہ۔ منزہ عباس' ہارون آباد۔ محمد زبیر سلیم' چکوال۔ خورشید بی بی' گوجرانوالہ۔ حنا صدیق' لاہور۔ کریم بخش فیاض' لاہور۔ عبدالاحد' سندھ۔ محمد امین' مالاکنڈ وزیر آباد۔ خالد جاوید انصاری' سرگودھا۔ ک۔ ذ' رحیم یار خان۔ تیرہما' سیالکوٹ۔ قیصر محمود شیخ' سیالکوٹ۔ رضوانہ بشیر ڈار' لاہور۔ غلام مصطفیٰ' نیویارک۔ فاطمہ اخلاق' لاہور۔ روبینہ پروین' کراچی۔

رفعت امان' اسلام آباد۔ مرید احمد' دولت پور۔ سید سفیر حسین شاہ' ہری پور۔ شہزاد احمد' فیصل آباد۔ مدیحہ فاروق' لاہور۔ صائمہ قریشی' لاہور۔ نائلہ، راحیلہ نسیم' لاہور۔ شہباز علی' چیچہ وطنی۔ محمد اکرم، کوئٹہ۔ محمد ریاض، کھوڑ۔ ریحانہ عامر' لاہور۔ بلال احمد' رحیم یار خان۔ شبانہ' خان پور۔ محمد عثمان خالد' مظفر گڑھ۔ قیصر جہاں بیگم' جام پور۔ وقار ریاض' نارتھ کراچی۔ عنبرین اقبال' کراچی۔ محمد نبی' کراچی۔ ارشاد الحق' کراچی۔ منظور حسین' چتن شیر خان۔ اریبہ اکرم' فیصل آباد۔ محمد اکرم' فیصل آباد۔ سدرہ نور' گولڑہ شریف۔ عظمیٰ عندلیب' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ شکیل عامر' چیچہ وطنی۔ عزیز الحق' بہاولپور۔ نصرت الٰہی کوٹ ادو۔ محمد اسلم بھٹی' شیخوپورہ۔ نائلہ ملک' لالہ موسیٰ۔ نسیم بیگم' کراچی۔ نوشین اختر' اٹک۔ اورنگزیب' ایبٹ آباد۔ سدرہ فاطمہ' ڈیرہ غازیخان۔ اعجاز حسین' لاہور۔ آمنہ' سرگودھا۔ نائلہ ناز' سلانوالی۔ مزمل حسین خان' کوٹلی آزاد کشمیر۔ بلقیس خانم' بوریوالہ۔ عزیز فاطمہ' جکھر۔ قاری حبیب الرحمٰن نقشبندی' لیہ۔ محمد اکرم رحمانی' بہاولپور۔ عمیر کریم' واہ کینٹ۔ ڈاکٹر خالد بلوچ' اسلام آباد۔ نازیہ گل' میانوالی۔ محمد خان' کراچی۔ رفعت رخسانہ' گجرات۔ ڈاکٹر خالد محمود' اسلام آباد۔ ثوبیہ نواز' چکوال۔ نزہت یاسمین' راولپنڈی۔ کنول عمران' کراچی۔ عزیز النساء' کراچی۔ افضل النساء عابدہ' ہارون آباد۔ شہناز' لاہور۔ ارم' نواب شاہ۔ محمد ذیشان علی' رسالپور کینٹ۔ ربیعہ رضوی' لاہور۔ عائشہ مامون' لاہور۔ نجمہ بانو' خان پور۔ محمد یٰسین' لاہور۔ محمد عمیر عالم قادری' کراچی۔ ثناء' فیصل آباد۔ مبشر محمود' گوجر خان۔ نورین اختر' آسٹریلیا۔ شفیق احمد' لاہور کینٹ۔ محمد افضل انصاری' حیدر آباد۔ جویریہ آصف' کراچی۔ دلشاد احمد' کراچی۔ نبیلہ کوثر' جہلم۔ محمد عامر' ڈیرہ اسماعیل خان۔ محمد انور سعید' جھنگ۔ دلشاد اختر' کراچی۔ کرن شہزاد' لاہور۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

رمضان کے پہلے روزے (یہ عمل آپ کو جس روزہ بھی ملا شروع کر دیں) کی صبح سے لے کر آخری روزے کی شام تک اکتالیس دفعہ قرآن کی یہ آیت بِیَدِكَ الْخَیْرُ ط اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں۔

قسط نمبر 11

جانوروں کو لگی نظر بد اور جادو کا انوکھا توڑ مل گیا

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم سب گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ چونکہ ہمارا تعلق دیہات سے ہے اور پیشہ کھیتی باڑی اور جانور پالنا ہے اس لیے جب سے اپنے پسندیدہ شمارہ میں ”عبقری کسان دوست“ سلسلہ شروع ہوا ہے عبقری کی قدر ہماری نظر میں اور بھی بڑھ گئی ہے۔ آج میں اپنے کسان بھائیوں کیلئے اپنا مشاہدہ جو کہ میں نے عبقری سے ہی تقریباً تین سال پہلے لیا تھا وہ بیان کر رہا ہوں تاکہ میری طرح دیگر بھائیوں کا بھی بھلا ہو۔ تین سال پہلے کی بات ہے کہ ہماری بھینسیں جب بھی کوئی کٹا یا کٹی (بھینس یا بھینسا) دیتی وہ مر جاتے۔ اس کے علاوہ میرے جانوروں نے دودھ دینا بھی کم کر دیا‘ ڈاکٹروں کو لاتا‘ چیک اپ کرواتا‘ خوراک تبدیل کی مگر رزلٹ ہمیشہ صفر ہی ملتا۔ دو سے تین بار بھینسیں بیچ کر اچھی نسل کی نئی لے کر آیا مگر رزلٹ پھر وہی کہ جیسے ہی میری حویلی میں جانور آتے دن بدن کمزور اور دودھ دینا کم کر دیتے۔ اسی طرح جب قربانی کیلئے اعلیٰ نسل کے چھترے جیسے ہی اپنی حویلی میں لایا انہوں نے پتلے موشن کرنا شروع کر دیئے۔ میں بہت پریشان ہوا آخر یہ ماجرا کیا ہے‘ میں ایک باباجی کے پاس گیا ان کے سامنے ساری صورتحال رکھی‘ انہوں نے مجھے بتایا کہ آپ کے جانوروں کو شدید نظر بد ہے اور ساتھ کسی نے کالا علم بھی کروایا ہوا ہے تاکہ آپ کو بہت زیادہ مالی نقصان ہوا۔ انہوں نے مجھے کچھ عمل بتائے‘ میں نے کیے‘ چند دن مجھے فرق محسوس ہوا مگر اس کے بعد پھر وہی صورتحال۔ عبقری چونکہ ہمارے گھر 2010ء سے آرہا تھا‘ ایک مرتبہ جولائی 2014ء کے شمارے میں ایک تحریر پر نظر پڑی تو پڑھ کر میں چونک پڑا اور چارپائی سے اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور بلند آواز سے اپنی بھائی سے کہا کہ ہمارے مسئلے کا حل عبقری نے ہمیں دے دیا۔ اب ہمارے جانور نہ بیمار ہوں گے اور نہ ہی دودھ کم دیں گے۔ اُس تحریر کا عنوان تھا ”جانوروں کی حفاظت اور برکت کیلئے دم“ میں نے اسی وقت وضو کیا اور عمل مکمل کر کے پانی پر دم کیا اور یہی پانی جانوروں کو پلایا اور جانوروں سمیت پوری حویلی پر چھڑکاؤ کیا اور یہ مستقل بنیادوں پر کرنا شروع کر دیا۔ الحمدللہ! چند دنوں کے بعد ہی فرق محسوس ہونے لگا‘ بیمار جانور تندرست اور کم دودھ دینے والے دودھ زیادہ دینا شروع ہو گئے۔ اسی طرح میرے ایک دوست نے گھر میں کچھ پالتو جانور اور پرندے رکھے ہوئے تھے اس کے پرندے اکثر بیمار رہتے میں نے اس کو بھی یہی عمل بتایا اس نے بھی کیا تو اب الحمدللہ اس کے پرندے بیمار بھی نہیں ہوتے اور دن بدن بڑھ رہے ہیں۔ عمل درج ذیل ہے:۔

جانوروں کی حفاظت اور برکت کیلئے دم

بعض اوقات گائے‘ بھینسوں کو نظر بد لگ جاتی ہے یا حاسدین کالے علم کے تعویذ وغیرہ کروا دیتے ہیں تو جانوروں میں بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں اور ان کے دودھ میں کمی ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ ان سب عوارضات سے بچاؤ کیلئے سات مرتبہ سورۂ تغابن مع اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر لیں اور اس پانی کا جانوروں پر چھڑکاؤ بھی کریں اور یہ دم والا پانی دوسرے پانی میں ملا کر انہیں پلاتے رہیں۔ ایک ہفتے میں دو تین بار یہ عمل کریں۔ انشاءاللہ جانور بیماریوں سے محفوظ بھی رہیں گے اور ان میں برکت بھی ہوگی۔ (محمد عرفان‘ گجرات)

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند‘ سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء بہت ضروری ہے۔ (قیمت-/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں‘ فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو‘ یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

موہکے ختم اور بچے مٹی نہ کھائیں

جسم کے اوپر کسی بھی حصے میں موہکے نکل آتے ہیں‘ تکلیف دہ ہوتے ہیں اور آہستہ آہستہ پھیلتے چلے جاتے ہیں یا بعض اوقات نہیں پھیلتے لیکن برے لگتے ہیں آپ کے پاس کوئی طبی روحانی ٹوٹکہ ہو تو ہمیں ضرور مکمل مشاہدات تجربات اور واقعات کے ساتھ لکھیں۔ اسی طرح بچوں کو مٹی کھانے سے روکنے کیلئے اور انگوٹھا چوسنے سے روکنے کیلئے بھی اپنے مشاہدات تجربات ضرور تحریر کریں۔ (ایڈیٹر عبقری)

قسط 11

رمضان میں گرمی کا رونا نہ روئیں

حکیم ضیاء الرحمٰن ملتان

قارئین کرام! آج ہمارے معاشرے میں ماحولیاتی اور ذہنی آلودگی عروج پر ہے۔ خصوصاً موسم گرما میں دل کا ڈوبنا‘ بے ترتیب دھڑکنا عام ہو چکا ہے۔ ملتان کے کارڈیالوجی ہسپتال میں اکثر مریضوں کی آمد گرمیوں میں آکسیجن کی کمی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ ان کو دل کی کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ ہسپتال کا صاف ستھرا ماحول والا کمرہ اور آکسیجن سانس بحال کر دیتے ہیں۔ آس پاس سبزہ زار‘ پلے گراؤنڈ‘ خوشگوار ماحول اور خوش مزاج دوستوں کی محافل کی شدید کمی ہے۔ پھر ناقص غذائیں‘ ناقص طرز زندگی نے زندگی کی لطافتوں کو پامال کر دیا ہے۔ ہم اپنے گھر اور کاروبار پر توجہ دیتے ہیں‘ جان مال وقت ان پر خرچ کرتے ہیں ان کی ترقی بھی ہوتی ہے۔ نہیں دیتے تو اپنے آپ پر توجہ نہیں دیتے۔ بے وقت سونا‘ جاگنا بے طرح کھانا پینا‘ اپنی روح اور جسم کو شاداب کرنے والے صحت مند ماحول تک پہنچنا۔ اس کی افادیت اور [illegible] کو سمجھنا‘ ہم میں سے اکثر [illegible] اور ان سے کہا بھی جائے تو گویا بھینس کے آگے بین بجانے والی بات ہوتی ہے۔ بڑے حکیم صاحب یہاں فرماتے: ”بے طلب کو مکیاں مار کر دیسی گھی کی چوری کھلاؤ گے تو وہ قے کر دے گا“ مزید سرائیکی میں فرماتے ہیں ”پاتے سرے گھندے رہن‘ ٹھمکا ون کیں کیں کوں آندا اے‘ یعنی گھنگرو تو سب پہن سکتے ہیں لیکن ٹھمکا نا کسی کسی کو آتا ہے‘ آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے جب دل کا پہلا دورہ پڑتا ہے تو پہلے دن کا کتنا خرچہ اور بخل خواری ہو جاتی ہے۔ وہ وقت آنے سے پہلے اس سے کم پیسے اور وقت اپنی ذات کو دے دو تو وہ وقت ہی نہ آنے پائے۔ خوب کام کرو اور خوب اپنی تعمیر کرو۔ وقت سے پہلے بہت سارا کما کر اپنے کو بیمار کر کے نہ مرو۔ مریضوں اور احباب سے فرماتے یاددہانی کیلئے انگوٹھی‘ چھلا پہن لو اس پر نظر پڑے تو مطلوبہ یاددہانی ہو جائے۔ ماہ رمضان میں اپنے جسم کے پانی کا لیول پورا رکھنا ضروری ہے۔ حکیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے گرمیاں پینے کا موسم ہے اور سردیاں کھانے کا موسم ہے۔ سحری کیلئے اٹھتے ہی خوب تازہ پانی پئیں اسی طرح افطار کے وقت کریں‘ اس میں لیموں اور نمک ملا لیں تو سبحان اللہ۔ یاد رہے اسپغول کا چھلکا‘ اسپغول‘ تخم بالنگو اپنے اندر پانی سمو لیتے ہیں اسی لیے ان کو واٹر کیریئر کہا گیا ہے۔ زیادہ ٹھنڈا پانی دیر تک جزو (باقی صفحہ نمبر 25 پر)

داغ دھبے دور: لیموں کا رس بیسن میں ملا کر چہرے پر لگانے سے داغ' دھبے دور ہوجاتے ہیں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یہ ٹوٹکہ استعمال کریں۔

ڈھیروں بیماریوں کیلئے میرے آزمودہ 5 نسخے

محمد شعیب' میلسی

جوڑوں کے درد پٹھوں کے کھچاؤ وغیرہ کیلئے بہت مفید ثابت ہوا۔ حالانکہ انہوں نے مستقل استعمال نہیں کیا۔ والدہ کو جوڑوں کا مسئلہ تھا اگر نیچے بیٹھی ہوں تو اٹھتے اٹھتے کتنی دیر لگ جاتی میں نے یہی نسخہ بنایا اس میں اسپغول کا چھلکا بھی پیس دیا پھر بھی بہت فائدہ ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو' آپ کی قیامت تک کی نسلوں کو کامل ایمان' ہدایت' حفاظت' سلامتی' رحمت' برکت' عافیت ہمیشہ اپنی شان کے مطابق عطا فرمائے۔ دنیا و آخرت میں آپ کے درجات میں اپنی شان کے مطابق اضافہ عطا فرمائے۔ آمین! آپ فرماتے ہیں کہ کوئی طبی ٹوٹکہ' نسخہ' عمل ہو تو لکھیں' میری بھی بڑی خواہش ہوتی ہے کہ مخلوق خدا کے نفع کیلئے کچھ کرسکوں' مجھے جب بھی کوئی نسخہ یا عمل ملتا ہے میں عبقری میں فوراً لکھتا ہوں تاکہ مخلوق خدا کا بھلا ہوسکے اور اللہ پاک کے فضل و کرم سے لوگوں کا بھلا ہوتا ہے۔ درج ذیل نسخہ بھی آزمودہ ہے اور آئندہ بھی بیان کرتا رہوں گا۔ انشاء اللہ۔

یہ نسخہ میں نے عبقری پبلی کیشنز کی کتاب ''حکماء کی زندگیوں کے طبی نچوڑ'' میں سے لیا ہے۔ اس نسخہ کے تین نام ہیں جیسے صندل یاقوتی' حیات افزا' صندلین۔ اس کے اجزاء یہ ہیں:۔ ھوالشافی: برادہ صندل سفید' صندل سرخ' گیری' ہرڑ کی مہندی کے پتے' نیم کے پتے' مجیٹھ' ملٹھی' نرکچور۔ یہ کل 9 اشیاء ہیں' ہم وزن لینا ہے' یعنی وزن تمام ادویات کا ایک جیسا ہو' آپ چاہیں تو ایک تولہ لیں یا ایک ایک کلو' یہ نسخہ ہمارے ہاں ایک مولانا صاحب تھے وہ بہت زیادہ بنایا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ استعمال کرتے کرتے تھک گیا ہوں' سیروں کی تعداد میں تیار ہوتا تھا اور اب بھی یہ نسخہ متعدد دواخانوں میں بڑی کثیر مقدار میں تیار ہوکر دھڑا دھڑ فروخت ہوتا ہے۔ یہ دوا گندے خون کو صاف کرتی ہے' خون کی بیماریاں ختم کرتی ہے اور خون کو بکثرت پیدا کرتی ہے۔ مقوی جگر ہے' ورم جگر اور خون کی سفیدی کو دور کرکے چہرہ کو سرخ کرتی ہے نیز اٹھرا اور اسقاط حمل کے ہولناک مرض کا قلع قمع کرتی ہے اور فوائد بھی لکھے ہیں یہ نسخہ حضرت حکیم صاحب کی کتاب جو کہ دفتر ماہنامہ عبقری سے مجھے ملی ''مجھے شفاء کیسے ملی؟'' میں اٹھرا کے نسخہ کے طور پر بھی لکھا ہے' یہ نسخہ اور فوائد کتاب سے اس لیے لکھے کہ جن کے پاس یہ کتاب نہیں ان کو اس نسخہ کی تفصیل اور فوائد معلوم ہوجائیں۔ مجھے اس کے جو فوائد ملے وہ بتاتا ہوں:۔

میرے بڑے بھائی نے یہ دوائی بنائی تھی مجھے خون کی خرابی کی وجہ سے پھوڑے نکل رہے تھے اس دوا سے وہ دنوں میں ختم ہوگئے' خون کی خرابی دور ہوئی پھر میں نے اسے خون پیدا کرنے کیلئے آزمایا' چند ہی دنوں میں کمزوری نقاہت دور ہوئی' خون بہت کثرت سے پیدا کرتی ہے' آپ بھی ضرور بنائیں۔

دوسرا نسخہ حضرت حکیم صاحب کی شہرہ آفاق کتاب ''حکماء کی زندگیوں کا طبی نچوڑ'' میں درج ذیل ہے جسے میں نے بہت مفید پایا۔ ھوالشافی: سم الفار سفید آدھ ماشہ' دانہ الائچی کلاں عمدہ دو تولہ' لونگ ایک تولہ' مغز بادام شیریں تین تولہ خوب رگڑیں اور گولی بقدر کالی مرچ بنالیں' ایک گولی بعد از غذا پانچ تولہ مسکہ کے ساتھ کھائیں۔ ہفتہ عشرہ میں کچھ کا کچھ بنادے گی' آزمائش شرط ہے۔ یہ نسخہ میں نے خود استعمال کیا' بہت طاقتور ہے' بڑے بھائی نے بنایا تھا یہ مردانہ طاقت کیلئے خاص نسخہ ہے' عام کمزوری کیلئے میرے خیال سے کوئی اور دوا جیسے اکسیر البدن' عبقری دواخانہ کی ہر قسم کی کمزوری وغیرہ کیلئے آزمودہ لاجواب ہے' ویسے بھی اس نسخے میں سم الفار سفید کا استعمال ہے اس لیے بہتر ہے کسی مستند حکیم کو چیک کروا کر مشورے سے استعمال کریں۔

تیسرا نسخہ: عبقری دواخانہ کی کتاب ''کلونجی کے کرشمات'' میں بواسیر کا پڑھا۔ اس کا فائدہ بتاتا ہوں۔ ھوالشافی: کلونجی 70 گرام' سرسوں کے بیج جن سے کڑوا تیل نکلتا ہے سو گرام' نیم کے بیج (نمولی) کا مغز سو گرام۔ تمام اجزاء کوٹ کر سفوف تیار کریں اور بڑے کیپسول بھر کر ایک سے دو کیپسول دن میں تین یا چار بار پانی کے ہمراہ کھانے سے قبل استعمال کریں۔ یہ نسخہ کسی کو بتایا اس بھائی نے بواسیر کے تین مریضوں کو بنا کر مفت دی' اللہ پاک نے شفاء عطا فرمائی' میں نے اپنی چچی کو بنا کر دی' ایک بہت غریب بھائی کو فری دی' اللہ پاک نے شفاء عطا فرمائی' دائمی قبض' معدے کی جلن وغیرہ کیلئے تو فوری اثر پایا۔ اس کے علاوہ آپ کی لاجواب کتاب ''میرے طبی رازوں کا خزانہ'' صفحہ نمبر 132 پر ''آئیں تندرستی کے راز پائیں'' کے عنوان سے ایک نسخہ ہے اسے بھی آزمایا' پہلے نسخہ لکھتا ہوں۔ **ھوالشافی:** پھٹکڑی خام یعنی پھول نہ کریں بلکہ اصلی حالت میں دس گرام' کباب چینی سو گرام دونوں باریک کرکے پیس لیں۔ چوتھائی چھوٹا چمچ دن میں چار بار یا حسب ضرورت چھ بار کچی لسی یا پانی کے ہمراہ دیں۔ پیشاب کے قطرے گرتے رہتے ہوں' کپڑے ناپاک رہتے ہوں' اس کیلئے لاجواب ہے۔ چند بھائیوں کو دیا' جنہوں نے کچھ عرصہ مستقل استعمال کیا ان کو اس مرض سے نجات ملی' باقی جو استعمال کررہے ہیں ان کو بھی اللہ پاک کے فضل و کرم سے بہت فائدہ ہوا۔ ایک بھائی نے پرہیز بھی بالکل نہیں کیا ان کو بھی بہت فائدہ ہوا۔ پیٹ میں پانی پڑا ہو اس کیلئے بھی یہ ٹوٹکہ بہت لاجواب ہے۔ ضرور آزمائیں' مکمل نفع پائیں۔ خون نہ بن رہا ہو یہی نسخہ استعمال کروایا لاجواب فائدہ ہوا۔

چوتھا نسخہ: آپ کی اسی کتاب میں معدے کے تمام امراض کیلئے ایک خاندانی راز کے عنوان سے ایک نسخہ چھپا' اس کے فوائد بہت پائے ہیں' بتاتا ہوں:۔ معدے کی جلن' گھبراہٹ' بے چینی وغیرہ کیلئے بہت مفید ہے' الٹی آتی ہو تو ایک خوراک سے ہی بہت فائدہ ہوتا ہے' اکثر ایک خوراک سے ہی الٹی رک جاتی ہے' معدے کے جملہ امراض کیلئے بہت مفید ہے اور قطرے گرنے کے مرض میں بھی مفید پایا۔ معدہ اور السر کے مریض ضرور کریں۔ ھوالشافی: کلونجی پچاس گرام' چھلکا اسپغول پچاس گرام' شہد سو گرام' کلونجی پیس کر چھلکا اور پاؤڈر کلونجی شہد میں ملائیں' کسی ڈبے میں محفوظ رکھیں' ایک چمچ ناشتے اور ہر کھانے کے بعد چاہیں تو نہار منہ بھی لے سکتے ہیں۔ اس نسخہ کو بڑے بھائی نے میری چچی کو بنا کر دیا جوڑوں کے درد' پٹھوں کے کھچاؤ وغیرہ کیلئے بہت مفید ثابت ہوا۔ حالانکہ انہوں نے مستقل استعمال نہیں کیا۔ والدہ کو جوڑوں کا مسئلہ تھا' اگر نیچے بیٹھے ہوتے تو اٹھتے اٹھتے کتنی دیر لگ جاتی میں نے یہی نسخہ بنایا اس میں اسپغول کا چھلکا بھی ملا دیا پھر بھی بہت فائدہ ہوا' ماشاء اللہ دماغی تقویت بھی ملی۔

پانچواں نسخہ: ''کھنڈرات سے ملی خاندانی بیاض'' عبقری پبلی کیشنز کی کتاب میں بخار کا ایک نسخہ ہے' ملیریا کیلئے اکسیری حبوب کے نام سے' ھوالشافی: سفوف لوبان کوڑیا ایک تولہ' پھٹکڑی سفید بریاں 9 ماشہ باہم ملا کر دن میں دو مرتبہ خوراک دو رتی ہمراہ ٹھنڈا پانی یا سنگترہ کے جوس سے' ہر قسم کے بخاروں کو توڑنے کیلئے یورپ کی تمام ادویہ سے زیادہ زود اثر اور بہترین تسلیم کی گئی ہے۔ اس دوا کو میں نے بنایا' بخار کی وجہ سے ٹانگیں بے جان سی محسوس ہورہی تھیں کمر درد ناقابل برداشت تھا' اس کی ایک خوراک سے ہی بہت زیادہ فائدہ ہوا' دو سے تین خوراک میں اللہ پاک کے فضل و کرم سے مکمل ٹھیک ہوگیا' ضرور بنائیں' آزمائیں۔ حضرت جی حکیم صاحب جن کی وجہ سے آپ تک یہ تجربات پہنچا سکا ان کی نسلوں کو اور مجھے اور میری نسلوں کو دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔ آپ بھی عبقری میں ضرور لکھیں تاکہ لاکھوں لوگوں کو نفع ہو اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔

تمام آفات سے محفوظ: ہرنماز کے بعد اسم یَامُھَیْمِنُ کا اکتالیس مرتبہ پڑھنا تمام آفات سے محفوظ رکھتا ہے اور پڑھنے والے پر اس کے پوشیدہ اسرار ظاہر ہوتے ہیں۔ انشاء اللہ

کالے بیج اور کالی بیماریاں ختم

جن کی آنکھیں اندر دھنسی ہوئی ہوں‘ پیٹ پھولا ہوا یا ان کی طبیعت میں نزلہ، زکام، بخار اکثر رہتا ہو‘ کھانسی‘ ریشہ‘ بلغم ان کا ساتھ نہ چھوڑتا ہو‘ ذہنی طور پر کمزور بچے‘ عینک لگی ہو‘ حافظہ بہت کمزور ہو اور پڑھ پڑھ کر تھک کر پھر کورے کے کورے رہتے ہوں‘ ایسے بچوں کیلئے آپ سو فیصد ایک ٹوٹکہ ضرور استعمال کیجئے

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں‘ آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

اس تحریر کو پڑھنے سے پہلے یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس دوا کے فوائد ہر موسم میں یکساں مفید اور نفع مند ہیں‘ وہ موسم سرما ہو یا گرما‘ وہ رمضان ہو یا غیر رمضان‘ لہٰذا اس کے استعمال کیلئے نہ عمر کی حد ہے نہ کوئی موسم‘ قارئین! مصنوعی مشروبات نے ہماری زندگی کو غیر مطمئن‘ دکھی اور ناتواں کر دیا ہے‘ فرق صرف اتنا ہے مصنوعی مشروبات کیلئے ایک خوبصورت بوتل چاہیے‘ اس کے اوپر خوبصورت رنگ برنگا مختلف شکلوں اور خوبصورت الفاظ سے مزین ایک لیبل چاہیے پھر سڑکوں پر اور چوراہوں پر پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا میں اس کے پرکشش اور حیرت انگیز اشتہارات چاہئیں‘ آخری اہم چیز اس کا پرلطف ذائقہ چاہیے۔ حلق سے گزرنے کے بعد سب چیز ایک ہی ہوتی ہے‘ وہ کڑوی ہو یا میٹھی وہ کسیلی ہو یا بدذائقہ ان مشروبات نے جو تباہی اور نقصانات کیے ہیں اور معاشرے کو جو دکھ دیے ہیں روز بروز مریضوں اور ہسپتالوں کی بڑھتی ہوئی تعداد اس بات کی نشاندہی کر رہی ہے کہ ہماری غذائیں اور مشروبات غیر مطمئن اور مصنوعی ہیں اور ہم اپنی صحت کو چند رنگ برنگے مصنوعی پرکشش اور پرذائقہ مشروبات کے حوالے کر رہے ہیں‘ کیا ہم اتنے ظالم ہوگئے ہیں؟ کہ خود تو خود اپنی نسلوں کو بھی انہی چیزوں پر لگا رکھا ہے آیئے! میں آپ کو اس دہکتی‘ جھلساتی اور تڑپاتی گرمی میں ایسے قدرتی مشروب سے متعارف کرواؤں جو آپ نے سنا ضرور لیکن پیا بہت کم ہوگا۔ بازاروں میں عام طور پر ایک کالے بیج ملتے ہیں جنہیں تخم بالنگو کہتے ہیں عام لوگ انہیں تخم ملنگا بھی کہتے ہیں بس چھٹانک یا پاؤ لے لیجئے‘ کنکر مٹی صاف کر لیجئے‘ محفوظ کیجئے دوائی تیار‘ اب اس کے فوائد غور سے سنیے۔ **فائدہ نمبر 1:** پرانے سے پرانا ٹائیفائیڈ بخار جو کسی بھی دوا سے نہ جاتا ہو بڑے بڑے علاج دوائیں اور معالجے ناکام ہوگئے ہوں یا پھر ٹائیفائیڈ بخار ختم ہوگیا ہو لیکن اس کے اثرات باقی ہوں‘ منہ کا خشک ہونا‘ خون کا نہ بننا‘ حلق ہر وقت کانٹے کی طرح دکھتا رہے‘ ہاتھ پاؤں کی جلد کا سکڑنا‘ ذہن کا الجھنا‘ معدے میں تیزابیت‘ بادی‘ پتھری‘ خون کی کمی‘ موسم کی سردی اور خاص طور پر گرمی‘ حدت، لُو اور شدت کو برداشت کر پانا‘ ہر وقت کوئی نہ کوئی تکلیف چپکی رہے اور

ہائے ہائے کرتے رہیں‘ اگر یہ تکالیف ہیں تو آپ ایک دودھ کا گلاس موسم سرما ہو تو نیم گرم‘ موسم گرما ہو تو تازہ حسب ضرورت شہد یا دیسی شکر کا میٹھا ورنہ پھیکا ہی کافی ہے۔ ایک بڑا چمچ تخم بالنگو خوب اچھی طرح مکس کریں کم از کم دس منٹ تک اس کو چمچ سے ہلاتے رہیں۔ پھر اس کو گھونٹ گھونٹ پیتے بھی رہیں اور ہلاتے بھی رہیں۔ بس یہ دوا تیار ہے اور اس دوا سے آپ کو ان تمام بیماریوں سے چھٹکارا مل جائے گا۔ چند دن، چند ہفتے ضرور استعمال کیجئے۔ **فائدہ نمبر 2:** جن کے بچوں کو تندرستی کا روگ رہتا ہو‘ یعنی صحت مند نہ ہوتے ہوں‘ کھاتے پیتے نہ ہوں‘ یا تھوڑا سا کھایا تو فوراً الٹی کر دی‘ کبھی پیٹ خراب کبھی معدہ خراب‘ کبھی جگر خراب اور طبیعت میں ہر وقت بوجھل پن‘ چڑچڑے بچے‘ جن کی آنکھیں اندر دھنسی ہوئی ہوں‘ پیٹ پھولا ہوا یا ان کی طبیعت میں نزلہ، زکام، بخار اکثر رہتا ہو‘ کھانسی‘ ریشہ‘ بلغم ان کا ساتھ نہ چھوڑتا ہو‘ ذہنی طور پر کمزور بچے‘ عینک لگی ہو‘ حافظہ بہت کمزور ہو اور پڑھ پڑھ کر تھک کر پھر کورے کے کورے رہتے ہوں‘ ایسے بچوں کیلئے آپ سو فیصد ایک ٹوٹکہ ضرور استعمال کیجئے ایک چھوٹا یا بڑا چمچ‘ بڑے یا چھوٹے گلاس دودھ میں گھول کر بچوں کو دن میں ایک یا دو بار ضرور پلایئے۔ چند دنوں میں حیرت انگیز رزلٹ دیکھیں گے‘ بچے کی صحت تندرستی اور خوشحالی آپ کو آنکھوں سے نظر آئے گی اور آپ خود محسوس کریں گے کہ آپ کے بچے کی طبیعت کتنی بہترین اور صحت مند ہے۔ میرے مشاہدات میں یہاں تک ہے کہ چند ہفتے‘ چند مہینے استعمال کرنے سے بچے کی عینک اتر جاتی ہے‘ بچے صحت مند ہو جاتے ہیں‘ جن کا قد نہیں بڑھتا‘ وزن نہیں بڑھتا اور جن کی صحت ہمیشہ نڈھال رہتی ہے جو کھا پی کر بھی تر و تازہ نہیں ہوتے یا پھر خود کھاتے پیتے ہی نہیں انہیں میں نے ہمیشہ بہت مطمئن اور ان کے والدین کو اتنا تسلی میں دیکھا کہ ان سے بڑی بڑی دوائیں اور بڑے بڑے قیمتی وٹامنز اور ملٹی وٹامنز سب چھوٹ گئے۔ **فائدہ نمبر 3:** ابھی رمضان کا مہینہ ہے‘ گرمی اپنے جوبن پر‘ آپ کے پاس بالنگو ہے‘ پریشانی کیسی؟ بس! ابھی سے بالنگو تیار رکھیں‘ دودھ جتنا بھی میسر ہو ورنہ پانی تو موجود ہے‘ پانی یا دودھ کے ایک گلاس میں ایک چمچ تخم بالنگو ڈال لیں اور پورے اطمینان اور تسلی سے اس کو صبح و شام پئیں اگر اس کا فائدہ بہت

بڑھانا چاہتے ہیں اس میں برف زیادہ نہ ڈالیے گا‘ ہلکا اور بہت ہلکا ٹھنڈا اور اس ہلکے ٹھنڈے میں حسب طبیعت میٹھا ڈال سکتے ہیں۔ آپ بالنگو شہد کے شربت یعنی شہد کے پانی میں گھول کر استعمال کر سکتے ہیں آپ چاہیں تو اس کو کسی اچھے مشروب میں ڈال کر بھی پی سکتے ہیں۔ میں نے سالہا سال کے تجربات کے بعد اسے دودھ میں‘ شہد کے شربت میں‘ مشروب عبقری میں نہایت فائدہ مند بہترین پایا‘ آپ کا پیشہ سخت گرمی اور لُو میں اٹھنے بیٹھنے کا ہے‘ آپ مجبور ہیں کہ سخت گرمی اور لُو آپ کو بے چین کر رہی ہے آپ ابھی سے سوچ رہے ہیں کہ روزے رکھیں یا نہ رکھیں‘ نامعلوم کیسے ہوگا؟ اور کیا بنے گا‘ الجھن کیسی؟ پریشانی کیسی؟ نہ مایوس ہوں‘ نہ پریشان! بلکہ آپ فوراً تخم بالنگو سے دوستی لگا لیں۔ لیں میں ایک واقعہ سناتا ہوں:۔ ہمایوں بادشاہ برصغیر کا بہت بڑا شہنشاہ تھا، اکبر اعظم کا والد‘ سندھ کے قلعہ عمرکوٹ میں جس خیمے میں بادشاہ کا بیٹا پیدا ہوا (کیونکہ بادشاہ مفرور تھا) اقتدار چھن چکا تھا‘ بادشاہت گنوا بیٹھا‘ بچے کی خوشخبری ملی‘ بادشاہ کے پاس تقسیم کرنے کیلئے کچھ نہیں تھا انہوں نے ایک نافہ یعنی مشک جسے عام لفظوں میں کستوری بھی کہتے ہیں اس کو کاٹا کاٹتے ہی اس کی خوشبو خیمے میں پھیل گئی اور جتنے بھی وفادار تھے ان سب کو وہ مشک کی خوشبو پہنچی چونکہ سخت گرمی اور پھر سندھ کی گرمی اور جس نواب نے انہیں پناہ دی ہوئی تھی تھوڑی دیر بعد وہاں اطلاع پہنچی تو اس نواب نے مٹکے میں دودھ بھیجا جو کہ مشکیزوں کے ٹھنڈے پانی سے ٹھنڈا کیا ہوا تھا‘ بادشاہ نے جب کٹورے میں دودھ پیا تو اس میں کچھ کالی کالی چیزیں چلتی پھرتی دیکھیں حیران ہوا کہ یہ کیا چیز ہے؟ کہنے لگے کہ یہ آپ کی اندرونی حدت اور موسم کی گرمی کا علاج ہے۔ وہ نواب کہنے لگا: یہ بیج صدیاں صد صدیاں سے ہم خود اگاتے ہیں اس کی فصل کو بہت پیار اور نزاکت سے اٹھاتے ہیں اور پھر اس کو ہم ایک دوسرے کو تحفہ دیتے ہیں۔ ہمایوں نے جب وہ ایک تخم بالنگو سے مزین پیالہ پیا تو ٹھنڈی آہ نکلی کہ میرے جسم کی گرمی ایسے ختم ہوئی ہے جیسے کہ میں اپنے محل میں ٹھنڈے گلاب کے عرق سے ٹھنڈی آبشاروں سے نہاتا تھا اور اس دن کے بعد بادشاہ نے اس مشروب کو یعنی تخم بالنگو کو اپنی زندگی کا حصہ بنا لیا۔

شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات

پوری سائنس فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے‘ آپ کے پاس انٹرنیٹ، اپنا مشاہدہ، تحریر کوئی بھی ایسی چیز جس میں شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات ملے ہوں ہمیں ضرور بھیجیں۔ باری آنے پر آپ کے نام سے شائع ہوں گے لاکھوں کا نفع ہوگا (ادارہ)

نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج

جوابی لفافہ ضرور بھیجیں' مکمل پتہ لکھا ہوا۔ جواب میں جلدی نہ کریں۔

ہم زبان دے چکے ہیں: میں ایک سکول میں ٹیچر ہوں اور ایک رشتے دار کو پسند کرتا ہوں' وہ بھی مجھے پسند کرتی ہے لیکن چند خاندانی جھگڑوں کی بناء پر اس کی بات کہیں اور طے ہوگئی' مجھے اس کا علم نہ ہوسکا حالانکہ لڑکی اور اس کے گھر والے اس رشتے سے خوش نہیں ہیں مگر انکار نہیں کرسکتے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہم زبان دے چکے ہیں' ویسے لڑکی والے ہر صورت میں مجھ سے شادی پر رضا مند ہیں لیکن دوسرے لڑکے والے یہ رشتہ چھوڑنا نہیں چاہتے' آپ مہربانی کرکے کوئی ایسا حل بتائیں کہ میں اس الجھن سے نکل سکوں کیونکہ میں اس کے بغیر زندگی گزارنے کا تصور بھی نہیں کرسکتا۔ (شہزاد علی' لاہور)

جواب: آپ جس لڑکی کو پسند کرتے ہیں اس سے شادی کرنا کوئی مشکل مرحلہ نہیں کیونکہ لڑکی اور اس کے گھر والے آپ کو پسند کرتے ہیں اب جہاں تک لڑکے والوں کا رشتہ نہ چھوڑنے کا تعلق ہے تو ان کی کوئی حیثیت نہیں لڑکی والے اس معاملے میں خودمختار ہیں ان پر کوئی بھی زبردستی نہیں کرسکتا اس لئے آپ لڑکی والوں سے کہئے کہ وہ اس رشتے سے صاف انکار کردیں' وہ لوگ زبردستی تو شادی نہیں کرواسکتے' اب رہ گئی یہ بات کہ خاندانی جھگڑے اٹھ کھڑے ہوں گے تو اس کی اگر پرواہ کی تو پھر اس طرح سے تو ان سے خاندان کا دباؤ ڈال کر ہر جائز و ناجائز بات منوائی جاتی رہے گی' اس لئے آپ لڑکی والوں کو سمجھائیں کہ وہ بے دھڑک ہوکر اس رشتے سے انکار کرکے آپ سے شادی کردیں۔

لوگ مجھ پر ہنستے ہیں: میری عمر 20 سال ہے قد عام لڑکوں سے لمبا ہے اور دبلا بھی ہوں کسی جگہ جاؤں یا کہیں سے گزروں تو لوگوں کی اٹھتی ہوئی نظریں برداشت نہیں ہوتیں میں نے محسوس کیا ہے لوگ مجھ پر ہنستے ہیں میں نے کچھ جھک کر چلنا شروع کردیا کہ لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہوجاؤں تو اس پر گھر والے ناراض ہوئے۔ میرے بارے میں کوئی کچھ کہہ دے تو وہ بات دماغ سے نہیں نکلتی۔ (اصغر' پشاور)

جواب: آپ کی عمر کے بہت سے نوجوان اپنی ذات کے بارے میں زیادہ سوچتے ہیں مثلاً وہ دبلے ہیں یا موٹے۔ ان کا قد لمبا ہے تو زیادہ لمبا کیوں ہے' اگر چھوٹا ہے تو وہ لمبے کیسے ہوں گے؟ رنگ گورا ہے یا کالا' چہرے پر دانے کیوں ہیں' کسی نے دیکھا تو مذاق اڑایا ہوگا۔ کوئی اپنی بات پر ہنسنے لگا تو یہ محسوس کریں گے کہ ان پر ہنسا ہے' ندامت کا احساس ان کو تکلیف دیتا ہے یہ سب وہ باتیں ہیں جن کی اہمیت نہیں۔ سب ہی لوگ وقت کے ساتھ بہتر ہوجاتے ہیں اور اپنی ذہنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر شخصیت میں دلکشی پیدا کرلیتے ہیں تب احساس کمتری اور عدم اعتماد والی صورتحال نہیں رہتی۔

بے حد پریشان ہوں: میٹرک کی طالبہ ہوں' کلاس کی ایک لڑکی سے دوستی تھی اس نے مجھے اپنے ساتھ کسی لڑکے سے ملنے لے جانا چاہا' میں نے انکار کردیا اس نے کہا تم نہ جاؤ لیکن سب لڑکیاں یقین کرلیں گی کہ تم میرے ساتھ گئی تھی۔ میں بے حد پریشان ہوں' سکول سے زیادہ چھٹیاں بھی نہیں کرسکتی' رات کو سونے سے پہلے ڈر لگتا ہے کہ اس کی بات مان لی ہوتی۔ (ج)

جواب: ہر روز سکول جائیں بہت اطمینان اور اعتماد کے ساتھ رہیں لڑکی کی اپنی طاقت ہوتی ہے مستقل مزاجی اور بردباری سے اپنی تعلیم پر توجہ دیں آپ نے اس کے ساتھ جانے سے انکار کردیا آنے والے وقت میں ہوسکتا ہے کہ وہ کسی اور لڑکی کے ساتھ رہیں' اس طرح کرنے سے برائی ظاہر ہوجائے گی آپ ثابت قدم رہیں۔ غلط بات نہیں مانی' اچھا کیا آئندہ بھی ایسی کسی لڑکی سے تعلق نہ رکھیں رات سونے سے پہلے برائی سے محفوظ رہنے پر شکر کیا کریں۔

بیٹھے بیٹھے بے ہوش: میں 10 سال کا تھا تو مجھے پہلا دورہ پڑا' اس وقت سکول میں تھا بیٹھے بیٹھے بے ہوش ہوگیا۔ کئی لڑکے اٹھا کر گھر لائے' مجھے کچھ یاد نہیں میں نے یہ سنا ہے دو سال تک ہر ماہ کبھی دوبار اور کبھی ایک بار یہ حالت ہوجاتی' بڑے بڑے ڈاکٹروں سے علاج ہوا اس وقت ہم لوگ شارجہ میں تھے اب اپنے ملک میں ہیں کبھی کبھار سر میں شدید درد ہوجاتا ہے کسی سے کچھ کہتا نہیں لیکن ڈرتا ہوں کہ مجھے کوئی نفسیاتی مریض نہ سمجھے۔ (عامر غنی' حیدرآباد)

جواب: دوروں کا شمار اعصابی امراض میں آتا ہے اس طرح سر درد کا علاج بھی ماہر اعصاب (Neurologist) کرتے ہیں ماہر نفسیات بھی کرسکتے ہیں لیکن یہ نہیں کہا جاسکتا کہ اگر کسی کے صرف سر میں درد ہے تو وہ نفسیاتی مریض ہے یا دورہ پڑگیا تو اس کی حقیقت جانے بغیر کوئی ایسے شخص کو نفسیاتی مریض کہنا شروع کردے۔ اگر دوروں کی بیماری کی اعصاب اور نفسیاتی دونوں طرح کی وجوہات ہوں تب بھی یہ لوگ ٹھیک ہونے پر معمول کے مطابق زندگی گزارتے ہیں اور ان میں وہ تمام ذہنی و جسمانی صلاحیتیں ہوتی ہیں جو معاشرے کے دیگر افراد میں پائی جاتی ہیں۔

جان لے لے گی: ڈیڑھ سال پہلے میرے ایک دوست کی اچانک موت ہوگئی شروع میں تو مجھے زیادہ احساس نہیں ہوا مگر پھر آہستہ آہستہ میرے ذہن میں کچھ اس طرح کے خیالات آنے شروع ہوگئے کہ مجھے کینسر ہے یا کوئی ایسی بیماری لگ گئی ہے جو جان لے لے گی۔ کبھی سینے میں درد تو کبھی معدے میں تکلیف اور بعض اوقات لگتا ہے پھیپھڑوں کا کینسر ہے' بہت سے ڈاکٹروں سے معائنہ کروایا ساری رپورٹس نارمل آئیں انہوں نے مجھے ڈیپریشن کا شکار بتادیا۔ یہاں میں اپنے والد کے ساتھ رہتا ہوں انہوں نے مجھے وہ توجہ نہیں دی جو دینی چاہئے تھی اب یہ حال ہے کہ ہر وقت بے چین رہتا ہوں۔ نیند بھی کم آتی ہے ڈر لگتا ہے (ح، انگلینڈ)

جواب: احساسات اور خیالات کا انسان کی صحت و سلامتی سے بہت گہرا تعلق ہے اسی لئے جب کوئی بیماری میں علاج کرواتا ہے تو معالج اسے صحت کا احساس دلاتے ہوئے تسلی دیتا ہے لیکن اگر جسمانی صحت رکھنے والا فرد بیماری کے احساسات کا شکار ہوکر اپنے اندر کسی نہ کسی مرض کی علامات محسوس کرنا شروع کردے تو اس کا پھر وہی حال ہوگا جو آپ نے بیان کیا ہے۔ دراصل ڈیپریشن ایسا نفسیاتی مرض ہے جس میں جسمانی بیماری کے بغیر جسم کے مختلف حصوں میں درد اور تکلیف محسوس ہوتی ہے۔ ڈاکٹر ڈیپریشن تشخیص کرکے مریض کو یونہی تکلیفیں سہنے کیلئے نہیں چھوڑ دیتے بلکہ ماہر ذہنی امراض' ماہر نفسیات سے رجوع کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ معمولی ڈیپریشن خیالات اور معمولات کی تبدیلی سے بھی ٹھیک ہوسکتا ہے آپ اپنے ذہن میں آنے والے تکلیف دہ خیالات کو روکیں اور خود سے کہیں میں صحت مند ہوں۔ مجھے کوئی بیماری نہیں' شکر کریں ساری رپورٹس ٹھیک ہیں جلد ہی آپ محسوس کریں گے ہر نیا دن صحت اور خوشحالی لانے کا سبب ہوگا۔ بچپن کا وہ دور بھی گزر گیا جب والد کی توجہ اور ہمدردی کی ضرورت تھی اب آپ خود انہیں وقت دیں ان کا خیال رکھیں۔

(بقیہ: رمضان میں گرمی کا رونا نہ روئیں)

بدن نہیں جلتا۔ زیادہ مرچ مصالحے والے کھانے نہ کھائیں۔ دہی، کدو، دہی کا رائتہ' آم اور دودھ' بالائی' خربوزہ' آم' آم کی چٹنی اور موسم گرما کی سبزیوں سے روٹی کھائیں۔ سوتی کپڑے پہنیں' نیلی یا سبز عینک کا استعمال کریں۔ گرمی کا رونا نہ روئیں' اس کو برا بھلا نہ کہیں۔ اس کا جتنا ذکر کریں گے اتنا ہی زیادہ محسوس ہوگی۔ گرمیاں غریبوں کا موسم ہے یعنی پانی پیا اور پسینہ آگیا' جسم نارمل ہوگیا جبکہ سردیوں کے تقاضے زیادہ اور مہنگے ہوتے ہیں۔

صحت ومسرت کا ضامن: لیموں کا تازہ رس سرسے لے کر پاؤں تک پوری جسمانی مشینری کواوورہال کرتا ہےاوراس کا اعتدال کے ساتھ استعمال صحت ومسرت کا ضامن ہے۔

بے اولاد حضرات کیلئے طاقتور اور آزمودہ عمل حاضر ہے

شمیم الظفر عرفی، کوٹ ادو

درود شریف پڑھ کر ڈوری پر دم کریں اور اللہ کریم سے دعا کریں' اب عمل ختم ہے اور ڈوری تیار ہے۔ پھر جس عورت کا حمل تین ماہ کے اندر ہو یہ ڈوری اس عورت کے گلے میں ڈال دی جائے' عورت کا پاک صاف رہنا اور ہونا بہت ضروری ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کو اور تمام امت محمد ﷺ کو رمضان المبارک کی مبارک ساعتیں بہت بہت مبارک ہوں۔ میں عبقری قارئین خاص کر جو بے اولاد ہیں ان کیلئے ایک نہایت طاقتور اور آزمودہ عمل لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یہ عمل کئی بار کا آزمودہ ہے۔ عمل درج ذیل ہے:۔

عمل برائے اولادِ نرینہ: پہلے سات، گیارہ یا اکیس تار سوت کا دھاگہ سیاہ جو نیل سے رنگا ہوا ہو' یکجا جمع کرلیں اور ڈوریاں بنادیں' سوتی ڈوری پانچ ہاتھ لمبی ہو' جمعرات والے دن کے بعد جو رات آتی ہے وہ شب جمعہ کہلاتی ہے' آدھی رات کے بعد جب رات کچھ باقی ہو بیدار ہو کر غسل کریں' وضو کرکے پاک وصاف کپڑے پہن کر قبلہ کی طرف منہ کرکے عمل شروع کریں۔ پہلے درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں' پھر سورۂ یٰسین پڑھنا شروع کردیں' جب پہلی مبین پر پہنچیں تو دھاگہ کو ایک گرہ لگادیں' پھر سورۂ یٰسین شروع سے پڑھنا شروع کریں جب دوسری مبین پر پہنچیں تو پھر اسی دھاگہ کو دوسری گرہ لگائیں۔ پھر دوبارہ سورۂ یٰسین شروع سے پڑھنا شروع کریں جب تیسری مبین پر پہنچیں تو اسی دھاگہ پر تیسری گرہ لگائیں۔ اسی طرح سورۂ یٰسین پھر شروع سے پڑھنا شروع کریں اور اسی ترتیب کے ساتھ سات مبین (یعنی سورۂ یٰسین مکمل کریں) تک سات گرہ لگائیں۔ اب سورۂ مزمل پڑھنا شروع کریں' سورۂ مزمل پڑھنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَااَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَاكَرِيْمُ. يَاعَزِيْزُ. يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ تین مرتبہ پڑھیں اور سورۂ مزمل پڑھنا شروع کردیں' جب سورۂ کے لفظ ''سَبِيْلًا'' پر پہنچیں تو پھر اسم يَااَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَاكَرِيْمُ. يَاعَزِيْزُ. يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ تین بار پڑھیں اور ڈوری پر گرہ لگائیں اور اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ تا ختم سورۂ پھر اسم يَااَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَاكَرِيْمُ. يَاعَزِيْزُ. يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ تک پڑھ کر اسی ڈوری کو گرہ لگائیں اور پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے بعد پھر درج بالا اسم تین مرتبہ پڑھیں اور پھر سورۂ مزمل شروع سے سَبِيْلًا تک' پھر اسم يَااَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَاكَرِيْمُ. يَاعَزِيْزُ. يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ پڑھ کر گرہ دیگر اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ تا ختم سورۂ پھر درج بالا اسم تین بار پڑھیں اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ انیس بار پڑھ کر سورۂ ختم کریں۔ پھر سورۂ رحمٰن شروع کریں' جہاں لفظ ''تُكَذِّبٰنِ'' یعنی فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۔ آئے اسی ڈوری کو گرہ لگائیں۔ اور ہر بان پر ایک گرہ لگاتے جائیں۔ آخر میں گیارہ مرتبہ پھر درود شریف پڑھ کر ڈوری پر دم کریں اور اللہ کریم سے دعا کریں' اب عمل ختم ہے اور ڈوری تیار ہے۔ پھر جس عورت کا حمل تین ماہ کے اندر ہو یہ ڈوری اس عورت کے گلے میں ڈال دی جائے' عورت کا پاک صاف رہنا اور ہونا بہت ضروری ہے۔ ڈوری گلے سے ناف تک رہے' جب بدن ناپاک ہو یا ہمبستری کرے تو پہلے ڈوری کو اتار لے' غسل کے بعد پاک صاف کپڑے پہن کر فوراً ڈوری گلے میں ڈال لے۔ جب لڑکا (انشاء اللہ لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے) پیدا ہو تو عمل والی ڈوری عورت کے گلے سے اتار کر دو چار عورتیں ہاتھ سے ہاتھ پر ڈوری کا گول دائرہ بنادیں اور لڑکا آنول سے فارغ کرکے جلدی سات بار نیچے اوپر دائرہ کریں اب ڈوری ناپاک ہوگئی' صابن سے دھو کر پہلے ایک تعویذ چاندی کا تیار رکھیں اور ڈوری تعویذ میں ڈاخل کرکے اور بند کرکے لڑکے کے گلے میں پہنادیں۔ عمل ختم ہے۔ اللہ کے کرم سے ہر طرح سے مجرب اور مکمل عمل ہے۔ جن خواتین کی اولاد مرجاتی ہے انشاء اللہ ان کیلئے انتہائی مفید ہے' اولاد اللہ کے کرم سے زندہ رہتی ہے اور لمبی عمر پا کر طبعی موت مرتی ہے۔ نرینہ اولاد صرف حمل کے تین ماہ کے اندر اندر عمل کرنے سے ہوگی ورنہ نرینہ اولاد نہ ہوگی' یہ تجربہ ہے۔ عمل اگر رات کو کرنا مشکل ہے تو دن کو بھی کیا جاسکتا ہے مگر دوران عمل کسی بھی قسم کی گفتگو نہیں ہونی چاہیے اگر سورتیں حفظ نہ ہوں تو دیکھ کر بھی پڑھی جاسکتی ہیں۔ عمل کرنے والے حضرات عمل مذکور کو اچھی طرح ذہن نشین کرلیں یا چھپا ہوا سامنے رکھ لیں' پھر شروع کریں۔ یہ ایک خاندانی راز ہے جو میں عبقری قارئین کی نذر کررہا ہوں امید ہے کہ قارئین کو اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔

گھریلو مسائل کا انسائیکلو پیڈیا

گرمی میں باغ و بہار کے مزے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک مرتبہ شدید گرمی میں ہم جمعہ پڑھنے مسجد میں گئے' وہاں ایک بزرگ جمعہ پڑھانے کیلئے آئے ہوئے تھے۔ وہ فرمانے لگے: آپ دور پرے سے اتنی سخت گرمی میں یہاں جمعہ پڑھنے آئے ہیں' آج میں آپ تمام آئے ہوئے لوگوں کو گرمی کا تحفہ دیتا ہوں اور یہ وظیفہ بتایا: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ۔ فرمایا کہ اس کی سب کو اجازت ہے۔ یہ وظیفہ گرمی سے بچنے کیلئے بے حد مفید ہے۔

رمضان میں تمام امراض معدہ سے نجات

ھوالشافی: دو جوئے لہسن' ادرک آدھا انچ کا ٹکڑا' چھوٹا پیاز ایک عدد' کالی مرچ آٹھ عدد' سونف آدھ چمچ چائے والا' سفید زیرہ آدھ چمچ چائے والا' ہرا دھنیا بمعہ ڈنٹھل ایک چائے کا کپ' پودینے کے پتے آدھ چائے کا کپ۔ ٹماٹر درمیانے تین عدد' مولی کے پتے صاف کیے ہوئے آدھ کپ (اگر میسر ہوں تو) [illegible] ایک چٹکی لال مرچ آدھ چمچ چائے والا کالا نمک ایک چٹکی' دہی ایک کپ' پانی ایک کپ' نمک حسب ضرورت۔ تمام اشیاء گرائنڈر میں اچھی طرح شیک کرلیں۔ نہایت لذیذ اور مزیدار چٹنی تیار ہے۔ پیٹ کے کیڑے ختم کرتی ہے۔ معدے کو طاقت دیتی ہے' قبض کشاء ہے' بھوک لگاتی ہے۔ خاص طور پر رمضان میں افطاری کے وقت اس کا استعمال کریں' نہ بھاری پن ہوگا نہ ہی پورا رمضان پیٹ خراب ہوگا۔

ہائی بلڈ پریشر کیلئے عظیم روحانی نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری کے قارئین کیلئے انمول تحفہ بھیج رہا ہوں۔ ہائی بلڈ پریشر کیلئے عظیم روحانی نسخہ۔ **ھوالشافی:** صبح فجر کی نماز کے بعد روزانہ درود ابراہیمی تین مرتبہ' سورۂ فاتحہ تین مرتبہ' سورۂ اخلاص تین مرتبہ' درود ابراہیمی تین مرتبہ پڑھ کر دل والی سائیڈ پر دم کریں انشاء اللہ بلڈ پریشر نارمل رہے گا۔ (ماہنامہ عبقری جلد نمبر 7)

چھٹیاں' بچے اور وقت ضائع کرنے والی مشین

شیزہ ماہین' لاہور

اب تو الحمدللہ گرمی کی چھٹیاں ہیں میں نے تو ایسے ایسے بچے بھی دیکھے ہیں جنہوں نے فیس بک کا سافٹ ویئر اپنے موبائل فون پر چڑھا رکھا ہے آج کل ہم لوگ ساری عمر میں اتنی کتابیں پڑھ نہیں پاتے جتنی کسی زمانے کے علماء لکھ ڈالتے تھے۔

پیارے بچو! آپ کو گرمی کی چھٹیاں ہو چکی ہیں اور ان چھٹیوں میں وقت ضائع کرنے کے بجائے اپنا وقت اچھے کاموں اور پڑھائی میں گزاریں۔ آیئے وقت ضائع کرنے کی بجائے لوگوں کی بھلائی کیلئے کچھ کر گزریں! دنیا میں وقت ضائع کرنے سے زیادہ کوئی کام آسان نہیں۔ بندہ اَن پڑھ ہو یا پی ایچ ڈی' امیر ہو یا غریب' نالائق ہو یا قابل' وقت ضائع کرنے کی صلاحیت کم و بیش سب میں یکساں ہی ہوتی ہے۔ فرق صرف طریقہ کار یا اس صلاحیت کو بہترین انداز میں بروئے کار لانے کا ہوتا ہے۔ اس ضمن میں میری دلچسپی کا باعث خاص طور پر وہ پڑھے لکھے لوگ ہیں' جو اپنے تئیں کسی قدر باشعور ہوتے ہیں اور بظاہر انہیں وقت کی قدر و قیمت کا احساس بھی ہوتا ہے۔ اگر آپ ایسے لوگوں کی روزمرہ زندگی پر ایک نظر ڈالیں تو ان کی مصروفیات دیکھ کر آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ ان کا وقت کس قدر مفید کاموں میں گزرتا ہے۔ وقت ضائع کرنے کا ایک سہل اور جدید طریقہ انٹرنیٹ کی صورت میں بھی دستیاب ہے اور فی زمانہ اس طریقے سے جتنا وقت ضائع کیا جا سکتا ہے اور کسی طریقے سے ممکن نہیں۔ اگر آپ صبح آٹھ بجے سے دو بجے تک کالج یا سکول میں جاتے ہیں اور صدق دل سے یہ سمجھتے ہیں کہ اس کے بعد کوئی کام کرنا گناہ عظیم ہے تو باقی کا وقت آپ کو فیس بک پر اپنا سٹیٹس اپ ڈیٹ کرنے' یوٹیوب پر نئی ویڈیوز ڈھونڈنے' کمپیوٹر کیلئے نیا وال پیپر تلاش کرنے' ہر ایک گھنٹے کے بعد ای میلز چیک کرنے' موبائل فون کا پیکیج تبدیل کرنے' ایس ایم ایس کرنے یا انٹرنیٹ کی لامتناہی دنیا میں سرفنگ کرنے میں صرف کرنا چاہئے اور ہم ایسا ہی کرتے ہیں اب تو الحمدللہ گرمی کی چھٹیاں ہیں میں نے تو ایسے ایسے بچے بھی دیکھے ہیں جنہوں نے فیس بک کا سافٹ ویئر اپنے موبائل فون پر چڑھا رکھا ہے آج کل ہم لوگ ساری عمر میں اتنی کتابیں پڑھ نہیں پاتے جتنی کسی زمانے کے علماء لکھ ڈالتے تھے۔ آیئے بچو! اپنے بڑوں کے کچھ علمی کارنامے پڑھیں۔ حضرت ابوجعفر محمد ابن جریر الطبر انی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی میں جو علمی کارنامے سرانجام دیے آج کل کے زمانے میں ان کا تصور بھی محال ہے۔ الطبری ''اسلامی تاریخ' فقہ' قانون حدیث اور قرآن'' کے ماہر اور بلند پایہ عالم دین تھے۔ لفظ ''بلند پایہ'' ان کی علمی عظمت کے سامنے بے حد حقیر ہے۔ بغداد میں ان کا روز کا معمول یہ تھا: وہ ظہر کی نماز سے لے کر مغرب تک اپنے طالب علموں کو تفسیر پر لیکچر دیتے' مغرب سے عشاء تک انہیں قانون کی تعلیم دیتے اور پھر رات گئے اپنے کمرے میں جاتے جہاں تادیر وہ مختلف موضوعات پر لکھتے رہتے۔ وہ روزانہ اوسطاً 40 صفحات لکھتے۔ اپنی اس روٹین کے دوران ایک دن الطبر انی رحمۃ اللہ علیہ نے فیصلہ کیا کہ انہیں قرآن مجید کی جامع تفسیر لکھنی چاہئے جب انہوں نے اس نیک کام کا بیڑہ اٹھایا تو کسی کو یقین نہ تھا کہ وہ اپنی زندگی میں یہ کام پایہ تکمیل تک پہنچا سکیں گے لیکن جب کام شروع ہوا تو ان کے گھر پر طالب علموں اور دیگر ہم عصر علماء کا تانتا بندھ گیا۔ لوگ یہ دیکھنے کیلئے آتے کہ الطبر انی کس قدر محنت اور عرق ریزی سے یہ کام کر رہے ہیں۔ کئی سال کی شبانہ روز محنت کے نتیجے میں بالآخر الطبر انی رحمۃ اللہ علیہ قرآن مجید کی تفسیر لکھنے میں کامیاب ہوئے جو 30 جلدوں پر مشتمل ہے اور ''تفسیر طبری'' کے نام سے مشہور ہے۔ الطبری رحمۃ اللہ علیہ کا اگلا کارنامہ اس سے بھی زیادہ محیر العقول ہے 65 برس کی عمر میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فیصلہ کیا کہ اب وہ اسلامی تاریخ کا ایک انسائیکلو پیڈیا مرتب کریں گے۔ ایسا کام جو اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا تھا۔ انہوں نے اس کام کی تیاری شروع کی اور اگلے بارہ برسوں میں یہ کارنامہ بھی انجام دے ڈالا جو ''تاریخ الرسل والملوک'' کے نام سے مشہور ہے۔ اسلامی تاریخ کا یہ انسائیکلو پیڈیا قرآن مجید کے نزول سے لے کر سن 915 تک کے حالات و واقعات کی مکمل اور جامع کتاب ہے' جس کی کئی جلدیں ہیں۔ 65 برس کی عمر میں شروع کیا گیا یہ کام 12 سال کی محنت شاقہ کے بعد 77 برس کی عمر میں مکمل ہوا اور بالآخر 85 برس کی عمر میں الطبری رحمۃ اللہ علیہ نے بغداد میں وفات پائی۔ یقیناً الطبری رحمۃ اللہ علیہ کے زمانے میں کوئی انٹرنیٹ' فیس بک' یوٹیوب' ای میل' کمپیوٹر یا ٹی وی کچھ بھی نہیں تھا اور شاید اس لئے وہ اپنی زندگی میں یہ تمام ناقابل یقین کام کرنے میں کامیاب ہوئے۔ ہم بھی عجیب لوگ ہیں جن چیزوں کے ذریعے ہمیں اپنی استعداد بڑھا کر تھوڑا بہت علمی کام کرنا چاہئے ہم نے ان کے ذریعے وقت ضائع کرنے کے نت نئے طریقے ایجاد کر لئے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم میں سے ہر کوئی الطبری نہیں بن سکتا لیکن ہر کسی کو وقت ضائع کرنے والی مشین بھی نہیں بننا چاہئے۔ والدین سے بھی کہنا چاہتی ہوں کہ جہاں ہم اپنے بچوں کیلئے دو دو سائنس ٹیوٹر رکھواتے ہیں وہاں ہمیں ان کی دینی تعلیم کیلئے بھی ایک ٹیوٹر کا انتظام کروانا چاہئے تاکہ ہم اور ہمارے بچے دین کو سمجھ سکیں کیونکہ وحی کا علم' وہ علم ہے جو ہمیں ہمارے تمام حقوق بتاتا ہے اور عالم دین کی فضیلت کو تو کم لوگ ہی جانتے ہیں کہ ''جو دین کا علم جانتا ہے اس کیلئے زمین و آسمان کی ہر چیز حتیٰ کہ سمندر میں موجود مچھلیاں بھی اس کیلئے دعائیں کرتی ہیں اور یہ پروٹوکول ہمیں ہمارے نبی کریم ﷺ نے دیا ہے۔ اتنا عظمت والا علم اور دین جس کو ہم اہمیت نہیں دیتے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں قرآن و حدیث کے مطابق عقیدہ توحید کو صحیح سمجھنے اور اپنانے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارے اعمال اس قابل بنائے کہ وہ عنداللہ شرف قبولیت پا سکیں۔ آمین! اور ہمیں وقت کی قدر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین!

ماں اور چند اقوال

ماں کے قدموں تلے جنت ہے۔ (حدیث نبوی ﷺ) اگر مجھے میری ماں سے جدا کر دیا جائے تو میں پاگل ہو جاؤں گا۔ (حکیم لقمان)۔ ماں کے بغیر گھر قبرستان ہے۔ (اورنگزیب عالمگیر)۔ ماں کی خوشنودی دنیا میں باعث دولت اور آخرت میں باعث نجات ہے۔ (سعدی رحمۃ اللہ علیہ)۔ ماں کی محبت حقیقت کی آئینہ دار ہوتی ہے۔ (الطاف حسین حالی رحمۃ اللہ علیہ)۔ سخت سے سخت انسان کو ماں کی پرنم آنکھیں موم کر سکتی ہیں۔ (علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ)۔ میری ہر تکلیف و غم میں میری ماں کا تصور فرشتہ بن کر آتا ہے۔ (ابوالفضل فیاض)۔ ماں اور مہکتے پھول میں کوئی فرق نہیں۔ (برنارڈ شاہ)۔ میری ماں دنیا کی خوبصورت ترین ماں ہے۔ (مولانا محمد علی جوہر رحمۃ اللہ علیہ)۔ میری ماں دنیا کی عظیم ترین ہستی ہے۔ (ظہیر الدین بابر)۔ ماں کی آغوش انسان کی پہلی درسگاہ ہے۔ (ارسطو)۔ ماں انسان کو مضبوط ارادے عطا کرتی ہے۔ (شیکسپیئر)

(بقیہ: رمضان! ٹائم گزارنے کیلئے گپیں ہانکنے والے متوجہ ہوں!) خاموش رہنے سے افضل ہے۔ عقلمند وہی ہے جو زبان جیسے درندے کو قید کر کے رکھے اگر کھلا رہ جائے تو اسی کو کھا لے گا' زبان سے زیادہ کوئی چیز اس کڑی قید کی محتاج نہیں۔ زبان کے ذریعے جہنم میں گرنے سے بچنے کی یہی ایک راہ ہے کہ دوسروں کے بارے میں اپنی زبان بند رکھی جائے اگر کہیں غیبت ہو رہی ہے تو فوراً اٹھنے یا روکنے پر قادر نہ ہو تو استغفار شروع کر دینا ہی واحد طریقہ کار ہے۔ اس کے علاوہ نجات کا کوئی راستہ نہیں۔ پیارے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ ''اچھی بات کہے یا خاموشی اختیار کرے''

جن نے کہا: میں آپ کی نسلوں کی خدمت کروں گا

پھر اس دیو نے ہمیں بتایا کہ خانہ کعبہ سے ایک بہت بڑی ہستی والے بزرگ آئے ہیں اس بزرگ سے مجھے بہت ڈر لگتا ہے وہ مجھے نکال دیں گے۔ پھر وہ کہتا وہ بزرگ آگئے اور وہ بھاگ جاتا تھا پھر کمرے میں سے خوشبو آنا شروع ہوجاتی تھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے آپ سے تعارف ہوا اللہ رب العزت کی بڑائی کا تصور مزید گہرا ہوگیا اس عظیم ذات نے آپ کے ذریعے لوگوں کو اپنی قربت کا موقع دیا۔ اس وقت میرے آنسو نہیں تھم رہے‘ دل میں شدت سے آپ سے ملنے کا دل کررہا ہے‘ دل کرتا ہے مل کر آپ سے فیض حاصل کروں کہ اللہ کے بندوں کی نگاہ دلوں کو بھر دیتی ہے۔ دعا کریں مرنے سے پہلے آپ سے ملنا نصیب ہوجائے‘ آپ نے بخل کا قفل اللہ کے حکم سے توڑا اور اس وقت رہنما بنے جب لوگ راز چھپا کر قبروں میں چلے جاتے ہیں‘ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات مزید بلند کرے‘ عمر میں برکت دے‘ صحت دے‘ نسلوں میں برکت دے۔

قارئین! ہمارے خاندان کے بزرگ اللہ کے فضل و کرم سے دین و دنیا کی نعمتوں سے مالا مال تھے‘ بزرگوں نے سرائے بنائیں‘ غریب پروری کی‘ اقرباء پروری کی‘ تعلیم و تدریس اور حکمت کو اپنایا‘ جن و انس ہندو سکھ سب میں اللہ نے عزت دی‘ ایک بزرگ تو ہروقت عبادت کرتے کبھی کبھار گڑ کا حلوہ کھالیتے تھے۔ میرے دادا جان حافظ قرآن تھے‘ جبل پور سے حفظ کیا‘ انڈیا میں امامت کراتے‘ چلے بھی کاٹے اور جنات قابو کیے‘ اردو‘ عربی فارسی‘ انگلش سب زبانیں جانتے تھے‘ ان کے پیچھے نماز ادا کرنے اور تلاوت سننے جنات بھی آتے‘ بزرگوں سے بھی فیض اٹھایا۔ میرے دادا کے پاس ایک سردار خاندان کے جن آتے تھے‘ ان کا نام عبدالرحمٰن تھا‘ انہیں دادا شاہ صاحب کہتے تھے۔ اپنے کسی بھائی کے ساتھ آتے تھے‘ جن طبی نسخہ جات بھی لا کر دیتے تھے‘ میرے دادا کی وفات پر جب والد صاحب نے جنات کو آزاد کیا تو ایک جن جانا نہیں چاہتے تھے وہ یقیناً شاہ صاحب تھے‘ کہتے تھے آپ کی نسلوں کی خدمت کروں گا‘ میرے والد صاحب سے بعد میں داداجی کی وفات پر افسوس کرنے بھی آتے تھے۔ (صالحہ‘ راولپنڈی)

دیو نے بتایا میں تمہاری ماں سے نکل آیا ہوں!

السلام علیکم حکیم صاحب! ہم نے آپ کو خط لکھا تھا کہ ایک ہندو دیو اور اس کا پورا خاندان ہے جسے جادو کر کے ہمارے گھر کسی نے بھیجا ہے جو ہماری شادی‘ کاروبار‘ مکان کوئی بھی کام نہیں ہونے دیتا۔ شاید آپ کو یاد ہو آپ نے ہمیں وظیفہ دیا تھا (افحسبتم اور اذان کا عمل) ہم نے یہ وظیفہ تین ماہ پڑھا سب گھر والوں نے۔ پھر اس دیو نے ہمیں بتایا کہ خانہ کعبہ سے ایک بہت بڑی ہستی والے بزرگ آئے ہیں اس بزرگ سے مجھے بہت ڈر لگتا ہے وہ مجھے نکال دیں گے۔ پھر وہ کہتا وہ بزرگ آگئے اور وہ بھاگ جاتا تھا پھر کمرے میں سے خوشبو آنا شروع ہوجاتی تھی پھر اس دیو نے ہمیں بتایا کہ میں تمہاری امی سے نکل گیا ہوں میرے اوپر جن چیزوں کا پہرہ تھا وہ بھی چلی گئی رشتہ داروں کے ہاں سے ایک رشتہ آیا امی نے ہاں کردی‘ ہم بہت حیران اور خوش ہوئے کہ امی نے کیسے ہاں کردی۔ ہمارے گھر بھی کسی کا رشتہ طے ہوگیا اور دوسرے بہن بھائیوں کے رشتے آنا شروع ہوگئے‘ ہماری دکان بھی کھل گئی۔ (خالد شہزاد‘ ہارون آباد)

پہلے روزے ہی طبیعت خراب ہوگئی مگر

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ سے آپ کی خیریت نیک مطلوب ہے دعا ہے کہ خدائے بزرگ و برتر آپ کو ہمیشہ اپنی امان میں رکھے۔ محترم حکیم صاحب آپ کا ادارہ عبقری دکھی انسانیت کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو اس نیک کام کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ میں آپ کے جاری کردہ رسالے سے مستفید ہوتی رہتی ہوں۔ اس بار رمضان المبارک میں جب پہلا روزہ رکھا تو تقریباً ظہر کے وقت مثانہ میں سوئی چبھنے کی طرح درد کا احساس ہوا جو بڑھتا گیا اور تقریباً دس منٹ تک رہا۔ درد شدید تھا جس سے مجھے فکر لاحق ہوئی آج سے آٹھ سال پہلے 2008ء میں اسی قسم کا درد ہوا تھا جس میں گردوں کی بیماری تشخیص ہوئی تھی۔ خیر جب دوائی تھی تو مکمل آرام آگیا تھا‘ درمیان کے ان سالوں میں کبھی دوبارہ درد نہ ہوا‘ روزے کی وجہ سے پانی نہیں پی سکتی تھی لیکن شدید درد کی وجہ سے والدہ محترمہ نے پانی کا گلاس دیا کہ پی لو لیکن میں پیچھے ہٹ گئی۔ جونہی میں نے پانی پینے سے انکار کیا بفضل خدا درد کو آرام آگیا اور ایسے غائب ہوا جیسے تھا ہی نہیں۔ (صالحہ بتول)

بکھرے موتی نکھرے لعل

محمد عظیم رضا نظامی‘ لاہور

اپنے بھائی کے عیب چھپانے چاہئیں۔ (مسند احمد) ☆ مل کر کھانا باعث برکت ہے۔ (مسند احمد) ☆ دوسروں کو ان کی جگہ سے نہیں اٹھانا چاہیے۔ (مسند احمد) ☆ دس برس کے بچوں کے بستر الگ کردینے چاہئیں۔ (ابوداؤد) ☆ والدین کو گالی دینا کبیرہ گناہ ہے۔ (ابوداؤد) ☆ محبت ان سے رکھو جو نیکی کرکے فراموش کردیتے ہیں ☆ جب کسی کام کا ارادہ بن جائے تو راستہ بھی بن جاتا ہے ☆ جمائی لینے پر شیطان ہنستا ہے۔ (بخاری شریف) ☆ غازی کو تیار کرنا بھی غزوہ ہے۔ (بخاری شریف) ☆ برے خواب شیطان کی طرف سے ہوتے ہیں۔ (بخاری) ☆ مومن ملے تو اسے سلام کہنا چاہیے۔ (ترمذی) ☆ قیامت کے دن مؤذن کی گردن بلند ہوگی۔ (مسلم) ☆ نرم خو پر جہنم حرام کردی گئی ہے۔ (مسند احمد) ☆ انصاف سب سے بڑا مذہبی فریضہ ہے ☆ جنت کی دھول کستوری کی طرح ہے۔ (نسائی) ☆ ہر انسان کو اپنی زبان پر قابو رکھنا چاہیے۔ (ترمذی) ☆ اچھے خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوتے ہیں۔ (بخاری) ☆ سجدہ قرب خداوندی کا ذریعہ ہے۔ (مسلم) ☆ جو مسلمان ایمان رکھتا ہے جنت میں جائے گا۔ (ترمذی) ☆ اگر کسی چھینک آئے تو الحمدللہ کہنا چاہیے۔ (بخاری) ☆ رسول اکرم ﷺ نے سود کمانے والے اور کھلانے والے (دونوں) پر لعنت فرمائی ہے۔ (مسلم) ☆ صاحب فضل و وسعت کو رشتہ داروں‘ دوستوں‘ محتاجوں اور مہاجرین کو معاف کردینا چاہیے۔ ☆ اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ (النور 22)

شریر انسان و جنات کی شر سے محفوظ رہیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا عبقری رسالہ مستقل لگا ہوا ہے۔ میں عبقری قارئین کیلئے آزمایا ہوا اور اپنے استاد محترم کا بتایا ہوا وظیفہ ہدیہ کرنا چاہتا ہوں‘ ہر فرض نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ اس دعا کو پڑھے گا۔ انشاء اللہ۔ جن و انس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ دعا یہ ہے:۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِ ھِمْ وَ نَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِ ھِمْ ۔ (محمد اکرام‘ کھاریاں)

چوٹ ہو مگر زخم نہ ہو تو: چوٹ لگ جانے سے اگر زخم نہ ہوا ہو اور درد ہوتا ہو یعنی بند چوٹ کی صورت ہو تو نمک گرم پانی میں ملا کر درد والے مقام پر پانی کی ٹکور کریں۔

بھوکے بلی کے بچے کو دودھ کیا پلایا! زندگی سے دکھ چلے گئے

گھر والے سب حیران' پریشان کہ یہ کیسے لوٹ آئی۔ میں کچھ زیادہ پریشان اور شرمندہ بھی تھی اس لئے کہ یہ میرے والدین کا گھر تھا' (میں اپنے بچوں کے ساتھ اپنے والدین کے گھر رہ رہی تھی) میری وجہ سے ان کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا

ارشاد باری تعالیٰ ہے: انسان جیسی کمائی کرے گا ویسے ہی معاوضے کا حقدار ہوگا اور مزید ایک جگہ فرمایا مفہوم ہے ہر شخص کو اتنا ہی ملے گا جتنی اس نے قربانی دی ہوگی۔ اللہ رب العزت نے ملائکہ سے فرمایا: میں جو جانتا ہوں تم اسے نہیں جانتے اور زمین و آسمان کے ہر ذرے کا علم مجھے ہے۔ اللہ رب العزت ایسا دانا ہے جو اندھیری رات میں سیاہ پتھر پر چلنے والی سیاہ چیونٹی کے اٹھنے والے چھوٹے قدم جو پتھر پر ٹکتے ہیں یا پھر وہ دوڑتی ہے وہ اسے بھی جانتا ہے اور دیکھتا ہے۔ ایسا واقف راز پروردگار کیا اپنے بندوں کی کوشش سے آگاہ نہیں ہے؟ ارشاد باری تعالیٰ ہے: تم جو عمل کرتے ہو وہ لکھ لیا جاتا ہے"۔ (ماخوذ: حکایات رومی رحمۃ اللہ علیہ) اللہ تعالیٰ بڑا کریم ہے' وہ ہر شخص کے حال سے واقف ہے اور ہر ایک کو اس کے عمل کے برابر ثواب عطا فرمائیں گے۔ وہ اپنے بندوں کے ساتھ شان کریمی کا معاملہ ایسا رکھتے ہیں کہ انسان حیران رہ جاتا ہے کہ ان کی ایسی کونسی نیکی تھی جس کی اجرت پروردگار نے اتنی زیادہ دے دی۔ وہ عطا کرتے ہیں تو اپنی شان کے مطابق۔

ایک واقعہ جس نے میری زندگی بدل دی

بہت سال پہلے (کم و بیش 10-12 سال قبل) سردیوں کی ایک یخ بستہ رات' بارش ہو رہی تھی' سب اپنے اپنے کمروں میں بند' گرم بستر کے مزے لے رہے تھے' گھر کے آنگن کے ایک کونے میں ایک بلی بارش سے بچنے کی ناکام کوشش کر رہی تھی' میں نے دیکھا کہ شدید سردی کی وجہ سے وہ کانپ رہی ہے مجھ سے اس کی یہ حالت دیکھی نہ گئی' میں اٹھی اور سٹور روم سے آم کا ایک خالی کریٹ پڑا ہوا تھا وہ لائی اور اپنے کمرے کے باہر برآمدے میں لا کر رکھ دیا۔ اس میں پرانے کمبل کے ٹکڑے بچھا کر اس طرح رکھا کہ وہ اس میں بآسانی بیٹھ سکے آگے سے ایک کپڑا پردے کے طور پر لٹکا دیا تاکہ اس کو ہوا نہ لگے۔ ایک چھوٹی سی پیالی میں دودھ رکھ دیا' وہ دوڑتی ہوئی آئی اور اس میں آ کر بیٹھ گئی۔ یہ اس کیلئے ایک محفوظ جگہ تھی' ایک ایسی پناہ گاہ جہاں اس کو کسی بھی چیز کا کوئی خوف و خطرہ محسوس نہیں ہوا اور سکون سے ساری رات گزاری۔ صبح کو وہ کپڑا اٹھا دیا تاکہ وہ باہر نکل سکے۔ میں نے دیکھا' وہ دودھ اس نے سیر ہو کر پی لیا تھا۔ اس کے بعد وہ اتنی مانوس ہو گئی کہ سردیوں کا پورا موسم اس نے اپنے اسی گھر میں گزارا۔ رات کو روز اس کو دودھ دیتی رہی اور دن میں کھانے کو کبھی گوشت اور کبھی کچھ جو میسر ہوتا۔ اس نے کبھی تنگ نہیں کیا اور نہ اس نے گندگی پھیلائی بلکہ گھر سے باہر چلی جاتی اور رات کو سو کر پھر صبح سویرے نکل جاتی' چند ماہ اس کا یہ معمول رہا۔ مجھے بھی اپنے بچوں کی طرح پیاری لگتی تھی معصوم اور بے زبان جانور تو ہوتے ہی پیار کے لائق ہیں لیکن آخر کب تک! گھر والوں کو یہ بات ناگوار گزری' بھائیوں نے اس کو پکڑا اور گھر سے بہت دور بلکہ میلوں دور چھوڑ آئے۔ اس بات کو کئی ماہ گزر گئے اچانک وہی بلی گھر واپس آ گئی میلوں کا سفر اس نے کیسے طے کیا؟ کیسے گھر ڈھونڈا اور پہچانا؟ اس کے احساسات کو کیسے قلمبند کیا جا سکتا ہے یہ تو میرے رب کا کمال ہے اس کی شان کریمی ہے۔ گھر والے سب حیران' پریشان کہ یہ کیسے لوٹ آئی۔ میں کچھ زیادہ پریشان اور شرمندہ بھی تھی اس لئے کہ یہ میرے والدین کا گھر تھا' (میں اپنے بچوں کے ساتھ اپنے والدین کے گھر رہ رہی تھی) میری وجہ سے ان کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا لیکن کیا کرتی۔ بے زبان کو کس زبان سے سمجھاتی کہ تم بھی میری طرح بے گھر ہو' بس اللہ جل شانہ کو کون سی ادا پسند آ جاتی ہے وہی جانتا ہے۔ کچھ ہی دنوں کے بعد ایک خواب دیکھا لوگوں کی بھیڑ میں میری دادی مرحومہ تیزی سے آئیں اور مجھے آواز دے کر بلایا۔ میں لوگوں کے درمیان سے ہوتی ہوئی ان کے قریب آئی ان کے دونوں ہاتھ میں ریوڑیاں اور مٹھائی تھی جو انہوں نے مجھے دی اور پھر بڑی تیزی سے اسی رش میں غائب ہو گئیں۔ میری آنکھ کھلی' یوں محسوس ہوا گویا میرے ہاتھ ان چیزوں سے بھرے ہوئے ہیں دل کو اطمینان ہوا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ کی طرف سے کچھ نعمت ملنے کی خوشخبری ہے اور اس خواب کے چند ماہ بعد ہی اللہ تعالیٰ نے غیب سے مدد فرمائی۔ مجھے اور میرے بچوں کو ایک چھوٹا سا گھر دے دیا۔ جو اس وقت میرے لئے خریدنا ناممکن تھا لیکن اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد منظور تھی۔ ایک اللہ والے کے تعاون سے یہ ممکن ہوا۔ پروردگار کسی کے احسان کو بھی زائل نہیں فرماتے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی محنت کے بدلہ میں ایک بڑا صلہ اور انعام کا اس طرح اعلان فرمایا ہے: فان اللہ لا یضیع اجر المحسنین "۔ ترجمہ: بے شک خدا محسنوں کا بدلہ ضائع نہ کرے گا۔

قارئین! یہ تو ایک بے زبان جانور کے ساتھ حسن سلوک پر اللہ رب العزت کا انعام ہے۔ اگر ہم اسی طرح بے زبان لوگ جو لوگوں کے سامنے سوال نہیں کر سکتے ان کی چپ کر کے مدد کر دیا کریں جس سے ان کی عزت نفس بھی مجروح نہ ہو تو پھر دیکھیے رب کریم کیسے کرم کی بارش کرتا ہے۔ ویسے یہ مہینہ بھی کرم کا ہے اور اس مہینے میں ابر رحمت ٹھاٹھیں مارتے سمندر کی طرح مخلوق خدا پر برس رہی ہے اگر ہم اس مہینے میں مجبور و بے کس افراد کی مدد کرنے کی ٹھان لیں اور سارا سال اپنے مشن پر قائم رہیں تو رب کریم آپ پر رمضان کی طرح پورا سال کرم کی بارش برساتا رہے گا۔ انشاء اللہ۔

سموسہ! خوراک یا صحت کا دشمن

قارئین! رمضان کی مبارک گھڑیاں گزرتی جا رہی ہیں' رمضان المبارک میں افطاری کے وقت بد پرہیزی تو خوب کی جاتی ہے اور اس بد پرہیزی میں سب سے زیادہ جس چیز پر ہاتھ صاف کیا جاتا ہے وہ ہے سموسہ! آخر یہ سموسہ ہے کیا اور اس کے نقصانات کیا کیا ہیں؟ آیئے اس پر جدید تحقیق کی ایک ریسرچ پڑھتے ہیں۔ یورپی ماہرین نے اس بات پر تشویش ظاہر کی کہ ایشیائی برادری کے زیادہ تر افراد سموسوں یا اس جیسی چٹ پٹی مگر غیر صحت مند چیزیں کھاتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ یہی وجہ ہے کہ ان شہروں میں جہاں سموسہ زیادہ کھایا جاتا ہے وہاں ذیابیطس اور دل کی بیماریاں تیزی سے پھیل رہی ہیں۔ آسٹن میں مقیم ہارٹ آف برمنگھم ٹیچنگ پرائمری کیئر ٹرسٹ کی ماہر صحت رشپال چنا کے مطابق ایشیائی ممالک میں رہنے والے اور یورپ میں ایشیائی چٹ پٹے کھانے کھانے والوں کو ڈاکٹر کے پاس جانے کی اشد ضرورت رہتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایشیائی کھانے جیسے سموسے' پکوڑے اور بھاجی میں فیٹ یا چربی بھری ہوتی ہے۔ ان کے مطابق تلی ہوئی ان اشیاء میں سموسہ سب سے خطرناک خوراک ہے۔ انہوں نے کہا کہ "میں لوگوں سے کہتی ہوں کہ کم سموسے کھائیں یا پھر انہیں گھی میں تلنے کی بجائے زیتون کے تیل میں پکائیں۔ اس کے باوجود یہ لوگ بات نہیں سمجھتے کہ یہ سموسہ ان کیلئے کتنا مضر صحت ہے۔ وہ مزید بتاتی ہیں کہ سموسے میں پچیس گرام چربی ہوتی ہے جو مکھن کی بڑی ڈلی کے برابر ہے۔ قارئین! میری آپ سے التجا ہے کہ اس رمضان المبارک میں اپنے دستر خوان سے سموسے' پکوڑے اور چکوڑیاں ذرا دور ہی رکھیے۔ پھر اپنی صحت دیکھیے۔ (محمد حسان' لاہور)

قارئین کے سوال قارئین کے جواب



قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ، تجربہ، کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے، کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

مئی کے جوابات

1۔ بھائی! آپ پوست ہلیلہ زرد، شاہترہ، گندھک آملہ ساز، گوند ببول ہموزن لیکر کوٹ چھان کر ذرا سے پانی کی مدد سے کابلی چنے سے ذرا بڑی گولیاں بنا کر خشک کرلیں اور صبح و شام ایک گولی پانی سے کھائیں۔ غذا دیسی گھی میں پکائیں، دیسی گھی گرم گرم بیسنی روٹی پر ڈال کر کھائیں۔ صبح نماز فجر کے بعد پارک میں کھلی فضا میں ہلکی چہل قدمی ضرور کریں۔ نماز عشاء کے بعد جب بستر پر جائیں تو دل پر ہاتھ رکھ کر اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے بعد گیارہ مرتبہ یَابَاعِثُ یَانُوْرُ پڑھ کر سوئیں۔ انشاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہوجائیگا۔ (عاشق حسین، لاہور)

2۔ جوارش شاہی یا جوارش فواکہ یا خمیرہ مروارید نصف نصف چمچ صبح اور رات کو کھائیں۔ ہمراہ عرق گاؤزبان نصف نصف کپ پئیں۔ زیادہ نمک یا مرچ نہ کھائیں۔ موسمی پھل، سبزیاں کھائیں۔ پودینے کی چٹنی اور دہی کا رائتہ بنا کر دوپہر کو کھانے کے ساتھ کھائیں۔ (سویرا ملک، راولپنڈی)

3۔ حق داد بھائی! میرے والد محترم کو بھی یہی مسئلہ تھا، ہم بلڈ پریشر کی اور معدہ کی ادویات کھلا کھلا کر تنگ آچکے تھے، پھر ہمیں کسی نے درج ذیل ٹوٹکہ دیا۔ یہ ٹوٹکہ میرے والد کی روزمرہ کی ترتیب کا حصہ ہے۔ الحمدللہ اس پر عمل کرنے سے کبھی بلڈ پریشر بھی نہیں بڑھا اور بھوک بھی خوب لگتی ہے۔ آپ اس طرح کریں کہ پانچ عدد لیموں لے کر ان کا پانی نکالیں اور اس میں دو چمچ چینی شامل کر کے صبح و شام پی لیں۔ ایک ہفتہ کے بعد صرف ایک وقت ہی روزانہ پی لیں۔ ہائی بلڈ پریشر کیلئے کافی ہے۔ اس ٹوٹکہ سے آپ کو بھوک بھی لگنا شروع ہوجائے گی۔ انشاء اللہ۔ (صائمہ نذیر، ملتان)

4۔ محترمہ زہرہ بہن! میری خالہ جان کے ساتھ بھی یہی مسئلہ تھا، وہ اس کی وجہ سے احساس کمتری کا شکار ہوچکی تھیں، کہیں اگر آتی جاتیں تو کسی سے صحیح طریقے سے بات نہ کرتیں۔ میں نے ایک جگہ یہ ٹوٹکہ پڑھا اور انہیں بتایا الحمدللہ اس ٹوٹکہ سے ان کے منہ کی بُو بالکل ختم ہوچکی ہے۔ صبح ہرا دھنیا، دہی میں ملا کر کھائیں اور دھنیے کو پانی میں جوش دے کر غرارے کریں، چند ہی روز میں مسوڑھے مضبوط اور منہ کی بدبو دور ہوجائے گی۔ لاجواب چیز ہے۔ (فرحان بٹ، گوجرانوالہ)

جون کے سوالات

1۔ اپنا گھر نہیں: محترم قارئین السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے میرا گھر اپنا نہیں ہے اور مالی حالت بھی بہت کمزور ہے، اس کیلئے مجھے کوئی وظیفہ بتائیں کہ اللہ ہم کو پریشانیوں اور تنگدستی سے نجات دے۔ (کامران، میانوالی)

2۔ موبائل میرا دوست: محترم قارئین! میں گزشتہ ایک سال سے پریشان ہوں، کچھ سمجھ نہیں آرہی کیا کروں؟ میں جب بھی کتاب لے کر بیٹھتا ہوں تو پڑھنے کو دل نہیں کرتا، سارا وقت موبائل کے ساتھ لگا رہتا ہوں، کبھی انٹرنیٹ، کبھی گندی چیزیں دیکھتا ہوں، ابھی میں نے نویں جماعت کے پیپرز دیئے جس میں بری طرح فیل ہوا صرف موبائل کی وجہ سے، موبائل میرا دوست بنا ہوا ہے جسے میں لاکھ چھوڑنے کی کوشش کرتا ہوں مگر چھوڑ نہیں پا رہا۔ کچھ سمجھ نہیں آرہی کیا کروں، نماز بھی نہیں پڑھی جاتی، نماز میں بھی گندے خیالات آتے ہیں۔ خدارا مجھے کوئی وظیفہ بتائیں جس سے میری جان میرے اس گندے دوست سے چھوٹ جائے۔ (م، راولپنڈی)

3۔ کمزوری بہت ہے: محترم قارئین مجھے مندرجہ ذیل بیماریوں نے گھیر رکھا ہے، پٹھے کھنچے رہتے ہیں، معدہ بہت خراب ہے، بھوک اور ہاضمہ کی گولیاں مسلسل کھاتی ہوں، کمزوری بہت ہے، تھوڑا کام کر کے تھک جاتی ہوں حتیٰ کہ پیدل بھی نہیں چل سکتی اور ہاتھ پاؤں سن ہوجاتے ہیں۔ یادداشت کمزور ہے، دل گھبراتا ہے، گھٹنوں میں اور پاؤں کے تلوؤں میں درد، کمر میں درد، خوف بہت، خدارا مجھے ان کیلئے کوئی علاج بتائیں۔ (پ۔ش)

4۔ قبض کا مسئلہ: مجھے تقریباً پانچ سے چھ سال تک سے معدے کا مسئلہ ہے، قبض بہت زیادہ ہے، میرے معدے پر بہت بوجھ محسوس ہوتا ہے، ہر وقت معدے میں کچھ عجیب سا ہوتا رہتا ہے اور معدے والی جگہ سے میرا پیٹ کافی باہر کو نکل آیا ہے۔ دوسرا مسئلہ: میری شادی نہیں ہورہی، تقریباً دس سال ہوگئے ہیں رشتہ پکا نہیں ہورہا، بات نہیں بنتی اور اگر بن جائے تو ختم ہوجاتی ہے، رو رو کر دعائیں بھی کرتی ہوں، میرے ابو تہجد میں رو رو کر دعائیں مانگتے ہیں مگر ابھی تک کچھ نہیں بنا خدارا آپ ہی کوئی وظیفہ بتادیں۔ (پوشیدہ)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: مکی احمد پوری

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کو سخت بھوک لگی تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس کی خبر ہوئی تو وہ مزدوری کیلئے کام کی تلاش میں نکلے تاکہ رسول اللہ ﷺ کیلئے خوراک کا بندوبست کیا جائے تو ایک یہودی کے باغ میں آئے تو سترہ ڈول اس کو نکال کردیئے، ہر ڈول ایک چھوہارے کے بدلے، تو اس یہودی نے سترہ عجوہ کھجوریں بہتر چن کر دیں تو وہ نبی کریم ﷺ کے پاس لائے اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک ڈول ایک کھجور پر نکال کردیا اور میں نے یہ شرط لگائی کہ عمدہ مضبوط کھجور ہوگی۔ (ابن ماجہ)۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ میں آپ ﷺ کے اونٹ تقسیم کردوں، نگرانی میں خود کروں اور یہ کہ میں ان کی جُلیں (جُلّ جانور کے اوپر گرمی سردی سے بچنے اور بوجھ سے بچنے کیلئے ڈالا جاتا ہے جیسے کپڑا انسان کیلئے ہوتا ہے) اور چمڑے بھی تقسیم کردوں اور یہ بھی حکم کیا کہ قصاب کو مزدوری اس سے ذرہ بھی نہ دوں۔ پھر کہا کہ مزدوری ہم الگ دیتے ہیں۔ (بخاری شریف)

سات کیپسول اور امراض معدہ سے نجات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے رمضان 2015ء تسبیح خانہ میں آپ کی زیر سرپرستی گزارا، آج بھی مجھے وہ گزرے لمحات یاد آتے ہیں، اتنی روحانیت، اتنا سکون میں نے آج تک کہیں محسوس نہیں کیا۔ بے شک تسبیح خانہ کی روایت بخل شکنی کی ہے، اس لیے تسبیح خانہ کی روایت کو اپناتے ہوئے میں بھی اپنا ایک آزمودہ نسخہ قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ 2005ء سے لے کر 2015ء تک میں معدہ کا مریض (تیزابیت تھی) رہا، مگر صرف سات دن درج ذیل ٹوٹکہ استعمال کرنے سے میں بالکل ٹھیک ہوگیا۔ **ھوالشافی:** ایک خالی کیپسول، سات عدد کلونجی کے دانے سات قطرے سرسوں کا تیل، ان دونوں کو مکس کر کیپسول میں ڈالیں۔ اسی طرح سات کیپسول بھرلیں۔ روزانہ ایک کیپسول دودھ کے ساتھ کھانا ہے، الحمدللہ آج میں بالکل صحت مند ہوں۔ مجھے تیزابیت، گیس اور معدے کے امراض کا کوئی مسئلہ نہیں۔ (فقیر شمس الدین)

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

☆رزق میں برکت' خوشیاں نصیب ☆مکان میں زلزلہ ☆اندھیرا' ویرانہ اور ڈر ☆شوہر کا نام لے لے کر چیختی ہوں ☆کامیابی کا اشارہ

رزق میں برکت خوشیاں نصیب: میں نے دیکھا کہ میں اپنے مرحوم نانا کے گھر یعنی پرانے گھر گئی ہوں۔ وہاں پر میری بڑی بہن مرحومہ (ع) ہیں اور مرحومہ سوتیلی نانی (م) موجود ہیں۔ میں ایک طرح سے پریشان ہوں اور میرا چھوٹا بیٹا (ع) میرے ساتھ ہے' میری مرحومہ بہن خوبصورت اور بہت بڑا گلابی رنگ کا مٹھائی کا ڈبہ جو تقریباً لمبائی میں ڈیڑھ گز کا ہوگا جلدی سے کھولتی ہیں اور اس میں سے تقریباً ایک پلیٹ کے برابر قلاقند کا ٹکڑا نکال کر (ع) کو دیتی ہیں اور کہتی ہیں یہ تمہارے لئے ہے یعنی تم سب کیلئے۔ (م۔ق)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کے رزق میں برکت ہوگی اور خوشیاں نصیب ہونے کا بھی اشارہ ہے۔ واللہ اعلم!

مکان میں زلزلہ: میں نے خواب میں دیکھا ہم بہت ساری لڑکیاں ایک بڑے سے مکان میں تھیں جس میں میری نند بھی تھی اس گھر میں زلزلہ آنے لگا ہم ساری لڑکیاں ڈر گئیں زلزلے میں ہی ہم ایک چھوٹی سی دیوار سے ساری لڑکیاں سامنے والے گھر آگئیں۔ میں نند سے کہتی رہی میری بچی لا دو مگر وہ نہیں گئی' کوئی اور لڑکی لینے چلی گئی ہم نے دور سے دیکھا کہ بس اسی گھر میں زلزلہ ہے ایسے جیسے ہوا میں لہرا رہا ہو پھر میری آنکھ کھل گئی۔ تھوڑی دیر بعد پھر خواب دیکھا میں میرے شوہر اور امی ابو ہم سب ایک بس میں سوار ہیں اور رو رہے ہیں کہ ہماری بچی زلزلے میں رہ گئی ہے تو ہم ڈھونڈنے جاتے ہیں ہماری بچی زلزلے میں گم ہوئی ہے ہم بہت پریشان ہیں وہ گھر ٹوٹا نہیں صرف زلزلے سے لہرا رہا ہے' اندر کوئی بھی میری بچی کو لینے نہیں جاتا' پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (م۔راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کی مذکورہ بچی کسی وبائی بیماری میں مبتلا ہوجائے' تاہم اسے 7 دن تک روزانہ 3 بار سورہ تغابن پڑھ کر دم کردیا کریں اور ایک مرغی کٹوا کر اس کا گوشت بطور صدقہ کسی مستحق کو دے دیں۔ واللہ اعلم!

چاند گاڑی: میں نے خواب میں دیکھا کہ میں اپنے پرانے گھر کی چھت پر ہوں اور رات کا وقت ہے پھر ایک چاند گاڑی چھت پر آتی ہے اور چھت پر کچھ انڈے رکھ کر چلی جاتی ہے۔ (ف۔لاہور)

تعبیر: آپ کا خواب بہت اچھا ہے اور ان شاء اللہ آپ کے گھر میں خیر و برکت ہوگی۔

پریشان کن حالات: میں خواب میں اکثر اندھیرا' ویرانہ دیکھتی ہوں' اکثر خواب میں اندھیرا ہوتا ہے اور ایک ایسی جگہ ہوتی ہوں جو ویران ہے اور میں تنہا ہوں جیسے کوئی کھلی جگہ ہو جہاں پتھر پڑے ہوں' میں اچھا محسوس نہیں کرتی شاید ڈرتی ہوں پہلے جیسے خواب آنا مکمل طور پر بند نہیں ہوئے۔ (ایک بیٹی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے پورے گھر پر شیطانی اثرات مسلط ہیں جو کہ وظائف پورا کرنے میں بھی رکاوٹیں ڈالتے ہیں اگر ایک بار سورۂ بقرہ مکمل باآواز گھر میں روزانہ پڑھ لی جائے اور پانی میں دم کرکے تمام گھر میں دیواروں پر چھینٹے مارے جائیں اور یہی پانی افراد خانہ پی لیا کریں تو ان شاء اللہ 90 دن کے مسلسل عمل سے بہتری آجائے گی۔ واللہ اعلم!

کاروبار میں ترقی کا اشارہ: میں نے دیکھا کہ میں نے اپنے آفس کے ایک ساتھی کو قتل کردیا ہے' آفس والوں نے میری تنخواہ روک لی ہے میرا ایک دوست مجھے میری تنخواہ ادا کردیتا ہے میں گھر آکر خوش ہوتا ہوں کہ مجھے تنخواہ مل گئی ہے۔ منظر بدلتا ہے میں اپنے کاروبار کی جگہ ہوں جو میں نے ریٹائرمنٹ کے بعد شروع کیا تھا اس جگہ پر کافی رونق ہے' مال آرہا ہے اور فروخت بھی ہورہا ہے میں ایک کونے کی طرف اشارہ کرکے کہتا ہوں اور اپنے بیٹے سے پوچھتا ہوں کہ یہاں جو مال رکھا تھا وہ کہاں گیا۔ وہ جواب دیتا ہے کہ وہ میں نے ایک شخص کو دے دیا تھا۔ (شہزاد' لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو حاسدین کے شر سے کوئی نقصان نہیں پہنچ سکے گا اور دشمن ناکام ہوں گے' نیز کاروبار میں ترقی کا بھی اشارہ ہے۔

آسمان تک اندھیرا: میں نے خواب میں دیکھا کہ جیسے میں اور میرے شوہر گاڑی پر کہیں جارہے ہیں' بہت کشادہ اور خوبصورت سڑک ہے پھر جیسے ہلکی سے چڑھائی ہے مگر سڑک اسی طرح کشادہ ہے اس چڑھائی کے ساتھ ہی موڑ ہے اسی موڑ کو مڑتے ہیں' آگے سرنگ نما اندھیرا آجاتا ہے ہم ابھی اس اندھیرے سے دور ہی ہوتے ہیں کہ میں اپنے شوہر کا نام لے کر کہتی ہوں کہ دیکھیں وہ آگے بہت عجیب سا اندھیرا ہے۔ وہ اندھیرا ایسا ہے کہ سڑک وغیرہ کچھ نظر نہیں آتی بالکل آسمان تک اندھیرا ہے مگر میرے خاوند گاڑی روک نہیں پاتے اور ہم اس اندھیرے میں چلے جاتے ہیں۔ میں خواب میں اپنے شوہر کا نام لے لے کر چیختی ہوں کہ گاڑی واپس موڑیں مگر مجھے ان کی آواز نہیں آتی اور میں اسی اندھیرے میں ہوں۔ پھر یہ خواب ختم ہوگیا اور میں نے دیکھا کہ جیسے میں کسی اندھیری جگہ پر بند ہوں اور وہاں پانی کی ٹپ ٹپ سنائی دے رہی ہے اور میں ڈر کر چیخیں مارتی ہوں کہ میں یہاں اس تنگ جگہ پر ڈوب جاؤں گی۔ اپنے بچوں کو پکارتی ہوں مگر خواب میں میری آواز بند ہوجاتی ہے۔ (ت۔س)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کے شوہر کی کسی غلطی کی وجہ سے گھر میں اچانک پریشانی آئے گی تاہم فوری طور پر کچھ صدقہ دیں اور صبح و شام 7،7 بار اللھم انا نجعلك فی نحورھم ونعوذبك من شرورھم پڑھا کریں۔ واللہ اعلم!

کامیابی کا اشارہ: میں نے دیکھا کہ جس دوست کے ہاں رہتا ہوں وہاں رات کو چھت پر جارہا تھا ان کی امی نے مجھے منع کیا اور رونے لگیں۔ میں پڑھائی کے سلسلے میں ان کے گھر مقیم ہوں۔ (عثمان۔لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کی پڑھائی اچھی رہے گی' تاہم آپ کے دوست پیچھے رہ جائیں گے یعنی جن کے گھر آپ پڑھائی کے سلسلے میں مقیم ہیں۔

بے اولادی! مسئلہ بیوی کا ہو یا خاوند کا ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض خدمت یہ ہے کہ آپ کا رسالہ لوگوں کی مشکلات کو دور کرنے کا ذریعہ بن رہا ہے' لوگوں کے منہ میں ہر وقت آپ کیلئے دعائیں ہیں۔ میں اپنا مجرب اور آزمودہ نسخہ بھیج رہا ہوں جن لوگوں کی اولاد نہ ہو' مسئلہ بیوی کا ہو یا خاوند کا دونوں یہ دوائی استعمال کریں۔ ھوالشافی: ریٹھے کا چھلکا سکھا کر باریک پیس لیں' بڑے سائز کے کیپسول بھرلیں' روزانہ ایک کیپسول صبح نہار منہ دودھ کے ساتھ دونوں (میاں، بیوی) استعمال کریں۔ ایک مہینے کے بعد ٹیسٹ کروائیں' مثبت رپورٹ آپ کو مل جائے گی۔ دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔ (عبدالکریم' شارجہ یو اے ای)

نیا سلسلہ

فاقے ختم' دولت' عزت اور برکت (یقینی) (حق) کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات فاقے' بے روزگاری بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا دولت مند ہوا'' لگائی جائیں گی۔ آپ بھی اپنے یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

صرف 8 ہزار آمدن اور خوشحال گھرانہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری شمارہ گزشتہ چند سالوں سے ہر ماہ باقاعدگی سے پڑھ رہا ہوں۔ اس میں لاجواب وظائف اور ٹوٹکے ہوتے ہیں جن سے مجھے اور میرے گھر والوں کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ عبقری میں چھپے ٹوٹکے اور وظائف ہم اپنے ملنے والوں کو بھی بتاتے ہیں' وہ بھی بعد میں بہت تعریف کرتے ہیں۔ بے شک عبقری بخل شکنی کرتا ہے اور اس کا ثبوت گزشتہ گیارہ سالہ کے عبقری شمارے ہیں جن کے ہر صفحے پر بخل کو کچلا گیا ہے۔ جب عبقری بخل نہیں کرتا تو اس کا دیوانہ بخیل کیسے ہوسکتا ہے؟ میرے پاس ایک عمل ہے جو مجھے نجی ٹی وی کے ایک پروگرام سے ملا۔ قارئین کی نذر کرتا ہوں:۔ گزشتہ دنوں گھر میں بیٹھا ٹی وی پر ایک پروگرام دیکھ رہا تھا کہ جس میں ایک نیوز چینل کی اینکر ایک بڑے شہر کے روڈ پر موجود راہ چلتی خواتین سے ان کی معاشی حالت کے بارے میں پوچھ رہی تھی؟ وہ اینکر جس سے بھی پوچھتی کہ آپ کے معاشی حالات کیسے ہیں تو ہر کوئی مہنگائی کا رونا روتی تھی' ہر کسی کی زبان پر ایک جملہ تھا کہ آمدن کم ہے اخراجات زیادہ ہیں' گزارہ نہیں ہوتا۔ اینکر ہر خاتون سے اس کے خاوند کی یا اس کی آمدن پوچھتی تو کوئی پچاس ہزار، کوئی ستر ہزار' کوئی تیس ہزار بتاتی مگر بعد میں زبان پر یہی الفاظ ہوتے کہ بچتا ہی کچھ نہیں' پندرہ تاریخ کے بعد ادھار اٹھانا پڑتا ہے' مہنگائی بہت زیادہ ہے۔ پھر اچانک اس اینکر نے ایک راہ چلتی خاتون کو روکا' جب اس سے پوچھا کہ آپ شادی شدہ ہیں؟ اس نے ہاں میں جواب دیا' اینکر نے دوبارہ سوال کیا کہ آپ کے خاوند کی تنخواہ کتنی ہے تو خاتون نے پراعتماد لہجے میں بتایا کہ میرے خاوند کی تنخواہ 8 ہزار ہے۔ خاتون کا جواب سن کر اینکر ایک دم چونکی اور دوبارہ پوچھا کہ واقعی آپ کے خاوند کی تنخواہ 8 ہزار ہے تو خاتون نے دوبارہ کہا الحمدللہ میرے خاوند کی تنخواہ 8 ہزار ہے۔ جب اینکر نے مزید پوچھا کہ گھر کرائے کا ہے یا اپنا؟ خاتون نے پھر جواب دیا کہ کرائے کا ہے اور گھر ایک کمرے پر محیط ہے اور کرایہ 3500 روپے ہے۔ اینکر نے پھر پوچھا کہ آپ کا گزارا کیسے ہوتا ہے؟ خاتون نے جواب میں بتایا: بہت خوشحال ہوں اور ہمارا ان پیسوں میں بہت اچھے سے گزارا ہو رہا ہے۔ اس کا جواب سن کر جہاں اینکر کا منہ کھلے کا کھلا رہ گیا وہیں میں بھی پہلو بدلنے پر مجبور ہوگیا کہ مہنگائی کے اس دور میں جہاں 90 ہزار کمانے والے شدید پریشان ہیں وہیں یہ خاتون کہہ رہی ہیں کہ آمدن صرف 8 ہزار' کرائے کا گھر اور پھر بھی خوشحال اور برکت کی باتیں کررہی ہیں۔ اینکر نے انتہائی پریشانی میں جلدی سے سوال کیا کہ یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں؟ صرف 8 ہزار اس میں سے بھی اگر 3500 نکال دیا جائے تو پیچھے صرف 4500 روپے بچتے ہیں' ان 4500 روپوں میں بھی بجلی کا بل' پانی کا بل' گیس کا بل نکال دیا جائے تو بمشکل 3000 بھی نہ بچتے ہوں گے۔ آپ گھر کا خرچہ کیسے کرلیتی ہیں؟ خاتون نے مسکراتے ہوئے کہا کہ جب میرے شوہر مہینے کی پانچ تاریخ کو اپنی تنخواہ میرے ہاتھ پر لاکر رکھتے ہیں تو اول و آخر تین مرتبہ درود شریف اور تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر ان پیسوں پر دم کردیتی ہوں۔ اس کے بعد میں جب بھی پیسے کوئی چیز خریدنے کیلئے دیتی ہوں تو اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ پڑھ کر دیتی ہوں اور جب پیسے لیتی ہوں تو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھتی ہوں۔ اس اینکر کو اب بھی یقین نہیں آرہا تھا وہ بار بار یہ پوچھ رہی تھی کہ یہ کیسے ممکن ہوسکتا ہے اور وہ غریب عورت بڑی سادگی سے یہی بار بار کہہ رہی تھی کہ مجھے نہیں پتا بس میرا اللہ تعالیٰ کردیتا ہے' میرا خرچہ میرا اللہ تعالیٰ پورا کرتا رہتا ہے اور میں بس یہی پڑھتی رہتی ہوں۔ الحمدللہ میں خوشحال ہوں۔ خاتون نے مزید کہا کہ یہ عمل مجھے ہماری ایک بوڑھی ہمسائی نے بتایا تھا۔ جب سے یہ عمل ملا ہے مجھے خوشیاں ملی ہیں' فاقے ختم ہوئے ہیں۔ برکت اور عزت ملی ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! اس اینکر کو تو یقین نہ آرہا ہو شاید اور بھی دیکھنے والے ہوں گے جن کو یقین نہ آرہا ہو مگر مجھے یقین آگیا اور آپ جو الفاظ اکثر درس میں فرماتے ہیں کہ' اعمال سے پلٹتے اعمال سے بچتے اور اعمال سے بنتے کا یقین''۔ ان الفاظ پر میرا یقین اور بھی مضبوط ہوگیا۔

[illegible]

رمضان میں وظیفے نے نوکری دلادی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ آپ ہمیشہ کی طرح خوش اور لوگوں کی خدمت کررہے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ سلامت رکھے اور آپ کو صحت و عافیت والی زندگی عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے علم و عمل میں مزید اضافہ فرمائے۔ آمین! محترم حضرت حکیم صاحب! میں نے جون 2014ء میں آپ کا ایک کتابچہ ''رمضان المبارک میں روحانی و جسمانی تندرستی کے راز'' پڑھا' اس کے بعد میرا ماہنامہ عبقری سے تعارف ہوا' واہ کیا خوب میگزین ہے۔ جب تک زندگی رہی پڑھتی رہوں گی اور اپنی دوستوں کو بھی پڑھاتی رہوں گی۔ محترم حضرت حکیم صاحب! ماہنامہ عبقری نے میری زندگی بدل کر رکھ دی ہے اس میں جو ٹوٹکے ہوتے ہیں وہ بے حد مفید ثابت ہوتے ہیں میں خود بھی آزماتی ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتی ہوں۔ میں نے گزشتہ رمضان عبقری شمارہ میں ایک وظیفہ پڑھا تھا اس میں اس کے دس فائدہ بتائے تھے مگر میں نے یہ وظیفہ نوکری کیلئے کیا تھا۔ میں چاہتی تھی کہ مجھے کہیں باعزت باپردہ روزگار مل جائے تاکہ میں اپنے غریب باپ کا سہارا بن سکوں۔ میں نے اسی رمضان اس وظیفہ کو پڑھنا شروع کردیا۔ الحمدللہ چند دنوں کے اندر ہی مجھے انتہائی اچھی جگہ باپردہ نوکری مل گئی۔ عمل یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ اَلْاَحْیَآءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ ہر پل ہر سانس کھلی تعداد میں دن رات نہایت کثرت سے اس کو پڑھیں کوشش ہو کہ رمضان المبارک میں ایک سوا لاکھ، دو سوا لاکھ، تین سوا لاکھ ورنہ ایک سوا لاکھ ہوجائے اگر مجبوری کی وجہ سے کچھ تعداد رہ جائے تو رمضان کے بعد پورا کرسکتے ہیں گھر کا ہر فرد پڑھے ورنہ گھر کے جتنے افراد زیادہ سے زیادہ پڑھ سکتے ہیں پڑھیں ہر بندہ اپنی تعداد پوری کرے' جتنا زیادہ سے زیادہ ان باسعادت راتوں میں پڑھیں گے اتنا کمال ملے گا۔ بندہ کی طرف سے ہر پڑھنے والے کو اجازت ہے۔ (ت،ا، گجرات)

رمضان! آخری عشرہ کا ٹوٹکہ اور اولاد نرینہ پائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رمضان المبارک کے خاص لمحات میں ایک خاص عمل قارئین کی نذر ہے:۔ جو مرد چالیس دن تک کوئی بھی کھٹائی نہ کھائے' پھر بیوی کے پاس جائے' اس کے علاوہ رمضان المبارک کی طاق راتوں میں مرد بیوی کے پاس جائے جو حمل ہوگا انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔ آزمودہ ہے۔ (فاروق' مظفرگڑھ)

خواتین پوچھتی ہیں؟

(ام اوراق)

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

ساس کی خدمت: میری بوڑھی ساس ہمارے ساتھ رہتی ہیں ایک دن میری ایک دوست نے مجھے حیدرآباد سے فون کیا کہ تم خواہ مخواہ اپنی ساس کی خدمت کرتی ہو جبکہ شرع میں اس کا کوئی ذکر نہیں تب سے میرے رویے میں فرق آگیا ہے مگر میرے دل میں اس بات کی خلش ہے' کیا میں اپنے رویے کی معافی مانگ کر دوبارہ ان کی خدمت شروع کردوں؟(ش۔م)

مشورہ: مجھے آپ کا خط پڑھ کر اچھا لگا آپ کو اپنے رویے پر ندامت ہے اور آپ دوبارہ ساس کی خدمت کرنا چاہتی ہیں ایسا ضرور کریں کیونکہ والدین کی خدمت اور احترام فرض ہے پتا نہیں لوگ مذہب کے نام پر لوگوں کو کیوں گمراہ کرتے ہیں۔ قرآن پاک میں والدین کے بارے میں بہت کچھ کہا گیا ہے اب اس بارے میں لکھنے بیٹھوں تو پورا کالم بھر جائے آپ کسی کے کہنے میں نہ آئیں اور اپنی ساس سے معافی مانگ کر دوبارہ ان کی خدمت شروع کردیں۔ آپ کو اس خدمت کا بہت اجر ملے گا سب سے زیادہ آپ کے دل کو جو خوشی اور سکون میسر ہوگا وہ لکھ نہیں سکتی۔ وہ لوگ بہت خوش قسمت ہیں جنہیں بزرگوں کی خدمت کرنے کا موقع ملتا ہے آپ کسی کی پریشانی دور کردیں حتیٰ کہ مسکرا کر بات کریں تو اس کا بھی اجر ہے۔ یہ چھوٹی چھوٹی نیکیاں آخرت میں ذریعہ نجات بن جاتی ہیں' ساس' بہو' نند' بھاوج' دیورانی اور جیٹھانی کا رشتہ بدنام ہے مگر کچھ ایسے مثالی گھرانے بھی ہیں جہاں ان رشتوں کو پیار' محبت اور احترام سے نبھایا جاتا ہے۔ میں کئی ایسے گھرانوں کو جانتی ہوں جو ایک دوسرے کا دکھ بانٹتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ہمت واستقامت دے' فضول باتوں پر کان نہ دھریں' ساس کی دعائیں آپ کے کام آئیں گی۔

گرمی میں سر چکراتا ہے: میری عمر چالیس سال ہے' دو سال سے گرمی کا موسم برداشت نہیں ہوتا' میرا فشار خون بڑھ جاتا ہے' چکر آتے رہتے ہیں' آنکھوں کے آگے عجب اندھیرا رہتا ہے' کام کاج بھی نہیں کرسکتی۔ بہت علاج کیے مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ غریب ہوں آپ کو اس لئے خط لکھ رہی ہوں کوئی آسان دوا بتایئے دعائیں دوں گی۔(ع۔ا)

مشورہ: آپ پریشان نہ ہوں گوشت اور گرم چیزوں سے پرہیز کریں' بازار سے ثابت دھنیا اور آملے خریدیں اور موٹا موٹا کوٹ کر رکھ لیں رات کو مٹی کے پیالے میں ایک چمچ دھنیا اور ایک چمچ آملے لے کر ایک پیالی میں بھگودیں۔ بھگونے سے پہلے چھلنی میں ڈال کر دھولیں تو اچھا ہے۔ صبح پانی چھان کر چینی ملا کر پی لیں' دس پندرہ دن میں کافی فرق پڑ جائے گا۔ اگر آپ گیارہ بجے دن ایک عدد آملے کا مربہ کھالیا کریں تو اور بھی فائدہ ہوگا آملہ دھو کر کھایئے آملے کی بہت خصوصیات ہیں۔ گرمی کے موسم میں ضرور کھانا چاہیے بڑے آملے کا مربہ مہنگا ہوتا ہے آپ چھوٹے آملے کا مربہ خریدیئے اس سے بھی فائدہ ہوگا' کھانے میں دہی' سبزیاں خصوصاً گھیا ضرور استعمال کریں' اس سے بہت سکون ملے گا۔

بیوی کا گندا چہرہ: مجھے اکثر قبض رہتا ہے آپ نے ایک بار قبض کے بارے میں لکھا تھا منقی کھانے کا درست طریقہ بتایئے اور اگر منقی نہ ہو تو کیا کشمش سے فائدہ ہوسکتا ہے؟ دوسری بات یہ کہ میری بیوی کا چہرہ پیلا اور گندا لگتا ہے داغ بہت برے لگتے ہیں اس کیلئے بھی کوئی نوٹکہ بتایئے۔(محمد سلیم' لاہور)

جواب: قبض کیلئے آپ کو چاہیے کہ دن بھر میں سات گلاس پانی ضرور پئیں' اس کے ساتھ ساتھ کچی سبزیوں کا سلاد ضرور کھائیں۔ ایک پیاز کا کچومر بنائیں دو ہری مرچیں کاٹ کر ملایئے ایک ککڑی ایک کھیرا تھوڑی سی بند گوبھی کے پتے اور ایک ٹماٹر بھی کاٹ کر شامل کریں' کوئی بھی موسمی پھل جیسے انگور' سیب وغیرہ کو تھوڑا سا ملایئے ایک لیموں کا رس نچوڑیئے بلڈ پریشر نہیں ہے تو نمک' کالی مرچ چھڑک لیں' پیالہ بھر یہ سلاد کھانے سے پیٹ صحیح رہے گا' قبض دور ہوگا اور صحت بھی اچھی ہوگی۔ منقی نہ ملے تو آپ کشمش بھی لے سکتے ہیں۔ منقی کے پندرہ دانے ہونے چاہئیں اسی کے ہموزن کشمش لے سکتے ہیں (لیکن منقی نہ ملنے پر) کسی شیشے کے گلاس میں منقی دھو کر ڈالیے۔ پانی دو انگل اوپر رہے کیونکہ منقی پھول جاتا ہے بارہ چودہ گھنٹے بھیگنے دیں تاکہ اچھی طرح پھول جائیں۔ اب صبح بیج نکال کر منقی کھایئے جس پانی میں بھگوتے ہیں وہ پانی ضائع مت کریں بلکہ اسے بھی پی لیں۔ اس میں وٹامن بی اور نمکیات وغیرہ ہوتے ہیں۔ پیٹ کی وجہ سے ہونے والا سر درد خواہ پرانا ہو' پیٹ کی خرابی اور قبض دور ہوگا نیز دل کو بھی تقویت ملے گی۔ اپنی بیگم صاحبہ کو بھی کشمش والا نوٹکا استعمال کرائیں۔ شام کو تین چار بجے آپ آدھا پیالہ سنگترہ یا کینو کا رس (گرمیوں میں کسی اچھی کمپنی کا مل جاتا ہے) لیں اور سولہ سترہ کشمش کے دانے کھا کر رس پی لیں۔ چند دن کے استعمال سے آپ کی بیگم کا چہرہ نکھر آئے گا جلد میں نکھار اندر سے آتا ہے قبض نہیں رہے گی تو چہرہ بھی کھلا کھلا رہے گا۔ آپ سنگترے یا کینو کا چھلکا سکھا کر پیس کر اس کا سفوف تھوڑے سے عرق گلاب میں ملا کر آدھ گھنٹے کیلئے بیوی کے چہرے پر لگوایئے۔ اس سے رنگ صاف ہوگا' داغ دھبے دور ہوں گے اور چہرہ بھی اجلا رہے گا۔

چھینکوں کا دورہ: میں صبح اٹھتی ہوں تو بستر سے اٹھنا محال ہوجاتا ہے چھینکیں اس قدر آتی ہیں کہ بعض دفعہ ہوش ہی نہیں رہتا۔ ناک سے بری طرح پانی بہنے لگتا ہے' ڈاکٹر نے الرجی کی بے شمار دوائیاں تجویز کیں کھاتی رہوں تو ٹھیک ورنہ پھر دورہ شروع۔ رات کو اور دن میں دورہ نہیں پڑتا۔ کیا اس بارے میں کچھ بتاسکیں گی۔ میں اب دوائیں نہیں کھاؤں گی دوا سے میں پریشان ہوجاتی ہوں؟(نجمہ بنت عمر' لاہور)

جواب: بی بی! کچھ لوگوں کے ساتھ یہ مسئلہ ہوتا ہے آپ بھی اس سے دوچار ہیں بہرحال آپ ایک ٹوٹکے سے فائدہ اٹھایئے جس کا نقصان کوئی نہیں۔ بازار سے میتھی دانہ منگوایئے اور صاف کرکے رکھ لیجئے' رات کو سونے سے پہلے ایک چمچ میتھی دانہ لے کر اس میں ایک کپ سے گھونٹ بھر زیادہ پانی ڈالئے' اب اسے چائے کی طرح پکایئے' اچھی طرح جوش آجائے اور پانی تھوڑا کم رہ جائے تو ڈھانپ کر چائے کی طرح دم دیں۔ تھوڑی دیر بعد چھلنی سے چھان لیں' اس میں آپ شہد ایک چمچ ملائیں تو بہتر ہے ورنہ ایک چمچ چینی ملا کر ہلکا سا نیم گرم پی لیں' اسی طرح صبح اٹھ کر میتھی دانے کی چائے پئیں دو اڑھائی ہفتوں میں آپ کی چھینکوں کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ میتھی کے بیج بہت مفید ہیں اس کا جوشاندہ پینے سے بھوک لگتی ہے اور پیٹ بھی ٹھیک رہتا ہے کھانسی اور سانس کی تکلیف میں برسوں سے اسے مختلف طریقوں سے استعمال کیا جارہا ہے اس سے بلغم بھی رقیق ہوکر نکل جاتا ہے۔ شاید اسی لئے دمے اور کھانسی میں بہت مفید ثابت ہوا ہے ہمارے بزرگ بھی اس کی افادیت جانتے تھے اسی لئے اچار میں ڈالتے تھے اچار کا مصالحہ میتھی دانے کے بغیر مکمل نہیں اس کی کھچڑی بھی بنتی ہے جو سردی کے موسم میں پورے بدن کو گرما دیتی ہے اصلی گھی کے بگھار کے ساتھ اس کا ذائقہ بھلا لگتا ہے ذرا آپ بھی پابندی سے میتھی دانے کی چائے پی لیجئے بہت فائدہ ہوگا۔

رمضان میں لیموں کا رس امرت سے کم نہیں

اس لیے اس کا استعمال جگر اور دل کی کمزوری میں بہت مفید ہے۔ خاص کر شدید گرمی کے رمضان المبارک میں افطاری کے وقت اگر ایک گلاس لیموں کی سکنجبین کا پی لیا جائے تو ایسی فرحت ملتی ہے کہ جیسے آپ نے سارا دن کسی پرفضا مقام پر کھاتے پیتے گزارا ہو۔

لیموں کا استعمال پاک و ہند میں عرصہ دراز سے چلا آرہا ہے' یہ پھل جتنا کم قیمت اور سستا ہے فوائد کے لحاظ سے اتنا ہی گرانقدر ہے' کئی قسم کے لیموں میں کاغذی لیموں ہی ہر اعتبار سے اعلیٰ ہے' اس کا چھلکا پتلا اور رس رقیق ہوتا ہے' لیموں کے رس میں وٹامن سی خاص طور پر زیادہ تعداد میں پایا جاتا ہے۔ وٹامن بی کی بھی اس میں خاصی مقدار ہوتی ہے اس کے رس میں کیلشیم اور پوٹاشیم جیسے اجزاء بھی پائے جاتے ہیں۔ لیموں کے استعمال سے جسم کو پروٹین کی شکل میں معدنی نمک حاصل ہوتا ہے جو صحت کیلئے انتہائی ضروری ہے۔ چونکہ لیموں میں پوٹاشیم اور کیلشیم کی کافی مقدار پائی جاتی ہے اس لیے اس کا استعمال جگر اور دل کی کمزوری میں بہت مفید ہے۔ خاص کر شدید گرمی کے رمضان المبارک میں افطاری کے وقت اگر ایک گلاس لیموں کی سکنجبین کا پی لیا جائے تو ایسی فرحت ملتی ہے کہ جیسے آپ نے سارا دن کسی پرفضا مقام پر کھاتے پیتے گزارا ہو۔ لیموں کی ایک زبردست خوبی یہ بھی ہے جیسے ہی اس کا رس آپ کے جسم کے اندر جاتا ہے فوری طور پر آپ کو شدید گرمی اور حبس میں فرحت کا احساس دلاتا ہے۔ بعض اوقات لیموں کا استعمال سیب جیسے قیمتی پھل سے بھی زیادہ مفید ہے۔ لیموں کا چھلکا اس کے بیج اور رس تینوں چیزیں دوا میں کام آتی ہیں اور بہت سی بیماریوں کو دور کرتی ہیں' طبی اعتبار سے لیموں کا مزاج سرد تر ہے یہ دل و دماغ کو فرحت بخشتا ہے اور صفرا کی زیادتی سے پیدا ہونے والی گرمی اور حدت کو دور کرتا ہے۔ لیموں کا رس ہاضم اور مقوی معدہ ہے اس کے استعمال سے موسمی بخار اور شدید پیاس کی شدت دور ہوتی ہے۔ معدے اور آنتوں کی مختلف بیماریوں میں لیموں کا رس بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔ معدے اور آنتوں میں جو زہریلے مادے پیدا ہوجاتے ہیں انہیں فضلہ کے ساتھ خارج کرتا ہے جس طرح پانی سے جسم کی تمام غلاظتیں دھل جاتی ہیں اسی طرح لیموں کے رس سے جسم کے اندر پیدا ہونے والی کثافتیں دور ہوجاتی ہیں۔ اگر رمضان المبارک کے علاوہ صبح کے وقت ایک گلاس تازہ پانی میں ایک کھانے کا چمچ لیموں کا رس اور تھوڑا سا نمک ملا کر پی لیا جائے تو یہ معدہ اور آنتوں کی صفائی کیلئے بہترین شے ہے اور اس سے معدہ اور آنتوں کی خرابیاں باہر نکل جاتی ہیں۔ جن لوگوں کی آنتوں میں کیڑے پڑ جاتے ہیں ان کیلئے لیموں کا رس اکسیر ہے۔ دراصل لیموں قاتل جراثیم ہے۔ جراثیم کو فوری فنا کرنے کی زبردست تاثیر لیموں کے رس میں موجود ہے' پاخانہ پیشاب اور جسم کے مساموں کی راہ سے اندر کی تمام گندگی اور زہریلے مواد کے اخراج کیلئے اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ لیموں کا رس امرت سے کم نہیں کھانے کے ساتھ لیموں کا استعمال غذا کو جلد ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ یہ خون کو بھی صاف کرتا ہے اور خون میں زہریلے مادے ہوگئے ہوں تو انہیں بھی دور کردیتا ہے۔ گرمی کے موسم میں خاص کر افطاری کے وقت اس کی سکنجبین پینے سے پیاس کی شدت دور ہوجاتی ہے۔ کوئی زہریلی چیز معدے میں چلی جائے تو بار بار لیموں کا استعمال مفید ہے۔ کمزور بچوں کے جسم پر لیموں کے رس میں نمک ملا کر مالش کرنے سے ان میں طاقت اور توانائی آتی ہے جن لوگوں کو دانتوں اور مسوڑھوں کے کمزور ہونے کی شکایت ہو وہ لیموں کے رس میں نمک ملا کر استعمال کریں۔ اس سے نہ صرف دانتوں کا میل ہی دور ہوگا بلکہ مسوڑھے اور دانت بھی مضبوط ہوں گے لیموں کے رس میں گلیسرین اور گلاب کا عرق ملا کر چہرے پر ملنے سے داغ دھبے اور مہاسے دور ہوجاتے ہیں۔ آج کل موسم کی تبدیلی کے بعد ہاضمے کی خرابی کی شکایت کا بہترین علاج لیموں کا رس ہے' آنے والی برسات اور ہیضے کے موسم میں تو شام کے کھانے کے ساتھ ادرک اور پیاز پر لیموں کا رس نچوڑ کر کھانا بہت مفید ہے۔ سرد اور بلغمی مزاج والوں کیلئے لیموں کا استعمال مضر ہے' وہ اس سے پرہیز کریں جن کے اعصاب کمزور ہوں انہیں بھی لیموں کا استعمال کم سے کم کرنا چاہیے۔

زہریلا جانور کاٹ لے تو میرے دادا کا ٹوٹکا آزمالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ میرے پاس میرے دادا کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ اگر بچھو یا زہریلا جانور کاٹ لے تو کوڑتمہ کاٹ کر اس میں سرسوں کا تیل مکس کرکے کاٹی گئی جگہ پر لگائیں' درد بھی ختم ہوجائے گا اور زہر بھی زائل ہوجائیگا۔ (محمد آصف' کہروڑپکا)

روحانی دم سے تمام پریشانیاں اور مشکلات ختم

محترم حضرت حکیم صاحب اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب اللہ تعالیٰ آپ کو سدا اپنی حفظ و امان میں رکھے اور بابرکت لمبی عمر عطا فرمائے۔ (آمین) اللہ تعالیٰ کی رحمت اور آپ کے درس سننے کی برکت اور روحانی دم کی برکت سے اللہ نے گھر کی تعمیر شروع کروادی' اب گھر تقریباً مکمل ہوچکا ہے' ہمارے گھر کی جب بھی تعمیر رکی ہم نے تسبیح خانہ سے اسم اعظم کے روحانی دم والے دن ملا دم والا پانی چھڑکا اور اللہ کی رحمت سے خود بخود اسباب بن گئے اور گھر کا کام دوبارہ شروع ہوگیا' گھر بننے میں بہت زیادہ رکاوٹ تھی بہت مشکل پیش آئی مگر جب بھی پانی چھڑکا کام ہوا' ہم نے مطلب میری بیٹیوں نے گھر شروع کرنے سے پہلے 40 ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص کا جو وظیفہ تھا وہ پڑھا' تقریباً ایک ہفتہ میں مکمل ہوا اور گھر کا کام شروع ہوا پھر جب ہم نے دوسری منزل کی چھت ڈالنی تھی تو بہت مشکل تھی ہم نے پھر چالیس ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص کا عمل کیا۔ اب ماشاء اللہ اللہ کی رحمت سے گھر کا کام تقریباً مکمل ہوچکا ہے۔ ہم کرائے پر ہیں اب آپ دعا کریں کہ ہم خیریت سے اپنے گھر چلے جائیں۔ یہ گھر' میرے بچوں کیلئے سکھ اور خوشیاں لائے' لیکن گھر بنانے کے دوران میرا اور میرے بیٹے کا بہت جھگڑا ہوا' اسے کچھ بھی کہو آگے سے یہی جواب ملتا ''امی مجھے پتہ ہے' بس ذرا غصے کا تیز ہے' ورنہ تو خدا کی رحمت ہے لیکن روحانی دم کے پانی کی برکت سے گھر کا کام شروع ہوا اور اللہ کی رحمت سے سب پریشانیاں اور مشکلات ختم ہوگئیں یہ سب میرے رب کی رحمت ہے ورنہ ہم اس قابل کہاں۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مدینے ﷺ کی برکت سے آپ کے روحانی دم اور درس سننے اور وظیفے کی برکت سے اللہ پاک نے بہت مشکل اور بہت زیادہ مشکل سے گھر کی تعمیر کی توفیق دی' میں نے اپنے گھر کی تعمیر کا اڑھائی فیصد صدقہ ادا کیا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہرحال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

دماغی بے پناہ طاقت کیلئے: بارہ عدد بادام مقشر کو رگڑ کر سردائی بنائیں اور آدھ کلو ابلتے ہوئے دودھ میں ڈال کر تین جوش دیں' ٹھنڈا ہونے پر چینی یا شہد ملا کر استعمال کرنے سے باہ اور دماغ کو بے پناہ طاقت ملتی ہے۔



قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کا بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں' نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

تین دن میں شوہر تندرست

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کے پاؤں کے انگوٹھے پر ''پوری'' نکل آئی تھی' ہماری ہندکو زبان میں تو اس کو ''پوری'' ہی کہتے ہیں اردو میں نامعلوم اس کو کیا کہتے ہیں۔ وہ اتنی زیادہ بڑھ گئی تھی کہ ڈاکٹرز نے کہا یا تو آپریشن کروانا پڑے گا اگر آپریشن کامیاب نہ ہوا تو پھر انگوٹھا کاٹنا پڑے گا ہم انتہائی پریشان تھا۔ ہمارے محلے میں ایک عورت تھی' وہ وفات پاچکی ہیں اللہ تعالیٰ انہیں جنت نصیب کرے۔ انہوں نے بتایا کہ کوڑتمہ یا تنبہ جو خربوزے کی شکل میں ہوتا ہے اور پہاڑوں وغیرہ میں بکثرت ملتا ہے' کانٹے دار جھاڑی کے ساتھ ہوتا ہے۔ لیموں کے سائز کا ہوتا ہے وہ لے کر دو حصوں میں کاٹ کر ایک حصہ صبح اور ایک حصہ شام کو ''پوری'' پر باندھ دیں' میرے شوہر نے صرف تین دن یہ ٹوٹکہ آزمایا تو پوری ایسے غائب ہوئی کہ جیسے کبھی تھی ہی نہیں۔ ڈاکٹر تو حیران ہی رہ گئے کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ اس بات کو کافی سال بیت چکے ہیں۔ ہمارے گھر کی کیاری میں کبھی کبھی وہ جھاڑی اُگتی ہے تو میرے شوہر اسے اکھاڑتے نہیں بلکہ کہتے ہیں یہ بہت کام کی چیز ہے لگی رہے۔

لیکوریا کیلئے بہت کام کا نسخہ: ھوالشافی: پسا ہوا کھوپرا' کچے چاول ہموزن لے کر پیس لیں اور حسب ضرورت چینی یا دیسی شکر ملا لیں' میٹھا صرف ذائقہ کیلئے ہے' ویسے ضروری نہیں۔ پھر چاہے تو صبح و شام یا سارا دن تھوڑا تھوڑا کھاتے رہیں۔ اللہ کے کرم سے جلد ہی آرام آجائے گا۔ یہ نسخہ ہماری ہمسائی نے کیا تھا ان کو بہت پرانا لیکوریا تھا الحمدللہ اس نسخہ سے انہیں آرام آگیا ہے۔ (سنیہ کرن' اٹک)

آپ کو ملازمت دے دی گئی ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کراچی میں مکتب چلاتا ہوں' میرے پاس لوگ آکر اپنے تجربات و مشاہدات بتاتے ہیں جو میں من و عن اپنے پسندیدہ شمارہ عبقری میں بھیج دیتا ہوں تاکہ لاکھوں لوگ کا بھلا اور میرے اور سنانے والے کیلئے صدقہ جاریہ بنے۔ ان تجربات و مشاہدات میں ایک پیغام ایک نصیحت اور سبق ہوتا ہے۔ الحمدللہ عبقری قارئین بھی اس پیغام اور نصیحت سے سبق حاصل کرتے ہیں۔ ایک اللہ والے مجھے کہتے ہیں کہ مجھے نوکری کی تلاش تھی اس کیلئے بڑی محنت اور کوشش کر رہا تھا لیکن مجھے کامیابی نہیں ہو رہی تھی میں نے کسی سے مسئلہ عرض کیا انہوں نے میرے نام کے اعداد کے مطابق مجھے اسماء الحسنیٰ نکال کر دیے اور انہیں مستقل چالیس روز تک پڑھنے کیلئے فرمایا میں نے اس عرصہ میں سوا لاکھ اسماء الحسنیٰ پڑھا۔ الحمدللہ مجھے ایک جگہ ملازمت ملی جو کہ پرائیویٹ تھی کچھ عرصہ بعد میں نے سوچا کہ اب سرکاری ملازمت کیلئے کوشش کرتا ہوں' ہمارے علاقہ میں ہمارے ایک عزیز سینیٹر ہیں' انہوں نے سفارش کی ان کے کہنے پر انہیں کاغذات بھی بھجوائے بارہا انہیں یاددہانی بھی کروائی لیکن کام نہ ہوا پھر میں نے روزانہ تین ہزار مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنا شروع کی زبان سے نہیں دل ہی دل میں یعنی بڑی توجہ اور دھیان کے ساتھ اکتالیس دن میں میں نے سوا لاکھ کی تعداد میں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ لی' اس کے بعد مجھے خواب میں اشارہ ہوا کہ آپ کا کام ہوگیا ہے میں نے اپنے عزیز کو فون کیا اور اسے عرض کیا کہ میں نے جو کاغذات جمع کروائے تھے ان کا کیا بنا' کیا وہ منظور ہوگئے ہیں؟ کہنے لگے نہیں ایسی تو کوئی بات نہیں' میں نے عرض کیا کہ آپ معلوم تو کروائیں شاید منظور ہوگئے ہوں؟ جب انہوں نے میرے اصرار پر معلومات لیں اور حیرت سے بتایا کہ واقعی آپ کی نوکری کی درخواست منظور کرلی گئی ہے اور آپ کو فلاں ادارے میں ملازمت دے دی گئی ہے لیکن آپ کو کیسے پتہ چلا مجھے ابھی تک علم نہیں ہوا تھا' میں نے کہا بس ایسے ہی میرا دل کہہ رہا تھا۔

درود شریف کا کمال! آپ بھی جانیے

وہ مزید کہنے لگے کہ میرے والد صاحب ایک غیرملکی کمپنی میں ملازم ہیں یہ کمپنی کسی وجہ سے اپنا کام بند کر رہی تھی جس کی وجہ سے ان کی ملازمت خطرے میں تھی جس کی وجہ سے یہ کافی پریشان تھے میں نے انہیں ان کے نام کے اعداد کے موافق اسماء الحسنیٰ نکال کر دیے کہ یہ پڑھیں ساتھ ہی درود شریف صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ پڑھنے کو عرض کیا' انہوں نے اکیس روز یہ عمل کیا' جس روز اکیسواں دن تھا ان کی کمپنی کا مالک دورے پر آیا اور کام کی ساری تفصیلات معلوم کرکے معائنہ کرنے کے بعد کہا کہ ابھی ایک سال اس کام کو مزید جاری رکھو۔ اسی طرح میرے والد صاحب ایک مکان بیچنا چاہ رہے تھے لیکن وہ بک نہیں رہا تھا۔ انہوں نے مکان بیچنے کی نیت سے صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ پڑھنا شروع کردیا اور ساتھ ہی یہ منت بھی مانی کہ اگر یہ مکان بک گیا تو میں روزانہ سات ہزار بار درود شریف پڑھا کروں گا۔ الحمدللہ! درود شریف کی برکت سے یہ مکان بک گیا اب میرے والد صاحب سات ہزار بار درود شریف پڑھتے ہیں' اسی طرح میرے والد صاحب کا عرصہ ساڑھے تین سال سے 786 مرتبہ روزانہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنے کا معمول ہے' الحمدللہ! اس کی برکت سے جس کسی پر دم کرتے ہیں تو ان کا ہر دکھ' ہر تکلیف دور ہوجاتی ہے۔

روضہ رسول ﷺ پر جانے کے شوق میں متوجہ ہوں!

مجھے عمرہ ادا کرنے کا بڑا شوق ہے' میں نے اپنے شیخ سے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ میں دیار رسول ﷺ کی زیارت کرکے سعادت پانا چاہتا ہوں' کاش! میرے نصیب بھی جاگ اٹھیں کوئی عمل وظیفہ بتائیں' فرمایا یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ اور اسماء الحسنیٰ سے یَا عَظِیۡمُ یَا مُجِیۡبُ یَا اَللّٰہُ کثرت سے پڑھیں' انشاء اللہ آپ کی تمنا و حسرت پوری ہوگی۔ میں نے یہ عمل کرنا شروع کردیا جیسے ہی نوے دن پورے ہوئے میرے والد صاحب نے میرے عمرے کیلئے سارے انتظام کردیے اور یوں مجھے میری زندگی کی سب سے بڑی خوشی دیکھنا نصیب ہوئی' لطف اور مزے کی بات جس پر میں اللہ کا جتنا بھی شکر ادا کروں کم ہے کہ مجھ جیسے ناچیز بندے پر ان کا اتنا کرم' مجھے ریاض الجنہ میں عین نماز کے دوران سجدے کی حالت میں محبوب کائنات حضور نبی کریم سیدنا محمد ﷺ کی زیارت ہوئی' الحمدللہ! اسی طرح میں نے تین عدد پیپر دینے تھے' باقی دے چکا تھا' میرے دوستوں کا اصرار تھا کہ کچھ رقم دے دلا کر اپنا کام نکالو لیکن میرے ضمیر نے گوارہ نہ کیا کہ ایک اللہ والے سے بیعت ہوکر ایسا کام کرو مجھے یہ زیب نہیں دیتا' میں نے جیسے تیسے کرکے وہ تین پیپرز

دے دیئے' مگر ٹھیک نہیں ہوئے۔ اب رزلٹ لینے کیلئے گیا مجھے معلوم تھا کہ میں نے جس طرح پرچے دیئے ہیں میں کیسے پاس ہوسکتا ہوں۔ والد صاحب کے اصرار پر سکول چلا گیا اور جب نتیجہ دیکھا تو یقین ہی نہیں آیا' حیرت سے میں پرچوں کو الٹ پلٹ کر دیکھ رہا تھا کہ یہ میرے پرچے ہیں یا کسی اور کے' میں سب پرچوں میں پاس تھا' سبحان اللہ یہ ناممکن کام ممکن کیسے ہوا آج تک عقل حیران ہے۔(عاشق حسین' کراچی)

ایک مرتبہ لوبان کی دھونی لیں اور چھپاکی الرجی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے کہ جس شخص کو الرجی ہو جسم پر چھپاکی نکلی ہو اور وہ کسی بھی دوائی سے نہ جاتی ہو آنکھ سوج جائے' ہونٹ سوج جائیں یا دھپڑ پڑ جائیں جتنی مرضی پرانی جلد کی الرجی ہو اس کیلئے دیتے ہیں' دھونی دینے کا طریقہ یہ ہے کہ تیس روپے کا لوبان لیں اس کو کوٹ لیں دو یا تین اوپلے لے کر ان کو آگ پر سرخ کرلیں اور کسی برتن میں ڈال لیں پھر بند کمرے میں سارے کپڑے اتار کر بڑی سی چادر اوڑھ لیں' اگر خواتین ہوں تو سر کے بال بھی کھول لیں' پھر چارپائی کی پائنتی پر بیٹھ جائیں اور نیچے اوپلے والا برتن رکھ لیں اس پر لوبان چھڑک لیں اس سے دھواں نکلے گا پھر اپنا منہ بھی چادر کے اندر کرلیں اور دھواں لیں' اتنی دیر لیں کہ آپ پسینے سے شرابور ہوجائیں' تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد اوپلوں پر تھوڑا سا لوبان چھڑکتے رہیں' کچھ دیر کے بعد اوپلوں کو کسی لکڑی یا لوہے کے چمٹے سے ہلاتے رہیں' جب پسینہ پوری طرح نکل آئے اور دھواں آپ کے جسم میں رچ بس جائے تو چادر سے باہر نکل کر کپڑے پہن لیں۔ دو دن آپ نے نہانا نہیں ہے۔ انشاء اللہ ایک ہی دھونی سے پرانی سے پرانی چھپاکی کو فرق پڑ جاتا ہے اگر نہ پڑے تو ایک دھونی مزید لیں میں نے تقریباً سترہ سال پہلے دھونی لی تھی آج تک دوبارہ چھپاکی نہیں ہوئی' دوائی سے صرف وقتی فرق پڑتا ہے مگر دھونی سے انشاء اللہ ساری زندگی دوبارہ نہیں ہوگی۔(اللہ کی بندی)

بواسیر کے مسے مکھن اور کافور سے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس بواسیر کیلئے ایک ٹوٹکہ ہے' بواسیر خونی ہو یا بادی بہت فائدہ دیتا ہے اور سستا بھی انتہا کا ہے۔ تھوڑا سا مکھن لے کر اس میں (مشک کافور) کی دو ٹکیاں پیس کر ملا لیں اور اس کو کسی بوتل میں ڈال کر واش روم میں رکھ لیں جب مکھن میں ٹکیاں ملائیں گے تو وہ کریم کی طرح بن جائے گی اب جب بھی ٹائلٹ جائیں تو فارغ ہونے کے بعد جگہ اچھی طرح دھو کر اس پر یہ آمیزہ لگالیں۔ تھوڑی دیر جلن محسوس ہوگی لیکن کچھ دن لگانے کے بعد آپ انشاء اللہ بالکل ٹھیک ہوجائیں گے۔ یہ میرا آزمودہ ہے۔(کوثر رشید)

دو ٹوٹکے! شاندار جاندار اور مزیدار رمضان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری تعلق قائم ہوئے تقریباً ایک سال ہوچکا ہے' کافی سارے ٹوٹکے بہت زیادہ فائدہ دے رہے ہیں۔ الحمدللہ! گزشتہ سال کے رمضان المبارک میں عبقری شمارے کے خاص نمبر کی تو کیا ہی بات ہے۔ اس شمارے نے میری بہت سی روحانی و جسمانی مشکلات کا ازالہ کردیا۔ خصوصاً گزشتہ رمضان المبارک میں عبقری میں بتایا ایک ٹوٹکہ جو کہ اس طرح ہے کہ گلقند 250 گرام اور چھوٹی الائچی دس گرام، چھوٹی الائچی پیس کر گلقند میں ملا لیں سحری کرنے کے بعد ایک بڑا چمچ گلقند کا کھالیں۔ اس ٹوٹکے کے کمالات اگر لکھنے بیٹھوں تو صفحات بھر جائیں۔ سارا دن بھوک پیاس اور تھکن کا احساس نہیں رہتا۔ بڑا ہی کمال کا ٹوٹکہ ہے۔ اس کے علاوہ سحری اور افطاری میں کھجور کے ساتھ بالائی ملا کر کھاتا ہوں بہت طاقتور ٹانک ہے۔ الحمدللہ! پہلی مرتبہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے تمام روزے رکھے۔(محمد عثمان)

موجودہ ہر گھڑی رحمت بھری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں رمضان المبارک کے حوالے سے یہ تحریر عبقری قارئین کیلئے ارسال کررہی ہوں ستر ہزار فرشتوں کی دعائے مغفرت: میرے پیارے آقا حضور ﷺ کا ارشاد مبارک ہے جب ماہ مبارک یعنی رمضان المبارک کی پہلی رات آتی ہے تو آسمانوں اور جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور آخر رات تک بند نہیں ہوتے' جو کوئی بندہ اس ماہ مبارک میں کسی بھی رات میں نماز پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی ہر سجدہ کے عوض اس کیلئے سترہ سو نیکیاں لکھتے ہیں اور اس کیلئے جنت میں سرخ یاقوت کا گھر بناتے ہیں جس میں ستر ہزار دروازے ہوں گے اور ہر دروازے کے دونوں پٹ سونے کے بنے ہوں گے جن میں سرخ یاقوت جڑے ہوں گے۔ جو کوئی رمضان کا پہلا روزہ رکھتا ہے اللہ پاک مہینے کے آخر تک اس کے گناہ معاف فرما دیتا ہے اور دوسرے رمضان تک اس کیلئے کفارہ ہوجاتا ہے اور ہر وہ دن جس میں یہ روزہ رکھے گا اس ہر روزہ کے بدلے میں اسے ایک ہزار سونے کے دروازوں والا محل جنت میں عطا ہوگا اور اس کیلئے صبح سے شام تک ستر ہزار فرشتے دعائے مغفرت کرتے رہیں گے۔ رات اور دن میں جب بھی وہ سجدہ کرے گا ہر اس سجدہ کے عوض اسے جنت میں ایسا درخت عطا کیا جائے گا اس کے نیچے ایک گھوڑا سوار ایک سو برس تک بھی چلے پھر بھی اس درخت کے دوسرے سرے تک نہ پہنچ سکے گا۔ سبحان اللہ! اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا کروڑہا احسان ہے کہ اس نے ہمیں ماہ رمضان جیسی نعمت بخشی' اس مہینے کی ہر گھڑی رحمت بھری ہے اس مہینے میں اجر وثواب بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ نفل کا ثواب فرض کے برابر اور فرض کا ثواب ستر گنا کردیا جاتا ہے۔ ایک حدیث کے مطابق ایک بار سبحان اللہ کہنے کا ثواب ایک لاکھ دفعہ سبحان اللہ کہنے کے برابر' اور ایک بار درود شریف پڑھنے کا ثواب رمضان المبارک کے روزہ دار کیلئے دریا کی مچھلیاں افطار تک دعائے مغفرت کرتی رہتی ہیں۔ اس مہینے میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے اور جو اس میں روزہ دار کو افطار کرائے اس کے گناہوں کیلئے مغفرت ہے اور اس کی گردن آگ سے آزاد کردی جائے گی اور اس افطار کرانے والے کو اتنا ہی ثواب ملے گا جتنا روزہ دار کو' روزہ دار کے روزے میں یعنی ثواب میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ پاک یہ ثواب تو ہر شخص کو دے گا جو ایک گھونٹ دودھ یا ایک کھجور یا ایک گھونٹ پانی سے روزہ افطار کرائے اور جس نے روزہ دار کو پیٹ بھر کر کھانا کھلایا۔ اللہ تعالیٰ اس کو میرے حوض سے پانی پلائے گا کہ کبھی پیاسا نہ ہوگا یہاں تک کہ جنت میں داخل ہوجائے گا۔ یہ وہ مہینہ ہے کہ جس کے اول دس دن رحمت' اس کے درمیانی دس دن مغفرت اور آخری دس دن جہنم سے آزادی ہے' جو اپنے غلام پر اس مہینے میں تخفیف کرے (کام کم لے) اللہ عزوجل اسے بخش دے گا اور جہنم سے آزاد فرمائے گا۔ آنحضور ﷺ کا فرمان عالیشان ہے: بے شک جنت ابتدائی سال سے آئندہ سال تک رمضان المبارک کیلئے سجائی جاتی ہے اور فرمایا کہ رمضان المبارک کے پہلے دن جنت کے درختوں کے نیچے سے بڑی بڑی سفید آنکھوں والی حوروں پر ہوا چلتی ہے اور وہ عرض کرتی ہیں: اے پروردگار! اپنے بندوں میں سے ایسے بندوں کو ہمارا شوہر بنا جن کو دیکھ کر ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور جب وہ ہمیں دیکھیں تو ان کی آنکھیں بھی ٹھنڈی ہوں۔(ا۔ لاہور)

پیپرز اچھے نہ بھی ہوں مگر رزلٹ ہمیشہ اچھا آئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اپنے پیپرز کیلئے اور اچھے رزلٹ کیلئے آپ سے وظیفہ مانگا تھا آپ نے مجھے یَاحَسِیْبُ روزانہ ایک سو گیارہ مرتبہ مسلسل تین دن اپنے پیپروں کا تصور رکھ کر پڑھنے کا بتایا۔ میں نے یہ عمل کیا تو میرا رزلٹ بہت زبردست آیا۔ الحمدللہ جس جس نے بھی کیا اس کے پیپرز اگر اچھے نہ بھی ہوئے مگر اللہ کے اس پیارے نام کی تکرار سے رزلٹ بہت اچھا آیا۔ اول و آخر سات بار یا گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ **تہجد اور سحری میں فوری آنکھ کھلے:** عبقری کے کسی شمارے میں یہ پڑھا تھا کہ رات کے اذکار کرتے کرتے بندہ سو جائے اور بات نہ کرے تو تجربہ سے پتہ چلا کہ تہجد اور رمضان المبارک میں سحری کے وقت خود بخود آنکھ کھل جاتی ہے۔(ل۔ق)

صبح کا وقت اور قرآن: صبح کے وقت قرآن شریف ضرور پڑھا کرو کیونکہ اس کے پڑھنے سے رحمت حق نازل ہوتی ہے اور فرشتے سننے کے منتظر ہوتے ہیں‘ قیامت کے دن یہ تمہاری شفاعت کریں گے۔

کلیم اللہ شیخ‘ ڈی آئی خان

رمضان اور دار چینی قدرت کا انمول تحفہ

جن لوگوں کے منہ سے بدبو آتی ہو تو وہ اگر کچھ دن روزانہ دار چینی کا ٹکڑا چباتے رہیں تو کچھ ہی دنوں میں منہ کی بو جاتی رہتی ہے اور منہ کا ذائقہ بہتر ہو جاتا ہے۔ خاص کر رمضان المبارک میں افطاری کے بعد کچھ دیر دار چینی کا ایک ٹکڑا چبایا جائے تو کچھ دنوں کے بعد دوران روزہ منہ سے بدبو نہیں آتی۔

یہ جڑی بوٹی بڑے کام کی چیز ہے اور کئی امراض بھگانے میں مدد دیتی ہے‘ اسی لئے اسے کھانوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

تیل: دار چینی اپنے اندر پائے جانے والے تیل ”دار چینی“ کے باعث تیز ذائقہ رکھتی ہے‘ اس تیل میں یوجی نول کی وافر مقدار ہوتی ہے اس کی چھال اور ہرے پتوں میں بھی تیل ہوتا ہے جڑ کی چھال کا سرخ تیل تنے کی چھال اور پتوں والے پیلے تیل سے مختلف ہوتا ہے۔ پیلا تیل صابن کو خوشبودار بنانے اور گولیوں ٹافیوں کو ذائقہ دینے میں کام آتا ہے۔

نظام ہضم میں خرابی: دار چینی متلی‘ قے اور اسہال روکتی ہے‘ نظام ہضم کو متحرک کرتی ہے‘ دار چینی کا تیل ایک چمچ اگر کھانے کے آدھے گھنٹہ بعد پیا جائے تو ریاح کو دور اور بدہضمی کی اصلاح کرتا ہے۔ **شفاء بخش قوت اور مفید اجزاء:** دار چینی کے پتے سفوف یا جوشاندہ کی شکل میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ یہ محرک اور ریاح خارج کرنے میں معاون ہیں اس کے استعمال سے رطوبتوں میں اضافہ ہوتا ہے دار چینی اعصابی تناؤ کم کرتی ہے‘ رنگ نکھارتی ہے اور یادداشت تیز کرتی ہے۔ رمضان المبارک یا پورا سال ہی روزانہ رات کو چٹکی بھر دار چینی کا سفوف شہد کے ساتھ ملا کر کھایا جائے تو جادوئی نتائج نکلتے ہیں۔

زکام: دار چینی زکام کا بہترین علاج ہے اس کا سفوف ایک گلاس پانی میں چٹکی بھر پسی سیاہ مرچ اور شہد کے ساتھ ابال کر پیا جائے تو یہ انفلوئنزا‘ گلے کی خراش اور ملیریا کا شافی علاج ہے۔ موسم برسات میں انفلوئنزا کے حملے سے روکتا ہے۔

سانس کی بو: جن لوگوں کے منہ سے بدبو آتی ہو تو وہ اگر کچھ دن روزانہ دار چینی کا ٹکڑا چباتے رہیں تو کچھ ہی دنوں میں منہ کی بو جاتی رہتی ہے اور منہ کا ذائقہ بہتر ہو جاتا ہے۔ خاص کر رمضان المبارک میں افطاری کے بعد کچھ دیر دار چینی کا ایک ٹکڑا چبایا جائے تو کچھ دنوں کے بعد دوران روزہ منہ سے بدبو نہیں آتی۔ (انشاء اللہ) **سر درد:** سر درد میں دار چینی کا سفوف پانی میں ملا کر ماتھے اور کنپٹیوں پر لیپ کرنے سے فوراً ختم ہو جاتا ہے۔ **چہرے کے کیل مہاسے:** نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کے چہرے پر پیدا ہونے والے کیل اور پھنسیاں کے خاتمے کیلئے دار چینی کا سفوف چند قطرے لیموں کے رس میں ملا کر لیپ کریں اس کے چند دن استعمال سے کیلوں اور پھنسیوں کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا۔ **دیگر استعمال:** دار چینی کے خشک پتے اور چھال گرم مصالحہ میں ڈالے جاتے ہیں اور افطاری کے کھانوں کو چٹ پٹا بنایا جاتا ہے‘ اسے منجنوں کی تیاری میں بھی استعمال کیا جاتا ہے‘ اس کے تیل کو مشروبات کے ذائقہ کیلئے بھی ڈالا جاتا ہے۔ دار چینی خاندانی منصوبہ بندی کے سلسلے میں استعمال کی جاسکتی ہے‘ بچے کی پیدائش کے بعد بیضہ کے اخراج کو روکنے میں یہ بہت موثر ہے۔ ایک وضع حمل کے بعد مہینہ بھر روزانہ رات کو دار چینی کا ایک ٹکڑا کھانے سے پندرہ سے بیس ماہ تک کیلئے حیض معطل ہو جاتا ہے‘ دار چینی بالواسطہ طور پر ماں کے دودھ میں اضافے کا سبب بھی بنتی ہے۔

افطاری کیلئے انوکھا ڈرنک‘ صحت لاجواب‘ چہرہ خوبصورت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس افطاری کیلئے انوکھا ڈرنک کا ٹوٹکہ ہے۔ ھوالشافی: دو سے اڑھائی کپ دودھ‘ دو چمچ سورج مکھی کے بیج‘ دو چمچ شہد‘ تھوڑ سا لیمن‘ دو انجیر‘ ایک چمچ کھانے والے تل‘ ایک چٹکی زعفران‘ ایک چٹکی ہلدی اور تھوڑی سی برف۔ ان سب چیزوں کو بلینڈر میں بلینڈ کرلیں اور اس کو پئیں۔ اس سے آپ میں بھرپور انرجی آئے گی‘ چہرہ خوبصورت اور چہرے کے غیر ضروری بال کم ہو جائیں گے اور چہرہ بہت خوبصورت ہو جائے گا۔

مچھر بچوں کے قریب بھی نہ پھٹکے گا

آپ چاہتے ہیں کہ مچھر بچوں کے قریب بھی نہ پھٹکیں تو تھوڑی سی ہینگ کسی کپڑے میں باندھ کر بچوں کے پاؤں یا ٹانگ پر باندھ دیں اس سے مچھر مکھی قریب نہیں آئینگی۔

کمر درد سے پریشان بہنوں کیلئے لاجواب ٹوٹکہ

دو سے تین دانے انجیر لیں‘ اس کے ساتھ چاسکو کے بیج آدھ چمچ چبا کر کھالیں‘ چاسکو کے بیج اور انجیر کمر درد کیلئے بہت مفید ہیں۔ کھائیں اور اپنی بہن اور اس کے والدین کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ وہ خواتین جن کی کمر میں بہت درد رہتا ہو اور وہ ادویات کھا کھا کر تھک چکی ہوں وہ یہ ٹوٹکہ آزمائیں۔ صرف پندرہ دن میں فرق خود محسوس کریں۔

(نور حرا صدیق‘ ڈیرہ غازیخان)

لیجئے آپ ہو گئیں عید کیلئے بالکل تیار

لمحوں میں کھلا کھلا پھولوں جیسا شگفتہ چہرہ

عید چاہے عیدالفطر ہو یا عیدالاضحیٰ صرف چند دنوں کیلئے نہیں ہوتی کیونکہ عید کا پورا مہینہ شادی بیاہ اور دیگر تقریبات کو بھی لے کر آتا ہے۔ ایسے میں پورے ماہ اچھا نظر آنا خواتین کا حق ہے اگرچہ عید اور مختلف تقریبات کے موقع پر گھر کے کاموں کی بھرمار ہوتی ہے مگر اس کے باوجود اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ آپ سر جھاڑ منہ پہاڑ گھومتی رہیں اور مہمانوں کے سامنے شرمندہ ہوتی رہیں ہم آپ کو جھٹ پٹ کچھ ایسی ٹپس بتاتے ہیں جو کچھ ہی دیر میں آپ کو خوبصورت بنا دیں اور لوگ یہ سوچ کر حیران ہو جائیں کہ اتنے کام کرتے ہوئے بھی آپ کتنی فریش اور خوبصورت لگ رہی ہیں۔ سب سے پہلے اپنے چہرے کو کلینزنگ ملک سے صاف کرلیں اب بے بی آئل لے کر آہستہ آہستہ مساج کریں اور پھر سٹیم لے کر چہرے کو ٹھنڈے تولئے سے تھپتھپائیں اب اگر آپکو چہرے پر بلیک ہیڈز نظر آئیں تو انہیں انگلیوں سے دبا کر صاف کرلیں۔ اس کے بعد چہرے کو صاف کر کے موئسچرائز لگایئے اب آپ کا چہرہ کھلا کھلا نظر آئے گا اور ہلکا سا میک اَپ آپ کو پھولوں سے زیادہ شگفتہ بنا دے گا۔ اب جبکہ آپ کا چہرہ میک اَپ کیلئے تیار ہے تو پھر میک اَپ شروع کیوں نہ کیا جائے۔ سب سے پہلے کنسیلر لگا کر دانے‘ داغ اور حلقوں پر تھپتھپائیں اور دو منٹ کیلئے چھوڑ دیں اب بلینڈر لے کر اس کو گیلا کریں اور لگائیں اور پانچ منٹ تک چھوڑ دیں۔ پانچ منٹ کے بعد ایک بار پھر بلینڈر گیلا کر کے چہرے پر پھیریں۔ آپ کا میک اَپ سیٹ ہو جائے گا۔ اس کو خشک ہونے دیں۔ اب فیس پاؤڈر کا بالکل ہلکا سا ٹچ دیں اور پھر اپنے کپڑوں کے ہم رنگ لپ سٹک لگائیں۔ آنکھوں پر صرف آئی لائنر اور مسکارا لگائیں لپ سٹک لگا کر اگر چاہیں تو اس پر سلور یا گولڈن شائنر لگائیں‘ پرفیوم کا سپرے کریں اور لیجئے آپ عید کیلئے بالکل تیار ہیں اب آپ سب کی نظروں میں ستائش دیکھیں گی۔ اب مہمان چاہیں جب آجائیں آپ کو فکر کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ آپ ان کے استقبال کیلئے بالکل تیار ہیں۔ اب باری آتی ہے بالوں کی‘ ہم آپ کو چند آسان اسٹائل بتا رہے ہیں ذرا دیکھئے! آپ کو ان میں سے کون سا انداز پسند آتا ہے‘ بالوں کو سیدھا کیجئے اور درمیان سے مانگ نکالئے بالوں کے چند حصوں کو پکڑ کر باریک چوٹی کی شکل میں بنایئے اور پھر نیچے والا حصہ خالی چھوڑ کر اوپری حصے میں پونی ٹیل باندھ لیں۔ اس کے بعد کچھ بالوں کی لٹیں بنالیں (باقی صفحہ نمبر 41 پر)

بھوک پیاس کی شدت کم: بھوک اور پیاس کی شدت کو کم کرنے کیلئے مغز، دام مقشر اور کتیرا ہم وزن اسپغول مغز بادام کا پانچواں حصہ ملا کر سفوف تیار کریں ایک تولہ ہمراہ دودھ یا شربت صندل استعمال کریں۔

جب پاک فوج آگ اور لوہے کے طوفان سے ٹکرائی

ایک عجیب بات جو دیکھنے میں آرہی تھی وہ یہ کہ مائن بم (جو شہیدوں نے پیٹھ پر باندھا ہوا تھا) اس سے صرف ٹینک کی چین ٹوٹ جاتی ہے اور ٹینک کھڑا ہو جاتا ہے لیکن جس کو بھی مائن بم لگا پورا ٹینک آگ کی لپیٹ میں تھا جیسے وہ گتے کا بنا ہوا ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد مرحوم پاک فوج میں ملازم تھے جنگوں کے واقعات بڑے شوق سے سنایا کرتے تھے انہی میں سے ایک واقعہ عبقری قارئین کے گوش گزار کر رہا ہوں۔ 1965ء چونڈہ کی لڑائی میں جو بڑے افسران برسرپیکار تھے ان میں اس وقت میجر جنرل ٹکا خان اور کرنل ممتاز قابل ذکر ہیں۔ جنگ میں کامیابی کا انحصار بہت سی باتوں پر ہوتا ہے یہ ایک علیحدہ موضوع ہے دشمن 10 ستمبر سے سیالکوٹ سیکٹر میں فوجیں جمع کر رہا تھا اس میں ان کا 6 آرمڈ ڈویژن مین حملے کی تیاری میں تھا کچھ اور بھی سائیڈوں پر حملے ہو رہے تھے ان میں کئی ایک ڈمی حملے تھے۔ قصہ مختصر 17 ستمبر لڑائی کا رخ اس طرف ہو گیا جہاں ٹکا خان اپنے سیکٹر میں دشمن کا حملہ روکنے کیلئے تیار تھے ان کا ڈویژن انفنٹری اور توپ خانہ پر مشتمل تھا۔ انہوں نے توپ خانہ اور اینٹی ٹینک ہتھیاروں سے حملہ کو روکنے کی کوشش کی لیکن دشمن کے ٹرک یونٹوں کی وجہ سے زیادہ کامیابی نظر نہیں آرہی تھی۔ ایسے لگ رہا تھا دشمن ہمارے مورچوں کو روندتا ہوا اوپر سے گزر جائے گا۔ اس نازک صورتحال میں ٹکا خان فوراً فرنٹ لائن پر گئے اور اعلان کیا ''میں ٹکا خان بول رہا ہوں جو جو بندہ میری آواز سن رہا ہے جلدی میرے پاس آجائے''۔ شائد کوئی ڈیڑھ سو کے قریب افسر اور سپاہی ایک دم اکٹھے ہو گئے۔ مختصر اور جوش دلانے والی تقریر کے آخر میں کہا: آپ دیکھ رہے ہیں کیسی نازک صورت بنتی جا رہی ہے آپ میں جو شادی شدہ ہیں وہ دائیں طرف ہو جائیں اور جو غیر شادی شدہ ہیں وہ بائیں طرف ہو جائیں''۔ شادی شدہ گروپ کو واپس اپنے مورچوں میں بھیج دیا دوسرے گروپ کو کہا اپنی پیٹھ پر بم باندھ لیں پھر ان کو 5،5 کے گروپ میں تقسیم کیا اور دشمن کے ٹینکوں کی طرف بڑھنے کا حکم دیا۔ تمام فوجی جوانوں نے وطن کی محبت میں اپنی جان قربان کرنے کا عہد کیا اور اپنے بدن پر بم باندھ لیے۔ ٹکا خان صاحب نے اپنی تقریر ختم کی' چپکے سے اپنی یونیفارم تبدیل کی اور لانس نائیک کی وردی پہن لی۔ پیٹھ پر بم باندھا اور دشمن کے ٹینکوں کی طرف وہ بھی چل پڑے۔ تھوڑی دور ہی گئے ہوں گے ایک سپاہی نے شکل سے دیکھ کر ان کو پہچان لیا وہ زور سے بولا'' ٹکا خان' ٹکا خان''۔ 3،2 سپاہی دوڑتے ہوئے آئے انہوں نے اٹھا کر ٹکا خان کو میدان سے باہر کیا اس کے بعد کیا منظر دیکھنے میں آیا فوجی جوان تیر کی طرح دشمنوں کے ٹینکوں کی طرف بڑھ رہے تھے دشمن قریب نہیں آنے دے رہا تھا بہت سے شہید ہو گئے لیکن کئی جوان قریب پہنچ کر اپنے آپ کو ٹینک کی چین کے نیچے دینے میں کامیاب ہو گئے۔

ایک عجیب بات جو دیکھنے میں آرہی تھی وہ یہ کہ مائن بم (جو شہیدوں نے پیٹھ پر باندھا ہوا تھا) اس سے صرف ٹینک کی چین ٹوٹ جاتی ہے اور ٹینک کھڑا ہو جاتا ہے لیکن جس کو بھی مائن بم لگا پورا ٹینک آگ کی لپیٹ میں تھا جیسے وہ گتے کا بنا ہوا ہو۔ یہ بس خدا تعالیٰ کی مدد تھی کہ ٹینک کا کریو (عملہ) بھی جل کر ختم ہو رہا تھا۔ اس دن صحیح معنوں میں انسان آگ اور لوہے کے طوفان سے ٹکرایا۔ بڑھتا ہوا دشمن رک گیا بلکہ وہ دوبارہ منظم ہونے کیلئے پیچھے چلا گیا۔ ٹکا خان نے تنہا حکم دیا لیکن خود بھی اس پر عمل کر کے دکھایا۔ فوج کی ہائی کمان میں ان کے اس عمل کو زیادہ پذیرائی حاصل نہیں ہوئی لیکن آپ اندازہ کر سکتے ہیں ایک تاریخی مثال ہے۔ جب جنگ یرموک' یرموک میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے دستے پیچھے ہٹنا شروع ہوئے تو عکرمہ بن ابوجہل نے مسلمانوں کو کہا کہ'' میرے ساتھ کون موت کی بیعت کرتا ہے تقریباً 400/500 سپاہیوں نے یہ بیعت کی اور پھر ایسا زوردار حملہ کیا کہ دونوں طرف کشتوں کے پشتے لگ گئے وہ سبھی لوگ شہید ہو گئے لیکن رومی لشکر کا ایک بڑا حصہ پیچھے ہٹتا چلا گیا اور گھیرے میں آ کر مارا گیا۔

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں' ضرور لکھیں۔

حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

شیخ علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جس دن اپنی ذات کیلئے کیوں، کیوں نکلنا شروع ہو جائے کہ تو نے وہ کیوں دیکھا تھا؟ تو نے وہ کیوں کیا تھا؟ وہ لفظ کیوں بولا تھا؟ وہ فقرہ کیوں بولا تھا؟ وہ عمل کیوں کیا تھا؟ تو بس سمجھ لیں کہ میرے اندر کی اصلاح شروع ہو گئی، ترقی شروع ہو گئی، کمال شروع ہو گیا۔ بس میں کامیاب ہو گیا اور جس دن اسکے اندر اپنی ذات کیلئے کیوں ختم اور دوسروں کیلئے کیوں شروع ہو گئی تو سمجھ لو کہ فتنہ شروع ہو جائے گا۔ تو ایک تو یہ ہے کہ اپنے عمل کو مقبول کرانا ہے۔ دوسری بات جو اس حلقے میں عرض ہوئی وہ یہ ہے کہ اپنے آپ کو ہر وقت ٹٹولتے رہیں کہ ہم انسان ہیں یا حیوان ہیں؟ اگر کہیں حیوان ہیں تو اپنی حیوانیت پر اطمینان تو نہیں؟ اور پھر پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے انسان اور حیوان کے پورے فرق بیان کیے ہیں اور آخر میں انہوں نے حیوان کو کیا کہا؟ کہا کہ 'اسرار الٰہی کی تحقیق سے روگردان ہے، جہالت پر اکتفا کیا ہے۔ حق کو اپنے لیے اس نے حجاب دل سے خرید لیا ہے' کشف کے جمال سے بے خبر ہے توحید الٰہی کی بو سونگھی ہے نہ احادیث کے جمال کو دیکھا ہے اور نہ ہی توحید کا مزا چکھا ہے۔'' شیخ رحمہ اللہ نے مزید فرمایا: دیکھو میں تمہیں نفس کی برائی سے منع کرنے کے بعد یہ کہتا ہوں کہ میں نے یہ جو کتاب لکھی ہے، اس میں ہر درویش سے استفادہ کیا ہے اور استفادہ حاصل کر کے اس کتاب کو تمہارے سامنے لایا ہوں اور لانے کے بعد کہتا ہوں کہ اس کتاب میں لطیف عبارتیں ہیں، جو تمہاری شاید سمجھ میں نہ آئیں۔ تم ذرا اس کو اچھی طرح سمجھنا اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کو بہت سمجھ کے پڑھنا اور سمجھ کے وہی کتاب پڑھی جاتی ہے، جس کو سمجھانے والا سمجھائے اور میں نے اپنے سمجھانے کے بارے میں وضاحتاً دعویٰ نہیں کیا۔ میں نے اپنے سمجھانے کے حوالے سے عرض کیا کہ جو سواں حصہ میں سمجھ سکا، میں شاید اسکا بھی سواں حصہ آپ کو سمجھا رہا ہوں۔ تو بات سمجھ آئی ہے کچھ؟ اللہ کی تائید کے بغیر کوئی وجود ہو سکتا ہے؟ اللہ چاہے گا تو ہو گا، اللہ نہیں چاہے گا تو نہیں ہو گا۔ (جاری ہے)

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 92

[illegible]

خزانے کبھی ہمارے نہیں ہوتے: خزانے کبھی ہمارے نہیں ہوتے بلکہ وہ امانت ہوتے ہیں' چاہے جتنی صدیاں گزر جائیں' جتنے سال بیت جائیں' وہ امانت جس کی امانت ہوتی ہے اس تک پہنچ کر رہتی ہے' اگر یہی بات تھی تو پھر جنات دنیا میں کوئی خزانہ باقی نہ رکھتے' کتنے خزانے ایسے ملے جن پر عباسی خاندان کے سونے کے دینار موجود تھے' کتنے خزانے ایسے ملے جو قبل اسیح سونے کے برتن یا سونے کی مختلف چیزیں تھیں یا جواہرات تھے پھر یہ خزانے نہ ملتے۔ جنات انہیں پہلے ہی اٹھا لیتے اور نکال لیتے اور اپنے استعمال میں لے آتے' یہ ایک ازلی حقیقت ہے کہ اللہ پاک کے ہر نظام میں کوئی حکمت اور بصیرت ہوتی ہے اور رب کے نظام میں جو تاثیر اور طاقت ہے وہ ہر فرد نہ سمجھ سکتا نہ اس تک پہنچ سکتا ہے' نہ جان سکتا ہے' انسان کی عقل محدود' اس کا شعور محدود' اس کا احساس محدود ہے بالکل اسی طرح ہم جنات کو بھی عقل کل اور حرفاً سمجھتے ہیں بلکہ ہر فن مولا سمجھتے ہیں ایسا نہیں اللہ جل شانہٗ نے جنات کو ایک طاقت اور قوت دی ہے ایک سچا وجدان دیا ہے' لیکن محدود! اگر ساری قوتیں اللہ نے اپنے پاس نہ رکھی ہوتیں تو پھر ساری قوتیں اللہ جنات یا فرشتوں کو دے دیتا جنات کی طاقت ہے' ان میں قوت ہے لیکن رب رب ہے! جنات شکلیں بدل لیتے ہیں' آواز بدل سکتے ہیں اپنی صورت بدل سکتے ہیں' ایک پل میں آنکھ کے جھپکتے ہی کہاں سے کہاں پہنچ جاتے ہیں لیکن ان میں اتنی طاقت نہیں کہ وہ خزانوں کو استعمال میں لے آئیں اور وہ خزانہ اپنے لیے خرچ کر لیں۔

جنات کی طاقت: یہ اس دور کی بات ہے جب میں اپنے مرشد کی زیرنگرانی ایک تزکیہ نفس کا چلہ کر رہا تھا' میں اکیلا انسان تھا' میرے ساتھ اور بے شمار جنات بھی تھے اور وہ جنات کیا کمال تھے' وہ چلہ سانس روک کر زبان کو تالو سے لگا کر اللہ کا اسم پڑھنا تھا مجھے ان کی طاقت کا اندازہ اس وقت ہوا کہ جب میں بہت زیادہ مشق کرنے کے بعد آدھے گھنٹے سے زیادہ پر پہنچا یعنی آدھے گھنٹے سے زیادہ میں اپنا سانس روک سکتا تھا اور اس رکے سانس میں مرشد کا دیا ہوا ورد پڑھ رہا تھا' اس کے بعد مجبوراً مجھے اپنا سانس نکالنا پڑ رہا تھا کیونکہ اس سے زیادہ وقت میں میں سانس روک نہیں سکتا تھا لیکن انوکھی بات یہ ہے کہ مرشد نے میرے ساتھ جو جنات بٹھائے ان جنات کا کمال اور طاقت میری نظر میں آئی تو میری عقل حیران رہ گئی اور وہ ایسے کہ میں نے دیکھا کہ ایک جن نماز فجر سے بیٹھا' اس نے سانس روکی نماز ظہر تک اس نے سانس جا کر نکالی' مجھے کہا اگر ظہر کا وقت نہ ہوتا تو میں سانس نہ نکالتا یعنی سانس بند رکھتا اگر عصر کا وقت نہ ہوتا تو اور سانس بند رکھتا اور مغرب کا وقت نہ ہو تو سانس بند رکھتا اگر عشاء کا وقت نہ ہوتا تو سانس بند رکھتا حتیٰ کہ مجھے اس سانس میں تین دن لگ جاتے اور میں بہتر گھنٹوں تک سانس روک سکتا ہوں۔

پراسرار دنیا کے پراسرار بھید: ان میں سے صرف ایک جن میرا واقف تھا جس کا آنا جانا تھا باقی جنات میرے ناواقف تھے چالیس دن کا یہ چلہ تھا جب چلے سے فارغ ہوا تو مجھے ایک نامعلوم سا اُنس ہو گیا اس کے بعد مسلسل گیارہ دن ہم نے بیٹھ کر ایک اور عمل کرنا تھا لیکن اس کیلئے ہمیں ہر نماز کے بعد گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ وقفہ مل جاتا اس کے بعد پھر عمل میں لگ جانا ہوتا تھا اب یہ جو گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ کا وقفہ ملتا اس میں جہاں کچھ کھانا پینا ہوتا تھا وہاں کچھ گفتگو' حال احوال اور جنات کی پراسرار دنیا کے بھید' مجھے سننے اور دیکھنے کو بہت ملتے۔

صدیوں پرانا آنکھوں دیکھا واقعہ: ان میں ایک جن ایسا تھا جس پر اللہ نے اپنی طاقت اور قدرت ایسی کھولی تھی کہ وہ صدیوں پرانا بھی جو واقعہ بیان کرتا تھا اس میں چشم زدن میں ایک پل میں من وعن دکھا دیتا تھا اور بالکل وہ آنکھوں سے وہ واقعہ میں دیکھ لیتا تھا مثلاً اس نے محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کا ہندوستان پر سترہ حملے اور ان حملوں کا جب واقعہ بتایا تو باقاعدہ ہر حملہ دکھایا کہ محمود غزنوی افغانستان کے شہر غزنی سے کیسے اٹھا؟ پہلے حملے میں باپ نے تھپکی دی ماں نے دعائیں دیں اور کچھ اللہ والوں نے سر پر ہاتھ پھیرا اور ایک ورد بتایا۔

محمود غزنوی اور کلر کہار کی بڑی چٹان: اور وہ چل پڑا' کہاں کہاں سے گزرا؟ دریائے اٹک کے قریب اس کے کچھ گھوڑے غرق ہو گئے کچھ سپاہی لاپتے ہو گئے شکست کا سب سے پہلا سامنا پانی کی طاقت سے ہوا اور پھر محمود غزنوی موجودہ کلر کہار کی ایک بڑی چٹان پر آ کر بیٹھا' بڑا پرفضا ماحول جیسا کہ غزنی کا تھا اس کو جگہ اچھی لگی جی چاہا کہ یہیں ٹھہر جاؤ لیکن پھر عزم تھا اس نے سومنات پہنچنا تھا۔ یہ تمام واقعہ میں ایسے دیکھ رہا تھا کہ جیسے میں دور سے ایک دوربین لگائے ایک بڑی چٹان اور پہاڑ کی چوٹی پر بیٹھا ہر چیز واضح دیکھ رہا ہوں' دوران سفر اس نے محمود غزنوی کا ایک عمل دکھایا کہ جب وہ سفر کرتے ہوئے ضلع حصار (انڈیا کا ایک ضلع ہے) پہنچا تو وہاں ایک پرانے محل جو کہ کھنڈر کی شکل اختیار کر گیا تھا اس نے فوجوں کو حکم دیا کہ اس کو صاف کرائیں کیونکہ اسے ایک محفوظ جگہ پر اپنی فوجوں کو رکھنا تھا یہ علاقہ اس کیلئے بہت نیا تھا کیونکہ وہ تو غزنی کا رہنے والا تھا اور ہندوستان میں فاتح بن کر آیا تھا لیکن ابھی تک اس کے پاؤں نہیں جمے تھے۔ سپاہیوں نے تمام قلعہ کو صاف کیا' ایک صاف ستھرا کمرہ جو کھنڈر میں اور کمروں سے بہت بہتر حالت میں تھا محمود کیلئے رکھا' باقی سب جتنے بھی ٹوٹے پھوٹے کمرے یا دالان حویلیاں جہاں جہاں جس کو جگہ ملی وہاں قیام کیا' ساتھ ہی محمود کے ساتھ اس کے تین غلام ایاز، ایک اور مرزا' ان کو بھی جگہ دی۔

محمود غزنوی کے مقدر اور نصیب کا خزانہ: ان میں جو ایک تھا' یہ غلام دراصل ترکی غلام تھا اس غلام نے بادشاہ کی بہت خدمت کی تاریخ میں اس کا تذکرہ نہیں تاریخ میں صرف ایاز کا تذکرہ ہے، بہت تہجد گزار' نمازی' ذاکر شاغل تھا اور اتنا ذکر کرتا اور اتنے اعمال کرتا اس کو کشف کی حالت ہوگئی رات کو سوتے سوتے ایک پل میں اٹھا وضو کر کے دیوار کے ایک کونے کے ساتھ بیٹھ کر مصلے پر نفل پڑھے اور پھر مناجات اور اذکار میں مشغول ہو گیا اسی دوران اس کی آنکھ لگی اور آواز آئی کہ ہم اس پرانے کھنڈر کے جنات ہیں' ایک خزانہ محمود کے مقدر اور نصیب کا یہاں دفن ہے محمود سے کہیں کہ وہ خزانہ نکال لے پونے نو سو سال پرانا یہ خزانہ آج محمود کا انتظار کر رہا تھا اور ہماری تاریخ میں یہ لکھا تھا۔

ایک غلام ازلی سعید اور نیک: میری عمر ابھی کچھ چھوٹی ہے میرے والد اور میرے دادا نے مجھے نصیحت کی تھی کہ فلاں دن فلاں تاریخ اور فلاں وقت میں محمود اپنی فوجوں کے ساتھ سومنات کے مندر کو یعنی ہندوستان کو فتح کرنے کیلئے یہاں آئے گا یہ خزانہ اس کی امانت ہے جب اس کی فوجیں رات کو سکون کی حالت میں ہوں تو اس کا غلام ہو گا ایک جو ازلی سعید اور نیک ہے' اس کے ذریعے محمود تک پیغام پہنچانا کیونکہ محمود کے مزاج میں بہت جلد کسی پر اعتماد کرنا نہیں کیونکہ اس نے کئی دفعہ اعتماد کر کے نقصان اٹھایا ہوا ہے اس کیلئے صرف ایک ہی اس کا غلام ہے۔

تانبے کا دروازہ عبرانی زبان اور خزانہ: جس کی بات کو وہ آنکھیں بند کر کے سو فیصد درست تسلیم کر لیتا ہے تو لہٰذا ان سے کہو جس جگہ آپ کا مصلیٰ ہے اس سے دو قدم مشرق کی طرف کھدائی کرے' صرف تین گز کھدائی کرنے کے بعد آپ

شمال کی طرف کھدائی کریں وہاں سے آپ کو ایک تانبے کا دروازہ نظر آئے گا اس دروازے کو کھولنے کی کوشش نہ کیجئے گا اور نہ اس کا تالا ہوگا وہ دراصل اندر سے بند ہے باہر سے نہ کچھ تالا ملے گا نہ اس کا کوئی کنڈا یا ہک ملے گا۔ اس کے کھولنے کیلئے اس کے دروازہ کے اوپر کچھ الفاظ لکھے ہوئے ہیں ان الفاظ کو تلاش کیجئے گا وہ الفاظ آپ کو عبرانی زبان میں لکھے ہوئے ملیں گے اور تقدیر نے پہلے سے ہی محمود کے غلام ایبک کو عبرانی زبان سکھائی ہوئی ہے وہ عبرانی زبان میں ان الفاظ کو پڑھے گا اور ان الفاظ میں ہی سارا دروازہ کھولنے کا طریقہ اور سلیقہ سکھایا گیا ہے حتیٰ کہ اس دروازہ میں عبرانی زبان میں یہاں تک سکھایا گیا کہ دروازہ کھولنے کے بعد اندر داخل کیسے ہونا ہے؟ اور اندر داخل ہو کر کون سا خزانہ کس کے حصے کا ہے؟ اور کس کس خزانے کو کیسے استعمال کرنا ہے؟ یہ سب کچھ اس دروازے پر لکھا ہوا ہے یہ ایک خواب اور آواز دونوں ملی جلی شکل ایبک کو ملی' کانوں میں اور دل میں اس کا خیال گزرا اور ایبک نے آنکھوں سے دیکھا کہ کوئی بادشاہ کے غلام ہیں جو گڑھا کھود رہے ہیں وہ خود اور بادشاہ اس گڑھے کی نگرانی کر رہا اچانک شمال کی طرف ایک دروازہ آیا اور پھر وہ ساری تحریر اور وہ سب سچی کہانی جو اس نے اپنی خواب میں دیکھی اور کانوں سے سنی وہ سب آنکھوں کے سامنے آگئی۔ **جو سنا' جو دیکھا سچ ہے:** ایبک ایک دم چونکا اسے خیال ہوا کہ شاید یہ اس کا وہم ہے لیکن پھر احساس ہوا نہیں جو سنا ہے وہ سچ ہے جو دیکھا ہے وہ حقیقت ہے اسے فوراً بادشاہ کو اس کی اطلاع کرنی چاہیے پھر خیال آیا کہ سفر کا مارا ہوا محمود تھکا ہارا' ابھی چند گھنٹے پہلے تو لیٹا ہے لیکن کہا نہیں! محمود کو اطلاع کرنی چاہیے اب یہ اسی کشمکش میں کہ اطلاع کرے یا نہ کرے گمان خیال تصورات میں کھویا ہوا ایک آواز پھر آئی دیر نہ کرو' محمود کو اس خزانے کی اشد ضرورت ہے' محمود جس مہم کیلئے نکلا ہے۔ اس میں مال و زر کی بہت ضرورت ہے اور یہ مال و زر آج کے دن کیلئے رکھا گیا ہے بس محمود سے اتنا کہنا اس مال و زر میں غرباء مساکین کا حصہ ضرور رکھے۔

محمود کے قدموں کے بوسے: ایبک اٹھا اس نے جاکر محمود کے قدموں کو بوسے دینا شروع کردیئے' یہ محمود کو اٹھانے کا ایک شاہی انداز تھا' محمود کی اچانک آنکھ کھلی' گہری نیند ٹوٹی آنکھیں ملتے ہوئے اٹھ بیٹھا اور ایبک کی بات سننے سے پہلے ہی محمود کہنے لگا: تو نے مجھے کیوں اٹھایا؟ **محمود غزنوی کا خواب:** پھر خود ہی کہنے لگا میں تو ایک انوکھا خواب دیکھ رہا تھا اور سنانا شروع کیا کہ میں نے خواب دیکھا یہ کھنڈر بہت بڑا ایک وقت میں قلعہ تھا پانچ میل اس کی فصیل اور دیوار تھی اور یہ قلعہ ایسا ناقابل تسخیر تھا کہ اس کو آج تک کوئی فاتح فتح نہیں کرسکا اور جو کچھ یہ کھنڈر موجود ہے یہ قلعہ کی بچی ہوئی باقی عمارت ہے اور اس عمارت میں حیرت انگیز بات ہے کہ بادشاہ اپنی ملکہ اور شہزادوں اور شہزادیوں کے ساتھ یہاں رہتا تھا اور میں نے خواب میں انوکھا نظام دیکھا کہ کچھ تین چار درویش نما بزرگ ہیں جو کہ مذہب حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ ایک بہت بڑا خزانہ نیچے ایک کمرہ بنا ہوا ہے جس میں ایک مضبوط دروازہ ہے اور دروازہ کے اوپر کچھ نامعلوم تحریر لکھی ہوئی ہے اس دروازہ کے اندر داخل ہوتے ہیں اور ایک خچروں کی قطار ہے جو اس دروازہ میں جارہی اور خزانہ اندر منتقل ہو رہا۔ **محمود کی سفری تھکان اور جوش و جذبہ:** اس کے بعد ان بزرگوں نے کچھ الفاظ پڑھے دروازہ کو اپنی طرف کھینچا دروازہ خودبخود بند ہوگیا' زمین کو پھر مٹی سے پُر کیا اور اوپر خوبصورت فرش چن دیا گیا اور محمود اپنے خواب کو مزید سناتے ہوئے ایبک کو کندھے سے پکڑ کر کھڑا تھا اور نیند کی غنودگی اس کے اندر موجود تھی' سفر کی تھکان کا ایک سو فیصد احساس تھا لیکن محمود پورے جوش و جذبے میں تھا اور اپنا خواب مسلسل سنا رہا تھا اور خواب میں سنایا کہ دراصل مجھے خواب میں یہ بات بھی بتائی گئی کہ یہ خزانہ محمود ہم نے تمہارے لیے رکھا ہے اور یہ آپ کا اس وقت کا انتظار کر رہا ہے **دنیا کا سب سے بڑا خزانہ:** جس وقت آپ نیند سے اٹھیں فوراً اس خزانے کی کھدائی کروائیں اور یہ بہت بڑا خزانہ ہے' پوری دنیا کے خزانوں میں سب سے بڑا خزانہ ہے جس میں سونا' چاندی' ہیرے' جواہرات اور قیمتی سے قیمتی متاع ہے اور محمود مزید کہنے لگا کہ مجھے خواب میں یہ بات بتائی گئی کہ اس خزانے کی تلاش میں تیرا غلام ایبک تیری مدد کرے گا جو ہدایات ہم نے تجھے دی ہیں مزید تفصیلی ہدایات ہم نے تیرے غلام ایبک کو دے دی ہیں اور ہاں دیکھو ہم وہ اللہ کے دوست لوگ ہیں جو صدیوں سے اس خزانے کی حفاظت پر معمور ہیں **آج ہماری ڈیوٹی ختم' ہم جارہے ہیں:** آج تک اس خزانے کو کوئی نہیں تلاش کرسکا' نہ کسی کو خیال' نہ گمان اور نہ کسی کا تصور اس طرف گیا' آج ہماری ڈیوٹی ختم ہم جارہے ہیں اور خزانہ آپ کے حوالے ہے' محمود نے اپنے خواب کی مزید کیفیت بتائی کہ مجھے خواب میں یہ بات بتائی گئی کہ خزانے کی تلاش کیلئے عبرانی زبان کا ماہر چاہیے اور عبرانی زبان کا ماہر ایبک تیرے پاس موجود ہے اور پھر مجھے ایک لفظ کا بتایا گیا کہ اس کے پڑھنے سے محمود تمہیں خزانہ ملے گا بھی سہی تمہارے لیے خیر کا ذریعہ بنے گا' تمہاری نسلوں کیلئے برکت کا ذریعہ بنے گا' اس خزانہ سے تم خود پلو گے تمہاری نسلیں پلیں گی' سب سے بڑی بات ہے **جو یہ لفظ پڑھے گا اس کو خزانہ ملے گا:** اس خزانے کی دولت تمہاری نسلوں میں خون ریزی' قطع رحمی' نفرت' بدکاری کا ذریعہ نہیں بنے گی بلکہ نیکی' تقویٰ' پرہیزگاری اور سچائی کا ذریعہ بنے گی۔ وہ لفظ محمود نے ایبک کو بتایا کہ وہ لفظ یہ ہے' **وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ** محمود ایبک کو کندھے سے تھام کر کھڑا اس کی نظروں میں نظریں ملائیں جوش جلال اور جذبے سے کہہ رہا تھا کہ مجھے یہ لفظ بتایا گیا کہ اس لفظ کو پڑھو اور مسلسل پڑھو' تمہیں خزانہ ملے گا اور ایسا خزانہ ملے گا کہ جس خزانے سے تمہاری نسلیں شاد و آباد ہوجائیں گے اور جو شخص اس لفظ کو آئندہ بھی پڑھے گا اس کو بھی خزانہ کی اطلاع ملے گی معلومات ملیں گی خبر ملے گی جاگتے ہوئے یا خواب میں۔ کسی آواز کے ذریعے یا کسی اللہ کے دوست یا جن کے ذریعے۔ کیونکہ ان لفظوں میں سو فیصد اللہ نے اپنے خزانے پوشیدہ رکھے ہوئے ہیں اور قارئین ایسا ہوا ہے ان لفظوں کا بہت کمال ہے۔ **اے اللہ تیری مدد کو جاگتی آنکھوں سے دیکھا:** بس! ایبک نے پھر اپنی بات بتائی دونوں کے خواب ملتے تھے محمود نے ایبک سے کہا کہ ہمیں وضو کیلئے پانی کا انتظام کرو محمود نے وضو کیا اور جس بعد ایبک نے نفل پڑھے تھے اسی جگہ دیر تک محمود اعمال نوافل اور دعا میں گڑگڑاتا رہا اور بلک بلک کر روتا رہا ایبک سن رہا تھا کہ محمود اللہ سے کہہ رہا تھا کہ یا اللہ تیری مدد کو جاگتی آنکھوں سے دیکھا قدم قدم پر تیری رحمتوں کے جلوے وسیع دیکھے اور آج تو نے جو میری مدد کی ہے (جاری ہے)

کچے ناریل کے کمال: کچا ناریل بھوک لگاتا ہے' فوائد کے اعتبار سے زیادہ مفید ہے کیونکہ اس کا مزاج سرد تر ہوتا ہے' کچا ناریل زود ہضم اور گرمی سے بچاتا ہے۔

25 سال سے شیطانی طاقتوں کے اثرات میں تھی

قارئین! عبقری میں چھپے یا کسی بھی عمل' وظیفے کے کرنے سے آپ کو جادو جنات سے چھٹکارا ملا ہو یا آپ پر کیا گیا جادو ٹونہ ہوا ہو تو وہ مکمل عمل اور اس کی مکمل روداد تفصیل کے ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری میں بھیجئے۔ آپ کا یہ عمل لاکھوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ پر اور آپ کی اولاد پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے اور آپ کو جنت میں بلند درجات عطا فرمائے' حضرت صاحب میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری شادی کو 2 سال گزر گئے ہیں اور میاں بیوی کا ابھی تک میریڈ ریلیشن شپ قائم نہیں ہوسکا اور اسی وجہ سے ہم آج تک اولاد کی نعمت سے محروم ہیں۔ ہم دونوں میاں بیوی پر شروع سے ہی شیطانی طاقتوں کے اثرات ہیں جس کی وجہ سے ہم دونوں میاں بیوی میں بہت جھگڑے ہوئے اور اتنے زیادہ ہوئے کہ ہم دونوں میاں بیوی میں لڑائی جھگڑے کی وجہ سے نوبت طلاق تک پہنچ جاتی' حضرت میں ایک ڈاکٹر ہوں اور شہر کے اچھے ہسپتال میں ڈیوٹی سرانجام دیتی ہوں۔ وہاں موجود میری ایک کولیگ نے مجھے ماہنامہ عبقری دیا اور اس کی خوب تعریف کی اور مجھے اذان اور احسبتم والا عمل پڑھنے کیلئے دیا اور صبح وشام گیارہ دفعہ مزید عمل بتایا کہ اول و آخر تین مرتبہ درود کے بعد ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنا ہے۔ اس کے علاوہ یَاقَهَّارُ صبح وشام گیارہ گیارہ تسبیح پڑھنے کو بتائی۔ جب میں نے یہ اعمال شروع کیے تو مجھے کچھ ہی عرصہ بعد میری ایک انتہائی قریبی رشتہ دار کالے کپڑوں میں نظر آنا شروع ہوگئیں۔ پھر خواب میں ہی میں اسے پکڑ کر مارنے لگی کہ تم نے میرے ساتھ اچھا نہیں کیا۔ الحمدللہ! آپ کی دعاؤں سے اور عبقری کے وظائف کی برکات سے ہم دونوں میاں بیوی کے جھگڑے انتہائی کم ہوگئے۔ پھر اللہ نے مزید کرم کیا تو مجھے فون پر آپ سے ملاقات کا وقت مل گیا۔ میں اور میرے شوہر صاحب آپ کے پاس آئے' آپ نے ہمیں دوائی لکھ کر دی' ہم نے استعمال کی' آپ نے ہمیں یہی درج بالا وظائف پڑھنے اور اگربتی' تہدیدی نامہ مبارک' گوشت کا صدقہ' صابن' دم والا پانی (جو کہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے کلینک سے ہی ملتا ہے) دیا۔ ہم نے تمام عمل بتائے گئے طریقے کے مطابق کیا۔ اسی رات مجھے اپنی وہ رشتہ دار پھر نظر آئی کہ اس نے دودھ میں اور آٹے میں کچھ ملایا ہے۔ آپ کے دم کی برکت سے میں اور میرے شوہر ایک ہفتہ تک ٹھیک رہے' ہمارے میریڈ ریلیشن شپ قائم ہوگئے۔ ہمارا ایک دوسرے کے پاس آنے کو دل چاہا۔ حضرت صاحب اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز کرے' آپ کا سایہ ہم پر قائم رکھے۔ یہ شیطانی چیزوں کے اثرات ہی تھے جن کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کے قریب تو آجاتے مگر ہمارا ریلیشن قائم نہ ہوتا۔ حضرت صاحب میں تقریباً گزشتہ پچیس سال سے ان جادو ٹونے اور شیطانی طاقتوں کے اثرات میں تھی' نماز پڑھتی ہوں مگر نہیں پاتی تھی' حتیٰ کہ جب میں سٹوڈنٹ تھی مجھ پر جادو کراوئے جاتے تھے کہ میں پڑھ نہ سکوں' پھر میری شادی کو باندھ دیا گیا' اس میں بہت شدید قسم کی بندش تھی' پھر بہت کوششوں اور دعاؤں سے یہ بندش کسی نے توڑ کردی' میرا رشتہ بہت مشکل سے ہوا جب میری منگنی ہوئی تو پھر کسی نے مجھ پر جادو کراونا شروع کردیا۔ میری زندگی میں یہ تیسری خاتون ہے جس نے مجھ پر جادو ٹونہ کروانا شروع کیا' میں نماز پڑھتی' نیک اعمال کرتی' بہت کوشش کرتی جادو ٹونہ ایک بہت تکلیف دہ چیز ہے' مجھے اس طرح کے خواب آتے کہ سانپ' جانور میرے پیچھے بھاگتے ہیں۔ میں ان چیزوں میں سے نکل نہیں پاتی۔ اسی وجہ سے جب میری منگنی ہوئی تو میرا ریلیشن شپ باندھ دیا گیا میں تھک گئی تھی کہ میں ان چیزوں سے کیسے نکلوں؟ مگر آپ کے بتائے وظائف کی برکات اور آپ کی دعاؤں سے ہماری زندگی میں سکون ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ کی اولاد پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے اور آپ کی دعاؤں سے اور اللہ تعالیٰ کی رحمتوں سے اور ان وظائف کی برکات سے اللہ تعالیٰ ہم دونوں میاں بیوی کو مشکلات میں سے نکالے اور اپنی رحمتیں ہم پر نچھاور فرمائے۔ آمین! (پوشیدہ)

(بقیہ: لیجئے آپ ہوگئیں عید کیلئے بالکل تیار)

حد آسان اور سادہ ڈیزائن بن جائے گا۔ بالوں کو اچھی طرح سے کنگھی کریں اور پیچھے ایک پونی ٹیل بنالیں بالوں میں سے ہی کچھ حصہ چھوڑ دیں اور اب بالوں کا مختصر سا جوڑا بنادیں بالوں کو پچھلی سطح سے تین حصوں میں تقسیم کرلیں اور ہر حصے کی چوٹی بنالیں اور اب ان کو یکجا کرکے کپڑے کا بینڈ لگالیں اور پیچھے کی جانب چھوڑ دیں۔ بالوں کو پورا اوپر پونی سٹائل میں پکڑیں اور پھر اس کو فولڈ کرکے اندر کی جانب موڑ کر جوڑے کے پن لگالیں اور سائیڈ میں چاہیں تو پھول لگالیں۔ آگے سے بالوں کو سیدھا کرکے مانگ کی جگہ پر ایک پتلی چوٹی بنالیں ایک ایسی ہی چوٹی دائیں طرف سے اور ایک بائیں سائیڈ سے بنالیں۔ اب ان تینوں چوٹیوں کو ساتھ لے کر سائیڈ سے بال لے کر پیچھے کی جانب اور چوٹی بنائیں اور اگر چاہیں تو اس پر کوئی بینڈ لگالیں یا پھر اوپر چوٹی باندھ کر پراندہ ڈال سکتی ہیں۔ بالوں کو آگے سے مانگ نکال کر اپنی پسند کا دونوں سائیڈ پر سٹائل دیں اور پھر بالوں کو آگے کی جانب موڑ کر جتنا پسند ہو اتنا فولڈ کرکے پن لگائیں۔ (ف، لاہور)

رمضان! خاص نمازوں کے خاص طریقے

(سنبل ماہین۔ راولپنڈی)

ستائیسویں رات' بحیثیت شب قدر

☐ جو کوئی اس رات 4 رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۃ قدر اور 27 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف ہوں گے۔ ☐ اس شب 7 مرتبہ سورہ ملک' پڑھنے سے گناہوں کی معافی ملے گی اور نیک کام کرنے کی توفیق ملے گی۔ ☐ 4 رکعت نفل نماز 2،2 کرکے اس طرح کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۃ التکاثر اور 3 بار سورہ اخلاص پڑھے۔ اس سے قبر کے عذاب سے معافی مل جائے گی۔ ☐ دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک ایک بار سورۃ الم نشرح اور 3،3 بار سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد 27 بار سورۃ قدر پڑھے۔ ان شاء اللہ بے حد ثواب عظیم حاصل ہوگا۔ ☐ حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص شب قدر میں صدق دل سے تین بار "لا الہ الا اللہ" کہے تو اللہ تعالیٰ پہلی مرتبہ کہنے پر اس کے گناہوں کو مٹا دیتے ہیں۔ دوسری مرتبہ کہنے پر اس کو جہنم سے آزاد کردیتے ہیں' تیسری مرتبہ کہنے پر جنت کا حق ہوجاتا ہے۔ ☐ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دعا پڑھو اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ۔ یہ ہمیں لازمی کثرت سے پڑھنی چاہئے۔

صلوۃ التسبیح کا طریقہ: چار رکعت نماز نفل کی نیت باندھ کر سب سے پہلے ثناء پڑھیں گے اس کے بعد 15 مرتبہ تیسرا کلمہ (سبحان اللہ سے لے کر واللہ اکبر تک) پھر اس کے بعد سورہ فاتحہ اور کوئی دوسری سورت پڑھنے کے بعد 10،10 مرتبہ یہی کلمہ پڑھیں گے' پھر رکوع میں جانے کے بعد دوبارہ یہی کلمہ دس مرتبہ پڑھا جائے گا۔ قومے کی حالت میں 10 مرتبہ یہی کلمہ پڑھا جائے گا پھر سجدہ کی حالت میں 10 مرتبہ پھر جلسے کی حالت میں 10 مرتبہ اور دوسرے سجدے میں 10 مرتبہ یہی کلمہ پڑھا جائے گا۔ اس طرح ایک رکعت میں 75 مرتبہ اور چار رکعتوں میں 300 مرتبہ یہی کلمات پڑھے جائیں گے۔

مصروف اور سکون سے محروم افراد ضرور پڑھیے

حدیث قدسی ہے کہ میرے ذکر کیلئے وقت نکالو' میں تمہارے کام میں برکت عطا کروں گا ورنہ دنیاوی کاموں کی کثرت تم پر اس قدر مسلط کردوں گا کہ تمہیں فرصت ہی نہ ہوگی اور سکون سے محروم رہو گے۔ (بخاری)

عید خواتین کی مصروفیات' پکوان اور حسن کی زیبائش

عید سے پہلے گھر کی مکمل طور پر صفائی اور جھاڑ پونچھ لازمی ہوتی ہے جس کا اہتمام خواتین بالکل آخری لمحات میں کرتی ہیں اور چاندرات تک حال یہ ہوتا ہے کہ دل صفائی میں اور دماغ بازار میں ہوتا ہے' اس ذہنی کشمکش سے نجات کیلئے اپنے گھر کی صفائی خوب اچھی طرح عید سے ایک ہفتہ پہلے ہی کر لیں

زیبائش عورت کا بنیادی حق ہے جسے کوئی چاہے بھی تو نہیں چھین سکتا' مگر دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ خواتین کی اکثریت یوں تو "سر جھاڑ منہ پہاڑ" والی کیفیت سے دوچار رہتی ہے مگر کسی تہوار یا تقریب کی آمد پر انہیں اپنی خوبصورتی اور چہرے کے نکھار کا خیال آتا ہے جس کی وجہ سے کسی بھی موقع پر ان کو حقیقی خوشی حاصل نہیں ہوتی کیونکہ یہ فکر دامن گیر رہتی ہے کہ "میں کیسی لگ رہی ہوں؟" ظاہری بات ہے کہ بج سنور کر بھی چہرہ خوشی اور اطمینان سے عاری ہو تو یہ بات دوسرے بڑی آسانی سے محسوس کر لیتے ہیں' آنے والا اگلا بڑا تہوار عید سعید ہے جس کیلئے آپ سب نے تیاریاں شروع کر دی ہوں گی لیکن کیا یہ تیاری اس اعتبار سے ہے کہ عید کی خوشی کا حقیقی عکس آپ کے چہرے پر واضح ہو اور آپ کے چہرے کی شگفتگی، دیدہ زیب لباس سے ہم آہنگ ہو کر آپ کی شخصیت کو جاذب نظر تاثر عطا کر دے؟ خواہش تو ہر ایک کی یہی ہوگی مگر اس کیلئے ہر حال مناسب توجہ اور محنت درکار ہے۔ چہرے کی ... کیلئے آپ کو کسی بیوٹی پارلر جانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ معمولی سی کوشش بھی آپ کے چہرے کو نکھار سکتی ہے۔ رمضان المبارک سے قبل یا اس مقدس مہینے کے ابتدائی ایام میں محض ایک مرتبہ اپنے چہرے کا فیشل کر لیں جو کہ بازار میں دستیاب کسی بھی اچھی کمپنی کی کریم سے ممکن ہے۔ عید سے ایک ہفتہ قبل کسی اچھے اور معیاری فیس واش سے منہ دھونا شروع کر دیں اور ساتھ ہی ہر روز رات کو کلینزنگ ضرور کریں اور ضرورت محسوس ہو تو عید سے دو یا تین روز قبل ایک مرتبہ پھر فیشل کا سہارا لیں یا کسی اچھی کمپنی کے بلیچ سے چہرے کو بلیچ کر لیں۔ اس سارے عمل کے دوران گردن کو ہرگز نظر انداز مت کریں کہ چہرے کی صفائی ستھرائی کے بعد گردن کا میلا پن مزید نمایاں ہو جاتا ہے۔ چہرے کے ساتھ ہی گردن کی صفائی بھی ہوتی رہے تو بہت اچھا ہے۔ چاند رات کو یا اس سے ایک آدھ دن پہلے ہاتھوں اور پیروں کا مینی کیور اور پیڈی کیور بھی کر لیں جو کہ نہ تو مشکل ہے اور نہ ہی وقت طلب۔ یہ تو تھیں اپنے سراپا کو نکھارنے اور چمکانے کی کچھ باتیں مگر ساتھ ہی یہ ہدایت بھی پیش نظر رہے کہ عید کی آمد سے قبل رمضان المبارک میں خواتین کی مصروفیات بے پناہ بڑھ جاتی ہیں جنہیں روزہ داروں کیلئے نت نئے پکوان بنانا پڑتے ہیں جبکہ معمول کا کھانا پکانا اور گھریلو صفائی بھی چلتی رہتی ہے کچھ وقت عبادت میں گزرتا ہے تو ساتھ ہی عید کی تیاریوں کا سلسلہ بھی جاری رہتا ہے اور ان تمام کاموں کو خوش اسلوبی سے انجام دینا خواتین کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ عید سے پہلے گھر کی مکمل طور پر صفائی اور جھاڑ پونچھ لازمی ہوتی ہے جس کا اہتمام خواتین بالکل آخری لمحات میں کرتی ہیں اور چاندرات تک حال یہ ہوتا ہے کہ دل صفائی میں اور دماغ بازار میں ہوتا ہے' اس ذہنی کشمکش سے نجات کیلئے اپنے گھر کی صفائی خوب اچھی طرح عید سے ایک ہفتہ پہلے ہی کر لیں' بستروں کی چادریں اور کھڑکیوں کے علاوہ دروازوں کے پردے دھو کر رکھ لیں۔ چاول چن کر اور کباب بنا کر فارغ ہو جائیں۔ شیر خورمہ ایک رات قبل ہی تیار کر لیں۔ اگرچہ کہ رمضان کے دوران یکے بعد دیگرے یہ تمام کام آپ کو کسی حد تک تھکا کر رکھ دیں گے جن کی انجام دہی میں کچھ مشکلات بھی آڑے آئیں گی لیکن یاد رہے کہ عید کا تہوار سال میں ایک مرتبہ آتا ہے اور پھر یہ بات بھی ہے کہ گھر آنے والے مہمان آپ کے سلیقے اور گھرداری کی تعریف کر کے یہ ساری تھکاوٹ دور کر دیں گے جبکہ وقت مقررہ سے پہلے یہ تمام کام کر کے آپ فراغت کے بعد خود کو کسی حد تک ہلکا پھلکا محسوس کریں گی اور آپ کا چہرہ تھکاوٹ یا پریشانی کا آئینہ دار نہیں ہوگا۔ جب آپ بہت سارے کام عید سے قبل ختم کر چکی ہوں گی تو اپنے آپ پر توجہ دینے کیلئے بھی کچھ وقت ضرور بچ جائے گا۔ میک اپ کیلئے سب سے اہم چیز بیس ہوتی ہے اگر آپ نے بیس عمدگی سے بنائی تو باقی کا میک اپ قدرے آسان ہو جائے گا اور آپ کے نقوش کھل اٹھیں گے۔ اپنی جلد کی مناسبت سے بیس کا انتخاب کریں' اگر آپ کی چکنی جلد ہے تو واٹر بیس اور خشک ہے تو آئل بیس استعمال کریں۔ اسفنج کی مدد سے بیس کو چہرے پر اچھی طرح بلینڈ کریں اور اس کا دائرہ کار گردن اور کانوں تک وسیع کر لیں۔ اس کے بعد ہلکا سا فیس پاؤڈر لگائیں اور پھر بلش آن کا سہارا لیں۔ اب آنکھوں کے میک اپ کی باری آتی ہے جس کیلئے لباس کی مناسبت سے آئی شیڈو کا استعمال کریں۔ آئی شیڈو لگانے کے بعد آئی لائنر لگائیں اور جب لائنر سوکھ جائے تو مسکارا بھی لگا لیں۔ ہونٹوں پر پنسل کی باریک لائن بنائیں اور پنسل کے کلر سے لائٹ کلر کی لپ اسٹک لگائیں۔ لپ اسٹک کا انتخاب بھی کپڑوں کی مناسبت سے کریں تو زیادہ اچھا تاثر ابھرے گا جیسے کہ فیروزی اور ہرے رنگ کے کپڑے کے ساتھ عنابی رنگ کی لپ اسٹک بہتر رہے گی۔ اگرچہ لباس کی ہم رنگ لپ اسٹک بھی ٹھیک رہتی ہے مگر ہلکے اور ڈارک شیڈز کو مد نظر رکھنا بہت ضروری ہے۔ لیجئے! آپ کا میک اپ مکمل ہوا اور اب بالوں کو خوبصورت انداز سے باندھا جا سکتا ہے ظاہر ہے کہ عید کے موقع پر جیولری کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا مگر یہ بات ذہن میں رہے کہ اس موقع پر ہلکی جیولری اچھی لگتی ہے۔ اب بات کریں گے خاتون خانہ کے تیار ہونے کی کہ وہ عید کے دن خود کو کیسے سنوارے؟۔ ہر عورت کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ عید کے دن اچھی لگے مگر بے پناہ مصروفیت کے باعث انہیں خود کو نظر انداز کرنا پڑتا ہے اور تھکاوٹ چہرے سے گویا چپک کر رہ جاتی ہے مگر آپ نے تو بہت سارے کام عید سے قبل ہی انجام دے دیئے ہیں لہٰذا آپ کو کیا فکر ہے۔ جب گھر کے مرد اور بچے نماز عید کیلئے روانہ ہو جائیں تو آپ اس سنہری وقت کو ضائع کیے بغیر گھریلو صفائی ستھرائی پر آخری نگاہ ڈالنے کے بعد غسل کیلئے چلی جائیں اور کپڑے تبدیل کر کے ایپرن باندھ لیں یا پھر کوئی ایسا لباس منتخب کریں جسے پہن کر کچن میں سہولت کے ساتھ کام ہو سکے کیونکہ بہر حال چاول دم کرنے یا سالن بنانے میں نئے کپڑوں کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ ان کاموں سے فراغت کے فوری بعد عید کے نئے کپڑے زیب تن کریں' میک اپ سے دو دو ہاتھ کر کے مہمانوں کا استقبال کرنے کیلئے تیار ہو جائیں۔ ذرا ٹھہریں! اچھی خوشبو کی کمی محسوس ہو رہی ہے اور عید کے پر مسرت موقع پر خوشیوں کا عکاس آپ کا چہرہ پوری طرح تر و تازہ ہو کر بھی کسی چیز کی کمی کا احساس دلا رہا ہے۔ اچھا تاثر دینے والی عمدہ خوشبو کا اسپرے یقیناً آپ کو اس ان دیکھی پریشانی سے نجات دلائے گا اور آپ محفل میں جدا ہی دکھائی دیں گی۔

دانت کا کیڑا ختم' درد غائب' دانت صحت مند

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دانت کے کیڑے مارنے کا ایک نسخہ ہے وہ قارئین کی خدمت میں پیش کرتی ہوں۔ جو مجھے میرے تایا جان سے ملا۔ ھوالشافی: ست پودینہ ایک تولہ' ست اجوائن ایک تولہ' مشک کافور ایک تولہ' تینوں کو شیشے کی بوتل میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں' پانچ سات منٹ میں پگھل جائیں گے' روئی کے ساتھ دانت پر لگائیں' کیڑا اور درد فوری ختم ہو جائیگا' اور کبھی دانت خراب نہ ہوں گے۔ مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔(شاہدہ اشفاق' رحیم یار خان)

کار دعوت کی اولین شرط

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

مولانا نے خوشی خوشی فون پر مجھ سے بات کرائی اور مجھ سے تعارف کرایا کہ یہ کیرل کے رہنے والے ممبئی میں فرسٹ کلاس آفیسر ایک بڑے سرکاری منصب پر فائز ہیں' آج ہم لوگ سمندر کے کنارے فیلڈ ورک کیلئے گئے' تو ان سے ملاقات ہوگئی بہت ہی قدر اور محبت سے بات سنی' کچھ اشکالات محبت سے کئے اور ان کا جواب سن کر مطمئن ہوئے' 23 منٹ کی گفتگو کے بعد اسلام قبول کیا' آپ ان کے ایمان کی تجدید کرادیں اور ان کا نام بھی تجویز فرمادیں اس حقیر نے سلام وکلام کے بعد کلمہ کی تجدید کرائی اور محمد سلمان نام رکھا معلوم کیا کہ فیملی میں اور کون کون لوگ ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ میرے دو بیٹے، اور ایک بیوی ہے' ہم سب ممبئی میں رہتے ہیں' دونوں بیٹے بھی ایک سرکاری اور پرائیویٹ کمپنی میں بڑے عہدہ پر ہیں اور اہلیہ بھی سرکاری ملازم ہیں' باقی خاندان کے سب لوگ جنوب میں رہتے ہیں اس حقیر کے سب معمولات خیال ہے کہ یہ بھی کہیں خاندانی مسلمانوں کی طرح بس اپنے ایمان و اسلام پر قناعت نہ کرلیں' ان کو گھر والوں پر دعوت کا کام کرنے کی طرف متوجہ کرنے کیلئے ان سے عرض کیا کہ اس یقین کے ساتھ اگر آپ نے اسلام قبول کیا ہے کہ اسلام کے بغیر نجات اور مکتی نہیں تو یہ اسلام اللہ کے ہاں قبول ہے اور جب یہ بات بالکل سچی ہے اور اسی کا نام ایمان ہے کہ اسلام کے بغیر نجات نہیں تو پھر وہ بیوی جو سب کچھ چھوڑ کر صرف اور صرف آپ کیلئے زندگی گزار رہی ہے وہ بچے جن کے بخار سے آپ تڑپ جاتے ہیں وہ ماں باپ اور بھائی بہن جو ہمیشہ جان چھڑکتے ہیں وہ نرگ اور دوزخ میں جائیں اور ہم اپنے ایمان اور اسلام پر مطمئن رہیں تو ہم مسلمان تو کیا انسان بھی کہلانے کے حق دار نہیں' اس لیے اب آپ کو اپنی فیملی پر کام کرنا ہے' یہ بات سنتے ہی وہ گھبرا گئے اور بولے نہ صاحب نہ' ان کے سامنے تو ذکر بھی نہیں کرنا' میں اسلام کا نام بھی لوں گا تو وہ مجھے ایمان نہیں لانے دیں گے' وہ تو بہت کٹر ہندو ہیں' اس حقیر نے جیسے جیسے اصرار کیا وہ اتنا ہی ڈرتے رہے اور منع کرتے رہے' میں نے بہت خوشامد کرکے اس بات پر ان کو راضی کیا کہ کل اتوار کا دن ہے' آفس کی چھٹی ہے' وہ اپنی اہلیہ اور دونوں بچوں کو سمندر کے کنارے سیر کیلئے لائیں اور ان سے کہیں کہ یہاں پر کچھ سماج سیوی لوگ ورکشاپ کیلئے آئے ہیں اور مولانا خلیق ندوی صاحب سے چند منٹ ان کی ملاقات کرادیں وہ اگلے روز شام کو ان کو لے کر آئے' سمندر کے کنارے بیٹھ کر بات کی اور گیارہ منٹ بات کے بعد انہوں نے خوش دلی سے کلمہ پڑھنے کیلئے ہاں کردی' مولانا خلیق نے مجھے خوشی خوشی پھر فون ملایا کہ سر کی اہلیہ اور دونوں بیٹوں کو کلمہ پڑھوا دیجئے جن کو آپ نے کل کلمہ کی تجدید کرائی تھی اس حقیر نے ان تینوں کو فون پر کلمہ پڑھوایا' اور پھر سلمان صاحب سے بات کی اور کہا کہ آپ تو کہہ رہے تھے یہ بہت کٹر ہندو ہیں' آپ نے تو 23 منٹ کی بات سننے کے بات کلمہ پڑھا' یہ تینوں صرف گیارہ منٹ میں کلمہ پڑھنے کیلئے تیار ہوگئے' میں نے عرض کیا کہ اس میں آپ کی غلطی نہیں بلکہ ختم نبوت کے بعد اس عظیم منصب پر فائز امت اپنے منصبی فریضہ سے دور ہوکر خود اپنی غلطی کا اعتراف کرنے کے بجائے اپنی ذلت اور ناکامی کا ٹھیکرا دوسروں کے سر پھوڑتی ہے اور اپنی ذمہ داری سے بچنے کا بہانہ بنانے کیلئے ساری انسانیت سے بدظن اور اس کی ہدایت سے مایوس ہوگئی ہے' اس لیے داعی تو خود دعوت کیلئے ماحول کو ناسازگار اور اپنے مدعو کو سخت ترین اسلام مخالف اور کٹر سمجھتا ہی ہے، ہمارے مدعو بھائیوں کے ذہن میں بھی اس طرح کا تصور پیدا ہوگیا ہے کہ سب اسلام دشمن ہیں' میں نے ان سے عرض کیا خدا کے لیے اب کسی عزیز رشتہ دار کو آپ تو کٹر نہ کہیں' انہوں نے اپنی غلطی کا اعتراف کیا' یہ بات اصولی ہے کہ داعی کے مخلص ہونے سے بھی زیادہ یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے مدعو کو مخلص اور صرف اور صرف غافل سمجھے' اپنے مدعو کیلئے اگر جان بوجھ کر مخالف ہونے' سازشی ہونے' جاسوس ہونے یا کٹر ہونے کا شائبہ بھی ہم داعیوں میں سے کسی کے ذہن میں آئے گا تو دعوت کی راہ فوراً مسدود ہوجائے گی' اس لیے یہ اصول ہر داعی کے ذہن میں رہنا چاہیے کہ وہ اپنے مدعو کو مخلص سمجھے۔

ہائی بلڈ پریشر کیلئے سستے ترین ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شدید گرمیاں چل رہی ہیں' اس موسم میں ہائی بلڈ پریشر کا زور بھی بڑھ جاتا ہے' میرے پاس دو عدد آسان ترین اور سستے ترین ٹوٹکے ہیں جن پر عمل کرنے سے بلڈ پریشر بالکل ختم ہوجاتا ہے۔ **ٹوٹکہ نمبر ایک:** کدو کا پانی نکال کر مریض کو صبح وشام پلائیں' وہ ٹھیک ہوجائے گا۔ **ٹوٹکہ نمبر دو:** سبز دھنیا صبح وشام ایک گانٹھ کوٹ کر یا سلاد پر کاٹ کر کھلانے سے بلڈ پریشر ختم ہوجاتا ہے۔ تیس دن مسلسل عمل کریں' ہمیشہ کیلئے بلڈ پریشر ختم ہوجائے گا۔ (شمیم عرفان' چکوال)

پھلوں میں چھپے صحت کے راز

کھیرا: دھوپ کی تپش سے چہرہ تمتما جائے تو ایک کھیرے کو کدوکش کرکے چہرے پر پھیلا لیں۔ ململ کا ٹکڑا چہرے پر رکھ لیں اور پندرہ منٹ کے بعد چہرہ دھولیں۔ کھیرے کے استعمال کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ اس کے باریک قتلے کاٹ لیں۔ ایک گلاس گرم پانی کسی برتن میں ڈال کر کھیرے کے قتلوں کو بھگودیں۔ ایک گھنٹے بعد کھیرے کے قتلے چھان کر نکال لیں۔ اس محلول میں عرق گلاب ملالیں۔ تقریباً چار پانچ چمچ کے برابر اس محلول کو شیشی میں ڈال کر فریج میں محفوظ کرلیں۔ وقت ضرورت روئی کے ٹکڑے کو اس محلول میں بھگو کر چہرے پر لگائیں۔ خاص طور پر ناک اور ٹھوڑی پر۔ روغنی جلد کیلئے آزمودہ نسخہ ہے۔ **چہرے کی کیلیں دور کرنے کا طریقہ:** اگر چہرے پر کیلیں نکل آئیں تو پھٹکڑی پانی میں گھول کر لگانے سے یہ کیلیں ہفتہ دس دن میں ختم ہوجاتی ہیں۔ **چہرے کی جھریاں دور کرنے کا طریقہ:** کاغذی لیموں کے ایسے ٹکڑے لیں جن کا رس نکال لیا ہو۔ اس کو چہرے پر ملیں۔ پندرہ بیس منٹ کے بعد چہرہ دھولیں۔ **داغ اور پھنسیاں دور کرنے کیلئے:** سنگترے کے چھلکوں کو سکھا کر پیس لیں اور تازہ پانی میں ملا کر چہرے پر ملیں۔ **تربوز سے گزاریں شاندار رمضان:** تربوز رمضان المبارک میں سحری اور افطاری کے وقت پیاس کو تسکین دیتا ہے۔ گرم مزاج والوں کو خاص کر رمضان المبارک میں موافق ہے۔ جس دن تربوز کھائیں چاول ہرگز نہ کھائیں۔ رمضان المبارک میں افطاری کے دو گھنٹہ بعد تربوز کھائیں۔ تربوز جسم کو موٹا کرتا ہے۔ اگر روزانہ قے کی شکایت ہو تو ایک پاؤ تربوز کا پانی کوزہ مصری ملا کر روزانہ صبح کے وقت پی لینے سے یہ شکایت دور ہوجاتی ہے۔ دل کو فرحت دیتا ہے۔

بحوالہ "پھلوں میں چھپے صحت کے راز" طرح طرح کی جسمانی بیماریوں میں مبتلا اس کتاب کا مطالعہ کریں۔ (جو نسخہ یا ٹوٹکہ آزمائیں ضرور لکھیں' لاکھوں کا نفع آپ کا صدقہ جاریہ)

[illegible]

دور حاضر میں ہمارے کھانے پینے کی عادات‘ رہن سہن کے اطوار اور ماحول کے انداز ہماری صحت کیلئے بگاڑ کا سبب ہیں‘ ہمارے جسم میں ہمہ وقت کئی نظام ساتھ ساتھ کام کررہے ہوتے ہیں جن کا مقصد ہماری صحت اور بقا ہے۔ ہمیں ایسی غذاؤں سے بچنا چاہئے جن میں مصنوعی مٹھاس‘ رنگ‘ لذت‘ چکنائی اور کیمیائی اجزا شامل ہوں جو آہستہ آہستہ ہماری صحت کو کھا جائیں ان مصنوعی مٹھاس میں سے ایک بڑا اہم ذریعہ چینی ہے اور چینی سے بنی بے شمار اشیاء ہیں جو مٹھاس کی بجائے زہر کھانے کے برابر ہے۔ آج ہم چینی کو ضرورت سے زیادہ بغیر سوچے سمجھے استعمال کرتے جارہے ہیں اردو میں چینی عربی میں سکر فارسی میں شکر اور انگریزی میں شوگر کہا جاتا ہے۔ چینی کی ابتداء برصغیر سے ہوئی شروع میں نہ تو اتنی زیادہ تھی نہ ہی سستی۔ لوگ شہد کو ہی اہم مٹھاس تصور کرتے تھے۔ چینی ہمارے ذوق‘ اظہار مسرت کی علامت بن گئی ہے‘ ہم ہر خوشی کے موقع پر میٹھی چیزوں سے دوسروں کی تواضع کرتے ہیں‘ صبح سے شام تک چینی کی بنی اشیاء سے لطف اندوز ہوتے ہیں رات تک بیسوں شکلوں میں چینی کا وافر استعمال کرلیتے ہیں۔ چینی خون میں گلوکوز کے لیول کو بڑھادیتی ہے منہ میں پانی لانے والی مٹھائیاں‘ رسگلے‘ گلاب جامن‘ جلیبیاں‘ مشروبات‘ میٹھے پکوان‘ میٹھی چٹنیاں‘ کیچ اَپ‘ بسکٹ چاکلیٹ کینڈیز‘ جیلی جام انسان کے ذائقے کے بڈز کو اس قدر تسلی دیتے ہیں کہ ہم اسے اپنی ضرورت سے زیادہ استعمال کرلیتے ہیں۔ چینی کی طرح جنک فوڈز مثلاً برگر بیکری کے تمام اشیاء آئس کریم‘ پیزے‘ کیک‘ پیسٹریاں‘ ڈبل روٹی جن میں خمیر استعمال ہو گردے میں پتھریاں بننے کا امکان بڑھادیتے ہیں۔ چینی میں کیلوریز بہت ہوتی ہیں مگر کوئی وٹامن‘ لحمیات‘ معدنیات اور غذائی ریشے نہیں ہوتے جو صحت پر اچھا اثر ڈالیں اس طرح ہم اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے اعلیٰ جسم کو بدنما اور مشین کو خود خراب کرتے ہیں۔ ہم قدرتی چیزوں میں پائی جانے والی شوگر کو شمار نہیں کرتے۔ قدرتی شوگر لیکٹوز دودھ میں پائی جاتی ہے پھلوں سبزیوں میں پائی جانے والی شوگر کو گلوکوز اور فریکٹوز کہا جاتا ہے ہمارا جسم شوگر کو جسم کا حصہ بنانے کیلئے گلوکوز میں تبدیل کردیتا ہے‘ خون میں پائی جانے والی شوگر کو گلوکوز ہی کہا جاتا ہے لہٰذا چینی کی مٹھاس کے ہضم کیلئے ہمارے جسم کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے جس سے بیماریاں جنم لیتی ہیں جن میں سے چند کا ذکر کرتے ہیں۔

ذرا چینی کے برے اثرات بھی جان لیجئے

موٹاپا: چینی کھانے والوں کو اکثر موٹاپے کا مرض ہوجاتا ہے جو کہ خود ہی بہت ہی بیماریوں کا سبب ہے‘ جسم‘ دماغ بوجھل اور کند ہوجاتا ہے کیونکہ چینی سے بنی اشیاء قوت توانائی کا ذریعہ نہیں ہوتی۔ **دانتوں کی بیماریاں:** دانتوں کے گرنے میں چینی مٹھاس کا بہت اثر ہے ہمارے دانت چینی نہیں کھاتے بلکہ چینی ہمارے دانتوں کو کھا جاتی ہے ہمارے دانتوں میں خلا پیدا ہونے‘ کیڑا لگنے میں مٹھاس کا دخل ہے‘ مٹھاس دانتوں پر چپک جاتی ہے اس لئے ضروری ہے ہر کھانے کے بعد دانتوں کی صفائی کی جائے۔ **ذیابیطس اور دل کی بیماریاں:** گلوکوز کو خون میں غذا کا حصہ بنانے کیلئے انسولین ایک ضروری ہارمون ہے جسے لبلبہ پیدا کرتا ہے‘ ذیابیطس میں یا تو لبلبہ وافر انسولین پیدا کرنے میں ناکام ہوجاتا ہے یا اس کی انسولین صحیح کام کرنے کے قابل نہیں ہوتی کیونکہ چینی لبلبہ‘ جگر اور دل کو متاثر کرتی ہے ذیابیطس کے مریضوں کا بلڈ پریشر لیول بہت بڑھ جاتا ہے جو کہ ہارٹ اٹیک کا سبب بن سکتا ہے‘ ہارٹ اٹیک میں بھی چینی سے بنی اشیاء کثرت سے کھانے کا ہی موجب ہے۔ **جگر پر چینی کے اثرات:** جگر بہت اہم نازک عضو ہے چینی جیسے میٹھے کے ہضم کیلئے جگر کا فنکشن ناقص ہوجاتا ہے جگر شہد کی مٹھاس کو ہضم کرلیتا ہے۔ چینی میں ایسے کیمیکل شامل ہوتے ہیں جو جگر کو متاثر کرتے ہیں‘ جس کا اثر جسم کے تمام خلیوں پر پڑتا ہے‘ خلیے اپنا کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں یوں ہم لاغر ہوجاتے ہیں۔ **نروس سسٹم پر اثرات:** ہمارا دماغ ہی پورے جسم کا کنٹرول کرتا ہے چینی چکنائی جیسی اشیاء نروس سسٹم کو کمزور کند کردیتی ہیں کیونکہ چینی میں غذائیت نہیں ہوتی صرف ذائقہ ہوتا ہے چینی عارضی طور پر بہتر محسوس کراتی ہے بعدازاں پہلے سے بھی زیادہ کمزوری ہوجاتی ہے۔ چینی کو مکمل طور پر ترک کرنا ناممکن ہے ہفتہ میں ایک کلوگرام چینی کا استعمال تشویشناک ہے اشیائے خوردنی میں اگر چینی کا نام سرفہرست ہو تو ہرگز استعمال نہ کریں میڈیا پر میٹھی اشیاء کی تشہیر سے بچے جوان بوڑھے سب ہی مٹھاس کے شیدائی بن گئے ہیں بے تحاشہ استعمال سے جان چھڑوانے کی کچھ تجاویز پیش خدمت ہیں۔ سب سے پہلے چینی کم استعمال کرنے کی نیت کریں‘ اپنے آپ کو بھی بچائیں اور قوم کا سرمایہ بھی بچائیں۔ اگر چائے کافی میں دو چمچ استعمال کرتے ہیں تو پہلے ہفتے پونے دو دوسرے ہفتہ ڈیڑھ تیسرے ہفتے ایک اور پھر اس سے کم کرتے جائیں۔ آہستہ آہستہ تقریباً دو مہینوں میں چینی کی خواہش ختم ہونے لگے گی۔ چینی سفید زہر ہے اس کی جگہ متبادل کیمیکل سے پاک شکر استعمال کریں یا پھر گڑ چینی کا بہترین بدل ہے‘ گڑ اندرونی نظام کو متحرک کرکے قبض سے نجات دلاتا ہے کھانے کے بعد گڑ ہضم میں مدد دیتا ہے‘ گڑ آئرن کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے۔ منرلز (micro nutrients) مائیکرو نیوٹرنٹس نفسیاتی افعال انجام دیتا ہے گڑ اس سے بھرپور ہے۔ جگر کی صفائی کرکے پیشاب کے نظام کو مکمل درست رکھتا ہے عام بیماریاں کھانسی‘ آدھے سر کا درد‘ پیٹ کا اپھارہ کیلئے اکسیر ہے مختلف انفیکشن کے خلاف قوتِ مدافعت پیدا کرنے میں گڑ کارآمد ہے۔ لہٰذا چینی کی جگہ گڑ کا استعمال بہترین متبادل ہے۔ اس کے علاوہ شہد کی افادیت سے کون واقف نہیں جو کہ غذائیت توانائی سے بھرپور اور مکمل شفا ہے‘ ہر قسم کے قدرتی اجزا منرلز شامل ہیں۔ انجائنا کے درد جوڑوں کے درد جلد نکھارنے دماغ کے کام کرنے والوں کیلئے شہد بہترین ٹانک ہے‘ کمزور مریضوں شوگر کے مریضوں کو بھی شہد نقصان نہیں دیتا۔ اس طرح ہم چینی کی جگہ شہد گڑ شکر استعمال کرسکتے ہیں اور میٹھی اشیاء میں مجبور بلڈ چینک ہے اس سے اپنے جسم کو توانائی دے سکتے ہیں‘ اس طرح ہم اپنے آپ کو چینی جیسے سفید زہر سے بچا سکتے ہیں‘ [illegible] واضح ہے کہ چینی زہر ہے جو ہمیں بیمار کر [illegible] ہے [illegible] ہم اس کو کھا رہے ہیں۔

کمی خون کے شکار خون بنانے کی مشین لے لیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایسے افراد کیلئے انوکھا مزیدار ٹوٹکہ ہے جس سے خون بہت زیادہ بننا شروع ہوجاتا ہے۔ ٹوٹکہ یہ ہے کہ ایک پیالی پانی میں رات کو دس یا گیارہ میوے بھگو کر چھوڑ دیں‘ صبح فجر کی نماز کے بعد وہ پانی پی لیں اور میوے کھالیں‘ ان شاء اللہ خون بننا شروع ہوجائے گا اس کے علاوہ ’’مصلو‘‘ (پنساری سے عام مل جاتا ہے) لے کر‘ اس کو پہلے اچھی طرح کوٹ کر پھر بلینڈر میں باریک کرلیں اور دن کو دس بجے ایک کپ دودھ کے ساتھ ایک چمچ لے لیں اور پھر سہ پہر چار بجے دودھ کے ساتھ ایک چمچ لے لیں۔ خون بھرپور بننا شروع ہوجائے گا۔ **درود سے شفاعت کروایئے:** ایک جگہ پڑھا تھا کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص یہ درود پاک پڑھے اس کیلئے میری شفاعت واجب ہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ یہ دعا سرکار دو عالم ﷺ کیلئے ہے جو اس کو ایک بار پڑھے گا اس کیلئے ستر ہزار نیکیاں ایک سال تک لکھتے رہتے ہیں۔ جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَاھُوَ اَھْلُہٗ۔ (احمد علی مانسہرہ)

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

رمضان المبارک میں میرے آزمودہ نسخے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! درج ذیل ٹوٹکے میرے آزمودہ ہیں اور میں عبقری قارئین کی نذر کرتی ہوں۔ جس نے بھی روزہ رکھنا ہو اور چاہتا ہو کہ بھوک' پیاس نہ ستائے وہ درج ذیل ٹوٹکہ آزمائے انشاء اللہ بھوک پیاس کا سارا دن احساس نہ ہوگا۔ جب سحری کا وقت ہو تو کھانا کھانے کے بعد تین عدد کھجوریں لیں' پہلی کھجور سے گٹھلی نکال لیں اور منہ میں ڈال کر دانتوں سے خوب اچھی طرح چبائیں پھر پانی کا ایک گھونٹ منہ میں ڈال کر ایک سے دو منٹ تک کھجور کے ذروں کو پانی کے ساتھ منہ میں دائیں بائیں پھیرتے رہیں اور پھر وہی کھجور کے ذروں والا پانی نگل لیں' اسی طرح تینوں کھجوریں نگل لیں' انشاء اللہ۔ روزے کی حالت میں بھوک پیاس نہیں ستائے گی۔ اس کے علاوہ دو ٹوٹکے آپ کی مشہور زمانہ کتاب "رمضان المبارک کے روحانی وجسمانی ٹوٹکے" جو ہم دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے منگوائی اس سے آزمائے' سوفیصد نتائج سامنے آئے۔ یقین کے ساتھ کریں' نبی کریم ﷺ سحری وافطاری کھجور اور پانی سے فرماتے تھے' دوسرا آسان لاجواب نسخہ جنہیں بھوک سے زیادہ پیاس ستاتی ہے اور روزہ رکھنا بہت مشکل ہوجاتا ہے پیاس اور گرمی کی وجہ سے وہ سحری کے وقت آدھے گلاس دودھ میں آدھا گلاس پانی ملا کر ایک چٹکی نمک ڈال کر استعمال کریں تو پورا دن بہت پرسکون حالت میں گزرتا ہے' جن لوگوں کے خون میں حدت بڑھتی ہے اندرونی گرمی ہوتی ہے وہ لوگ ضرور آزمائیں اور ان کے بھیجنے والوں اور پڑھنے والوں کیلئے دعائیں کریں جنہوں نے اس کتاب میں اپنے نسخے اور ٹوٹکے بھیجے تھے۔ (فوزیہ جبیں' محلہ گنگ)

مردوزن کی پوشیدہ بیماریوں کا کامیاب علاج

ھوالشافی: بکھڑا 200 گرام' پھٹکڑی سفید 50 گرام پیس کر صبح وشام کچی لسی دودھ والی میں نمک ڈال کر ایک چمچ لیں۔ جریان' لیکوریا' گرمی سے پیشاب کی جلن' کثرت احتلام' عورتوں مردوں کیلئے یکساں مفید ہے۔ کم از کم چالیس دن تک استعمال کریں۔

مثانہ کا درد رفع کرنے کیلئے: چولائی کے پتے دو تولہ تھوڑے سے پانی میں جوش دیں پھر چھان کر تھوڑی سی چینی ملا کر پینے سے گردہ ومثانہ کی تکلیف رفع ہوجاتی ہے۔

لیکوریا کا بہترین علاج: کیکر کے پھول' گوند کتیرا' چھوٹی الائچی' موصلی سفید' سرمہ سفید' مغز بادام' سب ایک تولہ' کھوپرا (گری) ایک پاؤ' مصری ایک کلو لے کر ان سب چیزوں کو کوٹ کر دودھ کے ساتھ صبح نہار منہ اور زیادہ مرض ہو تو رات کو بھی کھائیں۔

سفوف ٹھنڈک: یہ نسخہ گرمیوں کا تحفہ ہے' مثانہ کی گرمی' پیچش' دھات' قطرے' پیشاب میں جلن وغیرہ کیلئے یہ نسخہ بہت ہی مجرب ہے۔ ھوالشافی: طباشیر اصلی بانس والا 10 گرام' صندل سفید 10 گرام' کشنیز 50 گرام' الائچی خورد 25 گرام' گل نیلوفر 20 گرام مصری 50 گرام' کشتہ عقیق 10 گرام' کشتہ سنگ یشب 10 گرام' کشتہ مرجان 10 گرام' کشتہ البرک سفید 10 گرام' زیرہ خطائی 10 گرام' ان سب چیزوں کو ملا کر سفوف بنالیں۔ خوراک آدھی چمچ صبح وشام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

نوجوانوں کی پوشیدہ بیماریوں کیلئے اکسیر نسخے

نسخہ نمبر 1: درخت دیسی کیکر کے پانچوں اجزاء یعنی پتے' پھول' گوند' چھال' پھلی ہر ایک برابر وزن لے کر سفوف بنائیں' ہموزن چینی ملائیں خوراک 9 ماشہ سے ایک تولہ صبح وشام ہمراہ دودھ گائے نیم گرم سے استعمال کریں۔

نسخہ نمبر 2: سنگ جراحت' چھلکا اسپغول' مغز بیج املی ہر ایک تولہ ہمراہ دودھ گائے دیں' جریان سرعت اور ذکاوت حس کو دور کرتا ہے' قبض نہیں کرتا۔

نسخہ نمبر 3: پھلی ببول ایک تولہ' تال مکھانہ 6 ماشہ' بیج بند تین 6 ماشہ' مصری اڑھائی تولہ' سب کا باریک سفوف بنا کر چھ ماشہ صبح وشام گائے کے دودھ کے ساتھ کھلائیں' ہر قسم کے جریان کیلئے فائدہ مند ہے۔

نسخہ نمبر 4: برہمی بوٹی 3 تولہ' مغز بادام 6 تولہ' چہار مغز 2 تولہ' دھنیا 6 ماشہ' الائچی خورد 6 ماشہ' طباشیر 6 ماشہ' موصلی سفید 6 ماشہ' مصری 5 تولہ' تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں خوراک تین ماشہ ہمراہ دودھ دیں' جریان' ذیابیطس اور دماغی کمزوری کیلئے مفید ہے۔

نسخہ نمبر 5: پیپل کی جڑ کی چھال' پیپل کا پھل برابر باریک پیس کر اور ہردو کے برابر چینی ملا کر سفوف بنا کر رکھیں۔ خوراک: چھ ماشہ سے نو ماشہ ہمراہ دودھ بکری دیں' جریان کیلئے بے حد مفید ہے۔

خاندانی منصوبہ بندی: نیم کی نمولی شدہ ایک کھلانے سے ایک سال تک اور دو کھلانے سے دو سال تک حمل قرار نہیں پاتا۔ مغز ارنڈ شدہ سالم ایک عدد کھانے سے ایک سال اور دو کھانے سے دو سال تک حمل قرار نہیں پاتا۔ (حکیم فاروق' مظفر گڑھ)

ہر قسم کی کمزوری کا بہترین علاج

کھجور کا ذائقہ شیریں ہوتا ہے رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے یہ کئی اقسام کی ہوتی ہے اور بے شمار ممالک میں پائی جاتی ہے۔ عراق کی کھجور بہت مشہور ہے دنیا کے کئی ممالک میں پیدا ہونے والی کھجور سے اس کے ذائقے اور فوائد میں نمایاں فرق ہے۔ ان میں سب سے اعلیٰ قسم عجوہ ہے جس کے بارے میں مشہور ہے کہ اس کا پودا حضور نبی کریم ﷺ نے خود اپنے ہاتھ مبارک سے لگایا تھا۔ مدینہ کی کھجور حضور نبی کریم ﷺ کے صدقے ایک خاص قسم کا تحفہ ہے فوائد میں بے نظیر ہے حکماء کے مطابق یہ مولد خون ہے ہاضم ہے مقوی باہ ہے' معدہ اور جگر کو طاقت بخشتی ہے' امراض باردہ خاص کر لقوہ اور فالج کیلئے از حد مفید بتائی جاتی ہے اس کی گٹھلی کا سفوف زیادتی پیشاب اور پیچش کیلئے مفید بتایا گیا ہے اکثر لوگ اس کی گٹھلی کو جلا کر پاؤڈر بنا کر سرمہ تیار کرتے ہیں اور جن کی آنکھوں سے پانی ہر وقت بہہ رہا ہو بطور سرمہ لگانے سے اس بیماری سے صحت یاب ہوجاتے ہیں۔

طب نبوی ﷺ: نہار منہ کھجور کھانا پیٹ کے کیڑے ہلاک کرتا ہے زہر کے اثر سے محفوظ رکھتا ہے' اگر کسی نے زہر کھلا دیا ہو یا غلطی سے خود کھالیا ہو تو شروع ایام میں تین تین پھر پانچ پانچ پھر سات دانے کھجور کھلائیں زہر کا اثر مکمل طور پر ختم ہوجائے گا کھجور اور کھیرا اکٹھا کرنے سے دبلا پتلا آدمی موٹا ہوجاتا ہے اس کیلئے کھجور کمزوری کا بہترین علاج ہے۔ سات دانے رات کو کسی مٹی کے پیالہ میں پانی ڈال کر بھگودیں صبح مل چھان کر پی لیں۔ عورتوں میں ماہواری کی شدت اور بار بار آنے کی اذیت کیلئے تازہ کھجور سے بہتر کوئی دوا نہیں۔ کھجور پیشاب آور ہے گردہ اور مثانہ کی پتھری نکالتی ہے کمر درد' عرق النساء اور نقرس کیلئے مفید ہے مقعد اور خصیوں کا ورم دور کرتی ہے دردزہ میں چند دانے کھجور کھلانے سے ولادت میں آسانی ہوتی ہے۔ عجوہ کھجور کے سات دانے بمعہ گٹھلیوں

عمر بھر کی برکات: جو شخص کسی اللہ تعالیٰ کے مقبول کی خدمت صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے کرتا ہے وہ تمام عمر اس کی برکات پاتا ہے پس ایسے شخص کا کیا کہنا جو اپنے سارے اوقات اللہ تعالیٰ کے مقبول کی نذر کرے۔

کے پیس کر صبح نہار منہ کھانے سے دل کے امراض کا دفعیہ ہوجاتا ہے اس کے علاوہ اس کے کھانے سے جادو کے اثرات بالکل ختم ہوجاتے ہیں یہ میرا اپنا ذاتی تجربہ ہے۔ کھجور اگر بطور دوا استعمال کی جائے جیسا کہ اوپر تحریر کیا گیا ہے ایک گھنٹہ تک کوئی اور چیز نہ کھائے اور نہ پی جائے۔ گٹھلیوں کو پیسنا آسان نہ ہو تو پانی میں نرم کرکے بھی پیس سکتے ہیں یا کسی گرینڈ کرنے والی مشین سے سفوف تیار کرواسکتے ہیں۔ ان کا پاؤڈر بھی عام مل جاتا ہے ایک چمچ سات گٹھلیوں کے برابر ہوتا ہے کھجوروں کو خاص کر عجوہ کھجور کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر ہاتھ لگائیں دھوئیں اور استعمال کریں۔ اگر کھاتے وقت درود شریف پڑھا جائے تو شفاء یقینی ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ کی ہر بتائی ہوئی دوا اور غذا بغیر بسم اللہ پڑھے نہ کھائی جائے تو اس کے فوائد کئی گنا بڑھ جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ پر یقین رکھتے ہوئے استعمال کرنا فائدے کا باعث بنے گا۔ (نصیر احمد، ایبٹ آباد)

نبی کریم ﷺ نے نانا ابو کو میرے بارے میں کیا فرمایا؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے عبقری رسالے سے جڑے ہیں ہمارے بہت سے مسائل حل ہوگئے ہیں ہماری صبحیں اور شامیں اعمال میں گزرتی ہیں۔ میں پہلے باقاعدگی سے نماز نہیں پڑھتی تھی مگر اب کوئی نماز چھوڑتی نہیں ہوں۔ عشاء کی نماز کے بعد یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ کی تسبیح پڑھتی ہوں۔ یہ تسبیح میرے بھائی جان نے آپ کے درس سے سنی تھی اور مجھے بھی پڑھنے کی تلقین کی تھی۔ میں یہ باقاعدگی سے پڑھتی ہوں۔ چند ہفتے پہلے فجر کی نماز پڑھ کر سوئی تو میں نے دیکھا کہ ایک خوبصورت دودھ کی طرح سفید ہنس نما پرندہ تھا جس کے پیچھے بہت خوبصورت بگھی لگی ہوئی تھی میں اس میں ٹیک لگا کر بیٹھی تھی اور وہ پرندہ مجھے آسمان کی طرف لے کر جا رہا تھا راستے میں مَیں نے بہت پیارا سبزہ بھی دیکھا اور پھر وہ پرندہ اور اوپر چلا گیا پھر میری آنکھ کھل گئی اور حضرت صاحب مجھے کبھی دن یا کبھی رات کو چند لمحوں کیلئے ایک سفید چمکتا ہوا تارا نظر آتا ہے اور کبھی تو میرا دل کرتا ہے کہ میں بس خلوت میں بیٹھ جاؤں کسی سے بات تک کرنے کو دل نہیں کرتا دل کہتا ہے بس مجھے نہ کوئی دیکھے نہ مجھ سے کوئی بات کرے اور میں بس اللہ کریم کا ذکر کرتی رہوں۔ اس کے علاوہ میری بہن (ک) بھی عبقری کے وظائف کرتی ہے اس کو دو مرتبہ حضور نبی کریم ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوئی اور حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ حضرت خواجہ غریب نوازؒ حضرت سخی سلطان حق باہوؒ حضرت خواجہ رحم الدین چشتیؒ کلیئر شریف والے باباجی کی بھی زیارت نصیب ہوئی ہے۔ میری بہن نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ اس کی کلاس ٹیچر اسے ڈھونڈتی ہوئیں اس کے پاس آئیں اور کہنے لگیں کہ تمہارے نانا ابو مجھے ملے تھے اور کہتے تھے کہ میں نبی کریم ﷺ سے ملا اور کہا کہ (ک) میری نواسی ہے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "وہ تمہاری نواسی ہے تو میری بھی نواسی ہے"۔ وہ تو خوشی سے پھولے نہیں سمارہی۔ یہ سب اعمال کی برکت ہے۔ (پ۔ک)

ہر حاجت کیلئے نماز حاجت پڑھیے!

نیت: چار رکعت نماز حاجت خالص اللہ کی رضا کیلئے۔ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں، دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد بیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد چالیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پھر سلام پھیر لیں اور ستر مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ پھر ستر مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھ کر اپنے اور اپنے کام کیلئے اور پوری امت مسلمہ کیلئے دعا کریں۔ (ش۔ ست۔ کوئٹہ)

رمضان خاص عمل سے نیک سیرت وصورت شوہر ملا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو عزت، شہرت اور ڈھیر ساری خوشیاں اور لمبی عمر برکت والی عطا فرمائے۔ حضرت صاحب آپ نے رمضان میں شادی والا جو عمل بتایا تھا کہ رمضان شریف کی گیارہویں اور بارہویں روزے درمیانی رات کو بعد نماز عشاء دو دو رکعت کرکے 12 نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔ 12 نفل پڑھ کر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر تمام نفل اور درود شریف کا ثواب حضور نبی کریم ﷺ کو پہنچائیں اور پھر حضور نبی کریم ﷺ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر خلوص دل، انکساری، عاجزی سے کم از کم 15 منٹ تک دعا کریں۔ میری بہن (ف) نے کیا، گزشتہ رمضان کیا تو عید کے بعد اسکی منگنی ہوگئی اور اس رمضان سے پہلے اس کی شادی ہوگئی، اس وظیفے کی برکت سے میری بہن کے شوہر بہت نیک اور اچھی سوچ والے انسان ہیں۔ اللہ پاک آپ کو ڈھیروں عزت دے۔ (ج۔ر)

بلڈ پریشر اور خون کی خرابی کیلئے نایاب نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر اور اس میں برکت عطا فرمائے، آپ کے رزق، جان، مال میں برکت دے، آج کے اس پریشان کن دور میں الجھے ہوئے، پریشان لوگوں کی خدمت کا موقع اللہ کریم نے آپ کو عطا فرمایا۔ اللہ کرے آپ اسی طرح پریشان لوگوں کی ہمیشہ خدمت کرتے رہیں۔ میں عبقری کا بہت پرانا قاری ہوں۔ عبقری قارئین کیلئے بلڈ پریشر کا نایاب نسخہ بھیج رہا ہوں، جس سے خون کی تمام خرابیاں ایک ہفتہ میں ختم ہوجائیں گی، ھوالشافی: سرکہ انگوری ایک بوتل، ست پودینہ چھ ماشہ ملا کر تین دن تک دھوپ میں رکھنے کے بعد ڈراپر میں بھر لیں، سات قطرے صبح، سات قطرے شام تازہ پانی میں حل کرکے استعمال کریں۔ (حکیم محمود احمد، ملتان)

آئیں ٹوٹکے آزمائیں اور پھیلائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دو عدد ٹوٹکے ہیں جو میرے آزمودہ ہیں اور میں اب یہ ٹوٹکے مخلوق خدا میں پھیلانا چاہتی ہوں۔ **پہلا ٹوٹکہ:** ناخن کے نیچے جو پیپ پڑ جاتی ہے بہت تکلیف دیتی ہے۔ اس کیلئے ٹوٹکہ ہے کہ مٹی کا تیل چند قطرے ناخن پر دن میں تین سے چار مرتبہ لگائیں، مزید کسی دوائی کی ضرورت نہیں حالانکہ ناخن کے نیچے ریشہ پڑ جاتا۔ بہت تکلیف ہے کہ ناخن اکھاڑنا ہی پڑتا ہے لیکن اس ٹوٹکے سے بغیر کسی میڈیسن کے آپ کو دو دن میں مکمل آرام آجائے گا۔ **دوسرا ٹوٹکہ:** شدید گرمی کا موسم ہے اور اوپر سے رمضان بھی چل رہا ہے ایسے موسم میں اکثر لوگوں کی نکسیر پھوٹ پڑتی ہے اس کیلئے ایک انتہائی آسان چھوٹا اور کارگر ٹوٹکہ ہے کہ مشک کافور جو مُردوں کے اوپر چھڑکتے ہیں وہ منگوا کر رکھ لیں۔ اسے اچھی طرح پلاسٹک کے شاپر میں لپیٹ کر فریج میں رکھ لیں جیسے ہی کسی کی نکسیر نکلے فوراً مشک کافور سنگھا دیں نکسیر فوراً رک جائے گی۔ (صائمہ طارق، شرقپور شریف)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں، عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

آلو بخارا کے چند فوائد: طبیعت کو نرم کرتا ہے پیاس کو تسکین دیتا ہے خون کے جوش کو کم کرتا ہے بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے بے حد مفید متلی میں آلو بخارا کا استعمال بے حد مفید ہے یہ مسکن اور صفرا دور کرتا ہے۔

تسبیح خانہ میں دوران رمضان آنکھوں دیکھے کرشمات

اپنی روحانی و جسمانی زندگی سنوارنے والوں کیلئے شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم کی صحبت اور زیر نگرانی تسبیح خانہ لاہور میں رمضان المبارک گزارنے کا نادر موقع۔ خواتین کیلئے علیحدہ باپردہ بلڈنگ۔ آئیے اپنی زندگی کو اعمال سے سنوارنے کے گر سیکھیں

محترم شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

السلام علیکم! میری دلی دعا ہے کہ آپ کا سایہ تاحیات ہمارے سروں پر رہے۔ آمین ثم آمین! میں میڈیکل سے تعلق رکھتا ہوں اور ڈاکٹر ہوں فیملی فزیشن اور چائلڈ اسپیشلسٹ ہوں ایک پرائیویٹ این جی او میں کام کرتا ہوں۔ ایک دن میرے پاس کتاس سے ایک بندہ آیا اس سے میں نے کچھ باتیں کیں وہ عامل تھا اس نے مجھے آپ کا شمارہ عبقری پڑھنے کو کہا۔ غالباً اپریل 2013ء کو میں نے پہلی مرتبہ عبقری رسالہ خریدا اور پڑھا پھر کیا پڑھتا ہی چلا گیا۔ جب تک عبقری پڑھتا رہوں اس کا اثر رہے جیسے ہی وہ چھوڑوں زندگی پھر گناہوں کی طرف اس طرح دو سال گزر گئے لیکن پھر 2015ء کے رمضان میں میں نے پکا ارادہ کیا کہ میں تسبیح خانہ میں آخری عشرہ گزاروں گا اب میں آپ کو تسبیح خانہ میں گزارے ہوئے دنوں کا احوال بتاتا ہوں۔ رمضان کا مہینہ شروع ہو گئے ہیں ایک میں نے ارادہ کرلیا تھا کہ اس دفعہ لازمی آخری دس دن تسبیح خانہ میں گزاروں گا غالباً بارھواں روزہ تھا میں نے عبقری میں دیے ہوئے نمبر پر کال کی قسمت اچھی تھی پہلی دفعہ ہی کال مل گئی۔ میں نے ان سے اپنا مقصد بیان کیا کہ میں تسبیح خانہ میں رمضان گزارنا چاہتا ہوں انہوں نے میرا نام اور علاقہ پوچھا اور ہدایت دی کہ چپل اور موسم کے مطابق بستر لے کر آنا ہے میں بہت خوش تھا کہ جیسے قارون کا خزانہ مل گیا ہو۔ اب میں نے اپنے ایڈمنسٹریٹر سے بات کی اس طرح میں نے آخری دس دن تسبیح خانہ جانا ہے انہوں نے کہا کہ ٹھیک ہے۔ لیکن ساتھ کہنے لگے کہ باس کو انفارم کردیں لیکن سوچ رہا تھا کہ ابھی نہیں بعد میں کردوں گا پھر جب جس دن جانا تھا اس دن ان کو فون کیا اور سوچا اگر انہوں نے اجازت نہ بھی دی تو پھر بھی چلا جاؤں گا' آپ کو بتاتا چلا جاؤں کہ میں اپنے ہسپتال کا انچارج بھی ہوں اس لئے ہسپتال میں میری موجودگی ضروری تھی بہرحال جب ان کو بتایا کہ سر میں آخری دس روزے تسبیح خانہ لاہور جا کر گزارنا چاہتا ہوں تو جواب ملا بہت اچھی بات ہے آپ ضرور جاؤ' مطلب یہیں سے میری راہیں سیدھی ہونے لگیں۔ بہت خوش ہوا اور حیران تھا کہ سر کیسے مان گئے ہیں کیونکہ ان کا ماننا بہت مشکل تھا بہرحال وہ راضی ہوگئے۔ میں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر لاہور کی طرف چل پڑا اور خیریت سے منزل مقصود پر پہنچا۔ جب میں تسبیح خانہ میں پہنچا تو سورۃ الکافرون کا وظیفہ پڑھا جارہا تھا میں بھی اس میں شامل ہوگیا۔ اب میرا یہ دل تھا کہ آپ سے ملوں اور آپ کو دیکھوں اس ہستی کو دیکھوں جو دل کھول کر حکیمی نسخے اور وظائف بتا رہی ہے۔

تسبیح خانہ کا پہلا کرشمہ: گھر میں افطاری کے وقت میرے لئے الگ سے ڈیڑھ ڈیڑھ لیٹر والی دو بوتلیں پانی والی بنتی تھیں کہ کیونکہ مجھے پیاس بہت لگتی تھی اور پھر بعد میں پتا نہیں سونے تک کتنا ہی پانی پی جاتا تھا۔ پھر بھی پیاس ختم نہیں ہوتی تھی اور تسبیح خانہ کا پہلا کرشمہ یہ تھا کہ جب افطاری کے وقت سب کو کہا گیا کہ افطاری کے وقت سب چھت پر چلے جائیں تو باقیوں کے ساتھ ساتھ میں بھی اوپر چلا گیا دسترخواں بچھے ہوئے تھے تو میں بھی ایک دسترخوان پر بیٹھ گیا لیکن وہ دسترخوان دیوار کے ساتھ تھا ابھی افطاری کا وقت تھا تو پیچھے دیوار پر ایک بلی آئی اور اس نے میرے کپڑوں میں پیشاب کر دیا میرے اوپر کپڑوں کی تار بندھی تھی اس پر کپڑے لٹکے ہوئے تھے جب بلی نے پیشاب کیا میرے کپڑوں پر تو میں نے یہ سمجھا کہ کپڑے گیلے ہیں اوپر تار والے تو ان سے پانی کے قطرے گرے ہیں لیکن میرے سامنے بیٹھے ہوئے بھائی نے بتایا کہ بلی نے پیشاب کیا ہے۔ میں دوڑتا ہوا نیچے آیا کپڑے بدلے پھر اوپر چلا گیا تو دیکھتا ہوں کہ پانی والا ایک جگ ہے اور پینے والے چار مطلب یہ کہ چار آدمیوں کیلئے پینے والے پانی کا ایک جگ تو میں نے سوچا میرا کیا بنے گا' مجھے تو بہت پیاس لگتی ہے میں کیا کروں گا۔ لیکن حضرت صاحب! آپ میری بات پر یقین کریں صرف پہلے دن میں نے افطاری کے وقت تین گلاس شربت کے پیے اس کے بعد باقی تمام دن ایک یا دو گلاس پانی پیتا تھا پیاس ہی نہیں لگتی تھی جہاں میں افطاری سے لے کر سونے تک چھ سات ڈیڑھ لیٹر والی پانی کی بوتلیں پی جاتا تھا وہاں پر صرف سات سے آٹھ گلاس پانی کی پیاس لگتی تھی اور افطاری کے وقت ایک یا ڈیڑھ گلاس شربت کا پینا ہوتا تھا۔ میں حیران تھا کہ میری پیاس کہاں گئی اور شربت بہت ہی مزے کا ہوتا تھا۔

کرشمہ نمبر 2: میرا 2009ء میں ایکسیڈنٹ ہوا تھا اور دائیں پاؤں میں دو سکریو ڈالے گئے تھے ایک نکال دیا گیا تھا اور ایک اندر ہی تھا اور اس کا درد ہوتا تھا خاص کر جب چپل پہن کر چلتا تھا یا پھر سیڑھیاں اترتا یا چڑھنا ہوتا تو اس وقت پاؤں میں درد ہوتا تھا اور مجھے اس درد کی وجہ سے روزانہ دو سے تین ٹیکے لگوانے پڑتے تھے اور وہ بھی جن کا بہت نقصان تھا انجکشن کا نام کنز (kinz) تھا جو میڈیکل سے تعلق رکھتے ہیں ان کو پتا ہے کہ اس انجکشن کا کتنا نقصان ہے لیکن مجھے لگوانے پڑتے تھے۔ لیکن تسبیح خانہ میں پہلے ایک سے دو دن مجھے درد ہوا اس کے بعد مجھے درد نہیں ہوا' میں حیران تھا کہ چپل پہن کر تو میں بالکل نہیں چل سکتا تھا درد ہوتا تھا اور سوجن بھی ہو لیکن مجھے تسبیح خانہ میں ایک دن بھی درد نہیں ہوا اور نہ ہی سوجن حالانکہ پورے دن میں کم از کم سو دفعہ مطلب تقریباً سو سیڑھیاں اترنا اور چڑھنا پڑتی تھیں لیکن درد نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔ میں نے سیڑھیاں دوڑ کر چڑھیں اور پاؤں پر زور ڈال کر بھی دیکھا لیکن میرا درد ختم ہوگیا تھا۔ میری خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی۔

کرشمہ نمبر 3: گھر میں میں بہت سوتا تھا بہت زیادہ سونے کی باوجود جب بھی اٹھتا فریش نہیں ہوتا تھا' ایک سستی اور کاہلی چھائی رہتی تھی لیکن تسبیح خانہ میں میری نیند صرف دو سے تین گھنٹے ہوتی تھی یا کبھی چار گھنٹے لیکن اس کے باوجود جب بھی سو کر اٹھتا فریش ہوتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کے اس کرم پر بہت خوش تھا۔

کرشمہ نمبر 4: اکثر دعائیں مانگی جاتی تھیں محفلوں میں اور دعا مانگنے والا کہتا تھا کہ روئیں یا رونے والا منہ بنالیں لیکن مجھ سے ایسا نہیں ہوتا تھا لیکن حضرت صاحب اللہ سبحانہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہمارے سروں پر ہمیشہ قائم رکھے تسبیح خانہ میں تین سے چار مرتبہ ایسا موقع آیا کہ جب دعا مانگی جارہی ہوتی تھی تو بے اختیار رونا آیا اور اتنے ندامت کے آنسو گرے کہ میں خود حیران تھا کہ یہ سب کچھ کیسے ہوگیا؟ شاید اس لئے میری آنکھوں میں آنسو جاری ہوگئے تھے کہ میرے گناہ آپ کے وسیلے سے اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے معاف کردیے ہوں یہ تسبیح خانہ کا ہی خاصہ تھا کہ میری پتھر جیسی آنکھوں میں آنسو جاری کردیے۔ حضرت صاحب! یہ چار کرشمے ایسے تھے جو اس بندہ ناچیز کے ساتھ ہوئے تھے۔ حضرت صاحب! آپ کو دیکھنے کا بہت دل کررہا تھا پھر پہلے دن عشاء کی نماز کے بعد جب آپ درس کیلئے منبر پر بیٹھے اور درس شروع کیا تو دل کررہا تھا کہ آپ بولتے چلے جائیں' آپ کا درس ختم ہوا بعد میں میں نے ایک صاحب سے آپ کا پوچھا کہ یہ کون ہیں مطلب (آپ)؟ تو اس نے کہا یہی تو ہیں حضرت شیخ الوظائف صاحب لیکن دل نہیں مان رہا تھا کیونکہ میں نے سوچا تھا کہ آپ بہت بڑی عمر کے ہوں گے اور سفید ڈاڑھی ہوگی اور آپ کے آگے پیچھے مریدوں کی قطار ہوگی' دل خوش ہوگیا جب واپسی ہوئی تو میرے بگڑے کام اور ایسے سنورے کہ میں حیران رہ گیا۔ گھر میں سکون آگیا' ہر چیز میں برکت واضح نظر آرہی تھی۔ الحمدللہ! میرا پکا ارادہ ہے کہ اس مرتبہ کا رمضان تسبیح خانہ میں گزاروں گا۔ آپ کا بے حد مشکور ہوں گا۔

اللہ کی محبت دل میں پیدا کرنے کیلئے: جو کوئی اسم یَاقَھَّارُ کو 302 مرتبہ روزانہ پڑھے، اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ تو اس کے دل میں اللہ تعالیٰ اپنی محبت پیدا فرمادیں گے۔

قسط 34

گمشدہ چیز، فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ

عزت، برکت، سکون اور متلاشی وظیفے کا کمال

میں سارے گھر کے کام آرام سے اور جلدی ختم کرلیتی ہوں۔ سب کام والی ماسیاں نکال دی ہیں‘ سنت کی نیت سے کام کرتی ہوں‘ گھر میں خیر و برکت اور پیسے کی بھی بچت جو تنخواہ میں ماسی کو دیتی تھی وہ پیسے میں نے ایک مدرسے میں صدقہ کی نیت سے دینا شروع کردیے ہیں۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔ (ایڈیٹر کے قلم سے)

گھر میں عزت‘ برکت اور سکون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے روحانی آرٹیکل میں چھپا وظیفہ بڑے کام ہے۔ اس کے علاوہ بھی میرے کچھ تجربات ہیں جو میں قارئین کی نذر کررہی ہوں:۔ ہماری کوئی چیز بھی گم ہوجائے تو یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھتی ہوں تو وہ چیز مل جاتی ہے۔ ایک دفعہ میرے بیٹے کا گھر سے باہر موبائل گر گیا۔ بیٹے نے یہی پڑھنا شروع کردیا اور موبائل ڈھونڈتا رہا اس کو موبائل باہر گرا ہوا مل گیا۔ ایک بار ATM مشین میں میرا ATM کارڈ پھنس گیا میں بہت پریشان ہوئی کہ اب کیا کروں۔ میں نے سورة الم نشرح پڑھنا شروع کردی اور مشین کے بٹن دبانے لگ گئی کہ اتنے میں اچانک ٹھک کرکے میرا کارڈ باہر آگیا۔ میری آٹو واشنگ مشین خراب ہوگئی میں نے سورة الم نشرح پڑھنا شروع کردی (مشین بالکل جام ہوگئی تھی بالکل نہیں چل رہی تھی) پانچ مرتبہ سورة الم نشرح پڑھی مشین چل پڑی۔ عبقری میں پڑھا تھا کہ 313 بار یَامُجِیْبُ پڑھیں یہ کام آسانی سے مکمل ہوجائے گا۔ میں نے فجر کے بعد پڑھنا شروع کردیا میں سارے گھر کے کام آرام سے اور جلدی ختم کرلیتی ہوں۔ سب کام والی ماسیاں نکال دی ہیں‘ سنت کی نیت سے کام کرتی ہوں‘ گھر میں خیر و برکت اور پیسے کی بھی بچت جو تنخواہ میں ماسی کو دیتی تھی وہ پیسے میں نے ایک مدرسے میں صدقہ کی نیت سے دینا شروع کردیے ہیں۔ سارے گھر کے کام خود کرکے انتہا کا سکون ملتا ہے‘ دل و دماغ میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا تصور رہتا ہے کہ آپ رضی اللہ عنہا شہزادی تھیں اور اپنا کام خود کرتی تھیں تو میں آپ رضی اللہ عنہا کی سنت مبارکہ ادا کررہی ہوں۔ اس عمل سے میرے رزق میں برکتیں‘ گھر میں سکون اور چین آگیا ہے۔ وضو کے بعد تین گھونٹ پانی والا عمل بھی مسلسل کررہی ہوں‘ اپنی روحانی اور جسمانی بیماریوں کی نیت سے۔ اور اللہ تعالیٰ کا شکر ہے نزلہ‘ زکام‘ کھانسی اور دمہ کی تکلیف مجھے ہر سردیوں میں ہوتی تھی اب نہیں ہوتی۔ کوئی بھی جسمانی تکلیف شروع ہوتی ہے تو میں یہ عمل کرتی ہوں تو شفا مل جاتی ہے۔ (عنبرین اشتیاق)

متلاشی وظیفے نے ناممکن کو ممکن بنادیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کو یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے مشاہدے کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ میرا بھائی بہت عرصہ سے انگلینڈ میں بغیر کاغذات کے قیام پذیر تھا اور کچھ عرصہ پہلے ہماری والدہ کی طبیعت زیادہ خراب ہوئی تو والدہ نے بھائی سے ملنے کی بار بار خواہش کا اظہار کیا لیکن بھائی ہمیں یہی کہتا کہ میں واپس نہیں آسکتا‘ میرے پاس کاغذات نہیں ہیں‘ اس کیلئے ہم نے آپ سے کلینک پر ملاقات کی تو آپ نے ہمیں پڑھنے کیلئے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا وظیفہ دیا کہ سب گھر والے اسے کثرت کے ساتھ چلتے پھرتے پڑھیں‘ ان شاء اللہ آپ کا بھائی ضرور بحفاظت واپس آئے گا۔ حضرت جی کے فرمان کے مطابق ہم سب نے مل کر یہ وظیفہ پڑھا تو الحمدللہ! کچھ ہی ماہ میں ہمارا بھائی اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہمارے پاس تھا۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کے نام اور حضرت صاحب کی دعاؤں کی برکت سے ممکن ہوا ہے۔ (عامر شہزاد)

گمشدہ رجسٹر‘ بھائی کا موبائل اور متلاشی وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تسبیح خانہ لاہور میں جا کر ہر جمعرات کو درس سنتا ہوں‘ ایک درس میں آپ نے گمشدہ افراد‘ سرمایہ اور اشیاء پانے کیلئے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا وظیفہ اور اس کے کچھ مشاہدات بیان فرمائے تھے۔ جو میں نے بھی نوٹ کرلیا۔ پچھلے ہفتے میرے ساتھ دو واقعات ہوئے کہ میں سٹوڈنٹ ہوں اور میرا بہت ضروری رجسٹر کہیں گم ہوگیا تھا جو جگہ جگہ ڈھونڈنے کے باوجود نہیں مل رہا تھا۔ میں نے یہ وظیفہ پڑھتے ہوئے رجسٹر ڈھونڈنا شروع کیا تو خود ہی مجھے ایک دوست کا فون آیا کہ تمہارا رجسٹر میرے پاس ہے جو تم کلاس میں بھول آئے تھے۔ دوسرا یہ کہ میرے بھائی کا موبائل گم ہوگیا تھا جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان تھا اور بار بار اس پریشانی کا اظہار کررہا تھا کہ میرے موبائل میں بہت زیادہ ڈیٹا تھا اگر وہ نہ ملا تو میرا بہت نقصان ہوجائے گا۔ میں نے بھائی سے کہا کہ آپ فکر نہ کریں اور یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کا موبائل مل جائے گا۔ بھائی نے میری درخواست مانی اور یہ وظیفہ پڑھنا شروع کردیا۔ ساتھ میں نے بھی بھائی کے موبائل کی نیت کرکے پڑھنا شروع کردیا تو اگلے دن بھائی کا موبائل ناممکن جگہ سے مل گیا‘ جس پر بھائی کی پریشانی ختم ہوگئی اور ان کا نقصان ہونے سے بچ گیا۔ جزاک اللہ!

قارئین اصلاح فرمالیں!

قارئین! حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی آرٹیکل ”گمشدہ چیز‘ فرد اور سرمایہ پانے کا راز“ میں ایک وظیفہ دیا گیا ہے جو کہ چند شمارے پہلے زیرِ بزر کی غلطی سے شائع ہوگیا۔ اصل وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ قارئین اصلاح فرمالیں! (ادارہ)

وزن 110 کلو‘ روزہ نہیں رکھ سکتی تھی مگر!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رمضان سے پہلے مجھے معدے کا مسئلہ بہت زیادہ تھا‘ رسالہ عبقری کے نسخہ جات سے کافی فرق پڑا‘ گزشتہ رمضان سے پہلے دفتر ماہنامہ عبقری اپنے بیٹے کے ساتھ آئی‘ بیس رمضان کیلنڈر لیے اور ساتھ روحانی عطر خریدا۔ یہاں روزہ رکھا تو افطار کے بعد الٹیاں شروع ہوگئیں‘ سر اور آنکھوں میں درد اور گلا روزہ چھوڑنا پڑا‘ افطار سے کچھ وقت پہلے آنکھوں میں آنسو کہ میں 110 کلو کی موٹی تازی عورت‘ روزہ بھی نہیں رکھ سکتی‘ اسی طرح غنودگی طاری ہوگئی اور کسی نے آواز دے کر کہا کہ روحانی عطر کیوں لائی ہو؟ روزہ رکھ کر جب طبیعت خراب ہو تو اس کو لگا لیا کرو‘ فوراً اٹھ کر بیٹھ گئی اور بقیہ روزے اس آرام کے ساتھ روحانی عطر لگا کر رکھے کہ میرے لیے معجزے والی کیفیت تھی‘ میری بہن جو کینیڈا میں رہتی ہے اس کی بھی میرے والی حالت تھی پورا مہینہ سر درد‘ الٹیاں آتی رہیں‘ ایک بھی روزہ نہ رکھ سکی‘ مگر میں الحمدللہ رمضان کیلنڈر اور روحانی عطر کی برکت سے رمضان کی بھرپور برکات سمیٹتی رہی‘ الحمدللہ! میں عبقری کے علم اور برکات کا اعتراف کرچکی ہوں۔ انگریز کے ملک میں روحانی سکون: میری دوسری بہن جو کہ کینیڈا میں ہی مقیم ہے‘ آپ کے درس سن کر اور اس پر عمل کرکے بہت سکھی ہے اور اس کا خاص پیغام ہے کہ عبقری قارئین کو بتاؤں کہ انگریزوں کے ملک میں برے ماحول میں رہ کر بھی وہ بہت خوش ہے صرف حضرت حکیم صاحب کے درس میں بتائی ہوئی مسنون دعاؤں کی بدولت۔ خاص طور پر باتھ روم کی دعا سے اس کی زندگی بدل گئی ہے اور وہ سب کو یہی پڑھنے کو دیتی ہے۔ اس کے علاوہ خواب میں اس کو اکثر خانہ کعبہ اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور نور کا ہیولہ نظر آتا ہے۔ (تنزیلہ نوشین)

کتب کے شوقین حضرات کیلئے شاندار رمضان آفر

رمضان کے حوالے سے تمام کتب

50 فیصد ڈسکاؤنٹ


اپریل، مئی اور جون تک


آفر صرف دفتر عبقری لاہور کیلئے

بذریعہ ڈاک منگوائی جاسکتی ہیں۔









کاغان میں بغیر ٹوکن

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے بالمشافہ ملاقات

15 اور 16 جولائی بروز ہفتہ اتوار عام اجازت

تفصیلات کیلئے صفحہ نمبر 9 پر

احمد پور شرقیہ کیلئے انوکھا اعزاز

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی 2 جولائی 2017ء بروز اتوار درس آمد

تفصیلات کیلئے صفحہ نمبر 57 پر

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی کراچی آمد

15 اکتوبر بروز اتوار دوپہر ایک بجے

تفصیلات کیلئے صفحہ نمبر 58 پر

عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

584

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور

133

جولائی 2017ء شوال المکرم 1438 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

قرآن کو صرف چوما اور تمام امراض ختم

اہل بیت ﷺ کے آفتاب و ماہتاب

حضرت علی رضی اللہ عنہ! فضائل و مناقب

گھریلو مشکلات، الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

یہ تعویذ لو! ساری بے سکونی ہمیشہ کیلئے دور

- مضبوط جسامت، پرسکون اعصاب چاہیے! تو کیلے کھائیے!
- بچے کی پیدائش سے لیکر جوانی تک کے آزمودہ اعمال
- ہر حاجت پوری کروانے کیلئے اسم اعظم جان لیں!
- وظیفہ پڑھا! جس نے جادو کروایا وہ نظر آگیا
- سچ میں تین آک کے پھول اور کالا یرقان ختم!



بدبودار سانسیں! چند گھریلو نسخے آزمالیں!

غٹاغٹ لسی پینے والے خوش ہوجائیں!



دولت کے ڈھیر لگانے کا فارمولا

روحانی ٹوٹکہ آزمایا!

نارمل ڈیلیوری اور 2 چاند سے بیٹے ملے

حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے جارہے ہیں تو ذرا ٹھہریں! حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ کتاب حج و عمرہ پر جانے والوں کیلئے فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر نیکیوں کے پہاڑ اور اعمال کے سمندر سے موتی چن چن کر دے پڑھیں اور گفٹ کریں!

30 جولائی بروز اتوار اسم اعظم کا روحانی دم صبح 7 سے 8 بجے تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ 30 جولائی بروز اتوار حلقہ کشف المحجوب اور مراقبہ بعد نماز مغرب تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد (صرف درس)

کراچی: 15 اکتوبر بروز اتوار دوپہر ایک بجے
بمقام صائمہ ٹریڈ ٹاور بالمقابل جنگ پریس آئی
آئی چندریگر روڈ کراچی۔ 0322-4688313

صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش ونگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

کاغان بغیر ٹوکن حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے بالمشافہ ملاقات:

15 اور 16 جولائی 2017ء بروز ہفتہ، اتوار صبح 8 بجے چیف آف کاغان سید مزمل شاہ صاحب کی رہائش پر شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی مخلوق خدا کا بغیر ٹوکن روحانی اور جسمانی علاج فرمائیں گے۔ اجازت عام ہوگی۔ **کاغان میں کلینک کے اوقات:** ہفتہ کی صبح 8 بجے سے لے کر شام 3 بجے تک کلینک ہوگا پھر اسی طرح اتوار کی صبح 8 بجے سے لے کر شام 3 بجے تک کلینک ہوگا **نوٹ:** رہائش اور طعام کا انتظام وہاں ہرگز نہیں ہوگا۔ ہر فرد اپنا انتظام خود کرے گا۔ مزید تفصیلات کیلئے: 0322-4688313

اپنی نسلوں کے تحفظ، مشکلات سے چھٹکارا، گھریلو الجھنوں سے نجات، روحانی اور فوری امداد کیلئے عبقری کی پرانی فائلیں پڑھیں اور گفٹ کریں۔

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿﴾ القرآن

حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب جناب حکیم محمد رمضان چغتائی

حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 1 | جلد نمبر 12 | جولائی 2017ء شوال 1438ہجری، سائیکی سن میلاد

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

جولائی 2017ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

ایڈیٹر شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ مع خرچہ ڈاک 1080 روپے بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: ہم نے پاکستان حاصل کرلیا ہے لیکن یہ ہمارے مقصد کی ابتدا ہے۔ ابھی ہم پر بڑی ذمہ داریاں ہیں۔ حصول پاکستان کے مقابلے میں اس ملک کی تعمیر پر کہیں زیادہ کوششیں صرف کرنی ہیں اور اس کے لیے قربانیاں بھی دینی ہیں۔ (پاکستان میں پہلی عید الفطر کے موقع پر خطاب)

مزید ایک جگہ فرمایا: ہمیں کبھی بھی تہذیب و شرافت کو ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔

منزل و مقصودِ قرآں دیگر است	رسم و آئینِ مسلماں دیگر است
در دلِ او آتشِ سوزندہ نیست	مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم در سینۂ او زندہ نیست

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہاسال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 E mail:contact@ubqari.org

محمد طارق محمود نے اظہار سنز پرنٹرز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے شائع کیا

مزنگ چونگی ... عبقری کا دفتر ہے



(ایڈیٹر کے قلم سے)

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

یہ ہاتھ [illegible] کی ہیں!

اورنگزیب عالمگیر بادشاہ کی سچائی' صداقت' خلوص اور مخلوق کی خیرخواہی سے تاریخ کے اوراق بھرے پڑے ہیں اور ایک زمانہ جانتا ہے' مغل بادشاہوں میں وہ واحد بادشاہ ہے جو رزق حلال کی ایسی کوشش کرتا رہا جو اس دور میں ایک کم سے کم تر رعایا کا فرد کرتا تھا لیکن ایسا کرنا اس نے عار نہ سمجھا۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ وہ رات کو بھیس بدل کر رعایا کی مال و جان اور عزتوں کا محافظ گلیوں اور بازاروں میں پھر رہا تھا بارش ہوئی اور تیز ہوئی' سخت سردی تھی' ایک ہندو کے مکان کی بالائی چھت ٹپکنے لگی اور اس کے کمرے میں پانی کا پرنالہ بہہ نکلا' وہ زور زور سے آواز دے رہا تھا' ہے کوئی شخص کہ جو یہ پانی بند کردے اور میں اس کو منہ مانگے پیسے دوں! بادشاہ شہنشاہ بھی تھا' تخت نشین بھی تھا' تاجدار بھی تھا لیکن ساتھ مزدور بھی تھا کہ صبح کا دال دلیہ کیسے چلے گا؟ اس کی آواز پر فوراً لپک کر اپنی خدمت کو پیش کیا اس نے کہا نیچے سے مٹی اٹھانی ہے اور دوسری منزل کی بالائی چھت پر ڈالنی ہے' بادشاہ پر بڑھاپا غالب تھا لیکن سفید پوشی غربت' جو اس نے اپنے اوپر خود غالب کی ہوئی تھی حالانکہ خزانے تو اس کے اپنے تھے لیکن وہ سمجھتا تھا یہ میرے نہیں رعایا کے ہیں' بوڑھی ہڈیوں نے برتن میں مٹی بھر کر اوپر لے جانا شروع کی خوب محنت کر کے مٹی ڈالی' گارا بنی' جمی اور پانی رک گیا' ہندو بنیا مالدار تھا بہت خوش ہوا' جب مزدوری کا وقت آیا تو اس نے کہا کہ اس وقت میرے سارے خزانے بند ہیں' رات کا وقت ہے اور میرا منشی نہیں ہے' آپ صبح میرے پاس فلاں جگہ آجانا میری دکان ہے اور آکر لے لینا۔ مزدور کہنے لگا: میں صبح نہیں آسکتا' میری اور مزدوری ہوتی ہے' جو دینا ہے ابھی دے دو' اسی اصرار میں وہ گھر گیا اور تین روپے لے آیا' اور کہا میں تو تجھے زیادہ دینا چاہتا تھا میں نے منہ سے' منہ مانگا نکالا تھا یہ تین لے لے' مزدور نے تین لیے اور چل دیا' مزدور نے وہ تین روپے اپنے ایک کاروبار میں لگائے اور کاروبار تھا گائے اور بکریوں کا' ان روپوں سے جتنے جانور ملتے تھے لے لیے' اور ایک بندے کو دے دیئے کہ ان میں جو بھی افزائش ہوگی وہ آدھی تیری اور آدھی میری' حالات نے کروٹ لی اور مال بڑھنے لگا اور حیرت انگیز طور پر مال اتنا بڑھ گیا کہ دن دگنی رات چگنی ترقی کی منازل طے کرتا ہوا لوگوں کی حیرت کا ذریعہ بن گیا' ادھر حالات نے اور کروٹ بدلی اور وہ ہندو گردش ایام میں غریب ہوگیا' ایک دفعہ کی بات ہے رات کو بادشاہ پھر رعایا کی مال و جان اور عزتوں کا محافظ بن کر بھیس بدل کر گلیوں اور بازاروں میں گشت کر رہا تھا اس گھر کے قریب سے گزرا تو وہ سالہا سال گزرا پہلا واقعہ یاد آگیا لیکن محسوس کیا کہ اب حالات کچھ بدلے ہوئے ہیں اس گھر کے قریب ٹھہرا اور اپنے حالات کو یاد کرنے لگا تو اندر سے کچھ آوازیں آرہی تھیں ان میں کچھ آوازیں کانوں میں پڑیں اور وہ یہ تھیں کہ کیا دور تھا ہمارے پاس مال و دولت تھی' ایک دفعہ ہماری چھت ٹپک رہی تھی اور ہم نے ایک مزدور کو منہ مانگے پیسے دینے کا اعلان کیا تھا اور وہ مزدور بھی کیسا دیوانہ تھا کہ تین روپے لے کر چلا گیا حالانکہ ہم نے تو اس کو بہت زیادہ مال دینے کا ارادہ کیا ہوا تھا پھر ٹھنڈی سانس [illegible] اب وہ وقت [illegible] ہمارے بچے بھوکے ہیں اور ہم [illegible] بادشاہ یہ بات سن کر تڑپ اٹھا' یہ بھی تو اس کی رعایا ہے' دروازہ کھٹکھٹایا اور جیب میں بہت سارے چاندی کے روپے تھے وہ انہیں دیئے وہ نہیں لے رہے تھے اور پھر انہیں سارا قصہ سنایا کہ اس رات کا مزدور میں تھا اور میں دراصل تمہارا بادشاہ اورنگزیب عالمگیر (رحمۃ اللہ علیہ) ہوں' وہ گھبرا گئے' انہیں تسلی دی' ان کے گھر بیٹھے اور کہا کہ تمہیں پتہ ہے کہ ان تین روپے کا کیا ہوا؟ ان روپے سے میں نے سوداگری کی اور وہ سوداگری ایسی بڑھی' پھیلی' پھولی کہ میں ایک علیحدہ بادشاہ بن گیا اور اب مجھے کل کی فکر نہیں ہوتی بلکہ ایک بات کا احساس رہتا ہے کہ میں نے کل اب کس کس کو دینا ہے کہ اس کی رات اچھی گزرے' پھر بادشاہ نے ٹھنڈی سانس بھر کر عجیب بات کہی' دراصل میں بوڑھا آدمی ہوں' میں نے بڑھاپے میں اتنی زیادہ سیڑھیاں چڑھیں' شاہی جسم جس نے آج تک اتنی مشقت کو برداشت نہیں کیا' لیکن میں نے اپنی ساری طاقتیں' قوتیں اور صلاحیتیں جمع کر کے وہ مٹی ڈالنے کا پرمشقت کام کیا' ایک طرف سردی' بارش' کپکپاہٹ' بڑھاپا' سیڑھیاں مٹی اور محنت اور دوسری طرف میرے بچوں کیلئے رزق حلال اس عمل میں مجھے اتنی تکلیف ہوئی تھی کہ میں نے نیت کی یہ تین روپے میں نے بچوں پر خرچ نہیں کرنے بلکہ اس سے سوداگری کروں گا میں نے اس سے جانوروں کی سوداگری کی آج جانور میری توقع اور یقین سے کہیں زیادہ بڑھ گئے ہیں اور میں سمجھتا ہوں اس ہندو بنیے کو متوجہ کرتے ہوئے بادشاہ نے کہا یہ آپ کی وجہ سے ہے! اس مزدوری دینے کا ذریعہ تو آپ بنے تھے۔ قارئین! بادشاہ نے بنیے کو مالا مال کردیا' اس نے اس کے سارے قرض اتار دیئے اس کا کاروبار پھر چل پڑا کیونکہ وہ بادشاہ تھا جس کی رعایا میں مسلمان اور غیرمسلم سب کے حقوق تھے لیکن جو نقطہ جس کی طرف میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ رزق حلال ایک ایسا تحفہ اور نعمت ہے جو پھلتا پھولتا اور بڑھتا ہے وہ رزق حلال نوکری کی شکل میں ہے یا ملازمت کی صورت میں کہ آپ جس جاب کے پیسے لے رہے کیا اس کو سوفیصد ادا کررہے ہیں؟ ایک اللہ والے کے پاس ان کا ایک مرید آیا کہنے لگا حضرت میری تنخواہ ختم ہوجاتی ہے' میرے بچے زیادہ' اخراجات زیادہ وسائل تھوڑے ہیں دعا فرمائیں اللہ برکت دے! آپ نے فرمایا: مالک سے کہہ میری تنخواہ تھوڑی کردے' اس شخص نے حیرت سے درویش کا چہرہ دیکھا لیکن درویش کی بات کو یقین سے مانتا تھا اس نے بغیر کسی دلیل کے خاموشی سے سر جھکائے واپس چلا گیا' اور جاکر اپنے مالک سے تنخواہ کم کرا دی' کچھ ماہ کے بعد آیا کہ حضرت اب حالات اور کمزور اور سخت ہوگئے ہیں تو درویش نے یقین کے لہجے کے ساتھ فرمایا کہ مالک سے کہہ تنخواہ اور کم کردے' درویش پر یقین' ان کی باتوں پر اعتماد' مالک سے پھر تنخواہ کم کروادی' اب چند ماہ کے بعد پھر آیا تو خوشحالی کے آثار اس کے ظاہر سے نظر آرہے تھے' بہت حیران ہوا اور کہنے لگا: حضرت! یہ کیا بات تھی؟ پہلے تو مہینے کے پہلے عشرہ میں یعنی دس تاریخ تک تمام میری جمع پونجی بھی ختم ہوجاتی تھی اب پورے مہینے کے بعد بھی میرا بہت سارا سرمایہ اور مال بچ جاتا ہے۔ درویش نے ٹھنڈی سانس لی' آسمان کی گہرائیوں کو ٹکٹکی باندھ کر گھورتے ہوئے بولے: دراصل تو جن جن خدمات کی تنخواہ لیتا تھا ان میں خیانت کرتا تھا چاہے وقت کی ہو یا کام کی' تیرے مال سے رزق سے برکت ختم ہوگئی تھی میں نے تیری تنخواہ کم کروائی اور تیری تنخواہ اتنی ہوگئی جتنا تو کام کرتا تھا کیونکہ وہ تنخواہ تیرے کام سے زیادہ تھی اس لیے وہ رقم باقی دوسرے مال کو بھی کھا جاتی تھی جب تنخواہ کم ہوئی برکت تیری طرف متوجہ ہوئی اور بڑھنا شروع ہوئی اور تیرا رزق حلال ہوا اور درویش نے جلالی لہجے میں فرمایا: جا! کبھی خیانت نہ کرنا' زندگی میں کسی چیز کی کمی نہیں ہوگی۔ قارئین! حلال کی راہیں کیسے تلاش کریں؟ یہ دو مثالیں میرے اور آپ کیلئے عبرت بھی ہیں اور نصیحت بھی! آیئے! پہلا قدم اٹھائیں اور اپنی گورنمنٹ کو کہہ دیں کہ اینٹی کرپشن کے نام پر جتنے بھی محکمے ہیں وہ بند کردیں آڈٹ کے نام پر جتنے بھی آفیسر ہیں انہیں کسی اور شعبے میں لگادیں محتسب اعلیٰ یا اس نام کے جتنے بھی محکمے ہیں انہیں کوئی اور نام دے کر ملک و قوم کی خدمت کا انہیں موقع دیں لیکن کرپشن بددیانتی چاہے وہ مال کی ہو یا وقت کی ہم نہیں کریں گے اور ہمارا وطن صاف ستھرا اور شفاف وطن ہوگا۔ ان شاء اللہ!

ہفتہ وار درس سے اقتباس

درس روحانیت و امن

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

آ! تجھے قطب بننے کا طریقہ سکھاؤں

جس شخص کے اندر ندامت کا جذبہ ہوگا کہ میں نے اللہ پاک کو راضی کرنا ہے، جن لوگوں کے حقوق میرے ذمے ہیں وہ ادا کرنے ہیں اور اسی جذبہ کو پورا کرنے میں لگ جائے اور اسی فکر میں اگر موت بھی آگئی تو اللہ جل شانہٗ اس کی نیکیاں کم نہیں کریں گے اور جن کے حقوق تھے وہ اللہ اپنے خزانے سے عطا فرمادیں گے۔ ان کا گھر پورا کردیں گے۔

حقوق العباد اللہ خود پورے کردینگے!! جب کوئی شخص اللہ کی محبت' اللہ کے تعلق اور اللہ کے بندوں کو اللہ کی محبت میں لگانے کیلئے مارا مارا پھرتا ہے۔ گھر والے، رشتے دار، ماں باپ، بیوی بچے اس کی جدائیاں برداشت کرتے ہیں۔ ایسا بندہ قیامت کے دن جب رب کے حضور جائیگا سارے عزیز و اقارب، والدین، بچے جنہوں نے جدائیاں برداشت کی تھیں اکٹھے ہوکر اللہ کے حضور آجائیں گے اور کہیں گے: ''یا اللہ ہمارا حق ہمیں ملنا چاہیے چونکہ یہ عدل کا دن ہے۔'' اللہ جل شانہٗ ان سب کو سامنے کھڑا کریں گے کہ ان کا حق ادا کرو۔ پھر اللہ پاک خود فرمائیں گے (مفہوم ہے) یہ میری محبت میں اور میری مخلوق کی محبت میں مارا مارا پھرتا تھا۔ اس سے حق پاکر تمہیں جنت چاہیے؟ اگر میں اس سے حساب لیتا ہوں تو یہ جہنم میں جاتا ہے لیکن چونکہ مارا مارا پھرا ہی میری محبت میں تھا اسلیے میں تم سب کو اس کی وجہ سے جنت دے دیتا ہوں۔

توبہ کرو اور پچھلی زندگی کو بھول جاؤ: اپنے آپ کو معاف کرنے میں ایک چیز اور بتادوں کہ توبہ کرنے کے بعد، اللہ جل شانہٗ کی طرف محبت کے قدم اُٹھانے کے بعد، جس گناہ سے توبہ کرلی ہے اُس گناہ کو بھولے سے بھی یاد نہ کرو۔ پھر اس پر کڑھنا چھوڑدو۔ ان گناہوں کو یاد ہی نہ کرو۔ اگر لوگوں کے حقوق ادا کردیئے ہیں اور توبہ کرلی ہے یا ایسا گناہ تھا خطا تھی جس میں لوگوں کے حقوق نہیں تھے جس میں تیرا اور اللہ کا معاملہ تھا۔ وہ گناہ تونے کرلیا اب پچھلی زندگی کو بھول جا۔ اس لیے بھول جا کہ اللہ کی ذات عالی پر یقین کرلے کہ اللہ نے معاف کردیا اور ایک عجیب بات یہ بھی ہے کہ اگر پھر بھی گناہ یاد آئے اور ندامت ہو تو ہر ندامت میں اس کا ایک درجہ بلند ہوتا جائے گا۔ کیوں؟ اس لیے کہ اس ندامت پر اس کے دل کو ٹھیس پہنچے گی۔ اس کا سر جھک جائے گا۔ اس کی پلکیں بھیگ جائیں گی۔ اسکی آنکھیں جھک جائیں گی۔ اس کی سانس میں ندامت اور شرمندگی ہوگی۔ اور میرے اللہ کو یہی چیز مطلوب ہے۔ کیسا خوش قسمت انسان ہے جو اللہ جل شانہٗ کی محبت کے راستے بھی تلاش کررہا ہے، اللہ کے سامنے ندامت بھی کررہا ہے اور اللہ کے سامنے رو بھی رہا ہے۔ اپنے جسم کو ہلکا پھلکا کرکے چلیں اور توبہ ایک ایسی نعمت ہے جو دنیا کے انسانوں کو گناہوں کے بوجھ سے ہلکا پھلکا کردیتی ہے۔ مجھے ایک صاحب کہنے لگے کہ: ہمارے ہاں کبھی دس فٹ برف پڑتی تھی اب صرف چھ انچ برف پڑی ہے۔ کہاں گئی برف؟ کہاں گئی بارشیں؟

توبہ اور معافی پچھلے گناہوں کو ختم کردیتی ہے: باپ نے عاق نامہ چھپوایا، نافرمانی کی وجہ سے میں نے اپنے بیٹے کو اپنی جائیداد سے عاق کردیا۔ گھر سے نکال دیا' کاروبار سے لاتعلق کردیا۔ آج کے بعد یہ میرا بیٹا ہے ہی نہیں۔ اخبار میں چھاپ دیا۔ اب بیٹا باپ کے پاس گیا اور معافی مانگتا رہا، کئی مرتبہ معافیاں مانگیں اس نے توڑ دیں، پھر نافرمانی کی، باپ کو بڑا غصہ تھا، معافیاں مانگتا رہا اور ندامت کرتا رہا۔ آخرکار باپ نے معاف کردیا جب بیٹے کو معاف کردیا تو کیا اخبار کے اس اشتہار کی کوئی حیثیت باقی رہے گی؟ تو جو روز اللہ پاک سے معافی مانگتا ہے اور روز اللہ پاک سے توبہ کرتا ہے۔ اس سے بڑا خوش قسمت انسان کون ہوگا؟ جو انسان صرف اپنی ذات کو سامنے رکھ کر نہیں چل رہا بلکہ اس امت کہ ہر طبقے کو سامنے رکھ کر چل رہا ہے کہ اللہ صرف مجھے نہیں اللہ ساری امت کو معاف کردے۔ تو اللہ بڑا کریم ہے معاف فرمادیگا۔

قطب بننے کا آسان طریقہ: حضرت مولانا کلیم صدیقی صاحب کے حوالے سے عرض کررہا ہوں کہ ان کو مولانا ابوالحسن رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ: حضرت حاجی صاحب نے امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ سے فرمایا کہ: ''تجھے قطب بننے کا نسخہ بتاؤں؟'' انہوں نے کہا حضرت فرمادیجئے۔ فرمانے لگے: ''قطب بننے کا نسخہ یہ ہے کہ اگر کوئی غیرمسلم بغیر کلمہ پڑھے مرجائے تنہائی میں کسی کونے میں بیٹھ کر چند آنسو بہالیا کرو۔ اللہ تیرا درجہ قطب کا بنادے گا۔'' کتنا خوش قسمت انسان ہے جو صرف اپنی ذات کیلئے توبہ نہیں کرتا اور جو صرف اپنی ذات کے لیے نہیں روتا بلکہ پوری امت کیلئے روتا ہے اور پوری امت کیلئے توبہ کرتا ہے۔

اپنے حقوق معاف کرانے پر اللہ کا عجیب انعام: ایک اللہ والے تھے ان کے ساتھ اور بھی درویش سورہے تھے۔ رات کو ایک درویش کی رونے کی ہلکی ہلکی آواز آرہی تھی۔ صبح اُٹھ کر ایک اللہ والے درویش سے پوچھنے لگے کہ: سوتے ہوئے آپ کی ہلکی ہلکی آواز آرہی تھی۔ کیا آپ کوئی ذکر کررہے تھے؟ وہ درویش کہنے لگے: نہیں! بس ندامت کے کچھ جملے تھے، توبہ کی کچھ باتیں تھیں، اللہ تعالیٰ سے باتیں کررہا تھا اور اللہ جل شانہٗ سے عرض کررہا تھا کہ: یااللہ مجھے بھی معاف کردے اور ساری امت کو بھی معاف کردے۔ وہ درویش کہنے لگے: میں رات کو اللہ سے باتیں کررہا تھا۔ آپ کیوں پوچھ رہے ہیں؟ کوئی اہم بات تو نہیں تھی؟ وہاں موجود دوسرے اللہ والے کہنے لگے: تو کہتا ہے بات نہیں تھی؟ یہ تو بہت اہم بات تھی۔ بڑی خاص بات تھی۔ پوچھا کیسے؟ فرمانے لگے کہ: میں رات کو جب بھی کروٹ بدلتا تھا تمہارے جسم کے اوپر نورانی پھوار دیکھتا تھا۔ ہر طرف کرنیں، روشنیاں دیکھتا تھا، اور آپ کے جسم سے خوشبویں اُٹھ رہی تھیں۔ میں نے تو اتنا دیکھا کہ رات لائٹ بند تھی، کمرے میں اندھیرا تھا اور سردی کا موسم تھا لیکن کمرا بہت روشن تھا میں نے سوچا کہ کونسا ایسا عمل ہے جو آپ نے کیا ہوگا؟ وہ تو آپ نے بتایا ہے۔ اس درویش نے اپنے لیے بھی اللہ سے استغفار اور توبہ کی اور پوری امت کیلئے بھی کی۔ (جاری ہے)

گناہوں والی زندگی سے توبہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا ایک دوست بہت پریشان تھا' میں نے اس کو بہت سمجھایا کہ نماز پڑھا کر اللہ سے دعا کیا کر اللہ تیرے مسائل حل فرمادے گا۔ مگر اس کو میری بات سمجھ ہی نہ آتی۔ ایک دن میں درس روحانیت و امن سننے تسبیح خانہ لاہور جارہا تھا تو اس نے بولا چل یار آج میں بھی تیرے ساتھ چلتا ہوں' میں بخوشی راضی ہوگیا اور اس کو گاڑی میں اپنے ساتھ بٹھالیا' اس نے درس سنا' جب درس سن کے باہر نکلے تو میں نے اس کی آنکھوں میں دیکھا تو اس کی آنکھیں بھیگی ہوئی تھیں۔ واپسی پر سارے راستہ میں درس سے متعلق اس سے کوئی بات نہ کی اور اس کو اس کے گھر چھوڑا اور خود گھر چلا گیا۔ صبح فجر کے وقت میں حیران رہ گیا کہ میرا دوست مجھ سے پہلے مسجد میں موجود ہے۔ نماز کے بعد اس نے بتایا کہ درس نے میری زندگی بدل کررکھ دی ہے' آج کے بعد میں کوئی (باقی صفحہ نمبر 34 پر)

اہل بیت ﷺ کے آفتاب و ماہتاب حضرت علیؓ! فضائل و مناقب

سید حامد علی شاہ

اپنی ولادت سے رسول ﷺ کی رحلت تک آزمائش کے ہر گھڑی جنگ کے ہر میدان اور امور مملکت میں علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خیر البشر محمد مصطفیٰ والمرتضیٰ ﷺ کے ساتھ رہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پاک و پاکیزہ پیدا ہوئے' آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیشانی کبھی کسی بت کے سامنے نہیں جھکی

سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و مناقب اور کردار و کارناموں سے تاریخ اسلام کے اوراق روشن ہیں جس سے قیامت تک آنے والے لوگ ہدایت و رہنمائی حاصل کرتے رہیں گے۔ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی اس بہترین زندگی کا اعلیٰ ترین نمونہ ہے جس کا تجربہ دنیائے بشریت آغاز حیات سے اب تک کرتی رہی ہے۔ یہ حیات طیبہ اس انسان کامل کی حیات ہے جو دنیائے انسانیت میں عبدیت و بندگی کا حقیقی آئیڈیل ہے اور ان نایاب انسانوں میں سے ہیں جسے صفحہ ارضی پر خلیفۃ اللہ کا خطاب زیب دیا ہے۔ یہ زندگی کس قدر جاذب پرکشش ہے جو دوستوں کو محبت کی بالاترین حد اور دشمنوں کو ان سے دشمنی کی منتہیٰ تک پہنچا دیتی ہے۔ علی وہ ذات ہے جن کے بارے میں پیغمبر اسلام ﷺ کا فرمان ذی شان ہے کہ اے علی! تمہارے سلسلے میں دو طرح کے گروہ ہلاک ہوں گے ایک وہ جو تم سے دوستی میں افراط و تفریط و زیادتی سے کام لے گا اور دوسرا گروہ وہ ہے جو تم سے بے انتہا دشمنی رکھے گا۔ اپنی ولادت سے رسول ﷺ کی رحلت تک آزمائش کی ہر گھڑی' جنگ کے ہر میدان اور امور مملکت میں علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خیر البشر محمد مصطفیٰ والمرتضیٰ ﷺ کے ساتھ رہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پاک و پاکیزہ پیدا ہوئے' آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیشانی کبھی کسی بت کے سامنے نہیں جھکی' اسی لیے آپ کے نام کے ساتھ ''کرم اللہ وجہ'' لکھا جاتا ہے۔ حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل و کمالات کا احاطہ کرنا ناممکن ہے۔ اسی لیے علامہ ابن حجر مکی نے تحریر فرمایا کہ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مناقب و فضائل حد احصار سے باہر ہیں۔ ایک مقام پر فرمایا کہ تین سو سے زاید آیات علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں نازل ہوئیں۔ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیلئے جتنے فضائل و مناقب ہیں اور کسی کیلئے نہیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سب سے پہلے امت میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عبادت کا شرف حاصل کیا (سیرت حلبیہ) دعوت ذی العشیرۃ میں رسول ﷺ کی تائید و نصرت کا اعلان کیا۔ شب ہجرت کفار مکہ کی پرواہ نہ کرتے ہوئے کمال جرأت مندی کے ساتھ رسول ﷺ کے بستر پر سوئے۔ مواخات میں رسول ﷺ نے انہیں اپنا بھائی قرار دیا۔ اسلامی ریاست قائم ہونے کے بعد اس کے تحفظ میں بھی سب سے آگے رہے۔ بدر کے میدان میں کفار کے سرداروں کے غرور کو خاک میں ملایا۔ جنگ احد میں رسول ﷺ کے لیے سینہ سپر ہوگئے۔ رسول ﷺ کے زخموں کا علاج کیا' جنگ خندق میں عمرابن عبدو جیسے جری کو پچھاڑا۔ خیبر کے ناقابل تسخیر قلعہ کو تسخیر کرکے مرحب جیسے عرب بہادر کو جہنم کی راہ دکھائی۔ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی نے فتح مکہ کے روز رسول ﷺ کے کندھوں پر سوار ہوکر خانہ کعبہ کو بتوں سے پاک کرکے بت شکن کا اعزاز حاصل کیا۔ سخی ایسے کہ رات بھر باغ میں مزدوری کرکے حاصل ہونے والی جو سے پکنے والی روٹیوں کو عین افطار کے وقت سوالی کو دے دیا اور تین دن ایسا ہی ہوتا رہا۔ رسول اکرم ﷺ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ' فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا' حسن و حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین تین دن بھوکے رہے جس پر سورۃ الدھر نازل ہوئی۔ (ریاض النضرۃ) حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی کے اہم ترین نمونوں میں سے ایک آپ کا علم ہے۔ چنانچہ یہ بات زبان زدخاص عام ہے کہ قرآن مجید اور فرمودات نبی ﷺ کے بعد علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کلام سے بہتر کوئی کلام نہیں اور کیوں نہ ہو' رسول ﷺ نے فرمایا: میں شہر علم ہوں' علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس کا دروازہ ہے اور نبی ﷺ کو علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اس قدر انحصار تھا کہ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا' اے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تم لوگوں کو وضو اور سنت کی تعلیم دو۔ (طبقات البریٰ)۔

خاتم الانبیاء ﷺ نے ایک مقام پر ارشاد فرمایا: قضا کو دس حصوں میں تقسیم کیا گیا نو حصے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اور ایک حصہ پوری دنیا میں تقسیم کیا گیا۔ (حلیۃ الاولیاء جلد 1 صفحہ 66) یہی وجہ تھی کہ خلیفہ دوم حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی خلافت کے دوران حضرت علی ابن ابی طالب کرم اللہ کو مرجع و منبع علم سمجھتے ہوئے مشکل ترین امور میں ان سے مشاورت حاصل کرتے اسی لیے کہا کہ خدا عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو اس مشکل سے روبرو ہونے کیلئے باقی نہ رکھے جسے حل کرنے کیلئے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجود نہ ہوں۔ (طبقات جلد 2 صفحہ 339، انساب الاشراف جلد 1 صفحہ 100)۔ خود علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان ہے کہ ہم اہل بیت رسول ﷺ کے پیغام سے سب سے زیادہ آگاہ ہیں۔ (طبقات الکبریٰ جلد 6 صفحہ 240)

ایک موقع پر فرمایا کہ جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا' چاہے حدیث ہو یا کچھ اور' اسے فراموش نہیں کیا۔ (انساب الاشرف)۔ نیز یہ بھی فرماتے ہیں کہ خدا کی قسم کوئی آیت ایسی نازل نہیں ہوئی جس کے بارے میں مجھے علم نہ ہو کہ کہاں نازل ہوئی اور کس سلسلے میں نازل ہوئی۔ (انساب الاشراف جلد 1 صفحہ 99)۔ نیز فرمایا کہ میں اگر سورۂ فاتحہ کی تفسیر لکھنا چاہوں تو 70 اونٹوں کے برابر ہوجائے۔ (التراتیب الادار یہ جلد 3 صفحہ 183) علماء کے درمیان عہد قدیم سے یہ بات مشہور کہ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے علاوہ کسی اور میں **سلونی قبل ان تفکدونی** کہنے کے جرأت نہ ہوئی۔ (جامع بیان العلم جلد 1 صفحہ 173)۔ علی ابن طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان ہے کہ خدا کی قسم یہ پیوند دار جوتیاں میرے نزدیک تم جیسے لوگوں پر حکومت کرنے سے زیادہ بلند ہیں مگر یہ کہ اس حکومت کے ذریعے کسی حق کو اس کی جگہ قائم کروں یا کسی امر باطل کو اکھاڑ پھینکوں'' اسلام کی یہ عظیم و نمایاں شخصیت جہان علم و فکر اور تاریخ بشریٰ میں ہمیشہ باقی رہنے والی شجاعت' عفت' طہارت اور جرأت و عدالت کی تاب ناک روشنی کا یہ آفتاب و ماہ تاب 21 رمضان کو کوفہ میں غروب ہوگیا۔ مگر اس کے نظریات و فرمودات وارشادات آغاز شہادت سے لے کر جب تک دنیا ہے' تب تک حیات انسانی کے مراحل اور راہوں میں جاری و ساری رہیں گے۔ آج بھی علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرز زندگی ظلم و بربریت اور کفر و نفاق کیلئے موت ہے۔ مسلم دنیا جو اس وقت مصائب و آلام میں گرفتار ہے' علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی اختیار کرکے مصائب و آلام پر قابو پاسکتی ہے اور دنیائے شیطانی کو شکست سے دوچار کرسکتی ہے۔ یہ وقت کی ضرورت ہے کہ امت مسلمہ سیرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر چلتے ہوئے استعماری قوتوں کے مقابل خیبر شکن جرأت کا مظاہرہ کرے۔ عدل و انصاف کی راہ اپنائے اور علم و حکمت کے ساتھ ٹوٹا ہوا رشتہ مضبوطی کے ساتھ جوڑنے کیلئے مدینۃ العلم محمد مصطفیٰ ﷺ کے در پر اپنا سر جھکالے تو کوئی طاقت کلمہ توحید کے پرستاروں کو زیر کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکے گی۔

بچے کی پیدائش سے لیکر جوانی تک کے آزمودہ اعمال

بچے کو پہلی دفعہ نہلاتے وقت چالیس دفعہ تسمیہ پڑھی جائے اور باتھ روم کی دعا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ ایک دفعہ پڑھ لی جائے۔ بچہ بیماریوں' پریشانیوں' مالی رکاوٹوں اور ناکامیوں سے انشاء اللہ بمعہ نسلوں کے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس کچھ روحانی تجربات و مشاہدات ہیں جو ماؤں اور ان کے بچوں کی دنیا و آخرت سنوارنے کیلئے انتہائی آزمودہ ہیں۔ یہ روحانی تجربات صدیوں سے نسل در نسل آزمودہ در آزمودہ ہیں۔ یقیناً قارئین عبقری ان وظائف سے اپنی نسلوں کی اصلاح اور گھر میں سکون' راحت اور برکت لاسکتے ہیں۔ درج ذیل روحانی اعمال حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم گاہے بگاہے اپنے درس میں بھی فضائل کے ساتھ بتاتے ہیں۔

بچے کی ولادت کے موقع کے اعمال

ابتدائے حمل سے لے کر ولادت تک ماں پیٹ پر ہاتھ رکھ کر اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ کا ورد ہر وقت عادت بنائے تاکہ بچہ بے عیب اور ایمان کی سلامتی والا ہو۔ انشاء اللہ۔ ☆ ولادت کے آثار شروع ہونے پر اور یا ولادت کے آخری ہفتے میں سورۂ انشقاق کی آیت نمبر چار اور پانچ بدستور اور مسلسل تلاوت کریں اللہ پاک انشاء اللہ آسان اور بغیر آپریشن کے [illegible] ولادت کریں گے۔ ☆ کھجور یا چھوہارہ چبا کر بچے کو معمولی چٹانا مسنون عمل ہے۔ ☆ بچے کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت پڑھی جائے گی۔ ☆ بچے کو پہلی دفعہ نہلاتے وقت چالیس دفعہ تسمیہ پڑھی جائے اور باتھ روم کی دعا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ ایک دفعہ پڑھ لی جائے۔ بچہ بیماریوں' پریشانیوں' مالی رکاوٹوں اور ناکامیوں سے انشاء اللہ بمعہ نسلوں کے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ۔ ☆ ساتویں دن بچے کے بال کاٹنا مسنون عمل ہے اگر پہلے بالوں پر اکتالیس بار سورۂ تغابن کی پہلی پانچ آیات بمعہ تسمیہ ہر بار تلاوت کریں اول و آخر طاق درود شریف کے ساتھ اور بالوں کے وزن کے برابر چاندی یا اس کی مالیت صدقہ کریں تو بچہ ان شاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ ☆ ساتویں دن بچے کے ختنے کرنا اور اچھا نام رکھنا مسنون ہے' نام اللہ تبارک وتعالیٰ کے پیارے ناموں' انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام، اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین' صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور اولیاء اللہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے مبارک ناموں پر رکھنے سے بچے کی زندگی کو بہت تاثیر ملتی ہے۔ بے نقط نام سے بہت تاثیر ہوتی ہے۔ ☆ ہر دفعہ بچے کا پاخانہ کرواتے وقت یا ڈائپر بدلتے وقت باتھ روم کی دعا پڑھی جائے بچہ شیطانی حملوں سے انشاء اللہ بچ جائے گا۔ ☆ بچے کو جب بھی نہلائیں روحانی غسل دیں' غسل سے پہلے آخری قرآنی چھ سورتوں کی تلاوت کریں باتھ روم کی دعا پڑھ کر بچے کو لے کر باتھ روم میں بائیں قدم کے ساتھ داخل ہوں' دل میں مسلسل باتھ روم کی دعا پڑھیں' غسل دینے کے بعد دایاں قدم باتھ روم سے باہر نکالیں' پھر قرآن کی آخری چھ سورتیں پڑھیں۔ یہ روحانی غسل ہر طرح کی بری عادات' مشکلات سے بچے کو بچائے گا ان شاء اللہ۔

پرسکون گھر اور اولاد کی اصلاح کیلئے اعمال

کثرت سے اولاد کی طرف سے صدقہ کریں۔ ☆ صبح و شام اولاد کی طرف سے استغفار کی تسبیح کریں۔ ☆ اولاد کی طرف سے ہر نماز کے بعد دعا مانگیں کہ اللہ کریم ہمیں ہماری نسلوں اور پوری امت کو ایمان اور محمد کی ﷺ راہیں عطا فرمائیں۔ ☆ ہر روز نماز حاجت دو نفل پڑھیں۔ دونوں رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فرقان کی آیت نمبر 74 لاتعداد پڑھیں۔ تشہد میں ربی جعلنی کے بعد [illegible] پڑھیں بعد سلام تین دفعہ استغفار اور پھر یہی آیت کثرت سے دعا میں پڑھیں۔ ☆ سورۂ الصفت کی آیت نمبر 118 هَدَيْنٰهُمَا الصِّرٰطَ الْمُسْتَقِيْمَ صبح و شام بچوں کے تصور کے ساتھ اکیس مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر طاق درود شریف پڑھیں۔ ☆ روزانہ 313 مرتبہ سورۂ فاتحہ کی آیت اِهْدِنَا الصِّرٰطَ الْمُسْتَقِيْمَ پڑھیں اول و آخر طاق درود شریف پڑھیں۔ ☆ ہر نماز کے بعد مَعَاذَ اللّٰهِ گیارہ بار اولاد اور بچوں کا تصور کرکے پڑھیں اور انہیں شیطان سے اللہ کی پناہ میں دیں۔ ☆ یَا مَانِعُ صبح و شام ایک تسبیح بچوں کی عادات بد کا تصور کرکے ضرور پڑھیں۔ ان شاء اللہ اس تسبیح کے پڑھنے سے بچوں میں عادات بد پیدا نہ ہوں گی اگر ہیں تو وہ ختم ہوجائیں گی۔ اگر بچہ یا گھر کا کوئی فرد کسی بری عادت یا نشہ کا عادی ہوجائے تو سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 90 روزانہ رات اس کے کمرے میں ایک بار اونچی آواز میں پڑھیں۔ ☆ علت کے شکار شخص کو سورۃ الانبیاء کی آیت نمبر 69 تین بار پانی پر ہر دفعہ پڑھ کر پلائیں۔ ☆ صبح و شام 33 بار یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ پابندی سے پڑھیں۔ (ش۔ق)

بچوں کو گرمی کی شدت سے بچائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم ماہنامہ عبقری بہت شوق ذوق سے پڑھتے ہیں' اس شمارے سے ہمیں بہت سے نایاب طبی و روحانی نوٹکے ملتے ہیں جنہوں نے ہماری زندگی میں سکون بھر دیا ہے۔ شدید گرمی کا موسم ہے اور اس موسم میں جہاں بڑوں کیلئے جگہ جگہ احتیاطی تدابیر لکھی جاتی ہیں وہی بچوں کو گرمی کی شدت سے بچانا بھی بے حد ضروری ہے۔ ذیل میں عبقری قارئین خاص طور پر چھوٹے بچوں کے والدین کی رہنمائی کیلئے چند کارآمد تجاویز پیش کرنے جارہی ہوں' انہیں مدنظر رکھیں' آپ کا بچہ گرمی کی شدت سے محفوظ رہے گا۔ بچوں کی روزمرہ غذا کا چارٹ بنالیں' ناشتہ' دوپہر اور رات کا کھانا ایسا ہونا چاہیے جو شدید گرمی کے موسم میں کھایا جاسکتا ہے۔ بے وجہ گرم تاثیر والی غذا نہیں دینی چاہیے۔ انڈہ بے شک کھلائیں مگر بہتر ہے کہ ابلا ہوا انڈا کھانے کو نہ دیں۔ صبح ناشتے کے وقت آملیٹ یا فرائی کرکے انڈہ دیا جاسکتا ہے۔ صبح بچے کو پانی لازمی پلائیں۔ سکول جانے والے بچوں کو گھر سے پانی دے کر بھیجیں اور واپسی پر چیک کریں کہ اس نے کتنا پانی پیا ہے۔ سکولوں میں عموماً پانی کے کولر کا ٹھنڈا پانی پینے سے ان کا گلا خراب ہوسکتا ہے۔ ویسے بھی اکثر سکولوں میں صاف پانی نہیں ملتا۔ کھانے پینے کی اشیاء وہی معیاری ہوسکتی ہیں جو آپ اپنے سامنے بچوں کو کھانے کیلئے دیتی ہیں۔ لہٰذا بچے کو سکول کے پانی اور [illegible] سے بچائیں۔ [illegible] خاص طور پر [illegible] ریشمی اور موٹے کپڑے پہننے نہ دیں۔ اس سے بچوں کو زیادہ گرمی کا احساس اور جلدی امراض لاحق ہوسکتے ہیں۔ بچوں کو سر ڈھانپنے کیلئے ہیٹ' ٹوپی یا چادر وغیرہ لازمی دیں۔ حبس آلود ماحول کا سامنا کرنا پڑے یا شدید گرمی اس کے سر پر پڑے تو بچے بیمار ہوسکتے ہیں۔ بچے کو دن میں بار بار تازہ پانی پینے کیلئے دیں۔ بچوں کو کولڈ ڈرنکس ہرگز نہ پینے دیں۔ گرمی کے موسم میں بچوں کو ہیضہ' الرجی' یرقان' اسہال اور سن سٹروک جیسے مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ لہٰذا جیسے بچہ کام سے یا سکول سے واپس گھر آئے تو اس کو تازہ پانی پینے کیلئے دیں۔ ٹھنڈا دودھ بھی دیا جاسکتا ہے۔ بچوں کو دوپہر کے وقت پھل کھانے کیلئے بھی دیں۔ گرمیوں کے موسم میں بچوں کو سکول سے آنے کے بعد سونے کی عادت ڈالیں۔ تین چار گھنٹے کی نیند کے بعد بچہ اٹھ کر دوبارہ کھیل کود اور پڑھائی کے قابل ہوجاتا ہے۔ بڑوں کی طرح بچوں کو روبوٹ کی طرح سکول سے آتے ہی کھانا کھلا کر ٹیوشن پڑھنے کیلئے نہیں بھیج دینا چاہیے۔ یاد رکھیے! آپ کیلئے آپ کے بچے قیمتی ہیں مگر یہ قوم کا بھی سرمایہ ہیں۔ بچوں کی صحت کا خیال اگر آپ نہیں رکھیں گے تو اور کون اس طرف توجہ دے گا۔ گرمی شدید تر ہوچکی ہے اس لیے بچوں کے معالجین اور ماہر غذائیت سے مشورہ کرکے بچوں کی پرورش کا اہتمام کریں۔ (شائستہ شاکر حسین' ملتان)

قرآن کو صرف چوما اور تمام امراض ختم

مرض تیزی سے بڑھ رہا تھا اور ذہنی پریشانی عروج پر تھی' ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ آپ فوری آپریشن کروائیں۔ ان میں ایک ڈاکٹر پاکستانی تھا اس نے کہا کہ یہاں علاج بہت مہنگا ہے' آپ پاکستان جا کر آنکھ کا آپریشن کروائیں دل کے عارضہ کیلئے بھی یہی مشورہ ملا کہ پاکستان جا کر آپریشن کروالیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ناچیز عرصہ سے ایسے رسائل کی جستجو میں تھا جن میں اللہ پاک کی محبت' حضور نبی اکرم ﷺ کی غلامی اور انسانی خدمات کے جذبات کی عکاسی ہوتی ہو' تین سے چار ہفتے پہلے مجھے اپنے ایک دوست کے ہاتھ میں عبقری رسالہ نظر آیا' میں نے غور سے مطالعہ کیا تو معلوم ہوا عبقری میرے احساسات کا صحیح ترجمان ہے۔

محترم حکیم صاحب! درج ذیل واقعہ میری آپ بیتی ہے' جو میں قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔

قارئین! یہ 1976ء کی بات ہے جب میری عمر 40 سال کے لگ بھگ تھی' سعودی عرب کی ایک فرم میں بطور سیکرٹری اکاؤنٹنٹ تقرری عمل میں آئی' اللہ پاک کے فضل وکرم سے میں نے عرصہ دس سال سعودی عرب میں خدمات سرانجام دیں۔ 1980ء کے اوائل میں مجھے وہاں دل کا عارضہ ہونے لگا اور دائیں آنکھ میں موتیا شروع ہو گیا۔ مرض تیزی سے بڑھ رہا تھا اور ذہنی پریشانی عروج پر تھی' ڈاکٹروں نے مشورہ دیا کہ آپ فوری آپریشن کروائیں۔ ان میں ایک ڈاکٹر پاکستانی تھا' اس نے کہا کہ یہاں علاج بہت مہنگا ہے' آپ پاکستان جا کر آنکھ کا آپریشن کروائیں' دل کے عارضہ کیلئے بھی یہی مشورہ ملا کہ پاکستان جا کر آپریشن کروالیں۔ انہی دنوں ایک اللہ کے خاص بندے سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا' معاملہ ان کے گوش گزار کیا۔ فرمانے لگے: فکر کی کوئی بات نہیں' جو کہہ رہا ہوں غور سے سنو اور اس پر عمل کرو' انشاء اللہ شفاء ملے گی۔ فرمانے لگے: نماز فجر سے قبل یعنی تہجد کے وقت' تہجد پڑھنے کے بعد باوضو قرآن کریم کو پہلے دائیں آنکھ پھر بائیں آنکھ پر لگائیں اور اس سے قبل قرآن کریم کو چومیں' پھر سینے سے لگا کر اسماء الحسنیٰ اس طرح پڑھیں کہ اللہ پاک کے ہر نام کے ساتھ جل جلالہٗ پڑھا جائے۔ جب تک مرض سے نجات نہیں ملتی یہ عمل جاری رکھا جائے۔ ناچیز نے اس بزرگ کی ہدایات درج بالا پر مکمل توجہ دھیان اور یقین کے ساتھ عمل شروع کر دیا۔ سعودی عرب میں 1986ء تک رہا' پاکستان آنے سے قبل نہ دل کا عارضہ رہا' نہ آنکھ میں موتیا' اللہ پاک کی کرم نوازی کیا بیان کروں' تمام مسائل حل ہو چکے تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن کریم سے ایسی شفاء میسر آتی ہے جس کا کوئی بدل نہیں' قرآن کریم کی جس آیت کو بھی ورد زبان بنایا جائے انشاء اللہ فیضان باری تعالیٰ کے موتی اور مونگے دل و دماغ کو مستفید کریں گے۔ الحمدللہ، آج تک میری آنکھ اور دل میں کوئی تکلیف نہ ہوئی۔ (علی ابن علی' سرگودھا)

سخت گرمی' برقعہ' ہسپتال اور بیمار بیٹا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پیشہ کے لحاظ سے ایک ٹیچر ہوں' عبقری میں آئے بہت سے اعمال خود بھی شروع کیے اور لوگوں کو بھی بتاتی ہوں۔ سب سے پہلا عبقری میگزین کا عمل جو میں نے آزمایا وہ ''مستجم اور اذان کا عمل'' ہے' میں نے خود بھی شروع کیا اور میرے ساتھ ایک ٹیچر ہیں ان کو بھی بتایا۔ ایک دن اُس ٹیچر کے گھر میں پانی کا پمپ خراب ہو گیا تھا تو اس نے یہ عمل شروع کیا اور اس وقت اس کا پانی کا پمپ ٹھیک ہو گیا تھا۔ میری بھابی عالمہ اور بہت ہی پرہیزگار باپردہ خاتون ہیں' ان کا بیٹا یعنی میرا بھتیجا بیمار تھا تو وہ اسے ہسپتال میں لے گئیں' حالت زیادہ بگڑنے کی وجہ سے ہسپتال والوں نے اسے داخل کر لیا۔ شدید گرمی کے دن تھے' میری بھابی نے بڑا برقعہ (ٹوپی والا) اوڑھا ہوا تھا' ڈاکٹرز نے کہا کہ ہم بچے کو چار دن کیلئے ہسپتال میں رکھیں گے' مجھے شدید فکر لاحق ہوگئی کہ گرمی اور اوپر سے ٹوپی والا برقعہ پہن کر بھابی چار دن کیسے گزاریں گی۔ میں نے بھی یہی عمل اذان اور سورۂ مومنون کی آخری چار آیات کو سات، سات مرتبہ پڑھنا شروع کر دیا۔ ہر گھنٹہ بعد یہی عمل کرتی تو صرف ایک ہی دن کے بعد ڈاکٹرز نے کہا کہ بچے کی حالت پہلے سے بہت بہتر ہوگئی ہے' آپ یہ ادویات باہر سے لے لیں اور بچے کو گھر لے جائیں۔ اس طرح اس عمل سے میری اور میری بھابی کی پریشانی ختم ہوئی۔ اس کے علاوہ میں بہت سے لوگوں کو ایک دم کرتی ہوں جن بچوں کو زکام سے سینے میں درد ہوتا ہے ان بچوں کو سورۂ فاتحہ سے دم کرتی ہوں اور اللہ کا شکر ہے تین وقت دم سے بچے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ کبھی کبھار بڑے لوگ بھی دم کروانے آجاتے ہیں' جنہیں پردہ میں ہو کر دم کر دیتی ہوں۔ اللہ کے کرم سے ان کو بھی آرام آجاتا ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اب صبح سے لے کر رات سونے تک ہر کام میں سنت کے مطابق کرتی ہوں۔ (ج۔ پشاور)

[illegible] قسط نمبر 120 ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

عیسائی راہبوں کے ساتھ حسن سلوک

سن ۶ ہجری میں آپ ﷺ نے کوہ سینا کے عیسائی راہبوں کو جو سینٹ کیتھرائن کی خانقاہ میں رہتے تھے۔ بڑی مراعات دیں' یہ رواداری کی ایک شاندار مثال ہے' اس چارٹر میں آپ ﷺ نے یہ ضمانت دی کہ عیسائیوں کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچایا جائے گا' ان کے گرجوں اور ان کے پادریوں کی رہائش گاہوں کی پوری حفاظت کی جائے گی' ان پر غیر منصفانہ ٹیکس نہ لگائے جائیں گے' کوئی بشپ اپنے منصب سے معزول نہ کیا جائے گا' کوئی عیسائی اپنے مقدس مقامات کی زیارت کو جائے گا تو اس زیارت میں اس کی کوئی مزاحمت نہیں کی جائے گی۔ کسی گرجے کو منہدم کر کے مسجد یا کسی مسلمان کا گھر نہ بنایا جائے گا' ان پر مذہب کی تبدیلی کیلئے کوئی جبر اور زور نہ ڈالا جائے گا۔

"پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک" اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور "غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

بے دینی کے اسباب ضرور جان لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس چند اچھی باتیں ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔ حضرت لاہوری رحمۃ اللہ علیہ نے بے دینی کے اسباب کے حوالے سے بتایا اسی (80) فیصد بے دینی کا سبب حرام کی کمائی' دس فیصد بے نمازوں کا کھانا' دس فیصد نیک لوگوں کی صحبت سے دور رہنا ہے۔ **ایک نیک مقصد:** پلاسٹک شاپر کا متبادل استعمال کرنے کی کوشش اس نیت سے کریں کہ اس کی وجہ سے نالی' گٹر بند نہ ہو اور اس کے جلنے سے جو آلودگی پھیلتی ہے وہ نہ پھیلے۔ روزانہ ایک شاپر کم کرنے کی کوشش کریں۔ مزید ہر روز' ہر ہفتہ' ہر ماہ ایک مسنون عمل' مسنون دعا' قرآن مجید کی ایک آیت سمجھیں' عمل کریں' یاد کریں۔ دنیا بھر کے تمام مرحومین کو روزانہ دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہ پڑھ کر ایصال ثواب کریں۔ یہ کم از کم ہے باقی جتنا آپ مناسب سمجھیں کر سکتے ہیں۔ (محمد افضل رحمانی' خوشاب)

مثانے کی پتھری دور: مثانے کی پتھری دور کرنے کیلئے صبح نہار منہ کچے آم دو تین تولے روزانہ کھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

مایوسی کو بھگانے کیلئے ہمارے گر آزمائیے

پاکستان میں جسمانی امراض میں گرفتار مریضوں کی تعداد اتنی نہیں جتنی خوف' تفکرات' حسد' رقابت اور بدلہ لینے کی کوشش رکھنے والے لوگوں کی ہوتی ہے۔ یہ مریض اگر چاہیں تو اپنی ایسی بیماریوں کو نفسیاتی طریقہ علاج کے تحت اپنے جسم سے ہمیشہ کیلئے باہر نکال سکتے ہیں

اللہ رب العالمین نے انسان کو کائنات کی تمام نعمتوں سے سرفراز کیا ہے جن میں سے سب سے افضل علم ہے' یعنی ایسا فہم و شعور عطا کیا ہے جس کے ذریعے وہ اپنے اور اس کائنات کے خالق و مالک کی شناخت کرتا ہے' وہ دانائی اور ہوش مندی جس کے ذریعے وہ اچھے اور برے کی تمیز کرتا ہے اور یہی وہ نعمت ہے جو تمام جانداروں میں صرف انسان کو عطا ہوئی اور اسی نے انسان کو تمام مخلوقات میں اشرف بنایا۔ اتنا اشرف کہ فرشتوں نے بھی سجدہ کیا۔ اس فضیلت کو عطا کرنے کا یقیناً ایک مقصد بھی ہے اور وہی مقصد۔ ہر انسان کا حقیقی مقصد حیات ہے جس نے اس مقصد کو پہچان لیا وہ انسان اپنے وجود سے ہمیشہ محبت کرتا ہے' وہ انسان دیگر انسانوں کی قدر کرتا ہے' وہ انسان ہمیشہ خوش اور مطمئن رہتا ہے۔ وہ انسان کبھی محرومی اور مایوسی کے اندھیروں میں نہیں کھوتا وہ انسان کبھی بھی اپنے وجود کی ناقدری نہیں کرتا وہ انسان کبھی بھی زندگی میں ناامید نہیں ہوتا۔ انسان ہونے کے ناطے اللہ رب کریم سے یہ دعا نہیں کرنی چاہیے کہ زندگی کو دکھوں اور آزمائشوں سے نجات مل جائے بلکہ یہ دعا کرنی چاہیے کہ اے اللہ انہیں برداشت کرنے کی ہمت و حوصلہ دے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو عقل عطا کی' سمجھ بوجھ دی' اچھے برے کا فرق سکھایا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اپنے خالق کی پہچان کرائی اس کے بعد صرف اور صرف یہی دعا کرنی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ اپنی بیش بہا نعمتوں کے صدقے ہمیں پرسکون اور متقی بنا دے' ذہنی خلفشار اور انتشار سے نجات دے دے۔ یاد رکھیں کہ زندگی کے مسائل ہمیں زندہ رہنے کا حوصلہ دیتے ہیں کیونکہ ان سے نبرد آزما ہوکر ہی یقینی کامیابی ممکن ہوتی ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ مسائل ہی زندگی کو بامقصد اور دلچسپ بناتے ہیں۔ مشہور مصنف نارمن ونسنٹ نے لکھتا ہے کہ اس کی ملاقات نیویارک کے انتہائی مسائل میں گھرے شخص سے ہوئی' اس نے نارمن سے پوچھا کہ میری مدد کرو' میں مسائل کا شکار ہوں' مجھے کوئی جگہ بتاؤ جہاں مسائل نہ ہوں میں وہاں چلا جاؤں؟ نارمن نے جواب دیا: میں ایک ایسی جگہ سے واقف ہوں جہاں کی آبادی پندرہ ہزار سے زائد ہے لیکن ان میں سے کوئی بھی کسی مسئلہ کا شکار نہیں ہے۔' خدارا! مجھے بتاؤ وہ جگہ کہاں ہے؟ میں وہاں جا کر رہنا پسند کروں گا' اس نے بے اختیار کہا۔ نارمن بولا: وہ جگہ نزدیکی قبرستان ہے جہاں کے لوگوں کو کوئی الجھن کوئی پریشانی نہیں ہے کیونکہ انسان مرنے کے بعد ہی دنیا کے ہنگاموں اور مسائل سے بچ سکتا ہے۔ یہاں اگر وہ زندہ ہے تو اسے بدلتے موسموں' دکھ سکھ اور مختلف مسائل کا سامنا کرنا ہے کیونکہ یہی زندگی ہے اور انہی باتوں سے دنیا میں نت نئی تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں کیونکہ جب انسان اپنے مسائل سے نمٹنے کیلئے جدوجہد کرتا ہے تو اس کے اثرات دوسروں پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔

اس کے برعکس جب انسان اپنے مسائل کے سامنے ہار مان لیتا ہے تو اس کا ذہن بیمار ہونے لگتا ہے جس کی وجہ سے اس میں کئی قسم کی ذہنی و نفسیاتی بیماریاں پیدا ہونے لگتی ہیں اور ذہنی امراض کے مریضوں کی علامات ایسی ہوتی ہیں کہ عموماً ان کے گھر والے ان پر جنات کا سایہ سمجھ لیتے ہیں اور فقط جھاڑ پھونک کو ہی علاج قرار دیتے ہیں یا پھر کسی نام نہاد پیر کے پاس لے جا کر اس کے جن نکلوانے کی کوششوں میں لگے رہتے ہیں لیکن جن باہر نہیں نکلتا کیونکہ وہ اندر ہو تو باہر نکلے لیکن نام نہاد پیر صاحب کی جیب میں بہت کچھ چلا جاتا ہے۔ آج کے دور کا انسان تذبذب' بے چینی اور انتشار کا شکار ہے اس کا سبب ہی یہ ہے کہ ہمارا ایمان ذات خداوندی پر سے کمزور ہو چکا۔ اگر ہم اللہ تعالیٰ پر کامل ایمان رکھتے ہوں اور اسے رحمن رحیم غفار جبار قدوس رزاق طبیب اور منصف اعظم سمجھیں تو کیسے ممکن ہے کہ بڑے امراض مثلاً کینسر' ہارٹ اٹیک' ذیابیطس' ایڈز' ہیپاٹائٹس اور ڈیپریشن و فوبیاز کا شکار ہو جائیں۔ آج کے اس سائنسی دور میں جہاں میڈیکل سائنس ناکام ہو رہی ہے وہاں پر دعائیں ایسے معجزانہ اثرات دکھا رہی ہیں کہ اسلام کے دشمن بھی اس کے قائل ہو چکے ہیں لیکن یہ تب ہی ممکن ہے جب آپ کا ایمان و اعتقاد مضبوط ہو اور مشکلات و مسائل آپ کے پائے استقلال میں کوئی لغزش نہ آنے دیں لیکن ہوتا اس کے برعکس ہے۔ اگر ہم اپنے ہسپتالوں میں داخل مریضوں کا جائزہ لیں تو یہ بات ہمارے سامنے کھل کر واضح ہو جاتی ہے کہ پاکستان میں جسمانی امراض میں گرفتار مریضوں کی تعداد اتنی نہیں جتنی خوف' تفکرات' حسد' رقابت اور بدلہ لینے کی کوشش رکھنے والے لوگوں کی ہوتی ہے۔ یہ مریض اگر چاہیں تو اپنی ایسی بیماریوں کو نفسیاتی طریقہ علاج کے تحت اپنے جسم سے ہمیشہ کیلئے باہر نکال سکتے ہیں یعنی ایسے مریض اگر ان امراض (خوف، تفکرات وغیرہ) کا علاج کر لیں تو ان کی جسمانی تکالیف خودبخود رفع ہو جائیں گی۔ آج پاکستان ہی نہیں پوری دنیا ذہنی امراض کی لپیٹ میں ہے۔ ذہنی صحت زوال پذیر ہے' کشمکش اور تناؤ میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ انسانی رشتوں کی مطابقت ختم ہوتی جا رہی ہے اور مادیت کے لوازمات بڑھ چکے ہیں۔ مادی ترقی کے ساتھ ساتھ روحانی اور انسانی اقدار میں زوال' سماجی زندگی سے روابط کی کمی اور تنہائی ذہنی صحت کو تیزی سے تباہ کر رہے ہیں' بالخصوص بڑے شہروں میں نیند کی کمی' جھنجھلاہٹ' غصہ' ڈیپریشن' عضلاتی تناؤ اور ان جیسے دیگر کئی عوارض عام ہوتے جا رہے ہیں۔ حرص و ہوس نے انسان کو اتنا مشغول کر دیا ہے کہ اس کے سماجی رشتے روز بروز کمزور ہوتے جا رہے ہیں' خوشیاں مفقود ہو رہی ہیں اور برکات اٹھ رہی ہیں۔ اس حقیقت کو سمجھنا چاہیے کہ جذبات اور ہیجانات انسانی جسم پر براہ راست اثر انداز ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ شرم و حیا اور احساس ندامت کی وجہ سے انسان کے چہرے پر سرخی دوڑ جاتی ہے جبکہ کسی خوف کے سبب چہرے کا رنگ فق ہو جاتا ہے' اسی طرح بہت سے ذہنی و جذباتی عوامل انسانی جسم کو متاثر کرتے ہیں۔ انسانی ذہنی و جسمانی عوامل جسم پر اثر انداز ہو کر بہت سے پیچیدہ امراض پیدا کرنے کا باعث بنتے ہیں۔ ایسے افراد جو تھوڑی سی بیماری سے بہت زیادہ پریشان ہو کر اس بیماری کو ذہن پر مسلط کر لیتے ہیں وہ دیر سے صحت مند ہوتے ہیں جبکہ ایسے افراد جو بیماری کو اپنے اوپر سوار نہیں ہونے دیتے وہ بہت جلد یا کئی بار بغیر کسی دوا کے ہی ٹھیک ہو جاتے ہیں اس کی وجہ یہی ہے کہ بیماری کو سوار کرنے سے قوت مدافعت کمزور ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے انسانی جسم صحت مندی کی طرف راغب ہونے میں دیر لگا دیتا ہے جبکہ بیماری کو مسلط نہ کیا جائے تو قوت مدافعت مستحکم رہتی ہے جس کی وجہ سے بیماری اس کے زیر تسلط آ جاتی ہے اور بیمار جسم ٹھیک ہو جاتا ہے۔ ایک صحت مند جسم کیلئے صحت مند ذہن کا ہونا ضروری ہے۔ یاد رکھیں! زندگی گزارنے کیلئے ہمیشہ پرامید اور مثبت انداز اختیار کریں۔ مایوسی گناہ ہے اور ناامیدی انسان کو کمزور کر دیتی ہے اور کمزور انسان بیماریوں کا گڑھ بن جاتا ہے۔

وہ دیکھو آگ لگ گئی! بجھانے اور بچانے کے گر

کنول بانو

آج گھروں، دفاتر، سڑکوں، ہر جگہ ذرا سی غفلت سے بچنا ضروری ہے۔ آج کے دور میں خیریت سے زندہ رہنا ہے تو آگ سے بچاؤ کے طریقے سیکھنا لازم ہے کہ یہ ناگہانی آفت کہیں بھی کسی بھی وقت آسکتی ہے چنانچہ کچھ بنیادی تکنیکس سیکھنا زندہ رہنے اور دوسروں کو بچانے کیلئے ضروری ہیں۔

انسانی المیہ یہ ہے کہ جو کچھ اس کی زندگی کیلئے ضرورت اور ناگزیر ہے وہی اس کیلئے زندگی ختم کرنے کا ذریعہ بھی بن جاتا ہے آگ ہی کو لیجئے سورج آگ' چولہا آگ' بجلی آگ' گاڑی آگ' اے سی آگ' جنریٹر آگ' کمرے میں لگا یو پی ایس آگ' لیپ ٹاپ آگ حتیٰ کہ آپ کی جیب میں پڑا آئی فون آگ تو صورتحال یہ ہے کہ جیسے انسان آگ میں کھڑا ہوا ہے۔ گویا آج آگ سے آگہی ناگزیر ہے کہ زندگی کی یہ بنیادی ضرورت موت کا پیغام نہ بن جائے۔ آگ اتفاقیہ یا حادثاتی طور پر لگ جائے یعنی آتشزدگی ہو یا مجرمانہ مقاصد کے تحت لگائی جائے یعنی آتش زنی ہو یکساں تباہی لاتی ہے۔ بھڑکتے شعلوں کی دہشت' حدت اور تباہی دور تک محسوس کی جاتی ہے۔ فلمی رسالوں یا ڈائجسٹوں تک تو ٹھیک ہے کہ ہیرو دھکتی آگ میں کود کر بچے کو بچا کر باہر لے آتا ہے لیکن حقیقی زندگی میں شعلوں کے بہت قریب جانا بھی جان لیوا ہوسکتا ہے نہ صرف حدت سے ڈی ہائیڈریشن ہوجاتی ہے بلکہ زہریلی گیسوں سے سانس بند ہوسکتا ہے چنانچہ فائر بریگیڈ کا تربیت یافتہ عملہ ہی مخصوص لباس اور انتظام کے ساتھ آگ میں راستہ بنا کر جان بچا سکتا ہے۔ آج گھروں، دفاتر' سڑکوں' ہر جگہ ذرا سی غفلت سے بچنا ضروری ہے۔ آج کے دور میں خیریت سے زندہ رہنا ہے تو آگ سے بچاؤ کے طریقے سیکھنا لازم ہے کہ یہ ناگہانی آفت کہیں بھی کسی بھی وقت آسکتی ہے چنانچہ کچھ بنیادی تکنیکس سیکھنا زندہ رہنے اور دوسروں کو بچانے کیلئے ضروری ہیں۔

آگ لگ جائے تو کیا کریں: جس جگہ آگ لگی ہو وہاں سے باہر نکلنے کی ہر ممکن کوشش کریں' لاشعوری طور پر سب نے پہلے یہی کوشش کی جائے گی مگر آپ اس کوشش میں اس وقت کامیاب ہوسکیں گے جب آپ کے گھر' دفتر یا ہوٹل میں باہر نکلنے کا متبادل راستہ موجود ہوگا۔ یہ طریقہ اس وقت اختیار کیا جائے گا جب خدانخواستہ آگ شدید یا قابو سے باہر ہوجائے اور جان بچانے کا واحد راستہ بند ہوگیا ہو اس کے علاوہ کچھ اور حفاظتی اقدامات بھی کیے جاتے ہیں۔ لیکن کیا آگ سے بچنے کے حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جارہے ہیں' خصوصاً ہمارے پیارے ملک میں اس شعبے کے حالات انتہائی خراب ہیں یہی وجہ ہے روزانہ میڈیا پر آگ لگنے کے واقعات شائع ہوتے رہتے ہیں۔

آگ لگنے کے محرکات: اس ضمن میں سب سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ آگ لگنے کے محرکات کیا ہوسکتے ہیں؟ اس طرح بہتر طور پر احتیاطی تدابیر کی جاسکیں گی۔ بجلی سے متعلق مسائل جیسے شارٹ سرکٹ' پرانی وائرنگ' آتش گیر مواد کی گھر میں موجودگی اور آلات کے استعمال میں عدم احتیاط' غفلت اور لاعلمی سب خوفناک آگ کا سبب بننے والے عوامل ہیں۔ 1۔ جب بھی گھر تبدیل کریں' خود اپنا گھر خریدیں یا کرائے پر لیں اس میں بجلی کے تاروں کی وائرنگ کا بغور جائزہ لیں۔ 2۔ اگر گھر میں کسی بھی قسم کا آتش گیر مواد رکھا ہے تو اسے گھر سے نکال باہر کیجئے۔ 3۔ بجلی کے علاوہ سوئی گیس کی رسد جن پائپوں سے ہوتی ہے ان کا بھی معائنہ کرلیں۔ 4۔ بار بار بجلی جانے کی صورت میں اکثر وولٹیج کم یا زیادہ ہوجاتا ہے لہٰذا یہ یقین کرلیں کہ آپ نے گھر کے تمام الیکٹرانکس [illegible] کی شکل میں محفوظ بنایا ہے۔ 5۔ اپنے گھر' دفتر یا ہر اس مقام کا جہاں آپ وقت گزارتے ہیں جائزہ لیجئے۔ 6۔ استری' ٹیلی ویژن' فریج یا دیگر بجلی سے چلنے والی مشینوں کے مرکزی پلگ خراب ہونے کی صورت میں بھی شارٹ سرکٹ سے آگ لگنے کا خطرہ ہوتا ہے۔ ان کو خراب ہوتے ہی تبدیل کروالیں۔ یاد رکھیں! پلگ خراب ہوجائے تو سوئچ بورڈ میں ننگی تاروں کو ماچس کی تیلیوں کی مدد سے نہ لگائیں ان تیلیوں میں آتش گیر مادے کی موجودگی کسی بڑی تباہی کا پیش خیمہ بن سکتی ہے۔ کیا احتیاط کی جائے؟ بالغ افراد کے علاوہ بچوں اور گھر کے ملازمین کو بھی آگ لگنے کی صورت میں اپنا دفاع کرنے کی بنیادی احتیاطی تدابیر معلوم ہونی چاہئیں۔ اس طرح کم از کم آگ جیسی ناگہانی مصیبت کو ابتدائی مرحلے پر ہی قابو میں کیا جاسکتا ہے۔ مندرجہ ذیل تدابیر بھی اختیار کی جاسکتی ہیں۔ فائر بریگیڈ یا آگ بجھانے کے عملے اور سول ڈیفنس آرگنائزیشن کے تحت علاقوں کی سطح پر آگ سے بچاؤ اور اس سے نمٹنے کے ابتدائی مرحلوں کے متعلق لیکچرز اور سیمینار منعقد کیے جائیں تاکہ شعور پیدا ہو۔ لیکچررز کے ساتھ کمیونٹی سنٹرز' سکول' کالج اور یونیورسٹیوں میں بھی اس ضمن میں بنیادی معلومات کے ساتھ عملی طور پر بھی تربیت کی ضرورت ہے۔ گھر، دفتر، سکول یا ہوٹل میں اسموک ڈی ٹیکٹر (دھواں سونگھنے کی صلاحیت رکھنے والا آلہ) واٹر اسپرنکل یا پانی کے فوارے اور آگ بجھانے کیلئے مخصوص سلنڈر میں محفوظ فوم نما مرکب کی موجودگی یقینی بنائی جائے۔ خاتون خانہ کا زیادہ تر وقت گھر اور خاص کر کچن میں گزرتا ہے لہٰذا انہیں خصوصی طور پر یہ سمجھنا چاہیے کہ گھر میں کیا چیز کہاں رکھی ہے اور کس جگہ آگ لگنے کا اندیشہ ہے؟ آگ بجھانے کے مخصوص سلنڈر کے استعمال کی میعاد بھی دیکھتے رہنا ضروری ہے۔ ہمارے ہاں تعمیرات کے کے فن میں ابھی بہت سے بنیادی نکات پر غور نہیں کیا جاتا۔ متوسط طبقات میں گھر کی تعمیر چند گھسے پٹے اصولوں پر ہی کی جارہی ہے۔ ہمارے معاشرے میں گھر' دفتر' سکول یا بعض ہوٹلوں میں بھی Fire Exits یا گھر سے باہر نکلنے کا متبادل راستہ نہیں رکھا جاتا۔ اگر کھانا پکانے کے دوران آگ لگ جائے تو اسے پانی سے بجھانے کے بجائے موٹے سوتی کمبل سے بجھایا جائے۔ ایسی آگ پر پانی ڈالنے سے جسم کے متاثرہ حصوں پر آبلے پڑنے کا اندیشہ رہتا ہے۔ یہاں یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ آکسیجن آگ کو مزید بھڑکاتی ہے جبکہ کاربن ڈائی آکسائیڈ اس کی شدت کو کم کرتی ہے۔ گھر، دفتر، سکول یا ہوٹل کے مخصوص کمروں جیسے بیڈروم' کاریڈور' کچن اور گیراج میں آگ بجھانے کے آلات ضرور رکھنے چاہئیں۔ گھر کے مرکزی اور متبادل دروازوں کی دو سے زائد چابیاں بنوا کر گھر کے تمام افراد کو دی جائیں۔ اگر رہائش کسی کثیر منزلہ عمارت میں ہو تو یہ بھی یقین کرلیں کہ آگ لگنے کی صورت میں باہر نکلنے کیلئے سیڑھی موجود ہے۔ کھڑکیوں کے آگے حفاظتی لوہے کی جالی کا ڈیزائن بھی یوں ہو کہ سیڑھی لگا کر چڑھا اور اترا جاسکے۔

غیر مناسب پلاننگ کی وجہ سے ایسے حالات اکثر رونما ہوتے رہتے ہیں۔ گھروں میں آگ لگنے کے واقعات کی روک تھام کیلئے مناسب پلاننگ اور آگ سے بچاؤ کے طریقوں سے متعلق آگہی ہر سطح پر نہایت ضروری ہے۔ مگر خاص طور پر ہمارے معاشرے میں ایسی کسی پلاننگ کو ضروری ہی نہیں سمجھا جاتا گھر کے ہر فرد کو ایسی ناگہانی سے نمٹنے کی ضرورت پڑسکتی ہے۔ آگ سے بچنے اور آگ بجھانے کے آلات کی معلومات کے ساتھ یہ بھی جاننا ضروری ہے کہ آگ بجھانے کے عملے کو اطلاع کس نمبر پر اور کیسے کی جائے؟ گھر، دفتر سکول یا کسی بھی عمارت کی تعمیر کے دوران ایسے ہنگامی حالات میں باہر نکلنے کا متبادل راستہ ضرور بنانا چاہیے اور یہ صرف ایک ہی لیکچر یا تربیتی پروگرام یا ایک تحریر سے سمجھنے والے اصول نہیں بلکہ اس سنگین مسئلے سے نمٹنے کیلئے باقاعدگی سے پلاننگ اور تربیتی پروگراموں کی اشد ضرورت ہے۔

چھ لاکھ برس عبادت چھ لاکھ اونٹ کا صدقہ چھ لاکھ غلام آزاد

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے

شوال کا چاند دیکھنے کے بعد یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الشَّھْرُ اَوَّلُ شَھْرٍمِّنْ اَشْھُرِ الْحَجِّ فَارْزُقْنَا بِحُرْمَةِ الْحَجِّ وَ الْفَتْحِ اَللّٰھُمَّ صَحِّحْ اَبْدَانَنَامِنَ الْاَسْقَامِ وَالْاٰثَامِ وَوَفِّقْنَا زِیَارَةَ بَیْتِكَ الْحَرَامِ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

ایک روایت میں آتا ہے کہ جب عید کی صبح ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کو بھیجتا ہے جو زمین پر اترتے ہیں اور گلی کوچوں اور راستوں میں کھڑے ہوجاتے ہیں اور بلند آواز سے کہتے ہیں جسے جن اور انسان کے سوا تمام مخلوق سنتی ہے، وہ کہتے ہیں، اے محمد (ﷺ) کی امت! اپنے پروردگار کی طرف آؤ، وہ تمہیں عطائے عظیم دے گا اور تمہارے بہت بڑے گناہ معاف فرمائے گا اور جب لوگ عید گاہوں میں آجاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتے ہیں، جب مزدور اپنا کام مکمل کرے تو اس کی مزدوری کا بدلہ کیا ہے؟ فرشتے کہتے ہیں اس کا بدلہ یہ ہے کہ اسے پورا اجر دیا جائے۔ تب اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں تمہیں گواہ بناتا ہوں، میں نے ان لوگوں کے لیے اپنی بخشش اور رضا کو ان کا اجر بنایا ہے۔

یکم شوال: جو کوئی شوال کی یکم تاریخ کو نماز ظہر کے بعد آٹھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 25,25 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد ستر مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ' ستر مرتبہ استغفار اور ستر مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ o

تو بفضل باری تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اسکی ستر دنیاوی حاجات اور ستر اُخروی حاجات پوری ہوں گی اور اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم اور رحمت نازل فرمائیں گے۔

چار رکعت نماز نفل: جو کوئی یکم شوال کی شب نماز عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز دو، دو رکعت کرکے پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص' تین تین مرتبہ سورۂ فلق اور تین تین مرتبہ سورۂ ناس پڑھے پھر جب نماز مکمل کرکے فارغ ہوجائے تو ستر مرتبہ کلمہ تمجید (تیسرا کلمہ) پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کو گناہوں کی معافی عطاء ہوگی اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کی توبہ قبول فرمائینگے اور اس کو نیکی کے کاموں کی توفیق بخشیں گے۔

چار رکعت نفل: صالحین کا کہنا ہے کہ عیدالفطر کی رات کو چار رکعت نفل دو دو کرکے یوں پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نوافل کے بعد کھڑے ہوکر 1100 مرتبہ یہ وظیفہ پڑھے جو کھڑا ہوکر وظیفہ نہ پڑھ سکے وہ بیٹھ کر پڑھ لے۔ ان نوافل کی برکت سے بندے کے دل میں اللہ کی محبت کا جذبہ بیدار ہوجاتا ہے اور بندہ تلاش حق کیلئے کمربستہ ہوجاتا ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الْاَحَدْ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ رَبِّ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْوَکِیْلِ الْکَفِیْلِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْفَتَّاحِ الْعَلِیْمِ

آٹھ رکعت نفل: شوال مکرم کی پہلی ساعت یعنی شب عید کو تہجد کے وقت آٹھ رکعت نفل یوں پڑھے کہ سورۂ فاتحہ کے بعد ہر پہلی اور ہر دوسری رکعت میں سورۂ کافرون 25 مرتبہ' ہر تیسری اور چوتھی رکعت میں سورۂ اخلاص 25 مرتبہ ہر پانچویں اور چھٹی رکعت میں سورۂ فلق 25 مرتبہ' ہر ساتویں اور ہر آٹھویں رکعت میں سورۂ ناس 25 مرتبہ پڑھے پھر 1313 مرتبہ مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھے۔ اللہ پڑھنے والے پر خاص نظر التفات فرمائے گا۔ نوافل پڑھنے والے کو بے پناہ اجر ملے گا۔ اس عمل سے مرنے کے بعد عذاب قبر میں راحت بھی پیدا ہوگی۔ یہ دنیوی حاجات کیلئے بہت اکسیر ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ۔ یَااَللّٰہُ۔

جنت واجب: نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص ماہ رمضان المبارک میں دن کو روزہ رکھے اور شب کو نوافل ادا کرے اور عید کے دن صدقہ فطر ادا کرکے عیدگاہ میں جائے تو عیدگاہ سے واپس ہونے تک اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص شوال کے مہینے میں چھ روزے رکھے گا اس کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن طوق اور زنجیروں سے محفوظ فرمائیں گے۔ ایک روایت میں ہے اس کیلئے چھ لاکھ برس کی عبادت اور چھ لاکھ اونٹ کا صدقہ اور چھ لاکھ غلام آزاد کرنے سے بھی زیادہ ثواب ہے۔

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 11 جولائی بروز منگل صبح 8 بجے سے لیکر 9 بجکر 23 منٹ تک۔ 21 جولائی بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 30 جولائی بروز اتوار رات 9 تا 10 بجکر 17 منٹ تک یَاوَاسِعَ الْفَضْلِ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں۔

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

گھر خوشیوں کا گہوارہ بن گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں' خاص طور پر روحانی محفل تو میں ضرور کرتی ہوں' اس کے اتنے فوائد ہیں کہ اگر میں لکھنے بیٹھ جاؤں تو ایک کتاب بن جائے۔ میری شادی 2006ء میں غیروں میں ہوئی' شادی کے دو سال بعد ہی گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہوگئے' میری ساس صاحبہ کو میرا وجود گھر میں بالکل بھی برداشت نہ تھا' میرے شوہر مجھ سے بہت محبت کرتے تھے' مگر نا معلوم انہیں میرے بارے میں کیا کیا باتیں بتائیں کہ وہ مجھ سے دن بدن دور ہوتے گئے اور ایک دن میری ساس صاحبہ نے مجھ پر ایک انتہائی گھٹیا الزام لگایا اور میرے شوہر نے مجھے گھر سے نکال دیا' (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

بے رونقی کمزوری دور: جسم کی خشکی' بے رونقی زردی اور کمزوری کو دور کرنے کیلئے روزانہ ایک آم کھانا اور بعد ازاں ایک گلاس کچی لسی استعمال کرنا بے حد مفید ہے۔

حضرت پیر واسع عطا ہاشمی رح کے روحانی وظائف

اگر کوئی شخص اولاد نرینہ سے محروم ہو اور چاہتا ہو کہ اس کے ہاں بھی لڑکا پیدا ہو جو اس کی جائیداد کا وارث بنے تو اس کیلئے بعد نماز عشاء، پابندی کے ساتھ باوضو قبلہ رُخ پاک مصلے پر بیٹھ کر پانچ سو بار اسم الٰہی یَااَوَّلُ بلاناغہ پڑھا کرے۔

افسر، حاکم یا شوہر کا خوش ہو جانا: اگر کسی شخص کا افسر' حاکم یا عہدیدار ناراض ہو جائے یا کسی عورت کا شوہر بدمزاج اور بدزبان ہو اور مار پیٹ کرتا ہو تو رات کو بارہ بجے کے بعد بیدار ہو کر وضو کرے اور اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد اسم الٰہی یَاصَبُوْرُ ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر حاکم یا شوہر کے خوش اور درست رویہ اپنانے کیلئے دعا کرے۔ یہ عمل اس وقت تک برابر کرتا رہے جب تک افسر یا شوہر خوش نہ ہو جائے۔ خوش ہو جانے کے بعد عمل چھوڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی حاکم یا افسر خوش ہو جائے گا۔ شوہر بدزبانی' مار پیٹ اور بدتمیزی سے باز آ جائے گا۔

روزی اور خوشحالی کیلئے: اگر کوئی شخص تنگدست' غریب' بے روزگار پریشان حال ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی روزی [illegible] ہو جائے اور اس کی آمدنی بڑھ جائے تو اس کیلئے بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء، اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد باوضو چھ سو پانچ مرتبہ اسم الٰہی یَاوَارِثُ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ یہ عمل روزانہ بلاناغہ کرے اور اپنے رزق میں برکت اور آمدنی میں زیادتی بارگاہ رب العزت سے طلب کرے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک آمدنی میں اچھا خاصا اضافہ نہ ہو جائے۔

کسی سے زمین' جائیداد' مال وغیرہ چھینا ہوا واپس ملنا: اگر خدانخواستہ کسی کی زمین کسی نے چھین لی ہو یا اس کی جائیداد پر ناجائز قبضہ کر لیا ہو یا کسی نے زبردستی مال چھین لیا ہو یا قرض لے کر کھا گیا ہو لیکن واپس کرنا نہیں چاہتا۔ اس کیلئے بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء، باوضو پاک جگہ اور مصلے پر بیٹھ کر قبلہ رخ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ سو بار اسم الٰہی یَابَدِیْعُ پڑھے۔ اس کے بعد آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک اپنا حق نہ مل جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پابندی کے ساتھ مسلسل عمل کرنے سے ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ مجرب عمل ہے۔

زندگی کی جملہ پریشانیاں ختم: اگر کسی شخص کی زندگی پریشانی اور مصیبت میں گزر رہی ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کی زندگی کی تمام پریشانیاں ختم ہو جائیں اور ہر قسم کی مصیبت دور ہو جائے تو اس کیلئے بعد نماز فجر سورج نکلنے سے پہلے پہلے باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو ایک بار اسم الٰہی یَابَاقِیُ پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے تمام گھریلو اور بیرونی پریشانیوں کے خاتمہ کی دعا کرے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک پریشانیوں کا خاتمہ نہیں ہو جاتا اور گھر اور باہر امن وسکون کی زندگی حاصل نہیں ہو جاتی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام پریشانیوں سے نجات حاصل ہوگی اور زندگی امن وسکون سے گزرنے لگے گی۔

کنواری لڑکی کی شادی کیلئے: اگر کسی شخص کی لڑکی جوان اور شادی کی عمر کو پہنچ گئی ہو لیکن شادی نہیں ہوتی اول تو رشتہ [illegible] آتا ہے تو بات آگے نہیں بڑھتی۔ مطلب یہ ہے کہ شادی میں قسم قسم کی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔ اس کیلئے یہ عمل بہت مقبول اور زود اثر ہے باوضو بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ اسم الٰہی یَامُغْنِیُ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ہر قسم کی رکاوٹ دور ہونے اور اچھے سے اچھا رشتہ ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بہترین جگہ رشتہ ہو جائے گا۔ یہ عمل جمعرات کو شروع کرے اور اگلے اتوار کے دن ختم کرے۔ گیارہ دن عمل کرنا ہے۔

گناہوں سے نجات بُرے کاموں سے بچاؤ: اگر کوئی آدمی گناہوں میں مبتلا ہو یا بُرے کاموں میں پھنسا ہو وہ چاہتا ہو کہ اس سے گناہ اور بُرائی کے کام چھوٹ جائیں اور اس کی زندگی پاکیزہ اور تقویٰ والی بن جائے۔ اس کیلئے نماز پنجگانہ باجماعت ادا کرنا شروع کر دے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو بار **استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ** پڑھا کرے۔ ایک سو بار ہر نماز کے بعد کلمہ طیبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ پڑھا کرے۔ بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء، اول گیارہ بار درود شریف اس کے بعد اسم الٰہی یَابَرُّ ایک سو ایک مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر گناہوں سے چھٹکارا اور نیک زندگی گزارنے کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی سب گناہ چھوٹ جائیں گے اور نیک انسان بن جائے گا۔

اولاد نرینہ کیلئے: اگر کوئی شخص اولاد نرینہ سے محروم ہو اور چاہتا ہو کہ اس کے ہاں بھی لڑکا پیدا ہو جو اس کی جائیداد کا وارث بنے تو اس کیلئے بعد نماز عشاء، پابندی کے ساتھ باوضو قبلہ رُخ پاک مصلے پر بیٹھ کر پانچ سو بار اسم الٰہی یَااَوَّلُ بلاناغہ پڑھا کرے۔ جب حمل ٹھہر جائے تو روزانہ ایک مرتبہ سورۂ یٰسین شریف باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی بیوی کو پلایا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکا ہوگا اور نیک سیرت اور اچھی صورت کا ہوگا۔

حاسد کو ناکام اور ذلیل کرنا: اگر کسی کا حاسد' دشمن طاقتور' اثر ورسوخ والا اور شرپسند ہو' طرح طرح سے دشمنی کے نئے نئے طریقے نکالتا ہو اور ستانے اور تنگ کرنے میں بہت آگے چلا جاتا ہو، ایسے فرعون صفت دشمن کو ناکام بنانے اور اسے ذلیل ورسوا کرنے کیلئے بعد نماز عشاء، اول دو رکعت نماز نفل ادا کرے اس کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور پانچ سو مرتبہ اسم الٰہی یَاقَادِرُ پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن سرنگوں نہ ہو جائے اور تمام اہل محلہ اسے ذلیل نہ کر دیں۔ یہ عمل پابندی کے ساتھ کرتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

سات مبین کے عمل نے ہر مسئلہ حل کر دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دو وظائف جو میرے آزمودہ ہیں وہ میں قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔ پہلا عمل: مجھے یہ عمل کسی نے بتایا تھا' جب ہم گھر میں ٹیوب ویل کیلئے ڈرل یعنی (بور) کروا رہے تھے جو کہ پہلی جگہ پر ناکام ہو چکا تھا' پھر دوسری جگہ بور کیا مگر وہاں سے بھی پانی نہیں آ رہا تھا جبکہ ہمارے پڑوس میں دو چھوٹے ٹیوب ویل لگ چکے تھے پھر میں نے اللہ کی توفیق سے یٰسین والا عمل کیا وہ اس طرح ہے کہ یٰسین میں سات دفعہ مبین آتی ہے ہر مبین پر پہنچ کر واپس شروع سے پڑھنا ہے' اس طرح پوری سورۂ یٰسین پڑھنی ہے۔ میں نے پڑھ کر پانی جو گلاس میں تھا دم کیا اور پائپ (جو ڈرلنگ کیلئے لگے ہوئے تھے) میں ڈال دیا' جب اس کے بعد کوشش کی تو بھرپور پانی نکل آیا۔ اس کے علاوہ بھی میں نے جس بھی مقصد کیلئے یہ عمل کیا اللہ نے میری مدد فرمائی۔ دوسرا عمل: میرے پرندے چوری ہو گئے تو میں نے اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھنا شروع کر دیا' دو دن بعد میرے پرندے مجھے مل گئے۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ آپ کی زندگی میں اور زیادہ برکت ڈالے۔ (محمد زبیر شفیق' کھاریاں)

مضبوط جسامت پرسکون اعصاب چاہیئے تو کیلے کھایئے!

خواتین عام طور پر خون کی کمی کا شکار ہوتی ہیں۔ خون کے ایک انتہائی اہم جزو ہیموگلوبن کی کمی سے خواتین بے شمار مسائل کا شکار ہوسکتی ہیں۔ کیلے میں یہ خصوصیت ہوتی ہے کہ وہ خون میں شامل ہیموگلوبن کی پیداوار کو متحرک کر دیتا ہے۔

بہت سے لوگوں کو کیلے پسند نہیں ہیں اور ممکن ہے ان لوگوں میں آپ بھی شامل ہوں لیکن اس بات کا بہت زیادہ امکان ہے کہ اس مضمون کو پڑھنے کے بعد آپ کیلے کی طرف اس طرح نہ دیکھیں جیسے پہلے دیکھا کرتے تھے۔ کیلا کھاتے ہی جسم میں فوری توانائی کی مسلسل فراہمی شروع ہوجاتی ہے اور یہ توانائی بھی ایسی ہوتی ہے جو محسوس ہو۔ ریسرچ سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ صرف دو کیلے کھا کر جسم میں اتنی توانائی بھر جاتی ہے کہ آپ 90 منٹ تک سخت محنت والا کام انجام دے سکتے ہیں لہٰذا اس بات پر کسی کو حیرت نہیں ہونی چاہیے کہ دنیا کے ممتاز کھلاڑیوں کا سب سے پسندیدہ پھل کیلا ہے اور یہی وہ پھل ہے جسے دنیا میں سب سے زیادہ کھایا جاتا ہے لیکن کیلا صرف توانائی فراہم کرکے ہمیں فٹ نہیں رکھتا بلکہ یہ متعدد قابل ذکر بیماریوں پر قابو پانے اور ان سے محفوظ رکھنے میں بھی کردار ادا کرتا ہے ان کی یہی خوبیاں اسے ہماری روزمرہ خوراک میں شامل کرنے کا تقاضا کرتی ہیں۔

ڈپریشن: ایک فلاحی تنظیم MIND نے حال ہی میں ذہنی افسردگی اور یاسیت کے شکار افراد کا سروے کیا تھا جنہوں نے بتایا کہ کیلا کھانے کے بعد ان کی طبیعت میں فرحت کا احساس ہوا اور مایوسی بڑی حد تک دور ہوگئی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کیلے میں ایک پروٹین Tryptophan شامل ہوتا ہے جسے جسم Serotonin میں تبدیل کر دیتا ہے۔ یہ وہ کیمیائی مرکب ہے جو آپ کو سکون کا احساس بخشتا ہے آپ کے موڈ کو بہتر بناتا ہے اور عموی طور پر آپ خود کو شاداں محسوس کرتے ہیں۔

نسوانی تکالیف: بلوغت کے بعد خواتین کو ہر ماہ ایام کے مرحلے سے گزرنا پڑتا ہے۔ جس میں بعض اوقات جسمانی علامات کے ساتھ جذباتی علامتیں بھی دیکھی جاتی ہیں۔ ان نسوانی تکالیف کو (پی ایم ایس) کہا جاتا ہے جس سے بچنے کیلئے خواتین کو کبھی کبھی دواؤں کا سہارا بھی لینا پڑتا ہے لیکن انہیں چاہیے کہ گولیوں کو بھول جائیں اور ایک کیلا کھالیا کریں۔ اس مین شامل وٹامن B6 خون میں شکر کی سطح کو مناسب سطح پر لاتا ہے جس سے موڈ خوشگوار ہوجاتا ہے۔

خون کی کمی: خواتین عام طور پر خون کی کمی کا شکار ہوتی ہیں۔ خون کے ایک انتہائی اہم جزو ہیموگلوبن کی کمی سے خواتین بے شمار مسائل کا شکار ہوسکتی ہیں۔ کیلے میں یہ خصوصیت ہوتی ہے کہ وہ خون میں شامل ہیموگلوبن کی پیداوار کو متحرک کر دیتا ہے اور یوں اینیمیا کی شکار خواتین کی مدد ہوتی ہے۔

بلڈ پریشر: گرم خطوں میں کاشت کیا جانے والا یہ پھل اپنے اندر پوٹاشیم کی قابل ذکر مقدار رکھتا ہے جبکہ اس میں نمک کی مقدار بہت کم ہوتی ہے۔ اس لحاظ سے بلڈ پریشر کم کرنے کیلئے اسے مثالی پھل قرار دیا جاسکتا ہے۔

دماغی طاقت: انگلستان کے ٹونکن ہام اسکول کے 200 طلبہ پر اس سال یہ تجربہ کیا گیا کہ انہیں ناشتہ، بریک اور لنچ میں کیلے کھانے کی تاکید کی گئی جس کے نتیجے میں ان کی ذہنی صلاحیتوں پر اچھا اثر پڑا اور انہوں نے امتحان میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ریسرچ سے یہ بات بھی ثابت ہوچکی ہے کہ پوٹاشیم بھرا یہ پھل طالب علموں کی سیکھنے کی صلاحیت بڑھاتا ہے اور انہیں چوکس رکھتا ہے۔

قبض: کیلے میں چونکہ ریشے (فائبر) کی بہتات ہوتی ہے اس لیے آنتوں کی تحریک کو یہ بحال رکھتا ہے اور قبض میں مبتلا افراد کیلے کھا کر، قبض کشا دواؤں کے بغیر اپنا یہ مسئلہ حل کرسکتے ہیں۔

سینے میں جلن، تیزابیت: کیلا کھانے سے جسم میں قدرتی طور پر تیزابی مادے تحلیل ہوجاتے ہیں' اس لیے جب کبھی آپ کو سینے میں جلن کی شکایت ہو یا کھٹی ڈکاریں آرہی ہوں تو کیلا کھالیں' آرام ملے گا۔

دوران حمل جی متلانا: وہ حاملہ خواتین جو (Morning Sickness) کا شکار ہوتی ہیں یعنی صبح اٹھتے ہی ان کا جی متلانے لگتا ہے یا ابکائی آنے لگتی ہے وہ صبح ناشتے' اسی طرح دوپہر کے کھانے اور رات کے کھانے کے مابین کیلا کھالیا کریں تو اس سے خون میں شکر کی سطح بہتر اور متلی کی شکایت رفع ہوجاتی ہے۔

اعصاب پرسکون: کیلے میں وٹامن بی کی قابل ذکر مقدار ہوتی ہے جس سے ہمارا اعصابی نظام پرسکون رہتا ہے۔

السر: کیلے کا گودا چونکہ بے انتہا نرم اور چکنا ہوتا ہے' اس لیے آنتوں کے عوارض میں اس کا استعمال مفید رہتا ہے خاص طور پر آنتوں کے زخم (السر) کے اندمال میں اس سے مدد لی جاسکتی ہے۔ اسی طرح معدے میں تیزابیت اور سوزش کو بھی یہ اس کی اندرونی دیواروں پر حفاظتی لیپ چڑھا کر کم کر دیتا ہے۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَاشَافِیُ یَاکَافِیُ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے تھوڑی مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

برسوں کی تھکاوٹ لمحوں میں دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ میں دیا گیا مراقبہ گزشتہ پانچ سال سے مسلسل کررہی ہوں' مراقبہ کرنے کی وجہ سے میری ہر پریشانی' الجھن' مسئلہ حل ہوجاتا ہے' ابھی گزشتہ دنوں میں نماز عشاء کے بعد مراقبہ کیلئے بیٹھی تو ایسے محسوس ہوا کہ جیسے آسمان سے ایک نور کا ہالہ آیا اور مجھے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ جیسے جیسے میں ذکر کررہی ہوں اللہ کے نام کے موتی ہیں جو میرے دل میں پروئے جارہے ہیں۔ اسی دوران نامعلوم مجھے کب نیند آگئی تو میں سوگئی تو اذان فجر کے وقت میری آنکھ کھلی' میری طبیعت بہت ہلکی پھلکی اور میں خود کو بہت ہی زیادہ پرسکون محسوس کررہی تھی۔

ایسے محسوس ہورہا تھا جیسے برسوں کی تھکاوٹ تھی جو ایک مراقبہ سے ختم ہوگئی۔ میرے کندھوں پر ہر وقت وزن رہتا تھا جو مراقبہ کرنے سے ختم ہوگیا۔ مجھے پہلے ہر وقت ڈر لگتا تھا مگر اب وہ ختم ہوچکا ہے۔ گزشتہ سال امتحانات کی وجہ سے سخت پریشان تھی' تیاری بالکل بھی نہ ہورہی تھی' کتاب کھولنے کو بھی دل نہ کرتا تھا' میں نے امتحانات کی تیاری کی نیت کرکے مراقبہ کرنا شروع کردیا' صبح (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

بُری عادات کی طاقت کا اندازہ: بُری عادات کی طاقت کا اندازہ تب ہوتا ہے جب انسان انہیں چھوڑنے کی کوشش کرتا ہے۔ (ہربرٹ سپنسر)

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے انسانی کو ٹیپ یا سٹیپلر زمین کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ راز داری کا خیال رکھا جائے گا۔ اپنا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کرکے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

میرے بھائی کا مسئلہ: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں اپنے بھائی کا مسئلہ لے کر حاضر ہوئی ہوں' میرا بھائی پاؤں سے معذور ہے' میرے اس بھائی کے ساتھ دھوکہ ہوا جس کی وجہ سے ہمارا ایک گھر بک گیا' ایک کروڑ کا قرض چڑھ گیا' اب ایک گھر رہتا ہے وہ بھی بینک میں گروی ہے۔ ابو کو کچھ پتہ نہیں وہ بیرون ملک ہیں انہوں نے کبھی مڑ کر نہیں دیکھا۔ بھائی اب بیمار ہے' کوئی راستہ سمجھ نہیں آرہا' خدارا ہمیں کچھ وظائف عنایت فرمائیں کہ ہم اس مشکل وقت سے نکل سکیں۔ (ر۔ص' ہنگو)

جواب: آپ تمام گھر والے نماز حل المشکلات پڑھیں! حضرت امام جعفر صادقؒ سے روایت ہے کہ چار رکعت نماز نفل ایک تکبیر تحریمہ سے پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو (۱۰۰) دفعہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ نَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو (۱۰۰) دفعہ رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سو (۱۰۰) دفعہ اُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ چوتھی رکعت میں بعد الحمد شریف سو (۱۰۰) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں سر رکھے اور سو (۱۰۰) بار رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے اور پھر اپنی حاجت خداوند تعالیٰ سے چاہے۔ یہ نماز شاہ ولی اللہ، شاہ عبدالعزیز دہلویؒ نے لکھی ہے، اپنے اکابرین نے بھی پڑھنے کے لئے لکھا ہے۔ نہایت کمال کی چیز ہے ضرور پڑھیں، 90 دن مستقل۔

دنیا کی گندی نظروں سے بمشکل خود کو بچایا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم آٹھ بہنیں اور ایک بھائی ہیں' ابو میرے دنیا میں نہیں رہے' بھائی چھ بہنوں کے بعد ہوا تھا' ہم نے بہت تنگدستی میں وقت گزارا' بھائی چھوٹا تھا' ابو اکیلے تھے' دنیا کی گندی نظروں سے خود کو بڑی مشکل سے بچایا' لوگوں کے دیئے ہوئے کپڑے پہن کر گزارا کیا' میری چھ بہنیں شادی شدہ ہیں مگر وہ بھی انتہائی غربت کی زندگی گزار رہی ہیں' جو باقی بہنیں بچ گئی ہیں ان کے رشتے نہیں ہورہے ہیں' والدہ بہت بوڑھی ہوگئی ہیں' شادی کی عمریں نکلتی جارہی ہیں۔ خدارا کوئی وظیفہ بتائیں کہ دو بہنوں کی شادی اچھی جگہ ہوجائے اور غربت ختم ہوجائے۔ (پوشیدہ)

جواب: آپ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ سورۃ مزمل 21 بار روزانہ یا کم از کم 11 بار روزانہ پڑھنا شروع کردیں تو آپ کے تمام کام انشاء اللہ تعالیٰ مکمل ہوجائیں گے۔

خاوند گھر نہیں آتا: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری بیٹی کے دل میں سوراخ ہے' دل کی درمیان جو پردہ ہوتا ہے صاف اور گندا خون علیحدہ کرتا ہے' وہ بھی نہیں ہے۔ ڈاکٹر نے اس کا آپریشن کروانے کا کہا ہے چھ لاکھ روپے خرچ آتا ہے۔ آمدنی کا ذریعہ صرف میں ہوں' بارہ ہزار میری تنخواہ ہے' جس سے گھر کا خرچ بمشکل ادا کرتی ہوں' میرے خاوند نے دوسری شادی کرلی ہے' بچوں کا خرچہ نہیں دیتے اور نہ ہی گھر کا رخ کرتے ہیں۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آتا کیا کروں۔ (دکھی ماں)

جواب: آپ ذہن میں اپنے میاں اور بیٹی کی بیماری کا تصور کرکے روزانہ یہ وظیفہ پڑھیں، کم از کم 90 دن تک۔ انشاء اللہ کرم ہوگا۔ سورۃ قریش 313 بار یا 121 بار پڑھیں اور تصور ہی میں اپنے میاں اور بیٹی کے بیمار دل پر دم کردیں اور پڑھنے کے بعد اللہ رب العزت سے خوب دعائیں مانگیں۔

اس مسئلے کا حل بھی بتائیے: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! امید ہے کہ آپ اور آپ کے اہل خانہ خیریت سے ہوں گے' میں ایک سٹوڈنٹ ہوں' اپنی والدہ سے آپ کا اتنا تذکرہ سنا کہ آپ کو خط لکھنے پر مجبور ہوگئی۔ میں بہت پریشان ہوں' میرا مسئلہ پڑھائی سے متعلق ہے' میری پڑھائی کی طرف کافی دلچسپی ہے' بچپن سے ہی اے گریڈ لیتی آئی ہوں' مگر اب اتنے اچھے پیپرز ہونے کے باوجود مارکس کم آتے ہیں' میری ہم جماعت لڑکیاں جو کہ تعلیمی میدان میں مجھ سے کافی پیچھے ہوتی ہیں مگر ان کے مارکس مجھ سے اچھے آتے ہیں' گزارش ہے کہ مجھے کوئی ایسا عمل دیں جس سے میرا یہ مسئلہ حل ہوجائے اور مجھے میری محنت کا پھل ملے۔ (ص،پ' مردان)

جواب: رات سونے سے پہلے کمرے میں اندھیرا کرلیں۔ آنکھیں بند کرکے تصور کریں کہ آپ اپنے دل میں دیکھ رہی ہیں اس تصور کے ساتھ ہی دل ہی دل میں یَا رَشِیْدُ کا ورد کریں اور تصور کریں کہ دل روشن ہوگیا ہے اندازاً 10 منٹ تک اس ورد اور تصور کو جاری رکھیں۔ پھر کسی سے بات کیے بغیر فوراً سو جائیں 60 دن کے اس عمل سے ان شاء اللہ جملہ شکایات دور ہوجائیں گی۔

زندہ رہنا مشکل ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے گھٹنوں میں شدید تکلیف ہے' بہت علاج کروائے مگر ہر کسی نے بتایا کہ یہ روحانی مسئلہ ہے۔ مالی مسائل بھی بہت زیادہ ہیں' تنخواہ کم اور خرچے زیادہ ہیں۔ میرے لیے تو زندہ رہنا مشکل ہوتا جارہا ہے۔ خدارا کچھ وظائف بتائیں۔ (ج،ش)

جواب: سورۃ توبہ کی آخری آیات "لقد جاءکم سے آخر تک" روزانہ 121 بار پڑھیں۔ یہ عمل 90 دن کریں ساتھ اول آخر درود ابراہیمی پڑھیں۔

نمازی بننا چاہتی ہوں: آپ سے گزارش ہے کہ میں نماز کی پابندی نہیں کرپاتی' آپ کوئی ایسا وظیفہ بتائیں تاکہ میں پانچ وقت کی نماز پڑھ سکوں۔ میرے شوہر کی نوکری کا مسئلہ ہے کوئی نوکری نہیں ہے۔ کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ (م۔ک)

جواب: نماز فجر کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور پھر سورۂ مزمل پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل گیارہ بار دہرائیں اور کم از کم نوے دنوں تک پڑھیں۔

نام نہاد عامل فقیروں کے چکر: میں کئی سال سے پریشانی کا شکار ہوں' براہ مہربانی میں کئی عامل' پیر' فقیروں کے پاس اپنے شوہر کے ساتھ جا چکی ہوں مگر صرف دولت لٹائی مسائل کا حل نہ نکلا۔ میری اور میرے شوہر کے درمیان بلاوجہ لڑائی ہوتی ہے' میرے شوہر کا کاروبار ختم ہوچکا ہے۔ شوہر نے گھر سے نکال دیا ہے' ماں مرچکی ہے والد بچوں کے ساتھ رکھنے کو تیار نہیں' رشتہ دار کے گھر رہتی ہوں خدارا کوئی وظیفہ بتائیں کہ میرے شوہر مجھے میرے گھر لے جائیں۔ (پوشیدہ)

جواب: آپ رات کو سونے سے پہلے یا نماز فجر کے بعد اکتالیس بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اَللّٰهُ یَا كَرِیْمُ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے ہاتھ چہرے پر پھیر لیا کریں' انشاء اللہ حالات بہتر ہونا شروع ہوجائیں گے۔ یہ عمل مستقل مزاجی سے کریں۔

یہ پڑھ کو سو جاؤ جو چاہو معلوم کرلو!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے ماہنامہ عبقری بہت شوق ذوق سے پڑھتے ہیں۔ اس رسالے کے تمام نسخہ جات اور وظائف بہت ہی باکمال اور لاجواب ہوتے ہیں۔ درج ذیل عمل مجھے میرے استاد نے بتایا تھا جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں۔ یَا كَرِیْمًا كَافِیْنَ 21 مرتبہ یَا سَمِیْعُ بَصِیْرُ 100 مرتبہ اور درود تاج ایک مرتبہ پڑھ کر سو جائیں اور جو چاہیں رب کریم سے معلوم کرلیں۔ (فیضان طارق)

آشوب چشم کیلئے: اگر لیموں کے رس کو چاکسو میں حل کر کے جست کے برتن میں رگڑ کر آنکھوں میں لگایا جائے تو آشوب چشم کیلئے بے حد مفید ہوتا ہے۔

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلرز پن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

زخم شوگر: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ کی طبیعت بہت زیادہ خراب ہے۔ والدہ شوگر کی مریضہ ہیں ان کے پیر میں زخم ہیں جو مزید خراب ہوتے جارہے ہیں' اب تو بہت زیادہ درد رہتا ہے اور شوگر بھی بہت زیادہ رہتی ہے۔ (ش۔ا، سندھ)

مشورہ: والدہ کو آپ عبقری دواخانہ کا ''شوگر کورس'' استعمال کروائیں۔ زخم کیلئے آپ یہ مرہم بنائیں۔ ایک چھٹانک ثابت گندم کے دانے لیں اور ایک چھٹانک ناریل یا خشک کھوپرا لیں اور ایک پاؤ دیسی گھی لیں۔ خشک کھوپرا کے ہلکے سے ٹکڑے کرلیں' گندم اور کھوپرہ دیسی گھی میں جلائیں۔ جلنے کے بعد اس سب کو رگڑ دیں۔ بس مرہم تیار ہے۔ یہی مرہم زخموں پر لگائیں صبح وشام۔ پھر اس کا کمال دیکھیں۔

مستقبل کا آرمی افسر: محترم حضرت حکیم صاحب السلام

علیکم! آپ کے بارے میں بہت سنا ہے عبقری رسالہ بھی بہت شوق سے پڑھتا ہوں' میں ابھی کیڈٹ کالج رزمک میں ہوں' وہاں پڑھائی بھی خوب جاری ہے' میں اپنا ذہن تیز کرنا چاہتا ہوں اور میری خواہش ہے کہ میں مستقبل میں ایک آرمی آفیسر بنوں' اسی لیے میرے لیے خاص دعا کرنا اور ایک وظیفہ بھی دیں کہ میرا مستقبل روشن ہوجائے تاکہ اسلام اور پاکستان کی سربلندی کیلئے خدمت کردوں۔ مجھے کوئی نسخہ بتایئے کہ میرا ذہن تیز ہوجائے۔ (حماد اللہ' بڈھ بیر)

مشورہ: آپ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا لیں اور ایک چمچ چائے والا دن میں تین بار استعمال کریں۔ یادر ہے خمیرہ کسی اچھے دیانتدار طبیب کا بنا ہوا ہو اور اسکے ساتھ ساتھ اطریفل اسطخدوس ایک چمچ چائے والا اور کلونجی پاؤڈر ایک چوتھائی چمچ استعمال کریں۔ غذا میں کھٹی چیزیں، اچار وغیرہ سے پرہیز کریں۔ وظیفے کے طور پر ہر وقت کھلا درود شریف پڑھیں۔

خدارا میری مدد کریں: محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں بہت پریشان ہوں' میری بچہ دانی میں رسولی ہے' ڈاکٹر آپریشن کا کہہ رہے ہیں کہ جب تک آپریشن نہ ہوا بچہ نہیں ہوسکے گا۔ میری شادی کو چھ سال ہونے والے ہیں لیکن اس رسولی کی وجہ سے میرا بچہ نہیں ہے' میں بہت پریشان ہوں' خدارا میری مدد کریں۔ (پوشیدہ)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا ''پوشیدہ کورس'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ ایک دو کورس استعمال کرکے چھوڑ مت دیجئے گا بلکہ جب تک آپ کو مکمل آرام نہیں آتا یہ کورس استعمال کریں۔ پھر کمال دیکھئے۔

تکالیف ہی تکالیف: میں بہت تکلیف میں ہوں' چلنے سے بالکل معذور ہوں' گھٹنوں میں بہت تکلیف ہے' کمر کے نچلے حصے میں تکلیف ہے اس وجہ سے چلنا مشکل ہے۔ براہ مہربانی مجھے کوئی آسان سا حل بتائیں۔ (ا۔ب)

مشورہ: آپ کو آسان سا حل بتاتا ہوں آپ صرف خالص شہد دن میں پانچ سے سات مرتبہ چاٹ لیا کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کا ''کراماتی تیل'' لکھی گئی ترکیب سے مالش بھی کریں اور پئیں بھی۔

پتے میں پتھری: محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 65 سال ہے اور میرے پتے میں پتھری ہے جو تکلیف دہ ہے اور ہائی بلڈ پریشر کی مریضہ بھی ہوں' مہربانی فرما کوئی دوائی یا کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ (ج۔ش)

مشورہ: جواب۔ بہن! آپ مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کریں اور یہ نبوی نسخہ بہت ہی مفید اور موثر ہے کئی لوگوں نے مسلسل استعمال کیا اور بہترین رزلٹ ملے آپ بھی استعمال کریں۔ کلونجی 100 گرام قسط شیریں 50 گرام تخم کاسنی 100 گرام تمام کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں ان ادویات سے چھ گنا زیادہ زیتون کا تیل ملا کر محفوظ کر رکھیں۔ آدھا چمچ دوائی دن میں چار بار استعمال کریں۔ محترمہ بہن! اگر آپ اعتماد بھروسے اور مستقل مزاجی سے یہ دوا استعمال کریں تو یقیناً بہت فائدہ مند نسخہ ہے۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ''پتہ پتھری شفاء'' لکھی گئی ترکیب سے استعمال کریں۔

میرے دو مسائل: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھا تو مجھے بہت اچھا لگا' پھر اس کے بعد میں نے ہر ماہ باقاعدگی سے منگوانا شروع کردیا اور بہت ساری کامیابیاں حاصل کیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور عبقری ادارہ کے تمام لوگوں کو صحت وتندرستی والی لمبی عمر بالخیر عطا فرمائے اور عبقری کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔ آمین! محترم حکیم صاحب! میں پہلی مرتبہ شرکت کررہی ہوں اور امید ہے کہ مجھے میرے مسائل سے آگاہ کیا جائے گا۔ محترم حکیم صاحب! میرے دو مسئلے ہیں جن کا حل آپ مجھے ضرور بتائیں گے' میرا پہلا مسئلہ یہ ہے کہ میری عمر 18 سال ہے لیکن اس حساب سے نسوانی حسن کی زیادتی ہے اور میں اپنے نسوانی حسن میں کمی چاہتی ہوں' اس کیلئے کچھ بتائیں اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ میری آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے ہیں جو کہ بہت زیادہ ہوگئے ہیں ان کیلئے کوئی دوا یا حل تجویز فرمائیں۔ مجھے آئندہ شمارے کا بہت بے چینی سے انتظار رہتا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو حج بیت اللہ کی بار بار سعادت نصیب فرمائے۔ آمین! (ق۔ش)

مشورہ: آپ اپنے پہلے مسئلے کے حل کیلئے صبح' دوپہر' شام کراماتی تیل کی مالش کریں۔ آنکھوں کے گرد حلقوں کیلئے روزانہ صبح ایک گلاس دودھ کے ساتھ ایک عدد عمدہ سیب کھائیں۔ ہفتے میں ایک مرتبہ بکرے کی کلیجی ہلکے مصالحے کے ساتھ بھون کر کھائیں۔ موسمی پھل زیادہ سے زیادہ کھائیں۔ روزانہ صبح نماز فجر کے بعد کسی پرفضا مقام یا چھت پر ہلکی واک کریں اور لمبے لمبے سانس لیں۔ انشاء اللہ آپ کے مسائل حل ہوجائیں گے۔ اس کے علاوہ سارا دن اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے اسم الٰہی یاباسط یافتاح یاکریم کا وضو بے وضو کھلا ورد کریں۔

تم نے کون سا ٹھیک ہونا ہے: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں آپ کے تمام درس سنتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے' اللہ تعالیٰ آپ کو صحت دے اور اس خدمت خلق کے کام کو قیامت تک جاری رکھنے کی توفیق دے۔ آمین! حکیم صاحب! میں بہت بیمار رہتی ہوں' میری عمر 20 سال ہے' میں بچپن سے بیمار ہوں' نہ کوئی ٹھنڈی چیز موافق آتی ہے اور نہ ہی گرم' ٹھنڈی چیز کھالوں تو نزلہ زکام' چھینکیں' بلغم' سر درد شروع ہوجاتا ہے' اگر گرم کھالوں تو لیکوریا شروع ہوجاتا ہے' میں گرمیوں میں کسی بھی قسم کا شربت بھی نہیں پی سکتی اور سردیوں میں انڈہ بھی نہیں کھاسکتی' میں بہت کمزور ہوں' جسم کی ایک ایک ہڈی میں درد ہے' تھوڑا سا کام کرکے تھک جاتی ہوں' نظر بھی کمزور ہے' قبض' گیس بھی بہت رہتی ہے' بہت ادویات کھاچکی اب تو گھر والے دوائی بھی نہیں لے کر دیتے کہتے ہیں کہ تم نے کون سا ٹھیک ہونا ہے۔ (خ۔ا' بہاولپور)

مشورہ: بیٹا آپ عبقری دواخانہ کی تین ادویات ''ٹھنڈی مراد' جوہر شفاء مدینہ اور روحانی پھکی'' عبقری دواخانہ سے منگوا کر تینوں مکس کرلیں اور کسی بڑے جار میں محفوظ کرلیں۔ روزانہ ہر دو گھنٹے کے بعد ایک چمچ چائے والا اس میں سے کھالیا کریں۔ پانچ سے چھ ماہ مسلسل یہ ادویات استعمال کریں۔ بازاری چیزوں سے پرہیز کریں۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

نکلا تو لیلیٰ کو لینے تھا مگر۔۔۔!!!

قارئین! حضرت جی! کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روز سنیں آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تین سال پہلے جنوری میں آپ سے میری ملاقات ہوئی۔ میں نکلا تو لیلیٰ کو لینے تھا مگر اللہ والوں کی نگاہ دل پر پڑی تو میرے دل کی کیفیت ہی بدل گئی میں کلین شیو اور فل فٹنگ والی جینز پہنا کرتا تھا اور میوزک کا دلدادہ تھا جب آپ نے پڑھنے کیلئے وظائف دیئے تو اس سے ظاہر بھی بدلنے لگا اور باطن بھی آہستہ آہستہ حالات اچھے ہوتے گئے مگر شیاطین تنگ کرتے' کبھی وہ جیت جاتے اور کبھی میں' جب سے آپ کے بیان سننے شروع کیے تو دل کو سکون ملنے لگا اور پھر آپ کا بتایا ہوا وظیفہ بھی پڑھتا جس سے دل کو سکون ملتا اور جب میری آپ سے دوسری ملاقات ہوئی اور آپ سے تسبیح خانہ میں ملا تھا آپ سے مسئل بیان کیے تو آپ نے سختی سے ڈانٹا اور ڈانٹ کیا تھی جو آپ جانتے تھے یا پھر اللہ' اس وقت تو مجھے کچھ سمجھ نہ آئی لیکن میں پڑھتا ضرور تھا لیکن اتنی توجہ سے نہیں پھر بھی اتنا کچھ ملا کہ میری سوچ سے بھی بالا تھا تو پھر درمیان میں میرے گھر والوں کو میں نے چچا کے ہاں بھیجا تھا لیکن میرے والد رضامند نہیں تھے۔ میری خوشی کی خاطر چلے گئے۔ چچا نے وقتی طور پر تو کہا کہ میں رشتہ دے دوں گا لیکن جب میرے والد چچا کے ہاں گئے تو ان کی زبان اور دل کے تاثرات کچھ اور تھے۔ اسی دوران آپ کا ایک درس سنا تھا کہ لیلیٰ کے نہ ملنے پر تو انسان اداس رہتا ہے اور ایسا تھا کہ لیلیٰ تو نہ مل سکی لیکن اللہ کے ساتھ تعلق مل گیا اور اللہ والوں سے بھی تعلق بن گیا۔ میں تسبیح خانہ میں درس سننے گیا لیکن آپ سے ملاقات نہیں ہورہی تھی تو آپ نے بیان کیا کہ جو رشتے ماں کرتی ہے وہ کامیاب ہوتے ہیں تو میں نے اپنی ماں سے کہا کہ جہاں دل کرے رشتہ کردے تو پھر دو سال پہلے رمضان میں میرا دل کیا کہ پورا رمضان تسبیح خانہ گزاروں تو میں نے ساتھ والے سے بات کی' اس نے کہا کہ آپ دسویں روزے کے بعد چھٹی لے کر چلے جانا۔ آپ کے ایک درس میں سنا تھا کہ تنہائی میں اللہ سے باتیں کرلیا کریں تو میں آپ کا بتایا وظیفہ بھی پڑھتا تھا۔ اللہ نے ایسا کرم کیا کہ ہمارا جو تیسرا ساتھی تھا اس نے کہا کہ تم نے روزے رکھنے ہیں تم چلے جاؤ تو میں فوراً تسبیح خانہ پہنچ گیا اور جب آپ کا دن میں دوبار دیدار ہوتا تھا تو دل کی کیفیت بدل جاتی تھی اور اسی دوران وقت گزرتا گیا اور تسبیح خانے سے عشق بڑھتا گیا تسبیح خانہ کی دیواروں سے نور نکلتا تھا جو وہاں سب پر پڑتا تھا اور دوسرے عشرہ میں 17 روزے کو ہماری ایک رشتہ دار وفات پاگئیں مگر آپ سے عشق کی حالت یہ تھی کہ میں جنازے میں بھی شریک نہ ہوا اسی دوران رشتہ داروں کے طعنے بھی سننے کو ملے کہ تمہاری اتنی قریبی رشتہ دار وفات پاگئیں اور تم اسی شہر میں رہتے ہوئے جنازے میں بھی شریک نہ ہوئے' اب تک طعنے سننے پڑتے ہیں کبھی آپ سے ملنے پر' کبھی تسبیح خانہ میں آنے پر' اللہ آپ اور آپ کی نسلوں میں علم کے خزانے تاقیامت جاری رکھے اور قیامت تک تسبیح خانے کو آباد رکھے۔ جب آخری عشرہ شروع ہوا تو آپ فرماتے تھے کہ ان آخری دنوں میں شیطان آدمی کو لوٹتا ہے وہ درس بہت اچھا تھا۔ 27 ویں شب کو جب نایاب تعویذ کی قرعہ اندازی تسبیح خانہ میں ہوتی ہے تو میں نے اللہ سے دل میں کہا کہ اللہ عطا فرمادے تو تیری شان' جب آپ کی زبان مبارک سے میرا نام نکلا تو دل خوشی سے جھوم اٹھا کہ میرا نام بھی آگیا۔ (م۔ک۔ا)

ڈگریاں تو لے لیں لیکن میں ہار گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الفاظ کا ذخیرہ ہونے کے باوجود سمجھ میں نہیں آرہا کہ آپ سے کیسے اور کیا کہوں؟ میں ایک گنہگار روسیاہ کار بیٹی ہوں۔ میرے والد مجھے انجینئر بنانا چاہتے تھے کیونکہ گھر میں سب بہن بھائیوں سے لائق تھی لیکن ان کی وفات کے بعد ان کی خواہش بھی ان کے ساتھ دفن ہوگئی۔ میری والدہ چونکہ بوڑھی تھیں اور اوپر سے بیوگی کے غم نے انہیں شدید بیمار کردیا اکثر بیمار رہتیں اور ہماری تربیت بھی اس انداز سے نہ کرپائیں جیسے کرنی چاہیے تھی' تعلیم کے میدان میں تو میں نے خوب جھنڈے گاڑھے اور ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ اپنی سہیلیوں' کزنوں سے تو دوستیاں خوب نبھائیں مگر اللہ سے دوستی کا شعور ہی نہ ہوا اور جب ہوا تو بہت بہت بہت دیر ہوگئی تھی۔ اللہ پاک نے بہت نعمتوں سے نوازا' اس کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے مگر میں جو اپنے آپ کو سب بہن بھائیوں سے لائق سمجھتی تھی اصل میں اپنے عیبوں کو چھپانے کیلئے تھا' اپنی تین بہنوں سے بہت زیادہ خوبصورت تھی' اس کے ساتھ ساتھ اپنی پڑھائی پر بھی خوب توجہ دی' کبھی دعا نہیں مانگی تھی' صرف چاہت کی کہ یہ مل جائے وہ مل جائے لیکن دعا کی اہمیت اور ضرورت کا اندازہ جب ہوا تو وقت گزر چکا تھا۔ آگے بڑھنے کی لگن نے مجھے شادی سے روکے رکھا' پھر ایسے ہوا کہ میری ضد کے آگے میری ماں نے ہار مان لی اور مجھ سے پہلے میری بہنوں کی شادیاں ہوگئیں۔ جب میری عمر 32 سال ہوئی تو میری شادی بھی ہوگئی مگر اسی سال پھر طلاق بھی ہوگئی وجہ یہ تھی کہ میرا شوہر بہت بدصورت تھا مگر میں نے اس کی خوب خدمت کی مگر وہ مجھ اتنا زیادہ ہی شک کرتا اور احساس کمتری کا شکار ہوکر اس نے مجھے طلاق دے دی۔ اب میں ایک پرائیویٹ ہسپتال میں ڈاکٹر کے فرائض انجام دے رہی ہوں' مجھے خود پر بڑا غرور تھا کہ میں بہت نیک ہوں' دل میں چاہتیں تھیں کہ اپنے والدین کی بہترین بیٹی بنوں' لیکن اچھی بیٹی بنتے بنتے کب بڑی بن گئی پتہ ہی نہ چلا' عقل ہی نہ آئی۔ اب گزشتہ چار سال سے میری والدہ میرے رشتہ کی تلاش میں ہیں' اس سے زیادہ ذلت و رسوائی میرے لیے کیا ہوگی کہ اپنی بوڑھی بیمار اور کمزور والدہ کیلئے مسلسل پریشانی کا باعث ہوں۔ اب نوکری میری مجبوری اور ضرورت ہے' کسی پر بوجھ نہیں بننا چاہتی لیکن ہمارے معاشرے میں لوگوں کو جب بھی طعنہ دینے کا موقع ملے وہ ہاتھ سے نہیں جانے دیتے' مریض تو الحمدللہ خوب عزت دیتے ہیں۔ مگر معاشرہ نہیں مانتا۔ کاش! مجھے علم ہوتا کہ طلاق یافتہ ہونا بہت بڑا عیب ہے۔ ڈگریاں تو لے لیں لیکن میں ہار گئی۔ میں سوچا کرتی تھی کہ اپنے والدین کی ڈھال بنوں گی مگر کبھی اللہ سے دعا اور اعمال نہیں کرتی تھی اب صرف پچھتاوا ہے' آنسو ہیں' رب کے حضور استغفار اور معافی ہے' گزشتہ ایک سال سے درس باقاعدگی سے تسبیح خانہ آکر سنتی ہوں' دوسروں کو بھی ترغیب دیتی ہوں' شاید کسی کی زندگی سنور جائے۔ حسن سلوک سے بھی پیش آنے کی کوشش کرتی ہوں' میرا سارا غرور ٹوٹ چکا ہے' نماز کی پابندی کی کوشش کرتی ہوں' اعمال کی پابندی میں مستقل مزاجی اپنا رہی ہوں' عمر نکلتی جارہی ہے' مگر اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت والی مثال مجھ پر بالکل صحیح صادر آتی ہے۔ میری وجہ سے میرا پورا گھر پریشان ہے۔ راتوں کو اٹھ اٹھ کر روتی ہوں' اللہ سے فریاد کرتی ہوں۔ میرے گناہ تو اتنے اور ایسے ہیں کہ پورا رجسٹر بھی بھر جائے تو کم ہیں' مگر وہ کریم ہے' مجھے امید ہے مجھے معافی مل جائے گی۔ میری زندگی میں بھی سکون آجائے گی' جو غلطیاں، گناہ میں نے جوانی کے غرور میں کیں ان کی نحوست سے میری جان چھوٹ جائے گی۔ میری زندگی بالکل بدل چکی ہے۔ آپ کے درس نہ سنتی تو نہ جانے کہاں سے کہاں پہنچ چکی ہوتی۔ اے کاش! مجھے آپ جیسی ہستی پہلے مل جاتی' اے کاش! مجھے اوائل جوانی میں ہی کوئی درس پر لے جاتا اور آج میری جھولی میں پچھتاوؤں کے کانٹوں کی بجائے اعمال کے خوشبودار پھول ہوتے اور میری زندگی باغ و بہار ہوتی۔ (ایک گنہگار بیٹی)

پریشانی کا حل ڈھونڈیں میرے آزمودہ مشاہدات سے لیں

فریال سعید' میاں چنوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ سے دعا ہے کہ آپ جیسے تمام نیک لوگوں کو لمبی زندگی دے اور آپ کی نسلیں آگے سے ہماری نسلوں کو ایسے ہی ہدایت والی راہیں دکھائیں۔ ماہنامہ عبقری سے ہمارا تعارف تقریباً نو ماہ قبل ہوا اس سے ہم نے جینے کا ڈھنگ سیکھا' میں بھی اپنے ایک دو تجربات و مشاہدات تمام عبقری قارئین سے شیئر کرنا چاہتی ہوں۔ ایک تو یہ ہے کہ ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ درود شریف تین مرتبہ یہ آیت سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ (البقرہ ۳۲) اور گیارہ مرتبہ رب زدنی علما اور ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر سینے پر دم کریں۔ اب اس کے مشاہدات بتاتی ہوں:۔ **پہلا مشاہدہ:** پہلا تو میرا ذاتی تجربہ ہے کہ میں نے ایم اے کیلئے کئی مرتبہ داخلہ بھیجا۔ ہر دفعہ کوئی نہ کوئی مسئلہ ہو جاتا جس کی وجہ سے میں پیپر نہ دے پاتی۔ بی اے کیے ہوئے مجھے آٹھ سال ہو گئے۔ اللہ کی کرنی ایسی ہوئی [illegible] اس سال جنوری میں شروع کی۔ مارچ میں اپنا ایڈمیشن بھیجا اور پیپر دینے سے پہلے میرا خیال تھا کہ کوئی نہ کوئی مسئلہ ضرور ہوگا مگر کوئی مسئلہ نہ ہوا۔ الحمدللہ پیپرز بہت اچھے ہوئے اور امید ہے کہ نتیجہ بھی بہت ہی اچھا آئے گا۔ ہو سکتا ہے کہ یہ بات کئی لوگوں کو خاص نہ لگے مگر یہ بات وہ سمجھ سکتے ہیں جو خود پڑھائی کے بہت شوقین ہوں مگر ریگولر پڑھ نہ سکے ہوں اور پرائیویٹ آٹھ سال کوشش کریں اور پیپرز نہ دے سکتے ہوں۔ **دوسرا مشاہدہ:** دوسرا تجربہ میری بہن کا ہے اس کی نظر بہت کمزور ہے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ اس کو کتابیں ہم کیسٹ میں ریکارڈ کر کے دیتے تھے وہ یاد کرتی تھی اور پیپرز دیتی تھی۔ بی اے تک اس نے پڑھائی کی اب آگے ہم اسے کہیں کہ اور پڑھو تو وہ بولے کہ میں نے پڑھ کر کیا کرنا ہے۔ نظر تو میری ہے نہیں تو کیا میں نوکری کروں گی۔ خیر وہ یہ دعا تقریباً دو سالوں سے پڑھ رہی تھی۔ خدا کی قدرت کہ ہمیں ایک ٹیچر ملے جو خود تو نابینا تھے انہوں نے میری بہن کی ہمت بندھائی اور اب میری بہن لاہور میں گورنمنٹ کے ادارے سے سپیشل ایجوکیشن میں بی ایڈ کر رہی ہے۔ اس نے ان ٹیچر سے بریل سیکھی اور ان ٹیچر کو اجر خیر ملے کہ انہوں نے ہمیں راستہ دکھایا کہ فلاں جگہ داخلہ لے لو۔ **تیسرا مشاہدہ:** تیسرا مشاہدہ یہ ہے کہ میری بہن کی کلاس میں ایک لڑکی آئی اس کا کہنا تھا کہ اسے کچھ بھی یاد نہیں ہوتا۔ سارا دن پڑھ پڑھ کر بمشکل ایک پیراگراف یاد ہوتا ہے اب میری بہن نے اسے یہ عمل دیا اس نے اتنے یقین سے کیا کہ کچھ دن بعد اس نے کلاس میں تمام لیکچر سنایا۔ کلاس کی لڑکیاں حیران کہ یہ تو بمشکل ایک پیراگراف سناتی تھی اور وہ بھی ٹوٹا پھوٹا۔ بس یہ عمل تعلیمی میدان میں ہر رکاوٹ (خواہ وہ مالی ہو یا ذہنی) دور کرنے کیلئے اکسیر ہے۔ پابندی اور یقین شرط ہے۔

دوسرا آزمودہ عمل: دوسرا جو میرا آزمودہ عمل ہے وہ نبی کریم ﷺ کی مسنون دعا ہے۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِيۡ لَا يَضُرُّ مَعَ اسۡمِهٖ شَيۡءٌ فِي الۡاَرۡضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ تین تین مرتبہ صبح و شام اول و آخر درود شریف ایک ایک مرتبہ۔ یہ دعا درج بالا ترتیب سے پڑھنے کی ہم سب بہن بھائیوں کی پکی عادت ہے۔ اس کی وجہ سے ہم کئی مرتبہ ایکسیڈنٹ سے بچے۔ گاؤں میں رہتے ہیں تو گرمیوں میں بھڑ وغیرہ کافی ہوتی ہیں ان کی وجہ سے کئی مرتبہ ہمارے اوپر بیٹھ کر بھڑ گئی مگر ڈنگ نہ مار سکی۔ ایک مرتبہ میں اور میرا بھائی موٹر سائیکل پر تھے ایک گدھا گاڑی سے ٹکر ہوئی میں نیچے گری تو مجھے صرف ہلکی سے خراش آئی حالانکہ ہماری بہت زور سے ٹکر ہوئی تھی۔ **میرا آزمودہ تیسرا عمل:** تیسرا عمل قرض سے چھٹکارے کیلئے ہے اور یہ عمل ہم نے خود بھی کیا ہے اور الحمدللہ چالیس دن میں قرض ختم ہونے کی سبیل بنی۔ عمل یہ ہے: اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف' اکتالیس مرتبہ سورۂ نصر فجر کے بعد جہاں نماز ادا کی ہے اسی جگہ بیٹھ کر پڑھنا ہے جن سے ہم نے قرض لیا انہوں نے خود گیارہویں دن فون کر کے کہا کہ آپ واپسی کی کوئی پریشانی نہ لیں اور زندگی میں جب بھی رقم فالتو ہو تو دے دیں مگر اللہ کی قدرت کچھ ہی دن بعد قرض کی ادائیگی کیلئے رقم مل گئی۔ دعاؤں میں ضرور یاد رکھیے گا۔

ایکسپو سنٹر لاہور میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد اور عبقری بک فیئر کا انعقاد

ایکسپو سنٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں 3 اگست 2017ء سے لے کر 7 اگست 2017ء تک عبقری بک فیئر کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ جس میں عبقری کی تمام کتب پر خصوصی ڈسکاؤنٹ ہوگا۔ نوٹ: 6 اگست بروز اتوار صبح 9 بجے سے 11 بجے تک حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم وہاں خود تشریف فرما ہوں گے۔ ان شاء اللہ۔

سنبھل کر چلئے

مولانا وحید الدین خان

چھوٹے جانوروں کو ندی پار کرنی ہو تو وہ پانی میں تیزی سے چل کر نکل جاتے ہیں مگر ہاتھی جب کسی ندی کو پار کرتا ہے تو وہ تیزی سے چلنے کے بجائے ہر قدم پر رک رک کر چلتا ہے' وہ ہر قدم نہایت احتیاط سے رکھتا ہوا آگے بڑھتا ہے۔ اس فرق کی وجہ یہ ہے کہ چھوٹے جانوروں کیلئے کوئی خطرہ نہیں۔ پانی کے نیچے کی مٹی نرم ہو یا سخت ان کا ہلکا پھلکا جسم با آسانی اس سے گزر جاتا ہے مگر ہاتھی غیر معمولی طور پر بڑا جانور ہے۔ بھاری جسم کی وجہ سے اس کیلئے یہ خطرہ ہے کہ نیچے کی مٹی اگر نرم ہو اور اس کا پاؤں اس میں دھنس جائے تو اس کیلئے اس سے نکلنا سخت مشکل ہو جائے گا۔ یہی وجہ ہے کہ ہاتھی جب تک یہ نہ دیکھ لے کہ نیچے کی سطح مضبوط ہے وہ قدم آگے نہیں بڑھاتا۔ ہر بار جب وہ قدم رکھتا ہے تو اس پر اپنا پورا بوجھ نہیں ڈالتا۔ وہ ہلکا قدم رکھ کر پہلے اس کی نرمی اور سختی کو آزماتا ہے اور جب اندازہ کر لیتا ہے کہ زمین سخت ہے اسی وقت اس پر اپنا پورا بوجھ رکھ کر آگے بڑھتا ہے۔ یہ طریقہ ہاتھی کو کس نے سکھایا۔ جواب یہ ہے کہ خدا نے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہاتھی کے اس طریق عمل کو خدائی تصدیق حاصل ہے۔ گویا زندگی کیلئے خدا کا بتایا ہوا سبق یہ ہے کہ جب راستہ میں کسی خطرہ کا اندیشہ ہو تو اس طرح نہ چلا جائے جس طرح بے خطر راستے پر چلا جاتا ہے بلکہ ہر قدم سنبھل سنبھل کر رکھا جائے ''زمین'' کی قوت کا اندازہ کرتے ہوئے آگے بڑھا جائے۔ انسان کو خدا نے ہاتھی سے زیادہ عقل دی ہے جہاں بارود کے ذخیرے ہوں وہاں آدمی دیا سلائی نہیں جلاتا جس زمین میں پٹرول کے ڈبے لگے ہوئے ہوں اس کا ڈرائیور بے احتیاطی کے ساتھ اس کی شنٹنگ نہیں کرتا۔ مگر اسی اصول کو اکثر لوگ سماجی زندگی میں بھول جاتے ہیں۔ ہر سماج میں طرح طرح کے انسان ہوتے ہیں اور وہ طرح طرح کے حالات پیدا کیے رہتے ہیں سماج میں کہیں ''دلدل'' ہوتا ہے اور کہیں ''پٹرول'' کہیں ''کانٹا'' ہوتا ہے اور کہیں ''گڑھا'' عقل مند وہ ہے جو اس قسم کے سماجی مواقع سے بچ کر نکل جائے نہ کہ اس سے الجھ کر اپنے راستہ کو کھوٹا کرے۔ جس آدمی کے سامنے کوئی مقصد ہو وہ راستہ کی ناخوشگواریوں سے کبھی نہیں الجھے گا کیونکہ وہ جانتا ہے کہ ان سے الجھنا اپنے آپ کو اپنے مقصد سے دور کر لینا ہے با مقصد آدمی کی توجہ آگے کی طرف ہوتی ہے نہ کہ دائیں بائیں کی طرف وہ مستقل نتائج پر نظر رکھتا ہے نہ کہ وقتی کارروائیوں پر۔ وہ حقیقت کی نسبت سے چیزوں کو دیکھتا ہے نہ کہ ذاتی خواہشات کی نسبت سے۔

یہ تعویذ لو! ساری بے سکونی ہمیشہ کیلئے دور

حضرت جی بہت پریشان ہوں' آپ میرے لیے دعا بھی کریں اور مجھے کوئی بھی تعویذ دیں۔ مولانا صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا کیا پریشانی ہے تو وہ شخص کہنے لگا گھر میں سکون نہیں جبکہ گھر بھی اپنا ہے اور مال و دولت کی بھی کمی نہیں ہے۔

آج کل کا دور سرمایہ دارانہ نظام کہلاتا ہے۔ سرمایہ دارانہ نظام نے ہر چیز کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ علامہ ابن خلدون نے لکھا ہے کہ غریب اقوام کا اپنا کوئی کلچر یا نظام نہیں ہوتا وہ ہر چیز میں امیر اور سرمایہ دارانہ اقوام کی اتباع کرتی ہیں اس سرمایہ دارانہ نظام میں ہر ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش میں لگا ہوا ہے۔ حلال حرام کی پرواہ کیے بغیر ہر ایک کے سر پر امیر ہونے کا بھوت سوار ہے جس سے معاشرے میں بگاڑ پیدا ہو رہا ہے اور انسانیت تباہی و بربادی کی دلیز پر جا پہنچی ہے۔ یہی سوچ انسان کی دنیا و آخرت کو تباہ کر رہی ہے۔ قرآن مجید فرقان حمید اور احادیث طیبہ میں جابجا حلال مال اور جائز کسب حلال اختیار کرنے کی تاکید کی گئی ہے اور حرام سے اجتناب نہ کرنے پر سخت وعیدیں وارد ہوئی ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے اور ''ایک دوسرے کا مال ناحق طریقے سے مت کھاؤ'' (البقرہ)

''اور جو لوگ یتیموں کا مال ناحق طریقے سے کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں آگ بھر رہے ہیں اور عنقریب یہ لوگ آگ میں داخل ہوں گے۔'' (النساء)۔ حضور نبی کریم ﷺ نے ایک مرتبہ اس شخص کا ذکر فرمایا جو لمبے سفر کے دوران غبار آلود اور پراگندہ بال ہونے کی حالت میں اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر دعا مانگتا ہے اور کہتا ہے اے میرے رب' اے میرے رب لیکن اس کا کھانا پینا اور لباس حرام مال کا ہو یا اس کی پرورش حرام مال سے ہوئی ہو تو اس کی دعا کہاں قبول ہو سکتی ہے۔ (مسلم)۔

اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ دعا بھی عبادت ہے جب دعا قبول نہیں تو حرام کھانے والے کی عبادت بھی قبول نہیں۔ نبی آخر الزماں ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں محمد (ﷺ) کی جان ہے' آدمی اپنے پیٹ میں حرام لقمہ ڈالتا ہے جس کی وجہ سے چالیس روز تک اس کا کوئی عمل اللہ تعالیٰ کے ہاں قبول نہیں ہوتا۔'' خلیفہ اول حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایسا بدن جنت میں نہیں جائے گا جس کی پرورش حرام مال سے ہوتی ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے متنبہ فرمایا تم حرام مال جمع کرنے پر رشک مت کرو اس لیے کہ اگر وہ حرام مال سے صدقہ کرے تو قبول نہ ہوگا اور بقیہ مال بھی اس کو جہنم تک لے جائے گا۔'' امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ آج کل جو شہر برباد ہو رہے ہیں اس کے دو بڑے سبب ہیں 1۔ ناحق مال بٹورنا۔ 2۔ ناجائز ٹیکس۔

اول لوگ سرکاری خزانے کے گرد جمع ہوتے ہیں اور مختلف حیلوں بہانوں سے مال حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں' وہ بیت المال سے مشاہرہ تو حاصل کرتے ہیں مگر اس کے عوض اتنا کام نہیں کرتے اور حرام آمدنی اپنے پیٹ میں ڈال دیتے ہیں۔ (حجۃ اللہ البالغہ)

آج کے اس دور میں ہماری تنزلی کا سب سے بڑا سبب بھی یہی کرپشن ہے حکمرانوں سے لے کر ادنیٰ ملازم تک ہر ایک اس میں ملوث ہے جس کی مختلف صورتیں ہیں: 1۔ سرکاری دفاتر سے مختلف اشیاء کی چوری مثلاً کاغذ قلم وغیرہ۔ 2۔ ڈیوٹی ٹائم میں کام چوری مثلاً لیٹ آنا اور وقت سے پہلے چلے جانا مگر تنخواہ مکمل وصول کرنا۔ 3۔ بجلی اور گیس کی چوری کرنا اور ملازمین کا رشوت لے کر ایسے چوروں پر ہاتھ نہ ڈالنا حرام در حرام تنخواہ بھی حرام اور رشوت بھی حرام۔ رسول اللہ ﷺ کے بتائے ہوئے واقعات ہمارے لیے سبق ہیں۔ ایک مرتبہ آپ ﷺ جنت البقیع سے گزرے تو ارشاد فرمایا کہ اس قبر میں مدفون شخص کو میں نے دیکھا کہ وہ عذاب میں مبتلا ہے جس کا سبب یہ تھا کہ اس نے سرکاری مال میں سے ایک قمیص چھپالی تھی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے دیکھا ہے کہ اس شخص کو جہنم کا کرتہ پہنا دیا گیا ہے۔ ان تمام چیزوں کو سامنے رکھتے ہوئے ہمیں حرام مال سے اپنے آپ کو بچانا ہے۔ ہمارے اکابر میں سے ایک مولانا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک پولیس آفیسر آیا اور کہنے لگا حضرت جی بہت پریشان ہوں' آپ میرے لیے دعا بھی کریں اور مجھے کوئی بھی تعویذ دیں۔ مولانا صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا کیا پریشانی ہے تو وہ شخص کہنے لگا گھر میں سکون نہیں جبکہ گھر بھی اپنا ہے اور مال و دولت کی بھی کمی نہیں ہے۔ اللہ والے نے فرمایا: سچ سچ بتا کہ جو مال و دولت تمہارے پاس ہے اس میں سب حلال کا مال ہے یا حرام کی بھی ملاوٹ ہے۔

وہ شخص کہنے لگا: حضرت جی میرا سارا کا سارا مال ہی حرام ہے۔ مولانا صاحب نے فرمایا: اگر تم اپنی زندگی میں سکون چاہتے ہو تو میرے اس تعویذ پر عمل کرو جو میں دینا چاہتا ہوں۔ سب سے پہلے جن جن لوگوں سے ناجائز مال لیا ہے انہیں واپس کرو' چنانچہ اس شخص نے ایسا ہی کیا حتیٰ کہ اپنے دو گھر بیچ دیئے اور خود کرائے کے گھر میں رہنے لگا۔ ایک دن پھر وہ شخص حضرت مولانا کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کہ حضرت ایک تو میں ریٹائر ہو چکا ہوں اور دوسرا یہ کہ میں لوگوں کا مال واپس کرتے کرتے ہر چیز سے ہاتھ دھو بیٹھا ہوں اور کرائے کے گھر میں زندگی بسر کر رہا ہوں۔ مولانا نے اس شخص کے حق میں دعا کی اور کسی جاننے والے سے اسے دو لاکھ روپے بطور قرض لے کر دیئے اور کہا کہ ان پیسوں سے کہیں چھوٹا سا کھوکھا بنالو چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا' پانچ وقت کا نمازی' چہرے پر ڈاڑھی اور استغفار کی کثرت نے اس کی کایا ہی پلٹ دی۔ کچھ ہی عرصہ بعد اس کی مولانا صاحب سے ہوئی تو مولانا نے پوچھا زندگی کے کیسے حالات ہیں؟ تو وہ شخص کہنے لگا: حضرت والا اللہ پاک نے ہر چیز میں برکت ڈال دی اور مجھے سکون مل گیا ہے اور آپ کے بتائے تعویذ سے میری ساری بے سکونی دور ہو گئی ہے۔

ہمارا نیا مکان آسیب زدہ نکلا! مگر۔۔۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً چار سال سے عبقری کی قاری ہوں۔ ہم جوائنٹ فیملی میں رہتے ہیں' آئے دن کے گھریلو جھگڑوں کی وجہ سے میرے شوہر نے گھر تبدیل کر لیا۔ جس مکان میں ہم جا کر رہے وہ مکان آسیب زدہ تھا' وہاں میری اور میری بیٹی کی طبیعت کافی خراب رہی' منزل پڑھتی رہی جس سے اس مکان سے نجات ملی' پھر دو مکان اور بدلے' پھر تیسرا مکان جو ہمیں ملا' وہاں بھی کسی کا بسیرا تھا' اسی دوران میں حاملہ ہوگئی' اس مکان میں مجھے اس آسیب نے بہت تنگ کیا' نہ میں سو سکتی تھی' نہ کھا سکتی اور نہ اس گھر سے باہر جا سکتی تھی' جہاں میں رات کو سوتی اس کے آسیب کے بچے میرے پاؤں کا انگوٹھا پکڑ کر ہلا دیتے' جب میں گھر سے باہر نکلتی وہیں گر کر بے ہوش جاتی' تقریباً چھ ماہ ہم اس گھر میں رہے' میں مسلسل منزل پڑھتی رہی اور پانی پر دم کر کے پیتی رہی' منزل پڑھنے کی ہی برکت تھی کہ وہ آسیب چاہ کر مجھے نقصان نہ پہنچا سکا' منزل کی برکت سے ہمیں اس آسیب زدہ گھر سے خلاصی بھی ملی اور اللہ نے مجھے میرے بچوں اور میرے پیٹ میں موجود بیٹے کو محفوظ رکھا۔ اب الحمدللہ میں بالکل ٹھیک ہوں۔ (پوشیدہ' کراچی)

مریض پر دم کرو صحت یاب ہوگا: اگر اسم الٰہی یَاسَلَامُ کو 160 بار پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے تو مریض صحت یاب ہوگا۔ جب تک مریض صحت یاب نہ ہو عمل جاری رکھیں۔

شیمپو لگایا اور سر انڈے کی طرح صاف

غذائیت بخش اجزاء کی کمی کا بھی گنجے پن سے گہرا تعلق ہے چنانچہ جو لڑکیاں دبلی رہنے کیلئے فاقہ کشی کرتی ہیں یا اپنے بالوں کو مختلف کیمیکل بھرے اشتہاری شیمپوز سے دھوتی اور مختلف رنگوں سے رنگتی ہیں بالوں سے بہت جلد محروم ہونے لگتی ہیں۔

ایک غیرملکی رسالے میں ایک خاتون کی تصویر چھپی جو ایک شیمپو کے استعمال کے بعد سر کے بالوں سے بالکل محروم ہوگئی تھی۔ اس کا سر اس شیمپو کی وجہ سے بالکل انڈے کی طرح نکل آیا تھا۔ اس کے بعد چین کے ایک شمارے میں ایسی خواتین کی تصاویر شائع ہوئی تھیں جو گنجے پن کا شکار تھیں اور اسے چھپانے کیلئے مصنوعی بالوں کی وگ پہننے پر مجبور تھیں۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ خبر بھی شائع ہوئی تھی کہ چینی طب کے ماہر دوا سازوں نے ایک قدیم نسخے سے جو تیل تیار کیا تھا اس کے استعمال سے بال دوبارہ اگنے لگے تھے۔ یعنی ثابت ہوا کہ دنیا دوبارہ فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے۔ ماضی میں خواتین میں یہ شکایت مردوں کی طرح زیادہ عام نہیں تھی لیکن جو شواہد سامنے آتے جارہے ہیں ان سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اب خواتین بھی اس شکایت میں زیادہ مبتلا ہورہی ہیں۔ چنانچہ برطانیہ کی چالیس سال کی اٹھارہ فیصد خواتین کے اس شکایت میں مبتلا ہونے کی خبر شائع ہوئی ہے۔ اس خبر میں مزید بتایا گیا ہے کہ یہ مرض زیادہ تر ملازمت پیشہ اور کاروباری خواتین میں بڑھ رہا ہے۔ بالوں سے محرومی کی شکایت سپر ماڈل خواتین کے علاوہ شاہی گھرانوں' کاروباری دنیا سے تعلق رکھنے والی خواتین میں عام ہورہی ہیں اور اسکا لازمی سبب ذہنی دباؤ' ناقص غذا اور کیمیکل سے بھرے شیمپو کا استعمال ہے۔ بالوں کے ماہرین نے حال میں معالجین کے اس موقف پر تنقید کی ہے کہ چونکہ خواتین کے گنجے پن کا کوئی علاج نہیں ہے' انہیں وگ استعمال کرنی چاہیے۔ لندن میں بالوں کے دواخانوں کے ایک ترجمان نے معالجین کے اس خیال کی بھی تردید کی ہے کہ سن یاس کی وجہ سے خواتین گنجی ہورہی ہیں۔ اس نے اس سلسلے میں دعویٰ کیا ہے کہ اس مرض میں بائیس سال کی خواتین بھی مبتلا ہورہی ہیں۔ اب عالم یہ ہے کہ روزانہ تیس سے تینتیس خواتین ان دواخانوں میں آرہی ہیں اور ان سب کے بال ذہنی دباؤ ہی کی وجہ سے گر رہے ہیں۔ پہلے یہ عالم تھا کہ کبھی کبھار ہی کوئی خاتون اس شکایت میں مبتلا ہوکر رجوع ہوتی تھی۔ اس مسئلے کا جو حوصلہ افزا پہلو یہ ہے کہ ان خواتین کی اکثریت علاج سے ٹھیک ہورہی ہے۔ جذباتی دباؤ' پیشہ ورانہ فکر و تشویش' غیر معیاری خوراک' مختلف قسم کے غیر معیاری شیمپوز' لوشنز کی وجہ سے لاحق ہونے والا گنجا پن مختلف قسم کے غذائی علاج' تیل کی مالش اور سر کی جلد پر الٹراوائلٹ شعاعیں ڈالنے سے دور ہوجاتا ہے۔ مالش اور شعاعوں کے اثر سے جسم کا مدافعتی نظام (امیون سسٹم) بیدار ہوتا ہے۔ اس قسم کے علاوہ گنجا پن مردانہ ہارمونوں کے عدم توازن کا نتیجہ ہوتا ہے۔ یہ فساد یا گڑبڑ بھی دباؤ کا نتیجہ ہوتا ہے۔ مردوں میں گنجا پن کا یہ ایک عام سبب ہے لیکن جن خواتین کے جسم میں دباؤ کی وجہ سے مردانہ ہارمون کی مقدار بڑھ جاتی ہے ان کے بال بھی تالو اور کنپٹیوں کے پاس سے گرنے لگتے ہیں۔ بالوں کے ماہر ایسی خواتین کا علاج متاثرہ مقامات پر مانع مردانہ ہارمونی اجزا کی مالش کروا کر کرتے ہیں یا پھر انہیں یہ ادویات کھلائی جاتی ہیں۔ اس علاج سے بال دوبارہ اگ آتے ہیں لیکن یہی علاج مردوں کیلئے مضر ثابت ہوتا ہے۔ وہ مانع مردانہ ہارمون دواؤں کے استعمال سے مردانہ طاقت کھو بیٹھتے ہیں۔ کاروباری اور پیشہ ورانہ مصروفیات' تفکرات اور شدید ذہنی دباؤ کی شکار بے شمار خواتین بالوں کے علاجی مراکز سے رجوع ہورہی ہیں۔ ان کے حالات کے مطالعے سے یہ بات بھی ظاہر ہورہی ہے کہ چونکہ وہ اپنی مصروفیات کی وجہ سے بروقت کھانا نہیں کھاتی ہیں اور ان کی غذا بھی ناقص ہوتی ہے' ان کی چندیا سے بال اترنے لگتے ہیں' لیکن جب یہ خواتین اپنی کاروباری یا پیشہ ورانہ مصروفیات ترک کرتی ہیں اور اپنا غذائی شیڈول تبدیل کرتی ہیں تو ان کی بال پھر اگنے لگتے ہیں۔ **ایک اور اہم انکشاف:** لندن کے سینٹ تھامس ہسپتال کے ڈاکٹر ڈیوڈ فین ٹن اس تحقیقاتی ٹیم کے سربراہ ہیں جس نے یہ دریافت کیا ہے کہ گنجے پن کا غدۂ تیموسیہ (Thymus Gland) کی کارکردگی سے گہرا تعلق ہوتا ہے۔ اس غدود کی کارکردگی ذہنی و جسمانی دباؤ اور فکر و تشویش سے بہت متاثر ہوتی ہے۔ چنانچہ اس کی مخصوص ریزش ''تھائی مولین'' کی کمی سے بال جھڑنے لگتے ہیں۔ یہ بات بھی بار بار مشاہدے میں آرہی ہے کہ غذائیت بخش اجزا کی کمی کا بھی گنجے پن سے گہرا تعلق ہے چنانچہ جو لڑکیاں دبلی رہنے کیلئے فاقہ کشی کرتی ہیں یا اپنے بالوں کو مختلف کیمیکل بھرے اشتہاری شیمپوز سے دھوتی اور مختلف رنگوں سے رنگتی ہیں بالوں سے بہت جلد محروم ہونے لگتی ہیں۔ تاہم گنجے پن کی یہ دونوں قسمیں ہی قابل علاج سمجھی جاتی ہیں۔ ذیل میں ایک آزمودہ ٹوٹکہ جو بالوں کی نگہداشت کیلئے بہت ضروری ہے۔ **ھوالشافی:** دو بڑے چمچ میتھی کے بیج رات بھر پانی میں بھگوئیں۔ صبح ان کا لیپ بنا کر تمام سر میں لگائیں۔ تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ بعد ریٹھا اور سیکا کائی کے سوشن (محلول) سے دھولیں' خشکی وغیرہ کا مجرب علاج ہے۔ ٹھنڈے پانی سے سر دھوکر 5 سے 10 منٹ تک انگلیوں کی پوروں سے مساج گنجے پن کا بہترین علاج ہے۔ خشک بالوں میں ہفتہ میں ایک بار انڈے کو پھینٹ کر اچھی طرح لگائیں اور پھر سر کو صابن یا شیمپو سے دھولیں' خشک بالوں میں ہفتے میں ایک بار زیتون کے تیل میں لیموں کا رس ملا کر سر کی مالش کریں اور اس کے بعد سر دھولیں۔ سر کی خشکی دور کرنے کیلئے ناریل اور مہندی کا تیل ہم وزن ملا کر بالوں میں لگائیں۔ مہندی میں لیموں کے چند قطرے اور انڈا ملا کر بالوں میں لگائیں' پھر ایک گھنٹہ بعد سر دھولیں' خشکی سے نجات مل جائے گی۔ سر میں زیادہ میل وغیرہ جمع ہوگئی ہو تو اسکو نکالنے کیلئے سرکہ کو تیل یا پانی میں ملا کر لگائیں سر صاف ہوجائے گا۔ کلونجی کو پانی میں ملا کر لگانے سے سر کے بال مضبوط ہوجاتے ہیں اور بال گرنے سے رک جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہدایت کے ساتھ ساتھ حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کریں' سادہ اور متوازن غذا کھائیں' مثبت سوچ اپنائیں' ہر کام کو میانہ روی سے کریں' ورزش کو ضرور اپنائیں۔ انشاء اللہ آپ ہر لحاظ سے صحت مند رہیں گی۔ (آفرین شہزادی' لاہور)

بالوں کی نگہداشت: موجودہ دور میں شیمپو کے بغیر غسل کا تصور بھی ذہن میں نہیں آتا' ہر شیمپو تیار کرنے والی کمپنی کا دعویٰ ہے کہ اس کے استعمال کے بعد مضبوط' خوبصورت اور گھنے بال اب خواب نہیں لیکن نتیجہ آپ خود بھی جانتی ہیں۔ کوشش کریں شیمپو سے بچیں اگر مجبوراً استعمال کرنا ہے تو ہمیشہ معیاری کمپنی کا تیار کردہ شیمپو استعمال کریں تاکہ بالوں کو کم سے کم نقصان پہنچے۔ اگر آپ اپنے بال دھونا نہیں چاہتیں تو نہانے سے پہلے (ایک گھنٹہ پہلے) سرسوں کا تیل ہلکا سا گرم کرکے ہلکے ہاتھوں سے بالوں کی جڑوں میں مساج کریں پھر اس کے آدھ گھنٹے بعد ایک چمچ شہد اور ایک انڈا پھینٹ کر ملایئے اور اسے بالوں کی جڑوں میں اچھی طرح لگائیں اس عمل کے بعد شیمپو کرنے کے بعد کوئی بھی کنڈیشنر آپ استعمال کرسکتی ہیں تاکہ انڈے کی بدبو ختم ہوجائے قدرتی ہوا میں بال سوکھنے دیں اور تولیے سے نہ رگڑیں چند مہینوں میں آپ کے بال خوبصورت صحت مند اور چمکدار ہوجائیں گے۔ (شہروز خان' راولپنڈی)

شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟ (قسط نمبر 5)

حاضریوں کے ڈھونگ اور بابوں کے چکر

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں اپنی زندگی کا حال بیان کرنا چاہتا ہوں کہ میں سولہ سال کا تھا جب تسبیح خانہ میں آپ سے ملاقات ہوئی چونکہ بچپن تھا تو میں نام نہاد بابوں اور ڈھونگی پیروں کے پاس چکر لگانے لگا' مزید جنہوں نے حاضریوں کا ڈھونگ رچایا ان کے چکروں میں پڑ گیا۔ان حاضری پر بیٹھنے والی عورتوں نے میری پڑھائی چھڑوادی' میری نوکری چھڑوا دی اور مجھے بولا کہ تو باہر جانے کی تیاری کر' اور اسی طرح باہر جانے کے چکر میں' میں نے اپنا بہت پیسہ برباد کرلیا اور میں خود بھی پڑھائی کیلئے باہر جانا چاہتا ہوں اور ابھی میں 20 سال کا ہوں۔محترم حضرت حکیم صاحب! میری والدہ بھی ان کے جھانسے میں تھیں اور ہمارا پورا گھران کے جھانسے میں تھا اور انہوں نے بابا بن کر ہم سے بہت پیسے بھی کھائے اب جب میں آسٹریلیا اور ملائیشیا سے مسترد ہوا تو مجھے بہت دکھ ہوا اور میں نے نماز اور قرآن چھوڑا ہوا تھا اور میں اپنی والدہ کی بھی نافرمانی کرتا تھا اور اپنے خدا کو بھول کر ان جھانسہ دینے والے اخباری اشتہار والے بابوں کو تو یہ نعوذ باللہ خدا سمجھنے لگا تھا۔ کیونکہ ان کے اشتہارات میں ان کے دعوے ہی ایسے ہوتے تھے کہ میں سب کچھ بھول کر ان کے پیچھے چل پڑا۔ جب ساری دنیا سے مایوس ہوگیا تو میں گھر تک محدود ہوکر رہ گیا' ایک دن اچانک میری بات میرے کزن (جو کہ یورپ میں ہے) سے ہوئی (وہ بھی آپ (شیخ الوظائف) کا درس آن لائن سنتا ہے) اس سے میں نے اپنی پریشانی ظاہر کی تو اس نے مجھے تسبیح خانہ میں 21 جمعرات جاکر درس سننے کو کہا اور میری والدہ نے بھی مجھے ماہنامہ عبقری گھر لانے کو کہا۔ پھر آپ نے ہمیں چاول صدقہ کرنے والا عمل بتایا۔ عمل یہ ہے: کسی بھی قسم کا کوئی بھی مسئلہ جو بالکل ناممکن ہو تو روزانہ ایک کلو یا آدھ کلو سستے ٹوٹا چاول لے لیں اور ان چاولوں پر ایک سو ایک مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھیں۔ خود بھی کرسکتے ہیں کوئی دوسرا مخلص گھر کا فرد بھی کرسکتا ہے۔ پھر یہ دم والے چاول پرندوں' حشرات الارض' دریا یا نہر یا قبرستان کسی صاف جگہ میں ڈال دیں۔ (گندے پانی میں ہرگز نہ ڈالیں)۔ اس کے علاوہ ایک تسبیح اَللّٰہُ الصَّمَدُ ہر نماز کے بعد ورنہ صبح و شام پوری توجہ اور دھیان کے ساتھ اول و آخر تین بار درود پاک (درود ابراہیمی یا کوئی سا بھی چھوٹا سا درود پاک) کے ساتھ پڑھیں۔ اس کے علاوہ سارا دن کھلا ہر حالت میں وضو بے وضو کثرت سے پڑھیں گے تو فائدہ جلد ہوگا۔ گھر کے تمام افراد پڑھیں۔ اس کے علاوہ سارا دن چلتے' پھرتے' اٹھتے بیٹھتے اَللّٰہُ الصَّمَدُ ہر حالت میں پڑھیں تو فائدہ زیادہ ہوگا۔ چاہیں تو سوا، سوا لاکھ کا ٹارگٹ بنا کر بھی پڑھیں۔ مستقل مزاجی سے اکیس، اکتالیس یا اکہتر دن یہ عمل پابندی سے کریں۔ اس کے بعد بھی کرسکتے ہیں لیکن اتنا کرنے سے ہی مسئلے حل ہوجاتے ہیں۔ خواتین ہر حالت میں پڑھ سکتی ہیں۔ جتنا یقین زیادہ ہوگا اتنی تاثیر زیادہ ہوگی۔

جیسے یہ وظیفہ اور عمل ہمیں ملا' میری والدہ نے میرا چاولوں سے صدقہ چند بار ہی درج بالا طریقے کے مطابق دیا تھا کہ ہمارے گھر کے کام سیدھے ہونا شروع ہوگئے' الجھنیں' رکاوٹیں دور ہونا شروع ہوگئیں' کاروباری مسائل حل ہونا شروع ہوگئے' ہمارے گھر سے کالے جادو کے نحوست بھرے بابوں کی نحوست چھٹنا شروع ہوگئی۔ میں وہی لڑکا تھا جو اپنی والدہ کا سخت نافرمان تھا' نماز پڑھنا چھوڑ چکا تھا' قرآن کو نامعلوم کتنا عرصہ سے ہاتھ ہی نہیں لگایا تھا۔ مگر میں اس عمل کی بدولت واپس اپنے رب کی طرف لوٹ آیا ہوں' اللہ تعالیٰ آپ کو زندگی دے کہ آپ لوگوں کو اور مجھ جیسے بھٹکوں کو صراط مستقیم پر لانے کا ذریعہ بنتے ہیں۔(ع، لاہور)

دلی، ذہنی اور دماغی خوشی

محترم حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ پاک آپ کی عمر میں برکت دے اور آپ کا سایہ ہمیشہ رہے' اللہ پاک آپ اور آپ کے اہل وعیال کو صحت، تندرستی، عافیت' امن اور سکون والی زندگی میں رکھے اور ہم سب کو بھی (آمین)

کچھ عرصہ پہلے میں نے آپ کو خط لکھا تھا اور میرے خط کا جواب آپ نے اتنی جلدی دیا کہ میں حیران ہوگیا' میں نے تو سنا تھا کہ خط لکھنے والوں کو آپ سے کافی شکایات ہیں لیکن لوگوں کی یہ بات غلط ثابت ہوئی' بہت دلی اور ذہنی خوشی ہوئی کہ خط کا جواب اتنا جلدی مل گیا ہے۔ میں نے خط میں آپ کو اپنے مسائل لکھے تھے جن میں سرفہرست انٹرنیٹ کا نشہ تھا جس نے میری زندگی کو جہنم بنا دیا تھا اور اس نشے نے مجھے دماغی اور جسمانی طور پر فالج کا مریض بنا دیا تھا' چوبیس گھنٹے بس انٹرنیٹ کی گندی دنیا کی تلاش میں رہتا۔ اس کے علاوہ اور بھی رزق کے مسائل' گھریلو الجھنیں تھیں آپ نے ان تمام کے حل کیلئے مجھے سورۂ قریش توجہ' دھیان اور یقین کے ساتھ پڑھنے کو فرمایا۔ الحمدللہ! سورۂ قریش کی بدولت کافی زندگی میں اور سب سے بڑھ کر دماغی سوچ میں کافی فرق پایا جب شروع میں سورۂ قریش پڑھتا تھا کافی مشکل ہوتی تھی ہروقت زبان پر لانا اور پھر کبھی کبھی پڑھ پڑھ کر مایوسی ہونے لگتی تھی' بعض مرتبہ چھوڑ بھی دیا تھا لیکن پھر اندر سے ایک دوبارہ جذبہ اٹھتا تھا نہیں مجھے پڑھنی ہے اور پھر یہ کہ کتاب ''آداب معرفت'' میں آپ نے لکھا ہے جو بھی مرشد دے وہی اسم اعظم ہے' بس یہی ایک بات دماغ میں بٹھا لی کہ جو بھی ہو پڑھنی ہے سورۂ قریش!۔ اسی دوران آپ کے تسبیح خانہ میں ہونے درس انٹرنیٹ پر لائیو سننا شروع کردیئے' آپ کا ایک درس نے میری زندگی بدل دی' ویسے تو آپ کے تمام درس بہت اچھے اور سبق آموز ہوتے ہیں مگر ربیع الاول میں آپ کا جو درس ہوا تھا وہ سب سے الگ تھا۔ اس درس میں آپ نے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ہر نماز کے بعد 35 مرتبہ پڑھنا اور آپ نے مزید بتایا کہ جمعۃ المبارک کے دن ایک کاغذ پر 35 مرتبہ لکھ کر اس کاغذ کو اپنی جیب میں رکھتا ہے اور ہر روز نماز فجر کے بعد اس کو صرف ایک مرتبہ دیکھتا ہے۔ میں نے آپ کے بتائے یہ تمام اعمال کیے اللہ پاک کا ایسا کرم ہوا کہ مجھے ایک جگہ جاب کیلئے انٹرویو کی کال آئی اور انٹرویو کے چند دن بعد ہی انہوں نے مجھے جاب کیلئے بلالیا۔ رنگ برنگے لوگوں سے ملاقات' سارا دن کھڑے ہوکر کام کرنا اور لوگ بھی اتنے ہوشیار کے پوچھیے مت' شیخ الوظائف کے بتائے اعمال ہی تھے کہ پھر انہوں نے مجھے پورے ڈیپارٹمنٹ کا انچارج بنادیا۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ اللہ کریم حلال اور برکت والی روزی عطا فرمائے۔ روحانی غسل سے طبیعت کافی ہلکی پھلکی ہوجاتی ہے' وضو کے بعد تین گھونٹ پانی کا بہت اچھا رزلٹ مل رہا ہے۔ ان شاء اللہ ہر رمضان المبارک میں تسبیح خانہ کی خدمت اور آپ کے ساتھ وقت گزارنے کی اللہ پاک توفیق دے۔ آمین۔(ع۔ج، کراچی)

شکر ہے اب کوئی تکلیف نہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پہلے میں جب بھی کچھ کھاتی تو ٹھیک طرح ہضم نہیں ہوتا تھا' طبیعت ہروقت خراب رہتی تھی' بہت علاج کروائے مگر سب بے سود تو میں نے ہر نماز کے بعد چالیس مرتبہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھنا شروع کردیا' جب بھی کھانا کھاتی یا پانی پیتی تو چند مرتبہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھ لیتی' اب اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ کوئی تکلیف نہیں ہے۔(زارا خان)

ہر حاجت پوری کروانے کیلئے اسم اعظم جان لیں!

میرے استاد نے مجھے چند آیتیں ہمیشہ پڑھنے کی تلقین کی تھی اور فرمایا تھا ان میں سے ہر آیت میں دس "قاف" ہیں جو ان آیات کو طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے پڑھے گا سب لوگ اس پر مہربان ہوں گے اگر سلطان و حاکم ان کو پڑھتا رہے تو اس کی حکومت قائم رہے گی

البدایہ والنہایہ میں لکھا ہے کہ پانچ آیات ایسی ہیں جن کے بارے میں کہا گیا ہے کہ ان میں اسم اعظم ہے۔ ان میں سے ہر ایک آیت میں دس قاف ہیں تو جو ان آیات کو اپنا معمول بنالے اسے بے شمار فوائد حاصل ہوں گے۔ ان آیات کی تاثیر کا ایک عجیب واقعہ بھی روایات سے ملتا ہے۔ وہ یہ کہ ایک بادشاہ کو اپنے وزیر سے سخت دشمنی تھی۔ ایک روز بادشاہ نے جلاد کو حکم دیا کہ جب وزیر آئے تو میں تجھے اشارہ کروں گا تم اس کی گردن اڑا دینا۔ مگر تعجب کی بات یہ ہے کہ جب وزیر بادشاہ کے سامنے آیا تو بادشاہ کا سارا بغض محبت میں بدل گیا اور جلاد کو اشارہ کر کے کہا کہ واپس چلا جائے۔ پھر کئی روز تک ایسا ہی ہوتا رہا کہ جب وزیر غائب ہوجاتا تو بادشاہ اس کے قتل کا حکم دیتا اور وزیر جیسے ہی سامنے آتا تو اس کا غصہ محبت میں تبدیل ہوجاتا۔ ایک روز بادشاہ نے وزیر سے کہا میں تجھ سے ایک بات پوچھتا ہوں سچ سچ بتاؤ؟ وزیر نے کہا آپ حکم کیجئے میں اعلان کرتا ہوں کہ درست کہوں گا۔ بادشاہ نے کہا ایک عرصے سے میں تیرے قتل کا ارادہ کرتا ہوں مگر جب تیری شکل دیکھتا ہوں تو سارا غصہ کافور ہوجاتا ہے اور تیری محبت دل میں جاگ جاتی ہے تو بتا اس کا راز کیا ہے؟ سچ کہہ دے خوف نہ کر اس لیے کہ میں تجھے معاف کرچکا ہوں۔ وزیر نے کہا حضور میرے استاد نے مجھے چند آیتیں ہمیشہ پڑھنے کی تلقین کی تھی اور فرمایا تھا ان میں سے ہر آیت میں دس "قاف" ہیں جو ان آیات کو طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے پڑھے گا سب لوگ اس پر مہربان ہوں گے اگر سلطان و حاکم ان کو پڑھتا رہے تو اس کی حکومت قائم رہے گی اور رعایا اور نوکروں پر اس کا رعب قائم رہے گا اور اگر کوئی حاجت مند ان آیات کو پڑھ کر حاجت مانگے تو اس کی حاجت پوری ہوگی۔ بادشاہ نے جب وزیر سے یہ باتیں سنیں تو بہت پسندیدگی کا اظہار کیا اور بادشاہ نے بھی آیات یاد کرلیں۔ یہ درج ذیل پانچ آیات ہیں انہیں ایک بار صبح و شام ضرور پڑھ لیا کریں۔ **پہلی آیت:** سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 246 اَلَمْ تَرَ اِلَی الْمَلَاِ مِنْ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ سے لے کر وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ﴿البقرہ ۲۴۶﴾ **دوسری آیت:** سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 181 لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِیْنَ سے لے کر نَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِیْقِ﴿آل عمران ۱۸۱﴾ **تیسری آیت:** سورۂ نساء کی آیت نمبر 77 اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ سے لے کر خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰی وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِیْلًا (النساء 77) **چوتھی آیت:** سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 27 وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ سے لیکر قَالَ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ﴿مائدہ ۲۷﴾ **پانچویں آیت:** سورۂ الرعد کی آیت نمبر 16 قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے لے کر قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ﴿الرعد ۱۶﴾۔ قارئین! ان پانچ آیات کو اپنی زندگی کا حصہ بنالیں، ہر روز صبح و شام صرف ایک مرتبہ پڑھنا ہے اور پھر اس کی کرامات اپنی زندگی میں جاگتی آنکھوں کے ساتھ خود دیکھیں۔ آپ کو کوئی مسئلہ ہے گھریلو حالات خراب ہیں، گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے رہتے ہوں، میاں بیوی یا گھر کے دیگر افراد ایک دوسرے کی شکل دیکھنا پسند نہیں کرتے، کاروبار حالات ٹھیک نہیں، گاہک دکان پر نہیں آتا، جادو، بندش، نظر بد ہے تو ان آیات سے اپنی پریشانیاں بھگائیے اور سکون سے جینے کا گر سیکھ لیں۔

نوکری کیلئے 2 وظائف حاضر ہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جو قارئین عبقری بے روزگار ہیں ان کیلئے انتہائی طاقتور دو عمل حاضر ہیں:۔

پہلا عمل: ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ سورۃ والضحیٰ اس ترتیب سے پڑھیں کہ سورۃ والضحیٰ میں نو (ک) ہیں ہر ک پر نو مرتبہ یا کریم پڑھنا ہے۔ یہ عمل نو دن کریں۔ نو دن میں ملازمت نہ ملے تو اٹھارہ دن کرلیں ان شاء اللہ جلد ملازمت مل جاتی ہے۔ یہ عمل میرا آزمودہ ہے۔

دوسرا عمل: فجر کی نماز کے بعد اول و آخر 21 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں، ظہر کی نماز کے بعد اول و آخر بائیس مرتبہ درود شریف اور درمیان چاروں قل پڑھیں، عصر کی نماز کے بعد اول و آخر تئیس مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں، مغرب کی اول و آخر نماز کے بعد چوبیس مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل، عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف اور درمیان میں چاروں قل ایک مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے۔ انشاء اللہ بہت جلد نوکری مل جاتی ہے۔ یہ عمل میرا آزمودہ ہے۔ (م۔ن، جھنگ)

شعلوں سے بھری قبر

محمد بابر علی سکھیرا، ملتان

ایک سائیڈ سے قبر کو کھودنا شروع کی، جب قبر تھوڑی سی کھلی تو کیا دیکھتے ہیں کہ قبر آگ کے شعلوں سے بھری ہوئی ہے۔

ایک بزرگ سے مروی ہے کہ وہ اپنی بہن کی تدفین میں شریک ہوئے اتفاق سے ان کی قیمتی اشیاء سے بھری تھیلی قبر میں گرگئی اور کسی کو بھی اس کے گرنے کا پتہ نہ چلا، یہ بزرگ تدفین سے فارغ ہوکر جب گھر پہنچے تو گھر جب تھیلی نہ ملی تو بہت پریشان ہوئے، کافی ڈھونڈا نہ ملی پھر خیال آیا قبرستان جا کر چیک کیا جائے جب قبرستان جا کر ڈھونڈی وہاں بھی نہ ملے۔ آرام سے بیٹھ کر سوچا تو معلوم ہوا کہ ان کی تھیلی صرف قبر میں ہی گر سکتی ہے اور وہیں سے ملے گی۔ اس وقت تمام لوگ گھروں کو واپس جاچکے تھے۔ آرام سے ایک سائیڈ سے قبر کو کھودنا شروع کیا، جب قبر تھوڑی سی کھلی تو کیا دیکھتے ہیں کہ قبر آگ کے شعلوں سے بھری ہوئی ہے۔ فوراً کانپتے ہاتھوں سے قبر پر مٹی ڈالی اور گھر کی طرف دوڑ لگادی۔ روتے ہوئے ماں کے پاس پہنچے اور کہنے لگے: اماں جان مجھے بتائیے میری بہن کیا عمل کرتی تھی؟ ماں نے پوچھا بیٹا کیا ہوا؟ کیوں پوچھ رہے ہو؟ کہنے لگے اماں جان میں نے اپنی بہن کی قبر کو آگ کے شعلوں سے بھرا ہوا دیکھا ہے! یہ سن کر ماں بھی رونے لگی اور بولی بیٹا: تیری بہن نماز میں سستی کرتی تھی اور وقت گزار کر نماز پڑھتی تھی۔ یہ حکایت ذکر فرما کر علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ حال تو اس کا ہے جو نماز کو وقت ٹلا کر پڑھتی تھی اور ان مرد و خواتین کا کیا حال ہوگا جو سرے سے نماز ہی نہیں پڑھتے۔ (بحوالہ: کتاب الکبائر ص 26)۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ کریم عبقری کی مزید ترقی دے اور اس شمارے کو ہم سب لوگوں کی ہدایت کا ذریعہ بنائے آمین۔

دوسروں کیلئے مانگا! خود کو اتنا ملا کہ گمان سے باہر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ نے ایک عمل 28 فروری 2013ء کے درس میں فرمایا تھا کہ صرف اپنے لیے نہیں مانگو دنیا میں بسنے والے انسانوں اور جنات کیلئے مغفرت مانگا کرو۔ میں آپ کو کیا بتاؤں کہ اس عمل کی تعداد اب تک بیس لاکھ تک پہنچ گئی ہے اور اس دعا کے کرشمات تو میں نے اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ آپ کیلئے دل سے دعائیں نکلتی ہیں، میں انڈیا کے شہر ممبئی میں رہتا ہوں، مگر انٹرنیٹ پر جب بھی درس سنتا ہوں ایسے لگتا ہے کہ تسبیح خانہ لاہور میں موجود ہوں۔ جو چاہتا ہوں مجھے مل جاتا ہے۔ سب دوسروں کیلئے مانگنے کا کمال ہے۔ (ف، انڈیا)

آپ کا سوال۔۔حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔2۔وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کررہا ہے۔3۔جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کردیتی ہے۔4۔مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔5۔تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔6۔بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔7۔عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔8۔اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

بشریٰ' لالہ موسیٰ۔ افشین ناز' فیصل آباد۔ صالحہ' قصور۔ ہاجراں عمر' جہلم۔حیدر علی' ساہیوال۔صائمہ تحریم' راولپنڈی۔ شاہدہ' راولپنڈی۔ساجدہ پروین' راولپنڈی۔ عاصمہ غفور' راولپنڈی۔محمد زبیر خان' کراچی۔ عدیلہ ناز' کراچی۔ ابرار حسین' راولپنڈی۔ سجاد حسین' کراچی۔ محمد افضال شیخ' حیدر آباد۔صداقت علی' شیخوپورہ۔شہلہ سعادت' ساہیوال۔ نسرین' جہان پور۔ حافظ ماہ جبین' چیچہ وطنی۔محمد اعجاز قاسم' پشاور۔ یاور منیر' پشاور۔ محمد نوید فاروق' چکوال۔ انجمن' مصروجی پاپان۔ محمد اشرف اعوان' ایمن آباد۔حمیرا خالد' کراچی۔محمد ایوب' سکھر۔ وسیم عامر' جہلم۔ نسرین آغا' راولپنڈی۔خواجہ منور حسین' واہ کینٹ۔محمد خان' ملتان۔ اللہ بخش' خوشاب۔ قاضی مستجاب احمد' مظفرگڑھ۔ فضیلت' لاہور۔محمد وسیم عامر' جہلم۔ظفر محمود' کہوٹہ۔ عالیہ اسحاق' حجرہ شاہ مقیم۔ تزئین علی' کراچی۔ سید محمد [illegible] ساہیوال۔ وقاص احمد' لاہور۔ حسن رضا' فیصل آباد۔ ارم نورین' چکوال۔ محمد اسلم' لاہور۔ شہیر احمد' جھنگ۔محمد وسیم' اسلام آباد۔نور محمد' اسلام آباد۔تقدس خانم' کراچی۔انیسہ خاتون' کراچی۔ثناء عمیر' کراچی۔ عظمیٰ اظہار' کراچی۔ ارم وسیم' کراچی۔ عبدالمجید' گوجرہ۔زاہد حسن صدیقی' لاہور۔فیضان' کراچی۔ محمد ارسلان' کراچی۔آسیہ بی بی' سبی۔رضیہ ذوالفقار' فیصل آباد۔ عرفان علی' نوشہرہ۔خورشید حسن' اٹک۔علی جنید باری' کراچی۔ اسماء جنید' کراچی۔کاشف عمران' شیخوپورہ۔سمیرا ناہید' گوجرانوالہ۔عتیق الرحمٰن عباسی' آزاد کشمیر۔محمد فاروق' ساہیوال۔ بشیر احمد' وہاڑی۔حمیرا عدنان' راولپنڈی۔غلام یٰسین' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ زاہدہ پروین' ٹیکسلا۔ سارہ حسین' کراچی۔ آسیہ بی بی' ڈیرہ اسماعیل خان۔ خوشبو سحر' گوجرانوالہ۔ سلمان عثمان شیخ' لاہور۔ چوہدری عنصر محمود' جہلم۔نجمہ سلطانہ' فیصل آباد۔ بشارت علی' بھمبر۔روبینہ اصغر' سیالکوٹ۔زیبا نصیر' سیالکوٹ۔ناظمہ نواز' حضرو۔محمد طارق' منڈی بہاؤالدین۔ [illegible] گوجرانوالہ۔ [illegible] حیدر [illegible] سرفراز احمد' مظفرآباد۔ارشاد احمد' کمر مشانی۔علی امین' لاہور۔ مطیع اللہ خان' لاہور۔مبشر رشید خان' لاہور۔حنا ذوالفقار' سمندری۔محمد اقبال خان' تلونڈی ملک۔سدرہ' کراچی۔محمد صفوان' کراچی۔ سلیم احمد' لاہور۔محمد یونس' ڈیرہ اسماعیل خان۔ نجم النساء' پنڈی بھٹیاں۔ شازیہ ارشد' اوکاڑہ۔محمد اسماعیل' ڈیرہ اسماعیل خان۔خلیل الرحمٰن خان' گوجرانوالہ۔ سید تجمل شاہ' مردان۔ مدیحہ فاروق' لاہور۔ اسرار الحق' ماموں کانجن۔قلزم غلام' کوٹلی۔محمد معاذ' برنالہ آزاد کشمیر۔ تنویر الحسن' سیالکوٹ۔ فتح اللہ' ٹانک۔سجاد بشیر' مظفرآباد۔ عابدہ پروین' شیخوپورہ۔محمد ساجد' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔فریحہ مسعود صدیقی' اسلام آباد۔ مہک رزاق' اسلام آباد۔ فیصل محمود' اسلام آباد۔سلیم الرحمٰن' راولپنڈی۔نیلمہ افضل' اٹک۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پر پہنچیں تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں وضو ناوضو' پاک ناپاک۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

نعمان ظفر' راولپنڈی۔محمد حمزہ جاوید' لاہور۔مہرالنساء' پشاور۔ محمد اصغر علی' لاہور۔خالی جان' کوہاٹ۔محمد باقر' ایم بی دن۔ نسرین بی بی' وہاڑی۔ ناہید اختر' اٹک۔کنول ظہور' اٹک۔ رفعت نورین' کنڈور۔ مہوش بتول' لاہور۔ طیبہ شاہین' راولپنڈی۔عبدالخالق' جڑانوالہ۔ خالدہ' چوآسیدن شاہ۔رقیہ' ملتان۔ شفق احمد' لاہور۔ رمشہ سلیم' ملتان۔ ثوبیہ عباس' راولپنڈی۔ خالق اکبر' کوہاٹ۔ نبیلہ جمیل' لاہور۔محمد لائق اکبر' لاہور۔فرناز' لاہور۔ طاہر مصطفیٰ خان عابد' فیصل آباد۔ زینب اللہ دتہ' لاہور۔شمس دین' سیالکوٹ۔ طاہرہ پروین' فیصل آباد۔فخر النساء' عینی خان' بھکر۔محمد دتہ' رحیم یار خان۔ کرن مظفر' لاہور۔رخسانہ عرف رحمت' کبیر والا۔مسرت بی بی' راولپنڈی۔محمد عبدالرزاق' کہروڑ پکا۔ممتاز بیگم' لاہور۔غلام نبی' مورو۔ ارم گل' موچھ۔ راجہ عظیم خان' ڈڈیال۔محمد عبدالرزاق' کہروڑ پکا۔ نبیلہ قاسم' اسلام آباد۔ کاملہ نبیل' ملتان۔حمیرا امتیاز' کراچی۔محمد ندیم بٹ' کراچی۔محمد اعجاز قاضی محمد سعید احمد' راولپنڈی۔شائستہ وحید' بہاولنگر۔ عصمت علی' گوجرانوالہ۔ محمد فیاض ہاشمی' بھمبر آزاد کشمیر۔ رضوان خان' ڈیرہ اسماعیل خان۔مریم میمونہ' لاہور۔محمد اسلم خان' بھکر۔رضیہ نثار' اسلام آباد۔شبانہ کوثر' صادق آباد۔ عاصمہ متین' راولپنڈی۔محمد اشفاق' ملتان۔محمد عتیق نعمان' جڑانوالہ۔سحرش اقبال' لالہ موسیٰ۔شاہدہ' لالہ موسیٰ۔محمد ناصر خان' لودھراں۔ ارشد محمود' سرگودھا۔ شگفتہ پروین' گوجرانوالہ۔ ماہین بابر' کراچی۔شائستہ' راولپنڈی۔جاوید علی سومرو' ٹھٹھہ۔ صائمہ یاسر' راولپنڈی۔ سرفراز احمد' مظفرآباد۔سنور علی' محمد یوسف' کبیر والہ۔ نرگس طاہر' راولپنڈی۔فریحہ اسحاق' لاہور۔ زبیدہ بی بی' اوکاڑہ۔محمد عارف' ہجیرہ۔خالد پرویز' گوجرانوالہ۔انجم علی' سیالکوٹ۔ امبرین شیر' لاہور۔ سارہ ہاشمی' راولپنڈی۔ سمیعہ بتول' خانیوال۔ محمد فیصل اکمل' کراچی۔ محمد فاروق احمد شاہ' راولپنڈی۔ ریحان احمد خان' کراچی۔ نازیہ وسیم مغل' راولپنڈی۔فرخ رعنا' واہ کینٹ۔زہرہ عباس' ملتان۔ثمینہ یعقوب' حافظ آباد۔عرفان علی' ملتان۔محمد اشتیاق' مالکی۔ [illegible] پروین' کراچی۔ فہمیدہ جاوید' گوجرانوالہ۔ شاہ بانو' ملتان۔ قاری عبدالمالک خان' ساہیوال۔ بختاور رشید' گوجر خان۔ پروین' کراچی۔صفورہ بی بی' گوجر خان۔ بشریٰ صادقہ' شاہ پور۔ صادق الرحمٰن' چترال۔محمد عامر نیاز' اسلام آباد۔ثمینہ اصغر' لالہ موسیٰ۔ ارم فاروق' اسلام آباد۔ مریم خالد' لاہور۔ ریحانہ رحمان' راولپنڈی۔ رخسانہ ندیم' راولپنڈی۔محمد ارشد فانی' لاہور۔حمیدہ بیگم' جھنگ۔ عارفہ' لاہور۔شگفتہ نصیر' فیصل آباد۔محمد شاہ فہد' رنوال۔ افضال کوثر' سیالکوٹ۔ عبدالقدوس' لاہور۔ غلام مصطفیٰ' بورے والہ۔ سمعیہ فردوس' شورکوٹ۔عنبر مشتاق' ملتان۔مظہر حسین' دینہ۔ نورین عمران' وہاڑی۔محمد انور' حافظ آباد۔امبر خان' ملتان۔ بہادر خان' میانوالی۔علی عباس' راولپنڈی۔سید طالب حسین شاہ' خیر پور میرس۔محمد اختر' اسلام آباد۔علی احمد' لاہور۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ o وَ اِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ o وَ اِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ o وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ o (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ' سات دفعہ' گیارہ دفعہ' جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔

قسط نمبر 12

مرتی بھینس کو تیل اور مہندی نے بچا لیا

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج کی تحریر میں خاص طور پر کسان بھائیوں کیلئے لکھ رہا ہوں۔ میرے انکل کی ایک بھینس ہے ان کے تھنوں کے درمیان ایک زخم ہو گیا۔ جن بھائیوں نے بھینسیں رکھی ہوئی ہیں وہ جانتے ہیں کہ تھنوں والی جگہ پر گوشت نہیں ہوتا بلکہ اس جگہ چربی ہوتی ہے اور وہ زخم اتنا گہرا ہو گیا کہ ایک پورا ہاتھ اس میں چلا جاتا' جیسے جیسے دن گزر رہے تھے زخم اور گہرا ہوتا جا رہا تھا حتیٰ کہ ان میں کیڑے پڑ گئے اور بدبو آنے لگی' مویشیوں کے ڈاکٹرز جتنے ہائی ڈوز انٹی بائیوٹک کے جتنے انجکشن لگا سکتے تھے لگائے حتیٰ کہ پانچ پانچ ہزار والے انجکشن منگوا کر لگائے مگر مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ چونکہ بھینس بہت اعلیٰ نسل کی اور مہنگی تھی' انکل بہت زیادہ پریشان تھے انہوں نے ساری صورت حال مجھے آ کر بتائی تو قدرت خدا کی میں اس وقت اپنا چہیتا میگزین عبقری پڑھ رہا تھا غالباً اکتوبر یا نومبر 2016ء کا میگزین تھا اس کے آخری صفحات کے بالکل اوپر جو چھوٹا سا ٹوٹکہ یا وظیفہ لکھا ہوتا ہے اس پر لکھا تھا زخم کتنا بھی پرانا کیوں نہ ہو تھوڑے سے سرسوں کے تیل میں دیسی کوٹی پسی ہوئی مہندی تھوڑی سی مکس کر کے یعنی کے سرسوں کا تیل اور مہندی کا لیپ بنا کر اس زخم پر لگائیں یہ جو مہندی ہوتی ہے زخم میں جا کر پھنس جاتی ہے۔ اس وقت تک باہر نہیں نکلتی جب تک زخم بھر نہ جائے۔ قارئین! یقین جانیے انہوں نے اس بدبودار کیڑے والے زخم پر تیل اور مہندی مکس کر کے لگائی ایک ماہ کے اندر زخم بھر گیا' بھینس کو پڑے تمام کیڑے ختم ہو گئے۔ آج بھی وہ بھینس بالکل ٹھیک ٹھاک ہے' الحمدللہ! بھینس دودھ دے رہی ہے اور میں اپنے انکل کی دعائیں لے رہا ہوں اور میری دعائیں عبقری کیلئے۔

محترم کسان بھائیو! جب بھی آپ کے کسی جانور گائے' بھینس' گھوڑے' گدھے' بکری' بھیڑ یا دنبے وغیرہ کو نظر لگ جائے یا کوئی شریر سے شریر گائے ہو' دودھ نہ دوہنے دیتی ہو یا بچھڑے کو قریب نہ آنے دیتی ہو یا دودھ دینے کے وقت سکھ نہ دیتی ہو تو میں یہ تعویذ دیتا ہوں دس بارہ میرے سامنے یہ کیس آئے کسی کی گائے کو نظر بندھی کوئی گائے شریر تھی ان میں ایک دو کا رزلٹ ٹھیک نہیں ملا' باقی سب الحمدللہ ٹھیک ہو گئی۔ وہ تعویذ ہے بسم اللہ: یعنی انیس دفعہ ب۔ انیس دفعہ س۔ انیس دفعہ م۔ چھوٹا چھوٹا لکھنا ہے ان کے اوپر بڑا سا اللہ لکھنا ہے۔ اگر یہ تعویذ کالی پنسل سے لکھا جائے تو اس کی تاثیر اور بڑھ جائے گی۔ کالی کملی ﷺ والے کی نسبت ہے' بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت ہے' کالے غلاف کعبہ کی نسبت ہے۔ میرے خیال سے یہ تعویذ جادو جنات لاعلاج بیماریوں کیلئے بھی ہے۔ اگر شریر اونٹ' گھوڑے اور بیل کو یہ بسم اللہ والا تعویذ باندھا جائے تو وہ بھی بالکل شریف ہو جائیں گے اور آپ کا ہر حکم مانیں گے۔ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ جب میرے دل پر زنگ چڑھ جاتا ہے' نماز میں دھیان نہیں رہتا' تسبیحات چھوٹ جاتی ہیں تو میں یہ درج بالا تعویذ کالی پنسل سے بنا کر بہت تھوڑی خوشبو لگا کر اس تعویذ میں تھوڑا سا گڑ رکھ کر ٹافی کی طرح پندرہ بیس منٹ تک چوستا رہتا ہوں پھر نگل جاتا ہوں اس طرح ایک دو روز صبح و شام کرتا ہوں تو پھر میرے دل کی ضرورت نہیں پڑتی دل صاف ہو جاتا ہے' نماز میں خشوع خضوع آ جاتا ہے۔ تسبیحات و نوافل میں دل لگ جاتا ہے۔

تعویذ یہ ہے



جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہو گا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

صحت چاہتے ہو تو اپنی عادات بدلو

قسط نمبر 12

ہمارے مطب میں آنے والے مریضوں کی نبض اور سانس کی رفتار کو بڑے حکیم صاحب فیروز الدین اجملی رحمۃ اللہ علیہ دیکھنے کے بعد فرماتے کہ اتنے بڑے بڑے ڈاکٹرز' حکیم اور دوائیں فیل کرنے کے بعد آپ میرے پاس کیا لینے آئے ہیں؟ اللہ پاک نے میری روزی کا وعدہ پورا کر رکھا ہے۔ مجھے آپ سے پیسے نہیں کمانے۔ آپ تشریف لے جائیں۔ پھر مریض یا لواحقین اصرار کرتے تو فرماتے: جب ہم نے طرز زندگی نہ بدلنے کی قسم کھا رکھی ہو تو آرام کیسے آئے گا؟ آپ تو اپنے پیسے اور معالج کی دوا سے آگے سوچنے اور بہترین کی اُمنگ سے خالی ہیں۔ آپ کی نبض کی سٹروک پاورفل نہیں ہیں جس کی وجہ نامکمل اُتھلا سانس ہے۔ آپ کو پھیپھڑے کو پورا پھیلانے کی سمجھ ہی نہیں نہ ہی کسی معالج نے آپ کی اس بارے رہنمائی کی ہوگی اور اگر اس بارے کچھ کہا ہوگا تو آپ نے عمل نہیں کیا ہوگا اور آج آپ ایک موٹی سی فائل نسخوں کی اور ایک فائل ٹیسٹوں کی اٹھائے پھر رہے ہیں۔ آپ صرف تیس فیصد سانس لیتے ہیں ستر فیصد پھیپھڑے کو استعمال نہیں کرتے۔ جب آکسیجن پوری نہ ہو تو خون پورا صاف شفاف ہلکا پھلکا نہیں ہوگا۔ دل کو مطلوبہ آکسیجن نہ ملنے سے اس کو اپنی دھڑکن ضرورت سے زیادہ بڑھانا پڑے گی۔ اس کے باوجود یہ کمزور اور غریب سا خون جسم کی ضرورت پوری نہ کر سکے گا اور تمام اعضاء بدن مختلف صورتوں میں احتجاج کریں گے ہر ایک کی لال بتیاں جلنے بجھنے لگیں گی۔ دم پھولنا، سانس چڑھنا' حواس کا خراب ہونا' پٹھوں کا پھڑکنا' بدمزاجی' جلدی غصہ آنا' جذباتی ہو جانا' گرمی کا زیادہ محسوس ہونا کہ کسی بھی وقت دم نکل جائے گا۔ سردی کا زیادہ محسوس ہونا کہ جسم سن یا شل ہو جانا وغیرہ جیسی تکالیف سے گزرنا پڑے گا اور دواؤں میں پھنس کر غذائیں چھوٹ جائیں گی۔ جینا مرنا مشکل ہو جائے گا۔ حکیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے: اپنا قبلہ درست کرنے کا وعدہ کرو تو تمہارا نسخہ اور ہدایات لکھتا ہوں ورنہ آپ تشریف لے جائیں۔ مریض وعدہ کرتا تو آپ قلم کاغذ سنبھالتے۔ نسخے میں مفرحات کو ترجیح دیتے اس کے علاوہ ضرورت کی ادویات ہوتیں۔ ہدایات میں خس اور صندل کا عطر اپنی جیب میں رکھیں' ہاتھ کی پشت پر ہلکا سا ہر وقت لگا رہے جب سانس لیں تو خوشبو کو ناک کے قریب کر کے گہرا سانس لیں کہ چھاتی سینہ پوری طرح کھل جائے۔ قارئین کرام! آپ خود (باقی صفحہ نمبر 44)

انگلی پر تیل لگائیں ناک میں گھمائیں اور الرجی ختم

جب بھی مجھے نزلہ زکام ہوتا سال سال بھر نہ جاتا اور سارا سال میرا اذیت میں گزرتا۔ پھر عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں' میں نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا کالم پڑھا' اس میں ناک کی حفاظت کا ایک انتہائی آسان طریقہ بتایا گیا تھا' میں نے وہ شروع کیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں میڈیکل کی سٹوڈنٹ ہوں اور ہاسٹل میں رہتی ہوں۔ عبقری رسالہ ہم تمام ہاسٹل کی لڑکیاں بہت شوق سے پڑھتی ہیں اور اس میں بتائے ہوئے وظائف' اعمال اور ٹوٹکوں پر عمل کرنے کی بھرپور کوشش کرتی ہیں۔ میرے پاس کچھ اپنے آزمودہ مشاہدات ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہی ہوں۔ یقیناً اس سے لاکھوں کا فائدہ اور میرے لیے صدقہ جاریہ کا اعزاز ہوگا۔ میرے ساتھ بہت چھوٹی عمر سے ایسے تھا کہ جب کبھی مجھے شدید گرمی ہو یا شدید سردی نزلہ زکام ہوا کرتا تھا تو بس سمجھیں کہ میری گویا شامت آجایا کرتی تھی' دو چار روز تک تو ویسے ہی پانی کی طرح ناک بہت بہتی تھی پھر بعد میں پیلے سے رنگ کا مواد نکلتا تھا اور یہ مہینوں میری جان نہیں چھوڑتا تھا' اس کی وجہ سے مجھے ہر وقت لوگوں کے سامنے شرمندگی اٹھانا پڑتی تھی میں ٹشو کے پورے کے پورے رول دو دو دن میں ختم کر دیتی تھی۔ کپڑے خراب ہوتے تھے اور کسی کے ساتھ بیٹھ کر کھانا تو کھا ہی نہیں سکتی تھی۔ بار بار ناک صاف کرنا پڑتی تھی اور دوسرا بندہ کراہت سے خود ہی کھانا چھوڑ کر اٹھ جاتا تھا۔ جب بھی مجھے نزلہ زکام ہوتا' سال سال بھر نہ جاتا اور سارا سال میرا اذیت میں گزرتا۔ پھر عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں' میں نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا کالم پڑھا' اس میں ناک کی حفاظت کا ایک انتہائی آسان طریقہ بتایا گیا تھا' میں نے وہ شروع کیا اور اللہ پاک کا اتنا کرم ہوا کہ مجھے اس سے بہت فائدہ ہوا اور میری نزلہ زکام کی شرح نہ صرف کم ہوئی بلکہ مرض بھی ختم ہوتا گیا۔ پھر یہ ٹوٹکہ میں نے اور بھی بہت سے لوگوں کو بتایا۔ وہ ٹوٹکہ یہ ہے: روزانہ ایک منٹ ناک کو دیں' آدھا منٹ ایک نتھنے کو اور آدھا منٹ دوسرے کو' تیل خواہ سرسوں کا ہو یا آملے کا یا زیتون کا یا کوئی ویزلین وغیرہ ہو لیں اور اپنے ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی اس میں ڈبوئیں اور آدھا منٹ تک کلاک وائز اور اینٹی کلاک وائز پہلے ایک نتھنے میں گھمائیں اور پھر دوسرے نتھنے میں بھی ایسے ہی کریں۔ ناک کے تمام مسائل سے ان شاء اللہ عزوجل جان چھوٹ جائے گی۔ ہمارا تو بہت کا آزمودہ ہے اور سب کو اللہ نے فائدہ پہنچایا۔

ہمارے خاندان میں گلے کے مسائل اکثر لوگوں کو ہیں' گلا خراب ہوجائے تو پھر آسانی سے ٹھیک نہیں ہوتا' میرے ساتھ بھی نہیں ہوا' 2012ء سے 2013ء تو میرا جتنا اینٹی بائیوٹک کھاتے ہوئے گزرا ہے شاید ہی کبھی پہلے میں نے اتنی ادویات کھائی ہوں۔ ان ادویات کی وجہ سے مجھے معدہ کا مسئلہ بھی ہوگیا تھا اور میرے چہرے پر رنگ برنگے دانے بھی نکل آئے تھے۔ تب ایک بار مجھے عبقری میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا طبی آرٹیکل پڑھا۔ اس میں انہوں نے کسی بوڑھی اماں جی کے ٹوٹکے لکھے تھے کہ صبح فجر کیلئے جب وضو کرنے لگیں تو پہلے منہ میں جو تھوک ہوتی ہے اسے انگوٹھے پر لگا کر سب سے پہلے حلق میں جو چھوٹا سا گوشت کا لوتھڑا ہوتا ہے جسے عرف عام میں کوا بھی کہتے ہیں۔ اسے دبائیں' پھر اس کے ساتھ تالو پر' پھر زبان کے پچھلے حصے میں پھر تالو کی دوسری سائیڈ پر بھی اسی طرح کریں۔ اسی طرح حلق میں موجود گوشت کے لوتھڑے (کوے) کو بار بار ہلکا ہلکا دبائیں۔ اس سے گلا ٹھیک ہوگا۔ مجھے اس ٹوٹکے سے بہت فائدہ ہوا اور اسی کے ساتھ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے شہد کے ساتھ بھی گلا اٹھانے کا لکھا ہے کہ انگوٹھے پر شہد لگائیں اور ویسے ہی حلق کے لوتھڑے (کوے) کو دبائیں جیسے میں نے اوپر ذکر کیا ہے۔ تین دفعہ کرنا ہے اور تین دفعہ ہی شہد لگانا ہے۔ یہ ٹوٹکہ میرے حق میں بہت زبردست ثابت ہوا اور مجھے گلے کے امراض اور اینٹی بائیوٹک سے نجات مل گئی۔ (صباء الطاف' مظفر گڑھ)

لیڈی ہیلتھ ورکر نے بے اولادی کیلئے آزمودہ ٹوٹکہ بتادیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنا اور بہت سی بہنوں پر آزمایا ہوا انتہائی سادہ سا نسخہ ارسال کر رہی ہوں امید ہے شائع کر کے مجھ سمیت بہت سی پریشان بہنوں کی دعائیں سمیٹیں گے۔ یہ نسخہ یا ٹوٹکہ انتہائی آزمودہ ہے' اسے کوئی بھی قاری ردی کا ٹوٹکہ سمجھ کر پھینک نہ دے۔

آلو کھائیں اولاد نرینہ پائیں: اولادِ نرینہ کیلئے بہنیں روزانہ رات کو آلو کی ترکاری یا آلو کی بھجیا کے ساتھ خود بھی روٹی کھائے اور اپنے خاوند کو بھی اسی آلو کی بھجیا کے ساتھ روٹی کھلائے' آلو کی بھجیا مستقل صرف رات کے کھانے میں کھائے' اس سے حمل بھی بہت جلدی قرار پاتا ہے اور نوے فیصد سے زیادہ اولاد نرینہ ہی ہوتی ہے۔ ان شاء اللہ۔ اس کے ساتھ اپنے خاوند کو چھوہاروں والا دودھ تقریباً ایک پاؤ کھانے کے ایک گھنٹہ بعد بھی دیں۔ میری ایک سہیلی کی پانچ بیٹیاں تھیں۔ اس ٹوٹکے سے اسے آخری بیٹی کے دس سال بعد اولاد نرینہ نصیب ہوئی۔ میں ایک لیڈی ہیلتھ ورکر ہوں' یہ نسخہ میرا بھی آزمودہ ہے۔ اس دوران ایک دن چھوڑ کر یا کم از کم ہفتے میں دو مرتبہ خاوند کے پاس جائیں جن بہنوں کے اولاد نہیں ہے یا صرف بیٹیاں ہیں اس ٹوٹکے پر عمل کریں ایک ماہ کے اندر ہی اچھا رزلٹ آئے گا۔ آزمائش شرط ہے۔ آپ کی بہن (شمسہ بٹ' سیالکوٹ)

بادی بواسیر تھی! چند دنوں میں صحت یاب ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ ناچیز گزشتہ چھ سال سے ماہنامہ عبقری پڑھ رہا ہے آپ کے شمارے میں دیئے گئے کافی نسخے میں نے ذاتی طور پر آزمائے' الحمدللہ شفایاب ہوا۔ آج میں نے یہ قلم اور کاغذ ایک ذاتی آزمایا ہوا نسخہ آپ کی نذر کرنے کی خاطر اٹھایا۔ مجھے کچھ عرصہ پہلے بادی بواسیر کا مسئلہ ہوگیا تھا' بہت تکلیف میں وقت گزارا حتیٰ کہ میں نماز تو ضرور ادا کرتا رہا ہوں قبولیت تو اس کی ذات میں تھی اپنا فرض پورا کرتا رہا' کپڑے پاک نہیں رہتے تھے۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور اللہ ذوالجلال نے میری مدد فرمائی اور میں نے کلونجی صبح نہار منہ ایک چٹکی اور صافی کا استعمال کیا۔ صافی رات کو دو چمچ چائے والے نیم گرم پانی میں مکس کر کے لیے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے مجھے شفاء دی ہے اور میں چند دنوں میں صحت یاب ہوگیا ہوں۔ یہ چند الفاظ تو عبقری قارئین کی نذر کیے ہیں کہ شاید رسالہ عبقری کے توسط سے مخلوق خدا میں سے کسی کو شفاء مل جائے اور مجھ گنہگار کی بخشش کا ذریعہ بن جائے۔ آمین! اللہ تعالیٰ سے آپ کے علم میں اضافے اور شفاء کی دعا ہے۔ (محمد اشرف' راولپنڈی)

صرف اسٹوڈنٹس پڑھیں باقی ہرگز نہ!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے سیکنڈ ایئر کے امتحان ہو رہے تھے میں نے عبقری میں پڑھا کہ اگر درس سنا جائے تو رزلٹ بہت اچھا آتا ہے۔ میں نے اس نیت سے آپ کے درس سننا شروع کر دیئے۔ روزانہ کبھی ایک یا کبھی دو درس لازمی سنتی' الحمدللہ میرا جب رزلٹ آیا تو اتنے اچھے مارکس کے میری تمام دوست حیران رہ گئیں کہ تمہاری تو اتنی اچھی تیاری ہی نہ تھی پھر یہ کمال کیسے ہوگیا؟ تو میں نے سب کو آپ کے درس سننے کا بتایا اور آپ کی ویب سائٹ سے درس سننے کا طریقہ بھی سکھا دیا۔ میرا اسٹوڈنٹس کو مشورہ ہے کہ امتحان کی نیت کر کے درس سن لیں ان شاء اللہ کامیاب ہوجائیں گے۔ (ب۔آ)

لاعلاج خوفناک بیماریوں کا اکیلا علاج

(قسط نمبر 1)

قارئین! جس چیز سے امت کو فائدہ ہوتا ہے میری کوشش ہوتی ہے اس کو بار بار دھراؤں اور اس کے مزید فائدے میں اجاگر کروں۔ تاکہ مخلوق خدا کو نفع ہو اور سوفیصد نفع ہو۔ آیئے! اس بھولی بسری بات کو پھر یاد کریں میں سب سے پہلے اس فارمولے کو بیان کرتا ہوں۔

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

قارئین! اکتوبر 2012ء یہ طبی راز سب سے پہلے شائع ہوا' کیونکہ آزمودہ تھا اور باکمال تھا عبقری کے پھیلے لاکھوں قارئین نے ہاتھوں ہاتھ لیا روگ یہ ہے کہ جس کے پاس کوئی چھوٹا سا ٹوٹکہ بھی آجائے وہ اسے سینے کا راز بنا کر قبر تک تو لے جاتا ہے اور بہت کم لوگ ایسے ہوتے ہیں جن میں خلق خدا کی خیرخواہی اور اچھائی کا جذبہ ہوتا ہے دنیا اب بھی خیرخواہ افراد سے خالی نہیں' بھری ہوئی ہے اور مخلوق خدا کو نفع مل رہا' لیکن اکثریت سوفیصد ایسی ہی ہے۔

میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے باغ میں ایک مالی ہوتے تھے' جو ابھی بھی زندہ ہیں یقیناً سو سال کے قریب ہیں' ان کے پاس ایک دم ہے جو وہ لاعلاج پھوڑے پھنسی اور زخموں پر دم کرتے ہیں اور وہ حیرت انگیز طور پر ٹھیک ہوجاتے ہیں' موصوف مالی مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں' پیار کرتے ہیں نہلاتے ہیں کھلاتے ہیں پلاتے ہیں لیکن جب دم کی بات آتی ہے تو ان کا دم نکلنا شروع ہوجاتا ہے اور میں ایسی منتیں کرتا ہوں کہ میرے دم میں دم نہیں رہتا' اور وہ ایسے مضبوط اور فولادی ارادے کے کہ وہ کہتے ہیں دم نکل جائے گا لیکن دم نہیں دوں گا۔ یعنی وظیفہ نہیں دوں گا۔ یعنی جس سے زخموں میں اللہ کی مخلوق کی تکلیف ختم ہوجائے۔ آج بھی میں پرامید ہوں شاید وہ مرنے سے پہلے مجھے دے دیں نامعلوم کون پہلے دنیا سے جائے۔

قارئین! جس چیز سے امت کو فائدہ ہوتا ہے میری کوشش ہوتی ہے اس کو بار بار دھراؤں اور اس کے مزید فائدے میں اجاگر کروں۔ تاکہ مخلوق خدا کو نفع ہو اور سوفیصد نفع ہو۔ آیئے! اس بھولی بسری بات کو پھر یاد کریں میں سب سے پہلے اس فارمولے کو بیان کرتا ہوں پھر قارئین کے تجربات۔ ھوالشافی: کلونجی پچاس گرام' چھلکا اسپغول پچاس گرام' شہد سو گرام' کلونجی پیس کر چھلکا اور پاؤڈر کلونجی شہد میں ملائیں۔ کسی ڈبے میں محفوظ رکھیں ایک چمچ ناشتے اور ہر کھانے کے بعد چاہیں تو نہار منہ بھی لے سکتے ہیں۔ بچوں بڑوں کیلئے نہایت خوش ذائقہ اور شاندار چیز ہے آپ بھی آزمائیں اور دوسروں کو بھی ضرور بتائیں۔ پرانے امراض میں مبتلا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

قارئین کے آزمودہ تجربات

رمضان کیلئے نہایت صحت بخش ٹوٹکہ: عبقری رسالے سے کلونجی، شہد اور اسپغول کو ملا کر استعمال کرنے کا نسخہ پڑھا۔ تقریباً 3 ماہ سے یہ نسخہ خود بھی استعمال کررہی ہوں اور اپنے بچوں کو بھی کروا رہی ہوں۔ میں نے اس نسخے کو خون کی افزائش کیلئے بے مثال پایا ہے۔ بہت ہی مجرب صحت بخش نسخہ ہے جس میں غذا اور دوا دونوں کے فوائد شامل ہیں۔ یہ نسخہ بہت سے لوگوں کو بتایا الحمدللہ تمام ہی تعریف کرتے ہیں۔ چونکہ رمضان المبارک ہے اس لیے اگر اس نسخہ کو سحری و افطاری میں استعمال کیا جائے تو نہایت طاقتور ٹانک ہے۔

لاعلاج بیماریوں کیلئے اکسیر نسخہ: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری کا ہر شمارہ بہت ذوق شوق سے پڑھتے ہیں 2012ء کے ایک رسالہ میں ایک آپ کا طبی آرٹیکل پڑھا اس میں موجود ایک صدری راز آپ نے بتایا' ہم نے وہ نسخہ بنایا اور استعمال کرنا شروع کردیا۔ ہم تمام گھر والے حیران رہ گئے اس چھوٹے سے ٹوٹکے کے اتنے فوائد' ہمارے گھر میں ہر فرد معدہ کا مریض اور میری دو بہنیں موٹاپا کا شکار ہیں۔ مگر جب ہم نے یہ نسخہ بنایا اور استعمال کرنا شروع کیا' میری بہنوں کا موٹاپا بہت تیزی سے کم ہونا شروع ہوگیا' ہمارے معدہ کے سالہا سال پرانے مسائل ختم ہونا شروع ہوگئے۔ اس نسخہ کی جتنی بھی تعریف کی جائے وہ کم ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ ھوالشافی: اسپغول چھلکا 50 گرام' کلونجی 50 گرام' شہد خالص 100 گرام' کلونجی پیس کر اسپغول چھلکا اور پاؤڈر کلونجی شہد میں مکس کردیں۔ کسی ڈبے میں محفوظ رکھیں۔ خوراک: ایک چمچ صبح، دوپہر، شام کھانے کے بعد استعمال کریں۔ نہار منہ بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

جوڑوں کا درد' بڑھا پیٹ' اعصابی کمزوری ختم: جوڑوں کے درد کے بارے میں اور بڑھے ہوئے پیٹ کو چھوٹا کرنے کیلئے' اعصابی کمزوری' کمر کے درد' معدہ اور السر کے مریضوں کو عبقری اپریل 2013ء کے رسالہ میں موجود نسخہ موجود ہے۔ ھوالشافی: کلونجی پچاس گرام' چھلکا اسپغول پچاس گرام' شہد سو گرام۔ کلونجی پیس کر چھلکا اور پاؤڈر کلونجی شہد میں ملائیں۔ کسی ڈبے میں محفوظ رکھیں ایک چمچ ناشتے اور ہر کھانے کے بعد چاہیں تو نہار منہ بھی لے سکتے ہیں۔ یہ نسخہ میں نے کئی لوگوں پر آزمایا اس میں تو اللہ کے حکم سے شفاء ہی شفاء ہے جس نے بھی مکمل یقین کے ساتھ یہ نسخہ بنایا تو اس نے بہت ہی اچھا رزلٹ سنایا اور روحانی پھکی کے تو عجیب ہی کمالات ہیں جس مرض کیلئے بھی یہ لی جائے وہ مرض اللہ کے حکم سے دور ہوجاتی ہے۔ میرے کزن ایک مرتبہ لیٹے ہوئے تھے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ جسم میں بہت درد ہیں اور بخار بھی ہے تو انہیں یہ پھکی استعمال کروائی اور ساتھ ہی وضو کروا کر وضو کے بعد تین گھونٹ اس بیماری کو دور کرنے کی نیت سے پلائے تو اللہ کے حکم سے فوراً وہ ٹھیک ہوگئے۔ عبقری کے میں نے بہت ہی تجربات کیے اور کررہے ہیں۔ اگر یہ مکمل تجربات ہی لکھنا شروع کریں تو ایک کتابچہ تیار ہوجائے گا۔

معدے اور السر کے مریض ضرور استعمال کریں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی شہرہ آفاق کتاب ''میرے طبی رازوں کا خزانہ'' میں آپ نے ''معدے کے تمام امراض کیلئے ایک خاندانی راز'' کے عنوان سے ایک نسخہ چھپا' اس کے فوائد بہت پائے ہیں' بتاتا ہوں:۔ معدے کی جلن' گھبراہٹ' بے چینی وغیرہ کیلئے بہت مفید ہے' الٹی آتی ہو تو ایک خوراک سے ہی بہت فائدہ ہوتا ہے' اکثر ایک خوراک سے ہی الٹی رک جاتی ہے' معدے کے جملہ امراض کیلئے بہت مفید ہے اور قطرے گرنے کے مرض میں بھی مفید پایا۔ معدہ اور السر کے مریض ضرور کریں۔ ھوالشافی: کلونجی پچاس گرام' چھلکا اسپغول پچاس گرام' شہد سو گرام' کلونجی پیس کر چھلکا اور پاؤڈر کلونجی شہد میں ملائیں' کسی ڈبے میں محفوظ رکھیں' ایک چمچ ناشتے اور ہر کھانے کے بعد چاہیں تو نہار منہ بھی لے سکتے ہیں۔ اس نسخہ کو بڑے بھائی نے میری چچی کو بنا کر دیا جوڑوں کے درد' پٹھوں کے کھچاؤ وغیرہ کیلئے بہت مفید ثابت ہوا۔ حالانکہ انہوں نے مستقل استعمال نہیں کیا۔ والدہ کو جوڑوں کا مسئلہ تھا' اگر نیچے بیٹھے ہوتے تو اٹھتے اٹھتے کتنی دیر لگ جاتی میں نے یہی نسخہ بنایا اس میں اسپغول کا چھلکا بھی ملا دیا پھر بھی بہت فائدہ ہوا' ماشاء اللہ دماغی تقویت بھی ملی۔ (جاری ہے)

3 دن میں تلی کے امراض سے چھٹکارا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری شمارہ گزشتہ سات سال سے مسلسل پڑھ رہے ہیں۔ میں ایک آزمودہ نسخہ قارئین عبقری کو نذر کررہا ہوں۔ یہ نسخہ امراض تلی کیلئے لاجواب ہے۔ ھوالشافی: کوزتمہ اور نمک ہموزن لے کر پیس کر پھکی بنالیں۔ دو گرام تازہ پانی کے ساتھ دن میں پانچ مرتبہ کھائیں۔ تین دن میں انشاء اللہ تلی ٹھیک ہوجائے گی' زیادہ سے زیادہ دس استعمال کریں۔ (ش۔ز)

بے ایمان کی کمی! آپ خود کو دیانت دار بنانے کے بعد اتنا یقین کر لیں کہ دنیا میں ایک بے ایمان کی کمی ہوگئی ہے۔ (کارلائل)

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج

جوابی لفافہ ضرور بھیجیں' مکمل پتہ لکھا ہوا۔ جواب میں جلدی نہ کریں۔

منگیتر کی امید لگا بیٹھی: مجھے لندن آئے ہوئے تین سال ہو گئے۔ میرا اپنا ارادہ بھی تھا اور لوگ بھی سمجھ رہے تھے کہ اب ہمیشہ یہیں رہوں گا۔ اس دوران منگیتر بھی یہاں آنے کی امید لگا بیٹھی' واپس جانے کے خیال سے طبیعت بگڑنے لگتی ہے۔ لوگ کیا سوچیں گے۔ **(دانیال' سڈنی)**

مشورہ: ذہنی طور پر صحت رکھنے والے لوگ ان حالات کو خوشی کے ساتھ قبول کر لیتے ہیں جنہیں بدلنا ممکن نہیں ہوتا' اچھی اور خوشحال زندگی کہیں بھی گزاری جا سکتی ہے۔ اپنی شخصیت کو ترقی اور تعمیر کے قابل بنا کر خود اعتمادی نہ کھوئیں۔ اپنے ملک جانا ہے تو خوشی کے ساتھ یہ سفر کرنا ہوگا۔ آپ کو خوش اور با اعتماد دیکھ کر لوگ بھی منفی انداز میں تذکرہ نہیں کریں گے۔

ذہن کام نہیں کرتا: میری بہن اپنی دو بیٹیوں اور شوہر کے ساتھ خوشی سے زندگی گزار رہی تھی کہ شوہر کا حادثے میں انتقال ہوگیا۔ کچھ دن وہ بہکی بہکی باتیں کرتی رہی اور اب بچوں سے لاتعلق ہو کر گھر کے کسی کونے میں بیٹھی رہتی ہے۔ اپنا خیال رکھنا چھوڑ دیا۔ کھانے پینے کی بھی پروا نہیں۔ کسی سے بات نہیں کرتی۔ صدمہ ایسا ہوا کہ ذہن کام نہیں کر رہا۔ پہلے کئی دن روتی رہی اور اب آنکھوں میں آنسو خشک ہو گئے ہیں۔ شدید صدمے کتنے دن میں ختم ہوتے ہوں گے؟ لوگ تو کہتے ہیں اس پر کسی نے کچھ کروا دیا تاکہ شوہر کی جائیداد کا دعویٰ نہ کرے۔ **(حسیبہ' سیالکوٹ)**

مشورہ: جو لوگ شدید صدمے کو برداشت نہیں کر پاتے وہ اس کی شدت سے نڈھال ہو کر مفلوج کر دینے والی تنہائی اور روگ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ وقت کے ساتھ سماجی تعلق ٹوٹتا جائے اور لاتعلقی بڑھتی رہے اپنی بھی پروا نہ ہو اور بچوں کی طرف توجہ ہی نہ رہے تو بہن کی ذہنی اور نفسیاتی صحت بھی ٹھیک نہ رہے گی۔ بہتر ہے کہ ذہنی امراض کے ماہر معالج سے رجوع کیا جائے۔ صدمے کے نتیجے میں ہونے والے نفسیاتی مرض کو پرانا نہ ہونے دیا جائے تو بہتری کے امکانات اچھے ہوتے ہیں۔

تیسرے نمبر کی لڑکی: میرے چار بچے ہیں۔ تیسرے نمبر کی لڑکی، لڑکوں جیسا لباس پہنتی ہے۔ لڑکوں والے کھیل پسند ہیں (ابھی بہت چھوٹی ہے) اور لڑکوں سے ہی دوستی رکھتی ہے۔ ابھی پانچویں جماعت میں ہے۔ میں اکثر دیکھتی ہوں اسکول سے واپسی پر بھی لڑکوں کے ساتھ ہوتی ہے۔ اس سے چھوٹا بیٹا وہ اکلوتا ہونے کی وجہ سے لاڈلا زیادہ ہے۔ اس کی آواز باریک ہے۔ ڈرتی ہوں لڑکا لڑکیوں جیسی شخصیت اور لڑکی لڑکوں جیسی شخصیت نہ اپنا لے' بڑی دونوں بیٹیاں نارمل ہیں۔ **(ص، اسلام آباد)**

مشورہ: تیسرے بچے کی پیدائش پر آپ کو بیٹے کی خواہش ہوگی اور ہوگئی بیٹی! تب آپ نے اس کو لڑکوں والے لڑکے پہنائے ہوں گے۔ جہاں آپ نے پسند کیا اس نے خود کو وہاں قابل فخر سمجھا۔ اس کی شخصیت میں بہتری لانے کیلئے اسے بہت خوبصورت انداز میں لڑکی ہونے کا احساد دلائیں۔ چھٹی جماعت سے اس سکول میں داخلہ دلوائیں جہاں صرف لڑکیاں ہوں' رہی بات لڑکے کی شخصیت کی تو اتنے چھوٹے بچوں کی آواز باریک بچیوں جیسی ہوتی ہے لڑکے لاشعوری طور پر اپنے باپ کی نقالی کرتے ہیں۔ باپ کو چاہیے کہ وہ ان کو زیادہ وقت دیں۔ ان کے علاوہ اچھے ٹیچر' خاندان کے اچھے لڑکے اور اسکول کے لائق بچے بھی شخصیت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ان کی صحبت اس کو لڑکیوں جیسی شخصیت اپنانے سے دور رکھ سکتی ہے۔

گھر سے بھاگ گیا: میں نے دس سال کی عمر میں سکول چھوڑ دیا' بہت سختی ہونے پر گھر سے بھاگ گیا۔ اس وقت میری عمر 12 سال تھی' در در کی ٹھوکریں کھا کر بڑا ہوا۔ محنت مزدوری کی' اب اپنا ایک چھوٹا سا کاروبار ہے' گھر والوں سے بھی ملتا ہوں۔ جن لوگوں نے مجھ پر زمین تنگ کی تھی مجھے ان سے نفرت ہے۔ ان میں میرا باپ بھی شامل ہے۔ ملنے جلنے والے مجھے اچھی نظر سے نہیں دیکھتے کیونکہ میں اپنے باپ سے نفرت کا اظہار کرتا ہوں۔ وہ کہتے ہیں تم غلط ہو۔ اگر میں خود کو غلط کہوں گا زندہ نہیں رہوں گا۔ پھر خودکشی کرلوں گا۔ **(وقاص' ملتان)**

مشورہ: ایک بچہ سزا ملنے پر اپنے ٹیچر اور والد کے بارے میں منفی جذبات رکھ سکتا ہے لیکن یہی بچہ جب بڑا ہوتا ہے تو ان کی عزت کرتا ہے۔ کیونکہ ان کی طرف سے زیادتی بھی بھلائی کی نیت سے ہوئی اور احسانات بے شمار ہیں۔ نفرت کا لفظ استعمال کرنا ترک کر دیں کیونکہ بار بار کہنے سے یہ منفی جذبہ نہ صرف آپ کو تکلیف پہنچائے گا بلکہ لوگوں کے سامنے اس کا اظہار آپ کا تاثر بھی خراب کر رہا ہے۔ اچھا اور متوازن شخصیت کا حامل انسان یہ کہنے میں برائی نہیں سمجھتا کہ ''میں غلطی پر تھا'' خودکشی کا لفظ شدید مایوس اور ڈپریشن کے شکار لوگ استعمال کرتے ہیں۔

آزاد خیال لڑکیوں سے دوستی: کالج میں میری دوستی آزاد خیال لڑکیوں سے ہوگئی۔ میں پڑھنے میں اچھی ہوں' اس لیے ان کی مدد بھی کر دیتی ہوں۔ امتحان میں بھی کام آتی ہوں۔ وہ مجھے اپنی گاڑی سے میرے گھر تک پہنچاتی ہیں۔ ایک روز میری دوست سگریٹ پی رہی تھی۔ والدہ نے دیکھ لیا وہ تو میرے ہاتھ میں سگریٹ نہیں تھی ورنہ بہت بُرا ہوتا حالانکہ میں بھی کبھی کبھار سگریٹ پیتی ہوں' مجھے اس میں بُرائی نظر نہیں آتی۔ احساس ہوتا ہے میرے گھر والے اتنے پرانے خیالات کے کیوں ہیں؟ **(پوشیدہ)**

مشورہ: نئے خیالات اور آزادی اپنا کر آپ سگریٹ کے نقصانات سے محفوظ نہیں رہ سکتیں۔ اس میں برائی اور نقصان ہے مثلاً سب سے پہلے منہ کی بدبو، رقم کا نقصان' توانائی میں کمی' دمہ اور سرطان جیسی بیماری کا خطرہ' ذہنی اضطراب' گھبراہٹ' غصہ' برداشت کی کمی اور بے شمار خرابیوں کے ساتھ خواتین کا سگریٹ نوشی کرنا شادی کے بعد آنے والی نسل کیلئے بھی شدید نقصان کا سبب بنتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ آئندہ آپ اس مضر عادت سے بچیں گی اور ایسی دوستی سے بھی دوری اختیار کر لیں گی جن کی محبت بری چیزوں کو اچھا کہنے پر آمادہ کر دے۔

بڑوں کا آزمودہ بڑے کام کا چھوٹا نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! نہایت ادب سے عرض ہے کہ میں ایک نسخہ عبقری قارئین کیلئے بتانا چاہتا ہوں۔ یہ ہمارے بڑوں کے زمانے کا ایک چھوٹا سا نسخہ مگر ہے بڑے ہی کام کا۔ شاید میری اس چھوٹی سی کاوش سے کسی کا بھلا ہو جائے اور میری لیے بخشش کا سامان بن جائے۔ جسمانی تمام دردوں اور معدے کے امراض کیلئے لاجواب چیز ہے۔ **ھوالشافی:** جنگلی آک کی ڈوڈی کے اندر سے ستارے کی مانند جو چیز ہوتی ہے وہ نکال لیں' شیشہ نمک' کالی مرچ یہ تینوں اشیاء ہموزن لے کر کوٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک یا دو گولی صبح، دوپہر شام نیم گرم دودھ سے کھائیں۔ ان شاء اللہ تین یا چار دن میں درد کو آرام آجائے گا اور معدہ کے امراض بھی ٹھیک ہونا شروع ہو جائیں گے۔ یہ ٹوٹکہ بہت ہی سستا ہے مگر اسے معمولی ہرگز نہ سمجھیے گا۔ (اصغر علی)

روحانی نسخہ آزمایا! نارمل ڈیلیوری اور 2 چاند سے بیٹے ملے

الحمدللہ! یہ تعویذ کئی بار کا آزمودہ ہے۔ جنات یا اثر بد یا نظر یا چھولی پھر جانا وغیرہ سب کیلئے بے حد مفید ہے۔ ہم اپنے بچوں اور بڑوں کو بھی یہی دم کرتے ہیں۔ میرے پاس میری دو شاگرد آئیں اور کہا کہ میری بھانجی دودھ نہیں پی رہی' آپ اس کو دم کردیں۔ (ن۔ ب)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بہن کی خواہش تھی کہ اس کے ہاں پہلی اولاد بیٹا ہو اور وہ بھی چاند جیسا ہو۔ وہ دل ہی دل میں دعائیں مانگتی تھی کہ یااللہ! مجھے خوبصورت اولاد عطا فرما' اس کے علاوہ اسے کسی نے ایک عمل بتایا تھا کہ سورۂ یوسف کا تعویذ بنا کر اپنی گلے میں لٹکاتی اور ڈیلیوری کی آسانی کیلئے روزانہ سورۂ مریم پڑھتی تھی۔ یہی تعویذ میری بہن کی نند نے پہنا اور سورۂ مریم بھی روزانہ پڑھتی۔ اللہ تعالیٰ نے میری بہن پر بھی اور اس کی نند پر بھی بہت فضل کیا' ڈیلیوری بھی انتہائی آسان ہوئی (حالانکہ ان دونوں کا پہلا کیس تھا) اور ہوئے بھی دو چاند جیسے بیٹے۔ اب میری بہن کی لاہور میں ہمسائی کے گھر بیٹا نہیں ہے اس کو ہم نے بتایا کہ سورۂ یوسف لکھ کر گلے میں ڈالو اور دل میں نیت کرلو کہ میرا بیٹا ہوا تو اس کا نام محمد رکھوں گی اس نے ایسا ہی کیا اور اب اس کو بیٹا ہوا ہے وہ بہت خوش ہے اس کے علاوہ میری ایک بیسٹ فرینڈ نے بھی شادی ہونے سے پہلے ہی یہ نیت کی تھی کہ اگر اس کے ہاں بیٹا ہوا تو اس کا نام وہ ''محمد'' رکھے گی۔ ہمارے محلے میں میری جاننے والی نے اپنے بیٹے کا نام محمد رکھا پھر اس کی بہن نے اپنے بیٹے کا نام محمد رکھا ان کی ایک ایک فیملی میں ایک بچے کا نام ضرور محمد ہے۔ اگر ان کا وہ بچہ فوت ہو جائے تو وہ پھر دوسرے بچے کا نام محمد رکھ دیتے ہیں۔ پکی گارنٹی سوفیصد جو بھی یہ سوچ لے کہ اگر میرا بیٹا ہوا تو اس کا نام محمد رکھوں گی اس کو اللہ تعالیٰ ضرور بیٹا ہی عطا فرماتے ہیں' آزما کر دیکھ لیں۔ جن کے بیٹے نہیں ہیں ان کیلئے بہت بڑی خوشخبری ہے۔ تقریباً ہزار بار کا آزمودہ ہے۔

ایسا تعویذ جو کبھی خطا نہیں گیا

الحمدللہ! یہ تعویذ کئی بار کا آزمودہ ہے۔ جنات یا اثر بد یا نظر یا چھولی پھر جانا وغیرہ سب کیلئے بے حد مفید ہے۔ ہم اپنے بچوں اور بڑوں کو بھی یہی دم کرتے ہیں۔ میرے پاس میری دو شاگرد آئیں اور کہا کہ میری بھانجی دودھ نہیں پی رہی' آپ اس کو دم کردیں۔ یہ دودھ بھی پڑھ دیں۔ میں اس وقت مصروف تھی میں نے دودھ رکھ دیا اور فارغ ہونے کے بعد دودھ پر معوذتین (سورۂ فلق اور ناس) پڑھ کر دم کر دیا۔ کچھ دیر بعد وہ دودھ لے گئیں اور چند دنوں کے بعد مجھے بتایا باجی آپ نے جو دودھ دم کرکے دیا تھا میری بھانجی اس کے بعد پانچ گلاس دودھ پی گئی جو ہمارے لیے کسی حیرت سے کم نہیں تھا حالانکہ اس سے پہلے وہ دودھ کو پینا درکنار دیکھتی بھی نہ تھی اگر زبردستی پلائیں تو رو رو آسمان سر پر اٹھا لیتی تھی مگر آپ کے دیے تعویذ اور اس دن کے دودھ پر کیے دم کی برکت سے اب وہ ہر چیز بخوشی کھا پی لیتی ہے۔ یہ تعویذ جو آپ نے دیا ہے کسی روحانی ایٹم سے کم نہیں ہے۔ دم اور تعویذ یہ ہے: معوذتین (سورۂ فلق اور ناس) اور آیۃ الکرسی کا تعویذ بنا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں یا بچوں پر صبح و شام آیۃ الکرسی اور معوذتین پڑھ کر دم کردیں۔ پھر اس کا کمال خود ہی دیکھیں۔

نظر بد کیلئے ہمیں وراثت میں ملنے والا دم

اول و آخر درود شریف تین سے سات مرتبہ سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ سورۂ اخلاص تین مرتبہ آیۃ الکرسی تین مرتبہ سورۂ قلم کی آیت وان یکاد الذین کفروا سے لذکر للعالمین تک تین مرتبہ۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ تین مرتبہ۔ آخری چاروں قل تین مرتبہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ تین مرتبہ۔ يَااَللّٰهُ يَامُعَافِيْ يَاشَافِيْ يَاكَافِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ اس کیساتھ ساتھ اذان اور افحسبتم کے عمل کا اضافہ کرتے جائیں۔ درج بالا تمام عمل کی برکت سے میری ایک لاکھ میں بڑی بھینس قصاب کے حوالے ہونے سے بال بال بچ گئی۔ میرے منہ سے پہلے کبھی گارنٹی کے الفاظ نہیں نکلے تھے۔ میں نے جب یہ عمل اپنی بھینس پر کیا تو اپنے بھائی سے کہہ کر آیا تھا کہ شام تک اگر بھینس ٹھیک نہ ہوئی تو پھر مجھے پکڑ لینا۔ شام کو میں کسی کے جنازہ میں شرکت کیلئے چلا گیا دوسرے دن بھائی سے ملا اس نے بتایا کہ بھینس کو اللہ نے بچا لیا۔ بڑی خوشی ہوئی جب کلام کا اثر دیکھتا ہوں تو میرا اس کی ذات پر یقین اور بھی پختہ ہو جاتا ہے۔

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا!

یورک ایسڈ' جوڑوں کا درد گنٹھیا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دفتر کے ساتھی نے درج ذیل نسخہ خود بھی استعمال کیا اور کئی دوسرے لوگوں کو استعمال کروایا اور سب نے سوفیصد رزلٹ پایا۔ نسخہ میں شامل اجزا اور مقدار درج ذیل ہے۔ **ھوالشافی:** منقیٰ 50 گرام' بکھرا 100 گرام' تخم خربوزہ 50 گرام' اناردانہ 50 گرام' تخم قرتم 50 گرام۔ **طریقہ استعمال:** درج بالا ہر چیز کو صاف کرکے اس کے سات سات حصے کرلیں پھر ہر حصے کو ملا کر سات پڑیاں بنالیں۔ روزانہ ایک پڑی لے کر رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں۔ صبح کے وقت چند بار جوش دیں کہ پانی کی مقدار آدھا گلاس رہ جائے اور پھر اس پانی کو تازہ پانی جیسا ٹھنڈا کرکے نہار منہ استعمال کریں اور پھر سارا دن پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ مدت استعمال صرف سات دن یا جب تک آرام نہ آئے۔ **پرہیز:** ہر قسم کا گوشت' دال چنا' بادی اشیاء' تلی ہوئی اشیاء' دہی کی اشیاء۔

اسم اعظم کا حصار: محترم حکیم صاحب السلام علیکم! یہ میرا کامیاب عمل ہے جس نے بھی کیا جس جس کو بتایا ان سب کو بہت فائدہ ہوا۔ عمل درج ذیل ہے: اگر آپ کے گھر میں کسی کو جنات تنگ کرتے ہوں' گھر میں بچے روتے ہوں یا بچہ نہ سوتا ہو' گھر میں دشمن کے وار کا خطرہ ہو' راستے میں جاتے وقت جان کا خطرہ ہو' ہر طرح سے آپ کی حفاظت ہوگی' یہ عمل بہت طاقتور ہے سابقہ عبقری کے رسالہ سے ملا تھا' آپ جس قبر پر پڑھیں گے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے قبر کا عذاب بھی رک جائے گا۔ اپنی حفاظت کیلئے آپ روزانہ صبح کی نماز کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد ایک بار پڑھیں' اپنے چاروں طرف حصار کریں۔ **عمل:** ایک بار درود پاک پڑھیں' ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھیں' ایک بار آیۃ الکرسی پڑھیں اور چاروں قل پڑھیں' آخر میں پھر ایک بار درود شریف پڑھیں اور اپنے چاروں طرف حصار کریں انشاء اللہ ہر شر پہنچانے والی چیز سے حفاظت ہوگی۔

بچوں کا صفحہ

محمد عثمان شریف

چڑیا گلہری اور خرگوش کا بچوں کے نام اہم پیغام

خرگوش میاں کی تین خوبیاں تھیں۔ایک تو وہ زبردست مہمان نواز تھا۔دوسری خوبی یہ تھی کہ وہ وقت اور وعدے کا بہت پابند تھا اور تیسری خوبی کا جاننا از حد ضروری ہے وہ یہ کہ خرگوش ہمیشہ صاف ستھرا رہتا تھا۔اسے میلے کچیلے رہنے والوں سے بُو آتی تھی۔

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی گاؤں میں چڑیا' خرگوش اور گلہری کی بہت گہری دوستی تھی۔گاؤں کے تمام چھوٹے اور بڑے ان کی دوستی سے واقف تھے۔وہ تینوں زیادہ تر وقت کھیل کود میں گزارتے تھے وہ اکثر آپس میں شرارتیں کرتے اور اپنی حرکتوں پر خوب کھلکھلاتے اور زور زور سے ہنستے بھی تھے۔خرگوش گھر سے کھانے کی چیزیں لاتا تھا اور گلہری درختوں سے بیر' گوندی اور شہتوت توڑ کر لاتی تھی۔وہ تینوں مل کر کھاتے اور آپس میں خوش و خرم زندگی گزارتے تھے۔خرگوش اور گلہری موٹے تھے اور جبکہ چڑیا بہت دبلی تھی۔خرگوش اکثر اوقات مذاق میں چڑیا کو سمارٹ چڑیا کہہ کر بلاتا تھا۔چڑیا بے حد محنتی تھی۔اسے اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کیلئے روزانہ پورے گاؤں کا چکر لگانا پڑتا تھا۔وہ اپنی چونچ میں چند دانے ہی جمع کر پاتی تھی اور بچے ان دانوں سے اپنا پیٹ بھر لیتے تھے۔چڑیا کا معمول تھا کہ وہ شام کو جلدی سو جاتی اور فجر کی اذان پر اٹھ کر اپنے روزمرہ معمول میں مشغول ہو جاتی تھی۔اسے رات کو دیر سے سونے اور صبح دیر سے اٹھنے والوں پر شدید غصہ آتا تھا۔چڑیا کے ساتھ اس کا بھائی بھی رہتا تھا۔اسے کام چوری کی بری عادت تھی وہ اپنے گھونسلے میں صبح دیر تک سویا رہتا تھا۔چڑیا کو اپنے بچوں کے ساتھ ساتھ بھائی کا بھی خیال رکھنا پڑتا تھا۔وہ ان سب کو دانا دنکا دے کر اپنے ہم جولیوں کے پاس چلی جاتی تھی۔

ایک دن خرگوش نے چڑیا اور گلہری کو اپنے پر دوپہر کے کھانے کی دعوت دی۔خرگوش میاں کی تین خوبیاں تھیں۔ایک تو وہ زبردست مہمان نواز تھا۔دوسری خوبی یہ تھی کہ وہ وقت اور وعدے کا بہت پابند تھا اور تیسری خوبی کا جاننا از حد ضروری ہے وہ یہ کہ خرگوش ہمیشہ صاف ستھرا رہتا تھا۔اسے میلے کچیلے رہنے والوں سے بُو آتی تھی۔گلہری بھی سمجھتی تھی کہ اچھی عادتیں اور رویے ہمیں دوسروں میں ممتاز کرتے ہیں۔وہ اسی وجہ سے وقت پر ہی خرگوش کے گھر پہنچ گئی۔دونوں نے بڑی بے چینی سے چڑیا کا انتظار کیا مگر وہ نہ پہنچی ان کی تشویش میں اضافہ ہوتا گیا کہ ایسی کون سی وجہ ہو سکتی ہے کہ جس کی بنا پر چڑیا یہاں نہ پہنچ سکی تھی۔حالانکہ دونوں شدت سے بھوک محسوس کر رہے تھے مگر اس کے باوجود کھانا کھائے بغیر چڑیا کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔

چڑیا کے گھونسلے میں سے بچوں نے بتایا کہ چڑیا خرگوش کے گھر کھانے کا بول کر یہاں سے گئی ہے خرگوش اور گلہری سوچ میں پڑ گئے ان کی تشویش مزید بڑھتی گئی اور انہیں کچھ سمجھ نہ آرہا تھا کہ چڑیا کدھر غائب ہوگئی۔وہ اسے ڈھونڈنے کیلئے ادھر ادھر بھٹکنے لگے۔خرگوش میاں کھیتوں کی طرف دوڑ پڑا جبکہ گلہری بستی کے اندر ہی چڑیا کو ڈھونڈنے میں محو ہوگئی۔بہت بھاگم بھاگ کے بعد آخر کار گلہری اپنی سہیلی چڑیا کو ڈھونڈنے میں کامیاب ٹھہری۔چڑیا زخمی' بے سدھ اور بے ہوش حالت میں گاؤں کے سکول کے باہر نیم کے درخت تلے پڑی ہوئی ملی۔گلہری کے ذہن میں فوراً خیال آیا کہ کہیں چڑیا مر تو نہیں گئی۔اس خیال کے آتے ہی اس کی سانس پھولنے لگی اور زمین پاؤں تلے سے سرکتی ہوئی محسوس ہوئی مگر جب اسے انتہائی غور سے دیکھا تو اسے محسوس ہوا کہ چڑیا کی سانس ابھی چل رہی ہے۔خرگوش چھلانگیں لگاتا وہیں پہنچ گیا۔وہ چڑیا کو اٹھا کر قریبی ہسپتال لے گئے۔وہاں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹر نے اندازہ لگایا کہ اس چڑیا کو کسی نے پتھر مارا ہے جس کی وجہ سے وہ زخمی ہوگئی اور اس کے بدن کا بہت سارا خون ضائع ہو چکا تھا۔خرگوش میاں ڈاکٹر سے کہنا چاہتا تھا کہ آپ میرے بدن کا سارا خون لے لیں مگر میری دوست چڑیا کو بچالیں مگر ڈاکٹر کسی بھی صورت خرگوش کی بولی نہ سمجھ سکتا تھا۔چڑیا کا مکمل معائنہ کرنے کے بعد ڈاکٹر نے چڑیا کو انجکشن لگایا اور مرہم پٹی بھی کر دی۔چڑیا کی جب مرہم پٹی ہو رہی تھی تب گلہری دل ہی دل میں کہہ رہی تھی ڈاکٹر صاحب! آپ روپے پیسوں کی فکر نہ کریں بس میری سہیلی کی زندگی بچالیں۔ڈاکٹر نے فارغ ہو کر مسکراتے چہرے سے دونوں کی طرف دیکھا اور کہا کہ اللہ پاک نے آپ دوست چڑیا کو بچالیا ہے۔اب اسے ہوش صبح ہی کو آئے گا۔تب تک چڑیا کو ہسپتال میں داخل رکھنا پڑے گا۔اتنا کہہ کر وہ اپنے کمرے کی طرف چل دیا۔ڈاکٹر کو یوں لگا کہ جیسے خرگوش اور گلہری کو اس کی بات سمجھ میں آگئی ہے اس وقت ڈاکٹر نے دونوں کی آنکھوں میں بہتے آنسو دیکھے وہ حیران تھا کہ ننھے جانور پرندے ایک دوسرے سے بے حد محبت رکھتے ہیں۔

ڈاکٹر ان ننھے جانوروں کی ہمدردی کے جذبے سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔چڑیا تمام رات ہسپتال میں بے ہوش رہی' خرگوش نے ایک اچھا کام کیا کہ وہ چڑیا کے گھونسلے میں جا کر شام سے پہلے اس کے بچوں کو تسلی اور دلاسے دے آیا کہ چڑیا خیریت سے ہے اور صبح گھر آجائے گی۔ہسپتال میں خرگوش اور گلہری نے چڑیا کے سرہانے بیٹھ کر پوری رات دعاؤں میں بسر کی صبح جب سورج نے اپنی کرنوں کو پھیلایا تب چڑیا کو بھی ہوش آیا۔وہ خود کو ہسپتال میں دیکھ کر حیران رہ گئی۔خرگوش اور گلہری خوشی سے بھر گئیں۔ان کی خوشی کی انتہا نہ تھی۔چڑیا نے بتایا کہ وہ خرگوش کے گھر دعوت پر آرہی تھی کہ جب وہ سکول کے قریب پہنچی تو چھٹی کا وقت تھا اس لمحے چند شرارتی لڑکوں نے غلیل میں پتھر رکھ کر اس کا نشانہ باندھا۔اسے پتھر لگنے سے شدید تکلیف محسوس ہوئی مگر اس کے بعد ہوش نہ رہا۔جب ہوش آیا تو وہ یہاں ہسپتال میں تھی۔تینوں ڈاکٹر کے کمرے تک گئے اور خاموشی ہی خاموشی میں ان کا شکریہ ادا کیا۔ڈاکٹر بہت خوش تھا اور سوچ رہا تھا کہ یہ کتنے عظیم اور مخلص دوست ہیں جو ایک دوسرے کے دکھ درد پر تڑپ اٹھتے ہیں اور آپس میں محبت' اتفاق اور ہمدردی کا برتاؤ کرتے ہیں۔وہ تینوں خرگوش کے گھر پہنچے۔خرگوش میاں نے دسترخوان پر کھانا چنتے ہوئے بولا ہمیں کوئی ایسا ذریعہ ضرور ڈھونڈنا چاہیے کہ جس سے بچوں کو یہ پیغام دیا جائے کہ ہم بھی کائنات کا حسن ہیں ہمیں جو نقصان پہنچتا ہے اس سے بچوں کو کیا فائدہ ملتا ہے بلکہ وہ کائنات کے حسن کا خاتمہ کر رہے ہوتے ہیں۔اس سے ہمارے دکھ درد میں اضافہ تو ہوتا ہی ہے مگر بعض اوقات جان سے بھی ہاتھ دھونا پڑتے ہیں۔چڑیا درد سے کراہتے ہوئے بولی۔بس بھی بس! اب بس کرو' اپنی بھوک مٹاؤ اور کھانا شروع کرو کیونکہ کھانا ٹھنڈا ہو رہا ہے۔اس پر سب نے زوردار قہقہہ لگایا اور کھانے کی طرف متوجہ ہوگئے۔

جوڑ' پٹھوں کا درد اور کھچاؤ! آزمودہ نسخہ لے لیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنا ایک آزمودہ نسخہ قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں۔کسی کے جوڑوں اور پٹھوں میں درد ہو اور کھچاؤ وغیرہ ہو تو درج ذیل نسخہ استعمال کریں۔ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ھوالشافی: کلونجی' کاسنی' دانہ میتھی' الائچی چھوٹی' یہ چاروں اشیاء ہم وزن لے کر گرینڈ کر لیں۔رات کو ایک چٹکی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں پھر اس کا کمال دیکھیں۔اگر پھکی نہیں کھائی جاتی تو کیپسول بھر لیں تو بھی ٹھیک ہے۔(اورنگزیب سدھن زئی' ہری پور ہزارہ)

جنات ہر سال ہماری گندم اٹھا کر لے جاتے ہیں

قسط نمبر 1 حبیب حق

ریٹائرڈ آرمی آفیسر آرمی ایجوکیشن کالج میں سنٹر، ایس ایم آرمی پبلک سکول اور مردان کالج میں پرنسپل' گریڈن اکیڈمی گوجرانوالہ میں ایڈمن آفیسر رہے۔ ان کے ذاتی اور خاندانی چشم دید، اسرار و حیران کن جنات کے ساتھ گزرے سچے واقعات' قسط وار قارئین کی نذر۔

محترم قارئین السلام علیکم! جنات کے متعلق کہانیاں بچپن سے ہی سنا کرتے تھے' میرے دادا اور دادی بتایا کرتے تھے کہ جب گندم کی فصل تیار ہوتی تھی تو جنات گندم اٹھا لیتے تھے ہمیں احساس ہوتا کہ گندم زیادہ ہونی چاہیے تھی مگر یہ کم ہے' آئندہ فصل کے موقع پر ہم حصار کروا لیتے تھے تو وہ گندم نہیں اٹھا سکتے تھے اور شور کرتے تھے کہ آپ لوگوں نے اچھا نہیں کیا' ہم تمہیں معاف نہیں کریں گے۔ ہم اللہ والوں کے بتائے ہوئے اعمال کرتے رہتے تھے جس وجہ سے جنات ہمیں نقصان نہیں پہنچا سکتے تھے۔ میرے تایا اور سسر رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ جنات ان کے ہاں مدرسہ میں پڑھا کرتے تھے وہ کئی دفعہ انہیں نکاح پڑھوانے کیلئے لے جاتے تھے اور کئی دفعہ تو جنازہ پڑھوانے کیلئے بھی لے کر گئے۔ تایا جان فرمایا کرتے تھے کہ سردیوں کے موسم میں میں تلاوت کیا کرتا تھا تو وہ روشن دان سے وہ دم سے اندر آجاتے تھے میں انہیں کہتا کہ دروازہ سے آیا کرو تو وہ کہتے تھے کہ ہم آپ کو تکلیف نہیں دیتے اس لیے روشن دان سے آکر قرآن سنتے ہیں۔ ہمارے قصبہ کے نزدیک ایک قصبہ ہے وہاں کے لوگ کھیتی باڑی کرتے ہیں اور جانور پالتے ہیں۔ ان کے نزدیک ایک قبرستان ہے۔ جنات رات کو ان کے سارے جانور کھول دیتے اور قصبہ کے اردگرد دوڑانا شروع کر دیتے اور مختلف پر روشنیاں بھی کرتے رہتے اور اپنی مرضی سے چلے جاتے اور پھر لوگ جانوروں کو باندھ لیتے۔ یہ نظارہ اپنی آنکھوں سے اکثر دیکھتے رہتے تھے۔ ہمارے گاؤں کی ایک عورت انور مائی کو ایک جنات کا بگولہ مغرب اور عشاء کے درمیان اٹھا کر لے گیا۔ اندھیرا ہو چکا تھا کافی دیر ڈھونڈنے کے بعد تقریباً ایک میل دور نیم بے ہوشی کی حالت میں وہ عورت مل گئی۔ 1971ء کی بات ہے کہ میرے بہنوئی گوشت لے کر ہمارے گاؤں سے اپنے گھر جارہے تھے اور راستہ میں راجباہ پر بوہڑ کے درخت ہیں جب بہنوئی درختوں کے پاس پہنچے تو ایک جنی خوبصورت کپڑے پہنے عورت کی شکل میں سائیکل کے سامنے آکر بہنوئی سے گوشت مانگتی ہے' بہنوئی گوشت نہیں دیتے' سائیکل کافی بھاری ہوگئی مگر یہ پھر بھی ہمت کر کے چلاتے رہے اور آہستہ آہستہ گھر پہنچ گئے جب حویلی میں داخل ہوا تو بیری کے درخت کے نیچے وہی عورت نظر آئی اور بہنوئی کہ سے کہ یہ گوشت مجھے دے دو' بہنوئی نے کہا کہ وہ دیکھو ایک عورت درخت کے نیچے بیٹھی مجھ سے گوشت مانگ رہی ہے اور ساتھ ہی بے ہوش ہوگئے۔ ایک عامل کو بلایا انہوں نے دم وغیرہ کیا تو بہنوئی کو ہوش آگیا' اس کے ساتھ ہی انہیں بہت تیز بخار ہوگیا۔ تقریباً چودہ یا پندرہ دن کے بعد جا کر بہنوئی کی طبیعت ذرا بحال ہوئی۔

جنات سے دوستی مگر کیسے؟ ابھی پڑھیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رب العزت سے دعا گو ہوں کہ آپ کے قلم' علم' عمل میں مزید ترقی ہو' آپ کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر تک قائم و دائم رہے۔ محترم شیخ الوظائف! میں اپنی آپ بیتی لکھ رہا ہوں واقعہ کچھ یوں [illegible] کہ مجھے ایک کتابی عمل ملا میں نے یہ عمل استاد کے بغیر ہی شروع کر دیا کیونکہ مجھے جنات کی قوم کے بارے معلومات حاصل کرنے کا بہت شوق تھا' وہ عمل یہ تھا: اجب یا جبرائیل بحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اس کی مخصوص تعداد اور مخصوص ایام تک ایک ہی جگہ پڑھنا تھا تیسرے دن کوئی چیز میرے ساتھ رات کو آکر لیٹ گئی اور میرے جسم کے ساتھ مَس کرنے لگی اور پھر تھوڑی دیر کے بعد غائب ہوگئی' دس' پندرہ دنوں کے بعد چھوٹے بچے کے سامنے حاضری ہوگئی یہ حاضری میں اپنے ہاتھ پر دکھا دیتا اور گفتگو ہوجاتی اور سوال جواب کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہوجاتا ایک بابا جی بچے کے سامنے آئے اور سوالات کا جواب دیتے رہے۔ اسی عمل کے دوران میرا بلڈ پریشر ہائی ہوجاتا بلکہ ایک رات کو تو مجھے ایمرجنسی کا منہ دیکھنا پڑا۔ لیکن میں نے عمل نہ چھوڑا۔ اس عمل کے دوران کچھ مفید کام دیکھنے کو ملے ایک دن میں کہیں بیٹھا ہوا تھا ایک دوست نے اچانک پیچھے سے آکر میری آنکھوں پر ہاتھ رکھ دیئے مجھے کچھ دکھائی نہیں دے رہا تھا اسی وقت اس عمل کی روحانی چیزوں نے میرے ذہن میں اس دوست کا نام لے کر بتا دیا میں نے فوراً کہا (ف) ہاتھ اٹھا لے میں خود حیران یہ کیسے ہوا؟ اس کے بعد میرے ایک دوست کو اس بات کا علم ہوا' تو اس نے آزمانے کیلئے ایک دن اسی طرح اچانک پیچھے سے آکر (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

حق والے کا حق

پوچھا گیا کہ کیوں جانا ہے' وہاں جانا بڑا مشکل ہے' بڑے بڑے خطرناک جنگلات ہیں۔

حضرت یحییٰ اندلس (اندلس جو کسی وقت میں علم و فن خصوصاً علم حدیث کا مرکز تھا) وہاں حدیث پاک کا درس دیتے تھے اور بے شمار اشخاص ان سے استفادہ کرتے تھے۔ ایک دن حضرت یحییٰ نے پڑھانے کی طویل چھٹی کر دی۔ طلباء سے معلوم کیا کہ حضرت اتنی طویل چھٹی جس کی مدت کا بھی تعین نہیں کس بنا پر کی گئی۔ فرمایا: مجھے افریقہ کے آخری کنارے قیروان جانا ہے۔ پوچھا گیا کہ کیوں جانا ہے' وہاں جانا بڑا مشکل ہے' بڑے بڑے خطرناک جنگلات ہیں۔ فرمایا: ایک نقال لالہ کے میری طرف ساڑھے تین آنے یعنی ایک درہم ہے۔ ان کے ادا کرنے کیلئے جارہا ہوں' لوگوں نے کہا حضرت ایک درہم ہی تو ہے۔ فرمایا کہ مجھے ایک حدیث پہنچی ہے اور پھر اپنی سند کے ساتھ حدیث پڑھی کہ چھ لاکھ کا نفلی صدقہ کرنے میں اتنا ثواب نہیں جتنا ایک درہم حق والے کا حق ادا کرنے میں ہے۔ اللہ پاک ہمیں بھی دوسروں کے حقوق ادا کرنے والا بنائے اور جن لوگوں کے حقوق ہمارے سر ہیں یا قرض ہے ہمیں وہ فوراً ادا کرنے کی توفیق فرمائے تاکہ کل ہم اللہ کے حضور ان تمام حقوق سے سرخرو ہو کر پہنچیں اور کامیاب ہوں۔ (ماخوذ از کتاب: اسلام میں امانت داری کی حیثیت) (انتخاب: بندہ خدا' واہ کینٹ)

سچ میں تین آک کے پھول الحمدللہ کالا یرقان ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک محفل میں بیٹھا تھا وہاں میرے ایک جاننے والے اپنا ایک تجربہ بتا رہے تھے کہ مجھے کالا یرقان ہوگیا تھا' انجکشن لگوانے سے بھی ٹھیک نہ ہوا' میں بہت زیادہ پریشان تھا کہ مجھے کسی نے بتایا کہ آک کے پھول تین عدد بغیر چبائے پانی کے ساتھ نگل لیں۔ پھر تین دن کے بعد یہی عمل دہرانا ہے اور اسی طرح ہر تین دن کے بعد تین عدد آک کے پھول کھاتے جائیں' کچھ عرصہ بعد ٹیسٹ رپورٹ نیگیٹو تھی' پھر میرے باپ کو بھی کالا یرقان ہوا تو ہم کسی ڈاکٹر کے پاس نہیں گئے بلکہ انہیں بھی صرف آک کے تین پھول درج بالا طریقے سے کھلاتے رہیں اللہ نے انہیں بھی صحت عطا فرما دی۔ اس شخص کا مزید کہنا تھا کہ اس علاج سے کینسر بھی ٹھیک ہوجاتا ہے۔ میں یہاں اپنے بجائے اس شخص کا نام دینا پسند کروں جس نے یہ ٹوٹکہ بتایا۔ اس مخلص کا نام (فرید خان' مردان)

جامن سے شوگر ختم: ذیابیطس کو دور کرنے کیلئے جامن کے پھول دو تولے ایک کپ پانی میں رگڑ کر پلانے سے چند روز میں ہی بے حد فائدہ ہوتا ہے۔

30 سال پرانی بددعائیں ابھی تک بربادی لا رہی ہیں!

ہماری چیزیں تقریباً پانچ لاکھ سے اوپر کی تھیں ہم دونوں بہنیں قبضہ کی وجہ سے بغیر جہیز کے رخصت ہوئیں' بہت کوششیں کیں کم از کم کمرہ نہ سہی ہمیں ہمارے جہیز کا سامان ہی مل جائے لیکن نہیں ملا' الٹا یہ کہا گیا کہ اوپر تو کچھ ہے ہی نہیں

میں آپ کا رسالہ دو سال سے پڑھ رہی ہوں اور آپ کو ایک سچا واقعہ لکھ رہی ہوں براہ مہربانی میرا واقعہ ضرور شائع کیجئے گا۔ یہ واقعہ ہمارے ساتھ ہی پیش آیا۔ ہمارا مکان تین منزلوں پر مشتمل ہے' سب سے نیچے ہم لوگ اپنی امی ابو کے ساتھ رہتے ہیں۔ درمیان والی منزل پر میری چچی اور چچا رہتے ہیں (میری چچی میری سگی خالہ بھی ہیں) اور تیسری منزل ہم لوگوں کی آدھی آدھی ہے' یعنی دو کمرے تھے ایک کمرے میں میرے چچا جان کا سامان تھا اور دوسرے کمرے میں ہم دو بہنوں کا جہیز تھا۔ چچا اور چچی کی ہمارے دوسرے کمرے پر بھی قبضہ کی نیت تھی' انہوں نے اپنے پورشن پر مضبوط آہنی دروازہ لگوا دیا اور ہمیں اوپر نہ آنے دیا' میرے اور میری بہن کے جہیز اور کمرے پر قبضہ کرلیا' ہماری چیزیں تقریباً پانچ لاکھ سے اوپر کی تھیں ہم دونوں بہنیں قبضہ کی وجہ سے بغیر جہیز کے رخصت ہوئیں' بہت کوششیں کیں کم از کم کمرہ نہ سہی ہمیں ہمارے جہیز کا سامان ہی مل جائے لیکن نہیں ملا' الٹا یہ کہا گیا کہ اوپر تو کچھ ہے ہی نہیں بلکہ چند قریبی رشتہ داروں کو ساتھ ملا کر ہمارا سامان غائب کروا دیا گیا' خیر ہم روتی دھوتی رخصت ہوئیں اور اپنی والدہ کے کہنے پر صبر کر گئے' مگر میرے والد کے آنسو چھپائے نہیں چھپتے تھے کہ میں نے دن رات ایک کر کے تھوڑا تھوڑا کر کے اپنی بیٹیوں کا جہیز بنایا اور وہ بھی وہ ساتھ نہ لے کر گئیں۔ چونکہ ہم بہنوں کا کوئی بھائی نہیں تھا' میرے چچا اور چچی جان نے اس پر بھی بس نہ کیا پانی کی ٹینکی اوپر والی چھت پر تھی اس کو بھی والو لگوا کر ہمارا پانی بھی بند کر دیا گیا ہم لوگ دو سال تک پانی ہمسائیوں کے ہاں سے بھرتے رہے مگر ان کو ذرا بھی شرم نہ آتی اور الٹا ہم پر ظلم کرتے' کبھی غلاظت اوپر سے پھینکتے' کبھی گندا پانی' کبھی تعویذ جلاتے' خون گراتے' حتیٰ کہ ان سے جو کچھ ہو سکتا تھا انہوں نے کیا یہ کسی طرح مکان چھوڑ کر چلے جائیں' جھوٹے مقدمات بھی کیے' کچھ عرصہ کے بعد انہوں نے پانی کے ساتھ ساتھ گیس بھی بند کر دی اور بڑی ڈھٹائی کے ساتھ کہا کہ ہم نہیں دیں گے' ایک سال ہو گیا میرے والدین بغیر گیس کے گزارہ کر رہے ہیں جب بھی چچی کے پاس لوگوں کو ہم بھیجتے ہیں وہ کہتیں ہیں کہ وہ والو بند کر دیتی ہیں ہمارا ان کے ساتھ گزارا نہیں' حالانکہ ہم بل بھی آدھا آدھا جمع کرواتے تھے' اسی طرح وہ ظلم کرتے رہے ہم لوگوں سے مار پیٹ تک کی لیکن ہم نے صبر کیا اپنی والدہ اور والد کی نصیحتوں پر عمل کیا کہ بیٹا صبر کرو' اللہ دیکھ رہا ہے وہ بہترین انصاف کرنے والا ہے اس کے گھر میں دیر ہے مگر اندھیر ہرگز نہیں ہے' دیکھنا تم وہ ایسا انصاف کرے گا تم اش اش کر اٹھو گی اور ہمارے صبر کا نتیجہ ہمارے مطابق تھوڑی دیر سے مگر نکلا ضرور اور نتیجہ یہ نکلا کہ میری چچی جو گیس اور پانی کے والو بند کرتی تھیں ان کے دل کے دو والو بند ہو گئے اور میرے چچا جان کو فالج کا اٹیک ہو گیا۔ اب دونوں علاج کروا کروا کر تھک گئے ہیں مگر انہوں ایک فیصد بھی افاقہ نہیں ہو رہا مزید ان کی اولاد غلط افعال میں پڑ گئی ہیں' مزید اب وہ اپنی اولادوں کے افعال' غلط حرکات' فیشن' بیٹیوں کی لڑکوں کے ساتھ دوستیاں اور اپنے آپ کو دیکھ دیکھ کر کڑھتے ہیں جن پر وہ ناز کرتے تھے مگر اب وہ کچھ نہیں کر سکتے' بے شک اللہ کی لاٹھی بے آواز ہے اور وہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ (س۔س' راولپنڈی)

بے شک بددعائیں تعاقب کرتی ہیں!

ہمارے گھر سے ایک گلی چھوڑ کر آج سے تیس سال پہلے ایک آدمی نے شادی کی' شادی کی پہلی رات ہی اس نے یا اس کی بیوی نے علیحدگی اختیار کر لی (بعد کے نتیجے سے لگتا ہے آدمی کی زیادتی تھی) بعد میں آدمی نے دوسری شادی کر لی لیکن خاتون نے دوسری شادی نہ کی اور اس پہلی رات کے نتیجہ میں خاتون کے ہاں ایک لڑکی کی پیدائش ہوئی جس کو میں بچپن میں دیکھتا تھا لیکن بات کبھی نہ ہوئی' وہ بچی جیسے جیسے بڑی ہوتی گئی اس کا دماغی توازن خراب ہوتا گیا اور وہ اکثر گلی سے گزرتے ہوئے اپنے والد جو کہ دوسری شادی کر چکا تھا اور اس میں تین یا چار بچے بھی ہیں اس کو جھولی اٹھا اٹھا کر بددعائیں دیتی تھی کہ ''شاہ اللہ کوڑھا ہو کے مریں'' یعنی جب تجھے موت آئے تو تیری شکل دنیا میں ہی بدصورت ہو جائے'' اس کی وجہ سے اس آدمی کے نئے سسرال والوں نے اس بچی کی دو تین مرتبہ پٹائی بھی کی لیکن وہ پھر بھی باز نہ آتی تھی۔ ابھی مجھے گاؤں جانے کا اتفاق ہوا تو امی جان سے پرانی باتیں ہو رہی تھیں تو تب اس کا ذکر بھی ہوا تو امی نے بتایا کہ اس کا ابو گزشتہ آٹھ سال سے فالج میں مبتلا ہے اور آپ کو تو معلوم ہے کہ فالج کے مریض کی شکل بھی ٹیڑھی ہو جاتی ہے اور گندگی بھی ساتھ ہوتی ہے' اب وہی لڑکی اور کچھ سمجھ میں آئے یا نہ آئے مطمئن ہے اور ہمیشہ اس گھر کی طرف دیکھ کر مسکراتی ہے کہ ''اب میں راضی ہوں''۔ میری والدہ کی اس ماں سے بات ہوئی تو اس بچی کی ماں نے بتایا کہ میں نے اس کو کچھ نہیں بتایا نہ معلوم اسے کیا ہوتا کہ خود ہی گھر سے باہر جاتی اور جاتی بھی اس وقت جب اس کا والد گلی سے گزرتا اور اس کو خوب بددعائیں دے کر گھر آجاتی۔ مجھے نہیں معلوم اس کو کیسے پتہ چلا کہ وہ اس کا والد ہے اور اس نے میرے ساتھ اور میری ماں کے ساتھ ظلم کیا ہے۔ جب سے اس کے والد کی شکل ٹیڑھی ہوئی ہے اور وہ چلنے پھرنے بولنے سے قاصر ہے اس وقت سے بہت مطمئن ہے' گھر میں پرسکون رہتی ہے' اب باہر بہت کم نکلتی ہے اور جب کبھی نکلے تو اس گھر کو دیکھ کر مسکرا کر واپس آجاتی ہے۔ (محمد عثمان غفاری' لاہور)

میری تالیفات اوران کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات [illegible] ایک کتاب [illegible] اگر میری کسی کتاب میں [illegible] غلطی ہو اطلاع دیں [illegible] شکر گزار رہوں گا۔

کتاب نمبر 38: حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں: اگر آپ لازوال' بے مثال اور حیرت انگیز حافظہ چاہتے ہیں تو پھر گناہ چھوڑ دیں۔ یوں عصیان (یعنی گناہ) چھوڑ کر فوری نسیان یعنی بھول جانے کا علاج ممکن ہوا۔ آپ کو میری یہ تالیف بہت نفع دے گی اور آپ کی نسلوں کے حافظے اور تقویت کے لیے رہبر ثابت ہوگی۔ ایک بہترین کاوش' محنت اور جستجو آپ کو ہدیہ ہے۔ قدر کریں لاجواب چیز ہے۔ اس کتاب کی تالیف میں درج ذیل شخصیات کے تحریروں اور رسائل سے مدد لی گئی۔ حکیم محمد عبدالرحیم جملی' حکیم فضل الرحمٰن' ڈاکٹر خالد محمود جنجوعہ۔ نیر رضا سید۔ مختار احمد اختر۔ حکیم آفتاب احمد عظیم۔ حکیم اکرام الحق۔ حکیم عابد علی بیگ۔ عبدالرشید زائر۔ حکیم محمد ابراہیم شاہ۔ جے۔ ایچ۔ رضوی۔ فرزانہ مغیث۔ ڈاکٹر نوشین عمران۔ شاہد شاہ۔ از اڈیان گبز کا پیلاس۔ ہمدرد صحت۔ طب وصحت۔ رہنمائے صحت۔ مسلم' اسلام آباد۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات

پوری سائنس فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے' آپ کے پاس انٹرنیٹ' اپنا مشاہدہ' تحریر' کوئی بھی ایسی چیز جس میں شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات ملے ہوں ہمیں ضرور بھیجیں۔ باری آنے پر آپ کے نام سے شائع ہوں گے۔ لاکھوں کا نفع ہوگا۔ (ادارہ)

بچے نیک اور متقی بنائیے: اگر کوئی گیارہ مرتبہ اسم یَامُتَکَبِّرُ کو پڑھ کر اپنے بچوں پر روزانہ دم کر دیا کرے تو ان شاء اللہ بچوں میں نیک خصلتیں پروان چڑھیں گے۔

قارئین کے سوال — قارئین کے جواب

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

جون کے جوابات

1۔محترم کامران بھائی! ہم بھی برس ہا برس سے کرائے کے مکانوں میں دھکے کھا رہے تھے' بہت کوشش کرتے اپنے مکان کی مگر نہ بنتا' پھر ایک مرتبہ ایک شخص نے ہمیں درج ذیل دعا بتائی کہ جب بھی وضو کریں وضو کرتے ہوئے پہلے یہ دعا پڑھ لیا کریں' ان شاء اللہ آپ کی تمام پریشانیاں ختم ہوجائیں گی اور اللہ آپ کو اپنا گھر دے گا۔ میں اور میرے شوہر صاحب نے یہ عمل شروع کر دیا۔ الحمدللہ! تین سال کے عرصہ میں ہی ہم اپنا گھر بنانے میں کامیاب ہوگئے اور آج جب میں یہ خط لکھ رہی ہوں تو اپنے ذاتی گھر میں بیٹھ کر لکھ رہی ہوں۔ دعا یہ ہے:۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ **(ام شایان' لاہور)**

2۔ بیٹا! اگر آپ اپنی زندگی میں کامیابی اور سکون چاہتے ہیں تو پانچ وقت کی نماز لازمی [illegible] میں پڑھیں نماز فجر کے بعد قریبی پارک یا کھلی فضا میں واک ضرور کریں۔ اس کے علاوہ سارا دن استغفار کا ورد جاری رکھیں اور حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے درس روزانہ ضرور ایک یا دو ضرور سنیں۔ پھر دیکھیے گا خودبخود آپ کا دل موبائل' ٹی وی' بُرے دوستوں سے دور ہوجائے گا اور اچھی محفلوں میں جانے کو چاہے گا۔ دل لگا کر پڑھیں گے بھی اچھے مارکس لے کر پاس بھی ہوں گے۔ **(پروفیسر کامران' اسلام آباد)**

3۔ بہن! آپ عبقری دواخانہ کی اکسیرالبدن' قفس فولاد ٹانک اور جوہر شفاء مدینہ لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ میری چھوٹی بہن کو بھی یہی مسائل تھے اس کو حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ صاحب نے یہ ادویات لکھ کر دیں' چند ماہ کے استعمال کے بعد اب وہ بالکل ٹھیک اور فٹ ہے۔ **(عائشہ شہریار' اوکاڑہ)**

4۔آپ دائمی قبض اور معدے کے امراض کیلئے ایک پاؤ میتھرے (جو اچار میں ڈالتے ہیں) اور ایک پاؤ چھوٹی الائچی دونوں کو اکٹھا باریک پسوالیں اور صبح و شام ایک چھوٹا چمچ تازہ پانی یا نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔ شادی کیلئے سورۂ آل عمران کی پہلی تین آیات 319 مرتبہ صبح و شام پڑھیں اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف نہایت آزمودہ ہے۔ **(شازیہ کنول' کراچی)**

جولائی کے سوالات

محترم عبقری قارئین السلام علیکم! میری آپ سے عرض ہے کہ میرا گزر بسر مال مویشی ہے پورا سال بکرے پالتا ہوں' بہت سخت محنت کرتا ہوں' پھر بھی موٹے تازے نہیں ہوتے' بہت کم پیسوں میں جاتے ہیں' دوسری بات یہ ہے کہ اکثر مویشیوں کا پیشاب بند ہوجاتا ہے مر بھی جاتے ہیں' اگر کسی بھائی کے پاس کوئی آزمودہ نسخہ ہے تو عنایت فرمائیں۔ مزید کوئی ایسا چارہ یا دوائی وغیرہ ہے تو ضرور بتائیں تاکہ میرے جانور موٹے تازے ہوں اور مارکیٹ میں اچھی رقم مل جائے۔ **(رسول بخش جوکھیو' کاٹھور)**

2۔**محترم قارئین السلام علیکم!** میری والدہ کو 20 سال سے فالج ہے' وہ بستر پر ہیں' پہلے تھوڑا چل لیتی تھیں اب بالکل بھی نہیں چل سکتیں۔ مزید انہیں قبض بہت رہتی ہے' گرمیوں میں بھی سردی لگتی ہے۔ [illegible] علاج بتائیں۔ بہت تکلیف میں ہیں۔ **(ش' اسلام آباد)**

3۔**محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہمارے سر پر سلامت رکھے اور اللہ آپ کو دین اور دنیا کی تمام خیریں اور بھلائیاں عطا فرمائے۔ آمین۔ میرا قارئین عبقری سے سوال ہے کہ ہمارے پیسوں میں برکت نہیں ہے' مہینہ ختم ہونے سے دس دن پہلے پیسے ختم ہوجاتے ہیں اور جس کسی نے پیسے لیے وہ واپس نہیں کرتا۔ مزید کوئی اچھا سا وظیفہ عطا فرمائیں کہ امتحان میں اچھے نمبروں سے پاس ہوجاؤں۔ **(ث)**

4۔**محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم!** اللہ آپ کو' آپ کے گھر والوں کو' آپ کے بچوں کو اور پوری عبقری ٹیم کو ہمیشہ خوش رکھے' سلامت رہیں' آباد رہیں کیونکہ آپ لوگ پوری انسانیت کی خدمت کررہے ہیں۔ قارئین سے میرا سوال ہے کہ میری بیٹی کی عمر چھ سال سے کم ہے' اس کا مسئلہ یہ ہے کہ صبح جب اٹھتی ہے تو ناک بند ہوتی ہے پھر بیچاری روتی ہے' ڈراپس ڈال کر ٹھیک ہوجاتی ہے مگر رات کو پھر ناک بند ہوجاتی ہے' ڈاکٹرز کو دکھایا' شکر ہے ناک کی ہڈی بھی ٹھیک ہے' ناک میں کوئی گوشت بھی نہیں' ڈاکٹرز کہتے ہیں الرجی ہے' دوائی دیتے ہیں پھر مسئلہ ہوجاتا ہے' خدارا کوئی حل بتائیں ہم تو علاج کروا کروا کر تھک چکے ہیں۔ **(عبدالقدیر' پشاور)**

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد پوری

''حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں نے بارگاہِ رسالت ﷺ میں عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! قریش جب آپس میں ملتے ہیں تو حسین مسکراتے چہروں سے ملتے ہیں اور جب ہم سے ملتے ہیں تو ایسے چہروں سے ملتے ہیں جنہیں ہم نہیں جانتے (یعنی جذبات سے عاری چہروں کے ساتھ) حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ یہ سن کر شدید جلال میں آگئے اور ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کسی بھی شخص کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہیں ہوسکتا جب تک اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اور میری قرابت کی خاطر تم سے محبت نہ کرے۔'' (امام احمد' نسائی' حاکم اور بزار نے روایت کیا ہے) ایک روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: خدا کی قسم! کسی شخص کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہ ہوگا جب تک کہ وہ اللہ تعالیٰ اور میری قرابت کی وجہ سے تم (اہل بیت) سے محبت نہ کرے۔

جگر کی گرمی' ہاتھ پاؤں کی جلن ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ اس میں آنے والے تمام مضامین میرے پسندیدہ ہیں۔ آج کل شدید گرمی کا موسم ہے جو سب سے زیادہ مسئلہ نوجوان نسل کو ہے وہ جگر کی گرمی' معدے کی گرمی' ہاتھ پاؤں میں شدید جلن اور پیشاب کا جل کر یا کم مقدار میں بار بار آنا ہے۔ ان امراض کیلئے میرے پاس بارہا کا آزمودہ اور سستا اور آسان ترین ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں:۔ روزانہ تین عدد کھیرے صاف ستھرے اچھے اور تازہ خریدیں اور ان تین کھیروں کو ایک ہی دن میں ختم کریں۔ چند دن کھانے کے بعد آپ کے درج بالا تمام امراض ختم ہوجائیں گے۔

صحتیابی کا روحانی طاقتور ٹوٹکہ: حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ سوالاکھ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں۔ مریض صحت یاب ہوجائے گا۔ یہ انتہائی طاقتور عمل ہے اس کو معمولی ہرگز نہ سمجھے گا۔ روزانہ ہزاروں کی تعداد میں پڑھ کر پانی پر دم کرتے رہیں۔ کئی سوالاکھ بھی پڑھ سکتے ہیں۔ جب تک مریض صحت یاب نہیں ہوتا عمل جاری رکھیں' بہت جلد شفاء ملتی ہے۔ **(محمد سعید چشتی)**

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

☆ ہاتھ پر چکنائی ☆ مجھے پرانی مہندی کیوں دی؟ ☆ بندش کی کاٹ ☆ سوئیوں سے بھرا دوپٹہ ☆ کالا برقعہ پہن کر بھاگی ☆ خوشحالی اور مالی فراوانی

ہاتھ پر چکنائی: میں اکثر خواب میں دیکھتی ہوں کہ میں اپنے ایک کزن سے چھپ رہی ہوں' وہ میرا تعاقب کررہے ہیں میں اپنے گھر میں کبھی ایک کمرے میں چھپتی ہوں کبھی دوسرے کمرے میں اور وہ وہاں آکر عجیب نظروں سے مجھے دیکھتے ہیں۔ ایک دو دفعہ میرے کزن کا کزن بھی اس کے ساتھ ہوتا ہے میں دونوں سے چھپ رہی ہوتی ہوں پھر میرے کزن کا وہی کزن سامنے آجاتا ہے وہ مجھ سے ہاتھ ملاتا ہے تو میرے ہاتھ پر کوئی کریم لگی ہوتی ہے اور میں وہی ہاتھ اس سے ملاتی ہوں' اس کے ہاتھ پر بھی چکنائی لگ جاتی ہے اور دل میں سوچتی ہوں اچھا ہے ایک دو دفعہ چکنائی والے ہاتھ ملاؤں گی تو آئندہ ہاتھ نہیں ملائے گا۔ ایک دفعہ دیکھا کہ میرا کزن کچن میں روٹیاں پکا رہا ہے اسی کے ساتھ دیکھا کہ میرے سامنے والے دانت گندے ہورہے ہیں اور میں شیشے میں دیکھ کے سوچتی ہوں کہ میں نے برش نہیں کیا۔ (ص، ج)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ سفلی کی کاٹ کیلئے آپ جو پڑھائی کررہی ہیں اس کے نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں یعنی کاٹ شروع ہوچکی ہے تاہم کم از کم مزید 40 دن یہی عمل جاری رکھیں اور صدقہ بھی دیتی رہا کریں۔ واللہ اعلم!

مجھے پرانی مہندی کیوں دی؟ میں نے دیکھا کہ ہم نانا کے گھر پر ہیں' وہاں میری ساری کزنز موجود ہیں' ایسا لگ رہا ہے جیسے میری ساری کزنز کی شادی ہوگئی ہے اور مجھے ایسا لگتا ہے کہ میرے دو بچے ہوگئے ہیں' پھر دیکھا کہ میرے ہاتھوں میں آگے پیچھے اور پیروں میں اور تلوؤں میں بھی مہندی لگی ہے۔ میری کزن مجھ سے کہتی ہے کہ تمہارے ہاتھوں میں مہندی بہت اچھی لگتی ہے پھر دیکھا کہ میرے ہاتھوں کے پیچھے کی مہندی ہلکی ہوجاتی ہے تو میں اپنی کزن سے کہتی ہوں کہ تم نے مجھے پرانی مہندی دی تھی اب مجھے رات کو دوبارہ لگانی پڑے گی۔ (ع۔ سیالکوٹ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کی جس جگہ شادی کا سلسلہ ہورہا ہے اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ یہ شادی بہت مبارک ثابت ہوگی' تاہم آپ کے خاندان میں سے کچھ لوگ حسد کی بنا پر معاملات خراب کرنے کی کوشش کریں گے۔ آپ ہر نماز کے بعد انیس مرتبہ یَاحَفِیْظُ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

بندش کی کاٹ: مجھے اکثر بُرے خواب نظر آتے ہیں اور میں خواب میں ڈر جاتی ہوں۔ ایک مرتبہ میں نے خواب میں دو کالی بھینسیں دیکھیں۔ ان کے پاس ایک باباجی کھڑے تھے' وہ بھینسیں گھر کے پورچ میں کھڑی تھیں۔ میں نے پوچھا یہ کس کی بھینسیں ہیں تو وہ بولے کہ یہ ہم دو بڑی بہنوں کی ہیں۔ اس کے علاوہ میں کبھی کمرہ امتحان میں اپنے آپ کو بغیر تیاری کے امتحان دیتے دیکھتی ہوں۔ کبھی میری جوتی گم ہوجاتی ہے اور میں کسی اور کی جوتی پہن لیتی ہوں۔ (ظ، پشاور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اگرچہ اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے کاموں میں سخت بندش لگی ہوئی ہے اور ہوتے ہوئے کام بھی ناکامی کا شکار ہوجاتے ہیں تاہم اس بات کا اشارہ موجود ہے کہ ان شاء اللہ یہ بندش کچھ عرصہ بعد ختم ہوجائے گی، اگر اس کا مناسب علاج کرلیا گیا۔ آپ اور آپ کے تمام بہن بھائی روزانہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس 313 مرتبہ سات سات بیری کے پتوں پر دم کرکے انہیں دو پتھروں کے درمیان کوٹ کر پانی ملا کر دو گھونٹ پانی پی لیا کریں اور بقیہ پانی سے غسل کرلیا کریں۔ یہ پانی روزانہ بعد فجر قبل طلوع آفتاب چالیس دن تک کرنا ہوگا۔ ان شاء اللہ بندش دور ہوجائے گی اور مناسب جگہ رشتے طے پاجائیں گے۔ واللہ اعلم

سوئیوں سے بھرا دوپٹہ: میری بیٹی نے خواب میں دیکھا ہے کہ گھر میں شادی ہورہی ہے جو دوپٹہ وہ اوڑھتی ہے وہ سوئیوں سے بھرا ہوا ہے اور جو دوپٹہ میری دوسری بیٹی اوڑھتی ہے اس میں ایک یا دو سوئیاں ہیں۔ (ف۔ش' لاہور)

تعبیر: آپ کی بیٹی کے خواب کے مطابق کوئی بدخواہ آپ کے گھر کی خوشیوں کو غارت کرنے کی سازش کررہا ہے اور اس بات کا اندیشہ ہے کہ جلد اس کا تدارک کرنے کی کوشش نہ کی گئی تو بیماریوں اور پریشانیوں میں پورا گھر مبتلا ہوجائے گا۔ آپ فوری طور پر اپنا اور اپنے تمام اہل خانہ کی طرف سے حسب توفیق کچھ صدقہ نکالیں اور ''درود تنجینا'' ایک ہزار مرتبہ روزانہ بلاناغہ بعد نماز عشاء پڑھ کر حفاظت کی دعا کرلیا کریں۔ یہ عمل کم از کم 90 دن تک لگاتار کرنا ہوگا' امید ہے کہ ان شاء اللہ ہر قسم کی آفات سے حفاظت ہوجائے گی۔ واللہ اعلم۔

بیرون ملک جانے کی دعا: میں اکثر دیکھتا ہوں کہ میں نماز پڑھ کر ایک غیر مسلم ملک جانے کی دعا کرتا ہوں۔ (ش، قصور)

تعبیر: آپ کے خواب میں آپ کو متنبہ کیا گیا ہے کہ دنیا کے چکر میں اپنی آخرت سے غفلت اختیار کرنا خطرناک ہے۔

کالا برقعہ پہن کر بھاگی: میں نے دیکھا کہ بہت سے سکول اور کالجز کے لڑکے' لڑکیاں تیزی سے بھاگ رہے ہیں جیسے مقابلہ ہو' پہلے تو میں کھڑی رہتی ہوں پھر میں بھی ان کے ساتھ برقعہ پہنا ہوا ہے اور میں اتنی تیزی سے بھاگ رہی ہوں کہ سب سے آگے نکل جاتی ہوں پھر کسی عمارت کی سیڑھیاں تیزی سے چڑھتی ہوں اور بھی لوگ ہوتے ہیں۔ بھاگتے بھاگتے عمارت کی بہت اونچائی پر پہنچ جاتی ہوں اور سب کہتے ہیں کہ یہ لڑکی جیت گئی ہے۔ میرے ساتھ ایک اور لڑکی ہوتی ہے نیچے کھڑے لوگ حیرانی سے ہماری طرف دیکھتے ہیں۔ (عائشہ فیروز' جھنگ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو ان شاء اللہ ہر مشکل اور کڑے امتحان میں نمایاں کامیابی اور عزت کا حصول ہوگا۔ آپ پنج وقتہ نماز کی پابندی کا اہتمام کریں اور ہر فرض نماز کے بعد یَاعَزِیْزُ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

مالٹے ہی مالٹے: میری بہن نے استخارہ کیا تو وہ خواب میں دیکھتی ہیں کہ سبز مالٹوں کا ڈھیر ہے جن میں آگے چھوٹے مالٹے ہیں اور پیچھے کافی بڑے بڑے۔ (ثمرہ' راولپنڈی)

تعبیر: آپ کی بہن کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ انہیں خوشحالی اور مالی فراوانی نصیب ہوگی لیکن اس میں کچھ وقت لگے گا۔ انہیں چاہیے کہ نیک اعمال میں لگی رہیں اور ہر ایک کو نفع پہنچانے کی نیت رکھیں۔ واللہ اعلم۔

روحانی پھکی سے چہرے پر رونق آگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا چودہ سال کا کزن تھا جس کو بہت دوائیں استعمال کروائیں مگر افاقہ نہیں ہورہا تھا' پھر مزید سپیشلسٹ ڈاکٹرز کو بھی چیک کروایا مگر کسی بھی ڈاکٹر سے آرام نہیں آرہا تھا۔ پھنسیاں دن بدن موٹی ہوتی جارہی تھیں اور بچہ رو رو کر مزید کمزور ہوتا جارہا تھا۔ میں نے اپنی آنٹی کو کہا روحانی پھکی منگوا کر وہ استعمال کی' دوسرے ہی دن منہ پر رونق آگئی اور پھنسیاں چند دنوں میں بالکل ختم ہوگئیں۔ روحانی پھکی واقعی ناممکن کو ممکن کردیتی ہے۔ (ج۔ش)

جب یہ سنا میں کانپ اٹھی نماز قرآن چھوڑو! شوہر کی خدمت کرو

مسز مریم جیلانی، ڈی جی خان

ایک وقت تھا جب میں پانچ وقت کی نماز ادا کرتی تھی پھر شادی اور پھر بچوں میں ایسی غافل ہوئی کہ نماز، قرآن، دین کہیں پیچھے رہ گیا۔ بہت لوگوں نے کہا کہ نماز کیوں چھوڑ دی، نماز پڑھا کرو۔ کچھ نے پیار سے سمجھایا، کچھ نے ڈانٹ ڈپٹ کی لیکن اثر نہ ہوا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا شائع کردہ رسالہ بہت اچھا ہے اور اس سے بہت سیکھنے کو ملتا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائیں۔ انسانی زندگی واقعات کا مجموعہ ہوتی ہے کچھ اچھے کچھ برے کچھ بہت اچھے تو کچھ بہت برے۔ بعض اوقات انسان کی زندگی میں ایسے واقعات بھی رونما ہوتے ہیں یا ایسے لوگ ملتے ہیں جو انسان کو اس کی سوچ کو اس کی ذات کو ذہنی و جسمانی کیفیات کو غرض کہ پوری زندگی کو یا زندگی گزارنے کے طریقے کو بدلنے کا باعث بنتے ہیں اور انسان خود بخود ایسے راستے پر چلنے لگتا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس کیلئے پسند فرمایا ہے۔ میں بھی اپنا شمار انہی خوش نصیب لوگوں میں کرنے لگی ہوں جن کو اللہ تعالیٰ مغفرت کا موقع دیتا ہے، ہدایت کا موقع دیتا ہے، موت سے پہلے ہی اپنی ذات کو، اپنے دین کو سمجھنے کا جذبہ عطا کرتا ہے، بہت خوش نصیب ہوتے ہیں وہ لوگ جن کا اللہ تعالیٰ سے خاص رشتہ قائم ہوجاتا ہے، یقین کا رشتہ، سکون کا رشتہ، ایمان کا رشتہ اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایسا رشتہ قائم کرنے کا سب سے پہلا قدم ہے اللہ تعالیٰ پر مکمل یقین اور نماز۔ یقین کریں جب آپ نماز پڑھنا شروع کرتے ہیں تو خود بخود اللہ تعالیٰ کے قریب ہوتے جاتے ہیں مگر شرط یہ ہے کہ وہ نماز صرف ادائیگی فرض کی نیت سے یا دکھاوے کی نیت سے نہ ہو۔ ایک وقت تھا جب میں پانچ وقت کی نماز ادا کرتی تھی پھر شادی اور پھر بچوں میں ایسی غافل ہوئی کہ نماز، قرآن، دین کہیں پیچھے رہ گیا۔ بہت لوگوں نے کہا کہ نماز کیوں چھوڑ دی، نماز پڑھا کرو۔ کچھ نے پیار سے سمجھایا، کچھ نے ڈانٹ ڈپٹ کی لیکن اثر نہ ہوا۔ شاذ و نادر ہی نماز ادا کرتی وہ بھی فرض سمجھ کر مجھے لگتا ہے شاید اللہ تعالیٰ میری کسی بات سے ناراض تھے جو مجھے اپنے سامنے حاضر ہونے سے روکے رکھا۔ پھر میرے سکول کے آنرز نے مجھے کثرت سے استغفار پڑھنے کی نصیحت کی۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائیں۔ ان کی زندگی میں، رزق میں، کاروبار میں برکت ڈالیں۔ آمین! آج شاید جو تبدیلی میری زندگی میں آئی ہے وہ اسی استغفار کی کثرت سے ہی ممکن ہے۔ اللہ تعالیٰ کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے کہ اس عظیم الشان ہستی نے مجھ گنہگار کو ایک اور موقع دیا۔ الحمدللہ! آج میری نماز میرے لئے سب سے اہم اور ضروری ہے۔ معزز قارئین! آپ یقین کریں جب میں ایک وقت کی نماز ادا کرلیتی ہوں تو دوسری نماز کا انتظار ہوتا ہے، اس لئے نہیں کہ مجھے فرض ادا کرنا ہے بلکہ مجھے اللہ تعالیٰ سے بات کرنی ہے۔ اللہ پاک کو راضی کرنا ہے، الحمدللہ! آج جتنا سکون اور اطمینان میرے دل میں ہے میں نے کبھی سوچا بھی نہ تھا کہ ایک ''نماز'' ادا کرنے سے زندگی اتنی آسان ہوجاتی ہے۔ کہتے ہیں نا! ایک دفعہ اللہ تعالیٰ کے ہوکر تو دیکھو وہ سب کو تمہارا نہ کردے تو کہنا۔ معزز قارئین! میری آپ سب سے خاص گزارش ہے کہ جو کام بھی کریں اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے کریں، اس کی خوشنودی کیلئے کریں، ہر وقت استغفار اور درود شریف کا ورد کریں اپنے اللہ پر یقین رکھیں۔ سچا اور پختہ یقین، اور دیکھیں آپ کا دل کتنا مطمئن اور زندگی کتنی آسان ہوجاتی ہے۔ ہمارے معاشرے میں اخلاقی اور دینی زوال اتنا زیادہ بڑھ گیا ہے کہ بعض لوگ اور خصوصاً خواتین گھر کے کام کاج کو اور دیگر معاملات کو فرائض کا بدل سمجھتی ہیں اور اس پر نہ صرف یہ کہ مطمئن ہیں بلکہ دوسروں کو بھی بے عملی ترغیب دیتی ہیں۔ مجھے یہ بات بہت عجیب لگی کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے، نماز تو کسی حال میں معاف نہیں یہ کیسے ممکن ہے کہ ہم گھریلو فرائض بخوبی انجام دیں گے تو یہ نماز و قرآن کے برابر ہے''۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے عورتوں کیلئے گھریلو امور میں ہی اتنا ثواب کمانے کے مواقع دیے ہیں کہ وہ گھر بیٹھے بے شمار نیکیاں کماسکتی ہیں جیسا کہ خاوند گھر آئے تو اس کو محبت بھری نگاہ سے دیکھنے کا ثواب جہاد کے برابر ہے۔ اگر خاوند پریشان ہے اور بیوی اس کی پریشانی دور کرنے یا کم از کم اس کے دل کو مطمئن کردے تو یہ بھی جہاد کے برابر ثواب ہے۔ اگر بیوی خاوند کے کہے بغیر اس کے پاؤں دبائے تو سات تولے سونا خیرات کرنے کے برابر ثواب ہے اور اگر اس کے کہنے پر دبائے تو سات تولے چاندی خیرات کرنے کے برابر ثواب ہے۔ لیکن نماز اور دیگر فرائض تو کسی حال میں معاف نہیں۔ خدارا میرا پیغام لوگوں تک پہنچائیں کہ نماز ہر حال میں فرض ہے، شوہر کی خدمت، شوہر کی عزت، شوہر کا مقام اپنی جگہ مگر نماز، فرضی روزہ ہر حال میں ادا کرنا ہے تو ہی دنیا و آخرت میں کامیابی ملے گی۔

بخل شکن عبقری کا شکریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو عمر خضر عطا فرمائیں اور خدمت خلق کی ہمہ وقت آپ کو توفیق عطا ہو جب مخلوق راضی ہوگی تو اللہ تعالیٰ بھی راضی ہوجائے گا۔ میرے نزدیک سب سے بڑی یہی دعا ہے۔ میں گزشتہ چند سالوں سے بہت زیادہ بیمار تھا مگر عبقری کی بخل شکنی نے مجھے بچالیا۔ علاج سے پہلے ایک بخیل کا واقعہ عبقری قارئین کو سنانا چاہتا ہوں۔ میرا ایک دوست جو ہماری ہی کالونی میں رہتا ہے اس نے ایک دوائی کے ہزار روپے مجھ سے لیے مجھے وقتی آرام آگیا۔ اس دوست سے میں نے نسخہ بنانے کا فارمولہ مانگا لیکن اس نے انکار کردیا، اسے میں نے بہت زیادہ پیسوں کا لالچ بھی دیا لیکن اس نے بخیلی کی انتہا کردی، نتیجتاً اس سے میں نے دوستی ختم کردی کیونکہ میں بہت طیش مزاج ہوں لیکن فطرتاً نرم دل رکھتا ہوں لیکن بخیل لوگ مجھے ایک آنکھ نہیں بھاتے۔ پھر مجھے ماہنامہ عبقری ملا آپ جو نسخے اور وظائف شائع کرتے رہتے ہیں میں آپ کا بے حد مشکور ہوں۔ میری ٹانگ میں گھٹنے کے قریب ایک گلٹی تھی اس مرض کے علاج کیلئے عرصہ 35 سال سے سرگرداں تھا لیکن علاج کروانے کے باوجود شفاء یاب نہ ہوسکا آخر کار عبقری رسالے نے میری بیماری کا حل بتا دیا، ماہنامہ عبقری دسمبر 2009ء سے مجھے وہ نسخہ ملا۔ نسخہ صرف یہ تھا کہ زیادہ سے زیادہ آب زم زم پئیں، کچھ ہی عرصہ میں گلٹی جڑ سے ختم ہوجائے گی اور میں اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر گزار ہوں کہ اس دنیا میں اب بھی نیک دل حکیم موجود ہیں، ورنہ حکیم تو مرتے دم تک نسخہ کی ہوا نہیں لگنے دیتے۔ (موسیٰ انصاری، بہاولپور)

جسے منافع سمجھتا تھا وہ سود نکلا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا دل بہت پریشان رہتا تھا، ایک دن اپنی پسندیدہ ڈائجسٹ لینے بک سٹال پر گیا تو وہاں عبقری مل گیا، میں نے خریدا، یہ فروری 2011ء کا شمارہ تھا، عبقری پڑھ پڑھ کر مجھے پتہ چلا کہ میں جسے منافع سمجھ رہا تھا وہ اصل میں سود ہے، پھر میں نے مارچ 2013ء میں یہ سودی نظام بند کروا دیا۔ اللہ کرے کہ ہمارے معاشرے میں بھی یہ سودی نظام بند ہوجائے۔ الحمدللہ! اب میں پرسکون زندگی گزار رہا ہوں۔ (م۔ز)

(بقیہ: دولت کے ڈھیر لگانے کا فارمولہ)

جو بیٹی بیاہی گئی وہ بھی یہ وظیفہ آج بھی صبح و شام اپنے گھر میں کرتی ہے بلکہ اس کے ساس سسر شوہر اور گھر کے دیگر افراد بھی یہی وظیفہ کرنا شروع ہوگئے ہیں۔ قارئین! یہ وظیفہ نہیں دولت کے ڈھیر لگانے کا فارمولہ ہے۔ آج تک جس دکھی نے بھی آزمایا اللہ نے اس کے گھر پر کرم کی بارش برسادی۔ عمل یہ ہے: صبح و شام اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر درمیان میں آٹھ سو مرتبہ (یعنی آٹھ تسبیح) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیں۔ حضرت حکیم صاحب! یہ تو صرف میں نے اپنی کہانی بیان کی ہے اس وظیفے کے میرے پاس ان لوگوں کے بے شمار تجربات و مشاہدات ہیں جن کو میں نے یہ عمل بتایا۔

خواتین پوچھتی ہیں؟

(ام اوراق)

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

کچھ کرنا چاہتی ہوں: میری عمر بیس سال ہے بی اے کر چکی ہوں اب میں کچھ کرنا چاہتی ہوں مگر کچھ بھی نہیں کر سکتی لکھنا چاہتی ہوں مگر مضمون کا خاکہ ذہن سے غائب ہو جاتا ہے کبھی دل چاہتا ہے کہ سلائی کروں مگر جب کپڑا کاٹنے بیٹھتی ہوں تو کام غلط ہو جاتا ہے۔ امی سے الگ ڈانٹ پڑتی ہے' باغبانی کرنا چاہتی ہوں تو مالی ٹوک دیتا ہے' میں لکھنا کیسے سیکھوں؟ بہت سے خیالات ذہن میں آتے ہیں مگر سب گڈمڈ ہو جاتے ہیں۔ (ص۔ا)

جواب: آپ سب سے پہلے یہ سوچئے کہ آپ کون سا کام کر سکتی ہیں ہر چیز کیلئے محنت شرط ہے جس کام کو شوق اور لگن سے نہ کیا جائے وہ ادھورا رہتا ہے جیسا کہ آپ باورچی خانے میں جا کر شوق سے کھانا نہ پکائیں تو وہ بھی بدمزہ ہوتا ہے لکھنے کیلئے مطالعہ کرنا چاہیے پہلے ایک خاکہ ذہن میں بنائیے کہ آپ کیا لکھنا چاہتی ہیں پھر اسے لکھنے کی کوشش کریں رات کو آپ ایک کاپی پر دن بھر کی ڈائری لکھیں اس سے آپ کو لکھنا آئے گا۔ تخلیق کیلئے جرات اور ہمت کی ضرورت ہوتی ہے پہلے فیصلہ کر لیں کہ آپ نے کیا لکھنا ہے پھر اسی موضوع پر سوچیں اور تھوڑا تھوڑا لکھتی جائیں' شروع میں بالکل تسلسل نہیں ہوگا پھر آہستہ آہستہ آپ اپنے جذبات کو واضح طور پر الفاظ کا روپ دے سکیں گی' اسی طرح سلائی کیلئے آپ پہلے گھر میں پڑی پرانی گڑیا سے فائدہ اٹھایئے اس کے بعد پرانے کپڑے کاٹ کر سینا شروع کر دیں۔ بڑا دلچسپ مشغلہ ہے' چند دنوں میں آپ کا ہاتھ صاف ہو جائے گا اور آہستہ آہستہ آپ چھوٹے بہن بھائیوں کے روزمرہ استعمال کے کپڑے خود سی سکیں گی۔ اسی کی مدد سے پرانے کپڑوں پر ہاتھ صاف ہو جائے تو نئے کپڑے کاٹنے آسان ہوں گے' کھیل ہی کھیل میں لڑکیاں کپڑے سینا سیکھ جاتی ہیں۔

آخر گوشت کیسے پکائیں؟: بعض مرتبہ گوشت سخت رہ جاتا ہے۔ زیادہ دیر پکانے سے بھی نرم نہیں ہوتا۔ گوشت کیسے پکائیں کہ وہ اچھی طرح گل جائے اور دیر بھی نہ لگے؟ ویسے بھی تقریباً دو ماہ کے بعد بڑی عید آرہی ہے تو کچھ مفید مشورے عنایت فرمائیں۔ (سلمیٰ بلال' لاہور)

مشورہ: بی بی! اچھا گوشت دیکھ کر خریدیں' باسی نہیں ہونا چاہیے۔ ہمارے ہاں خواتین فریزر سے گوشت نکال کر فوراً ہی ہنڈیا میں ڈال دیتی ہیں۔ اس سے بھی گوشت نہیں گلتا' سخت رہتا ہے۔ گوشت فریزر سے نکال کر باہر رکھیں۔ جب وہ نرم ہو جائے بوٹیاں علیحدہ ہو جائیں پھر پکائیں۔ گائے کے گوشت میں خواتین پسا ہوا پپیتا ملا دیتی ہیں۔ کچری لگا کر رکھتی ہیں اس سے بھی گوشت گل جاتا ہے۔ لہسن کا ڈنٹھل دھو کر ڈال دیتی ہیں۔ خربوزے کے چھلکے سکھا کر تھوڑا سا پسا ہوا سفوف ڈال دیتی ہیں۔ گوشت اچھا ہو تو جلد ہی پک جاتا ہے ایک بات اور یاد رکھیے۔ ذبح کیا ہوا حلال گوشت جب آگ پر رکھا جائے یا پکایا جائے تو وہ سکڑ جاتا ہے اور جس جانور پر اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کا نام نہ لیا گیا ہو' حرام ہو' وہ آگ پر پھیل جاتا ہے۔ یہ گوشت کبھی نہیں کھانا چاہیے اسے ضائع کر دیں۔ گوشت تیز آگ پر نہیں پکانا چاہیے۔ پہلے زمانے میں لکڑی اور اپلے جلاتے تھے مٹی کی ہنڈیا میں ہلکی آنچ پر پکا ہوا گوشت ذائقے میں بے مثال ہوتا تھا۔ اب تو پریشر ککر ہیں' آپ ان میں بھی پکا سکتی ہیں۔ گوشت کے پیس بنوا کر ان پر پپیتا یا کچری لگا کر بہاری کباب بناتے ہیں۔ سیخوں پر کباب لگا کر کوئلوں پر سینک لیتے ہیں۔ ان میں لگے مصالحے کا ذائقہ ہی اور ہوتا ہے اسی طرح ثابت ران بنائی جاتی ہے۔ سرکہ لگانے سے وہ بھی گل جاتی ہے۔ سرکہ گوشت کو گلانے میں مدد دیتا ہے۔ گوشت تازہ اور کم عمر جانور کا ہو تو جلدی بن جاتا ہے۔

بالوں کی عمر کتنی ہوتی ہے؟ آپ سے ایک بات پوچھنی ہے بال کی عمر کتنی ہوتی ہے اور یہ کتنے بڑھتے ہیں نیز بالوں کی چمک برقرار رکھنے کیلئے کیا کرنا چاہیے۔ (ص۔ق)

مشورہ: بالوں کی نشوونما صحت پر منحصر ہوتی ہے۔ صحت ٹھیک ہوگی تو بال بھی مضبوط، گھنے ہوں گے۔ صحت خراب ہے تو پھر بال کیسے اچھے ہو سکتے ہیں؟ بالوں کی صفائی بھی ہونی چاہیے۔ بالوں میں تیل بھی لگانا چاہیے تاکہ ان کی جڑیں مضبوط رہیں۔ زیتون کا تیل بالوں کو گرنے سے محفوظ رکھتا ہے۔ بنگال میں خواتین ناریل کھاتی اور ناریل کا تیل بالوں میں لگاتی ہیں۔ ان کے بال بہت لمبے' گھنے اور کالے ہوتے ہیں۔ ہمارے ہاں لڑکیاں تیل نہیں لگاتیں جس کی وجہ سے بال کمزور اور بے جان ہو جاتے ہیں۔ ایک صحت مند خاتون کے بال کی عمر تقریباً تین سال ہوتی ہے۔ جب بال گر جاتا ہے تو نیا بال اس کی جگہ لے لیتا ہے۔ بیمار، کمزور صحت کی حامل خواتین کے بال چھوٹے اور پھر دیر سے نکلتے ہیں۔ آپ کی صحت ٹھیک اور وزن بھی مناسب ہو' اپنی غذا کا بھرپور خیال رکھتی ہیں تو آپ کے بال مہینے میں آدھا انچ تک بڑھ سکتے ہیں۔ جڑی بوٹیوں کا تیل' آملہ کا تیل' زیتون کا تیل' بالوں کیلئے بہت اچھا ہے۔ آپ ہفتے میں دو بار ضرور لگائیں۔ آملے بھگو کر آپ ان سے سر دھوئیں۔ بال دھونے کے بعد ہلکا سا تیل ضرور لگائیں۔ سات آٹھ قطرے تیل میں تین قطرے لیموں کا رس ملا کر لگانے سے خشکی، سکری بھی نہیں رہتی اور بال بھی چمک جاتے ہیں۔ آزما کر دیکھیں۔

کولیسٹرول بڑھ جائے تو: میرا کولیسٹرول بڑھ گیا ہے مجھے بتایئے میں کیا کروں؟ (بیگم شاہنواز)

مشورہ: آپ اپنے ڈاکٹر سے غذائی چارٹ بنوائیں' کولیسٹرول میں اضافہ غذا میں بے احتیاطی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ تلی ہوئی اور چکنی چیزیں' مکھن، سفید آٹا، چینی، بیکری کی بنی ہوئی چیزیں مثلاً کیک' پیسٹری' بسکٹ وغیرہ آئس کریم' گوشت' مچھلی' انڈے نہیں کھانے چاہئیں۔ گائے بھینس کا گوشت' بالائی والا دودھ' ویجی ٹیبل آئل نہیں لینا چاہیے۔ زیتون، مونگ پھلی، کارن آئل اور سویابین کا تیل لیں۔ ریشہ دار اجزا لیں جیسے گندم کی بھوسی، اناج، سبز پتوں والی سبزی' خصوصاً جئی کی بھوسی کولیسٹرول کو کم کرتی ہے۔ کم سے کم آٹھ سے دس گلاس پانی روزانہ پینا چاہیے۔ روزانہ باقاعدہ ورزش کریں۔

ہم ہر موسم' دن رات قہوہ پیتے ہیں وجہ جان لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب اسلام علیکم! ہم عبقری رسالہ گزشتہ دو سال سے مسلسل پڑھ رہے ہیں۔ عبقری ہمارے ہاں دن بدن مقبول ہو رہا ہے۔ ہم نے عبقری رسالہ سے جو ٹوٹکے آزمائے اور ان کے جو فوائد ملے وہ درج ہیں:۔ زیتون کا تیل اور اسپغول آزمایا' اس سے بچوں کے گلے کے ٹانسلز بہتر ہوئے۔ ہم تمام معدے کے مریض تھے ہم نے سبز الائچی' پودینہ' سونف اور سبز چائے کا قہوہ دن رات ہر موسم میں پیا اور اب بھی پیتے ہیں اس سے معدہ ٹھیک رہتا ہے اور طبیعت فریش اور پرسکون ہو جاتی ہے۔ کاسنی کے بیج اور کلونجی ہم وزن لے کر پیس لیں' یہ بھی معدے کے امراض کیلئے لاجواب ہے۔ یہ چیزیں اب ہمارے کچن کا حصہ بنی ہوئی ہیں۔ اللہ آپ کو آسانیاں عطا فرمائے اور عبقری دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے۔ آمین! (یاسمین اختر' کوٹلی آزاد کشمیر)

خواتین جان لیں!

دھنیا آپ کے خاندان کیلئے کتنا اہم ہے!

جو خواتین کام کاج کرتے خصوصاً کچن وغیرہ میں سالن پکاتے وقت سر درد گھبراہٹ اور خوف کے ساتھ دل ڈوبتا ہوا محسوس کریں گرمی سے ہاتھ پاؤں بے جان ہورہے ہوں۔ ایسے میں دھنیا سبز کے چند پتے رگڑ کر پانی نکال کر ناک میں قطرے کی صورت میں ڈالیں

دھنیا سبز ایک مشہور معروف سبزی ہے جو ہمارے ہاں انتہائی ارزاں نرخوں پر فروخت ہوتی ہے۔ قدرت نے قیمت کے حساب سے جتنی صغیر رکھی ہے فوائد میں اتنی ہی کبیر ہے۔ دھنیا کشنیز کو مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے فارسی میں کنزیرہ اور کشنیز کہتے ہیں۔ بطور دوائی خوراک کشنیز خشک زیادہ سے زیادہ پندرہ گرام، دھنیا چالیس گرام تک اور پتوں کا پانی بیس گرام تک ایک وقت میں استعمال کیا جاتا ہے اس سے زیادہ نقصان کا باعث بنتا ہے۔ خواتین سالن میں لذت اور خوشبو کے علاوہ سالن کو سبز دھنیا سے سجاتی ہیں، سلاد کا اہم اور مفید جز شمار ہوتا ہے۔ دھنیا سبز کی گھروں میں خصوصی طور پر چٹنی تیار ہوتی ہے جو روٹی کے ساتھ انتہائی رغبت کے ساتھ کھائی جاتی ہے۔ دھنیا سبز کی چٹنی میں ٹماٹر اور انار دانہ ملا کر استعمال کرنے سے جہاں ذائقہ میں اچھی ہوتی ہے وہاں امراض معدہ میں بھی انتہائی مفید ثابت ہوتی ہے۔ دھنیا سبز کے تخم جن کو خشک دھنیا یا کشنیز کہتے ہیں مصالحہ جات کے علاوہ ادویہ میں بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ دھنیا خشک بھی غذا کے علاوہ بے پناہ طبی فوائد کا حامل ہے۔ دھنیا سبز اطباء کرام کے نزدیک مزاجاً سرد خشک مرکب القوی ہے۔ گھریلو خواتین دھنیا کا استعمال اپنی دانش میں صرف خوشبو اور لذت کے علاوہ خشنمائی کیلئے استعمال کرتی ہیں۔ ان مستورات کو یہ علم نہیں کہ وہ دھنیا کا استعمال کے اپنے خاندان اور بچوں کو سالن کے زہریلے اثرات سے نہ صرف محفوظ رکھتی ہے انہیں مختلف بیماریوں کے اثرات سے بھی بچاتی ہیں۔ اسی طرح انار دانہ نمک اور دھنیا کی چٹنی بنا کر دسترخوان کی سجاوٹ کی جائے یہ چٹنی بطور سالن اور دیگر سالن وغیرہ کے ہمراہ بھی استعمال کی جاتی ہے۔ جو خواتین کام کاج کرتے خصوصاً کچن وغیرہ میں سالن پکاتے وقت سر درد گھبراہٹ اور خوف کے ساتھ دل ڈوبتا ہوا محسوس کریں گرمی سے ہاتھ پاؤں بے جان ہورہے ہوں۔ ایسے میں دھنیا سبز کے چند پتے رگڑ کر پانی نکال کر ناک میں قطرے کی صورت میں ڈالیں، چند قطرے ایک چمچ گلوکوز آدھا گلاس پانی میں ملا کر پی لیں۔ درد سر زیادہ محسوس کریں تو پتوں کو رگڑ کر پیشانی اور کنپٹیوں پر لیپ کریں فوراً افاقہ ہوگا۔ بعض لوگوں کو گرمی یا گرمی میں چلنے پھرنے کی وجہ سے چکر آنے لگتے ہیں۔ وہ اصحاب دھنیا سبز پانچ گرام مصری دس گرام الائچی خورد ایک عدد رگڑ کر گلاس پانی میں ملا کر صبح نہار منہ پئیں اور فائدہ اٹھائیں۔ نیند نہ آنے کی کئی وجوہات ہیں۔ اگر شکایت پرانی ہو اور مختلف ادویات خاص طور پر نیند آور ادویات کا بے تحاشہ استعمال کرنے کے باوجود نیند نہ آئے تو معالج سے رابطہ کریں۔ اس کی ہدایات پر عمل کریں۔ نیند شکایت عام ہو تو مندرجہ ذیل نسخہ بنا کر استعمال کریں۔ انشاء اللہ گرمی، گھبراہٹ سے نیند نہ آنے کی شکایت ختم ہوکر پرسکون نیند آئے گی۔ دھنیا سبز کا پانی سو گرام، چینی سفید سو گرام ملا کر شربت تیار کریں۔ ٹھنڈا کرکے محفوظ رکھیں۔ چار چمچ آدھ گلاس پانی میں ملا کر صبح و شام استعمال کریں اور پرسکون نیند کے مزے لوٹیں۔ گرمی کی حدت یا اندرونی حرارت بدن کی وجہ سے عام طور پر آشوب چشم کی شکایت ہوجاتی ہے اس صورت میں سرخ آنکھوں میں جلن اور خارش اور پانی نکلتا ہے۔ اس مرض میں دھنیا کمال کا کام کرتا ہے، آپ سبز دھنیا رگڑ کر آنکھیں بند کرکے پلکوں پر لیپ کرلیں۔ چند منٹوں میں آرام راحت محسوس کریں گے۔ اس کے علاوہ سبز دھنیا کا پانی دس گرام کافور ایک گرام عرق وگلاب بیس گرام میں ملا کر صاف ڈراپر بھر لیں اور وقفہ وقفہ سے ڈالیں۔ ان شاء اللہ آشوب چشم کو مستقل افاقہ ہوگا۔ گرمی دانوں میں سکول جانے والے بچوں یا گرم مزاج کے لوگوں کو اکثر نکسیر کی شکایت ہوجاتی ہے اتنا خون نکلتا ہے کہ رکنے کا نام نہیں لیتا۔ اس سلسلے میں مکمل علاج کیلئے معالج سے رابطہ کریں البتہ فوری طور پر سبز دھنیا رگڑ کر ٹھنڈا ٹھنڈا سر پر لیپ کرلیں۔ سبز دھنیا کا پانی نکال کر مصری سے میٹھا کرکے وقفہ وقفہ کے ساتھ پلائیں۔ اسی طرح سبز دھنیا کا پانی چند قطرے پھٹکری سے تر کرکے ناک میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ نکسیر بند ہوجائے گی۔ موسم گرما میں بچوں کو سلاد کے طور پر سبز دھنیا ضرور استعمال کرائیں اکثر امراض گرما سے محفوظ رہتے ہیں۔ طبی طور پر ایک مشہور دوا اس کے نام سے تیار ہوتی ہے جس کو اطریفل کشنیزی کہتے ہیں عام دواخانوں سے مل جاتی ہے گھر پر خود تیار کرنا چاہیں تو مندرجہ ذیل ادویات کسی اچھے پنساری سے خرید کر تیار کرلیں۔ (باقی صفحہ نمبر 48 پر)

روحانی کیفیت

زندگی کے بہترین دن


(پ۔ش)

محترم حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو بہت خوش و آباد رکھے، اللہ آپ کی دین کیلئے، اللہ کیلئے کی جانے والی تمام محنتوں اور خدمات کو قبول کرکے آپ کو اعلیٰ درجات عطا فرمائے۔ آمین! 2016ء کے عبقری روحانی اجتماع میں، میں تسبیح خانہ آئی، اللہ کے فضل وکرم سے میرا بھی اس میں حصہ بنا، میری زندگی کے بہترین دن تھے اور میرے دل کی خواہش بھی تھی جو پوری ہوئی۔ آپ نے تمام مہمانوں کیلئے بہت بہت بہت اچھا اہتمام کیا، یقین کریں مجھے شرمندگی بھی ہوتی تھی کہ اتنا اہتمام، تین وقت کھانا کھانے کا بہت مزہ آتا تھا جب تین دن بعد باہر گئے عجیب ہی لگ رہا تھا اور ایسا ہلکا دل اور جسم جیسے گناہوں سے دھل گیا ہو۔ جس دن واپس گھر جانا تھا بہت رونا آرہا تھا اور گھر جاکر جب میں نے آئینے میں خود کو دیکھا تو یقین کریں کہ مجھے اپنی آنکھوں میں جو چمک اور چہرے پر جو روشنی نظر آئی وہ میں بیان نہیں کرسکتی، بس میرا دل کرتا تھا کہ یہ چمک ہمیشہ باقی رہے بس کہیں نہ جاؤں کسی پر نظر نہ جائے۔ ان شاء اللہ 2017ء کے اجتماع میں ضرور شرکت کروں گی۔ مگر آپ کی بے حد شکرگزار ہوں اس کیلئے کہ اتنا اہتمام کیا۔

آپ کے دیئے ہوئے وظائف کررہی ہوں، الحمدللہ۔ اللہ کا شکر ہے کہ آپ سے تعلق ملا، تسبیح خانہ سے مجھے نماز میں دھیان ملا، اللہ سے تعلق بنانا آگیا، آپ نے بند آنکھیں کھول دی ہیں، حضرت صاحب میں خود کو ہر گناہ سے دور کرنے میں کامیاب ہوجاتی ہوں۔ کبھی کبھی بہت پریشان ہوجاتی ہوں، بس انسان ہوں، شیطان بہت تنگ کرتا ہے، اتنے وساوس ڈالتا ہے، دل میں مایوسی پیدا کرتا ہے لیکن آپ کے درس میں بتائی ہوئی باتیں یاد کرکے میں کھڑی ہوجاتی ہوں۔ بس آپ کے دیئے ہوئے وظائف اور آپ کی باتوں کا یقین میرے اندر یقین پیدا کرتے ہیں۔ اب الحمدللہ! شرعی پردہ کرنے کو دل کرتا ہے، اللہ میری مدد کرے دعا کریں اور ان شاء اللہ شادی ''سادی'' ہی کرواؤں گی۔

(بقیہ: گناہوں والی زندگی سے توبہ کرلی!)

نماز نہ چھوڑوں گا، میں نے گناہوں والی زندگی سے توبہ کرلی ہے، اب وہ اکثر میرے ساتھ درس سننے لاہور آتا ہے پانچ وقت کی نماز پڑھتا ہے اور اس نے خود بتایا کہ اس کے گھر میں سکون اور کاروبار میں برکت آرہی ہے۔ الحمدللہ اللہ کے فضل سے درس کی بدولت میرا ایک دوست پکا نمازی بن گیا۔ (اعجاز احمد، گجرات)



قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کا بھی بیا اور رد کھئے' یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں' نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے

گیس تبخیر کا آزمودہ روحانی علاج

ماہنامہ عبقری کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ وہ اپنے قارئین کیلئے منفرد اور انوکھی چیزیں پیش کرتا ہے جس سے ایک کثیر مخلوق خدا فائدہ اٹھاتی ہے۔گیس تبخیر ایک عام بیماری ہے جس سے تقریباً ہر شخص کم یا زیادہ ضرور متاثر ہے بندہ ایک انوکھی اور بے مثال دعا کے ساتھ اس کا مجرب اور شافی علاج آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہے دعا کی دعا دوا کی دوا۔یعنی راحت بھی سکون بھی چین بھی آرام بھی' غرض آم کے آم گٹھلیوں کے دام۔ایک نیک دل شخص نے مجھے یہ عمل بتا کر ہدیہ دیا تھا۔اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم عطا فرمائے۔ایک پرہیزگار نیک نمازی نے اپنا مسئلہ بتایا کہ سارا دن میری طبیعت ٹھیک رہتی ہے لیکن جیسے ہی نماز کا وقت ہوتا ہے اور میں وضو کیلئے بیٹھتا ہوں گیس بڑی شدت سے تنگ کرتی ہے میرے لئے یہ لمحے کسی قیامت سے کم نہیں ہوتے اور حیرت کی بات یہ کہ میں کوشش کروں گیس کو خارج کرنے کی تاکہ پھر نماز میں تنگ نہ کرے تو گیس خارج نہ ہو وضو کرکے کھڑا ہو جاؤں تو پھر گیس کا اتنا پریشر بڑھ جائے کہ وضو کو قائم رکھنا مشکل ہو جائے کیا کروں میں اپنی اس بیماری سے تنگ آ گیا ہوں؟ بندے نے انہیں تسلی دی اور انہیں وضو سے پہلے اور وضو کے دوران اور وضو کے بعد کثرت سے سورہ آل عمران کی آیت نمبر 191

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

پڑھنے کیلئے عرض کی انہوں نے بڑی پابندی اور اخلاص کے ساتھ اس دعا کو پڑھنا شروع کیا چند ہی دنوں کے بعد بڑی خوشی اور مسرت سے ملے اور بڑی دعاؤں سے نوازتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میرا گیس وتبخیر والا مسئلہ حل ہو گیا اور میں بڑے سکون واطمینان سے نماز مکمل کر لیتا ہوں' ذرا برابر گیس تنگ نہیں کرتی واقعی لاجواب دعا ہے۔ اسی طرح میرے دوست ایک مسجد کے امام ہیں فرماتے ہیں حکیم صاحب! الحمدللہ اچھا کھاتا پیتا ہوں ہاضمہ میرا لاجواب قبض کا نام ونشان نہیں ہے تقاضا وقت پر ہوتا ہے سارا دن بہترین گزرتا ہے البتہ جب وضو کرکے نماز کیلئے مصلے پر کھڑا ہوتا ہوں میرے لئے وضو کو برقرار رکھنا مشکل ہو جاتا ہے اب میری ساری توجہ وضو کو بچانے کیلئے اس طرف لگ جاتی ہے بڑی ہی مشکل سے نماز مکمل کرتا ہوں اور بعض دفعہ تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ باوجود کوشش کے کچھ گیس خارج ہو گئی ہے میری اپنی نماز گئی سو گئی میرے پیچھے بیسیوں نمازیوں کی نمازیں بھی خراب ہو جاتی ہیں۔ اگر بیماری ہو تو نماز کے علاوہ بھی ہو یہ گیس نماز کے دوران ہی کیوں تنگ کرتی ہے میں نے دوائی بھی لی ہے لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوتا مجھے تو یوں لگتا ہے جیسے مجھ پر کسی نے کوئی جادو وغیرہ کر دیا ہے لیکن سوچتا ہوں یہ جادو نماز ہی میں کیوں اثر کرتا ہے عجیب الجھن میں مبتلا ہوں' کسی نے آپ کا بتایا تھا اس لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں برائے مہربانی بتائیں میں کیا کروں اور کیا نہ کروں؟ بندے نے انہیں عرض کی کہ آپ بالکل پریشان نہ ہوں بندہ آپ سے ایک دعا عرض کرتا ہے بس اس کا اہتمام کریں ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔آپ وضو کے دوران اور نماز سے پہلے

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

پڑھیں۔مصلے پر جانے سے پہلے کم از کم گیارہ بار لازمی پڑھیں۔ انہوں نے ایسے ہی کیا' کریم کا کرم ہوا ان کا یہ دیرینہ مسئلہ حل ہوا اور خود فرماتے ہیں اگر چند دنوں میں یہ مسئلہ حل نہ ہوتا تو میں فیصلہ کر چکا تھا کہ نمازیں پڑھانا چھوڑ دوں گا لیکن الحمدللہ میرا مسئلہ اس دعا سے حل ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ ایک دوست غریب مسکین آدمی ہیں پکے نمازی اور پرہیزگار' خوش اخلاق انسان ہیں پھول بیچتے ہیں ایک دن کہنے لگے حکیم صاحب ایک بیماری نے مجھے پریشان کیا ہوا ہے اس بیماری کی وجہ سے میں دوستوں میں نہیں بیٹھ سکتا گھر والی میری اس بیماری سے بڑی کراہت کرتی ہے مسجد میں جاتا ہوں دل کرتا ہے مسجد کو اچھا خاصا ٹائم دوں لیکن اپنی اس بیماری کی وجہ سے میں جلدی جلدی نماز پڑھ کر مسجد سے نکلنے کی کوشش کرتا ہوں۔ بھائی ایسی کون سی بیماری ہے' میں نے ان کو بولتے بولتے خاموش ہوئے ہوئے کہا؟ کہنے لگے مجھے گیس کی بیماری ہے اور گیس بھی ایسی بدبودار خارج ہوتی ہے کہ قریب بیٹھے ہوئے کا دماغ گھوم جائے یہ کہتے ہوئے ان کی گیس خارج ہو گئی اور ان کی بات کی تصدیق ہو گئی اتنی سخت اور تیز بدبو فوراً ہاتھ ناک کی طرف چلا گیا کہ ناک کو بند کر لیوں یہ بھائی بڑے شرمندہ ہوئے میں نے عرض کی کوئی بات نہیں بیماری ہے آپ مجبور ہیں جان بوجھ کر تھوڑا کرتے ہیں میں آپ کو ایک دعا بتاتا ہوں اسے آپ پڑھیں گے اور ان شاء اللہ آپ کی جان اس بیماری سے چھوٹ جائے گی۔ انہوں نے کہا آپ دعا بتائیں میں ابھی سے پڑھنا شروع کر دیتا ہوں۔

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

یہ دعا ہے۔حکیم صاحب یہ دعا تو بہت آسان ہے یہ تو میں روزانہ ہزاروں کی تعداد میں پڑھ لوں گا۔ میں نے عرض بہت اچھا آپ شروع کریں اور پھر مجھے بتائیے گا۔ کافی دنوں کے بعد تشریف لائے اور خوشی خوشی بتانے لگے کہ حکیم صاحب اس دعا نے تو کمال کر دیا چند ہی دنوں میں میری وہ بیماری ختم ہو گئی اور اس کے ساتھ ساتھ ایک بہت بڑا فائدہ یہ ہوا کہ میری اس بیماری کی وجہ سے میری بیوی مجھ سے دور ہو گئی تھی بچے میرے قریب نہیں آتے تھے الحمدللہ! جیسے ہی میری یہ بیماری ختم ہوئی میری بیوی مجھ سے محبت کرنے لگی ہے اور ایک دن تو کہنے لگی آپ کے وجود سے ایک دلکش خوشبو آتی ہے آپ کوئی پرفیوم یا عطر استعمال کرتے ہیں؟ میں نے تو کافی ڈھونڈا مجھے کوئی ایسی چیز نظر نہیں آئی آپ خوشبو کہیں چھپا کر رکھتے ہیں؟ میں نے اس سے کہا میں تو کوئی ایسی خوشبو وغیرہ استعمال نہیں کرتا۔تم کہتی ہو تو کوئی عطر وغیرہ لے آؤں گا۔ حیران ہو کر کہنے لگی ابھی بھی آپ کے جسم سے خوشبو آ رہی ہے کل آپ کے بیٹے بھی کہہ رہے تھے کہ ابو بڑی اچھی خوشبو لگانے لگے ہیں امی ابو سے پوچھنا کون سی خوشبو ہے۔ میں نے قسم اٹھائی پھر بھی اسے یقین نہ آیا اچانک مجھے یاد آیا کہ میں اپنی بیماری کیلئے دعا پڑھ رہا ہوں میرے دل نے گواہی دی کہ یہ ہو نہ ہو اسی دعا کا کمال ہے۔ پھر میں نے اسے ساری بات بتائی۔ سن کر کہنے لگی ہاں یہ اس دعا کی برکت سے ہی ہو سکتا ہے کیوں کہ اب آپ بدبودار گیس بھی خارج نہیں کرتے بہرحال اب ہم سب بیوی بچے مل کر ایک ہی جگہ' ایک ہی دسترخوان پر کھاتے پیتے ہیں۔ میں مسجد میں بھی ایک گھنٹہ

بیٹھنے لگا ہوں اور دوستوں وغیرہ سے بھی ملتا ہوں کسی قسم کی کوئی پریشانی نہیں ہے۔ **(حکیم عاشق حسین، کراچی)**

نبوی غذا کھائیں، سینے کی جلن سے چھٹکارا پائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کیلئے، عبقری کیلئے، تسبیح خانہ اور آپ کے تمام نظام کیلئے لاکھوں دعائیں۔ آپ کے حکم کے مطابق پیٹ اور معدے کے امراض کیلئے نبوی غذاؤں کے حوالے سے تفصیل عرض ہے۔ کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ صبح ناشتے میں پراٹھا کھانے کے بعد میرے سینے میں جلن شروع ہوجاتی تھی بہت پریشان ہوا کہ اب کیا کیا جائے؟ پھر آپ کا درس جو کہ پریالو میں ہوا تھا وہ سنا تو آپ نے نبوی غذاؤں کا ذکر کیا تھا میں ان میں سے دو غذاؤں تلبینہ (جَو کا دلیہ) اور باجرہ کے دلیے کا ذکر کروں گا۔ تلبینہ (جَو کا دلیہ)۔ جَو کا دلیہ بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ جَو کا آٹا ایک پیالی میں لے لیں اور تین کپ یا پیالی پانی دودھ کی لے لیں پہلے دو پیالی پانی لیں وہ کسی برتن میں گرم کرلیں پھر اس برتن میں جَو کا ایک پیالی آٹا ڈال دیں، چمچ سے ساتھ ساتھ ہلائیں اور پھر اس میں تین پیالی دودھ ڈال لیں۔ اس میں حسب ذائقہ دیسی شکر یا شہد ڈال لیں اور ایک چمچ کلونجی کی ڈال لیں جب تھوڑا پک جائے تو چولہے سے اتار لیں اس کو نیم گرم کھائیں سارا دن میں اس کو ختم کرنا ہے اس کو میں نے بنایا اور بنا کر کھانا شروع کیا تو واہ واہ کیا زبردست ذائقہ اور معدہ کی تکلیف اور سینے کی جلن اب کہاں گئی؟ ایسے ختم ہوگئی کہ جیسے کبھی تھی ہی نہیں، اس کے ساتھ باجرہ کا دلیہ بھی بنا کر کھایا۔

باجرہ کا دلیہ بنانے کا طریقہ: ایک پیالی باجرہ لے لیں، ایک پیالی چنے کی دال لے لیں، باجرہ اور چنے کی دال کو دیگچی میں ڈال کر دس پیالی پانی ڈال کر چولہے پر چڑھا دیں اور ہلکی آنچ پر پکنے (گلنے) کیلئے رکھ دیں۔ جب باجرہ اور دال گل جائے تو ایک پیالی چاول ڈال دیں چاول جب پک جائیں تو اتار لیں حسب ذائقہ نمک ڈالا جاسکتا ہے۔ یہ دونوں جَو کا دلیہ اور باجرہ کا دلیہ سینے کی جلن، معدے کے امراض کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ بھی اس کے فائدے ہیں۔ پرانی سے پرانی قبض، پرانی بواسیر، ہیپاٹائٹس، آنتوں کا السر، معدے کے امراض، دل کے بند وال، پٹھے کمزور ہوں، کمر کا درد، مردانہ کمزوری، سر چکرانا، گلا، کان، دل اور جسم کی عام کمزوری میں بہت ہی فائدہ مند ہے۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں اور کرشمہ دیکھیں۔ ہمارا ایک منیجر جو کے دلیہ میں کھجوریں ڈال کر استعمال کرتا تھا وہ سارا دن چلتا پھرتا رہتا تھا مگر تھکتا نہیں تھا ہر وقت فریش رہتا تھا۔

سینے کی جلن کیلئے ایک اور نسخہ: کھانے کے بعد ایک یا دو ٹافی کے برابر گڑ کھا لیا جائے، جتنا بچوں کی ٹافی کا سائز ہوتا ہے اتنا گڑ کی ڈلی لیں اور منہ میں ڈال کر چوسنا شروع کردیں، معدے کی جلن اور سینے جلن ختم ہوجائے گی، کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ چکن کے اثرات کو اور مرغن غذاؤں کے معدے پر اثرات کو ختم کرنے کیلئے گڑ بہترین چیز ہے۔ میرا آزمودہ نسخہ ہے۔ **(محمد فرید صدیقی، جھنگ سٹی)**

میرے آزمودہ چار ٹوٹکے، آپ بھی آزمائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری میں گاہے بگاہے اپنے آزمودہ تجربات و مشاہدات لکھتی رہتی ہوں۔ میری اس سے پہلے دسمبر 2015ء میں تحریر شائع ہوئی، پڑھ کر بہت خوشی ہوئی کہ شکر ہے کہ فائدہ والی چیز عوام تک پہنچ گئی۔ اب بھی کچھ آزمودہ نسخہ جات ارسال ہیں۔ جو اپنے شوہر کی طب کی ڈائری سے بھیج رہی ہوں۔

برص: بیج مولی تین تولہ، سم الفار تین ماشہ باریک پیس کر سرکہ میں حل کرکے رات کو مالش کرکے سو رہیں صبح دہی لگا کر غسل کریں یا جس جگہ داغ ہوں وہاں لگا کر دھو لیں منہ اور آنکھ کو بچا کر مالش کریں، ان شاء اللہ چند روز میں نام و نشان تک نہ رہے گا۔ **آواز کو خوش آواز کرنا:** برگ چائے، فلفل دراز، برگ تخم، موٹی الائچی سب کو برابر لے کر پیس کر شہد میں ملا دیں اور تھوڑی تھوڑی چاٹیں، گلے کو صاف اور آواز کو مانند طاؤس بنا دیتی ہے درج بالا اشیاء پنساری کی دکان سے باآسانی مل جاتی ہیں۔ **مرض بے اولادی سے یقینی نجات،**

آزمودہ نسخہ: جن عورتوں کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو ان کیلئے یہ دوا پرشفا ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ کثیر تعداد عورتوں پر استعمال کی گئی بے حد مفید و سریع الاثر ثابت ہوئی۔

اجزاء و ترکیب: کستوری ایک رتی، زعفران، جائفل، تخم بھنگ، افیون مکہ، یہ سب چار ماشہ، سپاری گجراتی ڈیڑھ ماشہ۔ پرانا گڑ چھ ماشہ سب کو کوٹ کر گڑ ملا کر پھر کوٹیں حتیٰ کہ سب ادویہ یکجان ہوکر گولیاں بننے کے قابل ہوجائیں۔ پاک ہونے کے بعد پہلے دن سے تیسرے روز تک ہر روز ایک گولی نہار منہ دودھ گائے کے ساتھ کھائیں۔ چوتھے دن شوہر کے ساتھ ہمبستری کریں، پہلے ماہ ہی حمل ٹھہر جائے گا۔ ورنہ دوسرے تیسرے ماہ ضرور کامیابی ہوگی۔

اکسیر درد پھٹ: یہ نسخہ بہت دفعہ ہم نے گھر پر آزمایا، پچھلے دنوں میں بچوں کے پاس انگلینڈ گئی ہوئی تھی، وہاں شدید سردی تھی، بہو کے پاؤں پر شدید خون جم گیا تھا یہی نسخہ استعمال کیا اسی دم آرام آگیا۔ **ھوالشافی:** تیل سرسوں کو فرائی پین میں ڈال کر گرم کریں، جب جوش آجائے اس میں خوردنی نمک ڈال دیں۔ مقام درد پھٹ کو چپڑ دیں فوراً آرام آئے گا۔ اسی طرح خون جم جانے پر بھی لگائیں۔ (نوٹ: درد پھٹ بدن پر خارش اور دانے نمودار ہوجاتے ہیں جلد سرخ ہوجاتی ہے۔ (مسز سید اعجاز شبیر بخاری، تلہ گنگ)

80 سالہ حکیم نے گرمی دور کرنے کا ٹوٹکہ بتادیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ 1960ء کی بات ہے جب میں تختی لکھنے بیٹھتا تو سکول میں ہی ناک سے خون بہنا شروع ہوجاتا۔ ٹیچر سر میں پانی ڈال کر خون بند کرتے تھے۔ ایک دفعہ گاؤں میں ایک اسی سالہ حکیم صاحب تشریف لائے تو میری والدہ صاحبہ نے ان کو میرا حال بتایا۔ انہوں نے درج ذیل نسخہ میری والدہ کو دیا اور کہا ساری زندگی دوبارہ نکسیر نہیں پھوٹے گی، یہ میری ذاتی آزمائش پر مبنی چیز ہے۔ ھوالشافی: ایک چھٹانک کتیرہ گوند لے کر پیس کر رکھ لیں۔ صبح نہار منہ ایک چمچ کتیرہ گوند گلاس میں ڈال لیں اور بھینس کے تھنوں کے نیچے رکھ کر دودھ کی دھار گلاس کے میں ڈالیں۔ گلاس لبالب بھر جائے گا اوپر کافی جھاگ آجائے گی۔ فوراً دودھ پی لیں۔ سات دن لگاتار پینا ہے۔ پھر سات دن وقفہ رکھ کر پھر سات دن لگاتار پینا ہے اور پھر سات دن وقفہ رکھ کر آخری مرتبہ پھر سات دن لگاتار پینا ہے انشاء اللہ ساری زندگی دوبارہ نکسیر نہ ہوگی۔ شہروں میں رہنے والے اپنے گوالے سے رابطہ کرلیں سات دن ان کے باڑے میں جاکر بتائی گئی ترکیب کے ساتھ دودھ پئیں۔ ایک پودا ہے مست برگا (پندا) کے پتے دھو کر پیس کر زخموں پر لگانے سے زخم فوراً ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ **ہاضموم:** سونٹھ دو تولے، کالی مرچ دو تولے کالا نمک یا جسے لاہوری نمک بھی کہتے ہیں ایک تولہ ملا کر کھانے پینے کی اشیاء میں ملا کر کھائیں۔ کبھی بھی بدہضمی نہ ہوگی۔ مزید ایک بات جان لیجئے کہ کدو کے پتوں پر کبھی بھی مکھی نہیں بیٹھتی، تجربہ شدہ ہے۔ (ج۔ج)

دو انمول خزانہ کی برکت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عبقری کی ویب سائٹ سے دو انمول خزانے کے بارے معلوم ہوا۔ مجھے ایک مشکل درپیش آئی کہ میں نے اپنی ای میل ایڈریس کا پاسورڈ تبدیل کیا، کچھ دنوں بعد میں ای میل چیک کرنے لگی تو پاسورڈ بھول چکی تھی۔ بہت پریشان ہوئی، سوچ سوچ کر سر میں درد شروع ہوگیا۔ دو دن تک سر درد نہیں گیا، یاد ہی نہیں آرہا تھا۔ پھر مجھے دو انمول خزانہ کا خیال آیا پاسورڈ کی نیت کرکے پڑھنا شروع کردیا، کچھ ہی دیر بعد پاسورڈ لکھنے بیٹھی تو ای میل ایڈریس کھل گیا۔ میں حیران بھی تھی اور انتہائی خوش بھی، یقین ہوگیا کہ واقعی دو انمول خزانہ میں بہت طاقت ہے۔ (شازیہ)

سیف الرحمن بلیدی' میرپور خاص' سندھ

غٹا غٹ لسی پینے والے خوش ہو جائیں!

آخر کار کافی منت سماجت کے بعد جرمن ڈاکٹر نے بتایا کہ بہت سال پہلے میں ہندوستان اور پاکستان گیا تھا اور وہاں سے ہاضمہ کی بیماریوں کا علاج وہاں کے اطباء اور ویدوں سے سیکھ کر آیا تھا لگتا ہے کہ آپ نے وہاں کسی اچھے طبیب سے علاج نہیں کروایا اور اتنی دور چلے آئے۔

لسی صرف پنجاب ہی نہیں اور بھی بہت سے ممالک کے لوگوں کی جسمانی صحت کا راز اور پہچان ہے۔ جو لوگ لسی پینے کے عادی ہوتے ہیں انہیں معدے کی بیماریاں کبھی لاحق نہیں ہوتیں' ابھی چند ماہ قبل ایران میں دو گروپ 90 اور 140 کی تعداد میں تشکیل دیئے گئے اور ان لوگوں کو جن کی عمریں 35 سے 65 برس تک تھیں' 90 دن تک انہیں پانچ سو ملی گرام وٹامن ڈی اور اڑھائی سو ملی لیٹر دہی کی لسی اور اڑھائی سو گرام کیلشیم دیا گیا۔ ان کے ٹیسٹ سے ثابت ہوا کہ ان کو ٹائپ ٹو کی ذیابیطس میں کافی حد تک افاقہ ہوا۔

اسی طرح ترکی میں دہی اور لسی کا استعمال بہت زیادہ ہے' تقریباً ہر کھانے کے بعد دہی یا لسی جسے ترکی میں یوگرٹ اور آئران کہتے ہیں ضرور پی جاتی ہے۔ ترکی کے لوگوں کی صحت اور حسن کا ثانی کہیں نہیں ہے ترکی کی ایک ڈش یوگرٹ کباب بہت مقبول عام ہے۔ یورپ اور امریکہ میں بھی دہی کی جانب عوام الناس کا رجحان دن بدن بڑھتا جارہا ہے۔ امریکہ میں تو آئس کریم پارلرز کی طرز پر یورگرٹ پارلرز بہت مقبول ہورہے ہیں۔ ہمارے ایک دوست کے دوست جو بہت امیر کبیر تھے ان کا ہاضمہ بگڑ گیا اور کئی سال تک معدے کے معالجین کے علاج سے بھی ٹھیک نہیں ہوا تو کسی نے مشورہ دیا کہ آپ لندن جاکر کسی امراض معدہ کے سپیشلسٹ سے مشورہ کریں۔ وہ صاحب لندن تشریف لے گئے اور وہاں معدے کے اعلیٰ سے اعلیٰ ڈاکٹرز سے علاج کروایا مگر صحت یابی نہیں ہوئی۔ لندن کے قیام کے دوران انہیں کسی دوست نے مشورہ دیا کہ جرمنی میں ایک ماہر نظام ہاضمہ ڈاکٹر ہے اسے بھی ایک بار آزما لیں۔ چنانچہ وہ حضرت جرمنی پہنچ گئے جس شہر میں وہ جرمن ماہر رہتا وہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ ڈاکٹر صاحب بہت ضعیف ہوچکے ہیں اور انہوں نے پریکٹس چھوڑ دی ہے مگر گاہے بگاہے اکا دکا کیس لے لیتے ہیں۔

ان صاحب نے ڈاکٹر صاحب کو استدعا کی آخر کار ڈاکٹر صاحب نے انہیں بلایا۔ موصوف جب ڈاکٹر صاحب کے گھر پہنچے تو انہیں اپنا احوال سنایا اور بیان کرنے کے بعد کہا کہ میں خاص طور پر پاکستان سے صرف علاج کروانے یہاں آیا ہوں۔

یہ بات سنتے ہی جرمن ڈاکٹر جو پہلے انتہائی خاموشی اور توجہ سے مریض کا احوال سن رہا تھا یکا یک آگ بگولہ ہوگیا اور غصہ سے کانپنے لگا اور موصوف سے کہا کہ یہاں سے فوراً نکل جاؤ۔ مریض صاحب کو جرمن ڈاکٹر کے اس رویے سے کافی حیرانی ہوئی آخر کار کافی منت سماجت کے بعد جرمن ڈاکٹر نے بتایا کہ بہت سال پہلے میں ہندوستان اور پاکستان گیا تھا اور وہاں سے ہاضمہ کی بیماریوں کا علاج وہاں کے اطباء اور ویدوں سے سیکھ کر آیا تھا لگتا ہے کہ آپ نے وہاں کسی اچھے طبیب سے علاج نہیں کروایا اور اتنی دور چلے آئے۔ آپ اپنے ملک واپس جائیں اور وہیں کسی ماہر طب کو دکھائیں۔ مریض صاحب نے ڈاکٹر سے کہا کہ اب میں جرمنی آہی گیا ہوں اور آپ سے بعد مشکل ملاقات بھی ہوگئی ہے تو آپ میرا علاج بھی تجویز فرما دیجئے۔ آخر کار ڈاکٹر مان گیا اور اس نے کہا کہ کل صبح دس بجے آنا۔ اگلے دن جب مریض جرمن ڈاکٹر کے گھر پہنچا تو ڈاکٹر نے انہیں صراحی میں سفید رنگ کی مائع گلاس میں ڈال کر دی اور اس میں دو چھوٹی شیشوں میں سے پاؤڈر سیاہ اور سفید رنگ کا ملایا اور کہا کہ یہ تمہارا علاج ہے۔ یہ لسی ہے اور باریک شے کالی مرچ اور سفید نمک ہے۔ تم لسی میں کالی مرچ اور نمک ملا کر پیا کرو' انشاء اللہ صحت یاب ہوجاؤ گے۔ موصوف پاکستان واپس آگئے اور دو تین ماہ کے مستقل لسی بمع نمک اور کالی مرچ کے استعمال سے صحت یاب ہوگئے۔ پس لسی ہاضمے کے امراض کے لیے سو دواؤں کی ایک دوا ہے لیکن اس میں کالی مرچ اور نمک ضرور ملا ہونا چاہیے۔ یعنی کالی مرچ اور نمک اس کے لازمی جزو ہیں۔ میٹھی اور برف والی لسی میں وہ فائدہ نہیں جو نمکین لسی اور کالی مرچ کی وجہ سے حاصل ہوتے ہیں۔ برف ویسے بھی دانتوں اور معدے کیلئے شدید مضر ہے۔ بچوں اور نوعمر لڑکے لڑکیوں کو چائے ہرگز نہیں پینی چاہیے کیونکہ چائے ان کی طبعی نشوونما کو روک دیتی ہے۔ آج کل مغرب میں بھی کافی اور چائے کی بجائے دودھ اور دہی کی ترغیب دی جارہی ہے۔ روزمرہ کے کھانوں میں بھی دہی کا استعمال انتہائی سودمند ثابت ہونے کے علاوہ ذائقے کو بھی بہتر بناتا ہے۔ اگر ہر ہانڈی میں ایک چٹکی کلونجی اور تھوڑی سی دہی ڈال دی جائے تو اس کے بے انتہا فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

اسم اعظم کے روحانی دم سے سفلی کالا جادو ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پیرو مرشد آپ پر' آپ کی نسل پاک پر اور آپ کے تسبیح خانہ پر اللہ رب العزت بے شمار رحمتوں اور برکتوں کا نزول فرمائے۔ آمین۔ آپ کا شائع کردہ شمارہ ''ماہنامہ عبقری'' ہم بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس شمارے میں آنے والے ٹوٹکے اور وظائف بہت کام کے ہوتے ہیں۔ میں ہر ماہ روحانی دم کروانے تسبیح خانہ ضرور جاتی ہوں۔ عرض یہ ہے کہ میرے کچھ قریبی رشتہ داروں نے مجھ پر اور میرے شوہر پر بندش جادو کروا رکھا تھا جس کے بہت بھیانک اثرات ہم پر تھے۔ اس سفلی عمل سے نجات پانے کیلئے ہم نے بہت بھاگ دوڑ کی مگر صرف وقتی فائدہ ملتا چند دن بعد حالات پھر جوں کے توں ہوجاتے۔ ہم بہت زیادہ پریشان تھے۔ پھر ہمیں کسی عزیز نے تسبیح خانہ کا بتایا اور یہ بھی بتایا کہ ہر ماہ تسبیح خانہ میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم روحانی دم ہر آنے والے کو خود کرتے ہیں۔ میں پہلی مرتبہ اپنے شوہر کے ساتھ تسبیح خانہ میں آئی تو بے پناہ رش دیکھ کر گھبرا گئی کہ مگر وہاں نہ دھکم پیل تھی نہ پکڑ دھکڑ تھی ہر کوئی مطمئن اور پرسکون تھا۔ تقریباً پندرہ یا بیس منٹ بعد ہی دم کیلئے میری باری آئی' آپ نے مجھ پر دم کیا تو یکدم ایسے جیسے دہکتے ہوئے کوئلوں پر کسی نے ٹھنڈا پانی ڈال دیا ہو' میرا جسم پرسکون ہوگیا' دماغ سے بوجھ فوراً اتر گیا' جب میرے شوہر دم کروا کر باہر آئے تو ان کے بھی کچھ ایسے ہی تاثرات تھے۔ ہم اب تک تین مرتبہ اسم اعظم کا روحانی دم کروا چکے ہیں اس سے جادو کا اثر اسی فیصد ختم ہوچکا ہے اب ان شاء اللہ چوتھی مرتبہ دم کرواؤں گی۔ مزید آپ کو اپنے مسائل کیلئے خط بھی لکھا تھا جس کے جواب میں آپ نے کچھ وظائف بھی بتائے تھے جن کے پڑھنے سے اللہ کے فضل و کرم سے کافی سکون ہے۔ (پوشیدہ)

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

پاک فوج کے جوان کا وظیفہ دھکتی آگ نے راستہ بدل لیا

تمام اصحاب کہف کے نام بمعہ سگ لکھے اور کھلا کاغذ بینکر کے پاس لٹکا دیا اور خود بمعہ چھ سپاہی دعا میں مصروف ہوگئے کہ یا اللہ! تیری پاک دھرتی کے مجاہد ہیں' پاک وطن کی سرحدوں کی حفاظت پر معمور ہیں ہماری حفاظت فرما! ہم آگ اور یونٹ والے سپاہیوں کو دیکھ رہے تھے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا قاری ہوں' آپ کے درس' سچی آپ بیتیوں' تجربہ کار حضرات کی تحریروں سے دینی و دنیاوی روحانی فوائد حاصل کررہا ہوں' جب بھی کوئی مشکل آئی وظیفہ کرلیا مشکل ختم' کوئی جسمانی مسئلہ ہوا عبقری میگزین میں موجود ٹوٹکہ سے مستفید ہوگیا۔ میں نے زندگی کی 65 بہاریں دیکھی ہیں جس میں 24 سال پاک آرمی میں گزارے۔ 71ء کی جنگ لڑی' ہرشہر سے بربارڈر تک ڈیوٹی سرانجام دی اور بڑے بڑے مشکل حالات دیکھے جس میں کچھ عرصہ ایس ایس جی میں بھی گزارے۔ 1981ء کی بات ہے میں کشمیر کے سماہنی سیکٹر باغسر قلعے سے ایک کلومیٹر مشرق اونچی ٹیکری پر چھ سپائیوں کے ساتھ کسی خاص مشن پر ڈیوٹی سرانجام دے رہا تھا' ہماری ڈیوٹی کوئی خاص تھی' میں ڈیٹ کمانڈر تھا' ویسے ہمیں شکاری ڈیٹ کے نام سے پہچانا جاتا ہے' ان دنوں انڈیا میں اندرا گاندھی کے قتل کے چرچے تھے۔ ہم نے بنکروں کے ساتھ ایک جگہ کو نماز کیلئے علیحدہ کررکھا تھا یہاں سے انڈیا کے علاقے کو آسانی سے دیکھا جاسکتا تھا اور بغیر دوربین کے ان کی حرکات دیکھ سکتے تھے' نماز کے بعد قرآن پاک کی تلاوت ضرور کرتا تھا لیکن میرے دل میں ہر وقت یہ کھٹکا لگا رہتا کہ میرے قرآن پڑھنے میں غلطیاں ہیں کیونکہ میں دیہاتی ہوں اور محلے میں ہمسائی اماں جی سے قرآن کریم پڑھا اللہ تعالیٰ انہیں جنت نصیب فرمائے' ان دنوں ریڈیو پاکستان پر ایک پروگرام نشر ہوتا تھا''آیئے! قرآن شریف پڑھیے'' تقریباً! سہ پہر ساڑھے چار بجے لگتا تھا' میں قرآن کھول کر قاری واجد صاحب کی تلاوت سنتا ساتھ اپنا لہجہ اور تلفظ ٹھیک کرنے کی کوشش کرتا' جب میں نے سورۂ کہف تلاوت کی تو اصحاب کہف کے فضائل پڑھے جس میں لکھا تھا کہ اگر ان ناموں کو لکھ کر (بمع سگ) کسی مکان کے دروازے پر لٹکا دیا جائے تو وہ مکان جلنے سے محفوظ رہتا اور چور بھی اس مکان میں نہیں آسکتے۔ انہی دنوں 22 جون 1981ء کا واقعہ ہے کہ جنگل میں چیڑ کے درخت کو آگ لگ گئی۔ یہ درخت ایندھن کا کام کرتے ہیں' پھر ہم تھے بھی اونچی ٹیکری پر پھر نیچے سے اوپر آگ تیزی سے سفر کررہی تھی کیونکہ ہمارا یونٹ ہیڈکوارٹر کوئی دو میل دور تھا یعنی باغسر گاؤں میں تھا' آگ کی خبر نیچے یونٹ میں پہنچی تو پوری یونٹ آگ بجھانے کے آلات لیے ہماری بہت اونچی ٹیکری کی طرف دوڑ پڑی' آگ کا اتنا شور کہ خوف ہی خوف' ہم پھنس چکے تھے' چاروں طرف صرف آگ ہی آگ اور وہ بہت تیزی سے ہماری طرف بڑھ رہی تھی' ہمارے لیے بھاگنے کی کوئی صورت نہ تھی۔ مجھے اللہ نے ایک دم ہمت دی میں نے جلدی جلدی قرآن کریم کھولا' جس میں اصحاف کہف کے نام لکھے ہوئے تھے' تمام اصحاب کہف کے نام بمعہ سگ لکھے اور کھلا کاغذ بینکر کے پاس لٹکا دیا اور خود بمعہ چھ سپاہی دعا میں مصروف ہوگئے کہ یا اللہ! تیری پاک دھرتی کے مجاہد ہیں' پاک وطن کی سرحدوں کی حفاظت پر معمور ہیں ہماری حفاظت فرما! ہم آگ اور یونٹ والے سپاہیوں کو دیکھ رہے تھے' آگ نے جلدی کی اور ہماری بینکروں کے بالکل نزدیک آگئی اور بڑی ڈراؤنی آوازیں تھیں شعلے آسمان سے باتیں کررہے تھے ہم اپنی چوکی میں بیٹھے آگ کی شدت محسوس کررہے تھے۔ پھر کیا دیکھتے ہیں کہ جونہی آگ ہمارے بینکروں کے پاس پہنچی آگ نے ایسا جمپ لگایا کہ ہمارے بینکروں کی دوسری طرف پھیل گئی اور جنگل کو جلاتی جلاتی پھر نیچے چلی گئی' اتنے میں یونٹ کمانڈر سمیت مزید سپاہی پہنچے تو ہمیں بالکل سلامت دیکھ کر حیران ہوگئے ان کے گمان میں بھی نہ تھا کہ ہم بچ سکتے ہیں یونٹ والوں نے ہمارے ہیڈکوارٹر راولپنڈی میں بھی آگ کی خبر دے دی تھی اس طرح اللہ نے اپنے فضل و کرم' اصحاب کہف کے ناموں اور پاک دھرتی کا واسطہ دینے کی بدولت ہمیں بچالیا۔

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں ضرور لکھیں۔

حلقہ کشف المحجوب

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

ہم جس باب کا خلاصہ بیان کررہے ہیں اس کا نام ''ثبوتِ علم'' ہے۔ ثبوتِ علم! جیسا کہ میں نے پہلے حلقے میں عرض کیا تھا کہ میرے شیخ رحمۃ اللہ علیہ ''پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے'' ان کا جو لفظ تھا وہ ''پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ'' ہوتا تھا۔ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:۔ اس میں آپ فرماتے ہیں! غور فرمائیں۔ علماء کی صفت میں ارشادِ الٰہی ہے کہ اللہ جل شانہٗ سے اس کے بندوں میں سے عالم لوگ وہی ہیں جو اللہ سے ڈرتے ہیں اور پیغمبر ﷺ نے فرمایا: ''علم کی تلاش کرنا ہر مسلمان عورت اور مرد پر فرض ہے'' اور حضور سرورِ کونین ﷺ نے فرمایا کہ: ''علم کو تلاش کرو اگرچہ وہ چین ہی میں ملے'' اور یہ جان لو کہ علوم بہت ہی زیادہ ہیں اور انسان کی عمر بہت تھوڑی ہے۔ اس لیے تمام علوم و فنون کا سیکھنا انسان پر فرض نہیں ہے۔ میں اکثر عرض کرتا ہوں کہ ایسا علم سیکھیں جو آپ کو دنیا میں بھی نفع دے اور آخرت میں بھی اکثر درس میں عرض کیا تھا کہ زم زم پیتے ہوئے دعا میں جو سب سے پہلے چیز مانگی گئی ہے وہ علم نافع ہے۔ دعا یہ ہے ''اللھم انی اسئلک علما نافعا و رزقا واسعا وشفاء من کل داء'' زم زم پیتے ہوئے۔ یعنی سب سے پہلی چیز جو پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرمارہے ہیں اور قرآن پاک کی آیت کا انہوں نے حوالہ دیا ہے کہ وہ لوگ وہ ہیں جو ایسے علوم سیکھتے ہیں جو انہیں کوئی نقصان تو دیتے ہیں مگر نفع نہیں دیتے۔ حضور ﷺ نے دعا فرمائی ہے کہ (مفہوم ہے) اے اللہ! مجھے ایسے علم سے بچا جو مجھے دنیا میں نفع نہ دے، جو مجھے آخرت میں نفع سے محروم رکھے، اللہ! مجھے ایسے علم سے بچا۔ **غیر مفید علم کی مذمت:** پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی اگلی بات سنیں۔ فرماتے ہیں کہ ایسے غیر مفید علم کی انہوں نے مذمت فرمائی ہے اور رسول اللہ ﷺ نے ایسے علم سے اللہ کی پناہ مانگی ہے۔ آگے انہوں نے حضور پاک ﷺ کی حدیث فرمائی ہے اسکا ترجمہ یہ ہے اللھم انی اعوذبک من علم لا ینفع: اے اللہ! میں اس علم سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو نفع نہ دے۔

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ ''حلقہ کشف المحجوب'' کا آج ہی مطالعہ کریں

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 93

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

خواب کو نسلوں کیلئے سچا بنا: اے اللہ! اس مدد کو میرے لیے خیر کا ذریعہ بنا' اے اللہ جو خواب میں نے اور ایک نے دیکھا اس کو سچ کر دکھا اور اس سچے خواب کو میری نسلوں کیلئے سچا بنا۔ اس کے بعد محمود نے اپنے آنسو صاف کیے ایک کہنے لگا: میں نے دیکھا کہ مصلے پر سجدے کی جگہ آنسوؤں سے تر تھی اور ایک ایک لمحہ' ایک ایک ساعت' ایک ایک گھڑی کی تاخیر اب ہم سے برداشت نہیں ہورہی تھی۔ محمود نے فوراً لشکر میں موجود مزدور منگوائے' اپنے وزیراعظم کو اٹھوایا جو کہ نیند میں تھا' محمود کا غلام ایاز اور مزید دو خاص غلام اور مزدور کھدائی کررہے تھے۔ **محمود کی بے چینی:** محمود کا بس نہیں چل رہا تھا کہ ایک پل میں کھدائی مکمل ہوجائے حالانکہ مزدور بہت تیزی سے کھدائی کررہے تھے اور مٹی ہٹا رہے تھے لیکن اس کے باوجود محمود خود مٹی ہٹانے میں شامل ہوگیا۔ وزیراعظم نے التجا بھی کی لیکن محمود نے سختی سے منع کردیا جب مطلوبہ کھدائی ہوگئی تو اس کے بعد شمال کی طرف کھدائی شروع کی جو کہ ایک غار کی شکل اختیار کرگئی تھی اور شمال کی طرف کھدائی کرنے کے بعد آخرکار کدال ایک سخت چیز سے ٹکرائی' محمود کی آنکھوں میں چمک پیدا ہوئی اور زبان سے الحمدللہ نکلا اور تھوڑی ہی دیر میں ایک دم مٹی نیچے گری اور دروازے کا ایک حصہ بالکل واضح ہوگیا' **دروازہ بھی نظر آگیا اور تحریر بھی:** اس کے بعد بہت احتیاط سے دروازہ پر لگی مٹی کو صاف کیا گیا' شمع دان ساتھ تھے' روشنی بالکل واضح تھی اور اس دروازہ کو اچھی طرح صاف کیا اور جب بالکل صاف کرلیا گیا تو اس کے اوپر ایک تحریر واضح نمایاں نظر آرہی تھی لیکن کوئی شخص اس تحریر کو پڑھ نہیں پارہا تھا' وہ نظر نہیں آرہی تھی کہ الفاظ کیا ہیں؟ اب ایک آگے بڑھا' شمع دان اور روشنی مزید واضح ہوئی تو ایک نے عبرانی زبان کی تحریر کو فارسی زبان میں پڑھنا شروع کردیا جس کا ترجمہ مجھے اس جن نے بہت انوکھے انداز میں بتایا۔ **آپ سوچ نہیں سکتے وہ جن کیا تھا؟:** قارئین! آپ سوچ نہیں سکتے وہ جن کیا تھا معلومات کا خزانہ، بلا کا علم اور قدرت کے انوکھے مظاہر اور مناظر اس کے سینے میں کیا دفن تھے اور کیا حیرت انگیز اس کے دل کی دنیا آباد تھی' کیا سوچوں کا سمندر تھا' اس کا دل وسیع اور گہرا ایسا کہ انسان گمان اور خیال میں بھی نہ پہنچ سکے۔ جن نے ایک کی پڑھی تحریر پڑھنے سے پہلے ٹھنڈی سانس لی اور ٹھنڈی سانس لے کر آنکھیں بند کرکے خاموش ہوگیا جیسے کسی چیز میں کھوگیا تھوڑی دیر سناٹا رہا اس سناٹے کو توڑنے کیلئے میرے دوست جن نے اس کو بازو سے ہلایا اور کہا خیریت تو ہے کہاں کھوگئے؟ اتنا دلچسپ چشم دید واقعہ بتارہے اور آپ اتنی دیر میں کہاں کھوگئے تو کہنے لگا: کہ اصل بات یہ ہے کہ میں چاہ رہا ہوں کہ وہ تحریر میں آپ کو سناؤں جس تحریر کو میں نے پڑھا لیکن مجھے سمجھ نہیں آرہی اگر میں اس تحریر کو ویسے ہی پڑھتا ہوں آپ اس کو نہ سمجھ سکیں گے نہ پھر کہیں سمجھا سکیں گے لہٰذا میں اس تحریر کو آپ کی ہی زبان میں بتاتا ہوں۔ اس تحریر میں لکھا ہوا تھا:

خزانہ کے دروازہ پر لکھی تحریر کا ترجمہ: ابتدا اس کریم آقا کے نام سے جس کی کرسی بہت وسیع ہے' آسمانوں اور زمینوں کا رب ہے' اس کا اقتدار زمین و آسمان پر اتنا وسیع ہے کہ کوئی شخص اس کی وسعت کو پا نہیں سکتا' ساری دنیا کے خزانے اس کی نظروں میں ہیں نہ کبھی پوشیدہ ہیں اور نہ کبھی اوجھل ہیں وہ علیم بھی ہے خبیر بھی ہے' ہر کائنات کے ذرے ذرے کا نظارہ کررہا' ہر چیز اس کی وسعت نظر میں ہے اور ہر چیز اس کی کمال طاقت میں ہے وہ بہت طاقتور ہے' اقتدار رکھتا ہے بہت قوت والا ہے' طاقت رکھتا ہے' وہ بہت سچا ہے جو کہتا ہے سو ہوجاتا ہے' اس کی وسعت' اس کی معلومات اسی کے علم میں ہیں' اس کے ہاتھوں میں بھی ہیں یہ ایک ذرہ جو اللہ نے اپنی قدرت اور طاقت سے اپنے ایک بندے کیلئے محفوظ رکھا کہ وہ بندہ آنے والے وقت میں اس ذرے کے ذریعے اس رب کی قدرت اور طاقت کا اظہار کرے گا اور ایک آنے والے نبی ﷺ جس کو ہم نے ختم نبوت کی مہر دی اس کی رسالت کا پرچار کرے گا' یہ ذرہ جسے لوگ خزانہ کہتے ہیں اتنا وسیع اور بغیر احاطہ کے ہے کہ محمود اور اس کی نسل درنسل' پچھلی تمام راج دہانی اور حکمرانی' اتنا بڑا خزانہ نہ پاسکی نہ پاسکے گی' **خزانے کا مصرف:** یاد رکھنا! خزانہ صرف اور صرف سات جگہوں پر خرچ کرنا ہے۔ **پہلا حصہ:** ایسے مجاہدین کے یتیم بچوں پر جن کے باپ محمود کے ساتھ جہاد کرتے ہوئے شہید ہوگئے۔ **دوسرا حصہ:** ایسے مساکین اور غرباء اور جو محمود کے لشکر کے راستوں میں آئیں۔ **تیسرا حصہ:** ایسے معاشرہ کے گرے پڑے لوگ جن کی جھونپڑیاں ٹپکتی ہیں جن کے گھر میں اسباب غذا نہیں۔ **چوتھا حصہ:** محمود کے لشکر میں ایسے سپاہی یا چھوٹے طبقے کے لوگ جن کو گھریلو طور پر تنگدستی کا سامنا ہوتا ہے۔ **پانچواں حصہ:** محمود اپنی فوج لشکر، تلوار، گھوڑے، ہاتھی اور اسلحے پر خرچ کرے۔ **چھٹا حصہ:** محمود اپنی ذات پر اور اپنے اہل و عیال پر خرچ کرے۔ **ساتواں حصہ:** جہاں محمود فاتح ہو وہاں قتل و غارت نہ کرے بلکہ اسی خزانے سے ان کو اتنا دے کہ وہ اپنا ملک' حکومت اور اقتدار چھننے کا غم بھول جائیں۔

خزانہ ملنے کے بول: یہ سات تحریریں اس دروازے پر موجود تھیں' پھر اس دروازہ پر اندر جانے کی پوری ترتیب لکھی ہوئی تھی کہ کس طرح اس دروازہ کے اندر جانا ہے ایک سب کچھ پڑھ کر محمود اور اس کے ساتھ ایاز غلام اور دوسرا غلام مرزا اور وزیراعظم اور ایک صاحب اور بھی تھے ان سب کو پڑھ کر سنا رہا تھا پھر آخرکار ایک نے کہا کہ میری تمام تحریر ختم ہوگئی ہے' اب آخر میں لکھا ہے کہ ہم نے محمود کو کچھ لفظ بتائے ہیں جو کہ آخری نبی ﷺ کی وحی کا بول ہے اور ایک نے محمود کی طرف نظر اٹھائی اور نظر اٹھا کر دیکھا تو اس نے محمود کے ہونٹوں کو ہلتا ہوا پایا اور محمود مسلسل پڑھ رہا تھا **وسع کرسیه السموات والارض** آخرکار محمود نے اس کو پڑھتے پڑھتے بہت وقت لگایا' دروازہ نہیں کھل رہا تھا' بس محمود کے اندر وجدان کی کیفیت طاری ہوگئی' شاید وجدان کی کیفیت ہی مطلوب تھی' چاہے وہ ایک لمحہ' ایک دن' چند ہفتوں' چند مہینوں میں تھی **آخرکار دروازہ کھلا اور خزانہ سامنے:** بس وہ وجدان کی کیفیت تھی کہ اچانک ایسے آواز آئی جیسے کہ پہاڑ سے پتھر گرنے کی آواز ہو' یک دم سب سہم گئے اوپر دیکھا اوپر تو مٹی کا تودہ تھا پھر محسوس کیا کہ آہستہ آہستہ وہ دروازہ خودبخود کھل رہا اور دروازے کے کھلتے ہی حیرت کی انتہا اس بات کی ہوئی کہ شمع دان کی کوئی ضرورت نہیں' اندر شمع دان سے زیادہ روشنی اور اندر شمع دان سے زیادہ چمک اور طاقت ہے۔ بادشاہ نے سب سے پہلے ایک کو آگے جانے کا اشارہ کیا' ایک آگے گیا جونہی اس نے پہلا قدم رکھا روشنی اور بڑھ گئی ہر چیز ذرہ ذرہ واضح نظر آرہا تھا حالانکہ ایک رات' دوسرا غار' تیسرا غار کے اندر ایک پوشیدہ تہہ خانہ لیکن روشنی ایسی تھی جیسے چودھویں رات کے چاند کی روشنی بھی اس کے سامنے ماند پڑ جائے' سب اندر داخل ہوئے محمود کے ہاتھ میں مصلّی اور جائے نماز تھی جو اس نے خود اپنے ہاتھ

تم غلام ہو؟ تم غلام ہو اس شخص کے سامنے جس سے تم محبت کرتے ہو اس لیے کہ تم اس سے محبت کرتے ہو اور جس سے محبت کی جاتی ہے اس کی ہر بات مانی جاتی ہے۔

میں تھامے ہوئے تھے' غلاموں نے اصرار کیا لیکن محمود نے انہیں نہ دیا۔ **محمود کے رونے کا خلاصہ:** اس نے جا کر اندر نفل پڑھے مناجات کیں اور بلک بلک کر رو دیا اور اس کے سارے رونے کا خلاصہ اور لب لباب یہی تھا کہ مولا تو نے مجھے اتنا بڑا خزانہ اپنے غیب کے خزانے سے عطا فرمایا۔ یہ کیفیت قارئین اس دوست جن نے ایسے انداز میں بیان کی میں بھی رو رہا تھا' وہ خود بھی رو رہا تھا اور میرے ساتھ بیٹھے دوسرے تمام جنات رو رہے تھے حتیٰ کہ روتے روتے ہماری ہچکیاں اور سسکیاں بندھ گئیں اور ہمارا رونا اتنا زیادہ بڑھ گیا کہ ہم کچھ دیر تک تو بات کو آگے ہی نہ بڑھا سکے۔ **وہ کیفیات شاید میں بیان نہ کرسکوں:** دراصل اس دوست جن نے اپنی کیفیات اور حالات کو اس انداز سے بیان کیا کہ سننے والا میں تھا اور میرے دوست جنات تھے لیکن وہ کیفیت کچھ ایسی تھی کہ ہم جہاں حیران بھی تھے وہاں اللہ کی اس مدد پر اور محمود غزنوی کی اللہ کی بار بار مدد ملنے کے شکرانے پر یہ تمام ملی جلی کیفیات تھیں جو شاید میں بیان نہ کرسکوں اس پر ہم تمام رو رہے تھے اور روتے روتے ہماری کیفیات اور ہماری ہچکیاں بہت تسلسل سے اور بہت تسلسل سے بندھ گئی تھیں۔ دوست جن نے اپنا واقعہ آگے بڑھاتے ہوئے اپنے آنسو پونچھتے ہوئے ہچکیوں کو سنبھالتے ہوئے اپنا بیان جاری کیا اور بولا کہ بہت دیر مناجات اور رونے کے بعد بادشاہ نے اپنا مصلی سمیٹا اور چاروں طرف نظر دوڑائی۔ **خزانہ ہی خزانہ' دولت ہی دولت' ہیرے موتی:** خزانہ ہی خزانہ تھا دولت ہی دولت تھی ایک دولت کا انوکھا انبار ایک کونے میں سونے کا ڈھیر' دوسرے کونے میں چاندی کا ڈھیر' تیسرے کونے میں ہیرے کا ڈھیر' چوتھے کونے میں یاقوت کا ڈھیر' پھر درمیان میں زمرد' سچا عقیق' نایاب موتی' مروارید' اور سچے موتی اور عجیب وغریب قسم کی انوکھی چیزیں جس میں مشک، عنبر، لاجورد، یاقوت احمر، یاقوت اخضر اور کچھ ایسے قیمتی موتی تھے جو ہماری سمجھ میں نہ آئے۔ **جوہری کو بلانے کا حکم:** بادشاہ نے فوراً جوہری کو بلانے کا حکم دیا' جوہری کو بلایا گیا اور حکم یہ تھا کہ اس کو کہو جس حالت میں اس ہو اسی حالت میں پہنچے' جوہری اسی حالت میں پہنچا' جوہری خزانہ کو دیکھ کر ہکا بکا رہ گیا' اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں' اس کی حیرت کی انتہا نہ رہی کہ اتنا بڑا خزانہ' اس کا باپ دادا جوہری تھا اور اس کا باپ دادا محمود غزنوی اس کے والد اس کے دادا اس کے پردادا نسل درنسل یہ لوگ جوہری تھے اور جوہرات کو سمیٹتے ہوئے آرہے تھے' **میں حیران ہوں اور میری حیرت اور زیادہ حیران ہے:** وہ حیران ہوا اس کی حیرت اور بڑھ گئی اس کی حیرت میں کیفیات، حیرت انگیز تھیں۔ وہ ایک ایک چیز کو اٹھا کر دیکھ رہا تھا' اور ایک لفظ بار بار کہہ رہا تھا کہ میں حیران ہوں اور میری حیرت اور زیادہ حیران ہے کہ آج تک اتنا بڑا خزانہ اور خزانے میں ایک ایسی چیز بھی نہیں کہ جو چیز کم قیمت ہو' گھٹیا ہو' ناقص ہو یا اس کا ایک کونہ تو قیمتی ہو دوسرا کونہ مجروح ہو' وہ بار بار پھٹی پھٹی آنکھوں سے اس خزانے کو دیکھ رہا تھا۔ **اچانک جوہری کی چیخ نکل گئی:** اچانک اس کی چیخ نکلی' بادشاہ حیران ہوا' پوچھا کیا ہوا؟ اور وہ ایک طرف لپکا اور اس نے ایک ڈھیر ایسا دیکھا جیسے گندم کا ڈھیر ہو اور کہا بادشاہ سلامت یہ دنیا کا وہ قیمتی لعل ہے جو اگر کوئی ایک بھی کسی بادشاہ کی نگری میں ہو تو وہ بادشاہ دنیا کا امیر ترین آخری بادشاہ سمجھا جاتا ہے اور سب سے بڑا تاجدار سمجھا جاتا ہے' یہ قیمتی لعل ایک نہیں' اتنا بڑا ڈھیر کہ جیسے آسمان سے اس ڈھیر کی بارش ہوئی ہو اور اتنی بڑی بارش کہ ایک اس جیسا موتی [illegible] تو زندگی میں صرف چند بار ایسا دیکھا ہے۔ **دنیا کا سب سے بڑا موتی:** اپنے بڑوں سے سنا ضرور ہے یہ دنیا کا سب سے آخری اور قیمتی موتی ہوتا ہے جو سب انسانوں کو کبھی نہیں مل سکتا اور نہ بادشاہوں کو مل سکتا ہے اگر کسی بادشاہ کی نگری میں یہ ایک موتی ہو یعنی یہ ایک لعل اور جواہر ہو تو وہ دنیا کا سب سے بڑا بادشاہ ہوتا ہے۔ **آقا آپ کی غریب پروری اور اللہ سے گڑگڑانا آج نظر آیا:** جوہری محمود کے قدموں میں لپٹ گیا اور کہنے لگا کہ آقا آپ کی نیکی' غریب پروری' رحم دلی' ہمدردی اور راتوں کو اٹھ اٹھ کر اللہ سے گڑگڑانا آج مجھے نظر آیا کہ اس کا صلہ اتنا بڑا اور اتنا زیادہ اور اتنا معتبر اس کے بعد بادشاہ نے حکم دیا کہ سب باہر چلیں اور حیرت انگیز بات یہ تھی کہ وہ دروازہ صرف بادشاہ کے جانے پر ہی کھلتا تھا کوئی ایسا روحانی ریموٹ کنٹرول اس کے اندر لگا ہوا تھا کہ بادشاہ جب تک باہر نہیں نکلتا تھا' دروازہ بند نہیں ہوتا تھا اور بادشاہ جب تک داخل نہیں ہوتا تھا یا ساتھ نہیں ہوتا تھا وہ کھلتا نہیں تھا اور بادشاہ بھی جب تک یہی آیت نہیں پڑھتا تھا تو دروازہ بادشاہ کے ہوتے ہوئے بھی نہیں کھلتا تھا بادشاہ بس یہ آیت پڑھتے ہوئے آتا تھا اور آیت پڑھتے ہی پہلا قدم رکھتا تھا تو دروازہ خود بخود کھلنا شروع ہوجاتا تھا۔ بادشاہ نے اس تمام علاقہ کے گرد فوراً ایک دیوار کھڑی کی یعنی اس کھنڈر کے گرد ایک دیوار کھڑی کی' چند ہی دنوں میں ایک بہت بڑی دیوار' ایک بہت بڑا مضبوط دروازہ اور وہاں محفوظ سپاہی کھڑے کردیئے گئے۔ یہ واقعہ سناتے ہوئے ہم ایسے حیرت اور شدت میں تھے ہمیں احساس ہی نہ ہوا کہ عصر کی نماز کا وقت نکلتا چلا جارہا تھا خیر جلدی جلدی اٹھے اذان دی اور جماعت کروائی' میرے جی میں تھا کہ اس حیرت انگیز جن سے میں مزید اور خزانوں کی باتیں پوچھ لوں لیکن چونکہ میرا گیارہ دن کا چلہ تھا لیکن وہ ایسا سخت چلہ تھا کہ جس میں بہت زیادہ سختی اور پابندی ہو بلکہ اس میں ہم گفتگو حال احوال خیر خبر لے سکتے تھے اور ایک دوسرے سے مسلسل باتیں کربھی سکتے تھے میں نے اس حیرت انگیز جن سے کہا کیا آپ مجھے یہ بتا سکتے ہیں کہ یہ آیت **واسع کرسیہ والسموٰت والارض** اس کی طاقت اور تاثیر کتنی زیادہ آپ نے بیان کی تو یہ طاقت اور تاثیر اتنا زیادہ اس کے اندر کیوں ہے؟ **اس لفظ کی تاثیر کی قوت حد سے کہیں زیادہ ہے:** کہنے لگے کہ دراصل اس کے اندر اتنی طاقت اور تاثیر ہونے کی جو اصل وجہ ہے' وہ ہے اللہ کا نام **واسعٌ** اتنا عظیم لفظ ہے کہ اس کو قرآن نے جس انداز سے بھی بیان کیا چاہے اس کے درمیان سے الف ہٹا دیں یا لگا دیں اس کی طاقت اور تاثیر بہت زیادہ ہے اور اس کی قوت حد سے کہیں زیادہ ہے اور اس تاثیر اور طاقت میں کوئی بھی گمان اور خیال نہیں کرسکتا اور پھر کہا یہ تو میرا اپنا ہی گمان اور خیال ہے ورنہ (جاری ہے)

حاملہ بیماریوں سے محفوظ بچہ خوبصورت: بچہ کی پیدائش سے پہلے اگر سیب کا متواتر استعمال کیا جائے تو بچہ خوبصورت پیدا ہوتا ہے اور حاملہ عورت مختلف بیماریوں سے محفوظ بھی رہتی ہے۔

فاقے ختم دولت عزت اور برکت کیسے ملی؟

دولت کے ڈھیر لگانے کا فارمولہ

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں" ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا دولت مند ہوا" لگائی جائیں گی۔ آپ بھی اپنے یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی آج سے تیس سال پہلے میرے سگے ماموں کے بیٹے سے ہوئی' میرے شوہر اپنے والدین سے علیحدہ رہتے تھے' شوہر کے باقی تمام بہن بھائیوں کی شادیاں ہوچکی تھیں اور وہ تمام اپنے گھرانوں میں مطمئن زندگی بسر کررہے تھے۔ میرے شوہر کا اپنا کارخانہ تھا' شوہر کو شادی سے پہلے ہی جوئے اور شراب کی لت تھی' جس کا علم مجھے شادی کے تقریباً ایک یا دو ماہ کے اندر اندر معلوم ہوچکا' میں نے سوچا میں سب ٹھیک کرلوں گی مگر یہ میری غلط فہمی تھی' میں نے اپنے شوہر کو راہ راست پر لانے کی لاکھ کوشش کی مگر ایسا نہ ہوسکا' میرے شوہر کی آمدن ٹھیک ٹھاک تھی' مگر آہستہ آہستہ جوا اور شراب کی نحوست نے سب برباد کردیا۔ میرے میاں نے کاروبار پر دن بدن توجہ دینا کم کردی' سب کچھ وہاں موجود ملازمین پر چھوڑ دیا انہوں نے بھی کچھ خاص توجہ نہ دی اور ایک دن آیا کہ ہمارا کارخانہ بک گیا' سب کچھ ختم ہوگیا' میرے شوہر سب بیچ کر قرض اتار کر خالی ہاتھ گھر آگئے۔ شادی کے چھ سال بعد الحمدللہ! میں چار بچوں کی ماں تھی جن میں تین بڑی بیٹیاں اور ایک بیٹا سب سے چھوٹا شامل ہے۔ گھر کھانے کو ختم ہوگیا' رشتہ داروں نے کچھ امداد کی مگر کتنی دیر تک' پھر میرے والد نے کہیں سے پیسے وغیرہ اکٹھے کرکے میرے شوہر کو ایک آٹو رکشہ لے دیا تاکہ گھر کا خرچہ چل سکے' میرے شوہر نے چند ماہ تو گھر میں خوب پیسے دیئے جس سے ہمارا بہترین گزر بسر ہونے لگا جیسے ہی میرے شوہر کی جیب میں دوبارہ پیسے آئے اس نے دوبارہ جوا کھیلنا اور شراب پینا شروع کردی' جوئے اور شراب کی نحوست ایک بار پھر ہمارے گھر پر پڑی اور میرے شوہر بیمار رہنا شروع ہوگئے' رکشہ کھڑا ہوگیا اور گھر کا چولہا ایک مرتبہ پھر بند ہوگیا۔ بچے بڑے اور سکول جانا شروع ہوگئے' سسرال والوں نے شروع میں تو کچھ امداد کی مگر آہستہ آہستہ انہوں نے بھی ہاتھ کھینچ لیا۔ میرے شوہر کی بیماری دن بدن بڑھ رہی تھی ایک رات اچانک ان کی طبیعت زیادہ خراب ہوئی اور وہ خالق حقیقی سے جاملے۔ لوگوں نے خوب ہمدردی جتائی مگر کسی نے یہ نہ سوچا کہ اب یہ گھر کیسے چلائے گی' بچوں کی فیس کہاں سے ادا کرے گی؟ انہی دنوں میری ایک ہمسائی نے مجھے درج ذیل وظیفہ بتایا میں مصائب میں چاروں طرف سے گھری ہوئی تھی' مجھے راہ نجات صرف یہ وظیفہ ہی لگا۔ میں نے اور میری بچیوں نے پاگلوں کی طرح یہ وظیفہ پڑھا۔ میری بیٹیاں جوان ہوچکی تھیں مجھے ان کی شادیوں کی فکر بھی کھائے جارہی تھی' اللہ کا شکر ہے کہ اللہ نے مجھے پاک دامن باپردہ پانچ وقت کی نمازی اولاد دی۔ ابھی وظیفہ پڑھتے ہوئے چند ماہ ہی ہوئے تھے کہ میں نے کپڑوں کی سلائی شروع کردی' مجھے یقین نہیں تھا کہ مجھ سے بھی کبھی کوئی کپڑے سلوائے گا؟ مگر چونکہ ہمارا گھر ایک پوش علاقے میں تھا اور کافی عرصہ رہنے کی وجہ سے علاقہ میں سلام دعا بھی اچھی تھی اس وجہ سے خواتین نے اپنے کپڑے کچھ اچھی سلائی اور کچھ نے ہمدردی کے تحت مجھ سے سلوانا شروع کردیئے اور مجھے پیسے بھی منہ مانگے ملتے۔ آہستہ آہستہ میری بچیوں نے بھی میرا ہاتھ بٹانا شروع کردیا اور دو سے تین سال بعد میرے پاس اتنا کام ہوگیا کہ مجھے گھر میں تین مشینیں مزید لگانا پڑیں اور ساتھ کام کیلئے لڑکیوں کو رکھنا پڑا۔ میری بچیاں اچھے کالجز میں جانا شروع ہوگئیں بیٹے کا داخلہ بھی اچھے کالج میں ہوگیا۔ یہ وظیفہ جاری تھا کہ بیٹیوں کیلئے ایسے ایسے بہترین جگہ سے رشتے آئے کہ میں خود حیران پریشان کہ یہ سب کیا کرشمات ہورہے ہیں؟ آپ یقین جانیے ہمارے علاقہ میں ایک بنگلہ ہے جن کا کپڑے کارخانہ ہے انہوں نے اپنے اکلوتے بیٹے کیلئے میری بیٹی کا ہاتھ خود گھر آکر مانگا اور بیٹا بھی ایسا شریف کہ جس کی تعریفیں ہر چھوٹا بڑا کرتا ہے۔ ان کے ساتھ علاقے کے چند معززین بھی آئے اور یوں میری بیٹی ایک چھوٹے سے گھر سے نکل کر ایک بنگلہ میں بیاہی گئی۔ اسی طرح باقی دو بیٹیوں کے رشتے بھی بہت اچھے گھرانوں میں ہوچکے ہیں۔ بیٹے کی پڑھائی جاری ہے۔ آج شہر کے پوش علاقے میں میری بوتیک ہے' ہر طرف سکون ہی سکون اور برکت ہی برکت ہے۔ وظیفہ الحمدللہ اب بھی جاری ہے' میرا کیا میری (باقی صفحہ نمبر 32 پر)

اگلے مہینے "فاقے ختم' دولت عزت اور برکت کیسے ملی؟" کے حوالے سے ایک نیا سچا واقعہ اور ایک نیا آزمودہ عمل پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

خوراک کی سائنس

خون کی پیدائش کا انحصار دو چیزوں پر ہے۔ اول خون پیدا کرنے اور صاف کرنے والے اعضاء رئیسہ کی صحت اور دوم خوراک کی مقدار اور عمدہ کوالٹی پر۔ خوراک بہت کم ہو تو اعصاب فاقہ زدگی کے شکار ہوجاتے ہیں اور زیادہ ملے تو مشتعل ہوکر زہرآلود بن جاتے ہیں۔ غلط خوراک کھانے سے ان میں بعض اجزاء کی قلت ہوجاتی ہے۔ آج کل خوراک کی سائنس کا عام چرچا ہے۔ عام آدمی کو وٹامن اور نمکیات کی ضرورت کے متعلق بہت کچھ بتایا جاتا ہے۔ یہ سب معلومات دلچسپ تو ہوسکتی ہیں مگر ان کا مفید ہونا یقینی نہیں ہوتا۔ عام طور پر اوسط درجے کی خوراک میں تمام ضروری وٹامن اور نمکیات خاصی مقدار میں شامل ہونے چاہئیں۔ اس کے علاوہ آپ کیلئے سلاد اور پھلوں کا استعمال بے حد ضروری ہے۔ یہ دونوں چیزیں آپ کی خوراک میں باقاعدگی سے شامل ہونی چاہئیں۔ خوراک کی مقدار اور نوعیت میں بہت زیادہ تبدیلی صحت کیلئے خطرے کا باعث بن سکتی ہے۔ البتہ چھوٹی چھوٹی تبدیلیوں میں کوئی حرج نہیں۔ بعض خاص حالتوں میں طبی مشورے سے بڑی تبدیلیاں عمل میں لائی جاسکتی ہیں۔ اکثر لوگ اصلاح خوراک میں دونوں حدیں پار کرجاتے ہیں اور نقصان اٹھاتے ہیں کیونکہ بہت سی غذاؤں کی خاصیتیں انہیں ٹھیک طرح سے معلوم نہیں ہوتیں۔ اس طرح وہ اپنی صحت کھو بیٹھتے ہیں اور اپنے اعصاب کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ ہوتا یہ ہے کہ جب لوگوں کو بتایا جاتا ہے کہ فلاں فلاں کھانے ان کیلئے نقصان دہ ہیں تو وہ انہیں فی الفور چھوڑ دیتے ہیں۔ اس کی مثال گوشت اور چینی کی ہے ان دونوں کی زیادتی نقصان پہنچاتی ہے لیکن یہ دونوں چیزیں نہایت فائدہ بخش ہیں۔ اگر گوشت نہیں کھاتا تو اس کے بدلے پروٹین کی کمی سے اعصابی نظام متاثر ہوسکتا ہے۔ اس طرح چینی بھی ایک قوت بخش غذا ہے اسے یک لخت چھوڑ دینے سے جسم کے اندر کمزوری پیدا ہوگی۔ یہ کمی کھجوروں اور اس قسم کے دوسرے پھلوں اور شہد سے پوری کرنی چاہیے۔

خلافت و اجازت: 30 اپریل بروز اتوار حضرت مولانا علی اصغر عباسی دامت برکاتہم العالیہ سابق صوبائی خطیب' سابق خطیب اعلیٰ بادشاہی مسجد لاہور' سابق ممبر اسلامی نظریاتی کونسل' سابق ممبر رویت ہلال کمیٹی اور بڑے بڑے اکابر' اسلاف اور علماء کے صحبت یافتہ اور خلافت یافتہ نے حضرت مولانا شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ سے جو اجازت اور خلافت پائی وہ اجازت وخلافت حضرت شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم خدمت خلق کے فیض اور استفادہ عام کیلئے مرحمت فرمائی۔ الحمدللہ والشکرللہ

تین دن کا مسلمان اور اللہ سے تعلق

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

رات کو پروگرام سے فارغ ہوئے تو ہمارے دوست ڈاکٹر صاحب نے ان ساتھیوں سے ملے جو کان پور میں دعوت کے کام سے عملاً وابستہ تھے اور اس حقیر سے اصرار کیا کہ دو تین لوگ تو وہ ہیں جو اسلام قبول کرچکے ہیں' چند لوگ وہ ہیں جو اسلام کے بارے میں جاننا چاہ رہے ہیں' آپ اگر صبح ہمارے ہاں ناشتہ کرلیں تو سبھی سے ملاقات ہوجائے گی اور جو لوگ کلمہ پڑھنے والے ہیں وہ کلمہ بھی پڑھ لیں گے' مطالبہ ایسا تھا کہ قبول کرنے کے علاوہ چارہ نہیں تھا' ناشتہ پر ڈاکٹر صاحب کے دعوتی رفقاء میں تین لوگ ایسے تھے جو چند ماہ پہلے ایک فیملی کے چار افراد کے اسلام قبول کرنے کے بعد ایک دو مسائل کے سلسلہ میں مشورہ کرکے اسلام قبول کرنا چاہ رہے تھے اور تین لوگ ایسے تھے جو اسلام کے بارے میں دلچسپی رکھتے تھے اور اسلام کو پڑھ رہے تھے ان میں ایک ایم ڈی ڈاکٹر تھے جو اپنے فن میں بڑے معتبر سمجھے جاتے ہیں اور علاقہ میں بہت ممتاز ان کی پریکٹس ہے' اس حقیر نے وقت کی کمی کی وجہ سے ان سبھی سے سوال کیا کہ آپ لوگوں کا کیا گمان ہے کہ اسلام قبول کرنے یا اسلام کے بارے میں جاننے کیلئے یا اسلام قبول کرکے اپنے مسائل کو حل کرنے کے مشورہ کیلئے' آپ خود آئے ہیں یا آپ کو کوئی لایا ہے؟ ان سب نے ایک زبان ہوکر کہا اپنے آپ کون آتا ہے؟ مالک کی دیا ہوئی کہ اس نے ہمیں یہاں بھیجا' میں نے کہا جب یہ بات ہے کہ وہ مالک خود آپ کو اسلام سمجھانے یا قبول کرنے کیلئے لے کر آئے ہیں اور وہ مالک جو ساری ماؤں کو ماتا دینے والے ہیں وہ خود آپ کا مارگ درشن کررہے ہیں اور آپ کو اپنا بنانا چاہ رہے ہیں تو بندہ کا اس سے پیچھے ہٹنا کیسی ناقدری کی بات ہے' اس لیے میری درخواست ہے کہ سمجھنا سمجھانا تو ہوتا رہے گا موت کا کچھ پتہ نہیں کس لمحہ موت آجائے اور اگلا سانس ہمیں نصیب نہ ہو' اس لیے آیئے! ہم سب مل کر پہلے کلمہ پڑھ کر اپنے پیارے' مالک کے حضور اپنے کو سرینڈر کرتے ہیں بعد میں سمجھنا سمجھانا کرتے رہیں گے۔ ماحول کچھ اللہ کی طرف سے ایسا بنا کہ سب تیار ہوگئے اور سب نے کلمہ پڑھ لیا' اللہ کی کرم فرمائی کہ سب لوگوں نے کلمہ پڑھا اور ہندی میں اس کا ترجمہ بھی کیا' کلمہ پڑھنے کے بعد کچھ ایسا اطمینان ہوا کہ کسی نے بھی کوئی سوال یا اشکال نہیں کیا بلکہ آگے کے مسائل پر مشورہ ہوتا رہا وہ ڈاکٹر بڑے ذہین لگ رہے تھے' میں نے ان سے خاص طور پر اسلام کی ڈیپ اسٹڈی (گہرائی سے مطالعہ) کی درخواست کی' کان پور سے ہم آگے سفر پر نکل گئے' تین دن کے سفر کے بعد دوبارہ لوٹتے ہوئے ہمیں چند گھنٹے کان پور گزارنے تھے' ڈاکٹر صاحب ملنے کیلئے آگئے اور الگ سے کچھ وقت مانگا اور بتایا کہ تین دن سے 12 گھنٹے سے زیادہ وہ انٹرنیٹ پر اسلام کو پڑھ رہے ہیں' انہوں نے مجھ سے معلوم کیا کہ اللہ کے 99 صفاتی ناموں میں سے کون سے نام سے اس کا ذکر کرنا چاہیے' اس حقیر نے کہا کسی بڑے حاکم سے جو ضرورت پیش کرنی ہوتی ہے اسی صفت کا حوالہ دے کر سوال کیا جاتا ہے' جیسے کسی کو کسی حاکم سے مکان بنوانا ہوتا ہے تو کہتے ہیں' حضور آپ کتنے لوگوں کے مکان بنوا چکے ہیں' اگر کسی مقدمہ سے رہائی کیلئے سفارش کرنی ہوتی ہے تو کہتے ہیں آپ کتنے بے قصوروں کی رہائی کروا چکے ہیں' اس طرح جو سوال اللہ سے کرنا ہو اسی صفاتی نام سے اللہ کو یاد کریں' وہ بولے میں رات سے سوچ رہا ہوں یا ولی (اے میرے دوست) بس اسی نام سے اس کو یاد کروں' اصل میں مجھے یہ نام اس لیے زیادہ دل کو لگا کہ میدان محشر کا مسئلہ سب سے بڑا مسئلہ ہے' کسی مقدمہ اور عدالت میں اگر کوئی دوست حاکم اعلیٰ ہو تو پھر وہ برائے نام خانہ پوری کرکے دوست کو نکال لایا کرتا ہے' اگر اللہ سے دوستی ہوجائے گی تو پھر محشر کا مسئلہ آسان ہوجائے گا۔ یہ حقیر ان کی یہ بات سن کر بے حد متاثر ہوا اور خیال آیا کہ دعوت کے واسطہ سے یہ نیا خون ہی ہمارے جمود کو توڑ سکتا ہے صرف تین دن کا یہ مسلمان' اس کا ایمان اور اللہ سے تعلق اور صفاتی ناموں کی معرفت سے بام عروج کو پہنچ گیا' یہ یَاوَلِیُّ سے اللہ کو یاد کرنا پسند کررہا ہے اور اسلام کے بنیادی عقیدہ آخرت پر اس کا ایمان کتنا قوی ہوگیا ہے کہ اپنی زندگی کا سب سے بڑا مسئلہ محشر یوم حساب کا مسئلہ سمجھ رہا ہے اور اس مسئلہ کیلئے اللہ سے رشتہ جوڑنے کی سعی کررہا ہے۔ کاش ہم دنیا و آخرت کے مسائل کے اس تریاق دعوت کی اہمیت کو سمجھتے!!

انوکھا دم' شدید ترین دانت کا درد ختم

قارئین یہ دم آزمودہ ہے ضرور آزمائیے۔

یاشمعونی شمع سلونی درد دانت درد شد

واخدادے رسول دا اول ہو واخدا ہو دا پیر مشیر گڑھ والا دا

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ تین مرتبہ۔ (ج۔ب)

پھلوں میں چھپے صحت کے راز

آم کے پتے اور امراض شوگر: ذیابیطس کے مرض میں آم کے پیڑ کے نوخیز پتے بہت مفید سمجھے جاتے ہیں۔ تازہ پتوں کو رات بھر پانی میں بھگوئے رکھنے کے بعد صبح پانی کو چھاننے سے پہلے یہ پتے اسی پانی میں اچھی طرح نچوڑ لیے جائیں۔ یہ مشروب روزانہ صبح پینے سے ذیابیطس کے مرض پر قابو پانے میں مدد ملتی ہے۔ اس مشروب کے متبادل کے طور پر تازہ پتوں کو سائے میں خشک کرلیا جاتا ہے۔ پھر ان کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیتے ہیں۔ یہ سفوف دن میں دوبار یعنی صبح و شام آدھا چائے کا چمچ پانی کے ساتھ استعمال کرنا انتہائی مفید ہے۔ **خربوزہ! عورتیں اور جوان لڑکیاں:** عورتوں اور لڑکیوں کو ایام کے دوران پیشاب کی جلن اور سوزش کی تکلیف ہوتی ہے ان کے لیے خربوزہ غذا بھی ہے اور دوا بھی۔ خواتین اگر خربوزے ''ایام'' کے دوران کھائیں تو ان کی ایام کی شکایات دور ہوجاتی ہیں اور ان کے چہرے پر [illegible] ہوں تو وہ دور ہوجاتے ہیں۔ دودھ کی کمی ہو تو یہ اس کمی کو پورا کرتا ہے۔ یونانی حکماء کی اکثریت اس بات پر متفق ہے کہ خربوزہ ایک ایسا سستا اور مفید پھل ہے جو اہم غذائی ضروریات کو پورا کرتا ہے اور گھر کے کام کاج میں چستی پیدا کرتا ہے۔ **جریان اور لیکوریا:** جامن کی گٹھلی کا سفوف یا جامن کا پھل خشک کرکے ستو بنا کر شکر یا شہد ملا کر استعمال کرنا سیلان الرحم (لیکوریا) اور جریان منی میں بھی مفید ہے۔ **مسوڑھوں کا ورم اور پائیوریا:** جامن کے خشک پتوں کا منجن مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ مسوڑھوں کے ورم اور مسوڑھوں سے خون آنے (پائیوریا) میں بہت فائدہ مند ہے۔ دانتوں کے امراض میں مبتلا ضرور آزمائیں۔

بحوالہ "پھلوں میں چھپے صحت کے راز" طرح طرح کی جسمانی بیماریوں میں مبتلا اس کتاب کا مطالعہ کریں۔ (جو نسخہ یا ٹوٹکہ آزمائیں ضرور لکھیں' لاکھوں کا نفع آپ کا صدقہ جاریہ)

پھلوں میں چھپے ایسے صحت کے راز جو شاید اس سے پہلے کبھی منظر عام پر نہیں آئے! ضرور پڑھیے اور جانیے

کمزوری جگر کے مریض متوجہ ہوں!: ضعف جگر کے مریضوں کو روزانہ ایک پاؤ گنے کا رس چوس کر پینا انتہائی مفید ہے۔ گنے کا رس تازہ اپنی نگرانی میں نکلوا کر برف انتہائی کم ڈلوائیں۔

انتخاب: عالیہ شاہد، لاہور

بدبودار سانسیں! چند گھریلو نسخے آزمالیں!

احتیاط علاج سے بہتر ہے اگر آپ بھی منہ سے آنے والی بدبو سے بچنا چاہتے ہیں تو سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ ابھی سے حفاظتی تدابیر اختیار کریں نہ صرف یہ کہ دانتوں کی صفائی باقاعدگی سے کریں بلکہ کوشش کریں کہ بادی اور قبض کرنے والی اشیاء کے زیادہ استعمال سے گریز کریں

مکالمہ ایسی چیز ہے جس سے ایک دن میں آپ کا کئی بار واسطہ پڑتا ہے حصول تعلیم ہو' حال دل کہنا ہو یا سننا' کوئی شے خریدنا ہو یا بیچنا' آپ کو دوسرے لوگوں سے بات تو کرنا ہی پڑے گی' اس کے بغیر نہ تو ہم کسی دوسرے پر اپنا مقصد ظاہر کرسکتے ہیں اور نہ ہی دوسرے کے خیالات سے آگاہ ہوسکتے ہیں۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ گفتگو کے دوران بات کرنے والے کے منہ سے ایسا ناگوار جھونکا آتا ہے کہ ہونٹوں سے نکلی بات پر دھیان کی بجائے خود اپنے جی کی فکر لاحق ہوجاتی ہے جو متلانے لگتا ہے۔ ایسے میں بات کرنے والے کے سوا سب بدبو کو محسوس کررہے ہوتے ہیں لیکن اسے پتہ ہی نہیں چلتا کہ اس کا گفتگو کیلئے منہ کھولنا دوسروں پر کیا قیامت ڈھارہا ہے اور احساس ہونے پر شرمندگی الگ ہوتی ہے اور مقصد الگ غارت ہوجاتا ہے۔ **اسباب:** طبی لحاظ سے منہ سے بو کا آنا جسمانی نظام میں خلل سمجھا جاتا ہے۔ طب کی زبان میں اس خلل کو Halitosis کہتے ہیں۔ معالجین کی رائے میں منہ سے ناخوشگوار مہک کا آنا خرابی معدہ کی نشانی ہے۔ منہ سے بدبو آنے کی بڑی وجوہات میں دانتوں کی بوسیدگی' ان پر جمی میل اور مسوڑھوں کی خرابیاں شامل ہیں۔ ماہر امراض دندان (ڈینٹسٹ) کہتے ہیں کہ دانتوں کی جڑوں کی بوسیدگی کی وجہ سے مسوڑھوں میں پیپ پڑجاتی ہے جس سے سانس بدبودار ہوجاتی ہے۔ گلی ہوئی ڈاڑھوں اور دانتوں کے باریک سوراخوں میں بھی جراثیم کو پناہ مل جاتی ہے جہاں وہ پرورش پانا اور اپنی تعداد بڑھانا شروع کردیتے ہیں۔ جوں جوں ان کی تعداد بڑھتی جاتی ہے منہ کی بدبو میں بھی اضافہ ہوتا جاتا ہے اس کے علاوہ ناک، گلا، سانس کی نالی یا معدے کی انفیکشن بھی منہ کی بدبو کا باعث بن سکتی ہے۔ تاہم ایسے زیادہ ترکیسز میں دیکھا گیا ہے کہ بدبو کا سبب معدے کی خرابیوں' آنتوں کی انفیکشن اور پرانی قبض ہوتے ہیں۔ ناگوار بو ان فالتو مادوں کے باعث پھیلتی ہے جنہیں جسم پھیپھڑوں کے ذریعے باہر نکالتا ہے۔ پان چبانا' نسوار اور تمباکو بھی منہ میں بدبو پیدا کرتے ہیں۔

علاج: اگر بدبو دانتوں اور مسوڑھوں کی خرابی' ٹانسلز' تمباکو نوشی یا انیمیا کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے تو مختصر علاج سے یہ شکایت فوراً دور ہوجائے گی۔ اسی طرح اگر یہ معدے اور آنتوں کی خرابی کا نتیجہ ہے تو اس کا علاج ان خرابیوں کے مکمل خاتمے اور جسم کو فالتو اور غیر صحت مند مادوں سے پاک کرنا ہی ہوگا۔ جن لوگوں کے منہ سے بدبو آتی ہو انہیں بیجوں' خشک میووں کی گری' اناج کے دانوں' سبزیوں اور پھلوں پر مشتمل متوازن غذا کھانی چاہیے۔ زیادہ تر پھل اور پکی ہوئی سبزیاں کھائیں۔ قبض ہو تو اسے دور کرنے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔ مریض کو مصنوعی طور پر تیار کردہ کاربوہائیڈریٹس مثلاً سفید چینی' میدہ اور سفید آٹے کی روٹی' گوشت اور انڈے کھانا ترک کردینا چاہیے حتیٰ کہ بے چھنے آٹے کی روٹی بھی کم کھانی چاہیے۔ جن لوگوں کے منہ سے ناخوشگوار بو آتی ہو انہیں چاہیے کہ رات کو سات آلو بخارے اور چند عدد خشک انجیر ایک کٹورے میں پانی بھر کر اس میں بھگودیں اور صبح نہار منہ انہیں بطور ناشتہ کھالیں اور جس پانی میں یہ دونوں چیزیں بھگوئی گئی ہیں اسے بھی پی لے۔ یاد رکھیں کہ بھگونے سے پہلے ان دونوں چیزوں کو صاف پانی سے اچھی طرح دھولینا چاہیے اور جس پیالے میں انہیں بھگویا ہے اسے بھی کسی پلیٹ سے ڈھانپ کر رکھا جائے۔ اس کے علاوہ مریض کو روزانہ کم از کم سات آٹھ گلاس پانی ضرور پینا چاہیے۔ رات کو سونے سے پہلے اور صبح ناشتے کے بعد دانت ضرور برش کریں (یا مسواک کرلیں)۔ گوشت کا سالن تکہ وغیرہ کھانے کے بعد گوشت کے ذرات کو ٹوتھ پک کے ذریعہ دانتوں سے نکال دیا کریں کیونکہ یہ ذرات بھی منہ میں بدبو پیدا کرنے اور جراثیم کی افزائش کا باعث بنتے ہیں۔ اگر آپ کے دانت بوسیدہ اور کیڑا لگے ہوئے اور مسوڑھے سوزش زدہ رہتے ہیں تو بادی والی چیزیں کھانے سے گریز کریں اور پہلی فرصت میں ڈینٹسٹ سے رجوع کریں۔ اگر آپ ٹوتھ پیسٹ استعمال نہیں کرتے تو پھر پیلو یا نیم کی مسواک ضرور استعمال کریں۔ اس سے نہ صرف دانتوں کی صفائی ہوجاتی ہے بلکہ منہ میں موجود جراثیم کا خاتمہ بھی ہوجاتا ہے۔

گھریلو نسخے: گھریلو نسخوں میں سے میتھی' منہ کی بدبو دور کرنے بہت موثر نسخہ ہے۔ اس کے بیجوں کی چائے بنالیجئے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ چمچ بھر میتھی کے بیج' آدھ لیٹر ٹھنڈے پانی میں ڈال کر پندرہ منٹ کیلئے ہلکی آنچ پر رکھ دیجئے۔ بعد میں چھان کر بطور چائے استعمال کیجئے۔ ناشپاتی بھی معدے کی کمزوری اور قبض دور کرنے میں بڑی مدد دیتی ہے۔ کچے امرود بھی منہ کی ناگوار مہک ختم کرنے کیلئے بہت مفید ہوتے ہیں کیونکہ ان میں فاسفک ایسڈ، آگزیلک ایسڈ' ٹینک اور میلک ایسڈز کے علاوہ کیلشیم اور مینگنیز بھی ہوتی ہے اور یہ چیزیں چبا کر کھانے سے منہ کی بدبو ختم ہوجاتی ہے۔ علاوہ ازیں امرود کے درخت کے نئے نکلنے والے پتے چبانا بھی مسوڑھوں سے رسنے والے خون کو بند کردیتا ہے۔

تمام پھلوں اور سبزیوں کے جوس، سانس اور منہ کی بدبو دور کرنے کیلئے مفید ہوتے ہیں۔ سیب' چکوترا' لیموں' انناس' ٹماٹر' گاجر اور کلفہ کے جوس خاص طور پر فائدہ مند ہیں۔ علاوہ ازیں روزانہ کی ورزش' صبح کی سیر اور خاصا پیدل چلنا' قبض دور کرنے کیلئے بہت مفید ہوتے ہیں۔ قبض چونکہ منہ کی بدبو کے اسباب میں سے ایک ہے اس لیے اسے دور کرنا لازمی ہے۔ کہتے ہیں کہ احتیاط علاج سے بہتر ہے اگر آپ بھی منہ سے آنے والی بدبو سے بچنا چاہتے ہیں تو سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ ابھی سے حفاظتی تدابیر اختیار کریں نہ صرف یہ کہ دانتوں کی صفائی باقاعدگی سے کریں بلکہ کوشش کریں کہ بادی اور قبض کرنے والی اشیاء کے زیادہ استعمال سے گریز کریں تاکہ دانت اور مسوڑھے صحت مند اور سانس خوشگوار رہیں۔

ہر قسم کی کمزوری کیلئے لاجواب نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ہر قسم کی کمزوری کیلئے آزمودہ لاجواب نسخہ ہے۔ خاص طور پر مرد حضرات ضرور استعمال کریں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ **ھوالشافی:** کلونجی پچاس گرام' عقرقرحا پچاس گرام' تخم ریحان پچاس گرام' مصری پچاس گرام۔ **ترکیب:** تخم ریحان کے علاوہ باقی تمام اجزاء کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔ بعد میں تخم ریحان اس سفوف میں ثابت مکس کردیں۔ نسخہ تیار ہے۔ **خوراک:** آدھا چمچ کھانے کے بعد صبح وشام استعمال کریں۔ (حکیم فاروق' مظفر گڑھ)

(بقیہ: صحت چاہتے ہو تو اپنی عادات بدلو)

تجربہ کرکے دیکھیں پندرہ سے بیس سانس کے درمیان آپ اپنے کو کتنا ہلکا پھلکا محسوس کرتے ہیں اور ساتھ ہی لمبی لمبی جماہیاں آتی ہیں جو آپ کے جبڑوں کو اتنا کھلنے پر مجبور کردیں گی کہ Lock Jaw ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ اسی لیے سنت ہے کہ جب جمائی آئے تو منہ پر ہاتھ رکھا جائے تاکہ ایسا نہ ہونے پائے۔ کھڑے ہوئے یا بیٹھے ہوئے منہ سے ہوا پھیپھڑوں میں بھریں اور منہ سے ہی خارج کریں جیسے کہ ہانپنے کی صورت میں ہوتا ہے۔ کسی نرم پھریری سے چھینکیں یا پھر نسوار سونگھیں۔ گھٹن والے خیال اور ماحول سے بچیں اکثر اس کی وجہ سے دم کشی کی کیفیت ہوجاتی ہے۔ ناک کو اچھی طرح اندر سے دھو کر خشک کرکے اچھی سی بام لگائیں کانوں کے پیچھے بھی لگائیں' چھاتی پر لگائیں۔ خوشگوار ماحول اپنائیں۔ حسب طاقت ورزش کریں کوئی کھیل کھیلیں جس سے دم پھولے سانس چڑھے۔

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

سٹوڈنٹس کیلئے بڑے کام کی بات!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری میگزین بہت شوق‘ توجہ اور یقین کے ساتھ پڑھتی ہوں۔ عبقری سے متعلق ایک مشاہدہ قارئین عبقری کیلئے لکھ رہی ہوں۔ میں نے آج سے ایک یا دو سال پہلے عبقری کے ایک میگزین کے ٹائٹل پر پڑھتا تھا کہ 40404 پر میسج کریں اور میں نے اپنے موبائل کے میسج میں جاکر Follow Ubqari لکھ کر 40404 پر میسج کردیا۔ میرا صرف ایک روپیہ خرچ ہوا اور فائدہ یہ ہوا کہ مجھے آج تک روزانہ نت نئے ٹوٹکے اور وظائف ملتے ہیں اور کبھی پیسے نہیں کٹے۔

اب میں جو اپنا ذاتی مشاہدہ لکھ رہی ہوں یہ طالب علموں کیلئے خاص طور پر ہے۔ ایک بار عبقری کے میسج پر آیا تھا کہ آپ ہر نماز کے بعد گیارہ بار یَاقَوِیُّ اول و آخر ایک بار درود پاک کے ساتھ پڑھیں۔ اس سے حافظہ قوی ہوگا۔ آپ یقین جانیے میں نے تب سے اسے پڑھنا شروع کیا میں نے اسے آزمایا اور اسے میں نے خود چند ہی دنوں میں محسوس کرنا شروع کیا کہ مجھے پرانی باتیں یاد آنے لگی ہیں مجھے بھولی ہوئی چیزیں یاد آنے لگی ہیں اور اب تک میرا یہ عمل جاری ہے اور اس کی برکت سے مجھے سنی ہوئی باتیں جیسے لیکچرز جو ٹیچرز بتاتے ہیں وہ یاد رہتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ میں نے مسواک کا استعمال بھی شروع کیا کیونکہ میں نے پڑھا تھا کہ مسواک شریف کے استعمال سے حافظہ تیز ہوتا ہے اور اس نے بھی مجھے بہت فائدہ دیا اور سنت کی نیت سے کریں تو ڈبل ثواب ہے۔ اس کے علاوہ بدنظری سے ضرور بچیں۔ بدنگاہی سے حافظہ کمزور ہوتا ہے۔ یہ بھی میں نے اولیاء اللہ کے وظائف کی ایک کتاب میں پڑھا تھا۔ میری آپ سے درخواست ہے کہ میرا یہ مشاہدہ عبقری میں ضرور شائع کیجئے تاکہ لاکھوں لوگوں کو فائدہ ہو۔ (ص، ا۔ مظفر گڑھ)

میرے تجربات و مشاہدات قارئین کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ ہر ماہ اپنے شمارے میں ہمیں ہمارے تجربات و مشاہدات لکھنے کے بارے میں ترغیب دیتے ہیں جس سے بے شک مخلوق خدا کو بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ آج میں اپنے تجربات و مشاہدات قارئین عبقری کے نام کررہی ہوں۔ یقیناً اس سے ڈھیروں کو فائدہ ہوگا اور میرے لیے ڈھیروں ثواب اور صدقہ جاریہ بنے گا۔

یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کا کمال: قارئین! میرے دانت میں گوشت کی ہڈی کا چھوٹا سا ٹکڑا کھانے کے دوران پھنس گیا میں نے نکالنے کی بڑی کوشش کی مگر وہ نہ نکلا۔ پھر جب میں کھانا کھا چکی اس کے کچھ دیر بعد مجھے بہت زیادہ الجھن ہورہی تھی میں بار بار ہاتھ سے ہڈی نکالنے کی کوشش کررہی تھی مگر جونہی میں نے یاحفیظ یاسلام پڑھتے ہوئے کوشش کی تو فوراً ہی ہڈی کا ٹکڑا باہر نکل آیا۔ پھر میں نے شکر ادا کیا اور کہا کہ واقعی اللہ کے ناموں میں شفاء ہی شفاء ہے۔

شہد‘ کلونجی اور اسپغول والی دوا کا کمال: محترم حضرت حکیم صاحب! آپ نے عبقری رسالے اور اپنی مشہور زمانہ کتاب ’’میرے بھی رازوں کا خزانہ‘‘ میں ایک ہی ٹوٹکہ معدے اور السر کے مریضوں کیلئے دیا ہے۔ وہ اس طریقے سے میری دوست (د) نے بنایا اس کا مسئلہ تھا کہ اسے ضرورت سے زیادہ بھوک لگتی تھی اور کھاتی بھی بہت زیادہ تھی اور پیٹ اس کا باہر آرہا تھا اس نے آپ کا بتایا یہ ٹوٹکہ صرف دو ہفتے مکمل پرہیز کے ساتھ استعمال کیا اور جب چیک کیا تو اس کا پیٹ آدھ انچ کم ہوگیا ہے ابھی بھی استعمال کرتی ہے اور کہتی ہے کہ اب مجھے بھوک بھی نارمل لگتی ہے اور بار بار کھانا بھی نہیں بنانا پڑتا اور پیٹ بھی ساتھ لگ گیا ہے۔ میں نے بھی شہد‘ کلونجی اور اسپغول والی دوا اپنے معدے کے مسائل کیلئے بھی بنائی ہے ابھی ایک ہفتہ ہی استعمال کی ہے اس کا بہت زیادہ فائدہ ہورہا ہے مجھے معدے کے مسائل سے چھٹکارا مل رہا ہے۔ بہت زبردست ٹوٹکہ ہے۔ اس کے علاوہ میں نے اپنے دفتر کے ٹی بوائے کو بھی بنا کردی ہے اس کا بھی معدے کا مسئلہ تھا اس کو پاخانہ تکلیف کے ساتھ آتا تھا تو اب وہ استعمال کررہا ہے مجھے کہ باجی دو خوراکوں کے بعد ہی فرق پڑ گیا ہے۔ میں نے کہا کہ ساتھ پرہیز کرو ان شاء اللہ میں اپنے تمام رابطہ رکھنے والوں کو بھی اس دوا کا ضرور بتاؤں گی تاکہ سب کا بھلا ہوجائے۔ ٹوٹکہ اس طرح ہے کہ کلونجی سو گرام‘ اسپغول سو گرام اور شہد 250 گرام لے لیں۔ اسپغول اور کلونجی کو پیس کر مکس کرلیں اور بعد میں اس میں شہد ملا لیں۔ دوا تیار ہے۔

انمول خزانہ پڑھنے کی برکت: حضرت جی میری ایک ملنے والی بتارہی تھیں کہ رات کے دس بجے کے قریب جب وہ اپنے کیبن میں روٹیاں پکارہی تھیں تو ایک دم سے انہیں کچھ گرنے کی زوردار آواز آئی۔ وہ پریشان کہ یہ کیا ہوا انہیں پھر پتہ چلا کہ ان کے کچن کی کھڑکی نیچے گرگئی ہے۔ باہر گلی تھی‘ نیچے جاکر کھڑکی الٹا کر دیکھی تو اس کو خراش تک نہ آئی تھی اس شیشہ بالکل صحیح سلامت تھا حالانکہ ہوا بھی نہیں چل رہی تھی اچانک ہی شیشہ گرا تھا۔ یہ سب انمول خزانہ پڑھنے کی برکت سے ہوا‘ ورنہ شیشہ ٹوٹ جاتا اور نیچے اگر کسی گزرنے والے لگ جاتا تو شدید جانی نقصان بھی ہوسکتا تھا۔

درود پاک کے مسلسل ورد سے گھبراہٹ ختم: ایک خاتون میٹرو بس میں ملی‘ کہنے لگی: مجھے بہت زیادہ گھبراہٹ ہورہی ہے اور وہ پہلے سے ہی درود پاک کا ورد کرتی جارہی تھی‘ پھر میں نے گیارہ بار یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کا بھی بتایا کہ یہ بھی پڑھیں۔ کہنے لگیں: جب بھی مجھے گھبراہٹ محسوس ہو‘ کوئی پریشانی یا مشکل ہو تو میں درود ابراہیمی کا کثرت سے ورد کرتی ہوں تو مجھے سکون محسوس ہوتا ہے۔ واقعی درود پاک پڑھنے سے بہت بہت برکات نصیب ہوتی ہیں [illegible]

[illegible] بحال کرنے کا بہترین ذریعہ: میری اچانک سے ہی سانس خراب‘ بلغم شدید آنا شروع ہوگئی‘ میں نے آم کے ساتھ روٹی ہی تو کھائی تھی؟ حالانکہ یہ بہترین غذا ہے۔ پتہ نہیں ایسا کیوں ہوا؟ پھر میں نے ایک دو ٹوٹکے آزمائے‘ اس سے کوئی خاص فرق نہ پڑا‘ پھر میری حالت دیکھ کر میری بہن نے مجھے کہا کہ تم جامن کھاؤ اس سے سانس ضرور ٹھیک ہوجائے گا‘ پھر میں نے بارہ سے پندرہ جامن نمک لگا کر کھالیے۔ کچھ ہی دیر میں مجھے آرام آگیا۔ واقعی کمال کا نسخہ ہے سانس بحال کرنے کا۔ (ر۔ لاہور)

سورۂ یٰسین اور سورۂ انعام کی برکت سے رشتہ مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دوست (ف) جس کی شادی نہیں ہورہی تھی‘ کوئی مناسب رشتہ مل ہی نہیں رہا تھا پھر کسی اللہ والی نے اسے سورۂ یٰسین روزانہ صبح تہجد کے وقت یا فجر کے وقت پڑھنے کو بتائی اس نے 3 یا 4 ماہ سورۂ یٰسین پابندی سے پڑھی‘ کوئی ناغہ نہیں کیا‘ اس دوران ہی اس کا رشتہ آیا جب اس نے چار ماہ پورے یٰسین پڑھ لی تو وہ لوگ اس کی بڑی بہن کیلئے رشتہ لے کر آئے لیکن سورۂ یٰسین کی برکت سے وہ میری دوست کو پسند کرکے اور بات پکی کرکے چلے گئے‘ اب میری دوست کی شادی

ہو چکی ہے الحمدللہ! وہ اپنے گھر میں بہت خوش ہے صرف سورۂ یٰسین فجر یا تہجد کے بعد ایک دفعہ شادی اور اچھے نصیب کی نیت سے پڑھا تھا اللہ تعالیٰ نے اس کی دلی مراد پوری کردی۔ پھر میری اسی دوست (ف) نے اپنی بڑی بہن جو کہ ایک ڈاکٹر ہیں' ان کے رشتہ اور باہر جانے کی نیت سے سورۂ انعام 41 بار (انہوں نے اپنی سہولت کے حساب سے پڑھی تھی آپ چاہیں تو تین، سات، گیارہ، اکیس یا اکتالیس دن میں پڑھنے کی نیت کرسکتے ہیں) انہوں نے خالص اسی نیت سے پڑھنا شروع کردی' اکثر سورۂ یٰسین بھی پڑھ لیتی تو اس کی بہن ڈاکٹر (س) جو کہ 36 سال کی ہو چکی تھیں اس سے پہلے ان کا ایسا کوئی رشتہ نہیں آیا تھا کہ لوگ سانولی رنگت دیکھ کر چلے جاتے تھے مگر اس کی شادی اسی سورۂ کی برکت سے ایک گورنمنٹ آفیسر جو کہ 34 سال کے ہیں ان سے ماشاء اللہ ہو چکی ہے وہ اب بہت خوش ہیں' چھ ماہ سے ماشاء اللہ ایک ساتھ کینیڈا میں خوشگوار ازدواجی زندگی گزار رہی ہیں۔ (امرین عائشہ)

گائے کا خالص دودھ پیا اور امراض معدہ ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے معدہ کی بہت تکلیف تھی ہر دو یا تین ماہ بعد معدے میں شدید درد ہونے لگ جاتا تھا۔ بہت علاج کروایا لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا پھر مجھے ایک انکل نے یہ نسخہ دیا۔ **ھوالشافی:** پندرہ دن صرف گائے کا خالص دودھ کچا یا ایک بار ابالنے کے بعد فریج میں رکھ دیں' جب جمنے کے قریب ہو تو فریج سے نکال لیں اور دو دو گھونٹ پئیں باقی پھر فریج میں رکھ دیں۔ جب بھی بھوک لگے یا پیاس صرف یہی دودھ پینا ہے۔ اس دوران کوئی بھی چیز نہ کھائیں' روٹی وغیرہ بھی نہیں کھاسکتے۔ ہاں البتہ تھوڑی سی کھیر یا ابلے پھیکے چاول کھاسکتے ہیں۔ روزانہ دو کلو دودھ استعمال کرنا ہے' اگر اس سے زیادہ استعمال کرنا چاہیں تو کرسکتے ہیں۔ یہ ٹوٹکہ لگاتار پندرہ دن استعمال کرنا ہے۔ پھر اس کے بعد مہینے بعد صرف ایک دن ہی ایسا کرنا ہے۔ یعنی ہر مہینے بعد بغیر کچھ کھائے صرف ایک دن دودھ استعمال کرنا ہے۔ دوبارہ کبھی بھی معدے کا مسئلہ نہیں ہوگا۔ آٹھ مہینے ہوگئے ہیں مجھے دوبارہ معدہ کا مسئلہ نہیں بنا۔ میں خود عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں' مجھے اس کے وظائف اور ٹوٹکے بہت اچھے لگتے ہیں اگر زندگی رہی تو حضرت حکیم صاحب سے ضرور ملوں گا۔ ان شاء اللہ۔ (ملک محسن' ہارون آباد)

تل والے تیل کے کرشمے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کی پرانی فائلوں سے ایک تیل کا نسخہ پڑھا۔ خالص تل کا تیل لے کر رکھ لیں' میں نے مسوڑھوں کے لیے اس کا استعمال کیا' اس تیل سے کافی فائدہ ہوا۔ **استعمال:** نہار منہ ایک چمچ کھانے والا خالص تل کا تیل یا کچھ زیادہ منہ میں ڈال کر پندرہ سے بیس منٹ ڈال کلی کرتے رہنا ہے۔ اس کے بعد منہ میں پانی ڈال کر کلی کرلینی ہے۔ دن میں ایک سے تین بار کرسکتے ہیں لیکن کھانے کے بعد نہیں کرنا۔ نہار منہ زیادہ بہتر ہے' اس کے بہت زیادہ فائدے ہیں جو نہ ختم ہونے والے ہیں' آپ آزما کر دیکھیں' فائدے خود آپ عبقری میں لکھیں گے۔ قبض' عورتوں کے مسائل' دانتوں کے امراض وہ تمام مسائل جو جسم کے اندرونی مسائل ہیں اور منہ کے ذریعے ہی جسم میں جاتے ہیں' تمام حل ہوجائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ **امام جعفرؒ کا بتایا ہوا وظیفہ:** اول و آخر درود شریف تین بار' ایک بار الحمدللہ' ایک بار سورۂ اخلاص' ایک بار سورۂ الکافرون' ایک بار سورۂ فلق' ایک بار سورۂ ناس' اس کے بعد تین بار آیۃ الکرسی پڑھ کر جس چیز بھی پڑھ کر پھونک دیں اور خیال میں دائرہ بنادیں۔ اللہ کی امانت میں دیں تو وہ چیز اللہ کی حفاظت میں آجائے گی۔ **گھر سے نکلنے کی دعا:** بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ گھر سے روز پڑھ کر نکلتی ہوں' اللہ کا کرم ہے کبھی کوئی حادثہ پیش نہیں آیا ہمیشہ محفوظ رہی۔ **یاحی یاقیوم تمام مسائل کا حل:** میں بہت پریشان تھی کچھ وقت ایسا تھا' ایک دن خواب میں آیا کہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ پڑھو' میں نے وہ پڑھنا شروع کردیا جب بھی کوئی مشکل آتی' فوراً حل ہوجاتی' یاحی یاقیوم کو جو بھی یقین کے ساتھ پڑھے گا اس کے تمام مسائل حل ہوجائیں گے۔ **درود شریف سے دولت ہی دولت سکون ہی سکون:** مجھے آٹھ ماہ ہوگئے درود شریف پڑھتے ہوئے' دو ہزار بار ضرور روز پڑھتی ہوں' اس کے علاوہ اٹھتے بیٹھتے پڑھتی رہتی ہوں۔ درود شریف نے مجھے بہت کچھ دیا ہے۔ 1۔ ڈیپریشن کا خاتمہ۔ 2۔ جاب نہیں تھی' دو دو جابز مل گئیں' پیسہ نہیں تھا اب اللہ کا بہت زیادہ کرم ہے۔ 3۔ برائیوں سے بچا کر رکھا ہوا ہے۔ 4۔ بہت اچھے اچھے خواب آتے ہیں کہ جسے میں سیڑھیاں چڑھ رہی ہوں' کسی پیر نے سر پر ہاتھ رکھتا ہے۔ (مریم طیبہ)

الرجی/خارش سے یقینی نجات اب ممکن ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' اس شمارے نے ہمارے بہت سے مسائل حل کردیئے ہیں۔ میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے جو میں عبقری کے قارئین اور تمام امت مسلمہ کیلئے الرجی' خارش سے نجات کیلئے ایک نسخہ لکھ رہا ہوں' مجھے یقین ہے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ اس نسخہ سے تمام الرجی' خارش سے متاثرہ افراد کو شفاء ملے گی۔ **ھوالشافی:** ہیکنٹر ایک خورد رو پودہ ہے جو چھوٹے چھوٹے پہاڑوں پر بکثرت پائے جاتے ہیں' اسلام آباد مارگلہ کے پہاڑوں ٹیکسلا والی سائیڈ مین روڈ کے ساتھ بے بہا لگے ہیں۔ ترکیب: ہیکنٹر کی پتے توڑ کر صاف کریں اور بڑے سے برتن پتیلا وغیرہ میں ڈال کر پانی سے بھر دیں' اتنا ابالیں کہ آدھا پانی رہ جائے۔ ابالنے کے بعد اس پانی کو بوتلوں میں ڈال کر فریج میں رکھ دیں۔ صبح نہار منہ چند گھونٹ پئیں' اس کے بعد جب بھی پیاس لگے پئیں' اس سے الرجی' خارش ختم ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ قبض ختم ہوجاتی ہے اور ساتھ ساتھ رنگ بھی نکھر جاتا ہے۔ آزمودہ نسخہ ہے اور اس کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ بھی نہیں ہے۔ (شمس الرحمٰن' ٹیکسلا)

آئیں ٹوٹکے آزمائیں اور پھیلائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' اس شمارے کا ہر ماہ مجھے شدت سے انتظار رہتا ہے' اس میں موجود ٹوٹکوں سے میں نے بہت فائدہ اٹھایا میرے پاس بھی قارئین عبقری کیلئے دو عدد ٹوٹکے ہیں جو میں ان کی خدمت میں پیش کر رہی ہوں۔ **پہلا ٹوٹکہ:** یہ ٹوٹکہ گلتی ہوئی انگلیوں کیلئے ہے جو گلنے کی وجہ سے کٹنے لگتی ہیں' مٹی کا تیل دن میں تین سے چار مرتبہ لگائیں' ٹھیک ہوجائیں گے۔ **دوسرا ٹوٹکہ:** چہرے سے یا جسم سے بال ہمیشہ کیلئے صاف کرنے کیلئے ویکس یا تھریڈنگ کرنے کے بعد جلد پر "گوئے" یا جسے "اوپلے" بھی کہتے ہیں کی راکھ بنا کر لگالیں۔ بیس پچیس منٹ بعد دھولیں۔ مستقل مزاجی سے کریں بال آہستہ آہستہ جلد پر سے بالکل ختم ہوجائیں گے۔ نہایت آزمودہ ہے۔ (ثمرا' لاہور)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

وظیفہ پڑھا! جس نے جادو کروایا وہ نظر آ گیا

ہم تمام گھر والوں پر سخت ترین جادو ہے' ہم تمام گھر والوں نے علامہ صاحب کا بتایا وظیفہ یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کر دیا' ابھی ہمیں پڑھتے ہوئے چند ماہ ہی ہوئے تھے کہ ہمارے گھر میں سکون آ گیا اور مجھے جاگتی آنکھوں کے ساتھ ان کی تصاویر دیواروں نظر آتی ہیں

طبیعت بہترین' گھر میں سکون آ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں رسالہ عبقری گزشتہ تین سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ اس میں آنے والے وظائف اور ٹوٹکے بہت جاندار ہوتے ہیں فوری اثر کرتے ہیں۔ ہمارے گھر میں بہت سارے مسائل تھے' میں خود ہروقت بیمار رہتا' بہت علاج معالجے کروائے' حکیموں طبیبوں ڈاکٹروں کے پاس چکر لگا لگا کر تھک چکا تھا مگر صرف وقتی فائدہ ہوتا دو چار دنوں کے بعد طبیعت پھر ویسے ہی ہو جاتی' گھر میں ہروقت عجب بے چینی تھی' ہر کوئی ایک دوسرے سے بیزار تھا' بس کوئی بات ہونے کی دیر ہوتی اور پورے گھر میں ہونے والی لڑائی کی گونج پورا محلہ سنتا۔

پھر ایک دن ماہنامہ عبقری پڑھتے ہوئے میری نظر علامہ لاہوتی پراسراری کے مضمون "جنات کا پیدائشی دوست" پر پڑی اور اس میں موجود وظیفہ یَاقَھَّارُ پڑھا۔ بس مجھے یوں لگا میری منزل یہی ہے۔ تمام گھر والوں نے یہی وظیفہ سارا صبح و شام گیارہ سو مرتبہ اور باقی سارا دن کھلا پڑھنا شروع کر دیا۔ الحمدللہ بہت فائدہ ہوا' میری طبیعت ٹھیک ہو گئی' گھر میں سکون آ گیا ہے۔ کاروبار میں بہتری آتی جا رہی ہے۔ بہت کمال کا وظیفہ ہے۔ (محمد نعیم' رحیم یار خان)

"جنات کا پیدائشی دوست" کتاب کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ سے ملاقات کا بے حد شوق ہے لیکن ہم آپ سے کافی دور ہیں' صوبہ خیبر پختونخوا میں رہتے ہیں' الحمدللہ! مذہبی ماحول حاصل ہے خواتین شرعی پردہ کرتی ہیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے فرضی عبادات کے ساتھ نفلی عبادات بھی اکثر کرتے رہتے ہیں۔ آپ کی بہت سی کتابیں پشاور اور اسلام آباد سے منگوائی ہیں' آپ کی کتاب "صوفی ازم کے روشن ستارے" پڑھی بے حد مزہ آیا' چشتیہ سلسلے کے بارے میں خاصی معلومات حاصل ہوئی' اپنے ابو کو پڑھنے کو دی' سب کو بہت پسند آئی۔ آپ کی دیگر کتابیں جو ہم نے پڑھیں "شاہراہ معرفت پر کامیابی کا سفر' موت کے سائنسی و روحانی انکشافات' روحانی دنیا کے انوکھے بھید' ندامت کے آنسو' حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ' دو انمول خزانے" اور باقی کئی چھوٹی بڑی کتابیں میرے پاس آپ کی موجود ہے جو خود بھی پڑھتی ہوں اور گھر والوں کو' خاندان والوں کو دیتی رہتی ہوں۔ جس طرح رسالہ عبقری کا کوئی جواب نہیں اسی طرح آپ کی تصانیف بھی بہت آسان اور سلیس کر کے سمجھاتی ہیں۔ بہت معلومات حاصل ہوتی ہوں۔ اب میں آتی ہوں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کی آپ بیتی "جنات کا پیدائشی دوست" پر' اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے جنہوں نے رسالہ عبقری کو زینت بخشی' "جنات کا پیدائشی دوست" کی پہلی جلد کا مطالعہ کیا بے حد معلومات ہاتھ آئیں' بہت مزہ آیا' کافی وظائف ملے۔ ان وظائف سے میری بہت سی پریشانیاں حل ہوئیں بلکہ میں نے جس کسی کو بتائے سب پر اللہ نے اپنا کرم کیا۔ اگر زندگی نے وفا کی تو میں آپ سے ملاقات کا شوق ضرور پورا کروں گی۔ اللہ عزوجل آپ کو اور آپ کی نسلوں کو آباد و شاد و خوشحال و عمر دراز رکھے۔ (پ۔پ)

جس نے جادو کیا وہ نظر آنا شروع ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ دو سال سے عبقری پڑھ رہی ہوں' عبقری میں آنے والے وظائف بہت شوق سے پڑھتی ہوں' علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ہمارا پسندیدہ ہے' اس میں آنے والے وظائف ہم تمام گھر والے پڑھتے ہیں' ہم نے کہیں سے معلوم کروایا تھا کہ ہم تمام گھر والوں پر سخت ترین جادو ہے' ہم تمام گھر والوں نے علامہ صاحب کا بتایا وظیفہ یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کر دیا' ابھی ہمیں پڑھتے ہوئے چند ماہ ہی ہوئے تھے کہ ہمارے گھر میں سکون آ گیا اور مجھے جاگتی آنکھوں کے ساتھ ان کی تصاویر دیواروں نظر آتی ہیں اور ساتھ میرے دل میں ڈالا جاتا ہے کہ ان ان افراد نے آپ پر جادو کروایا ہے۔ (م۔ع)

گھریلو مشکلات ختم' سکون ہی سکون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت ذوق شوق سے پڑھتے ہیں۔ گزشتہ سال کے شمارہ عبقری میں ہم نے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا ایک وظیفہ محمد رسول اللہ پڑھا۔ ہمارے گھر مسئلہ یہ تھا کہ ہم بہت سے مسائل میں جکڑے ہوئے تھے' ہر طرف پریشانیاں ہی پریشانیاں تھیں ساتھ قرض خواہ روز دروازہ پر آ کر کھڑے ہو جاتے جنہیں دینے کیلئے میرے پاس پھوٹی کوڑی نہ ہوتی۔ میں نے جب رسالہ عبقری میں محمد رسول اللہ کے فضائل پڑھے تو مجھے لگا کہ یہی وظیفہ میرے مسائل حل کرے گا۔ میں نے سارا دن کھلا پڑھا' بہت عرصہ کے بعد مجھے کوئی وظیفہ ملا ہے' جس نے مجھے سکون دیا ہے' گھر سے مشکلات کم ہوئی ہیں کچھ قرض ادا کر چکا ہوں' ان شاء اللہ وظیفہ جاری ہے عنقریب باقی بھی تمام اتار دوں گا۔ (ا۔س)

میری بدنصیبی' شیطان کے وساوس

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو صحت و تندرستی والی لمبی عمر عطا فرمائے اور آپ کی نسلوں کو بھی انسانیت کے دکھوں کا مداوا بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ ہم نے رسالہ عبقری میں ایک عمل دیکھا' ہم نے جب علامہ صاحب کی تحریروں میں اس کے فضائل دیکھے تو بہت اچھا لگا' الحمدللہ وظیفہ یَاقَھَّارُ ہر وقت کھلا پڑھ رہی ہوں' اب تک سوا اٹھائیس لاکھ پورے ہونے والے ہیں' علامہ صاحب اور آپ کی مہربانی و دعائیں ہیں کہ میں یہ وظیفہ پڑھ رہی ہوں' اس وظیفے کی برکت سے حمل کا چوتھا مہینہ شروع ہے اور سب کچھ بالکل ٹھیک ٹھاک ہے۔ (و۔ا)

(بقیہ: جنات سے دوستی مگر کیسے؟ ابھی پڑھیں!)

[illegible] کہنے لگے: "باباجی!" یہ عمل میں نے سردیوں میں شروع کیا تھا ایک دن میں فجر کی نماز پڑھنے کیلئے مسجد گیا' سردی بہت تھی' میں نے وضو گھر نہ کیا کیونکہ پانی بہت ٹھنڈا تھا مسجد میں گیزر اور ہیٹر کی سہولت میسر تھی اس لیے میں مسجد چلا گیا کہ پانی گرم ہو گا۔ لیکن جب میں مسجد گیا' گرم پانی ختم ہو چکا تھا اور ٹھنڈے پانی سے وضو کیا اور یہ خیال کیا کہ کمرے میں ہیٹر چل رہا ہو گا جلدی ہی گرم ہو جاؤں گا مگر مسجد کا ہیٹر بھی بند تھا اب ٹھنڈی آہ بھر کر نماز میں شامل ہو گیا۔ جناب! یقین کیجئے چند لمحے ہی گزرے تھے کہ میرا جسم گرم ہو گیا اور مجھے سو فیصد یقین تھا کہ کسی نمازی نے ہیٹر چلا دیا ہے اور سکون سے نماز پڑھی مگر میری حیرانی کی انتہا نہ رہی جب میں نے دیکھا تو ہیٹر بند تھا لیکن افسوس کہ استاد کے بغیر یہ میرا عمل پورا نہ ہو سکا۔ (محمد عبداللہ' اوکاڑہ)

(بقیہ: گھر خوشیوں کا گہوارہ بن گیا)

میں بے قصور روتی دھوتی اپنی امی کے گھر آ گئی' وہاں مجھے ماہنامہ عبقری ملا' میں نے اس میں موجود روحانی محفل کرنا شروع کر دی اور محفل کے بعد اللہ سے رو رو کر دعا کرتی کہ یااللہ! میرا گھر اجڑ رہا ہے' بچالے میں بے قصور ہوں' بچالے' میری ساس کو ہدایت اور میرے شوہر کے دل میں میری محبت ڈال دے۔ صرف تین ماہ کے بعد پہلے میرے شوہر مجھے ملنے آئے اور پھر اپنی والدہ کو لائے' اپنے کیے پر ندامت کا اظہار کیا اور مجھے باعزت طریقے سے میرے گھر لے گئے۔ الحمدللہ! میرے چار بچے ہیں اور میرے شوہر مجھ پر جان نچھاور کرتے ہیں اور میری امی (ساس صاحبہ) بھی میرا بہت زیادہ خیال رکھتی ہیں اور میں ان کی دل سے عزت کرتی ہوں۔ ہمارا گھر خوشیوں کا گہوارہ بن چکا ہے۔ اب تو میرے شوہر اور میری بڑی بیٹی بھی روحانی محفل باقاعدگی سے کرتے ہیں ہمیں کبھی کسی قسم کی پریشانی اگر ہو بھی تو جلد حل ہو جاتی ہے۔ (جویریہ خالد' کراچی)

(بقیہ: برسوں کی تھکاوٹ لمحوں میں دور)

جب اٹھتی کتاب کھولتی تو دل کرتا بس پڑھتی چلی جاؤں' جو مضمون بھی توجہ سے پڑھتی وہ زبانی یاد ہو جاتا۔ الحمدللہ! امتحان کی بھرپور تیاری ہوئی اور رزلٹ بہت زبردست ہوا۔ ان شاء اللہ امید ہے رزلٹ بھی بہت زبردست آئے گا۔ (ز۔لاہور)

قسط نمبر 35

گمشدہ چیز فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ

گمشدہ سامان ملنے کی حیران کن داستانیں

ہم دونوں مسلسل یقین اور پوری توجہ کے ساتھ وظیفہ پڑھنا شروع کیا اور ساتھ ساتھ ڈھونڈتے رہے تو چابیاں بچوں نے کرسی کی گدی کے نیچے رکھی ہوئی تھیں وہاں سے مل گئیں اور ہماری نظر سیدھی وہیں پر گئی حالانکہ میری اہلیہ پہلے وہاں پر چابیاں دیکھ چکی تھی۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔ (ایڈیٹر کے قلم سے)

وظیفہ پڑھا اور گمی ہوئی چابی مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں' آپ کے روحانی کالم میں دیئے گئے وظیفے کے متعلق میں اپنے مشاہدات بتانا چاہتا ہوں کہ ایک بار گھر میں سیف الماری کی چابیاں گم ہوگئی تھیں جو بہت تلاش کے بعد بھی نہیں مل رہی تھیں' اس وجہ سے میری اہلیہ بہت پریشان تھی اور وہ مسلسل چابیاں ڈھونڈ رہی تھی لیکن چابیاں نہیں مل رہی تھی۔ مجھے فوری طور پر آپ کا مسلسل قسط وار شائع ہونے والا وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یاد آیا تو میں نے اپنی اہلیہ کو بتایا کہ تم یہ وظیفہ پڑھو میں بھی پڑھتا ہوں ان شاء اللہ چابیاں مل جائیں گی۔ ہم دونوں نے مسلسل یقین اور پوری توجہ کے ساتھ وظیفہ پڑھنا شروع کیا اور ساتھ ساتھ ڈھونڈتے رہے تو چابیاں بچوں نے کرسی کی گدی کے نیچے رکھی ہوئی تھیں وہاں سے مل گئیں اور ہماری نظر سیدھی وہیں پر گئی حالانکہ میری اہلیہ پہلے وہاں پر چابیاں دیکھ چکی تھی۔ یہ اس وظیفے کی برکت ہے جو ہمیں چابیاں مزید کسی پریشانی کے مل گئیں۔ (محمد عثمان' سیالکوٹ)

وظیفہ پڑھا اور چند منٹ میں گمشدہ چیز مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق ذوق سے پڑھتے ہیں۔ اس رسالہ میں موجود تمام وظائف اور نسخہ جات بہت کمال کے ہوتے ہیں۔ جب بھی ہماری کوئی چیز گم ہوتی ہے تو ہم سب گھر والے فوراً یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھتے ہیں تو وہ چیز انہی لمحوں میں مل جاتی ہے۔ ایک بار میری کزن کا بہت ہی قیمتی سیٹ گم گیا تھا' میں نے خالہ کو پڑھنے کیلئے یہی وظیفہ بتایا وہ رات کو وظیفہ پڑھتے پڑھتے سو گئیں تو خواب میں ان کو اس سیٹ کے بارے میں بتایا گیا کہ یہ فلاں جگہ پر پڑا ہوا ہے جب خالہ نے صبح اٹھ کر دیکھا تو واقعی وہ وہاں پڑا ہوا تھا۔

دوسرا مشاہدہ: میری انگوٹھی نہیں مل رہی تھی میں نے پورے یقین اور کثرت کے ساتھ مسلسل یہ وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا تو وہ بھی مل گئی جو ناممکن جگہ پانی والی موٹر کے نیچے سے ملی۔ میرے دوست کا موبائل گم گیا تھا اسے بھی یہی عمل پڑھنے کیلئے بتایا کہ آپ بھی یہی وظیفہ پڑھو ہماری ہر چیز جو گم ہو جائے ہم پڑھتے ہیں تو مل جاتی ہے ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کا موبائل بھی یہ پڑھنے سے مل جائے گا۔ اس نے میری بات مانتے ہوئے اسی وقت وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا اور میں نے وظیفہ پڑھتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا اللہ! میں نے اسے تیرا نام پڑھنے کیلئے بتایا ہے اب آگے کا کام تیرا ہے۔ اگلے اس دوست کے بھائی کے موبائل پر کسی اجنبی شخص کا فون آیا کہ ہمیں ایک موبائل ملا ہے جس میں آپ کا نمبر ''بھائی'' کے نام سے درج تھا اس لئے ہم نے آپ کو فون کیا ہے جس کا موبائل ہے اس فلاں جگہ پر بھیج دیں کہ وہ آ کر اپنا موبائل لے جائے۔ جزاک اللہ! (ن۔ش)

گمشدہ موبائل ملنے کی حیران کن داستان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں امریکہ میں رہتا ہوں' چند دن پہلے ہی پاکستان آیا ہوں' امریکہ میں بھی ماہنامہ عبقری بذریعہ انٹرنیٹ ضرور پڑھتا تھا اور یہاں بھی پڑھتا ہوں۔ ماہنامہ عبقری میں آپ کا بتایا روحانی کالم کا وظیفہ نے میری بہت سی مشکلات حل کر دی ہیں۔ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا مشاہدہ ہوا کہ میرے کزن دوسری شاپ پر کام کرتے ہیں' وہ میرے پاس ملنے آئے تو انہوں نے اپنے تایا کو فون کرنا تھا کیونکہ ان کا فون نہیں مل رہا تھا جو انہوں نے دیکھ لیا تھا میں نے ان سے کہا کہ آپ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لیں ان شاء اللہ آپ کا موبائل ضرور مل جائے گا۔ جب وہ واپس آئے تو ان کے ہاتھ میں موبائل تھا جو ان کو باہر پارکنگ لان سے ملا حالانکہ وہاں پر بہت سارے کسٹمر بھی تھے اور گاڑیاں بھی آ جا رہی تھیں مگر اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ان کے فون کو کچھ نہیں ہوا۔ (شہاب' امریکہ' حال مقیم پاکستان)

یہاں سے تین سے چار دفعہ پہلے بھی گزر کر گیا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے کچھ دن پہلے میرے دوست کی چابی گم ہوگئی تھی' اس نے آ کر مجھے بتایا (ہم دوست اکٹھے بیٹھے ہوئے تھے) کہ میری چابی گم ہوگئی ہے میں دو تین دفعہ چکر بھی لگا آیا ہوں لیکن مجھے چابی نہیں ملی۔ میں نے سب سے کہا کہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں۔ سب نے تو نہ پڑھا صرف میں نے ہی پڑھا میرے پہنچنے سے پہلے ہی وہ دوست وہاں پر پہنچ گئے تھے جن کو چابی مل گئی تھی وہ دوست جس کی چابی تھی کہہ رہا تھا کہ میں پہلے بھی یہاں سے تین سے چار دفعہ گزر کر گیا ہوں لیکن مجھے یہاں پر چابی نہیں ملی تھی۔ (م۔ز)

ٹینشن ختم اور راستے کھلتے جا رہے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کو یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے بارے میں بتانا چاہتا ہوں کہ اس عمل سے مجھے برکات ملی ہیں کہ دکان پر کچھ پریشانی اور ٹینشن تھی جو اس عمل کے پڑھنے سے دور ہوئی اور اللہ تعالیٰ راستے کھولتے جا رہا ہے اور میں ہر وقت یہی وظیفہ پڑھتا ہوں شکر ہے اللہ تعالیٰ کا کہ ہر پریشانی دور ہو رہی ہے' ان شاء اللہ تعالیٰ میں اس وظیفہ کی قدر کروں گا اور اسے کبھی بھولوں گا نہیں۔ جزاک اللہ! (مبین)

قارئین اصلاح فرمالیں!

قارئین! حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی آرٹیکل ''گمشدہ چیز' فرد اور سرمایہ پانے کا راز'' میں ایک وظیفہ دیا گیا ہے جو کہ چند شمارے پہلے زیر زبر کی غلطی سے شائع ہوگیا۔ اصل وظیفہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ قارئین اصلاح فرمالیں! (ادارہ)

(بقیہ: خواتین جان لیں! دھنیا آپ کے خاندان کیلئے کتنا اہم ہے!)

اجزاء: (اطریفل کشنیزی) پوست ہلیلہ زرد' پوست بہیڑہ' آملہ خشک' کشنیز خشک ہر ایک پچاس گرام سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور چالیس گرام روغن بادام سے ملیں کہ ادویات تر ہو جائیں۔ تمام ادویہ سے تین گنا زیادہ چینی کا قوام بنا کر تمام دوا ملا کر محفوظ رکھیں۔ سوتے وقت: ایک چمچہ دوا کھا کر سو رہیں یہ اطریفل کشنیز دردسر خاص طور پر گرمی کی وجہ سے ہونے والا دردسر' آنکھوں کا درد کان کے درد کو دور کرتا ہے۔

مرد حضرات اگر سرعت انزال کی شکایت محسوس کریں خاص طور پر ایسے اشخاص جن کا مزاج گرم ہو ان کیلئے مندرجہ مرکب انتہائی مفید ہے۔ ھوالشافی: کشنیز خشک صاف سو گرام' پوست ہلیلہ زرد پچاس گرام' پوست بہیڑہ' پچاس گرام' آملہ پچاس گرام' ہلیلہ سیاہ پچاس گرام روغن بادام خالص پچاس گرام میں تمام ادویہ کٹی ہوئی ملا کر کشمش تین سو گرام شامل کریں۔ چینی 750 گرام کا قوام بنا کر تمام ادویات شامل کر کے معجون تیار کریں اور صاف خشک برتن میں محفوظ رکھیں۔ صبح نہار منہ شام چار بجے ایک چمچہ بھر دوا ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال میں لائیں۔ ان شاء اللہ دائمی فوائد حاصل ہوں گے۔ نظر کی کمزوری' دماغی کمزوری کیلئے درج ذیل نسخہ استعمال کریں۔ کشنیز خشک صاف شدہ 100 گرام' مصری 200 گرام' گری بادام 100 گرام' مغز پستہ پچاس گرام' مغز نہار پن صاف اور تازہ پچاس گرام۔ خشخاش صاف شدہ سو گرام' فلفل سیاہ بیس گرام' الائچی خورد دس گرام تمام باریک دلیہ کی مانند کوٹ چھان کر خشک برتن میں رکھیں۔ ایک چمچہ صبح ناشتہ سے قبل ہمراہ دودھ کھائیں۔ بچوں کو حسب عمر دیں۔

مبارک ہیں وہ لوگ: مبارک ہیں وہ لوگ جن کے پاس نصیحت کے لیے الفاظ نہیں اعمال ہوتے ہیں۔ (خواجہ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ)

عبقری رسالہ ادویات' کتب آپ کے شہر میں

لاہور میں ادویات اور رسالہ کیلئے عبقری ایجنسی 0322-8081142

نام شہر اور فون نمبر

احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اٹک 0321-5247893
اسلام آباد 0336-0195366
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد: 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالہ 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر: 0333-8045050
بہاولنگر 0333-6320766
بھیرہ شریف 0301-6799177
بہاولپور 0333-6367755
بوریوالا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھاگٹانوالہ 0322-7836671
بٹ خیلہ/ چکدرہ: 0344-9783610
بھکل: 0334-4306823
پشاور 0314-9007293
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پشاور 0333-9161237
پشاور صدر 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
تونسہ شریف 0331-6464456
تلہ گنگ 0346-5771975
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6755442
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
ٹیکسلا 0307-8321046
جہانیاں 0321-7359861
جہلم دینہ 0333-5806101
جنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6758452
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیروالا 0300-8985689
جگلوٹ گلگت 0312-9934607
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چنیوٹ 0332-2544447
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چوآ سیدن شاہ 054-3580102
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد: 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدرآباد 0300-3790255

"عبقری" نام رجسٹرڈ ہے کوئی ایجنسی، کلینک، مطب، اکیڈمی یا گھر کے ساتھ عبقری کے نام کا استعمال قانوناً ممنوع ہے۔ جو لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں وہ یہ نام فوراً ختم کر دیں، ورنہ ایجنسی ختم کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر

حیدرآباد: 0300-0936775
حیدرآباد 0300-3215348
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
خیر پور ٹامیوالی: 0302-7779671
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 051-5505194
رائے ونڈ 0300-4719056
رائے ونڈ: 0341-4037028
رحیم یار خان 068-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
دیپالپور 0300-4059957
درگئی: 0343-4959350
دریا خان: 0303-9622443
ڈنڈا شاہ بلاول: 0336-5953230
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈسکہ 0346-6747112
ڈیرہ غازی خان 064-2017622
ڈیرہ غازیخان 0315-8701970
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سمندری 0335-7724570
سمندری: 0300-0310313
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786
سکھیکی منڈی: 0342-6565723
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6938847
شیخوپورہ 0341-6616915
شجاع آباد 0300-2539685
شہدادپور 0334-3100962
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر: 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ: 0301-6644331
صادق آباد 0333-7452600
صوابی: 0314-9661622
ظاہر پیر 0333-6353870
ظفروال: 0333-8749464
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فتح پور 0333-6843333
کنگری ضلع لورالائی 0828-601084
کنڈیارو 0300-3215348
کراچی 0300-3218560

ادارہ کی طرف سے دواؤں، خزانہ اور کتب کوئی شخص چھاپ سکتا۔ قانونی حق محفوظ ہے۔

ایجنسی ہولڈر بورڈ، اشتہار، پیڈ، بینر اور دوکان پر حکیم صاحب کے نام کی "زیر سرپرستی" کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ قانوناً غلط ہے۔ کوئی اجازت نہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔

نام شہر اور فون نمبر

کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134
کوٹ ادو 0333-6003909
کوٹ ادو: 0331-6007670
کوہاٹ 0922-511760
قصور 0322-7616470
کاموکی 0323-8240642
کھپرو 0336-0312694
کوئٹہ 081-2824617
کلورکوٹ 0300-7780221
کھوڑ 0307-5137855
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911
کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی: 0301-6267600
کرمشانی: 0301-8955413
گجرات 0302-6292132
گجرات 0333-8443093
گوجر خان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
قلعہ دیدار سنگھ 0300-8356645
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0320-9439889
لاہور 0322-8081142
لاہور 0322-4614031
لاڑکانہ 0345-3228855
لورا 0321-5500221
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
منڈی بہاؤالدین 0345-6810615
مظفر گڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ 0300-2753463
ملتان 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
مری 051-3410777
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
میاں چنوں 0333-8884615
مینگورہ: 0345-4947759
منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
ملہوالی: 0333-5333389
مظفر آباد 0312-4602800
میرپور خاص 0333-3436222
میرپور آزاد کشمیر 0332-5855356
منچن آباد 0331-7584075
نارووال 0322-4861522
نوشہرہ نخیر پختونخواہ 0321-9702005

ایجنسی سے صرف پیکنگ شدہ دوائی لیں، کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری ادویات ہی لیں خود ساختہ دوائی نہ لیں۔

نام شہر اور فون نمبر

نواب شاہ 0333-8775548
نوشکی 0332-7846812
نورکوٹ: 0301-6195500
وہاڑی 0306-8281075
وہاڑی 0301-6661714
وزیر آباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
وانا: 0301-3232634
ہارون آباد 0333-4985886
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421
یزمان 0346-4934044
نیوجرسی' یو ایس اے
01-683-1882
شکاگو 630-589-6432
یو کے
0044-7880-9842-16
آگی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سنجاوی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
درہ پیزو 0300-9097993
درہ آدم خیل 0342-9233590
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
مانسہرہ 0301-8133822

ایجنسی ہولڈر قیمت زیادہ لیتے ہیں

مسلسل شکایت ہے کہ ایجنسی ہولڈرز ڈبی پر لکھی قیمت سے زائد وصول کرتے ہیں' عبقری ان کو معقول کمیشن دیتا ہے۔ اگر آپ کے علم میں ایسا ایجنسی ہولڈر ہے تو فوراً دفتر ماہنامہ عبقری میں خط لکھیں یا اس نمبر 0343-8710009 پر بذریعہ میسج اطلاع کریں۔ ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ مزید عبقری کے علاوہ اپنی غیر مستند اور ناقص ادویات بھی چلا رہے ہیں نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے' عبقری دفتر سے ان کی اجازت نہیں۔

ایجنسی ہولڈر بھی خطرناک عامل بن گئے

وہ لوگ جو عملیات' تعویذات اور وظائف کی الف، ب سے بھی واقف بھی نہ تھے انہوں نے ماہنامہ عبقری اور عبقری ادویات اگر ایجنسی شروع کر دیں تو انہوں نے باقاعدہ لوگوں کو دم کرنا اور تعویذ دینا شروع کر دیا جس کے نہایت خطرناک الٹ نتائج عبقری کے دفتر میں مسلسل آرہے ہیں۔ قارئین! عبقری کی طرف سے ایسی نہ کوئی اجازت ہے اور نہ کوئی ترتیب۔ ایسا کرنے میں نقصان کے ذمہ دار لوگ خود ہوں گے ادارہ عبقری اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

پورے سال کی مبارک گھڑیاں تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے

ہر سال رمضان المبارک کے پرنور و بابرکت لمحات' قیمتی گھڑیاں اور اپنی زندگی سنوارنے کیلئے پورا رمضان المبارک تسبیح خانہ لاہور میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی زیر نگرانی گزاریئے۔ سحری و افطاری کا مکمل اور بہترین انتظام' چوبیس گھنٹے بجلی کی بلاتعطل فراہمی ہوگی۔

27 ویں شب: رمضان المبارک کی 27 ویں شب تراویح میں ختم القرآن کے مبارک موقع پر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم ایمان افروز درس کی صورت میں انمول موتی بکھیریں گے۔ درس میں خاص الخاص وظیفہ اجازت کے ساتھ بتایا جائے گا جو زندگی کی ہر پریشانی' روحانی و جسمانی امراض سے شفاء یابی کا ذریعہ ہوگا۔

شب برأت: ہر سال پندرہ شعبان المعظم کی مکمل شب تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے' حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا پرسوز درس جس میں خاص اذکار اور اعمال۔ ساری رات وہ عبادات جو صحیح احادیث سے ثابت ہیں۔ تہجد کے وقت حضرت حکیم صاحب برکاتہم خصوصی رقت آمیز دعا کروائیں گے۔ روزہ رکھنے والے افراد کیلئے سحری کا انتظام ہوگا۔

جشن آزادی پاکستان: آزادی پاکستان کے حوالے ہر اگست کو تسبیح خانہ لاہور میں خاص درس ہوگا۔ جس میں شہدائے 1947ء کیلئے خصوصی دعا کی جائے گی اور انہیں خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔

نوٹ: تسبیح خانہ لاہور میں قیام کیلئے آنے والے حضرات حسب موسم بستر ہمراہ لانا ہرگز نہ بھولیں!

کاروبار کو مستحکم کرنے کیلئے: اگر کوئی شخص اپنے باغ، کھیت یا کاروبار کو مستحکم رکھنا چاہتا ہے تو یَابَاقِیْ کو صبح و شام 313 پڑھنے کا معمول بنالے

برص پھلبہری کورس

انسان کی شکل کو بدنما اور داغدار بنانے والی نامراد بیماری کا آزمودہ علاج
جس نے بھی آزمایا لاجواب پایا

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم

حسن کو لگے گہن کا آزمودہ علاج

باقاعدگی کا استعمال ہی اس روگ سے نجات کا باعث

برص، خارش، چنبل، ایگزیمیا، کوڑھ، جزام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا

معدہ کا السر (کورس)

معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج

معدہ کے تمام امراض اور علاج صرف معدہ کا السر کورس

معدہ کو صحت منداور ہشاش بشاش بنایئے

میں درد ہو معدہ کا کینسر ہو، تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں

بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں

(قیمت صرف -/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

خون افزاء ٹانک خون بنانے والی گولیاں

☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے، جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ، اسٹریس، ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ ڈھلتی عمر کے افراد کو تیز براق بنانے میں صدیوں سے آزمودہ فارمولہ مستقل صحت و توانائی اور فولادی قوت کیلئے بے مثال ☆ جوڑوں کے دردوں میں مبتلا کچھ عرصہ استعمال کریں پھر کمال دیکھیں ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔ کمزور حاملہ خواتین دوران حمل اور بچہ کی پیدائش کے بعد ضرور استعمال کریں۔ ☆ اچھی خوراک کھا کر بھی کمزور اور ہڈیوں ڈھانچہ بننے والی چند ڈبیاں استعمال کریں۔ ☆ آنکھوں میں چمک اور چہرے پر گوشت لائے۔ ☆ پوشیدہ امراض کی شکار خواتین ضرور استعمال کریں۔ ☆ مائیں اپنے کمزور بچوں کو چند ڈبیاں استعمال کریں اور پھر ان کی صحت میں کمال دیکھیں۔ قیمت:-/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

آسمان کی رونق ستاروں سے ہے اور چہرے کی رونق خوبصورت دانتوں سے

سچا منجن دانتوں کا پیلا پن ہمیشہ کیلئے ختم

قیمت: 70 روپے علاوہ ڈاک خرچ

مسوڑھوں سے خون آنا بند، دانت صاف اور مضبوط

دانتوں میں صحت کی نئی لہر دوڑا دیتا ہے۔

دانتوں کو مضبوط اور دانتوں کو قدرتی چمک بخشے۔

مسوڑھے پھول جائیں یا ٹھنڈا گرم لگے صرف چند مرتبہ کے استعمال سے یقینی سچی شفاء حمل کے بعد دانتوں کی کمزوری کا سچا موثر حل

ڈاڑھ کا درد جتنا ہو تھوڑا سا "سچا منجن" لگائیں درد فوراً ختم

اصلاح معدہ و جگر پیکیج

قیمت صرف -/440 روپے علاوہ ڈاک خرچ

معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج

معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے | معدے کے زخم کی خاص دوا

قیمتی قدرتی جڑی بوٹیاں جو سوزش اور معدہ کے زخم بھرنے میں مدد دیتے ہیں

رحم کے ورم کی شکار خواتین کیلئے بہترین ٹانک | معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کرکے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔

چہرہ پر چھائیاں ہوں یا رنگت پیلی بے فکر ہو کر یہ پیکیج استعمال کریں

اپنڈی سائٹس میں مفید

خالص شہد کے متلاشی متوجہ ہوں!

نبی کریم ﷺ کی پینے والی غذا میں سب سے زیادہ پسندیدہ غذا

"شہد" کیمیائے صحت مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

دل و دماغ اور معدہ و جگر کو غضب کی تقویت بخشے

"شہد" مصفی خون ہونے کے علاوہ مولد خون بھی ہے۔

عبقری کا شہد سو فیصد خالص ہے۔ موسمی تبدیلی کی وجہ سے شہد کا جمنا فطری عمل ہے مصنوعی اور ملاوٹ نہ سمجھی جائے۔

قیمت: 330 گرام 240 روپے۔ ایک کلو پیکنگ 700 روپے
500 گرام 350 روپے

عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

عرق موٹاپا شفاء

موٹاپا بدن میں چربی بڑھنے کے باعث بنتا ہے اس وقت معاشرہ تیزی سے

موٹاپے کی طرف بڑھ رہا ہے اور ہر دوسرا شخص موٹاپے سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں گھرتا جا رہا ہے۔ مردوں کی نسبت خواتین میں موٹاپا بہت بڑھ رہا ہے۔ اس کی تیزی سے بڑھنے کی وجہ فاسٹ فوڈ، ہوٹل اور بیکری کی چیزیں ہیں۔ موٹاپا نہ صرف انسان کی خوبصورتی ختم کرتا ہے بلکہ مختلف خطرناک قسم کی بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ خواتین میں تو اب بچپن سے موٹاپا آنا شروع ہو گیا ہے موٹاپے کی وجہ سے خواتین کم عمر میں ہی بوڑھی نظر آتی ہیں اور انہیں ہارمونز کا مسئلہ رہتا ہے۔ موٹاپے کی وجہ سے کئی بچیوں کی شادی نہیں ہو پاتی، شادی ہو بھی جائے تو کئی بچیاں اولاد کی دولت سے محروم رہتی ہیں۔ ''عرق موٹاپا شفاء'' بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے جسم کی چربی کو پگھلاتا ہے اور جسم سلم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ سانس کا پھولنا ختم ہو جاتا ہے، دل پر بوجھ کم ہو جاتا ہے۔ ایسی خواتین جن کو ایام یعنی حیض وقت پر نہیں آتا یا رک رک کر آتا ہے ان کیلئے ''عرق موٹاپا شفاء'' بہترین شفاء ہے۔ ''عرق شفاء سیرپ'' ایسی خواتین کیلئے بھی مفید ہے جو ڈلیوری کے بعد موٹاپے کا شکار ہو جاتی ہیں۔ (قیمت 350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

بلڈ پریشر شفاء

بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار کردہ

ہائی بلڈ پریشر ایک موذی مرض ہے جو آج کل بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے، دماغی کام کرنے اور کرسی پر بیٹھنے والوں میں یہ مرض بہت زیادہ ہوتا ہے۔ بلڈ پریشر کی وجہ سے ہر وقت سر درد، غصہ، ٹینشن، چڑچڑاپن، کسی کام کو دل نہ کرنا، نیند بالکل ختم ہو جانا، کبھی آدھے اور کبھی پورے سر میں درد ہوتا ہے، سر چکراتا ہے، آنکھوں کے سامنے ہر چیز گھومتی نظر آتی ہے اور اس کیلئے بہت قیمتی اور ہائی ڈوز گولیاں کھانا پڑتی ہیں جس سے مریض دواؤں کا عادی بن جاتا ہے۔ عبقری کی پراڈکٹ ''بلڈ پریشر شفاء'' ایک ایسی دوا ہے جو بلڈ پریشر کو لیول پر لاتی ہے۔ اگر بلڈ پریشر ہائی ہو تو نارمل کرتی ہے اور اگر لو ہو تو بھی نارمل کرتی ہے۔ ''بلڈ پریشر شفاء'' پینے میں کڑوی لیکن شفاء میں میٹھی ہے، کئی ایسے مریض جو بلڈ پریشر کیلئے ڈھیروں گولیاں کھاتے تھے پھر بھی سکون نہیں تھا ''بلڈ پریشر شفاء'' سیرپ نے انہیں سب دواؤں سے آزاد کر کے شفاء دی۔ یہ سیرپ خالص جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار ہے بغیر کیمیکل اور سٹیرائیڈ سے پاک ہے، بڑے چھوٹے خواتین سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ ''بلڈ پریشر شفاء'' سیرپ مستقل اور دائمی شفاء دیتا ہے اور سب دواؤں سے آزاد کر دیتا ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

معذور شفاء ٹانک

معذور و کمزور افراد کیلئے انوکھی دوا

''معذور شفاء ٹانک'' ایک ایسی انوکھی اور لاجواب دوا ہے جو ہر عمر اور ہر موسم میں مفید ہے کسی قسم کا سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ ''معذور شفاء ٹانک'' پولیو، فالج، لقوہ، رعشہ، ادھرنگ، حادثہ یا ایکسیڈنٹ [illegible] کے بچے [illegible] کا ختم ہو جانا، پاؤں یا ٹانگ [illegible] گھسیٹ کر چلنا، بچوں میں سوکھا پن، ٹیڑھا پن، پیدائشی معذوری، کمزوری کی وجہ سے پیشاب کا پتہ نہ چلنا، دماغی کمزوری، نیند کی کمی، ٹینشن، ڈیپریشن، پاگل پن، مرگی، کسی غم حادثہ یا اچانک خبر سن کر پاگل ہو جانا، جسم میں درد، اعصاب کی کمزوری۔ ان تمام امراض کیلئے ''معذور شفاء ٹانک'' ہی میں شفاء ہے۔ پرانے سے پرانے امراض میں معذور شفاء کامیابی سے مریض کو نئی زندگی دیتی ہے۔ مرد و خواتین، بچوں، بوڑھوں کیلئے ہر موسم میں اکسیر اعظم ہے۔ پٹھوں کو طاقت دیتی ہے، پنڈلیوں، کمر اور اعصابی دردوں میں فائدہ مند ہے۔ جو بچے پیدائشی معذور ہوں ان کو بھی تین سے چھ ماہ تک ''معذور شفاء ٹانک'' مستقل کھلائیں۔ ترکیب استعمال: معذور شفاء ٹانک بچوں کیلئے چنے کے برابر دن میں ہر گھنٹے کے بعد۔ بڑوں کیلئے: چوتھائی چمچہ ہر گھنٹے کے بعد، حسب طبیعت مقدار خوراک کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔ (قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

بدہضمی، گیس، تبخیر پیٹ کا بڑھنا قابل علاج ہے (کورس)

موجودہ زندگی کی غذائی بے اعتدالی پھر غیر متحرک زندگی اور چلتی پر تیل کا کام کہ مرچ مصالحے چٹ پٹی چیزوں کا بکثرت استعمال یہ تمام اعمال مل کر معدے اور آنتوں کے نظام کو ناکارہ اور غیر فعال کر دیتے ہیں۔ انسان جو غذا بھی استعمال کرتا ہے وہ چونکہ دیر سے ہضم ہوتی ہے یا پھر اس کے ہضم ہونے کیلئے حرکت یعنی چلت پھرت چاہیے اور وہ ہوتی نہیں پھر وہی غذا معدے اور آنتوں میں سڑ کر گیس اور تیزابیت بناتی ہے یہ گیس اگر دماغ کی طرف اپنے اثرات بڑھائے تو غنودگی ہر وقت نیند کی کیفیت یا پھر نیند بالکل ختم ہو جاتی ہے۔ چہرے کے اطراف سرخ اور گرم ہو جاتے ہیں۔ سر میں چکر آتے ہیں بلڈ پریشر تھوڑی تھوڑی بات سے ٹینشن اور بدمزگی پیدا ہونا۔ غذا کا جزو بدن نہ بننا، دل کی دھڑکن تیز، دل کا ڈوبنا اور گھبراہٹ کا بار بار پیدا ہونا یا پھر مستقل جسم پر گھبراہٹ کا مسلط رہنا، منہ سے بدبو، کھٹے ڈکار، قبض یا پھر اجابت کا غیر تسلی بخش آنا، مسوڑوں کا پھول جانا، منہ میں چھالے اور زبان کا پھٹ جانا یا پھر اس پر سفید تہہ کا جم جانا یہ تمام علامات معدے کی خرابی، تبخیر یا گیس بادی اور بدہضمی کی ہیں ایسی حالت میں اگر سوڈا واٹر یا تیزابی پانی استعمال کیا جائے تو اس کی بظاہر اچھی کیفیت، لیکن حقیقت میں بہت زیادہ نقصان ہوتا ہے اور یہی بڑھ کر معدے کے السر یا پھر معدے کے لاعلاج مرض کی شکل اختیار کر لیتا ہے ہمارے شعبہ تحقیق نے اس مرض کا شافی علاج دریافت کیا ہے۔ آپ بھی اس سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں اور ایسے لوگوں کی فہرست میں آسکتے ہیں جن کا شمار صحت مند اور کامیاب لوگوں میں ہوتا ہے۔ (قیمت صرف 600 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

گرمی کی زیادتی: جسم میں گرمی کی زیادتی اور اس وجہ سے ہاتھ پاؤں میں جلن ہو تو خشک دھنیا مصری شامل کر کے کھانے سے یا سبز دھنیا چینی ملا کر گھوٹ کر پینے سے جسم کی گرمی زائل ہو جاتی ہے

عروسی سہاگ کورس

شادی سے پہلے اور بعد

(صرف مردوں کیلئے)

آئیے ہم آپ کو جینے اور طاقت پانے کا گر سکھائیں

زندگی کی بہاریں اندھیری راہوں میں لٹانے والوں کیلئے خوشخبری

بڑھاپے کی طرف مائل دوبارہ اٹھارہ سال جیسا شباب حاصل کر سکتے ہیں

قدرتی لازوال جڑی بوٹیوں کے نچوڑ سے تیار شدہ بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ

ہر عمر کا مرد بلا جھجک استعمال کرے اور قدرتی جڑی بوٹیوں کا کرشمہ دیکھے

سالہا سال سے کھوئی ہوئی قوتوں کو دنوں میں واپس لائے

(قیمت -/5000 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

گرمی کی جلن' سوزش جب جسم میں بڑھے اور بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف

ٹھنڈی مراد

شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے

نئی زندگی، شادابی اور شخصیت میں نکھار

ہاتھ پاؤں میں جلن' سر چکرانا' منہ کی خشکی' آنکھوں کے سامنے اندھیرا' دل ڈوب جانا' چہرہ سیاہ ہو جانا' قبض' ہائی بلڈ پریشر' زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض ان تمام امراض کیلئے ٹھنڈی مراد صدیوں سے آزمودہ ہے۔ گزشتہ چالیس سال سے تیار ہونے والی نہایت کامیاب ترین دوا

جسم ٹوٹے دل گھبرائے یا پتھری ستائے صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں

عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین

(قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

پیچش شفاء

بچوں' نوجوانوں اور بوڑھوں کیلئے سو فیصد یکساں

دست' مروڑ' بدہضمی اور پیچش کی کامیاب دوا

پرانی سے پرانی پیچش' موسمی وبائی' ہیضہ کے دنوں میں ہونے والے پتلے پیلے اور نیلے دستوں کیلئے بہترین دوا

سفر میں ہوں یا گھر میں یا دفتر میں یا اپنی کسی مصروفیت میں ہوں' "پیچش شفاء" کو ہمیشہ اپنے ہمراہ رکھیں

قسم کے سٹیرائیڈ' کشتہ جات اور زہریلی قسم کی ادویات سے پاک

بے شمار لوگوں کی آزمودہ

پتہ پتھری شفاء

پتہ کی پتھری کا آسان اور آزمودہ علاج

پتھری کیلئے آپریشن کروانے سے پہلے اسے ضرور آزمائیں

یہ دوائی صرف ایک رات میں پتھری ختم کرتی ہے

ایک دوائی پنسار سے لیں اور ایک ہم سے اور پتھری کی تکلیف سے ایک رات میں ہمیشہ کیلئے نجات پائیں

صرف چار گلاس پئیں اور پتھری ختم

(قیمت 90 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

سخت گرمی' لُو' گرم ہوائیں' پریشان نہ ہوں!

سب کیلئے سدا کیلئے

ٹھنڈک پیکیج

دل دماغ جگر کو تروتازہ رکھے

موسم گرما کی جلتی بھنتی ساعتوں میں شفاعوں کی ٹھنڈی پھوار گرمی سے پیدا ہونے والے تمام امراض کیلئے "ٹھنڈک پیکیج" ایک نفیس' پرکیف اور حیرت انگیز ذریعۂ شفاء

حکیموں اور ڈاکٹروں سے بے نیاز کر دینے والا شاندار پیکیج

یورک ایسڈ ہو یا ڈپریشن ٹینشن کے پرانے مریض صرف ایک بار آزمائیں

قیمت:-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

روحانی عطر

رزق میں بے برکتی کی شکایت کرنے والے ایک مرتبہ ضرور استعمال کریں

نیک جنات روحانی عطر لگانے والے کی حفاظت کرتے ہیں' عطر لگانے والے کیلئے نیک صالح جنات دعا کرتے ہیں۔ عطر لگانے والے کو اللہ والوں کا قرب ملتا ہے۔

روحانی عطر لگانے والے کو دنیا میں عزت ملے گی' ذکر میں دھیان ہوگا

بہت سے موذی امراض کا علاج ہے

بے سکونوں کو سکون اور بیماروں کو شفاء ملے

قیمت صرف 240 علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ کے انوکھے کمالات

صرف ان ہزاروں لوگوں کے تجربات میں سے چند تجربات آپ کے مطالعے کیلئے

کیا واقعی یہ شوگر فری سیرپ ایسا ہی باکمال ہے؟ آزمائش شرط ہے!!!

چہرے کی رنگت نکھر گئی: میرے چہرے پر داغ' دھبے' چھائیاں کیل مہاسے تھے۔ میں نے ہیپاٹائٹس نجات سیرپ استعمال شروع کیا پہلے تو فائدہ محسوس نہ ہوا لیکن میں نے اپنا اعتماد نہ توڑا مسلسل استعمال کرتی رہی' چند ہفتوں کے استعمال کے بعد اس کے واقعی وہ رزلٹ ملے جو غیر ملکی قیمتی کریموں نے بھی مجھے نہ دیئے تھے اور میرا چہرہ شفاف اور بالکل چاندی کی طرح ہوگیا ہے۔ **دائمی قبض اور بواسیر ختم ہوگئی:** مجھے کسی نے یہ سیرپ دیا' جس کا لیبل اترا ہوا تھا میں نے بوتل کو منہ لگا کر پینا شروع کردیا' دو دن میں ایک بوتل میں ختم کردیتا تھا کیونکہ طریقہ لکھا ہوا تھا نہیں' انہوں نے مجھے جگر کے امراض کیلئے دیا تھا' جہاں میرے جگر کے امراض میں فائدہ ہوا وہاں میں دائمی قبض کا مریض تھا اور پرانی بواسیر نے مجھے عاجز کردیا تھا۔ اللہ کے فضل سے دائمی قبض بھی ختم ہوئی اور بواسیر کا بھی خاتمہ ہوا۔ **چہرے کے غیر ضروری بالوں کا نشان تک نہ رہا:** مجھے پرانے ہارمونز مسائل تھے میں نے بے شمار ادویات استعمال کیں' وقتی فائدہ ہوجاتا اور پھر تکلیف دوبارہ ہوجاتی اس کے بعد میرے جسم پر غیر ضروری بال نکلنا شروع ہوگئے اور خاص طور پر چہرے پر بہت بری طرح بال پھیلنا شروع ہوگئے۔ ہماری ملنے والی ایک خاتون نے یہ سیرپ ان بالوں کیلئے استعمال کیا تھا اس نے دو چمچ ہر دو گھنٹے کے بعد استعمال کیے اور ایک بوتل دو دن میں ختم کی بقول اس کے کہ دس بیس بوتلوں میں چہرے کے غیر ضروری بال چھائیاں موٹاپا' ہارمونز کے مسائل اور بڑا ہوا پیٹ بالکل ختم ہوکر جسم تندرست ہوجاتا ہے۔ حتیٰ کہ پرانی لیکوریا بھی زندگی بھر کیلئے ختم ہوجاتی ہے۔ واقعی ایسا ہوا پھر میں نے اپنی بے شمار اور خواتین کو یہ استعمال کرایا ان کو بھی بہت فائدہ ہوا۔ **گیس' تبخیر' جلن اور بدہضمی ختم ہوگئی:** مجھے ہیپاٹائٹس سی بہت پرانا تھا' انجکشن کے تین کورس کرائے لاکھوں روپے خرچ کیے لیکن تکلیف بار بار ہوجاتی تھی۔ میں نے عبقری سے پڑھ کر یہ سیرپ استعمال شروع کیا اب اللہ کا فضل ہے کہ ہیپاٹائٹس بھی ختم ہوگیا اور ساتھ تیزابیت' گیس' تبخیر بالکل ختم ہوگئی۔ بھوک خوب لگتی ہے' کھانا ہضم ہوتا ہے' خون بنتا ہے' پہلے جسم میں دردیں اور کھچاؤ رہتا تھا اب وہ بھی ختم ہوگیا ہے۔ **اور ہیپاٹائٹس ختم ہوگیا:** قارئین! ہزاروں سے بھی زیادہ ایسے مایوس اور لاعلاج مریض جو ہیپاٹائٹس سے عاجز اور تنگ آچکے تھے اللہ تعالیٰ [illegible] انہیں ہیپاٹائٹس سے واقعی نجات عطا فرمائی اور سو فیصد صحت مند ہوگئے۔ (قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

سکون افزاء

شوگر فری ہربل سیرپ

نئے فارمولے کے ساتھ

ٹینشن' ڈیپریشن' بے خوابی' شوگر' ہائی بلڈ پریشر کا آزمودہ علاج

مشینی دور جسم کو بھی مشین بنا دیا لیکن جسم تو گوشت پوست کا بنا ہوا یہ مشین کی طرح آخر کیسے چل سکتا ہے اگر جسم زیادہ عرصہ مشین بنا رہے یا پھر ٹینشن، ڈپریشن اور نفسیاتی الجھنیں مسلسل بڑھتی چلی جائیں تو دل و دماغ، جسم اور اعصاب آہستہ آہستہ ساتھ چھوڑتے چلے جاتے ہیں پھر اس کے دو حل ہیں، ایک حل وقتی سکون آور گولیاں، دوسرا حل جس مٹی سے جسم بنا اس مٹی سے پیدا ہونے والی قدرتی جڑی بوٹیوں سے اس مٹی سے بنے ہوئے جسم کا عارضی نہیں دائمی علاج کیا جائے۔ ذہنی تفکرات، صدمات، گھریلو الجھنیں جب آپ کو مریض بنا دیں تو سکون افزا ایک بہترین معالج اور ساتھی ثابت ہو۔ ہضم کے مسائل، گیس تبخیر، بدہضمی، کھٹے ڈکار، اپھارا، سینے میں جلن اور بوجھ، سکون افزاء سے فوری حل۔ نیند کی کمی، جسم سو رہا ہو دماغ جاگ رہا ہو یا آپ نیند کی گولیاں کھانے کے عادی ہیں تو سکون افزاء اس کا فوری اور دائمی حل بھی ہے۔ جسم کے پٹھے اور اعصاب کمزور ہوں، دفتر میں یا کاروباری معاملات میں الجھ کر آپ تھک گئے ہوں یا پھر فوری تھک جاتے ہوں تو آپ پریشان نہ ہوں سکون افزاء ساتھی ہے۔ دائمی نزلہ کیرا، ناک کی بڑھی ہوئی ہڈی، چھینکوں کا طوفان اس سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔ نظر کی کمزوری، نمبر بڑھ رہا ہو، دور یا قریب کی نظر مسلسل ختم ہو رہی ہو، کچھ عرصہ سکون افزا کا استعمال حوصلہ بھی دیتا ہے اور فائدہ بھی۔ سکون افزاء ان لوگوں کیلئے جو خواب آور دواؤں سے تھک چکے ہوں۔ جن کے دماغ بے چین ہوں، جن کی طبیعت ٹوٹی ٹوٹی رہتی ہو، مزاج بجھا بجھا سا رہتا ہو، شوگر کے وہ مریض جو معاشرے کے چست، چاق و چوبند اور طاقت ور فرد بننا چاہتے ہوں اور وہ افراد جو اپنی کھوئی ہوئی طاقتوں کی سو فیصد بحالی چاہتے ہوں وہ سکون افزاء پر اعتماد کریں۔ دوران استعمال اجابت کا پتلا آنا صحت اور تندرستی کی علامت ہے تاکہ اندر سے تمام بیماری نکل جائے ہائی بلڈ پریشر جتنا بھی پرانا اور جیسا ہی لاعلاج ہو آپ سکون افزاء استعمال کر کے ہمیشہ کیلئے ہائی بلڈ پریشر کی ادویات سے چھٹکارا پا سکتے ہیں۔ چہرے کے دانے، داغ دھبے، چھائیاں، کیل مہاسے اس دوا سے ایسے جاتے ہیں کہ چہرہ نکھری اور اجلی جلد کا نمونہ بن جاتا ہے۔ موٹاپے اور بڑھے ہوئے پیٹ میں بار بار کے تجربات نے اسے انتہائی شاندار ثابت کیا ہے۔ بھولنے کا مرض، یادداشت کی کمی جب بھی دامن گیر ہو آپ سکون افزاء سے دوستی کریں اور مرض سے چھٹکارا پائیں۔ خواتین میں وقت سے پہلے چہرے کی جھریاں، گرتے ہوئے بال، الجھا ہوا ذہن اور پریشان زندگی کو سہارا دینے، اعصابی کھچاؤ، ذہنی دباؤ کو ہمیشہ کیلئے ختم کرنا مشکل نہیں رہا سکون افزاء اس کا پہلا اور آخری حل ہے۔ ایسا لاجواب سیرپ جو بچوں، بوڑھوں اور جوانوں کیلئے یکساں مفید ہے۔ آپ دائمی قبض کے مریض ہیں، مایوس نہ ہوں بس چکے سے کچھ عرصہ سکون افزاء استعمال کریں۔ سکون افزاء کا استعمال وقت سے پہلے بڑھاپے اور گرتی ہوئی صحت سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔ یہ طالب علموں کا ساتھی، کھلاڑیوں کا دوست اور فٹنس چاہنے والوں کو مایوس نہ کرے۔ خود اعتمادی کی کمی، شیزوفرینیا' ذہنی تھکاوٹ جوڑوں کا درد کمر کا درد اور بے سکونی کا بہترین علاج۔ قیمت -/120 علاوہ ڈاک خرچ

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟

مشکلات جتنی بھی ہوں‘ الجھنیں حد سے زیادہ ہوگئی ہوں‘ فری بالکل فری‘ بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے‘ حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے‘ کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کرسکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

کوپن

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے مشورہ کیلئے علیحدہ خط لکھیں۔

صرف حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم سے مشورہ کرنے والے ہی کوپن پُر کریں۔

نام ____________ والدہ کا نام ____________

عمر ________ شہر ________ فون/موبائل ____________

آپ کا شعبہ/شوہر کا شعبہ ____________ تفصیل سے لکھیں

مسئلہ ____________

____

____

بقیہ: روحانی الجھنیں‘ جادو جنات اثرات بندشیں اگر مزید تفصیل ہے تو علیحدہ کاغذ پر لکھیں اور فارم پن کردیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا

عبقری روحانی اجتماع 2017

ان شاء اللہ 2 حصوں میں

پہلا حصہ: صوبہ پنجاب صوبہ بلوچستان اور بیرون ممالک

26،25،24 نومبر بروز جمعہ' ہفتہ' اتوار (انشاء اللہ)

اجتماع 23 نومبر بروز جمعرات عصر سے شروع ہوگا 26 نومبر بروز اتوار صبح دعا ہوگی۔

دوسرا حصہ: صوبہ سندھ اور صوبہ خیبر پختونخوا

3،2،1 دسمبر 2017 بروز جمعہ' ہفتہ' اتوار (انشاء اللہ)

اجتماع 30 نومبر بروز جمعرات عصر سے شروع ہوگا 3 دسمبر بروز اتوار صبح دعا ہوگی۔

ایڈریس: عبقری روحانی اجتماع تسبیح خانہ عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور میں منعقد ہوگا۔

تربیتی اصلاحی تعلق مع اللہ' روحانیت کے پراسرار حقائق اور گھریلو الجھنوں' مشکلات اور پریشانیوں کے خاتمہ کیلئے تین روزہ اجتماع میں شرکت کریں۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے دعوت عام اور اجازت عام ہے۔ حسب موسم بستر ہمراہ لائیں۔ 24 گھنٹے بجلی کی بلا تعطل فراہمی۔ خواتین کیلئے علیحدہ باپردہ پرسکون بلڈنگ کا انتظام۔ لنگر کا وسیع انتظام ہوگا۔ **ترتیب:** عبقری روحانی اجتماع میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی 7 نشستیں ہوں گی۔ **پہلی نشست:** اجتماع کے پہلے دن بروز جمعرات عصر کی نماز سے شروع ہوگی' مغرب کے بعد حضرت کا درس' ذکر خاص' مراقبہ اور دعا ہوگی۔ **دوسری نشست:** بعد از نماز جمعہ' حضرت کا درس' ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **تیسری نشست:** بعد از نماز عشاء' حضرت کا درس' ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **چوتھی نشست:** بروز ہفتہ بعد از نماز فجر حضرت کا درس' ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **پانچویں نشست:** بعد از نماز ظہر حضرت کا درس' ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **چھٹی نشست:** بعد از نماز عشاء حضرت کا درس' ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **ساتویں اور آخری نشست:** اجتماع کے آخری دن بروز اتوار بعد از نماز فجر' حضرت کا درس' ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ اس کے بعد حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم خصوصی دم اور دعا فرمائیں گے۔ اس کے بعد واپسی کی اجازت ہوگی۔ ابھی سے دعائیں شروع کردیں۔ یااللہ! عافیت سے تمام نظام ممکن فرما اور ہر شر' ہر فتنے سے محفوظ فرما' آمین! بچوں کو ساتھ لانے کی اجازت ہے۔ (اصل شناختی کارڈ اور فوٹو کاپی لانا ہرگز نہ بھولیں) **نوٹ!** اجتماع میں خواتین کیلئے بھی کشادہ اور پرسکون بڑے ہال اور مردوں کیلئے بھی بڑے ہالوں کا انتظام' ہر وقت تربیت' ذکر' دعا' آہ وزاری اور قبولیت کا نہایت انوکھا نظام' روحانی اور نورانی ماحول' مرد' عورت' بچے' بوڑھے' جوان سب اجتماع میں شرکت کرسکیں گے۔

اجتماع میں 6 خصوصی پیکیج

پیکیج نمبر 1۔ شب جمعہ کے درس کے بعد ایک ایسا خصوصی پیکیج جس نے بھی کیا دیدار مصطفی ﷺ نصیب ہوا' خاتمہ بالخیر روحانیت کا نور ملا اور ولایت کی نشانیاں شروع ہوگئیں۔ **پیکیج نمبر 2۔** نماز جمعہ کے بعد جادو' جنات' بندش اور سفلی اثرات کو ختم کرنے کیلئے ایک خصوصی عمل جو آج تک خطا نہیں گیا۔ وہ جادو جو چیلنج کرکے کیا گیا ہو۔ اس مسنون عمل سے ہمیشہ کیلئے ختم ہوجاتا ہے۔ **پیکیج نمبر 3۔** رزق کی وسعت' قرضوں سے نجات اور نسلوں کو غربت اور فاقوں سے بچانے کیلئے اور بے بہا رزق پانے کیلئے ایک نایاب عمل' نہایت آسان۔ تمام مجمع کرے گا اور پھر آپ اپنے حالات بدلتے دیکھیں۔ **پیکیج نمبر 4۔** بچوں اور بچیوں کے رشتوں کیلئے اور ان کی بندشوں رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے ایک ایسا عمل جو ہمیشہ کامیاب رہا اور بے شمار کے ہاتھ پیلے ہوئے۔ تمام مجمع کو کروایا جائے گا۔ ہوگا نہایت آسان! **پیکیج نمبر 5۔** گھریلو جھگڑوں' ناچاقیوں اولاد کی نافرمانیوں' نفرتوں' مارکٹائیوں کو دور کرنے کیلئے ایک نہایت تیر بہدف روحانی عمل تمام مجمع کو کرایا جائے گا۔ جس سے زندگیوں کا سکون ہمیشہ بڑھا۔ **پیکیج نمبر 6۔** دل کی اداسیوں پوری نہ ہونے والی مرادوں اور حسرتوں' ناامیدیوں' ویرانیوں اور ایسی جائز چاہتوں اور ایسی حسرتیں جو قبر میں ہی لے جائیں ان کو پورا کرنے کیلئے اسم اعظم کا ایک خاص عمل' تمام مجمع کو کرایا جائے گا۔

نوٹ: ان تمام نشستوں میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم خود شریک ہوں گے اور خصوصی دعا فرمائیں گے۔

آزمودہ در آزمودہ تیر بہدف وظائف

100 سو اولیاء اللہ کے مشکل کشا وظائف

اس کتاب کا ایک ایک حرف آپ کی نسلیں سنوار سکتا ہے

اولیاء اللہ کے ایسے آسان اور آزمودہ وظائف کہ جنہوں نے لاکھوں کی زندگیاں تبدیل کر دیں ان سچے آزمودہ در آزمودہ وظائف نے بے شمار کے دکھ دور کیے' گھریلو الجھنیں' کاروباری مسائل' جادو و جنات سے چھٹکارا دلایا' شادی کی بندشیں دور کیں' جس کا ثبوت ادارہ عبقری میں آنے روزانہ خوشیوں بھرے بے شمار خطوط' ٹیلی فون کالز اور ای میلز ہیں۔ بہت عرصہ سے مخلوق خدا کا اصرار تھا کہ ماہنامہ عبقری میں چھپنے والے اولیاء اللہ کے تمام وظائف کو ایک کتابی شکل دی جائے تاکہ وظائف کا ایک خوبصورت گلدستہ ہر گھر کی زینت بن سکے۔ آیئے اس کتاب کے چند صفحات کی ہیڈنگز کا مطالعہ کریں:۔ ☆ دو بڑے ولیوں کے روحانی خزانے ☆ امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی عملیات ☆ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف ☆ حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے خاص وظائف ☆ خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ کی مشکل کشا دعائیں ☆ صاحب حزب البحر رحمۃ اللہ علیہ کے مجرب عملیات ☆ نامراد لوگوں کے لیے بامراد ولی کے وظائف ☆ کالا جادو، کالے جنات کا سچا توڑ ☆ شاہ عزیز اللہ غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند وظائف ☆ شاہ نصیر الدین چراغ رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی وظائف ☆ شاہ حسین رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف ☆ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کا اسم اعظم ☆ حضرت خواجہ بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے آزمودہ وظائف ☆ حضرت طاہر بندگی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے وظائف ☆ سلطان اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے مشہور وظائف ☆ شاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف ☆ سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف ☆ شاہ اہل اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف ☆ شاہ نصر الدین اُوچوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف ☆ حضرت شاہ تُرت فقیر رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف ☆ شاہ غوث اوچوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف۔ **اب چند وظائف کی ہیڈنگز:** بچوں کو نظر بد اور ہر بیماری سے حفاظت کے لیے ☆ ہر آفت سے محفوظ رہنے کے لیے ☆ مشکلات کے حل کا عجیب و غریب عمل ☆ برکت اور روزی میں فراخی ☆ دیو پری کے شر سے حفاظت ☆ رنج و مصائب سے خلاصی ☆ عجیب برکات والا عمل ☆ آسیب سے مکان کی حفاظت ☆ رزق کی تنگی دور کرنا ☆ رزق کی فراخی کیلئے ☆ فقر و فاقہ دور کرنے کی دعا ☆ دل کی تکلیف سے حفاظت کے لئے ☆ اولاد نرینہ کے لیے ☆ کاروبار کی ترقی کے لیے ☆ اولاد کی شادی کے لیے ☆ جھوٹے مقدموں سے نجات کے لیے ☆ گھریلو جھگڑوں سے نجات ☆ شوہر کو راہ راست پر [illegible] ☆ [illegible] اتارنے کا عمل ☆ [illegible] حاصل کرنے کا عمل ☆ نیند میں بچہ کا ڈرنا' دودھ نہ پینا' نظر بد ☆ عورت کی پستان (چھاتی) کا درد ☆ روزی میں برکت اور زیادتی کیلئے ☆ پنڈلیوں اور ٹانگوں کے پٹھوں کا بیکار ہونا ☆ کھیتی میں برکت ☆ غریبی اور تنگ دستی دور کرنا ☆ آسانی کے ساتھ بچہ کی پیدائش۔ قارئین! یہ صرف چند صفحات کے وظائف کی ہیڈنگز ہیں' آزمودہ در آزمودہ سچے وظائف کا مکمل پیکیج حاصل کرنے کیلئے ابھی اپنی کاپی بک کروائیں! **قیمت 400 روپے علاوہ ڈاک خرچ**

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ دستیاب نہ ہو؟ 2۔ شہر اور علاقے کا نام؟ 3۔ ممکن ہو تو بک سٹال کا فون یا موبائل نمبر۔ ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

042-37552384-042-37425801-3

یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری' عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

خوشخبری! بہت بڑا اعزاز اور عظمت پانے کیلئے مختصر عمل

اپنی ناممکن پریشانیاں' غم' گھریلو الجھنیں اور ناکامیاں آپ کو سو فیصد مایوس کر چکی ہوں تو ایک عمل ایسا جس سے بے شمار نے فائدہ لیا وہ آپ بھی کریں لیکن اسے صرف یقین والا ہی کرے گا' بے یقین شاید شک' بدگمانی یا مذاق کی نظر سے دیکھے۔ اپنی آمدنی یا تنخواہ میں سے اڑھائی فیصد نکالیں (یہ زکوٰۃ شمار نہیں ہوگی اگر آپ زکوٰۃ دیتے ہیں تو وہ اس کے علاوہ ہوگی) اور اس رقم سے عبقری رسالہ یا حضرت حکیم صاحب کے درس کے میموری کارڈ مخلوق خدا کو اس کے سو فیصد فائدے سمجھا کر پھر گفٹ کریں۔ قارئین! آپ دوسروں کو خیر پہنچائیں گے لوگوں کا بھلا کریں' خیر اور بھلائی آپ کے دروازے توڑ کر آپ کی نسلوں تک آپ کا ساتھ دے گی اور مشکلات پریشانیاں چاہے کسی قسم کی بھی ہوں حل ہو جائیں گی۔ یہ عمل اپنی زندگی کا معمول بنالیں۔ **خاص بات:** اس اعلان کو ہر فرد اپنی نظر سے دیکھے گا' کوئی سعادت کی نظر' کوئی اعتراض کی نظر' کوئی کہے گا اپنی مشہوری کروانا چاہتے ہیں اور صاحب دل سمجھ لیں گے کہ مخلوق کے دکھوں کے دور کرنے میں دراصل عبقری ہمیں حصہ دار بنانا چاہتا ہے کہ تاکہ ہمارے دکھ بھی دور ہوں اور خوشیاں صدا ہمارے ساتھ ہوں۔ آیئے! اس خیر کو خود بھی کریں اور دوسروں کو بھی اس کی اطلاع اور ترغیب دیں۔

تسبیح خانہ سے بیعت ہونے کے بعد کیا کریں؟

حضرت حکیم صاحب کے سلسلہ عالیہ قادری ہجویری کے بیعت ہونے کے بعد 1۔ منتخب احادیث کا مستقل مطالعہ کریں۔ 2۔ شجرہ طیبہ کو اپنی زندگی کی ترتیب میں لائیں۔ اپنی زندگی کے معاملات پاکیزہ اور صاف ستھرے ہوں' کسی کے لین دین میں حلال و حرام کا خاص خیال رکھا جائے۔ اپنی گھریلو زندگی اور معاشرت میں بیوی' ماں' بہن بھائیوں کے ساتھ اچھا معاملہ اور خوش خلقی کا معاملہ ہو۔ کسی سے رنجش ہو تو کوشش کریں اس کے ساتھ معاملہ بہتر ہو بدکار سے بدکار انسان کے دل میں نفرت نہ ہوحتیٰ کہ کافر اور مشرک کے لیے دل میں نفرت نہ ہو بلکہ خیر خواہی کا جذبہ اور اس کی ہدایت کا فکر ہو۔ اپنے مرشد کو ہر ہفتے پندرہ دن کے بعد آخری ہر مہینے اپنے احوال اذکار کیفیات تسبیحات لکھتے رہیں اور خاص طور پر جو اعمال نہیں کر پا رہے ان کی اطلاع ضرور دیں اور سب سے زیادہ نفع اس کو ہوگا جو مرشد کے بارے میں اچھا گمان اعتماد اور یقین سے چلے گا۔ بیعت ہونے کے بعد درس کا سننا بہت ضروری ہے' یہ دراصل مرید اور مرشد کے درمیان ایک رابطہ کا ذریعہ ہے' درس کسی بھی شکل میں نیٹ' سی ڈی میموری کارڈ موبائل کے ذریعے مستقل سنتے رہیں اور دوسروں کو بھی درس کی ترغیب دیتے رہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا عطا فرمائے اور مسنون زندگی پہ دن رات چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

تندرستی ٹانک

(جسم وجان کیلئے شاہی ٹانک)

مغلیہ دور کے شاہی طبیبوں کا شہنشاہ اکبر اعظم کی فٹنس کیلئے قیمتی اجزاء سے تیار کردہ اکسیر نسخہ جو عبقری نے عوام کیلئے عام کر دیا۔ امور سلطنت طے کرتے کرتے جب بادشاہ یا شہزادے تھک جاتے تو سردار جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ یہ نسخہ استعمال کرتے۔ اسی دوا کے استعمال سے ان کی فٹنس‘ ذہنی وجسمانی توانائیاں‘ صحت‘ نظر برقرار رہتی۔ عبقری نے اس مایہ ناز نسخہ کو مشروب کی شکل میں تیار کیا ہے۔ ایک بار کے استعمال سے ہی آدمی ’’تندرستی ٹانک‘‘ کا گرویدہ ہوجاتا ہے۔ ’’تندرستی ٹانک‘‘ امراء اور رئیسوں کیلئے خاص تحفہ ہے۔ عبقری نے اس قیمتی نسخہ کو ’’تندرستی ٹانک‘‘ کی شکل میں غریبوں تک بھی آسانی سے پہنچا دیا ہے۔ ایک بار کے استعمال سے دل کو فرحت اور طاقت ملنا شروع ہوجاتی ہے۔ کچھ عرصہ کے استعمال سے ہی جسم طاقتور ہوجاتا ہے۔ ’’تندرستی ٹانک‘‘ یقیناً تمام اعضاء کیلئے آب حیات ہے۔ ’’تندرستی ٹانک‘‘ دل کی گھبراہٹ، بے چینی، بخار، قے، دست، پیچش، دل دھڑکنا، زیادہ پسینہ آنا، سر کا چکرانا۔ کھڑے ہوتے ہوئے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا، بدن کی کمزوری، نبض کا تیز چلنا، معدہ کی کمزوری کیلئے اکسیر اعظم ہے۔ ’’تندرستی ٹانک‘‘ گھر بھر کی ضرورت ہے۔ اس مشینی دور میں جسمانی و ذہنی مشقت سے کئی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔ مثلاً ضعف قلب‘ کمزوری دماغ‘ کمی خون‘ تندرستی ٹانک‘ قوت مدافعت میں اضافہ کرتا ہے اور بیماریوں کا مقابلہ کرنے کیلئے انسان کو اندر سے مضبوط بناتا ہے۔ ’’تندرستی ٹانک‘‘ کے استعمال سے جلد ہی صحت قابل رشک ہوجاتی ہے۔ ’’تندرستی ٹانک‘‘ قوت فیصلہ اور دماغ کیلئے ایسا زبردست شربت ہے جس کے چند روز کے استعمال سے برسوں کی بھولی باتیں یاد آنا شروع ہوجاتی ہیں۔ ’’تندرستی ٹانک‘‘ دماغی محنت کرنے والوں کیلئے کسی نعمت سے کم نہیں‘ دل ودماغ اور دیگر جسمانی قوتوں میں نئی روح پھونک دیتا ہے۔ ’’تندرستی ٹانک‘‘ جسم میں نئی امنگ اور تازگی پیدا کرتا ہے۔ اپنے کام سرانجام دینے کیلئے آدمی میں نیا ولولہ اور جذبہ پیدا کرتا ہے۔ ’’تندرستی ٹانک‘‘ آپ کو رکھے ہر دم صحت مند اور توانا۔ طلبہ، اساتذہ، وکلاء، علماء، صحافی، کلرک اور ذہنی وجسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ ’’تندرستی ٹانک‘‘ گرمیوں میں بطور شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر پئیں یا لیموں ملا کر سکنجبین بنالیں۔ دودھ کی لسی یا ٹھنڈے دودھ میں ملا کر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ ملک شیک میں ملا کر بھی پی سکتے ہیں۔ ’’تندرستی ٹانک‘‘ بچوں بڑوں کیلئے یکساں مفید ہے۔ ہائی بلڈ پریشر والے بے دھڑک استعمال کریں۔ ہر موسم اور ہر عمر کے لیے یکساں مفید ہے۔ (قیمت صرف -/440 روپے)

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت	نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	70/-	43	شفاء حیرت سیرپ	120/-
2	آگ شفاء	80/-	44	شہد ایک کلوگرام	700/-
3	اکسیر البدن	300/-	45	شہد 330 گرام	240/-
4	الرجی نزلہ کورس	600/-	46	شوگر کورس	800/-
5	اصلاح معدہ پیکیج	440/-	47	طب نبوی حسن وجمال کریم	300/-
6	السر کورس	400/-	48	طب نبوی ہیئر آئل	300/-
7	بواسیر کورس	500/-	49	طب نبوی انمول ہیئر پاؤڈر	120/-
8	برص پھلبہری کورس	500/-	50	عروسی سہاگ کورس	5000/-
9	بے اولادی کورس	2500/-	51	عرق موٹاپا شفاء	350/-
10	بے اولادی پاؤڈر	500/-	52	فشاری گولیاں	200/-
11	بنفشی قہوہ	120/-	53	فٹنس پیکیج	600/-
12	بستر پیشاب شفاء	120/-	54	فٹنس فولاد ٹانک	120/-
13	بلڈ پریشر شفاء سیرپ	120/-	55	کراماتی تیل	200/-
14	پیشاب کنٹرول کورس	400/-	56	کان شفاء	70/-
15	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-	57	کولیسٹرول سے نجات (کورس)	600/-
16	پوشیدہ کورس	600/-	58	کرنٹ مالش	500/-
17	پیچش شفاء	120/-	59	کمر جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	800/-
18	پتہ پتھری شفاء	90/-	60	گیس بدہضمی تبخیر کورس	600/-
19	تندرستی ٹانک	440/-	61	گردے فیل شفاء	150/-
20	ٹھنڈی مراد	120/-	62	گلٹیاں رسولیاں ٹیومر سے نجات کورس	500/-
21	ٹھنڈک پیکیج	500/-	63	قد دراز کورس	500/-
22	جوہر شفاء مدینہ	150/-	64	قبض کشا	120/-
23	چلڈرن سیرپ	120/-	65	قوتی گولیاں	500/-
24	چوٹ شفاء	100/-	66	لاجواب حافظہ پیکیج	670/-
25	چہرہ شفاء	150/-	67	لیکوریا شفاء	120/-
26	حسن شفاء سیرپ	120/-	68	معجون شفاء یابی	500/-
27	خون صفاء پاؤڈر	120/-	69	مرہم سکون	70/-
28	خاتون شفاء (سیرپ)	120/-	70	موٹاپا کورس	600/-
29	خون روک شفاء	120/-	71	مشروب عبقری افزاء	200/-
30	خون افزاء ٹانک	120/-	72	معجون مراد	1100/-
31	دیسی کریم	500/-	73	معذور شفاء ٹانک	500/-
32	دم والا شہد دوائی	900/-	74	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
33	ڈیپریشن پیکیج	490/-	75	ناک شفاء	100/-
34	روحانی پھکی	30/-	76	نشاطی (جدید)	520/-
35	روحانی عطر	240/-	77	نوجوان شفاء	120/-
36	روشن دماغ ٹانک	250/-	78	نیو طاقتی	640/-
37	زرغوانی نقرائی	2200/-	79	نورتن شفاء	150/-
38	ستر شفائیں	250/-	80	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
39	سکون افزاء شوگر فری سیرپ	120/-	81	ہارمونز شفاء	300/-
40	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	320/-	82	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
41	سچا منجن	70/-	83	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	120/-
42	سچی دوا بے اولادی کیلئے	100/-	84	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	320/-
43	سدابہار حسن وخوبصورتی پیکیج	840/-	85	ہاضم خاص پاؤڈر	200/-
			86	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-
			87	جانور شفاء (صرف جانوروں کیلئے)	130/-

ایڈیٹر کی کتابیں آپ کی نظر سے گزریں۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے۔

Monthly "UBQARI" Lahore


خاص نمبر


"جنات کا پیدائشی دوست" اگست 2017ء میں کیا ہوگا؟

مختصر تعارف

"جنات کا پیدائشی دوست" سلسلہ قارئین میں جو مقبولیت اور محبوبیت رکھتا ہے وہ محتاج بیاں نہیں ہر ماہ سینکڑوں ہزاروں خطوط اس مضمون سے نفع پانے کے ملتے ہیں جس میں بے شمار گھرانے اجڑتے اجڑتے بس گئے اور ان میں چین و راحت آگیا' ناممکن مشکلات ایسے حل ہوئیں کہ خود عمل کرنے والے حیران رہ گئے۔ ماہنامہ عبقری کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم جیسی نابغہ روزگار اور اسرار میں لپٹی شخصیت کی حیرت انگیز زندگی منظر عام پر لایا ہے۔ الحمدللہ! ہر سال عبقری "جنات کا پیدائشی دوست" کے حوالے سے ایک خاص نمبر کا اجراء کرتا ہے اس سال بھی قارئین کی بے چینی اور خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے حضرت علامہ صاحب سے خاص مضامین لکھنے کی فرمائش کی گئی علامہ صاحب نے ہر سال کی طرح قارئین کی والہانہ وابستگی کو مدنظر رکھتے ہوئے بھرپور آمادگی کا اظہار کیا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگست 2017ء کا شمارہ "جنات کا پیدائشی دوست" خاص نمبر ہوگا جس میں علامہ صاحب قیمتی روحانی راز عنایت فرمائیں گے اور صالحین جنات سے ملنے والے انمول موتی عبقری کے قارئین کو پیش کریں گے۔ حضرت علامہ لاہوتی پراسراری کی عنایات کا مختصر تعارف پیش خدمت ہے۔ ☆ خزانہ پانے کا انوکھا ورد اور اس کے کمالات علامہ صاحب نے جنات سے سینوں کے راز اگلوا لیے ☆ اللہ کے نام "واسع" میں چھپے راز ورد اور بڑے بڑے خزانے آپ کے سامنے ☆ آیۃ الکرسی کے چند الفاظ پڑھے' زمین کے نیچے چھپے خزانے نظر آگئے! ☆ یہ ورد خزانے تک تمہیں خود لے جائے گا ☆ رازوں کے بھیدی نے خزانے کے رازوں سے پردہ اٹھا دیا ☆ خطرناک بابا جادوگر چند الفاظ پڑھنے سے تھر تھر کانپ رہا تھا خطرناک کالے سفلی جادو سے چھٹکارے کا آسان وظیفہ ☆ جانیے جادو انسان پر زیادہ ہوتا ہے یا جنات پر؟؟؟ ☆ 3 "ج" جن کا جاننا انسان کیلئے انتہائی ضروری' جادو کے ڈسے ضرور پڑھیں! ☆ حیرت انگیز جن نے بتائے حالت جنابت میں رہنے کے 82 خطرناک نقصانات! ضرور جانیے کیونکہ آپ کی بیماری' پریشانی' الجھن' لڑائی جھگڑے' کاروباری بندش میں اس کا بڑا ہاتھ ہے! ☆ جنات کا جادو بہت طاقتور اور ظالم ہوتا ہے! مگر کیسے تفصیل جاننا نہ بھولیے گا! ☆ خطرناک جادوگر جن جس نے پھول سی جوان بچی کو چھت سے اٹھایا اور درندوں کی طرح نوچ کر برباد کر دیا؟ غم سے لپٹی دردناک سچی داستان! لڑکی کے باپ کی زبانی! ☆ خطرناک جادوگر جس کے سامنے نہ عزت محفوظ اور نہ جان! [illegible] کے آگے بڑوں بڑوں نے گھٹنے ٹیک دیئے اس جادو کو ایک لفظ نے ختم کر دیا ☆ ایک خاتون جننی جب حاجت کرنے غار میں گئی تو اس کے ساتھ جادوگر جن نے کیا سلوک کیا؟ ☆ نوجوان لڑکی کا عاشق جن اور نوجوان انسان پر مظالم! ضرور پڑھیے! ☆ جنات کی دنیا پراسرار اور عبرت انگیز! آنکھوں دیکھے مشاہدات و واقعات جو آپ کی سوچیں بدل ڈالیں گے ☆ انسانی معاشرے میں بڑھتی طلاق کی شرح! اس کے پیچھے شریر جنات کی بھیانک چال! "حیرت انگیز جن" نے کھل کر سب بتا دیا ☆ شریر جنات نوجوان لڑکیوں کے کن کن اعضاء پر کیسے جادو کرتے ہیں؟ اور کیا کیا فوائد اٹھاتے ہیں! دل دہلا دینے والی سچی باتیں ضرور پڑھیے! مزید جنات کے کالے جادو سے بچنے کے آسان مسنون اعمال۔ قارئین یہ تو صرف چند واقعات کی ہیڈ لائنز ہیں مزید انوکھے ہوش ربا انکشافات اور رازوں کا انوکھا پراسرار گلدستہ لینے کیلئے اپنی کاپی آج ہی بک کروائیے۔









باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ®

134

اگست 2017ء ذی قعد 1438ھ ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے


ایک بار یہ پڑھیں! دیکھیں حج کا بلاوا کیسے آتا ہے؟

عیدالاضحی کیسے منائیں؟ ٹوٹکے اور چند احتیاطیں

- 15 یوم میں جلدی امراض کا خاتمہ! نسخہ مصفی خون
- اکٹھی چار بہنوں کی شادی! واہ کیا کمال کا وظیفہ
- علامہ اقبالؒ کے آزمودہ ٹوٹکہ سے ابو کو شفاء ملی

جنات کا پیدائشی دوست
خاص نمبر آپ کے ہاتھوں میں

- خواتین کے وہ اعضاء جن پر جنات جادو کرتے ہیں
- انسانوں میں بڑھتے طلاق کے واقعات اور جنات
- حالت جنابت میں رہنے کے بیاسی نقصانات
- خون میں لت پت جن آخری سانسیں لے رہا
- مکار بوڑھے جن کی طاقت ختم' جادو ٹوٹ گیا
- فوری مشکلات ٹالنے کا راز! ابھی جان لیجئے
- بے مروت شوہر دل و جان سے چاہنے لگا
- محمد رسول اللہ پڑھا اور کرم ہی کرم ہو گیا
- کیا آپ خزانہ ابھی تک نہیں پا سکے
- رزق کی تنگی دور' زندگی میں سکون
- اب جادو کا ہر وار جائے بے کار



حاجی کیلئے نادر فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر نیکیوں کے پہاڑ اور اعمال کے سمندر سے موتی چن چن کر دے پڑھیں اور گفٹ کریں!!!


گھریلو مشکلات' الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

ایکسپو سنٹر لاہور میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد

عبقری بک فیئر کا انعقاد

ایکسپو سنٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں 3 اگست 2017ء سے لے کر 7 اگست 2017ء تک عبقری بک فیئر کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ **نوٹ:** 6 اگست بروز اتوار صبح 9 بجے سے 11 بجے تک حضرت حکیم صاحبؒ وہاں خود تشریف فرما ہوں گے۔ ان شاء اللہ

انگور کے نسل در نسل منتقل خاندانی نسخہ جات



حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے جا رہے ہیں تو ذرا ٹھہریئے! "حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ" کتاب حج و عمرہ پر جانے والوں کیلئے نادر فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر نیکیوں کے پہاڑ اور اعمال کے سمندر سے موتی چن چن کر دے۔ پڑھیں اور گفٹ کریں!

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ — جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 2 | جلد نمبر 12 | اگست 2017ء ذی قعدہ 1438 ہجری ، سرائیکی ماہ ...

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

اگست 2017ء

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان، راشد شمسی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ 1080 روپے (رجسٹرڈ ڈاک) بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: اسلام اور اس کی بلند نظری نے جمہوریت سکھائی ہے۔ اسلام نے مساوات سکھائی ہے۔ ہر شخص سے انصاف اور رواداری کا حکم دیا ہے۔ کسی بھی شخص کے پاس کیا جواز ہے کہ وہ عوام الناس کے لیے انصاف، رواداری اور دیانت داری کے اعلیٰ معیار پر مبنی جمہوریت، مساوات اور آزادی سے گھبرائے۔

(کراچی بار ایسوسی ایشن 25 جنوری 1947ء)

خود طلسم قیصر و کسریٰ شکست	خود سر تخت ملوکیت نشست
تا نہال سلطنت قوت گرفت	دین او نقش از ملوکیت گرفت

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن
عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

فون / فیکس 042-37425801-37425802-37425803 | 042-37552384-37597605-37586453 || E mail:contact@ubqari.org

محمد طارق محمود نے اظہار سنز پرنٹرز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

دل کا سکون پانے والے متوجہ ہوں! دل کے سکون اور اضطراری کیفیت کو ٹھیک کرنے کی غرض سے ہر نماز کے بعد آنکھیں بند کر کے ایک تسبیح "یا اللہ" کی پڑھیں۔ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔

جزاک اللہ خیرا حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص پر احسان کیا گیا اور اس نے احسان کرنے والے کو جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا "اللہ تعالیٰ تم کو اس کا بہتر بدلہ عطا فرمائے" کہا تو اس نے (اس دعا کے ذریعہ) پوری تعریف کی اور شکر ادا کر دیا۔ (ترمذی)

یہ بھی نیکی ہے! حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی تھوڑی سی نیکی کو بھی معمولی نہ سمجھے۔ اگر کوئی دوسری نیکی نہ ہوسکے تو یہ بھی نیکی ہے کہ اپنے بھائی کے ساتھ خندہ پیشانی سے مل لیا کرے۔ جب تم (پکانے کی غرض سے) گوشت خرید یا سالن کی ہانڈی پکاؤ تو شوربہ بڑھا دیا کرو اور اس میں سے کچھ نکال کر اپنے پڑوسی کو دے دیا کرو۔ (ترمذی)

شیطان برتن کے قریب نہیں آتا: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جن لوگوں کے ساتھ کوئی یتیم ان کے برتن میں کھانے کے لیے بیٹھے تو شیطان ان کے برتن کے قریب نہیں آتا۔ (طبرانی۔مجمع الزوائد)

ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

جنات کا پیدائشی دوست کالم نے لوگوں کو کیا دیا؟

جنات کا وجود ایک اٹل حقیقت ہے اور جنات شروع سے بلکہ انسان سے پہلے کائنات میں موجود ہیں' قرآن میں بار بار تذکرہ اور قرآن سے پہلے جو مقدس کتب ہیں ان میں بھی ان کا واضح تذکرہ ہے' جنات شریر بھی ہیں اور شریف بھی' نیک بھی ہیں اور بدمعاش بھی' ان کی زندگی میں ہماری ہی طرح اٹھنا' بیٹھنا' سونا جاگنا' کھانا پینا' لذتیں' چاہتیں سب کچھ موجود ہے۔ ماہنامہ عبقری مخلوق کی خیرخواہی' ان کے الجھے مسائل کا حل' زندگی کے زخموں کا مرہم' گھریلو الجھنیں خاتمہ' سسکتی معاشرتی و معاشی اور روحانی زندگی کا بہترین معالج اور معاون ہے۔ ماہنامہ عبقری نے لوگوں کو کیا دیا؟ ہر کالم' ہر صفحہ ایک انوکھا اثر اور تاثیر مخلوق خدا میں بانٹ رہا ہے' صرف گیارہ سال میں یعنی (جون 2006ء سے جون 2017 تک) عبقری رسالہ ترقی کی منازل کو چھوتا ہوا آج پاکستان کے کثیر الاشاعت ماہناموں کی صف میں سب سے آگے کھڑا ہے۔ (فی للہ الحمد ولک شکر) عبقری رسالہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب گزشتہ تقریباً 9 سال سے اپنی آپ بیتی لکھ رہے ہیں' علامہ صاحب کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں' علامہ صاحب بخل کے بت توڑتے ہوئے جنات کے ساتھ گزرے شب روز اور ان سے ملنے والے تجربات و مشاہدات فراخ دلی سے قارئین عبقری کی نذر کر رہے ہیں اور لوگوں کو جناتی دنیا کی پراسرار حیرت انگیز اور ماورائی علوم و معلومات سے آشنا کروا رہے ہیں۔ اولیاء صالحین جنات سے ملے آزمودہ وظائف اور مسنون اعمال' حیرت انگیز تجربات و مشاہدات کے ساتھ مخلوق خدا کیلئے دل چسپ انداز میں پیش کر رہے ہیں۔ آیئے! جانتے ہیں "جنات کا پیدائشی دوست" کالم سے ملے وظائف نے قارئین کو کیا دیا؟ لاتعداد اجڑتے' سسکتے' بلکتے گھر آباد ہوئے' بے شمار بہنوں کے رشتوں کے مسائل حل ہوئے' شادی کی بندشیں ختم ہوئیں' کاروباری مسائل میں الجھے افراد نے سکھ کا سانس لیا' سفلی کالے جادو سے پریشان اور در در کی ٹھوکریں کھانے والوں نے جب "جنات کا پیدائشی دوست" میں چھپے صرف ایک آسان لفظ کو ورد زبان بنایا تو اس وظیفہ نے ان کی زندگی کو جہنم سے جنت بنا دیا۔ شریر جنات کے ڈسے لاتعداد ایسے گھرانے جنہوں نے جنات کے ہاتھوں تباہی کو اپنا مقدر سمجھ لیا تھا مگر جب علامہ لاہوتی صاحب نے اپنے مضمون میں شریر جنات سے نجات کے وظائف بتائے تو ان کی زندگی سکون سے بھر گئی۔ بے شمار سٹوڈنٹس جنہیں سبق یاد نہیں ہوتا تھا یا یاد تو ہوتا مگر عین پیپر کے وقت بھول جاتے تھے یا جن کے امتحانات تو بہت اچھے ہوتے تھے مگر رزلٹ خراب آتا تھا۔ ان طالب علموں کیلئے اولیاء جنات کے بتائے آسان ترین انمول وظائف دیئے جن سے پریشان طلباء نے سکھ کا سانس لیا۔ علامہ صاحب نے اس مضمون کے ذریعے ہر طبقے کی رہنمائی فرمائی۔ بے شمار بے روزگار جو بڑی بڑی ڈگریاں لینے کے باوجود فاقوں پر مجبور تھے علامہ صاحب کے بتائے وظائف سے آج برسر روزگار ہیں یا بے شمار ایسے ہیں جو کماتے تو بہت تھے مگر بچتا کچھ نہیں تھا ان کی کمائی میں برکت بالکل بھی نہ تھی' علامہ صاحب کے دوست جنات کے بتائے آزمودہ عملیات سے آج خوشگوار زندگی گزار رہے ہیں۔ عبقری کے وہ قارئین جو بظاہر صحت مند مگر ازدواجی مسائل کا شکار تھے انہیں علامہ صاحب کے بتائے وظائف نے پرسکون کر دیا۔ بے شمار بے اولاد حضرات اولاد کی دولت پا کر علامہ صاحب کو صبح و شام لاکھوں دعاؤں سے نوازتے ہیں۔ یہ سب مفروضے اور باتیں نہیں ان سب کا ثبوت ہمارے پاس ہر ماہ آنے والے سینکڑوں ہزاروں خوشیوں سے لبریز خطوط' ٹیلی فون کالز ہیں جو "جنات کا پیدائشی دوست" سے فیض پانے والوں کی طرف شکریہ کے ساتھ موصول ہوتی ہیں۔ مجھے اس بات کا احساس ہے کہ علامہ صاحب کے کالم زیادہ زود ہضم نہیں ہوتے' ضروری نہیں ہر چیز ہمیں سمجھ آجائے' کتنی چیزیں ایسی ہیں جو ہماری عقل' شعور' احساس اور ادراک میں نہیں آتا لیکن ہم ان پر عمل پیرا ہوتے ہیں' مثلاً جسم میں روح ہے' نظر تو نہیں آتی' تانبے اور المونیم کی تار میں بجلی اور کرنٹ ہے لیکن نظر نہیں آتا' ہواؤں اور فضاؤں میں زندگی کیلئے آکسیجن ہے لیکن نظر نہیں آتی' ہماری ہواؤں اور فضاؤں میں موبائل نیٹ ورک کی لہریں ہیں پر نظر نہیں آتیں لیکن ہم ان پر یقین بلکہ عین الیقین رکھتے ہیں۔ سائنس کی کتنی بے شمار دنیا ہے ہمیں نظر نہیں آتی لیکن ہم کہتے ہیں سائنس کی ریسرچ ہے روح کی دنیا' من کی دنیا' جنات کی دنیا' پراسرار کمالات کی دنیا ہمیں نظر نہیں آتی لیکن ہم اس دنیا کو سائنس کے نام پر مانتے ہیں' کتنے ٹوٹکے ایسے ہیں جن کے بظاہر اثر اور فائدے کیلئے ہمارا ذہن قبول نہیں کرتا لیکن لاعلاج بیماریوں انوکھی تکالیف اور بے شمار مسائل حل ہوتے ہیں اور سو فیصد حل ہوتے نظر آتے ہیں۔ قارئین! جنات کا پیدائشی دوست" کے کالم نگار محترم جناب علامہ لاہوتی پراسراری مدظلہ نے قارئین پر احسان کیا ہے اور انہیں معاشرے کے سسکتے' سلگتے' مسائل کیلئے ایک ایسا حل دیا جس میں شرک نہیں' بدعت نہیں' غیر اللہ کی پکار نہیں' بلکہ کلام الٰہی اور اللہ کا نام ہے۔ ادارہ عبقری مطمئن ہے کہ اس کے پورے عالم میں پھیلے لاکھوں سے زیادہ قارئین اس کالم سے سو فیصد نفع پا رہے ہیں اور فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔ ہم بھی مطمئن ہیں کہ ہم اپنے اوراق و صفحات میں یہ کالم چھاپ کر انسانیت کو نفع دے رہے ہیں' نقصان نہیں دے رہے۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

درس روحانیت وامن

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

غیب کے خزانے پانے کا عمل

مخلوق کیلئے مانگنے پر خالق اسے بھی عطا کر دیتا ہے: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس ایک بندہ آیا۔ اس نے کہا کہ: میں دعائیں مانگتا ہوں میری دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ: ''میں اللہ پاک سے جا کر عرض کروں گا'' موسیٰ علیہ السلام نے اللہ پاک سے جا کر عرض کیا کہ: ''اللہ تیرا ایک امتی میری خدمت میں حاضر ہوا تھا وہ کہتا ہے کہ میں دعائیں مانگتا ہوں میری دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔'' اللہ پاک نے فرمایا: ''اے موسیٰ علیہ السلام اس بندے سے کہہ دے کہ وہ پاک زبان سے دعا نہیں کرتا۔'' تو موسیٰ علیہ السلام اپنے رب کے لاڈلے تھے سوال پر سوال کرتے تھے ایک اور سوال کر دیا کہ: ''اللہ پاک وہ پاک زبان بھی عطا فرما دے۔'' اللہ جل شانہٗ نے فرمایا: ''موسیٰ! اس سے جا کر کہہ دو کہ وہ اصل میں اپنی ذات کیلئے مانگتا ہے۔ جتنے بھی اس وقت کے بنی اسرائیل میں سے ہیں ان کیلئے نہیں مانگتا اگر وہ ان سب کیلئے مانگنا شروع کر دے اُس کی زبان پاک ہو جائے گی۔ پھر اپنے لیے بھی ملے گا اور ان کیلئے بھی ملے گا۔ اپنے لیے تو رونے والے بہت سارے ملیں گے۔ **امت کا درد، سرور کونین ﷺ کا ورثہ:** کملی والے ﷺ کی امت کیلئے کوئی رونے والا بن جائے۔ آج ایک حقیقت عیاں کر دوں کہ جس کی سوچ حضور سرور کونین ﷺ کی امت کیلئے ایسی ہو کہ یا اللہ میرا پڑوسی ہے، مسلمان ہے پھر بھی غافل ہے! یا اللہ میرا پڑوسی ہے غیر مسلم ہے، کافر ہے! یا اللہ میرا پڑوسی ہے وہ تیری محبت سے آشنا نہیں ہے! یا اللہ میرا پڑوسی ہے تیرے حبیب کی محبت اور عشق کو جانتا ہی نہیں ہے! یا اللہ میرا پڑوسی ہے جو صحابہ اور اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کے تعلق کو جانتا ہی نہیں ہے! یا اللہ فلاں میرا دوست ہے وہ بیچارہ تو دن رات دنیا میں مشغول ہے۔ اللہ دنیا کماتے، دنیا کو کھاتے تیرے پاس آئے گا ایسی غفلت کی موت مرے گا؟ کتنا خوش قسمت انسان ہے جو یہ دعا کر رہا ہے جو سرور کونین ﷺ نے رات کو اُٹھ اُٹھ کر پوری امت کیلئے کی اور اس دعا کو کرنے والے کو جو رتبہ، جو مقام ملے گا اور اس دعا کو کرنے والے کی جو قبولیت ہوگی اس پر ایک چھوٹی سی بات پیش خدمت ہے۔

فرمایا: ''جو بندہ اپنے کسی غائب کیلئے دعا کرتا ہے کوئی مسلمان بھائی اس کا غائب ہے یعنی اس کے قریب موجود نہیں ہے، ان کیلئے دعا کرتا ہے تو دائیں کندھے پر ایک فرشتہ بیٹھا ہوتا ہے وہ کہتا ہے آمین! یا اللہ پہلے اس کو دے پھر اُس شخص کو دے جس کیلئے مانگ رہا تھا یہ تو ایک بندے کیلئے اجر ہے جو ساری امت کے چھ ارب انسان ہیں ان کیلئے رو رہا ہے اور دل سے دعا کر رہا ہے، اس بندے کیلئے کتنے ارب فرشتے آمین کہیں گے؟ تو اس کی دعا قبول ہوگی یا نہیں ہوگی؟ اور یہ آخرت کی کامیابی کا بہترین نسخہ ہے۔ **تمام پریشانیوں کا حل:** آج کے دور میں جسم کمزور، اعضاء کمزور، جلدی ختم ہونے والی عمریں، ایسے ایک جھٹکے سے بندہ چلا جاتا ہے، اجتماعی موتیں ہو رہی ہیں، ہمارا وقت بھی تھوڑا، ہماری زندگی بھی تھوڑی، ہماری مدت بھی تھوڑی، ہمارا موقع بھی تھوڑا، اب اللہ کو راضی کرنا ہے۔ اب اس کا کونسا حل ہے؟ ان میں ایک امت کیلئے رونا ہے۔ حضور سرور کونین ﷺ کی امت کیلئے رونا ہے چاہے وہ غریب ہے، چاہے وہ امیر ہے، چاہے وہ فقیر ہے۔ امت کیلئے رونا اور امت کیلئے دعائیں مانگنے سے بہت کچھ ملتا ہے۔ امت کیلئے مانگنے سے دعائیں قبول ہوتی ہیں، درجات بلند ہوتے ہیں، مشکلیں ٹلتی ہیں، پریشانیاں دور ہوتی ہیں، مسائل حل ہوتے ہیں۔ **مانگنا کیسے ہے؟:** مانگنا کیسے ہے؟ اس ماں کی طرح مانگنا ہے جو اپنے بچے کو دودھ پلاتی ہے۔ اپنے بچے کو اور دوسروں کے بچے کو دودھ پلانے میں فرق ہوتا ہے۔ اپنے اور دوسرے کے بچے کو اُٹھانے کا فرق ہوتا ہے۔ اپنے اور دوسرے کے بچے کو بہلانے کا فرق ہوتا ہے۔ اپنے اور دوسرے کے بچے کو کھلانے کا فرق ہوتا ہے۔ رب سے اسی طرح مانگنا ہے جیسے اپنا بچہ ہے۔ اس جذبہ کے ساتھ دوسروں کیلئے مانگنا ہے اللہ والو! آپ کی ایسی مصیبتیں ٹلیں گی، آپ کی ایسی پریشانیاں دور ہوں گی، آپ کے ایسے مسائل دور ہوں گے کہ آپ سوچ ہی نہیں سکتے۔ عمل تو کر کے دیکھیں۔ اللہ جل شانہٗ ایک ایک امتی کو دل سے آنسو بہانے والے کو ایسے غیب کے خزانے سے عطا فرماتے ہیں کہ آپ سوچ بھی نہیں سکتے۔ **میرا ذاتی مشاہدہ:** میں نے ایک اللہ کے بندے کو دیکھا۔ اس کو ہیروئن کا نشہ لگ گیا تھا حالانکہ اچھا خاصا پڑھا لکھا اور نمازی تھا۔ مگر اس نے ہیروئن پینا شروع کر دی۔ اعزاء اقرباء دوست واحباب اس کیلئے دن رات روتے تھے لیکن وہ بیچارہ ہیروئن پیتے پیتے مرگیا۔ ان کے اقرباء کے رونے کا جو میں نے نظام دیکھا وہ یہ دیکھا کہ: چونکہ ہیروئن پینے والے کیلئے ان کے دل میں خیر خواہی تھی اور یہ خیر خواہی اللہ پاک کو پسند ہے، اس لیے میرا رب فرماتا ہے میں اپنے ادنیٰ سے گناہ گار بندے سے بھی محبت کرتا ہوں بلکہ ستر ماؤں سے زیادہ محبت کرتا ہوں اور رب کو یہ محبت پسند ہے اب محبت کا صلہ کیا ملا؟ اُس کو اس محبت کا صلہ یہ ملا کہ اللہ پاک نے تین چیزیں اسے وافر عطا کر دیں۔ اب تین چیزیں ایک ہیروئن پینے والے کیلئے یا اللہ کسی طرح اس سے یہ چیز چھوٹ جائے، تیرا محبوب بن جائے، یا اللہ تیرے حبیب سرور کونین ﷺ کی محبت اس کے دل میں آجائے۔ آقا سرور کونین ﷺ کا تعلق دل میں آجائے۔ تیرے حبیب کملی والے ﷺ کا عشق آجائے، یا اللہ یہ کیسے ہو؟ یہ کس طرح ہو؟ اب یہ تڑپ ہے، اب یہ جذبہ ہے۔ تین چیزیں ملیں: ا۔ اللہ جل شانہٗ نے رزق بے بہا دیا۔ ۲۔ عزت بے بہا دی ۳۔ سکون بے بہا دیا۔ دراصل یہ تین چیزیں ہی مطلوب ہیں۔ بعض اوقات روٹی ہے سکون نہیں ہوتا ہے۔ راحت چھن گئی، عافیت چھن گئی، چین کی نیند چھن گئی۔ (جاری ہے)

یقین جانیے! زندگی بدل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے' ستمبر 2014ء سے آپ کے درس سننا شروع کیے' یقین جانیے! زندگی بدل گئی' آپ کے منہ سے نکلے الفاظ دل' دماغ پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اللہ کریم کی بہت گنہگار بندی ہوں ہر وقت اللہ تعالیٰ سے دعا کرتی تھی' کوئی وسیلہ بنادے' کوئی مددگار بھیج دے جو مجھے گناہوں' پریشانیوں سے نکال دے' پھر ایک مرتبہ اتفاقاً انٹرنیٹ پر آپ کا درس سنا' یقین جانیے ہر سوال کا جواب ملا' تنہائی میں اللہ تعالیٰ سے باتیں کرنا سیکھا' اللہ تعالیٰ سے مانگنا سیکھا اور پھر ایسی ایسی پریشانیاں' مسائل' گھریلو الجھنیں' کاروباری بندشیں دور ہوئیں کہ میں حیران رہ گئی۔ ہمارے گھر سے جھگڑا تو جاتا ہی نہیں تھا مگر اب جو مرضی ہو جائے جھگڑا ہوتا ہی نہیں۔ آپ کے درس نے میری زندگی میں حقیقت میں سکون بھر دیا ہے ورنہ پہلے میرے دن ایسے پریشانی میں گزر رہے تھے کہ ایک عذاب تھا جو ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔ (ق، ش)

دانتوں سے خون بند مسوڑھے مضبوط: بادام کے چھلکوں کی راکھ منجن میں ملا کر یا ویسے ہی دانتوں پر ملنے سے دانتوں سے خون نکلنا بند ہوجاتا ہے۔ مسوڑھے اور ہلتے دانت مضبوط ہوجاتے ہیں۔

خاص شمارہ قسط نمبر 94

جنات کا پیدائشی دوست

اس جھنڈ میں کوئی خزانہ ہونا چاہیے: نامعلوم مجھے کیا احساس ہوا میرے دل میں ایک خیال آیا کہ اس جھنڈ میں کوئی خزانہ ہونا چاہیے اور بہت پرانا خزانہ ہونا چاہیے' وہ جھنڈ ایک بہت بڑے اونچے ایک ٹیلے پر تھا اور اس کے اردگرد کچھ پرانے گرے پڑے کھنڈرات کا احساس بھی تھا اور کچی ٹھیکریاں اور پکے برتنوں کے ٹکڑے بھی اس کے اردگرد میں نے دیکھے' میں وہاں پہنچا تو مجھے محسوس ہوا کہ یہاں پہلے سے ہی جنات کا ایک بہت بڑا گروہ رہتا ہے' میں نے سوچا کہ میں کیوں نہ ان سے معلوم کرلوں میں ان کے ایک بڑے بوڑھے کے پاس پہنچا' بڑے بوڑھے نے مجھے دور سے دیکھ کر پہچان لیا اور فوراً کہا کہ فلاں قبیلے سے ہو' میں حیران ہوا اور ہاں میں سر ہلایا اور ان کے قریب جا کر بیٹھ گیا بیٹھتے ہی مجھ سے کہنے لگے خزانہ کو سونگھ کر یہاں پہنچا ہے مجھے اور حیرت ہوئی' میری حیرت کو بھانپ گئے' ہلکی مسکراہٹ کے ساتھ بولے حیران کیوں ہوتے ہو؟ اور پریشان کیوں ہوتے ہو؟

ساری عمر خزانہ کی تلاش میں گزار بیٹھا: میں تو خود ساری عمر اس خزانہ کی تلاش میں گزار بیٹھا ہوں لیکن مجھے خزانہ نہیں ملا' وہ دیکھو انگلی کا اشارہ کیا تو سامنے زمین کے نیچے میں نے بہت بڑا خزانہ دیکھا' کہا میں اس خزانے کو دیکھ سکتا ہوں' پرکھ سکتا ہوں' جانچ سکتا ہوں' اس کی تعداد حتیٰ کہ ہر چیز میرے مشاہدے میں ہے لیکن میں اس خزانے کو پا نہیں سکتا' کچھ غیبی طاقتیں ایسی ہیں جو نہ انسان ہیں' نہ جن ہیں اور نہ فرشتے ہیں' وہ اللہ کی مخلوق کون ہے؟ وہ اللہ کے علم میں ہے' وہ مخلوق اس خزانہ کی حفاظت کررہی ہے اگر کوئی شخص اس خزانہ کو پانے کیلئے جبر اور زبردستی کرتا بھی ہے تو وہ ایک پل میں اس کو جلا کر راکھ کردیتی ہے'

لوگوں کو جلتے اور راکھ ہوتے دیکھا: میں نے اپنی صدیوں کی زندگی اور مشاہدے میں کئی لوگوں کو اس خزانہ کی تلاش میں جلتے اور راکھ ہوتے دیکھا ہے' میں نے کبھی جرأت نہیں کی ہاں اللہ کے اُس بول' لفظ' کلام اور حرف کا انتظار کررہا ہوں جس کو میں پڑھوں اور اجازت چاہوں اور وہ اجازت مجھے اس خزانے تک خودبخود لے جائے۔

کیا آپ خزانہ کو ابھی تک نہیں پاسکے: میں نے ان کی بات سنی تو میں نے کہا کہ کیا آپ اس خزانے کو ابھی تک نہیں پاسکے تو وہ بوڑھا جن بولا: اگر پالیتا تو میں یہاں بیٹھا ہوتا؟ اب تک خزانہ لے کر اپنے وطن میں نہ جاچکا ہوتا۔ **میں ایک انتظار میں ہوں!** اور ٹھنڈی آہ لے کر وہ بوڑھا جن بولا یہ تمام خیش قبیلہ میرا اپنا ہے' میں صدیوں سے یہاں آباد ہوں' میری نسل درنسل یہیں ہے میں ایک انتظار میں ہوں کہ اتنا بڑا خزانہ میں کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟ حیرت انگیز جن بولا کہ اس بوڑھے جن نے ایک اور بات بھی کہی۔

ہر کوئی نامراد لوٹا: اس خزانہ کی تلاش میں اب تک کئی انسان آئے مہینوں چلہ کیا' مہینوں وظیفے کیے اور جگہ جگہ کھدائیاں کیں لیکن نامراد واپس لوٹے بلکہ ایک واقعہ تو ایسا ہوا ایک شخص اپنے ساتھ مزدوروں کی بہت بڑی جماعت اور طاقت ور گروہ لایا' ان کے ساتھ کھدائی کے سارے آلات تھے' وہ بہت دولت مند تھا اس نے زرکثیر خرچ کرکے اس خزانہ کو حاصل کرنا چاہا' دراصل اس کو کسی نے سونگھ کر بتایا کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو سونگھ کر زمین کے نیچے سے میٹھا پانی اور خزانہ بتادیتے ہیں' اس نے سونگھ کر بتایا کہ یہاں خزانہ موجود ہے اور اس خزانہ کو تو حاصل کرسکتا ہے حالانکہ اس نے خزانہ کا صحیح بتایا لیکن معلومات یا تو اس کے پاس ادھوری تھیں یا اس نے ادھوری دیں۔

نہ خزانہ ملا نہ جانیں بچیں: یہ شخص اپنی کھدائی کی پوری جماعت یہاں لے کر آیا' ہفتوں کھدائی کرنے کے بعد یہ جماعت ایک بہت بڑی سرنگ بنانے میں کامیاب ہوگئی' یہ آگے بڑھ رہے تھے' یہ تمام مجمع میں سے تین آدمی وہ خود مالدار شخص اور دو کھوجی باہر تھے' وہ گہری سرنگ ایک دم گری اور سب گھوڑے' خچر' مزدور' اوزار وہ سب پورے کا پورا قافلہ اس کے اندر دفن ہوگیا اور وہ سرنگ اتنی گہری تھی کہ لاشوں اور مشینری کو نکالنا ان کے بس میں نہ تھا' کئی دن وہ روتا دھوتا وہیں بیٹھا رہا' اس کا سارا مال' سرمایہ اس کی تمام دولت ہر چیز اسی میں لگ گئی اور نہ خزانہ ملا' نہ اس کے وفادار بچے نہ ان کی جانیں' وہ ہر چیز کو روتا دھوتا چھوڑ کر یہاں سے چلا گیا۔

دفن شدہ لاشوں کی نشانی: پھر اس بوڑھے جن نے ایک پتھر کے بہت بڑے بنے ہوئے مینار کا بتایا' یہ مینار اس نے انہی دفن شدہ لوگوں کی لاشوں کے اوپر نشانی کے طور پر بنایا اور اس مینار کے اوپر لکھا ہوا تھا چونکہ وہ مینار کھجوروں کے جھنڈ میں ایسا گھرا ہوا تھا کہ کسی کو نظر نہیں آرہا تھا' وہ بہت لمبا تھا' **میں نامراد اور شکست خوردہ شخص ہوں!** مگر اونچائی میں کھجوروں سے اونچا نہیں تھا۔ اس مینار پر لکھا ہوا تھا کہ میں وہ نامراد اور شکست خوردہ شخص ہوں جس نے یہاں خزانہ کی تلاش میں اپنی قوتیں' طاقتیں' افراد' جانور اور مال خرچ کردیا' میرے بیاسی سے زیادہ جان دار اس کے اندر دفن ہوگئے میں ان کو نکال نہیں سکتا کیونکہ اس کے نکالنے کیلئے پھر مجھے ہفتوں کھدائی کرنی پڑتی ہے اور ہفتوں کھدائی کرنے کے بعد مجھے ان کے جسم اس حالت میں ملیں گے کہ ان کی بدبو کو میں نے سونگھ لیا تو میں بھی مرجاؤں گا اور میں ان کو کسی شکل میں نکال نہیں سکتا' میں نشانی کے طور پر یہ مینار بنا کر جارہا ہوں کہ کوئی خزانے کا خیال نہ کرے مجھے جس شخص نے اس خزانے کے بارے اطلاع دی تھی اس نے پوری بات نہیں بتائی تھی۔

اے کاش! میں خزانہ کی تلاش کو نہ آتا: اے کاش مجھے وہ پوری بات بتادیتا میں اس خزانے کی تلاش کو ہرگز نہ آتا' مجھے اب پتہ چلا کہ خزانہ ہر شخص اپنی مرضی سے تلاش نہیں کرسکتا مجھے اب علم ہوا خزانہ ہر فرد خود حاصل نہیں کرسکتا' چاہے وہ انسان ہو یا جن خزانہ چاہے اس کی زمین اپنی ہو کسی کی ملکیت نہیں ہوتا' خزانہ اپنے مالک کا ہمیشہ انتظار کرتا رہتا ہے' وہ ایک سال کے بعد ہو' وہ دس سال کے بعد ہو' وہ بیس سال کے بعد ہو' وہ سو سال کے بعد ہو یا صدیوں کے بعد ہو' خزانہ کو کوئی دنیا کا سیلاب' زلزلہ' طاقت' قوت' بادشاہت اور فوجیں حاصل نہیں کرسکتی اور ضائع نہیں

عینک توڑ فقیری نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دو عدد ٹوٹکے لے کر حاضر ہوا ہوں۔ ان میں ایک ٹوٹکہ عینک توڑ ہے اور ایک روحانی ٹوٹکہ ہر ورذلا علاج مرض کیلئے ہے۔ پہلے عینک توڑ ٹوٹکہ بتاتا ہوں۔ **ھوالشافی:** سونف کو بھون کر اس کی جھاڑ نکل آئے' پھر اسے باریک پیس کر سرمے کے ساتھ ملا کر آنکھوں میں استعمال کریں' جلد عینک چھوٹ جائے گی۔ دوسرا ٹوٹکہ ورذلا علاج مرض کیلئے ہے۔ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ درج وظیفہ پڑھا جائے اَللّٰھُمَّ یَاشَافِعَ الْاَمْرَاضِ بِحَقِّ یَاسَلَامُ۔ انشاء اللہ تمام بیماریاں دور ہوں گی۔ اللہ کے کلام میں بہت برکت ہے۔ (الحاج قلندری باڈی)

کرسکتی جس طاقت اور قوت نے اس خزانہ کو محفوظ کیا ہوتا ہے وہ طاقت اور قوت اپنی مخلوق پانی کی شکل' زلزلہ کی شکل' افواج کی شکل میں ہے یا بادشاہت کی شکل میں اپنی مخلوق کو اپنے امر سے سنبھالے رکھتی ہے اور اس کی مخلوق اس کے امر کا انتظار کرتی ہے اور خزانہ کبھی بھی اس کے امر کے بغیر نہ آگے بڑھتا ہے نہ پیچھے' مینار پر یہ تحریر لکھی ہوئی تھی۔ **محمود غزنوی کا وہ سارا واقعہ اور قرآن کی آیت:** حیرت انگیز جن کہنے لگا جب مجھے بابے نے یہ تحریر پڑھائی تو مجھے جھرجھری بھی آئی اور حیرت بھی لیکن اس سارے معاملے کے بعد اچانک مجھے محمود غزنوی کا وہ سارا واقعہ اور قرآن کی آیت وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کا سارا منظر سامنے آگیا۔ **وہ وقت آن پہنچا جب خزانہ مل کر رہے گا:** جب وہ سارا منظر میرے سامنے آیا تو میں اپنی حیرت کو نہ روک سکا میں نے اس بابے سے کہا: بابا وہ وقت آن پہنچا ہے جب خزانہ مل کر رہے گا' آپ کے مقدر میں کتنا ہے' میرے نصیب میں کتنا ہے' اس کی مجھے خبر نہیں لیکن میرے پاس ایک ایسا لفظ اور بول ہے' میں نے اس لفظ اور بول کو بے شمار کو بتایا' ہاں جس کے مقدر کا تھا اس کو ضرور ملا جس کے مقدر میں نہیں تھا یا تو ملا نہیں یا پھر اس کو خواب میں اشارہ مل گیا اس کام کو چھوڑ جا اور اس مقصد سے ہٹ یا پھر جاگتے ہوئے کسی آواز نے رہبری کر دی یا پھر اس سے وظیفہ لے لیا گیا' وظیفے کے دوران اسے اونگھ آجاتی تھی اور وہ وظیفہ نہیں پڑھ سکتا تھا یا پھر زندگی میں ایسا موڑ آتا اور آیا کہ وہ اس عمل کو پورا نہ کرسکتا۔ عمل کو صرف وہی شخص پورا کرسکے گا جو اس وظیفے کو پڑھتا پڑھتا اور مسلسل پڑھتا چلا جائے گا۔ **کیا میں یہ خزانہ حاصل کرسکتا ہوں؟:** بوڑھا جن میری بات سے ایک دم ہشاش بشاش ہوگیا جیسے کہ پرانی جوانی اس کے اندر داخل ہوگئی ہو اور اپنی پرانی جوانی کو پھر سے آواز دے بیٹھا ہو' بوڑھا جن بولا: بیٹا! یہ کیسے ممکن ہے؟ کیا میں یہ خزانہ حاصل کرسکتا ہوں' اور میں اس خزانہ کو لے سکتا ہوں میری تو صدیوں کی امیدیں ختم ہوگئیں اور میری صدیوں کی آسیں ختم ہوگئیں میں اپنی ہر آس اور امید کو گنوا بیٹھا ہوں اور میں اپنی آس اور ہر امید کو فراموش کر بیٹھا ہوں' میں مایوس ہوگیا اور میری مایوسی کی انتہا ختم ہوگئی کیا واقعی ایسا ممکن ہے؟ میں اس خزانے کو حاصل کرلوں۔ **بے شمار خزانوں کے منہ کھلتے دیکھے:** حیرت انگیز جن کہنے لگا: بابا جی میں دعویٰ تو نہیں کرتا لیکن میں نے اس کلام اور آیت سے بے شمار خزانوں کے دروازے اور بے شمار خزانوں کے منہ کھلتے دیکھے اور بے شمار خزانوں کے راستے ہموار ہوتے دیکھے' میں نے بابا جی کو یہ آیت بتادی' بابا جی میری طرف حیرت سے دیکھتے رہے اور کہنے لگے: بظاہر تو سمجھ نہیں آتی لیکن میں اللہ کے کلام کا انکار نہیں کرتا' اللہ نے اپنے اس کلام میں کیا کیا خزانے کیا کیا راز اور کیا کیا زیر بر پوشیدہ رکھی ہے مجھے علم نہیں اللہ سچا ہے اللہ کا کلام سچا ہے اور اللہ کے کلام کے وعدے سچے ہیں' میں حق کہتا ہوں' میں شک نہیں کرتا' لیکن یہ ہوگا کیسے؟ **یہاں تو بے شمار آئے نامراد لوٹ گئے:** یہاں تو بے شمار آئے اپنی طاقتیں اور قوتیں اور اپنے گر آزما کر' دیکھ کر' نامراد واپس چلے گئے یہاں بے شمار ایسے آئے جو خوشحالی پانے کی امید میں اپنی دولت' اپنا مال' اپنی چیزیں ہر چیز گنوا کر چلے گئے' یہاں تو بے شمار ایسے آئے' جو جانیں بھی کھو بیٹھے' اپنے سر بھی نہ بچا سکے اور اپنی زندگیاں بھی یہیں قربان کر کے گئے۔ یہ وسیع و عریض ٹیلہ میرا صدیوں کی گواہیوں سے بھرا ہوا ہے میں نے یہاں کئی قدم دیکھے' میں نے یہاں کئی انسان اور جنات دیکھے کئی جنات جو اپنی پوری طاقت اور قوت کے ساتھ آئے لیکن جل کر راکھ ہوگئے۔ اپنے خاندان اور نسلوں کو جلا بیٹھے' میری ان بوڑھی نظروں نے بے شمار مشاہدات دیکھے' میں نے تو یہاں تک بھی دیکھا کہ کچھ انسان ایسے آئے جنہوں نے اس کے اردگرد ایک بہت بڑی دیوار کرنا چاہی تاکہ وہ لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے لیکن کوئی طاقت ایسی تھی وہ دیوار کر کے جاتے تھے صبح دیوار مٹی کا ڈھیر بن جاتی چند بار ایسا کیا اور وہ چلے گئے پھر صدیوں بارش اور طوفانوں نے ان پتھروں کو بھی مٹی کے اندر دفن کر دیا۔ **قدرت کو ویرانہ منظور تھا:** ایک ایسا بادشاہ بھی آیا جسے خبر ملی کہ یہاں خزانہ ہے' اس نے اپنی نگری یہاں بسانا چاہی پر قدرت کو ویرانہ منظور تھا' قدرت نے ویرانے کو ویرانہ ہی رہنے دیا' اس نے یہاں فوجوں کے ذریعے قلعہ بنانا چاہا۔ بے شک وہ ھُو ہے اور ھُو چاہتا ہے اور جب ھُو چاہتا ہے ھُو کر کے دکھاتا ہے وہ بوڑھا جن مسلسل بولے جارہا تھا۔ حیرت انگیز جن کہنے لگا وہ مجھے بولنے کا موقع ہی نہیں دے رہا تھا' میں کیا بولتا' شاید محسوس ہو رہا تھا کہ اسے کلام الٰہی پر تو یقین ہے لیکن مجھ پر یقین نہیں آرہا تھا یہاں تو اس نے کئی کئی مناظر دیکھے کئی کئی کمالات دیکھے ہر شخص یہاں سے ناکام دیکھا۔ **میں کبھی بھی ناامید نہ ہوا:** بوڑھا جن کہنے لگا جب لوگوں کے انجام دیکھے کوئی وظیفہ کوئی منتر پڑھنے کی جرأت نہ ہوئی' کوئی بول یا کوئی ایسی چیز جس سے مجھے پتہ چلے کہ خزانہ نکل سکتا ہے' ہرگز میں نے اس کو نہ پڑھا' میں ہمیشہ ایک انتظار میں رہا' ہاں میرا انتظار اور میرا مشاہدہ کبھی بھی ناامید نہ رہا اور میں نے ہمیشہ اس کو یعنی اپنے سہارے اور حوصلے کو پُرامید پایا۔ **شاید تو قسمت کا سکندر ہے:** بوڑھا جن اپنی پھٹی پھٹی نظروں سے حیرت انگیز جن کو مخاطب کر کے کہنے لگا: آج جوان میں تجھے دیکھ رہا ہوں' شاید تو قسمت کا سکندر ہے تو رازوں کا بھیدی ہے' تو قدرت کے ان رازوں کو پاچکا ہے جن کو میں صدیوں نہیں پاسکا' میں نے بوڑھے جن سے ایک بات کرنے کی اجازت چاہی پھر میں نے اسے سارا واقعہ محمود غزنوی کا' ایبک کی دعاؤں کا' مرزا کے ساتھ کا اور ایاز کی محنت کا اور وزیراعظم کی نگرانی اور محمود غزنوی کا مانگنا' گڑگڑانا' بھکاری بننا' اشک بہانا (**قارئین! محمود غزنوی کا تمام قصہ گزشتہ شمارہ میں بیان ہوچکا ہے**) اور پھر اس خزانے کے بعد محمود غزنوی کو مدد اور قوت ایسی ملی کہ اس نے برصغیر کو اپنے قبضہ میں لے لیا اور پھر وہ جگہ جگہ انوکھی حیرت انگیز تعمیرات کرائیں جو کہ برصغیر کے آخر سے لے کر کابل تک وہ تعمیرات اب تک موجود ہیں جو محمود غزنوی نے اس خزانے سے کرائیں۔ **آپ کے سچ پر خوشی ہے!:** جب میں نے یہ سارا واقعہ اس بوڑھے جن کو سنایا تو بوڑھا جن میری بات کو سن کر بہت مسرور ہوا اور مطمئن ہوا اور کہنے لگا کہ آپ اگر سچ کہتے ہیں تو مجھے آپ کے سچ پر خوشی ہے اور مجھے آپ کے سچ پر اطمینان ہے اور میں آپ کے اس سچ پر کمربستہ ہوں۔ بوڑھا ایک دم اٹھ کھڑا ہوا' اس نے آواز دی' اس کے آواز دیتے ہی ایک دم بہت ساری عورتیں' مرد' جوان' بوڑھے' بچے جمع ہوگئے اور کہا: یہ ہمارا مہمان جن ہے' اس کیلئے کوئی کھانا پینا لاؤ۔ **یہاں تو منظر ہی کچھ اور ہے:** حیرت انگیز جن کہنے لگا: میں بھی حیران ہوا میں جا کہاں رہا تھا' اچانک میری نظر اس کھجور کے جھنڈ پر پڑی' پھر نیچے اترا یہاں تو منظر ہی کچھ اور تھا' داستان اور کہانی بھی کچھ اور ہی تھی جو میرے خیال' گمان' احساس اور ادراک میں بھی نہیں تھا۔ میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ کیا ایسا ممکن بھی ہے کہ یہاں اتنا بڑا خزانہ' اتنا بڑا خاندان' اتنے لوگوں کی قسمت آزمائی اور اتنے لوگوں کا حشر ان کی زندگیوں کا نمونہ عبرت ہونا' ان کی ویرانی جان اور مال کا گنوانا' بس مجھے وہ سارا منظر یاد آیا تھوڑی ہی دیر میں میرے لیے کھانا لایا گیا اور مختلف چیزیں طرح طرح کی بہت پرلطف' ایسا احساس تھا جیسے میری دعوت کا انتظام انہوں نے پہلے سے کیا ہو۔ **شاید خزانہ میرے مقدر میں نہیں:** بابا سے اظہار کیا: کہا نہیں قدرت نے مجھے اپنی برکت کے خزانوں سے کچھ حصہ عطا فرمایا ہے اور میں اللہ سے مانگتا ہوں اور وہ میری ضرورت پوری کر دیتا ہے' اللہ سے سب کچھ مانگا اللہ نے مجھے ہر چیز دی' اللہ سے خزانہ مانگا ہے شاید خزانہ میرے مقدر میں نہیں۔ ایک دفعہ میں نے ایک خواب دیکھا تھا کہ اس خزانہ کے اردگرد پراسرار سی مخلوق ہے جو پہرہ دے رہی ہے میں نے ان سے جاکر پوچھا: آپ کون ہیں؟ یہاں کیا

کر رہے ہیں؟ **بس ہمیں تو اتنا ہی یاد ہے:** کہنے لگے: ہم اللہ کی مخلوق ہیں اور اللہ کے حکم سے یہاں ایک خزانہ دفن ہے اس کا پہرہ دے رہے ہیں۔ کہا آپ کتنے عرصہ سے ہیں؟ کہا ہمیں خود یاد نہیں: بس اتنا یاد ہے کئی حکومتیں کئی بادشاہ آئے اور صدیوں حکومتیں چلیں' پھر ویران ہوگئیں' ہاں اتنا یاد ہے کہ یہاں اس مخلوق نے اپنے بائیں طرف اشارہ کرکے کہا ایک بہت بڑا گھنا جنگل تھا پھر دیکھتے ہی دیکھتے یہاں ایک شہر آباد ہوا' صدیوں وہ شہر رہا' پھر شہر ویران ہوا حتیٰ کہ قدرت نے اس شہر اور شہر والوں کو ختم کردیا' وہ شہر کھنڈر بنا' پھر وہ صدیوں کھنڈر رہا' پھر گردش ایام نے اس کھنڈر کو مٹا دیا۔ آج اس کھنڈر کا نشان بھی نہیں ہے بس ہمیں تو اتنا ہی یاد ہے۔ ہمیں کوئی اوقات دن سال مہینے کچھ یاد نہیں۔ ہماری ذمہ داری ہے ہماری ڈیوٹی ہے ہم یہاں کھڑے ہیں۔ **ہم کچھ کھا پی نہیں سکتے:** بوڑھا جن کہنے لگا میں نے خواب میں پوچھا: کیا آپ کچھ کھاتے پیتے نہیں ہیں' وہ میری طرف دیکھ کر مسکرائے اور کہا کھانا پینا انسانوں اور جنات کے ساتھ لگا ہوا ہے ہم کچھ کھا پی نہیں سکتے' نہ ہمیں ضرورت ہے۔ **اس خزانہ کو بس انتظار ہے کسی کا:** پھر میں نے اس پراسرار مخلوق سے پوچھا یہ خزانہ کون نکالے گا؟ تو پراسرار مخلوق کہنے لگی کہ اس خزانہ کو بس انتظار ہے کسی کا؟ وہ آئے گا اور خزانہ نکال لے گا۔ میں نے ان سے پوچھا وہ کب آئے گا؟ کہا کہ بس ہمیں اتنا پتہ ہے باقی اللہ کے علم میں ہے اور میرا خواب ٹوٹ گیا۔ وہ بوڑھا کہنے لگا: شاید آج وہ اللہ کا امر پورا ہو رہا اور جوان تم اس خزانہ کو حاصل کرنے میں ضرور میرا ساتھ دو گے یا تو خزانہ پا جائیں گے یا تیری وجہ سے خزانہ کے دروازے کھل جائیں گے یا پھر خزانہ کسی نہ کسی شکل میں مل جائے گا۔ **خزانہ نکلنے کی بھرپور توقع:** یہ تمام گفتگو اس بوڑھے جن اور پراسرار جن کی ہو رہی تھی کہ اچانک ایک جن تھال میں کچھ میوے لے کر آیا اس نے میرے سامنے وہ میوے رکھے۔ میں میوؤں کو دیکھتا تھا اور اس بوڑھے بابے جن کو دیکھتا تھا' شاید اس کی وجہ یہ تھی کہ بابے کو آج خزانہ نکلنے کی بھرپور توقع تھی اور بابے نے بھی مجھے پرکھ لیا تھا کہ میرے پاس کوئی ایسا گر یا ایسا کام یا ایسی چیز ہے کہ جو بابے کو جا کر دل پر لگی ہے اس لیے بابا مسلسل میرے لیے میوے کھانے کی چیزیں انعام اور اکرام منگوا رہا تھا' مجھے نہ کھانوں سے دلچسپی تھی اور نہ بابے کے میوؤں سے جو وہ بار بار منگوا رہا تھا۔ یہ بات کہتے ہوئے حیرت انگیز جن خلاؤں میں گھورنے لگا اور وہ خاموش ہوگیا پھر اپنی خاموشی کو خود ہی توڑتے ہوئے بولا۔ **بابے کیلئے ترس اور رحمدلی:** دراصل بات یہ ہے کہ میرے جی میں بابے کیلئے ترس اور رحمدلی کا احساس شروع ہوگیا اور میرا من کہنے لگا کہ بابا واقعی ایسا ہے کہ اس کے ساتھ رحمدلی محبت اور پیار کیا جائے کیونکہ یہ شخص صدیوں سے اتار چڑھاؤ کو دیکھ رہا تھا اور اس بات کو پرکھ رہا تھا کہ شاید مجھے کہیں سے اس خزانے کا کوئی راستہ مل جائے اور پھر اس نے لوگوں کا انجام بھی دیکھا کتنی کہانیاں دیکھیں' کتنے فرد دیکھے کتنے لوگ دیکھے' چھوٹے بھی' بڑے بھی' بادشاہ بھی' فقیر بھی' سب اس خزانے کی تلاش میں آئے یا تو اپنی موت پا گئے یا پھر ناکامی کے راستے۔ **میں حیرت انگیز جادوگر بھی ہوں!** حیرت انگیز جن کہنے لگا: یہ مسلسل سوچیں تھیں جو میرے دل میں آرہی تھیں اور اس کی وجہ سے میرے دل میں اس بابے کیلئے رحمدلی کا سچا جذبہ بار بار امڈ رہا تھا اور میرا دل کہہ رہا تھا کہ بابے کا کوئی بھلا کیا جائے اور بھلائی کے ساتھ رحم کیا جائے اور بابا یقیناً ایسا ہے کہ اس کو ایسے چھوڑنا نہیں چاہیے' میں انہی سوچوں میں غلطاں و پیچاں تھا کہ ایک دم بابے کی آواز سنسناتی ہوئی میرے کانوں میں داخل ہوئی۔ بابا کہنے لگا آپ کو پتہ ہے؟ میں حیرت انگیز جادوگر بھی ہوں' اس کی آواز میں سنسناہٹ ترشی اور لہجے کے بدلنے نے مجھے حیران کردیا' میں چونک پڑا میں نے بابے کی آنکھوں میں دیکھا تو اس میں شعلے تھے اور تیزی تھی اور سرسراہٹ تھی' حیرت انگیز جن کہنے لگا میں نے کہا: میں سمجھا نہیں آپ کیا کہنا چاہتے ہیں' کہا کہ میں بہت بڑے بڑے جادو کرسکتا ہوں اور میرے تابع بڑے بڑے سخت قسم کے مؤکلات ہیں اور میں جب چاہوں وہ مؤکلات کسی پر بھی مسلط کردوں۔ **میرا خیال اور گمان ٹوٹ گیا:** مجھے ایک دم گھبراہٹ سی ہونے لگی۔ حیرت انگیز جن نے اپنی زبان اور ہونٹ کاٹتے ہوئے یہ بات کہی اور کہا کہ اس سے پہلے جو میرا گمان اور خیال اس بابے کے بارے میں تھا یکا یک ٹوٹ گیا اور میں نے کہا یہ تو مال کی ہوس رکھنے والا شخص ہے اور اس ہوس میں شاید یہ صدیوں سے کسی شکار کا انتظار کر رہا تھا اور اس کی نظر اب مجھ پر پڑ گئی ہے اور اس کا بس نہیں چلتا یہ مجھے کچا کھا جائے یا مجھے برباد کردے' بوڑھے جن کی گزشتہ باتیں جب میرے ذہن میں آئیں تو میں سمجھا کہ شاید میں غلط سمجھ رہا ہوں میں نے ایک بار پھر بابے سے کہا باباجی میں آپ کی بات سمجھا نہیں براہ کرم مجھے پھر وضاحت کیجئے! بابے نے پہلو بدلا اور بپھرے ہوئے لہجے سے اور سخت الفاظ سے میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مخاطب ہوا۔ **کالی طاقتیں اور کالی قوتیں:** کہنے لگا جوان میری بات غور سے سنو! میرے پاس بہت کالی طاقتیں اور کالی قوتیں ہیں' میں ان کالی طاقتوں اور کالی قوتوں سے سب کچھ پتہ کرلیتا ہوں اور مجھے یہ بھی پتہ ہے کہ وہ کالی طاقتیں اور کالی قوتیں مجھے خزانے تک پہنچا تو چکی ہیں لیکن میں خزانے کو اب تک نکال نہیں سکا تو ان کالی طاقتوں اور کالی قوتوں نے تو مجھے جب تو آیا تھا تب ہی یہ بتادیا کہ اس شخص کے پاس ایک ایسا علم ہے جو اس کو محمود غزنوی کے ذریعے ملا' اگر یہ چاہے تو یہ خزانہ نکال سکتا ہے لیکن یہ آدھا خزانہ چاہے گا' اس کو آدھا خزانہ تو کیا خزانہ نکالنے کے بعد اس کو فوراً قتل کردیا جائے اور میری کالی طاقتوں اور کالی قوتوں نے میری بھرپور مدد کرنے کا وعدہ کیا ہے **تم میرے قیدی ہو!:** اب تم یہاں سے جا نہیں سکتے تم میرے قیدی ہو یہ جو کچھ میوے چیزیں میں نے تمہیں کھلائی ہیں یہ سب چیزیں وہ ہیں جن پر کالا جادو کیا ہوا تھا اور یہ سب چیزیں وہ ہیں جن پر سخت قسم کا اثر تھا اور اس کو کھانے کے بعد جن کے اندر کے تمام علوم جو میرے کالے جادو کا مقابلہ کرسکتے ہیں' ختم ہوجاتے ہیں۔ وہ تمام قوتیں اس کے اندر مرجاتی ہیں جو میرے کالے جادو کو توڑ سکے۔ **مکار بوڑھا جن فاتحانہ انداز سے کھڑا ہوا:** یہ کہتے ہوئے وہ بوڑھا جن فاتحانہ انداز میں کھڑا ہوا اور پھر اس نے ''میں'' کہا اور ہوا میں ہاتھ پھیلائے اور ایک زوردار قہقہہ لگایا' اتنا زوردار کہ تمام وادی میں میلوں تک اس کے قہقہے کی آواز پھیلتی چلی گئی اور اس کے قہقہے کے ساتھ ہی ہر کونے سے مسلح جنات نکلے اور انہوں نے مجھے اردگرد سے گھیر لیا' میرے وہم و گمان میں نہیں تھا کہ یہ بوڑھا جن بادشاہ ہے' فقیر ہے' غریب ہے' کون ہے؟ مجھے تو اپنے اس بیٹھنے کا بھی افسوس ہوا جب میں کھجوروں کا جھنڈ دیکھ کر یہاں متوجہ ہوا تھا۔ **میں نے تمہارا علم باندھ دیا ہے:** ان سب کے ہاتھ میں خطرناک قسم کا اسلحہ تھا اور وہ تمام

حکیم سعیدؒ کے کلاس فیلو سے قبض کا ٹوٹکہ لے لیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ یہ نسخہ جو میں عبقری قارئین کیلئے تحریر کررہا ہوں وہ حکیم سعید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ بانی ہمدرد دواخانہ کے کلاس فیلو حکیم ساحر کا دوائی مرحوم نے دیا تھا وہ حکیم سعیدؒ کے طبیہ کالج دہلی کے کلاس فیلو تھے اور بڑے فخر سے کہتے تھے کہ حکیم سعیدؒ میرے دوست تھے' یہ نسخہ 2004ء میں انہوں نے دیا تھا۔ بہت آسان ہے۔ **پرانی قبض کیلئے:** اسپغول ثابت لے کر اس کو ہلکا سا براؤن کرلیں پھر اس میں زیتون کا تیل ڈال کر گرم کرلیں' جب دونوں براؤن ہوجائیں تو اتار کر ڈبی میں بند کرلیں۔ ایک چمچ دودھ کے ساتھ صبح لیں' ایک چمچ رات کو سوتے وقت لیں' ان شاء اللہ پرانی سے پرانی قبض دور ہوجائے گی۔ (قیصر علی منج' فیصل آباد)

اس خطرناک اسلحہ کو اس انداز سے لہرا رہے تھے کہ ایک پل میں میرے جسم کو ریزہ ریزہ کردیں گے جب تمام فوجیں میرے اردگرد پھیل گئیں تو اس شخص نے یعنی اس بوڑھے جن نے ایک بار پھر قہقہہ لگایا اور قہقہہ لگاتے ہوئے کہنے لگا: اب تمہیں اپنے علم کو استعمال کرکے مجھے اس خزانے تک پہنچانا بھی ہے' خزانہ دلوانا بھی ہے' میں نے اس علم کے علاوہ باقی تمام تمہارے علم باندھ دیئے ہیں اور میں نے تمہاری ہر چیز کو تالے لگادیئے ہیں' تمہارے تمام علوم چھین لیے ہیں اور تمہارے علوم کیے ہوئے عمل' ملے ہوئے عمل اور تمام طاقتیں ختم کردی ہیں اگر تمہیں تجربہ نہیں تو کرکے دیکھو کہ میں واقعی جو کہہ رہا ہوں یہ سچ ہے یا غلط ہے۔ **آہ! یہ میں نے کیا کردیا:** میں حیران ہوا اس کی بات سن کر مجھے غصہ بھی آرہا تھا اور شدت سے احساس بھی ہورہا تھا کہ میں کہاں آبیٹھا اور میں نے کیا کیا؟ اور پھر اس مکار بوڑھے کو میں بار بار دیکھتا میری ملی جلی کیفیات اس میں خوف بھی تھا' اس میں فرار ہونے کی تدبیروں کا احساس بھی تھا' اس پر اس کے بڑھاپے پر افسوس بھی تھا لیکن میرے مشاہدے نے مجھے کہا میں جو کچھ سوچ رہا ہوں وہ غلط سوچ رہا ہوں' **اب مجھے کچھ کرنا ہوگا:** اب مجھے کچھ سوچنا ہوگا کچھ کرنا ہوگا پھر میرے پاس جتنے بھی علم تھے طاقتور سے طاقتور میں نے وہ سب آزما لیے واقعتاً میرا کوئی علم چلتا ہی نہیں تھا اور میرا ہر علم ختم ہوجاتا تھا اور میں مایوس ہوا' بہت پریشان ہوا اور مجھے حیرت ہوئی کہ میرے ساتھ کیا ہوا؟ اور میں کیا کربیٹھا ہوں؟ اچانک بیٹھے بیٹھے میرے دل میں ایک خیال آیا کہ جس وظیفے کی وجہ سے اتنا طاقتور خزانہ مل سکتا ہے اور اتنے طاقتور خزانے کے دروازے کھل سکتے ہیں اس وظیفے سے مجھے آخر بڑی بڑی قوتیں اور بڑی بڑی طاقتیں کیا حاصل نہیں ہوسکتیں؟ کیا اس وظیفے سے میں ان مکار لوگوں سے نجات اور فرار حاصل نہیں کرسکتا؟ میں نے دل ہی دل میں **وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ** پڑھنا شروع کیا میں نے ابھی پڑھنا ہی شروع کیا تھا تو بوڑھا مکار جن کہنے لگا: یہ تم کیا پڑھ رہے ہو' کیوں پڑھ رہے ہو یہ تو اس وقت پڑھا جاتا ہے جب خزانے کے اوپر جاتے ہیں اور پھر زور سے قہقہہ لگایا اور قہقہہ لگا کر کہنے لگا کہ جتنا پڑھنا ہے پڑھ لو اور جتنا مزید کچھ کرنا ہے کرلو' تمہارا کچھ بھی نہیں ہوگا لیکن مجھے اس کے اس انداز سے ایک احساس ہوا مجھے اس پڑھنے سے یقیناً فائدہ ہوگا اور ہوسکتا ہے۔ **اس کی زبان بند کردو:** میں یہی سوچتا ہوا پھر پڑھنے لگا اس نے پھر مجھے ڈانٹا تم کیوں پڑھ رہے ہو' کیا ایک اس کے دل میں پتہ نہیں کیا جذبہ پیدا ہوا' اس نے تین طاقتور جن بلوائے جن کے منہ سے شعلے نکل رہے تھے' ناک سے تیز گرم بھاپ نکل رہی تھی' کانوں سے گرم گرم شعلے اور بھاپ نکل رہی تھی' ان کے جسم ایسے محسوس ہوتے تھے جیسے کہ تپتے ہوئے انگارے یا گرم سرخ لوہا' ان کو کہنے لگا: اس کی زبان کو اس وقت تک باندھ کر رکھو جب تک کہ یہ خزانے کے قریب نہ پہنچ جائے اور اس کے ہاتھوں کو باندھ کر رکھو اور یہ تمہارے ذمے ہے' انہوں نے مجھے ایسا بری طرح جکڑا کہ میرے جسم کا انگ انگ دکھنے لگا اور میرا جسم ایسے محسوس ہوا کہ شاید ابھی مٹی مٹی ہوجائے گا یا بھوسہ بن جائے گا۔ **جنات نے میری زبان کو جکڑ دیا:** لیکن ان کے دل میں کوئی احساس نہیں تھا کوئی ترس نہیں تھا آج مجھے پہلی دفعہ یہ احساس ہوا کہ اس دنیا میں ایسے لوگ بھی رہتے ہیں جن کے اندر بے حسی ہے اور جن کے اندر ظلم اور ستم کا مزاج ہے اور جن کا مقصد دولت ہے اور اس دولت میں کسی کا لحاظ اور خیال نہیں کرتے۔ **اسے زندہ رکھنا ضروری ہے:** میں جکڑا ہوا تھا جنات نے میری زبان کو جکڑا ہوا تھا' اسی جکڑن میں مجھے تین دن' تین راتیں گزر گئیں۔ میرا احساس بیدار' میری آنکھیں بیدار' میرا دل سوچ رہا تھا لیکن میری زبان حرکت نہیں کرپارہی تھی' انہیں اس بات کا احساس تھا کہ اسے زندہ رکھنا ہے کیونکہ اگر یہ زندہ رہا تو ہمیں دولت ملے گی اگر یہ زندہ نہ رہا تو خزانہ کہاں سے حاصل کریں گے۔ یہ بات کہتے ہوئے حیرت انگیز جن رو پڑا اور اس کے دکھ بھرے آنسو اتنے کہ ہم بھی اپنا دکھ اور اپنا غم اور اپنے آنسو ضبط نہ کرسکے۔ میرے ساتھ بیٹھے جن نے اسے تسلی دی اور کہنے لگا کہ آپ کا جذبہ اچھا ہے' آپ کی نیت اچھی ہے' آپ کا خلوص بہت مخلص ہے' آپ کو کسی غم کسی پریشانی اور کسی تکلیف کی کوئی ضرورت نہیں' آپ اطمینان سے اپنی داستان سنائیں اور اپنے مشاہدے بتائیں۔ آپ پریشان نہ ہوں! ورنہ آپ کی پریشانی سے ہمیں اور زیادہ پریشانی گھیر لے گی۔ اس کو تسلی ہوئی اس نے اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا میرے منہ میں پھلوں کا کوئی ایسا حیرت انگیز رس ڈالتے تھے جس کے چند قطرے میرے سارے دن کی پیاس اور بھوک سے مجھے نجات دے دیتے تھے لیکن ہر سانس' ہر لمحہ' ہر لحظہ' ہر گھڑی' ہر وقت میرے اردگرد جنات تھے اور جنات نے مجھے گھیرا ہوا تھا اب ان کا اصرار تھا کہ میں آگے چلوں اور اس جگہ تک پہنچوں جس جگہ وہ خزانہ دفن ہے اور وہ کلام جو مجھے ملا ہے میں پڑھوں' ان تین دنوں میں میرے اوپر ایک انوکھا انکشاف ہوا یہ بوڑھا جن مسلمان نہیں بلکہ مکار تھا اس نے مجھے پڑھنے اور پرکھنے اور میرے اندر جھانکنے کیلئے سب کچھ کیا تھا؟ اور اس نے اپنے علم سے پڑھ لیا تھا میں جو کچھ بیان کررہا ہوں سچ کہہ رہا تھا اور میرے پاس جو علم ہے وہ سچا ہے لہٰذا اپنے علم کی بنیاد پر اس نے میرے سارے علوم کو بند کردیا اور پھر آخری علم میرے پاس آیۃ الکرسی کی یہ آیت تھی۔ **آخر کروں تو کیا کروں:** اس آیت کو بھی اس نے نہیں پڑھنے دیا اور میری زبان میرے جسم کو اس نے جنات کے ذریعے جکڑا ہوا تھا میں دل ہی دل میں تدبیر سوچ رہا تھا کہ آخر کروں تو کیا کروں یہ جنات مجھ سے طاقتور' ان کے اسلحہ بہت زیادہ سخت ان کا مزاج بہت ظالم ان کی طبیعت میں ایک فیصد بھی ایک پل بھی رحم کا ذرہ نہیں' شفقت اور محبت ان کے قریب سے نہیں گزری مزاج میں نرمی ان کے ساتھ بالکل نہیں۔ **نفرت سختی شدت حکم آرڈر اور خزانہ!:** اور ہر لمحہ ہر لحظہ ان کو بس ایک چیز نظر آرہی ہے کہ بس وہ ہے نفرت سختی شدت حکم آرڈر اور خزانہ! چند دن مجھے ایسے رکھا آخر مجھے دھکیل کر آگے لے گئے اور اس جگہ لے گئے جہاں بوڑھے جن کو پتہ تھا کہ یہیں خزانہ ہے' یہاں پہنچ کر بوڑھے جن نے مجھے وارننگ دی کہ یہ لفظ تونے صرف خزانہ کیلئے پڑھنا ہے اور کسی چیز کیلئے نہیں پڑھنا' ابھی میں کچھ دیر تجھے سوچنے کا موقع دیتا ہوں نامعلوم اتنے دن شاید اس نے اپنے علم کی بنیاد پر دل دماغ اور سوچیں بھی باندھ دی تھیں اور مجھے اس بات کا احساس نہ ہوا کہ مجھے اپنا کچھ نہ ہو تو دل سے تو پڑھ سکتا ہوں اور کچھ بھی نہ ہو تو زبان بند ہے دل تو بند نہیں جب انہوں نے کہا ہم تمہیں سوچنے کا موقع دیتے رہے تو میں ایک دم جیسے کوئی جاگ اٹھتا ہے۔ **بندشیں ٹوٹ رہی ہیں:** شاید اس بوڑھے جن نے اپنا کالا جادو اور اس کے کالے اثرات مجھ سے ہٹائے تھے کیونکہ اسے علم تھا کہ اگر کالا جادو اور کالے اثرات ہونگے تو کبھی بھی یہ شخص مجھے خزانہ نکال کر نہیں دے سکتا' بس ان کے اثرات ہٹتے ہی میرا دماغ اور دل بیدار ہوا لیکن میری زبان ابھی تک جکڑی ہوئی تھی مجھے احساس ہوا کہ میری زبان جکڑی گئی لیکن میرا دل تو ابھی بول سکتا ہے بس یہی آیت میں نے نامعلوم کس جذبے' کس وجدان' کس کیفیت' کس درد اور کس انداز سے پڑھنا شروع کردی' میں پڑھ رہا تھا اور مجھے احساس ہورہا تھا لوہے کی کچھ زنجیریں جو میرے اردگرد بندشوں کی صورت میں ٹوٹتی چلی جارہی ہیں اور کچھ اردگرد چیزیں ہیں جن سے میں خلاصی پاتا چلا جارہا ہوں اور میں پڑھ رہا تھا اور میرے دل کا اور جسم کا ذرہ ذرہ کھلتا چلا جارہا تھا اور میرا اندر کہہ رہا تھا کہ میں آزاد ہوجاؤں گا۔ **طاقتور فرشتوں کی مخلوق:** ایک چیز میں نے واضح محسوس کی کہ جب میں یہ آیت پڑھ رہا تھا تو مجھے آنکھوں سے ایک انوکھا منظر نظر آیا میری نظر سے لے کر تاحد آسمان کچھ عجیب وغریب روحانی اور نورانی شکلوں والے لوگ ہیں جنہوں نے سفید اور سیاہ

یادداشت اور ذہانت میں اضافہ: ہر فرض نماز کے بعد اگر یارحمٰن کی ایک تسبیح پڑھی جائے تو اس کی برکت سے نہ صرف یادداشت میں اور ذہانت میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ اس سے قلب میں عاجزی پیدا ہوتی ہے۔

پگڑیاں باندھی ہوئی ہیں اور ان کے ہاتھوں میں تلواریں جن کی چمک اور جھلک دور دور سے نظر آرہی تھی وہ اتر رہے ہیں اور مجھے ایک بات کا احساس ہو رہا ہے کہ اس آیت کے ساتھ اتنے طاقتور فرشتوں کی مخلوق ہے جو یقیناً میری مدد کو پہنچ رہی ہے۔ **بوڑھا جادوگر اور اس کی بے بسی:** میں انہی سوچوں میں مصروف تھا اور میں دل کی طاقت اور گہرائیوں سے مسلسل وہ لفظ پڑھ رہا تھا اور میں پڑھتے پڑھتے ایک دم رکا تو میں نے دیکھا کہ اس بوڑھے جن کی آنکھوں سے شعلے اور انگارے نکل رہے ہیں وہ تھر تھر کانپ رہا ہے اور غصے سے بول نہیں پا رہا' اپنی مٹھیاں بھینچ کر اور اشاروں سے مجھے حکم دے رہا کہ جو کچھ دل میں پڑھ رہا اس کو نہ پڑھ جب میں نے اس کی یہ حالت دیکھی تو مجھے بجائے خوف کے خوشی محسوس ہوئی اور میں اپنی خوشی کو سنبھالتے ہوئے اور زیادہ پڑھنا شروع ہوگیا میرا دل اندر سے ان لفظوں کو اُگل رہا تھا اور میرا من کہہ رہا تھا' یہ لفظ نہیں حقیقت ہیں' ان لفظوں سے سچائی خلوص باہر آئے گی اور یہ مردود اور نامراد سو فیصد ختم ہوجائیں گے۔ **میری عمر ڈھل گئی' میری نسلیں تو مالدار ہوجائیں:** میں انہی سوچوں میں تھا کہ ایک دم اس شخص نے میرے دل کو پکڑ لیا اور چیخ چیخ کر کہنے لگا دل سے کیوں پڑھ رہا؟ پھر اپنا سر زور زور سے درخت کے ساتھ مارنے لگا اور کہنے لگا: میں صدیوں سے انتظار کر رہا تھا چلو میری عمر ڈھل گئی' پر میری نسلیں تو مالدار ہوجائیں کیوں؟ آخر تو کیوں ایسا کر رہا؟ اور زور زور سے کہنے لگا ہے کوئی اس کے دل کو روک دے' ایک شخص خنجر لے کر آگے بڑھا اور میرے دل کے اوپر خنجر مارنے ہی لگا تھا کہ بابا زور سے چیخا اور اس کا ہاتھ پکڑ لیا' خیال کرو اگر اس کے دل پر خنجر مارا تو یہ مر جائے گا۔ میں نے تو اس سے خزانہ لینا ہے کیا کر رہے ہو تم؟ اس کا ہاتھ اچانک رک گیا اور مجھے زہریلی نظروں سے دیکھنے لگا۔ مکار بوڑھے نے میرے سینے پر ہاتھ مار مار کر مجھے زخمی کردیا اور پھر زور سے کہنے لگا اس کی زبان چھوڑ دو' میری زبان چھوڑی تو مجھے احساس ہوا کہ میرے زبان سے تالے ہٹ گئے ہیں۔ **مکار بوڑھے کی طاقت ختم' جادو ٹوٹ گیا:** میں پڑھنے کے قابل بھی ہوں' میں بولنے کے قابل بھی ہوں لیکن اچانک میرے دل میں ایک آواز آئی یہ اس کی چال ہے کیونکہ جو دل سے پڑھا ہوا ہوتا ہے' زبان سے پڑھا وہ نہیں ہوتا۔ جو دل سے پڑھے کی طاقت اور تاثیر ہوتی ہے زبان سے پڑھے کی طاقت اور تاثیر وہ نہیں ہوتی۔ لہٰذا یہ اس کا بہت بڑا دھوکہ ہے اور فریب ہے' مجھے اس دھوکے اور فریب سے بچنا ہے' میں نے اپنی زبان کو پھر بھی حرکت نہ دی اور آیۃ الکرسی کے الفاظ پورے یقین' دھیان' طاقت اور توجہ سے دل میں ہی پڑھتا رہا۔ میں پڑھتے پڑھتے ایک ایسی کیفیت پر پہنچا جب میں نے محسوس کیا کہ بوڑھے کی طاقت ختم ہوگئی ہے اور اس کے اندر کی جان نکل رہی ہے اور اس کا اپنا کالا علم ٹوٹ رہا ہے اور مجھے حیرت ہوئی کہ یہ آیت واقعی کالے علم کیلئے' جادو کیلئے اور ان مکار جنات کی طاقت کو توڑنے کیلئے بہت حیرت انگیز ہے۔ **سب سے پہلے بوڑھا مکار جن گرا پھر...** بس اب کیا تھا؟ میں نے اپنی زبان کو کوئی حرکت نہیں دی' میں دل ہی دل میں مسلسل یہی آیت دھراتا جارہا تھا سب سے پہلے بوڑھا گرا' پھر وہ تین طاقتور جن جنہوں نے مجھے کئی دنوں سے جکڑا ہوا تھا وہ گرے اور آہستہ آہستہ ان کی فوجیں ایسے گرتی جارہی تھیں جیسے خستہ دیواریں یا درختوں کے سوکھے پتے اور وہ اپنی جان ختم کیے جارہے تھے اور ان کے اندر مردنی چھائی جارہی تھی' میں خوش ہوا مجھے حیرت ہوئی' میں پڑھتا رہا۔ **میرے علوم مجھے واپس مل گئے:** نامعلوم کتنے گھنٹے میں پڑھتا رہا' اس کے بعد میں نے ہوش کی نظر سے دیکھا اور احساس ہوا کہ وہ ساری چیزیں تو ختم ہوگئیں اور میں تنہا ہوں اور میں اکیلا ہوں اور میں بالکل فرار حاصل کرسکتا ہوں اور میرے اندر کوئی جکڑن نہیں' نہ میرا جسم جکڑا ہوا' نہ میری زبان جکڑی ہوئی' وہ جتنے علوم انہوں نے چھینے تھے وہ سب علوم مجھے واپس مل گئے۔ میں حیرت سے انہیں دیکھ رہا تھا' وہ سب بیہوش پڑے تھے' ان کی آنکھیں کھلی تھیں لیکن ان کی زبانیں جکڑی ہوئی تھیں اور وہ سب ایسے پڑے تھے جیسے کسی طاقت نے آکر انہیں جکڑ دیا' ان کے جسم کی جان کو نکال دیا' وہ مردہ نہیں تھے لیکن زندہ بھی نہیں تھے۔ جیسے کوئی نیم مردہ ہوتا ہے اور ان کے اندر سب کچھ ختم ہوچکا تھا اور ان کے اندر ہر چیز ہر طاقت بالکل بے جان ہوگئی تھی۔ یہ سب دیکھ کر مجھے بہت خوشی ہوئی اور میری طبیعت باغ باغ ہوگئی اور میں حیران ہوا اور میرے دل سے ایک آواز آئی کہ علم علم ہوتا ہے اور سچائی سچائی ہوتی ہے اور کبھی بھی سچا علم ضائع نہیں ہوتا اور سچا علم اپنی طاقت اور تاثیر دکھا کر ہی رہتا ہے۔

وہ بوڑھا مکار جن اگر صبر کرتا تو خزانہ اسے مل جاتا: حیرت انگیز جن اپنی تمام باتیں بتا رہا تھا اور خود ہم حیرت سے اس کی باتیں سن رہے تھے اور سنتے سنتے ہمیں حیرت ہو رہی تھی کہ کیا دنیا میں ایسے بھی لوگ ہیں جن کا کردار یہی ہے اور جن کا مزاج یہی ہے' کیا دنیا میں ایسے لوگ ابھی تک بھی موجود ہیں جن کے اندر لوگوں کی خیر خواہی نہیں' صرف اپنی غرض ہے میں سوچنے لگا کہ وہ بوڑھا مکار جن اگر تھوڑا سا صبر کرلیتا اور اس کو اپنا علم استعمال کرنے دیتا' شاید اس کے مقدر میں کچھ ایسا نکل آتا کہ خزانہ مل جاتا اور وہ خزانہ وہ بوڑھا خود بھی استعمال کرتا اور کچھ اس کو بھی دے دیتا اگر بانٹ کر کھاتا تو کیا اچھا تھا اس نے سب کچھ اپنے اندر ہضم کرنے کا پروگرام بنالیا اور یوں وہ سب کچھ جو کچھ اس نے پانا تھا وہ اس سے لٹ گیا اور ختم ہوگیا۔ **جادو انسانوں میں زیادہ ہوتا ہے یا جنات میں؟:** ابھی یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں میرے دل میں ایک بات آئی' میں نے حیرت انگیز جن سے پوچھا' یہ بتائیں کہ جادو انسانوں میں زیادہ ہوتا ہے یا جنات میں؟ میرا سوال کیا تھا' حیرت انگیز جن نے اپنی پوری کی پوری معلومات اور کہانی شروع کردی۔ وہ کہنے لگے دراصل جن اور جادو دونوں ''ج'' سے نکلے ہیں۔ جنابت کا تعلق بھی ''ج'' سے ہے یعنی ناپاکی' ایسی ناپاکی جو کے انسان ازدواجی تعلقات کے بعد پاتا ہے' اس ناپاکی کو جنابت کہتے ہیں۔ کہنے لگے یہ تین ''ج'' جن، جادو، اور جنابت یہ انسان کیلئے ایسے زہر ہیں کہ جیسے خنجر بجھا ہوا' اور ایسا سم قاتل ہے کہ اس کا ڈسا پانی نہیں مانگتا' پھر اس نے وضاحت کی۔ **ناپاک انسان سے خاص بُو:** حیرت انگیز جن کہنے لگا کہ انسان جب ناپاک ہوتا ہے اور نہاتا نہیں اور ناپاک ہی رہتا ہے تو ہمارے جنات کی دو قسمیں ہیں ایک وہ ہے جو نیک اور صالح ہے وہ ایسے بندے سے دور ہوجاتے ہیں کیونکہ ناپاک انسان سے ایک خاص قسم کی بو ہوتی ہے' اس بُو کو سمجھانے کیلئے حیرت انگیز جن نے مجھے مثال دی' کہا: ایک بکرا وہ ہوتا ہے جو خصی ہوتا ہے اور ایک وہ جو خصی نہیں اب اس کے اندر جو بُو نکلتی ہے وہ ایسی ہے کہ جسے آپ سونگھ سکتے ہیں ناپاک جسم اور وہ شخص جس کو حالت جنابت ہو اس کے جسم سے ایسی بو نکلتی ہے جو نیک فرشتوں اور نیک جنات کو

زخم جلد ٹھیک کرنے کیلئے بے حد موثر اور سستی دوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمیں ماہنامہ عبقری بہت اچھا لگتا ہے' ہر ماہ اگلے شمارے کا ہی انتظار رہتا ہے' عبقری قارئین کیلئے اپنا بارہا کا آزمایا ہوا ایک ٹوٹکہ بھیج رہی ہوں یقیناً اس سے قارئین بھرپور مستفید ہوں گے۔

ھوالشافی: دو عدد سپٹران ڈی ایس کی گولیاں۔ بینزائل پنسلین سوڈیم انجکشن دس لاکھ I.U۔ پٹرولیم جیلی (ویزلین)۔ بنانے کا طریقہ: سپٹران کی دونوں گولیوں کو پیس کر اور انجکشن کو ویزلین میں مکس کرکے محفوظ کرلیں اور زخموں کو جلد بھرنے یا خشک کرنے کے لیے دن میں کم از کم دو مرتبہ ضرور زخم پر لگائیں۔ پاؤں کی انگلیوں کے گلے پن کو ٹھیک کرنے کیلئے بے انتہا موثر اور سستی دوا ہے' آزمایا ہوا ہے' آپ بھی آزمایئے اور دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔

(شائزہ مغل' سکھیکی منڈی)

اہل علم کا امتحان: اہل علم کا امتحان کثرت علم سے نہیں ہوتا بلکہ یہ دیکھنا چاہیے کہ وہ فتنہ انگیز باتوں سے کس طرح بچتا ہے۔ (افلاطون)

دور کردیتی ہے **بدکار جنات انتظار میں ہوتے ہیں:** نیک جنات اور نیک فرشتے جب اس سے دور ہوتے ہیں تو بدکار جنات اس انتظار میں ہوتے ہیں کہ اس انسان کو شکار بنائیں اور اس کے قریب آئیں پھر اس کے قریب آکر اس کو طرح طرح کی تکالیف دیں اور طرح طرح کے روگوں میں' مصائب میں' تکالیف میں' مشکلات اور مسائل میں اسے مبتلا کریں۔ **حیرت ہے جنابت کو لوگ کچھ نہیں سمجھتے!** حیرت انگیز جن کہنے لگا: لوگ جادو کو بہت طاقتور دار سمجھتے ہیں' جنات کو بہت طاقتور مخلوق سمجھتے ہیں لیکن جنابت کو کچھ بھی نہیں سمجھتے حالانکہ جنابت ایک ایسی چیز ہے جو انسان کو فرشتوں کی مدد' حفاظت اور حصار سے دور کردیتی ہے اور جنابت ایک ایسی چیز ہے جو کہ فرشتوں کو جہاں دور کرتی ہے وہاں نیک جنات کو بھی اس شخص سے دور کردیتی ہے۔ **کیا نیک جنات انسان سے دور ہوں تو فرق پڑتا ہے؟** میں نے حیرت انگیز جن سے سوال کیا نیک جنات انسان سے دور ہوں یا قریب ہوں اس کا فرق کیا پڑتا ہے؟ کہنے لگے: آپ سوچ نہیں سکتے کہ اس کا کیا فرق پڑتا ہے اور پھر خود ہی کہا کہ دراصل انسان جب ناپاک ہوتا ہے تو اس کے اندر ایک ایسی بو ہوتی ہے' جو دور دور تک پھیلتی ہے نیک جن تو دور ہوجاتے ہیں بدکار جن اس بو کو سونگھ کر ایسے کھنچے چلے آتے ہیں جیسے گندگی کی بو پر گندی مکھیاں دور دور سے کھنچ کر چلی آتی ہیں اور پھر اس کا جو نقصان ہوتا ہے وہ آپ سوچ نہیں سکتے جو شخص حالت جنابت میں بارہ گھنٹے سے زیادہ وقت گزار لے اس کو بیاسی (82) نقصان ہوتے ہیں۔

حالت جنابت میں رہنے کے بیاسی نقصانات: **پہلا نقصان:** اس سے فرشتوں کی حفاظت ہٹ جاتی ہے۔ **دوسرا نقصان:** نیک جنات اس سے دور ہوجاتے ہیں۔ **تیسرا نقصان:** بدکار جنات اس کو تلاش کرتے ہیں۔ **چوتھا نقصان:** مکار جنات کا لقمہ بن جاتا ہے۔ **پانچواں نقصان:** بدکار لوگ اس پر نظر ڈالتے ہیں۔ **چھٹا نقصان:** گندی چیزیں اس کے ساتھ لگ جاتی ہیں۔ **ساتواں نقصان:** نیک روحیں اس سے دور ہوجاتی ہیں۔ **آٹھواں نقصان:** دعائیں اس کے قریب آکر آگے نکل جاتی ہیں۔ **نواں نقصان:** بددعائیں اس کے قریب آکر اس کے جسم میں چلی جاتی ہیں۔ **دسواں نقصان:** اس کی دعاؤں پر فرشتے آمین نہیں کہتے۔ **گیارہواں نقصان:** اس کا دل سیاہ ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ **بارہواں نقصان:** اس کے جسم کا انگ انگ مردہ ہوجاتا ہے۔ **تیرہواں نقصان:** اس کا وجود ختم ہوجاتا ہے۔ **چودھواں نقصان:** اس کی روح میں پاکیزگی ڈھلنا شروع ہوجاتی ہے۔ **پندرھواں نقصان:** اس کے احساسات ماند پڑ جاتے ہیں۔ **سولھواں نقصان:** وہ بیماریوں کی طرف بڑھتا ہے۔ **سترہواں نقصان:** اس سے نماز کی توفیق چھنتی ہے۔ **اٹھارواں نقصان:** اسے روزہ بھاری معلوم ہوتا ہے۔ **انیسواں نقصان:** صدقہ دینا ختم ہوجاتا ہے۔ **بیسواں نقصان:** خیر کے کام کی طرف اٹھنے والے قدم رک جاتے ہیں۔ **اکیسواں نقصان:** وہ مایوس رہتا ہے۔ **بائیسواں نقصان:** اس کے دل کا سکون اٹھ جاتا ہے۔ **تیئسواں نقصان:** خواہشات بڑھ جاتی ہیں۔ **چوبیسواں نقصان:** ضرورتیں کم ہوجاتی ہیں۔ **پچیسواں نقصان:** طبیعت میں نڈھالی رہتی ہے۔ **چھبیسواں نقصان:** چستی اور پھرتی اس سے ختم ہوجاتی ہے۔ **ستائیسواں نقصان:** اس کا جسم ہروقت بے چین رہتا ہے۔ **اٹھائیسواں نقصان:** روح کی بیداری ختم ہوجاتی ہے۔ **انتیسواں نقصان:** جادو جلدی اثر کرتا ہے۔ **تیسواں نقصان:** کالے مکار اور گندے جنات گھیر لیتے ہیں۔ **اکتیسواں نقصان:** جنات کا جادو بہت جلد اسے جکڑ لیتا ہے۔ **بتیسواں نقصان:** ہر طرف ویرانی ہی ویرانی اسے نظر آتی ہے۔ **تینتیسواں نقصان:** مزاج میں اندیشے اور وساوس بڑھ جاتے ہیں۔ **چونتیسواں نقصان:** طبیعت میں بے چینی اکتاہٹ اور گھبراہٹ زیادہ ہوجاتی ہے۔ **پینتیسواں نقصان:** اس کا اثر اس کے گھر پر پڑتا ہے۔ **چھتیسواں نقصان:** اس ناپاکی کا اثر اس کی نسلوں پر پڑتا ہے۔ **سینتیسواں نقصان:** اس ناپاکی کا اثر اس کے رزق پر پڑتا ہے۔ **اڑتیسواں نقصان:** اس ناپاکی کا اثر اتنا منحوس ہوتا ہے کہ خزانے ختم ہوجاتے ہیں۔ **انتالیسواں نقصان:** اس ناپاکی سے طبیعت مردہ ہوجاتی ہے۔ **چالیسواں نقصان:** انسانوں کی نظر بہت جلد لگتی ہے۔ **اکتالیسواں نقصان:** جنات کی نظر کے تیر اس کو چیر دیتے ہیں۔ **بیالیسواں نقصان:** جتنی دیر سو لے پرسکون نہیں اٹھتا۔ **تینتالیسواں نقصان:** انجانا خوف اس کو جکڑے رکھتا ہے۔ **چوالیسواں نقصان:** بات کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ **پینتالیسواں نقصان:** گفتگو کا جذبہ اس سے چھن جاتا ہے۔ **چھیالیسواں نقصان:** طبیعت میں غصہ بڑھ جاتا ہے۔ **سینتالیسواں نقصان:** حلیمی اور کریمی اس سے دور ہوجاتی ہے۔ **اڑتالیسواں نقصان:** ہروقت گہری سوچوں میں رہتا ہے۔ **انچاسواں نقصان:** فیصلوں کی استقامت ختم ہوجاتی ہے۔ **پچاسواں نقصان:** اس کی نسلوں میں برکت چھن جاتی ہے۔ **اکاونواں نقصان:** اس کی نسلوں سے خیریں دور ہوجاتی ہیں۔ **باونواں نقصان:** اس کے گھر میں بیماریاں تکالیف بڑھ جاتی ہیں۔ **ترپنواں نقصان:** میاں بیوی میں محبت کم ہوجاتی ہے۔ **چونواں نقصان:** میاں بیوی کے درمیان اعتراض کی راہیں نکلتی ہیں۔ **پچپنواں نقصان:** سوچتا کیا ہے کرتا کیا ہے۔ **چھپنواں نقصان:** مقدر نصیب اس سے دور ہوجاتے ہیں۔ **ستاونواں نقصان:** اس کا جسم ہروقت تنہائی اور اندھیرا ڈھونڈتا ہے۔ **اٹھاونواں نقصان:** وہ بزدل ہوجاتا ہے۔ **انسٹھواں نقصان:** وہ بظاہر صلح جو لیکن اندر سے کینہ پرور بن جاتا ہے۔ **ساٹھواں نقصان:** اس کے حالات گردش میں آجاتے ہیں۔ **اکسٹھواں نقصان:** جو مقدر کا دھنی تھا اس کا وہ تاج چھن جاتا ہے۔ **باسٹھواں نقصان:** صحت کمزور رہنے لگتی ہے۔ **ترسٹھواں نقصان:** اولاد میں نافرمانی کے عناصر بڑھتے ہیں۔ **چونسٹھواں نقصان:** پڑوسیوں کی نظر میں بُرا ہوجاتا ہے۔ **پینسٹھواں نقصان:** معاشرے میں گرا گرا رہتا ہے اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا۔ **چھیاسٹھواں نقصان:** نیک اولیاء صالحین کی دعاؤں سے محروم ہوجاتا ہے۔ **سرسٹھواں نقصان:** فرشتوں کی حفاظت کی نظر اس سے ہٹ جاتی ہے۔ **اٹھاسٹھواں نقصان:** اس بدبو سے نورانی مخلوق اس کے گھر سے چلی جاتی ہے۔ **انہترواں نقصان:** اس بدبو سے نورانی مخلوق اس کے کاروبار کی حفاظت کرنا چھوڑ دیتی ہے۔ **سترواں نقصان:** اگر یہی شخص کھیتوں میں رہے تو کھیت ویران ہوجاتے ہیں۔ **اکہترواں نقصان:** خودکشی کے رجحانات بڑھ جاتے ہیں۔ **بہترواں نقصان:** ایک تکلیف ختم نہیں ہوتی دوسری شروع

عبقری قارئین کیلئے ایک وظیفہ' ایک ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت وتندرستی عطا فرمائے اور آپ کا سایہ ہم پر ہمیشہ قائم رکھے' اللہ تعالیٰ آپ کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔ محترم حضرت حکیم صاحب میں عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں ایک وظیفہ پڑھا تھا' مجھے جب بھی کوئی مشکل یا پریشانی پیش آتی ہے میں یہی وظیفہ پڑھتی ہوں تو میرا مسئلہ حل ہوجاتا ہے' اس کے علاوہ میں نے جس کسی کو بھی بتایا اس کی پریشانی بھی اسی وظیفہ سے حل ہوئی وہ وظیفہ یہ ہے: اول و آخر تین تین بار درود شریف' ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر اپنے مسئلہ کے حل کیلئے دعا کریں۔ **قبض اور امراض معدہ کیلئے ٹوٹکہ:** یہ ٹوٹکہ ہمارا خود کا آزمایا ہوا ہے' خشک کوڑتمہ لے کر باریک کرکے اس میں منقیٰ بیج نکال کر ڈالیں' منقیٰ اتنی مقدار میں ڈالیں کہ اس کی گولیاں بن جائیں' دو گولی صبح' دو گولی شام کو کھانے سے آدھ گھنٹہ پہلے یا بعد میں کھائیں۔ قبض کیلئے بہت زبردست چیز ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! جتنی آپ اللہ کی مخلوق کی خدمت کررہے ہیں اللہ آپ کو اس کا بہترین اجر دے ہم تو آپ کیلئے دعا ہی کرسکتے ہیں۔ آمین ثم آمین۔ (بنت اکبر' چیچہ وطنی)

غذا کی نالی کی جلن دور: دس دانہ پکی ہوئی عمدہ خوبانی اگر ہمراہ لسی استعمال کی جائے تو غذا کی نالی کی جلن دور ہوتی ہے۔

ہوجاتی ہے۔ **تہترواں نقصان:** ایک مشکل سے نکلتا ہے دوسری میں اٹک جاتا ہے۔ **چوہترواں نقصان:** ہروقت بے چینی بے قراری اورالجھنیں اس کوگھیر لیتی ہیں۔ **پچھترواں نقصان:** اس کے پڑوس میں ہونے والی عبادت کے فیض سے بھی وہ محروم ہوجاتا ہے۔ **چھہترواں نقصان:** اچھی عادات آہستہ آہستہ چھننا شروع ہوجاتی ہیں۔ **ستترواں نقصان:** طبیعت میں برا پن بڑھ جاتا ہے۔ **اٹھترواں نقصان:** سردرد رہنے لگے گا۔ **اناسیواں نقصان:** جسم جکڑا ہوا رہنے لگے گا۔ **اسیواں نقصان:** جوبھی کام کاروبار کرے گا اس سے برکت ہٹ جائے گی۔ **اکیاسیواں نقصان:** وہ شخص اللہ کی نظر سے دور ہوجاتا ہے۔ **بیاسیواں نقصان:** آسمان سے جب رحمت اترتی ہے سب پر پڑتی ہے اس کی بدبواتنی تیز ہوتی ہے کہ رحمت اس سے دور جاتی ہے۔

کیا جنات بھی جادو کرتے ہیں؟ میں یہ تمام باتیں حیرت انگیز جن سے سن رہا تھا اور میرا سوال وہی تھا کہ کیا جنات بھی جادو کرتے ہیں؟ اور جنات بھی جادوگر ہوتے ہیں؟ کیا جنات کے جادو کا زندگی پر خود جنات پر اثر پڑتا ہے یا انسانوں پر بھی اثر پڑتا ہے۔ میں نے اپنا سوال ایک بار پھر دہرایا میرے سوال پر کہنے لگے ہاں جنات جادو کرتے ہیں اور جنات کا جادو بہت طاقتور اور ظالم ہوتا ہے۔

جادوگر ماموں کی بربادیاں: اس کا ایک واقعہ سنایا حیرت انگیز جن کہنے لگا میرا ایک ماموں بہت بڑا جادوگر تھا' وہ شاید اس بوڑھے مکار جادوگر سے بھی زیادہ طاقتور جادوگر تھا جو شخص اس کے مزاج کے خلاف کوئی بات کرتا تو وہ فوراً اس پر ایسا طاقتور وار کرتا کہ اس وار کو کوئی برداشت نہ کرسکتا' اس نے کتنے لوگوں کے بچے ماردیئے' کتنے شادی شدہ جوڑوں کی طلاقیں کروادیں' کتنوں کے کاروبار برباد کردیئے' کتنے ایسے ہیں جن کو بیماریوں میں' دکھوں میں' تکالیف میں' مسائل اورمشکلات میں مبتلا کردیا اور کتنے ایسے ہیں کہ جن کے ساتھ اس کی تھوڑی سی بھی کوئی ہلکی سی مخالفت ہوئی یا اس کے مزاج کے خلاف کوئی بات ہوئی تو اس نے اس پر ایسا وار کیا کہ سالوں وہ اس دکھ کو جھیلتا رہتا **میری سگی خالہ کی بیٹی پر قیامت ڈھادی:** مثلاً میں ایک مثال بتاتا ہوں ہماری سگی خالہ کی ایک بیٹی اس کے تین بچے ہیں۔ ایک بار وہ ان کے گھر آیا کہنے لگا مجھے فلاں فلاں چیز کھلاؤ' وہ غریب لوگ انہوں نے جو کچھ پکا تھا وہ سب کچھ اس کے سامنے رکھ دیا لیکن اسے وہ پکا ہوا اچھا نہ لگا۔ کہنے لگا: میں نے تمہیں کہا ہے فلاں چیز کھلاؤ' انہوں نے ڈرتے ڈرتے ادب کے ساتھ کہا کہ جناب ہم وہ چیز اس لیے نہیں دے سکتے کہ ہمارے گھر میں پہننا تو دور کی بات' کھانے پینے کے بھی پیسے نہیں۔ غصے سے کہنے لگا جہاں سے مرضی لاؤ مگر لے آؤ۔ وہ پاؤں پڑ گئے انہیں پتہ تھا کہ اگر اس کو ہم نے ناراض کیا تو یہ ایسا طاقتور کالا جادو کرے گا جس کی وجہ سے ہمیں سالوں مصائب' تکالیف اور پریشانیوں سے نمٹنا اور نکلنا پڑے گا۔

اس نے ان کی ایک بھی نہ سنی اوران کو اصرار کرتا رہا کہ نہیں ہر شکل میں مجھے چاہیے اور وہی چاہیے جو میں کہہ رہا ہوں۔

جانور مرنا شروع ہوگئے اور دودھ کی جگہ خون: وہ منت کرتے رہے یہ اصرار کرتا رہا لیکن آخرکار وہ غصے کے عالم میں وہاں سے چلا گیا اور اس نے جا کرنا معلوم کیسا سخت جادو کیا؟ اور کیا کچھ کیا کہ ان کے گھر کے جانور مرنا شروع ہوگئے' وہ گائے یا بھینس کا دودھ دھوتے تھے تو اس سے دودھ کی بجائے خون نکلتا تھا ان کی گائے اور بھینسیں گوبر کی بجائے خون اگلتی تھیں ان کے گھر میں چیزیں ٹوٹنا شروع ہوگئیں ویرانی نحوست اور مایوسی بڑھنا شروع ہوگئی اور ان کا ہر پل اور ہر لمحہ مصائب اور تکالیف میں گھرتا چلا جارہا تھا وہ کئی بار اس کے پاس آئے اور منتیں کیں کہ ہم نے جان بوجھ کر آپ کو وہ چیز نہیں کھلائی بلکہ ہمارے پاس وہ چیز تھی ہی نہیں' **اس کو ایک فیصد بھی ان پر ترس نہ آیا:** لیکن اس نے کسی کی ایک بھی نہ سنی اوران پر ظلم وستم اور مصائب کے پہاڑ ڈھاتا رہا اور وہ یہ مصائب اور ظلم وستم سہتے رہے اور بار بار منتیں کرتے رہے اس نے ان کی ایک بھی نہ سنی آخرکار ان کے گھر کے افراد مرنا شروع ہوگئے اور ان کے گھر میں ویرانی' مصائب' پریشانیاں' مسائل مشکلات اتنی بڑھیں کہ لوگوں کو ان کی زندگی پر ترس آنا شروع ہوگیا لیکن اس کو ایک فیصد بھی ان پر ترس نہ آیا حتیٰ کہ اسی حالت میں ان کا سارا خاندان ختم ہوگیا' لوگ خوف کے مارے اس شخص کو کچھ کہہ بھی نہیں سکتے کیونکہ اس شخص کے پاس کالی دیوی' سومنات اور کالے چرنوں کا ایسا کالا علم ہے جس کا توڑ کسی کے پاس نہیں۔ **یہ کیسے ممکن ہے کہ اس کا توڑ کسی کے پاس نہیں:** میں حیرت انگیز جن کی بات سنتے سنتے چپ نہ رہ سکا آخر میں بول پڑا یہ کیسے ممکن ہے؟ کہ اس کا توڑ کسی کے پاس نہیں؟ میں بولا: کیا لوگوں کے پاس کلام الٰہی نہیں' حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نہیں' اللہ کے نام کی طاقت اور تاثیر نہیں' لوگ اتنے غافل ہوگئے ہیں اور لوگ اتنے پریشان اور مایوس ہوگئے ہیں وہ بولا سب کچھ ہے' لیکن لوگوں کا علم اتنا دور ہوگیا اور لوگ کلام الٰہی کے علم سے اتنے دور چلے گئے کہ ان کے سامنے یہ چیزیں کچھ بھی نہیں اور ان چیزوں کی کوئی حیثیت اور طاقت نہیں ہے میں یہ باتیں سن رہا تھا لیکن مجھے کچھ سمجھ نہیں آرہی تھی اور میں سوچ رہا تھا کیا اس کالے جادو کرنے والے کو کوئی شخص ایسا نہیں ملا جس کے پاس اللہ کے نام کی کوئی ایک آیت ہوتی یا حدیث مبارکہ میں سے کوئی ایک دعا ہوتی لیکن میری ان باتوں کے جواب سے پہلے ہی حیرت انگیز جن بولا یہ تو واقعہ کچھ بھی نہیں اس کے ظلم وستم کا میں آپ کو ایک اور واقعہ سناتا ہوں:۔ **ظلم وستم کا ایک اور قصہ:** اور پھر بولا وہ واقعہ یہ ہے کہ یہ بات گزشتہ تیرہ سال پہلے کی ہے ایک دن وہ اپنے گھر کی چھت پر بیٹھا تھا اس کے گھر کے ساتھ گلی لگتی ہے' گلی سے ایک جن گزرا جارہا تھا وہ جن خوف کے مارے اپنا منہ چھپائے تیز تیز قدم اٹھائے جارہا تھا کہ کسی طرح اس کو پتہ نہ چلے کہ میں گزرا ہوں کہیں ایسا نہ ہو مجھے کسی مصیبت پریشانی اور تکلیف میں مبتلا نہ کردے۔ اس نے اوپر سے آواز لگائی ارے اندھے! تمہیں میں نظر نہیں آتا' تو نے مجھے عزت کے بول نہیں بولے یعنی دوسرے لفظوں میں مجھے سلام نہیں کیا' وہ ایک دم پریشان ہوگیا' کہنے لگا: جی میں بھول گیا میں نے آپ کو دیکھا نہیں تھا' تو کہنے لگا: تمہیں میں اس بھول کا سبق سکھاؤں گا اور تمہیں بتاؤں گا کہ تم کیسے بھولے؟ اور بھول کسے کہتے ہیں۔ اب یہ شخص چلا گیا اس نے وہیں اشارہ کیا ایک چھوٹا سا بونا جو انسان کی بڑی انگلی کے برابر تھا' اس کا سارا جسم ایسے تھا کہ جیسے انسان' یعنی آدمی جن نہیں' وہ ایک دم حاضر ہوا اور حاضر ہوکر اس نے آداب عرض کیا۔ **جاؤ اس کو آداب سکھاؤ:** یہ جادوگر جن اس سے کہنے لگا: تمہیں پتہ ہے کہ ابھی میرے سامنے سے ایک شخص گزرا ہے جو کہ نہایت بے ادب اور گستاخ تھا اور اس نے مجھے کوئی آداب پیش نہیں کیئے' جاؤ اس کو میری طرف سے آداب سکھاؤ' اس نے سر جھکایا اور کہنے لگا جو حکم میرے آقا' اور پھر وہ گولی کی طرح ایک دم اڑا اور غائب ہوگیا۔ ان کے گھر کے اندر گندم پڑی تھی جو کہ ان کے سال کا غلہ تھا اور سال کا خرچہ تھا' وہ بونا اس گندم کے اندر گھس گیا اور اپنی شکل آگ کے انگارے کی طرح بنالی اور انگارے کی طرح سلگ کر اس گندم کو سلگا کر وہ باہر نکل آیا تھوڑی ہی دیر میں ساری گندم کو آگ لگ گئی۔ **سب کچھ جل کر راکھ ہوگیا:** جادوگر دور بیٹھا یہ سارا منظر اپنی جادوئی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا' جس وقت گندم کو آگ لگی گھر میں کہرام مچ گیا دوڑے اور کہنے لگے: نامعلوم کیسے ہمارے گھر کی گندم جل گئی اور ہمارا سارا گھر جل گیا اور ہر چیز ہماری راکھ ہوگئی بہت حیرت سے وہ سب کچھ دیکھ رہے تھے آگ بجھانے کی بسیار کوشش کی لیکن آگ تھی جو ختم ہی نہیں ہورہی تھی اور مسلسل بھڑکتی چلی جارہی تھی' آخرکار ان کی ساری گندم ایک پل میں ختم ہوگئی اور ان کا سارا سال کا جو بھی راشن تھا وہ سارا جل کر راکھ بن گیا پیچھے جادوگر وہیں بیٹھا قہقہے لگارہا تھا۔ یہ سب کچھ اسی

ہرکوئی محبت وچاہت سے پیش آئے گا: روزانہ فجر کی نماز کے بعد اگر اسم یَا رَحِیْمُ کا سو بار ورد کیا جائے تو اس کے اثر سے ہر شخص مہربان ہوجائے گا اور ورد کرنے والے سے محبت وچاہت کے ساتھ پیش آئیگا۔

کا کیا دھرا ہے: اس نے اشارہ کیا وہ بونا وہیں غائب ہوگیا۔ انہیں پتہ چل گیا کہ جو کچھ یہ ہوا ہے یہ سب کچھ اسی کا کیا دھرا ہے۔ وہ سارے گھر والے اکٹھے ہوکر جوتیاں اپنے سر پر باندھ کر یہ اس علاقے کی خاص ریت اور روایت تھی کہ جس شخص کے سامنے ذلیل اور نادم ہوکر جانا ہوتا تھا اور اس سے معافی مانگنی ہوتی تھی تو اپنی جوتیاں اپنے سر پر باندھ لیتے تھے اور اس کے سامنے انہی جوتیوں سمیت حاضر ہوتے تھے۔ یہ سب اسی حالت میں اس کے پاس گئے یہ اب تک اپنی اسی مستی اسی کیفیت میں بیٹھا ہوا تھا انہوں جاکر رو دھو کر فریاد کی کہ ہمارے فرد نے غلطی کی' **میرا نافرمان کبھی سکھ کا سانس نہیں لیتا:** آپ کو آداب پیش نہیں کیے ہم اس غلطی کو تسلیم کرتے ہیں اور اس پر معذرت کرتے ہیں لیکن اس نے کسی کی بھی بات کو تسلیم نہ کیا وہ مسلسل اپنے غصے تکبر اور انا پر ڈٹا ہوا تھا یہ سب روتے دھوتے رہے لیکن اس نے ان کی ایک بھی نہ سنی آخر میں وہ کہنے لگے کہ ہم سے جو غلطی ہوئی اس پر تو معافی ہے آئندہ ہمیں کوئی ایسی سزا نہ دی جائے اس پر اس نے کہا نہیں میں تمہیں آئندہ بھی ایسی سزا دوں گا اور اس سے بڑھ کر سزا دوں گا کیوں؟ میرا نافرمان کبھی سکھ اور سکون کا سانس نہیں لیتا اور میرا نافرمان کبھی خیریت کی راہیں نہیں دیکھتا اور میں تمہیں کبھی بھی خیر اور خیریت کے راستے پانے نہیں دوں گا۔

بستی کا سردار جن اور جادوگر: بستی کا ایک بہت بڑا سردار جن تھا یہ سارا گھرانہ روتا دھوتا اس کے پاس گیا' اس کے پاس روزانہ اس کے مظالم کی کہانیاں ظلم کی داستانیں اور مظلوموں کی آپ بیتیاں پہنچتی تھیں لیکن وہ بھی محسوس کر رہا تھا کہ شاید خود بے بس ہے اور وہ کچھ نہیں کرسکتا تھا اس نے ان کی پوری بات سنی' اس نے بات سننے کے بعد پہلی دفعہ نامعلوم اسے کیا ہوا اس نے اسے اپنی پنچایت میں بلوایا' سردار کے پاس ہروقت مختلف علاقوں کے اور سردار بیٹھے ہوتے تھے اس کی طاقت تھی' اس کے پاس بہت بڑی فوج تھی' اس کے پاس طاقتور تیز اسلحہ تھا' یہ سب چیزیں ہونے کے باوجود بھی اس نے آج تک اس جادوگر جن کو چھیڑا نہیں تھا آج پتہ نہیں کیا ہوا اس نے اس کو بلوایا یہ اس کے بلوانے پر نہ آیا اور کہا اس کو اگر ضرورت ہے تو اس کو کہہ دو وہ میرے پاس خود آئے۔ **بولو کیا چاہتے ہو؟** اس کے جواب پر وہ سردار جن خود اٹھ کر چلا گیا وہ اٹھا تو اس کے ساتھ تمام خدام' غلام' گارڈ' فوجیں سب کچھ اس کے ساتھ چل پڑیں' ایک پورا قافلہ تھا جو اس کے ساتھ چل رہا تھا' جب اس جادوگر جن کے گھر پہنچا ایک دم اتنا بڑا قافلہ دیکھ کر پہلے تو سہم گیا پھر اکڑ گیا اور کہنے لگا: بولو کیا چاہتے ہو' اس نے نہ تو سردار کا احترام کیا' نہ ان کیلئے کھڑا ہوا' نہ ان کی عزت افزائی کی بلکہ اکڑے ہوئے متکبرانہ لہجے کے ساتھ بولا میں اس قابل ہوں کہ تم میرے پاس چل کر آؤ' اگر تم میرے پاس چل کر آئے ہو تو بولو میں تمہارے لیے کیا کرسکتا ہوں؟ **مجھے علم ہے میں کون ہوں؟** اس کے اس انداز پر جنات کے سردار کو بہت غصہ آیا اور انہوں نے اسے کہا تجھے علم ہے میں کون ہوں؟ اس کے بے ادبی کے انداز کو سارے حاضرین فوجیں' گارڈ' وزیر' مشیر' سردار کے ساتھی ماتحت سب نے بہت بری طرح محسوس کیا لیکن وہ خاموش رہے اور اس کی بے ادبی اور گستاخی کو برداشت کیا سردار چونکہ بہت عظیم جن تھا وہ اس کے اس بے ادبی کے لہجے کو پی گیا۔ **حاجیوں سے سنا ایک لفظ:** سردار کی محفل میں ایک شخص ایسا تھا جس کے پاس ایک ایسا لفظ تھا جو اس نے ایک بار ایک حاجی کے استقبال میں آئے لوگوں سے لفظ سنا تھا اسے وہ لفظ اچھا لگا تھا اس نے وہ لفظ پڑھنا شروع کیا اسے احساس نہیں تھا کہ اس لفظ کی کیا تاثیر ہے اس نے اس کو نغمہ سمجھا ترنم کے ساتھ اسی انداز سے وہ اس کو پڑھتا گیا' پڑھتے پڑھتے اس پر اس کی تاثیرات اور فائدے کھلنا شروع ہوگئے اور ایسے فائدے کھلے کہ وہ خود حیران ہوگیا' وہ جس کام کیلئے اسے پڑھتا تھا' وہ کام ہوجاتا تھا' وہ اپنے سردار کا وفادار تھا اس سے سردار کی یہ بے عزتی اور بے حرمتی برداشت نہ ہوئی۔ ادھر سردار کا حکم تھا کہ اس پر کوئی تلوار نہیں چلانی' کوئی سختی نہیں کرنی' اسے نامعلوم کیا سوجھی اس نے وہیں کھڑے چپکے سے وہ لفظ پڑھنا شروع کردیا اور وہ لفظ پڑھتے پڑھتے ایک پل میں اس نے محسوس کیا اس کی گردن کا اکڑاؤ ڈھیلا پڑ گیا۔ **کوئی ہے جس نے میرے جادو کو ختم کردیا:** اس کے ہاتھوں کی کشش کمزور پڑگئی اس کا لہجہ تبدیل ہوگیا ایک پل میں کھڑا ہوگیا اور قدموں پر ہاتھ رکھ کر سردار کو سلام کیا اور سر جھکا کر کہنے لگا کہ آقا میں آج تک کسی کے سامنے نہیں جھکا' سب میرے سامنے جھکے ہیں اور ہمیشہ آپ بھی میرے سامنے جھکتے رہے ہیں لیکن آپ پہلے شخص ہیں کہ جن کو میں جھک کر مل رہا ہوں احترام کر رہا ہوں' ادب کر رہا ہوں اور ان کو توجہ دے رہا ہوں' آپ کے اس سارے وفاداروں کی محفل میں کوئی ایسا وفادار شخص ہے جس کے پاس کوئی ایسا روحانی اور نوری علم ہے جس نے میرے کالے علم کو ختم کردیا' میں اپنی بے بسی کا مکمل اعتراف کر رہا ہوں لیکن آپ سے منت کرتا ہوں کہ آپ حکم دیں کہ آپ کے ان جانثاروں میں سے جس جانثار نے وہ لفظ اور اسم پڑھا ہے اس علم اور لفظ کو مجھے بتادے۔ **میں اس کو اپنا گرو اور استاد مانتا ہوں:** اگر نہیں بتاتا تو میں اس شخص کو صرف دیکھنا چاہوں گا اور آج کے بعد میں اس کو اپنا گرو اور استاد ماننا چاہوں گا جس نے میرے اتنے بڑے علم کو توڑ دیا اور اتنی بڑی طاقت اور غرور کو خاک میں ملادیا' سردار ایک دم یہ بات سن کر چونک پڑا اور ایک احساس ہوا کہ اس کے چہرے پر کچھ رونق آئی ہے' اس نے فوراً چاروں طرف نظر دوڑائی اور کہنے لگا میں حکم دیتا ہوں کہ میرے جانثاروں میں سے جس شخص نے بھی وہ نوری اور روحانی علم پڑھا ہو جس نے اس کے کالے اور طاقتور جادو کو ختم کردیا میں اس شخص کو حکم دیتا ہوں وہ سامنے آئے۔ **آپ کی بے ادبی اور بے اکرامی برداشت نہ ہوئی:** اس کا حکم دیتے ہی ایک پل میں ایک معمولی درجے کا شخص سامنے آیا جو کہ نہ جرنیل تھا' نہ کوئی وزیر مشیر تھا نہ بادشاہ کا مصاحب نہ کوئی عہدہ دار تھا وہ اس سردار کا ایک وہ خدمت گزار تھا جو سواریوں کے گوبر کو اکٹھا کرتا تھا۔ وہ شخص تو بہت چھوٹا تھا لیکن اس کے پاس روحانی نورانی علم بہت بڑا تھا وہ بولا کہ آقا آپ کی بے ادبی اور بے اکرامی مجھ

علامہ اقبالؒ کے آزمودہ ٹوٹکہ سے ابو کو شفاء ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آج عبقری قارئین کیلئے ڈاڑھ درد کیلئے روحانی وطبی ٹوٹکے لائی ہوں۔ یقیناً قارئین کو بھرپور فائدہ ہوگا۔ ڈاڑھ درد کیلئے روحانی عمل: اول وآخر تین مرتبہ درود ابراہیمی اور سورۃ انفال کی آیت نمبر 17 وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ سات مرتبہ باوضو پڑھیں اور جس کی ڈاڑھ میں درد ہو اسی جگہ سے انگوٹھا اور شہادت کی انگلی سے دبائے رکھے اور دم کرنے والا اسی جگہ پڑھ کر پھونک دے۔ ان شاء اللہ درد رفع ہوجائے گا اور ادرک پر بھی دم کرکے ڈاڑھ کے نیچے رکھ سکتے ہیں اور کالی مرچ پر بھی دم کرکے رکھ سکتے ہیں۔ ادرک کے متعلق عبقری میں پڑھا تھا کہ علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے تین دن ادرک کا ٹکڑا رکھا تھا تو درد رفع ہوگیا میں نے بھی اپنے ابو کو دم کیا اور ادرک کا ٹکڑا رکھنے کو کہا ابو نے رکھا تو درد ٹھیک ہوگیا جبکہ دوا بھی لی لیکن وقتی آرام آتا پھر درد شروع ہوجاتا تھا مگر اس ٹوٹکہ سے مکمل آرام آگیا۔

گھیکوار (ایلوویرا) سے درد ڈاڑھ اور دانت درد ختم کریں: میری امی کو ڈاڑھ میں شدید درد شروع ہوا تو کسی عورت نے بتایا تھا جبکہ امی بچیوں کو قرآن پاک پڑھا رہی تھیں اور درد شدید تھا' بہت تکلیف تھی منہ پر ہاتھ رکھا ہوا تھا۔ کسی لڑکی کی والدہ آئیں تو انہوں نے پوچھا تو امی نے بتایا' انہوں نے کہا آپ ابھی گھیکوار کا گودا رکھیں اور منہ نیچے رکھیں۔ منہ سے پانی نکلا اور کچھ ہی دیر بعد میری والدہ کو سکون آگیا۔ (م،م۔ بھکر)

دیانت دار بدمعاش: اگر انسان کے خیالات' شرعی گواہ ہوتے تو بہت سے دیانت دار بدمعاش ہوتے۔ (حکماء عرب)

سے برداشت نہ ہوئی میں نے آج تک آپ کے سامنے اس لفظ کا اظہار نہیں کیا کچھ حجاج تھے جو آئے ان کا استقبال کرنے والے نیک صالحین یہ لفظ ترنم سے پڑھ رہے تھے مجھے ان کا ترنم اور اس لفظ کا انداز بہت اچھا لگا تو میں نے بھی یہ لفظ پڑھنا شروع کر دیا اور جب بھی میں نے یہ لفظ پڑھا اور جہاں بھی جس مقصد کیلئے بھی مجھے اس لفظ کی بہت زیادہ طاقتور تاثیر ملی اور حیرت انگیز طاقت ملی اور میں اس لفظ کو ہر لمحہ' ہر لحظہ' کبھی نہیں بھولتا آج میرے جی میں آیا کہ میں کیوں نہ اس لفظ کو پڑھوں! اور اس لفظ کی طاقت اور تاثیر کو پرکھوں۔

اب یہ صرف معمولی جن ہے! لہٰذا میں نے اس لفظ کو پڑھا اور اس کی طاقت اور تاثیر کو پرکھا میرا تیر سو فیصد نشانے پر لگا اس کے اندر کی جان نکل گئی اور اس کا اندر بالکل ختم ہوگیا اور اس کے تمام کالے علوم کالی چیزیں ایک دم سب کچھ چھن گیا اور اس کا جسم کھوکھلا ہوگیا اس کی طاقتیں بکھر گئیں اور کالا علم اپنی پوری طاقت کے ساتھ اس کے تن سے جدا ہوگیا اب یہ عالم محض معمولی سا جن ہے اب یہ جادوگر نہیں!

گرفتاری اور عام اعلان: بلکہ اب یہ اس قابل ہے آپ اسے جو سزا دینا چاہیں دے دیں۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ اس کو گرفتار کرلیں اس کو گرفتار کرلیا گیا بادشاہ نے عمومی اعلان کیا یعنی اس سردار نے کہ جس جس نے اس شخص کے ذریعے تکلیف اور نقصان اٹھایا ہو وہ آئے ہم اسے انصاف دلائیں گے۔ بس یہ اعلان کیا تھا جنگل میں آگ کی طرح یہ اعلان پھیل گیا لوگ جوق در جوق اعلان کی طرف آنے لگے اور بادشاہ کا سارا میدان بھر گیا' ابھی تک لوگ آرہے تھے

جنات اور انسان کا سمندر: سردار حیران کہ اس شخص نے اتنے لوگوں کو تکلیف دی تھی اور پریشان کیا تھا' بار بار اپنے بارے میں کہہ رہا تھا کہ اے کاش! میں اس شخص سے کیوں دور رہا میں نے اس شخص کو سزا کیوں نہیں دی؟ میں نے اتنا ظلم اور زیادتی کیوں کی؟ اس لیے کہہ رہا تھا اور ندامت کے آنسو بہا رہا تھا اور ایک مخلوق تھی جنات کی جو جوق در جوق اس کے پاس آرہی تھی اچانک بیٹھے بٹھائے سردار نے حکم دیا جاؤ جتنی بھی اردگرد انسانوں کی بستیاں ہیں سب میں اعلان کرو کہ جس جس فرد کو کوئی تکلیف پہنچی ہو کسی بھی جن کے ذریعے اور انہیں گمان احساس شک ہو تو وہ فوراً شاہ جنات سردار کی خدمت میں آئیں وہ ان کا بدلہ ان کو دلوائیں گے اب انسانوں کا ایک ہجوم آنے لگا' وہ تو اس سے کہیں زیادہ سیلاب تھا جب سارے اکٹھے ہوگئے' اس کو ایک طرف زنجیروں سے باندھ کر بٹھایا ہوا تھا' اس کا منہ کالا کیا ہوا تھا' اس کا جسم بے حس اور بے حرکت' اس کا منہ لٹکا ہوا وہ بادشاہ کی سواریوں کی لید اکٹھی کرنے والا چھوٹا سا جن' بادشاہ نے اسے فوراً اپنے دربار میں آتے ہی عزت دی اور ایک بہت بڑی وزارت اور منصب دے دیا۔

بیٹی کی عصمت داغدار کردی: بادشاہ نے سب سے پہلے انسانوں میں سے ایک فرد کو بلایا' کہا کہ تم بتاؤ اس جن کے مظالم کیا تھے۔ وہ کہنے لگا میں دو بیٹیاں ایک بیٹے اور بیوی کے ساتھ گرمیوں کی راتوں میں اپنی چھت پر سو رہا تھا' اچانک میں نے محسوس کیا کہ کشمکش ہو رہی میری بڑی بیٹی جس کی عمر اکیس سال اس کی شادی کی ترتیب ہو چکی تھی اور عنقریب اس کی رخصتی تھی' بہت ہی خوبصورت لیکن حیا اور ایمان والی تھی۔ وہ کسی چیز سے الجھ رہی تھی جیسے کوئی چیز اس کو پکڑنا چاہ رہی اور وہ اس سے جان چھڑوا رہی' میں اٹھا تو میں نے پوچھا کیا ہے؟ اس کو کسی چیز کا ہوش نہیں تھا' بس وہ اپنے آپ کو بچا کر بھاگتی تھی اور میں محسوس کر رہا تھا کہ کوئی چیز اس کو پکڑتی تھی' وہ اس کو چھڑوانے کی کوشش کرتی تھی' اتنی دیر میں' میں نے محسوس کیا کہ میری بیٹی کی چیخیں نکلیں اور کوئی نامعلوم طاقت اور خفیہ ہاتھ میری بیٹی کو اٹھا کر غائب ہوگیا۔ میں' میری دوسری بیٹی' بیوی اور بیٹا روتے چیختے چلاتے رہ گئے ہم نے کوئی کونہ نہیں چھانا' کوئی جگہ نہیں چھوڑی' ایک بزرگ بابے کے پاس گئے تو انہوں نے کہا کہ آپ کے گھر کے قریب ہی ایک ظالم جادوگر جن رہتا ہے' وہ جن آپ کی بیٹی کو اٹھا کر لے گیا ہے۔ وہ اتنا ظالم ہے کہ اس سے کوئی چھڑوا نہیں سکتا' میں کچھ نہیں کر سکتا بس میں واحد ہوں جس نے آپ کو پتہ بتا دیا صرف اتنا ہے کہ آپ بس صبر اور حوصلہ کریں جب اس کا دل چاہے گا خود آکر چھوڑ جائے گا۔ ایسا ہی ہوا تیرہ دن کے بعد ہم نے دیکھا کہ ہمارے گھر کے اندر کے کمرے کی چارپائی پر بیٹی بیہوشی کے عالم میں پڑی ہے اس کا جسم جگہ جگہ سے داغدار تھا' اس کی عزت' عصمت' داغدار تھی اور ہوش آتے ہی بس ایک ہی رٹ تھی۔ مجھے چھوڑ دو' مجھے کچھ نہ کہو' میں ماں باپ کو کیا منہ دکھاؤں گی؟ ماں بار بار پکڑ کر اس کو اپنے سینے سے لگاتی' ماں کو دیکھ کر بھی چیخیں مارتی کہ شاید وہ یہی جن اور بلا ہے' تین دن کے بعد اس کو احساس ہوا کہ وہ اپنے گھر میں ہے' اس نے کھانا پینا شروع کیا اور اسے سنبھلتے سنبھلتے مہینوں لگ گئے اور مہینوں کے بعد وہ سنبھلی اور ایسی سنبھلی کہ انسانوں کی زندگی میں تو آئی لیکن اس کی پچھلی یادداشت ختم ہوگئی وہ ہر وقت بجھی بجھی رہتی تھی وہ شادی کے نام سے ڈرتی تھی کہ میں اپنے شوہر کو کیا منہ دکھاؤں گی وہ ہر وقت تنہائیوں میں روتی رہتی تھی' وہ گھنٹوں مصلے پر بیٹھی رہتی تھی' وہ اپنی تعلیم چھوڑ بیٹھی' وہ اپنا حافظہ کھو بیٹھی' وہ اپنی یادداشت فراموش کر بیٹھی' وہ بہت خوبصورت اور حسین تھی' مہینوں میں اس کے بال سفید ہونا شروع ہوگئے اس کے چہرے پر بل اور سلوٹیں پڑنا شروع ہوگئیں' ماں اس کو دیکھ دیکھ کر غمزدہ ہوگئی صرف ڈھائی مہینے کے بعد اس کے غم میں ماں اچانک بیٹھے بیٹھے مرگئی۔

جنات' انسان' کہرام اور سسکیاں: حیرت انگیز جن کہنے لگا: جب یہ واقعہ وہ خاندان سنا رہا تھا اور وہ آدمی بتا رہا تھا جنات اور انسانوں کا کہرام اور سسکیاں تھیں اور خود سردار جن بھی اپنے آنسو ضبط نہ کرسکا اور ہر شخص اس درد کو سن کر رو رہا تھا کیونکہ ہر شخص خود اپنا درد لے کر آیا تھا' حیرت انگیز جن کہنے لگا: یہ درد ایسا تھا کہ کوئی شخص اس درد کو سنے' سوچے یا پڑھے روئے بغیر آنسو بہائے بغیر نہیں رہ سکتا۔ وہ انسان کہنے لگا: اس کی ماں اس غم کو نہ سہہ سکی اور ڈھائی ماہ کے بعد مرگئی اور ہمارا گھر ویران ہوگیا' وہ بیٹی کو ساتھ لیے بیٹھا تھا' جوان بیٹی ایسے محسوس ہو رہی تھی کہ جیسے ساٹھ سال کی کوئی بڑھیا ہو' نہ اس کا ہوش ساتھ تھا نہ حواس ساتھ تھے' وہ سارا دن خلا میں گھورتی' کبھی گھنٹوں دیواروں کو تکتی' وہ لیٹی تو لیٹی ہی رہتی' وہ بیٹھی تو بیٹھی ہی رہتی' اس کو کھلاتے تو کھا لیتی خود نہیں مانگتی تھی' اس کو پلاتے تو پی لیتی خود نہیں چاہتی تھی' اس کا وجود ایک مردہ جسم تھا۔ اس ظالم اور جادوگر جن کے ڈھائے ہوئے مظالم کی یہ پہلی داستان تھی جو کھلی کچہری میں سب نے سنی۔ سب زار و قطار رو رہے تھے اور کوئی آنکھ ایسی نہیں تھی جو بھیگی نہ ہو کوئی

مرض شوگر میں مبتلا افراد کیلئے لاجواب غذائی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے ماہنامہ عبقری بہت ذوق شوق سے پڑھتے ہیں' ہم تو جہاں چند رشتہ دار اکٹھے بیٹھتے ہیں تو عبقری کی ہی باتیں چلتی ہیں کہ تم نے وہ ٹوٹکہ آزمایا؟ کیا تم نے وہ وظیفہ عبقری میں پڑھا؟ ارے تمہارا پیٹ خراب ہے تو یار تم عبقری میں چھپا فلاں نسخہ کیوں نہیں آزماتے؟ وغیرہ وغیرہ۔ ہم نے عبقری میں سے پڑھ کر بے شمار ٹوٹکے آزمائے مگر آج میں عبقری قارئین کیلئے ایک انتہائی اہم نسخہ لے کر حاضر ہوا ہوں:۔ اس نسخہ سے شوگر مکمل کنٹرول اور صحت بھی بہترین ہوجاتی ہے۔ نسخہ درج ہے۔ ھوالشافی: بھنے ہوئے کالے چنے چھلکے سمیت ایک پاؤ' نیم کے خشک سوکھے پتے سو عدد' چھوٹی الائچی سو عدد۔ گول کالی مرچ سو عدد۔ بادام کوئی سے بھی سو عدد۔ تمام اشیاء لے کر گرائنڈ کرکے سفوف بنالیں۔ دن میں کسی بھی وقت ایک چائے والا چمچ بھر کر کھائیں۔ اگر نہار منہ کھائیں گے تو زیادہ فائدہ ہوگا۔ صرف ایک مہینہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں اور شوگر مکمل کنٹرول ہوجائے گی۔ زندگی بھر کا ساتھ بنالیں تو کبھی شوگر نہ ہوگی۔ میٹھے سے پرہیز کریں۔ دعاؤں کا طلب گار (شہزاد احمد)

سستی کاہلی کا آزمودہ علاج: سر چکرانے اور صبح اٹھنے کو اگر نہ چاہتا ہو تو پندرہ دانے خوبانی ایک پاؤ دودھ میں رات کو ابال کر اور مزید اس میں سونف ایک تولہ دانہ بڑی الائچی تین ماشہ ملا کر ابال کر رکھیں صبح نہار منہ استعمال کریں۔

دل ایسا نہیں تھا جو رویا نہ ہو کوئی جسم ایسا نہیں تھا جو تڑپا نہ ہو بچے بھی رو رہے تھے بوڑھے بھی جوان بھی **کیا ان کی بھی ماں مرگئی ہے!** لیکن عجیب بات ہے اس شخص کی وہ بیٹی بے حس و حرکت سب کو تک رہی تھی اور ہر تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد اپنی بہن سے پوچھتی یہ لوگ کیوں رو رہے ہیں کیا ان کی بھی ماں مرگئی ہے کیا اس کی ماں کا سایہ بھی سر سے اٹھ گیا ہے کیا ان کا بھی گھر لٹ گیا ہے کیا ان کو بھی کوئی ظالم جن اٹھا کر لے گیا کیا ان پر بھی جادو ہوا تھا کیا یہ بھی شادی نہیں کرسکیں گے کیا یہ بھی کسی کو منہ نہیں دکھا سکیں گے کیا ان کے گھر میں بھی ویرانی اور اجاڑ آگیا ہے وہ بار بار جھنجھوڑتی۔ **کوئی سینے سے لگانے والا بھی نہیں:** یہ بات کہتے ہوئے حیرت انگیز جن تڑپ تڑپ کر بلک بلک کر رونے لگا ایسا رویا کہ میں بھی اس کے ساتھ رویا اور شاید میں زندگی میں بہت رویا اللہ کے خوف سے اللہ کے شوق سے یا زندگی کے کسی غمزدہ موقع پر لیکن اس دن تو کوئی ایسا رونا آیا کہ آنسو تھے کہ تھمتے نہیں تھے ہچکیاں تھیں کہ رکتی نہیں تھی کوئی ڈھارس بندھوانے والا بھی نہیں کوئی تسلیاں دینے والا بھی نہیں سارے ہی بلکنے والے تھے کوئی سینے سے لگانے والا نہیں تھا سارے ہی اس داستان غم کے دکھ میں الجھے ہوئے آنسو بہا رہے تھے۔ حیرت انگیز جن بولا: بادشاہ نے ایسے ہاتھ سامنے کیا اس بات کا اشارہ تھا کہ چپ ہوجاؤ **میری نگری میں اتنے مظالم:** اور بادشاہ غضبناک نظروں سے اس جادوگر جن کو دیکھنے لگا پھر خود ہی کہنے لگا میری نگری میں اتنے مظالم ہوتے رہے میں خاموش بے جان سب کچھ دیکھتا رہا۔ اصل میں یہ سارا قصور میرا ہی ہے اور میرا دل اب اتنا ٹوٹ گیا ہے کہ اب میں مزید کوئی اور داستان سننے کا متحمل نہیں ہوں۔ میرے آنسو اتنے بہہ گئے ہیں کہ میری آنکھیں خشک ہوگئی ہیں ابھی اس شخص کا درد باقی تھا بادشاہ جب یہ بات کہہ کر رکا وہ شخص بادشاہ کی سنی ان سنی کہہ کر پھر بولنا شروع ہوا مجبوراً بادشاہ سر جھکا کر اس کی بات سنتا رہا۔ **چین ختم سکون ختم رزق ختم صرف ویرانی ہی ویرانی:** وہ کہنے لگا: میرے گھر میں رزق ختم ہوگیا اس جن نے میرے گھر پر ایسا جادو کیا میرے گھر میں ویرانی گھس آئی ہے میرے گھر کا چین سکون لٹ گیا ہے ذلت اور رسوائیوں نے میرے گھر میں ڈیرے ڈال لیے ہیں پھر اپنی بیٹی کے سر پر ہاتھ رکھا اور کہنے لگا اس بیٹی کا ہاتھ میں کس کے ہاتھ میں دوں گا کون میری بیٹی کو قبول کرے گا بس یہ کہنا تھا کہ پورے مجمع میں سے چیخیں آہیں سسکیاں ایک طوفان تھا جو سمندر کے طوفان سے ہٹ کر کہیں زیادہ تھا آندھیوں کی سرسراہٹ اور شور سے کہیں اوپر تھا صحراؤں کے ذروں سے کہیں بڑھ کر تھا ویرانوں کے سناٹوں کے خوف سے کہیں زیادہ خوفزدہ تھا۔ ہر شخص رو رہا تھا اور ہر شخص کا دل چاہ رہا تھا کہ اس جادوگر جن کو کوئی ایسی سزا دی جائے کہ سب کے دلوں میں ٹھنڈک تسکین اور سکون آجائے اور سب کے دل مطمئن ہوجائیں۔ **ظالم کے گریبان پر ہاتھ؟؟؟** وہ شخص مزید بولا: کوئی رات ایسی نہیں جس رات میں میں اپنی مخلص بیوی کو یاد کرکے نہ روتا ہوں میں اپنی بیٹی کو دیکھتا ہوں تو مجھے یاد آتا ہے کہ کوئی ایسی کائنات میں طاقت نہیں جو اس ظالم سے مجھے میرا بدلہ لے کردے اور کائنات میں کوئی ایسی قوت نہیں جو مجھ مظلوم کا ہاتھ پکڑے اور میرا ساتھ دے کوئی شخص دنیا میں ایسا نہیں جو اس ظالم کے گریبان میں ہاتھ ڈالے اور اس کا گریبان چاک کردے۔ کیا یہ اس قابل نہیں کہ اس کو پھانسی دی جائے؟ کیا اس قابل نہیں کہ اس کا جسم سولی پر لٹکا دیا جائے؟ کیا اس کیلئے یہ سزا کافی ہوگی کہ اس کا جسم ٹکڑے ٹکڑے کردیا جائے۔

بیٹی کے پاکیزہ وجود کا تارتار ہونا: وہ شخص چیخ رہا تھا وہ انسان تھا وہ جن نہیں تھا اور اس کی آواز میں درد تھا سوز تھا کڑھن تھی اس کی آواز میں سچائی تھی اس کے بولوں میں مظلومیت تھی اس کے لفظوں میں درد تھا اس کے لہجے میں بیٹی کے پاکیزہ وجود کا تارتار ہونا اور اس کے سامنے اس کی عزت و عصمت کا لٹ جانے کا درد تھا اور بیٹی کے جسم پر شدید گہرے داغ جو شاید کبھی نہ بھر سکیں ابھی تک موجود تھے۔ **بیٹی کا اجڑا ہوا آنگن کیسے آباد کرتا؟** وہ سب غم چھپا سکتا تھا لیکن بیٹی کے وجود اور چہرے کے داغ کیسے چھپا سکتا تھا وہ سارے غموں کو بھول سکتا تھا لیکن اپنی مخلص بیوی کو کیسے بھول سکتا تھا اور اپنی بیٹی کا اجڑا ہوا آنگن کیسے آباد کرتا بیٹی کے ہاتھ پیلے کیسے کرتا؟ وہ رو رہا تھا اور بار بار کہہ رہا تھا کہ لوگو! کوئی ہے جو میری بیٹی کا ہاتھ تھامے جو اس حالت میں بھی میری بیٹی کو قبول کرلے کوئی ہے یہاں بیٹھا ہوا میں جنوں سے نہیں انسانوں سے بات کررہا ہوں جو میری بیٹی کو اپنے بیٹے سے بیاہ دے اور اس کو کبھی طعنہ نہ دے میلی نظروں سے نہ دیکھے اس کو ترش بول نہ بولے اس کو ایسے میٹھے بول بولے جو سارے غم بھول جائے سارے دکھ فراموش کردے وہ دل کے دکھڑے کسی گہرے گڑھے میں ڈال کر دفن کرکے پھول چننے میں مصروف ہوجائے۔ **اس وقت تو آسمان بھی رو رہا:** یہ کہتے کہتے وہ اپنے گھٹنوں میں سر رکھ کر زاروقطار رونے لگا آہیں بھرنے لگا اس کی دوسری بیٹی اس کا بیٹا سب رو رہے تھے وہ نہیں اس وقت تو آسمان بھی رو رہا تھا درختوں کے پتے بھی آنسو بہا رہے تھے پہاڑوں کی چٹانیں بھی پگھل گئی تھیں موم ہوگئی تھیں اور موم ہو ہو کر ٹپک رہی تھیں زمین کا سینہ بھی چاک ہوگیا اور زمین کے اندر سے آہیں نکل رہی تھیں ایسا سوگوار ماحول تھا کہ جیسے نامعلوم کہ کیا ہوگیا بادشاہ سہما ہوا تھا سردار سمٹا ہوا تھا اسے سمجھ نہیں آرہی تھی وہ کیا کرے لوگ تڑپ رہے تھے اور ہر شخص یہ چاہ رہا تھا کہ میں اپنی داستان سناؤں اور ہر شخص یہ چاہ رہا تھا کہ میں اپنے غم کی کہانی سناؤں میری باری کب آئے گی مجھے انصاف کب ملے گا؟

ہمیں انصاف چاہیے: ایک بوڑھا انسان کھڑا ہو کر زور سے بولا: اے شاہ جنات آپ نے ہمیں بلوایا ہے آپ کی مہربانی صرف غم کی داستانیں نہیں ہر غم کے ساتھ ہمیں انصاف چاہیے ہر درد کے ساتھ ہمیں درد کا مرہم چاہیے اور ہمارا مرہم اس جن سے انتقام ہے۔ اس جن سے بدلہ اس جن کو قابل عبرت بنانا ہے بادشاہ سر ہلا رہا تھا اپنے آنسو اس

میرے باپ دادا کے آزمودہ نسخہ جات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری کیلئے اپنے باپ دادا کے آزمودہ دو عدد نسخہ جات بھیج رہا ہوں جو کہ ہمارے بھی بارہا کے آزمودہ ہیں یقیناً قارئین اس سے سو فیصد فائدہ اٹھائیں گے۔

لو بلڈ پریشر کیلئے ٹوٹکہ: ھوالشافی: تین عدد لونگ اور چھوٹا سا ٹکڑا دارچینی لے کر دونوں کو موٹا موٹا کوٹ لیں ایک کپ پانی میں پکالیں صبح و شام پیئیں۔ لو بلڈ پریشر کیلئے انتہائی لاجواب ہے۔ بارہا کا آزمایا ہوا نسخہ ہے۔

جن کے زخم کہیں سے ٹھیک نہ ہوتے ہوں: اسی طرح میرے پاس بڑوں کا آزمودہ ایک اور نسخہ ہے۔ ھوالشافی: کاربالک ایسڈ ایک حصہ سرسوں کا تیل پندرہ حصہ۔ (یعنی اگر کاربالک ایسڈ اگر دس گرام ہے تو سرسوں کا تیل ڈیڑھ سو گرام لیں گے۔) لے کر آپس میں ملالیں۔ یہ تیل ہر قسم کیلئے لاجواب ہے خراب سے خراب زخم جو کہ ڈاکٹروں سے نہ ٹھیک ہو رہا ہو اس طرح آپریشن کا زخم بھی اس سے ٹھیک ہوجاتا ہے۔ ہمارے گاؤں راجہ جنگ میں یہ تیل بہت مشہور تھا جس کسی کو زخم لگتا تو وہ فوراً ہمارے گھر اس تیل کو لگوانے کیلئے آجاتا۔ پچھلے سال کی بات ہے میرا ایک دوست جس نے اپینڈکس کا آپریشن کروایا تین چار ماہ ہوگئے تھے اس کا زخم ٹھیک نہیں ہو رہا تھا میں نے اس کو یہ تیل زخم پر لگانے کیلئے دیا چند دن بعد ہی وہ میرے پاس آیا اور اس نے آکر بتایا کہ اس کا زخم بالکل ٹھیک ہوگیا ہے۔ اسی طرح اگر ٹانگوں میں درد وغیرہ ہوتا ہو تو اس تیل کی مالش کریں درد ختم ہوجاتا ہے۔ (خالد، راولپنڈی)

14

تنگدستی دور کرنے کا عمل: جو کوئی ہر نماز کے بعد اسم مبارک یَامَالِكُ کو بکثرت پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کی تنگدستی دور ہوجائے گا۔

کے شاہی لباس کو اور زیادہ چمکدار کررہے تھے' اس کے موتیوں کو آبدار کررہے تھے پر وہ خاموش کہ کیا کرے۔

بوڑھی جنی کی داستان: اس کے بعد بادشاہ نے کہا کہ اب کوئی جن اپنے ظلم کی کہانی سنائے: ایک بوڑھی عورت اٹھی' وہ جنی تھی' بہت ہی زیادہ بوڑھی تھی' اس کے کھڑا ہونے میں دو جنات نے اس کی مدد کی' وہ اٹھ کر بولنا شروع ہوئی۔ اس کی آواز بہت کم تھی' کمزوری کی وجہ سے حلق سے زیادہ نہیں نکل رہی تھی لیکن اس آواز میں درد تھا' اس میں سوز تھا' اس میں ہمدردی تھی اس کی آواز اتنی نہیں تھی کہ سردار تک پہنچ سکے' سردار نے اپنے دو آدمی بھیجے جو اس کے دائیں بائیں کھڑے ہوکر اس کے بولے ہوئے الفاظ کو اونچی آواز میں اور اونچے لہجے میں بیان کررہے تھے وہ کہہ رہے تھے کہ یہ بڑھیا کہتی ہے

قوت' توانائی اور کچھ جوانی: ایک دن کا واقعہ ہے اس دور کی بات ہے جب میرے اندر قوت تھی' توانائی تھی اور کچھ جوانی تھی' میں باہر پہاڑوں پر ایک غار کے اندر حاجت کیلئے گئی' میں حاجت سے فارغ ہوکر واپس ہی آرہی تھی' راستہ میں مجھے ایک جن ملا' جس کی نظریں میں نے پھری ہوئی دیکھیں' اس کی نظر دیکھ کر میں حیران ہوئی کہ میری ساری زندگی گزری آج تک اس غار میں کوئی شخص نہیں آیا کیونکہ یہ بالکل دور تنہا ویرانے میں ہے' مگر آج یہ کیا ہوگیا؟ اس جن نے اپنے غلط عزائم کا ارادہ کیا' وہ جن انتہائی بھیانک شکل' گندا چہرہ' بدبودار جسم لیکن ساتھ ہی خطرناک اسلحہ لیا ہوا اور بہت زیادہ طاقتور محسوس ہورہا تھا۔

اس کا ارادہ مجھ سے برائی کا تھا: اس کا ارادہ مجھ سے برائی کا تھا میں ایک طرف اس کا غلط ارادہ دیکھتی ایک طرف اپنی ڈھلتی عمر جہاں میرے اپنے جذبات خود ختم ہوچکے تھے لیکن وہ شخص اپنے عزم کا پختہ تھا اور وہ یہ چاہتا تھا کہ میں اس سے گناہ اور برائی کروں' میں شور نہیں کرسکتی تھی' میں کسی کو پکار نہیں سکتی تھی' میں نے اپنی تمام قوتیں صرف کرکے اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کی' اس نے میرے کپڑے نوچ ڈالے لیکن وہ میرے بدن تک نہ پہنچ سکا۔ میرے پاس کچھ نہیں صرف پتھر تھے ہم جنات ایک دوسرے کو جس طاقت سے دور کرسکتے تھے جس طاقت سے مار سکتے تھے ہم نے مارا اور ایک دوسرے سے دور کیا' لیکن وہ اپنے ارادے سے باز نہ آیا۔

اس نے مجھے بے بس کردیا: اس کا ارادہ یہی تھا کہ وہ اپنے ناپاک عزائم پورے کرے۔ میں ایک شریف اور باحیاء جنی تھی' جس نے ساری زندگی کوئی ناپاک جرم تو کیا ارادہ بھی نہیں کیا؟ اس نے مجھے بے بس کردیا' میرے جی میں آیا یہ غار میرے اوپر گرجائے میں پتھروں کے نیچے دب جاؤں' میری لاش ہی ختم ہوجائے لیکن مجھ سے یہ غلط کام کبھی نہ ہو' میرا دل دہل رہا تھا میری آنکھوں سے آنسو بہہ رہے تھے' میرے جسم کا انگ انگ رواں رواں اور خون کا قطرہ قطرہ پکار رہا تھا کہ میرے ساتھ جو کچھ ہورہا غلط ہورہا لیکن آج مجھے کوئی بچانے والا نہیں' یہ جن اپنے ارادے کا پکا تھا پھر اس نے ایک ناپاک حرکت کی اس نے اپنے جادو کے زور پر مجھے معذور کردیا' میرے دونوں ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوگئے میرا جسم گٹھڑی بن گیا اور میں ایک دم پتھروں میں گرگئی۔ میری آنکھیں کھلی' حواس بے دار' میرا جسم زندہ تھا لیکن میں کچھ کرنہیں سکتی تھی اور میرا ایک ایک پل ایک ایک لمحہ ایسا تھا کہ مجھے خطرہ تھا نامعلوم اب یہ کیا کرے گا اور اس کا اگلا ارادہ کیا ہوگا؟ اس نے مجھے جادو کے زور پر معذور کرکے پھینک دیا اور خود چلا گیا۔ میں وہاں سسکتی رہی' میں بھوکی رہی' میں پیاسی رہی' یہ پانچ دن کے بعد پھر میرے پاس آیا میں بھوک' پیاس' دکھ' تکلیف سے خوف ہراس سے بالکل نڈھال ہوچکی تھی اور میرے جسم کا ایک ایک حصہ بے کار ہوچکا تھا۔

دیکھو! میری تمنا پوری کردو: میں نے جب غار میں کسی کے آنے کی آہٹ سنی تو میں پھر پریشان ہوگئی کہ وہی آسکتا ہے اور تو کوئی یہاں آ ہی نہیں سکتا اس نے آکر گرج دار آواز میں مجھے میرے نام سے پکارا اور کہا دیکھو! میری تمنا پوری کردو' تمہیں مالا مال کردوں گا اگر تم نے میری تمنا پوری نہ کی تو اسی طرح ساری زندگی سسکا سسکا کر ماردوں گا' میں مر تو سکتی تھی لیکن اس کی یہ تمنا پوری نہیں کرسکتی تھی' میرا سسکنا' میرا مرنا' مجھے سب کچھ منظور تھا لیکن زندگی کا یہ انداز مجھے منظور نہیں تھا۔ میں سوچ رہی تھی کہ اب اس کا اگلا وار کیا ہوگا تو اس نے ایک دم ایسے ہاتھ کا اشارہ کیا اور میں ایک دم کھڑی ہوگئی جیسے کسی طاقت نے مجھے بالکل سیدھا کردیا' میرے پاؤں میری ٹانگیں میرا جسم ہر چیز تندرست ہوگئی' میں مطمئن ہوئی کہ شاید یہ مجھے ابھی آزاد کردے گا لیکن اس نے آزاد کرنے کے بعد پھر میری طرف ہاتھ بڑھانا چاہا میری چیخیں نکل گئیں۔

شیطانی آگ کو تسکین: مجھے کہنے لگا میں تیرے ساتھ سب کچھ کرسکتا ہوں لیکن میں چاہتا ہوں کہ جو کروں' تیرے ارادہ کے ساتھ کروں' اس سے میرے اندر کی شیطانی آگ کو تسکین پہنچے گی۔ پھر وہی کیفیت' میرا احتجاج' شور' چیخیں' رونا' سسکیاں اور بار بار کی مزاحمت' کچھ دن ایسا کرنے کے بعد وہ بہت زیادہ غصہ میں آگیا اور غصہ میں آکر کہنے لگا: ٹھیک ہے اس سے بھی زیادہ ایک کڑی سزا دیتا ہوں اس نے ہاتھ کا اشارہ کیا اور مجھے میرے بالوں کی چوٹی کے ساتھ غار کے ایک سب سے اونچے کونے میں لٹکا دیا' میری چیخیں نکل گئیں میں اپنے بالوں کے ساتھ لٹکی ہوئی تھی۔

سردار اور تمام مجمع کی سسکیاں نکل گئیں: یہ بات کہتے ہوئے حیرت انگیز جن جو کہ پہلے بھی غمزدہ تھا اور رو رہا تھا اور مزید اس غم اور درد کی کیفیت میں رونے لگا اور کہا کہ یہ داستان سنتے ہوئے سردار بھی رو رہا تھا اور تمام مجمع سسکیاں ہائے اور پکار کے ساتھ رو رہا تھا۔ پھر حیرت انگیز جن نے اپنی بات کو جاری کرتے ہوئے ٹھنڈا سانس لیا اور اس جنی کی داستان کو آگے بڑھاتے ہوئے بولا کہ وہ جنی بولی: پورے چوبیس گھنٹے مجھے بالوں سے لٹکائے رکھا' ایک طرف بھوک' دوسری طرف پیاس' تیسری طرف غم' چوتھی طرف تنہائی اور پانچویں طرف ایک اذیت ناک تکلیف' میرے جسم کا رواں رواں اور ہڈی کا جوڑ جوڑ تکلیف سے دکھ رہا تھا' چوبیس گھنٹہ کے بعد وہ پھر آیا اور آکر اپنے ارادہ کا پھر اظہار کیا۔

اس نے مجھے بندریا بنادیا: میرا وہی انکار' اس کی وہی مزاحمت اور تکالیف اور مشکلات اور پریشانیاں آخرکار اس تکلیف اور پریشانی کے بعد اس نے مجھے تیسری ایک اور سزا دی' اس نے مجھے بندریا بنادیا اور میرے گلے میں زنجیر ڈال دی اور ایک بہت بڑے پتھر کے ساتھ وہ زنجیر باندھ دی اور مجھے چھوڑ کر چلا گیا کہ جا ہمیشہ کیلئے تو یہاں رہے گی اور اسی شکل میں سسک سسک کر مرجائے گی۔ ادھر کئی دنوں سے جب میں گھر نہ پہنچی تو میرے گھر والوں نے میری تلاش شروع کی' تلاش کرتے کرتے ایک دن انہیں خیال آیا کہ میں اپنی حاجت کیلئے دور کچھ غاریں تھیں ان میں جایا کرتی تھی اب انہوں نے مجھے غاروں میں تلاش کرنا شروع کردیا۔ ایک دن میں نے آہٹ سنی کچھ لوگ تھے اور ان کی آوازیں تھیں اور ان کی آوازیں دور سے سنائی دے رہی تھیں کیونکہ اس نے مجھے غار کے آخری کونے میں پھینکا ہوا تھا میرے جی میں تھا کہ اگر یہ لوگ کوئی اور ہیں تو ضرور غار کے اندر آئیں۔

ایک حکیم نے بتایا دانت درد کا ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ دانت درد کا ٹوٹکہ انڈیا کے ایک حکیم نے میرے والدین کو بتایا تھا۔ ھوالشافی: کیکر کی چھال کے ٹکڑے بنا کر گھر میں رکھ لیں۔ روزانہ رات کو ایک ٹکڑا منہ میں رکھ کر چبائیں' منہ سے بہت زیادہ پانی نکلے گا۔ دس منٹ بعد منہ پانی سے صاف کرکے سوجائیں' میرے والدین نے ساری زندگی اس پر عمل کیا تھا' نہ کبھی دانت خراب ہوئے نہ درد ہوا اور آنکھ کی نظر بھی برقرار رہی' بندہ ہفتہ بعد کیکر کی مسواک خرید لیتا ہے اور فجر کے وقت چباتا ہے اور سات دن بعد نئی مسواک خرید کر فریج میں رکھ لیتا ہے۔ ماشاءاللہ 63 سال عمر ہے' دانت قائم دائم ہیں۔ (ج۔ش)

علم رکھ کر عمل نہ کرنے والا: جو شخص علم رکھے اور اس پر عمل نہ کرے وہ ایک بیمار ہے جس کے پاس دوا تو ہے مگر علاج نہیں کرتا۔ (حکیم اقلیدس)

میں وہی ہوں! پھر اچانک مجھے احساس ہوا کہ یہ وہ خبیث مکار جن اور جادوگر نہیں بلکہ کچھ اور لوگ ہیں میری توقع کے عین مطابق قدموں کی آہٹ آنے لگی اور مجھے احساس ہوا کہ یہ تو میرے گھر والے ہیں اور میرا تذکرہ کر کر کے مجھے تلاش کر رہے ہیں میں نے بندریا کی آواز میں بولنا شروع کر دیا اور جب وہ قریب پہنچے اور کہنے لگے یہاں تو ایک بندریا بندھی ہوئی ہے میں نے اشاروں میں انہیں بتایا کہ میں بندریا نہیں ہوں' میں تو وہی ہوں جس کی تم تلاش میں آئے ہو' وہ سمجھدار تھے سمجھ گئے اور یہ سارا ماجرا بھی سمجھ گئے کہ یہ سارا کیا دھرا اسی خبیث جادوگر کا ہے۔ **میرا انتقام ختم ہونے والا نہیں:** انہوں نے دو بندے وہیں میرے پاس چھوڑے' کچھ کھانے پینے کی چیزیں دیں اور باقی تمام میرے گھر والے اس جادوگر کے پاس گئے' اس کو جا کر کہا: آپ نے ہماری عورت کو بندریا بنا دیا' انہوں نے بہت زیادہ زاریاں کیں' منت کی لیکن وہ جن نہ مانا اور اس نے مجھے بندریا ہی رہنے دیا' ہاں ان کی ایک منت پر وہ مان گیا کہنے لگا: ٹھیک ہے میں اتنا کر دیتا ہوں کہ پتھر سے میں اس کو ہٹا دیتا ہوں اس کی زنجیر تمہارے ہاتھ میں دے دیتا ہوں اس کو گھر جا کر باندھ دو' لیکن یہ رہے گی بندریا' یہ جناتی روپ میں نہیں آسکے گی اور کبھی نہیں آسکے گی جب تک کہ میرا جادو نہیں ہٹے گا اور میرا انتقام اتنی جلد ہٹنے والا نہیں ہے۔ میں نے اس سے سخت انتقام لیا ہے اور پھر زوردار قہقہہ لگا کر بولا تمہیں پتہ ہے کہ جنات کا انتقام بہت سخت ہوتا ہے۔ یہ بات کہتے ہوئے حیرت انگیز جن غم کی کیفیت میں ڈوب گیا۔ **جنات کا انتقام:** میں نے حیرت انگیز جن سے پوچھا' کیا واقعی جنات کا انتقام بہت سخت ہوتا ہے؟ اور جادوگر بہت ہوتے ہیں؟ اور وہ معاف نہیں کرتے یا بڑی مشکل سے کرتے ہیں؟ وہ ٹھنڈی آہ لے کر کہنے لگا آگ صرف پانی کی مانتی ہے اور کسی چیز کی نہیں مانتی بلکہ ہوا تو آگ کو اور زیادہ بھڑکا دیتی ہے اور پانی صرف اور صرف آنسو ہیں یا اللہ کا کلام یا نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے اور کچھ بھی نہیں ہے۔ یہ کسی چیز کو نہیں مانتے جنات جب بپھر جاتے ہیں نہ ماں کو نہ باپ کو نہ بہن کو نہ بھائی کو نہ کسی ساتھی گرو چیلے کسی کی نہیں مانتے۔ ان کے اندر آگ ہوتی ہے اور انتقام کی آگ ہوتی ہے اور ان کے اندر جلن ہوتی ہے اور انتقام کی جلن ہوتی ہے اور یہ آگ اور انتقام کی جلن اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ یہ ختم نہیں ہو سکتی کبھی بھی ختم نہیں ہو گی حتیٰ کہ جتنا ان کی منتیں کریں گے اور جتنا ان کی زاریاں کریں گے اتنا زیادہ ان کی آگ اور زیادہ بھڑکے گی اور ان کی کیفیت اور زیادہ ہو گی۔

میں حیران ہوا میں نے حیرت انگیز جن سے اگلا سوال کیا میں نے پوچھا کیا آپ مجھے یہ بتا سکتے ہیں کہ جنات میں آخر ایسی کون سی چیز ہوتی ہے جس چیز کے ساتھ وہ اتنا انتقام لیتے ہیں؟ **چیونٹی کو ہاتھی اور ہاتھی کو چیونٹی:** حیرت انگیز جن کہنے لگا در اصل چونکہ جنات آگ سے بنے ہوئے اور آگ کی طاقت اور آگ کی قوتیں بہت زیادہ ہوتی ہیں پھر ہر جن کا یہ جذبہ ہوتا ہے کہ یعنی جو شریر جن ہے کہ وہ جادو سیکھے منتر سیکھے اور ایسے منتر سیکھے اور ایسا جادو سیکھے جو کہ صدیوں پرانا جس کی وجہ سے پہاڑ پگھل جاتے تھے' زمین سیاہ ہو جاتی تھی جنگلوں میں آگ لگ کر جنگل راکھ بن جاتے ہیں' وہ بارشوں کو روک لیتے تھے' ایک پھونک سے پہاڑ میں غار بنا دیتے ہیں' انسانوں کی شکل بگاڑ دیتے تھے' چیونٹی کو ہاتھی اور ہاتھی کو چیونٹی بنا دیتے تھے۔ پھر یہ ایسا جادو سیکھنے کیلئے بہت لمبے لمبے سفر کرتے ہیں اب بھی بہت پرانے پرانے جن بابے ایسے بیٹھے ہیں جن کی عمر صدیوں اور ان کا علم بہت زیادہ ہے۔ **قربان جاؤں اپنے نبی کریم ﷺ کی مبارک زندگی پر:** پھر یہ ان سے سالہا سال خدمت کر کے علم حاصل کرتے ہیں اور اس علم کا اتنا زیادہ استعمال کرتے ہیں کہ یہ مخلوق کا جینا دوبھر کر دیتے ہیں' حیرت انگیز جن ٹھنڈی سانس لے کر کہنے لگا میں قربان جاؤں اپنے نبی ﷺ کی مبارک زندگی پر کہ انہوں نے قدم قدم پر ایمان والوں کو دعائیں بتائیں ہیں یقین جانیے! انسان ہماری شیطانی قوتوں کو نہ جانتے' نہ سمجھتے' نہ پرکھتے ہیں اگر انسان قوتوں کو جان لیں سمجھ لیں اور پرکھ لیں تو کبھی بھی یہ ایک پل کیلئے بھی مسنون دعا پڑھنا نہ بھولیں۔ انہیں علم نہیں کہ یہ مسنون دعا جو اس وقت کی پڑھنی ہوتی ہے در اصل یہ اس لیے پڑھنی ہوتی ہے کہ ہر موقع پر شریر جنات کی ابلیس نے ڈیوٹیاں لگائی ہوئی ہیں اور ہر موقع پر وہ انسانوں کو کسی نہ کسی تکلیف میں مبتلا کر کے ہی رہتے ہیں مثلاً گھر سے نکلنے کی دعا اگر نہ پڑھے گا تو ابلیس نے شریر جنات اس کے پیچھے لگا دیئے ہیں۔ **جنات کے وار:** اس کے ہر کام میں رکاوٹ' ہر مشکل' ہر پریشانی اس کے سامنے آئے گی اچھے خاصے لوگ اس کے دشمن بن جائیں گے اور اچھی خاصی چیزیں اس کے سامنے آ کر اس کا پیچھا نہیں چھوڑیں گی اور یہ بہت زیادہ مشکلات' مسائل' ناکامیوں' پریشانیوں' دکھوں اور تکالیف میں الجھ جائے گا۔ اسی طرح کھانے کی دعا ہے اگر کوئی کھانے سے پہلے کھانے کی مسنون دعا نہیں پڑھے گا یا کھانے سے پہلے اللہ کا نام نہیں لے گا تو اس کا کھانا یہ ایسا بنا دیں گے کہ بظاہر انسان اس میں خوشبو ذائقہ ہر چیز محسوس کرے گا لیکن کھانے کے اندر کی اصل روح وہ نکال دیں گے اور نکال کر اس کھانے کو ایسے بنا دیں گے کہ جیسے اس کے اندر نہ کوئی طاقت' نہ کوئی قوت ہے اور نہ کوئی انرجی ہے اور یہ طاقت قوت اور انرجی تمام ختم ہو جائے گی۔ **کھانا اور شیطانی مزاج:** یہ کھانا پھر بیماری' تکالیف' مسائل اور طرح طرح کی زندگی کی ناکامیوں حتیٰ کہ یہی کھانا پھر شیطانی مزاج پیدا کرے گا' رحمانی راستے نہیں دکھائے گا اور شیطانی مزاج کا انداز گناہ' بدکاری' سیاہ کاری' منفی سوچ اور منفی کردار اور منفی راستوں کی طرف لے کر جائے گا۔ **جادوگر جنات کن کے سامنے بے بس ہیں!** اسی طرح حیرت انگیز جن نے مختلف اور بہت سی باتیں بتائیں اور کہنے لگا کہ یہ شریر جنات ایک تو پہلے سے خود شریر ہوتے ہیں دوسرا وہ شریر قسم کے جادو اور ٹونے سیکھ لیتے ہیں اور وہ جادو اور ٹونے ایسے سیکھتے ہیں جو انسان تو انسان انسانوں کے بڑے بڑے گرو بھی ان تک نہیں پہنچ سکتے۔ صرف وہی لوگ اس کا توڑ ضرور کر سکتے ہیں جن کو اللہ کے کلام اور نبی ﷺ کے فرمان کا علم حاصل ہو اور اس کا یقین اور اس کی تاثیر حاصل ہو۔ ان کے سامنے یہ لوگ بے بس ہوتے ہیں اور بالکل گلی کا تنکا اور عام اڑتا ہوا ذرہ ہوتے ہیں ورنہ تو یہ پہاڑ آندھی طوفان اور بربادی ہوتے ہیں۔ **جنات کا جادو کس کس چیز پر ہوتا ہے:** ابھی بات چل ہی رہی تھی اور حیرت انگیز جن اس بوڑھی جننی کا حال بتانا چاہ رہا تھا جس کو بندریا بنا دیا اور جس کے اوپر جادوگر جن نے ترس کھا کر پتھر سے تو اس کی اور غار سے تو اس کی جان بخشی کر دی لیکن اس کو بندریا ویسے کی ویسے رہنے دیا گیا۔ حیرت انگیز جن اس داستان کو مزید سنانا چاہ رہا تھا کہ میں نے ایک اور سوال کر دیا میں نے پوچھا: یہ بتائیں کہ جنات کا جادو کس کس چیز پر زیادہ ہوتا ہے؟ کہنے لگے: جنات کا جادو اگر آپ انسانوں کا پوچھتے ہیں تو سب سے زیادہ ان کی

نکسیر سے گھبرائے مریضوں کیلئے لاجواب ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ ٹوٹکہ ہمارا آزمودہ ہے مجھے یہ ٹوٹکہ ایک حکیم صاحب نے بتایا تھا۔ کسی بچے کا بڑے کی نکسیر پھوٹ جائے تو ایک کیلے کی جڑ سے اوپر کا حصہ کاٹ کر اس کا پانی نکال کر ایک پیالے میں رکھ لیں' پھر اسے باریک کپڑے میں چھان لیں اور کسی چھوٹی بوتل میں ڈال لیں۔ بعد میں حسب ضرورت ڈراپر میں ڈال کر رکھیں۔ جب کسی کو نکسیر پھوٹے تو ڈراپر کی مدد سے پہلے ایک طرف ناک میں ڈالیں' تھوڑی دیر بعد ناک کی دوسری طرف چند قطرے ڈالیں۔ ایک دفعہ ہی ایسا کرنے سے نکسیر بند ہو جائے گی۔ یہ عمل دو یا تین بار بھی کیا جا سکتا ہے۔ (ثریا بیگم' منڈی بہاؤالدین)

گرتے بالوں کا علاج: گرتے ہوئے بالوں کی صورت میں کھوپرے یعنی ناریل کا تیل سر پر لگانا خاص طور پر رات کے وقت اور صبح اٹھ کر کسی اچھے صابن سے سر دھو لینا مفید ہوتا ہے۔

آنکھوں پر' دل پر' ناف پر' شرم گاہ پر' معدے پر' جگر پر اور دماغ پر ہوتا ہے' آنکھوں پر ان کا جادو یہ ہوتا ہے یا تو آنکھیں کمزور ہوجاتی ہیں یا نظر کمزور ہوجاتی ہے یا آنکھیں خیر نہیں دیکھتیں شر دیکھتی ہیں اور آنکھیں ایسی جگہ جہاں گندگی ہو یا گھٹیا جگہ ہو یا پھر ان آنکھوں کے اندر ماں بہن اور سگے رشتوں کا احساس خیال حیا اور غیرت ختم ہوجاتی ہے۔ پھر یہ آنکھیں وہ نہیں دیکھتیں جو دیکھنا چاہیے بلکہ وہ دیکھتی ہیں جو شیطان اسے دکھاتا ہے اور پھر حیرت انگیز جن دکھی لہجے میں کہنے لگا آپ کے انسانوں میں میں خود کئی واقعات سن چکا ہوں کہ باپ نے اپنی بیٹیوں کے ساتھ برا سلوک کیا اور ان کی عزتوں کو تار تار کردیا۔ **جناتی جادو' بیوی' بیٹی' ماں' بہن سب برابر!** وہ دراصل اس انسان کا قصور نہیں ہوتا اس کے اوپر اور اس کی آنکھوں کے اوپر جناتی شیطانی حلقہ اور حصار ایسا ہوتا ہے کہ جس کی وجہ سے وہ انسان اتنا مجبور ہوجاتا ہے کہ جو شیطان اسے دکھاتا ہے بس وہی دیکھتا ہے اس کے سامنے بیوی' ماں' بیٹی' بہن سب برابر ہوتے ہیں اور دوسرا جادو جو شیطان کرتا ہے وہ انسان کے دماغ پر ہروقت منفی سوچیں' منفی خیالات اور بس گناہ ہی گناہ برائی ہی برائی' انتقام ہی انتقام' کینہ ہی کینہ' بغض ہی بغض' شکوہ شکایت بس دماغ ہروقت اسی کو سوچتا رہتا ہے اور جب ہم معدے پر جناتی شیطانی چیزیں جادو کرتی ہیں تو اس کے پیٹ میں حلال پاکیزہ غذا جانے نہیں دیتے اور اس کی پاکیزہ غذاؤں کے راستوں کو وہ بند کردیتا ہے اور پاکیزہ راستے اس کیلئے دور ہوجاتے ہیں اور پاکیزہ راہیں اس سے ختم ہوجاتی ہیں اور پھر جب اس کی شرمگاہ کے اوپر شیطانی قوتیں شیطانی جادو کرتی ہیں تو اس کی شرمگاہ کی حس بڑھا دیتی ہیں پھر اس کی شرمگاہ حلال راہوں سے ہٹ کر حرام راستوں کی طرف چل نکلتی ہیں پھر اس کی حلال راہوں کی لذت یہ شیطانی چیزیں اس سے چھین لیتی ہیں اور حرام راہوں کی لذت اس کیلئے زیادہ کردیتی ہیں۔ **عورتوں کے وہ اعضاء جن پر جنات جادو کرتے ہیں:** پھر اسی طرح جسم کے تمام اعضاء پر اس کا جادو چلنا شروع ہوجاتا ہے اور شرم و حیا میں ڈوب کر وہ حیرت انگیز جن کہنے لگا مجھے شرم آتی ہے میں آپ کے سامنے کیا بیان کروں لیکن اگر بات انسانوں کی چل نکلی ہے تو ایک بات اور بھی کہہ دیتا ہوں کہ عورتوں کے بال' نسوانی حسن' چہرہ اور ان کی کمر کا نچلا حصہ یہ چار چیزیں جن پر شیطانی چیزیں اپنی گندی مکروہ اور کالی نظریں بھی ڈالتے ہیں اور گندا اور کالا جادو بھی کرتے ہیں۔ اور ان کا جادو اتنا سخت ہوتا ہے کہ وہ عورت یا بیمار ہوجاتی ہے یا چہرے پر غیر ضروری بال' دانے' کیل مہاسے' چھائیاں نکل آتی ہیں۔ **بے حیائی' بدکرداری' فحاشی' عریانی:** یا پھر اس عورت کے اندر بے حیائی' بدکرداری' فحاشی' عریانی کے ایسے انوکھے جذبات پیدا کردیئے جاتے ہیں' وہ اندر سے معصوم' نیک حیاء' شرم اور بھرم والی ہوتی ہے لیکن اس کا دل دماغ اس کی سوچیں اتنی مکروہ کردی جاتی ہیں کہ اسے اپنے دل دماغ اور سوچوں پر کسی قسم کا کوئی کنٹرول نہیں ہوتا اور وہ' وہ کچھ کررہی ہوتی ہے جسے دیکھ کر دیکھنے والا شرما جاتا ہے مگر اسے شرم نہیں آتی۔ کیوں؟ کیونکہ وہ شیطانی چیزیں بے شرم ہوتی ہیں اور وہ شیطانی چیزیں اسے بھی بے شرم بنادیتی ہیں۔

جنات خود جنات سے ڈرتے ہیں: لہٰذا ان کے جادو انسانوں پر بہت زیادہ اور خود جنات پر بھی بہت زیادہ چلتے ہیں اور ایسے زیادہ چلتے ہیں کہ خود جنات اپنے جنات سے بہت زیادہ ڈرتے ہیں چونکہ بات سے بات چلی تھی میں نے حیرت انگیز جن سے اگلا سوال کیا کہ آپ کے ہاں نیک جنات کی تعداد زیادہ ہے یا شریر بدکار اور گندے جنات کی تعداد زیادہ ہے۔ میرا سوال ابھی پورا ہی نہیں ہوا تھا کہ فوراً بولے نیک جنات کی تعداد ہے لیکن بہت تھوڑی ہے کیونکہ جنات کو آگ سے بنایا ہے اور آگ کے اندر جلن اس لیے ان کی تعداد بہت کم ہے اور جو نیک ہیں' وہ واقعی ہی نیک ہیں اس طرح کے نیک ہیں کہ آپ گمان نہیں کرسکتے۔ **صحابہ' تابعی' تبع تابعین اور اولیاء جنات:** حیرت انگیز جن کہنے لگا: اب بھی میں کئی صحابہ جنات سے ملا ہوں' تابعی جنات سے ملا ہوں' تبع تابعین جنات تو بہت زیادہ ہیں محدث جنات' اولیاء جنات' صالحین تو بہت زیادہ ہیں جو اپنے خاندان کے ساتھ اور گروہ کے اور قبیلوں کے ساتھ رہتے ہیں اور ان کی تعداد حد سے زیادہ ہے اور ان کے اندر نیکی' مخلوق کی خیرخواہی' انسانیت کیلئے اچھا دل' اچھا ذہن اور اچھی سوچ ہے وہ انسانوں کو برا نہیں سمجھتے۔ وہ انسانوں کے ساتھ دل کی گہرائیوں سے بہت زیادہ اچھا سلوک کرتے ہیں' وہ اگر کسی کو برے راستے پر جانے لگا ہو تو اس کو اچھی راہوں پر خود لگا دیتے ہیں اور وہ کبھی بھی کسی کو بری راہوں پر نہیں لگاتے اور برے راستوں پر نہیں لگاتے بلکہ وہ ہمیشہ اچھی راہوں پر اور اچھے راستوں پر لگاتے ہیں اور اچھی راہوں اور راستوں پر لگا کر انہیں دل کی دنیا بھی دیتے ہیں' من کی دنیا بھی دیتے ہیں اور پاکیزہ دنیا بھی دیتے ہیں اور انہیں ایک اچھا احساس بھی دیتے ہیں وہ بھی کبھی بھی لوگوں کو غلط نہیں دیکھتے' نہ غلط سوچتے ہیں بلکہ ان کا دل' ان کا ذہن' ان کا دماغ' پاکیزہ شفاف اور معطر ہوتا ہے۔ **جنات بڑے مظلوم ہوتے ہیں:** یہ بات کہتے ہوئے حیرت انگیز جن کچھ دیر کیلئے خاموش ہوا اور پھر سر اٹھا کر کہنے لگا لیکن یہ نیک جنات ہوتے بڑے مظلوم ہیں کیوں؟ شریر جنات اپنے شریر جادو اور شرارت کے ذریعے ان کو اکثر پریشان کرتے رہتے ہیں لیکن یہ چونکہ قرآن اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے ساتھ منسلک ہوتے ہیں یہ قرآن اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے ذریعے اپنا دفاع کرتے رہتے ہیں لیکن یہ شریر جنات ہمیشہ ان کے ساتھ شرارت کرتے رہتے ہیں' انہیں دکھ پہنچاتے رہتے ہیں انہیں تکلیف پہنچاتے رہتے ہیں' کیوں کہ یہ بدمذہب ہوتے ہیں اور نیک جنات کے ساتھ ان کا حسد' کینہ' بغض حد سے زیادہ بڑھا ہوتا ہے اور اس بڑھے ہوئے حد سے زیادہ بغض کی وجہ سے ان کا ہر لمحہ' ہر لحظہ' بہت زیادہ' بہت زیادہ' بہت زیادہ اور بلکہ بہت ہی زیادہ نفرت اور کینے میں گزرتا ہے۔ **شریر جنات میں رحم نہیں:** یہ کبھی بھی نیک جنات کی زندگی کو آسودہ نہیں دیکھ پاتے بلکہ ان کی چاہت ہوتی ہے کہ نیک جنات بھی ہماری طرح ہوجائیں اور ہماری طرح بدکاری' شرارت اور گناہوں کی زندگی گزاریں۔ میں نے حیرت انگیز جن سے پھر پوچھا: نیک جنات بھی ایسے ہی مظلوم ہوتے ہیں جیسے نیک انسان؟ کہنے لگے: نہیں انسانوں پر وہ ظلم نہیں ہوتا اگر کوئی انسان دوسرے انسان پر ظلم کرتا ہے اس کا بدلہ لینے والے بھی ہوتے ہیں یا اس کے اندر کوئی ترس نام کی چیز آ بھی سکتی ہے' انسان کے اندر تو ترس نام کی چیز تو ہوتی ہے' بڑے سے بڑا ظالم آخری عمر میں توبہ کرلیتا ہے یا کسی اللہ والے کے ہاتھ پر توبہ کرتا ہے یا اسے کبھی احساس ہوتا ہے کہ میں نے اتنے گناہ کیے' اتنے ظلم کیے' اتنی زیادتیاں کیں اور ان گناہ ظلم اور زیادتیوں کی وجہ سے میں نے مرنا بھی ہے اور میرا حساب کتاب' اللہ کی پکڑ' ناراضی سب کا احساس اسے ہوتا ہے لیکن جنات کے ہاں معاملہ بالکل برعکس ہے' موت' مرنا' قبر' آخرت' جنت' جہنم

بالچر ایسے ختم جیسے کبھی تھا ہی نہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض یہ ہے کہ ہمارے ایک جاننے والے کو دیرینہ بالچر تھا ہر قسم کا علاج کرایا مگر افاقہ نہ ہوا۔ درج ذیل نسخہ استعمال کیا بالچر بالکل ختم ہوگیا اور ایسے ہوگیا جیسے کبھی تھا ہی نہیں۔ **ھوالشافی:** جمالگوٹہ کو کوری لنگری میں باریک پیس لیں' اس میں سرسوں کا تیل مناسب مقدار میں ملا کر مرہم تیار کرلیں۔ کسی لکڑی کے ٹکڑے سے متاثرہ مقام پر لگائیں۔ کچھ عرصہ صبح و شام لگانے سے بالچر بالکل ختم ہوجائے گا۔ بارہا کا آزمودہ ہے قارئین آپ بھی آزمائیں۔ (ریاض حسین' منڈی وال میانوالی)

پل صراط' میزان' عذاب' حساب و کتاب' اللہ کی پکڑ' اللہ کی ناراضگی سب ان کے ہاں کوئی حیثیت نہیں رکھتیں کہ جب یہ شیطان بنتے ہیں تو سو فیصد شیطان بن کر شیطانیت ان پر غالب ہوتی ہے اور دن رات شیطانی راستوں پر چلتے ہیں اور شیطانی راہوں پر ان کا ہر لمحہ' ہر لحظہ گزرتا ہے۔

جنات کی دنیا پراسرار مگر عبرت انگیز: حیرت انگیز جن مزید کہنے لگا جنات کی دنیا جہاں بہت پراسرار ہے وہاں بہت عبرت انگیز بھی ہے کیونکہ جنات کی دنیا نے انسانوں کو بہت زیادہ پریشان کیا ہوا ہے اور متاثر کیا ہوا ہے؟ بعض اوقات بعض انسانوں کو میں بہت بڑی بڑی بیماریوں' تکالیف' خطرناک مشکلات اور مسائل میں دیکھتا ہوں تو مجھے احساس ہوتا ہے کہ انسان اتنی مشکل میں اتنی پریشانیوں میں اور اتنے دکھوں اور تکالیف میں ہیں اور اتنے غموں میں ہیں تو مجھے انسان بہت مظلوم نظر آتے ہیں اور ان کے دکھ درد مجھے حد سے زیادہ اندر ہی اندر کھاتے ہیں اور اندر ہی اندر وہ دکھ درد مجھے کاٹتے ہیں۔

اے کاش! میرے اندر طاقت اور صلاحیت ہوتی: اے کاش میرے اندر طاقت ہوتی' میرے اندر قوت ہوتی یہ بات کہتے ہوئے حیرت انگیز جن پھر رو دیا' اے کاش میرے اندر وہ صلاحیت ہوتی میں کسی دکھیارے کا دکھ بانٹ لیتا' کسی غمزدہ کا دکھ اور پریشانی ختم کر دیتا' کسی کی مشکل میں اس کا ہاتھ بٹا دیتا اور کسی کے مسئلے کو میں سلجھا دیتا اور کسی کے غم کو میں ہٹا دیتا' اے کاش! کوئی ایسا لمحہ ہوتا کہ جس میں ان ظالم جنات کے ظالم جادو کو میں توڑ دیتا اور ان کے جادو سے جتنی بھی ظلمت پھیلی ہے وہ میں زمانے سے ہٹا دیتا اور وہ حیرت انگیز جن سسکیاں لینے لگا اور اس کی سسکیاں بڑھ گئیں۔

انسانوں میں بڑھتے طلاق کے واقعات اور جنات: ہم نے اسے تسلی دی اور تسلی دے کر کہنے لگا: ایک اہم بات ایسی ہے بہت غمزدہ بات ہے جو میرے اندر سے نکل نہیں پا رہی' میں نے پوچھا کیا ہے؟ کہنے لگے: اصل بات یہ ہے کہ میرا دل گواہی دے رہا کہ میں سارا دن جو مسائل اور مشکلات دیکھتا ہوں اور پھر کہا کہ طلاق بہت بڑھ رہی۔ اس طلاق کے پیچھے ان شریر اور شیطانی جنات کا بہت زیادہ دخل ہے' یہ پہلے دن سے بیٹی والوں کے خاندان اور بیٹے والے کے خاندان میں ایک شیطانی جال بچھاتے ہیں کہ رسم و رواج' گانا بجانا' فضول خرچی' چاہے پیسہ قرضے میں لے کر یا سود پر لے کر پھر وہاں کی نحوست شروع ہوتی ہے اور وہ نحوست پھر شادی کے بے جا فضول خرچ رسم و رواج اور لوگوں کا دل توڑ کر شادی ہو جاتی ہے پھر وہ شادی خیر کا ذریعہ نہیں بنتی اب ان کے شیطانی جال وہاں بھی اپنا سلسلہ شروع کرتے ہیں اور ان جالوں کے ساتھ ان کو آپس میں الجھا دیتے ہیں' ان کے دلوں میں نفرت ڈال دیتے ہیں' ان کے دلوں میں بدخواہی ڈال دیتے ہیں اور ایک دوسرے کی اچھی عادات کو برا دکھاتے ہیں پھر ان کی آنکھوں پر' پھر ان کی عقل و دماغ پر جادو کرتے ہیں' آنکھوں میں اچھائیاں نظر نہیں آتیں' اچھائیاں برائیاں بنا کر دکھادی جاتی ہیں' جب اچھائیاں برائیاں بنا کر ان کو دکھا دی جاتی ہیں پھر نفرتوں کا انوکھا جال ان کو دکھایا جاتا ہے' پھر یہ انوکھا جال ایسا دکھاتے ہیں کہ نفرت ہی نفرت نظر آتی ہے یا ان کو خامیاں ہی خامیاں نظر آتی ہیں' ان کو خوبیاں ہرگز ہرگز نظر نہیں آتیں۔ پھر یہ میاں بیوی کو لڑاتے ہیں پھر آخر کار طلاق تک نوبت پہنچ جاتی ہے جب طلاق دلوا دیتے ہیں پھر ان کا اگلا جال شروع ہوتا ہے' پھر ان کے اگلے جال میں دونوں کو غصہ کے ساتھ ساتھ ندامت دیتے ہیں' نہیں ہم نے غصہ میں طلاق دی تھی پھر ان کو ساری زندگی حرام زندگی پر رہنے پر آمادہ کرتے ہیں پھر وہ ساری زندگی حرام زندگی گزار کر حرام راستوں کی طرف چلتے ہوئے مرجاتے ہیں۔

ایسے جنات مجھے بہت اچھے لگتے ہیں: پراسرار جن کی باتیں مجھے کھائے جا رہی تھیں اور میرے ایک ایک پل کو اذیت ناک کر رہے تھے کہ حیرت انگیز جن کی زندگی کیا ہوگی' اس کے پاس کتنی معلومات ہیں اور اس نے اپنی معلومات کو کہاں کہاں سے اکٹھا کیا ہے یہ معلومات نہیں ہیں' یہ تو ایک انوکھے راز ہیں اور جن انوکھے رازوں کو ایک ایک کرکے اس جن نے بیان کیا' ابھی تو نامعلوم اس جن کے پاس کتنے جناتی' انسانی' لاہوتی' مالاکوتی اور پراسرار راز ہوں گے میں تو تھوڑے رازوں کو اس سے پوچھ سکا' ورنہ معلوم تو یہی ہوتا ہے کہ اس جن کے پاس رازوں کا بہت بڑا خزانہ ہے۔ یہ سیلانی اور جہاں دیدہ جن ہے اور یہ جہاں گشت مزاج کا جن ہے بس یہ جن ہر وقت پھرتا رہتا ہے اور معلومات اکٹھی کرتا رہتا ہے اور ایسے جنات مجھے بہت اچھے لگتے ہیں۔ میرے ہاں جنات کا آنا جانا عمومی طور پر بہت ہے' اپنے غم و مشکل کیلئے بھی آتے ہیں اپنے مسائل اور مشکلات کیلئے بھی آتے ہیں' اپنی پریشانیاں اور غم لے کر بھی آتے ہیں لیکن مجھے وہ جن جو مجھے انسانیت کیلئے باتیں بتا کر جائیں۔

وہ مجھے معلومات کا خزانہ دیتا چلا گیا: جس سے لوگوں کو نفع ہو انسانیت کو فائدہ ہو جس سے دکھ درد مسائل پریشانیاں دور ہوں' ان کے مسائل حل ہوں ان کی تکالیف اور غم دور ہو جائیں' یہ غم اور دکھ اتنے دور ہو جائیں کہ بس سکھ ہی سکھ' سکون ہی سکون اور راحت ہی راحت ملے۔ مجھے ایسے جن بہت اچھے لگتے ہیں جو مجھے ایسے گر بتائیں' ایسے راز بتائیں اور ایسی زندگی کا انداز بتائیں جن رازوں سے دکھ دور ہوں اور جن رازوں سے پریشانیاں دور ہوں اور جن رازوں سے مسائل حل ہوں اور مشکلات پریشانیاں ختم ہوں۔ اس لیے میری جہاں اور جنات سے دوستی ہے میری تھوڑی ہی عرصہ میں حیرت انگیز جن سے ایسی دوستی ہوگئی کچھ اس کے اپنے مسائل تھے جو میرے ذریعے حل ہوئے' کچھ اس کی گھریلو زندگی کی تکالیف تھیں جس میں میں نے اس کی مدد کی جس کی وجہ سے یہ میرے اور قریب آیا اور اتنا قریب آیا کہ میں خود بھی حیران ہوا اور یہ معلومات کا خزانہ دیتا چلا گیا اور معلومات کے خزانے میں اس نے بہت کچھ دیا۔ میں اور میرے دیگر ساتھی جنات حیرت انگیز جن کی یہ ساری باتیں سن رہے تھے

آئیے! دوبارہ غم کی داستان سنتے ہیں: حیرت انگیز جن پھر مجھے بوڑھی جننی کی غمزدہ بات بتانا چاہتا تھا جس کو بندریا بنا دیا' میں درمیان میں بار بار سوال کر رہا تھا اصل میں وہ ساری داستان ایسی غم کی داستان تھی' مجھے خود کھائے جا رہی تھی اور میرا جی چاہ رہا تھا کہ اب میں اس سے غم کی داستان اور مزید نہ سنوں لیکن میں پھر بھی اس کو کرید بیٹھا اور میں نے کہا اچھا اب آپ بتایئے اس بوڑھی جننی نے اور کیا غم بتائے۔ تو وہ کہنے لگا: اس سردار کے مجمع میں وہ بوڑھی عورت بولے جا رہی تھی اور اس کو اونچی آواز میں سردار کے دو جن بیان کر رہے تھے کہ سارا مجمع انسانوں اور جنات کا وہ سن رہا تھا' وہ بڑھیا کہنے لگی: میں سالہا سال سے بندریا کی شکل میں گھر میں رہی گھر والوں نے میری خدمت کی اور گھر والوں نے مجھے عزت دی میں ان کی بڑی تھی ہر وقت مجھے دیکھ کر روتے تھے اور میں ان کو دیکھ کر روتی تھی' میں ان سے بات نہیں کر سکتی تھی پر ان کے غم ان کے احساسات ان کے دکھ ان کے مسئلے اور ان کی مشکلات کو ہر پل دیکھتے ہوئے روتی رہتی تھی

نوکری نہیں مل رہی یہ وظیفہ آزمالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا شائع کردہ شمارہ عبقری بہت ہی زبردست ہے' ہم تمام گھر والے اس رسالے کو بہت شوق ذوق سے پڑھتے ہیں۔ میرے پاس عبقری قارئین کیلئے ایک وظیفہ ہے۔ اگر کسی بہن یا بھائی کو نوکری نہیں مل رہی' اس کا آسان حل یہ ہے کہ روزانہ دو رکعت نفل حاجت کے پڑھیں' بعد میں 1250 مرتبہ اسم الٰہی یَالَطِیْفُ پڑھیں اور اللہ رب العزت سے دعا مانگیں' ان شاء اللہ نوکری ضرور مل جائے گی۔ جب تک نوکری نہیں ملتی روزانہ یہ عمل کریں۔ بہت ہی تیر بہدف عمل ہے۔ ضرور کیجئے! (حنا نثار)

بے اکرامی سے دل ٹوٹتے ہیں: آپس کی بے تکلفی سے بچو اس سے بے اکرامی شروع ہوجاتی ہے اور بے اکرامی سے دل ٹوٹتے ہیں۔

اور سسکتی رہتی تھی اور میرا یہ رونا اور میرا یہ سسکنا حد سے زیادہ بڑھا ہوا تھا' بس میرے پاس ایک ہی کام تھا' دن رات رونا' دن رات سسکنا اور دن رات اپنے آپ کو کوسنا ' یا اللہ میرا کون سا ایسا گناہ تھا' میری کونسی ایسی غلطی تھی جس کی پکڑ میں آئی ہوں پھر میرے اندر ایک تسلی کی آواز آتی کہ نہیں میری بندی تو کوئی ایسی گناہ گار نہیں' ایسی بدکار نہیں۔ **عنقریب تیرے غم کا خاتمہ:** ہماری اس دنیا میں فرعون بھی ہوں گے اور موسیٰ بھی ہوں گے اور ہم نے ہمیشہ ہر فرعون کو ڈھیل دی ہے' شاید یہ توبہ پر اور رجوع پر آجائے لیکن فرعون سمجھتا ہے کہ شاید ابھی مجھے بہت دیر ہے اور فرعون اپنی فرعونیت پر ہمیشہ ڈٹا رہتا ہے اور میرے اندر ایک آواز آتی تھی کہ عنقریب تیرا غم ختم ہوجائے گا' عنقریب تیرا دکھ ختم ہوجائے گا' عنقریب تیری مشکل حل ہوجائے گی اور اللہ کا ایسا نظام چلے گا کہ تجھے پھر جناتی شکل دے دی جائے گی اور اس جن کا انجام بہت بُرا ہوگا' وہ بڑھیا جننی غم کے آنسوؤں کے ساتھ' سسکیوں کے ساتھ بولتی جارہی تھی' اس کے منہ سے الفاظ نکل رہے تھے وہ بولی کہ ابھی چند دن پہلے جب آپ نے اس جادوگر کو پکڑا ہے اور اس کا جادو توڑا ہے' اچانک گھر میں بیٹھے میری زنجیر ٹوٹ گئی' میرا جسم واپس اپنی حالت میں آگیا اور میں ایک پل میں اپنے اصل روپ میں آگئی۔ میرے گھر والے حیران ہوئے' مجھے خوش ہوکر ملنے لگے اور پھر اچانک ایک اعلان ملا کہ سردار کے ہاں سب دکھیارے جنہیں اس جادوگر جن نے متاثر کیا اور پریشان کیا' اکٹھے ہوجائیں اور اپنے غم کی کہانیاں سنائیں تو میں بھی اپنے غم کی داستان سنانے کیلئے آپ کے پاس آئی ہوں' سردار جن یہ غم کی داستانیں اور غم کی کہانیاں سن رہا تھا اور اس کا دل بار بار پگھلا جارہا تھا' محسوس ہورہا تھا کہ وہ اندر سے بہت خوفزدہ ہے اور بہت پریشان ہے اور اس کی پریشانی دیکھی نہیں جاتی۔ **میں اب اس قابل ہوں کہ سزا دے سکوں:** وہ سردار جن بے بسی سے اپنے ہونٹ کاٹ رہا تھا اور محسوس ہورہا تھا کہ اس کے منہ میں خون ہے اور وہ اپنے خون میں خود رنگین ہورہا تھا اور ایک احساس ہورہا تھا کہ سردار جن مزید غم کی داستان سننے کا متحمل نہیں لیکن اس کا انداز بتارہا تھا کہ نہیں مجھے غم سننا ہے' مجھے درد سننا ہے میں ان کا بادشاہ ہوں یہ میری رعایا ہے ان کی حفاظت مجھے کرنی تھی میں بے بس تھا لیکن دل میں درد ضرور تھا' احساس ضرور تھا یہ درد اور احساس آخر کار میری مدد کا ذریعہ بنا اور میرا ایک ادنیٰ سا خادم جو کہ میرے جانوروں کا گوبر اکٹھا کرتا تھا وہی حاجیوں کے مبارک بول کی وجہ سے اس جادوگر کے جادو کے توڑ کا ذریعہ بنا' اس جادوگر کا جادو ٹوٹا ہے جس کی وجہ سے میں اس قابل ہوں کہ اس ظالم کو سزا دے سکوں۔ بادشاہ نے یعنی سردار نے اعلان کیا کہ ہم سب لوگوں کا غم سنیں گے ایک انسان کا ایک جن کا۔ اب ہم نے ایک انسان اور جن کا سن لیا اب پھر کوئی ایک انسان اپنا غم سنائے۔

طالب علم اور لڑکی کا عشق: ایک نوجوان کھڑا ہوا بہت خوبصورت نوجوان' عمر اس کی بیس بائیس سال قد کاٹھ بہت اچھا لیکن عجب بات یہ تھی اس کی بھنوؤں کے' چہرے کے' مونچھوں کے اور بدن کے بال نہیں تھے' ایک طرف اس کی خوبصورتی اور حسن اور دوسری طرف اس کے بالوں کا نہ ہونا اس کے حسن کو داغدار کررہا تھا۔ وہ کہنے لگا کہ میں ایک طالب علم تھا کہ مجھے ایک لڑکی سے محبت ہوگئی' حالانکہ میرا گھرانہ شریف خاندانی اور وضع دار گھرانہ ہے بس غلط صحبت نے مجھے ایک لڑکی سے محبت دے دی' میں اس کی محبت میں ایسا مبتلا ہوا کہ ہروقت اس کی یادوں میں ڈوبا رہتا تھا اور ہروقت اس کی یادوں میں الجھا رہتا تھا' میں انہی یادوں میں ایسا الجھا کہ میں ساری دنیا جہاں کو بھول گیا اور دنیا جہاں کی سب داستانیں مجھ سے ختم ہوگئیں' میری تعلیم ختم ہوگئی۔ **جو مراد ہو وہ پوری کرتی ہے:** میری تربیت میں فرق آیا' میں دن رات بس اسی سوچ میں تھا کہ اس لڑکی سے میری شادی ہوجائے' ایک دو دفعہ میں نے اس سے اظہار کیا محسوس ہوا اس نے اس کو بُرا محسوس کیا کہ وہ بھی ایک شریف خاندان کی بیٹی تھی' مجھے کسی نے بتایا ایک عورت ہے جو دھاگوں' بالوں اور گوشت پر عمل کرتی ہے جس کی جو مراد ہو وہ پوری ہوجاتی ہے اور منہ مانگے پیسے لیتی ہے جو اس کو پیسے دے دے اس کا کام ہوجاتا ہے' اس کے پاس ایک جن تابع ہے جو اس کا کام کردیتا ہے' میں اپنے والدین کو کوئی بہانہ بنا کر دوسرے شہر میں اس عورت کے پاس پہنچا۔ اس کے پاس لوگوں کا رش لگا ہوا تھا اور ہر بندہ یہی کہتا ہے کہ یہ منہ مانگے پیسے مانگتی ہے' ہم بہت سارے پیسے لائے ہیں' جتنے وہ پیسے کہے گی ہم دے دیں گے مگر ہمیں اپنا مطلب چاہیے ان میں سے نوے فیصد لوگ ایسے تھے جو دو نمبر کام کرانے کیلئے آئے ہوئے تھے اور مشہور تھا کہ اس عورت کو صرف پیسے سے غرض ہے۔ **جوان حسین' شکیل مگر ظالم جادوگرنی:** جب میں گیا تو پتہ چلا کہ وہ بوڑھی عورت نہیں وہ تو ایک جوان حسین اور شکیل عورت ہے جو یہ کام کرتی ہے اور بہت ڈنکے کی چوٹ پر دعوے بھی کرتی ہے اور رقم بھی مانگتی ہے اور بیٹھے بٹھائے اس کے سامنے تعویذ گرنا شروع ہوجاتے ہیں' اگر کسی سے ناراض ہوجاتی ہے تو بیٹھے بٹھائے جوتا خود بخود اٹھتا ہے' اس کے جسم اور سر پر لگنا شروع ہوجاتا ہے' پھر اس کی چیخیں ہوتی ہیں اور وہ بندہ کہیں بھاگ نہیں سکتا اور دوڑ نہیں سکتا اور فرار نہیں ہوسکتا کیونکہ وہ اس کے جادو کی گرفت میں ہوتا ہے۔ **بربادیوں کی بارش:** وہ جادو اس کو ایسے انداز سے متاثر کررہا ہوتا ہے کہ یہ شخص اس کے جادو کی پوری گرفت میں ہوتا ہے اس کی سزا بھی بہت خطرناک ہوتی ہے اور اس عورت کا پیار بھی بہت خطرناک ہے جس پر فدا ہوجاتی ہے اپنی عنایات کی بارش کردیتی ہے اور جس سے ناراض ہوتی ہے اس پر بربادیوں کی بارش کردیتی ہے اور ہر کہنے والا یہ کہتا ہے کہ اس کے اوپر جادوگر جنات کا ہاتھ ہے یا کوئی کہتا ہے کہ اس نے بہت جنات تابع کیے ہوئے ہیں' کوئی کہتا ہے اس کے پاس ہمزاد ہیں' کوئی کہتا ہے کوہ قاف کی کچھ پریاں ہیں جو اس کا کام کرتی ہیں' کوئی کہتا ہے اس نے ایک غار میں اکتالیس کتوں کی کھوپڑیوں پر ننگی بیٹھ ایک چلہ کیا تھا چالیس دن کے بعد اس کو یہ قوت اور طاقت مل گئی' جتنے منہ اتنی باتیں' میں خاموش بیٹھا دیکھتا رہا اور لوگوں کے حالات بھی سنتا رہا۔ میں اپنے گھر والوں سے چھپ کر آیا تھا میرا اپنا ذریعہ آمدن نہیں تھا میں نے اپنے ایک دوست سے بہت بڑی رقم اپنے تعلیمی اخراجات کا بہانہ کرکے ادھار لی تھی **ہاں بولو تم کیا چاہتے ہو؟** جب میری باری آئی تو مجھ سے کہنے لگی ہاں بولو تم کیا چاہتے ہو؟ میں نے اس سے اپنا منشا بیان کیا۔ میری بات

بچہ دانی کی رسولی کا خاتمہ اور حمل قرار

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا ماہنامہ عبقری سے تعارف فیس بک کے ذریعے سے ہوا۔ میں نے عبقری کا آفیشل پیج فیس بک پر لائک کیا ہوا ہے' مجھے وہاں سے روزانہ بہترین ٹوٹکے اور وظائف ملتے رہتے ہیں۔ اسی پیج کے ذریعے مجھے معلوم ہوا کہ کوئی شمارہ عبقری بھی ہے۔ میں نے اپنے ہاکر کے ذریعے منگوایا' پڑھا تو ایک ہی نشست میں سارا ہی پڑھ بیٹھی۔ میرے پاس ایک بہت ہی مجرب اور آزمودہ نسخہ ہے۔ بچہ دانی میں رسولی ہو یا حمل نہ ٹھہرتا ہو یا حیض ہمیشہ شدید تکلیف سے آئیں' مجھے یہ نسخہ ایک بوڑھی عورت نے بتایا جو کہ افغانستان سے آئی تھی۔ نسخہ یہ ہے:۔ ھوالشافی: کسی بھی پنساری کی دکان سے رتن جوت لے کر باریک پیس لیں۔ دو ماشہ صبح اور دو ماشہ اور دو ماشہ سفوف شام کو سادہ پانی کے ساتھ پھانک لیں۔ صرف پندرہ دن بعد چیک اپ کروائیں۔ بہت ہی کمال کا نسخہ ہے۔ میں نے اب تک پانچ مریضوں کو بتایا الحمدللہ تمام سے رزلٹ سو فیصد ملا ہے۔ (نور خان نور)

سنتے ہی اس نے قہقہہ لگایا اور کہا میں نے سمجھا کوئی بہت بڑا کام ہے' وہ لڑکی' اس کے ماں باپ تمہارے قدموں میں ہوں گے اور تمہارے ماں باپ بھی تمہارے قدموں میں ہوں گے اور تم شادی کرلو گے اتنی رقم لوں گی اور تمہیں ایک عمل بتاؤں گی باقی کام تمہارا خود کروں گی' میں راضی ہوگیا اور خوش ہوگیا کیونکہ جتنے بھی لوگ تھے سب کہہ رہے تھے 'یہ جو بولتی ہے' وہی ہوجاتا ہے جو فیصلے کرتی ہے اس فیصلے کو کوئی توڑ نہیں سکتا' اس نے ایسے اوپر ہاتھ کیے' نیچے ایک تعویذ گرا اس نے وہ تعویذ اٹھایا اور کہنے لگی: اس تعویذ کو جس لڑکی سے تم شادی کرنی ہے اس کے گھر کے قریب اس کی دیوار میں یا کہیں بھی دفن کردو۔ دوسرا عمل تھا کہ اس نے ایک خنزیر کی ہڈی دی اور خنزیر کی ہڈی دے کر وہ خاتون کہنے لگی جب بھی کچھ کھانا ہے پینا ہے اس ہڈی کو اپنے کھانے پینے میں صرف ہلا دیا کرو جیسے چمچ ہلاتے ہیں' میں نے وہ ہڈی لے لی اور میں نے پوچھا ایسا کیوں کرنا ہے؟ **جا تیرے اوپر میں نے اپنا جن مسلط کردیا:** اس کا غصہ اور جلال' کہنے لگی تم نے یہ کیوں پوچھا؟ تمہیں اپنے کام سے غرض ہے' میں نے کہا؟ خنزیر تو حرام ہے اس کی ہڈی حرام ہوگی میں جس چیز میں اس کو ہلاؤں گا وہ چیز بھی حرام ہوجائے گی' بس اس کا غصہ ایسا کہ اس نے مجھ سے تعویذ واپس چھین لیا اور میرے پیسے مجھے واپس نہ دیئے اور کہنے لگی کہ جا تیرے اوپر میں نے اپنا جن مسلط کردیا ہے' تم نے بہت بڑے مجمع میں میری بات کو چیلنج کیا ہے' **اس عورت کا جادو سر چڑھ کر بولتا ہے:** میں تمہیں اس کی عبرتناک سزا دوں گی اور عبرتناک انجام اور سزا ایسی ہوگی کہ تمہیں لوگوں کیلئے عبرت بنادوں گی' لوگ دیکھ کر تجھ سے عبرت حاصل کریں گے اور تو لوگوں کو بتاتا پھرے گا کہ اس عورت کا جادو سر چڑھ کر بولتا ہے' اس عورت کے جادو کو دنیا کی کوئی طاقت توڑ نہیں سکتی اور اس عورت کی بات نہ ماننے والے کا انجام یہی ہوتا ہے اور اس عورت کے سامنے بولنے والے کو لوگ عبرت کی نظر سے دیکھتے ہیں میں تھکا ماندہ واپس آگیا' وہاں لوگ کہنے لگے تو بھی پاگل ہے' اب بھی جا کر معافی مانگ لے تجھے معاف کردے گی نامعلوم حلال رزق میرے اندر تھا یا گھر کی تربیت' گھر کا روحانی ماحول' ماں باپ کی ہر وقت حلال راہوں کی طرف نصیحت' بس میری جوانی کے جذبات تھے میرا الھڑپن اور کیفیات تھیں جو مجھے بہکا کر یہاں لے گئیں۔ **عاشق ضرور ہوں مگر:** میرے اندر سے وہی چیز نکلی جو والدین نے ڈالی ہوئی تھی۔

میں ایک پل میں سن ہوگیا اور پھر میرے قدم وہاں سے ہٹنا شروع ہوگئے' میں نے کسی کی کوئی بات نہ سنی' میں نے سوچا: شادی ہو یا نہ ہو کیا ایک عورت کی خاطر میں اپنا ایمان بھی کھو بیٹھوں' میں جوان ضرور ہوں' میں عاشق ضرور ہوں لیکن بے غیرت نہیں ہوں' بے ایمان نہیں ہوں اور میرا اندر اور میرا من کہتا ہے یہ عورت خود شیطان ہے' بس یہ سوچیں تھیں اور اپنے اوپر ندامت بھی اور اپنے آپ کو کوسنا تھا' کیا تیرے ماں باپ نے تجھے یہی راستہ' یہی منزل دی تھی' میں رو رہا تھا اور غمزدہ واپس آیا۔ **تو میری محبوبہ ہے!** میری سوجی آنکھیں دیکھ کر میری ماں کہنے لگی کیا ہوا کیوں روتا رہا میں نے اپنی ماں کو بہانا بنا کر ٹرخا دیا جب رات کو سویا تو رات کو انوکھا خواب دیکھا میں اس عورت کے پاس اسی جگہ بیٹھا ہوں' وہ مجھے خنزیر کی ہڈی دے رہی ہے' اسی دوران طاقتور جن آیا جس کی شکل بہت خطرناک تھی' آنکھوں سے' زبان سے' منہ سے' شعلے نکل رہے تھے جب وہ بولتا تھا ایسے تھا جیسے اس کے منہ سے انگارے نکل رہے ہیں' اس جن نے اس عورت سے کہا تو میری محبوبہ ہے اور یہ میری محبوبہ کی بات نہیں مانتا' میں اس کا انجام تمہیں دکھاؤں گا۔ **اس کو عبرت کا پیغام ملنا چاہیے:** وہ جادوگر عورت ہنس پڑی' کہنے لگی: ٹھیک ہے تم جانو' تمہارا کام' اس کو عبرت کا پیغام ملنا چاہیے۔ اس کے بعد میں نے خواب میں دیکھا کہ مجھے باندھ دیا 'میرے ہاتھ اور پاؤں باندھ دیئے اور کسی طاقتور چیز سے میرے جسم کے ایک ایک بال کو بہت بے دردی سے اکھاڑا جاتا تھا' میری چیخیں نکلتی تھیں اور وہ چیخیں بہت دردناک ہوتی تھیں' میری ایک آنکھ کے اوپر کی تمام بھنویں اتار دی گئیں کہا کہ چھوڑ دیا' اگلی رات ہم تمہیں مزید اذیت دے دے کر' ہم تمہیں مزید سسکا سسکا کر' یہ سب کچھ ختم کریں گے اور تمہارا ایک ایک بال جسم سے اکھاڑ دیں گے اور یہ بال ایسے اتریں گے کہ جس کے بعد ہمیشہ کیلئے تمہیں اپنے جسم پر بال نظر نہیں آئیں گے اور تمہارا جسم ہم فنا کردیں گے اور تمہارے حسن و جمال کو بدصورتی میں بدل دیں گے اور جس حسن کا تمہیں مان ہے اور جس حسن کی وجہ سے تمہیں لوگ دیکھ کر ٹھٹک جاتے ہیں اتنا بدصورت اور بدشکل بنادیں گے کہ تمہیں کوئی دیکھنا گوارا تو کیا پسند بھی نہیں کرے گا۔ **کیسے ممکن ہے کہ تو حرام کی طرف جائے:** بس وہ رات شدید اذیت میں گزاری' صبح اٹھا تو میں نے دیکھا کہ میری آنکھ کے اوپر کی بھنویں بالکل غائب تھی' مجھے جلن محسوس ہورہی تھی میری چیخوں کی آواز گھر والوں کو سنائی دی' ماں نے دیکھا اور پوچھا یہ کیا ہوا؟ میں نے رات کا واقعہ روتے روتے من وعن سنادیا' ماں نے مجھے سینے سے لگایا' تسلی دی اور کہنے لگی بیٹا ساری زندگی تیری ماں نے حرام راستے نہیں دیکھے' حرام راہیں نہیں پائیں اور حرام زندگی کو چھوا نہیں' کیسے ممکن ہے کہ تو حرام کی طرف جائے

ہر سال حج اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے آزمودہ وظائف

1۔ سفر حرمین کی خواہش رکھنے والے: روزانہ دو رکعت نفل صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھیں۔ عمل کے آخر میں توجہ اور خلوص سے دعا مانگیں۔ اللہ تعالیٰ غیب سے حج اور عمرہ کا انتظام فرمادیں گے۔ دن میں کئی مرتبہ بھی کرسکتے ہیں لیکن یقین اور توجہ شرط ہے۔ مسلسل اور مستقل توجہ سے یہ عمل کریں پھر اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں ان شاء اللہ۔ **2۔ بغیر اسباب حرمین شریفین کا سفر:** اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ حج اور عمرہ کی نیت سے روزانہ چلتے پھرتے اس دعا کو کثرت سے پڑھیں۔ کم از کم ایک سوا لاکھ ختم کریں۔ پھر دوسرا سوا لاکھ ختم کریں۔ پھر تیسرا سوا لاکھ ختم کریں۔ ان شاء اللہ غیب سے اسباب پیدا ہوں گے۔ زندگی میں ایک مرتبہ ضرور کرکے دیکھیں۔ **3۔ ہر سال حج اور عمرہ کرنے کا خاص الخاص اور آزمودہ عمل:** اذان کے بعد اور مسنون دعا کے بعد تین مرتبہ تلبیہ یعنی لَبَّیْکَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ لَاشَرِیْکَ لَکَ تک پڑھیں۔ **4۔ غیب سے حج کا ذریعہ:** سورۂ فتح مکمل روزانہ کسی بھی وقت گیارہ مرتبہ پڑھیں' چالیس دن تک' ان شاء اللہ غیب سے اس کیلئے حج کا ذریعہ بن جائے گا۔ اس کے علاوہ سورۂ فتح مکمل روزانہ بعد از نماز ظہر بلاناغہ کم از کم اکتالیس دن پڑھیں۔ یہ عمل نہایت خلوص' اعتماد اور یقین سے کریں۔ اس سورۂ فتح کا ایک اور وظیفہ ہے اور وہ یہ ہے کہ سورۂ فتح کی آیت نمبر 27 مکمل روزانہ اکیس مرتبہ' اکتالیس دن بلاناغہ یا ہر فرض نماز کے بعد سورۂ فتح کا آخری رکوع پڑھیں۔ یہ عمل نہایت خلوص، اعتماد اور یقین سے کریں۔ مسلسل اور مستقل۔ **5۔ پڑھیں اور حج و عمرہ پر جائیں:** سورۂ توبہ کی آخری آیت نمبر 129 دن رات کثرت سے حج اور عمرہ کی نیت سے پڑھیں۔ **6۔** درود شریف کثرت سے حج اور عمرہ کی نیت سے مسلسل اور مستقل پڑھیں۔ **7۔** اَللّٰہُ الصَّمَدُ کے سوا سات لاکھ مکمل کریں۔ **8۔** سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 128 مکمل 115 مرتبہ مع تسمیہ بعد از نماز عشاء پڑھیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔ (ط۔ص، لاہور)

شفائے کاملہ کیلئے: ہر نماز کے بعد اسم مبارک یَاسَلَامُ کی دو تسبیح پڑھ کر کسی بھی مریض پر دم کریں۔ ان شاءاللہ مریض کو شفاء کاملہ نصیب ہوگی۔ یہ عمل مستقل مزاجی سے کچھ عرصہ متواتر کریں۔

اور حرام زندگی کو تو پائے ایسا ہر گز نہیں ہوسکتا' کوئی بات نہیں' ایک باباجی ہیں' میں ان کے پاس تجھے لے جاؤں گی' وہ اس جن کا پورا علاج کردیں گے' صبح ہی میری والدہ مجھے اسی بابا کے پاس لے کر چلی گئی وہ بابا کوئی جہاں دیدہ شخص تھا' تاجر سوداگر اور لالچی نہیں تھا اس نے مجھے دیکھتے ہی کہا کہ اس پر ایک طاقتور جادوگر جن کا بہت سخت قسم کا اثر ہے اور اثر ایسا ہے جو کسی چیز سے نہیں جاسکتا اس کیلئے ایک ایسا چلہ کاٹنا پڑے گا جو کہ آیۃ الکرسی کا چلہ ہے اس کیلئے روزانہ پانچ ہزار بار آیۃ الکرسی پڑھنا ہوگی' دن کو روزہ رکھنا ہوگا' مونگ کی دال بالکل پھیکی کھانا ہوگی' گوشت بالکل نہیں کھانا' سوتی لباس پہننا ہوگا اور لکڑی کی تھالی' جو کی روٹی ہو اس سے کھانا کھائیں اس کے علاوہ اور کچھ بھی نہ کھائیں چالیس دن کا یہ عمل ہوگا تب جاکر اس جوان کا یہ جادو ٹوٹے گا ورنہ دن بدن اس کا جادو بڑھتا چلا جائے گا اور کوئی اس کے جادو کو توڑ نہیں سکے گا۔

وہ مجھے تڑپا کر خوش ہوتا: یہ ناممکن بات ایسی تھی جو ہم نہیں کرسکتے تھے' بابے نے معذرت کا اظہار کیا والدہ کو کسی نے ایک اور ملنگ کا پتہ بتایا میری والدہ اس کے پاس لے گئی' اس کی شکل وصورت سے محسوس ہورہا تھا کہ وہ تاجر ہے' اس نے بہت زیادہ پیسے مانگے میری والدہ کے سامنے اولاد تھی انہوں نے پیسے دے دیئے اس نے تعویذ اور کچھ ایسی چیزیں دیں اور کہا جاؤ کام ہوجائے گا آٹھ دن کے بعد پھر آنا۔

جادوگر جن کا انسانوں سے حسد: مگر اسی رات پھر وہ جن مسلط ہوا' اس نے دوسری آنکھ کی بھنویں ایک ایک کرکے ختم کیں' ہر بال اتنی طاقت سے کھینچتا کہ خون نکل آتا' میری چیخیں نکلتی تھیں وہ مجھے تڑپاتا تھا اور خوش ہوتا تھا اور کہتا کہ میں انسانوں پر اس لیے مسلط کیا گیا ہوں کہ انسان جنات کے بعد آئے ہیں اور انسانوں نے ہماری زمین پر قبضہ کرلیا ہے اور انسانوں کو چاہیے کہ وہ جنات کو اپنا (نعوذ باللہ) خدا مانیں اور جنات کو اپنا (نعوذ باللہ) نبی مانیں۔ میں وہ طاقت ور جن ہو جو تیرے جسم کے ایک ایک بال کو اکھیڑوں گا اور اتنا طاقتور جادو کروں گا کہ کبھی بھی بال واپس اگنے نہیں دوں گا۔

اذیت کی انتہا تھی: بس میرے ساتھ روز یہی سلسلہ ہوتا تھا' میرے سر کے ایک ایک حصے سے روز بال نوچے جاتے اور اذیت کی انتہا تھی' میرا کھانا پینا چھوٹ گیا' میرا دماغ کمزور ہوگیا' میری نظر ختم ہوگئی' میری تعلیم معکوف ہوگئی' میری ماں روز روتی تھی' میرا باپ مجھے دیکھ کر کڑھتا اور جلتا تھا اور اپنے آنسو ضبط نہیں کرسکتا تھا۔ مجھے روز رات کا انتظار ہوتا اور ہر رات خوفناک ہوتی' میری کوشش ہوتی تھی کہ نہ سوؤں اور سوتے ہی میرے اوپر اذیت' ہیبت ناک اور دردناک عمل شروع ہوجانا تھا اس کے باوجود پتہ نہیں کیوں گہری نیند میں چلا جاتا' میرے ماں باپ میرے ساتھ بیٹھے سسکتے اور تڑپتے لیکن وہ بھی نجانے کیوں گہری نیند سوجاتے۔

درد' تڑپ' جلن' بے چینی: اور پھر میرے ساتھ وہی حال ہوتا تھا کہ میرے بال نوچے جاتے تھے اور میری چیخیں' میری آہیں اور میرے آنسو اور صبح اٹھتے ہی جسم کا وہی حصہ خون آلود ہوتا تھا' جہاں سے بال نوچے جاتے تھے درد' تڑپ' جلن' بے چینی' یونہی پورے آٹھ ماہ میرے اذیت کے گزرے اور میرے جسم کو تھوڑا تھوڑا کرکے اذیت دی' ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گیا ہوں اور میرا جسم کھوکھلا ہوگیا ہے' میرے والدین کئی بار اس جادوگر عورت کے پاس گئے' آخر کار ایک بار اس جادوگر حسینہ نے کہہ دیا اب تو مجھے تمہارے اوپر ترس آرہا ہے اور میں نے واقعی تمہارے اوپر ظلم کیا ہے' مگر اب یہ تیر میرے ہاتھ سے نکل گیا ہے اب میں یہ تیر واپس نہیں لاسکتی۔ بس یہ وہی جادوگر جن ہے جو اس کو واپس لاسکتا ہے' ورنہ میرے بس میں نہیں ہے اور ہم جادوگر جن تک کیسے پہنچ سکتے تھے ہم پھر واپس جاکر اسکی منتیں کرتے لیکن ہماری ہر منت اس کے سامنے کوئی اثر نہیں رکھتی تھی۔

میں ایک زندہ لاش تھا: ایک تو وہ خود ظالم تھی لیکن معلوم ہوتا تھا اس جادوگر جن کے سامنے وہ خود بے بس تھی وہ کچھ نہیں کرسکتی تھی اب اس ظالم عورت کو ہمارے اوپر ترس آگیا تھا' آٹھ مہینے کی رات کی اذیتیں' چیخیں! اب تو میری چیخیں بھی ختم ہوگئی تھیں' اب تو میرا رونا بھی ختم ہوگیا تھا' اب تو میرے آنسو بھی ختم ہوگئے تھے میرے جسم کا انگ انگ ادھڑ چکا تھا' میرے جسم کے اندر کی تمام کیفیات مردہ ہوگئیں تھیں' میں ایک زندہ لاش تھا' ہڈیوں کا ڈھانچہ تھا اور زندہ لاش اور ہڈیوں کا ایک ڈھانچہ میرے ساتھ تھا جو چل پھر رہا تھا' میرے ماں باپ میرے ساتھ تڑپتے تھے یونہی دن رات گزرتے رہے۔

اس بابے نے جو کہا تھا سچ کہا تھا: ہم نے بہت حل کیے' بہت تدابیر کیں' ادھر ادھر بھاگ دوڑ کی' لوگوں نے پیسے لوٹے پھر وہی اس بابے کی بات یاد آئی جو اس نے کہی وہ کر تو کچھ نہیں سکتا تھا مگر اس نے ہمارے ساتھ دھوکہ فریب نہیں کیا تھا' فراڈ نہیں کیا تھا' اس نے ہمیں جو بات کہی تھی' سچی کہی تھی' ہر لفظ اس کا یاد ہے اس جوان کی حالت دیکھ کر حیرت سے پھٹی پھٹی آنکھیں' جس کے اندر آنسو بھرے ہوئے وہ جوان کھڑا تھا' مجمع تھا' سردار سر جھکائے کبھی کبھی سر اٹھا کر اسے دیکھ لیتا تھا اور خود سے ہی کہتا کہ مجھے خود پر ندامت ہے کہ میری نگری میں اتنے ظلم ہوتے رہے اور یہ ظالم اپنے خطرناک جادو کی وجہ سے اتنے ظلم کرتا رہا۔ وہ جوان ایک عبرت بنا ہوا تھا ہر شخص اسے دیکھ رہا تھا وہی کہرام' وہی رونا' وہی سسکیاں اور واویلا اور بار بار ایک آواز اٹھتی تھی شہنشاہ آقا بادشاہ ہمارے سردار اس ظالم جادوگر کو عبرت کا نشان بنادو' اس کو ایسی عبرت بنادو کہ اس کے بعد پوری دنیا میں کوئی انسان یا جنات پر ظلم نہ کرسکے' اس کو ایسی عبرت بنادیں کوئی جادوگر پھر کوئی ایسی گھٹیا حرکت نہ کرسکے۔ بس یہ ایک غم تھا' یہ ایک کڑھن تھی' یہ ایک درد تھا' یہ غم اور درد ایسا تھا کہ جو سارے مجمع کو رلا رہا تھا۔

سنگدل' سخت دل جنات بھی رو پڑے: لوگوں کی رو رو کر سکت ہی ختم ہوگئی تھی جنات بہت سنگدل ہوتے ہیں لیکن وہ بھی رو رہے تھے اور ان کا رونا بھی لوگوں کے دلوں کو توڑ رہا تھا' نہ رونے والی آنکھ بھی رو رہی تھی پتھر سے پتھر دل بھی موم ہوکر پگھل رہے تھے' وہ کیا کچہری لگی تھی' وہ کیا محفل لگی' وہ حکومت کی سلطنت کیا کھلی تھی۔

دکھیاروں کے غموں کا ہجوم: وہ دکھیاروں کے غموں کا ایک ہجوم ایک مجمع کیا تھا کہ اگر ان سب کے آنسو اکٹھے کردیے جائیں تو ساری دنیا میں دریا بن جائیں اور نہریں بہنے لگیں وہ جوان بولا: آج سالہا سال سے میں اس اذیت میں مبتلا ہوں' میں نے بال اگانے کیلئے بہت تدابیر کیں مگر بال نہ اگ سکے' میں نے اپنی صحت کو بنانے کیلئے بہت کوشش کی مگر صحت نہ بن سکی۔ میں نے اپنی زندگی سلجھانے کیلئے بہت کوشش کی مگر میرا من تن' میری زندگی' میرا ایک ایک پل اسی طرح دکھی رہا اور درد بڑھتا چلا گیا۔ (جاری ہے)

میں نے "جنات کا پیدائشی دوست" سے کیا فیض پایا...؟

ایسے لوگوں کے مشاہدات کی سچی آپ بیتیاں جنہوں نے "جنات کا پیدائشی دوست" سے زندگی کا سکھ پایا۔ ان کی کہانی انہی کی زبانی پڑھیں۔

بے مروت شوہر دل وجان سے چاہنے لگا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ اور آپ کی ساری عبقری کی ٹیم کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ آمین! محترم حضرت حکیم صاحب میں نے عبقری رسالہ جون 2013ء سے پڑھنا شروع کیا' میں بہت پریشان تھی کیونکہ میرا شوہر مجھے پسند نہیں کرتا تھا اور شادی کے چھ ماہ بعد مجھے میری ماں کے گھر چھوڑ گیا میں اور میرے گھر والے بہت پریشان تھے اس دوران میں نے عبقری میں آنے والا وظیفہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پچاس لاکھ پڑھا میں ہروقت رو رو کر دعائیں کرتی تھیں' اس وظیفے کے فضائل دیکھ کر یقین ہوا کہ میرا مسئلہ ضرور حل ہوگا' خدا پر یقین اور پوری توجہ کے ساتھ اس وظیفے کو پڑھنا شروع کردیا' پانچ وقت نماز کے ساتھ ہزاروں کی تعداد میں پڑھتی' رات دیر تک پڑھتی رہتی اور آنکھوں میں آنسو جاری ہوئے' رو رو کر اور سجدے میں گڑگڑا کر خدا سے باتیں کرتی' اس کے پیاروں کے واسطے دیتی کہ یااللہ تیرے سوا میرا کوئی نہیں سننے والا بے شک تو بڑا رحیم وکریم ہے ابھی ایک ماہ ہوا تھا پڑھتے ہوئے کہ خدا نے میری فریاد سن لی اور میرے سسرال والوں نے میرے بھائی سے صلح کیلئے رابطہ کیا اور چند دن کے بعد ہی میرے شوہر مجھے لے کر آگئے' میں نے اپنے گھر آکر شکرانے کے نوافل ادا کیے اور وظیفہ بھی ساتھ جاری رکھا اور ہروقت استغفار بھی پڑھتی رہتی اور پھر میرے شوہر کا رویہ میرے ساتھ دن بدن اچھا اور بہت زیادہ اچھا ہوگیا۔ پہلے مجھے اچھا نہیں سمجھتا تھا مگر اب وہ مجھے مکمل وقت دیتا ہے' میرا بہت زیادہ خیال رکھتا ہے' جو مجھے پہلے دیکھنا پسند نہیں کرتا تھا اب میرے لیے دوسرے شہر کی نوکری چھوڑ دی اور یہاں قریب ہی بازار میں موبائل شاپ کھول لی۔ اب میرے دن رات ہنستے کھیلتے گزر رہے ہیں' اسی دوران اللہ نے ہمیں خوش خبری دی اور میں امید سے ہوگئی' میں بہت خوش ہوں اور اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتی ہوں اور ساتھ وظیفہ بھی جاری ہے۔ الحمدللہ! اللہ نے مجھے چاند سا بیٹا دیا اور آج وہ پورے ایک سال کا ہوگیا ہے۔ (م۔س، ہارون آباد)

میری والدہ کا کینسر یاقہار سے ٹھیک ہو رہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ اور اس میں دیئے گئے وظائف بہت شوق سے کرتے ہیں۔ میری والدہ کو کینسر کا عارضہ اچانک لاحق ہوا تو 2014ء میں ایک دوست کے توسط سے مجھے عبقری میگزین ملا' مطالعہ کیا تو ہم تمام گھر والوں کو بہت زیادہ پسند آیا۔ میری والدہ نے اس میں سے یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کردیا' چند ماہ کے بعد ہی میری والدہ کے مرض میں بہتری آنا شروع ہوگئی۔ ان شاءاللہ ہمیں امید ہے کہ میری والدہ کا مرض ختم ہوجائے گا اور میری والدہ صحت یاب ہوجائیں گی۔ (بنت محمد افضل، جہلم)

مجھ پر جادو کس نے کیا' کیوں کیا؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید کرتی ہوں کہ آپ اپنے فضل وکرم سے ٹھیک ہوں گے اور ہم دعا گو ہیں کہ آپ کو خدا لمبی عمر عطا کرے تاکہ آپ رہتی دنیا تک لوگوں کی رہنمائی کریں۔ میں نے گزشتہ چند سال بہت اذیت میں گزارے' دن رات میں تکلیف میں گزرتے' مجھ پر کسی نے سخت ترین جادو کروادیا ہوا تھا' مجھ پر جادو کس نے کیا؟ کیوں کیا؟ میں سب جاننا چاہتی تھی مگر بے بس تھی' لاکھ علاج کروائے' دم' تعویذ' منتر جنتر مگر کہیں سے بھی سکون میسر نہ آیا۔ مجھے کسی نے ماہنامہ عبقری کا بتایا' اس میں حضرت علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا وظیفہ یَاقَھَّارُ میں نے مسلسل گیارہ ماہ تھال میں پاؤں رکھ کر پڑھا۔ گیارہ ماہ کی مسلسل محنت کے بعد اب جاکر مجھے بہت کچھ نظر آتا ہے' مجھ پر جادو کس نے کیا' کیوں کیا؟ سب کچھ روحانی طور پر نظر آگیا۔ جادو آہستہ آہستہ ٹوٹ رہا ہے' زندگی میں سکون اور تکالیف کم ہو رہی ہیں۔ (ج۔ر)

روحانی وجسمانی پیاس بالکل ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سب سے پہلے عبقری کی جتنی بھی تعریف کروں کم ہے اور میری یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا کریں' اللہ تعالیٰ آپ کو درازعمر بالخیر عطا کرے۔ آمین! محترم حضرت حکیم صاحب میرے پاس الفاظ نہیں ہے کہ اپنی باتوں کو کس طرح ترتیب دے سکوں لیکن میں پھر بھی کوشش کرتی ہوں کہ اپنی بات صحیح طریقے سے بیان کروں۔ اس وقت میرے دماغ میں بہت سی باتیں چل رہی ہیں لیکن مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ کیا بات کروں۔ سب سے پہلے ماہنامہ عبقری کیلئے لکھوں گی کہ اس میں رمضان المبارک میں علامہ لاہوتی صاحب کے مضمون "جنات کا پیدائشی دوست" میں ایک وظیفہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ دیا گیا تھا' وہ ہم نے گزشتہ رمضان المبارک دس لاکھ بار پڑھا' حکیم صاحب! یقین کریں جب ہم گھر والے وظیفہ پڑھتے تھے تو شدید گرمی کے رمضان میں سارا دن بھوک پیاس نہ لگتی تھی جب پڑھنا چھوڑ دیتے تھے پیاس کا احساس شروع ہوجاتا' ایک دن ایسا ہوا کہ دوپہر کا وقت تھا مجھے شدید قسم کی پیاس لگی ہوئی تھی اور میری آنکھ لگ گئی سونے کے دوران بھی میرے گلے میں کانٹے محسوس ہوئے اور پیاس کی شدت بڑھ گئی۔ خواب میں مجھے کوئی کیلے دیتا ہے اور کیلے بھی ماشاءاللہ اتنے بڑے کہ زندگی میں پہلے کبھی نہیں دیکھے اور میں پینے سے منع کرتی ہوں اور کہتی ہوں میرا روزہ ہے' میں نہیں لے سکتی لیکن مجھے آواز آتی ہے کہ ہاتھ تو لگا کر دیکھو تمہاری پیاس بجھ جائے گی' جب میں نے کیلوں کو ہاتھ لگایا تو میری اچانک میری آنکھ کھل گئی اور واقعی میں میری پیاس بجھ چکی تھی اسی طرح میری بہن اور میں صبح فجر کے بعد ہی مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھ رہی تھیں تو اس کو صبح صبح پیاس لگ گئی اور کہنی لگے ابھی تو سارا دن پڑا ہے' پھر خود ہی خاموشی سے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھنا شروع کردیا اور پڑھتے پڑھتے سوگئی' اس نے خواب میں دیکھا کہ کوئی اس کو پانی کا گلاس پکڑا رہا ہے' گلاس پکڑنے کی دیر تھی کہ اس کی آنکھ کھل گئی تو وہ کہتی ہے جب میں اٹھی تو میری پیاس ختم ہوچکی تھی اور اسی طرح دوسری بار بھی ایسا ہوا تو خواب میں کوئی جگ پانی کا دیتا ہے تو وہ کہتی ہے کہ میں نے اس سے کہا کہ میں یہ جگ نہیں لے سکتی' میرا روزہ ہے مگر پھر بھی اس پکڑانے والے نے زبردست پانی کا جگ پکڑا دیا۔ میری بہن کہتی ہے کہ جب میں نے وہ جگ پکڑا تو میری آنکھ کھل گئی تو میری پیاس ختم ہوچکی تھی جیسے کبھی تھی ہی نہیں۔ یہ سب اسی تیر بہدف اور باکمال وظیفہ کی بدولت ہی ہوا۔ حالانکہ شدید گرمیوں کی رات میں اگر شدید پیاس لگی ہو تو نیند سے آنکھ کھل جاتی ہے اور جب تک پانی نہ پئیں پیاس نہیں بجھتی' مگر یہ سب کمال اسی وظیفے کا تھا۔ اس کے علاوہ ہمارے گھر میں کوئی بھی مسئلہ ہو' کسی بھی قسم کی الجھن ہو ہم یہ وظیفہ پڑھ رہے ہوتے ہیں اور ہمیں پتہ بھی نہیں چلتا اور ہمارا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ (ام رباب)

رزق کی تنگی دور' زندگی میں سکون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر

پتے کی کنکریاں اور آلو بخارا: پتے کی کنکریاں بننے سے روکنے کیلئے آلو بخارے کا استعمال بے حد مفید ہوتا ہے' اس سے بعض دفعہ بنی ہوئی کنکریاں پگھل جاتی ہیں۔ شرط یہ ہے کہ آلو بخارا روزانہ دس سے تیس دانے کھائے جائیں۔

والے ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں' اس میں موجود وظائف نے ہماری زندگیوں میں سکون بھر دیا ہے۔ خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے وظائف کی تو کیا بات ہے' ادھر پڑھو اُدھر مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ میری ہمسائی اپنے شوہر کے رویے سے بہت پریشان تھی' شوہر نشہ کرتا تھا اور کماتا کچھ بھی نہ تھا' ہروقت گھر میں لڑائی جھگڑے' بے سکونی' مار کٹائی' گالم گلوچ ہوتے۔ وہ اکثر میرے پاس آکر روتی رہتی تھی اور اپنے شوہر کے مظالم کی داستان اور جسم پر پڑے نشان دکھاتی۔ میں اس کو تسلی دے کر صبر کا کہہ کر بھیج دیتی۔ ایک دن میں ماہنامہ عبقری کا مطالعہ کر رہی تو میری ہمسائی بھی میرے پاس آکر بیٹھ گئی' میں نے اسے کہا کہ تمہارے مسائل کا حل مجھے مل گیا ہے' اس کی آنکھوں میں اچانک چمک آئی اور کہنے وہ کیا؟ میں نے تم سارا دن اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے ہروقت کھلا اسم الٰہی یَاقَهَّارُ پڑھو۔ اس کے علاوہ گیارہ تسبیح صبح اور گیارہ تسبیح رات سونے سے پہلے اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ یہی لفظ یَاقَهَّارُ پڑھو۔ دیکھنا تمہارے مسائل کیسے حل ہوتے ہیں۔ وہ خوشی خوشی مجھ سے وظیفہ لے کر چلی گئی۔ اس نے یہ وظیفہ چند ماہ ہی یقین توجہ اور اعتماد سے پڑھا تھا کہ آہستہ آہستہ اس کے حالات سنورنے لگے' گھر میں صبح و شام ہونے والی لڑائی ختم ہوگئی' شوہر ایک فیکٹری میں ملازم ہوگیا اور تنخواہ بھی اس کی توقع سے زیادہ لگی' چند ماہ کے بعد ہی رزق کی تنگی دور ہوئی' زندگی میں سکون آگیا' خاوند نے نشہ کرنا آہستہ آہستہ بالکل چھوڑ دیا ہے اور سب سے بڑی بات کہ انہیں اپنا گھر مل گیا اور وہ ہنسی خوشی مطمئن اپنی زندگی گزار رہی ہے اور مہینے میں ایک آدھ بار مجھ سے ضرور آکر ملتی ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے گھر میں کوئی بھی مسئلہ ہو ہم تمام گھر والے سارا دن سورۂ والضحیٰ کی آیت نمبر پانچ وَلَسَوۡفَ يُعۡطِيكَ رَبُّكَ فَتَرۡضَىٰٓ ﴿والضحیٰ:۵﴾ کھلا پڑھتے ہیں' ہمارا مسئلہ فوری حل ہوجاتا ہے ایک خاص بات رزق کی تنگی کیلئے یہ آیت بہت باکمال ہے اس کے بارے میں تو علامہ لاہوتی پراسراری صاحب نے بھی بہت سے سچے واقعات اپنے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں لکھے ہیں۔

محمد رسول اللہ پڑھا اور کرم ہی کرم ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں' ہر ماہ مجھے آئندہ شمارے کا انتظار رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' مضمون میں علامہ لاہوتی صاحب کا بتایا ہوا وظیفہ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ پڑھنا شروع کیا ہوا ہے جو کہ اب تک ماشاءاللہ 82 لاکھ تک پہنچ چکا ہے۔ اس عمل کو شروع کیے کافی عرصہ ہوچکا ہے' بہت زیادہ فوائد دیکھنے کو ملے' سب سے پہلا فائدہ یہ ہوا کہ نماز میں خیالات آنے بند ہوگئے' نماز کی کیفیات بھی اچھی ہوگئی' اسی وظیفے کے دوران کئی دفعہ خانہ کعبہ کی زیارت حضور کے روضے کی زیارت بہت ہی رونے دھونے کے ساتھ خواب میں نصیب ہوئی کئی دفعہ راستے میں رات کے وقت کسی ایسی جگہ سے گزرتے ہوئے جہاں یا تو اندھیرا تھا یا بالکل اکیلی جگہ تھی ایسا محسوس ہوا کہ کوئی بڑے بزرگ میرے پاس سے اڑ کر ساتھ چلتے ہیں اور یہ احساس ہوا کہ کوئی حفاظتی معاملہ ہے اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ وظیفہ تقریباً ہروقت پڑھنے کی توفیق مل جاتی ہے اور ہر معاملے میں بہت زیادہ شرح صدر ہوجاتا ہے۔ الحمدللہ! عبقری روحانی اجتماع میں گزشتہ سال شامل ہونے کی توفیق نصیب ہوئی' بہت ہی پرنور جگہ تھی' اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے اتنے پرنور اجتماع میں شرکت کی توفیق دی۔ آپ کی دعاؤں کی برکت سے کچھ وقت آپ کی صحبت میں گزرا۔ بس دل میں ایک حسرت تھی کہ میری آپ سے ملاقات ہوجائے لیکن لوگوں کا ہجوم دیکھ کر دل کو تسلی دینا پڑی کہ یقیناً آپ کی مصروفیت بہت زیادہ ہوگی۔ دو یا تین مرتبہ آپ کی دور سے ہی زیارت نصیب ہوئی۔ (محمد نواز' راولاکوٹ)

مجھ پہ جادو ہوا یا مر جاؤں یا بیوی کو طلاق دیدوں

قارئین! آج سے تقریباً 36 سال قبل جب میری شادی ہوئی' میرے بڑے بھائی نے اپنی بیوی کو کسی وجہ سے طلاق دے دی' میری شادی کے بعد بھائی نے دوسری شادی کرلی۔ میری بیوی میری طبیعت کے عین مطابق تھی' الحمدللہ خدمت کرنے والی اور اچھے ماں باپ کی اچھی بیٹی تھی' میں بہت خوش تھا اور میری بیوی بھی بہت خوش اور مطمئن تھی مگر میری ایک رشتہ دار کو یہ چیز پسند نہ آئی۔ اس نے میری والدہ کے کان بھرنا شروع کردیئے اور والدہ کو میرے خلاف کردیا' وہ اچھی عورت نہ تھی' ہروقت گھر میں لڑائی رہنے لگی' آپس میں اختلافات شروع ہوگئے' میری والدہ نے یہ فیصلہ کیا کہ میں اپنی بیوی کو طلاق دے دوں میں نے ان کو صاف کہہ دیا کہ میں ایسا ہرگز نہیں کروں گا۔ پھر سب سے

ہیضہ وبائی ہو یا موسمی آسان علاج جان لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے پڑھ رہا ہوں۔ گاہے بگاہے اپنے نسخہ جات' تجربات و مشاہدات ماہنامہ عبقری میں قارئین کی نذر کرتا رہتا ہوں' الحمدللہ میری تحریریں عبقری کے صفحات کی زینت بھی بنتی ہیں پڑھ کر بہت خوشی ہوتی ہے کہ میرے سینے سے نکلے تجربات لاکھوں انسانوں کے سکھ کا باعث بن رہے ہیں۔ آج بھی قارئین عبقری کیلئے چند نسخہ جات لے کر حاضر ہوا ہوں:۔ **ہیضہ وبائی ہو یا موسمی:** ھوالشافی: سونف دس گرام' پودینہ دیسی نو گرام' لونگ چار عدد' گلقند بیس گرام۔ ایک گلاس پانی میں جوش دیں جب آدھا رہ جائے تو ٹھنڈا ہونے پر مل چھان کر مریض کو گھونٹ گھونٹ پلائیں۔ ہیضہ کی خاص اور گھریلو دوا تیار ہے۔ چند بار استعمال کرنے سے شدید سے شدید ہیضہ رک جاتا ہے اور مریض تندرست و توانا ہونے لگتا ہے۔ **شربت بزوری کے کمال:** سونف اور سونف کی جڑ اور دیگر دیسی ادویات سے تیار کردہ شربت' شربت بزوری ہے' گردہ' مثانہ سے غلاظت معدریت معمولی نکالتا ہے' معدہ و جگر کی گرمی دور کرتا ہے' یرقان (ہیپاٹائٹس) کی ادویات کے ہمراہ دیا جاتا ہے۔ پیشاب کے عام گرم امراض دور کرتا ہے' پیشاب کھل کر آتا ہے' معدہ کی گرمی دور کرتا ہے' رحم کی خرابیاں دور کرکے بند حیض کھولتا ہے' معدہ کا ورم دور کرکے صحت بخشتا ہے۔

بڑھا پیٹ اور کولہوں کی چربی ختم

ھوالشافی عرق سونف بیس گرام' عرق لیموں بیس گرام' عرق اجوائن بیس گرام ملا کر صبح و شام پینے سے بڑھا ہوا پیٹ کم ہوجاتا ہے اور کولہوں اور پنڈلیوں کی چربی ختم کرکے جسم کو سڈول اور جاذب نظر بناتا ہے۔ مزید عرق سونف بیس گرام' عرق پودینہ بیس گرام ملا کر پیتے رہنے سے بھوک بڑھتی ہے' متلی اور جگر کی کیفیت ختم ہوجاتی ہے' حاملہ خواتین کیلئے مفید نسخہ ہے۔ اس کے علاوہ عرق سونف روزانہ چند گھونٹ صبح و شام پینے سے انسان امراض معدہ سے محفوظ رہتا ہے اور جلن' تیزابیت' السر معدہ اور گیس کا خاتمہ ہوتا ہے اس کا مسلسل استعمال قطعی نقصان دہ نہیں ہے۔ بچوں کیلئے بہترین ٹانک: روغن سونف دس قطرے گلوکوز چھوٹا ڈبا ملا رکھ لیں۔ صرف چٹکی بھر چھوٹے بچے کو دینے سے بچوں کو پیلے دست' بچوں کا اپھارہ' پیٹ کا درد جس سے رو رو کر بچہ ہلکان ہوجاتا ہے۔ درست کرتا ہے۔ بچے کو خوب بھوک لگتی ہے اور کھایا پیا ہضم ہوجاتا ہے۔

سفوف ہاضم خاص: ھوالشافی: بادیان' زنجبیل' دانہ بڑی الائچی' اصل السوس مقشر' فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ' نمک لاہوری' نمک سیاہ' نوشادر ہر ایک چھ ماشہ' سب کو پیس کر سفوف بنائیں۔ خوراک: 7 ماشہ ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔ یہ نسخہ ہاضمہ کے تمام مسائل کیلئے تیر بہدف اور بہت آزمودہ ہے۔ (غلام سرور خان' راولپنڈی)

خطرناک بات یہ ہوئی کہ میری سگی والدہ نے میری اس رشتہ دار کے ساتھ ملکر ساتھ والے گاؤں سے ایک کالے گندے عامل سے کالے جادو کے تعویذ کروائے کہ یا میرا بیٹا مرجائے یا اپنی بیوی کو طلاق دے دے' اس عامل نے ایک مدت بتائی کہ اتنے عرصہ میں یہ مرجائے گا اور اس کی نسل ختم ہوجائے گی۔ میں اور میری بیوی بیمار رہنے لگے' 1977ء میں اللہ نے مجھے بیٹا دیا' کچھ عرصہ بعد بیٹا فوت ہوگیا۔

میں اللہ کے راستہ میں صدقہ خیرات کرتا رہا' دوسرا بیٹا ہوا وہ بھی فوت ہوگیا پھر تیسرا بیٹا ہوا وہ بھی فوت ہوگیا' میں اللہ کو یاد کرتا' مدد مانگتا رہا' شاید میرے مانگنے میں کمی تھی' میرے تین بیٹے فوت ہوئے' میں بہت سے عاملین اور پیروں کے پاس گیا مگر میرا کوئی حل نہ بنا' اس عامل نے جو مدت بتائی تھی وہ پوری ہوگئی۔ اللہ نے مجھے ایک اور بیٹا دیا میں مسلسل پریشانیوں' بیماریوں میں رہا' اس عامل کے مؤکل ہر رات میرے گھر آتے اور ہمیں تنگ کرتے' دردر کی خاک چھانی مگر کچھ حاصل نہ ہوا جس نے جو بھی ورد بتایا کیا' پیسے مانگے دیئے مگر حالات نہ بدلے۔ میرے گاؤں کی ایک عورت کی شادی اس عامل کے گاؤں میں ہوئی تھی وہ نمبردار کی بیوی ہے' میں اپنے ایک عزیز کو لے کر اس عورت کے پاس گیا اور اس سے کہا کہ وہ ہمارے ساتھ اس عامل کے پاس چلے کہ مجھے معاف کرے کہ میں اس نے اس کیا بگاڑا ہے۔ میری جان چھوڑ دے' مجھے معاف کردے' وہ عورت بہت اچھی تھی اس نے کہا کہ میں ایسے لوگوں کے پاس کبھی نہیں گئی ہوں لیکن آپ میرے گاؤں سے میرے گھر چل کر آئے ہیں' میں چلوں گی اور اس سے استدعا بھی کروں گی کہ وہ آپ کی جان چھوڑ دے' میں نے کہا کہ وہ اگر پیسے کہے تو میں دینے کو تیار ہوں۔ وہ ہمارے ساتھ اپنے شوہر کی اجازت سے اس کے گھر گئی' ساری بات اس نے تفصیل سے کی۔ اس عامل نے کہا کہ کوئی بات نہیں یہ تعویذ لے جائیں اور اس کو ہنڈیا میں جب سالن پکائیں تو پکالیں اور سارے گھر والے کھالیں ٹھیک ہوجائیں گے' فکر نہ کریں بالکل ٹھیک ہوجائیں گے۔ میں وہ تعویذ لے کر گھر آیا اور اہلیہ کو دیا' اس نے سالن میں پکایا جونہی ہم نے کھانا کھایا' سارا گھر بیمار' ہماری پریشانیاں بہت زیادہ بڑھ گئیں' ایسا لگے کہ ہم لوگ بس چند گھنٹوں کے مہمان ہیں۔ اس گندے عامل نے میرے ساتھ بہت بڑا دھوکہ کیا۔

قارئین! میں بہت سے عاملین' پیروں اور بڑے بڑے دعوے کرنے والوں کے پاس گیا' بہت مال ضائع کیا وقت بھی برباد ہوا مگر حاصل کچھ نہ ہوا۔ جہاں بھی کوئی بتاتا کہ اس شہر جاؤ چلا جاتا' جو آمدنی تھی لوٹاتا گیا' ایک بہت بڑے عامل کا کسی نے بتایا' میں ان کے پاس گیا ان سے عرض کیا کہ میری مدد کریں اور میری اس عامل سے جان چھڑوائیں' انہوں نے صاف کہہ دیا کہ یہ جو تم پر عمل ہوا ہے اس کی کوئی کاٹ نہیں' تمہارا کچھ نہیں ہوسکتا میں وہاں سے واپس چلا آیا۔ میرا دل ٹوٹ گیا میں اور پریشان کہ کوئی تو ایسا در ہوگا جہاں سے میری داد رسی ہوگی' میری مدد ہوگی؟ میں بہت پریشان تھا کہ بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں' عامل بنتے ہیں' چلے کرتے ہیں مگر میرا حل نہیں ہوسکتا۔

اپنے خیالوں میں گم بازار سے گزر رہا تھا اور سوچ یہ تھی کہ اب کیا بنے گا؟ مجھے ایک بک سٹال پر ماہنامہ ''عبقری'' نظر آیا' میں نے عبقری کے ٹائٹل پر ہیڈنگز پڑھیں اور فوراً عبقری خرید لیا اور پڑھنا شروع کردیا' میں نے عبقری ایک ہی دن میں مکمل پڑھ لیا۔ جب علامہ لاہوتی صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھا تو اس میں یَاقَھَّارُ کا عمل لکھا ہوا تھا۔ (**مکمل عمل صفحہ نمبر 35 پر ملاحظہ فرمائیں**) میں نے یہ عمل کرنا شروع کردیا جو آج تک مسلسل پڑھ رہا ہوں۔

اس عمل کی برکت سے اور آپ کی دعاؤں کی برکت سے میرے حالات بہت بہتر ہونا شروع ہوگئے۔ یہ عمل کرنے سے پہلے اس عامل کے مؤکلات ہر رات آتے' تکلیف دیتے جب یہ عمل شروع کیا میں نے خود دیکھا کہ اس کا مؤکل میرے گھر میں آیا اور مجھے چھونے کی کوشش کی' جونہی ہاتھ لگایا جل گیا اور ختم ہوگیا۔ پھر چند دن کوئی چیز نہ آئی لیکن پھر اس نے اپنے مؤکل کو بھیجا اس نے مجھے چھونے کی کوشش کی اور چیختا ہوا بھاگ گیا' وہ ہر رات کوشش کرتا ہے لیکن ناکام ہوتا ہے میں مسلسل عمل کرتا جارہا ہوں۔ اب اس کے مؤکل میرے گھر میں داخل نہیں ہو پاتے جب بھی وہ کوئی مؤکل بھیجتا ہے مجھے پتہ چل جاتا ہے لیکن اب میں یاقہار کے عمل سے محفوظ ہوں۔ میرے حالات بہتر ہوگئے ہیں میرا ایک بیٹا ہے جو بالکل ٹھیک اور الحمدللہ اب جوان ہے۔ علامہ صاحب کے عمل کی برکت سے اللہ رب العزت نے میری مدد فرمائی' اللہ علامہ صاحب اور ان کی نسلوں کو برکات اور رحمتیں عطا فرمائے اور عبقری کو ترقی دے جو خیر کا ذریعہ ہے اور دکھوں کا مداوا ہے' مصائب کے ماروں کا مسیحا ہے اور رب کا منانے اور عشق مصطفیٰ ﷺ کا ذریعہ ہے' اللہ علامہ لاہوتی صاحب کو لمبی عمر عطا فرمائے اور اس کار خیر کو سدا جاری رکھے۔ آمین۔ (محمد اسلم' گجرات)

وظائف لاہوتی اور میرے مشاہدات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے دفتر ماہنامہ عبقری سے ''جنات کا پیدائشی دوست جلد اول'' منگوائی۔ اس میں سے یَاقَھَّارُ کا عمل پڑھا' خود بھی عمل کیا اور لوگوں کو بھی بتانا شروع کیا' میرے پڑوسیوں نے یاقہار کا عمل کرنا شروع کیا' تقریباً سوا لاکھ پڑھا' اس عمل سے ان کی پریشانیاں ختم ہوگئیں' گھر میں سکون آگیا مگر پھر عمل چھوڑ دیا عمل چھوڑنے سے گھر میں بیماریاں آگئیں' مجھے پتہ چلا تو میں نے انہیں عمل جاری رکھنے کو کہا' ماشاء اللہ اب وہ لوگ بالکل ٹھیک ہیں اور ان کے باقی تمام معاملات اچھے جارہے ہیں۔

میرا ایک کزن آرمی میں بھرتی کیلئے گیا' دوران ٹیسٹ دوڑ کا ٹارگٹ دیا گیا جب دوڑ شروع ہوئی تو تھوڑی ہی دیر میں میرا کزن اچانک گر گیا اور باقی تمام لڑکے آگے نکل گئے جب وہ اٹھا اور سنبھلا تو یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کردیا اور دوڑ لگادی تو وہ خود حیران رہ گیا کہ مطلوبہ وقت سے دو یا تین منٹ پہلے وہ ٹارگٹ تک پہنچ گیا۔ میرے ایک کزن نے ''جنات کا پیدائشی دوست'' کتاب سے اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ کا عمل پڑھا اور ہر نماز کے بعد گیارہ دفعہ اور کھلا بھی پڑھنا شروع کیا تو اس کی نظر ٹھیک ہوگئی۔ پہلے جب بھی وہ کتاب پڑھتا تھا تو لفظ ٹھیک سے دکھائی نہیں دیتے تھے قریب کی نظر بھی مسئلہ کررہی تھی' الحمدللہ! اب وہ اس عمل کی برکت سے بالکل ٹھیک ہے۔ میری کزن شدید بیمار ہوگئیں' پہلے ایک ڈاکٹر کے پاس لے گئے' آرام نہیں آیا' دوسری شام کو دوسرے ڈاکٹر کے پاس لے گئے' تب بھی کچھ فرق نہیں پڑا بلکہ مرض کی شدت میں مزید اضافہ ہوگیا' سر سے (کان کے سیدھا اوپر والا حصہ) عجیب قسم کا درد ہورہا تھا' درد کی شدت سے اس کی چیخیں نکل رہی تھیں نہ وہ بیٹھ سکتی تھیں نہ وہ لیٹ سکتی تھیں' ایسے کرب میں وہ مبتلا تھیں۔ مجھے پتہ چلا تو میں ان کے گھر گیا۔ میں نے سورۂ مومنون اور اذان والا عمل کرکے اسکے کان میں دم بھی کیا اور پانی بھی دم کرکے دیا اور دل میں یہ تصور کیا کہ اگر میرا پیر ومرشد کامل ہے تو میرے مرشد کا بتایا ہوا عمل ہے ان شاء اللہ اللہ پاک شفاء دیں گے۔ حضرت میں خود حیران ہوا اس کی چیخوں اور درد کی جو شدت تھی وہ اسی وقت ختم ہوگئی۔ تقریباً چار بار میں نے عمل کیا رات تک اور اگلی صبح بھی عمل کیا' ایک ہی بار کافی سارا پانی دم کرکے دے دیا الحمدللہ اب وہ ماشاء اللہ ٹھیک ہیں۔ ایک چھوٹی سی بات کہ پہلے میں نے انہیں دم کیا تو فرق نہیں پڑا تھا تب میں نے بولا کہ یہ میرے پیر ومرشد کا بتایا ہوا عمل ہے اگر میرے پیر ومرشد کامل ہیں تو ابھی آرام آئے گا اور ایسا ہی ہوا ماشاء اللہ اب کہیں بھی کوئی بیمار ہوتا ہے تو میں یہ عمل بتاتا ہوں اور خود بھی کرتا ہوں۔

ماشاء اللہ بہت کمال پایا ہے۔ (ش م ر)

کلمہ کا نصاب اور میری والدہ کی موت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کی عمر میں برکت دے‘ دنیا و آخرت کی خوشیاں‘ کامیابیاں اور عزتیں اللہ پاک آپ کو عطا فرمائے۔ میں 2007ء سے ماہنامہ عبقری پڑھ رہا ہوں‘ میں نے اپنے مسائل کے حل کیلئے ہمیشہ کیلئے جو وظیفہ شروع کیا وہ لا الہ الا اللہ ستر ہزار کا نصاب ہے۔ الحمدللہ ہم سب گھر والوں نے بہت زیادہ نصاب پڑھ لیے ہیں۔ میری والدہ اکیلی نے ماشاء اللہ سولہ نصاب مکمل کیے اور سترہواں نصاب جاری تھا کہ گزشتہ رمضان المبارک بروز جمعۃ المبارک صبح نو بجے وہ اللہ کو پیاری ہوگئیں۔ یہ ان نصاب کی ہی برکت تھی کہ اللہ رب العزت نے انہیں رمضان المبارک میں اور پھر جمعۃ المبارک کو موت دی‘ انہوں نے مرنے سے پہلے ہمیں وصیت کی کہ بیٹا کبھی کلمہ پڑھنا نہ چھوڑنا۔ الحمدللہ! میرے اب تک چونتیس نصاب ہوچکے ہیں اور پینتیسواں نصاب جاری ہے۔ (ریاست الرحمٰن‘ مری)

شکر ہے! اب ٹھیک ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ساتھ کچھ روحانی مسائل تھے جن سے نجات کیلئے میں نے چار ماہ پہلے آپ کو خط لکھا تھا آپ نے مجھے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا بتایا وظیفہ یَاقَهَّارُ ہر وقت کھلا پڑھنے کا کہا اور ساتھ چالیس درس سننے کو کہا تھا۔ آپ نے حکم دیا تھا کہ دوبارہ تین ماہ کے بعد پھر خط لکھیں۔ اب میں تین ماہ کے بعد دوبارہ خط لکھ رہی ہوں‘ میں باقاعدگی سے یَاقَهَّارُ پڑھ رہی ہوں‘ شروع میں جب پڑھا تو جیسے ہی پڑھنا شروع کرتی تو مجھ سے پڑھا نہیں جاتا تھا اور میں بیہوش ہوجاتی تھی یا کبھی آپے سے باہر ہوجاتی تھی‘ گھر والوں کیلئے مجھے سنبھالنا مشکل ہوجاتا تھا‘ نہ جانے میں نے کتنی بار اپنی جان لینے کی کوشش کی‘ میرے بس میں کچھ نہیں ہوتا تھا مجھے نہیں معلوم کہ میں کیا کرتی ہوں‘ کیا بولتی ہوں‘ مجھے کوئی چیز پڑھنے سے منع کرتی تھی‘ مجھے روکنے کی پوری کوشش کی جارہی تھی مگر میں نے یَاقَهَّارُ کا عمل نہ چھوڑا پھر بعد میں میرے گھر والوں نے بھی میرے ساتھ مل کر میرے لیے پڑھنا شروع کردیا۔ الحمدللہ اب میں بالکل ٹھیک ہوں۔ (پ۔پ)

وظیفہ پڑھا ڈاکٹرز نے والدہ کو کلیئر قرار دیدیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ناچیز عبقری کو جتنی دعائیں دوں کم ہیں‘ اللہ تعالیٰ عبقری کو بے حد ترقی عطا فرمائے اور محترم حضرت حکیم صاحب کا بہت شکر ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے ایک ایسا رسالہ یعنی عبقری کو لوگوں کی مشکلات دور کرنے کا ایک معجزہ بنادیا میں عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں بلکہ ہمارے گھر والے سب بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ میں سیکنڈ ایئر کی طالب علم ہوں جب میں چھٹی کلاس میں پڑھتی تھی کہ میرے ابو شہادت پاگئے‘ میرے ابو ڈاکٹر تھے میں سب سے بڑی بہن ہوں‘ ہم لوگ چھ بہن بھائی ہیں‘ چار بہنیں اور دو بھائی ہیں ابو کی شہادت اور ان کی جدائی کا دھچکا تو بہت لگا لیکن ہماری ماں نے ہمت اور صبر کے ساتھ ہمارے حوصلے اجاگر کیے‘ ابو کی وفات کے تین چار سال بعد ہماری ماں کے دل میں درد رہنے لگا سب گھر والوں کو پریشانی ہوئی ہم اپنی ماں کو کہتے کسی بڑے ڈاکٹر سے چیک اپ کرائیں لیکن ہماری ماں کہتی رہی کہ نہیں بیٹی میں کسی ڈاکٹر کے پاس نہیں جاتی‘ پتہ نہیں وہ مجھے کونسی دل کی بیماری بتائیں گے‘ ایک دن ہماری ماں کے دل میں درد زیادہ ہوگیا تو میرے دادا جی نے کہا چلو کل ان شاء اللہ کسی ڈاکٹر کے پاس جائیں گے ڈاکٹر کا کہنا تھا کہ ہماری ماں ساری رات اس فکر میں تھی پتہ نہیں ڈاکٹر کونسی بیماری بتائیں گے جب دادا جی نے کہا تھا کہ کل ڈاکٹر کے پاس جائیں گے میں نے اس وقت سے ”جنات کا پیدائشی دوست“ یَالَطِیْفُ یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ کا ورد شروع کردیا‘ اس میں لکھا تھا ہر کام‘ ہر مشکل کیلئے تو میں نے پڑھنا شروع کردیا‘ صبح ہماری ماں دادا ابو کے ساتھ ڈاکٹر کے پاس چلی گئیں‘ میں نے پورا دن ان تینوں الفاظ کا ورد جاری رکھا‘ شام کو جب ہماری والدہ آگئیں تو خوشی کی کوئی انتہا نہیں تھی سب بہت خوش تھے‘ ہماری ماں نے کہا کہ ڈاکٹر کہہ رہا تھا دل کی کوئی بیماری نہیں ہے ویسے پریشانی کی وجہ سے دل میں درد رہتا ہے مجھے اس وقت سے یقین ہوگیا کہ جو میں نے پڑھا تھا سب اس کی وجہ ہے‘ میں بہت خوش تھی اور تمام قارئین کو آخری پیغام دینا چاہتی ہوں جتنا ہوسکے عبقری کی بھلائی اور ترقی کیلئے دعا کیا کریں۔ میرا خط ضرور شائع کیجئے گا تاکہ لوگوں کا بھلا ہو اور میرے لیے صدقہ جاریہ کا باعث بنے۔

(سعدیہ الرحمٰن‘ ڈیرہ اسماعیل خان)

جنہوں نے مجھے لوٹا‘ ان کا انجام بھی پڑھیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں لمبے عرصہ تک مشکلات کا شکار رہا‘ میری شادی کو تقریباً پندرہ سال ہوچکے ہیں‘ شادی کے پہلے تین چار سال بیروزگار رہا‘ حاجات مشکلات کے نوافل پڑھتا‘ کبھی تہجد بھی پڑھتا تھا۔ پھر عراق میں ایک امریکن کمپنی میں جاب مل گئی‘ تقریباً اڑھائی سال وہاں جاب کی‘ اس دوران شاید دو یا چار جمعہ پڑھے ہوں گے‘ دن کو ہماری ڈیوٹی ہوتی تھی‘ بہرحال نماز بچپن سے ہی پڑھتا تھا‘ میرے والد صاحب جمعہ‘ نماز عیدین وغیرہ پڑھاتے ہیں‘ بڑے معزز شخص ہیں‘ عراق سے واپس پاکستان آیا۔ واپس آتے ہی جو کمایا تھا وہ اس طرح لٹایا کہ ایک آدمی کو سوا تین لاکھ دیئے اس نے تاریخ دے دی کہ میں آپ کو یورپ بھیجوں گا لیکن وہ پیسے کھا کر بھاگ گیا‘ پھر دوسرے ایجنٹ کو ایک لاکھ دیا اس نے بھی فراڈ کیا‘ پھر تیسرے کو پچاس ہزار دیا اس نے بھی فراڈ کیا‘ دو آدمیوں سے پیسے واپس دلانے کی بات کی کہ میرے پیسے واپس کردیں انہوں نے بھی میرے ساتھ بدمعاشی کی‘ بہت ذلیل کیا‘ بہت تڑپایا اتنا کہ بیان سے باہر ہے۔ بہرحال مجھے میرے پیسے نہ ملے‘ مسائل بھی حل نہ ہوئے‘ میرا ایک دوست ہے اس نے مجھے ماہنامہ عبقری اور آپ کے درس کے بارے میں بتایا‘ ماہنامہ عبقری سے مجھے یاقہار کے وظیفے کے متعلق معلوم ہوا‘ آپ کے ایک درس

پیلا یرقان ایک ہفتے میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پیلے یرقان اور جگر کی گرمی کیلئے انتہائی آزمودہ نسخہ قارئین کی نذر کرتا ہوں۔

ھوالشافی: آلو بخارا چار تولے‘ املی چار تولے‘ گل سرخ چار تولہ‘ گل نیلوفر چار تولہ‘ ان کو اکٹھا رگڑ کر مٹی کے پیالے میں چار کپ پانی ڈال کر بھگو دیں‘ صبح نہار منہ چھان کر ایک کپ پی لیں‘ پھر شام کو خالی پیٹ ایک کپ پی لیں۔ ایک ہفتہ میں ان شاء اللہ آرام آجائے گا جب زکام ہوگا تو چھوڑ دیں۔ اس کے علاوہ جسمانی گرمی کتنی ہی ہو اس نسخہ سے ختم ہوجاتی ہے۔ خاص کر گرمیوں میں صبح و شام ایک گلاس پی لیں تو سارا دن گرمی کا احساس نہیں ہوتا۔

حضرت جی ایک اور نسخہ لکھ رہا ہوں اگر دل کی شریانیں بند ہوں یا وال بند ہوں تو ایک آزمودہ نسخہ ہے جو کہ ایک آدمی نے تقریباً ایک ماہ یا چالیس دن آزمایا ٹھیک ہوگیا۔ آپریشن کی تاریخ ملی تھی مگر اس کے استعمال سے ٹھیک ہوگیا۔ یہ نسخہ پہلے بھی کئی بار ماہنامہ عبقری میں چھپ چکا ہے‘ چونکہ یہ میرے مشاہدے میں اب آیا ہے اس لیے قارئین عبقری کیلئے خصوصی طور پر لکھ رہا ہوں۔ ھوالشافی: ادرک کا رس ایک پیالی‘ لیموں کا رس ایک پیالی‘ لہسن کا رس ایک پیالی‘ سیب کا سرکہ ایک پیالی‘ شہد تین پیالی۔ یہ چیزیں اتنی مقدار میں لائی ہیں جس سے ایک ایک پیالی عرق نکل سکے۔ پھر ان کو ابالیں‘ یعنی چار چیزوں کو اکٹھا کرکے ابالیں‘ ہلکی آنچ پر ابالیں‘ ابالنے کے بعد تین پیالی عرق رہ جائے گا۔ اس تمام میں شہد تین پیالی ڈال کر ایک چمچ بڑا کھانے والا صبح نہار منہ ایک ماہ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ مسئلہ حل ہوجائے گا۔ (عتیق الرحمٰن‘ راولاکوٹ)

میں بھی اس کے بے شمار فضائل بیان کیے گئے' میرا دوست مجھ سے کہنے لگا کہ یورپ جانے کے خواب چھوڑ و اور یہ وظیفہ پڑھنا شروع کردو' میرے پیسے جن جن ایجنٹوں نے کھائے تھے میں نے ان کیلئے یَاقَهَّارُ ہر وقت کھلا پڑھنا شروع کردیا۔ ایک ایجنٹ جس کے پاس میرا ایک لاکھ تھا جب یَاقَهَّارُ ایک لاکھ مرتبہ مکمل پڑھا تو وہ کسی مقدمہ میں جیل چلا گیا' دوسرا ایک لاکھ مکمل کیا تو دوسرے ایجنٹ کے بیوی نے خودکشی کرلی۔ تیسرا نصاب پورا کیا تو تیسرے ایجنٹ کا ایکسیڈنٹ ہوگیا اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی اور گاڑی کا بھی تقریباً دو لاکھ روپے کا نقصان ہوا' پھر جس کے پاس بڑی رقم تھی اس کیلئے میں نے اور میرے دوست نے یَاقَهَّارُ کے ساتھ سورۂ انعام کی آیت نمبر 45 پڑھنا شروع کیا' بڑا مگرمچھ تھا' اس کا رزلٹ یہ پتہ چلا کہ اس نے ایک کاروبار میں لاکھوں روپے لگائے سب ڈوب گئے' ایک مرتبہ اس کے بھائی کی بیوی نے اسے اور اس کے چھوٹے بھائی کو زہر دینے کی بھی کوشش مگر وہ بچ گیا' اب اس کا کچھ نہیں بچا' سب کچھ ختم ہوگیا ہے۔ میں نے گاؤں میں ایک چھوٹی سی دکان ڈال لی ہے۔ اس کے علاوہ ماہنامہ عبقری میں آنے والے چند وظائف جو میں آزمائے اور دو عدد نسخہ جات عبقری قارئین کی نذر کرتا ہوں۔ جب بھی ٹریفک جام میں پھنسا سورۂ الم نشرح پڑھی فوراً راستہ ملا' ایک مرتبہ پائپ کی ساکٹ نہیں کھل رہی تھی یہ سورۂ پڑھی تو کھل گئی۔ سفر پر جاتے ہوئے گاڑی نہیں مل رہی تھی سورۂ قریش پڑھی تو گاڑی مل گئی' ایک مرتبہ بجلی کا بلب فیوز ہوگیا سورۂ قریش پڑھی بلب ٹھیک ہوگیا۔ ایک مرتبہ میں نے پیاز کی بوری لی انہوں نے اس کا وزن ایک سو پانچ کلو بتایا' میں نے سات مرتبہ اس پر سورۂ کوثر پڑھ کر دم کیا' وزن کروایا تو وہ 125 کلو پیاز نکلا۔ (ع۔آزاد کشمیر)

یاقادر یانافع اور میرے پوشیدہ مسائل

محترم حضرت علامہ لاہوتی پراسراری صاحب السلام علیکم! آپ کیلئے' حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کیلئے اور عبقری کی پوری ٹیم کیلئے اللہ تعالیٰ سے ڈھیر ساری دعائیں ہیں' اللہ آپ کی' حضرت حکیم صاحب اور پوری ٹیم عبقری کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور ترقی سے نوازے۔ آٹھ ماہ پہلے میں بہت سے مسائل میں مبتلا تھی' مجھے ایک پوشیدہ مسئلہ تھا' ڈاکٹرز کہتے تھے کہ یہ مسئلہ عمر کے ساتھ ساتھ خود بخود ٹھیک ہوجائے گا' اس سے بڑا مسئلہ میرے بدن کا بھاری ہونا تھا' چار یا ساڑھے تین سال سے یہ مسئلہ تھا' جب بھی لیٹ جاتی تو خوب نیند آتی اور پھر بدن بھاری ہوجاتا' جب بھی سوتی خواب میں کوئی چیز آکر میرے جبڑوں کو زور سے پکڑ لیتی' ڈر کے مارے ساری ساری پھر نیند نہ آتی' پھر میں نے آپ کا بتایا وظیفہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھنا شروع کردیا جس کا سب پہلے مجھے جو فائدہ ہوا وہ میرا پوشیدہ مسئلہ حل ہوگیا۔ اس کے ساتھ میں نے دفتر ماہنامہ عبقری خط لکھا' وہاں سے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے مجھے یَاحَکِیْمُ یَاعَزِیْزُ یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ کا وظیفہ بتایا' اس کی برکت سے الحمدللہ وہ بھاری پن اور مختلف خواب کا آنا نوے فیصد ختم ہوچکا ہے۔ اللہ آپ جیسے پاک لوگوں کی دعا ہمارے حق میں قبول فرمائے آمین! (م۔ر)

موتی مسجد میں گزرے چند لمحات' چند مشاہدات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ سال پانچ نومبر کو اپنے عزیزوں کے ہاں لاہور گئی تو کچھ دنوں کے بعد ہم گھومنے نکلے' ہم پہلے یہ سوچ کر بادشاہی مسجد لاہور گئے تھے کہ وہاں عصر کی نماز پڑھنی ہے' باہر بہت رش تھا' ساتھ گردوارہ ہونے کی وجہ سے سکھ برادری بہت زیادہ تھی شاید ان کا کوئی تہوار تھا۔ جب اور میرے دونوں بچے بادشاہی مسجد کی طرف بڑھے تو ہم شاہی قلعہ لاہور کی طرف بڑھ گئے' رش میں پتہ ہی نہ چلا اور ہم چلتے ہی جارہے تھے' تھوڑی دیر بعد ہم شاہی قلعہ لاہور کے مین دروازہ کے باہر کھڑے تھے' دیوقامت دروازہ کو دیکھتے ہی ہم پر حیرت و دلچسپی پر مبنی سحر طاری ہوگیا۔ ہمارے ذہن سے بادشاہی مسجد کا خیال نکلا اور ہم شاہی قلعہ کے ٹکٹ خرید کر اندر داخل ہوگئے۔

شاہی قلعہ کے اندر بھی کافی رش تھا' ہم نے کافی سیر کی' تھوڑی دیر بعد ہم ایک برآمدے میں داخل ہوئے' وہاں ساتھ ہی کینٹین تھی ہم نے کینٹین پر بیٹھے ہی تھے کہ نماز عصر کا وقت ہوگیا' میں نے اپنی بیٹی کو کہا عصر کہاں ادا کریں؟ تو سامنے سیڑھیاں کے ساتھ ہی ایک برآمدہ تھا' وہاں کچھ خواتین کھڑی تھیں' میری بیٹی بولی اندر چل کر دیکھتے ہیں شاید ادھر نماز کیلئے جگہ ہو اور جب ہم سیڑھیوں سے اوپر گئے تو دروازہ پر چھوٹا سا ''مسجد'' لکھا دیکھا اندر گئے تو دو تین لوگ تھے ہم نے جلدی سے نماز ادا کی' پھر ہم مسجد کو دیکھنے لگے' ایک کمرہ جو عورتوں کی نماز کیلئے ہے وہاں چھوٹا سا ''موتی مسجد'' لکھا تھا میں چونک گئی' ہم نے ماہنامہ عبقری میں ''موتی مسجد'' کا پڑھا تھا مگر یہ نہیں پتہ تھا کہ یہ ہے کہاں؟ وہاں ایک بندہ کھڑا تھا میں سیدھی اس کے پاس گئی' پوچھا کہ یہ ''موتی مسجد'' ہے؟ تو انہوں نے کہا ہاں یہی ہے' پھر میں نے پوچھا کہ اس کی امامت کون کرتا ہے تو بولے میں ہی کرتا ہوں' میں نے پوچھا یہ ماربل کتنے پرانے ہیں تو بولے یہ مسجد اڑھائی سو سال سے بند تھی' جب وہ یہ بات بتارہے تھے تو چند آدمی بھی آکر کھڑے ہوگئے' انہوں نے بتایا کہ یہ حکیم طارق محمود مجذوبی چغتائی صاحب نے کھلوائی ہے' میں دنگ رہ گئی' میری آنکھوں میں آنسو آگئے' امام صاحب کو دعا کیلئے کہا تو انہوں نے کہا جس دیوار پر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لکھا ہے وہاں بیٹھ کر ذکر کریں' ہم مغرب تک وہیں بیٹھے ذکر کرتے رہے' ان لوگوں نے ہمیں تبرک بھی دیا میں جہاں جوتے رکھتے ہیں وہاں اکیلی گئی تو ایک آدمی سفید کپڑوں میں مجھے کہنے لگے: آپ کو پتہ ہے یہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دور مبارک کے دو صحابی جن بھی رہتے ہیں' میں حیرانی سے انہیں دیکھ رہی تھی میں نے کہا آپ کو کیسے پتہ تو بولے مشاہدہ ہے' انسان کی شکل میں ہوتے ہیں۔ مغرب ہوئی تو امام صاحب نے صحن میں کھڑے ہوکر اذان دی اندر آخری کمرے میں اور میری بیٹی نماز پڑھ رہے تھے' بالکل اندھیرا ہوگیا تھا نماز پڑھ کر ہم دعا کررہے تھے' اتنی دیر میں ہمارے پیچھے آواز آئی تو امام صاحب کے ساتھ ایک آدمی تھا انہوں نے دروازے کے باہر تالا تھا وہ کھولا اندر جائے نماز بچھی ہوئی تھی وہ آدمی اندر چلا گیا اور پھر تالا لگا دیا ہم دو نفل پڑھ کر باہر آئے تو اتنا اندھیرا تھا کہ چاند کی روشنی تھی' امام صاحب نے مجھے اور میری بیٹی کو جائے نماز کا تحفہ دیا' ایک مجھے' ایک میری بیٹی کو ہم جب باہر آئے تھے ہر طرف ویرانی تھی' کوئی نظر نہیں آرہا تھا۔ عجب پراسراریت مگر نورانیت اور سکون ہی سکون تھا۔ ہم اسی جائے نماز پر نماز پڑھتے ہیں۔ (اُم حبیب اللہ، کراچی)

موتی مسجد جاکر دعا کی اور رشتوں کی آمد شروع

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کو اور آپ کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے اور آپ کا سایہ ہمارے سر پر ہمیشہ قائم رکھے اور لوگوں کو سیدھی راہ دکھاتے رہیں اور میں اپنے گھر کی بتاتی چلو جو وظیفے آپ نے دیئے اور تسبیحات دی ہیں ان کو میں باقاعدگی سے پڑھتی ہوں میرے گھر میں بہت سکون ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! ماہنامہ عبقری کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب نے موتی مسجد کے بارے میں تفصیل سے لکھا ہے' میری بیٹیوں کے رشتوں کے بہت مسائل تھے' رشتے کیا ہونے تھے کبھی نہ کسی نے بات کی اور نہ ہی کوئی دیکھنے آتا۔ میں اپنی بیٹیوں کے ہمراہ موتی مسجد گئی اور وہاں جاکر ان کے بہتر اور جلد رشتے کیلئے دعا کی۔

موتی مسجد میں دعا کے بعد دو سے تین دن کے اندر اندر رشتے آنے شروع ہوگئے مناسب سا رشتہ دیکھ کر بڑی بیٹی کی منگنی کردی ہے' انتہائی شریف اور کھاتے پیتے

مغرور و متکبر مہربان ہوجائے: اگر کوئی شخص اللہ پاک کا اسم مبارک یَاعَزِیْزُ پڑھ کر کسی مغرور و متکبر شخص کے سامنے جائے گا تو وہ مہربان ہوجائے گا۔

لوگ ہیں۔ دوسری بیٹی کے رشتے کی بات چل رہی ہے' امید ہے یہ رشتہ بھی ہوجائے گا اور دعا کریں کہ ان کے نصیب اچھے ہوں۔ (ن، ڈسکہ)

رشتہ کی سخت بندش موتی مسجد سے دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کو ایک عامل نے قابو کیا ہوا تھا' بہت وظائف پڑھے' بہت عاملین کے چکر کاٹے مگر کہیں سے بھی آرام نہ آتا' ہمیں کسی نے کہا کہ خانہ کعبہ جا کر دعا کریں تو پھر اس عامل سے جان چھوٹ سکتی ہے۔ پچھلے سال بڑے بیٹے کو سعودی عرب بھیجا تھا وہ پانچ ماہ دس دن کے بعد واپس آگیا۔ بیٹے نے خانہ کعبہ جا کر گڑگڑا کر اللہ سے دعا کی' اللہ تعالیٰ نے قبول کی اور میرے شوہر کی اس عامل سے جان چھوٹ گئی۔

اس کے بعد گزشتہ سال روحانی دم میں' میں' میرے شوہر اور چھوٹی بیٹی تسبیح خانہ آئے تھے' روحانی دم کروانے کے بعد ہم لاہور شاہی قلعہ میں موجود موتی مسجد میں گئے' میری بیٹی کے رشتہ پر شدید بندش تھی' رشتے آتے ہی نہ تھے اگر آتے بھی تھے تو دیکھ کر چلے جاتے اور پھر کوئی جواب نہ ملتا۔ ہم موتی مسجد جا کر بچی کے رشتے کیلئے اللہ سے دعا کی۔ ساتھ نوافل بھی ادا کیے۔ احمد اللہ! میری بچی کے رشتے آنا شروع ہوگئے ہیں' ایک رشتہ ہم نے دیکھا جو ہمیں بھی پسند ہے اور انہیں بھی۔ گزشتہ رمضان المبارک میرے شوہر نے تسبیح خانہ میں گزارا ہے اور الحمدللہ عیدالفطر کے بعد باقاعدہ منگنی کی رسم ادا ہوئی ہے۔ اللہ رب العزت ہماری غلطیاں معاف فرمائے۔ (امینہ' چیچہ وطنی)

موتی مسجد کا دیوبچہ اور میرا سفر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ پر بے شمار رحمتیں اور برکات نازل فرمائے۔ آمین! آپ کی توجہ سے محسوس ہوتا ہے کہ جب بھی میں دعا کرتی ہوں آپ بھی میرے لیے دعا کررہے ہوتے ہیں' ایک دن خواب میں دیکھا کہ میں اوپر سے دیکھتی ہوں تو رات ہے اور نیچے چاند ستارے نظر آتے ہیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب! میں گزشتہ ہفتہ موتی مسجد جارہی تھی تو جیسے ہی میں نے مزنگ چونگی کراس کیا تو موتی مسجد کا دیوبچہ مجھے لینے آگیا اور ساتھ چلنے لگا اور پھر جب تک میں واپس گھر نہیں آگئی وہ سفر میں میرے ساتھ رہا' اگلے دن جب میں پھر موتی مسجد گئی تو وہ بچہ پھر میرے ساتھ ہی رہا۔ جب میں نے موتی مسجد میں دوران نوافل سجدہ کیا تو مجھے بہت ہی گولڈن بازار نظر آئے اور اس میں چلتے پھرتے لوگ بھی نظر آئے۔ اس کے بعد موتی مسجد میں حضرت بابا بلھے شاہ رحمۃ اللہ علیہ' حضرت بابا فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ اور اس کے بعد حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کا دیدار نصیب ہوا۔

میں اتنی عالم فاضل نہیں ہوں مگر جب سے موتی مسجد جارہی ہوں میری کیفیات درج بالا ہوتی ہیں جو میں نے لکھ دی ہیں۔ ہاں! یہ ''دیوبچہ'' جب میں پہلی مرتبہ موتی مسجد گئی تھی تو وہاں کے جنات نے میرے ساتھ بھیجا تھا اب جب بھی میں موتی مسجد جاتی ہوں تو میرے ساتھ ہی جاتا اور آتا ہے۔

(صفیہ خورشید' لاہور)

محمد رسول اللہ نے مسائل کے چنگل سے نکال دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر حالات سے بہت مایوس ہوچکے تھے' مجھ سے ان کی حالت دیکھی نہیں جاتی تھی' کچھ سمجھ نہ آتی کہ ہم کیا کریں' کس طرح مسائل کے چنگل سے اور حاسدوں کے حسد سے باہر نکلیں۔ ماہنامہ عبقری ملا' اس میں موجود ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں دیا گیا ایک وظیفہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ پڑھنا شروع کردیا۔ تقریباً تین سے چار نصاب ہی مکمل کیے تھے کہ حالات نے رخ بدلا اور بہتری آنا شروع ہوگئی ہے۔ یاد رہے کہ ایک نصاب ستر ہزار کا ہوتا ہے۔ (ش۔ش)

اب جادو کا ہر وار جائے بے کار

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری جائیداد پر ایک قبضہ گروپ نے قبضہ کررکھا ہے' وہ مجھ پر اس قدر جادو کرواتے کہ کچھ نہ کرسکتا' اب بھی انہوں نے مجھ پر شدید ترین کالا سفلی جادو کروایا ہے میں بہت پریشان تھا' پھر مجھے میرے ایک عزیز نے ماہنامہ عبقری سے متعارف کروایا' عبقری پڑھا تو ایسے لگا جیسے میرے مسائل کا حل یہی ہے۔ میں نے جنات کا پیدائشی دوست مضمون میں سے یَاقَہَّارُ کا وظیفہ پڑھنا شروع کردیا اور ساتھ تھال میں پاؤں رکھ کر صبح وشام گیارہ سو مرتبہ یَاقَہَّارُ پڑھتا ہوں۔ اس عمل کو کرتے ہوئے مجھے ایک سال ہوگیا ہے' اب جادو ختم ہوچکا ہے الحمدللہ! اب بھی وہ مجھ پر گاہے بگاہے کالے جادو کا وار کرواتے ہیں مگر اس عمل کی بدولت بے کار جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ تسبیح خانہ میں آکر اب تک مسلسل چالیس درس سن چکا ہوں اور مزید کوشش ہے کہ کبھی ناغہ نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت فرمائے اور آپ کو خیر کثیر عطا فرمائے۔ (ارشد جاوید)

یاقہار پڑھا اور وہ چیزیں غائب ہوگئیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ماہنامہ عبقری گزشتہ تین سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ اس موجود وظائف بہت باکمال اور تیر بہدف ہوتے ہیں' دو انمول خزانہ ہر وقت ورد زبان رہتا ہے' کلاس روم ہو' کوئی محفل ہو' سفر ہو یا شادی بیاہ کی تقاریب الحمدللہ دو انمول خزانہ ہر وقت وردزبان رہتا ہے۔ اس کے علاوہ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ اس میں موجود یَاقَہَّارُ کا وظیفہ صبح وشام گیارہ تسبیح پڑھتی ہوں۔ ابھی پچھلے دنوں خواب دیکھا میں واش روم جانے لگتی ہوں تو واش روم کے دروازے پر کوئی لائٹ نما چیزیں ہوتی ہیں میرے بہنوئی بھی وہیں کھڑے ہوتے ہیں میں کہتی ہوں بھائی یہ پھر آگئی ہیں اب دیکھنا میں یَاقَہَّارُ پڑھوں گی تو چلی جائیں گی اور واقعی میں یَاقَہَّارُ پڑھتی ہوں تو وہ چیزیں غائب ہوجاتی ہیں۔ (ز۔ا)

جنات آتے رہے' وظیفہ پڑھتا رہا وہ مرتے رہے

محترم حضرت حکیم صاحب اور حضرت علامہ لاہوتی پراسراری صاحب السلام علیکم! آپ حضرات خیریت سے ہوں گے' عرصہ دوسال سے محترم حضرت حکیم صاحب سے بیعت ہوں مگر ملاقات کیلئے وقت ہی نہ ملا' میرے گھر کے

دل کی کمزوری کا روحانی علاج

جس شخص کا دل کمزور ہوچکا ہو اور وہ دن رات دوائیاں کھا کھا کر تنگ آگیا ہو ایسے شخص کیلئے یہ بہترین روحانی علاج ہے۔ حدیث شریف کا مفہوم ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے سورۂ یٰسین کو قرآن کریم کا دل قرار دیا ہے۔ دن میں پانچ نمازیں اللہ پاک نے فرض کی ہیں' جو بندہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے گا۔ اسے کبھی بھی ان شاء اللہ دل کا عارضہ نہیں ہوگا۔ اگر پہلے ہی دل کی کسی بیماری میں مبتلا ہے تو وہ بھی اللہ پاک ٹھیک کردیں گے۔ یہ بہترین روحانی علاج ہے۔ کیوں کہ اس علاج سے دل کے مسائل بھی حل ہوتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ قبر اور آخرت بھی بنتی رہتی ہے اس لیے ہر نماز کے بعد ایک دفعہ سورۂ یٰسین شریف پڑھ لیا کریں یا دن میں کسی بھی وقت اکٹھی پانچ دفعہ سورۂ یٰسین پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ بہت جلد فائدہ ہوگا۔

ہر قسم کی پریشانی دور کرنے کیلئے روحانی علاج

جو بہن بھائی اپنے مختلف مسائل کی وجہ سے پریشان ہیں اس چھوٹے سے عمل کی پابندی کریں۔ ان شاء اللہ ضرور پریشانی دور ہوگی۔ پہلے گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں اور پھر سات مرتبہ سورۂ والتین پڑھیں اور پھر گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں' ہر قسم کی پریشانی دور کرنے کیلئے یہ آزمودہ عمل ہے۔ (بندہ خدا' واہ کینٹ)

حالات کافی خراب تھے مگر میں نے اصول خزانہ نمبر ایک اور دو پڑھنا شروع کیا اور اس کے بعد کچھ ماہ سے یَاقَھَّارُ صبح و شام گیارہ سو مرتبہ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھتا ہوں' اس وظیفہ نے بہت کمال کا اثر کیا' مجھ پر کچھ اثرات تھے جو ختم ہونا شروع ہوگئے۔ میرے بہت سے مسائل تھے جن کو میں نے ذہن رکھ کر پڑھنا شروع کیا' یَاقَھَّارُ کے بعد اس ماہ کے ماہنامہ عبقری میں ماہانہ روحانی محفل میں بتایا گیا وظیفہ یَاخَالِقُ یَاقَادِرُ یَابَاسِطُ پڑھنا شروع کردیا۔

پندرہ بیس منٹ کے بعد جو ہم کو تنگ کرتے تھے وہ جنات آنا شروع ہوگئے اللہ کے فضل و کرم اور آپ کی دعاؤں کی برکت سے مجھے کوئی خوف نہیں ہوا' پہلے ایک جن آیا میری طرف منہ کرکے ادھر ادھر گرتا ہوا بھاگ گیا' اس کے بعد کئی جن اشارہ بھی کرتے رہے اور کچھ زبان سے جو مجھے سمجھ نہیں آرہی تھی مگر میں یہ سمجھا کہ یہ اشارہ کرکے کہہ رہے ہیں کہ وظیفہ نہ پڑھو' میں نے بائیں ہاتھ سے اشارہ کرکے کہا میں نہیں چھوڑوں گا اور اس کے بعد ایک جننی آئی اور وہ چارپائی پر گری اور اس کی روح نکل گئی' اس کے کچھ عورتیں آئیں انہوں نے اشارے سے باتیں کیں میں نے بھی اشارہ کے ساتھ جواب دیا اس کے بعد پھر مرنے کا کام شروع ہوگیا' مجھے ایسا محسوس ہورہا تھا کہ وہ فوت ہورہی ہیں پھر کئی جن اور جننیاں آتی رہیں اور مرتی رہیں کبھی ایک جن آتا اور مرجاتا' جو بچ جاتا وہ دوسروں کو اشارے سے کہتا کہ واپس چلے جاؤ' جن جو آتے تھے انہوں نے چادر قمیص پہنی ہوتی تھی اور جننیاں ننگے سر ہوتی تھیں' مرد میرے کبھی دائیں کبھی بائیں طرف کبھی آگے آکر مرتے تھے' پھر غائب' پھر دوسرے آتے رہتے سلسلہ چلتا رہا مگر میں الحمدللہ اللہ کے فضل' مرشد اور علامہ صاحب کی دعاؤں کی برکت سے بے خوف رہا بلکہ جب میں وظیفہ پڑھتا تھا تو مجھے جوش آجاتا تھا بدن کے رونگٹے کھڑے ہوجاتے تھے میرے پاس جو جنات لائے جاتے تھے ایک دو سانس آتے تھے اور مرجاتے تھے روحانی محفل کا وقت جو کہ ایک گھنٹہ ستائیس منٹ تھا مگر مجھے معلوم نہیں ہوا کہ دو گھنٹے اور دس منٹ ہوگیا یعنی 43 منٹ زائد ہوگیا' لائٹ جلائی ٹائم زیادہ ہوگیا تھا پھر میں نے پانی پر دم کیا اور دعا میں لگ گیا پانی کچھ میں نے پیا اور باقی اپنی اہلیہ اور بچوں کو پلا دیا۔ یہ جنات گزشتہ پندرہ سولہ سال سے تنگ کررہے تھے ان کی وجہ سے میری تین دکانیں اور ایک چار مرلے کا پلاٹ فروخت ہوچکا ہے۔ قرض پھر بھی باقی ہے' جنات رقم چوری کرکے لے جاتے ہیں' زیور چوری کرلیتے ہیں' زمین کے کاغذات چوری کرکے لے جاتے ہیں۔ رات کو چارپائی پر لیٹا تو یَاقَھَّارُ کا وظیفہ شروع کردیا جنات پھر مرنا شروع ہوگئے۔ میرے اوپر جادو کرنے والے مل کر آئے اور مجھے نوٹوں کا اشارہ کیا کہ یہ لے لو میں نے الٹے ہاتھ کا اشارہ کرکے انکار کردیا پھر تھوڑی دیر کے بعد آکر وہ مرگیا' میرا وظیفہ جاری تھا جس آدمی نے جادو کیا تھا وہ میری گود میں بیٹھ گیا اور میں نے کہا بزرگو آپ چلے جائیں تھوڑی دیر بعد وہ چلا گیا میں نے اپنا وظیفہ جاری رکھا اور جنات مرتے رہے۔ اس وظیفہ اور عبقری میں ہر ماہ آنے والے روحانی محفل کے وظیفہ نے مجھے جنات کے وار سے بچا کر رکھا ہوا ہے۔ (علم الدین' شیخوپورہ)

فوری مشکلات ٹالنے کا راز! ابھی جان لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عملیات سیکھنا چاہتا تھا مگر گھر والوں کی طرف سے مجھے اس کی اجازت نہ ملی' والد کے انتقال کے بعد میں دکان سنبھالنے لگا اور ساتھ ہی میں نے اپنی تعلیم بھی جاری رکھی' مجھے عملیات سیکھنے کا اس قدر جنون تھا کہ اگر کہیں سے کوئی چیز کوئی بتادیتا تو میں اسے ضرور کرتا تھا' تین ماہ پہلے میرے بھائی کی شادی ہوئی جس میں ہمیں بہت پریشانیاں اٹھانا پڑیں تب ہمارے گھر عجیب وغریب واقعات رونما ہونا شروع ہوگئے سب سے پہلے الماری کے اوپر سے ڈبہ جس میں سامان بھرا پڑا تھا میری بہن کے اوپر گرا لیکن اللہ کے فضل سے کوئی نقصان نہ ہوا تب میں نے پہلی بار عبقری کی ویب سائٹ اور فیس بک پر یَاقَھَّارُ والا وظیفہ دیکھا' یَاقَھَّارُ پڑھتے پڑھتے مجھے غنودگی کی کیفیت ہوئی اور میں نے محسوس کیا میں اکیلا کمرے میں لیٹا ہوا ہوں اور یاقہار کا ورد کررہا ہوں ساتھ ہی کمرے کی دیواروں پر سانپ جن کا رنگ لال اور ان پر سفید دھبے ہیں وہ دیواروں پر چڑھ رہے تھے ساتھ ہی میں ورد کررہا تھا تھوڑی دیر میں وہ سارے سانپ واپس جانا شروع ہوگئے' اس کے بعد میں یَاقَھَّارُ کا ورد کثرت سے کرنا شروع کیا اور جب بھی مشکل ہوتی ہے پڑھتا ہوں اور مشکل حل ہوجاتی ہے یا کوئی راستہ مل جاتا ہے۔ (شعیب انور' کراچی)

پڑھ تو سہی! یہی تیرے مسائل کا حل ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو' آپ کی نسلوں کو' عبقری اور تسبیح خانہ سے منسوب ہر فرد اور اس کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے۔ آمین! محترم! میں پہلے عبقری کو عام سا رسالہ سمجھتا تھا' کبھی کبھار پڑھ لیتا' اسی دوران آپ کو دو مرتبہ خواب میں دیکھا' حقیقت میں پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا' آپ کرسی پر براجمان' نورانی چہرہ' سفید داڑھی' سفید عمامہ اور لباس پہنے ہوئے ہیں' لائن میں کھڑے لوگوں کو خشوع خضوع سے وظائف بتارہے ہیں۔ غیبی آواز آتی ہے کہ یہی حکیم صاحب عبقری والے ہیں ان کے پاس تمہارے مسائل کا حل ہے وہاں سے ٹوکن لے کر لائن میں لگ جاؤ اور میں ٹوکن لینے لائن میں لگ جاتا ہوں اور آنکھ کھل جاتی ہے۔ پھر ایک سال تک ملاقات کیلئے کوشش کرتا رہا لیکن ناکام رہا' پھر ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں کلمہ طیبہ کو پڑھا تو نظرانداز کردیا' کمالات نے حیران تو کیا اور پڑھ کر خوشی بھی بہت ہوئی۔ چند دنوں بعد مجھے اپنی پرانی کتابوں میں سے ایک کتاب ملی' اس کتاب میں کلمہ طیبہ کی فضیلت' قرآن وحدیث کے حوالے سے اہمیت' لوح قلم نے کس طرح اللہ کے حکم سے ہزاروں سالوں میں لکھا سب کچھ تفصیل سے پڑھا۔ اس وقت میرے دل کی دھڑکن بہت تیز ہوگئی اور رونگٹے کھڑے ہوگئے اور اندر سے آواز اٹھی کہ یہی تیرے مسائل کا حل ہے اسی کو ساری زندگی جاری رکھ جو کمالات کھلے آپ کی خدمت میں گوش گزار کرنا چاہتا ہوں

روزانہ دس ہزار مرتبہ پڑھا (لا الہ الا اللہ کا ستر ہزار مرتبہ پڑھا اور پھر محمد رسول اللہ ستر ہزار مرتبہ پڑھا) پہلے ہی دن سے کمالات ظاہر ہونا شروع ہوگئیں۔ شیرخوار بچے دیکھ کر مسکرانے لگے۔ گھریلو لڑائی میں نمایاں کمی۔ گناہوں سے نفرت اور ندامت کے آنسو بہتے تو بہتے ہی جاتے اور رب تعالیٰ سے معافی مانگتا جاتا۔ رات کو نیند میں بھی زبان پر کلمہ محسوس کرتا۔ سب سے بڑھ کر پاکیزگی کا حصول ہوا۔ تہجد کی پابندی ہوگئی۔ چوبیس گھنٹوں میں سے پرسکون تین سے چار گھنٹے کی نیند باقی وقت کلمہ طیبہ زبان پر ہوتا۔ پنج گانہ نماز کی پابندی' اگر کسی وجہ سے جماعت رہ جاتی تو رو رو کر اللہ سے معافی مانگتا۔ جو سوچتا یا دل میں کوئی بات ہوتی اس کے ہونے کے نمایاں آثار نظر آنے لگتے۔ جو مانگتا دعائیں قبول ہونا شروع ہوگئیں۔ میرے روزمرہ کے کاموں میں رکاوٹیں دور ہوتی ہوئی نظر آئیں۔ ایک رشتہ دار کئی مہینوں سے ناراض تھی اس کیلئے دعا کی چند دنوں بعد خواب میں دیکھا کہ وہ واپس آگئی ہے اور واقعی اسی دن ہی واپس آگئی' میرے اور میری بہن کے رشتوں میں ظاہری رکاوٹیں دور ہونے کے آثار نظر آنے لگے۔ ایک دن فجر کی نماز مسجد میں پڑھ کر اشراق کے دو نفل پڑھے اور گھر آکر لیٹ گیا' وہیں اونگھ آگئی' دیکھتا ہوں کہ ایک بہت ہی خوبصورت معصوم بچی میرے سر پر ہاتھ پھیر رہی ہے اور اس کی ماں میری پشت پر ہاتھ والے پنکھے سے ہوا دے رہی ہے اور مسکرا رہی ہے۔ تو میں بچی کو ڈانٹتا ہوں کہ تنگ نہ کرو سونے دو تو وہ اپنی ماں کے پاس ناراض ہوکر چلی جاتی ہے اور اس کی ماں

مسکرا کر میرے کندھے پر شفقت سے اور مامتا بھرے انداز میں تھپکی دے کر چلی جاتی ہے' آنکھ کھلتی ہے تو واقعی ٹھنڈی ہوا کا جھونکا کمرے میں محسوس کیا کیونکہ گرمیوں کے دن تھے اور لائٹ بھی گئی ہوئی تھی اس خواب کے بعد او زیادہ کلمہ پڑھنے لگا' کلمے سے اور بھی زیادہ محبت ہوگئی۔ آپ سے ملاقات کا شرف بھی اسی کلمے کی وجہ سے حاصل ہوا۔ مختلف جگہوں سے خود ہی ملازمت کی آفرز آنے لگی' یہ سب صرف پانچ ہفتوں کا عمل ہے' کلمہ جتنا بھی پڑھوں پھر بھی اس کی کمی محسوس کرتا ہوں اور آنسو آجاتے ہیں۔ بہت تڑپ ہے بعض اوقات زبان پر خود ہی کلمہ آجاتا ہے۔ اس کے علاوہ کئی سال پہلے بینک سے سود پر قرض لیا تھا جو کہ پہلے سے بہت زیادہ ہوگیا تھا' سود دن بدن چڑھ رہا تھا' اب اللہ تعالیٰ نے یک مشت پیسوں کا بندوبست کردیا ہے اور بینک میں سارے پیسے جمع کروا دیئے ہیں اور اللہ ہمیں اس زہر سے بچائے رکھے۔ آمین! (بلال احمد' شیخوپورہ)

خون میں لت پت جن آخری سانسیں لے رہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ساتھ بہت سے مسائل تھے سب سے پہلے یہ کہ خاوند کی وفات کے بعد بہت مشکلات کا شکار ہوگئی' ان کے دنیا سے چلے جانے کے بعد ہر رات سوتے وقت گھر سے ایسی آوازیں آتی تھیں جیسے کوئی بکرے کو ذبح کررہا ہو' اس کے بعد سیڑھیوں سے گری جس کی وجہ سے ریڑھ کی ہڈی کریک ہوگئی' اس کے بعد چھ ماہ بیڈ ریسٹ رہا اس کے بعد تقریباً سات ماہ ٹھیک رہی' اس کے بعد پھر گرگئی اس کی وجہ سے بائیں ٹانگ کا گوشت پھٹا اور ہڈی نے اپنی جگہ چھوڑ دی اور وہ سوتے وقت آوازوں کا سلسلہ جاری رہا۔ اس کے بعد میں نے ماہنامہ عبقری میں سے دیکھ کر لفظ یَاقَھَّارُ کھلا پڑھنا شروع کردیا' مسلسل چھ ماہ یہ ورد جاری رکھا' اس کے بعد میں نے خواب دیکھا کہ میں گھر کی سیڑھیوں کے پاس کھڑی ہوں اور لمبا سا آدمی ہے اور مجھے پکڑنے کی کوشش کرتا ہے لیکن میں بچ جاتی ہوں اور وہ سیڑھیوں سے گر جاتا ہے۔ یہ عمل دو سے تین مرتبہ ہوتا ہے اور آخر میں وہ جب نیچے گرتا ہے تو وہ خون میں لت پت ہوتا ہے اور جیسے آخری سانسیں لے رہا ہو۔ وظیفہ یَاقَھَّارُ اب بھی جاری ہے اور گھر میں کافی سکون آگیا ہے۔ اس وظیفے کے ساتھ ماہنامہ عبقری سے دیکھ کر جو وظائف کرتی ہوں ان میں صبح فجر کے بعد 'یا اللہ تیرا شکر ہے' **دوسری تسبیح:** یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ۔ **تیسری تسبیح:** سورۂ توبہ کی آخری۔ **چوتھی تسبیح:** سورۂ کوثر۔ **پانچویں تسبیح:** پہلا کلمہ طیب۔ **چھٹی تسبیح:** سورۂ اخلاص۔ 786 مرتبہ بسم اللہ۔ استغفار۔ آیت کریمہ۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔ سُبْحَانَ اللہ۔ درود ابراہیمی پڑھتی رہتی ہوں۔ اس کے علاوہ قرآن کریم کی تلاوت بھی کرتی ہوں۔ (افشاں مشتاق' ملتان)

حاسدوں کا حسد' جادوگروں کا جادو کدھر گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ ہوا علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے بتائے وظیفہ یَاقَھَّارُ کو صبح و شام گیارہ سو مرتبہ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کیا' مجھے اس کے پڑھنے سے بہت فوائد ملے۔ مگر جو بات انتہائی قابل ذکر ہے وہ یہ ہے کہ مجھے خواب میں ایسے حالات نظر آئے جو میری زندگی سے میل کھاتے تھے۔ حاسدوں کا حسد اور جادوگروں کے جادو سب نظر آگئے اور آہستہ آہستہ سب ختم ہوگیا۔ ایک خواب جو خاص طور پر قابل ذکر ہے وہ یہ ہے کہ میں نے دیکھا کہ میری فیملی ہے اور میرے ذہن میں ہے کہ میری بہن فوت ہوگئی ہے اور میں بہت افسوس میں ہوں' پھر گھر کے باہر مجھے ایک درخت کے پیچھے چارفٹ کی نو یا دس سالہ بچی نظر آئی۔ اس کا رنگ کالا تھا' بال بے حد الجھے ہوئے' گندے ناخن لمبے' پھٹے پرانے غلیظ کپڑے اور کمزور سی تھی اس کو میں نے بالوں سے پکڑا اور گھر کے اندر لا کر اپنے ابو کے کمرے میں لائی اور کہا کہ اس نے میری بہن کو مارا ہے' پھر میں نے اس کو بیڈ پر الٹا لٹا دیا اور ابو نے اور میں نے اس کو خوب مارا' پھر میں نے اس کو اتنا مارا کہ وہ چیخیں مارنے' پھر ابو نے اس کے بال پکڑے اور تھوڑے سے کاٹے' وہ اتنا چیخی چلائی مگر میں نے اس کو اٹھنے نہیں دیا۔ ابو پوچھتے رہے کہ کس نے تجھے بھیجا ہے بتادے' مگر نہیں بولی' پھر اور بال کاٹے۔ وہ مزید چلائی مگر بتایا نہیں پھر میں نے اس کو اپنی کہنیوں سے مارا۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔ آج بھی جب سوچنے بیٹھوں تو رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں میری ہر بہن' ہر ماں' بیٹی سے التماس ہے کہ اپنی زندگی میں تھوڑا سا وقت اپنے نصیب کو ضرور دیں اور اس کے لیے عبقری کا دامن پکڑلیں اور پھر یَاقَھَّارُ سے رشتہ جوڑلیں۔ میرے عظیم حکیم صاحب کے بعد میں بھی اس کیلئے سو فیصد پراعتماد ہوں۔ ان شاء اللہ۔ اللہ کے بعد عبقری کا ہر وظیفہ ہر عمل آپ کی زندگی کو جنت اور قبر کو جنت الفردوس بنادے گا۔ اللہ عبقری ٹیم اور حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو تاقیامت فیض بانٹتا رکھے۔ آمین۔ (ج ط خ)

میری امی کی کہانی اور یاقہار کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری امی جب پانچ سال کی تھیں تو امی کو محسوس ہوتا تھا کہ ان کے پیچھے کوئی چیز ہے' مڑ کر دیکھتیں تو نظر نہ آتا' پھر پاکستان بنا اور امی کا پورا خاندان انڈیا سے پاکستان آگیا' پھر امی کی شادی ہوگئی پر امی اکثر رات کو ڈر جاتی تھیں' اباجی امی سے بہت پیار کرتے تھے' ہمارا برف کا کارخانہ تھا' سب ختم ہوگیا' اب سب نوکریاں کررہے ہیں ابو کو ہم سب بچوں سے امی سے بہت پیار تھا۔ ہمارے گھر اگر کوئی فوتگی والے گھر سے بھی کوئی آجائے تو امی ڈر جاتی' ایک دن امی کی طبیعت بہت زیادہ خراب تھی' ویسے امی کو ہائی بلڈ پریشر' یرقان' معدہ کی گرمی' مسوڑھوں سے خون یہ سب بیماریاں ہیں جوڑوں کے دردوں نے الگ پریشان کیا ہوا ہے چل پھر نہیں سکتیں۔ ایک دن امی بہت زیادہ بیمار تھیں' میں نے امی سے کہا امی جان آپ علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا بتایا وظیفہ یَاقَھَّارُ پڑھیں میں کھانا کھا کر آتی ہوں' میں آدھے گھنٹے بعد امی کے پاس گئی تو امی نے بتایا کہ میں نے یَاقَھَّارُ پڑھا ہے' میرے اندر سے دو جن نکلے ہیں۔ میری امی نے بتایا کہ میں یہ وظیفہ گزشتہ آٹھ دن سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ ایک بوڑھی جنی ہے جو انڈیا میں تمہاری دادی کے گھر گرگئی ہے میں ورد زیادہ پڑھنے لگ پڑی وہ اٹھی اور بطخ بن کر دروازے کے باہر چکر لگانے لگی' مجھے کہتی ہے میں تمہارے گھر سے نہیں جاؤں گی یعنی اس گھر جہاں ہم اب رہ رہے ہیں۔ پھر میری والدہ نے مزید پڑھا تو ان چیزوں نے تنگ کرنا چھوڑ دیا۔ ہم نے جب بھی کسی بھی مسئلے میں یَاقَھَّارُ پڑھا ہے ہمیں اس کا فوری فائدہ ہوا ہے۔ سردیوں میں مجھے رات کوئی بار کسی چیز نے ڈرایا میرے منہ سے یَاقَھَّارُ نکلا' یقین کریں مجھے لگا جیسے میرے پیچھے آگ لگ گئی ہو جب کوئی چیز ڈراتی ہے تو نہ ہلا جاتا ہے نہ آواز نکلتی ہے۔ جب بوجھ ختم ہوا میں نے اپنی کمر کو ہاتھ لگایا تو وہ بہت گرم تھی جیسے واقعی کسی چیز کو آگ لگ گئی ہو' پھر مجھے چیخنے کی بھی آواز آئی۔ یہ سب یَاقَھَّارُ چند بار پڑھنے سے ہوا۔ پھر فروری میں آدھی رات کو میرے معدے میں شدید درد اٹھا' اس وقت میں اور تو کچھ نہ کرسکی کمرے میں اٹھ کر چلنا شروع کردیا اور درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کردیا دس پندرہ منٹ کے اندر اندر درد بالکل ختم ہوگیا پھر جب میں نے ٹیسٹ وغیرہ کروائے تو ڈاکٹر نے کہا کہ معدے اور جگر میں سوجن ہے لیکن جس وقت یَاقَھَّارُ پڑھتی درد ختم ہوجاتا۔ میری بہن جو مجھ سے بڑی ہے وہ بھی ڈر جاتی ہے میری بہن کو مچھر بہت کاٹتا ہے وہ کہتی ہے ایک مچھر ہر وقت میرے اردگرد رہتا ہے مگر جب میں یَاقَھَّارُ پڑھتی ہوں تو غائب ہوجاتا ہے۔ ہمیں کوئی مسئلہ ہو ہم یَاقَھَّارُ پڑھتے ہیں ہمارا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ (ایک بہن' ننکانہ صاحب)

مرنے کے بعد مغفرت: اگر کوئی شخص ہر روز نماز عصر کے بعد اسم مبارک یَاغَفَّارُ کو 101 مرتبہ باقاعدگی سے پڑھنا اپنا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے مرنے کے بعد اس کی مغفرت فرما دیتا ہے۔

یہ وظیفہ نہ پڑھ ہمیں آگ لگ جائے گی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کے رسالہ عبقری سے ہمیں بہت فائدہ ہوا ہے' آپ کی شکر گزار ہوں کہ بغیر کسی نفع کے آپ لوگوں کی مدد کرتے ہیں۔ میں' میری امی' چھوٹی بہن علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا بتایا ہوا وظیفہ یَاقَهَّارُ سارا دن کھلا پڑھ رہے ہیں اس سے ہمیں بہت زیادہ فائدہ ہوا پہلے اگر خواب میں جنات نظر آتے تھے تو وہ ہمارے جسم میں جاتے ہوئے محسوس ہوتے تھے یا ہمارا کسی چیز کا نقصان کرتے تھے لیکن یَاقَهَّارُ کے عمل سے اب اگر خواب میں کبھی یہ چیزیں نظر آئیں تو یہ گھر سے یا کمرے سے باہر چلے جاتے ہیں۔ امی کو تو اب آوازیں آتی ہیں کہ ہم تمہارے گھر نہیں آسکتے اندر تو آگ ہے' اس لفظ کی وجہ سے ہمیں آگ لگ جاتی ہے۔ اس کے علاوہ وضو کے بعد تین گھونٹ پیتے ہی ہر مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ امی اور چھوٹی بہن کے سر میں بہت جوئیں تھی یَاقَهَّارُ کے عمل وہ بھی ختم ہوگئی ہیں۔ (بسمہ' سرگودھا)

جادو واپس پلٹا اور ظالم جنات رو پڑے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری شمارہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' نے ہماری زندگی میں سکون بھر دیا ہے۔ علامہ صاحب کے بتائے وظیفہ یَاقَهَّارُ کو ہم سب نے مل کر پڑھا اور بے شمار پڑھا۔ پھر ہمارے گھر سے جنات کے رونے کی آوازیں آنا شروع ہوگئیں' ادھر پتہ چلا کہ جنہوں نے ہم پر جادو کروائے تھے ان کے نقصانات ہونا شروع ہوگئے' جادو پلٹ کر واپس جارہا' ان کے گھر میں لڑائی جھگڑے شروع ہوگئے' جادو جو پلٹ کر گیا خود ہی بدلے لے رہا' بڑی عجیب سے باتیں سامنے آئیں۔ ان کے بہت زیادہ نقصانات ہونا شروع ہوگئے چونکہ وہ ہمارے عزیز تھے کہیں ان کا جانی نقصان نہ ہوجائے اس لیے ڈر کر پڑھنا چھوڑ دیا۔ (پوشیدہ)

دانتوں سے ناخن کاٹتے انگلیاں بھی کھا گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری ایک سہیلی ہروقت اپنے ناخن کاٹتی رہتی ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ جب مجھے کسی بات پر غصہ آئے یا پھر سامنے والے کی بات مذاق میں بھی بری لگے تو میں اپنے ناخن کھا کھا کر اپنی انگلیاں زخمی کرلیتی ہوں۔ اس نے اس سلسلے میں خواب بھی دیکھا تھا کہ کوئی اسے یَاقَهَّارُ کا وظیفہ دیتا ہے کہ تم یہ پڑھو اور حقیقت میں اس نے یہ پڑھا تو اس کی پریشانی دور

ہوگئی۔ اب وہ بالکل تندرست ہے۔ (سعدیہ)

جن نے کہا میں تمہاری شادی نہیں ہونے دوں گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک ٹیچر ہوں اور عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' اس میں موجود وظائف خود بھی کرتی ہوں اور اپنی سٹوڈنٹس کو بھی بتاتی ہوں سب کو خوب فائدہ ہوتا ہے۔ میری ایک سٹوڈنٹ ہے اس کے گھر میں جنات کے اثرات تھے' جنات انہیں نظر بھی آتے تھے' گھر والوں کو بہت نقصان پہنچاتے تھے رشتوں میں بھی رکاوٹیں تھیں' کہتے تھے ہم شادی' نکاح کسی کا نہیں ہونے دیں گے ان سب گھر والوں سے باتیں کرتے تھے۔ میں نے انہیں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا بتایا وظیفہ یَاقَهَّارُ پڑھنے کو بتایا۔ ان سب گھر والوں نے سارا دن اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے وضو بے وضو اسم الٰہی یَاقَهَّارُ پڑھا' وظیفے کے دوران بہت مشکلات آئیں مگر تمام گھر والے ثابت قدم رہے۔ کچھ ہی عرصہ کے بعد گھر کے حالات بالکل ٹھیک ہونا شروع ہوگئے۔ سب بہنوں کی شادیاں بھی ہورہی ہیں اور پریشانیاں بھی ختم ہورہی ہیں۔ الحمدللہ! (طاہرہ' سرائے صالح)

ناف پر ہاتھ رکھ کر یاقہار پڑھنے کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بہت زیادہ مسائل میں الجھی ہوئی تھی' کبھی کبھی دل چاہتا تھا کہ خودکشی کرلوں' میں سب پر بوجھ بن گئی تھی' سارا گھر میری وجہ سے پریشان مگر میں مجبور تھی بہت زیادہ مجبور اور بے بس۔ پھر مجھے میری دوست نے عبقری سے متعارف کروایا' عبقری رسالہ پڑھا اس میں سے دیکھ کر دو انمول خزانہ پڑھنا شروع کردیا۔ پھر مجھے عبقری کی ویب سائٹ سے آپ کے درس کا معلوم ہوا' میں ہروقت آپ کا درس سنتی رہتی' بس کمپیوٹر پر آپ کا درس لگایا اور کچن میں کام کرتی رہتی اور ساتھ درس بھی سنتی رہتی۔ درس سنتے ہوئے دو یا تین روز گزرے تھے کہ آپ نے ایک درس میں لفظ یَاقَهَّارُ کا بتایا جو کہ نماز کے بعد ناف پر انگلی رکھ کر پڑھنا تھا' میں نے یہ عمل کرنا شروع کردیا۔ بس عمل کی برکت سے جو دعاؤں اعمال اور نمازوں میں رکاوٹ آگئی تھی اور جو شیطان نے میرے دل میں پردہ ڈال دیا تھا وہ شیطان کا جال ٹوٹ گیا' توجہ اور دھیان واپس آگیا۔ میں رونا بھول گئی' سارے خوف ختم ہوگئے' اکیلا پن ختم ہوگیا' ایسا لگا جیسے کسی نے میرے اندر بجلی بھر دی ہو۔ آپ کی توجہ' دھیان اور دعاؤں کی طالب ہوں۔ (عظمیٰ کمال)

ارے یہ تو معجزہ ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ مجھ جیسی دکھوں کی ماری کیلئے مشعل راہ ہے' میں پیدا ہوئی تو میرے باپ نے میری ماں کو گھر سے نکال دیا' ساری زندگی ماں کے ساتھ میکے میں گزاری' مجھے پڑھایا لکھایا اور پھر میری شادی ایک ایسے انسان کردی جس میں پیار' محبت یا احساس نام کی کوئی چیز نہیں۔ آگے دکھوں کی ایک طویل داستان ہے جو اگر میں لکھنے بیٹھ جاؤں تو شاید ایک مکمل کتاب بن جائے۔ ماہنامہ عبقری کے ساتھ میرا تعلق تقریباً ڈیڑھ سال پرانا ہے' میں نے کسی کے گھر سے لے کر آپ کا رسالہ پڑھا تو اس میں سے میں نے علامہ لاہوتی صاحب کا بتایا وظیفہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھا' اس کے فضائل و کرامات پڑھے تو میں حیران رہ گئی مجھے اپنے دکھوں کا مداوا یہی وظیفہ لگا۔ میں نے اسی دن سے محمد رسول اللہ پڑھنا شروع کردیا' پہلے تو مجھے مختلف قسم کے خواب آنا شروع ہوگئے تو میں ڈر گئی' پھر میں نے خواب دیکھا کہ دو اونٹوں کے درمیان میرا سر پھنسا ہوا ہے میں بڑا شور کرتی ہوں مگر مجھے کوئی نہیں بچاتا' میں کہتی ہوں کہ مجھے محمد رسول اللہ ہی بچائے گا تو اونٹ مجھے چھوڑ دیتے ہیں۔ پھر ایک ہفتے کے بعد میرا بیٹا چھت سے سر کے بل گر پڑا اور اس کے پر شدید چوٹ لگی' ہر دیکھنے والے نے کہا کہ یہ نہیں بچے گا مگر میں نے دیوانوں کی طرح اپنے اللہ کو محمد رسول اللہ کے واسطے دیئے اتنی سانس نہیں لی جتنا اس کا ورد کیا اور آپ یقین کریں جب ہم ہسپتال پہنچے تو میرا بیٹا خود ہی اٹھ کر بیٹھ گیا' ڈاکٹرز نے مکمل چیک اپ کیا اور بغیر کوئی دوائی دیئے ہمیں چھٹی دے دی کہ آپ کا بیٹا بالکل ٹھیک ہے' جب ہم گھر واپس آئے تو میرا بیٹا اپنے قدموں پر چل رہا تھا ہر دیکھنے والا کہہ رہا تھا کہ یہ تو معجزہ ہوگیا۔ اس کے علاوہ میرے ماموں کو چار ماہ پہلے ٹائیفائیڈ ہوگیا تو میں نے پاگلوں کی طرح دو انمول خزانہ نمبر دو پڑھا اس کے علاوہ صبح و شام یَاقَهَّارُ کی گیارہ گیارہ تسبیح اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ اور اذان والا عمل کیا تو تو میرے ماموں بالکل ٹھیک ہوگئے۔ میرے میاں جب چاہتے ہیں مجھے مہینوں چھوڑ کر چلے جاتے ہیں اور میرا خرچہ بند کردیتے ہیں میں نے ماہنامہ عبقری میں سے ہی دیکھ کر ایک عمل اول و آخر تین مرتبہ درود شریف ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اپنے میاں کی روح کو ہدیہ کیا تو آپ یقین کریں کہ میرے میاں صرف پانچ دن بعد ہی میرے پاس واپس آگئے۔ (پوشیدہ)

سپلی پر سپلی لینے والے سٹوڈنٹس ضرور پڑھیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری گزشتہ دو، تین سال سے پڑھ رہا ہوں اور آپ کے درس

بھی سنتا ہوں' میرے بھائی مجھ سے راضی آپ کی وجہ سے ہوئے ہیں کیونکہ میں نے آپ کے درس سن کر اللہ سے دعا مانگی کہ مرنے سے پہلے پہلے میں سب سے راضی ہوجاؤں اور میری دعا قبول ہوئی۔ میں عبقری رسالہ بھی بہت شوق سے پڑھتا ہوں خاص طور پر اس میں موجود ''جنات کا پیدائشی دوست'' میرا پسندیدہ ہے' اس میں بہت کمال کے وظائف ہوتے ہیں' اس میں سے دیکھ کر میں کلمہ کا پہلے حصہ یعنی لا الہ الا اللہ کے تقریباً 89 نصاب پڑھے' اس کے پڑھنے سے میرے بہت سے کام بنے' میرا بیٹے کی تقریباً دو سال سے سپلی پر سپلی آرہی تھی' اس کی میٹرک سائنس میں کلیئر ہوئی' میرے ایک دوست نے مجھ سے ستر ہزار روپے کاروبار کیلئے لیے جو کہ واپس نہیں دے پارہا تھا میں نے دو سے تین نصاب پڑھے تو اس نے مجھے خود بلا کر شکریہ کے ساتھ پیسے واپس کردیئے۔ (ع۔ش)

''سکن پرابلم'' کا آزمودہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے گزشتہ آٹھ سال سے سورائسز (سکن پرابلم) ہے۔ پہلے میرے پورے جسم پر زخم تھے میں نے بہت علاج کروائے وقتی طور پر ٹھیک ہوجاتا تھا مگر پھر کہیں نہ کہیں زخم بن جاتے تھے۔ میں نے ایک مرتبہ آپ کے درس میں سنا تھا کہ چہرے پر دانے' سکن پرابلم کی ایک وجہ نظر بد بھی ہوتی ہے جس کی طرف لوگوں کا دھیان نہیں جاتا۔ پھر گزشتہ رمضان المبارک کے عبقری خاص نمبر میں یَاقَھَّارُ کا پڑھا' میں نے سارا دن کھلا یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کردیا۔ اس کے ساتھ عبقری شمارہ کے آخری صفحات میں دیسی کریم کے بارے میں پڑھا تو دفتر ماہنامہ عبقری سے وہ بھی منگوالی' الحمدللہ وظیفہ یَاقَھَّارُ پڑھنے اور دیسی کریم لگانے کے بعد میرے جسم سے زخم صاف ہوگئے ہیں اور جلد صاف ہوتی جارہی ہے۔ (ف،ل)

نوکری بھی ملی اور شادی بھی ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً چار سال سے عبقری کی قاریہ ہوں' عبقری میں بتائے جانے والے وظائف بہت ہی اچھے ہوتے ہیں' میں نے بہت جگہ ٹیچرز کی نوکری کیلئے اپلائی کیا تھا مگر کہیں سے بھی مجھے کوئی جواب نہ ملتا' مگر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں بتایا وظیفہ وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی ﴿والضحیٰ:٥﴾ سارا دن کھلا پڑھنے کی برکت سے مجھے ایک پرائیویٹ کالج میں لیکچرار کی نوکری مل گئی اور میرا روزگار کا مسئلہ حل ہوگیا اس کے علاوہ میری شادی کہیں طے نہیں ہورہی تھے' رشتہ دیکھنے والے آتے دیکھتے اور چلے جاتے' اگر کسی کو رشتہ پسند آتا تو وہ میرے والدین کو پسند نہ آتے۔ خیر میں نے شادی کیلئے بھی اسی وظیفے کو آزمایا اور میرا شادی کا مسئلہ بھی حل ہوگیا' واقعی یہ آیت تو ہر مسئلہ کیلئے بہت ہی زبردست اثر رکھتی ہے۔ میری زندگی میں اس آیت کے ورد سے بہت زیادہ تبدیلی رونما ہورہی ہے۔ الحمدللہ! مجھے بہت ہی اچھے بااخلاق اور عزت کرنے والے شوہر ملے ہیں۔ (ق،م۔چکوال)

گندے کالے سفلی عمل کی کاٹ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں گزشتہ تین سال سے ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھا جاتا ہے اور ہم اس سے کافی رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ میرے گھر میں گزشتہ دو ماہ سے کافی عجیب قسم کے واقعات ہورہے تھے' میری درمیان والی بیٹی کے کپڑے بلیڈ سے کٹنے شروع ہوگئے' اس کے بعد میرے شوہر کی قمیص میں سے ایک ٹکڑا بڑی صفائی سے کاٹ لیا گیا' انہوں نے اتاری بالکل ٹھیک تھی' مگر جب صبح پہننے کیلئے پکڑی تو قمیص کٹی ہوئی تھی۔ اسی طرح بیڈ شیٹ کٹی ہوئی ملی' ایک دن کام والی برتن دھو رہی تھی تو اس کے سویٹر کا بازو جگہ جگہ سے کٹا ہوا ملا۔ مہینہ بعد بیٹی کے پرس سے دو ہزار غائب ہوگئے' اس کے صرف پندرہ دن بعد چار ہزار غائب ہوگئے۔ اب گزشتہ ایک مہینے سے بیڈ کے میٹرس کے اوپر والا حصہ تو بالکل خشک ہوتا ہے اور نچلا حصہ پانی سے اتنا گیلا ہوتا ہے کہ جیسے کسی نے دھو دیا ہو۔ میں نے میٹرس کے نیچے پلاسٹک بچھایا ہوا تھا اس پر اتنا پانی جیسے کسی نے بالٹی پانی کی پھینک دی ہو۔ ہمارا میٹرس مستقل گیلا رہنے لگا' پھر میں نے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا بتایا ہوا وظیفہ یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کردیا۔ میں یہ وظیفہ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ صبح وشام گیارہ سو مرتبہ پڑھتی ہوں اور باقاعدگی سے پڑھ رہی ہوں جس کی وجہ سے اب میٹرس گیلا نہیں ہوتا اور نہ ہی کپڑے کٹ رہے ہیں' ہمارے گھر بلاوجہ لڑائی جھگڑا رہتا تھا اب کافی سکون ہے۔ اس کے علاوہ میری بیٹی کو مرگی کے دورے پڑتے تھے تو اس کے علاج کیلئے میں نے مئی 2013ء کے شمارہ میں آیت قطب کے بارے پڑھا' میں نے اپنی بیٹی کیلئے ہر نماز کے بعد آیت قطب پڑھنا شروع کردی الحمدللہ! گزشتہ چھ ماہ سے میری بیٹی بالکل ٹھیک ہے اس کو کبھی کسی قسم کا کوئی دورہ نہیں پڑا۔ اللہ آپ کو کامیاب کرے اور اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔ یہ آیت قطب سورۂ آل عمران پارہ 4 کی آیت نمبر 154 ہے۔ (ن۔ح)

گندم اور چارپائی سے تعویذ خود ہی نکل آئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہم سب پر قائم دائم رکھے' آمین ثم آمین۔ میں ماہنامہ عبقری کی دو سال سے مستقل قاریہ ہوں۔ رمضان کی ستائیسویں شب کو ساری رات انٹرنیٹ پر آپ کا درس سنتی رہی اور جب آپ سب لوگوں کو رات ایک بجے کلمہ کا ذکر کروا رہے تھے میں بھی اس میں شامل تھی' مجھے بہت سکون ملا' پوری زندگی پریشانیوں میں گزر گئی جب سے آپ کے رسالے سے تعارف ہوا تو میں نے وظائف شروع کردیئے سب سے پہلے یَاقَھَّارُ کا تھال میں پاؤں رکھ کر اکتالیس دن کرنے والا عمل کیا (مکمل عمل صفحہ نمبر 35 پر ملاحظہ فرمائیں) اس کے بعد سورۂ بقرہ روزانہ اکتالیس دن مسلسل پڑھی اس عمل کے کرنے سے جنات لاتعداد گھر سے بھاگتے ہوئے دیکھے' جس کی کوئی حد نہیں۔ ان اعمال کے کرنے سے میرے گھر پر ہوا جادو ٹوٹا میرا بڑا بیٹا ایک جگہ نوکری پر لگ گیا' کچھ عرصہ بعد گھر میں پھر مسائل کھڑے ہوگئے میں نے درج بالا عمل کرنا شروع کردیئے' میرا بیٹا زیادہ بیمار ہوگیا' مجھے نہیں پتہ تھا کہ اس پر کسی نے جادو کروایا ہے' بڑی عید کے دن قربانی کی سارا دن لوگوں میں قربانی کا گوشت تقسیم کرتا رہا رات کے وقت گائے کی کلیجی پکائی' ایک ہی پلیٹ میں باپ بیٹے نے کلیجی کھائی' کلیجی کھائی تھی کہ پیٹ میں درد شروع ہوگیا اسی وقت جاکر ڈاکٹر سے دوائی لے آئے ساری رات شدید تکلیف میں گزاری۔ صبح ایمبولینس منگوائی اور جلدی سے شہر کے بڑے ہسپتال میں لے گئے' ایمبولینس میں بہت بُری حالت تھی اس کی' اس ہسپتال میں پانچ دن رہے' انہوں نے اس کا کھانا پینا بالکل بند کردیا' ہمارے گھر میں ایک عورت آئی اس نے کہا کہ اس کا حساب کرواؤ' میں حساب کروانے چلی گئی' ایک عورت کے پاس گئی اس نے حساب کیا تو کہنے لگی: تمہارے بیٹے پر سخت ترین جادو ہے تو میں نے اسے بتایا کہ میں یَاقَھَّارُ والا وظیفہ پڑھ رہی ہوں' اس نے مجھے کہا سب چھوڑ دو' میں نے کہا میرا اکتالیس دن کا چلہ پورا ہونے والا ہے' اس نے کہا میں تمہیں تعویذ دوں گی اور سات ہزار روپے لوں گی آپ کا بیٹا ٹھیک ہوجائے گا لیکن میں نے اپنا وظیفہ نہیں چھوڑا اور اس سے تعویذ نہیں لے کر آئی۔ اس کے بعد میری ایک عزیز میرے بیٹے کیلئے اسی عورت کے پاس گئی اس نے پھر وہی بتایا کہ اس لڑکے پر سخت ترین جادو ہوا ہے' پھر اس نے میری عزیزہ کو کچھ تعویذات دیئے اور ساتھ بارہ

(بقیہ: شیطانوں کی لاشیں)

کی بجری کے ساتھ اور ان میں شیطانوں کی لاشیں پڑی ہوئی ہیں ایک عجیب وغریب شکل کا بندہ (شیطان) مجھے ایک ایک شیطان کو سر سے اٹھا اٹھا کر دکھا رہا ہے۔ کچھ دیر بعد میں میری کیفیت ٹوٹتی ہے اور میں جلدی سے آنکھیں کھول دیتی ہوں۔ اس مراقبہ کے بعد میرے گھر عجب سا سکون آگیا ہے۔ (پ۔ش)

سوزاک کا علاج: سوزاک کے مرض میں آم کی چھال ایک تولہ اور اڑھائی تولہ پانی میں رات بھگو کر صبح پانی چھان کر پی لینے سے بے حد فائدہ ہوتا ہے۔

سو روپیہ بھی لیا مگر میں نے یَاقَهَّارُ کا وظیفہ نہ چھوڑا' میں سارا دن کھلا پڑھتی اور تھوڑے ہی عرصہ میں تین لاکھ دفعہ مکمل کیا' یقین اتنا کہ جس کی کوئی حد نہیں' علامہ لاہوتی پراسراری صاحب نے جو اپنے مضمون "جنات کا پیدائشی دوست" میں اس کے فضائل بتائے' اور جو قارئین نے یَاقَهَّارُ کے آزمودہ تجربات رسالہ میں چھاپنے کیلئے بھیجے میں کہتی ہوں کہ سب کچھ سچ سچ اور سو فیصد سچ ہے' کیونکہ میرے ساتھ ایسے واقعات گزرے ہیں اب میں جو بتاؤں گی وہ کچھ یوں ہے کہ میرے بھائی اور بھابی کا جھگڑا رہتا تھا' ان کیلئے میں نے تین دفعہ اکتالیس دن یَاقَهَّارُ تھال میں پاؤں رکھ کر عمل کیا' (**مکمل عمل صفحہ نمبر 35 پر ملاحظہ فرمائیں!**) دو دفعہ تو عام روٹین رہی مگر جب تیسری مرتبہ کر رہی تھی تو اس نے دل دہلا دیا' پورا مہینہ پانی کالا ہوتا رہا' میرے پاؤں کی انگلیاں جب پانی میں پاؤں رکھتی تو اندر سے کالی ہو جاتیں' ایک دن پاؤں تھال میں رکھ کر عمل کر رہی تھی تو منہ سے خون جاری ہو گیا' میرا بھائی بہت زیادہ بیمار تھا اس کے گردے کی درد ٹھیک ہی نہیں ہو رہی تھی' جب میں یہ یَاقَهَّارُ کا عمل کر رہی تھی تو وہ بالکل ٹھیک ہو گیا جب اس کے ٹیسٹ کروائے تو گردے کی بیماری ہی نہیں تھی' پہلے جب ڈاکٹر کے پاس جاتا ٹیسٹ ہوتے تو ڈاکٹر کہتے کہ آپ کے گردے خراب ہیں مگر جب یہ عمل کیا تو بھائی کو مکمل صحت مل گئی۔ اس کے علاوہ پورے اکتالیس دن تک پورے گھر سے گندگی نکلتی رہی' گندگی ایسی تھی جس طرح بندے کا پیٹ خراب ہوتا ہے اور گوبر کی طرح پورا گھر بھرا ہوا اسے میں صاف کرتی ہوں' کبھی یہ دیکھتی ہوں گائے کا گوبر میں اسے صاف کر رہی ہوں' پورے چلّے میں میں نے یہ ہی دیکھا۔ اس کے علاوہ **ق والقرآن المجید** کا وظیفہ کیا۔ اس سے یہ فائدہ ہوا کہ خواب میں دیکھا کہ ہمارے گھر گندم کا بڑا ڈرم ہے جس میں سترہ من گندم آتی ہے' جہاں سے گندم نکالنے کا ڈھکن بنا ہوا ہے وہاں سے کالے رنگ کا بنا ہوا کپڑا اس کو گرہ لگی ہوئی ہے اس کے درمیان ایک تعویذ ہے اور ہم نے گندم نکالی تو خود ساتھ ہی تعویذ نکلا اور اس کی گرہ خود بخود کھل گئی اور تعویذ بھی کھل گیا اور ایک خواب اپنی امی کے گھر میں دیکھتی ہوں کہ امی کی جس چارپائی پر بیٹھتی ہوں اچانک ایک تعویذ چارپائی سے نکلتا ہے اور ہاتھ میں آتا ہے اور میں اس کو کھولتی ہوں' بالکل نیا کپڑا نسواری رنگ کا چوکور پیس ہے اور اس کے اندر سے تعویذ نکلتا ہے' یہ سب برکت ق والقرآن المجید کی ہے میں جو بھی وظیفہ کرتی ہوں عبقری کی پوری ٹیم کیلئے دعائیں کرتی ہوں۔ اب میں عبقری قارئین کو درس سے عقیدت رکھنے کے فوائد بتاتی ہوں:۔ میرے وظیفے کی تعداد سب تسبیح سو سو بار سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۔ یَاحَفِیْظُ کھف قطمیر۔ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی۔ یَاسَلَامُ یَاحَفِیْظُ یَاحَافِظُ۔ یَاهَادِیُ یَارَحِیْمُ۔ یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَاخَالِصُ یَامُخْلِصُ۔ قٓ والقرآن المجید کاغذ پر لکھ کر دو یا تین بار پڑھ لیتی ہوں۔ دورد ابراہیمی۔ تیسرا کلمہ' استغفار' پہلا کلمہ پورا۔ صلوٰۃ التسبیح روزانہ کبھی کبھی قضاء ورنہ روزانہ۔ دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت سجدے میں اکتالیس دفعہ آیۃ کریمہ ورد' اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔ یہ سب کچھ درس کی برکت سے ملا ہے۔ یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اس کا چلہ 325 مرتبہ اکتالیس دن تک' میرے مسائل حل ہونا شروع ہو گئے۔ (ش۔ا' حضرو)

مرحومین سے ملاقات کا آسان ترین آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے والد کو فوت ہوئے تقریباً چار سال بیت چکے ہیں' ان کی ہر برسی پر میں سو یٰسین اور دو قرآن پاک کا نصاب کرتی ہوں اس بار میں نے عبقری میں سے دیکھ کر علامہ لاہوتی پراسراری کا بتایا وظیفہ لا الٰہ الا اللہ کو ستر ہزار مرتبہ پڑھنا شروع کیا' تقریباً یہ نصاب میں نے سات دن میں مکمل کیا ہے دن کو جب میرا کلمہ کا نصاب ختم ہوا اسی رات میرے والد صاحب خواب میں آ گئے' میں دیکھتی ہوں کہ میرے والد صاحب فوت ہوئے ہیں ہم سب رو رہے ہیں تھوڑی دیر بعد میرے والد صاحب آنکھیں کھول لیتے ہیں وہ کہتے ہیں سب کلمہ پڑھو' ہم سب کلمہ شریف پڑھنے لگ جاتے ہیں تھوڑی دیر کیلئے کلمہ کا ورد رہا' بعد میں انہوں نے ہم سے بہت سی باتیں کی ہیں' میری والدہ صاحبہ سے باتیں کرتے رہے اس طرح دیکھتے دیکھتے میری آنکھ کھل جاتی ہے' میں اپنی آنکھیں نہیں کھولتی کہ میرے والد صاحب میرے خواب سے چلے نہ جائیں میں جان بوجھ کر آنکھیں کھولے بغیر اپنا خواب جاری رکھنے کی کوشش کرتی ہوں' ایک دم مجھے بڑے زور کی آواز آتی ہے کہ جیسے باہر کوئی چیز گری ہے' میں جلدی آنکھ کھولتی ہوں' باہر کی طرف دوڑ لگاتی ہوں مجھے ایسے لگتا ہے جیسے میرے سسر صاحب گر گئے ہیں کیونکہ وہ تہجد پڑھنے کیلئے اٹھتے ہیں' میں بھاگ کر ان کے پاس جاتی ہوں تو وہ سو رہے ہوتے ہیں جب میں واپس اپنے کمرے میں جاتی ہوں تو راستے میں کچن آتا ہے' مجھے ایسے محسوس ہوتا ہے کہ جیسے کچن میں کوئی ہے' میں ڈر جاتی ہوں' پھر میں بھاگ کر اپنے کمرے میں آتی ہوں' اپنے شوہر صاحب کو اٹھاتی ہوں اور کہتی ہوں باہر کوئی گرا ہے' آئیں دیکھیں! وہ کہتے ہیں کوئی نہیں ہے تم ایسے ہی ڈر جاتی ہو' آرام سے سو جاؤ' میں نے کہا نہیں' آپ صرف ایک مرتبہ میرے ساتھ چلیں وہ میرے ساتھ گئے پھر بھی کچن میں کچھ محسوس ہوا ہے میں ڈر کی وجہ سے کچن کا دروازہ نہیں کھولتی میں ان کو کہتی ہوں آپ دروازہ کھولیں وہ دروازہ کھولتے ہیں تو کچھ بھی نہیں ہوتا' پھر وہ مجھے ساتھ لے کر کمرے میں چلے جاتے ہیں۔ پھر میں سو گئی۔ اگلے دن پھر سارا دن لا الٰہ الا اللہ کا ورد کیا اور اپنے والد کی روح کو ہدیہ کر کے سو گئی' دوسری رات خواب دیکھتی ہوں کہ میری بڑی بہن جا کر دروازہ کھولتی ہے اور بہت خوش ہوتی ہے اور آواز لگا رہی ہوتی ہے "وہ آ گئے آ گئے آ گئے"' ہم دیکھتی ہوں تو وہ آگے آگے بھاگ رہی ہوتی ہے اور پیچھے پیچھے میرے والد صاحب ہوتے ہیں' میں ایک کونے میں بیٹھی ہوں کہ میرے والد محترم نے دور سے ہی اپنے بازو پھیلا لیے اور سب کو چھوڑ کر مجھے اپنے سینے سے لگا لیتے ہیں' میرا ماتھا چومتے ہیں اور مجھے بہت پیار کرتے ہیں اور بہت ہی زیادہ خوش ہوتے ہیں اور کہتے ہیں میں صرف تجھے ملنے آیا ہوں' اس طرح میں اپنے والد صاحب کو مل کر بہت خوش ہوتی ہوں' میں نے پھر اپنے والد صاحب کی جی بھر کر زیارت کی اور ان سے وعدہ کیا کہ آپ کیلئے ایک دفعہ پھر کلمے کا نصاب (70 ہزار مرتبہ کلمہ پڑھنا) پڑھوں گی۔ دوسرے دن سے ہی میں نے پھر سے کلمہ پڑھنا شروع کر دیا پھر میں نے اپنی والدہ صاحبہ کو فون پر ساری حقیقت بتائی وہ بھی ماشاء اللہ ماشاء اللہ کرنے لگیں اور میں نے کہا امی جی سب بہنوں سے کہیں کہ وہ بھی ابو جی کو کلمے کا نصاب پڑھ کر ہدیہ کریں۔ میں اللہ تعالیٰ کی اور حضرت حکیم صاحب اور عبقری کی تمام ٹیم کی شکر گزار ہوں جس کی وجہ سے میں اپنے والد محترم سے ملی ہوں اور بہت خوش ہوں' کلمے کے نصاب اس کے علاوہ مجھے اور بھی بہت فوائد حاصل ہو رہے ہیں۔ **میری زندگی کا ایک سچا واقعہ:** میرے شوہر صاحب کے ساتھ جناتی مسئلہ ہے جس کی وجہ سے وہ اپنے آپ کو نیند کے انجکشن لگاتے ہیں انہیں پتہ ہی نہیں چلتا کہ کب کیا ہو جائے؟ انہوں نے اس وجہ سے بہت نقصانات اٹھائے جن میں ان گنت موبائل' پیسے گم کیے جو کہ ہمیں کبھی نہیں ملے' بہت مرتبہ ایسے ہوا ہے کہ ماہنامہ عبقری میں پڑھا کہ سوا لاکھ مرتبہ یا قہار پڑھنے سے جادو ٹوٹ جاتا ہے میں نے سوا لاکھ مرتبہ یَاقَهَّارُ پڑھا اور اس کے کمال بھی دیکھے۔ اب سارا دن حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کا ورد میری زبان پر رہتا ہے اس لفظ کا مجھے بہت

زیادہ فائدہ ہوا وہ اس طرح کہ ایک مرتبہ میرے شوہر صاحب مارکیٹ سے گھر تشریف لائے تو اپنا موبائل ڈھونڈنا شروع کردیا' موبائل ہوتا تو ملتا' میں نے فوراً اپنے موبائل سے اس شاپ پر کال کی جہاں وہ گئے تھے' انہوں نے کہا ادھر نہیں ہے' اسی طرح دوسری شاپ پر فون کیا اس پر بھی نہیں تھا' پھر میں نے کہا: آپ اپنے نمبر پر کال کریں جب کال کی تو موبائل آف تھا۔ موبائل کافی مہنگا اور بالکل نیا ماڈل تھا' مجھے شدید غصہ آگیا اور نجانے میں نے اپنے شوہر صاحب کو کیا کیا کہہ دیا کہ آپ ٹھیک ہوگئے تو سب ٹھیک ہوجائے گا اور پھر خود ہی بیٹھ کر رونے لگ گئے اور اللہ سے دل ہی دل میں باتیں کرنے لگیں اور پھر حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھنے لگی' پڑھتے پڑھتے میں نے اپنے شوہر جو کہ معصومیت سے بیڈ پر بیٹھے ہوئے تھے دوبارہ کہا کہ آپ ایک مرتبہ پھر اپنے نمبر پر کال کریں جب انہوں نے کال کی تو فون آن تھا اور بندے نے ریسیو بھی کرلیا' میرے شوہر کا نام لے کر کہنے لگا یہ فون آپ کا تھا؟ میں نے جب اس میں آپ کی تصاویر دیکھیں تو مجھے معلوم ہوگیا' آپ آکر میری دکان سے لے لیں نہیں تو میں رات کو واپسی پر گھر پر پکڑا تا جاؤں گا۔

میرے خوشی سے آنسو نکل آئے اور اپنے شوہر صاحب سے مخاطب ہوئی کہ دیکھیں اللہ کے کلام میں کتنی طاقت ہے' اس سے پہلے آج تک آپ کی کوئی گم ہوئی چیز نہیں ملی آج میں اللہ کا کلام پڑھ کر اللہ سے مانگا اللہ فوراً واپس ولا دی۔ یہ سب حم لاینصرون کی وجہ سے ہوا ہے' ہم دونوں بہت خوش ہوئے اور اللہ کا شکر ادا کیا۔ میں نے اپنے شوہر سے عرض کیا کہ اپنے گناہوں کی اللہ سے معافی مانگیں وہ ہمیں معاف فرمادے اور پانچ وقت نماز ضرور پڑھا کریں دیکھیں آپ کیسے ٹھیک ہوتے ہیں؟ اب تو میں یہ ورد اپنے شوہر کیلئے پڑھنا شروع کیا ہے' میرے لیے دعا کیجئے کہ اس کلام کے صدقے میرے شوہر ٹھیک ہوجائیں۔ شکریہ (بنت حاجی اللہ دتہ مرحوم)

مثانہ میں تکلیف اور یاقہار کا تعویذ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو خوش رکھے' کافی عرصہ سے عبقری کا قاری ہوں اور آپ کی بہت سی کتب میرے پاس ہیں ان کا مطالعہ کرتا رہتا ہوں۔ علامہ لاہوتی صاحب اور ان کے بتائے وظیفہ یاقہار کی تو کیا ہی بات ہے۔ ایک مرتبہ میرے بیٹے کو مثانہ میں شدید تکلیف ہوئی تو میں عبقری میں بتایا گیا یَاقَهَّارُ کا تعویذ لکھ کر ایک اس کے گلے میں ڈال دیا اور ایک اس کے تکیے میں رکھ دیا' اس کے علاوہ یَاقَهَّارُ گیارہ سو مرتبہ پڑھا' گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کرکے بھی پلایا۔ ڈاکٹرز کہتے تھے کہ اس کا آپریشن ہوگا۔ مگر اللہ پاک نے مہربانی فرمائی اب وہ گزشتہ آٹھ ماہ سے بالکل ٹھیک ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی ٹیم کو ہمیشہ خوش رکھے۔ آمین (محمد اقبال خان' تلونڈی ملک)

اللھم ارحم امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پڑھنے کا فائدہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو' عبقری کے ہر ساتھی کو دین اور دنیا کی ہر نعمت سے نوازے' آپ کی نسل کا ہر بچہ قیامت تک اللہ کی راہ میں ایسے ہی خدمت کرتا رہے' آمین! ۔محترم حکیم صاحب! میرے سسر کے انکار کے بعد میرے شوہر کا ان کے گھر میں جینا دوبھر کردیا گیا' وجہ صرف یہ تھی کہ یہ گھر چھوڑ کر چلے جائیں اور ہم تمام جائیداد پر قبضہ کرلیں' حتیٰ میرے شوہر کو جان سے مارنے کی بھی کوشش کی گئی' کبھی ہماری بجلی کاٹ دی جاتی' کبھی گیس کا کنکشن کاٹ دیتے' سارے خاندان والے ہمارے دشمن ہوگئے' گھر میں ہماری گاڑی بھی کھڑی نہیں کرنے دیتے' پانی بند کردیتے ہیں' ہمارا ذہنی سکون خراب ہوگیا ہے مگر میں نے ایک چیز دیکھی کہ ان کے اس فعل کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ان کو ذلیل اور خوار کررہا ہے خاندان والوں کے دل میں بھی وقت کے ساتھ میرے شوہر کیلئے ہمدردی جاگ رہی ہے اور اللہ تعالیٰ کی کریمی دیکھیں کہ انہیں ہر محاذ پر ناکامی کا منہ دیکھنا نصیب ہورہا ہے۔ اس سب کیلئے میں نے عبقری اگست 2015ء کے شمارہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا بتایا وظیفہ' مشکلات کا ازالہ کیلئے دو نفل حاجت کے گزشتہ ایک سال سے پڑھ رہی ہوں' جس کے مجھے بہت زیادہ فوائد ہوئے ہیں کہ میں ان کو بیان نہیں کرسکتی۔ اس کی وجہ سے گھر میں خون خرابہ سے ہم محفوظ ہوگئے ورنہ اس ایک سال میں یہ لوگ ہمیں گھر نکال دیتے یا قتل کردیتے۔ گھر میں کوئی بھی مسئلہ ہو میں فوراً یہی دو نوافل اور اس کی دعا پڑھتی ہوں اور میرا کام ہوجاتا ہے۔ عمل یہ ہے:۔

دو نفل حاجت کا عمل: جب بھی کوئی کام کرنا ہوتی کہ آپ کو بازار شاپنگ کیلئے بھی جانا ہے تو پہلے نفل حاجات پڑھ کر پھر درود ابراہیمی آگے پیچھے پڑھ کر دعا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَّا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ دعا کرکے اس کام کو دل میں لاکر دعا کریں۔ خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جب بھی نفل حاجت پڑھ کر کوئی کام کیا وہ بہت اچھی طرح مکمل ہوا اور کامیابی ملی اگر کوئی معمولی کام بھی کرنا ہو تو پہلے نفل حاجت ضرور پڑھیں۔ اس کے علاوہ جب سے میری شادی ہوئی میں نے محسوس کیا کہ اس گھر میں اثرات ہیں' شروع میں انہوں نے مجھے بہت پریشان کیا' بہت ڈر لگتا تھا' اس کے تین سال سے ہم نے گھر کے ہر دروازہ پر (تہدیدی نامہ) لگا دیا اس کے بعد سے گھر میں ڈر لگنا بند ہوگیا مگر ہر وقت لڑائی' پریشانی' روزی کی تنگی اتنی زیادہ کہ بتا نہیں سکتی' پھر میں نے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں سے ان کا بتایا وظیفہ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اُمَّتِ مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھنا شروع کردیا اور گھر میں جو بھی مخلوق ہے ان کو ہدیہ کرتی' گھر میں بہت سکون ہوگیا' میرے شوہر نے خواب میں دیکھا گھر کی چھت پر ایک لکڑی ہے جس کے اندر سے بہت زیادہ روشنی پھوٹ رہی ہے اور اس کے ساتھ ایک ستار بھی ہے جس روشنی نکل رہی ہے اور ہم پر پڑ رہی ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اب میرے گھر میں بہت سکون ہے۔ (ن۔ م)

مشکل جیسی بھی ہو رب بچا لیتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ چار سال سے عبقری کی قاری ہوں' اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی فیملی کو اپنے حفظ و امان میں رکھے' آپ کی عمر' صحت' دولت' اولاد' عزت میں تاقیامت برکتیں جاری رکھے۔ آمین! عبقری کے وظائف اور ادویات بہت اچھی ہوتی ہیں جن سے میں نے بہت فیض پایا اور لوگوں کو بھی مستفید کیا۔ علامہ لاہوتی صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' مجھے بہت پسند ہے اس میں علامہ صاحب کے بتائے ہوئے وظائف بہت کمال کے ہوتے ہیں' ان وظائف کے کرنے کی برکت سے میں بہت مطمئن ہوں' اپنے رب کی شکرگزار ہوں کہ میں جس مشکل میں بھی ہوں میرا رب مجھے ان وظائف کی برکت سے نکال دیتا ہے۔ علامہ صاحب کے وظائف کے علاوہ میں عبقری میں بتائے اعمال بھی کرتی ہوں جن میں سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 پڑھتی ہوں' سورۂ کوثر صبح و شام 129 بار پڑھتی ہوں' الم نشرح' سورۂ نصر' سورۂ قریش' درود پاک سارا دن جتنا ہوسکے پڑھنے کی کوشش کرتی ہوں۔ میں زندگی بھر آپ اور آپ کی آل اولاد کیلئے ہمیشہ دعا گو رہوں گی۔ (شاہدہ بیگم' کراچی)

پیدائشی دوست وظیفہ نے دل ٹھنڈا کردیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو ہمیشہ زندہ و سلامت رکھے اور آپ کو صحت و تندرستی دے

اور اللہ پاک آپ پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین!

مجھے پہلی مرتبہ عبقری جولائی 2014ء خاص نمبر ”جنات کا پیدائشی دوست“ ملا۔ جب میں نے پہلی مرتبہ عبقری شمارہ پڑھا تو مجھے لگا کہ یہ تو میرے ہی لکھا گیا ہے اس وقت میں بہت پریشانیوں میں مبتلا تھی اور اللہ پاک نے دیا بھی عبقری خاص نمبر ”جنات کا پیدائشی دوست“۔ پڑھتی رہی پڑھتی رہی نامعلوم میں نے دن میں کتنی کتنی بار عبقری کا وہ شمارہ پڑھا‘ جب بھی ختم ہوتا تھوڑی دیر بعد پھر پکڑ کر شروع سے پڑھنا شروع کردیتی۔ پھر میں نے اس میں موجود اسم یَاقَهَّارُ ہروقت کھلا پڑھنا شروع کردیا۔ وظیفہ یَاقَهَّارُ شروع کرتے ہوئے مجھے محسوس ہوا کہ کچھ ہے یا پھر یہ کہ یہی تھی میرے درد کی دوا۔ میں صبح و شام بس یہی وظیفہ پڑھتی رہی اور مجھے سکون ملتا گیا اور آپ کیلئے دل سے دعائیں نکلتی گئیں کہ اللہ پاک جس طرح میرا دل ٹھنڈا ہوا ہے اسی طرح حکیم صاحب کا بھی دل ٹھنڈا کردے۔ پھر میں نے پتہ کروایا کہ یہ ”عبقری“ رسالہ ملتا کہاں سے ہے؟ اس کے آخری صفحات میں نمبرز دیکھے‘ مردان کی ایجنسی کا نمبر ملایا تو وہ تو میرے گھر کے نزدیک ہی تھا‘ اس سے اگلے ماہ کا شمارہ وہاں سے منگوایا‘ میں لیتی رہی اور پڑھتی رہی۔ پھر وہاں سے ہی آپ کے درس والا میموری کارڈ لیا پھر درس سننا شروع کردیئے‘ درس نے اتنا فائدہ دیا کہ آپ کو کیا بتاؤں‘ بس میری زندگی بدل گئی۔ نماز تو پڑھتی تھی مگر اتنا زیادہ شوق نہیں تھا‘ نماز میں شوق بڑھ گیا‘ دھیان بڑھ گیا‘ پارلر جانا بند‘ بازار جانا بند اور بہت سے ایسے گناہ جنہیں میں گناہ سمجھتی ہی نہیں تھی۔ رمضان المبارک میں بہت مزہ آتا ہے سارے وظائف پڑھتی ہوں‘ بہت دل کو چین و سکون مل گیا۔ محترم حکیم صاحب! تیرہ سال ہوگئے شادی کو مگر اولاد نہیں ہے بہت زیادہ علاج کروایا‘ ایک دفعہ اللہ پاک نے امید لگادی تھی لیکن اللہ کو منظور نہیں تھا وہ ضائع ہوگیا۔ بس اسی وجہ سے میری زندگی بہت زیادہ دکھوں میں گزر رہی تھی کہ اللہ پاک نے ماہنامہ عبقری اور آپ سے تعلق جوڑ دیا۔ ایک دفعہ میری خالہ جان لاہور جارہی تھیں تو میں نے بھی پروگرام بنالیا کہ آپ کا درس تسبیح خانہ میں جا کر سنوں گی مگر میرے شوہر صاحب نے اجازت نہیں دی‘ اس رات بہت روئی تھی کہ شاید میں اہل نہیں ہوں اس لیے اللہ پاک نے میرے شوہر کے دل میں ڈال دیا حالانکہ وہ ایسے بالکل بھی نہیں ہیں۔ اس رات آپ کا وہ جملہ بار بار یاد آرہا تھا کہ اے اللہ اہل لوگوں کو متوجہ فرما۔ بس یہ جملہ میرے دماغ میں گھوم رہا تھا اور میں رو رہی تھی کہ میں اہل نہیں ہوں۔ پھر اللہ پاک نے میرے شوہر کے دل میں ڈال دیا اور انہوں نے کہا کہ چلو لاہور میں درس سننے چلتے ہیں‘ میں آپ کو بتا نہیں سکتی کہ میں اس دن کتنا خوش تھی‘ میں تین بار تسبیح خانہ میں آئی اور بیعت کیلئے اپنا نام بھی لکھوایا‘ بیعت کارڈ بھی لیا۔ مجھے ایک انجانی سی خوشی ہے کہ میں تسبیح خانہ لاہور میں درس سن کر آئی ہوں۔ جب بھی یہ خیال دل میں آتا ہے دل خوشی سے جھومنے لگتا ہے کہ کہاں میں کہاں حکیم صاحب‘ بس یہ میرے رب کا کرم ہے۔ میں نے آپ کا ایک درس سنا اس میں آپ نے ایک ریڑھی والے کا ذکر کیا کہ وہ سبزی فروخت کرتا تھا اور اس نے کہا کہ میں شروع سال سے قربانی کیلئے پیسے جمع کرتا ہوں اور ایک قربانی اپنے لیے اور ایک حضور نبی کریم ﷺ کیلئے کرتا ہوں‘ تو اسی دن سے میں نے بھی عہد کیا کہ میں بھی ایسا ہی کروں گی‘ اپنی تنخواہ میں سے قربانی کیلئے پیسے علیحدہ کرکے رکھوں گی اور ایک اپنے لیے اور اپنے حبیب خدا حضور نبی کریم ﷺ کیلئے کروں گی۔ بس بقرعید کو تین مہینے تھے کہ میں نے پیسے جمع کرنا شروع کیے اور اللہ تعالیٰ کا کرم دیکھئے کہ اتنے پیسے جمع ہوگئے کہ ایک قربانی میں نے اپنے لیے کی اور ایک حضور نبی کریم ﷺ اور ایک اپنے شوہر کیلئے بھی کی۔ میں نے اس لیے خط لکھا کہ میں اپنے مرشد کو یہ بات ضرور بتاؤں گی کہ آپ کے درس کی برکت سے میں نے یہ کیا۔ اگر عبقری کے ذریعے آپ نہ ملتے تو میں ایسا کبھی نہ کرتی۔ یہ سب عبقری اور آپ کی برکت ہے۔ اللہ پاک آپ کو کروٹ کروٹ خوشیاں دے‘ آپ کے بچے کامیاب ہوں‘ تسبیح خانہ ہمیشہ آباد ہو‘ آمین! تسبیح خانہ کی برکت سے میرے شوہر کو اسلام آباد میں نوکری مل گئی ہے‘ بہت زیادہ خوشی ہوئی۔ بس میرے لیے دعا کریں کہ میں تسبیح خانہ سے جڑی رہوں‘ اللہ پاک مجھے جوڑے رکھے۔ آمین! (س،ز، مردان)

علامہ صاحب کا بتایا وظیفہ اور بے اولادی سے نجات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو دنیا و آخرت کی ساری خوشیاں دے‘ آمین! میں پہلی مرتبہ عبقری میں خط لکھ رہی ہوں۔ میں نے جن وظائف سے فائدہ پایا وہ لکھ کر عبقری قارئین کیلئے بھیج رہی ہوں۔ تو لیجئے قارئین میری کہانی پڑھیے! میری شادی کو تین سال ہوگئے تھے اور میں ابھی تک اولاد جیسی نعمت سے محروم تھی‘ میں نے اپنا کسی جگہ سے بھی علاج نہیں کروایا تھا‘ صرف میرے شوہر نے اپنے ٹیسٹ کروائے تھے تو ان کی رپورٹ ٹھیک‘ پھر ایک مرتبہ میں ڈاکٹر کے پاس گئی تو اس نے کہا تمہارے رحم میں پانی کی تھیلیاں ہیں‘ ان کا علاج کرواؤ ورنہ آپریشن کروا کر ان کو نکالنا پڑے گا‘ اس ڈاکٹر نے میری نند کو بتایا کہ اگر اس کا آپریشن کیا تو پھر یہ کبھی ماں نہیں بن سکے گی لیکن میں اس کے بعد ڈاکٹر کے پاس نہیں گئی۔ پھر مجھے ماہنامہ عبقری ملا جو میں بہت شوق سے پڑھتی تھی لیکن اس میں جو بھی بے اولادی کا وظیفہ ہوتا تھا‘ وہ مجھ سے باوجود لاکھ کوشش کے نہیں کیا جاتا تھا آخر کار رمضان المبارک کا خاص نمبر 2015ء یا عیدالفطر کے شمارہ میں علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے مضمون ”جنات کا پیدائشی دوست“ میں سورۂ شمس کا وظیفہ دیکھا وظیفہ اس طرح ہے کہ جب چاندنی رات ہو تو چاند کو دیکھتے ہوئے اگر سورۂ شمس اکتالیس بار پڑھیں اور جتنے دن بھی چاند اپنی چاندنی میں رہے یعنی اس کی چاندنی واضح ہو اس کو دیکھتے ہوئے اکتالیس دفعہ پڑھیں‘ ہر دفعہ بسم اللہ اول و آخر سات دفعہ درود شریف۔ (نوٹ: چاند کی واضح چاندنی اس کی گیارہ تاریخ سے لے کر تقریباً انیس تاریخ تک روشن رہتی ہے۔) دل میں ارادہ کیا کہ یہ وظیفہ ضرور پڑھوں گی پھر میں نے محترم علامہ لاہوتی صاحب کو بھی کوپن کے ساتھ خط لکھا جس کا جواب کچھ عرصہ بعد مجھے موصول ہوگیا۔ عیدالفطر کے بعد میں نے سورۂ شمس کا وظیفہ اور علامہ لاہوتی صاحب کا بتایا ہوا کوپن والا وظیفہ شروع کیا‘ دونوں وظائف میں نے تین ماہ تک پڑھے تو اللہ پاک نے مجھے ماں بننے کی خوشخبری سنادی۔ مجھے ان وظائف پر پورا پورا یقین ہے کہ ان کی برکت سے میری گود ہری ہوئی۔ محترم علامہ لاہوتی صاحب نے کوپن والے خط کے جواب میں لکھا تھا کہ کسی بھی پرندے یا جانور کو دیکھ کر اول و آخر ایک مرتبہ درود ابراہیمی اور درمیان میں سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر جانور یا پرندے کی روح کو ہدیہ کرنا ہے۔ یہ عمل دن میں جتنی مرتبہ بھی ہوسکے کرنا ہے اور دوسرا عمل یہ ہے وہی سورۂ شمس والا ہے جو میں نے پہلے بیان کردیا ہے۔ قارئین جب تک آپ کی دلی خواہش پوری نہیں ہوتی یہ اعمال جاری رکھیں اور صرف اللہ رب العزت سے مانگیں اور جس کو بھی اس عمل سے فائدہ ملے وہ بہن بھائی مجھے بھی اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھے۔ اللہ پاک سب بے اولادوں کو اپنی رحمت سے اولاد جیسی نعمت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ محترم حضرت حکیم صاحب! جب

(بقیہ: دکھوں کی ماری کا خوشیوں بھرا خط)

ہر ماہ کی روحانی محفل کے بارے پڑھا اور اس سے فیض پانے والوں کے مشاہدات بھی پڑھے۔ مجھے لگا یہی روحانی محفل میرا مسئلہ حل کرے گا۔ میں نے یقین توجہ اور دھیان کے ساتھ روحانی محفل کرنا شروع کردی‘ ابھی کرتے ہوئے چار ماہ ہی ہوئے تھے کہ میری چچی بھابی اور دیگر رشتہ داروں کے نہ چاہتے ہوئے بھی میری شادی ایک بہت ہی اچھے گھرانے میں بالکل سادگی کے ساتھ میرے بڑے بھائی نے کردی۔ اللہ کریم کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ مجھے بہت ہی محبت کرنے اور میرا پل پل خیال رکھنے والا شوہر نصیب ہوا۔ الحمدللہ! میں روحانی محفل اب بھی کرتی ہوں اور اس کریم رب کا شکر ادا کرتی نہیں تھکتی۔ (ع۔ف، راولپنڈی)

عبقری رسالہ میں تحریر شائع کریں تو میرا نام پوشیدہ رکھیے گا شکریہ۔(پوشیدہ)

ڈرنا چھوڑ عمل کرو دیکھ جنات جل رہے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ عزوجل سے دعا ہے کہ وہ آپ کو لمبی زندگی عطا فرمائے' آپ کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے۔ آمین! میرا عبقری سے تعارف میرے چھوٹے بھائی نے کروایا تھا' ہم پر خصوصاً میری امی پر بہت سخت قسم کا جادو ہے' ہم نے ماہنامہ عبقری میں سے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے کالم" جنات کا پیدائشی دوست" میں سے یَاقَھَّارُ کا وظیفہ پڑھا' میں نے صبح وشام گیارہ گیارہ سو مرتبہ یَاقَھَّارُ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس کے علاوہ میں نے یَاقَھَّارُ کے نقش لکھے اور گھر میں لگائے' دن رات پڑھتا رہا اور اللہ رب العزت سے دعا کرتا رہا کہ یااللہ ان جادو اور جنات کو جلا دے اور مجھے توفیق دے کہ اپنی آنکھوں سے انہیں جلتا ہوا دیکھوں۔ چند دن بعد مجھے خواب میں تین جنات نظر آئے جن کے قد آسمان سے باتیں کر رہے تھے' ان کے منہ سے شعلے نکل رہے تھے شکل نہایت خوفناک تھی' میں خوفزدہ ہو گیا تو غیب سے آواز آئی کہ ڈرو مت یَاقَھَّارُ پڑھو' میں نے خواب کی ہی حالت میں یَاقَھَّارُ والا اپنے گلے میں موجود نقش پکڑ کر یَاقَھَّارُ پڑھا تو ان جنات کو میں نے اپنی آنکھوں سے جل کر خاک ہوتے دیکھا' اس کے علاوہ آپ کے بتائے وظائف کی اور بہت برکات مجھے ملی ہیں۔ (ادریس' میلسی)

تالے کا عمل اور یاقہار کا وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ چند ماہ سے مسلسل پڑھ رہی ہوں' ہم اپنے مسائل کے حل کیلئے آپ کے پاس موبائل پر وقت لے کر حاضر ہوئے تھے' آپ نے ہمیں یَاقَھَّارُ کا وظیفہ ہر وقت کھلا پڑھنے کیلئے دیا تھا۔ اس کے ساتھ آپ نے مجھے ایک تالا بھی دیا تھا جو چالیس دن آگ پر رکھنا تھا' آج چالیس دن پورے ہوئے جب میں نے تالا کھول کر دریا میں پھینکا تو مجھے یَاقَھَّارُ پڑھتے ہوئے پھر سے آنکھوں کے سامنے کوئی چیز نظر آئی' میرا ان چالیس دنوں کے دوران بہت برا حال ہوا ہے۔ بار بار وہ چیز مجھ پر حاوی ہوتی اور چیختی' آپ نے مجھے اکیس درس میں آنے کو کہا۔ ایک مرتبہ میں تسبیح خانہ میں درس سن کر واپس گھر آئی تو نماز عشاء کے بعد وہ آسیب مجھ پر حاوی ہو گیا اور آخر کار جب سب گھر والوں نے یَاقَھَّارُ کا ورد شروع کیا تو میرے اندر سے آوازیں آئیں کہ میں اس کو نہیں چھوڑوں گا' تھوڑی دیر بعد کہتا کہ یَاقَھَّارُ مت پڑھو مجھے بہت تکلیف ہو رہی ہے پھر میرے والد صاحب نے اذان دینا شروع کی تو وہ چیخنے لگ گیا کہنے لگا: میں ہندو ہوں' اسے کہا مسلمان ہو جا' اس نے کلمہ پڑھا' کہتا میں جا رہا ہوں' اس کے بعد جو تالا آپ نے دیا تھا' جس کے ساتھ چابی کا چھلا لگا ہوتا ہے وہ چھلا خود بخود کھلا ہوا تھا۔ (س،م)

انوکھی پریشانیوں کا آسان آزمودہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اس خط میں اپنے حالات زندگی لکھ رہی ہوں کہ کیسے علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کے ایک وظیفے نے میری زندگی میں سکون بھر دیا۔ میری شادی کو تقریباً بارہ سال ہو چکے ہیں' شادی سے پہلے میں بہت چاق و چوبند تھی' ایم اے تعلیم کے ساتھ ساتھ سلائی کڑھائی کا ڈپلومہ بھی کیا اور بہت سی لڑکیوں کو سلائی کڑھائی سکھائی بھی لیکن پھر ایسا ہوا کہ میرے سارے کام تقریباً بند ہو گئے اور آج تک میں اپنے بچوں اور اپنے لیے سلائی نہیں کر سکی۔ میرے تین بیٹے اور ایک بیٹی ہے' بڑی مشکل کے بعد جا کر میری شادی ہوئی تھی' میرے شوہر کا گھر کرائے کا ہے' شادی کے بعد بہت سی پریشانیوں کا سامنا کیا' ساس سسر حیات نہیں تھے' ایک نند اور ایک دیور کی شادی کی۔ زندگی میں بہت نشیب و فراز دیکھے' ہر روز ایک نئی مشکل' نیا مسئلہ کھڑا ہوتا۔ مسائل میں ایسے گھری کہ پتہ ہی نہ چلا کہ بارہ سال کا عرصہ گزر گیا۔ پھر جنوری 2015ء میں ماہنامہ عبقری ملا' اور جب سے عبقری میں آئے اعمال شروع کیے زندگی میں کافی سکون آ گیا ہے' میرے شوہر کے کاروباری مسائل کافی کم ہوئے اور حالات بہت بہتر ہوئے۔ اب ایک مسئلہ نے پھر سر اٹھایا ہے جس نے مجھے بہت پریشان کیا ہوا ہے کہ میرا جسم و دماغ تقریباً مفلوج اور سست ہوئے ہیں کام کرنے کی صلاحیت ختم ہو رہی ہے' میں ہر وقت اپنے گھر کے کاموں کو اکیلی سنبھالتی تھی لیکن گزشتہ دو ماہ سے میری کیفیت یہ ہو رہی ہے کہ گھر کے کاموں کی طرف توجہ بالکل بھی نہیں دی جاتی' بڑی مشکلات سے بچوں کا کھانا وغیرہ تیار کرتی باقی سارا دن وجود بستر پر پڑا رہتا' گھر کے کام نظر آنے کے باوجود انہیں کرنے کو بالکل بھی دل نہیں کرتا تھا۔ دل بے چین اور جسم پر گھبراہٹ طاری رہتی' جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں' سوچنے سمجھنے اور کام کرنے کی صلاحیت مفلوج ہو رہی تھی' میں اللہ تعالیٰ سے خوب دعائیں کرتی کہ یااللہ عزوجل مجھے اس مشکل سے نکال دے اور اپنے گھر کی ذمہ داریاں اور اپنے بچوں اور شوہر کی ذمہ داریاں پہلے کی طرح خوش اسلوبی سے انجام دوں۔ ماہنامہ عبقری میں سے ہی دیکھ کر میں جنات کا پیدائشی دوست میں بتایا وظیفہ یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کر دیا جس کی وجہ سے گھر کے حالات بہت بہتر ہوئے اور میری طبیعت میں بھی کافی سکون آ گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائیں اور تسبیح خانہ کو شاد و آباد رکھے آمین! (ش،پ، فیصل آباد)

موتی مسجد میں نوافل کا طریقہ عمل

جو شخص شاہی قلعہ کے اندر شاہی دور کی بنی ہوئی مسجد میں جا کر دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھے اور سورہ فاتحہ میں اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر جب پہنچے تو اس کی تکرار کرنا شروع کر دے اور بار بار اس آیت کو پڑھتا رہے چاہے آدھا گھنٹہ یا ایک گھنٹہ یا جتنی دیر بھی کھڑا رہ سکے، اسکے بعد سورہ فاتحہ مکمل کرے دوسری رکعت میں اسی طرح تکرار کرے جیسے پہلی رکعت میں کی تھی پھر یہ رکعت بھی پوری کرے اور پھر اپنے گناہوں، نافرمانیوں پر نادم ہوتے ہوئے تقریباً بیس منٹ دعا کرے۔

یاقہار کے نقش کا عمل درج ذیل ہے

جو شخص یَاقَھَّارُ کو جدا جدا حرف میں لکھے یعنی "ی" علیحدہ، "ا" علیحدہ، "ق" علیحدہ، "ہ" علیحدہ، پھر "ا" علیحدہ، اور "ر" علیحدہ اور پھر اسی طرح دوسری دفعہ یعنی کل اکتالیس دفعہ جدا جدا حروف میں لکھے اور کالی سیاہی گھلنے والی ہو جو پانی میں گھل جائے اس کو تعویذ بنا کر گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں' پی بھی سکتے ہیں اور اپنے تکیے کے اندر بھی رکھ سکتے ہیں۔

یاقہار کے خاص الخاص عمل کا طریقہ

کچا برتن' پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبو لیں' پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَھَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے' جس گناہ سے' جس عیب سے' جس بدکاری سے' یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو' قبلہ رخ بیٹھ کر' پانی روز بدلنا ہے' اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے' گیارہ دن' اکیس دن' اکتیس دن' اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہو گا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔

لاعلاج خوفناک بیماریوں کا اکیلا علاج (قسط نمبر 2)

ھوالشافی: کلونجی پچاس گرام' چھلکا اسپغول پچاس گرام' شہد سو گرام' کلونجی پیس کر چھلکا اور پاؤڈر کلونجی شہد میں ملائیں۔ کسی ڈبے میں محفوظ رکھیں ایک چمچ ناشتے اور ہر کھانے کے بعد چاہیں تو نہار منہ بھی لے سکتے ہیں۔ بچوں بڑوں کیلئے نہایت خوش ذائقہ اور شاندار چیز

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

یہ چند اجزاء پر مشتمل ایک ایسا فارمولہ ہے جب سے میں نے یہ مضمون لکھا ہے اور اس کے تجربات و مشاہدات اور دلوں کے راز بیان کیے ہیں' اس کے کہاں کہاں اثرات ہوئے اور کیسے کیسے اس کے کمالات کھلے' بعض اوقات تو خود مجھے بھی حیرت ہوتی ہے جتنے اس کے اثرات اور فائدے مخلوق خدا پر کھلے ہیں اور انہوں نے اس کو استعمال کرنے کے بعد تعریف کے باب کھولے ہیں' خود مجھے بھی اس کا اندازہ نہیں تھا اور یہ کوئی پہلی بات نہیں' میرے ساتھ تو اکثر ایسے ہی ہوا ہے کہ تجربات مشاہدات اور چیزوں کو بار بار آزما کر جب عبقری کے قارئین تک میں نے وہ تحفہ پہنچایا چونکہ لاکھوں سے زیادہ قارئین ہیں اور ان کے اپنے تجربات اور مشاہدات کھلتے ہیں اور ہر شخص بیان بھی نہیں کرتا لیکن جتنے زیادہ لوگ ہمیں اس کے فوائد بتاتے ہیں کسی چیز کے تجربے کو آزمانے کیلئے اتنے فوائد کا ہونا بھی بہت ہے۔ ایک صاحب اپنا مشاہدہ اور تجربہ بتانے لگے کہ میں بہت عرصہ سے پرانے جوڑوں کے مرض میں مبتلا تھا' بہت زیادہ درد دور کرنے کی دوائی یعنی پین کلر کھائی اور غذائیں' ورزشیں' یوگا' نامعلوم کیا کیا؟ اور پھر سنگاپور میں سنا کہ ایک صاحب ہیں جن کے پاس ایک خاص تھراپی یعنی طریقہ علاج ہے۔ بے شمار گھٹنوں کے مریض ہمیشہ کیلئے صحت مند ہوگئے' ایک لمبا سفر کرکے وہاں بھی پہنچا انہوں نے طریقہ آزمایا واقعی فائدہ ہوا لیکن چند ہفتوں کے بعد پھر وہی چبھن' دکھن' کڑھن اور درد شروع ہوگیا۔ پہلے تو قابل برداشت تھا پھر برداشت سے ناقابل برداشت ہوگیا اور وہی پرانی ترکیب درد کی' دکھن کی اور تکلیف کی' مایوس ہوگیا۔ ہوا یہ کہ میں اپنی ہمشیرہ کے گھر ملنے گیا' چند دن ان کے گھر قیام تھا' روزانہ اخبار پڑھنے کا بہت زیادہ ذوق' چینل پر خبریں دیکھنے کا بہت زیادہ شوق' حالات حاضرہ سے باخبر رہنا میرے مزاج میں تھا۔ اس دن اخبار کے ساتھ کسی نے انہیں عبقری رسالہ بھی لا دیا' بعد میں پتہ چلا کہ ہر ماہ ہاکر عبقری میگزین انہیں لاکر دیتا ہے' اخبار کے ذوق کو خوب توجہ سے پڑھا اور دھیان سے اخبار سے جب جی بھر گیا تو عبقری ساتھ پڑا ہوا تھا سرسری نظر سے دیکھا ٹائٹل پر نظر پڑتے ہی پہلے بیزاری' پھر کچھ تھوڑی سی دلچسپی پیدا ہوئی' ورق گردانی کرنے سے دلچسپی بڑھی ذہن میں ایک بات تھی کہ ایک پیشہ ور میگزین ہے نوٹ کمانے کیلئے اور مال بنانے کیلئے اور پیروں کے بارے میں میرا تصور ویسے بھی شفاف نہیں تھا۔ دھوکہ' فریب' فراڈ' نوسربازی اور دولت مال کمانے کے چکر' یہ تمام چیزیں میرے ذہن میں تھیں۔ لیکن میں نے جوں جوں عبقری کی ورق گردانی کی میرا ذہن حیرت انگیز طور پر تبدیل ہوتا گیا اور اندر کا تصور اور خیال بدلتا گیا کہ نہیں عبقری کوئی چیز ہے' اس کا حال دل پڑھا اور پھر قارئین کے تجربات و مشاہدات پڑھتے پڑھتے اچانک میری نظر کلونجی' چھلکا اسپغول اور شہد کے مضمون پر پڑی' بس! ایک پل میں مجھے یقین ہوگیا کہ یہ دوا میرے مرض کا آخری علاج ہے۔ اسی دوران میری بہن آگئی میرے ہاتھ میں عبقری دیکھ کر مسکرائی کہ بھائی جان اسے چھوڑ دیں یہ میگزین آپ کو سمجھ نہیں آئے گا' اس کی گہرائی ہر فرد کو سمجھ نہیں آتی' آپ اس کو نہ پڑھیں' میں نے کہا نہیں بات تو آپ کی پہلے والی صحیح تھی مگر اب میرا ذہن اس رسالے کی طرف مائل ہوگیا ہے' پھر انہوں نے تقریباً آدھ پونا گھنٹہ عبقری میگزین سے پانے والے فائدے' تجربات اور مشاہدات کا تذکرہ کیا اور خوب بتایا۔ مجھے حیرت بھی ہوئی اور عجیب بھی لگا کہ کیا آج کے دور میں بھی ایسا ہوتا ہے کہ ایسے میگزین نکلیں ایسے رسالے نکلیں جس سے مخلوق خدا کو نفع اور فائدہ پہنچے۔

میں نے اپنے جوڑوں کے درد (جو کہ انہیں پہلے سے علم تھا) کا اس نسخے کے بارے میں تذکرہ کیا کہ کیا یہ نسخہ مجھے فائدہ دے گا؟ بہن بہت اعتماد اور وثوق سے کہنے لگی کہ بھائی جان آپ عبقری کے ہر نسخے اور ہر وظیفے کو آنکھیں بند کرکے کریں عبقری میں کوئی غیر مستند چیز نہیں چھپتی بلکہ مستند چیزیں ہی عبقری کی زندگی کا حصہ ہیں اور اس کی مقبولیت کا راز بھی یہی ہے کہ یہاں مستند چیزیں شائع ہوتی ہیں اور آپ اگر چاہیں تو اس دوا کو بنانے میں میں آپ کی مدد کروں گی اور آپ تسلی کریں ابھی سے میں یہ اجزا منگوا لیتی ہوں چونکہ میں نے عبقری میگزین میں آئے نسخہ جات کئی بار بنائے ہیں تو مجھے جڑی بوٹیوں کے سٹور کا بھی پتہ ہے اور بنانے کا بھی کچھ تجربہ ہے۔ وہ صاحب کہنے لگے کہ میری بہن نے مجھے یہ دوائی اسی دن بنا کر دے دی اور میں نے اس کو استعمال کرنا شروع کردیا۔ جو سب سے پہلا فائدہ مجھے شروع ہوا کہ میں مسلسل بے خوابی' ٹینشن اور ڈیپریشن میں مبتلا تھا جس کی وجہ سے میری نیند متاثر تھی اور میرا جسم متاثر تھا دماغ اکثر ٹوٹا' جسم اکثر کھچا' ٹانگوں میں اینٹھن' کمر جسم اور پٹھوں میں کھچاؤ' تناؤ' اعصابی نظام نہایت متاثر چند خوراکوں سے مجھے محسوس ہوا کہ میرے جسم کے ان امراض میں مجھے نہایت فائدہ ہے۔ ابھی مجھے جوڑوں کے درد میں فائدہ محسوس نہ ہوا لیکن یہ فائدہ پاکر مجھے احساس ہوا کہ اس دوا میں کچھ ''کرنٹ'' ہے اور فائدہ بھی ہے حالانکہ اس سے پہلے میں دیسی دواؤں' حکیموں اور پیروں سے گناہوں کی طرح بچنے میں احتیاط کرتا تھا۔ پر یہ دوائی خود بولی اس کا فائدہ خود بولا اور اس کا نفع خود بخود ہونا شروع ہوگیا۔ بس پھر کیا تھا میں مسلسل دوائی استعمال کررہا تھا میں تھوڑا کچھ جذباتی مزاج بھی تو ہوں نا؟ میں نے دوائی کو دن میں دو کے بجائے پانچ بار استعمال کرنا شروع کردیا' ہر دو تین گھنٹے کے بعد ایک بڑا چمچ استعمال کرتا۔ میری بہن نے مجھے روکا آپ ایسا نہ کریں لیکن مجھے جلد شفاء یابی پانے کا جنون تھا۔ میں نے محسوس کیا کہ مجھے زیادہ مقدار استعمال کرنے سے فائدہ ہونا شروع ہوا ہے' میرے گھٹنوں اور پٹھوں کے اینٹھن اور کھچاؤ میں فرق ہے' درد میں فائدہ ہے' ذہنی الجھاؤ اور تناؤ پہلے ہی فائدہ دے چکا تھا اور اس میں نفع میں پاچکا تھا اب اس میں بھی مجھے فائدہ ہونا شروع ہوگیا ہے لیکن چند دنوں بعد مجھے احساس ہوا کہ نہیں یہ مقدار بہت زیادہ ہے پھر دو ہفتے کے بعد میں نے اس کی مقدار کچھ کم کردی' یہ دوائی میں نے سات ہفتے استعمال کی' ایک بار بنائی پھر ختم ہوگئی پھر دوسری بار بنائی اور کچھ زیادہ بنالی ان سات ہفتوں میں مجھے اس دوائی کے پانچ فائدے ہوئے۔ **پہلا فائدہ:** ڈیپریشن' ٹینشن اور اینگزائٹی ختم ہوگئی۔ **دوسرا فائدہ:** جوڑوں کا درد' ان میں کھچاؤ' تناؤ اور ہر وقت کی چبھن اور درد اسی فیصد سے زیادہ ختم ہوا حتیٰ کہ میں نے دوائیں لینا چھوڑ دیں یعنی جو پین کلر (درد کی دوائیں) میں لیتا تھا وہ میں نے چھوڑ دیں۔ **تیسرا فائدہ:** میرے پیٹ کا مسئلہ تو ایسا حل ہوا کہ جو میں نے سوچا ہی نہیں تھا' بڑھا ہوا پیٹ کم ہونا شروع ہوگیا۔ دائمی قبض ختم ہوگئی اور گیس تبخیر بادی تو رہی ہی نہ۔ **چوتھا فائدہ:** مجھے ایک احساس تھا کہ میرے دل کے والو بند ہیں نہ میں نے کبھی ٹیسٹ کروائے لیکن وہ ساری علامات اس میں موجود تھیں جو کہ ہونی چاہیے میں نے محسوس کیا کہ میرا دل میرے کنٹرول میں آگیا اور میرا جسم اور اعصاب مضبوط ہوگئے۔ **پانچواں فائدہ:** جو میں نے محسوس کیا کہ میں اپنی ازدواجی زندگی سے بہت غیر مطمئن ہوچکا تھا مگر اب ازدواجی طور پر بھی مطمئن زندگی گزار رہا ہوں۔ بس یہ بہت سے فائدے ہیں جو مجھے اس دوائی سے ملے اور میں اب اطمینان سے یہ دوائی خود بھی استعمال کرتا جبکہ اب مجھے اس کی زیادہ ضرورت نہیں رہی لیکن اب میں اسے بطور محسن استعمال کرتا ہوں اور مجھے اس کا اتنا فائدہ ملا میں نے کبھی اتنا فائدہ سوچا ہی نہ تھا اور اس کا اتنا نفع محسوس کیا جس کو میں قلم سے' زبان سے' الفاظ سے اور جذبات سے بیان ہی نہیں کرسکتا۔

ایک بار یہ پڑھیں! دیکھیں حج کا بلاوا کیسے آتا ہے؟

میں بھی عرصہ دراز سے حج وعمرہ کیلئے وظائف کررہا تھا' ہمارا بھی نصیب جاگا' منظوری ہوئی اور جون 2013ء کو ہماری بھی حاضری اس مالک و خالق نے منظور فرمائی۔صدق دل' شوق و ذوق اور اس کے کرم کی بدولت ہی سب کچھ ہے۔

چند سال پہلے کی گرمیوں کے دن تھے' مجھے راستہ میں ماسٹر منظور احمد جو مقامی سکول میں سبجیکٹ سپیشلسٹ تعینات ہیں ملے' قریبی چائے خانہ سے چائے پلائی' باتوں میں باتوں میں کہنے لگے: سنا ہے آپ تعویذ وغیرہ دیتے ہیں میں نے کہا آپ کو غلط فہمی ہوئی ہے میں نے آج تک تعویذ نہ لکھا ہے اور نہ ہی کسی کو دیا ہے' ایک وظیفہ قرآنی عرصہ سے کررہا ہوں' بخیر وعافیت سے ہوں' اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ تمام بچوں کے فرائض پڑھائی' لکھائی' شادی سے فارغ البال ہوں' انہیں رہائش وغیرہ بھی دی ہوئی ہے' اپنا کھاتے پیتے اور کماتے ہیں۔ایک بیٹا کویت میں' دوسرا شارجہ اور تیسرا ابوظہبی میں' چوتھا اسلام آباد میں بغرض اپنے کاروبار رہائش پذیر ہیں' تعلیمی لحاظ سے ہم دونوں میاں بیوی ایف اے اور پرائمری پاس ہیں اور بچے مڈل' میٹرک' بی اے' بی کام اور دو بچیاں پی ایچ ڈی زولوجی اور ایم اے انگلش ہیں یہ سب کیسے ہوا' اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم عنایت ہے ورنہ عقل سے سوچ بھی نہیں سکتا۔ بہرحال ان کے اصرار اور حالات کے پیش نظر قرآنی وظیفہ فوٹوسٹیٹ دے دیا کہ حسب ضرورت صبح وشام پڑھا کریں نماز کی پابندی کریں اللہ تعالیٰ غفور الرحیم ہے وہ اپنا فضل وکرم کرے گا۔حسب معمول بندہ کچھ عرصہ کے بعد ماسٹر منظور کے گھر ملاقات کیلئے گیا پوچھا تو معلوم ہوا کہ صاحب موصوف بغرض عمرہ سعودی عرب تشریف لے گئے ہیں۔ بندہ حیران و پریشان ہوا کہ ایک طرف تو اس قدر مالی پریشانی اور دوسری طرف عمرہ کی سعادت حاصل کرنا۔خیر واپس آنے پر شوق سے ملاقات کی' حال احوال پوچھا تو پتہ چلا کہ یہ خوش نصیبی' کامیابی وظیفہ کی بدولت نصیب ہوئی' بے سروسامانی' پریشانی اور مال نہ ہونے کے باوجود اللہ تعالیٰ مسبب الاسباب ہے۔ایک دن ماسٹر منظور وظیفہ کے دوران کیمپ مائی مہر گئے دوست احباب/ ماسٹر حضرات جمع تھے عمرہ کے سلسلہ میں بشکل کمیٹی فی کس پانچ سو روپیہ کا تذکرہ کررہے تھے ماسٹر صاحب کو بھی دعوت دی کہ کمیٹی مذکورہ میں شامل ہوجائیں' ماسٹر صاحب نے انکار کیا کیونکہ مالی حالات بہت زیادہ پریشان کن تھے اس پر دوسرے ماسٹر دوست نے کہا کہ آئندہ تنخواہ پر کمیٹی دے دینا شامل کمیٹی تو ہوجائیں۔اس قدر اصرار و تکرار اور انکار کے باوجود جب پہلی پرچی اٹھائی گئی تو ماسٹر منظور احمد ہی کی منظوری ہوئی یہ تو نصیب وکرم اور منظوری کے فیصلے ہیں۔عمرہ بھی کیا اور بیٹے کی ملازمت کا پروانہ بھی گھر بیٹھے مل گیا' یہ ہیں نصیب کے فیصلے اور اس ذات باری کا کرم وفضل۔

میں بھی عرصہ دراز سے حج وعمرہ کیلئے وظائف کررہا تھا' ہمارا بھی نصیب جاگا' منظوری ہوئی اور جون 2013ء کو ہماری بھی حاضری اس مالک وخالق نے منظور فرمائی۔صدق دل' شوق وذوق اور اس کے کرم کی بدولت ہی سب کچھ ہے' آپ بھی وظیفہ پڑھیں' اپنا ذوق وشوق وابستگی حضوری کے ساتھ جاری وساری رکھیں' قبولیت پر ہمیں بھی نیک دعاؤں میں یاد رکھیں۔سب سے بڑی خواہش آرزو' حسرت اس مالک خالق کے گھر کی حاضری اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اقدس پر درود و سلام پڑھنا بہت بڑا انعام اور دینوی اور دنیاوی خوشی ہے لیکن ہم لوگ بچوں کی شادی تعمیر مکانات کوٹھیاں بنانے لگ جاتے ہیں۔ایک بار صدق دل کے ساتھ باقاعدہ ادائیگی نماز اور درج ذیل وظیفہ پڑھیں' اللہ تعالیٰ قبول ومقبول فرمائے۔
وظیفہ خاص ''قرآنی منزل'' (ہر اسلامک کتب خانہ سے باآسانی دستیاب ہے) ہے جو 33 آیات پر مشتمل ہے۔ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ یا صبح وشام ایک مرتبہ پڑھ لیں۔
(رانا محمد طارق سلیم' جھنگ صدر)

حج کی خواہش وظیفہ عبقری اور غیبی اسباب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی خیریت خداوند کریم سے مطلوب ہے اور یہ دعا ہے کہ آپ' آپ کا تمام عملہ تادم زندگی خیروعافیت سے رہ کر مخلوق خدا کی خدمت سچائی اور خلوص سے ادا کریں اور اللہ تعالیٰ آپ کی اس خدمت کو اپنی دربار میں قبول فرمائے۔آمین ثم آمین۔
راقمہ رسالہ عبقری 2011ء سے پڑھتی ہے مگر مسلسل نہیں جب میں گھر آتی تھی تب ہی پڑھتی تھی (میں پڑھائی کے سلسلے میں ہاسٹل میں تھی)۔عبقری میں شائع ہوئے بے شمار وظائف خود بھی کیے ہیں اور رشتہ داروں کو بھی دیئے ہیں جس نے بھی جو بھی وظیفہ کیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت میں اس کو ڈھانپ لیا ہے۔میرے ابو جی نے رسالہ عبقری میں حج کیلئے وظیفہ پڑھا' میرے ابو کہتے ہیں کہ جب میں نے یہ وظیفہ شروع کیا تو حج کیلئے غیبی طور پر اسباب بننا شروع ہوگئے اور اسی سال یعنی 2009ء میں حج کیا' وظیفہ یہ ہے کہ ہر صبح جب نماز فجر کی اذان ہو' سن کر اذان کے ہر لفظ کا جواب دیں اذان ختم ہو تو تین مرتبہ تلبیہ لَبَّیْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ، لَبَّیْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ پڑھے۔اس طرح اللہ تعالیٰ نے اس وظیفے کو قبول کرکے میرے ابو کو حج پر بلالیا۔دوسرا وظیفہ جو میں خود بھی کرتی ہوں اور بے شمار فوائد اٹھاتی ہوں۔ میں یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھتی ہوں۔جب بھی کہیں جانا ہوتا ہے تو گاڑی آسانی سے ملتی ہے اور جب کوئی چیزیں خریدنی ہوں تو آسانی سے اچھے ریٹ پر مل جاتی ہیں۔سورۂ قریش کا ورد بھی کرتی ہوں جب گاڑی بالکل خالی ہوتی ہے تو جلدی سے سواریاں آکر گاڑی میں بیٹھ جاتی ہیں۔سورۂ کوثر تو ہر چیز میں برکت کیلئے لاجواب وظیفہ ہے جس چیز پر بھی دم کرو صرف گیارہ مرتبہ یعنی اکثر اچانک مہمان زیادہ آجاتے ہیں اور کھانا کم ہو تو جب بھی سورۂ کوثر پڑھی تو ماشاء اللہ اللہ اتنی برکت ڈال دیتا ہے کہ سب سیر ہوکر کھا بھی جاتے ہیں اور کچھ بچ بھی جاتا ہے۔اسی طرح کئی مرتبہ واشنگ پاؤڈر پر دم کیا تو وہ بہت دنوں تک ہمارے کپڑے دھوتے ہیں اور ختم ہی نہیں ہوتا۔میں نے عبقری روحانی اجتماع میں اپنے ابو اور کزن کے ساتھ شرکت کی' میرے ابو بہت تعریف کررہے تھے کہ ماشاء اللہ اتنی تعداد میں لوگ تھے اور سب سیر ہوکر کھا جاتے تھے' مجھے بہت زیادہ ٹینشن تھی ایک مسئلہ بہت زیادہ گھمبیر تھا اس سے نجات کیلئے میں نے حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کو ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھا الحمدللہ اللہ نے پریشانی دور کردی۔اس کے علاوہ میں جنات کا پیدائشی دوست جلد سوئم میں آنیوالا وظیفہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سارا دن کھلا پڑھتی ہوں۔اللہ تعالیٰ آپ کو انسانیت کی رہنمائی کیلئے قبول فرمالے اور حضرت علامہ لاہوتی صاحب کو بھی تمام انسانیت کیلئے ہدایت کا ذریعہ بنا کر قبول کرلیں۔اللہ تعالیٰ تمام عبقری رسالے کیلئے خدمت کرنے والوں کو قبول کرلے۔ (نازش گل' نوشہرہ)

آسان ٹوٹکہ نے زندگی میں سکون بھر دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ دراز سے الرجی کا مریض تھا' آپ نے اپنے طبی آرٹیکل میں الرجی سے نجات کیلئے ایک ٹوٹکہ بتایا' میں نے آزمایا واقعی یہ اثر کرتا ہے اور مجھے اسی سے شفاء ملی۔ھوالشافی: الرجی' نزلہ' زکام' فلو چھینکوں کیلئے ڈراپر میں دیسی گھی ڈالیں اور اس کو تھوڑا سا نیم گرم کرکے ناک میں ٹپکائیں' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یہ عمل کریں' مکمل آرام آجائے گا۔چھینکوں کا طوفان روکنے کیلئے مجرب ترین عمل ہے۔تھوڑا عرصہ باقاعدگی سے استعمال شرط ہے۔(مبشر کریم)

بڑی عید پر بڑی پریشانی ختم کرنے کا آسان پیکیج

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کی بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے

ذی الحجہ اسلامی سال کا بارہواں مہینہ ہے۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ تمام مہینوں کا سردار رمضان المبارک کا مہینہ ہے اور تمام مہینوں میں حرمت والا مہینہ ذی الحجہ ہے۔

وظائف: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ وقوف عرفہ میں اس دعا سے افضل اور کوئی قول یا عمل نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ اس دعا کے پڑھنے والے کی طرف توجہ فرماتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ عرفات میں قبلہ رو ہوکر دعا مانگنے والے کی طرح دونوں دست مبارک پھیلا کر تین مرتبہ لبیک فرماتے' پھر ایک سو مرتبہ یہ فرماتے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ پھر ایک سو مرتبہ یہ (مبارک کلمات ارشاد) فرماتے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اَشْھَدُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا۔ اس کے بعد تین مرتبہ یہ فرماتے اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ پھر تین مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھتے۔ ہر مرتبہ سورہ فاتحہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سے شروع فرماتے اور آمین پر ختم کرتے اس کے بعد پھر ایک سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھتے۔ پھر ایک مرتبہ یہ پڑھتے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ اس کے بعد آپ ﷺ جو چاہتے دعا فرماتے۔ حضور نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص اس طرح دعا کرتا ہے فرشتوں سے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے' میرے بندہ کو دیکھو اس نے میرے گھر کی طرف رخ کیا۔ میری بزرگی بیان کی تسبیح و تہلیل میں مشغول ہوا اور جو سورۃ مجھے سب سے زیادہ محبوب تھی وہی پڑھی اور میرے رسول پر درود بھیجا۔ میں تم کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اس کے عمل کو قبول کیا اس کے اجر کو واجب کردیا' اس کے گناہ بخش دیئے اور اس نے جو کچھ مانگا میں نے اس کی سفارش قبول کی۔ (غنیۃ الطالبین)

عیدالاضحیٰ کی شب: جو کوئی عیدالاضحیٰ کی شب چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت کے بعد ستر مرتبہ درود پاک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کی معافی عطا فرمائے گا۔ جو کوئی عیدالاضحیٰ کے دن نماز عشاء کے بعد دس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ والضحیٰ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد ایک سو مرتبہ استغفار اور ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہو جو کوئی عیدالاضحیٰ کی شب بارہ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر مرتبہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ سلام کے بعد ایک مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ پڑھے پھر دس مرتبہ سورۂ اخلاص' ایک مرتبہ سورۂ الناس پڑھے تو انشاء اللہ اس کو دس شہیدوں کا ثواب عطا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے جنت الفردوس میں جگہ عنایت فرمائے گا۔

عیدالاضحیٰ کے دن: جو کوئی عیدالاضحیٰ کے دن نماز عید کی ادائیگی کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پانچ پانچ مرتبہ سورۂ والشمس پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ اس کو حج کا ثواب عطا ہوگا۔ جو کوئی عیدالاضحیٰ کی نماز کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اعلیٰ ایک مرتبہ پڑھے' دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ والشمس' تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ والضحیٰ اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نماز پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو پروردگار عالم اس کے گناہوں کی معافی فرمائے گا۔ پھر جب عیدگاہ سے نماز پڑھ کر گھر میں آئے تو دو رکعت نفل نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۂ کوثر پڑھے اگر مفلس ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ قربانی کرنے کا ثواب حاصل ہوگا۔ عیدالاضحیٰ کے دن جو کوئی ظہر کی نماز کے بعد بارہ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی' گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص' گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ فلق اور گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ ناس پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو بفضل باری تعالیٰ اس کو قیامت کے دن آسانی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ گناہوں کو معاف فرمادیگا اور نامہ اعمال میں نیکیاں لکھ دے گا۔

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 11 اگست بروز جمعہ سہ پہر 3 بجکر 5 منٹ سے 4 بجکر 23 منٹ تک' 23 اگست بروز بدھ عصر تا مغرب' 28 اگست بروز سوموار رات 7 بجے سے 8 بجکر 21 منٹ تک یَاغَفُوْرُ یَاوَدُوْدُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، دردِ دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1- روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

دکھوں کی ماری کا خوشیوں بھرا خط

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے جب سے ہوش سنبھالا دکھ ہی دکھ دیکھے ہیں اپنے والدین کو پریشان ہی دیکھا تھا' والدہ کی وفات کے بعد میرا بہت برا دردناک دور شروع ہوا۔ مجھ پر بھابی' چچی کی جانب سے بہت مظالم ڈھائے گئے بھائیوں اور بڑی بہنوں (شادی شدہ) نے میری طرف کوئی توجہ نہ کی' میں نوکرانیوں کی طرح زندگی بسر کرتی رہی۔ بس اللہ تعالیٰ سے فریاد کرتی کہ یااللہ! کوئی سبب بنادے مجھے اس جہنم سے نکال دے اسی دوران مجھے میری دوست نے عبقری دیا' پڑھا' بہت خوشی ہوئی کہ اب میرے مسائل حل ہوں گے' اپنی دوست کو کہا کہ تم ہر ماہ پڑھنے کے بعد مجھے عبقری دے دیا کرو وہ رضامند ہوگئی۔ اس میں موجود (باقی صفحہ نمبر 34 پر)

قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی‘ جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں‘ اپنے معمولی سے تجربے کا بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے

اکٹھی چار بہنوں کی شادی! واہ کیا کمال کا وظیفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بازو اور ٹانگوں میں بہت زیادہ درد ہوتا تھا‘ خواب میں بہت زیادہ سانپ نظر آتے تھے اور جانوروں کو ذبحہ کیا جاتا ہے اور وہ انسانی شکل اختیار کرتے جاتے ہیں۔ بلی چھت پر روتی ہوئی نظر آتی تھی‘ میں بہت پریشان کہ کروں تو کیا کروں؟ گندے اور غلط خیالات آتے تھے۔ خواب میں نوجوان لڑکے لڑکیاں غلط کام کرتے نظر آتے تھے اور گندے گندے کاموں کی طرف خیال جاتا تھا اکثر چلتے ہوئے ایسے محسوس ہوتا کہ کوئی میرے پیچھے آرہا ہے اور کانوں میں بہت زیادہ رونے کی آواز محسوس ہوتی تھی جب پیچھے مڑکر دیکھتی تو کچھ نہ ہوتا تھا۔

میری منگنی کو پانچ سال ہوچکے تھے اور میرا منگیتر انگلینڈ ہوتا ہے‘ اس کا کام بھی ٹھیک ہے‘ کاغذات بھی مکمل ہیں لیکن جب بھی وہ شادی کیلئے پاکستان آنے لگتا اس کا کوئی نہ کوئی مسئلہ بن جاتا تھا کبھی کاروباری مسئلہ‘ کبھی کاغذات کا مسئلہ بالکل سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ یہ کیسے ہوجاتا ہے‘ پورا خاندان پریشان‘ ہمارا خاندان بہت بڑا ہے‘ ہم سب ایک جگہ رہتے ہیں‘ میں بڑی ہوں‘ میری وجہ سے دوسری بہنوں کی شادیاں بھی رکی ہوئی تھیں۔

مجھے ایک مرتبہ عبقری ملا‘ بہت اچھا لگا‘ جیسے مجھے میری منزل مل گئی ہو‘ میرے دل کی آواز تھی کہ اب میرے مسائل حل ہوجائیں گے‘ میری تکالیف ختم ہوجائیں گی‘ میری زندگی میں بھی خوشیاں آئیں گی‘ میں نے مکمل عبقری پڑھا‘ بہت اچھا لگا۔ اس میں موجود ایک وظیفہ ”اَفَحَسِبْتُم اور اذان“ والا پڑھنا شروع کردیا۔ وظیفہ یہ تھا کہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان ہر دو گھنٹے بعد سات سات دفعہ پڑھ کر اپنے دونوں کانوں اور پورے گھر پر دم کردیں۔ میں نے وظیفہ پڑھنا شروع کردیا۔ ساتھ میں نے اپنے شہر کی مین ایجنسی جاکر مزید عبقری میگزین خریدے‘ شہد‘ مشروب عبقری افزار اور اپنے گھروالوں کیلئے مزید کچھ ادویات لیں۔ جب وظیفہ پڑھنا شروع کیا تو میرے مسائل مزید بڑھ گئے‘ خواب بھی بہت عجیب آتے‘ وظیفہ پڑھتے ہی کندھے بھاری ہوجاتے سر پر بوجھ محسوس ہوتا‘ نیند آجاتی‘ میں اس کیفیت کے بارے دفتر ماہنامہ عبقری میں فون کرکے بتاتی وہ مجھے تسلی دیتے کہ وظیفہ جاری رکھیں اور درس سنیں‘ حضرت جی کا درس گھر میں لگائیں ان شاء اللہ اللہ کی مدد آئے گی مسئلہ ضرور حل ہوگا۔ میں وظیفہ کرتی رہی‘ آہستہ آہستہ میرے بازوؤں اور ٹانگوں کا درد ختم ہوگیا‘ غلط خیالات ختم ہوگئے‘ دل نماز اور ذکر میں لگنے لگا‘ میرے منگیتر کے آنے کی خبر آگئی‘ میری شادی ہوگئی نہ ہی خواب میں جانور نظر آتے ہیں نہ کوئی پریشانی محسوس ہوتی ہے۔ میری شادی تو ہوگئی مگر میرے ساتھ دوسری تین بہنوں کی شادیاں بھی ہوگئیں۔ ایک ہی وقت میں ایک گھر سے چار ڈولیاں نکلی ہیں‘ سب بہنیں اپنے گھروں میں خوش ہیں‘ میری عمر نکلتی جارہی تھی۔ یہ سب عبقری کے وظیفہ اَفَحَسِبْتُم اور اذان کے عمل کی برکت سے ہوا۔ اللہ حضرت حکیم صاحب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ جنہوں نے ماہنامہ عبقری جاری کیا جو ہم جیسے دکھی لوگوں کی اصلاح کیلئے ہم پر شفقت فرمارہے ہیں۔ میرا پورا خاندان عبقری کیلئے دعاگو ہے۔ آمین (پوشیدہ)

میں نے 7 ماہ میں 22 کلو وزن کم کیا

راقم الحروف بلحاظ پیشہ ایک وکیل ہے‘ اس لیے مصروفیات کے تناظر میں اور کھانے پینے کی بے اعتدالی‘ زیادہ دیر تک بیٹھنے اور خاندانی موٹاپے کے تناظر میں اپنے ذاتی تجربات اور عالمی سطح پر کی جانے والی کچھ تحقیقات گوش گزار کرنا چاہتا ہوں‘ شاید عبقری کے کسی قاری کے کام آسکیں۔

اگر انسان کے جسم کا سسٹم میٹابولک اور ہارمونز کی وجہ سے زیادہ موٹاپا لارہا ہے تو اس انسان کو نارمل آدمی سے بہت زیادہ محنت کی ضرورت ہوتی ہے۔ حرارے حتی الامکان کم اور ورزش بڑھانا ہوگی لیکن اگر موٹاپے کی وجہ صرف آپ کی خوش خوراکی یا سست روی ہے تو تھوڑی کوشش بھی زیادہ پھل لائے گی اور موٹاپا سے جلد چھٹکارا ملے گا۔

ورزش کو میں دو اقسام میں تقسیم کرتا ہوں ایک وہ جن سے وزن تیزی سے کم ہوتا ہے اور دوسری وہ جو وزن جلد کم نہیں کرتی لیکن باڈی کی ہیت بدلنے میں معاون ہیں‘ یوں دوسری قسم کی ورزش کرتے ہوئے اگر وزن کم نہیں ہورہا تو فکر نہ کریں اس سے وزن آہستہ آہستہ کم ہوگا لیکن اس کا فائدہ کچھ اور ہے۔ پہلی قسم میں جمپنگ‘ رسی کودنا‘ دوڑ وغیرہ شامل ہیں جبکہ دوسری قسم میں تمام تر کرنچز‘ ٹوسٹر‘ ڈمبلز اور سائیکلنگ وغیرہ شامل ہیں۔ بعض اوقات دوران ورزش وزن کم نہیں ہوتا اس سے فکرمند اور دلبرداشتہ ہوکر ورزش نہ چھوڑیں باڈی فیٹس بھی برف کے بلاک کی طرح ہیں مسلسل کوشش ہے بعض مرتبہ دیر سے ٹوٹیں گے لیکن اندر سے پگھل رہے ہوں گے۔ جب آپ نے ایک مرتبہ وزن کم کرلیا اور پھر دوبارہ بڑھ گیا تو یہ فیٹس بہت ہارڈ ہوں گے اور پہلے سے کئی گنا زیادہ محنت کے متقاضی ہوں گے۔ یہ ذہن میں رکھیں کہ اگر آپ نے کوئی جم جوائن کیا ہے یا کوئی ہیلتھ کلب جوائن کیا ہے تو اس کو اگر بعد میں چھوڑ دیا ہے تو آپ نے موٹاپے اور بیماریوں کو خود دعوت دی ہے تاہم اگر جسم میں موٹاپے کا رجحان نہیں تو پھر ایسا نہ ہوگا۔ راقم الحروف نے سات ماہ میں 22 کلوگرام تک وزن کم کیا تھا جس بابت غذائی احتیاط اور ورزش اور نماز کا ساتھ رکھا اور ان میں سے ایک چیز میں بھی فرق آیا تو سب میں فرق آگیا۔

بعض ادویات اور بعض دیسی ٹوٹکے بھی ممدومعاون ہیں جن میں سونٹھ اور اسطخدوس کو ہم وزن پیس کر استعمال کرنا بہت مفید ہے لیکن یرقان کے مریض اس کو استعمال نہ کریں اسی طرح سے بعض وٹامنز اور ولائتی ادویات بھی وزن کم کرتی ہیں لیکن بلڈپریشر کے مریضوں کیلئے مضر صحت ہوسکتی ہیں۔ کچھ عرصہ کی ورزش اور کچھ عرصہ کی ڈائٹنگ زیادہ تباہ کن ہے۔ یاد رکھیں! جاپان کے سومو پہلوانوں کا حد سے زیادہ وزن بڑھانے کا بھی یہی طریقہ کار ہے کہ پہلے حد سے زیادہ ڈائٹنگ کرائی جاتی ہے پھر حد سے زیادہ کھانا دیا جاتا ہے۔ جم میں آپ جسم کے جس حصہ کی زیادہ ورزش کریں گے اگر زیادہ وزن کا مسئلہ ہے تو جب ورزش چھوڑیں گے تو اسی حصہ سے زیادہ وزن بڑھے گا۔ مجھے پولیس ٹریننگ سنٹر سہالہ سے تربیت یافتہ پولیس افسران نے بتایا کہ ان کو بتلایا گیا تھا کہ اگر واک کی سپیڈ ہو اور سٹائل جاگنگ والا ہو تو یہ بھی بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔ آخر میں یہی کہنا چاہوں گا کہ اسلام کی سادہ زندگی کے تصور کو اپنائیں اسی

میں ہی ہر مسئلہ کا حل ہے۔ (چوہدری غلام عباس ایڈووکیٹ' صادق آباد)

میرے آزمودہ چند نسخہ جات قارئین کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بعد از سلام عرض و گزارش ہے کہ آپ کا رسالہ عبقری پڑھا' دیکھا پسند آیا۔ 1960ء میں ہندوستان کے مشہور حکیم جو کہ مسلمان' ہندو' سکھ سبھی تھے ایک رسالہ ''الحکیم'' نکالتے تھے جس میں یہ حکماء اپنے آزمودہ نسخہ جات دیتے تھے میرے پاس چند نسخہ جات محفوظ ہیں جو میں عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں۔ **حبوب ہاضم:** نوشادر ایک پاؤ' مرچ سیاہ' الائچی خورد ہر ایک دو تولہ کوٹ کر ایک مٹی کی ہانڈی میں رکھیں' اس کے اوپر دوسری ہانڈی اوندھی رکھ کر گل حکمت کریں اس کے نیچے چار پہر بیری کی لکڑیوں کی آگ دیں' اس کے بعد سرد کر کے اوپر والی ہانڈی کے اندر کی طرف سے جوہر اتار کر رکھ لیں' اس جوہر کو کاغذی لیموں سے کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔ ایک یا دو گولیاں کھانے سے قوت ہاضمہ بڑھاتی ہے' ریح دور ہوتے ہیں' طبیعت ہشاش بشاش رہتی ہے' اگر آنکھوں میں پھولا ہو تو گولی کی گھس کر آنکھ میں بطور سرمہ لگانے سے بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ **سگ دیوانہ گزیدہ:** خاک سرطان ایک تولہ برگ مدار نو ماشہ' کندر ایک تولہ' پوست ریٹھہ دو تولہ' پرانا گڑ دو تولہ' نخودی گولیاں باندھ کر رکھیں' تین ماشہ صبح و شام ہمراہ گائے کے دودھ کھائیں۔

حبس بول: بھینس کے کان کا میل ناف پر ملیں اور شورہ قلمی دو ماشہ شربت مصری کے ساتھ دیں اور قدرت الٰہی کا کرشمہ دیکھیں۔ **جریان و سیلان:** دودھی خورد کو سایہ میں خشک کر کے سفوف بنالیں اور مساوی وزن مصری ملالیں اور چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ' جریان' احتلام' سوزاک' کہنہ سیلان الرحم میں مفید ہے۔ ہفتہ دو ہفتہ میں افاقہ ہوجاتا ہے۔ **حب مقوی:** تخم پیاز سفید' خرما' چڑوں کا مغز' تخم گندنا' ثعلب مصری' شقاقل مصری' ریگ ماہی ہر ایک' ایک تولہ' جند بیدستر' کشتہ چاندی ہر ایک چھ ماشہ سب ادویات کو کوٹ چھان کر مشک اصلی تین ماشہ ملا کر سوا دو تولہ شہد اور قدرے ترہ تیزک کے پانی میں گولیاں بقدر دانہ نخود بنائیں۔ دو یا تین گولیاں ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ صبح و رات کو سوتے وقت کھائیں۔ پٹھوں کو سخت قوی کر دیتی ہے۔ جو لوگ غلط کاریوں' کثرت مباشرت کی وجہ سے کمزور ہو گئے ہیں ان کیلئے اکسیر ہے۔ **نسوار شقیقہ:** نک چھکنی' جائفل' جٹامانسی' تخم سرس ہر ایک ایک تولہ کوٹ پیس کر پارچہ بیز کر لیں۔ دن میں پانچ یا چھ بار نسوار لیں۔ درد سر ہر قسم' آدھ سر کا درد' چکر آنا' نسیان' کند ذہنی' نزلہ زکام' ڈاڑھ کا درد وغیرہ میں مفید ہے۔

عقرب گزیدہ: دس تا بارہ بچھو زندہ اسپرٹ کی شیشی میں بھر کر رکھ لیں۔ شیشی کا منہ بند کر کے ایک ہفتہ رہنے دیں' تمام بچھو گل جائیں گے۔ بس دوا تیار ہے۔ ایک پھریری بچھو کے کاٹے کی جگہ پر لگائیں سو فیصد آرام دیتا ہے۔ ان شاء اللہ۔

مقوی باہ و قلب: ثمر برگد خام دو تولہ لے کر چار ٹکڑا کر دیں اور اسپغول ایک تولہ دونوں کو ایک پوٹلی میں باندھ کر شیر گاؤ ایک تار میں جوش دیں جب چوتھا حصہ رہ جائے' بغیر شکر ملائے نوش کریں اس طرح ہر روز تازہ ثمر برگد استعمال میں لائیں۔ اگر چالیس روز استعمال کریں تو قوت باہ تمام عمر قائم رہے گی۔ ان شاء اللہ۔ **ملیریا کا علاج:** ستیاناسی کے تخم سالم بقدر چار ماشہ ہمراہ نیم گرم پانی پھانکنے سے ملیریا خواہ کتنے ہی روز کا ہو پسینہ آکر اتر جاتا ہے۔ ان شاء اللہ۔ **مروڑ اٹھتے ہوں تو:** پودینہ سبز ایک تولہ' برگ شیشم چھ ماشہ' سردائی کی طرح گھوٹ کر پلائیں' آرام ہوگا۔ ان شاء اللہ۔ **سر گنج کا علاج:** روغن سرشف ایک پاؤ' برگ مدار ایک چھٹانک' گندھک آملہ سار چھ ماشہ' پھٹکڑی سفید ایک تولہ' آہنی کڑاہی میں روغن سرشف ڈالیں اور کڑاہی کو کوئلوں کی درمیانی آنچ پر رکھ دیں' جب تیل کڑکڑا جائے تو مدار کے پتوں کو اچھی طرح کچل کر ٹکیہ بنائی ہوئی آہستہ آہستہ سے تیل میں چھوڑ دیں جب ٹکیہ سوختہ ہوجائے تب کڑاہی کو آگ سے علیحدہ کریں اور سلاخ یا دستے سے ٹکیہ کو تیل میں حل کر دیں بعد میں گندھک اور پھٹکڑی کا سفوف شامل کریں اور تھوڑی دیر مزید حل کریں یعنی آہنی دستہ سے رگڑیں۔ ٹھنڈا ہونے پر اس قوام کو کسی شیشی میں سنبھال رکھیں۔ مریض کے سر کو نیم کے پتوں کے جوشاندہ میں دھو کر اس تیل کو روئی کی پھریری کے ساتھ آہستہ آہستہ سر پر لگائیں اور مالش کریں دن میں دو دفعہ کریں۔ دس دن تک آرام ہوگا۔ ان شاء اللہ۔ **نکسیر کا علاج:** برگ سبز کاہو ایک تولہ' سرکہ انگوری میں گھوٹ کر پیشانی پر لیپ کریں۔ نسخہ نمبر 2: انجبار کی جڑ دو تولہ کوٹ کر رات کو سیر بھر پانی میں بھگوئیں اور صبح کو جوش دیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے اتار کر چھان لیں اور آدھ سیر مصری ملا کر شربت بنالیں۔ تین تولہ شربت میں پانی ملا کر دن میں تین مرتبہ دیں۔ نسخہ نمبر تین: گدھی کا دودھ حسب خواہش لے کر مریض کے سر کی مالش کریں اور دو گھنٹہ تک سر گیلا رہنے دیں' سات دن تک مالش کریں رعاف یعنی نکسیر رک جائے گی۔

نمکیات کے فوائد: نمک خربزہ: مدر بول' سنگ گردہ و مثانہ وباؤ گولہ کو نافع ہے۔ (خوراک چار رتی) **نمک مولی:** ہاضم' درد شکم' قولنج و درد گردہ کو مفید ہے۔ (خوراک چار رتی) **نمک چرچٹہ:** دمہ اور سعال کو دور کرتا ہے۔ (خوراک چار رتی) **نمک مدار:** ہیضہ' تخمہ' کھانسی' قولنج' درد شکم کو نافع ہے۔ (خوراک چار رتی) **نمک کٹائی:** معدہ کی شکایات کو دور کرتا ہے' مقوی باہ ہے۔ (خوراک چار رتی' بالائی کے ساتھ) **نمک منڈی:** مصفی خون' مقوی اعضاء رئیسہ' باہ و معدہ۔ (خوراک چار رتی) **نمک گکروندہ:** استسقاء' بخار بلغمی' بواسیر وغیرہ کو مفید ہے۔ (خوراک چار رتی) **نمک بانسہ:** دمہ' کھانسی اور سل میں مفید ہے۔ (خوراک چار رتی) **نمک نک چھکنی:** دمہ کو مفید اور ہاضمہ کو درست کرتا ہے۔ (خوراک چار رتی) **نمک پودینہ:** ہضم' طعام اور درد معدہ کو مفید ہے۔ (خوراک چار رتی) **نمک دھتورہ:** دمدار و کٹائی' دمہ' سرفہ بلغمی کو مفید ہے۔ (خوراک چار رتی) (انتظار حسین' جھنگ سٹی)

قوت حافظہ کیلئے عجیب اثر ہومیو نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ نسخہ بڑے سالوں کا نچوڑ اور بہت سے لوگوں پر تجربہ کے بعد تحریر کر رہا ہوں۔ دماغی کام کرنے والوں کیلئے بہت ہی زبردست چیز ہے۔ یہ نسخہ پروفیسرز حضرات' وکلا' ججز' طلباء' قراء حضرات' دماغی کام کرنے والوں کیلئے بہت فائدہ مند ہے۔ اس کے استعمال سے قوت حافظہ بڑھ جاتی ہے' نسیان کا عارضہ ختم ہوجاتا ہے' دماغی کام کرنے سے تھکن' الجھن' سر درد' بے چینی نہیں ہوتی۔ زندگی کی ایک نئی لہر دوڑ اٹھتی ہے۔ انسان اپنے آپ میں پھر سے جوان اور زندہ لوگوں میں محسوس کرنے لگتا ہے۔ تندرست انسان استعمال کرے تو بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔ ہومیوپیتھک فارمولہ نوٹ فرمالیں!

ALFALFA Q
CHINIA Q
AVENA STIVA Q
ACID PHOS 3X

یہ تمام چیزیں ہموزن لے لیں۔ یا کسی بھی اچھے ہومیو پیتھک اسٹور پر جائیں اور ان سے کہیں کہ ہمیں یہ نسخہ تیار کر دیں۔ وہ آپ کو بنا کر دے دے گا۔ صرف دو قطرے صبح' دوپہر' شام پی لیں یا ایک گھونٹ پانی میں دو قطرے ملا کر پی لیں۔ نوٹ: دو قطروں سے زیادہ استعمال نہ کریں۔ قارئین! یہ فارمولہ جس جس نے بھی استعمال کیا آج بھی دعاؤں میں یاد رکھتا ہے آپ بھی ضرور بنائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیے۔ ہاں مقدار خوراک کا خیال رکھیے گا۔ **نکسیر کیلئے بہت ہی مجرب ٹوٹکہ:** ھوالشافی: پیپل کے درخت کی چھال تھوڑی مقدار میں رات کو بھگو دیں' صبح نہار منہ چھال علیحدہ کر کے صرف پانی مریض کو پلادیں۔ نئی پرانی نکسیر کیلئے انتہائی مفید ہے۔ جس جس کو بھی بتایا اللہ تعالیٰ نے سب کو شفاء دی۔ (محمد اشرف' گوجرانوالہ)

بچوں کے دست روکنے کا ٹوٹکہ: امرود کے سبز پتے' انار کی کلی اور کیکر کے پتے ہم وزن لے کر پانی میں بھگو دیں چار گھنٹے بعد چھان کر بچوں کو دینے سے دست رک جاتے ہیں۔

فاقے ختم' دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

دولت کی ریل پیل چاہیے تو باوضو رہنا سیکھئے

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں "ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا دولت مند ہوا" لگائی جائیں گی۔ آپ بھی اپنے یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں روزگار کے سلسلے میں سعودی عرب گیا ہوا تھا' مجھے وہاں اکیس ماہ ملازمت کرتے ہوئے ہو گئے تھے' ادھر تنخواہ بالکل بھی اچھی نہ تھی' میرا گزارہ بالکل بھی نہیں ہو رہا تھا' بہت پریشان تھا کہ گھر بار' بیوی' بچے' اپنے لوگ' ملک چھوڑ کر یہاں پردیس صرف پیسے کمانے آیا تھا اور یہاں آکر بھی حالات بہتر نہیں ہو رہے۔ الحمدللہ پانچ وقت کی نماز میں شروع سے ہی پڑھتا ہوں' ایک مرتبہ ایک کتاب کا مطالعہ کر رہا تھا کہ اس میں ایک سطر پر نظر پڑی کہ باوضو رہنے سے رزق بڑھتا ہے۔ نامعلوم کیوں یہ بات میرے دل کو لگی اور میں نے ہر وقت باوضو رہنا شروع کر دیا' جیسے ہی وضو ٹوٹتا فوراً اٹھ کر وضو کرتا۔ چند ہفتوں بعد میرے ایک دوست نے مجھے فون کیا اور کہا کہ سپین کی نئی کمپنی ہے ان کو مختلف فیلڈز میں سٹاف چاہیے اگر آپ کا موڈ ہو تو انٹرویو دے دو' میں گیا' انٹرویو دیا اور سلیکٹ ہو گیا ابھی ان میں نے کہا کہ میری کمپنی ٹرانسفر نہیں کرے گی تو مجھے پرابلم ہو گی کیونکہ سعودی حکومت کی طرف سے ڈیڈ لائن تین نومبر کی ہے جو غیر قانونی ہیں ان کیلئے اور آپ میرے لیے کیا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آپ آجاؤ ہم سے جو بھی ہوا وہ کر دیں گے یا آپ کو ویزہ دے دیا جائے گا' میں نے کہا ٹھیک ہے میں نے اگلے دن اپنا بیگ لیا' نئی کمپنی میں آگیا لیکن آنے سے پہلے میں نے دو رکعت نفل اور گھر سے نکلنے کی دعا

بسم اللہ توکلت علی اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ

پڑھی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی۔ میری نئی کمپنی والوں نے میرا ویزہ ٹرانسفر کیلئے میری پرانی کمپنی سے بات کی تو وہ نہ مانے اور نہ ہی میرے پیسے دینے پر آئے اور نہ ہی پاکستان واپس بھیجنے پر آمادہ ہوئے۔ میرے کچھ دوست ہیں وہ بھی میری طرح غیر قانونی تھے میں نے ہر نماز کے بعد اپنے دوستوں کیلئے دعا کرنا شروع کر دی' میں نے آپ (حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم) کے درس میں سنا تھا کہ دعا کرتے ہوئے ایسی کیفیات بنا لیا کرو' اے اللہ! میرے پاس کچھ بھی نہیں ہے' نہ کیفیات' نہ الفاظ اور سب سے بڑا مجرم میں ہوں اور سب سے بڑا جھوٹا میں ہوں مگر اے کریم اللہ تو تو سچوں کا سچا ہے۔ اسی طرح روزانہ پہلے اپنے دوستوں کیلئے دعا کرتا پھر اپنے لیے دعا کرتا' ساتھ سورۂ قریش ہر وقت پڑھتا تھا اور باوضو رہتا تھا اور نیت وہی کہ باوضو رہنے سے رزق بڑھتا ہے' بس اللہ کریم نے پہلے میرے دوستوں کو سیٹ کر دیا اور پھر آخر میں' میں رہ گیا جو میری کمپنی پیسے لے کر پاسپورٹ نہیں دیتی تھی مگر میں حیران ہوا کہ وہ خود ہی مان گئی اور پاسپورٹ دے دیا اور دو دن پہلے مجھے پاسپورٹ مل گیا۔ ہر وقت باوضو رہنے کی برکت سے میں اور میرے دوست سیٹ ہو گئے ہیں اور میں نئی کمپنی جو کہ سپین کی ہے میں بطور آئی ٹی انجینئر سلیکٹ ہوا ہوں اور تنخواہ بھی پہلے تنخواہ سے دس گنا زیادہ ملی' باوضو رہنے سے اللہ نے اتنا دیا کہ میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔

اگلے مہینے "فاقے ختم' دولت' عزت اور برکت کیسے ملی؟" کے حوالے سے ایک نیا سچا واقعہ اور ایک نیا آزمودہ عمل پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

فرض نمازوں کے بعد پڑھی جانے والی سورتیں

بعد از نماز فجر: سورۂ یٰسین پڑھنے سے دن بھر کے کام آسان جملہ حاجات پوری ہوں گی۔ **بعد از نماز ظہر:** سورہ فتح پڑھنے سے دشمنوں اور حاسدوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ **بعد از نماز عصر:** سورۂ نباء پڑھنے گناہوں کی تلافی ہو جاتی ہے۔ **بعد از نماز مغرب:** سورۂ واقعہ پڑھنے سے کبھی فقر و فاقہ اور قحط کی شکایت نہ ہو گی۔ **بعد از نماز عشاء:** سورۂ الملک پڑھنے سے عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل۔ **انسان کے قرآن پاک پر پانچ حق:** اس پر ایمان لانا۔ اس کی تلاوت کرنا۔ اس کو سمجھنا اس پر عمل کرنا۔ اس کو پھیلانا۔ **درج ذیل چیزوں کو صرف دیکھنے سے ثواب ملتا:** آب زم زم۔ بیت اللہ۔ والدین (محبت کی نظر سے) قرآن پاک۔ نیک عالم (عالمہ)۔

شیطان کو پگھلانے کا عمل: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "جب بندہ تسمیہ پڑھتا ہے تو شیطان یوں پگھلتا ہے جیسے آگ میں شیشہ" یعنی جب آدمی تسمیہ پڑھتا ہے تو تکبر جیسی بری شے ختم ہو جاتی ہے آدمی کا خیال اللہ کی طرف چلا جاتا ہے اور توجہ الی اللہ ہی کامیابی کا زینہ ہے۔ (مہوش اسحاق اسلام آباد)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَارَحِیْمُ یَاکَرِیْمُ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہو گی لیکن بعد میں آپ پر جب اسکے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

برسوں کی تھکاوٹ لمحوں میں دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ پانچ سال سے پڑھ رہی ہوں' اس میں موجود مراقبہ سے فیض تو میرا "پسندیدہ" ہے۔ میں مراقبہ عبقری پڑھنے سے پہلے کا کر رہی تھی مگر جب سے عبقری میں مراقبہ کے فوائد پڑھے تو میں حیران رہ گئی۔ میں نے عبقری میں دیا گیا مراقبہ ہر ماہ کرنا شروع کر دیا۔ گزشتہ ہفتہ نماز عشاء کے بعد میں نے مراقبہ شروع کیا تو کچھ ہی دیر کے بعد اچانک اللہ پاک نے دکھانا شروع کر دیا اور اس مرتبہ مراقبہ میں کچھ شیاطین دکھائے۔ ایک چھوٹا سا کمرہ ہے جس میں تقریباً چار سے پانچ چارپائیاں جوڑ جوڑ کر رکھ جاسکتی ہیں اس کمرے میں چارپائیاں تو نہیں ہیں الگ الگ شیطانوں کے الگ الگ بستر بنے ہوئے ہیں' کچھ ایسے کہ شیشے کی چھوٹی چھوٹی 8 سے 10 انچ کی دیواریں اونچی کی ہوئی ہیں اور اس باکس کے اندر نمک کی ڈلیاں ایسی ہے جیسے کانچ کے ٹکڑے کیے گئے ہیں اور وہ بجری کی شکل میں ہیں۔ چار پانچ باکس اسی طرح سے بنے ہوئے ہیں نمک (باقی صفحہ نمبر 31 پر)

عیدالاضحی کیسے منائیں؟ ٹوٹکے اور چند احتیاطیں

عیدالاضحی کے موقع پر اکثر گھروں میں گوشت وافر مقدار میں جمع ہوجاتا ہے جسے یا تو فریز کردیا جاتا ہے یا پھر خشک کرکے مختلف اوقات میں استعمال کیا جاتا ہے۔ خیال رہے کہ زیادہ عرصہ تک فریزر میں رکھی ہوئی اشیاء اپنی غذائیت کھو دیتی ہیں اور صحت کیلئے بھی نقصان کا باعث بنتی ہے۔

عیدالاضحیٰ کے موقع پر حسب استطاعت تمام افراد ذوق و شوق کے ساتھ قربانی کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔ قربانی کے بعد گوشت رشتہ داروں اور دوست احباب کے علاوہ ضرورت مندوں میں تقسیم کردیا جاتا ہے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر اکثر گھروں میں گوشت وافر مقدار میں جمع ہوجاتا ہے جسے یا تو فریز کردیا جاتا ہے یا پھر خشک کرکے مختلف اوقات میں استعمال کیا جاتا ہے۔ خیال رہے کہ زیادہ عرصہ تک فریزر میں رکھی ہوئی اشیاء اپنی غذائیت کھو دیتی ہیں اور صحت کیلئے بھی نقصان کا باعث بنتی ہیں۔ کوشش کریں کہ گوشت اتنا ہی فریز کیا جائے جسے جلد از جلد استعمال میں لایا جاسکے۔ بعض خواتین ضرورت سے زیادہ گوشت فریز کرلیتی ہیں جو بجلی کی آنکھ مچولی کے باعث یا کسی اور وجہ سے فریج میں رکھے رکھے خراب ہوجاتا ہے۔ لہٰذا گوشت گلا سڑا کر پھینکنے سے بہتر ہے کہ گھروں میں صفائی ستھرائی کیلئے آنے والی ماسیوں یا اطراف میں موجود مستحقین کو پہنچا دیا جائے۔

گوشت پکاتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ بوٹیاں اچھی طرح گل جائیں' جلد بازی میں پکائی گئی ہنڈیا میں کوئی ذائقہ نہیں ہوتا اور گوشت بھی کچا پکا رہ جاتا ہے۔ ایسے کھانے انسانی صحت کیلئے مضر ہیں۔ بچوں کو بھی گوشت کھلانے میں احتیاط برتیں۔ اکثر بچے کھانا صحیح طور سے چبا کر نہیں کھاتے اور غذا کو جلدی جلدی معدے میں پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں لہٰذا بچوں کو کھانا کھلاتے وقت اس بات پر دھیان دیا جائے کہ وہ غذا کو چبا کر کھائیں۔ وہ کباب بہت شوق سے کھاتے ہیں اس لیے ان کے شوق کو بھی مدنظر رکھا جائے لیکن ضروری نہیں کہ بقرعید کا موقع ہے تو گوشت ہی کھانا اور کچھ نہیں۔ صرف گوشت کھانے سے صحت پر اچھے اثرات مرتب نہیں ہوتے۔ اکثر بچوں اور بڑوں میں مسوڑھوں اور معدے کی تکالیف عام ہوجاتی ہیں۔ اسی لیے غذا میں کچھ تبدیلی بھی لانی چاہیے تاکہ صحت پر اچھے اثرات مرتب ہوں۔ دالیں' سبزیاں اور دیگر کھانے بھی اپنے دسترخوان پر سجائیں۔ نت نئی ڈشز بنا کر یا ان ڈشز کے ساتھ گوشت کی کچھ آئٹمز بنا کر دسترخوان کی زینت بناسکتی ہیں۔ اس طرح غذا متوازن رہے گی اور اہل خانہ کی صحت خراب ہونے کا ڈر بھی نہیں رہے گا۔

عید قربان کیلئے چند مفید ٹوٹکے

عید قربان کے موقع پر کچھ ٹوٹکے' تجاویز پیش خدمت ہیں۔ انہیں آزما کر یقیناً آپ بھی ان ٹوٹکوں کی افادیت کی قائل ہوجائیں گی۔ سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ذبیحہ کی نمائش نہ کریں' بارگاہ خداوندی میں پیش کیا جانے والا جانور خوب موٹا تازہ اور صحیح وسالم ہونا چاہیے۔ قربانی کے جانور کی آنکھ' کان' دانت خوب اچھی طرح دیکھ لیں اور ایسے جانور کی قربانی نہ کریں جس کا کان کٹا ہو یا جس کے جسم پر کوئی زخم ہو' لولا یا لنگڑا جانور نہ ہو' کانا پن ظاہر نہ ہوا ہو اور ایسا دبلا بھی نہ ہو یعنی مقدور ہوتے ہوئے اللہ کی بارگاہ میں پیش کرنے کیلئے گری پڑی حیثیت کا جانور خریدنا ناسمجھی بھی ہے اور ناشکری بھی! آلائش کو گھر کے باہر نہ ڈالیں کہ قربانی کی بھی اپنی ایک تہذیب ہے سو اس پر ضرور عمل کریں۔ قربانی سے پہلے صحن کو یا جس جگہ آپ قربانی کرنے والے ہوں نیم کے پتوں کا پانی ابال کر دھوئیں۔ پھر پانی میں تھوڑا سا ڈیزل ملا کر اس کا پوچھا لگائیں قربانی کے وقت ایک بھی مکھی وہاں نہیں آئے گی۔ خون کیاریوں وغیرہ یا کچے میں جذب کریں گھر سے باہر نہ بہائیں۔ قربانی کے گوشت کو محفوظ کرنے کیلئے بغیر دھوئے اس پر آٹے کی بھوسی لگا دیں۔ آدھے گھنٹے بعد نیم گرم پانی سے دھو کر چھلنی میں رکھ دیں۔ گوشت بالکل صاف ستھرا اور جراثیم سے پاک ہوجائے گا۔ اب اسے پلاسٹک کی تھیلیوں میں پیک کرکے محفوظ کرلیں۔ گوشت کی تھیلیوں کو فریزر میں رکھتے وقت ان کے درمیان آئس کریم سوڈا ڈال دیں تھیلیاں آپس میں چپکیں گی نہیں۔

قربانی کا گوشت گلانے کیلئے عموماً کچا پپیتا یا پپیتا پیسٹ استعمال کیا جاتا ہے۔ اگر کسی وقت یہ دستیاب نہ ہو تو گوشت گلاتے وقت ثابت چھالیہ اس میں ڈال دیں۔ گوشت جلد گل جائے گا۔ کلیجی کو دھوئے بغیر اس پر لہسن کچل کر لگائیں۔ آدھ گھنٹے کے بعد نیم گرم پانی سے دھولیں۔ کلیجی صاف ستھری اور بُو سے پاک ہوجائے گی۔ پیاز اسٹور کریں تو اسے محفوظ رکھنے کیلئے اس پر چارہ یا بھوسہ ڈال دیں۔ پیاز خراب نہیں ہوگی۔

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکرگزار رہوں گا۔

کتاب نمبر 39: حسن وصحت کیلئے انمول ٹانک: اگر ہم دائمی اصولوں اور فطری زندگی کی کوشش میں زندگی کے شب و روز گزاریں اور ہر وہ طریقہ جو چاہے صدیوں پرانا ہو لیکن اس میں فطرت شامل ہو تو کبھی بھی راحت سے دوری نہ ہوگی اور بیماریاں ہمیشہ قریب نہ آئیں گی۔ میری اس تالیف میں فطری غذائیں' دوائیں' پھل اور سبزیاں ہیں جن پر مصنوعی رنگ اور وقتی ذائقے نہیں بلکہ دائمی ذائقے اور مٹھاس ہے۔ آئیے! ہم ان چیزوں میں مکمل فائدہ حاصل کرکے اس تندرست زندگی کے حسن و جمال کو اللہ تعالیٰ کی محبت میں گزاردیں۔ اس کتاب کی تالیف میں جن محترم شخصیات کی تحریروں اور جن کتب و رسائل سے مدد لی گئی ان کے نام درج ہیں:۔ حکیم محمد عثمان۔ صغیرہ بانو شیریں۔ طاہر شیخ۔ شکیل احمد۔ حکیم اقبال حسین۔ مسز اسماء حسن۔ ڈاکٹر صہیب احمد بٹ۔ حکیم راحت نسیم سوہدروی۔ آفاق احمد۔ ڈاکٹر محمد سعید۔ سخاوت مرزا۔ عبدالسلام عارف۔ نسرین زہرا۔ ڈاکٹر داؤد صالح۔ مجتبیٰ حسین۔ عبدالحمید نظامی۔ حکیم سید علی نصر عسکری۔ حکیم اشرف جمیل ممتاز۔ ڈاکٹر نظیر احمد مظہر۔ نسرین شاہین۔ وجیہہ سلیم۔ رحما فاروق۔ فائزہ سلیم۔ مسمط زبیر۔ حکیم عبدالرحمان کشمیری۔ اسامہ طارق۔ مہوش سلیم۔ شازیہ مونس۔ عصمت جاوید۔ صالحہ سلطانہ۔ عرفانہ انجم۔ ماجد یزدانی۔ رشید الدین احمد۔ قمر تسنیم۔ قاسم اعجاز سلین آغا۔ حکیم محمد صابر ملتانی۔ حکیم اشرف جمیل ممتاز۔ ڈاکٹر صہیب احمد بٹ۔ ڈاکٹر خالد غزنوی۔ حکیم عبدالواحد۔ حکیم محمد ابراہیم شاہ۔ جرائد و رسائل: سیارہ ڈائجسٹ۔ اردو ڈائجسٹ۔ حکایت۔ قومی ڈائجسٹ۔ ضیاء الحکمت۔ ہمدرد صحت۔ اسرار حکمت۔ طبیب حاذق۔ دسترخوان۔ رہنمائے صحت۔ ماہنامہ کچن۔ ماہنامہ التسمیہ۔ ماہنامہ ندائے کسان۔ ماہنامہ تاکین۔ ماہنامہ چلمن۔ ماہنامہ الحسنات۔ ماہنامہ چٹخارے۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات

پوری سائنس فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے' آپ کے پاس انٹرنیٹ، اپنا مشاہدہ، تحریر کوئی بھی ایسی چیز جس میں شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات ملے ہوں ہمیں ضرور بھیجیں۔ باری آنے پر آپ کے نام سے شائع ہوں گے' لاکھوں کا نفع ہوگا۔ (ادارہ)

دعوت الی اللہ حسن خاتمہ کا ایک مؤثر ذریعہ

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ان کی کتاب ’’نسیم ہدایت کے جھونکے‘‘ پڑھنے کے قابل ہے۔

پورے گاؤں والے اسے ماما کہتے تھے اور اس کے ہر وقت نشہ کی وجہ سے اسے ایک برا آدمی سمجھ کر حقارت سے دیکھتے تھے‘ یوں بھی وہ ایسا کالا بھجنگ آدمی تھا جیسے افریقہ کا کوئی حبشی ہو‘ پیشہ کے لحاظ سے وہ تیل بیچتا تھا‘ رمضان المبارک کے آخری جمعہ کی رات آئی تو سب کو حیرت ہوئی‘ سونے سے پہلے نہا دھو کر صاف کپڑے پہنے اور شاید سالہا سال میں آج اس نے شراب بھی نہیں پی تھی بلکہ شراب تو کیا اب وہ اسپرٹ پینے لگا تھا شاید اس لیے کہ پھلت میں شراب مہیا ہونا ممکن نہیں تھا یا اسپرٹ میں نشہ زیادہ تھا‘ صبح کو وہ سحری میں اٹھا‘ سحری کھائی اور پچاس سالہ زندگی میں پہلا روزہ رکھا۔صبح فجر کی نماز جماعت سے پڑھی‘ مسجد میں اسے دیکھ کر سب حیرت سے ہنس رہے تھے‘ آٹھ بجے اس کو شدید کھانسی کا دورہ پڑا اور منہ سے خون آنے لگا‘ مسلسل شراب نوشی کی وجہ سے اس کے پھیپھڑے گل گئے تھے‘ حالت جب زیادہ خراب ہوئی تو اس کے بھانجے جن کا وہ اصلی ماموں تھا‘ ڈاکٹر کے یہاں لے گئے‘ ڈاکٹر نے اسے دوا کھانے کو کہا‘ مگر اس نے دوا کھانے سے صاف انکار کردیا کہ زندگی کا پہلا روزہ توڑنے والا نہیں ہوں‘ مسلسل خون آتا رہا‘ حالت بگڑتی گئی اور دس بجے اس نے روزہ کی حالت میں دم توڑ دیا‘ جمعہ کی نماز میں جنازہ جلدی کرنے کا مشورہ ہوا۔

پھلت کے اکثر لوگ کاروبار کیلئے قریبی قصبہ کھتولی جاتے ہیں۔کھتولی میں کوئی ہڑتال تھی‘ سب لوگ پھلت ہی میں تھے‘ رمضان کا آخری جمعہ تھا اور لوگ عید کی تیاری اور کاروبار کیلئے جانے والے تھے مگر نہیں گئے‘ جنازہ میں اتنا جم غفیر تھا کہ شاید ہی بستی میں کسی کو نصیب ہوا ہو‘ اس حقیر کو اس کے جنازہ پر رشک آرہا تھا‘ رمضان میں انتقال پر خود بغیر حساب کتاب جنت میں جانے کی بشارت ہے‘ جمعہ کے دن کے انتقال کی الگ فضیلت ہے اور روزہ کی حالت میں انتقال کتنی بڑی بات ہے‘ دل میں خیال آیا کہ ضرور اللہ کی نظر رحمت اس پر ہے‘ اس کے جنازہ کی نماز کاش میں پڑھاتا‘ نہ جانے جامع مسجد کے امام صاحب جو ہمارے استاذ محترم تھے ان کو کشف ہوا میرے اللہ نے ماہ مبارک میں میری چاہت کی لاج رکھ لی مجھ سے فرمایا: مولوی صاحب! نماز پڑھاؤ‘ یہ حقیر نماز کیلئے بڑھا‘ دل چاہا کہ اس کے چہرہ کو دیکھوں‘ کفن ہٹا کر اس کا چہرہ دیکھا تو حد درجہ حیرت ہوئی کہ ایسا نورانی اور خوبصورت چہرہ کہ لوگ حیرت میں آگئے‘ تدفین ہوگئی۔

گاؤں کے سب سے زیادہ بے حس سمجھے جانے والے شرابی پر اللہ کی ایسی رحمت کہ رمضان المبارک کے آخری جمعہ میں‘ روزہ کی حالت میں انتقال‘ اس کی وجوہات تلاش کرنے کیلئے دل بے چین تھا اور تجسس میں لگا ہوا تھا‘ جماعت کے ایک امیر صاحب نے بیان میں اللہ کے نبی ﷺ کے فرمان کے حوالہ سے یہ بات بتائی کہ تیری وجہ سے ایک آدمی کو ہدایت مل جائے تیری نجات کیلئے کافی ہے تو مجھے اس خوش قسمت کے حسن خاتمہ کی وجہ سمجھ میں آئی۔

اصل میں ماما نے ایک بالکل پسماندہ ذات کی ایک خاتون کو مسلمان کرکے اس سے نکاح کرلیا تھا جس کو سب گاؤں والے مامی کہتے تھے‘ وہ بیچاری گھاس کھود کر اپنا گزارا کرتی تھی‘ پھلت والوں کے کھیتوں پر رکھوالی کی مزدوری بھی کرتی تھی‘ فرائض کے علاوہ نوافل کی پابند‘ ہر وقت تسبیح ہاتھ میں رکھتی تھی بہت نیک اور متقی خاتون تھی‘ کوئی سلام کرتا تو اسے منہ بھر دعائیں دیتی‘ ماما کے پاس مقبولیت کے ساتھ حسن خاتمہ کیلئے اس کے علاوہ کوئی عمل نہیں تھا کہ وہ ایک عورت کو کفر و شرک سے بچا کر اس کے ایمان کا ذریعہ بنا تھا‘ ایک آدمی کی ہدایت پر نجات اور جنت کی فضیلت اللہ کے رسول ﷺ نے بتائی ہے آج تک مجھے خیال آتا ہے کہ مسواک کرنے کے ستر سے زیادہ فائدے ہیں اور نشہ کرنے کے ستر سے زیادہ نقصانات ہیں‘ ان میں سے ایک نقصان یہ ہے کہ مرتے وقت کلمہ نصیب نہیں ہوگا‘ ہر وقت نشہ میں دھت‘ پوری زندگی اسلامی اعمال سے دور رہنے والے‘ پورے گاؤں میں برائی سے مشہور ایک انسان کا ایسا قابل رشک خاتمہ جس پر بڑوں بڑوں کو رشک آجائے صرف سماج کی ایک بے حیثیت عورت کے ایمان کا ذریعہ بننے پر ہی اسے نصیب ہوا‘ اس دنیا میں انسان کیلئے سب سے بڑا مسئلہ حسن خاتمہ کا ہے زندگی بھر گناہوں‘ نافرمانیوں‘ حرام کاری اور حرام خوری میں ملوث ہم میں سے ہر ایک اپنے حسن خاتمہ کیلئے اس نسخہ کیمیا سے فائدہ اٹھائے اور کم از کم ایک آدمی کو جی جان سے دعوت دے کر اس کی ہدایت کا ذریعہ بن کر اپنے حسن خاتمہ کیلئے اطمینان حاصل کرے۔

سادھو نے دمہ کا کامیاب علاج بتادیا

کالے جادو سے نجات کیلئے

یہ عمل بعد از مغرب کم از کم سات یا گیارہ دن کیا جائے۔ **1:** ’’الٰہی جو کچھ کسی نے ہم پر کر رکھا ہے، وہ باہر گلی میں گر جائے‘‘ یہ کہہ کر سورہ کوثر گیارہ بار پڑھیں۔ **2:** ’’الٰہی جو کچھ باہر گلی میں گرا ہے، وہ سب جل جائے‘‘ یہ کہہ کر سورہ فلق گیارہ بار پڑھیں۔ **3:** ’’الٰہی جو کچھ باہر گر کر جلا ہے، اس کی راکھ کسی دریا میں چلی جائے‘‘ یہ کہہ کر سورۃ الناس گیارہ بار پڑھیں۔انوکھا نا قابل یقین تیر بہدف عمل۔

سادھو نے دمہ کا کامیاب علاج بتادیا

میری والدہ کو شدید دمہ تھا ایک دن ان کے دروازے پر ایک بار سادھو آیا‘ سادھو نے جب امی کو کھانستے دیکھا تو کہا: بیٹا اس کا علاج میرے پاس ہے میں آپ لوگوں کو ایک نسخہ لکھ کر دیتا ہوں آپ وہ بنوالیں آپ کی والدہ ٹھیک ہوجائے گی۔سادھو نے اپنے تھیلے سے ایک پرانی سی کاپی نکالی اور اس میں سے ایک نسخہ لکھ کر دیا اور ترکیب بھی اچھی طرح سمجھا دی۔نسخہ بنا کر استعمال کروانا شروع کردیا چند ہی دنوں میں والدہ صاحبہ کی طبیعت ٹھیک ہونا شروع ہوگئی ایک ماہ کے قلیل عرصہ میں بیماری بالکل ختم ہوگئی اور مرتے دم تک انہیں دوبارہ دمہ نہیں ہوا الحمدللہ نسخہ حاضر خدمت ہے۔**ھوالشافی:** شہد کی چھوٹی مکھی کا موم 50 گرام۔گڑ پرانا 50 گرام۔ لونگ پچیس گرام۔ہینگ اصلی پچیس گرام۔لونگ کو پیس لیں پھر سب چیزوں کو الگ الگ کوٹ کر پیس لیں سب چیزوں کو مکس کرکے شہد کے ساتھ دوبارہ اتنا کوٹیں کہ سب چیزیں یک جان ہوجائیں اس کے بعد چنے کی دال کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک ہفتہ بھر سایہ میں خشک کرلیں پھر صبح و شام دو دو گولیاں پانی سے دیں بچوں کو ایک سے نصف گولی دیں صبح و شام چاول تلی ہوئی اور کھٹی چیزوں سے سخت پرہیز کریں۔

مزید کمالات جاننے کیلئے درج ذیل کتاب کا مطالعہ کریں۔

’’گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے‘‘

(بندشوں کا توڑ اور روحانی ایٹم بم)

مقبول عبادات‘ فضائل‘ طبی و روحانی نسخے اور آزمودہ ٹوٹکے اور بہت کچھ۔۔۔اس کتاب میں پڑھیں!

خفقان اور ضعف دل کے مریض متوجہ ہوں! خفقان اور ضعف دل میں چالیس دانے سبز کشمش رات کو عرق گلاب میں بھگو کر کھلے آسمان تلے رکھیں۔ صبح پہلے کشمش کھا کر پانی یا عرق پی لیں بے حد مفید ہے۔

ٹوٹے رشتے بکھرے موتی ہوسکے تو انہیں سنبھال لیں

(صفورا خیری)

تاش کے پتوں کی طرح بٹے ہوئے خاندان نسلِ انسانی کیلئے انتہائی خطرناک ہیں یہ جذبے گھر کے خوبصورت اور محبت بھرے ماحول کو دیمک کی طرح کھا جاتے ہیں اس لیے ازدواجی زندگی کو کامیاب اور بہتر بنانے کیلئے ایثار اور قربانی کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں۔

زندگی ہوا کے ایک معطر جھونکے کی طرح ہمارے قریب سے گزر جاتی ہے اور ہمیں پتہ ہی نہیں چلتا کہ ماہ و سال کب' اور کیسے گزر گئے' بس یادیں ہوتی ہیں اور یہ سب اس وقت ہوتا ہے جب کسی ہنستے بستے گھر کے دونوں فریقین کے درمیان ناچاقی ہوجاتی ہے اور ایک دوسرے کو برداشت کرنے کا حوصلہ باقی نہیں رہتا' بظاہر یہ ہر مسئلے کا حل نظر آتا ہے کہ میاں بیوی الگ ہوجائیں کہ نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسری لیکن اس صورت میں جب ان کے آنگن میں پھول کھل اٹھے ہوں پیچیدگیاں اور دشواریاں مزید بڑھ جاتی ہیں بلکہ ایسے اکثر گھرانے ہیں جہاں آپس میں ایک دوسرے سے سخت متنفر ہونے کے باوجود بھی میاں بیوی ایک چھت کے نیچے محض اپنے بچوں کی وجہ سے ایک ساتھ رہنے پر مجبور ہیں۔ کہتے ہیں کہ طلاق کی صورت میں مرد کا تو کچھ نہیں جاتا وہ دوسری' تیسری بلکہ چوتھی شادی تک کرلیتا ہے مگر مطلقہ خواتین کو آج تک ''مہذب'' معاشرہ اچھی نظر سے نہیں دیکھتا ایسی خواتین مشکل سے ہی اپنا گھر بسا پاتی ہیں لیکن امریکہ کی جدید تحقیق کی روشنی میں یہ بات بھی سامنے آئی ہے جو کہ کسی طور پر بالکل سچ بھی ہے کہ طلاق واقع ہونے کی صورت میں عورتیں تو اپنا دکھ درد دوسروں کو بتا کر جی ہلکا کرلیتی ہیں مگر مرد زیادہ تر خاموش رہتے ہیں اور اپنے دوست احباب کو بھی دل کی بات بتانے سے گریز کرتے ہیں اور کسی کے استفسار پر مصنوعی مسکراہٹ کے ساتھ یہ کہہ کر خاموش ہوجاتے ہیں کہ ''ایسی کوئی بات نہیں''

طلاق کے بعد کچھ مرد دھیرے دھیرے زندگی سے بیزار ہونے لگتے ہیں' نشہ' تنہائی پسند' خود کلامی اور بے خوابی کی عادت ان کی زندگی پر اثر انداز ہوتی ہے' 95 فیصد مرد ایسے ہیں جو طلاق کے بعد اپنے لیے دوسرا گھر تلاش کرتے ہیں تاکہ وہ اس گھر سے نجات حاصل کرسکیں جہاں یادوں کے سوا کچھ بھی نہیں یہاں تک کہ وہ ان تفریح گاہوں پر بھی جانا چھوڑ دیتے ہیں جہاں کبھی وہ اپنی شریک حیات کے ساتھ جایا کرتے تھے جو مرد اپنی رہائش گاہ تبدیل نہیں کرتے وہ اکثر زندگی سے نجات حاصل کرنے کیلئے مصنوعی سہارے لیتے ہیں' وہ جسمانی طور پر کمزور اور حاضر دماغی سے محروم ہوجاتے ہیں۔ اگر طلاق عورت کے دباؤ اور اصرار کی وجہ سے ہوئی ہے تو ایسے مرد زیادہ تر خاموش رہتے ہیں اور اپنے حلقہ احباب سے حقیقت چھپاتے ہوئے الزام اپنے سر لے لیتے ہیں اور عام طور پر یہ کہہ کر بات ختم کردیتے ہیں کہ میں نے اسے خود طلاق دی ہے تاکہ اس طرح ان کی بات اونچی رہے اور اگر ان کا حلقہ احباب بار بار ان کی زندگی ازدواجی زندگی کے بارے میں جاننے کیلئے کوشاں رہتا ہے تو ایسی صورت میں وہ محفلوں میں جانے سے کتراتے ہیں اگر وہ بیوی کے خلع مانگنے کی صورت میں اپنے بچوں کی قربت سے بھی محروم ہوجائیں تو وہ ذہنی مریض بھی ہوسکتے ہیں کیونکہ وہ ان کی دوری کے بعد دنیا کی ہر شے کو بے قیمت سمجھنے لگتے ہیں ایسا عام طور پر ان مردوں کے ساتھ ہوتا ہے جو طلاق دینا نہیں چاہتے مگر عورتیں ان کی کسی بھی عادت کی وجہ سے ان کے ساتھ رہنے کو تیار نہیں ہوتیں۔

حقیقت کچھ بھی ہو اس میں نقصان دونوں کا ہی ہوتا ہے۔ یہ کانٹوں کی ایک ایسی باڑھ ہے جسے اپنی چوکھٹ پر سجا کر نہ صرف بچے لہولہان ہوتے ہیں بلکہ فریقین بھی زندگی کی حقیقی مسرتوں سے ہمیشہ کیلئے محروم ہوجاتے ہیں۔

طلاق یافتہ والدین کے بچوں کے احساسات

جس گھر میں روزانہ میاں بیوی میں جھگڑے ہوتے ہیں وہاں سب سے برا اثر بچوں پر پڑتا ہے وہ ذہنی طور پر صحت مند نہیں رہ سکتے کیونکہ ان کے نزدیک امی اور ابو دونوں میں پیار ہی ان کی بنیادی تربیت کو مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے یہ تو خیر قطع تعلقات کی آخری حد ہے۔ بچے تو اس صورت میں بھی اپنے آپ کو تنہا محسوس کرتے ہیں جب ماں اور باپ دونوں ہی ملازمت پیشہ ہوتے ہیں ایسے میں اگر مشترکہ نظام خاندان نہ ہو تو اور دشواریاں پیش آتی ہیں کیونکہ نانا' نانی' دادا' دادی بڑی حد تک بچے کو احساس تنہائی سے بچالیتے ہیں مگر ایسے گھرانوں کی کمی نہیں جہاں سسرال الگ ہے اور والدین اپنے بچوں کو گھر پر اکیلا چھوڑنے پر مجبور ہیں اس لیے کہ آج کے بگڑتے ہوئے معاشی حالات میں فرد واحد پورے خاندان کی کفالت نہیں کرسکتا۔

والدین کے جھگڑوں اور علیحدگی سے متاثر بچے عام بچوں کی نسبت زیادہ حساس اور زود رنج ہوتے ہیں اور عام طور پر ڈیپریشن کا شکار رہتے ہیں جس کا اثر ان کی تعلیم اور صحت پر یقیناً منفی انداز میں پڑتا ہے۔ کہتے ہیں کہ بیٹی باپ کے اور بیٹا ماں کے زیادہ قریب ہوتا ہے ایسی صورت میں یہ تصور کہ طلاق یافتہ خاندان کے بچے بڑے ہوکر مایوسی کا شکار نہ ہوں گے غلط ہے کیونکہ بچپن سے ان کو اردگرد کا ایسا ماحول ملا ہے جہاں محبت اور پیار نام کی کوئی چیز نہیں یہ جھنجھلاتے ہوئے رویے صرف والدین کے بیچ نہیں بلکہ آپس میں بہن بھائی (بچوں) کے درمیان بھی رہنے لگتے ہیں۔ جس کا نفسیاتی اثر کسی نہ کسی بیماری پر جا کر منتج ہوتا ہے۔ طلاق کے بعد ایک یہ مسئلہ ہوتا ہے کہ بچہ کس کے پاس رہے؟ یہاں سے عدالت کا کام شروع ہوتا ہے کہ وہ یہ معلوم کرے کہ بچہ کس سے زیادہ مانوس ہے نیز کون اس کی معاشی ضروریات کو پورا کرسکتا ہے۔ بچہ ان حالات کی وجہ سے ذہنی مریض بن جاتا ہے اور ایک ذہنی مریض کو سنبھالنا آسان بات نہیں صرف ماں ہی وہ ہستی ہے جو ہر صورت میں اپنے لختِ جگر کا ساتھ دیتی ہے ورنہ اکثر اوقات تو دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ باپ بھی اس قسم کے بچوں سے تنگ آجاتا ہے اور وہ ان کی دیکھ بھال نہیں کرسکتا کیونکہ بہرحال اسے معاش کے سلسلے میں گھر سے طویل وقفے کیلئے باہر جانا ہی پڑتا ہے۔

نتیجہ خواہ کچھ بھی ہو لیکن یہ بات طے ہے کہ بکھرے ہوئے اور تاش کے پتوں کی طرح بٹے ہوئے خاندان نسلِ انسانی کیلئے انتہائی خطرناک ہیں یہ جذبے گھر کے خوبصورت اور محبت بھرے ماحول کو دیمک کی طرح کھا جاتے ہیں اس لیے ازدواجی زندگی کو کامیاب اور بہتر بنانے کیلئے ایثار اور قربانی کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں۔

15 یوم میں جلدی امراض کا خاتمہ! نسخہ مصفی خون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں' اس میں کوئی شک والی بات نہیں کہ یہ میگزین سب سے بہترین ہے' بخل شکنی کا رواج اسی میگزین کے ذریعے عام ہوا اور لاکھوں لوگوں کا بھلا ہوا۔ میرے پاس بھی مصفی خون ایک نسخہ ہے جس کا صرف پندرہ دن استعمال کافی ہے' جملہ جلدی امراض کا یقینی خاتمہ کرتی ہے۔ ان شاء اللہ۔ **ھوالشافی:** کچور' مغز تخم نیم' گندھک آملہ سار' پوست ریٹھا ہموزن لے لیں۔ تمام چیزیں کوٹ کر نخودی گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح' ایک گولی دوپہر اور ایک گولی شام لیں اور اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی خون صفاء صبح' دوپہر' شام دو دو گولیاں کھائیں۔ جلدی امراض چہرے پر دانے' داغ' دھبے' پھوڑے پھنسی وغیرہ کا یقینی خاتمہ کرتی ہے۔ (محمد سلیم شہزاد' ضمرا' دنیاپور)

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

خدا کا گھر دیکھنے کی تڑپ اور دعا کی برکت

یہ 2008ء رمضان المبارک کا واقعہ ہے' ہماری ایک ملنے والی خاتون اوران کے شوہر عمرہ پر جارہے ہیں' خبر بم دھماکے کی طرح مجھ پر گری اور میں نے (نعوذ باللہ) اللہ کریم سے گلے شکوے شروع کردیئے کہ اللہ تعالیٰ آپ بھی امیروں کو ہی بلاتے حالانکہ وہ عورت چغل خور' منافق اور فساد کی جڑ ہے' یا اللہ وہ مرد والدین کا نافرمان ہے' بالکل اسی طرح بلکہ شائد کچھ اور الفاظ بھی اللہ کریم سے کہہ گئی کہ میرے پاس دولت کی کمی ہے' اسی لیے میں آپ کے خانہ کعبہ اور مسجد نبوی ﷺ کی زیارت نہ کرسکی' بہرحال بات آئی گئی ہوگئی' مجھے اپنے منہ سے نکلے الفاظ پر شدید ندامت تھی' ہر وقت تسبیح پر استغفار اور آنکھ میں آنسو ہوتے کہ نہ چاہتے ہوئے بھی نہ جانے کیوں میں یہ سب کہہ گئی' تجدید ایمان کی' مگر دل میں جو خانہ کعبہ اور مسجد نبوی ﷺ کو اپنی آنکھوں سے براہ راست دیکھنے کی چاہت تھی وہ مزید بڑھتی جارہی تھی۔ چند دن بعد سحری کھانے کے بعد میں نے نماز فجر ادا کی اور قرآن کریم کی تلاوت میں مشغول ہوگئی' تقریباً آدھ گھنٹہ میں فارغ ہونے کے بعد رو رو کر دعا مانگی کہ اچانک میری آنکھوں کے سامنے خانہ کعبہ آسمان سے اترتا ہوا نظر آیا اور میرے سامنے آکر ٹھہر گیا' میں نے سمجھا شاید میرا وہم ہے' خیال ہے جو ذہن میں تھا میں نے خود کو چٹکی بھری درد محسوس ہوا پھر ادھر ادھر دیکھا بالکل سچ دیکھ کر جلدی جلدی دعائیں مانگیں اور کچھ دیر بعد وہ منظر ختم ہوگیا' اگلے دن پھر اسی وقت اہتمام سے بیٹھ گئی کہ شاید کل کی طرح پھر کچھ اترے گا اور واقعی اسی وقت پھر خانہ کعبہ اترا اور میں نے بہت رو رو کر دعائیں مانگیں اور ساتھ ہی میرے دل میں مزید تمنا جاگی میں نے دعا مانگی کہ یا اللہ رب کریم! خانہ کعبہ کی زیارت تو کرلی اب اپنے حبیب نبی کریم ﷺ کا روضہ مبارک بھی دکھلادے کہ اتنے میں خانہ کعبہ کے بالکل ساتھ ہی مسجد نبوی ﷺ کا باقاعدہ عکس بھی بن گیا' میں گھبرا گئی دعائیں مانگیں آج یقین پختہ ہوگیا کہ یہ حقیقت ہے' آخر کار تین دن بعد صبر نہ ہوسکا میں نے چوتھے دن اپنے میاں صاحب سے بات کی کہ روزانہ میرے ساتھ یہ ہورہا ہے وہ بیچارے کہتے رہے کہ ایسی چیزیں کسی دوسرے کو نظر نہیں آسکتیں بلکہ ان سے بھی چھن جاتی ہیں۔ مگر میں نے ان کی ایک نہ سنی اوران کو اپنے ساتھ بٹھالیا' وقت مقررہ پر میں انگلیاں اٹھا اٹھا کر انہیں دکھلاتی رہ گئیں مگر انہیں کچھ نظر نہ آیا اور میں پھر دعائیں مانگ کر اٹھ گئی' اب پانچویں دن پھر بیٹھی' مگر پھر دوبارہ کچھ نظر نہ آیا۔ میں حیران ہوں اور یقین سے کہتی ہوں کہ اگر دعا دل سے کی جائے اور خدا کو بھی ملنا چاہیں تو یقیناً مل سکتے ہیں' دل سے دعا کریں تو گھر بیٹھے سب کچھ مل سکتا ہے کیونکہ خدا تو دل میں ہے۔ (عتما آپی)

میں حکیم ہوں' میرے آزمودہ نسخہ جات لے لیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پیشے کے لحاظ سے پروفیشنل حکیم ہوں' الحمدللہ میرا مطب بڑا ٹھیک ٹھاک چلتا ہے' اور میرے نسخہ جات سے بے شمار لوگ شفاء پاتے ہیں' جب سے عبقری پڑھنا شروع کیا ہے بخل ٹوٹ گیا ہے' میرے پاس بے شمار نسخہ جات ہیں جو کہ تیر بہدف ہیں' ابھی چند قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں۔ قارئین! یہ نسخہ جات بارہا کے آزمودہ در آزمودہ ہیں۔ آپ بھی آزمایئے اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

زخم معدہ' ورم معدہ اور پیچش کیلئے: یہ نسخہ بہت ہی زبردست ہے۔ ھوالشافی: ملٹھی پچاس گرام' سونف پچاس گرام' ہلدی پچاس گرام۔ تینوں اشیاء کو لے کر اچھی طرح کوٹ کر سفوف تیار کرلیں۔ مقدار خوراک پانچ گرام' ہمیشہ تازہ پانی سے دن میں دو سے تین مرتبہ کھائیں۔

سفوف جگر: ھوالشافی: ریوند خطائی 250 گرام' نوشادر ٹھیکری 250 گرام' قلمی شورہ 250 گرام' جوکھار 250 گرام' کلونجی 250 گرام' برگ پودینہ 250 گرام' برگ افسنتین 250 گرام۔ تمام اشیاء کو باریک پیس کر رکھ لیں' مقدار خوراک ایک سے تین ماشہ ہمراہ تازہ پانی دن میں دو بار۔ یہ نسخہ جگر کے امراض میں بہت ہی مفید ہے۔

ہاضمہ کیلئے لاجواب پھکی: ھوالشافی: سوئے ایک پاؤ' اجوائن دیسی ایک پاؤ' نوشادر ٹھیکری آدھ پاؤ' میٹھا سوڈا ایک پاؤ' نمک سیاہ آدھ پاؤ' پودینہ ایک پاؤ' آم چورہ ایک پاؤ' سونف دیسی ایک پاؤ' ٹاٹری ولایتی پچاس گرام باریک کرکے رکھ لیں۔ خوراک دو سے چار ماشہ ہمراہ عرق سونف دن میں تین مرتبہ۔ یہ نسخہ پیٹ کے تمام امراض کیلئے لاجواب ہے' الٹی نہ رکتی ہو' موشن لگے ہوں' گیس' تبخیر' پیٹ درد اور اس جیسے دیگر امراض کیلئے بہت ہی اچھی چیز ہے۔ (حکیم ارشد' حافظ آباد)

میرے آزمودہ طبی تجربات و مشاہدات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری گزشتہ چند سالوں سے مسلسل پڑھ رہی ہوں' اس میں موجود نسخہ جات میں نے کن کن امراض میں مفید پائے وہ تمام آج تفصیل سے قارئین کی نذر کرتی ہوں:۔

کھانسی نزلہ زکام کیلئے: میں نے ماہنامہ عبقری میں سے کھانسی کیلئے ایک نسخہ دیکھا' واہ کیا زبردست چیز تھی' مجھے گزشتہ پندرہ سال سے نزلہ تھا' میں نے یہی نسخہ یعنی پیاز کا پانی اور شہد مکس کرکے چھوٹا چمچ صبح و شام پینا شروع کیا میں اسی سے ٹھیک ہوگئی' ورنہ کچھ بھی ٹھنڈی چیز کھانے پانی بہنا شروع ہوجاتا' چھینکوں کا طوفان آجاتا اور بہت تکلیف رہتی' اب تو اللہ کا شکر ہے کچھ بھی ٹھنڈا گرم کھالیتی ہوں' ایک بیٹے کی ناک بند رہتی تھی رات کو سانس لینے میں شدید تکلیف رہتی' اسے بھی دیا وہ بھی ٹھیک ہوا' اب تو گھر میں کسی کا بھی گلا خراب ہو یا کھانسی ہو یا ریشہ ہو دو دن کھانے سے الحمدللہ ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ ہم سب نے آزمایا' میں نے پندرہ دن کھایا کیونکہ مجھے مسئلہ کئی سال پرانا تھا' اس کے علاوہ یہ ٹوٹکہ الرجی کیلئے بھی بہت اچھا ہے' میرے ایک بچے کے دل میں سوراخ ہے' اسے روزانہ آکسیجن کی ضرورت پڑتی تھی اس کی عمر ایک سال ہے' کئی بار ہسپتال لے جانا پڑتا' میں نے یہی شہد اور پیاز کا نسخہ بنا کر روزانہ دیتی' کبھی دن میں دو بار کبھی تین بار' دو ہفتے لگاتار دیا اب اسے کچھ بھی کھانے کو دو ڈر نہیں لگتا' الحمدللہ کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ عبقری والوں کو اللہ بہت بہت خوش رکھے۔

مرض شوگر میں مبتلا افراد مطمئن ہوجائیں: میرے شوہر کی دکان پر ایک لڑکا کام کرتا تھا' کچھ مہینے پہلے اسے شوگر کی شکایت ہوگئی' میرے شوہر نے مجھ سے پوچھا کہ میری دکان پر ایک لڑکے کو شوگر ہوگئی ہے کیا اس کا کوئی علاج ہے؟ میں نے کہا کیوں نہیں ہے! میرے شوہر نے کہا وہ لڑکا ہندو ہے اور بہت تکلیف میں ہے۔ میں نے اپنے شوہر کو کہا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا فرمان عالی شان ہے کہ کلونجی میں سوائے موت کے ہر مرض کا علاج ہے' میں نے عبقری میں ایک نسخہ دیکھا تھا میں نے اپنے شوہر کو کہا کہ اس لڑکے کو کہیں کہ پانچ سے سات دانے کلونجی کے روزانہ صبح نہار

منہ پانی کے ساتھ کھالیا کرے۔ پندرہ دن کے بعد میں نے اپنے شوہر سے پوچھا کہ اب وہ لڑکا کیسا ہے؟ میرے شوہر نے جواب دیا کہ پہلے اس کی شوگر 250 سے نیچے نہیں آتی تھی اب 200 تک آگئی ہے۔ دو ماہ بعد پوچھا تو میرے شوہر نے بتایا کہ وہ لڑکا بہت خوش اور مطمئن ہے اب اس کی شوگر 150 سے اوپر نہیں جاتی۔ میں نے کہا کہ اس لڑکے کو کہنا کہ اس نسخہ کو ہرگز نہ چھوڑنا ساری عمر شوگر نہ ہوگی۔ میرے شوہر نے جب اس لڑکے کو کہا تو اس لڑکے نے جواب دیا کہ میں یہ ٹوٹکہ ساری زندگی نہیں چھوڑوں گا اس ٹوٹکے سے میرے پیسے بھی نہیں لگے اور میں ٹھیک بھی ہوگیا ہوں۔ **مالش کیلئے بہترین تیل:** ہاں ایک ٹوٹکہ اور یاد آیا وہ یہ ہے کہ تل کے تیل ایک پاؤ لے کر اس میں لہسن کی دو پوتھی چھیل کر اس کو اچھی طرح کچل کر اس کا رس نکال کر کپڑے سے تیل میں ڈال دیں اور اچھی طرح پکائیں جب پک جائے تو ٹھنڈا ہونے دیں اور پھر چھان کر بوتل میں ڈال دیں اور اچھی طرح پکائیں جب پک جائیں تو ٹھنڈا ہونے دیں اور پھر چھان کر بوتل میں ڈال دیں۔ یہ بہت قیمتی ہے اور جہاں گھٹنوں کا درد جہاں بھی درد ہوگا وہاں ہلکی مالش کریں تو درد ختم ہوجائے گا' آرام مل جائے گا' بہت زبردست ہے۔

ایک اور نسخہ درج ہے:۔

فوڈ سپلیمنٹ! اس سے زیادہ طاقتور غذا ہو ہی نہیں سکتی

ھوالشافی: مغز اخروٹ ایک کلو' پستہ ڈیڑھ پاؤ' کشمش ایک کلو' کاجو عمدہ 250 گرام' مغز چلغوزہ 200 گرام۔ **ترکیب و تیاری:** کشمش کے علاوہ سب اشیاء کو باریک پاؤڈر بنا کر آخر میں کشمش شامل کریں اور خوب یکجان کرلیں۔ **مقدار خوراک:** صبح نہار منہ پچیس گرام اور رات پندرہ گرام ہمراہ نیم گرم دودھ کھائیں۔ جوانی کو دیر تک قائم رکھتا ہے' مقوی بدن مولد خون بالوں کی سیاہی کو دیر تک قائم رکھتا ہے۔ دو ماہ تک استعمال سے سفید بال سیاہ ہونے لگتے ہیں۔ مزید شوگر کے مریضوں کیلئے تو اس سے طاقتور غذا کوئی اور ہو ہی نہیں سکتی۔ نہ غذا نہ صرف اندرونی و بیرونی طاقت کا غذا ہے بلکہ غذائی سپلیمنٹ کا استعمال دل کی شریانوں اور خون کی روانی میں بھی مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اس کے چند آزمودہ فائدے قارئین کی نذر:۔ اس کے کھانے سے جسم میں طاقت آتی ہے' سوجن ہو' موٹاپا' پیٹ بڑھا ہوا ہو یہ سب ختم ہوجائے گا' ایک دو خواتین کو کھانے کیلئے دیا تھا وہ کہتی ہیں کہ بہت طاقتور ہے' اندرونی جسم دل کو طاقت دیتی ہے' شوگر کے مریض کو دیا تھا اس نے بھی اس کی بہت تعریف کی۔

تلووں کی مالش کا کمال: پاؤں کی مالش سے نیند بہت اچھی آتی ہے اور پاؤں کی تھکن دور ہوجاتی ہے' اس سے سکون ملتا ہے' ہمارے ماموں روز اپنے بچوں سے یا بیوی سے کراتے تھے ہم نے کبھی دھیان نہیں دیا مگر جب عبقری سے پتہ چلا تو معلوم ہوا کہ یہ تو بہت زبردست چیز ہے۔

بال مضبوط نظر بہترین: ھوالشافی: انڈا' مہندی اور تیل مکس کر کے بالوں میں لگانے سے نظر پر کافی اچھا اثر پڑتا ہے' بال بہت اچھے گھنے لمبے ہوجاتے ہیں اور گرنا بھی بند ہوجاتے ہیں' یہ آنکھوں کیلئے بہت زبردست ہے' مجھے دور کی چیزیں صاف دکھائی نہیں دیتی تھی اب پہلے سے بہتر ہے۔

حم لاینصرون کا کمال: میں نے ماہنامہ عبقری میں حم لاینصرون وظیفے کے بارے میں پڑھا۔ میں یہ وظیفہ سارا دن کھلا پڑھتی ہوں' تقریباً گیارہ لاکھ پڑھ چکی ہوں' اللہ کی طرف سے مدد مل رہی ہے' ابھی مکمل نہیں ہوا لیکن چھوٹے چھوٹے کام اور بڑے بڑے مسائل حل ہورہے ہیں۔ جیسی بھی مشکل کا سامنا ہو وہ حل ہوجاتی ہے' اللہ مدد کرنے والا ہے' اللہ ہر کسی کی مشکل حل فرمائے۔ شکریہ عبقری! (شہناز النساء' کراچی)

شوگر کیلئے میرے دوست کا آزمودہ نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے ماہنامہ عبقری پڑھتے ہیں' اس میں موجود نسخہ جات اور وظائف بہت لاجواب اور مستند ہوتے ہیں۔ میرے پاس ایک میرے دوست کا آزمودہ ٹوٹکہ شوگر کیلئے ہے۔

ھوالشافی: دو عدد تازہ بھنڈی لیں' ان کو آگے سے کاٹ کر مٹی کے پیالے میں رات کو بھگو دیں۔ صبح اٹھ کر نہار منہ دونوں بھنڈیاں کھالیں اور اوپر سے رات والا پانی پی لیں۔ یاد رہے بھنڈی صرف دو عدد ہی ہوں۔ اس ٹوٹکہ سے شرطیہ شوگر کنٹرول ہوجاتی ہے۔ (محمد عمر' راولپنڈی)

یہ ضرور ان کلمات کی برکت ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں انڈیا کا رہائشی ہوں اور وہیں سے بذریعہ ای میل آپ سے مخاطب ہوں' ہم ادھر انڈیا میں ماہنامہ عبقری اور آپ کے درس انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے بہت توجہ دھیان سے سنتے ہیں۔

عبقری میں بتایا ایک وظیفہ **بسم اللہ توکلت علی اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم**۔ میں بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ گھر سے لے کر منزل تک انہی الفاظ کو ورد زبان رکھتا ہوں۔ ایک دن ان کلمات کا ذکر کرتے ہوئے اسٹیشن تھوڑی دیر سے پہنچا ہی تھا کہ ٹرین آگئی' اپنی گاڑی پارک کر کے ٹکٹ کیلئے گیا تو دیکھا بہت رش تھا' تقریباً 25 آدمیوں کے بعد میرا نمبر تھا اور ادھر ٹرین چلنے والی تھی میں سوچ ہی رہا تھا کہ کیا کروں؟ اچانک میرے قدم خود بخود اٹھے' کاؤنٹر سے ٹکٹ خریدی اور دوسرا قدم اٹھاتے ہی میں نے دیکھا کہ میں ٹرین (جو کہ دوسری پٹڑی پر رکی ہوئی تھی اور ایک پل کراس کر کے وہاں تک پہنچنا تھا) کے اندر موجود ہوں۔ میں ٹرین میں بیٹھا ہوا تھا تو میں نے محسوس کیا کہ یہ کیا ہوا؟ سب ایک یا دو سیکنڈز کے اندر ہوگیا جو کہ ناممکن تھا۔ پہلے تو لوگ مجھے 25 بندے چھوڑ کر ٹکٹ لینے نہیں دیتے اگر کسی طرح ٹکٹ خرید بھی لیتا تو کاؤنٹر سے ٹرین تک آنا کافی مشکل تھا بلکہ ایک سیکنڈ میں تو سو فیصد ناممکن ہے۔ میرے اندر ایک عجیب جوش و خروش پیدا ہوگیا' ایسے محسوس ہورہا تھا کہ اللہ کی رحمت میرے قریب آگئی یا آکر چوم کر گئی' میں اتنا ہشاش بشاش ہوگیا کہ الفاظ نہیں میرے پاس۔ یہ ضرور یہ ضرور ان کلمات کی برکت ہے۔ دعاؤں کی درخواست کہ ہمیشہ اللہ کی رحمتوں کو محسوس کرنے والا جاؤں۔ (شعیب احمد' انڈیا)

آئیں ٹوٹکے آزمائیں اور پھیلائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں اتنا شاندار رسالہ نکالنے پر آپ بے شک مبارک باد کے مستحق ہیں۔ یہ آنے والے ٹوٹکے اور وظائف بہت شاندار ہوتے ہیں۔ آپ نے اپنے آزمودہ ٹوٹکے بھیجنے کا حکم دیا تھا میں اپنے گھر کا آزمودہ ٹوٹکہ عبقری قارئین کیلئے بھیج رہی ہوں: **ھوالشافی:** جن بچوں کو کھانسی' سینے کی جکڑن' سانس کا مسئلہ ٹھیک نہ ہوتا ہو آدھ پاؤ خالص سرسوں کے تیل میں سات دانے دیسی لونگ کے پکا کر رکھ لیں۔ لونگ کے دانے سمیت بوتل میں رکھیں اور بچوں کے سینے پر رات کو مالش کر کے سلائیں۔ اینٹی بائیوٹک سے ہمیشہ کیلئے نجات مل جائے گی۔ اس سال میرے بچے اسی ٹوٹکے سے ادویات سے محفوظ رہے ہیں۔ (حمیرا عدنان' راولپنڈی)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

انگور کا لیپ: پسینہ زیادہ آنے کی صورت میں مازو ایک تولہ انگور کا رس چھ تولے ٹھنڈا پانی دو تولے ان تمام اشیاء کو ملا کر بدن پر لیپ کرنے سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔

انگور کے نسل در نسل منتقل خاندانی نسخہ جات

18 سال سے چالیس سال کے مرد اور عورتیں روزانہ دو سو گرام انگور کھائیں، صحت مند نظر آئیں، چہرے کے داغ دھبے دور کرتا ہے، دل کی بیماریوں کیلئے شافی علاج ہے۔ چہرے کا رنگ گورا کرتا ہے، ہڈیاں مضبوط بناتا ہے۔

انگور کے پھل کا زمانہ قدیم سے تعلق ہے، اس کے بے شمار فوائد ہیں، زمانہ قدیم کے بادشاہ اور امراء اس پھل کو کثرت سے کھایا کرتے تھے، انگور پر لاتعداد حکماء نے تحقیق کی ہے اور اسے انتہائی مفید اور قوت بخش پھل قرار دیا ہے۔ بندہ ناچیز قارئین عبقری کیلئے چند خاندانی نسخہ جات نسل در نسل منتقل ہو رہے ہیں افادہ عام کی خاطر پیش کر رہا ہوں۔ قارئین نوٹ فرمالیں! **فائدہ نمبر 1:** انگور اگر اٹھارہ سال سے کم عمر بچے بچیاں ایک چھٹانک روزانہ کھائیں، چہرے کا رنگ سفید وسرخ کرتا ہے، قد میں اضافہ کرتا ہے۔ **فائدہ نمبر 2:** 18 سال سے چالیس سال کے مرد اور عورتیں روزانہ دو سو گرام انگور کھائیں، صحت مند نظر آئیں، چہرے کے داغ دھبے دور کرتا ہے، دل کی بیماریوں کیلئے شافی علاج ہے۔ چہرے کا رنگ گورا کرتا ہے، ہڈیاں مضبوط بناتا ہے۔ **فائدہ نمبر 3:** صفرا کے مریض بغیر دوائی کے چھ ماہ مسلسل انگور استعمال کریں، صفرا بالکل ختم ہو جائے گا۔ **فائدہ نمبر 4:** انگور گردہ، پتہ اور مثانہ کی پتھری کو خارج کرتا ہے، پیشاب کی رکاوٹ کو دور کرتا ہے۔ **فائدہ نمبر 5:** فالج، لقوہ، رعشہ، کمر درد کے مریض انگور کی جملہ اقسام میں سے کوئی بھی قسم کھائیں بھرپور فائدہ دے گا۔ **فائدہ نمبر 6:** محقق حکماء کے نزدیک پھلوں میں سے انجیر کے بعد سب سے زیادہ صحت مند خون پیدا کرنے والا پھل انگور ہے۔ **فائدہ نمبر 7:** بوڑھے مرد بوڑھی عورتیں روزانہ اڑھائی سو گرام انگور کھائیں، جوان نظر آئیں گے۔

نسخہ نمبر 1: مرگی کیلئے: ھوالشافی: عقرقرحا سو گرام، مویز منقیٰ دو سو پچاس گرام۔ عقرقرحا کو باریک پیس لیں اور مویز منقیٰ میں ملائیں، معجون تیار کرلیں، صبح وشام آدھ چمچ مریض کو کھلائیں۔ دوسرے مہینے سے معجون ایک چمچ صبح و شام کھلائیں، ان شاء اللہ تین سے چار ماہ کے استعمال کے بعد زندگی بھر مرگی کا دورہ نہیں ہوگا۔ مجرب ہے۔ **نوٹ:** منقیٰ بڑا انگور ہوتا ہے جس کے اندر بیج ہوتا ہے اور اسے خشک کیا جاتا ہے۔ **نسخہ نمبر 2: پیٹ کے کیڑے ختم کرنے کیلئے:** ھوالشافی: ورق قلعی ایک چھٹانک مویز منقیٰ تین چھٹانک۔ دونوں کو ملا کر کوٹ لیں، معجون تیار ہو جائے گی، صبح وشام تازہ پانی کے ساتھ ایک چمچ مریض کو کھلائیں جب یہ نسخہ ختم ہو جائے تو کمیلہ شستہ چھ ماشہ گائے کے دہی میں حسب ضرورت مصری یا چینی ملا کر مریض کو پلا دیں۔ ہر قسم کے کیڑے مر جائیں گے۔ پیٹ کے اندر کیڑے بالکل نہیں رہیں گے۔ **پیشاب کے قطروں کیلئے:** جس مریض کے پیشاب کے قطرے بار بار گرتے ہوں اور کپڑے ناپاک ہو جاتے ہوں وہ مریض روزانہ صبح وشام چار عدد مویز منقیٰ، منقیٰ کے دانے نکال لیں، ان دانوں کی جگہ ہر منقیٰ کے دانے کے اندر ایک عدد سیاہ مرچ ڈال کر کھائیں، دو ماہ کے استعمال کے بعد پیشاب کے قطرے بالکل ختم ہو جائیں گے۔ مجرب ہے۔ **نوٹ:** جریان اور احتلام کے مریض اس نسخہ کو ہرگز ہرگز استعمال نہ کریں، ایسے مریض معالج سے رجوع کریں۔

کثرت حیض کیلئے: منقیٰ کے دانے پانچ عدد، سپاری ایک عدد، مازو دو عدد۔ اگر زیادہ دوائی بنانی ہو تو اس ترتیب سے حساب لگا کر تعداد بڑھا سکتے ہیں۔ تینوں چیزوں کو باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام استعمال کریں چند یوم کے بعد بفضلہٖ تعالیٰ حیض کی زیادتی ختم ہو جائے گی۔ **نسخہ نمبر 5: حصول طاقت اور گرمی سے یقینی نجات:** چھوٹا دیسی خشک انگور جسے کشمش کہتے ہیں، سو گرام اور تین عدد چھوہارے ایک گلاس پانی لیں۔ مٹی کے پیالے میں بھگو کر رکھیں۔ دو گھنٹے بعد کشمش اور چھوہارے کھالیں اور ساتھ بھگویا ہوا پانی بھی پی لیں۔ **نوٹ:** یہ نسخہ گرمی کے ایام میں استعمال کریں، ہاتھ پاؤں، سینے کی جلن، جسمانی و دماغی کمزوری، ٹانگوں کا درد، دماغ کا سن ہو جانا، دل کا درد، وجود کی گرمی، ذہنی ڈیپریشن، ان تمام بیماریوں کیلئے شافی علاج ہے اور یہ نسخہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ثابت ہے، نہایت مجرب ہے، ایک مرتبہ حضرت محمد ﷺ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ہاں تشریف لے گئے، آپ رضی اللہ عنہ نے ایک پیالہ آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں پیش کیا جس کے اندر چھوہارے اور کشمش پانی کے اندر بھگوئے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے چھوہارے اور کشمش کو کھایا اور پانی پیا پھر فرمایا اے ابن عباس (رضی اللہ عنہما) آپ نے اچھا انتظام فرمایا ہوا ہے ایسے ہی کرتے رہنا۔ (بحوالہ: سیرت صحابہؓ جلد 2، مؤلف مولانا ذکریا رحمۃ اللہ علیہ)

سفلی کالے جادو سے زبان بندتھی روحانی دم سے ٹھیک ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم نے گزشتہ عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کی، عبادات میں، ذکر میں، اللہ اللہ کرنے میں بہت مزہ آیا۔ وہاں موجود خواتین نے ہماری بہت خدمت کی، ہم وہاں تین دن رہیں، حضرت جی آپ کا بہت بہت شکریہ کہ آپ نے ہمارے لیے اتنے اچھے انتظامات کیے تھے۔ محترم حضرت حکیم صاحب! مجھ پر میری والدہ پر کسی نے کالا سفلی جادو کروایا تھا، میری زبان بندتھی میں بول نہیں سکتی تھی، مگر آپ سے پہلی مرتبہ تسبیح خانہ لاہور میں آکر اسم اعظم کا روحانی دم کروایا تو میں آپ کے دم سے ہلکا ہلکا بولنے لگ گئی، اس کے بعد بھائی کے ساتھ آئی پھر دم کروایا، تیسرا دم عبقری روحانی اجتماع میں آکر کروایا، دم کروانے سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ میرے مسائل حل ہو رہے ہیں۔ اب تو میں آسانی سے کھا بھی سکتی ہوں اور نماز میں بھی کچھ الفاظ ادا ہوتے ہیں اور قرآن بھی اب پڑھ سکتی ہوں۔ حضرت حکیم صاحب! جب میری آپ سے پہلی ملاقات ہوئی تو آپ نے مجھے وظیفہ دیا اور ساتھ کہا کہ آپ نے دودھ اور مکھن کھانا ہے میں نے کہا تھا مجھے سانس کی تکلیف ہے میں نہیں پی سکتی مگر آپ نے کہا تم نے کھانا ہے آپ کا کہنا تھا اور اسی وقت اللہ تعالیٰ نے قبول کرلیا تھا۔ آپ کے منہ سے الفاظ نکلنے تھے کہ میں سب کچھ کھا پی لیتی ہوں۔ ایسا لگتا ہے جیسے یہ تکلیف کبھی تھی ہی نہیں مجھے مکمل آرام آگیا ہے۔ (ج۔ش)

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں، اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی، بیماری، گھریلو، الجھن، کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

ٹوٹکہ آزمائیں! لیکوریا کا نام ونشان تک نہ رہے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! لیکوریا کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ لے کر حاضر ہوئی ہوں۔ ھوالشافی: چھوٹی دیسی کشمش 21 دانے روزانہ صبح کے وقت کھائیں۔ نہار منہ، ناشتہ سے پہلے یا بعد کسی بھی وقت کھا سکتے ہیں۔ 41 دن ضرور کریں۔ لیکوریا کا نام ونشان تک نہ رہے گا۔ (کوثر یاسین)

گمشدہ چیز فرد اور سرمایہ پانے کا وظیفہ

قسط نمبر 36

ہر وہ چیز ملی جس کا تھا طلبگار

الحمدللہ! میری پرموشن ہوگئی اور میں چوتھے سکیل پر کام کرنا شروع ہوگیا جو ناممکن تھا۔ میں نے اس عمل کو مزید کثرت کے ساتھ جاری رکھا اور الحمدللہ! کچھ ہی دنوں میں میرا سکیل 4 سے بڑھ کر 11 ہوگیا۔ میں خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔ (ایڈیٹر کے قلم سے)

ہر وہ چیز ملی جس کا میں طلبگار تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے گزشتہ سال موبائل فون پر ٹائم لے کر آپ سے ملاقات کی تھی۔ میرے کچھ مسائل تھے آپ نے تفصیل سے میری بات سنی اور مجھے ایک وظیفہ دیا جو کہ یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ آپ یقین کریں پہلے ہی دن میں نے یہ وظیفہ شروع کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے بہت سے کمالات دکھا دیئے۔ سب سے پہلی بات یہ کہ دل کا سکون سب سے ضروری چیز ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ نے مجھے میسر کیا جو پہلے میسر نہیں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے ہر وہ چیز عطا فرمائی جس کا میں طلب گار تھا اور اللہ تعالیٰ نے اپنا قرب اور زندگی کو جینے کا مقصد عطا فرمادیا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ آپ اپنے درسوں میں اکثر یہ چیز دہراتے ہیں کہ لوگ میرے پاس میرے خالی گھر میں آتے ہیں اور میں ان کو اللہ تعالیٰ کے بھرے گھر میں بھیج دیتا ہوں۔ میرے ساتھ بالکل ایسا ہی ہوا میں حضرت صاحب کے پاس خالی ہاتھ آیا تھا انہوں نے مجھے اللہ تعالیٰ کے بھرے گھر میں بھیج دیا جس کی مجھ پر بہت نوازشات ٹپک رہی ہیں۔ اس کے علاوہ میں نے یہ وظیفہ دو تین لوگوں کو بتایا۔ ایک بندہ کی چیزیں اور ایک بندہ گم ہوگیا تھا ان لوگوں کے گھر والوں کو میں نے یہ وظیفہ بتایا تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ کامیاب ہوئے۔ جزاک اللہ! اللہ تعالیٰ حکیم صاحب کو تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین! (الف۔ ح)

ٹکٹ گم ہونے پر کوئی پریشانی نہیں ہوئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں سے آپ کے روحانی آرٹیکل میں دیا گیا وظیفہ پڑھا۔ میرے دل کو لگا۔ اتفاق سے اسی ہفتے میرا ٹکٹ گم گیا' اس کیلئے میں نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ یَاجَامِعُ یَامُعِیْنُ اور یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھا اور جب سٹیشن پر پہنچا تو ٹکٹ نہ ملا۔ ٹکٹ چیک کرنے والا آیا تو میں نے دیکھا کہ وہ ہمارا پڑوسی تھا جس کی وجہ سے اس نے میری بات کا یقین کیا اور مجھے کوئی پریشانی نہیں ہوئی۔ (غ۔ ز)

موبائل کیساتھ گمشدہ قیمتی لاکٹ بھی نکل آیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت ذوق شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس میں موجود وظائف نے ہماری زندگی آسان کردی ہے۔ گزشتہ ہفتے میری ساس صاحبہ رینالہ پور سے ملتان شادی میں گئیں تو وہاں پر ان کا لاکٹ جو تقریباً ڈیڑھ تولہ کا تھا وہ گم ہوگیا جس پر وہ بہت پریشان ہوئیں اور انہوں نے گھر فون کیا اور میری اہلیہ سے بات کی' وہ کافی زیادہ پریشان تھیں' میری اہلیہ نے انہیں تسلی دی اور آپ کے روحانی کالم میں دیا گیا وظیفہ یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بتایا اور کہ آپ بھی پڑھیں میں بھی پڑھتی ہوں ان شاء اللہ لاکٹ مل جائے گا۔ میری اہلیہ اور بچوں نے پڑھنا شروع کردیا اور میری ساس صاحبہ نے بھی وہاں پر پڑھنا شروع کیا تو اس وقت تو لاکٹ نہیں ملا' بہر حال جب شادی سے فارغ ہوکر ملتان سے رینالہ پور آرہے تھے تو جب ساہیوال کے قریب پہنچے تو پرس میں موبائل رکھا ہوا تھا' موبائل پر جب فون آیا تو اسے سننے کیلئے نکالا تو اس پرس سے موبائل کیساتھ ہی وہ لاکٹ پڑا ہوا تھا' حالانکہ انہوں وہ پرس شادی والے گھر خود کئی بار چیک کیا تھا اور ان کے علاوہ بھی تین چار افراد نے خود اس پرس کو اچھی طرح چیک کیا تھا لیکن اس میں لاکٹ نہیں تھا۔ یہ صرف یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے وہ لاکٹ واپس دلا دیا۔ (غلام رسول۔ پاکپتن)

اعمال کرنے سے پرموشن ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت ذوق شوق سے پڑھتا ہوں اور اس میں موجود وظائف تو واقعی ہی بہت کمال اور تیر بہدف ہوتے ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے تو صرف آپ کا نام ہی سنا تھا' چند ماہ پہلے ایک بک سٹال پر گیا تو اُدھر عبقری پڑا ہوا تھا' اس وقت میں جلدی میں تھا اس لیے غور سے نہیں دیکھا کہ یہ رسالہ کس نے لکھا ہے' بہر حال میں نے رسالہ وہیں پر چھوڑ کر چلا گیا۔ پھر دوسرے مہینے دوبارہ گیا تو اس سٹال پر موجودہ اس مہینے کا عبقری رسالہ پڑا ہوا تھا' جس کو میں نے پڑھنا شروع کیا تو اس میں بے شمار لوگوں کے فائدے اور مشاہدات لکھے ہوئے تھے۔ میں نے رسالے کی مزید جانچ پڑتال شروع کردی اور سوچنے لگا کہ یہ حکیم صاحب کون ہیں؟ جو اتنی دریا دلی سے مخلوق خدا میں مفت کا فیض بانٹ رہے ہیں۔ پھر میں نے باقاعدہ رسالہ خرید کر گھر لایا اور گھر میں آہستہ آہستہ اس میں موجود وظائف پڑھنا شروع کردیے۔ اس میں سے ایک وظیفہ سورۃ قریش اور آپ کے روحانی کالم میں موجود وظیفہ یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کا تھا' جو میں نے اپنے رکے ہوئے کام کیلئے پڑھنا شروع کردیے۔ میرا ایک کام چھ سات سال سے رکا ہوا تھا میں فرسٹ سکیل کا ملازم تھا' میں نے اپنا سکیل اور پروموشن بڑھانے کیلئے بہت تگ ودو کی لیکن کہیں شنوائی نہیں ہوئی۔ پھر میں نے یہ وظائف پڑھنا شروع کیے تو الحمدللہ! میری پروموشن ہوگئی اور میں چوتھے سکیل پر کام کرنا شروع ہوگیا جو ناممکن تھا۔ میں نے اس عمل کو مزید کثرت کے ساتھ جاری رکھا اور الحمدللہ! کچھ ہی دنوں میں میرا سکیل 4 سے بڑھ کر 11 ہوگیا۔ میں خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں' کوئی ایسا وقت نہیں جب میں ایڈیٹر عبقری کو دعاؤں میں یاد نہ رکھتا ہوں۔ میری زندگی کا سب سے بڑا مسئلہ حل کردیا (الف۔ کوئٹہ)

قارئین اصلاح فرمالیں!

قارئین! حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی آرٹیکل "گمشدہ چیز فرد اور سرمایہ پانے کا راز" میں ایک وظیفہ دیا گیا ہے جو کہ چند شمارے پہلے زیر زبر کی غلطی سے شائع ہوگیا۔ اصل وظیفہ یَارَبِّ موسٰی یَارَبِّ کَلِیْم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے۔ قارئین اصلاح فرمالیں! (ادارہ)

پرانے امراض ایک ٹوٹکہ سے ہمیشہ کیلئے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ ہر ماہ خرید کرتے ہیں۔ عبقری رسالہ میں "مایوس بے اولاد جوڑوں کیلئے امید کی کرن" کے نام سے تحریر پڑھی۔ نسخہ یہ تھا بس ایک پاؤ الائچی اور ایک پاؤ میتھرے لے کر دونوں باریک پیس لیں اور ایک چمچ چائے والا صبح وشام استعمال کریں۔ بے اولادی کے علاوہ بواسیر' قبض' مردانہ کمزوری' مرد وخواتین کے پوشیدہ امراض' معدہ کے امراض میں واقعی تیر بہدف ہے۔ میرا تو اب یہ آزمودہ ہے۔ بہت شفاء والی چیز ہے' مجھے تو اس سے شفاء ملی ہی ملی میرے علاوہ میری امی' خالہ اور خالہ زاد بہن کو پرانے لیکوریا کی شکایت تھی وہ بھی اس کے استعمال سے دور ہوگئی۔ قارئین! میں سے جس نے بھی پڑھا' استعمال کیا' دوسروں کو بتایا اور جو جو فائدہ ہوا عبقری میں ضرور ارسال کریں۔ (گلزار علی۔ بہاولپور)

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ® 135

ستمبر 2017ء ذوالحجہ 1438 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل


قیمت فی شمارہ 50 روپے

جنگ ستمبر 1965ء کے حوالے سے خصوصی تحریر

فرشتوں کی مدد فوجی عزم کے ساتھ

احمد پور شرقیہ میں آئل ٹینکر کے سانحہ کا اصل راز

- ڈپریشن میں صبر کی تلخی اور حلم کی شیرینی کا کمال
- آپ کی صحت کس چیز میں چھپی ہے! سب لکھ دیا
- نظر کمزور ہے! میری دادی اماں سے حل لے لیں!
- جانور اتنا دودھ دے کہ آپ خوشحال ہو جائیں!
- 15 سال سے میرے سینے میں چھپا ایک راز
- کھانا ایسا بنے کہ سب انگلیاں تک چاٹ جائیں
- اب میرا پارلر کسٹمرز سے بھرا رہتا ہے



کالی مرچ کے 5 دانے روز کھائیے اور کمال دیکھئے

”وُن ویلنگ“ کرتے اوباشوں نے میری ماں کو مارڈالا

ساس، بیوی اور شوہر! تینوں کے مسائل کا آزمودہ ایک حل

حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے جا رہے ہیں تو ذرا ٹھہریئے! خوش نصیبو! یہ بہت پیاری کتاب حج و عمرہ پر جانے والوں کیلئے فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر آپ کی رہنمائی کرے اور اعمال سے بھرپور ہو، ضرور ساتھ لے جائیں، پڑھیں اور لطف حاصل کریں!

24 ستمبر بروز اتوار اسم اعظم کا روحانی درس صبح 7 سے 8 بجے تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ 24 ستمبر بروز اتوار حلقہ کشف المحجوب اور مراقبہ بعد نماز مغرب تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔

نورتن شفاء

9 لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج

سالہا سال کے تجربات کے بعد "نورتن شفاء" کو درج ذیل 9 امراض میں انتہائی مفید پایا گیا ہے۔ **فائدہ نمبر 1: بواسیر بادی ہو یا خونی' فشر' فسچولہ** "نورتن شفاء" اس کا بہترین علاج ہے۔ **بواسیر کے ہر قسم کے درد' چبھن اور جلن کو فوراً دور کرتی ہے۔ فائدہ نمبر 2:** پیٹ کی فاسد چربی' بڑھے ہوئے پیٹ اور موٹاپے کا بہترین علاج ہے۔ **فائدہ نمبر 3: کینسر کے مریض کیلئے لاجواب' جسم میں کہیں بھی رسولی** کینسر کی ہو یا سادہ' ٹیومر' گلٹی' موکے یا عورت کے رحم میں رسولی ہو "نورتن" سے ہی شفاء پائیں۔ **فائدہ نمبر 4:** اعلیٰ درجہ کی خون صفاء' چہرے پر سیاہ داغ' دھبے' پرانے سے پرانا زخم' شوگر کے زخم' پھوڑے' پھنسیوں کا آخری علاج ہے۔ **فائدہ نمبر 5:** پرانی دائمی قبض' گیس' تبخیر کیلئے "نورتن شفاء" نہایت مفید ہے۔ **فائدہ نمبر 6:** خواتین میں اٹھرا ایک مہلک بیماری ہے' اٹھرا کی مریضہ کے بچے مرجاتے ہیں۔ مریضہ "نورتن شفاء" کی ایک گولی صبح وشام پورے نو ماہ استعمال کرے۔ ان شاء اللہ جیتی جاگتی اولاد پائے گی۔ **فائدہ نمبر 7:** خون کی خرابی' الرجی' منہ پر دانے نکل آتے ہوں "نورتن شفاء" خون کو صاف شفاف رکھتی ہے۔ **فائدہ نمبر 8:** شوگر جیسا نامراد مرض بھی نورتن شفاء کے مستقل استعمال کرنے سے ختم ہوجاتا ہے۔ **فائدہ نمبر 9:** یورک ایسڈ' یوریا' اعصابی دردیں' جوڑوں کی دردیں' پٹھوں کے درد نیز تمام جسمانی دردوں کیلئے "نورتن شفاء" بہترین کام کرتی ہے۔ **اضافی فوائد:** کسی بھی قسم کی آئندہ بیماری سے بچنے کیلئے صرف چنے کے برابر گولی صبح وشام خود بھی کھائیں اور نسلوں کو بھی دیں۔ (قیمت صرف 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

گُردی

ڈائیلاسز ختم کرنے کا آزمودہ اور آخری حل

پتھری کے مریض ضرور آزمائیں اور شفاء پائیں

جن کے گردے کمزور ہوگئے ہوں اور ان کی یوریا' یورک ایسڈ اور کریٹینن بڑھ گئی ہو اور مریض ڈائیلاسز کے قابل ہوچکا ہو یا مسلسل ڈائیلاسز ہورہے ہوں "گُردی" اس وقت بہت ہی کام کرتا ہے۔ بے شمار لوگوں نے اس کو سالہا سال سے آزمایا ہے۔ گردے' مثانے کی پرانی پتھری کا مسئلہ ہو جو کئی بار آپریشن کے بعد بھی بار بار بن جاتی ہو یا مسئلہ گردے کی درد' پیشاب کی بندش یا رکاوٹ یا پیشاب قطرے قطرے کی شکل میں آنا۔ جسم پر اور چہرے پر ورم یا پھر پتھری ٹوٹ کر پیشاب کی نالی میں اٹک گئی ہو۔ مریض درد کی شدت میں بے قرار اور تڑپ رہا ہو۔ ایسے تمام پیچیدہ عوارضات میں ہمارا خالص قدرتی جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ "گُردی" عظیم تریاق اور شفاء ہے۔ حتیٰ کہ گردے کے مریض کو جہاں شفاء یابی کا ذریعہ بنتی ہے وہاں مرض کی وجہ سے کمزوری' ضعف اور نقاہت کو فوری ختم کرتی ہے۔ مختصر مقدار خوراک کوئی لمبی چوڑی دوائی نہیں۔ بس آدھا چمچ چھوٹا چائے والا' مرض کی شدت میں ہر گھنٹے کے بعد عام حالات میں آدھا چمچ سے ایک چمچ چھوٹا دن میں دو سے چھ بار ہمراہ پانی۔ حسب طبیعت خوراک کم زیادہ کرسکتے ہیں۔ کھانے سے پہلے یا بعد کی شرط نہیں۔ چند دن، چند ہفتے استعمال کریں۔ (قیمت: 230 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

مختصر دوائی' فائدے بے شمار

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	70/-
2	آگ شفاء	80/-
3	اکسیر البدن	300/-
4	الرجی نزلہ کورس	600/-
5	اصلاح معدہ پیکیج	440/-
6	السر کورس	400/-
7	بواسیر کورس	500/-
8	برص پھلبہری کورس	500/-
9	بے اولادی کورس	2500/-
10	بے اولادی پاؤڈر	500/-
11	بنفشی قہوہ	120/-
12	بستر پیشاب شفاء	120/-
13	بلڈ پریشر شفاء سیرپ	120/-
14	پیشاب کنٹرول کورس	400/-
15	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-
16	پوشیدہ کورس	600/-
17	پیچش شفاء	120/-
18	پتہ پتھری شفاء	90/-
19	تندرستی ٹانک	440/-
20	ٹھنڈی مراد	120/-
21	ٹھنڈک پیکیج	500/-
22	جوہر شفاء مدینہ	150/-
23	چلڈرن سیرپ	120/-
24	چوٹ شفاء	100/-
25	چہرہ شفاء	150/-
26	حسن شفاء سیرپ	120/-
27	خون صفاء پاؤڈر	120/-
28	خاتون شفاء (سیرپ)	120/-
29	خون روک شفاء	120/-
30	خون افزاء ٹانک	120/-
31	دیسی کریم	500/-
32	دم والا شہد دوائی	900/-
33	ڈیپریشن پیکیج	490/-
34	روحانی پھکی	30/-
35	روحانی عطر	240/-
36	روشن دماغ ٹانک	250/-
37	زرغوانی نقرائی	2200/-
38	ستر شفائیں	250/-
39	سکون افزاء شوگر فری سیرپ	120/-
40	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	320/-
41	سچا منجن	70/-
42	سچی دوا بے اولادی کیلئے	100/-
43	سدابہار حسن و خوبصورتی پیکیج	840/-

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
43	شفاء حیرت سیرپ	120/-
44	شہد ایک کلو گرام	700/-
45	شہد 330 گرام	240/-
46	شوگر کورس	800/-
47	طب نبوی حسن و جمال کریم	300/-
48	طب نبوی ہیئر آئل	300/-
49	طب نبوی انمول ہیئر پاؤڈر	120/-
50	عروسی سہاگ کورس	5000/-
51	عرق موٹاپا شفاء	350/-
52	فشاری گولیاں	200/-
53	فٹنس پیکیج	600/-
54	فٹنس فولاد ٹانک	120/-
55	کراماتی تیل	200/-
56	کان شفاء	70/-
57	کولیسٹرول سے نجات (کورس)	600/-
58	کرنٹ مالش	500/-
59	کمر' جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	800/-
60	گیس' بدہضمی' تبخیر کورس	600/-
61	گردے فیل شفاء	150/-
62	گردی	230/-
63	گلٹیاں رسولیاں ٹیومر سے نجات کورس	500/-
64	قد دراز کورس	500/-
65	قبض کشا	120/-
66	قوتی گولیاں	500/-
67	لاجواب حافظہ پیکیج	670/-
68	لیکوریا شفاء	120/-
69	معجون شفاء یابی	500/-
70	مرہم سکون	70/-
71	موٹاپا کورس	600/-
72	مشروب عبقری افزاء	200/-
73	معجون مراد	1100/-
74	معذور شفاء ٹانک	500/-
75	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
76	ناک شفاء	100/-
77	نشاطی (جدید)	520/-
78	نوجوان شفاء	120/-
79	نیو طاقتی	640/-
80	نورتن شفاء	150/-
81	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
82	ہارمونز شفاء	300/-
83	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
84	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	120/-
85	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	320/-
86	ہاضم خاص پاؤڈر	200/-
87	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-
88	جانور شفاء (صرف جانوروں کیلئے)	130/-

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

ایجنسی ہولڈر اپنی مہر لگائیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور

عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾ القرآن

بیاد حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 3 | جلد نمبر 12 | ستمبر 2017ء ذوالحجہ 1438 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور ستمبر 2017ء

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

ایڈیٹر شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت حکیم محمد خالد محمود چغتائی' محمد محسن انصاری' میاں محمد طارق' امتیاز حیدر اعوان' راشد شمسی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1080 روپے رجسٹرڈ ڈاک بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: آزادی کا مطلب بے لگام ہو جانا نہیں ہے' آزادی یہ نہیں کہ دوسرے لوگوں اور مملکت کے مفادات کو نظرانداز کر کے آپ جو چاہیں کر گزریں۔ آپ پر بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے اور پہلے سے کہیں زیادہ۔ اب یہ ضروری ہے کہ آپ منظم و منضبط قوم کی طرح کام کریں۔ اس وقت ہم سب کو چاہیے کہ تعمیری جذبہ پیدا کریں۔ آزادی حاصل کرنے کیلئے جنگ جویانہ جذبات اور جوش وخروش کا مظاہرہ آسان ہے اور ملک و ملت کی تعمیر کہیں زیادہ مشکل۔ (ڈھاکہ یونیورسٹی 26 مارچ 1947)

اللہ اللہ بائے بسم اللہ پدر	معنیٔ ذبحِ عظیم آمد پسر
غریب و سادہ و رنگیں ہے داستانِ حرم	نہایت اس کی حسینؓ، ابتدا ہے اسماعیلؑ!

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے' یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرا دیں۔ شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

فون / فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 | E mail:contact@ubqari.org

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

فقیر کو مال بھی دیا اور دعا بھی

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس جب کوئی سائل آتا اور دعائیں دیتا جیسا کہ سائلین کا طریق ہے تو ام المؤمنین بھی اس فقیر کو دعائیں دیتیں اور بعد میں کچھ خیرات دیتیں، کسی نے کہا: اے ام المؤمنین! آپ سائل کو صدقہ بھی دیتی ہیں اور جس طرح وہ آپ کو دعا دیتا ہے اسی طرح آپ بھی دعا دیتی ہیں۔ فرمایا: اگر میں اس کو دعا نہ دوں اور فقط صدقہ دوں تو اس کا احسان مجھ پر زیادہ رہے اس لیے کہ دعا صدقے سے کہیں بہتر ہے اس لیے دعا کی مکافات دعا سے کرتی ہوں تا کہ میرا صدقہ خالص رہے کسی احسان کے مقابل میں نہ ہو۔ (بکھرے موتی، جلد چہارم، ص 47)

ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

احمد پور شرقیہ میں آئل ٹینکر کے سانحہ کا اصل راز

احمد پور شرقیہ صدیوں ہزاروں سال پرانا ایک قدیمی شہر ہے لاہور، دہلی، اُوچ اور بغداد کی طرح بہت اونچے ٹیلوں پر آباد ہے، وہی تنگ و تاریک گلیاں، وہی پرانی تہذیبیں، پرانا تمدن اور کلچر جس کے آثار بہت مٹائے لیکن پھر بھی باقی ہیں، زمانہ بہت ترقی کر گیا، پرانی تہذیبیں مٹ گئیں، نئی تہذیبوں نے جنم لے لیا لیکن احمد پور شرقیہ ان چند پرانے شہروں میں ہے جو کہ ابھی تک اپنا وقار، تہذیب، تمدن، محبت، الفت پیار لیے باقی ہے۔ مشہور ہے کہ احمد پور اور بہاولپور محلات کا شہر تھا، اس میں نوابان بہاول پور کے قدیم اور حیرت انگیز، عجیب و غریب طرز و تعمیر سے نمایاں محلات ہی محلات تھے ہر محل پانچ منزلہ اور بہت وسیع و عریض سرنگوں اور تہہ خانوں سے تعمیر شدہ ہے، میرا خاندان صدیوں سے یہاں آباد ہے، آبائی پیشہ تجارت، زمینداری اور حکمت ہے، میرے پڑدادا ایک عظیم انسان تھے، اُن کے اور اُن کے پڑدادا کے انوکھے کمالات تھے، میرے تمام خاندانی حالات تفصیل سے پڑھنے کیلئے عبقری پبلی کیشنز کی طبع شدہ کتاب **"خاندانی حالات"** پڑھیے۔ لفظ احمد پور دراصل نواب احمد خان کے نام سے مشہور ہے جس کے نام پر ابھی تک ایک پرانا محلہ کٹہڑا احمد خان ابھی بھی موجود ہے، اور وہاں نواب کی پرانی پتلی اینٹوں سے بنے فوجوں کی بارکیں اور گھوڑوں کے اصطبل کے آثار ابھی بھی موجود ہیں۔ تحریک ریشمی رومال احمد پور کا مرکز رہا، بالاکوٹ کی تاریخ احمد پور کا حصہ رہا، بڑے بڑے علماء، فقہاء، حکماء، شعراء، ادیب احمد پور شرقیہ کی دھرتی سے عالم میں مشہور ہوئے، شہرت پائی اور انسانیت کی بے بہا خدمت کی، احمد پور اور اس کے گردونواح میں پیر فضل علی قریشی رحمۃ اللہ علیہ کے تقریباً گیارہ کے قریب خلفاء ہیں۔ آموں کے اعتبار سے بہت مشہور، مٹی کے برتن، گلدستے، نفیس جوتے، "کھسے" سوہن حلوہ، اور ہاتھ کی کڑھائی کے کام میں احمد پور شرقیہ کی مثال نہیں۔

تسبیح خانہ لاہور میں عیدالفطر کی نماز پڑھ کر میں اپنے آبائی قدیمی شہر کی طرف روانہ ہوا سہ پہر جب میں اس جگہ پہنچا جہاں آئل ٹینکر کا اندوہناک واقعہ ہوا، میری آنکھوں سے اشک گرے اور دل سے مسلسل استغفار کہ مولا! اس قدیمی شہر نے آج تک اتنا بڑا حادثہ نہ دیکھا، شاید اس شہر کی تاریخ میں بڑے بڑے فاتحین آئے، کیونکہ شہر کے وسط میں ابھی بھی ایک بہت بڑے پرانے قلعہ کے آثار موجود ہیں جسے شہر کی آبادی نے گھیر لیا۔ یقیناً فاتحین کی جنگ و جدل ضرور ہوئی ہوگی لیکن شاید اتنے افراد اور اس بے دردی سے مرے اور جلے نہیں ہوں گے۔ میں بار بار آسمان کی طرف نظر اٹھاتا اور دوسری طرف جلی گاڑیاں، رکشے، موٹر سائیکل اور خود آئل ٹینکر اور آگ ہی آگ کے آثار اور ایک درخواست اور فریاد کرتا مولا! تو ظالم نہیں، اور یقیناً نہیں، نعوذ باللہ ہم تجھے ظالم نہیں کہہ سکتے، مولا! جو ہوا ہماری خطائیں، ہماری کمیاں، ہمارا قصور مولا! تو سخی ہے اور کریم ہے، بس ان مرنے والوں کی بال بال مغفرت فرما، تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم مدینے والے نے فرمایا ہے کہ جل کر مرنے والا شہید ہوتا ہے، ایک طرف میری درد کی یہ کیفیات اور غم کے یہ احساسات، جائے حادثہ کے بالکل قریب عبقری حویلی (باغ) جو کہ میری گاڑی کا صرف پونے دو منٹ کی ڈرائیو پر ہے، پہنچا تو پتہ چلا کہ حویلی کے مالی کے دو بیٹے بھی اس حادثہ میں جان گنوا بیٹھے ہیں، کیا کرنے گئے تھے؟ پٹرول بھرنے گئے تھے، اب میری آہیں، آنسو، سسکیاں اور غم اور اس کی کیفیات اور زیادہ بڑھ گئیں، مولا! ہمارے مزاجوں سے امانتیں اور دوسروں کے مالوں کی حفاظت کا مزاج کہاں لُٹ اور کھو گیا، ہم تو وہ تھے جو دوسروں کے ایک ایک پیسے کے رکھوالے تھے، اسی احمد پور شرقیہ میں میری نظریں ہواؤں اور فضاؤں میں ان لوگوں کو ڈھونڈتی رہیں جن میں سے چند کو میں نے دیکھا اور بہت کو سنا کہ ایک جگہ گندم کی بوری گری اور پھٹی ہوئی تھی، سرِ راہ ایک گدھا سوار ان پڑھ آدمی وہاں ٹھہر گیا اور ہر آنے جانے والے سے اس کے مالک کا پتہ پوچھنے لگا یہ صبح کا وقت تھا، حتیٰ کہ دن ڈھل گیا، اگر اس گندم کو کھانے کیلئے کوئی جانور آتا تو اس کیلئے رکاوٹ، کوئی پرندہ آتا تو اس کیلئے اوٹ، یوں دن ڈھلے ایک صاحب اپنی بیل گاڑی پر سوار جب پہنچے تو حیرت سے دیکھنے لگے کہ یہ گندم تو میری ہے وہ کہنے لگا: میں نے کون سا کہا میری ہے یقیناً! آپ کی ہے میں آپ کی حفاظت کیلئے یہاں ٹھہر گیا تھا کہ کوئی اس کو غلطی سے استعمال کر کے کہیں گنہگار نہ ہو جائے، اس نے بہت زیادہ شکریہ ادا کیا، دونوں نے مل کر گندم صاف پٹ سن کی بوری میں ڈالی اور باقی جو مٹی میں مل گئی تھی وہ علیحدہ کسی چادر میں باندھ کر اس کی بیل گاڑی میں رکھوائی، بیل گاڑی چل پڑی تو تھوڑی دیر کے بعد پھر واپس آگئی اور گدھا سوار سے وہ شخص کہنے لگا کہ یہ میری بوری تو صبح گری تھی گھر پہنچ کر مجھے یاد آئی، میں اپنے سواری دوڑا کر یہاں آیا تھا لیکن آپ نے اس وقت سے لے کر اب تک اس کی نگرانی کی کیا آپ نے کھانا کھایا؟ گدھا سوار کہنے لگا نہیں! لیکن کھانا ضروری نہیں، مومن کے مال، جان اور عزتوں کی حفاظت اس سے کہیں زیادہ ضروری ہے۔ میں احمد پور شرقیہ شہر میں پندرہ دن رہا، لیکن اداس اداس، بجھا بجھا ملاقاتیوں کا ہجوم، پر میرے وجود میں ایک سوال تھا جس کا مجھے جواب چاہیے تھا مولا! تیری تقدیر غالب ہے جو تو چاہتا ہے وہی ہوتا ہے مجھے تجھ سے نہ گلہ ہے نہ شکوہ! لیکن شہنشاہ اعظم مجھے ایک سوال کا جواب نہیں مل رہا کہ اسی احمد پور میں تو ایک گندم کی بوری کے تحفظ کیلئے ایک شخص بھوکا پیاسا نگران بنا رہا اور اسی احمد پور میں پٹرول کی لوٹ کیلئے لوگوں کی جانیں ختم ہو گئیں۔ بس پندرہ دن اسی سوچ و بچار کے بعد میں جس نتیجے پر پہنچا وہ یہی تھا کہ سو فیصد قصور میرا (طارق) ہے۔ اے کاش! کہ میں انہیں سمجھا دیتا، ان کی منت کر دیتا، ان کے اندر امانت داری کا جذبہ اور کسی کی امانت کی حفاظت کا احساس بیدار کر دیتا، پھر میں نے دو نفل توبہ کے پڑھے اور اللہ سے رو رو کر ان کی مغفرت کی دعا مانگی اور اپنی کوتاہیوں پر استغفار کیا، کہ مولا! تو مجھے معاف کر دے یہ ان کا قصور نہیں یہ میرا قصور ہے، یہ ان کی خطا نہیں میری خطا ہے یہ ان کا جرم نہیں میرا جرم ہے۔ تو میری امت کو معاف کر دے اور پورے وطن کے ایک ایک فرد کے مزاج میں چاہے وہ حکمران ہے یا عوام ہے امانت کا سچا جذبہ پیدا کر دے کیونکہ تو خود امین ہے اور امانتوں کو سو فیصد پسند کرتا ہے۔ میں اپنے اندر ابھی تک ایک چبھن، کڑھن اور درد محسوس کر رہا ہوں کہ میرے شہر احمد پور شرقیہ کو کیا ہو گیا؟ اور ایسا کیوں ہوا؟ بس میرا ہی قصور ہے نہ حکمرانوں کا، نہ عوام کا نہ کسی اور کا۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درس روحانیت و امن

کوئی بابا کریم بخش تلاش کر دے

والدین کی خدمت اور حج کرنے والوں کو کیا صلہ ملتا ہے؟ اللہ والو! اکثر کتب میں لکھا ہے کہ ماں باپ کی خدمت کرنے والا اور حج کرنے والا یہ دو لوگ ایسے ہیں جنہیں اس کا صلہ دنیا میں بھی ملتا ہے اور پھر آخرت میں بھی ملتا ہے۔ ماں باپ کی خدمت کرنے والا اور ماں باپ کی اطاعت کرنے والا، اور ماں باپ کی فرمانبرداری کرنے والا، اور ماں باپ کے سامنے جھک جانے والا، اپنی مرضی کو مٹا دینے والا، اپنی حیثیت کو ختم کرنے والا۔ اس کو پہلا صلہ دنیا میں یہ ملتا ہے کہ اللہ جل شانہٗ اس کی دعاؤں میں برکت اور قبولیت عطا فرماتے ہیں۔ اس کے رزق میں برکت دیتے ہیں۔ اس کی عمر بڑھا دیتے ہیں اُسے محبت و عافیت دیتے ہیں۔ دنیا میں اسے قابل رشک بنا دیتے ہیں۔ ماں باپ کی خدمت کرنے میں پہلا نفع دنیا میں اس طرح ملتا ہے۔ اس لیے اپنی سوچ سے باہر نکلیں پھر یہ چیزیں حاصل ہونگی، لیکن آپ جب اپنی سوچ میں رہیں گے تو آپ پھر صرف اپنے وجود کو ہی لے کر چلیں گے۔ اپنے تن کو، اپنے من کو، اپنی خوشیوں کو، اپنی چاہتوں کو، اپنی لذتوں کو۔۔۔ بس پھر یہی مطلوب ہوگا۔ جب اس دائرے سے باہر نکلیں گے پھر سوچیں گے سارے عالم کیلئے ساری امت کیلئے، امت کے ہر فرد کیلئے۔ اس سے ہی عالم میں امن آئے گا۔ اللہ والو! سکون آئے گا۔

یہ نفرتیں کیوں ہیں: آج سارے عالم میں اگر ایک چیز کی کمی ہے تو وہ امن کی کمی ہے، وہ سکون کی کمی ہے، پریشانی ہے مشکلات ہیں، قوموں کے نام پر، زبان کے نام پر، نسلوں کے نام پر، ملکوں کے نام پر، صوبوں کے نام پر نفرتیں ہیں۔ ساری نفرتیں مٹانے کا ایک ہی حل ہے۔ وہ ہے کہ اپنی ذات کو نہیں عالم کو سامنے رکھ کے سوچنا، پورے عالم کیلئے رونا، مانگنا، اور پورے عالم کیلئے ماتھا ٹیکنا، پھر دیکھو تو سہی اللہ کیسے دیتا ہے۔ جہاں عالم میں سکون آ جائے گا وہاں سب سے پہلے ہمارے تن میں سکون، ہمارے من میں سکون، ہماری چاہتوں میں سکون اور ہمارے گھروں میں سکون آئے گا، پھر یہ سکون پھیلے گا۔ پھر جتنا اس سکون کو بڑھانا چاہتے ہیں اتنا زیادہ اللہ سے مانگنا ہوگا، اتنا رونا بڑھانا ہوگا پھر سکون بڑھتا چلا جائے گا۔

مستجاب الدعوات ہونے کا گُر: اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی دعائیں قبول ہوں اور جلدی قبول ہوں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا تعلق اللہ سے بڑھے اور جلدی بڑھے، اور آپ چاہتے ہیں کہ مشکلیں حل ہوں اور جلدی حل ہوں، پریشانیاں دور ہوں اور جلدی دور ہوں، مسائل حل ہوں اور جلدی حل ہوں، رزق بڑھے اور زیادہ بڑھے اور جلدی بڑھے، بیماری جائے، جتنی بھی ہے ساری جائے اور جلدی جائے۔ آپ کچھ عرصے کیلئے اپنے لیے مانگنا چھوڑ دیں دوسروں کیلئے مانگنا شروع کر دیں، پھر مانگنا خلوص سے ہو وقتی طور پر نہ ہو‘ کیونکہ وہ تو دیکھ رہا ہے دلوں کی دنیا کو۔

بابا کریم بخش اور میرا کلاس فیلو: کالج میں ہمارا ایک کلاس فیلو تھا۔ ہم ایک اللہ والے بابا کریم بخش صاحب کے پاس جاتے تھے۔ بڑے اللہ والے تھے۔ تو وہ کہتا کہ کہاں لے جاتا ہے؟ میں نے کہا: چل تو سہی بابا جی سے دعا کروالیں۔ بابا جی دل سے دعا کرتے اور دعا کرواتے ہوئے اس قدر روتے کہ روتے روتے بابا جی کی ہچکی بندھ جاتی، پھر دھاڑیں مار مار کر روتے اور ادھر ہمارا یہ دوست منہ پہ ہاتھ رکھ کہ زور زور سے ہنستا تھا، وہ اکثر ایسے کرتا تھا۔ میں اس سے کہتا اللہ والے ایسا کیوں کرتا ہے؟ وہ درویش آدمی ہیں، دعا مانگتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے ملنے کا وقت ہوتا ہے اور کچھ درویش ایسے ہوتے ہیں جن کے بارے میں آتا ہے کہ اللہ کو قسم دے دیں تو اللہ ان کی قسم پوری کر دیتا ہے۔ چند بار دوست کو لے گیا پھر میں نے اس کو لے جانا چھوڑ دیا۔ میں نے سوچا کہ کہیں بیچارے کا نقصان نہ ہو جائے۔

اللہ والوں کی تحقیر گرفت کا باعث بن جایا کرتی ہے۔ تھوڑا عرصہ پہلے مجھ سے کہنے لگا: ’’وہ بابا جی یاد آتے ہیں‘‘ میں نے کہا: ’’پھر ہنسنا چاہتا ہے؟‘‘ کہنے لگا ’’نہیں رونا چاہتا ہوں‘‘ مجھے کہنے لگا: اب میرے رونے کے دن ہیں‘ تیرے ہنسنے کے دن ہیں۔ میں نے پوچھا: وہ کیسے؟ کہنے لگا: ’’اس وقت بابا جی کے ساتھ تُو بھی روتا تھا بابا جی بھی روتے تھے، میں ہنستا تھا، مجھے سمجھ ہی نہیں تھی، اگر سمجھ تھی تو بس ایک جوانی اور مال و دولت جیسی چیزوں کا خمار تھا اب احساس ہوا کہ وہ دعائیں جس کے ساتھ ہوں تو بڑا کام بنتا ہے۔ دعائیں بھی تعاقب کرتی ہیں، اب احساس ہوا کہ میرے ساتھ دعائیں نہیں ہیں۔ جب بھی کوئی مصیبت آتی ہے، پریشانی آتی ہے، میری مصیبت میری پریشانی مجھے احساس دلاتی ہے کہ میرے ساتھ کوئی نسبت نہیں۔ میرے لیے وہ مصیبت پریشانی، وہ مشکل وبال جان بن جاتی ہے‘ پریشانی بڑھ جاتی ہے اور میں بس بدحال ہو جاتا ہوں۔ کہنے لگا ’’ایک دفعہ ایسے ہی پریشان بیٹھا تھا کہ میرے ساتھ ایسا کیوں ہو رہا ہے؟ اندر سے ایک آواز اُٹھی یہ میری ہارٹ پرائم جسٹس ہے۔ ایک انگریز نے کہا تھا ہارٹ (دل) ایک پرائم جسٹس ہے یہ ایک پل میں عدل وانصاف کے فیصلے کر کے ترازو کو بتا دیتا ہے۔ اندر سے آواز اُٹھی کہ تیرے ساتھ کسی فقیر کی دعاؤں کا سرمایہ نہیں ہے، تو خالی ہے، اگر چہ تیری جیبیں بھری ہوئی ہیں، تیرے ہاتھ میں قیمتی گھڑی ہے، تیرے پاس قیمتی چیزیں ہیں لیکن تیرے پاس دعاؤں کا سرمایہ نہیں ہے اور وہ عدل وانصاف جو تیرے پاس نہیں ہے‘‘ کہنے لگے کہ ’’یہ بات پہلے سمجھ نہیں آتی تھی مجھے‘‘ اب بھی آپ میں سے شائد کسی کو سمجھ آ جائے۔ کہنے لگے: ’’اب حقیقت عیاں ہوئی کہ دعا یا کسی اللہ والے کا ساتھ یا کسی اللہ والے کی غلامی، اُس سے روحانی تعلق اور اس پر سو فیصد اعتماد ہی دعاؤں کے ثمرات دیتا ہے۔‘‘ مجھے اب اکثر وہ کہتے ہیں کہ: ’’کوئی بابا کریم بخش تلاش کر دے۔‘‘ (جاری ہے)

ایسے ہی چلتا پھرتا تسبیح خانہ آگیا اور پھر۔۔۔!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا عبقری اور تسبیح خانہ سے تعلق کوئی اتنا پرانا نہیں‘ میں بس ایسے ہی چلتا پھرتا یہاں رش دیکھ کر تسبیح خانہ میں آ گیا‘ اندر آیا تو ایک انتہائی پرسوز اور لطیف آواز سن کر اندر کھنچتا ہی چلا گیا‘ ایک ہال میں جا کر بیٹھ گیا اور نہ چاہتے ہوئے بھی درس سننا شروع کر دیا‘ بس جیسے جیسے درس سنتا گیا دل کی کیفیات بدلنا شروع ہو گئیں‘ دل نرم ہونا شروع ہوا اور آنسو نکلنا شروع ہو گئے‘ بس وہ دن اور آج کا دن تسبیح خانہ سے ایسی یاری لگی ہے کہ چھوٹے نہیں چھوٹتی۔ اب تو ہر درس میں رقت طاری ہو جاتی ہے‘ جن لوگوں نے میرا اور میرے والدین بہن بھائیوں کا جینا محال کیا ہوا تھا اور جن کو دیکھ یا ان کے خیال سے ہی منہ سے بددعائیں نکلتی تھیں‘ اب میں نے ان کو معاف کر دیا ہے اور دعائیں دیتا ہوں۔ جس کی وجہ سے میرے دل کو بہت سکون ملا ہے‘ ان کی سازشیں بھی کم ہو گئی ہیں‘ شاید ان کے دل میں بھی ہمارے لیے رحم و محبت کا (باقی صفحہ نمبر 6 پر)

کالی کھانسی کیلئے مفید: اجوائن اور نمک کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر دن میں تین سے چار بار چاٹیں' یہ کالی کھانسی کیلئے مفید ہے' کالی کھانسی میں تازہ دہی کھلانا مفید ہے۔

ابولبیب شاذلی

نیزہ پر سرِ اقدس اور تلاوتِ قرآن پھر بھی جاری

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ جب ظالم یزیدیوں نے حضرت امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سرِ اقدس نیزہ پر چڑھا کر کوفہ کی گلیوں میں گشت کیا تو میں اپنے مکان کے بالاخانہ پر تھا' جب سر مبارک میرے سامنے سے گزرا تو

سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت باسعادت پانچ شعبان چار ہجری کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ابوعبداللہ اور نام نامی ''حسین'' اور لقب ''سبط الرسول'' و ''ریحانۃ الرسول'' ہے۔ 10 محرم الحرام 61 ہجری جمعہ کے دن کربلا کے میدان میں یزیدی ستم گروں نے انتہائی بیدردی کے ساتھ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کر دیا۔ (اکمال ص 560)

کنوئیں سے پانی ابل پڑا: ابوعون کہتے ہیں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے راستے میں ابن مطیع کے پاس سے گزر ہوا۔ انہوں نے عرض کیا کہ اے ابن رسول! میرے اس کنوئیں میں پانی بہت کم ہے اس میں ڈول بھرتا نہیں۔ میری ساری تدبیریں بیکار ہو چکی ہیں۔ کاش! آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے لیے برکت کی دعا فرمائیں۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کنوئیں کا پانی منگوایا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ڈول سے منہ لگا کر پانی نوش فرمایا۔ پھر اس ڈول میں کلی فرما دی اور حکم دیا کہ سارا پانی کنوئیں میں انڈیل دیں جب ڈول کا پانی کنوئیں میں ڈالا تو نیچے سے پانی ابل پڑا' کنوئیں کا پانی بہت زیادہ بڑھ گیا اور پانی پہلے سے بہت زیادہ شیریں اور لذیذ ہو گیا۔ (ابن سعد 5، ص 144)

بے ادبی کرنے والا آگ میں: میدان کربلا میں ایک بے باک اور بے ادب مالک بن عروہ نے جب آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خیمہ کے گرد خندق میں آگ جلتی ہوئی دیکھی تو اس بدنصیب نے یہ کہا کہ اے حسین! (نعوذ باللہ) تم نے آخرت کی آگ سے پہلے ہی یہاں دنیا میں آگ لگالی؟ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اے ظالم! کیا تیرا گمان ہے کہ میں دوزخ میں جاؤں گا؟ پھر حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے مجروح دل سے یہ دعا مانگی کہ ''یا اللہ! تو اس بدنصیب کو نارِ جہنم سے پہلے دنیا میں بھی آگ کے عذاب میں ڈال دے''۔ امام عالی مقام کی دعا ابھی ختم بھی نہیں ہوئی تھی کہ فوراً ہی مالک بن عروہ کا گھوڑا پھسل گیا اور یہ شخص اس طرح گھوڑے سے گر پڑا کہ گھوڑے کی رکاب میں اس کا پاؤں الجھ گیا اور گھوڑا اس کو گھسیٹتے ہوئے خندق کی طرف لے بھاگا اور یہ شخص خیمہ کے گرد خندق کی آگ میں گر کر راکھ کا ڈھیر ہو گیا۔ (روضۃ الشہداء ص 169)

نیزہ پر سرِ اقدس کی تلاوت: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ جب ظالم یزیدیوں نے حضرت امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سرِ اقدس کو نیزہ پر چڑھا کر کوفہ کی گلیوں میں گشت کیا تو میں اپنے مکان کے بالاخانہ پر تھا' جب سر مبارک میرے سامنے سے گزرا تو میں نے سنا کہ سرِ اقدس نے یہ آیت تلاوت فرمائی: اَمۡ حَسِبۡتَ اَنَّ اَصۡحٰبَ الۡکَہۡفِ وَ الرَّقِیۡمِ ۙ کَانُوۡا مِنۡ اٰیٰتِنَا عَجَبًا (کہف ۹)

اسی طرح ایک دوسرے بزرگ نے فرمایا کہ جب ظالم یزیدیوں نے سر مبارک کو نیزہ سے اتار کر ابن زیاد کے محل میں داخل کیا تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقدس ہونٹ مبارک ہل رہے تھے اور زبان اقدس پر اس وقت اس آیت کی تلاوت جاری تھی:۔ وَلَا تَحۡسَبَنَّ اللّٰہَ غٰفِلًا عَمَّا یَعۡمَلُ الظّٰلِمُوۡنَ۔

سخاوت ہو تو ایسی ہو: ایک مرتبہ ایک انتہائی غریب اور ضرورت مند شخص حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور دست سوال دراز کیا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بیٹے حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: ''اپنی والدہ محترمہ کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ اباجان نے آپ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کو جو چھ درہم دیئے تھے ان میں سے ایک درہم دے دو'' حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ گئے اور تھوڑی دیر کے بعد واپس آئے اور عرض کیا: ''وہ فرماتی ہیں کہ انہوں نے یہ چھ درہم آٹے کیلئے رکھے ہیں'' یہ سن کر حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: کسی بندے کا ایمان اس وقت تک صادق نہیں ہو سکتا جب تک وہ اللہ کی نعمتوں اور خزانوں پر اپنی چیزوں سے زیادہ اعتماد اور بھروسہ نہ کرے'' پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم فرمایا: ''اپنی والدہ محترمہ سے جا کر کہو کہ چھ کے چھ درہم بھیج دیں۔'' حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے وہ چھ کے چھ درہم بھیج دیئے اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس فقیر کو عطا فرما دیئے۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابھی اس مجلس سے اٹھے بھی نہ تھے کہ ایک آدمی آیا جس کے پاس ایک اونٹ تھا' وہ اس کو بیچنا چاہتا تھا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس سے اونٹ کی قیمت دریافت کی' اس نے کہا: ''ایک سو چالیس درہم' حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے کہا کہ ''اس اونٹ کو یہیں باندھ دو میں بعد میں آپ کو اس کی قیمت ادا کر دوں گا۔'' چنانچہ اس شخص نے ایسا ہی کیا اور واپس چلا گیا تھوڑی دیر بعد ایک اور شخص آیا اور اس نے کہا: ''یہ اونٹ کس کا ہے؟'' حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ''میرا ہے' اس شخص نے کہا کہ ''کیا آپ اس کو بیچیں گے؟'' حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مثبت جواب دیا۔ اس شخص نے اس کی قیمت دریافت کی تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: ''دو سو درہم میں بیچوں گا'' چنانچہ وہ شخص اس قیمت پر راضی ہوا اور اونٹ خرید کر دو سو درہم حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالہ کیے اور اونٹ لے کر چلا گیا پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک سو چالیس درہم اس آدمی کو دیئے جس سے اونٹ خریدا تھا اور باقی ساٹھ درہم لے کر حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس پہنچ گئے حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ان دراہم کے متعلق سوال کیا تو حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا: ''یہ وہی ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر ﷺ کی زبان سے یہ وعدہ کیا تھا: مَنۡ جَآءَ بِالۡحَسَنَۃِ فَلَہٗ عَشۡرُ اَمۡثَالِہَا (الانعام 160)۔ ترجمہ: ''جو ایک نیکی لائے گا اس کو دس گنا ملے گا'' (بحوالہ: مائۃ قصۃ من حیاۃ علیؓ، ص 12)

مسئلہ معدہ کا ہو یا جلدی بیماریاں یقینی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دو روحانی ٹوٹکے ہیں قارئین کی نذر کرتی ہوں۔ جس کو معدہ کا مسئلہ ہو وہ سورۂ تین کو پلیٹ پر لکھ اس پر پانی ڈال کر پئے اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے' میں نے خود آزمایا ہے۔ اس کے علاوہ جلدی بیماریاں' دانے' پھوڑے' پھنسیوں کیلئے تین بار بسم اللہ اللہ اکبر اور ایک دفعہ اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا فَاِنَّا مُبۡرِمُوۡنَ ﴿الزخرف۹﴾ پڑھ کر تھوک لگائیں یا اسے دوائی' تیل یا مرہم پر دم کر کے لگانے سے آرام آجاتا ہے۔ میری بہن کو پھوڑا نکلا جس کی وجہ سے اسے 16 دن بخار رہا' نہ ہی وہ چل سکتی تھی' نہ بیٹھ سکتی نہ ہی آرام سے لیٹ سکتی تھی۔ ہم نے خود پڑھ کر دم کیا تو اللہ کے کرم سے وہ پک کر صاف ہو گیا اور میری بہن ٹھیک ہو گئی۔ (حرا ناز' ہری پور)

خاتمہ ایمان: اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کا خاتمہ ایمان پر ہو تو اسے چاہیے کہ ہر صبح و شام اکتالیس مرتبہ اسم الٰہی یَا اَحَدُ کا ورد کرے۔ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

موسم برسات! بچوں کی نگہداشت کے چند اصول

فرحت۔لاہور

طبی ماہرین نے مون سون بارشوں کے موسم میں آلودہ پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے بچوں کو محفوظ بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ گرمی، حبس اور پسینے کی زیادتی سے بچے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں جبکہ اس موسم میں نزلہ زکام اور کھانسی بھی شدید نوعیت کی ہوتی ہے۔

اگست اور ستمبر کے موسم میں ملیریا، یرقان، گیسٹرو، ٹائیفائیڈ اور ہیضے کے مرض عام ہو جاتے ہیں۔ دھوپ اور حبس کے موسم میں سب کی دعا برسات کیلئے ہوا کرتی ہیں اور جب کالی گھٹا آسمان پر چھاتی ہے اور رم جم برسات ہونے لگتی ہے تو چھوٹے بڑوں کے چہرے فرحت و مسرت سے دمکنے لگتے ہیں، برسات کے پکانوں کی مہک (پکوڑے، سموسے اور گلگلے) فضا میں بسی ہوئی ہوتی ہے۔ سب اس موسم میں خوب ہلا گلا کرتے ہیں، ہر خوبصورت موسم ہماری صحت پر خوشگوار اثرات مرتب کرتا ہے، مگر بعض اوقات تھوڑی سی بے احتیاطی بہت سے امراض کا سبب بن جاتی ہے ان میں نزلہ، زکام، بخار اور پیٹ کے امراض قابل ذکر ہیں۔ طبی ماہرین نے مون سون بارشوں کے موسم میں آلودہ پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے بچوں کو محفوظ بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ گرمی، حبس اور پسینے کی زیادتی سے بچے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں جبکہ اس موسم میں نزلہ زکام اور کھانسی بھی شدید نوعیت کی ہوتی ہے اس لئے کچھ احتیاطی تدابیر کو عمل میں لانا چاہئے۔ اس مقصد کیلئے گھروں کے اندر فرش اور دیگر جگہوں کو خشک اور صاف ستھرا رکھنے کا اہتمام کیا جائے گھروں کے اردگرد کھڑے پانی کو خشک کرنے کیلئے گڑھے مٹی سے بھر دینے چاہئے گھر میں کوڑا کرکٹ جمع نہیں ہونا چاہئے واش بیسن اور تمام اوپن نالیوں اور جہاں نمی رہتی ہے چونا یا پھر مچھر مار ادویات کا اسپرے کریں۔ بچوں کے جسم کو گرم رکھنا چاہئے کیونکہ جونہی ان بچوں کا درجہ حرارت کم ہوتا ہے، وائرس کا حملہ زیادہ ہو جاتا ہے بچوں کے پاؤں سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں اس موسم میں پاؤں ہمیشہ خشک رہنے چاہئے، ملبوسات بھی خشک ہونے چاہئے جن میں نمی کو جذب کرنے کی صلاحیت ہو، بچوں کو جو خوراک بھی کھلائیں وہ اچھی طرح پکی ہوئی ہونی چاہئے دن اور رات کے وقت بچوں کو معمول سے زیادہ ابلا ہوا صاف پانی پلانا چاہئے۔ تاکہ پسینے کی زیادتی سے بچوں کے جسم میں پانی کی کمی نہ ہو۔ گندے پانی میں نہانے یا بارش میں باہر نکلنے سے گریز کیا جائے کیونکہ اس دوران وائرس کے حملے کے امکانات 90 فیصد زیادہ ہوتے ہیں اس موسم میں بچوں کے ناخن فوری طور پر کاٹنے چاہئیں کیونکہ برسات کے موسم میں انسانی جسم پر سب سے زیادہ تیزی سے جراثیم ناخنوں کے اندر پلتے ہیں۔ تلی ہوئی اور کراکری مصالحے دار اشیاء بچوں سے دور رکھیں، ان غذاؤں کی وجہ سے گیسٹرو، ہیضہ اور ٹائیفائیڈ کے امکان بڑھ جاتے ہیں۔ طبی ماہرین نے کہا ہے کہ اس موسم میں نہاتے ہوئے بچے پانی پی جاتے ہیں اس لئے بچوں کو خود نہلانا چاہئے اور خوراک کے ساتھ پانی پلانا چاہئے تاکہ غذا کو ہضم ہونے میں دیر نہ لگے خوراک میں چاول اور گندم سے بنی ہوئی غذائیں زیادہ استعمال کریں۔ غذا ایک وقت میں کوشش کریں کہ تازہ ہو اور ایک مرتبہ اتنی تیار کریں کہ ایک ہی وقت چلے۔ بچوں کی جرابوں اور جوتوں اور رین کوٹ کا نئے سرے سے جائزہ لیں کہ کہیں وہ ناکارہ تو نہیں ہو چکے۔ کہتے ہیں بچوں کی مسکراہٹ گھر کی صحت کی علامت ہے۔

ذائقہ دار شوربا موسم برسات میں مفید ہے: موسم برسات کے شروع ہوتے ہی گرمی سے پریشان چہرے کھل اٹھتے ہیں دلوں میں نئے ولولے جنم لیتے ہیں لوگ خصوصی پکوان پکاتے ہیں نوجوان باغوں میں بارش کا لطف اٹھاتے اور لڑکیاں جھولا جھولتی ہیں۔ برسات اپنے ساتھ ہریالی لاتی ہے کالے بادل ہر طرف اپنی موجودگی کا احساس دلاتے ہیں برسات کے موسم میں غذا کے متعلق اکثر افراد سوچتے ہیں آخر برسات میں کیا غذا استعمال کی جائے۔ جو غذائیت سے بھرپور بھی ہو اور اس موسم کے موافق ہو۔ موجودہ موسم کیلئے بہترین غذا بکری کے گوشت کا شوربا ہے بکری کے گوشت کا جب ہم ذکر کرتے ہیں تو اس میں بھیڑ کا گوشت بھی شامل ہے۔ اس ضمن میں بعض حضرات کے ذہن میں یہ دلچسپ سوال آتا ہے کہ صرف شوربہ ہی استعمال کر سکتے ہیں یا گوشت کی بوٹی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ شوربے کے علاوہ گوشت بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ شوربہ ایک انتہائی مفید غذا ہے جسمانی کمزوری کے مرض میں بھی مفید ہے شوربا پکاتے ہوئے گھی کی مقدار کم رکھیں، اور گوشت کو زیادہ نہ پکائیں کیونکہ زیادہ پکانے سے گوشت کے مفید اجزاء جل جاتے ہیں۔ **گوشت میں غذائی اجزاء:** بکری یا بھیڑ کے گوشت میں غذائی اجزاء وافر مقدار میں ہوتے ہیں۔ بکری کا گوشت بنسبت بہتر ہے نوجوان جانور کا گوشت نرم اور عمدہ ہوتا ہے جبکہ بوڑھے جانور کا گوشت سخت اور ثقل ہوتا ہے۔ ہڈیوں میں بھی غذائیت بخشش اجزاء ہوتے ہیں۔ شوربہ پکاتے وقت ہڈیوں کو کچل کر پکانا چاہئے گوشت میں لحمی اجزا (پروٹین) چکنائی چونا، فاسفورس اور فولاد ہوتا ہے، گوشت میں وٹامن اے، بی اور کے بھی ہوتے ہیں۔ گوشت میں لحمی اجزاء سے جسم کا گوشت پوست اور رگ و ریشے بنتے ہیں۔ جسم میں قوت و حرارت پیدا ہوتی ہے بچوں کی نشوونما کیلئے اور خواتین کو دوران حمل اور دودھ پلانے کے زمانے میں لحمی اجزا کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ دماغی اور جسمانی محنت کرنے والوں کو اس کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔

غذائی اجزاء ضائع نہ کریں: بعض احباب کیلئے اسی طبی حقیقت کا انکشاف بے حد حیرت انگیز ہوگا کہ شوربہ پکاتے وقت گوشت کے اجزا جل جاتے ہیں ہمارے ملک میں گوشت پکانے کا طریقہ ناقص ہے۔ گوشت پکاتے وقت گوشت کو خوب بھونا جاتا ہے اس طرح گوشت کے غذائی اجزاء کا بڑا حصہ ضائع ہو جاتا ہے بھوننے کے عمل میں بالخصوص گوشت کے روغنی اجزا جل جاتے ہیں ان روغنی اجزا میں وٹامن اے وافر مقدار میں ہوتا ہے۔ روغنی اجزا جلنے سے وٹامن اے بھی ضائع ہو جاتا ہے۔ انسانی جسم کے لئے وٹامن اے بڑا ضروری ہے۔ وٹامن اے سے جسمانی نشوونما ہوتی ہے جسم میں جراثیم اور امراض کے خلاف مقابلہ کی قوت سے پیدا ہوتی ہے۔ وٹامن اے انسان کو آنکھوں کے امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ گوشت کے روغنی اجزا کو جلانے کے بعد اس کمی کو پورا کرنے کیلئے گوشت میں گھی ڈالتے ہیں۔ اگر گوشت کو بھونا نہ جائے تو گھی کی بھی کم ضرورت ہوتی ہے۔ گوشت پکانے کے کئی محفوظ طریقے ہیں جن سے روغنی اجزاء یا وٹامنز ضائع نہیں ہوتے۔ گوشت کو ابالنا بھی ایک طریقہ ہے، مگر گوشت کو ابالنے کی صورت میں اس کی یخنی یا پانی کو ضائع نہ کریں بلکہ اسے بھی استعمال کریں اگر گوشت بھوننے پر اصرار ہو تو گوشت میں مصالحہ ڈالتے ہی اسے تھوڑی دیر کیلئے بھون لیا جائے اور پھر پانی ڈال دیا جائے۔ گوشت میں پیاز، لہسن، مرچ، دھنیا، ادرک وغیرہ مصالحوں کے علاوہ ٹماٹر یا دہی ڈالیں۔ گوشت اور اس کا شوربہ آپ کو غذائیت کے ساتھ ساتھ موسم برسات کے مختلف امراض میں بھی آپ کو محفوظ رکھنے میں معاون ثابت ہوگا۔

(بقیہ: ایسے ہی چلتا پھرتا تسبیح خانہ آ گیا اور پھر۔۔۔!)

جذبہ پیدا ہو گیا ہے۔ میری زندگی سے الجھنیں ختم ہو رہی ہیں، مسائل خود بخود حل ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے جمعرات والے دن قدم خود بخود تسبیح خانہ کی طرف درس سننے کیلئے اٹھ جاتے ہیں۔ دعا ہے کہ یہ نسبت قائم رہے اور مضبوط در مضبوط ہوتی چلی جائے۔ آمین!۔ (ش۔ا، لاہور)

الم نشرح پڑھی! فرشتہ آیا مسئلہ حل کیا اور غائب

زنیرہ سلیم اقرا شوکت حال مقیم لاہور

معمول کے مطابق ہم نے سورۃ الم نشرح اور میرے ساتھ جو دوست تھی اس نے سورۃ قریش پڑھنا شروع کردی۔ دیکھتے ہی دیکھتے گاڑیاں آتی رہیں اور لوگ سوار ہوکر جاتے رہے مگر ہم لڑکیاں تھیں تو دھکم پیل سے گریز کیا۔ ہم گاڑی کی فرنٹ سیٹ کے مطلوب تھے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہیں اور اللہ پاک آپ کو لمبی زندگی دے آمین! پچھلے درس میں آپ نے سورۃ الم نشرح سے جو فوائد ملے ان کے بارے میں بتانے کو کہا تھا ہم بی ایس سی کی سٹوڈنٹس ہیں اور تقریباً ایک ماہ سے ہمارے امتحانات ہورہے ہیں ہاسٹل میں رہائش رکھی ہے تو کالج سے ہاسٹل کا راستہ تقریباً بیس منٹ کا ہے ہمارا روز کا آنا جانا ہوتا ہے تو ہمارے راستے میں کافی ٹریفک ہوتی ہے اور ہم نے سورۃ الم نشرح کو کافی دفعہ ٹریفک کھلوانے کیلئے پڑھا ہے اور ہم کامیاب ہوئے ہیں۔ (1) جو بات اب میں آپ کو بتانے لگی ہوں وہ نہایت ہی حیران کن تھی ہم ہاسٹل سے گھر جارہے تھے تو جب ہم مطلوبہ جگہ پر گاڑی پر بیٹھنے کیلئے پہنچے تو اس دن اڈے پر بہت زیادہ رش تھا۔ ہم رش کو دیکھ کر گھبرا گئیں مگر ہماری عادت تھی کہ ہم جب بھی باہر نکلتے تو ہم اپنی روزمرہ کے اعمال اور حفاظت کے تمام اعمال کو کرکے نکلتے معمول کے مطابق ہم نے سورۃ الم نشرح اور میرے ساتھ جو دوست تھی اس نے سورۃ قریش پڑھنا شروع کردی۔ گاڑیاں آتی رہیں اور لوگ سوار ہوکر جاتے رہے مگر ہم لڑکیاں تھیں تو دھکم پیل سے گریز کیا۔ ہم گاڑی کی فرنٹ سیٹ کے طالب تھے' اچانک ایک گاڑی آئی جو کہ بالکل خالی تھی مگر اس گاڑی کے اردگرد بہت لوگ تھے جو کہ سوار ہونے کے خواہش مند تھے' اور فرنٹ سیٹ بھی خالی تھی مگر اس گاڑی کا ڈرائیور فرنٹ سیٹ پر کسی بھی سواری کو بیٹھنے نہ دے رہا تھا۔ ہم ابھی کھڑے سوچ ہی رہے تھے کہ اچانک ایک لمبے چوڑے قد کا شخص پیچھے سے نکلا اور ہم کو آکر کہنے لگا کہ آپ کو فرنٹ سیٹ چاہئے ہم نے ہاں میں سر ہلایا۔ وہ شخص آگے ہوا اور ڈرائیور سے بات کی اور ہمیں وہ سیٹ مل گئی۔ اور ہم حیران تھے کہ یہ انسان آیا کہاں سے کیونکہ ہمارے اردگرد اس وقت اس حلیے کا کوئی شخص نہ تھا اور وہ شخص فرشتہ بن کر کہیں سے نمودار ہوا۔ ہمارا مسئلہ حل کیا اور غائب ہوگیا۔ یہ سب سورۃ الم نشرح اور سورۃ قریش کی بدولت تھا۔ (2) ایک اور واقعہ بھی اسی طرح پیش آیا کہ ہم ہاسٹل سے گھر جارہے تھے کہ اس دن گاڑیوں کی ہڑتال تھی گاڑیاں خالی آرہی تھیں اور مسافر پیچھے پیچھے دوڑ رہے تھے مگر وہ کسی کو نہ بٹھا رہے تھے اسی تعاقب میں معمول کے مطابق ہم نے سورۃ الم نشرح اور سورۃ قریش پڑھنا شروع کردی' کافی دیر کھڑے رہنے کے باوجود کوئی سواری نہ ملی مگر ہم نے ہار نہ مانی۔ اچانک ایک رکشے والا پاس آکر کہنے لگا آپ نے جانا ہے؟ حالانکہ وہاں بہت رش تھا مگر اس نے آکر ہم سے پوچھا بیٹا آپ نے جانا ہے؟ ہم نے کہا جی تو وہ ہمیں چند اور سواریوں کے ہمراہ لے کر ہمارے ہاسٹل کی طرف روانہ ہوگیا۔ حکیم صاحب واقعات بہت ہیں بتانا شروع کریں تو ماہنامہ عبقری کے سارے صفحات بھر جائیں گے۔ اس لئے اپنی بات کو مختصر لکھ رہی ہوں تاکہ ایک صفحے پر میری بات ختم ہوجائے۔ امید کرتی ہوں کہ ہم نے آپ سے کیا ہوا وعدہ پورا کیا ہے۔ محترم حضرت حکیم صاحب شب جمعہ کو ہونے والے درس میں بہت مزہ آتا ہے۔ پورے ہفتے کی برین واشنگ ہوجاتی اور ایک سکون مل جاتا ہے۔ (3) حکیم صاحب ایک اور بات جو ہمیں لگتا ہے کہ آپ کو بتانی چاہئے ہم نے موسیقی کو سننا چھوڑ دیا ہے کیونکہ ہم کیونکہ اکیسویں صدی کی نوجوان نسل ہیں تو ہر نوجوان اس کی لت میں پڑا ہے مگر ہم نے اب تقریباً ایک مہینے سے کوئی گانا نہیں سنا اور ایک مہینے سے کوئی درس نہیں چھوڑا باقاعدہ طور پر امتحانات کے دوران بھی درس میں شرکت کرتے رہے ہیں۔ ہم نے موسیقی کے بہت سے برے اثرات اپنی زندگی پر دیکھے ہیں اس لئے موسیقی کو چھوڑ دیا ہے۔ حکیم صاحب! رزلٹ کیلئے دعا کیجئے گا ہوسکے تو درس میں بھی کچھ رزلٹ کیلئے بتادیجئے گا۔ (4) پیپرز کے دوران ہم نے الم نشرح پڑھی جس سے بہت فائدہ ہوا اور جو سوالات نہیں بھی آتے تھے وہ بھی ہم نے پورے پورے کئے۔ آگے اللہ تعالیٰ پر چھوڑ دیا کہ جو ہوگا اللہ تعالیٰ بہتر کریں گے۔

درد شقیقہ کیلئے اکسیر ترین ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! درد شقیقہ کیلئے ایک آزمودہ ٹوٹکہ پیش کررہا ہوں۔ **ھوالشافی:** اسطخدوس پانچ تولہ' دھنیا دو تولہ' کالی مرچ سوا تولہ کو دو گھنٹہ تک کھرل کریں۔ دو ماشہ خوراک' صبح، دوپہر، شام تازہ پانی کے ساتھ لیں۔ اس مرض کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ یقیناً عبقری قارئین کیلئے سودمند اور میرے لیے صدقہ جاریہ کا باعث ہے۔ **(محمد یونس قادری' سندھ)**

اسلام اور رواداری — قسط نمبر 121 — ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی بھی محتاج اور ضرورت مند کی مدد کرنے کے بیچ میں عقیدے و مذہب کے اختلاف کو آڑے نہیں آنے دیتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہجرت کے بعد مکہ مکرمہ میں سخت قحط پڑا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکہ مکرمہ کے غرباء و مساکین کی امداد کیلئے پانچ سو اشرفیاں بھیج دیں' یہ نہیں سوچا کہ وہ کافر ہیں یا مسلمانوں کے دشمن۔ ابوسفیان کو اگرچہ یہ بات ناگوار گزری (آپ اس وقت غیر مسلم تھے) اور کہا: ''محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاہتا ہے کہ ہمارے نوجوانوں کو ورغلائے'' مگر ان حالات میں یہ رقم رد کرنے کی انہیں ہمت نہ ہوئی۔ اہل مکہ کیلئے غلہ یمامہ سے آتا تھا' وہاں کے سردار ثمامہ بن اثال جب مسلمان ہوئے تو اہل مکہ کو غلہ بھیجنا بند کردیا۔ قریش مکہ سخت پریشان ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رشتہ داری کا واسطہ دے کر درخواست کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں کے سردار کو لکھیں کہ وہ غلہ جاری کرے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رواداری اور حسن سلوک کی بنا پر حضرت ثمامہ کو گندم بھیجنے کی ہدایت فرمادی۔ (ابن حجر عسقلانی، فتح الباری جلد 7، ص 690)

برس ہا برس سے ہمارے گھر کا آزمودہ قہوہ

ہمارے گھرانے کا ایک بے مثال قہوہ ہے جس سے زکام' بند ناک' خراب گلا حتیٰ کہ موسمی بخار سے شفاء کا باعث بنتا ہے اور جس جس کو انسانیت کی خدمت کی خاطر بتایا اس کو بے مثال فائدہ ہوا اور ہمیشہ فون کرکے انہوں نے شکریہ ادا کیا اور ان سے دعا کرنے کو کہا۔ **ھوالشافی:** دارچینی ڈیڑھ انچ کے تین ٹکڑے' چھوٹی الائچی دو عدد' سونف ایک چٹکی' اجوائن ایک چٹکی' ادرک ڈیڑھ انچ کا ٹکڑا (چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کیے ہوئے) پانی ڈیڑھ کلو' ملٹھی ڈیڑھ انچ کے تین سے چار ٹکڑے۔ شہد حسب ذائقہ۔ ترکیب: ڈیڑھ کلو پانی میں یہ سب چیزیں ڈال کر اتنا پکائیں کہ ایک کلو پانی رہ جائے اور پھر اس کو دم دے دیں' پھر کپ میں قہوہ ڈال کر اس میں ایک ٹیبل اسپون شہد ملا کر دن میں دو یا تین بار استعمال کریں اور پھر ایک گھنٹہ تک کچھ نہ کھائیں۔ پانچ منٹ کے اندر اندر آپ کو بے مثال شفاء اللہ کے حکم سے ملے گی۔ (لیقہ ظفر)

ڈیپریشن میں صبر کی تلخی اور حلم کی شیرینی کا کمال

ہر انسان کو 24 گھنٹوں کے دوران 8 گھنٹے نیند کی اشد ضرورت ہوتی ہے تاکہ دن بھر کی تھکاوٹ دور ہوسکے اور جسم و دماغ کھوئی ہوئی توانائی بحال کرلیں اسی طرح معاش کی تگ و دو کیلئے بھی 8 گھنٹے صرف کرنے چاہئیں بقیہ 8 گھنٹے سیر و تفریح یا کسی ایسے شغل میں گزاریئے

ذہنی و نفسیاتی صحت برقرار رکھنے کیلئے چند رہنما اصول دیئے جارہے ہیں جو انسان کو خود پر لاگو کرنے چاہئیں یہ بہت کارآمد اور مفید ثابت ہوتے ہیں: (1) ہر انسان کو 24 گھنٹوں کے دوران 8 گھنٹے نیند کی اشد ضرورت ہوتی ہے تاکہ دن بھر کی تھکاوٹ دور ہوسکے اور جسم و دماغ کھوئی ہوئی توانائی بحال کرلیں اسی طرح معاش کی تگ و دو کیلئے بھی 8 گھنٹے صرف کرنے چاہئیں بقیہ 8 گھنٹے سیر و تفریح یا کسی ایسے شغل میں گزاریئے جس کے دوران ذہن و جسم تازہ دم رہے۔ (2) ہر کھانے کے دوران آرام و سکون بہت ضروری ہے بلکہ کوشش کریں کہ ہر کھانے پر بیس منٹ لازمی صرف ہوں۔ (3) غصہ' حسد اور کینہ جیسی بدعادات انسان کی زندگی کو دیمک کی طرح چاٹ جاتی ہیں' اس لئے ایسی منفی عادات اپنے اوپر طاری نہ کیجئے۔ غصے کے دوران ہمیشہ ضبط سے کام لینا چاہئے اور اپنے ذہن پر کوئی بھی بے جا بوجھ مسلط نہ کریں۔ (4) گھر کے اندر' کام کی جگہ اور راستے میں ملنے جلنے والوں سے ہمیشہ خوش اسلوبی سے ملیں اور محبت و رواداری کو اپنا شعار بنالیں۔ (5) چھوٹی موٹی باتوں کو در گزر کریں اور ہر بات کو اپنے ذہن پر سوار مت کریں۔ اگر کوئی ناموافق بات سنیں یا نظر آئے تو اسے بھلانے کی کوشش کریں۔ (6) چھوٹے بچوں کے ساتھ پیار و محبت سے پیش آئیں اور بڑے افراد سے ہمیشہ ادب سے ملیں اس طرح سے نا صرف تعلقات بہتر ہوں گے بلکہ آپ خود بھی پرسکون ہوں گے۔ (7) لالچ اور حرص انسان کی اندرونی کیفیات ہیں یہ انسان کو ہمیشہ مادی فائدے کی تلاش پر مجبور کرتی ہیں۔ ان کی وجہ سے ہی انسان اپنی طاقت سے زیادہ کام کرنے کیلئے تیار ہوجاتا ہے۔ یادرکھیں' جو بھی فرد اپنی طاقت و استطاعت سے زیادہ بھاگ دوڑ کرے' اس کے ذہنی و جسمانی طور پر بیمار ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ (8) دیگر افراد کی کوتاہیوں کو معاف کرنے کی عادت ڈالیں' یادرکھیں' معاف اور درگزر کرنا سب سے بہترین عمل ہے اور اسی کی بدولت انسان ذہنی و جسمانی طور پر صحت مند رہتا ہے۔ (9) کسی کو بھی کمتر نہ خیال کریں بلکہ ہر فرد کی بات کو تسلی و تحمل سے سنیں اور فیصلہ اپنے ضمیر کے مطابق کریں۔ (10) احساس کمتری کو کبھی اپنے اوپر غالب نہ آنے دیں۔ ایسے افراد جو اپنی ذات کو بے مقصد سمجھنے لگیں ان میں احساس کمتری پروان چڑھتا ہے جو ذہنی صحت کیلئے انتہائی نقصان دہ ہے۔ (11) کسی بھی ایسی چیز کے عادی نہ بنیں جو بعد میں آپ کیلئے نشہ کی حیثیت اختیار کرلے جیسے تمباکو نوشی' شراب نوشی وغیرہ۔ (12) نفرت جیسے منفی جذبات کبھی نہ پالیں کیونکہ کسی سے نفرت کریں گے تو اسے تو کوئی فرق نہیں پڑے گا لیکن آپ کی اپنی صحت متاثر ہونے لگے گی اس لئے کوئی ناگوار شخصیت یا بات سامنے آجائے تو درگزر سے کام لیں۔ (13) ہر کام عقل و فہم سے حل کرنے کی کوشش کریں اگر کسی بات میں مشکل درپیش ہو تو ہمدرد ساتھیوں سے مشورہ کیجئے کیونکہ مشورہ لینا غلط فیصلہ کرنے سے بہتر ہے۔ (14) بے مقصد باتوں سے گریز کریں' مذہبی اور سیاسی بحث و مباحثہ سے دور رہیں' نہ خوشامد پسند کریں اور نہ ہی دوسروں کی خوشامد کریں۔ (15) ایک ہی وقت میں کئی کام کرنے سے گریز کریں۔ اگر بیک وقت بہت سے کام درپیش ہوں تو ان کی فہرست بنالیں' سب سے اہم کام پہلے انجام دیں' اس کے بعد دیگر کام نمٹائیں۔ (16) مچھلی کا گوشت اور تیل ذہنی تروتازگی اور ذہنی صحت کیلئے اکسیر ہیں۔ (17) جدید تحقیق کے مطابق ہلدی' ادرک اور رنگ دار سبزیوں کے مستقل استعمال سے دماغی کارکردگی بڑھتی ہے۔ (18) یہ حقیقت منکشف ہوچکی کہ ذہنی صحت کیلئے مراقبہ (Meditation) یعنی خاموشی و یکسوئی سے کسی معاملے پر مرتکز ہونا بہترین ورزش ہے۔ تحقیق سے ثابت ہے کہ اس عمل سے دماغ کا خاکی مادہ (Grey Matter) موٹا ہوجاتا ہے یوں دماغی کارکردگی کا معیار بلند ہوتا ہے۔ (19) دماغ کو مختلف سرگرمیوں میں مصروف رکھئے مثلاً مطالعہ کیجئے یا معمے حل کریں۔ معمے حل کرنے کے شوقین افراد بڑھاپے میں الزائمر کے مرض سے محفوظ رہتے ہیں۔ ایک تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ ہفتے میں چار دن دماغی کام کرنے والے افراد کو عام افراد کے مقابلے میں الزائمر کا خطرہ 47 فیصد کم ہوتا ہے۔ (20) ہنسی خوشی زندگی گزاریں' خوش رہنا ذہنی و جسمانی صحت کیلئے بہت ضروری ہے۔ (لائبہ اسد' ایبٹ آباد)

صبر کی تلخی اور حلم کی شیرینی کا کمال

قارئین! آج کل سب سے زیادہ مرض جو پوری دنیا میں دیکھنے میں آرہا ہے وہ ہے ''ٹینشن''، جس کو دیکھو ٹینشن کی شکایت کررہا ہے اور ٹینشن جیسی ذہنی بیماری میں مبتلا شخص ہر وقت غصہ میں رہتا ہے' چڑچڑا پن اس پر سوار رہتا ہے' گھر ہو' دفتر ہو' سفر میں ہو' ڈیپریشن اور غصہ اس کی جان نہیں چھوڑتا۔ ڈیپریشن اور ٹینشن میں اگر غصہ نہ آئے تو یہ بیماری خود بخود ختم ہوجاتی ہے۔ انسان خود کو بالکل نارمل اور تازہ دم محسوس کرتا ہے۔ آج میں قارئین کیلئے غصہ کا روحانی علاج تفصیل کے ساتھ لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یقیناً اس سے ذہنی امراض میں مبتلا افراد فائدہ اٹھائیں گے۔

1۔ جب غصہ آئے تو تعوذ پڑھیں' جب انسان شیطان سے پناہ مانگے تو غصہ خود بخود فرار ہوجائے گا۔ 2۔ پھر بھی غصہ ٹھنڈا نہ ہو تو آپ سوچئے کہ لوگوں کی چھوٹی چھوٹی باتوں پر مجھے اتنا غصہ آتا ہے اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے میری چھوٹی اور بڑی کوتاہیوں پر پکڑ لیا تو ساری مخلوق کے سامنے میرا کیا حال ہوگا۔ 3۔ صبر کی تلخی اور حلم کی شیرینی ملا کر تسکین کی سکنجبین استعمال کریں اور ساتھ علم و عمل کی معجون کھانا نہ بھولیں۔ 4۔ قاضی بدرالدین متوفی 769ھ فرماتے ہیں کہ شیطان نے بطور احسان حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ تین وقتوں میں مجھ سے محتاط رہا کرو کیونکہ میں لوگوں کو ان تین وقتوں میں ہلاک کیا کرتا ہوں۔ پہلا: غصہ کے وقت' جب آدمی غصہ میں ہوتا ہے تو میں اس کے دل میں وسوسہ ڈالتا ہوں اور اس وقت میں انسان کے پورے جسم میں سما جاتا ہوں اور خون کی طرح اس کے جسم میں سرایت کرجاتا ہوں۔ دوسرا: جہاد میں مجاہد کو اس کے بیوی بچے یاد دلاتا ہوں یہاں تک کہ ان کی یاد میں وہ میدان چھوڑ کر بھاگ کھڑا ہوتا ہے۔ تیسرا: جب اجنبی مرد اور عورت اکیلے بیٹھتے ہیں تو ان کے درمیان قاصد بن جاتا ہوں اور ان کو مبتلا گناہ کردیتا ہوں۔ مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے کہا کہ تم مجھ سے ایک کہو گے تو دس سنو گے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میاں تم مجھے ہزار کہو گے تو ایک بھی نہ سنو گے' واہ! کیا حوصلہ تھا سلف صالحین کا' ایک دفعہ حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا کہ جب تم غصہ میں ہوتی ہو تو رب ابراہیم علیہ السلام کی قسم کھاتی ہو اور عام حالات میں رب محمد ﷺ کی قسم کھاتی ہو' جواباً حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ غصہ میں آپ ﷺ کا نام چھوڑتی ہوں' آپ ﷺ کو تو نہیں چھوڑتی۔ آج سچے دل سے توبہ کریں کہ ماضی میں جتنے لوگوں پر غصہ نکالا ہے ان کے دل زخمی کیے ہیں ان کے معصوم دلوں کو ٹھیس پہنچائی ہے ایک ایک کرکے ان سے معافی مانگیں گے۔ آئندہ اپنے غصہ پر کنٹرول کریں گے۔ ایسی بات منہ سے نہ نکالیں گے جو اللہ کے غضب کو بھڑکائے۔ اے اللہ! غصہ کی حالت میں ہماری زبان سے کوئی برا بول نکل گیا ہے تو اس سے بھی درگزر کیلئے التجا کرتے ہیں۔ پھر دیکھئے ٹینشن' ڈیپریشن اینگزائٹی کہاں جاتی ہے اور کیسے ذہنی سکون آپ کو میسر ہوتا ہے۔ (پرنسپل (ر) غلام قادر ہراج' جھنگ صدر)

ناشتہ نہ کرنے کے رونگٹے کھڑے کردینے والے نقصانات

میاں ساجد حسین، اسلام آباد

میرے خیال میں عالمی آبادی کی بہت بڑی اکثریت نے ناشتے کی عادت مکمل طور پر ترک کردی ہے اور ہم اسے ایک غیر ضروری چیز سمجھتے ہیں یا پھر دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ کس چیز میں ہمیں آسانی ہے یا پھر یہ کہ جسمانی طور پر چاق و چوبند کیسے رہا جاسکتا ہے؟

یقینی طور پر اس کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں مگر بہت سارے لوگوں نے ''دن کے اہم ترین کھانے'' کو نظر انداز کرنا شروع کردیا ہے اور کچھ لوگوں کے نزدیک تو اس کی قطعی کوئی اہمیت ہی نہیں رہی ہے۔ اگر جائزہ لیا جائے تو خاصی بڑی تعداد میں ایسے افراد سامنے آسکتے ہیں جو محض دس منٹ کی نیند کیلئے ناشتے سے اجتناب کرتے ہیں حالانکہ وہ عمدہ منصوبہ بندی کے تحت اپنا یہی وقت صبح کی اولین غذا یعنی ناشتے پر صرف کریں تو انہیں بے شمار فوائد حاصل ہوسکتے ہیں۔ ایک ماہر غذا نے گلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ''میرے خیال میں عالمی آبادی کی بہت بڑی اکثریت نے ناشتے کی عادت مکمل طور پر ترک کردی ہے اور ہم اسے ایک غیر ضروری چیز سمجھتے ہیں یا پھر دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں کہ کس چیز میں ہمیں آسانی ہے یا پھر یہ کہ جسمانی طور پر چاق و چوبند کیسے رہا جاسکتا ہے جس کیلئے عموماً چائے، کافی اور شکر کا استعمال کیا جاتا ہے لیکن ہم میں سے بیشتر افراد چستی و پھرتی کے حصول کے بعد ایک مرتبہ نڈھال ہوجاتے ہیں اور یہ صورتحال ایک طرح سے اشتعال دلانے کیلئے کافی ہوتی ہے جس کے بعد ہم بھوک مٹانے اور طاقت کے حصول کی تگ و دو میں مصروف ہوجاتے ہیں جس کیلئے کچھ اور چیزوں کا سہارا لیا جاتا ہے'' ایک اور غذائی ماہر کا کہنا ہے کہ ''ہم خون میں موجود شکر کو مستحکم کرنے کے بارے میں سوچتے تک نہیں ہیں اور نہ ہی دماغ کو غذائیت فراہم کرنے کا خیال آتا ہے جو کہ ہمیں تادیر سہارا دیئے رکھتا ہے۔ ہمارا جسم رات کے اوقات میں اپنی مرمت خود کررہا ہوتا ہے اور جب آپ نیند میں ہوتے ہیں تو اسے مرمت کے اس عمل سے گزرنے کیلئے انرجی کی ضرورت ہوتی ہے جس کے سبب آپ کے اندرونی نظام سے بہت کچھ خرچ ہوچکا ہوتا ہے اور ایسے میں آپ کچھ نہیں کھاتے بلکہ محض صبح کے اوقات میں چائے یا کافی پی لیتے ہیں تو اس طرح آپ اپنے جسم کو کسی قسم کی غذائیت فراہم نہیں کرتے اور یہی سب سے زیادہ پریشان کن بات ہے''۔

غذائی پروگرام سے منسلک ایک معروف ماہر غذا کے مطابق حالیہ مشاہدات سے اس بات کے ثبوت ملتے ہیں کہ جو خواتین ہر روز دلیہ کھانے کی عادی ہوتی ہیں انہیں وزن سے متعلق مشکلات میں مبتلا نہیں ہونا پڑتا اور جب ہم دلیہ کہتے ہیں تو اس کا مطلب اچھے معیار کا گیہوں کا دلیہ ہے جو جسم کو درکار توانائی فراہم کرنے کے ساتھ ہی بھوک بھی مٹا دیتا ہے اور اس سے وزن بڑھنے کی شکایت بھی پیدا نہیں ہوتی ہے' یہ سب کچھ جاننے کے باوجود بھی ہم خود کو ناشتے سے مستثنیٰ قرار دیتے ہیں تو اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ ''ہم بہت جلدی میں ہیں یا مصروفیت کا شکار ہیں؟'' ہم اس بات پر تو پریشان ہوسکتے ہیں کہ آج موسم کیسا رہے گا' ہمیں اس بات پر فکر ہوسکتی ہے کہ ہمیں فلاں جگہ کیا پہن کر جانا چاہئے' یہ الجھن بھی ذہن پر سوار ہوسکتی ہے کہ فلاں رپورٹ جمع کرانا ہے اور یا پھر آفس پہنچنے پر باس کا موڈ کیسا ہوگا؟ مگر ہم اپنے اور اپنے خاندان کے بارے میں سوچنے کی زحمت تک نہیں کرتے کہ گویا یہ دنیا سے باہر کی کوئی چیزیں ہوں جن کو زندگی میں کسی اصول و قاعدے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ بڑی سادہ سی بات ہے کہ رات کو سونے کے بعد ہمیں ایک طویل فاقہ کرنا پڑتا ہے اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ دماغ کام کرتا رہے تو پھر لازمی طور پر اس بات کی ضرورت ہے کہ اسے مناسب غذائیت فراہم کی جائے۔ مغربی ممالک کے برعکس ہمارے یہاں دلیہ بہت زیادہ استعمال نہیں ہوتا ہے اور نہ ہی پیکیج بریک فاسٹ کا رواج عام ہے مگر ہاں بسکٹ' ڈبل روٹی کے سلائس' برگر اور یا فروٹ بن جیسی اشیاء لوگ اپنے ساتھ رکھتے ہیں کیونکہ وہ محض بھوک محسوس کررہے ہوتے ہیں۔ اس طرح بھوک تو مٹ جاتی ہے مگر اصل مشکل یہ ہے کہ عام طور پر جلدی میں کھائی جانے والی یہ چیزیں صبح کے وسط میں بھوک سے ایک مرتبہ پھر رونگٹے کھڑے کردیتی ہیں ہمارے محسوسات پر دھند چھانے لگتی ہے جو کہ سستی مائل ہوجاتے ہیں اور اس طرح ہماری ثمر آوری پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اچھے اور سمجھدار ماہرین غذا صبح کے اوقات میں ہمیں جسمانی اعتبار سے ٹوٹ پھوٹ اور تباہی سے بچاتے ہیں جبکہ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ ذہنی اور جذباتی اعتبار سے بھی کوئی نقصان نہ پہنچے لہٰذا وہ غذائیت سے بھرپور ناشتہ تجویز کرتے ہیں۔ آپ یقین کریں کہ پوری درستگی کے ساتھ دن کا آغاز کرنا کوئی مشکل کام نہیں ہے اور لوگ بڑے سہل انداز سے کاربوہائیڈریٹ سے بھرپور ناشتہ کرسکتے ہیں جس میں گیہوں کا دلیہ' خمیری روٹی' پروٹین' دہی' دودھ' کاٹیج چیز' مکھن اور انڈے شامل ہوں تو اس سے جسم کی غذائی ضرورت پوری ہوسکتی ہے۔ عمدہ اور خالص کاربوہائیڈریٹ کا حصول ریفائن شوگر سے بھی ممکن ہے جس سے خون میں موجود شکر کا لیول بلند ہونے لگتا ہے مگر چونکہ جسم ایسی شکر کو جلد جذب کرلیتا ہے لہٰذا خون میں اشتعال کی کیفیت بہت جلد ختم ہوجاتی ہے۔ یہ بھی ایک عجیب سی بات ہے کہ رات بھر بھوکے رہنے کے بعد لوگ شکر کے حوالے سے حساس ہوجاتے ہیں اور اسی لئے ناشتے کے اوقات میں ریفائن شوگر سے گریز کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ **پھل:** پھلوں کا جوس نہیں' اس حوالے سے بے مثل مشورہ ہے کیونکہ پھلوں میں موجود ریشہ اندرونی نظام میں گلوکوز کے داخلے کی رفتار سست کردیتا ہے اور چونکہ شکر وہاں پہلے ہی موجود ہوتی ہے تو آپ چست و چالاک رہتے ہیں۔ ایک غذائی ماہر کے مطابق ''پھل اس لحاظ سے بہتر ہیں کہ یہ ہمیں ریشہ فراہم کرتے ہیں جس کا حصول فروٹ جوس میں ممکن نہیں ہے۔ پھلوں کا جوس نکالنے کے بعد ہم اس کی باقیات فضول سمجھ کر پھینک دیتے ہیں مگر یہ محض کوڑا کرکٹ نہیں ہوتا اس میں بھی بہت ساری غذائیت چلی جاتی ہے''۔ بہت سے لوگوں کا یہ خیال ہے کہ کافی پینے سے نقصان کا اندیشہ ہوتا ہے مگر ماہرین کا یہ کہنا ہے کہ کافی کو معقول مقدار میں استعمال کیا جائے یہ نقصان دہ چیز نہیں ہے مگر ہاں ڈونٹس کے بارے میں کہہ سکتے ہیں کہ ''جنک فوڈ'' ہے شکر اور چکنائی سے بھرپور!!

ایک خاتون ماہر غذا نے اچھی غذائیں استعمال کرنے کی عادت اپنی بیٹی میں بھی منتقل کردی ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس اہم ترین چیز کے بغیر میں اسے سکول بھی نہیں بھیجتی ہوں اور اس کی خواہش روغنی نان کھانے کی ہوتی ہے تو مجھے اس پر اعتراض نہیں ہوتا کہ بہرحال اس میں گندم جیسا مفید اناج موجود ہوتا ہے جو کہ اسے چست رکھتا ہے مگر مجھے ترس ان بچوں پر آتا ہے جو ناشتے میں ماؤنٹین ڈیو کی بوتل لے کر بیٹھ جاتے ہیں اور دوسرے ہی پیریڈ میں انہیں نڈھال دیکھا جاسکتا ہے''۔ **انڈا! بلند معیار پروٹین کا حامل:** انڈے کی غذائی اہمیت سے قطعی انکار نہیں کیا جاسکتا یہ غذائیت کے اعتبار سے ٹھوس اور دوسری کسی غذا کے مقابلے میں سب سے بلند معیار پروٹین کا حامل ہوتا ہے۔ دوسرے اقسام کی پروٹین کو پیمائش کردہ سمجھا جاتا ہے مگر انڈے میں موجود پروٹین کا ایک ہی معیار ہے جس میں وٹامن B2 اور A کے علاوہ فولاد بھی ہوتا ہے۔ خون میں موجود کولیسٹرول پر بہت کم اثرات مرتب ہوتے ہیں اور کوئی بھی شخص ایک انڈا یومیہ استعمال کرسکتا ہے۔

یکم محرم کا وظیفہ! عمر بھر مصائب و مشکلات سے چھٹکارا

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کی بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے

ماہ محرم عظیم الشان اور مبارک مہینہ ہے شھر اللہ یعنی اللہ کا مہینہ کہہ کر اس کے شرف کو بیان کیا گیا ہے۔ اس ماہ کے دوران نیک اعمال زیادہ سے زیادہ کرنے چاہئیں خاص طور پر نفلی روزے زیادہ رکھنے چاہئیں کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے: رمضان کے بعد سب سے افضل روزے ماہ محرم کے روزے ہیں جو کہ اللہ کا مہینہ ہے اور فرض نمازوں کے بعد سب سے افضل نماز رات کی نماز ہے۔ (مسلم)۔ خاص طور پر یوم عاشورہ دسویں محرم کا روزہ رکھنا چاہیے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے رسول ﷺ کو کبھی نہیں دیکھا کہ آپ ﷺ کسی دن کو دوسرے دنوں پر فوقیت دیتے ہوئے اسکے روزے کا قصد کرتے ہوں سوائے یوم عاشورہ کے اور سوائے ماہ رمضان کے (بخاری) یعنی آپ ﷺ رمضان المبارک کے علاوہ باقی دنوں میں سے یوم عاشورہ کے روزہ کا جس قدر اہتمام فرماتے اتنا کسی اور دن کا نہیں فرماتے تھے۔ **ایک سال کے گناہ معاف:** حضرت ابوقتادۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے یوم عاشورہ کے روزے کا سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: پچھلے ایک سال کے گناہ مٹا دیتا ہے۔ (مسلم) **محرم الحرام کی پہلی رات کے نوافل اور اعمال:** محرم الحرام کا چاند نظر آئے تو دو رکعت نفل اس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ سلام کے بعد یہ پڑھیے: **سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَّبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَالرُّوْحِ** تو اجرِ عظیم کا مستحق قرار پائے گا۔ ایک اور نماز جو حضرت سید خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے اوراد میں لکھی ہے وہ بھی دو رکعت نفل ہیں۔ اس کی ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ یٰسین شریف پڑھیں۔ دوسری روایتوں میں چھ نفل کا ذکر بھی موجود ہے۔ ان کی ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ اس نماز کے پڑھنے والے کو اللہ کریم بہشت میں دو ہزار محل عطا فرمائے گا اور ہر محل میں ہزار دروازے یاقوت کے ہوں گے اور ہر دروازہ پر ایک تخت زبرجد سبز کا ہوگا۔ اس تخت پر ایک حور بیٹھی ہوگی اور اس کے علاوہ چھ ہزار بلائیں اس نمازی سے دور کی جاتی ہیں اور چھ ہزار نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھی جاتی ہیں۔ (راحۃ القلوب، جواہر غیبی)

محرم الحرام کے پہلے دن کے نفل اور دعا

روزی و روزگار میں فرشتوں کے ذریعے مدد: یکم محرم الحرام کے دن دو رکعت نماز نفل پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیے۔ سلام پھیرنے کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھے (دعا سے پہلے اور دعا کے بعد ایک بار درود شریف پڑھیے): **اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَبَدُ الْقَدِيْمُ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ اَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَالْاَمَانَ مِنَ السُّلْطَانِ الْجَائِرِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ وَّمِنَ الْبَلَاءِ وَالْاٰفَاتِ وَاَسْئَلُكَ الْعَوْنَ وَالْعَدْلَ عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالِ بِمَا يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ يَا بَرُّ يَا رَءُوْفُ يَا رَحِيْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ** جو شخص اس نماز کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے اوپر دو فرشتے مقرر کر دے گا تا کہ وہ اس کے کاروبار میں اس کی مدد کریں اور شیطان لعین کہتا ہے کہ افسوس میں اس شخص سے تمام سال ناامید ہوا۔ (راحۃ القلوب، جواہر غیبی)۔

عمر بھر ہر بلا و برائی اور مصیبت سے حفاظت کا نسخہ: یکم محرم الحرام کے دن **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ** 130 بار لکھ کر (یا لکھوا کر) جو کوئی اپنے پاس رکھے (یا پلاسٹک کوٹنگ کروا کر کپڑے، ریگزین یا چمڑے میں سلوا کر پہن لے) انشاء اللہ تعالیٰ عمر بھر اس کو یا اس کے گھر میں کسی کو کوئی برائی نہ پہنچے۔ (شمس المعارف مترجم، ص:83) عاشورہ کے دن کئے جانے والے دس اعمال ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے قرب کا باعث ہیں۔1۔ روزہ رکھنا 2۔ نفلی عبادت کرنا 3۔ یتیم کے سر پر ہاتھ رکھنا 4۔ توبہ و استغفار کرنا (قبرستان جانا) 5۔ غسل کرنا 6۔ سرمہ لگانا 7۔ بیمار کی بیمار پرسی کرنا 8۔ پیاسے کو پانی پلانا 9۔ صدقہ و خیرات کرنا 10۔ دسترخواں کشادہ کرنا۔ (غنیۃ الطالبین) **یوم عاشورہ کی نفلی عبادات:** جس طرح عاشورہ کا دن ہمارے لئے (باقی صفحہ نمبر 34 پر)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 ستمبر بروز اتوار سہ پہر 3 بجکر 5 منٹ سے 4 بجکر 23 منٹ تک' 19 ستمبر بروز منگل رات 9 بجے سے لے کر 10 بج کر 21 منٹ تک ۔30 ستمبر بروز ہفتہ عصر تا مغرب تک یَاغَفَّارُ یَاکَرِیْمُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درددل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل وجان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پیئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:)1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آ جائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کر لیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

بچوں کا کاروبار دن بدن بہتر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ سے میری دلی دعا ہے کہ اللہ آپ کا سایہ ہمیشہ ساری دنیا پر رہے اللہ تعالیٰ آپ کو ڈھیروں خوشیاں عطا فرمائے۔ میں بہت پریشان تھی زندگی میں کبھی خوشی نام کا لفظ بھی نہیں سنا تھا۔ میرے شوہر اپنا ذہنی توازن کھو چکے ہیں' بیٹوں کا کاروبار چل نہیں رہا' مجھ سے سارا دن کوئی بات نہ کرتا' ایک ہمسائی کے ذریعے ماہنامہ عبقری ملا اس میں موجود ہر ماہ آنے والی روحانی محفل بھرپور توجہ اور دھیان سے کرنا شروع کر دی' چند ہی مہینوں کے بعد میرے حالات بدلنا شروع ہو گئے' میرے بچوں کا کاروبار دن بدن بہتر ہوتا چلا جا رہا ہے' میرے بیٹے اب رات کو آ کر میرے پاس بیٹھتے ہیں' اپنی سناتے ہیں میری سنتے ہیں' مجھے کوئی بھی مسئلہ ہوتا ہے میں توجہ سے روحانی محفل کرتی ہوں میرے مسئلہ کا کوئی نہ کوئی حل نظر آ جاتا ہے۔ (عابدہ شہریار، راولپنڈی)

پیرناظم اولیاءؒ وچوہیؒ کے مستند روحانی وظائف

جب انسان ہرطرح سے بے بس ہوجاتا ہے اور ہمت جواب دے جاتی ہے۔اس موقع پر ہمت نہیں ہارنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ سے لو لگانا اور اسے راضی کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ وہ ہر مشکل حل کرنے والا' کام بنانے والا' رحیم و کریم رب ہے۔

ہر مشکل حل ہونا' بے بسی دور ہونا: انسان کی زندگی میں بعض مرتبہ ایسے مواقع بھی آتے ہیں جب انسان ہرطرح سے بے بس ہوجاتا ہے اور ہمت جواب دے جاتی ہے۔ اس موقع پر ہمت نہیں ہارنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ سے لو لگانا اور اسے راضی کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ وہ ہر مشکل حل کرنے والا کام بنانے والا' رحیم وکریم رب ہے وہ ہر ایک کی دعا سنتا اور قبول کرتا ہے۔ ایسے موقع پر سب سے پہلے اگر نماز کی پابندی نہیں ہے تو پابندی کرے اور باجماعت نماز ادا کرے۔ دوسرا استغفار کی کثرت کرے۔کلمہ طیبہ ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھا کرے۔ بعد نماز عشاء یا بعد نماز فجر اسم الٰہی یَامُقْتَدِرُ کو پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھا کرے جب تک پریشانی قائم رہے' مشکل حل نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مشکل حل ہوجائے گی۔ بے بسی اور پریشانی ختم ہوجائے گی اور ہمت بندھ جائے گی اور زندگی میں انقلاب پیدا ہوجائے گا۔عمل کرنے میں پابندی کرے کسی صورت میں بھی سستی' کاہلی سے عمل کی پابندی کو نہ چھوڑے۔

جانی و مالی نقصان سے حفاظت: جو شخص دشمنوں اور حاسدوں کے ماحول میں زندگی گزار رہا ہو اس کو ہر وقت ہوشیار اور چوکنا رہنے کی ضرورت ہے نہ معلوم کسی وقت حاسد لوگ کوئی نقصان پہنچا دیں اور دشمن اپنا وار کردے۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ انسان اپنا بچاؤ کرے اور ہر وقت ہوشیار اور چوکنا رہے۔ ورنہ خطرہ ہے کہ کسی بڑے نقصان سے دو چار ہوجائے۔ اس کیلئے روزانہ ہر نماز کے بعد اسم الٰہی یَاحَیُّ ایک سو ایک بار پڑھا کرے یا بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء پانچ سو ایک بار ایک ساتھ پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حاسد اور دشمن کا ہر وار خالی جائے گا اور ان کو قدم قدم پر ناکامی ہوگی۔

شادی کیلئے: اگر کوئی شخص کنوارہ ہو یا کوئی لڑکی کنواری ہو اور رشتہ نہ آتا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ جلد از جلد رشتہ آجائے تو اس کیلئے یہ عمل تیر بہدف ہے' بہت جلد شادی ہوجاتی ہے۔عمل یہ ہے:۔ تین روزے مسلسل رکھے اور نماز کی پابندی کرے۔ رات کو سوتے وقت اکیس بار یہ آیات باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے رشتہ کسی شریف اور نیک خاتون/ مرد سے ہونے کی خوب گڑگڑا کر دعا کرے۔ ایک ماہ میں کام ہوجائے تو بہت اچھا ورنہ یہ عمل ہر ماہ کرے۔ان شاء اللہ جلد از جلد رشتہ ہوجائے گا۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ۔اُولٰٓئِكَ یُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَ یُلَقَّوْنَ فِیْهَا تَحِیَّةً وَّ سَلٰمًا ۔ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا (الفرقان 76,75,74)

ہر قسم کا ڈر خوف دور کرنا: اگر کسی شخص کو ہر وقت ڈر خوف لگا رہتا ہو' رات کے اندھیرے میں اکیلے کمرے میں' سنسان راستے میں جنگل بیابان میں یا ویران راستے پر ڈر خوف لگتا ہو تو اس کیلئے یہ کلمات باوضو ایک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کرکے مرد ہے تو سیدھے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا ڈر خوف دل سے نکل جائے گا اور زندگی آرام سے گزرے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ یَشَاْ لَمْ یَكُنْ اَشْهَدُ وَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

حاسد کا مصیبت میں مبتلا ہونا: اگر کوئی حاسد اپنی شرارتوں سے باز نہ آتا ہو تو اس کیلئے شر سے حفاظت اور دشمن کے مصیبت میں مبتلا ہونے کے لیے نماز مغرب کے بعد سورۂ فیل اور سورۂ قریش بغیر بسم اللہ کے اکتالیس بار پڑھا کرے جب تک دشمن کا شر باقی رہے برابر پڑھتا رہے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دشمن کسی مصیبت میں مبتلا ہوجائے گا۔ تنبیہ: بلاوجہ کسی کو نقصان پہنچانا یا مصیبت میں مبتلا کرنا بہت بڑا گناہ اور اپنی بربادی کا انتظام کرنا ہے۔ لہٰذا اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کرکے کرے۔ ورنہ خود نقصان اٹھائے گا۔

لڑکی یا لڑکے کے رشتہ کیلئے: اگر لڑکی جوان ہو یا لڑکا جوان ہو لیکن رشتہ نہیں آتا' اگر رشتہ آتا ہے تو مناسب نہیں ہوتا اس کیلئے روزانہ یہ عمل کریں' ان شاء اللہ جلد ہی رشتہ کا انتظام ہوجائے گا۔ عمل یہ ہے: دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء پڑھے اور اس کے بعد گیارہ سو بار اسم الٰہی یَالَطِیْفُ پڑھے۔ اس کے بعد دعا کرے کہ اے رب میرے لیے اچھے سے اچھے رشتے کا انتظام فرمادے۔ عمل کرنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف اور عمل کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن مسلسل کرے' ناغہ نہ کرے۔ تنبیہ: بعض مرتبہ بندش کی وجہ سے رشتہ نہیں ہوتا تو اس کیلئے روزانہ سورۂ یٰسین شریف تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے وہ پانی پی لے۔ یہ عمل بھی چالیس دن مسلسل بلاناغہ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بندش کھل جائے گی اور اچھی جگہ رشتہ ہوجائے گا۔

ہر قسم کی محتاجی ختم' رزق میں ترقی: اگر کسی شخص کی آمدنی قلیل اور اخراجات بہت زیادہ ہوں ہر وقت رقم کیلئے ہاتھ پھیلاتا رہتا ہو اور طرح طرح سے ذلت اٹھاتا ہو اور قرضہ پر قرضہ چڑھتا جاتا ہے لیکن ادا نہیں ہوتا' ہر وقت ہاتھ تنگ رہتا ہے روزی میں زیادتی اور آمدنی میں برکت کیلئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر ہر روز بلاناغہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو اکیس بار اسم الٰہی یَالَطِیْفُ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر رزق میں برکت آمدنی میں ترقی اور قرض سے جان چھوٹنے کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ جلد ہی آمدنی میں اضافہ شروع ہوجائے گا۔ یہ عمل روزانہ بلاناغہ کرے اگر ایک دن ناغہ ہوجائے تو دوسرے دن دو مرتبہ پڑھ لے۔ بعض مرتبہ کسی خاص گناہ یا اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کی مسلسل نافرمانی کے سبب بھی رزق بند ہوجاتا ہے لہٰذا گناہوں سے توبہ کرے' نماز کی پابندی کرے صدقہ خیرات جو توفیق ہو کرتا رہے۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوق انسان اور جانور سب کے ساتھ رحم وشفقت کا معاملہ کرے کسی پر ظلم نہ کرے کسی کا مال ناجائز نہ کھائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی برکت کے آثار ظاہر ہوں گے۔

ٹوٹکہ سے فالج کا مریض فوراً ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ ٹوٹکہ ہمارا آزمودہ ہے۔ قارئین عبقری کیلئے خاص طور پر لکھ رہی ہوں:۔

ھوالشافی: جیسے ہی یہ بیماری شروع ہو اور معلوم ہوجائے کہ فالج ہوگیا ہے فوراً خالص شہد نیم گرم پانی میں ملا کر مریض کو پلانے سے ایک دو گھنٹے کے بعد مریض ٹھیک ہوجاتا ہے' بار بار یہ عمل کریں۔ ایک گلاس گرم پانی میں دو چمچ خالص شہد ملا کر چند بار پلائیں۔ فوراً فالج ٹھیک اور خون گردش کرنے لگتا ہے۔ کچھ عرصہ مسلسل یہ علاج کرنے سے مریض بالکل ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ (شمیم عرفان' لاہور)

زونیرہ حیات بخش' لاہور

رسیلے سیبوں کا موسم آگیا! کھا کر جان بنائیں

روزانہ تین سیب کھانے سے ڈائٹنگ کرنے والے افراد میں کھانے کی اشتہا کم ہونے لگتی ہے۔کم حراروں اور چکنائی سے پاک ہونے کی وجہ سے یہ وزن میں خاطر خواہ کمی کرسکتا ہے۔اس میں موجود پیکٹن نامی عنصر کاربوہائیڈریٹ کا امتزاج رکھتا ہے۔کولیسٹرول کو بڑھنے نہیں دیتا دمہ اور ذیابطیس سے بچاؤ بھی کرتا ہے۔

لال' سبز اور رسیلے سیبوں کا موسم آگیا ہے۔سیب اس موسم کی سوغات ہیں جس میں لوگوں کی طبیعت میں شوخی در آتی ہے اور کھانے پینے کی طلب بڑھتی ہے۔ ہمارے یہاں ایک محاورہ سیب کے حوالے سے بہت مشہور ہے یعنی ''روزانہ ایک سیب کھایئے اور کبھی معالج کے پاس نہ جایئے'' یہ محاورہ سو فیصد درست ثابت ہوچکا ہے۔مگر کیا آپ جانتے ہیں کہ 1866ء میں ویلز کی قدیم تہذیب میں یہ محاورہ کچھ یوں کہا جاتا ہے کہ ''روزانہ سونے سے قبل ایک سیب کھانے سے آپ معالج کے منہ کا نوالہ بن جانے سے بچ جائیں گے۔''

یقیناً آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ ہر سال ایک دن سیبوں کے اعزاز میں مختص کیا جاتا ہے''ایپل ڈے'' کے نام سے برطانیہ میں سیبوں کی مختلف اقسام کی نمائش کی جاتی ہے۔ 1990ء سے 21 اکتوبر کو یہ دن منایا جاتا ہے اس دن کا مقصد برطانوی سیب کی تشہیر ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اسے خریدیں اور بین الاقوامی منڈی میں ان کی کھپت بڑھے۔سیب میں اینٹی آکسیڈینٹ (مانع تکسید) کی خصوصیات پائی جاتی ہیں جو چھاتی' جگر' بڑی آنت' پھیپھڑوں کے کینسر اور امراض قلب سے محفوظ رکھتی ہے۔ کولیسٹرول کی سطح کو قابو میں رکھنے کی خصوصیت ہے۔ (Flavanoids) نامی کیمیائی عنصر اور سیب میں وٹامن سی کی موجودگی کے سبب امراض قلب اور اسٹروکس کے خطرے میں 26 فیصد تک کمی ہوسکتی ہے۔روزانہ تین سیب کھانے سے ڈائٹنگ کرنے والے افراد میں کھانے کی اشتہا کم ہونے لگتی ہے۔کم حراروں اور چکنائی سے پاک ہونے کی وجہ سے یہ وزن میں خاطر خواہ کمی کرسکتا ہے۔اس میں موجود پیکٹن نامی عنصر کاربوہائیڈریٹ کا امتزاج رکھتا ہے۔ کولیسٹرول کو بڑھنے نہیں دیتا دمہ اور ذیابطیس سے بچاؤ بھی کرتا ہے۔اسے چبانے سے مسوڑھوں اور دانتوں کی ورزش ہوتی ہے اور وہ صحت مند رہتے ہیں۔مرغن کھانوں کے بعد ہونے والی معدے کی تیزابیت کو سیب کھا کر کم کیا جاسکتا ہے۔سیب کھانے سے سن یاس کے دور سے گزرنے والی خواتین میں اوسٹیو پروسس کے امکانات کافی حد تک زائل ہوسکتے ہیں۔سیب میں پائی جانے والی قدرتی مٹھاس جسم میں شکر کو متوازن رکھتی ہے۔ سیب کھانے والی خواتین کی زرخیزی بڑھ جاتی ہے ان میں حمل ضائع ہونے کے امکانات نہایت کم رہ جاتے ہیں اور بچے کی پیدائش کے بعد جسم پر نمودار ہونے والے نشانات پر سیب رگڑنے سے کچھ ہی عرصہ میں یہ غائب ہوجاتے ہیں۔اس پھل میں ایلزائمر' پارکنسن اور ڈائمینشیا جیسی عصبی بیماریوں سے لڑنے کی قوت موجود ہے۔سیب کا درخت کم از کم چار سال بعد پھل دینے کے قابل ہوتا ہے۔ ہر دس سے پندرہ سال بعد سیب کے پرانے درخت کو نئے پودے سے تبدیل کردیا جاتا ہے۔ ایک سیب میں دس فیصد کاربوہائیڈریٹ' چار فیصد وٹامن اور معدنیات اور اسی فیصد پانی موجود ہوتا ہے جبکہ اس کے چھلکے میں ریشہ پایا جاتا ہے۔ایک درمیانے سائز کے سیب میں تقریباً چالیس غذائی حرارے موجود ہوتے ہیں۔چھلکا اتارنے کے باوجود بھی اس میں وٹامن سی کی اچھی خاصی مقدار باقی رہتی ہے جو ہاضمے میں مدد دیتی ہے۔**ذرا احتیاط بھی!:** سیب کھانے سے پہلے اچھی طرح دھولیں کیونکہ انہیں محفوظ رکھنے کیلئے کاشت کار کیڑے مار ادویات کا چھڑکاؤ کرتے ہیں ان کا رنگ و روپ چمکانے کیلئے مخصوص ویکس سے پالش بھی کی جاتی ہے لہٰذا بہتر یہی ہے کہ ہمیشہ سیب استعمال کرنے سے پہلے اچھی طرح صاف پانی سے دھولیا جائے۔

کھانا ایسا بنے کہ سب انگلیاں تک چاٹ جائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری شمارہ کو بہت زیادہ شوق سے پڑھتے ہیں' ہمیں عبقری بہت پسند ہے۔عبقری کی قارئین بہنوں کیلئے ایک بارہا کا آزمودہ روحانی ٹوٹکہ پیش کررہی ہوں یقیناً سب بھرپور فائدہ اٹھائیں گی۔قارئین! بہنیں جب بھی کھانا بنائیں' کھانا پکاتے وقت ہنڈیا میں چمچہ سیدھی طرف چلائیں اور مسلسل درود شریف کا ورد کریں' آپ آزما کر دیکھ لیں آپ کی ہنڈیا پہلے سے بہت زیادہ ذائقہ دار بنے گی اور برکت بھی خوب ہوگی۔ کھانے والے برتنوں کے ساتھ ساتھ انگلیاں بھی چاٹ جائیں گے۔ درود شریف یہ ہے: صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (فضہ ابراہیم' حیدرآباد)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلاتعداد **یَاوَاسِعَ الْعَطَاءِ** پڑھیں۔اول وآخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔جس مرض کا خاتمہ یا اُلجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا اُلجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ میں تخت سلیمانی علیہ الصلوٰۃ والسلام دیکھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے کیا پورے محلے والے عبقری شمارہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' ہمارے پورے محلے نے عبقری رسالہ ہاکر کو کہہ کر اپنے گھروں میں لگوایا ہوا ہے اور جب بھی کبھی اکٹھی ہوتیں ہیں تو عبقری کے ٹوٹکوں اور وظائف پر ہی گفتگو ہوتی رہتی ہے۔ کوئی کہتی ہے میں نے فلاں ٹوٹکہ آزمایا مجھے تو بہت سکون ہے' کوئی کسی وظیفہ کے گن گا رہا ہوتا ہے اور کوئی پریشان ہوتا ہے کہ مجھے فلاں ٹوٹکے سے کچھ فرق نہیں پڑا۔ یہ تو ہوگئی ہماری عبقری سے محبت۔ اب آتی ہوں اپنے اصل پوائنٹ کی طرف۔ میں عبقری رسالے میں آنے والا مراقبہ گزشتہ تین سال سے کررہی ہوں۔ میں کافی عرصہ سے مختلف پریشانیوں کا شکار تھی' میں نے مراقبہ کرنا شروع کردیا' مراقبہ کرنے کا سب سے پہلا مجھے جو فائدہ ہوا وہ یہ کہ مجھے دماغی سکون مل گیا' میری گھبراہٹ' بے چینی' ہچکچاہٹ ختم ہوگئی' میں طبیعت بالکل ہشاش بشاش ہوگئی۔ اس کے علاوہ مجھے مختلف ہستیوں اور مقدس مقامات کی بارہا زیارت نصیب ہوئی۔ ابھی گزشتہ ہفتے میں جب نماز عشاء کے بعد (باقی صفحہ نمبر 32 پر)

دنیا سے رخصت ہونا آسان: جو شخص پرہیزگاری کا پابند ہوگا' دنیا سے رخصت ہونا اُس پر آسان ہوگا۔ (حضرت احمد مسروق طوسی رحمۃ اللہ علیہ)

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند ٹیپ یا سٹیپلر زپن کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ اپنا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کر کے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

میرے مسائل کا روحانی حل: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ ایک سال سے عبقری کی قاری ہوں' اس دور میں عبقری ایک لاجواب میگزین ہے' روحانی حل ہوں یا طبی کوئی دم ضرورت ہو وہ سب انسان کو اس شاندار رسالے میں مل جاتا ہے۔ الغرض ایک دکھی انسان کی تمام ضرورتیں اس میں موجود ہیں۔ اللہ پاک آپ کو اور رسالہ عبقری کو لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین! میرا پہلا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے بال لمبے کرنے کیلئے کوئی روحانی حل بتائیں' اس کے ساتھ میرے چہرے پر تل ہیں حالانکہ پہلے میرا چہرہ بالکل صاف تھا مگر اب کالے کالے نشان بن رہے ہیں جو بہت بدنما لگتے ہیں۔ یہ میرا کسی بھی ادارہ میں پہلا خط ہے۔ خدارا مجھے جلد جواب دیں۔ **(صدف' اسلام آباد)**

جواب: آپ اپنے چہرے کے مسائل کے بارہا کا آزمودہ روحانی ٹوٹکہ چند ہفتے چند مہینے مکمل یقین اور توجہ کے ساتھ استعمال کریں۔ اسمائے حسنیٰ **یَاخَالِقُ یَامُصَوِّرُیَاجَمِیْلُ** ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھ کر اپنے چہرے پر ہاتھ پھیر لیں۔ بالوں کیلئے ایک طاقتور ترین روحانی عمل ہے کہ آپ اکیلی یا چند گھر کے چند مخلص افراد ایک ہزار ایک مرتبہ سورۂ کافرون ایک نشست یا کئی نشستوں میں پڑھ کر تیل پر دم کردیں اور اب روزانہ اس تیل پر چالیس مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر دم کرتے رہیں اور اس تیل کو بالوں میں لگانا شروع کردیں' بالوں کے تمام مسائل حل ہوجائیں گے۔ اس کے علاوہ یہ تیل جادو زدہ کے کانوں پر لگائیں' جسم کے جس حصے میں بھی درد ہو اسی تیل سے مالش کریں' ڈسک پرابلم' کمر کے مسائل' مہروں کے مسائل میں یہ تیل بارہا کا آزمودہ در آزمودہ ہے۔ یہ بہت ہی طاقتور راز ہے جو آپ کے اور قارئین عبقری کے گوش گزار کردیا گیا ہے۔

کہیں میرا رب مجھ سے ناراض تو نہیں: میری شادی کو آٹھ سال ہوئے ہیں' ان آٹھ سالوں میں چھ بار حمل ضائع ہوا' تین حمل ضائع ہونے کے بعد ایک بیٹا پیدا ہوا جو ماشاء اللہ ٹھیک ہے' اس کے بعد پھر تین حمل ضائع ہوئے' بہت سے وظائف کیے مگر کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ کہیں میرا رب مجھ سے ناراض تو نہیں جو بار بار ان مسائل میں الجھ جاتی ہوں' اس سے میری جسمانی اور ذہنی طاقت کم ہوجاتی ہے بس آپ مجھے ایسا بتائیں کہ میرا رب مجھ سے راضی رہے وہ مجھ سے منہ نہ موڑے اور مجھے روحانی طاقت ملے' ایسا بتائیں کہ ان دونوں (روحانی وجسمانی) طاقتوں سے بھر جاؤں میرا دل سارا دن اس رب کے گُن گاتا رہے اور میرے ہاں صحت مند' تندرست اور عافیت والی اولاد پیدا ہو' میں اور میرا شوہر اپنے رب کے عزیز ترین بندے بن جائیں اور رب کی نظر کرم ہر وقت ہمارے سروں پر ہو۔ **(س)**

جواب: محترمہ! آپ اپنا مستقل بنیادوں سے پر کسی ماہر معالج سے علاج کروائیں اور آپ کیلئے وظیفہ یہی ہے کہ آپ بس استغفار کریں' اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے' وضو بے وضو ہر حالت میں اللہ سے معافی مانگیں' اللہ رب العزت کو معافی مانگنے والا اور معاف کرنا بہت پسند ہے۔ وہ غفور الرحیم ہے وہ ضرور معاف فرما دیتا ہے۔ بس اس کی نعمتوں کا شکر کیجئے اور اس سے استغفار کیجئے' نماز ہرگز نہ چھوڑیئے۔ ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کریں۔ ان شاء اللہ! آپ کچھ عرصہ بعد خود محسوس کریں گی کہ آپ کے طبی و روحانی مسائل حل ہورہے ہیں۔

ماں کے پیٹ میں تھی تو جادو کروا دیا گیا: محترم شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی عمر لمبی فرمائے' میں نے اپنے شہر میں آپ کا درس سنا تو میرا دل بہت خوش ہوا' اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو تمام انسانوں کیلئے شفاء اور دعا کیلئے وسیلہ بنا کر بھیجا ہے' میرا مقصد بھی یہ ہے کہ آپ مجھے بھی دعا دیں۔ میں بہت پریشان تھی' ماں کے پیٹ میں تھی کہ کسی نے مجھ پر اور میری ماں پر سفلی علم کروا دیا تھا' جب تھوڑی بڑی ہوئی تو کسی نے میرے سر کے بال کاٹے تھے اور مجھ پر دوبارہ جادو کیا تھا۔ میری شادی ہونے والی ہے' میری ساس مجھ پر شدید قسم کی پڑھائی کرتی ہے اور چاہتی ہے کہ میری شادی اس کے بیٹے سے نہ ہو مگر اس کا بیٹا (میرا منگیتر) بضد ہے کہ وہ شادی مجھ سے ہی کرے گا۔ میں ہر وقت بیمار رہتی ہوں' دن بدن میری خوبصورتی ماند پڑتی جارہی ہے۔ خدارا مجھے کوئی عمل بتایئے کہ میری اس سفلی جادو سے جان چھوٹ جائے اور میرا گھر آباد ہوجائے۔ **(پوشیدہ)**

جواب: جادو و آسیب سے ہمیشہ کیلئے محفوظ ہونے کیلئے سورۂ طارق کی آیت نمبر 15،16،17 کو چار سٹیل کے کیلوں پر پچیس پچیس مرتبہ دم کر کے پورے گھر میں لگایئے۔ گھر سے جادو' جنات' آسیب' ٹونہ وغیرہ ہمیشہ کیلئے بھاگ جائے گا۔ یہ عمل عبقری میں پہلے بھی چھپ چکا ہے اور واقعی جس جس نے بھی یہ عمل کیا اس کے گھر میں سکون آگیا اور جادو ہمیشہ کیلئے ختم ہوگیا۔ میری تو عبقری کے ہر قاری کے درخواست ہے کہ آپ اپنے گھروں میں یہ چار کیل ضرور لگائیں' بارہا کا آزمودہ ہے۔ **نوٹ:** سسرال میں رہنے والی خواتین یہ کام اپنے شوہر اور دوسرے گھر والوں کو اعتماد میں لے کر پھر کریں' ورنہ فساد کھڑا ہوجائے گا اور بدگمانی پیدا ہوگی۔

دوبارہ شادی نہیں ہورہی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے آج سے پانچ چھ سال پہلے گندے خیالات بہت آتے تھے' پھر میری والدہ نے میرے لیے یاقہار سوا لاکھ بار پڑھا تو گندے خیالات آنا ختم ہوگئے اور میری شادی بھی ہوگئی مگر شادی کے کچھ عرصہ بعد ہی حالات کچھ ایسے بنے کے شادی قائم نہ رہ سکی اور میں نے طلاق لے لی' اب میں ایک بچی کی ماں ہوں اور وہ بچی میرے پاس ہی ہے۔ گھر والے بہت کوشش کررہے ہیں کہ میری دوبارہ شادی ہوجائے مگر شادی کی بات نہیں بنتی۔ براہ مہربانی میری رہنمائی کیجئے اور مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمایئے کہ میری شادی دوبارہ اچھی جگہ پر ہوجائے گا۔ **(ر۔ح)**

جواب: محترمہ! نکاح کی بندش کے لیے عبقری پبلی کیشنز کی کتاب ''سورۂ بقرہ کے عمل سے شرطیہ بیٹا پائیں'' میں دیئے گئے سورۂ بقرہ کے عمل سے بھی رشتہ بھی ہوجاتا ہے' شادی بھی ہوجاتی ہے اور اولاد بھی ہوجاتی ہے۔ میں نے بہت سوں کو بتایا اللہ نے سب کی بندشیں ختم کردیں ہیں۔ اس کے علاوہ دعائے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ **یَابِسْمِ اللّٰہِ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ** اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے سارا دن کثرت سے پڑھے ان شاء اللہ بہت جلد' بہت اچھی جگہ شادی ہوجاتی ہے۔ اللہ رب العزت آپ کو دونوں جہاں میں کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین!

سر کا شدید درد آسان نسخہ سے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالے کو پڑھنے کا اتفاق کئی بار ہوا کئی ٹوٹکے آزمائے فائدہ بھی ہوا۔ اپنا ایک مشاہدہ پیش کررہی ہوں:۔ میرا شادی کے بعد ہر وقت سر میں درد رہنا شروع ہوگیا' ایک مخلص نے مجھے درج ذیل نسخہ بتایا' اٹھارہ دن کھانے سے ہی میرے سر کا سالہا سال پرانا درد ختم ہوگیا۔ **ھوالشافی:** کوزہ مصری' ہریڑ اور سپاری ہم وزن لیکر پیس لیں۔ ایک چمچ خالص شہد کے ساتھ آدھا چمچ سفوف بالا صبح وشام کھائیں۔ **(خدیجہ اعجاز)**

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر ز پن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

ڈیلیوری کی کمزوری: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! میں تین بچوں کی ماں ہوں، ڈیلیوری کے بعد جو کمزوری ہوجاتی ہے جسم میں درد اور ہڈیاں کمزور ہوجاتی ہیں اس کیلئے کوئی حل بتائیں۔ یہ میرا نہیں بلکہ ہر عورت کا مسئلہ ہے کوئی آسان اور آزمودہ حل بتایئے جو ہر گھریلو عورت گھر بیٹھے کر سکے گی۔ (ص، اسلام آباد)

مشورہ: آپ انجیر دو عدد، سرکہ انگوری میں شام کو بھگو دیں صبح خالی پیٹ کھالیں اور اس میں صبح کے وقت بھی دو انجیر مزید ڈال دیں اور اسی ترتیب سے چالیس دن یہ عمل کریں۔ یہ ٹوٹکہ فولاد کی کمی، خون کی کمی، عورتوں کی ہر قسم کی کمزوری کا بہترین علاج ہے۔ حاملہ اور ڈیلیوری کے بعد عورت کیلئے اس سے بہترین ٹانک کوئی ہو ہی نہیں سکتا۔ ضرور آزمایئے اور دوسروں کو بھی بتایئے۔

معالجین سے معذرت صرف عبقری پر اعتماد: تقریباً دو سال سے عبقری کا قاری ہوں، میرا بچہ تقریباً ڈیڑھ سال کا ہے، بہت کمزور ہے، اس بچے کے ہم عصر چلتے پھرتے ہیں لیکن میرا بچہ اپنے سہارے کھڑا نہیں ہوتا، اس بچے نے ماں کا دودھ بھی نہیں پیا ہے، کوئی غذا بھی نہیں کھاتا پیتا۔ کوئی نسخہ عنایت فرمایئے، معالجین سے معذرت، صرف عبقری پر اعتماد ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ (بشیر احمد شاکر)

مشورہ: آپ دفتر ماہنامہ عبقری کی دوا ''معجون شفاء یابی'' چند ڈبیاں مستقل بنیادوں پر استعمال کروائیں۔ ان شاء اللہ اس کے استعمال کے کچھ ہی دنوں کے بعد آپ کا بچہ کھانا پینا، ہنسنا شروع کر دے گا اور چند ڈبیوں کے بعد چلنے کی کوشش کرے گا۔ چند ہفتے، چند مہینے ضرور استعمال کروایئے گا۔

میں امید سے ہوں!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ان دنوں امید سے ہوں لیکن میرے ساتھ مسئلہ یہ ہے کہ مجھے بالکل بھوک نہیں لگتی جس کی وجہ سے میری صحت دن بدن گرتی جا رہی ہے۔ میں بہت پریشان ہوں، بھوک کا مسئلہ میرا بہت پرانا ہے، مجھے شادی سے پہلے بھی بھوک نہیں لگتی تھی اور ان دنوں تو بالکل نہیں لگتی اور معدہ پر ہر وقت بے تحاشا جلن رہتی ہے۔ میری گزارش ہے کہ مجھے کوئی ایسا علاج بتا دیں جس سے میری بھوک کا مسئلہ حل ہوجائے اور معدے کا بھی۔ (م۔و۔ض، وہاڑی)

مشورہ: آپ انجیر دو عدد، سرکہ انگوری میں شام کو بھگو دیں صبح خالی پیٹ کھالیں اور اس میں صبح کے وقت بھی دو انجیر مزید ڈال دیں اور اسی ترتیب سے چالیس دن یہ عمل کریں۔ یہ ٹوٹکہ فولاد کی کمی، خون کی کمی، عورتوں کی ہر قسم کی کمزوری کا بہترین علاج ہے۔ اس کے علاوہ رات کو پانچ دانے خشک خوبانی اچھے والی دودھ میں بھگو رکھیں اور صبح اٹھ کر کھالیں۔ آپ کی اور آپ کے بچہ کی تمام جسمانی ضرورتوں کا بہترین حل اور کامیاب ترین ٹانک ہے۔ ضرور آزمایئے بلکہ ہر عورت کی ضرورت ہے۔

آنکھ میں موتیا: عبقری کا پرانا قاری ہوں، میری عمر اس وقت 60 سال ہے، میری آنکھوں میں موتیا ہوگیا ہے، ڈاکٹرز کہتے ہیں کہ آپریشن ہوگا، میں آپریشن کرانا نہیں چاہتا، میری آپ سے التجا ہے کہ کوئی ایسا نسخہ بتائیں جس سے میری مشکل حل ہوجائے۔ (شریف امجد، لاہور)

مشورہ: محترم آپ یہ ٹوٹکہ استعمال کروائیں۔ **ھوالشافی:** 10 گرام چائے کی پتی، دانہ دار نہ ہو، 10 گرام مہندی کے خشک صاف پتے لیکر ان کو آدھا کلو پانی میں 20 منٹ ہلکی آنچ پر پکائیں۔ اتار کر چھان لیں اور ٹھنڈا ہونے کے لیے رکھ دیں۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد آدھا پانی چائے کی پتی والا اور آدھا عرق گلاب ملا کر اس کو ڈراپر میں ڈال کر ٹھنڈی جگہ پر رکھیں اور ضرورت پڑنے پر ایک ایک قطرہ دونوں آنکھوں میں دن میں پانچ سے آٹھ بار ڈالیں۔ انشاء اللہ بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ اس کے علاوہ روحانی طریقہ علاج بھی بہت کامیاب ہے۔ ہر فرض نماز کے بعد مندرجہ ذیل آیت تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر انگلی کو آنکھوں پر پھیرا جائے تو ان شاء اللہ موتیا کا مرض جاتا رہے گا۔ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿ق ۲۲﴾ دوسرا علاج یہ ہے کہ سورۃ یٰسین پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں لگا لیا جائے تو ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

میرا مسئلہ بھی حل کریں!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ویسے تو میں ہر مہینے عبقری رسالے میں لکھے ہوئے نسخہ جات پڑھتی رہتی ہوں اور لوگوں کے مسائل کے حل بھی پڑھتی ہوں مگر آج میں آپ سے کہتی ہوں کہ میرا مسئلہ بھی حل کریں۔ مسئلہ یہ ہے کہ میرے بیٹے کی عمر اٹھارہ سال ہے اور اسے بچپن سے دمہ کا مرض لاحق ہے، ٹھنڈی چیزیں کھانے سے یا گندم کی کٹائی کے دنوں میں مرض شدت اختیار کر لیتا ہے اور بچہ کو انہیلر کا استعمال کرانا پڑتا ہے جس سے وقتی طور پر آرام آجاتا ہے اور بعد میں بد پرہیزی سے مرض دوبارہ بڑھ جاتا ہے۔ براہ مہربانی مجھے کوئی ایسا آزمودہ نسخہ بتائیں جس سے میرے بچے کو مستقل آرام آجائے۔ (سلمیٰ ناہید، وہاڑی)

مشورہ: محترمہ! آپ اپنے بیٹے کیلئے عبقری دواخانہ لاہور سے آکر یا اپنے بیٹے کو بھیج کر ''شربت اعجاز'' منگوا لیں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یہ سیرپ استعمال کریں آپ کے بیٹے کے تمام مسائل کا حل یہی شربت ہے۔

لوگوں سے چھپ جاتی ہوں: کئی بار سوچا کہ آپ کو خط لکھوں مگر صرف سوچتی تھی آج رہا نہیں گیا اس لیے قلم اٹھا لیا ہے۔ میرا مسئلہ کافی پرانا ہے، مسئلہ یہ ہے کہ میرے چہرے پر کیل اور دانے، داغ، دھبے بہت ہیں، کیل مجھے بچپن سے نکلنا شروع ہوئے اب میری عمر بیس سال ہے مگر چہرے کی کوئی جگہ خالی نہیں جہاں کیل اور دانے نہ ہوں، میں نے لاکھ پرہیز کیے، کریمیں اور لوشن استعمال کیے مگر فائدہ نہ ہوا۔ جلدی امراض کے ماہر ڈاکٹروں کو بھی دکھایا مگر صرف پیسوں کا نقصان ہوا، ہر وقت اسی فکر میں لگی رہتی ہوں کہ کب یہ مصیبت ختم ہوگی اگر کہیں جانا پڑ جائے یا پھر کوئی مہمان آجائیں تو چھپتی پھرتی ہوں، خدارا! مجھے کوئی نسخہ بتایئے کہ یہ مصیبت ختم ہوجائے۔ میرا خط ضرور شائع کیجئے گا۔ (پوشیدہ)

مشورہ: محترمہ! آپ عبقری دواخانہ سے ''خون صفاء'' اور ''دیسی کریم'' اور ''چہرہ شفاء'' منگوا کر چند ہفتے چند مہینے یہ ادویات لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ طبیعت کے مطابق کمی بیشی کر سکتی ہیں۔ ان شاء اللہ آپ کے مسائل بہت جلد حل ہونا شروع ہوجائیں گے۔ اس کے علاوہ پانچ وقت کی نماز ضرور پڑھیں۔ صبح فجر کی نماز کی ادائیگی کے بعد کھلی فضاء میں چہل قدمی کریں، چہل قدمی گھر کے صحن یا چھت پر بھی باپردہ رہ کر کی جاسکتی ہے۔ جب سورج نکل رہا ہو یعنی اس کی کرنیں ابھی پھوٹنا شروع ہوئی ہوں تو اس کی طرف منہ کر کے لمبا سانس اندر کی طرف کھینچیں اور جتنی دیر آپ برداشت کر سکتی ہیں ہوا کو اپنے اندر روک کر رکھیں اور جب برداشت نہ کر سکیں پورے زور کے ساتھ ہوا کو جسم سے باہر نکالیں اور پھیپھڑوں کو خالی کر لیں۔ ان شاء اللہ اس عمل سے آپ کا جگر تازہ خون بنانا شروع کر دے گا اور اس کا اثر چہرے پر نمایاں نظر آئے گا۔ یہ ٹوٹکہ چند ہفتے چند مہینے مسلسل کریں اور کمال دیکھیں۔

کانٹے کا اندر چبھ کر ٹوٹ جانا: ایک پورے پیاز کو روسٹ کریں حتیٰ کہ اندر سے بھی نرم ہوجائے پھر اس کو گرم گرم متاثرہ حصے پر باندھ دیں۔ چبھ کر ٹوٹا ہوا کانٹا خودبخود دو سے تین روز میں نکل آئے گا اور جسم میں عفونت بھی نہیں ہوگی۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

درس میں ایک بات سنی عمل کیا اور ساری مشکلات ختم

قارئین! حضرت جی! کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روز سنیں آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بہت اکیلی تھی، نہ باپ ہے نہ بہن ہے اور نہ ہی کسی پر اعتبار کرسکتی، بہت پریشان تھی، اپنی زندگی کے بارے میں آپ کو بتانے سے پہلے بہت سوچا کہ خود کو اپنے گناہوں کو آپ کے سامنے بیان نہ کروں بس صرف درس سنوں!!! مگر میرا دل و دماغ پھٹتا ہے، میرا دل چاہتا ہے آپ سے ہر بات شیئر کروں بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ نے میری اصلاح کیلئے آپ کو وسیلہ بنایا ہے اس لیے آپ کو اپنی زندگی کی کہانی بیان کرنے لگی ہوں اور کیا معلوم میری غلطیوں سے کوئی سبق سیکھ لے اور گناہ کے راستے پر چلنے سے باز آجائے۔ میں اپنے ماں باپ کی اکلوتی اولاد ہوں، لاڈلی اور معصوم سی بچی تھی، زمانے کی چالاکیوں کا کچھ پتہ نہیں تھا، نہ ہی دین کی کوئی خبر نہ مطالعہ تھا، بس کبھی دل کیا تو نمازیں شروع کردیں نہیں کیا تو سارا دن گانے، فلمیں، ڈرامے اپنی مستی میں مست۔ جوانی کے اوائل میں ہی ایک رانگ نمبر کے ذریعے بنا دیکھے صرف آواز سن کر محبت کر بیٹھی، بہت اچھا انسان تھا، بہت عزت کرتا تھا، بس یہ پہلا دھوکہ تھا جو والدین کو میں نے دیا۔ سارا دن چھپ چھپ کر اس سے باتیں کرتی، رات کو بستر میں چھپ کر بالکل آہستہ آواز میں ہینڈ فری لگا کر باتیں کرتے۔ اس شخص کے ساتھ پانچ سال میرا تعلق رہا لیکن صرف موبائل فون پر، ان پانچ سالوں میں اس نے مجھ سے کوئی غلط بات نہیں کی ہمیشہ عزت اور محبت کا رشتہ رکھا۔ حتیٰ کہ ان پانچ سالوں میں اس نے مجھے دیکھنے یا ملنے کا تقاضا بھی نہ کیا۔ پھر میرے امی ابو نے میری شادی کا فیصلہ کیا، میں نے اسے بتایا لیکن وہ کچھ بھی نہیں کرسکتا تھا، اس کے مطابق اس کی بہت مجبوریاں ہیں، میں بہت روئی، دعا مانگنی نہیں آتی تھی مگر پھر بھی اسے دعاؤں میں بہت مانگا۔ میں نے پانچ سال ہر دعا میں اس کو مانگا لیکن وہ نہ ملا مگر ان دعاؤں، اللہ کے آگے گڑگڑانے سے مجھے اتنا سکون ملا اور میرے دل میں اتنی طاقت آگئی کہ میں نے اللہ رب العزت کی رضا کے سامنے سر جھکا دیا اور خوشی سے نئی زندگی میں داخل ہوگئی۔ یہاں سے میری زندگی کا اصل امتحان شروع ہوا۔

میرا شوہر شادی کے قابل نہیں تھا لیکن اپنی کمزوری کا سارا الزام وہ میرے اوپر ڈالتا کہ تم خوبصورت نہیں، تم بہت سیدھی اور سادہ ہو، کبھی کبھی انتہائی گھٹیا زبان استعمال کرتا اور کبھی کہتا مجھے کوئی اور پسند ہے اس لیے میں تمہیں بیوی نہیں بنانا چاہتا، پھر وہ دوسرے کمرے میں شفٹ ہوگیا، اس رات میں پھر بہت روئی، ''اے رب کریم یہ میرے ساتھ کیوں ایسا ہورہا؟'' مگر میں نے پھر رب سے معافی مانگی اور میرے دل میں یہ بات آئی کہ ''بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے'' اور میں صبر کے ساتھ رہنے لگی اپنے امی ابو کو کچھ نہ بتایا کہ اس نے کہہ دیا تھا کہ اگر تمہارے گھر والے ہمارے معاملے میں آئے تو میں تمہیں طلاق دے دوں گا۔ میں نے بہت صبر سے اس کے ماں باپ کی خدمت کی، سارے گھر کا کام کرتی، کسی کو کچھ نہ بتاتی، اس کی معذور بہن کو بہت عزت دی، اس کے کپڑے تبدیل کرتی، اس کو کھانا کھلاتی، مگر اس کو ترس نہ آیا پھر شادی کے دس ماہ بعد اس نے مجھ پر چوری کا الزام لگا کر مجھے طلاق دے دی۔ میرے واپس آتے ہی میرے والد محترم اس دنیا سے چلے گئے، والدہ بستر مرگ پر ہیں، بہت تنہا ہوگئی، کچھ عرصہ بعد دوبارہ اسی لڑکے سے رابطہ کیا مگر اس نے مجھ سے بات کرنے سے انکار کردیا۔ زندگی سے سکون چلا گیا، گھر میں تنہا رہتی تھی، گھر میں ہر سہولت موجود ہے ایک دن انٹرنیٹ کی گندی دنیا میں گھسی اور اس دلدل میں ڈوبتی ہی چلی گئی، کچھ عرصہ اس گندگی سے خود کو سکون دینے کی کوشش کی مگر چند دنوں بعد ہی اللہ سے توبہ کی۔ پھر ایک دن انٹرنیٹ پر بیٹھی تو عبقری کی ویب سائٹ پر نظر پڑی، ایسے چیک کررہی تھی کہ اتفاق سے آپ کا درس چل گیا، درس سنا، ہر سوال کا جواب ملا، تنہائی میں اللہ سے باتیں کرنا سیکھیں، اللہ تعالیٰ سے مانگنا سیکھا۔ یقین جانیے! جب سے درس سننا شروع کیے ہیں زندگی بدل گئی ہے۔ آپ کے منہ سے نکلے الفاظ دل و دماغ پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اب ہر وقت اللہ سے دعا کرتی ہوں کہ یااللہ رحم کرم فرمادے، مجھے پریشانیوں سے نکال دے۔ آپ کے درس میں ہی سنا تھا کہ اللہ کریم سے بار بار معافی مانگنے والوں کو وہ بہت پسند کرتا ہے، اس سے بہت حوصلہ ملا، آپ نے درس میں بھنوئیں بنوانے سے منع کیا تھا میں نے بھنوئیں بنوانا چھوڑ دیا۔ دل میں ایک سکون ہے، بے چینی، گھبراہٹ، ٹینشن سب دور ہوگئی، رات کو سکون سے سوتی ہوں، مسنون اعمال پر خود کو لگا دیا ہے، اپنی زندگی کے بارے سوچنا ختم کردیا ہے سب کو اللہ رب العزت کی ذات پر چھوڑ دیا ہے، خود کو پل پل گناہوں سے بچانے کی فکر رہتی ہے۔ الحمدللہ! مکمل شرعی پردہ کرتی ہوں، میری زندگی میں کچھ برائیاں انٹرنیٹ کی غلاظت کی وجہ سے داخل ہوئیں تھی مگر آپ کے دروس اور عبقری میگزین میں آئے اعمال نے میری زندگی سے ان غلاظتوں کو نکال دیا ہے۔ اب میں پرسکون، مطمئن اور پراعتماد ہوں۔ (پوشیدہ)

خواب میں آکر لقمان حکیمؒ نے قبض کا نسخہ بتایا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ چند سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ لوگوں کے مشاہدات و تجربات سے مزین یہ ماہنامہ اب تو میری ضرورت بن چکا ہے۔ آج میں اپنے دو مشاہدات قارئین کی نظر کرتا ہوں۔ میں ہیڈ منگلا میں ملازم تھا، بلڈ پریشر کافی ڈاؤن تھا، مقامی ڈاکٹر سے دوائی لی، چھٹی لی اور اپنے کوارٹر میں آکر لیٹ گیا، ایک کتاب ''طب اکبر'' پڑھنا شروع کی، وہاں لکھا ہوا پایا ہمیشہ حسب برداشت گرم پانی سے استنجا کریں، اس طرح پانچ وقت استنجا کیا، بلڈ پریشر بالکل نارمل ہوگیا۔ **قبض کا نسخہ:** میرے رشتہ دار حکیم حافظ غلام رسول صاحب عموماً ہمارے ہاں آتے جاتے رہتے تھے انہوں نے بتایا میرے ایک دوست کو قبض تھی کافی ادویات دیں، بڑے بڑے حکماء سے بھی ادویات لے کر دیں مگر افاقہ صرف دوائی کھانے کے دوران ہی رہتا جیسے ہی دوائی کھانا چھوڑی حالت پھر ویسی ہی ہوجاتی۔ ایک مرتبہ انہوں نے اپنے مرض کو لے کر استخارہ کیا۔ اسی رات دیکھا کہ ایک بڑا مکان ہے چند لوگ کھڑے ہیں جو دروازہ میں کھڑا تھا اس سے پوچھا قبض کا نسخہ؟ اس نے کہا جو مکان کے اندر بیٹھے ہیں ان سے پوچھو! میں ان کے پاس گیا اور اندر جا کر السلام علیکم کہا اور پوچھا قبض کا نسخہ ملے گا؟ انہوں نے فرمایا: ''دیسی مونگ ایک چھٹانک، دیسی گھی ایک چھٹانک اس کی دال بنائیں، مرچ نہ ڈالیں، رات کو روٹی نہیں کھانی چمچ سے دال ہی کھائیں، تین دن کریں۔'' پھر اس کی آنکھ کھل گئی، اگلے ہی دن اس نسخہ پر عمل شروع کردیا، واقعی صرف تین دن میں اس کی قبض ٹھیک ہوگئی، خواب میں اس کو اشارہ ملا کہ جو کھڑے تھے وہ بقراط اور سقراط تھے اور بیٹھے تھے، وہ حکیم لقمانؒ تھے۔ (غلام محی الدین فاروقی، گجرات)

سچے خواب نے بھائی اور بھابی کی جان بچالی

محمد فاران ارشد بھٹی، خان گڑھ

اللہ تعالیٰ کی شکرگزار ہوئی جس نے اس کو خواب میں مصیبت سے آگاہ کردیا تھا اور پھر اس نے قرآن پاک مکمل پڑھوا کر بچوں میں شیرینی بانٹی تھی اور اللہ تعالیٰ سے رحم اور عافیت کی دعا مانگ لی جس کی وجہ سے اتنی بڑی مصیبت ٹل گئی۔

قارئین! خوابوں کے حوالے سے دنیا میں کئی واقعات مشہور ہیں' پرانے زمانہ کے لوگوں نے اور مشہور انبیاء علیہم السلام نے کئی سچے خواب دیکھے' ہر بندہ کوئی نہ کوئی خواب دیکھتا رہتا ہے' عام لوگوں کے خواب اکثر اوٹ پٹانگ اور جھوٹے ہوتے ہیں لیکن نیک اور پرہیزگار بندوں کے خواب عموماً سچے ہوتے ہیں وہ کسی آنے والے اچھے یا بُرے واقعے کی نشاندہی کرتے ہیں' ایسا ہی ایک سچا خواب ہمارے محلے کی ایک نیک' نمازی' تہجد گزار بچی نے دیکھا۔ وہ ایم اے کی طالبہ ہے' نماز روزے کی سختی سے پابند ہے' مکمل پردہ کرتی ہے' گورنمنٹ سکول میں بطور معلمہ کام کرتی ہے۔ اس نے ایک رات خواب دیکھا کہ بڑے بھائی اور بھابھی کے کمرے سے آگ کے شعلے نکل رہے ہیں' بھائی بھابھی کمرے سے نکل کر پریشان سے کھڑے آگ کو دیکھ رہے ہیں۔ یہ خواب دیکھتے ہی اس کی آنکھ کھل گئی بزرگوں کا فرمان ہے بُرا خواب کسی کو نہ بتاؤ وہ بھی خاموش رہی لیکن دل میں پریشان ضرور ہوئی' سکول میں جاکر اس نے قرآن مجید کا ختم کروایا اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی تو اس کا دل مطمئن ہوا۔ اس خواب کو دو دن گزرے تھے بھائی بھابھی اور ان کے بچے کمرے میں سورہے تھے' لوڈشیڈنگ کی وجہ سے موم بتی جل رہی تھی موم بتی گر پڑی نیچے پلاسٹک کی ٹوکری میں چھوٹی بچی کے کپڑے' فیڈر' گڑیا وغیرہ پڑی تھیں ان چیزوں نے آگ پکڑلی اور تیزی سے پھیلنے لگی۔ ساتھ ہی بچوں کی پلاسٹک کی کرسیاں پڑی تھیں وہ بھی آگ کی لپیٹ میں آگئیں اچھی خاصی چیزیں جل اٹھیں اچانک اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور آگ کی تپش سے بچوں کے والد کی آنکھ کھل گئی دیکھا تو کمرے میں ہر طرف آگ ہی آگ ہے اب وہ آگ بڑھ کر پلنگ کے نیچے تک پہنچ چکی تھی پلنگ کی ایک پٹی کالی سیاہ ہوچکی تھی انہوں نے جلدی سے بیگم کو اٹھایا' بھاگ کر اٹیچ باتھ سے پانی کی بالٹی اٹھالائے' آگ پر ڈالی لیکن آگ اچھی خاصی زور پکڑ چکی تھی' ایک بالٹی نے کچھ بھی اثر نہ کیا' لگاتار پانچ چھ بالٹیاں پانی کی ڈالی گئیں تو پھر آگ مدھم ہوتی گئی اور آخر کار بجھ گئی' انہوں نے گھر والوں کو ڈسٹرب کرنا مناسب نہ سمجھا' صبح تمام گھر والوں کو واقعہ بتایا کہ کیسے آگ لگی؟ اور بروقت آنکھ کھل جانے سے بچاؤ ممکن ہوسکا۔ ورنہ اکثر ایسے حادثات میں دھوئیں کی وجہ سے انسان کا دم پہلے ہی گھٹ جاتا ہے اور وہ اٹھ ہی نہیں پاتا۔ بہن نے اپنے خواب کو سوچ کر اللہ تعالیٰ کی شکرگزار ہوئی جس نے اس کو خواب میں مصیبت سے آگاہ کردیا تھا اور پھر اس نے قرآن پاک مکمل پڑھوا کر بچوں میں شیرینی بانٹی تھی اور اللہ تعالیٰ سے رحم اور عافیت کی دعا مانگ لی جس کی وجہ سے اتنی بڑی مصیبت ٹل گئی۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ ایسی آگ اتنی جلدی نہیں بجھتی مگر یہ آگ اتنی شدت کے باوجود چند بالٹیوں سے مدھم ہوتی ہوتی بجھ گئی۔ بہن نے بے اختیار ہوکر بھائی' بھابھی' بھتیجے اور بھتیجی کو گلے لگالیا اور پھر سب نے شکرانے کے نوافل ادا کیے۔ ابھی اس واقعہ کو ایک ہفتہ ہی گزرا تھا اس نے پھر ایک ہولناک خواب دیکھا وہ ایک ایکسیڈنٹ کا منظر تھا۔ ہر طرف خون ہی خون تھا' انسانوں کی چیخ وپکار تھی' ایمبولینس کے سائرن بج رہے تھے' خواب ہی میں اس کی ایک ایمبولینس میں نظر پڑتی ہے تو اسے اپنی چھوٹی بھابھی نظر آتی ہے پھر اس کی آنکھ کھل گئی وہ پسینے میں شرابور تھی اور دل تیزی سے دھڑک رہا تھا۔ اس نے خود سے کہا: یااللہ! میں نے بہت بُرا خواب دیکھا ہے' تو رحم فرما' تہجد کا وقت تھا' اس نے فوراً اٹھ کر نوافل پڑھے' دعا مانگی: یااللہ رب کریم یہ صرف خواب ہی ہو' اسے اپنا پہلا بُرا خواب بھی یاد تھا کہ وہ کس طرح سچ ہوا تھا' وہ پریشان ہوگئی' صبح بے دلی سے اپنے سکول روانہ ہوئی' وہاں جاتے ہی بچیوں سے کہا وضو کرو اور تمام لڑکیاں سورۂ یٰسین پڑھیں' اور خود بھی پڑھنے بیٹھ گئی' ابھی بامشکل تمام لڑکیوں نے ایک ایک بار ہی سورۂ یٰسین پڑھی تھی کہ اس کے موبائل فون کی بیل بجی' اس کے گھر سے فون تھا کہ سکول جاتے ہوئے وین کو حادثہ پیش آیا ہے اور تمہاری چھوٹی بھابھی کا شدید ایکسیڈنٹ ہوگیا ہے اب ہم اسے ہسپتال لے کر جارہے ہیں۔ وہ روتی ہوئی ہسپتال پہنچی' بھابھی آپریشن تھیٹر میں تھی' حادثہ انتہائی شدید تھا' وین کا ڈرائیور اور بھابھی کے ساتھ فرنٹ سیٹ پر بیٹھی ہوئی دو اور خواتین موقع پر ہی جاں بحق ہوگئیں۔ ان کی قسمت اچھی تھی' شدید ترین چوٹیں تو آئیں لیکن زندگی بچ گئی۔ ہر کوئی حیران تھا کہ یہ بچی کس طرح بچ گئی' بھابھی تین سال تک بستر پر رہی' مگر اب بالکل تندرست ہے۔ یہ بھی سچے خواب کی بدولت بروقت اللہ سے عافیت مانگنے اور سورۂ یٰسین پڑھ کر دعا کرنے کی وجہ سے ممکن ہوا۔ بعد میں اس نے خوابوں کا تذکرہ کیا ختم قرآن اور یٰسین شریف پڑھنے کے متعلق بتایا۔ سب ہی حیرت زدہ رہ

صبر آزما استحکام

مولانا وحیدالدین خاں

قوم کی تعمیر کے معاملہ میں ہم کو چاہیے کہ ہم بیل کی طرح نہ پھیلیں بلکہ درخت کی طرح بڑھنے کی کوشش کریں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنی دنیا میں ہر قسم کی عملی مثالیں قائم کردی ہیں۔ مثلاً اس نے درختوں میں دو قسم کے درخت بنائے' ایک بیل اور دوسرے بڑے بڑے پھل دار درخت۔ بیل مہینوں میں پھیلتی ہے اور پھر مہینوں میں ہی ختم ہوجاتی ہے۔ اس کے برعکس درخت سالوں میں تیار ہوتا ہے اور پھر سالوں اور بعض اوقات صدیوں تک زمین پر قائم رہتا ہے۔ اس طرح دو مختلف قسم کی مثالیں کھڑی کرکے قدرت کی طرف سے ہمیں پیغام دیا جارہا ہے کہ ہم کیا طریقہ اختیار کریں اور کون سا طریقہ اختیار نہ کریں' کون سا کامیابی کا راستہ ہے اور کون سا ناکامی کا راستہ۔ قوم کی تعمیر کے معاملہ میں ہم کو چاہیے کہ ہم بیل کی طرح نہ پھیلیں بلکہ درخت کی طرح بڑھنے کی کوشش کریں۔ بیل کا یہ حال ہوتا ہے کہ وہ آناً فاناً بڑھتی ہے مگر چند ہی مہینوں میں سوکھ کر ختم ہوجاتی ہے۔ ابتدا میں چاہے وہ ایک فرلانگ تک پھیلی ہوئی نظر آئے مگر آخر کار وہ قدموں کے نیچے بھی دکھائی نہیں دیتی۔ اس کے برعکس درخت کا یہ حال ہوتا ہے کہ اگرچہ وہ سالہا سال کے انتظار کے بعد تیار ہوتا ہے مگر اس کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں وہ جتنا اوپر دکھائی دیتا ہے اتنا ہی وہ زمین کے اندر بھی چھپا ہوتا ہے۔ وہ سطح زمین سے گزر کر اس کی گہرائیوں سے اپنے لیے غذا حاصل کرتا ہے کوئی درخت جب ایک بار تیار ہوجاتا ہے تو پھر وہ سو سال تک لوگوں کو اپنا پھل اور اپنا سایہ دیتا رہتا ہے۔ اس سے لوگوں کو صرف فائدہ ملتا ہے کسی اعتبار سے بھی وہ لوگوں کیلئے نقصان کا سبب نہیں بنتا۔ وہ لوگوں کے لیے کسی قسم کا مسئلہ کھڑا نہیں کرتا۔ اسی طرح قوم کی تعمیر میں توسیع سے زیادہ استحکام کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔ استحکام کے بغیر توسیع ایسی ہی ہے جیسے بنیاد کے بغیر مکان کی تعمیر۔ جو معاملہ درخت کا ہے وہی انسانی زندگی کا بھی ہے اگر آپ ٹھوس اور دیرپا تعمیر چاہتے ہیں تو اس کیلئے آپ کو صبر آزما انتظار کے معاملہ سے گزرنا ہوگا اور لمبے عرصہ تک مسلسل محنت کرنا پڑے گی۔ لیکن اگر آپ بچوں کا گھروندا بنانا چاہتے ہیں تو پھر صبح و شام میں ایسا گھروندا بن کر تیار ہوسکتا ہے البتہ ایسی حالت میں آپ کو اس حادثہ کا سامنا کرنے کیلئے بھی تیار رہنا چاہیے کہ جتنی دیر میں آپ کا گھروندا بن کر کھڑا ہوا ہے اس سے بھی کم مدت میں وہ دوبارہ زمین بوس ہوجائے۔

نسرین عالم‘ حویلیاں

ساس‘ بیوی اور شوہر! تینوں کے مسائل کا آزمودہ حل

اگر کوئی مرد شادی سے پہلے گھر میں آتے وقت سلام کرتا تھا (جوکہ اب تقریباً نایاب بات ہے اور اب تو مہمانوں میں بھی ہیلو ہائے ہی ہوتی ہے‘ سلامتی کے فرشتے کہاں اتریں) لیکن شادی کے بعد وہ سلام کرے تو لوگ کہیں گے ''بیوی کو بہت سلامیاں پیش کرتا ہے''

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ و آجلہ عطا فرمائیں اور ہمیں آپ کا فیض اور دیدار نصیب فرمائیں۔ آمین! آج میں نے سوچا کہ میاں بیوی میں محبت کیلئے کچھ لکھوں‘ اللہ تعالیٰ توفیق دیں کہ کچھ لکھ سکوں۔ اس سلسلے میں پہلے اپنے پیارے نبی اللہ کے حبیب حضور نبی کریم ﷺ کی حدیث مبارکہ لکھتی ہوں‘ اللہ تعالیٰ کمی بیشی معاف فرمائیں۔ آپ ﷺ کے ارشاد پاک کا مفہوم ہے کہ ''تم اپنے اہل وعیال کے ساتھ اچھا سلوک کرو اور میں تم میں سے سب سے زیادہ اپنے اہل وعیال کے ساتھ اچھا سلوک کرنے والا ہوں۔'' حدیث قدسی مفہوم: ''اور جب تم اپنے گھروں میں داخل ہو تو اہل وعیال پر سلامتی بھیجو تاکہ وہ تمہارے فرمانبردار ہوجائیں۔'' مفہوم حدیث: ''گھروں میں داخل ہوتے وقت مسکرا کر سلام کرنے والے کے ساتھ شیطان گھر میں داخل نہیں ہوتا۔'' مزید ایک جگہ ارشاد فرمایا: ''عورتوں کے ساتھ نرمی کا معاملہ رکھو کیونکہ وہ تمہاری ہی ٹیڑھی پسلی سے بنائی گئی ہیں اور اگر کوئی غلطی کردیں تو درگزر کرو۔'' اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں ایک جگہ ارشاد فرمایا: ''مرد حاکم ہیں عورتوں پر'' محترم قارئین! گھروں کا بگاڑ عورتوں سے شروع ہوتا ہے مگر اس کا موقع مرد فراہم کرتے ہیں جب ایک مرد جو اپنے کنبے کا سربراہ ہے جس میں ماں‘ بیٹی‘ بہن اور بیوی سے اس کا واسطہ پڑتا ہے وہ سب گھر والوں سے برابری کا نہ سہی حقوق کی بنا پر سلوک کرے تو گھر میں امن قائم رہ سکتا ہے صرف ایک بات پر عمل کرے کہ مرد پر سب سے زیادہ حق اس کی ماں کا ہے اور عورت پر سب سے زیادہ حق اس کے شوہر کا ہے جب وہ ماں کے حقوق پورے کرے گا اور بیوی شوہر کے حقوق پورے کرے گی تو ماں اپنے بیٹے کی شادی کے بعد جس خوف میں مبتلا ہوتی ہے کہ اب میرا بیٹا مجھے چھوڑ جائے گا اس کی خدمت کرنے سے ماں مطمئن ہوجائے گی اور جب بیٹے کی بیوی کو بیٹے کی خدمت کرتے دیکھے گی تو بہو کیلئے دل میں جو بغض وعناد تھا وہ نکل جائے گا اور وہ ان کے معاملات میں دخل کبھی نہ دے گی اور بہو بھی خدمت پر آمادہ ہوجائے گی مگر مرد کو ماں کی طرف جھکاؤ اور بیوی کی طرف لگاؤ رکھنا ہوگا تب ہی محبت کے آثار پیدا ہوں گے۔ ہمارے معاشرے میں قرآن وسنت کی بجائے رسم ورواج کو اہمیت حاصل ہے اگر کوئی مرد شادی سے پہلے گھر میں آتے وقت سلام کرتا تھا (جوکہ اب تقریباً نایاب بات ہے اور اب تو مہمانوں میں بھی ہیلو ہائے ہی ہوتی ہے‘ سلامتی کے فرشتے کہاں اتریں) لیکن شادی کے بعد وہ سلام کرے تو لوگ کہیں گے ''بیوی کو بہت سلامیاں پیش کرتا ہے'' جبکہ گھر میں داخل ہوتے وقت کا سلام شیطان کے منہ پر جوتیاں مارنے کے برابر ہے مگر ابلیس کے کارندوں نے مرد کے دل میں یہ بات راسخ کردی ہے کہ بھئی ذرا اکڑ کر اور اٹھلا کر گھر میں داخل ہونا کہ پتہ چلے کوئی حاکم گھر میں تشریف لایا ہے ادھر ایک چیلہ عورت یعنی بیوی کے دماغ کا کنٹرول سنبھال کر اسے کہتا ہے تو صبح سے اس مرد کی ماں بہنوں اور بچوں کے کام میں جُتی ہوئی ہے کام کرکے ہلکان ہے سب کو اس شوہر کی وجہ سے برداشت کررہی ہے اور وہ ہے کہ منہ پھلائے ہوئے آتا ہے تو تو بھی ذرہ منہ پھلا کر رکھ‘ تھکن چہرے پر پھیلا کر رکھ‘ سر جھاڑ‘ منہ پھاڑ‘ بال بکھیرے اور زبان ذرا تیز رکھ‘ تُو اپنے شوہر کی غلام تھوڑی ہے اور جب شیطان اس منصوبہ میں کامیاب ہوتا ہے تو یہی کارندہ ابلیس کا پسندیدہ کام یعنی میاں بیوی میں پھوٹ ڈالنے کا کارنامہ انجام دینے پر انعام کا مستحق ٹھہرتا ہے تو کیا مرد میں اتنی ہمت اتنی جرأت نہیں کہ وہ شیطان کو زیر کرے وہ یقیناً کرسکتا ہے اور میاں بیوی میں مثالی محبت ہوسکتی ہے اگر وہ اللہ تعالیٰ کا حکم مان لے۔

1۔ مرد اگر بیوی کی تعریف کردے یا کسی کے سامنے اس کی کوئی خوبی بیان کردے تو یہ سب سے نایاب اور کامیاب ٹوٹکہ ہے‘ میاں‘ بیوی میں محبت پیدا کرنے کا۔ 2۔ دن بھر کی مصروفیت کے بعد مرد کچھ وقت خصوصی طور پر بیوی کی دلجوئی میں صرف کرے تو دن بھر کی تھکن اتر سکتی ہے۔ 3۔ گھر تشریف لاتے ہی کچھ مرد صرف اپنے بچوں‘ کچھ اخبار‘ کچھ ٹی وی‘ کچھ موبائل‘ کچھ لیپ ٹاپ‘ کچھ تفریح‘ کچھ دوستوں اور کچھ فیس بک پر مصروف ہوجاتے ہیں۔ بیوی سارے کام پورے کرتی چلی جاتی ہے‘ کیا بچوں کے‘ کیا شوہر کے‘ کمی بیشی‘ خوشی غم میں شرکت‘ جاتے وقت بھی کام پورے کرکے جانا ہے بچوں کے کھانے تک کا انتظام واپس آکر پھر کام میں جت جانا‘ اگر کبھی گھر سے باہر جائے تو گھر کے کاموں میں ذہن لگا رہتا ہے یعنی مسلسل ٹینشن اور ایسے میں جب شوہر نامدار بغیر محبت واپنائیت کے حاکمانہ انداز میں کوئی فرمائش کریں گے تو وہ بیچاری جو اپنا مسئلہ لیے بیٹھی ہے یا کوئی خود کسی تکلیف کا اظہار کرنا چاہ رہی ہے تو اس انداز سے بے رخی سے یا تو جل بھن کر خاموشی سے کام کرے گی اور روئے یا پھر کھری کھری سنائے گی اور سنے گی اور شیطان اپنے وار کی کامیابی پر تالیاں بجاتا رخصت ہوگا۔ یہاں بھی مرد ہی قصوروار ہے وہ سوچے نا کہ میرے بعد میری بیوی کس طرح بکھرے گھر کو سنوارتی ہے‘ گندے بچوں کو صاف کرتی ہے‘ کپڑے دھو کر استری کرکے‘ جوتے پالش کرکے ہر ہر چیز اپنی جگہ رکھتی ہے‘ کھانا پکاتی ہے‘ برتن دھوتی ہے میرے گھر اور بچوں کی محافظ ہے‘ میری غمی‘ خوشی میں ساتھ چلنے والی ہے۔ کیا میں اسے اتنی توجہ بھی نہیں دے سکتا کہ جس سے اس کا مان بڑھے وہ خوشی سے سرشار ہوجائے اور وہ نئے جذبے‘ نئی امنگ سے شوہر کی اور اس سے وابستہ لوگوں کی خدمت کرسکے۔ کیا شوہر گھر کو پرسکون بنانے کیلئے چند بول بیوی کی جھولی میں نہیں ڈال سکتا۔ جس سے وہ خوش ہوجائے اور محبت میں نہال ہوجائے۔ ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ کی گیارہ ازواج مطہرات تھیں ہر ایک سے برابری کا سلوک اور محبت کا معاملہ تھا۔ نبوت کا بوجھ‘ دشمنوں کی یلغار‘ مختلف غزوات مگر کیا ان کی بیویوں نے کبھی شکوہ کیا‘ نہیں بلکہ آپ ﷺ تمام ازواج مطہرات کو برابر وقت‘ برابر محبت سے نوازتے‘ آپ ﷺ کا واسطہ پوری امت سے تھا‘ رابطہ بھی پوری امت سے تھا اور گھر کا ماحول اور اہل وعیال کے ساتھ محبت جس کی مثال نہ آپ ﷺ سے پہلے کوئی تھی‘ نہ آج تک بن سکی۔ ہم بھی اگر سوچ لیں کہ نبی کریم ﷺ کے طریقوں کے مطابق گھر میں داخل ہوں گے‘ باہر جائیں گے سب کے حقوق پورے کرنے کی کوشش کریں گے تو ان شاء اللہ گھر جنت کا گہوارہ بن جائے گا‘ بس تھوڑی دھلائی کی ضرورت ہے جس سے دلوں کے داغ اور دماغ کا میل صاف ہوجائے گا۔ خدارا! مرد حضرات اپنی بیویوں کو جہنم میں جانے سے بچالیں‘ آپ بچاسکتے ہیں اگر نہیں بچائیں گے تو وہ آپ کو بھی ساتھ لے کر ہی جائیں گے۔ مرد اپنی عورتوں کو پیار اور تحفظ دیں اگر وہ انہیں احساس محبت نہیں دیں گے تو وہ بے راہ روی کا شکار ہوں گی‘ بھائی اپنی بہنوں پر جلادوں والی نظر نہ رکھیں بلکہ انہیں پیار اور محبت دیکر اور احساس ذمہ داری دلائیں‘ وہ یقیناً محبت کے بدلے آپ کی عزت کا خیال رکھیں گی۔ ماں کا خیال رکھیں‘ آج سے پہلے وہ آپ کیلئے اپنا سب کچھ قربان کرچکی‘ اب آپ اپنی محبتوں کے سائے اُسے احترام دیں اور گھر میں والدین کو وہ مقام دیں جو ایک گھر میں چھت کو حاصل ہوتا ہے ان کی ہر چیز کا خود خیال کریں جب آپ ایسا کریں گے تو بیوی جان جائے گی کہ اس سے وابستہ لوگوں سے ہی میری بھی عزت ہے اور جب وہ بیوی خدمت کریں وہ خود بخود آپ کا مان بڑھانے اور اپنی شان بڑھانے کیلئے آپ کی والدہ پر توجہ دے گی اور والدہ کی دعائیں پورے گھرانے کو پرسکون کریں گی۔

ہاتھوں میں مرچیں لگ گئیں ذرا ٹھہریئے! اگر آپ کے ہاتھوں میں مرچیں لگ گئی ہیں تو ہاتھ فوراً صابن سے نہ دھوئیں بلکہ تھوڑی دیر نیم گرم پانی میں اپنے ہاتھ بھگولیں تو کچھ دیر بعد ہاتھ کی جلن ختم ہوجائے گی پھر صابن سے ہاتھ دھوئیں۔

مہنگی کریمیں جہاں ساتھ چھوڑ جائیں وہاں یہ ٹوٹکہ آزمائیں!

(لبنیٰ عرفان، ملتان)

کھانے سے پہلے ایک گلاس پانی پینے سے آپ کی جلد تروتازہ اور شفاف رہتی ہے۔ اس کے علاوہ دن بھر میں آٹھ گلاس پانی پینے والے نسخے سے تو سب ہی واقف ہیں تاہم گرین ٹی اور ناریل کا پانی بھی جلد کیلئے مفید ہے۔

ضروری اشیاء ساتھ رکھیں: چہرے کی خوبصورتی اور خوشنمائی کیلئے جلد کا صحت مند اور تروتازہ ہونا ضروری ہے لیکن یہ کوئی بہت مشکل کام نہیں۔ اس کے لئے آپ کو محض چند بنیادی باتوں کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے' ایک اچھا کلینزر' موئسچرائزر اور موثر سن اسکرین' تین ایسی چیزیں ہیں جو آپ کی جلد کی حفاظت کیلئے ضروری ہیں۔ لہٰذا اپنی خوبصورتی کے اس راز کو ہمیشہ اپنے پرس میں رکھیں اور ان چیزوں کو خریدتے وقت اس بات کا اطمینان کرلیں کہ یہ آپ کی جلد کی ساخت کے اعتبار سے موزوں ہوں۔ اس سلسلے میں ایک گُر کی بات جان لیں کہ موئسچرائزر کو چہرے پر تھپتھپانے کے بجائے دائروں کی صورت میں چہرے کی جلد پر اس کا مساج کریں۔ اسی طرح منہ دھوتے ہوئے اور کلینزنگ کرتے ہوئے بھی یہی طریقہ اختیار کریں۔ میک اَپ کیسے تازہ رکھیں؟ آپ جاب کرتی ہوں یا طویل شاپنگ پر جائیں میک اَپ کو تازہ کرنے کی ضرورت لامحالہ پیش آتی ہے' لہٰذا فیشل مسٹ اسپرے اپنے ہینڈ بیگ میں ضرور رکھیں یا کم از کم فیس وائپس ساتھ لے جائیں۔ جن خواتین کو ان چیزوں سے واقفیت نہیں' ان کی معلومات کے لئے بتاتے چلیں کہ فیشل مسٹ ایسا اسپرے ہے جس کی مدد سے آپ محض چند سیکنڈ میں اپنے چہرے اور میک اَپ کو تازگی بخش سکتی ہیں۔ لہٰذا جب محسوس کریں کہ آپ کا چہرہ پھیکا اور تھکا ہوا سا لگ رہا ہے تو فیشل مسٹ اسپرے کرلیں' تازگی کا خوشگوار احساس آپ کے چہرے کی خوبصورتی میں اضافے کا باعث ثابت ہوگا۔ جبکہ فیس وائپس ایسے چھوٹے چھوٹے کاغذی تولئے ہیں جو صابن یا کسی اور کلینزنگ محلول میں بھگو کر تیار کئے جاتے ہیں۔ سو جب آپ کا میک اَپ پگھلنے لگے اور آپ کے پاس چہرہ دھونے کا وقت یا موقع نہ ہو تو ایسے میں فیس وائپس کی مدد سے چہرہ صاف کرسکتی ہیں۔ تاہم ان وائپس کے مقابلے میں فیشل مسٹ بہتر انتخاب ہے۔ گو کہ یہ بازار سے بآسانی مل جاتا ہے لیکن آپ اسے گھر پر بھی تیار کرسکتی ہیں' چونکہ اس کا اہم جز پانی ہے' اس لئے اسپرے کی بوتل میں ڈسٹلڈ واٹر بھریں اور اس میں چند قطریں ایسینشل آئل کے شامل کردیں' آپ کا فیشل مسٹ تیار ہے' ایسینشل آئل میں اپنی پسندیدہ خوشبو منتخب کرسکتی ہیں جیسے کہ گلاب' چنبیلی یا لیونڈر وغیرہ۔ عام طور پر بازار میں ملنے والے فیشل مسٹ میں پانی کے علاوہ سن اسکرین' ایسینشل آئل اور جڑی بوٹیاں وغیرہ شامل ہوتی ہیں لیکن پانی اور ایسینشل آئل سے تیار کردہ اسپرے بھی خاصا مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ **متوازن غذائیں:** اس بات سے تو سب واقف ہیں کہ صحت بخش غذا ہی آپ کی جلد کو صحت مند رکھتی ہے۔ لہٰذا اگر اپنی غذا میں تین چھوٹی سی تبدیلیاں لے آئیں تو دیکھیں گی کہ آپ کی اسکن دمک اٹھی ہے' نمبر ایک چینی سے اجتناب کریں کیونکہ اس کے اثرات جلد پر اچھے نہیں ہوتے اور یہ جھریوں کے علاوہ ایکنی کا سبب بنتی ہے۔ نمبر دو' سرخ رنگ کے پھلوں اور سبزیوں کو اپنی غذا میں شامل رکھیں۔ مثلاً گاجر' ٹماٹر' اسٹرابیری' اور چیری وغیرہ ان میں شامل اینٹی آکسیڈنٹس جلد کی شگفتگی کا باعث ہیں۔ نمبر تین اومیگا تھری پر مشتمل فوڈ سپلیمنٹ استعمال کریں کیونکہ اس میں جلد کو نمی بخشنے اور اسے جھریوں' شکنوں اور کینسر کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔ بادام کھائیں کیونکہ ان میں اومیگا تھری فیٹی ایسڈ پایا جاتا ہے۔ **ورزش کریں:** ورزش کرنے سے کیلوریز ہی نہیں جلتیں' بلکہ پسینے کے اخراج کے باعث جلد کو سانس لینے کا موقع بھی ملتا ہے۔ لہٰذا ہفتے میں کم از کم چار دن ایکسرسائز کریں کیونکہ اچھے دوران خون کا مطلب اجلی اور دمکتی ہوئی جلد ہے۔ ورزش کی عادی نہیں تو ٹینس' اسکواش کھیلیں یا جوگنگ کریں' ورنہ باپردہ چہل قدمی تو ضرور کریں۔ اگر اس پر بھی عمل کرنا ممکن نہیں تو سب سے آسان ترکیب یہ ہے کہ 30 سیکنڈ کیلئے اپنا سر بیڈ کے کنارے لٹکالیں' آپ کا چہرہ پلک جھپکتے دمک اٹھے گا' یہ ترکیب ابھی آزما کر دیکھئے۔ **خوب پانی پئیں:** کھانے سے پہلے ایک گلاس پانی پینے سے آپ کی جلد تروتازہ اور شفاف رہتی ہے۔ اس کے علاوہ دن بھر میں آٹھ گلاس پانی پینے والے نسخے سے تو سب ہی واقف ہیں تاہم گرین ٹی اور ناریل کا پانی بھی جلد کیلئے مفید ہے۔ **بھرپور نیند لیں:** بھرپور نیند جہاں دیگر جسمانی کارکردگی کیلئے اہم ہے وہیں جلد کی تازگی اور شگفتگی کیلئے بھی اتنی ہی ضروری ہے۔ کوئی بھی اچھی سے اچھی کریم وہ خوبصورتی نہیں لاسکتی جو پوری نیند لینے سے آپ کے چہرے پر دکھائی دیتی ہے۔ لہٰذا کم از کم آٹھ گھنٹے ضرور سوئیں۔ **مسکرائیں اور پریشانیوں کو جھٹک دیں:** پریشانیاں اور تفکرات زندگی کا حصہ ہیں' ان سے دور رہنے کیلئے اپنے آپ کو ایسے کاموں میں مصروف رکھیں جن سے آپ کو خوشی ملتی ہو۔ مثلاً اپنا پسندیدہ مشغلہ اپنائیں' کوئی کتاب پڑھیں' کسی دوست سے یا بچوں سے باتیں کریں۔ مسکراہٹ خود بہ خود آپ کے چہرے کا احاطہ کرلے گی اور اس کے ساتھ ہی آپ کی اسکن بھی کھل اٹھے گی!

چہرہ کے کیل اور مہاسے دور کرنے کے نسخہ جات

☆ خشخاش حسب ضرورت لے کر باریک پیس لیں اور صبح سویرے منہ دھونے سے پہلے چہرے پر ملیں' جیسے ابٹن ملا جاتا ہے۔ اسکے بعد منہ پر تازہ لیموں کا چھلکا بھی مل لیا کریں' بعد ازاں منہ دھو ڈالیں۔ چہرے کے کیل' مہاسوں اور داغوں کو دور کرنے کیلئے مجرب ہے۔ ☆ ساتوں دھاتوں کا چھلہ اگر کہیں سے مل جائے یا کسی لوہار سے بنوا کر انگلی میں پہن لیں' اس سے چہرے کے کیل اور مہاسوں کو فائدہ ہوگا۔ ☆ ہلدی' مغز بادام کا چھلکا' آڑو' گندم اور لیموں کا خشک چھلکا ہر ایک بقدر ضرورت سفوف بنا کر ملا کر کسی شیشی میں محفوظ رکھیں' سوتے وقت چہرہ پر ان کا لیپ کریں اور علی الصبح اس کو بطور ابٹن کے مل کر صاف کریں' اسے سے چہرہ کے کیل مہاسے اور داغ دور ہوجائیں گے۔ ان شاء اللہ! ☆ صبح سنلائیٹ صابن سے منہ دھوئیں اور خشک ہونے پر گیہوں کی باریک بھوسی (چھان) جو اچھی طرح چھنی ہوئی ہو۔ قدرے پانی ملا کر منہ پر خوب ملیں اور چھوڑ دیں۔ جب بھوسی خشک ہوکر جھڑ جائے تو منہ کو دھو ڈالیں فائدہ ہوگا۔ ☆ املتاس کے درخت کی چھال' انگور کا گودا' انبہ ہلدی' ناگرموتھ ان چاروں چیزوں کو ہم وزن لے کر پیس کر ابٹن کی مثل منہ پر لگائیں۔ خشک ہونے پر دھو ڈالیں فائدہ ہوگا۔ اگر بہت زیادہ دانے نکلتے ہوں اور تکلیف دیتے ہوں تو فصد کھلوائیں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ ☆ چھوہارے کی گٹھلی لے کر پتھر کی سل پر خوب پیس لیں اور تھوڑا تھوڑا سرکہ انگوری ڈالتے جائیں۔ جب گاڑھی سی لئی بن جائے تو اس کا لیپ چہرے کے کیلوں پر کردیں پورے دو تین گھنٹے رہنے دیں' جب خشک ہوجائے تو پانی میں تھوڑا سا سوڈا حل کرکے اس سے منہ دھو ڈالیں' ایک ہفتہ تک یہ علاج کریں' گوشت کم کھائیں' نیز بادی و گڑ والی اشیاء سے پرہیز کریں۔ صابن استعمال نہ کریں' ان شاء اللہ شفاء یقینی ہے۔ ☆ سیپ کا ایک ٹکڑا لے کر اس میں عرق لیموں نچوڑیں اور چھ سات گھنٹے تک انہیں بھیگا رہنے دیں' سیپ خود بخود پھول جائے گی۔ پھر اس کو انگلی سے خوب ملا کر یکجان کرلیں اور رات کو سوتے وقت اسے مہاسوں پر لگائیں۔ ان شاء اللہ اس سے مہاسوں کو فائدہ ہوگا۔

شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟ (قسط نمبر 6)

اب میرا پارلر کسٹمرز سے بھرا رہتا ہے

کالا جادو' بندش' نظر بد' سفلی عمل اور گھریلو الجھنوں کا ڈسا شیخ الوظائف کی خدمت میں حاضر ہوا بغیر نذرانہ شکرانے کے روحانی علاج ہوا دُکھ کا یہ غم اس کی زبانی سنیئے!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! آپ کو اللہ عزت' ترقی اور خوب صحت دے' آپ کو اللہ اپنے بچوں پر ہمیشہ سلامت رکھے۔ آمین! آج سے چند ماہ پہلے میں اپنے ڈھیروں مسائل لے کر آپ کے پاس حاضر ہوئی تھی' میں زندگی دکھوں اور مصائب سے بھری ہوئی تھی' میں ایک پارلر چلاتی ہوں اور میرے شوہر کا اپنا کاروبار ہے' میں صبح کو پارلر کھولتی اور سارا دن کسٹمر کا انتظار کرتے گزر جاتا اور شام کو خالی ہاتھ گھر واپس چلی جاتی' یہی حال میرے شوہر کا بھی تھا۔ دوسرا سب سے بڑا مسئلہ جو میں لے کر حاضر ہوئی تھی وہ یہ تھا کہ میرے شوہر کا رویہ میرے ساتھ بہت ہی بُرا تھا' میرا بالکل بھی خیال نہیں رکھتے تھے' مجھے عزت نہیں دی تھی۔ جب میں آپ کے کلینک میں موبائل فون پر ٹائم لے کر حاضر ہوئی تو آپ نے انتہائی شفیق انداز میں مجھ سے میرے مسائل پوچھے اور ان کے حل کیلئے چند وظائف دیئے۔ محترم شیخ الوظائف! آپ کے دیئے اعمال اور دعاؤں کی برکت سے میرے بہت سے مسائل حل ہوگئے ہیں بلکہ میں یوں کہوں گی کہ میری تو زندگی ہی بدل گئی ہے' اب میں ہر جگہ پر مکمل حجاب کرتی ہوں' میرا پارلر کا کام بھی بہت ہی اچھا ہوگیا ہے اور سب سے بڑی خوشی کی بات یہ ہے کہ میرے شوہر کا رویہ میرے ساتھ بہت محبت بھرا ہوگیا ہے' اب میرا بہت خیال رکھتے ہیں۔ حضرت! میں ہر وقت آپ اور آپ کی نسلوں کیلئے دعائیں کرتی ہوں۔ میں روزانہ آپ کے دیئے ہوئے اعمال کرتی ہوں' اس کے علاوہ کلمہ کا نصاب پڑھ کر اپنے سب بڑوں اور تمام امت مسلمہ کو ہدیہ کرتی ہوں' روزانہ دس ہزار مرتبہ کلمہ پڑھتی ہوں' دو انمول خزانہ نمبر ایک اکیس دفعہ اور دو انمول خزانہ نمبر دو 313 مرتبہ روزانہ پڑھتی ہوں۔ وضو کی دعا اور نماز میں جو جو آپ نے پڑھنے کو دیا ہے اور ہر نماز کے بعد درود شریف تین مرتبہ' سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ' سورۂ اخلاص تین مرتبہ اور آخر میں پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر نبی کریم ﷺ اور ان کی تمام امت کو ہدیہ کرتی ہوں اور آپ نے یہ وظیفہ مجھے دیا ہے' ہر نماز کے بعد دو نفل پڑھتی ہوں اور روزانہ دو سپارے پڑھتی ہوں' اللہ کا بہت بہت شکر ہے جو کام مشکل ہو اللہ کے یقین اور سورۂ قریش پڑھ کر کرتی ہوں تو وہ کام بہت آسان ہوجاتا ہے۔ میرے پارلر میں ہر وقت آپ کا درس میرے فون پر لگا رہتا ہے اور میرے پارلر میں عبقری کا رسالہ ہر ماہ کا موجود ہوتا ہے جو کوئی کسٹمر آتی ہے وہ بہت غور سے رسالہ پڑھتی ہے اور اپنے مسائل کا حل لے کر جاتی ہے اور میں نے بہت سی خواتین کو دو انمول خزانہ کا وظیفہ دیا ہے اور بہت سی خواتین نے خوش ہو کر بتایا کہ ان کر مشکل آسان ہوتی ہے۔ مجھے بہت خوشی ہوتی ہے کہ جب کوئی بتاتا ہے کہ میرا کام ہوگیا ہے' آپ کے وظیفہ بتانے سے بس اللہ مجھے اور میرے بچوں کو اس راہ پر چلنے کی دعا کریں۔ اللہ ہمیں معاف کردے۔ اللہ آپ کو زندگی صحت عطا کرے۔ (ش،ع۔ پشاور)

شیخ الوظائف کے اعمال' گھریلو مسائل' تنگدستی ختم

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں نے آج سے تین ماہ پہلے آپ کو اپنے گھریلو مسائل اور تنگدستی سے تنگ آ کر خط لکھا تھا' آپ نے مجھے یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہر وقت کھلا 90 دن تک پڑھنے کیلئے کہا اور ساتھ ہی چالیس درس سننے کا فرمایا تھا۔ آج مجھے پورے 90 دن ہوگئے ہیں۔ محترم شیخ الوظائف! میں آپ کو کیا بتاؤں' سو فیصد سچ کہہ رہی ہوں کہ وظیفہ جو آپ نے فرمایا تھا کہ ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں پڑھنا ہے میں اتنی تعداد میں تو نہ پڑھ سکی دن میں جتنا پڑھ سکتی تھی پڑھا لیکن اس وظیفے اور درس نے تو میرے دن رات بدل کر رکھ دیئے ہیں' آج میری عمر 40 سال ہے' مجھے یاد نہیں کہ میں نے زندگی میں کبھی مکمل نماز بھی پڑھی ہوگی' کبھی جو نماز شروع کی تو دو' تین دن پڑھ کر چھوڑ دی' دین کی مکمل سمجھ ہی نہیں تھی' کبھی اللہ رب العزت سے مانگنا ہی نہ آیا۔ وظیفے اور درس کی برکات سے معلوم ہوا کہ زندگی ہے کیا؟ اور اسے کس طرح گزارنا ہے' جب آپ نے فرمایا کہ چالیس درس سنو' یقین کریں نہ میرے پاس موبائل تھا' نہ انٹرنیٹ کی سہولت تھی' کبھی کس کو کہوں کہ مجھے درس ڈاؤن لوڈ کر کے دیں' کبھی کسی کو کہوں کوئی سنتا ہی نہیں تھا' پھر اچانک اللہ نے کرم کیا انٹرنیٹ والا موبائل بھی مل گیا' پہلے اپنے دیور کو کہتی تھی کہ مجھے دو یا چار جی بی کا کارڈ ہدیہ کردو' اس نے نہیں سنا' اللہ تعالیٰ نے مجھے 16 جی بی کا کارڈ مفت موبائل سمیت دے دیا۔ پہلے مجھے درس ڈاؤن لوڈ کرنے کا معلوم نہیں تھا' میری ہمسائی بہت اچھی ہے' ان کے پاس گئی' آدھا گھنٹہ لگا کر بیچاری نے مجھے درس ڈاؤن لوڈ کرنا سکھایا' اب خود کرتی ہوں' ان کے گھر وائی فائی انٹرنیٹ کی سہولت ہے' اپنی چھت پر کھڑی ہو کر ان کی اجازت سے دو سے تین درس ڈاؤن لوڈ کر لیتی ہوں۔ اب عالم یہ ہے کہ روزانہ ایک درس سنتی ہوں' سارے گھر والوں کو اعمال پر لگاتی ہوں' میری ایک دیورانی کی بیٹی ضدی تھی' اس کا خط بھی خود لکھ کر خود پوسٹ کر کے آئی' دوسری کاٹینشن کا مسئلہ تھا' اس کا خط بھی خود شہر جا کر پوسٹ کر کے آئی' آپ کے درس کے ساتھ جڑنے سے میں نے سب کیلئے اچھا سوچا' چونکہ ہمارا تعلق گاؤں سے ہے اور پوسٹ آفس شہر میں ہے یہ سب میں اپنے لیے صدقہ جاریہ کے طور پر کرتی ہوں اور ان شاء اللہ زندگی بھر کرتی رہوں گی۔ اب تک میں نے آپ کو سات خطوط لکھے ہیں۔ اب تو ڈاکیا بھی میرے شوہر صاحب کو کہتا ہے کہ آپ کا لاہور میں کون رہتا ہے کہ آپ کے اتنے خطوط آتے ہیں۔ آپ کو اللہ تعالیٰ صحت دے' میں نے جس جس کیلئے بھی خطوط لکھ کر پوسٹ کیے جوابی خطوط ملے اور ان کے مسائل حل ہونا شروع ہوگئے۔ میں نے وظیفہ کیا اللہ نے رزق بڑھا دیا' میں سلائی کا کام کرتی ہوں' لوگوں کے کپڑے سیتی ہوں میں نے آپ کو اپنے خاوند کیلئے لکھا تھا کہ ان کے کاروبار میں اللہ برکت دے' لیکن چونکہ پڑھا میں نے تھا تو میرے کاروبار میں بھرپور برکت آگئی۔ میں نے ایک ایک ماہ میں تقریباً 10 ہزار تک کما لیے جبکہ میرے شوہر کی روزی میں بھی دن بدن بہتری آتی جارہی ہے۔ دعا کریں اللہ میری دعائیں قبول کرلے اور مجھے اس راستہ پر ثابت قدم رکھے۔ (ایک بیٹی)

15 سال سے میرے سینے میں چھپا ایک راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک راز آپ کو بتاتی ہوں' یہ عمل پانچویں جماعت سے میرا آزمودہ ہے' اس وقت میری عمر 26 سال ہے گویا دس' پندرہ سال سے آزمودہ ہے' جب بھی اللہ تعالیٰ سے کچھ مانگنا ہو' کوئی مصیبت سر پر آن پڑے' کوئی دعا فوری قبول کروانی ہو' میں منت مان کر نفل پڑھ لیتی ہوں اور منت یہ مانتی ہوں:۔ ''میں جو نوافل پڑھنے لگی ہوں ان کا ثواب اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ارواح کو ہدیہ کروں گی''، کبھی بھی' کبھی بھی' کبھی بھی خطا نہیں گیا' میں نے کہیں سے نہیں پڑھا تھا' اللہ تعالیٰ نے بس ایک دن میرے دل میں ڈال دیا' پہلی دفعہ میں نے ستر نفل مان کر دعا مانگی تھی فوری قبول ہوئی' تب سے لے کر اب تک یہی عمل دہرا رہی ہوں' واقعی کمال کی چیز ہے۔ نوٹ: اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کو ثواب ہدیہ کرتے وقت میرے تصور میں نیت دیگر اہل بیت کے علاوہ خاص طور پر حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور واقعہ کربلا کے موقع پر جوان کے ساتھ ہستیاں تھیں' اس عمل میں بہت طاقت ہے۔ (سدرہ نصیر' لاہور)

ہر شخص آپ کا دیوانہ آزمودہ عمل لے لیجئے

محمد نسیم قاسم، کراچی

اگر کسی شخص کے ہاں اولاد نرینہ نہ ہو تو اسے چاہیے کہ چالیس دن تک یَااَوَّلُ 3125 مرتبہ روزانہ پڑھے اور ہر روز سجدے میں سر رکھ کر پڑھائی کے بعد دعا مانگے۔ ان شاء اللہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا

اللہ اول ہے، اس سے اول کچھ نہ تھا بلکہ وہ بذاتِ خود ہی تھا اور نہ اس کا کوئی آغاز ہے کہ کسی کو معلوم ہو کہ وہ کب سے ہے، یاد رکھو کہ جب کچھ نہ تھا تو وہی تھا اس لیے ہر لحاظ سے وہی اول ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کو اس صفاتی نام سے یاد کرنے سے انسان کو اولیت حاصل ہوتی ہے۔ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ اے اللہ کے بندو! اس کے قرب کیلئے اول بنو اور عبادت کرنے میں آخر ہو اور اس کی بارگاہ میں قیام کرنے میں اول رہو تاکہ وہ تمہارے باطن میں توحید کے مشاہدات کو عیاں کردے اور اگر عبادت میں آخر ہو گے وہ آخرت کو تمہارے لیے کردے گا غرضیکہ اسم یَااَوَّلُ سے اللہ کو یاد کرنے سے نیکی میں انسان اول ہو جاتا ہے اور اللہ کی رضا کے کاموں میں سب سے مقدم ہو جاتا ہے اور سب سے بڑی خوبی یہ پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ ہر عبادت کو اول طاقت میں بجا لانے کا عادی ہو جاتا ہے اس کے چند خواص مندرجہ ذیل ہیں۔

خلقت کو اپنے اوپر مہربان کرنا: اسم یَااَوَّلُ اپنے اوپر خلقت کو مہربان بنانے میں بہت اکسیر ہے اور اس میں تسخیر کے اثرات بہت زیادہ ہیں۔ اس لیے جو شخص تسخیر خلق کی نیت سے اسے روزانہ 1111 مرتبہ سورج نکلنے سے پہلے پڑھنے کا معمول بنالے گا اسے لوگ بہت پسند کرنے لگیں گے۔

اولاد نرینہ پیدا ہو: اگر کسی شخص کے ہاں اولاد نرینہ نہ ہو تو اسے چاہیے کہ چالیس دن تک یَااَوَّلُ 3125 مرتبہ روزانہ پڑھے اور ہر روز سجدے میں سر رکھ کر پڑھائی کے بعد دعا مانگے۔ ان شاء اللہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا اور اس کا نام عبدالاول رکھے تو مناسب ہے۔

امیر ہونے کا عمل: جو شخص اسم یَااَوَّلُ کو روزانہ پانچ ہزار مرتبہ پڑھے اور ایک سال تک پڑھتا رہے وہ ان شاء اللہ امیر ہو جائے گا کیونکہ اللہ کو اول کہنے سے حصول دولت میں اولیت ہو جاتی ہے ایسے ہی کوئی غریب آدمی اسے کثرت سے پڑھتا رہے تو اس کے مالی حالات درست ہو جاتے ہیں۔

نماز اور نیکی میں دل لگنا: ایسا شخص جس کا دل نماز پڑھنے کی طرف رغبت نہ کرتا ہو اور دل نیکی طرف جلدی مائل نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ اسم یَااَوَّلُ کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنا شروع کردے۔ ان شاء اللہ اس کے نفس سے سُستی دور ہو جائے گی اور اس کا دل خیر اور بھلائی کی طرف خوب مائل ہوگا۔

ہر حاجت پُوری ہوگی: ہر قسم کی حاجت پوری ہونے کیلئے بھی اسم یَااَوَّلُ بہت مفید ہے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص کسی مقصد میں بارہا کوشش کرنے کے بعد بھی کامیاب نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ جمعرات کو جس وقت چاہے 12500 مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور گیارہ جمعرات تک یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ ہر حاجت پوری ہوگی۔

اللہ کی محبت کا عمل: ابتدائی مریدین یا سالکین اگر مندرجہ ذیل وظیفہ کو بعد نماز فجر 120 دن تک پڑھیں تو ان کے دل سے غیر اللہ کی محبت بالکل ختم ہو جائے گی اور اللہ کی محبت بڑے زور سے داخل ہو جائے گی۔ جس کی بنا پر روحانی منازل طے کرنے میں بہت آسانی ہو جائے گی۔ روزانہ صبح ایک تسبیح پڑھیں۔ ''اِنَّ اللّٰہَ اَوَّلُ الْاٰخِرُ''

اخراجات پر کنٹرول اور رزق میں برکات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ کئی سالوں سے ماہنامہ عبقری بہت شوق اور ذوق سے پڑھ رہا ہوں۔ اس میگزین سے مجھے انتہائی قیمتی وظائف اور آزمودہ نسخہ جات مل جاتے ہیں۔ میں بدنظری کی عادت کا شکار تھا جس کی وجہ سے کافی پریشانی رہتی تھی، جیسے ہی کسی نامحرم عورت پر نظر پڑتی تو نہ چاہتے ہوئے بھی میں اس کو تسلی سے دیکھتا اور جب تک وہ میری نظروں سے اوجھل نہ ہو جاتی میں اسے دیکھتا رہتا۔ اس عادت کی وجہ سے کئی مرتبہ ''شرمندگی'' کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ پھر مجھے عبقری سے یہ عمل ملا کہ یَاقَھَّارُ ناف میں شہادت کی انگلی رکھ کر ایک سانس میں کئی مرتبہ پڑھنے سے بدنظری کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔ جب میں نے یہ عمل آزمایا تو واقعی ہی ایسا ہوا، اب چاہے میرے سامنے سے جتنی بھی نامحرم اور جیسے بھی لباس میں ہوں گزر جاتی ہیں اور میری توجہ ان کی طرف بالکل بھی نہیں جاتی۔ اس کے علاوہ سورۂ کوثر اور برکت والی تھیلی کے عمل سے اخراجات کنٹرول میں ہیں اور رزق میں بہت برکات آرہی ہیں۔ (شہزاد احمد، لاہور)

تین شرائط

محمد ارشاد، پاکپتن

حاتم اصم رحمۃ اللہ علیہ نے ایک شخص کی دعوت تین شرائط کیساتھ قبول فرمائی، اول: میں جس جگہ چاہوں بیٹھوں گا، دوئم: جو چاہوں کھاؤں گا، سوئم: میرے کہنے پر تجھے عمل کرنا ہوگا۔ چنانچہ آپ رحمۃ اللہ علیہ اس کے ہاں پہنچ کر جوتوں میں بیٹھ گئے اور اپنے ہی پاس سے دو روٹیاں نکال کر کھالیں پھر میزبان سے فرمایا کہ ایک گرم توا لے کر آؤ اور جب توا آگیا تو آپ نے جلتے توے پر کھڑے ہو کر فرمایا کہ میں نے صرف دو روٹیاں کھائیں ہیں پھر توے پر سے اتر کر اہل مجلس سے کہا کہ اگر تمہارا یہ عقیدہ ہے کہ قیامت میں ہر شے کا محاسبہ ہوگا تو اس جلتے توے پر کھڑے ہو جاؤ لیکن لوگوں نے عرض کی کہ یہ ہمارے بس کی بات نہیں۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جب تم اس عمل سے اس وقت کا حساب نہیں دے سکتے تو آگ سے بنی ہوئی محشر کی زمین پر کھڑے ہو کر تمام عمر کا حساب کیسے دو گے؟ پھر فرمایا: قیامت کے دن تم سے تمام نعمتوں کی بازپرس ہوگی۔ یہ سنتے ہی مجلس گریہ زاری کرنے لگی۔

میرے حق میں دعائے خیر کرو

حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک روز ہم ایک جگہ پہنچے جہاں شیخ صدرالدین محمد احمد سیوستانی رحمۃ اللہ علیہ رہتے تھے۔ یادِ حق میں ان کا استغراق حد سے زیادہ تھا۔ میں کئی روز ان کی خدمت میں رہا جو کوئی ان کے پاس آتا محروم نہ جاتا، اس کو کوئی چیز لاکر ضرور دیتے اور فرماتے کہ میرے حق میں دعائے خیر کرو کہ اپنا ایمان قبر تک سلامت لے جاؤں۔ جب وہ موت کا حال سنتے تو شدید کانپتے اور روتے اور اتنا روتے کہ ان کی آنکھوں سے پانی کی جگہ خون جاری ہو جاتا، اور یہ گریہ سات سات دن تک بند نہ ہوتا۔ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے عزیز! جس کو موت آنے والی ہو جس کا حریف ملک الموت ہو، اس کو سونے، ہنسنے اور خوش رہنے سے کیا کام! اے عزیز! اگر تمہیں ان لوگوں کا ذرا بھی حال معلوم ہو جو زیر خاک ایسی کوٹھڑی میں سوتے ہیں جس میں بچھو بھرے ہوئے ہوں تو اس کو معلوم کرتے ہی تم اس طرح پگھل جاؤ گے جیسے پانی میں نمک پگھل جاتا ہے۔ ایک وقت میں ایک بزرگ کامل کے ساتھ بصرہ کے قبرستان میں بیٹھا تھا پاس ہی قبر میں ایک مردے کو عذاب ہو رہا تھا بزرگ نے جب یہ حال معلوم کیا تو زور سے نعرہ مار کر زمین پر گر پڑے، میں نے ان کو اٹھانا چاہا تو ان کی روح پرواز کر گئی اور تھوڑی دیر میں ان کا جسم پانی ہو کر بہہ گیا۔ اس دن سے قبر کی بڑی ہیبت طاری ہے۔ اس لیے اے عزیز! دنیا میں اتنے مشغول نہ ہونا کہ حق سے غافل ہو جاؤ۔ (بحوالہ جنت کا منظر)

ہیضہ کبھی نہ ہوگا: پیاز گول ٹکڑوں میں کاٹ کر سرکہ میں بھگو دیں‘ ہیضہ کی وباء کے دنوں میں اس کو کھانے سے ہیضہ نہیں ہوتا۔

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں‘ اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ‘ یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ‘ بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں‘ جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں‘ ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو‘ جنات‘ بندشیں‘ اثرات‘ مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

ثریا جان‘ لاہور۔ شیخ فرقان احمد‘ ملتان۔ رانا طارق‘ ساہیوال۔ محمد فاضل خان‘ پلندری۔ عامرہ جلیل‘ راولپنڈی۔ محمد نواز‘ لاہور۔ نازیہ مغل‘ میانوالی۔ محمد سلیم‘ پنڈی گھیپ۔ محمد ندیم‘ اسلام گڑھ آزاد کشمیر۔ عبدالرشید‘ بھکر۔ عذرا پروین‘ گوجرانوالہ۔ فہمیدہ گل‘ گوجرانوالہ۔ سنبل نوشین‘ لاہور۔ رفعت افتخار‘ لاہور۔ مہوش شہزادی‘ مانسہرہ۔ حمیدہ شفیق‘ گوجرانوالہ۔ عمر اسامہ‘ گوجرانوالہ۔ کارپینٹر صادق حسین‘ شجاع آباد۔ سدرہ اصغر‘ گجرات۔ حافظ محمد مسکین‘ بورے والا‘ کشور سلطانہ‘ راولپنڈی۔ فرخ سعید‘ کراچی۔ ق۔ع‘ صادق آباد۔ نازش‘ سکھر۔ نیلما‘ حیدرآباد۔ حافظ محمد عاطف‘ کراچی۔ محمد موسیٰ‘ کراچی۔ شمائلہ دانش‘ لاہور۔ رفعت شاہین‘ لاہور۔ فائقہ نورین‘ لاہور۔ مہوش‘ کراچی۔ شہاب اکرم‘ اسلام آباد۔ ساجدہ خاتون‘ گوجرانوالہ۔ عبدالحسیب خان‘ گوجرانوالہ۔ طاہرہ‘ راہوالی۔ شکیلہ یونس‘ راولپنڈی۔ ناصر محمود‘ جہلم۔ ضیاء الدین‘ اسلام آباد۔ غلام فاطمہ‘ ننکانہ صاحب۔ عبدالستار‘ بہل۔ غزالہ جبیں‘ پنڈ سلطان۔ آصفہ مقصود‘ اوکاڑہ۔ رابعہ بصری‘ ملتان۔ نصرت پروین‘ کراچی۔ شکیلہ عابد‘ راولپنڈی۔ طارق محمود علوی‘ پپلاں۔ بی بی منیر فاطمہ‘ راولپنڈی۔ فائزہ چوہدری‘ ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ حنا فیصل‘ بہاولپور۔ غلام نبی‘ کراچی۔ محمد ندیم سرور‘ خانیوال۔ روبینہ رشید‘ نارووال۔ بختیار احمد‘ خان پور۔ اللہ دتہ‘ شجاع آباد۔ محمد آصف‘ تاندلیانوالہ۔ معاذ کی ماں۔ عرفان اللہ‘ پشاور۔ حسن رضا‘ فیصل آباد۔ محمد شہباز‘ تاندلیانوالہ۔ حاجرہ عمران‘ ملتان۔ عابدہ رشید‘ لاہور۔ گوہر فاروق‘ گکھڑ منڈی۔ زوجہ محمد اشرف‘ لاہور۔ سراج گل‘ نوشہرہ کلاں۔ انجمن‘ نوشہرہ۔ عارف علی‘ اوکاڑہ۔ عظمیٰ زاہد‘ لاہور۔ فیضان علی‘ سکرنڈ۔ شافیہ شاہد‘ شکرگڑھ۔ راجہ احسان الحق‘ مانسہرہ۔ سعدیہ پروین‘ گوجرہ۔ محمد رمضان‘ کوئٹہ۔ یاسر حمید‘ فیصل آباد۔ صباء خورشید‘ راولاکوٹ۔ سعدیہ ریاض‘ سرگودھا۔ غلام فاطمہ‘ لاہور۔ مریم‘ عائشہ‘ کاشف‘ جاوید‘ سیالکوٹ۔ زینت‘ کراچی۔ ناہید اختر‘ کراچی۔ سید ظفر علی شاہ‘ اسلام آباد۔ فہمیدہ گل‘ گوجرانوالہ۔ رضیہ شبا کنول‘ سکھر۔ آصف محمود‘ چکوال۔ کرامت علی‘ ملتان۔ رضیہ بانو‘ ملتان۔ زرینہ حبیب‘ ملتان۔ شاہدہ قمر‘ میرپور خاص۔ طاہرہ‘ چیچہ وطنی۔ فوزیہ بتول‘ چکوال۔ محمد عبدالرزاق‘ باغ۔ سارہ علی‘ اسلام آباد۔ کنیز ہاجرہ‘ ملتان۔ محمد معراج دین‘ لاہور۔ لیاقت علی ملک‘ ملتان۔ عبدالقادر‘ فیصل آباد۔ محمد راشد‘ چیچہ وطنی۔ ایمن ناز‘ سرائے سدھو۔ فریحہ ناز‘ کوٹ عبدالمالک۔ سعدیہ بتول‘ راولپنڈی۔ حمیدہ پروین‘ کراچی۔ زیب النساء‘ لاہور۔ نسرین‘ لاہور۔ محمد فواد مسعود‘ لاہور۔ محمد اجمل ملک‘ لاہور۔ محمد گلزار شاہین‘ ٹیکسلا۔ سید محمد مبشر‘ فیصل آباد۔ ہما/ملیحہ‘ لاہور۔ ازکیٰ فاطمہ‘ میانوالی۔ طارق محمود‘ چوآسیدن شاہ۔ ماہ رخ‘ مانسہرہ۔ ندا آصف‘ اسلام آباد۔ فائقہ نورین‘ لاہور۔ شوکت علی‘ لاہور۔ منظور علی‘ شیخوپورہ۔ ماریہ وجیہا‘ لاہور۔ کلثوم اختر‘ چوک اعظم۔ ثروت پروین‘ خانیوال۔ حاجی عبدالحمید‘ وہاڑی۔ شبانہ الماس‘ راولپنڈی۔ نعیمہ راولپنڈی۔ حمیرا اختر سعید‘ کراچی۔ سعدیہ محسن‘ راولپنڈی۔ شازیہ سرور‘ راولپنڈی۔ محمد عمران ارشد‘ واہ کینٹ۔ رباب جاوید‘ چکوال۔ شمائلہ جان‘ کوٹلی بالا۔ صائمہ کنول‘ سیالکوٹ۔ صغراں زاہد خان‘ لاہور۔ مشتاق احمد‘ فیصل آباد۔ مسز شازیہ‘ کراچی۔ فرقان طاہر‘ فیصل آباد۔ فاخرہ کوثر‘ سیالکوٹ۔ عاصمہ وسیم‘ ننکانہ صاحب۔ محمد فاروق احمد‘ لیہ۔ نبیلہ عمیر‘ اوکاڑہ۔ انیلہ بی بی‘ جام پور۔ شکیلہ‘ فیصل آباد۔ مدیحہ ناصر‘ رحیم یار خان۔ طاہر شاہ‘ لاہور۔ محمد رشید خان‘ راولپنڈی۔ ثمینہ اشرف‘ لاہور۔ سید وحید احمد شاہ‘ اسلام آباد۔ خالد سعید‘ کراچی۔ ایاز خان‘ ملتان۔ محمد اقبال قریشی‘ میلسی۔ مقبول حسین‘ کوئٹہ۔ الفت نثار‘ کامرہ۔ محمد عرفان‘ ملتان۔ منور‘ چیچہ وطنی۔ زاہد بلوچ‘ منچن آباد۔ مہوش کرن‘ ملتان۔ روشن زادہ خٹک‘ کراچی۔ محمودہ‘ سنجھوڑو۔ اعظم اقبال‘ مینگورہ۔ نعیم اللہ‘ مینگورہ سوات۔ عمر فاروق‘ مانسہرہ۔ محمد عادل بابر‘ لاہور۔ یسریٰ جبیں‘ راولپنڈی۔ ساجدہ بیگم‘ کلرسیداں۔ نورین لیاقت‘ آزاد کشمیر۔ عامر صمد قریشی‘ کراچی۔ محمد ناصر‘ جھنگ صدر۔ نورین گل‘ نوشہرہ۔ خدیجہ بی بی‘ لاہور۔ محمد ہارون صادق‘ لاہور۔ فرخ ناز‘ لاہور۔ مبشرہ پروین‘ لاہور۔ رحمانی خاتون‘ کراچی۔ مجاہد‘ چارسدہ۔ زاہد حسین‘ جہانیاں۔ ماہ نور‘ لاہور۔ غزالہ محشیم‘ کراچی۔ گلناز افزاء‘ گوجرہ۔ مسرت جبیں‘ چکوال۔ عمارہ نسیم‘ ساہیوال۔ محمد مسکین‘ واہ گارڈن۔ راشدہ رانی‘ سرگودھا۔ بشریٰ نذیر‘ کمالیہ۔ ادیب رحمان‘ کراچی۔ سرفراز حیدر‘ منڈی بہاؤالدین۔ شاہدہ نسرین‘ مردان۔ نسرین‘ جہان پور۔ نسیم اختر‘ اٹک۔ محمد رمضان‘ لاہور۔ آسیہ ارشد‘ رحیم یار خان۔ عبدالرحمٰن‘ کوٹ ادو۔ صالحہ‘ قصور۔ صنان علی‘ سرگودھا۔ مریم‘ گوجرانوالہ۔ فیصل‘ گوجرانوالہ۔ مسرت نذیر‘ راولپنڈی۔ عبدالرزاق‘ راہوالی گوجرانوالہ۔ حنا شکیل‘ راولپنڈی۔ ثمینہ ناز‘ کراچی۔ مومنہ‘ گجرات۔ ذوالفقار علی‘ صادق آباد۔ احمد ابراسلیم یوسف‘ واہ کینٹ۔ زاہدہ اکرم‘ ساہیوال۔ شاہد حسین‘ ٹنڈو جان محمد۔ یاسمین‘ ٹنڈو جام۔ شمع فہمیدہ‘ کراچی۔ نسیم اختر‘ کراچی۔ شبانہ جبیں‘ صادق آباد۔ امتیاز منظور‘ سرگودھا۔ محمد حق نواز‘ کندیاں۔ شازیہ‘ گوجرانوالہ۔ محمد سرور‘ راولپنڈی۔ محمد منظور خان‘ دھیرکوٹ۔ مصباح ارشد‘ گجرات۔ محمد رفیق‘ تلہ گنگ۔ امت الروٴف۔ سید محمد عبدالقادر‘ پشاور۔ ارم شہزادی‘ گجرخان۔ عتیق الرحمان‘ راولپنڈی۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں

سورۂ اخلاص کا عمل: دو رکعت نماز نفل پڑھیں اس کی ہر رکعت میں **101** بار سورۂ اخلاص پڑھیں دوران نفل ہاتھ میں تسبیح لے سکتے ہیں لیکن تسبیح صرف نوافل کیلئے ہے فرائض کیلئے نہیں۔ دو نفل پڑھنے کے بعد سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں‘ پھر سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں‘ پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ اسی طرح گیارہ سجدے کرنے ہیں اور ہر سجدے میں گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے اور اٹھ کر بھی گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے۔ اس کے بعد گیارہ دفعہ کوئی سا بھی استغفار پڑھنا ہے اس کے بعد گیارہ دفعہ درود ابراہیمی پڑھنا ہے اور گیارہ منٹ کم از کم انتہائی زاری کے ساتھ اپنے مقصد کیلئے دعا کرنی ہے۔ **یہ عمل چند دن‘ چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔ پھر قدرت ربی کا کرشمہ دیکھیں اور غیب کے خزانے ملیں‘ آپ کے مسائل‘ مشکلات حل اور دلی مرادیں پوری ہوں گی۔**

قسط نمبر 13

جانور اتنا دودھ دے کہ آپ خوشحال ہو جائیں!

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی قیامت تک آنے والی نسلوں کو رنگ دے، آپ کے ساتھیوں، دفتر ماہنامہ عبقری کے کارکن، تسبیح خانہ کے خدام کی نسلوں کو آپ کے تمام مریدین کی نسلوں کو رنگے جن کی بدولت ہم جیسے گنہگار ذکر واذکار پر لگ گئے ہیں۔ آپ کا نیا سلسلہ **''کسان دوست عبقری''** بہت زبردست ہے۔ اس مضمون سے کسان بھائیوں کو اپنے مسائل کا حل مل رہا ہے۔ مجھے کھیتی باڑی، بھینس، بکریاں اور سبزیاں لگانے کا بہت زیادہ شوق ہے اور آپ یقین کریں بارانی علاقے میں سبزیاں لگاتا ہوں، بارش کا پانی اسٹاک کرکے۔ آج میں اپنے عبقری قارئین کو کوئی بھی بیج، سبزی اور درخت لگانے سے پہلے کی احتیاطیں اور وہ طریقہ بتاتا ہوں جس سے مجھے نفع ملا۔ 1۔ میری تمام کسان بھائیوں سے التماس، درخواست اور التجا ہے کہ کھیتوں میں دانہ ڈالتے وقت (رائی کے وقت) باوضو ہوکر دانہ ڈالا کریں اور برکت کھلی آنکھوں سے دیکھیں۔ یہ میرا ذاتی تجربہ ہے۔ 2۔ بجائی کے وقت دانہ کا چھڑکاؤ بھی دیں اور ساتھ ہی سورۂ کوثر پڑھتے رہیں، فصل آپ کی سوچ سے بھی زیادہ اچھی اور زیادہ ہوگی۔ 3۔ ہاتھ جوڑ کر رائی کے وقت ٹریکٹر والے کو میوزک چلانے سے منع کریں۔ آپ یقین کریں آپ کے دانے کے نزدیک کیڑا کبھی نہ آئے گا۔ 4۔ بجائی کے دوسرے یا تیسرے دن اول وآخر درود شریف ایک دفعہ سورۂ رحمٰن ایک دفعہ سورۂ تغابن اور ایک ایک دفعہ چاروں قل پڑھ کر پانی پر دم کرکے وہ پانی کھیت میں سپرے کردیں۔ یہ عمل مجھے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے درس سے ملا۔ 5۔ اپنے کھیت کی ایک جانب پاک صاف جگہ پر جائے نماز بچھا کر دو رکعت نفل پڑھیں، مجھے اس عمل سے بہت فائدہ ہوا، آپ کو بھی ملے گا۔ یہ عمل بھی مجھے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے درس سے ملا۔ 6۔ آخری اور جامع عمل جس سے میری روزی بڑھی اور خوب بڑھی تمام کسانوں بھائیوں کو ہدیہ کررہا ہوں آپ بھی کرکے دیکھیں سو فیصد آپ کا رزق بڑھے گا۔ ان شاء اللہ۔ 7۔ جس جگہ فصل تھریشر کریں یا جمع کریں گھر لے جانے سے پہلے عشر ناپ تول کر علیحدہ کرلیں۔ سال بھر مزہ کریں مجھے برکت ملی آپ کو بھی ملے گی۔ عشر اندازے سے نہیں مکمل ناپ تول کر نکالیں۔ قارئین! ان اعمال سے سو فیصد یقین کے ساتھ کہہ رہا ہوں رزق بڑھتا ہے، فصل انتہائی شاندار ہوتی ہے، کیڑا، سونڈی، فصل کو نقصان پہنچانے والے جانور فصل کے قریب بھی نہیں پھٹکتے۔ آپ بھی یہ اعمال آزمایئے اور ماہنامہ عبقری کے ذریعے اپنے مشاہدات مزید کسانوں بھائیوں تک پہنچایئے۔ **(غلام مصطفیٰ اعوان، مانسہرہ)**

جانوروں میں دودھ کے اضافہ کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت عرصہ سے پڑھ رہی ہوں، مگر جب پہلی مرتبہ میں نے اس میں ''کسان دوست عبقری'' کے بارے میں پڑھا تو میری خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی۔ میرے پاس میرے اپنے نانا جان مرحوم کا ایک آزمودہ عمل ہے۔ میں نے انہیں ہمیشہ یہ عمل کرتے دیکھا اور پھر اس کے فوائد بھی اپنی آنکھوں سے دیکھے۔ عمل یہ ہے:۔ اگر دودھ دینے والے جانوروں کا دودھ اچانک خشک ہوجائے یا کم دیں تو تین روز پاؤ بھر چنے کا آٹا لے کر اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں گیارہ مرتبہ الحمد شریف، گیارہ مرتبہ سورۂ نحل کی آیت 166 پڑھیں اور وہ چنے کا آٹا جانور کو کھلا دیں۔ ان شاء اللہ جانور صحت یاب ہوگا اور خوب دودھ دے گا۔ **(نیہا ادریس، واہ کینٹ)**

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں، فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو، یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

قسط 13

غذائی عدم استحکام

حکیم ضیاء الرحمٰن، ملتان

پیارے قارئین کرام! ہمارے معاشرے میں جو بہت بڑی بڑی تبدیلیاں آئی ہیں اس نے کسی شعبہ زندگی کو متاثر کئے بغیر نہیں چھوڑا۔ آج دنیا میں اپنی ذمہ داریوں سے نبرد آزما ہونے کے لیے ہماری جسمانی قوت مفلوج ہوچکی ہے۔ جذبے سرد اور ماند پڑ چکے ہیں۔ پرانے لوگوں کے ساتھ بلکہ ان کی زندگی میں ہی صحت مند روایات گھر اور معاشرتی سطح پر ختم ہوچکی ہیں۔ رہتے تو ہم ایک ملک، ایک شہر، ایک محلے اور ایک صوبے میں لیکن ہمارا تعلق کسی بھی سطح پر مضبوط نہیں۔ غمی، خوشی، مزاج پرسی اب خواب ہوکر رہ گئے ہیں اور ملنے کی جو خاص جگہیں تھیں وہ گھر کی بیٹھک، ڈیرہ، مسجد کھیلنے کی جگہ میدان تھیں جس تیزی سے یہ ختم ہوئے ہیں تو سمجھ میں نہیں آتا اب ہم دوبارہ کیسے صحت مند معاشرہ بن پائیں گے۔ وہ پتھر اٹھانے کے مقابلے، کبڈی، کشتی، والی بال، فٹ بال، ہاکی، محلے کی سطح پر بچوں کے کھیل جس میں بھرپور بھاگ دوڑ ہوجاتی تھی۔ آج وہ منظر دیکھنے کو نایاب ہے۔ میں اور میرا بھانجا مسجد سے نکل رہے تھے ہمارے بہت پیارے مشفق مہربان بزرگ جو قرآن وحدیث کے استاد بھی ہیں، بہت گرم جوشی سے ملاقات ہوئی، اس کے بعد ہماری آنکھوں میں جھانکتے ہوئے۔ ایک مختصر عربی کی کہاوت سنائی۔ صحت اور ایمان سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔ صاحبو تمہید لمبی ہوگئی۔ اس وقت جو ذہن میں تلاطم ہے، درد ہے اور افسوس ہے وہ یہ کہ ایک مصیبت تو ہے سامنے۔ وہ اجتماعی مسئلہ ہے لیکن اس پر بات چیت نہیں ہوتی کہ قلت غذا اور اس سے پہلے اچھی معیاری غذائیت ہر ایک تک پہنچے اس میں زمیندار، فوڈ فیکٹری، دکاندار اور صارف کو کیا کردار ادا کرنا ہے۔ اس حد تک اگر ہم نہیں آتے تو حقیقتاً ہماری غذائی لٹیا ڈوب چکی ہے۔ پورا پاکستان پھرتا ہوں اور دیکھتا ہوں کہ بے شمار لوگ ہیں جن کو اچھی غذا میسر ہے مگر وہ بیماری اور پرہیز کی وجہ سے کھا نہیں سکتے اور اس کے بعد متوسط اور غریب آدمی کو دیکھتا ہوں جن کو غذائی قلت کا سامنا ہے۔ مہنگائی اپنی جگہ اور چیز کا غیر معیاری ہونا بلکہ مضر ہونا اپنی جگہ حقیقت ہے۔ ایسے میں اچھی صحت کا ہدف حاصل کرنا بہت ہی مشکل ہے اس وقت میرے مشاہدے میں کثرت سے یہ بات آرہی ہے کہ نہایت بااصول مرد وخواتین جن کا کھانا پینا، ورزش سونا، جاگنا، طریقے، سلیقے کا ہے وہ ابھی کولیسٹرول، شوگر، بلڈ پریشر، یورک ایسڈ، تبخیر، تیزابیت میں مبتلا ہورہے ہیں۔ وجہ وہی ناقص غذ۔ ہم دعا کرسکتے ہیں یا اپنے طور پر کچھ کرسکتے ہیں ہمیں ہمیشہ یہ کہتا آیا ہوں کہ گورنمنٹ پر نگاہ نہ رکھیں یہ ہمارا قومی فریضہ ہے، میرا اپنا فریضہ ہے۔ اللہ پاک نے جو مجھے عقل شعور دیا ہے میں اس کو بروئے کار لاؤں۔

وہ فقیر ہو کر مرتا ہے: جو شخص اپنی قسمت کے حصہ پر قناعت (صبر و شکر) کرتا ہے وہ مستغنی (خوش و مطمئن) رہتا ہے اور جو دوسرے کے مال کی طرف نظر اٹھاتا ہے وہ فقیر ہو کر مرتا ہے۔ (امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ)

کنگال کر دینے والے مرض کیلئے آزمودہ سیرپ کا نسخہ

میں ایک ٹیچر ہوں اور کمر درد کے ہاتھوں کلاس میں بلیک بورڈ کے سامنے کھڑی نہیں ہوسکتی تھی‘ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد کلاس میں فرش پر چادر بچھا کر لیٹ جاتی‘ بہت علاج کروائے مگر آرام نہیں آرہا تھا آخر میں اس نسخہ سے اللہ کریم کا شکر ہے بالکل ٹھیک ٹھاک اور آج کئی سال ہوگئے بالکل ”فٹ“ ہوں۔

بیشمار افراد پر آزمایا ہوا تیر بہدف علاج‘ خواتین اور بچے بے حد پریشان ہوتے ہیں جونہی ستمبر ختم ہوا اور اکتوبر آیا‘ نزلہ‘ کھانسی‘ بخار‘ ملیریا‘ چیسٹ انفیکشن‘ نمونیہ‘ بیماریوں کا جن گھر میں گھس آتا ہے۔ اس جن کو بھگاتے بھگاتے لوگ خود بھی کنگال ہوجاتے ہیں‘ جتنی دوائیں لے کر آتے ہیں‘ استعمال کے بعد بھی افاقہ نہیں ہوتا۔ تمام بیماریوں کیلئے ایک سیرپ لکھ رہی ہوں‘ یہ سیرپ آپ کو خود تیار کرنا ہے‘ اگر یہ سیرپ صحت میں پلائیں تو بیماری کبھی بھی حملہ آور نہیں ہوتی۔ **تجربات:** ایک بچے کو چیسٹ انفیکشن تھا‘ ایلوپیتھک دوائیں استعمال کروائیں‘ لیکن مرض بڑھتا ہی گیا‘ یہ سیرپ اس بچے کو پلایا تو چھ ماہ کا جما ہوا بلغم بذریعہ قے نکل گیا‘ ناک بند تھی‘ بڑی خواتین کو چیسٹ انفیکشن تھا‘ خشک کھانسی تھی‘ یہی سیرپ استعمال کروایا سب کو افاقہ ہوا۔ نمونیے والے بچے اس سیرپ کے پینے سے ٹھیک ہوئے۔ جن افراد کو موسم کی تبدیلی سے بخار چڑھتا تھا دو دو گھنٹے کے وقفے سے یہ سیرپ ان کو استعمال کروایا تو بخار یوں خوفزدہ ہو کر بھاگا اور فوراً مریضہ کی جان چھوڑ گیا۔ پھر دوسری مرتبہ بخار نہ ہوا۔ خشک کھانسی چھ خوراکوں کے بعد ٹھیک ہوگئی‘ کسی بھی قسم کی کھانسی ہو‘ اس سیرپ سے ٹھیک ہوجاتی ہے۔ گلے میں انفیکشن ہو فوراً ٹھیک ہوجاتا ہے۔ بچوں کے ٹانسلز ہوں یہی سیرپ پلائیں ٹھیک ہوں گے‘ یہ میری اپنی ریسرچ ہے۔ ہر ماہ دو سے تین نئی چیزوں پر ریسرچ کرتی ہوں۔ حقیقت یہ ہے پہلی ریسرچ جب گیارہ سال کی تھی تب کی‘ ہوا یوں میرے چہرے پر دانے نکلے‘ شفاف چہرے پر دانے بہت بدنما لگے‘ اس وقت میں ایک میگزین پڑھا کرتی تھی اس میں ایک دو نسخے دیتے تھے‘ چہرے کے دانوں کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے‘ میں نے وہ نسخہ لکھا اور والد مرحوم کو دیا انہوں نے حکیم سے نسخہ لا دیا۔ وہ میں نے اسی طریقے سے بنا لیا اور پی لیا یقین جانیے اس ہربل نسخے میں ایسی طاقت تھی میرا چہرہ صرف تین دن میں شفاف ہوگیا۔ پھر کبھی میرے چہرے پر کوئی دانہ نہ نکلا اب تو مجھے اس نسخے کی اشیاء بھی یاد نہیں۔ اگر وہ نسخہ یاد ہوتا تو عبقری کے ذریعہ بے شمار لوگوں کے کام آتا۔ وہ نسخہ بنانا تھا کہ مجھے ہربل پر ریسرچ کا شوق پیدا ہوگیا اور ہربل ادویات اتنی مؤثر ہیں کہ کبھی بھی انجکشن اور آپریشن کی ضرورت نہیں ہوتی گو کہ اس کی تیاری محنت طلب ہے لیکن افراد کبھی بیمار نہیں ہوتے۔ صحت مندی میں بچے اور بڑے ہربل ادویات استعمال کرلیں تو کبھی بیماری نہیں آتی۔

سیرپ بنانے کا نسخہ لکھ رہی ہوں: ھوالشافی: گڑ ایک پاؤ‘ ادرک آدھ پاؤ‘ دیسی گھی ایک چھٹانک‘ پانی ایک پاؤ۔ **طریقہ تیاری:** پانی میں ادرک کو پکا لیں (ادرک کاٹ کر ڈالیں) اس کا جوس نکل آئے گا لیکن اس کو دھیمی آنچ پر پکائیں گے۔ پانی آدھا رہ جائے تو ادرک نکال دیں اسی پانی میں اور پانی ملائیں۔ یہ پانی ایک پاؤ ہو اس میں گڑ کا چورا بنا کر ڈالیں اور دھیمی آنچ میں پر چولہے پر پکنے رکھ دیں جب تار بندھ جائے تو سیرپ کے پتیلے کو چولہے سے نیچے اتار لیں۔ اب دوسرے برتن میں دیسی گھی کو کڑکڑا لیں۔ اب گڑ والے سیرپ میں شامل کرلیں۔ بڑے افراد کو دو کھانے والے چمچ اور بچوں کو ایک چمچ۔ بچے کی پیدائش کے بعد بچے کی والدہ کو ایک ہفتے یہ سیرپ پلائیں تو اندر کی بہت اچھی صفائی ہوگی۔ بچہ والدہ کا دودھ پیتا ہے تو اس کو ٹھنڈ نہیں لگے گی۔ نمونیہ نہیں ہوگا۔ اگر اسی سیرپ میں چار چیزوں کا اضافہ کرلیں تو فائدہ سو گنا بڑھ جائے گا۔ پانی آدھ کلو لے لیں‘ بڑی الائچی تین عدد‘ دارچینی کا ٹکڑا ایک عدد‘ لونگ سات عدد‘ کالی مرچ سات عدد‘ سفید الائچی پانچ عدد‘ ادرک ایک چھٹانک تمام اشیاء کو آدھ کلو پانی میں ڈال دیں۔ پتیلہ چولہے پر رکھ دیں‘ دھیمی آنچ پر پکتا رہے دو حصے پانی بچ جائے اس کو گڑ والے سیرپ میں شامل کرلیں۔ عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔ ہر فرد استعمال کرسکتا ہے۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔ **قے کا تیر بہدف علاج:** بچوں یا بڑوں کو قے ہو تو پودینے کے نو پتے لیں اگر خشک ہے تو ایک چمچی لیں‘ چائے کی پتی ایک چٹکی دارچینی کا ایک ٹکڑا چینی حسب ذائقہ‘ پانی ایک گلاس لیں‘ کلونجی ایک چٹکی‘ سمیت تمام اشیاء ڈال کر پکالیں۔ تین منٹ پکائیں‘ ہلکی آنچ ہو تو پانچ منٹ تک پکائیں‘ پتیلے کو چولہے سے اتار لیں۔ ٹھنڈا کر کے جس کو قے ہو پلا دیں۔ وقفے وقفے سے آدھی پیالی دیں قے ٹھیک ہوجائے تو پھر نہ پلائیں۔ اس نسخے کو آزماتے ہوئے سالہا سال بیت گئے ہیں‘ آپ بھی ہمیشہ استعمال کریں۔ (ذکیہ اقتدار راؤ‘ بہاولنگر)

خواتین کی کمر درد کا مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ ہر ماہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور ایک ماہ میں نا معلوم کتنی مرتبہ ایک ہی شمارہ پڑھتی ہوں اور ہر بار ایسا لگتا ہے جیسے پہلی مرتبہ ہی پڑھ رہی ہوں۔ میں قارئین عبقری کیلئے کمر درد کا اپنا آزمودہ نسخہ بھیج رہی ہوں‘ یہ میرا بہت زیادہ آزمودہ ہے‘ میں اسے دو مرتبہ بنا کر استعمال کرچکی ہوں‘ میری کمر میں بہت شدید درد رہتا تھا‘ میں ڈاکٹری ادویات کھا کھا کر تھک چکی تھی کہ اچانک ایک جگہ سے مجھے درج ذیل یہ نسخہ ملا‘ یہ نسخہ ایک کتاب میں لکھا ہوا تھا مجھے اس کتاب کا نام یاد نہیں ہے‘ دو دفعہ بنا کر آزمایا بہت فائدہ ہوا‘ میں ایک ٹیچر ہوں اور کمر درد کے ہاتھوں کلاس میں بلیک بورڈ کے سامنے کھڑی نہیں ہوسکتی تھی‘ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد کلاس میں فرش پر چادر بچھا کر لیٹ جاتی‘ بہت علاج کروائے مگر آرام نہیں آرہا تھا آخر میں اس نسخہ سے اللہ کریم کا شکر ہے بالکل ٹھیک ٹھاک اور آج کئی سال ہوگئے بالکل ”فٹ“ ہوں۔ نسخہ درج ذیل ہے:۔ ھوالشافی: نمبر 1۔ دیسی مرغی کے انڈے (یاد رہے کہ عموماً دکانوں سے لیے ہوئے دیسی مرغی کے انڈے دیسی نہیں ہوتے‘ اپنی نگرانی میں دیہاتی مرغی کے دیسی انڈے لیے جائیں) 24 عدد‘ 2۔ کالے چنے بھنے ہوئے 250 گرام‘ 3۔ الائچی چھوٹی سبز 10 گرام‘ 4۔ میٹھے باداموں کی گریاں 250 گرام‘ 5۔ پستہ 100 گرام‘ 6۔ چاروں مغز 100 گرام‘ 7۔ چینی ایک کلو اگر دیسی شکر ہوجائے تو اس سے بہتر ہے۔ 8۔ گوند پھلائی 250 گرام۔ 9۔ کمرکس 250 گرام۔ 10۔ دودھ کا کھویا 500 گرام‘ 11۔ دیسی گھی ایک کلو۔ بنانے کا طریقہ: نمبر دو تا نمبر آٹھ اشیاء کو خوب باریک پیس لیں اب ایک بڑے برتن میں انڈے توڑ کر خوب اچھی طرح پھینٹ لیں پھر نمبر دو تا نمبر آٹھ کا سفوف انڈوں میں ڈال کر اچھی طرح پھینٹیں۔ گوند پھلائی اور کمرکس کو علیحدہ پیس لیں۔ اب کسی بڑے برتن میں گھی کو آگ پر رکھیں۔ گھی جب سرخ ہو تو گوند پھلائی اور کمرکس کو ڈال دیں جب کمرکس اور گوند پھلائی کا رنگ سرخ ہو تو انڈوں والا مکسچر ڈال کر چمچ سے ہلاتے رہیں جب گھی علیحدہ ہونا شروع ہوجائے اور ہر چیز ریزہ ریزہ ہو کر علیحدہ نظر آنے لگے تو دودھ کا کھویا ٹکڑے ٹکڑے کر کے ڈال دیں اور اس کھوئے کو حلوے میں حل کریں حتیٰ کہ اتنا حل کریں کہ کھوئے کی سفیدی ختم ہوجائے اور اس کے اندر کی نمی گھی میں جذب ہو کر کھویا بھی حلوے کی شکل اختیار کرلے۔ تب اتار لیں‘ حلوہ تیار ہے۔ ٹھنڈا کر کے صرف اور صرف شیشے کے مرتبانوں میں چاہے بڑے ہوں یا چھوٹے ڈال کر محفوظ رکھیں صرف ناشتے کے وقت ایک چمچ بڑا کھانے والا گرم قہوہ یا دودھ پتی سے کھالیں‘ ان شاء اللہ کمر درد کو تو بھول ہی جائیں اور بھولی ہوئی باتیں بھی (باقی صفحہ نمبر 24 پر)

قسط نمبر 3

لاعلاج خوفناک بیماریوں کا اکیلا علاج

ھوالشافی: کلونجی پچاس گرام‘ چھلکا اسپغول پچاس گرام‘ شہد سو گرام‘ کلونجی پیس کر چھلکا اور پاؤڈر کلونجی شہد میں ملائیں‘ کسی ڈبے میں محفوظ رکھیں‘ ایک چمچ ناشتے اور ہر کھانے کے بعد چاہیں تو نہار منہ بھی لے سکتے ہیں۔

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں‘ آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

آج کل تمام لوگ دماغی‘ جسمانی اور خاص طور پر یادداشت کے معاملے میں بہت متاثر ہیں جوکہ پریشان کن ہے‘ پہلے بڑے بوڑھوں کی یادداشت ایسی زبردست تھی کہ اسی اسی اور سوسو سال پرانے واقعات ہرگز نہیں بھولتے تھے اب تو صبح کا کھایا شام کو بھول جاتے ہیں‘ سائنسی دنیا نے سارے آلات دے دیئے‘ لیکن یادداشت ہم سے چھین لی ہے‘ پہلے لوگ انگلیوں پر ہی بیٹھے بیٹھے ایک پل میں ہزاروں لاکھوں کا حساب کرلیتے تھے اب کمپیوٹر اور کیلکولیٹر پر بھی وہ حساب نہیں کرسکتے جو وہ ایک پل میں انگلیوں پر کرلیتے تھے۔ وہ آج کرنا ناممکن ہے! اس کی بنیادی وجہ دو چیزیں تھیں ایک سادہ غذائیں اور دوسرا جڑی بوٹیوں کا علاج۔ سادہ غذاؤں کی کہانی تو یوں ختم ہوئی کہ نان کی دکان اور پکی پکائی روٹی کی دکان پر لائنیں لگنا شروع ہوگئیں اور روٹی بھی وہ جو میدے کی ہے جس آٹے میں سوجی‘ چھان بورا‘ میدہ اور دوسری چیزیں نکال لی جاتی ہیں وہ پھر پھوک ہوتا ہے اس میں طاقت‘ غذائیت‘ انرجی اور جسم کیلئے بھرپور مواد نہیں ہوتا۔ جسم کھوکھلے سے کھوکھلا ہوتا جارہا مزاج بدل رہے‘ طبیعتیں ٹوٹ رہی‘ اعصاب تھک جاتے ہیں۔ مجھے ایک شخص کہنے لگا: آج کے مزدور ہڈحرام اور بدنیت ہوگئے ہیں‘ میں نے کہا یہ بات بھی ٹھیک ہے لیکن مزدور کے اندر وہ طاقت اور قوت ہی نہیں رہی‘ پہلے صرف گندم کی روٹی کھاتے تھے اور خالص گندم ہوتی تھی‘ ساتھ پیاز‘ اچار یا تھوڑا سا گڑ ہوتا تھا یا پھر سادہ سی لسی ہوتی تھی اور جسم صحت مند اور طاقت ور ہوتے تھے‘ آج پراٹھے بھی ہیں‘ نان بہترین‘ روغنی روٹیاں لیکن وہ گندم نہیں جس گندم کے اندر سب کچھ موجود ہے‘ پہلے کام کرنے کے بعد جسم کو سادہ روٹی اور لسی دی جاتی تھی یا کوئی مالدار آدمی ہوتا تو وہ مکھن اور لسی سے روٹی کھاتا اس سے زیادہ مالدار ہوتا تو مکھن پر شہد ڈال کر روٹی کھاتا اب تو سارا کچھ ہی چلا گیا اور جسم میں غذائیت جو جسم کو ملتی تھی وہ ختم ہوچکی ہے یہی وجہ ہے کہ جسم کو مختلف بیماریاں ایک پل میں چھولیتی ہیں اور مختلف تکالیف ایک پل میں اس پر اثرانداز ہوتی ہیں۔

ہسپتال بڑھ رہے‘ معالج بڑھ رہے‘ میڈیکل سٹور مارکیٹیں بن گئیں‘ لیکن مریض بھی بڑھ رہے اور بیماریاں بھی بڑھ رہی‘ اس کی بنیادی وجہ دو چیزیں ہیں ایک دیسی غذائیں اور دوسرا جڑی بوٹیوں کا سادہ علاج چھوڑ دینا ہے۔ قارئین! اگر آپ صحت مند رہنا چاہتے ہیں اور سوفیصد صحت کو آواز دینا چاہتے ہیں تو پھر سب سے زیادہ اپنی غذاؤں پر نظر رکھیں اور غذاؤں میں بیکری کی چیزیں‘ میدے کی چیزیں اور مصنوعی فاسٹ فوڈز برگر‘ براسٹ‘ ولائتی انڈا‘ جھاگ دار بوتلوں والے مشروبات یہ سب اپنی نسلوں سے ختم کرائیں۔ سادہ غذاؤں پر آئیں بہترین زندگی گزاریں اور دوسرا اپنی طبیعتوں میں جڑی بوٹیوں کے علاج کی طرف مائل ہوں‘ موجودہ نسخہ کلونجی‘ چھلکا اسپغول اور شہد۔ ایسا باکمال ہے جس کا دماغ‘ نظر اور یادداشت پر حیرت انگیز رزلٹ ملتا ہے اور حیرت انگیز اس کے نتائج سامنے آئے ہیں کیونکہ جتنے مریض‘ اتنے تجربات‘ جتنے خطوط اتنے تجربات‘ جتنی ملاقاتیں اتنے تجربات میرے پاس خط بھی بے شمار‘ ملاقاتیں بھی بے شمار‘ ابھی میرا جانا کاغان میں ہوا‘ میں نے وہاں 2 دنوں میں 14 سو سے زیادہ مریض دیکھے‘ ہر مریض نے اپنے غم کی کہانی اور ہسٹری سنائی‘ اسی طرح روزانہ میرے پاس لاہور میں سو سے زیادہ مریض دیکھنے کو ملتے ہیں‘ میری زندگی دکھیارے لوگوں کے ساتھ گزرتے گزرتے بہت کچھ تجربات پارہی ہے۔ یہ نسخہ جب بھی میں نے کسی کو استعمال کروایا اس کی صحت اس کی تندرستی اور خاص طور پر تین چیزوں میں نظر کے بڑھنے میں‘ عینک کے اترنے میں‘ یادداشت اور میموری کے بہت وسیع ہونے میں اور حتیٰ کہ پچھلی بھولی ہوئی باتوں کا میں نے اس میں بہت تجربہ کیا ہے کہ پرانی ہوئی بھولی ہوئی باتیں بھی یاد آنا شروع ہوجاتی ہیں۔ جس کو دماغ کا کیرا ہو‘ نزلہ ہو‘ زکام ہو اور اس کا دماغ کھوکھلا ہورہا ہو یہ نزلہ دائمی ہو اور زکام دائمی ہو اس کا جسم کمزور ہورہا ہو وہ یہ دوائی خود بھی استعمال کرے اور اپنے بچوں کو بھی استعمال کروائے‘ جو اپنے بچوں کا حافظہ اور ان کی صحت مضبوط کرنا چاہتے ہیں اور ان کی طبیعت میں فٹنس دینا اور پانا چاہتے ہیں ان بچوں کیلئے بھی یہ بہت صحت مند اور حیرت انگیز ٹانک ہے۔ میں نے یادداشت گئے ہوئے کتنے مریضوں کو یہ ٹانک استعمال کروایا اور کتنے لوگ ایسے تھے جن کی یادداشت زندگی بھر کیلئے ختم ہوچکی تھی۔ میرے پاس ایسے ایسے لوگ آئے جو اپنا نام تک بھول چکے تھے اپنے گھر والے بیوی بچوں کے نام اور پہچان سے انکاری تھے۔ میں نے انہیں یہی دوائی مسلسل استعمال کرنے کا مشورہ دیا اور انہیں بہت صحت ملی۔ نظریں صحت یاب ہوئیں جسم تندرست ہوئے اور بہت طاقت اور قوت ملی۔ ان کے اعصاب مضبوط ہوئے‘ کند ذہن بچے جو ہر سال پڑھائی میں پیچھے رہ جاتے تھے حتیٰ کہ جن کے بارے میں سکول اور کالج والے بھی ہاتھ اٹھالیتے تھے اور ان کے بارے میں ان کے اساتذہ اور ٹیوٹر اور والدین بھی مایوس ہوچکے تھے میں نے ان لوگوں کو یہ معجون استعمال کرانے کا مشورہ دیا‘ جس نے بھی کچھ عرصہ لگاتار استعمال کی‘ اس نے صحت اور تندرستی بہت کمال درجے کی پائی اور اس کے جسم میں خاص طور پر دماغ اعصاب یادداشت نظر میں بہت فائدہ ہوا یہ دراصل ایک دیسی ٹانک ہے جس میں دو ادویات ایسی ہیں جن کا تعلق قرآن وحدیث سے ہے شہد کا حکم قرآن سے اور کلونجی کا حکم حدیث سے ہے اور اسپغول کا چھلکا ہماری قدرت کی ہزاروں سال پرانی جڑی بوٹیوں کا حصہ ہے۔ آیئے! ان دیسی ادویات کے ذریعے اور ان صحت مند دواؤں کے ذریعے اپنی صحت کو برقرار رکھیں۔ ان قدرتی چیزوں کے ذریعے جن کے اندر صحت تندرستی کے بھرپور راز ہیں جن کے اندر طاقت اور قوت کے بھرپور خزانے ہیں۔

احمد پور شرقیہ کے حادثہ کی تعزیت

احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور میں 29 رمضان المبارک کی صبح ایک اندوہناک واقعہ پیش آیا‘ ایک آئل ٹینکر پھٹا جس کی وجہ سے مقامی آبادی کے سینکڑوں افراد زندہ جل گئے‘ جس میں بچے‘ بوڑھے‘ خواتین اور جوان سب شامل تھے۔ گھروں کے گھر اجڑ گئے‘ چونکہ احمد پور شرقیہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا آبائی شہر ہے اور یہ واقعہ جس جگہ پیش آیا وہ دراصل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی ’’عبقری حویلی‘‘ کے بالکل قریب تھا۔ پاکستان سمیت پوری دنیا سے بے شمار افراد نے اس حادثہ کی وجہ سے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے انتہائی افسوس کا اظہار کیا۔ احمد پور شرقیہ ہزاروں سال پرانا قدیمی شہر ہے لیکن اتنا بڑا حادثہ شاید ہی احمد پور شرقیہ کی تاریخ میں اس سے پہلے پیش آیا ہو۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم تمام تعزیت کرنے والوں کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ اور مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کی اپیل کرتے ہیں۔ آپ نے تسبیح خانہ میں بھی کئی بار مرحومین کیلئے دعائے مغفرت کروائی۔

(بقیہ: کنگال کردینے والے مرض کیلئے آزمودہ سیرپ کا نسخہ)

یاد آجائیں گی جو پڑھا وہ بھی نہیں بھولے گا اور دماغ کو کمپیوٹر کردے گا۔ قارئین! مئی 2013ء میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا طبی آرٹیکل ’’دماغ کو کمپیوٹر اور جسم کو لوہا بنانے کا انوکھا راز‘‘ چھپ چکا ہے۔ وہ نسخہ درج بالا نسخہ کے مطابق ہی ہے بس اس میں ’’کمرکس‘‘ کا اضافہ ہے۔ آپ چاہیں تو کمر درد کیلئے وہی ’’کمپیوٹر حلوہ‘‘ نسخہ استعمال کرسکتے ہیں چاہیں تو درج بالا بنا سکتے ہیں۔ (توشیا عروج‘ اٹک)

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج

جوابی لفافہ ضرور بھیجیں، مکمل پتہ لکھا ہوا۔ جواب میں جلدی نہ کریں۔

نفرت محبت میں بدل گئی!: میری عمر 16 سال ہے میٹرک کا طالب علم ہوں اور پشاور کا رہنے والا ہوں میں پچھلے پانچ سال سے شدید مسائل کا شکار ہوں میں جس لڑکی سے محبت کرتا ہوں پہلے اس سے نفرت کرتا تھا پھر یہ نفرت اچانک محبت میں بدل گئی آخر ایک دن میں نے اسے ایک محبت بھری ای میل کی‘ اس نے دو دن بعد مجھے جواب دیا کہ میں محبت نہیں کرسکتی البتہ دوستی کرسکتی ہوں۔ اس طرح میری اور اسکی دوستی شروع ہوگئی ہم لوگ ہر وقت موبائل فون‘ فیس بک اور سکائپ وغیرہ پر ایک دوسرے سے باتیں کرتے تھے وہ مجھے تحفے دیتی‘ میں بھی اسے تحفے دیتا مگر افسوس ہماری یہ دوستی کچھ عرصہ ہی چل سکی‘ ناراضگی کی وجہ یہ ہوئی کہ میں نے اسے کہہ دیا کہ میں تم سے پیار کرتا ہوں جس پر اس نے مجھ کو برا بھلا کہا اور دو دن بعد میرے گھر آکر پھر میری باز پرس کی کہ جب میں نے تمہیں کہا تھا کہ میں ”محبت“ نہیں کرسکتی تو پھر آخر تم نے یہ گھٹیا حرکت کیوں کی؟ میں نے اس سے کئی بار معافی مانگی مگر اس نے معاف نہ کیا میرا مسئلہ ضرور حل کیجئے ورنہ میں خودکشی کرلوں گا۔ میں پہلے بھی اس لڑکی کی وجہ سے دو بار خودکشی کی ناکام کوشش کرچکا ہوں (ل۔پ)

جواب: جناب! آپ نے اپنی عمر 16 سال لکھی ہے اور پانچ سال سے آپ عشق میں مبتلا ہیں‘ گیارہ سال کی عمر تو کھلنڈرے پن کی ہوتی ہے‘ کھیل کود اور بچپن کی معصوم حرکتیں اس کے سوا اس عمر میں اور کچھ نہیں سوجھتا مگر آپ میدان عشق کے شہسوار بن گئے‘ یہ تو اچھی علامت نہیں بہرحال آپ کیلئے ہمارا صرف یہ مشورہ ہے کہ لڑکیوں کا چکر چھوڑیئے اور زندگی کو ڈھنگ سے گزارنے کیلئے خود کو سنبھالئے‘ خودکشی کو کھیل مت سمجھئے کہ بار بار خودکشی کرنے پر آمادہ ہوجاتے ہیں‘ کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی دن سچ مچ ہی جان سے جائیں‘ آپ کو شاید یہ علم نہیں کہ ایسی حرام موت مرنے والے دین کے رہتے ہیں نہ دنیا کے۔ لڑکی نے قطع تعلق کرلیا ٹھیک کیا‘ ورنہ عین ممکن تھا کہ کسی دن آپ کے موبائل فون اور دوستی کی خبر اس کے گھر والوں کو ہوجاتی تو یقیناً اس کی شامت آجاتی اور آپ کو خواری الگ ہوتی۔

نشہ کرنے لگا ہوں: میری عمر 20 سال ہے اور میرا تعلق ایک ہندو گھرانے سے ہے جس لڑکی سے محبت کرتا ہوں وہ بھی ہندو ہے مگر مسئلہ یہ آن پڑا ہے کہ میرا بھتیجا جو مجھ سے دو سال چھوٹا ہے وہ اس لڑکی کی چھوٹی بہن سے محبت کرتا ہے‘ ہمارے ہندو مذہب میں دو بھائیوں کی شادی ایک گھر میں تو ہوسکتی ہے مگر چچا بھتیجے کی شادی دو سگی بہنوں سے نہیں ہوسکتی اس وجہ سے میں بہت پریشان رہتا ہوں اسی پریشانی کو دور کرنے کیلئے نشہ بھی کرنے لگا ہوں۔ (راجندر پرکاش۔ حیدرآباد)

جواب: آپ کے مذہبی مسئلے کے بارے میں بھلا ہم کیا رائے دے سکتے ہیں سوائے اس کے کہ آپ اپنے بھتیجے کو سمجھایئے کہ آپ اپنی محبت سے ہرگز دستبردار نہیں ہوسکتے اس لئے وہ خود اس راستے سے ہٹ جائے‘ اگر وہ اپنی ضد پر اڑا رہتا ہے تو پھر مجبوری ہے‘ آپ ہی کو دل پر پتھر رکھنا ہوگا۔ جہاں تک محبت میں ناکامی پر نشہ کرنے کا تعلق ہے تو اگر نشہ کرنے سے آپ کا مسئلہ حل ہوجاتا تو بھلا آپ ہمیں کیوں خط لکھتے اس لئے نشہ کرنے کی عادت کو رفتہ رفتہ ختم کرنے کی کوشش کریں ورنہ صحت اور مستقبل دونوں ہی سے ہاتھ دھونا پڑ جائے گا۔

حرام موت نہیں مرنا چاہتا: مسئلہ یہ ہے کہ میں اپنے ہی خاندان کی ایک لڑکی سے پیار کرتا ہوں وہ بھی مجھے چاہتی ہے مگر میرے ابو چاہتے ہیں کہ میری شادی کسی امیر خاندان میں ہو ادھر لڑکی کی بہن بھی یہی چاہتی ہے کہ اس کا بہنوئی بہت دولت مند ہو‘ شہرت ہو‘ خوبصورت ہو‘ میرے پاس یہ چیزیں نہیں ہیں اس لئے اس لڑکی کا حصول مشکل نظر آرہا ہے‘ اگر یہ مجھے نہ ملی تو میں خودکشی تو نہیں کروں گا کیونکہ میں نے دو عمرے کئے ہوئے ہیں اور حرام موت مرنا نہیں چاہتا البتہ یہ شہر‘ یہ ملک چھوڑ کر کہیں دور چلا جاؤں گا۔ بتائیں کیا میرا فیصلہ صحیح ہوگا؟ (عدیل‘ ملتان)

جواب: آپ سمجھدار انسان ہیں مذہب سے بھی واقف ہیں عمرے کی سعادت بھی نصیب ہوچکی ہے تو پھر لڑکیوں سے عشق کرنے اور ان کی خاطر اپنا ملک‘ اپنے ماں باپ اور گھر بار چھوڑ کر کسی دور دیس میں بے یارومددگار جاکر پڑنے کی بجائے احکام خداوندی بجالاتے ہوئے عشق حقیقی کی طرف رجوع کیوں نہیں کرتے؟ والدین کی خدمت اور ان کے احکام بجالایئے بڑھاپے میں انہیں دکھ نہ دیں‘ اب جہاں تک والد صاحب کی یہ خواہش ہے کہ دولت مند لڑکی سے آپ کی شادی ہو تو اس سلسلے میں آپ انکار کرسکتے ہیں البتہ جس لڑکی کو آپ پسند کرتے ہیں اس کے گھر والے اگر آپ سے رشتے پر راضی نہیں تو پھر مجبوری ہے ویسے اگر لڑکی کے دل میں آپ کیلئے نرم گوشہ ہو تو پھر آپ کی بات بن سکتی ہے۔

اعلیٰ درجے کے پیر: میرا رشتہ بچپن میں چچازاد سے طے کردیا گیا تھا میرے چچا ایک اعلیٰ درجے کے پیر ہیں اور مجھ سے محبت بھی کرتے ہیں اس لئے میں اس رشتے کو ختم کرتے ہوئے ڈرتا ہوں جبکہ میں اپنی ماموں زاد سے محبت کرتا ہوں وہ بھی مجھے چاہتی ہے مگر ماموں مجھے پیار نہیں کرتے‘ میرے ماموں بھی پیر ہیں‘ میری محبت مجھ سے تین سال بڑی ہے پہلے وہ میرے بڑے بھائی سے محبت کرتی تھی مجھے اس کا علم تھا مگر میرا بھائی کسی اور کو پسند کرتا تھا اس نے کسی کی بھی پروانہ کی اور اپنی پسند سے شادی کرلی۔ اس واقعہ پر میری ماموں زاد بہت روئی اس کے آنسو میں ہی پونچھتا رہا‘ میں نے اس سے بڑی پرخلوص دوستی کی اس طرح چار سال گزر گئے‘ ایک دن اس نے مجھ سے سوال کر ہی ڈالا کہ آخر تم مجھ پر اس قدر توجہ کیوں دیتے ہو؟ اور اس دوستی کے پیچھے کیا مقصد ہے؟ میں اس جذبے کو کیا نام دوں؟ تب میں نے محبت کا اظہار کردیا‘ اس نے کہا کہ تمہارے قابل نہیں۔ میں نے کہا کہ مجھے سب علم ہے‘ اس کے باوجود میں تم سے محبت کرتا ہوں‘ اس کے بعد یہ سلسلہ چلتا رہا‘ میں نے اس سے کورٹ میرج کا کہا تو وہ کہتی ہے کہ شادی ابو کی مرضی سے کروں گی ورنہ خودکشی کرلوں گی۔ اب میں سوچتا ہوں کہ اگر میں نے والدین کو ناراض کرکے چچا کے گھر سے رشتہ توڑ کر ماموں کے ہاں رشتہ بھیجا اور انہوں نے انکار کردیا تو میں ادھر کا رہوں گا نہ ادھر کا اور اگر میری محبت نے خودکشی کرلی تو شاید میں بھی زندہ نہ رہ سکوں‘ یہ سوچ سوچ کر ذہن پاگل ہوگیا ہے‘ بتایئے کیا کروں؟ (کاشف‘ راولپنڈی)

جواب: اس سلسلے میں آپ اپنی والدہ سے بات کریں اور انہیں تمام صورتحال بتادیں اور ان سے کہیں کہ وہ جاکر اپنے بھائی سے بات کریں آپ چچا کے گھر سے رشتہ اس وقت تک نہ توڑیں جب تک ماموں کے ہاں سے بات پکی نہ ہوجائے وہ انکار کریں گے یا اقرار۔ اقرار کی صورت میں آپ چٹ منگنی اور پٹ بیاہ کرڈالئے گا اور اگر ماموں راضی نہ ہوں تو پھر چچازاد ہی سے شادی کرلیں۔ اب رہ گئی یہ بات کہ ماموں زاد خودکشی کرلے گی تو اس کیلئے آپ کچھ بھی نہیں کرسکتے‘ آپ نے اپنا فرض ادا کردیا اور کورٹ میرج کیلئے تیار ہوگئے مگر وہ والد کی مرضی سے شادی کرنا چاہتی ہے اور والد صاحب تیار نہیں تو اس صورت میں بھلا کسی اچھی بات کی کیا توقع کی جاسکتی ہے۔ ویسے ہمارا ذاتی خیال یہ ہے کہ ہمیشہ اپنے والدین کی بات اور شریعت پر چلیں ورنہ مصائب ہی مصائب زندگی بھر آپ کی راہوں میں ہوں گے۔

محمد فاروق، مظفر گڑھ

جادو کے شکار یہ نقش لکھ کر پہن لیں! جادو ہمیشہ کیلئے ختم

سات سچے موتی لیں' ہر ایک موتی پر باوضو سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرکے ایک بوتل میں ڈال دیں اور اس میں پانی بھر دیں۔ یہ پانی مریض کو صبح و شام پلائیں۔ سات دن تک پلائیں' آٹھویں دن ان موتیوں میں سے ایک موتی کی انگوٹھی بنوا کر مریض کو پہنا دیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ تقریباً آٹھ سال سے پڑھ رہا ہوں' اس رسالہ نے مجھے بہت سے روحانی وطبی سچے موتیوں سے نوازا ہے' میرے پاس کچھ عملیات ہیں جو کہ بارہا کے آزمودہ ہیں۔ قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں:۔ **جادو سے نجات کا عمل:** سات سچے موتی لیں' ہر ایک موتی پر باوضو سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرکے ایک بوتل میں ڈال دیں اور اس میں پانی بھر دیں۔ یہ پانی مریض کو صبح و شام پلائیں۔ سات دن تک پلائیں' آٹھویں دن ان موتیوں میں سے ایک موتی کی انگوٹھی بنوا کر مریض کو پہنا دیں اور چھ موتی الگ الگ کنوؤں یا نہر میں ڈال دیں۔ اگر مشکل پیش آئے تو چھ موتی بہتی ہوئی ایک نہر یا کسی دریا میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ جادو کے اثرات زائل ہوجائیں گے اور آئندہ جب تک یہ انگوٹھی انگلی میں رہے گی۔ جادو نہیں ہوسکے گا۔ **جادو اور جنات کیلئے عمل اکسیر:** اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو یا جنات تنگ کرتے ہوں تو اسم یَا قَهَّارُ کا ورد کثرت سے کریں یا ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھیں۔ روزانہ صبح و شام سو بار اس اسم کو پڑھ کر پانی پر دم کرکے پئیں۔ ان شاء اللہ جادو جنات کا خاتمہ ہوجائے گا۔

جادو کا اثر زائل مریض تندرست: ایک اللہ والے جادو زدہ شخص کو یہ عبارت لکھ کر دیتے تھے وہ نقش بنا کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈال لیا کرتا تھا اور بفضل خدا مریض ٹھیک ہوجاتا تھا۔ وہ نقش یہ لکھا کرتے تھے:۔ یاالٰہی رحم کن' کرم کن' برحال فلاں ابن فلاں اَنْتَ اَلْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ اِنَّكَ سَمِیْعٌ مُّجِیْبٌ وَّ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔ **نوٹ:** فلاں ابن فلاں کی جگہ جادو زدہ کا نام اور اس کی والدہ محترمہ کا نام لکھیں۔

سحر یا جادو میں مبتلا پڑھیں: اگر کسی پر جادو کا اثر ہو تو باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سات مرتبہ آیۃ الکرسی اور تکبیر پڑھے آخر میں تین بار درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کرکے وہ پانی سحر یا جادو میں مبتلا شخص کو چار وقت پلائیں۔ مثلاً صبح ناشتے سے پہلے' دوپہر گیارہ بجے' بعد نماز عصر' سوتے وقت یہ پانی پلائیں۔ ان شاء اللہ جادو کا اثر زائل ہوجائے گا۔

اچھے رشتے کی خواہش کیلئے روحانی عمل: اگر کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا رشتہ اچھی جگہ پر ہوجائے تو اس کیلئے یہ عمل فائدہ مند ہے۔ ہر روز بعد نماز فجر اور عشاء کسی سے بھی کلام کیے بغیر اپنے مقصد کو پیش نظر رکھ کر 40 مرتبہ سورۂ فاتحہ اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے' ان شاء اللہ چالیس یوم کے بلاناغہ عمل سے مراد پوری ہوگی۔ عاجزی لازم ہے۔ **کامیابی ہی کامیابی:** اچھی طرح پاک صاف ہوکر خوشبو لگا کر دل میں شادی کی نیت کرکے قرآن مجید کو کھولیں۔ درود ابراہیمی طاق دفعہ پڑھیں پھر بسم اللہ پڑھ کر سورۂ فاتحہ اور بعد میں سورۂ بقرہ جتنی پڑھ سکیں پڑھیں' آخر میں درود شریف پڑھ کر دعا مانگ لیں۔ روزانہ جہاں سے چھوڑا تھا اس سے آگے اسی طریقہ سے پڑھ کر قرآن مجید ختم کریں۔ ان شاء اللہ قرآن پاک ختم ہونے سے قبل بندوبست ہوجائے گا۔ اگر ختم کرنے سے پہلے شادی ہوجائے یا منگنی ہوجائے تو قرآن مجید پڑھنا نہ چھوڑیں۔ مکمل پڑھیں۔ ثواب کا ثواب اور کامیابی ہی کامیابی۔

ازدواجی محبت کیلئے آزمودہ عمل: ایک سفید کاغذ پر خوشخط اَللّٰهُ الصَّمَدُ لکھ کر کمرے کی دیوار پر لٹکا دیں۔ جہاں آپ کی نظر پڑتی رہے۔ دن میں جب بھی فارغ ہوں اس اسم پر نظر جمالیں اور اپنے مقصد کا تصور رکھیں۔

روزانہ ایک بار یا دو بار دس پندرہ منٹ مشق کریں' یہ عمل کم ازکم چالیس دن تک کریں۔ یہ عمل عبقری میں پہلے بھی چھپ چکا ہے اور بے شمار اجڑے گھر اس چھوٹے سے عمل سے آباد ہوچکے ہیں۔ غلط مقصد کیلئے ہرگز نہ کریں بہت اطلاعات موصول ہوئی ہیں کہ جس نے بھی غلط مقصد کیلئے اس عمل کو کیا اس کو سخت نقصان اٹھانا پڑا۔

اگلے ماہ: جادو' جنات' گھریلو و کاروباری الجھنوں سے نکلنے کیلئے نئے آزمودہ وظائف و عملیات ضرور پڑھیں۔ بے شمار نے مقصد پایا آپ بھی پائیں۔

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

بے اولاد خواتین کیلئے خاص تحفہ

اگر کسی کے ہاں ہزار علاج کے بعد بھی اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہیے کہ آدھا کلو آنبہ ہلدی ریت میں بھنوا لیں 100 گرام پھٹکڑی کو بھی بھون لیں' ان دونوں کو ہاون دستہ میں ڈال کر کوٹیں' کوٹتے وقت اَللّٰهُ خَالِقُ بَارِئُ مُصَوِّرُ پڑھتے رہیں' باوضو یہ دوا بنائیں پھر دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں اور مریضہ کو کہیں رات کو آدھا چھوٹا چمچ دوائی کھالے پھر آدھا چمچ دوائی مسلسل مخصوص ایام کے نہانے کے بعد اسی رات سے برابر کھائے جب تک امید نہ ہوجائے کھاتے رہیں اللہ مراد پوری کریگے۔

ایک ہفتے میں گلٹی ٹھیک

میری دائیں بغل میں گلٹی نکل آئی جس کو پنجابی میں کچھرالی کہتے ہیں مئی کے عبقری شمارے میں اس کے بارے میں ایک عمل میں نے پڑھا تھا اس عمل سے اللہ تعالیٰ کے فضل میں ٹھیک ہوگیا۔ وہ عمل یہ تھا کہ صبح نماز فجر کے بعد سورج نکلنے سے پہلے اور شام سورج غروب ہونے کے بعد سو بار یہ کلمات بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o الٓرٰ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ o اَلرَّحِیْمُ الرَّحِیْمُ اَلرَّحِیْمُ۔ پڑھنے ہیں۔ یہ عمل تقریباً میں نے ایک ہفتہ کیا اور اللہ کے فضل سے کچھرالی کا نام ونشان بھی نہ رہا۔

گرتے بالوں کیلئے نایاب ترین ٹوٹکہ

گری خشک آدھ پاؤ کوٹ کر باریک کرکے تین کلو پانی میں ابالیں۔ جب ڈیڑھ کلو رہ جائے تو اتار کر چھان لیں۔ نہانے کے آخر میں اسی پانی سے بالوں کو دھولیں اس کے بعد پھر سادہ پانی سے بال نہیں دھونے' گرتے بال ختم ہوجائیں گے۔ بخار یا کمزوری کی وجہ سے جو بال گرتے ہیں' بحال ہوجائیں گے' بال ملائم و چمکدار ہوجائیں گے۔ اپنی بھابی کو امریکہ میں استعمال کرایا وہ کہتی ہیں کہ ایسی لاجواب چیز ہے کہ اس کو بوتلوں میں بھر کر سٹور میں رکھنا چاہیے۔ (عبقری جلد نمبر 8)

سستی ونامردی کا مجرب علاج: ھوالشافی: جاوتری چار ماشے' زعفران چار ماشے' لونگ چار ماشے اور کستوری ایک ماشہ باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ ایک ماشہ سفوف صبح نہار منہ ہمراہ دودھ استعمال کرنا مفید ہوتا ہے۔

بچوں کا صفحہ

آئیں آپ کو بونوں کی بستی دکھائیں

چنکو درخت پر چلتے ہوئے ندی پار کرنے لگا۔ وہ بہت سنبھل کر چل رہا تھا۔ ابھی وہ چند قدم ہی چلا تھا کہ اس کا پاؤں پھسل گیا۔ اس سے پہلے کہ وہ ندی میں گر جاتا۔ اُس کی پتلون درخت کی ایک ٹہنی میں پھنس گئی اور وہ گرنے سے بچ گیا۔

پیارے بچو! آپ نے برسات کے دنوں میں آسمان پر سات رنگی کمان تو ضرور دیکھی ہوگی۔ اسے قوسِ قزح بھی کہتے ہیں' جہاں قوسِ قزح زمین پر ملتی ہوئی دکھائی دیتی ہے' وہیں درختوں کے نیچے ایک چھوٹی سی بستی آباد ہے جسے بونوں کی بستی کہتے ہیں۔ بونے دیکھنے میں بالکل ہماری طرح کے ہوتے ہیں لیکن ان کے قد ہم سے بہت ہی چھوٹے ہوتے ہیں۔

بونوں کی بستی کے لوگ بڑے ہنس مُکھ اور ایمان دار ہیں۔ یہ جتنے چھوٹے ہیں' ان کے دل اتنے ہی بڑے ہیں۔ ہمیشہ مل جُل کر رہتے ہیں' دُکھ سکھ ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہیں۔

اس بستی میں چنکو نام کا ایک بونا تھا' وہ روزانہ شام کو ''بگل'' بجاتا تاکہ کام پر گئے ہوئے لوگ واپس بستی میں پہنچ جائیں اور رات ہونے پر کوئی راستہ نہ بھول جائے۔ یہ کام بہت اہم تھا' چنکو کے باپ دادا بھی یہی کام کیا کرتے تھے۔

ایک شام چنکو اپنے کام سے جلدی فارغ ہوگیا' اُس دن بہت سردی تھی' وہ اپنے دوستوں کے پاس جانے کی بجائے گھر چلا آیا۔ گھر میں داخل ہوتے ہی اُس نے دیکھا کہ اُس کا بھائی اور چھوٹی بہن لحاف اوڑھے گرم گرم دودھ پی رہے ہیں۔ وہ بہت بیمار دکھائی دے رہے تھے۔ یہ دیکھ کر چنکو بہت پریشان ہوا۔ اُس نے اپنی ماں سے پوچھا: ''امی کیا بات ہے' ان دونوں کے چہرے پیلے کیوں پڑ گئے ہیں؟''

''چنکو بیٹے! انہیں ٹھنڈ لگ گئی ہے'' ماں نے جواب دیا: بیٹھو! میں تمہارے لیے دُودھ لاتی ہوں: مگر امی! انہیں دوائی کے بغیر آرام کیسے آئے گا؟'' چنکو نے فکر مند ہو کر کہا: ''تم ٹھیک کہتے ہو'' اگر یہ صبح تک تندرست نہ ہوئے تو تُم جا کر دادی اماں سے دوائی لے آنا'' یہ کہہ کر چنکو کی امی دودھ لینے چلی گئیں۔ دوسرے دن ان کی حالت اور بھی خراب ہوگئی تو چنکو کی امی نے اُسے دوائی لانے بھیج دیا۔ چنکو فوراً جنگل کی طرف روانہ ہوگیا۔ دادی اماں بستی سے کچھ دور' ندی کے پار جنگل میں اکیلی رہتی تھیں وہ چنکو کی سگی دادی نہیں تھیں۔ وہ جڑی بوٹیوں سے دوائیں تیار کر کے لوگوں کا مُفت علاج کیا کرتی تھیں۔ سب لوگ ان کی بے حد عزت کرتے اور انہیں دادی اماں کہتے کر پکارتے۔ چنکو تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا ندی کے قریب پہنچا۔ ندی پر لکڑی کا ایک پُل بنا ہوا تھا لیکن وہ بہت دور پڑتا تھا۔ چنکو سوچ میں پڑ گیا وہ تو جلدی سے دادی اماں کے پاس پہنچنا چاہتا تھا۔ قریب ہی ایک درخت آندھی سے ٹوٹ کر ندی کے اوپر گرا ہوا تھا اور پُل کا کام دیتا تھا۔

چنکو درخت پر چلتے ہوئے ندی پار کرنے لگا۔ وہ بہت سنبھل کر چل رہا تھا۔ ابھی وہ چند قدم ہی چلا تھا کہ اس کا پاؤں پھسل گیا۔ اس سے پہلے کہ وہ ندی میں گر جاتا۔ اُس کی پتلون درخت کی ایک ٹہنی میں پھنس گئی اور وہ گرنے سے بچ گیا۔ چنکو کو وہاں لٹکے ہوئے کافی دیر ہوگئی مگر کوئی اس کی مدد کو نہ آیا۔ اچانک اسے ''بگل'' کا خیال آیا۔ اس نے زور زور سے بگل بجانا شروع کر دیا۔ بگل کی آواز سن کر دو خرگوش وہاں پہنچ گئے۔ انہوں نے چنکو کو درخت کے ساتھ لٹکے ہوئے دیکھا تو الٹے پاؤں جنگل کی طرف بھاگے اور دادی اماں کے گھر پہنچ گئے۔ دادی اماں اس وقت اپنے باغ میں جڑی بوٹیاں اکٹھی کر رہی تھیں۔ دونوں خرگوش دادی اماں کے پاس آئے اور کہنے لگے: ''دادی اماں! جلدی چلیں! چنکو درخت کے ساتھ لٹکا ہوا مدد کیلئے پکار رہا ہے' کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ ندی میں گر جائے'' یہ سن کر دادی اماں نے کہا: ''اوہ! بگل کی آواز تو مَیں نے بھی سنی تھی' مگر میں نے اُس پر کوئی خاص توجہ نہ دی'' دادی اماں نے جڑی بوٹیوں کی ٹوکری کو وہیں رکھا اور گھر کے اندر چلی گئیں۔ وہاں کونے میں ایک صندوق پڑا ہوا تھا' دادی اماں نے صندوق کا ڈھکنا اٹھایا اور اس میں سے ایک بڑی سی چادر نکالی۔ ''یقیناً اس سے چنکو کو بچایا جا سکتا ہے'' یہ سوچ کر دادی اماں ندی کی طرف چل پڑیں۔ دونوں خرگوش دادی اماں کے آگے آگے چل رہے تھے۔ جب درخت کے قریب پہنچے تو چنکو کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہنے لگے: ''وہ رہا چنکو'' ۔۔۔؟ چنکو ابھی تک درخت کی ٹہنی کے ساتھ لٹکا ہوا تھا۔ خوف سے اُس کا رنگ زرد ہو رہا تھا۔ جب اُس نے دادی اماں کو دیکھا تو خوشی سے اس کا چہرہ کھل اٹھا۔ ''گھبراؤ نہیں چنکو'' دادی اماں نے بلند آواز سے کہا۔ دادی اماں نے چادر زمین پر پھیلا دی اور خود پیچھے ہٹ گئیں۔ پھر آواز دے کر پرندوں کو بلایا جو دادی اماں سے بہت پیار کرتے تھے۔ پرندے آواز سنتے ہی وہاں پہنچ گئے۔ دادی اماں نے اشاروں سے پرندوں کو کچھ سمجھایا۔ جس پر انہوں نے اپنی چونچوں سے چادر کو کناروں سے پکڑ لیا اور ہوا میں اڑنے لگے۔ پرندے اڑتے ہوئے چادر کو چنکو کے بالکل نیچے لے آئے۔ اوپر سے ایک پرندے نے اپنی تیز چونچ سے وہ ٹہنی کاٹ دی جس کے ساتھ چنکو لٹکا ہوا تھا۔ ٹہنی کٹتے ہی چنکو دھم سے چادر کے اوپر گرا جسے پرندوں نے مضبوطی سے پکڑ رکھا تھا۔ پرندے چادر کو اسی طرح پکڑے دادی اماں کے پاس لے آئے۔ چنکو نے نیچے اتر کر ان کا شکریہ ادا کیا۔ دادی اماں نے اسے سینے سے لگا لیا اور اپنے گھر لے آئیں۔ دادی اماں نے چنکو کو گرم گرم دودھ پلایا اور سمجھانے لگیں ''آئندہ کبھی جلد بازی سے کام نہ لینا کیونکہ جلد بازی شیطان کا کام ہے'' چنکو نے کانوں کو ہاتھ لگا کر توبہ کی کہ آئندہ وہ ہمیشہ سیدھا راستہ اختیار کرے گا۔ جب چنکو دودھ پی چکا تو بولا: ''دادی اماں! میرے بھائی اور چھوٹی بہن کی طبیعت بہت خراب ہے' میں ان کی دوائی لینے کیلئے آپ ہی کے پاس آ رہا تھا۔ دادی اماں نے پوچھا: ارے! کیا ہوا ان کو؟ ''انہیں ٹھنڈ لگ گئی ہے'' چنکو نے جواب دیا۔ ''تھوڑی دیر بیٹھو' میں ابھی دوائی بنا کر دیتی ہوں'' دادی اماں نے کہا اور پھر کچھ ہی دیر بعد دوائی بنا کر چنکو کو دے دی۔ چنکو نے ان کا بے حد شکریہ ادا کیا اور گھر کو چل دیا۔ اس دفعہ اس نے پل کے راستے ندی کو پار کیا۔ آئندہ جلد بازی سے کام لینے پر توبہ کی۔ پیارے بچو! اس کہانی سے ہمیں سبق ملتا ہے کہ ہمیں مل جل کر رہنا چاہیے' کسی سے لڑائی جھگڑا نہیں کرنا چاہیے' جب کوئی مدد کو بلائے تو فوراً اس کی مدد کرنی چاہیے۔ جلدی بازی تو بالکل نہیں کرنی اور ہاں کوئی ایسا کام ہرگز نہیں کرنا جس سے آپ کو نقصان پہنچنے کا ذرا سا بھی اندیشہ ہو۔

(انتخاب: سانول چغتائی' رانجھو چغتائی' اماں زیبو چغتائی' بھُورل چغتائی' احمد پور شرقیہ)

معدے کا ہر مسئلہ ایسے حل ہوتا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ اس میں موجود ٹوٹکے آزمائے بہت لاجواب اور تیر بہدف نکلے۔ میں معدے کا پرانا مریض تھا' طرح طرح کے کیپسول اور پھکیاں کھا کھا کر تھک چکا تھا' ہر پندرہ دن بعد نئے ڈاکٹر اور نئے حکیم کے کلینک پر بیٹھا ہوا ملتا۔ ایک مرتبہ عبقری میگزین کا مطالعہ کر رہا تھا تو میں نے ایک نسخہ معدہ کے امراض کیلئے پڑھا' فوراً میرے دل کو لگا۔ میں کچھ دن ہی استعمال کیا تو میرے جسم کو سکون ملا اور راحت کا احساس واضح محسوس ہوا۔ یہ نسخہ اب بھی استعمال کر رہا ہوں اور میں بالکل صحت مند ہوں میرے معدے کے تمام مسائل ایسے حل ہو چکے ہیں جیسے کبھی تھے ہی نہیں۔ ھوالشافی: چینی ایک پاؤ' میٹھا سوڈا ایک چھٹانک اور ست پودینہ ایک تولہ تینوں کو پیس کر یکجان کر لیں' ہر کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد ایک چائے والا چمچ کھائیں۔ **(محمد شوکت)**

بے اولاد متوجہ ہوں! بے اولاد شخص اسم یَا آوّلُ کو بیوی سے ملنے سے پہلے 1950 مرتبہ پڑھے‘ بعد میں ہمبستری کرے‘ ان شاء اللہ صاحب اولاد ہوگا۔

جِنّی ڈیڑھ من کچا گوشت کھاتی اور ضرورت مند کی مدد کرتی

(قسط نمبر 2)

طبیب بلوچ گوجرانوالہ

ریٹائرڈ آرمی آفیسر‘ آرمی ایجوکیشن کالج میں سنٹر‘ ایس ایم آرمی پبلک سکول اور مردان کالج میں پرنسپل۔ گریژن اکیڈمی گوجرانوالہ میں ایڈمن آفیسر رہے۔ ان کے ذاتی اور خاندانی چشم دید‘ پراسرار و حیران کن جنات کے ساتھ گزرے سچے واقعات‘ قسط وار قارئین کی نذر۔

قارئین! چونکہ میری ساری زندگی پاک سرزمین کی حفاظت کرتے ہوئے پاک فوج میں گزری۔ ایک مرتبہ میری پوسٹنگ کوئٹہ ہوئی‘ مجھے وہاں رہائش کیلئے پاک فوج کی طرف سے ایک گھر ملا۔ میں وہ گھر دیکھنے کیلئے گیا تو پڑوس میں ایک دو واقف آدمی تھے‘ انہوں نے مجھے کہا کہ آپ یہاں کیا کرنے آئے ہیں؟ میں نے کہا کہ یہ گھر مجھے آرمی کی طرف سے ملا ہے‘ میں دیکھنے آیا ہوں‘ انہوں نے بتایا کہ اس گھر پر جنات کے اثرات ہیں اور کسی کو بھی یہاں نہیں رہنے دیتے‘ بہت زیادہ تنگ کرتے ہیں‘ میں نے کہا کہ کچھ نہیں ہوتا اللہ کرم کرے گا۔ میں نے گھر کی صفائی کروائی اور بیوی بچوں کو لانے سے پہلے وہاں سورۂ یٰسین‘ سورۂ رحمٰن اور چاروں قل کی تلاوت کی اور بلند آواز سے کہا ”اے جنات! میرا آپ سے کوئی تنازع نہیں ہے‘ مجھے یہ گھر پاک فوج کی طرف سے الاٹ ہوا ہے‘ اس لیے میں یہاں آیا ہوں‘ لہٰذا مہربانی فرما کر یہاں سے چلے جائیں‘ میری اس آواز پر یک دم ہوا مجھے چھو کر گئی اور گھر میں ایک سکون سا آگیا‘ تین چار گھر چھوڑ کر ایک گھر کافی عرصہ سے خالی تھا وہ جنات وہاں چلے گئے۔ وہاں ان کے جانے کا پتہ ایسے چلا کہ اس گھر میں چند دنوں کے بعد ایک فیملی آئی یہ رات کو ان کو پتھر مارتے تھے‘ کبھی ان کے بچوں کو آپس میں بہت سخت لڑاتے تھے‘ جنات نے اس خاندان کو اتنا تنگ کیا کہ وہ گھر خالی کر چلے گئے اور جب بھی کوئی نیا گھرانہ اس گھر میں آتا‘ انہیں شدید تنگ کرتے حتیٰ کہ وہ بھی گھر چھوڑنے پر مجبور ہوجاتے۔ میں وہاں تین سال رہا اور اس مکان میں آنے والوں کے ساتھ یہ ہوتا رہا اور کوئی فیملی اس گھر میں مستقل نہ رہ سکی۔ ایک بار میری پوسٹنگ سیالکوٹ ہوئی وہاں مجھے جو گھر ملا اس پر بھی جنات کے اثرات تھے گھر کے ساتھ شیشم کا بہت بڑا درخت تھا ایک جنی خوبصورت کپڑے پہنے شیشم کے درخت سے اترتی اور گھر کی چار دیواری پر آکر بیٹھ جاتی‘ میری اہلیہ اور چھوٹے بھائی کو بھی یہ نظر آئی‘ جب میری اہلیہ نے اسے دیکھا تو فوراً قرآن پاک کی تلاوت شروع کردی وہ جنی یہ کہہ کر چلی کہ آج تو نے قرآن پڑھ لیا ہے میں پھر آجاؤں گی۔

میں جتنا عرصہ اس گھر میں رہا یہ جنی ہر دوسرے تیسرے دن ایسا کرتی رہتی تھی لیکن ہمیں کوئی نقصان نہ پہنچا پایا۔ الحمدللہ!۔

ہماری ایک رشتہ دار مائی (ع۔ب) تھی‘ اس پر جنات کے اثرات تھے۔ دیہاتوں میں شادی بیاہ کے مواقع پر گوشت مقامی طور پر بنایا جاتا ہے‘ کئی دفعہ ایسا ہوتا کہ یہ مائی وہاں گوشت کے پاس چلی جاتی اور من ڈیڑھ من گوشت کھا جاتی تھی‘ لوگ احتیاط کرتے اور اسے گوشت کے پاس نہ آنے دیتے تھے‘ اس مائی سے چند اور ایسی باتیں بھی ظاہر ہوتی تھیں مثلاً: کسی کو رقم کی ضرورت پڑتی تو وہ مائی ”ع۔ب“ کے پاس جاتا کہ خالہ مجھے اتنی رقم کی ضرورت ہے۔ وہ کہتی: ”جاؤ فلاں جگہ سے اٹھالو‘ وہ بندہ جاتا اور جب رقم اٹھاتا تو اتنی ہی ہوتی جتنی اس نے مانگی تھی۔ اس کے علاوہ ایک اور بات جو اس سے ظاہر ہوئی وہ یہ کہ جب کوئی خوشی کا موقع ہوتا تو لوگ اس سے مٹھائی مانگتے وہ گردن کے پیچھے ہاتھ ڈالتی اور لڈو نکال کر دے دیتی وہ اس طرح کرتی رہتی اور لڈو نکال نکال کر دیتی رہتی جتنے کوئی کھاتا وہ نکال کر دے دیتی‘ یہ سب جنات کی وجہ سے ہوتا تھا۔ میرے چھوٹے بھائی جو عالم ہیں انہوں نے اپنے استاد کی نگرانی میں عملیات کیلئے چلے شروع کیے‘ بتانے لگے کہ ایک بار میں نے استاد کو بتائے بغیر جنات کی تسخیر کا چلہ شروع کیا جو کہ ایک مکان میں تنہا بیٹھ کر کرتا تھا۔ کہنے لگا دوسرے یا تیسرا دن تھا کہ میں نے پڑھائی شروع کی۔ تھوڑی ہی دیر میں جنات آئے اور مجھے اٹھا کر لے گئے اور ریگستان میں لے کر ایک ٹیلے پر پھینک دیا‘ بہت سے جنات اکٹھے ہوگئے کہ یہ ہمیں مسخر کرنے کا چلہ کررہا تھا‘ اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟ بعض نے کہا کہ اسے مار دو‘ بعض نے کہا اس کی ٹانگ توڑ دو‘ مختلف جنات نے مختلف مشورے دیئے‘ مشوروں کے دوران ہی ان کا بڑا سردار آگیا‘ اس نے کہا کہ کیا کررہے ہو؟ جنات نے کہا ہم اس کو مارنا چاہتے ہیں‘ سردار نے کہا: اس کا استاد حزب البحر کا عامل ہے‘ تم نے اسے کوئی نقصان پہنچایا تو وہ ہماری نسلیں تہس نہس کرکے رکھ دے گا‘ جاؤ جہاں سے اسے لائے ہو وہاں چھوڑ کر آؤ‘ جنات نے مجھے اٹھایا اور واپس اسی مکان میں چھوڑ آئے جہاں سے لائے تھے۔ بھائی مزید بتانے لگے کہ میں اپنے استاد کے پاس گیا اور تمام واقعہ سنایا۔ استاد نے فرمایا کہ بغیر اجازت کوئی چلہ نہ کیا کرو‘ بغیر اجازت چلہ کرنے سے بہت نقصانات ہوتے ہیں۔

دیانتدار غلام

فرزانہ صغیر‘ سرگودھا

وقت کسی کی میراث نہیں‘ وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا‘ لوگ کہتے ہیں وقت گزر جاتا ہے جی نہیں! ہم گزر رہے جاتے ہیں

عبداللہ بن مبارک ایک غلام ہے‘ ان کے آقا باغ میں آتے ہیں‘ انار کا باغ ہے ایک انار تو لاؤ‘ انار لائے تو کھٹا‘ کہا عجیب آدمی ہے‘ دس سال ہوگئے تمہیں اس باغ میں کام کرتے ہوئے اتنا پتہ نہیں کہ کھٹا انار کون سا ہے اور میٹھا انار کون سا؟ کہا آپ نے مجھے اجازت تھوڑی دی ہے ”چکھنے کی“۔ دس سال سے کام کررہا ہوں اور مجھ پر حرام ہے کہ ایک دانہ بھی کبھی چکھا ہو۔ مجھے کیا پتہ کھٹا کون سا ہے اور میٹھا کون سا ہے۔ آقا نے جب یہ سنا تو اس نے ایک مرتبہ غلام کو نیچے سے اوپر تک دیکھا اور اس کی دیانتداری کا سن کر اس کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ **حیات دین کیلئے اہم شے:** خدا کی ذات طاقت کے مقابلہ میں دنیا کی ساری طاقتیں مکڑی کا جالا بھی نہیں ہیں اور اللہ تعالیٰ کے خزانوں کے مقابلے میں دنیا کے خزانہ مچھر کا پر بھی نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی طاقت اور خزانوں کا تعلق دین کی وجہ سے ہوگا۔ اس عظیم دین اسلام کو زندہ کرنے کیلئے ملک و مال اور عہدہ کی ضرورت نہیں بلکہ اس کیلئے انسان کا مجاہدہ‘ قربانی اور اس کے حوصلے کی ضرورت ہے۔ **وقت کی قدر:** وقت کسی کی میراث نہیں‘ وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا‘ لوگ کہتے ہیں وقت گزر جاتا ہے جی نہیں! ہم گزرے جاتے ہیں وقت کو استعمال کرنے کی عادت ڈالو ورنہ تم گزرے جاتے ہو اور سوائے پچھتاوہ کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ **مچھلی اور جال:** مچھلی پاگل نہیں ہے کہ جال میں آجائے یہ تو اللہ تعالیٰ کا پورا نظام ہے‘ اللہ کریم کے متعین کردہ فرشتے مچھلیوں کو گھیر کر جال میں لے آتے ہیں اور ہر مچھلی پر کھانے والے کا نام لکھا ہوا ہے۔

نظر کمزور ہے! میری دادی اماں سے حل لے لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس نظر کی کمزوری کا ایک خاندانی آزمودہ حل ہے۔ یہ روحانی عمل میری دادی اماں‘ میری والدہ محترمہ اور خود میرا آزمودہ ہے۔ روحانی ٹوٹکہ یہ ہے:۔ فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ﴿ق ۲۲﴾۔ درج بالا آیت ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر اپنی آنکھوں پر دم کریں۔ ہاں یاد آیا! یہ عمل میں نے ایک مرتبہ عبقری میں بھی پڑھا تھا۔ (عنبرین جواد‘ راولپنڈی)

والد نے معمولی بات پر بد دعا دی اور میں برباد ہوگیا

میں مقروض کیسے ہوا؟ نہ میں نشہ کرتا ہوں نہ جوا کھیلتا ہوں' پنج وقت نماز کبھی نہ چھوڑی' کسی کا حق بھی کبھی نہیں کھایا' کسی غریب کی مدد کرنے سے کبھی گریز بھی نہیں کیا۔ بس یہ میرے والد کی بد دعا کا نتیجہ ہے' ایک غیبی نظام ہے جو میری جان نہیں چھوڑ رہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک کے فضل و کرم سے آپ خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ سے آپ کی صحت یابی کیلئے دعاگو ہوں۔ میں عبقری سے کیسے منسلک ہوا؟ یہ پہلے پڑھ لیجئے' میری اہلیہ یہ رسالہ ہر ماہ منگوا کر پڑھتی ہے' میں بس سرسری نظر سے پڑھتا تھا' میں نے لیکچرشپ کا امتحان دیا تھا تحریری امتحان میں تو میں پاس ہوگیا تب میری بیوی نے مجھے آپ کے نام خط لکھ کر دیا۔ آپ نے مجھے دو انمول خزانہ پڑھنے کی ہدایت کی' میں نے وہ پڑھا' مگر آپ کے علاوہ بھی کسی نے کچھ پڑھنے کو دیا' کسی نے کچھ پڑھنے کو دیا' میں سب پڑھتا رہا' مطلب یہ کہ کوئی بھی عمل یکسوئی کے ساتھ نہیں کرسکا۔ انٹرویو ہوا' 23 منٹ تک انٹرویو دیا مگر میں مطمئن نہیں تھا اور ہوا بھی وہی جس کا ڈر تھا میں پاس نہ ہوسکا۔ اب میں اصل مضمون کی طرف آتا ہوں' حضرت! میں مکافات عمل کا شکار ہوں' ایک بد دعا نے میرا کچھ نہ چھوڑا اور بد دعا بھی مجھے بغیر کسی جرم کے ملی' واقعہ کچھ یوں ہے کہ یہ سن 1999ء کی بات ہے' میں نے اپنے چھوٹے بھائی کو باہر گلی میں جاکر کھیلنے پر تھپڑ مارا وہ روتا ہوا میرے والد کے پاس گیا تو انہوں نے مجھے تھپڑ مارنے کی کوشش کی تو میں بھاگ گیا مگر انہوں نے غصے میں یہ کہہ دیا ''تم ایک ایک روپے کیلئے ترسو گے'' نامعلوم میرے والد صاحب کے منہ سے یہ الفاظ کیوں نکلے کیونکہ اس وقت ایسی کوئی بات بھی نہ تھی۔ محترم حضرت حکیم صاحب! اس بات کو آج 16 سال ہوگئے ہیں آج تک کسی بھی لمحے یہ ''بد دعا'' یاد آتی ہے تو آنسو نکلتے ہیں۔ اس بات کا اثر اس دن سے لے کر آج تک میری زندگی پر ہے۔ کئی بار والد محترم کی قبر پر بھی گیا اور معافی مانگی' ان کی مغفرت کی دعا کی اور اس بد دعا کے اثرات ختم کروانے کی دعا مانگی۔

میں اپنے سب بہن بھائیوں سے بڑا ہوں' کسی بھائی بہن کا حق نہیں کھایا' ان کو والد کی وفات کے بعد اپنی چیزیں چھوڑ کر بھی ان کو دیتا تھا اور آج تک میں نے اس کوشش کو نہیں چھوڑا۔ مجھے سمجھ نہیں آتی میں کیا کروں؟ اس بد دعا کے اثرات جو میں نے اپنی زندگی میں محسوس کیے وہ یہ کہ اس وقت بھی میں 16 لاکھ کا مقروض ہوں' میرے قرض دار ہونے کا میری بیوی تک کو علم نہیں' کیا کروں؟ پریشان ہوں؟ واقعی میں پیسے پیسے کا محتاج ہوں' روپے کو ترس رہا ہوں۔

میں مقروض کیسے ہوا؟ نہ میں نشہ کرتا ہوں' نہ جوا کھیلتا ہوں' پنج وقت نماز کبھی نہ چھوڑی' کسی کا حق بھی کبھی نہیں کھایا' کسی غریب کی مدد کرنے سے کبھی گریز بھی نہیں کیا۔ بس یہ میرے والد کی بد دعا کا نتیجہ ہے' ایک غیبی نظام ہے جو میری جان نہیں چھوڑ رہا' میری اہلیہ اکثر مجھ سے سوال پوچھتی ہے کہ تنخواہ کہاں جاتی ہے کیا کرتے ہو' کب تک چھپاؤں' کب تک جھوٹ بولوں' یہ قرض کیسے ادا ہوگا؟ میرے ایک دوست نے کہا کہ میرے بھائی کو آرڈر لے کر دو میں نے کہا ٹھیک ہے میں اس کے کاروبار میں پڑ گیا' اس کا کام ہوگیا' جب میں نے مال اٹھوایا تو آگے پارٹی نے آرڈر لینے سے انکار کردیا' سارے پیسے مینوفیکچر کو مجھے دینے پڑے کیونکہ میں نے کنٹریکٹ پر بخوشی دستخط کیے تھے۔ اس سے پہلے بھی نہ چاہتے ہوئے پیسہ میرے پاس آیا اور چھوٹی سی غلطی ہوئی اور سب ختم ہوگیا۔ میری اہلیہ بھی ڈاکٹر ہے' اس کی آمدن سے گھر چل رہا ہے اور میری تمام تنخواہ قرض میں جارہی ہے' جب بھی اپنی زندگی کا جائزہ لیتا ہوں صرف وہ بد دعا نظر آتی ہے کہ جس کی وجہ سے مجھے یہ سزا مل رہی ہے۔ بس میں پریشان ہوں' لوگ مجھ پر اعتبار کرتے ہیں' اپنی امانتیں میرے پاس رکھواتے ہیں' کسی کا کچھ نہیں کھاتا بلکہ اپنی طرف سے دے آتا ہوں' کسی کا حق نہیں کھایا مگر پھر بھی میں پیسے پیسے کو ترس رہا ہوں' سکون نام کی چیز نہیں' کوئی دن خالی نہیں گیا جب میں نے اپنے والد کی مغفرت کیلئے دعا نہ کی ہو' ان سے معافی نہ مانگی ہو۔ اپنے دو بچوں کو دیکھتا ہوں تو روتا ہوں کہ ان کا حق کھا رہا ہوں' قرض دار بن گیا ہوں۔ بس اور لکھنے کی ہمت نہیں' بس مجھے جو دکھ تھا وہ میں نے آپ کے سامنے رکھ دیا ہے۔ یہ راز 16 سال سے میرے سینے میں دفن تھا' بس یہی میری زندگی کی کہانی ہے۔ میرا یہ پیغام عبقری قارئین تک بھی پہنچا دیجئے کہ خدارا اپنے بچوں کو بد دعائیں نہ دیں' آپ کے منہ سے نکلا ایک لفظ آپ کے بچوں کی نسلیں تباہ و برباد کرکے رکھ دے گا۔ بچپن میں انسان سے غلطیاں ہوجاتی ہیں انہیں درگزر کرکے بچوں کو ہمیشہ اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اگر کسی نے بھی انجانے میں اپنے بچے کو بد دعا دی ہے تو اس کے حق میں دعائیں شروع کردیں میں نہیں چاہتا کوئی میری طرح دردر کے دھکے کھائے۔

ایک مرتبہ آپ درس کیلئے ہمارے شہر تشریف لائے' میری اہلیہ کا اصرار تھا کہ ہم وہاں جاکر درس سنیں گے' ہم اس درس میں شریک ہوئے اس کے بعد رمضان المبارک کا مہینہ آیا تو میری اہلیہ نے کہا کہ آپ رمضان شریف تسبیح خانہ لاہور میں جاکر گزاریں' میں نے سستی کا مظاہرہ کیا' مگر اچانک بارہ رمضان المبارک کو بس ارادہ کیا اور اگلے دن تسبیح خانہ میں موجود تھا۔ میں جب تسبیح خانہ میں پہنچا تو خود میں بہت تبدیلی محسوس کی' جو رمضان میں نے تسبیح خانہ میں گزارا ایسا رمضان میں نے اپنی زندگی میں کبھی نہیں دیکھا۔ آپ کا ہر درس سنا' گڑگڑا کر دعائیں مانگیں' غلاف کعبہ اور غلاف روضہ مبارک ﷺ کا دیدار نصیب ہوا۔ لیلۃ الجائزہ کا درس سنا۔ آپ نے دو انمول خزانہ پڑھنے کی خصوصی اجازت دی۔ الحمدللہ بہت سکون ملا۔ (پوشیدہ)

عبقری سے معلوم ہوا جسے منافع سمجھتی تھی وہ سود ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے جب سے ہوش سنبھالا دکھ ہی دکھ دیکھے' اپنے والدین کو پریشان دیکھا' گھر میں کسی کو کسی کے ساتھ کوئی لگاؤ نہیں تھا۔ میرا دل بہت پریشان رہتا تھا ایک دن اپنی پسندیدہ ڈائجسٹ لینے گئی تو سٹال پر عبقری لگا دیکھا' ٹائٹل دیکھا تو خرید لیا' یہ فروری 2011ء تھا' بس اس دن سے عبقری سے ایسی دوستی لگی کہ آج تک یہ دوستی ہر ماہ مزید گہری ہوجاتی ہے۔ عبقری پڑھ پڑھ کر پتہ چلا کہ ہمارا جو پیسہ بینکوں میں پڑا ہے اور اس سے ہمیں جو پیسہ آرہا ہے جسے ہم منافع کہتے ہیں اصل میں وہ ''سود'' ہے' تب ہی مجھے اپنے تمام مسائل کی جڑ بھی نظر آگئی' پھر ہم نے مارچ 2013ء میں یہ سودی نظام بند کروا دیا۔ اللہ کرے ہمارے معاشرے سے بھی یہ سود کا نظام بند ہوجائے اور معاشرہ بھی پرسکون ہوجائے۔ اس سود نے ہمارے گھر کو اجاڑ کر رکھ دیا ہے' ہم لاکھ کوشش کرتے ہمیں پتہ نہ چلتا کہ ہمارے گھر میں یہ نحوست کیسی ہے' کیوں بلاوجہ جھگڑے ہوتے ہیں' کاروبار میں برکت نہ تھی' گھر میں برکت نہ تھی' مگر اب مجھے معلوم ہے ان شاء اللہ ہمارے مسائل حل ہوجائیں گے۔ (پوشیدہ)

چہرے کی چھائیاں دور کرنے کیلئے

قارئین! سفید تل لیجئے اور ان میں بھینس کا دودھ اتنا ڈالیں کہ رگڑنے سے پیسٹ بن جائے' رات کو سوتے وقت چہرے پر مل لیں۔ صبح اٹھ کر کسی اچھے صابن سے چہرہ دھولیں۔ چہرہ صاف شفاف چمکدار اور کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنے پر چھائیاں ہمیشہ کیلئے دور ہوجاتی ہیں۔ (تحسین راجہ)

امتحان کے دنوں میں طلبہ کیلئے ٹوٹکہ: امتحان کے دنوں میں خاص طور پر اگر طلبہ شہد کا زیادہ استعمال کریں تو یقیناً وہ زیادہ دیر تک پڑھ سکیں گے اور پڑھے ہوئے کو یاد بھی رکھ سکیں گے۔

قارئین کے سوال — قارئین کے جواب

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

جولائی کے جوابات

1۔ آپ جانوروں کے لاتعداد مسائل کیلئے یہ نسخہ استعمال کروائیں۔ جانور کو ٹھنڈ لگ جائے، جوڑوں میں درد ہو، گنٹھیا ہو، چلا نہ جاتا ہو، پاؤں میں سوجن آجاتی ہو، پاؤں سے کڑکڑ کی آوازیں آتی ہوں۔ اس کیلئے نہایت مفید ہے۔ **ھوالشافی:** مجید دوائی (جانوروں کی ادویات والی دکان سے ملے گی) ایک چھٹانک، دو کلو دودھ میں پکانی ہے، دو تین ابالے دیکر ٹھنڈا کرلیں۔ پھر جانور کو پلادیں۔ **بکرے کیلئے:** اس کی آدھی مقدار۔ اس کے علاوہ اگر جانور کو کوئی زخم لگ جائے تو زخم کی جگہ تمباکو کی راکھ لگائیں تمباکو کی راکھ لگانے سے جانور کا زخم ٹھیک ہوجاتا ہے۔ **ہاضمہ کیلئے** جانور کو ہفتے میں دو تین مرتبہ تھوڑا سا گڑ کھلا دیا کریں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی ''جانور شفاء'' کا کوئی جوڑ نہیں۔ اچھی نسل کے جانور پالیں اور چارہ تازہ کھلائیں اس کے علاوہ روزانہ رات کو جانور کو کھل، دانہ، چوکر اور جوئی یا توڑی مکس کرکے کم از کم آدھ سے ایک کلو تک کھلائیں آہستہ آہستہ بڑھاتے جائیں پھر جانور کی قابل رشک صحت خود دیکھیں۔ جانور کو پندرہ دن میں ایک مرتبہ ضرور نہلائیں۔ **(عاشق حسین، شیخوپورہ)**

2۔ محترمہ! میرے خالو جان کو فالج تھا، بہت علاج کروائے مگر عبقری دواخانہ کی ''معذور شفاء'' اور کراماتی تیل نے آج ان کو بستر سے اٹھا کر چلنا سکھا دیا ہے۔ بہت ہی کمال کی ادویات ہیں، آپ اپنی والدہ کو ''معذور شفاء'' لکھی گئی ترکیب کے ساتھ کھلائیں اور ''کراماتی تیل'' کی مالش خوب کریں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یہ کام کریں پھر کمال دیکھیں۔ یہ ہمارا آزمودہ ہے۔ **(ثمینہ ثاقب، لاہور)**

3۔ آپ کیلئے سب سے بہترین وظیفہ آپ کے ہر مسئلے کا حل صرف **وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿والضحیٰ ۵﴾** ہروقت اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے باوضو پڑھیں۔ **(شہریار، گوجرانوالہ)**

4۔ **بھائی!** آپ خالص گائے کا گھی لے کر ڈراپر میں ڈال لیں، روزانہ رات کو اپنی بیٹی کی ناک میں پہلے دائیں نتھنے میں پھر بائیں نتھنے میں ایک قطرہ ڈال دیں اور اسے کہیں کہ اوپر کھینچ لے۔ یہ ٹوٹکہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں، جلدی نہ کریں انشاء اللہ کچھ عرصہ میں مکمل صحت یابی ملے گی۔ یہ نسخہ حضرت حکیم صاحب نے عبقری میں بتایا تھا اور بہت سوں کا آزمودہ ہے۔ **(عالیہ مجید، سرگودھا)**

ستمبر کے سوالات

1۔ فرش بدنما اور روکھا: قارئین میرا مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے ابھی نیا گھر بنایا ہے، چپس کا فرش ڈلوایا ہے، مگر یہ فرش بہت روکھا اور بدنما ہے، اس میں کوئی چمک نہیں ہے، دھونے اور پوچا لگانے کے بعد جب تک گیلا رہتا ہے بہت خوبصورت لگتا ہے جیسے ہی سوکھنے لگتا ہے بالکل خشک اور بدنما ہوجاتا ہے۔ جیسے سر کے بال تیل لگانے سے پہلے ہوتے ہیں۔ قارئین کے پاس چپس یا ماربل چمکانے کیلئے آسان نسخہ یا علاج ہو تو پلیز ضرور بتایئے۔ (م۔ش)

2۔ ہائی بلڈ پریشر کا حملہ: میں عبقری کا مستقل قاری ہوں، میرا قارئین سے سوال ہے کہ میری عمر پچپن سال ہے، دو شادیاں کر رکھی ہیں، تقریباً دو سال قبل اچانک بلڈ پریشر ہائی ہوا تو صبح کی نماز کے بعد گر گیا، پھر دوائی وغیرہ استعمال کرتا رہا لیکن افاقہ نہ ہوا، جب تک گولی نہ کھاؤں بلڈ پریشر کنٹرول نہیں ہوتا۔ ایک تو مجھے بلڈ پریشر کیلئے ٹوٹکہ بتائیں اور دوسرا جب سے بلڈ پریشر کا اٹیک ہوا ہے تب سے خاص کمزوری بہت محسوس کر رہا ہوں، اس کیلئے بھی کوئی نسخہ عنایت فرمائیں۔ دعاگو رہوں گا۔ (ع۔ر، لیہ)

3۔ قارئین! خدارا ان کی مدد کریں!: قارئین میں گزشتہ سات سال سے عادت بد کا شکار ہوں، اس عادت نے مجھے ذہنی مریض بنا دیا، میں کہیں کا نہیں رہا، براہ مہربانی مجھے کوئی وظیفہ بتائیں کہ یہ عادت چھوٹ جائے۔ ii۔ قارئین! میری شادی کو پانچ سال ہوچکے ہیں مگر میری عادت بد ختم نہیں ہورہی، اس غلیظ عادت کی وجہ سے اب میں ازدواجی تعلقات بھی قائم نہیں کرسکتا۔ خدارا میری مدد کریں اس سے پہلے کہ میں خودکشی کرلوں۔ **(پوشیدہ)**

4۔ بغلوں میں سامنے کی طرف گوشت: میں اور میرے شوہر عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور ہر ماہ اس رسالے کا بڑی بے چینی سے انتظار کرتے ہیں۔ میرا مسئلہ صرف ایک ہے کہ میرے پہلے بچے کی پیدائش سے میرے بغلوں میں بالکل سامنے کارنروں پر گوشت نکل آیا ہے جو بہت نرم ہے اور اکثر اس میں درد ہوتا ہے، ڈاکٹروں نے الٹرا ساؤنڈ کروا کر آپریشن تجویز کیا ہے مگر میں آپریشن نہیں کروانا چاہتی۔ براہ مہربانی میری مدد کیجئے۔ (ن۔ن، پشاور)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد پوری

حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف چل کر آئے، پس ان میں سے جب ایک پہنچا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا بازو (مبارک) ان کے گلے میں ڈالا پھر دوسرے پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا دوسرا بازو (مبارک) ان کے گلے میں ڈالا۔ بعدازاں ایک کو چوما اور پھر دوسرے کو چوما اور فرمایا: اے اللہ! میں ان سے محبت کرتا ہوں تو بھی ان سے محبت کر۔ (طبرانی)

حضرت یزید بن ابوزیاد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر سے باہر تشریف لائے اور سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر کے پاس سے گزرے تو حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو روتے ہوئے سنا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تجھے معلوم نہیں کہ اس کا رونا مجھے تکلیف دیتا ہے۔ **(طبرانی)**

سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ وہ اپنے بابا حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مرض وصال کے دوران حسن اور حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں لائیں اور عرض کیا: یارسول اللہ! صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہیں اپنی وراثت میں سے کچھ عطا فرمائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''حسن میری ہیبت و سرداری کا وارث ہے اور حسین میری جرأت و سخاوت کا۔'' **(طبرانی)**

مجھ پر قرض کا پہاڑ تھا جو اتر گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا بہت پرانا قاری ہوں، مجھے کچھ عرصہ پہلے بہت پریشانی ہوگئی تھی جس کا احوال میں نے بذریعہ خط جوابی لفافہ کے ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری کے پتے پر آپ کو تحریر کیا تھا۔ اس خط کے جواب میں آپ نے مجھے سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ہر دفعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ پڑھنا تھا، جس کی تعداد آپ نے سوا لاکھ مرتبہ پڑھنے کی بتائی تھی۔ جیسے ہی ہم کو جواب ملا، میں نے اور میری اہلیہ نے پڑھنا شروع کردیا ابھی سوا لاکھ مکمل نہیں ہوا بلکہ تھوڑا سا رہ گیا ہے مگر اللہ کے فضل سے میرے مسائل حل ہورہے ہیں، غیبی اسباب پیدا ہوئے اور میرا پہاڑ جیسا قرض اتر رہا ہے بالکل تھوڑا سا رہ گیا ہے وہ بھی ان شاء اللہ وظیفہ مکمل ہونے تک ادا ہوجائے گا۔ **(سعداللہ خان، راولپنڈی)**

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

☆ پیر صاحب کا جنازہ ☆ میرا اسکول اور امتحان ☆ اجنبی لڑکی ☆ میری بہن بلی کو کچا کھارہی ☆ میرا منہ سوئیوں سے بھر دیا ☆ میرا گمشدہ لال دوپٹہ

ہیرے: میں نے دیکھا کہ ہمارے گھر میں شادی ہو رہی ہے اس میں ایک بزرگ مجھے ہیروں کا پتا دیتے ہیں جس میں ہر سائز کے گلابی رنگ کے ہیرے ہیں۔(م۔الف: کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کی دلی مراد ان شاء اللہ جلد پوری ہونے والی ہے آپ بطور شکرانہ حسب توفیق کچھ صدقہ کردیں۔ واللہ اعلم!

پیر صاحب کا جنازہ: میں نے دیکھا کہ ایک طرف کافی لوگ جارہے ہیں وہ لوگ مغرب سے تھوڑا سا شمال کی طرف جارہے ہوتے ہیں تو میں مشرق کی طرف بھی چلی جاتی ہوں وہاں ایک نہر ہوتی ہے جس میں گدلا پانی ہوتا ہے اور وہ نہر پانی سے پوری بھری ہوتی ہے' نہر کے قریب لوگ زمین ہموار کررہے ہوتے ہیں مجھے ایسا لگتا ہے جیسے یہاں ہماری امی کے پیر صاحب کا جنازہ آیا ہے اور ان کے جنازے میں لوگ جارہے ہوتے ہیں' میں آگے جاتی ہوں میں نے دیکھا کہ میں نے ایک کالی اور سفید بکری کی رسی پکڑی ہوتی ہے ایک آدمی کافی بکریاں لے کر بیٹھا ہوتا ہے' میری بکری بھی اس کی بکریوں میں مل جاتی ہے اور اس کی رسی بکریوں میں گتھم گتھا ہو جاتی ہے تو وہ آدمی مجھے میری بکری نکال کر دیتا ہے' میں بکری لے کر اس جگہ سے نکل کر سڑک پر آجاتی ہوں۔ سڑک پر چارپائیاں پڑی ہوتی ہیں' میں ایک چارپائی لے لیتی ہوں اور اسے اپنے سر پر رکھ کر چلنے لگتی ہوں۔(ش۔ش)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کا عنقریب مشرق کی طرف سفر ہوگا اور اس سفر میں کسی بزرگ کا فیض نصیب ہوگا اور تازندگی اس فیض کی برکات آپ کو پہنچتی رہیں گی نیز بہترین شریک حیات ملنے کا بھی اشارہ ہے' آپ چلتے پھرتے یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ پڑھتی رہا کریں۔

اجنبی لڑکی: میں نے دیکھا کہ دو جوان لڑکیاں اور ایک لڑکا کسی ویران سرحد پر کھڑے ہیں۔ ایک اس لڑکے کی بہن ہے اور دوسری شاید میں ہوں' وہ دونوں میرے لئے اجنبی ہیں' لڑکی کے ہاتھ میں کوئی قیمتی شے یا موبائل ہے جو کہ سرحد کے دوسری طرف گر جاتا ہے۔ لڑکی موبائل اٹھانے کیلئے آگے بڑھنے لگتی ہے تو اس کا بھائی اس کو بازوؤں سے پکڑ کر روک لیتا ہے' پھر میں موبائل کو اٹھا لیتی ہوں' ہم تینوں سرحد کے مخالف سمت میں بھاگنے لگتے ہیں' لڑکا اپنی بہن سے کہتا ہے تیز دوڑو وہ لوگ پیچھے آرہے ہیں اس کو اپنی بہن کا بہت خیال ہوتا ہے' میرا بالکل بھی نہیں ہوتا پھر وہ دونوں بھاگتے ہوئے مجھ سے آگے نکل جاتے ہیں جبکہ میں بائیں طرف مڑ جاتی ہوں اور ایک گندم کے کھیت میں چھپنے کی کوشش کرتی ہوں گندم پکی ہوئی ہوتی ہے اور اس کے پودوں کے درمیان کافی فاصلہ ہوتا ہے۔ میں سوچتی ہوں اگر میں حرکت کروں گی تو پیچھے آنے والے مجھے دیکھ لیں گے لیکن میں گھومتی رہتی ہوں خود کو روک نہیں پاتی پھر میں خوفزدہ ہو کر پیچھے راستے کو دیکھتی ہوں تو وہاں کوئی بھی نہیں آرہا ہوتا۔(پوشیدہ' گجرات)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ پر جو پریشان کن حالات آج کل آئے ہوئے ہیں' ان سے نکلنے کی جلد کوئی سبیل بن جائے گی۔ آپ پنج وقت نماز کی پابندی کرتے ہوئے ہر نماز کے بعد یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ 41 مرتبہ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم!

میرا اسکول اور امتحان: میں نے دیکھا کہ میرا اسکول ہے اور میں امتحان دینے آئی ہوئی ہوں۔ میرے ساتھ ایک اور لڑکی ہے پیپر ختم ہوگیا ہے ہم سب لڑکیاں اپنے اپنے گھروں کو جارہی ہیں' رات ہو رہی ہے پھر منظر بدلتا ہے میں اپنی کسی دوست کے گھر موجود ہوں اس سے کہتی ہوں کہ تم نے اپنی شادی میں تو بلایا نہیں اب اپنے شوہر کی تصویر دکھا دو' وہ تصویر دکھاتی ہے تو لڑکے کی تصویر دھندلائی ہوئی نظر آتی ہے۔ اس کے علاوہ مجھے اکثر خواب میں گندا پانی' سانپ وغیرہ دکھائی دیتے ہیں۔(عائزہ ملک' لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ اپنے ملنے جلنے والوں سے ذرا محتاط رہیں۔ بالخصوص اپنی دوستوں سے کیونکہ ان میں بعض بظاہر دوست ہیں لیکن آپ کو اور گھر کے دیگر افراد کو حسد کی وجہ سے نقصان پہنچانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ آپ ''سورہ بناء'' صبح و شام ایک ایک بار پڑھ کر حالات کی بہتری کی دعا کرتی رہا کریں۔

میری بہن بلی کو کچا کھارہی: میں نے دیکھا کہ میری چھوٹی بہن جو ساڑھے چار سال کی ہے چھت پر بیٹھی ہے اور اس کے ہاتھ میں ایک کالی اور سفید رنگ کی بلی ہوتی ہے' میری بہن اس بلی کی گردن پر کاٹتی ہے اور اس کو کھانے لگ جاتی ہے اس بلی کی گردن پر جہاں میری بہن نے کاٹا ہوتا ہے وہاں سے بوٹی اتر جاتی ہے اور میری بہن کے دانتوں پر خون لگ جاتا ہے وہ بہت خوفناک لگ رہی ہوتی ہے' میں اس کو کہتی ہوں نہ کرو یہ گندی ہے لیکن وہ میری بات سنتی ہی نہیں اور اسے کھانے میں لگی رہتی ہے۔(ا،اسلام آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کی چھوٹی بہن کو تمام چھوٹی بڑی بیماریوں سے صحت نصیب ہوگی اور آپ کے گھر میں خوشحالی آنے کا بھی اشارہ ہے تاہم مال حرام سے اجتناب کرتے رہیں تو یہ خوشحالی تادیر رہے گی۔ واللہ اعلم!

میرا منہ سوئیوں سے بھر دیا: میں نے دیکھا کہ میرے منہ کے اندر سوئیاں یا بہت ساری پنیں کسی نے ڈال دی ہیں اور میں ڈر رہی ہوں کہ حلق میں نہ چلی جائیں۔ میں انہیں جلدی کھینچ کھینچ کر نکال رہی ہوں۔(سوکر اٹھنے کے بعد باقاعدہ میرے حلق میں کانٹے سے چبھ رہے تھے)(ماریہ' ملتان)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کسی بڑی پریشانی سے آپ کی حفاظت ہوئی ہے۔ آپ دو نفل شکرانے کے پڑھیں اور 19 مرتبہ یَاحَفِیْظُ ہر نماز کے بعد پڑھ کر حفاظت کی دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم!

میرا گمشدہ لال دوپٹہ: میں نے دیکھا کہ میں اپنی دوست (ح) کے پاس یونیورسٹی گئی ہوں' میں ایک واٹر کولر سے پانی پیتی ہوں اور ہاسٹل جانے لگتی ہوں تو پتا چلتا ہے کہ میرے گلے میں دوپٹہ نہیں ہوتا۔ میں (ح) کو بتاتی ہوں اور دیکھتی ہوں کہ دوپٹہ اوپر واٹر کولر پر پڑا ہوتا ہے۔ میں (ح) کو کہتی ہوں کہ میں اپنا دوپٹہ خود اوپر جاکر لاتی ہوں اور سیڑھیاں چڑھنا شروع کردیتی ہوں۔ آخری سیڑھی پر پہنچ کر مجھے بہت ڈر لگتا ہے' دوسری طرف میرے دوپٹے والی جگہ ہوتی ہے سائیڈ پر کمروں کے آگے کے راہداری بنی ہوتی ہے' راستے میں مجھے ایک تنگ اور صاف راہداری نظر آتی ہے۔ وہاں اندھیرے میں چارپائی بچھائے لڑکیاں پڑھ رہی تھیں' ان میں سے ایک میری جاننے والی ہوتی ہے۔ میں ان کو کہتی ہوں کہ سامنے میرا دوپٹہ پڑا ہے وہ لا دو تو وہ قلابازیاں کھاتی جاتی ہے اور مجھے دوپٹہ لا دیتی ہے۔ میرے ہاتھ میں کڑھائی والا لال دوپٹہ ہوتا ہے۔(ق۔ہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات پر اشارہ ہے کہ آپ کو ان شاء اللہ تعلیمی کامیابیاں توقع سے بڑھ کر حاصل ہوں گی۔ اگرچہ کچھ رکاوٹیں درپیش ہوں گی لیکن آہستہ آہستہ ہر رکاوٹ دور ہوتی جائے گی۔ واللہ اعلم!

وَن وِیلنگ کرتے اوباشوں نے میری ماں کو مارڈالا

(نازیہ' لاہور)

وہ لڑکے طوفان بدتمیزی مچاتے ہوئے وہاں سے نکل گئے اور ہم برباد ہوگئے' ہماری دنیا' ہماری جنت' ہماری ماں چلی گئی' ہم اکیلے رہ گئے! میں ان لڑکوں سے صرف یہ پوچھتی ہوں کہ یہ آزادی منانے کا کون سا طریقہ ہے' کیا مہذب قومیں ایسے دن ایسے مناتی ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری تحریر ضرور چھاپیے گا شاید میری تحریر سے کوئی ماں اپنی اولاد سے نہ بچھڑے' شاید ان لڑکوں کو اللہ ہدایت دے دے جنہوں نے ''آزادی'' کے نام پر میری ماں کو ہم سے چھین لیا' اس دنیا میں پہنچا دیا جہاں سے کوئی واپس نہیں آتا۔ قارئین! یہ 14 اگست 2016ء بروز اتوار کی بات ہے' جب میرے امی ابو بھی ہر محب وطن پاکستانی کی طرح آزادی کا دن منانے بوقت فجر اٹھے' نماز فجر ادا کی' ملک کی ترقی اور سلامتی کیلئے خوب دعائیں مانگیں۔ اس کے بعد والدہ کی عادت تھی کہ وہ روزانہ قرآن پاک کی تلاوت اور عبقری کے وظائف پڑھا کرتی تھیں' پڑھ کر فارغ ہوئیں تو میرے امی اور ابو دونوں ناشتہ کرنے باہر گئے' میرے والدین بہت خوش تھے کہ آج 14 اگست ہے' آج کے دن ہمارا پیارا ملک پاکستان معرض وجود میں آیا' ہمارے بڑوں نے بڑی قربانیوں کے بعد اس ملک خداداد کو پایا ہے' وہ ہر سال اس دن کو بڑی عقیدت سے مناتے اور ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے خوب دعائیں کرتے۔ 14 اگست کے دن ہی میری امی اور ابو نے ہم تمام بہنوں کو کھانے پر دعوت دی ہوئی تھی۔ صبح 9 بجے میری امی کا فون آیا کہ بیٹی! ناشتہ ہمارے گھر آکر کرلو' میں نے کہا نہیں ہم ابھی سو رہے ہیں' آپ نے پہلے دوپہر کی دعوت دی تھی ہم دوپہر کو ہی آئیں گے۔ امی نے کہا اچھا چلو ٹھیک ہے' پھر میں بازار جاکر کچھ سودا لے کر آتی ہوں' آکر تمام بیٹیوں کیلئے قورمہ اور بریانی بنانی ہے' میں نے کہا ٹھیک ہے اس کے بعد میرے والدین دوبارہ ساڑھے نو بجے سودا سلف لینے چلے گئے۔ اس کے بعد دس بجے مجھے میری چھوٹی بہن کا فون آیا کہ ''آپی! امی ابو کا ایکسیڈنٹ ''موچی پورہ'' میں ہوگیا ہے'' ہم لوگ فوری طور پر وہاں پہنچے' امی کو 1122 کی ایمبولینس میں ڈال کر فوری طور پر لاہور کے جناح ہسپتال میں لے جایا گیا' وہاں جاکر پتہ چلا کہ ابو امی سامان خرید کر واپس آرہے تھے کہ دو موٹرسائیکل سوار جو ''ون ویلنگ'' اور ''ہلہ گلہ'' کرتے آرہے تھے' امی کو موٹرسائیکل کا ہینڈل مارا ابو کی بائیک کو ہٹ کیا میرے ابو آگے اور امی پیچھے کی طرف گریں' اور ان کا سر اس زور سے فٹ پاتھ پر ٹکرایا کہ جس کی وجہ سے دماغ پھٹ گیا' گردن کی ہڈی اور پسلی ٹوٹ گئی اور میری امی کے منہ سے اسی وقت جھاگ نکلا' تین سانسیں لیں اور ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ہمیں چھوڑ گئیں جبکہ وہ لڑکے اٹھے' طوفان بدتمیزی مچاتے ہوئے وہاں سے نکل گئے اور ہم برباد ہوگئے' ہماری دنیا' ہماری جنت' ہماری ماں چلی گئی' ہم اکیلے رہ گئے! میں ان لڑکوں سے صرف یہ پوچھتی ہوں کہ یہ آزادی منانے کا کون سا طریقہ ہے' کیا مہذب قومیں اپنا دن ایسے مناتی ہیں' یہ لوگ کیسے کسی کی زندگی چھین سکتے ہیں؟ انہیں یوم حشر والے دن میری ماں کے خون کا حساب دینا ہوگا۔ میرے ابو میری امی کے بغیر کیسے رہ سکتے ہیں' اللہ جانتا ہے ان کی حالت اس وقت کیا ہے۔ مگر ہمارے سے ہماری ماں کیوں چھینی؟ انہوں نے کسی کا کیا بگاڑا تھا۔ وہ تو محب وطن فرشتہ صفت خاتون تھیں' وہ ہر سال 14 اگست پر بہت خوش ہوتیں ان کی تو عید ہوتی۔ باپردہ' ذاکرہ' ہر وقت ذکر و اذکار کرنے والی' میرے آقا حضرت محمد ﷺ کی نعتیں پڑھنے والی میری ماں کہاں چلی گئیں۔ میں پردوں میں چھپ چھپ کر بلک بلک کر روتی ہوں' آخر میری ماں کو مجھ سے کیوں چھین لیا گیا' وہ کون تھے؟ کہاں سے آئے' کدھر گئے؟ شاید ان کو پتہ بھی نہ ہوگا کہ ہم پر کیا قیامت گزر رہی ہے۔ میرے باپ کے منہ کو چپ لگ گئی ہے' نہ وہ ہنستے ہیں' نہ بولتے ہیں' نہ ٹھیک سے کھاتے پیتے ہیں۔ اس سے زیادہ لکھنے کی مجھ میں ہمت نہیں۔ اللہ ان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین!

بزرگ نے عمل عطا کیا' ہر مراد برآئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں قارئین عبقری کیلئے اپنا آزمودہ عمل بھیج رہی ہوں۔ قارئین نوٹ فرمالیں! یہ نفل مجھے ایک بزرگ نے عطا فرمائے تھے' جب بھی کوئی مشکل پیش آئے' دو' دو کرکے کل دس رکعات نماز نفل صلوٰۃ الحاجت پڑھیں۔ ہر دو نوافل کے بعد **واللہ المستعان** کی ایک تسبیح پوری پڑھیں۔ جب اس ترتیب سے دس رکعات نماز نفل پورے کرلیں تو پھر عاجزی سے دعا مانگیں' ان شاء اللہ ایک بار میں ہی مراد برآتی ہے۔ میرا تو بارہا کا آزمودہ ہے۔ کوئی حاجت ہو' کوئی مشکل آن پڑے' بس یہ عمل مکمل کیا اور مسئلہ حل۔ (عالیہ ظہور)

یہ سب عبقری کا ہی کمال ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ ثم الحمدللہ! میرا دل بہت خوش ہوتا ہے جب اللہ تعالیٰ کی ایک بہت بڑی نعمت کی شکل میں ماہنامہ عبقری میرے ہاتھوں میں پہنچتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے پیارے ملک پاکستان پر خوب خوب رحم و کرم فرمایا ہے کہ اس عظیم ملک کو آپ جیسی ہستیوں سے نوازا ہے۔ کافی عرصہ سے دل میں لکھنے کی خواہش تھی لیکن رب کریم نے توفیق آج ہی نصیب فرمایا۔ جناب! مجھے تین ماہ سے پیٹ کی پریشان کن بیماری لاحق تھی' میرے والد صاحب خود طب نبوی ﷺ سے منسلک ہیں' بہت نسخے آزمائے' بہت حکیموں سے علاج کروایا' بہت ڈاکٹری علاج کیا لیکن صحت اور میں دور کی بات۔ بالآخر ایک پنساری جو ہمارا عزیز ہے نے مجھے ایک نسخہ دیا جو کہ ایک سینے کا راز تھا اور کہا کہ دوائی ختم ہونے کے بعد کاغذ اپنے ساتھ لانا اور تمہارے والد اس نسخہ سے بہت زیادہ کمائی کرسکتے ہیں اور کہا کہ کسی اور کو نہ دینا اور اپنے ساتھ لکھوا دینا اور رکھ دینا۔ لیکن میں نے ایسا نہ کیا عبقری کی بخل شکنی دیکھتے ہوئے میں اسے قارئین کی نذر کررہا ہوں:۔ پیٹ کے امراض خصوصاً دست، معدہ' آنتوں کی کمزوری میں نہایت اکسیر ہے۔ **ھوالشافی:** رال سفید دو تولہ' قنوچہ چار تولہ' اسپغول چار تولہ' میتھی چری چار تولہ' گوند کتیرا دو تولہ' بہدانہ دو تولہ' الائچی ایک تولہ' بادیان دو تولہ' سوڈا بائیکارب ایک تولہ۔ تمام چیزوں کو اکٹھا کرکے پھکی تیار کرلیں۔ **طریقہ استعمال:** صبح و شام دو بڑے چمچ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ میرا مرض نہ ختم ہونے والا تھا' کچھ کھاتا تو ہضم نہیں ہوتا' دن میں چار پانچ مرتبہ دستوں کی شکایت ہوتی' انگریزی علاج سے فرق صرف یہ ہوتا تھا کہ دستوں کی جگہ کچا پاخانہ آتا' چہرہ مرجھایا ہوا تھا' چلنے پھرنے کے قابل نہیں تھا' اپنے آپ سے تنگ تھا مگر اب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ٹھیک ٹھاک ہوں۔ الحمدللہ اپنی کلاس میں پوزیشن بھی لے لی ہے۔ یہ سب تو عبقری کا ہی کمال ہے۔ (عبداللہ جان' بنوں)

(بقیہ: مراقبہ میں تختِ سلیمانی دیکھا)

مراقبہ کرنے بیٹھی تو اچانک مجھے تیز روشنی نظر آئی جس کی وجہ سے پہلے تو مجھ پر خوف طاری ہوا بعد میں جسم کو سکون سا ملنا شروع ہوگیا۔ اس کے بعد مجھے ایک انتہائی خوبصورت تخت دکھایا گیا اور میرے دل میں ڈالا گیا کہ یہ حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تخت مبارک ہے۔ مراقبہ ختم ہونے کے بعد میری تو خوشی کی کوئی انتہا ہی نہ رہی۔ (و۔ز)

خواتین پوچھتی ہیں؟

ام اوراق

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

عجب کیفیت: چندماہ سے میں بہت پریشان ہوں' میرے شوہر فوت ہوگئے' دو بچے ہیں' میری عجب کیفیت ہوجاتی ہے منہ خشک ہونے لگتا ہے' دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہے' سر میں ایسا لگتا ہے کوئی اسے دبا رہا ہے رات کو نیند بھی نہیں آتی۔ میری دوست کہتی ہیں تم پر کسی نے جادو کردیا ہے' (ب۔م)

مشورہ: بہن! آپ کو کچھ نہیں ہوا نہ جادو ہے نہ سحر کا اثر' اسے آپ ذہنی دباؤ کہہ سکتی ہیں' اکثر شوہر کے مرجانے یا کسی اچانک ذہنی صدمے سے یہ حال ہوجاتا ہے' لوگ کہتے ہیں کسی فقیر کے پاس جانے سے اس کی نظر کا اثر ہوجاتا اور مشکل آسان ہوجاتی ہے۔ یہ سب کہنے کی باتیں ہیں' ہاں اپنے دل کی بات کہنے سے بوجھ ہلکا ہوجاتا ہے آپ اپنی کسی دوست' بہن سے بات کرکے بوجھ کم کرسکتی ہیں۔ آپ نماز کی پابندی ضرور کریں' نماز کے بعد دعا کرنے سے آپ کو اپنے اندر ایک نئی تبدیلی کا احساس ہوگا۔ دودھ' دہی' شہد' گنے کی راب' الفا الفا کے بیج' کدو اور سورج مکھی کے بیج آپ کیلئے مفید ہیں۔ ابلی اور کچی سبزیاں صحت بخش ہوتی ہیں' بے خوابی ہوتو سونے سے پہلے دارچینی پسی ہوئی 2 چٹکی گرم دودھ میں ملا کر ایک چمچہ شہد ڈال کر پینے سے بہت سکون ملتا ہے اپنی ڈاکٹر سے پوچھ کر حیاتین تجویز کراسکتی ہیں۔ تلسی کے چھوٹے چھوٹے دس بارہ پتے چبانے سے ذہنی دباؤ میں فرق پڑتا ہے صبح شام کھانے سے آپ سکون محسوس کریں گے۔ کیلے آپ کیلئے اچھے ہیں' دو کیلے روزانہ کھائیے یا ملک شیک بنا کر پی لیجئے۔

کلینزنگ ملک کے فائدے تو بتایئے: میری دوست بازار سے کلینزنگ ملک خرید کرلاتی ہے اس کے کیا فائدے ہوتے ہیں اور اسے گھریلو طور پر کیسے بناسکتے ہیں؟ (م۔ش)

مشورہ: بازار جائیں تو طرح طرح کے لوشن' کریمیں' ماسک نظر آتے ہیں اور قوت خرید سے باہر' پہلے زمانے میں بھی ہوتا تھا' چہرے کا خیال رکھا جاتا' سرسوں کی کھل' چنبیلی کی کھل' تلوں کی کھل' بیسن' جو کا آٹا وغیرہ گھروں میں ہوتا تھا' صابن کا استعمال کم تھا' تلوں کی کھل میں ہلدی' خوشبو ملائی جاتی' یوں گھریلو ابٹن تیار ہوجاتا' اسی سے منہ دھوتے' نہاتے تھے' کلینزنگ ملک کی ضرورت ہی نہیں پڑتی تھی' سانولی سلونی لڑکیاں' رنگت نکھارنے کیلئے چار پانچ چمچ دودھ لے کر اس میں آدھے لیموں کا رس ملاتیں' دودھ پھٹ جاتا تو اسے چہرے پر لگایا جاتا۔ آدھے گھنٹے بعد منہ دھوکر گلاب کا عرق لگالیا جاتا جن لڑکیوں کی جلد بہت خشک ہوتی' وہ ایک بڑے چمچ بالائی میں چھوٹا چمچ لیموں کا رس ملا کر چہرے پر لگاتیں اور بعد میں بیسن سے منہ دھولیتی تھیں تو چہرہ صاف ہوجاتا۔ آپ تازہ دودھ لے کر اس میں روئی بھگو کر چہرہ صاف کرسکتی ہیں۔ سارا میل دودھ سے صاف ہوجاتا ہے' بازار میں کئی طرح کے کلینزنگ ملک ملتے ہیں' اچھی کمپنی کا دیکھ کر خریدیئے ورنہ گھریلو طور پر آپ دودھ لیموں والا ٹوٹکا استعمال کریں۔

کبھی آدھا اور کبھی پورا سر درد: میری عمر 28 سال ہے' 2 بچے ہیں' میرے سر میں بہت درد ہوتا ہے' کبھی آدھے سر میں اور کبھی پورے سر میں۔ درد کیلئے روز مجھے گولی کھانا پڑتی ہے ورنہ میں گھر کا کام نہیں کرسکتی۔ (شاکرہ امان' لاہور)

مشورہ: ہمارے ہاں گھریلو طور پر ڈسپرین درد کیلئے کھائی جاتی ہے اور درد کو سکون ملتے ہی کام میں لگ جاتے ہیں۔ ڈاکٹر بھی کہتے ہیں سر درد میں زیادہ گولیاں نہیں کھانی چاہئیں نقصان ہوتا ہے۔ مابعد اثرات صحت کو تباہ کردیتے ہیں' آخر یہ درد کیوں ہوتا ہے' آپ ہر کام کا بوجھ تو زیادہ نہیں لیتیں' کمزوری اور تکان تو نہیں؟ اسی طرح آپ کی غذائی عادات کیا ہیں؟ آپ کیا کھاتی ہیں؟ بعض مرتبہ کھانا وقت پر نہ کھانے سے بھی درد ہوجاتا ہے۔ اپنی غذا کا خاص خیال رکھئے' موسمی پھل' سبزی سلاد' خشک پھل ضرور کھایئے۔ نیند پوری کریں' نیند کی کمی بھی سر درد کا باعث بنتی ہے۔ سر میں ضرور تیل لگایئے' بادام روغن مل جائے تو رات کو کنپٹی پر ہلکی ہلکی مالش کریں' چائے میں دودھ کے بجائے آدھا لیموں نچوڑ کر شہد ملا کر پینے سے فرق پڑ جاتا ہے۔ آپ کسی اچھے حکیم کو دکھا کر دوا لیں۔ عبقری دواخانہ جا کر دکھایئے یا بذریعہ خط دوا منگوایئے ان شاءاللہ آرام آجائے گا۔ اخروٹ' بادام' سونف وغیرہ مفید ہیں۔ بادام سونف مصری پیس کر ہم وزن رکھ لیں' دودھ کے ساتھ صبح شام کھائیں' درد کی گولیاں کھانی بند کریں' آپ کو گولی کھانے کی عادت ہوگئی ہے' اسے ترک کریں۔

خون بڑھانے کیلئے: خون بڑھانے کیلئے کون سی غذا بہتر ہے' خون میں سرخ ذرات کم ہوجائیں تو غذا میں کیا کھانا چاہئے؟ (اہلیہ شاہان' لاہور)

جواب: آپ اپنے ڈاکٹر سے غذائی چارٹ بنوائیں' حکیم پہلے زمانے میں کلیجی کھلاتے تھے تاکہ خون کی کمی دور ہوجائے۔ کلیجی کے ٹکڑے فرائی پین میں ڈالیں اور ہلکا سا نمک' کالی مرچ' ادرک لہسن پسا ہوا ملا کر تیل یا گھی ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ پانی خشک ہوجائے تو اتار کر کھالیجئے۔ اسی طرح آپ کلیجی کو مصالحے ڈال کر بھون کر اس میں تازہ میتھی کے پتے ڈال کر پکایئے۔ کلیجی اور میتھی بہت لذیذ بنتی ہے' ہفتے میں 2 بار ضرور کھائیں۔ سلاد ضرور بنایئے' سلاد کے پتے' چقندر کے ٹکڑے' کیلا' سیب' پیاز' مولی پتوں کے ساتھ اور ٹماٹر کاٹ کر رکھئے۔ بادام' شہد' کچی سبزیاں' تازہ پھل خون بنانے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

تارا میرا کے بیج: میں تارا میرا کے متعلق پوچھنا چاہتی ہوں۔ اس کے فوائد بھی لکھیے ہیں۔ (بیگم فہمیدہ امتیاز' راولپنڈی)

مشورہ: ہمارے رسالے کی ایک پرانی قاریہ ہیں۔ یہ کہتی ہیں کہ 70 برس کی خاتون کا ہائی بلڈ پریشر تارا میرا سے ٹھیک ہوگیا۔ وہ تازہ پانی کے ساتھ چائے کا ایک چمچ تارا میرا کے بیج کھاتی تھیں' اب اس بارے میں مزید معلومات چاہتی ہیں۔ تارا میرا کا تیل بھی ملتا ہے جو بہت تیز ہوتا ہے' حساس لوگ لگائیں تو بہت لگتا اور کھجلی محسوس ہوتی ہے۔ پشاور کی ایک بزرگ خاتون نے بتایا کہ تھوڑے سے بیج روز کھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔ جسم کا درد ختم ہوتا اور اس کا تیل لگانے سے خارش سے آرام آتا ہے' تیل لگاتے ہی جلن کا احساس ہوتا مگر یہ جلد کے جراثیم ہلاک کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے' خارش' کھجلی کے مریض دو تین ہفتے اس کے بیج کھالیں اور اس کا تیل لگالیں تو آرام آجاتا ہے ساگ پکانے میں اس کے پھول بھی شامل کئے جاتے ہیں تارا میرا کا بیج اور تیل پنساریوں کے ہاں سارا سال دستیاب ہوتا ہے' اس کے تیل میں کھانا بنایا یا پکوڑے تلے جائیں تو جسم کے درد میں آرام آتا ہے۔ حکیم نور احمد مرحوم معدے کی تیزابیت کے مریضوں کو تارا میرا کے لڈو یا پیڑے بنا کر کھانے کی تاکید کرتے تھے۔ (بیج کوٹ کر دودھ میں پکا کر کھویا بن جانے پر چینی ملا کر پیڑے بناتے ہیں) ایک دو پیڑے کھلا کر چائے یا لسی پینے کو کہتے تھے' اس سے معدہ صحیح کام کرنے لگتا ہے۔ پیٹ میں ہوا بھی نہیں بنتی اور بھوک لگتی تھی۔ پرانے طبیب تارا میرا کے بیجوں کی خاصیت جانتے تھے' وہ بیج پیس کر تھوڑے سے دہی میں ملا کر چہرے کے داغ دھبوں پر لگواتے اس سے رنگ صاف ہوجاتا' تارا میرا کے بیجوں کو احتیاط سے لگایئے' اگر زیادہ جلن ہو تو آپ فوراً منہ دھو کر عرق لگالیں۔ حکماء اسے کئی طریقوں سے استعمال کرتے ہیں' خون بڑھانے' مردانہ کمزوری دور کرنے' ریح کا درد اور قبض دور کرنے کیلئے زمانہ قدیم سے تارا میرا کے بیج استعمال کئے جارہے ہیں۔

غیبت کرنے والی کی زبان بند: غیبت کرنے والے کی زبان بند کرنے کے لیے اسم یَاظَاہِرُ 31 مرتبہ نماز مغرب کے بعد پڑھے۔ ان شاء اللہ غیبت کرنے والا باز آجائے گا۔

کیکر جادوئی درخت! ایک بار تو ضرور آزمائیے!

رانا محمد یٰسین سانگلہ

پوشیدہ امراض' کیکر کی کومل پھلیاں جن میں ابھی بیج نہ پڑا ہوتا رکر سائے میں خشک کی جاتی ہیں پھر انہیں ہم وزن شکر میں سفوف بنا کر ملا دیا جاتا ہے اس دوا کو چھ گرام مقدار میں روزانہ صبح دودھ کے ساتھ لیا جائے تو چند دن میں مثبت نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

بول (کیکر) کا درخت سولہ میٹر تک لمبا ہوتا ہے اس کی چھال سیاہی مائل خاکستری اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں شاخوں پر کانٹے پائے جاتے ہیں' درخت کے تنے سے ایک لعاب دار مادہ رستا ہے جسے گوند کہتے ہیں۔ شفا بخش اجزاء:۔ کیکر کے پتے' چھال' پھلی اور گوند سبھی میں طبی افادیت پائی جاتی ہے پتے اور چھال رطوبتوں کو خشک کرنے اور رستے ہوئے خون کو روکنے میں مفید ہے پھلی سانس کی نالیوں سے بلغمی مواد اور ریشہ خارج کرنے میں معاون ہے گوند جلد کی حدت اور سوزش دور کرنے میں سود مند ہے کیکر کی گوند کا لعاب دیگر ادویات کے ساتھ ملا کر سینے کے امراض' نزلہ' اسہال پیچش کے لئے اور سوزاک اور قرحہ کے علاج کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اس گوند کا گاڑھا لعاب تیز اور خارش پیدا کرنے والے زہروں کے لئے نہایت اعلیٰ تریاق ہے یہ زہر کے ذرات کو سمیٹتا اور معدہ کی جھلی پر ایک تہہ چڑھا دیتا ہے جس سے وہ زہر کے اثر سے محفوظ رہتی ہے۔ اسہال: بول کے مختلف حصے معمولی قسم کے اسہال کے علاج میں بہت زیادہ مفید ہیں نرم پتوں کے ساتھ سفید اور کالے زیرہ کو ملا کر تین بار روزانہ بارہ گرام مقدار میں دیا جاتا ہے چھال سے بنا جوشاندہ بھی اسی مقصد کے لئے اتنی بار لیا جا سکتا ہے بول کی گوند بھی کاڑھے یا چاشنی کی صورت میں اسہال کے لئے موثر دوا ہے۔ دانتوں کے امراض: بول کی تازہ چھال کو روزانہ چبانا ہلتے ہوئے دانتوں کو مضبوط بنانے اور مسوڑھوں سے خون رسنے کے عمل کو روکتا ہے گندے دانت صاف کرنے کے لئے بول کی لکڑی کا کوئلہ 60 گرام توے پر گرم کی ہوئی پھٹکڑی 24 گرام اور نمک 12 گرام کا منجن موثر اور قدیم نسخہ ہے۔

ایگزیما: یہ جلد کا مرض ہے جس میں شدید خارش ہوتی ہے ایگزیما کے علاج کے لئے بول کی چھال بہت موثر ہے تقریباً پچیس گرام چھال بول اور ہم وزن چھال آم کو ایک لٹر پانی میں ابالا جاتا ہے اور اس سے اٹھنے والی بھاپ کا سینک متاثرہ حصہ پر کیا جاتا ہے سینک کے بعد متاثرہ حصہ پر گھی مل دیا جاتا ہے۔ ٹانسلز: چھال کے جوشاندہ میں معدنی نمک ملا کر غرارے کرنے سے ٹانسلز میں افاقہ ہوتا ہے معمولی کھانسی اور حلق میں خراش کے لئے منہ میں بول کی گوند رکھ کر اس کا لعاب چوسنے سے تھوڑی دیر میں تکلیف رفع ہو جاتی ہے بول کی چھال کا جوشاندہ بنا کر اس میں املی بھگو دیں رات بھر پڑا رہنے دیں اس کے بعد صبح کو اچھی طرح مل چھان کر اس پانی سے غرارے کرنے سے منہ کے چھالے ختم ہو جاتے ہیں۔ **آشوب چشم:۔** بول کے پتے آشوب چشم کے علاج کے لئے بہت کارگر ہیں۔ پتوں کو پیس کر لیپ بنا لیا جائے اور متاثرہ آنکھوں پر رات کو کپڑے کی پٹی میں رکھ کر باندھ دیا جائے اس پٹی کو صبح کے وقت کھولا جائے آنکھوں کی سرخی اور درد ختم ہو جائیں گے۔

طوفان اشک: آنسو بہت زیادہ ہوں اور جاری رہیں تو 250 گرام بول کے پتے لے کر چوتھائی لیٹر پانی میں یہاں تک ابالیں کہ پانی ایک چوتھائی رہ جائے اسے اچھی طرح چھان پن کر ڈھکن لگا کر رکھ دیں اس مائع کو صبح و شام آنکھوں کے پپوٹوں پر لگائیں عارضہ ختم ہو جائے گا۔

دیگر استعمال: جریان: بول کی تازہ پھلیاں جنسی امراض مثلاً جریان' احتلام' سرعت انزال اور مادہ منویہ رکیک ہو جانا میں بہت موثر ہے آیورویدک میں پھلیوں کا مندرجہ ذیل نسخہ مذکورہ امراض کے لئے شافی علاج تصور کیا جاتا ہے ایک سے ڈیڑھ میٹر لمبے کھدر کے کپڑے کو ہموار جگہ پر پھیلا دیتے ہیں' بول کی تازہ پھلیوں کو کچل کر ان کا رس نکال کر کھدر کے کپڑے پر پھیلا دیا جاتا ہے بیس دنوں تک روزانہ صبح و شام پھلیوں کا رس اس کپڑے پر پھیلاتے رہتے ہیں یہاں تک کہ پانچ سے چھ سینٹی میٹر موٹی تہہ کپڑے پر جم جاتی ہے اب اس کپڑے کا چھوٹا سا ٹکڑا کاٹ کر جس کا وزن پانچ سے نو گرام ہو گائے کے ایک لٹر دودھ میں ابالا جاتا ہے دو تین جوش دینے کے بعد ذائقہ بہتر بنانے کے لئے شکر ڈال کر پیا جاتا ہے کہا جاتا ہے کہ کچھ دنوں کے استعمال سے جنسی مسائل میں بے حد افاقہ ہو گا جریان کے لئے عمدہ ترین دوا ہے پھلیوں سے بنایا گیا ایک اور نسخہ بھی جریان کے لئے بہت موثر ہے۔ کیکر کی کومل پھلیاں جن میں ابھی بیج نہ پڑا ہوتا رکر سائے میں خشک کی جاتی ہیں پھر انہیں ہم وزن شکر میں سفوف بنا کر ملا دیا جاتا ہے اس دوا کو چھ گرام مقدار میں روزانہ صبح دودھ کے ساتھ لیا جائے تو چند دن میں مثبت نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

روحانی کیفیت

مجھے دست غیب عطا ہوگیا

(پوشیدہ' سرگودھا)

میں نے یہ وظیفہ دن رات پڑھا' اللہ کریم کا فضل و کرم ہو رہا ہے' دست غیب عطا ہوا ہے' رقم ختم ہونے سے پہلے ہی رقم کا بندوبست ہو جاتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے عبقری سے تعلق قائم ہوا' تسبیحات' تلاوت اور وظائف میں ایک نیا لطف' روحانی سرور و سکون ملا ہے۔ اللہ کریم آپ کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر قائم رکھے اور دونوں جہاں کی سعادات' رحمتیں' برکات' عافیتیں نصیب ہوں۔ یونہی مخلوق خدا کو روحانی و جسمانی شفاء آپ کے ذریعے ملتی رہے۔ آمین ثم آمین! میں نے کچھ عرصہ قبل تفصیل سے ایک خط لکھا تھا جس کا جواب میں آپ نے مجھے دو انمول خزانہ پڑھنے کیلئے دیا اور ساتھ کتابچہ بالکل مفت بھیجا بھی۔ عبقری سے تعلق کے بعد سود سے توبہ' فوری بینک میں جا کر سودی اکاؤنٹ ختم کروا کر بغیر سود والا اکاؤنٹ کھلوا کر رقم اس میں ڈال دی' مگر روزگار' کاروبار نہ ہونے کے سبب آہستہ آہستہ وہ رقم ختم ہوگئی اب بہت پریشان ہوا' دفتر ماہنامہ عبقری میں خط لکھا' آپ نے دو انمول خزانے وظیفہ بھیجا' میں نے یہ وظیفہ دن رات پڑھا' اللہ کریم کا فضل و کرم ہو رہا ہے' دست غیب عطا ہوا ہے' رقم ختم ہونے سے پہلے ہی رقم کا بندوبست ہو جاتا ہے' معلوم نہیں کہاں کہاں سے رقم آرہی ہے' سوچ بھی نہیں سکتا' الحمدللہ! گھر کا نظام پہلے سے بہت بہتر چل رہا ہے۔ نماز اور ذکر میں دھیان ملا ہے۔ روحانی امراض ختم ہو رہے ہیں۔

(بقیہ: یکم محرم کا وظیفہ! عمر بھر مصائب و مشکلات سے چھٹکارا)

معتبر اور محترم ہے اسی لحاظ سے اس دن کا ہم پر یہ حق ہے کہ اس کو نہایت ادب و احترام سے حالت روزہ اور زیادہ سے زیادہ قیام و سجود میں گزاریں۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ محرم الحرام کے معمولات کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جو کوئی محرم الحرام کی پہلی شب کو چھ رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور دس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے تو بے پناہ اجر و ثواب عطا ہوگا۔ (فضائل ایام الشہود) عاشورہ کے دن چار رکعت اس طرح کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ، سورۃ اخلاص 50 مرتبہ پڑھیں تو اللہ تعالیٰ اس کے ماضی و مستقبل کے 50 سالہ گناہ معاف فرمائے گا اور جنت میں اس کے لئے ایک ہزار نورانی محل بنا دے گا جو کوئی عاشورہ کے روز چار رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 11 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد کثرت سے درج ذیل دُعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے 50 برس پہلے اور پچاس برس بعد کے گناہ معاف فرما دیتا ہے اور اس کیلئے ایک ہزار نورانی منبر بناتا ہے۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِكَةِ (فضائل ایام الشہود) عاشورہ کی رات دو رکعت نفل قبر کی روشنی کے لئے پڑھے جاتے ہیں۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 3،3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں تو اللہ تعالیٰ قیامت تک اس کی قبر کو روشن رکھے گا۔

خوب کماؤ خوب کھاؤ: خوب کماؤ' خوب کھاؤ' خوب پہنو مگر اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اس کی یاد سے غافل نہ ہو اور ہر معاملہ پر مذہب کے نکتہ نگاہ سے نظر ڈالو۔ (شاہ عبدالقادر خان سہروردی رحمۃ اللہ علیہ)

اولاد سے محروم افراد کیلئے لاجواب نسخہ	اللہ پاک کی دوستی اور قطبیت کا نہایت آسان عمل	بزرگ نے ٹوٹکہ دیا! پندرہ دن میں لقوہ ٹھیک	کمزوری کیلئے لاجواب نسخہ

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں' آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے' یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ' چاہے بے ربط ہی لکھیں' صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

ٹی بی، کینسر اور لاعلاج بیماریوں کیلئے اکسیر نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس کچھ صدری راز ہیں جو میں قارئین عبقری کیلئے خاص طور پر بھیج رہا ہوں۔ یقیناً قارئین کیلئے انتہائی سود مند ثابت ہوں گے۔ **ٹی بی، کینسر اور لاعلاج بیماریوں کیلئے اکسیر:** ھوالشافی: شہد خالص ایک کلو' کلونجی بیس گرام' کلونجی کو باریک پیس کر شہد میں ڈال کر مکس کر دیں' **خوراک:** صبح و شام ایک چمچ نیم گرم دودھ یا پانی میں مکس کر کے لیں۔ یہ نسخہ تمام بیماریوں مثلاً جوڑوں کا درد' گیس' اپھارہ' دمہ' نزلہ زکام' گردہ و مثانہ کی پتھری' شوگر' یرقان' بلڈ پریشر وغیرہ بیماریوں کیلئے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ **ٹی بی کیلئے:** شہد خالص اور گلاب کی پتیوں کو باہم ملا کر دوپہر سے قبل استعمال کرنا ٹی بی کی ابتدائی حالت میں مفید ہے۔ **سکتہ کیلئے:** اگر کسی کو سکتہ ہوجائے تو ہینگ لیں اور اسے عرق سونف میں ڈال کر پیس لیں' مریض کو سنگھانے سے سکتہ دور ہوجاتا ہے۔ **بلغمی کھانسی کیلئے آزمودہ نسخہ:** تین کپ پانی کو اچھی طرح ابالیں' ابلتے پانی میں ایک چمچ شہد ڈال دیں' پھر اچھی طرح پکائیں جب ایک کپ پانی رہ جائے تو اتار لیں' صبح و شام نیم گرم ایک کپ پی لیں۔ بچوں کو تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ نزلہ' زکام' کھانسی اور دمہ کیلئے مفید نسخہ ہے۔ **اولاد سے محروم افراد کیلئے لاجواب نسخہ:** ھوالشافی: الائچی چھوٹی' سرمہ سفید' ماجو' طباشیر انڈیا' کمرکس' مائیں' موصلی سفید انڈیا ہر ایک دس گرام' گری' منقیٰ' خشخاش ہر ایک 250 گرام' چاول سرخ' مغز بادام ہر ایک آدھ پاؤ' سپاری پانچ تولہ' مغز پستہ' زیرہ سفید' گوند کیکر' گوند کتیرا' ہر ایک آدھ کلو' مصری آدھ کلو تمام اشیاء کو کوٹ کر ایک بڑا چمچ دودھ کے ہمراہ صبح و شام مرد و عورت دونوں استعمال کریں۔ مجرب ترین نسخہ ہے۔ **اولاد سے محروم افراد (کمی جراثیم کے شکار آزمائیں):** ھوالشافی: تخم کونچ چالیس گرام' تخم حیات بیس گرام' تخم سرس بیس گرام' سب کا سفوف بنا کر چھان لیں۔ چھوٹی نصف چمچ صبح، دوپہر، شام ہمراہ دودھ اکیس دن استعمال کریں۔ **طاقت خاص کا آخری حل: ھوالشافی:** تخم لاجونتی ایک تولہ' تخم خرفہ ایک تولہ' تخم ریحان ایک تولہ' تخم پیاز ایک تولہ' موصلی سفید ایک تولہ' تالمکھانہ ایک تولہ' بہمن سرخ ایک تولہ' بہمن سفید ایک تولہ' گوند کتیرا ایک تولہ' گوند کیکر ایک تولہ' طباشیر ایک تولہ' مصطگی رومی ایک تولہ' سنگھاڑہ خشک دو تولہ' پھلی کیکر دو تولہ' سونف تین تولہ' بوہڑ ڈاڑھی دو تولہ' چھان کر سفوف بنالیں۔ **خوراک:** ایک چمچ صبح و شام نیم گرم دودھ کے ہمراہ چالیس دن تک استعمال کریں۔ یہ نسخہ قوت خاص اور طاقت کیلئے آخری حل ہے۔ **جنسی کمزوری کیلئے لاجواب نسخہ:** ھوالشافی: کلونجی پچاس گرام' عقرقرحا پچاس گرام' تخم ریحان پچاس گرام' مصری پچاس گرام' تخم ریحان کے علاوہ باقی تمام اجزاء کو کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔ بعد میں تخم ریحان اس سفوف میں ثابت مکس کر دیں۔ نسخہ تیار ہے۔ **خوراک:** آدھا چمچ غذا کے بعد صبح و شام استعمال کریں۔ **مردانہ طاقت کیلئے:** بالنگو آدھ چمچ ایک پاؤ دودھ میں ڈال دیں اور ایک گھنٹے بعد استعمال کریں۔ مردانہ طاقت کیلئے اکسیر ہے۔ (ح۔ف' مظفر گڑھ)

اللہ پاک کی دوستی اور قطبیت کا نہایت آسان عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی سعی و کوشش کو قبول فرما کر پورے عالم کے پورے انسانوں اور جنات کو کامل ہدایت عطا فرمائے' سب کو ہدایت اور ایمان و اعمال صالحہ پر کامل اخلاص کے ساتھ استقامت عطا فرمائے اور خاتمہ بالخیر فرمائے۔ تسبیح خانہ' روحانی منزل' درود محل' دارالتوبہ' عبقری دفتر' ہجویری محل' عبقری حویلی' قرآن محل اور دیگر شعبوں کے فیض کو قیامت تک جاری رکھے۔ ان کو ذریعے کے طور پر قبول فرما کر ہدایت کو عام فرمائے تاکہ ہدایت سے کوئی محروم نہ رہے۔ اللہ جل شانہٗ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو دین کی خدمت کیلئے اعلیٰ ترین درجے میں قبول بھی فرمائے اور آسان بھی فرمائے۔ آپ کی برکت اور دعاؤں سے مجھ جیسے گنہگار اور ان کی نسلوں کو اور پوری امت کو بھی قبول فرمائے۔ آمین۔ میں عبقری کیلئے کچھ لکھنا چاہتا تھا لیکن اپنے آپ کو اس عظیم کام کا اہل نہیں سمجھتا مگر جناب کی طرف سے بار بار عبقری میں لکھنے کا حکم اور پھر ایک مرتبہ خصوصی حکم کی وجہ سے قلم اٹھا رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ میرے ٹوٹے پھوٹے الفاظ کو میری ایمانی ترقی اور امت کیلئے خیر کا ذریعہ بنائے' اخلاص اور اپنی عظمت اور دھیان سے لکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ **اللہ پاک کی دوستی اور قطبیت کا نہایت آسان عمل:** قارئین کرام اللہ پاک نے دنیا اور آخرت کی پوری کامیابی اپنے پیارے دین میں رکھی ہے' عزت' چین' سکون' راحت اور کامیابی صرف اور صرف اللہ پاک کے حکموں کو اس کے پیارے نبی ﷺ کے پیارے طریقوں کے مطابق پورا کرنے میں ہے جس طرح انسان آنکھ کے بغیر دیکھ نہیں سکتا' پاؤں کے بغیر چل نہیں سکتا۔ اسی طرح دین پر چلے بغیر کامیاب ہو نہیں سکتا ہے۔ دین پر آدمی جس قوت سے چلتا ہے وہ ایمان کی قوت ہے۔ دل اگر نورانی ہے تو دین پر چلنا اللہ پاک کے احکام کو پورا کرنا اور سنت زندگی کو اپنانا اتنا آسان ہے جیسے پھولوں کی سیج یا ریشم پر چلنا۔ دل اگر ظلمانی ہے' کالا ہے' کفر اور بے یقینی کے گھٹا ٹوپ اندھیرے ہیں تو دین پر چلنا اتنا مشکل ہے جیسے آگ یا کانٹوں پر چلنا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس کا مفہوم ہے کہ انسان کے جسم میں ایک لوتھڑا ہے اگر وہ صحیح ہے تو پورا جسم صحیح ہے اور اگر وہ خراب ہے تو پورا جسم خراب ہے' خبردار! وہ انسان کا دل ہے' دل ہے' دل ہے' دل کی درستگی پورے انسانی نظام بلکہ کائناتی نظام کی درستی ہے اور دل کی خرابی پورے انسانی نظام کی خرابی ہے۔ آنکھیں غلط دیکھیں گی' ہاتھ پاؤں غلط استعمال ہوں گے' دل کی خرابی کو دور کرنے اس کو نورانی بنانے اور اس میں ہدایت اور ایمان کا نور لانے اور تجلیات الٰہی سے منور کرنے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم نے اپنی کامیاب ترین تالیف ''عامل کامل بننے کے راز'' کے صفحہ نمبر 144 پر اللہ پاک سے دوستی کا آسان عمل کے عنوان سے اپنے مرشد قطب الاقطاب حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کا فرمودہ عمل دیا ہے۔ فرمایا کہ یہ عمل ہے تو نہایت ہی آسان لیکن اس میں تاثیر یہ ہے کہ یہ عمل انسان کو بستر پر بیٹھے بیٹھے ولی بنادیتا ہے پھر عمل کی وضاحت فرمائی ہے دعا کرتے وقت چشم تصور میں دل کو اپنے اٹھے ہوئے ہاتھوں میں رکھیں اور سوچیں کہ میرا سیاہ دل میرے ہاتھوں میں ہے اور اپنے رب سے یہ دعا کریں کہ ''یاالٰہی! یہ میرا سیاہ دل ہے تو اسے سفید اور شفاف بنادے' ایسا بنادے جو تیرے قابل ہوجائے!' روتے روتے یہ دعا کرتے رہیں اور اگر رونا نہ آئے تو رونے کی شکل ہی بنالیں'

تصور میں ہی سمجھیں کہ میرا دل دھل گیا ہے اور پھر اس پاکیزہ دل کو چہرے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے واپس اپنی جگہ لگالیں۔ اگر اس کو اپنی زندگی کا معمول بنالیں چند دن کی کوشش سے آپ کو دوائے دل اور صفائے دل کی نعمت اپنی آنکھوں سے نظر آنا شروع ہوجائے گی۔ بس! شرط یہ ہے طالب کی ندامت سچی ہو۔ قارئین! یقین کریں ناچیز نے اس کو معمول بنانے کی کوشش کی' شیطان مکار نے وار کیا' صرف تصور سے کیا ہوگا؟ عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی' اللہ کریم نے دل میں ڈالا کہ ندامت کی اللہ کریم کے ہاں بڑی قدر ہے' اسی ندامت پر وہ گناہوں کو صحائف سے مٹا دیتا ہے۔ فرشتوں کو بھلا دیتا ہے' ان مقامات اور جگہوں کو بھلا دیتا ہے وہ کریم برائیوں کی جگہ نیکیاں لکھ دیتا ہے۔ وہ اپنے گنہگار بندے کی ندامت پر لبیک کہتا ہے۔ ناچیز نے معمول بنائے رکھا کہ اللہ کے ایک برگزیدہ بندے نے اپنے مرشد رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد نقل کیا ہے۔ شیطان تو جھوٹا ہے' شیطان جھوٹا ہے' اے انسان تو یہ عمل کرتا رہ تیرا رب تجھے محروم نہیں کرے گا۔ وہ نوازے گا' ابتدا میں لگا کچھ نہیں ہورہا لیکن اللہ کریم نے فضل فرمایا' نماز میں خشوع خضوع کی کیفیات نصیب ہوئیں۔ ذکر' تلاوت چھوڑنا مشکل ہوگیا۔ مخلوق خدا کی خیرخواہی اللہ کریم نے عطا فرمادی۔ ندامت کے چند جھوٹے آنسو اللہ کریم نے عطا فرمائے۔ قارئین! ایسے محسوس کررہا ہوں کہ دل کا زنگ دور ہورہا ہے' کالک صاف ہورہی ہے اور اللہ کریم دل کو نورانی اور شفاف کررہے ہیں اور اپنے ایک ولی کامل کے قول کی لاج رکھ رہے ہیں' استغفار کو لازم پڑھیں اور اللہ کریم سے دعا بھی فرماتے رہیں' اے کریم ذات اس کالے اور سیاہ برتن کو سفید اور شفاف بنادے' اپنی محبت اور معرفت کے قابل بنادے' اے اللہ تو مل گیا تو سب کچھ مل گیا' تو نہ ملا تو کچھ نہیں ملا۔ اللہ کریم میں تجھ سے تجھے مانگتا ہوں۔ اے اللہ کریم اپنی اشد ترین محبت عطا فرمادے' اپنے محبوب نبی کریم ﷺ کی اشد ترین محبت اور عشق عطا فرمادے۔ اپنے شیخ کی اشد ترین محبت اور عشق عطا فرمادے۔ استقامت بڑی ہے نہ کہ کرامت۔ کرتے رہیں' معمول بنالیں' اللہ سے مانگتے رہیں وہ بڑا کریم ہے' جو اس کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے ضرور کھلتا ہے' ضرور کھلتا ہے۔ یقین سے عمل کریں۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم اکثر فرماتے ہیں جس کو ملا ہے یقین سے ملا ہے اور جس سے چھنا ہے بے یقینی سے چھنا ہے۔

(محمد لطیف' اسلام آباد)

بزرگ نے ٹوٹکا دیا! پندرہ دن میں لقوہ ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے گزشتہ سال مارچ میں لقوہ ہوگیا تھا تو ایک بزرگ نے مجھے لقوہ کیلئے ایک ٹوٹکہ دیا' جو میں نے استعمال کیا اور پندرہ دن میں میرا لقوہ ٹھیک ہوگیا۔ ھوالشافی: ناریل خشک' کشمش' السی' میٹھا تیل ان سب کو باریک کرکے آدھ کپ پانی اور تھوڑا سا آٹا ڈال کر مکس کرلیں' پھر تمام اشیاء کو دس سے پندرہ منٹ پکائیں' جب نیم گرم ہوجائے تو موم جامہ پر رکھیے اور جس طرف لقوہ ہو اس پر رکھ کر سوتی کپڑے سے باندھ دیں' چند دن کرنے سے لقوہ ختم ہوجائے گا۔ اس کے ساتھ میں نے ہر وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پہلے گھونٹ پر اللہ شافی دوسرے گھونٹ پر اللہ کافی اور تیسرے گھونٹ پر اللہ معافی پڑھ کر پیا ایسا کرنے سے مجھے بہت جلد شفاء ملی۔ اس کے علاوہ میں جب بھی کھانا بناتی ہوں تو کھانا بنانے سے پہلے تین مرتبہ درود شریف' ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ' تین مرتبہ سورۂ اخلاص اور آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر کھانا بنانا شروع کرتی ہوں کھانا بہت اچھا اور لذیذ بنتا ہے۔ میرے بڑے بھائی مجھ سے بہت ناراض تھے میں نے بھائی کا تصور کرکے یہی سورۂ فاتحہ والا درج بالا عمل پڑھ کر بھائی پر پھونک دیا' بھائی خودبخود مجھ سے بولنا شروع ہوگئے۔ **بال لمبے کرنے کا ٹوٹکہ:** بالوں کو لمبا کرنے کیلئے ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ پڑھتے رہنے سے بھی بال لمبے ہوجاتے ہیں۔ (ج' فیصل آباد)

1965ء کی جنگ اور غائبانہ فرشتوں کی مدد

محترم حضرت صاحب یہ جو واقعہ میں لکھ رہی ہوں یہ میرے بھائی کے پرنسپل نے بتایا تھا جب وہ فوج کے بارے میں لڑکوں کو معلومات دے رہے تھے یہ بالکل سچا واقعہ بتایا تھا لیکن مجھے شاید اچھی طرح اب یاد نہ رہا ہو لیکن واقعہ یہ بالکل سچا اور حق پر مبنی ہے۔ جب 1965ء کی جنگ ہوئی اس وقت اللہ تعالیٰ نے پاک فوج کی غائبانہ فرشتوں کے ذریعے مدد کی۔ پرنسپل نے بتایا کہ معزز سٹوڈنٹس اس وقت بھی ہماری فوج کا ایمان قابل دید تھا اور وطن کے ساتھ والہانہ محبت جو آج ہے اس وقت بھی ہماری عظیم فوج میں ہر جوان بغیر کسی لالچ' رشوت کے اپنے وطن کی خاطر جان قربان کرنا سعادت اور فخر سمجھتے تھے۔ ہوا یوں کہ جب پاکستان اور انڈیا کی 1965ء کی بڑی محاذ آرائی ہوئی کافروں کے پاس بہت زیادہ اسلحہ بارود بڑی طاقت تھی لیکن پاک فوج نے خود دیکھا کہ مسلمانوں کی طرف سے فرشتے انسانوں کی شکل میں اور کوئی گھوڑوں پر ان کی طرف سے پھینکے گئے بم بارود گولے اپنے ہاتھوں سے کیچ کرکے واپس ان کی طرف پھینک رہے تھے اور دشمن کو شکست دکھلا رہے تھے۔ مسلمانوں کی طرف سے خود جواب دے کر خود دفاع کرکے دشمن کے دانت کھٹے کررہے تھے۔

فضائے بدر پیدا کر فرشتے تیری نصرت کو
اتر سکتے ہیں گردوں سے قطار اندر قطار اب بھی (ج۔ر)

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکر گزار رہوں گا۔

کتاب نمبر 40: خاندانی مسائل کا طبی و نفسیاتی نچوڑ: خوشحالی کا لفظ حاصل ہے' اس مجموعے کا حصول کتنا مشکل ہے اور کتنی پریشان کن کیفیت سے دوچار ہونا پڑتا ہے اور پھر وہ گھریلو افراد جو گھر میں اپنی نفسیاتی اور طبی الجھنوں کو سوفیصد حل کرنا چاہتے ہیں۔ انہیں ایک مکمل راہ اور مکمل رہنمائی چاہیے۔ زیرنظر کتاب ان تمام زندگی کے گوشوں کی رہنمائی ہے جو ہر ہر قدم میں پیش آتے ہیں۔ کوشش یہی کی گئی ہے کہ ان حالات میں جہاں مہنگائی اپنے عروج پر ہو' مشکلات' پریشانیاں ہر طرف بڑھ جائیں' سانس لینا بھی مہنگا اور مشکل بن جائے ایسے وقت میں اس کتاب کی تالیف ایک رہبر کا کام دے گا۔ مزید اس کتاب میں خواتین کے علاج اور زیبائش کے متعلق بہت معلومات اور تحقیق اکٹھی کی گئی ہیں۔ ہاں اگر کوئی چیز آپ کو خلاف شرع لگے تو علماء سے ضرور رجوع فرمائیں پھر عمل کریں۔ کیونکہ ایمان جان سے زیادہ عزیز ہے۔ اس کتاب کی تحریر میں جن محترم شخصیات' اخبار و رسائل کا مواد اکٹھا گیا ان کے نام درج ہیں: حکیم محمد عباس خان۔ بشیر محمود۔ ڈاکٹر تابندہ۔ ظہیر محمود۔ حمیرا یوسف۔ اصغر علی۔ ڈاکٹر حسن۔ ڈاکٹر آصف محمود جاہ۔ ڈاکٹر ام کلثوم۔ ثریا فیروز۔ اطہر حسن صدیقی۔ عالیہ محمود۔ ڈاکٹر مسعود احمد شیخ۔ ڈاکٹر ایس اے رحمان۔ ڈاکٹر داؤد احمد شاہین۔ نسیم فاطمہ' ڈاکٹر ریحان شاہ۔ ڈاکٹر ایم آئی کامل۔ عبداللطیف خان نقشبندی۔ ڈاکٹر مسز اقبال صوفی۔ ڈاکٹر لیاقت علی خان نیازی۔ مسز صالحہ۔ سعدیہ خان۔ حکیم شمس الدین۔ ابوطہٰ۔ سلیم انور۔ سدرا جاوید۔ ملیحہ آفتاب۔ انس لبیب۔ محمد زبیر حسن۔ عاصم بخاری۔ رفعیہ ناہید پاشا۔ خالد پرویز۔ رانا محمد یوسف محمد بخش۔ نرجس ملک۔ قمر عباس۔ عبدالتواب۔ زاہدہ مجید۔ ڈاکٹر سید اسلم۔ ڈاکٹر نوشین عمران۔ تبسم محسن علوی۔ طفیل ڈھانہ۔ سید صلاح الدین قادری۔ خان ظفر افغانی۔ ابرار حسین۔ تابندہ نعیم۔ محمد یعقوب غزنوی۔ اسرار بوبی۔ عفت بتول۔ ڈاکٹر ایم اے زاہد بھٹی۔ حکیم عبدالستار صاحب۔ سمیرا بتول۔ رام کشور۔ روزنامہ خبریں۔ سنڈے پاکستان۔ اردو ڈائجسٹ۔ نوائے وقت۔ قومی صحت۔ روزنامہ دن۔ انصاف سنڈے سپیشل۔ دن میگزین۔ جنگ سنڈے میگزین۔ ہمدرد صحت۔ ماہنامہ کچن کراچی۔ خبرنامہ ہمدرد۔ ہفت روزہ غازی۔ دسترخوان۔ ماہنامہ ندائے کسان۔ ماہنامہ التسمیہ۔ روزنامہ چٹان۔ ضیاء الحکمت۔ رسالہ تکبیر۔ ماہنامہ ترجمان القرآن۔

نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

ڈی۔کے۔دانش

کالی مرچ کے 5 دانے روز کھائیے اور کمال دیکھئے

اعضائے رئیسہ اور جگر اور دماغ کو تقویت دیتی ہے دمہ وکھانسی زکام اور بدہضمی میں نہایت مفید ہے کالی مرچ میں غذائی فوائد کے ساتھ ساتھ قدرت نے شفائی خصوصیات بھی رکھی ہیں اپنی شفائی خصوصیات کی بناء پر ستر 70 سے زیادہ داخلی اور خارجی امراض میں اس کو استعمال کیا جاتا ہے

کالی مرچ ہمارے ملک میں کثرت سے استعمال کی جاتی ہیں۔ اکثر کھانوں میں اسے لازمی جز قرار دیا جاتا ہے اس کو فلفل اسود یا فلفل سیاہ بھی کہا جاتا ہے کالی مرچ گرم مصالحے کا ایک لازمی جز ہے یہ ریاح کو خارج کرتی ہے ورم کو گھلاتی اور بلغم کی اصلاح کرتی ہے یہ حافظے اور اعصاب کو بھی تقویت بخشتی ہے اس کا چھلکا اتار دیا جائے تو یہ سفید مرچ بن جاتی ہے چھلکا اتارنے کے لئے کالی مرچ کو پانی میں بھگو کر رکھتے ہیں جب چھلکا نرم ہو جاتا ہے تو کپڑے سے رگڑ کر چھلکا اتار دیتے ہیں تقریباً تمام بادی کھانوں مثلاً کچی سبزیوں' ککڑی' کھیرا وغیرہ میں اس استعمال کیا جاتا ہے اس کا بہت زیادہ استعمال صحت کے لئے ٹھیک نہیں ہوتا کیونکہ اس کے زیادہ استعمال سے معدے کا السر ہوسکتا ہے یہ اعضائے رئیسہ اور جگر اور دماغ کو تقویت دیتی ہے دمہ وکھانسی زکام اور بدہضمی میں نہایت مفید ہے کالی مرچ میں غذائی فوائد کے ساتھ ساتھ قدرت نے شفائی خصوصیات بھی رکھی ہیں اپنی شفائی خصوصیات کی بناء پر ستر 70 سے زیادہ داخلی اور خارجی امراض میں اس کو استعمال کیا جاتا ہے یہ غذا کو بخوبی ہضم کر دیتی ہے اور کھانے میں بے حد لذیذ ہوتی ہے اس کے علاوہ پیٹ کے درد اور بھوک نہ لگنے کی شکایت کے لئے بے حد مفید شئے ہے۔ قوت بصارت میں اضافے کے لئے گھی اور شکر کے ساتھ کھلایا جاتا ہے کالی مرچ 150 گرام شکر 3 0 گرام تک چمکنی (ایک بوٹی) پیس کر شامل کر لی جائے پانچ گرام سفوف ایک کپ میٹھے دودھ کے ساتھ صبح نہار منہ کھا لیا جائے اور ایک گھنٹے تک پانی نہ پیا جائے۔ کالی مرچ کا یہ مرکب نہ صرف دماغی امراض بلکہ دوسری سرد بیماریوں میں بھی فائدہ دیتا ہے۔ کھانسی دمہ سینے کا درد کے لئے نصف گرام کالی مرچ کا سفوف شہد کے ساتھ شامل کر کے چاٹنا مفید ہے معدے کی تقویت' ضعف ہضم اور بھوک کی کمی دور کرنے کے لئے کالی مرچ' ہینگ اور سونٹھ ہم وزن لے کر چنے کے برابر گولیاں بنالی جائیں ایک ایک گولی تینوں وقت کھانے کے بعد استعمال کی جائے گلا بیٹھنے کی صورت میں گیارہ کالی مرچیں بتاشے میں رکھ کر چبائی جائیں۔ لقوے کے مرض میں کوئی بھی دوا کالی مرچ سے زیادہ مفید نہیں سمجھی جاتی کالی مرچوں کو باریک پیس کر کسی روغن میں ملا کر ماؤف مقام پر لیپ کیا جائے۔ جن مرکبات میں کالی مرچ شامل ہوتی ہے ان کے استعمال سے بھوک میں اضافہ ہوتا ہے چنانچہ جوارش کمونی جو طب یونانی کا مشہور مرکب ہے اس میں کالی مرچ شامل کی جاتی ہے چنانچہ اس کے کھانے سے بھوک بڑھ جاتی ہے اور کھانا ہضم ہوجاتا ہے۔

کالی مرچ کھانے والا خراب سے خراب آب و ہوا میں بھی بیمار نہیں ہوتا۔ اطباء کا کہنا ہے کہ کالی مرچ روزانہ کھانے کا طریقہ یوں ہے کہ طلوع آفتاب سے پہلے یا سورج طلوع ہونے تک کالی مرچ کے دانے چبائے جب اچھی طرح دانتوں میں باریک ہوجائیں تو بعد میں دودھ یا چائے پی لے یا انڈا کھالے۔ انسان کو چاہیے کہ وہ اپنی عمر کے حساب سے اس کو استعمال کرے۔ بچے کو روزانہ ایک دانہ دیں جبکہ بڑے روزانہ پانچ دانے چبا کر اور چوس کر کھائے۔ کالی مرچ کے سونگھنے (نسوار کی شکل) سے درد شقیقہ کو بے حد فائدہ ہوتا ہے۔ شہد میں ملا کر کھانا باعث مقوی باہ ہے۔ سینے کا درد دور کرنے اور پھیپھڑوں سے بلغم خارج کرنے کیلئے شہد میں ملا کر چاٹنے سے فائدہ ہوتا ہے۔ اس میں فولاد اور وٹامن بی اور ای شامل ہوتے ہیں۔ کالی مرچ کے استعمال سے بند پیشاب کھل جاتا ہے۔ **نوٹ:** درد گردہ کی بیماری میں مبتلا مریضوں کو کالی مرچ کا استعمال مناسب نہیں' گرم مزاج والے لوگ کم سے کم استعمال کریں۔

میرا رزلٹ اتنا اچھا بھی آسکتا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ سال میرے امتحان بالکل بھی اچھے نہ ہوئے تھے' میں بہت پریشان تھی' پھر میری ایک عزیزہ نے مجھے بتایا کہ روزانہ 313 مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دعا کرنے کو کہا' میں نے یہی عمل کرنا شروع کردیا' تو میں حیران رہ گئی کہ میرا رزلٹ بہت ہی اچھا آیا' میں بار بار اپنے دیئے پیپرز کے بارے میں سوچتی اور اپنے نمبرز اور گریڈ کا سوچتی تو ایک ہی بات میرے ذہن میں آتی کہ یہ کمال آیۃ الکرسی کے وظیفے کا ہے۔ اس عزیزہ نے مزید بھی بتایا تھا کہ جو کوئی بھی یہ عمل کر کے اپنے حق میں جو بھی دعا کرتا ہے اللہ قبول فرماتے ہیں۔ ان شاء اللہ۔ (ل۔ز)

اسم اعظم کے روحانی دم سے مشکلات ختم' صحت بحال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم سب گھر والے آپ کی دعاؤں کی وجہ سے خیریت سے ہیں اور آپ کے بتائے ہوئے اعمال کی بدولت بُری عادات سے بچے ہوئے ہیں' اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ خوش وآباد رکھے' آمین!۔ ہم اپنے بھائی کے ساتھ ہر ماہ ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں شریک ہوتے ہیں اور دم کرواتی ہیں اور اپنی پرانی روحانی وجسمانی بیماریوں سے آہستہ آہستہ نجات پا رہے ہیں۔ یہ بھی آپ کا احسان ہے کہ آپ نے اپنا قیمتی وقت اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے لیے رکھا۔ اللہ تعالیٰ آپ کی زندگی دراز کرے۔ آمین (ہمشیرہ ف۔ع)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے' حضرت جی! آپ نے جو ہر ماہ اسم اعظم کے روحانی دم والا سلسلہ شروع کیا ہے یہ بہت ہی اچھا کام ہے' اس دم کی بدولت ہمارے تو رکے' اٹکے پھسے کام بن گئے ہیں اور جو انتظامیہ کام کر رہی ہوتی ہے اس کی تو کیا ہی بات ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کو اس کا بھرپور ثمر دے۔ اس کے علاوہ ہم گزشتہ تین سال سے مسلسل ہر جمعرات کو بعد از نماز مغرب ہونے والے درس روحانیت و امن سننے کیلئے تسبیح خانہ لاہور میں ضرور آتے ہیں۔ (مہرین' لاہور)

اہم نوٹ: ہر ماہ اسم اعظم کے روحانی دم کے بعد پوری دنیا میں مختلف شعبوں کے خدام (مخلصین) کیلئے درس (مذاکراہ) ہوگا۔ ہر مخلص شرکت یقینی بنائے۔ مذاکرہ ویب سائٹ پر آن لائن سنا' دیکھا جائے گا۔ دنیا بھر سے مختلف شعبوں خدمت والے تمام مخلصین اس مذاکرہ میں آن لائن ضرور شامل ہوں۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو اُلجھن' کاروباری مسائل کا سوفیصد حل ہے۔

دماغی کمزوری مزے مزے میں ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دماغی کمزوری دور کرنے کا ایک مزیدار ٹوٹکہ ہے اور ہے بھی تیر بہدف۔ **ھوالشافی:** روزانہ رات کو سونے سے پہلے ایک عدد اخروٹ' پانچ سے سات عدد بادام کی گریاں لے کر کھالیں۔ اس کے بعد ایک گلاس نیم گرم دودھ پی لیں۔ (چ۔ش)

قلندری تو یہ ہے! قلندری یہ ہے کہ اپنے پاس موجود ایک دانہ‘ ایک روپیہ حتیٰ کہ تمام مال واسباب دنیا کچھ بھی پاس نہ رکھے بلکہ سب راہ خدا میں صرف کرکے اسی کا ہوجائے۔ (شیخ سلطان حافظ صالح محمد رحمۃ اللہ علیہ)

فرشتوں کی مدد فوجی عزم کے ساتھ

پروفیسر ڈاکٹر سید مجیب ظفر انوار حمیدی

لاالٰہ الا اللہ کے ماننے ولوں پر ہندوستان نے حملہ کردیا ہے‘ میرے ہم وطنو‘ جنگ شروع ہوچکی ہے اٹھو اور دشمن پر ٹوٹ پڑو‘‘ تو پوری قوم نعرہ تکبیر بلند کرتی ہوئی سڑکوں پر نکل آئی۔ ہندوستان نے 6 ستمبر کی صبح فجر سے کچھ پہلے لاہور پر حملہ کیا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہماری تاریخ کے عظیم ترین دنوں میں سے ایک دن 6 ستمبر 1965ء کو جب اس وقت کے صدر پاکستان جناب ایوب خان کی ریڈیو پاکستان پر یہ تقریر نشر ہوئی کہ ’’لاالٰہ الا اللہ کے ماننے والوں پر ہندوستان نے حملہ کردیا ہے‘ میرے ہم وطنو‘ جنگ شروع ہوچکی ہے اٹھو اور دشمن پر ٹوٹ پڑو‘‘ تو پوری قوم نعرہ تکبیر بلند کرتی ہوئی سڑکوں پر نکل آئی۔ ہندوستان نے 6 ستمبر کی صبح فجر سے کچھ پہلے لاہور پر حملہ کیا ایک بھارتی جرنیل نے بڑھک ماری کہ ہم 11 بجے تک لاہور جم خانہ میں بیٹھ کر شراب پئیں گے اور پھر چشم فلک نے دیکھا کہ اگرچہ دشمن ہم سے پانچ گنا بڑا تھا مگر اسے شکست کا منہ دیکھنا پڑا۔ نئی نسل اگر اس جنگ کے دوران رونما ہونے والے واقعات سن لے تو اسے اندازہ ہوجائے گا کہ 6 ستمبر کا دن اس قدر جوش و جذبے سے کیوں منایا جاتا ہے۔ بھارت نے حملہ کیا تو اس وقت کے ایئر چیف مارشل نور خان کی دلیری اور جرات دیکھئے کہ انہوں نے کہا: یہ کرافٹ (جنگی جہاز) اس وقت تک پرواز نہیں کریں گے‘ جب تک میں یہ خود نہ دیکھ لوں کہ یہ ہمارے پائلٹس کیلئے کتنے خطرناک ہیں۔ دنیا کی تمام افواج کی تاریخ میں پاکستان کی فوج وہ واحد فوج ہے جس میں افسران کی موت کی شرح سب سے زیادہ ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے افسر آگے بڑھ کر راہ نمائی کرنا جانتے ہیں۔ تب پاکستان نیوی کے پاس ایک آبدوز ’’غازی‘‘ تھی۔ اس آبدوز نے دشمن کا ناطقہ بند کیا ہوا تھا‘ پاکستان نیوی آگے بڑھ کر سمندروں میں ’’دوارکہ‘‘ تک گئی‘ قلعے کو تباہ کیا اور شیلنگ کرکے واپس نکل آئی۔ تب میرے والد محکمہ دفاع میں ملازم تھے اور لاہور ہی میں مقیم تھے۔ سیالکوٹ میں ان کی سرکاری رہائش گاہ کے آس پاس توپیں نصب تھیں پاکستانی فوج نے دشمن کے خلاف جوابی حملہ کیا تو ایسی ایسی کرامات دیکھنے کو ملیں کہ ہر طرف نعرہ تکبیر گونجنے لگا۔ دشمن کے ٹینک اور توپیں ہماری توپوں کی آخری رینج سے بھی پیچھے کھڑی تھیں اور فاصلہ کا تخمینہ لگانے کے بعد پتا چلا کہ ہماری توپوں کے گولے دشمن تک نہیں پہنچ سکیں گے‘ مگر جب اللہ تعالیٰ پر توکل کرکے دشمن کی طرف توپوں کا منہ کرکے گولے فائر کئے گئے تو ناقابل یقین طور پر یہ دشمن ٹینکوں پر جاکر گرے اور بھارتی فوج یہ کہنے پر مجبور ہوگئی کہ یہ پاکستانی مسلے (مسلمان)‘ تلواروں اور زرہ بکتروں کے ساتھ کیوں لڑتے ہیں؟ اس پر طارق عزیز نے کہا ’’لگتا ہے شہیدانِ احد ساتھ دے رہے ہیں ہم لٹے پٹوں کا‘‘ نہ اس سے پہلے توپوں نے اتنی دور فائر کیا تھا اور نہ کبھی بعد میں۔ ممتاز مفتی اپنی کتاب ’’لبیک‘‘ میں لکھتے ہیں کہ ’’جب 1965ء کی جنگ شروع ہوئی تو مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت فرمائی اور دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنگی لباس میں اصحاب بدر کے ساتھ پاکستانی فوج کی مدد کیلئے تشریف لے جارہے ہیں اور فرمارہے ہیں کہ پاکستان پر حملہ ہوا ہے ہمیں اس کا دفاع کرنا ہے‘‘۔ اسی طرح بھارتی طیاروں کے پائلٹس کو ہدایت دی گئی تھی کہ وہ ناگرانی کے پل پر بمباری کریں پھر جب ایک بھارتی پائلٹ پکڑا گیا اور اس سے پوچھا گیا کہ ’’پل تو تمہارے سامنے تھا تم نے بمباری کیوں نہیں کی‘‘ تو وہ ناس پیٹا بولا کہ ہمیں بتایا گیا تھا کہ وہاں ایک پل ہے جب کہ مجھے نصف درجن پل نظر آرہے تھے (کیا آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فوج کا مقابلہ کرنا سہل ہے؟)۔ گرفتار ہونے والے دشمن سپاہیوں نے اور بھی بہت سی باتیں بتائیں۔ مثال کے طور پر وہ ہاتھیوں‘ گھوڑوں والی فوج کس کی تھی؟ جس کے سپاہیوں کی تلواروں اور لباس سے شعلے نکل رہے تھے۔ دشمن کے پائلٹس ہی نے یہ باتیں بتائیں کہ انہوں نے تقریباً 40 بم راولپنڈی پر گرائے مگر ان میں سے صرف 5 پھٹے اور وہ بھی کہیں ویرانے میں۔ ’’فضائے بدر‘‘ پیدا کرو تو ملائکہ آج بھی مدد کیلئے آجائیں گے۔ کیا جنگ بدر میں ایسا ہی نہ ہوا تھا‘ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ’’ہم نے مسلمانوں کی مدد کیلئے ملائکہ نازل کئے‘‘۔ یہ باتیں چودہ سو برس قبل تک محدود نہیں ہیں بلکہ جب بھی مسلمان اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام پر کھڑے ہوں گے تو اللہ تعالیٰ کی نصرت ان کیلئے ضرور آئے گی اور 1965ء کی جنگ اس کی سب سے خوبصورت مثال ہے۔ ایک اور واقعہ سنئے جب لاہور پر بھارت کی فوج نے حملہ کیا تو ایک بھارتی جرنیل اپنے سپاہیوں کا حوصلہ بڑھانے کیلئے کہہ رہا تھا کہ لاہور اب صرف 3 میل دور رہ گیا‘ بس تمہاری آنکھوں کے سامنے ہے تھوڑا سا آگے بڑھو اور لاہور تمہارے قبضے میں ہوگا۔ حالانکہ لاہور اس وقت 14 میل دور تھا مگر دیوانوں نے خود کو دشمن کے ٹینکوں کے سامنے ڈال دیا‘ اس وقت ہمارا ایک زخمی پائلٹ اپنے کاک پٹ سے نکلا ‘سڑک کے کنارے ایک سنگ میل نصب تھا جس پر لکھا تھا کہ ’’لاہور 14 میل دور‘‘ افسر نے اس کتبے کو وہاں سے اکھاڑا اور بھارتی فوج کی طرف مزید دو فرلانگ آگے لے گیا۔ وہاں اس نے وہ کتبہ لگایا اور اس پر اپنے خون سے لکھا کہ 14.2 Blood miles lahore یعنی لاہور 14.2 میل دور ہے۔ چنانچہ دشمن اس کو پار نہ کرسکا۔ شہدا کو نرسوں کے حوالے کیا گیا تو نوجوانوں نے جب یہ دیکھا کہ بے چاری نرسیں جو پہلے زخمیوں کی دیکھ بھال کررہی تھیں اب شہدا کے سرہانے بیٹھ گئی ہیں تو ان کی آنکھوں میں آنسو آگئے‘ وہ اپنی رجمنٹس میں واپس گئے اور اعلان کیا کہ ’’شیرو‘ دلیرو! سینے پر گولیاں کھانا‘ پیچھے تمہاری مائیں بہنیں تمہیں ہاتھوں ہاتھ لے رہی ہیں ایسا نہ ہو کہ وہ عورتیں تمہاری پشت دیکھیں اور کہیں کہ یہ پشت پر گولی کھا کر آیا ہے‘‘۔ یہ جذبہ تھا اس وقت کے جوانوں کا‘ تب نہ غلیظ بھارتی فلمیں تھیں اور نہ واہیات بھارتی گیت لبوں پر مچلتے تھے۔ تب تلاوت قرآن اور لاالٰہ الا اللہ کی صدائیں گونجتی تھیں اور اس کے علاوہ ریڈیو پاکستان پر لہو گرمانے والے نغمے جیسے کہ ’’اے پتر ہٹاں تے نئیں وکدے‘‘ اور ’’اے وطن کے سجیلے جوانو‘ میرے نغمے تمہارے لئے ہیں‘‘۔ سننے کو ملتے۔ اس موقع پر سب نے قسمیں کھائیں کہ ’’ہم گولی سینے پر کھائیں گے‘‘۔ یہ باتیں 1965ء کی جنگ میں حصہ لینے والے پاکستانی فوجیوں کے دل میں دفن ہیں اور کسی کتاب میں نہیں ملیں گی۔ جنگ کے دوران ایسے بھی واقع (باقی صفحہ نمبر 44 پر)

اگلے ماہ ’’پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد انوکھے واقعات‘‘ جو سوفیصد سچے اور آپ بیتے ہیں۔ پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!۔

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں‘ ضرور لکھیں۔

نمک اور پانی سے بخار ختم: موسمی بخار کی صورت میں ایک ماشہ نمک آدھ پاؤ پانی میں حل کر کے پلانے سے مریض کو پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے۔(ہائی بلڈ پریشر کے مریض معالج کے مشورہ سے استعمال کریں)

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 95

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے‘ اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

میرا جسم چاندی کی طرح ہوگیا: پھر جوان نے اگلی بات اور کہی‘ کہنے لگے: بس جس دن آپ نے اس جادوگر کو پکڑا اور اس جادوگر کو گرفت میں لیا‘ میں اس وقت سو رہا تھا اور اپنی نڈھالی میں مدہوش تھا‘ میں سوتے سوتے ایک پل میں اٹھ بیٹھا‘ میرا جسم چاندی کی طرح ہوگیا‘ میری ہڈیاں‘ میرا جسم‘ میرا گوشت‘ میرا خون‘ میری چربی‘ میری کمزوری‘ میری نقاہت اور میرے جسم کی پیلاہٹ سب ایسے ختم ہوئی کہ میں پھر سے جوان ہوگیا آج میں پھر وہی جوان ہوں (مگر ابھی تک میرے جسم پر بال نہیں آئے) یہ اس وقت آپ میری حالت دیکھ رہے ہیں آپ کے مطابق میں بہت صحت مند ہوں میں تو پھر جوان ہوگیا ہوں۔ آپ نے میری پہلی حالت نہیں دیکھی اگر آپ میری پہلی حالت دیکھتے یا تو مر جاتے یا بے ہوش ہوجاتے‘ اس جوان کا غم ایسا تھا اس کے الفاظ ایسے تھے کہ حیرت انگیز جن کہنے لگا: میں کہاں بیان کرسکتا ہوں؟ میں کیسے سوچ سکتا ہوں کہ اس کے ساتھ کیا زیادتی ہوئی؟ ظالم جادوگر جن نے اُس جننی کو بندریا بنایا‘ اس جوان کے تمام بال نوچے؟ اس سے بھی زیادہ گھٹیا درجے کے کام یہ جن کرتا تھا اور ہر کام میں یہ جن نڈر‘ بے باک اور مطمئن تھا اور یہ جن ایسا تھا جس نے نامعلوم کتنے گھر اجاڑے‘ کتنے خاندان برباد کیے‘ کتنی شکلیں مسخ کیں‘ کتنے وجود ختم کیے‘ کتنے لوگوں کو زمین کے اوپر چلنے کے قابل نہ چھوڑا‘ موت کے گھاٹ اتار دیا کہ وہ زمین کے نیچے (قبر میں) جانے پر مجبور ہوگئے۔ **ہندو‘ سکھ اور عیسائیوں کو معاف نہ کیا:** اس جن نے مسلمان تو مسلمان ہندوؤں‘ سکھوں کو معاف نہ کیا‘ عیسائیوں کو معاف نہ کیا بس اس کے سامنے ایک لفظ تھا کہ انسان! پھر چلو انسان کا دشمن ہوتا یہ تو جنات کا بھی دشمن تھا۔ وہ حیرت انگیز جن مزید کہنے لگا: اللہ کا نظام ایسے نہیں ہے اللہ کسی بندے کو اختیار نہ دے کہ اس میں خیر ہوتی ہے اور اس میں عافیت ہوتی ہے اور بعض اوقات اختیار مل جانے سے وہ انسان فرعون اور خدا بن بیٹھتا ہے اور وہ انسان ایسی زندگی کے دن رات سوچتا اور ڈھونڈتا ہے کہ خود تاریخ بھی اس کو فراموش نہیں کرتی اور معاف نہیں کرتی۔ **اندر غم تو تھا مگر اتنا نہیں:** اس جوان کے غم کی داستان کے بعد سردار ایک دم کھڑا ہوگیا اور تمام مجمع کے سامنے اپنا سر جھکا کر اور ہاتھ جوڑ کر کہنے لگا: لوگو! میں تمہارا بادشاہ ہوں‘ تمہارا سردار ہوں‘ تمہارا آقا اور شہنشاہ ہوں‘ میں نے ہمیشہ انصاف کیا اور انصاف چاہا‘ میری نگری میں ایسا ظالم پلتا رہا‘ بڑھتا رہا‘ پھلتا رہا‘ پھولتا رہا اور مخلوق کو اذیتیں دے کر خوش ہوتا رہا اور ان اذیتوں میں یہ مزید اپنا خون بڑھاتا رہا اور لوگوں کا خون چوستا رہا‘ مجھے احساس تو تھا لیکن اتنا احساس نہیں تھا جتنا اب ہوا ہے‘ مجھے درد تو تھا لیکن اتنا نہیں‘ جتنا اب محسوس ہوا میرے اندر غم تو تھا لیکن اتنا نہیں‘ جتنا اب میں نے اس کو بھانپ لیا ہے باآواز بلند لوگوں سے کہنے لگا: لوگو! یاد رکھنا میں تمہارا دوست ہوں‘ تمہارا ساتھی ہوں‘ تمہارے غم کو سمجھتا ہوں‘ میں تمہارا ساتھ دوں گا‘ اس جادوگر جن کو ایک ایک پل کیلئے ایک ایک لمحے کیلئے عبرت بنادوں گا پھر اس اپنے غلام کو جو کہ جانوروں کا گوبر اکٹھا کرتا تھا مجمع میں سے اٹھایا اور اٹھا کر کہنے لگا: لوگو! اس شخص کا شکریہ ادا کرو‘ یہ شخص وہ ہے کہ جو تمہارے دکھوں اور دردوں میں میرا ساتھی بنا‘ اس کے پاس مکہ اور مدینہ کا ایک ایسا لفظ اور راز ہے جس لفظ اور راز کو پڑھ کر اس نے اس جادوگر کے جادو کو سلب کرلیا‘ اس کی قوتوں کو توڑ دیا‘ اس کی زنجیروں کو مٹی بنادیا‘ اس کے عزائم اور اس کے ارادے اس کی خونخواری‘ اس کی خوفناکی‘ اس کی آگ اور انگاروں کو ان لفظوں نے پانی ڈال کر بجھا دیا۔ اب یہ بے حس و حرکت عام سا جن ہے جو کہ میرے تابع ہے۔ **جادوگر نے میرا بیٹا مار دیا:** میں اعتراف کرتا ہوں اور غم سے اعتراف کرتا ہوں‘ اس سے پہلے میں اس کا تابع تھا‘ میں کچھ نہیں کرسکتا تھا‘ میں بھرے مجمع میں کہتا ہوں میں نے چند بار اس کو ان حرکات سے باز رکھنے کوشش کی‘ اس نے میرا بچہ مار دیا‘ اے لوگو! آپ کو یاد تو ہوگا کہ میرا ایک بیٹا مرا تھا‘ لوگو! وہ طبعی موت نہیں مرا تھا اس ظالم نے میرے بیٹے کو مار کر مجھے پیغام بھیجا تھا کہ خیال رکھنا آئندہ میرے راستے میں رکاوٹ نہ بننا ورنہ دوسرا تحفہ بھیجوں گا **”میں سب کا دکھ سنوں گا“** لوگو! مجھے میرے بیٹے کا غم یاد ہے‘ یہ کہتے ہوئے وہ سردار شہنشاہ اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر زاروقطار رویا اور پھر روتے روتے اس نے پیغام دیا میں سب کا دکھ سنوں گا‘ سب کا غم سنوں گا‘ مجھے علم ہے اس ظالم نے بے شمار لوگوں کو غم دیئے‘ مجھے احساس تھا جس طرح اس نے مجھے دکھ دیئے اوروں کو بھی دیئے ہوں گے لیکن اتنا احساس نہیں تھا۔ **جنات کا ایسا آقا اور شہنشاہ نہیں دیکھا:** حیرت انگیز جن کہنے لگا: میں نے اس جیسا باانصاف‘ باکردار شفاف مزاج جنات کا آقا اور شہنشاہ نہیں دیکھا‘ وہ آج بھی موجود ہے‘ اس کی نگری میں عدل ہے‘ انصاف ہے‘ برکت ہے‘ راحت ہے‘ خوشیاں ہیں کامیابیاں ہیں‘ ہر شخص ایک دوسرے کو برداشت کرتا ہے اور ہر شخص ایک دوسرے کی عزت اور احترام کرتا ہے‘ بادشاہ نے اعلان کیا کہ آج کی محفل ہم یہیں کل کیلئے ختم کرتے ہیں‘ کل دوبارہ غم کی محفل سجے گی اور جتنے بھی غمزدہ لوگ ہیں کل اپنا غم بتائیں گے اور کل اپنا دکھ سنائیں گے‘ کل اپنی داستان سنائیں گے اور اسی طرح جس انداز سے آج سنایا‘ میں سب کی سنوں گا‘ شاید یہ داستانیں سن کر میری نیندیں اڑ جائیں‘ مجھے احساس ہے مجھے کچھ کھانا پینا اچھا نہ لگے اور میری بھوک اڑ جائے اور جب اس طرح کا غم زیادہ ہوتا ہے تو میں بیمار ہوجاتا ہوں **انسانیت کیلئے داغ:** اے کاش! میں اس سے پہلے بیمار کیوں نہ ہوا‘ اے کاش! اس سے پہلے میرا کھانا‘ میرا پینا‘ میری چاہتیں‘ میری محبتیں‘ میری تنہائیاں ختم کیوں نہ ہوئیں؟ میرا تاج مجھ سے کیوں نہ چھینا گیا‘ میری راحت مجھ سے کیوں نہ چھینی گئی‘ میری نگری باقی کیوں رہی‘ میں انسانیت کیلئے داغ بن گیا‘ انسانیت کیلئے دکھ بن گیا‘ میں غموں کی داستان اور کہانی بن گیا بادشاہ رو رہا تھا‘ اعتراف جرم کر رہا تھا اور اپنی رعایا سے بار بار معافی مانگ رہا تھا‘ اس کا رونا اعتراف اور غم رعایا کے سامنے ایسا بنا کہ رعایا کے دل میں اس کی عزت اور وقار اور بڑھ گیا‘ اس کا احترام اور زیادہ ہوگیا۔ **آپ کی عظمت کو سلام:** وہاں پھر وہی رونا چیخ و پکار‘ آہ و بکا تھی اور ساری رعایا کہہ رہی تھی‘ آقا مجرم نہیں‘ آپ تو ہمارے محسن ہیں‘ نہیں آپ ظالم نہیں‘ آپ تو ہمدرد اور رحم دل ہیں۔ آپ جن نہیں‘ آپ جن کے روپ میں ایک فرشتے ہیں‘ ہمیں تو آج معلوم ہوا کہ اس ظالم نے آپ کے بیٹے کو قتل کردیا اور آپ کے لخت جگر کو آپ سے ہمیشہ کیلئے چھین لیا۔ ہم آپ کے صبر کو‘ آپ کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں‘ آپ کے تاج کو سلام کرتے ہیں آپ کے تخت کی عظمت کو سلام کرتے ہیں‘ بس جنات کی جذباتی کیفیات تھیں اور جذباتی باتیں تھیں اور انسانوں کا جذباتی شور ایک ولولہ ایک ہنگامہ اور ایک کیفیت جس کو ہر شخص سن رہا تھا‘ اس دن کی مجلس برخاست ہوئی۔ **ظالم سسک رہا تھا:** اس ظالم جادوگر کو گھسیٹ کر جنات کی خاص جیل میں ڈال دیا

مکان ہر قسم کے خطرات سے محفوظ: جو شخص اسم الٰہی یَاوَالِیُ صبح وشام 33 مرتبہ پڑھ کر اپنے مکان پر دم کرے' ان شاء اللہ اس کا مکان ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رہے گا۔

گیا اور اذیتوں کے پہاڑ اس پر ڈھائے گئے' اس کی چیخیں اتنی اونچی تھیں کہ لوگوں نے اس ظالم جن کی چیخوں کو سنا' انسان اور جنات کو خصوصی طور پر بادشاہ نے دعوت دی کہ جیل کے اردگرد آؤ' اس کو دیکھو بادشاہ کے خاص طاقتور فوجی اس کو طرح طرح کی اذیتیں دے رہے تھے اور اذیتوں کے پہاڑ ڈھا رہے تھے اور وہ ظالم سسک رہا تھا اور رحم کی اپیل کر رہا تھا اور کسی کو اس پر اس لیے رحم نہیں آرہا تھا کیونکہ وہ خود رحم دل نہیں تھا' کوئی اس پر ہمدردی نہیں کر رہا تھا کیونکہ وہ خود ہمدرد نہیں تھا' کسی کو اس پر ترس نہیں آرہا تھا کیونکہ اس نے آج تک کسی پر ترس کھانا سیکھا ہی نہیں تھا' کوئی اس پر لحاظ نہیں کر رہا تھا کیونکہ وہ خود ایسا بدلحاظ تھا کہ لحاظ نام کی چیز اس کے قریب بھی نہیں گزری تھی۔ اذیت اور ظلم اس پر ڈھائے جارہے تھے۔**آج ان کے دلوں میں تسکین ہے:** بادشاہ کے فوجی دن رات اس پر مسلط تھے' لوگ خوش ہورہے تھے اور جوق در جوق آرہے تھے اور اس منظر کو دیکھ رہے تھے' ان میں وہ بوڑھی عورت بھی تھی اور جوان بھی تھا اور ان ہی کی طرح کے بے شمار ڈسے ہوئے بھی تھے جو اس کے زہر سے تڑپتے رہے' سسکتے رہے' الجھتے رہے جن کی طلاقیں ہوئیں جن کی بیماریاں بڑھیں جن کے غم پھیلے جن کے دکھ اور درد حد سے زیادہ بڑھ گیا وہ دکھ درد اتنے بڑھے کہ ان کے درد کی انتہا نہ رہی وہ غم اتنا بڑھا کہ ان کے غم کا کوئی وجود نہیں تھا آج ان کے دلوں میں تسکین تھی' آج ان کی روحیں ٹھنڈی تھیں' آج ان کی آنکھوں میں نمی تھی اور آنسو بھی تھے' پہلے درد کے آنسو تھے اب خوشی کے آنسو ہیں' اس ظالم کے انجام کو دیکھ کر اس ظالم کو سسکتا دیکھ کر اس ظالم کو تڑپتا دیکھ کر حیرت انگیز جن یہ باتیں بتا رہا تھا اس کی سانس پھول گئی میں احساس کر رہا تھا کہ اس ظالم کی باتیں بتاتے ہوئے خود وہ بھی مسرور اور خوش نظر آرہا تھا اب اگلے دن کی بادشاہ کی کچہری کا لوگ انتظار کر رہے تھے۔**اتنا بڑا ظالم پہلے کبھی نہیں دیکھا:** میں حیرت انگیز جن کے ان واقعات کو سن کر خود حیران ہو رہا تھا کہ یا خدایا دنیا میں ایسے ظالم لوگ بھی ہوتے ہیں ظلم کے بڑے بڑے قصے پڑھے بھی سنے بھی اور کچھ دیکھے بھی لیکن اتنے بڑے ظالم کو شاید میں نے کبھی نہ دیکھا ہو۔ ہر گھر میں اس ظالم کا قصہ چاہے وہ جنات کا گھر ہو یا انسانوں کا گھر' ہر گھر میں اس ظالم کا چرچا تھا وہ ظالم تھا' وہ خبیث تھا' وہ درندہ تھا جو لوگوں کی عصمتوں کو تار تار کرچکا تھا جو لوگوں کی جوانیوں کو برباد کرچکا تھا جس نے لوگوں کے گھروں سے ان کے عزیزوں کو چن چن کر مارا' تھا جس نے لوگوں کو اپاہج' لولا' لنگڑا اور معذور کر دیا تھا' جس نے صرف ظلم نہیں ڈھایا تھا بلکہ ظلم کی کالی رات کو اور سیاہ کر دیا تھا' جس نے ظلم کی داستانوں کو اور آگے بڑھا دیا تھا۔ میں نے حیرت انگیز جن سے اس بابے کے ظلم کی باتیں بھی سنیں جس نے خزانے کی تلاش میں حیرت انگیز جن پر بہت زیادہ ظلم ڈھائے تھے اور مکاری عیاری کی انتہا کی تھی لیکن یہ ظالم کچھ اور ظالم تھا' یہ دشمن کوئی اور دشمن تھا' لوگ جگہ جگہ بیٹھ کر اس کے ظلم کے چرچے کر رہے تھے' جب بات کھلی تو احساس ہوا کہ یہ تو ایک شخص نہیں' دو نہیں' سینکڑوں نہیں بلکہ ہزاروں انسان و جنات کو تڑپا چکا ہے' سسکا چکا ہے' اس کے کالے جادو نے' اس کی کالی دنیا نے' اس کے کالے الفاظ نے' اس کے کالے منتروں نے' اس کو اتنا زیادہ ظالم بنا دیا جابر بنا دیا اور بے درد بنا دیا کہ اس کی آنکھوں پر سیاہ پٹی بندھی جاچکی تھی۔ **آخر وہ جن کون تھا:** اب لوگوں میں ایک اور چرچا بھی ہوا کہ وہ جن کون تھا جو بادشاہ کا غلام تھا اور آج بادشاہ کا اعلیٰ درجے کا منصب دار ہے اور اسے بادشاہ کے دربار میں بہترین عہدہ مل چکا ہے۔ سب کہتے تھے جاکر اس سے ملیں اس کا شکریہ ادا کریں اور اس کو چومیں اور غیر مسلم یہاں تک کہتے کہ اس کو سجدہ کریں' اس کا اکرام کریں' اس کی پوجا کریں' اس کو اپنا دیوتا بنالیں' کوئی کہتا اگر وہ جن ایک مرتبہ مل جائے تو میں اس کے پاؤں دھو کر پی لوں لیکن ایک بات جو سب سے زیادہ چرچے اور باتوں میں آئی وہ یہ تھی کہ آخر اس کے پاس ایسا کون سا لفظ تھا' وہ کون سا حرف تھا' کوئی کہتا کوئی منتر ہوگا' سب اس کو جھٹلاتے منتر نہیں کوئی پاکیزہ بول تھا' منتر تو اس کالے جادوگر کے پاس بھی تھا۔**وہ پاکیزہ بول تھا:** کالی دنیا تو اس کالے جادوگر کے پاس بھی تھی' وہ پاکیزہ بول تھا جس نے اس کی کالی دنیا اور کالے جادوگر کو ایک پل میں خالی کر دیا اور نہتا کر دیا اور اُس کی دنیا کو ویران کر دیا نہیں نہیں سب کہتے تھے اس کے پاس کوئی ایسی چیز ہے جس کی خبر نہیں اس کے پاس کوئی ایسی چیز ہے جو ہم نہیں جانتے' اس کے پاس کوئی ایسی چیز ہے جو ہمارے علم میں نہیں' اب سب اس ٹوہ میں تھے کس طرح اس شخص سے ملیں اور وہ علم حاصل کریں یا وہ لفظ حاصل کریں جس لفظ کی وجہ سے بادشاہ کے دربار میں اس کو عزت ملی' شان و شوکت ملی اور سروری ملی لیکن وہ شخص اب جانوروں کے گوبر اٹھانے والا عام ملنے والا نہیں رہا تھا' اب اسے بادشاہ کا خاص قرب مل گیا ہے' اب وہ خود ایک بادشاہ ہے اور بادشاہ کی نظروں کا تارہ ہے' بادشاہ نے اسے اپنے ساتھ اس لیے بھی رکھا ہوا تھا کہیں جادوگر کا جادو پھر زندہ نہ ہوجائے جس طرح جادوگر پہلے بادشاہ کو جانی نقصان پہنچا چکا تھا' اس کا بیٹا مار دیا بے شمار لوگوں کو جان و مال اور عزتوں کے نقصان پہنچا چکا تھا' وہ شخص کون تھا؟ اس کا نام کیا تھا؟ اس کے پاس کیا بول تھا اس کے پاس کیا حرف تھے اس کا چرچا عام ہونے لگا: لوگ دوسرے دن کا انتظار کرنے لگے کہ شاید اس تک پہنچنے کا کوئی راستہ مل جائے' بڑے بڑے دانا' سمجھدار اس تک پہنچنے کی راہیں' تدبیریں لڑانے لگے اب دوسرے دن کا انتظار ہونے لگا۔ پہلے دن کچھ لوگ تھے لیکن دوسرے دن تو لوگ اتنے زیادہ کہ اطلاع دور دور تک پہنچ چکی تھی اور ہر شخص اپنی منزل کی طرف روانہ ہو چکا تھا اور بادشاہ کی کچہری کیلئے مزید جگہ کا انتظام کیا گیا اور بادشاہ اور سردار کو بھی احساس ہوگیا کہ آج لوگ مزید آئیں گے اور آج مخلوق خدا بہت زیادہ وہ لوگ بھی جو بہت زیادہ دکھی اور دکھیارے تھے' ان کے ساتھ ان کے خاندان والے بھی اور مزید وہ لوگ بھی جن کو اس ظالم جن نے ستایا نہیں لیکن وہ دوسرے لوگوں کی ظلم کی کہانیاں سننے اور اس کے عبرت کا انجام دیکھنے کیلئے ضرور آئیں گے۔**نجانے صبح کب ہوگی:** ایک ایک لمحہ' ایک ایک گھڑی' دنوں اور میلوں کے برابر بڑھ رہا تھا۔ ہر شخص شام کے آنے کا انتظار کر رہا تھا اور شام کے بعد پھر رات اے کاش! اتنی لمبی رات کی نجانے کب صبح ہوگی۔ کس وقت ہم بادشاہ کی کچہری میں پہنچیں گے' کچھ نے تو ارادہ کیا ہم رات کو ہی چل پڑیں گے تاکہ آگے سے آگے بیٹھیں اور کچھ نے ارادہ کیا' رات کے ڈھلتے ہی چل پڑیں گے۔ بہتر سے بہتر جگہ پر بیٹھیں' ہر شخص اپنا ارادہ کر رہا تھا' دن تھا کہ گزر نہیں رہا تھا اور رات تھی کہ ڈھل نہیں رہی تھی اور دن تو پہاڑ سے زیادہ بڑا ہوگیا اور رات' رات کا تو پھر پوچھیں ہی نہ کیونکہ انتظار کی گھڑیاں اور سخت ہوتی ہیں اور انتظار کے لمحے تو اور بڑے کڑے ہوتے ہیں۔ آخر خدا خدا کرکے اگلا دن آن پہنچا۔ (جاری ہے)

فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

عمل کر! پھر دیکھ رزق تم پر ٹوٹ پڑے گا

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنے یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا بخل شکنی اور جذبہ خدمت خلق قابل صد تحسین ہے۔ آپ اور عبقری قارئین کی ہمیشہ حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ آپ نے اور ماہنامہ عبقری نے کتنے ہی دکھی دلوں کو چین دیا' کتنے ہی بیروزگار' تنگدست' محتاج افراد کو ایسے ایسے وظائف چن کر دیئے کہ آج وہ خوشحال زندگی بسر کررہے ہیں' عبقری کا نیا سلسلہ ''**فاقے ختم' عزت' دولت شہرت کیسے ملی؟**'' پڑھا' دل سے دعائیں نکلیں۔ لوگوں کے آزمودہ وظائف اور فاقوں کے سمندر میں غوطے لگاتے جب خوشحال ہوتے ہیں تو دل خوشی سے بھر جاتا ہے۔ عبقری کے میٹھے میٹھے قارئین کیلئے کچھ موتی چنے ہیں جو کہ حاضر خدمت ہیں۔ یقیناً فراخی رزق اور فاقوں کے خاتمہ کیلئے یہ اعمال بہت کارگر ثابت ہوئے ہیں۔ یہ میرے اور جن کو میں نے بتایا ان سب کے آزمودہ ہیں۔ یہ اعمال انتہائی آسان ہیں۔

فراخی رزق کا انوکھا عمل: اپنے والدین کے قدموں کو چھو کر روز صبح وشام اپنے چہرے پر ملیں اگر والدین وفات پاچکے ہیں تو صبح وشام ان کی قبر پر جاکر (یا آپ جس مقام پر ہیں وہیں پر بیٹھ کر) اول وآخر ایک مرتبہ درود شریف' ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر ان کی روح کو ہدیہ کریں اور وہ ہاتھ چہرے پر ملیں۔ تجربہ کرکے دیکھ لیں ان شاء اللہ بفضل خدا اس عمل سے رزق میں بہت برکت ہوگی اور ہر طرح کی بندش ختم ہوگی۔

رزق میں بے بہا اضافہ: رزق کی فراخی کیلئے ان تین اسماء الحسنیٰ کا وظیفہ 21 روز تک وقت مقرر کرکے پڑھیں' طریقہ یہ ہے کہ باوضو قبلہ رُخ ہوکر بیٹھیں تو پہلے تین بار درود شریف پڑھیں پھر سو مرتبہ **یَاوَھَّابُ** پڑھیں۔ پھر سجدے میں جاکر سو بار **یَارَزَّاقُ** پڑھیں پھر سجدے سے سر اٹھا کر 100 بار **یَامُغْنِیُ** پڑھیں اس کے بعد تین بار درود شریف پڑھیں اور عجز وانکساری سے فراخی رزق کیلئے دعا کریں۔ مجرب المجرب عمل ہے۔

رزق کی فراوانی کیلئے دعا: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نماز فجر سے قبل رزق کی تقسیم شروع ہوتی ہے۔ رزق کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔ فجر کی اذان سے کچھ دیر پہلے تہجد کے وقت اٹھیں اور وضو کرکے 300 مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ۔ یہ ایک ندا ہے فقیر کی کریم کے دروازے پر۔ یہ پڑھ کر بیٹھ رہو یہاں تک کہ فجر کی نماز کا وقت آجائے پھر فجر کی نماز باجماعت پڑھو اس عمل سے دنیا (رزق) تمہارے پاس ٹوٹ پڑے گی اور ہر وہ شے ملے گی جس کی تم کو ضرورت ہو پھر فرمایا کہ اس کی نیکیاں تمہارے لیے آخرت کے واسطے ذخیرہ رہیں گی۔ مجرب عمل ہے اگر آپ چندروز اس پر عمل کریں گے تو غیب سے رزق کے دروازے آپ پر کھل جائیں گے اور دنیا کی کسی مصیبت اور تکلیف میں گرفتار نہ ہوں گے۔ روحانی ترقی ہوگی۔ دل پرنور کے دروازے کھل جائیں گے۔ **(سید عبدالقدیر' راولپنڈی)**

اگلے مہینے' فاقے ختم' دولت' عزت اور برکت کیسے ملی؟'' کے حوالے سے ایک نیا سچا واقعہ اور ایک نیا آزمودہ عمل پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

ہر قسم کے دردوں کیلئے نسخہ فولاد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہر قسم کے دردوں کیلئے عبقری رسالہ میں نسخہ فولاد پڑھا' واقعی بہت ہی زیادہ فائدہ مند ہے' اس نسخہ نے میرے جسم میں نئی جان ڈال دی ہے' جس جس کو بتایا وہ بھی تعریف کرتے نہیں تھکتا۔ یہ نسخہ صرف ستمبر سے لے کر مارچ کے وسط تک استعمال کریں۔ ھوالشافی: ثابت مونگ ایک کلو' بادام گری ایک پاؤ' سونف آدھ پاؤ' چاروں گوندیں ایک پاؤ' پھول مکھانے آدھ پاؤ' نشاستہ ایک پاؤ' پستہ ایک چھٹانک' چھوٹی الائچی ایک تولہ' ناریل ایک پاؤ' اسپغول چھلکا آدھ پاؤ' دیسی گھی ایک کلو' شکر ایک کلو' سب کو دیسی گھی میں علیحدہ علیحدہ بھون کر کوٹ کر پھر بھون کر رکھ لینا ہے اور روزانہ صبح وشام دو بڑے چمچ دودھ کے ساتھ لیں۔ **شوگر کنٹرول صحت بھرپور:** عبقری رسالہ سے ہی درج ذیل نسخہ آزمایا' میں اہلیہ صبح وشام شوگر کیلئے ایک کیپسول اور ایک وقت انسولین 20 یونٹ لگارہی تھیں مگر اس نسخہ سے شوگر کنٹرول ہے۔ **ھوالشافی:** اندرائن' تخم سرس' گوند کیکر' کلونجی' کاسنی' گٹھلی جامن ہر ایک 50 گرام پیس کر کیپسول بھرلیں۔ **(محمد بشیر اعوان)**

انگلینڈ کا خاکروب اور وقت کی قدر

علی گڑھ یونیورسٹی کے انگریز استاد پروفیسر آرنلڈ جو علامہ اقبال کے اساتذہ میں سے ہیں' انہوں نے اسلام کے بارے میں ایک کتاب لکھی جس کا نام ''دی پریچنگ آف اسلام'' ہے۔ کسی زمانے میں پروفیسر آرنلڈ اور علامہ شبلی نعمانیؒ نے ایک سمندری جہاز میں سفر کیا اس وقت کے اکثر سفر سمندری جہازوں سے ہوتے تھے انہوں نے سفرنامہ مصر اور سفرنامہ شام میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ جب وہ دونوں سمندری سفر میں تھے تو پروفیسر آرنلڈ کا اپنا کمرہ تھا اور علامہ شبلی نعمانیؒ کا اپنا کمرہ تھا اس لیے کہ سمندری جہاز کا سفر مہینوں جاری رہتا تھا سفر کے دوران جہاز کے ایک حصے میں آگ لگ گئی جہاز میں ہنگامہ کھڑا ہوا اور جہاز ڈوبنے لگا' ہم سب افراتفری میں تھے کہ جہاز ڈوب رہا ہے ہر ایک کے ساتھ اپنی فکر لگی ہوئی تھی نفسانفسی کی حالت تھی اس لیے پروفیسر آرنلڈ ہم سے بھول گئے کیونکہ وہ کمرے میں مطالعہ میں مشغول تھے کچھ وقت بعد خیال آیا کہ پروفیسر آرنلڈ کو تو بالکل خبر نہیں' لہٰذا ہم دوڑ کر ان کے پاس گئے اور ان کو اطلاع دی کہ جہاز ڈوب رہا ہے اور ہم یہ دیکھ کر حیران ہوئے کہ وہ اس وقت بھی مطالعہ میں مشغول تھے جب ہم نے صورتحال ظاہر کی تو پروفیسر صاحب نے کہا جب جہاز ڈوب رہا ہو تو میں کیا کروں؟ پھر تو مجھے چھوڑ دو تا کہ اس صفحہ کی تکمیل کروں اور اپنا مطالعہ پورا کروں اس لیے کہ بھاگ دوڑ کر وقت ضائع کرنے سے بہتر ہے میں اپنے کام کی تکمیل کرلوں۔

سنت نہال سنگھ لکھتے ہیں کہ کچھ دن پہلے کی بات ہے ایک انگریز سڑک پر جھاڑو لگا رہا تھا میں نے اس کے قریب پہنچ کر پوچھا کیا میں تمہارا فوٹو لے سکتا ہوں؟ اس وقت میرے ہاتھ میں چھوٹا سا کیمرہ تھا اگر میں چاہتا تو اس سے پوچھے بغیر بھی اس کا فوٹو لے لیتا پھر میں نے اس سے پوچھ لینا مناسب سمجھا' اچھا اب ذرا اس کا جواب سنیے: ''آپ صرف دو منٹ ٹھہر جایئے دو منٹ میں بارہ بج جائیں گے اور اس وقت اپنا دوپہر کا کھانا کھانے جاؤں گا' وہ میرا اپنا وقت ہے اس میں کوئی اعتراض نہیں کرسکتا تب آپ جتنا وقت شوق سے چاہیں لے سکتے ہیں''۔ مشہور انگریز فلاسفر کارنیگی کہتے ہیں کہ اوسط درجہ کا انسان دنیا میں صرف وقت کا سرمایہ لے کر آتا ہے ہر شخص کو ایک دن میں چوبیس گھنٹے ملتے ہیں' نہ وہ اس کو گھٹا سکتا ہے اور نہ اس مدت کو بڑھانے پر قدرت رکھتا ہے۔

ہلدی سے یرقان کا خاتمہ : پیلے یرقان میں صبح وشام تین تین ماشہ ہلدی ہمراہ پانی یا عرق مکو کھلانا بہت ہی مفید ہے۔

سائیکل کو رواج دیں ورنہ ہسپتال بھرے رہیں گے

محمد سلیم کمبوہ، لاہور

ابھی گزشتہ دنوں میں لاہور کے معروف مال روڈ پر جی پی او چوک کے اشارے پر کھڑا تھا‘ میں وہاں بیس منٹ کھڑا رہا‘ گاڑیوں کا ہجوم تھا‘ بار بار ٹریفک اشارہ بند ہو رہا تھا‘ کھل رہا تھا‘ گاڑیاں آ جا رہی تھیں اور میں بیوقوفوں کی طرح وہاں کھڑا کسی سائیکل سوار کو ڈھونڈ رہا تھا

اللہ تعالیٰ نے انسان کو ہاتھ پاؤں اس لئے دیے ہیں کہ وہ ان کا صحیح استعمال کرے اور انہیں بے کار چھوڑ کر تن آسانی اور اضمحلال کا شکار نہ بنے لیکن جدید صنعتی زندگی نے لوگوں کو خاص طور پر شہروں میں رہنے والوں کو اس قدر آرام طلب بنا دیا ہے کہ وہ اپنے ہاتھ پاؤں کا کم سے کم استعمال کرنا پسند کرتے ہیں حالانکہ اس میں نہ صرف نقصانات ہیں بلکہ بعض صورتوں میں صرف بے جا سے گھریلو بجٹ پر بھی بار پڑتا ہے شہری زندگی میں بڑھتے ہوئے شہراؤ کے ساتھ ساتھ لوگ ہاتھوں کا تو اب بھی بہرحال استعمال کرتے ہیں لیکن ان میں ایسے سہل انگار یا فضول خرچ لوگوں کی تعداد دن بہ دن زیادہ ہوتی جا رہی ہے جو جدید سفری اور ٹرانسپورٹ سہولتوں کی آڑ میں پیدل چلنے سے بچتے ہیں یا پھر ان کی پیدل چلنے کی عادت بھی چھوٹ گئی ہے۔ وہ تھوڑے فاصلے تک جانے کیلئے یا سفر کرنے کیلئے بھی کار‘ سکوٹر یا بس کا سہارا لیتے ہیں اس کے نتیجے میں نہ صرف ان کا بہت سا وقت ضائع جاتا ہے بلکہ وہ کافی رقم بلاضرورت خرچ کر کے مالی نقصان بھی اٹھاتے ہیں پھر اس طرح سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ ایسی چہل قدمی یا کم فاصلے تک چل کر منزل مقصود تک پہنچنے سے گریز کی صورت میں لوگ پیدل چلنے کے تمام فوائد سے بھی محروم رہتے ہیں۔ شہروں میں لوگ کاروں‘ بسوں اور سکوٹروں کے اس قدر عادی ہو گئے ہیں کہ اگر انہیں پہنچنے کی جلدی نہ بھی ہو اور ان کے پاس کافی وقت ہو اور فاصلہ بھی زیادہ نہ ہو تب بھی وہ پیدل چلنے سے بچتے ہیں۔ اگر ایسے لوگوں کے پاس اپنا ذاتی سکوٹر یا کار نہ ہو تو وہ بس وغیرہ سے سفر کرتے ہیں ذاتی یا پبلک ٹرانسپورٹ دونوں صورتوں میں لوگوں کو پٹرول کا خرچ یا کرایہ برداشت کرنا ہوتا ہے۔ لوگوں کیلئے مطلوبہ مقام تک بغیر پیدل چلنے‘ ٹانگوں اور پاؤں کے استعمال کے تمام صحی فوائد سے بھرپور ایک کم خرچ‘ باکفایت‘ آرام دہ‘ محفوظ اور ایک طرح تفریحی لذت دینے والا عمدہ ذریعہ ’’سائیکل‘‘ سواری ہے‘ حد افسوس یہ ہے کہ شہروں میں ماضی کی اس مقبول عام سواری کی مانگ اب تیزی سے ختم ہو رہی ہے یا تو اس کا سبب سہل پسندی اور فیشن پرستی ہے یا پھر شہروں میں بڑھتی ہوئی ٹریفک میں سائیکل چلانے اور اس سے سفر کرنے کیلئے مناسب راستے باقی نہیں رہے ہیں۔ ابھی گزشتہ دنوں میں لاہور کے معروف مال روڈ پر جی پی او چوک کے اشارے پر کھڑا تھا‘ میں وہاں بیس منٹ کھڑا رہا‘ گاڑیوں کا ہجوم تھا‘ بار بار ٹریفک اشارہ بند ہو رہا تھا‘ کھل رہا تھا‘ گاڑیاں آ جا رہی تھیں اور میں بیوقوفوں کی طرح وہاں کھڑا کسی سائیکل سوار کو ڈھونڈ رہا تھا کہ شاید اب اس ہجوم میں سے کوئی سائیکل سوار گزرے گا مگر مجھے بہت دکھ اور افسوس ہوا کہ ہم نے سائیکل کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔ حالانکہ میں خود دیکھا بھی ہے اور پڑھا بھی ہے کہ 90ء کی دہائی میں دوپہر کے وقت لاہور مال روڈ پر صبح اور دوپہر کے اوقات میں ایک سائیڈ پر صرف سائیکل سوار ہی نظر آتے تھے اور ہر گھر میں سائیکل ضرور ہوتا تھا۔ بہرحال ترقی یافتہ مغربی ملکوں میں ماہرین طب اور ماحول کی ہدایت پر سائیکل سواری کا رجحان پھر سے بڑھ رہا ہے وہاں لوگ اس سواری کو تفریحی سفر‘ سیر‘ کھیل اور کم فاصلوں کے سفر کیلئے استعمال کر رہے ہیں اس کی ایک مثال ہالینڈ ہے جہاں بہت سے لوگ کم فاصلوں تک پہنچنے کیلئے کاروں اور بسوں کی بجائے سائیکل سواری کر رہے ہیں۔ **جانی اور مالی فوائد:** یہ ایک عام مشاہدہ ہے کہ شہروں نے گنجان آبادی والے علاقوں میں کئی طرح کے سماجی اور صحت کے مسائل کھڑے کر دیے ہیں ان میں سے ایک مسئلہ کاروں‘ آٹو وہیل اور پٹرول یا ڈیزل سے چلنے والی ٹریفک سے پھیلنے والا مضر صحت کثیف دھواں اور گیس ہے جو فضا کو آلودہ کرتا ہے۔ جیسے جیسے سائیکل کا استعمال کم ہوا ہے بڑے شہروں میں کاروں‘ بسوں‘ سکوٹروں اور ڈیزل یا پٹرول سے چلنے والی گاڑیوں کا استعمال بڑھا ہے۔ ہم نے مانا کہ سائیکل سواری طویل فاصلوں تک پہنچنے میں مانع ہوتی ہے اور اس میں وقت اور محنت بہت صرف ہوتی ہے لیکن یہ شہروں میں اب بھی کم فاصلوں تک پہنچنے یا جب وقت ہو تو ذرا طویل فاصلوں تک پہنچنے کا ایک بہت عمدہ اور مفید ذریعہ ہے۔ پٹرول کی بڑھتی ہوئی گرانی نے تو اسے اور بھی پرکشش بنا دیا ہے‘ سائیکل چلانے میں ظاہر ہے کہ کوئی گیس یا پٹرول خرچ نہیں ہوتا البتہ صرف انسانی محنت سے کام چلتا ہے اس لئے ماہرین طب اور معالجین کی متفقہ رائے ہے کہ سائیکل سواری کو پھر سے شہروں میں مقبول بنانا چاہیے۔ کئی ممالک مثلاً ہالینڈ‘ جاپان‘ امریکہ اور فرانس میں سائیکل سواری کو مقبول بنانے کیلئے کئی دلچسپ طریقے اختیار کئے گئے ہیں۔ ان معالجین اور میڈیکل ریسرچ سے متعلق ماہرین کا کہنا ہے کہ سائیکل چلانے سے موٹاپے دوران خون کی بیماریوں امراض قلب اور ہاضمے کی خرابیوں کو دور کیا جا سکتا ہے جو بیشتر صورتوں میں پیدل نہ چلنے یا جسمانی محنت نہ کرنے سے پیدا ہوتی ہیں۔ یہ شہروں میں ڈیزل اور پٹرول کی بڑھتی ہوئی مضر صحت کثافت کا بھی سدباب کر سکتی ہے یہ شہروں کی سڑکوں‘ چوکوں اور پلوں پر مصروف اوقات یعنی صبح اور شام میں ٹریفک میں تکلیف دہ رکاوٹوں سے نجات میں بھی مددگار ہو سکتی ہے‘ ان ماہرین کی رائے میں کاروں اور بسوں وغیرہ پر زیادہ انحصار سے نہ صرف پٹرول کی گرانی بڑھتی ہے جو عام آدمی کی جیب پر بار ہے بلکہ اس سے پیدل چلنے کی لطیف اور مفید عادت بھی چھوٹ جاتی ہے۔ ایسی صورت میں سیر تفریح کم فاصلے تک جانے اور کھیل وغیرہ کیلئے سائیکل ایک عمدہ اور مفید ذریعہ ہے۔ ان ماہرین کا کہنا ہے کہ شہری لوگ اس طرح اپنی ٹانگوں اور پاؤں کے عضلات کا پھر سے وہ لازمی‘ فطری اور مفید صحت استعمال شروع کر دیں گے جس سے کاروں سکوٹروں یا بسوں نے انہیں محروم کر دیا ہے۔ چین کے لیڈروں کا تو یہ بھی خیال ہے کہ سائیکل چلانا دوڑنے اور پیراکی کی طرح نوجوانوں کیلئے ایک مفید شغل ہے۔ یہ سیر اور سفر کو آرام دہ‘ لطیف اور کاروں سے سفر کے برعکس اعصابی تناؤ سے بچاتی ہے کاروں یا سکوٹروں سے سفر کرنے والے لوگ اکثر اعصابی تناؤ اور تھکن یا گراوٹ میں مبتلا پائے جاتے ہیں۔ جبکہ سائیکل سواری نہ صرف ایسی علامتوں سے بچاتی ہے بلکہ ان کا علاج بھی کر سکتی ہے اگر کہیں بروقت پہنچنے کی وجہ سے جلدی ہو تو سائیکل سوار اپنی صحت کے فائدے کی خاطر اور فضول خرچی سے بچنے کیلئے ذرا پہلے گھر سے نکل سکتا ہے۔ یہ بات ہر شخص جانتا ہے کہ ایک صحت مند اور درست دماغ ایک صحت مند جسم میں ہی ہوتا ہے۔ ورجینیا یونیورسٹی کے ماہر نفسیات رابرٹ براؤن کی رائے ہے کہ سائیکل چلانا جسمانی اضمحلال کا عمدہ علاج ہے۔ اس سے دماغ کے عضلات میں کیمیائی تبدیلی واقع ہوتی ہے جس سے شریانوں اور اعصاب کو فائدہ پہنچتا ہے۔ ماہرین کا متفقہ فیصلہ ہے کہ سائیکل چلانے والوں کی حوصلہ افزائی اور سہولت کیلئے خصوصی راستے اور سڑکیں بنائی جائیں جہاں وہ زیادہ آرام سے سفر کر سکیں۔ کاروں‘ سکوٹروں اور بسوں سے سفر میں خرچ کے علاوہ ایک اہم اور سنگین خطرہ ٹریفک کے حادثات کا ہونا ہے جو گنجان آباد شہروں میں بہت بڑھ گئے ہیں سائیکل سواری کی صورت میں تیز رفتاری اور حادثات خطرات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ سائیکل چلانا بچوں‘ بوڑھوں‘ جوانوں اور عورتوں اور مردوں سب کیلئے پرلطف آرام دہ اور باکفایت ذریعہ سفر ہو سکتا ہے۔

حیض کی تکالیف میں مبتلا خواتین کیلئے: خواتین کیلئے اسم پاک یَامُتَعَالِیُ کا ورد کرنا انتہائی فائدہ مند ہے۔ خاص طور پر ان خواتین کیلئے جن کو حیض کی تکلیف رہتی ہو۔

کاش! ہم انسانیت کے درد کو سمجھتے

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

کشمیر کے سفر کا آخری دن تھا' حضرت نے اپنے رفقاء سے کہا کہ کبھی حضرت بل نہیں دیکھا چلو وہاں چلتے ہیں' مغرب کی نماز بھی وہیں پڑھ لیں گے' حضرت مولانا قاسم صاحب کے حکم پر سب لوگوں نے پروگرام بنالیا' وہاں پہنچے تو مغرب کی اذان ہونے لگی' مغرب کی نماز میں وہاں کے کارکنان غیرمسلموں کو نکالنا شروع کردیتے ہیں' گووا کا ایک ٹور جو اکیس بائیس مرد، عورتوں اور بچوں پر مشتمل تھا وہ بھی وہاں زیارت کیلئے آیا ہوا تھا اذان کی آواز سن کر احترام وعقیدت سے ساری خواتین نے دوپٹوں اور ساڑیوں کے پلو سے اپنے سر ڈھک لیے' مردوں نے بھی رومال نکالے اور سر ڈھک لیے' مؤذن جیسے جیسے اذان کے کلمات اللہ اکبر اللہ اکبر کہتا یہ سب مرد وعورتیں اپنے ہاتھوں اور سر کو اوپر نیچے ہلاتے اور کہتے مالک آپ کا نام بڑا ہے' مالک آپ کا نام بڑا ہے' اذان کے ہر کلمہ پر وہ عقیدت اور محبت سے یہی کہتے رہے' اذان ختم ہوئی' ہمارے رفیق دعوت انور بھائی جو بحیثیت خادم حضرت کے ساتھ تھے' انہوں نے رفقاء سے کہا کہ ان بے چاروں نے اتنی محبت اور عقیدت سے اذان سنی ہے ہم ان کو بتا دیں کہ اذان میں مؤذن نے کیا کہا ہے؟ اذان کے حوالے سے انہوں نے ووتی بات کی' اور پندرہ منٹ میں سب اکیس یا بائیس مرد عورت اور بچے کلمہ پڑھنے کیلئے تیار ہوگئے۔ انور بھائی نے ان کو کلمہ پڑھوایا اور اس خیال سے کہ ان تازہ ایمان والوں کے ساتھ ہمیں بھی نماز نصیب ہوجائے گی ان لوگوں سے کہا: مسلمان ہوگئے تو اب آپ کے ذمہ پانچ وقت کی نماز ضروری ہے ان میں سے ایک نماز کا وقت یہ ہے جس کیلئے مؤذن آواز لگا رہا تھا' چلو اللہ کے سامنے عبادت کیلئے ہاتھ منہ دھو کر وضو کرلو' سب لوگ آمادہ ہوگئے مگر ہائے رے ہماری پاکیزگی! وہاں کے عملہ اور مسلمانوں نے ان لوگوں کو وضو خانہ نہیں جانے دیا اور کہا کہ یہ لوگ کافر ہیں! وضو خانہ بھی ناپاک ہوجائے گا انور بھائی نے کہا یہ لوگ ابھی ایمان لائے ہیں لوگوں نے کہا ہمیں معلوم ہے کیسا ایمان لائے ہیں؟ نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی' ان میں سے ایک نوجوان الگ سے ایک طرف ایک نمازی کے ساتھ جا کر اس کو دیکھ دیکھ کر وضو کر آیا اور آکر بولا میں نے وضو کرلیا' آپ کے ساتھ نماز پڑھوں گا۔ ان لوگوں کے ساتھ دوسری جماعت میں اس نے نماز پڑھی' انور بھائی نے بتایا کہ اسلام کے بعد اس نوجوان کا حال دیکھ کر کلیجہ پھٹا جاتا تھا' وہ اپنے ہاتھ زمین پر مار مار کر بلک بلک کر رو رہا تھا اور آسمان کی طرف منہ کرکے کہہ رہا تھا' ربا ربا آپ نے مجھے کہاں کہاں دھکے کھلائے' کہاں امرناتھ اور ویشنو دیوی میں سر کھپاتا رہا' جب آپ کو اس دربار میں ملنا تھا تو پہلے ہی اس دربار میں کیوں نہیں بلالیا' میں کہاں کہاں آپ کو ڈھونڈتا رہا اور در در بھٹکتا رہا۔ کاش! ہم انسانیت کے درد کو سمجھتے اور صرف اذان کے حوالے سے انہیں ان کو کریم رب کی طرف سے حی الصلوٰۃ حی علی الفلاح کی دعوت سمجھا دیتے' ایک ہزار سال سے ہم ان کے ساتھ اس ملک (انڈیا) میں رہ رہے ہیں مگر آج تک اپنے مالک کی تلاش میں سرگرداں اس محبت بھری اور رضائے الٰہی کی تلاش میں حد درجہ قربانی اور تیاگ کرنے والی اس قوم کو اذان کے معنی نہیں بتا سکے کہ زیادہ تر برادران وطن کو یہی اشکال رہتا ہے کہ اتنے دن ''اکبر بادشاہ'' کو مرے ہوئے ہوگئے' مسلمان ابھی تک اکبر کو یاد کرتے ہیں' یا اللہ' اکبر کا سا مہان راج پھر ہو' حالانکہ ہمیں خیر امت کا منصب اور لقب اسی دعوتی ذمہ داری کے اعزاز میں دیا گیا تھا اور اس دعوتی ذمہ داری سے مجرمانہ غفلت کی اس سے زیادہ کیا دلیل ہوسکتی ہے کہ جو اذان مسجد کے میناروں سے ہر وقت ان کے کانوں میں پڑتی ہے اس کے بارے میں انہیں اتنی غلط فہمی ہے کہ کبیر جیسے مذاہب کے اتحاد کے علم بردار نے جس کے بارے میں اس پر بحثیں ہوتی ہیں کہ وہ شاید مسلمان ہی تھا اس نے اپنی ہندی شاعری میں اذان کے بارے میں ایسی حماقت آمیز بات کہی ہے:۔ (نعوذ باللہ)

کانکر پاتھر جوڑ کے مسجد لیو بنائے
تا چڑھ ملا بانگ دے کیا بہرا ہوا خدائے

وہ نادان بے چارہ یہ نہیں سمجھ سکا کہ مؤذن مسجد سے خدا کو نہیں بلکہ خدا کا منادی ہوکر اللہ تعالیٰ کے بندوں کو بلاتا ہے۔ کاش! ہم نے حق ادا کیا ہوتا اور غیریت اور بیگانگی کی عینک اتار کر اس قوم کو اس کا حق پہنچایا ہوتا یا کم از کم اذان کے واسطہ سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیغام ان تک پہنچایا ہوتا۔

شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات

پوری سائنس فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے' آپ کے پاس انٹرنیٹ، اپنا مشاہدہ، تحریر، کوئی بھی ایسی چیز جس میں شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات ملے ہوں ہمیں ضرور بھیجیں۔ باری آنے پر آپ کے نام سے شائع ہوں گے۔ لاکھوں کا نفع ہوگا۔ (ادارہ)

حلقہ کشف المحجوب

علم کے ساتھ عمل کی ضرورت

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

ہم جس باب کا خلاصہ بیان کررہے ہیں اس کا نام ''ثبوتِ علم'' ہے جو کہ ہم گزشتہ ماہ کے شمارہ عبقری میں بھی اس کا ذکر کرچکے ہیں مزید گزشتہ سے پیوستہ:۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے: اَلْمُتَعَبِّدُ بِلَا فِقْهٍ كَالْحِمَارِ فِي الطَّاحُوْنَةِ ترجمہ (عابد علم دین کے جانے بغیر خراس (چکی' کولہو) کے گدھے جیسا ہے) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بے علم عابدوں کو خراس کے گدھے سے مشابہ فرمایا ہے کہ وہ کتنا ہی گھومے اپنے پہلے ہی قدم پر رہتا ہے اور آگے راستہ طے نہیں کرسکتا اور میں نے عوامُ النّاس کا ایک گروہ دیکھا ہے جو علم کو عمل پر فضیلت دیتے ہیں اور دوسرا گروہ عمل کو علم پر لیکن یہ دونوں امر باطل ہیں اسی لئے کہ علم کے بغیر عمل عمل نہیں سمجھا جاتا ہے بلکہ عمل اسی وقت ہوتا ہے جب علم اس کے ساتھ شامل ہوتا کہ انسان اس کی وجہ سے ثواب کا مستحق ہوسکے جیسا کہ نماز' جب تک انسان کو ارکان طہارت' پاک پانی کی پہچان' قبلہ کی شناخت' نیت کی کیفیت اور نماز کے ارکان کا علم نہ ہو' وہ نماز ہی نہیں ہوتی پس جب عمل درحقیقت علم ہی سے حاصل ہوسکتا ہے تو کس طرح جاہل عمل کو علم سے جدا کرسکتا ہے اور جو لوگ علم کو عمل پر فضیلت دیتے ہیں تو یہ بھی صحیح نہیں ہے کیوں کہ عمل کے بغیر علم علم نہیں کہلاتا۔ اس لئے علم کا سیکھنا اور اسے یاد کرنا یہ سب امور عمل میں ہی شامل ہیں۔ اسی وجہ سے انسان کو اس پر ثواب ملتا ہے اور اگر عالم کا علم اس کے قول و فعل سے کوئی تعلق نہ رکھے تو اسے اس میں کچھ بھی ثواب نہیں ملتا اور اس بات میں دو گروہ ہیں: اوّل وہ لوگ ہیں جو لوگوں کو علم کی بدولت بلند مرتبہ سمجھتے ہیں اور ان کے اعمال کا کوئی لحاظ نہیں رکھتے اور علم کی تہہ تک نہ پہنچ کر عمل کو اس سے جدا کرتے ہیں۔ یہ لوگ نہ علم رکھتے ہیں نہ عمل ہی کرتے ہیں یہاں تک کہ جاہل اور بے وقوف یہی سمجھنے لگتا ہے کہ قول (علم) نہیں' عمل کی ضرورت ہے۔ دوسرا گروہ کہتا ہے کہ علم کی ضرورت ہے' عمل نہیں چاہئے۔ (جاری ہے)

آپ کی صحت کس چیز میں چھپی ہے سب لکھ دیا!

سلور کے برتنوں میں کھانا پکانا اور پلاسٹک کے برتنوں میں کھانا' کھانے کے بعد پانی پینا بے شمار خطرناک بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ اکثر روزمرہ کی خوراک میں ایک ہی قسم کی چیز کو بار بار کھایا جاتا ہے جس کی وجہ سے دوسرے قسم کی چیزوں میں موجود وٹامن ہمارے جسم کو نہیں ملتے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین کے نام ایک تحریر لے کر حاضر ہوا ہوں یقیناً قارئین بھرپور مستفیض ہوں گے۔ مختلف بیماریوں کی مختلف وجوہات ہوتی ہیں' ہمارا کھانا پینا صحت کے اصولوں کے مطابق نہیں ہوتا' اس لیے بیماریاں حملہ آور ہوجاتی ہیں۔ سلور کے برتنوں میں کھانا پکانا اور پلاسٹک کے برتنوں میں کھانا' کھانے کے بعد پانی پینا بے شمار خطرناک بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ اکثر روزمرہ کی خوراک میں ایک ہی قسم کی چیز کو بار بار کھایا جاتا ہے جس کی وجہ سے دوسری قسم کی چیزوں میں موجود وٹامن ہمارے جسم کو نہیں ملتے۔ وٹامن کی کمی سے بھی انسان بیمار پڑنا شروع ہوجاتا ہے۔ اچھے ڈاکٹر صاحبان جس وٹامن کی کمی کو کسی مریض کے جسم میں محسوس کرتے ہیں اس کی کمی کو پورا کرنے کی دوائی لکھ دیا کرتے ہیں۔ مگر ڈاکٹر ایسے کم ہی ہیں کہ جو خوراک لکھ کر دے دیں جس کے کھانے سے کمی پوری ہوسکے۔ زندگی میں مجھے خود بھی بہت تجربہ حاصل ہوا۔ خوراک تو ہم پسندیدہ کھاتے ہیں مگر یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اس خوراک میں جس وٹامن کی کمی ہے وہ موجود ہے یا نہیں۔ اچھے حکیم دوائی سے زیادہ غذا کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کے مطابق 75 فیصد علاج غذا میں موجود ہوتا ہے۔ جو تجربہ کرنے پر سو فیصد درست ثابت ہوا۔ وٹامن الف۔ ب اور ج وغیرہ کی گولیاں تو ہم کھانے فخر محسوس کرتے ہیں مگر جن چیزوں میں یہ وٹامن موجود ہوتے ہیں وہ ہم نہیں کھاتے۔ دراصل لاعلم ہوتے ہیں میں کئی کتب اور رسائل سے وہ مواد اکٹھا کرتا رہا جن میں وٹامن کا ذکر تھا۔ عبقری کے قارئین کیلئے بطور تحفہ میں وہ چیزیں پیش کررہا ہوں جن میں مختلف قسم کے وٹامن پائے جاتے ہیں۔ درخواست کروں گا کہ ان سے مستفیض ہوں۔ **وٹامن اے کے نباتاتی ماخذ:** کدو۔ شلجم۔ آلو۔ پالک۔ مٹر۔ پھلیاں۔ ٹماٹر۔ آلو بخارا۔ خوبانی۔ آڑو وغیرہ۔ **حیوانی ماخذ:** دودھ' بالائی' مکھن' پنیر' انڈے کی زردی' مچھلی کا تیل' کلیجی وغیرہ۔ **وٹامن بی کے نباتاتی ماخذ:** گندم۔ مٹر۔ خشک پھلیاں۔ آلو۔ پالک۔ لوبیا۔ بند گوبھی۔ شلجم۔ چقندر۔ ٹماٹر۔ سرخ مرچ۔ کاسنی۔ چاول۔ **حیوانی ماخذ:** گوشت۔ کلیجی۔ انڈا۔ دودھ۔ مچھلی۔ چوزہ۔ مرغ۔ پنیر وغیر۔ **وٹامن سی کے نباتاتی ماخذ:** ترکاری تازہ۔ میوہ جات۔ آلو۔ شلجم۔ پیاز۔ پالک۔ آملہ۔ امرود۔ کینو۔ مالٹا۔ بند گوبھی۔ پالک۔ بینگن۔ بھنڈی۔ توری۔ سرخ مرچ۔ ٹینڈے۔ حلوہ کدو۔ کریلا۔ گھیا توری۔ مٹر۔ مولی۔ کچنار۔ خرفے کا ساگ۔ چولائی کا ساگ۔ اروی۔ آلو۔ سلاد۔ سرسوں کا ساگ۔ بتھوا۔ چکوترا۔ نارنگی۔ سٹرابیری۔ اناناس۔ آلوچہ۔ آلو بخارہ۔ املی۔ انار۔ انگور۔ انجیر وغیرہ۔ **حیوانی ماخذ** کوئی نہیں۔ **وٹامن ڈی کے نباتاتی ماخذ:** بادام۔ ناریل۔ **حیوانی ماخذ:** انڈا۔ دودھ۔ مکھن۔ چربی۔ روشنی۔ دھوپ۔ **وٹامن ای کے نباتاتی ماخذ:** تل۔ سلاد۔ آلو۔ بند گوبھی۔ سویا کا ساگ۔ چقندر۔ گاجر۔ گندم۔ لوبیا۔ پستہ۔ چلغوزہ۔ خوبانی۔ ناریل۔ مونگ پھلی۔ روغن السی۔ بنولہ۔ **حیوانی ماخذ:** مکھن۔ انڈا۔ دودھ۔ مچھلی۔ **وٹامن ''کے'' کے نباتاتی ماخذ:** پالک۔ پتوں والی سبزیاں۔ گوبھی۔ میتھی۔ ساگ وغیرہ۔ **حیوانی ماخذ:** کوئی نہیں۔ **وٹامن ایچ کے نباتاتی ماخذ:** پالک۔ چقندر۔ گاجر۔ پیاز۔ مکئی۔ مونگ پھلی۔ گڑ۔ کینو۔ مالٹا۔ سنگترہ وغیرہ۔ **حیوانی ماخذ:** گائے کا گوشت۔ بھیڑ کا گوشت۔ مچھلی وغیرہ۔ **(نصیر احمد' ایبٹ آباد)**

پرہیز و احتیاط سے شفاء یابی کے گر

زندگی اور غذا کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ غذا خواہ کسی بھی نوعیت' لذت و تاثیر کی حامل ہو انسان کی زندگی کا ایک اہم اور بنیادی لازمہ ہے۔ اگر انسان استعمال ہونے والی غذائی نعمتوں پر غور کرے تو اس حقیقت سے بخوبی واقف ہوجائے گا کہ دنیائے ارضی پر موجود کسی اور مخلوق کو یہ لذت آمیز پھل' سبزیاں' میوہ جات' اجناس اور دیگر غذائی نعمتیں میسر نہیں جن میں موجود قدرتی غذائی عناصر انسان کی صحت کے ضامن ہوتے ہیں اور انہی کی بدولت انسان ایک طویل زندگی جینے کے قابل بن پاتا ہے۔ انسانی صحت کو برقرار رکھنے کیلئے غذائی اشیاء کے مضمرات سے واقفیت ضروری ہے۔ اگرچہ پرہیز اور احتیاط سے مرض کے اسباب کم کئے جاسکتے ہیں اور مریض کی قوت مدافعت مضبوط بنا کر شفایابی کا عمل تیز تر کیا جاسکتا ہے لیکن اس سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ کونسی غذا کس مرض میں مفید اور کس عضو کیلئے تقویت کا باعث بنتی ہیں اور کون سی غذائیں نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہیں۔ ماہرین کے مطابق غذائی اشیاء کو اپنے مزاج اور صحت کی مناسبت سے معتدل انداز میں استعمال کرنا چاہیے۔ اس مضمون میں ہم ان روزمرہ غذائی اشیاء کا ذکر کریں گے جو مختلف امراض میں بھی مؤثر رہتے ہیں اور جن کا استعمال بھی زیادہ کیا جاتا ہے ہماری صحت کو یہ کس طرح متاثر کرتی ہیں آیئے! دیکھتے ہیں۔ **پیاز:** بھوک لگاتا ہے متلی اور قے دور کرتا ہے۔ ہیضہ کے مریضوں کیلئے پیاز کا پانی نفع بخش ثابت ہوتا ہے۔ گرم مزاج والے افراد، پیشاب کی زیادتی اور بکثرت حیض میں نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ **ادرک:** ضعف معدہ' بلغم کی زیادتی اور اپھارہ کی شکایت میں مفید ہے۔ بادی سبزیوں اور دالوں میں ڈالنے سے ان کے مضر اثرات زائل ہوجاتے ہیں۔ علاوہ ازیں جدید تحقیق کے مطابق یہ کینسر کے اثرات سے بھی نجات دلاتا ہے۔ **بادام:** جسم کی تمام قوتوں کا محافظ ہے۔ جسمانی کمزوری دور کرنا' سینہ کو ملائم کرنے اور کھانسی میں بھی مفید ہے۔ دماغ اور بینائی کو خاطر خواہ تقویت دیتا ہے۔ اگر اسے مکھن اور مصری کے ساتھ ملا کر کھایا جائے تو زبان کی لکنت دور ہوجاتی ہے۔ ضعف ہضم میں نقصان پہنچاتے ہیں۔ **پنیر:** یہ معدہ' گردہ اور آنتوں کو طاقت بخشتا ہے۔ نمک کے ساتھ کھایا جائے تو بلغم دور ہوجائے گی۔ پنیر کو کچا کھانا زیادہ بہتر اور طاقت بخش ہوتا ہے لیکن اگر سبزی وغیرہ میں پکانا ہو تو گرم مصالحہ' دھنیا' الائچی ملا کر پکائیں تاکہ ہضم کرنے میں دقت پیش نہ ہو۔ **ٹماٹر:** خون پیدا کرتا ہے۔ بھوک بڑھانے اور کھانا ہضم کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ قبض ختم کرکے نظام شکم کی اصلاح بھی کرتا ہے جسم کو طاقت دینے اور طبیعت کو فرحت بخشتا ہے۔ موٹاپے اور شوگر کے مرض میں مبتلا افراد کیلئے مفید ہوتا ہے۔ **چائے:** یہ فالج، کھانسی اور نظام تنفس کے مسائل کی صورت میں مفید رہتی ہے۔ استسقاء کے مرض میں فائدہ پہنچاتی ہے۔ جسمانی تکان دور کرنے میں بھی مؤثر رہتی ہے۔ نیند کی کمی' پسینہ کی زیادتی کی صورت میں استعمال نہیں کرنی چاہیے۔ **(سید نزہت رضا)**

(بقیہ: فرشتوں کی مدد' فوجی عزم کے ساتھ)

آئے کہ جب دشمن کے ٹینک ہمارے توپ خانے کے اتنے قریب پہنچ گئے کہ ٹینکوں اور توپ خانے کی مابین براہ راست لڑائی شروع ہونے والی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ دوسری جنگ عظیم کے بعد سیالکوٹ میں یہ ٹینکوں کی دوسری سب سے بڑی لڑائی تھی۔ اس موقع پر ایک آرٹلری آفیسر نے حکم دیا کہ ہائی شیل نکال دو اور اربن شیل لگاؤ کیونکہ اب توپ اور ٹینکوں کی براہ راست لڑائی شروع ہونے والی ہے''۔ اس موقع پر اللہ عزوجل جلالہ نے ''دھند'' بھیج دی' جس نے دشمن کے ٹینک روک دیے اور اس پر خوف طاری ہوگیا۔ یہی وہ روحانی اور نظریاتی احساسات تھے کہ جنہوں نے دشمن کے دانت کھٹے کردیے۔ یہ کلمے کی طاقت تھی اور اسی کلمے نے ہمیں ایک سیسہ پلائی دیوار میں بدل دیا۔ میرے جوانو! یہ پاکستان ہمیں بہت بڑی قربانیوں کے بعد ملا ہے' اس کے پرچم کو گرنے نہ دینا' جیسے یہ نغمہ ہے کہ ''ہمارا پرچم' یہ پیارا پرچم' یہ پرچموں میں عظیم پرچم' عطائے رب کریم پرچم'' تو اس پرچم کی سدا حفاظت کرنا کہ اس کی خاطر ہمارے نوجوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ دیا ہے۔ آج جو جوان اس پاک مٹی کو چھوڑ کر دوسرے ممالک جارہے ہیں' وہ یقیناً بدنصیب ہیں' اللہ تعالیٰ پاکستان کی مدد کرے اور پاکستان اور پاک فوج کی اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آمین!

مدتوں پرانا بہرہ پن ختم

درد معدہ اور سختی معدہ دور

شوگر کے مریض یہ چٹنی ضرور بنالیں!

بے اولاد حضرات کے مشاہدات جو اب صاحب اولاد ہیں

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر ہیں

میں نے ”سونف“ کو آزمایا آپ بھی آزمائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں اور اس میں اپنے آزمودہ تجربات و مشاہدات وقتاً فوقتاً بھیجتا رہتا ہوں۔ آج بھی میں اپنے آزمودہ نسخہ جات جو کہ ”سونف“ سے متعلق ہیں بھیج رہا ہوں۔ یقیناً قارئین اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔ **امراض چشم کیلئے:** عرق گلاب خالص ایک لیٹر میں سوگرام سونف کو ہلکی آنچ پر ابالیں۔ جب ایک حصہ اڑ جائے تین حصہ باقی ہوں تو اتار کر ٹھنڈا ہونے پر باریک کپڑے سے چھان کر صاف بوتل میں محفوظ کرلیں۔ قطرہ قطرہ آنکھوں میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ چند بار کے استعمال سے مرض سے مکمل آرام ہوگا۔ **نظر انتہائی تیز اور دماغی کمزوری دور:** سونف کے خالص عرق سے سونف کو گیلا کرکے لکڑی کے دستے سے ہلکا ہلکا کوٹیں۔ اوپر والا چھلکا اتر جائے گا۔ اندر سے جو نکلے اس کو مغز بادیان یا سونف کے چاول کہتے ہیں۔ یہ مغز سونف صبح سویرے بیس گرام تک کھانے سے نظر انتہائی تیز ہوجاتی ہے' دماغی کمزوریاں دور ہوتی ہیں۔ یہ بہت مجرب، کارآمد اور سستا لیکن انتہائی آسان نسخہ ہے۔ **مدتوں پرانا بہرہ پن ختم:** چھ گرام سونف کو نصف کلو پانی میں جوش دیں جب ایک حصہ بچ جائے اور تین حصے اڑ جائے تو چھان کر گائے کا اصلی گھی دس گرام' مصری دس گرام ملا کر نیم گرم صبح وشام پینے سے مدتوں پرانا بہرہ پن ختم ہوجاتا ہے۔ **لکنت سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا:** لکنت والے مریض جو اٹک اٹک کر بولیں' سونف صاف شدہ دس گرام' کالی مرچ ایک عدد لے کر نصف کلو پانی میں جوش دیں جب پچاس گرام پانی بچ جائے تو چھان کر گائے کے دودھ سوگرام میں دس گرام مصری ملا کر صبح وشام پئیں۔ کچھ ہی عرصہ میں لکنت جیسی بیماری سے نجات مل جائے گی۔ **درد معدہ اور سختی معدہ دور:** سونف اپنا دوائی اثر خاص طور پر معدہ پر ڈالتی ہے اور جب معدہ درست ہوتو انسان تندرست رہتا ہے۔ ایسے میں سونف سے بھرپور طبی فوائد حاصل کریں۔ سونف کو ہر وقت اپنے استعمال میں رکھیں۔ سونف صاف شدہ پچاس گرام' گلقند آفتابی دوسوگرام میں ملا کر رکھیں۔ صبح وشام پچاس' پچاس گرام خوب چبا کر کھائیں۔ اوپر سے نیم گرم دودھ پی سکتے ہیں۔ یہ نسخہ تمام امراض معدہ کو دور کرتا ہے۔ دائمی قبض سے چھٹکارا ملتا ہے۔ خوش ذائقہ اور مفید دوا تیار ہوتی ہے۔ اس سے درد معدہ اور سختی معدہ دور ہوتا ہے۔ **اپھارہ کا علاج:** بعض لوگ شکایت کرتے ہیں کہ پیٹ پھولا رہتا ہے جس کو اپھارہ بھی کہتے ہیں وہ لوگ سونف دس گرام' ڈیڑھ سو گرام پانی میں ڈالیں اور ابالیں جب پچاس گرام پانی رہ جائے چھان کر نمک لاہوری ایک گرام ملا کر پی لیں اور فائدہ اٹھائیں۔ **دست نئے ہوں یا پرانے مستقل علاج:** سونف نیم بریاں کرکے اس کے برابر مصری ملا کر کوٹ کر رکھیں۔ صبح وشام ایک ایک گرام کھائیں۔ دست نئے ہوں یا پرانے ختم بند ہوجاتے ہیں۔ اس کا مسلسل استعمال تقویت معدہ کا باعث بنتا ہے۔ **مثانے کی تکالیف ختم:** سونف دس گرام' جوکھار دس گرام کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔ دس گرام تک ایک وقت میں استعمال کرسکتے ہیں۔ اس کے کھانے سے پیشاب جاری ہوجاتا ہے اور مثانہ کی تکالیف دور ہوجاتی ہے۔ **(غلام سرور خان' راولپنڈی)**

مقصد کوئی بھی ہو! ہزاروں بار کا آزمودہ عمل

قارئین! آزمالیں! جس کا جی چاہے' یقین کے ساتھ کریں' کہتے ہیں کہ یقین کامل کہ پیر کامل' اگر آپ یقین کے ساتھ کریں گے تو ان شاء اللہ کام ہوجائے گا۔ اگر کوئی حاجت ہے' کام نہیں ہوتا' کوئی مشکل ہے' حل نہیں ہوتی' کوئی مقدمہ ہے فیصلہ نہیں ہوتا' اس عمل کو کریں' اس کو کھیل تماشا نہ بنائیں اور دوسروں کو بھی نہ بتائیں کیونکہ چراغ سے چراغ جلتا ہے' کر بھلا ہو بھلا۔ باوضو تنہائی میں بیٹھ کر یقین کامل کے ساتھ سکون کے ساتھ اور ٹھہر ٹھہر کر اس عمل میں خود کو گم کرکے پہلے تین مرتبہ درود ابراہیم پڑھیں۔ پھر ایک بار الحمدشریف پڑھیں۔ پھر تین بار سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پھر سجدہ میں جاکر اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر مقصد کیلئے دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ دعا قبول ہوگی۔ (میرا ہزاروں بار کا آزمودہ ہے) اس طرح تین روز کریں۔ اول تو پہلے ہی دن دعا قبول ہوگی۔ مقصد برآئے گا۔ اگر روحانیت کی کمی ہے تو تین روز میں کام اللہ رب العزت کردیتے ہیں۔ آزمائیں اور بندہ کیلئے بھی دعا کریں۔ (ج۔ر)

ایسا خزانہ ملا جس بارے سوچا نہ تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے دفتر ماہنامہ عبقری سے آپ کی تالیف شدہ کتاب ”کشف اور پراسرار روحانی قوتوں کا حصول“ خریدی' مجھے اس میں سے بہت کچھ سیکھنے کو ملا' اس کے علاوہ بھی میں نے آپ کی بہت سی کتب خریدیں' ہر ایک دوسری سے بڑھ کر ہے۔ میں ان کتب میں سے چن چن کر نسخے نکالتا ہوں۔ آپ کی ایک کتاب جو کہ مجھے سب سے زیادہ پسند ہے وہ ”مجھے شفاء کیسے ملی؟“ حضرت آپ کے ذریعے سے طب کا اور نسخوں کا بہت بڑا خزانہ ملا ہے اور میں سمجھتا ہوں یہ خزانہ مجھے ایک عمل کی بدولت اور برکت سے ملا ہے۔ عبقری میں ایک عمل آیا تھا اور وہی عمل آپ کی مشہور زمانہ کتاب ”مجھے شفاء کیسے ملی؟“ میں بھی چھپ چکا ہے۔ عمل یہ ہے: اَللّٰہُ الصَّمَدُ 6666 بار صبح وشام چھ روز تک پڑھنا ہے۔ یہ عمل خزانہ غیب کیلئے ہے۔ یہ عمل میں نے تب کرنا شروع کیا تھا جب مجھے عبقری 2012ء میں ملا تھا اور یہ عمل میں نے 2012ء کے رمضان سے پہلے یا دوسرے عشرے میں کیا تھا اور ساتھ میری بہن نے بھی کیا تھا کیونکہ میں شارٹ کٹ کی تلاش میں تھا۔ اس کے بعد مجھے کچھ خواب یا اشارہ نہ ملا۔ مگر اب سمجھ آرہی ہے کہ جو برکت اور علم کا خزانہ اللہ رب العزت نے مجھے دیا ہے وہ اس خزانہ سے بہت بہتر ہے جس خزانہ کی تلاش' میں تھا۔ جب آپ کے نسخے میرے پاس آنا شروع ہوئے میں نے بخل شروع کردیا تھا لوگوں سے چھپاتا تھا لیکن درس کی برکت سے اللہ نے میرے بخل کو ختم کیا۔ پھر میں نے سوچا اب لوگوں کو فری نسخے دوں گا۔

ٹوٹکہ اکسیر! یقین اعظم ہی اسم اعظم

قارئین! یقین اعظم ہی اسم اعظم ہے' دل کے زنگ کو اتارنے کیلئے کدورتیں دور کرنے کیلئے باطنی امراض کی شفایابی کیلئے یہ عمل نسخہ اکسیر ہے۔ اس سب کیلئے آپ کے دل میں ندامت کا ہونا بہت ضروری ہے' جب ندامت ہوگی' اللہ پر یقین اعظم ہوگا تو پھر دیکھئے گا قلب کیسے نورانی بن جائے گا اللہ پاک کے ایک ایک حکم میں کامیابی' عزت' عافیت اور حفاظت یقینی نظر آئے گی۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک ایک طریقے اور سنت میں دنیا' آخرت کی خیریں اور عافیتیں نظر آئیں گی جب قلب ایمان اور ہدایت کے نور سے محروم ہوگا تو اسلام اور دین کی عظمت اور ہیبت اس کے قلب سے نکل جائے گی۔ مادیت اور

مادی چیزوں میں کامیابی اور عزت نظر آئے گی۔ نبی اکرم ﷺ سے پوچھا گیا کہ یارسول اللہ ﷺ آدمی کو کیسے پتہ چلے گا کہ ایمان اور ہدایت کا نور اس میں موجود ہے یا نہیں تو فرمایا جس کا مفہوم ہے: "(ہدایت کے نور کی علامات یہ ہیں) دھوکہ کے گھر دنیا سے جی کا اٹھ جانا۔ ہمیشہ رہنے والے گھر آخرت کی طرف جی کا لگ جانا۔ وہ اعمال اختیار کرنا جو آخرت میں کام آئیں گے۔ قارئین سب انبیاء اکرام علیہم السلام نے آکر لوگوں کے قلوب کو نورانی بنانے کی محنت فرمائی۔ دل کے اندھیروں کو ہدایت کی روشنی سے بدلنے کی محنت کی۔ اس لیے قلب کو نورانی بنانا' اعمال میں کامیابی کا یقین' پلنے کا یقین اور بچنے اور حفاظت کا یقین پیدا کرنا سب سے ضروری ہے۔ دنیا اور آخرت کی کامیابی کا تعلق اسی مبارک اور اعلیٰ یقین سے ہے۔ غلط یقین ہمارے اور پوری امت کے دلوں سے نکل جائے اور صحیح یقین ہمارے اندر آجائے۔ اس کیلئے اپنے لیے اور پوری امت کیلئے بھکاری بن کر دعا کرنے کی کوشش' محنت کرنا' فکر کرنا' اللہ کو بہت محبوب ہے' جب بھی دعا کریں عالمگیر اور بڑی دعا کریں دوسروں کیلئے دعا کریں اللہ پاک فرشتے مقرر کردیں گے جو آپ اور میرے لیے دعائیں کریں گے۔ اللہ پاک کو اجتماعیت اور خیر خواہی بہت محبوب ہے۔ میرا کام یہ ہے کہ اللہ پاک کا پاک کلمہ پورے عالم کے اندر عام ہوجائے میرا سب کچھ لگ جائے' دکھی انسانیت کے دکھوں کا مداوا ہوجائے۔ مداوا نہیں کرسکتے تو تسبیح خانہ اور عبقری کے پیغام" جو میرا ہے وہ تیرا ہے اور جو تیرا ہے وہ پورے عالم کا ہے" اس کیلئے اپنے حلقہ اثر میں ضرور کوشش کیجئے اور اپنے کریم رب سے دعا کیجئے۔ آپ اور میں قبر کے پیٹ میں ہوں گے لیکن یہ صدقہ جاریہ کام آئے گا۔ اللہ کریم کو اس شخص کی بات سارے لوگوں سے زیادہ محبوب ہے جو لوگوں کو اللہ کی طرف بلاتا ہے۔ مومن کا دل اللہ کریم کا گھر ہے۔ اس کا صاف کرنا' شفاف بنانا' نورانی بنانا سب سے ضروری ہے جو اللہ کریم کے گھر کو نورانی بنانے کی کوشش محنت میں لگے گا وہ ضرور اسے نوازے گا۔ اللہ کریم پوری امت سے ظلمتوں کو دور فرمائے اور وہ اعمال اختیار کرنے کی توفیق دے جو اس کی نورانیت کا ہو۔ آمین! (م۔ل، اسلام آباد)

بے اولاد حضرات کے مشاہدات جواب صاحب اولاد ہیں

ایک پاؤ بوہڑ کی گٹھلیاں' پچاس گرام چھوٹی الائچی' کوزہ مصری ایک پاؤ' چھلکا اسپغول انڈیا والا آدھ پاؤ' ثابت اسپغول ایک پاؤ۔ اسپغول اور چھلکا اسپغول یہ دونوں نہیں پیسنے۔ باقی تمام اشیاء پیس لیں۔ آپس میں ملالیں۔ ایک بڑا چمچ کھانے والا صبح پانی یا نیم گرم دودھ کے ساتھ کھالیں۔ رات کھانے کے ایک گھنٹہ بعد ایک چمچ کھائیں۔ کم از کم ایک ماہ روزانہ کھائیں۔ یہ صرف مرد کیلئے ہے۔ جراثیم کا مسئلہ ہو اس کیلئے۔ جس بندے نے کیا اللہ نے اسے اولاد نوازا۔ الحمدللہ! دوسری بار بھی ان کی اہلیہ امید سے ہیں۔ **قارئین!** یہ نسخہ سندھ میں ایک بہت مشہور پیر صاحب انہوں نے اپنے ایک مرید کو دیا اس کے بعد اس نسخہ کو کئی لوگوں نے آزمایا الحمدللہ! تمام کو اللہ نے اولاد سے نوازا۔

ھوالشافی: موصلی سفید انڈیا سوگرام' لاجونتی سوگرام' گوند کیکر سوگرام' ان سب کو پیس لیں اور حسب ذائقہ مصری ملانے کے بعد اس میں پچاس گرام چھلکا اسپغول مکس کرلیں۔ ایک گلاس دودھ کے ساتھ دو بڑے چمچ کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد صبح وشام کھانے ہیں۔ اس کے علاوہ پچیس یا تیس گرام تخم بالنگو آدھا گلاس پانی میں رات کو بھگودیں اور صبح ایک گلاس دودھ ملا کر دس دفعہ پھینٹ لیں۔ دودھ نہ ٹھنڈا ہو نہ گرم ہو' ناشتہ کے گھنٹہ بعد یہ بھی ساتھ ہی پینا ہے۔ ساٹھ دن مستقل استعمال کریں۔ سردی کے موسم میں ہرگز استعمال نہ کریں۔ درج بالا تمام نسخے صرف ان مرد حضرات کیلئے ہیں جن کے اولاد کے جراثیم بہت کم ہیں یا کمزور ہیں۔ ہاں مردمی کمزوری کیلئے بھی یہ نسخہ جات استعمال کیے جاسکتے ہیں بہت لاجواب ہیں۔ **مردانہ کمزوری کا مزیدار علاج:** امریکن بادام ایک پاؤ' چاروں مغز ایک پاؤ' کوزہ مصری ایک پاؤ۔ تمام اشیاء کو پیس لیں۔ ڈیڑھ چمچ بڑا صبح خالی پیٹ ایک چھٹانک مکھن کے پیڑے کے ساتھ کھائیں۔ جب یہ کھالیں تو ناشتہ ہرگز نہ کریں۔ یہی ناشتہ ہے۔ ہر عمر کے مردوں کیلئے لاجواب چیز ہے۔ پچاس سال سے اوپر کے کمزور افراد مزید شادی کی خواہش پر مجبور ہوجاتے ہیں۔ (محمد موسیٰ' بہاولپور)

ڈاکٹروں نے بچہ دانی نکلوانے کا مشورہ دیا مگر!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے رحم میں رسولی بن گئی ہے' الٹراساؤنڈ میں اس کی دونوں سائیڈوں کی لمبائی کچھ اس طرح تھی پہلی دفعہ جب الٹراساؤنڈ کروایا تو 5.8x5 رسولی کی لمبائی چوڑائی تھی جس بھی ڈاکٹر کے پاس جاتی تھی تو وہ یہ ہی کہتی تھی تمہاری بچہ دانی نکالنی پڑے گی' میڈیکل میں اس کا آپریشن کے سوا کوئی حل نہیں' میں چار یا پانچ لیڈی ڈاکٹروں کے پاس گئی سب نے ہی مجھے یہ ہی جواب دیا میں بہت پریشان ہوگئی اچانک ہی میرے ذہن میں ماہنامہ "عبقری" کا خیال آیا' رسالہ دیکھا تو آخری صفحات میں گلٹی رسولی سے نجات کورس نظر آیا' میں نے اللہ کا نام لے یہ کورس عبقری دواخانہ سے منگوایا اور استعمال شروع کردیا' تقریباً دو ماہ استعمال کے بعد میں نے دوبارہ الٹراساؤنڈ کروایا تو رسولی کی لمبائی اور چوڑائی اس طرح نکلی 4.2x3.2 تو میری خوشی کی انتہا نہ رہی کہ میری رسولی کم ہونا شروع ہوگئی ہے۔ میں نے آپ کیلئے بہت دعائیں کی ہیں کہ یااللہ! حضرت حکیم صاحب کو میری زندگی بھی لگادے جن کی ادویات نے مجھے آپریشن اور بچہ دانی نکلوانے سے بچالیا ہے۔ ان ادویات کے ساتھ میں آپ کے دفتر سے ملنے والا آدم والا پانی اور تیل بھی استعمال کررہی ہوں' اللہ پاک آپ کو جزائے خیر دے' آپ کا فیض تاقیامت جاری رہے۔ (ت۔ع)

شوگر کے مریض یہ چٹنی ضرور بنالیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک لاجواب چٹنی کا نسخہ بھیج رہا ہوں' شوگر کے مریض تو یہ چٹنی ضرور ضرور بنائیں اور پھر اس کا کمال دیکھیں' یہ شوگر کا مکمل علاج ہے۔ ھوالشافی: لہسن چھلا ہوا آدھ چھٹانک' ادرک تازہ ایک چھٹانک' پودینہ سبز ایک چھٹانک' انار دانہ کھٹا ایک چھٹانک۔ ان چاروں کو پیس کر چٹنی بنالیں اور صبح' دوپہر' شام ایک چمچ کھالیں' پرانی سے پرانی شوگر یہاں تک کہ شوگر کی وجہ سے مریض کے جسم کے کسی حصہ کو کاٹنا بھی تجویز کیا گیا ہو تب بھی یہ چٹنی آزمودہ ہے اور جسم کا ورم' زخم اور معدے کی بیماری بھی بہت زیادہ مفید ہے۔ جن افراد کو شوگر نہیں بھی ہے وہ بھی یہی بنالیں' کبھی شوگر اور معدے کا امراض نہ ہوں گے۔ (ش، چ)

مٹھیاں بھینچیں اور حافظہ تیز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے ایک مرتبہ ایک میگزین میں ایک ٹوٹکہ پڑھا تھا کہ جدید تحقیق کے مطابق کوئی بھی نئی چیز سیکھنے سے پہلے 90 سیکنڈ تک دائیں ہاتھ کی مٹھی بھینچ کر رکھی جائے تو وہ بات حافظے میں بآسانی محفوظ رہتی ہے اسی طرح کوئی چیز یاد کرنے کے لیے بائیں ہاتھ کی مٹھی 90 سیکنڈ تک مضبوطی سے بند رکھی جائے تو وہ چیز یاد آجاتی ہے۔ مٹھیاں بھینچنے سے دماغ کے وہ حصے متحرک ہوجاتے ہیں جو حافظے کے عمل سے وابستہ ہیں۔ میں نے جب یہ پڑھا تو مجھے معمولی لگا مگر جب میں نے کیا تو میں حیران رہ گئی واقعی اس ٹوٹکہ میں تو جادو ہے' مٹھیاں بھینچیں اور مضمون آپ کے دماغ میں محفوظ ہوجاتا ہے۔ (اقراء سلیم' لاہور)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کارخیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور نہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

سب سے بڑا ناشکرا: سب سے بڑا ناشکرا وہ ہے جو کسی مصیبت سے چھٹکارا پائے پھر اسی بلا میں کسی اور کو دیکھ کر نہ تو عبرت حاصل کرے اور نہ ہی شکر ادا کرے۔(حضرت ابن القصاب صوفی رحمۃ اللہ علیہ)

عبقری روحانی اجتماع تیری کیا بات ہے!

گھر میں سکون، راحت و برکت۔ وہ رشتہ دار آنا شروع ہوگئے جنہوں نے ہمیں کبھی مڑ کر بھی نہ دیکھا تھا۔ جہاں جاتا ہوں بھرپور عزت ملتی ہے، گھر سے پریشانیاں، الجھنیں، لڑائیاں، بندشیں ختم ہوگئی ہیں۔ رزق کی فراوانی اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری روحانی اجتماع 2015 میں حاضری دی، اس دفعہ سوچا کہ ویسے تو ٹائم نہیں ملتا، اس مرتبہ اجتماع میں حاضری ہوگی، تسبیح خانہ کی زیارت، حضرت جی کی زیارت، اجتماع سے ڈھیروں روحانی فیض لے کر ہی لوٹوں گا۔ تکالیف، بیماریاں، پریشانیاں دور ہوں گی، مگر اچانک اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ جمعہ والے دن یعنی 17 نومبر 2016ء کو میری بیگم کو جوڑوں کے درد کا شدید حملہ ہوا، جمعہ والے دن تیار ہونا تھا مگر یہ تکلیف بڑھتی ہی چلی گئی، زمین پر پاؤں رکھنا ہی محال ہوگیا۔ ایک پرائیویٹ ہسپتال میں لے گئے، وہاں رش کی وجہ سے ڈاکٹر کے اسسٹنٹ نے شام کا وقت دیا، میں پریشان کہ اجتماع میں کیسے جاؤں گا؟ اچانک بیگم نے کہا مجھے تکلیف بہت شدید ہے کسی اور ہسپتال لے جائیں، اچانک یاد آیا کہ قریب ہی ایک آرتھو پیڈک پرائیویٹ ہسپتال ہے، جلدی سے وہاں گئے، خوش قسمتی سے انچارج ڈاکٹر خود موجود تھے، ورنہ وہ اکثر نہیں ہوتے۔ عملہ انتہائی خوش اخلاقی سے پیش آیا، بیگم کو جلدی سے وہیل چیئر پر بٹھا کر ڈاکٹر صاحب کے پاس لے گئے، ڈاکٹر صاحب نے تسلی سے چیک کیا اور ایکسرے کروا کر، دوائی لکھ کر داخل کرنے کے بجائے ہمیں چھٹی دے دی کہ ہفتے بعد آئیں۔ میں خوشی خوشی بیگم کو گھر لے آیا، اگلے دن ہفتہ تھا، صبح صبح ہی گھر سے نکلا اور چند گھنٹوں بعد عبقری روحانی اجتماع میں موجود تھا۔ سارا دن خوب ذکر و اذکار، نوافل میں گزرا، رات قیام کیا، صبح اتوار والے دن نماز فجر کے بعد سوچا کہ کوئی ایسا انتظام ہوتا کہ دم والا پانی اور تیل مل جاتا میں احتیاطاً پانی کی بڑی بوتل ساتھ رکھی ہوئی تھی کہ اگر نہ ملا تو اسی پر ہی دم کروالوں گا۔ سوچا دواخانہ بھی بند ہوگا، کاش کل ہی تبرکات خرید لیتا مگر اس وقت ادھر دھیان ہی نہ گیا۔ ابھی انہی خیالات میں مگن تھا کہ اعلان ہوا کہ عبقری کے سیل کاؤنٹر کھل گئے ہیں دم والی چیزیں خرید لیں، خوشی کی انتہا نہ رہی، پھر سوچا کہ اگر یہاں سے اٹھ گیا تو رش شدید ہے، حضرت جی کے سامنے جگہ نہیں ملے گی، کیا کروں؟ اچانک میرے قریب بیٹھے ایک شخص اٹھے اور کہنے لگے کہ میں دم والا سامان لینے جارہا ہوں اگر کسی بھائی نے منگوانا ہے تو میں لادیتا ہوں۔ میں بہت حیران ہوا کہ ابھی میرے دل میں خواہش اٹھتی ہے اور فوراً پوری بھی ہوجاتی ہے۔ میں نے ان صاحب کو رقم دی وہ تھوڑی ہی دیر میں میرا مطلوبہ سامان لے آئے۔ تھوڑی ہی دیر کے بعد حضرت جی تشریف لائے، تسلی سے درس سنا، ذکر خاص، مراقبہ اور دعائے خیر ہوئی۔ نیچے دم کا اہتمام تھا، تسلی سے دم کروایا، الحمدللہ! جی بھر کر روحانی اجتماع میں شریک کی، جب بس اسٹینڈ پر پہنچا تو میری مطلوبہ بس نکل کر باہر چوک میں پہنچ چکی تھی، میرا اشارہ کرنے سے رک بھی گئے اور مجھے بٹھا بھی لیا، چند منٹوں میں میں شہر سے باہر نکل چکا تھا، جیسے کہ بس میرا ہی انتظار کررہی ہو۔ راستے میں مجھے کہنے لگے باہر چوک میں رش تھا جس کی وجہ سے ہم رک گئے، ورنہ ہم اڈے سے باہر نکل کر سواری ہرگز نہیں بٹھاتے نامعلوم آج کیا ہوا کہ آپ کو دیکھ کر ہم نے بٹھا اور سیٹ بھی تھی۔ گھر آیا تو بیگم صاحبہ بالکل ٹھیک، ہفتے بعد کہا کہ چیک کروا آئیں تو کہنے لگیں! میں بالکل ٹھیک ہوں اور فریش ہوں، پھر کیوں ادویات کھاؤں؟۔ عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کرکے جب سے واپس آیا ہوں علاقہ میں لوگ خواہ گاڑی ڈرائیو کررہے ہوں پہلے سلام کرکے گزرتے ہیں، پیدل، موٹرسائیکل سوار، راستے میں بیٹھے ہوئے سبھی سلام میں پہل کرتے ہیں۔ ہر جگہ عزت افزائی ہورہی ہے، سبحان اللہ! واہ! عبقری روحانی اجتماع تیری کیا بات ہے۔ خیر و برکت بھرپور ہورہی ہے، خراب چیزیں معمولی خرچ پر ٹھیک ہوگئیں۔ سبحان اللہ کرم ہوگیا، ایک جگہ ملنے گیا تو ایک صاحب نے چائے کا کہا، دوسرے صاحب نے کھانے کا کہا، میں نے عرض کیا بھائی چائے پی لوں گا، دوسرے صاحب بچے کو رقم دے رہے تھے بسکٹ اور دیگر لوازمات لے آؤ، میں نے کہا تکلیف نہ کریں، دوسرے صاحب کے گھر سے چائے آرہی، ابھی یہ بات ہورہی تھی تو پرتکلف کھانا آگیا، میں نے کہا میں نے تو صرف چائے کا کہا تھا، کہنے لگے: چائے بھی آرہی ہے، کھانا آپ کیلئے بنایا ہے، جن کو منع کیا تھا ان کے گھر کے بہترین دیسی گھی میں بنی ہوئی لذیذ پنجیری آگئی، کہنے لگے: یہ ضرور کھانی ہے۔ واہ سبحان اللہ عبقری روحانی اجتماع، گھر میں سکون، راحت و برکت۔ وہ رشتہ دار آنا شروع ہوگئے جنہوں نے ہمیں کبھی مُڑ کر بھی نہ دیکھا تھا۔ جہاں جاتا ہوں بھرپور عزت ملتی ہے، گھر سے پریشانیاں، الجھنیں، لڑائیاں، بندشیں ختم ہوگئی ہیں۔ رزق کی فراوانی اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں۔(خالد حیات شاہ، سرگودھا)

اور میرا بھی رشتہ طے ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری روحانی اجتماع میں شرکت اور آپ کے دیئے ہوئے وظیفہ سے میرا رشتہ بھی ہوگیا ہے اور نکاح بھی۔ ہمارا پورا گھرانہ عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا بہت کرم ہے۔ میری والدہ نے اس مرتبہ خصوصی طور پر میرے رشتہ کیلئے عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کی تھی، اللہ نے بہت کرم کیا کہ جھٹ بہترین جگہ پر رشتہ ہوا اور پٹ نکاح بھی ہوگیا۔(ن، لاہور)

روحانی وجسمانی فائدے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے گزشتہ سال عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کی تھی، مجھے عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کے بھرپور فوائد ملے۔ دوران اجتماع آپ کے دروس بھرپور توجہ سے سنے اور ان میں بتائے گئے وظائف سے بھرپور فائدہ مل رہا ہے۔ مجھے کچھ طبی مسائل تھے جن کے حل کیلئے عبقری دواخانہ کی چند ادویات دوران اجتماع لے کر استعمال کررہا ہوں، بھرپور فوائد مل رہے ہیں۔ عبقری روحانی اجتماع واقعی زندگی میں سکون بھر دیتا ہے۔(حاکم علی عباسی، کنڈیارو)

نوٹ: عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کرنے والے مرد و خواتین اپنے ساتھ بستر ضرور لائیں اور ہاں بستر ہلکا لائیں، گرم نہ لائیں، موسم زیادہ ٹھنڈا نہیں ہوگا۔

جلے ہوئے مریضوں کیلئے تحفہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم ماہنامہ عبقری گزشتہ کئی سالوں سے مسلسل پڑھ رہے ہیں۔ عبقری کے ٹوٹکے اور وظائف بتانے کی وجہ سے میں تو اب پورے علاقہ میں مشہور ہوچکی ہوں، جس کو کوئی مسئلہ ہو وہ آگے سے میرے پاس ہی بھیجتا ہے کہ جاؤ وہ تمہیں اس کا کوئی روحانی یا طبی حل ضرور بتادے گی۔ عبقری مارچ 2008ء میں ''جلے ہوئے مریضوں کیلئے تحفہ'' کے نام سے ایک تحریر چھپی تھی اس میں ایک نسخہ دیا گیا تھا، وہ نسخہ کیا کمال کا تھا، آج وہ نسخہ پورے شہر میں مشہور ہوچکا ہے۔ کسی کے جسم کا کوئی حصہ کتنا ہی شدید جلے فوراً یہ نسخہ بنا کر لگاتے ہیں فوراً ٹھنڈک اور کچھ عرصہ لگانے کے بعد نشان تک ختم ہوجاتا ہے۔ نسخہ ہے۔ **ھوالشافی:** رتن جوت 20 گرام 100 گرام تلوں کے تیل میں حل کرکے جلی ہوئی جگہ پر لگائیں۔ اگر تل کا تیل نہ ملے تو ناریل کا تیل بھی مکس کرسکتے ہیں۔ یہ تیل بھی وہی فوائد دیتا ہے۔(والدہ محمد نوید)

سسکتی، تڑپتی ماؤں بہنوں کیلئے عمل

قارئین! یہ ایک عمل ہے لیکن اس ایک عمل کو ایک عمل نہ سمجھیے بلکہ یہ ایک عمل بہت بڑے بڑے طاقتور عملوں سے زیادہ بھاری ہے۔کوئی عزیز دوست آپ سے روٹھ گیا ہو یا آپ چاہتے ہوں کہ کسی فوت شدہ عزیز اور دوست کو خواب میں دیکھنا کہ وہ کس حالت میں ہے تو وہ بھی یہی عمل کریں۔

قارئین! ہر ماہ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا روحانی رازوں سے لبریز منفرد انداز پڑھیے۔(ایڈیٹر کے قلم سے)

قرآن ہدایت کا ذریعہ نور اور انوارات کا ذریعہ آخرت میں سنورے اور بننے کا ذریعہ وہیں دنیا میں بھی مسائل کے حل ہونے کا آخری ذریعہ ہے۔ایک صاحب بتانے لگے میری ہمشیرہ کی چوریاں اور زیورات گم ہو گئے بہت تلاش کیا نہ ملا آخر کسی نے بتایا کہ ایک نشست پر اکیس مرتبہ سورۂ طٰہٰ ایک فرد یا چند افراد مل کر اسی گم شدہ زیورات کی چوری کی نیت سے پڑھیں۔چند دن چند ہفتے کام ہو جائے گا۔

کہنے لگے ہم نے پڑھنا شروع کر دیا (واضح رہے اپنے اور گھر کے افراد پڑھیں رقم دے کر ہرگز نہ پڑھائیں فائدہ نہیں ہوگا) کچھ ہی دن پڑھا تھا میری بہن گھر کا جھاڑو دے رہی تھی ایسے محسوس ہوا کہ کسی نے اس کا ہاتھ پکڑ کر ایک کونے میں ڈال دیا اور جب اس نے کونے میں ہاتھ ڈالا تو وہ تمام زیورات اس کے ہاتھ میں آ گئے۔ وہ بہت حیران ہوئی اور زیورات لا کر والدہ کو چیک کرائے والدہ بھی حیران ہوئی۔

قارئین! یہ ایک واقعہ نہیں اس عمل کے اور بے شمار واقعات اور تجربات میری زندگی میں گزرے ہیں ایسے لوگ جن کی رشتوں میں بندشیں ہوں اور بندشوں کی بھی انتہا ہو گئی ہوں سب تدبیریں ناکام‘ سب کوششیں ناکام اور زندگی ناکامی کی آخری حدود پر پہنچ گئی ہو ایسے لوگوں کو جب بھی میں نے یہ عمل بتایا انہیں بہت فائدہ ہوا جلدی یا دیر میں رشتے ہوئے حسب منشا ہوئے اور ان کو خوش رہنا نصیب ہوا۔

بے شمار لوگ مجھے ایسے ملے جن کی اولاد ان کے گھر سے روٹھ گئی تھی یا مائیں اپنی اولادوں کو ملنے کو ترس گئی تھیں یا پھر ایسے واقعات بھی کہ بیٹی کی شادی کر دی‘ سسرال والے بیٹی کو گھر ہی نہیں آنے دیتے تھے‘ ایسی سسکتی‘ تڑپتی ماؤں کیلئے سورہ طٰہٰ کا یہ عمل بہت زیادہ طاقتور اور مؤثر ہے کتنی ماؤں نے دعائیں دیں‘ ان کی نسلیں شاد و آباد ہو گئیں۔ان کی اولادیں ان کے گھر آنا شروع ہو گئیں۔کتنی بیٹیاں ایسی تھی جن کے شوہر انہیں گھر نہیں آنے دیتے تھے باخوشی خود گھر چھوڑ کر جانے لگے۔ بیٹے ماؤں سے اور بہن بھائیوں سے خفا تھے بیٹوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایسی خیر ڈالی کہ ماؤں کے آ کر پاؤں پڑے بہن بھائیوں سے محبت کی روٹھے ہوؤں کیلئے یعنی میاں بیوی کی لڑائی‘ جھگڑا بیوی سالہا سال سے میکے بیٹھی ہے یا شوہر چھوڑ کر چلا گیا اور سالہا سال سے واپس نہیں آیا یا بیرون ملک شوہر گیا اور وہاں کسی گوری سے شادی کر کے مطمئن زندگی گزار رہا اور بیوی بیٹھی تڑپ اور سسک رہی ہے ایسے تمام کیسوں میں جب میں نے اس عمل کی اجازت دی اور پڑھنے ترکیب بتائی بہ فائدہ اور نفع ہوا۔

چیزیں گم ہو جائیں زیورات گم ہو جائیں یا کسی نے رقم پیسے لی ہو اور وہ نہ دیتا ہو یا کسی جائیداد یا کسی چیز پر قبضہ ہو اور وہ قبضہ نہ ملتا ہو ایسے زندگی کے تمام معاملات اور امور میں اس عمل کو مفید اور فائدہ مند پائے گا۔

ایک شخص کو میں نے اس کا انوکھا فائدہ بتایا اس کا دل نیکی‘ تسبیح‘ ذکر‘ سچ‘ دیانت‘ امانت اور پاکیزگی کی طرف مائل نہیں ہوتا تھا۔اسے طریقہ یہی بتایا کہ وہ اس ذکر کو یعنی اس عمل کو مستقل کرے اور کر کے اپنے دل کو گفٹ کرے۔یعنی ہدیہ کرے۔ کچھ ہی عرصے کے بعد کہنے لگا میرا روٹھا ہوا دل مان گیا‘ میری بھاگی ہوئی طبیعت مائل ہو گئی اور میں زندگی کی بہت زیادہ خیروں کی طرف آ گیا ہوں‘ اب میرا دل نیکی کو چاہتا ہے میری طبیعت بہت زیادہ عبادت کی طرف مائل ہو گئی ہے نامعلوم ایسے محسوس ہوتا ہے ایک بہت بڑا غلاف تھا اور میرے اوپر سے اتر گیا اور میرا دل نیکی‘ عبادت‘ تسبیح اور اعمال کی طرف ایسا مائل ہوا کہ میں خود حیران ہوں۔

قارئین! یہ ایک عمل ہے لیکن اس ایک عمل کو ایک عمل نہ سمجھیے بلکہ یہ ایک عمل بہت بڑے بڑے طاقتور عملوں سے زیادہ بھاری ہے۔کوئی عزیز دوست آپ سے روٹھ گیا ہو یا آپ چاہتے ہوں کہ کسی فوت شدہ عزیز اور دوست کو خواب میں دیکھنا کہ وہ کس حالت میں ہے تو وہ بھی یہی عمل کریں۔لیکن موت کے بعد کسی عزیز سے ملنے کیلئے یہ عمل سوتے وقت کریں باقی دوسرے معاملات کیلئے یہ عمل کسی وقت بھی کر سکتے ہیں۔گمشدگی جتنی زیادہ ہو‘ مشکلات جتنی زیادہ ہوں اور وہ مشکلات خاص طور پر گھریلو جھگڑے‘ رنجش‘ حسد‘ کینہ‘ بغض‘ مسائل جتنے بھی زیادہ ہوں اور جتنے دیرینہ ہوں ان سب کیلئے بہت ہی موزوں عمل ہے۔

میرا مسئلہ تو چٹکی بجاتے حل ہو گیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں سب لوگ ٹی وی کے بڑے شوقین تھے ہر وقت کوئی نہ کوئی ٹی وی پر براجمان رہتا تھا‘ کوئی اپنا پسندیدہ ڈرامہ دیکھ رہا‘ کوئی فلم‘ کوئی نیوز چینلز پر سیاسی تجزیے سن رہا‘ کوئی وقت ایسا نہ ہوتا کہ کمرہ خالی اور ٹی وی بند ملے‘ میں مقامی تعلیمی ادارہ کی سٹوڈنٹ ہوں‘ مجھے مطالعہ کرنا ہوتا تھا‘ کمرہ بھی ایک تھا جس کی وجہ سے مجھے بہت پریشانی کا سامنا کرنا ہوتا تھا۔ میں نے اپنا یہ مسئلہ اپنی ٹیچر سے بیان کیا‘ انہوں نے فرمایا کہ بیٹا آپ درود پاک پڑھ پڑھ کر اپنے سب گھر والوں کی ارواح کو ہدیہ کر دیں‘ میں نے اسی دن دل کے یقین سے درود پاک پڑھا اور سب گھر والوں کو ہدیہ کرنا شروع کر دیا۔آپ یقین کریں پہلے گھر والوں نے کیبل کی تار کٹوائی‘ پھر خود ہی میرے کہے بغیر ہی ٹی وی دیکھنا بالکل بند کر دیا۔اب تو میرا معمول بن گیا ہے کہ جو کام نہ ہو سکے اور نہ منع کرنے کے باوجود اگر کوئی شخص نہ مانے تو ان کو اعمال کا ہدیہ کریں اور میں یہ بات واضح کروں کہ ہدیہ صرف چیزوں کا نہیں ہوتا بلکہ اعمال کا بھی ہدیہ ہوتا ہے۔

(بنت ثناءاللہ‘ کنڈیارو سکھر)

جنات اور بلاؤں نے مجھے گھیرا ہوا مگر۔۔۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک سال سے خواب بار بار دیکھ رہی ہوں کہ مجھے جنات اور بلاؤں نے گھیرا ہوا ہے مگر جب میں نے یَاقَهَّارُ ہر وقت کھلا پڑھنا شروع کیا ہے مجھے یہ خواب آنا بند ہو گیا ہے۔(خوشبو عالم)

ہمارے مہینے

اسلامی	انگریزی	دیسی	ہندی
محرم الحرام	جنوری	عاشورہ	بیساکھ
صفرالمظفر	فروری	تیراتیزاں	جیٹھ
ربیع الاول	مارچ	بارہ وفاتاں	ہاڑ
ربیع الثانی	اپریل	عرس والا	ساون
جمادی الاول	مئی	خالی	بھادوں
جمادی الثانی	جون	بیاخالی	اسو
رجب المرجب	جولائی	معراج	کاتک
شعبان المعظم	اگست	شعبان	مگھر
رمضان المبارک	ستمبر	رمضان	پوہ
شوال	اکتوبر	عیدوالہ	ماگھ
ذی قعدہ	نومبر	خالی	پھاگن
ذوالحجہ	دسمبر	بقرعید	چیت

عبقری رسالہ' ادویات' کتب آپ کے شہر میں

جھنگ: ادویات اور رسالہ کیلئے عبقری ایجنسی 0333-6756493

نام شہر اور فون نمبر
احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اٹک 0321-5247893
اسلام آباد 0336-0195366
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد: 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالہ 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر: 0333-8045050
بہاولنگر 0333-6320766
بھیرہ شریف 0301-6799177
بہاولپور 0333-6367755
بوریوالا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھاگٹانوالہ 0322-7836671
بٹ خیلہ/ چکدرہ: 0344-9783610
بہل: 0334-4306823
پشاور 0314-9007293
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پشاور 0333-9161237
پنڈی گھیپ 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
تونسہ شریف 0331-6464456
تلہ گنگ 0346-5771975
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6755442
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
ٹیکسلا 0307-8321046
جہانیاں 0321-7359861
جہلم دینہ 0333-5806101
جنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6758452
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیروالا 0300-8985689
جٹیال گلگت 0312-9934607
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چنیوٹ 0332-2544447
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چوآسیدن شاہ 054-3580102
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد: 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدرآباد 0300-3790255

''عبقری'' نام رجسٹرڈ ہے کسی بھی ایجنسی/ کلینک' مطب' اکیڈمی یا گھر کے ساتھ عبقری کے نام کا استعمال قانوناً ممنوع ہے۔ جو لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں وہ یہ نام فوراً ختم کر دیں' ورنہ ایجنسی ختم کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر
حیدرآباد: 0300-0936775
حیدرآباد 0300-3215348
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
خیرپور ٹامیوالی: 0302-7779671
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 051-5505194
رائے ونڈ 0300-4719056
رائے ونڈ: 0341-4037028
رحیم یار خان 068-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
دیپالپور 0300-4059957
درگئی: 0343-4959350
دریاخان: 0303-9622443
دنداشاہ بلاول: 0336-5953230
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈسکہ 0346-6747112
ڈیرہ غازی خان 064-2017622
ڈیرہ غازیخان 0315-8701970
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سمندری 0335-7724570
سمندری: 0300-0310313
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786
سکھیکی منڈی: 0342-6565723
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6938847
شیخوپورہ 0341-6616915
شجاع آباد 0300-2539685
شہداد پور 0334-3100962
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر: 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکرگڑھ: 0301-6644331
صادق آباد 0333-7452600
صوابی: 0314-9661622
ظاہر پیر 0333-6353870
ظفروال: 0333-8749464
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فتح پور 0333-6843333
کنگری ضلع لورالائی 0828-601084
کنڈیارو 0300-3215348
کراچی 0300-3218560

ادارہ کی طرف سے دوا انمول خزانہ اور کتب کوئی نہیں چھاپ سکتا' قانونی حق محفوظ ہے

ایجنسی ہولڈر بورڈ' اشتہار' پیڈ' کیلنڈر اور دکان پر حکیم صاحب کے نام کی ''ریسرچ'' کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ قانوناً غلط ہے۔ تحریری اجازت نہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔

نام شہر اور فون نمبر
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134
کوٹ ادو 0333-6003909
کوٹ ادو: 0331-6007670
کوہاٹ 0922-511760
قصور 0322-7616470
کاموکی 0323-8240642
کھپرو 0336-0312694
کوئٹہ 081-2824617
کلورکوٹ 0300-7780221
کھوڑ 0307-5137855
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911
کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی: 0301-6267600
کرمشانی: 0301-8955413
گجرات 0302-6292132
گجرات 0333-8443093
گجرخان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
قلعہ دیدار سنگھ 0300-8356645
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0320-9439889
لاہور 0322-8081142
لاہور 0322-4614031
لاڑکانہ 0345-3228855
لورا 0321-5500221
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
منڈی بہاؤالدین 0345-6810615
مظفرگڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ 0300-2753463
ملتان 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
مری 051-3410777
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
میاں چنوں 0333-8884615
مینگورہ: 0345-4947759
منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
ملہوالی: 0333-5333389
مظفرآباد 0312-4602800
میرپور خاص 0333-3436222
میرپور آزاد کشمیر 0332-5855356
منچن آباد 0331-7584075
نارووال 0322-4861522
نوشہرہ خیبر پختونخواہ 0321-9702005

ایجنسی سے صرف پیکنگ شدہ دوائی لیں، کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری کی ادویات ہی لیں خود ساختہ دوائی نہ لیں۔

نام شہر اور فون نمبر
نواب شاہ 0333-8775548
نوشکی 0332-7846812
نورکوٹ: 0301-6195500
وہاڑی 0306-8281075
وہاڑی 0301-6661714
وزیرآباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
وانا: 0301-3232634
ہارون آباد 0333-4985886
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421
یزمان 0346-4934044
یو ایس اے
شکاگو 630-589-6432
یو کے
0044-7880-9842-16
اُگی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سنجاوی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
درہ پیترو 0300-9097993
درہ آدم خیل 0342-9233590
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
مانسہرہ 0301-8133822

ایجنسی ہولڈر قیمت زیادہ لیتے ہیں

مسلسل شکایت ہے کہ ایجنسی ہولڈرز ڈبی پر لکھی قیمت سے زائد وصول کرتے ہیں' عبقری ان کو معقول کمیشن دیتا ہے۔ اگر آپ کے علم میں ایسا ایجنسی ہولڈر ہے تو فوراً دفتر ماہنامہ عبقری میں خط لکھیں یا اس نمبر 0343-8710009 پر بذریعہ میسج اطلاع کریں۔ ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ مزید عبقری کے علاوہ اپنی غیر مستند اور ناقص ادویات بھی چلا رہے ہیں نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے' عبقری دفتر سے ان کی اجازت نہیں۔

ایجنسی ہولڈر بھی خطرناک عامل بن گئے

وہ لوگ جو عملیات' تعویذات اور وظائف کی الف، ب سے کبھی واقف بھی نہ تھے انہوں نے ماہنامہ عبقری اور عبقری ادویات اگر بیچنی شروع کر دیں تو انہوں نے باقاعدہ لوگوں کو دم کرنا اور تعویذ دینا شروع کر دیا جس کے نہایت خطرناک الٹ نتائج عبقری کے دفتر میں مسلسل آرہے ہیں۔ قارئین! عبقری کی طرف سے ایسی نہ کوئی اجازت ہے اور نہ کوئی ترتیب۔ ایسا کرنے میں نقصان کے ذمہ دار لوگ خود ہوں گے ادارہ عبقری اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

پورے سال کی مبارک گھڑیاں تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے

ہر سال رمضان المبارک کے پرنور و بابرکت لمحات' قیمتی گھڑیاں اور اپنی زندگی سنوارنے کیلئے پورا رمضان المبارک تسبیح خانہ لاہور میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی زیرنگرانی گزاریئے۔ سحری و افطاری کا مکمل اور بہترین انتظام' چوبیس گھنٹے بجلی کی بلاتعطل فراہمی ہوگی۔

27 ویں شب: رمضان المبارک کی 27 ویں شب تراویح میں ختم القرآن کے مبارک موقع پر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم ایمان افروز درس کی صورت میں انمول موتی بکھیریں گے۔ درس میں خاص الخاص وظیفہ اجازت کے ساتھ بتایا جائے گا جو زندگی کی ہر پریشانی' روحانی و جسمانی امراض سے شفاء یابی کا ذریعہ ہوگا۔

شب برأت: ہر سال پندرہ شعبان المعظم کی مکمل شب تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے' حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا پرسوز درس جس میں خاص اذکار اور اعمال۔ ساری رات وہ عبادات جو صحیح احادیث سے ثابت ہیں۔ تہجد کے وقت حضرت حکیم صاحب برکاتہم خصوصی رقت آمیز دعا کروائیں گے۔ روزہ رکھنے والے افراد کیلئے سحری کا انتظام ہوگا۔

جشن آزادی پاکستان: آزادی پاکستان کے حوالے ہر اگست کو تسبیح خانہ لاہور میں خاص درس ہوگا۔ جس میں شہدائے 1947ء کیلئے خصوصی دعا کی جائے گی اور انہیں خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔

نوٹ: تسبیح خانہ لاہور میں قیام کیلئے آنے والے حضرات حسب موسم بستر ہمراہ لانا ہرگز نہ بھولیں!

علامت ضلالت وگمراہی: ایسی بات میں گفتگو کرنا جس میں کسی کا فائدہ نہ ہو علامت ضلالت وگمراہی ہے۔ (حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ)

سہانجنے کے بیج پیس کر پھانکنے سے قوت باہ میں زبردست اضافہ ہوتا ہے۔مقدار خوراک ایک ماشہ روزانہ ہمراہ پانی یا دودھ۔

دردی ہربل بام

خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت‘ کئی ہفتے چلے

ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے چلنے پھرنے کے قابل بنائے اور بالکل تندرست کردے

دردی ہربل بام ایسی ایجاد ہے جس نے بھی استعمال کیا اسی کا ہوگیا‘ قیمت میں کم اور فوائد میں بہت زیادہ ہے‘ ہر وقت گھر میں رکھنے کی چیز ہے‘ بچوں بوڑھوں‘ جوانوں اور عورتوں کیلئے مفید ہے۔ پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو‘ بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو‘ فالج‘ لقوہ‘ رعشہ‘ کمر کا درد‘ پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے‘ کسی عضو کا پھڑکنا‘ پنڈلیوں کا درد‘ نقرس‘ لاغری‘ ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا‘ موچ آجانا‘ بجلی کا شاک لگنا‘ کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا‘ خون کا جم جانا‘ گھنٹیا‘ شاٹیکا (لنگڑی کا درد)‘ بچوں میں نمونیا‘ سوکڑا پن‘ ہاتھ پاؤں کی ہڈیاں ٹیڑھی ہو جانا‘ ہاتھ پاؤں کا اکڑاؤ‘ بوڑھوں کی ہڈی ہڈی دکھتی ہو‘ نماز کیلئے کھڑے نہ ہو سکتے ہوں‘ خاص طور پر گھٹنے درد کرتے ہوں‘ جوڑ جوڑ درد کرتا ہو بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں اور زندگی میں سکھ چین پائیں۔متاثرہ جگہ پر دردی ہربل بام کر کے اوپر گرم کپڑا باندھ لیں۔اگر گھٹنوں میں تکلیف ہو تو دردی ہربل بام کر کے بینڈیج چڑھا دیں اگر بچوں کو نمونیا ہوگیا ہو تو پسلیوں پر دردی ہربل بام کی مالش کریں اور گرم کپڑا ڈال کر سلا دیں۔بچوں میں ایک بیماری ہوتی ہے سوکڑا پن...... جس میں بچہ کمزور سے کمزور تر ہوتا چلا جاتا ہے۔بچہ کے پورے جسم پر دردی ہربل بام کی پابندی سے مالش کریں سوکڑا پن جاتا رہے گا۔ الغرض جس مقام پر بھی لگائیں‘ کمال دیکھیں‘ محسوس ہوگا کہ درد تھا ہی نہیں۔

قیمت:=/80 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔1۔بک سٹال جہاں رسالہ دستیاب نہ ہو؟ ۔2۔شہر اور علاقے کا نام؟۔3۔ممکن ہو تو بک سٹال کا فون یا موبائل نمبر۔ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

042-37552384-042-37425801-3

یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری‘ عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

بلڈ پریشر شفاء

بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار کردہ

ہائی بلڈ پریشر ایک موذی مرض ہے جو آج کل بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے، دماغی کام کرنے اور کرسی پر بیٹھنے والوں میں یہ مرض بہت زیادہ ہوتا ہے۔ بلڈ پریشر کی وجہ سے ہر وقت سر درد، غصہ، ٹینشن، چڑچڑاپن، کسی کام کو دل نہ کرنا، نیند بالکل ختم ہو جانا، کبھی آدھے اور کبھی پورے سر میں درد ہوتا ہے، سر چکراتا ہے، آنکھوں کے سامنے ہر چیز گھومتی نظر آتی ہے اور اس کیلئے بہت قیمتی اور ہائی ڈوز گولیاں کھانا پڑتی ہیں جس سے مریض دواؤں کا عادی بن جاتا ہے۔عبقری کی پراڈکٹ ”بلڈ پریشر شفاء“ ایک ایسی دوا ہے جو بلڈ پریشر کو لیول پر لاتی ہے، اگر بلڈ پریشر ہائی ہو تو نارمل کرتی ہے اور اگر لو ہو تو بھی نارمل کرتی ہے۔”بلڈ پریشر شفاء“ پینے میں کڑوی لیکن شفاء میں میٹھی ہے، کئی ایسے مریض جو بلڈ پریشر کیلئے ڈھیروں گولیاں کھاتے تھے پھر بھی سکون نہیں تھا ”بلڈ پریشر شفاء“ سیرپ نے انہیں سب دواؤں سے آزاد کر کے شفاء دی۔ یہ سیرپ خالص جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار ہے بغیر کیمیکل اور سٹیرائیڈ سے پاک ہے، بڑے چھوٹے خواتین سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ ”بلڈ پریشر شفاء“ سیرپ مستقل اور دائمی شفاء دیتا ہے اور سب دواؤں سے آزاد کر دیتا ہے۔ **(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)**

ناک شفاء

دائمی نزلہ‘ الرجی‘ چھینکیں‘ ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے

نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری۔ بال سفید ہونا۔نیند کا نہ آنا۔موسمی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا۔کچھ عرصہ ناک شفاء کے استعمال سے درج بالا تمام بیماریوں سے یقینی نجات۔

الرجی سے پیدا شدہ تمام بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔

ہر قسم کے سائیڈ ایفیکٹ سے پاک ہے۔

قیمت صرف-/100 روپے علاوہ ڈاک خرچ

خوشخبری! بہت بڑا اعزاز اور عظمت پانے کیلئے مختصر عمل

اپنی ناممکن پریشانیاں‘ غم‘ گھریلو الجھنیں اور ناکامیاں آپ کو سو فیصد مایوس کر چکی ہوں تو ایک عمل ایسا جس سے بے شمار نے فائدہ لیا وہ آپ بھی کریں لیکن اسے صرف یقین والا ہی کرے گا‘ بے یقین شاید شک‘ بدگمانی یا مذاق کی نظر سے دیکھے۔اپنی آمدنی یا تنخواہ میں سے اڑھائی فیصد نکالیں (یہ زکوٰۃ شمار نہیں ہوگی‘ اگر آپ زکوٰۃ دیتے ہیں تو وہ اس کے علاوہ ہوگی) اور اس رقم سے عبقری رسالہ یا حضرت حکیم صاحب کے درس کے میموری کارڈ مخلوق خدا کو اس کے سو فیصد فائدے سمجھا کر پھر گفٹ کریں۔ قارئین! آپ دوسروں کو خیر پہنچائیں گے لوگوں کا بھلا کریں‘ خیر اور بھلائی آپ کے دروازے توڑ کر آپ کی نسلوں تک آپ کا ساتھ دے گی اور مشکلات پریشانیاں چاہے کسی قسم کی بھی ہوں حل ہو جائیں گی۔ یہ عمل اپنی زندگی کا معمول بنالیں۔**خاص بات:** اس اعلان کو ہر فرد اپنی نظر سے دیکھے گا‘ کوئی سعادت کی نظر‘ کوئی اعتراض کی نظر‘ کوئی کہے گا اپنی مشہوری کروانا چاہتے ہیں اور صاحب دل سمجھ لیں گے کہ مخلوق کے دکھوں کے دور کرنے میں دراصل عبقری ہمیں حصہ دار بنانا چاہتا ہے کہ تاکہ ہمارے دکھ بھی دور ہوں اور خوشیاں صدا ہمارے ساتھ ہوں۔ آیئے! اس خیر کو خود بھی کریں اور دوسروں کو بھی اس کی اطلاع اور ترغیب دیں۔

رشتے کے پیغام کی ہاں: اگر کوئی رشتہ آپ کو پسند ہو مگر دوسرا فریق ہاں نہ کرتا ہو تو یَا مُتَکَبِّرُ کو تین دن علیحدگی میں بیٹھ کر گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ ہاں ہوگی۔

صفراوی بخار: انار دانہ 5 تولہ کو مٹی کے کورے لوٹے میں ایک سیر پانی ڈال کر بھگو رکھیں اور تھوڑا تھوڑا انتھار کر مصری ملا کر مریض کو بار بار پلائیں' پیاس کی شدت قے اور بخار کیلئے مفید ہے۔

گردے' ڈائیلسز اور پتھری کا سائنسی اور روحانی علاج

دوران کلینک گردے' ڈائیلسز اور پتھری کے مریضوں کے اضافہ نے مجھے مجبور کیا کہ کیوں نہ ایک ایسی جامع کتاب تالیف کی جائے جس میں گردوں کے امراض اور پتھری کا سائنسی اور روحانی دونوں طرح کا کامیاب علاج دیا جائے۔ جب اس کتاب کی پہلی اشاعت شائع ہوئی تو ہزاروں گردوں اور پتھری کے امراض میں مبتلا گھر بیٹھے شفاء یاب ہوئے جس کا اظہار انہوں نے مجھ سے بالمشافہ ملاقات' ٹیلی فون' خطوط اور ای میلز کے ذریعے کیا۔ اس کتاب کی اب تک تین کامیاب اشاعت شائع ہو چکی ہیں۔ آئیے اس کتاب کی چند ہیڈنگز کا مطالعہ کریں:۔ ☆ گردوں کی حفاظت اور علاج ☆ اپنے گردوں کی فکر کیجئے ☆ آپ کے گردے اور ان کی صحت ☆ گردے اور مثانے کے امراض ☆ ناکارہ گردوں کا علاج! تصفیہ خون ☆ گردے اور مثانے کی پتھری ☆ سنگ گردہ اور اس کے اسباب و حل ☆ گردہ مثانہ کی پتھری ☆ گردوں کی پتھری کا علاج ☆ روحانی علاج ☆ قارئین! آج ہی اپنی کاپی دفتر ماہنامہ عبقری میں بک کروائیں اور گردوں کے امراض سے خود کو اور اپنے چاہنے والوں کو بچائیں وہ صرف -/150 روپے میں (علاوہ ڈاک خرچ)

چوٹ شفاء ......جسم پر ہر قسم کی چوٹ کیلئے ٹانک

ایکسیڈنٹ کی چوٹ ہو یا کسی حادثہ کی ہو' گرنے کی وجہ سے چوٹ لگے' رگڑ کی چوٹ ہو' بعض اوقات ایسی چوٹ لگتی ہے جن کا زخم باہر نظر نہیں آتا جبکہ اندر زخم ہو جاتا ہے' بعض چوٹوں میں گوشت پھٹ جاتا ہے جس کی وجہ سے مریض کو بہت درد اور تکلیف ہوتی ہے۔ جسم کی کوئی ہڈی ٹوٹ جائے' درخت' بلڈنگ سے گرنے کی وجہ سے چوٹ لگی ہو' مار کا تشدد' ڈاکوؤں کے تشدد کی وجہ سے جسم زخمی ہو اور چوٹیں ایسی کہ درد سے مریض کراہ رہا ہو' ایسے مسائل کیلئے ''چوٹ شفاء'' ہی وہ دوا ہے جو مریض کیلئے پیغام شفاء ہے جو ہر قسم کے نقصان کے بغیر ہی مریض کو جلد سے جلد آرام دیتی ہے۔ بعض چوٹیں ایسی ہوتی ہیں جن کا اثر کئی کئی سال تک رہتا ہے یا چوٹ لگنے کے کچھ عرصہ بعد پھر اسی چوٹ کا درد' بے چینی شروع ہو جاتی ہے' ''چوٹ شفاء'' ہی وہ دوا ہے جو ایسے مریضوں کو مستقل سکون اور آرام پہنچاتی ہے۔ ''چوٹ شفاء'' دوا کی دوا ہے اور دردوں اور چوٹوں کیلئے سکون کا ذریعہ ہے۔ ''چوٹ شفاء'' کھانے کیلئے ہے۔ جوانی کی لگی ایسی چوٹیں جو بڑھاپے میں ظاہر ہوتی ہیں اور انسان کو معذور کر دیتی ہیں یا پھر ایکسیڈنٹ حادثے یا کسی تشدد کی وجہ سے کوئی چوٹ کسی بھی دوا سے اس کا درد نہ جا رہا ہو حتیٰ کہ جسم معذور ہو گیا ہو تو چوٹ شفاء ایسے تمام مسائل کیلئے یکساں اور لاجواب ہے۔ چند دن' چند ہفتے اس کا استعمال کرنے سے آپ کو دنوں ہی میں فائدے محسوس ہوں گے۔ اگر ''چوٹ شفاء'' کے ساتھ کراماتی تیل کا استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگہ ہے۔ **انوکھا تجربہ:** تجربات نے انوکھا فائدہ ضرور بتایا کہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنے سے 'موٹاپے اور پیٹ کے بڑھنے سے نجات' میں اس کے لاجواب رزلٹ ملے۔ (قیمت -/100 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

آگ شفاء — جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم

جدید تحقیق کے مطابق آگ شفاء ایک ایسی ایجاد ہے جو ہر قسم کے جلنے کا علاج ہے۔ خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گر جائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں' گرم استری لگنے سے کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے' موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے' فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں' آگ شفاء لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں تو انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ آگ شفاء کی سب سے بڑی خاصیت ہے یہ ہے کہ جلنے کا نشان تک ختم کر دیتی ہے۔ داغ وغیرہ نہیں رہتا۔ ''آگ شفاء'' اس کے علاوہ کٹ، چوٹ لگنے' پھوڑے پھنسی کا بھی شافی علاج ہے۔ ''آگ شفاء'' کو جیسے ہی جلے ہوئے زخم پر لگائیں تو فوراً ٹھنڈ پڑ جاتی ہے اور درد دور ہو جاتا ہے۔ تڑپتے ہوئے مریض کو سکون آجاتا ہے۔ نوٹ: ''آگ شفاء'' دیسی طریقہ سے بنی ہوئی ہے جو موسم سرما میں تھوڑی سخت اور موسم گرما میں تیل کی مانند ہو جاتی ہے۔ لہٰذا ہر صورت میں قابل استعمال ہے۔ ترکیب استعمال: متاثرہ جگہ پر دن میں تین سے چار بار اچھی طرح لگائیں۔ قیمت صرف 80 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

مجھے ضرور پڑھیں!!!

1- الحمدللہ لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ اگر کہیں سے تحریر لیں تو متعلقہ حوالہ ضرور لکھیں۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔

2- ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے۔ ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب اور رسائل اور جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے یہ وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں کہ جس کتاب سے حوالہ لیا گیا ہے مؤلف کا انکے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

3- حکیم صاحب کو موصول ہونیوالی ڈاک میں سے بعض کیساتھ جوابی لفافہ نہیں ہوتا لہٰذا ان کا جواب نہیں دیا جاتا۔ قارئین! جوابی لفافہ بمعہ ٹکٹ ساتھ ضرور ارسال کیا کریں۔

نوٹ: بعض قارئین اخبارات و رسائل سے تحریریں من و عن نقل کر کے اپنے نام سے ارسال کرتے ہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔ ورنہ آئندہ ان کی قلمی تحریر بھی شائع نہیں کی جائیگی۔ (ادارہ)

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

تحریریں باری آنے پر ضرور شائع ہونگی جلدی نہ کریں ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔

ندیم سہیل' راولپنڈی۔ محمد ادریس' ایبٹ آباد۔ مختار احمد' فیصل آباد۔ محمد عمر' فیصل آباد۔ شاہد حسین' کراچی۔ کوثر' کراچی۔ خالد محمود' ایبٹ آباد۔ اورنگ زیب' ہری پور۔ نادر خان' آزاد کشمیر۔ محمد ظاہر شاہ' سوات۔ اعظم پنڈر' گوجرانوالہ۔ شگفتہ یاسمین۔ محمد ذوہیب' گوجرانوالہ۔ کنول' فیصل آباد۔ محمد عدنان' لاہور۔ واجد علی' سرگودھا۔ محمد فاران ارشد بھٹی' مظفر گڑھ۔ اسماعیل' لاہور۔ حکیم جاوید اقبال' رحیم یار خان۔ عبدالہادی' تلہ گنگ۔ محمد عاشق' لاہور۔ نور محمد' تلہ گنگ۔ منزہ اسحاق' بہاولپور۔ محمد توصیف' فیصل آباد۔ محمد عثمان' چکوال۔ یاسمین' اختر آباد۔ محمد فاروق' بہاولپور۔ کاشف سعید' اسلام آباد۔ طیبہ خورشید' راولپنڈی۔ ایم اے قریشی' ملتان۔ ڈاکٹر ظفر حمید' اٹک۔ شیراز احمد' بہاولنگر۔ سعیدہ اختر' گجرات۔ نبیلہ پرویز' خانیوال۔ نجمہ عامر' گوجرانوالہ۔ ڈاکٹر لیاقت میر' راولپنڈی۔ عمر عبداللہ' راولپنڈی۔ ریاض حسین' لاہور۔ زوجہ محمد اسلم بلو' قصور۔ عبداللہ خان' بنوں۔ تاج بی بی' سانگلہ ہل۔ شعوانہ اعجاز' تونسہ شریف۔ زبیدہ ارم' لاہور۔ نسیم اختر۔ شہیر احمد' بہاولنگر۔ محمد عرفان' لاہور۔ رخسانہ ناہید۔ سرگودھا۔ محمد زمان اویل' کراچی۔ رشدہ طالب۔ محمد اشرف سرگودھا۔

خون صفاء

(بڑوں، بچوں کیلئے یکساں مفید)

نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج

☆ چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو، داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے جو کسی کریم، ابٹن یا لوشن سے نہ جاتے ہوں آپ نے لاکھ پرہیز کیا لیکن پھر بھی مسئلہ حل نہ ہوا، بس ایک ڈبیہ خون صفاء آپ کی بے اعتمادی کو اعتماد کا لباس پہنا دے گی۔

☆ جلد کی خرابی، پرانی خارش، اس کی وجہ خون کی خرابی ہو، کسی قسم کا انفیکشن ہو، الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔

خون صفاء جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے اس مرض میں آزمایا اور مفید پایا۔ قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

جانور شفاء (جانوروں کیلئے نئی زندگی)

جانور کے پیٹ میں درد ہو، موٹا نہ ہو رہا ہو، غذا نہ کھاتا ہو، آنتوں میں ورم ہو، صحت دن بدن خراب ہوتی جارہی ہو۔ پیٹ میں کیڑے ہوں، جانور کو موشن ہو جاتے ہوں یا قبض کی وجہ سے گوبر سخت ہو جاتا ہو، جانور جگالی نہ کر رہا ہو، آپ کے گھریلو پالتو جانور کو کسی بھی قسم کا کوئی مسئلہ ہے تو اب گھبرائیں نہیں۔ ''جانور شفاء'' لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق دینا شروع کردیں۔ انشاء اللہ صحت یاب ہوکر جگالی کرنا شروع کردے گا اور کچھ ہی عرصہ میں موٹا تازہ اور خوبصورت ہو جائے گا اور دیکھنے میں نہایت بھلا اور خوبصورت لگے گا۔ ''جانور شفاء'' کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ کسی قسم کا سائیڈ ایفیکٹ نہیں کرتی۔ ''نوٹ: وہ افراد جو سارا سال قربانی کے جانور پال کر عید قربان پر منڈیوں میں لے جا کر بیچتے ہیں۔ وہ اپنے جانور کو سارا سال '' جانور شفاء'' کا ضرور استعمال کروائیں۔ اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ عید قربان پر جانور انتہائی خوبصورت اور موٹا تازہ ہوگا اور آپ کو اپنی محنت کا بہترین اجر ملے گا۔ (قیمت صرف 130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

نوجوان شفاء!

قیمت صرف -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

- قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ
- کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے
- شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند
- خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
- نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
- منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن

کراماتی تیل

پیدائشی کمزور بچوں کیلئے لاجواب کرشمہ لگانے کے ساتھ پینے کا تیل

مالش کا حیرت انگیز تیل جو بچوں بوڑھوں اور جوانوں کیلئے یکساں مفید

جسم کے تمام دردوں میں ازحد مفید۔ یہ تیل موجودہ دور کے امراض جس میں تمام جوڑوں کے درد، فالج، لقوہ، رعشہ، گھٹیا، شائیکا (لنگڑی کا درد) کمر کا درد، نمونیا، سردی لگ جانا، عضو کا پھڑکنا، ایسے لوگ جو سردی میں منہ سے کپڑا بھی نہیں ہٹا سکتے۔ لاغری ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا، ہاتھوں اور پاؤں پر ورم آجانا، پنڈلیوں کا درد، نقرس، مہروں کا خلاء، ڈسک پرابلم، کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا، نئی و پرانی چوٹ کا درد، موچ آجانا، پٹھوں کا درد، اعصابی درد، پانی میں بھیگ جانے سے سردی کا لگنا، ایڑھیوں کا پھٹ جانا، ناف کا ٹل جانا، ہاتھوں پاؤں کا پھٹ جانا، گردن کے پٹھوں کا درد، ریڑھ کی ہڈی کا درد، پسلیوں کا درد، جل جانا، جھلس جانا، بجلی کا شاک، خون کا جم جانا، پٹرول سے جلنا، اعضاء کا منجمد ہوجانا، سینے کا انفیکشن، نمونیہ، بچوں کے ہاتھ پاؤں کا ٹیڑھا ہونا، گھٹنوں وغیرہ کا متورم ہوجانا، دائمی دردسر، ہاتھ پاؤں کا اکڑاؤ، سردی کی وجہ سے جسم میں درد ہونا، ان تمام امراض میں کراماتی تیل بہترین معاون ثابت ہوا ہے اور شفاء کا موجب بنا ہے۔ (قیمت -/200 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

خاتون شفاء

حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج

جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں

ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں

حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو چند بوتلیں خاتون شفاء کی استعمال کریں

موٹاپے کا بہترین علاج۔ داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج

صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

قبض کشا گولیاں

قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

دائمی قبض، جوڑوں کا درد اور یورک ایسڈ کیلئے باکمال

وہ لوگ جن کی آنتوں میں ہر وقت فضلہ بھرا رہتا ہے، بھوک مرجاتی ہے، وقت پر اجابت نہ ہونا، منہ سے مقعد تک خشکی، اپھارہ، پیٹ میں درد، مقعد میں جلن، بھوک اور نیند کی کمی، سردرد، منہ کا ذائقہ کڑوا، تنہاپسندی، گھبراہٹ، تفکرات، جگر کے فعل میں خرابی، اجابت کے وقت زور لگانا، اجابت کا شدید خشک یا گولیوں کی شکل میں تکلیف سے آنا، نسیان، جسمانی موٹاپا، کھٹی ڈکاریں، سینے پر بوجھ، زبان پر لیس دار تہہ، بواسیر۔ ان تمام امراض کے قبض کشا گولیاں خالص جڑی بوٹیوں سے تیار کی گئی ہیں جو نہایت نرمی اور بغیر کسی نقصان پہنچائے قبض کو رفع کرتی ہیں۔ قبض سے پیدا ہونے والے مضر اثرات کو ختم کرتی ہے۔ طبیعت ہشاش بشاش رہتی ہے۔ موٹاپا اور جوڑوں کا درد ختم کرتی ہے۔

برائے پتھری گردہ مثانہ: ھوالشافی: نوشادر ٹھیکری' سہاگہ' لوٹا سجی' قلمی شورہ' پھٹکڑی سفید۔ تمام چیزیں برابر وزن لیکر کوٹ چھان لیں۔ تین ماشہ دوائی ہمراہ دودھ کی لسی دس سے پندرہ دن استعمال کریں۔

مایوس اور لاعلاج مریض متوجہ ہوں اور گھر کے آنگن میں اولاد کی نعمت پائیں۔ (صرف مردوں کیلئے)

بے اولادی اور بانجھ پن قابل علاج

دنیا کی سب نعمتیں ہیں لیکن اولاد کی نعمت سے محروم اب تسلی رکھیں! ایسے حضرات جو ٹیسٹ کے مطابق اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں تو عبقری کے ریسرچ سنٹر کا تیار کردہ بارہا کا آزمودہ کورس استعمال کریں۔ (قیمت-/2500روپے علاوہ ڈاک خرچ) "بے اولادی کورس" ایسے مردوں کو بھی فائدہ دے گیا ہے جو بالکل زیرو تھے

دوائی استعمال کرنے سے پہلے ٹیسٹ کروائیں اور ایک ماہ کی دوائی کھانے کے بعد ٹیسٹ دوبارہ کرائیں۔ آپ حیرت انگیز فرق محسوس کریں گے۔ ابتدائی طور پر کم از کم ایک ماہ دوائی کھانا لازم ہے۔

لیکوریا شفاء

خواتین میں پوشیدہ امراض کیلئے شفاء کا پیغام

ہماری غذائیں ایسی گرم اور سخت ہوگئی ہیں کہ بچی کو جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتے ہی لیکوریا شروع ہوجاتا ہے۔ ایسی خواتین اور بچیاں جن کو پوشیدہ امراض نے گھیر رکھا ہو' زندگی ویران ہوگئی ہو' ہر وقت لیکوریا کے پانی سے کپڑے خراب رہتے ہیں' کمر کا درد ہر وقت رہتا ہو' سر چکراتا رہتا ہو' ہر وقت بدبودار پانی کا آنا' ہر وقت سر چکرانا' اعصابی کمزوری' اندر سے جسم کا آہستہ آہستہ گھلنا' جسم میں طاقت کا ختم ہوجانا۔ بعض اوقات مرض بڑھ کر رحم میں زخم اور کینسر تک ہوجاتا ہے۔ خارش اور جلدی بیماریاں لگ جاتی ہیں' بے اولادی کا مرض ہوجاتا ہے۔ "لیکوریا شفاء" کا استعمال ہی انہیں اس مرض سے دور رکھے گا۔ "لیکوریا شفاء" ان تمام کیفیات کا واحد علاج ہے۔ "لیکوریا شفاء" باحجاب اور باحیاء گھریلو خواتین کیلئے مسرت بھرا شفاء کا پیغام ہے۔ بے اولاد خواتین "لیکوریا شفاء" کچھ عرصہ ضرور استعمال کریں۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

حسن شفاء سیرپ

چند بوتلیں' نیا حسن' نئی زندگی اور نیا اعتماد

مردوں اور عورتوں کے چہرے کے حسن و جمال کیلئے کیل مہاسے' چھائیاں' داغ دھبے' غیر ضروری بال اور جھریاں زہر ہیں۔ خواتین کے میک اپ سے متعلقہ چیزیں تو پوری دنیا میں سب سے زیادہ چل رہی ہیں لیکن مسئلہ وہی کا وہی ہے کیونکہ کریمیں اور لوشن وغیرہ کا فائدہ اس وقت ہوتا ہے جب اندر کا نظام ٹھیک ہو "حسن شفاء سیرپ" ایک ایسی لاجواب ایجاد ہے جو خون کو شیشہ کی طرح صاف کرتا ہے جگر کے فعل کو درست کرکے پورے جسم میں صاف خون سپلائی کرتا ہے جب اندر صاف ہوگا تو باہر اس کے اثرات بھی صاف ہوں گے۔ ایسے کئی مریض حسن شفاء سیرپ سے ٹھیک ہوئے جو بالکل مایوس ہوگئے تھے۔ ان کا خواب بن گیا تھا کہ ہمارا چہرہ بھی کبھی صاف شفاف اور نکھرا ہوا ہوگا یا نہیں۔ چند بوتلیں حسن شفاء سیرپ کے استعمال نے شفا بخشی۔ داغ دھبے، جھریوں، چھائیوں جلد کے کھردرے پن کیلئے حسن شفاء سیرپ بہترین دوا ہے۔ پرانی سے پرانی خارش' الرجی زخم بن گئے ہوں' جسم پر پھنسیاں ہوں ان تمام امراض میں "حسن شفاء سیرپ" سچی شفاء دیتا ہے۔ پرانے زخم، داد، ایگزیمیا، چنبل، شوگر سے ہونے والے زخم، بیڈسول کے زخم کے مریض بھی "حسن شفاء سیرپ"، تسلی سے استعمال کریں۔ ایسی خواتین جن کا ہارمونز کا نظام ٹھیک نہیں ہوتا اور حیض وقت پر نہیں آتا۔ ان کیلئے "حسن شفاء سیرپ" بہت کارآمد ہے کیونکہ حیض کی خرابی بھی خون کی خرابی کی نشانی ہے۔ کسی سٹرائیڈ یا کیمیکل کے استعمال سے چہرہ اور جلد پر داغ دھبے ہوگئے ہوں' پرانے دانے زخم کی شکل اختیار کرگئے ہوں' "حسن شفاء سیرپ" نبوی جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب نسخہ ہے جو جسم میں تیزابی اور زہریلے مادے ختم کرکے بغیر سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں مریضوں پر آزمایا گیا ہے اور مفید پایا ہے۔ ایک دفعہ آپ آزمائیں۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟

مشکلات جتنی بھی ہوں' الجھنیں حد سے زیادہ ہوگئی ہوں' فری بالکل فری' بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے' حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے' کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کرسکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

کوپن

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے مشورہ کیلئے علیحدہ خط لکھیں۔

صرف حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم سے مشورہ کرنے والے ہی کوپن پُر کریں۔

نام ________ والدہ کا نام ________

عمر ________ شہر ________ فون/موبائل ________

آپ کا شعبہ/شوہر کا شعبہ ________ تفصیل سے لکھیں

مسئلہ ________

____

____

بقیہ: روحانی الجھنیں' جادو جنات اثرات بندشیں اگر مزید تفصیل ہے تو علیحدہ کاغذ پر لکھیں اور فارم پن کردیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا

2017 عبقری روحانی اجتماع

ان شاء اللہ 2 حصوں میں

پہلا حصہ: صوبہ پنجاب صوبہ بلوچستان اور بیرون ممالک

24، 25، 26 نومبر بروز جمعہ ہفتہ اتوار (انشاء اللہ)

اجتماع 23 نومبر بروز جمعرات عصر سے شروع ہوگا 26 نومبر بروز اتوار صبح دعا ہوگی۔

دوسرا حصہ: صوبہ سندھ اور صوبہ خیبر پختونخوا

1، 2، 3 دسمبر 2017 بروز جمعہ ہفتہ اتوار (انشاء اللہ)

اجتماع 30 نومبر بروز جمعرات عصر سے شروع ہوگا 3 دسمبر بروز اتوار صبح دعا ہوگی۔

ایڈریس: عبقری روحانی اجتماع تسبیح خانہ عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور میں منعقد ہوگا۔

تربیتی اصلاحی تعلق مع اللہ روحانیت کے پراسرار حقائق اور گھریلو الجھنوں مشکلات اور پریشانیوں کے خاتمہ کیلئے تین روزہ اجتماع میں شرکت کریں۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے دعوت عام اور اجازت عام ہے۔ حسب موسم بستر ہمراہ لائیں۔ 24 گھنٹے بجلی کی بلاتعطل فراہمی۔ خواتین کیلئے علیحدہ باپردہ پرسکون بلڈنگ کا انتظام۔ لنگر کا وسیع انتظام ہوگا۔ **ترتیب:** عبقری روحانی اجتماع میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی 7 نشستیں ہوں گی۔ **پہلی نشست:** اجتماع کے پہلے دن بروز جمعرات عصر کی نماز سے شروع ہوگی، مغرب کے بعد حضرت کا درس، ذکر خاص، مراقبہ اور دعا ہوگی۔ **دوسری نشست:** بعد از نماز جمعہ حضرت کا درس، ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **تیسری نشست:** بعد از نماز عشاء حضرت کا درس، ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **چوتھی نشست:** بروز ہفتہ بعد از نماز فجر حضرت کا درس، ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **پانچویں نشست:** بعد از نماز ظہر حضرت کا درس، ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **چھٹی نشست:** بعد از نماز عشاء حضرت کا درس، ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **ساتویں اور آخری نشست:** اجتماع کے آخری دن بروز اتوار بعد از نماز فجر حضرت کا درس، ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ اس کے بعد حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم خصوصی دم اور دعا فرمائیں گے۔ اس کے بعد واپسی کی اجازت ہوگی۔ ابھی سے دعائیں شروع کردیں۔ یااللہ! عافیت سے تمام نظام ممکن فرما اور ہر شر ہر فتنے سے محفوظ فرما، آمین! بچوں کو ساتھ لانے کی اجازت ہے۔ (اصل شناختی کارڈ اور فوٹو کاپی لانا ہرگز نہ بھولیں)۔ **نوٹ:** اجتماع میں خواتین کیلئے بھی کشادہ اور پرسکون بڑے ہال اور مردوں کیلئے بھی بڑے ہالوں کا انتظام ہر وقت تربیت، ذکر، دعا، آہ وزاری اور قبولیت کا نہایت انوکھا نظام روحانی اور نورانی ماحول، مرد عورت، بچے، بوڑھے جوان سب اجتماع میں شرکت کرسکیں گے۔

بستر موسم سرما کا نہ لائیں بلکہ لائیں موسم زیادہ ٹھنڈا نہیں ہوگا۔

اجتماع میں 6 خصوصی پیکیج

پیکیج نمبر 1۔ شب جمعہ کے درس کے بعد ایک ایسا خصوصی پیکیج جس نے بھی کیا دیدار مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصیب ہوا، خاتمہ بالخیر روحانیت کا نور ملا اور ولایت کی نشانیاں شروع ہوگئیں **پیکیج نمبر 2۔** نماز جمعہ کے بعد جادو، جنات، بندش اور سفلی اثرات کو ختم کرنے کیلئے ایک خصوصی عمل جو آج تک خطا نہیں گیا۔ وہ جادو جو چیلنج کرکے کیا گیا ہو۔ اس مسنون عمل سے ہمیشہ کیلئے ختم ہوجاتا ہے۔ **پیکیج نمبر 3۔** رزق کی وسعت، قرضوں سے نجات اور نسلوں کو غربت اور فاقوں سے بچانے کیلئے اور بے بہا رزق پانے کیلئے ایک نایاب عمل، نہایت آسان۔ تمام مجمع کرے گا اور پھر آپ اپنے حالات بدلتے دیکھیں۔ **پیکیج نمبر 4۔** بچوں اور بچیوں کے رشتوں کیلئے اور ان کی بندشوں رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے ایک ایسا عمل جو ہمیشہ کامیاب رہا اور بے شمار کے ہاتھ پیلے ہوئے۔ تمام مجمع کو کروایا جائے گا۔ ہوگا نہایت آسان! **پیکیج نمبر 5۔** گھریلو جھگڑوں، ناچاقیوں اولاد کی نافرمانیوں، نفرتوں، مارکٹائیوں کو دور کرنے کیلئے ایک نہایت تیر بہدف روحانی عمل تمام مجمع کو کرایا جائے گا۔ جس سے زندگیوں کا سکون ہمیشہ بڑھا۔ **پیکیج نمبر 6۔** دل کی اداسیوں پوری نہ ہونے والی مرادوں اور حسرتوں ناامیدیوں ویرانیوں اور ایسی جائز چاہتوں اور ایسی حسرتیں جو قبر میں ہی لے جائیں ان کو پورا کرنے کیلئے اسم اعظم کا ایک خاص عمل، تمام مجمع کو کرایا جائے گا۔

نوٹ: ان تمام نشستوں میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم خود شریک ہوں گے اور خصوصی دعا فرمائیں گے۔

احمد پور شرقیہ کے لیے ایک انوکھا اعزاز

اسم اعظم کا دم اور خاص الخاص تعویذ بالکل فری

31 دسمبر 2017ء بروز اتوار
تسبیح خانہ احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور

اب ہر دل کی تمنا پوری ہوگی تاریخ گواہ ہے کہ گزشتہ کئی سالوں سے شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا تعویذ دینے کا معمول نہیں ہے۔حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا درس' اور سپیشل اسم اعظم کا دم ہر شخص کو انفرادی کیا جائے گا اور برکت والا تعویذ شیخ الوظائف دامت برکاتہم اپنے ہاتھوں سے عنایت فرمائیں گے۔قرآنی آیات سے لکھا اور کفریہ کلمات سے پاک صدیوں سے لکھا وہ تعویذ جسے اللہ تعالیٰ کے چند برگزیدہ خاص الخاص بندوں نے دکھی مخلوق خدا کی خدمت کے جذبے میں ہمیشہ دیا ہے۔

اب رزق' برکت اور رحمت دروازہ توڑ کر آئے گی۔☆ دربدر کی ٹھوکریں ختم ☆ بچوں کی نافرمانی فرمانبرداری میں تبدیل	☆ کبھی نہ ختم ہونے والا دکھ اور جادو ختم ☆ ضدی جنات کا تنگ کرنا بند ☆ نظر بد کے شکار مطمئن ہو جائیں ☆ روحانی ترقی شروع	نسلوں کی کامیابی' بے اولادی اور شادیوں کی بندش ختم کتے یا خنزیر کی کھوپڑی پر کیا ہوا خطرناک سفلی کالے جادو کا فوری حل۔
☆ ہر دلعزیز بننے کیلئے ☆ عزت پانے کیلئے ☆ ہر قسم کی بیماری کیلئے ☆ حالات نے خودکشی پر مجبور کر دیا ہو ☆ سٹوڈنٹس کیلئے انوکھا کرشماتی تعویذ **وسیع پارکنگ کا انتظام ہوگا**	اسم اعظم کے بابرکت اور طاقت ور کلام سے دم شدہ ڈوری جس کی ہر گرہ پر عرشی اسم اعظم کا طاقتور کمال بھر دیا ہے بس تعویذ ڈوری سمیت گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھیں اور قدرت ربی کا کمال دیکھیں۔	خاص امر کے تحت یہ تعویذ دیا جا رہا ہے۔قسمت اور مقدر کے سکندر بنیں اور اس قدرت کے کرشمہ کو حاصل کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور پہنچیں۔

تعویذ کی شرعی حیثیت: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ کلمات بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ، اَعُوۡذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنۡ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنۡ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيۡنِ وَاَنۡ يَّحۡضُرُوۡنِ (بطور تعویذ) لکھ کر چھوٹے بچوں کے گلے میں ڈال دیا کرتے تھے۔ (مشکوٰۃ شریف) ☆ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ و حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے گلے مبارک میں تعویذ ڈالے تھے۔

☆ **طریقہ:** اسم اعظم کی ڈوری چمڑے یا چاندی میں تعویذ بنوا کر گلے یا بازو میں باندھیں۔اس کے علاوہ برکت والی تھیلی' پرس یا جیب میں بھی رکھ سکتے ہیں۔ہر جمعرات کو تعویذ کو ضرور با ضرور خوشبو یا کوئی بھی عطر لگایا کریں۔

عرصہ دراز سے جن مخلصین کا شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے والدین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے مزارات پر اعمال کا ہدیے دینے کا سچا جذبہ ہے ان کیلئے بھی یہ بہترین موقع ہے ضرور حاضری دیں شیخ الوظائف دامت برکاتہم کی طرف سے اجازت ہے۔

صبح آٹھ بجے سے گیارہ بجے تک اس کے بعد گیٹ بند کر دیا جائے گا۔

تعویذ کیلئے اسم اعظم کا حصار ہوگا اس لیے جو وہاں نہیں ہوگا اسے ہر حال میں تعویذ پارسل یا بعد میں نہیں دیا جائے گا بس موقع پر ہی دیا جائے گا۔

کھانے اور رہائش کا انتظام نہیں ہوگا

لوگ رات کو پہنچ کر کھانے اور بستر کا تقاضا کرتے ہیں۔رش کی وجہ سے مجبوراً ایسا ممکن نہیں۔

مکمل پتہ: عبقری حویلی محبت پور موڑ مین جی ٹی روڈ نزد الحمد کاٹن فیکٹری (عباسیہ چوک سے دو کلو میٹر لاہور یا بہاولپور کی طرف جاتے ہوئے دائیں طرف عبقری حویلی ہے)

کاش! افسوس عبقری ٹیوٹر سروس لگائی ہوتی؟: محترم قارئین! احمد پور شرقیہ میں 2 جولائی 2017ء کو ہونے والا ''اسم اعظم کا دم اور خاص الخاص تعویذ'' کا پروگرام حبس' گرمی اور شدید رش کی وجہ سے ملتوی کر دیا گیا اور اس کی نئی تاریخ کا اعلان 31 دسمبر 2017ء کا کیا گیا۔اس اعلان کو عبقری کی فیس بک' ویب سائٹ اور ٹیوٹر پر بے شمار بار چلایا تا کہ عوام کو آگاہی ہو سکے اور وہ احمد پور شرقیہ 2 جولائی کو نہ آئیں۔مگر اس سب کے باوجود 2 جولائی 2017ء بروز اتوار کو عوام الناس کی کثیر تعداد احمد پور شرقیہ پہنچی۔ادارہ ان سے معذرت خواہ ہے اور انہیں تاکید کرتا ہے کہ عبقری کا ہر قاری اپنے موبائل پر عبقری ٹیوٹر سروس ضرور لگوائے۔طریقہ عبقری کے ہر ٹائٹل پر خصوصی طور پر لگایا جاتا ہے۔نوٹ: 31 دسمبر کو احمد پور شرقیہ میں ہونے دم میں رہائش کا خصوصی انتظام ہوگا مگر بستر نہیں ہوگا' بستر ہمراہ ضرور لائیے۔کیونکہ لوگ رات کو ہی پہنچ گئے کھانے اور بستر کا اصرار کیا حتیٰ کہ سخت ترین گفتگو اور گھٹیا لہجے کے الفاظ تک استعمال کیے کہ ہمیں بلا لیا ہے اب نہ بستر دیتے نہ کھانا دیتے ہیں اور نہ رہائش ہے حالانکہ پہلے سے معذرت کی گئی کھانے اور بستر کی مجبوری پہلے سے معذرت کی گئی۔

تسبیح خانہ سے بیعت ہونے کے بعد کیا کریں؟: حضرت حکیم صاحب کے سلسلہ عالیہ قادری ہجویری کے بیعت ہونے کے بعد 1۔منتخب احادیث کا مستقل مطالعہ کریں۔2۔شجرہ طیبہ کو اپنی زندگی کی ترتیب میں لائیں۔اپنی زندگی کے معاملات پاکیزہ اور صاف ستھرے ہوں' کسی کے لین دین میں حلال و حرام کا خاص خیال رکھا جائے۔اپنی گھریلو زندگی اور معاشرت میں بیوی' ماں' بہن بھائیوں کے ساتھ اچھا معاملہ اور خوش خلقی کا معاملہ ہو۔کسی سے رنجش ہو تو کوشش کریں اس کے ساتھ معاملہ بہتر ہو بدکار سے بدکار انسان کے دل میں نفرت نہ ہو حتیٰ کہ کافر اور مشرک کے لیے دل میں نفرت نہ ہو بلکہ خیر خواہی کا جذبہ اور اس کی ہدایت کا فکر ہو۔اپنے مرشد کو ہر ہفتے پندرہ دن کے بعد آخری ہر مہینے اپنے احوال اذکار کیفیات تسبیحات لکھتے رہیں اور خاص طور پر جو اعمال نہیں کر پا رہے ان کی اطلاع ضرور دیں اور سب سے زیادہ نفع اس کو ہوگا جو مرشد کے بارے میں اچھا گمان اعتماد اور یقین سے چلے گا۔بیعت ہونے کے بعد درس کا سننا بہت ضروری ہے یہ دراصل مرید اور مرشد کے درمیان ایک رابطہ کا ذریعہ ہے' درس کسی بھی شکل میں نیٹ' سی ڈی میموری کارڈ موبائل کے ذریعے مستقل سنتے رہیں اور دوسروں کو بھی درس کی ترغیب دیتے رہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا عطا فرمائے اور مسنون زندگی پہ دن رات چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم کی کتب (تالیفات)

نمبر	نام کتاب	قیمت
1	اہل بیتؓ کے پاکیزہ اور انوکھے واقعات	200/-
2	اہل بیتؓ سے جینا سیکھیں	200/-
3	اہل بیتؓ سے محبت کے بعد	150/-
4	الجھے لوگ سلجھے اصول	200/-
5	ازدواجی مسائل علاج نبوی اور جدید سائنس	200/-
6	الرجی سے نجات کے قدرتی طریقے	100/-
7	انوکھی بیماریاں انوکھے علاج	180/-
8	الجھی زندگی کے 700 سلجھے وظائف	300/-
9	انٹرنیٹ کی غلاظت سے بچنے کے انوکھے بھید	150/-
10	آزمودہ گھریلو معالج	200/-
11	آداب معرفت (جدید)	400/-
12	آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل (اردو انگلش)	200/-
13	1947ء کے مظالم کی کہانی خود مظلوموں کی زبانی	350/-
14	اقوال اولیاء	350/-
15	امراض معدہ علاج نبویؐ اور جدید سائنس	200/-
16	ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری	200/-
17	الحسبیتم اور اذان کے کرشمات	180/-
18	ارمغان تصوف	1400/-
19	بدترین خصلتوں کا بہترین علاج	200/-
20	بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف	160/-
21	بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟	160/-
22	بڑوں کی زندگی کے انگنت تجربات	250/-
23	باپ کا تقدس اسلام اور جدید سائنس	200/-
24	بے قرار زندگی سے خوشگوار زندگی تک	250/-
25	باکمال عاملین کے بے مثال تجربات	250/-
26	بیان المجدوب علی کشف المحجوب المعروف حلقہ کشف المحجوب	600/-
27	پرکشش زندگی گزارنے کے گر نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
28	پھلوں میں چھپے صحت کے راز	220/-
29	پھلوں سے صحت و تندرستی	200/-
30	پرسکون زندگی کی تلاش نبوی طریقے اور جدید سائنس	250/-
31	پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک (اردو انگلش)	350/-
32	پرسکون نیند نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	200/-
33	تربیت اولاد اسلام اور جدید سائنس	230/-
34	تندرستی کے دس راز دان ٹانک	200/-
35	تعلیمات نبوی اور جدید سائنس	500/-
36	توبہ کے کمالات	200/-
37	تیس روزے تیس عبادتیں	120/-
38	تسبیح خانہ میں گزرے شب و روز	300/-
39	ٹینشن کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
40	جڑی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات	250/-
41	جیلوں میں بیتے لمحات کی کہانی مشاہیر کی زبانی	400/-
42	جنسی زندگی اسلام اور جدید سائنس	250/-
43	جانوروں کے انوکھے چشم دید واقعات	300/-
44	جنسی پاکیزگی نبویؐ علاج واحتیاط اور جدید سائنس	300/-
45	جوانی کی حفاظت کیسے کی جائے؟	250/-
46	جادو جنات کے پراسرار حقائق اور آزمودہ روحانی علاج	320/-
47	جادو جنات اسلام اور جدید سائنس	400/-
48	جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل	10/-
49	جنات کا پیدائشی دوست (جلد اول)	350/-
50	جنات کا پیدائشی دوست (جلد دوئم)	350/-
51	جنات کا پیدائشی دوست (جلد سوئم)	350/-
52	جنات سے سچی ملاقاتیں	300/-
53	جاندار جوانی شاندار بڑھاپا	150/-
54	جذبات اور خیالات کے روگ نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
55	جیون ساتھی کے دل پر چھائے رہنے کے گر	300/-
56	گزرا جہنم	120/-
57	جنس جوانی اسلام اور جدید سائنس	300/-
58	حال دل	200/-
59	حسن وصحت کیلئے انمول ٹانک	300/-
60	حسن لازوال کی قاتل بیماریاں	400/-
61	حکماء کی زندگیوں کے طبی نچوڑ	320/-
62	حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں	200/-
63	حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ	300/-
64	حم لاینصرون کے کرشمات	80/-
65	یاحفیظ یاسلام کے کرشمات	60/-
66	خاندانی حالات میرا خاندانی پس منظر	150/-
67	خاندانی مسائل کا طبی ونفسیاتی نچوڑ	450/-
68	خواتین کے حسن وجمال کے قیمتی راز	300/-
69	خطبات عبقری (جلد اول)	300/-
70	خطبات عبقری (جلد دوئم)	300/-
71	خطبات عبقری (جلد سوئم)	300/-
72	خطبات عبقری (جلد چہارم)	300/-
73	خطبات عبقری (جلد پنجم)	300/-
74	خطبات عبقری (ششم)	300/-
75	خواتین کے مسائل اور بڑی بوڑھیوں کے ٹوٹکے	300/-
76	خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق	250/-
77	خوابوں کی پراسرار دنیا	180/-
78	خوشبو کا سفر اہل بیتؓ کے ہمراہ	350/-
79	دوانمول خزانے (اردو)	10/-
80	دوانمول خزانے (انگلش)	10/-
81	دوانمول خزانے کے کرشمات (بڑا سائز)	200/-
82	درود وسلام کے حسین کرشمات	250
83	ڈیپریشن سے نجات پانے والے	120/-
84	دائمی قبض سے چھٹکارا	200/-
85	رمضان المبارک کے بکھرے موتی	60/-
86	روحانی دنیا کے انوکھے بھید	200/-
87	روحانی بیڈٹی کے کرشمات	40/-
88	رنگ برنگی سبزیاں دوا بھی غذا بھی شفا بھی	200/-
89	روحانی غسل کے کرشمات	10/-
90	رمضان المبارک کے روحانی وجسمانی ٹوٹکے	200/-
91	رمضان میں روحانی وجسمانی تندرستی	30/-
92	رمضان المبارک کے خاص تحفے	5/-
93	روزگار کی پریشانی کا آزمودہ وظیفہ	10/-
94	روحانیت جادو اور وہم	350/-
95	روحانی پاکیزگی	250
96	ربنا اتنافی الدنیا کے کرشمات	200/-
97	سورۂ یٰسین کے کرشمات	10/-
98	سورۂ بقرہ سے شرطیہ (انشاءاللہ) بیٹا پائیں	10/-
99	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	400/-
100	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/-
101	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/-
102	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/-
103	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (انگلش والیم 1)	300/-
104	سنت نبویؐ اور جدید سائنس (انگلش والیم 2)	300/-
105	سدابہار حسن کی ضامن غذائیں	280/-
106	سترہ وظائف سے زندگی آسان	10/-
107	سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص کے کرشمات	50/-
108	سورۂ قریش کے کرشمات	60/-
109	سورۂ کوثر کے کرشمات	60/-
110	سواولیاءاللہ کے مشکل کشا وظائف	400/-
111	شجرہ طیبہ قادری ہجویری	10/-
112	شگفتہ باتیں بکھرے موتی انمول یادیں	250/-
113	شہد کے کمالات	150/-
114	شاہراہ معرفت پر کامیابی کا سفر	250/-
115	شافی دوائیں شافی علاج	250/-
116	شوگر کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
117	شادی شدہ زندگی ہنسی خوشی گزارنے کے راز	300/-
118	شوگر کا کامیاب علاج	200/-
119	شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول	250/-
120	شفا بخش خیالات کی کرشمہ سازی نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	120/-
121	شہید پاکستان	250/-
122	شاداب زندگی کے راز نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	200/-
123	صوفی ازم اور ٹینشن فری لائف	160/-
124	صحت مند عادات نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	200/-
125	صحت بخش خوش ذائقہ خوراکیں اور سائنسی اصول	150/-
126	صوفی ازم سے روشنی کا سفر	250/-
127	صوفی ازم اور قبولیت دعا	180/-
128	صوفی ازم کے روشن ستارے	350/-
129	صوفی ازم اور باطنی سکون	160/-
130	صلوٰۃ التسبیح کے کرشمات	200/-
131	صادق دوست اور قلعہ ڈیراور	350/-
132	ضدی بیماریوں کے 700 آسان ٹوٹکے	300/-
133	طبی تجربات ومشاہدات	150/-
134	عورت اسلام اور جدید سائنس	350/-
135	عامل کامل بننے کے راز	200/-
136	عبقری ادویات کی شفایابی	20/-
137	عشق اسلام اور جدید سائنس	450/-
138	ذوق تصوف	2100/-
139	سچی کرامات (جلد اول)	400/-
140	سچی کرامات (جلد دوئم)	300/-
141	خوشیاں، دولت اور سکون کے وظائف	200/-
142	تصوف کی خوشبو (جلد اول)	400/-
143	تصوف کی خوشبو (جلد دوئم)	400/-
144	تصوف پسند اہل حدیث	400/-
145	تصوف کی قدردانی	400/-
146	عشق تصوف	400/-
147	عبقری بتائے جڑی بوٹیوں کے کرشمات	200/-
148	عبقری لایا انوکھے اور لاجواب ٹوٹکے (جلد اول)	300/-
149	عبقری لایا انوکھے اور لاجواب ٹوٹکے (جلد دوئم)	300/-
150	عرشی وظائف اور آزمودہ زمینی نتائج	280/-
151	علماء کے آزمودہ عملیات	300/-
152	غلاف روضہ مبارک کے کرشمات	5/-
153	غلطیوں کی اصلاح نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	300/-
154	غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کا تحفظ ان کے حقوق اور ہماری ذمہ دار	40/-
155	فیضان سنت اور جدید سائنس	200/-
156	قدرتی ٹانک اور علاج نبویؐ	200/-
157	قدرت کا انعام اور انتقام	300/-
158	قبولیت دعا کے انوکھے واقعات	180/-
159	کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج	120/-
160	کامیاب شادی کے سترہ اصول نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	250/-
161	کمالات اولیاء	200/-
162	کینسر کو شکست	200/-
163	کلونجی کے کرشمات	80/-
164	کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات	700/-
165	کشف اور پراسرار روحانی قوتوں کا حصول	250/-
166	کامیاب عامل بنیے	250/-
167	کامیاب عامل بنیے کرشمات دیکھئے	250/-
168	کھنڈرات سے ملی خاندانی بیاض	2500/-
169	کچن سے شفاء پانے کے راز	230/-
170	گلوکاری سے پرہیزگاری تک	100/-
171	گردے ڈائیلسز پتھری کا سائنسی اور روحانی علاج	150/-
172	خوبصورت اور گھنے بال	230/-
173	گھریلو طبی الجھنیں اور ماہرین کے تجربات	400/-
174	گھریلو الجھنوں کا روحانی علاج	150/-
175	گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے	400/-
176	گھروں میں ابدی سکون اور خوشیوں کا راز	200/-
177	گھریلو الجھنوں کا روحانی اور قرآنی علاج	150/-
178	موتی مسجد کے کرشمات	10/-
179	مہلک دوائیں نبویؐ دوائیں اور جدید سائنس	170/-
180	میرے طبی رازوں کا خزانہ	250/-
181	مالدار بنانے کا آزمودہ راز	10/-
182	موت کے سائنسی وروحانی انکشافات	150/-
183	مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات (مجالس مجذوبی)	250/-
184	مجھے شفاء کیسے ملی؟	500/-
185	معرفت کے متلاشی	280/-
186	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	400/-
187	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/-
188	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/-
189	معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/-
190	معاشرت نبویؐ اور جدید سائنس	500/-
191	مخلص یا ایماندار	300/-
192	مولانا کے ہمراہ	250/-
193	ماں کا تقدس اسلام اور جدید تہذیب	200/-
194	مہلک غذائیں نبویؐ غذائیں اور جدید سائنس	200/-
195	مایوس خاندانی مشکلات کا پرتاثیر روحانی علاج (جدید ایڈیشن)	200/
196	مولانا شخصیت وکمال	250/-
197	معالج اور مریضوں کے تجربات	200/-
198	مہلک عادات نبویؐ طریقے اور جدید سائنس	200/-
199	مشاہیر کی آپ بیتیاں	150/-
200	مراقبہ کے کرشمات	300/-
201	ویران جوانی مایوس نوجوان	250/-
202	موٹاپے سے نجات علاج نبویؐ اور جدید سائنس	200/-
203	مشکلات کے پہاڑ اور میرے روحانی تجربات	80/-
204	مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی	300/-
205	مثالی حافظہ اور آزمودہ نبویؐ عمل	40/-
206	مساج سے حسن صحت اور سکون	120/-
207	مختصر سی زندگی میں بھرپور جینے کے گر	325/-
208	ندامت کے آنسو	200/-
209	نوجوانوں کی جنسی الجھنیں علاج نبویؐ اور جدید سائنس	250/
210	نبویؐ دسترخوان صحت وتندرستی کے راز اور جدید سائنس	300/
211	نوجوانوں کے جنسی مسائل علاج نبویؐ اور جدید سائنس	250/
212	نباتات قرآنی اور جدید سائنس	350/-
213	وضو کے تین گھونٹ کے کرشمات	10/-
214	وٹامن جسمانی صحت کیلئے کیوں ضروری	200/-
215	ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی روحانی اور سائنسی ترکیب	180/-
216	ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
217	ہائی بلڈ پریشر کا روحانی اور سائنسی علاج	200/-
218	ہزار سال پرانے طبی وروحانی بھید	350/-
219	یا قہار کے کرشمات	120/

رواداری کتب

نمبر	نام کتاب	قیمت
220	بریلوی علماء کی رواداریاں	250/-
221	دیوبندی علماء کی رواداریاں	500/-
222	اسلاف اہل حدیث کی رواداریاں	300/-

عبقری کتب سندھی زبان میں

نمبر	نام کتاب	قیمت
223	وضو کے تین گھونٹ پانی	10
224	غلاف روضہ مبارک	10
225	سورۂ یٰسین کے کرشمات	10
226	روزگار وظیفہ اور کینسر سے نجات	10
227	شجرہ طیبہ قادری ہجویری	10
228	سورۂ بقرہ سے شرطیہ بیٹا پائیں	10
229	روحانی غسل کے کرشمات	10
230	جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل	10
231	دوانمول خزانے کے کرشمات	25
232	سترہ وظائف سے زندگی آسان	10
233	مالدار بننے کا آزمودہ راز	10
234	سورۂ فاتحہ واخلاص کے کرشمات	25
235	سورۂ قریش کے کرشمات	25
236	سورۂ کوثر کے کرشمات	25
237	دکھ اور غم سے چھٹکارا مل گیا	25
238	وظیفوں سے میں عظیم بن گیا	25
239	کامیابی کا راز آپ کے ہاتھ میں	25
240	میں مالدار کیسے بنا؟	25
241	میری مشکلات آسان کیسے ہوئیں	25
242	آخر کار میری بندشیں ٹوٹ گئیں	25
243	میں خوشحال کیسے ہوا؟	25
244	ایک دن میں ستر حاجتیں پوری	25
245	ہم نے آزمایا آپ بھی آزمائیں	25
246	کچھ لفظ پڑھے پریشانی ختم	25
247	روحانی جسمانی فٹنس کا راز	25
248	بے بہا رزق، دولت کا انبار	25
249	غربت اور بیماری کیسے گئی؟	25
250	صرف چار اسم پڑھیں مشکلات حل	25
251	ناممکن مسائل کا چند دنوں میں خاتمہ	25
252	صرف تین راتوں میں مرادیں پوری	25
253	بکھرے خاندان اور آزمودہ راز	25
254	لاعلاج بیماریوں اور روگوں کا خاتمہ	25

گالیاں، دھمکیاں اور الزامات

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے مخلوق خدا کا رجوع دن بدن بڑھ رہا ہے۔ روزانہ سینکڑوں، ہزاروں کی تعداد میں لوگ ملنا چاہتے ہیں۔ حضرت حکیم صاحب کی بے شمار مصروفیات کی وجہ سے سب سے ملنا ممکن نہیں۔ پہلے پہل 6 ماہ کا وقت ایک ہی ماہ دے دیا جاتا تھا لیکن لوگوں کے اصرار پر اسے تین ماہ پر لایا گیا لیکن اس کے بعد ہر ماہ کا ٹائم دیا جاتا ہے اور اگلے ماہ پھر یہی ترتیب ہوتی ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ سارا دن کالز کرنے کے باوجود رابطہ نہیں ہوتا جبکہ ٹوکن دینے والا نمبر مستقل مصروف رہتا ہے خود اندازہ کریں کہ پوری دنیا سے کالز آرہی ہوتی ہیں ایسے میں سب کی کالز ایک ساتھ سننا ممکن نہیں سسٹم پر جب لوڈ زیادہ ہوتا ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نمبر بند ہے جب کہ نمبر مسلسل کھلا ہوتا ہے۔ جن کی کال مل جائے وہ مطمئن ہوجاتے ہیں اور جن کا رابطہ نہ ہوسکے وہ بدگمان ہوجاتے ہیں اور گالی گلوچ اور الزامات پر اتر آتے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ نمبر صرف ٹیلی فون پر اور منصفانہ دیئے جاتے ہیں۔ ہمیں مخلوق خدا کی پریشانی اور تکلیف کا احساس ہے اور ہم ہر ممکن حد تک اس کے ازالے کیلئے فکر مند رہتے ہیں لیکن سب کو مطمئن اور خوش کرنا شاید ہمارے بس میں نہیں ہے۔ امید ہے آپ ہماری مجبوریوں کا احساس کرتے ہوئے حوصلے اور درگزر سے کام لیں گے۔ ایک گزارش یہ بھی ہے کہ جن کو وقت مل جائے وہ دوبارہ کال نہ کیا کریں تاکہ دوسروں کو بھی موقع مل سکے۔ (ادارہ عبقری)۔ ملاقات کی تفصیلات حاصل کرنے کیلئے 0322-4688313

ایڈیٹر کی کتابیں آپ کی نظر سے گزریں۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے۔



باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے

بہترین مشروب ٹانک اور زندگی کا ساتھ
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کا
سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ

چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب

کمزوری، خون کی کمی، گرمی کا برداشت نہ ہونا، روزے میں بے طاقتی اور پیاس کے علاج کیلئے تسکین اور راحت جان کا پر اعتماد مشروب ہر عمر، ہر موسم اور ہر مزاج کیلئے یکساں مفید اور ہزاروں سالوں سے تجربہ شدہ ایک نہایت کارآمد اور بہترین فارمولہ تڑپاتی اور بے چین کر دینے والی گرمی میں ٹھنڈک کا دلفریب احساس

نوجوان اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج

خاندانی حالات

میرا خاندانی پس منظر

مصنف

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

اگر آپ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خاندان کا شجرہ ان کی خدمات کمالات مقامات کرامات کامل اور مضبوط حوالہ جات کے ساتھ پڑھنا چاہتے ہیں تو اس کتاب کو پڑھنا ہرگز نہ بھولیں! ورق ورق ایمان کو تازہ کرے گا اور دل میں آواز اٹھے گی کہ واقعی بڑوں کی نسبتیں صدیاں بیتنے کے بعد بھی مخلوق خدا کو نفع دیتی ہیں۔
آئیے! کتاب کی چند ہیڈنگز کا مطالعہ کرتے ہیں: ☆ حضرت علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ سے خاندانی نسبت ☆ پردادا اور خدمت خلق کا عظیم جذبہ ☆ عجب کرامت! موت کا کشف ☆ حاجی ولی محمد چغتائی رحمۃ اللہ علیہ نواب آف بہاولپور کی نظر میں! ☆ پڑدادا رحمۃ اللہ علیہ ہر سوالی کا ہر سوال پورا فرماتے ☆ پڑدادا اور علامہ اقبال کی دوستی ☆ یہ چغتائی نہیں "چوغہ زائی" ہیں! ☆ تدفین کے مہینوں بعد قبر سے خوشبو ہی خوشبو! ☆ بے شمار جنات کو پڑھا چکا' بے شمار پڑھ رہے ☆ نواب آف بہاولپور نے پڑدادا کے پاؤں چھو لیے ☆ بیٹا چاہیے' دعا مانگی بیٹا مل گیا ☆ یہ حکیم صاحب! بڑے اکابر کی اولاد میں سے ہیں! ☆ حلال وحرام کی پہچان. اور سخاوت کی انتہا ☆ چغتائی خاندان! سخی' غریب پروری میں اپنی مثال آپ ☆ تمہیں پتہ ہے تمہارے پڑدادا کون تھے؟ ☆ تجارت، زراعت اور حکمت سے منسلک خاندان
(قیمت -/150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

فیضان سنت اور جدید سائنس

مؤلف

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

نبوی اصولوں پر انوکھی کتاب

ماں کا تقدس

اسلام اور جدید تہذیب

تحقیق و تالیف

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

روتی تڑپتی بے قرار ماں اور بے چین اولاد کیلئے

غلطیوں کی اصلاح

نبوی طریقے اور جدید سائنس

مؤلف

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

آئیے اپنی اصلاح کریں!

عبقری کے ایجنسی ہولڈر بننے کے خواہشمند متوجہ ہوں!

درج ذیل شہروں میں عبقری کی ایجنسی حاصل کرنے کیلئے مالی طور پر مستحکم افراد فوری رابطہ کریں۔
تونسہ شریف۔ پنڈی بھٹیاں۔ بھلوال۔ خانیوال۔ قلعہ دیدار سنگھ۔ گوجرخان **0332-7552384**

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی کراچی آمد (صرف درس) 0322-4688313

پہلا درس: 13 اکتوبر بعد از نماز جمعۃ المبارک دوپہر ڈیڑھ بجے بمقام گلشن معمار جامعہ مسجد توابین کراچی۔ **دوسرا درس:** 15 اکتوبر بروز اتوار دوپہر ایک بجے بمقام صائمہ ٹریڈ ٹاور بالمقابل جنگ پریس آئی آئی چندیگر روڈ کراچی۔ (خواتین کیلئے باپردہ انتظام)

احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور کے لیے ایک اور اعزاز

تفصیلات صفحہ نمبر 57 پر

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد
31 دسمبر بروز اتوار

اسم اعظم کا دم اور خاص الخاص تعویذ اور ڈوری بالکل فری

عبقری کتب اور ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ®

136

اکتوبر 2017ء محرم الحرام 1439 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل


قیمت فی شمارہ 50 روپے

غیبی آوازیں سننے والے عاشق رسول ﷺ کی کرامات

گھریلو مشکلات، الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

- بلڈ کینسر کا انوکھا علاج! ڈاکٹرز پریشان گھر والے خوشی سے نہال
- گھبرائیے مت! سردی ضرور آرہی مگر جوڑ درد نہ ہونگے
- شیخ الوظائف کا دیا عمل! عمر قید کا ملزم ایک لمحے میں آزاد
- کچن میں گزرے لمحات اور زندگی بھر کے تجربات
- ایک دن کا ٹوٹکہ اور عمر بھر کیلئے بواسیر سے چھٹکارا
- ہاں! میں نے اسم اعظم پالیا' آپ بھی جان لیں!
- اُوچ شریف سے ملا شوگر کا کامیاب علاج
- پولیو کا نایاب اور کامیاب ہربل علاج

29 اکتوبر بروز اتوار اسم اعظم کا روحانی دم صبح 8 سے 9 بجے تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ 29 اکتوبر بروز اتوار حلقہ کشف المحجوب اور مراقبہ بعد نماز مغرب تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا



گھر میں چھپائے تعویذ ظاہر ہوجائینگے! عمل آزمالیجئے

کچے مکھن سے امراض سرما کا مؤثر علاج

ساس بہو کے جھگڑے!
پرسکون زندگی کے راز پالیں

نورتن شفاء

9 لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج

سالہاسال کے تجربات کے بعد ''نورتن شفاء'' کو درج ذیل 9 امراض میں انتہائی مفید پایا گیا ہے۔ **فائدہ نمبر 1:** بواسیر بادی ہو یا خونی' فشر' فسچولہ ''نورتن شفاء'' اس کا بہترین علاج ہے۔ بواسیر کے ہر قسم کے درد' چبھن اور جلن کو فوراً دور کرتی ہے۔ **فائدہ نمبر 2:** پیٹ کی فاسد چربی' بڑھے ہوئے پیٹ اور موٹاپے کا بہترین علاج ہے۔ **فائدہ نمبر 3:** کینسر کے مریض کیلئے لاجواب' جسم میں کہیں بھی رسولی کینسر کی ہو یا سادہ' ٹیومر' گلٹی' موکے یا عورت کے رحم میں رسولی ہو ''نورتن'' سے ہی شفاء پائیں۔ **فائدہ نمبر 4:** اعلیٰ درجہ کی خون صفاء' چہرے پر سیاہ داغ' دھبے' پرانے سے پرانا زخم' شوگر کے زخم' پھوڑے' پھنسیوں کا آخری علاج ہے۔ **فائدہ نمبر 5:** پرانی دائمی قبض' گیس' تبخیر کیلئے ''نورتن شفاء'' نہایت مفید ہے۔ **فائدہ نمبر 6:** خواتین میں اٹھرا ایک مہلک بیماری ہے' اٹھرا کی مریضہ کے بچے مرجاتے ہیں۔ مریضہ ''نورتن شفاء'' کی ایک گولی صبح وشام پورے نو ماہ استعمال کرے۔ ان شاء اللہ جیتی جاگتی اولاد پائے گی۔ **فائدہ نمبر 7:** خون کی خرابی' الرجی' منہ پر دانے کیل ہوں ''نورتن شفاء'' خون کو صاف شفاف رکھتی ہے۔ **فائدہ نمبر 8:** شوگر جیسا نامراد مرض بھی نورتن شفاء کے مستقل استعمال کرنے سے ختم ہوجاتا ہے۔ **فائدہ نمبر 9:** یورک ایسڈ' یوریا' اعصابی درد' جوڑوں کی دردیں' پٹھوں کے درد نیز تمام جسمانی دردوں کیلئے ''نورتن شفاء'' بہترین کام کرتی ہے۔ **اضافی فوائد:** کسی بھی قسم کی آئندہ بیماری سے بچنے کیلئے صرف چنے کے برابر گولی صبح وشام خود بھی کھائیں اور نسلوں کو بھی دیں۔ (قیمت صرف 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

گردی

ڈائیلاسز ختم کرنے کا آزمودہ اور آخری حل

پتھری کے مریض ضرور آزمائیں اور شفاء پائیں

جن کے گردے کمزور ہوگئے ہوں اور ان کی یوریا' یورک ایسڈ اور کریٹینن بڑھ گئی ہو اور مریض ڈائیلاسز کے قابل ہوچکا ہو یا مسلسل ڈائیلاسز ہورہے ہوں ''گردی'' اس وقت بہت ہی کام کرتا ہے۔ بے شمار لوگوں نے اس کو سالہاسال سے آزمایا ہے۔ گردے' مثانے کی پرانی پتھری کا مسئلہ ہو جو کئی بار آپریشن کے بعد بھی بار بار بن جاتی ہو یا مسئلہ گردے کی درد' پیشاب کی بندش یا رکاوٹ یا پیشاب قطرے قطرے کی شکل میں آنا۔ جسم پر اور چہرے پر ورم یا پھر پتھری ٹوٹ کر پیشاب کی نالی میں اٹک گئی ہو۔ مریض درد کی شدت میں بے قرار اور تڑپ رہا ہو۔ ایسے تمام پیچیدہ عوارضات میں ہمارا خالص قدرتی جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ''گردی'' عظیم تریاق اور شفاء ہے۔ حتیٰ کہ گردے کے مریض کو جہاں شفاء یابی کا ذریعہ بنتی ہے وہاں مرض کی وجہ سے کمزوری' ضعف اور نقاہت کو فوری ختم کرتی ہے۔ مختصر مقدار خوراک کوئی لمبی چوڑی دوائی نہیں۔ بس آدھا چمچ چھوٹا چائے والا' مرض کی شدت میں ہر گھنٹے کے بعد عام حالات میں آدھا چمچ سے ایک چمچ چھوٹا دن میں دو سے چھ بار ہمراہ پانی۔ حسب طبیعت خوراک کم زیادہ کرسکتے ہیں۔ کھانے سے پہلے یا بعد کی شرط نہیں۔ چند دن، چند ہفتے استعمال کریں۔ (قیمت: 230 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

مختصر دوائی' فائدے بے شمار

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت	نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	70/-	43	شفاء حیرت سیرپ	120/-
2	آگ شفاء	80/-	44	شہد ایک کلوگرام	700/-
3	اکسیر البدن	300/-	45	شہد 330 گرام	240/-
4	الرجی نزلہ کورس	600/-	46	شوگر کورس	800/-
5	اصلاح معدہ پیکیج	440/-	47	طب نبوی حسن وجمال کریم	300/-
6	السر کورس	400/-	48	طب نبوی ہیئر آئل	300/-
7	بواسیر کورس	500/-	49	طب نبوی انمول ہیئر پاؤڈر	120/-
8	برص پھلبہری کورس	500/-	50	عروسی سہاگ کورس	5000/-
9	بے اولادی کورس	2500/-	51	عرق موٹاپا شفاء	350/-
10	بے اولادی پاؤڈر	500/-	52	فشاری گولیاں	200/-
11	بنفشی قہوہ	120/-	53	فٹنس پیکیج	600/-
12	بستر پیشاب شفاء	120/-	54	فٹنس فولاد ٹانک	120/-
13	بلڈ پریشر شفاء سیرپ	120/-	55	کراماتی تیل	200/-
14	پیشاب کنٹرول کورس	400/-	56	کان شفاء	70/-
15	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-	57	کولیسٹرول سے نجات (کورس)	600/-
16	پوشیدہ کورس	600/-	58	کرنٹ مالش	500/-
17	پیچش شفاء	120/-	59	کمر' جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	800/-
18	پتہ پتھری شفاء	90/-	60	گیس' بدہضمی' تبخیر کورس	600/-
19	تندرستی ٹانک	440/-	61	گردے فیل شفاء	150/-
20	ٹھنڈی مراد	120/-	62	گردی	230/-
21	ٹھنڈک پیکیج	500/-	63	گلٹیاں رسولیاں ٹیومر سے نجات کورس	500/-
22	جوہر شفاء مدینہ	150/-	64	قد دراز کورس	500/-
23	چلڈ[illegible] سیرپ	120/-	65	قبض کشا	120/-
24	چوٹ شفاء	100/-	66	قوتی گولیاں	500/-
25	چہرہ شفاء	150/-	67	لاجواب حافظہ پیکیج	670/-
26	حسن شفاء سیرپ	120/-	68	لیکوریا شفاء	120/-
27	خون صفاء پاؤڈر	120/-	69	معجون شفاء یابی	500/-
28	خاتون شفاء (سیرپ)	120/-	70	مرہم سکون	70/-
29	خون روک شفاء	120/-	71	موٹاپا کورس	600/-
30	خون افزاء ٹانک	120/-	72	مشروب عبقری افزاء	200/-
31	دیسی کریم	500/-	73	معجون مراد	1100/-
32	دم والا شہد' دوائی	900/-	74	معذور شفاء ٹانک	500/-
33	ڈیپریشن پیکیج	490/-	75	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
34	روحانی پھکی	30/-	76	ناک شفاء	100/-
35	روحانی عطر	240/-	77	نشاطی (جدید)	520/-
36	روشن دماغ ٹانک	250/-	78	نوجوان شفاء	120/-
37	زرغوانی نقرائی	2200/-	79	نیو طاقتی	640/-
38	ستر شفائیں	250/-	80	نورتن شفاء	150/-
39	سکون افزاء شوگر فری سیرپ	120/-	81	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
40	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	320/-	82	ہارمونز شفاء	300/-
41	سچا منجن	70/-	83	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
42	سچی دوائے اولادی کیلئے	100/-	84	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	120/-
43	سدابہار حسن وخوبصورتی پیکیج	840/-	85	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	320/-
			86	ہاضم خاص پاؤڈر	200/-
			87	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-
			88	جانور شفاء (صرف جانوروں کیلئے)	130/-

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 4 جلد نمبر 12 اکتوبر 2017ء محرم الحرام 1439 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور اکتوبر 2017ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی' محمد محسن انصاری' میاں محمد طارق' امتیاز حیدر اعوان' راشد شمسی

قیمت فی شارہ 50 روپے — سالانہ ممبر شپ 1080 روپے رجسٹرڈ ڈاک — بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: اپنی تنظیم اس طور کیجئے کہ کسی پر بھروسہ کرنے کی ضرورت نہ رہے۔ یہی آپ کا واحد اور بہترین تحفظ ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم کسی کے خلاف بدخواہی یا عناد رکھیں۔ اپنے حقوق اور مفاد کے تحفظ کے لیے وہ طاقت پیدا کریجئے کہ آپ اپنی مدافعت کر سکیں۔ (اجلاس مسلم لیگ' لاہور۔ 23 مارچ 1940)

مسلم اول شہ مرداں علیؓ	عشق را سرمایۂ ایماں علیؓ
از ولائے دودمانش زندہ ام	در جہاں مثل گہر تابندہ ام

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے' یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرا دیں۔ شکریہ!

رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آ رہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

E mail:contact@ubqari.org | 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 فون / فیکس

اخلاص والوں کے لیے خوشخبری: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص دوسروں پر فخر کرنے کیلئے' مال دار بننے کیلئے' نام ونمود کیلئے دنیا طلب کرے اگر حلال طریقے سے ہو وہ اللہ کے سامنے اس حالت میں حاضر ہوگا کہ اللہ تعالیٰ اس سے سخت ناراض ہوں گے اور جو شخص دنیا حلال طریقے سے اس کیلئے حاصل کرے تاکہ دوسروں سے سوال نہ کرنا پڑے اور اپنے گھر والوں کیلئے روزی حاصل کرسکے اور اپنے پڑوسی کے ساتھ احسان کرسکے تو وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتا ہوا ہوگا۔ (بیہقی)۔ **عرش کا سایہ:** حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کسی تنگدست کو مہلت دے یا اس سے اپنا حق معاف کردے اللہ تعالیٰ اس کو قیامت میں اپنے عرش کا سایہ عطا فرمائیں گے۔ **امت کی مدد:** حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس امت کی مدد (اس کی قابلیت اور صلاحیت کی بنیاد پر نہیں فرماتے بلکہ) کمزور اور خستہ حال لوگوں کی دعاؤں' نمازوں اور ان کے اخلاص کی وجہ سے فرماتے ہیں۔ (نسائی)۔ **فتنے دور ہوں گے:** حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: اخلاص والوں کیلئے خوشخبری ہو کہ وہ اندھیروں میں چراغ ہیں ان کی وجہ سے سخت سے سخت فتنے دور ہوجاتے ہیں۔ (بیہقی)

ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا



موجِ فقیر دی

کبھی بیٹھ کر سوچتا ہوں کہ آخر مخلوق اتنی پریشان کیوں ہے؟ لٹریچر ہے' کتابیں ہیں' ریسرچ ہے' سائنس ہے' کمپیوٹر ہے' ایک سوچ آن کرنے میں سارا گھر' سارا محلہ' ساری سوسائٹی اور سارا شہر آن اور ایک سوچ آف کرنے میں سب کچھ آف ہوجاتا ہے' گاڑیاں' سہولت' جہاز' راکٹ' لانڈری' واشنگ مشین' فریج' اے سی' سہولیات کی انتہا اور بھرمار ہے لیکن بے سکونی کی انتہا بھی ہے اور بھرمار بھی ہے' بس یہی بات سمجھ نہیں آتی کہ آخر اتنی بے سکونی کیوں ہے؟ اتنی بے چینی کیوں ہے؟ خودکشیاں کیوں بڑھ رہی' طلاقوں کی شرح میں اضافہ کیوں ہورہا' گھر گھر میں لڑائی جھگڑا' بے چینی' نفرتیں' مار کٹائی' خون ریزی آخر کیوں ہے؟ گھروں میں لڑکیوں اور عورتوں کو آگ لگنے کے واقعات کس طرح اور کیوں بڑھ رہے ہیں؟ ہمارا ایک جسم ہے اور دوسری روح ہے' جسم کی فٹنس کیلئے تمام لیبارٹریاں' آلات' ٹیسٹ' بلڈ پریشر کا آلہ' شوگر کیلئے حساس چیزیں' لیکن روح کو تولنے کیلئے اور روح کی غذا کیلئے نہ کوئی آلہ نہ کوئی غذا' آخر وہ کونسی چیز جس سے روح زندہ ہو جس سے روح پروردہ ہو اور جس سے روح تابندہ ہو' آخر کیوں پریشان حال بندہ چرچ' گردوارہ' مندر' دربار' مسجد وغیرہ میں جاتا ہے' ہر فرد اپنے مذہب کی عبادت گاہوں کی طرف رخ کرتا ہے اور اپنے مذہب کے رہبروں سے ملاقاتیں کرکے ان سے دعائیں لیتا ہے یا منتر یا ورد لیتا ہے یا وظیفہ لیتا ہے' معلوم ہوا روح کی بھی کچھ ضروریات ہیں اور جسم کی بھی کچھ ضروریات ہیں جسم کی ضروریات زمین سے پیدا ہونے والی چیزیں ہیں اور روح کی ضروریات آسمان سے اترنے والی نعمتیں ہیں کیونکہ جسم زمین میں جائے گا' مٹی نے مٹی ہونا ہے چاہے وہ جل کر ہو یا گل کر ہو اور روح سدا زندہ و تابندہ ہے' یہ کبھی نہ جلے نہ گلے نہ ویران ہو' روح ہمیشہ شاد و آباد زندہ و تابندہ رہے' روح کی دنیا ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی' ہمیں روح کی دنیا کیلئے آخر کیا کرنا چاہیے' ہمیں روح کی دنیا کیلئے کیسے سوچنا چاہیے۔ مجھے ایک گورا ملا' وہ صحرا کے قلعہ ڈیراور میں سیر و تفریح کیلئے آیا تھا' یہ بہت پرانی بات ہے باتوں ہی باتوں میں مجھے کہنے لگا: افسوس یہ ہے کہ آپ کے پاس روح ہے اور ہمارے پاس جسم ہے' آپ روح کیلئے کوشش کرتے ہیں لیکن ہم جسم کیلئے بھی پوری کوشش نہیں کرسکتے' جب تک ہمارے جسم اور ہماری طبیعتوں میں روح کیلئے محنت اور کوشش کا مزاج پیدا نہیں ہوگا ہم ترقی نہیں کرسکتے' آپ سوچیں گے ہماری ترقی چاند اور مریخ تک ایٹم اور راکٹ تک ہے جس ترقی کے بعد انسان موت مانگے اور منہ مانگی موت خودکشی کے نام پر چاہے معلوم ہوا وہ بے سکون ہے' بے چین ہے' پریشان ہے ترقی تو اس کے پاس نہ ہوئی اور وہ ترقی سے ہمیشہ دور رہا' ترقی تو کہتے ہی اسے ہیں جس میں انسان کو سکون ہو' چین ہو راحت ملے اور طبیعت اور جسم میں عافیت ہو' اسے ترقی اور کامیابی کہتے ہیں' ایک فرد تاج محل میں رہتا ہے لیکن پریشان ہے اور دوسرا شخص جھونپڑی میں رہتا ہے لیکن پرسکون ہے تو قارئین آپ کا کیا خیال ہے کہ شاندار زندگی کس کی ہے؟ زندگی کے دو حصے اور کرلیجئے ایک شاندار دوسرا جاندار بظاہر شاندار ہے لیکن جاندار نہیں' اس میں سکون' چین' راحت' خوشیاں' کامیابیاں' عزتیں' وقار اور عافیت نہیں وہ زندگی بے کار اس کی آواز بے کار ہے' زندگی ہے وہی کہ جس کے اندر بے سکونی نہ ہو اور بے چینی نہ ہو' آپ نے اکثر رکشوں اور گاڑیوں کے پیچھے ایک لفظ لکھا ہوا دیکھا ہوگا کہ "موج فقیر دی" یعنی فقیروں ہی کی موجیں ہوتی ہیں اور فقیروں سے مراد بھیک مانگنے والے بھکاری نہیں بلکہ وہ جو اللہ کے سامنے ذکر کے ذریعے' درود پاک کے ذریعے' اعمال کے ذریعے' نوافل کے ذریعے اور کچھ وقت نماز اور تسبیح میں اللہ کو دینے کے ذریعے بھکاری اور فقیر بن جاتے ہیں ان کی موج ہوتی ہے' ان کی زندگی میں چین' سکون' راحت' رحمت اور برکت ہوتی ہے' آئیں! ہم فقیر کی موج سے کچھ حصہ لیں اور فقیر کی موج سے کچھ حصہ لے کر انسانیت کو بانٹیں۔ آج انسانیت کے پاس سب کچھ ہے سکون نہیں' ڈگریاں ہیں چین نہیں' بنگلے ہیں راحت نہیں' سواریاں اور گاڑیاں ہیں اطمینان نہیں' کیا خیال ہے؟ اطمینان اگر چاہیے اور سکون اگر چاہیے تو وہ صرف اور صرف آپ کو اللہ کے نام ہی سے ملے گا اور اللہ کو کچھ وقت دینے سے ہی ملے گا اگر اللہ کو کچھ وقت نہ دیا تو پھر بیت الخلاء میں اے سی' پنکھا یا کم از کم بہت دیر بیٹھنے کیلئے ایگزاسٹ لگانا بہت ضروری ہے اور جو وقت مصلے پر لگنا تھا وہ ٹائلٹ میں لگے گا ورنہ خدانخواستہ کچہریوں' تھانوں' عدالتوں' قطاروں میں اور ہسپتالوں میں لگ سکتا ہے۔ لہٰذا وقت بچائیں اور فقیر کی موج سے کچھ حصہ لیں' روح کی سنیں بھی' روح کیلئے سوچیں بھی اور روح کو کچھ وقت بھی دیں ذکر کے ذریعے' کسی کی خدمت کرکے' کسی کو تسلی دے کر' کسی کی ضرورت پوری کرکے' چاہے وہ کسی مذہب' فرقے یا زبان کا ہے' آیئے! فقیر کی موجیں ہمارا انتظار کررہی اور فقیر کی موج سے ہم بھی کچھ حصہ لیں۔

اعتماد ایک روح کی طرح: اعتماد ایک روح کی طرح ہوتا ہے ایک دفعہ چلا جائے تو پھر واپس نہیں آتا۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درس روحانیت و امن

آئیے! اپنے حصہ کی نیکی کر جائیں

میسر کو مؤثر بنانا: اصل میں ہم من حیث القوم مردہ پرست ہو گئے ہیں۔ جب کوئی اللہ والا موجود ہوتا ہے تو اس کی قدر نہیں کرتے، پھر جب وہ اس دنیا سے رخصت ہو جاتا ہے تو بیٹھ کر روتے ہیں۔ یاد رکھیے گا! ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہوتا ہے اور وہ نعمت اس وقت وافر ہوتی ہے، بس اُس وقت اس نعمت سے استفادہ کر لینا اس نعمت کی قدردانی ہوتی ہے، بس جو قدر کرتا ہے اس وقت وہ پا لیتا ہے، وہ نعمت اس وقت میسر ہوتی ہے۔ یہ جملہ انتہائی قابل توجہ ہے ''میسر کو مؤثر کرو''۔ زندگی میسر ہے مؤثر بنالو، سانسیں میسر ہیں مؤثر بنالو، آج صحت میسر ہے مؤثر بنالو، آج وقت ہے، آج دولت ہے، مال ہے، کھانا ہے، چیزیں ہیں، گھر ہے جس کو میسر ہے اس کو مؤثر بنالو، آنکھیں دیکھ رہی ہیں اس دیکھنے کو مؤثر بنالو۔ میں نے ایک صاحب کو فون کیا، میں نے کہا: وہ فلاں پروفیسر صاحب! انہوں نے بات پوری نہ ہونے دی بیچ میں ہی کہنے لگے: آپ کو علم ہے! وہ آنکھوں سے نابینا ہو گئے ہیں۔ میں نے کہا: ہاں علم ہے کہ وہ آنکھوں سے نابینا ہو گئے ہیں۔ میرے کلاس فیلو تھے وہ ٹیچر بن گئے اور میں اس لائن میں آ گیا۔ مجھے ان کا ایک شاگرد کہنے لگا: میرے استاد کی آنکھیں ختم ہو گئی ہیں۔ میں نے پوچھا کس کی؟ کہنے لگا: رانا صاحب کی۔ میں نے کہا: وہ تو میرے کلاس فیلو ہیں، چلو ان کے پاس چلتے ہیں۔ ان کے ہاں پیغام بھجوایا، بڑے خوش ہوئے وہی طارق ہوگا، لیکن اب میں تجھے دیکھ نہیں سکتا، ہم آٹھویں کلاس میں اکٹھے تھے۔ پھر میرے چہرے پر ہاتھ پھیرنے لگے، کہنے لگے اب تیرے چہرے پر داڑھی بھی ہے، آٹھویں میں تیری ڈاڑھی بھی نہیں تھی۔ یہ حسرتوں کے الفاظ ہیں آج میسر ہیں مؤثر بنالیں۔ آنکھیں، سوچیں یہ نیک صحبتیں، یہ اللہ والوں کے تذکرے، یہ اللہ والوں کی مجالس، اللہ والو! یہ آج میسر ہے اس کو مؤثر بنالو آج وہاں جانے کی توفیق بھی ہے اور یہاں آنے کی توفیق بھی ہے۔ **اپنے حصہ کی نیکی کر جائیں:** آپ بھی اپنا سودا بیچا کرو۔ بس میں بیٹھے چورن والا اپنا چورن بیچ کر گیا، کھانسی کی گولیوں والا ''ساری رات بابا کھنگ دا اے'' وہ اپنی کھانسی کی گولی بیچ کر گیا، ٹکی والے نے اپنی ٹکی بیچی، بس والے نے اپنا کرایہ لیا تو ہم نے کیا سودا بیچا! ہر بندہ اپنا کھوٹا یا کھرا سودا بیچ کر جاتا ہے۔ ہمارے پاس کملی والے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سچا کلمہ ہے۔ کلمے سے سچی چیز اس دنیا میں کونسی ہے؟ کیا ہمارے آقا گنبد خضریٰ مدینے والے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سچی کھری کوئی ہستی دنیا میں ہے؟ ہم نے وہ سودا بیچا ہی نہیں، اللہ جل شانہٗ کی محبت اور سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تعلق کے دو بول کسی کو سنا دیں ان دو بولوں میں کیا پتہ کس کا مقدر بدل جائے، ہم نے تو بدلتے دیکھا ہے کیا پتا وہ قبولیت کا وقت ہو اور کیا خبر اسے سو بندوں نے کہا ہو اُس وقت ان کی زندگی بدلنے کا وقت ہو، وہ تمغہ تجھے مل جائے، کیا خبر اس وقت اس کا دل دکھی ہو، ہمارے دو لفظ اس کیلئے مرہم بھی بن جائیں اور اللہ کی طرف رجوع اور لوٹ جانے کا ذریعہ بن جائیں۔ **خدا کی محبت پانے کا خداوندی نسخہ:** حضرت داؤد علیہ السلام نے پوچھا ''یا اللہ تیری محبت اور پانا چاہتا ہوں، تیرا اور محبوب بننا چاہتا ہوں یا اللہ کوئی اس کا نسخہ بتا دے'' اللہ تعالیٰ نے فرمایا: داؤد میرے روٹھے ہوئے بندوں کو مجھ سے ملا دے میرا اور محبوب بن جائے گا۔ شہر میں اعلان ہوا بچہ اس رنگ کا ہے، ایسا چولا پہنا ہوا ہے، ایسی قمیض پہنی ہوئی ہے، ایسے اس طرح سے ہے، نام یہ بتاتا ہے، اب ماں بیٹھی رو رہی ہے سارے شہر میں ڈھونڈورا پٹ رہا اور سارا شہر دیوانہ ہو گیا، ایک بندہ اٹھا اس نے کہا اس کی ماں تا پریشان ہوگی ڈھونڈتے ڈھونڈتے بچہ مل گیا، بچے کو کندھے پر اُٹھایا، گھر تلاش کرتے کرتے اس بچے کے گھر پہنچا گھر میں لوگ اکھٹے ہیں، بچہ اغوا ہو گیا ہے یا گم ہو گیا ہے۔ بچے کو دور سے دیکھا تو ماں نے بھاگ کر اسے جھپٹ لیا، سینے سے لگایا لیکن چند ہی لمحوں کے بعد بچے کو بھول گیا جو بچے کو لانے والا محسن تھا اس کی عزت واحترام شروع ہو گئی جو بچے کو لے کر آیا اس کا اعزاز ایسا ہے تو جو اللہ کے بندے کو اللہ کے پاس لائے گا اس کی عزت وتکریم کیا ہوگی۔ جن ہوٹلوں پر کوچ کھڑی ہوتی ہے اس کوچ کے ڈرائیور اور کنڈیکٹر کا کھانا مفت ہوتا ہے اور پھر ڈنکے کی چوٹ پر چائے، گرم روٹی آتی ہے، کڑاہی آتی ہے، یقیناً آپ کا مشاہدہ ہوا ہوگا۔ ایک بس لے جانے والے کا تو یہ احترام ہو اور قیامت کے دن وہ شخص کیسا ہوگا! جو اکیلا ہوگا ہاتھ میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا جھنڈا ہوگا، عشق نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جھنڈا ہوگا اور پیچھے ایک ہجوم ہوگا اور لوگ پوچھیں گے۔ روایات کتابوں میں آتا ہے کہ لوگ پوچھیں گے کہ کیا کوئی نبی ہے؟ نہیں! سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وہ امتی ہے جو امت کیلئے روتا بھی تھا اور اللہ کی محبت میں چلاتا بھی تھا آج یہ سارا کا سارا لشکر، یہ سب کے سب جنت کی طرف جا رہے ہیں۔ **پہلے دل ساتھ نہیں دیتا تھا، اب جسم ساتھ نہیں دیتا:** ہمارے ایک پی ٹی ٹیچر تھے۔ سگریٹ پیتے تھے اور ناک سے دھواں نکالتے تھے سگریٹ منہ سے نکالتے ہی نہیں تھے ناک سے دھواں نکال رہے ہوتے تھے گالیاں بھی بہت دیتے تھے، مارتے بھی بہت تھے، پی ٹی کرواتے تھے میں اکثر ان کی گلی سے گزرتا ہوں، وہ اب ریٹائر ہو گئے ہیں، گلی میں ایک کریانے کی دکان کی بینچ پر بیٹھے ہوتے تھے۔ میرا جب بھی گزر ہوتا تو وہ اکثر یہی کہتے: ''تو میرا واحد شاگرد ہے جو مجھے سلام کرتا ہے۔'' میں نے ایک دفعہ ہنستے ہنستے کہہ دیا کہ: سر آپکی گالیاں بھول گیا ہوں کہنے لگے یار ''پتا تو ہے کہ مجھے بلڈ پریشر ہو جاتا ہے۔'' سلام کرتا، حال احوال لیتا، ان کو کوئی اللہ کی محبت کا پیغام دیتا، کچھ اللہ کے تعلق والی زندگی کی خبر انہیں عرض کرتا رہتا تھا۔ پی ٹی ماسٹر صاحب کو کچھ عرصہ بعد دیکھنا چاہا تو وہ وہاں موجود نہیں تھے۔ (جاری ہے)

اتنا سکون کہ بیان نہیں ہوسکتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو ہر طرح سے اپنے حفظ وایمان میں رکھیں اور دنیا وآخرت کی تمام بھلائیاں آپ کے والدین‘ آپ کے مرشد اور آپ کے تمام بزرگوں کو عطا فرمائے۔ آمین! میں ماہنامہ عبقری کے گزشتہ کئی سال سے قاری ہوں۔ اس کے علاوہ میں ہر جمعرات کو تسبیح خانہ لاہور میں مغرب سے عشاء تک ہونے والے درس روحانیت وامن میں ضرور شریک ہوتی ہوں۔ میں ڈیپریشن کی ماری ہوئی تھی‘ کیا بتاؤں حکیم صاحب! کتنا سکون ملتا ہے‘ شاید میں بیان نہ کر سکوں۔ میرے گھریلو مسائل بہت زیادہ تھے‘ میں خود تئیس سال سے مختلف امراض میں مبتلا تھی‘ مگر اب الحمدللہ ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں حاضری ہوتی ہے‘ وہاں اسم اعظم کا ذکر ہوتا ہے اور دعا ہوتی ہے تو اس وجہ سے میرے تمام مسائل حل ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ میں بچے بہت زیادہ چڑچڑے مزاج کے ہوتے جا رہے تھے انہیں بھی ساتھ لے جاتی ہوں الحمدللہ انہوں نے آپس میں لڑائی جھگڑا کرنا ختم کر دیا ہے اور اتفاق سے رہتے ہیں۔ (ر،ش)

مقوی معدہ و جگر: زیرہ سیاہ ایک ماشہ لونگ ایک ماشہ باریک پیس کر سالن میں ملا کر کھانا مقوی معدہ اور مقوی جگر ہوتا ہے۔

غیبی آوازیں سننے والے عاشق رسول ﷺ کی کرامات

ابو لبیب شاذلی

آپ کی آواز اور لہجہ میں اتنی زبردست کشش تھی کہ اس کو کرامت کے سوا اور کچھ بھی نہیں کہا جاسکتا۔ حضرت امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھتے تو فرماتے: ''اے ابو موسیٰ ہم کو اپنے رب کی یاد دلاؤ''

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ یمن کے باشندے تھے' مکہ مکرمہ میں آکر اسلام قبول کیا۔ پہلے ہجرت کر کے حبشہ چلے گئے' پھر حبشہ سے کشتیوں پر سوار ہو کر تمام مہاجرین حبشہ کے ساتھ آپ بھی تشریف لائے اور خیبر میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے 20 ہجری میں ان کو بصرہ کا گورنر مقرر فرمایا اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت تک یہ بصرہ کے گورنر رہے۔ 52 ہجری میں آپ کی وفات مکہ مکرمہ میں ہوئی۔ (اکمال ص 618)

غیبی آواز سنتے تھے: آپ کی یہ ایک خاص کرامت تھی کہ غیبی آوازیں آپ کے کان میں آیا کرتی تھیں چنانچہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سمندری جہاد میں امیر لشکر بن کر گئے۔ رات میں سب مجاہدین کشتیوں پر سوار ہو کر سفر کر رہے تھے کہ بالکل ناگہاں اوپر سے ایک پکارنے والے کی آواز آئی: ''کیا میں تم لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے اس فیصلہ کی خبر دے دوں جس کا وہ اپنی ذات پر فیصلہ فرما چکا ہے؟ یہ وہ ہے کہ جو اللہ تعالیٰ کیلئے گرمی کے دنوں میں پیاسا رہے گا۔ اللہ پر حق ہے کہ پیاس کے دن (قیامت) میں ضرور ضرور اس کو سیراب فرما دے گا۔'' (حجۃ اللہ ج 2، ص 872 بحوالہ حاکم)

لحن داؤدی: آپ کی آواز اور لہجہ میں اتنی زبردست کشش تھی کہ اس کو کرامت کے سوا اور کچھ بھی نہیں کہا جاسکتا۔ حضرت امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھتے تو فرماتے: ''اے ابو موسیٰ ہم کو اپنے رب کی یاد دلاؤ'' یہ سن کر حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قرآن شریف پڑھنے لگتے ان کی قرأت سن کر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قلب میں ایسی نوری تجلی پیدا ہو جاتی کہ انہیں دنیا سے دوری اور اپنے رب کی حضوری نصیب ہو جاتی تھی۔

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قرأت سن تو ارشاد فرمایا کہ حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سی خوش الحانی اس شخص کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کی گئی ہے۔ (کنز العمال ج 16 ص 218)

خشک نالہ میں ناگہاں سیلاب: حضرت غالب بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وطن مکہ مکرمہ ہے اور یہ فتح مکہ سے پہلے ہی مسلمان ہو گئے تھے۔ فتح مکہ میں یہ حضور اقدس شہنشاہ کونین ﷺ کے ہمرکاب تھے اور آپ نے ان کو مکہ مکرمہ کے راستوں کے درستی اور کفار کے حالات کی جاسوسی کے کام پر مامور فرمایا۔ پھر فتح مکہ کے بعد ساٹھ سواروں کا افسر بنا کر آپ نے ان کو مقام کدید میں بنی الملوح سے جنگ کیلئے بھیجا۔

حضرت جندب بن مکیث جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت غالب بن عبداللہ لیثی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک چھوٹے لشکر کا امیر بنا کر جہاد کیلئے بھیجا۔ میں بھی اس لشکر میں شامل تھا۔ ہم لوگوں نے مقام ''کدید'' میں قبیلہ بنی الملوح پر حملہ کیا اور ان کے اونٹوں کو مال غنیمت بنا کر واپس آنے لگے۔ ابھی ہم لوگ کچھ دور ہی چلے تھے کہ بنو الملوح کے تمام قبائل کا ایک بہت بڑا لشکر ہو کر ہمارے تعاقب میں آگیا۔ ہم لوگ ایک نالے کے پار آگئے جو بالکل ہی خشک تھا اور ہم لوگوں کو بالکل ہی یقین ہو گیا کہ اب ہم لوگ ان کافروں کے ہاتھوں میں گرفتار ہو جائیں گے مگر کفار جب نالہ کے پاس آئے تو باوجودیکہ نہ بارش ہوئی نہ بدلی کسی طرف سے نظر آئی' اچانک نالہ پانی سے بھر گیا اور اس زور و شور سے پانی کا بہاؤ تھا کہ اس نالہ کو پار کرنا انتہائی دشوار تھا چنانچہ کفار کا لشکر نالہ کے پاس ٹھہر گیا اور ایک کافر بھی نالہ کو پار نہ کر سکا اور ہم لوگ نہایت ہی اطمینان اور سلامتی کے ساتھ مدینہ منورہ پہنچ گئے۔ (حجۃ اللہ ج 2، ص 872 بحوالہ ابن سعد) خشک نالہ میں اچانک پانی بھر جانا یہ حضرت غالب بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کرامت ہے اور ان کی اسی کرامت کی وجہ سے تمام صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی جان بچ گئی۔

زیادہ آزمائشیں کس پر آتی ہیں؟: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے حضور اقدس ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! لوگوں میں سب سے زیادہ آزمائشیں کس پر آتی ہیں؟'' حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ''سب سے زیادہ آزمائشیں انبیاء (علیہ الصلوٰۃ والسلام) پر اور پھر نیک لوگوں پر اور پھر ان کے مثل لوگوں پر آتی ہیں' آدمی کو اس کے دین کے اعتبار سے آزمایا جاتا ہے' اگر وہ دین میں مضبوط ہو تو اس کے آزمائش میں زیادتی کر دی جاتی ہے اور اگر وہ دین میں کمزور ہو تو اس کی آزمائش میں بھی کمی کر دی جاتی ہے۔ بندے پر مصائب اور آزمائشیں آتی رہتی ہیں یہاں تک کہ وہ زمین پر اس حال میں چلتا ہے کہ اس کے ذمہ ایک گناہ بھی نہیں ہوتا۔'' (رواہ احمد' 1400)

حضور نبی کریم ﷺ کا کھانا مبارک: حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور ﷺ کے پاس کھانا لایا گیا جو ایک بڑے برتن میں تھا۔ حضور ﷺ نے اس میں سے کھانا تناول فرمایا لیکن اس میں سے کچھ کھانا بچ گیا۔ اس موقع پر حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا: 'اس کشادہ راستہ سے ایک جنتی آدمی آئے گا جو اس باقی ماندہ کھانے کو کھائے گا'' حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے بھائی عمیر رضی اللہ عنہ کو وضو کرتا چھوڑ آیا تھا اور میرا خیال تھا کہ وہی آکر اس (مبارک) کھانے کو کھائیں گے لیکن حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور اس (مبارک) کھانے کو تناول فرما لیا۔ (رواہ احمد 1379)

اُوچ شریف سے ملا شوگر کا کامیاب علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ درس و تدریس کا کام کرتا ہے اور ایک ادارہ میں 1986ء سے تعینات ہے۔ آپ کی کتب بڑے شوق سے پڑھتا ہوں اور میرے پاس محفوظ ہیں جنہیں وقتاً فوقتاً پڑھتا رہتا ہوں۔ ہر ماہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ اس میں موجود ٹوٹکے اور وظائف نے بے شمار کا بھلا کیا اور الحمدللہ مجھے بہت فوائد ملے۔ آج سے کچھ عرصہ قبل ذیابیطس (شوگر) کے علاج کے طور پر ایک نسخہ اوچ شریف سے ایک ساتھی نے دیا جو درج ذیل ہے:۔ **ھوالشافی:** گڑمار' جامن گٹھلی' پہاڑی کریلا' کڑوے جو تمام ایک ایک چھٹانک۔ سناء مکی۔ پودینہ اور کلونجی تمام آدھ چھٹانک ان تمام ادویات کو کوٹ کر سفوف بنا کر کیپسول میں بھر لیں۔ اس کے علاوہ نو عدد بادام کی گریاں' اکیس عدد کالی مرچ کو چبا کر کھائیں اور ساتھ درج بالا کیپسول ہمراہ پانی استعمال کریں۔ ان شاء اللہ صرف پچاس دنوں میں لبلبہ خوب کام کرے گا اور شوگر بالکل ختم ہو جائے گی۔ (عبدالرشید بلال' مظفر گڑھ)

ہر کسی کی نگاہ میں محترم و معزز: ہر نماز کے بعد اسم یَاحَمِیْدُ کو سو مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کو لوگوں کی نگاہ میں محترم و معزز بنائے گا۔

خدارا! اپنے بچے کا گلا تو نہ دبائیے

مسعود احمد برکاتی

بات چیت اور رویہ میں غصے‘ جھنجھلاہٹ‘ اکتاہٹ‘ چڑچڑے پن اور کھردرے پن کا ثبوت نہ دیجئے۔ بچہ آپ ہی سے سیکھتا ہے۔ آپ ہی کی نقل کرتا ہے اور ہر بات میں ویسا ہی ردعمل ظاہر کرنے کی کوشش کرتا ہے جیسا آپ کرتے ہیں۔

اپنا بچہ کس کو پیارا نہیں ہوتا۔ پیار و محبت کی شدت ہی کا ایک پہلو یہ ہے کہ ہم اس کی ضرورت سے زیادہ دیکھ بھال اور نگرانی کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اس کو کسی قسم کا ضرر نہ پہنچے جسمانی طور پر بھی وہ تندرست رہے اور ذہنی و جذباتی لحاظ سے بھی صحت مند۔ اس کا کردار‘ اس کی عادات اچھی ہوں اور وہ بڑا ہو کر ایک مہذب‘ متوازن اور کامیاب انسان بنے۔ شاید اسی شدت آرزو ہی کا نتیجہ ہوتا ہے کہ ہم بچے کو متوازن بنانے کی کوشش میں خود متوازن نہیں رہتے اور اکثر و بیشتر تنبیہ و تحدید میں حد سے زیادہ آگے بڑھ جاتے ہیں اور زیادہ تر منفی پہلو ہی اختیار کرتے ہیں۔ غالباً تصور یہ ہوتا ہے کہ اگر بچے کو بُری عادات سے بچالیا جائے تو سمجھئے اس کی تربیت کا حق ادا ہوگیا۔ چنانچہ ہماری تربیت کا انداز عموماً یہ ہوتا ہے کہ یہ نہ کرو‘ یہ کام نہیں کرتے‘ یہ کام اس طرح نہ کرو‘ یہ کیوں کیا؟‘ یہ کیا کردیا۔

اس انداز مخاطب و تادیب کا تجزیہ کیجئے تو صرف دو اجزاء آپ کو نظر آئیں گے ایک نفی‘ دوسرا تحکم‘ مجھے کہنے دیجئے کہ یہ دونوں اجزا تعمیر کے نہیں تخریب کے ہیں۔ اور تربیت کے لیے سخت مضر‘ آپ کا مقصد تو نہایت نیک ہے یعنی آپ چاہتے ہیں کہ اپنے بچے کو انسان بنائیں لیکن معاف کیجئے آپ کا طریقہ موزوں نہیں ہے‘ آپ جو کچھ چاہتے ہیں اس کیلئے طریقہ موزوں نہیں ہے آپ جو کچھ چاہتے ہیں اس کیلئے طریقہ بھی وہی اختیار کیجئے جو کامیاب ہو‘ آپ تعمیر چاہتے ہیں۔ انداز بھی تعمیری ہو جہاں تک ممکن ہو بچے کو تعمیری مشورے دیجئے۔

ایک غلط کام سے ایک غلط لفظ سے روکنا ہو تو بجائے یہ کہنے کہ ”یوں نہ کرو“ اس طرح نہیں بولتے! آپ اس کو یہ بتائیے کہ یہ کام اس طرح کرتے ہیں یا صحیح لفظ یہ ہے‘ آپ کے اس کہنے میں بھی تحکم نہ ہو بلکہ مشورہ کا انداز ہو۔

بچہ بھی ایک مستقل شخصیت رکھتا ہے۔ شخصیت کو سمجھنے اور تلاش کرنے کی کوشش کیجئے۔ بچے کو مناسب آزادی دیجئے تاکہ وہ اپنی اصلی شخصیت ظاہر کرسکے۔ آپ اس کی اپنی شخصیت کو دبائیے نہیں۔ پچکائیے نہیں۔ توڑیئے موڑیئے نہیں۔ سب سے اہم یہ ہے کہ اپنی شخصیت کو اس پر مسلط نہ کیجئے۔

اگر اس کی شخصیت گول ہے تو اس کو چوکور بنانے کی کوشش نہ کیجئے اور چوکور ہے تو گول نہ کیجئے۔ ہاں تراش خراش ضرور کیجئے اور پالش بھی کرلیجئے جہاں تک ممکن ہو اپنے بڑے پن کو کام میں نہ لائیے۔ بچے سے معمولی (نارمل) لہجے میں بات کیجئے۔ بات چیت اور رویہ میں غصے‘ جھلاہٹ‘ جھنجھلاہٹ‘ اکتاہٹ‘ چڑچڑے پن اور کھردرے پن کا ثبوت نہ دیجئے۔ بچہ آپ ہی سے سیکھتا ہے۔ آپ ہی کی نقل کرتا ہے اور ہر بات میں ویسا ہی ردعمل ظاہر کرنے کی کوشش کرتا ہے جیسا آپ کرتے ہیں۔ اس کے اقوال و اعمال کیلئے نمونہ آپ ہی ہیں۔ جیسا دیکھے گا ویسا ہی کرے گا۔ جیسا سنے گا ویسا ہی کہے گا۔ آپ کے لہجے آپ کے رویے میں درشتی کے ساتھ ساتھ ضرورت سے زیادہ نرمی اور لجاجت اور گراوٹ بھی نہ ہونا چاہیے کیونکہ بچے کو متوازن بنانا ہے۔ اخلاق اور گفتگو میں بھی افراط و تفریط نہیں ہونا چاہیے۔

جب آپ کو غصہ آرہا ہو تو کوشش کیجئے کہ بچے سے اس وقت بات نہ کریں۔ جذبات پر قابو پانے کے بعد بات کیجئے۔ اگر آپ سمجھتے کہ کسی بات یا فعل پر بچہ کو تنبیہ یا سزا کی ضرورت ہے تو اسے سزا دیجئے لیکن اس وقت جب آپ کا غصہ ختم ہوچکا ہو آپ اپنے آپ پر قابو پاچکے ہوں کیونکہ اس وقت کی تنبیہ فائدے کے بجائے نقصان پہنچائے گی۔ آپ کے جذبات کی تسکین تو ہوجائے گی لیکن بچے کی اصلاح نہ ہوگی کیونکہ اس وقت آپ کیلئے متوازن رہنا مشکل ہوگا۔

بعض بلکہ اکثر والدین اپنی پریشانی اور اپنے کام یا تفریح میں دخل اندازی کی وجہ سے بچوں کو کھیل سے روکتے ہیں۔ خود بیٹھے کام کررہے ہیں۔ یا کسی سے باتیں کررہے ہیں اور نہیں چاہتے کہ اس میں خلل پڑے اس لیے بچوں کو ڈانٹ رہے ہیں کہ چپ بیٹھو‘ شور نہ کرو‘ یہاں سے بھاگ جاؤ‘ وغیرہ وغیرہ لیکن میں اس کو خود غرضی کے علاوہ کچھ نہیں کہہ سکتا۔ اگر قوت برداشت سے کام نہ لیں گے۔ صبر و ضبط کا ثبوت نہ دیں گے تو بچوں میں تحمل اور حلم کہاں سے آئے گا۔ کھیل بچوں کی ایک ضرورت ہے۔ یہ ضرورت وہ بے وقت بھی پوری کرنا چاہتے ہیں۔ آپ ان کو روک سکتے ہیں۔ مگر مناسب وقت پر اور مناسب طریقہ سے۔ مقصد ان کی اصلاح ہونا چاہیے نہ کہ اپنی غرض۔ جہاں تک ممکن ہو ان کے مشاغل اور کھیل کود میں دخل نہ دیجئے۔ بچوں کا کھیل بھی ان کے کام کا حصہ ہوتا ہے۔ کھیل سے بھی وہ کام کرنا سیکھتے ہیں۔

بچوں کی تربیت بڑا کٹھن کام ہے۔ اس کیلئے آپ کو اپنی تربیت بھی کرنا پڑے گی۔ اپنی عادات بھی درست کرنا پڑیں گی۔ بعض والدین کی عادت ہوتی ہے کہ وہ ہمیشہ بچوں کو منفی ہدایات دیتے رہتے ہیں ہر بات سے روکتے ہیں‘ حالانکہ وہی کام کوئی بڑا آدمی کرے تو وہ ہرگز نہیں روکیں گے۔ بچوں کو ہر بات پر روکنے‘ ٹوکنے‘ منع کرنے‘ انکار کرنے سے ان کی شخصیت گھٹ کر رہ جاتی ہے۔ ان کی قوت عمل گھٹ جاتی ہے۔ ان کی انا ٹھٹھر جاتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ بچہ بڑا ہوکر بھی ہر بات سے ڈرنے لگتا ہے۔ ہر کام کرنے میں جھجکتا ہے۔ اس کی قوت عمل سرد اس کی قوت فکر مفلوج اور اس کی قوت فیصلہ مفقود ہوجاتی ہے۔ وہ ہر بات میں دوسرے کے مشورے‘ دوسرے کے سہارے اور دوسرے کے اکسانے کا محتاج ہوجاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ اس کا یہ انجام آپ کو گوارا نہ ہوگا۔ آپ ہرگز پسند نہیں کریں گے کہ وہ تابع مہمل بن کر زندگی گزارے‘ وہ مقلد محض رہے‘ قائد نہ بنے‘ شرم‘ جھجک‘ تامل‘ تذبذب‘ تکلف‘ تساہل‘ گومگو میں مبتلا‘ تمیم اور فیصلہ کی قوت سے محروم انسان کو کون پسند کرے گا؟

بچے کو ہمیشہ تعمیری مشورے دیجئے‘ دوستانہ رہنمائی کا انداز اختیار کیجئے۔ منفی کے بجائے مثبت رویہ اختیار کیجئے۔ اگر ایک کام کو آپ غلط یا برا بتائیں تو صحیح اور اچھے کام کی بھی نشاندہی کردیجئے۔ اس طرح ایک مثبت ذہن تیار ہوگا۔ ذہنی صحت و توازن کی بنیاد پڑے گی اور بچہ ذہنی طور پر زیادہ توانا ہوگا۔

بچے کی اپنی شخصیت کو ابھرنے کا موقع دیجئے۔ اس کی اپنی صلاحیتوں اس کے رجحانات اور جوہروں کو جلا کا موقع ملنا چاہیے۔ آپ اپنے رجحان کو اس پر زبردستی نہ تھوپیے۔ وہ اپنی شخصیت میں جس طرح اور جس حد تک آپ کی شخصیت کو جذب کرسکے گا۔ غیر ارادی طور پر جذب کرلے گا۔ ہر انسان کی اپنی ایک شخصیت ہوتی ہے۔ آپ اپنی تربیت سے اس کی مدد کیجئے۔ اس کی اصلی شخصیت کا گلا نہ گھوٹیے۔ اس مقصد کیلئے ضروری ہے کہ آپ اس کو پوری آزادی دیں۔ اس کو کسی جائز اور ضروری بات سے محض اس لیے نہ روکیں کہ وہ آپ کے مزاج کے خلاف ہے یا آپ کے مشاغل میں فرق آتا ہے۔ اس کو اپنی دنیا آپ بنانے‘ اپنے جوہروں کو اجاگر کرنے‘ کش مکش حیات کا مقابلہ کرنے کا اور مسائل کا فیصلہ کرتے اور اقدام کرنے کی صلاحیت بخشیے۔

آپ کے بچے کی یہی بہترین تربیت اور انسان کی بہترین خدمت ہے۔

اگر کوئی اچھی چیز ہے: اگر کوئی اچھی چیز ہے تو عین اسلام ہے اگر کوئی چیز اچھی نہیں ہے تو وہ اسلام نہیں ہوسکتی کیونکہ اسلام کا مطلب ہی عین انصاف ہے۔ (قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ)

(ق-ش)

ہاں! میں نے اسم اعظم پالیا آپ بھی جان لیں!

اس سورۃ کو بلاناغہ پورا مہینہ باقاعدگی سے پڑھا ہے تو میں نے عرش سے قبولیت کے دروازے کھلتے دیکھے ہیں۔ ہر مشکل سے جہاں سے میں نہیں نکل سکتی تھی میں نکلی ہوں۔ نقشے بدلے ہیں' تنگی سے خوشحالی کی طرف آئی ہوں' حرام سے حلال کی طرف آئی ہوں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک کی توفیق اور آپ دامت برکاتہم کے بار بار اصرار پر آج میں اپنے تجربات ومشاہدات اور قرآن کی پہلی سورۃ فاتحہ سے جو کچھ ملا وہ میں قارئین عبقری کی نذر کررہی ہوں۔ قارئین! سورۃ فاتحہ کا وظیفہ آج سے تقریباً چھ سات سال پہلے میں نے پڑھنا شروع کیا تھا' جب پہلی مرتبہ میری والدہ کی ملاقات حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ہوئی تھی۔ اس وقت میری والدہ کو ہیپاٹائٹس سی تھا اور ٹیکوں کا کورس لگ رہا تھا' میرے بڑے بھائی کو شراب کی لت اور عادت ایسی تھی کہ ہروقت پی کر آتا اور نشے میں دُھت ہوتا اور بستر پر ہی پیشاب کردیتا اور سارا دن اور ساری رات ایسے ہی ناپاکی کی حالت میں لیٹا رہتا اور ہم ماں بہنیں پریشان' بے بس ہوتی تھیں۔ سود کے ڈسے ہوئے تھے' رزق کی بندش میں پھنسے ہوئے تھے' ماموں خالہ خرچہ دیتے تو گھر کا نظام چلتا۔ گھر میں لڑائی جھگڑے' بے سکونی' ٹی وی' فلمیں' ہروقت گانے' چھ سال پہلے کے یہ حالات تھے۔ جب سورۃ فاتحہ کا وظیفہ ملا تو کوشش کی کہ مستقل مزاجی سے وظیفہ پڑھتے رہیں۔ ایک درس میں حضرت حکیم صاحب نے فرمایا کہ سورۃ فاتحہ کی سات آیات ہیں اور اس سورت کو پڑھنے والے کو اللہ جل شانہٗ سات فائدے عطا فرماتا ہے' اس کے پڑھنے والے کو آسمان سے اب تک جتنی بھی نعمتیں اتر رہی ہیں وہ ملتی ہیں۔ سورۃ فاتحہ پڑھنے والے کو شفاء ملتی ہے۔ سورۃ فاتحہ پڑھنے والے کی دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ قرض اور تنگی سے نکلتا ہے' خواہ کتنا ہی قرض ہو' اللہ دائیں ہاتھ والا بناتا ہے' (یعنی صدقہ خیرات کرنے والا)۔ اللہ اس کو حضرت اسماعیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نسلوں والا رزق عطا فرماتے ہیں۔ سات نسلوں کا رزق عطا فرماتے ہیں۔ ان سات تصوروں کے ساتھ روزانہ سات تسبیحات سورۃ فاتحہ کی پڑھنا شروع کردیں۔ جب سے پڑھنا شروع کی ہیں انوکھے فائدے' انوکھی تاثیر اور انوکھی طاقت ملی ہے۔

پہلا تصور: پڑھنے سے اللہ پاک نے گھر کو نعمتوں سے بھر دیا ہے اور ایسی عافیت والی نعمتیں عطا فرمائی ہیں کہ خراب نہیں ہوتیں۔ **دوسرا تصور:** جب سے میں نے صحت کا تصور اور نیت کرکے پڑھنا شروع کیا ہے میری امی تقریباً 65 سال کی ہیں میری والدہ کو کوئی بھی بیماری نہیں' میری امی کی ہیپاٹائٹس کی رپورٹ بالکل کلیئر آئی تھیں اور پانچ سال ہوگئے دوبارہ کبھی نہیں ہوا بلکہ اللہ کریم نے میری والدہ کو پہلے سے بھی زیادہ صحت مند کردیا ہے وہ زندگی کو ''انجوائے'' کررہی ہیں اور ہروقت مسکراتی ہیں۔ اس صحت والے تصور سے میرے بھائی اور مجھے بھی کوئی بھی بیماری نہیں بلکہ ہم تندرست ہیں' شاندار ہیں جاندار ہیں۔ ہم نہ ہی باقاعدگی سے دودھ پیتے ہیں' نہ ہی پھل کھاتے ہیں' فراخی نہیں لیکن پھر بھی اللہ کے نام کی تاثیر ہے' برکت ہے۔ **تیسرا تصور:** ہاں واقعی یہ سورۃ میرے لیے اسم اعظم ہے' میری ہر دعا' ہر تصور ہر خیال کو میں نے اپنی آنکھوں سے پورا ہوتے دیکھا ہے۔ سورۃ فاتحہ کو اس تصور کے ساتھ پڑھنے سے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو بھی پڑھے گا دعائیں قبول ہوں گی۔ میں سوچا کرتی تھی کہ یہ کیسے ہوگا لیکن اپنی آنکھوں سے اپنے ہر ہر اس تصور کو قبول ہوتے دیکھا ہے جو مجھے ناممکن لگا تھا۔ میں نے جب سے اس سورۃ کو بلاناغہ پورا مہینہ باقاعدگی سے پڑھا ہے تو میں نے عرش سے قبولیت کے دروازے کھلتے دیکھے ہیں۔ ہر مشکل سے جہاں سے میں نہیں نکل سکتی تھی میں نکلی ہوں۔ نقشے بدلے ہیں' تنگی سے خوشحالی کی طرف آئی ہوں' حرام سے حلال کی طرف آئی ہوں۔ ہدایت بھی ملی ہے' گناہوں سے چھٹکارا بھی ملا ہے۔ دل میں مخلوق خدا کی خیرخواہی بھی آئی ہے۔ اس وظیفے سورۃ فاتحہ کی تاثیر میں چاہوں تو بھی نہیں لکھ سکتی۔ **چوتھا تصور:** سورۃ فاتحہ کو جب اس تصور سے پڑھنا شروع کیا کہ ان شاء اللہ قرض سے نکلیں گے' ہم مقروض تھے' روحانی بھی اور جسمانی بھی' لوگوں سے مانگنا' گناہوں کی زندگی' آج حالات ایسے بدلے کہ لوگ ہمیں دیکھ کر حیران ہوتے ہیں' سورۃ فاتحہ میرے لیے ایک وجود کی طرح ہے جس نے مجھے ہمیشہ سہارا دیا ہے' تسلی دی ہے' ہر اندھیرے سے نکالا ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے میں نے کبھی خود کو اکیلا محسوس نہیں کیا۔ میں نہیں لکھ پارہی اس کے فائدے' میرے ذہن و ادراک میں جو سمندر کے دریچے کھلے ہیں وہ الفاظ بیان نہیں کرسکتے۔ میں نے (باقی صفحہ نمبر 16 پر)

اسلام اور رواداری | قسط نمبر 122 | ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غیرمسلموں سے حسن سلوک

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ہمراہ ایک سفر میں تھے کہ شدید پیاس لگی' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب میں سے دو افراد (شاید علی وزبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما) حاضر ہوئے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان دونوں سے فرمایا: فلاں جگہ جاؤ وہاں تمہیں ایک عورت ملے گی اس کے ہمراہ ایک اونٹ ہے جس پر پانی کے دو گھڑے رکھے ہیں' جاؤ اس عورت کو بلا لاؤ' یہ دونوں حضرات گئے تو عورت کو اسی مقام پر پایا جہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نشاندہی کی تھی' یہ عورت اونٹ پر سوار تھی اور اس کے دونوں طرف پانی کے دو مشکیزے لٹکے ہوئے تھے ان حضرات نے اس عورت سے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمہیں بلایا ہے' عورت بولی: کون رسول اللہ؟ کیا وہی جو ایک نئے دین کی دعوت دیتے ہیں؟ انہوں نے کہا: ہاں وہی ہیں جن کو تم سمجھ رہی ہو اور فی الحقیقت وہ اللہ کے سچے رسول ہیں' الغرض یہ حضرات اس عورت کو لے کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوگئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے پانی میں سے کچھ پانی ایک برتن میں ڈال دیا جائے چنانچہ ایسا ہی کیا گیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس برتن کے پانی میں لعاب دہن (باقی صفحہ نمبر 37 پر)

آنٹی نے ٹوٹکہ بتایا' آزمایا' چہرے کے بال ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت ذوق شوق سے پڑھتے ہیں' اس میں موجود ٹوٹکے بہت نایاب اور کامیاب ہوتے ہیں۔ میرے چہرے پر فالتو بال تھے جس کی وجہ سے میں بے حد پریشان تھی' میں نے بہت ٹوٹکے آزمائے مگر وقتی فائدہ بھی نہ ہوتا۔ کافی ادویات استعمال کیں مگر صرف پیسوں کا ضیاع' چند ماہ پہلے ہمارے محلے کی ایک آنٹی نے مجھے ایک ٹوٹکہ بتایا' میں نے آزمایا اور میرے چہرے کے بال ختم۔ **ھوالشافی:** نیاز بو کے پتے پیاز کے پانی میں رگڑ کر روزانہ اپنے چہرے کے بالوں پر لگائیں' کچھ عرصہ بعد بال کم ہونا شروع ہوجائیں گے۔ چند ہفتے چند مہینے ضرور آزمائیں۔ (ح-ع' لاہور)

ساگودانہ کے فوائد: اسہال، پیچش اور بخار کے مریضوں کیلئے بہترین غذا، بدن کو فربہ کرتا ہے، طبیعت کو نرم کرتا ہے، باہ زیادہ کرتا ہے، ساگودانہ روزانہ ایک تولہ دودھ میں پکا کر کھانا چاہیے۔

مستقبل پرستی آپ کو کھا جائے گی! پہلے آج جی لیں!

تلخیص ملک

خوش باش اور پرمسرت زندگی گزارنے کا راز یہ ہے کہ موجودہ لمحے کو اپنی گرفت میں لیا جائے اور ہر اس لمحے پر حکمرانی کی جائے جو گزر رہا ہو یہ چیز اپنے ذہن میں بٹھالیں کہ موجودہ لمحے کے سوا زندہ رہنے کا کوئی اور وقت نہیں ہے۔

آپ نے بچپن میں شیخ چلی کی کئی کہانیاں سن رکھی ہوں گی اور آپ کو اس کے منصوبوں پر ہنسی بھی آئی ہوگی جو کبھی پایہ تکمیل کو نہیں پہنچے لیکن شاید آپ نے کبھی غور نہیں کیا کہ اس قسم کی عادات ہم میں سے بیشتر لوگوں میں بھی کسی نہ کسی طور پر موجود ہیں اور مستقبل کے سنہری خوابوں نے ہم سے ہمارے حال کا سکھ چھین رکھا ہے، ہم "کل" کی فکر میں اس قدر مستغرق ہیں کہ اپنے "آج" کو قطعی پس پشت ڈال رکھا ہے اور ہوسکتا ہے کہ اس کا ہمیں اتنی شدت سے احساس نہ ہو لیکن اگر ہم اس معاملے کی گہرائی میں جائیں تو اس کا اندازہ کیا جاسکتا ہے کل کی بے جا فکر نے بیشتر لوگوں کی زندگیوں میں ایک قسم کا جمود طاری کر رکھا ہے لیکن خوش باش اور پرمسرت زندگی گزارنے کا راز یہ ہے کہ موجودہ لمحے کو اپنی گرفت میں لیا جائے اور ہر اس لمحے پر حکمرانی کی جائے جو گزر رہا ہو یہ چیز اپنے ذہن میں بٹھالیں کہ موجودہ لمحے کے سوا زندہ رہنے کا کوئی اور وقت نہیں ہے۔ موجودہ لمحہ تو اب موجود ہے اور مستقبل ایسے ہی لمحوں کا مجموعہ ہے جو اپنے وقت پر سامنے آئیں گے۔ قبل از وقت تو انہیں بسر نہیں کیا جاسکتا۔ جو کام مجھے کل کرنا ہے وہ کل آنے پر ہی کرنا ہے مگر کیا کیجئے کہ ہمارے ہاں اس کا رواج الٹ ہے۔ اس لیے ہم آج کو آنے والے لمحات سے کم خیال کرتے ہیں۔ ہر وقت ہمیں تلقین کی جاتی ہے کہ آنے والے دنوں کے بارے میں سوچیں، مستقبل کو بچائیں، کل کی تیاری کریں، منصوبہ بندی کریں، آج کی تمام تر صلاحیتیں آئندہ کو سہل اور روشن بنانے کیلئے وقف کردیں۔ عام طور پر تو ایسا کل آتا ہی نہیں اور اگر آتا بھی ہے تو ہم ایک نئے کل کیلئے آج کو وقف کردیتے ہیں۔ اس رویہ سے ہوتا یہ ہے کہ نہ صرف ہمارا آج فنا ہوجاتا ہے بلکہ کل بھی خوشگوار ثابت نہیں ہوتا۔

موجودہ خوشیوں کو نظرانداز کرنے کا رجحان ہمارے ہاں ایک روگ کی شکل اختیار کرگیا ہے جس نے ہماری زندگیوں کو روکھا، بے مزہ اور بے رنگ بنادیا ہے ہم ہر وقت مستقبل کے خوابوں میں کھوئے رہتے ہیں ہوائی قلعے تعمیر کرنے میں لگے رہتے ہیں۔ مستقبل کو بچانے کی خواہش میں ہم یہ حقیقت بھول جاتے ہیں کہ "کل" ہمارے "آج" ہی سے پیدا ہوتا ہے۔ اگر ہم نے آج کو خوشگوار نہ بنایا تو ہمارا کل بھی دلکشی سے محروم ہوگا کیونکہ جب مستقبل لمحہ حال میں تبدیل ہوجاتا ہے تو ہم اس سے آگے کے مستقبل کے تحفظ میں مصروف ہوجاتے ہیں۔ یوں ساری زندگی آگے ہی آگے دیکھتے ہوئے ہم اپنی خوشیوں کو ملیامیٹ کرتے رہتے ہیں۔

موجودہ لمحے یا اپنے آج کو نظرانداز کرنے کی بیماری کئی صورتوں میں ظاہر ہوتی ہے۔ مثلاً شام کا وقت ہے، موسم خوشگوار ہے آپ باغ کی سیر کے خیال سے گھر سے نکلتے ہیں یہاں رنگ برنگے پھول کھلے ہیں۔ چاروں طرف ہریالی ہے۔ پرندے چہچہا رہے ہیں۔ فطرت کا حسن اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ جلوہ افروز ہے۔ آپ ان جلوؤں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ یکایک آپ کو خیال آتا ہے کہ واپسی پر گھر میں فلاں فلاں کام کرنا ہے، کل کا دفتر کا رکا ہوا کام بھی نمٹانا ہے۔ چار فائلیں میز پر رکھی ہیں۔ افسر سے فلاں فلاں معاملات پر گفتگو کرنی ہے۔ شام کو بیوی بچوں کے ساتھ خرید و فروخت کیلئے جانا ہے۔ لیجئے ان خیالات کے ساتھ ہی یہ رنگ برنگے پھول، ہریالی اور فطرت کے تمام حسین و دلکش نظارے سب بے وقعت ہوجاتے ہیں اب آپ جلدی جلدی تمام قدم اٹھاتے ہوئے مستقبل کے خیالوں میں گم گردوپیش سے بے نیاز گھر کی جانب رواں دواں ہیں۔

فرصت کے لمحات ہیں۔ آپ گھر میں آرام کررہے ہیں، یہ وقت شریک حیات سے ہلکی پھلکی گفتگو میں بسر ہوسکتا ہے لیکن میاں بیوی دونوں چپ سادھے الگ تھلگ بیٹھے ہیں، مستقبل کے اندیشے ہی جان نہیں چھوڑتے، حال کے لمحوں کو کیسے خوشگوار بنائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں مستقبل پرستی نے وباء کی صورت اختیار کرلی ہے۔ اگر آپ زندگی کو مسرور اور خوشگوار بنانا چاہتے ہیں تو اس روگ سے نجات پانا ہوگا۔ حال کے لمحہ میں ڈوب کر دیکھئے کئی مسرتیں ابھر کر سامنے آئیں گی۔ زندگی زندہ دلی کا نام ہے اور زندہ دلی آج کے دن کو بہترین انداز میں بسر کرنے سے عبارت ہے۔ امیدوں اور خواہشات سے لدے پھندے نہ رہیے۔ یہ حال کو نظرانداز کرنے کی بیماری کے جراثیم ہیں۔ بے جا مستقبل پرستی انسان کو ہوائی قلعے تعمیر کرنے پر اکساتی ہے اور حقیقت سے اس کا رابطہ ٹوٹ جاتا ہے۔ وہ معجزات اور غیبی ہاتھ کے ظاہر ہونے کا انتظار کرنے لگتا ہے۔ وہ ایسی صبح کا منتظر رہتا ہے جب اچانک سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہوجائے گا۔ دکھ، درد اور مصائب ختم ہوجائیں گے۔ خوشیوں کا دور دورہ ہوگا۔ اندھیرے سمٹ جائیں گے۔ نور ہی نور پھیل جائے گا۔ افسوس ہے کہ ایسے معجزے رونما نہیں ہوتے۔ اندھیرے خودبخود نہیں سمٹتے۔ حال کو روشن کرنے کی جدوجہد کیجئے۔ مستقبل خودبخود روشن ہوجائے گا۔

آپ مستقبل کے کسی واقعہ سے کئی توقعات وابستہ کرلیتے ہیں۔ اکثر اوقات یہ توقعات تشنہ تکمیل رہتی ہیں۔ خواب ٹوٹتے ہیں تو مایوسی اور افسردگی چھا جاتی ہے۔ نامرادی کے عالم میں آپ آئندہ کے کسی اور واقعہ کے گرد امیدوں کا تانا بانا بننے لگتے ہیں۔ یوں یہ کام ہمیشہ جاری رہتا ہے۔ زندگی ناکام امیدوں کا سلسلہ بن جاتی ہے۔ یاد رکھیں کہ زندگی مختصر ہے اور اس کے لمحات رکتے نہیں، لہٰذا اسے ضائع مت کیجئے جو کچھ کرنا ہے ابھی کیجئے، سنہری دنوں کا انتظار بے سود ہے، سازگار حالات کا انتظار کرنے والے سب کچھ گنوادیتے ہیں۔ جارج برنارڈ شاہ کا کہنا ہے: "لوگ ہمیشہ اپنی کوتاہیوں اور خامیوں کا الزام حالات کو دیتے ہیں لیکن میں اس رویہ کو قبول نہیں کرتا۔ عظیم لوگ ہمیشہ آگے بڑھ کر حالات کا دھارا بدل دیتے ہیں، وہ حالات کے غلام نہیں ہوتے ان پر حکمرانی کرتے ہیں" آپ بھی اپنے "آج" پر حکمرانی کرنا سیکھیے یہی خوشیوں کے حصول کا راز ہے۔

ساری چھپکلیاں اکٹھی ہوئیں اور نظروں سے غائب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ کئی سالوں سے پڑھ رہی ہوں، الحمدللہ! اس شمارے سے ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملا، اپنا آزمودہ ایک عمل قارئین عبقری کی نذر کررہی ہوں۔ میں نے عبقری رسالے میں پڑھا اور آپ کے درس میں بھی سنا تھا کہ گھر سے موذی جانوروں، حشرات کو بھگانے کیلئے سورۂ ماعون پڑھی جائے۔ میں گرمیوں کی چھٹیوں میں اپنی خالہ کے گھر گئی، وہاں صحن میں بے شمار چھپکلیاں موجود تھیں، حتیٰ کہ کھانا پکانا مشکل تھا، ان کی وجہ سے تمام گھر والے بہت پریشان تھے۔ بچے ڈرتے کچن میں نہ جاتے تھے۔ میں نے بس ایک ہی دن بلند آواز میں سات بار سورۂ ماعون پڑھی اور جب میں پڑھ رہی تھی تو وہ ساری چھپکلیاں اکٹھی ہونا شروع ہوگئیں پھر آہستہ آہستہ تھوڑی دیر بعد وہ نظروں سے یک دم اوجھل ہوگئیں۔ اس کے بعد دوبارہ کبھی ان کی وجہ سے پریشانی نہ ہوئی۔ (مبشرہ کریم)

زوہیب عمر، ڈونگہ بونگہ

کچے مکھن سے امراض سرما کا مؤثر علاج

سردی کی بیماریوں سے تحفظ اور علاج کے ضمن میں سب سے اہم تو مناسب غذا کا استعمال ہے۔غذا مکمل ہو،یعنی اس میں گوشت،انڈا،چکنائی،سبزیاں بشمول چاول اور گندم شامل ہونے چاہئیں،سردی کی بیماریوں سے بچنے کے لیے وہ غذا خاص طور پر مفید ہوتی ہے

اکتوبر میں رات کو سردی ہوجاتی ہے اور اگلے چند ہفتوں کے بعد سردی کا موسم ہوگا اور سردی کا موسم اپنے ساتھ بیماریوں کا ہجوم لے کر آتا ہے،نزلہ کھانسی اور ان سے پیدا ہونے والی پیچیدگیاں مثلاً نمونیا وغیرہ کی شکایت عام ہوجاتی ہے،خصوصاً بوڑھے،بچے اور کم زور لوگ زیادہ مبتلا ہوتے ہیں۔ٹھنڈ لگ جانے کی سب سے عام وجہ تو گرم،سرد ہوجانا ہے۔یعنی ایک دم گرم کمرے سے باہر آجانا یا گرم بستر سے اُٹھ کر بغیر کچھ ڈھکے ہوئے نکل آنا نقصان دہ ہوتا ہے۔اس کے علاوہ کم جگہ میں زیادہ آدمیوں کا جمع ہونا بھی مضر ہے۔ایک تو قرب کی وجہ سے ایک سے دوسرے کو جلدی بیماری لگ جاتی ہے،دوسرے اس قدر آدمیوں کا ایک جگہ اجتماع ہوا کو ناصاف کردیتا ہے۔جو لوگ سگریٹ نوشی یا اسی قبیل کی دوسری عادتوں میں مبتلا ہوتے ہیں،ان کے پھیپھڑے کم زور ہوتے ہیں،ان کے حلق میں پہلے ہی سے خراش ہوتی ہے،تو وہ آسانی سے نزلے کا شکار ہوجاتے ہیں۔دوسری بڑی وجہ ضرورت سے زیادہ لباس پہننا اور پہنانا ہے۔اس کا اثر زیادہ تر اُن چھوٹے بچوں پر پڑتا ہے،جن کی مائیں بچوں کو سر سے پاؤں تک دبیز کپڑوں سے ڈھکے رہتی ہیں۔تو پھر جب یہ ذرا سے بھی کہیں سے کھل جائیں تو ان پر بہت جلد ٹھنڈ کا اثر ہوجاتا ہے اور پھر یہ سلسلہ کہیں ختم ہونے ہی میں نہیں آتا۔

سردی کی بیماریوں سے تحفظ اور علاج کے ضمن میں سب سے اہم تو مناسب غذا کا استعمال ہے۔غذا مکمل ہو،یعنی اس میں گوشت،انڈا،چکنائی،سبزیاں بشمول چاول اور گندم شامل ہونے چاہئیں،سردی کی بیماریوں سے بچنے کے لیے وہ غذا خاص طور پر مفید ہوتی ہے،جس میں حیاتین اے اور ڈی موجود ہوں۔یہ حیاتین دودھ،گھی،مکھن اور مچھلی کے تیل میں پائی جاتی ہیں۔یہ بات بھی یاد رہے کہ کچا مکھن سردی کی بیماریوں کے لیے مفید ہے،لیکن مکھن اور چکنائی میں تلی ہوئی چیزیں نزلہ،کھانسی میں نقصان دیتی ہیں،کیوں کہ ان کی تلی ہوئی چربی گرم ہونے کے بعد حلق کو خراش پہنچاتی ہے۔گرم مشروب جیسے شوربا،حلق کی سُوجی ہوئی جھلیوں کو گرمی پہنچاتا ہے اور مفید ہے اور غالباً جوشاندہ بھی اپنی اسی خوبی کی وجہ سے مفید ہوسکتا ہے۔اس کے علاوہ حیاتین سی بھی استعمال کی جاسکتی ہے یا سنگترے،کینو یا موسمی کا عرق جس میں حیاتین سی موجود ہوتی ہے۔اگر اس میں نیم گرم پانی کی آمیزش کرلی جائے تو حلق کو مزید تسکین ملے گی۔اگر ہوسکے تو لباس نیچے کے حصے کا بھی گرم ہونا چاہیے۔اس کے علاوہ پیروں میں گرم جرابیں اور بند جوتے ضرور ہونے چاہئیں۔سینہ،گردن تک ڈھکا ہونا چاہیے،سر کُھلا ہو،تو بھی مضائقہ نہیں۔اس بات کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ بچوں کی زیادہ پوشاک سے گریز کرنا چاہیے۔خواب گاہ میں زیادہ افراد نہیں ہونے چاہئیں اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو کم سے کم روشن دان کھلا رکھنا چاہیے۔کھلے دروازے کے سامنے،جہاں سے ٹھنڈی ہوا کے جھونکے آرہے ہوں،ہرگز نہیں سونا چاہیے۔دوا کا ذکر سب سے آخر میں اس لیے کیا جارہا ہے کہ نزلے کی کوئی خاص وجہ تو ہوتی نہیں ہے،اس لیے بے جا دواؤں کے استعمال سے بچنا چاہیے اور جو بے انتہا طاقت بخش دوائیں عام طور پر دستیاب ہیں،وہ بلا ضرورت استعمال نہ کی جائیں۔ضعیف،کم زور افراد اور بچوں کو ممکن ہے،زیادہ طاقت بخش دواؤں کی ضرورت پیش آئے،ورنہ عام لوگ غذا،احتیاط اور ضرورت پڑنے پر ہلکی سی دردسر رفع کرنے والی معمولی گولیوں سے بھی ٹھیک ہوجاتے ہیں۔

جن لوگوں کو فلو ہوتا ہے،وہ بہت آسانی سے دوسروں کو بھی اس میں مبتلا کرسکتے ہیں۔اس لیے فلو زدہ لوگوں کو چاہیے کہ وہ صحت مند افراد سے خود بھی علیحدہ رہیں اور اپنے استعمال کی چیزیں بھی علیحدہ رکھیں۔ناک و منہ کی ریزش کو کاغذی رومالوں سے صاف کرکے کاغذی تھیلوں میں جمع کرتے رہیں،اور آخر میں نذر آتش کردیں۔کچھ حادثات ایسے ہوتے ہیں،جو انفلوئینزا کے وائرس کے لیے زمین ہموار کردیتے ہیں،مثلاً ٹھنڈ میں گرم پہناوے کے بغیر نکلنا،پانی میں بھیگ جانا،شبنم میں سوجانا،ہوا کے تھپیڑوں میں آجانا،کثرت سے سگریٹ نوشی کرنا،تنگ جگہ میں ہجوم کرنا،پاؤں بھیگے رہنا۔اسی طرح تھکن اور بے خوابی سے بھی قوت مدافعت کم ہوتی ہے۔گو کہ اصل قوت مدافعت صحیح اور متوازن غذا سے پیدا ہوتی ہے،لیکن جو چیزیں فلو سے تحفظ کے لیے موثر ہیں،وہ یہ ہیں کہ عفونت سے بچنا چاہیے،ٹھنڈے موسم میں پاؤں میں جرابیں اور بند جوتے پہننے چاہئیں اور جسم کے نچلے حصے کو بھی گرم رکھنا چاہیے۔آج کل فلو کی روک تھام کے لیے ویکسین بڑے پیمانے پر استعمال کی جارہی ہے۔ویسے تو ہر ایک کے لیے وباء کے زمانے میں اس کا استعمال مفید ہے۔لیکن بچوں،بوڑھوں اور دوسری بیماریوں میں مبتلا مریضوں کو ویکسین سے تحفظ دینا ضروری ہے۔اس بیماری میں وٹامن سی کے استعمال میں کوئی حرج نہیں،کیوں کہ اس کی ہمارے جسم میں ہمیشہ قلت رہتی ہے۔سردیوں کی چھٹیاں ختم ہونے کے بعد جب سکول کھلتے ہیں تو بچوں میں سوزشِ حلق کا امکان بڑھنے لگتا ہے۔یہ بیماری سردیوں کی بھی ہے اور بچوں کی بھی۔جب بچے اپنی جماعتوں میں قریب قریب بیٹھیں گے تو ایک دوسرے کو یہ بیماری لگے گی۔شاید ہی کوئی ایسا بچہ ہوگا،جس کو یہ بیماری نہیں ہوئی ہو۔اس مرض میں حلق میں سخت درد ہوتا ہے،کھانے کو دل نہیں چاہتا،گو پینے میں کوئی دقت نہیں ہوتی،مگر طبیعت ناساز رہتی ہے۔اگر منہ کھول کر دیکھا جائے تو جہاں نرم تالو ختم ہوتا ہے،اس کے دونوں جانب محرابوں میں نرم مخملیں جھلی چسپاں ہے،ان محرابوں میں مشہور غدود،ٹانسلز تین دربانوں کی طرح ایستادہ ہیں،ان کا کام یہ ہے کہ جو جراثیم سانس کے راستے منہ میں داخل ہوں،ان کو گرفتار کرلیں اور ان ہی غدود کی عفونت سوزشِ حلق کی سب سے بڑی وجہ ہے۔یہ عفونت متعدی ہوتی ہے اور بآسانی ایک سے دوسرے کو لگ جاتی ہے۔سوزشِ حلق میں تین خطرے ہیں۔اول،یہ کہ حلق کے دونوں طرف کے غدود متورم ہوکر تکلیف دہ ہوجاتے ہیں۔دوسرے،یہ کہ عفونت کان کی طرف پھیل سکتی ہے اور کان میں پیپ پڑسکتی ہے،جس سے کان بہنے لگتا ہے۔تیسرا خطرہ نہایت سنگین ہے کہ عفونتی سوزشِ حلق کے بعد گنٹھیا کا مرض لاحق ہوسکتا ہے،جس سے دل بھی متاثر ہوسکتا ہے۔جس بچے کو سوزشِ حلق ہوجائے،اُس کو بستر میں گرم کمبلوں کے اندر رکھا جائے اور دوسرے بچوں کو اُس سے علیحدہ رکھا جائے،جو نہایت مشکل ہے۔کمرہ گرم ہو تو بہتر ہے،خصوصاً براہِ راست ہوا کے جھونکے بیمار پر نہ آئیں۔رقیق اور سیال نیم گرم اشیا وافر مقدار میں دی جائیں،یعنی پھلوں کے نیم گرم رس،مرغی کی یخنی،اوولٹین،دودھ جوشاندہ یا اس طرح کی دیگر غذائیں۔غذا مقوی اور ہر طرح سے متوازن ہونی چاہیے۔تلی ہوئی،کھٹی چیزیں،جن سے حلق میں خراش آئے،نہ دی جائیں۔اس کے علاوہ طبیب کے مشورے سے دافعِ عفونت ادویہ (اینٹی بائیوٹیکس) دی جائیں تاکہ جراثیم کا قلع قمع ہوسکے۔

یہ دم کیا ہوا پانی پینے والے کی جان و مال کی ہمیشہ حفاظت

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

جب صفر کا چاند دیکھے تو نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ نہایت توجہ و یکسوئی سے یہ درود پاک پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بفضل باری تعالیٰ اس عمل کے کرنے سے گناہوں کی معافی عطا ہوگی' اللہ تعالیٰ اس کو اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

ماہ صفر کی پہلی شب:۔ کتاب ''راحۃ القلوب'' میں ہے کہ جو کوئی نمازِ عشاء کے وتر اور نفل نماز سے پہلے چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے' دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے' تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ فلق پڑھے اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ الناس پڑھے۔ نماز ادا کرنے کے بعد ایک سو مرتبہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پڑھے۔ پھر ستر مرتبہ درود پاک پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

آخری عشرہ:۔ ماہ صفر کے آخری عشرہ میں نفل نمازیں پڑھنے سے اللہ تعالیٰ بندے پر خصوصی فضل و کرم فرماتا ہے۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ آخری عشرہ کے شروع کے دن نماز اشراق کے بعد غسل کر کے پاکیزہ لباس پہنے اور بغیر کسی سے کوئی کلام کیے چار رکعت نفل نماز اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ستر مرتبہ سورۂ کوثر' پانچ مرتبہ سورۂ اخلاص اور ایک ایک مرتبہ معوذتین پڑھے۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد اپنا سر سجدے میں رکھے اور ایک سو مرتبہ یَا وَھَّابُ اور اَلْحَیُّ اَلْحَقُّ کہے۔ اس کے بعد اٹھ کر بیٹھ جائے اور اکسٹھ مرتبہ سورۂ الم نشرح' اکسٹھ مرتبہ سورۂ والتین' اکسٹھ بار سورۂ النصر' اکسٹھ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ پھر ایک ہزار چودہ مرتبہ یَا وَھَّابُ کا ورد کرے۔ اس کے بعد سو مرتبہ اَلْحَیُّ اَلْحَقُّ پڑھے اور تین مرتبہ یہ درود پاک پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ۔

جان و مال کی حفاظت کیلئے:۔ جو کوئی اس ماہ مبارک میں کسی بھی دن پانچوں فرض نمازوں کے بعد نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھ کر ایک مرتبہ ذیل میں دی ہوئی آیاتِ مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ پانی خود بھی پیئے اور اپنے گھر والوں کو بھی پلائے تو بفضل باری تعالیٰ وہ ہر طرح کی مصیبت و پریشانی سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ یہ دم کیا ہوا پانی پینے والے کی جان و مال کی حفاظت فرمائے گا۔ اس کی عمر میں برکت عطا فرمائے گا۔ آیات مبارکہ یہ ہیں:۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (یسین). سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ○ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ○ سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھٰرُوْنَ ○ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِلْ یَاسِیْنَ ○(الصفت) سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خٰلِدِیْنَ (الزمر) سَلٰمٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ (القدر)

ثواب حاصل کرنا:۔ جو کوئی چاہے کہ اسے بہت زیادہ ثواب حاصل ہو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کرے اور اسے نیکی کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے تو وہ اس ماہ کی 27 تاریخ کو چاشت کی نماز کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الم نشرح پڑھ کر ستر مرتبہ سورۂ والتین پڑھے' ستر مرتبہ سورۂ نصر پڑھے اور ستر مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔

بالوں کی الجھنیں سلجھانے کا روحانی راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم ماہنامہ عبقری گزشتہ چند سالوں سے مسلسل پڑھ رہے ہیں۔ رسالہ کی تعریف کیلئے میرے پاس الفاظ نہیں۔ میرے پاس دو عدد آزمودہ روحانی ٹوٹکے ہیں' جن لوگوں کے بال بہت الجھتے ہوں اور کنگھی کرتے ہوئے درد ہوتا ہو وہ کنگھی کرنے سے پہلے ایک بار سورۂ ناس کنگھی پر پڑھ کر پھونک دیں' بالوں کی الجھنیں آسانی سے نکل جاتی ہیں۔ **دوسرا ٹوٹکہ:** اگر سر کے بال گرتے ہوں تو زیتون کے تیل پر 313 مرتبہ آیت کریمہ اور ایک بار سورۂ نور پڑھ کر پھونک کر اس تیل کی نہانے سے دو سے تین گھنٹے پہلے اچھی طرح مالش کریں یا رات کو سونے سے پہلے تیل کی مالش کر کے صبح اٹھ کر نہالیں۔ ان شاء اللہ بال گرنا بند ہوجائیں گے۔ (شازیہ)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 11 اکتوبر بروز بدھ عصر تا مغرب۔ 21 اکتوبر بروز ہفتہ رات 9 بجے سے 10 بجکر 23 منٹ تک۔ 29 اکتوبر بروز اتوار صبح 10 بجکر 11 منٹ سے لیکر 11 بجکر 23 منٹ تک۔ یَا مَتِیْنُ یَا اَللّٰہُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہوتے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

رحمتیں برکتیں خود اترتی دیکھیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری گزشتہ کئی ماہ سے پڑھ رہی ہوں۔ ہم تمام گھر والے عبقری میں آنے والی روحانی محفل بہت شوق سے کرتے ہیں' ہمارا گھر مسائل کا گڑھ بن چکا تھا' ہر روز لڑائی جھگڑے' مار کٹائی معمول کی بات تھی' کاروبار دن بدن زوال پذیر تھا۔ پھر ہم نے عبقری میگزین میں آنے والے ماہانہ روحانی محفل گھر میں کرنا شروع کردی' چند ہی ماہ میں میں نے اپنے گھر والوں پر رحمتیں برکتیں اترتی خود دیکھی ہیں' آپ کی خاص توجہ' دعاؤں اور روحانی محفل کی برکت سے کام بنتے دیکھے ہیں' گھر میں برکت ہی برکت آرہی ہے' کاروبار بہتر سے بہترین کی جانب گامزن ہے۔ ہر کوئی مطمئن ہے۔ الحمدللہ! جب بھی رسالہ عبقری گھر آتا ہے ہم سب سے پہلے اس ماہ کی روحانی محفل دیکھتے ہیں۔ (ی۔ز)

سونف کا کمال: کھانسی اور دمہ میں چھ ماشہ سونف' چھ ماشہ پر سیاوشاں ملا کر دینا مفید ہے' نیز یہ بلغم کو دور کرتی ہے' بادی کو دور کرتی ہے' مقوی معدہ ہے' پیشاب اور حیض کو جاری کرتی ہے۔

سید عبدالرحمٰن محی الدین حجازیؒ کے روحانی وظائف

اگر کوئی شخص تنگدست' نادار اور کم حیثیت اور عزت سے محروم ہو تو اس کیلئے بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور درمیان میں ایک سو ایک بار اسم الٰہی یَاعَظِیۡمُ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک چلہ عمل کرنے کی برکت سے آمدنی میں اضافہ ہوگا۔

بُرے اور گندے خیالات سے نجات: اگر کسی شخص کو ہروقت گندے اور بُرے بُرے خیالات آتے ہوں جس کے سبب وہ پریشان اور بے چین رہتا ہو اس کیلئے بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو بار اسم الٰہی یَاخَبِیۡرُ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل روزانہ کرے اور کم از کم چالیس دن ضرور کرے۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہر وقت خود کو کسی نہ کسی کام میں مصروف رکھے اگر پڑھنا جانتا ہے تو بزرگوں کے حالات زندگی کا روزانہ مطالعہ کرے۔ اگر پڑھنا نہیں جانتا تو روزانہ ایک سو بار کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کو پڑھا کرے۔ اس کے لیے وقت اور وضو کی شرط نہیں جس وقت فرصت ہو پڑھ لیا کرے۔ روزانہ کچھ دیر اللہ والوں کی صحبت میں بیٹھا کرے۔

کھیت اور باغ کی حفاظت: اگر کوئی شخص اپنی کھیتی اور باغ کے سلسلے میں پریشان رہتا ہو کھیت میں جنگلی جانور اور باغوں میں پرندے باغ کو نقصان پہنچاتے ہیں اس کیلئے اسم الٰہی یَاحَلِیۡمُ کو پانچ کاغذوں پر ایک ایک سو بار لکھے اور ہنڈیا (مٹی کی چھوٹی ہنڈیا) میں بند کرکے باغ یا کھیت کے چاروں کونوں میں چار ہنڈیا گہرائی میں دفن کروے اور پانچویں ہنڈیا گہرائی میں کھیت یا باغ کے درمیان میں دفن کردے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کھیت یا باغ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا اور فصل اور پھل خوب ہوں گے۔

مخلوق خدا کی نظر میں باعزت ہونا: اگر کوئی شخص تنگدست' نادار اور کم حیثیت اور عزت سے محروم ہو تو اس کیلئے بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور درمیان میں ایک سو ایک بار اسم الٰہی یَاعَظِیۡمُ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک چلہ عمل کرنے کی برکت سے آمدنی میں اضافہ ہوگا لوگ عزت و تکریم کے ساتھ برتاؤ کریں گے۔

ہر قسم کا غم دور' کام آسان: اگر کسی شخص کا کوئی کام اٹک گیا ہو اس کے باعث غم میں مبتلا رہتا ہو تو اس کیلئے بعد نماز فجر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ کلمات باوضو پاک مصلے پر قبلہ رخ بیٹھ کر پابندی کے ساتھ پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک مشکل حل نہ ہو اور غم و فکر دور نہ ہو۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔

لَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

یَاقَدِیۡمُ یَاقَیُّوۡمُ یَافَرۡدُ یَاوِتۡرُ یَا اَحَدُ یَاصَمَدُ

کوئی بھی حاجت پورا ہونا اور مراد بر آنا: اگر کوئی ایسی شدید حاجت پیش آگئی ہو جس کا جلد پورا ہونا ضروری ہو' ورنہ بڑے نقصان کا اندیشہ پیدا ہونے کا خطرہ ہو اس میں دیر لگنے سے بہت بڑی مصیبت پیش آسکتی ہو تو اس کیلئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ پاک مصلے پر بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے' درمیان میں ایک ہزار ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک کہ حاجت پوری نہ ہو اور مراد حاصل نہ ہو۔ ان شاء اللہ بہت جلد مراد پوری ہوگی۔

لاعلاج مرض سے صحت کیلئے: اگر خدانخواستہ کسی کو کوئی ایسا مرض لپٹ گیا ہو جس کا حکیم و ڈاکٹروں کو پتہ نہ چلتا ہو اور علاج اور دوا بھی اس کو معلوم نہ ہو اور وہ بیماری کی تکلیف سے بے چین اور پریشان ہو بلکہ تمام اہل خانہ اس کی انجانی بیماری سے شدید مایوسی کا شکار ہوں تو اس کے لیے گھر کا کوئی بھی فرد مرد یا عورت بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک ہزار ایک بار سورۂ کافرون پڑھے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے اور مریض پر بھی دم کرے' یہ عمل تین دن کرے ان شاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا اور علاج کی ضرورت نہ پڑے گی۔

نافرمان اولاد فرمانبردار بن جائے: اگر خدانخواستہ کسی کی اولاد نافرمان ہو اور بات بات پر نافرمانی کرتی ہو تو اس کیلئے روزانہ فجر کی نماز کے بعد باوضو ایک سو ایک بار اسم الٰہی یَاشَهِیۡدُ پڑھے اور بچوں کے نیک اور فرمانبردار ہونے کی دعا کرے۔ ایک چلہ یہ عمل کرے۔ دوسری سب سے بنیادی بات یہ ہے کہ بچوں کو حلال رزق کھلائے' حرام کی روزی اور رشوت' چوری' ڈاکے کا مال کھلائے گا تو کتنے ہی وظیفے پڑھ لے اولاد کبھی فرمانبردار نہیں بن سکتی۔ لہٰذا اس سلسلے میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

برائے حاجت پورا ہونے کے: اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت پیش آگئی ہو جس کا پورا ہونا بہت ضروری ہو اور اس کے پورا نہ ہونے سے بہت زیادہ نقصان کا اندیشہ ہو تو اس کیلئے صبح دن کے نو بجے نماز چاشت ادا کرے اور اس کے بعد باوضو سورۂ یٰسین شریف تین مرتبہ روزانہ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھا کرے اور پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت پوری ہونے کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور قبول ہوگی اور اس کی حاجت پوری ہوجائے گی۔ یہی عمل اس کیلئے بھی ہے کہ اگر کسی کی کوئی شخص رقم لے کر یا قرض لے کر قرضہ واپس نہ کرے تو اس کیلئے بھی یہی عمل پابندی کے ساتھ کرتا رہے اور اس وقت تک عمل کرتا رہے جب تک پوری رقم واپس نہ مل جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی پوری رقم جلد ہی واپس مل جائے گی۔ اس دوران کچھ حسب حیثیت صدقہ کرتا رہے۔ اگر سورۂ یٰسین زبانی نہیں یاد تو قرآن کریم میں سے دیکھ کر پڑھ لے۔ یہ عمل بے شمار کا آزمودہ ہے۔ اس کے علاوہ جس کسی کو رزق کی تنگی ہو روزانہ صبح درج بالا ترتیب کے ساتھ سورۂ یاسین پڑھے اور یقین توجہ کے ساتھ اللہ سے اپنے رزق میں اضافہ کیلئے دعائیں مانگے۔

کیسو کے پھول' الائچی اور کلونجی' واہ کیا بات ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے ماہنامہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتے ہیں' اس رسالے مختلف ٹوٹکے پڑھ کر ہم نے آزمائے تو یقینی اور فوری فائدہ ملا۔ **ہمارے آزمودہ تجربات قارئین کے نام:** عبقری میں پڑھا تھا کہ خواتین کے مخصوص ایام میں اگر درد ہو تو کیسو کے پھول کا قہوہ بنا کر پی لیں تو آرام آجاتا ہے' بہت ہی آزمودہ ہے ایک دو دفعہ کے استعمال سے یقینی فرق پڑ جاتا ہے۔ **الائچی کا پانی:** موشن اور قے میں الائچی والا پانی بچے کو پلائیں تو فوری افاقہ ہوتا ہے' طریقہ یہ ہے کہ دو کپ پانی میں چھ عدد الائچی ڈال کر ابالیں پانی ایک کپ رہ جائے تو شہد یا چینی حسب ذائقہ ملا کر تھوڑا تھوڑا بچے کو پلائیں۔ **عبقری کا ہیپاٹائٹس سیرپ:** میری والدہ کو ہیپاٹائٹس کا مرض تھا' عبقری دواخانہ سے ہیپاٹائٹس نجات سیرپ دس بوتلیں منگوا کر پیں' جب دوبارہ ٹیسٹ کروایا تو مرض بالکل ختم ہوگیا اور رپورٹ نارمل تھی۔ **کلونجی کا تیل:** میرے بھائی کے آدھے سر میں درد تھا' درد کئی دن سے مسلسل ہو رہا تھا' ایک دن اسے رات کو سوتے وقت کلونجی کے تیل کے پانچ قطرے دودھ میں ملا کر پلائے اور ناک کے مخالف نتھنے میں کلونجی کے تیل کا ایک قطرہ ڈالا تو درد میں افاقہ ہوا۔ تین دن مسلسل کرنے سے درد بالکل ٹھیک ہوگیا۔ (مدثر' گوجرانوالہ)

ہرکام بخیروخوبی انجام پائے: اسم پاک یَامُبۡدِئُ کا کثرت سے ذکر کرنے والا جس کام کی بھی ابتدا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو بخیروخوبی انجام پذیر کرتا ہے۔(ان شاءاللہ تعالیٰ)

جانیے! انار سے زیادہ اس کا چھلکا مفید ہے!

محمد زبیر، ہارون آباد

انار ٹی بی کے مریضوں کیلئے بہترین غذا ہے۔اس کا پانی آنکھ میں لگانا مقوی بصارت ہے۔ تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ انار مثانے کے کینسر کو روکنے میں موثر و مددگار ہوسکتا ہے۔اس کے ساتھ دل کی شرائن کی بیماریوں کا خطرہ کم ہوجاتا ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان عالیشان کے مطابق انار جنت کا پھل ہے جس کا ذکر قرآن شریف میں کئی مقام پر ہے۔ جنت میں اس پھل کی موجودگی اس کی غذائی وطبی افادیت ہونے کی واضح دلیل ہے۔ لہٰذا صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین انار کو مکمل تناول فرماتے۔انار کی بارہ سے زائد اقسام ہیں ان میں سب سے اچھا لذیذ اور رس بھرا انار صرف پاکستان میں پیدا ہوتا ہے۔ یہ ایک قابض پھل ہے' ہرقسم کے بہتے ہوئے خون کو روکتا ہے خواہ اس کا تعلق رحم' بواسیر' نکسیر یا مسوڑھوں سے ہو۔نئی تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ انار سے زیادہ اس کا چھلکا مؤثر ہے۔انار کا پھل' انار کے پتے' پوست' دانہ انار' انار کی جڑ' جڑ کی چھال' کلی' پھول سمیت تمام اجزاء دوا کے طور پر الگ الگ استعمال کیے جاتے ہیں اوران کے الگ الگ نام اورخواص وتاثیرات ہیں۔ یہ پھل پیاس کوتسکین دینے کے علاوہ متلی وقے کو روکنے' عمدہ خون پیدا کرنے' جگر ول اور ہضم کو طاقت دینے کے ساتھ مدر بول (پیشاب آور) ہے۔

انار یرقان' اسہال میں بے حد مفید ہے۔خون کے سرخ ذرات ہیموگلوبن اور پلازما کی مقدار اس کے استعمال سے بڑھ جاتی ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری دور کرنے کیلئے ٹانک ہے۔کمی خون' لو بلڈ پریشر' بواسیر اور ہڈیوں کے درد میں انار کو طب یونانی کے ساتھ آیوویدک اور ایلوپیتھی نے بھی مفید تسلیم کیا ہے۔انار میں اعضائے رئیسہ کو تقویت کے ساتھ جراثیم کش خصوصیات بھی پائی جاتی ہیں۔ انار ٹی بی کے مریضوں کیلئے بہترین غذا ہے۔ اس کا پانی آنکھ میں لگانا مقوی بصارت ہے۔تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ انار مثانے کے کینسر کو روکنے میں موثر و مددگار ہوسکتا ہے۔اس کے ساتھ دل کی شرائن کی بیماریوں کا خطرہ کم ہوجاتا ہے۔

اس میں شکر' وٹامن اے بی سی زیادہ مقدار میں موجود ہیں اور فاسفورس' سوڈیم' کیلشیم' گندھک' آگزالک ایسڈ اور کیروٹین جیسے معدنی اجزاء بھی بکثرت پائے جاتے ہیں۔

اناردانہ: انار کے دانوں کو خشک کرلیا جاتا ہے' رنگ سفید' ذائقہ ترش' مزاج سرد وخشک۔

افعال واستعمال: قابض' معدہ کو قوت دیتا ہے۔کھانے کو ہضم کرنے بھوک بڑھانے میں مفید ہے۔ اناردانہ کو پانی کے ساتھ رگڑ کر اسہال پیچش میں استعمال کیا جاتا ہے جو کہ پیچش کو فوری روک دیتا ہے۔ **احتیاطی تدابیر:** قبض' گلے کی خرابی اور پتلی بلغم کی کثرت کے مریض معالج کے مشورے کے بغیر انار استعمال نہ کریں۔ **سفوف اناردانہ مرکب:** درج ذیل نسخہ اسہال وپیچش کیلئے نہایت ہی مفید ہے۔

ھوالشافی: اناردانہ شیریں سوگرام' خشخاس سفید بریاں پچاس گرام' سفوف بنائیں۔ترکیب استعمال: پانچ پانچ گرام صبح و شام کھائیں۔ **سفوف انارین:** متلی' بدہضمی' گیس' قبض' ہیضہ' بدہضمی اور اسہال میں مفید ہے۔ **ھوالشافی:** ناگرموتھا پچاس گرام' پودینہ پچاس گرام' اناردانہ سوگرام' دارچینی پچاس گرام' مصطگی رومی پچاس گرام' الائچی خورد پچاس گرام' ست پودینہ تین گرام' شکر سفید 350 گرام' تمام اشیاء کو ملا کر سفوف بنالیں۔ترکیب استعمال تین تین گرام صبح وشام استعمال کریں۔ **روح انار مرکب:** ہرقسم کی متلی گھبراہٹ گیس' ہیضہ غذائی خصوصاً حاملہ کی متلی وقے کو روکتا ہے۔

ھوالشافی: آب انار دوسو ملی لیٹر' آب پودینہ دوسو ملی لیٹر آب لیموں دوسو ملی لیٹر' آب ادرک 125 ملی لیٹر' شکر سفید 750 گرام۔ست لیموں دوگرام' ست لوبان ایک گرام' معروف طریقے سے مرکب تیار کریں۔ٹھنڈا کرکے ست الائچی ایک گرام' ست پودینہ ایک گرام اور طباشیر سائیدہ دس گرام شامل کریں۔ **ترکیب استعمال:** صبح وشام دوچمچ پانی میں ملاکر استعمال کریں۔

میرے ابو کی شوگر اب نارمل ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک ٹوٹکہ ہے جو کہ ہمارا آزمودہ ہے۔ میرے ابو ہائی شوگر کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھے' ہرروز صبح ایک گولی شوگر کی کھاتے تھے۔ پھر کسی عزیز نے درج ذیل ٹوٹکہ بتایا میرے ابو نے تین ماہ مسلسل استعمال کیا تو اب الحمدللہ ایک سال ہوگیا ہے میرے ابو کا شوگر لیول بالکل نارمل ہے۔نسخہ درج ہے:

ھوالشافی: جنگلی املی تین حصہ اور کوٹ تمہ ایک حصہ ملا کر سفوف بنا کر صبح وشام ایک چمچ چائے والا پانی کے ساتھ (م۔ا، کوئٹہ)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔

ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلاتعداد یَارَزَّاقُ یَارَحِیۡمُ پڑھیں۔ اول وآخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

اللہ ھو کے مراقبے سے سانس بحال ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری گزشتہ پانچ سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔اس شمارے سے ہم نے بہت کچھ پایا ہے اور پانے کے بعد اپنے تجربات و مشاہدات بھی بے شمار مرتبہ لکھے اور بارہا ماہنامہ عبقری میں میرے نام کے ساتھ چھپے بھی۔جس کی بے انتہا خوشی ہوتی ہے کہ میرے چھوٹے سے تجربے کو لاکھوں نے آزمایا ہوگا اور مجھے بھی ثواب ملا ہوگا۔گزشتہ سردیوں میں مجھے شدید زکام ہوگیا۔ مجھے سانس زور لگا کر لینا پڑرہا تھا۔ میں نے ایک مرتبہ ماہنامہ عبقری میں اللہ ھو کے مراقبہ کے بارے بہت مشاہدات پڑھے تھے۔ میں نے اللہ ھو کا مراقبہ کیا۔ یعنی اللہ کا نام لے کر سانس اندر کھینچی ہے اور حسب برداشت سانس روک کر رکھنی ہے' ھو کا لفظ جب کہنا ہے تو زور سے سانس باہر نکالنی ہے۔ میں نے یہی عمل چند بار دہرایا تو میرا ناک بھی کھل گیا اور میری سانس بھی بحال ہوگئی اور طبیعت بالکل فریش ہوگئی۔اس کے علاوہ ماہنامہ عبقری میں آنے والا مراقبہ بھی ضرور کرتی ہوں الجھنوں پریشانیوں سے نجات پاتی ہوں۔(ف، لاہور)

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر زپن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

کالا یرقان: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر اس وقت 62 سال ہے' میں کالے یرقان کا مریض ہوں' اس مرض کو لاحق ہوئے تقریباً پانچ سال ہو گئے ہیں' میرا جگر بقول معالجین کے تیس فیصد کام کر رہا ہے اور ستر فیصد متاثر ہو چکا ہے' جگر کا کام نہ کرنا بہت قابل تشویش ہے۔ اس عرصہ کے دوران تقریباً تین دن تک جیسے کالے رنگ کے لوز موشن اور خون کی تین چار قے آئی ہیں۔ براہ مہربانی مجھے علاج بتائیں تا کہ اس موذی مرض سے چھٹکارا پاسکوں اور جگر ٹھیک کام کرنا شروع کر دے۔ میری ڈھیر ساری نیک دعائیں آپ کے ساتھ اور یہی دعائیں آپ کے اہل خانہ کیلئے۔ (عبدالمجید' شیخوپورہ)

مشورہ: ھوالشافی: ہلدی، ملٹھی، سونف، پھٹکڑی بریاں، گل مدار یا آک کے پھول، ہموزن کوٹ پیس کر آدھا چمچ پانی کے ہمراہ دن میں چار بار 3 سے 5 ماہ تک استعمال کریں۔ ان شاء اللہ شفاء یابی ہوگی۔ مرچ مصالحہ' چکنائی سے مکمل پرہیز کریں۔

میرا خط پورا چھاپے گا: میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری عمر 24 سال ہے' مختلف بیماریوں کا شکار ہوں' میرا خط پورا چھاپے گا تا کہ مجھ جیسی اور لڑکیوں کا بھی بھلا ہو جائے' عبقری میرے لیے آخری امید ہے' میرا وزن سو کلوگرام ہے' دو سال پہلے ٹوٹکے استعمال کرنے کے باوجود پندرہ کلو مزید بڑھ گیا' جسم ہر وقت گرم رہتا ہے' سردیوں میں کبھی سویٹر نہیں پہنا' گرمیاں میرے لیے انتہائی اذیت ناک ہوتی ہیں' جسم سے پسینے کی انتہائی غلیظ بدبو آتی ہے' جسم تندور کی مانند گرم رہتا ہے' پسینے میں جلن اور تیزابیت ہے' سارے جسم پر جھریاں ہیں' ریشمی کپڑا نہیں پہن سکتی' پت کی وجہ سے جسم جلا ہوا ہونے کے بعد پھٹ جاتا ہے' منہ پر موٹے موٹے بال ہیں جو بدنما لگتے ہیں' میں نے کبھی کوئی کریم یا لوشن استعمال نہیں کیا۔ ایام بیس تا چھبیس دنوں کے بعد آتے ہیں' دو دن بعد سوکھ جاتے ہیں' کمر اور پیٹ کا اندرونی نچلا حصہ نیز پنڈلیوں میں شدید درد ہوتا ہے جو برداشت نہیں ہوتا۔ کبھی گہری نیند نہ سو سکی ہوں۔ دن میں کبھی نیند نہیں آتی۔ گھر کی چھت پر چہل قدمی کرلوں تو جوڑوں کا درد اور پسلیاں بھی تکلیف میں مبتلا ہو جاتی ہیں۔ اس کے بعد کئی دن تک کرتی بھی رہوں تو تکلیف مزید بڑھ جاتی ہے' کھانا بالکل سادہ کھاتی ہوں' دوپہر کو سلاد روٹی' دن کو دہی روٹی' رات کو سالن کے ساتھ روٹی یا کبھی کبھی چاول۔ آج تک بازاری یا بیکری کی اشیاء استعمال نہیں کیں۔ چائے کافی کبھی نہیں' پانی ہمیشہ گرم پیتی ہوں۔ بال تیزی سے جھڑ رہے ہیں' ہر کوئی میری بات ''آہ'' کے ساتھ کرتا ہے' جو رشتہ دیکھنے آتا ہے صرف ایک جھلک دیکھ کر اٹھ کر چلے جاتے ہیں۔ ٹینشن ڈیپریشن کا شکار ہو چکی ہوں' اپنے گھر والوں پر بوجھ ہوں' خدارا عبقری میں میرا علاج ضرور شائع کریں۔ (پوشیدہ)

مشورہ: آپ کی خواہش کے مطابق آپ کا خط مکمل چھاپ دیا گیا ہے' آپ کسی دیانت دار حکیم سے عمدہ اصلی خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار بنوالیں اور چھ گرام صبح کھائیں۔ اس کے ساتھ آپ دفتر ماہنامہ عبقری سے سکون افزا' ٹھنڈی مراد' خون صفاء اور جوہر شفاء مدینہ لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ پندرہ دن بعد دوبارہ لکھیں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے علاج کروائیں۔

والدہ کا کمر درد: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری والدہ کو ریڑھ کی ہڈی یعنی مہرے میں درد شروع ہوتا ہے اور کولہے سے ہوتا ہوا پاؤں تک جاتا ہے۔ پاؤں سن ہو جاتا ہے' ہائی بلڈ پریشر کا مسئلہ بھی ہے' انگریزی حکیمی دوائیاں کھا چکیں ہیں لیکن فرق نہیں پڑتا' جوڑوں کا درد اور معدے میں بھی دوائیاں کھا کھا کر تکلیف ہو گئی ہے' بیٹھ نہیں سکتیں' کھڑا بھی نہیں ہوا جاتا' لیٹنے سے وہ گھبراتیں ہیں' جو بندہ کبھی فارغ نہ بیٹھا ہو اس کیلئے چارپائی پر مسلسل لیٹنا عذاب ہوتا ہے' ہم نے کبھی والدہ کو لیٹے نہیں دیکھا لیکن اب دیکھا ہے تو انتہائی تکلیف ہوتی ہے' براہ کرم کوئی آسان سا حل کوئی ٹوٹکہ بتا دیں۔ (ایک دکھی بیٹی)

مشورہ: آپ اپنی والدہ کو یہ نسخہ بنا کر استعمال کروائیں۔ ھوالشافی: کلونجی 100 گرام قسط شیریں 50 گرام تخم کاسنی 100 گرام روغن زیتون تمام کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں ان ادویات سے چھ گنا زیادہ زیتون کا تیل ملا کر محفوظ کر رکھیں۔ آدھا چمچ دوائی دن میں چار بار استعمال کریں۔ بہن یہ نسخہ بہت کارآمد ہے یقین اور توجہ سے استعمال کروائیں۔ ہائی بلڈ پریشر کیلئے اپنی والدہ کو عبقری دواخانہ کی ''فشاری'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔

بال سفید ہو رہے: میری عمر 29 سال ہے' میں پڑھنے کی غرض سے اسلام آباد گیا تب سے میرے بال سفید ہونا شروع ہو گئے۔ 2014ء سے اب 2017ء تک میرے سر' داڑھی' حتیٰ کہ بازوؤں کے بال بھی سفید ہو چکے ہیں' میں بہت پریشان ہوں اب اپنے شہر پہنچ گیا ہوں' براہ مہربانی مجھے ایسا علاج بتائیں کہ میرے بال سیاہ ہو جائیں اور مزید سفید ہونا بند ہو جائیں تا زندگی شکرگزار رہوں گا۔ میرا دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ میرا وزن 87 کلو ہے' بھوک بہت لگتی ہے' چاول بہت پسند ہیں' فاسٹ فوڈ زیادہ کھاتا ہوں' تھوڑی سی واک کرتا ہوں لیکن وزن کم نہیں ہو رہا' وزن کم ہونے کا علاج بتا دیں۔ (محمد عدنان' ڈیرہ غازیخان)

مشورہ: آپ پہلے زکام کو دور کریں عمدہ بنی ہوئی جوارش جالینوس اصلی چھ چھ گرام غذا کے بعد کھائیں۔ اسطخدوس چھ گرام ایک کپ پانی میں جوش دے کر چھان کر میٹھا کر کے پئیں صبح اور سوتے وقت۔ تین ہفتے کے بعد دوبارہ حال لکھیں۔ چاول دودھ سے پرہیز ضروری غذا میں عمدہ بکرے کا گوشت اچھی طرح گلا کر اصلی خالص دیسی گھی میں پکائیں۔ بھون کر کھائیں بشرطیکہ خون میں کولیسٹرول نارمل ہو اور دو گھنٹے بھاگ دوڑ والا کھیل بھی ضرور روزانہ کھیلیں۔ اچھی غذا کھا کر آرام سے نہ بیٹھے رہیں بادام ضرور کھائیں۔ موٹاپے کو دور کرنے کیلئے آپ نے سوال میں جو جو باتیں بتائیں ہیں ان کا الٹ کرلیں آپ ٹھیک ہو جائیں گے۔ یعنی کھانا کم کھائیں' فاسٹ فوڈز چھوڑ دیں' چاول کا استعمال انتہائی کم کر دیں' واک زیادہ سے زیادہ کریں۔

گھبراہٹ' بے چینی اور دل میں خوف: میں عبقری کا کافی عرصہ سے مطالعہ کر رہا ہوں آج دل چاہا کہ اپنے مسائل کا حل آپ سے پوچھوں تو خط لکھ ڈالا۔ مجھے معدے کا مسئلہ ہے اور میں اگر کہیں باہر اکیلا ہوں تو گھبراہٹ' بے چینی' دل میں خوف پیدا ہو جاتا ہے اور ہر وقت میرے دل میں عجیب و غریب خیال آتے رہتے ہیں' نماز کی پابندی نہیں ہوتی۔ بہت پریشان ہوں' خدارا میرے خط کا جواب دیں۔ (عمر ایاز' ہری پور)

مشورہ: لعوق معتدل چھ گرام آدھی پیالی گرم پانی میں ملا کر سوتے وقت روزانہ پئیں۔ دودھ' چاول' سبزیاں' پھل نہ کھائیں۔ خاص طور پر ٹھنڈے دودھ سے قطعی پرہیز کریں، اس سب کے ساتھ عبقری دواخانہ کا ''گیس تبخیر کورس'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

گمشدہ چیز پانے کیلئے: جو شخص کسی گمشدہ چیز کیلئے اس اسم پاک یَا مُعِیْدُ کا ورد کرے گا۔ ان شاء اللہ اسے وہ چیز حاصل ہوجائے گی۔

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند ٹیپ یا سٹیپلر ز پن کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ اپنا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کرکے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

فالج اور ذہنی مریض: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ 2012ء سے پڑھ رہا ہوں اور دعا ہے کہ اللہ رب العزت عبقری کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے آمین ثم آمین! عرض یہ ہے کہ میرا ایک لڑکا دماغی مریض ہے' بے تحاشہ گالیاں دیتا ہے' دوسرا لڑکا مرگی کا مریض ہے اور میں فالج کا مریض ہوں' اس مسئلے کا حل ارشاد فرمائیں' اللہ تعالیٰ آپ کی زندگی میں زیادہ سے زیادہ برکات عطا فرمائے' آمین ثم آمین۔ (عبدالغفور' بھکر)

جواب: رات کو جب بیٹا سو جائے تو سرہانے کھڑے ہوکر ایک مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر سر پر دم کردیا جائے۔ یہ عمل اس کی والدہ کریں تو سب سے بہتر ہے۔ روزانہ کسی وقت پانی یا کسی مشروب پر سو مرتبہ یَارَحِیْمُ دم کرکے پلائیں۔ انشاء اللہ مزاج میں تبدیلی واقع ہوگی۔ تاہم غیرضروری سختی کرنے اور ڈرانے سے گریز کیا جائے۔ اپنے اور دوسرے بیٹے کیلئے روزانہ سات سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر خود پر دم کریں۔ ان شاء اللہ حالات سدھرنا شروع ہوجائیں گے۔

جنات کا مسئلہ: میں کافی عرصہ سے بیمار ہوں' جب میں سات سال کا تھا اس بیماری میں مبتلا ہوا' میرے ساتھ جنات کا مسئلہ ہے' میرے پیٹ میں درد رہتا ہے' سات سال کی عمر میں ایک سید صاحب سے علاج کروایا' اس علاج سے چھ سال ٹھیک رہا پھر بیمار ہوگیا' اس سید صاحب نے کہا تھا کہ جب تم بڑے ہوجاؤ گے تو یہ بھی بڑے ہوجائیں گے اور آپ کو چھوڑ دیں گے لیکن ایسا نہ ہوا' میں پھر سے بیمار ہوگیا' اس وقت وہ سید صاحب وفات پاچکے ہیں' بہت سے پیر فقیر اور ڈاکٹروں سے علاج کروایا مگر میرا علاج نہ ہوا' اب میری عمر 33 سال ہے خدارا میرا علاج کروائیں۔ (چ۔ش)

جواب: آپ اس کا علاج یوں کریں رات کو سوتے وقت باوضو سوئیں اور آخری قل سات سات دفعہ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک کر پورے بدن پر مل لیں اور جب تک نیند نہ آئے اس وقت تک آیۃ الکرسی پڑھتی رہیں۔ اس کے علاوہ اپنے گھر میں سورۃ بقرہ کا آخری رکوع' سورۃ حشر کا آخری رکوع اور دو انمول خزانے ٹیپ ریکارڈ میں بھر کر گھر میں ہر وقت چلاتے رہیں' ہلکی آواز سے یہ گھر میں ہر وقت چلتے رہیں۔ انمول خزانہ اگر آپ کے پاس نہیں ہے تو دفتر ماہنامہ عبقری سے جوابی لفافے کے ساتھ خط لکھ کر منگوالیں۔

مجھے ڈیپریشن ہے!: محترم حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! میری عمر 27 سال ہے اور میرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے ڈیپریشن ہے میں نے ڈاکٹری ادویات بھی کھائی ہیں اور ہربل ادویات بھی استعمال کی ہیں' میں بہت پریشان ہوں مجھے نیند صحیح نہیں آتی مطلب جوں ہی نیند آتی ہے جسم کو جھٹکا سا لگتا ہے اور میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ بعض اوقات یوں ہوتا ہے کہ دماغ جاگ رہا ہوتا ہے اور جسم سو رہا ہے' الٹے سیدھے خوابوں کی وجہ سے میری پریشانی کی حالت میں آنکھ کھل جاتی ہے اور جسم اندر سے کانپتا ہے یہ کیفیت کسی کو بتا بھی نہیں سکتی' جہاں نوکری کیلئے جاتی ہوں کہیں کام نہیں بنتا' ہروقت دل میں عجیب عجیب سے خیال آتے رہتے ہیں' مجھے کچھ پڑھنے کیلئے بتائیں آپ کی بہت مہربانی ہوگی۔ (ر۔ د)

جواب: جسمانی کمزوری کے لیے مناسب غذا پر توجہ دیں اور کسی طبیب سے مشورہ کریں۔ غذا میں قدرتی مٹھاس یعنی کھجور اور پھل کو اعتدال کے ساتھ غذا میں شامل کریں۔ صبح شام چلتے پھرتے دل ہی دل میں اللہ کا ذکر کیا کریں۔ آرام دہ حالت میں بیٹھ کر آنکھیں بند کرلیں اور آہستگی سے گہری سانس لیا اور نکالا کریں، دس منٹ تک۔ ذہن کو ہر قسم کی پریشانی سے آزاد کرنے کی کوشش کریں۔ ساتھ عبقری دواخانہ کی سکون افزا اور ماہنامہ عبقری میں دیا گیا روحانی مراقبہ بتائی گئی ترتیب کے مطابق ضرور کریں۔

گھی والی روٹیوں پر جادو: میرے گھر میں بہت پریشانی ہے' میں جس عامل کے پاس بھی گیا ہوں اس نے جادو بتایا ہے' میں اور میری بیوی اکثر بیمار رہتے ہیں' طرح طرح کی تکالیف ہوتی ہیں' کبھی جوڑوں میں درد رہتا ہے اور بیوی کا تین دفعہ آپریشن ہوچکا ہے پھر بھی ٹھیک نہیں ہوئی۔ کافی سال پہلے کی بات ہے گھر کے نزدیک ایک گندم کا بھوسہ پڑا تھا میں جانوروں کیلئے بھوسہ لینے گیا تو بھوسے سے پندرہ بیس روٹیاں نکلیں' روٹیوں پر گھی لگا ہوا تھا' میں نے ان روٹیوں کو اٹھایا تو مجھے طرح طرح کی تکالیف شروع ہوگئیں' ٹانگوں پر زخم ہونا شروع ہوگئے اور گندگی بہت نظر آتی تھی' بیٹیوں کے رشتے نہیں آتے' لڑکے اچھے پڑھے لکھے ہیں نوکری نہیں ملتی۔ خدارا کوئی عمل بتائیے۔ (خادم حسین' مظفرگڑھ)

جواب: تمام گھر والے بکثرت سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ میرا تجربہ اور بارہا کا تجربہ ہے کہ جب بھی سورۃ فاتحہ پڑھی گئی اور تمام گھر والوں نے پڑھی تو گھر میں محبت سکون اور چین آگیا۔ تو کم از کم 313 بار سورۃ فاتحہ روزانہ پڑھیں اور چاروں قل، آیت الکرسی بھی گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھ کر ہر شخص اپنے اوپر دم کرے' صدقہ خیرات حسب توفیق ضرور دیں۔

ناجائز قبضہ: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو ہمیشہ سلامت رکھے اور عمر دراز عطا فرمائے۔ میں آپ کا شمارہ تین سال سے پڑھ رہی ہوں' رسالے میں اکثر لوگوں کے مسائل کے حل پڑھ کر نہ صرف دل کو خوشی ہوئی بلکہ ساتھ میں یہ امید بھی جاگی کہ شاید اللہ تعالیٰ آپ کو میرے لیے بھی وسیلہ بنادے۔ میرے چچا نے ہمارے گھر کے ایک حصے پر ناجائز قبضہ کیا ہوا ہے' حالانکہ ان کے پاس دوسری زمین بھی ہے' میرے والد دل کے مریض ہیں' لڑائی نہیں کرسکتے' براہ مہربانی کوئی ایسی دعا بتادیں جس سے یہ معاملہ صلح جوئی سے حل ہوجائے اور وہ یہ گھر ہمیں واپس دے دیں۔ گھر میں اکثر بیماری رہتی ہے لگتا ہے کسی نے کچھ کروایا ہوا ہے۔ (ع۔ک)

جواب: اگر کسی کے مال' زمین یا کسی اور اسباب پر یا عزت و آبرو کا کوئی ناحق دعویدار بن کر ظلم کررہا ہے اور مظلوم چاہتا ہو کہ اس ظالم قابض کے ناحق قبضہ سے نجات ملے تو اسے چاہیے کہ سات دن تک ظہر کی نماز کے بعد گیارہ سو بار باوضو یہ آیت پڑھ کر دشمن کے دفع ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ کے مسلسل عمل سے دشمن سے نجات ملے گی۔ وہ آیت یہ ہے: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا ۢبِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ ۢبِالظّٰلِمِيْنَ ﴿بقرہ ۹۵﴾۔ اس آیت سے قبل اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ہر بار پڑھنا ضروری ہے۔

بچے کی ضد: محترم حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! میرا ایک بیٹا ہے' انتہائی کمزور ہے کھانا بھی نہیں کھاتا ہے اور نہ ہی ناشتہ کرتا ہے' کے جی کلاس میں پڑھ رہا ہے' بس چیزوں کی ضد میں لگا رہا ہے' ہم کہتے ہیں کہ بیٹا ناشتہ کرو پھر آپ کو چیز لے کر دیں گے مگر وہ رونا شروع کردیتا ہے اور بہت زیادہ ضد کرتا ہے۔ بہت علاج کروایا مگر کوئی فائدہ نہیں ہو رہا روحانی طور پر کچھ بتائیں۔ (محمد ادریس' حیدرآباد)

جواب: آپ اپنے بچے کے دونوں کانوں میں دن میں کم از کم پانچ مرتبہ اذان اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ دیں۔

نیکی جب تک کرسکتے ہو کرو: نیکی جو بھی کرسکتے ہو کرو، جن ذرائع سے بھی کرسکتے ہو کرو، جس طرح بھی کرسکتے ہو کرو، جہاں بھی کرسکتے ہو کرو، جب بھی کرسکتے ہو کرو، جس کیساتھ بھی کرسکتے ہو کرو، جب تک کرسکتے ہو کرو۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

عیاشی کے سمندر میں تیرتا اچانک تسبیح خانہ پہنچا

قارئین! حضرت جی! کے درس، موبائل (میموری کارڈ)، نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں! آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روزانہ سنیں آپ کے گھر، گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! محترم! میرا خاندانی پس منظر کچھ اس طرح ہے کہ میرے بزرگ گاؤں میں رہتے تھے لیکن کچھ وجوہات کی بنا پر قریبی چھوٹے سے شہر نقل مکانی کرکے رہائش پذیر ہوئے۔ بس قدرت کا نظام ہے۔ پیرومرشد! انتہائی اختصار کے ساتھ اتنا لکھنا چاہتا ہوں کہ جب پیسے ملے تو شوق بھی ملے، ہمارے گھر میں پہلے کچھ بھی نہیں تھا، پھر ٹیپ ریکارڈر آیا، پھر کلر ٹی وی، پھر سی ڈی اور ڈی وی ڈی، پھر ٹیلی فون، پھر کیبل اور کمپیوٹر، یعنی ہر تباہی والی چیز آتی گئی لیکن ایک چیز تھی اور اب بھی ہے جس نے مجھے بچانے میں اہم کردار ادا کیا اور وہ ہے کتابیں پڑھنے کا جنون۔ جوان ہوا تو گھر والوں نے میری شادی کروادی۔ یہ شادی میرے اور میری گناہوں والی زندگی کے درمیان دیوار ثابت ہوئی وہ اس طرح کہ رب کریم نے سب سے پہلے اس شادی کی وجہ سے میری بے حیائی کی عادت چھڑوادی۔ پھر ایک کتاب میں حدیث مبارکہ پڑھی کہ گانا بجانا رب العزت کی ناپسندیدہ ترین چیزوں میں سے ایک ہے۔ سی ڈی اور ڈی وی ڈی، ٹیپ ریکارڈر ڈیک سے جان چھوٹ گئی۔ پھر ایک کیبل کے ایک چینل پر ایک ریسرچ دیکھی کہ جب عورت حاملہ ہوتی ہے تو جو کچھ وہ دیکھتی یا سنتی ہے اس کا اثر پیدا ہونے والے بچے پر بھی ہوتا ہے، اس ویڈیو نے کیبل اور سی ڈی سے نجات دلوادی۔ پھر نازیبا قسم کی کتابوں کو بھی آگ لگ گئی۔ یہ سب اس رب کریم کا کرم تھا۔ لیکن ابھی کام ختم نہیں ہوا۔ ابھی بھی صفائی کی ضرورت تھی کیونکہ کچھ خراب چیزیں ابھی باقی تھیں اور وہ انگلش فلمیں اور دین سے دوری۔ پیرومرشد! میری دین سے دوری کا یہ عالم تھا کہ جمعہ پڑھ لیا اور وہ بھی کبھی کبھار۔ حد یہ کہ رمضان میں بھی روزہ رکھا اور صبح کی نماز پڑھ لی اور بس۔ ہاں روزوں کے بارے میں کوشش ہوتی تھی کہ پورے ہوں۔ اب قدرت کا نظام دیکھیں کہ میرے مالی اور خاندانی حالات خراب ہونا شروع ہوگئے۔ تنخواہ اچھی خاصی تھی لیکن مہینہ بڑی مشکل سے نکلتا، اگر ایک ماہ میں کچھ بچت ہوتی تو دوسرے ماہ کچھ ایسا ہوجاتا کہ سب خرچ ہوجاتا۔ دوسری طرف گھر میں جھگڑے شروع ہوگئے۔

پیرومرشد! میرا انٹرنیٹ سے کافی عرصہ سے واسطہ تھا اور علم بھی تھا کہ بندہ اگر کوشش کرے تو انٹرنیٹ سے کچھ رقم کماسکتا ہے۔ میں نے بھی کام کرنے کا سوچا کہ چلو کچھ آئے تو سہی۔ لیکن قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ میں نے کافی دماغ لڑایا لیکن نتیجہ صفر۔ اب دماغی حالات بھی خراب ہونا شروع ہوگئے۔ بیوی بچوں کے ساتھ بھی سلوک کچھ اچھا نہ رہا۔ ہفتے میں ایک دفعہ لازماً بیوی کے ساتھ کسی چھوٹی سی بات پر ہی تلخ کلامی ضرور ہوجاتی تھی۔ بچوں کو ڈانٹنا معمول بن گیا تھا۔

پیرومرشد! پھر یوں ہوا کہ مجھے خارش زدہ دانے نکلے اور وہ بھی نازک جگہ پر بہت علاج کروایا مگر بے سود۔ ہمارے آفس میں انٹرنیٹ کی سہولت موجود ہے۔ میں نے سوچا کہ کوئی کتاب یا نسخہ انٹرنیٹ سے دیکھتا ہوں۔ میں بڑی مشکل سے شام کے وقت آفس گیا اور انٹرنیٹ پر کتاب سرچ کرنا شروع کی۔ جو کتاب میں تلاش کررہا تھا، وہ تو نہ ملی لیکن میرے سامنے ایک کتاب آئی جس کا عنوان تھا، مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی، عنوان اچھا لگا، میں نے سوچا کہ اس کو پڑھتا ہوں، کتاب ڈاؤن لوڈ کی اور کچھ کتاب آفس میں ہی پڑھ لی۔ کتاب نے مجھے ایسا پکڑا کہ میں نے فوراً اس کو موبائل میں شفٹ کیا اور باقی سب کچھ چھوڑ کر کمرے میں آگیا اور کتاب پڑھنا شروع کردی۔ پیرومرشد! یہاں پر ایک انوکھا واقعہ ہوا۔ میں جب آفس جارہا تھا تو مجھے چلنا بھی مشکل تھا، لیکن واپس آتے ہوئے راستے میں مسجد آتی ہے جب میں وہاں سے گزرا تو مجھے ایک دم یوں محسوس ہوا جیسے میرے جسم کو کسی چیز نے پکڑا ہوا تھا فوراً اس نے مجھے چھوڑ دیا ہے، شاید جو تھوڑا سا میں نے آفس میں کتاب کا مطالعہ کیا تھا یہ اس کا اثر تھا کیونکہ اس سے پہلے بھی کئی دفعہ مسجد کے پاس سے گزر ہوتا تھا لیکن ایسا کچھ نہ ہوا تھا۔ اب میں کمرے میں بیٹھ گیا اور کتاب پڑھنا شروع کردی۔ شام کو کھانا کھانے گیا، اب میں بڑے مزے سے کھانا کھانے لگا۔ کوئی کمزوری نہیں اور کھانا بھی ٹھیک کھایا، واپس آکر کتاب پڑھنا شروع کردی، سونے سے پہلے تک میں نے آدھی سے زیادہ کتاب پڑھ لی۔ بس اس کتاب نے مجھے سیدھا راستہ دکھا دیا۔ اس کے بعد میں نے اور کتابیں بھی پڑھیں اور عبقری کے بھی تین، چار ایڈیشن پڑھے۔ عبقری میں موجود ''جنات کا پیدائشی دوست'' سلسلہ بہت پسند آیا۔ میں نے جلد اول مکمل پڑھی۔ یہ کتابیں پڑھنے کے بعد میں نے، یَاحَفِیْظُ اور یَاسَلَامُ ایک ایک تسبیح صبح شام، پھر یَاقَهَّارُ ایک تسبیح صبح و شام شروع کی۔ لیکن بعد میں ایک سو اکتالیس دفعہ پڑھنا شروع کردیا۔

پھر درس میں سورۂ کوثر کے بارے میں سنا اور ایک سو انتیس دفعہ پڑھنا شروع کردیا۔ پیرومرشد! ایک وقت تھا کہ میں نماز جمعہ بھی نہ پڑھ سکتا تھا، لیکن جب میں نے یہ وظائف شروع کیے، ابھی ایک ہفتہ ہی ہوا ہوگا کہ ایک دن صبح میری آنکھ خود بخود کھلی، اٹھ کر ٹائم دیکھا صبح کے چار بجے تھے، پتا نہیں کیا ہوا، ایک دم میرے دل میں بات آئی کہ آج تہجد پڑھتا ہوں، رب کی شان، ایک بندہ جس نے ساری زندگی میں کبھی سوچا بھی نہ تھا کہ کوئی وقت ایسا بھی آئے گا کہ میں تہجد پڑھوں گا، لیکن رب دینا چاہے تو کون پوچھ سکتا ہے، میں نے وضو کیا اور مسجد میں جاکر نماز تہجد پڑھی، کیا سکون تھا میں بیان نہیں کرسکتا۔ کچھ دن میرا یہی معمول رہا، تہجد اور نماز، پھر رب نے توفیق دی اور دوسری نمازیں بھی ساتھ مل گئیں۔

محترم! اب میں نے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے درس انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کیے اور سننا شروع کیے۔ کچھ دن بعد میں نے امی کو فون کیا کہ میں حضرت صاحب سے بیعت ہونا چاہتا ہوں اگر آپ کی اجازت ہو تو۔ امی نے کہا کہ اگر تمہارا دل مانتا ہے تو ٹھیک ہے، مجھے خوشی ہوگی۔ بس میں نے انٹرنیٹ پر ہی بیعت کے لیے نام بھیج دیا اور رب کریم سے دعا کی کہ اگر اس میں میرے لیے بہتری ہے تو میرا نام قبول ہو جائے، رب کریم نے میری دعا قبول کی اور کچھ دن بعد میرا بیعت کارڈ مجھے ای میل کے ذریعے موصول ہوگیا۔ پیرومرشد! یہ کچھ مختصر میرے گزشتہ حالات تھے۔ موجودہ صورت حال کچھ اس طرح ہے کہ دل میں اور طبیعت میں سکون ہے، گھر والوں کے ساتھ برتاؤ پہلے سے بہت بہتر ہے، بچوں کے ساتھ پیار و محبت بھی ایک والد کی طرح ہوتا ہے۔ کوئی لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا۔ رب کریم نے مجھ پر کرم کیا اور میں نے سودی کاروبار سے پکی توبہ کرلی۔ اس کے علاوہ جو وظائف بیعت کارڈ پر ملے ہیں ان کی پوری کوشش ہوتی ہے۔ کتاب آداب معرفت پہلا ایڈیشن ایک دفعہ مکمل مطالعہ کرچکا ہوں اور کافی چیزیں علم میں آئی ہیں اور زندگی کے معمولات میں کافی مدد مل رہی ہے۔ آپ نے درس میں جو وضو سے پہلے بسم اللہ والحمد للہ اور وضو کی جو دعا بتائی تھی بتایا تھا وہ وضو کے درمیان لازمی پڑھتا ہوں۔ صبح اٹھتے وقت روحانی بیڈٹی جو آپ نے بتائی تھی اس کی بھی کوشش کرتا ہوں۔ خوشبو میں عطر استعمال کرنا شروع کردیا ہے، کوشش کرتا ہوں کہ آپ کا درس سنوں اور سنتوں پر عمل کروں۔ (پوشیدہ)

ساری عمر چوری کا مال کھانے والی کی قبولیت دعا

مقصود شاہ حیدرآباد

وہ تمام لوگ گرفتاری سے بچ گئے اور پھر کبھی پولیس نے ان کی طرف دیکھا بھی نہیں نہ ہی گاؤں میں کسی نے شک کیا۔سب حیران تھے کہ جس عورت کو صحیح نماز تک نہیں آتی اور ہمیشہ چوری کا مال ہی کھایا ہے اس کی دعا اتنی جلدی قبول ہوگئی۔

قارئین! اللہ رب العزت کا فرمان عالیشان ہے کہ ''مجھ کو پکارو میں تمہاری پکار کا جواب دوں گا'' یہ حقیقت ہے کہ جب بندہ عاجزی' ندامت کے ساتھ اور بہتے آنسوؤں کے ساتھ دعا مانگے اور اگر رونا نہ آئے تو رونے جیسی شکل ہی بنالے اور جو بھی اپنے رب سے مانگے وہ مل جاتا ہے' چاہے بندہ کتنا ہی گنہگار کیوں نہ ہو' ساری زندگی حرام کھایا ہو مگر جب اپنے گناہوں کی معافی مانگ کر ندامت کے ساتھ دعا مانگے تو وہ دعا قبولیت کے درجہ کو پہنچ جاتی ہے' اللہ جل شانہٗ اس کی دعا رد نہیں فرماتے اسی طرح کا ایک واقعہ ہمارے گاؤں کا ہے ایک عورت جس کا نام ''ج'' تھا اس نے خود بتایا کہ وہ لوگ کچے کے علاقے میں رہتے تھے ان کے والدین غریب تھے گاؤں کے لوگوں کے مویشی روزانہ جنگل میں چرنے جاتے تو وہ لوگ موقع پاتے ہی کوئی بھینس' گائے یا بکری وغیرہ چوری کرلیتے پھر ذبح کرکے اس کا گوشت سکھاتے بلکہ چارپائیاں بھر بھر کر سکھاتے اور گوشت بھون کر کھاتے اور کسی کو پتہ بھی نہ لگتا کہ ان کے مویشی کس نے چوری کیے' پھر اس عورت کا ایک بیٹا اور نواسہ جو کہ بچپن میں ہی یتیم ہوگیا تھا اور اپنی نانی کے پاس رہتا تھا وہ بھی بڑا ہوکر چور بنا' خود ''ج'' دائی کا کام کرتی تھی اور کسی کے گھر کوئی عمدہ بکری' بھینس وغیرہ دیکھ لی تو واپسی پر آکر اپنے نواسے کو بتاتی اور کچھ دن ٹھہر کر وہ دونوں جاتے اور وہی جانور چوری کرکے لاتے اور کسی کو شک ہوتا بھی نہیں تھا کہ یہی عورت جو دائی کی خدمات انجام دیتی ہے یہ چوری کرواتی ہے پھر جب ان کا کسی طرح راز ظاہر ہوا اور پولیس نے چھاپہ مارنا تھا ''ج'' اور اس کے نواسے کو کسی نے پہلے ہی اطلاع کردی مرد حضرات کہیں چھپ گئے اور ''ج'' اپنی کسی رشتہ دار خاتون کے ساتھ اپنے پڑوس کے کسی گھر میں جاچھپی جو کہ عزت دار لوگ تھے ''ج'' نے کبھی زندگی میں نماز نہیں پڑھی تھی اس دن وہ مصلیٰ بچھا کر بیٹھ گئی اور نماز جیسا حال تھا پڑھی' پھر سلام کے بعد اپنے گناہوں کی معافی مانگ کر دعائیں مانگنا شروع کردیں کہ پولیس چھاپہ نہ مارے اور اس کا نواسہ اور دیگر رشتہ دار جیل نہ جائیں۔ اللہ رب العزت کی شان بے نیازی دیکھیں کہ ساری عمر حرام کھانے والی اور چوریاں کروانے والی عورت نے جب دعا کیلئے ہاتھ اٹھائے اور عاجزی کے ساتھ گڑگڑا کر دعا مانگی تو اس کی دعا رد نہیں ہوئی' اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شرف قبولیت ہوئی اور وہ تمام لوگ گرفتاری سے بچ گئے اور پھر کبھی پولیس نے ان کی طرف دیکھا بھی نہیں نہ ہی گاؤں میں کسی نے شک کیا۔ سب حیران تھے کہ جس عورت کو صحیح نماز تک نہیں آتی اور ہمیشہ چوری کا مال ہی کھایا ہے اس کی دعا اتنی جلدی قبول ہوگئی۔ بے شک اللہ تعالیٰ تو کافر کی دعا بھی رد نہیں فرماتا تو وہ گنہگار سہی لیکن تھی تو مسلمان۔ رب کریم تو اپنے بندہ کی توبہ کا انتظار کرتا ہے کہ کب میرا بندہ میری طرف رجوع کرے گا۔

ایک لفظ سے ہر مسئلہ ایسے حل ہوتا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے ایک مرتبہ کسی جاننے والی کی طرف سے عبقری ملا' پہلی مرتبہ ہی پڑھا تو اس کی دیوانی ہوگئی۔ پہلے عبقری کے وظائف پر یقین نہیں آتا تھا' عبقری میں ایک مرتبہ چھپا تھا کہ کسی مسئلے میں' کسی قسم کا ڈر خوف ہو تو بس فی امان اللہ کہہ دیں' میں نے پڑھا تو مسکرا اٹھی کہ ایک جملہ کہنے سے کیسے کسی کا کام بن سکتا ہے؟ لیکن مجھے میری جاننے والی نے حضرت حکیم صاحب (اللہ ان کو دنیا و آخرت میں ترقی عطا فرمائے) کے بارے میں بتایا' ان کے درس اور اس میں سنائے جانے والے واقعات کے بارے میں بتایا' اللہ والوں کے واقعات سنائے' سمجھائے' وہاں سے میرے اندر یقین پیدا ہوا پھر ان کی دعاؤں سے ان کی باتوں سے اتنا یقین پیدا ہوا کہ اب مجھے کوئی بھی مسئلہ درپیش ہو میں فی امان اللہ کہتی ہوں' مسئلہ بڑا ہو یا چھوٹا اس ایک لفظ سے حل ہوجاتا ہے۔ عبقری کے مطالعہ کی وجہ سے رب العالمین کا شکر ذکر کرنے کی توفیق اور نبی کریم ﷺ سے محبت اور ان کا ادب کرنے کی توفیق ملی۔ میں نے کچھ عرصہ قبل عبقری میں جوابی لفافہ کے ساتھ خط لکھا' آپ نے دو انمول خزانہ پڑھنے کی اجازت دی' ہم میاں بیوی میں نااتفاقی عروج پر تھی مگر انمول خزانہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے خود بھی پیا اور اپنے شوہر کو بھی پلایا الحمدللہ بھرپور فائدہ ہورہا ہے۔ جب سے عبقری ملا ہے وظائف' ذکر' شکر اور لاجواب ٹوٹکوں سے زندگی میں سکون ہی سکون ہے۔ (رابعہ کنول' منڈی بہاؤالدین)

رد عمل کے بغیر

مولانا وحید الدین خاں

ایک ہندی کہاوت ہے ''چوٹ سہے جو شبد کی وائے گرو میں داس'' یعنی جو شخص لفظ کی چوٹ سہہ سکے وہ اس قابل ہے کہ اس کو پیشوائی کا درجہ دیا جائے اور دوسرے لوگ اس کے خادم بن کر رہیں۔ لفظ کو سن کر بظاہر نہ کسی کا خون بہتا اور نہ کسی کا ہاتھ پاؤں ٹوٹتا' مگر لفظ کی چوٹ کو برداشت کرنا بلاشبہ کسی آدمی کیلئے مشکل ترین کام ہے' لفظ کی چوٹ وہی شخص برداشت کرسکتا ہے جس کے اندر گہرائی ہو' جو ظاہری سطح سے اوپر اٹھ کر چیزوں کو دیکھ سکے۔ مسٹر کرشنا مورتی (عمر 90 سال) ہندوستان کے مشہور مفکر ہیں' وہ نہایت عمدہ انگریزی بولتے ہیں' چنانچہ ان کی تقریروں میں انگریزی داں طبقہ ہزاروں کی تعداد میں شریک ہوتا' ہندوستان کے علاوہ مغربی ممالک میں بھی ان کی تقریریں دل چسپی سے سنی جاتی۔ تاہم ان کو شکایت ہے کہ ان کے خیالات کو کوئی عملی طور پر نہیں اپناتا۔ مدراس کی ایک تقریر میں انہوں نے کہا کہ پچاس سال سے میں دنیا میں سفر کرکے اپنے خیالات پیش کررہا ہوں مگر لوگوں کے اندر کوئی عملی حرکت پیدا نہیں ہوتی' کیا آپ لوگ اپنے آپ کو بدل لیں گے' انہوں نے مجمع سے سوال کیا۔ پھر خود ہی جواب دیا: آپ لوگ میری باتیں سن کر واپس چلے جائیں گے اور بدستور ویسا ہی کریں گے جیسا اب تک کررہے تھے۔ یہ سن کر مجمع میں سے ایک شخص اٹھا اور سخت غصہ میں کہا: ''ہر سال آپ یہی کہتے ہیں کہ ہم آپ کا ساتھ نہیں دیتے پھر کس لیے آپ ہمیں اپنی بات سنانے آتے ہیں'' اس کے جواب میں مسٹر کرشنا نے نہایت نرمی سے کہا: ''جناب! کیا آپ نے کبھی گلاب سے پوچھا ہے کہ وہ کیوں کھلتا ہے'' تنقیدی بات سن کر اکثر ایسا ہوتا ہے کہ آدمی بھڑک اٹھتا ہے مگر ایسے موقع پر بھڑکنا خود اپنا ہی نقصان کرنا ہے اگر آپ مخاطب کی تنقید سن کر غصہ ہوجائیں تو آپ صرف تیز و تند الفاظ بولیں گے لیکن اگر اپنے موقع پر آپ اپنے جذبات کو سنبھال لیں تو آپ ایسی بات کہہ سکتے ہیں جو دل میں اتر جائے اور مخاطب کو خاموش کردے۔

(بقیہ: ہاں! میں نے اسم اعظم پالیا' آج ھی جان لیں!)

سوچا تھا کہ لکھوں گی لیکن لفظ نہیں مل رہے' ہاں اتنا ضرور کہ سورۂ فاتحہ نے مجھے اندھیروں سے نکالا ہے' مجھے ہدایت ملی ہے' اللہ کا سچا تعلق اور قرب نصیب ہوا ہے' نورانیت اور روحانیت نصیب ہوئی ہے۔ سکون اور چین ملا ہے' روح جیسے خوبصورت وجود کا مجھ پر اب جہاں کھلا ہے۔ دنیا سے بے رغبتی اور رب کی رضا تلاش کرنا ملا ہے۔ میں جو بھی ہوں وہ اس سورۂ فاتحہ کی برکت سے ہوں۔ میری سوچوں کے دھارے بدلے ہیں۔ خواہشات اور ضروریات بدلی ہیں' ترجیحات بدلی ہیں۔ اللہ کی رضا میں راضی رہنا ملا ہے۔ دنیا کی بھی خیریں' برکات اور عافیتیں ملی ہیں

عالیہ ارشاد، کراچی

ساس بہو کے جھگڑے! پُرسکون زندگی کے راز پائیں

اگر ایمانداری اور غیر جانب داری سے جائزہ لیں تو اندازہ ہوگا کہ بیشتر ساسیں محدود ذہنیت، کمتر ذہانت اور بہت سی باتوں میں انا پرستی کا مظاہرہ کرتی ہے جس کے باعث بہوؤں سے ان کی چپقلش رہتی ہے اور اچھا خاصا گھر جہنم میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

جس طرح کسی بھی شخص کی عادات واطوار اور خیالات میں ترتیب کسی مکتب یا تربیتی ادارے میں ممکن ہوتی ہے۔ بالکل اسی طرح ہر عورت کو زندگی بہترین ڈھنگ سے گزارنے اور معاملات سے بہتر طور پر نمٹنے کا ہنر سسرال میں سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ عورت کا اصل گھر اس کا سسرال یا شوہر کا گھر ہے۔ اسی گھر میں وہ زندگی کی ہر اونچ نیچ کا مقابلہ کرنا سیکھتی ہے۔ جب تک کوئی لڑکی اپنے ماں باپ کے گھر یعنی میکے میں ہوتی ہے لاڈ پیار کے باعث بہت سی باتوں پر توجہ مرکوز کرنے کی اسے ترغیب نہیں ملتی یہ بے فکری کی زندگی ہوتی ہے جس کو وہ زیادہ سے زیادہ انجوائے کرنا چاہتی ہے۔ والدین کے نزدیک رہ کر کوئی بھی لڑکی اپنی اصل یعنی ازدواجی زندگی کے بارے میں کچھ نہیں سیکھ پاتی۔ ازدواجی زندگی کے اسرار ورموز اس پر شادی کے بعد، سسرال میں ہی کھلتے ہیں۔ والدین اپنی بچی کو زیادہ سے زیادہ سُکھ دینا چاہتے ہیں۔ شادی سے پہلے لڑکی اپنے گھر میں ہر لمحے، ہر گھڑی کا لطف اٹھاتی ہے۔ اس زندگی کو وہ پریشانیوں اور الجھنوں کی نذر نہیں کرنا چاہتی۔ یہی سبب ہے کہ زندگی کی بہت سی بنیادی باتوں کی جانب وہ دھیان نہیں دیتی اور ان باتوں کا علم اسے شادی کے بعد ہی ہوتا ہے۔ عورت کے لئے سسرال سب سے مثالی درس گاہ ہے اور ساس اس کی سربراہ ہے ساس کی ذمہ داریاں بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ اس کی قابلیت اور دانش مندی پر ہی گھر بھر کی خوشیوں اور سکون کا دارومدار ہوتا ہے۔ اگر ایمانداری اور غیر جانب داری سے جائزہ لیں تو اندازہ ہوگا کہ بیشتر ساسیں محدود ذہنیت، کمتر ذہانت اور بہت سی باتوں میں انا پرستی کا مظاہرہ کرتی ہے جس کے باعث بہوؤں سے ان کی چپقلش رہتی ہے اور اچھا خاصا گھر جہنم میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ یہ درست ہے کہ ہر بگڑے ہوئے معاملے میں قصوروار صرف ساسیں نہیں ہوتیں مگر سچ یہ ہے کہ بیشتر ساسیں انتہائی استحقاق پسند ہوتی ہیں۔ وہ بیٹے اور بہو دونوں کو ہر لحاظ سے مٹھی میں رکھنا چاہتی ہیں اور یہیں سے بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔ بیٹا اپنی زندگی میں اپنی مرضی کے مطابق گزارنا چاہتا ہے۔ بہو کی آنکھوں میں بھی خود مختار زندگی کے سپنے ہوتے ہیں۔ ایسے میں کسی اور کی مرضی کا پابند ہونا ان دونوں کو اچھا نہیں لگتا۔

زیادہ تر مائیں اپنے بیٹوں کی شادی کے لئے بہت بے تاب دکھائی دیتی ہیں یہاں تک کہ وہ بیٹے کی شادی کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار رہتی ہیں۔ بہو کے لئے زیور تیار کرنے کی غرض سے وہ اپنا زیور بیچ ڈالتی ہیں ایسے میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ شادی کے کچھ ہی دنوں بعد ساس بہو کو غلام کیوں سمجھنے لگتی ہے اور بہو کی خاطر سب کچھ قربان کر ڈالنے کا وہ جذبہ سرد کیوں پڑ جاتا ہے۔ دیکھنے میں یہی آیا ہے کہ بعض ساسیں اتنی تنگ نظر اور بدمزاج ہوتی ہیں کہ بہو کو ہر وقت جہیز کم لانے کا طعنہ دیتی ہیں اور انہیں پیٹ بھر کھانا بھی نہیں دیتیں۔ اگر بہو کوئی سی چیز بھی مانگ بیٹھے تو ٹکا سا جواب ملتا ہے کہ ''تمہاری ماں نے جہیز میں تمہیں دیا کیا تھا، کچھ لے کر آجانا تھا'' یا یہ کہ ''اپنے ماں باپ سے کیوں نہیں مانگتی؟'' بہت سی بہوؤں کو بہت چھوٹی چھوٹی باتوں پر ساس سے کئی کئی دن ڈانٹ پھٹکار سننا پڑتی ہے۔ شادی کے وقت ساس سب کے سامنے جو زیورات بہو کو دیتی ہے بعد میں وہ بھی اس سے اتروا لیتی ہے۔ بسا اوقات بہو کے وہ زیورات بھی اتروا لئے جاتے ہیں جو اسے اس کے ماں باپ نے دیئے ہوتے ہیں۔ اس کی ایک نہیں ہزاروں مثالیں دی جاسکتی ہیں۔ آئے دن اخبارات میں بہو سے ظلم وزیادتی کی خبریں چھپتی رہتی ہیں۔ جہیز نہ لانے پر دیئے جانے والے طعنوں سے تنگ آ کر بہوؤں کے جل مرنے یا جلائے جانے کی خبریں آئے دن اخبارات کی زینت بنتی رہتی ہیں مگر لوگ ان خبروں کے اتنے عادی ہو چکے ہیں کہ کوئی اثر نہیں کر لیتے اور چولہا پھٹنے کی خبر ان کے لئے ایک عام سی بات ہے۔

عام طور پر ساس کو بہو کی جو باتیں سب سے زیادہ کھٹکتی ہیں وہ ہیں اس کا بناؤ سنگھار اور شوہر سے اس کی محبت۔ وہ یہ بھول جاتی ہے کہ کبھی وہ خود بھی اس مرحلے سے گزری تھی۔ یہاں تک کہ بعض ساسیں اپنی بہوؤں کو دانت صاف کرتا بھی نہیں دیکھ سکتیں اور اس قسم کے جملے بھی انہیں سننے کو ملتے ہیں کہ ''کیا تم ہر وقت دانت رگڑتی رہتی ہو؟ اس کو تو سوائے سجنے سنورنے کے اور کوئی کام ہی نہیں وغیرہ وغیرہ۔ بناؤ سنگھار نو بیاہتا کا شوق بھی ہے اور حق بھی۔ ہر عورت اپنے شوہر کو اپنا بنا کر رکھنا چاہتی ہے۔ اس میں برا ماننے یا حیران ہونے والی کوئی بات نہیں۔ ساس کی ذہنیت عموماً یہ ہوتی ہے کہ بہو کو سنگھار کا، لوگوں سے ملنے اور زندگی کے سکھ پانے کا کوئی حق نہیں۔ یہ سوچ سراسر غلط اور بے بنیاد ہے۔ ہر عورت کو یہ ضرور سوچنا چاہئے کہ جب اس کے بیٹے کی شادی ہوتی ہے تو وہ اپنی نئی زندگی شروع کرتا ہے۔ یہ نئی زندگی بہت سی ایسی باتوں کی متقاضی ہوتی ہے جو اس سے قبل نہیں ہوئی ہوتیں۔ بیٹا چونکہ نئی زندگی کا آغاز کرتا ہے اس لئے اس میں بہت سی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں۔ بہو آتی ہے تو ساس کو اس بات سے بھی تکلیف پہنچتی ہے کہ بیٹے کی محبت تقسیم ہو جاتی ہے۔ اگر کسی عورت کو اپنے بیٹے کی مکمل توجہ درکار ہے تو اس کا آسان راستہ یہ ہے کہ وہ بیٹے کی کبھی شادی نہ کرے۔ ہم اس حقیقت کو تسلیم نہ کریں تو صورت حال بدلے گی نہیں کہ آج ہمارے سماج کے بیشتر گھرانوں میں ساس اور بہو کے مابین بدگمانیاں منطقی حد سے بہت زیادہ ہیں۔ ہر گھر میں کوئی نہ کوئی کہانی چل رہی ہے۔ آپ کے گھر میں بھی بہت سے مسائل ہوں گے۔ ان مسائل کے حل کی ایک صورت یہ ہے کہ ان سے بھاگنے کی بجائے ان کا سامنا کیا جائے آج ساس بہو کا جھگڑا اس قدر سنگین صورت اختیار کر گیا ہے اور اس کے باعث کتنے گھرانوں کا سکون داؤ پر لگا ہوا ہے کہ اس جانب فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ خاص طور پر اس میں مرد کو اہم کردار کرنا ہوگا۔ ان حالات میں ماں اور بیوی دنوں کا مؤقف سننے کی ضرورت ہے کسی ایک کی بات سن کر دوسرے سے فوری ناراضگی یا برہمی کا اظہار قطعاً دانش مندانہ رویہ نہیں۔ اس سے نہ تو انصاف ہوگا اور نہ معاملات حل ہوں گے لیکن یہ بات افسوس ناک ہے کہ ہمارے ہاں عام طور پر مردوں کا رویہ یکطرفہ ہو جاتا ہے ماں کو سمجھانے کے بجائے وہ سارا غصہ بیوی پر نکالتے ہیں یا بیوی کی ناراضگی کے خوف سے اس کی غلط اور ناپسندیدہ باتوں کو بھی خاموشی سے برداشت کرتے رہتے ہیں۔ جن کا بعض اوقات بہوئیں ناجائز فائدہ بھی اٹھاتی ہیں۔ ہر ماں چاہتی ہے کہ اس کی بیٹی جس گھر جائے راج کرے حالانکہ یہ راج والی سوچ درست نہیں راج کرنے یا کسی کا راج قبول کرنے سے معاملات ہمیشہ بگڑتے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ان دونوں کے درمیان زندگی بسر کی جائے۔ گھریلو معاملات حکم چلانے یا کسی کا بے جا حکم ماننے سے نہیں چلائے جاسکتے۔ یہ دوطرفہ معاملہ ہے۔ کبھی اپنی بات منوائی جاتی ہے، کبھی دوسروں کی بات پر سر تسلیم خم کیا جاتا ہے۔ ہر ماں کا فرض ہے کہ وہ بیٹی کو سمجھائے کہ اس کا اصل گھر اس کا سسرال ہے۔

کچن میں گزرے لمحات اور زندگی بھر کے تجربات

مسز ضیاء، راولپنڈی

فریز کیے ہوئے کبابوں کو فوری طور پر نرم بنانے کے لیے فرائی پین میں تھوڑا سا آئل ڈال کر اس میں فریز شدہ کباب رکھ دیں اور ٹھنڈے آئل میں ہاتھوں کی مدد سے الٹ پلٹ کر ڈھک دیں۔ اس کے بعد چولہا جلا کر پہلے چند منٹ درمیانی آنچ پر فرائی کریں۔

مجھے طرح طرح کے کھانے پکانے اور ٹوٹکے جمع کرنے کا بچپن سے ہی شوق ہے۔ میرے پاس بہت سے ٹوٹکے جمع ہیں جن میں سے چند میرے آزمودہ ہیں وہ میں اپنی عبقری کی قارئین بہنوں کے نام کرتی ہوں۔ یقیناً ان سے انہیں بھرپور فائدہ ہوگا۔

چٹخے انڈے کا استعمال: اگر انڈا چٹخ گیا ہو اور آپ اسے ابالنا چاہتی ہوں تو انڈے کے اوپر المونیم فوائل لپیٹ کر ابال لیں انڈا صحیح سلامت رہے گا۔

فریز کبابوں کو نرم بنائیں: فریز کیے ہوئے کبابوں کو فوری طور پر نرم بنانے کے لیے فرائی پین میں تھوڑا سا آئل ڈال کر اس میں فریز شدہ کباب رکھ دیں اور ٹھنڈے آئل میں ہاتھوں کی مدد سے الٹ پلٹ کر ڈھک دیں۔ اس کے بعد چولہا جلا کر پہلے چند منٹ درمیانی آنچ پر فرائی کریں۔ اس کے بعد ڈھکن اٹھا کر آہستہ آہستہ سے کباب پلٹ کر مزید فرائی کر لیں۔ کباب نہ ٹوٹیں گے اور نہ جلیں گے۔

کچن سے لال بیگ کا خاتمہ: ایک تھیلی میں تھوڑا سا سرف ایکسل ڈال کر اس کو کیبنٹ میں رکھ دیں اور اس کا منہ کھلا چھوڑ دیں۔ دو تین دن بعد آپ دیکھیں گی کہ تمام لال بیگ (کاکروچ) اس تھیلی میں مردہ پڑے ہوں گے۔

جلے سالن کی بو سے نجات: اگر سالن جل جائے تو تین ڈبل روٹی کے پیس لے کر دودھ میں اچھی طرح بھگو لیں پھر سالن کو کسی دوسرے برتن میں ڈال کر اس کے اوپر ڈبل روٹی کے پیس رکھ دیں' بو ختم ہو جائے گی۔

کھانے کی خوشبو: کھانا پکانے کے دوران اگر ایک موم بتی جلا کر چولہے کے قریب رکھ دی جائے تو کھانے کی خوشبو صرف کچن تک ہی محدود رہے گی۔

نرم آئس کریم کو جمانا: آئس کریم کو سانچے میں ڈال کر فریزر میں رکھ دیں اور ہر پندرہ یا بیس منٹ بعد اس میں چمچ چلا کر برابر کرتی رہیں۔ تین سے چھ مرتبہ ایسا کرنے سے آئس کریم سخت نہیں جمے گی اور جب آئس کریم آدھی جم جائے تو ایک برتن میں نکال کر اچھی طرح پھینٹیں اور دوبارہ فریزر میں رکھ دیں۔ اس طرح آئس کریم نرم رہے گی اور اس کا ذائقہ برقرار رہے گا۔

سلاد کو پھپھوندی سے بچائیں: سلاد کو پھپھوندی سے بچانے کیلئے اسے کاغذ کے تھیلوں میں رکھیں۔ پلاسٹک کے تھیلوں میں رکھنے سے پھپھوندی جلد لگ جاتی ہے۔

چاشنی صاف کرنا: اگر زردہ یا شربت وغیرہ کیلئے چاشنی تیار کی جارہی ہو اور ناقص چینی ہونے کی وجہ سے میل اوپر آرہا ہو تو دودھ کا ایک چھینٹا دے دیں' میل بہت آسانی سے اتر جائے گی۔ **گرمی دانوں سے نجات:** آم کی گٹھلی کو سکھا لیں اور اس کے اندر کی سفید گٹھلی کو سکھا کر دونوں گٹھلیاں اچھی طرح پیس لیں۔ پھر اس پاؤڈر کو پانی میں ملا کر لیپ تیار کریں اور گرمی دانوں پر لگائیں' دانے دوبارہ نہیں نکلیں گے۔ **پاؤں سے کانچ نکالنا:** اگر پاؤں میں کانچ کا ذرہ چبھ جائے اور نکالنا مشکل ہو رہا ہو تو اس جگہ پر پان میں لگانے والا چونا لگا دیں تھوڑی دیر بعد سوکھ جانے پر نکالیں۔ کانچ کا ذرہ آسانی سے نکل آئے گا۔

ٹماٹر کا چھلکا اتارنا: ٹماٹر کا چھلکا اتارنا ہو تو ٹماٹر کو چھری پر لگا کر ہلکا سا آنچ پر گرم کر لیں تو اس سے چھلکا آسانی سے اتر جائے گا۔ **دانتوں کی پیلاہٹ:** میٹھے سوڈے میں گھر کا پسا ہوا نمک ملا کر صبح وشام دانت صاف کریں۔ دانتوں کی پیلاہٹ جاتی رہے گی۔

چائے کے دھبے ہٹائیے: کپ یا پرچ وغیرہ پر اگر چائے کے سخت قسم کے دھبے پڑ گئے ہوں تو انہیں نمک سے رگڑ کر صاف کیجئے۔ برتن چمک جائیں گے۔

مٹر محفوظ بنائیے: مٹر چھیل کر ایک دیگچی میں پانی گرم کریں۔ اگر مٹر پانچ یا دس کلو ہیں تو گرم پانی میں ایک کھانے کا چمچ چینی' ایک کھانے کا چمچ سفید سرکہ ڈال دیں پھر دو منٹ کیلئے چھلے مٹر اس میں ڈبوئے رکھیں۔ پھر چھان کر ٹھنڈے کر کے فریزر میں رکھ دیں' مہینوں خراب نہیں ہوں گے۔

کریلے فریز کرنا: کریلوں کو صاف کر کے نمک سے دھو کر نچوڑ لیں پھر پلاسٹک کی تھیلی میں ڈال کر فریزر میں رکھ دیں۔ ہر موسم میں نکال کر پکائیں' مزہ اور رنگت میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ **توا نیا بنائیے:** توے کے کناروں پر اکثر خوراک کے ذرے جم جاتے ہیں۔ توے کو گرم کر کے کسی چھری سے توے کے کناروں کو کھرچیں پرانی تہ اتر جائے گی اور توے کی کارکردگی نئے توے جیسے ہو جائے گی۔

اچار میں سفید مرچ کا استعمال: اچار مصالحہ میں کالی مرچ کے بجائے سفید مرچ استعمال کریں۔ اس سے مصالحہ میں زیادہ اچھی خوشبو آئے گی اور اچار بھی جلدی خراب نہیں ہوگا۔

کلف لگے کپڑوں کی استری: کلف والے کپڑے استری کرتے وقت ایک چوڑے منہ والے برتن میں پانی بھر کر قریب رکھ لیں پھر ایک صاف سفید کپڑے کو پانی میں بھگوئیں' نچوڑیں اور پھر کپڑے پر استری کے انداز میں پھیریں جیسے سلوٹیں دور کر رہے ہوں' اس کے بعد استری کیجئے' وقت' محنت اور بجلی کی بچت ہوگی۔

ہری سبزیوں کی صفائی: ہری سبزیاں جیسے پالک' پودینہ' دھنیا وغیرہ کو کاٹنے کے بعد ایک بڑے برتن میں ایک چٹکی پوٹاشیم پرمیگنیٹ ڈال دیں۔ جب پانی کا رنگ جامنی ہونے لگے تو سبزیاں ڈال دیں اور دس سے پندرہ منٹ بعد چھلنی میں نکال دیں پھر سادہ پانی سے اچھی طرح دھو لیں۔ اگر پوٹاشیم پرمیگنیٹ نہیں ہے تو ایک چمچ نمک ڈال لیں۔ اس طرح سبزیاں ہر قسم کے جراثیم یا ادویات کے اثرات سے پاک ہو جائیں گی۔

چاولوں کو محفوظ بنائیں: چاولوں کو صاف کر کے اس میں تھوڑا تیل ملا لیں جتنے عرصہ کیلئے چاہیں محفوظ کر سکتی ہیں۔ کیڑا بالکل نہیں لگے گا۔ **مچھلی کا کانٹا نکالنا:** اگر مچھلی کھاتے وقت کانٹا حلق میں پھنس جائے تو ایک لیموں کا رس نکال کر متاثرہ شخص کو پلا دیں۔ چند منٹ بعد کانٹا گھل کر اندر چلا جائے گا۔

ڈاکٹرز نے کہا نئے گھٹنے ڈلوا لو! مگر یہ کیا ہوا؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور میں تہہ دل سے ماہنامہ عبقری اور عبقری کے سرپرستوں کی مشکور ہوں کہ ان کی رہنمائی سے میں نے سالہا سال پرانے جوڑوں کے مرض سے نجات حاصل کی۔ میری ٹانگوں میں ہر وقت درد رہتا تھا' جی چاہتا تھا کہ کوئی ہر وقت میری ٹانگیں دباتا رہے' میں روزانہ زیتون کے تیل سے مالش کراتی تھی لیکن مالش ختم ہوتے ہی درد پھر شروع ہو جاتا تھا۔ بیٹھ جاتی تو اٹھ کر چلنا مشکل ہوتا' کچھ مہینے پہلے میں نے عبقری میں یہ نسخہ پڑھا کہ ایک پاؤ ادرک پیس کر سولہ چمچ گھی یا مکھن میں دو منٹ بھون کر اس میں بارہ چمچ پسی ہوئی دار چینی اور بارہ چمچ پسی ہوئی کالی مرچ ڈال کر دو منٹ بھونیں اور روزانہ ایک چمچ کھا لیں' اس کے ساتھ دو سنتوں اور نفلوں میں آخری چھ سورتوں کو پڑھنا شروع کیا تو جوڑوں کا درد بھی ختم ہو گیا اور چلنے پھرنے میں کوئی دقت نہ رہی حالانکہ ڈاکٹرز حضرات نے مجھے بار بار نئے گھٹنے ڈلوانے کی ہدایت کر دی تھی۔

(ناہید قریشی' لاہور کینٹ)

شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟ (قسط نمبر 7)

شیخ الوظائف کا دیا عمل! عمر قید ملزم کا ایک لمحے میں آزاد

کالا جادو' بندش' نظر بد' سفلی عمل اور گھریلو الجھنوں کا ڈسا شیخ الوظائف کی خدمت میں حاضر ہوا بغیر نذرانہ شکرانے کے روحانی علاج ہوا' دکھ سے سکھ کا یہ سفر اس کی زبانی سنیے!

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! 2012ء میں مجھ پر ایک مقدمہ درج ہوا تھا جس میں فرار ہو کر میں لاہور اپنے ماموں کے پاس آگیا۔ میرے ماموں اکثر تسبیح خانہ میں جاتے تھے تو انہوں نے ایک دن مجھ کو بھی بتایا کہ یہاں ذکر واذکار ہوتا ہے آپ بھی آکر اپنے گناہوں کی معافی مانگو اللہ تم پر بھی کرم کرے گا۔ جب میں تسبیح خانہ آیا تو ایک عجیب سکون ملا۔ چند جمعرات میں مستقل مزاجی سے آیا تو زندگی کا نمونہ ہی بدل گیا' پتہ چلا کہ میں تو اندھیرے میں اندھیری منزل کی طرف اپنی زندگی کی گاڑی دوڑا رہا تھا۔ تسبیح خانہ میں آنے کے بعد مجھے سکون ملا اور اللہ تعالیٰ نے تسبیح خانہ کی نسبت سے میری بہت ہی زیادہ حفاظت بھی فرمائی ہے۔ شیخ الوظائف کی نسبت سے اللہ تعالیٰ نے میرے لیے عزت' رحمت اور حفاظت کے دروازے کھول دیئے۔ میں ایک کمپنی میں ملازم تھا' شیخ الوظائف کے درس میں بتائے وظائف پڑھنے کی برکت سے میرا اسکیل بڑھ گیا' میری ترقی ہوگئی اور مجھے اپنے کام پر مکمل مہارت حاصل ہوگئی۔ شیخ الوظائف سے ملنے سے پہلے میں ہر وقت ڈر' خوف' پریشانی اور ایک نامعلوم پریشانی میں مبتلا تھا' ہر وقت ڈیپریشن کا شکار رہتا تھا جس کی کوئی وجہ بھی معلوم نہ ہوتی تھی۔ شیخ الوظائف کے درس سن کر ان تمام چیزوں سے نجات مل گئی۔ سب سے زیادہ مجھے جو فائدہ ہوا وہ یہ کہ مجھے پانچ وقت کی نماز ملی' دل کو سکون ملا۔ شیخ الوظائف کے بتائے اعمال کی ہی برکت تھی کہ جس کمپنی میں میں کام کرتا تھا وہاں پر میرے گاؤں کے جاننے والے نے مجھے لگوایا تھا اسے میرے مقدمہ کے بارے میں سب پتہ تھا بعد میں اس نے مجھے پکڑوانے کی کئی بار کوشش کی لیکن تسبیح خانہ کی نسبت کی وجہ سے وہ ایسا نہ کرسکا ایک بار خود ہی میرے گھر فون کرکے بتایا کہ (ج) کیا ذکر کرتا ہے' گھر والوں نے پوچھا کیوں؟ تو پھر خود ہی کہا کہ میں کئی بار اس کو پکڑوانے کیلئے بندے لے کر گیا پتہ نہیں مجھے کیا ہو جاتا تھا میں اسے کبھی پکڑوا نہ سکا' راستے سے ہی بندے واپس لے جاتا تھا۔ اسے پتہ نہیں تھا اس کی نسبت اب شیخ الوظائف اور تسبیح خانہ سے ہوگئی ہے۔ اب یہاں تک کہ کوئی میرے خلاف سازش کرنے کی کوشش بھی کرتا ہے تو خود ہی باز آجاتا ہے اور میں ہر قسم سے نقصان سے محفوظ رہتا ہوں۔

شیخ الوظائف سے ملاقات کا موقع اللہ تعالیٰ نے نصیب کیا تو آپ نے مجھ پر نظر خاص فرمائی اور آپ سے ایک وظیفہ ملا یَاقَادِرُ یَانَافِعُ اس وظیفہ سے قدرت کے معجزات سامنے آنا شروع ہوگئے۔ اب میں اپنی کہانی سناتا ہوں: میں چونکہ دو سال سے اشتہاری تھا مگر اس وظیفے کی برکت سے ایک دن جیل یا تھانے میں گرفتار ہوئے بغیر ہی میری ضمانت ہوگئی اللہ پاک نے مجھ پر خاص رحمت فرمائی اور میں مشکلات سے بچ گیا۔ اس کے بعد عدالتی کارروائی شروع ہوئی' میں یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پاگلوں کی طرح پڑھتا رہا' قدرت کا کمال' کرشمات' دشمن سامنے ہوتے اور با اختیار بھی تھے لیکن مجھے کوئی نقصان چاہتے ہوئے بھی نہ پہنچا سکے۔ مخالف پارٹی نے لاکھوں خرچ کرکے میرے خلاف تفتیش کروائی اور اپنی مرضی کی دفعات لگوائیں۔ مگر میری ضمانت ضبط نہ ہوئی۔ اسی دوران میری شیخ الوظائف سے دوبارہ ملاقات ہوئی' میں نے ساری صورتحال بتائی تو آپ نے فرمایا: یَاقَادِرُ یَانَافِعُ ایک اسم اعظم ہے اور تمہارے پاس اسم اعظم ہے اور کہتے ہو کہ میرے دشمن بہت زیادہ ہیں' جاؤ پاگلوں کی طرح اس کو پڑھو۔ مجھے ہر کوئی بتا رہا تھا کہ جیسی تم پر دفعات ہیں اور کیس کی صورتحال ہے تم کو ضرور بالضرور عمر قید ہی ہوگی۔ سب سے پہلا کرشمہ یہ ہوا کہ ضمانت منسوخی کی درخواست تھی اور قانون بھی یہی تھا لیکن میں نے جج صاحب کی قلم کو اپنی آنکھوں سے کانپتے ہوئے دیکھا جج صاحب نے انتظار میں کیس رکھ دیا اور کہا تھوڑی دیر میں فیصلہ دیتا ہوں' ہم سب باہر بیٹھ گئے اور مدعی پارٹی نے نعرے لگانا شروع کردیئے ابھی آرڈر نہیں ہوئے تھے اور وہ پہلے سے پولیس کو تیار کررہے تھے کہ ابھی جج صاحب آرڈر دیں گے اور آپ اس کو پکڑ کر اس کو مزہ چکھائیے گا۔ مگر قدرت کو کچھ اور ہی منظور تھا مجھے خود معلوم نہیں تھا کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے؟ اچانک جو گاڑی مجھے پکڑنے کیلئے آئی تھی وہی پولیس بھاگتے ہوئے اپنی گاڑی میں بیٹھ گئے اور ڈرائیور کو کہا گاڑی بھگاؤ عدالت سے جلدی نکل جاؤ۔ بعد میں پتہ چلا کہ میری ضمانت منسوخی کی درخواست جج صاحب نے خارج کردی اور مدعی نے ایک اور درخواست بھی میرے خلاف دی وہ بھی خارج ہوگئی' چالان میں ایک رپورٹ گم ہوگئی تھی جج صاحب نے آرڈر دیا کہ پولیس والے باہر آئے ہوئے ان کو بلائیں ان سے پوچھتے ہیں کہ رپورٹ کہاں ہے؟ اس لیے وہ ڈر کر بھاگ گئے' کورٹ کے سارے سینئر اور سرکاری وکیل پریشان یہ کیسا منظر ہے؟ ہر رپورٹ مجرم کے خلاف' جج صاحب نے کیا سوچ کر یہ فیصلہ دیا۔ پھر چند ساعتوں کے بعد فیصلے کا دن آگیا۔ اب جو بڑے بڑے وکلاء تھے وہ کہہ رہے تھے تم کیا سوچ کر عدالت میں کھڑے ہو؟ تم کہیں بھاگ جاؤ' کسی دوسرے ملک فرار ہو جاؤ' تمہیں عمر قید ہی ہوگی' مگر میں مطمئن ہو کر یاقادر یانافع پڑھتا رہا' ہر طرف یہی شور تھا کہ اس بندے کو آج عمر قید ہو جائے گی۔ میرا وکیل بھی مجھے چھوڑ کر چلا گیا تھا جب جج صاحب کے سامنے پیش ہوئے تو بار بار میری طرف ہلکی ہلکی نگاہوں سے دیکھ رہے تھے' پھر کہا آج فیصلہ نہیں ہوگا' جمعہ کے دن فیصلہ سنایا جائے گا۔ خیر جمعہ کا دن بھی آگیا' ہم سات قیدی تھے جن میں اصل مجرم میں ہی تھا' عدالت میں جانے سے پہلے میں نے سنت طریقے سے مسواک کی' سر پر ٹوپی پہنی پھر یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھتا ہوا عدالت کے کمرے میں پہنچ گیا' جج صاحب نے کہا ''ج'' کون ہے؟ میں نے عرض کیا: میں ہوں سرکار کہنے لگے اپنے وکیل کو لاؤ' بڑی مشکل سے فون کرکے وکیل کو بلایا۔ وہ بھی آگیا' اب جج صاحب نے مدعی کے وکیل کو کہا کہ تمہاری پوری کارروائی میں صرف پولیس شامل ہے' اس کیس میں کچھ مراحل ایسے ہیں جہاں پر کارروائی علاقہ مجسٹریٹ کرتا ہے مگر یہاں بھی صرف پولیس نے کارروائی کی ہے' لہٰذا پولیس نے یکطرفہ فیصلہ کیا اور ساری انویسٹیگیشن لگا دیئے' جج صاحب نے ہماری طرف دیکھتے ہوئے کہا کہ تم سب آزاد ہو اپنے گھر جاؤ۔ جب جج صاحب نے فیصلہ سنایا تو وہاں کھڑے بڑے بڑے وکیل تو جیسے پاگل ہوگئے ہوں' مدعی کا وکیل بار بار سب سے پاگلوں کی طرح یہ پوچھ رہا تھا لوگ مجھ سے پوچھ رہے تھے یہ کیا ہوا؟ کیسے ہوا؟ میری بھی سمجھ میں کچھ نہیں آرہا تھا' جب ہم باہر جانے لگے تو جج صاحب نے کہا: تم لوگ رُک جاؤ میرے وکیل اور ہم سب کھڑے ہوگئے تو جج صاحب فرمانے لگے: میری بھی تو کچھ سن لو' ہم حیران ہوگئے یہ تو وہ جج صاحب ہیں جو عدالت میں ہنسنے پر مقدمہ درج کروا دیتے ہیں اور آج ہم سے خوشگوار موڈ میں گفتگو کر رہے ہیں۔ کہنے لگے: پہلے دن جب میں نے فیصلہ کیا کہ ''ج'' کو 24 سال قید اور باقی تمام کو پانچ پانچ سال قید لکھی تھی پھر اچانک محسوس ہوا کہ نہیں یہ فیصلہ ٹھیک نہیں ہے پھر میں نے یہ لکھا ہوا کمپیوٹر سے ڈیلیٹ کروا دیا اور پھر میں نے قانون کی کتابوں سے پڑھا اور تمہارے حق میں فیصلہ قانون کے مطابق سنایا۔

قارئین! اس سب کے پیچھے جو قوت اور طاقت تھی وہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ اور شیخ الوظائف کی دعائیں تھیں۔

سکیورٹی گارڈز کیلئے خصوصی وظیفہ: اگر کوئی سکیورٹی گارڈ کی یا ایسی نوکری جہاں ہر وقت جانی نقصان کا اندیشہ ہو تو وہ روزانہ 95 مرتبہ اسم یَاحَیُّ پڑھ کر اپنی ڈیوٹی پر جایا کرے ان شاء اللہ بخیر وعافیت واپس آیا کریگا۔

گھر میں چھپا تعویذ ظاہر ہوجائیگا! عمل آزمالیجئے

جس کو نظر بد لگی ہو' اس کو سورۂ توبہ کی آخری دو آیات لقد جاءکم سے لے کر آخر تک گیارہ مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمی ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلادیں اور اس پر دم بھی کریں۔ نظر بد دور ہوجائے گی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے کزن نے مجھے ایک وظیفہ بتایا جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہا ہوں:۔ یہ وظیفہ کزن کو ان کے استاد صاحب نے بتایا تھا۔ موصوف کہتے ہیں کہ اگر کوئی مشکل یا تکلیف ہو یا کسی دشمن کا ڈر ہو خصوصاً خونخوار اور زہریلے جانور اور کیڑے مکوڑے مثلاً کتا' سانپ' بچھو وغیرہ کا خوف ہو تو یہ وظیفہ یقین کامل اور توجہ کیساتھ پڑھیں۔ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ (کھف 18) موصوف کہتے ہیں کہ ایک دفعہ میں مسجد میں مغرب کی نماز پڑھنے جارہا تھا راستے میں کتے نے میرا راستہ روک لیا۔ اس نے زور زور سے بھونکنا شروع کردیا۔ میں نے جب درج بالا آیت یقین کامل اور توجہ کے ساتھ پڑھ کر اس کی طرف پھونکی تو کتا فوراً خاموش ہوگیا۔ راستے سے ہٹ کر آرام سے بیٹھ گیا۔ موصوف کہتے ہیں کہ میرے پاس اس آیت کے بہت سے فائدے اور تجربات ہیں جو میں نے اس آیت سے حاصل کیے۔

میرے ماموں ایک مرتبہ مغرب کی نماز کے بعد بیٹھے تو انہوں نے ایک وظیفہ بتایا اگر کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو جو حل نہ ہو رہی ہو تو ہر وقت درود شریف' استغفار اور تیسرا کلمہ کا ورد جاری رکھیں۔ اگر آپ ہر وقت نہیں پڑھ سکتے تو روزانہ کم از کم ایک تسبیح پڑھیں۔ ان شاء اللہ آپ کے روزمرہ تمام کاموں میں آپ کو بھرپور فائدہ ہوگا اور مسائل غیبی طور پر حل ہونا شروع ہوجائیں گے۔ اسی طرح میرے استاد محترم نے مجھے چند سال پہلے یہ وظیفہ بتایا تھا۔ اگر کوئی مشکل کام ہو جو حل نہ ہو رہا ہو خصوصاً اگر آپ سفر کر رہے ہیں آپ کو گاڑی نہیں مل رہی تو سورۂ قریش کا ورد کریں' ان شاء اللہ آپ کا سفر آسانی سے گزرے گا۔ کچھ سال پہلے عیدالفطر کے موقع پر ایک اللہ والے بیان فرمارہے تھے اور انہوں نے آخر میں سامعین کو وظیفہ بتایا۔ وظیفہ یہ بتایا: یَااَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَااَللّٰهُ یَاسَلَامُ یَاقَوِیُّ اگر کوئی بھی حاجت درپیش ہو جو حل نہ ہو رہی ہو تو یہ وظیفہ یقین کامل اور توجہ کے ساتھ پڑھیں' ان شاء اللہ آپ کی ہر خواہش پوری ہوگی۔ صرف جائز کاموں کیلئے پڑھیں ناجائز کاموں کیلئے ہرگز نہ پڑھیں۔ نقصان کا اندیشہ ہے۔

میری نانی کا بتایا آزمودہ نظر بد کیلئے دم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جس کو نظر بد لگی ہو' اس کو سورۂ توبہ کی آخری دو آیات لقد جاءکم سے لے کر آخر تک گیارہ مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمی ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلادیں اور اس پر دم بھی کریں۔ نظر بد دور ہوجائے گی۔ نظر بد کا وہ دم جو ہماری نانی کیا کرتی تھیں' اول و آخر تین بار درود شریف اور تین بار سورۂ قلم کی آیات 50، 51 پڑھیں اور دم کریں' وان یکاد الذین کفرو۔ **عمل نمبر 2:** ہر قسم کے جادو یا تعویذ کا اثر ختم' تعویذ اگر چھپایا گیا تو برآمد ہوجائے گا۔ عمل یہ ہے: سورۂ فلق گیارہ بار مٹھی بند کر کے پڑھیں ختم ہونے پر کھول دیں' پھر دوبارہ سورۂ ناس کے لیے بند کریں جب وہ بھی گیارہ بار مکمل ہوجائے تو مٹھی کھول دیں اب سات بار یہ پڑھیں فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۔ اس کیلئے مٹھی بند نہیں کرنی۔ اب تمام گھر والوں پر گھر میں ہر طرف ہر کونہ میں تھوک کے تھتکار دیں' اثر ختم ہوجائے گا۔ **عمل برائے اولاد نرینہ:** دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پیٹ پر اسی انگلی سے لکھو من کان فی ھذا البطن اسمہ محمد ﷺ درود شریف صرف زبان سے پڑھا جائے۔ یہ عمل روزانہ تین بار کیا جائے۔ چالیس روز تک یہ عمل جاری رہے اور چار ماہ حمل سے پہلے یہ مکمل ہوجائے۔ (فقط بنت حوا' فیصل آباد)

رکاوٹ' مشکل ہو یا سامان کی حفاظت! آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کسی چیز کی تلاش ہو' کام مکمل کرنا چاہتے ہوں' مشکل سے یا رکاوٹ سے بچنا چاہتے ہوں درج ذیل دعا پڑھتے جائیں اور کام کرتے جائیں' سامان کی حفاظت کیلئے لاجواب ہے' ایئرپورٹ پر سامان کی چیکنگ کا مسئلہ ہو یا کہیں بھی سامان رکھ کر چھوڑ جائیں کوئی دیکھے گا بھی نہیں۔ اَللّٰهُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی اِخْتِیَارِیْ۔ **مرے گا تو شہید:** اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ تین بار پھر سورۂ حشر کی آخری تین آیات ایک بار صبح پڑھے تو شام تک ستر ہزار فرشتے اس کیلئے استغفار کریں اور اس دن مرے تو شہید ہو اور شام کو پڑھے تو صبح تک یہی حکم ہے۔ (بحوالہ: الوظیفۃ الکریمہ) (نسیمہ' فیصل آباد)

ہماری حیرت انگیز کامیابیاں

مسلمان جب دین پر مکمل عمل پیرا تھے تب ساری دنیا مسلمانوں کیلئے مسخر تھی' زمین' ستارے' سورج' چاند' بادل وغیرہ جو اللہ تعالیٰ کی بڑی بڑی نشانیوں میں سے ہیں ان میں غور و فکر کرکے ''تسخیر کائنات'' کے فلسفہ کو عملی جامہ پہنایا اور ایسے ایسے انکشافات کیے کہ انسان کی عقل حیران ہوگئی۔ آیئے! ان ایجادات کا جائزہ لیں جو حاملانِ قرآن نے دنیا کے سامنے پیش کیں۔ جنہیں نمونہ بنا کر آج یورپ ترقی کی منازل طے کررہا ہے۔ **شیشہ سازی:** پتھر سے شیشہ بنانے کی صنعت کی دریافت سب سے پہلے مسلمان ابن فرناس نے 9ویں صدی میں کی۔ **دوربین کی ایجاد:** دوربین عظیم مسلمان سائنسدان ابوالحسن نے ایجاد کی یہ دوربین مالقہ اور قاہرہ کی رصدگاہوں میں کامیابی سے کام میں لائی جاتی تھی اور اس کی مدد سے فلکیاتی مشاہدات کیے جاتے تھے۔ **کرے ''گلوب''** مسلمانوں نے بحیرہ احمر پر ایک درجہ کی پیمائش کرکے زمین کا ٹھیک سائز معلوم کیا' شروع دور میں مسلمان علماء کرام کرّوں کی مدد سے عربی مدارس میں جغرافیہ پڑھایا کرتے تھے۔ آج کل بھی یہ فن دوبارہ زندہ ہو رہا ہے۔ **نظریہ اضافت:** نظریہ اضافت ''الباقلانی'' نے سب سے پہلے پیش کیا اس کو بعد میں آئن سٹائن نے اپنی کتاب ''بین کوبکی طبعیات'' میں ذکر کیا۔ **قطب نما کی دریافت:** سر آر ایف برٹن نے انکشاف کیا ہے کہ سب سے پہلا قطب نما امیر البحر احمد ابن ماجد نے ایجاد کیا تھا اور اس ایجاد کی مدد سے بنی نوع انسان نے کھلے سمندروں میں سفر کرنا شروع کیا اس سے پہلے کوئی بھی کھلے سمندر میں تجارتی سفر کی جرأت نہ کرتا تھا بلکہ مصری' ایرانی' یونانی اور رومی ساحلوں تک ہی محدود رہتے' نقشوں کی مدد سے سمندر پر راستے بھی عربوں نے متعین کیے۔ یہ راستے بحرالکاہل اور بحراوقیانوس کو ملاتے تھے ان نقشوں کی مدد سے سب سے پہلا بحری سفر امیر البحر سلیمان اور شہاب الدین نے نویں صدی عیسوی میں کیا اور بعد میں ان نقشوں کی مدد سے واسکوڈی گاما اور کولمبس نے سمندری سفر کیے۔ **الجبرا کی ایجاد:** الجبرا خالص عربی شے ہے اور عرب اس کو (الجبر والمقابلہ) کے نام سے پکارتے تھے۔ **جوہر اور خلا:** جوہر اور خلاء کا سب سے پہلا تصور ابوبکر احمد ابن الطیب الباقلانی نے 1013ء میں پیش کیا' امام الباقلانی نے جوہریت (باقی صفحہ نمبر 46 پر)

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

خورشید انور' لاہور۔ سجاد احمد' فیصل آباد۔ زوہیب احمد' شکارپور۔ صائمہ شہزاد' لاہور۔ ماسٹر عالم گیر' لکی مروت۔ مختار احمد صابری' کراچی۔ ثمینہ' کسووال۔ اسماء اقسم علی۔ عبداللہ' کبیروالہ۔ ساجدہ پروین' سرائے عالمگیر۔ شہزاد احمد قریشی' ڈونگہ بونگہ۔ رخسانہ کامران' کراچی۔ زنیرہ' لاہور۔ نزہت مسعود' لاہور۔ تسنیم اختر' انگلینڈ۔ حاجی ظفر اقبال' جہلم۔ محمد اسماعیل' ڈیرہ اسماعیل خان۔ حافظ محمد عثمان' خان پور۔ عمر فاروق' خان پور۔ محمد کمال شفقت' واہ کینٹ۔ خلیل الرحمٰن' لاہور۔ اسرار احمد' تھل گوجرہ۔ عنبرین' بہاولپور۔ محمد شعیب' ملتان۔ کلثوم مغل' حیدرآباد۔ محمد ندیم' کراچی۔ نزہت نسیم' راولپنڈی۔ ثمرہ انجم' لاہور۔ نگہت منصور' کراچی۔ سید ارتفاق احمد' کراچی۔ محمد رمضان' چکوال۔ شفیق النساء' اٹک۔ گلشن ناہید' چکوال۔ زرینہ بی بی' ہارون آباد۔ شمائلہ مجید' لاہور۔ محمد انوار الحق عرف شہزاد' پشاور۔ گل نارہ' بٹ گرام۔ نائلہ بی بی' بٹ گرام۔ اکرام اللہ' اسلام آباد۔ مولانا نعیم اللہ' بٹ گرام۔ شکیلہ ناز' بٹگرام۔ نزہت پروین' لاہور۔ ام ہانی' گوجرانوالہ۔ فرح وسیم' لاہور۔ محمد امیر علی' سلانوالی۔ عشرت فاطمہ' چک جھمرہ۔ فرحان یٰسین' اوکاڑہ۔ شمیم مبین' کراچی۔ ساجد رحیم' پشاور۔ صغریٰ بی بی' میاں چنوں۔ ماہ جبیں' کراچی۔ محمد یوسف' نارووال۔ فائزہ طالب' گوجرانوالہ۔ شمائلہ' لاہور۔ حمیدہ' گوجرانوالہ۔ زبیدہ' فیصل آباد۔ محمد اسلم مغل' چک بھلوال۔ نادیہ افضل' حویلیاں۔ محمد سجاد' ننکانہ صاحب۔ عبدالوہاب' پشاور۔ صغیر اختر خان' کوٹلی۔ ظفر اقبال' جہلم۔ منیزہ بی بی' ہری پور۔ عظمیٰ جہاں' چکوال۔ ثریا' راولپنڈی۔ گل زیب' چکوال۔ حلیمہ کوثر' فیصل آباد۔ رضیہ حشمت' راولپنڈی۔ دریمہ خان' راولپنڈی۔ ناصر' ایبٹ آباد۔ فرح' کراچی۔ عبدالخالق' میانوالی۔ نائلہ' فیصل آباد۔ رضیہ رمضان' فیصل آباد۔ سائرہ' سرگودھا۔ ریحان احمد خان' کراچی۔ مہوش' لالہ موسیٰ۔ توصیف فاطمہ' ملتان۔ محمد نعیم اعوان' ملتان۔ خورشید بیگم' حیدرآباد۔ فوزیہ ملک' حیدرآباد۔ اسداللہ' خانواہن۔ عبیداللہ' ملتان۔ کوثر بی بی' رحیم یار خان۔ بینا بشرہ' چکوال۔ رضیہ منیر' بہاولپور۔ محمد ارشد' لاہور۔ رفعت جمیلہ' لاہور۔ نسرین' پاکپتن۔ رحمت علی' حیدرآباد۔ ناہید عارفہ' کراچی۔ سیدہ انعمتا احمد ہاشمی' کراچی۔ شہناز قدرت اللہ' حیدرآباد۔ شمشاد بیگم' جڑانوالہ۔ محمد حسنین اعوان' لاہور۔ فرزانہ الٰہی لاہور۔ منیر احمد' لاہور۔ فاطمہ ظفر' لاہور۔ ملیحہ اسرار' وہاڑی۔ اسرار الحق' ماموں کانجن۔ اعجاز حسن' اسلام آباد۔ روبینہ ملک' سرگودھا۔ فرزانہ کراچی۔ شاہد محمود' سیالکوٹ۔ ماہ جبین' حیدرآباد۔ بینش' شیخوپورہ۔ زبیریا' نواب شاہ۔ ریاست محمود' ڈھوک محمد۔ محمد حمزہ منیر' رحیم یار خان۔ عائشہ کامران' لاہور۔ طلحہ' منڈی شاہ جیونہ۔ رفعت سلطانہ' میاں چنوں۔ پوشیدہ' خوشاب ناڑی۔ حفیظاں بی بی' چکوال۔ مریم شاہین' مندرہ۔ شمائلہ عرفان۔ احمد علی جان' نوشہرہ۔ ہدایت اللہ' پشاور۔ عزیز فاطمہ' چکوال۔ بشریٰ شہناز' رحیم یار خان۔ عمران ناز' اٹک۔ محمد ذیشان' ڈیرہ اسماعیل خان۔ وقار انجم' اسلام آباد۔ ام عبدالرحمٰن' گوجرانوالہ۔ طاہرہ پروین' ساہیوال۔ عائشہ جلیل' جام پور۔ محمد صہیب الحسن' ڈونگہ بونگہ۔ مریم خالد' لاہور۔ عزیز احمد طارق' دریا خان۔ صباحت اقبال' گگو۔ سلطان محمود' ساہیوال۔ محمد نواب' سوات۔ سید مریم غضنفر علی' لاہور۔ شہریار فرید' پشاور۔ ڈاکٹر ہما اشفاق' میانوالی۔ آصف افتخار' گوجرانوالہ۔ محمد رفیق ناز' پنڈی گھیپ۔ عبیلہ کوثر' جہلم۔ رمضان حسن' ملتان۔ رضوانہ فردوس' لاہور۔ فیصل کامران' چکوال۔ شاہ سکندر۔ رؤف احمد' ڈسکہ۔ محمد وحید' تلہ گنگ۔ جان محمد' اٹک۔ فردوس اقبال' کراچی۔ عظمیٰ یونس' سیالکوٹ۔ محمد نصیر' کراچی۔ نیلم اخلاق' ملتان۔ نور العین' کراچی۔ عفت پروین' قلعہ دیدار سنگھ۔ محمد نعیم خان' کراچی۔ مسرت' کراچی۔ عرشیہ خالد' حافظ آباد۔ صائمہ' حیدرآباد۔ اسد النساء ناز' کہوٹہ۔ عتیقہ حسن' سمندری۔ عائشہ' ٹنڈو آدم۔ سدرہ مبین' بھکر۔ عابد اعجاز' ملتان۔ عشرت' کراچی۔ آصفہ نور' کراچی۔ حنا ساجد' ایبٹ آباد۔ کومل رانی' راولپنڈی۔ قاری محمد اعظم' لاہور۔ رخسانہ کوثر' پیرمحل۔ بشارت رؤف' مظفر آباد۔ یاسمین امجد' فیصل آباد۔ انور علی' مینگورہ۔ فائزہ وسیم' کراچی۔ ندیم احمد' سکھر۔ سمیرا منظور' سوکر۔ طاہرہ فیاض' پشاور۔ شوکت علی خان' پنڈی گھیپ۔ تسلیم بی بی' لکی مروت۔ آمنہ منیر' سرگودھا۔ زید اقبال' مانسہرہ۔ نبیلہ مشتاق' لاہور۔ سلمیٰ' نواب شاہ۔ فوزیہ حسین' کراچی ملیر۔ سید مسرت حسین رضوی' کراچی۔ شبنم شہناز' سرگودھا۔ محمد عثمان شمسی' لاہور۔ شفیق احمد' خیرپور میرس۔ بنت اسماعیل' منڈی بہاؤالدین۔ محمد رمضان' پلندری۔ غوثیہ مظہر' لاہور۔ اختر حسین' راولاکوٹ۔ طاہر محمود' چکوال۔ سعدیہ قاسم' حیدرآباد۔ عائشہ خاتون' حیدرآباد۔ غوثیہ مظہر اقبال خان' لاہور۔ رضوان خان' ڈیرہ اسماعیل خان' شاہد رشید' واہ کینٹ۔ امیراء' ملتان۔ زیب النساء' رحیم یار خان۔ شاہین اطہر' کراچی۔ انیلہ آصف' لاہور۔ فیصل حسین' اوکاڑہ۔ محمد زاہد بشیر' اوکاڑہ۔ محمد ظفر' سرگودھا۔ اسماء' سانگھڑ۔ شبانہ عنبرین' پشاور۔ عنبرین فاطمہ' تلہ گنگ۔ الطاف حسین' کوہاٹ۔ محمد تبریز' آزاد کشمیر۔ عمران خان' اٹک۔ ثمینہ حیدرآباد۔ محمد اعجاز خان' پشاور۔ سکندر محمد ذوالقرنین خان۔ پشاور۔ حمزہ حیدر' سمندری۔ لبنیٰ ابراہیم' کراچی۔ مسرت اقبال' حاصل پور۔ شازیہ نورین' لاہور۔ محمد اقبال رضا' میرپور خاص۔ طارق عزیز' کوہاٹ۔ چاند محمد' کراچی ملیر۔ مختار احمد صابری' کراچی۔ ماجدہ' بہاولپور۔ حاجی عبدالحمید' وہاڑی۔ بابرہ' محمود کوٹ۔ غزالہ سلطانہ' نواب شاہ۔

آپ تمام درج بذیل وظیفہ پڑھیں۔

سورۂ اخلاص کا عمل: دو رکعت نماز نفل پڑھیں اس کی ہر رکعت میں **101** بار سورۂ اخلاص پڑھیں دوران نفل ہاتھ میں تسبیح لے سکتے ہیں لیکن تسبیح صرف نوافل کیلئے ہے فرائض کیلئے نہیں۔ دو نفل پڑھنے کے بعد سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں' پھر سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں' پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ اسی طرح گیارہ سجدے کرنے ہیں اور ہر سجدے میں گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے اور اٹھ کر بھی گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے۔ اس کے بعد گیارہ دفعہ کوئی سا بھی استغفار پڑھنا ہے اس کے بعد گیارہ دفعہ درود ابراہیمی پڑھنا ہے اور گیارہ منٹ کم از کم انتہائی زاری کے ساتھ اپنے مقصد کیلئے دعا کرنی ہے۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔ پھر قدرت ربی کا کرشمہ دیکھیں' غیب کے خزانے ملیں' آپ کے مسائل' مشکلات حل اور دلی مرادیں پوری ہوں گی۔

قسط 14

چار پرچیاں چار کیل! باغ کھیت ہر موذی چیز سے محفوظ

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

ناسور اور موہری کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس کسان بھائیوں کیلئے ایک آزمودہ ترین ٹوٹکہ ہے یقیناً بے شمار کا بھلا ہوگا۔ موہری وہ جو اکثر گائے یا بھینس کی دم زیادہ بڑی ہونے کی وجہ سے زخم ہو جاتا ہے اور ٹھیک نہیں ہوتا۔ دُم خراب ہوتی جاتی ہے حتیٰ کہ اس کو کاٹنا پڑتا ہے کیلئے کچھوے کی کھوپڑی کا جو خول ہوتا ہے اور بہت سخت ہوتا ہے کو لیکر بذریعہ بتال جنتر تیل نکالیں اور اس کی راکھ بھی نکال لیں۔ زخم والی جگہ پر پہلے تیل لگا کر اوپر اسی کی راکھ تھوڑی سی ڈال کر پٹی باندھ دیں زیادہ سے زیادہ دو پٹیاں لگانی پڑیں گی۔ (محمد فیصل، ہڈیارہ)

نظر بد جانور ہو یا انسان نہیں لگے گی!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کی نسلوں کو قیامت تک اور عبقری کی تمام ٹیم کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین وثم آمین۔ عبقری رسالہ کیلئے دو موتی ہدیہ کرنا چاہتا ہوں جو کہ میں نے بڑی مشکل سے حاصل کیے ہیں یقیناً اس سے قارئین عبقری خاص طور پر کسان بھائیوں کو فائدہ ہوگا۔

مٹی کا دم: انسان ہو یا جانور جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو' کان' دانت یعنی کہیں بھی ہو۔ ایک مرتبہ درود ابراہیم' پندرہ مرتبہ صرف بسم اللہ پڑھیے۔ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا پھر درد والی جگہ پر پھونک (دم) مارے۔ تین مرتبہ یہ عمل کریں۔ ایک ہی نشست میں ہر بار پندرہ مرتبہ پڑھیں' آرام نہ آئے تو یہ عمل پورے دن میں تین مرتبہ کریں اور آخر میں تمام نیک صالح لوگوں کی طرف سے نیک کر کے ہدیہ کریں۔ یعنی دم (پھونک) کہ میں ان نیک انسانوں کی طرف سے پھونکتا ہوں۔ دوسرا عمل نذرِ بد: بڑھے بوڑھے' انسان جانور کسی کوئی بھی نظر بد ہو اس کو درج ذیل عمل کریں اور دن میں تین مرتبہ کریں۔ اول و آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی' ہر مرتبہ مکمل بسم اللہ کے ساتھ گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص' گیارہ مرتبہ سورۂ فلق' گیارہ مرتبہ سورۂ ناس' پڑھ کر پھونک ماریں' بفضل خدا نذر بد ہٹ جائے گی۔ (محمد منیر' میرپور آزاد کشمیر)

زہریلے کیڑوں سے نجات کا آسان عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم رسالہ عبقری گزشتہ کئی سالوں سے پڑھ رہے ہیں اور اس کے وظائف اور ٹوٹکوں سے فائدے ہو رہے ہیں' میرے پاس بھی ایک عمل ہے جسے میں گزشتہ چند برسوں سے کر رہا ہوں اور خدا کے فضل سے بہت فوائد بھی حاصل ہو رہے ہیں' ہمارے گھر میں گرمیوں کے دنوں میں ہر قسم کا کیڑا مکوڑہ اور یہاں تک کہ سانپ بھی آجایا کرتے تھے جس کی وجہ سے جانی خطرہ بھی بہت رہتا تھا ایک دن میں اپنے والد صاحب مرحوم کی ایک کتاب پڑھ رہا تھا جس میں ایک عمل ان چیزوں سے نجات حاصل کرنے کا لکھا تھا۔ میں نے فوراً اُسے لکھا اور گھر کے چاروں کونوں میں لگا دیا' آپ یقین کیجئے کہ جگہ جگہ جو کیڑے مکوڑے نظر آ رہے تھے' چند منٹوں میں غائب ہو گئے اور پھر اس کے بعد ابھی تک خدا کا شکر ہے یہ چیزیں ہمارے گھر میں نظر نہیں آئیں' ہر سال ایک عدد خطرناک سانپ بھی گھر میں آجاتا تھا مگر اب ایسا نہیں ہے۔ میں یہ عمل عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں تاکہ امت کا بھلا ہو۔ یہ عمل کسان بھائی ضرور کریں جو رات کو کھیتوں میں پانی وغیرہ لگانے جاتے ہیں یا جانوروں کے باڑوں میں کام کرتے ہیں' اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ زہریلے جانور ایسی جگہوں پر انسان یا جانوروں کو کاٹ لیتے ہیں جس سے بعض اوقات جانی نقصان بھی ہو جاتا ہے۔ چار پرچیوں پر لکھ کر کمرے یا گھر کے چاروں کونوں یا کھیت کے چاروں کونوں یا باڑے کے چاروں کونوں میں چپکا دیں' ان شاء اللہ فائدہ ہی فائدہ ہے۔ (ارشد منیر تنولی' ایبٹ آباد)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

قسط 14

میں ایمان ویقین سے خالی ہوں!

حکیم ضیاء الرحمٰن' ملتان

حکیم فیروزالدین اجملی رحمۃ اللہ علیہ ایک حدیث قدسی مبارکہ کا مفہوم اکثر بیان فرماتے کہ اللہ رب العزت فرماتے ہیں: ''جو قوم غوروفکر چھوڑ دے ہم اس کو نیست نابود کر دیتے ہیں اور ان پر ایسی قوم مسلط کر دیتے ہیں جو غوروفکر کی عادی ہو' مزید فرمان ہے جو غوروفکر کرتے ہیں میں ان کی راہیں کھول دیتا ہوں'' آج ہمارا بھی یہی حال ہے' ہمیں دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے اللہ پاک نے چنا' اسی وسیلے سے ہمیں عزت اور روزی دینے کا اہتمام فرمایا اور ہم اپنی ''میں'' میں گم ہو گئے۔ اسی لیے ہمارے یہاں ایجادات کا سلسلہ بند ہو گیا ہے۔ لاقانونیت اور مہنگائی کے مارے مریض ولواحقین حیران و پریشان ہیں۔ ان کو کچھ سجھائی نہیں دیتا۔ ان کو درد کی دواء زخم کی مرہم نہیں ملتی۔ اپنے ملکی حالات دیکھ کر یہی اندازہ ہوتا ہے کہ کہانی یوں ہی چلتی رہے گی۔ ہماری ایسی آوازیں صدا بہ صحرا ثابت ہوں گی۔ ہم نے اپنے پچھلوں بزرگوں سے بھی کچھ نہیں سیکھا۔ ان کی اچھی روایات کو آگے نہیں بڑھایا۔ اپنی ڈھائی اینٹ کی مسجد بنالی یا اپنے کنوئیں تک محدود ہو گئے اور سمجھے کہ بس یہی ہمارا جہان ہے۔ میں اکثر علمی محفلوں میں دیکھتا ہوں کہ شرکاء میں سے اکثر کے پاس قلم کاغذ نہیں ہوتا۔ علمی باتوں کو اپنے اوپر سے گزارتے رہتے ہیں۔ نیند صرف ایک لفظ پر اُکھڑتی ہے ''نسخہ'' ان کو جسمانی اعضاء کی بناوٹ و افعال سے غرض کم' تشخیص سے غرض کم' نسخے کی طلب واہمیت زیادہ ہوتی ہے۔ ایسا معالج علاج کیا خاک کرے گا۔ مجھے تو یہ احساس ہونے لگا ہے اور اس کے شواہد بھی موجود ہیں کہ دیکھنے میں تو میں انسان ہوں لیکن بے رس' بے ذائقہ' بے فائدہ' نہ خالق کی پہچان نہ مخلوق کی' میں ایمان ویقین سے خالی ہوں اسی لیے نئی جہتیں مجھے نہیں سوجھتی۔ بس میرا کاروبار چلے' پیسہ آنا چاہیے یہی میری زندگی کا مقصد ہے۔ دعائیں قبول کیوں نہیں ہو رہیں' اللہ کی مدد کیوں نہیں اتر رہی۔ بہادری' مردانگی' احساس ذمہ داری' بھائی چارہ انسانیت کیا ہوتی ہے؟ اس کے لیے پاکستان بننے سے پہلے کی کتابیں اٹھا کر دیکھیے۔ جب سواری اور زندگی کی اتنی سہولتیں میسر نہ تھیں معالج حضرات کیا کیا مشقتیں اٹھاتے تھے؟ اور کیا ورثہ چھوڑ گئے ہیں؟ پاکستان بنے چھیاسٹھ سال ہو گئے ہیں۔ کسی مرض پر آج تک ایسی ایک کاوش سامنے نہیں آسکی جس سے انسانیت کو نفع پہنچے۔ ہماری نظر (باقی صفحہ نمبر 31 پر)

فراخی اور تونگری کیلئے: خلوت میں اس اسم پاک یَاوَاجِدُ کو کثرت سے پڑھنے سے فراخی اور تونگری حاصل ہوتی ہے' اس اسم پاک کا ورد کرنے والا دولت سے مالا مال ہوجاتا ہے۔

میری گلی کے دو کوچوان اور امراض معدہ کے شکار

پرنسپل (ر) غلام قادر ہراج' جھنگ

حکماء کا قول ہے کہ 'تمام امراض معدہ کے بگاڑ سے جنم لیتے ہیں' معدہ کے بگڑ جانے سے انسانی جسم کی پوری سلطنت تہس نہس ہوجاتی ہے۔ کھاری اور تیز چیزیں معدہ میں تیزی پیدا کرنے کے بعد کھانے کو ہضم کرنے میں مدد دیتی ہے۔

میری گلی میں دو کوچوان رہتے تھے۔ دونوں کے گھوڑے کمزور' دبلے پتلے اور مریل قسم کے تھے۔ ایک کوچوان ہروقت گھوڑے کو مارتا رہتا۔ جونہی رفتار کم ہوئی' ڈنڈے پر ڈنڈا برسنے لگا۔ بیچارہ بے زبان گھوڑا نہ تو تکلیف کا اظہار کرسکتا تھا' نہ فریاد' وقتی طور پر تیز قدم اٹھاتا پھر وہی معمولی رفتار اور اِدھر ڈنڈے اور گالیاں۔ کچھ عرصہ یہ گھوڑا ظلم وستم سہتا رہا' آخر ایک دن گرا اور جان دیدی۔ دوسرے گھوڑے کا مالک بڑا رحم دل انسان تھا۔ اس نے گھوڑے کو اچھی سے اچھی خوراک دی' علاج کیا اور چند ہی دنوں میں گھوڑا تندرست ہوگیا اور مالک کے معمولی اشارے پر ہوا سے باتیں کرنے لگ گیا۔

بعینہٖ کمزور معدہ کے مریضوں کو نمک سلیمانی' چورن ہاضم' لکڑ ہضم پتھر ہضم' تریاق معدہ' ہاضم پھکی وغیرہ ایک قسم کے کوڑے ہیں جنہیں ہم معدہ کے گھوڑے پر برساتے ہیں اس کا یہ علاج صحیح نہیں ہے بلکہ صحیح علاج یہ ہے کہ معدہ کو قوت بخشنے والی ادویات استعمال کی جائیں پھر اس کے کرشمات دیکھیں۔ حکماء کا قول ہے کہ ''تمام امراض معدہ کے بگاڑ سے جنم لیتے ہیں'' معدہ کے بگڑ جانے سے انسانی جسم کی پوری سلطنت تہس نہس ہوجاتی ہے۔ کھاری اور تیز چیزیں معدہ میں تیزی پیدا کرنے کے بعد کھانے کو ہضم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ بظاہر فوری اثر دکھاتی بھی ہیں۔ یہی ادویات آہستہ آہستہ معدہ کو کمزور کررہی ہوتی ہیں۔

معدہ کیسے خراب ہوتا ہے؟ غذاؤں اور پھلوں کو جزو بدن بنانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایک قدرتی چورن عطا فرمایا ہے اور وہ ہے ''لعاب دہن'' جسے ہم اپنی بے اعتدالیوں کے باعث کمزور یا ضائع کردیتے ہیں۔ یہیں سے معدہ خراب ہوتا ہے مثلاً منہ کی صفائی نہ کرنا' مسواک نہ کرنا' روٹی چبا چبا کر نہ کھانا' روٹی کھاتے وقت بہت زیادہ پانی پینا وغیرہ۔ **بیمار معدے کا علاج:** مرغیوں کے پوٹے یعنی سنگدانہ اکٹھا کریں' محفوظ جگہ پر خشک کریں۔ پیس کر شیشی میں سنبھال کر رکھیں۔ ایک چٹکی خوراک کمزور معدہ والوں کو دیں' چند دنوں میں معدہ کی قوت بحال ہوتی نظر آئے گی۔ اگر نمک اور میٹھے سوڈا کو اس میں ملالیں تو خوش ذائقہ چورن بن جائے گا۔ منہ کی اندرونی بیرونی صفائی رکھیں۔ مسواک کو لازم پکڑیں۔ کھانا آہستہ آہستہ اور چبا چبا کر کھائیں جب تک ایک لقمہ اندر نہ جائے دوسرا لقمہ نہ توڑیں۔ پستے کے سخت بیرونی مغز کا باریک سفوف بنائیں مگر میدے کی طرح باریک نہ کریں تاکہ معدہ میں زیادہ دیر ٹھہرے اور اپنا اثر چھوڑے۔ صبح وشام ایک چٹکی پانی کے ہمراہ کھائیں معدہ اور دل دونوں کی تقویت کیلئے بے مثال چیز ہے۔

معدہ کی خرابی سے لاحق ہونے والے امراض: معدہ کی خرابی سے لاحق ہونے والے امراض کی لسٹ کافی طویل ہے۔ چند ایک یہ ہیں:۔ قبض، کرم شکم، ابکائیاں، قے اور متلی، پیاس کی زیادتی، ہچکی، ہیضہ، اسہال، سنگرہنی۔ ان تمام امراض کی تفصیل یہاں ممکن نہیں' چند ایک آسان نسخے پیش خدمت ہیں:۔ **قبض دور کرنے کیلئے:** تخم سنگترہ یا مالٹا سایہ میں خشک کریں اور پیس کر رکھیں' قدرے نمک ملالیں' **خوراک:** ایک سے دو ماشہ پانی سے' کھانے کے ایک گھنٹہ بعد کھالیں۔ **کرم شکم (پیٹ کے کیڑے):** کیلے کے پودوں کا پانی نکال کر بوتلیں بھرلیں۔ اس پانی کو دن میں دو سے تین مرتبہ دو سے تین تولہ پی لیں۔ **قے اور متلی:** چولہے کی سرخی مائل مٹی جسے ہم پنجابی میں ''بھٹور'' کہتے ہیں باریک پیس لیں حسب ضرورت صرف ایک ماشہ سفوف لے کر ہمراہ پانی دیں' قے فی الفور بند ہوجائے گی اور متلی کو بھی فائدہ ہوگا۔ **پیاس کی زیادتی:** مٹی کے کورے گھڑے میں پانی ڈالیں۔ صاف شدہ پندرہ سے بیس پتے پیپل ڈال کر رکھیں اور یہ مریض کو پلاتے رہیں۔

ہچکی: سرد پانی کا ایک گلاس لے کر ہر دو منٹ بعد ایک ایک گھونٹ پیتے رہیں یا کوئی تیز نسوار لینے سے یا چھینک آجانے سے بھی ہچکی بند ہوجاتی ہے یا اکثر یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ ہچکی کے مریض کے قریب جاکر زور سے کوئی چیز بجائیں یا اسے اچانک ڈرا دیں یا کوئی ایسی خبر سنائیں جس سے وہ غمگین ہوجائے یا بہت زیادہ خوش ہوجائے تو اس سے بھی ہچکی ختم ہوجاتی ہے۔ **ہیضہ:** تخم لیموں حسب ضرورت لیں' باریک پیس کر رتی رتی کی گولیاں بنائیں' خوراک: دو گولیاں ہمراہ عرق گلاب یا پانی سے مریض کو دیں۔ ہر گھنٹے کے بعد خوراک دی جائے۔

اسہال: آم کی گٹھلی کا مغز اور جامن کی گٹھلی کا مغز کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں بقدر پانچ ماشہ دہی کے ہمراہ دیں یا برگد کا دودھ ناف میں بھر دیں۔ ناف کے گرد بھی لگائیں۔ اسہال کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔

سنگرہنی: اس مہلک بیماری میں مٹیالے دست آتے ہیں' کبھی ان میں خون بھی آنے لگتا ہے۔ چند روز کے لیے دست رک جاتے ہیں پھر شروع ہوجاتے ہیں بعض اوقات مریض کا منہ بھی پک جاتا ہے۔ دھمانسہ بوٹی اس وقت اکھیڑیں جب پھول لگنے کے بعد ننھے ننھے پھل لگ جائیں' سایہ میں خشک کریں' ایسی جگہ آگ لگائیں جہاں ہوا کا دخل نہ ہو ورنہ اڑ جائے گی' راکھ کو شیشی میں بند کریں۔ تین سے چار ماشہ راکھ چاول کے پانی سے دن میں دو مرتبہ خوراک دیں۔ سوائے دہی کے اور کوئی چیز کھانے کو نہ دیں۔ تین دن کے بعد چاول اور دہی دیں دھمانسہ بوٹی وہی بوٹی ہے جسے کینسر کا تریاق بیان کیا جاتا ہے۔ بہت کام کی بوٹی ہے۔

گنجا سر بالوں کی لہلہاتی فصل کیلئے تیار ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ ٹوٹکہ جس سے گنجے سر پر بال اگنا شروع ہوجاتے ہیں۔ یہ ٹوٹکہ میں قارئین عبقری کیلئے خاص طور پر لکھ رہا ہوں۔ **ھوالشافی:** چھوٹی ہریڑ کا سفوف بنا کر رکھ لیں' دن میں ایک بار مہندی کی طرح سر پر لیپ کرلیں اور خشک ہونے کے بعد سر دھو کر تِل والے تیل کی مالش کریں' اڑھائی تین ماہ کریں تو ان شاء اللہ شفاء ہوتی ہے۔ (بابا فقیر محمد' لاہور)

لڑائی جھگڑے ختم' برکت اور سکون پائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور آپ کے بتائے ہوئے وظائف پر بھرپور عمل کررہی ہوں۔ میرے شوہر کی میرے ساتھ ہروقت لڑائی رہتی تھی' بات کچھ بھی نہ ہوتی مگر لڑائی بہت ہوتی۔ اسی طرح میرے بچے آپس میں ہروقت بلاوجہ ہی لڑتے رہتے۔ مجھے کسی نے درج ذیل عمل بتایا میں نے کیا تو اس عمل کی برکت سے گھر میں کافی سکون ہے **عمل یہ ہے:** گھر کے آٹے پر روزانہ سورۂ یٰسین تین مرتبہ' سورۂ مزمل سات مرتبہ' سورۂ فاتحہ سات مرتبہ چاروں قل تین مرتبہ' آیۃ الکرسی تین مرتبہ اور آیت کریمہ گیارہ مرتبہ۔ اس عمل کی برکت سے گھر میں کافی سکون ہوگیا ہے اب لڑائیاں جھگڑے نہیں ہوتے۔ صرف چالیس دن پابندی سے عمل کریں۔ (یاسمین)

لاعلاج خوفناک بیماریوں کا اکیلا علاج

(قسط نمبر 4)

ھوالشافی: کلونجی پچاس گرام‘ چھلکا اسپغول پچاس گرام‘ شہد سو گرام‘ کلونجی پیس کر چھلکا اور پاؤڈر کلونجی شہد میں ملائیں‘ کسی ڈبے میں محفوظ رکھیں‘ ایک چمچ ناشتے اور ہر کھانے کے بعد چاہیں تو نہار منہ بھی لے سکتے ہیں۔

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں‘ آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

یہ نسخہ یا ٹوٹکہ مہروں اور ہڈیوں کے گودے کیلئے بہت لاجواب ہے‘ بعض لوگ ایسے ملے جن کے مہرے متاثر تھے‘ ٹیسٹ کے بعد پتہ چلا کہ ان کے مہرے گل گئے ہیں گھس گئے ہیں یا کھرچے جارہے ہیں جن کی وجہ سے وہ کمر کو سیدھا رکھ نہیں سکتے اور صحیح انداز سے چل نہیں سکتے۔ ان کا جسم متاثر ہے ان کے اعصاب متاثر ہیں ہمارے بیٹھنے کے انداز نے ہمیں مہروں کا مریض بنایا‘ فوم اور گدوں نے رولنگ چیئر نے ہمیں مہروں کا اور کمر کے درد کا مریض بنایا۔ پھر موٹر سائیکل کی بعض سیٹیں ایسی ہیں جو مہروں اور ہڈیوں کو متاثر کرتی ہیں‘ کچھ نہ ہو تو ہم جس انداز سے بیٹھتے ہیں ہمیشہ جھک کر بیٹھتے ہیں جھک کر بیٹھنے کے سات نقصانات ہیں۔

پہلا نقصان معدہ پر پڑتا ہے‘ معدہ کو اپنی غذا ہضم کرنے کیلئے اور آنتوں کو اپنی حرکت کیلئے گھٹا ماحول ملتا ہے کھلا ماحول نہیں ملتا‘ **دوسرا نقصان:** ہمارے پھیپھڑوں اور سینے کا ہوتا ہے‘ آکسیجن صحیح طور پر جسم میں داخل نہیں ہوتی جب انسان جھکا ہوا نہیں ہوتا تو مکمل آکسیجن جسم میں داخل ہوتی ہے۔ **تیسرا نقصان:** ہمارے چہرے پر ہوتا ہے‘ چہرے کی رعنائی رونق اور جسم میں طاقت نہیں ہوتی اور **چوتھا نقصان:** ہماری آنکھوں‘ کانوں اور اعصابی نظام کی قوتیں کمزور ہونا شروع ہوجاتی ہیں کیوں؟ جب معدہ‘ پھیپھڑے اور دماغ صحیح طور پر آکسیجن حاصل نہیں کرسکیں گے تو ہمارا یہ نظام متاثر ہوتا چلا جاتا ہے۔ **پانچواں نقصان:** خود مہروں پر ہوتا ہے بقول ایک صاحب کے جو رکوع اور سجدہ صحیح اور درست انداز میں کرتا ہے وہ کمر اور مہروں کے مرض سے ہمیشہ بچا رہتا ہے۔ **چھٹا نقصان:** ہمارے گھٹنوں پر ہوتا ہے‘ گھٹنے بہت زیادہ متاثر ہوجاتے ہیں اور گھٹنوں میں مسلسل جسمانی کھچاؤ اور تناؤ کی وجہ سے بوجھ پڑتا ہے اور کچھ عرصہ کے بعد انسان گھٹنوں کا مریض بن جاتا ہے۔ **ساتواں نقصان:** دماغی کمزوری‘ اعصابی کمزوری‘ نظر پر اثر‘ یادداشت پر اثر اور یوں جسم متاثر ہو کہ صرف ہمارے جھک کر بیٹھنے کی وجہ سے بہت زیادہ متاثر ہوجاتا ہے۔ اگر آپ ان تمام عوارضات میں مبتلا ہوچکے ہیں تو پھر یہ کلونجی‘ شہد اور چھلکا اسپغول کا ٹوٹکہ آپ کی صحت فٹنس اور جسمانی طاقت کیلئے نہایت موزوں‘ مفید اور مناسب ہے اور جسم بہت زیادہ طاقتور رہتا ہے‘ اعصاب بہت مضبوط رہتے ہیں‘ میرے پاس کتنے بے شمار مہروں کے متاثرہ مریض آئے جن کو ڈسک یا مہروں کے درمیان خلا یا مہروں کا گھل جانا یا گھس جانا یا مہروں کا انفیکشن بتایا گیا یا پھر صرف کمر کا درد ہی ان کو بتایا گیا‘ ان سب مریضوں کو یہ نسخہ استعمال کرنے کو دیا اس کے استعمال سے مہروں کا مسئلہ‘ اس کا متاثر ہونا‘ اس کی تکلیف اور اس کی جسمانی اور اعصابی کھچاؤ انتہائی طور پر صحت مندی کی طرف اور نہایت طبیعت ہشاش بشاش ہوئی۔ سب سے بڑی بات یہ کہ اس ٹوٹکے اور اس نسخے میں کوئی خطرناک اجزاء ایسے نہیں جو گردوں‘ دل کو یا جسم کے کسی حصے کو متاثر کریں‘ ایک صاحب دیسی جڑی بوٹیوں سے نہایت نفرت کرتے تھے اور کئی قسم کے اعتراضات کرتے تھے حالانکہ نہ زیادہ مالدار تھے نہ زیادہ پڑھے لکھے لیکن بہت زیادہ نفرت بلکہ نفرت کی بھی انتہا۔ ان سے کئی بار جڑی بوٹیوں کا تذکرہ ہوا لیکن ہر بار وہ اپنے اسی مزاج پر اڑے اور ڈٹے رہتے تھے ایک بار میں نے ان سے کہا کہ آپ یہی نسخہ استعمال کرکے دیکھیں کیونکہ وہ کئی دنوں سے کمر کے درد‘ مہروں کے کھچاؤ اعصابی تناؤ اور دباؤ‘ پنڈلیوں کی اینٹھن اور درد کا شکوہ کررہے تھے۔ ان کی وہی پرانی بات کہ ان جڑی بوٹیوں میں کچھ بھی نہیں کچھ ایسی چیز ہے ہی نہیں میں نے انہیں بتایا کہ نہیں آپ یہی جڑی بوٹی اور یہی چیز استعمال کریں۔ خیر کچھ میرے اصرار اور اعتماد پر انہوں نے اپنی کمر مہروں کیلئے یہی کلونجی کا فارمولہ استعمال کیا‘ چند ہی دنوں کے بعد بہت بہترین رزلٹ ملا‘ لاجواب فائدہ ہوا اور اچھا نتیجہ ملا۔ اب تو بہت خوش ہیں شاداں اور فرحاں ہیں اور کہنے لگے اب تک میں نے تو وقت ہی ضائع کیا مجھے علم ہی نہیں تھا کہ اس دوا کا اتنا فائدہ اور اتنا اچھا نتیجہ ہوگا‘ بس میں نے اب تو کوئی اور دوائی استعمال نہیں کرنی اور آج تک وہ یہی دوائی خود بھی استعمال کررہے ہیں کیونکہ مزاج کے اعتبار سے ملنسار ہیں‘ ہر کسی سے ملتے رہتے ہیں‘ لوگوں کو اسی فارمولے اور اسی دوائی پر انہوں نے لگا دیا ایک بار کہنے لگے میں نے جس جس کو بھی اس دوا اور فارمولہ پر لگایا ہر فرد نے اس کی تعریف کی اور اس کا فائدہ پایا اور اس کا نفع پایا۔ کہنے لگے: ایک اور فائدہ جو مجھے محسوس ہوا میں دائمی قبض میں مبتلا ہوا اور وہ قبض مجھے باپ دادا سے ورثے میں ملی تھی اور کسی دوا سے ختم ہی نہیں ہوتی تھی اور بعض اوقات اس قبض کی وجہ سے بواسیر کی سی کیفیت اور تکلیف ہوجاتی تھی جب سے میں نے یہ دوا استعمال کی وہ دائمی قبض اور تکلیف دور ہوگئی اور میرا جسم اور اعصابی نظام بہتر ہوگیا اور اب کھانا بھی ٹھیک ہضم ہوتا ہے طبیعت بھی چست رہتی ہے ہر چیز کا ذائقہ بھی محسوس ہوتا ہے بدبودار اور گندے ڈکار نہیں آتے حتیٰ کہ اب تو مجھے اگر ریاح بھی خارج ہوتے ہیں تو وہ گندے اور بدبودار نہیں ہوتے‘ پہلے تو یہ عالم تھا کہ لوگ میرے ان ریاح اور گندے گیس کی وجہ سے مجھ سے نفرت کرتے اور مجھے بھری محفل میں شرمندگی اٹھانا پڑتی تھی۔

بس اب مجھے اس نسخے پر اتنا اعتماد ہوگیا ہے کہ میں تو خود اس کلونجی کے فارمولے کا ایجنٹ بن گیا ہوں جس کو بھی گیس تبخیر ہوتی ہے کہتا ہوں یہی استعمال کرو جس کو بھی قبض ہوتی ہے فوراً اسی کی نشاندہی کرتا ہوں اور کمر اور مہروں کے مریضوں کو تو میں بہت اعتماد اور انہماک سے اسی چیز کا مشورہ دیتا ہوں اور جو جو بھی میرا مشورہ مانتا ہے اس کو نہایت فائدہ ہوتا ہے‘ مہرے تندرست ہوتے کمر سیدھی ہوتی ہے اور طاقتور ہوتی ہے اور جسم اور اعصاب میں جو ہونے والی بیماریاں ہیں وہ یوں آناً فاناً ختم ہوجاتی ہیں‘ تندرست طبیعت‘ صحت مند جسم کا یہ فارمولہ دائمی ساتھی ہے۔

ھوالشافی: کلونجی پچاس گرام‘ چھلکا اسپغول پچاس گرام‘ شہد سو گرام‘ کلونجی پیس کر چھلکا اور پاؤڈر کلونجی شہد میں ملائیں‘ کسی ڈبے میں محفوظ رکھیں‘ ایک چمچ ناشتے اور ہر کھانے کے بعد چاہیں تو نہار منہ بھی لے سکتے ہیں۔

کینسر کا آزمودہ علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس کینسر کا آزمودہ علاج ہے‘ جو چند ہفتے یا چند مہینے اگر مستقل مزاجی سے استعمال کیا جائے تو کینسر ختم ہوجاتا ہے۔ نسخہ درج ذیل ہے:۔ **ھوالشافی:** ایک کلو زیتون کا تیل جلا کر سو گرام ہلدی ڈال دیں اور جب ہلدی بھی جل جائے تو ٹھنڈا کرکے بوتل میں ڈال دیں‘ ہر کھانے کے بعد بیس قطرے اس تیل کے ایک گلاس نیم گرم پانی میں ڈال کر پینا شروع کردیں۔ ان شاء اللہ یہ چھوٹا سا ٹوٹکہ کینسر جیسے موذی اور مہنگے ترین مرض کا آزمودہ علاج ہے۔ یہ بات واقعی آزمودہ ہے کہ اس ٹوٹکے کے استعمال سے کینسر کی گروتھ رک جاتی ہے۔ یہ ٹوٹکہ کافی لوگوں کو بتایا‘ وہ استعمال کررہے ہیں اور مطمئن ہیں۔ (قمر آفتاب‘ شاہ کوٹ)

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج

جوابی لفافہ ضرور بھیجیں' مکمل پتہ لکھا ہوا۔ جواب میں جلدی نہ کریں۔

پیشانی پر نمی: مجھے اپنے کالج میں ایک موقع پر پڑھنا ہے بار بار تیاری کرتا ہوں' بار بار ہمت ٹوٹتی ہے' خیالات جمع کرتا ہوں' پھر عجیب سی کیفیت ہوتی ہے سب کچھ بکھر جاتا ہے' اس حوالے سے کوئی مجبوری ظاہر کرنے کے بارے میں سوچتا ہوں تو پیشانی پر پسینے کی نمی آجاتی ہے۔ لگتا ہے تھوڑی دیر میں ہاتھوں سے بھی پسینہ پانی کی بوندوں کی صورت میں نکلنے لگے گا۔ (منیر' لاہور)

جواب: جس موضوع پر بولنا ہے اس سے متعلق ضروری اور جدید معلومات جمع کریں اور فوراً ہی ان معلومات کو اپنی ڈائری میں لکھنا شروع کردیں۔ کتنی دیر تک بولنا ہے وہ وقت بھی معلوم ہو اور پھر اپنے لکھے ہوئے مضمون کو پڑھیں۔ اندازہ لگائیں کہ کتنا وقت لگا۔ اگر آپ نے بہت زیادہ لکھ لیا ہے تو اس کو مختصر کرلیں مگر غلطی کی گنجائش نہ چھوڑیں اور سنجیدہ' بردبار قسم کے دوستوں میں پڑھ کر سنائیں۔ اس طرح جھجک ختم ہوگی اور بہت سے لوگوں میں پڑھنا ممکن ہوگا۔ پسینہ آئے یا دل دھڑکے' گھبراہٹ وہ خود کو کنٹرول کرنا ضروری ہے۔ اگر انسان ہمت ہار جائے تو خوف کے زیر اثر آجاتا ہے مگر آپ کو بہادری کا مظاہرہ کرنا ہے۔

صرف خودکشی کا خیال آتا: بہت سوچنے اور ہارنے کے بعد کچھ لکھنا شروع کیا ہے۔ عمر 28 سال ہے' چھ سال پہلے پڑھائی ختم کرچکی ہوں۔ جاب کرنے اور کہیں جانے کی اجازت نہیں' سارا دن گھر میں کبھی انٹرنیٹ اور کبھی ٹیلی ویژن میں مصروف رہتی ہوں۔ میرے ساتھ کی سب ہی لڑکیوں کی شادی ہوگئی' کئی کے بچے اسکول جانے لگے میری کسی کو پروا نہیں۔ امی گھر کے اور ابو باہر کے کاموں میں مصروف ہیں' میں نے کبھی کوئی غلط کام نہیں کیا' کسی لڑکے سے دوستی نہیں کی' صبر اور برداشت سب ختم ہوگئی ہے اب تو صرف خودکشی کا خیال آتا ہے مگر اس خیال پر عمل کرنے کی ہمت نہیں۔ بہت رونا آتا ہے۔ (پوشیدہ)

جواب: بہت سوچنے کے بعد انسان ہارتا نہیں بلکہ کوئی راہ تلاش کرلیتا ہے لیکن اس کیلئے ضروری ہے کہ مثبت سوچا جائے مثبت سوچ دماغ صحیح راہ پر لگاتی ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جو مشکلات میں مایوس نہیں ہوتے۔ اس کے برعکس منفی انداز میں سوچنے والے خود کو بوجھ' بے کار اور تنہا تصور کرتے ہیں۔ آج کل سب سے قیمتی خزانہ آپ کے پاس وقت ہے۔ اسے بے مقصد ضائع نہ کریں' انٹرنیٹ پر اپنے پسندیدہ مضامین کی تعلیم حاصل کی جاسکتی ہے۔ جو یہ سوچتا ہو کہ خودکشی حرام ہے' مایوسی کفر ہے' صبر پر انعام ہے' ایسا انسان حالات سے گھبرا کر رائے قائم کرنے کے بجائے حالات سے اوپر اٹھ کر رائے قائم کرتا ہے تب لوگ بھی اس کی صلاحیتوں اور وجود کو تسلیم کرلیتے ہیں گھر میں محبت اور ہمدردی کی فضاء قائم کرنے کیلئے رونا نہیں مسکرانا پڑتا ہے۔

اپنی مرضی کی شادی: میں نے اپنی مرضی سے شادی کی تھی۔ چھ ماہ ہم خوش رہے اس کے بعد شوہر کے مزاج میں بیزاری آنے لگی جبکہ میرا وہی شوق تھا' گھومنا پھرنا وغیرہ۔ یونہی بیزار ہوتے ہوتے تین سال گزر گئے' دو بچے ہیں' میں اب بھی پہلے کی طرح دبلی پتلی ہوں' ایک اجنبی سے ملاقات ہوئی' اس کے بھی تین بچے ہیں' اس نے سارے خاندان سے مخالفت مول لے کر جس لڑکی سے شادی کی وہ اب اس سے لڑتی ہے۔ اس کی بدمزاجی سے تنگ آکر وہ میری طرف راغب ہوا ہے۔ بس اس کو میری اجازت چاہیے وہ اپنی بیوی کو چھوڑ دے گا' میں بھی گھر کی گھٹن اور یکسانیت سے عاجز آگئی ہوں یا تو یونہی روتے ہوئے زندگی گزار دوں یا خوشیاں پالوں! (پوشیدہ)

جواب: گھٹن اور یکسانیت بہت آسانی سے ایسے گھروں میں داخل ہوجاتی ہے جو ایک دوسرے کی قدر نہیں کرتے' جن کو حاصل نعمتوں کا احساس نہیں ہوتا۔ شادی اپنی مرضی سے ہو یا گھر والوں کی پسند پر' ازدواجی زندگی کو خوشگوار اور پرمسرت بنانا پڑتا ہے۔ ایک اجنبی مرد کی رغبت کا سبب اس کی بیوی کی بدمزاجی سے زیادہ آپ کی نظروں میں آنے والی پسندیدگی ہے' خود کو روکیں' شوہر میں کچھ اچھی باتیں ضرور ہوں گی' ان کا احساس اور شعور بیدار کرنے کی ضرورت ہے۔ بچوں کی طرف دیکھیں ان کو تو آپ کی پوری توجہ چاہیے۔ شخصیت سازی آسان نہیں' ماں کا مقام اسی لیے بلند ہے کہ وہ بہت سی قربانیاں دے کر بچوں کی پرورش کرتی ہے۔ طبیعت کوشش کے باوجود پریشان رہے تو کسی خاتون ماہر نفسیات سے ملاقات کرسکتی ہے۔ اسلامی تعلیمات کا مطالعہ کریں یقیناً مطالعہ کرنے کے بعد آپ کی سوچ تبدیل ہوجائے گی۔

شرمندگی کا احساس: میں نے والد سے کچھ رقم قرض لے کر کاروبار کیا۔ مجھے فوراً فائدہ چاہیے تھا جو نہ ملا' گھر والے پریشان ہوگئے کیونکہ بہن کی شادی کے دن قریب تھے۔ میں نے شرمندگی میں گھر چھوڑ دیا۔ ایک کمرہ کرائے پر لے کر رہنے لگا۔ چھوٹی سی ملازمت کرلی۔ چند ماہ میں فیکٹری کے مالک نے میرے کام کو پسند کرتے ہوئے زیادہ ذمہ داریاں سونپ دیں۔ اب میں نے اتنی رقم جمع کرلی ہے کہ والد کو جا کر دے دوں مگر شرمندگی کا احساس اور بڑھ گیا ہے۔ کیونکہ اس وقت بہن کی شادی آگے بڑھ گئی تھی اب اگلے ماہ کی تاریخ طے ہوئی ہے۔ میں سوچتا ہوں کچھ رقم اور جمع کرلوں پھر جاؤں گا پتہ نہیں کیوں ہمت نہیں ہوتی' گھر والوں سے ملے کتنا عرصہ ہوگیا یہ سوچ بھی رلاتی ہے۔ (یوسف' کراچی)

جواب: یہی شرمندگی جس کے سبب آپ نے رقم جمع کی فائدے مند تھی مگر اب نقصان کا سبب بن رہی ہے۔ گھر جانے کا اس سے اچھا اور کون سا موقع ہوگا جو رقم جمع کی فائدے مند تھی مگر اب نقصان کا سبب بن رہی ہے۔ گھر جانے کا اس سے اچھا اور کون سا موقع ہوگا جو رقم جمع کی ہے فوراً والد کو دے دیں۔ اپنے گھر جانے کیلئے سوچنا نہیں پڑتا نہ کسی سے وقت لینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ گھر وہ پناہ گاہ ہے جہاں بے ارادہ ہی قدم اٹھ جاتے ہیں۔

علم کا فائدہ: میرے کزن کو ایم ایس سی کرنے کیلئے یونیورسٹی میں داخلہ نہیں مل سکا۔ اب وہ ایک کالج سے ایم ایس سی کررہا ہے لیکن وہ کہتا ہے کالج سے ڈگری لینے کا کوئی فائدہ نہیں' افسردہ رہتا ہے۔ (اشتیاق' بورے والا)

جواب: کالج یونیورسٹی کے ذیلی ادارے ہوتے ہیں' فرق یہ ہے کہ یونیورسٹی زیادہ بڑی درس گاہ ہے اس لیے طلباء کی پہلی ترجیح یونیورسٹی ہوتی ہے لیکن اگر کسی کو یونیورسٹی میں داخلہ نہ مل سکے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ کالج سے پڑھنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ سلیبس تقریباً دونوں جگہ ایک جیسا ہوتا ہے۔ ڈگری بھی ایک ہی ملتی ہے۔ کالج کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا اس کے علاوہ طلباء کی انفرادی کوششوں کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ کالج میں تعلیم حاصل کرنے والے بھی اچھا گریڈ لاکر مقصد زندگی پالیتے ہیں' افسردگی کی بات ہی نہیں۔ ایم ایس سی کرنے کے بعد یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کرسکتے ہیں۔

(بقیہ: میں ایمان و یقین سے خالی ہوں)

(صرف اپنے نفع تک محدود ہے' تن آسانی و ہڈحرامی' علم سے دوری نے معاشرے اور خود ہمیں سفلا سافلین تک پہنچا دیا ہے۔ جب تک ایک دوسرے کی صلاحیتوں کو تسلیم نہ کیا جائے تو فائدہ لینا دینا ایک خواب ہی رہے گا بالفرض میں حکیم ہوں' میں مریض کو ڈاکٹر و فیزیوتھراپسٹ' ہومیو ڈاکٹر کے پاس جانا ضروری سمجھتا ہوں یا مشورہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں جس میں میری اور مریض کی بھلائی ہے۔ یہ جب ہی ہوگا جب تہہ دل سے میں ان کی صلاحیتوں کا تہہ دل سے اعتراف کرتا ہوں اور یہ سمجھتا ہوں کہ یہ کام وہ مجھ سے زیادہ بہتر کرسکتے ہیں اس بات کا ہمارے یہاں فقدان ہے اور یہ آپس کی ملاقاتوں کے ذریعے ہی ہوگا۔ رزق کا وعدہ اللہ کی عطا سے جڑا ہوا ہے۔ میرے رزق میں کمی نہ ہوگی جب صمیم قلب سے یہ آواز آئے گی تو علم و حکمت برکت کے دروازے کھلتے جائیں گے۔

جو مانگو ملے گا!: جو شخص تنہائی (خلوت) میں خلوص نیت سے اسم پاک یَامَاجِدُ کا اتنا ورد کرے کہ اس پر حال غالب آجائے وہ اللہ تعالیٰ سے جو مانگے عطا ہوجائے گا۔

سبز کاغذ پر لکھیں اور پی لیں! پتھری ہمیشہ کیلئے ختم

اس مرض کا اکثر لوگوں کو پتہ ہی نہیں چلتا مگر اس کی صحیح تشخیص الٹرا ساؤنڈ ٹیسٹ سے ہی ممکن ہے ایکسرے میں اس کی تشخیص ممکن نہیں' بہرحال اگر پتہ کے امراض میں پتھریاں کنفرم ہوجائیں تو بے فکر ہوکر یہ قرآنی علاج آزمائیں

محترم حضرت حکیم صاحب اور معزز قارئین عبقری السلام علیکم! معزز قارئین جس طرح حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم جذبۂ خدمت سے سرشار دکھی انسانیت کی خدمت کررہے ہیں' ہمارا بھی فرض ہے کہ اپنے آزمودہ اعمال اور طبی نسخہ جات بلکہ ہر وہ چیز جس سے دکھی انسانیت کی خدمت منظور ہو' عبقری کو ارسال کریں اور حضرت حکیم صاحب سے شیئر کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ انسانیت کی خدمت ہوسکے اسی سلسلہ میں اپنے آزمائے ہوئے عملیات قارئین کی خدمت میں ارسال کررہا ہوں' آپ بھی آزمائیں اور مجھے سمیت حضرت حکیم صاحب اور عبقری کی پوری ٹیم کو دعائیں دیں۔ **پتہ کی بیماریوں کا علاج:** جس طرح کہ آپ کو معلوم ہے کہ جدید طب' ایلوپیتھک میں اس کا علاج بہت مشکل ہے' اس مرض کا اکثر لوگوں کو پتہ ہی نہیں چلتا مگر اس کی صحیح تشخیص الٹرا ساؤنڈ ٹیسٹ سے ہی ممکن ہے ایکسرے میں اس کی تشخیص ممکن نہیں' بہرحال اگر پتہ کے امراض میں پتھریاں کنفرم ہوجائیں تو بے فکر ہوکر یہ قرآنی علاج آزمائیں اور اللہ تعالیٰ سے اپنی قسمت کی شفاء پائیں۔ **عمل نمبر1:** پتہ کی بیماریوں کیلئے گیارہ مرتبہ درج ذیل آیت پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں اس سے درد رفع ہوجاتا ہے۔ الرحمٰن علی العرش الستوی۔

عمل نمبر2: سورۂ ناس گیارہ مرتبہ بارش کے پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں' ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ **عمل نمبر3:** سورۂ حشر پارہ نمبر 28 کی آخری چار آیات روز دم کرکے پانی مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ پتہ کی پتھری گھل جائے گی اور درد بھی نہیں ہوگا۔ **عمل نمبر4:** یہ آیت سبز کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھوکر 21 دن مریض کو پلائیں' پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکل جائیگی۔ ان شاء اللہ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَّ بُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا ۙ فَکَانَتۡ ہَبَآءً مُّنۡۢبَثًّا (واقعہ 6،5) وَّ حُمِلَتِ الۡاَرۡضُ وَ الۡجِبَالُ فَدُکَّتَا دَکَّۃً وَّاحِدَۃً ۙ فَیَوۡمَئِذٍ وَّقَعَتِ الۡوَاقِعَۃُ ۙ وَ انۡشَقَّتِ السَّمَآءُ فَہِیَ یَوۡمَئِذٍ وَّاہِیَۃٌ (الحاقۃ 16،15،14) ان میں سے کوئی بھی عمل کرسکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاء دے۔ آمین!۔ (ایم اے قریشی' ملتان شریف)

عورتوں کے پوشیدہ امراض کا عجب روحانی علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری ہم بڑے شوق سے پڑھتے ہیں' عبقری پڑھنے کے بعد مجھے لکھنے کا شوق پیدا ہوا کہ کیوں نہ میں بھی بخل شکنی کرکے ڈھیروں اجر کماؤں۔ آزمودہ نسخہ جات قارئین کی نذر کررہی ہوں:۔

لیکوریا کا علاج: فجر کی نماز کے بعد اَلۡمَلِکُ الۡقُدُّوۡسُ گیارہ مرتبہ' دس سال سے پڑھنا شروع کیا ہے' یعنی دس سال ہوگئے ہیں پڑھتے ہوئے تب سے لے کر آج تک لیکوریا نہیں ہوا' اب بھی روزانہ پڑھتی ہوں اور نامراد مرض سے محفوظ رہتی ہوں۔

دانت درد کا مستقل علاج: دانت کے درد سے فوری نجات کیلئے سرسوں کے تیل میں نمک ملا کر دانت درد والی جگہ مل دیں۔ آدھا چمچ تیل میں چٹکی نمک ملا دیں' تھوڑی دیر میں درد ختم ہوجائے گا اور مستقل نجات کیلئے وتر کی پہلی رکعت میں سورۂ نصر' دوسری رکعت میں سورۂ لہب اور تیسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھیں۔ نماز کی پابندی کریں عمل جاری رکھیں نہ کیڑا لگے گا نہ کبھی درد ہوگا۔ **امتحان میں کامیابی کیلئے:** میں نے جب میٹرک کے پیپر دیئے تھے تو محنت نہیں کی سب کہتے تھے فیل ہوجاؤ گی' پھر کسی نے یہ وظیفہ دیا' پڑھا تو میری فرسٹ ڈویژن آئی' وظیفہ اس طرح ہے کہ ہر نماز کے بعد اول و آخر درود پاک تین مرتبہ' سورۂ بقرہ کی آیت فَسَیَکۡفِیۡکَہُمُ اللّٰہُ ۚ وَ ہُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ﴿آیت ۱۳۷﴾ اکتالیس مرتبہ رزلٹ آنے تک روزانہ پڑھیں۔ اس کے علاوہ میں عبقری میں آئے نسخہ جات بڑے شوق سے پڑھتی ہوں' عمل کرتی ہوں اور خوب فوائد بھی حاصل کررہی ہوں۔ (عمارہ شفیق' راولپنڈی)

گھریلو مسائل کا انسائیکلو پیڈیا

سو مریضوں پر آزمایا دمہ کا کامیاب نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کو اپنی ذات پر بیتی ہوئی کہانی تحریر کررہا ہوں۔ میں کراچی میں ایک کپڑے کی مل میں اکاؤنٹنٹ ملازم تھا' کراچی میں مجھ کو دمہ کی تکلیف ہوگئی' ہر قسم کے علاج کیے مگر تکلیف میں اضافہ ہی ہوتا رہا اور میں نے بارہ سال میں بہت سے علاج کیے۔ اتفاق سے میرے ایک دوست جو کہ اس مرض میں مبتلا تھے ان کو معلوم ہوا تو وہ تشریف لائے۔ مجھ کو اپنی صحت کے بارے میں بتایا ان کو بھی دمہ جیسا نامراد مرض تھا اور انہوں نے ایک سنیاسی کے بتائے ہوئے نسخہ پر عمل کیا اور اس کے علاج سے بالکل ٹھیک ہوگئے اور میں نے یہی عمل کیا تو میں بھی بالکل ٹھیک ہوگیا ہوں۔ **نسخہ یہ ہے:** سیاہ چونچ اور سیاہ پنجوں والا بگلا جو کہ عام مل جاتا ہے اس کو لیکر ذبح کرکے اس کی یخنی بنا کر ایک کپ رات کو پی لیں تقریباً چھ گھنٹہ تک کھانسی نہیں آئیگی اس طرح صبح کو پی لیں اور یہ عمل دن میں چار بار کریں۔ بلغم فوری خارج ہوجائے گا اور انشاء اللہ دو ہفتہ میں دمہ سے بالکل نجات مل جائے گی۔ میں نے یہ بگلے شکار کرکے تقریباً 100 سے زیادہ مریضوں کو دیئے اللہ کے حکم سے سب دمہ سے نجات پاگئے اور یہ علاج انتہائی کامیاب ہے۔ یہ بگلا بازار سے نہیں ملتا صرف شکار ہی کیا جاتا ہے عموماً تالابوں میں ہوتا ہے۔

جسمانی درد کیلئے ہزار بار کا آزمایا عمل

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنا تقریباً ہزار بار کیا ہوا عمل لکھ رہی ہوں' قارئین! آپ بھی اس سے فائدہ اٹھائیں اور میرے حق میں دعا کریں۔ میرے جسم میں جب بھی کہیں درد ہوتا ہے تو میں سات مرتبہ سورۂ ناس اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھتی ہوں' الحمدللہ درد ختم ہوجاتا ہے جس کو بھی بتایا بہت فائدہ ہوا۔ (عبقری جلد نمبر 8)

بچوں کا صفحہ

مچھیرا' تین مچھلیاں اور خلیفہ ہارون الرشید

قدرت میرے لیے روز تین مچھلیوں کا انتظام کردیتی ہے جونہی تین مچھلیاں پکڑتا ہوں تو جال اٹھا کر گھر چلا جاتا ہوں خلیفہ کو اس کی باتوں سے دلچسپی پیدا ہوگئی تو پوچھا تین مچھلیوں کا کیا کرتے ہو؟ اس نے کہا ایک گھر میں پکا لیتا ہوں باقی دو بیچ کر ضروریات زندگی پوری کرتا ہوں

خوش قسمت اماں

ایک بوڑھی اماں بڑی سی گٹھڑی اٹھائے کہیں جا رہی تھی' گٹھڑی وزنی تھی اماں تھک کر درخت کے نیچے بیٹھ گئے' کئی لوگ وہاں سے گزرے انہیں گٹھڑی اٹھانے کی التجا کی لیکن کسی نے توجہ نہ دی' اتنے میں ایک انتہائی نورانی شخصیت کا حامل خوبصورت جوان تشریف لایا اور پوچھا: اماں اس راستے میں کیوں بیٹھی ہو؟ اماں بولی: بیٹے یہاں سے نقل مکانی کرکے دو میل دور جو پہاڑ والی بستی ہے وہاں جارہی ہوں لیکن اب تھک گئی ہوں' گٹھڑی اٹھائی نہیں جاتی۔ نوجوان نے فرمایا: کوئی بات نہیں اماں' یہ گٹھڑی میں اٹھا لیتا ہوں چلو تم نے جہاں جانا تمہیں چھوڑ آتا ہوں' اماں خوش ہوگئی اور جوان کے ساتھ چلنے لگی' خوب دعائیں دینے لگی' بیٹے تم کسی نیک ماں باپ کے بچے ہو' خدا تمہیں خوش رکھے' چلتے چلتے اماں کی مطلوبہ بستی آگئی' اماں بولی: بس بیٹا' میرا گھر آگیا ہے' میری گٹھڑی اتار دو' اچھا اماں خدا حافظ' وہ خوبصورت جوان واپس مڑنے لگے۔ اماں اچانک بولی: بیٹے بیٹے میری ایک بات سنو' مجھے نیک اور شریف انسان لگتے ہو' شاید آپ کو پتہ نہ ہو آپ کو ایک پتے کی بات بتاؤں' ابوجہل نے مجھے بہت ڈرایا ہے کہ اس شہر میں ایک جادوگر ہے جو ہمارے بتوں کو برا بھلا کہتا ہے جو اس کی بات سنتا ہے اس پر جادو اثر کر جاتا ہے وہ ماں باپ' بہن بھائیوں کو چھوڑ کر اس جادوگر کا ہوجاتا ہے۔ بیٹے میں تمہیں سمجھا رہی ہوں تو اُس (نعوذ باللہ) جادوگر سے بچ کر رہنا۔ جوان کو نصیحت کرنے کے بعد اماں بولی بیٹا تو بہت نیک انسان لگتا ہے بتا تیرا نام کیا ہے۔ پھر کبھی مجھے ضرورت پڑی تو تجھے بلالوں گی۔ جوان نے مسکرا کر فرمایا: اماں جی! جس کو آپ جادوگر (نعوذ باللہ) بول رہی ہیں میں وہی ہوں' میرا نام "محمد" صلی اللہ علیہ وسلم ہے' میں بتوں کو چھوڑ کر ایک خدا کی عبادت کیلئے بلاتا ہوں' اماں حیرانی سے بولی: کیا کہا بیٹا آپ وہی ہو' بیٹے آپ وہی ہیں' آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نورانی صورت دیکھ کر مجھے یقین ہوگیا کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) سچے پیغمبر ہیں' مجھے جلدی سے کلمہ پڑھا کر مسلمان بنا دیجئے' سچ پوچھیں تو میں نقل مکانی کرکے دوسری بستی میں اسی لیے آئی ہوں تاکہ (نعوذ باللہ) جادوگر کے جادو سے بچ سکوں' میرا سامان اٹھایئے اور مجھے واپس مکہ مکرمہ لے چلیئے بوڑھی اماں خوشی خوشی واپس آرہی تھی اور ہمارے پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اماں کی گٹھڑی اٹھائے مسکراتے ہوئے چل رہے تھے۔ (فاران ارشد بھٹی' مظفر گڑھ)

مچھیرا' تین مچھلیاں اور خلیفہ ہارون الرشید

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو لمبی عمر عطا فرمائیں' آپ کا سایہ ہمارے سر پر رہے۔ عبقری کے ہمارے بچوں کیلئے قناعت پسندی کا ایک واقعہ لکھ رہا ہوں۔ پیارے بچو! آپ نے خلیفہ ہارون الرشید کا نام ضرور سنا ہوگا' خلیفہ ہارون الرشید بھیس بدل کر اپنی رعایا کی خبر گیری کیا کرتا تھا' ایک بار اس نے دریا کے کنارے ایک شخص کو دیکھا جو جال پھینکے مچھلیاں پکڑ رہا تھا' خلیفہ نے اس سے پوچھا کہ کوئی مچھلی پکڑی؟ اس نے کہا ابھی تک کوئی نہیں' خلیفہ نے پوچھا کوئی امید ہے' وہ کہنے لگے: شام تک تین مچھلیاں پکڑ لوں گا' وہ کیسے؟ خلیفہ نے حیران ہوکر پوچھا۔ تین ہی کیوں؟ وہ کہنے لگے: برسوں ہوگئے ایسے ہی زندگی گزار رہا ہوں' قدرت میرے لیے روز تین مچھلیوں کا انتظام کردیتی ہے جونہی تین مچھلیاں پکڑتا ہوں تو جال اٹھا کر گھر چلا جاتا ہوں' خلیفہ کو اس کی باتوں سے دلچسپی پیدا ہوگئی تو پوچھا تین مچھلیوں کا کیا کرتے ہو؟ اس نے کہا ایک گھر میں پکا لیتا ہوں باقی دو بیچ کر ضروریات زندگی پوری کرتا ہوں' خلیفہ نے کچھ دیر سوچ کر کہا: مجھے اپنا حصہ دار بنالو ہم اکٹھے یہ کام کرتے ہیں' مچھیرے نے کہا مجھے اس کی ضرورت نہیں' مجھے جو چاہیے مجھے روز مل جاتا ہے' کافی تکرار سے خلیفہ نے اسے راضی کرلیا کہ روزانہ کی تین مچھلیوں میں میرا کوئی حصہ نہیں ہوگا اس کے علاوہ جو مچھلیاں پکڑو گے اس میں سے میرا چوتھا اور تین حصے تمہارے۔ خلیفہ نے نئے سامان اور جال کیلئے مچھیرے کو کچھ سکے دیئے اور کہا اگر میں نہ آسکوں تو مجھے بغداد ملنے آجانا' میرا نام ہارون الرشید ہے۔ اللہ کی قدرت خلیفہ کی پارٹنرشپ کے بعد مچھلیاں بڑھنا شروع ہوگئیں۔ مچھلیاں پکڑنے والا اپنی تین مچھلیاں علیحدہ کرتا رہا باقی مچھلیاں فروخت کرتا رہا اور خلیفہ کا چوتھائی حصہ الگ کرتا رہا' اس وقت سونے چاندی کے سکوں کا راج تھا' وہ شخص خلیفہ کی اشرفیاں ایک برتن میں جمع کرتا گیا' کافی عرصہ گزر گیا تو وہ فکرمند ہوا کہ کیا انسان ہے کہ میرے ساتھ کاروبار کرنے کے بعد پلٹ کر واپس نہیں آیا' آخر اس نے ایک دن اشرفیوں کا برتن اٹھایا اور بغداد جا پہنچا۔ لوگوں سے ہارون الرشید کا پوچھتا ہوا محل تک جا پہنچا۔ سکیورٹی والوں کو ہدایت تھی کہ جو بھی خلیفہ سے ملنا چاہتا ہو اسے ملوایا جاتا تھا۔ مچھیرا تو خلیفہ کی شان وشوکت اور عظیم الشان دربار دیکھ کر حیران ہوگیا' خلیفہ نے اسے پہچان لیا' محبت سے اپنے پاس بٹھایا اور پوچھا کیسے آنا ہوا؟ اس نے سر جھکا کر بتایا کہ آپ کے حصے کا منافع لے کر حاضر ہوا ہوں' خلیفہ بہت خوش ہوا' اس نے اپنا حصہ بھی اسے انعام کے طور پر دے دیا' اس کے ساتھ ساتھ بہت تحائف بھی دیئے اور کہا جب تمہاری بات سنی تو محسوس ہوا کہ قدرت نے تمہاری قسمت میں روز تین مچھلیاں لکھی ہیں اور تم قناعت پسند بھی تھے' قدرت نے مجھے بے شمار دولت سے نوازا ہے میں نے تیرے ساتھ کاروبار میں اپنی قسمت کا اشتراک کیا تھا جو برکت آئی وہ مشترکہ قسمت کا نتیجہ ہے۔ بچو! اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہر کسی کے ساتھ نیکی کرتے رہیں تاکہ ہماری شراکت سے دوسروں کو بہت سا فائدہ ہو۔ (رب نواز علی بیگ' نوشہرہ)

ناک کے بڑھے غدود' مفت میں ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور ہر ماہ اس شمارے کا شدت سے انتظار رہتا ہے۔ ہماری بچی جو چھ سال کی ہے اس کا ناک بالکل بند ہوگیا تھا' ڈاکٹر نے بتایا کہ ناک کے غدود بڑھ گئے ہیں' آپریشن ہوگا' ہم بہت پریشان تھے۔ میں نے ماہنامہ عبقری کے ایک شمارہ درج ذیل ٹوٹکہ آزمایا جو کہ یہ ہے: پچاس گرام سرسوں کا تیل ایک شیشے کی بوتل میں ڈالیں اور اس میں ایک کافور کی ٹکیہ (چائنہ یا انڈیا کی) ڈال کر اس بوتل کو ایک دن کیلئے دھوپ میں رکھ دیں۔ پھر یہ تیل دو دن استعمال کیا (یعنی حسب برداشت تیل گرم کرکے بچی کے ناک میں دونوں طرف ایک ایک قطرہ ڈالا) مزید لاتعداد مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھی۔ دو دن میں بچی بالکل ٹھیک ہوگئی' جسے سانس بڑی مشکل سے آتی تھی اب بالکل ٹھیک تھی' بعد میں بھی استعمال کرتے رہے اور ایک ماہ بعد ڈاکٹر کو چیک کروایا' ڈاکٹر نے بتایا آپریشن کی اب ضرورت نہیں آپ کی بچی بالکل ٹھیک ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ ایک چھوٹے سے ٹوٹکے نے اتنی بڑی مصیبت سے بچالیا۔ (عائشہ ڈاہرانوالہ)

قسط نمبر 3

دیو جن عامل کی آمد اور خطرناک نتائج کی دھمکیاں

حبیب بلوچ‘ گوجرانوالہ

ریٹائرڈ آرمی آفیسر‘ آرمی ایجوکیشن کالج میں سنٹر‘ ایس ایم آرمی پبلک سکول اور مردان کالج میں پرنسپل۔ گریژن اکیڈمی گوجرانوالہ میں ایڈمن آفیسر رہے۔ ان کے ذاتی اور خاندانی چشم دید پُراسرار و حیران کن جنات کے ساتھ گزرے سچے واقعات‘ قسط وار قارئین کی نذر۔

میں گزشتہ اقساط میں بیان کر چکا ہوں کہ میں سیالکوٹ میں سروس کے دوران جس گھر میں رہ رہا تھا اس گھر کے ساتھ ایک شیشم کا بہت بڑا درخت تھا اس درخت سے ایک جننی عورت کی شکل میں اتر کر ہمارے گھر کی چار دیواری پر آ کر بیٹھ جاتی تھی جسے میری اہلیہ دیکھتی تھی اور میری اہلیہ قرآن پاک کی مختلف سورتیں پڑھتی تو وہ یہ کہہ کر چلی جاتی کہ آج تو نے قرآن پاک کی سورتیں پڑھ لی ہیں میں جا رہی ہوں مگر میں پھر آ جاؤں گی۔ ہم تین ماہ اس گھر میں رہے اور وہ جننی ہر دوسرے تیسرے دن ایسا کرتی رہی اس گھر کو چھوڑنے کے بعد کافی عرصہ تک وہ جننی نظر نہ آئی۔ 2012ء میں میری اہلیہ سخت بیمار ہوگئی‘ اس بیماری کے دوران وہ یہ کہتی کہ سامنے والی چارپائی کے نیچے دو چیزیں ہیں جو بلی سے بڑی اور کتے سے چھوٹی ہیں اور ہر وقت کچھ چگتی رہتی ہیں۔ اہلیہ کی بیماری کے دوران نہ صرف ڈاکٹرز‘ حکماء حضرات بلکہ مختلف عاملوں سے بھی رابطہ کیا۔ ایک عامل نے بتایا کہ ایک جننی ہے اور ایک اس کا بچہ ہے‘ اور یہ جننی کافی عرصہ سے اس خاتون کے ساتھ ہے۔ اس عامل نے ایک عمل کرنے کا بتایا کہ یہ کرو‘ یہ جل جائے گی‘ جس دن عامل نے یہ عمل بتایا‘ اسی رات کو وہ جننی عورت کی شکل میں عامل کے پاس پہنچ گئی اور اسے کہا کہ مجھے تو تم جلا دو گے مگر میرا بہت بڑا قبیلہ ہے اس سے کب تک لڑو گے آپ کا بھلا اسی میں ہے کہ مجھے نہ جلاؤ‘ اس عامل نے مجھے ٹیلیفون پر بتایا کہ جننی کو جلانے والا عمل نہ کرو میں کسی اور عمل سے اسے بھگاؤں گا اس عامل نے جننی کے آنے کا واقعہ بھی بتایا بعد میں عامل نے کوئی اور عمل سات دن تک کیا جس سے وہ جننی میری اہلیہ کو چھوڑ گئی۔

اس عامل نے ایک اور واقعہ بتایا کہ ایک نوجوان لڑکا میرے پاس علاج کرانے کیلئے آیا اس پر دیو کا اثر تھا اور اس اثر کی وجہ سے اسے رعشہ ہوگیا تھا اور اس کا جسم ہر وقت کانپتا رہتا تھا۔ عامل کہنے لگا کہ میں نے علاج شروع کیا تو کچھ دنوں بعد وہ دیو انسانی شکل میں میرے پاس آیا اور کہنے لگا: مجھے نہ چھیڑو میں خود عامل ہوں‘ آپ جو عمل کرتے ہیں میں اس کا توڑ کر لیتا ہوں بہتر یہ ہے کہ آپ مجھے تنگ نہ کریں‘ اگر آپ باز نہ آئے تو میری اور آپ کی لڑائی شروع ہو جائے گی اور زیادہ نقصان آپ ہی کا ہوگا۔ عامل نے کہا کہ میں نے دیو سے وعدہ کر لیا کہ میں آپ کو تنگ نہیں کروں گا بعد میں علاج کرانے والا لڑکا آیا تو عامل نے اس سے معذرت کر لی اس لڑکے نے تین لاکھ روپے تک کی آفر کی کہ میرا علاج کرو لیکن عامل نہ مانا۔ عملیات کی دنیا کا مجھے بھی شوق لگا اور میں نے بھی کچھ عمل اور وظائف سیکھے۔ ایک مرتبہ خانیوال سے ایک عورت کا فون آیا‘ اپنا مسئلہ بیان کیا‘ میں نے تشخیص کی تو معلوم ہوا کہ اس خاتون کو جنات نے بہت پریشان کیا ہوا ہے‘ میں نے اسے یَاقَهَّارُ ہر وقت کھلا پڑھنے کو بتایا۔ اس خاتون نے عمل شروع کر دیا تو چوتھے دن عصر کی نماز پڑھنے لگی تو اس نے دیکھا کہ ایک سفید کپڑوں والا بابا اس کے سامنے آ کر کھڑا ہوگیا اور اس خاتون کو کہا کہ یہ عمل چھوڑ دو ورنہ میں آپ کو اٹھا کر لے جاؤں گا۔ اس خاتون نے فوراً ٹیلیفون پر مجھ سے رابطہ کیا اور واقعہ بتایا میں نے کہا کہ آپ وظیفہ جاری رکھیں یہ آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ اس خاتون نے وظیفہ جاری رکھا اور شفاء پائی۔

یہ درود شریف پڑھنے والا کبھی کسی جگہ ناکام نہ ہوگا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں رسالہ عبقری پڑھنے والی ہوں‘ بے حد متاثر کرنے والا یہ رسالہ لاکھوں دکھی انسانیت کے کام آرہا ہے۔ ہمیں اس رسالے سے بہت فیض ملا ہے‘ میں بھی لاکھوں قارئین کیلئے ایک درود پاک تحریر کر رہی ہوں جس کے بارے میں پڑھا اور سنا ہے کہ اس درود پاک کے پڑھنے والا کبھی کسی کام میں ناکام نہ ہوگا۔ میں خود اس درود پاک کو گزشتہ دس سال سے پڑھ رہی ہوں اس کی ایک تسبیح روز پڑھنے سے انسان کبھی کسی کام میں ناکام نہ ہوگا۔

اَللّٰهُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نَحْنُ اُمَّةُ مُحَمَّدٍ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کسی بھی مشکل اور پریشانی‘ بیماری سے دور رہنے کیلئے یہ درود پاک سب سے بہترین مورچہ ہے اور میرا اپنا آزمودہ ہے۔ اللہ پاک نے ہمیشہ کامیاب کیا۔ مجھے جب بھی کبھی مشکل ہوئی یا میں نے کسی کو مشکل میں دیکھا۔ خود بھی پڑھا اور اسے بھی بتایا‘ الحمدللہ سب کے مسائل حل ہوئے۔ (ن۔ا، میانوالی)

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی علمی ذہانت

نجم عالم‘ گوجرانوالہ

ایک مرتبہ ایک نصرانی بادشاہ نے چار سوالات لکھ کر حل کرنے کے واسطے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے پاس بھیج دیئے اور لکھا کہ آسمانی کتاب کی رو سے اس کا جواب دیا جائے؟ **پہلا سوال:** ایک ماں کے شکم سے ایک دن ایک وقت میں دو بچے پیدا ہوئے‘ پھر ایک ہی روز دونوں کا انتقال ہوا‘ ایک بھائی کی عمر سو برس بڑی دوسرے بھائی کی عمر سو برس چھوٹی ہوئی‘ یہ کون تھے؟ اور ایسا کس طرح ہوسکتا ہے؟ **دوسرا سوال:** وہ کون سی زمین ہے کہ جہاں ابتدائی پیدائش سے قیامت تک صرف ایک دفعہ سورج نکلا‘ نہ اس سے پہلے کبھی نکلا تھا اور نہ بعد میں کبھی نکلے گا؟ **تیسرا سوال:** وہ کون سی قبر ہے جس کا مردہ بھی زندہ اور قبر بھی زندہ؟ اور قبر اپنے مدفون کو لیے پھرتی رہی‘ پھر مردے نے قبر سے باہر آ کر زندہ رہ کر بعد میں انتقال کیا؟ **چوتھا سوال:** وہ کون سا قیدی ہے جس کو قید خانے میں سانس لینے کی اجازت نہیں‘ بغیر سانس لیے زندہ رہتا ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو بلایا اور فرمایا کہ ان سوالات کے جواب لکھ دیں۔ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ نے جواب تحریر فرمایا:۔ **پہلا جواب:** وہ دونوں بھائی جو ایک دن کی پیدائش‘ ایک دن کی وفات‘ پھر ایک سو برس عمر میں چھوٹا‘ ایک عمر میں سو برس بڑا‘ یہ دونوں بھائی حضرت عزیر علیہ الصلوٰۃ والسلام اور عزیز ہیں۔ ایک روز جڑواں پیدا ہوئے ان دونوں کی وفات کا دن بھی ایک ہے لیکن درمیان میں اللہ تعالیٰ نے حضرت عزیر علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی قدرت کاملہ دکھانے کیلئے پورے سو برس مارے رکھا‘ سو برس کے بعد پھر زندہ کیا۔ پھر کچھ دیر زندہ رہ کر اسی دن وفات پائی جس دن آپ کے بھائی وفات پائے۔ اس لیے حضرت عزیز علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عمر سو سال کم ہوئی اور عزیر کی عمر سو برس زیادہ ہوگئی۔ **دوسرا جواب:** وہ زمین جس پر ساری عمر میں ایک دفعہ سورج نکلا‘ پھر دوبارہ نہیں نکلا‘ نہ آئندہ نکلے گا۔ وہ زمین بحر قلزم کی ہے‘ جہاں فرعون غرق ہوا‘ زمین کی اس تہہ پر سورج ایک بار پہنچا۔ آئندہ کبھی نہیں پہنچے گا۔ **تیسرا جواب:** وہ قبر جس کا مردہ بھی زندہ‘ اور قبر بھی زندہ‘ قبر اپنے مدفون کو لیے پھرتی ہے‘ وہ حضرت یونس علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مچھلی ہے‘ قبر بھی زندہ‘ مردہ بھی زندہ‘ مچھلی آپ کو لیے ہوئے دریا کے اندر پھرتی (باقی صفحہ نمبر 36 پر)

ناحق الزام لگانے کی گندی عادت نے نسلیں برباد کردیں

بہت دیر تک گالیاں دیتی پھر اگر نماز کا وقت ہوجاتا تو وضو کرکے نماز پڑھتی اور سلام پھیرتے ہی مصلے پر بیٹھے بیٹھے گالیاں دینا شروع کردیتی' ایک دن اپنی ایک رشتہ دار پر تہمت لگائی حالانکہ وہ واقعی بے قصور تھی وہ بہت رو رہی تھی کہ میں پاک دامن ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ مکافات عمل کا واقعہ ہمارے قریبی گاؤں کا ہے' کردار اور جگہ بدل کر لکھ رہا ہوں تاکہ کسی کا پردہ رہے۔ ہمارے قریبی گاؤں میں ایک عورت تھی جو کہ نماز' روزہ' تلاوت' ذکر کی پابند تھی مگر اس کے ساتھ ساتھ وہ جھگڑالو بہت تھی' شدید گالیاں دیتی اور کسی پر بھی ناحق الزام لگانے کی گندی عادت میں مبتلا تھی' اگر کسی سے جھگڑا ہوجاتا تو اس کو بہت دیر تک گالیاں دیتی پھر اگر نماز کا وقت ہوجاتا تو وضو کرکے نماز پڑھتی اور سلام پھیرتے ہی مصلے پر بیٹھے بیٹھے گالیاں دینا شروع کردیتی' ایک دن اپنی ایک رشتہ دار پر تہمت لگائی حالانکہ وہ واقعی بے قصور تھی وہ بہت رو رہی تھی کہ میں پاک دامن ہوں لیکن اس عورت نے سب کے سامنے جھوٹی قسم کھائی اور کہا کہ نہیں یہ ایسی ہی ہے جیسا کہ میں کہہ رہی ہوں جس وقت اس عورت نے قسم اٹھائی اس وقت اس کا اپنا چھوٹا بچہ اس کی گود میں تھا' قسم اٹھانے کے بعد ہفتے کے اندر اندر وہ بچہ اچانک فوت ہوگیا اور جن پر الزام لگایا وہ دو بہنیں تھیں ان کا بھائی کوئی نہ تھا اور اوپر سے وہ یتیم تھیں تو جس پر الزام لگایا اس کی بہن نے دوپٹہ گلے میں ڈالا اور اپنی چپل منہ میں پکڑ کر الزام لگانے والی کو بہت بددعائیں دیں خدا کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے کچھ ہی دن گزرے تھے کہ الزام لگانے والی کے دو بیٹے اور ایک بیٹی سیدھی راہ سے بھٹک گئے اور برے کاموں میں مبتلا ہوگئے اس کی بیٹی پڑوس میں ایک شخص کے ساتھ مبتلا گناہ ہوگئی' اسی طرح بیٹے بھی غیر عورتوں کے چکر میں پڑ گئے' اپنی تنخواہ اور جمع پونجی غیر عورتوں پر لٹانے لگے اور ان میں سے جو سب سے چھوٹا تھا وہ فعل قوم لوط میں مبتلا ہوگیا اور ابھی تک ان گناہوں سے نہیں نکلے۔ مظلوم کی آہ تو عرش عظیم تک جاتی ہے اب وہ الزام لگانے والی اور اس کی بیٹی دونوں کا انتقال ہوچکا اب اللہ بہتر جانتا ہے کہ ان کے ساتھ قبر میں کیا معاملہ ہوا ہوگا؟ (پوشیدہ)

حرام سے بچیں ورنہ کچھ نہ بچے گا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ 1994ء کی بات ہے کہ میں نے ایک مکان کرایہ پر لیا' شروع میں ایڈوانس کے طور پر میں مالک مکان کو 5000 روپے دیئے اور اس مالک مکان جو کہ ایک عورت تھی نے کہا جیسے ہی آپ مکان خالی کریں گے آپ کی ایڈوانس دی گئی رقم میں واپس کردوں گی۔ وہ عورت انتہائی نیک اور پارسا معلوم ہوتی تھی' میں بے فکر ہوگیا اور کچھ لکھت پڑھت نہ کروائی۔ میں چونکہ ایک سرکاری ادارہ میں ملازمت کرتا تھا تو 1996ء میں میری پوسٹنگ ہوگئی' مالک مکان نے کہا کہ ابھی پیسے نہیں ہیں' مکان دوبارہ کرائے پر چڑھے گا تو آکر پیسے لے جانا' میں چپ کرکے چلا گیا' تین ماہ کے بعد واپس آیا اور مالک مکان سے ملا تو اس نے پہچاننے سے انکار کردیا اور کہنے لگی: میں نے آپ کا کوئی پیسہ نہیں دینا' میں ان دنوں انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزار رہا تھا' میرے پاس کوئی ثبوت بھی نہ تھا' میں نے رو کر اللہ تعالیٰ سے فریاد کی' اس کے اس رویئے کا مجھے بہت دکھ ہوا۔ ایک حدیث مبارکہ پڑھی کہ میرے پیارے آقا حضور نبی کریم ﷺ جب معراج پر تشریف لے گئے تو آپ ﷺ نے وہاں دیکھا کہ کچھ لوگوں کے پیٹ کنوئیں کی طرح تھے اور ان کے اندر سانپ تھے' حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام سے جب آپ ﷺ نے دریافت فرمایا تو انہوں نے جواب دیا یہ وہ لوگ ہیں جو دنیا میں حرام کھاتے تھے۔ میں نے جب یہ پڑھا تو کہا اے اللہ تعالیٰ یہ عورت میرے پیسے کھاگئی ہے شاید یہ میرا امتحان ہے' کچھ عرصہ بعد مجھے ایک شخص نے بتایا کہ اس عورت کو جب بھی الٹی آتی ہے تو اس کے منہ اور ناک سے لمبے لمبے کیڑے سانپ کی طرح نکلتے ہیں اور وہ سخت بیمار ہے۔ کچھ عرصہ بعد اس کا ایک بچہ پیٹ کے درد کے ساتھ آیا تو میں نے اسے سیرپ پلایا اس نے الٹی کردی' الٹی میں سفید رنگ کے لمبے لمبے کیڑے جو بچوں کے پیٹ میں ہوتے ہیں زمین پر گرے۔ میں نے یہ واقعات دنیا میں دیکھے اور اللہ تعالیٰ سے توبہ کی' میری عبقری کی وساطت سے اپنے مسلمان بہن بھائیوں سے گزارش ہے کہ اپنے بچوں کو حرام مت کھلائیں اور مالک مکانوں سے درخواست ہے کہ کرایہ داروں کو ناحق ذلیل نہ کیا کریں۔ بچپن میں بزرگوں سے سنا کرتا تھا کہ چونکہ پہلے زمانہ میں ایک پیسہ ہوتا تھا یعنی سکہ نما۔ کہتے تھے کہ اگر کسی نے کسی کے تین سکے دینے ہوں تو قیامت کے دن اس کے بدلے اڑھائی ہزار نمازیں دینی پڑیں گی۔ اللہ ہم سب کو حرام روزی سے بچائے۔ (ایس اے خان)

دادی کے سودی کاروبار نے ہمیں برباد کردیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ دس سالوں سے ہمیں رزق کا مسئلہ درپیش ہے' مالی حالات ہیں کہ ٹھیک ہونے کا نام ہی نہیں لے رہے۔ میں نے آپ کے ایک درس میں سنا تھا کہ سودی نظام بھی ان مسائل کی ایک وجہ ہوسکتے ہیں تو جی ہاں! ہمارے بڑوں کے لین دین میں بالخصوص ہماری دادی اماں نے سودی لین دین کیا تھا خود تو انہوں نے آرام دہ زندگی گزاری' مگر مصائب اور تنگدستی کے پہاڑ ہم پر گر رہے ہیں۔ ہمارا کاروبار تباہ ہوگیا ہے' کوئی ذریعہ معاش نہیں رہا' چھ ماہ سے حالات اسی طرح بد سے بدتر ہوتے جارہے ہیں۔ کون بھرے گا ہمارے روزمرہ کے اخراجات' بھائی کے ادویات کے پیسے' والدہ سخت جوڑوں کی تکلیف میں مبتلا ہیں مگر ڈاکٹر کے پاس جانے کے پیسے نہیں؟ خدارا لوگوں کو بتائیں کہ سودکاروبار اور لین دین سے آپ کو وقتی خوشحالی تو میسر آسکتی ہے مگر آپ کی نسلیں برباد ہوجائیں گی اور در در کی محتاج ہوجائیں گے۔ اللہ پاک ہماری مشکلات کو حل فرمائے اور ہمیں صبر کی توفیق عطا فرمائے۔ (پوشیدہ)

ایک ماہ میں شرطیہ عینک توڑ' میرا آزمودہ ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور اس میں موجود ٹوٹکوں اور وظائف سے بھرپور فوائد اٹھاتے ہیں میرے آزمودہ ٹوٹکے قارئین کے نام: جس کی نظر کمزور ہو اس کو چاہیے رات کو سونے سے پہلے ایک گلاس نیم گرم دودھ کے ساتھ چار عدد کھجوریں کھالے یہ ٹوٹکہ کم از کم ایک ماہ استعمال کرے۔ شرطیہ بات ہے' عینک کا نمبر کم ہوجاتا ہے۔ میرا نمبر ساڑھے تین تھا اس ٹوٹکے سے ڈیڑھ ہوگیا ہے۔ میں خدا کو حاضر ناظر جان کر کہتی ہوں کہ یہ ٹوٹکہ سب سے پہلے میں نے اپنے اوپر آزمایا اور میری نظر ٹھیک ہوگئی' قارئین آپ بھی آزما کر دیکھیں۔

ہر مشکل کا حل میرا آزمودہ ختم شریف

جب بھی کوئی مشکل آجائے یا ایسی کوئی پریشانی جو حل نہ ہوتی ہو تو سات لڑکیاں بیٹھ کر سورۂ بقرہ پڑھیں' ہر لڑکی ایک دفعہ پڑھے ٹوٹل سات مرتبہ پڑھی جائے گی۔ درمیان میں بولنا نہیں ہے۔ ان شاء اللہ مشکل ضرور حل ہوجائے گی۔ یہ ختم میرا بہت آزمودہ ہے۔ (زریاب اعظم اسلام آباد)

قارئین کے سوال
قارئین کے جواب

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولا آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

ستمبر کے جوابات

بہن! آپ نے فرش چمکانے کا آسان ٹوٹکہ مانگا تھا جو کہ میرا آزمودہ ہے آپ کیلئے لکھ رہی ہوں:۔ سنگ مرمر کے فرش پر سے زنگ کے دھبوں کو ہٹانے اور چمکانے کیلئے کھانے کا سوڈا فرش پر چھڑکیں اور اس پر کچھ لیموں کا عرق ڈال دیں، اور فرش کو رگڑیں، ضرورت پڑنے پر پھر سوڈا اور لیموں کا عرق ڈالیں، اس کے بعد صاف گیلے کپڑے سے اس جگہ کو صاف کردیں، آپ کا فرش جگمگانے لگے گا۔ (مسز ارسلان' لاہور)

2۔ بھائی آپ عبقری دواخانہ کی ادویات ''فشاری گولیاں اور ہائی بلڈ پریشر شفاء سیرپ'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ یہ ادویات آپ کے تمام امراض کیلئے کافی ہیں۔ ان کے استعمال سے جہاں آپ کا بلڈ پریشر کنٹرول ہوگا وہیں خاص کمزوری بھی دن بدن بہتر ہوتی جائے گی۔ میں گزشتہ تین ماہ سے استعمال کررہا ہوں الحمدللہ میری صحت بہتری کی جانب بہت سے گامزن ہے۔ (مجتبیٰ بیگ' لاہور)

3۔ بھائی! آپ اپنی پریشانی کے حل کیلئے سارا دن صرف استغفار پڑھیں۔ اس کے ساتھ ساتھ پانچ وقت کی نماز ہرگز نہ چھوڑیے۔ صبح نماز فجر کے بعد تلاوت قرآن اور پھر صبح کی سیر آپ کو نئی زندگی دلاسکتی ہے۔ کھلی فضا اور صحت مند ماحول میں کم از کم تیس منٹ تیز قدم پیدل چلیے۔ زور زور سے سانس لیں یعنی اپنے پھیپھڑے تازہ ہوا سے بھریں اور پھر زور سے سانس باہر نکالیں۔ پھل زیادہ سے زیادہ کھائیں' اچھی صحبت اختیار کریں۔ پھر دیکھیں خود ہی آپ کا دل اس عادت بد سے نجات پاجائے گا۔ ازدواجی کمزوری کے شکار حضرات کیلئے یہ نسخہ بہت ہی کارآمد ہے:۔ رات کو سوتے وقت تین عدد چھوہارے گٹھلی نکال کر اور دو عدد خشک خوبانی گٹھلی نکال کر دودھ ایک گلاس میں بھگودیں۔ صبح اٹھ کر چھوہارے اور خوبانی کھالیں اور اوپر سے وہ دودھ پی لیں۔ چند ہفتے، چند مہینے ضرور کریں۔ پھر کمال خود عبقری میں لکھیے گا۔ (الطاف بشیر' گجرات)

4۔ بہن آپ عبقری دواخانہ لاہور سے ''گلٹی رسولی کورس'' منگوالیں' میری والدہ کے بازو پر گلٹیاں تھیں مگر اس کورس کے مسلسل چند ماہ استعمال سے اب ختم ہوچکی ہیں آپ بھی یہی کورس اعتماد سے استعمال کریں۔ (عالیہ شاہنواز' کراچی)

اکتوبر کے سوالات

میری امی مجھے ڈانٹتی ہیں: قارئین! میرے گھر میں میرے ساتھ میری امی کا رویہ بہت برا ہے' ہر وقت کی ڈانٹ' ہر وقت کی ذہنی اذیت' میرے ہر کام پر پابندی' غلطی جس کی مرضی ہو' غصہ ہمیشہ میری بات پر ہی آئے گا' اب میں تھوڑی سی بھی ٹینشن لوں تو سر بھاری ہوجاتا ہے' خدارا مجھے کوئی مشورہ دیں کہ میری امی کا رویہ میرے ساتھ ٹھیک ہوجائے۔ (غ۔ش)

2۔ جسم پھول گیا: قارئین! میں تین سال سے خود کو فربہ کرنے کیلئے مختلف ادویات کھارہی ہوں' میرے جسم پر دانے بن رہے ہیں اور جلن بھی ہوتی ہے' اب میرا جسم پھولنا شروع ہوگیا ہے مگر مجھ میں کام کرنے کی ہمت نہ رہی ہے' پیٹ اور نیچے کا دھڑ موٹا ہوتا جارہا ہے' کوئی دوائی بتائیے کہ میرا موٹاپا رک جائے اور جسم میں طاقت آجائے۔ (پوشیدہ)

3۔ پڑھ نہیں پاتی: قارئین! میں کوئی وظیفہ پڑھنا چاہتی ہوں مگر پڑھ نہیں پاتی' پتہ نہیں کیا رکاوٹ ہے کہ میں زیادہ نہیں پڑھ پاتی حالانکہ بہت کوشش کرتی ہوں کہ میں وظیفہ زیادہ سے زیادہ پڑھوں لیکن جب بھی پڑھنے لگتی ہوں دھیان کہیں اور چلا جاتا ہے مہربانی کرکے مجھے اس بارے میں کچھ بتائیں۔ اس کے علاوہ مجھے گیس بھی ہوجاتی ہے اس کا علاج بھی بتائیے۔ (پوشیدہ)

4۔ قارئین! میرے بارہ مسائل کا حل بتائیے: 1۔ خون کی کمی کی وجہ سے رنگ پیلا ہوگیا۔ 2۔ گلے میں ناک کے پیچھے گاڑھا پتلا ریشہ رہتا ہے۔ 3۔ سینے میں ایسا لگتا ہے جیسے کچھ پھنسا ہوا ہے' کھینچ کر سانس لیتی ہوں۔ 4۔ سارا جسم کانپتا ہے' ہڈیاں خالی' خشک' ہڈیوں میں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہڈی کا جوڑ الگ ہونے لگا ہے۔ 5۔ پاؤں اور آدھی ٹانگیں سردی سے ٹھنڈی رہتی ہیں۔ 6۔ پہلے موشن تین سے چار دن بعد آتا تھا اب دو دن بعد آتا ہے۔ 7۔ دماغ کی کمزوری بڑھتی جارہی ہے' آنکھیں اندر کو چلی گئی ہیں۔ 8۔ پیٹ بڑھ رہا ہے' لیکوریا رہتا ہے۔ 9۔ سارے جسم پر خارش اور الرجی ہے' دانے بھی نکلتے ہیں۔ 10 گلا پک گیا ہے' گلے میں کٹ لگ گئے ہیں' 11۔ وزن بڑھ رہا ہے۔ سکن لٹک گئی ہے۔ 12۔ پٹھے ختم ہوتے جارہے ہیں۔ شدید درد اور کمزوری ہے۔ (ر۔ف)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: مکی احمد پوری

حضرت یزید بن عمر بن مورق روایت کرتے ہیں کہ ایک موقع پر میں شام میں تھا جب حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں کو نواز رہے تھے۔ پس میں ان کے پاس آیا' انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ آپ کس قبیلے سے ہیں؟ میں نے کہا: قریش سے۔ انہوں نے پوچھا کہ قریش کی کس (شاخ) سے؟ میں نے کہا: بنی ہاشم سے۔ انہوں نے پوچھا کہ بنی ہاشم کے کس (خاندان) سے؟ راوی کہتے ہیں کہ میں خاموش رہا۔ انہوں نے (پھر) پوچھا کہ بنی ہاشم کے کس (خاندان) سے؟ میں نے کہا: علی (کے خاندان سے)۔ انہوں نے پوچھا کہ علی کون ہیں؟ میں خاموش رہا۔ راوی کہتے ہیں کہ انہوں نے میرے سینے پر ہاتھ رکھا اور کہا: ''بخدا! میں حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا غلام ہوں'' اور پھر کہا کہ مجھے بے شمار لوگوں نے بیان کیا ہے کہ انہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''جس کا میں مولا ہوں اُس کا علی مولا ہے'' پھر مزاحم سے پوچھا کہ اس قبیلہ کے لوگوں کو کتنا دے رہے ہو؟ تو اس نے جواب دیا سو یا دو سو درہم۔ اس پر انہوں نے فرمایا: ''حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قرابت کی وجہ سے انہیں پچاس دینار زیادہ دو' اور ابن ابی داؤد کی روایت کے مطابق ساٹھ دینار اضافی دینے کی ہدایت کی اور (ان سے مخاطب ہوکر) فرمایا: آپ اپنے شہر تشریف لے جائیں' آپ کے پاس آپ کے قبیلہ کے لوگوں کے برابر حصہ پہنچ جائے گا۔'' (ابوداؤد' ابونعیم)

ایک دن کا ٹوٹکہ اور عمر بھر کیلئے بواسیر سے چھٹکارا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں۔ میرے پاس بھی ایک آزمودہ روحانی ٹوٹکہ ہے۔ میری والدہ کو بواسیر تھی' کافی ادویات اور ٹوٹکے آزمائے مگر شفاء یابی نہ ملتی۔ ہماری ایک ملنے والی نے میری والدہ کو درج ذیل روحانی عمل دیا اور بتایا کہ میں نے یہ ٹوٹکہ چار سے پانچ افراد کو بتایا اللہ نے سب کو صحت عطا فرمائی آپ بھی آزمایئے۔ میری والدہ نے اس سے اگلے دن کیا اور اس کے بعد ان کو کبھی بھی بواسیر نہیں ہوئی۔ عمل یہ ہے: نماز فجر کے بعد ایک ہزار بار یَاعَلِیُّ صرف ایک دن پڑھیں۔ ہم نے بھی چار سے پانچ افراد کو بتایا وہ بھی اس مرض سے چھٹکارا پاچکے ہیں۔ (عادل آرا' کراچی)

حضور نبی کریم ﷺ کی پسندیدہ غذا: بعض کتب میں یہ لکھا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کو دودھ اور شہد ملی غذا بہت پسند تھی' آپ ﷺ جب بھی دودھ نوش فرماتے تو ارشاد فرماتے: اے اللہ! اس میں برکت ڈال اور ہمیں فائدے دے۔

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

☆ پیر صاحب کا جنازہ ☆ میرا اسکول اور امتحان ☆ اجنبی لڑکی ☆ میری بہن بلی کو کچا کھا رہی ☆ میرا منہ سوئیوں سے بھر دیا ☆ میرا گمشدہ لال دوپٹہ

خواب میں گندگی: میری والدہ اکثر خواب میں گندگی دیکھتی ہیں۔ کبھی اپنی گندگی کبھی دوسروں کی اور یہ خوابوں کا سلسلہ تواتر سے جاری ہے۔ (ع ش' کراچی)

تعبیر: آپ کی والدہ کے خواب مطابق ان کے ساتھ جادو کا عمل کروایا گیا ہے۔ تاہم وہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس اکتالیس اکتالیس بار صبح وشام پڑھ کر دعا کرلیا کریں نیز حسب توفیق کبھی صدقہ بھی دے دیں۔ ان شاء اللہ متواتر پڑھتے رہنے سے جادو کے عمل کی کاٹ ہوجائے گی۔ واللہ اعلم۔

واش روم میں خون: میں نے دیکھا کہ میں واش روم میں ہوں اور خون دیکھتی ہوں تو سوچتی ہوں ابھی تو میں تعلیم حاصل کررہی ہوں پھر کبھی بیماری کا علاج کروالوں گی۔ پھر سوچتی ہوں کہ اس وقت تک تو میں بہت کمزور ہوجاؤں گی۔ (صبا شاہد' لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کسی حاسد نے سفلی کا عمل کروایا ہے جس کی وجہ سے آپ کے کاموں میں رکاوٹیں پیدا ہورہی ہیں آپ سورۂ طٰہٰ کی آیات 70-69 صبح وشام اکتالیس اکتالیس بار پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ کاٹ ہوجائے گی۔ واللہ اعلم۔

پیلے رنگ کا سانپ: میں نے دیکھا کہ میں کمرے میں کرسی پر بیٹھی ہوں کہ اچانک پاؤں کے قریب ایک سانپ آتے ہوئے دکھائی دیتا ہے۔ اس کا رنگ پیلا ہوتا ہے۔ میں فوراً شور مچاتی ہوں کہ کمرے میں سانپ ہے۔ سانپ جب دیوار پر چڑھتا ہے تو تقریباً دس فٹ تک ہوتا ہے میں کہتی ہوں اتنا لمبا سانپ' میں ابو کو اور بڑے بھائی کو ڈنڈا لا کر دیتی ہوں کہ وہ سانپ ماردیں لیکن اتنے میں سانپ خود کو سمیٹ کر ایک فٹ کا ہوجاتا ہے اور دوسرے کمرے میں بھاگ جاتا ہے اور اس کا رنگ بھی کالا ہوجاتا ہے جب دوسرے کمرے میں اسے مارنے لگتے ہیں تو دوبارہ پہلے کمرے میں آکر سامان میں چھپ جاتا ہے ابو اور بھائی کہتے ہیں کہ جب نکلے گا تو ہم ماردیں گے۔ میں کہتی ہوں ہم بہنیں تو زمین پر سوتی ہیں وہ تو رات کو نکل کر ہمیں ڈس سکتا ہے۔ (سویرا' گجرات)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کے اور آپ کے گھر والوں کے بعض اہم کام کسی حاسد کی طرف سے بندش کرادینے کی وجہ سے رک گئے ہیں تاہم آپ اپنا اور اپنے گھر والوں کا حسب توفیق صدقہ دیں اور یَارَقِیْبُ سو بار ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

کچا مکان اور مرحوم والدین: میں نے دیکھا کہ میں دفتر سے گھر آیا اور اپنی بیوی سے پوچھا کہ میں فون کررہا تھا تم اٹھا کیوں نہیں رہی تھی' میری بیوی نے کہا کہ ہمارے گھر کی چھت کے اوپر سے دو لڑکے آئے اور مجھے دھکا دے کر موبائل فون لے گئے۔ پھر منظر بدل جاتا ہے۔ دیکھتا ہوں کہ میں ایک کچے مکان میں ہوں۔ مرحوم ماں باپ بھی اسی مکان میں ہیں۔ میرے بینک کی ایک ساتھی آفیسر بھی ساتھ ہے۔ وہاں اس عورت کا بیگ بھی ہے جو میرے بیگ کے ساتھ رکھا ہوا تھا۔ میری ماں اس عورت کے بیگ کو کھولتی ہے تو اس میں سے ہزار کے بہت سے نوٹ نکلتے ہیں۔ میں اپنی ماں سے کہتا ہوں اس عورت کے بیگ کو کیوں کھولا تو وہ کہتی ہے کہ میں سمجھی کہ وہ تمہارا بیگ ہے۔ یہ دیکھ کر میرا باپ میری ماں کو ڈانٹتا ہے اور کہتا ہے کہ وہ پیسے واپس جاکر رکھ دے۔ میری ماں جاکر وہ نوٹ رکھ دیتی ہے۔ (خضر حیات' راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو عزت اور خوشحالی نصیب ہوگی' آپ اپنے والدین کیلئے دعائے مغفرت کرتے رہا کریں۔ واللہ اعلم۔

بہنوں کے رشتے: میں نے دیکھا کہ محلے کی ایک عورت ہمارے لاؤنج میں بیٹھی ہے اور بہنوں کے رشتوں کے بارے میں پوچھتی ہے تو میں جواب دیتی ہوں کہ جیسے ہی بندش ختم ہوگی تو دوسرے دن ہی اچھی جگہ رشتے ہوجائیں گے۔ اتنے میں ابو کمرے سے نکلتے ہیں اور میری طرف دیکھتے ہیں تو میں خاموش ہوجاتی ہوں۔ منظر بدلتا ہے اور میں دیکھتی ہوں کہ ہمارے لاؤنج کی دیواروں پر کسی نے پان کی پچکاری تھوک دی ہے جب غور کرتی ہوں تو ایسا لگتا ہے کہ کلر خراب ہوگیا ہے۔ (ثوبیہ' اسلام آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ اچھی جگہ رشتے طے پاجائیں گے اور جلد بازی سے کام نہ لیں' آپ بھی اور آپ کی تمام بہنیں ہر نماز کے بعد سو مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کی ایک تسبیح پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم

بند قلعہ میں کھڑا ہوں: میں نے دیکھا کہ میں ایک قلعے میں کھڑا ہوں' جابجا باوردی محافظ کھڑے ہیں لیکن مجھے کوئی کچھ نہیں کہتا۔ قلعے میں مساجد بھی ہیں اور مندر بھی' میں سوچتا ہوں کہ مجھے یہاں سے جلد چلے جانا چاہیے۔ میں ایک بہت بڑے دروازے کی طرف چلنے لگتا ہوں۔ جب اس قریب پہنچتا ہوں تو دروازہ بند ہوجاتا ہے۔ میں چاروں دروازوں کی طرف جاتا ہوں مگر سب کے سب بند ہوتے ہیں۔ پھر دیکھا کہ میں ایک ہرے بھرے جنگل میں ڈھلوان پر کھڑا ہوں۔ تھوڑے فاصلے پر ایک بہت بڑے بیری کے پیڑ کے نیچے ایک گاڑی کھڑی ہے۔ میں ہنستا ہوا اس کی طرف چلنے لگتا ہوں۔ اس کے بعد دیکھا کہ میں دوستوں کے ساتھ کھڑا ہوں۔ ایک جہاز قلابازیاں کھاتا ہوا اوپر سے گزرتا ہے۔ جب میں نظر اٹھا کر دیکھتا ہوں تو وہاں ایک نہیں بہت سارے جہاز ہوتے ہیں۔

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے روزگار میں پریشانیاں آنے کا اندیشہ ہے۔ آپ اپنا صدقہ دیں اور یَارَزَّاقُ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔

میری کلاس فیلو: میں نے دیکھا کہ دو لڑکیاں جو کسی زمانہ میں میری کلاس فیلو تھیں ہمارے گھر کی چھت پر بیٹھی ہیں ان میں سے ایک لڑکی کہتی ہے کہ ان کا گھر پیارا نہیں ہے۔ فرش ٹوٹے پھوٹے سے ہیں۔ میں کہتی ہوں اب دیکھو ہمارا گھر کتنا پیارا بن گیا ہے۔ میں اس سے بہت اصرار کرتی ہوں لیکن وہ ٹال جاتی ہے۔ پھر دیکھا کہ میرا چھوٹا بھائی بڑے بھائی کو ایک خط بھجواتا ہے۔ خط کالے رنگ کی روشنائی سے لکھا ہوا ہے۔ میں اپنے بڑے بھائی کو خط دیتی ہوں تو وہ کوئی اور خط ہوتا ہے۔ میں حیران ہوکر چھوٹے بھائی کا خط ڈھونڈتی ہوں لیکن وہ نہیں ملتا۔ (ص، گوجرانوالہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق جو استخارہ آپ نے بھائی کی منگیتر کے سلسلے میں کیا ہے اس میں واضح طور پر یہ بات بتائی گئی ہے کہ ان شاء اللہ یہ شادی کامیاب رہے گی اور آپ کے بھائی کی منگیتر اس کی اچھی بیوی ثابت ہوگی۔ واللہ اعلم۔

(بقیہ: پاک فوج کے جوان کا جذبہ شہادت اور لازوال کامیابی)

کہ ہم تیر نہیں سکیں گے لیکن جانباز مجاہد کے حوصلے انہیں موجوں سے ٹکرانے کا عزم دے چکے تھے۔ یوں سب ساتھی یکے بعد دیگرے دریا میں کودے اور موجوں سے لڑتے ہوئے پار ہوگئے' پیچھے یونٹ والے ساتھیوں نے انہیں دریا سے نکال لیا اور سب اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان پھر سے اکٹھے ہوگئے۔ جانباز مجاہد کے حوصلے اور ہمت کو خوب سراہا گیا اور انعام واکرام سے نوازا گیا۔ اللہ پاک میرے پاک وطن کو اپنی حفظ و امان میں رکھے' پورے عالم اسلام کو امن نصیب فرمائے اور پوری انسانیت کو سلامتی عطا فرمائے۔

کسی افسر سے کوئی کام ہوتو: کسی حاکم یا افسر سے کوئی حاجت ہوتو تین شب 814 مرتبہ یَامُتَعَالِیُ پڑھیں۔پھر متعلقہ شخص کے پاس جائیں' مطلب حاصل ہوگا۔ان شاءاللہ

مرد قلندر کی گاڑی بغیر پٹرول اور پانی کے چلتی خود دیکھی

محمد فاروقی مظفر گڑھ

اگر انسان ہر موڑ پر ہر لمحہ بہ لمحہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے تو دنیا کی کوئی چیز اسے نہیں روک سکتی۔صرف اللہ تعالیٰ ہی روک سکتا ہے۔ہم نے کچھ سفر طے کیا تھا تو ہماری گاڑی کا پٹرول ختم ہوگیا۔گاڑی راستے میں رک گئی۔میں نے اللہ والے کی طرف دیکھا تو انہوں نے گاڑی کو اشارہ کیا کہ: ''اے گاڑی چل''

میرے کزن (مستری انوار الحق) نے مجھے کچھ دن پہلے ایک وظیفہ بتایا تھا وہ وظیفہ میں عبقری کی نذر کررہا ہوں۔موصوف کہتے ہیں کہ دس سال پرانی بات ہے کہ میری بہن کے سر پر پھوڑے پھنسی اور کیل نکلے ہوئے تھے۔امی نے کہا کہ فلاں علاقہ کے نزدیک ایک بزرگ رہتے ہیں وہ پانی پر دم کرکے دیتے ہیں جو کوئی بھی بیماری ہو اس کے دم کیے ہوئے پانی سے شفاء ہوجاتی ہے۔موصوف کہتے ہیں کہ میں بزرگ کے گھر پہنچا تو بزرگ گھر پر موجود نہیں تھے' کہیں گئے ہوئے تھے۔میں نے خود بوتل کے ڈھکن کو کھول کر اس میں دم کردیا۔یقین کامل اور توجہ کے ساتھ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف پڑھا اور گیارہ بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی کی بوتل میں دم کیا اور گھر واپس لوٹ آیا۔امی نے پوچھا دم کروا آئے ہو میں نے کہا ہاں!۔موصوف کہتے ہیں کہ میری بہن نے صرف تین دن پانی کو استعمال کیا پانی سر پر بھی لگاتی تھیں اور پیتی بھی تھیں۔اللہ تعالیٰ نے تین دن میں میری بہن کو شفاء دے دی۔موصوف کہتے ہیں جب بھی میں بیمار ہوتا ہوں تو یہی وظیفہ پڑھتا ہوں اللہ تعالیٰ مجھے شفاء عطا فرمادیتے ہیں۔قارئین! اگر آپ کسی بھی بیماری میں مبتلا ہیں تو یہی وظیفہ یقین کامل اور توجہ کے ساتھ پڑھیں۔ان شاءاللہ۔

آپ کی تمام بیماریاں ختم ہوجائیں گی کیونکہ حضور نبی اکرم ﷺ کا فرمان عالیشان ہے کہ ''سورۂ فاتحہ میں شفاء ہے''

اسی طرح میرے کزن حافظ عبدالمالک صاحب نے مجھے ایک ڈرائیور کی آپ بیتی سنائی۔میں اس ڈرائیور کی آپ بیتی قارئین عبقری کیلئے لکھ رہا ہوں۔ڈرائیور صاحب کہتے ہیں میں ایک اللہ والے کی گاڑی ڈرائیو کرتا تھا' انہیں دیکھا تو اللہ نے دین اسلام کی سمجھ عطا فرمائی۔ایک دفعہ گاڑی میں پٹرول بہت کم تھا اور ہمیں طویل سفر طے کرنا تھا' میں نے کہا: ''گاڑی میں پہلے پٹرول ڈلوادیں کیونکہ ہمیں لمبا سفر طے کرنا ہے اور پٹرول بہت کم ہے' بزرگ نے میری طرف محبت بھری نظروں سے دیکھا اور شفقت سے جواب دیا: ''گاڑی پٹرول اور پانی کی محتاج نہیں یہ تو صرف اللہ تعالیٰ کی محتاج ہے۔اگر انسان کو یقین کامل ہو کہ اللہ تعالیٰ ہی ہر نظام کو چلانے والا ہے کوئی ذات نہیں اس نظام کو چلانے والی مگر اللہ تعالیٰ کے سوا۔اگر انسان ہر موڑ پر ہر لمحہ بہ لمحہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے تو دنیا کی کوئی چیز اسے نہیں روک سکتی۔صرف اللہ تعالیٰ ہی روک سکتا ہے۔ہم نے کچھ سفر طے کیا تھا تو ہماری گاڑی کا پٹرول ختم ہوگیا۔گاڑی راستے میں رک گئی۔میں نے اللہ والے کی طرف دیکھا تو انہوں نے گاڑی کو اشارہ کیا کہ: ''اے گاڑی چل'' گاڑی نے خود بخود چلنا شروع کردیا۔میں اس وقت بہت پریشان ہوا' یہ کیا ہورہا ہے؟ میں نے تہہ دل سے کہا اے اللہ کریم! اگر انسان تیرے اور تیرے حبیب حضور نبی کریم ﷺ کے فرمان عالیشان کے مطابق زندگی گزارے تو زندگی میں اسے کوئی رکاوٹ پیش نہیں آتی۔تو ہی تمام نظام کو چلانے والا ہے۔اگر کوئی مشکل آجائے تو نیک لوگ صبر کرتے ہیں۔میں نے اُن بزرگوں کی موجودگی میں کئی بار گاڑی کو بغیر پٹرول اور پانی کے چلایا۔(اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔آمین!)

آیئے! اپنا آج بہتر بنائیں

ایک بزرگ سے کسی نوجوان نے سوال کیا کہ مجھے اپنا کل سنوارنے کا نسخہ بتایئے! تو انہوں نے کہا کہ ''اپنا آج درست کرلو'' کیونکہ آج نقد ہے اور کل ادھار۔جو کچھ تمہارے پاس ہے اُسے کام میں لاؤ' کل کی فکر نہ کرو کیونکہ کل کا کوئی وجود نہیں ہوتا۔جوں ہی کل پہنچتا ہے وہی آج ہے۔''کل'' تیز رفتار، بلند پرواز، کسی وحشی پرندے کی مانند ہمیشہ ہمارے قابو سے باہر ہوکر فرار ہورہا ہے۔جوں ہی ہم اس کے قریب پہنچتے ہیں وہ اپنی شکل بدل لیتا ہے اور ہم جیسے ہوس بازوں کو اپنی تلاش میں بے چین و مضطرب چھوڑ دیتا ہے۔اس طرح ہماری پوری عمر تمنا اور آرزو میں گزر جاتی ہے اور ہمیشہ کل کی امید میں خیالی اور دلفریب محل تیار کر رہے ہوتے ہیں۔ہمیں اس کی خبر ہی نہیں کہ مستقبل کی بنیاد ہوا پر ہے وہ ہوا جس کا کوئی اعتبار نہیں کبھی گرم اور کبھی سرد، کبھی بہت تیز اور کبھی آہستہ کہ ہم خود بھی اس کو سمجھ نہیں پاتے۔زندگی کی بنیاد آج پر ہے، ماضی گزر گیا ہے، مستقبل کا کچھ بھی پتا نہیں کیا ہوگا، کب ہوگا، کچھ بھی خبر نہیں، ان دو فانی دنوں کے درمیان ہماری کوئی پہچان نہیں ہے۔اپنا آج بہتر بنائیں۔(انتخاب: عدیل احمد' لاہور)

شادی کا سوچنا بھی ناممکن تھا مگر!

عبقری کی بدولت سکون: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے دلوں سے ہر وقت آپ کیلئے دعائیں نکلتی ہیں کیونکہ عبقری کی بدولت اور آپ کی وجہ سے ہم نے بہت کچھ پایا ہے' عبقری کی وجہ سے ہمیں ایک روحانی کیفیت حاصل ہوئی ہے اور ایک سکون لذت وظائف کی وجہ سے حاصل ہوتا ہے اللہ تعالیٰ عبقری کو دن دگنی اور رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔آمین! (غ۔ز)

عبقری پڑھا' وظیفہ ملا اور خوشحالی آگئی: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری پچھلے پانچ سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں' رسالے سے مجھے وظائف ملا جو کہ یہ ہے یَابَاسِطُ یَارَزَّاقُ یَافَتَّاحُ یَاکَرِیْمُ جب سے یہ وظائف پڑھتی ہوں' غیب سے میرے مسائل حل ہونا شروع ہوجاتے ہیں یہاں تک کہ پیسے تیزی سے آنا شروع ہوجاتے ہیں۔میں یہ وظیفہ یقین اور توجہ سے پڑھتی ہوں تو میرے مسائل حل اور خوشحالی ملنا شروع ہوجاتی ہے۔(آسیہ الیاس' لاہور)

شادی کا سوچنا بھی ناممکن تھا مگر!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری میگزین ایک سال سے پڑھ رہی ہوں' رسالے میں موجود وظائف اور آپ کی ادویات سے کافی مستفید ہوئے۔ہم جوائنٹ فیملی میں رہتے ہیں' میرے چچا اور پھپھو کی شادی کو ابھی پندرہ دن ہی ہوئے ہیں جن حالات سے ہم گزر رہے ہیں وہاں شادی کا سوچنا بھی ناممکن تھا مگر رسالہ عبقری میں موجود وظائف اور روزانہ نماز عشاء کے بعد دو نفل حاجت اور سورۂ یٰسین تین بار پڑھ کر خوب اللہ سے دعائیں مانگیں۔اللہ کے فضل سے اور آپ کے رسالہ میں بتائے گئے وظائف پر عمل کرکے یہ شادیاں ممکن ہوئیں ورنہ ہمارے پاس کوئی وسائل نہ تھے الحمدللہ تمام کام خیر و عافیت سے انجام پاگئے۔(عمارہ' حیدرآباد)

مشکلات حل ہوجاتی ہیں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مخلوق خدا کی خدمت کا جو سلسلہ آپ نے شروع کررکھا ہے اس کا اجر تو اللہ تعالیٰ آپ کو عطا فرمائیں گے ہمارے دلوں سے تو آپ کیلئے ڈھیروں دعائیں نکلتی ہیں' آپ کے ادارہ کو سدا شاد و آباد رکھے۔میں آپ کی بہت مشکور ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے عبقری کے توسط سے میری کافی مشکلات حل کی ہیں' میں عبقری رسالہ پڑھتی ہوں' اس میں لکھے ہوئے وظائف پڑھنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے مجھ پر کرم کیا ہے اور کافی مشکلات آسان ہوگئی ہیں۔(پوشیدہ)

خواتین پوچھتی ہیں؟

ام اوراق

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

تھکی اور سوجی آنکھیں: میری آنکھیں بہت جلد تھک جاتی ہیں' اکثر پھولی پھولی لگتی ہیں۔ آنکھوں کی تھکن دور کرنے کیلئے کوئی اچھا سا ٹوٹکہ بتایئے۔ مجھے اپنا چہرہ برا لگتا ہے۔ (عائلہ)

مشورہ: تھکی اور سوجی ہوئی آنکھوں کیلئے کھیرا بہت مفید ہے۔ دو کھیرے دھو کر ان کی پتلی پتلی کاشیں کاٹ لیجئے۔ پھر منہ دھو کر بستر پر لیٹ جایئے۔ اس سے دس منٹ پہلے کھیرے پر تھوڑا سا عرق گلاب چھڑک کر انہیں فریج میں رکھ دیجئے۔ اب قتلوں کو آنکھوں پر رکھ لیں۔ بیس منٹ بعد قتلے ہٹا کر انہیں رکھ لیجئے۔ پھر ٹھنڈے پانی سے منہ دھو لیں آنکھوں کی تھکن دور ہو جائے گی۔ دو تین روز تک یہ عمل کیجئے' آنکھیں تندرست ہو جائیں گی۔ کھلے اور بڑے مساموں سے نجات کیلئے بھی آپ کھیرے کا رس نکالیے اس میں ایک چمچہ گلاب کا عرق ملایئے۔ کھیرے کا رس ایک پیالی سے کم ہونا چاہیے۔ پھر اس میں پسی سفید پھٹکڑی ایک چٹکی ملایئے اور چہرے پر صرف پانچ منٹ کیلئے لگایئے۔ اس کے بعد تازہ پانی سے منہ دھو کر معیاری موئسچرائزر لگالیں۔ یہ آمیزہ آپ دو تین دن فریج میں بھی رکھ سکتی ہیں۔ سردیاں آنے والی ہیں' بادام کی کھل بازار سے منگوایئے' ایک چمچہ کھل شیشے کی پلیٹ میں ڈالیے' پانچ قطرے لیموں کا رس اور تھوڑا سا عرق گلاب ملایئے اور آمیزہ بنا کر چہرے پر لگایئے۔ ابٹن کی طرح ملتے ہوئے اتار کر تازہ پانی سے منہ دھو لیں۔ صابن استعمال نہ کیجئے۔ آپ کا اپنا چہرہ تازگی کا احساس دلائے گا۔ چہرے پر بازاری کریم نہ لگایئے۔ میرے پاس کئی لڑکیوں کے فون اور خطوط آئے ہیں۔ کریمیں لگانے سے ان کا رنگ خراب ہو جاتا ہے اور دانے نکل آتے ہیں۔

طلاق یافتہ لڑکیاں کہاں جائیں؟: میں آپ کے مشورے بہت شوق سے پڑھتی ہوں' آج میں رشتوں کے سلسلے میں ہونے والے دھوکے اور فریب کی نشان دہی کرنا چاہتی ہوں۔ رشتہ کرانے والی عورتیں بہت فراڈ کرتی ہیں' منہ مانگی رقم لیتیں اور ایک دو رشتے بتا کر ٹرخا دیتی ہیں۔ کچھ ایسی بدکردار بھی ہیں جو لڑکیوں کے فون نمبر غلط لوگوں کو دے کر انہیں پریشانی میں مبتلا کرتی ہیں۔ اخبار میں اشتہار دیا جائے تو وہ لوگ بھی تنگ کر دیتے ہیں۔ جو قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھے ہیں۔ ضرورت رشتہ کے اشتہار میں مرد خود کو خودمختار اور رنڈوا کہہ کر دھوکہ دیتے ہیں۔ بھاری حق مہر اور جائیداد کا لالچ دے کر پھنسانے کی کوشش کرتے ہیں۔ (پوشیدہ)

مشورہ: یہ حقیقت ہے کہ ہمارے معاشرے میں لڑکیوں کے والدین کو کئی مسائل درپیش ہیں۔ سنجیدہ رشتے کم ہی ملتے ہیں۔ ہمارے ہاں بال بچوں والا پچاس سالہ مرد بھی کنوارا رشتہ تلاش کرتا ہے' یہ بڑی غلط بات ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ لڑکی اس کے بچوں کی خدمت کرے۔ جن طلاق یافتہ لڑکیوں کے بچے ہیں' ان کے ساتھ بہت زیادتی ہوتی ہے۔ میرے پاس بے شمار ایسی لڑکیوں کی جیتی جاگتی سچی کہانیاں موجود ہیں۔

گزشتہ دنوں ایک خاتون نے اپنے ساٹھ سالہ بھائی کیلئے رشتہ ڈھونڈنے کا کہا۔ جائیداد' گھر اور دولت کی ضمانت کے ساتھ وہ اٹھائیس سالہ کنواری لڑکی کی تلاش میں تھیں۔ میں نے انہیں کچھ طلاق شدہ اور خلع والی لڑکیوں کے بارے میں بتایا تو کہنے لگیں: ہمیں تو کنواری لڑکی چاہیے۔ ساتھ یہ شرط بھی بتائیں' گھر بار اپنا ہو' تعلیم یافتہ اور خوب صورت ہو' متوسط طبقے کے لوگ نہ ہوں' اب پڑھے لکھے لوگوں کا بھی یہ حال ہے۔ اس رجحان کو نئی نسل ہی بدل سکتی ہے۔ ہمارے مذہب میں ایسی کوئی قید نہیں کہ طلاق یافتہ لڑکیوں سے شادی نہ کرو۔ ایک خاتون کو میں نے سمجھایا تو وہ کہنے لگیں: جن لڑکیوں کو طلاق ہو جائے وہ دوسرے خاوند کے ساتھ بمشکل گزارہ کرتی ہیں۔ وہ ہر بات میں پہلے شوہر کے ساتھ دوسرے کا موازنہ کرتی رہتی ہے۔ یوں ازدواجی زندگی خراب ہو جاتی ہے' یہ خیال غلط ہے۔ اپنا گھر اور شوہر سب کو اچھا لگتا ہے۔ ہمارے ہاں پڑھی لکھی بچیاں بھی ایسی بات زبان پر نہیں لاتیں بلکہ ازدواجی زندگی کو تلخیوں سے بچاتی ہیں۔ وہ شوہر کی خدمت کرتی ہیں۔ ان کی بھرپور کوشش ہوتی ہے کہ شوہر کو ہر طرح سے خوش رکھیں بلکہ اگر اس کے بچے بھی ہوں تو ان کی خدمت کر کے مسرت محسوس کرتی ہیں۔ ذہن سے خرافات نکال کر ان لڑکیوں کا مستقبل محفوظ رکھنا چاہیے آخر وہ بھی حقوق رکھتی ہیں۔

پپیتے کے پتے: گزشتہ دنوں بھارت سے ایک ملاقاتی آئیں' انہوں نے بتایا کہ پپیتے کے پتے وہاں بہت استعمال ہوتے ہیں خصوصاً ڈینگی بخار کے مریضوں کو صحت یاب کر دیتے ہیں۔ آپ ضرور بتایئے کہ یہ پتے کیسے موذی مرض ختم کرتے ہیں؟ (رئیسہ' حیدرآباد)

مشورہ: اللہ تعالیٰ نے ان پتوں میں شفاء رکھی ہے۔ ویسے بھی پپیتے کے پھل حتیٰ کہ اس کے چھلکے اور بیجوں میں بھی شفا بخش اثرات ہیں۔ ممبئی کے ایک ڈاکٹر نے ان پتوں کا رس ڈینگی بخار کے مریضوں کو پلایا۔ صرف تین دن میں ان کی صحت بحال ہوگئی۔ استعمال کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ایک پتہ لے کر اس کے دو ٹکڑے کر لیں۔ پتہ بالکل صاف ہونا چاہیے۔ اب پتے کے درمیان سے باریک ڈنٹھل احتیاط سے علیحدہ کر دیں۔ ململ کا صاف کپڑا لے کر پتہ مروڑ کر رکھیں اور ہاتھ سے دبا کر رس نکال لیں۔ تقریباً ایک چمچ رس نکلتا ہے۔ یہ رس فوراً مریض کو پلا دیں۔ بہت کڑوا ہوتا ہے مگر تین دن صرف ایک چمچہ پلانے سے مریض صحت یاب ہو جاتا ہے۔ مگر یہ عمل ڈاکٹر کی نگرانی میں کیا جاتا ہے۔ باقاعدہ نگرانی اور طبی امتحان ہوتے ہیں۔ یوں پتہ چلتا رہتا ہے کہ کتنا فائدہ ہو رہا ہے۔ غرض مریض کی پوری نگہداشت کی جاتی ہے۔ یاد رہے ڈاکٹر سے پوچھے بغیر یہ پتے استعمال نہ کیجئے۔

جوڑ سوج جاتے ہیں: اکثر اوقات میرے پاؤں سوج جاتے ہیں' ہاتھوں کی انگلیوں کے جوڑ پر ورم آ جاتا ہے۔ میں علاج کر رہی ہوں۔ ہومیو پیتھک ادویہ کھائیں' وقتی طور پر آرام آتا ہے اور پھر تکلیف شروع' یہ بیماری کیسے دور ہوگی؟ (بیگم ناظرہ' راولپنڈی)

مشورہ: بی بی! بیشتر بیماریاں ذہن پر بوجھ' پریشانی اور منفی سوچ سے وجود میں آتی ہیں۔ آپ دوا کے ساتھ ساتھ غذا پر بھی توجہ دیجئے۔ سردی کا موسم آرہا ہے' گنٹھیا کے مرض میں مچھلی اور اس کا تیل بہت فائدہ پہنچاتا ہے۔ انہیں استعمال کرنے سے صحت بہتر رہتی اور درد میں افاقہ ہوتا ہے۔ بعض خواتین بدبو کی وجہ سے مچھلی کا تیل نہیں پیتیں۔ اس صورت میں مچھلی کھایئے۔ ہفتہ میں تین بار ضرور کھایئے۔ غذا کا خیال رکھنے سے تکلیف کم ہو سکتی ہے۔ لہسن کا تیل بھی مفید ہے۔ بڑا دیسی لہسن چھیل کر اس کے ٹکڑے کیجئے۔ پھر دودھ میں ابال کر رات کو پی لیجئے۔ بولی تیزاب (یورک ایسڈ) کی زیادتی سے جوڑوں میں درد ہو تو ککڑی کا رس آدھا گلاس پینے سے بھی فرق پڑتا ہے۔ لہسن کا استعمال بہت ضروری ہے۔ مزید براں میتھی کے ساگ میں ادرک لہسن ڈال کر کھایئے۔

چاول خوش ذائقہ اور خوش رنگ بنیں: چاولوں کو ابالتے اگر ایک چمچہ لیموں کا رس اس میں نچوڑ دیا جائے تو چاول خوش رنگ اور خوشبودار بنتے ہیں۔

گدھے میتھی کیوں کھاتے ہیں؟ کسان کا حیرت انگیز انکشاف

زینب عمر، لاہور

میتھی کا عرق کشید کرنے کیلئے دو بڑے چائے کے چمچ کی مقدار میتھی کے بیجوں کو خوب اچھی طرح کوٹ لیں' پھر اسے چار کپ پانی میں ڈالیں اور برتن کو ڈھانپ کر دس منٹ تک کھولنے دیں' بعد میں ٹھنڈا کر کے دن میں تین کپ استعمال کریں

میتھی کے ساگ کو آلو پالک کے ساتھ ملا کر بھجیا بنالیں یا قیمہ میتھی اور پالک گوشت میں شامل کریں یہ ہوتی بڑی مزیدار چیز ہے اور اس کی منفرد خوشبو دور سے ہی بھوک کا احساس بڑھا دیتی ہے۔ میتھی کے سبز پتوں اور اس کی سخت بیجوں کو طویل عرصہ سے ہماری خواتین مختلف سالنوں میں استعمال کرتی آرہی ہیں لیکن یہ عجیب بات ہے کہ جو چیزیں برصغیر کے باورچی خانوں میں صدیوں سے استعمال ہورہی ہیں' اہل مغرب اب اپنی تحقیق کے ذریعے ان کی افادیت سمجھ سکے ہیں۔ میتھی بھی ایک ایسی ہی سبزی ہے جس کے سبز پتوں اور بیجوں کے فوائد اب مغربی سائنسدان بھی تسلیم کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں ایک دلچسپ بات یہ بعض کتب میں لکھی گئی ہے کہ میتھی کی خوبیوں کے بارے میں انسانوں کو پہلی بار مویشیوں کے ذریعہ معلومات حاصل ہوئیں۔ کھیتوں میں کام کرنے والے کسان طویل عرصہ سے یہ بات نوٹ کررہے تھے کہ جب مویشیوں کی طبیعت خراب ہوتی ہے اور ان کا دل اور کوئی چیز کھانے کو نہیں چاہتا' اس وقت بھی وہ بڑے شوق سے میتھی کے پتے چبایا کرتے ہیں۔ اس کے بعد انسانوں نے بھی میتھی کو ہاضم اور قبض کشا کے طور پر استعمال کرنا شروع کردیا۔ میتھی کے دانوں میں حل پذیر ریشہ اور چپکنے والا مادہ ہوتا ہے تو اس میں گیس بننے لگتی ہے۔ اس کی چکناہٹ سے آنتوں میں موجود فضلے کو آگے کی طرف سرکنے میں مدد ملتی ہے۔

فوائد: میتھی جراثیم کش اور گرم تاثیر والا مصالحہ ہے۔ اس میں بلغم خارج کرنے والی خوبیاں بھی پائی جاتی ہیں۔ یہ دافع سوزش اور اعصاب کو سکون پہنچانے والی چیز ہے۔ ایام کی تکالیف کم کرتی ہے' کھانسی کے ذریعہ بلغم کے اخراج میں مدد ملتی ہے اور نظام ہضم بہتر ہوتا ہے۔ اسے قبض' ہاضمے کی خرابیوں' برونکائٹس' پھیپھڑے کی سوزش' بخار' ہائی کولیسٹرول' آنکھوں کی تھکاوٹ' گلے کی خراش دور کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے بیجوں کو پیس کر زخم' دانوں اور خراش پر لیپ کی جاتی ہے۔ اس کے استعمال سے رحم متحرک ہوتا ہے جس میں پانی برقرار رہتا ہے جن لوگوں کا جسمانی وزن کم ہوتا ہے اسے بڑھاتا ہے۔ خون میں شکر کی سطح کم ہوتی ہے اور کولیسٹرول کی سطح گھٹتی ہے۔ میتھی کے بیجوں کو مختلف طریقوں سے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اسے بطور مصالحہ چائے' مالش کے تیل و گرم پانی میں جوش دے کر بھاپ لیتے' زخم پر لگانے والی لیپ یا پلاسٹر کے طور پر بھی آزمایا جاسکتا ہے۔ میتھی میں بلغم خارج کرنے والی خصوصیت کے باعث دمہ اور Sinus کے مریضوں کو فائدہ ہوتا ہے جن ماؤں کے سینے میں دودھ کم اترتا ہے وہ اگر میتھی کے بیج استعمال کریں تو دودھ کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ گلے میں اگر خراش ہو تو میتھی کے بیج کو پانی میں جوش دے کر اس سے غرارے کریں آرام ملے گا۔ میتھی کے بیج ابال کر اس کا عرق پینے سے دکھتے ہوئے جوڑوں کے درد میں افاقہ ہوتا ہے' ایام کی بندش دور ہوتی ہے' کولیسٹرول کم ہوتا ہے' گلے کی خراش اور حلق کے ورم میں افاقہ ہوتا ہے۔ میتھی کا عرق کشید کرنے کیلئے دو بڑے چائے کے چمچ کی مقدار میتھی کے بیجوں کو خوب اچھی طرح کوٹ لیں' پھر اسے چار کپ پانی میں ڈالیں اور برتن کو ڈھانپ کر دس منٹ تک کھولنے دیں' بعد میں ٹھنڈا کرکے دن میں تین کپ استعمال کریں۔ ذائقے کیلئے آپ چاہیں تو اس میں شہد' لیموں کا رس' ملٹھی کا عرق شامل کرسکتے ہیں۔ **احتیاط:** میتھی کے بیجوں کے استعمال سے جسم میں پانی کی سطح بڑھ سکتی ہے اور وزن زیادہ ہوسکتا ہے۔ میتھی چونکہ رحم کو متحرک کرتی ہے اس لیے حاملہ خواتین اسے استعمال نہ کریں۔ دو سال سے کم عمر بچوں کو میتھی کے بیج نہ دیئے جائیں۔

پھپھو کے بتائے ٹوٹکے سے امراض سرما بھگائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور اس میں بتائے ہوئے وظائف بھی کرتے ہیں۔ موسم تیزی سے تبدیل ہورہا ہے اور آئندہ چند ہفتوں میں موسم سرما پوری قوت کے ساتھ آچکا ہوگا۔ اس موسم میں اگر کسی کو ٹھنڈ (سردی) لگ جائے تو 2 چمچ عرق گلاب میں ایک چمچ چینی ڈال کر ایک منٹ کیلئے آگ پر پکا کر مریض کو پلائیں' اللہ کے حکم سے ایک دن کے اندر مریض کو آرام آجائے گا' ویسے بھی سردی کے موسم میں ہفتے میں ایک مرتبہ ایک بار یہ ٹوٹکہ استعمال کرنے سے انسان پورا موسم سرما بالکل تندرست اور فریش رہتا ہے' یہ نسخہ ہماری پھپھو کا اور اب ہمارا بھی آزمودہ ہے۔ ہمارے ساتھ انہیں بھی دعاؤں میں یاد رکھیے گا۔ (رابعہ جمیل)

اسم اعظم کے روحانی دم میں شرکت اور ہر طرف سے جاب کی آفرز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے گیارہ ماہ ہوگئے ہیں میں ماہنامہ عبقری پڑھ رہی ہوں' بہت اعلیٰ اور ایمان افروز رسالہ ہے' میں تو بس اسی کی ہو کر رہ گئی ہوں' اللہ تعالیٰ آپ کی زندگی میں برکت ڈالے اور آپ کا ادارہ اور تسبیح خانہ ہمیشہ زندگی بھر چلتا رہے' بہت سارے لوگ اس سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ جب سے میں نے یہ رسالہ پڑھنا شروع کیا ہے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے اور ہو رہا ہے' میں گزشتہ اجتماع میں بھی آئی بہت فائدہ ہوا اس کے علاوہ ہر اسم اعظم کے دم میں دم کروانے کیلئے بھی تسبیح خانہ میں حاضر ہوئی' جب بھی دم کیلئے آنا ہو اللہ تعالیٰ پیسوں کا سبب غیب سے بنادیتے ہیں' میں اب الحمدللہ پانچ دم کروا چکی ہوں' مجھے بہت فائدہ ہورہا ہے اتنا سکون ملتا کہ میں بیان نہیں کرسکتی۔ میرے بہت سے روحانی و جسمانی مسائل اب ختم ہورہے ہیں اور مجھے اپنے رب پر پوری پوری امید ہے کہ مکمل ٹھیک ہوجاؤں گے' ہم سب گھر والے اور میرے بچے دم کروانے آتے ہیں ہم ان شاء اللہ سب ٹھیک ہورہے ہیں۔ میری کہیں جاب نہیں لگ رہی تھی اور لگتی تو جگہ پسند نہ آتی۔ اپریل کے مہینے میں اسم اعظم کے دم میں شریک ہوئی اور دم کے بعد مجھے تین جگہ سے جاب کی آفر ہوئی' پہلی جگہ ہی گئی وہیں پر اللہ نے روزی دے دی' اللہ اس میں برکت ڈالے۔ بہت بہت شکریہ! الحمدللہ! گھر میں خوشحالی آرہی ہے' بیماریاں پریشانیاں ختم ہورہی ہیں' بچوں کے بہت سے مسائل تھے جو کہ اب ختم ہورہے ہیں۔ میری صحت میں دن بدن بہتری آرہی ہے۔ (ف۔گل' گوجرانوالہ)

اہم نوٹ: ہر ماہ اسم اعظم کے روحانی دم کے بعد پوری دنیا میں مختلف شعبوں کے خدام (مخلصین) کیلئے درس (مذاکرہ) ہوگا۔ ہر مخلص شرکت یقینی بنائے۔ مذاکرہ ویب سائٹ پر آن لائن سنا' دیکھا جائے گا۔ دنیا بھر سے مختلف شعبوں خدمت والے تمام مخلصین اس مذاکرہ میں آن لائن ضرور شامل ہوں۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سوفیصد حل ہے۔

29 اکتوبر بروز اتوار اسم اعظم کا روحانی دم صبح 8 سے 9 بجے تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ 29 اکتوبر بروز اتوار حلقہ کشف المحجوب اور مراقبہ بعد نماز مغرب تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا

اور بالآخر جنات چھوڑ گئے!	خالص بوہڑ کے دودھ والی گولی کا نسخہ حاضر	چہرہ خوش رنگ اور ملائم کرنے کا نسخہ	قرآن کی وہ آیت جسے پڑھتے ہی ہر دعا قبول

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں' آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ' چاہے بے ربط ہی لکھیں' صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

اور بالآخر جنات چھوڑ گئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں 6 سورتوں والا پیکیج خود بھی پڑھتی ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتی ہوں' اللہ کے فضل سے سب ٹھیک ہوجاتے ہیں۔اس کے علاوہ عبقری میگزین میں آئے تمام وظائف خود بھی کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی بتاتے ہیں۔

ہمارا نوکر ایک دن مجھے کہنے لگا: باجی آج جمعہ ہے اگر آپ اجازت دیں تو میں جمعہ پیر صاحب کے پاس جاکر پڑھ لوں۔میں نے کہا: ہاں چلے جاؤ! اگر کوئی مسئلہ ہے تو مجھے بتاؤ شاید میں اس کا کوئی حل تمہیں بتادوں۔کچھ سوچ کر کہنے لگا جی میرے چچازاد اور چچی کو جن ہوگئے ہیں۔میں اپنے پیر صاحب سے دم کروانا چاہتا ہوں۔میں نے ہاں ہاں اپنے پیر صاحب کے پاس جاؤ' دم کرواؤ' دعا کرواؤ مگر اس سے پہلے میں تمہیں ایک چیز دیتی ہوں' اس سے ان شاء اللہ وہ جنات تمہارے چچازاد اور چچی کی جان چھوڑ جائیں گے۔

میں نے اسے تہدیدی نامہ جو میں نے ماہنامہ عبقری کے دفتر سے لیے تھے (ان کی کافی زیادہ فوٹو کاپیاں کرواکر گھر میں رکھی ہوئی ہیں) دے دیئے' اور طریقہ سمجھایا کہ اگر وہ جنات مسلمان ہوئے تو ضرور شفاء ہوگی۔ چند دنوں بعد خود ہی میرے پاس آیا اور کہنے لگا: باجی میں نے وہ تہدیدی نامہ جو کہ آپ نے تین دیئے تھے وہ گھر کے تینوں کمروں میں لگا لیے۔الحمدللہ! اللہ کے حکم سے وہ دونوں بالکل ٹھیک ہیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب یہ سب آپ کی دعا اور مخلوق کیلئے کی گئی محنت سے ہے۔(ا۔ش)

قرآن کی وہ آیت جسے پڑھتے ہی ہر دعا قبول

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پہلی مرتبہ خط لکھ رہا ہوں' میں اٹلی میں رہتا ہوں' کافی سال پہلے ایک مرتبہ موبائل فون پر آپ سے رابطہ کیا تھا اور آپ کو اپنی مشکلات بتائی تھیں آپ نے مجھے **ایاك نعبدو ایاك نستعین یاقادر یانافع** پڑھنے کیلئے دیا تھا' اس کے علاوہ گزشتہ پانچ ماہ سے آپ کے سارے درس انٹرنیٹ سے سنتا ہوں' آپ کے درس سن کر احساس ہوا کہ زندگی کا مقصد کچھ اور ہے جبکہ میں نے اپنی زندگی کے چالیس سال اس دنیا کے پیچھے برباد کیے لیکن اس دنیا کو نہ پاسکا۔اپنی جوانی' دولت اور فضول کاموں میں گزاردی' لیکن نہ دولت بناسکا اور نہ دنیا کو پاسکا۔ مگر اب آپ کے درس سننے اور وظیفہ پڑھنے کے بعد ذہن کو سکون ملتا ہے۔مسائل حل ہونا شروع ہوئے ہیں۔زندگی کا مقصد معلوم ہوگیا ہے۔ میرے پاس ایک روحانی عمل ہے جو کہ خاص طور پر عبقری قارئین کیلئے بھیج رہا ہوں۔ایک اللہ والے فرماتے ہیں کہ سورۂ انعام کی درج ذیل آیت جس میں ایک ہی جگہ دو مرتبہ لفظ اسم اعظم اللہ اللہ آیا ہوا ہے اگر دونوں اسم اللہ کے درمیان جو دعا مانگی جاتی ہے وہ قبول ہوجاتی ہے۔اس کے متعلق امام جزری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم نے اس کا بار بار تجربہ کیا ہے اس کے علاوہ بہت سے دیگر علماء سے بھی اس کا مجرب ہونا منقول ہے۔مطلب یہ کہ پارہ یا سورۂ کی تلاوت کرتے ہوئے جب اس جگہ پہنچیں اس وقت اگر یہ بات ذہن میں ہو تو پہلے اسم ذات اللہ پر قدرے توقف کرکے دل ہی دل میں دعا کرلی جائے پھر آگے تلاوت کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔آیت درج ذیل ہے:

وَاِذَا جَآءَتۡهُمۡ اٰيَةٌ قَالُوۡا لَنۡ نُّؤۡمِنَ حَتّٰى نُؤۡتٰى مِثۡلَ مَاۤ اُوۡتِىَ رُسُلُ اللّٰهِ ؕ اَللّٰهُ اَعۡلَمُ حَيۡثُ يَجۡعَلُ رِسَالَتَهٗ (الانعام 124) (کامران خان' اٹلی)

خالص بوہڑ کے دودھ والی گولی کا نسخہ حاضر ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں۔ماشاءاللہ بہت مفید میگزین ہے' ہر سوال کا جواب ہمیں مل جاتا ہے۔مجھے اس شمارے سے بہت سے قیمتی راز ملے ہیں' میرے پاس بھی اپنے آزمودہ نسخہ جات ہیں جنہیں بہت سے قارئین کافی عرصہ سے تلاش کررہے ہوں گے آج میں اپنا سینے کا راز ان کیلئے کھول رہا ہوں۔**ھوالشافی:** بوہڑ کے درخت کی شاخوں کے ساتھ لٹکی ہوئی ڈاڑھی تقریباً وزن 250 گرام ہو' پیپل کے درخت پر لگے ہوئے بیج تقریباً 125 گرام۔**طریقہ:** بوہڑ کی ڈاڑھی کو سائے میں خشک کرلیں پھر چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹ دیں پھر آٹھ لیٹر پانی میں پیپل کے بیج اور بوہڑ کی ڈاڑھی کے ٹکڑے ڈال دیں پھر ایک ہی قسم کی لکڑی کا استعمال کریں اور آگ ہلکی ہلکی اور متواتر دیں' پانی خشک ہوتے ہوتے ایک پاؤ پانی بچ جائے پھر پانی کو صاف کپڑے سے چھان لیں پھر اس میں خالص میدہ ڈال کر ہلکی ہلکی آگ پر حلوہ بنالیں۔مزید گاڑھا کریں' جب خشک ہوجائے تو اس کی چھوٹی چھوٹی گولیاں بنالیں پھر ان گولیوں پر بوہڑ کے دودھ کا ایک ایک قطرہ ڈال دیں۔**طریقہ استعمال:** تین گولیاں خالص دودھ کے ساتھ کم از کم دو گھنٹے پہلے کھائیں' پھر چلتے پھرتے رہیں فوراً سونا ٹھیک نہیں۔ اعصابی قوت' پٹھوں کے درد' مردانہ کمزوری کا سالہا سال سے آزمودہ علاج ہے۔

جوڑوں کے درد' فالج' لقوہ' ہڈیوں کے درد کیلئے

ھوالشافی: ایک ڈلی ہڑتال ورقیہ لیں اور آک کے چالیس پتے لیں' بیس پتے ہڑتال ورقیہ کے نیچے رکھیں اور بیس پتے اوپر رکھیں۔پھر ان پتوں کو سوئی اور دھاگے سے سی لیں پھر مٹی کا چھوٹا گھڑا لے لیں اور ہڑتال ورقیہ والے پتے اس میں ڈال کر گل حکمت کرلیں منہ اچھی طرح بند ہو' گیس ہرگز باہر نہ نکلنے پائے۔پھر نیچے آگ جلائیں صرف ایک ہی قسم کی لکڑی ہو یا اوپلوں کی آگ ہو' متواتر آگ جلاتے جائیں پھر کسی کپڑے سے پکڑ کر گھڑے کو زور زور سے گھمائیں اگر صرف ڈلی کی آواز آئے تو پتے جل چکے ہوں گے پھر وہ ڈلی پتوں کی راکھ سے نکال لیں اور وہ ڈلی بالکل گولڈن براؤن ہوگی پھر اس ڈلی کو باریک پیس لیں۔پھر اس کو پانی میں ڈال کر چیک کریں اگر تیرنے لگے تو کشتہ ٹھیک بن گیا پھر کاغذ پر رکھ کر آگ لگائیں تو دھواں آئے تو کشتہ ٹھیک نہیں ہے اگر دھواں نہ آئے تو پھر ٹھیک ہے پھر بھی احتیاط کے طور پر کسی مرغی یا خرگوش کو اس کی ایک خوراک کھلائیں تو پتہ چل جائے گا اگر زہر باقی ہے تو وہ جانور کو نقصان دے گی جب میں نے بنا کر ان مراحل سے گزارا اور وہ پانی میں بھی تیرتا تھا اور دھواں بھی نہیں دیا۔ایک مرغی کو میں نے اس کی ایک خوراک دی تو وہ سخت سردی میں بھی بالکل فریش تھی جیسے

ان پر سردی اثر ہی نہیں کر رہی۔ خوراک: ایک تنکے کے برابر چھوٹی شہد کے ساتھ دن میں ایک بار استعمال کریں۔ جوڑوں کے درد' فالج' لقوہ' ہڈیوں کا درد وغیرہ کیلئے لاجواب و مؤثر ہے۔ سخت سردی میں بھی آپ بغیر گرم کپڑے پہنے ہشاش بشاش رہیں گے۔ (محمد ساجد مراد' لودھراں)

ہم پستی اور زوال کا شکار ہیں! کیوں؟

معروف کالم نگار جاوید چودھری لکھتے ہیں ''ہم روزانہ قرآن مجید کا مطالعہ کرتے ہیں ہم عام زندگی میں آیات بھی دہراتے ہیں لیکن ہم ان آیات سے اثر نہیں لیتے' ہم قرآن مجید پڑھنے کے باوجود بدعنوان بھی ہیں' چور بھی' دھوکے باز بھی' ظالم بھی' بے انصاف بھی' شدت پسند بھی' کوتاہ فہم بھی' علم دشمن بھی' منافق بھی' فرقہ پرست بھی' بدحال بھی' غریب بھی اور بیمار بھی! کیوں؟ قرآن مجید کے پڑھنے والوں کو تو ایسا نہیں ہونا چاہیے یہ تو اقوام عالم کے لیڈر ہونے چاہئیں لیکن ایسا نہیں! ایسا کیوں نہیں؟ اس کی واحد وجہ جہالت ہے' ہم علم کے بغیر قرآن مجید پڑھ رہے ہیں' لہٰذا ہم اس سے اثر نہیں لے پاتے''۔ واقعی قرآن پاک کے ہوتے ہوئے ہم اتنے بدحال کیوں ہیں؟ قارئین! قرآن مجید کی آیات کے طاقت کے چند واقعات تحریر کرتا ہوں: (1) پچھلے دنوں فون پر ایک دوست سے بات ہوئی جو کہ دو تین سال پہلے ایف سی میں بھرتی ہوئے ہیں' گپ شپ کے دوران انہوں نے کہا کہ یار! بڑی مصیبت میں ہوں' میں نے کہا کہ کیا مصیبت ہے؟ اس نے کہا کہ ہماری پلاٹون کو بارہ بارہ گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے ہر گروپ کا ایک نگران ہے اور ہمارا وہ نگران (افسر) ہم پر بہت زیادتی کر رہا ہے' ڈیوٹی زیادہ لیتا ہے' باتیں سناتا ہے غرض اس نے بہت باتیں کیں۔ اس پر مستزاد یہ کہ مردان کا موسم گرم ہے' ہماری ڈیوٹی ایک افسر کے بنگلے پر ہے وغیرہ وغیرہ۔ میں نے اس سے کہا کہ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے وضو بے وضو یعنی ہر وقت آیت حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھا کرو۔ دو دن کے بعد اس کا فون آیا اور اس نے بتایا کہ یار اس آیت نے تو کمال کر دیا۔ دوسرے دن عصر کے وقت اس نگران (افسر) کی بدلی ہوئی اور دوسرے ہی دن ہمیں چھٹکارا مل گیا اور کہا کہ سارے اہلکار بہت خوش ہیں۔ (2) میں نے کسی کتاب میں پڑھا تھا کہ اگر آپ بس سٹاپ یا سڑک پر گاڑی کے انتظار میں کھڑے ہیں اور مطلوبہ جگہ کی گاڑی نہیں مل رہی تو گیارہ مرتبہ سورۃ قریش پڑھیئے ان شاء اللہ مطلوبہ جگہ کی گاڑی مل جائے گی۔ پانچ سال سے خود میرا تجربہ ہے جب بھی گاڑی نہیں ہوتی مندرجہ بالا سورۃ پڑھ لیتا ہوں ادھر سورۃ مکمل ہوتی ہے ادھر کنڈیکٹر پوچھتا ہے بھئی کہاں جانا ہے؟ بعض دفعہ تو سال آیا آٹھ مرتبہ پڑھنے پر ہی گاڑی مل جاتی ہے۔ یعنی گیارہ دفعہ سے پہلے' پڑھنے کے دوران ہی گاڑی مل جاتی ہے۔ قرآن کیا ہے؟: (1) اللہ تعالیٰ کی کتاب جو پوری دنیا کی کتابوں کی سردار۔ (2) کتاب کو لانے والے جبرائیل علیہ السلام فرشتوں کے سردار۔ (3) جس پر اتارا وہ انبیاء کرام علیہم السلام کے سردار (محمد ﷺ)۔ (4) جس امت پر اترا وہ تمام امتوں کی سردار (مسلمان)۔ (5) جس شہر میں اترا وہ شہروں کا سردار (مکہ مکرمہ)۔ (6) جس مہینے میں اترا وہ مہینوں کا سردار (رمضان المبارک)۔ (7) اور جس رات میں اترا وہ راتوں کی سردار (شب قدر)۔ اس کے باوجود ہم پستی اور زوال کا شکار ہیں! کیوں؟ (پ۔ش)

ہاضمہ' پیٹ کی گیس' معدہ اور جگر کی گرمی کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو خوش رکھے محترم شیخ الوظائف! کچھ تحریریں آپ کی خدمت میں ارسال کر رہی ہوں' پسند آئیں تو اللہ تعالیٰ کے بندوں کیلئے شائع فرما کر مشکور فرمائیں۔

ہاضمہ' پیٹ کی گیس' معدہ اور جگر کی گرمی کیلئے: خشک دھنیا سو گرام' سونف سو گرام' مصری سو گرام' اجوائن پچیس گرام' ان سب چیزوں کو اچھی طرح صاف کر کے گرائنڈ کر لیں۔ چائے کا ایک چمچ ہر کھانے کے بعد پانی سے کھانا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

دہی کے فوائد: دہی سے بے شمار امراض سے شفاء ملتی ہے اور عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔ دہی دل و دماغ اور انتڑیوں کو قوت بخشتا ہے' بادی کو دور کرتا ہے۔ دہی میں شکر ملا کر پینا زکام کیلئے مفید ہے۔ تپ دق' پرانی کھانسی' دمہ اور بواسیر میں بے حد مفید ہے۔ پیچش اور سنگرہنی کو دور کرتا ہے۔ دہی عام کمزوری اور خون کی کمی میں نہایت مفید ہے اور با آسانی ہضم ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ دہی میں دودھ کی نسبت دگنی غذائیت ہے' بچوں کے اسہال' ضعف اعصاب' خون کی کمی اور آنتوں کے امراض میں دہی غذا بھی ہے اور دوا کی دوا بھی ہے اس سے جسم پرورش پاتا ہے' کمزوری اور ضعف کی شکایت دور ہو جاتی ہے' معدے اور آنتوں کا ورم تحلیل ہو جاتا ہے اور وزن میں اضافہ بھی ہو جاتا ہے۔

چہرہ خوش رنگ اور ملائم کرنے کا نسخہ: لیموں نچوڑ کر دودھ پھاڑ کر پنیر تیار کر کے کھانا ہے۔ اس سے چہرہ کی جلد ملائم اور خوبصورت ہو جاتی ہے۔ مقدار خوراک: صبح ناشتہ کے بعد کم از کم تین چمچ چائے والے پنیر کے کھائیں' زیادہ سے زیادہ پانچ بھی کھا سکتے ہیں۔ دن میں صرف ایک بار ہی کھائیے۔

چہرے سے بالوں کا خاتمہ: ھوالشافی: ایک چمچ میدہ' ایک چمچ پسی ہوئی پھٹکڑی' عرق گلاب میں ملا کر پیسٹ بنانا ہے اور چہرے پر لگائیں۔ خشک ہونے پر جھاڑ دیں ایک مہینہ تک یہ عمل کریں۔ چہرے کے بال آہستہ آہستہ کمزور ہو کر جھڑ جائیں گے اور دوبارہ نہیں اُگیں گے۔ (تاج چیمہ' لاہور)

(بقیہ: حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی علمی ذہانت)

رہی' مچھلی کے پیٹ سے باہر نکل کر آپ عرصہ تک زندہ رہے' پھر آپ کی وفات ہوئی۔ چوتھا جواب: جو قیدی قید خانے میں سانس نہیں لیتا' وہ بچہ ہے' جو شکم مادر میں قید ہے' خدا نے کہیں اس کے سانس لینے کا ذکر نہیں فرمایا۔ نہ وہ سانس لیتا ہے مگر زندہ رہتا ہے۔ یہ جوابات حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس نصرانی بادشاہ کے پاس بھجوا دیے۔ اس نے ان جوابات کو دیکھ کر یہ کہا کہ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ ابھی مسلمانوں میں شاید کوئی نبی زندہ ہے۔ کیونکہ یہ جواب نبی کے سوا کوئی نہیں دے سکتا۔ (یہ محض اس کا گمان تھا جبکہ درحقیقت نبی کریم ﷺ آخری نبی ہیں اور آپ ﷺ کے بعد نبوت کا سلسلہ بند ہو چکا اور کوئی نبی قیامت تک نہیں آئے گا) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی علمی بلندی کی وجہ سے تمام خلفاء آپ کی بڑی عزت فرماتے تھے۔

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکر گزار رہوں گا۔

کتاب نمبر 41: تربیت اولاد اسلام اور جدید سائنس: دنیا میں سب سے زیادہ بچے ہیں اور بچے ہی آنے والے وقت کے معیار کو پرکھیں گے اور آئندہ کے معمار ہیں لیکن ہماری بے توجہی اور وقت کی قلت نے بچوں کو خودرو پودے کی طرح کہ جس طرح چاہے بڑھیں اور جیسے جیسے اس کی فاضل [illegible] کا اختیار ہے ہرگز نہیں۔ بچہ خودرو پودا نہیں بلکہ یہ ایک حسین پھول ہے۔ جس کی نوک پلک' نشوونما اور پرورش روزانہ کرنا پڑتی ہے۔ اپنے معاشرہ کو دیکھتے ہوئے میرا جذبہ یہ ہے کہ نئی نسل کی مکمل تربیت ہو اور یہی نئی نسل پوری امت کیلئے ہدایت اور امن کا ذریعہ بنے۔ آئیے اس کتاب کے ذریعے معاشرہ میں خیر لائیں اور شر کو ختم کریں۔ اس کتاب کی تالیف میں درج ذیل محترم شخصیات اور رسالہ و میگزین سے مدد لی گئی۔ عباس اختر اعوان۔ مائل نقوی۔ یاسمین فاطمہ۔ احمد رضا خان اعوان۔ حکیم غلام ربانی' کراچی۔ تحسین امتیاز۔ مسز گلستان رستم بلیموریا۔ جناب زبیر حسین۔ فریدالدین احمد۔ سلیم اختر۔ جے۔ اچ۔ یولک۔ پروفیسر عبدالحی علوی۔ غلام محی الدین۔ ڈاکٹر ایس۔ برہم چاری۔ از مرزا شاہد حسین' محی الدین پوری۔ محمد الیاس۔ ڈاکٹر محمد حنیف مندیلوی۔ خلیق تبسم۔ عائشہ ذوالفقار علی۔ مسٹر اسٹیلا میکے میکس گلتھر' ترجمہ: محمد نعیم۔ دیویندر اتر۔ مستفیض احمد علوی۔ ساجد انصاری۔ پروفیسر سید محمد سلیم۔ مولانا زاہد الراشدی۔ مترجم شمیم کاظمی۔ سید عرفان احمد۔ ہمدرد صحت۔ اردو ڈائجسٹ۔ سیارہ ڈائجسٹ۔ ایشیا' لاہور۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

آنتوں میں خرابی یا قبض دونوں ختم: آنتوں میں خرابی یا پھر قبض ہوجانے کی صورت میں مہندی کے پتوں کا جوشاندہ پلانا بہت مفید ہوتا ہے۔

مضبوط بال آنکھیں ناخن اور جلد کیلئے باجرہ کھائیں!

محمد عبداللہ لاہور

برس ہا برس سے اطباء بھی یہ مشورہ دیتے آرہے ہیں کہ باجرہ کو گُڑ شکر' گھی یا دیگر کھانے والے تیلوں میں ملا کر کھانے سے کمر مضبوط' خون عمدہ اور ہاضمہ درست رہتا ہے۔ پیٹ کی چربی میں کمی کے ساتھ گیس بھی نہیں ہوتی۔ موسم سرما میں باجرے کی روٹی ایک طاقتور غذا ہے۔

ہمارے جسم کو چاق و چوبند رکھنے کیلئے پروٹین کی روزانہ ضرورت ہوتی ہے۔ ہماری غذا میں بھی زیادہ حصہ لحمی یعنی پروٹین بنانے والے اجزا کا ہوتا ہے۔ انہیں اجزائے لحمی یعنی پروٹین کہتے ہیں۔ یہ پروٹین ہمیں اناج' پھل' سبزیوں اور گوشت وغیرہ کے استعمال سے حاصل ہوتا ہے۔ مختلف قسم کے اناج ہماری روزمرہ کی غذا میں ضرور شامل ہونے چاہئیں تاکہ ہمارے جسم کو قوت اور توانائی ملتی رہے اور ہم مضبوط صحت مند اور چاق چوبند رہ سکیں۔ ان ہی اجناس میں سے ایک نہایت مفید اور قیمتی اناج باجرہ کی صورت میں با آسانی دستیاب ہے۔ باجرہ ایک ایسا اناج ہے جو بدن کو بھرپور غذائیت دینے کے ساتھ ساتھ نزلہ' زکام کو بھی دور کر دیتا ہے۔ باجرہ پر کی گئی مسلسل تحقیق سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ یہ جسم میں چربی کم کرنے اور اعصاب کو طاقت پہنچانے کی خصوصیت رکھتا ہے عام طور پر باجرہ اور چنے کو غریبوں کا اناج کہا جاتا ہے۔ راجھستان اور گرم خشک علاقوں میں مزدور باجرہ کی روٹی کھا کر چودہ سے پندرہ گھنٹے تک محنت کرتے ہیں اور تھکن تک محسوس نہیں کرتے۔ عام طور پر لوگ بھوک کی کمی اور کمزور ہاضمہ' پیٹ کے امراض میں مبتلا ہوکر پریشان پھرتے ہیں اگر کم لیسدار اجزاء والے اس موٹے اناج کو استعمال کریں تو بدہضمی اور گیس وغیرہ جیسے امراض سے چھٹکارا حاصل کرسکتے ہیں۔

برس ہا برس سے اطباء بھی یہ مشورہ دیتے آرہے ہیں کہ باجرہ کو گُڑ شکر' گھی یا دیگر کھانے والے تیلوں میں ملا کر کھانے سے کمر مضبوط' خون عمدہ اور ہاضمہ درست رہتا ہے۔ پیٹ کی چربی میں کمی کے ساتھ گیس بھی نہیں ہوتی۔ موسم سرما میں باجرے کی روٹی ایک طاقتور غذا ہے۔ باجرے کے لڈو اور باجرے کی کھچڑی بھی بنائی جاتی ہے۔ باجرہ ایک صحت بخش اناج ہے جو بڑھتی عمر کے بچوں کیلئے بہترین غذا ہے۔ یہ انتہائی زود ہضم ہے اس کے اندر سیلیکون وافر مقدار میں پایا جاتا ہے۔ سیلیکون بالوں' آنکھوں' جلد اور ناخنوں کی صحت کیلئے بہت ضروری ہے ان معدنیات کی کمی کے نتیجہ میں مختلف اعضاء کو جوڑنے والی نسیں ڈھیلی پڑ جاتی ہے ہیں۔ یہ پروٹین اور آئرن کی سپلائی کا بہترین ذریعہ ہے۔ نئی تحقیق کے مطابق اگر ہم زیادہ مقدار میں ثابت اناج کا استعمال خاص طور پر باجرہ کا استعمال کریں گے تو طویل العمر پائیں گے صحت مند رہیں گے اور بڑھاپا دیر سے آئے گا۔

باجرے کی میٹھی روٹی تو ضرور ہی کھائیے!

اشیاء: باجرے کا آٹا ایک کلو' چینی یا دیسی شکر حسب ضرورت' خشخاش پچاس گرام' سونف چائے دو چمچ' الائچی خورد چار عدد' گھی حسب ضرورت۔ ترکیب: چینی یا شکر کو پانی میں حل کرکے اور ابال کر اس کی چاشنی تیار کرلیجئے۔ باجرہ کے آٹے میں خشخاش' سونف اور الائچی ملالیجئے اور پھر چاشنی سے باجرہ کے آٹے کو ایک روٹی کیلئے ہتھیلی سے مل مل کر گوندھیے۔ آٹا نہ زیادہ سخت ہوا اور نہ زیادہ نرم۔ آٹا ٹھیک طرح ہتھیلی سے ملنا ضروری ہے ورنہ روٹی ٹوٹ جائے گی' ایک روٹی کا آٹا گوندھ کر اور روٹی بیل کر گرم سیدھے توے پر ڈال لیے اور دونوں طرف گھی لگائیے۔ دونوں طرف سے سرخ ہوجائے تو نہایت احتیاط سے اس کو توے پر سے اتار لیجئے۔ اوپر خالص دیسی گھی یا مکھن لگا کر تازہ تازہ تناول فرمائیے اور بھرپور صحت پائیے۔ (علی اسامہ' گوجرانوالہ)

(بقیہ: پیغمبر اسلامﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک)

شامل فرما کر کچھ پڑھا پھر اس پانی کو اس کے مشکیزوں میں واپس ڈال دیا گیا پھر آپ ﷺ نے حکم دیا کہ اس کے گھڑوں سے لوگ اپنے برتنوں میں پانی بھر لیں' چنانچہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے تمام برتنوں میں جو کچھ اس وقت تھے پانی بھر لیا (راوی حدیث حضرت عمران رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ پانی بجائے کم ہونے کے اس میں اضافہ ہی ہوا) پھر آپ ﷺ نے اس خاتون کے کپڑے کو بچھوا دیا اور صحابہ کو حکم دیا کہ جو کچھ میسر ہو اس کو لا کردے دیں' چنانچہ صحابہ کرام نے جو کچھ ہوسکا کھجور' آٹا' ستو وغیرہ اس کو لا کر دیا یہاں تک کہ اس کا کپڑا بھر گیا۔ تب آپ ﷺ نے اس کو حکم دیا کہ: اب تم یہ سب لے کر چلی جاؤ ہم نے تمہارے پانی سے کچھ بھی نہیں لیا' ہاں! اللہ تعالیٰ نے ہمیں پانی عطا فرمایا اور ہمیں سیراب کیا۔ یہ عورت واپس ہوگئی اور اپنے گھر والوں کے پاس آئی ان کو بتایا کہ آج میں تمہارے پاس ایسے شخص کے پاس سے آئی ہوں جو لوگوں میں سب سے بڑا جادوگر (نعوذ باللہ) ہے یا یہ کہ وہ اللہ کے سچے رسول (ﷺ) ہیں' یہ سننا تھا کہ اس عورت کے قبیلہ کے لوگ (حسن سلوک کی وجہ سے) آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں آئے اور تمام کے تمام لوگ اسلام میں داخل ہوگئے۔ (بخاری شریف) قارئین! ایک اجنبی دشمن کافر عورت کے ساتھ مسلمانوں کا سلوک کتنا رحیمانہ کریمانہ مشفقانہ اور احسان مندانہ تھا۔ واقعہ یہ بھی ہوسکتا تھا کہ اس عورت سے پانی لے کر اس کو واپس کر دیا جاتا مگر سرور دو عالم ﷺ جو پیکر جود و سخا تھے کس طرح آپ سے یہ ممکن تھا' چنانچہ آپ ﷺ نے اس کو خوب اکرام کرکے اور عطایا و نوازشات کے ساتھ باعزت رخصت فرمایا۔ یہی آپ ﷺ کی شایان شان بات تھی۔

روحانی کیفیت

میرے تمام مسائل حل ہوگئے

(پوشیدہ)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کے فضل اور آپ کی توجہ سے ہر جمعرات تسبیح خانہ آنے کی توفیق مل رہی ہے' یقین جانیے! تسبیح خانہ کی برکات دُنیا و آخرت کی خیریں عافیت' خوشیاں' سکون و اطمینان راحت و چین اور تمام تر پریشانیاں حل ہونے کا مرکز ہے۔ آپ کا درس سنتا ہوں' اس کے بعد برکت والا کھانا کھاتا ہوں' عشاء کی نماز ادا کرتا ہوں' تمام امت محمدؐ' تمام جہانوں کی ارواح' قیامت تک آپ کی' آپ کی نسلوں تک کی نیت کرکے گیارہ مرتبہ سینے پر ہاتھ رکھنے والا عمل کیا' معافی مانگی' معاف کیا اور اَللّٰھُمَّ اَرْحَمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ پڑھتے ہوئے سوگیا۔ خواب میں دیکھا (جیسے کہ بالکل حقیقت ہو) نیک بزرگ شخص ہیں اور بچوں کی طرح میرے سر پر تین مرتبہ شفقت سے ہاتھ پھیرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ تم پریشان نہ ہو' آپ کے سب کام ہوجائیں گے۔ جب میری آنکھ کھلی تو رات کے تین بج کر سات منٹ تھے میں نے فوراً اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا اور بہت بہت رویا کہ میرے رب مجھے' میرے نسلوں اور تمام امت کو تسبیح خانہ سے دور نہ فرمانا اور عافیت واستقامت سے موت تک آنے کی توفیق عطا فرمانا۔ آمین ثم آمین۔ تسبیح خانہ سے نسبت کی وجہ سے میرے کئی کام رکے ہوئے تھے جو کہ اب مکمل حل ہوچکے ہیں اور اب کوئی پریشانی و مسئلہ نہیں ہے اور آپ کے دروس سے سن کر اعمال کرتا ہوں۔ اب تو الحمدللہ قضاء نمازیں بھی پڑھتا ہوں اور اپنی آمدنی سے اڑھائی فیصد نکال کر انمول خزانہ' عبقری کتابچے اور عبقری رسالہ ہر ماہ مخلوق خدا کو آپ کی دعا سے ہدیہ کرتا ہوں۔ لوگوں کو بہت فوائد حاصل ہورہے ہیں اور میرے ڈھیروں کام بن رہے ہیں۔ **میرے روزانہ کے اعمال:** صبح و شام بیعت والی تسبیحات۔ ایک تسبیح روزانہ یَا مُجِیْبُ۔ ایک تسبیح معاذ اللہ۔ ایک تسبیح روزانہ اَللّٰھُمَّ اَرْحَمْ اُمَّۃَ مُحَمَّدٍ۔ ایک تسبیح روزانہ یَا حَفِیْظُ یَا سَلَامُ (آپ کی آپ کی نسلوں اور عبقری کے پورے نظام کیلئے)۔ روزانہ 313 مرتبہ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ (صبح و شام) (تسبیح خانہ کی طرف سے) 300 مرتبہ اللہ اکبر (صبح و شام)۔ مسنون دعائیں۔ ہر نماز کے بعد 35 مرتبہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وحانی بیڈٹی (روزانہ صبح اٹھ کر بستر سے اترنے سے پہلے گیارہ مرتبہ تعوذ تسمیہ اور لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھنا ہے) کا عمل کرتا ہوں۔

پاک فوج کے جوان کا جذبہ شہادت اور لازوال کامیابی

راوی: ماسٹر محمد ایوب شاہد لترا

وہاں ایک اور ہی سہی! ہم سب اللہ کے راستے کے راہی ہیں' آج نہیں تو کل پھر بھی جانا تو ہے' اگر اپنے وطن اور وطن کے بیٹوں کی جان بچانے کی خاطر میری جان چلی گئی تو کونسی ایسی بات ہوئی لیکن مجھے اپنے مالک پر پورا یقین ہے وہ مجھے ضرور کامیابی عطا فرمائیں گے۔

راوی کا بیان ہے کہ غالباً 1992ء یا 1993ء میں سیلاب آیا۔ دریائے توی جو چناب کا ذیلی دریا ہے میں بہت اونچے درجے کا سیلاب تھا۔ علاقہ چھمب جوڑیاں سیکٹر تھا۔ سیلاب پل کا مغربی حصہ لے اڑا تھا' ای رجمنٹ کی ایک چوکی اس پل کے مشرقی علاقہ میں تھی۔ اب ان سے ہر قسم کا رابطہ ٹوٹ گیا۔ وائرلیس سیٹ کی بیٹریاں ختم ہوگئیں۔ تقریباً نو دن ان سے کوئی رابطہ نہ ہوا قیادت کو ڈر تھا کہ ہمارے فوجی دشمن کی قید میں نہ آجائیں اور ہمارے قیمتی رازوں سے دشمن آگاہ بھی نہ ہو۔ یونٹ کے کمانڈنگ آفیسر صاحب نے ساری نفری کو اکٹھا کیا انہیں پوری صورت حال سے آگاہی دی اور ساتھ مشورہ بھی کیا کہ اب کیا کیا جائے۔ سب جوانوں نے اپنے حاضر ہونے کا نعرہ لگایا کہ جواُن کی بچاؤ کی صورت کا جو بھی آپشن ہو ہم اس کیلئے تیار ہیں تاکہ ہمارے بھائیوں کے بچاؤ کی کچھ شکل بن جائے۔ اسی جذباتی صورتحال میں ایک جوان کھڑا ہوا اور کہا کہ سر! مجھے نو عدد لائف جیکٹ اور ایک رسہ جس کے ساتھ کنڈا لگا ہوا ہو دیا جائے اور میں اکیلا ہی جاؤں گا' میرے رب عزوجل نے چاہا تو ضرور کامیابی ملے گی اور مزید بولا کہ میں دریا میں تیر کر اس پل تک پہنچوں گا' ان کو لائف جیکٹ پہنا کر دریا میں چھلانگ لگانے کا کہوں گا' آپ جوان دریا کے کنارے بٹھائیں جو کہ بیس بیس گز یا چالیس گز کے فاصلے پر کھڑے ہوں جو بھی دریا میں جوان نظر آئے اسے نکال لیں۔ کمانڈنگ آفیسر نے کہا دریا کا پاٹ چوڑا ہے اور جہاں چوڑائی کم ہے وہاں دشمن کی گنیں فکس لائن پر لگی ہیں' دریا کے اس پار دشمن تیار بیٹھا ہے لیکن اس جوان نے کہا: ''سر! جہاں نو ساتھیوں کی موت کو برداشت کررہے ہیں وہاں ایک اور ہی سہی! ہم سب اللہ کے راستے کے راہی ہیں' آج نہیں تو کل پھر بھی جانا تو ہے' اگر اپنے وطن اور وطن کے بیٹوں کی جان بچانے کی خاطر میری جان چلی گئی تو کونسی ایسی بات ہوئی لیکن مجھے اپنے مالک پر پورا یقین ہے وہ مجھے ضرور کامیابی عطا فرمائیں گے۔ سب آفیسرز اور جوانوں نے اس مجاہد کے جذبات کو سراہا۔ اس جوان نے قرآن پاک کی تلاوت کی نماز پڑھی اور قرآن مجید کو آنکھوں اور سینے پر رکھ کر بہت جذباتی دعا کی اس کے ساتھ اس یونٹ کے ہر جوان کی آنکھوں سے آنسو کا سیلاب تھا اور دعا گو تھے کہ اب کریم ہماری مدد فرما' کامیابی دے' اب جبکہ وہ نوجوان جانے لگا تو اپنے ساتھیوں سے جذباتی انداز سے یوں گویا ہوا ساتھیو! رب راکھا' اللہ حافظ' میری کمی کوتاہیوں کو معاف کرنا' قرآن مجید کی تلاوت کرنا' اللہ سے کامیابی کی دعا کرنا' زندگی رہی تو ملاقات باقی ورنہ پھر ملاقات ان شاء اللہ جنت میں ہوگی۔

پھر وہ جانباز دریا کے کم چوڑائی والے حصے پر آیا' سامنے دشمن کی گن فکس تھی' ذرا سی آہٹ اسے موت کے گھاٹ اتار سکتی تھی' رات کا اندھیرا' دریا کا شور' لیکن وطن کا سپاہی اللہ کے بھروسے پر بے خوف و خطر اس گن کے سامنے دریا میں کود گیا' جہاں سخت قسم کا سیلاب تھا' موجوں سے لڑتا بھڑتا وہ پل کے مشرقی حصے پر کنڈا رسہ ڈال کر چڑھ گیا اور پل کو کراس کرکے اپنے ساتھیوں کے پاس پہنچ گیا۔ وہ ساتھی اسے دیکھتے ہی خوشی سے نہال ہوگئے اور تعجب کرنے لگے کہ تم ایسے حالات میں یہاں کیسے پہنچ گئے' وہ نو ساتھی کہنے لگے کہ ہمارے لیے آج عید کا دن ہے ہمیں تو اپنی موت کا پورا یقین ہوچکا تھا۔ اس جانباز نے ساتھیوں کا حوصلہ بڑھایا اور انہیں لائف جیکٹ دیئے اور کہنے لگا: اب ہم سب نے دریا میں کودنا ہے' یہ لائف جیکٹ ہمیں ڈوبنے سے بچائیں گی اور آگے دریا کے کنارے ہمارے ساتھی کھڑے ہیں' وہ ہمیں نکال لیں گے۔ یہ سب کچھ ابھی رات کے اندھیرے میں ہی کرنا ہے۔ کچھ ساتھی کئی دنوں سے بھوکے پیاسے ہونے کی وجہ سے گھبرائے بھی (باقی صفحہ نمبر 31 پر)

اگلے ماہ "پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد انوکھے واقعات" جو سو فیصد سچے اور آپ بیتے ہیں۔ پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!۔

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں' ضرور لکھیں۔

حلقہ کشف المحجوب

سزا اور انعام ایک ساتھ

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

آج ہم باب ''ثبوتِ علم'' کا خلاصہ کریں گے! اس باب میں پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: علماء کی صفت میں ارشادِ الٰہی ہے کہ اللہ جل شانہٗ سے اسکے بندوں میں سے عالم لوگ وہی ہیں جو اللہ سے ڈرتے ہیں اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ: ''علم کی تلاش کرنا ہر مسلمان عورت اور مرد پر فرض ہے'' اور حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ: ''علم کو تلاش کرو اگرچہ وہ چین ہی میں ملے'' اور یہ جان لو کہ علوم بہت ہی زیادہ ہیں اور انسان کی عمر بہت تھوڑی ہے۔ اس لیے تمام علوم وفنون کا سیکھنا انسان پر فرض نہیں ہے۔'' پیر علی ہجویریؒ آج سے ایک ہزار چالیس سال پہلے یہ فرما رہے اور بعض روایات میں ہے کہ ایک ہزار اکہتر برس ہوگئے ہیں آپ رحمۃ اللہ علیہ اُس وقت یہ فرمارہے ہیں کہ انسان پر تمام علوم سیکھنا فرض نہیں ہے۔ مثلاً: ''علم نجوم، حساب، علم بدیع، صنائع، بدائع'' کا پڑھنا کوئی ضروری نہیں، اور پھر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے آگے فرمایا کہ: بیماری سے بچنے کیلئے ''علم طب''۔ وراثت کے مسائل معلوم کرنے کیلئے ''علم میراث'' حیض اور عدت وغیرہ کے سیکھنے کیلئے ''علم فقہ'' غرض کہ علم کا سیکھنا اس قدر فرض ہے جس سے عمل درست ہوں کیونکہ اللہ جل شانہٗ نے ان لوگوں کی مذمت کی ہے جو غیر مفید علم سیکھتے ہیں۔ اللہ پاک فرماتے ہیں: ''وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ کہ وہ ایسے علوم سیکھتے تھے جو انہیں نقصان دیتا ہے اور کوئی فائدہ نہیں دیتا'' خلیفہ ہارون رشید رحمہ اللہ کے دور میں ایک آدمی آیا وہ کہنے لگا کہ: میں نے ایک فن پر محنت کی ہے، میرا نشانہ اتنا مضبوط ہے کہ سوئی کے ناکے (سوئی کے سوراخ) میں سے ایک باریک سوئی گزار سکتا ہوں تو ہارون رشید رحمہ اللہ نے کہا کہ بالکل ٹھیک ہے، اُس نے ویسا کرکے دیکھا دیا۔ تو ہارون رشید رحمہ اللہ نے کہا کہ: اسکو اتنے درے لگاؤ اور اتنے درہم انعام میں دو! کہنے لگے کہ حیران کن بات کہ اتنے درے لگائیں اور اتنے درہم انعام دیں۔ خود ہی کہنے لگے: اِس شخص نے ایسے علم پر محنت کی ہے اور ایسے علم پر جان کھپادی جو اسکو آخرت میں نفع نہیں دے سکتا اس لیے اس کو میں نے درے لگوائے ہیں' درہم اس لیے دیئے کہ اس نے اپنا فن دکھایا ہے۔ (جاری ہے)

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ "حلقہ کشف المحجوب" کا آج ہی مطالعہ کریں

ادب نہیں کرتا! بے ادب خالق ومخلوق دونوں کا معتوب ومغضوب ہے۔ جو دوسروں کا ادب نہیں کرتا کوئی دوسرا بھی اس کا ادب نہیں کرتا۔ (ہربرٹ سپنسر)

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 96

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

کیا دنیا میں اب بھی ایسے ظالم ہیں: پورا مجمع غم کے حالات کو حیرت اور درد سے دیکھ رہا تھا۔ حیرت اس لیے کہ کیا دنیا میں ایسے لوگ بھی ابھی تک موجود ہیں جن کا ظلم وستم اور جن کا جبر اور استبداد اتنا زیادہ کیسے ممکن ہے؟ ہاں! پرانے وقتوں میں ایسے لوگوں کے واقعات تو ضرور سنتے تھے کیا اب بھی ایسے لوگوں کے واقعات زندگی میں موجود ہیں کہ جنہوں نے اتنی زیادہ مخلوق کو تکلیف دی' ان میں نہ جن بخشا گیا نہ انسان' ہر ایک کو اس نے اذیت کی دھار چڑھایا اور اذیت بھی ایسی دی کہ سننے والے کا منہ کھلا کا کھلا رہ جاتا تھا اور آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جاتی تھیں۔ بادشاہ بیٹھا تمام مجمع سے ان کے دکھوں کے حالات سن رہا تھا' دکھیاروں نے اپنی کہانیاں بڑھائیں اور دکھی لوگوں نے اپنی داستانیں سنائیں'

بھیانک خطرناک آواز: ایک دکھی انسان کہنے لگا: میں ایک دن نہا رہا تھا مجھے محسوس ہوا کہ میرے ہاتھ سے کسی نے صابن چھین لیا' میں سمجھا کہ شاید صابن گر گیا ہے' میں نے صابن کو دائیں بائیں تلاش کیا' پر صابن نہیں ملا' دوبارہ تلاش کیا مگر نہ ملا' پھر مجھے زور کا اک قہقہہ سنائی دیا اور اس میں سے ایک بھیانک خطرناک اور سیٹی کی طرح تیز آواز جس نے میرے کانوں کو چیر کر رکھ دیا آواز آئی: تم بہادر ہو تو مجھ سے صابن لے کر دکھاؤ' تم عقلمند ہو تو مجھ سے لڑنے کی کوئی تدبیر بناؤ' تم صحت مند ہو تو مجھ سے مقابلہ کرو' میں حیران پریشان کہ یہ آواز کسی انسان کی محسوس نہیں ہوتی یقیناً یہ آواز کسی شیطانی چیز یا جن کی ہے' میں بہت پریشانی کے عالم میں یہ آواز سنتا رہا' میں نہا کر فارغ ہوا' چند دنوں کے بعد میں یہ واقعہ بھول گیا' لیکن کبھی کبھی یاد آتا تو حیرت ہوتی کہ میرے ساتھ ایسا کیوں ہوا؟

مسلسل پریشانی ہی پریشانی: چند ہی دنوں کے بعد میرا بیٹا کھڑا تھا ایسے محسوس ہوا کہ کسی نے اسے دھکا دیا اس کی تین پسلیاں اور ایک بازو کی ہڈی ٹوٹ گئی' مجھے بہت پریشانی ہوئی' اس کے علاج معالجہ میں لگ گئے ایک دفعہ ہڈی بنوائی صحیح جگہ نہ لگی پھر ہڈی کو درست کروایا' پھر صحیح جگہ نہ بیٹھی اسی طرح میں مسلسل پریشانی کے عالم میں اپنے گھر کا علاج کرواتا رہا' میری دوسری بچی کو سخت بخار ہوگیا اور تمام گھر اسی بخار اور پریشانی میں مزید مبتلا ہوگیا' حتیٰ کہ جتنی دوائی دیتے تھے بیماری اور بگڑ جاتی تھی اور جتنا علاج کراتے تھے تکلیف اور زیادہ پھیل جاتی تھی۔ اِدھر بیٹے کی کراہیں اور آہیں اُدھر گھر میں بخار کی تکلیف'

میں ٹوٹ کر رہ گیا: ابھی دو ہفتے بھی نہیں گزرے تھے کہ میرے گھر کی ایک بالکل صحیح سالم دیوار میں دراڑ پڑنا شروع ہوگئی اور دڑار صرف دو دنوں میں اتنی واضح ہوگئی کہ خطرہ تھا کہ دیوار گرجائے گی کیونکہ غریب سفید پوش دھوبی ہوں اور میں لوگوں کے کپڑے دھو کر زندگی کا گزارہ کرتا ہوں' میری زندگی میں ایسے ایسے عجیب وغریب حالات کہ جس سے میں ٹوٹ کر رہ گیا' میں نے دیوار کو دائیں بائیں سے لکڑیوں کی ٹیکیں دیں لیکن دیوار مزید پھٹتی چلی گئی ایسے محسوس ہوتا تھا کہ کوئی شخص اس کو آکر ... روزانہ کاٹ دیتا ہے اور روزانہ چیر دیتا ہے۔

میرا سب کچھ تباہ وبرباد ہوگیا: یہ سلسلہ مزید چلتا گیا' حتیٰ کہ ایک دن بہت دھماکے سے دیوار گری' انسان تو بچ گئے لیکن گھر کا سارا سامان برباد ہوگیا' اس دن میں جی بھر کر رویا' میرے سارے گھر والے آنسو بہا رہے تھے کیونکہ وہ دیوار کمرے کی تھی اور اس کی وجہ سے میرے گھر کا واحد کمرہ گر گیا' گرمیوں کی رات تھی اور سب کچھ ایک دھماکے سے گر گیا جس سے میرے گھر کا سامان بھی دب گیا اور لوگوں کے کپڑے بھی دفن ہوگئے۔

مقابلہ کی طاقت ہے تو آؤ! میں بچے بیوی سب رو رہے تھے پھر وہی ڈراؤنی بھیانک اور سیٹی سے زیادہ تیز آواز جس نے ہمارے کانوں کے ساتھ ساتھ ہمارے کلیجے چیر کر رکھ دیئے اور اس آواز نے ہمیں متوجہ کیا بلکہ غمزدہ کر دیا' مقابلہ کی طاقت ہے تو آؤ ہم سے مقابلہ کرو اور پھر ایک زوردار قہقہہ! نامعلوم میرے جی میں کیا غم اور درد تھا میں نے فوراً کہا کہ ہم آپ کا مقابلہ کیسے کرسکتے ہیں؟ آپ یہ بتائیں ہمارا قصور کیا ہے؟ اور ہماری پریشانی روز بروز کیوں بڑھتی چلی جارہی ہے؟ تو وہ کہنے لگا: بس ہمیں سسکا تڑپا کر مزہ آتا ہے اور ہم ایسے لوگوں کو زیادہ سسکاتے اور تڑپاتے ہیں جن کا دائیں بائیں کوئی نہیں ہوتا تاکہ ان کے حالات بد سے بدتر ہوں اور ہمیں سکون ملے۔

حادثات در حادثات: ہم پریشان اور بے چین' ہمارے گھر میں حادثات ایسے ہوئے جیسے پانی یعنی بارش کا پانی اور بارش کی طرح حادثات در حادثات ہوتے گئے' عاملوں کے پاس ادھر ادھر بہت بھاگے' بجائے پیسہ ضائع کرنے کے کچھ حاصل نہ ہوا' ایک رات خواب میں میں نے دیکھا کہ ایک درختوں کا بہت بڑا جھنڈ ہے اور ایک ویرانہ ہے' اس میں ایک پرانا بابا بیٹھا ہوا ہے' جس نے پاؤں پھیلائے ہوئے ہیں کچھ لوگ اس کے پاؤں' کوئی کندھے دبا رہے' اس کے بڑے بڑے بال ہیں خطرناک چہرہ ہے'

ہم نے فلاں دھوبی کو یہ تکلیف دی: اس کے جسم کے روئیں روئیں سے بھاپ نکل رہی تھی جو آتشی اور گرم تھی' وہ تھوڑی دیر کے بعد قہقہہ لگاتا اور جن جن لوگوں پر اس نے ظلم کیے تھے ستم ڈھائے تھے اور ان کو برباد کیا تھا۔ ان لوگوں کو تذکرہ کرتا اور پھر خوش ہوتا کہ کس طرح میں نے ان لوگوں کو تکلیف دی' پریشان کیا اور ان کیلئے مسائل پیدا کیے' ان میں میرا تذکرہ بھی آیا اور میرا نام لے کر کہ ہم نے فلاں دھوبی کو یہ تکلیف دی اور اس کی ابتدا نہاتے وقت صابن چھیننے سے اور اس کی انتہا یہ ہے کہ لوگوں کے ہاتھ اس کے گریبان کی طرف بڑھ رہے ہیں' اس نے بے شمار لوگوں کے پیسے دینے ہیں' اس کے گھر کے اخراجات پورے نہیں ہیں' اس کا پل پل تکلیف میں' دکھوں میں' مشکلات میں اور پریشانیوں میں گزر رہا اس کے حالات بد سے بدتر ہیں اور اس کی زندگی انہی مسائل اور مشکلات میں الجھی ہوئی ہے۔ اب ناکامیاں اس کا مقدر ہیں اور پریشانیوں نے اسے گھیرا ہوا ہے۔ حالات' مشکلات اور واقعات نے اس کو کسی قابل نہیں چھوڑا' اس کی زندگی دکھوں اور پریشانیوں میں گھری ہوئی ہے ہم نے اس کا بیٹا ٹھیک نہیں ہونے دینا اور اس کے گھر سے بیماریوں کو نہیں جانے دینا اور تکالیف اور نامرادیاں ہمیشہ اس پر مسلط رکھنی ہیں۔

یہ کوئی خطرناک جن ہے: میں نے جب اپنا حال سنا' تو مجھے اب یقین ہوگیا کہ یہ کوئی خطرناک جن ہے جس نے مجھے اپنی چھیڑ چھاڑ کا ذریعہ بنایا ہوا ہے اور معلوم یہ ہوا کہ میری طرف سے کوئی خطا نہیں ہوئی بلکہ یہ اس کی شرارتوں اور مزاجوں کا حصہ ہے۔ میں مسائل میں گھرتا چلا گیا' آج مجھے مسائل میں گھرے ہوئے پورے چودہ سال اور پانچ مہینے ہوگئے ہیں میں تو پہلے ہی بہت زیادہ غریب فقیر اور تنگدست تھا میرے پاس اور تھا ہی کیا جو میں کچھ کرسکتا' مزید اس شخص نے اور زیادہ مجھے برباد کر دیا۔ میرا کچھ نہ بچا آج مجھے پتہ چلا کہ وہ جن گرفت میں آیا ہے تو میں بھی اس مجمع میں شامل ہوا' وہ چیخ رہا تھا' دھاڑیں مار کر رو رہا تھا سسکیوں اور آہوں سے اس نے سارے مجمع کو رلا دیا اب تو بادشاہ اور اس کے ساتھ بیٹھے ہوئے محافظ اور وزیر بھی وہ سب رونے لگے اور مسلسل آنسوؤں کی لڑیاں بہہ رہی تھیں۔ اور ہر شخص کو اس کے وجود سے کراہت اور نفرت ہو رہی تھی اور اس کا

اندرونی چوٹ اور ورم کیلئے: نمک کو پانی میں ملا کر حسب برداشت گرم کرکے گاڑھا گاڑھا لیپ کرنے سے عام ورم اور اندرونی چوٹ ٹھیک ہوجاتی ہے۔

وجود قابل نفرت بن چکا تھا اور اس کے دن رات سب کو ایسے محسوس ہورہے تھے کہ کسی طرح کوئی موقع ملے اور ہر شخص اس کو مار ڈالے قتل کردے۔ یہ کیفیت اس سارے مجمع کی تھی کہ اچانک ایک شخص کی چیخ وپکار اور شور اٹھا اور وہ بادشاہ سے گفتگو کرنے کی درخواست اور اجازت مانگ رہا تھا اور اس نے اپنے کپڑے پھاڑے ہوئے تھے اس کی آنکھوں سے آنسو اور اس کے بال بکھرے ہوئے تھے' اس کا جسم اور چہرہ جگہ جگہ سے لہولہان تھا اور وہ بار بار ایک بات کہہ رہا تھا کہ بادشاہ سلامت! مجھے اجازت دیں میں آپ کے سامنے اس کا سر قلم کردوں' اس کو جلا ڈالوں اس کو ماردوں بس مجھ سے میرے غم کا واقعہ اور غم کا قصہ اور کہانی نہ سنیں کیونکہ میرا غم بہت زیادہ اذیت ناک ہے' وہ ایک جن تھا' بہت بوڑھا تھا' اس جادوگر جن سے بھی عمر میں بہت زیادہ بڑا محسوس ہورہا تھا' اس کا لباس پھٹا ہوا تھا یا کہ اس نے خود پھاڑا تھا اس کے جسم کی جگہ جگہ سے خون بہہ رہا تھا اور لہو رس رہا تھا' اس کے جسم کا ایک ایک حصہ زخمی تھا' اس کی طبیعت میں مظلومیت تھی اس کے لفظوں میں درد تھا بادشاہ نے رعب دار لہجے میں اسے کہا کہ غم نہ کرو' مجھے اپنا درد اپنا غم اور اپنی پریشانی سناؤ' تو وہ کہنے لگا: دراصل بات یہ ہے کہ میں ایک صاحب علم شخص ہوں' میں نے بہت زیادہ علم حاصل کیا اور میں جنات کے ان لوگوں میں سے ہوں جو نہایت پڑھے لکھے لوگ ہیں' میں سرسبز شاداب پہاڑیوں کے بیچ میں ایک جنگل میں قیام پذیر ہوں' میں ایک دفعہ بیٹھا ہوا تھا اور اپنی کتابیں اور اپنے علم کی ورق گردانی کررہا تھا کہ مجھے کسی جن کی آمد کا احساس ہوا' اور چونکہ میں صاحب علم ہوں اور مجھے احساس ہوا کہ کوئی جن ہے اور بہت مکار شریر اور آگ سے زیادہ تیز لیکن وہ بھی کوئی خطرناک علم رکھتا ہے اور اس کا خطرناک علم ایسا ہے جس کی وجہ سے اس کا وجود بہت ہیبت ناک ہوگیا ہے' تھوڑی ہی دیر میں ایک شخص میرے سامنے آکر بیٹھ گیا وہ یہی شخص تھا جو آپ کے سامنے زنجیروں میں بندھا ہوا ہے' یہ بات آج سے پونے چار سال پہلے کی ہے' مجھ سے کہنے لگا کہ میں آپ سے مناظرہ کرنا چاہتا ہوں اور علمی بحث کرنا چاہتا ہوں' میں نے کہا بھائی! اپنی راہ لے' میں ان چیزوں کو اچھا نہیں سمجھتا اور نہ میں یہ مزاج رکھتا ہوں' جن اساتذہ سے میں نے یہ علم پڑھا ہے ان اساتذہ نے مجھے ایک سبق دیا ہے اور یہی سبق دیا ہے کہ دیکھ! کسی سے بحث نہیں کرنی' کسی کی توہین نہیں کرنی' کسی پر اعتراض نہیں کرنا اور کسی پر اپنے علم کے دلائل ٹھونسنے نہیں' ان کا نام اعزاز علی خان رحمۃ اللہ علیہ تھا' میرے استاد تو بہت زیادہ تھے لیکن انہوں نے مجھے علم کے ساتھ ادب سکھایا اس لیے وہ شیخ لادب کہلاتے تھے' یہ ان دنوں کی بات ہے جب مجھے بڑھاپے کی حالت میں پڑھنے کا شوق پیدا ہوا' میں انسانی شکل بنا کر دارالعلوم میں داخل ہوگیا' بس میں نے سارے استادوں کو دیکھا سب نہایت شفیق اور کریم مزاج تھے لیکن مجھے ان سے حد سے زیادہ محبت ہوئی' میں نے یہ بات اسے سمجھائی لیکن یہ اس بات پر اصرار کررہا تھا کہ نہیں مجھے ہر حال میں بحث کرنی ہے مناظرہ کرنا ہے اکتا کر میں نے اس ظالم جادوگر سے پوچھا کہ آخر تیرے پاس علم کیا ہے؟ کہا میں کہیں کا پڑھا ہوا نہیں ہوں عالم نہیں ہوں' لیکن میں نے تجھ سے بحث ضرور کرنی ہے میں حیران ہوا اور مجھے پریشانی ہوگئی یہ جن کیا چاہتا ہے؟ اس کو آتا جاتا کچھ نہیں علم بھی نہیں رکھتا اس کے باوجود بھی یہ جن مجھ سے مسلسل بحث اور اصرار کرنے میں لگا ہوا ہے' میں نے اسے پھر ٹالا منع کیا اور اپنے سے دور رہنے کا کہا کسی طرح وہ مجھ سے دور چلا جائے اور میرا وقت بچ جائے لیکن وہ جن ٹلنے کو تیار نہیں تھا اور اصرار کررہا تھا کہ میں نے تجھ سے بحث کرنی ہے' میں نے اس کی آنکھوں میں دیکھا شرارت اور مذاق تھا' وہ تھوڑی ہی دیر کے بعد میری کتاب کے ورق پھاڑنا شروع ہوگیا مجھے غصہ آیا میں نے اس کے ہاتھ سے ورق لے لیے' لیکن اس کا مذاق بڑھتا چلا گیا اور وہ اور زیادہ مجھے سسکا رہا تھا' اس نے میری کتاب کے ورق کو چورا چورا کردیا مجھے دکھ پہنچا میں نے اسے خدا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے دیئے وہ ہنسنے لگا ہاتھا اور نعوذ باللہ ثم نعوذ باللہ اس نے خدا کا بھی مذاق اڑایا اور اس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی۔ میں پریشان یہ شخص کون ہے؟ یااللہ میرے کس گناہ کی سزا کہ تو نے اس جن کو میرے اوپر مسلط کردیا ہے' میں اس کو دیکھ رہا تھا اور پرکھ رہا تھا لیکن وہ جن میری کتابوں کے ورق پھاڑتا ہاتھوں میں مسلتا اور ہتھیلی پر رکھ کر پھونک مارتا حتیٰ کہ اس کے ہاتھ کاغذ کو مٹی بنا کر اڑا دیتے تھے' اس نے میری ساری کتاب کے ساتھ ایسا کیا' وہ میرے ہاتھ کی لکھی ہوئی کتاب تھی وہ میری ساری زندگی کا نچوڑ تھا اور میری ساری زندگی کا سبق تھا' میرے مطالعہ کا نچوڑ میرے علم کا منبع تھا' میں بے بسی کے عالم میں رونا شروع ہوگیا' میں نے اس کو بددعائیں دیں' میں گالیاں نہیں دے سکتا تھا' میرے استاد نے مجھے گالیوں سے منع کیا تھا کیونکہ وہ ادب میں باکمال اور شیخ لادب تھے اور اس لیے میں نے بے بسی میں بددعائیں دیں' میری بے بسی سے محسوس یہ ہورہا تھا کہ اسے مزہ اور لطف محسوس ہورہا تھا اور اس کی چاہت بڑھ رہی تھی' اور میں بے بس اس کو دیکھ رہا تھا' میں اسی کیفیت میں انہی حالات میں پریشان حال تھا۔ اس نے میری ساری کتاب برباد کردی ٹکڑے ٹکڑے نہیں بلکہ چورا چورا کردیا اور ہواؤں میں اڑا دیا۔ میں بہت مجبور اور بے بس اور پریشان انہی حالات میں بے بس تھا اس کے بعد یہ شخص چلا گیا اور غصہ کے عالم میں مجھے کہہ کر گیا کہ تم نے مجھ سے مقابلہ کیا بددعائیں دیں لہٰذا تجھے تیرا انجام دکھاؤں گا! وہ کوئی شریر جادوگر تھا' وہ جاتے جاتے میرے دائیں ہاتھ کو اپنے کالے طاقت ور جادو سے باندھ کر چلا گیا' میں پریشان اور میری حالت روز بروز بدتر ہوتی گئی وہی میرا دائیاں ہاتھ تھا جس سے میں ورق پلٹتا تھا وہی میرا دائیاں ہاتھ تھا جس سے میں کھانا کھاتا تھا اسی ہاتھ سے میں قلم سے لکھتا تھا اور اسی ہاتھ سے میں خیر کے کاموں کی طرف ہاتھ کو بڑھاتا تھا لیکن اس ظالم نے مجھ سے میری طاقتوں کو سلب کرلیا اور مجھ سے میری قوتوں کو چھین لیا' ٹھیک اسی دن اسی وقت ایک ہفتے کے بعد پھر آیا' اور قہقہہ لگانے لگا میں بے بس تھا اب میں نے اس کی منتیں کیں خدا رسول کا واسطہ دیا کہ میرا ہاتھ چھوڑ دے' اور اس پر جو جادو کیا ہے اس کو ختم کردے لیکن یہ شخص کسی بھی شکل میں میرا ہاتھ چھوڑنے کو تیار نہیں تھا میں پھر پریشان ہوا اور میری پریشانی بڑھتی چلی گئی مجھے ایک ویرانی کا احساس ہوا' اس نے قہقہے لگائے' میری بے بسی کا لطف اٹھایا اور میری بے بسی کو اس نے مذاق میں لیا اور کہنے لگا: آج میں تمہاری ایک آنکھ بند کرکے جارہا ہوں اب تمہیں صرف بائیں آنکھ سے نظر آئے گا دائیں آنکھ سے نظر نہیں آئے گا اس نے پھر میری طرف جادوئی ہاتھ بڑھایا اور ایسا بڑھایا کہ دیکھتے ہی دیکھتے مجھے میری دائیں آنکھ سے نظر آنا بند ہوگیا میری بے بسی پر اسے ترس نہ آیا (جاری ہے)

فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

ایک روپے کو ترسنے والی آج لاکھوں میں کھیل رہی

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں "ان کی مشکلات، فاقے، بے روزگاری، بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا دولت مند ہوا" شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنے یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھ پر عرصہ بیس سال سے جادو جنات، بندشیں، لڑائیاں، جھگڑے وغیرہ ہیں۔ عبقری سے میرا رشتہ تو سات آٹھ سال پرانا ہے اور درس سننے کی وجہ سے اللہ سے باتیں کرنا تو میں نے گزشتہ ایک سال سے سنا ہے لیکن اللہ سے باتیں تو میں عرصہ بیس سال سے کر رہی ہوں، محترم حکیم صاحب میرے اور میرے شوہر کے درمیان اول دن سے ہی لڑائیاں تھیں، میرے شوہر مجھے کئی کئی ماہ بلانا گوارا نہ کرتے، بات چیت بالکل بند، نہ کوئی ضرورت اور نہ کوئی خواہش، میں عرصہ بیس سال سے شدید ڈیپریشن کا شکار ہوں، ایسے میں جب اپنے ہی بھائی سگی ماں، رشتے ناطے سب منہ موڑ گئے تو میں نے اپنے رب سے لو لگائی، چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے میں نے اپنے محبوب رب سے باتیں کرنا شروع کردیں، میں سارا دن، ساری رات اسے اپنے دکھڑے سناتی، اس کے آگے گڑگڑاتی، اس سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتی، میں سوتی تو مجھے لگتا کوئی سر پر دست شفقت پھیر رہا، اور مجھے کہہ رہا کہ اے اللہ کی بندی کیوں پریشان ہے، اللہ تعالیٰ کے ہاں تیرا بڑا مقام ہے تو اپنی عبادات اور اعمال سے اس تک نہیں پہنچ سکتی تو اللہ تجھے ان مصائب پر صبر کے اجر کے ذریعے بہت اونچے مقام پر پہنچائے گا۔ یہ چند دنوں کے مصائب اپنے حوصلے اور صبر سے برداشت کرلے، میں تیرے ساتھ ہوں۔ اس دن مجھے جینے کا حوصلہ مل گیا۔ مجھ پر بہت سخت حالات آئے، اس وقت میرا عبقری سے تعلق نہ تھا، تسبیح کے ٹوٹے دانوں کی طرح مجھ پر آزمائشیں شروع ہوگئیں مگر اللہ پاک نے مجھے کبھی تنہا نہ چھوڑا ہر مصیبت سے نکال لیا، ہر آزمائش میں سرخرو کیا، ہر مشکل میرے پہاڑ جیسے ارادوں سے ٹکرا کر پاش پاش ہوگئی، میرے اللہ نے مجھے اتنا دیا اتنا دیا کہ میں تصور بھی نہیں کرسکتی تھی۔ سب سے بڑھ کر اللہ نے مجھے عبقری سے ملایا پھر آپ کے درس سنے، اور اب آپ سے اس سے بڑی خوش قسمتی اور کیا ہوگی۔ میں مصائب میں بھی ہر پل اپنے اللہ کا شکر ادا کرتی، اس سے کہتی اللہ میں تو اس قابل بھی نہیں جتنا تو نے مجھے دے رکھا ہے، میں تو ٹھنڈے پانی کے ایک گھونٹ کے قابل بھی نہیں تیرا شکر ہے کہ تو نے مجھے سیراب کرنے کیلئے ٹھنڈا پانی پلایا۔ اللہ میں تو روٹی کے ایک ٹکڑے کے قابل بھی نہیں تو نے مجھے پیٹ بھر کر کھلا رہا ہے، اس شکر کا اور ان باتوں کا مجھے یہ فائدہ ہوا کہ آج میں اپنے بہن بھائیوں میں اور اپنے خاندان میں الحمدللہ ثم الحمدللہ سب سے اچھی ہوں، میرے بچے ماشاءاللہ فرمانبردار ہیں، میری روح کو سکون ہے گھر اچھا ہے اور یہ شکر میں نے اس حالت میں کیا جب میں دربدر رلتی تھی، شوہر گھر سے نکال دیتا تھا، چھ چھ ماہ باپ کے گھر پڑی رہتی، بھائیوں اور ماں کے طعنے سنتی اور اگر شوہر کے گھر ہوتی تو مہینے میں صرف ایک بار اپنے بچوں کو پچاس یا سو کا نوٹ لے کر دے سکتی، مہینے کے آخر میں کئی کئی دن میرے گھر سالن نہ بنتا تھا۔ گھر میں جو دودھ روزانہ کا لگا ہوا آتا اسے ہم دہی بنا کر اس کے ساتھ روٹی کھالیتے اور کرائے کے مکانوں میں کئی سال رلتی رہی مگر شکر کا دامن نہ چھوڑا اور نہ اللہ سے باتیں کرنا۔ اسی دوران پچھلے دو چار سالوں میں میں نے آپ کا درس اڑھائی فیصد والا سنا، میں ان دنوں کچھ بالوں کے تیل، کچھ مالشیں اور کچھ عبقری سے دیکھ کر چند ادویات بنا کر بیچتی اور اپنی ضرورت کا خرچہ کرتی تھی میں نے اسی میں سے اڑھائی فیصد نکالنا شروع کردیا، اگر میری دوائی سو روپے میں بکتی تو میں اس کا بھی اڑھائی فیصد "اڑھائی روپے" نکالتی، کرتے کرتے اللہ تعالیٰ نے دو سے کم سالوں میرے لیے پانچ ہزار ماہانہ کا بندوبست کردیا، پھر اس پانچ ہزار کا ہر ماہ اڑھائی فیصد نکالتی رہی تو اللہ تعالیٰ نے مزید ڈیڑھ سال کے اندر اندر مجھے تیس لاکھ کا مالک بنادیا اور اب اس تیس لاکھ کا 65 ہزار اڑھائی فیصد بنا ہے جو کم و بیش میں نے سارا ادا کردیا ہے۔ آپ کے اڑھائی فیصد والے عمل نے مجھے لاکھ پتی بنادیا۔ وہ بھی وقت تھا جب میرے گھر کئی کئی دن سالن نہ بنتا تھا اور میکے جانے کیلئے پندرہ روپے کرایہ لگتا تھا تو میرے پاس پندرہ روپے جانے کے ہوتے تھے واپس آنے کے نہیں ہوتے تھے اور میں چند دن کیلئے میکے چلی جاتی تا کہ مہینے کے آخر میں ہمارا (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

اگلے مہینے "فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟" کے حوالے سے ایک نیا سچا واقعہ اور ایک نیا آزمودہ عمل پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

لاکھوں خرچ کرلیں یہ نسخہ نہ ملے گا

قبولیت دعا کا عمل: ہر جمعہ کے دن بعد نماز عصر باجماعت پڑھ کر اسی طرح قبلہ رو بیٹھا رہے اور لاتعداد پڑھتا رہے **یَااَللّٰہُ، یَارَحْمٰنُ، یَارَحِیْمُ** اور پھر مغرب کی نماز باجماعت ادا کرکے دعا کرکے اٹھ جائے۔ ہر دعا قبول ہوگی اور مراد پوری۔ ان شاء اللہ۔ **منزل مقصود: اَللّٰہُ الصَّمَدُ** کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر نبی کریم ﷺ کو ایصال ثواب کرکے دعا کریں (جگہ، وقت، لباس ایک ہو اور گناہوں کا پرہیز ہو اکسیر عمل ہے کام نہ ہونے تک عمل جاری رکھیں)۔ **اڑوسہ بوٹی (بانسہ) اور کمزوری کا علاج:** قوت باہ کی کمی ہو تو پریشان مت ہوں بس یہ عام سی جڑی بوٹی کا استعمال کچھ عرصہ کریں اور ہمیشہ کیلئے قوت باہ کی کمزوری سے نجات پائیں۔ یہ نسخہ آپ کو لاکھوں خرچ کرکے بھی نہیں ملے۔ **ھوالشافی:** قوت باہ کی کمی کو دور کرنے کیلئے ایک تولہ اڑوسہ بوٹی (بانسہ) کو پانی میں بھگو دیں صبح مل چھان کر اس کا پانی پلائیں۔ **بخار کیسا بھی ہو:** مجھے یہ نسخہ میرے ایک دوست نے بتایا تھا، میں یہ نسخہ اپنے پاس آنے والے مریضوں کو دے رہا ہوں آج تک کوئی بھی مریض ایسا نہیں ملا جس نے یہ نسخہ استعمال کیا ہو اور اس کو شفاء نہ ملی ہو۔ نسخہ درج ذیل ہے **ھوالشافی:** ایک تولہ کٹکی، ایک تولہ زرچوب 3 ماشہ نوشادر ٹھیکری سب کا سفوف بنالیں۔ ایک ماشہ خوراک پانی سے صبح و شام دیں، اکسیر ہے۔ (تھوڑی دیر پنکھا بند کرکے لیٹیں)

پاؤں کی بوائی پھٹنا: اگر آپ کے بھی سردیوں میں پاؤں پھٹتے ہیں تو آپ بھی سینکڑوں لوگوں کی طرح یہ نسخہ استعمال کریں اور اس پریشان کن بیماری سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا حاصل کریں۔ ھوالشافی: گول بینگن درمیانہ سائز کا لے کر گودا نکال لیں اور کھرل کرلیں پھر ہموزن ویزلین میں ملا کر لگائیں۔

گھبرائیے مت — سردی ضرور آرہی مگر جوڑ درد نہ ہونگے

(تاج دار، راولپنڈی)

یہ مرض عموماً بیس سے پچپن برس کے بالغوں میں ہوتا ہے۔ مردوں کے مقابلے میں عورتوں کا تناسب تین گنا ہوتا ہے۔ عام علامت تو دونوں ہاتھوں کے جوڑوں میں ورم ہوتی ہے اور ساتھ ہی انگلیوں کے پوروں میں بھی ورم ہوجاتا ہے

بوڑھے لوگوں میں جوڑوں کے ورم اور درد کی شکایت بہت سننے میں آئی ہیں۔ یہ ایک تکلیف دہ مرض ہے جس میں ہاتھ اور پیروں کے جوڑوں میں بہت درد ہوتا ہے۔ جوڑوں کے ورم کو وجع مفاصل یا آرتھرائٹس اور اس سے ہونے والے درد کو وجع مفاصل یا گنٹھیا کا درد کہا جاتا ہے۔ اس کے مختلف اسباب ہیں جن میں سے کچھ معلوم اور کچھ نامعلوم ہیں۔ یہ معتدل آب وہوا کی بیماری ہے اور ہر عمر کے افراد میں ہوسکتی ہے۔ کبھی ایک جوڑ اور کبھی کئی جوڑ متاثر ہوتے ہیں۔ اس کی چار قسمیں ہیں روماتزمی جوڑوں کا ورم ہڈیوں کے جوڑوں کا ورم ریڑھ کی ہڈی کی سختی اور چوٹ سے پیدا ہونے والا جوڑوں کا ورم۔ روماتزمی جوڑوں کے درد کے بارے میں خیال ہے کہ یہ خود مدافعتی مرض ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عام طور پر جراثیمی بیماری کا حملہ باہر سے ہوتا ہے اور جسم اس کی مدافعت کرتا ہے۔ یہ مرض عموماً بیس سے پچپن برس کے بالغوں میں ہوتا ہے۔ مردوں کے مقابلے میں عورتوں کا تناسب تین گنا ہوتا ہے۔ عام علامت تو دونوں ہاتھوں کے جوڑوں میں ورم ہوتی ہے اور ساتھ ہی انگلیوں کے پوروں میں بھی ورم ہوجاتا ہے۔ مریض کو وزن کم ہوجاتا ہے اس کی طبیعت خراب رہنے لگتی ہے کاہلی کا غلبہ رہتا ہے اگر شدید حالت ہو تو چکتوں کے ساتھ بخار آتا ہے ورنہ یہ تکلیف بتدریج کئی ہفتوں میں جاکر بڑھتی ہے۔ ہڈیوں کا ورم مفاصل بڑھاپے کے عمل کا حصہ ہے۔ اس میں وہ جوڑ زیادہ متاثر ہوتے ہیں جن پر بوجھ پڑتا ہے۔ مثلاً کولہے گھٹنے اور ریڑھ کی ہڈی' البتہ عورتوں کے زیادہ تر ہاتھ متاثر ہوتے ہیں۔ خصوصاً انگلیوں کی اوپر کی پوریں اور انگوٹھے کی جڑ' پہلی علامات میں درد اور سختی ظاہر ہوتی ہے پھر ورم آتا ہے اور جوڑ کی شکل بدلنے لگتی ہے۔ اگر کسی کو یہ شک ہو کہ اسے جوڑوں کے ورم کی تکلیف ہے تو معالج سے مشورہ ضروری ہے۔ تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔ اپنا علاج خود بھی نہیں کرنا چاہیے اگر تکلیف بچے کو ہو (مثلاً اسٹلز ڈیزیز) تو فوری کارروائی کریں۔ کہیں سستی اور تاخیر مستقل معذوری کا باعث نہ بن جائے۔ ورم مفاصل کے ساتھ بخار اور جوڑوں کا زیادہ ورم اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ اس صورت میں علاج ہسپتال میں ہو۔

ورزش اور مالش: جوڑوں کے ورم میں ورزش اور مالش کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ جب ورم نہ ہو اس وقت جوڑ کو سخت ہونے سے بچانے کیلئے اور عضلات کو طاقت دینے کیلئے ورزش ضروری ہوتی ہے۔ ورزش اور مالش کے ماہر خصوصی ورزشیں تجویز کرتے ہیں۔ **سرجری:** ناکارہ جوڑ کو بدلا جاسکتا ہے لیکن یہ فیصلہ انتہائی غوروخوض کے بعد کرنا چاہیے اور اس کے فوائد و نقصانات کا اندازہ بھی کرلینا چاہیے۔ آج کل اس مرض میں افاقہ پہنچانے والی مؤثر تدابیر دستیاب ہیں۔ ان سے استفادہ کرنا چاہیے۔ **چند احتیاطی نکات:** جن لوگوں کے مکانوں میں سیڑھیاں ہیں وہ سیڑھیوں کے دائیں بائیں ریلنگ لگوائیں۔ باتھ روم کے چکنے فرش پر رف قسم کے میٹ رکھیں تاکہ آدمی پھسل نہ سکے۔ گھر میں ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں سامان لے جانے کیلئے پہیوں والی گاڑی استعمال کریں۔ بجلی کا بٹن بند کرنے یا کھولنے کیلئے ڈوری والے سوئچ لگائیں' ڈوری کا سرا مریض کے بستر پر ہو۔ اگر بجلی کے ساکٹ فرش کے قریب لگے ہوں تو انہیں کم ازکم فرش سے تین فٹ کی بلندی پر لگوائیں۔ اگر کسی گھر میں وہیل چیئر والا مریض ہے تو ویل چیئر کی چوڑائی کے لحاظ دروازوں کو بڑا کروالیں۔ جس گھر میں ویل چیئر والا مریض ہو اس کے بیرونی دروازے پر سیڑھیوں کے بجائے پشتہ (ڈھلوان) بنوالیں تاکہ ویل چیئر آسانی سے اوپر نیچے جاسکے۔ جو لوگ جوڑوں کی تکلیف میں باغبانی کا مشغلہ اختیار کرتے ہیں وہ باغبانی کے آلات پر لمبے ہینڈل لگوالیں۔ **تدابیر:** گرم پانی سے ترکیا ہوا تولیہ اور نیم گرم پانی کا غسل اکڑے ہوئے اور درد والے جوڑ کو نرم کرتا ہے۔ صبح جب اکڑن زیادہ ہوتی ہے اس وقت اور شام کو جب اعضاء کھنچ جاتے ہیں نیم گرم پانی کی ٹکور کریں۔ اگرچہ کپڑے کی خشک گدی کا استعمال زیادہ آسان ہے لیکن تر گدی کا استعمال بہتر ہے۔ یہ خون کو گردش میں لاتی ہے اور اس سے لچک پیدا ہوتی ہے۔ اس سے ورزش کرنا آسان ہوجاتا ہے اس لیے اکثر لوگ گرم ٹکور کے بعد ورزش کرتے ہیں۔ اگر گرم اور تر گدی خون میں گردش جاری کرتی ہے تو برف یا ٹھنڈی ٹکور ورم کو اتارتی ہے۔ بعض لوگ گرم اور ٹھنڈی ٹکور ایک ساتھ کرتے ہیں۔ پہلے پندرہ منٹ گرم ٹکور اور پھر پندرہ منٹ ٹھنڈی ٹکور۔

مریض کو چاہیے کہ وہ خود اس کو آزمائے کہ اس کیلئے گرم ٹکور مفید ہے یا ٹھنڈی ٹکور۔ جوڑوں کے درد کے مریض جوڑوں کو ہلانا پسند نہیں کرتے۔ وہ درد سے بچنے کیلئے ایسا کرتے ہیں لیکن یہ یاد رہے کہ اگر جوڑ کو حرکت نہ دی جائے تو وہ کمزور ہوجاتا ہے اور سکڑ جاتا ہے۔ سکڑنے کا مطلب ہے خلیات کی کمی۔ خلیات کی کمی کی وجہ سے سارا زور براہ راست جوڑ کی ہڈی اور کرکری ہڈی پر پڑتا ہے۔ اس میں زیادہ درد اور زیادہ بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔ اس لیے یہ ضروری ہے کہ اعضاء کو مضبوط رکھا جائے۔ ڈاکٹر میکل وین کہتے ہیں: "اگر مجھے صرف ایک ہی علاج کو چننا ہو تو میں ورزش کو چنوں گا" ورزش سے جوڑ میں لچک اور مضبوطی آتی ہے۔ **چند ورزشیں:** چت لیٹ جائیے ہاتھ سر کے نیچے رکھئے' گھٹنے اٹھے ہوئے اور پاؤں فرش پر لگے ہوئے ہوں۔ گہری سانس لیں اور چھاتی کو سانس کے دوران اوپر اٹھائیں۔ سانس دو سیکنڈ تک روکیں پھر سانس کو چھوڑ دیں یہ عمل پانچ بار دہرائیں۔ کئی دن کی مشق کے بعد ورزش کرنے کی تعداد کو آہستہ آہستہ بڑھاتے ہوئے پندرہ سے بیس منٹ تک لے جائیں۔ **کمر کی لچک:** چت لیٹ جائیں' گھٹنے اٹھے ہوئے پاؤں زمین پر رکھے ہوئے اور بازو چھت کی طرف اٹھے ہوئے۔ سر اور بازوؤں کو دائیں طرف اور گھٹنوں کو بائیں طرف موڑیے۔ پھر سر اور بازوؤں کو بائیں طرف اور گھٹنوں کو دائیں طرف موڑیے۔ پانچ بار ایسا کیجئے بعد میں اس تعداد کو آہستہ آہستہ بڑھا کر دس تک لے جائیے۔ **سائیکل چلانا:** چت لیٹیے۔ مڑے ہوئے گھٹنوں کے ساتھ ٹانگوں کو اوپر لے جائیے اور ہوا میں پیڈل چلانے کی طرح ٹانگوں کو چلائیے۔ یہ حرکت آہستہ اور ہم آہنگ ہو۔ چھ سیکنڈ ایسا کیجئے پھر آرام کیجئے۔ اس کو پانچ بار دہرائیے۔ بعد میں آہستہ آہستہ بڑھا کر دس بار تک لے جائیے۔ **جوڑوں کے درد کیلئے آسان طبی نسخہ:** **ھوالشافی:** لونگ' سہاگہ' ایلوا' مرچ سیاہ ہم وزن لے کر گھیکوار کے پانی میں خوب باریک پیس کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں اور چار گولیاں رات کو دودھ کے ساتھ لیں۔ **نسخہ نمبر 2:** سورنجاں تلخ ایک تولہ' گوگل بریاں (بھنا ہوا) تین تولہ' ریوند چینی دو تولہ' مصبر دو تولہ' تمام ادویہ کو پیس کر باریک سفوف بنالیں اور دو دو رتی گولیاں تیار کرلیں اور چار چار گولیاں صبح وشام کھائیں۔

شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات

پوری سائنس فطرت کی طرف لوٹ رہی ہے آپ کے پاس انٹرنیٹ، اپنا مشاہدہ، تجربہ، کوئی بھی ایسی چیز جس میں شیمپو اور ٹوتھ برش کے نقصانات ملے ہوں ہمیں ضرور بھیجیں۔ باری آنے پر آپ کے نام سے شائع ہوں گے۔ لاکھوں کا نفع ہوگا۔ (ادارہ)

ہچکی دور: ہینگ دو ماشہ اور بادام کی گری چار عدد رگڑ کر پلانے سے ہچکی دور ہو جاتی ہے۔ (نوٹ: ہینگ ہمیشہ بریاں کر کے استعمال کریں ورنہ قے آجاتی ہے)

رحمت الٰہی کے نزول کا ایک ضابطہ

داعی اسلام حضرت
مولانا محمد کلیم صدیقی
مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

تبوک کا طویل سفر ہے موسم اور وقت بھی ایسا کہ مدینہ منورہ میں پھل پکے ہوئے ہیں اور اہل مدینہ کی ساری گزران کھجور کی کھیتی پر ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جہاد میں شرکاء کے لیے اعلان عام فرما دیا تھا' تاکہ لوگ خوب پختہ عزم کے ساتھ عازم جہاد ہوں' صحابہ نے اپنی بسلط بھر بلکہ بساط سے زیادہ سامان جہاد کے لیے قربانیاں پیش کیں یہی موقع ہے جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس خیال سے کہ آج صدیق اکبر سے بڑھ جانے کا موقع ہے' اپنا آدھا مال لے کر حاضر ہوگئے تھے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک تہائی لشکر کا انتظام اپنے ذمہ لے لیا تھا' صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے گھر کا ایک ایک سامان خدمت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں لے کر آئے جب انتظام ہوگیا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو مسجد نبوی میں جمع فرمایا اور ارشاد فرمایا: (مفہوم ہے) سفر طویل ہے اور مشکل ہے' سفر سے پہلے دعا کریں' سب صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جمع ہوگئے ان میں اکثر نے ایک سے بڑھ کر ایک قربانی اور ایثار کا ثبوت پیش کیا تھا۔ اللہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اعلان فرمایا کہ ہماری مجلس سے وہ لوگ چلے جائیں جن کے دل میں کسی وجہ سے کوئی کینہ بغض ہو اس لیے کہ ان کا مجلس میں ہونا ہماری دعا کی قبولیت میں رکاوٹ بنے گا وہ ماننے والے لوگ تھے ایک صحابی ایک کونے سے اور ایک صحابی دوسرے کونے سے اٹھے اور مجلس سے باہر جا کر کہا بھائی مجھے معاف کردو' میں نے آپ کے ساتھ زیادتی کی مجھے نہیں معلوم تھا کہ لڑائی کی وجہ سے ہم اللہ کی رحمت کے آنے میں رکاوٹ بن رہے ہیں' دوسرے نے پہلے سے کہا: بھائی! یہ آپ کی بڑائی ہے کہ معذرت کررہے ہیں زیادتی تو میں نے کی ہے' آپ نے تو ہمیشہ برداشت ہی کیا ہے دونوں آپس میں روئے اور دل صاف کر کے مجلس میں آگئے' دونوں نے عرض کیا کہ ہم نے اپنے دل صاف کر لیے ہیں۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے دعا مانگی اور صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے آمین کہی اور دعا ایسی مقبول ہوئی کہ تبوک میں جنگ کے بغیر ہی فتح نصیب ہوگئی اور بہت سا مال غنیمت ہاتھ لگا۔ غور کرنے کی بات یہ ہے کہ دعا کرنے والی ذات کون ہے' سید الاولین والآخرین حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جن کے صدقہ میں سب کی دعائیں قبول ہوتی ہیں اور آمین کہنے والی جماعت کون ہے جب سے کائنات پیدا ہوئی اور جب تک باقی رہے گی سب سے مقبول اور اللہ کی سب سے محبوب صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی جماعت ان میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ہیں جنہیں جنت کے آٹھ دروازے خوش آمدید کہیں گے کہ کاش ابوبکر مجھ سے داخل ہوں اور جن کے بارے میں پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ ہر ایک کے احسان کا بدلہ میں ادا کر چکا سوائے ابوبکر کے' ان کے احسان کا بدلہ اللہ ہی ادا کریں گے ان میں عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تشریف رکھتے ہیں جن کے بارے میں میرے اور تمام امت کے آقا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔ اس جماعت میں عثمان ذی النورین بھی تشریف رکھتے ہیں جن کے بارے میں فرمان حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے کہ فرشتے بھی ان سے حیاء کرتے ہیں۔ ان میں شیر خدا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تشریف رکھتے ہیں جن کے بارے میں حضور نبی اکرم سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد عالیشان ہے کہ "جس کا میں مولیٰ ہوں علی ان کے مولیٰ ہیں" ان میں سارے عشرہ مبشرہ ہیں' جن کی جنت کی خوش خبری دنیا میں ہی مخبر صادق صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے دی ہے' ان میں بدرین بھی ہیں جن کی کوئی لغزش انہیں جنت میں جانے سے نہ روک سکے گی ان میں انصار و مہاجرین کے سابقون الاولون بھی ہیں جن کی فضیلت اظہر من الشمس ہے اور سارے آمین کہنے والے مرتبہ صحابیت پر فائز ہیں جن میں ادنیٰ صحابی کے قدموں کی خاک کے برابر ساری دنیا کے اولیا و اتقیا نہیں پہنچ سکتے' ان میں سے خود وہ دو لوگ بھی مرتبہ صحابیت پر فائز ہیں جن کے دل میں کسی لڑائی کی وجہ سے میل کینہ ہے جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور اس مقدس جماعت کی قبولیت دعا میں رکاوٹ بن رہا ہے۔ تو جس گھر میں بھائی بھائی میں کینہ اور بغض ہو' پڑوسی پڑوسی میں لڑائی ہو' جس مسجد میں نمازی نمازی میں بیر ہو' جس جماعت اور تنظیم میں ارکان و ممبران میں حسد اور بغض ہو اس جماعت' تنظیم اور محلہ پر اللہ کی رحمت کیسے نازل ہوسکتی ہے؟ ہم میں سے ہر ایک' ہر لحہ اپنے سارے کاموں اور مسائل میں اللہ کی رحمت کا محتاج ہے' ضرورت اس بات کی ہے کہ اللہ کی رحمت و عنایت و قبولیت حاصل کرنے کیلئے ہم اپنے ماحول کو خصوصاً اپنے دلوں کو کینہ حسد اور بغض سے پاک رکھیں اور اگر کسی وجہ سے من مٹاؤ اور لڑائی ہوجائے تو معافی تلافی کر کے جلد سے جلد دل کو صاف کر لیں' کاش ہم اللہ کی رحمت کے نزول کے اس قانون کو سمجھیں۔

برکت ختم ہوگئی تو لگ پتہ جائے گا؟

عبداللہ ضیب' لاہور

آج دودھ لینے کیلئے جب دودھ فروش کی دکان پر پہنچا تو اتفاق سے دودھ پہنچانے والی گاڑی جس پر دودھ رکھا ہوا تھا پہنچ گئی' گاڑی بیک کر کے لگائی جارہی تھی کہ دودھ آرام سے اتار کر دکان کے اندر رکھا جاسکے۔ ایک موٹر سائیکل سوار کو شاید اندازہ نہ ہوسکا اور وہ دودھ والی گاڑی کی پچھلی سائیڈ سے گزرنے لگا تو دودھ والی گاڑی جس کو ایک ہیلپر ریورس (بیک) کروا رہا تھا اس نے ڈرائیور سے ایمرجنسی بریک لگوائی' موٹر سائیکل والا بال بال بچا' موٹر سائیکل والے نے جلدی میں ہیلپر کو کچھ کہا اور چلا گیا۔ خیر اب جو دودھ والی گاڑی بیک کروا رہا تھا اس نے انتہائی غلیظ گالیاں نکالنا شروع کردیں۔ اب موٹر سائیکل سوار تو جاچکا تھا اور یہ صاحب گالیاں در گالیاں دیئے جارہے ہیں۔ میں نے دودھ والا برتن دکان کے کاؤنٹر پر رکھا اور ہیلپر کے پاس گیا اور انہیں انتہائی شائستہ انداز میں پوچھا کہ بھائی! موٹر سائیکل سوار تو کب کا جاچکا' اب آپ یہ جو گالیاں دے رہے ہیں اس کا آپ کو کتنے نوافل کا ثواب ہوا؟ اس نے پھر گندی سی گالی نکالی اور بولا! باؤ جی! "اس نے دیکھا نہیں کہ میں بیک کروا رہا تھا وہ پھر بھی پیچھے سے کیوں گزرا؟!" اور پھر گالیاں دینا شروع ہوگیا۔ میں نے پھر انتہائی شائستہ لہجے میں عرض کی! چلو چھوڑیئے بھائی' گالی تو نہ دیں اسے اب' تو پھر وہ چیخ کر بولا: "کیا ہوگیا جو میں نے گالی دے دی" میں تو چند منٹ یہی سوچتا رہ گیا کہ کمال بات کہہ دی ہے "کیا ہوگیا جو میں نے گالی دے دی" پھر میں نے اس ہیلپر سے کہا کہ جناب آپ نے برکت کا لفظ سنا ہے تو محترم کہتے ہیں: "کون برکت؟" میں نے کہا یہ جو آپ کہتے ہو دودھ میں برکت ہوتی ہے کہتا ہاں ہاں! میں نے مزید کہا آپ نے یہ بھی سنا ہوگا کہ اتفاق میں برکت ہوتی ہے۔ کہنے لگا جی جی مجھے پتہ چل گیا کہ آپ کون سی برکت کی بات کررہے ہیں؟ میں نے شکر کیا بندہ کو برکت کا پتہ تو ہے اور اس سے کہا جناب یہ جو آپ نے گالی دی ہے اس سے یہ برکت ختم ہوجاتی ہے تو لاپرواہی سے کہنے لگا: کچھ نہیں ہوتا۔ میں نے کہا: جناب جب یہ برکت ختم ہوگئی تو لگ پتہ جائے گا اور اپنا دودھ والا برتن پکڑا اور گھر آگیا اور اپنے مرشد حکیم طارق محمود صاحب دامت برکاتہم کی بات کو یاد کرتا آیا کہ کسی نے ان کو برکت کا مفہوم ہی نہیں سمجھایا تو اس کو کیا پتہ برکت کیا ہوتی ہے اور جب یہ آجائے تو دنیا کو ایک روپیہ بھی ہزار نظر آتا ہے لوگ سوچتے نہیں تھکتے کہہ کرتا بھی کچھ نہیں اور کھانا بھی پیٹ بھر کر کھاتا ہے گزارا کیسے ہوتا ہے۔

پہاڑ برابر گناہ بھی معاف: جو شخص اسم مبارک یَاعَفُوُّ کو روزانہ سو مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے گا اس کے پہاڑوں کے برابر گناہ بھی معاف ہوجاتے ہیں۔

شہد کی مکھیاں! قدرت کا انوکھا شاہکار

محمد علی سید

شہد کی مکھیاں جب باغوں اور کھیتوں سے واپس اپنے چھتے میں پہنچتی ہیں تو سپاہی قسم کی مکھیاں انہیں باقاعدہ چیک کرتی ہیں کہ وہ اپنے ساتھ کسی قسم کا زہریلا مادہ تو نہیں لے کر آئی ہیں۔ اگر کوئی مکھی مضرصحت اجزاء اپنے ساتھ لے آتی ہے تو چھتے کے ''سکیورٹی گارڈ'' اسے اسی وقت دو ٹکڑے کر کے نیچے پھینک دیتے ہیں۔

آپ ﷺ کے رب نے شہد کی مکھی کی طرف یہ وحی کی کہ ''پہاڑوں درختوں اور لوگ جو عمارتیں بناتے ہیں ان میں گھر (چھتے) بنا' پھر ہر قسم کے کے پھول سے غذا حاصل کر اور اپنے پروردگار کی طرف سے تسخیر کردہ راہوں پر چلتی جا۔ اس کے شکم (پیٹ) سے مختلف رنگوں کا مشروب نکلتا ہے جس میں لوگوں کیلئے شفاء ہے۔ اس میں غوروفکر کرنے والوں کیلئے نشانی ہے''۔ انسان کی تیار کردہ غذا تو ہم روزانہ کھاتے ہیں ہم مختلف اداروں کے بنائے ہوئے شربت بھی اکثر استعمال کرتے ہیں۔ ان غذاؤں اور شربتوں کا ذائقہ' معیار اور ان میں موجود غذائیت کا دارومدار ان میں استعمال ہونے والے اجزاء پر ہوتا ہے۔ یہ غذائیں اور مشروبات مختلف اشیاء سے مل کر تیار ہوتے ہیں۔ تیار کرنے والوں اور انہیں استعمال کرنے والوں کو علم ہوتا ہے کہ وہ کون کون سی اشیاء کے اجزاء استعمال کررہے ہیں۔ وہ مشروبات مختلف بہرحال ایسے ہیں جنہیں ہمارے لیے دوسرے ذی حیات تیار کرتے ہیں۔ ان ذی حیات کے ذریعے اللہ رب العالمین نے انسانوں کیلئے دو ایسے مشروبات کا اہتمام کیا ہے جنہیں تیار کرنے میں انسان کا عمل دخل بہت کم ہے۔ یہ دونوں اللہ کی مخلوق ہمارے لیے تیار کرتی ہیں۔ ان مشروبات میں ایک دودھ اور دوسرا مشروب ''شہد'' ہے۔ دودھ آپ کیلئے گائے بھینسیں اور بکریاں تیار کرتی ہیں۔ جب کہ شہد جیسا شفا بخش مشروب شہد کی مکھیاں تیار کرتی ہیں۔ شہد کھاتے وقت کوئی شخص اس کارخانہ قدرت کی وسعت و صلاحیت کا اندازہ ہی نہیں کرسکتا جس کارخانے میں لاکھوں کارکن کام کرتے ہیں اور اللہ کی دی ہوئی نادر و نایاب صلاحیتوں کی مدد سے انسانوں کیلئے یہ زندگی بخش مشروب تیار کرتے ہیں۔ غذا کی تلاش اور شہد تیار کرنے کیلئے شہد کی لاکھوں کروڑوں مکھیاں صبح کے ملگجے اندھیرے سے رات کا اندھیرا پھیلنے تک مسلسل مصروف رہتی ہیں۔ یہ مکھیاں اپنے چھتے سے پھلوں اور پھولوں تک ہزاروں چکر لگاتی ہیں۔ پھولوں کا مرکزی حصہ جہاں زردانہ موجود ہوتا ہے ان کی منزل ہوتا ہے۔ شہد کی مکھی جب تقریباً سو پھولوں کا رس پی چکتی ہے تو واپس اپنے چھتے میں واپس لاکر اس میں الٹی کردیتی ہے۔ پھر کارکن مکھیاں اس میں اپنا لعاب دہن شامل کر کے اسے شہد میں تبدیل کردیتی ہیں۔ پھولوں اور پھلوں کی ہزاروں اقسام پائی جاتی ہیں۔ شہد کی مکھیاں عام پھلوں اور پھولوں کے علاوہ سبزیوں کے پھولوں سے بھی رس حاصل کرتی ہیں اور ان کا زردانہ بھی جمع کرتی ہیں۔ کسی انسان کیلئے یہ اندازہ لگانا مشکل ہے کہ وہ جو شہد کھا رہا ہے۔ اس میں کتنے اقسام کے پھولوں کا کس قدر رس شامل کیا گیا ہے۔

شہد کی مکھیاں جب باغوں اور کھیتوں سے واپس اپنے چھتے میں پہنچتی ہیں تو سپاہی قسم کی مکھیاں انہیں باقاعدہ چیک کرتی ہیں کہ وہ اپنے ساتھ کسی قسم کا زہریلا مادہ تو نہیں لے کر آئی ہیں۔ اگر کوئی مکھی مضرصحت اجزاء اپنے ساتھ لے آتی ہے تو چھتے کے ''سکیورٹی گارڈ'' اسے اسی وقت دو ٹکڑے کرکے نیچے پھینک دیتے ہیں۔ **کارکنوں کی تعداد:** شہد کے ایک چھتے میں بیک وقت اسی ہزار مکھیاں ہوسکتی ہیں۔ ان کے مختلف گروپس مختلف کام سرانجام دیتے ہیں مثلاً چھتے کی تیاری کیلئے خام مال کی فراہمی حیران کن ڈیزائن کے مطابق تمام خانے چھ پہلو اور ایک سائز کے بنانا' غذا کی تلاش اور فراہمی نومولود کی پرورش' چھتے کی حفاظت' سردیوں اور گرمیوں کے مختلف درجہ حرارت کے باوجود چھتے کے اندرونی درجہ حرارت کو ایک مخصوص ٹمپریچر پر برقرار رکھنا۔ یہ سارے حیران کردینے والے کام بغیر ٹیم ورک کے ممکن نہیں ہوسکتے۔ جہاں ہزاروں کارکن کام کررہے ہوں وہاں ایک دوسرے سے رابطہ ناگزیر ہوتا ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے شہد کی مکھیوں کو ایک منفرد قسم کا مواصلاتی نظام عطا فرمایا ہے جس کی مدد سے ہزاروں مکھیاں بغیر کسی لڑائی جھگڑے کے اپنے اپنے فرائض خوش اسلوبی سے سرانجام دیتی ہیں۔

مواصلاتی رقص: غذا تلاش کرنے والی مکھیاں صبح سویرے رزق کی تلاش میں نکل کھڑی ہوتی ہیں۔ پہلی مکھی کو جیسے ہی خوراک کا ذخیرہ نظر آتا ہے تو وہ تیزی سے اپنے چھتے کے قریب آتی ہے اور ایک خاص قسم کا رقص شروع کردیتی ہے۔ مکھی کے اس رقص کے ذریعے تمام مکھیاں سمجھ جاتی ہیں کہ غذا کا ذخیرہ کس سمت میں موجود ہے اور یہ جگہ چھتے سے کتنے فاصلے پر واقع ہے۔ اس مواصلاتی رقص کی بھی مختلف قسمیں ہوتی ہیں جب شہد کی مکھی مختصر گول دائرے میں گھومتی ہے تو اس کا مطلب ہوتا ہے کہ غذا کا ذخیرہ کہیں قریب موجود ہے۔ اس سگنل میں سمت کا اندازہ نہیں ہوتا۔ اس لیے مکھیاں مختلف سمت میں پھیل جاتی ہیں۔ شہد کی یہ مکھی ایک مخصوص انداز سے گھومتی تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ غذا کا ذخیرہ چھتے سے اتنے زاویے پر واقع ہے۔ ماہرین نے تحقیقات کے بعد معلوم کیا ہے کہ اس مخصوص مواصلاتی نظام میں حرکت کرتے ہوئے شہد کی مکھی ایک گول دائرہ بناتی ہے اور پھر اس دائرے کو ایک مخصوص زاویے سے کاٹتی ہے۔ دائرے کو کاٹنے کا عمل ہر مرتبہ زمین کی کشش ثقل کے خلاف ہوتا ہے۔ اسی کی مدد سے باقی شہد کی مکھیاں یہ حساب لگاتی ہیں کہ غذا کا ذخیرہ چھتے اور سورج سے کتنے زاویے پر کس سمت میں کتنی دور موجود ہے۔ شہد کی مکھیوں کے رابطے کیلئے ان کے سر پر لگے دو انٹینے بھی بڑا مرکزی کردار ادا کرتے ہیں۔ شہد کی مکھی سونگھنے کی حیران کن صلاحیت رکھتی ہے۔ سیب کی خوشبو یہ دو میل دور سے باآسانی سونگھ سکتی ہے۔ **ہزاروں آنکھیں:** شہد کی مکھی کی آنکھیں بھی قدرت کا انوکھا شاہکار ہیں۔ انسانی آنکھ میں دو عدسے ہوتے ہیں جبکہ شہد کی مکھی کی دو آنکھوں میں سے ہر آنکھ میں چھ ہزار عدسے موجود ہیں۔ یعنی اس کی دونوں آنکھوں میں رب کریم نے مجموعی طور پر بارہ ہزار عدسے پیدا کیے ہیں۔ انہی کی مدد سے بے شمار پھولوں' پنکھڑیوں زردانے اور اسکے رنگ کو دیکھنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

چھتے کا درجہ حرارت: شہد کے چھتے کے گرد ہر وقت ایک آواز سی پھیلی رہتی ہے' یہ آوازیں دراصل شہد کی مکھیوں کے پروں کی حرکت سے پیدا ہوتی ہے۔ ہر مکھی کو اللہ تعالیٰ نے چار پر عطا فرمائے ہیں۔ یہ پر جس میٹریل سے بنائے گئے ہیں وہ بھی حیران کن طاقت رکھتا ہے' ایک مکھی ہر سیکنڈ میں پروں کو سینکڑوں بار حرکت دیتی ہے لیکن اس کثرت استعمال کے باوجود یہ پر نہ کبھی خراب ہوتے ہیں اور نہ پھٹ کر الگ ہوتے ہیں۔ جب ارد گرد فضا سخت گرم ہوتی ہے تو شہد کی مکھیاں اپنے پروں کی حرکت سے چھتے کے اندر درجہ حرارت کو بڑھنے سے روکتی ہیں اگر وہ ایسا نہ کریں تو ان کا موم کا بنا ہوا گھر گرمی سے پگھل سکتا ہے۔ آپ نے دیکھا کہ آپ جو مزیدار شہد کھاتے ہیں' اس شہد کے آپ تک پہنچانے کیلئے اللہ تعالیٰ نے کیسا زبردست کارخانہ لگا رکھا ہے' اس کارخانے میں کتنی اقسام کا خام مال کہاں کہاں سے لایا جاتا ہے اور لاکھوں کارکن کس طرح دن رات آپ کے لیے لذیذ مشروب تیار کرنے میں مصروف رہتے ہیں۔

درویش سے ملا غائب ہونے کا عمل	سوکھے آٹے سے چہرے کے بال ختم	بلڈ کینسر کا انوکھا علاج! ڈاکٹرز پریشان گھر والے خوشی سے نہال	خونی اور بادی پیچش کا سو فیصد فوری علاج

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

مٹھی بندکی اور سخت دل نرم ہو گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج میں بہت خوش ہوں اور میری اس خوشی کی وجہ آپ ہیں‘ آپ کو میں نے کچھ دنوں پہلے دفتر ماہنامہ عبقری کے پتہ پر جوابی لفافہ کے ساتھ خط لکھا تھا‘ جس میں اپنے کچھ مسائل لکھے تھے‘ اس خط میں میں نے اپنے بیٹے کی بیماری کا ذکر کیا ہے۔ ایک دن میرے بیٹے کے معدہ میں شدید درد تھا اور میں اس کو ڈاکٹر کے پاس لے جانے لگی تھی کہ آپ کا جوابی خط موصول ہوا جس میں آپ نے میرے بیٹے کیلئے عبقری دواخانہ کا ’’السر کورس‘‘ تجویز کیا۔ میں ڈاکٹر کے پاس گئی‘ آپ کی یہ دوائی منگوائی ہے۔ الحمدللہ کافی سکون ہے۔ مسائل کیلئے آپ نے وظائف دیئے وہ بھی پڑھ رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی صحت اور خوشیوں والی عطا فرمائے جب سے آپ نے مجھے خط کا جواب دیا ہے‘ جینے کا دل کرنے لگا ہے ورنہ پہلے تو ہر وقت یہ طریقے سوچتی رہتی تھی کہ کسی طرح سے اپنی اور اپنے بچوں کی زندگی کو ختم کرلوں۔ آپ کا جوابی خط اپنے تکیے کے نیچے رکھتی ہوں جب بھی دل پریشان ہوتا ہے خط کھول کر پڑھتی ہوں آنکھوں پر لگاتی ہوں‘ دل میں یقین رکھتی ہوں اس پر لکھے وظائف سے میرے مسائل حل ہوجائیں گے‘ دل کو سکون مل جاتا ہے۔ میرے پاس ایک بہت مفید عمل ہے جو بے شک میرے نام کے ساتھ شائع کردیجئے گا۔

کٓھٰیٰعٓصٓ کو اس طرح پڑھنا ہے کہ چھوٹی انگلی سے شروع کریں‘ یعنی چھوٹی انگلی پر ’’ک‘‘ پڑھیں‘ اس کے ساتھ والی انگلی کو بند کرتے ہوئے ’’ھ‘‘ پڑھیں۔ پھر درمیان والی انگلی کو بند کریں اور ’’ی‘‘ پڑھیں۔ پھر شہادت کی انگلی بند کریں اور ’’ع‘‘ پڑھیں اور آخر میں انگوٹھے کو بند کرتے ہوئے ’’ص‘‘ پڑھیں۔ پھر جس سے کام ہو یا کوئی غصے میں ہو‘ ناراض ہو یا کوئی سخت دل ہو اور اس سے کام ہو تو اس کے سامنے جاکر مٹھی کھول دیں۔ وہ اتنا نرم ہوجائے گا کہ جو آپ کہیں گے فوراً مان لے گا۔ یہ عمل میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔ (نوٹ: قارئین درج بالا عمل بارہا مرتبہ پہلے بھی عبقری میں شائع ہوچکا ہے۔) (نورین نور)

میرے کچھ آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کی اور سارے عالم کی حفاظت فرمائے۔ کچھ ٹوٹکے قارئین عبقری کی خدمت میں بھیج رہی ہوں۔ ضرور شائع کیجئے۔

گرمیوں میں بچوں کو لو سے بچانے کیلئے ایک چھوٹا سا پیاز چھیل کر ان کی جیب میں ڈال دیں‘ بچے پر لو اثر نہیں کرے گی‘ پیاز کا رنگ کالا ہوجائے تو پھینک دیں۔ یہ ٹوٹکہ آئندہ گرمیوں میں ضرور استعمال کیجئے گا۔

لیموں کے رس میں چند قطرے پانی ملا کر کنپٹیوں‘ ماتھے اور کانوں کے پیچھے لگائیں تو گرمی سے سر درد‘ لو کا اثر نہیں ہوگا۔

غیر ضروری چہرے کے بالوں کو ختم کرنے کیلئے

جس برتن میں آٹا گوندھ کے رکھیں اس کے کناروں کے ساتھ جو آٹا سوکھ جاتا ہے اسے ذرا سا نم کرکے چہرے پر لیپ کریں۔ اگر بال زیادہ ہوں تو مستقل اس کا استعمال کرنے سے بال ختم ہوجائیں گے عرصہ علاج کم سے کم ایک سال ہے۔ میرا اپنا آزمودہ علاج یہ ہے کہ عبقری دواخانہ کی ’’دیسی کریم‘‘ جوکہ میں نے صرف ایک ڈبیہ استعمال کی ہے۔ یقین اول شرط ہے‘ کسی بھی وائٹنگ کریم سے بال اور آنکھوں کے گرد جلد نرم ہوکر لائنز پڑنے لگ جاتی ہیں۔ میں نے عبقری دواخانہ کی اس کریم کو روزانہ استعمال کیا‘ الحمدللہ میرے چہرے سے بال‘ لائنز کے ساتھ ساتھ حلقوں کا بھی واضح فرق ظاہر ہوا۔ لیکن یقین پہلی شرط ہے ورنہ پیسے ضائع نہ کریں۔ ہاتھوں کو خوبصورت اور ملائم بنانے کیلئے گلیسرین کا مساج کرنے سے ہاتھوں کی خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔ آزمودہ ہے۔

پیروں کی صفائی: نیم گرم پانی میں تھوڑا سا سرکہ ملا کر پندرہ منٹ تک پانی میں پاؤں ڈبوئیں پھر کسی نرم برش سے پاؤں کی صفائی کریں‘ واضح فرق محسوس ہوگا۔ مخلوق خدا ان ٹوٹکوں کو آزمائیں‘ دعاؤں میں یاد رکھیں۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم‘ عبقری کی ٹیم‘ عبقری کے مداحوں‘ تسبیح خانہ کے فقیروں کی اللہ پاک نسلوں میں برکات دے عبقری شاد و آباد رہے۔ تسبیح خانہ تا قیامت قائم دائم رہے۔ آمین ثم آمین۔ (ثمن‘ لیاقت پور)

ہر کام میں آسانی کیلئے صرف یاحی یاقیوم

ایک مرتبہ کسی اخبار کے ایڈیشن میں پڑھا کہ کثرت سے ہر وقت زبان پر یاحی یاقیوم کا ورد ہو تو ہر مشکل آسان ہوجاتی ہے اس دن سے میں نے یہ معمول بنا رکھا ہے۔ گھر کے امور سرانجام دیتے وقت‘ بازار میں چلتے پھرتے‘ کالج‘ سکول‘ بینک غرضیہ ہر کام میں اللہ کی خاص رحمت اور برکت محسوس کی ہے۔ عبقری کے وسیلے سے میرا یہ پیغام قارئین تک پہنچے گا تو امید ہے کہ خواتین‘ حضرات بھی وضو بغیر وضو یہ عمل جاری رکھیں گے اور خوب رحمتیں برکات سمیٹیں گے۔

مسنون دعا کی برکت‘ آگ سے بال بال بچ گئے

الحمدللہ! میں صبح و شام کی مسنون دعائیں باقاعدگی سے نماز فجر کے بعد اور نماز مغرب کے بعد پڑھتی ہوں۔ ذاتی زندگی میں ان دعاؤں سے بے حد مستفید ہوئی ہوں۔ قارئین کیلئے ایک ذاتی تجربہ تحریر کرنا چاہتی ہوں تاکہ ناچیز کی تحریر سے اگر چند افراد بھی اس دعا کو اپنی زندگی کا حصہ بنالیں گے تو یقیناً دنیا میں تو کیا آخرت میں بھی اللہ رب العزت آگ سے نجات دے دیں گے۔ واقعہ یوں ہے کہ عیدالفطر کا موقع تھا‘ ہمارا جنریٹر کچن میں رکھا ہوتا ہے‘ قریب ہی چولہا بھی جل رہا تھا اور میں‘ میری بچی کئی دفعہ کام کی غرض سے کچن میں بھی گئے۔ تقریباً ایک گھنٹے بعد ملازم آیا اور کہنے لگا کہ باجی جنریٹر کا گیس پائپ اترا ہوا ہے۔ آپ یقین کیجئے کہ اتنی دیر میں تو کچن میں گیس بھر جانا چاہیے تھا اور چولہا جل رہا تھا یکدم سب کچھ جل جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس دعا کی برکت سے ہماری حفاظت کی کہ تشکر کے الفاظ نہیں ملتے۔ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ۔ صبح و شام تین، تین مرتبہ پڑھیں۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔ میرے طبی مشاہدات درج ذیل ہیں:۔

خونی اور بادی پیچش کا سو فیصد فوری علاج

اگر کسی فرد کو عمر کے کسی بھی حصے میں پیچش آئیں‘ کوئی دوا کارگر نہ ہو تو نہایت مجرب نسخہ ہے‘ قارئین عبقری ضرور آزمائیں۔ **ھوالشافی:** ایک سے ڈیڑھ کھانے کا چمچ اسپغول کا چھلکا (بھوسی) لیں۔ فرائی پین میں یا توے پر تھوڑی سی مقدار میں کوکنگ آئل یا گھی ڈال کر گرم کریں‘ پھر

دادکا نشان مٹانے کیلئے: دادکا نشان مٹانے کیلئے اخروٹ کا چھلکا پانی میں رگڑ کر تین ہفتے تک لگاتے رہنے سے بہترین نتائج ملتے ہیں۔

اسپغول گرم آئل میں ڈالیں۔ ہلکا براؤن ہو تو تھوڑی سی چینی ملا کر کھائیں۔ بعد میں قہوہ یا چائے پی لیں۔ ان شاء اللہ پہلی مرتبہ تکلیف رفع ہوجائے گی۔ ضرورت پڑنے پر صبح و شام اور دو تین دن بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ (پوشیدہ' اٹک)

''میرا مشاہدہ عبقری کے نام''

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ آپ خوش و خیریت سے ہونگے۔ "عبقری کے نام" جب سے میں نے عبقری کو دیکھا ہے میں حیران ہوں کہ اس دنیا میں ایسے بھی لوگ ہیں جو دردِ انسانیت کو اپنے دامن میں لیے ہوئے ہیں۔ میں عبقری کے لئے پہلی بار لکھ رہا ہوں۔ برائے مہربانی میری اس تحریر کو عبقری میں شائع کریں۔ میں بہت ہی منتظر ہوں۔ میری موٹر سائیکل میں اکثر پلگ کا مسئلہ رہتا تھا۔ ایک بار میں نے عبقری میں ایک تحریر پڑھی کہ اگر ٹریفک جام ہو جائے تو الم نشرح تلاوت کریں۔ تو میں نے ابو کو کلینک چھوڑنے جانا تھا تو اچانک میں سمجھ گیا کہ آج موٹر سائیکل ساتھ نہ دے گی اور ابو کی ڈانٹ مجھے ضرور ملے گی۔ مجھے اسی دوران الم نشرح سورہ یاد آئی اور میں نے فوراً وہ تلاوت کرنا شروع کی یقین جانیے۔ مجھے ایسا لگا کہ کوئی ایسی قدرت ہے جو میری موٹر سائیکل کو چلا رہی ہے اور پھر بعد میں پلگ لینے کیلئے دکان پہ گیا تو انہوں نے کہا پلگ بالکل ٹھیک ہے اور میں اس سورۃ کو تیل کو ختم ہونے کے وقت بھی آزمایا ہے بہت فائدہ ہوا ہے' اس خط کو ضرور بالضرور شائع کریں۔ (حافظ عبدالقدوس شیخ' خیرپور میرس سندھ)

درویش سے ملا غائب ہونے کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ دو سال سے عبقری رسالہ کا قاری ہوں اور میں نے اس رسالہ سے بہت کچھ پایا ہے' دعائیں' دوائیں' اور لازوال حکمت کی باتیں۔ میرے تین بیٹوں اور ایک بیٹی کو ڈیپریشن کا مرض ہے' میں نے آپ کا رسالہ عبقری میں بتائی ہوئی بیت الخلاء کی مسنون دعا ایک سال سے پڑھ رہا ہوں اور ڈیپریشن ٹھیک ہوا ہے اور یہ بھی عرض کردوں کہ میں پچھلے ایک سال سے دو انمول خزانہ بلاناغہ پڑھ رہا ہوں اور اس سے میرے کاروبار میں ایک انقلاب آیا ہے' میرے نماز پڑھنے میں سستی تھی' وہ ختم ہوگئی' مجھے جینے کا مزہ نہیں آتا تھا اب جیسے جینے کی تمنا پیدا ہوگئی ہے۔ میں ہروقت وساوس کا شکار رہتا تھا اب صرف رات کو نماز عشاء کے بعد گیارہ بارہ بجے تک ذکر کرتا ہوں' گانے اور موسیقی کا دلدادہ تھا اب الحمدللہ اس سے بھی پرہیز کرتا ہوں ہروقت باوضو رہتا ہوں اور انمول خزانہ نمبر دو چلتے پھرتے ہروقت پڑھتا ہوں' یہ سب آپ کی دعاؤں کی بدولت ہے اور دن بدن میں دین کی طرف زیادہ راغب ہوتا ہوں اور آپ کو اور آپ کی گزشتہ بارہ اور آئندہ بارہ نسلوں کی مغفرت اور رحمت کیلئے دعا کرتا ہوں اور تاحیات کرتا رہوں گا میری دنیا آپ کی دعاؤں سے بدل گئی ہے اور میں بھی یکسر بدل گیا ہوں۔ میرے پاس ایک مفید ترین ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں' یہ ایک راز ہے جو مجھے ایک درویش سے ملا تھا' یہ دعا دشمن کی نظروں سے اوجھل ہونے کیلئے ہے۔

سَلِمِ کَفَ یَانَا مَا کَفَ یَا 7 مرتبہ پڑھ کر پھونکنے سے آپ دشمن کو دکھائی نہیں دیں گے۔ **مزید ایک ٹوٹکہ قارئین کی نذر کرتا ہوں:** بچوں کے چہروں پر اکثر چھوٹے چھوٹے دانے نکلتے ہیں اس کیلئے ایک مرغی کا چوزہ کم از کم ایک یا ڈیڑھ پاؤ مریض کے چہرے سے مس کرکے اسے صدقہ کرنا ہے۔ دانے فوراً ٹھیک ہوں گے۔ (محمد ناصر' گلگت)

بلڈ کینسر کا انوکھا علاج! ڈاکٹرز پریشان گھر والے خوشی سے نہال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے ایک جاننے والے ہیں انہوں نے بتایا کہ ان کے ایک عزیز سعودی عرب سے آئے تھے انہوں نے یہ واقعہ سنایا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک بچہ جو چار پانچ سال کا تھا اس کو بلڈ کینسر ہوگیا' وہ مسجد میں پڑھتا تھا' ایک دن بچے کی ماں انتہائی پریشانی کی حالت میں بچے کے قاری صاحب کے پاس گئی اور انہیں بتایا کہ بچہ اب مرجائے گا۔ اس کو بلڈ کینسر ہوگیا ہے اب اس کو جو پڑھانا ہے پڑھا لیجئے۔ قاری صاحب بہت پریشان ہوئے اور کچھ دیر کیلئے خاموشی سے سر جھکا لیا' پھر نظر کلاس کے بچوں پر ڈالی ایک بچہ جس کی ابتدائی ڈاڑھی نکل رہی تھی اس کو بلا کر پوچھا کہ تم نے ڈاڑھی پر بلیڈ تو نہیں لگایا؟ بچے نے نفی میں سر ہلایا تو استاد نے بچے کی ڈاڑھی کو پانی سے دھویا اور وہ پانی جو بیمار بچہ تھا اس کو پلایا اور ماں سے کہا کہ اس میں پانی ملاتی جائیں اور بچے کو مسلسل پلائیں' تھوڑا ہی عرصہ گزرا کہ بچہ بالکل تندرست نظر آنے لگا انہوں نے ڈاکٹر کے کہنے پر ٹیسٹ کروائے جو کہ بالکل نارمل تھے ڈاکٹر حیران تھے کہ یہ کیسے ٹھیک ہوگیا؟ (نجمہ عامر' گوجرانوالہ)

آلو کا پانی اور سفید بال کالے سیاہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس چند ٹوٹکے ہیں جو میں عبقری ٹوٹکہ سیکشن کی نذر کرتی ہوں۔ **سفید بالوں کیلئے:** آلو کے خشک ٹکڑے ایک پاؤ لوہے کے برتن میں آدھ کلو پانی ڈال کر ایک دن کیلئے رکھ دیں دوسرے دن اس پانی کو لگائیں' بال سیاہ ہوجائیں گے۔ چند ہفتے چند مہینے یہ ٹوٹکہ ضرور آزمائیں۔ **کالے اور لمبے بال:** ناریل کا تیل مٹھی بھر مہندی کے پتے ڈال کر ابال لیں' روزانہ بالوں پر لگانے سے بال لمبے اور گھنے ہوجائیں گے۔ **چہرے کا مساج:** چہرے پر اکثر دانوں کے ٹھیک ہوجانے کے بعد دانوں کا نشان باقی رہ جاتا ہے تو چہرے پر دانوں کیلئے روغن زیتون اور روغن کدو کو برابر (باؤل) میں ڈال کر گال کا مساج کریں اور تب تک مساج کریں جب تک دھبے دور نہ ہوجائیں۔ **چہرے کے داغ دھبوں کیلئے:** لیموں کے چھلکے پیس کر دودھ میں ڈال کر ملائیں اور رات کو سونے سے پہلے چہرے پر لگانے سے داغ دھبے حلقے دور ہوجائیں گے۔ **جلد نکھاریئے:** تازہ دودھ میں گلیسرین ڈال کر چہرے پر لگانے سے جلد نکھر جاتی ہے۔ **آنکھوں کے حلقوں کیلئے:** ملائی میں چند قطرے لیمن کا رس ملا کر چہرے پر لگانے سے حلقے دور ہوجاتے ہیں۔ **پاؤں کی بدنمائی کیلئے:** نیم گرم پانی میں نمک ڈال کر پاؤں اس میں رکھ دیں' تقریباً بیس منٹ تک رہنے دیں' اس کے بعد کوئی بھی کولڈ کریم لگائیں۔ مزید پاؤں کی جھریوں کیلئے پٹرولیم جیلی کو متاثرہ حصہ پر لگانے سے جھریاں ختم ہوجاتی ہیں۔ (مہوش)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

(بقیہ: ہماری حیرت انگیز کامیابیاں)

کو وقت اور حرکت تک وسعت دی اور ان کو بنیادی طور پر مسلسل قرار دیا۔ **میکانکی ایجادیں:** سب سے پہلے خودکار آلات جو موسیٰ بن شاکر نے ایجاد کیے انہوں نے 860ء میں سائنسی نوعیت کے کھلونے' آلات موسیقی' خودکار آلات اور دوسری چیزیں ایجاد کیں۔ **کاغذ کی صنعت:** حاملین قرآن نے سب سے پہلے 751ء میں سمرقند میں روئی سے کاغذ بنانے کی صنعت کا آغاز کیا۔ **آلات جراحی کی ایجاد:** ابوالقاسم الزہراوی وہ عظیم سرجن تھے جنہوں نے نہ صرف آلات جراحی ایجاد کیے بلکہ ان کو استعمال بھی کیا جب کہ یورپ اس وقت غفلت کی چادر اوڑھے خواب خرگوش میں مگن تھا۔ **آکسفورڈ یونیورسٹی کا بانی:** آکسفورڈ یونیورسٹی جو لندن میں واقع ہے اس کا بانی اول گیارہویں صدی میں ابوصالح بن داؤد تھا جس کو لاطینی میں ''آدین ویتھ'' کردیا گیا۔ **سکول کا نظام:** البیرونی نے اسکول کا نظام تعلیم رائج کیا جس میں رہائشی یونیورسٹیاں کتب خانے اور یونیورسٹی کے قوانین و ضوابط شامل تھے۔ **حیوانات اور پودوں پر رسالے:** حیوانات اور پودوں سے متعلق الاصمعی بصری نے سب سے پہلے 740ء میں رسالہ تحریر کیا۔ اس کے علاوہ لاتعداد ایجادات ہیں جن پر سب سے پہلے مسلمانوں نے کام کیا اور ان پر کتابیں تصانیف کیں۔

غصہ سے نجات: جس آدمی کو بہت زیادہ غصہ آتا ہو وہ غصے کے وقت اسم مبارک یَارَءُوْفُ کا ورد کرے تو اس کا غصہ فوراً زائل ہو جائے گا۔

عبقری روحانی اجتماع میں شریک افراد کی بندشیں کیسے ٹوٹیں؟

میں اور میری تین بیٹیوں نے آپ کے تین روزہ عبقری روحانی اجتماع میں شامل ہوئے' ہم نے تین دن یہیں قیام کیا تھا۔
شاید زندگی میں مجھے کبھی اتنا سکون نہیں ملا جتنا یہاں تسبیح خانہ میں ملا۔ ان شاء اللہ تا زندگی ہم آتے رہیں گے

کاروباری حالات بہترین کی جانب گامزن

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی عطا فرمائے اور عبقری کے تمام عملے کی بے حد مشکور ہوں' میں ماہنامہ عبقری تقریباً آٹھ ماہ سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ یہ رسالہ بہت اچھا ہے اس کو پڑھ کر میرے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں۔ اس دفعہ میں نے عبقری روحانی اجتماع میں بھی شرکت کی تھی' مجھے بہت سکون ملا' میرے بہت سے مسائل حل ہوئے بندشیں ٹوٹیں' کاروباری حالات بہتری کی جانب گامزن ہیں۔ آپ کے تمام دروس بہت اچھے تھے۔ (ش۔ش)

اجتماع میں آئی اور بندشیں ٹوٹ گئیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ دو سال سے پڑھ رہی ہوں' رسالہ بہت اچھا ہے' میرے بہت سے مسائل اس رسالہ کی وجہ سے حل ہوئے ہیں۔ گزشتہ سال نومبر کا رسالہ لے کر آئی' اس میں عبقری روحانی اجتماع کا ذکر تھا' اس میں لکھا تھا روزی کی بندش' کالے علم' کالے جادو کا توڑ ہوگا' مسائل کا حل ملے گا' رسالہ میرے ہاتھ میں تھا اور میں سوچ رہی تھی کہ میں کبھی اتنی دور نہیں گئی' بہت ڈر لگ رہا تھا' میں اپنے چھوٹے بھائی اور چھوٹے بیٹے کو لے کر لاہور کی طرف چل پڑی' راستے میں بھی عجیب سی جھجک تھی' مگر جب لاہور میں تسبیح خانہ پہنچی تو ایک عجب سکون اور روحانیت تھی' اجتماع میں شامل ہو کر روحانی اور قلبی سکون ملا اور جو ڈر تھا وہ بھی ختم ہو گیا اور مسائل حل ہونا شروع ہوئے اور بندش کا توڑ بھی ہوا۔ اجتماع میں شامل ہو کر جہاں اور فوائد ملے وہاں یہ جان کر بڑی خوشی ملی کہ تسبیح خانہ میں عورت کو مکمل پردہ' سکون اور بھرپور عزت دی جاتی ہے۔ (شمیم' جہلم)

سمجھ نہیں آ رہی کیا لکھوں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز کرے اور آپ کی نسلوں میں برکت اور عافیت عطا فرمائے بس آپ کی تعریف کیا کروں؟ لکھنا بہت کچھ چاہتی ہوں لیکن الفاظ کہاں سے لاؤں جو روحانی اجتماع کے بارے میں لکھوں۔ یقین کریں خط لکھ رہی ہوں اور ساتھ رو رہی ہوں' کچھ سمجھ نہیں آ رہا کیا لکھوں' تسبیح خانہ میں روحانی اجتماع سے ہمیں جو کچھ ملا اس کا نعم البدل آپ کو اللہ تعالیٰ ہی دے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہر ماہ عبقری رسالہ باقاعدگی سے پڑھتی ہوں' بہت فوائد ملتے ہیں۔ عبقری روحانی اجتماع کی تو کیا ہی بات ہے' وہاں سے واپس آنے کو جی ہی نہیں چاہتا تھا' بہت دعائیں مانگیں' اب بھی کرتی ہوں' یااللہ تسبیح خانہ کو سدا آباد رکھ' اپنی حفاظت فرما' قیامت تک کیلئے حفاظت فرما' بس کیا بتاؤں کیسی دعائیں نکلتی ہیں' آپ کیلئے بھی بس کریں کہ خاتمہ ایمان پر ہو۔ عبقری روحانی اجتماع میں بتائے ہوئے وظائف کرتی ہوں' روزانہ صلوٰۃ التسبیح پڑھتی ہوں اول و آخر استغفار اور درود شریف کے ساتھ' آپ کیلئے' علامہ لاہوتی اور صحابی بابا کیلئے بھی الگ سے پڑھتی ہوں' تمام جن وانسان کیلئے دعائیں کرتی ہوں الحمدللہ ہر طرف سکون ہی سکون ہے۔ (ن' مانسہرہ)

جسمانی اور ذہنی لحاظ سے بالکل "فٹ"

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے' گزشتہ سال میں اپنے شوہر صاحب کے ساتھ عبقری روحانی اجتماع میں شریک ہوئی تھی' جس کا مجھے پورا سال فائدہ ہوا' میں جسمانی اور ذہنی لحاظ سے بالکل ٹھیک رہتی ہوں اور آپ کے بتائے اعمال کی وجہ سے میری ایک ہی بچی تھی جس کی شادی ہو گئی۔ (ف' اٹک)

حضرت حکیم صاحب کا ہاتھ میرے سر پر ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا شکریہ آپ نے ہمیشہ بہت محبت اور پیار سے میری رہنمائی کی ہے۔ میں نے آپ سے اپنے شوہر کے سلسلے میں ملاقات کی تھی جو کہ بہت بگڑے ہوئے تھے مگر جب سے آپ سے رابطہ ہوا یہ کافی حد تک ٹھیک ہیں اور انہوں نے آپ سے دو' تین ملاقاتیں بھی کیں اور ایک دم بھی کروایا۔ اب اکثر میرے شوہر کہتے ہیں کہ حکیم صاحب کا ہاتھ میرے سر پر ہے۔ میں اور میری تین بیٹیوں نے آپ کے تین روزہ عبقری روحانی اجتماع میں شامل ہوئے' ہم نے تین دن یہیں قیام کیا تھا۔ شاید زندگی میں مجھے کبھی اتنا سکون نہیں ملا جتنا یہاں تسبیح خانہ میں ملا۔ ان شاء اللہ تا زندگی ہم آتے رہیں گے اور تسبیح خانہ میں رہتے ہوئے میرے ایک سوٹ سے بے شمار کومن پنز نکلیں حالانکہ وہ سوٹ میں پہلے بھی کئی بار پہن چکی تھی مگر پہلے کبھی ایسا نہیں ہوا میں نے وہ سوئیاں وہیں باسکٹ میں پھینک دیں اور ہم نے یہاں جو جو دعائیں مانگی سب قبول ہوئیں اور کافی مسائل حل ہوئے جو بالکل ناممکن تھے۔ میں نے آپ کا شکریہ ادا کرنا ہے کہ ان چند سالوں میں اللہ کے نام کی بدولت مجھے بے شمار نعمتیں ملیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کی فیملی تمام کو باغ و بہار رکھے' ہماری دلی دعا ہے آپ کی زندگی میں کبھی خزاں نہ آئے۔ آمین! (ر۔ف' ملتان)

روحانی اجتماع میں لانے والے اللہ تیرا بھلا کرے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تسبیح خانہ جاتے ہوئے ابھی زیادہ عرصہ تو نہ ہوا ہے اس کا آغاز آپ کے عبقری روحانی اجتماع سے ہوا' ایک اللہ والا جا رہا تھا تو مجھے ساتھ لے گیا' ان تین دنوں میں' میں نے جو سنا' میرے اندر کی دنیا' من کی دنیا میں بھونچال آ گیا اور ایک آہ نکلی۔ بس پھر ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں حاضری دینا شروع کر دی اور گھر میں انٹرنیٹ کے ذریعے بہت سے درس سنے' وظائف اور ٹوٹکے سن چکا ہوں۔ اس راہ پر ڈالنے والے اس اللہ والے کا بھلا ہو جس نے نہ صرف اچھی راہ پر گامزن کیا بلکہ ایک بھٹکے ہوئے انسان کو اندھیروں سے نکالنے کی راہ دکھا دی۔ افسوس ہوتا ہے میں پہلے کیوں نہ تسبیح خانہ پہنچا۔ (حاجی محمد سعید' لاہور)

نوٹ: عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کرنے والے مرد و خواتین اپنے ساتھ بستر ضرور لائیں اور ہاں بستر ہلکا لائیں' گرم نہ لائیں' موسم زیادہ ٹھنڈا نہیں ہوگا۔

ہمارے مہینے

اسلامی	انگریزی	دیسی	ہندی
محرم الحرام	جنوری	عاشورہ	بیساکھ
صفر المظفر	فروری	تیرا تیزاں	جیٹھ
ربیع الاول	مارچ	بارہ وفاتاں	ہاڑ
ربیع الثانی	اپریل	عرس والا	ساون
جمادی الاول	مئی	خالی	بھادوں
جمادی الثانی	جون	بیا خالی	اسو
رجب المرجب	جولائی	معراج	کاتک
شعبان المعظم	اگست	شعبان	مگھر
رمضان المبارک	ستمبر	رمضان	پوہ
شوال	اکتوبر	عیدوالہ	ماگھ
ذی قعدہ	نومبر	خالی	پھاگن
ذوالحجہ	دسمبر	بقرعید	چیت

(بقیہ: ایک روپے کو ترسنے والی آج لاکھوں میں کھیل رہی)

خرچہ بچ جائے اور میں اپنے بچوں سے کہتی کہ وہاں نانا ابو جو خرچہ دیں اس میں سے پندرہ روپے جوڑ کر آپ لوگوں نے مجھے دینے ہیں تاکہ ہمارا واپسی کا کرایہ ہو سکے اور آج میں کہاں! مجھے اللہ نے الحمدللہ اس قابل بنا دیا کہ میرے جیسی نکمی غریبوں کو 65 ہزار بانٹ رہی ہے۔ اللہ تیرا شکر! حکیم صاحب آپ کا شکریہ! عبقری تیرا احسان ورنہ میں تو کسی قابل بھی نہیں میں کیا میری اوقات کیا۔

سخت ترین غلطی: گناہ اسی وقت تک دلچسپ نظر آتا ہے جب تک وہ سرزد نہ ہو جائے اس نیت سے عیب کرنا کہ دو چار مرتبہ کر کے چھوڑ دوں گا' انتہائی سخت ترین غلطی ہے۔

برباد گھر بس گئے' ملازمت مل گئی' بیمار صحت یاب

دھیان کے ساتھ اس کو پڑھنا شروع کر دیا' چند دنوں کے بعد ہی نفرت کی برف پگھلنے لگی اور چند بڑوں نے صلح کروا دی اور آج وہ گھر خوشیوں کو گہوارہ بن چکا ہے' جتنی غلط فہمیاں تھیں سب دور ہو گئیں اور دونوں خاندان خوش و خرم ایک دوسرے کی ہر محفل کا حصہ ہوتے ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا عبقری سے تعلق گزشتہ پانچ سال پرانا ہے' آپ سے ملاقات کا شرف بھی پا چکا ہوں' آپ نے مجھے ایک وظیفہ دیا تھا' اس وظیفے سے مجھے بہت فائدہ ہوا' میرے بہت سے کام بنے' مگر میں یہاں مجھے ہوئے فوائد بتانے کی بجائے اس آیت کے وہ فوائد لکھ رہا ہوں جو دوسروں نے مجھے بتائے۔ میں نے آپ کا بتایا والا وظیفہ جب دوسرے لوگوں کو بتایا تو حیران کن تجربات و مشاہدات ملے۔ **پہلا تجربہ:** یہ وظیفہ میں نے ایک ایسے شخص کو بتایا جس کی ملازمت سے ترقی رکی ہوئی تھی انتہائی پریشان تھا' میں نے اسے یہ وظیفہ بتایا اور کہا کہ سارا دن کھلا پڑھو' صرف تین ماہ ہی پڑھا تھا کہ اس کی ملازمت میں ترقی ہو گئی۔ **دوسرا تجربہ:** میرے جاننے والے کے گھریلو حالات بہت زیادہ خراب تھے' ہر وقت کے لڑائی جھگڑوں' ناچاقی سے گھر بربادی کے دہانے پر تھا' دونوں طرف طلاق کی باتیں ہو رہی تھیں' میں نے اس بندے کو یہ وظیفہ بتایا اور کہا کہ تمام گھر والے والوں نے یقین توجہ اور دھیان کے ساتھ اس کو پڑھنا شروع کر دیا' چند دنوں کے بعد ہی نفرت کی برف پگھلنے لگی اور چند بڑوں نے صلح کروا دی اور آج وہ گھر خوشیوں کو گہوارہ بن چکا ہے' جتنی غلط فہمیاں تھیں سب دور ہو گئیں اور دونوں خاندان خوش و خرم ایک دوسرے کی ہر محفل کا حصہ ہوتے ہیں اس کے پہلے تو ایک دوسرے شکل دیکھنا تو درکنار نام لینا بھی گوارہ نہ کرتے تھے۔ **تیسرا تجربہ:** میرے ایک دوست کے رشتہ دار لاہور میو ہسپتال میں داخل تھا' اس کے جسم کے تمام اعضاء کام کرنا چھوڑ گئے تھے' حتیٰ کہ سانس بھی صحیح طرح سے نہ چل رہی تھی' جسم کے تمام پٹھے کام کرنا چھوڑ گئے تھے' میں اپنے دوست کو درج ذیل وظیفہ بتایا۔ اس نے اسی وقت خود بھی پڑھنا شروع کر دیا اور اس بیمار شخص کے تمام گھر والوں کو بھی فون کر کے فوری طور پر یہ وظیفہ ہر وقت کھلا پڑھنے کیلئے کہا۔ تمام رشتہ داروں اور گھر والوں (جو کہ سب مایوس ہو چکے تھے) نے یہ وظیفہ یقین توجہ اور دھیان کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیا' بس یہ پڑھنا تھا کہ مریض میں صحت کے آثار نظر آنا شروع ہو گئے' ڈاکٹرز بار بار حیرانی کے ساتھ ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے' مریض کے پٹھوں میں حرکت ہونا شروع اور سانس بحال ہونا شروع ہو گئی۔ چند ہفتوں کے بعد ہی مریض کو ہسپتال سے چھٹی مل گئی اور چند ماہ کے بعد مریض بالکل تندرست ہو گیا۔ عمل درج ہے:

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ یَاجَامِعُ یَامُعِیۡنُ

میرے پاس چند طبی تجربات و مشاہدات بھی ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتا ہوں:۔ **اکسیر جگر ہاضم' مولد خون نسخہ:** سونٹھ' ریوند خطائی' میٹھا سوڈا' سالٹ میگنیشیا ہم وزن سفوف بنا لیں۔ تازہ پانی کے ساتھ صبح، دوپہر، شام ایک ماشہ خوراک لیں۔ **خارش ہر قسم کیلئے:** کافور دو تولہ' نیلا تھوتھا ایک تولہ' گندھک دو تولہ' مُردار سنگ دو تولہ۔ ایک پاؤ تیل سرسوں میں ملائیں اور خارش زدہ حصہ پر لگائیں۔ بارہ گھنٹوں کے بعد نیم پتے ڈال کر ابالے پانی سے دھو کر دوبارہ یہی تیل لگا لیں۔ چند بار لگانے سے ہی خارش ہر قسم کی ختم ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ **سر کی خشکی کیلئے آئل:** تیل سرسوں ایک پاؤ' ڈیٹول ایک تولہ' دونوں کو مکس کر کے رات کو سوتے وقت سر پر لگا لیں صبح اٹھ کر سر دھو لیں۔ ہفتہ میں تین مرتبہ یہ ٹوٹکہ آزمائیں اور پھر کمال دیکھیں۔

جتنا قصیدہ غوثیہ پڑھو گے اتنے زیادہ نمبر

آپ نے مجھے ایک مرتبہ قصیدہ غوثیہ کے پہلے دو اشعار ہر وقت پڑھنے کا ارشاد فرمایا تھا اور اس میں حمد ہی حمد ہے۔ میں نے یہ پورا یاد کر لیا ہے۔ جتنا ہو سکتا ہے پڑھتا ہوں' میرے ایسے ایسے کام بنے کہ میں اب تک حیران ہوں' ایک مرتبہ رات کو پڑھتے ہوئے سو گیا تو خواب دیکھا کہ میں امتحانی سنٹر میں پرچہ دے رہا ہوں' پرچہ دینے کے بعد اس پرچے پر نمبر بھی خود ہی لگانے ہیں' پرچہ مکمل کر کے دہرائی کرتا ہوں تو پرچہ جمع کرنے والے حضرات آ جاتے ہیں' بڑی مشکل سے نمبر والی جگہ تلاش کرتا ہوں کہ 75 ٹھیک ہیں یا 80' بہرحال پرچہ ٹھیک ہوا ہے۔ پرچہ جمع کرنے والے حضرات بولے جتنا قصیدہ غوثیہ پڑھو گے اتنے زیادہ نمبر ملیں گے جب میری آنکھ کھلی تو میری زبان پر قصیدہ غوثیہ جاری تھا۔ (اورنگزیب خان' جوہر آباد)

رات میں کام کرنے والوں کیلئے روشن نعمت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں صحافت کے پیشے سے وابستہ ہوں اور میری ڈیوٹی رات کی ہے' ساری رات کام کرنے کے بعد دن میں سوتے ہیں تو جب شام کو اٹھتے ہیں تو دن میں چھ سات گھنٹے مسلسل سونے کے باوجود بھی دماغ پرسکون نہیں ہوتا' تھکاوٹ نے الگ پریشان کیا ہوتا ہے' بے آرامی غالب رہتی ہے۔ دن میں جتنا مرضی سو لیں مگر رات کی نیند رات کی ہی ہوتی ہے۔ ماہنامہ عبقری سے میری دوستی گزشتہ دو سال پرانی ہے۔ میں نے اس شمارے میں پاؤں کے تلووں پر تیل لگانے کا ٹوٹکہ پڑھا' اب میں دفتر سے واپس آنے کے بعد صبح کے وقت سونے سے پہلے اپنے تلووں پر تیل کی مالش کر کے سوتا ہوں۔ پہلے صبح سے لے کر شام تک سوتا تھا مگر تھکن اور بے آرامی غالب رہتی تھی جب سے تیل لگانا شروع کیا ہے چار سے پانچ گھنٹے سو کر بھی بالکل فریش اٹھتا ہوں' پہلے کے مقابلے میں فرق واضح نظر آتا ہے۔ ناف اور ٹانگوں کے درمیان تیل لگانے کی بدولت کا نچ نکلنا' گیس اور پیٹ کے متعلق امراض ختم ہو گئے۔ وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینے کے عمل سے خود کو بالکل فریش محسوس کرتا ہوں۔ واقعی یہ ایک ٹانک ہے جس سے بھرپور انرجی ملتی ہے۔ (اسد فاروق' لاہور)

پولیو کا نایاب اور کامیاب ہربل علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری گزشتہ پانچ سال سے پڑھ رہا ہوں' اس رسالہ سے ہم نے بہت فوائد اٹھائے' میرے پاس ایک سینے کا راز ہے جس سے اگر چاہوں تو لاکھوں کما سکتا ہوں مگر عبقری کی دریادلی کو دیکھتے ہوئے میں نے بخل شکنی کی اور یہ نایاب نسخہ عبقری قارئین کیلئے لکھ ڈالا۔ امید ہے لاکھوں مستفید ہوں گے۔ یہ ٹوٹکہ بہت سے لوگ نے آزمایا اور بہت سے آزما رہے ہیں' چند ہفتے چند مہینے مستقل مزاجی سے استعمال کریں' چند ہی ہفتوں کے بعد فرق محسوس ہونا شروع ہو جاتا ہے اور چند ماہ کے بعد بندہ صحت یابی کی طرف گامزن ہو جاتا ہے

ھوالشافی: زیتون کا تیل ایک پاؤ' دیسی انڈے ایک درجن' **ترکیب:** زیتون کے تیل کو خوب گرم کریں' جب تیل کھولنے لگے تو چولہے سے اتار کر انڈوں کا مکسچر تیل میں مکس کر دیں۔ **طریقہ استعمال:** دوپہر کو روزانہ مالش کریں' گرمیوں میں پانچ دن تک غسل نہ کروائیں' سردیوں میں ایک ہفتے تک نہ نہلائیں۔ ٹھنڈی چیزوں سے پرہیز کروائیں۔ انتہائی کامیاب اور نایاب نسخہ تھا مگر قارئین کیلئے حاضر ہے۔ (عبدالغفار' دائرہ دین پناہ)

جگر کے ورم کیلئے: جگر کے ورم کو دور کرنے کیلئے انجیر ایک عدد‘ نمک سیاہ ایک ماشہ‘ نوشادر ایک ماشہ ہمراہ پانی کھانا مفید ہے۔ (چند ہفتے‘ چند مہینے)

عبقری رسالہ‘ ادویات‘ کتب آپ کے شہر میں

جھنگ: ادویات اور رسالہ کیلئے عبقری ایجنسی 0333-6756493

نام شہر اور فون نمبر
احمد پور شرقیہ 0622272198 ادویات
احمد پور شرقیہ 0302-7768638 رسالہ
اٹک 057-2602020
اٹک 0321-5247893
اسلام آباد 0336-0195366
ایبٹ آباد 0344-9381998
ایبٹ آباد 0992-335847
اوکاڑہ 0300-6968538
باغ آزاد کشمیر 0312-5619880
بوریوالہ 0300-7591190
بھکر 0331-2344445
بھکر 0333-8045050
بہاولنگر 0333-6320766
بھیرہ شریف 0301-6799177
بہاولپور 0333-6367755
بوریوالا 0673352712
بنوں 0321-9632838
بنوں 0334-8852912
بھاگٹانوالہ 0322-7836671
بٹ خیلہ/ چکدرہ 0344-9783610
بہل 0334-4306823
پشاور 0314-9007293
پنڈی بھٹیاں 0308-7800424
پشاور 0333-9161237
پنڈی گھیب 0334-5800786
پاکپتن شریف 0314-3650234
پتوکی 0334-4062698
تونسہ شریف 0331-6464456
تلہ گنگ 0346-5771975
ٹانک 0301-8790927
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0321-7531597
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6755442
ٹوبہ ٹیک سنگھ 0333-6870706
ٹوبہ ٹیک سنگھ: 0345-7555271
جھنگ صدر 0333-6756493
جھنگ صدر 0477-621733
ٹیکسلا 0307-8321046
جہانیاں 0321-7359861
جہلم دینہ 0333-5806101
جنڈ 0333-5480393
جام پور 0336-6758452
جتوئی 0301-6956848
جلال پور پیروالا 0300-8985689
جٹیال گلگت 0312-9934607
چکوال 0333-5783167
چکوال 0333-5778810
چکوال 0306-5785684
چنیوٹ 0332-2544447
چونیاں 0333-4398877
چیچہ وطنی 0315-6905313
چشتیاں 0302-6989035
چوآسیدن شاہ 054-3580102
حسن ابدال 0306-5601613
حافظ آباد 0320-5751062
حضرو 0314-2192166
حیدر آباد 0300-3790255

”عبقری“ نام رجسٹرڈ ہے کسی بھی ایجنسی‘ کلینک‘ مطب‘ اکیڈمی یا گھر کے ساتھ عبقری کے نام کا استعمال قانوناً ممنوع ہے۔ جو لوگ اسے استعمال کر رہے ہیں وہ یہ نام فوراً ختم کردیں‘ ورنہ ایجنسی ختم کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ ہے۔

نام شہر اور فون نمبر
حیدر آباد: 0300-0936775
حیدر آباد 0300-3215348
حویلیاں ہزارہ 0346-9520528
حضرو 0301-5514113
خانیوال 0303-7372281
خان پور 0685-572654
خوشاب 0305-5038040
خانقاہ شریف: 0300-6812251
خیر پور ٹامیوالی: 0302-7779671
راولپنڈی 0333-5648351
راولپنڈی 051-5505194
رائے ونڈ 0300-4719056
رائے ونڈ: 0341-4037028
رحیم یار خان 068-5872626
راجن پور 0332-2566490
رینالہ خورد: 0331-7424506
درگاہ پاکپتن 0333-6954044
دیپالپور 0300-4059957
درگئی: 0343-4959350
دریا خان: 0303-9622443
ونڈا شاہ بلاول: 0336-5953230
ڈیرہ اسماعیل خان 0345-2567447
ڈسکہ 0305-6007845
ڈسکہ 0346-6747112
ڈیرہ غازی خان 064-2017622
ڈیرہ غازیخان 0315-8701970
سرگودھا 0301-6762480
سیالکوٹ 0321-7120318
سکھر 0336-9312436
سمندری 0335-7724570
سمندری: 0300-0310313
سرائے عالمگیر: 0335-8088451
سکھو: 0334-8724786
سکھیکی منڈی: 0342-6565723
سمبڑیال: 0300-7160811
ساہیوال: 0321-6938847
شیخوپورہ 0341-6616915
شجاع آباد 0300-2539685
شہداد پور 0334-3100962
شورکوٹ کینٹ 0302-7296211
شورکوٹ شہر: 0300-7505322
شاہکوٹ 0312-3710911
شکر گڑھ: 0301-6644331
صادق آباد 0333-7452600
صوابی: 0314-9661622
ظاہر پیر 0333-6353870
ظفروال: 0333-8749464
عارف والا 0322-7849580
علی پور 0333-7674684
غذر: 0344-5419941
فیصل آباد 0301-7118200
فیصل آباد: 0300-6698022
فتح پور 0333-6843333
کنگری ضلع لورالائی 0828-601084
کنڈیارو 0300-3215348
کراچی 0300-3218560

ادارہ کی طرف سے دوا انمول خزانہ اور کتب کوئی نہیں چھاپ سکتا‘ قانونی حق محفوظ ہے

ایجنسی ہولڈر بورڈ اشتہار پیڈ کیلنڈر اور دکان پر حکیم صاحب کے نام کی ”زیر سرپرستی“ کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ قانوناً غلط ہے۔ قطعی اجازت نہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔

نام شہر اور فون نمبر
کراچی 0333-3364127
کراچی 0300-2680248
کراچی 0333-3317134
کوٹ ادو 0333-6003909
کوٹ ادو: 0331-6007670
کوہاٹ 0922-511760
قصور 0322-7616470
کاموکی 0323-8240642
کھپرو 0336-0312694
کوئٹہ 081-2824617
کلورکوٹ 0300-7780221
کھوڑ 0307-5137855
کسووال 0300-4340914
کوہاٹ 0313-4874544
کمالیہ 0334-9630911
کمالیہ: 0334-7670840
کوئٹہ 0332-3801555
کوٹلہ ارب علی: 0301-6267600
کمر مشانی: 0301-8955413
گجرات 0302-6292132
گجرات 0333-8443093
گوجرخان 0332-5878032
گوجرانوالہ 0300-6453745
گوجرانوالہ 0300-6422516
قلعہ دیدار سنگھ 0300-8356645
لیاقت پور 0345-8709947
لیہ 0334-6945606
لاہور 0320-9439889
لاہور 0322-8081142
لاہور 0322-4614031
لاڑکانہ 0345-3228855
لورا 0321-5500221
لودھراں 0300-6348123
لالہ موسیٰ 0322-5884388
لالہ موسیٰ: 0300-6255837
مریدکے 0300-8583677
منڈی بہاؤالدین 0345-6810615
مظفر گڑھ 0333-6031077
ملکوال 0346-6565765
میلسی 0321-7982550
میانوالی 045-9233999
میانوالی: 0313-9831959
مانسہرہ 0300-2753463
ملتان 0300-6301461
ملتان: 0300-8632292
مری 051-3410777
مری 0300-5506082
مردان 0300-9175500
میاں چنوں 0333-8884615
مینگورہ: 0345-4947759
منڈی بہاؤالدین 0345-5861514
ملہوالی: 0333-5333389
مظفر آباد 0312-4602800
میر پور خاص 0333-3436222
میر پور آزاد کشمیر 0332-5855356
منچن آباد 0331-7584075
نارووال 0322-4861522
نوشہرہ خیبر پختونخواہ 0321-9702005

ایجنسی سے صرف پیکنگ شدہ دوائی لیں‘ کھلی دوائی ہرگز نہ لیں۔ صرف عبقری ادویات ہی لیں خود ساختہ دوائی نہ لیں۔

نام شہر اور فون نمبر
نواب شاہ 0333-8775548
نوشکی 0332-7846812
نورکوٹ: 0301-6195500
وہاڑی 0306-8281075
وہاڑی 0301-6661714
وزیر آباد 0345-6892591
واہ کینٹ 0301-5497007
وانا: 0301-3232634
ہارون آباد 0333-4985886
ہڈالی 0315-7390079
ہری پور ہزارہ: 0314-9204421
یزمان 0346-4934044
یو ایس اے
شکاگو 630-589-6432
یو کے
0044-7880-9842-16
اُگی 0300-2753463
ڈڈیال آزاد کشمیر 0302-5898995
لاچی 0346-9770019
اسلام گڑھ آزاد کشمیر 0345-8537064
بھمبر آزاد کشمیر 0345-6783685
سنجاوی 0313-8078491
منگ آزاد کشمیر 0323-5432252
درہ پیزو 0300-9097993
درہ آدم خیل 0342-9233590
کوٹلی آزاد کشمیر 0314-5602192
مانسہرہ 0301-8133822

ایجنسی ہولڈر قیمت زیادہ لیتے ہیں

مسلسل شکایت ہے کہ ایجنسی ہولڈرز ڈبی پر لکھی قیمت سے زائد وصول کرتے ہیں‘ عبقری ان کو معقول کمیشن دیتا ہے۔ اگر آپ کے علم میں ایسا ایجنسی ہولڈر ہے تو فوراً دفتر ماہنامہ عبقری میں خط لکھیں یا اس نمبر 0343-8710009 پر بذریعہ میسج اطلاع کریں۔ ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ مزید عبقری کے علاوہ اپنی غیر مستند اور ناقص ادویات بھی چلا رہے ہیں نقصان کے آپ خود ذمہ دار ہوں گے عبقری دفتر سے ان کی اجازت نہیں۔

ایجنسی ہولڈر بھی خطرناک عامل بن گئے

وہ لوگ جو عملیات‘ تعویذات اور وظائف کی الف، ب سے کبھی واقف بھی نہ تھے انہوں نے ماہنامہ عبقری اور عبقری ادویات کی ایجنسی شروع کردیں تو انہوں نے باقاعدہ لوگوں کو دم کرنا اور تعویذ دینا شروع کردیا جس کے نہایت خطرناک الٹ نتائج عبقری کے دفتر میں مسلسل آرہے ہیں۔ قارئین! عبقری کی طرف سے ایسی نہ کوئی اجازت ہے اور نہ کوئی ترتیب۔ ایسا کرنے میں نقصان کے ذمہ دار لوگ خود ہوں گے ادارہ عبقری اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

پورے سال کی مبارک گھڑیاں تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے

ہر سال رمضان المبارک کے پرنور و بابرکت لمحات‘ قیمتی گھڑیاں اور اپنی زندگی سنوارنے کیلئے پورا رمضان المبارک تسبیح خانہ لاہور میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی زیرنگرانی گزاریئے۔ سحری و افطاری کا مکمل اور بہترین انتظام چوبیس گھنٹے بجلی کی بلاتعطل فراہمی ہوگی۔

27 ویں شب: رمضان المبارک کی 27 ویں شب تراویح میں ختم القرآن کے مبارک موقع پر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم ایمان افروز درس کی صورت میں انمول موتی بکھیریں گے۔ درس میں خاص الخاص وظیفہ اجازت کے ساتھ بتایا جائے گا جو زندگی کی ہر پریشانی‘ روحانی و جسمانی امراض سے شفاء یابی کا ذریعہ ہوگا۔

شب برأت: ہر سال پندرہ شعبان المعظم کی مکمل شب تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے‘ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا پرسوز درس جس میں خاص اذکار اور اعمال۔ ساری رات وہ عبادات جو صحیح احادیث سے ثابت ہیں۔ تہجد کے وقت حضرت حکیم صاحب برکاتہم خصوصی رقت آمیز دعا کروائیں گے۔ روزہ رکھنے والے افراد کیلئے سحری کا انتظام ہوگا۔

جشن آزادی پاکستان: آزادی پاکستان کے حوالے ہر اگست کو تسبیح خانہ لاہور میں خاص درس ہوگا۔ جس میں شہدائے 1947ء کیلئے خصوصی دعا کی جائے گی اور انہیں خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔

نوٹ: تسبیح خانہ لاہور میں قیام کیلئے آنے والے حضرات حسب موسم بستر ہمراہ لانا ہرگز نہ بھولیں

گمشدہ چیز مل جائے گی: اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس اسم یَامُعِیْنُ کو 1240 مرتبہ روزانہ گیارہ دن تک پڑھیں اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ گمشدہ چیز مل جائے گی۔

برص پھلبہری کورس

انسان کی شکل کو بدنما اور داغدار بنانے والی نامراد بیماری کا آزمودہ علاج

جس نے بھی آزمایا لاجواب پایا

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہورہی ان کی پریشانی ہوئی ختم

حسن کو لگے گہن کا آزمودہ علاج

باقاعدگی کا استعمال ہی اس روگ سے نجات کا باعث

برص، خارش، چنبل، ایگزیما، کوڑھ، جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج

(قیمت -/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

خون افزاء ٹانک

خون بنانے والی گولیاں

☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرکے جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ وجگر کو تازگی دے ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ، اسٹریس، ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ ڈھلتی عمر کے افراد کو تیز براق بنانے میں صدیوں سے آزمودہ فارمولا ☆ مستقل صحت وتوانائی اور فولادی قوت کیلئے بے مثال ☆ جوڑوں کے دردوں میں مبتلا کچھ عرصہ استعمال کریں پھر کمال دیکھیں ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔ کمزور حاملہ خواتین دوران حمل اور بچہ کی پیدائش کے بعد ضرور استعمال کریں۔ ☆ اچھی خوراک کھا کر بھی کمزور اور ہڈیوں ڈھانچہ بننے والی چند ڈبیاں استعمال کریں۔ ☆ آنکھوں میں چمک اور چہرے پر گوشت لائے۔ ☆ پوشیدہ امراض کی شکار خواتین ضرور استعمال کریں۔ ☆ مائیں اپنے کمزور بچوں کو چند ڈبیاں استعمال کریں اور پھر ان کی صحت میں کمال دیکھیں۔ قیمت:- 120/ روپے علاوہ ڈاک خرچ

طب نبوی ﷺ ہیئر آئل

بالوں کی ہر بیماری کا آزمودہ علاج

قیمت:- 300/ روپے علاوہ ڈاک خرچ

چھوٹے بال، خشکی، سکری سے پریشان اب دل چھوٹا نہ کریں۔ یہ تیل صرف مایوس اور ناامید لوگوں کیلئے، سر کی خشکی کیلئے قبل از وقت بال سفید ہونے کیلئے بال دوشاخے اور ٹوٹ رہے ہوں، سر میں مسلسل درد اور ٹینشن کی وجہ سے پریشانی، بال اتنے جھڑیں کہ سر گنجا ہوگیا ہو۔ سر چکرانے وغیرہ کیلئے بہت مفید ہے۔ نگاہ تیز ہوتی ہے۔ طبیعت پرسکون ہو اور راحت ہوتی ہے۔ اگر اس کا مسلسل استعمال کیا جائے تو فالج، برین ہمریج اور ٹینشن سے مکمل نجات ہوتی ہے۔ حافظہ لاجواب، بھول جانے کا مرض ختم، بچوں کو اگر سر پر مسلسل لگایا جائے تو بچوں کی نگاہ طاقتور اور بال ملائم اور بہترین ہوتے ہیں۔ بھولنے کی عادت ختم ہوتی ہے۔

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا

معدہ کا السر (کورس)

معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج

معدہ کے تمام امراض اور علاج صرف معدہ کا السر کورس

معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنایئے

میں درد ہو، معدہ کا کینسر ہو، تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں

بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں

(قیمت صرف -/400 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

آسمان کی رونق ستاروں سے ہے اور چہرے کی رونق خوبصورت دانتوں سے

سچا منجن

دانتوں کا پیلا پن ہمیشہ کیلئے ختم

قیمت: 70 روپے علاوہ ڈاک خرچ

مسوڑھوں سے خون آنا بند، دانت صاف اور مضبوط دانتوں میں صحت کی نئی لہر دوڑا دیتا ہے۔

دانتوں کو مضبوط اور دانتوں کو قدرتی چمک بخشے۔

مسوڑھے پھول جائیں یا ٹھنڈا گرم لگے صرف چند مرتبہ کے استعمال سے یقینی سچی شفاء عمل کے بعد دانتوں کی کمزوری کا سچا و مؤثر حل

ڈاڑھ کا درد جتنا ہو تھوڑا سا "سچا منجن" لگائیں درد فوراً ختم

خالص شہد کے متلاشی متوجہ ہوں!

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پینے والی غذا میں سب سے زیادہ پسندیدہ غذا "شہد" کیمیائے صحت مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

دل ودماغ اور معدہ وجگر کو غضب کی تقویت بخشے "شہد" مصفی خون ہونے کے علاوہ مولد خون بھی ہے۔

عبقری کا شہد سو فیصد خالص ہے۔ موسمی تبدیلی کی وجہ سے شہد کا جمنا فطری عمل ہے مصنوعی اور ملاوٹ نہ سمجھی جائے۔

قیمت: 330 گرام 240 روپے۔ ایک کلو پیکنگ 700 روپے

500 گرام 350 روپے

عبقری کتب ادویات گھر بیٹھے منگوایئے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

دردی ہربل بام

خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت‘ کئی ہفتے چلے

ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے چلنے پھرنے کے قابل بنائے اور بالکل تندرست کردے

دردی ہربل بام ایسی ایجاد ہے جس نے بھی استعمال کیا اسی کا ہوگیا‘ قیمت میں کم اور فوائد میں بہت زیادہ ہے‘ ہر وقت گھر میں رکھنے کی چیز ہے‘ بچوں بوڑھوں‘ جوانوں اور عورتوں کیلئے مفید ہے۔ پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو‘ بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو‘ فالج‘ لقوہ‘ رعشہ‘ کمر کا درد‘ پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے‘ کسی عضو کا پھڑکنا‘ پنڈلیوں کا درد‘ نقرس‘ لاغری‘ ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا‘ موچ آجانا‘ بجلی کا شاک لگنا‘ کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا‘ خون کا جم جانا‘ گھنٹیا‘ شاٹیکا (لنگڑی کا درد)‘ بچوں میں نمونیا‘ سوکڑا پن‘ ہاتھ پاؤں کی ہڈیاں ٹیڑھی ہوجانا‘ ہاتھ پاؤں کا اکڑاؤ‘ بوڑھوں کی ہڈی ہڈی دکھتی ہو نماز کیلئے کھڑے نہ ہوسکتے ہوں‘ خاص طور پر گھٹنے درد کرتے ہوں‘ جوڑ جوڑ درد کرتا ہو‘ بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں اور زندگی میں سکھ چین پائیں۔ متاثرہ جگہ پر دردی ہربل بام کرکے اوپر گرم کپڑا باندھ لیں۔ اگر گھٹنوں میں تکلیف ہو تو دردی ہربل بام کرکے بینڈیج چڑھادیں اگر بچوں کو نمونیا ہوگیا ہو تو پسلیوں پر دردی ہربل بام کی مالش کریں اور گرم کپڑا ڈال کر سلادیں۔ بچوں میں ایک بیماری ہوتی ہے سوکڑا پن...... جس میں بچہ کمزور سے کمزور تر ہوتا چلا جاتا ہے۔ بچہ کے پورے جسم پر دردی ہربل بام کی پابندی سے مالش کریں سوکڑا پن جاتا رہے گا۔ الغرض جس مقام پر بھی لگائیں‘ کمال دیکھیں‘ محسوس ہوگا کہ درد تھا ہی نہیں۔

قیمت:=/80 روپے علاوہ ڈاک خرچ

بلڈ پریشر شفاء

بلڈ پریشر کے مریضوں کیلئے جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار کردہ

ہائی بلڈ پریشر ایک موذی مرض ہے جو آج کل بہت تیزی سے بڑھ رہا ہے، دماغی کام کرنے اور کرسی پر بیٹھنے والوں میں یہ مرض بہت زیادہ ہوتا ہے۔ بلڈ پریشر کی وجہ سے ہر وقت سر درد، غصہ، ٹینشن، چڑچڑاپن، کسی کام کو دل نہ کرنا، نیند بالکل ختم ہوجانا، کبھی آدھے اور کبھی پورے سر میں درد ہوتا ہے، سر چکراتا ہے، آنکھوں کے سامنے ہر چیز گھومتی نظر آتی ہے اور اس کیلئے بہت قیمتی اور ہائی ڈوز گولیاں کھانا پڑتی ہیں جس سے مریض دواؤں کا عادی بن جاتا ہے۔ عبقری کی پراڈکٹ ”بلڈ پریشر شفاء“ ایک ایسی دوا ہے جو بلڈ پریشر کو لیول پر لاتی ہے، اگر بلڈ پریشر ہائی ہو تو نارمل کرتی ہے اور اگر لو ہو تو بھی نارمل کرتی ہے۔ ”بلڈ پریشر شفاء“ پینے میں کڑوی لیکن شفاء میں میٹھی ہے، کئی ایسے مریض جو بلڈ پریشر کیلئے ڈھیروں گولیاں کھاتے تھے پھر بھی سکون نہیں تھا ”بلڈ پریشر شفاء“ سیرپ نے انہیں سب دواؤں سے آزاد کرکے شفاء دی۔ یہ سیرپ خالص جڑی بوٹیوں کے جوشاندہ سے تیار ہے بغیر کیمیکل اور سٹیرائیڈ سے پاک ہے، بڑے چھوٹے خواتین سب کیلئے یکساں مفید ہے۔ ”بلڈ پریشر شفاء“ سیرپ مستقل اور دائمی شفاء دیتا ہے اور سب دواؤں سے آزاد کردیتا ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

ناک شفاء

دائمی نزلہ‘ الرجی‘ چھینکیں‘ ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے

نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری۔ بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا۔ موسمی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا۔ کچھ عرصہ ناک شفاء کے استعمال سے درج بالا تمام بیماریوں سے یقینی نجات۔

الرجی سے پیدا شدہ تمام بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔

ہر قسم کے سائیڈ ایفیکٹ سے پاک ہے۔

قیمت صرف-/100 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری جب نہ ملے تو۔۔۔؟؟؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو عبقری رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے! ایجنسی ہولڈر کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ عبقری نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط یا فون کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ 1۔ بک سٹال جہاں رسالہ دستیاب نہ ہو؟ 2۔ شہر اور علاقے کا نام؟ 3۔ ممکن ہو تو بک سٹال کا فون یا موبائل نمبر۔ ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبرز پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ عبقری بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

042-37552384-042-37425801-3

یا اس پتہ پر خط لکھیں: دفتر ماہنامہ عبقری‘ عالمی مرکز روحانیت و امن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

خوشخبری! بہت بڑا اعزاز اور عظمت پانے کیلئے مختصر عمل

اپنی ناممکن پریشانیاں‘ غم‘ گھریلو الجھنیں اور ناکامیاں آپ کو سو فیصد مایوس کرچکی ہوں تو ایک عمل ایسا جس سے بے شمار نے فائدہ لیا وہ آپ بھی کریں لیکن اسے صرف یقین والا ہی کرے گا‘ بے یقین شاید شک‘ بدگمانی یا مذاق کی نظر سے دیکھے۔ اپنی آمدنی یا تنخواہ میں سے اڑھائی فیصد نکالیں (یہ زکوٰۃ شمار نہیں ہوگی‘ اگر آپ زکوٰۃ دیتے ہیں تو وہ اس کے علاوہ ہوگی) اور اس رقم سے عبقری رسالہ یا حضرت حکیم صاحب کے درس کے میموری کارڈ مخلوق خدا کو اس کے سو فیصد فائدے سمجھا کر پھر گفٹ کریں۔ قارئین! آپ دوسروں کو خیر پہنچائیں گے لوگوں کا بھلا کریں‘ خیر اور بھلائی آپ کے دروازے توڑ کر آپ کی نسلوں تک آپ کا ساتھ دے گی اور مشکلات پریشانیاں چاہے کسی قسم کی بھی ہوں حل ہوجائیں گی۔ یہ عمل اپنی زندگی کا معمول بنالیں۔ خاص بات: اس اعلان کو ہر فرد اپنی نظر سے دیکھے گا‘ کوئی سعادت کی نظر‘ کوئی اعتراض کی نظر‘ کوئی کہے گا اپنی مشہوری کروانا چاہتے ہیں اور صاحب دل سمجھ لیں گے کہ مخلوق کے دکھوں کے دور کرنے میں دراصل عبقری ہمیں حصہ دار بنانا چاہتا ہے کہ تاکہ ہمارے دکھ بھی دور ہوں اور خوشیاں صدا ہمارے ساتھ ہوں۔ آیئے! اس خیر کو خود بھی کریں اور دوسروں کو بھی اس کی اطلاع اور ترغیب دیں۔

اللہ سے دوستی کیلئے: اللہ سے دوستی کیلئے یہ عمل نہایت مجرب ہے جو شخص اسم یَاوَلِیُّ کو روزانہ 4600 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ زندگی کے ہر شعبے میں اس کی مدد فرمائے گا۔

گردے‘ ڈائیلسز اور پتھری کا سائنسی اور روحانی علاج

دوران کلینک گردے‘ ڈائیلسز اور پتھری کے مریضوں کے اضافہ نے مجھے مجبور کیا کہ کیوں نہ ایک ایسی جامع کتاب تالیف کی جائے جس میں گردوں کے امراض اور پتھری کا سائنسی اور روحانی دونوں طرح کا کامیاب علاج دیا جائے۔ جب اس کتاب کی پہلی اشاعت شائع ہوئی تو ہزاروں گردوں اور پتھری کے امراض میں مبتلا گھر بیٹھے شفاء یاب ہوئے جس کا اظہار انہوں نے مجھ سے بالمشافہ ملاقات‘ ٹیلی فون‘ خطوط اور ای میلز کے ذریعے کیا۔ اس کتاب کی اب تک تین کامیاب اشاعت شائع ہو چکی ہیں۔ آئیے اس کتاب کی چند ہیڈنگز کا مطالعہ کریں:۔ ☆ گردوں کی حفاظت اور علاج ☆ اپنے گردوں کی فکر کیجئے ☆ آپ کے گردے اور ان کی صحت ☆ گردے اور مثانے کے امراض ☆ ناکارہ گردوں کا علاج! تصفیہ خون ☆ گردے اور مثانے کی پتھری ☆ سنگ گردہ اور اس کے اسباب وحل ☆ گردہ مثانہ کی پتھری ☆ گردوں کی پتھری کا علاج ☆ روحانی علاج ☆ قارئین! آج ہی اپنی کاپی دفتر ماہنامہ عبقری میں بک کروائیں اور گردوں کے امراض سے خود کو اور اپنے چاہنے والوں کو بچائیں وہ صرف -/150 روپے میں (علاوہ ڈاک خرچ)

چوٹ شفاء ...... جسم پر ہر قسم کی چوٹ کیلئے ٹانک

ایکسیڈنٹ کی چوٹ ہو یا کسی حادثہ کی ہو‘ گرنے کی وجہ سے چوٹ لگے‘ رگڑ کی چوٹ ہو‘ بعض اوقات ایسی چوٹ لگتی ہے جن کا زخم باہر نظر نہیں آتا جبکہ اندر زخم ہو جاتا ہے‘ بعض چوٹوں میں گوشت پھٹ جاتا ہے جس کی وجہ سے مریض کو بہت درد اور تکلیف ہوتی ہے۔ جسم کی کوئی ہڈی ٹوٹ جائے‘ درخت‘ بلڈنگ سے گرنے کی وجہ سے چوٹ لگی ہو‘ مار کا تشدد‘ ڈاکوؤں کے تشدد کی وجہ سے جسم زخمی ہو اور چوٹیں ایسی کہ درد سے مریض کراہ رہا ہو‘ ایسے مسائل کیلئے ”چوٹ شفاء“ ہی وہ دوا ہے جو مریض کیلئے پیغام شفاء ہے جو ہر قسم کے نقصان کے بغیر ہی مریض کو جلد سے جلد آرام دیتی ہے۔ بعض چوٹیں ایسی ہوتی ہیں جن کا اثر کئی کئی سال تک رہتا ہے یا چوٹ لگنے کے کچھ عرصہ بعد پھر اسی چوٹ کا درد‘ بے چینی شروع ہو جاتی ہے‘ ”چوٹ شفاء“ ہی وہ دوا ہے جو ایسے مریضوں کو مستقل سکون اور آرام پہنچاتی ہے۔ ”چوٹ شفاء“ دوا کی دوا ہے اور دردوں اور چوٹوں کیلئے سکون کا ذریعہ ہے۔ ”چوٹ شفاء“ کھانے کیلئے ہے۔ جوانی کی لگی ایسی چوٹیں جو بڑھاپے میں ظاہر ہوتی ہیں اور انسان کو معذور کر دیتی ہیں یا پھر ایکسیڈنٹ حادثے یا کسی تشدد کی وجہ سے کوئی چوٹ کسی بھی دوا سے اس کا درد نہ جا رہا ہو حتیٰ کہ جسم معذور ہو گیا ہو تو چوٹ شفاء ایسے تمام مسائل کیلئے یکساں اور لاجواب ہے۔ چند دن‘ چند ہفتے اس کا استعمال کرنے سے آپ کو دنوں ہی میں فائدے محسوس ہوں گے۔ اگر ”چوٹ شفاء“ کے ساتھ کراماتی تیل کا استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگہ ہے۔ **انوکھا تجربہ:** تجربات نے انوکھا فائدہ ضرور بتایا کہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنے سے ’موٹاپے اور پیٹ کے بڑھنے سے نجات‘ میں اس کے لاجواب رزلٹ ملے۔ (قیمت -/100 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

آگ شفاء — جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم

جدید تحقیق کے مطابق آگ شفاء ایک ایسی ایجاد ہے جو ہر قسم کے جلنے کا علاج ہے۔ خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گر جائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں‘ گرم استری لگنے سے‘ کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے‘ موٹر سائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے‘ فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں‘ آگ شفاء لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں تو انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ آگ شفاء کی سب سے بڑی خاصیت ہے یہ ہے کہ جلنے کا نشان تک ختم کر دیتی ہے۔ داغ وغیرہ نہیں رہتا۔ ”آگ شفاء“ اس کے علاوہ کٹ، چوٹ لگنے‘ پھوڑے پھنسی کا بھی شافی علاج ہے۔ ”آگ شفاء“ کو جیسے ہی جلے ہوئے زخم پر لگائیں تو فوراً ٹھنڈ پڑ جاتی ہے اور درد دور ہو جاتا ہے۔ تڑپتے ہوئے مریض کو سکون آ جاتا ہے۔ نوٹ: ”آگ شفاء“ دیسی طریقہ سے بنی ہوئی ہے جو موسم سرما میں تھوڑی سخت اور موسم گرما میں تیل کی مانند ہو جاتی ہے۔ لہٰذا ہر صورت میں قابل استعمال ہے۔ **ترکیب استعمال:** متاثرہ جگہ پر دن میں تین سے چار بار اچھی طرح لگائیں۔ قیمت صرف 80 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

مجھے ضرور پڑھیں!!!

1- الحمدللہ لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ اگر کہیں سے تحریر لیں تو متعلقہ حوالہ ضرور لکھیں۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔

2- ایڈیٹر کی کتابیں‘ رسالہ آپ کی نظر سے گزرا۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے۔ ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب اور رسائل اور جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے یہ وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں کہ جس کتاب سے حوالہ لیا گیا ہے مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

3- حکیم صاحب کو موصول ہونیوالی ڈاک میں سے بعض کیساتھ جوابی لفافہ نہیں ہوتا لہٰذا ان کا جواب نہیں دیا جاتا۔ قارئین! جوابی لفافہ بمعہ ٹکٹ ساتھ ضرور ارسال کیا کریں۔

نوٹ: بعض قارئین اخبارات و رسائل سے تحریریں من وعن نقل کر کے اپنے نام سے ارسال کرتے ہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔ ورنہ آئندہ ان کی قلمی تحریر بھی شائع نہیں کی جائیگی۔ (ادارہ)

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

تحریریں باری آنے پر ضرور شائع ہونگی جلدی نہ کریں ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔

وقاص رشید‘ گجرات۔ کرن عدنان‘ ملتان۔ عبدالوحید‘ میانوالی۔ عذرا بیگم‘ راولپنڈی۔ عبدالمالک‘ بہاولپور۔ عابد حسین‘ سیالکوٹ۔ حافظ ماہ رخ‘ بہاولنگر۔ اقراء طارق‘ راولپنڈی۔ ریحانہ کوثر‘ شیخوپورہ۔ صوفی حبیب گل‘ پشاور۔ صباحت رضوان‘ لاہور۔ صداقت محمود صدیقی‘ جہلم۔ افتخار احمد‘ لودھراں۔ والدہ وسیم‘ کوہاٹ۔ محمد نصیر‘ لاہور۔ علی رضا‘ لودھراں۔ عبدالقیوم‘ پشاور۔ سعدیہ بتول۔ ابراہیم حسین‘ پشاور۔ محمد منیر حسین‘ منڈی بہاؤالدین۔ سائرہ ذوالفقار‘ لاہور۔ نصیر احمد‘ شکر گڑھ۔ نذیر محمود‘ کوہاٹ۔ محمد سعید احمد‘ رحیم یار خان۔ ثناء تبریز‘ لاہور۔ محمد صدیق‘ لاہور۔ رفیق عبدالجبار‘ لاہور۔ شانزہ ناظم۔ شمائلہ ظفر‘ ملتان۔ محمد عرفان‘ لاہور۔ عظمیٰ مسعود‘ گوجرانوالہ کینٹ۔ مسز روبینہ طاہر‘ لاہور۔ زبیدہ ارم‘ لاہور۔ شگفتہ‘ ملتان۔ ثمرہ خان‘ میر پور خاص۔ محمد یوسف‘ راولپنڈی۔ سخاوت حسین‘ اسلام آباد۔ عبدالقیوم خان‘ کراچی۔ راشدہ‘ قصور۔ محمد سعید احمد‘ رحیم یار خان۔ ابراہیم پاریکھ‘ کراچی۔ نصیر احمد‘ ایبٹ آباد۔ فہیم اور کزئی‘ پشاور۔ فرحانہ اقبال‘ حیدر آباد

خون صفاء

(بڑوں، بچوں کیلئے یکساں مفید)
نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج

☆چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو، داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے جو کسی کریم، ابٹن یا لوشن سے نہ جاتے ہوں آپ نے لاکھ پرہیز کیا لیکن پھر بھی مسئلہ حل نہ ہوا، بس ایک ڈبیہ خون صفاء آپ کی بے اعتمادی کو اعتماد کا لباس پہنا دے گی۔

☆جلد کی خرابی، پرانی خارش، اس کی وجہ خون کی خرابی ہو، کسی قسم کا انفیکشن ہو، الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔

خون صفاء جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے اس مرض میں آزمایا اور مفید پایا۔ قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

جانور شفاء (جانوروں کیلئے نئی زندگی)

جانور کے پیٹ میں درد ہو، موٹا نہ ہو رہا ہو، غذا نہ کھاتا ہو، آنتوں میں ورم ہو، صحت دن بدن خراب ہوتی جارہی ہو۔ پیٹ میں کیڑے ہوں، جانور کو موشن ہو جاتے ہوں یا قبض کی وجہ سے گوبر سخت ہو جاتا ہو، جانور جگالی نہ کر رہا ہو آپ کے گھریلو پالتو جانور کو کسی بھی قسم کا کوئی مسئلہ ہے تو اب گھبرائیں نہیں۔ "جانور شفاء" لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق دینا شروع کردیں۔ انشاء اللہ صحت یاب ہو کر جگالی کرنا شروع کردے گا اور کچھ ہی عرصہ میں موٹا تازہ اور خوبصورت ہو جائے گا اور دیکھنے میں نہایت بھلا اور خوبصورت لگے گا۔ "جانور شفاء" کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ کسی قسم کا سائیڈ ایفیکٹ نہیں کرتی۔ "نوٹ: وہ افراد جو سارا سال قربانی کے جانور پال کر عید قربان پر منڈیوں میں لے جا کر بیچتے ہیں۔ وہ اپنے جانور کو سارا سال "جانور شفاء" کا ضرور استعمال کروائیں۔ اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ عید قربان پر جانور انتہائی خوبصورت اور موٹا تازہ ہوگا اور آپ کو اپنی محنت کا بہترین اجر ملے گا۔ (قیمت صرف 130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

نوجوان شفاء!

قیمت صرف -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

- قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ
- کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے
- شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند
- خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
- نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
- منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن

کراماتی تیل

پیدائشی کمزور بچوں کیلئے لاجواب کرشمہ
لگانے کے ساتھ پینے کا تیل
مالش کا حیرت انگیز تیل جو بچوں بوڑھوں اور جوانوں کیلئے یکساں مفید

جسم کے تمام دردوں میں ازحد مفید۔ یہ تیل موجودہ دور کے امراض جس میں تمام جوڑوں کے درد، فالج، لقوہ، رعشہ، گھٹیا، شاٹیکا (لنگڑی کا درد) کمر کا درد، نمونیا، سردی لگ جانا، عضو کا پھڑکنا، ایسے لوگ جو سردی میں منہ سے کپڑا ابھی نہیں ہٹا سکتے۔ لاغری ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا، ہاتھوں اور پاؤں پر ورم آجانا، پنڈلیوں کا درد، نقرس، مہروں کا خلاء، ڈسک پرابلم، کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا، نئی و پرانی چوٹ کا درد، موچ آجانا، پٹھوں کا درد، اعصابی درد، پانی میں بھیگ جانے سے سردی کا لگنا، ایڑھیوں کا پھٹ جانا، ناف کا ٹل جانا، ہاتھوں پاؤں کا پھٹ جانا، گردن کے پٹھوں کا درد، ریڑھ کی ہڈی کا درد، پسلیوں کا درد، جل جانا، جھلس جانا، بجلی کا شاک، خون کا جم جانا، پٹرول سے جلنا، اعضاء کا منجمد ہو جانا، سینے کا انفیکشن، نمونیہ، بچوں کے ہاتھ پاؤں کا ٹیڑھا ہونا، گھٹنوں وغیرہ کا متورم ہو جانا، دائمی دردسر، ہاتھ پاؤں کا اکڑاؤ، سردی کی وجہ سے جسم میں درد ہونا، ان تمام امراض میں کراماتی تیل بہترین معاون ثابت ہوا ہے اور شفاء کا موجب بنا ہے۔ (قیمت -/200 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

خاتون شفاء

حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج

جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں

ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں

حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو چند بوتلیں خاتون شفاء کی استعمال کریں

موٹاپے کا بہترین علاج۔ داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج

صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

قبض کشا گولیاں

قیمت صرف 120 روپے

دائمی قبض، جوڑوں کا درد اور یورک ایسڈ کیلئے باکمال

وہ لوگ جن کی آنتوں میں ہر وقت فضلہ بھرا رہتا ہے، بھوک مرجاتی ہے، وقت پر اجابت نہ ہونا، منہ سے مقعد تک خشکی، اپھارہ، پیٹ میں درد، مقعد میں جلن، بھوک اور نیند کی کمی، سردرد، منہ کا ذائقہ کڑوا، تنہا پسندی، گھبراہٹ، تفکرات، جگر کے فعل میں خرابی، اجابت کے وقت زور لگانا، اجابت کا شدید خشک یا گولیوں کی شکل میں تکلیف سے آنا، نسیان، جسمانی موٹاپا، کھٹی ڈکاریں، سینے پر بوجھ، زبان پر لیس دار تہہ، بواسیر۔ ان تمام امراض کے قبض کشا گولیاں خالص جڑی بوٹیوں سے تیار کی گئی ہیں جو نہایت نرمی اور بغیر کسی نقصان پہنچائے قبض کو رفع کرتی ہیں۔ قبض سے پیدا ہونے والے مضر اثرات کو ختم کرتی ہے۔ طبیعت ہشاش بشاش رہتی ہے۔ موٹاپا اور جوڑوں کا درد ختم کرتی ہے۔

قوت میں بے پناہ اضافہ کیلئے: بھنے ہوئے چنوں کا بیسن بنا کر اسے ایک چمچ گھی میں بھون کر حسب طبیعت چینی ملا کر روزانہ صبح کھانے اور بعد میں ایک کپ نیم گرم دودھ پینے سے مادہ تولید بڑھتا ہے' قوت باہ میں اضافہ ہوتا ہے۔

مایوس اور لاعلاج مریض متوجہ ہوں اور گھر کے آنگن میں اولاد کی نعمت پائیں۔ (صرف مردوں کیلئے)

بے اولادی اور بانجھ پن قابل علاج

دنیا کی سب نعمتیں ہیں لیکن اولاد کی نعمت سے محروم اب تسلی رکھیں! ایسے حضرات جو ٹیسٹ کے مطابق اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں تو عبقری کے ریسرچ سنٹر کا تیار کردہ بارہا کا آزمودہ کورس استعمال کریں۔ (قیمت-/2500 روپے علاوہ ڈاک خرچ) ''بے اولادی کورس'' ایسے مردوں کو بھی فائدہ دے گیا ہے جو بالکل زیرو تھے

دوائی استعمال کرنے سے پہلے ٹیسٹ کروائیں اور ایک ماہ کی دوائی کھانے کے بعد ٹیسٹ دوبارہ کرائیں۔ آپ حیرت انگیز فرق محسوس کریں گے۔ ابتدائی طور پر کم از کم ایک ماہ دوائی کھانا لازم ہے۔

لیکوریا شفاء

خواتین میں پوشیدہ امراض کیلئے شفاء کا پیغام

ہماری غذائیں ایسی گرم اور سخت ہوگئی ہیں کہ بچی کو جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتے ہی لیکوریا شروع ہوجاتا ہے۔ ایسی خواتین اور بچیاں جن کو پوشیدہ امراض نے گھیر رکھا ہو زندگی ویران ہوگئی ہو ہر وقت لیکوریا کے پانی سے کپڑے خراب رہتے ہیں' کمر کا درد ہر وقت رہتا ہو' سر چکراتا رہتا ہو' ہر وقت بدبودار پانی کا آنا' ہر وقت سر چکرانا' اعصابی کمزوری' اندر سے جسم کا آہستہ آہستہ گھلنا' جسم میں طاقت کا ختم ہوجانا۔ بعض اوقات مرض بڑھ کر رحم میں زخم اور کینسر تک ہوجاتا ہے۔ خارش اور جلدی بیماریاں لگ جاتی ہیں' بے اولادی کا مرض ہوجاتا ہے۔ ''لیکوریا شفاء'' کا استعمال ہی انہیں اس مرض سے دور رکھے گا۔ ''لیکوریا شفاء'' ان تمام کیفیات کا واحد علاج ہے۔ ''لیکوریا شفاء'' باحجاب اور باحیاء گھریلو خواتین کیلئے مسرت بھرا شفاء کا پیغام ہے۔ بے اولاد خواتین ''لیکوریا شفاء'' کچھ عرصہ ضرور استعمال کریں۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

حسن شفاء سیرپ

چند بوتلیں' نیا حسن' نئی زندگی اور نیا اعتماد

مردوں اور عورتوں کے چہرے کے حسن و جمال کیلئے کیل مہاسے' چھائیاں' داغ دھبے' غیر ضروری بال اور جھریاں زہر ہیں۔ خواتین کے میک اپ سے متعلقہ چیزیں تو پوری دنیا میں سب سے زیادہ چل رہی ہیں لیکن مسئلہ وہی کا وہی ہے کیونکہ کریمیں اور لوشن وغیرہ کا فائدہ اس وقت ہوتا ہے جب اندر کا نظام ٹھیک ہو' ''حسن شفاء سیرپ'' ایک ایسی لاجواب ایجاد ہے جو خون کو شیشہ کی طرح صاف کرتا ہے جگر کے فعل کو درست کرکے پورے جسم میں صاف خون سپلائی کرتا ہے جب اندر صاف ہوگا تو باہر اس کے اثرات بھی صاف ہوں گے۔ ایسے کئی مریض حسن شفاء سیرپ سے ٹھیک ہوئے جو بالکل مایوس ہوگئے تھے۔ ان کا خواب بن گیا تھا کہ ہمارا چہرہ بھی کبھی صاف شفاف اور نکھرا ہوا ہوگا یا نہیں۔ چند بوتلیں حسن شفاء سیرپ کے استعمال نے شفاء بخشی۔ داغ دھبے' جھریوں' چھائیوں جلد کے کھردرے پن کیلئے حسن شفاء سیرپ بہترین دوا ہے۔ پرانی سے پرانی خارش' الرجی' زخم بن گئے ہوں' جسم پر پھنسیاں ہوں ان تمام امراض میں ''حسن شفاء سیرپ'' سچی شفاء دیتا ہے۔ پرانے زخم' داد' ایگزیما' چنبل' شوگر سے ہونے والے زخم' پھوڑوں کے زخم کے مریض بھی ''حسن شفاء سیرپ'' تسلی سے استعمال کریں۔ ایسی خواتین جن کا ہارمونز کا نظام ٹھیک نہیں ہوتا اور حیض وقت پر نہیں آتا۔ ان کیلئے ''حسن شفاء سیرپ'' بہت کارآمد ہے کیونکہ حیض کی خرابی بھی خون کی خرابی کی نشانی ہے۔ کسی سٹرائیڈ یا کیمیکل کے استعمال سے چہرہ اور جلد پر داغ دھبے ہوگئے ہوں' پرانے دانے زخم کی شکل اختیار کرگئے ہوں' ''حسن شفاء سیرپ'' قیمتی جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب نسخہ ہے جو جسم میں تیزابی اور زہریلے مادے ختم کرکے بغیر سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں مریضوں پر آزمایا گیا ہے اور مفید پایا ہے۔ ایک دفعہ آپ آزمائیں۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟

مشکلات جتنی بھی ہوں' الجھنیں حد سے زیادہ ہوگئی ہوں' فری بالکل فری' بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے' کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کرسکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

کوپن

صرف حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم سے مشورہ کرنے والے ہی کوپن پر کریں۔

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے مشورہ کیلئے علیحدہ خط لکھیں۔

نام ________ والدہ کا نام ________

عمر ________ شہر ________ فون/موبائل ________

آپ کا شعبہ/شوہر کا شعبہ ________ تفصیل سے لکھیں

مسئلہ ________

بقیہ: روحانی الجھنیں' جادو جنات اثرات بندشیں اگر مزید تفصیل ہے تو علیحدہ کاغذ پر لکھیں اور فارم پن کردیں۔

کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا

دکان پر خریداروں کا رش: سورۃ مومن کو کاغذ پر لکھ کر دکان پر آویزاں کرنے سے دکان میں خریدار بکثرت آئیں گے اور رزق میں خوب برکت ہوگی۔

عبقری روحانی اجتماع 2017

ان شاء اللہ 2 حصوں میں

پہلا حصہ: صوبہ پنجاب صوبہ بلوچستان اور بیرون ممالک
24، 25، 26 نومبر بروز جمعہ، ہفتہ، اتوار (انشاء اللہ)
اجتماع 23 نومبر بروز جمعرات عصر سے شروع ہوگا 26 نومبر بروز اتوار صبح دعا ہوگی۔

دوسرا حصہ: صوبہ سندھ اور صوبہ خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر
1، 2، 3 دسمبر 2017 بروز جمعہ، ہفتہ، اتوار (انشاء اللہ)
اجتماع 30 نومبر بروز جمعرات عصر سے شروع ہوگا 3 دسمبر بروز اتوار صبح دعا ہوگی۔

ایڈریس: عبقری روحانی اجتماع تسبیح خانہ عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور میں منعقد ہوگا۔

تربیتی اصلاحی تعلق مع اللہ روحانیت کے پُراسرار حقائق اور گھریلو الجھنوں، مشکلات اور پریشانیوں کے خاتمہ کیلئے تین روزہ اجتماع میں شرکت کریں۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے دعوت عام اور اجازت عام ہے۔ حسب موسم بستر ہمراہ لائیں۔ 24 گھنٹے بجلی کی بلاتعطل فراہمی۔ خواتین کیلئے علیحدہ باپردہ پرسکون بلڈنگ کا انتظام۔ لنگر کا وسیع انتظام ہوگا۔ **ترتیب:** عبقری روحانی اجتماع میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی 7 نشستیں ہوں گی۔ **پہلی نشست:** اجتماع کے پہلے دن بروز جمعرات عصر کی نماز سے شروع ہوگی، مغرب کے بعد حضرت کا درس، ذکر خاص، مراقبہ اور دعا ہوگی۔ **دوسری نشست:** بعداز نماز جمعہ، حضرت کا درس، ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **تیسری نشست:** بعداز نماز عشاء، حضرت کا درس، ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **چوتھی نشست:** بروز ہفتہ بعداز نماز فجر، حضرت کا درس ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **پانچویں نشست:** بعداز نماز ظہر، حضرت کا درس، ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **چھٹی نشست:** بعداز نماز عشاء، حضرت کا درس، ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **ساتویں اور آخری نشست:** اجتماع کے آخری دن بروز اتوار بعداز نماز فجر، حضرت کا درس، ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ اس کے بعد حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم خصوصی دم اور دعا فرمائیں گے۔ اس کے بعد واپسی کی اجازت ہوگی۔ ابھی سے دعائیں شروع کردیں۔ یااللہ! عافیت سے تمام نظام ممکن فرما اور ہر شر ہر فتنے سے محفوظ فرما، آمین! بچوں کو ساتھ لانے کی اجازت ہے۔ (اصل شناختی کارڈ اور فوٹو کاپی لانا ہرگز نہ بھولیں) **نوٹ!** اجتماع میں خواتین کیلئے بھی کشادہ اور پرسکون بڑے ہال اور مردوں کیلئے بھی بڑے ہالوں کا انتظام ہر وقت تربیت، ذکر، دعا، آہ وزاری اور قبولیت کا نہایت اعلیٰ نظام روحانی اور نورانی ماحول، مرد عورت، بچے، بوڑھے جوان سب اجتماع میں شرکت کرسکیں گے۔

بستر موسم سرما کا نہ لائیں ہلکا لائیں موسم زیادہ ٹھنڈا نہیں ہوگا۔

اجتماع میں 6 خصوصی پیکیج

پیکیج نمبر 1۔ شب جمعہ کے درس کے بعد ایک ایسا خصوصی پیکیج جس نے بھی کیا دیدار مصطفی ﷺ نصیب ہوا، خاتمہ بالخیر روحانیت کا نور ملا اور ولایت کی نشانیاں شروع ہوگئیں۔ **پیکیج نمبر 2۔** نماز جمعہ کے بعد جادو، جنات، بندش اور سفلی اثرات کو ختم کرنے کیلئے ایک خصوصی عمل جو آج تک خطا نہیں گیا۔ وہ جادو جو چیلنج کرکے کیا گیا ہو۔ اس مسنون عمل سے ہمیشہ کیلئے ختم ہوجاتا ہے۔ **پیکیج نمبر 3۔** رزق کی وسعت، قرضوں سے نجات اور نسلوں کو غربت اور فاقوں سے بچانے کیلئے اور بے بہا رزق پانے کیلئے ایک نایاب عمل، نہایت آسان۔ تمام مجمع کرے گا اور پھر آپ اپنے حالات بدلتے دیکھیں۔ **پیکیج نمبر 4۔** بچوں اور بچیوں کے رشتوں کیلئے اور ان کی بندشوں رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے ایک ایسا عمل جو ہمیشہ کامیاب رہا اور بے شمار کے ہاتھ پیلے ہوئے۔ تمام مجمع کو کروایا جائے گا۔ ہوگا نہایت آسان! **پیکیج نمبر 5۔** گھریلو جھگڑوں، ناچاقیوں اولاد کی نافرمانیوں، نفرتوں، مارکٹائیوں کو دور کرنے کیلئے ایک نہایت تیر بہدف روحانی عمل تمام مجمع کو کرایا جائے گا۔ جس سے زندگیوں کا سکون ہمیشہ بڑھا۔ **پیکیج نمبر 6۔** دل کی اداسیوں پوری نہ ہونے والی مرادوں اور حسرتوں ناامیدیوں ویرانیوں اور ایسی جائز چاہتوں اور ایسی حسرتیں جو قبر میں ہی لے جائیں ان کو پورا کرنے کیلئے اسم اعظم کا ایک خاص عمل، تمام مجمع کو کرایا جائے گا۔

نوٹ: ان تمام نشستوں میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم خود شریک ہوں گے اور خصوصی دعا فرمائیں گے۔

زندگی اور موت: 1۔موت سے زیادہ خوفناک شے موت کا ڈر ہے۔2۔زندگی کا ایک نام ہے موت۔3۔زندگی کا آخری مرحلہ موت ہے۔4۔موت نہ ہوتو شاید زندگی ایک طویل المیہ بن جائے۔

احمد پور شرقیہ کے لیے ایک انوکھا اعزاز

اسم اعظم کا دم اور خاص الخاص تعویذ بالکل فری

31 دسمبر 2017ء بروز اتوار

عبقری حویلی احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور

اب ہر دل کی تمنا پوری ہوگی تاریخ گواہ ہے کہ گزشتہ کئی سالوں سے شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا تعویذ دینے کا معمول نہیں ہے۔حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کا درس، اور سپیشل اسم اعظم کا دم ہر شخص کو انفرادی کیا جائے گا اور برکت والا تعویذ شیخ الوظائف دامت برکاتہم اپنے ہاتھوں سے عنایت فرمائیں گے۔قرآنی آیات سے لکھا اور کفریہ کلمات سے پاک صدیوں سے لکھا وہ تعویذ جسے اللہ تعالیٰ کے چند برگزیدہ خاص الخاص بندوں نے دکھی مخلوق خدا کی خدمت کے جذبے میں ہمیشہ دیا ہے۔

اب رزق، برکت اور رحمت دروازہ توڑ کر آئے گی۔☆ در بدر کی ٹھوکریں ختم ☆ بچوں کی نافرمانی فرمانبرداری میں تبدیل	☆ کبھی نہ ختم ہونے والا دکھ اور جادو ختم ☆ ضدی جنات کا تنگ کرنا بند ☆ نظر بد کے شکار مطمئن ہوجائیں ☆ روحانی ترقی شروع	نسلوں کی کامیابی، بے اولادی اور شادیوں کی بندش ختم کتے یا خنزیر کی کھوپڑی پر کیا ہوا خطرناک سفلی کالے جادو کا فوری حل
☆ ہر دلعزیز بننے کیلئے ☆ عزت پانے کیلئے ☆ ہر قسم کی بیماری کیلئے ☆ حالات نے خودکشی پر مجبور کردیا ہو ☆ سٹوڈنٹس کیلئے انوکھا کرشماتی تعویذ **وسیع پارکنگ کا انتظام ہوگا**	اسم اعظم کے بابرکت اور طاقت ور کلام سے دم شدہ ڈوری جس کی ہر گرہ پر عرشی اسم اعظم کا طاقتور کمال بھر دیا ہے بس تعویذ ڈوری سمیت گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھیں اور قدرت ربی کا کمال دیکھیں۔	خاص امر کے تحت یہ تعویذ دیا جارہا ہے۔قسمت اور مقدر کے سکندر بنیں اور اس قدرت کے کرشمہ کو حاصل کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور پہنچیں۔

تعویذ کی شرعی حیثیت: حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ کلمات بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ، اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنۡ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنۡ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیۡنِ وَاَنۡ یَّحۡضُرُوۡنِ (بطور تعویذ) لکھ کر چھوٹے بچوں کے گلے میں ڈال دیا کرتے تھے۔(مشکوٰۃ شریف) ☆ حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ وحضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے گلے مبارک میں تعویذ ڈالے تھے۔

☆ **طریقہ:** اسم اعظم کی ڈوری چمڑے یا چاندی میں تعویذ بنوا کر گلے یا بازو میں باندھیں۔اس کے علاوہ برکت والی تھیلی، پرس یا جیب میں بھی رکھ سکتے ہیں۔ہر جمعرات کو تعویذ کو ضرور باضرور خوشبو یا کوئی بھی عطر لگایا کریں۔

عرصہ دراز سے جن مخلصین کا شیخ الوظائف حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے والدین رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے مزارات پر اعمال کا ہدیے دینے کا سچا جذبہ ہے ان کیلئے بھی یہ بہترین موقع ہے ضرور حاضری دیں شیخ الوظائف دامت برکاتہم کی طرف سے اجازت ہے۔

صبح آٹھ بجے سے گیارہ بجے تک اس کے بعد گیٹ بند کردیا جائے گا۔

تعویذ کیلئے اسم اعظم کا حصار ہوگا اس لیے جو وہاں نہیں ہوگا اسے ہر حال میں تعویذ پارسل یا بعد میں نہیں دیا جائے گا بس موقع پر ہی دیا جائے گا۔

کھانے اور رہائش کا انتظام نہیں ہوگا لوگ رات کو پہنچ کر کھانے اور بستر کا تقاضا کرتے ہیں۔رش کی وجہ سے مجبوراً ایسا ممکن نہیں۔

مکمل پتہ: عبقری حویلی محبت پور موڑ مین جی ٹی روڈ نزد الحمد کاٹن فیکٹری (عباسیہ چوک سے دو کلومیٹر لاہور یا بہاولپور کی طرف جاتے ہوئے دائیں طرف عبقری حویلی ہے)

کاش! افسوس عبقری ٹیوٹر سروس لگائی ہوتی؟: محترم قارئین! احمد پور شرقیہ میں 2 جولائی 2017ء کو ہونے والا ''اسم اعظم کا دم اور خاص الخاص تعویذ'' کا پروگرام حبس، گرمی اور شدید رش کی وجہ سے ملتوی کردیا گیا اور اس کی نئی تاریخ کا اعلان 31 دسمبر 2017ء کا کیا گیا۔اس اعلان کو عبقری کی فیس بک، ویب سائٹ اور ٹیوٹر پر بے شمار بار چلایا تاکہ عوام کو آگاہی ہوسکے اور وہ احمد پور شرقیہ 2 جولائی کو نہ آئیں۔مگر اس سب کے باوجود 2 جولائی 2017ء بروز اتوار کو عوام الناس کی کثیر تعداد احمد پور شرقیہ پہنچی۔ادارہ ان سے معذرت خواہ ہے اور انہیں تاکید کرتا ہے کہ عبقری کا ہر قاری اپنے موبائل پر عبقری ٹیوٹر سروس ضرور لگوائے۔طریقہ عبقری کے ہر ٹائٹل پر خصوصی طور پر لگایا جاتا ہے۔نوٹ: 31 دسمبر کو احمد پور شرقیہ میں ہونے دم میں رہائش کا خصوصی انتظام ہوگا مگر بستر نہیں ہوگا، بستر ہمراہ ضرور لائیے۔کیونکہ لوگ رات کو ہی پہنچ گئے کھانے اور بستر کا اصرار کیا حتیٰ کہ سخت ترین گفتگو اور گھٹیا لہجے کے الفاظ تک استعمال کیے کہ ہمیں بلالیا ہے اب نہ بستر دیتے نہ کھانا دیتے ہیں اور نہ رہائش ہے حالانکہ پہلے سے معذرت کی گئی کھانے اور بستر کی مجبوری پہلے سے معذرت کی گئی۔

تسبیح خانہ سے بیعت ہونے کے بعد کیا کریں؟: حضرت حکیم صاحب کے سلسلہ عالیہ قادری ہجویری کے بیعت ہونے کے بعد 1۔منتخب احادیث کا مستقل مطالعہ کریں۔2۔شجرہ طیبہ کو اپنی زندگی کی ترتیب میں لائیں۔اپنی زندگی کے معاملات پاکیزہ اور صاف ستھرے ہوں، کسی کے لین دین میں حلال وحرام کا خاص خیال رکھا جائے۔اپنی گھریلو زندگی اور معاشرت میں بیوی، ماں بہن بھائیوں کے ساتھ اچھا معاملہ اور خوش خلقی کا معاملہ ہو۔کسی سے رنجش ہو تو کوشش کریں اس کے ساتھ معاملہ بہتر ہو بدکار سے بدکار انسان کے دل میں نفرت نہ ہو حتیٰ کہ کافر اور مشرک کے لیے دل میں نفرت نہ ہو بلکہ خیر خواہی کا جذبہ اور اس کی ہدایت کا فکر ہو۔اپنے مرشد کو ہر ہفتے پندرہ دن کے بعد آخری ہر مہینے اپنے احوال اذکار کیفیات تسبیحات لکھتے رہیں اور خاص طور پر جو اعمال نہیں کرپارہے ان کی اطلاع ضرور دیں اور سب سے زیادہ نفع اس کو ہوگا جو مرشد کے بارے میں اچھا گمان اعتماد اور یقین سے چلے گا۔بیعت ہونے کے بعد درس کا سننا بہت ضروری ہے یہ دراصل مرید اور مرشد کے درمیان ایک رابطہ کا ذریعہ ہے درس کسی بھی شکل میں نیٹ، سی ڈی میموری کارڈ موبائل کے ذریعے مستقل سنتے رہیں اور دوسروں کو بھی درس کی ترغیب دیتے رہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا عطا فرمائے اور مسنون زندگی پہ دن رات چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم کی کتب (تالیفات)

نمبر	کتاب	قیمت
1	اہل بیتؓ کے پاکیزہ اور انوکھے واقعات	200/-
2	اہل بیتؓ سے جینا سیکھیں	200/-
3	اہل بیتؓ سے محبت کے بعد	150/-
4	اچھے لوگ سچے اصول	200/-
5	ازدواجی مسائل علاج نبوی اور جدید سائنس	200/-
6	الرجی سے نجات کے قدرتی طریقے	100/-
7	الجھی بیماریاں انوکھے علاج	180/-
8	الجھی زندگی کے 700 سلجھے وظائف	300/-
9	انٹرنیٹ کی غلاظت سے بچنے کے انوکھے بھید	150/-
10	آزمودہ گھریلو معالج	200/-
11	آداب معرفت (جدید)	400/-
12	آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل (اردو و انگلش)	200/-
13	1947ء کے مظالم کی کہانی خود مظلوموں کی زبانی	350/-
14	اقوال اولیاء	350/-
15	امراض معدہ علاج نبوی اور جدید سائنس	200/-
16	ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری	200/-
17	الحسیتھم اور اذان کے کرشمات	180/-
18	ارمغان تصوف	1400/-
19	بدترین خصلتوں کا بہترین علاج	200/-
20	بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف	160/-
21	بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟	160/-
22	بڑوں کی زندگی کے انمٹ تجربات	250/-
23	باپ کا تقدس اسلام اور جدید سائنس	200/-
24	بے قرار زندگی سے خوشگوار زندگی تک	250/-
25	باکمال عاملین کے بے مثال تجربات	250/-
26	بیان المحبوب فی کشف المحجوب المعروف علم کشف المحجوب	600/-
27	پرکشش زندگی گزارنے کے گر نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
28	پھلوں میں چھپے صحت کے راز	220/-
29	پھلوں سے صحت و تندرستی	200/-
30	پرسکون زندگی کی تلاش نبوی طریقے اور جدید سائنس	250/-
31	پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک (اردو و انگلش)	350/-
32	پرسکون نیند نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
33	تربیت اولاد اسلام اور جدید سائنس	230/-
34	تندرستی کے دس راز دان ٹانک	200/-
35	تعلیمات نبوی اور جدید سائنس	500/-
36	توبہ کے کمالات	200/-
37	تیس روزے تیس عبادتیں	120/-
38	تسبیح خانہ میں گزرے شب و روز	300/-
39	ٹینشن کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
40	جڑی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات	250/-
41	جیلوں میں بیتے لمحات کی کہانی مشاہیر کی زبانی	400/-
42	جنسی زندگی اسلام اور جدید سائنس	250/-
43	جانوروں کے انوکھے چشم دید واقعات	300/-
44	جنسی پاکیزگی نبوی علاج و احتیاط اور جدید سائنس	300/-
45	جوانی کی حفاظت کیسے کی جائے؟	250/-
46	جادو جنات کے پراسرار حقائق اور آزمودہ روحانی علاج	320/-
47	جادو جنات اسلام اور جدید سائنس	400/-
48	جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل	10/-
49	جنات کا پیدائشی دوست (جلد اول)	350/-
50	جنات کا پیدائشی دوست (جلد دوئم)	350/-
51	جنات کا پیدائشی دوست (جلد سوئم)	350/-
52	جنات سے سچی ملاقاتیں	300/-
53	جاندار جوانی شاندار بڑھاپا	150/-
54	جذبات اور خیالات کے روگ نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
55	جیون ساتھی کے دل پر چھائے رہنے کے گر	300/-
56	گزرا جہنم	120/-
57	جنس جوانی اسلام اور جدید سائنس	300/-
58	حال دل	200/-
59	حسن و صحت کیلئے انمول ٹانک	300/-
60	حسن لازوال کی قاتل بیماریاں	400/-
61	حکماء کی زندگیوں کے نچوڑ	320/-
62	حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں	200/-
63	حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ	300/-
64	حم لا ینصرون کے کرشمات	80/-
65	یاحفیظ یاسلام کے کرشمات	60/-
66	خاندانی حالات میرا خاندانی پس منظر	150/-
67	خاندانی مسائل کا طبی و نفسیاتی نچوڑ	450/-
68	خواتین کے حسن و جمال کے قیمتی راز	300/-
69	خطبات عبقری (جلد اول)	300/-
70	خطبات عبقری (جلد دوئم)	300/-
71	خطبات عبقری (جلد سوئم)	300/-
72	خطبات عبقری (جلد چہارم)	300/-
73	خطبات عبقری (جلد پنجم)	300/-
74	خطبات عبقری (ششم)	300/-
75	خواتین کے مسائل اور بڑی بوڑھیوں کے ٹوٹکے	300/-
76	خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق	250/-
77	خوابوں کی پراسرار دنیا	180/-
78	خوشبو کا سفر اہل بیتؓ کے ہمراہ	350/-
79	دو انمول خزانے (اردو)	10/-
80	دو انمول خزانے (انگلش)	10/-
81	دو انمول خزانے کے کرشمات (بڑا سائز)	200/-
82	درود و سلام کے حسین کرشمات	250
83	ڈپریشن سے نجات پانے والے	120/-
84	دائمی قبض سے چھٹکارا	200/-
85	رمضان المبارک کے بکھرے موتی	60/-
86	روحانی دنیا کے انوکھے بھید	200/-
87	روحانی بیڈٹی کے کرشمات	40/-
88	رنگ برنگی سبزیاں دوا بھی غذا بھی شفاء بھی	200/-
89	روحانی غسل کے کرشمات	10/-
90	رمضان المبارک کے روحانی و جسمانی ٹوٹکے	200/-
91	رمضان میں روحانی و جسمانی تندرستی	30/-
92	رمضان المبارک کے خاص تحفے	5/-
93	روزگار کی پریشانی کا آزمودہ وظیفہ	10/-
94	روحانیت جادو اور وہم	350/-
95	روحانی پاکیزگی	250
96	ربنا آتنا فی الدنیا کے کرشمات	200/-
97	سورۂ یٰسین کے کرشمات	10/-
98	سورۂ بقرہ سے شرطیہ (انشاء اللہ) بیٹا پائیں	10/-
99	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	400/-
100	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/-
101	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/-
102	سنت نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/-
103	سنت نبوی اور جدید سائنس (انگلش والیم 1)	300/-
104	سنت نبوی اور جدید سائنس (انگلش والیم 2)	300/-
105	سدا بہار حسن کی ضامن غذائیں	280/-
106	سترہ وظائف سے زندگی آسان	10/-
107	سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص کے کرشمات	50/-
108	سورۂ قریش کے کرشمات	60/-
109	سورۂ کوثر کے کرشمات	60/-
110	سو اولیاء اللہ کے مشکل کشا وظائف	400/-
111	شجرہ طیبہ قادری ہجویری	10/-
112	شگفتہ باتیں بکھرے موتی انمول یادیں	250/-
113	شہد کے کمالات	150/-
114	شاہراہ معرفت پر کامیابی کا سفر	250/-
115	شافی دوائیں شافی علاج	250/-
116	شوگر کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
117	شادی شدہ زندگی خوشی سے گزارنے کے راز	300/-
118	شوگر کا کامیاب علاج	200/-
119	شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول	250/-
120	شفا بخش خیالات کی کرشمہ سازی نبوی طریقے اور جدید سائنس	120/-
121	شہید پاکستان	250/-
122	شاداب زندگی کے راز نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
123	صوفی ازم اور ٹینشن فری لائف	160/-
124	صحت مند عادات نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
125	صحت بخش خوش ذائقہ خوراکیں اور سائنسی اصول	150/-
126	صوفی ازم سے روشنی کا سفر	250/-
127	صوفی ازم اور قبولیت دعا	180/-
128	صوفی ازم کے روشن ستارے	350/-
129	صوفی ازم اور باطنی سکون	160/-
130	صلوٰۃ التسبیح کے کرشمات	200/-
131	صادق دوست اور قصہ وزیر اور	350/-
132	ضدی بیماریوں کے 700 آسان ٹوٹکے	300/-
133	طبی تجربات و مشاہدات	150/-
134	عورت اسلام اور جدید سائنس	350/-
135	عامل کامل بننے کے راز	200/-
136	عبقری ادویات کی شفایابی	20/-
137	عشق اسلام اور جدید سائنس	450/-
138	ذوق تصوف	2100/-
139	سچی کرامات (جلد اول)	400/-
140	سچی کرامات (جلد دوئم)	300/-
141	خوشیاں، دولت اور سکون کے وظائف	200/-
142	تصوف کی خوشبو (جلد اول)	400/-
143	تصوف کی خوشبو (جلد دوئم)	400/-
144	تصوف پسند اہل حدیث	400/-
145	تصوف کی قدردانی	400/-
146	عشق تصوف	400/-
147	عبقری بتائے جڑی بوٹیوں کے کرشمات	200/-
148	عبقری لایا انوکھے اور لاجواب ٹوٹکے (جلد اول)	300/-
149	عبقری لایا انوکھے اور لاجواب ٹوٹکے (جلد دوئم)	300/-
150	عرشی وظائف اور آزمودہ یقینی نتائج	280/-
151	علماء کے آزمودہ عملیات	300/-
152	غلاف روضہ مبارک کے کرشمات	5/-
153	غلطیوں کی اصلاح نبوی طریقے اور جدید سائنس	300/-
154	غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کا تحفظ ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داری	40/-
155	فیضان سنت اور جدید سائنس	200/-
156	قدرتی ٹانک اور علاج نبوی	200/-
157	قدرت کا انعام اور اہتمام	300/-
158	قبولیت دعا کے انوکھے واقعات	180/-
159	کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج	120/-
160	کامیاب شادی کے ستر اصول نبوی طریقے اور جدید سائنس	250/-
161	کمالات اولیاء	200/-
162	کینسر کو شکست	200/-
163	کلونجی کے کرشمات	80/-
164	کالی دنیا کالا جادو، وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات	700/-
165	کشف اور پراسرار روحانی قوتوں کا حصول	250/-
166	کامیاب عامل بنیے	250/-
167	کامیاب عامل بنیے کرشمات دیکھیے	250/-
168	کھنڈرات سے ملی خاندانی بیاض	2500/-
169	کچن سے شفاء پانے کے راز	230/-
170	گلوکاری سے پرہیزگاری تک	100/-
171	گردے، ڈائیلسز، پتھری کا سائنسی اور روحانی علاج	150/-
172	خوبصورت اور گھنے بال	230/-
173	گھریلو طبی الجھنیں اور ماہرین کے تجربات	400/-
174	گھریلو الجھنوں کا روحانی علاج	150/-
175	گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے	400/-
176	گھروں میں ابدی سکون اور خوشیوں کا راز	200/-
177	گھریلو الجھنوں کا روحانی اور قرآنی علاج	150/-
178	موتی مسجد کے کرشمات	10/-
179	مہلک دوائیں نبوی دوائیں اور جدید سائنس	170/-
180	میرے طبی رازوں کا خزانہ	250/-
181	مالدار بنانے کا آزمودہ راز	10/-
182	موت کے سائنسی و روحانی انکشافات	150/-
183	مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات (مجالس مجذوبی)	250/-
184	مجھے شفاء کیسے ملی؟	500/-
185	معرفت کے متلاشی	280/-
186	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)	400/-
187	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)	400/-
188	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)	400/-
189	معالجات نبوی اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)	400/-
190	معاشرت نبوی اور جدید سائنس	500/-
191	مخلص یا ایماندار	300/-
192	مولانا کے ہمراہ	250/-
193	ماں کا تقدس اسلام اور جدید تہذیب	200/-
194	مہلک غذائیں، نبوی غذائیں اور جدید سائنس	200/-
195	مایوس خاندانی مشکلات کا پرتاثیر روحانی علاج (جدید ایڈیشن)	200/-
196	مولانا شخصیت و کمال	250/-
197	معالج اور مریضوں کے تجربات	200/-
198	مہلک عادات نبوی طریقے اور جدید سائنس	200/-
199	مشاہیر کی آپ بیتیاں	150/-
200	مراقبہ کے کرشمات	300/-
201	ویران جوانی مایوس نوجوان	250/-
202	موٹاپے سے نجات، علاج نبوی اور جدید سائنس	200/-
203	مشکلات کے پہاڑ اور میرے روحانی تجربات	80/-
204	مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی	300/-
205	مثالی حافظہ اور آزمودہ نبوی عمل	40/-
206	مساج سے حسن، صحت اور سکون	120/-
207	مختصر سی زندگی میں بھرپور جینے کے گر	325/-
208	ندامت کے آنسو	200/-
209	نوجوانوں کی جنسی الجھنیں علاج نبوی اور جدید سائنس	250/-
210	نبوی دسترخوان صحت و تندرستی کے راز اور جدید سائنس	300/-
211	نوجوانوں کے جنسی مسائل علاج نبوی اور جدید سائنس	250/-
212	نباتات قرآنی اور جدید سائنس	350/-
213	وضو کے تین گھونٹ کے کرشمات	10/-
214	وٹامن جسمانی صحت کیلئے کیوں ضروری	200/-
215	ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی روحانی اور سائنسی ترکیب	180/-
216	ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی علاج	200/-
217	ہائی بلڈ پریشر کا روحانی اور سائنسی علاج	200/-
218	ہزار سال پرانے طبی و روحانی بھید	350/-
219	یاقہار کے کرشمات	120/

رواداری کتب

نمبر	کتاب	قیمت
220	بریلوی علماء کی رواداریاں	250/-
221	دیوبندی علماء کی رواداریاں	500/-
222	اسلاف اہل حدیث کی رواداریاں	300/-

عبقری کتب سندھی زبان میں

نمبر	کتاب	قیمت
223	وضو کے تین گھونٹ پانی	10
224	غلاف روضہ مبارک	10
225	سورۂ یٰسین کے کرشمات	10
226	روزگار وظیفہ اور کینسر سے نجات	10
227	شجرہ طیبہ قادری ہجویری	10
228	سورۂ بقرہ سے شرطیہ بیٹا پائیں	10
229	روحانی غسل کے کرشمات	10
230	جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل	10
231	دو انمول خزانے کے کرشمات	25
232	سترہ وظائف سے زندگی آسان	10
233	مالدار بننے کا آزمودہ راز	10
234	سورۂ فاتحہ و اخلاص کے کرشمات	25
235	سورۂ قریش کے کرشمات	25
236	سورۂ کوثر کے کرشمات	25
237	دکھ اور غم سے چھٹکارا مل گیا	25
238	وظیفوں سے میں عظیم بن گیا	25
239	کامیابی کا راز آپ کے ہاتھ میں	25
240	میں مالدار کیسے بنا؟	25
241	میری مشکلات آسان کیسے ہوئیں	25
242	آخر کار میری بندشیں ٹوٹ گئیں	25
243	میں خوشحال کیسے ہوا؟	25
244	ایک دن میں ستر حاجتیں پوری	25
245	ہم نے آزمایا آپ بھی آزمائیں	25
246	کچھ لفظ پڑھے پریشانی ختم	25
247	روحانی جسمانی فٹنس کا راز	25
248	بے بہا رزق، دولت کا انبار	25
249	غربت اور بیماری کیسے گئی؟	25
250	صرف چار اسم پڑھیں مشکلات حل	25
251	ناممکن مسائل کا چند دنوں میں خاتمہ	25
252	صرف تین راتوں میں مرادیں پوری	25
253	بکھرے خاندان اور آزمودہ راز	25
254	لاعلاج بیماریوں اور روگوں کا خاتمہ	25

گالیاں، دھمکیاں اور الزامات

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم سے ملاقات کیلئے مخلوق خدا کا رجوع دن بدن بڑھ رہا ہے۔ روزانہ سینکڑوں، ہزاروں کی تعداد میں لوگ ملنا چاہتے ہیں۔ حضرت حکیم صاحب کی بے شمار مصروفیات کی وجہ سے سب سے ملنا ممکن نہیں۔ پہلے پہل 6 ماہ کا وقت ایک ہی ماہ دے دیا جاتا تھا لیکن لوگوں کے اصرار پر اسے تین ماہ پر لایا گیا لیکن اس کے بعد ہر ماہ کا ٹائم دیا جاتا ہے اور اگلے ماہ پھر یہی ترتیب ہوتی ہے۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ سارا دن کالز کرنے کے باوجود رابطہ نہیں ہوتا جبکہ ٹوکن دینے والا نمبر مستقل مصروف رہتا ہے خود اندازہ کریں کہ پوری دنیا سے کالز آرہی ہوتی ہیں ایسے میں سب کی کالز ایک ساتھ سننا ممکن نہیں سسٹم پر جب لوڈ زیادہ ہوتا ہے تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نمبر بند ہے جب کہ نمبر مسلسل کھلا ہوتا ہے۔ جن کی کال مل جائے وہ مطمئن ہو جاتے ہیں اور جن کا رابطہ نہ ہو سکے وہ بدگمان ہو جاتے ہیں اور گالی گلوچ اور الزامات پر اتر آتے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ نمبر صرف ٹیلی فون پر اور منصفانہ دیئے جاتے ہیں۔ ہمیں مخلوق خدا کی پریشانی اور تکلیف کا احساس ہے اور ہم ہر ممکن حد تک اس کے ازالے کیلئے فکرمند رہتے ہیں لیکن سب کو مطمئن اور خوش کرنا شاید ہمارے بس میں نہیں ہے۔ امید ہے آپ ہماری مجبوریوں کا احساس کرتے ہوئے حوصلے اور درگزر سے کام لیں گے۔ ایک گزارش یہ بھی ہے کہ جن کو وقت مل جائے وہ دوبارہ کال نہ کیا کریں تاکہ دوسروں کو بھی موقع مل سکے۔ (ادارہ عبقری)۔ ملاقات کی تفصیلات حاصل کرنے کیلئے 0322-4688313

ایڈیٹر کی کتابیں آپ کی نظر سے گزریں۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے۔

خواتین جنوری 2018ء کا شدت سے انتظار کریں!

ماہنامہ عبقری لارہا ہے' جنوری 2018ء میں "خواتین خاص نمبر" یہ شمارہ خواتین کے مسائل پر مبنی ہوگا۔ جس میں ہوگا خواتین کے مسائل (طبی' روحانی' معاشرتی' رزق کی تنگی' گھریلو جھگڑوں' میاں بیوی میں ناچاقی) کا آزمودہ حل۔ یہ شمارہ قارئین عبقری کی آزمودہ تحریروں سے مزین ہوگا۔ خاص نمبر کا مکمل تعارف اگلے شمارے میں ملاحظہ فرمائیں۔

نوٹ: قارئین! اگر آپ کے پاس بھی کوئی آزمودہ طبی' روحانی ٹوٹکہ ہے تو "خواتین خاص نمبر 2018" کے صفحات حاضر ہیں' ابھی قلم اٹھائیے۔

خالص شہد کے متلاشی متوجہ ہوں!

نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص ہر ماہ میں تین دن تک صبح کے وقت شہد چاٹے گا اسے کوئی بڑی بلا بھی تکلیف نہیں دے گی

موسم سرما کے تمام امراض کا یقینی اور صحت بخش حل

"شہد" کیمیائے صحت مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ دل و دماغ اور معدہ و جگر کو غضب کی تقویت بخش کر حرارت غریزی میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ "شہد" مصفی خون ہونے کے علاوہ مولد خون بھی ہے۔ جگر میں ٹھنڈک پیدا کرنے کیلئے پانی میں شہد ملا کر استعمال کریں۔ دماغ کی تقویت اور جھریوں سے نجات کیلئے غذا میں دودھ' مکھن' شہد استعمال کریں۔ گردے و مثانے کی پتھری کو توڑتا ہے۔ دانتوں کو صاف کرکے انہیں مضبوط بناتا ہے۔ آیورویدک میں شہد معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ رنگت کو نکھارتا ہے' حسن افزا ہے' بھوک لگاتا ہے' دل کے جملہ امراض کیلئے نافع ہے' آواز میں رس پیدا کرتا ہے۔




یہ بڑھاپے کو جلدی آنے سے روکتا ہے۔ پانی کے گلاس میں لیموں اور شہد ملا کر پینے سے پورے جسم کی صفائی کے ساتھ رنگت نکھر جاتی ہے۔ روزانہ کھانے کے ساتھ تھوڑی مقدار میں شہد کھاتے رہنے سے نظام ہضم درست رہتا ہے اور تیزابیت کنٹرول میں رہتی ہے۔ شہد السر میں بھی مفید ہے۔ اگر تازہ زخم پر شہد کا پھاہا رکھ دیا جائے تو زخم بہت جلد بھر جاتے ہیں۔ جلی ہوئی جگہ پر شہد کا لیپ بڑا مفید ہے۔ اس کے علاوہ شہد فشل ماسک اور ہینڈ لوشن کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

شہد زنانہ اور مردانہ امراض کیلئے انتہائی مفید قدرتی دوا


قارئین کا دیرینہ مطالبہ پورا: عبقری کا خالص شہد اب آدھا کلو کی پیکنگ میں بھی دستیاب ہے۔


قیمت: 330 گرام 240 روپے۔ آدھا کلو: 350 روپے۔ ایک کلو: 700 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)




ہمارے اسلاف نبض شناس بھی تھے اور دکھتی رگ کو سمجھتے تھے: آیت "جادل هم بالتی هی احسن" کی عملی تفسیر جانتے تھے اور اسی تفسیر کے اظہار کا نام کتاب "علماء کے آزمودہ عملیات" ہے۔ موجودہ کتاب دراصل عملیات اور وظائف کے ذریعے لوگوں کے گھر بیٹھے مسائل کا حل اور لوگوں کو اللہ کریم کی بارگاہ الٰہی کی طرف متوجہ کرنے کی ایک کوشش ہے۔ اللہ اس میں اخلاص عطا فرمائے۔ آئیے اب اس کتاب میں چھپے وظائف کی چند جھلکیاں ملاحظہ فرمائیں: ☆ مولانا عبداللہ لائل پوری کے پرشفاء تعویذات ☆ لکھوی خاندان کا غیبی بابرکت تعویذ ☆ بسم اللہ کا وظیفہ ☆ پاگل پن دور کرنے کا دم ☆ جادوئی اثرات اور سات چشموں کا پانی ☆ اسلاف کے ختم بخاری پر آزمودہ عملیات ☆ شیخ القرآن کے آزمودہ عملیات ☆ برتنوں میں لکھی قرآنی آیت کا استعمال ☆ دشمن سے حفاظت کا انوکھا عمل ☆ 150 سال پرانا خاندانی مجرب وظیفہ ☆ حج پر حاضری کیلئے آزمودہ وظیفہ ☆ سلام علی نوح کا مجرب وظیفہ ☆ بچوں پر نظر بد کیلئے۔ ☆ لوگوں سے محبت اور عزت کیلئے ☆ صوفی محمد صاحبؒ سے ملا وظیفہ ☆ والد مرحوم کے عملیات اور تعویذ ☆ کالے جادو کی تشخیص اور حاضرات کا عمل ☆ رزق میں برکت کیلئے عمل ☆ اولاد کی نافرمانی کیلئے تیسرے کلمے کا عمل ☆ سحر جادو کا قرآنی عمل ☆ غروب آفتاب کے وقت سات بار دعا کا عمل ☆ قرض با آسانی ادا کرنے کیلئے ☆ اللہ کی بارگاہ میں اپنی قبولیت کروانے کا عمل۔ قارئین! یہ صرف چند صفحات میں چھپے عملیات ہیں۔ باقی عملیات کا خزانہ حاصل کرنے کیلئے آج ہی اپنی کاپی بک کروائیں۔

(قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ)







احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور کے لیے ایک اور اعزاز (تفصیلات صفحہ نمبر 57 پر)

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد **31 دسمبر بروز اتوار**

اسم اعظم کا دم اور خاص الخاص تعویذ اور ڈوری بالکل فری

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی کراچی آمد (صرف درس) | 0322-4688313

پہلا درس: 13 اکتوبر بعد از نماز جمعۃ المبارک دوپہر ڈیڑھ بجے۔ بمقام گلشن معمار جامعہ مسجد توابین کراچی۔ دوسرا درس: 15 اکتوبر بروز اتوار دوپہر ایک بجے بمقام صائمہ ٹریڈ ٹاور بالمقابل جنگ پریس آئی آئی چندیگر روڈ کراچی۔ (خواتین کیلئے باپردہ انتظام)

عبقری کتب اور ادویات گھر بیٹھے منگوائیے: عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پیغام لکھوائیے۔ 0332-7552382

جنت کے پودے دنیا میں لگائیں: عبقری خود پڑھیں احباب کو گفٹ کریں یا تحفہ بھیجیں۔ ہر ماہ صرف ایک عبقری تقسیم کریں۔ ہزاروں لوگوں کے تجربات کہ انہوں نے عبقری کو تحفہ دیا ان کے گھر مشکلات ایسے حل ہوئیں کہ وہ خود حیران رہ گئے آپ بھی تقسیم کریں اور مسائل حل کروائیں۔

5 9 9

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

137

ماہنامہ عبقری لاہور ®

نومبر 2017ء صفر المظفر 1439 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

قیمت فی شمارہ 50 روپے

مشکلات سے اکتائے افراد کیلئے ربیع الاول کا خاص الخاص عمل


گھریلو مشکلات، الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔

سینہ تان کر سولی چڑھا سرکار ﷺ پر سلام بھیجا اور شہید ہوگیا

- قہوہ کی اکیس پیالیاں موٹاپا اور جوڑوں کا درد ختم
- مہینہ تو ختم ہوگا مگر راشن نہیں! چلیں آزمالیں!
- ایک پھونک اور گھریلو جھگڑے ہمیشہ کیلئے ختم

کمر درد کی شکایت کرتی خواتین صحت یابی کا راز پالیں

- دو آیات سات بار پڑھیں! قرضوں کے بوجھ سے خلاصی
- صاحب مچھلی کھائیے، جان بنائیے، جان بچائیے



بیوی کو شیر کی نہیں اعتماد کی نظر سے دیکھیں

- کالے جادو کے کالے وار اور چھ سورتوں کی ڈھال
- تندور والے نے آزمایا دیہاتی ٹوٹکہ اور یرقان ختم



الرجی کی تمام بیماریوں کیلئے نہایت اہم کتاب جو آپ کیلئے بہترین معاون اور رہبر ثابت ہوگی

گڑ مونگ پھلی اور سے لذیذ اور غذائیت سے بھرپور مٹھائی بنائیے

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ — جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہٗ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 5 | جلد نمبر 12 | نومبر 2017ء صفر المظفر 1439 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

نومبر 2017ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان، راشد شمسی

قیمت فی شارہ 50 روپے | سالانہ ممبرشپ بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک 1080 روپے، بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: چھوت چھات صرف ہندو مذہب اور فلسفے میں جائز ہے ہمارے ہاں ایسی کوئی بات نہیں اسلام انصاف، مساوات، معقولیت اور رواداری کا حامل ہے بلکہ جو غیر مسلم ہماری حفاظت میں آجائیں ان کے ساتھ فیاضی کو بھی روا رکھتا ہے۔ یہ لوگ ہمارے بھائی ہیں اور اس ریاست (پاکستان) میں وہ شہریوں کی طرح رہیں گے۔ (مسلم یونیورسٹی علی گڑھ 20 نومبر 1940ء)

ابو تراب ہے خیبر کشا و مرحب کش	کہاں وہ حوصلہ تجھ میں کہ تو ہے ابن تراب
پوچھتے کیا ہو مذہب اقبال	یہ گنہ گار بوترابی ہے

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہاسال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ! (رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534)

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں، کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

E mail:contact@ubqari.org || 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 فون / فیکس

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

لاعلاج مریضوں کیلئے شفاء کا پیغام: جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ یَااَللّٰہُ پڑھے گا ان شاء اللہ اس کے دل سے تمام شکوک وشبہات دور ہوجائیں گے مزید جو لاعلاج مریض بکثرت یااللہ کا ورد رکھے اس کو شفاء کامل نصیب ہوگی۔

خبردار! قطع تعلقی اور بغض سے بچنا ورنہ!: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''قسم خدا کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ جنت میں اس وقت تک داخل نہیں ہوسکتے جب تک کہ تم اسلام نہ لے آؤ اور اسلام اس وقت تک نہیں آسکتا جب تک تم آپس میں محبت والفت سے نہ رہو۔ سلام کو رائج کرو کہ آپس میں محبت ہو اور خبردار قطع تعلقی، بغض سے بچنا۔ یہ تم کو مونڈ دے گا (تباہ کردے گا) میں یہ نہیں کہتا تمہارے بال کو مونڈ دے گا۔ **(ادب مفرد صفحہ 260، شمائل کبریٰ جلد چہارم ص 255)**

مؤمن کو خوش کرنا: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کسی مؤمن کو خوش کرنا افضل عمل ہے۔ **(ترغیب جلد ۲ صفحہ 394)** فائدہ: مطلب یہ ہے کہ کسی مؤمن کے دل کو کسی خدمت سے تعاون سے یا کم ازکم خوش کن باتوں سے اپنے اخلاق سے برتاؤ سے خوش کرنا یہ افضل عمل ہے۔ کہ بندوں کی خوشی سے خالق و مالک کی خوشی ہوتی ہے۔ اس سے سمجھا جاسکتا ہے کہ مؤمن کو کسی بھی اعتبار اور طریقہ سے رنج پہنچانا کسی قدر بری بات ہوگی۔ **(شمائل کبریٰ جلد چہارم، صفحہ 265)**

ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا



دل کا سخی

سخاوت کا تعلق دل سے ہوتا ہے نہ کہ مال سے، کتنے لوگ ایسے ہیں جن کے پاس مال دولت، حشمت رقبے جائیداد، فیکٹریاں کوٹھیاں بینک بیلنس اور لاکر بہت زیادہ ہیں لیکن دل بہت مختصر اور کمزور ہے جس میں بخل بھرا ہوا ہے غنا نہیں بھرا ہوا اور دل کی دنیا ویران ہے آباد نہیں، کتنے لوگ ایسے ہیں جو مالدار تو نہیں لیکن سخی ضرور ہیں اور ان کے اندر سخاوت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے۔ میرے ایک جاننے والے سبزیوں کے بیج کا کام کرتے ہیں چھوٹی سی دکان ہے کوئی بہت بڑا کاروبار نہیں لیکن ان کے مزاج میں میں نے سخاوت دیکھی ہے اور طبیعت میں کسی کو کھلا کر فرحت اور راحت دیکھی ہے، ایک اور جاننے والے چار بھائی ہیں ایک بھائی ایسا ہے جس کی طبیعت میں مروت بھی ہے، لحاظ بھی ہے برداشت بھی ہے اور سخاوت بھی، یہ چاروں صفات بہت کم لوگوں میں جمع بھی ہوتی ہیں اور باقی تین بھائیوں میں یہ تو نہ کہوں گا نہیں ہیں لیکن اس شخص کا اور اس بھائی کا مقابلہ وہ تینوں نہیں کرسکتے۔ میں نے ایک خاندان کو دیکھا عیال داری بہت، بچے بہت، گھر کے اندر سفید پوشی کی انتہا لیکن ان کی والدہ کھانا، پکا پکا کر لوگوں کو کھلاتی تھیں، آنے والے سائل کو دیتی تھیں، غریب پڑوسیوں کی غربت اور تنگدستی کا خیال رکھتی تھیں اور گھر میں غریبی لیکن صاف ستھرا گھر، پرانے لیکن صاف ستھرے کپڑے، یہ انداز ایسا ہے کہ جو بہت کم لوگوں میں ہے اور بہت کم لوگ اس انداز کو اختیار کرپاتے ہیں۔ مجھے بعض اوقات ایک احساس ہوتا ہے اور وہ احساس اس واقعہ کے ساتھ بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے دوران سفر ایک صاحب باتوں باتوں میں کہنے لگے میری روزانہ کی آمدن دس لاکھ ہے لیکن وہ دوسروں کی ذات تو دور کی بات اپنے اور اپنے بچوں کی ذات پر خرچ کرتے ہوئے بہت زیادہ کتراتے تھے احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے اور بلکہ بیوی سے ایک ایک پیسے کا حساب لینا گھریلو ذمہ داری کا حصہ بنایا ہوا ہے اور بیوی ہروقت ہراساں اور پریشان رہتی تھی کہ میرے اوپر کیا مصیبت ہے؟ ایک تو گھر کا خرچہ اور رقم دیتے نہیں اور دوسرا اگر دیتے بھی ہیں تو ایک ایک پیسے کا حساب لیتے ہیں کیا وہ دس لاکھ روزانہ کا کمانا اس کے اور اس کے بچوں کا اس میں کوئی حصہ نہیں، کس کام کا وہ سرمایہ جس سرمائے میں بخل کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہو۔ آیئے! میں آپ کو ایک عورت کا واقعہ سناتا ہوں چوک میں گھر تھا، لوگ شہر میں جانے کیلئے وہاں بیٹھتے۔ بس کا، بیل ریڑھیوں کا، گدھا ریڑھیوں اور رتھوں کا انتظار کرتے۔ غریب تو تھی لیکن دل کی سخی تھی، دل میں خیال آیا کہ کیوں نہ یہاں کوئی سایہ بنوادوں، جس سے مخلوق خدا مستفید ہو، بارش گرمی سردی سے بچاؤ اور حفاظت رہے، انہوں نے کچا پکا تنکوں کا ایک سائبان ڈال دیا۔ لوگوں کو بہت راحت ملی اور لوگ دعائیں دینے لگے، پھر دل میں خیال آیا کہ پیاسے ہوتے ہیں کیوں نہ چند مٹکے پانی کے رکھ دیئے جائیں اور ساتھ مٹی کے کوزے بھی تاکہ لوگوں کی پیاس بجھتی رہے اور لوگوں نے اور زیادہ دعائیں دینا شروع کردیں۔ کچھ عرصہ کے بعد اور خیال آیا کہ لوگ آکر یہاں بھوکے ہوتے ہیں اور خاص طور پر بچے بھوک سے بلک رہے ہوتے ہیں ان بچوں کو کھانا اور ان کو کھانا جتنا میسر ہو لنگر کی شکل میں دے دیا کروں، جب یہ فیصلہ ہوا تو اس کے شوہر نے پس وپیش کی، سو اعتراض اور سو باتیں کیں، وہ سنتی رہی سہتی رہی اور شوہر کا احترام اور اکرام بھی ساتھ ساتھ کرتی رہی لیکن بہانے بہانے سے اپنی سخاوت کو اس نے ہاتھ سے نہ جانے دیا، بس یہ سلسلہ سخاوت کا جاری رہا جب اس کے شوہر نے بہت زیادہ اسے زچ اور تنگ کردیا تو اسے کنویں سے پانی بھرنے کیلئے ساتھ لے گئی شوہر نے ایک ڈول پانی کا بھرا تو اس نے منع کیا کہ دوسرا نہ بھرنا تو شوہر چونک کر دیکھنے لگا کہ کیوں؟ کہنے لگی: ختم ہوجائے گا کہا کہ کیا کنوئیں کا پانی بھی کبھی ختم ہوتا ہے؟ بے ساختہ بولی اگر کنوئیں کا پانی کبھی ختم نہیں ہوتا تو پھر رب کی رحمت نہ ختم ہونے والی چیز اور جو مسافر اور غریب کھاجائیں وہ رزق بھی کبھی ختم نہیں ہوگا۔ بس شوہر کو یہ بات لگی اور دل پر لگی اور اس دن سے اس نے توبہ کی اور سخاوت میں اپنی بیوی کا ساتھ دیا۔ پھر تو غریبوں کے وارے نیارے ہوگئے اور وہاں ایک مضبوط سرائے بنوائی اور پھر پانی، رہنے، سونے کا انتظام کیا اور اسی طرح ان کی سرائے مشہور ہوگئی اور غریب بے سہارا لوگ وہاں آکر رہتے تھے اور مخلوق خدا ان کو دعائیں دیتی تھی۔ بالکل اسی طرح کی سرائے ایک لاہور میں مشہور تھی جس کو سرائے سلطان کہتے تھے میں جب بھی میانی صاحب لاہور کے بڑے قبرستان میں جو کہ میلوں میں پھیلا ہوا ہے جاتا ہوں تو سرائے سلطان کے مالک ٹھیکیدار سلطان کی قبر پر ضرور جاتا ہوں اور اللہ کا نام اس کی روح کو ہدیہ کرتا ہوں اور ایک احساس ہوتا ہے کہ آج دنیا میں سرائے مہمان نوازیاں اور مسافر کی ضروریات کا خیال ختم ہوگیا جب سے یہ چیزیں ختم ہوئی ہیں اس دن سے ہوٹلیں بنی ہیں اس سے پہلے ہوٹلوں کا گمان اور خیال ہی نہیں تھا اللہ تعالیٰ میری اور آپ کی طبیعتوں میں سخاوت اور دریا دلی پیدا کرے اور ہمارا مزاج اور ہماری طبیعتیں سخاوت کیلئے تیار نہ ہوں بلکہ مچلتی ہوں۔

قارئین اصلاح فرمالیں!

ماہ ستمبر 2017ء کے میگزین کے صفحہ نمبر 3 کے مضمون حال دل میں کمپوزر کی غلطی کی وجہ سے حضرت حکیم صاحب کی دعا پر لفظ ''میری امت'' لکھا گیا ہے جبکہ لفظ ''میری ملت'' ہے۔ قارئین اصلاح فرمالیں!

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درس روحانیت و امن

جنت کی رجسٹری

ہمارے ایک پی ٹی ٹیچر تھے۔ گالیاں بہت دیتے تھے وہ اب ریٹائر ہوگئے ہیں، گلی میں ایک کریانے کی دکان کی بنچ پر بیٹھے ہوتے تھے۔ میرا جب بھی گزر ہوتا تو وہ اکثر یہی کہتے: "تو میرا واحد شاگرد ہے جو مجھے سلام کرتا ہے۔" پی ٹی ماسٹر صاحب کو کچھ عرصہ بعد دیکھنا چاہا تو وہ وہاں موجود نہیں تھے میں نے دوکاندار سے پوچھا کہ یہاں سر بیٹھے ہوتے تھے وہ کہاں ہیں؟ دکاندار کہنے لگا: ان کا تو حادثہ ہوگیا ہے اور ان کی دونوں ٹانگیں ٹوٹ گئیں ہیں۔ بہت عرصہ بعد میں نے انہیں دیکھا کسی گاڑی میں تھے، گاڑی میں بالکل جیسے سونے کے انداز میں سیٹ ہوتی ہے ایسے تھے۔ میں نے سوچا شاید یہ سر جارہے ہیں۔ پھر کچھ عرصے کے بعد دیکھا تو بیساکھیوں کے ساتھ دکاندار کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو میں نے وہی پرانی کہانی دہرائی۔ فقیر کیا کہتا ہے ایک آنے کا سوال ہے، چاہے صبح ہو یا رات ہو۔ وہ مانگتا ہے فقیر کا وقت نہیں ہوتا فقیر ہر وقت مانگتا ہے، ہر کسی سے مانگتا ہے، ہر جگہ مانگتا ہے، ٹرین میں فقیر، بس میں فقیر، صبح فقیر، شام فقیر۔ فقیر تو فقیر ہوتا ہے پھر!!! تو میں نے وہی سوال کیا کہ سر السلام علیکم! خیریت سے ہیں آپ کو تکلیف ہوئی تھی، مجھے پتہ چلا تھا؟ سر کچھ توجہ فرمالیں دین کی طرف، میں نے پھر وہی بات کہی۔ لیکن اس وقت جو انہوں نے بات کہی وہ اور تھی (کیونکہ میں جب بھی قصہ سناتا ہوں اس انداز سے سناتا ہوں کہ میں پہلی دفعہ سنا رہا ہوں اور اس انداز سے اندر وہ سارا نقشہ، وہ ساری کہانی پھر سے لوٹ آتی ہے، بہت سال پیچھے چلا جاتا ہوں) تو میں نے اپنے پی ٹی ٹیچر سے وہی بات عرض کی کچھ اللہ کی محبت کیلئے بھی وقت نکل آئے، کچھ لمحے اللہ کو دے دیں، کہ جس کریم نے اتنا کرم کردیا ہے۔ ٹھنڈی آہ بھر کہ کہنے لگے: "بیٹا پہلے جسم ساتھ دیتا تھا دل ساتھ نہیں دیتا تھا، اب دل ساتھ دیتا ہے مگر اب جسم ساتھ نہیں دیتا۔ ٹانگیں ٹوٹ گئی ہیں، بڑی مشکل سے بیساکھیوں سے گھسٹتا ہوا یہاں آتا ہوں، تنہائی کا شکار ہوں، تنہائی کی وجہ سے یہاں آتا ہوں۔ پہلے جسم ساتھ دیتا تھا دل ساتھ نہیں دیتا تھا، دل کہتا تھا اچھا ٹھیک ہے کرلیں گے۔ یہ تو ہوجائے گا بعد میں بھی۔ کوئی نہیں اللہ بڑا غفور رحیم ہے کرلیں گے۔" یہ لفظ بڑا عجیب ہے کہ اس وقت جسم ساتھ دیتا تھا اور دل ساتھ نہیں دیتا تھا، اب دل ساتھ دیتا ہے مگر جسم ساتھ نہیں دیتا۔ ٹانگیں ٹوٹ گئی ہیں، بڑی مشکل سے بیساکھیوں سے گھسٹتا ہوا یہاں آتا ہوں، تنہائی کا شکار ہوں، تنہائی کی وجہ سے یہاں آتا ہوں۔ پہلے جسم ساتھ دیتا تھا دل ساتھ نہیں دیتا تھا، دل کہتا تھا اچھا ٹھیک ہے کرلیں گے۔ یہ تو ہوجائے گا بعد میں بھی۔ کوئی نہیں اللہ بڑا غفور رحیم ہے کرلیں گے۔" یہ لفظ بڑا عجیب ہے کہ اس وقت جسم ساتھ دیتا تھا اور دل ساتھ نہیں دیتا تھا، اب دل ساتھ دیتا ہے مگر جسم ساتھ نہیں دیتا۔

ہوئے نامور بے شمار کیسے کیسے؟: اللہ والو! بڑی مختصر زندگی ہے۔ اکثر بڑی حویلیاں جو ہم بناتے ہیں ان میں دیواریں آجاتی ہیں ایک شخص کہنے لگا کہ: آٹھ کینال کی کوٹھی پلاٹنگ ہوکر بک رہی تھی میں اس میں پلاٹ لے لوں؟ مجھ سے لوگ پوچھتے ہیں کہ: یہ لوکیشن ہے یہ نمبر ہے۔ اچانک ماضی کے دریچے میں جھانکا کہ کسی نے یہ بنگلہ بنایا ہوگا۔ اس وقت جس جگہ ہم درس میں بیٹھے ہیں اس کا نام "میم کی کوٹھی" تھا، یہاں ایک صاحب مقیم تھے کسی انگریز عورت سے شادی کی تھی۔ یہ کئی کینال کی کوٹھی تھی، ان کے بڑے بڑے کتے تھے۔ جب میں یہاں نیا نیا آکر سیٹل ہوا میں ان کے ہاں گیا، دیکھا کہ بڑے بڑے پتیلے چڑھے ہوئے تھے، میں نے پوچھا یہ کیا ہے؟ کہنے لگے: کتوں کیلئے گوشت اُبل رہا ہے، کم وبیش دس کلو سے زیادہ گوشت ہوگا۔ بڑے بڑے پتیلے، آگ پر چڑھے ہوئے تھے، بڑے بڑے بہترین کتے بندھے ہوئے تھے، ان کو کتوں کا بڑا شوق تھا "میم کی کوٹھی" تھی۔ جیل روڈ ایسی ہی کوٹھیوں اور بنگلوں پر مشتمل تھا۔ اب بھی روزنامہ پاکستان کے ساتھ ایک کوٹھی موجود ہے، جہاں سارے رئیس یا انگریز رہائش پذیر ہیں، یہ امراء کا علاقہ ہے۔ اب یہ کوٹھیاں چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں منقسم ہوگئی ہیں۔ **جنت میں اپنے لیے گھر کی بکنگ تو کرالو:** اللہ والو! دنیا میں اتنے مرلے زمین لے لی، اتنے کنال زمین لے لی، اتنے ایکڑ لے لی، جنت کے ایک مرلہ کا بھی نہ سوچا؟ دنیا کے اعتبار سے سمجھدار ہیں، باقاعدہ رجسٹری، ڈاکومنٹس اور اس کے کاغذات چیک کرکے اپنی رجسٹری محفوظ کرواتے ہیں اور ہماری دیوانگی کا عالم یہ ہے کہ نہ جنت کا ایک مرلہ لیا اور نہ اس کی سند دیکھی۔ اس کی رجسٹری نہیں دیکھتے کہ کونسا ایسا عمل ہے، اس کو چیک ہی نہیں کرتے، پھر یہ بھی نہیں دیکھتے ہیں کہ یہاں رجسٹری منسوخ ہوجاتی ہے۔ جنت کے مرلوں کی بھی رجسٹری منسوخ ہوجاتی ہے، خیال رہے!!! جنت کی رجسٹری بھی منسوخ ہوجاتی ہے، وہ کیسے؟۔ وہ اس طرح کہ وعدہ ہے کہ عمل کرو اور قبر تک حفاظت کے ساتھ لے جاؤ ورنہ رجسٹری منسوخ ہوجائیگی، منتقل کسی اور کے نام ہوجائیگی۔ زندگی بڑی مختصر ہے۔ تو کامیاب انسان وہ ہے جس کے ساتھ دعاؤں کی طاقت ہو، اعمال کی طاقت ہو۔

دینی وروحانی مجالس میں شرکت رب کریم کی نعمت

جو آج ہمیں دینی مجالس میسر ہیں جس میں ہم بیٹھے ہیں اسکو مؤثر بناتے چلیں جائیں، شکر کریں کہ اللہ نے آج آپکا گھنٹہ سوا گھنٹہ یہاں لگوادیا، اللہ چاہے تو ٹریفک کی بھیڑ میں، عدالت میں، کچہری میں، ہسپتال میں وقت لگوادے بلکہ ان سے بھی گھٹیا جگہ پر وقت لگوادے، اس لیے شکر کرنا چاہیے کیونکہ اس کریم کا وعدہ ہے جو شکر کرتا ہے اس کی نعمت بڑھا دیتا ہوں، اللہ سچا، اُس کا حبیب سچا، اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے وعدے بھی سچے، اس لیے شکر کرو اللہ والو! کہ ہر ہفتے کے بعد ہمیں توفیق دے دیتا ہے اس کی محبت میں تسبیح خانے چند لمحے گزار لیتے ہیں۔ بستر پر بھی گزر سکتے تھے، اللہ نہ کرے جیل میں بھی گزر سکتے تھے (جاری ہے)

گریڈ 7 سے گریڈ 16 میں ترقی مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور آپ کے گزشتہ کئی سال مسلسل سن رہی ہوں۔ درس میں بتائے جانے والے چھوٹے چھوٹے اعمال نے میں بڑے بڑے مسائل حل کیے۔ درس میں ہونے والا اسم اعظم کا ذکر اور اس کے بعد ہونے والی دعا بڑی پر تاثیر ہوتی ہے درس میں ایک مرتبہ آپ نے وضو کی دعا بتائی تھی میں نے ہر وضو سے پہلی اور وضو کے دوران وہ دعا پڑھنا شروع کردی الحمدللہ! درس میں آنے والے اسم اعظم کی دعا میں شامل ہونے اور وضو والی دعا پڑھنے کی برکت سے میرا اسکیل جو کہ پہلے سات تھا اب الحمدللہ 16 ہوگیا ہے۔ بہت سے لوگوں کو اب بھی یقین نہیں آتا بلکہ بعض اوقات تو مجھے بھی یقین نہیں آتا کہ یہ سب کیسے ہوگا؟ مگر یہ سچ ہے اور آج میں 16 ویں گریڈ کے ملازمہ ہوں۔ الحمدللہ! مجھے جو بھی ملا درس میں آنے سے ملا۔ درس کی برکات میں جاگتی آنکھوں سے دیکھتی ہوں۔ وضو کے درمیان پڑھنے والی دعا یہ ہے:۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ (گل زیب)

سینہ تان کر سولی پر چڑھا' سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سلام بھیجا اور شہید ہو گیا

ابولبیب شاذلی

جب حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سولی پر چڑھائے گئے تو انہوں نے بڑی حسرت کے ساتھ کہا کہ یااللہ! میں یہاں کسی کو نہیں پاتا جس کے ذریعے میں آخری سلام تیرے پیارے رسول ﷺ تک پہنچا سکوں لہٰذا تو میرا سلام حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام تک پہنچا دے۔

حضرت خبیب بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ منورہ کے انصاری ہیں اور قبیلہ انصار میں خاندان اوس کے بہت ہی نامی گرامی فرزند ہیں' بہت ہی پر جوش اور جانباز صحابی اور حضور نبی اکرم ﷺ سے ان کو بے پناہ والہانہ عشق تھا۔ جنگ بدر میں دل کھول کر انتہائی بہادری کے ساتھ کفار سے لڑے۔ جنگ احد میں بھی آپ کے مجاہدانہ کارنامے شجاعت کے شاہکار کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن چار ہجری میں غسفان و مکہ مکرمہ کے درمیان مقام ''رجیع'' میں یہ کفار کے ہاتھوں گرفتار ہو گئے چونکہ انہوں نے جنگ بدر میں کفار مکہ کے ایک مشہور سردار ''حارث بن عامر'' کو قتل کر دیا تھا' اس لیے ان کے بیٹوں نے ان کو خرید لیا اور لوہے کی زنجیروں میں جکڑ کر ان کو اپنے گھر کی ایک کوٹھڑی میں بند کر دیا۔ پھر مکہ مکرمہ سے باہر مقام ''تنعیم'' میں لے جا کر ایک بہت بڑے مجمع کے سامنے ان کو سولی پر چڑھا کر شہید کر دیا گیا۔ اسلام میں یہ پہلے خوش نصیب صحابی ہیں جن کو کفار نے سولی پر چڑھا کر شہید کیا۔ سولی پر چڑھنے سے پہلے انہوں نے دو رکعت نماز پڑھی اور فرمایا: اے گروہ کفار سن لو! میرا دل تو یہی چاہتا تھا کہ دیر تک نماز پڑھتا رہوں کیونکہ یہ میری زندگی کی آخری نماز ہے مگر مجھ کو یہ خیال آ گیا کہ کہیں تم لوگ یہ نہ سمجھ لو کہ میں شہادت سے ڈر رہا ہوں' اس لیے میں نے بہت مختصر سی نماز پڑھی۔ کفار نے جب آپ کو سولی پر چڑھا دیا تو آپ نے چند وجد آفریں اور ایمان افروز اشعار پڑھے پھر حارث بن عامر کے بیٹے ''ابوسروعہ'' نے آپ کے مقدس سینہ میں نیزہ مار کر آپ کو شہید کر دیا۔

آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مندرجہ ذیل کرامات مشہور ہیں:۔

بے موسم کا پھل: جن دنوں آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حارث بن عامر کے بیٹوں کی قید میں تھے ظالموں نے دانہ پانی بند کر دیا تھا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو زنجیروں میں اس طرح جکڑ دیا تھا کہ ان کے ہاتھ پاؤں دونوں بندھے ہوئے تھے۔ اس زمانہ میں حارث بن عامر کی بیٹی کا بیان ہے کہ خدا کی قسم! میں نے خبیب (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے اچھا کوئی قیدی نہیں دیکھا۔ میں نے بارہا یہ دیکھا کہ وہ قید کی کوٹھڑی کے اندر زنجیروں میں بندھے ہوئے بہترین انگور کا خوشہ ہاتھ میں لیے کھا رہے ہیں حالانکہ خدا کی قسم ان دنوں مکہ مکرمہ کے اندر کوئی پھل بھی نہیں ملتا تھا اور انگور کا تو موسم بھی نہیں تھا۔ (حجۃ اللہ علی العالمین ج2 ص869، بخاری شریف)

مکہ کی آواز مدینہ پہنچی: جب حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سولی پر چڑھائے گئے تو انہوں نے بڑی حسرت کے ساتھ کہا کہ یااللہ! میں یہاں کسی کو نہیں پاتا جس کے ذریعے میں آخری سلام تیرے پیارے رسول ﷺ تک پہنچا سکوں لہٰذا تو میرا سلام حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام تک پہنچا دے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا بیان ہے کہ حضور سرور دو عالم ﷺ مدینہ منورہ کے اندر اپنے اصحاب کی مجلس میں رونق افروز تھے کہ بالکل ہی ناگہاں آپ ﷺ نے بلند آواز سے وعلیکم السلام فرمایا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! اس وقت آپ ﷺ نے کس کے سلام کا جواب دیا ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تمہارا دینی بھائی خبیب ابھی ابھی مکہ مکرمہ میں سولی پر چڑھا دیا گیا ہے اور اس نے سولی پر چڑھ کر میرے پاس اپنا سلام بھیجا ہے اور میں نے اس کے سلام کا جواب دیا ہے۔ (حجۃ اللہ علی العالمین ج2 ص869)

لاش اقدس کو زمین نگل گئی: حضور نبی اکرم ﷺ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ارشاد فرمایا کہ مقام تنعیم میں حضرت خبیب کی لاش سولی پر لٹکی ہوئی ہے جو مسلمان ان کی لاش کو سولی سے اتار کر لائے گا میں اس کیلئے جنت کا وعدہ کرتا ہوں۔ یہ خوشخبری سن کر حضرت زبیر بن العوام اور حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ تعالیٰ عنہما تیز رفتار گھوڑوں پر سوار ہو کر راتوں کو سفر کرتے اور دن میں چھپتے ہوئے مقام تنعیم میں گئے۔ چالیس کفار سولی کے پہرہ دار بن کر سو رہے تھے ان دونوں حضرات نے لاش کو سولی سے اتارا اور چالیس دن گزر جانے کے باوجود لاش بالکل تازہ تھی اور زخموں سے تازہ خون ٹپک رہا تھا۔ گھوڑے پر لاش کو رکھ کر مدینہ منورہ کا رخ کیا مگر ستر کافروں نے ان لوگوں کا پیچھا کیا جب ان دونوں حضرات نے دیکھا کہ اب ہم گرفتار ہو جائیں گے تو ان دونوں نے مقدس لاش کو زمین پر رکھ دیا۔ خدا کی شان دیکھئے کہ ایک دم زمین پھٹ گئی اور مقدس لاش کو زمین نگل گئی اور پھر زمین اسی طرح برابر ہو گئی کہ پھٹنے کا نام و نشان بھی باقی نہ رہا۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب ''بلیغ الارض'' (یعنی جن کو زمین نگل گئی) پھر ان دونوں حضرات نے فرمایا: اے کفار مکہ ہم دو شیر ہیں جو اپنے جنگل میں جا رہے ہیں اگر تم لوگوں سے ہو سکے تو ہمارا راستہ روک کر دیکھ لو ورنہ اپنا راستہ لو جب کفار مکہ نے دیکھ لیا کہ ان دونوں حضرات کے پاس لاش نہیں ہے تو وہ لوگ مکہ واپس چلے گئے۔ (مدارج النبوۃ ج2 ص141)

ایک سال میں تمام قاتل ہلاک: روایت ہے کہ سولی پر چڑھائے جانے کے وقت حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قاتلوں کے مجمع کی طرف دیکھ کر یہ دعا مانگی۔ ترجمہ: ''اے اللہ! تو میرے ان تمام قاتلوں کو گن کر شمار کر لے اور ان سب کو ہلاک فرما دے اور ان میں سے کسی ایک کو بھی باقی نہ رکھ'' ایک کافر کا بیان ہے کہ میں نے جب خبیب (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو بددعا کرتے ہوئے سنا تو میں زمین پر لیٹ گیا تاکہ خبیب کی نظر مجھ پر نہ پڑے۔ چنانچہ اس کا اثر یہ ہوا کہ ایک سال پورا ہوتے ہوئے تمام وہ لوگ جو آپ کے قتل میں شریک و راضی تھے' سب کے سب ہلاک و برباد ہو گئے۔ فقط تنہا میں بچ گیا ہوں۔ (حجۃ اللہ علی العالمین: ج2 ص869 و بخاری)

لیڈی ہیلتھ ورکر کے مشاہدات و تجربات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ اور لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین! میں ایک لیڈی ہیلتھ ورکر ہوں' خواتین کو مختلف روحانی اعمال جو عبقری میگزین سے دیکھ کر پڑھتی ہوں بتاتی ہوں' کسی کو عبقری دواخانہ کی دوائی بتاتی ہوں الحمدللہ جو بھی آزماتی ہے دوائیں دیتی ہیں۔ میرے **کچھ آزمودہ تجربات قارئین عبقری کے نام۔** **ماہواری میں خرابی شرطیہ ٹھیک:** خاتون شفاء پینے کیلئے جب پانی گرم کریں تو اس میں ایک چمچ دیسی گھی ڈال کر استعمال کریں بے حد فائدہ ہوگا۔ میرا ذاتی تجربہ ہے مینسز (ماہواری) ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

جس کو بھوک نہ لگے اور اندر کا بخار نہ جاتا ہو' اجوائن تھوڑی سی لیں' رات کو پانی میں بھگو کر صبح اسی پانی میں رگڑ کر نہار منہ پی لیں تو ان شاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

جس کو معدے کی گرمائش ہو' چاہے بواسیر ہو تو گلاب کا عرق پانی میں ملا کر پیتا رہے تو بواسیر ختم ہو جاتی ہے۔ میں نے اپنی کمیونٹی میں ایک عورت کو یہ نسخہ بتایا تو اس کی بواسیر ختم ہو گئی۔ (ثمینہ اختر' کھوئیاں' تلہ گنگ)

سختی اور غفلت دور: جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یَارَحْمٰنُ پڑھے گا اس کے دل سے ان شاء اللہ ہر قسم کی سختی اور غفلت دور ہو جائے گی اور اس کا حافظہ قوی ہو جائے گا۔

خواتین دودھ پلانے سے کیوں گھبراتی ہیں؟

الیاس احمد

دودھ پلانے کے زمانہ میں ماں کو اپنی خوراک کا خاص خیال رکھنا چاہیے حمل کے آخری ایام اور دودھ پلانے کے عرصہ میں مچھلی یا گوشت، مکھن، پنیر کا استعمال بکثرت کرنا چاہیے۔ ہر روز ایک انڈا اور تین پاؤ دودھ پینا ضروری ہے

بچے کی جسمانی اور ذہنی نشوونما میں اس بات کو بڑا دخل حاصل ہے کہ اسے دودھ فطرت کے اصولوں کے مطابق پلایا جائے' قدرت نے بچے کے دودھ کا کیا انتظام کیا ہے اس انتظام کو برقرار رکھنے کیلئے کون کون سے ذرائع فراہم کیے ہیں ان سے باخبر ہونا نہایت ضروری ہے آج ہم بچوں کو دودھ پلانے کے سلسلے میں خالص سائنسی' طبی اور نفسیاتی اصول بیان کریں گے۔ ماں کا دودھ بچے کیلئے ایک قدرتی خوراک ہے اور قدرت کی منشا بھی یہی ہے کہ ماں بچے کو اپنا دودھ پلائے یہی وجہ ہے کہ جہاں اس نے بچے کی پیدائش کا سامان کیا وہاں اس کیلئے خوراک' ایک متوازن خوراک کا بندوبست بھی کر دیا' عورت حاملہ نہ ہو اور بچے کو دودھ بھی نہ پلا رہی ہو' اس وقت اس کی چھاتیوں میں غدودی بافتیں کم' بے حس اور سکوت پذیر ہوتی ہیں لیکن حمل کے آخری ایام میں عورت کے جسم میں پیدا شدہ ہارمون' غدودی بافتوں کے بڑھنے اور ان میں دودھ بنانے کی صلاحیت پیدا کر دیتے ہیں ان میں خون کی سپلائی بڑھ جاتی ہے' پیدائش کے بعد غدودی بافتوں کے سائز میں مزید اضافہ ہوتا ہے' پہلے پہل دودھ کی مقدار کم ہوتی ہے لیکن بچے کو چوسنا' دودھ کی مقدار کیلئے ایک محرک کا کام دیتا ہے اور اس طرح بچے کی ضروریات کے ساتھ ساتھ ماں کا دودھ بھی مقدار میں بڑھتا جاتا ہے۔ ماں کا دودھ بچے کیلئے مثالی خوراک ہے وہ آسانی سے ہضم ہو جاتا ہے اور اس میں غذائیت کا ہر وہ سامان موجود ہے جو بچے کی نشوونما کیلئے ضروری ہے' بچے میں چوسنے کی ایک فطری عادت پائی جاتی ہے اس کی تکمیل بھی ہوتی ہے بوتل سے دودھ پینے والے بچوں کی بھوک تو مٹ جاتی ہے لیکن چوسنے' کا مطلوبہ وقت نہیں ملتا' اس کمی کو وہ انگوٹھا وغیرہ چوس کر پورا کرتے ہیں' ماں کا دودھ ایک مناسب درجہ حرارت رکھتا ہے اور اس سے مرض پھیلنے کا اندیشہ بہت کم ہے کیونکہ یہ براہ راست ماں سے بچے کے پیٹ میں جا رہا ہوتا ہے اور پھر ماں کا پہلے دو ہفتوں کا دودھ بچے کو مختلف امراض چیچک' کان پیڑے اور خسرہ وغیرہ کے خلاف قوت مدافعت عطا کرتا ہے اس عرصہ کے بعد بچے کا قدرتی نظام دفاع کام کرنے لگتا ہے۔

ماں کے دودھ پلانے سے جتنا فائدہ بچے کو ہوتا ہے اتنا ہی فائدہ ماں کو پہنچتا ہے دودھ پلانے سے اس کے رحم کے عضلات بڑی تیزی سے سکڑتے ہیں اور اپنی اصلی حالت پر آجاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بعض عورتوں کو دودھ پلاتے وقت پیٹ کے نچلے حصہ میں شدید درد ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ماں جب دودھ پلاتی ہے تو اسے بے پناہ روحانی مسرت حاصل ہوتی ہے۔ اسے احساس ہوتا ہے کہ دودھ پلا کر اپنے بچے کو ایک ایسی نعمت سے مالا مال کر رہی ہے جو اسے کوئی اور عطا نہیں کر سکتا۔ دودھ پلانے سے اس کی صحت کو ایک نیا سرور ایک عجب سا سکون اور ایک نئے تجربے کی لذت حاصل ہوتی ہے۔ بچے کو پیدائش کے پہلے دن ہر چھ گھنٹے بعد دونوں طرف سے ایک ایک منٹ تک چوسنے کا موقع دینا چاہیے اور دوسرے دن چار چار گھنٹے بعد دو دو منٹ تک۔ دیکھا گیا ہے بچے کو پہلے پہر کی نسبت پچھلے پہر زیادہ بھوک لگتی ہے اس لیے پہلے پہل دو خوراکوں کا درمیانی وقفہ ساڑھے تین یا چار گھنٹے ہو اور پچھلے پہر دو یا اڑھائی گھنٹے اور دودھ پلانے کے اوقات کچھ اس طرح ہوں: صبح چھ بجے' پھر دس بجے' پھر ڈیڑھ بجے' ساڑھے چار بجے' سات بجے' ساڑھے نو بجے اور آخر میں آدھی رات کو۔ دیہاتوں میں عام رواج ہے کہ بچے کو دودھ صرف اس وقت پلایا جاتا ہے جب وہ بھوک کی وجہ سے چلانے لگتا ہے اور بعض اوقات کسی مصروفیت کی بنا پر یوں بھی ہوتا ہے کہ بچے کو صرف اتنا دودھ پلایا جاتا ہے جس سے وہ سو جائے لیکن کچھ دیر بعد وہ پھر چلانے لگتا ہے یہ طریقہ ٹھیک نہیں' اوقات کی پابندی دونوں کیلئے مفید ہے۔ بعض مائیں بیٹھ کر دودھ پلانا پسند کرتی ہیں اور بعض لیٹ کر' یہ اپنی اپنی پسند پر منحصر ہے لیکن دونوں حالتوں میں اس قدر احتیاط ضروری ہے کہ بچے کو سانس لینے کیلئے کافی جگہ میسر آئے۔ صبح کے وقت لیٹ کر دودھ نہیں پلانا چاہیے کیونکہ اگر ماں پر غنودگی کا غلبہ ہو جائے تو وہ عالم مدہوشی میں بازو یا چھاتی کے دباؤ سے بچے کا سانس روک کر اس کی ہلاکت کا سبب بن سکتی ہے۔ ماؤں کی غفلت سے ایسے واقعات اکثر رونما ہو جاتے ہیں۔ دودھ پلانے سے پہلے ماں کو ذہنی طور پر خوش و خرم ہونا چاہیے' ذہنی تفکرات اور پریشانیاں دودھ کی مقدار کم کر دیتی ہیں۔

اگر عورت کے اندر بچے کے لیے ایثار کا جذبہ موجود ہے تو دودھ پلانے سے اس کا حُسن اور نکھر آتا ہے اور وہ اپنے اندر ایک نئی قوت دوڑتی ہوئی محسوس کرتی ہے' دودھ پلانے سے تھکاوٹ صرف ان عورتوں کو ہوتی ہے جو بچے کو اپنے اوپر ایک بوجھ تصور کرتی ہیں' ان کی طبیعت مضمحل رہتی ہے اور جذبات سرد پڑ جاتے ہیں' ایسی خواتین بھی ہیں جو اپنی صحت کے بارے میں پہلے ہی سے احساس کمتری کا شکار ہوتی ہیں اور خیال کرتی ہیں کہ بچے کو دودھ پلانے سے ان کی صحت بالکل تباہ ہو جائے گی۔ اس طرح وہ اپنے آپ کو مزید کمزور اور لاغر سمجھنے لگتی ہیں۔ اگر وہ نفسیاتی مرض کا شکار ہیں تو انہیں فوراً کسی ماہر نفسیات کی طرف رجوع کرنا چاہیے اور اگر واقعی کمزوری محسوس کرتی ہیں اور ان کا وزن دن بدن کم ہو رہا ہے تو انہیں کسی معالج سے رجوع کرنا چاہیے۔ دودھ پلانے کے زمانہ میں ماں کو اپنی خوراک کا خاص خیال رکھنا چاہیے حمل کے آخری ایام اور دودھ پلانے کے عرصہ میں مچھلی یا گوشت' مکھن' پنیر کا استعمال بکثرت کرنا چاہیے۔ ہر روز ایک انڈا اور تین پاؤ دودھ پینا ضروری ہے' پانی کی بھی کم از کم اتنی ہی مقدار مختلف صورتوں میں پینی چاہیے' چٹنی' پیاز' لہسن' گرم مصالحہ جات اور اسی قسم کی دوسری چٹ پٹی چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیے۔ وٹامن سی کیلئے سنگتروں کے رس کا بکثرت استعمال کرنا چاہیے۔ وٹامن ڈی کیلئے مچھلی کے تیل کا استعمال مفید رہے گا اس کے علاوہ وٹامن اے اور وٹامن ڈی کی گولیاں صحت کو برقرار رکھنے میں مدد دیں گی۔ ماں کی خوراک اگر متوازن ہے' تو بچے کو ماں کے دودھ کے سوا کسی اور چیز کی ضرورت محسوس نہیں ہوگی۔ دودھ چھڑانے کا انحصار ماں کی صحت اور دودھ کی مقدار اور بچے کی صحت پر ہے' دودھ نہ تو اتنی جلدی چھڑا دیا جائے کہ بچے کی نشوونما رک جائے اور نہ اتنی دیر سے کہ اس میں مختلف عناصر مثلاً فولاد کی کمی کے باعث بچے میں خون کی کمی واقع ہو جائے۔

شدید تکلیف سے آنے والی ماہواری کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری شمارہ کافی عرصہ سے ہر ماہ باقاعدگی سے پڑھتی ہوں۔ میرے پاس بھی ایک آزمودہ طبی ٹوٹکہ ہے جو مجھے ایک جاننے والی نے بتایا تھا۔ یہ ٹوٹکہ ماہواری کیلئے ہے۔ ماہواری وہ جو بہت زیادہ تکلیف سے ہوتی ہو' پانچ دن کے اندر اندر مسئلہ حل ہو جائے گا۔ ھوالشافی: ماجو' ہریڑ' کچور' چکنی سپاری ہم وزن لے کر پیس لیں۔ ایک چمچ خالی پیٹ دودھ یا پانی جس سے ممکن ہو' خالی پیٹ رات سونے سے پہلے بھی استعمال کریں۔ آزمودہ اور لاجواب چیز ہے۔ (عائشہ مہک)

کالے جادو کے کالے وار اور چھ سورتوں کی ڈھال

نوافل کی ادائیگی کے بعد وہ بیٹھی دعا مانگ رہی تھی کہ اس کو دو شکلیں واضح نظر آئیں' بڑی حیرانی ہوئی ایک ہمارے عزیز اور ایک محلے دار عورت' گمان نہ تھا' حیران و پریشان بہت ہوئی' خیر میری بیٹی نے عزیز سے تو بات کی وہ غالباً ناراض تھے خیر وہ بات کافی بحث و مباحثے کے بعد رفع دفع ہوئی

محترم جناب حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ میں بارہا حکم پڑھنے کو ملتا ہے کہ اپنے تجربات و مشاہدات مخلوق خدا کیلئے لکھیں' آپ کے حکم کی تعمیل میں میں یہ تحریر ارسال کر رہی ہوں۔ اللہ کا شکر ہے کہ میری تمام بیٹیاں صوم وصلوٰۃ اور تہجد گزار ہیں۔ محترم میری تیسری بیٹی کی شادی گزشتہ سال ہوئی اور وہ آپ کے درس بھی باقاعدگی سے سنتی ہے۔ اس نے آپ کا وہ درس بھی سنا جس میں آپ نے قرآن کریم کی آخری چھ سورتوں کے بارے میں بتایا تھا اور ان کی فضیلت بھی بیان فرمائی تھی۔ اس نے گزشتہ دو تین ماہ سے حاجت کے نفلوں میں چھ سورتیں پڑھنا شروع کر دیں' اس کے مسائل یہ تھے: پچھلے سال شوہر کے سعودی عرب جانے کے بعد وقت سے پہلے میری بیٹی کی پیدائش ہوئی' ڈاکٹروں نے کہا کیونکہ پانی کی کمی ہے اس لیے اسے ایسے ہی ضائع کرنا پڑے گا اس سال کے شروع میں بوجہ بڑا آپریشن کروانا پڑا کہ پانی کی تھیلی بہت بڑھ گئی' سسرال میں بھی پریشانی تھی' اس لیے اس نے یہ نفل شروع کیے' تقریباً پندرہ بیس روز قبل اسے محسوس ہوا کہ اس پر کوئی عمل ہے جو محسوس ہوتا ہے' وہ صرف دیکھنا چاہتی تھی کہ کون ہے؟ بس پھر یہ مسلسل دعا مانگتی رہی کہ یا اللہ مجھے دکھا کون میرے پیچھے لگا ہوا ہے؟ ایک مرتبہ نوافل کی ادائیگی کے بعد وہ بیٹھی دعا مانگ رہی تھی کہ اس کو دو شکلیں واضح نظر آئیں' بڑی حیرانی ہوئی ایک ہمارے عزیز اور ایک محلے دار عورت' گمان نہ تھا' حیران و پریشان بہت ہوئی' خیر میری بیٹی نے عزیز سے تو بات کی وہ غالباً ناراض تھے خیر وہ بات کافی بحث و مباحثے کے بعد رفع دفع ہوئی۔ پھر اس نے ہمسائی کے گھر جانے کی ٹھانی اور بات کی۔ پتہ چلا کہ اس کے مسائل تھے اس نے کسی عامل سے پتہ کیا تو میری بیٹی اور میرا نام نکلا۔ (جبکہ حقیقت میں ایسی کوئی بات ہی نہ تھی) بہت دکھ ہوا' دل میں دعا کی جو ذمہ دار ہوا اسے اللہ ضرور سزا دے گا۔ ہمسائی نے بیٹی سے کھل کر بات کی' ہمسائی نے بتایا جب آپ دونوں کا نام نکلا تو عامل کے کہنے پر مجھ سے جو ہو سکا میں نے آپ دونوں پر عمل کروائے۔ چونکہ میں خود اعمال کرتی ہوں تو مجھ پر تو اثر نہ ہوا مگر میری بیٹی کو بہت مشکلات درپیش آئیں۔ بیٹی نے ہمسائی سے کھل کر ساری بات کی' بلکہ بات قرآن پاک اٹھانے تک گئی' پھر ہمسائی نے معافی مانگی ساتھ یہ بھی کہا کہ میں جو کچھ کروا چکی ہوں اس کیلئے میں تمہارے لیے دعا گو رہوں گی' مجھ سے سب کچھ غلط فہمی میں کروایا گیا۔ بیٹی نے آخری چھ سورتیں پڑھنا نہیں چھوڑیں۔ الحمدللہ وہ اپنے گھر میں خوش اور مطمئن ہے۔ (س۔ص، گوجرہ)

دل کے دو سوراخ سورۂ رحمٰن نے بھر دیئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کی اور آپ کی تمام نسلوں کی حفاظت فرمائے۔ عبقری کے گزشتہ شمارے میں اپنا بھیجا ہوا عمل چھپا دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔ میری دلی آرزو ہے کہ میں زیادہ سے زیادہ بیٹیوں کیلئے خوشیوں کے راستے بنا سکوں اور اللہ مجھے ان جیسی بیٹیوں کیلئے عمل نمونہ بنائے۔ آمین!۔ میں ایک سکول ٹیچر ہوں' ایک واقعہ قارئین کیلئے لکھ رہی ہوں' میں سکول میں بچیوں کو روحانی ٹوٹکے بتاتی رہتی ہوں' بچیاں بہت شوق سے کرتی ہیں اور بہت سی بچیوں کے مسائل حل بھی ہوئے ہیں۔ میری ایک سٹوڈنٹ تھی جو اب پڑھائی چھوڑ چکی ہے' اس کے دل میں دو سوراخ تھے' اس کے والدین بہت زیادہ پریشان تھے اور آپریشن کروانا چاہتے تھے' ڈاکٹرز بھی حیلے بہانے کرتے کہ فلاں مہینے آپریشن کریں گے میں نے اس بچی کو "سورۂ رحمٰن" ایک مرتبہ اور درود شریف اول و آخر تین مرتبہ پڑھنے کیلئے کہا اور اس کے ساتھ کلونجی کا خالص تیل ایک چمچ صبح و شام پینے کو کہا۔ اس بچی نے مسلسل دونوں عمل کیے تو وہ بالکل ٹھیک ہو گئی۔ اس نے کراچی سے ٹیسٹ کروایا تھا وہاں کے ایک سرجن نے اس بچی کے والدین کو کہا کہ آپ لوگوں نے بہت اچھا کیا کہ اس بچی کا آپریشن نہیں کروایا' الحمدللہ آپ کی بچی دن بدن بہتر ہوتی جا رہی ہے یہ بچی جو روحانی علاج کر رہی ہے ہرگز نہ چھوڑے۔ جب ڈاکٹر نے پوچھا کہ بچی کیلئے روحانی علاج کس نے تجویز کیا تو ڈاکٹر کو بتایا گیا کہ اس کی ٹیچر نے یہ عمل بتایا تھا۔ ڈاکٹر نے کہا کہ وہ ٹیچر تو کوئی زبردست عامل لگتی ہے۔ ڈاکٹر نے مزید کہا کہ کلونجی کا خالص تیل یا تو اپنی نگرانی میں نکلوائیں یا بیرون ملک سے منگوائیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب یہ پہلے ڈاکٹر صاحب تھے جنہوں نے کہا کہ اب آپریشن نہ کروائیں ورنہ ہر ڈاکٹر صاحب کی زبان پر پہلا لفظ آپریشن ہی ہوتا تھا۔ خیر اب وہ بچی بالکل ٹھیک ہے اور مزید ٹیسٹ کروانے پر پتہ چلا ہے کہ اس کے دل کے سوراخ اب بہت ہی چھوٹے رہ گئے ہیں اور اب اس بچی کا رشتہ بھی ہو چکا ہے۔ ان شاء اللہ وہ اپنے گھر بہت خوش رہے گی۔ (مرینہ اسلم، رحیم یار خان)

اسلام اور رواداری | قسط نمبر 123 | ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم عقیدے کے اختلاف کی بنا پر معاشرتی تعلقات میں بھی کوئی کمی نہیں آنے دیتے تھے چنانچہ مدینہ منورہ میں ایک یہودی کا لڑکا' جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا' بیمار ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اس کی عیادت کیلئے اس کے گھر تشریف لے گئے' اسی موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اسے اسلام کی دعوت دی تو اس نے اپنے باپ کی رضا معلوم کر کے اسلام قبول کر لیا۔ (صحیح البخاری)۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مدینہ منورہ میں مختلف اقوام کے مابین جو میثاق فرمایا تھا اس میں دیگر امور کے ساتھ باہمی رواداری و خیر خواہی کو ضروری قرار دیا تھا اور اس حوالے سے مسلمانوں کو ہدایت کرتے ہوئے فرمایا: یاد رکھو! جس نے معاہد پر ظلم کیا' اس کا نقصان کیا یا اس کی طاقت سے زیادہ اس پر بوجھ ڈالا یا اُس سے کوئی چیز زبردستی لی تو میں اس کے خلاف قیامت کے دن مقدمہ لڑوں گا۔ (ابوداؤد)

"پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک" اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور "غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

عبقری سے جو آزمایا وہ قارئین کو لوٹا رہا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں' اس شمارے سے میں نے بہت سے وظائف اور ٹوٹکے آزمائے۔ الحمدللہ بھرپور فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ بعض میں نے آزمائے اور بعض لوگوں کو بتائے۔ انہی ٹوٹکوں میں سے چند قارئین عبقری کو لوٹا رہا ہوں:۔ 1۔ جب بھی ٹریفک میں پھنس جاتا ہوں تو پہلا کلمہ یا سورۂ الم نشرح یا درود شریف پڑھنا شروع کر دیتا ہوں' اللہ تعالیٰ کہیں نہ کہیں سے راستہ نکال دیتے ہیں۔ 2۔ نوزائیدہ بیٹا بہت روتا تھا تو سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا' بچے نے ہر وقت رونا چھوڑ دیا۔ 3۔ قبض کیلئے ایک مرتبہ درود ابراہیمی کا عمل کیا یعنی ہاتھ سینے پر رکھ کر درود ابراہیمی پڑھتے جائیں اور ساتھ ہاتھ نیچے پیٹ تک لیتے جائیں۔ میں اور میری اہلیہ نے یہ عمل کیا' ہمارا مسئلہ حل ہو گیا۔ (عثمان ممتاز، لاہور)

مکھن کے فوائد: مکھن بدن کو موٹا کرتا ہے بشرطیکہ شکر اور خشخاش ملا کر کھایا جائے' آواز کو صاف کرتا ہے' قبض کشا ہوتا ہے' مقوی دماغ ہوتا ہے' بچوں کو ناشتہ میں کھلانا مفید ہے۔ ہر قسم کی کھانسی میں مفید ہے' جلد کو نرم کرتا ہے۔

قاسط انیب

غصہ' غلطیاں کیسے ختم کریں؟

ایسے لوگ معمولی معمولی باتوں پر ماتحتوں کو ڈانٹتے ہیں یا اونچی آواز میں بات چیت کرتے ہیں اور بعض اوقات حد سے زیادہ بولتے ہیں ان کے اس رویے کی وجہ دراصل ان کے اندر چھپا ہوا وہ بے بسی یا کمتری کا احساس ہوتا ہے جس کو وہ قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہوتے۔

اکثر و بیشتر ہمارا ایسے لوگوں سے واسطہ پڑتا رہتا ہے جن کا رویہ مخصوص حالات میں عجیب و غریب اور کسی حد تک پریشان کن ہوتا ہے ایسے لوگ نہ صرف دوسروں کیلئے پریشانی پیدا کرتے ہیں بلکہ خود اپنا ذہنی سکون بھی تباہ و برباد کر لیتے ہیں مثلاً بعض لوگ اپنے ماتحت افراد کو احکامات صادر کرتے ہوئے یا غصے میں ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے نمایاں حد تک اعصابی کمزوری میں مبتلا ہوجاتے ہیں ان کے ہاتھ اور بعض اوقات پورا جسم کانپنے لگتا ہے آواز بھرا جاتی ہے اور چہرے کی رنگت تبدیل ہوجاتی ہے اسی طرح بعض ماتحت افراد افسران کی ذرا سی بھی ناراضگی اور غصے کے اظہار پر سخت خوفزدہ ہوجاتے ہیں وہ اپنی معمولی سی غلطی پر حد درجہ پشیمان دکھائی دیتے ہیں' اسی طرح بعض مائیں اپنے بچوں سے حیران کن حد تک نرمی سے پیش آتی ہیں وہ اپنے بچوں کی چھوٹی موٹی اور اکثر اوقات بڑی بڑی غلطیاں بھی معاف کر دیتی ہیں اور ان کی اس عادت کا اولاد بعض اوقات ناجائز فائدہ بھی اٹھاتی ہے اسی قسم کے رویے کا اظہار بعض اوقات باپ بھی کرتے ہیں لیکن دوسری جانب ایسے والدین بھی موجود ہیں جو اپنی اولادوں کیلئے نہایت سخت گیر واقع ہوتے ہیں وہ بچوں کی چھوٹی چھوٹی غلطیاں یا شرارتیں بھی نظرانداز کرنے پر تیار نہیں ہوتے نتیجتاً اولاد میں باغیانہ جذبات پروان چڑھنے لگتے ہیں اسی قسم کے غیر معمولی رویوں کو نفسیاتی الجھنوں کا نام دیا گیا ہے جسے ماہرین ''کمپلیکس'' کے لفظ سے بیان کرتے ہیں۔ بعض لوگ حد سے زیادہ تنہا پسندی کے عادی ہوتے ہیں انہیں اپنے معاملات میں کسی بھی دوسرے شخص کی مداخلت گوارا نہیں ہوتی وہ انتہائی کم گفتگو کرتے ہیں مزاج میں چڑچڑاپن عام ہوتا ہے جبکہ ایسے بھی لوگ ملیں گے جو انتہائی باتونی ہوتے ہیں ہر شخص سے دل کے دکھڑے بیان کرنے میں کوئی عار محسوس نہیں کرتے اور اکثر اوقات بور کر دینے کی حد تک گفتگو کرتے ہیں ماہرین نفسیات کے خیال میں ان تمام غیر معمولی افعال کے پیچھے کوئی نہ کوئی پوشیدہ محرک ضرور کارفرما ہوتا ہے جو بچپن کے دور سے تہوں کی صورت میں دماغ کے نہاں خانوں میں جمع ہوتے رہتے ہیں اور بالآخر عہد بلوغت میں کسی لاوے کی طرح تباہی پھیلانے کیلئے امڈ پڑتے ہیں ایسی صورت میں انسان کا کردار ایک ہیجانی تحریک کے ماتحت حد درجے جذباتی ہوجاتا ہے نفسیاتی اصطلاح میں ان پوشیدہ جذبات کو کامپلیکس کا نام دیا جاتا ہے چونکہ مختلف النوع ذہنی الجھنیں یا پریشانیاں عموماً اسی اندرونی محرک کی مرہون منت ہوتی ہیں اس لیے ماہرین ہر نفسیاتی مسئلے کو کامپلیکس کے مفہوم میں لے لیتے ہیں۔ ویسے تو کمپلیکس کی کئی اقسام بیان کی جاتی ہیں لیکن دو قسم کے کمپلیکس زیادہ عام ہیں اور حقیقت تو یہ ہے کہ انہی سے نفسیاتی الجھنیں جنم لیتی ہیں۔

(1) احساس کمتری (2) احساس برتری

احساس کمتری: معروف ماہر نفسیات فرائیڈ کا کہنا ہے کہ انسان میں کچھ حاصل کرنے یا کامیاب ہونے کا کائناتی رجحان دراصل اس احساس کمتری کا مرہون منت ہوتا ہے جو بچپن کے دباؤ پر حالات کے باعث ذہن میں بتدریج نشوونما پاتا رہتا ہے اس احساس یا کمپلیکس کی تعمیر اس طرح ہوتی ہے کہ بچپن میں بچہ جب چھوٹا ہوتا ہے تو خود کو بڑا بے بس محسوس کرتا ہے وہی کچھ کرنا پڑتا ہے جو اس کے والدین یا بااختیار لوگ کرنا چاہتے ہیں اس میں اس کی پسند یا ناپسند کا خیال نہیں رکھا جاتا' اسے ہر چیز اپنے سے زیادہ طاقتور اور بااختیار لگتی ہے اور یہی بے بسی کا احساس اور مستقل دباؤ احساس کمتری کی بنیاد رکھنے کا سبب بنتا ہے۔ اس قسم کی یادیں یا احساسات دو اقسام کے رویوں کو جنم دیتے ہیں جو ایک دوسرے سے قطعی متضاد ہوتے ہیں ان میں سے ایک طبقہ دوسروں کے سامنے حد سے زیادہ منکسر المزاج اور فرمانبرداری کا رویہ اختیار کر لیتا ہے اس میں ہر کام دوسروں کی خواہش کے مطابق انجام دینے کا رجحان ہوتا ہے یہ لوگ جس طرح بچپن میں دوسروں کی ناراضگی سے خوف کھاتے تھے اب بھی اسی طرح ڈرے اور سہمے انداز میں زندگی گزارتے ہیں ایسے افراد کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ حتی الامکان دوسروں کی تنقید سے خود کو محفوظ رکھیں تاکہ انہیں کوئی ناپسندیدہ قرار نہ دے۔ ان کیلئے یہ احساس اذیت ناک ہوتا ہے کہ کوئی ان کے متعلق غلط رائے کم کر لے۔ وہ خوش اخلاقی کو اپنا وطیرہ بنا لیتے ہیں ایسے لوگوں کی زبان سے ''نہیں'' یعنی انکار کا لفظ کم ہی نکلتا ہے لیکن بعض اوقات ان کی حد سے زیادہ فرمانبرداری بھی انہیں دوسروں کی نظروں میں غیر اہم بنا دیتی ہے یہ لوگ عام زندگی سے دور ہوجاتے ہیں۔

احساس برتری: دوسری جانب ایسے ہی دباؤ پذیر حالات کے تحت پروان چڑھنے والے افراد اول الذکر طبقہ سے قطعی متضاد رویہ اختیار کرتے ہیں ان میں جارحانہ پن در آتا ہے وہ خود کو یہ کہہ کر مطمئن کرتے رہتے ہیں کہ وہ بھی اب بااختیار ہیں' دوسروں پر رعب جما سکتے ہیں ایسے لوگ معمولی معمولی باتوں پر ماتحتوں کو ڈانٹتے ہیں یا اونچی آواز میں بات چیت کرتے ہیں اور بعض اوقات حد سے زیادہ بولتے ہیں ان کے اس رویے کی وجہ دراصل ان کے اندر چھپا ہوا وہ بے بسی یا کمتری کا احساس ہوتا ہے جس کو وہ قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہوتے۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ لوگ ان سے خوف کھائیں تاکہ کوئی ان کے اندر جاگزیں احساس کمتری کو جگا نہ سکے اور اس طرح ان کے پوشیدہ جذبات کو برانگیختہ نہ کر سکے ایسے افراد کا گھر والوں سے رویہ بھی عموماً زیادہ اچھا نہیں ہوتا۔ وہ اپنی بیوی بچوں کیلئے بھی نہایت سخت گیر واقع ہوتے ہیں' ہر فیصلہ خود کرنے کی کوشش کرتے ہیں یہاں تک کہ دوست احباب سے مشورہ لینا بھی انہیں پسند نہیں ہوتا' ایسے لوگ ممکن ہے مالی اعتبار سے مضبوط اور مستحکم زندگی گزار رہے ہوں لیکن وہ لوگوں کی نظروں میں پسندیدہ شخصیت نہیں رہتے۔

شاید ہی کوئی ایسا شخص ہو جس کا واسطہ زندگی میں کبھی نہ کبھی کامپلیکس سے نہ پڑا ہو تاہم اکثر افراد خود کو اس سے باہر نکالنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں وہ فوراً اپنے رویوں میں تبدیلی پیدا کر لیتے ہیں تاہم وہ لوگ جو فطری طور پر بہت حساس ہوتے ہیں ان میں کسی نفسیاتی الجھن کا شکار ہوجانے کا زیادہ رجحان ہوتا ہے خوش قسمتی سے ان نفسیاتی الجھنوں سے پیدا ہونے والی تکالیف کم کی جاسکتی ہیں' ہیجانی تحریکات کو ختم اور کمپلیکس کا سائیکلوتھراپی کے ذریعے کامیاب علاج کیا جاسکتا ہے لیکن اس کیلئے سب سے اہم بات یہ ہے کہ کامپلیکس کے شکار افراد خواہ اس کی نوعیت کوئی بھی ہو اس بات کو تسلیم کر لیں کہ ان سے سرزد ہونے والے افعال غیر معمولی ہیں اور اس سے نہ صرف ان کی اپنی ذات کو بلکہ ان سے وابستہ دیگر افراد کو بھی نقصان پہنچ رہا ہے۔

ذہنی الجھنوں سے بچنے کیلئے چند باتیں یاد رکھیں!۔ وقت کے ساتھ ساتھ خود کو بدلنے کی صلاحیت پیدا کریں۔ حد سے زیادہ حساسیت کا مظاہرہ نہ کریں۔ چھوٹی موٹی پریشانیوں کو زندگی کا حصہ سمجھیں۔ ''رات گئی بات گئی'' والا کلیہ اختیار کریں۔ اعتدال کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ اگر آپ کو اپنے غیر معمولی افعال پر قابو نہیں تو کسی ماہر سے رجوع کریں۔ ماضی کو قصہ پارینہ سمجھ کر حال پر نظر رکھیں یوں مستقبل بھی سنور جائے گا اور نفسیاتی الجھنوں سے بھی ایک حد تک محفوظ رہیں گے۔

ہر شخص مہربان: جو شخص روزانہ نماز فجر کے بعد اگر اسم **الرحیم** کا سو بار ورد کرے تو اس کے اثر سے ہر شخص مہربان ہوجائے گا اور ورد کرنے والے سے محبت والفت کے ساتھ پیش آئے گا۔

موسم سرما کا مزہ دیسی غذاؤں کے ساتھ

گرم ملبوسات پر روپے پیسے کا خرچ کرنے کے علاوہ اگر غذا پر بہت کم لاگت کا خرچ کیا جائے تو امید ہے کہ سردی کی شدت کا احساس بہت کم ہونے لگے گا۔ سردی ان لوگوں کو زیادہ محسوس ہوتی ہے جن میں خون کی کمی ہوتی ہے

موسم سرما کی آمد آمد ہے‘ گرمیوں میں پسینہ ناک میں دم کردیتا ہے‘ ساتھ ہی پھرکیاں اور طرح طرح کے حشرات الارض سے واسطہ پڑتا ہے‘ بجلی اکثر نہیں ہوتی۔ دن رات مشکل سے گزرتے ہیں اور دل میں خیال آتا ہے کہ سردی ہی اچھی ہے‘ جوان مصائب سے تو بچاتی ہے۔ مگر جب سردی شروع ہونے لگتی ہے تو بدن ڈھانپنے کیلئے اور سردی سے بچاؤ کیلئے گرم کپڑے‘ سویٹر‘ کوٹ اور مفلر خریدنے میں مصروف ہوجاتے ہیں‘ غربت اور مہنگائی کی وجہ سے لنڈے بازاروں میں رش بڑھ جاتا ہے۔ زیادہ سردی ہونے کی صورت میں گیس‘ ہیٹر کا استعمال شروع ہوجاتا ہے لیکن پھر بھی ٹھنڈ لگتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کم آمدنی والے طبقہ اور مزدور قسم کے لوگوں کیلئے ایسی غذائیں اسی موسم کی مناسبت سے پیدا کردی ہیں جن کے استعمال سے سردی کا مقابلہ بڑی آسانی سے کیا جاسکتا ہے۔ گرم ملبوسات پر روپے پیسے کا خرچ کرنے کے علاوہ اگر غذا پر بہت کم لاگت کا خرچ کیا جائے تو امید ہے کہ سردی کی شدت کا احساس بہت کم ہونے لگے گا۔ سردی ان لوگوں کو زیادہ محسوس ہوتی ہے جن میں خون کی کمی ہوتی ہے اور جن کے جسم پر گوشت کم ہی نظر آتا ہے یعنی دبلے پتلے‘ ہمارے بدن کا زیادہ تر حصہ گوشت کا بنا ہوتا ہے۔ ہمیں ایسی غذائیں جن میں گیہوں کا آٹا بغیر چھنے‘ باجرہ‘ مونگ کی دال‘ مسور کی دال‘ ماش کی دال‘ چنا اور ماش کی دال لوبیا وغیرہ بہت ہی کم آمدنی والا جس کو عام طور پر غریب کہا جاتا ہے استعمال میں لاسکتا ہے اگر کچھ توفیق ہو تو دودھ‘ انڈا اور مچھلی کا استعمال بھی سردیوں میں بہترین غذا کے طور پر استعمال کرکے سردی کے زور کو توڑا جاسکتا ہے۔ سفید مرغ یعنی فارمی مرغ انتہائی گرم ہوتے ہیں کھانے سے جسم میں گرمی کا احساس فوراً ہونے لگتا ہے مگر اس کے نقصانات بہت زیادہ ہیں اکثر شہروں میں سردی کے آغاز میں ہی ان کو یخنی اور ابلے ہوئے انڈے فروخت ہونے شروع ہوجاتے ہیں جن کو غریب لوگ استعمال کرکے ٹھنڈ اور سکھ کا سانس لیتے ہیں مگر درحقیقت جسم تو گرم ہوجاتا ہے مگر کئی دیگر بیماریاں جنم لینے لگ جاتے ہیں۔ ان کو جتنا ہوسکے اتنا کم استعمال کیا جائے تو صحت میں فرق نہیں آئے گا۔ اس کی جگہ اگر جیب اجازت دے تو دیسی مرغ اور دیسی انڈے کا استعمال صحت کو چار چاند لگادیتا ہے اور سردی کا اثر بھی نہیں ہونے دیتا۔ اس کے علاوہ حلال جانوروں کے سری پائے بے حد مقوی غذاؤں میں شامل ہیں۔ اکثر شہروں میں صبح کا ناشتہ سری پائے سے کیا جاتا ہے۔ جگہ جگہ فٹ پاتھ پر فروخت کرنے والے بیٹھے مل جاتے ہیں۔ پائے کا شوربہ بہت لذیذ اور صحت بخش ہوتا ہے اور سردی کا بہترین توڑ بھی ہے۔ اس کے علاوہ مچھلی فروش بھی گلیوں میں آوازیں لگاتے نظر آجاتے ہیں۔ مچھلی کی دم اور سر کو پھینک دیا جاتا ہے۔ اگر ان کا سوپ بھی تیار کرکے پیا جائے تو سردی کا مقابلہ بڑی ہی آسانی سے کیا جاسکتا ہے۔ یہ چیزیں جسم کو بھرپور توانائی میسر کرتی ہیں اور ان کو استعمال کرنے والے کم گرم کوٹ اور سویٹر وغیرہ پہنتے ہیں۔ (ن۔ا، ایبٹ آباد)

لہسن کا استعمال بھی ٹھنڈ سے بچاتا ہے: لہسن ہمارے کھانوں میں استعمال ہونے والا ایک اہم غذائی جز ہے۔ کھانے کی زینت بڑھانے کے علاوہ انسانی صحت کیلئے اس کے فائدہ مند خواص کو طلباء اور سائنسدانوں نے بھی تسلیم کیا ہے۔ حال ہی میں سائنسدانوں کی ایک جماعت نے عرق ریزی سے کی گئی تحقیق کے بعد نتائج کا اعلان کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ جو افراد اپنی غذا میں لہسن کا استعمال متواتر رکھتے ہیں یا لہسن کے جوے سے حاصل شدہ اجزا سپلیمنٹ کے طور پر کھانے یا کسی اور طرح ان کی غذا کا حصہ بن جاتی ہے وہ موسم سرما میں ٹھنڈ لگنے سے محفوظ رہتے ہیں۔ محققین کا کہنا ہے کہ اگر ایسے افراد خدانخواستہ ٹھنڈ لگنے کا شکار ہو بھی جائیں تب بھی ایسے متاثرین دوسرے مریضوں کے مقابلہ میں جلد صحت یاب ہوجاتے ہیں جن کی غذا میں لہسن کا استعمال بالکل نہیں ہوتا یا پھر نہ ہونے کے برابر ہوتا ہے طبی ماہرین نے تحقیق کی بنیاد پر لہسن کے استعمال کو انسانی صحت کیلئے اہم قرار دیا ہے۔

تاجدار پھل سے امراض سرما کا علاج کیجئے: سردیوں کی آمد سے چند ہفتے پہلے ہی انار کی بہار آجاتی ہے۔ میٹھا انار نزلے کا خاتمہ کرتا ہے‘ گلے کی خراش کو دور کرتا ہے‘ آواز کو صاف کرتا ہے‘ جن افراد کو پیاس بہت زیادہ لگتی ہو اگر وہ اس کا متواتر استعمال مناسب مقدار میں کریں تو یہ پیاس لگنے کی شدت کو ختم کردیتا ہے۔ خون کی کمی کا شکار اگر اسے مسلسل استعمال میں رکھیں تو جلد ہی جسم میں خون کی مقدار بڑھنے لگے گی اور زردی کی جگہ سرخی لینے لگے گی۔ معدے کی کمزوری یا سردی کی وجہ سے جب آپ کے ہونٹ سفید ہونے لگیں اور آپ کو اس کے علاج کی فکر ستانے لگے تو پریشان ہونا چھوڑیئے فوراً بازار کا رخ کریں‘ انار لائیں اور مناسب مقدار میں روزانہ اس کا استعمال شروع کردیں فرق آپ کو خود معلوم ہوجائے گا۔ آپ کو سفید ہونٹوں پر ہلکی ہلکی گلابی لپ اسٹک لگانے کی بھی ضرورت نہیں رہے گی اور رہے بھی تو کیوں؟ آخر کو انار نے آپ کے سفید ہونٹوں پر لپ اسٹک زیادہ سرخی بکھیر دی ہوگی۔ (پ۔ ر)

تندور والے نے آزمایا دیہاتی ٹوٹکہ اور یرقان ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ابھی گزشتہ دنوں مجھے یرقان کا ایک نسخہ ملا جیسے ہی مجھے معلوم ہوا میں نے کاغذ قلم اٹھایا اور عبقری کے نام خط لکھنا شروع کردیا۔ نسخہ یہ ہے:۔ ہمارے ہاں تندور والے کو یرقان کا مرض لاحق ہوگیا‘ کوئی پیلا یرقان کہے‘ کوئی کالا یرقان بتائے‘ بیچارہ بہت زیادہ پریشان تھا‘ اسے ایک بابا جی نے دیہاتی ٹوٹکہ بتایا‘ اس نے وہ استعمال کیا تو صرف تین دن میں وہ تندرست ہوگیا۔ ٹوٹکہ یہ ہے: ھوالشافی: ایک گلاس کھٹی چاٹی کی لسی میں دو مکئی کے دانہ کے برابر پھٹکڑی سفید ڈال کر پینی ہے۔ ایک گلاس رات سوتے وقت پی لیں اور ایک گلاس صبح اٹھ کر پی لیں۔ تندور والا صرف تین دن میں تندرست ہوگیا تھا۔ (محمد ادریس‘ ایبٹ آباد)

تیزی سے پھیلتے مرض شوگر کو کنٹرول کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین کی خدمت میں خدمت خلق کا جذبہ اپنائے کچھ انمول موتی لے کر حاضر ہوا ہوں‘ یہ ایک نسخہ اور روحانی عمل ہے ان کو معمولی ہرگز نہ سمجھیے گا۔ امید ہے آپ مستفید ہوکر میرے لیے دعائیں کریں گے۔ **شوگر کنٹرول کرنے کا ٹوٹکہ:** شوگر یعنی (ذیابیطس) کا موذی مرض بڑی تیزی سے پھیل رہا ہے‘ درج ذیل نسخہ استعمال کریں۔ **ھوالشافی:** تخم سرس‘ ریٹھا‘ کلونجی ہر دوا سو گرام لے کر پیس کر کیپسول بھر لیں‘ ایک کیپسول تین ماہ صبح و شام پانی یا دودھ سے استعمال کریں۔ میٹھی اشیاء سے مکمل پرہیز کریں‘ شوگر کنٹرول رہے گی۔ ان شاء اللہ۔ **نظر بد کے اثرات ختم:** نظر بد کے اثرات ختم کرنے کیلئے باوضو ہوکر سورۂ مدثر سات بار پڑھ کر گیارہ دن دم کریں‘ سورۂ ناس اور سورۂ فلق تین بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے پئیں۔ (ج۔ش)

مشکلات میں مبتلا افراد کیلئے ربیع الاول کا خاص الخاص عمل

جوکوئی ربیع الاول کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد سولہ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ جب تمام نوافل ادا کرے تو نہایت توجہ ویکسوئی کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھے بیٹھے ایک ہزار مرتبہ یہ درود پاک پڑھے

ربیع الاول اسلامی سال کا تیسرا مہینہ ہے۔ یہ بڑا فضیلت و برکت والا مہینہ ہے۔ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت مبارکہ اسی ماہ میں ہوئی تھی۔ **پہلی شب:** جوکوئی اس مہینہ کی پہلی شب اور پہلے دن 2 رکعت نفل نماز رات کے وقت اور دو رکعت نفل نماز دن کے وقت اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 7 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے تو پروردگار عالم اس شخص کو 7 سو برس کی عبادت کا اجر عطا فرمائینگے۔ **زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:** جوکوئی ربیع الاول کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد سولہ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ جب تمام نوافل ادا کرے تو نہایت توجہ ویکسوئی کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھے بیٹھے ایک ہزار مرتبہ یہ درود پاک پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَکَاتُهٗ

پڑھنے کے بعد باوضو حالت میں ہی پاک صاف بستر پر بغیر کسی سے کوئی کلام کیے سوجائے انشاء اللہ تعالیٰ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کا شرف حاصل ہوگا۔

دوسری شب: ربیع الاول کی دوسری شب نماز مغرب کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 3,3 بار سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد 11 بار یہ درود پاک پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ پھر بارگاہِ الٰہی میں اپنے مقصد و مطلب کے حصول کیلئے دعا مانگے جو بھی جائز دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

تیسری شب:۔ اس ماہ کی تیسری شب کو نماز عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھنی چاہیے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور تین تین بار سورۂ طٰہٰ و سورۂ یٰسین پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد ان نوافل کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں تحفتاً و ہدیۃً پیش کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دینی و دنیاوی حاجات پوری ہوں گی۔

بارہ ربیع الاول کے نوافل: بعض روایت کے مطابق اس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی، اس روز دو رکعت نماز مستحب ہے کہ جس کی پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔ یہی وہ دن ہے جس میں بوقت ہجرت رسول اللہ وارد مدینہ ہوئے۔ اس کے علاوہ بارہ ربیع الاول کو نماز ظہر کے بعد بیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اکیس اکیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نماز پڑھنے کے بعد اس کا ثواب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ اقدس میں ہدیہ کے طور پر پیش کرے۔ اولیاء کرام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے ان نوافل پر مداومت اور ہمیشگی رکھی ہے۔ ان نوافل کی مداومت رکھنے والے کو حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت نصیب ہوتی ہے اور پروردگار عالم جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرماتا ہے۔ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوتی ہے۔

اکیس ربیع الاول: جوکوئی ربیع الاول کی اکیس تاریخ کو دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ مزمل پڑھے اور سلام پھیرتے ہی سجدہ ریز ہو جائے اور تین مرتبہ یہ دعا نہایت توجہ و خلوص سے پڑھے: یَاغَفُوْرُ تَغَفَّرْتَ بِالْغُفْرِ وَ الْغُفْرُ فِیْ غُفْرِكَ یَاغَفُوْرُ اس کے بعد جو بھی جائز دعا صدق دل سے مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

روضہ اطہر کے سامنے درود وسلام پڑھیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ عمل ہے' جس کسی کی خواہش ہو کہ وہ مکہ مکرمہ جائے یا مدینہ منورہ کی زیارت کرے' آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ اطہر کے سامنے کھڑا ہوکر درود و سلام پڑھے اسے چاہیے کہ روزانہ ایک تسبیح صَلَّی اللهُ عَلٰی حَبِیْبِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ پڑھے۔ اس کے علاوہ یہ درود شریف ہر پریشانی' الجھن اور سو فیصد حل ہے۔ آپ کوئی پریشانی ہے اس کو اپنی ذہن میں رکھتے ہوئے یہ درود شریف کثرت سے پڑھیں دیکھیں آپ کی پریشانی کیسے حل ہوتی ہے۔ (م۔ع، فیصل آباد)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 8 نومبر بروز بدھ صبح 10 تا 11 بجکر 55 منٹ' 18 نومبر بروز ہفتہ دوپہر 3 بجکر 20 منٹ سے لیکر 5 بجکر 10 منٹ تک، 28 نومبر بروز منگل مغرب سے عشاء تک یَاھَادِیُ یَارَحِیْمُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، دردِ دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

شکریہ ٹیچر! شکریہ عبقری!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ ایک سال سے مسلسل پڑھ رہی ہوں' مجھے یہ رسالہ کالج میں میری ایک ٹیچر نے ہدیہ کیا تھا۔ میری ٹیچر نے جب مجھے یہ رسالہ ہدیہ کیا میں تب ہی سمجھ ہی گئی تھی کہ یہ کوئی معمولی میگزین نہیں تھا اس میں ضرور کوئی خاص بات ہوگی جس کی وجہ سے میری ٹیچر یہ میگزین اتنے شوق سے پڑھتی بھی ہیں اور دوسروں کو ہدیہ بھی کرتی ہیں۔ گھر آکر رسالہ کو پڑھنے کیلئے کھولا تو پڑھتی ہی چلی گئی' واقعی ہی یہ خاص میگزین نہیں بلکہ خاص الخاص ہے' ایسے ایسے اچھوتے مضامین' ٹوٹکے' وظائف میں تو دنگ ہی رہ گئی۔ جو بھی مضمون پڑھوں لگے ہمارے گھر کیلئے ہی لکھا گیا ہے۔ بس اس ماہ کا شمارہ اور اس کے بعد کے آنے والے (باقی صفحہ نمبر 12 پر)

بے پناہ طاقت کا ٹوٹکہ: اگر صبح کے ناشتے میں آدھ چھٹانک مکھن اور ایک چھٹانک کھجور کا ناشتہ کیا جائے تو دل' دماغ اور اعصاب میں بے پناہ طاقت کا باعث ہوتا ہے۔

شاہ ارشاد الحق صابریؒ کے مستند روحانی وظائف

اگر کوئی شخص اس شبہ میں مبتلا ہو کہ اس پر کسی نے سحر یا جادو کیا ہے یا اس کی روزی باندھ دی گئی ہے یا لوگ اس سے نفرت کرتے ہیں اور اس سے کنارہ کش رہتے ہیں تو ان تمام کاموں میں بہتری لانے اور کامیاب ہونے کیلئے سورۂ یٰسین شریف کو مبین در مبین پڑھے

چور اور ہر موذی جانور سے حفاظت: اگر کسی جگہ چوری ڈاکے کا ڈر ہو یا ایسی جگہ ہو جہاں موذی جانور (تکلیف دینے والے جانور مثلاً سانپ بچھو' کھن کھجورے یا دیگر جانور) ہوں تو ان چور' ڈاکو یا موذی جانوروں سے حفاظت کیلئے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے درمیان میں سورۂ بقرہ کی آیات 85 اور 86 پڑھیں اور سو رہے' یہ آیات پڑھنے کے بعد کسی سے بات نہ کرے۔ اگر بات کرنی پڑ جائے تو دوبارہ پڑھ لے اور سو جائے۔

نقصان پہنچانے والوں سے حفاظت: اگر کسی شخص کو ڈر ہو کہ اس کا دشمن اسے بڑا نقصان پہنچا دے گا تو اس کیلئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے پاک مصلے پر بیٹھ کر اسم الٰہی یَا جَبَّارُ ایک سو اکیس بار پڑھے اور یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن کے نقصان پہنچانے کا خطرہ ہو' ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی نقصان پہنچانے والا ناکام ہو کر اپنی حرکات سے باز آجائے گا۔

سحر و جادو سے نجات' روزی میں برکت' مخلوق تابع

اگر کوئی شخص اس شبہ میں مبتلا ہو کہ اس پر کسی نے سحر یا جادو کیا ہے یا اس کی روزی باندھ دی گئی ہے یا لوگ اس سے نفرت کرتے ہیں اور اس سے کنارہ کش رہتے ہیں تو ان تمام کاموں میں بہتری لانے اور کامیاب ہونے کیلئے سورۂ یٰسین شریف کو مبین در مبین پڑھے اس کے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ یہ عمل ہمیشہ کرے ناغہ نہ کرے۔ مسلسل پڑھنے اور عمل کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ سحر، جادو، سفلی، رزق کی بندش ختم ہوگی۔ لوگ محبت اور عزت سے پیش آئیں گے اور ہر کام سہولت اور آسانی کے ساتھ انجام پائے گا۔ گھر میں خوب خیر و برکت شروع ہو جائے گی۔ سورۂ یٰسین شریف کو مبین در مبین پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب سورۂ یٰسین شریف اول مبین تک پڑھ چکے تو پھر اول سے شروع کرے یعنی دوبارہ شروع سے پڑھنا شروع کرے اور دوسرے مبین تک پڑھے پھر اول پڑھنا شروع کرے۔ جب چوتھے مبین پر پہنچے تو پھر اول سے پڑھنا شروع کرے۔ جب پانچویں مبین پر پہنچے تو پھر اول سے شروع کرے۔ جب چھٹے مبین پر پہنچے تو پھر اول سے شروع کرے۔ جب ساتویں مبین پر پہنچے تو آخر تک پڑھ کر سورۂ ختم کرے لوٹ کر اول سے آخر تک پڑھے۔ اس ترکیب سے روزانہ سورۂ یٰسین شریف کو پڑھا کرے۔ یہ عمل ہر مقصد میں کامیابی کے لیے بھی اور ہر بیماری سے شفاء کے لیے بھی تیر بہدف ہے۔

حافظہ مضبوط یادداشت اچھی: اگر کسی بچے یا بڑے کا حافظہ کمزور ہو اور جو کچھ پڑھتا ہو' بھول جاتا ہو اسی لیے تعلیم میں بھی پیچھے ہو اور بڑا آدمی ہے اس کا حافظہ بھی کمزور ہے چیز رکھ کر بھول جاتا ہے کوئی بات یاد نہیں رہتی' بازار سے سودا خریدنے گیا اور بھول گیا کہ کیا کیا لینا تھا جو لینا نہیں تھا وہ خرید لایا ایسی صورت میں یہ نماز گھر کا کوئی فرد ادا کر کے حافظہ کی قوت کے لیے دعا کرے اور سورۂ یٰسین ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس بچے یا آدمی کو پلائے۔ یہ عمل ایک چلہ کرے۔ ان شاء اللہ حافظہ مضبوط ہونے کے ساتھ ساتھ بچے میں پڑھنے کا شوق بھی پیدا ہوگا اور وہ اپنے ہم جماعت بچوں سے آگے رہے گا اور تعلیم میں نام پیدا کرے گا۔

لقوہ' فالج' درد کمر' گیس' درد کان کیلئے: اگر خدانخواستہ کسی کو لقوہ کا مرض ہو جائے یا قولنج (انتڑی کا درد' بادِ سول) یا باؤ گولہ (گیس) یا دردِ کمر پیدا ہو جائے تو اس کیلئے باوضو سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف کے ایک چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور سرسوں کے تیل سے دھو کر ایک بوتل میں وہ تیل رکھ لے اور تھوڑا سا تیل لے کر جہاں جسم میں درد ہو لگایا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی آرام آجائے گا۔ اگر کسی بچے کے یا بڑے کے کان میں درد ہو تو اس میں ہلکا گرم کر کے ڈال دے۔ تنبیہ: یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ کان میں جو بھی تیل وغیرہ ڈالنا ہو اسے ہلکا گرم کر لیں۔ ٹھنڈے تیل سے کان کو نقصان پہنچتا ہے۔

نظر بد سے حفاظت و نجات: اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگی ہو جس کے سبب اس کی صحت گرتی جا رہی ہو کھانا کھانے کو دل نہ چاہتا ہو اور مرض بڑھتا جاتا ہو لیکن مرض کا پتہ نہ چلتا ہو۔ بچہ ہے تو ہر وقت کسی نہ کسی بہانے سے روتا ہو کھانا پینا بند ہو گیا ہو یا کھاتا ہو تو الٹی ہو جاتی ہو' اس سے نجات کیلئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک کاغذ پر یا چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور اس کو پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اور اس پر چھڑکیں نیز یہی کلمات پڑھ کر صبح و شام مریض پر دم کریں اور یہی کلمات ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں' تعویذ پر کالا یا گہرا نیلا کپڑا چڑھائیں۔ وہ کلمات یہ ہیں:۔

بِسْمِ اللهِ حَبَسَ حَابِسٌ وَ حَجَرٌ يَابِسٌ وَشِهَابٌ قَابِسٌ رُدَّتْ عَيْنُ الْعَائِنِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيْهِ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ۔

سفر میں ہر قسم کے خطرات سے حفاظت: اگر کوئی شخص سفر پر روانہ ہونا چاہتا ہے یا سفر پر روانہ ہو چکا ہے اور ڈرتا ہے کہ کہیں راستے میں کوئی حادثہ پیش نہ آجائے یا ڈاکو لٹیروں سے واسطہ نہ پڑ جائے تو اس کیلئے گھر سے نکلنے سے پہلے یا دورانِ سفر سورۂ عبس مکمل ایک مرتبہ پڑھ لی جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سفر بخیر و خوبی پورا ہوگا اور راستہ میں کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہ ہوگا۔

سورۂ بقرہ سے بیٹا پانے والے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں' اس کے پڑھنے کی وجہ سے زندگی دن بدن اعمال پر آ رہی ہے' مثلاً جب بھی قبرستان دیکھتا ہوں ایک مرتبہ پہلا کلمہ پڑھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پوری امت کو ہدیہ کرتا ہوں' دن میں ایک تسبیح تیسرا کلمہ' ایک تسبیح درود شریف اور ایک تسبیح استغفار پڑھتا ہوں' ہر وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیتا ہوں اس عمل میں بہت شفاء ہے۔ خاص بات جو بتانے کیلئے خط لکھ رہا ہوں' جیسے ہی مجھے معلوم ہوا کہ میری اہلیہ امید سے ہیں ہم دونوں نے سورۂ بقرہ والا عمل شروع کر دیا الحمد للہ اللہ نے بیٹے سے نوازا۔ (سجاد احمد)

اللہ نے بیٹے سے نواز دیا: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں گزشتہ پانچ سال سے عبقری آ رہا تھا' مگر میں نے کبھی دھیان سے پڑھا ہی نہ تھا' گھر میں افراد اس کو بہت توجہ دیتے مگر میں نہ پڑھتی تھی' ایک مرتبہ کام کاج سے فارغ ہوئی تو صوفے پر پڑے میگزین کو اٹھا کر دیکھ رہی تھی تو سورۂ بقرہ سے شرطیہ بیٹا پائیں مضمون پر نظر پڑی سارا پڑھا' کچھ ہی عرصہ کے بعد پریگنینسی شروع ہوئی' تو جیسے ہی پتہ چلا میں نے سورۂ بقرہ والا عمل شروع کر دیا۔ الحمد للہ اللہ نے بیٹے سے نواز دیا۔ (مسز نوید خان)۔

سورۂ بقرہ کا عمل: اسلامی چاند کے پہلے سات دن روزانہ ایک بار سورۃ البقرہ بیٹے کی نیت سے پڑھیں۔ (پ۔ش)

گڑ اور مونگ پھلی سے لذیذ اور غذائیت سے بھرپور مٹھائی بنائیے

سید فواد احمد

لوگ سردیوں میں سب سے زیادہ اس میوے سے لطف اندوز ہوتے ہیں خصوصاً بچوں کی من پسند غذا ہوتی ہے۔ بظاہر جگہ جگہ نظر آنے اور گلی گلی بکنے کے باعث یہ ایک معمولی چیز تصور کی جاتی ہے لیکن امریکہ سمیت بہت سے یورپین ممالک میں اسے خاص طور پر اہمیت دی جاتی ہے

ہر سال اللہ تعالیٰ کے نظام کے مطابق زمین گردش کرتے ہوئے سورج سے مخصوص فاصلے پر پہنچ جاتی ہے جس سے زمین کا درجہ حرارت کم ہونا شروع ہوجاتا ہے۔ موسم کی اس تبدیلی کے ساتھ ہی زمین پر موجود جاندار اجسام کی کیفیات' محسوسات اور عادات میں بھی تبدیلیاں واقع ہونے لگتی ہیں۔ حضرت انسان بھی اس موسم میں اپنی ذہنی اور جسمانی کیفیات میں تبدیلی محسوس کرتے ہیں۔ آب و ہوا کے ٹھنڈی شکل اختیار کرتے ہی ہم اپنے لباس' خوراک اور عادات کو موسم کی مناسبت سے ڈھال لیتے ہیں۔ ہلکے پھلکے کپڑوں کی جگہ سوئیٹر اور جیکٹس وغیرہ لے لیتی ہیں۔ لحاف اور رضائیوں کا کاروبار گرم ہوجاتا ہے اور میوہ جات کی مانگ ملک و بیرون ملک کی منڈیوں میں بڑھ جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو موسم کی تبدیلی کا مقابلہ کرنے کیلئے اسی مناسبت سے سبزیاں، پھل اور میوہ جات فراہم کیے ہیں۔ میوہ جات کی تاثیر گرم ہوتی ہے اور یہ جسم کے درجہ حرارت کو بڑھانے اور ٹھنڈ کو کم کرنے میں معاون کردار ادا کرتے ہیں۔ اکثر افراد خشک میوہ جات یا مغزیات کو یہ کہہ کر نظر انداز کردیتے ہیں کہ یہ بچوں کا شوق ہے حالانکہ مغزیات قدرت کی جانب سے سردیوں کا انمول تحفہ ہیں۔ احتیاط و اعتدال کے ساتھ ان کا استعمال ہمیں مضبوط و توانا بنا سکتا ہے۔ انہیں کھانے سے جسم میں ایسی توانائی پیدا ہوجاتی ہے کہ ہمارا جسم سرد موسم کے مضر اثرات سے بچاؤ کے قابل ہوجاتا ہے۔ گری دار میوے پروٹین' روغن' چربی اور وٹامنز کے حامل ہوتے ہیں۔ سردیوں میں عام استعمال کیے جانے والے خشک میوہ جات کی اہمیت کا اندازہ ہم ان کے بارے میں معلومات حاصل کرکے لگا سکتے ہیں جو ذیل میں دی جارہی ہے:۔

مونگ پھلی: سردیوں کی راتوں میں شہر کی گلیوں میں سب سے زیادہ آمدورفت مونگ پھلی فروخت کرنے والے افراد کی ہوا کرتی ہے اور لوگ سردیوں میں سب سے زیادہ اس میوے سے لطف اندوز ہوتے ہیں خصوصاً بچوں کی من پسند غذا ہوتی ہے۔ بظاہر جگہ جگہ نظر آنے اور گلی گلی بکنے کے باعث یہ ایک معمولی چیز تصور کی جاتی ہے لیکن امریکہ سمیت بہت سے یورپین ممالک میں اسے خاص طور پر اہمیت دی جاتی ہے اور اسے مختلف غذاؤں میں ملا کر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں مونگ پھلی بڑے پیمانے پر کاشت کرکے بیرون ممالک میں برآمد کی جاتی ہے۔ مونگ پھلی سے ماہرین تیل بھی تیار کرتے ہیں اور اس کو خاصیتوں میں زیتون کے تیل سے مشابہ قرار دیتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق مونگ پھلی کے تیل میں ایسے قدرتی اجزاء ہوتے ہیں جو وزن میں اضافہ کا باعث ہیں اسی لیے موٹے افراد کو مونگ پھلی کے استعمال میں حد درجہ اعتدال کی ہدایت کی جاتی ہے۔ حکماء حضرات نے بھی اس کی مقدار متعین کی ہے جس کے مطابق سردیوں میں ایک یا دو چھٹانک مونگ پھلی کھانے سے جسم کو مناسب غذائیت ملتی ہے' جسم توانا ہوتا ہے اور اس میں حرارت کے پیدا ہونے سے جسم ٹھنڈ کا مقابلہ کرنے کیلئے مستعد ہوجاتا ہے۔ ایک اور تجزیئے کے مطابق سو گرام مونگ پھلی میں 26.9 گرام پروٹین' 559 حرارے' کیلشیم 748 گرام' فولاد 1.9 گرام' وٹامن بی یعنی تھاماسین 0.3 ملی گرام' رائبوفلاوین اور نایاسین کے علاوہ قلب اور شریان دوست وٹامن یعنی وٹامن ای بھی موجود ہوتا ہے۔ مونگ پھلی کی لذت کو دوبالا کرنے کیلئے اس کے دانوں کو گھی یا تیل میں ہلکی آنچ پر تل کر اس میں حسب پسند مرچ مصالحے لگانے سے وہ بہت چٹ پٹے ہوجاتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھنے ہوئے دانوں کو تھوڑے پانی کے ساتھ باریک پیس کر گوشت کے سالن میں ملانے سے شوربا گاڑھا اور بہت ذائقے دار ہوجاتا ہے۔ مونگ پھلی کو گڑ کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اس کیلئے گڑ کے گاڑھے قوام میں مونگ پھلی کے بھنے اور چھلے ہوئے دانوں کو ملا کر جمائیں اور ٹھنڈا ہونے پر اس کی قاشیں کاٹ لیں۔ یہ بڑی لذیذ اور غذائیت بخش مٹھائی ہے جو جسم کی حرارت میں اضافہ کرتی ہیں۔ اگر جماتے وقت اس میں بھنی ہوئی صاف تل اور کھوپرے کا اضافہ کردیا جائے تو اس کی لذت مزید دوبالا ہوجاتی ہے۔

(بقیہ: شکریہ ٹیچر! شکریہ عبقری!)

تمام شمارے میرے گھر کی الماری کی زینت بنتے چلے گئے۔ ہمارے گھر کا ماحول عجیب قسم کا ہوچکا تھا' ہر کوئی ایک دوسرے سے کھچا کھچا اور چلا کر بولتا' میں نے عبقری میں موجود روحانی محفل گھر کے ماحول اور اپنے کچھ معاملات کو ذہن میں رکھ کرنا شروع کردی' صرف چھ ماہ کے اندر اندر میرے گھر کا ماحول بہت زیادہ تبدیل ہوچکا تھا اور میرے کچھ ذاتی معاملات تھے جن کی وجہ سے میں بہت پریشان تھی وہ بھی دن بدن بہتر ہوتے جارہے تھے' میری تو خوشی کا کوئی ٹھکانہ ہی نہ تھا۔ میں جب بھی اپنی ٹیچر سے ملتی ہوں ان کا شکریہ ادا کرتی ہوئی یہ الفاظ ادا کرتی ہوں شکریہ ٹیچر! شکریہ عبقری! (ع، لاہور)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ میں حرم شریف و گنبد خضریٰ کا دیدار کیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ گزشتہ کئی سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ عبقری میں آنے والا مراقبہ ہر ماہ پابندی سے کرتا ہوں' جب مراقبہ کرنا شروع کیا تو چند ماہ تو کچھ بھی محسوس نہ ہوا مگر آہستہ آہستہ میری مراقبہ پر گرفت مضبوط ہوئی اور مجھے اس میں میرے ہر مسئلہ کا حل ملنا شروع ہوگیا۔ مجھے اکثر بزرگوں کی زیارتیں ہوتیں' مختلف مقامات کی سیر کرتا' طبیعت میں فرحت آگئی' سکون کی نیند آتی۔ ابھی گزشتہ دنوں جب مراقبہ کرنے بیٹھا تو مجھے ایسے محسوس ہوا کہ میرے سامنے ایک پیالہ پڑا ہے اور اس میں مجھے حرم شریف نظر آیا اور تھوڑی ہی دیر کے بعد مجھے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم دکھائی دی۔ کیا منظر تھا؟ میں لفظوں میں شاید بیان نہ کرسکوں۔ جیسے جیسے میں حرم شریف اور گنبد خضریٰ کا دیدار کررہا تھا میرے دل میں سکون کی ایک لہر اتر رہی تھی' میرا سینہ ٹھنڈا ہورہا تھا' نا معلوم کب میں دیدار کرتے کرتے اپنے مصلے پر ہی سوگیا۔ اس رات مجھے بڑی پرسکون نیند آئی' جب تہجد کے وقت جاگا تو ایسے فریش اٹھا جیسے تمام تھکاوٹیں اتر گئی ہوں۔ واہ کیا بات ہے مراقبہ کی! (و۔ق، لاہور)

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر زپن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

بالوں کی بیماری: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے سر کے بالوں کے گرنے کی بیماری ہے اور یہ بیماری دو سال سے مسلسل ہے، بہت اعلیٰ سے اعلیٰ قسم کے شیمپو اور ہیئر آئل استعمال کیے مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ بالوں کی خوبصورتی جو تھی وہ ختم ہوگئی ہے، بال دومرے بھی ہوگئے ہیں، خدارا مجھے کوئی نسخہ عنایت فرمائیں کہ میرے بال پھر سے پہلے جیسے ہوجائیں۔ (ع۔ا، بنوں)

مشورہ: خشکی دور کرنے اور بالوں کو گرنے سے بچانے کیلئے خشک بالوں میں نہانے سے پہلے سرسوں کے تیل کی ہلکی مالش کریں یا رات کو سر پر تیل لگا لیں اور صبح اٹھ کر سر دھولیں۔ دو بڑے چمچ میتھی کے بیج رات بھر پانی میں بھگوئیں، صبح ان کا لیپ بنا کر تمام سر میں لگائیں، گھنٹہ یا ڈیڑھ گھنٹہ بعد ریٹھا اور سیکا کائی کے سلوشن (محلول) سے دھولیں، خشکی وغیرہ کا مجرب علاج ہے۔ ٹھنڈے پانی سے سر دھوکر 5 سے 10 منٹ تک انگلیوں کی پوروں سے مساج، گنجا پن کا بہترین علاج ہے۔ خشک بالوں میں ہفتہ میں ایک بار انڈے کو پھینٹ کر اچھی طرح لگائیں اور پھر سر کو صابن یا شیمپو سے دھولیں، خشک بالوں میں ہفتے میں ایک بار زیتون کے تیل میں لیموں کا رس ملا کر سر کی مالش کریں اور اس کے بعد سر دھولیں۔ سر کی خشکی دور کرنے کیلئے ناریل اور مہندی کا تیل ہم وزن ملا کر بالوں میں لگائیں۔ سر میں زیادہ میل وغیرہ جمع ہوگئی ہو تو اسکو نکالنے کیلئے سرکہ کو تیل یا پانی میں ملا کر لگائیں سر صاف ہوجائے گا۔ کلونجی کو پانی میں ملا کر لگانے سے سر کے بال مضبوط ہوجاتے ہیں اور بال گرنے سے رک جاتے ہیں۔ اوپر دی گئی ہدایات کے ساتھ ساتھ حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کریں، سادہ اور متوازن غذا کھائیں، مثبت سوچ اپنائیں، ہر کام کو میانہ روی سے کریں، انشاءاللہ آپ ہر لحاظ سے صحت مند رہیں گے۔

گردن میں درد اور اکڑاؤ: ایک بچہ ہے اس کی گردن میں درد اور اکڑاؤ رہتا ہے، عمر چودہ سال ہے، کئی ڈاکٹروں سے علاج کروایا لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا، ہر قسم کے ٹیسٹ کرائے مگر ان ٹیسٹوں میں بھی کچھ نہ آیا اور گردن کے ساتھ باقی جسم میں بھی اکڑاؤ آرہا ہے۔ جس کی وجہ سے بچہ اور اس کے والدین بہت زیادہ پریشان ہیں۔ براہ مہربانی اس بچے کیلئے کوئی دوا بتائیں یا کچھ پڑھنے کیلئے بتادیں اور خاص طور پر دعا بھی کرائیں۔ (محمد رفیع، کراچی)

مشورہ: رفیق بھائی! آپ اپنے بچے کو عبقری دواخانہ کی ''معجون شفاء یابی'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں، اس کے علاوہ بچے کی گردن کے پٹھوں اور پورے جسم کی روزانہ صبح وشام ''کراماتی تیل'' سے اچھی طرح مالش کریں۔ بچے کو ٹھنڈا پانی ہرگز نہ دیں، نہ ہی ٹھنڈی چیزیں کھلائی جائیں۔ یہ علاج چند ہفتے، چند مہینے مستقل مزاجی سے کریں۔ ان شاءاللہ جملہ مسائل حل ہوجائیں گے۔

پروسٹیٹ گلینڈ: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ سے اپنے مسئلے کا حل چاہتا ہوں مجھے پیشاب کی نالی میں غدود یعنی پروسٹیٹ ہے۔ ڈاکٹر صاحبان اس کا حل آپریشن بتاتے ہیں، میں آپریشن نہیں کروانا چاہتا، براہ مہربانی مجھے اس بیماری سے نجات کیلئے کوئی نسخہ بتائیں۔ (کرامت علی، لاہور)

مشورہ: سر پھوکا، گل منڈی، ریوند چینی، 6,6 گرام ایک گلاس پانی میں رات بھگودیں، صبح جوش دے کر چھان کر پی لیں اگر مرض شدید ہے تو صبح اور رات دونوں وقت یہ نسخہ نوش جاں کیجیے۔ اللہ تعالیٰ شفا دینے والے ہیں۔ ان شاءاللہ فائدہ ہوگا۔

شفاء کی تلاش: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ دراز سے طبیعت خراب ہے، کافی علاج معالجہ کیا ہے وقتی فائدہ ہوا، مگر مکمل شفاء یابی نہیں ہوئی ہے۔ پیٹ کافی بڑھ گیا ہے، تبخیر معدہ (معدہ کی خرابی) کی وجہ سے نظر کمزور اب عینک لگوائی ہوئی ہے۔ جسم میں ہوا، جسمانی کمزوری سے جسم پر دھاریاں، خون کی کمی سے جسم ڈھیلا پڑ گیا ہے، نیند نہیں آتی، جاگتے جاگتے خیالات میں رات گزارنی، کھانا کھانے کی طلب نہ ہے، جو کچھ تھوڑا کھایا وہ فوری ہضم نہیں ہوتا، بہرحال جگر معدہ کی خرابی زیادہ ہے۔ سگریٹ نوشی بہت زیادہ کی ہے جس کی وجہ سے معدہ کا بیڑا غرق ہوگیا ہے۔ میری عمر 65 سال سے تجاوز کررہی ہے، خدارا مجھے کوئی نسخہ یا دوائی بتائیے۔ (ش۔و)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا ''اصلاح معدہ وجگر پیکیج'' چند ہفتے چند مہینے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ ان شاءاللہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنے کے بعد آپ کو جس شفاء کی تلاش ہے وہ مل جائے گی۔ بشرطیکہ مکمل پرہیز کے ساتھ دوا استعمال کی جائے۔

بیٹا بول نہیں پارہا: میرا بیٹا جس کا نام سبحان احمد ہے اس کی عمر پانچ سال ہے، وہ بچپن میں بیمار رہنے کی وجہ سے بول نہیں پارہا، اس کا دماغ کمزور ہے، براہ مہربانی کوئی نسخہ یا وظیفہ عنایت فرمائیں کہ میرا بیٹا بولنے لگ جائے۔ (شائستہ ثمرین، میانوالی)

مشورہ: آپ اپنے بچے کو مقوی غذائیں کھلائیں، آپ بچے کو بادام اور خشک میوہ جات کھلائیں، مچھلی کے سر کا سوپ بنا کر چند چمچ ایک دن چھوڑ کر ایک دن بلاناغہ تمام موسم سرما پلائیے۔ بطخ کے انڈے کسی جاننے والے سے منگوا کر ایک دن چھوڑ کر ایک دن بعد اسے ایک انڈا (یا آدھا) ابال کر یا فرائی کرکے کھلائیں۔ بچے کے سر کی مالش بلاناغہ کریں۔ اس سب کے علاوہ عبقری دواخانہ کی اکسیر البدن لکھی گئی ترکیب کے مطابق اسے استعمال کروایئے۔

دانتوں کا مسئلہ: میرے دانتوں کا مسئلہ ہے، ان پر گندے نشان پڑے ہوئے ہیں، مسوڑھوں سے بھی خون آتا ہے، سامنے کے دو دانت ٹیڑھے ہیں جن کی وجہ سے ان کی مناسب صفائی نہیں ہو پاتی، مسوڑھوں کا گوشت بہت پیچھے ہٹ گیا ہے، سوتے میں رات کو منہ سے (بادی کا پانی) رالیں بھی نکلتی ہیں۔ خدارا مجھے اس مسئلے کا حل بتایئے۔ (عطیہ)

مشورہ: بہت عمدہ قسم کا کشتہ صدف سرد کیا ہوا کسی اچھے طبیب سے خریدیں اور انگلی سے ان داغوں پر ملیں اور عمدہ پیلو کی مسواک بھی نرمی کے ساتھ دن میں پانچ بار ہر نماز کے وقت کیا کریں۔ امید ہے یہ مسئلہ حل ہوجائے گا۔ (انشاءاللہ)۔ اس ٹوٹکہ کے علاوہ عبقری دواخانہ کی دوائی ''معدہ کا السر'' چند ہفتے چند مہینے استعمال کریں۔ آپ کے جملہ مسائل حل ہوجائیں گے۔

لیکوریا اور بال سفید: مجھے لیکوریا گزشتہ چند سال سے ہے مگر یہ بیماری پچھلے مہینے سے زیادہ ہوگئی ہے۔ اس کے علاوہ میرے بال بھی تقریباً سارے سفید ہورہے ہیں، بے رونق اور کمزور ہوگئے ہیں، ہاتھ پاؤں کے انگوٹھوں کے ناخن کا گوشت بھی پیچھے ہوگیا ہے، گیس کا مسئلہ بھی کبھی کبھی ہوجاتا ہے، وزن تقریباً پچاس کلو ہے اور چند ماہ بعد شادی ہے۔ (پوشیدہ)

مشورہ: بی بی آپ کو جو نسوانی امراض لاحق ہیں، ٹی وی زیادہ دیکھنے کی وجہ سے جوان بچیوں کو لیکوریا کی شکایت ہوجاتی ہے۔ آپ ٹی وی زیادہ نہ دیکھئے۔ آملہ اور سکاکائی منگا کر پیس لیجئے۔ ایک چمچہ سفوف رات کو آدھے کپ پانی میں بھگوئیے اور صبح سر پر آدھ گھنٹہ لگا کر سر دھو لیجئے۔ ایک پاؤ آملہ آدھ پاؤ سکاکائی ملانی ہے۔ بادام اور خشک میوہ جات کھایئے، کمزوری دور ہوجائے گی۔ دراصل آپ ہر وقت کچھ نہ کچھ سوچتی رہتی ہیں اس کی وجہ سے زیادہ پریشان ہیں۔

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔توجہ طلب امور کیلیے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند ٹیپ یا سٹیپلر زمن کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔راز داری کا خیال رکھا جائے گا۔اپنا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کرکے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

20 لاکھ کا مقروض: محترم جناب شیخ الوظائف السلام علیکم! میں مقامی مارکیٹ میں کاروبار کرتا تھا' گزشتہ دو سال سے بےروزگار ہوں' مارکیٹ میں بہت لوگوں کا مقروض ہوگیا ہوں' میں نے ادھار مال خریدا اور ادھار بیچا آگے جن کو مال بیچا وہ رقم دبا کر بیٹھ گئے اور میں رقم واپس کرنے سے قاصر ہوں' اب دو سال سے مقروض اور مفلس بن کر بیٹھا ہوں' میں سب لوگوں کی رقم بھی ادا کرنا چاہتا ہوں اور دوبارہ کاروبار بھی مگر کوئی راستہ نظر نہیں آتا۔ خدارا مجھے کوئی وظیفہ بتائیے کہ میری عزت بحال ہوجائے اور کاروبار بھی۔(ب۔ز، کراچی)

جواب: قرض' فقر و فاقہ اور تنگ دستی دور کرنے کے لئے آپ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ 313 بار صبح و شام اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ توجہ سے پڑھیں اور اٹھتے بیٹھتے بھی توجہ سے پڑھیں۔ چند ہفتے' چند مہینے یہ عمل یقین سے کریں۔نہایت آزمودہ ہے۔

بدزبان بیوی: میری شادی کو سات سال ہوگئے ہیں' اللہ تعالیٰ نے تین بچوں سے نوازا ہے' شادی پسند کی ہے' میری بیوی بہت زیادہ بدزبان' بدمزاج اور جھگڑالو ہے' میں اس کی وجہ سے اپنی ماں اور بھائیوں سے علیحدہ رہتا ہوں اگر میری ماں یا میرے بھائی بھابیاں میرے گھر آجائیں تو ان سے میری بیوی کا رویہ بہت تُرش اور بداخلاقی کا ہوتا ہے میں اس کو سمجھاتا ہوں یا بتاتا ہوں تو آگے سے لڑتی ہے' زبان چلاتی ہے' میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں میں چاہتا ہوں میری بیوی کا رویہ میرے ساتھ میری ماں اور میرے خاندان والوں کے ساتھ اچھا ہوجائے' میرے ساتھ میری والدہ کا گھر ہے وہاں آئے جائے' محلے کی عورتیں ایک دوسرے کے پاس جاتی ہیں دکھ سکھ بتاتی ہیں یہ بھی عام عورتوں کی طرح زندگی گزارے۔ خدارا اس کیلئے مجھے کوئی وظیفہ بتائیں۔(پوشیدہ)

جواب: محترم آپ اپنے بہن بھائیوں اور والدین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آتے ہیں یہ بہت ہی اچھی بات ہے' اس سب کے ساتھ اگر آپ اپنی اہلیہ کے والدین اور بہن بھائیوں کے ساتھ بھی ایسا ہی رویہ رکھیں جیسا کہ اپنے والدین کے ساتھ رکھتے ہیں تو آپ کی اہلیہ خود بخود بدلنا شروع ہوجائیں گی۔درج ذیل وظیفہ آپس میں پیار محبت بڑھانے کیلئے انتہائی تیر بہدف ہے۔آپ سارا دن اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے وضو بے وضو یَارَبِّ مُوْسٰی یَا رَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں۔ اگر اس وظیفہ کے پڑھنے میں آپ کی اہلیہ بھی آپ کا ساتھ دے تو بہت اچھا' نہیں تو آپ خود ہی یقین اور بھرپور توجہ سے پڑھیں اور اپنی اہلیہ کا رویہ تبدیل ہوتا خود دیکھیں۔

میرا سسرال بہت اچھا ہے مگر!: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ماہنامہ عبقری ہر مہینے بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور بہت وظائف پر عمل بھی کرتی ہوں اور بہت مفید پاتی ہوں۔میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں شادی شدہ ہوں اور میری شادی کو تین سال ہوگئے ہیں مگر ابھی تک اولاد نہیں ہوئی' میں ہر کسی سے لڑتی جھگڑتی ہوں' میرے سسرال والے بہت اچھے لوگ ہیں' میرا خاوند بھی بہت اچھا انسان ہے مگر پتہ نہیں مجھے کیا ہوجاتا ہے کہ ان سب کے ساتھ لڑائی کرتی رہتی ہوں۔شیخ الوظائف صاحب مجھے کوئی اچھا سا وظیفہ بتادیں تاکہ میں ٹھیک ہوجاؤں۔ (زوجہ عمران)

جواب: آپ کسی عمدہ کاغذ پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ خوشخط لکھوا کر کسی ایسی جگہ لگادیں یا چوکھٹ پر کسی مناسب جگہ آویزاں کردیں جہاں سب گھر والوں کی نگاہ پڑتی ہو۔گھر والے بھی آتے جاتے اس نقش کو دیکھا کریں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کے گھر پر اپنا فضل و کرم فرمائیں۔اس کے علاوہ آپ چلتے پھرتے' اٹھتے بیٹھے وضو بے وضو درود شریف صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کثرت سے پڑھتی رہا کریں۔ان شاء اللہ آپ کا غصہ رفع ہوجائے گا اور گھر میں سکون آجائیگا۔

تھیلیسیما کے مریض: میرے دو بچے تھیلیسیما کے مریض ہیں ان کو ہر ماہ خون لگتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ میرے ابو بھی بہت بیمار ہیں' آپ سے گزارش ہے کہ میرے بچوں اور میرے ابو کیلئے کوئی وظیفہ بتادیں ساتھ میں دعاؤں کی بھی درخواست ہے۔(حمیرا بی بی' راجن پور)

جواب: آپ دونوں (یعنی میاں بیوی) سارا دن اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے' وضو بے وضو لاکھوں کی تعداد میں حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ پڑھیں۔اگر آپ کے بچے پڑھ سکتے ہیں تو انہیں بھی یہ وظیفہ بتائیں اور انہیں کہیں کہ ہروقت یہی پڑھتے رہیں۔ چند ہفتے' چند مہینے یا جب تک بچوں کو صحت نہیں مل جاتی تب تک یہ وظیفہ لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔اس کے علاوہ صبح و شام بچوں کی تلاوت لگا کر سنائیں یا خود ان کے سرہانے بیٹھ کر ذرا اونچی آواز میں پڑھیں اور ان پر دم کریں اور سورۂ رحمٰن کا دم کیا ہوا پانی انہیں پلائیں۔ان شاء اللہ صحت نصیب ہوگی۔

عجب مسائل: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میرے ساتھ کچھ مسائل ہیں جو کہ درج ہیں:۔ دائیں کان میں پھڑ پھڑاہٹ' مخصوص آواز کا رات کو نیند سے جگا دینا' بالوں میں دائیں طرف خارش جیسے بڑا کیڑا اچل رہا ہوں' جسم لاغر' جان ختم' بال اور دانت خراب' منہ اندر سے خراب ہوگیا ہے۔ میکے اور سسرال میں جھگڑے' اپنے پرائے ہوگئے ہیں۔اس سب کیلئے کوئی خصوصی وظیفہ عنایت فرمائیں۔اس کے علاوہ والدہ کی طبیعت بہت خراب' اکثر جھٹکے لگتے ہیں' ہروقت گھبراہٹ اور ڈر رہتا ہے۔(پوشیدہ)

جواب: آپ اور آپ کی والدہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ ہر گھنٹے بعد پڑھ کر اپنے دونوں کانوں پر دم کریں۔ساتھ جو پانی پینے کیلئے استعمال کرتے ہیں اس پر دم کریں اور سارا گھر وہ پانی پیے۔ناغہ کے دنوں میں یہ عمل نہ کریں۔آپ کی طرف سے کوئی اور گھر کا فرد کرسکتا ہے۔

میرے بچے جادو کا شکار: میرے بچے گزشتہ آٹھ سال سے سخت جادو کا شکار ہیں' شیطان جنات' سفلی بچوں کے پاؤں سے چڑھتے ہیں اور سخت اذیت دیتے ہیں' اب تک بچوں کے علاج پر لاکھوں خرچ کرچکی ہوں لیکن کہیں سے مستقل شفاء نہیں ہوئی' جس کسی نے جو بتایا وہ سب کچھ پڑھتے ہیں مگر کچھ ہی عرصہ کے بعد دوبارہ حملہ ہوجاتا ہے۔ خدارا ہمیں کوئی وظیفہ یا عمل عنایت فرمائیں کہ ان مصائب سے ہماری جان چھوٹ جائے۔(پ۔ق)

جواب: صبح و رات سورۂ فلق اور سورۂ ناس ایک تسبیح پڑھ کر پانی پر دم کریں اور یہ پانی تمام گھر والے پینے کیلئے استعمال کریں اور اسی پانی کے چھینٹے گھر کے چاروں کونوں میں ماریں مزید یہی پانی ہاتھوں پر ہلکا سا لگا کر پورے جسم پر پھیر لیا کریں۔ علاوہ ازیں نماز عصر کے بعد یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ ایک سو ایک بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے حالات بہتر ہونے کی دعا کیا کریں۔ اللہ تعالیٰ پر یقین رکھیں کہ اس یقین سے ہی انسان کو اطمینان قلب حاصل ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی بھی حاصل ہوتی ہے۔وسوسوں میں گرفتار نہ ہوں۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

شہرت کی بلندیوں کو چھوتی طوائف اور ماہنامہ عبقری کا کمال

قارئین! حضرت جی! کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں روزسنیں آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ نے مجھے ہدایت بخشی اور کہاں سے کہاں پہنچا دیا۔ اس وجہ سے کہ کچھ عرصہ پہلے مجھے کسی شخص نے ادارہ عبقری کا چھپا ہوا کتابچہ ''دوانمول خزانہ'' اور ماہنامہ عبقری دیا' پھر اللہ نے میرا دل بدل دیا' اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے اور تمام آفات و بلیات سے محفوظ فرمائے۔ آمین!۔ میری زندگی کیسے بدلی؟ قارئین عبقری کیلئے میری زندگی کی کہانی میری زبانی سنیے:۔

جب میں بہت چھوٹی تھی اس وقت میں لاہور یا دوسرے شہروں میں لوگوں کے گھروں میں کام کاج کرتی تھی' کام کرتے ہوئے کوئی برتن جیسے شیشے کا گلاس یا کپ وغیرہ اگر کبھی ٹوٹ جاتا تو بہت سخت سرزنش کی جاتی اور ساتھ ساتھ مار بھی پڑتی تھی' مجھے یاد ہے کہ ایک دفعہ میں برتن دھو رہی تھی کہ مجھ سے ایک شیشے کا گلاس ٹوٹ گیا پھر کیا تھا کہ میری شامت آگئی ایک زناٹے دار تھپڑ جب میرے سفید چمڑے پر پڑتا تو میری آنکھوں کے آگے اندھیرا آجاتا تھا اور سوائے رونے دھونے کے میں کر بھی کیا سکتی تھی؟ اس کے بعد میرے والدین کو جب پتہ چلا تو انہوں نے مجھے واپس بلالیا۔ میں نے پرائمری تعلیم بھی حاصل کی تھی اور گھر میں اپنی والدہ سے قرآن پاک ناظرہ کا چند سپارے بھی پڑھے تھے۔ اس کے بعد مجھے مانگنے پر لگا دیا گیا' ہم تین سے چار بچے ہوتے تھے اور ہماری ڈیوٹی ہوتی تھی کہ سارا دن شہر کے لاری اڈوں اور بسوں میں جاکر مانگنا ہے اس کام سے ہمارا اچھا خاصا گزارہ ہونے لگا۔ کچھ عرصہ بعد میرے والد فوت ہوگئے اور اس کے دو سال بعد والدہ بھی وفات پاگئیں۔ پھر میں بُرے لوگوں کے ہتھے چڑھ گئی' چند سال کے بعد ہی میں ایک مکمل طوائف بن چکی تھی' ایک مرتبہ میں ایک چھوٹے سے شہر میں ایک کرائے کے گھر میں رہتی تھی اور میرا ''دھندا'' عروج پر تھا' تو اس علاقہ کے معزز افراد نے ہم سے مکان خالی کروالیا' اس کے بعد شہر کی دوسری جگہ پر مزید دو سال رہے' پھر جب ان کو ہمارے ''کاروبار'' کے بارے میں معلوم ہوا تو انہوں نے بھی ہم سے گھر خالی کروالیا۔ پھر ایک اور چھوٹے سے شہر میں جاکر رہائش اختیار کی' جب وہاں کے لوگوں کو ہمارے بارے معلوم ہوا تو انہوں نے ہمیں ایک تانگے پر بٹھا کر اور ہمارے منہ کالے کرکے سارے شہر کا چکر لگوایا۔ اس کے بعد ہم ایک اور شہر میں آگئے' وہاں پر ہمیں علاقے کے ''معززین'' کا تحفظ حاصل تھا' بڑے بڑے عہدوں والے ہمارے پاس آتے' پھر کچھ عرصہ بعد ہم نے پھر شہر تبدیل کرلیا' یہاں پر آکر بھی ہم نے ''پہلے والی'' زندگی گزارنا شروع کردی۔ طوائف زادیوں میں میرا ایک مقام تھا' ایک نام تھا' مجھے دیکھ کر طوائفیں رشک کرتی تھیں' میرے پاس بڑے بڑے امراء آتے اور میری ایک جھلک دیکھنے کو منہ مانگی رقم دی جاتی۔ اس شہر میں بھی میں چند سال رہی پھر پاکستان کے ایک بڑے شہر میں آگئے۔ یہاں بھی چند ماہ کے اندر اندر میری دھوم پورے شہر میں پھیل گئی' میرے حسن کا چرچا ہونے لگا' لوگ میری قیمت لگاتے اور منہ مانگے پیسے دیتے۔ بڑی بڑی گاڑیوں والے' بنگلوں والے میری جھڑکیاں تک سہہ جاتے۔ حتیٰ کہ میں بعض اوقات گالیاں نکالتی وہ بھی برداشت کرتے حتیٰ کہ جن کے سامنے کوئی نظر اٹھا کر نہ دیکھ سکتا تھا میں ان سے شدید بدتمیزی کرتی اور وہ ہنس کر ٹال جاتے۔ پورے بازار میں میری دھوم تھی۔ مجھے خود پر فخر تھا' ناز تھا' مجھ میں حسن کی وجہ سے اکڑ تھی' طوائفیں میری شہرت دیکھ کر مجھے دور سے دیکھتیں اور ٹھنڈی آہیں بھرتیں۔ میرے پاس اکثر ایک شخص آتا تھا' وہ آتا مجھ سے چار باتیں کرتا اور چلا جاتا' ایک دن آیا تو اپنی فائل (جان بوجھ کر) بھول گیا' میں اپنے بستر پر لیٹی بےفکری سے اس کی فائل ٹٹول رہی تھی تو اس میں سے ایک میگزین میرے بستر پر گرا' جب میں نے پکڑ کر ٹائٹل دیکھا تو اس پر ''ماہنامہ عبقری لاہور'' لکھا ہوا تھا' اور اس رسالے کو کھولا تو اس میں سے ایک چھوٹا سا کتابچہ ''دوانمول خزانہ'' ملا۔ خیر میں نے عبقری میگزین کو پڑھنا شروع کیا' بس پڑھتی گئی اور زمین میں دھنستی چلی گئی' میرے منہ سے نکلا ''اُف خدایا یہ کیا ہے؟'' ''اور میں کیا ہوں؟'' دوانمول خزانہ کتابچہ پڑھا' تعارف پڑھا' اس میں موجود واقعات پڑھنے کے بعد دوانمول خزانہ نمبر دو جب چند بار پڑھا تو مجھے اپنے وجود سے لباس سے' بستر سے' نفرت سی ہونے لگی۔ میں نے اپنی خادمہ کو بلایا' نئے کپڑوں کا بندوبست کروایا' غسل کیا اور ایک کونے میں بیٹھ کر سارا میگزین پڑھا' دوانمول خزانہ کتابچہ بار بار پڑھا۔ خادم بھیج کر مارکیٹ سے گزشتہ شمارے منگوائے' پڑھتی گئی اور دل بدلتا گیا۔ میں نے چند دن بعد اپنی خادمائیں اور خادمین بلائے اور سب کو کہا کہ ''ہم اس کام سے توبہ کررہے ہیں' ہم یہ کوٹھا چھوڑ رہے ہیں'' آپ کسی اور کو یہاں لاکر بٹھالیں' سب نے مجھے بہت روکا' بہت مجھ پر ہنسے' بعض نے کہا روٹی کو ترسو گی' اتنی عزت شہرت کو لات مار کر جارہی ہو مگر میں نہ مانی اور سب کچھ چھوڑ کر اسی شہر میں ایک چھوٹے سے قصبے میں کرائے کا مکان لے کر رہنے لگی۔ چند دن بعد میرا ایک پرانا ملنے والا پوچھتا پوچھتا میرے گھر آگیا اور آکر کہا کہ مجھے جب تمہاری توبہ کا پتہ چلا تو بہت خوشی ہوئی' میری بیوی مجھے چھوڑ کر جاچکی ہے تم مجھ سے نکاح کرلو اور پاک صاف زندگی کا آغاز کرتے ہیں' میں اس کی بات سن کر بہت خوشی ہوئی کہ اللہ نے مخلص بھیج دیا کیونکہ انمول خزانہ اور عبقری رسالہ پڑھنے کے بعد میری ایک ہی خواہش تھی کہ اے کاش جیسے دوسرے لوگوں کا گھر ہوتا ہے میرا بھی گھر ہو۔ میں نے بخوشی ہاں کردی' چند دن بعد ہی ہمارا نکاح ہوگیا۔ کچھ عرصہ تو میرے ساتھ بہت اچھے طریقے سے رہا اور ایک دن اس نے کہا کہ ہم عمرہ کرنے جارہے ہیں' میں خوشی سے پھولی نہ سمائی' بار بار سجدے میں گرتی کہ یااللہ تیرا شکر ہے تو نے میری توبہ قبول فرمائی اور مجھے اپنے اور اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے در پر بلالیا۔ جب ہم سعودیہ پہنچے تو میرے شوہر نے مجھے ایک سعودی شخص کے ہاتھوں بہت بھاری قیمت پر فروخت کردیا' مجھ پر غموں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے' اس شخص نے طلاق میرے ہاتھ پر رکھی اور ایئرپورٹ روانہ ہوگیا۔ میں مرتی کیا نہ کرتی؟ وہ شخص مجھے سعودی عرب کے شہر ریاض لے گیا اور ایک علیحدہ فلیٹ میں رکھا' رو رو کر اللہ سے مانگتی کہ یااللہ مجھے اس گندگی سے نکال لے' تجھے اس پاک دھرتی کا واسطہ جہاں تو مجھے لے آیا اب یہاں کی برکت سے مجھے گندگی سے نکال لے۔ وہ سعودی شخص آتا' میرے پاس بیٹھتا' ٹوٹے پھوٹے الفاظ اور اشاروں میں میرے ساتھ بات کرتا' مگر میرے قریب آنے کی کوشش تک نہ کرتا۔ میں حیران تھی کہ اس نے مجھے ہاتھ تک نہ لگایا' ٹھیک چار ماہ کے بعد اس نے مجھ سے نکاح کروالیا اور فلیٹ سے نکال کر علیحدہ مکان لے کر دیا' پھر مجھے پتہ چلا کہ اس کی مجھ سے پہلے بھی دو بیویاں ہیں اور تیسری میں ہوں' وہ معاشی طور پر ٹھیک ٹھاک تھا' اس کے اپنے کارخانے اور کاروبار تھے' اس کی بیٹیاں اور بیٹے بھی تھے۔ مجھے اپنے سارے خاندان سے ملوایا' چند ماہ کے بعد ہی میں ان کے خاندان میں رچ بس گئی' اس کے بیٹے اور بیٹیاں میری بہت زیادہ عزت کرتے ہیں' میرا شوہر بہت خیال رکھنے والا ہے' ہر سال مجھے عمرہ اور حج کرواتا ہے' میں سعودیہ میں بھی بذریعہ انٹرنیٹ درس اور عبقری رسالہ پڑھتی ہوں' میرے پاس آج عزت' بے پناہ دولت ہے' کسی چیز کی کوئی کمی نہیں' زبان پر انمول خزانہ نمبر دو جاری رہتا ہے۔ وہ شمارہ عبقری اور دوانمول خزانہ کتابچہ آج بھی میرے پاس محفوظ ہے۔ (پوشیدہ)

21 سال تک مظالم ڈھانے والے آج معافیاں مانگ رہے

(ش۔ز)

میرے کچھ رشتہ دار جنہوں نے میری زندگی اجیرن بنا کر رکھی ہوئی تھی' اور میں نے زندگی کے اکیس سال بہت بُرے حالات میں گزارے۔ ان سب نے باری باری مجھ سے معافی مانگی۔ بلکہ ایک میری رشتہ دار جس نے میری زندگی کو آگ سے بھر کر رکھ دیا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اکتوبر 2011ء کو میں نے آپ کو تفصیلی خط جوابی لفافہ کے ساتھ لکھا تھا' جس کے جواب میں آپ نے مجھے صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں روزانہ 90 دن تک پڑھنے کو دیا تھا۔ میں نے پابندی' مکمل یقین اور محبت کے ساتھ یہ درود شریف ہر وقت پڑھنا شروع کر دیا۔ اس سے میرے گھر کے کئی معمولات درست ہونے کے ساتھ ساتھ یہ بھی ہوا کہ میرے میاں جو نوکری چھوڑ چکے تھے نے اپنا کاروبار شروع کیا اور الحمدللہ وہ کامیاب بھی رہا اور دوسری طرف یہ ہوا کہ میری والدہ اچانک چیسٹ انفیکشن میں مبتلا ہوئیں جو بعد میں ٹی بی ظاہر ہوئی ان کا علاج چلتا رہا میں جو شادی کے بعد بہت کم اپنے میکے جا پاتی تھی' وجہ یہ تھی کہ میرے شوہر میرا وہاں جانا پسند نہیں کرتے تھے (بغیر کسی وجہ کے) مگر اس وظیفے کی بدولت انہوں نے مجھے وہاں جانے کی اجازت دی بلکہ آنے جانے کی آسانی بھی مہیا کی اور بچوں کی ذمہ داری بھی خود اٹھالی۔ مجھے اس دوران ہسپتال رہنا پڑا یا والدہ کے گھر پر انہوں نے مجھے مکمل آزادی دی۔ پھر میری بھابھی کے میکے جانے کے بعد انہیں (میری والدہ) اپنے پاس بھی لے آئے اور ان کی خدمت کا موقع مجھے دیا جو کہ عام حالات میں شاید ناممکن تھا۔ مختصراً یہ کہ میری والدہ چھ سات ماہ بیماری کا مقابلہ کرتی رہیں اور آخر یکم مارچ 2012ء کو ان کا انتقال ہو گیا۔ اسی دوران میرا وظیفہ نوے دن تک بھی پورا ہو چکا تھا اس دوران جو کچھ ہوا میں نے کس طرح صبر سے یہ وقت گزارہ یہ تمام واقعات لکھنے بیٹھوں تو صفحات کالے ہو جائیں مگر تجربات ختم نہ ہوں۔ درود شریف کی بدولت جو کچھ مجھے ملا وہ یہ کہ اب میں جب کوئی ایسی بات ہونے والی ہو کہ جو میں چاہوں کہ نہ ہو یا ہو جائے چند دفعہ درود شریف پڑھنے کے بعد دعا مانگتی ہوں تو وہ ہو جاتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر میرے بچے یا شوہر اگر باہر جانے لگیں اور میں چاہوں کہ وہ نہ جائیں تو درود شریف پڑھ کر دعا کرتی ہوں کہ یا اللہ وہ ابھی واپس آجائیں تو یقین کریں دروازے تک جا کر واپس آجائیں گے۔ یقین کریں اس کے علاوہ اور بھی بہت سی ایسی باتیں ہیں جو کہ درود شریف پھر دعا اور میری بات پوری ہو جاتی ہے۔ میرے کچھ رشتہ دار جنہوں نے میری زندگی اجیرن بنا کر رکھی ہوئی تھی' اور میں نے زندگی کے اکیس سال بہت بُرے حالات میں گزارے۔ ان سب نے باری باری مجھ سے معافی مانگی۔ بلکہ ایک میری رشتہ دار جس نے میری زندگی کو آگ سے بھر کر رکھ دیا تھا نا صرف ہاتھ جوڑ جوڑ کر معافی مانگی بلکہ اپنی ایک ایک غلطی کا اعتراف خود کیا۔ نامعلوم کیوں اب تمام محلے والے اپنے تمام مسائل' پریشانیاں لے کر میرے پاس آتے ہیں اور مشورہ مانگتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل اور درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرنے سے میرے مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ واقعی اللہ سے سچے دل سے دعا مانگی جائے تو ضرور قبول ہوتی ہے۔

منگیتر کی بہن جب مجھے دیکھنے آئی تو!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی ہونے والی ہے' میرے گھر والے رشتہ پسند کر چکے تھے اور لڑکے کو دیکھ آئے تھے، میرے ہونے والی سسرالی مجھے پہلی مرتبہ دیکھ چکے تھے' اس کے بعد میرے منگیتر کی بہن' ماں اور دیگر رشتہ دار جب ہمارے گھر آئے آئے تو میں نے کولڈ ڈرنک پر پانچ سو مرتبہ یَاوَدُوْدُ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھ کر پھونکا تھا تو ان کی بہنوں نے اپنے بھائی سے میری بہت زیادہ تعریفیں کی تھیں' حالانکہ میرے منگیتر بہت زیادہ تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ بہت زیادہ ہینڈسم اور خوبصورت ہیں جبکہ میں نارمل شکل وصورت اور رنگ کی ہوں۔ الحمدللہ! ہمارا رشتہ طے ہو چکا ہے اور ہاں اس رشتہ کیلئے میں نے استخارہ کیا تھا یہ استخارہ میں نے عبقری رسالہ میں پڑھا تھا۔ استخارہ اس طرح ہے کہ دو رکعت نفل پڑھنے کیلئے کھڑے ہو جائیں اور جس چیز کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں اس کا تصور کر کے جب سورۂ فاتحہ پڑھنا شروع کریں تو جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچیں تو اس آیت کی تکرار شروع کر دیں اور اتنی دیر پڑھیں جب تک آپ کا چہرہ دائیں یا بائیں نہ مُڑ جائے۔ (دائیں مڑ جائے تو مقصد ٹھیک ہے اور بائیں مڑ جائے تو جو تصور کیا وہ کام نہ کریں) میں نے جب یہ عمل کیا تو میرا چہرہ دائیں طرف مُڑ گیا تو میں نے ہاں کر دی۔ (پوشیدہ)

شوق اور کامیابی

مولانا وحید الدین خاں

استاد یوسف دہلوی (۱۹۷۷) مشہور خوشنویس تھے۔ ان کو فنِ خطاطی پر غیر معمولی قدرت حاصل تھی۔ کہا جاتا ہے کہ ایک بار ریت کے میدان پر جعلی خط کا مقابلہ ہوا۔ استاد یوسف آئے تو ان کے ہاتھ میں ایک بانس کا بڑا ٹکڑا تھا۔ انہوں نے بانس سے ریت پہ لکھنا شروع کیا الف سے ش تک پہنچے ایک فرلانگ کا فاصلہ ہو گیا۔ لوگوں نے کہا بس کیجئے۔ استاد یوسف نے کہا میں نے جو لکھا اس میں رنگ بھر دو اور پھر ہوائی جہاز سے اس کی چھوٹے سائز میں فوٹو لے لو، مجھے یقین ہے کہ فوٹو میں وہی خط رہے گا جو میرا اصل خط ہے۔ اس کے بعد کسی اور کو اپنا فن پیش کرنے کی ہمت نہ ہوئی۔ تقسیم ہند کے بعد وہ پاکستان چلے گئے۔ وہاں ماہ مسعود کی آمد پر ان کو ایک محراب کا مضمون لکھنے کے لئے دیا گیا۔ استقبال کی تیاریوں کا بچشم معائنہ کرنے کے گورنر جنرل آئے۔ اس دوران انہوں نے استاد یوسف کا لکھا ہوا محراب بھی دیکھا۔ اس شان خط کو دیکھ کر حیران ہو گئے۔ انہوں نے کہا یہ کس خطاط نے لکھا ہے، چنانچہ استاد یوسف کو بلایا گیا۔ گورنر جنرل نے ان کے کام کی تعریف کی اور پوچھا کہ اس کو لکھنے میں آپ کا کتنا وقت لگا۔ استاد یوسف نے کہا سات دن۔ گورنر جنرل نے فوراً اپنے سیکرٹری کو حکم دیا کہ استاد کو ان کی خدمت کے اعتراف میں سات ہزار روپے پیش کرو۔ چنانچہ اسی وقت ان کو اتنی بڑی رقم کا چیک دے دیا گیا۔ استاد یوسف سے کسی شخص نے پوچھا کہ خوش نویسی کا فن آپ نے کس استاد سے سیکھا! انہوں نے کہا کسی سے نہیں۔ ان کے والد ایک مشہور خوش نویس تھے۔ مگر انہوں نے اپنے والد کی شاگردی بھی نہیں کی۔ پوچھے پر انہوں نے بتایا کہ خوش نویسی کا فن میں نے لال قلعے سے سیکھا ہے۔ لال قلعہ میں مغل دور کے استادوں کی وصلیاں (تختیاں) رکھی ہوئی ہوتی ہیں۔ ان تختیوں میں قطعات لکھے ہوئے ہیں جو فنِ خطاطی کے شاہکار نمونے ہیں۔ استاد یوسف دس سال تک برابر یہ کرتے رہے کہ لال قلعہ جا کر ان تختیوں کو دیکھے۔ ہر روز ایک قطعہ اپنے ذہن میں بٹھا کر واپس آتے۔ اس کو اپنے قلم سے بار بار لکھتے اور پھر اگلے دن اپنا لکھا ہوا کاغذ لے کے لال قلعہ جاتے۔ وہاں کی محفوظ تختی سے اپنے لکھے کو ملاتے اور اپنی غلطیوں کی اصلاح کرتے۔ اس طرح مسلسل دس سال تک ہر روز لال قلعہ کی قطعات کی تختیوں سے وہ خود اپنی اصلاح لیتے رہے اور ان کو دیکھ دیکھ کر مشق کرتے رہے۔ یہی جدوجہد تھی کہ جس نے انہیں استاد یوسف بنا دیا۔ اگر آدمی کے اندر شوق ہو تو نہ پیسے کی ضرورت ہے نہ استاد کی، نہ کسی اور چیز کی۔ اس کا شوق ہی اس لئے ہر چیز کا بدل بن جائے گا۔ وہ بغیر کسی چیز کے سب حاصل کر لے گا۔

تلی کاورم: تلی کے ورم کی صورت میں انجیر کو سرکہ میں بھگو کر رکھا جاتا ہے اور پھر اس میں سے دو تین انجیر روز کھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

ڈاکٹر زینب' لاہور

بیوی کو شیر کی نہیں اعتماد کی نظر سے دیکھیں

ازدواجی زندگی کا سارا حسن میاں بیوی کے ایک دوسرے پر اعتماد کرنے ہی میں مضمر ہے ایسے شادی شدہ جوڑے جن میں اعتماد کا فقدان ہوتا ہے کبھی کامیاب ازدواجی زندگی نہیں گزار سکتے' نہ صرف وہ خود بلکہ ان کی اولاد بھی اعتماد کی کمی کا شکار ہوجاتی ہے

اعتماد! زندگی میں کامیابیوں کی کنجی سمجھی جاتی ہے' بے اعتمادی انسان کی ہر صلاحیت کیلئے زہر قاتل ہوتی ہے' دنیا میں کوئی بھی ایک رشتہ ایسا نہیں ہے جہاں اعتماد کی ضرورت نہ پڑتی ہو' کسی انگریز مصنف کا قول ہے کہ ''میں دوسروں پر اعتماد کرتا ہوں' اور دوست اسے میری خود اعتمادی قرار دیتے ہیں'' اگر اس قول پر غور کیا جائے تو ہمیں یہ بات تسلیم کرنا پڑے گی کہ دراصل دوسروں پر اعتماد کرنا بذات خود اپنے آپ پر اعتماد کرنے کے مترادف ہے۔ دیکھا جائے تو یہی ایک کامیاب زندگی ہے کہ نہ صرف لوگوں پر آپ اعتماد کریں بلکہ خود اپنی شخصیت پر اعتماد کرنے والے ہوں گے' اسی مناسبت سے آپ دوسروں پر بھی اعتماد کریں گے اور آپ کی معاشرتی زندگی زیادہ فعال' متحرک اور دلچسپ ہوگی جس پر دیکھنے والے بھی شاید رشک کرسکیں۔ اعتماد ہی ہے جس سے گھر میں سکون پیدا ہوسکتا ہے' آج گھروں میں لڑائی جھگڑے' بے سکونی کی ایک بہت بڑی وجہ بداعتمادی بھی ہے اگر ہم اپنے پیاروں پر اعتماد کرنا شروع کردیں تو پھر خود ہی دیکھئے گا کہ گھر کیسے سکون کا گہوارہ بنتے ہیں۔

دوستی' کاروبار اور آپ کا اعتماد

اعتماد وہ چیز ہے جس پر نہ صرف ہماری کاروباری زندگی کا بلکہ پوری سماجی زندگی کا انحصار ہوتا ہے' آپ کو اپنے کاروبار کو زیادہ بہتر طور پر چلانے کیلئے نہ صرف دوسروں کا اعتماد حاصل کرنا ہوتا ہے بلکہ خود بھی قابل اعتماد اور قابل بھروسہ شخص بن کر دکھانا ہوتا ہے اسی طرح آپ کے دوستی کا معیار بھی اعتماد پر ہی قائم ہوتا ہے اگر دو دوستوں کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط ہے تو یہ دوستی مضبوط ہے۔ دراصل یہ بات بہت اہم ہے کہ کوئی شخص آپ کو اعتماد کے قابل سمجھتا ہے۔ اگر کوئی شخص آپ سے ایسی بات کررہا ہے یا کوئی اپنا راز بتارہا ہے اس توقع کے ساتھ کہ آپ اسے اپنی حد تک محدود رکھیں گے تو آپ کا فرض ہے کہ آپ اس کی توقعات پر پورا اترنے کی کوشش کریں۔ یہ آپ کیلئے ایک بہت اعزاز کی بات ہے کہ کوئی شخص آپ کو اس قابل سمجھ رہا ہے آپ پر اعتماد کررہا ہے ایسی صورت میں اگر آپ سے نہ چاہتے ہوئے بھی کوئی غلطی ہوجاتی ہے یا آپ متعلقہ شخص کے اعتماد پر پورا نہیں اترتے یا اس طرح کے حالات پیدا ہوجاتے ہیں کہ آپ نہ چاہتے ہوئے بھی اپنے دوست کے اعتماد کو مجروح کر بیٹھتے ہیں تو اب آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ اس پر ساری حقیقت آشکار کردیں' اس کے سامنے ہر پہلو سے حقیقی صورت حال رکھ دیں' آپ کی کوشش ہونی چاہیے کہ اعتماد میں جو دراڑ پیدا ہوئی ہے وہ پھر سے ٹھیک ہوسکے۔ ایسے حالات میں چپ سادھ لینا یا دوسرے کو وضاحت نہ دینا رشتوں کیلئے بہت خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔

والدین اور بچوں کے درمیان اعتماد

یوں تو ہر رشتے میں عدم اعتمادی زندگی کو بہت مشکل بنادیتی ہے لیکن والدین اور اولاد کے درمیان اگر اعتماد موجود نہ ہوتو نہ صرف بچوں کا مستقبل خراب ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے بلکہ خود والدین کی اپنی زندگی بے سکون ہوکر رہ جاتی ہے۔ بیشتر نقاد اس بات سے اتفاق نہیں کرتے کہ ''دو سونے کا نوالہ اور دیکھو شیر کی نظر سے'' ماہرین کا کہنا ہے کہ زور زبردستی کے بجائے بچوں سے ہم آہنگی پیدا کرنی چاہیے ان سے دوستی کا رشتہ استوار کرنا موجودہ دور میں زیادہ بہتر نتائج سامنے لاتا ہے' ایسے بچے جو والدین کی جانب سے خوف کا شکار رہتے ہیں بااعتماد شخص نہیں بن سکتے۔ یہاں ماہرین بچوں اور والدین کے درمیان اعتماد کی بہتر فضا پیدا کرنے کے لیے کچھ بنیادی باتوں کو بہت اہم خیال کرتے ہیں۔

بچوں کا پیغام سنیں: بچوں پر تحقیق کرنے والے ماہرین اس بات پر اتفاق کرتے ہیں کہ بچہ کے پر اعتماد ہونے میں والدین کا سب سے زیادہ کردار ہوتا ہے خاص طور پر ماں کا' ایسی مائیں جو بچے کے رونے پر فوری توجہ دیتی ہیں' وہ بچے دیگر بچوں کے مقابلے میں زیادہ بااعتماد ہوتے ہیں جن کی مائیں ان کے رونے پر توجہ نہیں دیتیں۔ ماہرین اس بات پر اصرار کرتے ہیں کہ بچے رو کر چلا کر جسمانی تاثرات سے یا بول کر بتائیں تو والدین کا کام ہے کہ وہ ان کا پیغام سنیں اور انہیں توجہ دیں۔

بچوں کی کامیابی پر تعریف کریں

تعریف اور حوصلہ افزائی بہت اہم ہتھیار ہیں' فطری طور پر ہر شخص کے اندر اپنی تعریف سننے کی خواہش موجود ہوتی ہے اور تعریف یا حوصلہ افزائی وہ ہتھیار ہیں جن سے بچوں کا اعتماد بڑھایا جاسکتا ہے۔ اپنی صلاحیتوں پر اعتماد اور یقین کے نتیجے میں دو مختلف قسم کے کاموں میں پہلے سے زیادہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں' دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ والدین اپنے بچوں سے بہت زیادہ توقعات وابستہ کرلیتے ہیں ضروری نہیں کہ آپ کا بچہ ڈاکٹر ہی بنے لہٰذا کم نمبر آنے کی صورت میں والدین بچے کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں' اس پر تنقید کی جاتی ہے اور ضرورت سے زیادہ روک ٹوک سے بچہ اصلاح کی بجائے بگاڑ کی طرف جانے لگتا ہے لہٰذا والدین کا کام ہے کہ وہ بچے کی ہر صورت میں حوصلہ افزائی کریں اور اسے سمجھیں۔

میاں بیوی کا ایک دوسرے پر اعتماد

ازدواجی زندگی کا سارا حسن میاں بیوی کے ایک دوسرے پر اعتماد کرنے ہی میں مضمر ہے ایسے شادی شدہ جوڑے جن میں اعتماد کا فقدان ہوتا ہے کبھی کامیاب ازدواجی زندگی نہیں گزار سکتے' نہ صرف وہ خود بلکہ ان کی اولاد بھی اعتماد کی کمی کا شکار ہوجاتی ہے بظاہر یہ جتنا مضبوط اور اٹوٹ رشتہ ہے اسی قدر یہ نازک بھی ہے' لہٰذا اس معاملے میں دونوں کو اپنی اپنی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوتی ہیں اس کیلئے ضروری ہے کہ آپ اپنے معاملات ایک دوسرے سے شیئر کریں کوئی بھی مسئلہ ہو اسے اکیلے حل کرنے کے بجائے مشترکہ کوششوں سے حل کریں۔ ایک دوسرے کے مزاج کا خیال رکھیں۔ مزاج میں ذرا سی تبدیلی بعض اوقات کسی بڑے معاملے کی طرف اشارہ کرتی ہے' لہٰذا کبھی اگر آپ کو اپنے ساتھی کے رویے میں غیر معمولی تبدیلی نظر آئے تو اسے نظر انداز کرنے کے بجائے اس پر بات کریں اور غلطی ہونے پر معذرت کریں ایک ایسی معذرت جسے مزید معذرتوں کی ضرورت نہ پڑے۔ شک کو دل میں جگہ نہ بنانے دیں' شک محبتوں اور اعتماد کا دشمن ہے اور اگر آپ ایک خوبصورت جوڑا ہیں تو ایک دوسرے پر اعتماد اپنی جگہ لیکن چوکنا رہنا بھی ضروری ہے۔

یرقان سے شفاء اور چہرے کے دانے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ اور آپ کا درس بہت شوق سے پڑھتے اور سنتے ہیں۔ مجھے کچھ عرصہ پہلے یرقان کی شکایت ہوگئی تھی' میں بہت پریشان تھی کہ ایک مرتبہ رسالہ میں وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینے کے کرشمات پڑھے' میں نے ہر وضو کے بعد بتائے گئے طریقہ یعنی وضو مکمل کرنے کے بعد تین گھونٹ پانی کے پینے ہیں' پہلے گھونٹ پر **اللہ شافی**۔ دوسرے گھونٹ پر **اللہ معافی**۔ تیسرے گھونٹ پر **اللہ کافی** پڑھنا ہے۔ یہ عمل کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے کرنے سے میرا یرقان ختم اور ساتھ چہرے پر دانے تھے جن کی وجہ سے کافی پریشان تھی وہ بھی ختم ہوگئے۔ (فضہ منصور)

گھر کے کونے کونے سے میل نکالنے کے ٹوٹکے

عالیہ اشرف، کراچی

ماربل کی چمک کو بحال کرنے کے لئے آپ ماربل کو بیکنگ سوڈا سے دھوئیں اور اس کو پنکھا چلا کے خشک ہونے دیں اس کے چند گھنٹے بعد آپ ایک چاک کو پیس کر اس میں تھوڑا سا پانی مکس کرلیں اور ایک صاف کپڑے کو اس مکسچر میں بھگو کر فرش پر لگائیں

ماربل کا فرش چمکائیں آسانی سے

ماربل ایک خوبصورت پتھر ہے جو کسی بھی جگہ کی خوبصورتی کو چار چاند لگادیتا ہے۔گھر ہو یا بڑے بڑے پلازے ماربل کی چمک کے بنا سب پھیکے لگتے ہیں۔اس میں سب سے اہم آپ کا گھر ہے کیونکہ آپ کے گھر میں کچن ،ڈرائنگ روم،ڈائننگ روم،واش روم اور بیڈ روم نیز ہر جگہ یہ ماربل ہی اپنی چمک دمک کے ساتھ موجود ہے۔آیئے ذرا دیکھیں کہ کیسے ہم اپنے گھر میں جہاں جہاں ماربل موجود ہے اس کی صفائی اور ستھرائی کا خیال رکھ سکتے ہیں۔ ماربل چونکہ بہت خوبصورت پتھر ہے، اس لئے اس کی چمک اور خوبصورتی کو برقرار رکھنے کے لئے اسے روزانہ صاف رکھنا بہت ضروری ہے۔روزانہ کی صفائی کے لئے بہتر ہوگا کہ آپ سادہ نیم گرم پانی اور مائیکرو فائبر جیسے نرم کپڑے کا استعمال کریں اس سے ماربل بالکل صاف ہوجائے گا۔اس کے ساتھ پانی سے صاف کرنے سے آپ کے پیسوں اور قیمتی وقت کی بھی بچت ہوگی۔ ماربل کو پانی سے صاف کرنے کے بعد خشک کپڑے سے بھی صاف کریں ورنہ اس کے اوپر بہت سے نشان پڑ جاتے ہیں جو دیکھنے میں بھی برے محسوس ہوتے ہیں۔داغ دھبے اتارنے کے لئے ایسڈ پر بنے کلینزرز کی طرح دوسری ایسی اشیاء جن میں تیزاب پایا جاتا ہے آپ کے ماربل کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔جن میں مالٹے کا جوس،ٹماٹر کا جوس اور سافٹ ڈرنکس وغیرہ شامل ہیں۔اس لئے اگر کوئی ایسی چیز فرش پر گر جائے تو اسے فوری صاف کرلیں کیونکہ زیادہ دیر تک ماربل پر موجود رہنے کی وجہ سے ایک تو یہ اس کا رنگ خراب کردیں گے اور دوسرے یہ ماربل پر جم جائیں گے اور اس کا رنگ بھی خراب ہوجائے گا۔بار بار رگڑنے سے ماربل کو نقصان ہوتا ہے۔بیکنگ سوڈا سے ماربل کی صفائی کرنے سے بھی جلد صفائی ہوجاتی ہے۔کافی اور جوس کے داغ اگر آپ کے ماربل پر کافی، چائے یا جوس کے داغ لگ گئے ہیں تو ان کو صاف کرنے کے لئے آپ ماربل کو پہلے تو گرم پانی میں برتن دھونے والا ڈٹرجنٹ مکس کرکے دھوئیں، اگر اس سے داغ صاف نہ ہوں تو ایک کاغذ کا تولیہ لیں اور اسے ہائیڈروجن پرآکسائیڈ میں بھگو لیں اسے داغ والی جگہ پر رکھیں اور اس کو پلاسٹک سے ڈھانپ دیں۔اب اسے 24 گھنٹے تک خشک ہونے دیں۔اگر پھر بھی داغ باقی رہ جائے تو اس عمل کو دوبارہ دہرائیں۔تیل اور پانی کے داغ دھبے اتارنے کے لئے ماربل کی جگہ کو مکئی کے گودے سے 24 گھنٹے کے لئے ڈھانپ دیں تاکہ اس جگہ پر موجود تیل جذب ہوجائے۔اس کے بعد اس جگہ کو گرم پانی اور ڈٹرجنٹ ملا کر دھولیں اور نرم کپڑے سے خشک کرلیں۔اس کے باوجود داغ رہ جائیں تو اناج کا بھوسہ اور بلیچ کو ملا کر اس جگہ کو رگڑیں داغ ختم ہوجائیں گے۔ ماربل کی خوبصورتی اور چمک میں اضافہ کیلئے ماربل کی خوبصورتی اس کی چمک میں ہوتی ہے اگر اس کی چمک ماند پڑ جائے تو یہ برا لگنے لگ جاتا ہے۔ماربل کی چمک کو بحال کرنے کے لئے آپ ماربل کو بیکنگ سوڈا سے دھوئیں اور اس کو پنکھا چلا کے خشک ہونے دیں اس کے چند گھنٹے بعد آپ ایک چاک کو پیس کر اس میں تھوڑا سا پانی مکس کرلیں اور ایک صاف کپڑے کو اس مکسچر میں بھگو کر فرش پر لگائیں۔ اس کے بعد ماربل کو خشک کپڑے سے صاف کرلیں،آپ کا ماربل خوبصورت اور چمکدار ہوجائے گا۔

لیموں کا رس صرف کھانے نہیں صفائی کے کام بھی لائیے

لیموں گرمیوں میں اپنے عرق یا جوس کی بدولت پاکستان یا اس جیسے دیگر ممالک میں بہت زیادہ استعمال ہونے والا پھل ہے مگر کیا آپ کو معلوم ہے کہ کھانے یا پینے سے ہٹ کر بھی یہ کیا کرشمے دکھا سکتا ہے؟درحقیقت یہ ترش پھل آپ کو صحت مند،خوبصورت اور اچھا باورچی (یقیناً) بنا سکتا ہے۔

تو لیموں کے چند ایسے ہی حیرت انگیز فوائد جانیے جو آپ کو دنگ کرکے رکھ دیں گے۔**فرنیچر پالش:** اپنے گھر کے فرنیچر کے لیے گھریلو ساختہ پالش تیار کریں جس کی مہک اچھی اور لاگت کسی عام پالش کے مقابلے میں بہت کم ہے،بس لیموں سے عرق نکال کر اسے زیتون کے تیل میں شامل کریں ہلانے کے بعد اس محلول کو کپڑے پر ڈال کر اپنے فرنیچر کو پالش کریں،آپ کرسیوں اور میزوں کی چمک کو دیکھ کر حیران رہ جائیں گے۔**کھڑکی کی صفائی:** چونکہ لیموں کے عرق میں تیزابیت ہوتی ہے اس لیے یہ اس گریس یا گندگی کو صاف کرنے کے لیے بہترین ذریعہ ثابت ہوتا ہے جو کھڑکی اور شیشوں پر جم جاتے ہیں۔آپ لیموں کے عرق میں سرکہ اور پانی بھی ملا سکتے ہیں جس سے کھڑکی کی صفائی کے لیے زیادہ بہتر محلول تیار ہوجائے گا۔**پانی کے دھبوں کی صفائی:** پانی کے نتیجے میں نلکوں اور شاور وغیرہ پر نظر نہ آنے والے دھبے پڑ جاتے ہیں اور بتدریج جم کر موٹے ہوتے چلے جاتے ہیں، جس کی صفائی کے لیے ایک لیموں کو کاٹ کر اسے اپنے نلکے یا شاور پر رگڑے، اس عمل کے بعد چمکنے لگیں گے اور بالکل نئے جیسے ہوجائیں گے۔**کٹنگ بورڈ کی صفائی:** سبزیاں یا گوشت کاٹنے کے لیے استعمال ہونے والے گندے کٹنگ بورڈز کی صفائی کے لیے کچھ مقدار میں نمک کو لیں اور لیموں کو کاٹ لیں۔نمک کو کٹنگ بورڈ پر چھڑک دیں اور پھر اس کے اوپر کٹے ہوئے لیموں کو رگڑے۔ کچھ دیر بعد نمک کو بورڈ سے ہٹا دیں یا پانی سے دھولیں۔یہی چیز آپ بیلن اور سلاد کے لکڑی کے ڈونگوں کے ساتھ بھی کرسکتے ہیں۔**سنگ مرمر کی صفائی:** سنگ مرمر کے فرش پر سے زنگ کے دھبوں کو ہٹانے کے لیے کھانے کا سوڈا داغ پر چھڑکیں اور اس پر کچھ لیموں کا عرق ڈال دیں، اس جگہ کو رگڑیں، ضرورت پڑنے پر پھر سوڈا اور لیموں کا عرق ڈالیں، اس کے بعد صاف گیلے کپڑے سے اس جگہ کو صاف کردیں، آپ کا فرش جگمگانے لگے گا۔**سلور کے برتنوں کی پالش:** ایک چائے کے چمچ لیموں کے عرق کو ڈیڑھ کپ پانی اور آدھا کپ خشک دودھ میں مکس کریں اور اس محلول میں برتنوں کو رات بھر کے لیے چھوڑ دیں اور صبح دھو کر خشک کرلیں،تاہم اگر آپ کو جلدی ہو تو برتنوں کے داغ زدہ حصوں پر کچھ لیموں کا عرق ڈالیں اور ایک صاف کپڑے سے رگڑ کر صاف کرلیں۔**اپنے برتن دھونے والے صابن کو زیادہ موثر بنائیں:** ایک چائے کا چمچ برتن دھونے والے صابن پر ڈال دیں جس کے نتیجے میں وہ برتنوں میں چکنائی سے جمع ہونے والی گریس کو بھی زیادہ موثر طریقے سے صاف کرنے لگے گا۔**پلاسٹک کے برتنوں کو جگمگائیں:** اگر آپ کے پلاسٹک کے برتنوں پر آپ کے پسندیدہ کھانوں کا رنگ پختہ طریقے سے جم گیا ہو تو اس پر لیموں کا عرق ڈال کر کپڑے سے کچھ دیر رگڑیں اور پھر خشک کرنے کے لیے دھوپ میں رکھ دیں جس سے وہ رنگ اڑ جائے گا اور برتن اصل شکل میں لوٹ آئیں گے۔**ٹوائلٹ کی صفائی:** لیموں کے عرق سے بھرا آدھا کپ ٹوائلٹ میں ڈال کر کچھ دیر انتظار کریں اور پھر برش سے صاف کرلیں جس سے وہ جگمگانے لگے گا جبکہ باتھ روم میں بھی اچھی مہک پھیل جائے گی، لیموں کے علاوہ آپ آدھا کپ سہاگا بھی شامل کرکے صفائی کے اس عمل کو زیادہ موثر بنا سکتے ہیں۔**ہر مقصد کے لیے کلینزر کی تیاری:** دو کپ گرم پانی میں ایک چمچ کھانے کا سوڈا ڈالیں اور اس وقت تک ہلائیں جب تک وہ مکمل طور پر حل نہ ہوجائے اس کے بعد آدھا کپ (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟ (قسط نمبر 8)

آئرلینڈ کا جن شیخ الوظائف کے بتائے وظیفے سے بھاگ گیا

کالا جادو' بندش' نظر بد' سفلی عمل اور گھریلو الجھنوں کا ڈسا شیخ الوظائف کی خدمت میں حاضر ہوا' بغیر نذرانہ شکرانے روحانی علاج ہوا' دکھی سکھ کا سفر اس کی زبانی سنیے

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

شیخ الوظائف کے عمل سے بندشیں ٹوٹ گئیں

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! حالات پہلے سے کافی بہتر ہیں مزید آپ کی دعا سے بہتر ہوجائیں گے' الحمدللہ! آپ سے ملاقات کا موقع ملا اللہ پاک نے تمام مسائل حل کردیئے مزید کچھ ہیں وہ بھی حل ہوجائیں گے' آپ کے بتائے ہوئے عمل سے سب ہوا' ذہنی سکون ملا' آپ کے درس سے سارا دن مطمئن رہتی ہوں' جو بے چینی تھی اب نہیں ہے' آپ کے درس کی باتیں دل کو سکون پہنچاتی ہیں۔ میرے بہن بھائیوں کے رویے دن بدن میرے ساتھ بہتر ہوتے جارہے ہیں' سب آپ کے بتائے ہوئے عمل یَاقَادِرُ یَانَافِعُ کی برکت ہے' صبح وشام پڑھ رہی ہوں۔ بہت سکون ہے' مسائل حل ہوئے' بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات اچھے ہوئے' بندشیں ٹوٹیں۔ اللہ آپ کو مزید نوازے اور آپ اسی طرح لوگوں کے مسائل حل کرتے رہیں۔ (پوشیدہ)

بندشیں ٹوٹیں' رشتہ اور نوکری دونوں مل گئیں

شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ خوش وسلامت رکھے' رہتی دنیا تک عزت دے۔ آمین! گزارش ہے کہ میں نے تین مہینے پہلے آپ کو خط لکھا تھا میرے بھائی کی شادی کا مسئلہ تھا' آپ نے مجھے پڑھنے کیلئے بہت ہی لاجواب وظیفہ دیا تھا جس سے نہ صرف میرے بھائی کی نوکری لگ گئی اور میرے بھائی کا بہت ہی اچھے گھرانے میں رشتہ بھی پکا ہوگیا ہے بلکہ اس وظیفے کی برکت سے میرے دوسرے بھائی کا بھی رشتہ طے ہوگیا اور دونوں بھائیوں کی نو مہینے بعد شادی بھی ہے' یہ سب کیسے ہوا ہمیں سب کچھ بس خواب ہی لگ رہا تھا' اس وظیفہ کے دوران مجھ پر بہت مصیبت آئی' خواب میں جنات سے لڑتی' نامعلوم مجھ میں لڑائی کیلئے کہاں سے طاقت آتی؟ ہر لمحہ اللہ تعالیٰ نے میری مدد کی' میں نماز پڑھتی تو باتھ روم کی گندی بدبو آتی اور اتنی آتی کہ میں بیہوش ہونے کے قریب ہوجاتی' قرآن پڑھتی تو گندی بہت ہی گندی بغل کی بدبو آتی تھی جو میری برداشت سے باہر ہوجاتی' مجھے خواب میں میری فتح کے سچے اشارے ملتے تھے اور خواب میں کثرت کے ساتھ سورۂ فاتحہ' سورۂ اخلاص اور سورۂ ناس پڑھتی تھی اور خواب میں مجھے اشارہ ملا کہ اپنے گھر میں مخصوص مت رہو کہیں ملنے والوں میں جایا کرو' پھر میں نے ایک باجی کے پاس جاکر قرآن پاک ترجمہ کے ساتھ دوبارہ پڑھنا شروع کردیا' جب مجھے بدبو آتی تھی میری طبیعت خراب ہوجاتی تھی' میرے سر میں بہت ہی شدید درد ہوتا تھا' ایسے لگتا تھا کہ میں اب مرجاؤں گی اور میں خواب میں جنات سے لڑائی کے بعد صبح جب سو کر اٹھتی تھی تو میرے جسم میں بہت زیادہ کمزوری ہوتی تھی میں اپنے آپ کو بہت زیادہ کمزور محسوس کرتی تھی پر اللہ کا شکر ہے میں آج بالکل تندرست ہوں' اللہ نے ہمیں سچی خوشی عطا فرمادی' یہ سب آپ کی دعا اور آپ کے دیئے وظیفہ کی برکت سے ہوا' اللہ آپ کو خوش رکھے اور لمبی زندگی عطا فرمائے۔ مجھے یاد ہے جب میں نے پہلی مرتبہ عبقری ایک سٹال پر دیکھا اور دیکھتے ہی اس کی عقیدت میرے دل میں بیٹھ گئی تھی اور جب میں نے اس شمارے کا مطالعہ کیا تو آپ سے ملاقات کا شوق بڑھا' ملاقات تو نہ ہوسکی مگر بذریعہ خط جب آپ کا جواب ملا تو میرے دل میں آپ کی عقیدت اور بھی زیادہ ہوگئی' مجھے لگا جیسے آپ کا ہاتھ میرے سر پر ہے اور میں ہر مصیبت سے نکل جاؤں گی' جب سے آپ کا دیا وظیفہ پڑھنا شروع کیا واقعی ہم مصائب سے نکلنا شروع ہوگئے' میری زندگی میں بہت حاسدین اور دشمن ہیں جو مجھ پر جادو کرتے ہیں مگر اب اللہ کی سچی مدد میرے ساتھ ہے اور میں ان شاء اللہ زندگی میں کامیاب ہوجاؤں گی۔ جو وظیفہ آپ نے مجھے اور میرے بھائی کو پڑھنے کیلئے بتایا تھا وہ یہ ہے:۔ اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کیساتھ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ

صبح نماز فجر اور تہجد کے بعد 313 مرتبہ پڑھنا ہے۔

اس کے علاوہ مغرب یا عشاء میں سورۂ آل عمران کی پہلی دوسری اور تیسری آیات 313 مرتبہ پڑھنی ہیں۔ ان آیات کی برکت سے میرے دونوں بھائیوں کے رشتے بہت ہی اچھے گھرانے میں ہوگئے ہیں اور اللہ سے دعا ہے کہ شادی بھی خیریت سے ہوجائے اور شادی کے تمام اسباب اللہ غیب سے پورے کرے۔ (ش، نواب شاہ)

شیخ الوظائف کا بتایا وظیفہ اور میری بیوی کا جن

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا عبقری سے تعلق 2015ء میں جڑا تھا' یہ اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہوا تھا' ہمارے بہت سارے مسائل تھے اور میری بیوی کو جنات کا مسئلہ لاحق تھا' وہ پہلے بالکل ٹھیک تھی' اچانک اس پر جنات حاضر ہونا شروع ہوگئے' بہت علاج' دم' دھاگے کروائے مگر تھوڑی دیر کیلئے فائدہ ہوتا لیکن دوبارہ پھر وہی مسئلہ شروع ہوجاتا' جب مجھے عبقری کا ایک دوست کے ذریعے معلوم ہوا تو میں تسبیح خانہ میں آیا' آپ کا درس سنا تو مزید درس سننے کا شوق ہوا' دفتر ماہنامہ عبقری سے درس والا میموری کارڈ خریدا سارا دن موبائل میں درس لگا کر سنتا رہتا' میرے حالات بہتر ہونا شروع ہوگئے' نماز پڑھنا شروع کردی۔ اعمال پر لگ گیا' دفتر عبقری فون کیا' خوش قسمتی سے آپ سے ملاقات کا وقت مل گیا' مقررہ دن پر آیا' آپ نے بیوی کیلئے اَلْمُسْتَقِیْم اور اذان کا وظیفہ دیا۔ پڑھنا شروع کیا' ماشاء اللہ بہت زیادہ فائدہ ہونا شروع ہوگیا' بیوی کی طبیعت میں بہت بہتری ہوئی اور جب کوئی مسئلہ ہوتا ہے ہم یہی وظیفہ پڑھتے اور بیوی فوراً ٹھیک ہوجاتی ہے' بیوی اب تقریباً بالکل ٹھیک ہوچکی ہے کبھی کبھار مسئلہ ہوتا ہے تو میں خود پڑھتا ہوں' کئی بار وہ جن حاضر ہوا ہے اور کہتا ہے میں نہیں آنا چاہتا مجھے بھیجا جاتا ہے میں نے اس کو کہا میں مان لیتا ہوں تجھے بھیجتے ہیں لیکن تیرے آنے سے ہمیں تکلیف ہوتی ہے تو تسبیح خانہ شیخ الوظائف کے پاس چلا جا وہ تیری جان اس عامل سے چھڑوا دیں گے جس نے تجھے قید کیا ہوا ہے۔ ایک مرتبہ آیا میں نے آپ کا ویڈیو درس چلا دیا آپ کو دیکھتے ہی بہت گھبرایا' چلایا اور بھاگ گیا۔ الحمدللہ! آپ کے بتائے وظیفے اور درس سے بہت برکت ہوئی ہے۔ آپ کی کوششوں اور دعاؤں نے ہماری زندگی بدل کر رکھ دی ہے۔ میں بیرون ملک رہتا ہوں' ہم تمام گھر والے نمازی ہوگئے ہیں اور آپ کے درس کی برکت سے پاکستان میں بھی تمام گھر والے نماز پڑھ رہے ہیں ایسا پہلے کبھی نہ ہوا تھا۔ (عباس احمد' آئرلینڈ)

دکھی بہن بھائی اپنی جائز مرادیں پالیں!

گیارہ دن کے اندر اندر ان شاء اللہ مسئلہ حل ہوجاتا ہے آج تک جس کو بھی بتایا اس کے گیارہ یا اکیس دن کے اندر اندر مسائل حل ہونا شروع ہوگئے۔ آپ کم از کم 21 دن بلاناغہ یہ عمل کریں۔ خواتین مخصوص ایام یا ناغہ کے دن شمار کرکے بعد میں بھی پڑھ سکتی ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین عبقری کیلئے ایک مجرب وظیفہ تحریر کررہا ہوں تا کہ دکھی بہن بھائی اپنی جائز مرادیں پاسکیں۔ یہ وظیفہ ایک متقی بزرگ نے عطا کیا تھا' میں نے خود بھی آزمایا اور کئی دکھی لوگوں کو بھی بتایا جس کو بھی بتایا اور اس نے کیا تو بفضل خدا غیب سے مدد ہوئی۔ ہر نماز کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ تین سو مرتبہ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاکَرِیْمُ پڑھیں اور خوب توجہ انکساری کے ساتھ دعا مانگیں۔ گیارہ دن کے اندر اندر ان شاء اللہ مسئلہ حل ہوجاتا ہے آج تک جس کو بھی بتایا اس کے گیارہ یا اکیس دن کے اندر اندر مسائل حل ہونا شروع ہوگئے۔ آپ کم از کم 21 دن بلاناغہ یہ عمل کریں۔ خواتین مخصوص ایام یا ناغہ کے دن شمار کرکے بعد میں بھی پڑھ سکتی ہیں۔ اس وظیفہ کی اجازت عام ہے' ہر جائز مراد کیلئے پڑھ سکتے ہیں۔ (جمشید حیات' اٹک)

ہر بیماری کے سات روحانی ایٹم بم

ہر مریض پر سات بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کریں' اللہ کے حبیب حضور نبی کریم ﷺ کا فرمان عالیشان ہے ''سورۂ فاتحہ دم ہے'' (بخاری)۔ 2۔ قرآن اور شہد میں شفاء ہے' روزانہ کم از کم ایک صفحہ قرآن کریم پڑھیں ان شاء اللہ ہر بیماری سے شفاء ملے گی۔ 3۔ شہد کا ایک چمچہ پانی کے ساتھ روزانہ صبح ناشتے سے پہلے پئیں۔ 4۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم کلونجی کو استعمال کرو بے شک اس میں موت کے علاوہ ہر بیماری کیلئے شفاء ہے۔'' (بخاری و مسلم) روزانہ تقریباً ایک چٹکی پیس کر پانی کے ساتھ کھائیں۔ 5۔ بعض روایات میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ مریضوں پر درج ذیل دعا پڑھ کر دم فرماتے تھے:۔ اَذْھِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَاشِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُكَ شِفَاءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا۔ ''اے لوگوں کے رب! اس بیماری کو دور فرما' شفاء عطا فرما' تو ہی شفاء دینے والا ہے تیری شفاء کے علاوہ اور کوئی شفاء نہیں' ایسی شفاء عطا فرما جو بیماری کو نہ چھوڑے۔ (بخاری) آپ بھی اپنے اوپر اور اپنے مریضوں پر یہ دعا پڑھ کر دم کریں' بار بار خاص طور پر نماز کے بعد۔ 6۔ مریض یہ دعا ہر نماز کے بعد کم از کم تین بار ضرور پڑھیں۔ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ فرمان رسول کریم ﷺ ہے: ''یہ دعا 99 بیماریوں کی دوا ہے' جس میں سب سے ہلکی بیماری فکر و پریشانی ہے۔'' (طبرانی و حاکم)۔ 7۔ اللہ کے رسول حضور نبی کریم ﷺ ہر غم اور مشکل کے وقت یہ دعا پڑھا کرتے: ''یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ'' ترجمہ: اے ہمیشہ زندہ رہنے والے سب کو تھامنے والے میں تیری رحمت کے ذریعہ فریاد رسی چاہتا ہوں۔ (نسائی) ہر دعا کے شروع اور آخر میں درود ابراہیمی ضرور پڑھیں۔

دانت درد کی آزمودہ دوا: امام بیہقی حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اکرم ﷺ سے دانت درد کی شکایت کی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک ان کے رخسار پر جس میں درد تھا رکھ کر سات مرتبہ پڑھا: اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنْہُ مَا یَجِدُ وَفُحْشَہٗ بِدَعْوَۃِ نَبِیِّكَ الْمُسْكِیْنِ الْمُبَارَكِ عِنْدَكَ۔ ترجمہ: اے اللہ جو تکلیف یہ شخص محسوس کررہا ہے اس کو اس کی سختی سے دور فرمادیجئے' اپنے نبی (ﷺ) کی دعا سے جو آپ کے نزدیک بابرکت ہے۔'' دست اقدس ابھی اٹھایا بھی نہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے درد کو رفع فرمادیا۔

درد دندان کیلئے انوکھا عمل: جس طرف ڈاڑھ یا دانت درد کرے اس رخسار پر شہادت کی انگلی سے ف رع ون غ رق ش د (فرعون غرق شد) لکھیں۔ یہ تین مرتبہ لکھنے سے ڈاڑھ یا دانت کا درد رفع ہوجاتا ہے۔ یہ عمل عبقری میں پہلے بھی شائع ہوچکا ہے۔ (حکیم فاروق چڑھوے والا' مظفر گڑھ)

دھدر کا تلسی اور بیری کے پتوں سے علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دھدر ایک جلدی بیماری ہے جو ہاتھ' پاؤں یا جسم کے کسی بھی حصے پر نمودار ہوجاتی ہے۔ اس کیلئے تلسی کے پتے یا بیری کے پتے توڑ کر رگڑ کر ملنے سے نشان مٹ جاتے ہیں' نشان مٹنے کے بعد چند دن اس کا استعمال لازمی کریں۔ کبھی دوبارہ نہ ہوں گے ان شاء اللہ۔ (صوفی محمد شفیع جٹ' ڈیرہ غازیخان)

عبداللہ علی' چکوال

حضرت امام جعفر صادق اور دلیل خداوند کریم

حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑی شخصیت اور اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کے چشم و چراغ کے طور پر پہچانے جاتے ہیں۔ علم، زُہد تقویٰ اور ان گنت فضائل آپ رحمۃ اللہ علیہ کے اندر بدرجہ اُتم موجود تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی صداقت اور پارسائی کا یہ عالم تھا کہ آج تک آپ رحمۃ اللہ علیہ کے مبارک نام پاک کے ساتھ ''صادق'' لازمی جزو بن گیا ہے۔ ابوشاکر نامی شخص آپ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی ''مجھے میرے معبود (اللہ) کی جانب رہنمائی فرمایئے'' آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا: ''بیٹھ جاؤ'' اچانک آپ رحمۃ اللہ علیہ کی نظر اپنے ایک بیٹے پر پڑی جو کہ انڈے کو اٹھائے ہوئے تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے ان سے انڈا لیا اور ابوشاکر سے ارشاد فرمایا: ''یہ (انڈا) ایک قلعہ (کمرہ) ہے جس کے چاروں طرف ایک دیوار ہے' اس کی اندر کی حالت نظر نہیں آرہی' اوپر کا چھلکا سخت ہے اور اسکے اندر ایک باریک پردہ ہے جس کے اندر پگھلا ہوا سونا اور چاندی ہے (یعنی پیلے اور سفید قسم کے دو پانی ہیں) جو آپس میں مخلوط (مکس) نہیں ہوتے نہ کوئی اصلاح کرنے والا اندر سے باہر آیا ہے جو یہ بتائے کہ اس نے اندر اصلاح کی ہے نہ کوئی خراب کرنے والا اس کے اندر داخل ہوا ہے جو یہ بتائے کہ یہ خراب ہے اور اندر کسی کو معلوم نہیں کہ اس سے نر پیدا ہوگا یا مادہ' اچانک یہ پھٹتا ہے (اور) مور کی طرح کا رنگ برنگا چوزہ باہر نکل آتا ہے' تیرا کیا خیال ہے کیا اس کوئی منتظم (انتظام کرنے والا) اور مدبر (تدبیر کرنے والا) ہے؟'' امام رحمۃ اللہ علیہ کا یہ نورانی کلام سن کر ابوشاکر کچھ دیر سر جھکائے سوچتا رہا' پھر کلمہ شہادت پڑھ کر مسلمان ہوگیا۔ اسی ضمن میں امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کا ہی فرمان ہے کہ جب آپ رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے (اللہ) کو کیسے پہچانا؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میں نے ایک ایسا چکنا اور صاف قلعہ (انڈا) دیکھا جس میں نہ کہیں شگاف تھا نہ دروازہ' اوپر پگھلی ہوئی چاندی (سفید جوس) کی قلعی تھی اور اندر پگھلا ہوا سونا (زردی) تھی۔ اس کے اندر اچانک موڑ گدھ اور چڑیاں نکل پڑیں۔ پس میں نے جانا کہ ضرور اس کا کوئی نہ کوئی بنانے والا ہے۔'' مطلب یہ کہ جب انڈا ہر طرف سے بند تھا تو پرندے کے بچے کا اندر ہی اندر پرورش پانا اور پھر باہر نکلنے کے وقت چھلکے کو اپنی چونچ سے توڑ کر باہر نکلنا بتاتا ہے کہ ضرور کوئی منظم اور مدبر ہے جو سب کام کررہا ہے اور وہ اللہ وحدہٗ لاشریک ہے۔

ہر قسم کے خوف اور نقصان سے محفوظ: جو شخص کسی خوف کے وقت 631 مرتبہ اسم اَلْمُؤْمِنُ پڑھے گا ان شاء اللہ ہر طرح کے خوف اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

صباح نسرین' پسرور۔ عالیہ جلیل' محمد پور۔ عرفان حسین' چکوال۔ فرحت گلزار' پشاور۔ عابدہ پروین' کامونکی۔ راؤ نعیم' بہاولپور۔ سدرہ' لاہور۔ شاہین طاہرہ' لاہور۔ خالدہ نسرین' پشاور۔ محمد اقبال قادری' سکھر۔ رابعہ جمیل' اسلام آباد۔ محمد راشدہ جاوید' چیچہ وطنی۔ عائشہ علی' ملتان۔ عائشہ صدیقہ' کینٹ۔ عابد محمود' بھمبر۔ محمد اسلم' جلال پور شریف۔ عشرت فاطمہ' فیصل آباد۔ شکیلہ بی بی' میانوالی۔ مصباح کوثر' جڑانوالہ۔ نعیم احمد' فیصل آباد۔ سید اونگزیب شاہ' چارسدہ۔ خلیل الرحمن' میرپور خاص۔ محمد زبیر' کراچی۔ ماریہ نوری' کراچی۔ سعد حسین' کراچی۔ محمد شفیق عرف شاہ جی' بٹیاں سیون۔ اقصیٰ' ملتان۔ رضیہ بی بی' نارووال۔ اظہر محمود' گوجرخان۔ محمد یاسر عمر حیات' لاہور۔ فرحت یاسمین' اسلام آباد۔ انیلہ پروین' میلسی۔ عظمیٰ رانی' سرگودھا۔ سعدیہ اصغر' راولپنڈی۔ مہران امان' پشاور۔ منظور' میرپور خاص۔ جویریہ زاہد' فیصل آباد۔ صبا رئیس' کراچی۔ ساجدہ بی بی' کوٹ ادو۔ آصف' خانیوال۔ پوشیدہ' سرگودھا۔ عدیلہ صائمہ' سرگودھا۔ سید کیف علی' لاہور۔ شازیہ ساجد' میانوالی۔ عتیہ تجمل' کھڑیانوالہ۔ سید امجد حسین شاہ' گجرات۔ فہمیدہ نسرین' پسرور۔ رخسانہ ناہید' سرگودھا۔ حسن اختر' راولپنڈی۔ ارسلان جاوید' مانسہرہ۔ مدیہ جہانزیب' مانسہرہ۔ سید ابرار علی شاہ' لاہور۔ فائزہ حامد' راولپنڈی۔ محمد راشد' لاہور۔ رخسانہ کوثر' شورکوٹ۔ پروین کوثر' کوٹ رادھا کشن۔ بینظیر' جنڈ۔ ثمینہ بتول' لاہور۔ عشرت فاطمہ' سرگودھا۔ صائمہ یاسر' راولپنڈی۔ طلعت سلطانہ' چکوال۔ غلام رسول شاہد' خانیوال۔ عائشہ انور' کراچی۔ زینب اللہ دتہ' لاہور۔ ملیحہ سحر' کراچی۔ فوزیہ اکرم' سرگودھا۔ پروین اختر' فیصل آباد۔ مصباح رانی' ملتان۔ فوزیہ اکرم' فیصل آباد۔ محمد علی عمر' کراچی۔ سیدہ قمر جہاں زیبی' لاہور۔ چن زیب' راولپنڈی کینٹ۔ محمد شفیق' کہروڑ پکا۔ روبینہ کوثر' ننکانہ صاحب۔ ارم شہزادی' خانیوال۔ شہروز علی' لاہور کینٹ۔ صائمہ بشیر' لاہور۔ عاصمہ عبدالستار' راولپنڈی۔ ثمینہ عبدالجبار' راولپنڈی۔ امتیاز بیگم' دروٹ۔ سلمان عثمان شیخ' لاہور۔ سید ریاض علی شاہ' لاہور۔ مہوش جاوید' رحیم یار خان۔ ثمینہ خان' اسلام آباد۔ شازیہ بشیر' گجرات۔ سعدیہ عائشہ' جویریہ' کراچی۔ طاہر' کراچی۔ رخسانہ بی بی' گجرات۔ محمد اقبال خان تلونڈی' راولپنڈی۔ زعیم باسط انیق احمد' راولپنڈی۔ خالد محمود' لودھراں۔ سلبیل احسان بٹ' گوجرانوالہ۔ محمد سہیل' کراچی۔ عبدالرشید' کبیروالہ۔ شیراز' مظفرآباد۔ اورنگزیب' ایبٹ آباد۔ محمد شعیب اکرم' سرگودھا۔ سکینہ بی بی' منڈی فیض آباد۔ شبانہ ناہید' جھنگ۔ محمد افضل' کھاریاں۔ علی حسن جاوید' پتوکی۔ اعجاز حسین' پاکپتن شریف۔ محمد عمیر پیرزادہ' لاہور۔ عمر شکور' سیالکوٹ۔ شاہ زیب منیر' ٹنڈو الہ یار۔ مسرت بانو' رام گڑھ۔ گل ناز فاروق' حیدرآباد۔ سعدیہ اشرف' خانیوال۔ محمد عظیم' ہری پور۔ زاہدہ پروین' حسن ابدال۔ رفعت پروین' شیخوپورہ۔ مہر کالو کنیز فاطمہ' دھوری اڈا۔ غزالہ رضوان' میانوالی۔ ماسٹر آزاد الاسلام' دینہ۔ حمیدہ شفیق' گوجرانوالہ۔ صدف انور' فیصل آباد۔ حفیظ اللہ' ہرنائی۔ عبیدالرحمن' ملتان۔ عارف حسین' حیدرآباد۔ ظہور اختر' راولاکوٹ۔ اقرار حسین' راولپنڈی۔ شمائلہ پروین' کامرہ۔ فوزیہ سرور' گجرات۔ شاہد امیر' کراچی۔ فائزہ علی کیانی' اسلام آباد۔ غزالہ' لیگو یاں۔ رابعہ آرزو' گوجرخان۔ محمد جاوید' باغ آزاد کشمیر۔ کوثر سلیم' کراچی۔ ظفر اقبال' گاؤں میلوورکاں۔ یاسمین اختر' فتح جنگ۔ محمد صفدر' فتح جنگ۔ محمد طارق' آسلام آباد۔ ارشد محمود' چکوال۔ عبدالرحمن' نواب شاہ سندھ۔ صغراں زاہد خان' لاہور۔ جہاں زیب' مردان۔ مغل عامر شہزاد' گوجرانوالہ۔ امینہ' مردان۔ محمد فیاض' جہلم۔ محمد ایاز احمد' زاہد پیر۔ شمائلہ' ساہیوال۔ مصباح کوثر' چشتیاں۔ زیبا بی بی' ضلع اٹک ہٹیاں۔ شفیع محمد' بھکر۔ عارفہ' کراچی۔ حسن رضا' لاہور۔ عاصمہ بی بی' فیصل آباد۔ فرح ناز' سیالکوٹ۔ مہوش علی' لاہور۔ عبدالوحید' چکوال۔ محمد عامر' ملتان۔ صائمہ یاسر' راولپنڈی۔ صدف سلیم' ہارون آباد۔ عباس ماہی' کبیروالہ۔ نسرین اختر' ملتان۔ بینش کوثر' میرپور آزاد کشمیر۔ نور حرم' پسرور۔ راجہ الطاف قادر' جہلم۔ غلام جعفر فیصل آباد۔ ماسٹر محمد شبیر کیانی' جہلم۔ کوثر' لاہور۔ محمد عبدالرشید' لاہور۔ زاہد الرحمان' گاؤں جلوزئی۔ عبدالرحمن لیاقت پور۔ شاہین' ٹوبی۔ فرحت سلطان' کوٹ مومن۔ شبانہ کنول' راولپنڈی۔ تبسم اشرف' جھنگ۔ محمد اقبال خان' تلونڈی ملک۔ محمد بشیر خان' راولاکوٹ۔ احمد علی' اسلام آباد۔ وقار الحق' اسلام آباد۔ شہناز قمر' پشاور۔ محمد جاوید اقبال' کراچی۔ محمد عمر' لاہور۔ محمد فیاض خان' کراچی۔ قمر زمان' ہزارہ۔ وہاب افضل' راولپنڈی۔ محمد صدیق' پنج۔ فرمان علی' میرپور ماتھیلو۔ مہوش' سکھر۔ فلک شیر' موہری پور۔ شازیہ توفیق' سکھر۔ رانا محمد ظہیر' رواث۔ عاصمہ' سمندری۔ عائشہ شمس' لاہور۔ شبانہ پروین' جھنگ۔ حنا بشیر' کراچی۔ خلیل الرحمن' میرپور خاص۔ فاخرہ یاسمین' گجرات۔ حدیقہ خالد' قصور۔ مہوش رشید' قصور۔ احمد شیر' بکھر۔ عدنان شکیل' ملتان۔ بشریٰ یاسمین' بہاولپور۔ محمد علی جاوید' علی خان۔ ناہید اختر' گوجرخان۔ راحیل احمد' کراچی۔ رخسانہ' میرپور خاص۔ روبینہ کوثر' فیصل آباد۔ فوزیہ اکرم' فیصل آباد۔ سعدیہ اسلم' گوجرہ۔ محمد صدیق' کھٹہ مصراں۔ سید محمود' کراچی۔ امیر سعید' اسلام آباد۔ محمد آصف' لیاقت پور۔ امینہ کوثر' دوالمیال۔ عدنان طارق' ترار کھل آزاد کشمیر۔ سائرہ سیف' بہاولپور۔ شاہد احمد' راولپنڈی۔ سعدیہ شاہد' فیصل آباد۔ شمیم اشتیاق' کوٹلی آزاد کشمیر۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

سورۂ اخلاص کا عمل: دو رکعت نماز نفل پڑھیں اس کی ہر رکعت میں **101** بار سورۂ اخلاص پڑھیں دوران نفل ہاتھ میں تسبیح لے سکتے ہیں لیکن تسبیح صرف نوافل کیلئے ہے فرائض کیلئے نہیں۔ دو نفل پڑھنے کے بعد سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں' پھر سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں' پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ اسی طرح گیارہ سجدے کرنے ہیں اور ہر سجدے میں گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے اور اٹھ کر بھی گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے۔ اس کے بعد گیارہ دفعہ کوئی سا بھی استغفار پڑھنا ہے اس کے بعد گیارہ دفعہ درود ابراہیمی پڑھنا ہے اور گیارہ منٹ کم از کم انتہائی زاری کے ساتھ اپنے مقصد کیلئے دعا کرنی ہے۔ **یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔ پھر قدرت ربی کا کرشمہ دیکھیں' غیب کے خزانے ملیں' آپ کے مسائل' مشکلات** حل اور دلی مرادیں پوری ہوں گی۔

قسط نمبر 15

پرندے پالنے کے شوقین افراد کیلئے خاص ٹوٹکے

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا یہ مضمون کسانوں کے روزمرہ مسائل کے حوالے سے ضرور چھاپیے گا۔ شکریہ!

کبوتروں اور دیگر گھریلو پرندوں کیلئے

خشک سردی کے باعث انسانوں کے ساتھ ساتھ پرندوں یعنی کبوتر' طوطے' مرغی وغیرہ میں موسمی بیماریاں مثلاً زکام' گلے کی خراش اور ریشہ یعنی آنکھوں سے پانی بہنا اور معدے کی خرابی جیسے مہلک امراض میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ **گلے کے امراض کیلئے:** اگر گھریلو پرندوں (کبوتر' مرغی طوطا وغیرہ) کے گلے خراب ہوجائیں یا ریشہ کی وجہ سے رسولیاں بن جائیں تو پہلے آپ دانہ صاف کرکے ڈالیں اور جو کبوتر دانہ کم کھا رہے ہیں ان کو دانے کے بجائے روٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے ڈالیں اور سوتی کپڑے کی بتی بنا کر گرم پانی میں نمک اور پھٹکڑی ڈالیں اور بتی سے ان کے گلے صاف کریں اور درج ذیل ادویات پانی میں حل کرکے ان کو دیں۔ ویلوسیف کیپسول 500mg ایک عدد۔ انسیڈال ٹیبلٹ ایک عدد۔ فلیجل سیرپ Casminaive mixture 5cc۔1cc۔ سادہ پانی چائے والا چوتھائی حصہ۔ **خوراک:** کبوتر اور طوطے کو 3cc صبح وشام دیں اور مرغی مرغا کو 5cc صبح و شام دیں۔ **زہرباد کیلئے:** اگر آپ کے پرندوں کی ناک اور آنکھوں سے پانی بہتا ہو اور ٹانگوں اور ناک پر زہرباد ہو تو درج ذیل ادویات استعمال کریں۔ انار دانہ ایک چٹکی۔ سونف دو چٹکی۔ کالی مرچ پانچ عدد۔ لونگ دو عدد۔ بڑی الائچی ایک عدد۔ اجوائن خراسانی ایک چٹکی۔ **ترکیب استعمال:** آدھا کلو پانی ڈال کر چولہے پر رکھ دیں اور جب پانی ایک پاؤ رہ جائے تو پانی اتار کر ٹھنڈا کریں اور اس میں ایماکسل کیپسول 500mg پھیلا دیں' ہر پرندے کو 2cc بنا ہوا پانی اور 3cc سادہ پانی ایک دن چھوڑ کر دیں مزید میڈیکل سٹور سے کوریزا کیلئے تیار کی گئی دوائی لے کر استعمال کروائیں۔ **معدہ اور گلے کیلئے:** اگر کبوتر دانہ کھا کر باہر نکال دیتے ہوں یا ہضم نہ کرپائیں تو اس حوالے سے ایک بات بتاتا چلوں کہ اگر معدے اور گلے کی بیماری کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو کبوتروں میں لقبہ اور جوالا کی بیماری آجاتی ہے۔ لہٰذا اس حوالے سے بہت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ سب سے پہلے بیمار کبوتروں کو علیحدہ کریں اور ان کا دانہ بند کردیں بیمار کبوتروں (پرندوں) کا معدہ واش کرکے یعنی ''پوٹ'' صاف کرکے انہیں آدھ گھنٹے کیلئے چھوڑ دیں' آدھ گھنٹے کے بعد پرانے گڑ میں انار دانہ اور کالے زیرے کو گرینڈ کرکے گولیاں بنا کر جن کبوتروں (پرندوں) کے معدے صاف کیے ہوئے ہیں ایک ایک گولی دیں اس کے بعد چوتھائی حصہ چائے کے کپ پانی کے برابر پانی لے کر ڈسپرین ایک گولی' Tab Matlium گولی پچاس گرام' ایک گولی میٹوڈائن' ایماکسل کیپسول 250mg، کارمینٹو مکسچر 5cc۔ ان تمام ادویات کو پانی میں حل کرکے فی کبوتر (پرندہ طوطے وغیرہ) 4cc پانی دیں اور دو گھنٹے بعد خشک روٹی کے پورے (ٹکڑے) ڈالیں۔ (فی کبوتر (پرندہ) 15 سے 20 پورے)۔ یہ کام دن میں دو بار کریں اور مسلسل پانچ دن یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ آپ کے کبوتر (پرندے) صحت یاب ہوجائیں گے۔ اب میں تمام قارئین سے اجازت چاہوں گا۔ جانے سے پہلے میں شیخ الوظائف اور عبقری کے تمام کارکنان کا شکرگزار ہوں جنہوں نے کسانوں کو بھی ایک نئی امید دی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے۔ آمین۔ **(محمد عدیل' بھاگٹانوالہ)**

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

قسط نمبر 15

اے کاش! پھر وہ دور آجائے

حکیم ضیاء الرحمن
ملتان

ہم پہلے کیا تھے؟ اب کیا ہیں؟ کیا ہم میں اتنی سکت ہے؟ ہم نے اپنے بڑوں کی کاوش سے کیا فائدہ پایا؟ کیا ہم آپس میں ایسے موضوعات (طب) پر ثمر آور گفتگو کرتے ہیں؟ یہ رونے کا مقام ہے اور اصل رونا تو تب آتا ہے جب اپنی جان یا اپنے گھر کے عزیز کی جان پر آپڑتی ہے تو پتہ چلتا ہے اس سے پہلے ایسی باتیں ہنسی مذاق قصہ معلوم ہوتے ہیں۔ تمام طریقہ علاج کے معالجین حضرات یکجا ہوں۔ ایک دوسرے کو سنیں' سمجھیں' برداشت کریں تو بہت بڑی بھلائی اور کارخیر ہوگا۔ ورنہ بخشش مشکوک ہوگی' مریض دھکے کھا کر مرجائے گا' انسانیت کی بھلائی اور اللہ رسول ﷺ کی رضا کیلئے پہلا حق مسلمان کا ہے پھر دوسرا حق کسی اور کا' دمہ' جوڑوں کا درد' باڈی بلڈرز' موٹا ہونے' جسم خوبصورت بنانے والے زہریلے استعمال سے ہونے والے مابعد امراض کا مقابلہ کرنے کیلئے مریض اور معالج کو جو پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں۔ اس سفر کو جیسے طے کیا جاتا ہے۔ یہ ایک طویل داستان ہے' الٹی چھری سے ذبح تو اس مرحلے سے گزرنے والے ہوتے ہیں۔ آج پاکستان میں علاج جس طرح مہنگا اور بازاری ہوا ہے اس نے علاج معالجے کو داغدار کردیا ہے' مشکوک کردیا ہے' باعلم مستند معالج مخلص' لالچ سے پاک اپنے اور مریض کیلئے باعث رحمت ہوتا ہے۔ آج میڈیا کی آزادی ہے' جس کا جو دل چاہے اشتہار دے' دکھ رہی ہے تو بک رہی ہے کے تحت انسان کا نقصان ہوتا ہے تو ہوتا رہے بس پیسہ آنا چاہیے' والے ماحول نے بگاڑ پیدا کردیا ہے۔ فن علاج ہمہ اقسام بدنام ہوچکے ہیں' قانون اور اخلاق حسنہ پر عمل ہی اس کا حل ہے۔ آئیے! پرخلوص' وسیع القلب' خلیفۃ اللہ معالج حضرات ہونے کے ناطے ہم ایک دوسرے سے مفید باتیں سیکھ کر اپنا فرض پورا کریں' اطمینان قلب پائیں۔ خیر وبرکت عافیت والی روزی پائیں اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے راضی ہوجائیں۔ اے کاش! پھر وہ دور آجائے جب علاج معالجہ ایک عشق کی کیفیت اختیار کرجائے' مریضوں سے رابطے میں رہنے کے مناظر پھر نظر آئیں۔ الحمدللہ! میں نے ڈاکٹروں' حکیموں' ہومیوڈاکٹروں کو قریب سے دیکھا ہے کہ صبح وشام راستے میں آتے جاتے یا معمول سے ہٹ کر راستہ اختیار کرتے کہ مریض کا حال جاننا ہے جب سائیکل بھی نایاب تھی۔ اب ہم فون یا خط کے ذریعے یا میسج کے ذریعے (جو مفت ہے) استعمال نہیں کرتے' کیا ہم نفسانفسی کا شکار نہیں ہیں؟ (22)

جاڑوں میں پستہ کا مزہ اور فوائد: پستہ مقوی دل، دماغ اور حافظہ ہے، باہ کو مضبوط کرتا ہے، بدن کو موٹا کرتا ہے، معدہ کو طاقت دیتا ہے، گردوں کی کمزوری دور کرتا ہے، جگر کی سردی کو دفع کرتا ہے، بلغم کو خارج کرتا ہے۔

قہوہ کی اکیس پیالیاں موٹاپا اور جوڑوں کا درد ختم

میری سامنے والی ہمسائی ہیں جنہوں نے ٹی وی پر اشتہار دیکھ کر پیٹ کم کرنے کیلئے مختلف بیلٹ وغیرہ بھی منگوا رکھے تھے مگر ان کا مقصد پورا نہ ہوا۔ میں نے انہیں یہی قہوہ پینے کا مشورہ دیا الحمدللہ آج تک دعائیں دیتی ہیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے الفاظ نہیں مل رہے کہ جن سے آپ کا شکریہ ادا کیا جائے اسے کم علمی سمجھئے یا محبت وعقیدت، موضوع کی طرف آتا ہوں، عبقری کے شمارہ جولائی 2015ء میں ''21 دن میں موٹاپا غائب'' ایک تحریر چھپی تھی، کیا کمال کا نسخہ نکلا، اللہ اس اپنی بندی کو بے پناہ خوشیاں عطا فرمائے جس نے یہ نسخہ پیش کیا۔ پہلے اس کے فوائد عرض کرتا ہوں۔ اس نسخہ سے موٹاپا یعنی پیٹ کا بڑھنا جہاں رکتا ہے وہاں جوڑوں کا درد اور کمزوری میں بھی نہایت فائدہ مند ہے، میری ایک عادت ہے کہ میں ہر چیز کی صرف اتنی ہی تعریف کرتا ہوں جتنا اس کا حق ہو اور قارئین عبقری سے بھی یہ گزارش ہے اور بار بار گزارش ہے کہ جہاں آپ سب یہ مہربانی فرماتے ہیں کہ نسخہ جات یعنی اپنے سینے کے خاص خاص راز عبقری کو پیش کرتے ہیں وہاں یہ خیال ضرور رکھیں کہ اپنے نسخہ کی صرف اتنی ہی تعریف کریں جتنا اس کا فائدہ ہے تاکہ لوگ اپنی مکمل تحقیق سے نسخہ چن کر جب بھی استعمال کریں تو ان کو پتہ چلے کہ عبقری کیسے کیسے سینے کے راز پیش کرتا رہتا ہے کیونکہ عبقری میرے خیال میں سینکڑوں، لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں لوگوں میں پڑھا جاتا ہے اور جہاں تک میرا خیال ہے غریب اور متوسط طبقے کے لوگ زیادہ پڑھتے ہیں، اس لیے ایسے لوگ شاید بار بار یا بہت زیادہ نسخہ جات استعمال نہ کرسکتے ہوں اس لیے صرف اسی نسخہ کو مجرب لکھیں جو واقعی آپ نے خود بھی استعمال کیا اور ایک دو بار آگے بھی استعمال کروایا ہو، میرے نزدیک یہ بات بہت اہمیت رکھتی ہے لہٰذا آپ بھی ضرور کرم فرما کر اس پہ غور فرمائیں اور ہمیشہ یاد رکھ کر ملنے والوں کو بھی یہی ترغیب دیتے رہیں۔ خیر اپنے اصل موضوع کی طرف آتا ہوں۔ جب میں نے یہ نسخہ اپنی امی جان کو بنا کر دیا تو ٹھیک دوسرے سے تیسرے دن میری امی جان کہنے لگیں: طبیعت میں ہلکا پن ہے، اندازاً دس دن کے استعمال کے بعد امی نے استعمال چھوڑا تو ٹھیک بیس دن بعد خود طلب کیا کہ بیٹا وہی قہوہ بنادو لیکن اس کے بعد امی موٹاپا کے ساتھ ساتھ زیادہ تر دردوں کیلئے یہی قہوہ استعمال کرنے لگیں اور آج تک کرتی ہیں۔ میری سامنے والی ہمسائی ہیں جنہوں نے ٹی وی پر اشتہار دیکھ کر پیٹ کم کرنے کیلئے مختلف بیلٹ وغیرہ بھی منگوا رکھے تھے مگر ان کا مقصد پورا نہ ہوا۔ میں نے انہیں یہی قہوہ پینے کا مشورہ دیا الحمدللہ آج تک دعائیں دیتی ہیں۔ میں اس نیت سے یہ نسخہ عرض کررہا ہوں کہ اللہ خاتمہ ایمان پر کرے اور قبر، حشر کی ہر سختی اور پریشانی سے اپنی پناہ اور حفاظت عطا کرے کیونکہ مجھے قبر اور حشر سے ہر طرح کے عذاب سے بہت ڈر لگتا ہے اور میری امی کو بھی اس لیے اپنی امی کیلئے بھی اس رحمت کا طلب گار ہوں۔ نسخہ اور ترکیب نوٹ فرمالیں:۔

یہ نسخہ اکیس دن بلاناغہ استعمال کرنا ہے۔ **ھوالشافی:** عناب پانچ دانے، منقیٰ پانچ دانے، لونگ پانچ عدد، دارچینی دو بڑے ٹکڑے اور ایک عدد لیموں بڑے سائز کا اور اگر چھوٹے چھوٹے دو لیموں ڈال لیں تو زیادہ مزیدار بن جائے گا۔ دو کپ پانی ڈال کر لیموں کے علاوہ تمام چیزیں پانی میں ڈال دیں اور پکائیں جب ایک کپ پانی رہ جائے تو چھان لیں۔ منقیٰ کو بیج نکال کر کھالیں اور باقی چیزیں پھینک دیں پھر اس پانی میں لیموں نچوڑ کر پی لیں اگر چاہیں تو تھوڑا سا حسب ذائقہ شہد ملا سکتے ہیں۔ یہ ایک دن کی خوراک ہے۔ ان شاء اللہ بائیس ویں دن آپ حیران ہوجائیں گے لیکن ان 21 دنوں میں چاول ہرگز نہیں کھانے، ہر چیز بازار سے پچاس، پچاس روپے کی لے لیں۔ آسانی سے ہر چیز پنساری سے مل جائے گی۔ مستقل مزاجی اور پابندی سے استعمال کرکے دعائیں لازمی دیں۔ جن کو ایک بار آزمانا نصیب ہوا ان شاء اللہ وہ خود ہی دعائیں دے گا اور میری طرح خوشیوں بھرا خط ماہنامہ عبقری میں ارسال کرے گا۔

قارئین! کمال کی چیز ہے میری امی جان چونکہ کافی بیمار ہیں اس لیے جب تک پیتی رہیں طبیعت بھاری ہونا بھی رک جاتی ہے اور دردوں میں بھی افاقہ ہوجاتا ہے باقی جس کو بھی استعمال کرایا مدت سے پہلے بہترین رزلٹ ملتے ہیں اور دوبارہ شکایت نہیں ملتی (اگر بدپرہیزی نہ کی جائے تو)۔ اللہ حضرت حکیم صاحب، تمام قارئین عبقری اور امت مسلمہ کے ہر فرد کو خوش، شاد و آباد رکھے۔ آمین! دعاؤں اور توجہات کا بہت زیادہ طلب گار (شاہد علی، منچن آباد)

انتڑیوں کی سوزش کا مجرب نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس انتڑیوں کی سوزش کا ایک بہت مجرب نسخہ ہے میں نے یہ نسخہ طب نبویؐ میں سے لیا تھا اس نسخے کے بارے میں حضور ﷺ کا فرمان ہے کہ اس نسخے میں پیٹ کی 101 بیماریوں کی شفاء ہے، اگر یقین کے ساتھ یہ نسخہ امتحان کیا جائے تو شفاء یقینی ہے۔ یہ نامراد بیماری انسان کی صحت کو تباہ کردیتی ہے، میں بہت عرصہ اس بیماری میں مبتلا رہی، ڈاکٹرز اور حکیموں سے علاج کروا کروا کر تنگ آچکی تھی، صحت تباہ ہوچکی تھی، پھر یہ نسخہ ملا اور میں نے مستقل مزاجی سے استعمال کیا، میرا مرض پرانا ہوچکا تھا میں نے یہ نسخہ ایک ماہ تک استعمال کیا اور اب شادی کے بعد مجھے اچانک یہ نسخہ یاد آیا اس وقت جب میرے ایک بیٹے کو بھی یہی مرض لاحق ہوا اس کا بھی میں علاج کروا کر تنگ آگئی تھی، یونہی نسخہ یاد آیا اور جب استعمال کروایا تو رزلٹ سو فیصد رہا اور اسے دوبارہ تکلیف نہ ہوئی، ورنہ کچھ دن کے بعد ڈاکٹر کے ہاں جانا پڑتا تھا بار بار پیچش لگنے کی وجہ سے خون کی کمی ہوگئی تھی، اس بیماری میں جو کھانا بھی مریض کھاتا ہے دستوں کی صورت میں نکل جاتا ہے، وہ نسخہ کچھ یوں ہے۔ **ھوالشافی:** بازار سے جو ثابت لے کر اس کا دلیہ بنوالیں اور روزانہ ایک کلو پانی کو ابلنے کیلئے رکھ دیں جب پانی میں ابال آجائے تو اس میں دو چمچ جو کا دلیہ ڈال دیں اور ہلکی آنچ پر پکنے دیں جب پانی آدھا رہ جائے تو اسے چھان لیں، یہ دو گلاس بن جائے گا اسے گرم ہی (قابل برداشت) ایک گلاس میں ایک چمچ شہد خالص ڈال کر گھونٹ گھونٹ کرکے پئیں۔ اگر پیٹ میں بیماری ہوگی تو اس کے پیتے ہی پیٹ میں درد ہوگا ہر گھونٹ کے ساتھ درد ہوگا لیکن گھبرائیں نہیں یہ پانی صبح نہار منہ اور شام عصر کے وقت ایک گلاس پینا ہے۔ جیسے جیسے یہ پیتے رہیں گے درد کم ہوتا رہے گا اور پیٹ صحیح ہوتا رہے گا لیکن اگر شہد خالص نہ ہوا تو شفاء کی کوئی گارنٹی نہیں۔ میں نے اچھی کمپنی کا شہد استعمال کیا تو مجھے فائدہ ہوا لیکن دوسرا شہد استعمال کیا فائدہ نہیں ہوا اس لیے میں پاکستان کے معروف و مشہور کمپنی کا شہد استعمال کرتی تھی مگر جب سے عبقری کا شہد ملا ہے جو کہ یقیناً خالص ہے وہی استعمال کرتی ہوں (پوشیدہ)

دادا مرحوم چہرے کی چکنائی کا راز بتا گئے

میرے دادا مرحوم اکثر مختلف ٹوٹکے بتاتے رہتے تھے، کمہاروں کا کام کرتے تھے، میرے چہرے پر بہت زیادہ چکنائی تھی اور سفید نشان تھے، ایک مرتبہ مجھے دیکھ کر بتانے لگے کہ رات سوتے وقت خشک روٹی چائے میں ڈبو کر کھایا کرو، میں نے یہ ٹوٹکہ چند دن آزمایا تو میرے چہرے سے چکنائی بھی ختم ہوگئی اور سفید نشان بھی۔ (عابد رحمانی، بہاولنگر)

آلو بخارا اور میری زندگی کے تجربات

پیٹ جتنا بڑھا ہوا ہو اور کسی چیز سے ٹھیک نہ ہوتا ہو تو بس یہ آلو بخارے روزانہ کی بنیاد پر چوسنا شروع کردے چند دن' چند ہفتے' مجبوراً چند مہینے ایسا رزلٹ ملتا ہے ایسا کمال ملتا ہے' کہ پیٹ کی چربی' اس کا بڑھنا اس کا لٹکنا سب ختم ہوجاتا ہے

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

وہ دراصل ایک بہت بڑی علمی شخصیت ہیں اور دنیا کے اعتبار سے بھی مالدار ہیں' نامور آدمی ہیں لیکن ہم جیسے دوست انہیں ''پیرجی'' کہتے ہیں' بات جب بھی کرتے ہیں پتے کی کرتے ہیں' نہایت ملنسار دوست نواز مرنجاں مرنج مخلص' تھوڑے سے جلالی بادشاہ' ابھی کچھ دن پہلے وہ میرے ہمسفر تھے' ہوا یوں کہ میں تیرہ ذوالحجہ کی شام کو مدینہ منورہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اطہر پر صلوٰۃ والسلام کیلئے حاضر ہوا مواجہ شریف یعنی جالیوں کے سامنے قبلہ رخ منہ کرکے بیٹھا کچھ پڑھ رہا تھا کہ کسی نے میرے کندھے پر ہاتھ رکھا' سر اٹھایا تو پیرجی کھڑے تھے میرے اٹھنے سے پہلے خود میرے ساتھ بیٹھ گئے فرمانے لگے: کب واپسی ہے مکہ مکرمہ؟ میں نے عرض کیا: اور بھی مخلصین ساتھ ہیں' ہمارا طے ہوا ہے کہ رات پونے دو بجے پارکنگ نمبر دو کے دروازے پر ہم سب نے اکٹھا ہونا ہے۔فرمانے لگے: آجایئے میں انتظار کررہا ہوں مکہ مکرمہ اکٹھے چلیں گے' واپسی پر میں اپنی گاڑی سے اتر کر پیرجی کے ساتھ پچھلی سیٹ پر بیٹھ گیا ہم دونوں بیٹھے تھے تو دین ودنیا کی باتوں کا سلسلہ شروع ہوگیا' فرمانے لگے: میرا بھانجا ابھی امریکہ سے آیا ہے پاکستان میں اپنے کسی کام کے سلسلے میں وہ نیٹ کا کیڑا ہے' لیکن پوزیٹو یعنی مثبت چیزوں کو تلاش کرتا رہتا ہے' ابھی اس نے مجھے بتایا ہے کہ آلو بخارا خشک اچھی حالت میں صاف ستھرا اگر روزانہ دس سے بیس دانے صبح وشام یا ایک وقت چوس لیے جائیں اور گٹھلیاں نکال لی جائیں تو اس کے فوائد انسانی جسم میں آنا شروع ہوجاتے ہیں بقول میرے بھانجے کے کہ پیٹ جتنا بڑھا ہوا ہو اور کسی چیز سے ٹھیک نہ ہوتا ہو تو بس یہ آلو بخارے روزانہ کی بنیاد پر چوسنا شروع کردے چند دن' چند ہفتے' مجبوراً چند مہینے ایسا رزلٹ ملتا ہے ایسا کمال ملتا ہے' کہ پیٹ کی چربی' اس کا بڑھنا اس کا لٹکنا سب ختم ہوجاتا ہے' پیرجی بتانے لگے کہ میں نے کئی لوگوں کو استعمال کروایا اور نہایت فائدہ ہوا' پیرجی کی بات نے میرے اوپر سے تحقیق کی تہہ درتہہ جمی ہوئی گرد کو ہٹانا شروع کردیا' پھر میری تحقیق میری آنکھوں کے سامنے واضح ہونا شروع ہوئی آیئے پیرجی کے خلوص کمال اور برکت سے میں آپ کو اپنی تحقیق بھی بتاتا ہوں بلکہ ضرور بتاتا ہوں کیونکہ میرا ہر تجربہ میرے قارئین کی امانت ہے جو بتانا میرا اخلاقی ایمانی اور سماجی فرض ہے۔

1۔ حاملہ عورت کی قے کسی طرح بھی نہ رکتی ہو اسے آلو بخارے ساتھ رکھ لیں وقفے وقفے سے ایک ایک آلو بخارا منہ میں رکھ کر چوسنا شروع کردے ورنہ رات کو سات دس یا کم وبیش خشک آلو بخارے رات کو پانی میں بھگودیں صبح اس کا پانی چسکی چسکی پئیں اور آلو بخارے چوس لیں۔ اس کے علاوہ بھی کینسر کی قے ہو یا کسی اور بیماری کی قے ہو اور نہ رکتی ہو آلو بخارے کا چوسنا اور اس کا پانی پینا کسی طرح بھی استعمال اس کا ہر لحاظ سے مفید ہے۔

2۔ہائی بلڈ پریشر جتنا خطرناک ہو حاملہ کا ہو' یا عام کسی بھی دوا سے ختم نہ ہوتا ہو اور کم نہ ہوتا ہو بس آپ فوراً آلو بخارے کا استعمال اسی طرح چوسیں یا پانی میں بھگو کر کچھ عرصہ کیلئے آپ کو اس کا حیرت انگیز رزلٹ ملے گا۔

3۔جن لوگوں کو معدہ میں خرابی' تیزابیت اور السرہوان کیلئے آلو بخارے کا استعمال نہایت مفید ہے' ٹینشن' اینگزائٹی نفسیاتی الجھنیں' ذہنی دماغی تناؤ کھچاؤ اس کیلئے بھی آلو بخارا اور اس کا استعمال نہایت فائدہ مند ہے۔

4۔بچوں کی تقویت کیلئے موجودہ دور کے فاسٹ فوڈ کے نقصان کو بچانے کیلئے بیکری اور جھاگ دار مشروبات سافٹ ڈرنک بسکٹ ٹافیاں پاپڑ اس طرح کی جتنی بھی نقصان دہ چیزیں ہیں اگر آپ ان کے نقصانات کو سوفیصد ختم کرنا چاہتے ہیں اور نسلوں کو بچانا چاہتے ہیں خود بچنا چاہتے ہیں آپ فوراً آلو بخارے کا استعمال بچوں کو ضرور کروائیں تھوڑا کروائیں لیکن ان کو اس کا عادی بنائیں آپ کی گاڑی میں سفر میں کچن میں دسترخوان پر آلو بخارا آپ کھانے کے بعد کھانے سے پہلے وقتاً فوقتاً ضرور استعمال کیا کریں۔

وہ کیا دور تھا جب ہماری ہنڈیا میں اور کھانے پکانے کی ہر چیز میں آلو بخارے کا استعمال بہت ذوق شوق سے کیا جاتا تھا۔ نہ بلڈ پریشر ہوتا تھا' نہ ٹینشن ہوتی تھی' نہ بواسیر' نہ معدہ کا السر' نہ اعصابی کھچاؤ تناؤ' نہ نیند کی کمی اگر آپ چاہتے ہیں کہ یہ بیماریاں آپ کے کبھی قریب نہ آئیں اور ہیں تو دور ہوجائیں تو پھر اپنی ہنڈیا یا چاولوں میں یا سالن میں ثابت دھنیا' آلو بخارا اپنی نگرانی میں پسی ہوئی ہلدی (باہر کی ہرگز نہیں) کا استعمال چاہے تھوڑا ہو لیکن مسلسل ہو اور آپ کو اس کا بہت حیرت انگیز رزلٹ ملے گا۔ کیا خیال ہے آلو بخارا کتنا قیمتی ہے اور ہم نے اسے کتنا بے قیمت بنادیا اور رنگ برنگی رنگولیاں کھا کر اپنا حلیہ بگاڑ لیا۔

یقین جانیے میں نے جس کو بھی یہ ٹوٹکہ بتایا اس نے آلو بخارے کا استعمال شروع کیا کسی کا بلڈ پریشر ختم ہوگیا کسی کی قے اور متلی ختم ہوئی حاملہ عورتوں کو تو جن کو ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے اکثر ڈلیوری میں سرجری کا سامنا کرنا پڑتا ہے انہیں آلو بخارے کا استعمال پہلے دن سے تھوڑا تھوڑا شروع کرا ہی دیں اور وہ اسے ٹافی کی طرح چوستی رہیں۔ جو لوگ بلڈ پریشر کا خاتمہ چاہتے ہیں دماغی بوجھ اعصابی تناؤ کھچاؤ کو دور کرنا چاہتے ہیں انہیں میں آلو بخارے کے استعمال کا ضرور مشورہ دوں گا قارئین! میرا طب سے تعلق 1984ء سے ہے' اور آج 2017ء ڈوبنے کو ہے' میں نے آلو بخارے کو جگہ جگہ استعمال ہوتے دیکھا' اس کے اندر شفایابی کے کرشمات دیکھے اور صحت اور تندرستی کے راز آلو بخارے سے پھوٹتے دیکھے' ہر وہ شخص جو معدہ کا نظام بہتر رکھنا چاہتا ہے پیٹ بڑھے ہوئے کو کم کرنا چاہتا ہے بچوں اور فیملی کی صحت میں رنگ برنگی گولیاں انجکشن ٹیکے اور اس طرح کی بے شمار مہنگی ادویات سے چھٹکارا چاہتا ہے تو وہ اپنے عام استعمال میں اور ہنڈیا کے استعمال میں آلو بخارے کا وجود باقی رکھے قائم رکھے زندہ رکھے صحت اس کا ساتھ دے گی بیماری اس سے دور رہے گی آیئے! آج سے عزم کرتے ہیں۔

''وائٹ سیل'' بڑھانے کی مشین

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ کئی ماہ سے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں' اپنا ایک ذاتی مشاہدہ قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں:۔ میں کاروبار کے سلسلے میں بیرون ملک مقیم تھا' چند سال بعد واپس وطن لوٹا تو یہاں آتے ہی مجھے شدید بخار نے گھیر لیا' چند دنوں میں ہی میرے وائٹ سیل حیرت انگیز طور پر بہت زیادہ کم ہوگئے میں نے پپیتے کے پتے کا عرق ہر چار گھنٹے کے بعد استعمال کیا۔ اس کے علاوہ کھجور اور دودھ کا خوب استعمال کیا۔ چند دنوں میں ہی میرے وائٹ سیل بڑی تیزی سے بڑھنا شروع ہوگئے حتیٰ کہ ڈاکٹرز بھی حیران ہوگئے کہ اتنی تیزی سے وائٹ سیل کیسے بڑھ رہے ہیں تو میں نے انہیں پپیتے کے پتے' کھجور اور دودھ کے استعمال کے متعلق بتایا۔ الحمدللہ اللہ کریم نے ان غذاؤں کے ذریعے مجھے شدید تکلیف سے نجات عطا فرمائی۔(شاہد حسین' کراچی)

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

دل میں جگہ — وہ کسی اور کو پسند کرتا ہے — ناکام اور ٹھکرایا ہوا لڑکا — بے حد پریشان ہوں — میاں اور بیوی انوکھا معاملہ — بڑوں کی سنگین غلطی

دل میں جگہ: میں لوگوں کے خیالات سے واقف ہوجاتی ہوں' مجھے پتہ چل جاتا ہے کہ سامنے والا کیا کچھ سوچ رہا ہے' کوئی رشتہ دار گھر آئے یا ہم لوگ کہیں جائیں تو میں سچی بات منہ پر کہہ ڈالتی ہوں یہ کسی کو برداشت نہیں ہوتی۔ مثلاً ہم لوگ اپنی بہن کی منگنی کی مٹھائی دینے گئے تو کئی ملنے والوں نے لڑکے کے بارے میں مختلف قسم کے سوالات کیے۔ میں نے سمجھ لیا کہ یہ سب حسد کرنے والے لوگ ہیں۔ بہن نے بھی میری بات کا یقین کیا۔ ایک بات جواب میں محسوس کررہی ہوں وہ یہ ہے کہ میری سہیلیاں ساتھ چھوڑتی جارہی ہیں۔ خاندان کے لوگ بھی میری طرف دیکھ کر منہ بنا لیتے ہیں۔ (غ، سیالکوٹ)

مشورہ: کوئی انسان کسی دوسرے انسان کے دل کا حال نہیں جان سکتا۔ آپ نے جو اپنے بارے میں بیان کیا ہے وہ محض چہرے کے تاثرات دیکھ کر اندازہ لگانے والی بات ہے۔ یہ غلط بھی ہوسکتی ہے اسی لیے لوگ برا مان جاتے ہیں۔ اچھے تعلقات بنانا مشکل کام ہے۔ کھری کھری سنا کر اختلاف رائے پیدا کرلینا کوئی خوبی نہیں۔ حسد پر آپ خاموش رہیں بلکہ اگر کوئی تکلیف پہنچانے والی بات کہے بھی تو درگزر کردیں۔ دلوں میں جگہ بنانے کیلئے خود کو بہت زیادہ بدلنا ہوگا۔

ناکام اور ٹھکرایا ہوا لڑکا: میری منگنی پسند سے ہوئی تھی' ہم دونوں نے ساتھ رہنے کا وعدہ کیا تھا لیکن لڑکی مجھ سے کہتی تھی کہ میں ملک سے باہر چلا جاؤں' مگر یہ میرے بس میں نہ تھا۔ اس کا کزن کینیڈا چلا گیا تو اس نے مجھ سے منگنی ختم کرکے اس سے نکاح کرلیا۔ مجھے یوں لگا جیسے پوری دنیا مجھ پر ہنس رہی ہے۔ لڑکی سے تو نفرت ہوہی گئی اپنا آپ بھی برا لگنے لگا۔ میں ایک ناکام اور ٹھکرایا ہوا لڑکا ہوں۔ (کاشف' کراچی)

مشورہ: منگنی ختم ہونے کا مطلب زندگی میں ناکام ہونا ہرگز نہیں ہے۔ ذہنی پریشانی بڑھتی ہوئی محسوس ہوتو اپنے آپ سے اچھی بات کریں۔ تسلی نہ ہوتب بھی اچھے خیالات ذہن میں لانے نہ چھوڑیں۔ اگر کمرے میں کوئی نہ ہوتو آواز کے ساتھ اور اگر لوگوں میں موجود ہوں تو دل ہی دل میں دہرائیں۔ ''میں اب بھی بہترین خوبیوں اور صلاحیتوں کا مالک ہوں۔ میں کوشش جاری رکھوں گا۔ اپنے ملک میں بہت سے لوگ کامیاب اور بہترین زندگی گزار رہے ہیں۔ قسمت میں ہوا تو ملک سے باہر بھی چلا جاؤں گا۔''

وہ کسی اور کو پسند کرتا ہے: ایک روز میری دوست گھبرائی ہوئی آئی اور کہنے لگی اس کا شوہر دشمن ہوگیا ہے وہ کسی اور کو پسند کررہا ہے۔ اس لیے چاہتا ہے کہ مجھے جان سے مار ڈالے۔ میں نے اس کو فون پر کسی سے چپکے چپکے باتیں کرتے دیکھا ہے۔ میں پہلے تو اس کی ساری گفتگو سن کر سکتے میں آگئی۔ چند لمحوں تک کچھ سمجھ میں نہ آیا۔ پھر اس کے گھر فون کیا تو بہن کہنے لگی کہ ہم اس کی باتوں پر بہت پریشان ہیں ایسا کچھ بھی نہیں جو وہ کہہ رہی ہے۔ اس کے شوہر تو بہت اچھے ہیں۔ خواہ مخواہ شک کرتی ہے۔ وہ بیچارے تو خود اس کی باتوں پر پریشان ہیں' میں سوچ رہی ہوں یہ سب کیسے ہوگیا؟ (مائرہ واجد' لاہور)

مشورہ: دوستوں' رشتہ داروں اور اہل خانہ کیلئے انسان بہت حساس ہوتا ہے اسی لیے ان کی باتوں پر فوراً یقین بھی آجاتا ہے۔ کوئی بات برداشت سے بڑھ جائے اور گھر کا ماحول خراب ہونے کے ساتھ تعلقات بھی بگڑنے لگیں' رشتہ ٹوٹنے کا ڈر ہوتب غیر حقیقی باتوں پر بے حد پریشانی ہوتی ہے۔ دوست خواہ مخواہ شک نہیں کررہی بلکہ اس کی ذہنی صحت متاثر ہوئی ہے۔ شک وشبہ' بدگمانی' غصہ' بے جا خوف یہ سب ذہنی مرض کی علامات ہیں۔

بے حد پریشان ہوں: میرے بچے ایک اچھے سکول میں پڑھتے ہیں۔ بیٹے کے مسئلے پر فکر مند ہوں' اس کو ٹیچر کی ذرا سی بات برداشت نہیں۔ وہ ایک تھپڑ ماردیں تو بچے کا پیشاب نکل جاتا ہے۔ اپنی کرسی پر گر جاتا ہے تقریباً بے ہوشی طاری ہوجاتی ہے۔ مجھے اس کی کیفیت کا علم نہ ہوتا لیکن ایک روز اس کے والد نے غصے میں آکر اسے دھکا دیا جس پر وہ دیوار سے ٹکرایا اور اس کی آنکھیں اوپر کو چڑھ گئیں۔ چند منٹ بیہوشی طاری رہی۔ جب میں اس کو ڈاکٹر کے پاس لے کر گئی تو وہ بہتر ہو چکا تھا اس کی حالت پر میں بے حد پریشان ہوں۔ (ام اویس' پشاور)

مشورہ: بچے کو تھپڑ مارنا' دھکا دے دینا' اسے جسمانی یا ذہنی اذیت پہنچانا بڑوں کی سنگین غلطی ہے۔ بیٹے کا طبی اور نفسیاتی معائنہ ضروری ہے کیونکہ بے ہوشی اور آنکھوں کا اوپر چڑھ جانا' اس کے ساتھ پیشاب نکلنا وغیرہ ظاہر کررہا ہے کہ اس کو دورہ پڑ جاتا ہے۔ ویسے تو اس بیماری کی بہت سی اقسام ہیں' اور کئی روپ بھی لیں لیکن آپ نے بچے کی کیفیت سے ظاہر ہورہا ہے کہ بچپن میں اس کے دماغ پر چوٹ آئی ہے یا پیدائش سے پہلے کوئی مسئلہ رہا ہے۔ اب اس کے ساتھ سزا اور سختی والا سلوک نہ کریں بلکہ نرمی اور محبت سے تربیت اور اصلاح ہونی چاہیے۔

بھائی کی شادی: ہمارے بھائی کی شادی ایک خاتون نے بہت امیر لوگوں میں کروائی۔ ہم خود حیران تھے کہ ان لوگوں نے یہ رشتہ کس طرح قبول کرلیا؟ لڑکی شادی سے پہلے سے خاموش تھی۔ بھائی بھی پریشان تھے کہ اتنے بڑے لوگوں میں وہ کس طرح ملیں جلیں گے۔ بہرحال جو ہونا ہوتا ہے ہو کر رہتا ہے۔ اب بھابی اپنے گھر جاچکی ہیں وہ پہلے دن سے روتی رہتی تھیں' بھائی سے بات نہیں کرتیں' خود کو کمرے میں بند رکھتیں۔ ان کے والدین رابطہ کررہے ہیں کہ ہم لوگ ان سے ملیں اور لڑکی کو اپنے گھر لے آئیں۔ امی بھی پریشان ہیں کہ یہ سب کیا ہوا؟ بھائی کہتے ہیں انہوں نے بھابی کو کچھ نہیں کہا۔ شاید وہ ان کو اچھے نہیں لگتے یا ان کو ہمارا یہ چھوٹا سا گھر پسند نہیں آیا۔ (ریحانہ' لاہور)

مشورہ: یہاں میاں اور بیوی میں فاصلہ' امیری یا غریبی کے سبب معلوم نہیں ہورہا بلکہ لڑکی نفسیاتی مرض کا شکار معلوم ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کے گھر والے آپ لوگوں سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں۔ بھائی کو بھی ان سے ملنا چاہیے اور معلوم کریں کہ لڑکی کو سسرال میں رہنے میں کیا پریشانی ہے؟ ہوسکتا ہے کہ اب ان لوگوں نے اس کا علاج کروالیا ہو۔ اگر لڑکی کو ڈیپریشن ہے تو یہ قابل علاج مرض ہے۔ یہ لوگ اس قدر ٹھیک ہوجاتے ہیں کہ ان کے ساتھ معمول کے مطابق زندگی گزاری جاسکتی ہے۔ بہتر تو یہ ہوتا ہے کہ شادی سے پہلے ہی نفسیاتی یا جسمانی مرض کا شکار لڑکے یا لڑکی کا علاج کروالیا جائے کیونکہ شادی کی کامیابی کیلئے پہلی شرط زوجین کا ہوش وحواس میں ہونا ہے۔

مہینہ تو ختم ہوگا مگر راشن نہیں! چلیں آزمالیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس میرا آزمودہ عمل ہے جو میں عبقری قارئین کی نذر کررہی ہوں: جب بھی آپ کے گھر کا راشن آئے تو ہر چیز پر 14 حروف انگلی کی مدد سے لکھ لیا کریں' آپ دیکھیں گی کہ مہینہ تو ختم ہوجائے گا مگر آپ کے گھر کا راشن ان شاء اللہ باقی ہوگا۔ وہ چودہ نورانی حروف یہ ہیں: ا۔ح۔ص۔س۔ک۔ع۔ط۔ق۔ر۔ ھ۔ن۔م۔ل۔ی۔ (مہوش اسحاق' اسلام آباد)

دو آیات سات بار پڑھیں! قرضوں کے بوجھ سے خلاصی

عائشہ سعودی عرب حال مقیم لاہور

وہ میرے شوہر کے پاس آیا اور سپیئر پارٹ کا سامان انتہائی کم قیمت پر فروخت کر گیا اور میرے شوہر کے پاس رقم بھی کافی کم تھی تو اس نے کہا کہ باقی رقم میں آہستہ آہستہ بعد میں لے لوں گا‘ اس طرح اللہ پاک نے سبب بنایا اور ہماری دکان بھی بھر گئی

میں اپنے شوہر کے ساتھ سعودی عرب میں رہتی ہوں‘ میرے شوہر پیشے کے لحاظ سے ایک موٹر مکینک ہیں اور ان کی سعودیہ میں اپنی ورکشاپ ہے۔ جب میں نے پہلی مرتبہ حج کیا تھا تو میرے بچے چھوٹے تھے۔ میرے شوہر نے کہا کہ میری والدہ آئی ہوئی ہیں تم ان کے ساتھ حج کرلو میں بچوں کو سنبھال لوں گا۔ ہم اس وقت بہت زیادہ قرض دار تھے‘ اس چیز کا مجھے بہت زیادہ احساس تھا کہ ہم قرض کیسے ادا کریں گے۔ کسی نے ہمیں ’’سورۂ آل عمران‘‘ کی آیت نمبر 27،26 صبح فجر میں سات بار اور مغرب میں سات بار‘‘ پڑھنے کیلئے کہا تو میں نے یہ عمل پڑھنا شروع کر دیا‘ اللہ تعالیٰ نے کرم کیا اور عقل آج تک دنگ ہے‘ ہوا کچھ یوں کہ کوئی سعودی دکان ختم کر رہا تھا وہ میرے شوہر کے پاس آیا اور سپیئر پارٹ کا سامان انتہائی کم قیمت پر فروخت کر گیا اور میرے شوہر کے پاس رقم بھی کافی کم تھی تو اس نے کہا کہ باقی رقم میں آہستہ آہستہ بعد میں لے لوں گا‘ اس طرح اللہ پاک نے سبب بنایا اور ہماری دکان بھی بھر گئی اور کام میں بھی خوب برکت ہوئی‘ چند ماہ میں قرض بھی اتر گیا‘ میرے شوہر زکوٰۃ پابندی سے ادا کرتے ہیں اور کام بھی اللہ تعالیٰ کا شکر ہے بڑھا اور زکوٰۃ بھی زیادہ نکلنے لگی۔

میرے شوہر مجھ سے بہت محبت کرتے ہیں مگر ان میں ایک بری عادت تھی کہ وہ بہت زیادہ شکی اور غصے والے تھے جو کہ میرے لیے بہت زیادہ پریشانی کا سبب تھا‘ پھر مجھے ایک کتاب ملی۔ اس میں ایک وظیفہ لکھا تھا کہ ’’صرف جمعہ والے دن 3125 مرتبہ یَاوَدُوْدُ اول و آخر ایک سو مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں‘ پھر ہر نماز کے بعد صرف 21 مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھ کر دم کریں اور اس شخص کو تصور میں لا کر دم کر دیں‘‘ میں نے یہ وظیفہ کیا اور رو رو کر دعا کرتی تھی اور کچھ عرصہ ایک سال یا اس سے بھی کم تو میرے شوہر میں تبدیلی آنا شروع ہو گئی‘ میں نے اور شدت سے پڑھ کر دعائیں کرنا شروع کر دیں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر رحم کرم اور فضل کیا اور شوہر کا غصہ اور شک کم کیا ہوا ختم ہی ہو گیا۔

کئی اور خواتین کو یہی پریشانی تھی‘ میں نے ان کو بھی یہ بتایا جس نے بھی پابندی سے کیا ان کے حالات میں نمایاں تبدیلی آئی اور سال بعد ہی مجھے تبدیلی کے بارے میں بتایا۔ ایک سعودی لڑکی کو بھی بتایا پر اس نے پابندی سے نہیں کیا اس کو کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ جب میرے بچے بڑے ہوئے تو پڑھائی کا مسئلہ ہوا‘ یعنی آج سے سولہ سترہ سال پہلے تو سعودی عرب میں رہائش‘ گاڑی کے کام اور دیگر کاغذات ہمارے لیے مسئلہ بن گئے تھے۔ پریشانی میں ایک ٹیچر نے مجھے یہ وظیفہ بتایا انہوں نے کہا کہ اگر یہ وظیفہ حرم کعبہ میں بیٹھ کر شروع کریں تو زبردست رہے گا۔ وظیفہ درج ذیل ہے: ’’دو نفل حاجت پڑھنے کے بعد اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پھر آیت کریمہ 300 مرتبہ یَاعَزِیْزُ سو مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ 100 مرتبہ یَالَطِیْفُ 630 مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ 100 مرتبہ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ 36 مرتبہ اور پھر سجدے میں گڑگڑا کر دعا کریں اور کام ہونے تک کریں‘ ہر روز ایک مقررہ وقت پر کریں‘ انہوں نے کہا تھا کہ جب تک کام نہ ہو جائے یہ وظیفہ آگے نہ بتائیں۔ میں نے یہ وظیفہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے ہر کام کے راستے کھول دیئے۔ بچوں کی پڑھائی کے لیے ہر سال پاکستان جانے لگے اس سے پہلے یہ حال تھا کہ والدین سے ملنے ہم چھ سال بعد پاکستان گئے تھے‘ اب اللہ کے فضل سے ہر سال تین ماہ کی چھٹیاں سعودیہ میں گزار کر پاکستان جاتے ہیں۔ میرے شوہر بہت محنتی انسان ہیں‘ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے رزق حلال میسر ہے‘ مکینک ہیں ساتھ سپیئر پارٹس کا کام ہے‘ ان وظائف کی برکت سے اللہ نے خوب کرم کیا ہوا ہے۔ میں یہ درج بالا وظائف لوگوں کو سعودیہ میں اور پاکستان میں بھی اکثر بتاتی رہتی ہوں جو بھی یقین توجہ کے ساتھ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بگڑے کام سنوار دیتا ہے اور جو لاپرواہی برتتے ہیں وہ اکثر شکایتیں ہی کرتے نظر آتے ہیں۔

گھریلو مسائل کا انسائیکلو پیڈیا

نظر 3 پوائنٹ سے زیرو پوائنٹ ہوگئی

میری نظر تین پوائنٹ کم تھی اور میں چشمہ لگاتی تھی تو ہمارے مدرسہ کے استاد صاحب سلیم اللہ جو ہمارے مدرسہ میں پڑھاتے ہیں ہمیں انہوں نے بتایا کہ حکیم صاحب کا فرمایا ہوا وظیفہ ہے جو حکیم صاحب نے استاد صاحب کو بتایا تھا۔ استاد صاحب نے فرمایا جو بھی اس کو جس پریشانی کے لیے پڑھے گا اس کا مسئلہ حل ہو جائے گا تو میں بھی بہت پریشان تھی اور دن بدن نظر کم ہو رہی تھی ہر مرتبہ ڈاکٹر کو دکھاتی تو وہ تین پوائنٹ کا چشمہ دیتے اور ڈراپس دیتے میں ڈالتی لیکن کوئی فرق نہیں پڑتا تو میں نے سب کچھ چھوڑ کر جو قرآن پاک میں طاقت دیکھی وہ کسی چیز میں نہیں دیکھی اب تو الحمدللہ جتنی طاقت میں نے قرآن پاک میں دیکھی اتنا میرا یقین بڑھ گیا اور اب جو پریشانی ہوتی ہے قرآن پاک ہی کی طرف جاتے ہیں اور میں نے قرآن پاک سے سورۂ توبہ کی آیت حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (توبہ ۱۲۹)۔ پڑھی نظر کیلئے تو اب میری نظر تین پوائنٹ سے ہٹ کر زیرو پوائنٹ ہوگئی اور میری اتنی بڑی پریشانی ختم ہوگئی اور میری خوشی کی کوئی انتہا نہیں رہی۔ طریقہ عمل اس طرح تھا کہ روزانہ ایک تسبیح پڑھ کر آنکھوں میں دم کر دیتی تقریباً چار ماہ ہی گزر نہ پائے تھے تو میں نے نظر چیک کروائی اور خوشی کی خبر مل گئی۔

گھٹنوں کے درد کیلئے: گھٹنوں کے درد کتنا ہی شدید کیوں نہ ہو۔ یہاں تک کے چلنا پھرنا ختم ہو گیا ہو۔ درج ذیل نسخہ ہر قسم کے گھٹنوں کے درد کیلئے تیر بہدف ہے۔ ھوالشافی: ایک پاؤ نر گھنڈا کچور کا لیں اس کو پیس کر دو پہر کی روٹی کے آدھے گھنٹے کے بعد اگر مریض بوڑھا ہو تو مقدار تین گرام اگر جوان ہو تو چھ گرام دیں‘ تین ماہ مسلسل کھانی ہے اور ساتھ معدے کی دوائی استعمال ضرور کریں‘ اس سے معدے پر ذرا فرق پڑتا ہے۔ (عبقری جلد نمبر 8)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

گھریلو ناچاقیوں‘ رزق کی تنگی‘ پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

محمد غزوان، محمد وردان، فاطمہ، شاہدرہ

چار چور اور ایک بادشاہ! انوکھی چوری، انوکھی سزا

کتا ٹھیک ہی کہہ رہا تھا کہ ان پانچوں میں ایک بادشاہ ہے یہ جو تخت پہ بیٹھا ہے رات کو یہی ہمارا ساتھی تھا، دوسرا چور اس کی بات سن کر کہنے لگا: ارے احمق! کیا بکواس کرتے ہو رات کو تم نے ایک کتے کی بات پہ یقین کرکے چور کو بادشاہ بنا دیا اب تم بادشاہ کو چور کہہ رہے ہو لگتا ہے تمہاری عقل ماری گئی ہے

سلطان محمود غزنوی اپنی رعایا کا بہت خیال رکھتا تھا اس کی عادت تھی کہ وہ راتوں کو بھیس بدل کر شہر کی گلیوں میں جائزہ لیتا کہ رعایا کس حال میں ہے ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ سلطان محمود غزنوی اپنے معمول کے مطابق بھیس کر شہر میں پھر رہا تھا کہ اسے ایک جگہ پر چند افراد اکٹھے جاتے ہوئے دکھائی دیئے جو کسی جگہ چوری کرنے کی نیت سے جارہے تھے۔

سلطان محمود غزنوی کو اپنی طرف آتا دیکھ کر چور خوفزدہ ہوگئے کہ یہ آدھی رات کے وقت کون اس طرف آرہا ہے چونکہ انہوں نے سلطان کو بالکل نہیں پہچانا تھا اس لیے کہنے لگے تم کون ہو؟ سلطان نے کہا میں بھی تمہاری طرح کا ایک آدمی ہوں، چوروں نے سمجھا کہ شاید یہ بھی ہماری طرح کا کوئی چور ہی ہے جو آدھی رات کے بعد چوری کی نیت سے نکلا ہے چنانچہ انہوں نے اطمینان کا سانس لیا۔ سلطان محمود غزنوی نے ان سے کہا تنی رات گئے تم کس ارادے سے پھر رہے ہو؟ وہ کہنے لگے اسی ارادے سے جس ارادے سے تم پھر رہے ہو یعنی چوری کی نیت سے۔ سلطان نے کہا اگر چوری ہی کرنی ہے تو پھر کسی ایسی جگہ کرو جہاں سے اس قدر دولت ہاتھ لگ جائے جو ساری عمر کیلئے ہمیں کافی ہو اور پھر کبھی چوری کرنے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔ میرا مشورہ ہے کہ شاہی محل لوٹتے ہیں جہاں سے ہمیں بہت بڑا خزانہ ہاتھ لگ سکتا ہے۔ چوروں نے سنا تو بہت خوش ہوئے اور سلطان کی جرأت و بہادری پر اش اش کر اٹھے اور کہا واہ بھئی واہ تم تو بڑے بہادر اور جرأت مند ہو کیونکہ شاہی محل میں چوری کرنا بڑی ہمت اور حوصلے کا کام ہے اور تم اس بات کو کرنے میں ذرا بھی نہیں گھبرائے ہم تمہیں آج سے اپنا سردار مانتے ہیں تم جو حکم دو گے ہم اس کی اطاعت کریں گے۔ لیکن جو کام تم نے شاہی محل والا بتایا ہے وہ بڑا مشکل ہے۔ سلطان نے کہا میرے ہوتے ہوئے تم ذرا نہ گھبراؤ اب تیاری پکڑو اس مقصد کیلئے پہلے ہم ایک منصوبہ بنا لیتے ہیں تاکہ آسانی رہے ہم میں سے ہر ایک اپنا اپنا کمال بیان کرے کہ وہ کس خصوصی خوبی کا مالک ہے۔ ان سب نے باری باری اپنا اپنا کمال بتانا شروع کیا کہ ایک چور کہا کہ میں یہ کمال رکھتا ہوں کہ جس جگہ خزانہ رکھا گیا ہو مجھے اس جگہ کی مٹی سے خزانے کی خوشبو آجاتی ہے۔ دوسرا چور کہنے لگا مجھے یہ کمال حاصل ہے کہ اگر سخت اندھیری رات میں بھی کسی کو ایک مرتبہ دیکھ لوں تو پھر اس کی شکل کبھی نہیں بھولتا اور دن کی روشنی میں بغیر کسی مشکل کے اسے شناخت کرلیتا ہوں۔ تیسرے چور نے کہا میں یہ خصوصی کمال رکھتا ہوں کہ مجھے کتے کی زبان سمجھ آتی ہے۔ چوتھا چور بولا: مجھے یہ کمال حاصل ہے کہ چاہے محل کی دیوار کتنی اونچی ہو اگر میں کمند پھینکوں تو وہ فوراً دیوار کے اوپر جاکر فٹ ہوجاتی ہے جس کے باعث ہم آسانی کے ساتھ محل کے اندر پہنچ سکتے ہیں۔ اب چور کہنے لگے: سردار! اب تم اپنا کمال بتاؤ، سلطان بولا: مجھ میں یہ خوبی ہے کہ اگر مجرم گرفتار ہوں اور ان کو موت کی سزا کا حکم ہو پھر جلاد ان کی گردنیں اتارنے کیلئے تختہ دار پر بھی لے آئے تو عین اس موقع پر اگر میں اپنی ڈاڑھی ہلا دوں تو مجرم اسی وقت قید سے چھوٹ جائیں اور ان کی جان بخشی ہوجائے۔ سب چور یہ سن کر بڑے حیران ہوئے اور کہا اس کمال کے ہوتے ہوئے تو ہمیں ذرا بھی ڈر محسوس نہیں کرنا چاہیے اس کے بعد وہ سب شاہی محل کی طرف چوری کے ارادے سے چل پڑے کہ راستے میں ایک کتا ان کی طرف دیکھ کر بھونکا چور نے بتایا کہ ساتھیو! کتے نے جو کچھ کہا ہے اسے سن کر تو میں بھی بڑا حیران ہورہا ہوں اگر تم سنو تمہیں یقین ہی نہ آئے باقی چوروں کو بھی تجسس ہوا کہنے لگا بتاؤ تو سہی کتا کیا کہہ رہا ہے؟ وہ بولا کتا کہہ رہا ہے کہ ان پانچوں میں سے ایک بادشاہ ہے، یہ سن کر سب ہنسنے لگے اور بولے یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ ہم میں سے ایک بادشاہ ہے۔ وہ چور کہنے لگا بے شک تم اس بات پر ہنسو لیکن کتا یہی کہہ رہا ہے۔ ان سب نے اپنے دل کو تسلی دینے اور بات کو اپنے مطلب کے مطابق سمجھتے ہوئے کہا کہ کتے کے کہنے کا مطلب ہے کہ یہ پانچوں شاہی خزانہ لوٹنے جارہے ہیں پانچوں بادشاہ ہوں گے۔ یہی باتیں کرتے ہوئے وہ شاہی محل پہنچ گئے اب کمند ڈالنے والے چور نے اپنا کمال دکھایا۔ اس چور نے ایک ہی بار جو کمند پھینکی تو وہ محل کی دیوار کے اوپر جا لگی اس کے بعد سب باری باری دیوار پار کرگئے۔ اب خزانہ سونگھنے والے چور کی باری تھی چنانچہ اس نے اپنا کمال دکھایا اور سب نے مل کر وہاں سے خزانہ نکال لیا اور جس راستے سے آئے تھے اسی راستے سے خزانہ لے کر باہر نکل آئے ابھی صبح نہیں ہوئی تھی اور رات کا اندھیرا باقی تھا وہ فوراً شہر کی حدود سے باہر نکلے اور ایک جنگل میں بیٹھ کر خزانہ تقسیم کرنے کا پروگرام بنایا۔

مگر سردار نے کہا کہ ابھی ہم خزانہ یہاں دفن کردیتے ہیں جب سپاہی خزانہ کی تلاش میں ناکام ہوں گے تو نکال کر تقسیم کرلیں گے۔ جب خزانہ دفن کرکے سب گھروں کو جانے لگے تو سردار نے سب سے ان کے گھروں کے ایڈریس لے لیے تاکہ ڈھونڈنے میں آسانی ہو۔ سلطان اپنے محل واپس آگیا، صبح اچانک شور اٹھا کہ شاہی خزانہ لوٹ لیا گیا، فوری طور پر سپاہی چوروں کی تلاش میں بھاگے۔ سلطان نے سپاہیوں کے سربراہ کو چاروں چوروں کے نام اور پتہ بتائے اور انہیں گرفتار کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ سپاہی فوراً چاروں کو پکڑ لائے۔ چور حیران کہ آخر انہیں ہمارا پتہ کیسے ملا؟ ہماری مخبری کیسے ہوئی، آخر ہمارا سردار کہاں ہے؟ خزانہ کی چوری کے جرم میں انہیں سزائے موت کا حکم سنایا گیا۔ یہ حکم سن کر ان کے اوسان خطا ہوگئے، آپس میں کہنے لگے: ہمارا سردار ہوتا تو ایسے وقت میں اپنا کمال دکھاتا، افسوس ہمارا سردار نہیں پکڑا گیا۔ اب تو وہ خود ہی اکیلا خزانہ پر قبضہ جمالے گا۔ جب انہیں تختہ دار پر لے جایا جانے لگا تو حکم ملا کہ چوروں کو سلطان کے سامنے لایا جائے اگر وہ کوئی آخری خواہش کرنا چاہیں تو مرنے سے پہلی پوری کی جاسکے۔ جب چور سلطان کے سامنے پیش کیے گئے تو سلطان محمود غزنوی پورے شاہی لباس میں تھا، چاروں چور نظریں جھکائے کھڑے تھے، اچانک اس چور کی نظر سلطان پر پڑی جو اندھیری رات یں بھی ایک بار دیکھی ہوئی شکل کبھی نہیں بھولتا تھا اور دن میں شناخت کرنا کوئی مشکل نہ تھا۔ اس نے پہچان لیا کہ تخت پر جو شخصیت جلوہ افروز ہے وہی رات کے وقت ہمارا ساتھی تھا۔ اس نے آہستہ سے اپنے ساتھی چور کے کان میں کہا اے دوست! رات کو کتے کی کہی ہوئی بات اب سمجھ آئی ہے، کتا ٹھیک ہی کہہ رہا تھا کہ ان پانچوں میں ایک بادشاہ ہے یہ جو تخت پر بیٹھا ہے رات کو یہی ہمارا ساتھی تھا، دوسرا چور اس کی بات سن کر کہنے لگا: ارے احمق! کیا بکواس کرتے ہو رات کو تم نے ایک کتے کی بات پر یقین کرکے چور کو بادشاہ بنا دیا اب تم بادشاہ کو چور کہہ رہے ہو لگتا ہے تمہاری عقل ماری گئی ہے تم اپنے ہوش میں نہیں ہو۔ سلطان محمود غزنوی نے ان کی آپس میں کھسر پھسر سن رہا تھا بولا تم لوگوں نے کیا کھسر پھسر لگا رکھی ہے جس چور نے بادشاہ کو پہچان لیا تھا فوراً چند قدم آگے بڑھا اپنے ہاتھ باندھ کر بولا۔ اے ہمارے سردار! ہم سب نے اپنا اپنا کمال دکھا دیا، اب تم اپنی ڈاڑھی ہلاؤ اور ہمیں موت کے منہ سے بچاؤ۔ سلطان اس چور کی بات سن کر ہنس پڑا اور کہا واہ بھی واہ! تم نے مجھے پہچان لیا اور اپنا کمال دکھا دیا اب میں اپنا کمال دکھاتا ہوں اور اپنی ڈاڑھی کو ہلاتا ہوں، جاؤ تم سب آزاد ہو، چوروں نے اپنی رہائی کا حکم سنا تو بڑے متاثر ہوئے اور اسی وقت سلطان کے قدموں میں گر کر معافی مانگی اور آئندہ چوری سے توبہ کی اور ہمیشہ کیلئے نیکی کا راستہ اختیار کرنے کا سچا وعدہ کرکے شاہی دربار سے رخصت ہوگئے۔

حبیب بلوچ گوجرانوالہ

قسط نمبر 4

بلی کتے اور ناگ کی شکل میں سامنے آنے والے جنات

ریٹائرڈ آرمی آفیسر' آرمی ایجوکیشن کالج میں سنٹر ایس ایم آرمی پبلک سکول اور مردان کالج میں پرنسپل۔ گریشن اکیڈمی گوجرانوالہ میں ایڈمن آفیسر رہے۔ ان کے ذاتی اور خاندانی چشم دید پراسرار و حیران کن جنات کے ساتھ گزرے سچے واقعات' قسط وار قارئین کی نذر۔

میرے ایک دوست ہیں جو کے مقامی مسجد میں امامت کے فرائض سرانجام دیتے تھے' ان کی رہائش مسجد سے کچھ فاصلہ پر تھی' ایک دن مجھے انتہائی پریشانی کے عالم میں بتانے لگے کہ میں بہت زیادہ پریشان ہوں' فجر کی نماز کیلئے جب گھر سے نکلتا ہوں تو راستہ میں ایک انتہائی کالا سیاہ ناگ راستے میں پھن پھلائے کھڑا ہوتا ہے اور اسی طرح جب عشاء کی نماز پڑھا کر واپس گھر کو روانہ ہوتا ہوں تو راستے میں وہی ناگ پھن پھیلائے کھڑا مجھے ڈرا رہا ہوتا ہے۔ گھر میں بھی کئی مرتبہ چارپائی کے نیچے سانپ ہوتے ہیں' میں نے کئی سانپوں پر ڈنڈے برسائے ہیں بعض تو مرجاتے ہیں اور بعض فرار ہونے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔ پھر مزید بتانے لگے کہ ایک مرتبہ تو میں غسل خانہ میں نہا رہا تھا جب باہر نکلنے لگا تو دروازہ کے درمیان ہی وہی کالا ناگ پھن پھیلائے کھڑا تھا' میں نے غسل خانہ کے اندر سے اہلیہ کو آوازیں لگانا شروع کردیں کہ ڈنڈا لے کر آؤ' میرے سامنے ناگ کھڑا ہے' وہ ڈنڈا لے کر آئی اور دور سے ہی مجھے پکڑا دیا' میں نے جب اس کو مارنے کی کوشش میں ڈنڈا ہوا میں اٹھایا ہی تھا کہ وہ نیچے سے یکدم غائب ہوگیا اور میں حیران و پریشان وہی کھڑا سوچتا رہ گیا کہ یہ ہوکیا گیا؟

اسی طرح ایک بلی اور کتا بھی گلی میں پھرتے رہتے ہیں' میں نے مشورہ دیا کہ کسی عامل سے مل کر معلوم کرائیں کہ ماجرا کیا ہے؟ وہ ایک عامل کے پاس گئے اور پورا ماجرہ سنایا' اس عامل نے کہا کہ آنکھیں بند کرکے بیٹھ جاؤ' تھوڑی دیر بعد عامل نے کہا کہ آنکھیں کھولو اور پیچھے دیکھو' اس نے پیچھے دیکھا تو وہی کتا اور بلی جو گلی میں پھرتے تھے' ٹھیک میرے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے' پھر کچھ دیر کے بعد مجھے عامل نے کہا کہ سامنے دیکھو' جب میں نے سامنے دیکھا تو دو آدمی بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ وہی جنات تھے جو بلی' کتے اور ناگ کی شکل میں مجھے نظر آتے تھے۔

عامل نے ان سے پوچھا تم انسانوں کو کیوں تنگ کرتے ہو اور اس شخص پر کیوں مسلط ہو۔ انہوں نے بتایا کہ ہمیں زبردستی اس پر مسلط کیا گیا ہے۔ مہربانی فرما کر ہمیں آزادی دلوا دیں۔ ہم اس شخص کو نقصان نہیں پہنچانا چاہتے۔ اس عامل نے عمل کیا پھر وہ جنات چلے گئے اور اس شخص کے گھر نہ کبھی سانپ نکلا نہ ہی کبھی گلی میں ناگ نظر آیا اور نہ ہی وہ مخصوص قسم کی بلی اور کتا نظر آئے۔ اسی طرح کا ایک اور واقعہ ہے ایک مریضہ ٹیلیفون پر مجھ سے اپنا علاج معالجہ کرواتی تھی' اس پر جنات کا سایہ تھا' ٹیلی فون پر جن خود مجھ سے بات کرنے لگ جاتا اور کہتا کہ مجھے اس خاتون پر مسلط کیا گیا ہے میں خود آزاد ہونا چاہتا ہوں' آپ اس خاتون کو چھوڑیں میری مدد کریں' میں خود بہت زیادہ پریشان اور اذیت میں ہوں' میں نے اس خاتون کو حضرت حکیم صاحب کے پاس دفتر ماہنامہ عبقری بھیجا' وہاں سے اس نے علاج کروایا تو کچھ عرصہ کے بعد وہ جن آزاد ہوگیا اور خاتون بھی پرسکون ہوگئی۔ اب وہ خاتون بالکل ٹھیک ٹھاک ہے اور اچھی ازدواجی زندگی گزار رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو شریر جنات و انسان کے شر سے محفوظ فرمائے۔ آمین! (جاری ہے)

انتہائی اچھے' آسان اور آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری شمارہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس رسالے میں بہت اچھے اچھے ٹوٹکے اور وظائف ہوتے ہیں جن سے ہماری پریشانیاں اور بیماریاں دونوں دور ہورہی ہیں۔ میں عبقری میں آئے ٹوٹکے بہت سی خواتین کو بھی بتاتی ہوں جنہیں بہت فائدہ ہوتا ہے۔ میں کچھ ٹوٹکے اپنی امی کے آزمودہ بھیج رہی ہوں۔ یقیناً قارئین کو بھرپور فائدہ ہوگا۔ **پیٹ کا ہر مسئلہ حل:** انار دانہ اور زیرہ سفید آدھا آدھا چمچ ثابت نگل لیں' پیٹ کا کوئی مسئلہ ہو فوری حل ہوجاتا ہے۔ **موشن اور مروڑ:** پیٹ میں مروڑ اٹھ رہے ہوں اور ساتھ موشن بھی لگے ہوں تو سیون اپ کی بوتل میں اسپغول کی بھوسی تھوڑی سی ڈال کر پی لیں۔ اس ٹوٹکہ سے آرام آجاتا ہے۔ **نزلے زکام اور دماغی کمزوری کا علاج:** بادام اور خشخاش پانی میں دو سے تین گھنٹے بھگو دیں' صبح اٹھ کر کونڈی میں ایک کپ دودھ ڈال کر پیس لیں۔ دودھ' بادام' خشخاش جو پیسا ہو اس میں دیسی گھی کا ایک چمچ گرم گرم ڈال دیں۔ تڑکہ سا لگ جائے گا۔ چینی ڈال کر روزانہ رات کو پی لیں۔ محترم حضرت حکیم صاحب میرا نام رسالہ عبقری میں شائع مت کیجئے گا۔ (پوشیدہ)

آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے محبت ہے تو درود پڑھ

طٰہٰ جلیل
فیصل آباد

علامہ زرقانی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مواہب میں نقل کیا ہے کہ درود شریف سے مقصود اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کے حکم کی تعمیل سے تقرب حاصل کرنا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حقوق جو ہم پر ہیں ان میں سے کچھ کی ادائیگی ہے۔ علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا اہل سنت ہونے کی علامت ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو آدمی مجھ پر میری قبر کے قریب درود بھیجتا ہے میں اس کو خود سنتا ہوں اور جو دور سے درود بھیجتا ہے وہ مجھ تک پہنچا دیا جاتا ہے۔ (مشکوٰۃ شریف)۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا جس کے سامنے میرا ذکر ہو اس کو چاہیے کہ مجھ پر درود بھیجے اور جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجیں گے اور اس کی دس خطائیں معاف فرمائیں گے اور اس کے دس درجات بلند فرمائیں گے۔ (نسائی)۔ ایک دفعہ حضرت جبرائیل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: بدبخت ہے وہ شخص جس کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ذکر مبارک ہوا اور اس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود و سلام نہ بھیجا ہو تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ''آمین!'' (بخاری شریف)۔ صحابہ اکرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے ایک مرتبہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود کن الفاظ میں پڑھا جائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس طرح درود پڑھا کرو۔ اللّٰھم صل علی محمد۔۔۔۔۔۔۔ الخ (آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے درود ابراہیمی پڑھ کر سنایا جو نماز میں پڑھا جاتا ہے) (بخاری شریف) متوسط درود شریف یہ ہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ اور سب سے چھوٹا درود شریف یہ ہے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔ اس کے علاوہ جو بھی درود شریف پڑھا جائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ بابرکت ہوگا۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھ پر درود پڑھنا پل صراط پر گزرنے کے وقت نور ہوگا اور جو آدمی جمعہ کے دن مجھ پر اسی مرتبہ درود بھیجے گا اس کے اسی سال کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔ ''سخاوی''۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو آدمی صبح و شام مجھ پر دس دس مرتبہ درود شریف پڑھے اس کو قیامت کے دن میری شفاعت پہنچ کر رہے گی۔ ''طبرانی''۔ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

بلغمی بخار سے نجات: بلغمی بخار میں دارچینی چھ ماشے' میتھی چھ ماشے' چھوہارہ ایک تولہ اور دودھ ڈیڑھ پاؤ میں ابال کر پلانے سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔

جانوروں کو روٹی ڈالنے کا اجر اللہ نے دنیا میں دکھا دیا

قرآن حفظ کر رہا تھا چند لوگ آئے کہ فلاں باباجی کی حالت بہت خراب ہے' ان کی جان نہیں نکل رہی تو آپ لوگ ہمارے ساتھ چل کر ان کے لیے کچھ پڑھیں کہ اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائیں میں اور میرے استاد صاحبان گئے ہم نے وہاں پر اس شخص کے پاس بیٹھ کر سورۂ یٰسین شریف پڑھی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ واقعہ میرے ابو کو ان کے ایک دوست نے سنایا ہے وہ ایک نیک اور بزرگ انسان ہیں حافظ قرآن اور افغانستان کے باشندے ہیں۔ یہ واقعہ ان کے لڑکپن کا ہے۔ ان ہی کی زبانی سنتے ہیں:۔

ہمارے گاؤں کے لوگ غریب کسان تھے' وہ کھیتی باڑی سے اپنا گزارہ کرتے تھے' گاؤں میں ایک چھوٹی سی دکان تھی' لوگ اپنا غلہ لے کر اس دکان دار کے پاس جاتے وہ ان سے غلہ لیتا اور پیسے دے دیتا۔ وہ دکان دار غلے کو تولتا نہیں تھا بلکہ تولے بغیر ہی چند روپے بندے کے ہاتھ پر رکھ دیتا' لوگ بے چارے کچھ کہہ نہیں پاتے کیونکہ انہیں پیسے چاہیے ہوتے اور اگر بچے ان کے پاس جاتے تو ان سے غلہ لے کر چند میٹھی گولیاں دے دیتا۔ اس کی ایک عادت تھی' وہ دوپہر کے وقت گھر سے تازہ روٹیاں لے کر پہاڑوں میں جاتا اور وہاں جو بیمار کتے' کتیا یا ان کے چھوٹے بچے ہوتے ان کو وہ روٹیاں ڈال کر آتا اور جس کتیا کے بچے چھوٹے ہوتے ان کیلئے وہاں چھوٹے کمرے بناتا تاکہ وہ سردی سے بچ سکیں۔ پھر وہ شخص بوڑھا ہوگیا اور پھر اس کی موت کا وقت آیا اس وقت میں مدرسے میں قرآن حفظ کر رہا تھا چند لوگ آئے کہ فلاں باباجی کی حالت بہت خراب ہے' ان کی جان نہیں نکل رہی تو آپ لوگ ہمارے ساتھ چل کر ان کے لیے کچھ پڑھیں کہ اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائیں میں اور میرے استاد صاحبان گئے ہم نے وہاں پر اس شخص کے پاس بیٹھ کر سورۂ یٰسین شریف پڑھی' (شاید انہوں نے یٰسین کا ختم کیا تھا) یا جو بھی پڑھا تو ان کی جان نکل گئی اچانک مجھے اونگھ آ گئی اور میں نے دیکھا کہ ہزاروں کی تعداد میں بھڑیں اور ذنبوریاں آ رہی ہیں اور اس کی لاش سے چمٹ گئی ہیں اور دیکھتے ہی دیکھتے ان بھڑوں نے اس کی لاش کو ختم کر دیا ایک دم سے خوفزدہ ہو کر میں اٹھ بیٹھا' میں نے اپنے استاد کو یہ خواب سنایا تو انہوں نے جنازہ پڑھانے سے پہلے لوگوں سے ایک درخواست کی' اے لوگو! یہ شخص مسلمان ہے اور ہمارے گاؤں کا ہے آپ لوگوں کا حق کھا چکا ہے مگر اب آپ لوگ محض اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے اس کو معاف کر دیں اگر اس کو عذاب ہوگا تو آپ کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا' ہوسکتا ہے اس کو معاف کرنے سے ہم سب کی بھی مغفرت ہو جائے' تو لوگوں نے کہا ہم نے اپنا حق اس کو معاف کیا' ہم نے اس کی ہر زیادتی کو معاف کیا' مجھے یقین ہے اللہ تعالیٰ نے بھی اس کو معاف کر دیا ہوگا۔ اسے ان مظلوم جانوروں کی دعا لگ گئی کہ اللہ نے اس کے اتنے سنگین جرم کو بھی معاف کرنے کا انتظام کر دیا۔ اللہ تعالیٰ اتنا کریم ہے کہ وہ اپنے بندوں کو بخشنے کے بہانے ڈھونڈتا ہے۔ اللہ ہمیں ہدایت دے۔ آمین! مزید ایک سچا واقعہ قارئین عبقری کیلئے پیش کر رہی ہوں:۔

جو کسی کا بھلا کرتا ہے اس کا بُرا کبھی نہیں ہوتا

کہیں پڑھا تھا کہ ''حسد ایسا زہر ہے جسے لوگ پیتے خود ہیں لیکن اس سے مرنے کی امید دوسروں کی کرتے ہیں'' آج کل تو لوگ حسد میں آ کر دوسروں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچاتے ہیں' لوگ اپنے محسن و ممنون کو بھی معاف نہیں کرتے یہ جو واقعہ میں لکھ رہی ہوں یہ بالکل سچا ہے اور ان صاحب نے خود میرے بھائی کو سنایا ہے۔ ہمارے پڑوس میں کچھ لوگ رہتے ہیں ایک بھائی جوانی میں بجلی کے کرنٹ سے جاں بحق ہو گئے تھے ان کے بچے یتیم ہو گئے تھے پھر ماں نے دوسری شادی کر لی' یہ لڑکے مزدوری کی تلاش میں بڑے شہر چلے گئے اور وہاں محنت مزدوری کرتے رہے' آج اس شہر میں ان کا اپنا ٹھیک ٹھاک کاروبار ہے۔ انہوں نے چند سال پہلے اپنے چند غریب رشتہ داروں کو بھی اپنی ہاں ملازمت دی اور انہیں بھی یہ کام سکھانا شروع کر دیا۔ یہ غریب رشتہ دار ان کے ساتھ کام کرتے رہے' کام کرتے ہوئے دولت کی ریل پیل خوب دیکھی اور ان کے دل میں حسد پیدا ہو گیا کہ یہ لوگ اتنے آگے نکل گئے اور ہم ان کے ہاں مزدوری کر رہے ہیں' ان غریب رشتہ داروں نے ایک مرتبہ ان صاحب کو اپنے ہاں کھانے کی دعوت دی اور کھانے میں انہیں ایسی چیزیں کھلا دیں جس کے ذریعے ان پر جادو کیا گیا تھا' انہوں نے بتایا کہ جونہی میں نے کھانے کے دو نوالے لیے مجھے یوں لگا جیسے میں نے دہکتی ہوئی آگ اپنے اندر اتار لی ہو میرے اندر آگ لگ گئی تو میں نے ایک دم اپنے سامنے رکھا ہوا شربت کا گلاس اٹھا لیا جب اس کو پیا تو یوں لگا جیسے میں تیزاب پی رہا ہوں' گلاس کے پیندے میں رنگین دھاگے پڑے ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ساری رات میں تڑپتا رہا اور پھر چند دنوں بعد مجھے ان دیکھی مخلوق سے مار پڑنے لگی' میں آیۃ الکرسی پڑھتا' قرآنی آیات' مسنون دعائیں پڑھتا تو اور زیادہ مارتے' مجھے ایسے لگتا کہ جیسے میرا سارا جسم چورا چورا ہو گیا ہو' میری دکان کے اندر لوہے کی بڑی بڑی چیزیں پڑی ہوئیں تھیں وہ مجھے ان چیزوں سے مارتے' ایک دن انہوں نے مجھے اتنا مارا مجھے لگا آج یہ لوگ مجھے جان سے مار دیں گے' تو میں وہاں سے بھاگا' میں آگے آگے اور یہ چیزیں میرے پیچھے پیچھے' لوگ مجھے حیرت سے دیکھتے اس کو کیا ہو گیا یہ کیوں پاگلوں کی طرح بھاگ رہا ہے؟ میں روتا ہوا' اللہ سے مدد مانگتا ہوا' بھاگتا رہا تو قریب ہی ایک جامع مسجد میں پہنچ گیا' وہاں موجود قاری صاحب نے میری حالت دیکھی اور مجھے ان دیکھی مخلوق سے پٹتا دیکھ کر مجھ پر قرآنی آیات پڑھ پڑھ کر پھونکنا شروع کر دیا' مگر میری حالت نہ سدھری' اور تکلیف مزید بڑھ گئی۔ بالآخر میں دوسرے شہر گیا' وہاں موجود ایک اللہ والے نے میرا کئی مہینوں پر محیط علاج کیا اور پھر مجھے ان چیزوں سے نجات مل گئی۔ اب میں صحت مند ہو رہا ہوں۔ اس شخص نے میرے بھائی سے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ اگر کسی سے نیکی کرو تو برا کبھی نہیں پاؤ گے مگر مجھے میری اچھائی اور نیکی کا یہ صلہ ملا' میرے بھائی کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے بندے پہلے صحت مند اور خوبصورت تھے' اب میں نے انہیں دیکھا کہ ہڈیوں کا ڈھانچہ ہے' سر کے سارے بال غائب' آنکھوں کے گرد بڑے بڑے حلقے اور آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی ہیں تو میں نے ان سے ان کی خراب صحت کا حال پوچھا تو انہوں نے مجھے اپنی کہانی سنائی اور کہا کہ اب تو میں بہت بہتر ہو چکا ہوں اور دن بدن بہتر ہو رہا ہوں۔ حالانکہ ساری دنیا کہتی تھی کہ تجھ پر جو عمل ہوا ہے وہ تیری بھیانک موت کے بعد ہی ختم ہوگا۔ مگر اللہ نے مجھے صحت دی اور بہترین صحت دے دی ہے' میرا کاروبار پھر سے چمک اٹھا ہے' وہ حاسدین آج بھی دربدر کے دھکے کھا رہے ہیں۔ ان کا کوئی پرسان حال نہیں۔ آخر ہم جن کے ساتھ اچھا سلوک کرتے ہیں آخر وہ حسد میں کیوں مبتلا ہو جاتے ہیں' اللہ ہم سب کو حاسدین سے بچائے۔

میری کزن نے بتایا اپنا آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری کزن کہتی ہے میرا جو کام نہ ہو رہا ہو میں اکیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اس کا ثواب حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روح اقدس کو ہدیہ کر دیتی ہوں اور اللہ کے حضور دعا کرتی ہوں تو میرا کام فوری ہو جاتا ہے۔ یہ عمل میرا بارہا کا آزمودہ ہے' جیسے ہی میں نے سنا فوری کاغذ قلم اٹھایا اور عبقری قارئین کیلئے لکھ دیا۔ (فرزانہ حسین' تلہ گنگ)

مائیں ہمیشہ بھلا ہی سوچتی ہیں!

اشتہاری فربہ کرنے والی ادویات' نقصان اور ازالہ

کمزوری۔الرجی اور گیس سے نجات

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ' تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے' کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

اکتوبر کے جوابات

1۔ بیٹا! آپ ہر نماز کے بعد اول وآخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اپنی والدہ کی روح کو ہدیہ کرتی رہا کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ اپنی والدہ کے ساتھ ہر وقت انتہائی ادب سے بات کیا کریں' کبھی بھی انہیں محسوس نہ ہونے دیں کہ آپ نے ان کی کسی بات کا بُرا منایا ہے۔ ان کا بہت زیادہ خیال رکھیں۔ ان شاء اللہ وہ ماں ہیں آپ کا ہمیشہ بھلا ہی سوچتی ہیں ان کا رویہ آپ سے دن بدن بہتر ہو جائے گا۔ (عائشہ کلثوم' لاہور)

2۔ بہن آپ فوری طور پر یہ اشتہاری فربہ کرنے والی ادویات کھانا بند کر دیں' ان میں اسٹرائیڈ بہت زیادہ مقدار میں ہوتا ہے جس کی وجہ سے جگر میں سوجن ہو جاتی ہے اور جسم سارا پھول جاتا ہے' ان ادویات سے پورا جسمانی نظام درہم برہم ہو کر رہ جاتا ہے۔ آپ موسمی پھل کھائیں' چکنائی والی چیزوں سے پرہیز کریں' قریب اگر خواتین کی پارک ہے تو ٹھیک ورنہ گھر کے صحن یا چھت پر روزانہ صبح اٹھ کر ورزش ضرور کریں۔ عبقری دواخانہ سے ''پیاٹائٹس نجات سیرپ'' چند بڑی بوتلیں ضرور پئیں۔ اس سیرپ کے پینے سے ایک تو آپ کا موٹاپا کم ہوگا اور دوسرا چہرہ صاف ہو جائے گا۔ (بابر علی' راولپنڈی)

3۔ آپ جب صبح اٹھیں بستر سے پاؤں نیچے رکھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھیں۔ اسی طرح رات سونے سے پہلے بھی اسی طرح پڑھیں۔ دوسرا مسئلہ: گیس کے علاج کیلئے میں نے عبقری دواخانہ کی ''جو ہر شفاء مدینہ'' سے اچھی کوئی دوا نہیں دیکھی۔ (شازیہ تبسم' ملتان)

4۔ آپ پانچ وقت کی نماز لازماً پڑھیں' صبح تازہ ہوا میں گہرے سانس لیں' ہلکی پھلکی ورزش یا چہل قدمی کریں۔ دماغ سے منفی خیالات نکال دیں' ہمیشہ وہ بات سوچیں جس سے آپ کو خوشی ملے' تازہ پھل خوب کھائیں' چھوٹے گوشت یا دیسی مرغ کا سالن شوربے والا بنوا کر اس میں تازہ روٹی ڈبو کر کھائیں۔ عبقری دواخانہ کی روحانی پھکی' جو ہر شفاء مدینہ اور تندرستی ٹانک کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ (شہر یار بٹ' گوجرانوالہ)

نومبر کے سوالات

سارے جسم کے بال ختم: میرا مسئلہ یہ ہے کہ تقریباً تیرہ یا چودہ سال کی عمر میں میرے بال گرنا شروع ہوئے' سب سے پہلے سر کے پچھلے حصے کے بال گرے پھر آئی بروز' پھر آہستہ آہستہ جسم کے دوسرے بال گرنے لگ گئے' ابھی میں 25 سال کا ہوں' میں نے ایک کتاب میں پڑھا تھا کہ جن کے بال سر کے پچھلے حصے سے گرنا شروع ہوتے ہیں تو اس کا علاج ابھی تک دریافت نہیں ہوا۔ خدارا مجھے اس کا کوئی علاج بتائیے۔ (نوید الرحمٰن' راولپنڈی)

الرجی ہے!: قارئین! میری عمر اس وقت 77 سال ہے' مجھے تقریباً عرصہ بیس سال سے نزلہ الرجی اور گلے میں کیرا پڑتا ہے' پھر کھانسی شروع ہو جاتی ہے پھر سانس پھول جاتا ہے' میں نے انگریزی دوا بھی کافی عرصہ استعمال کی ہے' مگر وقتی فائدہ ہوتا ہے' پھر تکلیف شروع ہو جاتی ہے' مجھے کوئی دوائی بتائیے کہ میری الرجی ختم ہو جائے۔ (غلام محمد)

کالا جادو ہے: قارئین! میرے خاوند بیمار ہیں' ان کو کالا یرقان ہے' اور مالی حالات بھی بہت خراب ہیں جو بھی کام کرتے ہیں نقصان ہوتا ہے' کسی نے کہا آپ پر کالا جادو ہے میرے خاوند بے روزگار ہیں ان کیلئے بھی وظیفہ بتا دیں اور دعا بھی کریں۔ (ک' میانوالی)

ماہواری کا مسئلہ: محترم قارئین! مجھے جب بھی ماہواری آتی ہے تب ہی شدید درد ہوتا ہے' پیٹ بھی پھولا رہتا ہے' کمر بھی شدید ہوتا ہے۔ براہ مہربانی اس کا حل بتا دیں۔

بگڑی قسمت سنوارنے کا راز

دعا اور توبہ سے زندگی بدل سکتی ہے۔ والدین اور بزرگوں کی دعا سے آپ کے ہر مسئلے کا حل نکل سکتا ہے اور ہر الجھن ختم ہو سکتی ہے۔ صدقہ مصائب اور گردش حالات کو ٹال دیتا ہے۔ معاشرے کے گرے پڑے لوگوں کو تلاش کر کے ان کی بے لوث مدد کر کے ان کی دعاؤں سے ہر قسم کی ٹینشن' ڈیپریشن' گردش حالات اور بیماریوں کا یقینی خاتمہ ہو جاتا ہے۔ ان ہدایات پر عمل کریں اور اپنی بگڑی قسمت سنوار کر خوشگوار زندگی بسر کریں۔ جس کے نامہ اعمال میں درود شریف اور استغفار کی کثرت نکلے وہ انسان خوش نصیب ترین انسان ہوگا۔ (پوشیدہ)

مناقب اہل بیت اطہار

انتخاب: کلیم احمد پوری

محبت کی علامت: حضرت ابو برزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آدمی کے دونوں قدم اس وقت تک اگلے جہاں میں نہیں پڑتے جب تک کہ اس سے چار چیزوں کے بارے میں سوال نہ کر لیا جائے' اس کے جسم کے بارے میں کہ اس نے اسے کس طرح کے اعمال میں بوسیدہ کیا؟ اور اس کی عمر کے بارے میں کہ کس حال میں اسے ختم کیا؟ اور اس کے مال کے بارے میں کہ اس نے یہ کہاں سے کمایا اور کہاں کہاں خرچ کیا؟ اور اہل بیت کی محبت کے بارے میں؟ عرض کیا گیا: یارسول اللہ ﷺ! آپ کی (یعنی اہل بیت کی) محبت کی کیا علامت ہے؟ تو آپ ﷺ نے اپنا دست اقدس حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شانے پر مارا (کہ یہ محبت کی علامت ہے)۔ (امام طبرانی)

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیلئے فرماتے ہوئے سنا: (اے علی) مبارکباد ہو اسے جو تجھ سے محبت کرتا ہے اور تیری تصدیق کرتا ہے اور ہلاکت ہو اس کیلئے جو تجھ سے بغض رکھتا ہے اور تجھے جھٹلاتا ہے۔'' (حاکم' ابو یعلیٰ' حدیث صحیح الاسناد)

ایک پھونک اور گھریلو جھگڑے ہمیشہ کیلئے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ اور آپ کا درس بہت شوق اور عقیدت سے سنتا ہوں' درس میں بتائے گئے اعمال نے میری زندگی میں سکون بھر دیا ہے' میرے ایک دوست کے گھر ہر وقت جھگڑا رہتا تھا' ایک مرتبہ پریشان تھا میں نے اسے درس میں بتایا گیا ایک عمل بتایا کہ جیسے ہی جھگڑا شدت اختیار کر لے اس وقت یہ الفاظ پڑھ کر پھونکنا' اس نے ایسا ہی کیا' صرف پندرہ منٹ کے اندر جھگڑا ختم ہو گیا اور ایسا ختم ہوا کہ جیسے پہلے کبھی اس گھر میں جھگڑا ہوا ہی نہیں اور حالات ایک سال گزر جانے تک پرسکون ہیں۔ وہ الفاظ یہ ہیں:۔ وَاللّٰہُ اَشَدُّ جہاں جھگڑا ہو رہا ہو' یہ الفاظ بار بار پڑھ کر پھونک ماریں۔ مزید ایک تجربہ: میں ایک حاملہ خاتون کو عبقری دواخانہ کا ''مشروب عبقری'' کا مشورہ دیا' اسے جو خون کی کمی تھی اور دوسری تکالیف حیرت انگیز طور پر ختم ہو گئیں۔ (محمد عمر خان)

خواب اور تعبیر!

نبی کریم ﷺ تشریف لارہے ☆بلیاں مجھے بہت تنگ کررہی ہیں ☆اب تم دونوں سدھر جاؤ ☆ہاتھ اور پاؤں پر دراڑیں ☆یقین کرکے بارہا نقصان اٹھا چکی ہوں! ☆صدقہ نہ دیا بندش دوبارہ لگ گئی

نبی کریم ﷺ تشریف لارہے ہیں: میں نے دیکھا کہ میں مسجد میں اذان دے کر جماعت کروا رہا ہوں۔ جماعت کے بعد سب کھڑے ہوگئے ہیں' میں نے ان سے پوچھا کہ کیوں کھڑے ہوئے ہو تو انہوں نے بتایا کہ نبی کریم ﷺ تشریف لارہے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ آپ ﷺ تشریف لاکر مجھے پیار دیتے ہیں اور منبر پر بیٹھ کر وعظ کرتے ہیں۔ (غلام نبی نوری' لاڑکانہ)

تعبیر: آپ کا خواب نہایت ہی مبارک ہے اور آپ کو اس بات کی بشارت ہے کہ دنیا کی محنت کا کام آپ سے لیا جائے گا اور ایک خلقت آپ سے مستفید ہوگی۔ اللہ پاک آپ کو استقامت اور ترقی دے۔ آپ بزرگان دین اور اللہ والوں سے اپنا تعلق مزید مضبوط کریں۔ واللہ اعلم۔

جسمانی و روحانی امراض: میں نے دیکھا کہ میری پوری فیملی ایک جگہ اور میں دوسری جگہ پر اکیلی ہوتی ہوں یا وہ مجھے چھوڑ کر کہیں چلے جاتے ہیں مجھے بہت ڈر لگتا ہے پھر دیکھا کہ بلیاں مجھے بہت تنگ کررہی ہیں' وہ مجھے مارنا چاہتی ہیں۔ میرے گھر والے بہت دور ہیں اور وہ مجھے بچانے نہیں آتے۔ وہ لوگ یہ سب منظر دیکھ کر رورہے ہوتے ہیں۔ (ن' راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کسی ایسے مرض سے بیمار ہوں گی جس کی تشخیص عام ڈاکٹر نہ کرپائیں گے۔ تاہم آپ حسب توفیق صدقہ دیا کریں اور استغفار کثرت سے پڑھا کریں تاکہ جسمانی و روحانی تمام امراض سے حفاظت رہے۔ واللہ اعلم۔

گھریلو الجھنیں' پریشانیاں دور: دیکھا کہ بہت تیز بارش ہورہی ہے۔ کمرے میں چھتوں پر سے بھی پانی ٹپک رہا ہے' مشین میں رکھے گئے میلے کپڑے بھی سب بھیگ چکے ہیں۔ میں فوراً کپڑے اٹھاتی ہوں کہ یہ کہیں گیلے نہ ہوجائیں مگر مجھے کوئی جگہ سمجھ نہیں آتی کہ انہیں کہاں رکھوں' جہاں گیلے نہ ہوں' اتنے میں میری ساس پیچھے سے غصے میں کہتی ہیں اب تم دونوں سدھر جاؤ (میں اور میرے شوہر) اتنے میں میری نظر باہر رسی پر اپنے بچوں کے بھیگتے ہوئے بستر پر پڑتی ہے تو میں سوچتی ہوں اچھا ہے بارش میں دھلنے دیتی ہوں۔ (پوشیدہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ جلد ہی گھریلو پریشانیاں اور الجھنیں دور ہوجائیں گی' آپ اپنا اور اپنے شوہر اور بچوں کا صدقہ دیں اور سوتے وقت سو مرتبہ یَابَاسِطُ پڑھ کر حالات کی بہتری کی دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

شادی کی تقریب: میں نے دیکھا کہ ایک میدان میں شادی کی تقریب ہے اور بہت سارے ٹینٹ لگے ہوئے ہیں۔ میں اور میری امی (مرحومہ) اور میری بڑی بہن جب اس شادی کی تقریب سے گھر واپس جانے لگتے ہیں تو ہمیں کوئی سواری نہیں ملتی جبکہ میرے باقی گھر والے ایک گاڑی میں بیٹھ کر چلے جاتے ہیں۔ پھر میں دیکھتی ہوں کہ میرے کزن اور ان کے امی، ابو ہمارے پاس اپنی کار پر آتے ہیں اور ہم تینوں کو اپنے ساتھ چلنے کیلئے کہتے ہیں۔ میری امی اور بہن ان کے ساتھ جانے میں تھوڑا ہچکچاتی ہیں۔ کزن کے امی' ابو پھر کہتے ہیں کہ آپ لوگ ہمارے ساتھ چلیں تو امی اور بہن مان جاتی ہیں اور پھر ہم تینوں ان کی کار کی پچھلی سیٹ پر بیٹھ جاتے ہیں۔ کار کو کزن کے والد چلاتے ہیں اور میری خالہ میرے کزن کو اور ان کے چھوٹے بھائی کو اگلی سیٹ پر اپنی گود میں لے کر بیٹھتی ہیں۔ اچانک گاڑی کھلی ہوجاتی ہے' ہمارے قدموں میں قالین بچھ جاتے ہیں' میرے کزن میرے پاؤں میں بیٹھے ہوتے ہیں اور ان کا چہرہ میری طرف ہوتا ہے۔ (پوشیدہ' ملتان)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ اگرچہ آپ پر لگی ہوئی بندش ٹوٹ گئی تھی لیکن بتائے گئے طریقے کے مطابق نہ تو صدقہ دیا گیا اور نہ ہی وظیفہ جاری رکھا گیا جس کی وجہ سے بندش دوبارہ لگی اور کزن کا رشتہ کہیں اور طے پا گیا تاہم آپ کچھ گوشت بطور صدقہ بلی یا چیل کوؤں کو کھلادیں اور ایک وقت مقرر کرکے روزانہ 313 مرتبہ معوذتین اور 125 بار آیۃ الکرسی پڑھنا شروع کریں اور حصول مقصد تک عمل جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ خواب کے ذریعے رہنمائی ہوجائے گی۔ واللہ اعلم۔

میرے انتہائی پیارے بھائی: میں نے دیکھا کہ میں ایک سڑک پر کھڑا ہوں' ایک خوبصورت لڑکا جس کی عمر تقریباً اٹھارہ سال ہوگی سفید کپڑے پہنے ہوئے ہے اور اس کے کپڑے اس طرح نظر آرہے تھے جیسے یہ اس کے بدن کا ایک حصہ ہوں' انتہائی خوبصورت کپڑے (سفید رنگ کے) پہنے ہوئے اور کہہ رہا ہے ''میرے پیارے بھائی' میرے انتہائی پیارے بھائی'' وہ یہ الفاظ کہہ رہا ہے اور اس کے پیچھے ایک اور آدمی جو اس سے کچھ فاصلے پر ہے اور سر پر ایسی ٹوپی پہنی ہوئی ہے جو ایک تاج کی مانند ہے وہ خاموش ہے اور کچھ نہیں بول رہا' پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (ج' ش' کوئٹہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو اس بات کی ترغیب دی گئی ہے کہ اپنی زندگی کا رخ نیک اعمال کی طرف موڑیں' ہر ایک کی خیر خواہی کا جذبہ رکھیں اور اللہ پاک کی دی ہوئی نعمتوں کو انسانیت کی خدمت میں لگائیں۔ ان شاء اللہ مصیبت زدہ انسانوں کی دعائیں آپ کی کامیابی کی ضمانت بن جائیں گی۔ واللہ اعلم۔

اس روش کو ترک کردیں: میں نے دیکھا کہ کسی نے مجھے کیلے دیئے ہیں' میں وہ کھالیتی ہوں اور چاہتی ہوں کہ ایک اور کھالوں۔ پھر دیکھا کہ میرے ہاتھ کی دائیں اور بائیں دونوں ہتھیلیوں پر کالے بال اگے ہیں۔ وہ اتنے لمبے ہیں کہ انہیں دیکھ کر مجھے گھن آتی ہے۔ دائیں ہتھیلی پر کم جبکہ بائیں پر زیادہ ہیں۔ میں سوچتی ہوں کہ دوائی لگالوں تاکہ یہ ختم ہوجائیں پھر دیکھا کہ دوائی پاؤں پر بھی لگالیتی ہوں جیسے ہی دوائی لگاتی ہوں ہاتھ اور پاؤں پر دراڑیں آنا شروع ہوجاتی ہیں۔ میری ایک دوست کہتی ہے کہ جلدی سے دھولو جیسے ہی دھوتی ہوں تو ہاتھ اور پاؤں کی جلد بھی اترنا شروع ہوجاتی ہے اور اس کے ساتھ آگ بھی ہے۔ پھر سیدھا ہاتھ تو بالکل صاف ہوجاتا ہے بال نہیں رہتے اور جہاں جہاں دوائی لگاتی ہوں وہاں پر مہندی کا رنگ لگا دیکھتی ہوں پھر اپنی بہنوں کو بھی کہتی ہوں کہ دوائی صاف کرلو جبکہ انہوں نے دوائی لگائی نہیں تھی۔ (عائلہ' لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کو متنبہ کیا گیا ہے کہ آپ ہر ایک کی باتوں پر یقین کرکے بارہا بار نقصان اٹھا چکی ہیں اور آئندہ اپنی اس روش کو ترک کردیں تو بہتر ہوگا اور جب بھی کوئی اہم کام کرنے کا ارادہ ہو تو مسنون طریقہ استخارہ کرلیا کریں۔ ان شاء اللہ کبھی ناکامی کا سامنا نہ ہوگا۔ واللہ اعلم

(بقیہ: صاحب مچھلی کھائیے' جان بنائیے' جان بچائیے)

کے ڈاکٹر پیکٹ کی رائے میں ابتدائی عمر سے مچھلی کھانے والے آگے چل کر دمہ سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ **سوریاسس:** سوریاسس یا چنبل کو بھی لیکوٹرینز کا سبب قرار دیا جاتا ہے۔ اس تکلیف وہ جلدی مرض کے 13 مریضوں کو دو مہینوں تک مچھلی کھانے سے ان میں سے آٹھ نے قدرے آرام کا اظہار کیا، کیلیفورنیا یونیورسٹی کے محقق پروفیسر وینسیٹ زیبو کے خیال میں مچھلی کے تیل کے ساتھ دوسری دواؤں کے استعمال سے مزید بہتر نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں، برطانوی رسالے لینسیٹ کے مطابق بحر اوقیانوس کی میکریل مچھلی کا روزانہ سات اونس تیل ملانے سے چنبل کے مریض کو نمایاں فائدہ ہوا ہے۔

جوڑوں کے درد اور سوجن: جن مریضوں کا حافظہ کمزور ہو ان کیلئے تین تولہ چھوہارے اور دار چینی چار ماشہ ملا کر پانی کے ہمراہ استعمال کرنا مفید ہوتا ہے۔

3 بار شادی ہر بار ہی طلاق آخر ایسا کیوں ہوا؟

پھر کہنے لگا: آپ کی دوست پر ایک جن ہے وہ کسی کی جان چاہتا ہے اور بہت بھی مزید ذہنی اذیت دی' پھر بولے صدقہ کرنا ہے' کسی کو بتانا نہیں' پھر کہا 45 کلو گوشت' قبرستان میں' نہر میں اور کسی ویران جگہ پھینکنا ہے' اس کے بعد اٹھارہ ہزار مزید مانگے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ سے ایک مسئلہ شیئر کرنا چاہتی ہوں' میری ایک دوست ہے' اس کی تین بار شادی ہوئی اور تین بار ہی طلاق ہوچکی ہے اور ایک بیٹا بھی ہے جو کہ باپ نے چھین لیا' اب بالکل اکیلی رہ گئی ہے' ماں باپ کی وفات ہوچکی ہے' وہ بہت مشکلات میں ہے کہ جہاں بھی شادی ہوتی ہے چند ماہ بعد ہی طلاق ہوجاتی ہے اور میں بہت پریشان تھی کہ آخر اس کے ساتھ ہی ایسا کیوں ہوتا ہے؟ حالانکہ اس کی پاکیزگی کی گواہی میں خود دیتی ہوں' اس نے آج تک کوئی بُرا کام نہیں کیا' تہجد گزار' پانچ وقت کی نمازی' دکھ سکھ میں ہر کسی کے کام آنے والی' آخر اس کے ساتھ ہی ایسا کیوں ہوا؟۔ میں نے ایک دن کسی میگزین میں اشتہار دیکھا کہ اپنی مشکلات کا حل قرآن اور حدیث سے تو میں نے ان سے رابطہ کیا جو کہ میری بہت بڑی غلطی تھی اور ان کا نام بھی لکھا ہوا تھا جو کہ یہاں لکھنا میں مناسب نہیں سمجھتی' اس نے پہلے کہا کہ آپ کیلئے ایسا عمل کروں گا کہ آپ کی دوست کی زندگی سنور جائے گی اور کہا کہ اس عمل کا نام ہے ''سونے پر سہاگہ'' کہ آپ سونے کو بازو پر باندھ کر دو لونگ' دو الائچی اور دو کالی مرچ رکھ کر سفید کپڑے میں بازو پر لپیٹ کر باندھیں پھر کہا سوا گھنٹے کا عمل ہے اور آپ اپنا مقصد حاصل کرلیں گی۔ پھر بولا کہ کل جمعہ ہے آپ کا کام ہوجائے گا۔ میں تب لاہور جاب کے سلسلے میں تھی پہلے اس نے کہا کہ آپ کا کام ہے کہ آپ نے صرف پڑھنا ہے مگر جمعہ کو بولا کہ قبرستان جا کر تعویذ جلائیں اور وہ کاغذ پر ہاتھ کا سکیچ بنوائیں اور اس پر لکھا کہ اپنا نام والدہ کا اور دوست اور اس کی والدہ کا نام لکھیں اور جو آپ چاہتی ہیں سب لکھ کر بھیجیں اور ایک پر سورۂ فلق پڑھ کر دم کرکے رکھ دیں زیور کے اندر جمعہ کو بولے کہ کنواری لڑکی کی قبر پر جا کر سورۂ بقرہ پڑھیں اور ایک تعویذ جلائیں پھر مجھے فون کریں۔ جب میں نے کہا کرلیا ہے' تو بولے میرے عمل کے مطابق آپ کو قبرستان میں نہیں ہیں' جبکہ میں قبرستان میں تھی' نامعلوم اچانک کیا ہوا میں وہیں بے ہوش ہوگئی' اگلے دن مجھے ہوش آیا تو میں نے اپنے گھر میں تھی' میں نے رابطہ کیا کہ میری طبیعت بہت خراب ہورہی ہے' بولا کہ جو میرے ساتھ کیا وہ تو ہونا ہی تھا' پھر کہنے لگا: پندرہ ہزار خرچ آئے گا جلدی بھیجو' میں مرتی کیا نہ کرتی' فوراً بھیجے جو کہ میں نے اپنے عمرہ کیلئے اکٹھے کیے تھے۔ پھر کہنے لگا: آپ کی دوست پر ایک جن ہے وہ کسی کی جان چاہتا ہے اور بہت بھی مزید ذہنی اذیت دی' پھر بولے صدقہ کرنا ہے' کسی کو بتانا نہیں' پھر کہا 45 کلو گوشت' قبرستان میں' نہر میں اور کسی ویران جگہ پھینکنا ہے' اس کے بعد اٹھارہ ہزار مزید مانگے' پھر بولے کہ آپ کی دوست پر جو کالا جادو کروایا گیا تھا اس کی وجہ سے میرا کان اور ہاتھ جل گیا اس کیلئے 313 گز کا کفن' کستوری تین تولے' زعفران چھ تولے جلدی بھیجو' مزید پیسے بھیجو ورنہ بہت نقصان دیں گے' بہت ڈرایا' اور ان سب چیزوں کی قیمت پچاس ہزار بتائی' میرے پاس صرف وہی تیس ہزار بچے تھے میں نے ادھار لے کر انہیں جلدی سے بھیجے اور بولے سات گھنٹے کا عمل ہے۔ ایسے ہی مجھے ڈرا ڈرا کر مجھ سے پانچ لاکھ تک لے لیے' میں رشتہ داروں سے قرض اٹھا اٹھا کر بھیجتی رہی مگر بجائے کام ہونے کے مزید مسائل میں دھنستی چلی گئی۔ پھر اسی نے کسی اور بندے سے میرا رابطہ کروایا' اس نے بھی پچہتر ہزار مانگے مگر کام نہ ہوا' اس کے بعد پھر تین لاکھ مانگے میں نے دینے سے انکار کردیا اور فون بند کردیا' تین دن تک میسج کرتا رہا کہ پیسے بھیجوں ورنہ تمہارا اور تمہاری دوست کا بہت بڑا نقصان ہوگا' تمہیں جنات قتل کردیں گے' تمہاری عزت کا نقصان کریں گے' میرے پاس پیسے ہوتے تو بھیجتی۔ اس رات میں اور میری دوست دونوں اکٹھی بیٹھ کر گھنٹوں روتی رہیں' اور میں خود کو کوستی رہی کہ میں نے کیوں اشتہاری عامل کو فون کیا' اس نے ہمارا لاکھوں کا نقصان بھی کیا اور ذہنی اذیت علیحدہ دی۔ خدارا میری تمام بہنوں سے اپیل ہے کہ کبھی بھی کسی اشتہار کو دیکھ کر فون ہرگز نہ کریں' ان کے پاس ذہنی اذیت دینے اور پیسے بٹورنے کے علاوہ اور کچھ نہیں ہوتا۔ یہ صرف کالا جادو کرتے ہیں اور اسی سے لوگوں کی زندگیاں سنوارنے کے بجائے صرف بربادی ہی بربادی دیتے ہیں۔ صرف اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکامات پر زندگی گزاریں۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے درس سن کر مجھے معلوم ہوا کہ دکھ سکھ دینے والی صرف اللہ رب العزت کی ذات ہے' اس کی رضا میں خوش رہیں دنیا میں بھی سکون اور آخرت بھی سکون ہوگا۔

عبقری سے پھوٹتی خیر نے خوشحال کر دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس رسالے کی تو ہر بات ہی نرالی' جو صفحہ دیکھو اس میں سے خیر ہی خیر پھوٹتی ہے۔ مجھے اس شمارے سے بہت فیض ملا ہے۔ ابھی گزشتہ دنوں میں کمر درد سے تڑپ رہی تھی' شہر کے بڑے بڑے ڈاکٹرز کے پاس اپوائنمنٹ لے کر ملاقات کی' مہنگے مہنگے انجکشن لگوائے مگر درد تھی کہ رکنے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی۔ ہروقت عبقری کے چند میگزین ہم تینوں بہنوں کے سرہانے پڑے ہوتے ہیں تو یونہی میں بیٹھی ہوئی تھی تو پنکھے کی ہوا کے ساتھ میگزین کے صفحات پلٹ رہے تھے (میں اپنے موبائل سے درس سن رہی تھی) تو ایک صفحے پر میری نظر پڑی کہ کسی نے لکھا تھا کہ میں نے امتحان میں کامیابی کی نیت سے درس سننا شروع کیا تو میں امتحان میں فسٹ پوزیشن کے ساتھ کامیاب ہوا۔ تو میرے دل میں اچانک خیال آیا کہ میں تو درس سن ہی رہی ہوں تو کیوں نہ کمر درد سے نجات کی نیت سے سن لوں تو نیت کرلی کہ میں یہ درس اپنی شفاء کی نیت سے سن رہی ہوں اور میں حیران رہ گئی اسی دن کمر کی تکلیف کم ہونا شروع ہوگئی پھر میں نے کوئی میڈیسن نہیں لی' نہ کوئی انجکشن لگوایا اور اللہ کا کرم ہے درد سے تقریباً نجات مل گئی ہے' اب میں گھر کے کام کاج بھی کرتی ہوں کبھی کوئی پریشانی اب نہیں ہوئی۔ اس کے علاوہ عبقری شمارہ میں میں نے وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینے کے کرشمات پڑھے تھے میں اپنے ہونٹوں کی رنگت صاف کرنے کی نیت سے ہر وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیتی ہوں' اس کے علاوہ وضو کرنے کے بعد مسواک اپنی آنکھوں پر آنکھوں کو خوبصورت بنانے کی نیت سے پھیرتی ہوں کیونکہ میرے منگیتر کو خوبصورت آنکھیں بہت پسند ہیں۔ مزید ہر نماز کے بعد گیارہ بار یَامَتِیْنُ پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک مار کر اپنی آنکھوں پر پھیرتی ہوں جس کی برکت سے میری آنکھیں روشن اور پلکیں بڑھ گئی اور انتہائی خوبصورت ہوگئی ہیں۔ اس کے علاوہ اسی رسالہ سے دیکھ کر ہی میں نے روحانی بیوٹی کا عمل شروع کیا یعنی صبح بستر سے اٹھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم گیارہ مرتبہ پڑھتی ہوں' اس عمل کی برکت سے مجھے گندے خواب نہیں آتے۔ اس کے علاوہ ہم سب گھر والے حفاظت والے اعمال' مسنون دعائیں اور صدقہ وغیرہ بھی کرتے ہیں اس کے بہت زیادہ فوائد ہیں۔

ضدی بچے سے تنگ ہوں! نمٹنے کیلئے کیا کروں؟

بچی کی شادی ہے! مگر سر میں خشکی بہت ہے! کیا کروں؟

محبت کی شادی کیا واقعی جرم ہے؟

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

ضدی بچہ: بیٹا پونے تین سال کا ہے۔ شادی کے چھ سال بعد پیدا ہوا۔ وہ شروع سے میرے لئے مسئلہ بنا ہوا ہے۔ شروع کے چار مہینے پوری رات روتا رہا۔ بعد میں کھانے پینے کا مسئلہ پیدا ہوگیا۔ حد سے زیادہ ضدی ہے۔ گھر میں میرے ساتھ تنہا رہے تو کھیلتا رہتا ہے۔ کوئی مہمان آجائے تو بدتمیزی پر اُتر آتا ہے۔ ہر وقت بھرپور توجہ چاہتا ہے۔ کوئی بچہ آجائے تو مارتا ہے۔ چولہے کی گیس کھول دیتا ہے، نلکے کھولتا ہے۔ وہ کسی طرح قابو نہیں آرہا، میں سخت پریشان ہوں۔ سکول میں داخل کرایا، ڈاکٹروں کو دکھایا، مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ مجھے مشورہ دیجئے کہ کیا کروں۔ (عالیہ، لاہور)

مشورہ: کچھ بچے فطرتاً ضدی ہوتے ہیں۔ پھر آپ کا تو لاڈلا بیٹا ہے۔ شاید اسی لئے وہ آپ سے بھرپور توجہ اور وقت چاہتا ہے۔ میں نے اپنے خاندان میں بھی ایسے بچے دیکھے ہیں جو پیدائش کے بعد پوری رات ماں کو جگا کر تنگ کرتے تھے۔ مگر پھر ٹھیک ہوگئے۔ آپ نے بچے کو سکول میں داخل کروا دیا یہ صحیح ہے۔ آہستہ آہستہ وہ بچوں میں گھل مل جائے گا۔ اُس کی اُستانی سے کہیے کہ بچے کا خیال رکھے۔ بچوں کو بعض دفعہ نظر لگ جاتی ہے۔ آپ مسنون دعائیں پڑھ کر دم کیجیے۔ یاد رکھیے بے جا لاڈ پیار سے بگڑ جاتے ہیں۔ اسے رات کو اچھے اور برے بچوں کی کہانیاں سنایئے۔ بتایئے کہ اچھے بچوں سے سب پیار کرتے ہیں اور برے بچے کسی کو پسند نہیں آتے۔ ایک بچے کی عادت تھی کی روٹی اُٹھا کر نیچے پھینک دیتا تھا۔ اسے کسی کے ذریعے بتایا کہ رزق کی بے ادبی نہیں کرنی چاہیے۔ جو بچے ایسا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اُس سے ناراض ہوجاتے ہیں۔ وہ بچہ چند دن میں اپنی عادت سے باز آگیا۔ بچے کو بتایئے کہ سوئی گیس ضائع کرنے سے نقصان ہوجاتا ہے۔ آپ چولہے کے پیچھے بھی گیس بند کرنے کے لئے ہینڈل لگوا سکتی ہیں تاکہ چولہے میں بے وقت گیس نہ آئے۔ جب کام کریں تو کھول لیجئے۔ بچوں والے گھر میں احتیاط کرنی چاہیے۔ دوائیاں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیے ورنہ وہ گولی سمجھ کر کھا سکتے ہیں۔

بالوں کی خشکی: میری بچی کی شادی ہے۔ اس کے بالوں میں خشکی بہت ہے۔ میں بہت پریشانی کے عالم میں خط لکھ رہی ہوں، ہر طرح کی دوا استعمال کرکے دیکھ چکی، کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ آپ بتایئے کیسے حل ہوگا۔ (فائزہ، پشاور)

مشورہ: میتھی دانہ سر کی خشکی دور کرتا ہے۔ پیس کر رکھ لیں۔ دو تین چمچ پانی میں رات کو بھگو دیجئے، صبح سر میں لگا کر آدھ گھنٹے بعد سر دھویئے۔ مزید براں زیتون کا تیل چوتھائی چمچہ لیجیے۔ اس میں تھوڑا سا لیموں کا رس ملا کر سر پر لگایئے۔ ہفتے میں تین بار یہ عمل کریں۔ بند گوبھی کے 50 گرام پتوں میں ایک ککڑی اور ایک گاجر ملا کر سلاد بنایئے اور روزانہ کھایئے۔ اس سے بالوں کی افزائش ہوگی۔ چنا، سویابین اور ثابت ماش ہفتے میں ایک بار کھایئے۔ غذا سے بھی فرق پڑ جاتا ہے۔ گیہوں کے پودے کا تازہ رس بھی بال بڑھاتا ہے اُسے روزانہ پینے سے بال بڑھتے ہیں۔

ناک سے بدبو: میری ناک سے بہت بدبو آتی ہے۔ جو بہت ناگوار لگتی ہے۔ بعض دفعہ کھانے پینے کو دل نہیں چاہتا کوئی ایسی دوائی ہے جس سے میں اس بدبو سے نجات پالوں؟ (عمارہ، کراچی)

مشورہ: آپ کو کسی ڈاکٹر نے بتایا ہے کہ بدبو کیوں آتی ہے؟ بہرحال آپ ایک چمچہ کلونجی لیجیے۔ پھر گیارہ چمچ زیتون کا تیل لے کر ہلکی آنچ پر گرم کریں۔ اس میں کلونجی ڈالیے۔ جب پکنے لگے تو پانچ منٹ تک مزید پکایئے۔ پھر اتار کر ململ کے کپڑے میں محلول چھان لیجیے اور کسی شیشی میں رکھیے۔ رات کو روزانہ یہ تیل ناک میں دو قطرے ڈالیے۔ اس کے علاوہ مالی سے کہہ کے تلسی کے پتے منگوایئے اور خشک کر کے رکھیے۔ انہیں باریک پیس کر ہتھیلی پر رکھیئے اور دن میں چار پانچ منٹ سونگیں اور گہرے سانس لیں۔ تلسی کا پودا قریب ہو تو تازہ پتوں کا رس نکالیے۔ ہتھیلی پر رکھ کر سونگھیے۔ ناک میں بعض دفعہ کیڑے ہوں تو اس کی بو سے مرجاتے ہیں۔ کلونجی کا تیل ناک میں ڈالیں۔ ناک میں جو بھی رکاوٹ ہو دور ہوجائے گی نیز بدبو بھی نہیں رہے گی۔ کلونجی کا تیل ضرور استعمال کرنا چاہیئے۔ اس میں موت کے علاوہ ہر چیز کا علاج پوشیدہ ہے۔

جواب دیجئے ورنہ پاگل ہوجاؤں گی: ہر وقت روتی رہتی ہوں، بہت دکھی ہوں، ماں باپ ہر وقت ڈانٹتے رہتے ہیں، میٹرک کی طالبہ ہوں، میں نے سائنس نہیں لی، میں نفسیات کی ڈاکٹر کیسے بن سکتی ہوں؟ کیا نفسیات میں تعلیم کے دوران تجربات ہوتے ہیں، میں دکھی انسانوں کی خدمت کرنا چاہتی ہوں، میری باتوں کو مذاق میں نہ ٹالئے گا، آپ کے مشورہ کا انتظار ہے، خدا کیلئے مشورہ دیجئے ورنہ میں پاگل ہوجاؤں گی۔ (ش،پ)

مشورہ: ش بی بی! آپ کی لاعلمی اور بے چارگی پر افسوس تو مجھے بھی ہورہا ہے ہمارے ملک میں تعلیم کے بارے نوجوان بچے اور بچیوں کو گائیڈ کرنے والا کوئی نہیں۔ والدین جاہل ہوں تو مسئلہ اور گھمبیر ہوجاتا ہے۔ اچھا اب آپ ڈانٹ سے بچنے کا مشورہ تو یہ لیجئے۔ معلوم ہوتا ہے آپ گھر کا کام توجہ سے نہیں کرتیں، آج سے آپ باقاعدگی سے صبح اٹھ کر نماز، قرآن پڑھنے کے بعد باورچی خانہ میں جاکر کام شروع کیجئے، اطمینان سے کام کرکے تیار ہوکر اسکول جایئے۔ سکول سے آکر آرام کیجئے، اپنا سکول کا کام کرکے والدہ کے کاموں میں ہاتھ بٹایئے، رات کو پھر ایک مرتبہ سبق دہرا کر آرام سے سوجایئے۔ والدہ آپ کو ڈانٹیں گی نہیں۔ ماں باپ بچوں سے پیار کرتے ہیں اور ہمیشہ غلط باتوں پر ہی ڈانٹ ڈپٹ کرتے ہیں۔ یہ ان کا فرض ہے کہ وہ آپ کو سمجھائیں۔ اس میں رونے دھونے کی بات نہیں۔ اپنا دھیان تعلیم پر دیں، اچھے نمبرز سے پاس ہوں گی تو آگے کچھ بن سکیں گی۔

محبت کی شادی کیا جرم ہے؟ مجھے ایک لڑکے سے محبت ہے اور وہ بھی مجھ سے پیار کرتا ہے مگر میرے والدین سخت ہیں وہ غیروں میں کبھی شادی نہیں کریں گے۔ وہ لڑکا رشتہ بھیجنا چاہتا ہے، مخلص ہے، مجھے پتہ ہے میرے ماں باپ یہ رشتہ منظور نہیں کریں گے۔ مجھے مشورہ دیجئے۔ محبت میں شادی کرنا جرم تو نہیں ہے۔ (کرن، اسلام آباد)

مشورہ: کرن بی بی! آپ صحیح فرماتی ہیں محبت میں شادی کرنا جرم نہیں ہے۔ آپ کی عمر ابھی اتنی نہیں ہے کہ آپ اس سے شادی کرسکیں۔ یہ عمر بڑی خطرناک ہوتی ہے، عقل و شعور نہیں ہوتا۔ آپ جذبات میں آکر خط لکھ دیتی ہیں اور کچھ بچیاں تو حد پھلانگ جاتی ہیں، آپ اس لڑکے کو رشتہ بھیجنے کیلئے کہیے۔ جس جگہ بیری ہوتی ہے وہاں پتھر آتے ہیں۔ آپ کے والدین ہوسکتا ہے رشتہ منظور کرلیں اور آپ کی تمنا پوری ہوجائے۔ رشتے آسمانوں پر طے ہوتے ہیں یہ بات آپ نے بڑی بوڑھیوں سے سنی ہوگی۔ آپ اطمینان سکون سے رہئے۔ پندرہ سولہ سال کی عمر میں ایسی بڑی بڑی باتیں بچیوں کے منہ سے زیب نہیں دیتیں۔ والدین بڑے لاڈ پیار سے بچیوں کو پالتے ہیں۔ وہ آپ کو جان بوجھ کر کنویں میں نہیں دھکیل دیں گے۔ سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں گے۔ آپ اپنی تعلیم پر بھرپور توجہ دیجئے، نماز، قرآن پڑھیے، نماز پڑھنے سے دل کو بہت سکون ملتا ہے، آپ پابندی سے نماز پڑھیں گی تو سارے وساوس دور ہوجائیں گے۔

مولی کے پتوں کا پہاڑی پراٹھا لاجواب صحت اور بہترین ذائقہ

نصیر احمد، ایبٹ آباد

پہاڑی علاقوں میں اکثر لوگ اس کے پتوں کو توڑ کر' کوٹ کر' نمک مرچ ڈال کر آٹے کی ایک کچی پتلی روٹی بنا کر اس پر تہہ جما کر دوسری روٹی اوپر رکھ کر خوب دبا کر توے پر گھی ڈال کر پراٹھے کی طرح پکاتے ہیں'

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا جتنا شکر کیا جائے کم ہے' موسم سرما کی آمد ہے' اس میں اللہ تعالیٰ نے پھل' فروٹ اور سبزیاں وغیرہ اسی موسم کی مناسبت سے پیدا فرمادی ہیں تاکہ انسان انہیں کھا کر نہ صرف پیٹ بھر سکے بلکہ مختلف امراض کا بھی گھر بیٹھے خود ہی علاج کر سکے۔ سردیوں میں ویسے تو ہر سبزی ہی باکمال ہے مگر آج جس کا ذکر کر رہا ہوں جو ہے ''مولی''۔ مولی زود ہضم اور طاقتور غذا ہے' سردیوں میں اس کی ترکاری بنا کر بہت شوق سے کھائی جاتی ہے۔ اسے نہار منہ اور کھانے سے قبل نہیں کھانا چاہیے' گردہ مثانہ کی پتھری توڑتی ہے' جگر کے سدے کھولتی ہے' اس کے ساتھ پھلیاں بھی لگتی ہیں جس کو مونگرے کہا جاتا ہے اور جب مونگرے پک جاتے ہیں تو ان کے اندر تخم نکال لیے جاتے ہیں جن کو عام طور پر تخم مولی کہا جاتا ہے' مونگروں کی ترکاری بھی پکائی جاتی ہے۔ پہاڑی علاقوں میں اکثر لوگ اس کے پتوں کو توڑ کر' کوٹ کر' نمک مرچ ڈال کر آٹے کی ایک کچی پتلی روٹی بنا کر اس پر تہہ جما کر دوسری روٹی اوپر رکھ کر خوب دبا کر توے پر گھی ڈال کر پراٹھے کی طرح پکاتے ہیں' جو انتہائی لذیذ اور فائدہ میں بے نظیر ہوتی ہے۔ ہمارے ہاں مولی جو میٹھی ہو وہ اچھی سمجھی جاتی ہے مگر حقیقت میں کڑوی مولی بہت فائدہ مند ہوتی ہے' اکثر لوگ مولی خرید کر ان کے پتے توڑ کر سبزی فروشوں کی دکان پر بھی پھینک جاتے ہیں جو بعد میں حیوانات کے کام یا گل سڑ جاتے ہیں مولی کے پتوں کا پانی نکال کر حکماء جگر کے ورم' آنتوں اور گردوں کی سوجن دور کرنے کیلئے استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ حکیم محمد عبداللہ نے اپنی ایک کتاب میں یرقان کیلئے مولی کے پتوں کا پانی ایک گلاس میں شکر ملا کر نہار منہ پینا بہت مجرب بتایا ہے۔ ایک مرتبہ بندہ ناچیز نے ایک غریب مریض کو اس کا استعمال دس دنوں کیلئے بتایا' یقین کریں بارہویں دن وہ میرے پاس آیا' بڑا خوش تھا' ایک کاغذ کی پڑیا کھولی اور بتایا کہ اس کے استعمال سے میری گردہ کی پتھریاں نکل گئیں۔ پتھریاں آپ کو دکھانے کیلئے لایا ہوں۔ مولی پیٹ میں جا کر ہوا زیادہ بناتی ہے' پیٹ میں موجود بوجھل کرنے والی ہوا' گیس اور ریح کو ڈکاروں کے ذریعہ بدن سے نکال کر چستی اور ہلکا پن دور کرتی ہے۔

مولی کھانے والے کا جسم کبھی موٹا اور پھولا ہوا نہیں ہوگا۔ جن مریضوں کا پیٹ خراب ہو اور بدن پھولا ہوا ہو ہاتھ پاؤں ست رہتے ہوں' پیٹ پر ہاتھ رکھنے سے گڑگڑ کی آوازیں آئیں گردوں کے مقام پر درد محسوس ہو یا پیشاب کی رکاوٹ ہو یا پتھری وغیرہ ہو وہ مولی کے نرم پتوں کو ضرور چند دن استعمال میں لائیں اور سو فیصد یقینی شفاء پائیں۔ مولی چار تولہ سے چھ تولہ تک کھائیں یہ جگر اور گردے صاف کرنے کی قدرتی خوراکی دوا ہے۔ (نصیر احمد' ایبٹ آباد)

خدارا! سوچیے ورنہ صرف پچھتاوا رہ جائے گا

محترم قارئین عبقری السلام علیکم! اس مضمون کو غور اور توجہ سے پڑھیں' ضرب المثل مشہور ہے ''ضرورت ایجاد کی ماں ہے'' متعلقہ مقام پر نہ پہنچنے سے دیر سے پہنچنا بہت بہتر ہے۔ قارئین! ابھی (وقت تحریر سے) کچھ دیر پہلے ایک اٹھارہ سالہ خوبصورت نوجوان لڑکے کی نماز جنازہ پڑھ کر آیا ہوں جو کہ تیز رفتاری (روڈ ایکسیڈنٹ) کی وجہ سے انتقال کر گیا۔ اسی طرح چند ہفتے پہلے چار دوست ٹیوب ویل پر نہانے کیلئے گئے تھے واپسی پر ون ویلنگ کرتے ہوئے گرے اور موقع پر ہی چاروں دوست انتقال کر گئے۔ کیا اس میں ماں باپ اور گھر کے بڑے افراد کی غلطی ہے جو کہ بعد میں صرف پچھتاتے ہیں' کیا کبھی انہوں نے سنجیدگی سے بچوں کو تیز رفتاری سے اجتناب کرنے' ہیلمٹ استعمال کرنے کی تلقین کی' اسی فیصد جواب نہیں میں ہوگا۔ مگر لاتعداد کو تو معلوم بھی نہ ہوگا کہ ان کا بچہ گھر سے باہر نکل کر کیسے کیسے ''شغلوں'' میں پڑا ہوا ہے۔ والدین کی بے جا آزادی کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے لڑکے موٹر سائیکل چلاتے ہیں' بعض کو تو میں نے خود دیکھا کہ ان کے ابھی پاؤں بھی زمین پر نہیں لگتے اور وہ موٹر سائیکل چلا رہے ہیں اور ان کی والدہ دو مزید بچوں کے ساتھ ان کے پیچھے بیٹھی ہوتی ہیں۔ خدارا اپنے بچوں پر ترس کھائیں اور بچوں سے بھی گزارش ہے اپنے والدین پر ترس کھاؤ' زندگی بہت قیمتی ہے' اس کی قدر کرو' تیز رفتاری سے اجتناب کرو' ہیلمٹ کا استعمال لازمی کریں' کیونکہ موٹر سائیکل سوار جب گرتا ہے تو اکثر موت سر پر چوٹ لگنے کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اللہ کریم سے دعا ہے کہ وہ سب کے بچوں کی حفاظت فرمائے' اللہ کسی کو بھی اولاد کا دکھ نہ دکھائے۔ آمین! (ایم اے قریشی' ملتان)

اسم اعظم کے روحانی دم سے پرانی گردہ کی تکلیف ہمیشہ کیلئے ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ آپ بخیریت ہوں گے اللہ آپ کو خوش رکھے' شاد و آباد رکھے' آپ کے اہل و عیال کو خوشیاں دے' آپ کے پیرومرشد کی مغفرت فرمائے اور آپ کے والدین کے درجات کو بلند فرمائے۔ آمین! میں جب بھی آپ کو خط لکھتا ہوں مجھے اس خط کا جواب مل جاتا ہے۔ بہت حیران ہوتا ہوں کہ اتنی مصروفیت کے باوجود آپ خط کا جواب دیتے ہیں۔ تقریباً ایک سال ہوگیا ہے تسبیح خانہ سے جڑے ہوئے' اللہ تعالیٰ نے روحانی رزق سے مالا مال کر دیا ہے۔ وقت میں بہت برکت ہوگئی ہے' سارا دن پڑھائی کرتے گزر جاتا ہے' فجر کے بعد سورۂ یٰسین' بیعت ہونے کی تسبیحات' حم لاینصرون' یاحفیظ یاسلام' سورۂ اخلاص کی تسبیح' روزانہ سورۂ بقرہ' استغفراللہ کھلا پڑھتا ہوں' شام کی تسبیحات میں سورۂ رحمٰن' سورۂ واقعہ' سورۂ ملک' سورۂ مائدہ' قرآن کی تلاوت کرتا ہوں' ہر ماہ عبقری رسالے خرید کر تقسیم کرتا ہوں' ایک اہم بات کہ کئی سالوں سے میں تہجد پڑھنے کی کوشش کر رہا تھا مگر نہیں پڑھ سکتا تھا مگر اب الحمدللہ پانچ ماہ سے باقاعدہ تہجد پڑھ رہا ہوں۔ اب آتا ہوں اصل بات کی طرف جس کی وجہ سے میں یہ خط لکھ رہا ہوں وہ یہ کہ گزشتہ کئی سال سے مجھے گردہ کی درد تھی' گزشتہ سال اپریل میں روحانی دم کروایا تھا' اللہ کا شکر ہے کہ اب تک دوبارہ گردہ میں درد نہیں ہوئی۔ (عمران سلیم' فیصل آباد)

نوٹ: آپ نے دم کرایا' فائدہ ہوا ضرور لکھیں! عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں!

اہم نوٹ: ہر ماہ اسم اعظم کے روحانی دم کے بعد پوری دنیا میں مختلف شعبوں کے خدام (مخلصین) کیلئے درس (مذاکرہ) ہوگا۔ ہر مخلص شرکت یقینی بنائے۔ مذاکرہ ویب سائٹ پر آن لائن سنا' دیکھا جائے گا۔ دنیا بھر سے مختلف شعبوں خدمت والے تمام مخلصین اس مذاکرہ میں آن لائن ضرور شامل ہوں۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

19 نومبر بروز اتوار اسم اعظم کا روحانی دم نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ 19 نومبر بروز اتوار حلقہ کشف المحجوب اور مراقبہ بعد نماز مغرب تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا

نزلہ زکام' گلے کی خراش کا مؤثر علاج: نزلہ زکام' گلے کی خراش اور منہ کی بدبو دور کرنے کے لیے روزانہ دس دانہ خوبانی ہمراہ گرم پانی یا چائے استعمال کرنا مفید ہوتا ہے۔

مر ہی جائیں تو اچھا ہے! آخر کیوں؟	آپریشن کے بغیر ڈیلیوری راز ضرور جان لیں!	میرے استادوں کی مہربانیاں عبقری کی نذر	120 سال سے آزمودہ نسخہ جات قارئین عبقری کے نام

قارئین! آپ بھی بخل نہ کریں' آپ نے کوئی روحانی' جسمانی نسخہ' ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں' اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسروں کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ' چاہے بے ربط ہی لکھیں' صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

فیصلہ آپ کے اپنے ہاتھ میں!

قارئین! کبھی کبھی زندگی میں کچھ موڑ ایسے آتے ہیں کہ ہمیں سمجھ نہیں آتا ہم روئیں' اداس بیٹھیں' برداشت کریں یا کیا کریں؟ سوچ سوچ کر دماغ مفلوج سا ہوجاتا ہے اور آخر تنگ آکر ہم کہتے ہیں ''مر ہی جائیں تو اچھا ہے!'' ہر کسی کا زور ہم پر ہی چلتا ہے' سب کے غصے کا نشانہ ہم ہی بنتے ہیں' سارے الزام بھی ہم پر ہی آتے ہیں' آخر کیوں؟ جب ہم دوسروں کا احساس کرتے ہیں تو دوسرے کیوں ہمارے جذبات اور احساسات کا مذاق اڑاتے ہیں؟ جب ہم اپنی غلطی تسلیم کرلیتے ہیں تو دوسرے کیوں اپنی غلطیاں بھی ہمارے سر ڈال کر ہم سے معافی کی توقع لگا کر بیٹھ جاتے ہیں؟ ایسی صورتحال میں ہم بے حد چڑچڑے ہوجاتے ہیں اور دوسروں کو اپنی تکلیف کا احساس دلانے کیلئے ایڑی چوٹی کا زور لگا کر دیکھ لیتے ہیں مگر کوئی سمجھ ہی نہیں پاتا! ان حالات میں کچھ کمزور دل واعصاب کے مالک لوگ خودکشی جیسے گناہ کا ارتکاب بھی کر بیٹھتے ہیں۔

ایسی صورت میں ایک طرف بیٹھ کر ٹھنڈے دماغ سے سوچنا چاہیے کہ ہم دوسروں کے رویے کو خود پر اتنا سوار کیوں کررہے ہیں؟ دوسروں کو خوش کرنے کے لیے ہم اپنے اللہ' اپنے رب کریم کو بھول گئے ہیں' آخر اسے بھول کر ہم کونسی خوشی پاسکتے ہیں' اگر ہم اسے یاد کریں' اس کی یاد کو دل میں بسائیں تو خود بخود دوسروں کے دل میں بسنا شروع ہوجائیں گے' لوگوں کا کیا ہے؟ لوگ تو باتیں ہی کرتے ہیں' اگر لوگ اس قابل نہیں کہ ہمارے دکھ درد بانٹ سکیں تو ہمیں تو پھر خود پر فخر ہونا چاہیے کہ دوسرے انسانوں کی طرح ہم دکھوں میں تو گھرے ہیں پر دکھی دلوں کے دکھ بھی بانٹتے ہیں۔ لوگوں کے رویے سے دل برداشتہ ہوکر ہم کہتے ہیں کہ مرجائیں! پر ہمیں یہ بھی تو سوچنا چاہیے کہ جنہیں ہمارا احساس ہی نہیں انہیں ہمارے مرنے کی کیا پروا؟ ہمیں اپنے ماں باپ کا سوچنا چاہیے کہ وہ ہم سے کتنا پیار کرتے ہیں' اپنے رب کے تمام احسانوں اور اپنے ماں باپ کی تمام محبتوں کو بھلا کر صرف دنیا کے رویے سے دل برداشتہ ہوکر مرنے کی باتیں کررہے ہیں تو کیا ہم خود غرض نہیں ہورہے؟ ہر انسان کو اپنی زندگی میں کم و بیش ایسے ہی حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے' کچھ لوگ انہی مشکلات کو خود پر سوار کرلیتے ہیں کہ انہیں کچھ اور سوچنے کی فرصت ہی نہیں ملتی۔ پر کچھ لوگ اس سے اوپر کی سوچتے ہیں وہ کہتے ہیں یہ سب تو ہونا ہی ہونا ہے۔ زندگی میں خوشیاں ہیں تو غم بھی ہیں۔ تو کیوں نہ ہم کچھ مختلف سوچیں اور ایسے ہی لوگ کچھ الگ کر دکھاتے ہیں کہ پھر زمانہ ان پر فخر کرتا ہے۔ اس موڑ پر آکر کچھ لوگ فخر میں مبتلا ہوجاتے ہیں اور آس پاس کے لوگوں سے خود کو برتر خیال کرتے ہیں' ہر کسی کے منہ سے اپنی ہی تعریف سننا چاہتے ہیں اور شاید ایسے ہی وقت میں ایسے ہی لوگوں کیلئے ''پڑھے لکھے جاہل'' کی اصطلاح وجود میں آئی' مگر کچھ لوگ ان سے بھی بڑھ کر ہوتے ہیں وہ اعلیٰ رتبہ پالینے کے بعد بھی خود کو دوسروں کے برابر سمجھتے ہیں اور رب کریم کی محبت میں مبتلا ہوکر دنیا و آخرت میں سرخرو ہوجاتے ہیں ان کے دل عجز و انکساری سے بھرے ہوتے ہیں اور یہی اللہ کے پسندیدہ ہوتے ہیں۔ آیئے! اب ہمیں فیصلہ کرنا ہے کہ ہم کس موڑ پر ہیں۔

زندگی کی مشکلات اور تکالیف میں کھوئے ہوئے زندگی گزار رہے ہیں؟ یا کچھ مختلف سوچ رہے ہیں؟ اعلیٰ رتبہ پانے پر غرور میں مبتلا ہوکر خود کو کھوٹا ثابت کررہے ہیں؟ یا عجز و انکساری کو دل میں جگہ دے کر سرخرو ہورہے ہیں۔ ہم میں سے بہت سے لوگ شاید ابھی پہلے مرحلے ہی میں ہیں' اسی میں کھوئے ہوئے کڑھ رہے ہیں' آپ کا اپنے بارے میں کیا خیال ہے؟ (ایچ ایس صدیقی' صادق آباد)

آپریشن کے بغیر ڈیلیوری' راز ضرور جان لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج میں درود شریف کی برکت کا ایک واقعہ لکھ رہا ہوں۔ میرا پہلا لڑکا آپریشن سے پیدا ہوا' وہاں موجود گائنا کالوجسٹ نے بتایا کہ باقی آپ کے مزید دو بچے پیدا ہوسکتے ہیں مگر ہر بار آپریشن ہی ہوگا۔ میرے والد صاحب نے میرپور خاص (سندھ) کے ایک گاؤں میں ایک کیلے کا باغ ٹھیکے پر لیا اور ہمیں وہاں جاکر رہنے کا حکم ہوا۔ دل تو نہیں چاہتا تھا کیونکہ ایک عرصہ ہوگیا کراچی جیسے شہر میں رہتے ہوئے بامر مجبوری وہاں چلے گئے' بیوی حمل سے تھی اور نواں مہینہ چل رہا تھا چند دن ہی گزرے تھے کہ بیوی کو رات کے وقت شدید درد ہوا' اس گاؤں میں تو کیا دور دور تک کسی نرس یا ڈاکٹر کا نام و نشان نہ تھا' بڑی پریشانی ہوئی' بیوی تکلیف سے ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہی تھی' ایک دوست کو فون کرکے ٹیکسی لانے کو کہا' ٹیکسی آتے ہوئے بھی بڑی دیر ہوئی ایک ایک لمحہ قیامت بن کر گزر رہا تھا' بہرحال سواری پر سوار ہوئے' بیوی تکلیف سے فٹ بھر اوپر اٹھ رہی تھی' میں نے اس کو سنبھالنے کیلئے اس کا سر اپنے گھٹنوں پر رکھ لیا اور بے بسی سے اپنی بیوی کو تڑپتا ہوا دیکھ رہا تھا' ایک ایک لمحہ صدیوں پر محیط لگ رہا تھا' شہر وہاں سے بارہ میل دور تھا' ہمیں یوں محسوس ہورہا تھا جیسے بس اب میری بیوی کی آخری گھڑیاں چل رہی ہیں' بس اللہ کا کرم ہوگیا' میری زبان پر درود شریف جاری ہوگیا' میرے ذہن میں درود شریف کے فضائل جو کتابوں میں پڑھے یا علماء کرام سے سنے آنے لگے' میں نے بڑی توجہ اور یقین کے ساتھ درود شریف پڑھ پڑھ کر بیوی پر دم کرنا شروع کردیا' تکلیف ختم ہوگئی' فاصلے سمٹ گئے' ہم جیسے ہی شہر کے قریب پہنچے بیوی نے بتایا کہ بچہ میرے قدموں میں پڑا ہے اور مجھے واپس گھر لے جاؤ میں نے کہا اللہ کی بندی اب آئے ہیں تو لیڈی ڈاکٹر کو دیکھا دیتے ہیں' میری اہلیہ نے اصرار کیا کہ نہیں اب ضرورت نہیں' گھر چلو' میں نے کہا کوئی بات نہیں بہتر ہے چیک اپ کروالیں' بہرحال ہسپتال پہنچے' انہوں نے تقریباً آدھ گھنٹہ بعد ہمیں گھر جانے کی اجازت دیدی۔ اہلیہ کہنے لگی: میں نے کہا تھا نا کہ گھر چلیں! دس منٹ میں صفائی وغیرہ کرکے انہوں نے 1200 روپے لے لیے' میں نے کہا: اللہ نے ان کی روزی جو لکھی تھی وہ تو انہیں کسی نہ کسی طرح ملنی ہی تھی۔ قارئین! تو یہ ہے درود شریف کا کمال' اصل قصہ بتانے کا یہ ہے کہ ڈاکٹرز نے کہا تھا کہ بچے آپریشن سے ہی ہوا کریں گے مگر یہ بچی (درود شریف کی برکت سے) بغیر آپریشن کے ہوئی اور آسانی سے ہوئی۔ (محمد رفیق' کراچی)

میرے استادوں کی مہربانیاں عبقری کی نذر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کم عمری سے ہی حکمت میں دلچسپی رکھنے کی وجہ سے میرے کچھ

آزمائے ہوئے ذاتی تجربات اور استادوں کی مہربانیاں میں عبقری کی نذر کررہا ہوں تاکہ خلق خدا قدرت کی شان سے استفادہ حاصل کریں اور مجھ نہ چیز کیلئے دل کی گہرائی سے دعا کریں۔**کوئی چیز چبھ جائے تو:** اگر جسم کے کسی بھی حصہ میں کانٹا' بانس' کیل وغیرہ لگ جائے اور باہر نہ نکلے تو آک کے پودے کا پتہ توڑ کر اس کا دودھ دو سے چار قطرے اس مقام پر لگا کر اوپر اس پتے کو رکھ کر کپڑے کی پٹی سے باندھ دیں۔ اٹھارہ سے چوبیس گھنٹے میں باہر آجائے گا۔ یہ عمل دو سے تین بار یا اس سے زائد بار بھی کرسکتے ہیں۔

درد کیسا بھی ہو!: جسم کے کسی حصے میں اگر درد ہو خواہ معمولی ہو یا شدید ہو اس کیلئے یہ نسخہ آزمائیں۔ ھوالشافی: ہینگ' کاربالک ایسڈ' کروٹین آئل ہر ایک تین ماشہ' ست پودینہ' ست الائچی کلاں ہر ایک ڈیڑھ ماشہ کافور چار تولہ سب کو ملائیں اور چینی کے برتن میں ڈال کر تین دن دھوپ میں رکھیں۔ تیار ہونے پر مقام درد پر مالش کریں۔**خارش ہر قسم کیلئے بہترین:** ناریل کا تیل چار اونس' بورک ایسڈ' زنک آکسائیڈ اور گندھک ایک ایک تولہ۔ تیل کو گرم کرکے تمام ادویہ کے سفوف کو باہم ملائیں اور محفوظ کرکے رکھ لیں اور بوقت ضرورت یہ تیل استعمال کریں اور قدرت خدا کا کرشمہ دیکھیں۔**مقوی اور امساک کیلئے لاجواب دوا:** ھوالشافی: عقرقرحا' سونٹھ' لونگ' زعفران' جاوتری' فلفل دراز' صندل سرخ ہر ایک دو تولہ' شنگرف' مصفی گندھک' آنولہ سار مصفی ہر ایک چھ ماشہ' افیون آٹھ تولہ' سب کو کھرل کرکے گولیاں بقدر ڈیڑھ رتی کی تیار کریں۔ صرف پندرہ دن استعمال کریں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام' دودھ کے ساتھ' جماع سے مکمل پرہیز کریں۔ گرم اور کھٹائی سے بھی سخت پرہیز کریں۔ ان شاءاللہ حق زوجیت خوب ادا کریں گے۔

طاقت سے محروم افراد کیلئے سستا ترین نسخہ: اگر کوئی دوست یا بزرگ ہر لحاظ سے طاقت ور ہونے کے باوجود وقت جماع نہیں دے پاتے تو حق زوجیت پامال ہوجاتا ہے اس لیے سستا ترین نسخہ دے رہا ہوں۔ بوٹی ستیاناسی کے تخم لے لیں' پہلے دن صبح نہار منہ ایک رتی' دوسرے دن دو رتی تیسرے دن تین رتی اسی طرح خوراک بڑھاتے ہوئے ایک ماشہ تک لے جائیں۔ (نوٹ: اس سے تجاوز نہ کریں) پھر اس مقدار میں ایک مہینہ استعمال کریں اور پھر کرشمہ آپ خود دیکھیں۔**گردہ کی پتھری کیلئے:** سرپھوکہ پونے دو تولہ' نمک سیندھا تین ماشہ' حب القلت ماشہ' تمام ادویہ کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں جب نصف یعنی ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو چھان کر رکھ لیں اور مریض کو تین مرتبہ پلائیں۔ پیشاب کسی برتن میں کروائیں' یہ عمل صرف پانچ دن کافی ہے۔ پتھری ریزہ ریزہ ہوجائے گی۔(جہاتریب' حیدرآباد)

120 سال سے آزمودہ نسخہ جات قارئین عبقری کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ آپ سے پشاور میں ملاقات کرچکا ہے' ہمارے ایک جاننے والے احمد پور شرقیہ سے پشاور آئے تو انہوں نے مجھ سے آپ کا تعارف پہلی مرتبہ کروایا تھا' ہم عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ ہمارا پشاور میں دواخانہ ہے اور گزشتہ 120 سال سے پشاور کے باسیوں کی خدمت میں پیش پیش ہے اور میں بیس سال سے طب کے شعبے سے منسلک ہوں۔ میں آپ کے توسط سے عبقری قارئین کی خدمت میں چند نسخے بھیج رہا ہوں یقیناً ان نسخہ جات سے قارئین عبقری بھرپور مستفیض ہوں گے۔**جوڑوں کا درد اور ٹراوٹ مچھلی:** ھوالشافی: ٹراوٹ مچھلی کی آنتوں کو لے کر خون صاف کرلیں اور چولہے پر رکھ کر اتنا پکائیں کہ روغن نکلنا شروع ہوجائے' یہ روغن جوڑوں کے درد' پٹھوں کے درد' اعصابی تناؤ سے پٹھوں کے کھچاؤ کیلئے اور طلاء کے طور پر ضعف کیلئے 100 فیصد کارآمد ہے آزمائیں اور فائدہ اٹھائیں۔**ہر قسم کی بواسیر کیلئے مفید:** ہزار دانی بوٹی جو سرخ تنے والی ہو' سایہ میں خشک کرکے پیس لیں۔ ایک چمچ صبح و شام بواسیر دونوں اقسام میں سوفیصد کارآمد ہے۔ پانچ سے سات دن میں تکلیف رفع ہوجائے گی۔ مستقل فائدے کیلئے تھوڑے دن استعمال کرائیں۔ اس کے علاوہ بواسیر کیلئے ایک اور نسخہ بہت لاجواب ہے۔**ھوالشافی:** ستیاناسی بوٹی مع برگ و تخم باریک کرکے تنہا سفوف ہی فساد خون' بواسیر خونی خاص طور پر اور بادی کیلئے چوٹی کی چیز ہے۔ تھوڑے دن کے استعمال سے بواسیری مسے خشک ہوجاتے ہیں۔ انتہائی بھروسے کی چیز ہے۔**طبی اینٹی بائیوٹک:** ھوالشافی: دارچینی اور ہلدی کا سفوف باریک کرلیں اور زیرو سائز کیپسول بھر کر صبح و شام دو دو کیپسول دیں۔ مسوڑھوں کی سوجن و خون آنا' اندرونی زخم دیر سے خشک ہونے والے زخم یا وہ زخم جن میں سوجن' درد اور سرخی غالب ہو' وہاں یہ نسخہ سوفیصد کارآمد ہے۔

گیارہ امراض اور نسخہ صرف ایک: ھوالشافی: گندھک آملہ سار سوگرام لیکر سوا کلو دودھ دیگچی میں ڈال کر اس کے سر پر کپڑا باندھ دیں اور گندھک کپڑے کے اوپر ڈال کر ڈھکن اوپر رکھ دیں۔ ڈھکن پر دہکتے ہوئے چار یا پانچ کوئلے رکھ دیں۔ گندھک آگ کی تپش سے پگھل کر دودھ میں گر جائے گی۔ دودھ کو گرا کر گندھک کو دھوپ میں رکھ کر خشک کرلیں یہ عمل تین بار کریں۔ گندھک مصفی ہوجائے گی۔ پھر زیرو کے کیپسول بھر کر ایک کیپسول صبح اور ایک کیپسول شام کو دیں۔ میرے آزمائے ہوئے ہیں۔ اس **نسخہ کے فوائد:** سوزاک کہنہ' بواسیر' خارش خشک و تر' جریان' پیشاب میں جلن' جلن دار لیکوریا' دھدر' عظم الجگر' محلل اورام' مخرج بلغم وضیق النفس کیلئے آزمودہ ہے۔**پرانے سے پرانا مرض ختم:** ھوالشافی: کلونجی' حرمل' میتھرے ہم وزن باریک کرکے دو چنے کے برابر مقدار خوراک دن میں دو بار دیں اور بواسیر خونی و بادی کا دو دن میں رزلٹ لیں' پرانی سے پرانی تکلیف ایک ماہ کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے رفع ہوجائے گی۔ جوڑوں کا درد' پٹھوں کا کھچاؤ' بلغمی کھانسی جو لگاتار ہو' ریشہ بلغم کو فوراً خشک کردیتی ہے۔ میرا آزمودہ ہے اور پیسے کمانے کا راز تھا جو مخلوق خدا کیلئے عام کردیا۔ سوفیصد مفید اور مجرب المجرب ہے۔ دعاؤں کی درخواست ہے دعاؤں میں یاد رکھیں۔(حکیم حامد خلیل' پشاور)

بے مثال طاقت کا لاجواب بارہا کا آزمودہ نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک نسخہ حاضر خدمت ہے جو کہ ماہنامہ عبقری میں پہلے بھی چھپ چکا ہے اور میں نے بنا کر خود بھی استعمال کیا اور کئی دوستوں کو بھی بتایا۔ الحمدللہ ہمارا بارہا کا آزمودہ ہے اور جس کو بھی بتایا وہ آج بھی دعاؤں میں یاد رکھتا ہے۔ نسخہ اور اس کے فوائد درج ذیل ہیں:۔ ھوالشافی: ثعلب مصری ایرانی ایک چھٹانک' سفید موصلی انڈین آدھ چھٹانک' کالی موصلی انڈین آدھ چھٹانک' سبز الائچی آدھ چھٹانک۔ ان سب کو اچھی طرح پیس لیں اور آدھ چمچ نہار منہ نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ یہ دوائی مسلسل ایک ہفتہ کھانی ہے اور پھر ایک ہفتہ ناغہ کرنا ہے' پھر ایک ہفتہ استعمال کرنی ہے اور پھر ایک ہفتہ دوائی سے ناغہ کرنا ہے۔ اسی طرح تین ہفتے کھانی ہے اور تین ہفتے ناغہ کرنا ہے۔ اس دوائی کے بہت زیادہ فوائد ہیں مثلاً نوجوانوں کے تمام پوشیدہ مسائل' طاقت خوب پیدا کرے۔ رنگ سرخ و سپید بناتا ہے۔ شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کمزور حضرات کیلئے میں نے آج تک اس سے مفید نسخہ نہیں دیکھا۔ جس نے بھی بتائی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کیا اس کے تمام پوشیدہ امراض ختم ہوئے۔**ہونٹ گلاب کی پنکھڑیاں بنانے کا ٹوٹکہ:** گلاب کی پتیاں ایک پاؤ' دودھ ایک کپ' گلاب کی پتیوں کو دودھ کے کپ میں ڈال دیں' دو دن بعد' گلاب کی پتیوں کو ہونٹوں پر لگائیں' چند دن لگانے کے بعد آپ کے ہونٹ گلاب کی پنکھڑیوں کی طرح نرم و نازک اور لال ہوجائیں گے۔(عمیر انعام الٰہی' فیصل آباد)

صاحب مچھلی کھائیے جان بنائیے جان بچائیے

محمد زین چوہدری، لیہ

ہمارا سمندر بہت فیاض ہے اور ہمارے نعمت خانے کو نہایت فیاضی سے، کم دام، پر مچھلی فراہم کر سکتا ہے، لیکن بدقسمتی سے ایک تو لوگ مچھلی کی طرف زیادہ توجہ نہیں کرتے، دوسرے ہمارے ہاں بدانتظامی اور غلط طریقوں سے ان کو محفوظ کیا جاتا ہے، اس لیے وہ خراب بھی ہو جاتی ہے

بعض لوگ مچھلی پر گوشت کو ترجیح دیتے ہیں۔ تحقیق سے معلوم کیا جا چکا ہے کہ جہاں تک غذا میں مچھلی کے استعمال کا تعلق ہے، مچھلی سے جسم کو بنانے والے لحمیاتی (پروٹین) اجزاء بھی فراہم ہوتے ہیں اور جسم کا وزن بھی بڑھتا اور قائم رہتا ہے، نیز یہ بھی معلوم کیا گیا ہے کہ معمولی مچھلیوں میں اتنی ہی غذائیت موجود ہوتی ہے، جتنی بکریوں، بھیڑوں، مرغیوں اور پرندوں کے گوشت میں ہوتی ہے، حالانکہ مچھلی کے مقابلے میں ان کے لئے زیادہ قیمت دینی پڑتی ہے، پھر مچھلی کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ اس میں گوشت کی مانند ریشے نہیں ہوتے، اور آسانی سے ہضم بھی ہو جاتی ہے۔ اس کے گوشت میں پائے جانے والے وہ اجزاء بہت کم مقدار میں ہوتے ہیں جن سے صحت کو نقصان پہنچ سکتا ہے، اس لئے بیماروں کیلئے گوشت کے مقابلے میں مچھلی کہیں بہتر غذا ہوتی ہے، خصوصاً ایسے بیماروں کیلئے جن کی قوت ہاضمہ کمزور ہوتی ہے، جو لوگ میز اور کرسی پر بیٹھ کر کام کرتے ہیں یعنی محنت و مشقت کا کام نہیں کرتے ان کے لئے گوشت کے بجائے مچھلی کا استعمال زیادہ مفید ثابت ہوا ہے، چونکہ سرخ گوشت کے بارے میں ہمیں معلوم ہے کہ اس سے قبض ہونے کا امکان رہتا ہے اس لئے ہر شخص کو قصاب کے پاس سے لائے ہوئے گوشت کے بارے میں احتیاط کرنی چاہئے اور اگر اکثر اوقات گوشت کے بجائے مچھلی کھائی جائے تو صحت کیلئے مفید ثابت ہوگی۔ **مچھلی کا تیل:** مچھلی کا تیل قدیم زمانے ہی سے علاج کے لئے استعمال ہوتا آرہا ہے، تہذیب جدید نے ہمیں جہاں کچھ دوسرے ’’تحائف‘‘ دیے ہیں ان میں سے ایک امراضِ قلب بھی ہے، امراضِ قلب کی بنیادی وجہ شریانوں میں مضر مادوں کا جمع ہو کر دورانِ خون کا راستہ بند کر دینا ہے جس کے نتیجے میں بالآخر دورۂ قلب پڑتا ہے، اس کا ایک علاج انجیو پلاسٹی ہے، جس میں ایک طویل اور پیچیدہ طریقے سے ایک قسم کا غبارہ مریض کی متاثر شریان میں داخل کر کے پھلا دیا جاتا ہے، جس سے شریان کھل کر کشادہ ہو جاتی ہے اور دورانِ خون بحال ہو جاتا ہے، لیکن خرابی یہ ہے کہ کچھ عرصے بعد یہ مرض پھر لوٹ کر آ سکتا ہے۔

وسکونسن یونیورسٹی کے ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر دل کے مریض مچھلی کا تیل استعمال کریں تو شریانوں کو دوبارہ خون کیلئے اپنا دروازہ بند کرنے سے روکا جا سکتا ہے، اس لئے یومیہ چار تا پانچ گرام تیل استعمال کیا جا سکتا ہے، اگر بازار میں ملنے والے مچھلی کے 8 تا 15 کیپسول یومیہ تین ماہ سے ایک سال تک استعمال کئے جائیں تو بھی انجیوگرافی کے بعد شریانوں کے دوبارہ بند ہو جانے کا امکان 13.9 فیصد تک کم ہو جاتا ہے، اور اگر یہ مقدار کم کر دی جائے تو نتائج بھی اس حساب سے بہتر ہوتے چلے جاتے ہیں۔

اب تو کینیڈا والے بھی کہنے لگے ہیں کہ صاحب مچھلی کھائیے، جان بنائیے، جان بچائیے۔ جو لوگ مچھلی نوش فرماتے ہیں خصوصاً وہ لوگ جو آٹھ اونس فی ہفتہ سے زائدہ مچھلی استعمال کرتے ہیں، وہ شریانوں کی بندش کی مصیبت میں مچھلی سے پرہیز کرنے والوں کے مقابلے میں پچاس فیصد بہتر رہے گا۔ **گنٹھیا اور مچھلی کا تیل:** امراض قلب کی اکسیر قرار دیئے جانے سے بہت پہلے مچھلی کے تیل کو گٹھیا کیلئے بہت مفید تسلیم کیا جاتا تھا، چنانچہ مانچسٹر کے ایک قدیم ہسپتال کے 1700ء کے ریکارڈ سے پتا چلتا ہے کہ وہاں گٹھیا کے مریضوں کو باقاعدگی سے مچھلی کی کلیجی کا تیل پلایا جاتا تھا۔ اس کا استعمال محض اس کی بدبو کی وجہ سے ترک ہوا کیونکہ اُس زمانے میں یہ تیل سڑی ہوئی کلیجی سے نکالا جانے لگا تھا۔ اس سلسلے میں تازہ تحقیق ہارورڈ یونیورسٹی میں ہوئی، جس سے اندازہ ہوا کہ مچھلی کے تیل کے استعمال سے ورم پیدا کرنے والے کیمیائی اجزاء کی مقدار جسم میں گھٹ جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے گھٹیا کے مریضوں کے جوڑوں میں تکلیف کم ہو جاتی ہے، ماہرین کے خیال میں مچھلی کا تیل ورم کم کرنے والی دواؤں کے مقابلے میں زیادہ موثر اور مفید ہے۔ **دمہ کی شکایت:** لیکوٹرین کو دمہ کا ذمہ دار قرار دیا جاتا ہے۔ خون میں ان کی مقدار بڑھتی ہے تو سانس کی تکالیف رونما ہوتی ہیں اور مچھلی کا تیل زیادہ مقدار میں پینے سے یہ کم ہو جاتے ہیں، ایک ماہر کے مطابق غالباً یہی وجہ ہے کہ اسکیموس اس مرض سے بڑی حد تک محفوظ رہتے ہیں۔ مچھلی کے چربیلے ایسڈ انہیں دمہ سے محفوظ رکھتے ہیں، لیڈر لے لیبارٹریز، نیو یارک (باقی صفحہ نمبر 31 پر)

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقتٗ سببِ تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو اطلاع دیں، شکر گزار ہوں گا۔ **کتاب نمبر 42: حسن لازوال کی قاتل بیماریاں:** ہر انسان چاہے وہ خوبصورت ہو یا بدصورت، وہ ہر پل حالت صحت میں رہنا چاہتا ہے اور اس کی خواہش ہے کہ ہمیشہ اس کی تندرستی برقرار رہے اور خاص طور پہ خواتین چونکہ طبعاً حساس ہوتی ہیں اس لیے وہ اور زیادہ چاہتی ہیں کہ ان کی تندرستی، صحت اور شادمانی بحال رہے۔ میری یہ تالیف لاعلاج امراض کی شفاء یابی اور تندرستی کیلئے ایک نوید ثابت ہوئی اور خیر کا ذریعہ بنی جس کا ثبوت اس کتاب کو پڑھنے اور اس میں چھپے راز اپنانے کے لوگوں کی ڈھیروں فون کالز اور خطوط ہیں۔ میری یہ ت آئیے! اب اس کتاب کی تیاری میں جن محترم شخصیات کی تحریروں اور رسائل و کتب سے مدد لی گئی ان کے نام ملاحظہ فرمائیں: بیگم امان اللہ غوری۔ حیدر جعفری سید۔ حکیم ظفر علی رضوی۔ میکائیل گرے۔ حکیم محمد آصف پراچہ۔ راجہ معظم طاہر۔ ثمینہ جمال۔ ڈاکٹر فخر النساء۔ سید رشید الدین احمد۔ ڈاکٹر فاروق انور۔ بشیر محمود۔ شازیہ مونس۔ یوشع ادیب۔ غزالہ سہیل۔ شاہین صدیقی۔ نسرین شاہین۔ فائزہ سلیم۔ ڈاکٹر محمد ریاض الحسن۔ سلیم انور۔ ڈاکٹر نصر اللہ رانا۔ ڈاکٹر حافظ محمد ایوب۔ ابرار گیلانی۔ حکیم راحت نسیم سوہدروی۔ ڈاکٹر محمد عبدالخالق جدہ۔ پروفیسر سید۔ ڈاکٹر داؤد صالح۔ حکیم محمد سید دہلوی۔ ڈاکٹر نوشین عمران۔ منظر امام۔ ریحانہ صدیقی۔ شبانہ راشد۔ وجیہہ سلیم۔ نسرین شاہین۔ حکیم محمد اقبال۔ ڈاکٹر ایم اے صوفی۔ ڈاکٹر مبینہ آگبوٹ والا۔ عرفانہ یاسمین۔ ڈاکٹر کمال افضل مغل۔ شہناز اشرف۔ فیصل سلطان۔ یٰسین ملک۔ شاہدہ مجید۔ ڈاکٹر عبدالغفار بلو۔ آصف محمود جاہ۔ نرجس ملک۔ ڈاکٹر ساجد۔ ڈاکٹر فائزہ۔ طیبہ روح نسرین۔ حکیم حیدر جعفری سید کانپور۔ **رسائل و جرائد:** ضیاء الحکمت۔ اردو ڈائجسٹ۔ اسرار حکمت۔ ہمدرد صحت۔ قومی صحت۔ طبیب حاذق۔ ماہنامہ چلمن۔ ماہنامہ کچن۔ نوائے وقت۔ دسترخوان۔ ماہنامہ فاتح۔ جنگ سنڈے میگزین۔ انصاف سنڈے سپیشل۔ مجلہ الدعوۃ۔ سیاہ ڈائجسٹ۔ خبریں سنڈے میگزین۔ جسارت میگزین۔ روزنامہ دن۔ طبیب حاذق۔ **نوٹ:** اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں، میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

م۔م۔ر، راولپنڈی

انڈین گوریلا فورس پاک فوج کے دو سپاہیوں سے ڈر گئی

’غالباً رات دو بجے کا وقت تھا‘ ساتھ کماد کا کھیت تھا اس میں دشمن کی گوریلا فورس اسی تاک میں بیٹھی تھی کہ ہمارے کیمپ پر حملہ کرتا لیکن ہم دو آدمی ڈیوٹی پر تھے ہم نے آپس میں باتیں کیں اور باتیں بھی اس انداز سے کیں کہ جیسے بہت زیادہ لوگ ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک سابقہ فوجی ہوں‘ میں تین سال سے آپ کے تحریر کردہ وظائف اور نسخہ جات پہلے ایک اخبار میں پڑھ رہا تھا لیکن ڈیڑھ سال ہوا ہے عبقری سے واقفیت ہوئی اب تو کم تاریخ سے پہلے ہی ماہنامہ عبقری کا انتظار شروع ہو جاتا ہے‘ الحمدللہ آپ کے نسخہ جات اور وظائف پڑھ کر ایسے محسوس ہوتا ہے کہ کئی ہزار سال بعد آپ جیسی شخصیت دنیا میں ظاہر ہوا کرتی ہیں۔ تو اب میں آتا ہوں اپنی سابقہ فوجی زندگی کی طرف کیونکہ سرحدوں کی حفاظت کرنے والوں سے آپ کو بہت محبت ہے۔ عبقری میں پاک فوج کے حوالے سے بہت دلچسپ واقعات درج ہوتے ہیں تو میں نے اللہ کا شکر ہے کہ 1965ء کی جنگ قصور سیکٹر پر گزاری ہے۔ تین واقعات میرے ساتھ ایسے ہوئے ہیں کہ جیسے کوئی ہماری غیبی حفاظت کررہا ہو یعنی کہ ایسے محسوس ہوتا تھا کہ پاک فوج کی غیبی حفاظت ہو رہی ہے۔ **پہلا واقعہ:** جس دن جنگ شروع ہوئی تھی اسی دن میرے اپنے ہی ہاتھ سے سٹین گن چل گئی تو ناک اور آنکھوں کے ساتھ سے گولی اوپر نکل گئی‘ حالانکہ بچنا ناممکن تھا مگر اللہ تعالیٰ نے بچا لیا۔ **دوسرا واقعہ:** ہم آموں کے باغ میں تھے‘ رات کی ڈیوٹی تھی‘ غالباً رات دو بجے کا وقت تھا‘ ساتھ کماد کا کھیت تھا اس میں دشمن کی گوریلا فورس اسی تاک میں بیٹھی تھی کہ ہمارے کیمپ پر حملہ کرے لیکن ہم دو آدمی ڈیوٹی پر تھے ہم نے آپس میں باتیں کیں اور باتیں بھی اس انداز سے کیں کہ جیسے بہت زیادہ لوگ ہوں تو صرف باتیں کرنے سے اللہ تعالیٰ نے ان پر ہیبت طاری فرمادی اور وہ بھاگ گئے۔ حالانکہ اگر وہ ہم پر حملہ کرتے تو ہمیں باآسانی اپنی گولیوں کا نشانہ بنا سکتے تھے۔ **تیسرا واقعہ:** میں ڈرائیور تھا‘ میرے ساتھ ایک اور ساتھی تھا‘ ہم آگے پل پر ڈیوٹی دینے والے چار جوانوں کو کھانا دینے کے بعد واپس کیمپ میں آرہے تھے‘ قصور شہر سے جونہی باہر نکل رہے تھے کہ دشمن کے دو جہاز بلندی سے ہم پر گولیاں برسا رہے تھے ہم ایک چھپر کے پاس سے گزر رہے تھے جو گولیاں اور بریسٹ پانی میں لگ رہے تھے میں نے جیپ کو جلدی سے روکا اور ایک بہت بڑے درخت کے ساتھ چھپ گئے اتنے میں ہمارے لڑاکا طیارے نے ان کا پیچھا کیا تو وہ بھاگ گئے‘ اللہ نے ہمیں بچا لیا پھر غالباً اسی دن میں اکیلا سڑک پر جا رہا تھا میری گاڑی کا سلف سٹارٹر خراب تھا میں گاڑی بند نہیں کرسکتا تھا میرے آگے ڈی آر جا رہا تھا جو بات وائرلیس پر نہ بتانے والی ہو وہ (ڈی آر) دستی کاغذ لیکر دفتروں میں پہنچاتا ہے۔ مجھ سے تھوڑا ہی آگے ایک ڈی آر جا رہا تھا اس پر دشمن کے جہاز نے حملہ کا ڈی آر اللہ کے فضل سے بچ گیا لیکن سڑک میں 6x6 فٹ کا شگاف بن گیا۔ میں تھوڑا ہی پیچھے آرہا تھا اللہ نے ہم دونوں کو ہی بچا لیا اور میں نے ساتھ والے کھیت کے اندر سے گاڑی نکال کر پھر اپنے کیمپ کی طرف آ گیا۔ اللہ تعالیٰ اس عظیم ملک کو نظر بد سے بچائے اور ہمیشہ آباد و خوشحال رکھے۔

اگلے ماہ: پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد انوکھے واقعات" جو سو فیصد سچے اور آپ بیتی ہیں۔ پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں‘ ضرور لکھیں۔

عبقری کو دکھ بھری داستان لکھی اور اللہ کا کرم ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے کچھ عرصہ پہلے آپ کو اپنی دکھ بھری داستان لکھ کر بھیجی تھی تو آپ نے ایک وظیفہ عنایت فرمایا تھا کہ اول و آخر ایک مرتبہ درود شریف‘ سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ‘ سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ کا وظیفہ بہت اچھا ہے‘ اللہ تعالیٰ آپ کو اس نیکی کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین! اس وظیفے کی برکت سے ہمارے گھر سے لڑائی جھگڑے ختم ہو گئے‘ میری زندگی میں سکھ آ گیا۔ عبقری رسالہ بہت اچھا ہے۔ (ع۔ق)

حلقہ کشف المحجوب

علم وہ سیکھیں جو فائدہ دے

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہٗ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

ہم ’’کشف المحجوب‘‘ کتاب کا باب ’’ثبوت علم‘‘ کا خلاصہ بیان کررہے ہیں گزشتہ ماہ بھی اسی پر بات ہوئی آگے مزید ملاحظہ فرمائیں:۔ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ علم وہ سیکھیں جو انسان کو دنیا و آخرت دونوں میں نفع دے۔ اسی باب میں پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن پاک کی آیت کا حوالہ دیا ہے کہ ’’وہ لوگ وہ ہیں جو ایسے علوم سیکھتے ہیں جو انہیں کوئی نقصان تو دیتے ہیں مگر نفع نہیں دیتے‘‘ اب سوچنے کی بات ہے کہ علم نفع نہیں دیتے! **غیر مفید علم کی مذمت:** پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ مزید فرماتے ہیں کہ ایسے غیر مفید علم کی انہوں نے مذمت فرمائی ہے اور رسول اللہ ﷺ نے ایسے علم سے اللہ کی پناہ مانگی ہے۔ آگے انہوں نے حضور پاک ﷺ کی حدیث بیان فرمائی ہے اس کا ترجمہ یہ ہے کہ ’’اے اللہ! میں اس علم سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو نفع نہ دے۔ اس علم سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھے نفع نہ دے۔‘‘ پس تھوڑے علم کی مدد سے بہت سا عمل کرنا اور ضروری ہے کہ علم کے ساتھ عمل بھی ہو کیونکہ رسول ﷺ نے فرمایا کہ عابد علم دین کے جانے بغیر خراس کے گدھے جیسا ہے۔ خراس چکی، کولہو والے کو کہتے ہیں۔ اسکے پاس علم نہیں ہے صرف عبادت ہے وہ اسی کی طرح ہے اور سرورِ کونین ﷺ نے بے علم عابدوں کو خراس کے گدھے سے مشابہ فرمایا۔ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ وہ کتنا ہی گھومے اپنے پہلے ہی قدم پر رہتا ہے، آگے کا فاصلہ طے نہیں کرسکتا۔ اب پیر علی ہجویری اپنا مشاہدہ بیان فرمارہے ہیں کہ ’’میں نے عوام الناس کا ایک گروہ دیکھا ہے جو علم کو عمل پر فضیلت دیتے ہیں اور دوسرا گروہ عمل کو علم پر لیکن یہ دونوں امر باطل ہیں۔ اس لیے کہ علم کے بغیر عمل نہیں سمجھا جاتا بلکہ عمل اس وقت ہوتا ہے جب علم اسکے ساتھ شامل ہو اور علم بھی وہ جو صحیح علم ہو۔

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ ’’حلقہ کشف المحجوب‘‘ کا آج ہی مطالعہ کریں۔

بانجھ عورت اور اولاد نرینہ: اگر بانجھ عورت لگاتار سات روز روزے رکھے اور پانی سے افطار کرنے کے بعد اکیس بار اَلْبَارِئُ اَلْمُصَوِّرُ پڑھے تو ان شاء اللہ اولاد نرینہ نصیب ہوگی۔

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 97

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پہ سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

پریشانی' ویرانی' بربادی: میرے غم کو اس نے لطف اور مزہ میں لیا اور مجھے اس نے مذاق بنالیا' میرے علم کو نہ دیکھا' میری عمر کو نہ دیکھا' میرے بڑھاپے کو نہ دیکھا' اور چلا گیا۔ اب میں اندھا تو نہیں کانا ہوگیا اور میرا اندھا پن بڑھتا چلا جارہا تھا' مجھے جگہ جگہ ٹھوکریں لگیں اور میں ٹھوکریں کھاتا کھاتا دن رات گزار رہا تھا' میرا کوئی پل ایسا نہیں تھا کہ میری آنکھوں سے آنسو نہ بہہ رہے ہوں' میرا ایک ہاتھ مفلوج اور میری ایک آنکھ اندھی تھی' میں بے زور ہوکر رہ گیا تھا' میری طاقتیں' قوتیں ختم ہوگئیں' میرا جسم ویران ہوگیا' میرے حالات بد سے بدتر ہوگئے بس انہی حالات میں' میں پریشانی کے عالم میں بہت زیادہ ویرانی اور بربادی کے ساتھ زندگی کے دن رات گزارنے لگا۔ **مجھے بددعائیں کیوں دیں؟** کوئی مہینہ سوا مہینے بعد کا واقعہ ہے کہ میں سویا ہوا تھا تو کسی نے میری پنڈلی پر زور سے کاٹا' میں ایک دم چیخ کر اٹھا تو کوئی نہیں تھا' بس اس کا ہواؤں اور فضاؤں میں بھیانک قہقہہ اور خطرناک انداز' میں ویران ہوگیا' غم میں ڈوب گیا' میرے انداز سے اسے اور لطف اور مزہ ملا اور وہ یہ کہہ کر چلا گیا کہ تو نے مجھے بددعائیں کیوں دی تھیں اب میں تیرا کوئی پل' کوئی سانس' کوئی لمحہ سکون کا نہیں رہنے دوں گا۔ تجھے ہمیشہ بے سکون اور بے چین رکھوں گا۔ مجھے تجھ سے بغض ہے' عداوت ہے' دشمنی ہے۔ میں نے بڑبڑاتے ہوئے کہا: آخر میں نے خطا کیا کی تھی؟ لیکن اس کا ایک بھیانک قہقہہ سنائی دیا اور وہ غائب ہوگیا۔ پھر روزانہ رات کو میرے ساتھ یہی ہونا شروع ہوگیا جب بھی سوجاتا میں درد سے چیختا' چلاتا' گھبراتا' چونکتا اور حیرت انگیز بات ہے کہ یہ جاگتے ہوئے نہیں ہوتا تھا شاید وہ میری نیند کا انتظار کرتا یا مجھ پر خطرناک جادوئی طاقتوں سے نیند مسلط کرتا تھا اس کے بعد وہ میرے جسم کے کسی نہ کسی حصے پر کاٹتا اس کے دانتوں کے پورے نشان ہوتے تھے اور ابھی بھی ہیں اور ان سے خون رستا رہتا ہے' کوئی دوا یا علاج اس پر اثر نہیں کرتی حتیٰ کہ جوں جوں علاج کرو زخم بڑھنا شروع ہوجاتا ہے' تکلیف بڑھنا شروع ہوجاتی ہے اور درد بہت زیادہ بڑھتا ہے۔ **رزق لٹ گیا' بیٹیوں کو طلاق ہوگئی:** میں پریشانی کے عالم میں یہی تکلیف سہہ رہا تھا اور یہی درد نبھا رہا تھا' میرے ساتھ گھر کا رزق لٹ گیا' میری دو بیٹیوں کو طلاق ہوگئی اور جب بھی یہ طلاق دلواتا تھا مجھے آکر بتاتا تھا کہ یہ میں نے کروایا ہے' یہ زمین پر خدا بنا ہوا تھا شاید اللہ تعالیٰ نے اسے ڈھیل دی ہوئی تھی گھر میں چیزیں چوری ہوجاتی ہیں' میرے گھر میں سونے کی کوئی چیز نہیں بچی یہ چرا کر لے جاتا ہے اور واضح کہتا ہے کہ میں نے چرایا اور ہر چرانے کے بعد بتاتا تھا کہ میں نے وہ سونا وہ رقم وہ مال وہ چیزیں عیاشی میں خرچ کی ہیں' اس کا پل پل میرے لیے اذیت ناک اب تو نامعلوم کتنے سالوں سے میں سو نہیں سکا لیکن یہ ظالم میری اونگھ میں بھی مجھے تکلیف دیتا اور مجھے زخمی کردیتا میں بوڑھا ہوں لیکن سالہا سال کی اس کی اذیتوں نے مجھے وقت سے پہلے اور بوڑھا کردیا ہے اور سالہا سال کی اس کی اذیتوں نے مجھے وقت سے پہلے ویران اور برباد کردیا ہے۔ **مجھے جنات سے محبت ہے مگر یہ جن قابل نفرت ہے:** وہ مجمع کو غم اور دکھ سنا رہا تھا اور بار بار کہہ رہا تھا کہ بادشاہ سلامت میں عالم ہوں' میں مفتی ہوں' میں نے علم پڑھا ہے' فقہ اور میرے علم کے مطابق کالا جادو اور کالا جادوگر اس قابل ہوتا ہے کہ اس کی گردن اتار دی جائے' میں خود جن ہوں' مجھے جنات سے محبت ہے' لیکن یہ جن قابل نفرت ہے' یہ جن قابل محبت نہیں ہے' بادشاہ سلامت! آپ اس کے ساتھ ہرگز ہرگز ترس نہ کھائیں' ہرگز ہرگز رحم نہ کھائیں اور اس کو میرے حوالے کردیں کہ میں اس کو ٹکڑے ٹکڑے کردوں' یہ امت پر احسان ہوگا' مظلوموں پر احسان ہوگا اور آپ کا مجھ پر احسان ہوگا۔ وہ بوڑھا عالم مفتی جن رو رہا تھا' رو رو کر اپنی فریادیں بیان کررہا تھا کہا کہ مجھے آج پتہ چلا کہ وہ ظالم پکڑا گیا ہے اور پتہ بھی اس لیے چلا کہ میں گزشتہ دو تین دنوں سے کسی تکلیف میں مبتلا نہیں ہوا مجھے حیرت ہوئی کہ اس نے تو میرا پیچھا نہ چھوڑنے کا فیصلہ کیا تھا لیکن آج مجھے کیوں چھوڑ گیا پھر مجھے آپ کی طرف سے اطلاع ملی کہ ہر شخص آکر اپنا دکھ بیان کرے میں آج آپ کے سامنے اپنا دکھ اور غم بیان کرنے آیا ہوں بس میرے ساتھ ترس کھائیں اور رحم کھائیں اور مجھے انصاف دلائیں۔ **میرا تمام علمی ذخیرہ ضائع کردیا:** اس نے میری تمام کتابیں پھاڑ دی ہیں اس نے میرا تمام علمی ذخیرہ ضائع کردیا ہے' میرا ہاتھ ابھی تک مفلوج ہے' میری آنکھ ابھی تک اندھی ہے' مجھے یقین ہے جب یہ قتل ہوگا تب اس کا جادو اور طلسم ٹوٹے گا اور میری آنکھ اور میرا ہاتھ خودبخود ٹھیک ہوجائے گا۔ **مجھے آپ سے انصاف چاہیے:** وہ بوڑھا عالم جن چیخ رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ بادشاہ آپ کے دربار میں کسی عالم کا کوئی مقام نہیں کیا؟ آپ کے دربار میں کسی بوڑھے کا کوئی وقار نہیں کیا؟ آپ کے دربار میں کسی مظلوم کی کوئی پکار اور فریاد نہیں؟ مجھے آپ سے بہت کچھ نہیں چاہیے مجھے آپ سے صرف انصاف چاہیے۔ میں بہت نادم ہوں کہ میں شاید آپ کے دربار کی گستاخی کر گیا ہوں میں نے آپ کے ادب کا خیال نہیں کیا لیکن آپ میرے دکھ اور غم کو اگر تولیں گے تو شاید یہ دکھ اور غم سب سے زیادہ بھاری ہوگا اور سب سے زیادہ پریشان کن ہوگا۔ میرے دکھ اور غم میں آپ میرا ساتھ دیں۔ اس دکھ اور غم میں آپ مجھے تنہا نہ چھوڑیں۔ بادشاہ سلامت کیا مجھے آپ اس حالت میں چھوڑ دیں گے؟ کیا آپ میرا ساتھ نہیں دیں گے؟ مجھے آپ کا ساتھ چاہیے۔ **مجھے الجھنوں کا توڑ چاہیے:** مجھے غموں سے نجات چاہیے مجھے الجھنوں کا توڑ چاہیے۔ بادشاہ غم اور غصے کی ملی جلی کیفیات کے ساتھ اس شخص کے حالات سن رہا تھا' اب تو ایسا محسوس ہورہا تھا کہ شاید مجمع کے آنسو ہی ختم ہوگئے ہیں اور مجمع رو رو کر ہچکیاں لے لے کر ہلکان ہورہا تھا وہ ظالم جادوگر زنجیروں میں جکڑا سر جھکائے ہوا تھا' معلوم یہ ہوتا تھا کہ وہ اپنے جادو کا ہر گُر زنجیروں سے نکلنے کیلئے آزما چکا ہے لیکن اب اس کا ہر گُر' جادو کا طلسم اور راز ختم ہوچکے ہیں وہ مخلوق کو گمراہ کرنے والا تھا۔ مخلوق کے ساتھ دکھوں اور دردوں کو چننے والا نہیں تھا' پھیلانے والا تھا' وہ مظلوم بنانے والا تھا' وہ ظلم ڈھانے والا تھا وہ دشمنیاں پھیلانے والا تھا وہ گھروں میں لڑائیاں کرواکر آپس میں نفرتیں پیدا کرکے محظوظ ہوتا تھا۔ اس کا پل پل شرارت اور چنگاڑیوں سے بھرا ہوا تھا اس کا دماغ منفی سوچتا تھا مثبت نہیں سوچتا تھا وہ جانور نہیں تھا بلکہ جانور کتے اور خنزیر سے بدتر تھا وہ سانپ اور بچھو کی طرح تھا کہ بچھو کو ڈسنے سے مزہ نہیں آتا لیکن وہ ڈستا ہے۔ **آج ظالم کا انجام اپنی آنکھوں سے دیکھیں:** بادشاہ نے جلاد کو بلوایا جلاد فوراً حاضر ہوا پورے مجمع میں کہرام مچ گیا اور انصاف انصاف کی آوازیں لگنے لگیں اور مجمع خوشی کے مارے اچھل رہا تھا کہ آج ظالم کا انجام اپنی آنکھوں سے دیکھیں لیکن اسی دوران ایک عورت بار بار پکار پکار کر اپنا غم اور دکھ سنانے کی فریاد کررہی تھی اور وہ چاہ رہی تھی اس کا غم اور دکھ سنا جائے اس کا درد

بھی سنا بھی جائے اور اس کو بھی انصاف دلایا جائے اس ظالم کو ایسے نہ مارا جائے' وہ عورت پکار رہی تھی جس طرح اس نے لوگوں کو سسکایا ہے اسی طرح اس کو بھی سسکایا جائے' اس نے بادشاہ سلامت کو کہا کہ بادشاہ سلامت پہلے اس کی ایک آنکھ نکالی جائے پھر اس کو تڑپایا جائے پھر چند گھنٹوں کے بعد اس کی دوسری آنکھ نکالی جائے پھر اس کو تڑپایا جائے' پھر اس کا ایک کان کاٹا جائے جو بہت شدت سے نہیں کسی کند چھری سے سارا نہ کاٹا جائے ایک ٹکڑا کاٹا جائے پھر اس کو سسکایا اور تڑپایا جائے پھر دوسرا ٹکڑا کاٹا جائے اس طرح چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے اس کا کان کاٹا جائے پھر اس کے جسم کے ایک ایک بال کو کھینچا اور ادھیڑا جائے اور پھر اس کے جسم کے ایک ایک روئیں کو زخمی کیا جائے۔ پھر اسی طرح اس کا دوسرا کان کاٹا نہ جائے بلکہ کترا جائے پھر اسی طرح دوسری آنکھ ہونٹ اور ناک الغرض کوئی چیز اس کی کاٹی نہ جائے بلکہ چھوٹے چھوٹے حصوں سے لوہے کی بڑی قینچیوں کے ساتھ کتری جائے تب ہمیں محسوس ہوگا کہ ہمیں انصاف ملا ہے۔ **یہ جن میری تین بیٹیاں اٹھا کر لے گیا:** بادشاہ سلامت آپ خود منصف ہیں' آپ رحم دل ہیں' رحم دلی آپ کی نسلوں سے چلتی آرہی ہے' آپ شریف ہیں آپ مخلص ہیں۔ یہ جن میری تین بیٹیاں اٹھا کر لے گیا' میری جوان خوبصورت بیٹیاں' میں جننی ہوں' میری بیٹیاں بلوغت سے نکل کر شادی کی عمر میں تھیں کہ میری ایک بیٹی کو اٹھا کر لے گیا' میری بیٹی اپنے گھر کے درخت کے نیچے بیٹھی تھی اور اپنے خوبصورت لمبے بالوں کو سنوار رہی تھی وہ کھڑی ہو کر کنگھی کر رہی تھی اور اس کے بال اتنے گھنے اور خوبصورت تھے کہ زمین کو چھو رہے تھے اس دوران میں نے ایک قہقہہ سنا ایک دردناک آواز سنی اور ایک سفاکی اور تیزی کی ایک سیٹی دار لہر سنی جس نے میرے سارے گھر کو سناٹے میں ڈال دیا اور میرا گھر اسی سناٹے میں سہم گیا' اس نے زور سے قہقہہ لگایا اور میری بیٹی کو پکارا اور بس پھر میں نے محسوس کیا کہ جیسے کوئی چیل کسی مرغی کے بچے کو اٹھا کر لے جاتی ہے اسی طرح یہ ظالم اپنے خوفناک پنجوں میں چیختی چلاتی بیٹی کو اٹھا کر لے گیا' مجھے آج تک وہ بیٹی نہیں ملی یقیناً وہ میری بیٹی دن رات اسی ظالم کے پاس آگ پر بھن رہی ہے اور اس ظالم کے ظلم میں وہ تڑپ رہی ہے' ٹھیک پانچ ماہ کے بعد میری دوسری بیٹی بھی اسی طرح اٹھا کر لے گیا' اُس وقت جب وہ نہا رہی تھی مجھے رب نے حسن و جمال دیا ہے اس باحجاب بانقاب جننی نے بتایا۔ میری بیٹیاں بہت حسین و جمیل ہیں پانچ ماہ قبل کا غم مجھے نہیں بھولا تھا کہ یہ میری دوسری بیٹی کو بھی اٹھا کر لے گیا۔ **میرا گھر اور نسلیں ویران:** میرے گھر میں صف ماتم تھی' ویرانی تھی' میرا گھر کا ہر فرد رو رہا تھا' میرے پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں ہیں ہر بیٹا غم اور انتقام میں ابل رہا ہے' اس واقعہ کو صرف انیس ماہ ہوئے ہیں اور میرا گھر اجڑ گیا ہے' میری نسلیں ویران ہوگئی ہیں اور میں برباد ہوگئی ہوں میرا کوئی وارث نہیں رہا' میرا کوئی ساتھی نہیں رہا' میری عزتیں مجھ سے لٹ گئی ہیں' میرے بیٹے گھر سے باہر نہیں نکل پا رہے' وہ کس کو منہ دکھائیں اور کیا منہ دکھائیں' ابھی یہ غم ہرا ہی تھا کہ تھوڑے ہی دنوں کے بعد میری تیسری بیٹی جو ابھی کچھ ماہ پہلے بالغ ہوئی تھی اس کو بھی اٹھا کر لے گیا' مجھے کوئی خبر نہیں مجھے اس کی شکل یاد ہے' مجھے اس کا چہرہ یاد ہے' نامعلوم اس نے میری بیٹیوں کو کہاں رکھا ہوا ہے؟ وہ تڑپ رہی تھی وہ اپنے ہاتھوں سے چہرہ پیٹ رہی تھی اس نے اپنا سینہ چھلنی کیا ہوا تھا وہ پکار رہی تھی کیا بادشاہ سلامت میری بیٹیاں اسی کے پاس رہیں گی اور آپ اس کو قتل کردیں گے' کیا بادشاہ سلامت میری بیٹیاں ایسے ہی سسکتی رہیں گی' کیا میں غم کے بادلوں میں ایسے ڈھکی ڈھکی مر جاؤں گی؟ کیا میں اپنی نیک شریف بیٹیوں کا چہرہ کبھی نہیں دیکھ پاؤں گی؟ کیا میں اسی طرح سسکتی' روتی اور ابلتے آنسوؤں کے ساتھ قبر میں چلی جاؤں گی؟ کیا میں ان بیٹیوں کے ہاتھ پیلے نہیں کرسکوں گی؟ وہ یہ لفظ کہتے ہوئے رو رہی تھی تڑپ رہی تھی اس کے لفظ عجیب تھے' سارا مجمع تڑپ رہا تھا۔ بادشاہ کے طاقتور محافظوں نے مجمع کو سنبھالا ہوا تھا' ہر شخص یہ چاہتا تھا کہ اس جادوگر کی جا کر گردن مروڑ دیں یا اس کے ٹکڑے ٹکڑے کردیں یا اس کو قتل کردیں۔ لیکن بادشاہ کے طاقتور محافظوں نے مجمع کو قریب نہیں آنے دیا اور بادشاہ نے اس کو روکا ہوا تھا۔ **جب جادوگر میری بیٹی کو پھینک گیا:** لمحے گزرتے جارہے تھے اس خاتون کی داستان بڑھتی چلی جارہی تھی' وہ کہنے لگی: ایک دفعہ اس نے ہمیں سسکانے اور تڑپنے کیلئے درمیانی بیٹی جس کو نہاتے ہوئے اٹھایا تھا اس کو ہمارے گھر پھینک گیا اس کا جسم ہر ہر جگہ سے زخمی تھا اور چبایا ہوا تھا' وہ سسک رہی تھی وہ بار بار پانی مانگتی تھی وہ بول نہیں سکتی تھی وہ اپنا درد نہیں بیان کرسکتی تھی' اس کی زبان پر اس نے جادو کیا ہوا تھا وہ دیکھ رہی تھی اور اس کے احساسات تھے' اس کی سمجھ تھی اس کی عقل تھی' اس کا شعور تھا لیکن وہ بول نہیں سکتی تھی' وہ آنکھوں سے اور ہاتھوں سے اپنا غم سنانے کی کوشش کرتی لیکن پھر وہ رو کر ڈوب ڈوب جاتی تھی' وہ تڑپ جاتی تھی تین دن ہمارے گھر میں رہی' ہم نے اسے کھلانے پلانے اس کے زخموں پر مرہم لگانے کی بہت کوشش کی لیکن اس کا کوئی زخم ٹھیک نہیں ہوتا تھا ان زخموں میں زہر بھرا ہوا تھا' وہ کھا پی نہیں سکتی تھی' وہ ہڈیوں کا ڈھانچہ بن چکی تھی' حسن و جمال ختم ہو چکا تھا' اس کے آدھے بال گر چکے تھے۔ اس کا جسم نڈھال ہو چکا تھا وہ کروٹ خود نہیں بدل سکتی تھی' بیٹھنا تو دور کی بات ہے' وہ ٹانگیں سیدھی نہیں کرسکتی تھی' اس کا ہاتھ جہاں پڑا ہوتا تھا وہیں پڑا رہتا تھا تین دن کے بعد دیکھا کہ وہ گھر میں نہیں ہے ہم نے ادھر ادھر تلاش کیا لیکن وہ تو چل پھر ہی نہیں سکتی تھی۔ بس پتہ چل گیا کہ یہ خبیث جن میری بیٹی کو اٹھا کر پھر لے گیا ہے وہ دراصل ہمیں سسکانا چاہتا تھا' تڑپانا چاہتا تھا اور بتانا چاہتا تھا کہ میں طاقتور ہوں! **ہم اس زندگی سے اکتا چکے ہیں:** ایک اہم بات اس خاتون نے یہ بتائی کہ ہمارے پورے گھر میں بدبو ہے ایسے جیسے کسی نے بہت بڑی غلاظت ہمارے گھر میں چھوڑ دی ہے۔ ہم نے گھر کو خوب صاف کیا ایک ایک کونے کو کریدا کوئی مرا ہوا جانور کوئی غلاظت کچھ بھی نہیں' بس سارا دن ایسے محسوس ہوتا ہے کہ جیسے گندگی کی آندھی اور طوفان ہمارے گھر میں ہے' ہم اس زندگی سے اکتا چکے ہیں ہمارے گھر کا ہر فرد گندگی میں اٹا ہوا ہے میرے بیٹے شرمندہ شرمندہ ہیں' ان کے وقت سے پہلے چند ہی مہینوں میں بال سفید ہوگئے ہیں' ہمارے گھر میں کبھی کھانا پکتا ہے کبھی نہیں پکتا' اگر پکا ہوا بھی ہوتا ہے تو کسی کا کچھ کھانے کو دل نہیں چاہتا' ہر شخص یا ایک دوسرے کا منہ تکتا ہے یا سر نیچا کیے روتا رہتا ہے یا پھر فضاؤں میں گھور گھور کر رب کی مدد اور طاقت کو تلاش کرتا رہتا ہے۔ وہ جننی رو رہی تھی اس کا رونا میں بیان نہیں کرسکتا وہ جننی تڑپ رہی تھی' اس کا تڑپنا الفاظ میں ڈھل نہیں سکتا۔ (جاری ہے)

فاقے ختم' دولت' عزت اور برکت کیسے ملی؟

بے یقینی کی دنیا میں یقین بھرے ایک حکیم صاحب کا قصہ

پروفیسر عرفان الحسن

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں' ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

میں ایک ادارہ میں اکاؤنٹنٹ تھا' ہمارے ساتھ ایک صاحب ہوا کرتے تھے وہ حافظ آباد کے قریب واقع کسی گاؤں کے رہنے والے تھے' وہ وقتاً فوقتاً گاؤں کا چکر لگاتے رہتے تھے وہ اکثر ایک حکیم صاحب کا ذکر کرتے' ان حکیم صاحب کی باتیں کچھ عجیب سی تھیں۔ مجھے بھی آج تک یاد ہیں۔ حکیم صاحب کا گاؤں گکھڑ سے چند کلومیٹر کے فاصلہ پر تھا۔ حکیم صاحب کا بچپن اپنے دادا کی گود میں گزرا تھا۔ ان کے والدان کی پیدائش سے قبل انتقال فرما گئے تھے' دادا نے بچپن ہی سے عبدالحکیم کو یہ سبق پڑھانا شروع کر دیا کہ اللہ کہتا ہے کہ میں نے انسانوں اور جنات کو صرف اپنی عبادت کیلئے پیدا کیا ہے۔ عبادت میں سے صرف وہ وقت اللہ تعالیٰ معاف کر دے گا جو اس کے دیے ہوئے رزق کی تلاش کرنے میں لگے گا اور جو وقت انسان کے بس سے باہر ہے جیسے سونا، آرام کرنا وغیرہ وغیرہ۔ گاؤں میں گھر کا کافی بڑا صحن تھا' مزے کی بات یہ تھی کہ گھر کے گرد کوئی چار دیواری بھی نہ تھی۔ گھر میں ایک طرف بڑے بڑے درختوں کا ایک جھنڈ تھا۔ صبح شام دنیا جہان کی چڑیاں وہاں آکر جمع ہو جاتیں اور چیں چیں کر کے آسمان سر پر اٹھا لیتیں۔ صبح فجر ادا کر کے آپ ننھے حکیم کو گود میں لٹا کر ایک چارپائی پر بیٹھ جاتے اور چڑیوں کی آواز سے آواز ملانے کی کوشش کرتے' کہا کرتے یہ کہہ رہی ہیں ''رازق رازق تو ہی رازق'' گھر میں اکثر کہا کرتے کہ یہ اپنے دل میں دعا مانگ سکتی تھیں جیسے دنیا کے باقی سینکڑوں ہزاروں جانور مانگتے ہیں۔ لیکن انسان کو احساس دلانے کیلئے اللہ نے ان کو با آواز بلند روز کا رزق روز صبح مانگنے کا حکم دیا۔ عبدالحکیم کو سمجھاتے رہتے کہ ہمارے بزرگوں نے اور ہم نے تو خدا سے چڑیوں کی طرح رزق مانگ کر زندگی گزار لی اور بڑے سکھی رہے تم بھی یہ راہ اختیار کرو گے تو زندگی بڑے سکون سے گزر جائے گی۔ شام کو دادا جان عصر کی نماز کے بعد پھر چڑیوں کے ساتھ بیٹھ کر اللہ کو یاد کرتے۔ وہ کہا کرتے غور کرو وہ کیا کہہ رہی ہیں مجھے تو یہی سمجھ آتا ہے کہ کہہ رہی ہوں ''شکر شکر مولا تیرا شکر'' یعنی تو نے ہماری صبح کی دعاؤں کو شرف قبولیت بخشا اور ہمیں اتنا رزق دیا کہ ہم کھا بھی نہ سکے۔

عبدالحکیم صاحب کا گکھڑ منڈی میں جی ٹی روڈ پر مطب ایک پرانی سی عمارت میں ہوتا تھا۔ گرمیوں میں آٹھ بجے اور سردیوں میں نو بجے دکان لازماً کھل جاتی تھی لیکن دکان بند ہونے کا کوئی مقررہ وقت نہیں تھا۔ کہا کرتے تھے جب کھاتہ مکمل ہو گیا' دنیاداری کا وقت ختم ہو گیا۔ ہمارا ساتھی بتاتا کہ کھاتے کا بھی بڑا دلچسپ چکر تھا۔ حکیم صاحب صبح بیوی کو کہتے کہ جو کچھ آج کے دن کیلئے تم کو درکار ہے ایک چٹ پر لکھ کر دے دو۔ بیوی لکھ کر دے دیتی۔ آپ دکان پر آ کر سب سے پہلے وہ چٹ کھولتے۔ بیوی نے جو چیزیں لکھی ہوتیں ان کے سامنے ان چیزوں کی قیمت درج کرتے پھر ان کا ٹوٹل کرتے پھر اللہ سے دعا کرتے کہ یا اللہ! میں صرف تیرے ہی حکم کی تعمیل میں تیری عبادت چھوڑ کر یہاں دنیاداری کے چکروں میں آ بیٹھا ہوں۔ جوں ہی تو میری آج کی مطلوبہ رقم کا بندوبست کر دے گا۔ میں اسی وقت یہاں سے اٹھ جاؤں گا اور پھر یہی ہوتا۔ کبھی صبح کے ساڑھے نو کبھی دس بجے حکیم صاحب مریضوں سے فارغ ہو کر واپس اپنے گاؤں چلے جاتے۔ ایک دن حکیم صاحب نے دکان کھولی۔ رقم کا حساب لگانے کیلئے چٹ کھولی تو وہ چٹ کو دیکھتے ہی رہ گئے۔ ایک مرتبہ تو ان کا دماغ گھوم گیا۔ ان کو اپنی آنکھوں کے سامنے تارے چمکتے ہوئے نظر آرہے تھے لیکن جلد ہی انہوں نے اپنے اعصاب پر قابو پا لیا۔ آٹے دال وغیرہ کے بعد بیگم نے لکھا تھا ''بیٹی کے جہیز کا سامان'' کچھ دیر سوچتے رہے پھر باقی چیزوں کی قیمت لکھنے کے بعد جہیز کے سامنے لکھا ''یہ اللہ کا کام ہے اللہ جانے''

ایک دو مریض آئے ہوئے تھے ان کو حکیم صاحب دوائی دے رہے تھے۔ اسی دوران ایک بڑی سی کار ان کے مطب کے سامنے آ کر رکی۔ حکیم صاحب نے کار یا صاحب کار کو کوئی خاص توجہ نہ دی کیونکہ کئی کاروں والے ان کے پاس آتے رہتے تھے۔ دونوں مریض دوائی لے کر چلے گئے وہ سوٹڈ بوٹڈ صاحب کار سے باہر نکلے اور سلام کر کے بنچ پر بیٹھ گئے۔ حکیم صاحب نے کہا کہ اگر آپ نے اپنے لیے دوائی لینی ہے تو ادھر سٹول پر آجائیں تاکہ میں آپ کی نبض دیکھ لوں اور اگر کسی مریض کی دوائی لے کر جانی ہے تو بیماری کی کیفیت بیان کریں۔ وہ صاحب کہنے (باقی صفحہ نمبر 44 پر)

اگلے مہینے' فاقے ختم' دولت' عزت اور برکت کیسے ملی؟'' کے حوالے سے ایک نیا سچا واقعہ اور ایک نیا آزمودہ عمل پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

موت کی بے ہوشی میں کلمے کا ہوش

ڈاکٹر عثمان مہر، فورٹ عباس

رات تقریباً گیارہ بجے کا وقت تھا۔ ہم اپنا ڈینٹل کلینک بند کرنے ہی والے تھے کہ اچانک ایک بوڑھی خاتون درد سے کراہتی ہوئی اپنے بیٹے کے ساتھ آئی۔ وہ درد کی شدت سے ہائے ہائے کر رہی تھی اور ہر بات کرنے کے بعد ہائے ہائے کرنے لگتی۔ جب اُن کا منہ کھلوا کر چیک کیا تو بے چاری کے دائیں طرف کے 3 دانت خراب تھے۔ اور ایک دانت کے نیچے تو اتنی انفیکشن ہوئی پڑی تھی کہ میں نے پچھلے 6 سالوں میں ایسا نہیں دیکھا تھا۔ وہ بوڑھی خاتون بولی ڈاکٹر صاحب میں نے دوائی بھی کھائی ہے لیکن میرا درد بڑھتا ہی جا رہا ہے۔ اور پھر کہنے لگی بیٹا! تم بھی ہمارے جیسے نمازی دکھائی دیتے ہو۔ مہربانی کر کے مجھے درد نہ کرنا، ہائے ہائے بیٹا میرا دانت نہ نکالنا، ہائے ہائے بیٹا مجھے انجکشن سے بہت ڈر لگتا ہے۔ کہیں مجھے انجکشن نہ لگا دینا۔ خیر! انہیں پھر بھی انجکشن لگایا گیا اور سرجیکل بلیڈ کے ساتھ کٹ لگا کے اُن کے مسوڑے سے سارا مواد نکالا گیا۔ اس دوران بھی وہ ہائے ہائے کرتی رہی۔ پھر جب انہیں میڈیسن لگا کر اُن کا منہ بند کروانے لگے تو وہ بولی ڈاکٹر صاحب کیا میں نماز پڑھ لوں گی؟ ڈاکٹر صاحب کیا میں وضو کیلئے کلی کر لوں گی؟ یقین جانیں کہ جب اُس نے یہ بات کہی تو سرجیکل بلیڈ میرے ہی دل پر کٹ لگاتا ہوا محسوس ہوا۔ جب وہ درد سے کراہ رہی تھی اُس وقت تو اُس بوڑھی خاتون کا ڈوپٹہ بھی پوری طرح اُن کے جسم پر نہ تھا اور نہ ہی اُسے اس بات کی ہوش تھی کہ میں بے پردہ ہو رہی ہوں۔ لیکن ان سب کے باوجود انہوں نے بے ساختہ یہ بات کہی کیا میں نماز پڑھ لوں گی؟ تو میرے دل میں خیال آیا کہ ایک بابا جی دعا مانگا کرتے تھے۔ ''یا اللہ'' موت کی بے ہوشی میں کلمے کا ہوش عطا فرما۔ تو میں نے سوچا کہ اس بوڑھی خاتون جیسے ہی وہ لوگ ہوتے ہوں گے جنہیں موت کی بے ہوشی میں بھی کلمے کا ہوش رہتا ہوگا اور شاید انہی جیسے لوگ ہوتے ہوں گے جو قبر میں جا کے منکر نکیر کے سوالات اور ان کے خوفناک حلیے کی پروا کیے بغیر کہیں گے کہ ذرا ٹھہرو ہم پہلے نماز ادا کر لیں۔ جو شروع میں اس بوڑھی خاتون نے بات کہی تھی کہ بیٹا تم بھی ہمارے جیسے نمازی دکھائی دیتے ہو۔ اب مجھے اپنے اوپر شرمندگی اور اپنی نمازوں پر ندامت ہو رہی تھی کیونکہ میں عادت کا نمازی تھا اور وہ عبادت کی نمازی تھی۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ وہ پوری امت کو موت کی بے ہوشی میں کلمے کا ہوش نصیب فرمائے۔ آمین

حکیم راحت نسیم سوہدروی

کمر درد کی شکایت کرتی خواتین صحت یابی کا راز پالیں

گرم دودھ میں میٹھا سوڈا اور نمک ملا کر پینا بھی فوری آرام دیتا ہے۔مہرہ کھسک جانے سے ہونے والے درد سے نجات کیلئے سورنجاں (شیریں) بہترین علاج ہے۔ فلفل دراز یا مگھاں پیس کر درد والی جگہ لگائیں، اگرچہ اس سے وقتی طور پر جلن سی پید ہوگی مگر وہی جلن آپ کیلئے مفید ہے۔

عورتوں میں کمر درد نسبتاً مردوں سے زیادہ ہوتا ہے یہ 15 سال سے 45 سال کی کمر کے درمیان عام ہوتا ہے۔ کمر کا زیادہ درد عورتوں کو ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں موٹی عورتیں جو چلنے پھرنے سے بیزار ہوتی ہیں ان کی کمر کے عضلات کمزور ہو جاتے ہیں اور وہ کمر درد کی شکایت کرتی ہیں۔ عورتوں میں کمر درد کی اور بھی بہت سی وجوہات ہیں۔ عورتوں میں کمر درد کی وجہ لمبر سٹریز (lumbar strain) ہوتی ہے اس وجہ سے انٹرورٹیبلر ڈسک (Intervertebral Disc) میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے اور سپائن سے نکلنے والی نالیوں پر پریشر بڑھ جاتا ہے جس کی وجہ سے اٹھتے بیٹھتے کمر میں درد ہوتا ہے۔ کمر درد کا عارضہ آج کل عام ہے' ہر دس میں سے آٹھ افراد بلاعمر' پیشہ' زندگی میں کبھی نہ کبھی اس درد کا شکار ہوتے ہیں۔ کمر درد کا شکار ہی اس مرض کی صحیح صورت کا اندازہ کرسکتا ہے کیونکہ بعض لوگوں میں یہ درد اس قدر شدید ہوتا ہے کہ روز مرہ کے معمولات اٹھنا' بیٹھنا' لباس بدلنا' ڈرائیونگ' چلنا پھرنا اور ازدواجی تعلق ایک مشکل ترین کام بن جاتا ہے۔ کیونکہ جھکنے' وزن اٹھانے سے یا کمر مڑنے سے ریڑھ کی ہڈی پر دباؤ پڑتا ہے اور شدید کمر درد شروع ہو جاتا ہے اور مریض کئی کئی گھنٹے اسی حالت میں گزار دیتا ہے اور ہلتا جلتا تک نہیں۔ **علاج:** درد کمر کے جس طرح مختلف اسباب ہوسکتے ہیں اس طرح اس کے علاج بھی اسباب کے مطابق ہوتے ہیں۔ سبب کے تعین کے بعد ہی علاج کا راستہ اختیار کیا جاتا ہے۔ عموماً کمر کے مہروں کا معائنہ کیا جاتا ہے۔ اگر گدیوں میں شگفتگی ہے تو عمل جراحی سے اس کو نکال دیا جاتا ہے تاہم اس کو آخری چارہ کے طور پر کیا جاتا ہے تاہم اس کے خطرات سے بچاؤ کیلئے ادویاتی تدابیر اختیار کی جائیں۔ استاد محترم شہید پاکستان حکیم حافظ محمد سعید رحمۃ اللہ علیہ کا معمول طب یہ رہا ہے:۔ **ھوالشافی:** مغز پنبہ دانہ (بنولے کی گری) 9 گرام رات کو آدھ گلاس پانی میں بھگو کر صبح نتھار کر پانی میں ایک چمچ شہد خالص ملا کر پلانا مفید ہے' پندرہ بیس یوم تک مسلسل اس پر عمل کیا جانا چاہیے۔ **احتیاطیں:** روزمرہ کے معمولات میں درج ذیل ہدایات پر عمل کر کے کمر درد پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ 1۔ سیدھی کرسی جس کی پشت سخت اور سیدھی ہو پر بیٹھ کریں اس طرح بیٹھیں کہ آپ کے گھٹنے آپ کے کولہوں سے کچھ اوپر ہوں ایسا کرنے کیلئے آپ کو چھوٹے پائیدان کی ضرورت ہوگی۔ گھومنے والی کرسی سے احتیاط کریں اور موٹے گدے والی کرسیوں یا صوفے پر نہ بیٹھیں۔ ایک جگہ ایک ہی طرح لمبے وقت تک نہ بیٹھیں بلکہ کچھ وقت کیلئے چل پھر لیا کریں۔ 2۔ زیادہ وقت ایک ہی طرح کھڑے نہ ہوں کبھی ایک پاؤں اور کبھی دوسرے پاوں پر وزن منتقل کریں۔ کھڑے ہوتے وقت جھک کر کمر کی طرف بھی اپنے ہاتھوں سے سہارا نہ دیں بلکہ ہاتھ آگے کی جانب رکھ کر تھوڑا آگے کی طرف جھکیں۔ فٹ پاتھ پر قدم رکھنے سے پہلے اس کی اونچائی کا اندازہ رکھیں۔ دروازہ پوری طرح کھلا ہوتا کہ آپ با آسانی گزر سکیں۔ 3۔ ڈرائیونگ کرتے ہوئے ہمیشہ اپنی سیٹ آگے کی طرف کھسکا لیں تاکہ گھٹنے کولہوں سے اوپر ہوجائیں یوں کمر اور کندھے کے پٹھوں پر دباؤ کم ہوجائے گا۔ ڈرائیونگ ہمیشہ حفاظتی بیلٹ باندھ کر کریں۔ 4۔ بستر پر آرام کریں جسم کو اوپر اٹھانے یا موڑنے سے احتیاط کریں اس طرح کمر پر دباؤ سے درد بڑھ سکتا ہے۔ کروٹ کے بل سوئیں اور دونوں گھٹنے تھوڑی کی جانب کھسکا لیں۔ بستر پر لیٹے ہوئے اپنے پاؤں اپنے سے اوپر نہ لے کر جائیں۔ 5۔ اگر کوئی وزنی چیز اٹھا رہے ہیں تو کمر کی بجائے ٹانگوں سے کام لیں اور اگر کوئی ہلکی چیز شے بھی زمین سے اٹھانا ہو تو یہی طریقہ اختیار کریں۔ ٹانگیں سیدھی رکھ کر کبھی کوئی شے نہ اٹھایئے کار کی ڈگی سے بھاری اشیاء نہ اٹھایئے۔ 5۔ کمر درد کی صورت میں بستر نہ بچھائیں اور جھکنے والا کوئی کام جس سے کمر پر بوجھ ہو نہ کریں۔ 6۔ اپنا وزن معیاری وزن سے نہ بڑھنے دیں۔ 7۔ زیریں کمر کو مضبوط بنانے کیلئے سادہ ورزش معالج کے مشورے کے بغیر نہ کریں۔ 8۔ غذا میں گوشت' مچھلی' مرغی اور سبزیاں جو زمین سے اوپر اگتی ہیں پھلوں میں آلوچہ' خوبانی' امرود' سیب مفید ہیں جبکہ گھی' تیل' مکھن' مٹھائی' ڈبل روٹی اور آم' کیلا اور وہ تمام سبزیاں جو زمین کے اندر ہوتی ہیں مثلاً چقندر' گاجر' شلجم وغیرہ کا استعمال نہ کریں۔ نوٹ: خواتین میں اکثر کمر درد کی وجہ سیلان الرحم (پانی آنا) بھی ہوتا ہے ایسی صورت میں سیلان الرحم کا علاج کیا جائے۔

کمر درد کے بہترین گھریلو نسخے

خواتین کو اکثر کمر درد کی شکایت رہتی ہے۔ کمر میں دکھن اور عرق النسا (Sciatica) بھی یہی ہوتا ہے۔ کمر کے نچلے حصے کا درد مردوں کی بہ نسبت خواتین کو زیادہ ہوتا ہے۔ ہڈیوں کے عارضے کی وجہ سے کمر درد کی خواتین مریض عام دیکھنے میں آتی ہیں۔ اس کی مختلف وجوہات ہیں جیسے یہ درد وزن اٹھانے یا جھکنے پر ہوتا ہے جس کی بالعموم ناف ٹلنا کہا جاتا ہے۔ جسمانی وضع قطع بالخصوص موٹاپے کی بنا پر کمر درد۔ مہروں، کمر یا پشت کے باہر متصل مہروں میں پیدائشی نقص، پشت کے عضلات کی سوزش کی بنا پر کمر درد۔ مہروں کا کھسک جانا یا حرام مغز کا دب جانا۔ بعض اوقات یہ درد زیادہ آرام یا ورزش کرنے سے بھی ہوجاتا ہے۔ اسی طرح قبض، کسی بیماری یا کینسر کی وجہ سے بھی کمر کے نچلے حصے میں درد رہتا ہے۔ دوران حمل مریضہ کو کھچاؤ، اعصابی تنائی سے واسطہ پڑتا ہے۔ یہ کھچاؤ خواتین میں کمر درد کی سب سے عام قسم ہے۔ ایسی حالت میں کمر پر زیادہ بوجھ لادنے، کمر کو جھٹکا لگنے کی صورت میں درد شدت اختیار کرسکتا ہے۔ جدید ادویات کے ماہرین بھی مختلف امراض کے علاج میں نباتاتی ادویہ کو آزمانے کے بعد انہیں تجویز کرنا اپنا معمول بنا چکے ہیں۔

1۔ لہسن کے دو یا تین جو چھیل کر صبح نہار منہ استعمال کرنے سے کمر درد کو افاقہ ہوتا ہے۔ اس کا تیل نکال کر کمر پر ملنے سے فوری آرام آتا ہے۔ 2۔ لیموں کا استعمال بھی خواتین کو کمر درد سے نجات دلاتا ہے۔ 3۔ چند دن تک آلو کھانے سے کمر کے نچلے حصے کا درد دور ہوتا ہے۔ 4۔ **مچھلی کا تیل:** اگرچہ یہ مہنگا علاج ہے مگر ہے انتہائی موثر۔ مچھلی کا تیل پینے سے کمر کے نچلے حصے، جوڑوں اور کلائیوں کے درد سے یقینی چھٹکارا ہوتا ہے۔ 5۔ میٹھا سوڈا اور خوردنی نمک کا پیسٹ بنا کر کمر پر ملنے سے کمر درد فوری دور ہو جاتا ہے۔ 6۔ سخت بستر یا فرش پر سونا بھی مفید ہے۔ پیٹ کے بل لیٹنے سے احتراز کریں۔ 7۔ عارضی آرام کیلئے گرم پانی یا روشنی کے لیمپ سے ٹکور کریں۔ 8۔ گرم دودھ میں میٹھا سوڈا اور نمک ملا کر پینا بھی فوری آرام دیتا ہے۔ 9۔ مہرہ کھسک جانے سے ہونے والے درد سے نجات کیلئے سورنجاں (شیریں) بہترین علاج ہے۔ 10۔ فلفل دراز یا مگھاں پیس کر درد والی جگہ لگائیں، اگرچہ اس سے وقتی طور پر جلن سی پید ہوگی مگر وہی جلن آپ کیلئے مفید ہے۔ 11۔ ہینگ معمولی قسم کے درد کمر کا بہترین علاج ہے۔ 12۔ ادرک کا حلوہ استعمال کرنے سے ریاحی کمر درد دور ہو جاتا ہے۔ 13۔ ہلدی بہترین دافع سوزش جڑی ہے۔ اس کو گرم دودھ کے ساتھ پینے، اسے صابن کے ساتھ ملا کر یا توے پر تیل کے ساتھ ملا کر درد والی جگہ رکھ کر اوپر سے روئی باندھ دی جائے تو درد سے نجات مل جاتا ہے۔

ریاکاری اور منافقت سے دور: علم کی افادیت یہ ہے کہ اس پر عمل کیا جائے اور سب سے بہترین عمل یہ ہے کہ ریاکاری اور منافقت سے دور رہا جائے۔(شیخ عبدالقدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ)

محبت تجھ کو آداب محبت خود سکھا دیگی

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کر چکے ہیں۔ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

داعی اسلام حضرت
مولانا محمد کلیم صدیقی
مدظلہ (پھلت)

بارہ بجے دوپہر کو ہم لوگ سنگرور کی جامع مسجد پہنچے ظہر کی نماز میں لوگوں کو جمع کر کے دینی تعلیم اور ارتداد سے متاثرہ لوگوں میں دعوت و اصلاح کیلئے ترغیبی بات چیت کرنی تھی' امام مسجد کے ہونہار بیٹے ریحان نے (جو کچھ دنوں قبل سونی پت میں پوری زندگی کو دعوت دین کیلئے وقف کرنے کا عہد کر کے آئے تھے) موقع کو غنیمت جانا' اسکوٹر اٹھایا چھتری لی اور مجھ سے کہا تھوڑی سی تکلیف آپ کو دینی ہے۔ایک دکان پر پہنچے' دکان موٹر مکینک کی تھی' پگڑی باندھے ایک سردار جی دکان کے مالک تھے' ان کے پاس گئے ان سے ملوایا کہ ہمارے بڑے مولانا صاحب آئے ہیں' ان سے مل لیجئے وہ اخلاق سے پیش آئے' ریحان میاں نے بتایا کہ یہ پہلے مسلمان تھے' اب سردار بن گئے ہیں' دوسری' تیسری' چوتھی' پانچویں دکان پر تقریباً دو گھنٹے مجھے لے کر پورے شہر میں پھرتے رہے اور اسی طرح لوگوں سے ملاتے رہے جو یا خود یا ان کے اجداد 1947ء سے پہلے مسلمان تھے' اللہ کا شکر ہے سبھی لوگ اخلاق سے ملے اور کھڑے ہوئے باہر تک رخصت کرنے آئے اور کئی نے ٹھنڈا پانی پینے کیلئے اصرار کیا۔ اگست کی تپتی دھوپ میں دو گھنٹے گشت کے بعد جب ہم لوگ جامع مسجد پہنچے تو ریحان میاں بڑے درد سے گویا ہوئے "حضرت آپ سونی پت میں فرما رہے تھے جس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر ایمان ہوگا وہ ایک نہ ایک دن جنت میں ضرور جائے گا خواہ گناہ کی سزا پا کر یا اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے یوں ہی بخش دیں' آپ کو ایسی سخت گرمی میں' میں نے اس لیے تکلیف دی' معاف کیجئے گا میں آپ کو ان کی دکان پر لے کر گیا اور ان لوگوں نے یہ سمجھ کر ہمارے دین کے بڑے پیشوا مسلمانوں کے مولانا صاحب آئے ہیں آپ کو اپنا سمجھ کر ملاقات کی' آپ کیلئے کھڑے ہوئے اور باہر تک چھوڑنے آئے' انہوں نے اپنے کو کچھ تو مسلمان سمجھا' رائی کے دانہ کے برابر تو ان کا ایمان ہو ہی گیا' بس اس خیال سے ساری دوپہر میں آپ کو پھراتا رہا کہ ہمارا تھوڑی دیر دھوپ میں پھرنا ان کیلئے کم از کم ہمیشہ کیلئے آگ سے بچنے کا ذریعہ تو ضرور ہو جائے گا۔

راقم سطور کو اس نوجوان صاحب درد داعی پر بڑا رشک آیا اور اپنے اللہ تعالیٰ کے حضور دل ہی دل میں عرض کرتا رہا: مولائے کریم آپ جس کو عطا فرماتے ہیں کاسہ بھی خود ہی دیتے ہیں اور بھیک بھی خود ہی دیتے ہیں' آپ جب کسی کو اپنے محبوب کام دعوت دین کیلئے منتخب فرماتے ہیں تو دعوتی درد اور کام میں اسی درجہ حِس بھی عطا فرماتے ہیں۔

ملت کے کتنے اہل علم، مسلک اور مذہب کی جنگ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشن کے بالکل برعکس ملت کے افراد بلکہ دینی قائدین اور علماء کو کافر بنانے کی تدبیریں نکالتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ اسی امت میں ایسے افراد بھی پیدا فرماتے ہیں جن کو دعوت میں لگا کر ایسا دعوتی درد اور حس عطا ہوتی ہے کہ کسی طرح کوئی بہانہ ایسا مل جائے جس کو وہ اللہ کے حضور ان کے ایمان کے ثبوت کے طور پر پیش کر سکیں۔ بالکل اسی طرح جس طرح اللہ کے رسول حضور نبی کریم رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چچا ابوطالب سے ان کی موت کے وقت ارشاد فرماتے تھے کہ اے میرے چچا! میرے کان میں کلمہ پڑھ لیجئے تاکہ میں کل اللہ کے حضور اس کی شہادت دے سکوں۔ کسی نے خوب کہا ہے: **محبت تجھ کو آداب محبت خود سکھا دے گی۔**

(بقیہ: خوشبو اور تیل سے پیچیدہ امراض ختم)

کشیدہ یا اکڑے ہوئے عضلات (پٹھے) معمول پر آجاتے ہیں۔ بہتری کا احساس ہوتا ہے۔ خوشبوؤں سے علاج کا ماہر انہیں تنہا یا پھر دوسرے تیلوں کے ساتھ ملا کر بھی علاج کرتا ہے۔ **سونگھنا:** سفیدے' لیموں' ادرک' کالی مرچ اور پودینے کے تیل ناک کھولنے کے علاوہ کھانسی' سردی' زکام اور سر میں درد کی تکلیف بھی دور کر دیتے ہیں۔ان کے دو چار قطرے رومال پر ڈال کر سونگھنے سے فائدہ ہوتا ہے۔ان کی بوندیں کھولتے ہوئے پانی میں شامل کر کے سونگھنے سے بھی بہت جلد افاقہ ہوتا ہے۔ **غسل:** پیروں میں درد' اینٹھن وغیرہ کیلئے گرم پانی میں ان تیلوں میں سے کسی کے چند قطرے شامل کر کے اس پانی میں پیر چند منٹ تک رکھنے یا پیروں پر یہ پانی ڈالتے رہنے سے بہت آرام ملتا ہے۔ پاکستان میں اس علاج کے ماہر شاید ہی ہوں لیکن یورپ اور امریکہ میں اس کے مستند ماہر بڑی مہارت سے خوشبوؤں اور خوشبودار تیلوں سے مختلف تکالیف کا علاج کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں اطبا بلکہ بعض ڈاکٹر صاحبان بھی انہیں مختلف انداز میں مریضوں کیلئے تجویز کرتے ہیں۔ مغربی ملکوں میں اس طریق علاج کے ماہرین مریضوں کو چند اہم مشورے بھی دیتے ہیں: معالج کی ہدایات پر سختی سے عمل کر کے مقررہ مقدار سے زیادہ خوشبو اور خوشبودار تیل استعمال نہ کیے جائیں۔ حاملہ خواتین' ہائی بلڈ پریشر کے مریض' مرگی یا الرجی کے علاوہ جلد کے کسی عارضہ میں مبتلا افراد کو یہ علاج صرف ماہر کے مشورے کے مطابق ہی کرانا چاہیے۔ خالص تیل یعنی جس میں کوئی دوسرا تیل شامل نہ کیا گیا ہو صرف بیرونی طور پر استعمال کرنا چاہیے۔ خوشبوئیں بہت بڑی نعمت ہیں' دنیا کی اعلیٰ تہذیبوں میں ان کا استعمال عام ہے۔ اسلام میں خوشبو طہارت اور نفاست کا ایک لازمی حصہ ہوتی ہے۔ اس سے روح بالیدہ' دماغ آسودہ اور احساس پاکیزگی توانا رہتا ہے۔

طاقت کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر اور اتنا آسان ٹوٹکہ

ایک نقطہ کی بات ہے سوزاک پیشاب کی نالی کے زخم کا نام ہے۔ پہلے معدے سے گزرے گا تو آگے جائے گا۔

رزق کی فراوانی: تبع تابعین میں بعض صالحین نے حصول غنا کیلئے سورۂ واقعہ کا عمل اس طرح لکھا ہے کہ شب جمعہ سے شروع کریں اور 90 روز تک بلاناغہ ہر نماز کے بعد اکیس' اکتالیس یا ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف کیساتھ پڑھیں' انشاء اللہ رزق کے غیب سے دروازے کھل جائیں گے۔ اس کے علاوہ بھی جس مقصد کیلئے پڑھے گا وہ مطلب انشاء اللہ ضرور پورا ہوگا۔ اگر حاملہ عورت یہ سورۂ لکھ کر تعویذ باندھ لے تو بچہ بآسانی پیدا ہوگا۔ باوضو صبح و شام پڑھنے سے گرسنگی و تشنگی دور ہوگی۔ ایک مجلس میں اکتالیس بار پڑھنے سے ہر حاجت پوری ہوتی ہے اور بالخصوص جو حاجت رزق کے متعلق ہو ضرور پوری ہوتی ہے۔ انشاء اللہ۔ حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص اس سورۂ کو رات کے وقت ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے وہ کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

لاجواب طاقت کا انتہائی آسان ٹوٹکہ: ایک پاؤ دودھ لیں' اس کو اُبال کر چالیس مرتبہ پھینٹیں پھر اس کو چُسکی چُسکی پئیں۔ ایک پاؤ دودھ میں زبردست قوت پیدا ہو جائے گی کہ صرف چالیس دن پلا کر دیکھیں قوت و طاقت اور انرجی حیرت انگیز طور پر بڑھ جائے گی۔ میں یہ نسخہ بہت لوگوں کو دیتا ہوں بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ یہ سادہ سا نسخہ آپ کو سونے کے کشتے' مشک وغیرہ بھی پیچھے چھوڑ دیتا ہے۔ **السر کیلئے نسخہ نوٹ کر لیں:** معدے کے زخم السر کے لیے لاجواب چیز ہے۔ ایک نقطہ کی بات ہے سوزاک پیشاب کی نالی کے زخم کا نام ہے۔ پہلے معدے سے گزرے گا تو آگے جائے گا۔ **نسخہ السر:** ھوالشافی: سونف' ملٹھی' ہلدی اس میں گوند کیکر ڈالیں۔ تینوں ہم وزن لیکر استعمال کریں۔

مزید کمالات جاننے کیلئے درج ذیل کتاب کا مطالعہ کریں:۔

"گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے"

(بندشوں کا توڑ اور روحانی ایٹم بم)

مقبول عبادات' فضائل' طبی و روحانی نسخے اور آزمودہ ٹوٹکے اور بہت کچھ۔۔۔۔اس کتاب میں پڑھیں!

امرود کا جوشاندہ بنائیے نزلہ بھگائیے: نزلے کو روکنے کیلئے امرود کی نرم کونپلیں آٹے کے چھان کے ساتھ جوشاندہ بنا کر تھوڑی چینی ملا کر پینے سے فوراً فائدہ ہوتا ہے۔

خوشبو اور تیل سے پیچیدہ امراض ختم

''ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است'' یعنی ہر پھول کا رنگ اور خوشبو الگ ہوتی ہے۔ اثر رنگ میں بھی ہوتا ہے اور خوشبو میں بھی۔ خوشبو محبت و الفت جیسے لطیف و پاکیزہ جذبات ابھارنے کے علاوہ جسم کے مختلف اعضا پر بھی اثر انداز ہوتی ہے۔ اس سے دماغی تھکن دور ہوتی ہے تو موسم کی کلفتوں میں بھی کمی آجاتی ہے۔ مسلمان سائنس دانوں نے بے شمار خوشبودار پھولوں کے عطر تیار کیے جو موسم کے اعتبار سے استعمال ہوتے تھے۔ ہماری ماضی کی ثقافت میں گرمیوں' جاڑوں' برسات اور بہار کے عطر مخصوص ہوتے تھے۔ طب مین ان کا استعمال مختلف امراض کیلئے تیار ہونے والی دواؤں اور شربتوں وغیرہ میں اب بھی ہوتا ہے۔ صندل' گلاب' الائچی وغیرہ کے شربت اور عرق آج بھی استعمال ہوتے ہیں۔ کیوڑا اور بید مشک کے عرق گرمی کے بخاروں کا مؤثر علاج ہوتے ہیں۔ حکیم اجمل خان انجائنا کے مریضوں کیلئے قلب کے مقام پر عمدہ قسم کے عطر گلاب کی مالش بھی تجویز کرتے تھے۔ خوشبو اور پھولوں سے علاج کا طریقہ بہت قدیم ہے۔ طب میں شربت اور عرقیات کے علاوہ مختلف پھولوں کے گلقند بھی مختلف امراض کیلئے استعمال ہوتے ہیں' مثلاً گلقند املتاس' گلقند بکائن' گلقند بنفشہ' گلقند گڑھل' گلقند گلاب وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ ہمارے اطباء خوشبوؤں سے علاج کے ماہر ہوتے تھے۔ مشہور ہے کہ لکھنو کے ایک بیمار شہزادے نے صرف خوشبودار دواؤں سے علاج پر اصرار کیا تو باکمال شاہی طبیب نے صرف مختلف اثر کی حامل خوشبودار دواؤں سے ہی شہزادے کو صحت یاب کیا۔ شہید پاکستان حکیم محمد سعید رحمۃ اللہ علیہ بھی بتاتے تھے کہ انہوں نے اپنے قلب کی تکلیف کا علاج صرف آرام اور عرق گلاب کے استعمال کیا تھا۔ گل پوشی کے دوران الگ ہونے والی گلاب کی پنکھڑیاں وہ اکثر چبالیا کرتے تھے۔ دیگر تمام علاجی طریقوں کے برخلاف خوشبوؤں کا علاج سب سے زیادہ پسندیدہ خوش گوار' فرحت اور صحت بخش بھی ثابت ہوتا ہے۔ خوشبودار شربت' گلقند اور عرقیات کے اندرونی استعمال کے علاوہ مختلف تکالیف کیلئے ان کا بیرونی استعمال بھی بہت مفید ہوتا ہے۔ مختلف قسم کے خوشبودار تیل بھی اس مقصد کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ انہیں' سر پیشانی یا جسم پر لگانے سے یہ اپنے مخصوص شفائی خصوصیات کی وجہ سے مریض کو صحت یاب کر دیتے ہیں۔ **مؤثر کیوں کر:** یہ تیل اصطلاحاً فراری روغن (Volatile Oil) کہلاتے ہیں اور انہیں پودوں' پھولوں' درختوں' پھلوں' چھال' گھاس اور بیجوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ جڑی بوٹیوں کی طرح ہر فراری تیل کی اپنی شفا بخش تاثیر ہوتی ہے۔ یہاں یہ بتانا بھی مناسب ہوگا کہ صرف خالص تیل موثر ہوتے ہیں' تالیفی یا مصنوعی انداز میں تیار کردہ تیل اور عطر بے اثر ہوتے ہیں۔ اسی طرح اصلی تیل کی صرف چند بوندیں ہی درکار ہوتی ہیں۔ یہ تیل دو طرح سے اثر انداز ہوتے ہیں۔ ایک ان کی خوشبو اثر کرتی ہے دوسرے یہ جذب ہوکر اپنا اثر دکھاتے ہیں۔ خوشبو براہ راست دماغ پر اثر کرتی ہے اور آپ جانتے ہی ہیں کہ دماغ ہمارے جذبات کو کنٹرول کرتا ہے۔ خوشبوؤں کے علاجی اثرات ذہن اور مزاج کو متاثر کرتے ہیں۔ یہ عام تجربہ ہے کہ جھلسا دینے والی گرمی میں صندل کی خوشبو' خس کا اصلی عطر یا روح افزا کا مہکتا گلاس جسم میں راحت و سکون کی لہر دوڑا دیتے ہیں۔ ہمارے اطباء تاثیر کے اعتبار سے خوشبوؤں کے استعمال کے ماہر ہوتے ہیں۔ اپنے مزاج کے لحاظ سے یہ ٹھنڈی بھی ہوتی ہیں گرم اور معتدل بھی۔ سرد موسم میں سفیدے کے درخت (یوکلپٹس) کا تیل سونگھنے سے بند ناک کھل جاتی ہے۔ اسی طرح اجوائن' پودینے وغیرہ پر مشتمل بام کی مالش سے متاثرہ عضو کے علاوہ جسم کے اندر تک ان کے اثرات اپنا کام کر دکھاتے ہیں۔ ان کی خوشبو کے بھبکے پھیپھڑوں میں پہنچ کر سردی اور گھٹن کا احساس کم کر دیتے ہیں۔ جسم میں جذب ہونے کیلئے انہیں بیس سے دس منٹ لگتے ہیں لیکن بالعموم یہ ڈیڑھ دو گھنٹوں میں اپنا اثر دکھا دیتے ہیں۔ بہتری کے عام احساس کے علاوہ ان تیلوں کے دوائی اثرات اور خصوصیات بھی ہوتی ہیں۔ ایسے بعض تیلوں کی مالش سے دوران خون تیز ہوتا ہے۔ بعض تیل وائرس' بیکٹیریا اور فنگس پر اثر دکھاتنے کے علاوہ ورم بھی دور کرتے ہیں۔ یہ بات ثابت ہے کہ ماضی میں طاعون کی وبا کے دوران عطر تیار کرنے والے اس مرض سے محفوظ رہتے تھے۔ **تیلوں کا استعمال:** انہیں جن مختلف طریقوں یا انداز میں استعمال کیا جاتا ہے وہ یہ ہیں:۔ **مالش:** یہ ان کا سب سے عام طریق استعمال ہے اور یہ بہت مؤثر بھی ثابت ہوتا ہے۔ ان کی مالش سے دوران خون تیز ہوجاتا ہے اور متاثرہ مقام پر رکی ہوئی توانائی رواں اور سرگرم ہوجاتی ہے۔ اس طرح (بقیہ صفحہ نمبر 43 پر)

(بقیہ: بے یقینی کی دنیا میں یقین بھرے ایک حکیم صاحب کا قصہ)

لگے میرا خیال ہے آپ نے مجھے پہچانا نہیں۔ لیکن آپ مجھے پہچان بھی کیسے سکتے ہیں؟ کیونکہ میں پندرہ سولہ سال بعد آپ کے مطب میں داخل ہوا ہوں۔ خدا مجھے آپ کے پاس لے کر آیا تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ کو مجھ پر رحم آگیا تھا اور وہ میرا گھر آباد کرنا چاہتا تھا۔ ہوا اس طرح کہ میں لاہور سے میرپور جارہا تھا۔ عین آپ کی دکان کے سامنے ہماری کار پنکچر ہوگئی۔ ڈرائیور پنکچر لگوانے چلا گیا۔ آپ نے دیکھا کہ میں گرمی میں کار کے پاس کھڑا ہوں۔ آپ میرے پاس آئے اور آپ نے مطب کی طرف اشارہ کیا اور کہا کہ ادھر آکر کرسی پر بیٹھ جائیں۔ میں نے آپ کا شکریہ ادا کیا اور کرسی پر آکر بیٹھ گیا۔ ڈرائیور نے کچھ زیادہ ہی دیر لگادی تھی۔ ایک چھوٹی سی بچی بھی یہاں آپ کی میز کے پاس کھڑی تھی اور بار بار کہہ رہی تھی ''چلیں ناں' مجھے بھوک لگی ہے' آپ اسے کہہ رہے تھے بیٹی تھوڑا صبر کرو ابھی چلتے ہیں' میں نے یہ سوچا' مجھے کوئی دوائی آپ سے خریدنی چاہیے تاکہ آپ میرے بیٹھنے کو زیادہ محسوس نہ کریں۔ میں نے کہا حکیم صاحب! میں پانچ چھ سال سے انگلینڈ میں ہوتا ہوں' انگلینڈ جانے سے قبل میری شادی ہوگئی تھی لیکن ابھی تک اولاد کی نعمت سے محروم ہوں اور مایوس ہوں۔ آپ نے کہا: میرے بھائی توبہ استغفار پڑھو' خدارا اپنے خدا سے مایوس نہ ہو۔ یاد رکھو! اس کے خزانے میں کسی شے کی کمی نہیں۔ کسی حکیم یا ڈاکٹر کے ہاتھ میں شفاء نہیں ہوتی اور نہ ہی کسی دوا میں شفاء ہوتی ہے۔ شفا اگر ہوتی ہے تو اللہ رب العزت کے حکم سے ہوتی ہے۔ مجھے یاد ہے آپ باتیں کرتے جارہے اور ساتھ ساتھ پڑیاں بنارہے تھے۔ تمام دوائیاں آپ نے دو حصوں میں تقسیم کرکے دو لفافوں میں ڈالیں پھر مجھ سے میرا نام پوچھا' میں نے محمد علی بتایا۔ پہلے لفافے پر محمد علی لکھا اور دوسرے لفافے پر بیگم محمد علی لکھا۔ پھر دونوں لفافے ایک بڑے لفافہ میں ڈال کر دوائی استعمال کرنے کا طریقہ بتایا۔ میں نے بے دلی سے دوائی لے لی کیونکہ میں تو صرف کچھ رقم آپ کو دینا چاہتا تھا۔ لیکن جب دوائی لینے کے بعد میں نے پوچھا کتنے پیسے؟ آپ نے کہا: بس ٹھیک ہے۔ میں نے زیادہ زور ڈالا آپ نے کہا کہ آج کا کھاتہ بند ہوگیا ہے۔ میں نے کہا: مجھے آپ کی بات سمجھ نہیں آئی اسی دوران وہاں ایک اور آدمی آچکا تھا۔ اس نے مجھے بتایا کہ کھاتہ بند ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آج کے گھریلو اخراجات کیلئے جتنی رقم حکیم صاحب نے اللہ سے مانگی تھی وہ اللہ نے دے دی ہے۔ مزید رقم وہ نہیں لے سکتے۔ میں شرمندہ ہوا کہ میرے کتنے گھٹیا خیالات تھے اور یہ سادہ سا حکیم کتنا عظیم انسان ہے۔ میں نے جب گھر جاکر بیوی کو دوائیاں دکھائیں اور ساری بات بتائی تو بے اختیار اس کے منہ سے نکلا وہ انسان کوئی فرشتہ ہے اور اس کی دی ہوئی ادویات ہمارے من کی مراد پوری کرنے کا باعث بنیں گی۔ حکیم صاحب آج میرے گھر میں تین پھول اپنی بہار دکھا رہے ہیں۔ جب بھی پاکستان آیا کار ادھر روکی لیکن دکان کو بند پایا۔ حکیم صاحب ہمارا سارا خاندان انگلینڈ سیٹل ہوچکا ہے۔ صرف ہماری ایک بیوہ بہن اپنی بیٹی کے ساتھ پاکستان میں رہتی ہے۔ ہماری بھانجی کی شادی اس ماہ کی بائیس تاریخ کو ہونا تھا۔ اس بھانجی کی شادی کا سارا خرچ میں نے اپنے ذمہ لیا تھا۔ مگر شادی کے ٹھیک دس دن پہلے وہ اچانک وفات پاگئی۔ اس کے فوت ہونے کے بعد نجانے کیوں مجھے اور میری اہلیہ کو آپ کی بیٹی (جو پندرہ سال پہلے آپ کے مطب پر کھڑی تھی) کا شدت سے خیال آیا۔ ہم میاں بیوی نے اور ہماری تمام فیملی نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم اپنی بھانجی کا تمام جہیز کا سامان آپ کے ہاں پہنچادیں گے۔ شادی جلد ہو تو اس کا بندوبست بھی خود کریں گے اور اگر ابھی کچھ دیر ہے تو تمام اخراجات کیلئے رقم آپ کو نقد پہنچادیں گے۔ آپ نے ناں نہیں کرنی۔ آپ اپنا گھر دکھادیں تاکہ سامان کا ٹرک وہاں پہنچایا جاسکے۔ حکیم صاحب حیران و پریشان یوں گویا ہوئے ''محمد علی صاحب آپ جو کچھ کہہ رہے ہیں مجھے سمجھ نہیں آرہا' میرا اتنا دماغ نہیں ہے۔ میں نے تو آج صبح جب بیوی کے ہاتھ کی لکھی ہوئی چٹ یہاں آکر کھول کر دیکھی تو مرچ مصالحہ کے بعد جب میں نے یہ الفاظ پڑھے ''بیٹی کے جہیز کا سامان'' تو معلوم ہے میں نے کیا لکھا۔ آپ خود یہ چٹ ذرا دیکھیں۔ محمد صاحب یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ''بیٹی کے جہیز'' کے سامنے لکھا ہوا تھا ''یہ کام اللہ کا ہے اللہ جانے'' محمد علی صاحب یقین کریں' آج تک ایسا نہیں ہوا تھا کہ بیوی نے چٹ پر چیز لکھی ہو اور مولا نے اس کا اسی دن بندوبست نہ کردیا ہو۔ آپ کی بھانجی کی موت کا صدمہ ہے لیکن اس کی قدرت پر حیران ہوں کہ وہ کس طرح اپنے معجزے دکھاتا ہے۔ حکیم صاحب نے کہا جب سے ہوش سنبھالا ایک ہی سبق پڑھا کہ صبح ورد کرتا ہے ''رزاق رزاق تو ہی رازق'' اور شام کو ''شکر شکر مولا تیرا شکر''

ہر قسم کے ہیپاٹائٹس سے نجات کا ٹوٹکہ | یورک ایسڈ کا قدرتی' شافی اور مؤثر علاج | دادی کے سینے کا راز عبقری قارئین کے نام | گلے کے درد کا آزمایا ہوا عمل

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر ہیں

آخر میں بیٹھی تھی ڈاکٹر نے سب سے پہلے بلالیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے میری کمر میں چک پڑگئی اور پھر کمر کا بُرا حال ہوگیا' نہ میں ہل سکتی تھی' نہ کچھ کام کرسکتی تھی' انجکشن لگوائے لیکن کچھ نہ ہوا تو امی مجھے ہاسپٹل لے گئیں' وہاں اتنا رش تھا کہ بیان سے باہر' گرمی بھی اپنے جوبن پر تھی اور کمر کا درد الگ پریشان کررہا تھا' ہم لوگ ذرا لیٹ ہوگئے تھے' مجھے ڈاکٹر صاحب سے ملنا تھا' ان کے کمرے کے سامنے سینکڑوں مریض موجود تھے' اچانک مجھے خیال آیا اور میں نے سورۂ الم نشرح پڑھنی شروع کردی ابھی بمشکل آٹھ یا دس بار ہی پڑھا ہوگا کہ بھائی نے مجھے آنے کا اشارہ کردیا اور ڈاکٹر کے روم کا جو خاکروب تھا اس نے مجھے ڈاکٹر کے پاس بھیج دیا تو بعد میں میں نے بھائی سے پوچھا کس کی سفارش کروائی؟ (اصل میں اس ہسپتال میں ہمارے گاؤں کے بہت سے لوگ ملازمت کرتے ہیں) تو بھائی نے بتایا کہ نہیں میں نے تو کسی کی سفارش نہیں کروائی' میں بس اس کے پاس گیا تھا کہ میری بہن کی کمر میں شدید درد ہے تو اس نے کہا یہاں سارے ہی مریض ہیں اور سب کو ہی شدید تکلیف ہے آپ کو اپنی باری پر ہی آنا ہوگا۔ تو میں چپ کرکے واپس آگیا۔ ٹھیک پانچ منٹ بعد اس نے خود ہی مجھے بلالیا کہ اپنی مریضہ کو لے آؤ' اور یہ پانچ منٹ وہی تھے جس میں میں نے سورۂ الم نشرح پڑھنا شروع کی تھی۔

اس کے علاوہ میں صبح اشراق کی نماز کے ساتھ دو رکعت نفل پڑھ کر اس کا ثواب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک روح کو ہدیہ کرکے ان کے وسیلے سے اپنی' اپنے تمام گھر والوں' خاندان والوں اور تمام انسانوں اور جنات کی حفاظت کی دعا کرتی ہوں۔ گیارہ بار آیۃ الکرسی بھی پڑھتی ہوں اور سارا دن یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ پڑھتی رہتی ہوں اور انگلی سے گھر کے دروازوں' جنریٹر' فریج وغیرہ پر لکھتی رہتی ہوں۔ ابھی چند دن پہلے کی بات ہے کہ میرے ٹیلر سے میرے نئے کپڑے سل کر آئے تو میری بہن نے اسے میرے بستر پر رکھ دیا' میں بیٹھنے لگی تو اٹھا کر دوسری سائیڈ پر رکھ دیئے' پھر کسی نے اٹھا کر بہن کے تکیے پر رکھ دیا' میری چھوٹی بہن اپنا سر سوٹ پر رکھ کر لیٹ گئی' سارا دن اسی طرح سوٹ کبھی ادھر کبھی ادھر ہوتا رہا' رات کو سونے لگے تو میری چھوٹی بہن نے کھول کر جب دیکھا تو اس کے اندر ایک انتہائی خطرناک ''بچھو'' زندہ سلامت موجود تھا' اس نے جلدی سے کپڑے باہر پھینکے' بچھو بھاگنے لگا تو بہن نے اسے ماردیا۔ اللہ نے ہمیں بچایا حالانکہ سارا دن ہر بندہ اس کپڑے کو ہاتھ میں لیتا رہا' کوئی سر کے نیچے رکھ کر لیٹا رہا لیکن اعمال کی برکت سے اللہ نے ہم سب کی حفاظت فرمائی۔ (ا۔ش)

ہر قسم کے ہیپاٹائٹس سے نجات کا ٹوٹکہ

محترم جناب حکیم صاحب السلام علیکم! آپ دنیا بھر میں دکھی انسانیت کی خدمت کررہے ہیں آپ کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے' آمین! چند ایک نسخے عبقری کی نذر کرتا ہوں۔ **خواتین کی زیرناف خارش کا نسخہ: ھوالشافی:** ویزلین چھ ماشہ' ست پودینہ ایک ماشہ دونوں کو مکس کرلیں۔ سوا انچ کا ململ کا کپڑا تر کرکے رات میں شافہ کے طور پر استعمال کریں اگر دوسری مرتبہ ضرورت ہو تو رکھیں ورنہ ایک دفعہ ہی کافی ہے۔ **ہیپاٹائٹس سی کا نسخہ: ھوالشافی:** نشادر ٹھیکری پانچ تولہ' قلمی شورہ پانچ تولہ' ریوند خطائی پانچ تولہ' سنڈھ تین تولہ' سفوف بنا کر خوراک چار ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔ ساتھ یہ گولیاں رات کو گرم پانی سے دو عدد دیں۔ **ھوالشافی:** ملٹھی چھ تولہ' ریوند خطائی چھ تولہ' ریوند عصارہ دو تولہ سفوف بنا کر پانی کی مدد سے گولیاں بنائیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ **مرض ہچکی کیلئے:** ملٹھی ڈلی والی پانچ تولہ پیس کر رکھ لیں' دو ماشہ خوراک **مکھن** سے دیں ان شاء اللہ ہچکی ختم ہوجائے گی۔

اٹھرا کا نسخہ: جو بچے پیدا ہوکر مرجاتے ہوں ان کیلئے لاجواب نسخہ ہے: کچور ایک تولہ' چاسکو ایک تولہ' سرد چینی ایک تولہ' طباشیر ایک تولہ' صندل سفید ایک تولہ' طباشیر ایک تولہ' صندل سفید ایک تولہ' کوٹ کر سفوف بنا کر گولیاں چنے برابر بنائیں' تیسرے مہینے گولی ایک صبح ایک گولی شام ہمراہ پانی دیں' ان شاء اللہ اٹھرا ختم ہوجائے گا۔

یورک ایسڈ کا قدرتی' شافی اور مؤثر علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری شمارہ گزشتہ دس سال سے مسلسل پڑھ رہا ہوں' ابھی گزشتہ دنوں مجھے ایک طبی راز ملا میں نے فوراً عبقری قارئین کیلئے لکھ بھیجا' ملاحظہ فرمائیں! میرے ایک عزیز ہیں جنہوں نے ایک سادہ سے نسخہ سے یورک ایسڈ جیسی بیماری سے نجات پائی۔ **یورک ایسڈ کی علامات:** ایڑھی میں درد ہوتا ہے' جوڑوں میں درد ہوتا ہے' کبھی دائیں آنکھ' کبھی بائیں آنکھ' کبھی دائیاں پاؤں' کبھی بائیاں پاؤں درد ہوتا ہے' شدت زیادہ ہوجائے تو پاؤں سوج بھی جاتے ہیں۔ انگلیوں میں درد' ایڑھیوں میں درد۔ یورک ایسڈ کی وجہ سے بعض اوقات دل کے والو بند' شوگر کا مرض لاحق' گردے متاثر ہوجاتے ہیں' یورک ایسڈ ایک خطرناک مرض ہے۔ جیسا کہ میں نے پہلے بتایا کہ میرے ایک دوست نے آسان نسخہ سے اس مرض سے شفاء پائی' میرے دوست کی کہانی اسی کی زبانی سنتے ہیں:۔ ہمارے ایک دوست ہیں وہ غذائی حکیم ہیں' یعنی غذا سے علاج کرتے ہیں مجھے یورک ایسڈ کا مسئلہ تھا میں ان کے پاس اپنی رپورٹ لے کر گیا' انہوں نے مجھے درج ذیل طریقہ سے علاج کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے ایک سیزن پیا اللہ کا شکر ہے دوبارہ یورک ایسڈ نہیں ہوا۔ میں نے آگے دوستوں کو بھی بتایا الحمدللہ جن جن دوستوں نے استعمال کیا اللہ نے انہیں شفا دے دی' دوبارہ یورک ایسڈ کا مسئلہ کسی کو نہیں ہوا۔ **یورک ایسڈ کا غذائی علاج: ھوالشافی:** انجیر تین عدد' الائچی سبز دو عدد' سونف آدھا چمچ (تقریباً اڑھائی گرام) الائچی کو کھول لیں' انجیر کے ٹکڑے کرلیں' تینوں چیزوں کو دو کپ پانی میں چار سے پانچ گھنٹے تک بھگودیں' پھر ہلکی آنچ پر پکائیں' ایک کپ رہنے پر نیم گرم چسکی چسکی کرکے پی لیں۔ اسی طرح صبح دوپہر شام خالی پیٹ ایک ایک کپ پئیں۔ یعنی کھانا کم از کم دو سے تین گھنٹے پہلے کھایا ہوا ہو۔ ایک سے دو ہفتے استعمال سے یورک ایسڈ ہمیشہ کیلئے ختم ہوجاتا ہے۔

20 سال سے آزمودہ بغیر افیون ممسک نسخہ

ھوالشافی: موچرس 100 گرام' پھٹکڑی بریاں سفید 100 گرام' ان دونوں کو کوٹ کر باریک کرلیں۔ کسی چینی کے پیالے میں ڈالیں اور اس پر بوہڑ کا دودھ اتنا ڈالیں کہ ایک انچ اوپر آجائے' جب بوہڑ کا دودھ اس میں جذب ہوجائے تو اس میں پھر بوہڑ کا دودھ ایک انچ اوپر تک ڈالیں اور اسی ترتیب سے ایک مرتبہ پھر کریں۔ یعنی اسی طرح بوہڑ کے

دودھ کو تین مرتبہ ڈال کرخشک اور تر کریں۔اس کے بعد خشک ہونے پراس کو باریک کر کے چنے کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔دوگولیاں وقت خاص سے دو گھنٹے پہلے خالی پیٹ۔ ہلکے گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔بغیر سائیڈ ایفیکٹ' جریان' احتلام' امساک کیلئے اس سے بڑھ کر دنیا میں کوئی نسخہ نہیں۔میرا برسوں کا آزمودہ ہے۔(راشد شمسی'لاہور)

ڈاکو ڈاکہ مارنے کو ترسیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے اور تسبیح خانہ تا قیامت آباد رہے۔محترم حضرت جی! میرے شوہر صاحب کی موٹرز کی دکان ہے' ایک سال پہلے شوہر صاحب انتہائی پریشانی کی حالت میں مجھ سے فرمانے لگے کہ جس علاقہ میں ہمارا شوروم ہے وہاں پر ڈاکے بہت زیادہ ڈلنے شروع ہوگئے ہیں ہر دوسرے تیسرے روز کوئی نہ کوئی شوروم لوٹ لیا جاتا ہے' ان دنوں ہم نے نیا نیا عبقری رسالہ پڑھنا اور درس سننا شروع کیا تھا۔ میں نے اپنے شوہر صاحب کو تسلی دی اور انہیں عبقری رسالہ میں سے ایک دعا پڑھ کر سنائی کہ آپ بھی حفاظت کی نیت سے یہ دعا پڑھیں میں بھی گھر میں پڑھ کر حفاظت کی نیت سے گھر بیٹھے شوروم کی طرف منہ کرکے پھونک دیا کروں گی۔ میرے شوہر صاحب نے یہی دعا پڑھنا شروع کردی' میں بھی روزانہ صبح ان کی گاڑی پر یہ دعا پڑھ کر پھونک مارتی اور ایک تسبیح پڑھ کر اپنے شوروم اور اس پورے بازار کی ہر دکان کی نیت کرکے دم کردیتی۔ میرے شوہر صاحب بھی شوروم پر جاکر یہی دعا پڑھ کر ہر چیز پر دم کرتے اور ساتھ سارے بازار کی نیت کرتے۔ چند دن گزرے' چند ہفتے اور پھر مہینے گزر گئے اس کے بعد آج تک اس بازار کے کسی دکان میں کبھی ڈاکہ نہیں پڑا نہ کبھی کسی کی چھوٹی موٹی چوری ہوئی۔دعا یہ ہے:۔بِسْمِ اللهِ عَلٰى دِيْنِي وَ نَفْسِي وَ وَلَدِيْ وَ اَهْلِي وَ مَالِي پھر کچھ عرصہ بعد مجھے ان چوروں کی فکر لاحق ہوگئی' میں تہجد میں اٹھتی اُن چوروں کیلئے دعا کرتی کہ اے اللہ تعالیٰ ان کے دل بدل دے' کیسی حماقت کرتے ہیں' لوٹ کا مال وہ اپنی اولاد یا خاندان کو کھلا کر اپنا سب کچھ برباد نہ کربیٹھیں' اے اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت دے۔(س،ف'فیصل آباد)

طالب علموں کیلئے انوکھا آزمودہ ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک آزمودہ چیز قارئین عبقری کی خدمت میں بھیج رہا ہوں' یہ عمل ہر انسان کی ضرورت ہے' چاہے وہ پرائمری کا سٹوڈنٹ یا زندگی کے کسی بھی شعبے میں ہے۔نوٹ فرمالیں!

جب بھی کسی استاذ کی محفل میں جائیں تو آپ کو دل میں یہ کہنا ہے:''میرے پاس کچھ نہیں ہے' میں نے یہاں سے علم حاصل کرنا ہے' اگر کسی روحانی محفل میں بیٹھے ہیں تو دل میں کہیے میں گنہگار ہوں میرے پاس کچھ نہیں میں خالی ہوں ان شاء اللہ محفل کوئی بھی ہوگی آپ جب بھی جائیں گے تو آپ کو بہت علم حاصل ہوگا'' اس عمل کو معمولی ہرگز نہ سمجھئے گا اور ہاں آپ کے پاس جو کچھ معمولی سے معمولی تجربہ بھی ہے یا کسی بات کا علم ہے تو لوگوں تک ضرور پہنچایئے' ان شاء اللہ خود دیکھیں گے کہ آپ ایسی بات بظاہر جو آپ کیلئے معمولی ہوگی کسی دوسرے کی بہت بڑی پریشانی دور کرنے کا سبب بنے گی اور آپ کیلئے عمر بھر کا صدقہ جاریہ ہوگی۔ (محمد زاہد جاوید'میلسی)

دادی کے سینے کا راز عبقری قارئین کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے توسط سے ایک آزمایا ہوا گھریلو ٹوٹکہ حاضر ہے۔جس بچے کو سردی' زکام' پسلیاں درد' سانس مشکل سے آئے جسے نمونیا کی شکایت کہتے ہیں اس کیلئے درج ذیل ٹوٹکہ حاضر ہے یاد رہے کہ یہ ٹوٹکہ ہم نے کسی کتاب یا رسالہ سے نہیں دیکھا یہ ہمارا خاندانی راز ہے جو کہ ہماری دادی اماں نے ہمیں بتایا ہے اور نسل در نسل ہمارے خاندان میں چلا آرہا ہے۔ میری دادی' خالہ' نانی' میری والدہ اور میرا آزمایا ہوا ہے۔نوٹ: اسے ہر عمر کے افراد بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

ھوالشافی: پان کا پتا ایک عدد' دیسی انڈے کی زردی ایک عدد (اگر دیسی انڈا نہ ملے تو مجبوراً برائلر لے سکتے ہیں مگر کوشش کریں انڈا دیسی ملے) رسونت (کالے رنگ کا پتھر ہوتا ہے) ایک عدد' سرسوں کا تیل تھوڑا سا۔ترکیب: رسونت کا باریک پیس لیں اور ایک چائے کا چمچ انڈے کی زردی میں مکس کردیں' وہ کالی سی مرہم بن جائے گی اگر بچہ بڑا ہے (مثلاً بارہ سے پندرہ سال) تو پان کے دو پتے لے لیں اور زردی بھی دو عدد لے لیں۔اب پان کے پتے کی چکنی والی سائیڈ پر یہ مرہم کا موٹا موٹا لیپ کرلیں اور پتے کی کھردری سائیڈ پر سرسوں کا تیل لگادیں۔اب ہلکے گرم توے پر تیل والی سائیڈ رکھ کر گرم کریں مرہم اوپر کی جانب ہو' ہلکا گرم پتا (قابل برداشت) جس کی ٹکور ہوتی رہے سینے سے نیچے اور پسلیوں کے اوپر رکھ دیں اور کپڑا باندھ دیں۔زردی اور رسونت والا حصہ پسلیوں پر آئے گا۔ چھ سے سات گھنٹے بعد اسی پتے کو دوبارہ گرم کرکے باندھ لیں ایک پتے کو دو مرتبہ استعمال کرسکتے ہیں۔اگلے روز نیا پتا (جو بالکل چھوٹے بچے ہوں جن کی جلد حساس ہو ان کو پرانے کپڑے پر رکھ کر باندھیں جسم پر پتا نہ لگے) استعمال کریں۔ان شاء اللہ جلد ہی شفاء نصیب ہوگی۔ایسے بچے جنہیں ڈاکٹرز ادویات ڈال کر نوبلائز کرتے ہیں ان کیلئے سستا ترین علاج ہے۔اس سے بچے کو نوبلائز کی عادت نہیں پڑتی۔

گلے کے درد کا آزمایا ہوا عمل

جن افراد کا گلا شدید درد کرتا ہو' چیز نگلتے ہوئے گلا درد کرے تو صبح نہار منہ اور شام کو نہار منہ ایک پیالی میں تھوڑا سا صاف پانی لیں چھری یا قینچی دھو کر پانی میں رکھ کر سات مرتبہ مختلف سمتوں میں قینچی یا چھری چلائیں' جیسے کوئی چیز کاٹتے ہیں۔اور وہ پانی پی لیں۔ان شاء اللہ جس قسم کا بھی گلا درد ہوتا ہو چند بار اس عمل کے استعمال کرنے سے افاقہ ہوتا ہے۔یہ روحانی عمل بھی ہمارا خاندانی بارہا کا آزمایا ہوا ہے۔(پوشیدہ'لاہور)

تازہ دال' سفید چاول اور شکردانی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' آج آپ کے ٹوٹکہ سیکشن کیلئے اپنے آزمودہ چند ٹوٹکے بھیج رہی ہوں۔ **بچے کا بستر پہ پیشاب کرنا:** اگر بچہ بستر پر پیشاب کرنے کا عادی ہے تو اسے رات کو سوتے وقت دیسی شکر (گڑ) چوسنے کو دیں۔ **آئینہ چمکانا:** گیلے اخبار کے ٹکڑے پر تھوڑا سا ٹوتھ پیسٹ لگا کر شیشہ کو خوب رگڑیں آئینہ جھل مل چمکنے لگے گا۔ **تازہ دال اور سفید چاول:** دال چاول پکاتے وقت اگر اس میں تھوڑی سی لونگیں ڈال دیں تو تیار ہونے والی دال زیادہ عرصہ تک تازہ رہے گی' چاول پکانے سے قبل پانی میں نصف لیموں کا رس شامل کردیں' پکے ہوئے چاولوں کا رنگ زیادہ سفید ہوجائے گا۔ **موم بتی کی عمر بڑھائیں:** موم بتی کو جلانے سے قبل ریفریجریٹر میں رکھنے سے وہ زیادہ دیر تک جلتی ہے۔ **شکردانی کو چیونٹیوں سے بچائیں:** شکردانی میں تین سے چار عدد لونگیں ڈال دینے سے چیونٹیاں اس سے دور رہیں گی۔ **فرائی مچھلی:** مچھلی فرائی پین میں تلتے وقت نہ چپکے اس کیلئے فرائی پین میں تھوڑا سا نمک ڈال کر سرخ کرلیں پھر گھی یا تیل ڈالیں اس میں مچھلی فرائی کریں گی تو مچھلی چپکے گی نہیں۔(اجالا نعیم)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔**نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

46

حمل کبھی ضائع نہ ہوگا: انار کے تازہ پھول ایک چھٹانک اور پانی تقریباً ایک پاؤ میں رگڑ کر بار بار حمل ضائع ہونے والی عورت کو پلانے سے ہمیشہ کیلئے اس مرض سے نجات مل جاتی ہے۔

عبقری روحانی اجتماع میں شرکت فرمانے والوں کی آپ بیتیاں

سکون کے سمندر میں غوطے لگانے والے

ہم نے بہتے اشکوں کے ساتھ روضہ رسول ﷺ پر حاضری دی۔ اجتماع سے بہت کچھ سیکھا ہے، بہت برکت اور سکون ہے۔ ہماری دعا ہے کہ آپ کا تسبیح خانہ ایسے ہی شاد و آباد رہے، یہاں ہر سال ایسے ہی اجتماع ہوتا رہے اور ہر جمعرات ایسے ہی درس کی بہاریں سجتی رہیں

روضہ رسول ﷺ پر حاضری نصیب ہوگئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سدا خوش رہیں اور پھولوں کی طرح مسکراتے رہیں اور دکھی انسانوں کی اسی طرح خدمت کرتے رہیں۔ میں گزشتہ دو سال سے آپ کا درس سن رہا ہوں بلکہ ہم میاں بیوی دونوں ہر جمعرات کو درس سننے سرگودھا سے تسبیح خانہ لاہور آتے ہیں اور عبقری رسالہ تو بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ ہم دونوں میاں بیوی نے عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کی اور پورے تین دن تسبیح خانہ میں قیام کیا۔ ہمیں تسبیح خانہ میں ہونے والے عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کے بعد بہت کچھ ملا اور اسی اجتماع کی برکت سے ہم دونوں میاں بیوی کو عمرہ کی سعادت نصیب ہوئی اور ہم نے بہتے اشکوں کے ساتھ روضہ رسول ﷺ پر حاضری دی۔ اجتماع سے بہت کچھ سیکھا ہے، بہت برکت اور سکون ہے۔ ہماری دعا ہے کہ آپ کا تسبیح خانہ ایسے ہی شاد و آباد رہے، یہاں ہر سال ایسے ہی اجتماع ہوتا رہے اور ہر جمعرات ایسے ہی درس کی بہاریں سجتی رہیں۔ فضول کاموں سے جان چھوٹ گئی ہے، نماز دھیان اور پابندی کے ساتھ اب پڑھتا ہوں۔ (محمد نصیر، سرگودھا)

دل سکون میں کچھ ایسا ڈوبا کہ بیان سے باہر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کا لاکھ لاکھ شکر اور احسان ہے کہ اس نے فتنوں کے دور میں ہمیں تسبیح خانہ جیسی نعمت سے نوازا اور ہمیں عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کی توفیق بخشی۔ جس دن لاہور تسبیح خانہ عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کیلئے جانا تھا دل بہت خوش تھا، ہم مغرب سے کچھ دیر پہلے لاہور پہنچے، جب ہم تسبیح خانہ پہنچے تو سارے پورشن بھر چکے تھے، پہنچے پہنچے سب سے اوپر والے پورشن پر جب پہنچے تو وہاں تھوڑی سی جگہ ملی، بس صبر و تحمل کر کے بیٹھے، آپ کے درس سنے، تھوڑی ہی دیر کے بعد کان میں آواز پڑی کہ حضرت جی اوپر تشریف لا رہے ہیں، ساری خواتین پردہ کرلیں! بس یہ سننا تھا کہ میری آنکھوں سے زار و قطار آنسو جاری ہوگئے، میں نے سر نیچے کیا اور رونا شروع کردیا، میری ہچکیاں بندھ گئیں، انہی ہچکیوں میں جب میں نے آپ کی آواز سنی آپ فرما رہے تھے: ''میں آپ لوگوں کی منت کرنے آیا ہوں، اللہ کی راہ میں اللہ نے ہمیں کچھ مشقتیں نصیب کیں، آپ کے یہ الفاظ سننے تھے کہ دل ایسے سکون میں ڈوبا کہ کچھ سمجھ نہیں آیا۔ آپ ہمارے پورشن میں دو مرتبہ تشریف لائے میں تو اس کو اپنے لیے بہت بڑی سعادت سمجھتی ہوں۔ دوران اجتماع کچھ مشاہدات آزمائے۔ اللہ تعالیٰ نے ٹوٹی پھوٹی خدمت کی توفیق دی۔ ہمارے پورشن میں باتھ روم پر بہت زیادہ رش تھا، مگر جب بھی میں لائن میں لگی سورۂ الم نشرح پڑھنا شروع کردیتی میری باری بہت ہی جلدی آجاتی۔ جب ہم اسلام آباد سے لاہور گئے تھے تو جگہ کی کمی کے باعث ایک اجتماع ہفتہ کی صبح ہی ختم ہوگیا تھا ہم دوپہر تک دم کرا کر نکلے پھر ابو نے ہمیں کہا عصر پڑھ لو پھر چلتے ہیں ہم نے کہا تسبیح خانہ میں ہی پڑھ لیتے ہیں، دل میں غم تھا کہ کاش تھوڑا اور رہ لیتے، بیسمنٹ میں نماز کیلئے گئے ایک آنٹی سے ملاقات ہوئی، باتوں باتوں میں انہوں نے بتایا ہم تو حضرت جی سے گیارہ سال سے بیعت ہیں پھر آپ کی اہلیہ کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ میں ان سے ملی ہوئی ہوں مگر وہ تسبیح خانہ میں نقاب نہیں اتارتیں، نقاب میں ہی رہتی ہیں، ہاتھوں پر بھی دستانے پہنے ہوتے ہیں، تمنا تو پہلے سے تھی آپ کی اہلیہ سے ملنے کی مگر اس کے بعد بہت زیادہ ہوگئی، عصر کی نماز پڑھی، پھر مین گیٹ پر آگئی امی وضو کرنے گئیں تھیں، میں یاعلیم علمنی پڑھ رہی تھی اور شدید ترین خواہش تھی کہ آپ کی اہلیہ سے ملاقات ہوجائے، اسی دوران میں نے سیڑھی سے ایک خاتون کو اترتے دیکھا، جنہوں نے چہرہ کو نقاب سے چھپایا ہوا تھا اور ہاتھوں پر دستانے پہنے ہوئے تھے، میرے دل میں آگیا کہ ہو نہ ہو یہ ہی میرے مرشد محترم کی اہلیہ ہیں بس اسی کشمکش میں مبتلا تھا کہ وہ آنٹی ہی آگئیں اور ان سے آہستہ آہستہ باتیں کرنے لگیں جنہوں نے ہمیں بتایا تھا کہ اس طرح آتی ہیں، پھر امی نے نماز پڑھنی تھی دوبارہ بیسمنٹ میں آگئے دل میں شدید غم پیدا ہوگیا کہ ایسا نہ ہو وہ چلی جائیں اور ہماری ملاقات نہ ہو، نماز پڑھ کر آئے تو اللہ کا فضل و احسان کہ وہ وہیں پر تھیں کسی سے باتیں کررہی تھیں، پھر جب انہوں نے بات مکمل کرلی، میں نے امی سے کہا کہ جلدی سے بات کرلیں ایسا نہ ہو کہ وہ چلی جائیں امی آگے بڑھیں، سلام کیا، ہاتھ ملایا، اس کریم مولیٰ کا لاکھ فضل و احسان ہے کہ اس نے مجھ جیسی نالائق کو بھی ان سے ہاتھ ملانے کی توفیق دی انہوں نے پوچھا آپ کہاں سے آئی ہیں؟ امی نے کہا: اسلام آباد سے، بس آپ جارہے ہیں، امی نے کہا جی ہم جارہے ہیں؟ انہوں نے کہا ایک دن اور رک جائیں گے تو حکیم صاحب کا اور فیض حاصل کرلیں تو ہم دونوں خوشی سے بے حال ہوگئے ابو کے پاس بھاگم بھاگ گئے جو کہ بڑے تسبیح خانہ کے پاس بیگ لیے ہمارا انتظار کررہے تھے، ہم نے ابو کو ساری بات بتائی ابو نے کہا ٹھیک ہے، بستر واپس لے جاؤ، ہم مزید ایک دن ٹھہرے، بہت سکون ملا، بہت دعائیں مانگیں۔ اللہ کی ذات کامل نے ہمیں بہت نوازا ہے اور مزید کامل یقین ہے کہ بہت کچھ ملنے والا ہے۔ اللہ کریم آپ کو اور آپ کی قیامت تک کی نسلوں کو ہر وہ چیز دے دے جو آج تک تمام نیک لوگوں نے مانگی اور قیامت تک مانگیں گے۔ (ب۔ن۔ش)

نوٹ: عبقری روحانی اجتماع میں شرکت کرنے والے مرد و خواتین اپنے ساتھ بستر ضرور لائیں اور ہاں بستر ہلکا لائیں، گرم نہ لائیں موسم ٹھنڈا نہیں ہوگا۔

(بقیہ: گھر کے کونے کونے سے میل نکالنے کے ٹوٹکے)

سفید سرکہ، ایک لیموں کا عرق اور پانچ سے دس قطرے لیمن آئل کو اس میں ملا دیں اور پھر اسپرے بوتل میں ڈال لیں، ہر بار استعمال سے پہلے اسے نرمی سے ہلائیں۔ یہ ایک حیرت انگیز ایسا کلینز محلول ہوگا جو باورچی خانے یا باتھ روم ہر جگہ صفائی کا کام کر سکے گا۔ کپڑوں سے گریس کے داغ ہٹائیں: لیموں کے عرق کو سرکے میں ملائیں اور کپڑے پر گریس کے داغ پر اسے استعمال کریں، کچھ دیر تک اس لگا رہنے دیں اور پھر دھولیں، وہ داغ جادوئی انداز میں غائب ہوجائے گا۔ کپڑوں کو بلیچ کرنا: گرم پانی میں لیموں کا عرق شامل کریں اور اس میں اپنے سفید کپڑے بھگو دیں، کچھ دیر بعد انہیں معمول کی طرح نچوڑ کر دھولیں۔ اس کے علاوہ آپ واشنگ مشین میں بھی بلیچ کی جگہ آدھا کپ لیموں کا جوس ڈال کر بھی بہترین نتیجہ حاصل کر سکتے ہیں۔

(آقا ﷺ سے محبت ہے تو درود پڑھ!)

نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ میں آپ ﷺ پر درود کثرت سے بھیجنا چاہتا ہوں تو اس کی مقدار اپنے اوقات میں سے کتنی مقرر کروں، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جتنا تیرا جی چاہے، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ ایک چوتھائی، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تجھے اختیار ہے اور اگر اس پر بڑھا دے تو تیرے لیے زیادہ بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا کہ نصف کردوں، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تجھے اختیار ہے اور اگر بڑھا دے تو تیرے لیے زیادہ بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا دو تہائی کردوں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: تجھے اختیار ہے اگر اسے بڑھا دے تو تیرے لیے زیادہ بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! پھر میں اپنے سارے وقت کو آپ ﷺ پر درود بھیجنے کیلئے مقرر کرتا ہوں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تو اس صورت میں تیرے سارے فکروں کی کفایت ہوجائے گی اور تیرے گناہ بھی معاف کردیے جائیں گے۔ (ترمذی شریف)۔ فرمایا گیا ہے دعا معلق رہتی ہے درمیان آسمان و زمین کے، اس میں سے کچھ بھی (مقام قبول تک) نہیں پہنچتا جب تک کہ اپنے نبی ﷺ پر درود نہ پڑھے۔ (ترمذی شریف)۔ نوٹ: بے وضو درود پاک پڑھنا جائز ہے اور اگر باوضو پڑھے پھر تو نور علیٰ نور ہے۔ جب بھی اسم مبارک ''محمد'' لکھے تو یا ذکر پاک ہو تو ساتھ محبت سے درود لکھے اور ضرور پڑھے اس میں ہرگز ہرگز کوتاہی نہ برتے۔

قسط نمبر 1

حلیم چاول بیچنے والے نے دولت پائی درود شریف کا کمال

نجانے کتنی بُری نگاہیں ان دونوں کی طرف اُٹھا کرتیں اور دونوں نے کس طرح خود کو بچا بچا کر رکھا ہوگا' محلے ہی کے کئی غنڈے ان کے پیچھے لگے ہوئے تھے انہیں معلوم تھا کہ ان کا باپ بیچارہ ریڑھی پر حلیم چاول بیچتا ہے' کمزور اور بوڑھا ہے' ہمارا کچھ نہیں کر سکے گا

میں شیخ انیس نقشبندی اپنی یہ کہانی اس لیے لکھ رہا ہوں کہ ہوسکتا ہے کہ میری یہ کہانی ماہنامہ عبقری میں پڑھ لینے کے بعد اوروں کی مشکلات بھی آسان ہوجائیں گی۔ میں ایک غریب آدمی ہوں' میرا ایک بیٹا اور دو بیٹیاں ہیں' گزر اوقات کیلئے ریڑھی پر حلیم اور چاول بیچتا ہوں' چاول اور حلیم بیچتا ہوں' چاول اور حلیم کی تیاری سے لے کر اس کو فروخت کرنا میرا ہی کام ہے' دن بھر میں سو دو سو روپے بچا لیتا ہوں' بس یہی میری کل آمدنی ہے اور اسی میں گھر چلا رہا ہوں' میری بیوی کا ایک عرصہ پہلے انتقال ہوچکا ہے۔ دونوں بیٹیاں اور بیٹا جوان ہوچکے تھے' بیٹا بھی ایک دکان میں کام کرتا ہے' وہ ایک کمزور جسم کا شریف سا نوجوان ہے' اس نے صرف میٹرک تک تعلیم حاصل کی ہے' اس سے آگے میں اسے پڑھا نہیں سکا' دونوں بیٹیاں دینی تعلیم حاصل کرچکی ہیں' دونوں انتہائی سگھڑ اور شریف ہیں' ان کی تربیت بالکل مختلف انداز میں ہوئی ہے' انہوں نے کبھی دوپٹہ سر پر لیے بغیر گھر سے قدم بھی نہیں نکالا ہوگا لیکن بدقسمتی سے دونوں کے بارے میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ دونوں کیچڑ میں کھلے ہوئے کنول کی طرح تھیں' خدا نے دونوں کو بہت اچھی صورت سے نوازا تھا' غریبوں کا فخر کبھی ان کیلئے عذاب بھی بن جاتا ہے' طاقت دولت مندوں کیلئے ہوتی ہے اور عذاب غریبوں اور کمزوروں کیلئے' میری بیٹیوں کا حسن بھی ہمارے لیے عذاب ہوگیا تھا' نجانے کتنی بُری نگاہیں ان دونوں کی طرف اُٹھا کرتیں اور دونوں نے کس طرح خود کو بچا بچا کر رکھا ہوگا' محلے ہی کے کئی غنڈے ان کے پیچھے لگے ہوئے تھے انہیں معلوم تھا کہ ان کا باپ بیچارہ ریڑھی پر حلیم چاول بیچتا ہے' کمزور اور بوڑھا ہے' ہمارا کچھ نہیں کر سکے گا اس لیے ان کے حوصلے بڑھتے چلے جارہے تھے' وہ میری بچیوں کو آتے جاتے تنگ کرنے لگے' یہ جو کہانی آپ کو سنا رہا ہوں اس کا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے لیکن آپ کو یہ بتانا ضروری ہے کہ آپ ہمارے پورے پس منظر سے واقف ہوجائیں۔ ایک دن میری بیٹی روتی ہوئی گھر میں آئی اور اتفاق سے میں گھر میں ہی تھا اور پوچھنے پر اس نے بتایا کہ آج تو غنڈے نے انتہا ہی کردی اس نے سنسان گلی دیکھ کر میرا ہاتھ تھام لیا' میرا خون کھول کر رہ گیا میں ایک بے بس اور کمزور انسان تھا اگر میں اس کے خلاف واویلہ بھی کرتا تو آخر کیا ہوتا؟ میں یہاں اپنی ایک عادت کا ذکر کرنا مناسب سمجھوں گا کیونکہ میری اس کہانی کا محور میری وہی ''عادت'' ہے چلتے پھرتے' اٹھتے بیٹھتے میں ہر وقت درود شریف پڑھا کرتا ہوں اس واقعے کے بعد میں نے اور کثرت سے درود شریف پڑھنا شروع کردیا' میں نے دونوں بیٹیوں کو سختی سے ہدایت کردی کہ وہ کسی بھی حال میں اکیلی نہ نکلا کریں میں نے اپنے بیٹے کو اس واقعہ کے بارے میں نہیں بتایا وہ لاکھ شریف اور کمزور سہی لیکن اپنی بہن کے ساتھ کسی کی غنڈہ گردی برداشت نہیں کرپاتا۔ ایک ہی ہفتہ گزرا تھا کہ ایک دن اچانک ایک پرانے دوست میرے گھر آگئے' وہ ہمارے ہی قبیلے (ذات) سے تعلق رکھنے والے ایک انتہائی شریف انسان تھے' بہت دنوں بعد ملاقات ہوئی تھی' اس لیے ہم بہت دیر تک بیٹھے باتیں کرتے رہے۔ ان کے دو بیٹے تھے' دونوں نیک پڑھے لکھے اور برسر روزگار' میرے دوست اپنے دونوں بیٹوں کیلئے رشتے کی تلاش میں تھے کہ انہیں میرے گھر کا خیال آیا' وہ میرے پاس اپنے بیٹوں کا رشتہ لے کر آئے تھے۔ کیا بڑی بات تھی! خدا نے بغیر کسی محنت کے اتنا بڑا کام کردیا' میں نے اپنے تینوں بچوں سے مشورہ لے کر ہاں کردی۔ سب کچھ اتنی جلدی ہوگیا تھا کہ حیرت ہونے لگی' فوری تاریخ بھی مقرر ہوگئی' اب سوال یہ تھا کہ شادی کیلئے پیسے کہاں سے آئیں' دو' دو بیٹیوں کی شادیاں تھیں' اخراجات تو ہونے ہی تھے اور میرے پاس تھا ہی کیا؟ کچھ بھی نہیں' گھر میں مشکل سے بیس سے پچیس ہزار ہونگے ان پیسوں سے کیا ہونے والا تھا' میں نے یہ بھی سوچ لیا تھا کہ اپنی ریڑھی اور دوسرا سامان بھی فروخت کردوں گا لیکن اس سے بھی کیا ہوتا' مجھے وہ دن بہت اچھی طرح یاد ہے یہ 27 اکتوبر 2007ء کا دن تھا' مغرب کے بعد میں اپنے گھر بیٹھا درود شریف پڑھ رہا تھا اور ساتھ آنے والے حالات کے بارے سوچ رہا تھا کہ کسی نے دروازے پر دستک دی' دروازہ کھولا تو ایک اجنبی کو سامنے پایا' ان کے چہرے پر خاص قسم کا سکون' ٹھہراؤ اور نور تھا۔ جس نے پہلی نگاہ میں ہی مجھے متاثر کردیا تھا' میں سوالیہ نگاہوں سے ان صاحب کی طرف دیکھنے لگا: '''کیا آپ کا نام شیخ انیس ہے؟'' ان صاحب نے پوچھا۔ ''جی'' میں نے جواب دیا۔ ''کیا آپ حلیم چاول کی ریڑھی لگاتے ہیں'' اس نے دوسرا سوال کیا۔ میں نے کہا ''جی'' پھر اجنبی نے کہا: ''میں آپ کے صرف دو منٹ لوں گا' آپ سے بہت ضروری بات کرنی ہے'' میری حیرت بڑھتی جارہی تھی' نہ جانے وہ کون صاحب تھے' اور مجھ غریب سے ایسا کون سا کام پڑ گیا تھا' لیکن دیکھنے سے معقول انسان دکھائی دے رہے تھے اس لیے میں انہیں اپنے گھر لے آیا۔ ''اب بتائیں کیا آپ پر اتنے روپوں کا قرض چڑھا ہوا ہے'' انہوں نے دریافت کیا اور مزید بولے ''اور بچیوں کی شادیوں کیلئے آپ کو اتنی رقم کی ضرورت ہے'' میں حیران رہ گیا انہوں نے اتنی ہی رقم بتائی جتنی مجھے ضرورت تھی ''جی ہاں!'' ''لیکن یہ سب کیا ہے؟ آپ کو کیسے معلوم ہوا'' میں نے پوچھا۔ ''یہ لیں پیسے'' انہوں نے اپنی جیب سے ایک موٹا سا لفافہ نکال کر میری طرف بڑھادیا' ''گن لیں یہ اتنی ہی رقم ہے جتنی آپ کو ضرورت ہے'' ''لیکن کیوں؟ آپ اتنی زیادہ رقم مجھے کیوں دے رہے ہیں'' میں نے حیران ہوکر پوچھا: ''میں آپ کو نہیں دے رہا بلکہ یہ پیسے آپ کیلئے بھیجے گئے ہیں'' میں مزید حیرانی کے سمندر میں ڈوب گیا اور پوچھا ''کس نے بھیجے ہیں'' انہوں نے پوچھا: ''آپ کثرت سے درود شریف پڑھا کرتے ہیں نا؟'' میں نے کہا: ''جی'' لیکن یہ تو یا میں جانتا ہوں یا اللہ تعالیٰ'' وہ مزید بولے: ''جن پر آپ روزانہ کثرت سے درود شریف بھیجا کرتے ہیں وہ بھی تو جانتے ہیں۔ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اتنی رقم شیخ انیس کو دے کر آؤں'' میں تڑپ کر رہ گیا' میری آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے۔ اللہ اللہ میرے حضور نبی کریم ﷺ کو میرا اتنا خیال' میری اتنی دل جوئی' میرے ساتھ اتنی ہمدردی' میرے ساتھ وہ نورانی شخصیت بھی رو دی۔ وہ صاحب میرے اصرار کے باوجود بھی نہ رکے' ان کا کہنا تھا کہ مجھے حکم ملا وہ میں نے پورا کردیا ہے' میری ڈیوٹی اتنی ہی تھی' میں نے اپنا فرض ادا کردیا' اب بخوشی اپنی بچیوں کی شادیاں کردیں۔ قارئین! مجھے وہ دن کبھی بھولے نہیں بھولتا' درود پڑھتا ہوں تو اکثر آنکھوں سے آنسو چھلک جاتے ہیں۔ میں نے بہترین طریقے سے اپنی بچیوں کی شادیاں کیں' میں اب بہت مطمئن ہوں' میرے گھر میں سکون ہے' میرے دل میں سکون ہے۔ مجھے یہ سب کچھ میرے حضور نبی کریم ﷺ کی نگاہ کرم سے عطا ہوا ہے اور میں یہ تمام واقعہ صرف اس لیے عبقری کیلئے بھیج رہا ہوں کہ آپ بھی درود پاک کا گلدستہ اپنے پیارے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں بھیجتے رہیں پھر دیکھیں آپ کے بگڑے کام کس طرح سنورنے لگتے ہیں۔

قارئین! اگلے مہینے درود وسلام سے زندگی میں انقلاب' تنگدستی' جادو' گھریلو پریشانیوں سے نجات پانے کی ایک اور سچی داستان پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	70/-
2	آگ شفاء	80/-
3	اکسیر البدن	300/-
4	الرجی نزلہ کورس	600/-
5	اصلاح معدہ پیکیج	440/-
6	السر کورس	400/-
7	بواسیر کورس	500/-
8	برص پھلبہری کورس	500/-
9	بے اولادی کورس	2500/-
10	بے اولادی پاؤڈر	500/-
11	بنفشی قہوہ	120/-
12	بستر پیشاب شفاء	120/-
13	بلڈ پریشر شفاء سیرپ	120/-
14	پیشاب کنٹرول کورس	400/-
15	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-
16	پوشیدہ کورس	600/-
17	پیچش شفاء	120/-
18	پتہ پتھری شفاء	90/-
19	تندرستی ٹانک	440/-
20	ٹھنڈی مراد	120/-
21	ٹھنڈک پیکیج	500/-
22	جوہر شفاء مدینہ	150/-
23	چلڈرن سیرپ	120/-
24	چوٹ شفاء	100/-
25	چہرہ شفاء	150/-
26	حسن شفاء سیرپ	120/-
27	خون صفاء پاؤڈر	120/-
28	خاتون شفاء (سیرپ)	120/-
29	خون روک شفاء	120/-
30	خون افزاء ٹانک	120/-
31	دیسی کریم	500/-
32	دم والا شہد دوائی	900/-
33	ڈیپریشن پیکیج	490/-
34	روحانی پھکی	30/-
35	روحانی عطر	240/-
36	روشن دماغ ٹانک	250/-
37	زعفرانی نقرائی	2200/-
38	ستر شفائیں	250/-
39	سکون افزاء شوگر فری سیرپ	120/-
40	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	320/-
41	سچا منجن	70/-
42	سچی دوا بے اولادی کیلئے	100/-
43	سدابہار حسن و خوبصورتی پیکیج	840/-
43	شفاء حیرت سیرپ	120/-
44	شہد ایک کلو گرام	700/-
45	شہد 330 گرام	240/-
46	شوگر کورس	800/-
47	طب نبوی حسن و جمال کریم	300/-
48	طب نبوی ہیئر آئل	300/-
49	طب نبوی انمول ہیئر پاؤڈر	120/-
50	عروسی سہاگ کورس	5000/-
51	عرق موٹاپا شفاء	350/-
52	فشاری گولیاں	200/-
53	فلفنس پیکیج	600/-
54	فلفنس فولاد ٹانک	120/-
55	کراماتی تیل	200/-
56	کان شفاء	70/-
57	کولیسٹرول سے نجات (کورس)	600/-
58	کرنٹ مالش	500/-
59	کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	800/-
60	گیس بدہضمی، تبخیر کورس	600/-
61	گردے نیل شفاء	150/-
62	گردی	230/-
63	گلٹیاں رسولیاں ٹیومر سے نجات کورس	500/-
64	قد دراز کورس	500/-
65	قبض کشا	120/-
66	قوتی گولیاں	500/-
67	لاجواب حافظہ پیکیج	670/-
68	لیکوریا شفاء	120/-
69	معجون شفاء یابی	500/-
70	مرہم سکون	70/-
71	موٹاپا کورس	600/-
72	مشروب عبقری افزاء	200/-
73	معجون مراد	1100/-
74	معذور شفاء ٹانک	500/-
75	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
76	ناک شفاء	100/-
77	نشاطی (جدید)	520/-
78	نوجوان شفاء	120/-
79	نیو طاقتی	640/-
80	نورتن شفاء	150/-
81	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
82	ہارمونز شفاء	300/-
83	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
84	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	120/-
85	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	320/-
86	ہاضم خاص پاؤڈر	200/-
87	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-
88	جانور شفاء (صرف جانوروں کیلئے)	130/-

Monthly "UBQARI" Lahore

عبقری روحانی اجتماع 2017

ان شاء اللہ 2 حصوں میں

دوسرا حصہ: صوبہ سندھ‘ صوبہ خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر
1،2،3 دسمبر 2017 بروز جمعہ‘ ہفتہ‘ اتوار (انشاء اللہ)
اجتماع 30 نومبر بروز جمعرات عصر سے شروع ہوگا‘ 3 دسمبر بروز اتوار صبح دعا ہوگی۔

پہلا حصہ: صوبہ پنجاب صوبہ بلوچستان اور بیرون ممالک
24،25،26 نومبر بروز جمعہ‘ ہفتہ‘ اتوار (انشاء اللہ)
اجتماع 23 نومبر بروز جمعرات عصر سے شروع ہوگا 26 نومبر بروز اتوار صبح دعا ہوگی۔

ایڈریس: عبقری روحانی اجتماع تسبیح خانہ عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور میں منعقد ہوگا۔

تربیتی اصلاحی تعلق مع اللہ‘ روحانیت کے پراسرار حقائق اور گھریلو الجھنوں‘ مشکلات اور پریشانیوں کے خاتمہ کیلئے تین روزہ اجتماع میں شرکت کریں۔ حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی طرف سے دعوت عام اور اجازت عام ہے۔ حسب موسم بستر ہمراہ لائیں۔ 24 گھنٹے بجلی کی بلاتعطل فراہمی۔ خواتین کیلئے علیحدہ باپردہ پرسکون بلڈنگ کا انتظام۔ لنگر کا وسیع انتظام ہوگا۔ **ترتیب:** عبقری روحانی اجتماع میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی 7 نشستیں ہوں گی۔ **پہلی نشست:** اجتماع کے پہلے دن بروز جمعرات عصر کی نماز سے شروع ہوگی، مغرب کے بعد حضرت کا درس، ذکر خاص، مراقبہ اور دعا ہوگی۔ **دوسری نشست:** بعداز نماز جمعہ‘ حضرت کا درس‘ ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **تیسری نشست:** بعداز نماز عشاء‘ حضرت کا درس‘ ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **چوتھی نشست:** بروز ہفتہ بعداز نماز فجر‘ حضرت کا درس‘ ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **پانچویں نشست:** بعداز نماز ظہر‘ حضرت کا درس‘ ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **چھٹی نشست:** بعداز نماز عشاء‘ حضرت کا درس‘ ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ **ساتویں اور آخری نشست:** اجتماع کے آخری دن بروز اتوار بعداز نماز فجر‘ حضرت کا درس‘ ذکر اور مراقبہ ہوگا۔ اس کے بعد حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم خصوصی دم اور دعا فرمائیں گے۔ اس کے بعد واپسی کی اجازت ہوگی۔ ابھی سے دعائیں شروع کردیں۔ یااللہ! عافیت سے تمام نظام ممکن فرما اور ہر شر‘ ہر فتنے سے محفوظ فرما، آمین! بچوں کو ساتھ لانے کی اجازت ہے۔ (اصل شناختی کارڈ اور فوٹو کاپی لانا ہرگز نہ بھولیں)۔ **نوٹ:** اجتماع میں خواتین کیلئے بھی کشادہ اور پرسکون بڑے ہال اور مردوں کیلئے بھی بڑے ہالوں کا انتظام ہر وقت تربیت، ذکر، دعا، آہ وزاری اور قبولیت کا نہایت انوکھا نظام روحانی اور نورانی ماحول، مرد عورت، بچے، بوڑھے، جوان سب اجتماع میں شرکت کرسکیں گے۔

بستر موسم سرما کا نہ لائیں ہلکا لائیں موسم ٹھنڈا نہیں ہوگا۔

اجتماع میں 6 خصوصی پیکیج

پیکیج نمبر 1۔ شب جمعہ کے درس کے بعد ایک ایسا خصوصی پیکیج جس نے بھی کیا دیدار مصطفی ﷺ نصیب ہوا، خاتمہ بالخیر روحانیت کا نور ملا اور ولایت کی نشانیاں شروع ہوگئیں۔ **پیکیج نمبر 2۔** نماز جمعہ کے بعد جادو، جنات، بندش اور سفلی اثرات کو ختم کرنے کیلئے ایک خصوصی عمل جو آج تک خطا نہیں گیا۔ وہ جادو جو چیلنج کرکے کیا گیا ہو۔ اس مسنون عمل سے ہمیشہ کیلئے ختم ہوجاتا ہے۔ **پیکیج نمبر 3۔** رزق کی وسعت، قرضوں سے نجات اور نسلوں کو غربت اور فاقوں سے بچانے کیلئے اور بے بہا رزق پانے کیلئے ایک نایاب عمل، نہایت آسان۔ تمام مجمع کرے گا اور پھر آپ اپنے حالات بدلتے دیکھیں۔ **پیکیج نمبر 4۔** بچوں اور بچیوں کے رشتوں کیلئے اور ان کی بندشوں رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے ایک ایسا عمل جو ہمیشہ کامیاب رہا اور بے شمار کے ہاتھ پیلے ہوئے۔ تمام مجمع کو کروایا جائے گا۔ ہوگا نہایت آسان! **پیکیج نمبر 5۔** گھریلو جھگڑوں، ناچاقیوں اولاد کی نافرمانیوں، نفرتوں، مارکٹائیوں کو دور کرنے کیلئے ایک نہایت تیر بہدف روحانی عمل تمام مجمع کو کرایا جائے گا۔ جس سے زندگیوں کا سکون ہمیشہ بڑھا۔ **پیکیج نمبر 6۔** دل کی اداسیوں پوری نہ ہونے والی مرادوں اور حسرتوں ناامیدیوں ویرانیوں اور ایسی جائز چاہتوں اور ایسی حسرتیں جو قبر میں ہی لے جائیں ان کو پورا کرنے کیلئے اسم اعظم کا ایک خاص عمل، تمام مجمع کو کرایا جائے گا۔

نوٹ: ان تمام نشستوں میں حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم خود شریک ہوں گے اور خصوصی دعا فرمائیں گے۔

احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور کے لیے ایک اور اعزاز حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی آمد 31 دسمبر بروز اتوار
اسم اعظم کا دم اور خاص الخاص تعویذ اور ڈوری بالکل فری تفصیلات صفحہ نمبر 56 پر

602

قیمت فی شمارہ 50 روپے

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

ماہنامہ عبقری لاہور ® 138

دسمبر 2017ء ربیع الاول 1439 ہجری


گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

انڈے کو ہلکا نہ سمجھیں!


اس میں چھپا ہے الرجی کا طوفان

آفس بوائے کروڑپتی اور بزنس مین کیسے بنا؟ انوکھی سچی داستان

- نارمل ڈیلیوری کیلئے میرا اور میری بہن کا آزمودہ عمل
- رانگ نمبر تنگ کرتا تھا! یہ عمل آزمایا اور کرم ہوگیا
- موٹاپے سے نجات کیلئے 110 فیصد گارنٹی شدہ ٹوٹکہ
- 18 سال سے آزمودہ سینے کا راز' قارئین کے نام
- ٹانگوں اور کمر کا درد یوں ختم جیسے کبھی تھا ہی نہیں
- گندم الرجی! اسباب' علاج اور متبادل غذا
- انٹرویو دینے جا رہے ہیں تو ذرا ٹھہریئے!



گھریلو مشکلات' الجھنوں کے چھٹکارے اور ولایت کے راز پانے کیلئے حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے تمام درس اعلیٰ کوالٹی میموری کارڈ میں دفتر ماہنامہ عبقری میں دستیاب ہیں۔



الرجی کی تمام بیماریوں کیلئے نہایت اہم کتاب جو آپ کیلئے بہترین معاون اور رہبر ثابت ہوگی

اسم اعظم کا دم اور خاص الخاص تعویذ اور ڈوری بالکل فری

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی احمد پور شرقیہ آمد

31 دسمبر 2017 بروز اتوار

تفصیلات صفحہ نمبر 56 پر ملاحظہ فرمائیں

مسمی کے چھلکوں اور بیج سے نظر کی کمزوری اور جالا ہمیشہ کیلئے ختم

محل میں لگی پرانی تصویر نے خزانہ کی نشاندہی کی اور خزانہ مل گیا

ترقی یا عروج کی سعادت حاصل کرنے کیلئے ... پڑھیں اور لطف کریں!

shahg

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ القرآن

بیاد حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب جناب حکیم محمد رمضان چغتائی

زیر سرپرستی حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 6 | جلد نمبر 12 | دسمبر 2017ء ربیع الاول 1439 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور

دسمبر 2017ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت حکیم محمد خالد محمود چغتائی' محمد محسن انصاری' میاں محمد طارق' امتیاز حیدر اعوان' راشد شمسی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1080 روپے رجسٹرڈ ڈاک | بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان: اقبال نے آپ کے سامنے ایک واضح اور صحیح راستہ رکھ دیا ہے جس سے بہتر کوئی دوسرا راستہ نہیں ہوسکتا۔ وہ دور حاضر میں اسلام کے بہترین شارح تھے کیونکہ اس زمانے میں اقبال سے بہتر اسلام کو کسی نے نہیں سمجھا۔ مجھے اس کا فخر حاصل ہے کہ آپ کی قیادت میں ایک سپاہی کی حیثیت سے کام کرنے کا موقع مل چکا ہے۔ میں نے اس سے زیادہ وفادار رفیق اور اسلام کا شیدائی نہیں دیکھا۔ (ہفت روزہ حمایت اسلام لاہور' 6 مارچ 1941ء)

حرم کے پاس کوئی اعجمی ہے زمزمہ سنج	کہ تار تار ہوئے جامہ ہائے احرامی!
حقیقتِ ابدی ہے مقامِ شبیریؓ	بدلتے رہتے ہیں اندازِ کوفی و شامی!

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے برتن' جوتے' فرنیچر رضائیاں اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرا دیں۔ شکریہ! (رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534)

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

محمد طارق محمود پرنٹر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

E mail:contact@ubqari.org | 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 فون / فیکس

ایڈیٹر کے قلم سے

حالِ دل

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

دولت اور زمین بے وفا

کسی سیانے اور سمجھدار نے ایک بات کہی ہے اور جب اس بات کو مسلسل آزمایا اور پرکھا تو وہ بات سو فیصد درست ہے اور حقائق پر مبنی ہے اور اس حقیقت کا انکار شاید ہی کوئی ناسمجھ بندہ کرے ورنہ حقائق حقائق ہوتے ہیں اور سچائی سو فیصد سچائی ہوتی ہے۔ عروج وزوال کی داستانیں بہت پرانی ہیں' زوال کو ہمیشہ عروج اور عروج کو ہمیشہ زوال رہا ہے' یہ قدرت کا سچا وعدہ اور پکا عہد ہے' حقائق حقائق ہوتے ہیں ایک سوال میں اپنے من سے بھی اور اب آپ تمام قارئین سے بھی کررہا ہوں یقیناً اگلے ہی لمحے آپ کو اس کا جواب ملے گا اور سو فیصد ملے گا اور اس جواب کی انتہا یہی ہوگی جس سے چاہے لے لے جس کو چاہے دے دے' گزشتہ دنوں میں پوری دنیا کے بڑے مالدار اور کھربوں ڈالروں کے مالکوں کی ریسرچ پڑھ رہا تھا' لکھا تھا کہ دنیا میں اسی فیصد دولت' مال' بنگلے' کوٹھیاں' ملیں' فیکٹریاں' کاروبار' رقبے' زمینیں تیسری نسل تک نہیں پہنچتے' بیس فیصد میں دس فیصد وہ لوگ ہیں جن کی تیسری نسل تک دولت اور مال پہنچتا ہے اور ان میں دس فیصد وہ ہیں جو نسل در نسل مال و دولت کو لیے اور سنبھال کر چل رہے ہیں اور مال و دولت بڑھتا چلا جارہا ہے' یعنی دس فیصد ہی ایسے لوگ ہیں جو یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم جدی پشتی آباؤاجداد سے دولت مند ہیں۔ میرے سالہا سال کے مشاہدات اور میری زندگی کے دن رات اور صبح وشام کے تجربات جو مجھے حاصل ہوئے ہیں' میں اپنے تجربات کے نچوڑ میں سے ایک بات قارئین آپ کو ضرور لکھوں گا۔ عروج کس کو ملتا ہے؟ اور زوال کیوں آتا ہے! اور عروج اور زوال کے نظام میں کون سے اسباب اور عوامل ہیں مجھے امید ہے کہ آپ ان اسباب اور عوامل کی تفصیل مجھے ضرور لکھیں گے چند واقعات میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں:۔ صادق گڑھ پیلس کے ساتھ ایک پٹواری تھا جس کے بچوں کی جیب میں ہر وقت بادام' کشمش' پستہ اور اعلیٰ قسم کے میوے ایسے بھرے ہوتے تھے جیسے دوسروں کی جیب میں چنے' اچھی پوشاک' اچھا لباس' کھانا پینا نہایت لاجواب باکمال اٹھنا بیٹھنا بہت بہترین' بس حالات نے ایسا پلٹا کھایا کہ کچھ بھی نہ رہا' اور وہی بچے دربدر ہوگئے۔ پتوکی میں بھی اسی طرح ایک پٹواری کا واقعہ' بہت بڑی کوٹھی' فیکٹری' زمین' ٹریکٹر' ٹیوب ویل' بہترین زندگی کا بہترین نظام لیکن تقدیر نے سب کچھ چھینا کچھ بھی نہ رہا' گوجرانوالہ میں ایک صاحب کی زندگی ایسی شاندار کہ لوگ دیکھ کر رشک کرتے تھے' اعلیٰ قسم کی گاڑیاں' لباس ایسا کہ لندن سے سل کر آتا تھا' پھر کسی نے کہا کہ کویت میں ایک صاحب بہت اعلیٰ قسم کے درزی ہیں پھر کویتی دینار مزدوری کی شکل میں انہیں دیتے اور اپنا لباس سلواتے' چھ کنال کا بنگلہ لیکن حالات کا عروج وزوال ایسا کہ دنوں میں کچھ بھی نہ بچا۔ لاہور سبزہ زار میں ایک صاحب کو میں ذاتی طور پر جانتا ہوں آج وہ ویلڈنگ کا کام کررہا' اس کا کوئی لباس ایسا نہیں جو ویلڈنگ کی چنگاریوں کی وجہ سے چیر چیر نہ ہو وہ سارا دن لوہا کوٹتا ہے مزدوریاں کرتا ہے' لوگوں کی جھڑکیاں سہتا ہے اور سنتا ہے' کبھی ہم نے سوچا کہ وہ عروج سے زوال میں کیوں آیا؟ آیئے! میں آپ کو ایک اور واقعہ بھی سناتا چلوں' لاہور کا ایک باراتی' جس نے کراچی کیلئے پورا جہاز بک کروایا اور پورے جہاز میں صرف اسی کی بارات تھی اور کوئی سواری نہیں تھی' بہت شان وشوکت سے بارات گئی' وہاں اعلیٰ اور قیمتی گاڑیاں تھیں' جنہوں نے بارات کو وصول کیا' اعلیٰ ترین کھانے' ہال' سونے اور ہیرے جواہرات کے سیٹ' زندگی کا نظام ایسا تھا کہ ہر شخص رشک بھری نظروں سے دیکھتا تھا اور پھر زندگی میں ایک غیر محرم عورت آئی اور یوں آہستہ آہستہ جاتے جاتے آج وہ شخص لاہور بندروڈ پر بسوں کی باڈیاں اور پھٹی پرانی سیٹیں مرمت کررہا ہے۔ لاہور سگیاں پل سے آگے جائیں تو پھولوں والا چوک آتا ہے' وہاں ایک صاحب پانچ کنال کے بہت بڑے گھر میں رہتے تھے' زندگی کی ہر آسائش آرام' لطف' لذت دوستیاں' بڑے بڑے لوگوں سے تعلقات' آنا جانا' یہ سب کچھ تھا جب حالات نے پلٹا کھایا پانچ کنال کا گھر نہ رہا' گاڑیاں دوستیاں' تعلقات' بہترین زندگی کچھ نہ رہا' رہے نام اللہ کا' آج وہ شخص کسمپرسی کی زندگی تنگدستی اور غربت کی زندگی بلکہ غربت سے نچلے افلاس کی زندگی گزر رہا ہے' آخر ایسا کیوں ہوا؟ کیا رب نعوذباللہ ظالم ہے' کیا رب کی ترتیب غلط ہے؟ ہرگز نہیں! بالکل نہیں! ہم غلط ہوسکتے ہیں رب درست اور بالکل درست اس کا نظام صحیح اور بالکل ٹھیک۔ آخر خرابی کہاں پیدا ہوئی۔ ایک شخص ایسے ہیں جن کا نام لکھنا مناسب نہیں' کیونکہ میری تحریر ہر فرد پڑھتا اور عبقری گھروں میں جاتا ہے' میری کوشش ہوتی ہے کہ گفتگو بھی ہوجائے اور رازداری بھی ملحوظ اور اس کا لحاظ رکھا جائے۔ بہت غریب ماں باپ کے بیٹے تھے ماں نے سلائیاں کرکے گھروں کے برتن دھو کر جھاڑو دے کر بیٹے کو پالا' شاید کہیں تربیت میں کمی رہ گئی جو کہ آج کے مزاج کا حصہ نہیں کیونکہ تعلیم کی ہوس' کتابوں کا بوجھ زیادہ اور تربیت بالکل نہیں' بس ان کا مزاج بھی شاید ایسا تھا غصہ بداخلاقی' بڑھتی چلی گئی اور ایک وقت آیسا آیا کہ سب کچھ ختم' پھر بینک کی طرف رجوع کیا' بینک سے سود لیا اور جو رہی سہی کسر تھی وہ بینک نے پوری کردی۔ دیوالیہ ہوا اور بالکل ختم ہوگیا۔ ایک صاحب ملے جو 1961ء میں ٹرانسپورٹ کا کام کرتے تھے' بہت اچھا دور تھا' ہر شخص ٹرانسپورٹر نہیں تھا' کچھ مخصوص گنے چنے لوگ تھے' جنہوں نے یہ کام کیا اور کمایا اور جی بھر کر کمایا' ان کو ہمیشہ گاڑی کیلئے ایسا وقت چاہیے ہوتا تھا جس میں سواری ہو' اگر کوئی احتجاج کرتا تو اس نے اپنے غنڈے رکھے ہوئے تھے جو اس کی پٹائی کرتے بعض اوقات ہڈیاں توڑ دیتے لہولہان کردیتے پھر اگر کوئی دوسری بس والا زیادہ احتجاج کرتا کہ سواری کا ٹائم سب کا حق ہے تو اپنی بس اس کی بس میں ٹکرا کر دونوں کو چلنے کے قابل نہ چھوڑتا چونکہ اس کی بسیں زیادہ تھیں اس بس کی کمی اور بسیں پوری کرلیتی تھیں دوسرے فریق کو اس روزی سے بھی فارغ کردیتا۔ لیکن کب تک؟ آج وہ شخص جس کسمپرسی کی زندگی گزار رہا' آپ گمان نہیں کرسکتے۔ قارئین! چند واقعات عروج وزوال کے میرے پاس لیکن آپ کے پاس تو یقیناً بہت ہوں گے بس مجھے تو ایک بات سمجھ آئی ہے کہ بندہ عروج میں توبہ' استغفار' جھکنا' ندامت' معافی' اور اگر کوئی بول میں اکڑ چال میں اکڑ حال میں اکڑ لہجے میں اکڑ اور انداز میں کوئی خامی ہو اللہ کی ذات سے مانگتا رہے' استغفار کرتا رہے توبہ کرتا رہے' وہ بہت کریم ہے۔ اور معافی کو پسند کرتا ہے لیکن! یہ چیز دولت عہدہ اقتدار چیزیں ملنے کے بعد بہت کم لوگوں کو حاصل ہوتی ہیں بہت سے لوگ ایسے ہیں جو بھول جاتے ہیں اور فراموش کربیٹھتے ہیں۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درس روحانیت و امن

اب بھی وقت ہے عیاش من کو منالو!

اب بھی وقت ہے عیاش من کو منالو! اللہ والو! آج کان میسر ہیں ان کانوں کو اللہ کی محبت کے جملے سنوادو، اللہ والو! یہ کان خدانخواستہ کہیں چھن نہ جائیں یہ سماعت ختم نہ ہوجائے، ان کانوں کے اندر اللہ کی محبت کے رس گھولنے والے جملے ڈلوادو، یہ طبیعت نہیں مانے گی، یہ من نہیں مانتا، اس من کو ہم نے عیاش بنالیا ہے، اس طبیعت کو بہت بگاڑ لیا ہے، یہ ایسی پابندیوں کو نہیں مانتا، ان مجالس کو نہیں مانتا، یہ رکاوٹیں ڈالتا ہے، یہ کہتا ہے نہ جا۔ اس من کو بہلا کر، پھسلا کر، منت کرکے، اس پر جبر کرکے اسے لانا پڑے گا، ورنہ یہ وقت گزر جائے گا۔ اب تک نہیں آتے تھے وقت گزر رہا تھا اور پورا ہفتہ گزر جاتا ہے اور دن کا تو ویسے ہی پتہ نہیں چلتا۔ زندگی ایسی مختصر سی اور سمٹتی چلی جارہی ہے۔

عنقریب ہم اور تم بھلادیئے جائیں گے: ایک بات سوچ کر بتائیں' دل میں سوچیں۔ اپنے اس قریبی عزیز کے متعلق سوچیں جو دنیا سے رخصت ہوگیا۔ والد' والدہ' بیٹی' بیوی' بھائی' دوست' ماموں' استاد کوئی قریبی عزیز جو دنیا سے رخصت ہوگیا ہو، ان کے بارے میں سوچیں! سوچ لیا؟ اب مجھے سچ بتائیں کہ دن میں کتنی دفعہ ان کو یاد کرتے ہیں؟ ہفتے میں کتنی دفعہ ان کو یاد کرتے ہیں؟ مہینے میں کتنی دفعہ ان کو یاد کرتے ہیں؟ سال میں کتنی دفعہ اس کو یاد کرتے ہیں؟

اور آنے والا دور اس سے بھی عجیب دور آرہا ہے شائد اب ہم یاد کرلیتے ہوں گے، مگر یہ بات نوٹ کرلو ہم ایسے ہی بھلادیئے جائیں گے کہ بھولنا ہی یاد نہیں رہے گا کہ بھولنا ہی بھول گئے۔ لہٰذا اپنے ساتھ کوئی سامان لے لو اللہ والو! اعمال کا، ذکر کا، نماز کا، یہ اللہ والی مجالس ہیں ان کی قدردانی کا ان میں آنے کا سامان لے لو اللہ والو! یہ بہت مبارک مجالس ہیں آج کے دور میں نعمت ہیں۔

دنیاوی ماحول ایمان سوز ہے: مجھے ایک صاحب کہنے لگے کہ: ''مجھے ہفتہ بھر درس کا انتظار رہتا ہے کہ میرے اندر کی ٹیوننگ یعنی سروس ہوجاتی ہے۔'' کہنے لگے کہ: ''میں تو اپنی گاڑی کا فیول یعنی ایندھن لینے آتا ہوں ہفتہ بھر میری گاڑی ٹھیک چلتی رہتی ہے۔'' ہم سارے محتاج ہیں کیونکہ دنیا کا جو ماحول ہے وہ ایمان سوز ہے ایمان ساز نہیں۔

اور میرے دوستو اس ایمان سوز ماحول کے اندر آپ کا رہنا سہنا، آپ کا کھانا پینا، آپ کا دیکھنا، سننا اور بولنا یہ سب ایمان سوز ہوتا جارہا ہے۔ کچھ تو روح کی فکر کریں۔ اپنی روح کو ایمان ساز ماحول میں لے آئیں۔ اس جسم کو تو ساری زندگی، ہر پل، چوبیس گھنٹے، پورا ہفتہ، اس جسم کو دنیاوی مجالس اور محافل میں لگایا۔ روح کا بھی حق ہے روح کو بھی کچھ وقت دیا کرو، روح کی غذا روحانی مجالس، روحانی محافل ہوتی ہیں جہاں آپ بیٹھے ہیں یہاں روح کی غذائیں ہیں کہیں ایسا نہ ہو کہ روح کو فاقوں میں ڈال دیا جائے۔

فاقہ زدہ روح کیا اثر مرتب کرتی ہے؟: اگر روح کو فاقوں میں ڈالیں گے تو اندر سے ایک ہوک اٹھے گی اس کو ٹینشن' انگزائٹی کہتے ہیں' سٹریس کہتے ہیں اور پتہ نہیں کیا کیا نام دیتے ہیں۔ اندر نفسیاتی بیماریاں اور پریشانیاں اور مشکلات اور زندگی کے قدم قدم پر پریشانیوں کا سامنا ہو، تو پھر سمجھ لو کہ روح پریشان ہے۔

اللہ والوں کی، اور ان کی مجلسوں کی قدر کرلو: جیسے میں نے بابا کریم بخش رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں بتایا تھا کہ میں اپنے دوست کو بابا کریم بخش رحمۃ اللہ علیہ کے پاس لے کر جاتا تھا سارے روتے تھے وہ ہنستا تھا، لیکن اب مجھے کہتا ہے کہ: ''اب کہیں سے بابا کریم بخش رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات کرادے کہ میں اپنے دائیں بائیں دیکھتا ہوں میرے ساتھ کوئی دعائیں نہیں ہیں'' کہنے لگا کہ: ''مجھے پتہ نہیں تھا کہ دعائیں کیا ہوتی ہیں؟'' میں کہتا تھا کہ: ''بس انسان اپنی کوشش کرے محنت کرے بس سب کچھ اسی میں ہوتا ہے'' کہنے لگا کہ: ''نہیں اب یہ احساس ہوا ہے، نہ جانے کون اپنی دعاؤں میں یاد رکھتا ہے، اب یہ احساس ہوتا ہے کہ یہ بھی کوئی سرمایہ ہوتا ہے۔ اس لیے اللہ والو! یہ مجالس دعاؤں والی مجالس ہیں، برکت والی مجالس ہیں، سچی بات ہے جس مجلس اور محفل میں ذکر کیا جائے، سورۂ یٰسین پڑھی جائے نیک اعمال کیے جائیں، سورۂ فاتحہ پڑھی جائے، آیت کریمہ پڑھی جائے، درود شریف پڑھا جائے یقیناً اس پر باران رحمت کا نزول ہوتا ہے۔

ذکر خاص کی خاص فضیلت: ایک بزرگ ذکر خاص کے متعلق ایک عجیب بات فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ ذکر خاص کرے اور اس کی دعا قبول نہ ہو تو قیامت کے دن آکر میرا گریبان پکڑ لے۔ اس سے بھی حیرت انگیز یہ بات بتاتے ہیں کہ جو شخص یہ ذکر خاص کرے اور اس کو دعا کی قبولیت کا یقین نہ ہو تو قیامت کے دن میں اس کا گریبان پکڑوں گا۔

پتہ نہیں ان مجالس میں کتنے اعمال کیے جاتے ہیں اور ان اعمال کی کیا برکات ہوتی ہیں، کوئی درد کے ساتھ کرتا ہے' کوئی غم کے ساتھ کرتا ہے، کوئی سوز کے ساتھ کرتا ہے، کوئی حجاب کے ساتھ کرتا ہے، کوئی اللہ کی محبت میں ڈوب کے کرتا ہے، کوئی دکھوں کے ساتھ کرتا ہے۔ بعض اوقات جماعت کی نماز میں کسی ایک کی وجہ سے پوری جماعت کی نماز قبول ہوجاتی ہے اور بعض اوقات حج میں کسی ایک حاجی کی وجہ سے سب کا حج قبول ہوجاتا ہے، اور بعض اوقات کسی ایک کی آمین کی وجہ سے سب کی آمین قبول ہو جاتی ہے۔ یہ صرف کہتے نہیں یہ حقیقت بھی ہے۔ اللہ جل شانہٗ کے بعض بندے ایسے ہوتے ہیں جن کو ہماری آنکھیں شاید نہ پہچان سکیں لیکن وہ اللہ کے بندے ایسے ہوتے ہیں جب قسم اُٹھا لیتے ہیں یا اللہ سے کوئی وعدہ کرلیتے ہیں تو اللہ ان کے وعدے کو رد نہیں کرتا، اللہ پورا کردیتا ہے۔ (جاری ہے)

درس' مرگی کے دورے اور گدھے کے ناخن

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ایمان والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ اور آپ کا درس روحانیت وامن بہت شوق سے سنتے ہیں۔ درس کی وجہ سے ہماری بہت سے مشکلات ختم ہوگئی ہیں۔ گھر میں سکون آگیا ہے۔ درس نے جہاں اور بہت سی جسمانی و روحانی پریشانیاں ختم کیں وہیں ہمارے گھر کا سب سے بڑا مسئلہ ختم کیا۔ مسئلہ یہ تھا کہ میرے پوتے کو مرگی کے دورے پڑتے تھے۔ میں نے ایک دن درس میں سنا کہ آپ فرمارہے تھے اگر کسی کو مرگی کے دورے پڑرہے ہوں تو گدھے کے ناخن گلے میں ڈالنے سے مرگی کے دورے پڑنا ختم ہوجاتے ہیں۔ پہلے تو میں بہت حیران ہوئی' مگر آپ کی بات بھی جھٹلا نہ سکتی تھی' فوراً لوگوں کو کہہ کہلوا کر کہیں سے گدھے کے ناخنوں کا بندوبست کیا اور چمڑے میں منڈھوا کر پوتے کے گلے میں ڈل دیئے۔ میں حیران رہ گئی کہ اس کے دورے پڑنا ختم ہوگئے اور اب وہ اللہ کے فضل سے بالکل ٹھیک ہے۔ (م، فیصل آباد)

ٹماٹر کے چند فائدے: بھوک لگاتا ہے' کھانے کو ہضم کرتا ہے' قبض کشا ہے' خون کو صاف کرتا ہے' جسم کی خشکی دور کرتا ہے' قوت باہ کو بڑھاتا ہے' طبیعت کو فرحت دیتا ہے۔

محل میں لگی پرانی تصویر نے خزانہ کی نشاندہی کی خزانہ مل گیا

(ابولبیب شاذلی)

حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ رسول خدا ﷺ کے ساتھ ساتھ قبرستان میں گزرے تو میں نے ایک قبر میں دھماکہ سنا' گھبرا کر میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ! میں نے قبر میں دھماکہ کی آواز سنی ہے۔

حضرت ذویب بن کلیب بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یمن کی سرزمین میں سب سے پہلے اسلام قبول کیا تو رسول اللہ ﷺ نے ان کا نام عبداللہ رکھا۔ ان کی انتہائی حیرت ناک کرامت یہ ہے کہ اسود عنسی نے جب یمن کے شہر صنعا میں نبوت کا دعویٰ کیا اور لوگوں کو اپنا کلمہ پڑھنے پر مجبور کرنے لگا تو حضرت ذویب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بڑی سختی کے ساتھ اس کی جھوٹی نبوت کا انکار کرتے ہوئے لوگوں کو اس کی اطاعت سے روکنا شروع کردیا۔ اس سے جل بھن کر اسود عنسی ظالم نے آپ کو گرفتار کرکے جلتی ہوئی آگ کے شعلوں میں ڈال دیا مگر آگ سے بدن تو کیا ان کے جسم کے کپڑے بھی نہیں جلے' یہاں تک کہ پوری آگ جل کر بجھ گئی اور یہ زندہ سلامت رہے۔ جب یہ خبر مدینہ منورہ پہنچی تو حضور اکرم ﷺ نے اس نادر الوجود کرامت کا تذکرہ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ یہ شخص میری امت میں حضرت خلیل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرح آگ کے شعلوں میں جلنے سے محفوظ رہا اور ایک روایت میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی زبان مبارک سے یہ خبر سن کر عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے باآواز بلند یہ کہا کہ الحمدللہ! ہمارے رسول ﷺ کی امت میں اللہ تعالیٰ نے ایک ایسے شخص کو بھی پیدا فرمایا جو حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرح آگ کے شعلوں میں جلنے سے محفوظ رہا۔ (حجۃ اللہ ج2، ص874، واسد الغابہ ج2، ص148)۔

انگلیاں روشن ہوگئیں: حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک بہت ہی نادر الوجود کرامت یہ ہے کہ یہ لوگ حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ جہاد میں گئے تھے اتفاق سے حضور اکرم ﷺ کا ساتھ چھوٹ گیا اور یہ چند آدمی سخت اندھیری رات میں ادھر ادھر بکھر گئے نہ کسی کو راستہ ملتا تھا نہ ایک دوسرے کی خبر تھی۔ اس پریشانی و حیرانی کے عالم میں ایک دم اچانک ان کی پانچوں انگلیاں اس قدر روشن ہوگئیں کہ ان کی روشنی میں سب کو راستہ نظر آگیا اور سب بکھرے ہوئے لوگ اکٹھا ہوگئے اور ہلاکت و بربادی سے بچ گئے۔

قبر میں دھماکہ کی آواز: حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ رسول خدا ﷺ کے ساتھ ساتھ قبرستان میں گزرے تو میں نے ایک قبر میں دھماکہ سنا' گھبرا کر میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ! میں نے قبر میں دھماکہ کی آواز سنی ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تو نے بھی اس دھماکہ کی آواز سن لی؟ میں نے عرض کیا کہ جی ہاں! ارشاد فرمایا ٹھیک ہے' ایک قبر والے کو اس کی قبر میں عذاب دیا جارہا ہے۔ یہ اسی عذاب کی آواز کا دھماکہ تھا جو تو نے سنا۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ اس قبر والے کو کس گناہ کے سبب عذاب دیا جارہا ہے؟ آپ نے فرمایا یہ شخص چغل خوری کیا کرتا تھا اور اپنے بدن اور کپڑوں کو پیشاب سے نہیں بچاتا تھا۔ (حجۃ اللہ ج2، ص874 بحوالہ بیہقی)

ہانڈی اور پیالے کی تسبیح: حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ قبیلہ انصار میں خاندان خزرج سے نسبی تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا نام عویمر بن عامر انصاری ہے۔ یہ بہت ہی علم و فضل والے فقیہ اور صاحب حکمت صحابی ہیں اور زہد و عبادت میں بھی یہ بہت ہی بلند مرتبہ ہیں۔ حضور اقدس ﷺ کے بعد انہوں نے مدینہ منورہ چھوڑ کر شام میں سکونت اختیار کرلی اور 32 ہجری میں شہر دمشق کے اندر وصال فرمایا۔

ایک مرتبہ آپ اپنی ہانڈی کے نیچے آگ سلگا رہے تھے اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ان کے پاس بیٹھے تھے۔ ناگہاں ہانڈی میں سے تسبیح پڑھنے کی آواز بلند ہوئی۔ پھر خود بخود وہ ہانڈی چولہے پر سے گر کر اوندھی ہوگئی' پھر خود بخود ہی چولہے پر چلی گئی لیکن اس ہانڈی میں سے پکوان کا کوئی حصہ بھی زمین پر نہیں گرا۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ اے سلمان! یہ تعجب خیز اور حیرت انگیز معاملہ دیکھو۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اے ابوالدرداء اگر تم چپ رہتے تو اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے بہت سی دوسری بڑی بڑی نشانیاں بھی تم دیکھ لیتے۔ پھر یہ دونوں ایک ہی پیالہ میں کھانا کھانے لگے تو پیالہ بھی تسبیح پڑھنے لگا اور اس پیالہ میں جو کھانا تھا اس کھانے کے دانے دانے سے بھی تسبیح پڑھنے کی آواز سنائی دینے لگی۔ (حلیۃ الاولیاء جلد1، ص224، ص289)۔

تصویر نے خزانہ بتادیا: حضرت سائب بن اقرع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ''مدائن'' کا گورنر مقرر فرمادیا۔ یہ ایک دن ''کسریٰ'' کے محل میں بیٹھے ہوئے تھے تو دیکھا کہ محل میں ایک ایسی تصویر ہے جو انگلی سے ایک مقام کی طرف اشارہ کررہی ہے چنانچہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس مقام کو کھودنے کا حکم دیا تو وہاں سے ایک بہت بڑا خزانہ نکلا جو وہاں مدفون تھا۔ آپ نے مدینہ منورہ بارگاہ خلافت میں اس کی اطلاع دے کر یہ دریافت فرمایا کہ اس خزانہ کو مسلمانوں نے جنگ کرکے حاصل نہیں کیا بلکہ میں نے اس کو تنہا برآمد کیا ہے تو اس رقم کو کیا کروں؟ حضرت امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ حکم صادر فرمایا کہ چونکہ تم مسلمانوں کے امیر ہو اس لیے اس رقم کو مسلمانوں میں تقسیم کردو۔ (رواہ الخطیب کذا فی الکنز ج3 ص305)

18 سال سے آزمودہ سینے کا راز قارئین کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کو دل کی گہرائیوں سے پیار کرتے ہیں' رسالہ عبقری اور آپ کیلئے ڈھیروں دعائیں کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر عطا فرمائے۔ میں اپنا نسخہ جو اٹھارہ سال سے چلا رہا ہوں جس سے لوگ بھرپور فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ میں جو نسخہ لکھ رہا ہوں یہ مختلف ممالک میں بنا کر بھیجتا ہوں۔ میں اپنے سینہ کا راز کھول رہا ہوں میں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ اس نسخہ کو عبقری میں شائع کیجئے تاکہ لاکھوں لوگ مستفید ہوں اور میرے لیے صدقہ جاریہ کا باعث بنے۔ نسخہ درج ذیل ہے: **اولاد کیلئے جراثیم کم ہوں تو:** اگر اولاد کے جراثیم کم ہوں یا بالکل موجود ہی نہ ہوں یہ نسخہ جراثیم کو بھرپور پیدا کرتا ہے' ہر قسم کی جسمانی کمزوری کو ختم کرتا ہے اس نسخہ کے مزید فوائد استعمال کرنے والا خود ہی بتائے گا سمجھدار کیلئے اشارہ کافی ہے۔ **ھوالشافی:** ثعلب مصری پانچ تولہ' سفید موصلی انڈیا والی پانچ تولہ' مغز بنولہ پانچ تولہ' دانہ سبز الائچی تین تولہ (سبز الائچی کھول کر اس کے دانے نکال لیں) ان تمام چیزوں کا سفوف تیار کرکے اس میں پانچ تولہ چھالیہ ملا دیں۔ طریقہ استعمال: پاؤ دودھ نیم گرم کرکے اس میں بڑا چمچ ڈال دیں۔ صبح کھانے سے پہلے استعمال کریں اس میں ہلکا میٹھا استعمال کرسکتے ہیں۔ اس نسخہ کو لگاتار چالیس دن استعمال کرنا ہے۔ نسخہ نمبر2: ھوالشافی: ثعلب مصری' ثعلب پنجہ دونوں کا وزن پانچ تولہ' سفید موصلی انڈیا والی تین تولہ' تمام چیزوں کا سفوف تیار کرکے اس میں تخم ریحان دس تولہ ملا دیں۔ استعمال: ایک چمچ روزانہ دودھ کیساتھ نامرد کو مرد بنائے' معدہ کے زخم اور امراض معدہ ختم کرے' اولادی جراثیم پیدا کرے' مردانہ امراض ختم کرے۔ (حکیم سعید محمد داؤد خیل' میانوالی)

ظاہر و باطن اللہ کی امان میں: جو شخص اسم الٰہی اَلْمُؤْمِنُ کو کثرت سے پڑھے گا یا لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس کا ظاہر و باطن اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔

بچوں کو سردیوں میں صحت مند رکھنے کے ٹوٹکے

پروفیسر سرفراز، لاہور

سردی کے موسم میں بچوں کو سردی سے بچانے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے، کبھی کبھی دیسی انڈے کی ذردی دیں، شہد چٹائیں، اگر فیڈ والدہ کی ہو تو ہر ممکن کوشش کریں تو ٹھنڈی تاثیر والی چیز استعمال نہ کریں، کپڑے، برتن دھو کر فیڈ نہ کرائیں۔

معصوم بچے بھلا کسے اچھے نہیں لگتے گھر کی رونق ان ہی معصوم بچوں کے دم سے ہوتی ہے۔ شیر خوار بچوں کی زندگی کا ابتدائی زمانہ کس قدر دلچسپ ہوا کرتا ہے۔ اس سے ہر والدین واقف ہی ہوں گے۔ بچے کی ہر ہر ادا دل کو بھایا کرتی ہے، اسی طرح اس کی چھوٹی چھوٹی تکلیف پر دن رات کا آرام سکون ختم ہوتا ہے۔ معصوم بچے جب خصوصاً سینہ کی تکلیف میں مبتلا ہوتے ہیں تو اس وقت کی تکلیف والدین سے دیکھی بھی نہیں جاتی۔ بس نہیں چلتا کہ کوئی ایسا تیر بہدف نسخہ ہاتھ آئے اور بچہ پھر سے ویسا ہی ہو جائے جیسا تکلیف سے قبل تھا۔ آج کل موسم تو خصوصاً بچوں کے لیے بڑا تکلیف دہ ہے جن بچوں کی پہلی پہلی سردی ہے ان کے لئے تو زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے ٹھنڈی ہوا لگنے، سردی سے یا نہلانے کے بعد ہوا لگنے سے بچے کا سینہ بلغم سے پُر ہوتا جاتا ہے، سینے سے سیٹیوں کی سے آوازیں آنا شروع ہو جاتی ہے، سینے سے واضح طور پر محسوس ہوتا ہے سینہ دھونکی کی طرح چل رہا ہے، بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ بچے کی ہر طرح احتیاط کی جاتی ہے، اس کے باوجود ان بیماریوں کا شکار ہو جاتا ہے، حالانکہ ایک بات ذہن نشین رکھنی چاہئے کہ جو مائیں اپنے بچوں کو فیڈ کراتی ہیں اگر وہ احتیاط نہ کریں تو لامحالہ بچہ ان بیماریوں کا شکار ہو جاتا ہے، عام طور پر یہ ہوتا ہے کہ ماں اگر ٹھنڈی چیز کا استعمال کرے تو اپنے بچے کو فیڈ کرائے تو بچے کو ٹھنڈ ضرور لگے گی یا پانی کا کام کر لے کپڑے وغیرہ دھو کر یا نہا کر ماں کا بچے کو فیڈ کرنا بھی اس قسم کی شکایت پیدا کرتا ہے، شروع میں ہو سکتا ہے بچے کو ہلکی کھانسی یا زکام کی شکایت ہو جائے، فوراً اس کا تدارک نہ کیا جائے تو پھر یہ زکام سینے کا رخ کر لیتا ہے، گلے میں سوزش ہو جاتی ہے اور بچہ کھانستا رہتا ہے، کھانستے کھانستے بے حال ہو جاتا ہے، اور ابکائی لینا شروع کر دیتا ہے، ہو سکتا ہے کہ اُلٹی بھی کر دے۔ دوسرا: ادویہ استعمال کرنے سے بچہ چڑ چڑا ہو جاتا ہے، ہر وقت ریں ریں کرتا رہے گا، کچھ دیر چُپ ہو گا پھر رونا شروع کر دے گا، سینے سے آوازیں آئیں گی ایسا لگے گا جیسے بلغم سے بھرا ہوا ہے، کبھی کبھی قبض یا ہرے رنگ کا پاخانہ بھی ہونے لگتا ہے اگر آپ دوسرا طریقہ علاج کی جانب جائیں، تو فوراً بچے کو آکسیجن یا نیبولائز کر دیں گے، اینٹی بائیوٹک ادویہ استعمال کر کے بچے کا مزاج خراب ہو جاتا ہے، بچہ کمزور ہو جاتا ہے جس کو کنٹرول کرنے میں چند دن لگ جاتے ہیں، اکثر لوگ اس کیفیت میں ہومیوپیتھی ادویہ استعمال ہی نہیں کرتے، حالانکہ ہومیوپیتھی ادویہ بچوں کی حقیقتاً سچی غمگسار ہیں، ایسا نہیں ہے کہ بچے کو فوری فائدہ نہ ہو، ان ادویہ کا ذکر کرنے سے پہلے چند گزارشات عرض کروں گا۔ سردی کے موسم میں بچوں کو سردی سے بچانے کیلئے ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے، کبھی کبھی دیسی انڈے کی ذردی دیں، شہد چٹائیں، اگر فیڈ والدہ کی ہو تو ہر ممکن کوشش کریں تو ٹھنڈی تاثیر والی چیز استعمال نہ کریں، کپڑے، برتن دھو کر فیڈ نہ کرائیں بلکہ اس کے بعد دیسی انڈے ابال کر کھائیں، چائے پی لیں بچے کو دھوپ روزانہ لگائیں، بچے کے سرہانے ایک ہینگ کا ٹکڑا رکھ دیں، اس سے بھی بچے کو ٹھنڈ نہیں لگتی، اگر بچہ فیڈ استعمال کرتا ہے تو پانی اُبلا ہوا نیم گرم استعمال کریں۔

شہد اور بچے: کائنات میں شہد کو ہمیشہ آب حیات کا درجہ حاصل رہا ہے، ارشادِ ربانی اور فرمانِ رسول ﷺ ہے کہ ”شہد ایک بہترین غذا اور دوا ہے، اس میں سوائے موت کے ہر مرض کا علاج پوشیدہ ہے“ جدید طب نے بھی شہد کو بطور غذا اور دوا بنی نوع انسانوں کے لئے انتہائی مفید قرار دیا ہے، دنیا میں اب سوائے پاکستان کے باقی تمام ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک میں شہد کا استعمال بڑھ گیا ہے، جو اس کی افادیت سے بخوبی آگاہ ہیں، عالمی ادارہ صحت نے بھی اب شہد کو روزمرہ کا حصہ بنانے کی تلقین کی ہے۔ جرمنی دنیا کا واحد ملک ہے جہاں شہد ایک سو سے زائد امراض کیلئے استعمال ہوتا ہے، بالخصوص شہد کو بچوں کی نشوونما اور صحت کیلئے انتہائی ضروری اور مفید قرار دیا ہے۔ ایک یورپی رپورٹ کے مطابق جن ممالک میں بچوں کی صحت کی شرح بہتر ہے وہاں شہد کا استعمال زیادہ ہے، ان علاقوں میں بیمار اور لاغر بچوں کو ادویات کی بجائے شہد استعمال کروایا جاتا ہے، جس سے وہ چست اور توانا ہو جاتے ہیں، شہد جراثیم کش ہے اس میں لوہا، تانبا سمیت متعدد اجزاء شامل ہیں، جو خون میں سرخ ذرات میں اضافہ کرتے ہیں، جس سے بچوں میں غذائی قلت پیدا نہیں ہوتی، غیر متوازن اور ناکافی غذا کھانے والے بچے کیلئے شہد متوازن غذا کا تصور پیش کرتا ہے۔ پاکستان میں 100 فیصد بچے سارا سال کسی نہ کسی مرض میں مبتلا نظر آتے ہیں، بچوں میں نزلہ، زکام، کھانسی، پیٹ کے کیڑے، خون کی کمی، دست، ٹائیفائیڈ اور ایسی بہت سی بیماریاں جو مستقل لاحق ہونے کے باعث بچوں کی نشوونما پر اثر انداز ہوتی ہے، جس سے ان کے قد کاٹھ اور ذہن پر اثر پڑتا ہے، ایسے بچوں کے ماں باپ سارا سال ڈاکٹروں اور طبیبوں کے پیچھے بھاگتے رہتے ہیں، ایک ماہر بچگان کے بقول اگر بچوں کو بچپن سے ہی شہد کا عادی بنایا جائے اور اس تقویٰ کے ساتھ شہد کھایا جائے کہ اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ نے اس سے شفاء کی ضمانت دی ہے تو بچہ مستقل بیمار نہیں ہوگا، چھوٹے بچے کو شہد دودھ یا پانی میں ملا کر دینا چاہیے۔

ڈاکٹر صاحب کا کہنا ہے کہ بچے آپ کے قیمتی وقت سے زیادہ قیمتی ہیں، لہٰذا بچوں کیلئے خالص شہد حاصل کر کے انہیں کھلائیں، خصوصاً سردیوں میں جب موسم خشک ہو یا سردی جوبن پر ہو تو شہد کو بچوں کی خوراک کا حصہ بنا دینا چاہیے، جن بچوں کی یوم پیدائش سے 16 سال کی عمر شہد کھلایا جاتا ہے وہ دراز قد، ذہین اور خوبصورت ہوتے ہیں، ان کے اندر بیماریوں سے مدافعت کا نظام انتہائی بہتر ہو جاتا ہے، شہد کھانے والے بچے طویل العمر ہوتے ہیں، ماہر طب و نفسیات کا کہنا ہے کہ بچے ہر وقت حرکت کرتے رہتے ہیں، اس لئے ان کے جسم سے بہت زیادہ ایندھن استعمال ہوتا ہے اور اس کی مانگ بھی بڑھتی رہتی ہے، توانائی کی اس مانگ کو پورا کرنے کیلئے بچے مٹھائیاں، بسکٹ، ٹافیاں وغیرہ کھاتے ہیں، جس سے ان کا معدہ اور دانت خراب ہو جاتے ہیں، اور ان کے چہرے کی رنگت بھی متاثر ہوتی ہے، ایسے بچے چڑچڑے ہو جاتے ہیں، لہٰذا ان کو بازاری اور گندی اشیاء کے کھانے سے دور ہی رکھا جائے تو بہتر ہے، بہت سے بچے بولنا اور کھانا شروع ہو جائیں تو شہد سے گھبراتے ہیں، لہٰذا بچوں کو شیر خواری سے ہی شہد کا عادی بنا دیا جائے تو وہ اس سے مانوس ہو جاتے ہیں اور اس سے ان کی توانائی بھی پوری رہتی ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق شہد کھانے والے 90 فیصد بچے ٹافیاں اور مٹھائیاں کھانے سے گریز کرتے ہیں، ماہر طب و صحت کا اب متفقہ فیصلہ ہے کہ اگر ہم بچوں کو جسمانی اور ذہنی طور پر صحت مند دیکھنا چاہتے ہیں تو انہیں ناشتے اور رات کے سونے سے پہلے ایک ایک چمچ شہد دودھ میں ملا کر پلائیں، صحت مند بچے آپ کے سکون کا باعث بنیں گے تو پاکستان کا مستقبل روشن اور تابناک ہوگا۔

(بقیہ: پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک)

نبی کریم ﷺ کس قدر امن پسند تھے اور آپ ﷺ کو لڑائی جھگڑا چاہے وہ مسلم ہو یا غیر مسلم' منافق ہو یا رئیس المنافقین ہرگز پسند نہ تھا' آپ ﷺ ہر انسان کے ساتھ حسن سلوک فرماتے۔

آفت' غفلت اور ذلت: جو کام حکمت سے خالی ہے وہ آفت ہے' جو خاموشی سے خالی ہے وہ غفلت ہے اور جو نظر حکمت سے خالی ہے وہ ذلت ہے' اگر تم چاہو تو اپنے خیالات بدل کر اپنی زندگی بہتر بنا سکتے ہو۔ (آسکر وائلڈ)

دوران ڈکیتی آیۃ الکرسی کا کمال!

ڈاکٹر محمد محبوب عالم' ٹوبہ ٹیک سنگھ

ایک نوجوان پسٹل تان کر ان کے پاس کھڑا ہو گیا اور ان لڑکوں اور امام صاحب سے کہا کہ ہم آپ کو کچھ نہیں کہیں گے نہ آپ سے کچھ لیں گے آپ ایک نیک کام پر نکلے ہوئے ہیں لیکن اپنے موبائل نکال کر سامنے میز پر رکھ دیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو تا دیر سلامت رکھے تا کہ مخلوق خدا آپ کے فیض سے مستفید ہو کر اپنی دنیا و آخرت سنوارتی رہے۔ آمین ثم آمین

عبقری رسالہ میں ہر ماہ قرآن پاک کی عظمت کے حوالے سے واقعات پڑھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے۔ میرے پاس بھی ایک سچا واقعہ ہے جو کہ ہمارے محلے کا ہی ہے۔ واقعہ کچھ یوں ہے:۔ ہمارے محلے میں مسجد کے امام صاحب نے یہ ترتیب بنائی تھی کہ ہفتے میں ایک بار گھر گھر جا کر لوگوں کو دین کی باتیں بتانی ہیں اور ہر کسی کو نماز کی تلقین کرنی ہے اس کام کیلئے مختلف لڑکوں کو اکٹھا کر کے ایک گروپ ترتیب دیا گیا اور یہ لڑکے ہر ہفتے علاقہ کے ہر گھر میں جاتے اور انہیں جا کر دین کی باتیں بتاتے اور نماز کی تلقین کرتے۔ ایک مرتبہ یہ نوجوان مسجد کے امام صاحب کے ساتھ نماز کی تلقین کرنے مسجد سے نکلے' ایک گلی میں پہنچے تو ایک گھر کے سامنے ایک بالکل نئی پراڈو گاڑی کھڑی تھی' امام صاحب نے سوچا کہ اس گھر میں مہمان آئے ہوئے ہیں چلو گھر والوں کے ساتھ ان کو بھی دین کی باتیں بتاتے ہیں اور نماز کی تلقین کرتے ہیں' ایک لڑکے نے گھر کی بیل بجائی' اندر سے ایک خوش لباس نوجوان نکلا' (چونکہ تمام لڑکے اہل علاقہ تھے اس لیے تمام اس گھر کے افراد کو جانتے تھے) امام صاحب اور تمام لڑکوں نے اس نوجوان کو مہمان سمجھتے ہوئے اپنی بات بتانی شروع کی' نوجوان بولا: حضرت آپ اندر تشریف لے آئیں' آرام سے بیٹھ کر بات کرتے ہیں' امام صاحب اور تین لڑکے گھر کے اندر آ گئے اور باقی دوسرے گھروں میں چلے گئے۔ یہ چار افراد پر مشتمل گروپ گھر کے سٹنگ روم میں داخل ہو گیا' وہ خوش لباس اور خوش شکل نوجوان ان کے پیچھے چل رہا تھا۔ سٹنگ روم میں داخل ہوتے ہیں اس نوجوان نے اندر سے دروازہ بند کر دیا اور پستول نکال کر مخاطب ہوا کہ بولنا نہیں ہے' ان تین لڑکوں میں سے ایک بولا "حضور ہماری مت ماری ہوئی ہے کہ ہم بولیں' جو آپ کے ہاتھ میں ہے اسے دیکھ کر بڑوں بڑوں کی بولتی بند ہو جاتی ہے' اسلحہ بردار نوجوان امام صاحب اور ان لڑکوں کو دوسرے کمرے میں لے گیا' جہاں اہل خانہ جو کہ صرف خواتین تھیں کے ساتھ بیٹھنے کو کہا' امام صاحب نے حوصلہ کرتے ہوئے اسلحہ بردار نوجوانوں سے کہا کہ جناب یہ عزت دار گھرانہ ہے' یہ ہماری مائیں بہنیں ہیں اور غیر محرم ہیں' ہمیں الگ بٹھا دیں' ان خوش پوش نوجوانوں کے خوش اخلاق سردار نے یہ بات مان لی اور ان کو دوبارہ سٹنگ روم میں بٹھا دیا۔ ایک نوجوان پسٹل تان کر ان کے پاس کھڑا ہو گیا اور ان لڑکوں اور امام صاحب سے کہا کہ ہم آپ کو کچھ نہیں کہیں گے' نہ آپ سے کچھ لیں گے آپ ایک نیک کام پر نکلے ہوئے ہیں لیکن اپنے موبائل نکال کر سامنے میز پر رکھ دیں' ساتھیوں نے موبائل میز پر رکھ دیئے' باقی تین اسلحہ بردار نوجوان خواتین سے زیور' رقم' موبائل لے کر باقی گھر کی تلاشی لینا شروع ہو گئے' امام صاحب نے تین ساتھیوں سے کہا کہ وہ آیۃ الکرسی کا زیادہ سے زیادہ ورد کریں۔ پندرہ بیس منٹ کے بعد اسلحہ برداروں کو نجانے کیا ہوا' چھینی ہوئی تمام اشیاء گھر میں موجود بڑی اماں کے سامنے میز پر رکھ دیں۔ خوش اخلاق سردار کہنے لگا: اماں جی! آپ کی ساری چیزیں آپ کے سامنے پڑی ہیں' انہیں پورا کر لیں' ہم جانے لگے ہیں اور جاتے جاتے ایک ہزار روپے کا بالکل نیا نوٹ نکال کر بڑی اماں کو دیا' کہنے لگا: ماں جی یہ ہماری طرف سے رکھ لیں اور ہمارے لیے دعا کریں۔ یہ کہہ کر وہ اپنی نئی پراڈو گاڑی میں بیٹھ کر یہ جا وہ جا! اب نئی پراڈو میں بیٹھے چار خوش شکل خوش لباس' خوش اخلاق پینٹ کوٹ میں ملبوس جوانوں کو دیکھ کر کون کہے گا کہ یہ چند لمحے پہلے کسی گھر میں ڈکیتی کی نیت سے داخل ہو کر ڈکیتی مکمل بھی کر چکے تھے کہ آخر میں آیۃ الکرسی نے ان سے ان کا حوصلہ ہی چھین لیا اور بجائے لینے کے ایک ہزار دے کر ہی جانے میں عافیت سمجھی۔ یہ ہے آیۃ الکرسی کی تاثیری طاقت۔ کاش! ہم قرآن کی طرف لوٹ آئیں' اور اس طرح لوٹیں جس طرح لوٹنے کا حق ہے تو پھر عافیت ہی عافیت ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔

شوہر کو محبت پر مجبور کر دینے والے اعمال! بے اولاد خواتین نے اولاد کی نعمت کیسے پائی؟ انوکھے گھریلو ٹوٹکے اور سسرال میں عزت' وقار اور مرتبہ پانے کے راز!

جنوری 2018ء خاص نمبر شمارہ میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

اسلام اور رواداری | قسط نمبر 124 | ابن زیب بھکاری

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

غزوہ بدر سے پہلے کا واقعہ ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بنو حارث بن خزرج کے محلے میں سوار ہو کر تشریف لے جا رہے تھے۔ راستے میں ایک مقام پر کچھ مشرکین' منافقین' یہود کے ساتھ کچھ مسلمان بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سواری کے چلنے سے کچھ گرد و غبار اڑا تو وہاں بیٹھے رئیس المنافقین عبداللہ بن اُبی نے اپنے منہ پر کپڑا ڈالتے ہوئے حقارت سے بولا: "گرد و غبار نہ اڑاؤ" جواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مجمع کو سلام کیا اور قرآن مجید کی چند آیات سنائیں' اس پر عبداللہ بن اُبی گستاخانہ طور پر کہنے لگا: مجھے تمہاری باتیں پسند نہیں ہیں۔ اگر تمہاری باتیں سچی بھی ہیں تو ہماری مجلس میں آ کر ہمیں نہ سنایا کرو۔ وہاں بیٹھے چند مسلمان عبداللہ بن اُبی کی گستاخی پر سخت برہم ہوئے اور قریب تھا کہ کشت و خون ہو جاتا لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے انتہائی شفقت اور مہربانی فرماتے ہوئے صورتحال پر قابو پاتے ہوئے دونوں فریقین کو ٹھنڈا کیا۔ اس واقعہ سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ (باقی صفحہ نمبر 6 پر)

"پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک" اب تمام واقعات کتابی شکل میں ضرور پڑھیں' گفٹ کریں اور "غیر مسلموں کی عبادت گاہیں' ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں" کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

موسم سرما' جلد کے مسائل اور دیسی گھی کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ میرے پاؤں اور ہاتھ کی جلد خراب ہونا شروع ہو گئی' پاؤں کی ایڑیاں اور انگوٹھے کے چھلکے اترتے گئے اور پاؤں کے انگوٹھے کے نیچے کٹ آ گئے' میری چھوٹی بہن نے مشورہ دیا کہ رات کو سونے سے پہلے دیسی گھی کٹے ہوئے زخموں پر لگاؤ' جہاں جلد خراب ہے مرہم کی طرح دیسی گھی لگاؤ۔ مجھے تکلیف بہت زیادہ تھی اسی وقت رات کو دیسی گھی لگایا' صبح تک پاؤں کا زخم مندمل ہو چکا تھا' دو رات یہ عمل کیا تو پاؤں صاف ستھرے بغیر کٹ اور زخموں کے تھے' پھر دو مرتبہ مزید یہ عمل کیا تو جلد بارونق نظر آنے لگی' سردیوں میں چہرے کی سکن خشک اور کھردری ہو جائے تو دیسی گھی کریم کی طرح ہلکا ہلکا چہرے پر لگائیں۔ جلد تازہ اور روشن ہو جائے گی۔ نوٹ: یاد رکھیں! کیل' مہاسے' دانوں والے چہرے پر یہ عمل ہرگز نہ آزمایئے گا۔ (رضوانہ اسرار' راولپنڈی)

بے حد قوت بخش مربہ: گاجر کا مربہ سونے یا چاندی کے ورق کے ہمراہ کھانا بے حد فرحت بخش اور مقوی ہوتا ہے۔ ہر عمر کے مرد و خواتین کیلئے لاجواب چیز ہے۔ سپورٹس میں دلچسپی لینے والے ضرور کھائیں۔

غصہ نہ کریں! پھیپھڑے کمزور ہو جائیں گے

جو لوگ مزاجاً بہت زیادہ غصیلے، آگ بگولہ ہونے والے اور ذہنی دباؤ کے ستائے ہوئے ہوتے ہیں ان میں دل کی بیماریاں، دمہ اور دیگر خطرناک عارضے بھی ہوتے ہیں

عمر میں اضافے کے ساتھ ساتھ پھیپھڑے کی طاقت عام طور پر کمزور ہو جاتی ہے، لیکن اگر کسی کے مزاج میں غصہ اور جارحیت زیادہ ہو تو پھر پھیپھڑے کی طاقت تیزی سے گھٹنی شروع ہو جاتی ہے، اس بات کا انکشاف امریکہ میں کی گئی ایک تصدیق میں کیا گیا ہے جس میں 45 سے 86 سال کی عمر کے 670 مردوں کو شامل کیا گیا تھا۔ یہ آٹھ سالہ تحقیقی منصوبہ تھا جس میں یہ دیکھا گیا کہ ریسرچ کے آغاز میں جن مردوں میں غصہ کا عنصر زیادہ تھا، اس تحقیق کے اختتام تک ان کے پھیپھڑے نمایاں طور پر کم تر کارگردگی کا مظاہرہ کرتے رہے۔ یہ پہلی تحقیق ہے جس سے بات پایہ ثبوت کو پہنچی کہ غصہ اور مشتعل مزاجی سے پھیپھڑے کی نالیوں کی کارگردگی کمزور ہو جاتی ہے، معمر افراد کا غصہ کرنا زیادہ نقصان ہوتا ہے، اور اس طرح ان کی سانس بھی اُکھڑ سکتی ہے، اس سلسلے میں دیگر عوامل کو بھی ملحوظِ خاطر رکھا گیا مثلاً سگریٹ نوشی سے بھی پھیپھڑے کی طاقت متاثر ہوتی ہے، تاہم دیکھا گیا کہ غصہ اور جارحیت سے سب سے زیادہ نقصان پہنچتا ہے۔ یہ بھی نوٹ کیا گیا جو لوگ مزاجاً بہت زیادہ غصیلے، آگ بگولہ ہونے والے اور ذہنی دباؤ کے ستائے ہوئے ہوتے ہیں ان میں دل کی بیماریاں، دمہ اور دیگر خطرناک عارضے بھی ہوتے ہیں، دیگر جائزوں میں یہ بھی دیکھا گیا کہ جن لوگوں کے پھیپھڑے کمزور ہوتے ہیں وہ سانس کی نالیوں میں رکاوٹ کی بیماریوں کا بھی شکار ہو سکتے ہیں۔ منفی جذبات سے جسم کا حیاتاتی عمل تبدیل ہو جاتا ہے، اور اس کی وجہ سے بیماریوں سے حفاظت کا قدرتی جسمانی نظام اتھل پتھل کا شکار ہو جاتا ہے، اعصابی اور ہارمونی عمل متاثر ہوتا ہے، جس سے اعضاء بالخصوص پھیپھڑوں میں خطرناک حد تک سوزش پیدا ہوتی جاتی ہے، اسٹریس کے متعلق عوامل جسم کے مامونی نظام کو سست کر دیتے ہیں جس سے بیماریوں اور جسمانی خرابیوں کا دروازہ کُھل جاتا ہے، اگرچہ انہوں نے کہا کہ فی الحال یہ بات وثوق سے نہیں کہی جا سکتی کہ شدید غصے کی کیفیت سے جسم کے کن کن اعضاء پر منفی اثرات پڑتے ہیں لیکن بہت زیادہ گرم مزاجی اور عمر کے ساتھ پھیپھڑے کی کمزور کارگردگی کے درمیان تعلق کو حالیہ تحقیق سے ثابت کیا جا چکا ہے۔

آپے سے باہر ہونا کڑھنا چھوڑیئے

بہت سے لوگ یونہی ذرا سی بات پر بھڑک جاتے ہیں، ان کی یہ عادت زندگی مشکل کر دیتی ہے، قرآن شریف میں ایک جگہ آیا ہے ''اپنے آپ کو مشتعل ہونے سے باز رکھو'' جدید دور کے لوگوں کے لئے یہ بڑی جامع نصیحت ہے۔ جب ہمارہ ذہن ایک مسئلے سے دوسرے مسئلے تک بڑی تیز رفتاری سے کام کرتا ہے، تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ذہن میں گڑبڑ پیدا ہونی شروع ہوتی ہے، اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے جذبات مشتعل نہ ہوں اور ہم آپے سے باہر ہونا چھوڑ دیں تو اس کے لئے ضروری ہے کہ جدید زندگی کی رفتار کو مدھم کر دیا جائے۔ روح کا سکون اس وقت تک ممکن ہے کہ جب تک زندگی کی تیز رفتاری کو مدھم نہ کر دیا جائے، خدائی ذات کو زندگی کی اتنی تیز گامی پسند نہیں یہاں وہ آپ کا ساتھ نہیں دے گا، وہ صاف کہتا ہے کہ اگر تمہیں اس قدر احمقانہ رفتار سے چلنا ہے تو خود ہی چلو، جب تم تھک جاؤ گے تو میں تمہارے زخموں پر مرہم رکھوں گا، لیکن اگر تم زندگی کی اس وحشیانہ رفتار کو آہستہ کر کے میری ساتھ چلو تو میں تمہاری زندگیوں کو مالا مال کر دوں گا، پُرامن زندگی بسر کرنے کی رفتار وہی ہے ہمیں بھی اس رفتار سے زندہ رہنا چاہیے، قرآن پاک میں ایک جگہ لکھا ہے، ''ہر روز کسی تنہا اور خاموش جگہ پر بیٹھ کر تھوڑی دیر آرام کیا کرو''۔ اگر آپ کسی دباؤ یا جلد بازی کی بجائے آرام اور تحمل سے کام کریں، تو آپ منزلِ مقصود پر جلدی پہنچیں گے، اللہ کی ذات کی نگرانی کے تحت اور اس کی رفتار پر چلنے سے آپ کبھی نقصان نہیں اُٹھا سکتے، اگر آپ اس کو ایک مرتبہ کھو دیں گے تو شاید آپ کی تمام عمر اندھیرے میں بھٹکتے گزر جائے، پس آپ ذہنی سکون رکھنے کی مشق کریں۔

اپنے آپ سے کہتے رہا کریں ''جلد بازی کی کیا ضرورت ہے، تحمل مزاجی سے انسان کا ہر کام خود بخود ختم ہو جاتا ہے''

دن میں کم از کم ایک مرتبہ ضرور دس یا پندرہ منٹ اپنا کام چھوڑ دیں، اور کسی خاموش جگہ بیٹھ کر ان خیالات کو اپنے ذہن سے گزرنے دیں اسی سے آپ کے ذہن کو سکون ملے گا، آپ خود کو تازہ دم محسوس کریں گے۔

ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ بہت سی جسمانی تکالیف کا علاج اس امر میں پوشیدہ ہے کہ لوگ کُڑھنا اور غصے میں آنا چھوڑ دیں، اس سلسلے میں آپ کے سامنے چند تجاویز ہیں، مثلاً پاؤں کو زمین پر زور سے مار کر نہ چلیں، اپنے ہاتھوں کو مت مسلیں، اونچی آواز میں بات نہ کریں، کوئی کام جلدی نہ کریں کیونکہ جذباتی ہونے کے ساتھ ساتھ انسان کی جسمانی حرکت بھی تیز ہو جاتی ہے، بیٹھتے وقت آرام سے بیٹھیں، بات دھیمے لہجے میں کریں، اپنے آپ پر قابو پانے کیلئے ضروری ہے کہ آپ بڑے ٹھنڈے دماغ سے سوچنے کی عادت ڈالیں، کیونکہ آپ کی سوچ کا آپ کی جسمانی حرکت کا بڑا گہرا تعلق ہے، اگر آپ کے ذہن میں غم و غصہ کے خیالات ہیں تو اس کے ساتھ ہی آپ کی جسمانی حرکت بھی تیز ہو جائے گی، آپ کے خون کا دورہ بڑھنے لگے گا، یہ بھی صحیح ہی کہ اگر آپ کو آپ کے جسم پر قابو ہے تو آپ کا ذہن بھی قابو میں آ سکتا ہے، ذہنی سکون حاصل کرنے کے معاملے میں پہلا قدم یہ ہے کہ آپ اپنے جسمانی ردعمل کو تنظیم میں لائیں، آپ حیران ہوں گے کہ یہ عمل آپ کی طبیعت کی تلخی کو کس درجہ کم کر دیتا ہے اور جب طبیعت کی تلخی جاتی رہتی ہے، تو پھر جھنجھلاہٹ یا آپے سے باہر ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اس سے آپ کی تعمیری قوتیں زائل ہونے سے بچ جائیں گی، آپ اپنے آپ کو تھکا تھکا محسوس کرنے کی بجائے تازہ دم پانے لگیں گے۔

ذیل میں ایسی تجاویز ہیں جو انسان کے غصے کے رجحان کو کم کر سکتی ہیں۔ 1: کسی آرام کرسی پر بڑے اطمینان سے بیٹھ جائیں، اپنے جسم کو بالکل ڈھیلا چھوڑ دیجئے، یوں محسوس کریں کہ آپ کے جسم کا ہر حصہ آرام کر رہا ہے، اپنے آپ کو یقین دلائیں کے آپ کا سارا جسم بالکل آرام کر رہا ہے۔ 2: اپنے ذہن کو ایک ایسی جھیل تصور کریں، جس کی سطح پر ہوا کے تیز جھونکوں نے ہلچل پیدا کر رکھی ہو، پھر یوں سمجھیں کہ ہوا تھم گئی ہے اور جھیل کی سطح بالکل پرسکون ہو گئی ہے۔ 3: تین سے چار منٹ تک ایسے پُرسکون مناظر کے متعلق سوچیں جن سے آپ کبھی لطف اندوز ہو چکے ہوں، مثلاً کوئی پہاڑی مقام، پھولوں سے بھری ہوئی کوئی وادی۔ امید ہے کہ ان تجاویز پر عمل کر کے آپ جلنا کڑھنا چھوڑ کر اچھی زندگی گزاریں گے۔

زوجین میں باہمی محبت بڑھانے کیلئے

اگر بیوی جھگڑالو ہے اور ہر وقت لڑتی رہتی ہے تو شوہر کو چاہیے کہ بستر پر لیٹتے وقت صرف 20 مرتبہ اسم الٰہی یَامَانِعُ پڑھے چند ہفتے چند مہینے۔ پھر کمال دیکھے۔ اس کے علاوہ ہمیشہ خوشگوار زندگی کیلئے اس اسم کا ورد بہت کمال رکھتا ہے۔ (عائشہ جمال، لاہور)

محتاجی ختم اذلت کے بعد عزت: جو شخص اسم الٰہی اَلْعَزِیْزُ کو بعد از نماز فجر اکتالیس مرتبہ پڑھتا رہے وہ ان شاء اللہ کسی کا محتاج نہ ہوگا اور ذلت کے بعد عزت پائے گا۔

گندم الرجی! اسباب علاج اور متبادل غذا

(رمیس فاطمہ)

گیہوں کے بجائے جو، بیسن، جوار، مکئی، باجرہ اور چاول کو غذا میں شامل کیا جائے۔ ہم نے اپنے گھر میں دیکھا کہ دادی اور والدہ سردیوں میں بطور خاص باجرے اور مکئی کی روٹی پکاتی تھیں اور اس پہ اصلی گھی لگا کر سب گھر والوں کو کھلاتی تھیں

گندم الرجی کیا ہے؟ بہت افسوس ہوا یہ جان کر کہ کسی کی بیٹی، بہن، بھتیجی یا بھائی اور بیٹا اس کا شکار ہیں۔ یقین کیجئے کہ مجھے خود بھی اس کا زیادہ پتہ نہیں تھا۔ تین سال پہلے میری ایک کولیگ پروفیسر کی پوتی کا نہ قد بڑھ رہا تھا نہ وزن اور نہ ہی اسے بھوک لگتی تھی ایک دن وہ یونہی باتوں باتوں میں کہنے لگیں ''لو اور سنو اتنے سارے ٹیسٹ ہوئے کہ بھوک کیوں نہیں لگتی'' تو ڈاکٹر صاحب نے رپورٹ دیکھنے کے بعد کہا کہ ''بچی کو گندم کی بنی ہوئی کوئی چیز نہ کھلائی جائے۔ یہی اس کا علاج ہے'' یہ کہہ کر انھوں نے لاپرواہی سے کہا ''لو بھلا گندم سے بھی کوئی بیماری ہوسکتی ہے۔'' میرے دل میں یہ بات اچانک اٹھی کہ کیا دیسی گندم کی دوبارہ کاشت نہیں کی جاسکتی؟ ترقی یافتہ ممالک میں ایسی غذائیں ضائع کردی جاتی ہیں جن کے بارے میں ہلکا سا شبہ بھی ہو کہ یہ انسانی صحت کے لیے مضر ہیں۔ میری اس بات سے بہت سے لوگ اتفاق کریں گے کہ غذائی عادات اور اس کی اہمیت سے جس طرح ہمارے بزرگ واقف تھے ہم اس معاملے میں بالکل کورے ہیں۔ آج صرف لذت کام و دہن کے علاوہ کسی بھی بات کا خیال نہیں رکھا جاتا۔ گھروں میں کھانا کم پکتا ہے، بازار سے زیادہ آتا ہے۔ ویک اینڈ پہ باربی کیو باہر جاکر کھانا بھی لازمی ہے۔ اسی لیے اب گھروں سے نہ دال بگھارنے کی سوندھی خوشبو آتی ہے جس سے اشتہا بڑھ جاتی تھی اور نہ ہی آلو گوشت، بس پڑے پڑے دھنیے کی خوشبو، شب دیگ، مغلئی قورمہ، یخنی پلاؤ اور شاہی بریانی بھی خواب وخیال ہوئی۔ سارا زور نوڈلز اور چائنیز کھانوں پر۔ پندرہ بیس سال پہلے تک بھی صورت حال اتنی خراب نہ تھی گھروں میں موسموں کے حوالے سے کھانے پکتے تھے۔ اسی لیے صحتیں بھی اچھی رہتی تھیں۔ رات کو دیر سے کھانے کی عادتوں نے بھی بہت خرابی پیدا کی ہے۔ صبح کا ناشتہ تین بجے سہ پہر اور رات کا کھانا گیارہ بجے کے بعد بہت عام سی بات ہے۔ لہٰذا جب ہر طرف افراتفری اور کم وقت میں زیادہ پیسہ کمانے کی دوڑ لگی ہو تو ایسے میں گلوٹین الرجی فری غذائیں کہاں سے ملیں گی۔ اس سلسلے میں صرف یہ تجویز دی جاسکتی ہے کہ جن گھروں میں کوئی بھی فرد اس بیماری میں مبتلا ہے اس گھر کی خواتین کو یہ معاملہ اپنے ہاتھ میں لے لینا چاہیے وہ اس طرح کہ گیہوں کے بجائے جو، بیسن، جوار، مکئی، باجرہ اور چاول کو غذا میں شامل کیا جائے۔ ہم نے اپنے گھر میں دیکھا کہ دادی اور والدہ سردیوں میں بطور خاص باجرے اور مکئی کی روٹی پکاتی تھیں اور اس پہ اصلی گھی لگا کر سب گھر والوں کو کھلاتی تھیں۔ میرے والد کی زندگی کا زیادہ تر حصہ چونکہ انگریزوں کے ساتھ گزرا اس لیے ان کی غذائی عادات تھوڑی مختلف تھیں۔ وہ جوار، باجرہ، مکئی اور جو کی روٹی بالکل پسند نہیں کرتے تھے لیکن دادی کے حکم پر پانچوں اناجوں کو ملا کر جب روٹی پکائی جاتی تھی تو وہ انھیں نورتن سبزی کے ساتھ ضرور کھانی پڑتی تھی۔ اسی طرح سردیوں ہی میں باجرے کی روٹی کا ملیدہ بنایا جاتا تھا۔ گڑ، گھی اور سفید تلوں کے ساتھ۔ یہ بھی صرف ذائقے کے لیے نہیں بلکہ طبی فوائد کے لیے۔ لہٰذا خواتین کو چاہیے کہ وہ ان تمام اجناس کو استعمال میں لائیں۔ کبھی مریض کے لیے بیسن کی روٹی پکادی، کبھی مکئی کی، کبھی باجرے کی اور کبھی ان سب میں تھوڑا سا چاول کا آٹا ملا کر چپاتی بنائی جاسکتی ہے۔ اسی طرح خواتین گھر میں بسکٹ اور مٹھائی وغیرہ بھی بنا سکتی ہیں۔ بازار میں بیسن کے لڈو اور اندرسے با آسانی دستیاب ہیں۔ اندرسے صرف چاول اور سفید تلوں سے بنائے جاتے ہیں۔ چاول کے آٹے کی پوریاں بھی بنائی جاسکتی ہیں۔ لیکن ساتھ ہی یہ بہت ضروری ہے کہ مریض میں اس الرجی کی آگاہی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ یہ بھی ذہن نشین کروادیا جائے کہ ''گلوٹین الرجی'' خدانہ کرے کوئی خطرناک بیماری نہیں ہے۔ آخر شوگر کے مریض بھی تو چینی کا استعمال اور ہائی بلڈ پریشر کے نمک سے پرہیز کرتے ہیں۔ اگر گندم نہیں ہے تو اس کی متبادل دیگر اجناس بھی تو ہیں، ہماری ایک کولیگ اکثر حلیم میں دالوں کے ساتھ گندم کی جگہ باجرہ ڈالا کرتی تھیں اور ہم سب کو کھلایا کرتی تھیں، بہت لذیذ حلیم ہوتا تھا۔ اسی طرح دہلی اور یوپی والے ایک ڈش بناتے ہیں جس کو ''شولہ'' کہتے ہیں اس کو مونگ کی چھلکوں والی دال، چاول، قیمہ اور پالک ملا کر پکایا جاتا ہے۔ ٹماٹر اور دیگر مصالحے ملا کر بعد میں ہری مرچ، ہرا دھنیا، ادرک، لیموں، گرم مصالحہ اوپر سے ڈالا جاتا ہے اور پیاز کا بگھار لگا کر کھایا جاتا ہے۔ یقیناً ''گلوٹین الرجی'' سے متاثر لوگوں کو یہ غذا ضرور پسند آئے گی۔ اسی طرح جو کا دلیہ بھی غذائی اعتبار سے نہایت اہم ہے بچوں کو دودھ میں دلیہ پکا کر کھلایا جاسکتا ہے۔ اگر بیکنگ آتی ہو تو بیسن اور چاول کے آٹے کی ڈبل روٹی بھی بنائی جاسکتی ہے۔ میڈیا بھی اس میں اپنا کردار ادا کرسکتا ہے۔ وہ اس طرح کہ اپنے ٹاک شوز میں وڈیروں اور جاگیرداروں کی توجہ اس جانب دلوائی جائے کہ وہ دیسی گندم جو وہ اپنے استعمال کے لیے اگاتے ہیں اسے وہ قیمتاً ''گلوٹین الرجی'' کے مریضوں کو فراہم کردیں۔ ساتھ ہی سوشل میڈیا پہ بھی اس بیماری سے آگاہی کے لیے ایک مہم چلائی جائے اور دیسی گندم کے رکھوالوں سے درخواست کی جائے کہ وہ اپنی اپنی قبریں روشن رکھنے کے لیے اس جانب توجہ دیں۔ مناسب قیمت پر متاثرین کو گلوٹین فری گندم فراہم کریں۔ ساتھ ہی ڈاکٹر صاحبان سے گزارش کروں گی کہ وہ اس بیماری کے حوالے سے عوام کو آگاہی دیں۔

رانگ نمبر تنگ کرتا تھا! یہ عمل آزمایا اور کرم ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رانگ نمبر بہت زیادہ تنگ کررہا تھا' بہت زیادہ پریشان تھی میں نے سورۂ قریش 41 دفعہ پڑھ کر اس پریشانی کا تصور کرکے دعا مانگی۔ اللہ نے کرم دیا اس کے بعد کبھی وہ فون نہیں آیا۔ ایک مرتبہ میرا موبائل آن ہی نہیں ہورہا تھا میں نے ایک بار سورۂ فاتحہ تین مرتبہ سورۂ اخلاص اول آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر موبائل پر پھونک ماردی' حیرت انگیز طور پر موبائل آن ہوگیا۔ (پوشیدہ)

آئیے! معاشرے میں مسکراہٹیں بانٹیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! درج ذیل تحریر عبقری قارئین کے نام یقیناً قارئین محظوظ ہوں گے۔

مسکراہٹ ایک ایسا تحفہ ہے جو غریب آدمی بھی پیش کرسکتا ہے۔ مسکراہٹ اظہار تشکر کا نہایت لطیف ذریعہ ہے۔ مسکراہٹ صدقہ جاریہ ہے۔ مسکراہٹ محبوب کے لبوں پر ہو تو محبت بن جاتی ہے۔ مسکراہٹ روح کو شگفتہ اور پائیدار رکھتی ہے۔ مسکراہٹ دلوں کو جیتنے کا واحد ذریعہ ہے۔ مسکراہٹ زندگی کا دوسرا نام ہے۔ مسکراہٹ محبت کی زبان ہوتی ہے۔ مسکراہٹ زندہ دلی کا نام ہے۔ مسکراہٹ غموں کے پہاڑ میں حوصلے کی چٹان ہے۔ مسکراہٹ شخصیت میں وقار پیدا کرتی ہے۔ **حضرت عمرؓ کی نصیحتیں:** ایک موقع پر خلیفہ دوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بطور نصیحت فرمایا: جو آدمی زیادہ ہنستا ہے' اس کا رعب کم ہوجاتا ہے۔ جو مذاق زیادہ کرتا ہے لوگ اسے کم رتبہ اور بے حیثیت سمجھتے ہیں۔ جو باتیں زیادہ کرتا ہے اس کی لغزشیں زیادہ ہوجاتی ہیں' جس کی لغزشیں زیادہ ہوجاتی ہیں اس کی حیا کم ہوجاتی ہے' جس کی حیا کم ہوجاتی ہے اس کی پرہیزگاری کم ہوجاتی ہے اور جس کی پرہیزگاری کم ہوجاتی ہے اس کا دل مردہ ہوجاتا ہے۔ (ایم فرحت)

ربیع الثانی! کمال و ولایت کا پہلا راز

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو غیرشرعی اعمال کے بجائے تسبیح اور مصلے کے ساتھ نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

یہ اسلامی سال کا چوتھا مہینہ ہے اسے ربیع الآخر بھی کہا جاتا ہے۔ اس کا نام رکھتے وقت ربیع کا موسم تھا یعنی ربیع کا اخیر تھا اس لیے اس کا نام ربیع الآخر رکھا گیا مگر ربیع الاول کی مناسبت سے اس کا نام ربیع الثانی مشہور ہوگیا۔ اس ماہ کے نوافل حسب ذیل ہیں جو اکثر صوفیاء پڑھتے رہے ہیں۔

شب اول کے نوافل: عابدوں کا کہنا ہے کہ جب ربیع الثانی کا چاند نظر آجائے تو اس کی شب اول میں بعد نمازِ مغرب آٹھ رکعت نفل دو دو رکعت کی نیت سے پڑھے اور پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ الکوثر تین بار اور دوسری میں سورۃ الکافرون تین بار پھر تیسری چوتھی، پانچویں، چھٹی، ساتویں، آٹھویں رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین تین بار ہر رکعت میں پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نماز کے پڑھنے والے کو بے شمار ثواب ملے گا اور بے شمار نمازوں کا اجر عطا ہوگا۔ **چار رکعت نفل:** جواہر غیبی میں ہے کہ اس مہینہ کی پہلی، پندرہویں، انتیسویں تاریخوں میں چار رکعت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پانچ بار پڑھے۔ اس کے لیے ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور ہزار برائیاں مٹائی جاتی ہیں۔ انشاء اللہ پروردگار عالم روز محشر مغفرت فرمائیں گے۔ **انجام بخیر کا وظیفہ:** جو شخص پورا ماہ بعد نماز عشاء یہ وظیفہ روزانہ **1111** مرتبہ پڑھے گا وہ موت کے وقت کلمہ پڑھتا ہوا اس دنیا سے رخصت ہوگا۔ بعض بزرگوں کا کہنا ہے کہ اس وظیفے میں خاتمہ بالخیر کی بے حد تاثیر ہے۔ اس وظیفہ سے خاتمہ بالخیر ہوتا ہے۔ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ (سورہ یوسف: **101**) ترجمہ: اے آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے والے دنیا اور آخرت میں تو ہی میرا رفیق ہے، تو مجھ کو اپنی فرمانبرداری میں دنیا سے اٹھا لے اور مجھ کو اپنے نیک بندوں میں داخل کرلے۔

بابرکت دعا: ماہ ربیع الثانی بھی نہایت افضل مہینہ ہے اور اس ماہ میں بھی زیادہ سے زیادہ درود پاک پڑھنا چاہیے۔ ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ ایک بار اسرافیلؑ حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اتر کر آئے اور کہا سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ عَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰہُ وَمِثْلَ مَا عَلِمَ اللّٰہُ پڑھے جو کوئی اس کو ایک بار پڑھے گا خدا اس کو ان لوگوں کے زمرہ میں لکھے گا جو خدا کی بکثرت یاد کرنے والے ہیں اور وہ رات و دن خدا کی یاد میں لگے رہنے والوں سے بھی افضل ہو جائے گا اور یہ کلمات اس کیلئے جنت میں داخلہ کا ذریعہ بن جائیں گے اور جس طرح درخت کے پتے جھڑتے ہیں اسی طرح اس کے گناہ جھڑ جائیں گے اور خدا کی اس پر نظر رہے گی اور اس کو دوزخ کا عذاب نہ دے گا اور حدیث میں آیا ہے جو کوئی سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ وَدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ پڑھے گا۔ دنیا اور اہل دنیا چاہے ختم ہو جائیں لیکن اس کے پڑھنے والے کا ثواب نہ ختم ہوگا۔

دائمی قبض اور شوگر کا سوفیصد یقینی خاتمہ (ان شاءاللہ)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری کے ذریعے مخلوق خدا کیلئے بے پناہ فوائد و ثمرات مرتب ہو رہے ہیں اس میں لگنے والے ٹوٹکے بہت اہمیت کے حامل ہیں ناچیز کے قریبی اعزاء نے عبقری میں دو ٹوٹکوں کو آزمایا انہیں بہت زیادہ فائدہ ہوا۔ راقم بھی اپنا آزمودہ ٹوٹکہ تحریر کررہا ہے۔ ھوالشافی: تین کھجوریں اور تین عدد انجیر ڈیڑھ پاؤ دودھ میں ابالیں ابال اتنا دیں کہ دودھ ایک پاؤ رہ جائے صبح ایک بار نہار منہ استعمال کریں۔ ان شاء اللہ پہلی ہی خوراک سے افاقہ محسوس ہوگا۔ جب تک قبض کشاء نہ ہو استعمال کریں۔ بہت ہی محیر العقول نسخہ ہے۔

شوگر کا سوفیصد خاتمہ ان شاءاللہ

100 بادام (کڑوے نہ ہوں)، 100 کالی مرچ (ثابت) 100 سبز الائچی (چھلکے سمیت)، 100 نیم کے پتے (دھو کر خشک کرلیں) ایک پاؤ بھنے چنے (چھلکے سمیت) یہ ساری چیزیں اچھی طرح کوٹ پیس لیں دن میں آدھا چمچ کسی بھی وقت پانی کیساتھ استعمال کریں۔ آزمودہ ہے۔ (احمد سعید گوجرخان)

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت و امن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 دسمبر بروز اتوار دوپہر 2 بجکر 9 منٹ سے 3 بجکر 29 منٹ تک، 20 دسمبر بروز بدھ صبح 9 بجکر 11 منٹ سے 10 بجکر 17 منٹ تک۔ 30 دسمبر بروز ہفتہ عصر تا مغرب یَا فَتَّاحُ یَا عَظِیْمُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیرمسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا، اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

میں آج خوشحال اور مطمئن ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آج مطمئن ہوں، خوشحال ہوں، بیٹھا سوچ رہا تھا کہ آج سے پانچ سال پہلے میں کیا تھا اور آج کیا ہوں، کاروبار، رزق، دولت ہر چیز پانچ سال پہلے بھی تھے مگر ایک چیز نہیں تھی اور وہ تھا سکون۔ نفسیاتی امراض کی بھینٹ چڑھ چکا تھا، طرح طرح کی رنگ برنگی گولیاں اور کیپسول کھا کھا کر اپنی صحت کا برا حشر کرچکا تھا۔ میں کس شہر، کس ملک سکون پانے کیلئے نہ گیا مگر صرف ادویات اور تسلیاں ملتیں سکون نہ ملتا۔ ایک مرتبہ اپنی گاڑی میں بیٹھا تو گاڑی میں عبقری رسالہ پڑا تھا، میں نے ڈرائیور سے پوچھا یہ کہاں سے آیا؟ بتانے لگا: سر میں یہ رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں اس میں بہت اچھی اچھی باتیں ہوتی ہیں۔ میں اس کی طرف دیکھ کر ہلکا سا مسکرایا اور کھول کر پڑھنا شروع کردیا۔ (باقی صفحہ نمبر 14 پر)

اولیاء اوچ شریف کے روحانی وظائف

اگر میاں بیوی میں آپس میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور وہ آپس میں ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں تو اس کیلئے اسم الٰہی یَا جَلِیۡلُ ایک سوایک بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور دونوں کو پانی پلا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جھگڑا ختم ہوگا اور باہمی محبت پیدا ہوجائے گی۔

ہر قسم کے درد سے نجات: اگر جسم کے کسی بھی حصے میں شدید درد ہو تو اس کیلئے ایک بوتل سرسوں کا خالص تیل لے کر اس پر باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درمیان ستر مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس تیل پر دم کرے اور سنبھال کر رکھ لے۔ جب ضرورت ہو تھوڑا سا تیل ہتھیلی میں لے کر ہلکا ہلکا درد کی جگہ مالش کرے (لگائے) اور کوئی کپڑا یا پٹی اس جگہ باندھ دے تاکہ ہوا نہ لگے۔ جلد ہی ان شاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہوجائے گا۔

لقوہ، قولنج، دردکمر، گیس، درد کان کیلئے: اگر خدانخواستہ کسی کو لقوہ کا مرض ہوجائے یا قولنج (انتڑی کا درد، بادِ سول) یا باؤ گولہ (گیس) یا دردِ کمر پیدا ہوجائے تو اس کیلئے باوضو سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف کے ایک چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور سرسوں کے تیل سے دھو کر ایک بوتل میں وہ تیل رکھ لے اور تھوڑا سا تیل لے کر جہاں جسم میں درد ہو لگایا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی آرام آجائے گا۔ اگر کسی بچے کے یا بڑے کے کان میں درد ہو تو اس میں تیل ہلکا گرم کرکے ڈال دے۔ تنبیہ: یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ کان میں جو بھی تیل وغیرہ ڈالنا ہو اسے ہلکا گرم کرلیں۔ ٹھنڈے تیل سے کان کو نقصان پہنچتا ہے۔

بچے کی ضد چھڑانا: اگر بچہ ضد کرنے کا عادی ہو اور بات بات پر ضد کرتا ہو تو اس کیلئے اسم الٰہی یَا مُقِیۡتُ سات مرتبہ پڑھ کر خالی گلاس یا کٹورے یا پیالے پر دم کرے اور پھر اس میں اتنا پانی بھرے کہ بچہ تمام پانی آسانی کے ساتھ پی لے۔ یہ عمل صبح کے وقت کرے اور سات دن برابر عمل کرتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بچہ ضد کرنا چھوڑ دے گا۔

سامان کے گم ہونے یا چوری ہونے سے حفاظت: اگر کوئی شخص سفر پر جارہا ہے یا کسی دوسری جگہ سامان بھیج رہا ہے تو اس کو گم یا چوری ہونے سے بچانے کیلئے اسم الٰہی یَا حَفِیۡظُ اس سامان پر تین جگہ لکھ دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام سامان بحفاظت رہے گا نہ چوری ہوگا نہ گم ہوگا۔

لوگ عزت کریں اور اچھا برتاؤ کریں: اگر معاشرہ میں کسی آدمی کو عزت کا مقام حاصل نہیں ہے اور لوگ اس کے ساتھ اچھا سلوک بھی نہیں کرتے ہیں اور وہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کے ساتھ پیش آئیں اور معاشرہ میں اس کو عزت و توقیر کا مقام حاصل ہو تو بعد نماز عشاء پاک مصلے پر قبلہ رخ بیٹھ کر پانچ سو مرتبہ اسم الٰہی یَا کَرِیۡمُ پابندی کے ساتھ روزانہ پڑھا کرے۔ اگر یہ عمل بعد نماز عشاء نہ ہوسکے تو جس وقت فرصت ہو کرلیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ لوگ احترام و عزت کا برتاؤ کریں گے اور اس کی ہر اچھی بات کو اہمیت دیں گے۔

میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا ختم کرنا: اگر میاں بیوی میں آپس میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور وہ آپس میں ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں تو اس کیلئے اسم الٰہی یَا جَلِیۡلُ ایک سوایک بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور دونوں کو پانی پلادے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جھگڑا ختم ہوگا اور باہمی محبت پیدا ہوجائے گی۔

ظالم اور حاسد سے حفاظت کیلئے: ظالموں اور حاسدین کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے اور کارآمد ہے اس کی برکت سے انسان نقصان پہنچانے والے افراد سے محفوظ رہتا ہے۔ اسم الٰہی یَا مُحۡصِیۡ ایک سو بار باوضو بعد نماز عصر پڑھنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ آدمی ہر قسم کے ظالم اور دشمن کے شر سے بچا رہتا ہے اور اس کو کسی بھی قسم کا نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ یہ عمل روزانہ پابندی سے اس وقت تک کرتا رہے جب تک کہ حاسد یا ظالم کی طرف سے شر کا خوف ہے ورنہ کم از کم چالیس دن تو یہ عمل ضرور کرے۔

انجائنا، دل کی تکلیف کا علاج: اللہ نہ کرے کسی کو انجائنا کا درد ہوتا ہو، ہارٹ اٹیک کا اندیشہ ہو یا ایک آدھ بار ہوچکا ہو اور اب حالات کے رحم و کرم پر ہو تو اس کیلئے نسخہ کیمیا کا درجہ رکھنے والا عمل درج ذیل ہے: یَاقَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ۔ یہ دعا ہر نماز کے بعد سات بار اس طرح پڑھیں کہ ہر دفعہ پڑھتے وقت سینے پر بائیں جانب ہاتھ کی ہتھیلی سے ایک دائرہ مکمل کریں۔ ان شاء اللہ درد سے بھی جان چھوٹ جائے گی اور ہارٹ اٹیک کا اندیشہ و خطرہ بھی ختم ہوجائے گا۔

ڈاڑھوں کا مجرب جھاڑا: دانتوں اور ڈاڑھوں کے درد کا ایک جھاڑا یہ بھی مجرب ہے کہ جب اس کا کوئی مریض آئے تو اسے کہیں کہ وہ اس دانت یا ڈاڑھ کو ہاتھ میں پکڑ لے جس میں تکلیف ہورہی ہے اور جواب دیتے وقت بھی اسے ہاتھ سے نہ چھوڑے۔ پھر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس سے پوچھیں کہ تمہارا نام کیا ہے؟ جب وہ اپنا نام بتلا دے تو آپ دوبارہ سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس سے اس کی والدہ کا نام پوچھیں۔ جب وہ بتلا چکے تو آپ تیسری دفعہ سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس سے پوچھیں تیری کونسی ڈاڑھ میں تکلیف ہے؟ جب وہ بتلا دے تو چوتھی بار سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر اس سے اس کی عمر کے بارے میں دریافت کریں۔ جب وہ اپنی عمر بھی بتلا دے تو پانچویں بار سورۂ فاتحہ سات دفعہ پڑھ کر اسے پھونک ماردیں اور کہیں کہ اب جاکر آپ تھوڑی دیر آرام کرلیں اگر ہوسکے تو سوجائیں۔ ان شاء اللہ درد ختم ہوجائے گا۔

اگر بخار سردی لگ کر چڑھتا ہو: جس آدمی کو سردی سے بخار چڑھتا ہو اسے درج ذیل آیت کریمہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے بخار چڑھنے کے وقت سے ایک دو گھنٹے پہلے یہ دم شدہ پانی پلادیں۔ تین سے سات روز تک یہ عمل جاری رکھیں۔ سردی اور اس کا بخار ہمیشہ کیلئے رخصت ہوجائے گا۔ فَلَمَّا تَجَلّٰی رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا (اعراف 143)

مرض کوئی ہو علاج بس ایک قطرہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ دوا سر سے لے کر پاؤں تک ہر مرض میں کام کرتی ہے' پیٹ کی ہر قسم کی بیماریوں کیلئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ ھوالشافی: ست پودینہ ایک تولہ' ست اجوائن ایک تولہ' کافور ایک تولہ' روغن الائچی دو تولہ' روغن جائفل ایک ماشہ' روغن لونگ ایک ماشہ سب کو ایک علیحدہ شیشی میں ملالیں۔ سب عرق بن جائے گا۔ صرف ایک قطرہ پانی میں ملا کر پلایا جاتا ہے۔ ہیضہ' بدہضمی وغیرہ کیلئے ٹھنڈے پانی ایک کپ میں ایک قطرہ ملا کر پلائیں' قبض ہو تو بعد از غذا ایک قطرہ گرم پانی میں ملا کر پی لیں۔ اس نسخہ کو معمولی مت سمجھیں۔ (محمد نوید علی وارثی)

پیٹ درد سے تڑپتے فوراً آرام پاگئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک چھوٹا سا وظیفہ ہے' پیٹ کا درد ختم کرنے کیلئے جو میں تمام قارئین کو بتانا چاہتی ہوں' یہ وظیفہ مجھے ایک آنٹی نے بتایا تھا' میرے پیٹ میں سخت درد تھا اور میں ہسپتال ڈاکٹر کے پاس گئی تو وہاں ان آنٹی نے میرے لیے یہ وظیفہ پڑھا تو میرا درد فوراً ٹھیک ہوگیا۔ سب سے پہلے اول و آخر درود ابراہیمی پڑھیں درمیان میں سات مرتبہ سورۂ لہب پڑھ کر چاہے تو پھونک مارلیں یا دعا کردیں ان شاء اللہ آرام آجائے گا۔ میں نے جس پر بھی دم کیا اسے فوراً آرام آگیا۔ (آمنہ ملک، اسلام آباد)

جادو سحر اور ظالموں کے ظلم سے حفاظت: جو شخص روزانہ صبح و شام 626 مرتبہ اسم الٰہی یَاجَبَّارُ پڑھے گا ان شاءاللہ ظالموں کے ظلم' جادو سحر سے محفوظ رہے گا۔

مسمی کے چھلکوں اور بیج سے نظر کی کمزوری اور جالا ہمیشہ کیلئے ختم

(ام عنایہ' لاہور)

آج کل گیس کی شکایت اکثر پائی جاتی ہے۔ستر فیصد آبادی ہاضمے کی خرابی کا رونا روتی ہے۔غذا کھانے کے بعد کلیجہ جلنے کی شکایت اور پیٹ بڑا ہونے کی بیماری میں صبح آٹھ بجے تین موسمی ناشتہ کے طور پر کھائیں۔دن کے بارہ ایک بجے پانچ موسمی بطور غذا کھائیں۔

موسمی جسے عوام مسمی کہتے ہیں' مالٹے کی خوش ذائقہ میٹھی قسم ہے جو دنیا بھر میں شوق سے کھائی جاتی ہے۔قدرت نے اس کے گودے اور چھلکے تک میں غذائی اور شفائی اثرات پیدا کیے ہیں۔اس میں اسی فیصد مصفا پانی اور بیس فیصد تک گوشت بنانے والے روغنی اور نشاستہ دار اجزا کے ساتھ سوڈیم' پوٹاشیم' فولاد اور فاسفورس کی آمیزش ہے۔اس میں وٹامنز اے بی، د پائے جاتے ہیں اس کے علاوہ بدن پرور' تازگی بخش وٹامن سی تو اس میں بڑی مقدار میں پائے جاتے ہیں۔اس کے علاوہ بدن پرور تازگی بخش وٹامن سی تو اس میں بڑی مقدار میں پایا جاتا ہے۔موسمی کا مزاج گرم اور تر ہے۔ ایک عمدہ غذا ہونے کے علاوہ یہ قبض کشا ہے تین بڑی موسمی میں دو بڑی چپاتیوں کے برابر غذا ہوتی ہے چھ سات موسمی کھانے سے تین چار گھنٹے بھوک نہیں لگتی۔معدے میں داخل ہوتے ہی یہ معدے کی ہاضم رطوبتوں کی تراوش بڑھا دیتی ہے اور معدے کی تیزابیت دور کرتی ہے۔معدہ اس کو دو یا اڑھائی گھنٹے میں ہضم کر لیتا ہے۔

خواص وعلاج: آج کل گیس کی شکایت اکثر پائی جاتی ہے۔ستر فیصد آبادی ہاضمے کی خرابی کا رونا روتی ہے۔غذا کھانے کے بعد کلیجہ جلنے کی شکایت اور پیٹ بڑا ہونے کی بیماری میں صبح آٹھ بجے تین موسمی ناشتہ کے طور پر کھائیں۔ دن کے بارہ ایک بجے پانچ موسمی بطور غذا کھائیں اور اس کا استعمال جاری رکھیں۔موسمی کا استعمال خون کی تیزابیت بھی رفع کر دیتا ہے۔پھوڑے' پھنسیاں خارش اور دوسرے جلدی امراض میں مبتلا ہونے والے بھی اس کا استعمال کر کے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ جب جوڑوں میں یورک ایسڈ جمع ہو جانے سے چھوٹے بڑے جوڑوں میں درد اور سوجن ہو جائے تو صبح سورنجاں شیریں اور سفید زیرہ برابر وزن کوٹ چھان کر سفوف بنا کر تین سے چھ ماشے روزانہ کھایا کریں اور اس کے ساتھ دودھ یا چائے بطور ناشتہ استعمال کریں۔ دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد سونف چبا لیا کریں اور سہ پہر دو تین بجے دھوپ کے وقت تین سے نو دانے تک چندروز کھا کر دیکھیں ان شاءاللہ صحت ہو جائے گی۔

موسمی کے بیج اور زرد کوڑی برابر وزن لے کر عرق گلاب میں دو روز کھرل کر کے سرمے کی مانند باریک کر کے آنکھوں میں لگائیں تو جالا کٹ جائے اور نظر تیز ہو جائے۔اس کے موٹے زرد چھلکے کو آگ پر رکھ کر جلا لیں۔یہ سیاہ رنگ کی جلی ہوئی راکھ کھانسی کیلئے مفید ہے۔تین ماشے راکھ ایک تولہ شہد یا شربت بنفشہ میں ملا کر بار بار چاٹنے سے گلے کی خراش دور کھانسی ختم اور بلغم بآسانی خارج ہو کر تنگی بفضل خدا دور ہو جاتی ہے۔

بیر! میٹھا میوہ! کمزوری بھگائے' قوت لائے

بیر ایک مشہور و معروف پھل ہے جسے بچے' بوڑھے اور جوان سبھی بڑی رغبت سے کھاتے ہیں۔لاعلمی کے باعث عوام الناس اسے صرف ایک معمولی سا پھل اور بچوں کی پسندیدہ چیز سمجھتے ہیں اور انہیں اس امر کا اندازہ ہی نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بظاہر عام اور معمولی سے پھل میں کس قدر اور کیسے کیسے طبی و صحت بخش فوائد سمو رکھے ہیں۔بیر کے چند ایک اہم ترین شفائی اور صحت بخش افادات کی ایک مختصر سی جھلک حسب ذیل ہے:۔بیری کے پتوں کے جوشاندے سے اگر سر کو دھویا جائے تو اس سے بالوں کو خاطر خواہ قوت و توانائی میسر آسکتی ہے۔دستوں اور پیچش کے عوارض میں بیر کو بھون کر کھانا چاہیے۔اگر جنگلی بیری کی جڑ بقدر ایک تولہ لے کر اس میں پانچ سات سیاہ مرچ پانی میں گھوٹ کر کھایا جائے تو یہ مروڑ اور پیچش کے عوارض میں ایک معیاری اور مفید دوا کا کام دیتے ہیں۔الکیموس کی اصلاح کرنے میں لاجواب چیز ثابت ہوتی ہے۔ایسا ورم جو بسبب گرمی جو گرم اثرات والے امراض کے باعث ہو گیا ہو۔اُس پر اس کے پتوں کا لیپ کرنا مسیحائی اثرات کا حامل ہے۔تشنگی کو دور کرنے کیلئے عجیب الاثر چیز ہے۔اس کے پوست کا برادہ سیلان خون کیلئے مفید ہے۔اگر جسم میں خلط صفرا کا جوش اور تیزی ہو یا خون جوش مارتا ہو تو ایسی حالت میں بیر کا استعمال تسکین کا موجب ہے۔نوٹ: بیر بہت زیادہ مقدار میں نہیں کھانے چاہئیں نیز اس کے کھانے کے بعد پانی ہرگز نہیں پینا چاہیے۔

ایسا انوکھا آسان ٹوٹکہ کے صرف ایک مرتبہ استعمال پر عمر بھر کیلئے غیر ضروری بالوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا پائیں۔وہ انوکھا آسان ٹوٹکہ پانے کیلئے عبقری جنوری 2018ء خواتین خاص نمبر کا مطالعہ ضرور کیجئے!

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَاقَوِیُّ یَاوَکِیْلُ پڑھیں۔اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کر دیگا۔مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

سیڑھیوں میں کھڑی چاند دیکھ رہی تھی کہ۔۔۔!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ تین سال سے مراقبہ کی پریکٹس کر رہی ہوں' ایک مرتبہ مراقبہ میں دیکھا کہ سیڑھیوں پر کھڑی چاند کو دیکھ رہی ہوں چاند انتہائی روشن ہے اور اس میں خانہ کعبہ کی شبیہ ہے۔پھر ایک مرتبہ دیکھا کہ ایک چشمہ جو کہ انتہائی خوبصورت ہے اور اس کا پانی بہت شفاف اور پاک ہے' حضور نبی کریم ﷺ اس چشمہ سے پانی پیتے ہیں اور بعد میں اسی جگہ سے ایک گھونٹ میں بھی پانی پیتی ہوں۔ کئی مرتبہ مراقبہ کے دوران ہی دیکھا کہ وجدانی کیفیت سے آسمان کی طرف منہ کر کے کہہ رہی ہوں لا الٰہ الا اللہ اور کوئی طاقت مجھے جکڑ رہی ہے (جیسے موٹا اژدھا سانپ) میرے جسم کے گرد لپٹ گیا ہے اور آخر کار میں اسے کھول کر آسمان کی طرف اچھال دیتی ہوں' اس میں سے چنگاریاں نکلتی ہیں اور میں آزاد ہو جاتی ہوں۔مراقبے کی وجہ سے جہاں مجھے دنیاوی بہت زیادہ فوائد حاصل ہوئے وہیں مجھے نماز میں دھیان نصیب ہوا ہے' دل کسی برائی کا اثر نہیں لیتا جیسے پہلے کوئی قضا نماز یا نفل وغیرہ پڑھتی تو دل انکار کرتا تھا اب بخوشی اجازت دیتا ہے بلکہ ایسا لگتا ہے جیسے سینے میں دل ہی نہیں۔(رفعت اشتیاق' لاہور)

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج

طبی مشورے

توجہ طلب امور کے لیے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں اور اس پر مکمل پتہ واضح ہو۔ جوابی لفافہ نہ ڈالنے کی صورت میں جواب ارسال نہیں کیا جائیگا۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں سٹیپلر زپن استعمال نہ کریں۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ اور اپنا موبائل فون نمبر خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔

پیٹ ہے کہ کم ہی نہیں ہورہا: میں پہلے موٹی نہیں تھی' پھر شادی سے ایک، دو سال پہلے میرا پیٹ بڑھ گیا' ہر ٹوٹکہ استعمال کرلیا' بہت سارے طریقے اختیار کیے' ٹوٹکے آزمائے' ورزش کی' مگر پیٹ ہے کہ کم ہی نہیں ہوتا' ناف میں تیل بھی لگایا' اب موٹی بھی ہوگئی ہوں' تیس سال کی ہونے والی ہوں' قد چار فٹ دس انچ ہے' شادی کے ڈیڑھ سال بعد بڑے آپریشن سے بچہ ہوا' اتنے سالوں سے کوشش میں لگی ہوئی ہوں پیٹ کم نہیں ہورہا' بیلٹ تک باندھ کر دیکھ لیا' حسرت ہی رہ گئی ہے کہ کیا کبھی یہ پیٹ کم بھی ہوگا۔ براہ مہربانی کچھ بتائیں' بہت دعائیں دوں گی۔ (ن۔ک)

مشورہ: ھوالشافی: عناب پانچ دانے' منقی پانچ دانے' لونگ پانچ عدد' دارچینی دو بڑے ٹکڑے اور ایک عدد لیموں بڑے سائز کا اور اگر چھوٹے چھوٹے دو لیموں ڈال لیں تو زیادہ مزیدار بن جائے گا۔ دو کپ پانی ڈال کر لیموں کے علاوہ تمام چیزیں پانی میں ڈال دیں اور پکائیں جب ایک کپ پانی رہ جائے تو چھان لیں۔ منقی کو بیج نکال کر کھالیں اور باقی چیزیں پھینک دیں پھر اس پانی میں لیموں نچوڑ کر پی لیں اگر چاہیں تو تھوڑا سا حسب ذائقہ شہد ملا سکتے ہیں۔ یہ ایک دن کی خوراک ہے۔ ان شاء اللہ بائیس ویں دن آپ حیران ہوجائیں گے لیکن ان 21 دنوں میں چاول ہرگز نہیں کھانے' ہر چیز بازار سے پچاس، پچاس روپے کی لے لیں۔ آسانی سے ہر چیز پنساری سے مل جائے گی۔ مستقل مزاجی اور پابندی سے استعمال کرکے دعائیں لازمی دیں۔ چند ہفتے، چند مہینے مستقل مزاجی اور پرہیز کے ساتھ استعمال کریں۔

ماہواری کا مسئلہ: اللہ پاک آپ کو اور آپ کی نسلوں کو سدا آباد رکھے' حضرت صاحب مجھے ماہواری کا مسئلہ ہے' پہلے تو ایک ہفتہ رہتی تھی اب دو ماہ ہوگئے ہیں پورا ماہ ٹھیک نہیں ہوتی' جسم میں شدید درد رہتا ہے' میں بہت پریشان ہوں' لیکوریا بھی ہے اور برابر رہتا ہے' بہت سی ادویات کھالیں مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ زندگی سے اکتا سی گئی ہوں' درس میں آتے ہیں تو سکون ملتا ہے۔ گیارہ سال شادی کو ہوگئے مگر اولاد نہیں ہے۔ (ا۔ب)

مشورہ: سنا مکی 50 گندھک آملہ سار 50 گرام کوٹ پیس کر چٹکی بھر دوائی دن میں 4 بار لیں 1 ماہ تک کھٹی ٹھنڈی بادی چیزوں سے پرہیز کریں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ سے ہارمونز شفاء اور خاتون شفاء ادویات منگوا کر لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔

چھوٹا قد اور جسمانی کمزوری: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 17 سال ہے اور میرا قد چھوٹا ہے اور جسم بہت کمزور ہے اور جب میں کالج جاتا ہوں تو لڑکے بہت تنگ کرتے ہیں' میرا دل بہت کمزور ہے اور گھر میں ہروقت بے سکونی رہتی ہے' میری والدہ عبقری رسالہ لاتی ہیں تو میں بھی پڑھتا ہوں۔ براہ مہربانی میرے مسائل کا حل بتایئے۔ آخری امید سمجھ کر خط لکھ رہا ہوں۔ (ا۔خ، گجر خان)

مشورہ: آپ غذائی قلت کا شکار ہیں پوری غذا نہ ملنے سے یہ تمام کمزوریاں ہوئی ہیں۔ خالص مکھن اور عمدہ دیسی گھی کو بھی انسانی صحت کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔ جہاں ضروری ہو وہاں ان کا استعمال ضرور کرنا چاہیے۔ خشکی سے بدن سکڑتا ہے اور تری سے جسم پھیلتا ہے، دوا صرف بیماری کیلئے ہے۔ آج کل بازار مچھلی سے بھرے پڑے ہیں خوب مچھلی کھائیں۔ تازہ پھل کھائیں' گاجر چبا کر کھائیں اور روزانہ ایک سے دو گلاس گاجر کے جوس کے بھی پئیں۔ قد بڑھانے کیلئے عبقری دواخانہ کا ''قد دراز کورس'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند کورس استعمال کریں۔

مونچھیں نہیں آرہیں! محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرض خدمت یہ ہے کہ میری مونچھوں اور ٹھوڑی پر بال بالکل نہیں آتے جبکہ میری عمر 23 سال ہے کوئی دوائی تجویز کرکے بھیج دیں یا دوائی کے نام سے مطلع کریں تاکہ میں یہاں سے عبقری دواخانہ سے خرید لوں۔ (عبدالاحد فضل، ڈیرہ اسماعیل خان)

مشورہ: آپ پیاز کا رس لیں اس کے ہموزن شہد اس میں ملالیں اور چہرے کی اس جگہ پر دن میں ایک مرتبہ ملیں جہاں پر بال نہیں آرہے' اس کے علاوہ خالص زیتون کے تیل کی بھی ان جگہوں پر مالش کریں۔ چند ہفتے متواتر یہ عمل کریں ان شاء اللہ بال اگنا شروع ہوجائیں گے۔

کان کا انفیکشن اور ناک کی سوزش: مجھے شروع میں دائیں کان میں انفیکشن ہوتی رہی جس کی بنا پر سماعت دائیں کان کی کم ہوگئی ہے ڈاکٹر کہتے ہیں کہ پردہ میں سوراخ ہے جبکہ اگر کوئی مدھم آواز میں بات کرے تو مجھے سننے میں دشواری محسوس ہوتی ہے' اس کے علاوہ ناک میں نمی رہتی ہے جس کی بنا پر ناک پھولا رہتا ہے اگر کوئی طاقتور گرم چیز مثلاً مچھلی وغیرہ کھالوں تو ناک چھوٹا ہوجاتا ہے اور نمی ختم ہوجاتی ہے اور میرے سر کے بال بھی اسی وجہ سے سفید ہوتے جارہے ہیں اور سر میں بھی اکثر تناؤ رہتا ہے جو شاید نزلہ کی وجہ سے ہے۔ براہ مہربانی میرے مسائل کا حل بتایئے۔ (محمد آصف علی، ملتان)

مشورہ: آصف بھائی! آپ عبقری دواخانہ سے ''الرجی نزلہ کورس'' منگوا کر چند کورس استعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔

جوڑوں کا درد: میری والدہ بعمر 58 سال' گھٹنے ڈاکٹروں کے مطابق ختم ہوچکے ہیں' انہیں چلنے پھرنے میں شدید مشکل پیش آتی ہے' گردن کے مہروں اور جوڑوں اور کمر میں درد رہتا ہے' اگر لیٹی بھی رہیں تو ٹانگوں کے پٹھوں میں درد اور سوجن رہتی ہے' خون دورہ نہیں کرتا۔ ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیاں سن رہتی ہے۔ مؤثر علاج بتایئے۔ (م۔آ)

مشورہ: آپ معجون فلاسفہ ایک چمچ' کلونجی آدھا چمچ صبح دوپہر شام دو ماہ مستقل استعمال کریں۔ نہایت اعلیٰ نسخہ ہے۔ اس کے علاوہ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کے جملہ امراض کا علاج ہے۔

خدارا! میرے چہرے کا کچھ کریں: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو' عبقری رسالہ کو اور آپ کی آل اولاد کو قیامت تک رحمتیں و برکات' حفاظت اور عنایات جاری و ساری رکھے۔ محترم حضرت حکیم صاحب میں بہت زیادہ پریشان ہوں' تقریباً بیس سال سے میرے چہرے پر چھائیاں ہیں' مہنگے سے مہنگے اسپیشلسٹ ڈاکٹرز سے علاج کروایا' مہنگی سے مہنگی کریم استعمال کی' جتنا عرصہ کریم استعمال کرو' تھوڑا سا فرق پڑتا ہے بعد میں پھر ویسے ہی ہوجاتا ہے' مہربانی فرما کر میرے چہرے کا علاج کریں' میں بہت دعا گو ہوں گی' پورے ماہ کا خرچ چہرے پر لگا دیتی ہوں' چھائیوں کی وجہ سے خاوند بھی پیار نہیں کرتا۔ (ش۔پ)

مشورہ: بہن! آپ لگانے سے زیادہ کھانے کی ادویات، یعنی غذائی ادویات اور پرہیز کی طرف توجہ دیں۔ اس سے فائدہ زیادہ ہوگا۔ معجون عشبہ، اطریفل منڈی، جوارش جالینوس اور لکھی ہوئی ترکیب کے مطابق مستقل استعمال کریں اور مستقل 3 ماہ تک استعمال کریں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

روحانی بیماریوں کا روحانی علاج

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج

براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں‘ توجہ طلب امور کیلئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ مختصر اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوندٹیپ یا سٹیپلر زپن کا استعمال نہ کریں کیونکہ خط کھولتے ہوئے پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ اپنا نام شہر کا نام اور مکمل پتہ واضح کرکے جوابی خط پر ضرور لکھیں۔ ایڈریس نامکمل ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دیا جائیگا۔

کاروبار میں بہتری کیلئے وظیفہ: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میری شادی کو گیارہ سال گزر چکے ہیں‘ تین بیٹیوں کا باپ ہوں‘ چھوٹا سا اپنا کاروبار ہے‘ ملازمت کے معاملہ میں پریشان ہوں‘ رزق میں ترقی کیلئے کوئی وظیفہ عنایت فرمادیں‘ اس معاملے میں بہت پریشان ہوں۔ اللہ پاک اپنی قدرت اور کرم سے اپنی شان کے مطابق آپ کو عطا فرمائے۔ (محمد ارشد)

جواب: جو شخص غریب ہو اور اس کا ہاتھ خرچ کے معاملے میں تنگ رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ بعد نمازِ مغرب یا بعد نماز عشاء باوضو سورۂ مزمل (پ ۲۹) گیارہ مرتبہ پڑھے۔ سورۂ مزمل پڑھنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ سورۂ مزمل پڑھتے وقت جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا پر پہنچے تو پچیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ اس عمل کی برکت سے گھر سے غربت اور تنگدستی کا خاتمہ ہوگا اور روزی میں برکت پیدا ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ یہ عمل روزانہ بلا ناغہ کرے اور پابندی سے کرے گا تو اس کا پھل پائے گا۔

گھر میں انتہا کی نفرت ہے!: میں جاننا چاہتا ہوں کہ آخر ہمارے گھر میں کیا مسئلہ ہے؟ سب گھر والے بیمار ہیں‘ ایک دوسرے سے انتہاء کی نفرت خصوصاً بہن بھائیوں کی والدہ سے نفرت‘ امی ابو کی ہر وقت کی لڑائی‘ خودکشی کی دھمکیاں اور کوشش‘ بھائی خالہ کی بیٹی سے شادی کیلئے گھر والوں کو اور مجھے پریشان کرتا ہے‘ ابھی سے ان کی باتوں میں آکر سب گھر والوں اور خود کو پریشان اور ذلیل کرتا ہے۔ سب ذہنی مریض بن گئے ہیں۔ میں اپنے گھر میں سکون دیکھنا چاہتا ہوں۔ مجھ سے یہ تکالیف دیکھی نہیں جاتیں۔ خدارا مجھے کچھ بتائیں۔ (پوشیدہ)

مشورہ: آپ کے تمام مسائل کے لیے ایک آیت لکھ رہا ہوں وہ سورۃ توبہ کی آخری آیات ”لقد جاء کم سے آخر تک“ روزانہ 121 بار پڑھیں۔ یہ عمل 90 دن کریں ساتھ اوّل آخر درود ابراہیمی پڑھیں۔

میں بہت زیادہ حریص اور حاسد ہوں: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! زندگی میں پہلی مرتبہ کسی ماہنامہ میں خط لکھ رہا ہوں‘ براہ مہربانی میرے مسائل کا حل ضرور بتائیے گا۔ محترم! میری عمر 24 سال ہے‘ میں بہت دبلا پتلا ہوں‘ وزنی چیز نہیں اٹھا سکتا‘ اگر کوئی وزنی کام کرلوں تو میرے جسم میں درد شروع ہوجاتا ہے‘ میرا وزن صرف 50 کلو ہے۔ جب بھی مجھ سے کوئی نقصان ہونے لگتا ہے یا نقصان ہوتے ہوتے بچ جاتا ہے میں بہت زیادہ ڈر جاتا ہوں‘ یرا دل بہت زیادہ تیز دھڑکنا شروع ہوجاتا ہے‘ بیس سے تیس منٹ یہ کیفیت رہتی ہے۔ اس کے علاوہ میں بہت زیادہ حرص اور حسد کرتا ہوں‘ اس بیماری سے بچنے کی لاکھ کوشش کرتا ہوں مگر ناکام ہوجاتا ہوں۔ خود اعتمادی بالکل نہیں کسی کے سامنے صحیح طرح بات نہیں کرسکتا ہوں۔ پڑھائی میں بھی کمزور ہوں‘ قبض اور بادی بواسیر بھی ہے‘ مہربانی کرکے میرے ان مسائل کا حل عبقری میں ضرور شائع کیجئے گا شکر گزار رہوں گا۔ (م۔ ظ، کمالیہ)

جواب: سورج طلوع ہونے سے پہلے افق پر ہلکی سی روشنی ظاہر ہوتی ہے صرف اس روشنی کو دیکھا جائے۔ دس منٹ تک ہلکی روشنی کو دیکھنے کے دوران پانچ یا سات بار سورۃ اخلاص کو پڑھ لیا جائے اور باقی وقت صرف روشنی کو دیکھا جائے۔ اس کے علاوہ سارا دن کھلا سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھیں۔ طبی مسائل کے حل کیلئے عبقری دواخانہ کی ادویات اکسیر البدن‘ جوہر شفاء مدینہ اور ٹھنڈی مراد چند ڈبیاں لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔

کس کس مسئلے کو بیان کروں؟: محترم حضرت شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو بہت خوش و آباد رکھے‘ اللہ تعالیٰ آپ کی دین کیلئے کی جانے والی محنتوں اور خدمات کو قبول کرکے آپ کو اعلیٰ درجات عطا فرمائے۔ آج ہمت کرکے قلم اٹھایا ہے تو سمجھ نہیں آرہی کہ کس کس پریشانی کا ذکر کروں‘ کس کس درد کی دوا پوچھوں؟ بس مجھے تو دعاؤں کی ضرورت ہے۔ 2015ء سے رسالہ عبقری پڑھ رہی ہوں‘ یکم تاریخ کو بے قراری سے عبقری میگزین کا انتظار رہتا ہے‘ جب عبقری سامنے آتا ہے تو اس طرح محسوس ہوتا ہے جیسا کہ عید کا چاند نظر آ گیا۔ میرے مسائل یہ ہیں:۔ میں ہر وقت بیمار رہتی ہوں‘ ہر وقت پیٹ پھولا رہتا ہے‘ بھوک تو کبھی کبھار ہی لگتی ہے‘ سر میں ہر وقت درد رہتا ہے چاہے موسم کوئی ہو سارا سال درد رہتا ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے گھر میں تنگدستی بہت ہے‘ کچا مکان ہے‘ بیٹا دبئی میں اڑھائی سال ہوگئے ہیں اس کا بھی کچھ کام نہیں بن رہا‘ وہ بھی اُدھر بہت زیادہ پریشان ہے‘ خاوند بھی بیمار رہتے ہیں‘ دو جوان بیٹیوں کا ساتھ ہے‘

جناب! کون کون سے دکھ بیان کروں؟ خدارا! مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ جس سے گھر میں برکت ہو‘ روزگار بہتر ہو‘ گھر سے بیماریاں چلی جائیں‘ بچیوں کے اچھی جگہ رشتے ہوجائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو دونوں جہاں میں خوشیاں عطا فرمائے۔ آمین۔ (عاشی‘ ایبٹ آباد)

جواب: بہن آپ دفتر ماہنامہ عبقری سے دو انمول خزانہ کتابچہ منگوالیں اور اس میں موجود وظیفہ انمول خزانہ نمبر ایک ہر نماز کے بعد اور انمول خزانہ نمبر دو سارا دن کھلا ہزاروں لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ ان شاء اللہ آپ کے تمام دکھوں روگوں کا حل اسی وظیفے میں ہے۔ طبی مسئلے کے حل کیلئے عبقری دواخانہ کا ”گیس تبخیر کورس“ صحت یابی ملنے تک استعمال کریں۔

نہ پلاٹ مل رہا نہ رقم: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں نے ایک پلاٹ ایک ہاؤسنگ سکیم میں بک کرایا تھا‘ تمام اقساط اور ترقیاتی اخراجات بھی ادا کردیئے جو کہ 17 لاکھ سے زائد بنتے ہیں اب کمپنی نہ پلاٹ دے رہی ہے اور نہ ہی رقم واپس کررہی ہے۔ میں زندگی بھر کی کمائی بس یہی تھی جو یہاں پھنس چکی ہے۔ خدارا کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ یا تو کمپنی مجھے میرا پلاٹ دے دے یا پیسے واپس کردے۔ (کرامت علی)

جواب: نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد ایک تسبیح الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ پڑھ کر دعا کیا کریں وظیفے کی مدت نوے دن ہے‘ صبر و استقامت کے ساتھ اللہ پر بھروسہ کیا جائے تو ضرور قدرت کی طرف سے آسانیاں اور اطمینان قلب حاصل ہوتا ہے۔ نماز کی پابندی کریں اور نماز میں یہ تصور قائم کریں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے حضور نماز ادا کررہے ہیں اور اللہ تعالیٰ آپ کو ملاحظہ فرمارہے ہیں۔ دن رات کے اوقات میں جب بھی فارغ ہوں یَااَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ کا ورد کیا کریں۔ غذا میں بہت زیادہ نمک اور جلی ہوئی اشیاء اور چکنائی سے پرہیز کیا جائے۔ علی الصبح پانی پر سو مرتبہ یَااَللّٰهُ یَارَبُّ رَّحِیْمٌ دم کرکے پی لیا کریں کم ازکم دو ماہ تک اس پروگرام پر پابندی سے عمل کریں۔

(بقیہ: میں اب مطمئن اور خوشحال ہوں!)

چند ہیڈنگز ہی پڑھی کہ میں تحریریں پڑھنے پر مجبور ہوگیا۔ میری منزل آگئی میں نے رسالہ گاڑی میں ہی رکھا اور آفس چلا گیا‘ واپسی پر گاڑی میں بیٹھا پھر عبقری پر نظر پڑی پھر اٹھا کر پڑھنا شروع کردیا اور گھر آیا تو رسالہ اپنے ساتھ ہی اپنے بیڈروم میں لے گیا۔ نامعلوم اس رسالے کی تحریروں میں کیا کشش تھی کہ میں پڑھتا جارہا تھا اور مجھے عجب سی خوشی اور سکون مل رہا تھا۔ اس میں موجود روحانی محفل کا طریقہ پڑھا اور اس سے فیض پانے والے کی تحریر پڑھی تو میں مجبور ہوگیا کہ میں بھی یہ روحانی محفل کروں گا۔ ابھی میں نے بتائی گئی ترتیب سے دو ماہ ہی روحانی محفل کی تو مجھے نیند کی گولی کھانے سے پہلے ہی نیند آنا شروع ہوگئی۔ میں نے ادویات آہستہ آہستہ چھوڑنی شروع کردیں۔ مجھے غصہ بہت آتا تھا جو کہ اب نامعلوم کیا بات ہے غصہ والی بات پر بھی نہیں آتا۔ بے شک میں پرسکون ہوں اور خوشحال ہوں۔ اللہ نے مجھے میرے ڈرائیور کے ذریعے سے عبقری سے ملوایا اور میری ٹینشن‘ انگزائٹی ڈیپریشن سب ختم ہوگیا۔ (شاہزیب شیخ‘ کراچی)

معاشقوں میں ڈوبا تھا درس نے زندگی بدل ڈالی

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

قارئین! حضرت جی! کے درس موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں' روز سنیں' آپ کے گھر' گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو کروڑوں رحمتیں' برکات عطا فرمائے' امت کی خیرخواہی کے جس جذبے کو لے کر آپ چل رہے ہیں اور جس خدمت کو لے کر چل رہے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو ہمیشہ قائم دائم رکھے اور مجھ گنہگار کو بھی اس خدمت کے جذبے میں سے تھوڑا سا حصہ عطا فرمائے آمین! محترم شیخ الوظائف! تسبیح خانہ سے مجھے کیا کچھ ملا؟ اس کو بتانے سے پہلے میں اپنی گزشتہ زندگی کا احوال آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ میں چھوٹا سا تھا جب میری والدہ اور میرے والد کی آپس میں طلاق ہوگئی' میرے والد نے زبردستی مجھے اپنے پاس رکھ لیا' قصور میرے والد کا ہی تھا یہ میری والدہ پر بہت زیادہ تشدد کرتے اور انہیں باندھ کر ان کے سر پر سخت چمڑے کے جوتے برساتے' جو کہ طلاق کے بعد پاگل ہوگئیں اور نامعلوم کہاں چلی گئیں ابھی تک ان کا کچھ علم نہیں۔ میں تیسری جماعت میں ہی تھا کہ میں نے محسوس کرنا شروع کردیا کہ میرے والد اچھے انسان نہیں ہیں' جب تھوڑا بڑا ہوا تو میں نے محسوس کیا کہ میرے والد ہفتے میں ایک مرتبہ گھر کی بیٹھک میں شراب' کباب اور شباب کی محفل سجاتے ہیں۔ صبح کو کمرے سے انتہائی گندی بدبو آتی' اس گھر میں صرف میں اور میرے بوڑھے دادا تھے یا رات کو میرے عیاش والد آتے۔ میرے والد کا اپنا بزنس تھا اور ایک پوری بلڈنگ کرائے پر لے رکھی تھی جس میں کاروبار کے علاوہ چند کمرے صرف ''عیاشی'' کیلئے بنائے ہوئے تھے۔ یہ سب بتانے کا مقصد صرف یہ ہے کہ میری پرورش کیسے ماحول میں ہوئی' میں جیسے جیسے بڑا ہوتا گیا میرا ذہن بھی ان باتوں کی طرف بڑھنا شروع ہوگیا جبکہ میں روزانہ رات کو اپنے بوڑھے دادا کو دباتا تھا تو اس دوران میرے دادا مجھے اولیاء اکرام کے واقعات سناتے' اپنے پیرومرشد کی باتیں بتاتے' مجھے یہ باتیں بہت اچھی لگتی تھیں' مگر میں جس ماحول میں پل رہا تھا اسی رنگ میں رنگتا بھی چلا جارہا تھا' والد کے صبح دفتر جانے کے بعد میں اکثر اس کمرے میں چلا جاتا جہاں عیاشی کا ہر سامان موجود ہوتا تھا' اس کمرے میں ایک بڑا ٹی وی پڑا ہوتا تھا اور ساتھ ہی ایک دراز میں لاتعداد فحش فلمیں جس کو تالا لگا ہوتا تھا' میں نے دراز کی بیک سائیڈ سے ایک سوراخ بنایا اور بڑی مہارت سے روزانہ ایک یا دو فلمیں نکالتا اور دیکھتا۔ میرے اوائل جوانی کے دن رات اس طرح گزرنا شروع ہوگئے۔ کچھ عرصہ گزرا میں ابھی گیارہویں جماعت میں ہی تھا کہ ہماری ایک ہمسائی جس کا ہمارے گھر شروع سے آنا جانا تھا اور وہ میرے دادا کی بیٹی بنی ہوئی تھی اس کا شوہر بیرون ملک تھا۔ اس کا اور میرا معاشقہ چل نکلا اور میں کئی سال میں اس گندگی کی دلدل میں ڈوبا رہا' اس کا بات کا علم میرے دادا اور میرے والد کو ہوا تو انہوں نے میری شادی کا پروگرام بنالیا اور میری شادی حیدرآباد کے علاقہ میں کردی گئی۔ بس یہی سے میری زندگی تبدیل ہونا شروع ہوئی' میری اہلیہ بہت اچھی ثابت ہوئی' اس نے میرا بہت ساتھ دیا' میرے والد کا کاروبار ختم ہوگیا' ہم پر فاقے آگئے' میرے سسرال والوں نے میری حالت دیکھی تو مجھے حیدرآباد بلالیا اور مجھے ایک چھوٹا سا کاروبار کرکے دیا' مگر میرے گھر سے فاقے نہ گئے' میں بہت پریشان تھا اس سب کے ساتھ میرے اندر سے عورت کی حرص (یعنی جو مجھے گھٹی میں ملا تھا) وہ نہ گئی۔ راہ چلتی عورت کے ساتھ لگنا' اس کو ہاتھ لگانا میرا پسندیدہ مشغلہ سمجھ لیں یا میں عادت سے مجبور تھا' میں خاص طور پر ان بازاروں میں جاتا جہاں خواتین کا رش زیادہ ہوتا تھا' اسی طرح میں ایک مرتبہ اپنے علاقہ سے دور ایک اتوار بازار گیا جہاں خواتین کا خوب رش تھا میں اپنی اسی عادت سے مجبور ہوکر بازار میں گھس گیا راہ چلتی خواتین سے نازیبا حرکات کرنا شروع کرتا اور اپنے آپ کو جھوٹی تسکین دینا شروع ہوگیا' ایک عورت نے میرا ہاتھ پکڑا اور شور ڈالنا شروع ہوگئی' مجھے لوگوں نے پکڑا' خوب تشدد کا نشانہ بنایا اور میرے سر کے بال اور مونچھیں کاٹ کر گدھے پر بٹھا کر پورے علاقہ کا چکر لگوایا' اس دن میں بہت رویا' میں قریبی حمام سے نہایا' میرا گھر جانے کو دل ہی نہ چاہے شہر سے باہر نکلا تو قریب ہی ایک کھیت تھا میں دوڑ کر اس میں گھس گیا۔ کھیت کے درمیان میں جاکر میں لیٹ گیا اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر خدا کو چیخ چیخ کر یاد کیا اور دھاڑیں مار مار کر رویا۔ نامعلوم میں کتنی دیر وہاں لیٹا روتا رہا' جب دل خوب ہلکا ہوا تو اٹھا ہاتھ منہ قریب بہتے پانی سے دھوئے اور گھر کی طرف روانہ ہوگیا۔ گھر والوں کے پوچھنے پر صرف اتنا بتایا کہ ایک جگہ جھگڑا ہوگیا تھا نامعلوم لوگوں نے پکڑ کر میرے بال کاٹ دیئے۔ میں اندر سے ٹوٹ چکا تھا' ایک دن ایسے ہی افسردہ بیٹھا تھا تو میری اہلیہ کا بھائی گھر آیا تو اس کے ہاتھ میں عبقری رسالہ تھا' اس نے مجھے عبقری رسالہ پڑھنے کا مشورہ دیا اور ساتھ شیخ الوظائف کے بارے میں تفصیلاً بتایا۔ مزید اس نے اپنے موبائل میں موجود میموری کارڈ جو کہ حضرت شیخ الوظائف کے دروس سے بھرا تھا مجھے تھمادیا' میں نے درس سننا شروع کیے اور جیسے جیسے درس سنتا گیا میری حالت بدلتی چلی گئی۔ اب ڈیڑھ سال ہوگیا ہے میں شیخ الوظائف کے درس سن رہا ہوں اور اس میں بتائے گئے اعمال کررہا ہوں' اللہ نے میرے کاروبار کو دن بدن بہتر سے بہترین کردیا' میرے پاس ایک چھوٹی سی دکان تھی' میں نے بیچ میں سے دیوار توڑ کر دکان کو بڑا کرلیا' الحمدللہ میرا کاروبار اب بہت خوب چل رہا ہے۔ میں سارا دن دکان میں شیخ الوظائف کے درس سنتا رہتا ہوں' اس کے ساتھ آپ کا بتایا وظیفہ دو انمول خزانہ اکثر میری زبان پر جاری رہتا ہے' آخری چھ سورتوں کو صبح و شام اور نماز میں پڑھتا ہوں' سورۂ الم نشرح زیادہ سے زیادہ پڑھنے کی کوشش کرتا ہوں۔ کھانے کے بعد اور ہر نماز کے بعد تین مرتبہ سورۂ قریش پڑھتا ہوں۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ دعا ہر نماز کے بعد اور وضو میں پڑھتا ہوں۔ نماز میں درود شریف کے بعد رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعْیُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ﴿الفرقان ۷۴﴾ بھی پڑھتا ہوں۔ شیخ الوظائف کے درس سن کر میرا دل مطمئن رہتا ہے' دل کو سکون ہے میرا رب مجھے جانتا ہے۔ یہ ساری برکات شیخ الوظائف کے بتائے اعمال کی وجہ سے ہیں کہ میں بدنظری اور حرص کی اس عادت سے بچ چکا ہوں' پہلے چھٹی والا دن گناہوں کی نذر ہوجاتا تھا مگر اب زیادہ سے زیادہ وقت ذکر کرتا رہتا ہوں۔ میری زندگی بدل گئی ہے۔ ہر جمعرات لائیو آپ کا درس اہتمام سے تمام گھر والے سنتے ہیں۔ اب بھی سوچتا ہوں کہ میرا نفس اور شیطان مجھ پر بہت زیادہ بھاری تھا یہی بات یاد آتی ہے کہ میں کھیت میں بازو اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے بہت رویا تھا شاید میرے رب نے مجھے اسی وقت قبول کرلیا تھا۔ آپ کے درس سننے کے بعد میں نے کئی مرتبہ اپنے رب کو حاضر ناظر جان کر اپنے والد کو معاف کردیا ہے۔

خواتین کی ماہواری کے کمی یا زیادتی کے ایسے آزمودہ ٹوٹکے کہ آپ حیران ہی رہ جائیں۔ یہ ٹوٹکے جاننے کیلئے جنوری 2018ء خواتین خاص نمبر میں ضرور پڑھیے

جو چاہتی ہوں رب سے لیتی ہوں! عمل جان لیں

عظمیٰ اعجاز، لاہور

اگر تجھے میری یہ بات پسند ہے تو اس کا کام بھی بنادے اور میرے مسئلے بھی حل کردے' پھر میرے کام بنتے بھی ہیں۔ پہلے دعا ر تو ہوتی تھی مگر توجہ نہیں ہوتی تھی مگر اب مانگتی ہوں اور کئی بار ایسی کیفیت بن جاتی ہے کہ مجھے یقین ہوجاتا ہے کہ جو مانگ رہی ہوں وہ بس مل گیا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں اپنی زندگی کے حالات و تجربات لکھتی رہتی ہوں جو کچھ ملا ہے درس سے اور اعمال سے وہ بیان کروں تو میری تحریر بہت لمبی ہوجائے گی مجھے یہاں سے جو قیمتی چیز ملی وہ یقین سے مانگنا ملا ہے حضرت میرے کچھ تجربات ہیں جن کی وجہ سے اللہ کی ذات پر یقین اتنا پختہ ہوا ہے کہ میں نے اب یہ سوچنا چھوڑ دیا ہے کہ کچھ ناممکن بھی ہے بس یقین ایسا ہو کہ مانگا اور لے کر ہی اٹھنا ہے میں نے سب سے پہلے اللہ کے حضور سچے دل سے اپنے کچھ گناہوں سے توبہ کی اور اللہ سے توبہ پر استقامت مانگی میرا اللہ بڑا کریم ہے اس نے مجھے میری توجہ پر استقامت عطا فرمائی میرے کئی سالوں کے کام ایسے تھے جن کیلئے میں دعائیں کرکرکے تھک گئی مگر وہ ہو نہیں رہے تھے مگر اب ایک ایک کرکے سارے کام ہورہے ہیں مجھے اب کوئی بھی مسئلہ ہو میں یہ ہی عمل کرتی ہوں میں رات کو عشاء کی نماز کے بعد سوتی نہیں قرآن پاک پڑھتی ہوں' نوافل پڑھتی ہوں اور میں اپنا ہر کام نفلوں سے کروالیتی ہوں۔ عمل یہ ہے: رات کو جب سب سوجاتے ہیں تو تقریباً ایک بجے وضو کرکے سب سے پہلے توبہ کے نوافل پڑھتی ہوں سورۂ فاتحہ اور اخلاص کے بعد آیۃ کریمہ پڑھتی ہوں جب تک کھڑی رہ سکوں' پہلی رکعت میں پڑھتی ہوں مگر جو خاص بات ہے وہ یہ کہ آیۃ کریمہ پڑھتے ہوئے میں اس کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھتی ہوں اور اس کے معنی کو ذہن میں دھراتی ہوں اور میں یہ ہی خیال رکھ کر کہ یہ جو میں پڑھ رہی ہوں وہ سچ ہے' میں نے ہی گناہ کیا' میں ہی گنہگار ہوں اللہ تو پاک ہے بس مجھے معاف کردے' بس میں اسی خیال سے پڑھتی ہوں کہ یہ میرے لیے ہی ہے' کئی بار گناہوں کا خیال آتا ہے تو ندامت سے آنسو بھی آجاتے ہیں اسی طرح پڑھتے پڑھتے جب تھک جاتی ہوں تو پھر رکوع اور سجدہ کے بعد دوسری رکعت بھی ادا کرتی ہوں ہاتھ پھیلا کر (سیدھے رکھ کر) اپنے گناہوں کی معافی مانگتی ہوں پھر اٹھ کر میں حاجت کے نوافل کی نیت کرکے دو نفل ادا کرتی ہوں' ان نوافل میں میں سورۂ فاتحہ اور اخلاص کے بعد سورۂ مائدہ کی آیت جو کہ میں پچھلے دو سالوں سے رمضان میں پڑھ رہی تھی وہ اکیس بار پڑھتی ہوں دھیان یہ ہوتا ہے کہ اللہ کریم سے لینا ہے' اللہ کریم کے خزانے کھلے ہوئے ہیں اور مجھے مل رہا ہے' پھر رکوع اور سجدہ کے بعد دوسری رکعت ادا کرتی ہوں پھر میں بعد سلام گیارہ بار یہی آیۃ پڑھ کر اور حاجت کو ذہن میں رکھ کر لمبی دعا کرتی ہوں مگر میں دعا میں پہلے تمام امت کیلئے پھر خود کیلئے مانگتی ہوں' میرا کام نہ ہو ممکن ہی نہیں ہے کیونکہ مجھے اللہ کی ذات پر اور اس کے کلام پر اتنا ہی یقین ہے جتنا کہ اپنی موت کے بعد دوبارہ زندہ ہو کر اللہ کے حضور پیش ہونے پر شرط یہ ہے کہ یقین پختہ اور دھیان اللہ کی طرف ہو تو ہر جائز حاجت پوری ہوگی میں نے کئی بار آزمایا ہے اگر میری حاجت جو کہ میں چیز مانگ رہی تو میں اللہ کریم سے دعا کرتی ہوں کہ یا اللہ تو جانتا ہے جو بہتر ہے اگر یہ میرے حق میں بہتر ہے تو عطا کردے اگر نہیں تو اس سے بہتر عطا کر میں نے اپنے اور اپنے بچوں کے تمام معاملات کے فیصلے تجھ پر ہی چھوڑ دیئے کیونکہ تو اپنے بندوں کا بُرا نہیں کرسکتا میں تیرے عرشی فیصلوں پر راضی ہوں تو مجھ سے راضی ہوجا' میں اللہ کو اس کی نعمتیں گنواتی ہوں جو اسنے مجھے دیں پھر شکر ادا کرتی ہوں' دو نوافل شکرانے کے بھی ادا کرتی رہتی ہوں' میں قسم کھا کر کہتی ہوں کہ ملتا ہے بس اللہ پر یقین پختہ ہو کہ جو مانگا ہے وہ لینا ہے یہ میرے پاس اسم اعظم ہے۔ مجھے اللہ سے لینا آگیا' جب آپ سے ملاقات کا وقت ملنا شروع ہوتا ہے میں مسلسل کوششیں کرتی ہوں اور میرا اللہ میری مدد کرتا ہے مجھے وقت ملتے ہیں مگر میں وہ ٹائم ان کو دے دیتی ہوں جو پہلی بار آنے والے ہوں کیونکہ میں اعمال اور درس کا سب کو بتاتی ہوں' لوگوں کو ٹائم دے کر پھر اللہ کے سامنے منگتی بن جاتی ہوں کہ یا اللہ تیرے دکھی بندے کو تیرے ہی ایک نیک بندے کے پاس بھیجا ہے اگر تجھے میری یہ بات پسند ہے تو اس کا کام بھی بنادے اور میرے مسئلے بھی حل کردے' پھر میرے کام بنتے بھی ہیں۔ پہلے دعا ر تو ہوتی تھی مگر توجہ نہیں ہوتی تھی مگر اب مانگتی ہوں اور کئی بار ایسی کیفیت بن جاتی ہے کہ مجھے یقین ہوجاتا ہے کہ جو مانگ رہی ہوں وہ بس مل گیا ہے۔ اللہ نے دے دیا ہے' کئی بار میں اللہ سے کہتی ہوں کہ مجھے لینا ہے اور مجھے پتہ ہے جس سے مانگ رہی ہوں وہ ضرور دے گا' میں پھر حقیقت بیان کررہی ہوں خدا کی قسم لے لیتی ہوں' ملتا ہے جن کو نہیں ملتا ان کو مانگنا نہیں آتا۔

لگاتار عمل

مولانا وحید الدین خاں

کمیونسٹ چین کے سابق چیئرمین ماوزے تنگ نے ایک دلچسپ کہانی لکھی ہے۔ پرانے زمانے میں چین کے شمالی علاقہ میں ایک بوڑھا آدمی رہتا تھا۔ اس کے مکان کی سمت جنوب کی طرف تھی۔ اس بوڑھے آدمی کی مشکل یہ تھی کہ اس کے دروازے کے سامنے دو اونچے اونچے پہاڑ کھڑے ہوئے تھے، اس پہاڑ کی وجہ سے سورج کی کرنیں اس کے گھر تک کبھی نہ پہنچتی تھیں۔ ایک دن اُس بوڑھے آدمی نے اپنے جوان بیٹوں کو بلایا آؤ! ہم اس پہاڑ کو کھود کر یہاں سے ہٹادیں تاکہ سورج کی کرنیں بلا روک ٹوک گھر میں داخل ہو سکیں۔ بوڑھے آدمی کے پڑوسی کو اس کا یہ منصوبہ معلوم ہوا تو وہ ہنسا۔ اس نے اس بوڑھے آدمی سے کہا میں یہ جانتا تھا کہ تم ایک بے وقوف آدمی ہو لیکن مجھے یہ گمان نہ تھا کہ تم اتنے بے عقل ہو گے۔ آخر یہ کیسے ممکن ہے کہ تم اپنی کھدائی کے ذریعے ان اُونچے اُونچے پہاڑوں کو یہاں سے ہٹادو گے۔

بوڑھے آدمی نے نہایت سنجیدگی کے ساتھ جواب دیا: تمہارا کہنا درست ہے۔ لیکن اگر میں مرگیا تو میرے بیٹے اس کو کھودیں گے۔ ان کے مرنے کے بعد ان کے بیٹے، پھر ان کے مرنے کے بعد ان کے بیٹے اس طرح کھدائی کا یہ سلسلہ ہمیشہ جاری رہے گا تم جانتے ہو کہ پہاڑ آئندہ زیادہ بڑے نہ ہوں گے، ہر مزید کھدائی ان کے حجم کو کم کرتی رہے گی، اس طرح آج کے دن نہیں تو اگلے دن یہ مصیبت ہمارے گھر کے سامنے سے ختم ہوچکی ہوگی۔ یہ کہانی بڑی خوبصورتی کے ساتھ یہ بتارہی ہے کہ بڑی کامیابی کے لئے بڑا منصوبہ درکار ہوتا ہے۔ اگر آپ اس دنیا میں کوئی بڑی کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو بڑے منصوبے کے لئے بھی تیار رہنا چاہیئے اور ان تمام تقاضوں کو پورا کرنا چاہیے، جو ایک بڑے منصوبے کو مسلسل چلانے کے لئے ضروری ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ مسائل کے مقابلے میں ان کے حل کی طاقت زیادہ ہوتی ہے، مسائل ہمیشہ محدود ہوتے ہیں اور ان کا حل لامحدود، اگر آپ حل کی اس اسکیم کو نسل در نسل چلاسکیں تو آپ ہر پہار کو کاٹ سکتے ہیں اور ہر دریا کو عبور کرسکتے ہیں، جو شخص لگاتار عمل کرنے کے لئے تیار ہو اس کے لئے کوئی پہاڑ پہاڑ نہیں اور کوئی دریا دریا نہیں۔

جس نے آزمایا خوشحال ہوگئی!
خاوند کی گالیوں اور مار کٹائی سے تنگ خواتین کیلئے ایسا
آسان اور آزمودہ عمل ''جنوری 2018ء'' میں ملاحظہ کیجئے

پیشاب کی تمام شکایات کا حل: مولی کے مسلسل کھانے سے پیشاب کا رک رک کر آنا' جل کر آنا' کم آنا یا قطرہ قطرہ آنا یہ تمام شکایات دور ہوجاتی ہیں۔

بڑھتی طلاقیں' خدارا بچوں کیلئے خود کو بدل لیں!

عثمان انور' لاہور

ہمیں آج ایسے والدین سے مکالمہ کرنا ہے کہ بکھرے ہوئے گھرانے کے بچے جب عمر کے ایک خاص حصے خصوصاً بلوغت کی عمر کو پہنچتے ہیں تو دوسرے مطمئن گھرانوں اور والدین کی شفقتوں سے معمور خاندانوں سے اپنی محرومیوں کا موازنہ کر کے پریشان ہوتے ہیں۔

یہ آج کی بات نہیں، کہتے ہیں شادی ہمیشہ ہی سے جوا تھی، ہوتا دراصل یہ ہے کہ میاں بیوی بھی وقت اور تجربے کے ساتھ ساتھ بدلتے اور 'بڑے' ہوتے ہیں۔ یہ صرف طلسماتی اور تصوراتی کہانیوں کا انجام ہوتا ہے کہ ''پھر وہ ہنسی خوشی رہنے لگے۔'' بدلتی ہوئی زندگی، معاشی وتہذیبی ٹکراؤ، ثقافتی وتعصباتی طرزِ فکر بھی شادی ٹوٹنے اور گھر کے بکھرنے کی وجوہات ہوسکتی ہیں۔ شادی کی کوئی گارنٹی نہیں دے سکتا کہ اسکی کامیابی کی عمر کس قدر طویل ہوسکتی ہے۔ یہ کتنی پائیدار اور محبت بھری ہوگی یا چند برسوں میں طلاق کی شرح بڑھ گئی ہے۔ یہی وجہ کہ فیملی کورٹوں میں ہزاروں مقدمات، بچوں کی سرپرستی اور عدالت سے متعلق فیصلوں کے منتظر ہیں۔ گھر کے بکھرنے اور خاندان کے منتشر ہوجانے کا مسئلہ کہاں سے شروع ہوتا ہے؟ جب آپس میں افہام وتفہیم کا رشتہ نہیں رہتا۔ عدم اعتماد، برداشت شخصیتوں، مزاجوں اور تربیت میں طبقاتی تفریق یہ سب ایسے مسائل ہیں جو ترقی یافتہ معاشرے میں عام ہوتے جارہے ہیں۔ شوہروں نے بیویوں اور بیویوں نے بھی شوہروں سے غیرضروری توقعات اور خواہشات کی تکمیل کی ایک لمبی فہرست ترتیب دے رکھی ہے۔ دونوں اطراف کے والدین نے بھی مسائل کو سلجھانے میں ثالث کا کردار بخوبی انجام دینا چھوڑ دیا ہے۔ بزرگوں کے تعصباتی فیصلوں سے تعلق استوار کئے رکھنے کی کوئی صورت نہیں نکلتی۔

اگر فریقین باہمی مفاہمت اور رواداری سے کام نہیں لیتے تو ضروری نہیں کہ وہ بچے کی ذمہ داری کا احساس بھی کریں۔ ایسے بہت سے خودغرض والدین موجود ہیں جو بچوں کی خاطر سمجھوتہ نہیں کرتے۔ کچھ مرد لڑکوں کی سرپرستی اور تحویل پر زور دے کر لڑکیوں کو ماؤں کے ساتھ رہنے دیتے ہیں۔ کچھ اولاد سپرد کر کے اپنی جذباتی ضرورتوں کی تکمیل کرنے کیلئے الگ ہوجاتے ہیں اور فی زمانہ ایسی ماؤں کی بھی کمی نہیں جو شیرخوار بچوں کو چھوڑ کر نئی بیاہتا زندگی گزارنے لگتی ہیں۔ اس پورے منظرنامے میں بچوں کا متاثر ہونا فطری امر ہے۔ بچے کو مجبوری سمجھنا یا اس کی تحویل کے لیے عدالت سے رجوع کرنا اس کی شخصیت کو مسخ کرتا ہے۔ یہ شاید خودغرض افراد نہیں جانتے، انہیں بچے کے ذہن میں 'بھرپور ومکمل خاندانی زندگی اور گھر پیارا گھر' کے تصور اور جنت ارضی کی حقیقت کا پتا ہی نہیں۔ وہ اپنے تلخ تجربوں اور بداخلاقی کے مظاہروں سے اُس بت کو توڑ دیتے ہیں، جس کے بعد نہ تو لہجوں میں محبت کی چاشنی رہتی ہے، نہ نگاہوں میں رشتوں کی عزت اور احترام ہی باقی رہتا ہے۔ ہمیں آج ایسے والدین سے مکالمہ کرنا ہے کہ بکھرے ہوئے گھرانے کے بچے جب عمر کے ایک خاص حصے خصوصاً بلوغت کی عمر کو پہنچتے ہیں تو دوسرے مطمئن گھرانوں اور والدین کی شفقتوں سے معمور خاندانوں سے اپنی محرومیوں کا موازنہ کر کے پریشان ہوتے ہیں۔ اُن کے ذہنی تفکرات کا اثر عمومی صحت پر پڑتا ہے۔

معاشرے میں کئی گھرانے ایسے بھی موجود ہیں جنہیں خراب خانگی زندگی پر مشتمل کہا جاسکتا ہے۔ جہاں دن رات میاں بیوی اپنے اختلافات کو زیربحث لاتے ہیں۔ بداخلاقیوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے چیختے چلاتے ہیں۔ اپنی اناؤں کے ٹکراؤ اور اختلافات کا اظہار بچوں کے سامنے کرتے ہیں، تب بھی بچوں کی شخصیت مسخ ہوتی ہے اور محبت بھرے رشتوں سے اُن کا اعتبار اُٹھتا چلا جاتا ہے۔ وہ سوچتے ہیں کہ کیا ہم کبھی مل جل کر نہیں رہ سکتے؟ یا کبھی ہم اچھی طرح بھی رہتے تھے۔ اگر ماں مدبر نہ ہو اور وہ نباہ کرنا نہ چاہتی ہو تو ایسے گھرانوں میں بچے روتی ہوئی ماں اور چیختے چلاتے باپ سے ایک ہی سبق لیتے ہیں اور وہ ہوتا ہے بدتمیزی، تشدد اور عدم مفاہمت کا، کیا آپ ایسی بری خانگی زندگی کا تصور کرسکتے ہیں، جہاں رشتوں کا احترام کوئی معنی نہ رکھتا ہو۔ کیا آپ اپنی انا اور خودغرضی میں بچوں کو کھودینا پسند کرسکتے ہیں۔ ذرا سوچ لیں کہ مختصر سی زندگی میں کتنے نقصانات اور خسارے جھیلے جاسکتے ہیں۔

بچے معصوم ہوتے ہیں۔ وہ عمر کے اس حصے میں یہ فیصلہ کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے کہ انہیں والدین میں سے کسی ایک کا انتخاب کن بنیادوں پر کرنا ہے۔ وہ طلاق کی اہمیت جانتے ہیں، نہ انہیں مذہب اور معاشرے کے ضابطوں اور قوانین کا علم ہی ہوتا ہے۔ وہ شروع شروع میں ہی تصور بھی نہیں کرپاتے کہ والدین الگ بھی رہ سکتے ہیں یا اُن کے سامنے بچوں کی حیثیت ثانوی بھی ہوسکتی ہے۔ بچوں کی شخصیت پر بکھرے ہوئے خاندان کے کبھی اچھے اثرات مرتب نہیں ہوتے۔ یہ بات والدین کو سمجھ لینی چاہیے مثلاً اگر کسی بچی کو ایسے والدین سے سابقہ پڑجائے تو اس کی جذباتی اور نفسیاتی دنیا میں تہلکہ مچے گا۔ وہ اندر اور باہر کہاں کہاں سے نہیں ٹوٹے گی؟ ایسی صورت میں کہ جب اسے حقیقی ماں یا باپ کے ساتھ ساتھ کسی سوتیلی ماں یا باپ کے ساتھ زندگی گزارنی پڑے تو نئے مسائل سامنے آسکتے ہیں۔ ممکن ہے کہ وہ ناپسند کی جائے، اُسے قبول نہ کیا جائے۔ نئے خاندان میں اس کے رشتے استوار نہ ہوسکیں۔ بیٹا ہے تو اسے بھی ایسے مسائل سے نبٹنا پڑسکتا ہے۔ بچپن میں معصومانہ خواہشوں کی تکمیل نہ ہو تو بھی شخصیت کے پروان چڑھنے میں محرومیوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ جس بچے کی شخصیت کی تعمیر میں توازن اور تربیت نہ ہو، اس میں انتقامی جذبے پنپنے لگتے ہیں، وہ ساتھیوں پر تشدد کرسکتا ہے، زبانی بدکلامی کرسکتا ہے۔ یہ معاندانہ رویے اس کی بکھری ہوئی شخصیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ لیکن بہت سے سوالوں کا جواب اتنی کم عمری میں نہیں ملتا۔ والدین کو اپنی زندگیوں میں بچوں کے لیے اتنا وقت ضرور نکالنا چاہیے کہ وہ انہیں بہتر حال اور اچھا مستقبل دے سکیں اور صرف روپے پیسے سے ہی ان کی ضروریات نہ پوری کریں۔ انہیں جذباتی سہارا بھی دیں، مثلاً ایک بچہ باپ کی انگلی تھامے پہلے دن اسکول جانا یا سڑک پار کرنا اپنے لیے بہترین تفریح یا جذباتی ضرورت سمجھتا ہے۔ اس سے اسے نفسیاتی تسکین اور خوشی ملتی ہے۔ جو اسکی شخصیت کے خلا کو پُر کردیتی ہے۔ اسی طرح ماں کے ساتھ کوئی نہ کوئی جذباتی وابستگی کی مثال دے جاسکتی ہے لیکن اس صورت میں جب دونوں میں سے کوئی ایک فریق موجود نہ ہو تو کیا ہوگا؟ یہ کمی محرومی کی جو شکل اختیار کرے گی، اس کا تدارک کیسے ممکن ہے۔ ایسے جذباتی نقصانات بچے کو تن تنہا جھیلنے پڑتے ہیں، جس سے اس کی تعلیمی کارکردگی خراب ہوتی ہے۔ وہ دوستوں میں اپنی مقبولیت کھوسکتا ہے اور اس کی ذاتی زندگی اتھل پتھل ہو کر رہ جاتی ہے۔ نفسیاتی ماہرین کے خیال میں بچے عمر کی پختگی کو پہنچ کر والدین کے بجائے دیگر متعلقین کو اس سارے جھگڑے کی جڑ سمجھتے ہیں یا کسی ایک فریق سے نفرت کرنا شروع کردیتے ہیں۔ اس سے قطع نظر ممکن تو یہ بھی ہے کہ ایسا کچھ غلط نہ کریں اور والدین کی امنگوں یا ضرورتوں کا احساس کرلیں۔ خود اپنا خیال رکھنا شروع کردیں اور زندگی کو ناکامی سے تعبیر کرنے کے بجائے صحت مندانہ خطوط پر گزارنا شروع کردیں۔ لیکن کوئی بچہ ایک دن میں بڑا اور ذمہ دار رکن نہیں بن سکتا۔ اے والدین حضرات وخواتین اپنی زندگیوں کو طلاق جیسی سنگین شکل تک لاتے لاتے ان معصوموں پر ضرور نظر رکھیں، جن کا کوئی قصور نہیں کہ وہ آپ کے گھر میں پیدا ہوئے۔

دنیا کی محبت میں گرفتار توجہ فرمائیں! جو شخص دنیا کی محبت میں گرفتار ہو وہ کثرت سے اسم الٰہی یَاقَہَّارُ پڑھے تو ان شاء اللہ دنیا کی محبت اس کے دل سے دور ہو جائیگی اور خدا کی محبت پیدا ہو جائیگی۔

حسین ہونے کیلئے ان اصولوں کا جاننا انتہائی ضروری ہے!

(زونیرہ (زوبی) راولپنڈی)

بہت سی خواتین سمجھتی ہیں کہ اگر وہ اپنی جلد کے اوپر خلیوں کو رگڑ کر اتار پھینکیں تو نیچے سے زیادہ صحت مند اور خوبصورت جلد برآمد ہو گی۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ عمل جلد خود انجام دیتی ہے تاہم یہ ممکن ہے کہ ہفتے میں ایک بار ہلکا غیر کھردرا فیشل اسکرب استعمال کرنے سے جلد زیادہ ہموار محسوس ہو۔

اپنی جلد کو ہر قسم کے نقص اور عیب سے پاک رکھنے کی دھن میں بہت سی خواتین ایسی عادات اپنا لیتی ہیں جو مسائل حل کرنے کے بجائے مزید مسائل پیدا کر دیتی ہیں۔ ان بہنوں کیلئے اچھی خبر یہ ہے کہ وہ جلد کی دیکھ بھال کے چند آزمودہ طریقوں پر عمل کر کے ان نقصانات سے خود کو محفوظ رکھ سکتی ہیں۔ **حد سے زیادہ موئسچرائز کرنا:** ڈاکٹروں کے مطابق بہت سی خواتین کو یقین ہوتا ہے کہ اگر انہوں نے موئسچرائزر استعمال نہ کیا تو ان کی جلد پر قبل از وقت جھریاں پڑ جائیں گی؟ اس ڈر سے وہ بے تحاشا موئسچرائزر استعمال کرتی ہیں' چاہے وہ چکنی جلد کی مالک ہی کیوں نہ ہوں' حقیقت یہ ہے کہ موئسچرائزر جھریاں پڑنے سے نہیں روک سکتے البتہ یہ ممکن ہے کہ ان کے نمودار ہونے میں کمی ہو جائے۔ (بعض موئسچرائزر میں سن اسکرین ہوتا ہے جو واحد مستند جھریاں روکنے والا عنصر ہے) مسئلہ یہ ہے کہ موئسچرائزر' خصوصاً گاڑھے موئسچرائزرز چکنی جلد کے مسام بند کر سکتے ہیں جن کا نتیجہ کیل (وائٹ ہیڈز) کی صورت میں نکل سکتا ہے۔ حد سے زیادہ موئسچرائزنگ کا نتیجہ Seborrheic Darmatitis نامی بیماری کی شکل میں نکل سکتا ہے جس میں چکنائی پیدا کرنے والے غدود سوزش کا شکار ہو جاتے ہیں اور جلد سے چھلکے اور پیڑیاں اترنے لگتی ہیں۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ یہ خشکی ہے لہٰذا وہ موئسچرائزر کا استعمال مزید بڑھا دیتے ہیں۔ نتیجتاً جلد کی حالت خراب سے خراب تر ہوتی جاتی ہے۔ ڈاکٹروں کے مطابق ایسی خواتین کو چاہیے کہ ہر قسم کی کریم یا لوشن سے دور رہیں۔ اگر آپ کی جلد پر ایکنی کثرت سے نمودار نہیں ہوتی تو موئسچرائزر شاید کوئی نقصان نہ پہنچائے لیکن اگر آپ کی جلد ذرا بھی چکنی ہو تو اس کے استعمال سے گریز کریں۔ **اضافی آئی کریم:** گاڑھی آئی کریم اور دیگر چکنی کاسمیٹکس مثلاً پٹرولیم جیلی یا کنسیلرز کے استعمال سے چھوٹے چھوٹے مفید مسے پیدا ہو سکتے ہیں جو تیس سے چالیس سال کی خواتین میں عام ہوتے ہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق اگر آپ کریموں کا استعمال ترک کر دیں تو مسے خود بخود غائب ہو سکتے ہیں۔ اگر غائب نہ ہوں تو ماہرین جلد انہیں تلف کر سکتے ہیں۔ پلکوں کی جلد کو قطعاً کسی قسم کی کریم کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ وہاں چکنائی پیدا کرنے والے غدود کی بہتات ہوتی ہے۔ آپ شاید خشکی محسوس ہونے پر آنکھوں کے نیچے جلد پر ہلکی کریم استعمال کرنا چاہیں لیکن اس سے آنکھوں کے گرد موجود باریک لکیروں پر کوئی فرق نہیں پڑے گا وہ خشکی کی وجہ سے نہیں دھوپ اور عمر میں اضافہ سے نمودار ہوتی ہیں۔ **غلط کلینزنگ:** عام خیال ہے کہ قیمتی کلینزنگ کریمیں اور ملکس جلد کی صفائی کے صابن سے زیادہ بہتر ہیں بعض کلینزرز استعمال میں بہتر محسوس ہوتے ہیں اور آپ نے چکنائی پر مشتمل میک اپ کر رکھا ہو تو شاید آپ کو ان کی ضرورت بھی ہو لیکن کریمی کلینزر سے چکنے باقیات باقی رہ سکتے ہیں جو کیل اور پمپل یا وائٹ ہیڈز اور بلیک ہیڈز کا سبب بن سکتے ہیں لہٰذا یہ یقین کر لیں کہ نیم گرم پانی سے چہرہ تب تک دھوتے رہیں جبکہ کلینزر پوری طرح صاف نہ ہو جائے۔ ماہرین جلد متفق ہیں کہ کم تیزابیت والا صابن یعنی مائلڈ سوپ بہترین کلینزر ہوتا ہے اور یہ محض وہم ہے کہ صابن جلد کو خشک کرتا ہے۔ ڈاکٹروں کے مطابق یہ ممکن ہے کہ صابن جلد کی سطح کی کچھ چکنائی دور کر دے اور عارضی طور پر جلد کا ph بیلنس تبدیل کر دے جس کے نتیجے میں جلد پندرہ یا بیس منٹ تک کھنچی کھنچی محسوس ہو لیکن وہ بہت جلد نارمل ہو جاتی ہے اگر آپ کو کھچاؤ سے الجھن محسوس ہو تو جلد کو تھپتھپا کر خشک کریں اور ٹی زون (پیشانی' ناک اور ٹھوڑی جہاں چکنائی پیدا کرنے والے غدود زیادہ تعداد میں موجود اور زیادہ فعال ہوتے ہیں) سے باہر ہلکا سا موئسچرائزر لگائیں۔ **ضرورت سے زیادہ رگڑائی:** بہت سی خواتین سمجھتی ہیں کہ اگر وہ اپنی جلد کے اوپر خلیوں کو رگڑ کر اتار پھینکیں تو نیچے سے زیادہ صحت مند اور خوبصورت جلد برآمد ہو گی۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ عمل جلد خود انجام دیتی ہے تاہم یہ ممکن ہے کہ ہفتے میں ایک بار ہلکا غیر کھردرا فیشل اسکرب استعمال کرنے سے جلد زیادہ ہموار محسوس ہو۔ مسئلہ وہاں یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب اسکربنگ یعنی رگڑائی میں انتہا پسندی سے کام لیا جائے بہت سی خواتین تو اتنے کھردرے اسکرب یا برش استعمال کرتی ہیں کہ ان کے گال سرخ اور چھلکے دار دکھائی دیتے ہیں جو باریک خراشوں کا نتیجہ ہوتا ہے۔ بہت سی خواتین جن کے چہرے پر اکثر ایکنی پمپل نکلتے ہیں وہ سمجھتی ہیں کہ یہ ناکافی صفائی کا نتیجہ ہے' لہٰذا وہ روزانہ چہرہ رگڑتی ہیں اور ان کی جلد جلن اور سوزش کا شکار ہو جاتی ہے۔ اگر آپ کی جلد غیر معمولی حساس ہو اس حد تک کہ تولیہ رگڑنے سے بھی سرخ ہو جائے' تو اسکربنگ سے مکمل پرہیز کریں۔ **بھاپ سے صفائی:** عام خیال کے برعکس بھاپ آپ کے چہرے کے مسام نہیں کھولتی یہ درحقیقت جلد کی اوپری سطح کے خلیوں میں حدت پیدا کر کے مساموں کو پھلا کر بند کر دیتی ہے۔ بھاپ سے پمپل مزید خراب ہو جاتے ہیں (یہی وجہ ہے کہ گرم اور مرطوب موسم میں بگڑے ہوئے ایکنی پمپل پھٹ جاتے ہیں) اگر آپ کے چہرے پر ایکنی نہیں ہیں تو بھاپ سے جلد کو نقصان نہیں پہنچے گا لیکن کوئی فائدہ بھی نہیں ہو گا۔ **ماسک کا غلط استعمال:** زیادہ تر ماسک بے ضرر ہوتے ہیں تاہم بعض پریشان کن بھی ثابت ہو سکتے ہیں۔ جیل ماسک سے پرہیز کریں جو خشک ہو کر سخت ہو جاتے ہیں اور انہیں چھیل کر اتارنا پڑتا ہے۔ جیل کے ننھے ننھے ذرات مساموں میں پھنسے رہ سکتے ہیں۔ وہ چکنائی پیدا کرنے والے غدود کا منہ بند کر کے تباہ کن صورتحال پیدا کر سکتے ہیں۔ غدود اپنا کام تو کسی نہ کسی طرح مکمل کریں گے ہلکے ماسک جنہیں دھو کر صاف کیا جا سکے عموماً مسائل پیدا نہیں کرتے۔ اگر آپ کو ان کے استعمال کے بعد اپنی جلد بہتر لگے تو آپ انہیں اپنا سکتے ہیں۔ بس اتنا خیال رہے کہ انہیں اچھی طرح دھو کر چہرے سے صاف کرنا ہے۔ **طاقتور جلدی ادویات:** جلدی امراض سے چھٹکارا پانے کیلئے بعض خواتین انتہائی طاقتور ادویات مثلاً 10 فیصد بینزوئل آئل پر آکسائیڈ خرید لیتی ہیں۔ نتیجہ یہ کہ ان کی جلد سرخ ہو جاتی ہے اور سخت جلن محسوس ہوتی ہے۔ بینزوئل پر آکسائیڈ اچھی پراڈکٹ ہے لیکن کافی تیز اثر بھی ہے۔ اسے تیز طاقت میں اسی صورت میں استعمال کریں اگر آپ کی جلد چکنی ہو کیونکہ چکنائی جلن سے بچاؤ فراہم کرتی ہے۔ بہتر یہ ہے کہ کم طاقت (2.5 سے 5 فیصد) سے ابتداء کی جائے اور رفتہ رفتہ طاقت بڑھائی جائے۔ ایک اور عام غلطی دوا کو طویل عرصہ تک مسلسل استعمال کرنا ہے۔ اگر میڈیکل اسٹور سے خریدی گئی دوا چند ہفتوں میں عام ایکنی کا صفایا نہ کرے تو ماہر جلد سے فوری رابطہ کریں۔ اس طرح کی ادویات سرخ ابھرے ہوئے دانوں یا جلد کے نیچے موجود مسوں پر کارگر نہیں ہوتیں' ان کیلئے ڈاکٹر کی تجویز کردہ اینٹی بائیوٹکس درکار ہوتی ہیں۔ **نوچنے اور دبانے کی عادت:** کیل' ایکنی یا کسی اور قسم کے دانے کو نوچنا یا دبانا انفیکشن کا سبب بن سکتا ہے اوپری حصے کو نوچ کر یا دبا کر آپ اس کے بیرونی نقصان دہ مواد کو اندر دھکیل دیتے ہیں۔ اگر آپ اسے نہ چھوئیں تو عموماً وہ زیادہ جلدی زائل ہو جائے گا۔

شیخ الوظائف کے علاج سے گھریلو الجھنیں کیسے ختم ہوئیں؟ (قسط نمبر 9)

پائی پائی کا محتاج تھا شیخ الوظائف کے بتائے عمل سے خوشحال ہوگیا

کالا جادو بندش نظر بد سفلی عمل اور گھریلو الجھنوں کا ڈسا شیخ الوظائف کی خدمت میں حاضر ہوا بغیر نذرانہ شکرانے کے روحانی علاج ہوا دکھ سے سکھ کا یہ سفر اس کی زبانی سنیئے!

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو صحت' لمبی عمر' ایمان پر استقامت اور جزائے خیر دے جو نیک کام آپ نے شروع کر رکھا ہے اور جو مجھ سمیت تمام عالم کو فیض مل رہا ہے میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو جنت الفردوس میں امام الانبیاء خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی غلامی عطا فرمائے۔ آمین!

میں آپ سے رابطہ میں رہنے کیلئے خط لکھتی رہتی ہوں۔ ماہنامہ عبقری' تسبیح خانہ اور آپ کے بتائے وظائف پڑھنے کی وجہ سے میرے معمولات میں زمین آسمان کا فرق آ گیا ہے پہلے ٹی وی ڈرامے' فلمیں دیکھتی تھی' تمام خاندان میں میرا فیشن سب سے اعلیٰ ہوتا تھا اور میری تقلید کی جاتی تھی لیکن شیخ الوظائف کے درس سننے (تقریباً عبقری سے جڑے مجھے ابھی صرف چھ ماہ ہی ہوئے ہیں) کے بعد دروس اور شیخ الوظائف کے بتائے وظائف نے مجھے بدل کر رکھ دیا ہے۔ اب فیشن کی جگہ حجاب اور ہر وقت دوپٹہ نے لے لی ہے' ٹی وی بالکل بند' اپنے بچوں کو مسنون دعاؤں پر لگا دیا ہے' نماز پنجگانہ' تہجد' اوابین' حم لا ینصرون ایک تسبیح آپ کا تصور' عبقری کا تصور کر کے دم کرتی ہوں۔ تین تسبیحات اور مراقبہ کرتی ہوں اپنے اور سارے بچوں کی طرف سے روحانی غسل کرتی ہوں۔ شیخ الوظائف کے بتائے اعمال یاحفیظ یاسلام صبح و شام گیارہ مرتبہ' حاجت اور سورۂ یٰسین کے نوافل پڑھتی ہوں' برکت والی تھیلی اور روحانی عطر سے برکات حاصل کر رہی ہوں۔ چالیس مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر تیل اور پانی پر دم کرتی ہوں اور تمام گھر والے اور بچے یہی پانی پیتے ہیں۔ 129 مرتبہ سورۂ کوثر صبح و شام پڑھتی ہوں' عبقری رسالہ پڑھتی ہوں۔ اب تو بہت سے لوگوں کو ان کے مسائل میں وظیفے بتاتی رہتی ہوں۔ تمام امت مسلمہ کیلئے دعا کرتی ہوں اور تمام فوت شدگان کو پڑھ کر ہدیہ کرتی رہتی ہوں۔ لائیو درس سنتی ہوں' میں نے آپ سے اپنے گھریلو مسائل' لڑائی جھگڑے' مار پیٹ' بیماری' کاروباری زوال کے سلسلے میں آج سے تقریباً دو مہینے پہلے خط لکھا تھا۔ آپ نے مجھے اذان اور اُحسبتم کا وظیفہ ہر دو گھنٹے بعد کرنے کا بتایا تھا۔ اب تقریباً تین ماہ ہونے والے ہیں اب کے اور اس وقت کے حالات میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ شوہر کا رویہ بھی میرے ساتھ بہت بہتر ہے۔ بیماری کا تو نام و نشان نہیں' کاروبار حالات بہت بہتر ہو گئے ہیں۔ ہمارا پولٹری کا کاروبار ہے پہلے گاڑیوں کے حادثات بہت ہوتے رہتے تھے' دوسرے شہروں سے ہمارا مال آتا ہے راستے میں کبھی پوری گاڑی الٹ جاتی تھی اور کبھی کئی کئی دن خراب رہتی تھی۔ لاکھوں کا نقصان ہو جاتا تھا لیکن ماشاءاللہ اب کاروبار بہت بہتری کی جانب گامزن ہے۔ ایک خاص بات وظیفہ کے دوران مجھ پر دباؤ بہت رہا' نماز میں غلط تصورات' ہر وقت سر میں درد اور ایسا لگتا تھا کہ میرے دماغ میں کوئی گھسا ہوا ہے اور بعض اوقات ایسا لگتا تھا کہ کوئی بول میرے ذہن میں ڈال دیا گیا ہے اور مجھے بولنے پر مجبور کیا جا رہا ہے مگر میں نے لاکھ حالات کی خرابی کے باوجود وظیفہ نہ چھوڑا' میں اللہ تعالیٰ سے رو رو کر دعائیں کرتی تھی کہ یااللہ میرے منہ سے کوئی شرک کا بول نہ نکل جائے لیکن شکر ہے اب اس کیفیت میں بہت فرق اور بہتری ہے۔ (س۔ق، لاہور)

گردش ایام نے گھیرا' دبوچا اور کہیں نہ چھوڑا مگر

محترم جناب شیخ الوظائف السلام علیکم! میری تعلیم ایف اے ہے' کئی وزیروں' اعلیٰ افسران کا پرائیویٹ سیکرٹری رہا' سعودی عرب میں ایک معروف شیخ کا بھی سیکرٹری رہا' زندگی کا وسیع تجربہ رہا' آخر میں لاہور میں ایک بڑی کنسٹرکشن کمپنی میں پرچیز اور ایڈمن منیجر رہا۔

بس گھر بنا بیٹھا جو پیسہ تھا لگا دیا اور مقروض ہو گیا گردش ایام تاک میں تھی اس نے آ گھیرا' کمپنی کے پاس کوئی نیا پراجیکٹ نہ تھا دھڑے سے نوکری چھوڑ کر گھر آ گیا' پھر الرجی کی بیماری نے آ پکڑا' آمدنی کا کوئی ذریعہ نظر نہ آیا ایک سال تک آسمانی پنگوڑے پر چڑھ گیا زمین سے آسمان اور آسمان سے زمین دیکھ رہا تھا۔ اچانک ایک دوست کے گھر گیا' وہاں عبقری رسالہ جو اس کی بوڑھی والدہ پڑھ رہی تھیں اٹھا لایا' اس کی والدہ نے لرزتی اور کانپتی آواز میں کہا بیٹا! آپ کے تمام مسائل اس سے حل ہو جائیں گے' میری بیگم اور میں نے وہ پڑھا اور آئندہ جمعرات تسبیح خانہ درس میں پہنچ گئے' چھ ماہ تک مسلسل ہم نے بلاناغہ درس سنا۔ ''میرا رب سچا' اس کا کلام سچا' اس کا نبی ﷺ سچے'' شیخ الوظائف کے یہ وہ الفاظ تھے جنہوں نے مجھے کی بلندیوں پر پہنچا دیا۔ پھر میں نے شیخ الوظائف کا بتایا ایک وظیفہ شروع کیا اور اتنا پڑھا اتنا پڑھا اور اتنا پڑھا کہ بیت الخلاء میں بمشکل میں اپنے آپ کو روک پاتا اور بالآخر میرے کام سیدھے ہونا شروع ہو گئے۔ شیخ الوظائف کے بتائے وظیفہ کے پڑھنے سے پہلے جہاں جاتا تھا لوگ کہتے تھے بھائی اب ستر سال کی عمر میں کیا نوکری کرو گے' وظیفہ کے بعد وہی لوگ کہتے تھے ہمیں آپ جیسا جہاں دیدہ اور تجربہ کار بندہ چاہیے' ایک شوروم پر میں منیجر رہا اس شخص نے تو حد ہی کر دی لوگوں سے میرا تعارف کرواتے وقت کہنا شروع ہو گیا تھا یہ شخص ہمارا باپ ہے' میں بڑا شرمندہ ہوا' سوچا وظیفے کی تعداد کچھ کم کرتا ہوں اثر کچھ زیادہ ہی ہو گیا ہے۔ کئی جگہوں سے نوکری کی آفریں آنا شروع ہو گئیں پھر دو جگہ نوکری کی اور چھوڑ دی' اوقات کار زیادہ تھے اور اب جہاں سے اصل جگہ سے چھوڑ کر آیا تھا اس کمپنی نے مجھے اچھی سیلری پر بلایا اور منتیں کر کے بلایا۔ بینک میں جو رقم رکی ہوئی تھی کچھ مل گئی اور بیماری نے جان چھوڑ دی' گھر کا اوپر والا پورشن کرائے پر چڑھ گیا نیک اور نمازی لوگ آ گئے اللہ کریم نے جیسے ہر کام میں برکت ڈال دی' یکدم قرض اترنا شروع ہو گیا۔ میرے جذبے نے جوش مارا اور میں نے جنونی انداز میں لوگوں کو بتایا شروع یا میرا شعبہ ایڈمنسٹریشن ہے اور میں اچھا بولتا ہوں اور لوگ سنتے ہیں' لوگوں کو وظائف بتاتا ہوں' صدقہ جاریہ بھی ہے' لوگ کہتے ہیں تم نے عبقری کی برانچ کھول لی ہے اب بڑے فون آتے ہیں کہ کس طرح پڑھنا ہے اور پڑھنے سے کیا کیا فرق پڑا ہے۔

شیخ الوظائف آپ نے بڑی محنت' مشقت پیسہ لگا کر زندگی لگا کر ریسرچ کی ہے اور دکھی انسانیت کی خدمت کی ہے۔ مصیبت زدہ لوگوں کو رب کعبہ کی طرف لگا دیا ہے اور نبی ﷺ کی خدمت میں لے آئے ہیں اللہ ہی اس کا اجر دے گا اور آپ کا حامی و ناصر ہو گا۔ میں تو دیوانہ وار لوگوں کو کہتا ہوں تسبیح خانہ کی دیواروں کو ہاتھ لگا کر منہ پر لگا لو کسی کام میں شکست نہ ہو گی اور کئی لوگوں نے مجھے بتایا کہ ہم نے وضو خانہ کی ٹونٹیوں سے بوتل بھر کر مریضوں کو پلایا جو صحت یاب ہو گئے یہ باتیں صرف اور صرف یقین کرنے پر ہوتی ہیں۔ ہم گھر میں خصوصی دعا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ آمین! شیخ الوظائف نے مجھے جو وظیفہ بتایا وہ یہ تھا:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَاءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ (رانا محمد صدیق' لاہور)

دمہ کے مریض یہ ٹوٹکہ آزمالیں! میتھی کے بیج یا پتے ڈال کر جوشاندہ تیار کرلیں اور اس میں حسب ذائقہ شہد ملا کر پینے سے دمہ کو بے حد فائدہ ہوتا ہے۔

نظر بد اور جادو جنات وغیرہ کا توڑ اور علاج

میں نے انہیں یہ عمل بتادیا' وہ غربت کی چکی میں سالہا سال سے پس رہے تھے' انہوں نے یقین توجہ اور دھیان سے یہ عمل کرنا شروع کردیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی برکت سے ان کے رزق میں برکت دے دی ہے' آج وہ خوشحال ہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک تحریر قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں۔ یقیناً قارئین اس تحریر سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے اور ماہنامہ عبقری کیلئے اپنے تجربات ضرور لکھیں گے۔

نظر بد اور جادو جنات وغیرہ کا توڑ اور علاج

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ پرنور میں ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو بہت سڈول جسم کے مالک تھے' ان کا جسم بہت خوبصورت تھا۔ ایک دن وہ بغیر قمیض کے بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے پاس سے گزرے ان کو دیکھ کر صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: میں نے اپنی زندگی میں آج تک ایسا خوبصورت جسم نہیں دیکھا۔ اتنا کہہ کر وہ چلے گئے' تھوڑی ہی دیر بعد اس صحابی کو بخار ہونا شروع ہوگیا' حالت غیر ہوئی تو دوسرے صحابہ نے لے جاکر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام قصہ بیان کیا اور یہ بھی فرمایا کہ فلاں صحابی ایسا کہہ کر گئے ہیں۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان کو نظر لگ گئی ہے' اس صحابی کو بلاؤ جس نے ایسا کہا ہے' ان کو بلایا گیا ان سے پوچھا کہ تم نے یہ کہا ہے' صحابی نے عرض کیا جی! میں نے ایسا ہی کہا تھا۔ اللہ نے نبی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابی سے وضو کروایا اور وضو کے پانی سے اس صحابی جن کو بخار ہوگیا تھا کی کمر پر ڈالا' وہ تندرست ہوگئے' نظر بد کا اثر جاتا رہا۔

ایک عربی عالم نے کتاب لکھی ہے جس میں اس نے نظر بد وغیرہ سے نجات کیلئے نسخہ تجویز کیا ہے۔ اس کتاب کا نام کا تو پتہ نہیں لیکن جس نے بتایا ہے وہ شخص قابل اعتماد ضرور ہے۔ وہ نسخہ درج ذیل ہے:۔ ایک برتن میں اتنا پانی لیں جس میں دونوں ہاتھ ڈوب جائیں پھر 1۔ سات مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ 2۔ سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ 3۔ سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں۔ 4۔ سات مرتبہ چاروں قل پڑھیں۔ 5۔ سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر اس پانی کو بالٹی میں ڈال کر مزید پانی شامل کرکے غسل کریں۔ ان شاء اللہ نظر بد کا اثر ختم ہوجائے گا بلکہ اس عمل کو ہر شخص مرد' عورت' بچہ' جوان' بوڑھا سب ہفتہ میں ایک دن ضرور کریں۔ (محمد صدیق' لاہور)

میری ساس نے غربت کی راہیں کیسے پار کیں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ عمل ہے وہ یہ کہ میرے سسرال والے بہت غریب تھے' میں نے ایک مرتبہ درس میں سنا تھا کہ برکت والی تھیلی پر 129 مرتبہ صبح اور 129 مرتبہ رات کو سورۂ کوثر پڑھ کر دم کیا جائے اور اسی میں پیسے رکھتے اور نکالتے وقت ایک وقت سورۂ کوثر پڑھ لی جائے تو رزق میں برکت ہوتی ہے۔ میں نے انہیں یہ عمل بتادیا' وہ غربت کی چکی میں سالہا سال سے پس رہے تھے' انہوں نے یقین توجہ اور دھیان سے یہ عمل کرنا شروع کردیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی برکت سے ان کے رزق میں برکت دے دی ہے' آج وہ خوشحال ہیں' وہ مجھے اور میں آپ کو ڈھیروں دعائیں دیتا ہوں۔ **بس ڈرائیور پریشان' سواریاں حیران:** اسی طرح ایک مرتبہ میں اپنے شہر سے مردان جارہا تھا' آدھے راستہ میں ڈرائیور نے بتایا کہ گاڑی میں سی این جی ختم ہوچکی ہے آپ اتر جائیں ہم آپ کو کسی دوسری گاڑی میں بٹھادیتے ہیں' میں نے اس کو کہا کہ آپ گاڑی چلائیں کچھ دور جاکر سی این جی اسٹیشن ہے وہاں سے ڈلوالیں' ڈرائیور بولا جناب سی این جی ختم ہوچکی ہے' میں نے کہا میں اعمال کرتا ہوں گاڑی چلے گی' سواریاں میری اور اس کی بات سن رہی تھیں' خیر ڈرائیور نے گاڑی سٹارٹ کی اور چلادی' میں نے سورۂ کوثر پڑھ پڑھ کر گاڑی پر دم کرنا شروع کردیا' ڈرائیور پریشان ہوگیا کہ گاڑی بغیر سی این جی کے چل رہی تھی' تھوڑی دور جاکر سی این جی سٹیشن آگیا' ڈرائیور نے پوچھنے پر بتایا کہ گاڑی چار کلومیٹر تک بغیر سی این جی کے چلی' تمام سواریاں اس عمل پر حیران تھیں۔ مزید ایک آزمودہ روحانی نسخہ میرے پاس یہ ہے کہ جب بھی کوئی آفت' مصیبت' طوفان' بارش آجائے تو میں تین مرتبہ درود تنجینا پڑھتا ہوں' اللہ کریم اس آفت کا رخ موڑ دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ سر درد' دانت درد پر ایک عالم سے ایک عمل ملا کہ جس دانت پر درد اس دانت پر انگلی رکھ کر پانچ بار سورۂ فاتحہ اور درود شریف تین بار پڑھ کر دم کریں اور اگر سر درد ہو تو بھی یہی عمل کرے۔ سر درد ہو تو ماتھے پر ہاتھ رکھ کر درج بالا تعداد میں سورۂ فاتحہ اور درود شریف پڑھنا ہے۔ ایک اور عمل میرے پیر صاحب نے بتایا تھا کہ کسی بھی موذی جانور کاٹ لے تو سات بار سانس روک کر **وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ** ﴿الشعراء:۱۳۰﴾ پڑھنے سے درد رک جاتا ہے۔ (پوشیدہ)

مرنے سے پہلے جنت

ابراہیم پاریکھ' کراچی

مولانا عبداللہ سندھی رحمۃ اللہ علیہ سکھ گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں' اللہ جل جلالہ نے ہدایت دی' مسلمان ہوگئے' پاداش میں والد نے گھر سے نکال دیا' دارالعلوم میں تعلیم کیلئے تشریف لے گئے۔ اس دوران ایک نواب صاحب کو بیٹی کے رشتے کیلئے دارالعلوم آنا ہوا' نواب صاحب مذہبی ذہن کے آدمی تھے اور مذہبی داماد چاہتے تھے اس کیلئے دارالعلوم کا رخ کیا تھا۔ وہاں شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات ہوئی' ان کے سامنے زانوئے تلمذ تھے بولے: عبداللہ پر نظر پڑی تو استاد سے کہا اس لڑکے کو داماد بنانا چاہتا ہوں' مولانا نے ان سے بات کی تو انہوں نے کہا کہ جو بڑے چاہتے ہیں ان کی رضا میں راضی ہوں' چنانچہ دو دن بعد نکاح طے پاگیا۔ اگلے دن دوستوں نے کہا کہ کل تمہارا نکاح ہے' کوئی سا سوٹ خرید لو کہنے لگے: پیسے نہیں ہیں' دوستوں نے کہا کہ پھر اس کو ہی ذرا اچھی طرح دھولو تاکہ نئے کی طرح کا معلوم ہونے لگے' فرماتے ہیں: اگلے دن صبح ہی صبح کپڑے دھو کر سکھانے لٹکا دیئے لیکن عجیب بات یہ ہوئی کہ اس دن بارش ہوگئی' عصر کے بعد نکاح تھا اور بارش تھی کہ رکنے کا نام نہ لیتی تھی۔ ظہر کے بعد مسلسل کپڑے لیے لٹھراتا رہا کہ کپڑے سوکھ جائیں۔ پھر بالآخر گیلے کپڑے ہی پہن کر نکاح کیلئے چل دیا۔ نکاح میں نواب صاحب نے پرانے اور گیلے کپڑے دیکھ کر پہچان لیا کہ نئے خریدنے کی طاقت نہ ہوگی لیکن کچھ بھی نہ کہا اور نکاح ہوگیا۔ کہتے ہیں وہ نواب صاحب کی لڑکی تھی اور میری حالت یہ تھی کہ شادی کے شروع کے ہی دنوں میں فاقوں کی نوبت آگئی۔ لیکن اس اللہ کی بندی نے اف تک نہ کی' میرے ساتھ انتہائی خوش اسلوبی کے ساتھ نباہ کیا۔ ایک سال بعد میں اس کو لے کر اس کے میکے گیا۔ اس کی والدہ نے اپنی بیٹی سے پوچھا: بیٹی! وہاں تیرا گزر بسر کیسے ہورہا ہے؟ بیٹی نے جواب دیا: امی میں نے تو سنا تھا کہ مسلمان کو جنت مرنے کے بعد ملتی ہے' مجھے تو جنت دنیا میں ہی مل گئی۔

ٹانگوں اور کمر کا درد یوں ختم جیسے کبھی تھا ہی نہیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے ایک مرتبہ آپ کے درس سے ہلدی کے فائدے سنے۔ میں کمر اور ٹانگوں کے درد سے بے حد پریشان تھی' میں نے پچاس گرام ہلدی اور پانچ گرام کچور ملا کر صبح و شام چھوٹا چمچ چائے والا دودھ کے ساتھ استعمال کیا۔ میری ٹانگوں اور کمر کا درد آج بالکل ختم ہے۔ (رضیہ)

آپ کا سوال ۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ 2۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ 3۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ 4۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ 5۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ 6۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ 7۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ 8۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

ظہور احمد شیخ' لاہور۔ لبنیٰ شمس' میرپور خاص۔ مسرت طاہرہ' لاہور۔ کامران خان' کراچی۔ سدرہ' میرپور خاص۔ مصباح' مانسہرہ۔ ر۔ک' رحیم یار خان۔ (پوشیدہ)' میلسی۔ محمد اکبر' جہانیاں۔ امیر اسلم خان' لکی مروت۔ اللہ دتہ' رحیم یار خان۔ شمیم اختر' کھن کلاں۔ نسرین یوسف' فیصل آباد۔ عاصمہ پروین' فیصل آباد۔ شاہدہ قاسم' کراچی۔ شکیلہ یاسمین' راولپنڈی۔ ڈاکٹر محمد ارشد قانی' لاہور کینٹ۔ خالد احمد خان' کراچی۔ ثمینہ' کسووال۔ افتخار احمد' رکن پور۔ ناصرہ صدیقی' کراچی۔ شاہین اختر' رکن پور۔ ساجد شوکت' ساہیوال۔ سحرش لطیف' دائرہ دین پناہ۔ محمد افضل' اسلام آباد۔ بشریٰ صابر' بہاولپور۔ شہباز عالم' لاہور۔ محمد شریف' چکوال۔ عائشہ صابر' بہاولپور۔ ن۔ ز' راولپنڈی۔ تنویر حسین' ٹیکسلا۔ امجد حسین' لاہور۔ غزالہ شبنم' بنوں۔ طلعت روبی' لاہور۔ کسز بانو' کراچی۔ عبدالحلیم' کراچی۔ ر۔ا' ہارون آباد۔ امان سہیل' راولپنڈی۔ شمسہ مریم' حویلی لکھا۔ ریحان اکرم' فیصل آباد۔ ارم' لاہور۔ شہادت علی' شیخوپورہ۔ حمیرا اختر بٹ' کویت۔ تجمل حسین' گوجرخان۔ امجد اللہ' زاہد اللہ' رابعہ کلثوم' پشاور۔ شہناز کوثر' کراچی۔ شگفتہ آصف' اسلام آباد۔ شگفتہ پروین' کروڑ لعل عیسن۔ حافظ محمد بلال' شورکوٹ۔ پروفیسر محمد یوسف' اسلام آباد۔ شاہین اختر' رکن پور۔ ثاقب نعیم' سرائے عالمگیر۔ عربینہ' پشاور۔ فہمیدہ' گوجرانوالہ۔ ضائمہ' کہوٹہ۔ نرگس' کراچی۔ فرزانہ شریف' گجرات۔ خان ملوک' کراچی۔ ناصر اقبال' کھڈیاں خاص۔ محمد علی شان' فورٹ عباس۔ صباء سلطان' فورٹ عباس۔ لیاقت نواز اعوان' ہری پور۔ ریحانہ پروین' کوٹ ادو۔ احمد اشرف' کوٹ ادو۔ ماہر شمشاد علی' کہروڑ لعل عیسن۔ تنویر حسن' کمالیہ۔ صابرہ اعجاز' ساہیوال۔ ثاقبہ' کوئٹہ۔ محمد امین' بہاولپور۔ محمد شاکر' گوجرانوالہ۔ حنیف اللہ' پشاور۔ ناظمہ خاتون' کراچی۔ وسیم جبران بٹ' لاہور۔ بسمہ اشتیاق' کراچی۔ طاہرہ یاسمین' منڈی بہاؤالدین۔ گلشن شاہین' جہلم۔ پاندھی خان' ماتلی۔ نازیہ شاہین' ہری پور۔ خوشی بی بی' ملتان۔ سید باقر شاہ بخاری' کوہاٹ۔ آصفہ نورین' صادق آباد۔ منصور احمد' سمندری۔ محمد فرحان' محمد عثمان' پشاور۔ فصیحہ یوسف' راولپنڈی۔ روبینہ ظفر' راولپنڈی۔ محمد نعیم' لالہ موسیٰ' گلزیب چکوال آمنہ' لالہ موسیٰ۔ فریحہ فاروق' خانیوال۔ رخسانہ کوثر' حسن ابدال۔ زین العابدین' راولپنڈی۔ نگہت صباء' کراچی۔ نوشین اشفاق' صادق آباد۔ ناصحہ آصف' لاہور۔ رفعت افتخار' لاہور۔ محمد شاہ پال' حتہ پانی۔ ابرار علی' راولپنڈی۔ ماہ جبین' راولپنڈی۔ شمیم' کوہاٹ۔ بشریٰ سلیم' رابعہ سلیم' لاہور۔ مصباح احمد' نوشہرہ۔ ارشد محمود' نتھیا گلی۔ قمر یونس' نتھیا گلی۔ بحرین' صوابی۔ انجمن' صوابی۔ سعدیہ ناہید' جھنگ۔ محمد اکبر' واہ کینٹ۔ محمد نواز احمد' لاہور۔ زبیدہ خانم' اسلام آباد۔ محبوب الرحمٰن' مانسہرہ۔ ہاجراں ریحان' خان پور۔ ہاجراں میمونہ لطیف' پل نادر شاہ۔ عبدالخالق' بہاولپور۔ سیما کامران' کراچی۔ خدا بخش کھوکھر' حیان پتافی۔ سید تحسین اللہ' چارسدہ۔ محمد ولید خان' مردان۔ ارشد محمود اعوان' ائی بٹ آباد' نتھیا گلی۔ مریم بی بی' پنجنند۔ محمد یٰسین' ملتان۔ سونیا' حیدرآباد۔ افتخار' کڑچھا ایبٹ آباد۔ محمد رفیق' مظفر گڑھ۔ شمیم اشتیاق' کوٹلی آزاد کشمیر۔ صفیہ مجید' چیچہ وطنی۔ منیر احمد' خانیوال۔ محمد الطاف رسول' واہ کینٹ۔ محمد امیر' پاکپتن شریف۔ رحمت اللہ' تلہ گنگ۔ محمد اکرم وٹو' بہاولنگر۔ شمس القمر' گجرات۔ سمیہ بی بی' میانوالی۔ کلثوم بی بی' شورکوٹ شہر۔ خلیل اختر' پنڈی گھیپ۔ مہناز اختر' بورے والا۔ سحر افشین' لاہور۔ شکیلہ ابرار' راولپنڈی۔ رابعہ اسحاق' وہاڑی۔ روما ستار' کراچی۔ مہوش ستار' کراچی۔ 571۔ ملک عبدالستار' وہاڑی۔ نبیل تصور' گجرات۔ صائمہ اندلیب' مظفر گڑھ۔ بشارت الملک' چکوال۔ فہیم خان' نوشہرہ۔ عطیہ یونس' ستیانہ منگلا۔ رخشندہ خالد' لاہور۔ محمد جمال الرحمٰن' لاہور۔ محمد یوسف' اسلام آباد۔ مسرت بیگم' لاہور۔ جاوید اقبال' پنڈی گھیپ۔ صبیحہ آفتاب' رسالپور۔ رقیہ زاہد' میاں چنوں۔ آنسہ مبین' جالپور جٹاں۔ محمد عمر امین خان' میانوالی۔ غلام سکینہ خان' میانوالی' شمسہ شریف' گوجرخان۔ شمیم اختر' کڑچھ۔ عزت اللہ' ڈی آئی خان۔ محمد رفیق خان' تلہ گنگ۔ خاور سلطانہ نرگس' لاہور۔ عبدالخالق' اوکاڑہ۔ نجمہ بی بی' منڈی بہاؤالدین۔ ہما' سیالکوٹ۔ سید نعمان علی عابدی' لاہور۔ محمد فرقان' واہ کینٹ۔ عبدالباسط خان' کاکول ایبٹ آباد۔ الھڈنہ سومرو' خیرپور میرس' سندھ۔ محمد رضوان' کبیر والہ۔ سجادہ سلطان' مانسہرہ۔ نابستہ سلیم' کراچی۔ عرشمان سلیم' کراچی۔ شاہدہ پروین' کراچی۔ جہانگیر' اٹک۔ پرویز اختر' راولپنڈی۔ شمامہ صابر' ٹیکسلا۔ محمد عثمان' لاہور۔ غلام مصطفیٰ' ائی بٹ آباد۔ محمد ریاض' ایبٹ آباد۔ سید سجاد حسین' راولپنڈی۔ محمد ارشد جاوید' ڈیرہ غازیخان۔ صغیر احمد عباسی' ٹنڈو الہ یار۔ ثناء' ڈھڈیال۔ نبیل ظفر' تلہ گنگ۔ شاہد محمود' بہاولپور۔ ارتقاء سلیم' کراچی۔ صائمہ جاوید' کراچی۔ گلشن آرا' بہاولپور۔ فضل حسین صدیقی' ہری پور۔ حمیدہ خاتون' خانیوال۔ امان اللہ' لاہور۔ نورالحسن رانا' کراچی۔ د۔ز' جہلم۔ فرحان' لالہ موسیٰ۔ نازیہ حسن' لاہور۔ ندا حسن' خانیوال۔ عاطفہ کنیز' سرگودھا۔ شاہدہ پروین' کراچی۔ کاشف' مظفر آباد۔ جہانزیب افضل' صادق آباد۔ افتخار احمد' منڈی فیض آباد۔ نسرین اختر' خوشاب۔ عبدالواحد' لاہور۔ محمد حبیب شیخ' حیدرآباد۔ شیراز ریاض' سیالکوٹ۔ عبدالقیوم' راولپنڈی۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں

عشاء کی نماز کے بعد جس وقت آپ تسلی سے فارغ ہوں کسی کمرے میں یا ایسی جگہ جہاں کہیں شور شرابہ اور زیادہ آوازیں نہ ہوں وہاں بیٹھیں بہتر تو یہی ہے کہ غسل کر لیں ورنہ وضو کر کے صاف ستھرا لباس پہن کر اور خوشبو لگا کر آپ مسلسل اَسۡتَغۡفِرُ اللهَ الۡعَظِيۡمُ بس یہی پڑھیں اور کچھ نہ پڑھیں۔ یہ لفظ ٹھیک ستر منٹ پڑھنا ہے اور اس تصور کے ساتھ پڑھنا ہے کہ ساری دنیا کی مخلوق زبان' بے زبان' جاندار بے جان' انسان' فرشتے' جنات کائنات کی کوئی مخلوق ہے جو میری نظر یا شعور میں ہے یا نہیں ہے وہ میری طرف سے استغفار کر رہی ہے اور ایک طرف یہ تصور اور ایک طرف یہ تصور ہو کہ میں دنیا کا سب سے بڑا مجرم ہوں اور اگر مجھے اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا تو ٹھیک ورنہ اگر معاف نہ کیا تو یہ دنیا میرے لیے جہنم اور آخرت میرے لیے جہنم بن جائے۔ ستر منٹ یہ عمل کرنا ہے' اس کے بعد اٹھ کر سو جانا ہے اور ہاں فجر کی نماز ضرور پڑھنی ہے۔ نوٹ: یہ عمل صرف طاق راتوں میں کرنا ہے' یعنی تین' پانچ' سات' نو اسی طرح دن بڑھاتے جائیں۔ کام ہونے تک عمل کریں۔

قسط نمبر 16

کھیت آباد اور مویشیوں کیلئے صدیوں پرانے تعویذ

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کیلئے اور عبقری کی پوری ٹیم کیلئے ڈھیر ساری دعائیں' آپ نے جو ''کسان دوست'' سلسلہ شروع کیا ہے وہ بہت ہی اچھا ہے۔ آپ کا شکریہ کہ آپ نے اس مسئلے پر رسالہ عبقری میں چھاپنا شروع کیا۔ ''کسان'' پاکستان کی سب سے بڑی معاشی انڈسٹری ہیں' نجانے کیوں لوگ اس سب سے بڑے شعبے کو نظرانداز کرجاتے ہیں' مگر جب سے عبقری میں کسانوں کے مسائل پر ایک مضمون لگنا شروع ہوا ہے بہت فوائد مل رہے ہیں۔

میرے پاس دو سے تین آزمودہ ٹوٹکے جو اپنے کسان بھائیوں کیلئے بھیج رہی ہوں۔ اگر مویشیوں کو پانی خراب کر جائے سردیوں میں خصوصاً' مویشی پال حضرات پانی گرم کر کے پلاتے ہیں تو مقدار میں کمی بیشی کی وجہ سے ایسا ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے ان میں یہ علامات ہوتی ہیں کہ جسم کے بال کھڑے کیے رکھتے ہیں' منہ سے پانی بہتا رہتا ہے' اصل میں ان کے پھیپھڑوں پر چھالے بن جاتے ہیں۔ جس کیلئے آسان اور میرے والدین کا آزمودہ ٹوٹکہ ہے کہ برابر کا حلوہ بنائیں یعنی ایک کلو گڑ اچھے والا' ایک کلو آٹا گندم والا اور ایک کلو گھی یا تیل میٹھا کیا ہوا تو اس کا روایتی طریقے سے حلوہ بنایا جائے جیسے اپنے کھانے کیلئے بناتے ہیں' اس کے تین حصے کر کے بڑے جانور کو کھلائیں۔ اگر جانوروں کے منہ اور پاؤں پر چھالے بن جائیں تو سرسوں کا تیل بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر صبح و شام لگائیں اور ایک پھل ہے جس کو مختلف علاقوں میں مختلف ناموں سے بیچا جاتا ہے۔ ہمارے علاقہ میں اسے ''ریڈیاں'' بھی کہا جاتا ہے جبکہ اس کا اصل نام ''خربوزہ'' ہے۔ اب تو سارا سال ہی دستیاب رہتا ہے' وہ جانوروں کو کھلانا چاہیے۔ جانور خصوصاً بکری یا بھیڑ وغیرہ اگر سوکھی روٹی یا کوئی خشک چیز بہت زیادہ کھالیں تو ان کو شکر پر لیموں اتنا نچوڑ کردیں کہ شکر تر ہوجائے کھلائیں اور پانی نہ پلائیں ان شاء اللہ پہلی خوراک سے ٹھیک ہوجائیں گے۔ جہاں جانور باندھتے ہیں اس جگہ صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ کیوں کہ صفائی کا خیال نہ رکھنے سے اس جگہ جلد ہی کیڑے پیدا ہوجاتے ہیں جو کہ مویشیوں کے پاؤں اور تھنوں کو خراب کرنے میں ذرا دیر نہیں لگاتے اور بہتر ہے کہ صفائی کے بعد وہاں پر راکھ جھاڑو سے بکھیر دیں اس سے کیڑے ہوں تو وہ جلد ختم ہوجاتے ہیں۔ گھر میں مرغیاں پال رکھی ہیں تو ان کا خاص خیال رکھیں' ان کے پنجوں اور چونچ پر تارامیرا کا تیل لگا کر رکھیں اور اگر ان کا گلا خراب ہوجائے تو ایک گولی پیراسٹامول کی کوٹ یا ٹکڑے بنا کر کھلادیں۔ ان شاء اللہ مرغی کبھی بیمار نہ ہوگی۔ (ایک بیٹی' تلہ گنگ)

چار پرچیاں' چار کیل! باغ' کھیت ہر موذی چیز سے محفوظ

قارئین! یہ تحریر اکتوبر 2017ء میں چھپ چکی ہے مگر اس کا عمل مس پرنٹ ہوگیا تھا اس لیے دوبارہ شائع کیا جارہا ہے۔

یہ عمل کسان بھائی ضرور کریں جو رات کو کھیتوں میں پانی وغیرہ لگانے جاتے ہیں یا جانوروں کے باڑوں میں کام کرتے ہیں' اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ زہریلے جانور ایسی جگہوں پر انسان یا جانوروں کو کاٹ لیتے ہیں جس سے بعض اوقات جانی نقصان بھی ہوجاتا ہے۔ چار پرچیوں پر لکھ کر کمرے یا گھر کے چاروں کونوں یا کھیت کے چاروں کونوں یا باڑے کے چاروں کونوں میں چپکا دیں' ان شاء اللہ فائدہ ہی فائدہ ہے۔

11011 V00 ۲ ا ر V۸ III ٤ II

۲ III ۲ II ۴ II رو II دواہ V دو

A00b.

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند' سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت-/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

قسط 16

سبق تازہ کرلیں!

حکیم ضیاء الرحمٰن' ملتان

اچھی صحبت میں کی گئی باتیں ہماری کمائی ہوتی ہے جو دماغ میں جگہ بنالیتی ہیں۔ حکیم فیروز الدین اجملی صاحب نے تقریباً 84 سال کی عمر پائی آج انہیں ہم سے بچھڑے تقریباً نو سال ہوئے ہیں ان کے فوت ہونے سے ایک سال پہلے کی بات ہے میرے گھر میں شام کے وقت جوانوں کا جمگھٹا تھا سب نے صلاح کی کہ صبح شکار پر چلا جائے میں نے اپنے بیٹے صبیح الرحمٰن کو بھیجا کہ جا کر دادا ابو سے درخواست کریں کہ صبح شکار پر چلنا ہے جواب آیا کہ تین ہفتے سے برانکائی ٹس میں مبتلا رہنے کے بعد اب کچھ آرام ہوا ہے میں نہ جاسکوں گا۔ میں نے چھ مرتبہ صبیح کو بھیجا اور یہی جواب ملتا رہا نویں مرتبہ میں نے کہلوایا آپ تیاری باندھ رکھیں صبح کا معاملہ صبح دیکھا جائے گا۔ صبح گھر پر ویگن آئی سب سوار ہوئے حکیم صاحب کی رہائش قریب ہی ہے وہاں ویگن روکی صبیح اور گھر میں داخل ہوئے۔ ان کے کمرے میں داخل ہوتے ہی میری اور ان کی زورآزمائی ہوئی بستر پر وہ میرے پیچھے پڑے ہوئے کہنے لگے چل رہا ہوں بھائی۔ یہ دیکھو سامان باندھ رکھا ہے میں نے اباجی کو اٹھایا اور صبیح نے ان کا بیگ اٹھایا ویگن میں بیٹھے ڈیڑھ گھنٹے بعد شکارگاہ میں پہنچے یہ آبی بٹیرے Golden snipe کا شکار تھا جو کہ پانی اور کیچڑ میں سارا دن دوڑ کر کھیلا جاتا ہے۔ شکار شروع ہوئے آدھ گھنٹہ ہوا تھا۔ ہم دونوں شکار کھیلتے کھیلتے ایک دوسرے کے قریب ہوئے تو فرمایا۔ یار وہ جو کہاوت ہے شالا کوئی کسیں دا ہووے یعنی خدا کرے کوئی کسی کا ہو۔ میں نے کہا جی۔ فرمایا وہ مجھے آج سمجھ میں آئی ہے یار میری آنکھیں کھل گئی ہیں میرے پھیپھڑے کھل گئے ہیں میں بالکل تازہ دم ہوگیا ہوں۔ اگر مجھے معاف کردیتے تو میں تو بستر میں ابھی کئی دن اور پڑا رہتا اور ابھی مزید دوائیں کھاتا۔ سچ ہے کہ میں نے تمہارے گلے میں جو جمع کیا وہ جمع پونجی میرے کام آگئی۔ کبھی آدمی اپنا کہا سنا بھول جاتا ہے لیکن کوئی یاددہانی کروادیتا ہے۔ سبق تازہ ہوجاتا ہے۔

(بقیہ: کاغذ پر دو لائنیں لگا کر استخارہ کیجئے' آزمودہ عمل)

میرا دل پڑھ رہا ہے اللہ اللہ اللہ آپ یقین جانیے قارئین کہ مجھے ایسا لگتا ہے کہ میرے دل دھڑک نہیں رہا بلکہ دل اللہ اللہ اللہ پڑھ رہا ہے اور اس عمل کی فائدے تو اتنے ہیں کہ میں بیان نہیں کرسکتا' انسان پورے کا پورا بدل جاتا ہے' ہر چیز بدل جاتی ہے' جو دعا کرتا ہے قبول ہوتی ہے' عاجزی' انکساری پیدا ہوجاتی ہے' تقویٰ پیدا ہوجاتا ہے' میں ہر نماز کے بعد اس کی مشق کرتا ہوں اور سب سے بڑی بات انسان کو کشف ہونا شروع ہوجاتا ہے صاحب کشف بن جاتا ہے اور میں ہر وقت ذکر و اذکار بھی کرتا رہتا ہوں۔ ان سب کے علاوہ ایک اور عمل جو میں نے بارہا آزمایا وہ یہ ہے جس کام کیلئے بھی میں چالیس مرتبہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھتا ہوں وہ ہوجاتا ہے۔ پچھلے دنوں مجھے چیلی بڑی مکھی نے کاٹ لیا تو میں نے اول و آخر درود شریف پڑھ کر دم کیا تو نہ وہاں درد ہوا نہ سوجن ہوئی۔

چہرے اور پاؤں کی سوجن کا علاج: اجوائن دیسی کو اگر شہد کے ہمراہ کھایا جائے تو چہرے اور ہاتھ پاؤں کی سوجن میں فائدہ دیتی ہے' سدہ کھولتی ہے' گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے۔

میری فٹنس کا راز میرے آزمودہ ٹوٹکے

کڑوا ضرور لگے گا لیکن فائدہ بہت دے گا۔ پانی صرف مٹکے کا' فلٹر والا نہیں' نہیں نہیں سادہ پانی نلکے کا' فلٹر والا پانی قہوہ میں نہیں ڈالنا' ہمیشہ مٹکے کا پانی استعمال کرنا ہے۔ اس چائے کو صحت مند افراد مہینے میں ایک مرتبہ پی لیا کریں۔ ان شاء اللہ گردہ کی ہر تکلیف سے محفوظ رہیں گے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں' جڑی بوٹیوں سے جنون کی حد تک لگاؤ ہے۔ ہر وقت اس کھوج میں رہتی ہوں کہ کوئی ایسا ٹوٹکہ علاج مل جائے جس میں مریض کو دوا نہ کھانی پڑے اور مریض اپنی ذرا سی محنت کر کے صحت یابی کی طرف آنا شروع ہو جائے۔ میں نے یوگا اور اکیو پریشر' یوگا مدرا اور پوائنٹ سے علاج (اکیو پریشر) کا علم سیکھا اور یہ ایک اچھا علم ہے انسان اگر محنت کرے تو وہ نہ صرف صحت مند رہ سکتا ہے بلکہ دوسروں کے کام بھی آسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کا جسم بہت شاندار بنایا ہے لیکن اس کی حفاظت انتہائی آسان بنائی ہے اگر انسان اللہ کے بتائے ہوئے راستے پر چلے تو کبھی بھی بیمار نہ ہوگا۔ اکیو پریشر (چائنہ تھراپی' پوائنٹ کا علاج) کا اصول ہے **"آپ کی صحت آپ کے ہاتھ ہے"** یوگا کا اصول' اپنی بیماری قوت مدافعت سے کم کریں۔ سانس کی مشقیں اور انگلیوں' ہاتھوں کے ذریعے علم یعنی یوگا مدرا بنا کر اپنی قوت مدافعت بڑھانا اس طرح سے علاج سے میں نے کافی فائدہ پایا' سوچا آپ کے ذریعے سے یہ علم اور تجربہ آپ کو لکھ بھیجوں۔ ایکو پریشر کا ایک ٹوٹکہ بتانے سے پہلے میں اپنا ایک آزمودہ تجربہ قارئین عبقری کو بتانا چاہتی ہوں۔ یہ ٹوٹکہ گردوں کی عام تکالیف کیلئے بہت ہی لاجواب ہے۔ گردوں کی تکلیف جن میں ڈائیلائسز' گردے ناکارہ' شوگر سے تکلیف' ان شاء اللہ اس ٹوٹکہ کے استعمال کے بعد گردوں کی تکلیف نہ ہوگی۔ حتیٰ کہ ورم' ذرات' درد' پس اس انتہائی آسان ٹوٹکہ سے ختم ہو جائے گی۔ آیئے انتہائی آسان قہوہ بنائیں اور درد گردہ سے نجات پائیں۔ **ھوالشافی:** ایک چمچ چائے کی پتی (روزانہ استعمال والی) ایک بڑا کپ سادہ پانی سے قہوہ بنائیں' اتنا پکائیں کہ آدھ کپ رہ جائے اس کو چھان کر کپ میں ڈالیں اور مزید سادہ پانی ملا کر اس پانی کو چسکی چسکی پی لیں۔ کڑوا ضرور لگے گا لیکن فائدہ بہت دے گا۔ پانی صرف مٹکے کا' فلٹر والا نہیں' نہیں نہیں سادہ پانی نلکے کا' فلٹر والا پانی قہوہ میں نہیں ڈالنا' ہمیشہ مٹکے کا پانی استعمال کرنا ہے۔ اس چائے کو صحت مند افراد مہینے میں ایک مرتبہ پی لیا کریں۔ ان شاء اللہ گردہ کی ہر تکلیف سے محفوظ رہیں گے۔ بیماری والے افراد تین دن کے بعد ایک کورس کریں' تکلیف ختم ہونے تک وقفہ بڑھاتے جائیں۔ اب میں واپس اپنے موضوع کی طرف آتی ہوں اور وہ ہے ایکوپنکچر یا یوگا۔ ایک خاتون کے بارے میں عبقری کے کافی پرانے شمارے میں ہی پڑھا تھا کہ خاتون کو بریسٹ میں بڑا شدید درد ہے۔ میرے پاس درد سے نجات کا آزمودہ حل موجود ہے وہ یہ ہے کہ خاتون اگر خود کر سکے تو ٹھیک ورنہ کوئی دوسرا کرے۔ اکیو پریشر آزمودہ علاج ہے۔ مریضہ اپنے ہاتھ کے درمیان میں سے پکڑ کر زور سے دبائے۔ (یعنی ہتھیلی کے درمیان سے اور ہاتھ کے الٹی سائیڈ سے درمیان سے پکڑ کر زور سے دبانا ہے) یہ عمل دو منٹ تک کرنا ہے' سیدھے ہاتھ اور الٹے ہاتھ دونوں پر دو دو منٹ ہر دو گھنٹے کے بعد دوبارہ کریں۔ ان شاء اللہ درد کی شدت کم ہونا اور درد ختم ہونا شروع ہو جائے گا۔ چاہے یہ درد گلٹیوں کی وجہ سے ہے یا بریسٹ کینسر کی وجہ سے دونوں سے ان شاء اللہ آرام آجائے گا۔ درج بالا قہوہ بھی اور ایکو پریشر کا عمل دونوں ہمارے آزمائے ہوئے ہیں۔ (طاہرہ تمیمی' کراچی)

میری فٹنس کا راز میرے آزمودہ ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ طبی ٹوٹکے میں روزانہ آزماتی ہوں جس کی وجہ سے بالکل فٹ رہتی ہوں' قارئین کی نذر کر رہی ہوں:۔ کلونجی کا تیل دس قطرے روزانہ دودھ میں ڈال کر پیتی ہوں' بالکل تھکن نہیں ہوتی' دماغی کام کیلئے بھی لاجواب ہے اور ہاں آنکھوں کی بینائی کیلئے بھی لاجواب ہے۔ جب سے کھانا دو وقت (صبح اور شام) کھانا شروع کیا ہے خوب فریش رہتی ہوں۔ میرا مشورہ ہے اگر صحت مند رہنا ہے تو کھانا دو وقت کھایئے۔ قارئین! بڑی الائچی بڑی ہی لاجواب ہے' خاص طور پر شوگر کے مریضوں کیلئے' کیونکہ میں دنیا کی بڑی بڑی اینٹی بائیوٹک میں اس کا ڈلنا پڑھنا ہے' اسی لیے میں اس کے دانے نکال کر دن میں ایک مرتبہ چبا کر کھاتی ہوں۔ اس کے علاوہ بڑی الائچی کے دانے نکال کر توے پر خوب بھون لیں جب بالکل سڑ جائیں تو ٹھنڈی کر کے یا ویسے ہی اخبار یا کاغذ میں ڈال کر پیس لیں اور اس کو حسب ضرورت شہد میں ملا کر بچوں کو چٹائیں' زکام' نزلہ وغیرہ میں بہت لاجواب ہے۔ کئی بار آزما چکی ہوں۔ **السی کے لڈو:** السی کے لڈو سردیوں میں ہم بناتے ہیں' ترکیب: السی صاف کر لیں پھر اس کو گرائینڈ کر لیں' مثلاً ایک کلو السی ہو تو ایک کلو گندم کا آٹا ہو پھر دونوں مکس کر کے بھون لیں اور اس میں تیل اور پسی ہوئی دیسی براؤن شکر ملائیں اور خوب بھونتے جائیں پھر اس میں آخر میں کشمش' اخروٹ ملا سکتے ہیں۔ جب تیل نکل آئے تو گرم گرم حالت میں کوشش کر کے ہاتھ سے لڈو بنائیں۔ یہ لڈو بہت زبردست ہوتے ہیں' قارئین آپ کو شاید معلوم نہ ہو کہ السی کے کتنے فوائد ہیں' جب آپ اس کا استعمال شروع کریں گے تو آپ کی رگ رگ بتائے گی کہ اس کے کتنے فوائد ہیں۔ میری کسی جاننے والی نے بتایا کہ ان والد صاحب کو کمزوری تھی تو وہ ان کو السی کی کھیر بنا کر دیتے تھے جس سے ان کو خوب طاقت ملی۔ مطلب کہ السی کی کھیر بھی بنا سکتے ہیں۔ **لقوہ یا ٹھنڈ لگ جائے تو:** اگر کسی کو لقوہ یا سردی کی شکایت ہو تو سونٹھ سوکھی ہوئی پیس کر' چٹکی بھر شہد میں ملا کر مریض کو بار بار چٹائیں' خوب آرام ملتا ہے' درد بھی کم ہو جاتا ہے' سردی کی تکلیف تو چٹکیوں میں رفع ہو جاتی ہے۔ اگر گنج آجائے تو سرمہ اور کسٹر آئل ملا کر متاثرہ جگہ پر لگانے سے بال آجاتے ہیں مگر لگانا چند ہفتے' چند مہینے لگاتار۔

گھر میں سکون پانے کے راز: سورۂ رحمان اور سورۂ تغابن کا دم کیا ہوا پانی ہر روز گھر میں سپرے کرتی ہوں' جس سے حشرات گھر میں نہیں آتے' مچھر نہیں آتے اور نہ ہی چھپکلیاں نظر آتی ہیں۔ اس کے علاوہ گھر میں بہت سکون محسوس ہوتا ہے۔ گھر میں تصاویر بالکل نہیں رکھتے' کوشش بہت ہوتی ہے کہ بچوں کے اسکول کورسز کے علاوہ کوئی بھی' کہیں بھی تصویر نہ ہو ورنہ پر پھر وظائف پڑھنے کا نہ مزہ آتا ہے اور نہ ہی اثر ہوتا ہے۔ میرے گھر میں میوزک بالکل بند ہے' بچوں تک کو میوزک سے نفرت ہے' کہیں چل جائے تو حالت خراب ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ الحمدللہ! گھر میں ہر روز سورۂ بقرہ' سورۂ رحمٰن' سورۂ تغابن کی تلاوت چلا کر رکھتے ہیں۔ اکثر بچوں کو بٹھا کر ذکر کرتی ہوں اور اس کو ہدیہ آپ کو اور تمام امت مسلمہ کو کرتی ہوں۔ درس میں سن کر بلیوں کا لنگر اور پرندوں کا دانہ شروع کیا ہوا ہے۔ بس آپ کی ہر بات کی نقل کرتے ہیں بھلے عقل کام کرے یا نہ کرے۔ (ک۔ش)

آیئے! باسی روٹی کی قدردانی کریں

ایک خاتون اپنے دونوں پاؤں کے انگوٹھے باندھ کر پرانے دور کے وہ بڑے کنوئیں جو بیلوں سے چلتے تھے ان کی ایک منڈھیر سے دوسری منڈھیر کو چھلانگ لگا کر پار کرتی تھی لیکن حیرت کی بات یہ ہے نہ کنوئیں کے اندر گرتی نہ باہر جا کر گرتی

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

مصنوعی غذائیں' فاسٹ فوڈز' کولا مشروبات زندگی کو کوئلے سے بھی زیادہ سوختہ کرچکے ہیں اور جلا چکے ہیں اور زندگی اتنی ناپائیدار ہوچکی ہے جس کا ایک چھوٹا سا واقعہ میں آپ کو بتاتا ہوں' ایک ٹھیکیدار میرے پاس آئے اور شکوہ کرنے لگے مزدور اپنی مزدوری پوری لیتا ہے لیکن کام نہیں کرتا' بددیانت اور بے ایمان ہوگئے ہیں' میں نے عرض کیا آپ نے ایک وجہ بتائی ہے دو نہیں! بددیانتی اور بے ایمانی تو عمومی بڑھ گئی ہے لیکن غذائی قلت بھی اس کا ایک سبب ہے' سادہ غذائیں آج کا مزدور ہی کھانے کو تیار نہیں' باسی روٹی اس کی طبیعت اور مزاج اور باسی کھانا اس کے انداز میں آہی نہیں رہا' مجھے فوراً ایک قول یاد آیا جو میں نے انہیں بتایا: حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کچھ نصیحتیں فرمائیں اور ایک نصیحت یہ بھی فرمائی کہ اے ابوذر! اپنے سے کم تر پر نظر رکھ اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا ہوگا۔ مزدور اپنے سے کمتر پر نظر رکھنے کو تیار نہیں' وہ کہتا ہے کہ جو مالدار کھاتا پہنتا ہے میں بھی وہی کھاؤں اور وہی پہنوں' اسی جذبے سے بددیانتی اور کرپشن کی شکلیں نکلتی ہیں' یقین جانیے! جو باسی روٹی میں ہے وہ اور کسی چیز میں نہیں ہے' اللہ کے ایک ولی تھے وہ ہمیشہ باسی روٹی کھاتے تھے' کسی نے پوچھا کہ آپ باسی روٹی کیوں کھاتے ہیں؟ فرمایا: روز آنے والا وقت برکات نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دور ہورہا' آج کی روٹی دور نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قریب تر ہے' کل کی اور دور ہوجائے گی' آج میں جو برکت ہے کل وہ نہیں ہوگی۔

میری والدہ محترمہ رحمۃ اللہ علیہا ایک واقعہ ہمیں سنایا کرتی تھیں کہ ایک خاتون اپنے دونوں پاؤں کے انگوٹھے باندھ کر پرانے دور کے وہ بڑے کنوئیں جو بیلوں سے چلتے تھے ان کی ایک منڈھیر سے دوسری منڈھیر کو چھلانگ لگا کر پار کرتی تھی لیکن حیرت کی بات یہ ہے نہ کنوئیں کے اندر گرتی نہ باہر جا کر گرتی' اور اس سے اگلی عجیب بات کہ ان کے دونوں انگوٹھے بندھے ہوئے ہوتے تھے' کسی نے اس عورت کی طاقت کا راز جاننا چاہا تو پتہ چلا کہ وہ باسی روٹی کھاتی ہے' اور کبھی کبھار اگر صبح مکھن مل جائے تو اس کے ساتھ ورنہ پانی کے ساتھ ہی کھالیتی ہے لیکن کھاتی ہمیشہ باسی روٹی ہے۔ قارئین! اگر باسی روٹی بازار کی پکی ہوئی بالکل پتلی اور خشک ہو تو اس کو ہلکا سا پانی کا چھینٹا مار کر کسی سوتی کپڑے میں لپیٹ کر رکھیں فریج میں رکھنے کی ضرورت نہیں' جب صبح دیکھیں گے تو وہ ریشم کی طرح نرم ہوگی اور اگر گھر کی پکی ہوئی سادہ اور دیسی آٹے کی روٹی ہے پتلی نہیں' کچھ موٹی پکی ہوئی ہے تو اس کو اگر پانی لگا کر نہ بھی رکھیں تو وہ صبح تک بہت نرم رہتی ہے' آیئے میں باسی روٹی کے تین پیکیج آپ کو دیتا ہوں:۔

پہلا پیکیج: دہی اتنا لیں کہ جتنا آپ زیادہ سے زیادہ کھاسکیں' کچے کورے برتن میں دیسی شکر (شکر جتنی ڈارک براؤن ہوگی یعنی جتنی زیادہ میلی ہوگی' اتنی زیادہ صحت مند اور مفید ہوگی) تھوڑی سی ڈال کر مکس کرکے رات کو برتن ڈھانک کر کھلے صحن میں رکھ دیں' اگر کچا برتن میسر نہ ہو اور کھلا صحن بھی میسر نہ ہو تو شکر ملا کر دہی کو آپ کمرے کے اندر یا فریج میں رکھ سکتے ہیں' صبح یہ دہی باسی روٹی کے ساتھ کھائیں اور تین بیماریوں سے نجات پائیں۔ 1۔ پرانا ہیپاٹائٹس اور پیلا یرقان' 2۔ کمزور نڈھال جسم جو بڑے بڑے ٹانک اور ادویات سے طاقت ور نہ ہورہا ہو اور زندگی فٹنس کی طرف نہ جارہی ہو اور معدے کی پرانی' گیس تبخیر بادی خشکی قبض بس آپ ان تین چیزوں سے اگر نجات پانا چاہتے ہیں تو دہی دیسی شکر اور باسی روٹی کیا لطف کی بات ہوگی کہ دہی مٹی کے کونڈے میں جمی ہوئی ہو تو اس کی طاقت اور تاثیر بہت زیادہ ہے۔ **دوسرا پیکیج:** باسی روٹی صبح دیسی مکھن (معذرت ہے کہ مجھے بازاری مکھن جس کا جتنا خوشنما کاغذ' ڈبی' اشتہار ہی کیوں نہ ہو' ہرگز نہیں چاہیے! گاؤں اور دیہات کا یا اپنے گھر کا' ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ گھر میں دودھ آتا ہے اس کی بالائی اتاریں اور خود ہی مکھن بنالیں) اور باسی روٹی اور شہد یا شکر ڈالنا چاہیے ورنہ اس کے بغیر بھی کھاسکتے ہیں' اس کی طاقت اور تاثیر آپ کے گمان خیال اور مشاہدہ میں آپ سوچ نہیں سکتے' جسم' دماغ اعصاب یادداشت نظر قوت اور طاقت صحت وتندرستی ان سب کیلئے مکھن اور باسی روٹی آپ عینک اتارنا چاہتے ہیں آپ رات کے اندھیرے میں ستاروں کی روشنی میں پڑھنا چاہتے ہیں آپ گھر میں گری ہوئی سوئی تلاش کرنا چاہتے ہیں تو آیئے! باسی روٹی دہی یا مکھن سے دوستی لگائیں اور ہاں! اگر آپ کو شوگر نہیں تو دیسی شکر ہرگز ڈالنا نہ بھولیے۔

آپ چاہتے ہیں کہ صدیوں پرانی بھولی باتیں یاد آئیں آپ کا جسم صحت مند رہے آپ ستر اسی سال کے بڑھاپے میں بھی اٹھارہ سال کی جوانی کا ناز اٹھائیں تو پھر باسی روٹی کیوں بھول گئے؟ **تیسرا پیکیج:** باسی روٹی صبح کسی باسی سالن یا دال کے ساتھ کھائیں' یا پھر باسی روٹی گڑ کے ساتھ کھائیں لیکن گڑ کیلئے بھی شرط وہی ہے کہ جتنا زیادہ ڈارک براؤن یعنی میلا ہو اتنا زیادہ صحت مند اور ہاں جتنا زیادہ پرانا ہوگا' اتنا مفید اور طاقت ور ہوگا' میں نے اپنے گھر میں ایک مٹکا رکھا ہے جس میں گڑ رکھا ہے مٹکے کے منہ پر کپڑا باندھا ہوا ہے مٹکے میں رکھا گڑ تین صدیاں خراب نہیں ہوتا' رنگ بدلتا جائے گا لیکن تاثیر ویسے کی ویسے رہے گی۔ باسی روٹی گڑ سے کھائیں یا سالن سے آپ کی صحت مزیدار آپ کا جسم جاندار' آپ کا چہرہ شاندار' نہ جھریاں' نہ کمزوری' نہ لاٹھی' نہ کھانسی' نہ جسمانی اعصابی تناؤ کھچاؤ اور آخری میری بات یاد رکھیے گا موجودہ دور کی سوغات ڈیپریشن ٹینشن کا باسی روٹی لاجواب اور بہترین علاج ہے۔ لیکن یہ اس کیلئے ہے جو اس کی قدردانی کرے گا' جتنے روٹی کے ٹکڑے آج گھروں سے نکلتے ہیں اس سے پہلے کبھی ٹکڑے گھروں سے نہیں نکلے اور نہیں بکے' جب سے نفاست مزاج کے اندر بڑھتی چلی گئی ہے جہاں رزق کا ضائع ہونا اور رب کی رحمت کا اٹھ جانا واضح ہوتا ہے وہاں صحت اور تندرستی بھی ہم سے روٹھ گئی ہے کتنے خوش قسمت لوگ ہیں جو صحت اور تندرستی کی تلاش کرنے کیلئے باسی روٹی کو اپنی زندگی کا ساتھی بناتے ہیں اور کتنے بدقسمت ہیں جو صحت اور تندرستی کیلئے جھاگ دار مشروبات کولا ڈرنک فاسٹ فوڈز اور رنگ برنگی غذائیں اپنی زندگی میں ساتھ لے کر چلتے ہیں۔ آیئے! باسی روٹی سے معذرت کریں کہ ہم تیرے ساتھ بے وفائی کرکے زندگی کو پریشان کر بیٹھے ہیں سکھ' خوشحالی' سکون اور صحت برباد کر بیٹھے ہیں اگر میری بات کا یقین نہیں آتا تو یوٹیوب نیٹ اور فیس بک پر تھوڑا سا تلاش کرکے دیکھیں میں نے خود دیکھا ہے باسی روٹی کو سائنس واپس لارہی ہے کیونکہ فطرت کی طرف پلٹ آنا سائنس کی پرانی عادت ہے۔

چہرے کے داغ دھبے اور پٹھوں کا درد ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دو ٹوٹکے قارئین کے نام کررہا ہوں۔ ہیپاٹائٹس' یرقان' اسہال اور پیچش میں تھوڑے سے چقندر کا رس ایک چمچ لیموں کے رس میں ملا کر دن میں ایک خوراک دینے سے امراض میں افاقہ ہوتا ہے اس کے علاوہ چہرے کے داغ دھبے' قبض' پٹھوں کے درد' آنکھوں کی خشکی دور کرنے کیلئے ایک چقندر' ایک گاجر' ایک سیب کے رس اور آدھا لیموں ان سب کو رس میں شامل کرکے چند ہفتے' چند مہینے نہار منہ استعمال کریں۔ (غلام قادر ہراج' جھنگ)

انسان موٹا کس طرح ہوتا ہے؟: جانور کھانے پینے سے موٹا ہوتا ہے جبکہ آدمی کانوں کے ذریعے یعنی اپنی خوشامد سن کر موٹا ہوتا ہے۔

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

- کزن سے شادی کرنا چاہتی تھی مگر
- مرنے کی آسان ترکیب
- میرے خواب میری الجھن
- شوہر کی حسین لڑکی سے دوستی
- بھائی کو ابو سے محبت نہیں
- اکثر ہاتھ کی نس کاٹ لیتی ہوں

کزن سے شادی کرنا چاہتی تھی مگر: آج سے بیس سال پہلے شوہر سے علیحدگی ہو گئی۔ایک بیٹی تھی اس کی شادی کردی، میں گھر میں بالکل تنہا ہوں، میرا ایک کزن مجھ سے ملنے کیلئے آتا ہے تو محلے والے مشکوک نظروں سے دیکھتے ہیں، ایک روز میں نے ان کو آنے سے منع کر دیا، وہ ناراض ہوئے بغیر چلا گیا اور خاندان کے ایک بڑے کے ذریعے اپنا رشتہ بھجوایا، اس پر مجھے اور غصہ آیا کہ ایسی بات تھی تو مجھے خود کہتا یا فون کرتا کیونکہ میں بھی اس سے شادی کرنا چاہتی ہوں، اب ہر وقت رونا آتا ہے، لوگ ملنے کیلئے آتے ہیں تو اس کی برائی کرتی ہوں کہ سب کو یقین آجائے کہ ہمارے درمیان ایسی کوئی بات نہیں ہے۔(ج، پشاور)

مشورہ: رشتہ بھیجنے کا طریقہ برا نہیں، اپنے مزاج پر قابو پائیں اور کزن سے فون پر خود بات کرلیں، لڑنے کے ارادے سے نہیں کیونکہ اس طرح اور زیادہ اداسی بڑھے گی، اگر کوئی اچھا ہے تو اس کو برا کہہ کر لوگوں کو راضی نہیں کیا جاسکتا، آپ کا بھی زندگی کی خوشیوں پر اتنا ہی حق ہے جتنا اور بہت سے لوگوں کا ہے۔

بھائی کو ابو سے محبت نہیں: میرا مسئلہ اپنے بڑے بھائی کے حوالے سے ہے، وہ سب کے ساتھ اچھے ہیں لیکن اگر ابو کوئی بات کہیں تو برا مان جاتے ہیں، غصے میں آ کر گھر سے باہر چلے جاتے ہیں، کبھی کہتے ہیں ملک سے باہر چلا جاؤں گا کبھی واپس نہیں آؤں گا، امی بتاتی ہیں بھائی بچپن میں بہت شریر تھے ابو نے ان کی تربیت میں زیادہ سختی کی، وہ بچپن میں بھی ان سے چھپتے تھے، لیکن اب میں دیکھتی ہوں کہ اب ابو ان کو کوئی ایسی غلط بات بھی نہیں کہتے پھر بھی بھائی کو ابو سے محبت نہیں۔(جویریہ، راولپنڈی)

مشورہ: تربیت میں غیر ضروری سختی اور سزا بچوں کی شخصیت کو سنوارتی نہیں بلکہ بگاڑتی ہے، آپ کی یہ بات کہ بھائی کو والد سے محبت نہیں غلط ہے، رویہ خراب ہونے کے باوجود ان سے محبت ہوگی، کیونکہ یہ محبت فطری ہے اور اس کو کوئی دل سے نہیں نکال سکتا، البتہ اس کے اظہار کیلئے بھائی کو کونسلنگ کروائی جائے۔

مزاج کے خلاف بات: میری اکلوتی بیٹی ہے وہ بہت حساس ہے، بچپن سے اس کی یہ حالت ہے کہ ذرا سی اس کے مزاج کے خلاف بات ہو تو اسے الٹیاں آنی شروع ہو جاتی ہیں، پہلے تو ہم نے سمجھا کہ معدہ کا مسئلہ ہے، پھر غور کیا تو معلوم ہوا کہ کوئی بھی وجہ نہیں، میری ساس کہتی ہے کہ یہ جان بوجھ کر الٹی کرتی ہے۔اب اس کی عمر 16 سال ہے لیکن الٹی کرنے کی شکایت برقرار ہے۔(ق، ملتان)

مشورہ: یہ بہت افسوس ناک بات ہے کہ آج بھی ہمارے علاقے کے لوگ اعصابی اور نفسیاتی ردعمل کو نہیں پہچانتے، اس نتیجہ میں مسئلہ کے حل کی طرف توجہ نہیں دی جاتی اور بھی سے لوگ ہیں، سب کی مرضی کے خلاف بات ہوگی اور کسی کو الٹی کیوں نہیں ہوگی، اس لئے وہ ذہنی اور اعصابی طور پر زیادہ ہیں، بیٹی کی تکلیف کو معمولی نہ سمجھیں علاج کروایئے۔

شوہر کی حسین لڑکی سے دوستی: میرے 3 بچے ہیں، شادی کو آٹھ سال ہوئے ہیں، اب آکر شوہر نے ایک لڑکی سے دوستی کر لی۔لوگ کہتے ہیں وہ مجھ سے زیادہ اسمارٹ اور خوبصورت ہے، کئی لوگوں نے مجھ سے ذکر کیا کہ وہ دونوں ساتھ دیکھے گئے ہیں، شوہر اتنے چالاک ہیں کہ انہوں نے مجھے اور بچوں کو ذرا بھی احساس نہ ہونے دیا، ہم لوگوں کو پہلے کی طرح چاہتے ہیں، سیر و تفریح کیلئے لے جاتے ہیں، گھنٹوں میرے ساتھ بیٹھے باتیں کرتے رہتے ہیں، مگر جب میں سوچتی ہوں کہ وہ لڑکی کون ہے؟ کیسی ہے؟ کیا اس کے بارے میں جو لوگوں نے ذکر کیا وہ ایسی ہی ہے، پوچھنے کی ہمت نہیں۔(زونیرہ، کراچی)

مشورہ: جو لوگ آپ کے دماغ میں شوہر کے حوالے سے بدگمانی پیدا کر رہے ہیں، وہ مخلص نہیں، اتنی خوشحالی اور پرسکون زندگی میں زہر گھولنا برا کام ہے، ان سے بات نہ کریں، اگر ایسی کوئی حقیقت ہوتی تو شوہر آپ کے ساتھ اتنا خوشگوار وقت نہ گزارتے۔

میرے خواب میری الجھن: میرے خواب میری نفسیاتی الجھنوں کا سبب بن گئے ہیں، ایسے ایسے لوگ نظر آتے ہیں جو میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھے، نہ ان سے ملا۔پھر بھی وہ مجھے نقصان پہنچانے کی کوشش میں ہوتے ہیں، صبح ان کو تلاش کرتا ہوں کہ شاید وہ دن کی روشنی میں کہیں نظر آجائیں تو قصہ ہی ختم کردوں، پچھلے دنوں میں نے اپنے والد کی پرانی پستول نکال کر صاف کی اور اس کو اپنے سرہانے رکھ کر سونے لگا، امی نے جو دیکھا تو بہت ناراض ہوئیں۔(ن، کوئٹہ)

مشورہ: عالم خواب اور عالم بیداری میں بہت فرق ہے، محض خواب دیکھ کر آپ نے یہ سوچ کیسے لیا کہ جو کچھ دیکھا وہ سچ ہے۔خواب لاشعوری خوف کی عکاسی کرتے ہیں، اپنے ذہن کو منفی، خیالات، خوف خدشات وغیرہ سے پاک کریں، سونے سے پہلے خوشگوار اور اچھے خیالات بھی پرسکون نیند میں مددگار ثابت ہوں گے۔

مرنے کی آسان ترکیب: آج کل میرے دماغ میں موت کے حوالے سے خیالات آتے رہتے ہیں، سوچتا ہوں مرنے کی آسان ترکیب کیا ہے، جس سے مجھے تکلیف نہ ہو اور زندگی سے بھی جان چھوٹ جائے، چند ماہ قبل ملازمت سے ریٹائر ہوا ہوں، بس اب مرنے کی تیاری کر رہا ہوں، دوستوں سے بات ہوتی ہے تب بھی پوچھتا رہتا ہوں کون کون زندہ ہے؟ گھر والے توجہ نہیں دیتے۔(عمر سلیم، سیالکوٹ)

مشورہ: مرنے کی آسان ترکیب سوچنے کی بجائے جینے کے اچھے طریقے ذہن میں لائیں، تو سوچ منفی سے بدل کر مثبت میں تبدیل ہو جائے گی اور ساتھ ہی مایوسی، ناامیدی کی کیفیت بھی بدلتی ہوئی محسوس ہوگی، موت کا وقت ملازمت سے ریٹائر ہونے والوں کے لئے مقرر نہیں ہوگا، یہ تو کب کس کو آجائے کچھ معلوم نہیں، غور کریں کہ کتنے چھوٹے آپ سے پہلے جو چلے گئے ہیں اور بہت سے ایسے جو آپ سے بڑی عمر کے ہیں جو زندگی کو پرسکون طریقے سے گزار رہے ہیں،

اکثر ہاتھ کی نس کاٹ لیتی ہوں: میری عمر 17 سال ہے، میٹرک کرلیا ہے، اپنی بات منوانے کے لئے بہت جذباتی ہو جاتی ہوں، کبھی کبھی خودکشی کرنے کی کوشش میں اپنے ہاتھ کی نس کاٹ لیتی ہوں اور کبھی کوئی قدم اُٹھاتی ہوں، گھر والے پریشان ہو کر ہسپتال میں لے جاتے ہیں، حساس ہوں ذرا ذرا سی باتوں کو دل پہ لے لیتی ہوں۔(ر، گجرات)

مشورہ: مرضی کی بات نہ ہونے پر خود کو نقصان پہنچانے والوں کو جذباتی یا حساس سمجھا جاتا ہے، یہ تصور درست نہیں ہے، کیونکہ یہ لوگ ذہنی مریض ہوتے ہیں، آپ ان ساری حرکات کو گناہ سمجھیں، خودکشی حرام ہے یہ تو معلوم ہوگا لہٰذا مرضی کی بات نہ ہونے پر منفی رویہ کبھی بھی فائدہ نہیں دیتا، گھر والوں کو آزمائش میں نہ ڈالیں، باقی زندگی گھر والوں سے دور بھی گزاری جاسکتی ہے، لہٰذا ذہن کی حفاظت بہتر ہے۔

چھوٹی الائچی کے بڑے فائدے: مقوی معدہ' قے' متلی اور منہ کی بدبو کو دور کرتی ہے۔ روح کو لطیف کرتی اور فرحت بخشتی ہے' دمہ' ہچکی اور کھانسی کیلئے مفید ہے' درد جگر اور جگر کے سدے کھولتی ہے۔

کاغذ پر دو لائنیں لگا کر استخارہ کیجئے! انوکھا عمل

م۔ع، لاہور

سمجھ نہیں آتی تھی کس سے اجازت لوں' کس کے پاس جاؤں؟ بس اللہ سے دعا کرتا تھا کہ یا اللہ کوئی کامل استاد سے مجھے ملوا دے اور اللہ کا شکر گزار ہوں کہ اس نے میری دعا قبول کی اور اس کریم نے عبقری سے میری ملاقات کروا دی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رب العزت سے دعا گو ہوں کہ آپ ہمیشہ خیر و عافیت سے رہیں اور آپ کا سایہ ہم سب پر قائم دائم رکھے۔ میں آبائی طور پر ملتان کا رہائشی ہوں مگر چند سال سے لاہور میں مقیم ہوں' الحمدللہ! ہمارا گھرانہ دین دار ہے اور اللہ کا لاکھ لاکھ شکر گزار ہوں کہ اس نے مجھے دین دار گھرانے میں پیدا کیا۔ میں آپ کو پہلے نہیں جانتا تھا۔ جنوری 2013ء میں اپنی پھپھو کے گھر گیا ہوا تھا تو وہاں آپ کا رسالہ عبقری دیکھا ان کے گھر ہر ماہ آتا ہے' وہاں پڑھا' پڑھ کر اچھا لگا اور اب الحمدللہ مستقل ہر ماہ سے پڑھ رہا ہوں۔ عبقری پڑھنے سے پہلے ہی مجھے وظائف عملیات کا بہت شوق تھا۔ بہت سے بزرگان دین کی کتب پڑھتا رہتا تھا لیکن وہی بات کوئی بھی وظیفہ ابھی تک کیا نہیں تھا کیونکہ ہر وظیفہ کے نیچے لکھا ہوتا ہے اجازت لے کر کریں۔ سمجھ نہیں آتی تھی کس سے اجازت لوں' کس کے پاس جاؤں؟ بس اللہ سے دعا کرتا تھا کہ یا اللہ کوئی کامل استاد سے مجھے ملوا دے اور اللہ کا شکر گزار ہوں کہ اس نے میری دعا قبول کی اور اس کریم نے عبقری سے میری ملاقات کروا دی۔

میں اپنے چند مشاہدات و تجربات عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں:۔ میں اُس وقت بہت چھوٹا شاید چھٹی کلاس میں پڑھتا تھا تو کہ ایک مولانا صاحب مسجد میں بیان کر رہے تھے کہ جو ہوتا ہے اللہ سے ہوتا ہے اللہ کے علاوہ کسی سے کچھ نہیں ہوتا' بس! اس وقت سے لے کر آج تک جب بھی کوئی مشکل' پریشانی کوئی تنگی کوئی حاجت ہوتی ہے فوراً اپنے اللہ سے مانگتا ہوں اور آپ یقین مانیں کہ اللہ مجھے میری حیثیت سے بڑھ کر عطا فرماتے ہیں اور ایک خاص عمل جو میں جمعہ کے دن کرتا ہوں کوئی حاجت' کوئی ضرورت' کوئی مشکل کام' پریشانی ہو جمعہ کے دن امام صاحب جو عربی کا خطبہ شریف دیتے ہیں اس کے درمیان میں جب امام صاحب کچھ دیر کیلئے خاموش ہوتے ہیں اس وقت میں دل میں دعا کرتا ہوں' نہ زبان سے نہ ہاتھ اٹھائیں۔ بس دل میں جو مانگنا ہے مانگ لیں اور پھر دیکھیں وہ دعا اسی وقت قبول ہوتی ہے اور فوراً وہ کام ہو جاتا ہے۔ یہ میرا ساری عمر کا تجربہ ہے اور یہ عمل میرا نام لکھے بغیر رسالہ میں شائع کر دیں۔ قارئین یقین جانیئے میری ہر دعا اس عمل کی وجہ سے قبول ہوتی ہے۔

ایک عمل میں کرتا ہوں وہ یہ کہ سیدھا اللہ رب العزت سے مشورہ کرتا ہوں' یعنی استخارہ کرتا ہوں' اللہ سے پوچھتا ہوں جو بھی کام ہو' طریقہ عمل بھی لکھ رہا ہوں بہت آسان ہے' ہر بندہ کر سکتا ہے' فوراً گارنٹی سے جواب ملتا ہے۔ بس یقین کامل ہو اس ذات پر بس پھر دیکھیں۔

طریقہ عمل: سب سے پہلے وضو کر کے دو نفل صلوٰۃ الحاجت پڑھیں اور جو مقصد ہو اس کے بارے میں اللہ سے دعا کریں کہ یا اللہ تو سیدھا راستہ دکھا دے۔ دعا کے بعد تین یا سات مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر سورۂ یٰسین اور سورۂ رحمٰن پڑھیں اور پھر سات یا تین مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر سورۂ یٰسین اور سورۂ رحمٰن پڑھیں اور پھر تین سے سات دفعہ درود شریف پڑھیں اور اپنا مقصد سامنے رکھیں اور ایک کاغذ پر دو لائن لگائیں جیسے پلس کا نشان ہوتا ہے اوپر اور نیچے لائن کے آخر میں نہ خیر لکھیں اور سائیڈ والی لائن جو سیدھی لائن کے درمیان لگائی جاتی ہے اس کے آخر میں خیر لکھیں۔ اور ایک تسبیح ہاتھ میں سیدھی پکڑ لیں اور درود شریف پڑھتے رہیں اور اپنے مقصد کی اللہ سے دل ہی دل میں دعا کریں اور پھر دیکھیں تسبیح خود ہلنے لگے گی اور آپ کو پتہ چل جائے گا کہ اس کام میں خیر ہے یا نہ خیر ہے' یہ عمل بھی میں کرتا ہوں اور ہر خیر والا کام کرتا ہوں اور کامیاب ہوتا ہوں' یہ عمل بھی عبقری رسالہ میں شائع کر دیا جائے۔ اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یااللہ پڑھتا ہوں اور سات مرتبہ ھو اللہ الرحیم پڑھتا ہوں اور دل پر ہاتھ رکھ کر دل میں سوچتا ہوں کہ اللہ کی رحمت حضور نبی کریم ﷺ کے روضہ اقدس پر اترتی ہوئی سیدھی میرے دل پر آ رہی ہے اور (باقی صفحہ نمبر 22 پر)

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

ناف ٹل جائے تو پریشان نہ ہوں!

یہ ایسی تکلیف ہے جس کا ڈاکٹری علاج آج تک دریافت نہیں ہو سکا۔ اگر کسی کی ناف ٹل جائے تو ناف کی جگہ پر شہادت کی انگلی رکھ کر لاتعداد مرتبہ پڑھیں لِلّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ دم کر دیں اللہ کے اس نام کی برکت سے ناف اپنی جگہ پر آجائے گی اگر محسوس ہو کہ ناف اپنی جگہ پر نہیں آئی ہے تو دو تین مرتبہ دم کریں۔ بہت ہی آزمودہ ہے۔ یہ میں سینکڑوں لوگوں پر آزما چکا ہوں۔

تنگی سے نجات حاصل کرنے کا آزمودہ نسخہ

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ○ (سورۃ المائدہ آیت 114)

اگر آپ کو رزق کی پریشانی ہے یا کسی خاص چیز کے کھانے کی حاجت ہو تو اول و آخر درود شریف اس آیت کو سات دفعہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک دیں اللہ پاک رزق کی تنگی دور فرمائیں گے۔ صرف حلال رزق کھائیں' حرام سے بچیں حسب توفیق صدقہ ضرور کر دیا کریں۔

بھائی جان مجھے یرقان ہو گیا ہے!

میری پھوپھی زاد بہن جو کہ کراچی میں رہتی ہیں ان کا فون آیا کہ بھائی جان مجھے یرقان ہو گیا ہے میں نے فون پر درج ذیل نسخہ بتایا۔ چند دن بعد ان کا فون آیا کہ بھائی جان میں نے آپ کا بتلایا ہوا نسخہ استعمال کیا اب بالکل ٹھیک ہو گئی ہوں۔

نسخہ: ریوند خطائی 5 گرام' ریوند چینی 100 گرام' کلونجی 50 گرام' قلمی شورہ 20 گرام' زیرہ سفید 5 گرام' پنیر ڈوڈی 50 گرام۔ **تیاری:** تمام ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔ **طریقہ استعمال:** دن میں چار بار یہ سفوف آدھا چمچ گاجر کے رس' مسمی کے رس' دودھ کی لسی' شربت بزوری ہو کسی بھی چیز سے استعمال کر سکتے ہیں۔ (عبقری جلد نمبر 8)

بھوک' پیاس' زخم اور درد کی تکالیف سے محفوظ: جو شخص روٹی کے چار لقموں پر اسم الٰہی یَاقَابِضُ لکھ کر چالیس دن تک کھائے گا' وہ بھوک' پیاس' زخم اور درد وغیرہ کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔

بچوں کا صفحہ

بچو! کیا کبھی آپ کسی غیب کی عیادت کرنے گئے ہیں؟

ہاں تو بتایئے اور کتنے دن آپ بیمار رہیں گے' باباجی اب جلدی سے ٹھیک ہوجایئے تمام لوگ آپ کیلئے دعائیں کررہے ہیں۔ باباجی کی اہلیہ شکیلہ بی بی اندر سے پانی لینے گئیں' امی نے باباجی کے سامنے ان کے تکیہ کے نیچے پانچ ہزار روپے رکھ دیئے' ارے ارے! یہ کیا کررہی ہیں

''خدا جانے بابا رمضان کہاں رہتا تھا۔ اس کی سبزی کی دکان ہمارے گھر کے نزدیک ہی تھی' وہ کافی بوڑھا ہوچکا تھا۔ اس کے باوجود صبح سویرے منڈی جاتا' ریڑھے پر سبزیاں لاد کر لاتا اور دکان پر دھو دھو کر سلیقے سے سجاتا۔ موسم سردی کا ہو یا گرمی کا آندھی طوفان ہر کام وہ خود کرتا۔ سبزیاں وہ یوں رکھتا جیسے نازک سے کھلونے ہوں۔ محلے کے سارے لوگ بابا رمضان سے سبزی خریدتے۔ وہ ایک اچھے مزاج کا انسان تھا۔ اس کے بھاؤ بھی اکثر بازار سے کم ہی ہوتے۔ بابا رمضان پانچ وقت کا نمازی تھا' رش نہ ہوتا تو اردگرد کے دکاندار اس سے دینی مسائل پوچھتے' جوں ہی محلے کی مسجد سے اذان ہوتی وہ تمام کام چھوڑ چھاڑ دکان کھلی چھوڑ کر نماز پڑھنے چلا جاتا۔ اسی سال کی عمر میں بھی وہ چاق و چوبند تھا۔ ایک دن امی نے مجھے پیسے دیئے ''جاؤ بابا رمضان کی دکان سے آلو بینگن لے آؤ'' وہاں تو دکان بند تھی' اگلے دن بھی دیکھا دکان بند تھی' باباجی نے کبھی چھٹی نہیں کی تھی۔ اب تو متواتر چھ دن سے دکان بند دیکھ کر محلے دار ایک دوسرے سے پوچھ رہے تھے بابا رمضان کی دکان کیوں بند ہے؟ وہ کیوں نہیں آرہا۔ لوگ پوچھ پوچھ کر دوسری دکانوں سے سودا خریدنے لگے۔ میری امی چین سے بیٹھنے والی کہاں تھیں؟ انہوں نے بابا رمضان کی تلاش جاری رکھی۔ بالآخر پتہ چلا گوشت والے کا گھر باباجی کے گھر کے قریب شاہ عالم گیٹ میں ہے۔ باباجی بہت بیمار ہیں ان کا علاج ہورہا ہے میں آپ کو پتہ لکھ دیتا ہوں۔ اگلے دن امی نے بابا رمضان کی عیادت کیلئے جانے کا فیصلہ کرلیا۔ بابا کی دکان پندرہ دنوں سے بند تھی۔ سارے گاہک تتر بتر ہوگئے تھے میں اور امی رکشے میں شاہ عالمی پہنچے۔ مگر وہاں باباجی کا گھر کوسوں دور تھا۔ تنگ و تاریخ گلیوں میں داخل ہوئے ایک آدمی سے بابا رمضان کی رہائش گاہ کا پتہ پوچھا کہ فلاں گلی نمبر اور مکان نمبر کہاں ہے؟ تو اس نے بتایا کہ وہ تو کافی آگے ہے' سیدھے جاکر دائیں مڑ جایئے دودھ دہی کی دکان والے سے پوچھ لیں۔ غرضیکہ پوچھتے پوچھتے آدھ گھنٹے کے بعد ایک پرانی طرز کے بنے شکستہ حال گھر کے شکستہ حال دروازہ سے ہم اندر داخل ہوئے' چھوٹا سا گھر ایک برآمدہ اور کمرے پر محیط تھا' باباجی چارپائی پر دراز تھے۔ ''السلام علیکم باباجی!'' امی نے اونچی آواز میں کہا۔ باباجی کے پژمردہ چہرے پر خوشی کی لہر دوڑ گئی' انہوں نے بستر سے اٹھنے کی کوشش کی' باباجی کا نوجوان بیٹا موڑھے لے آیا۔

''کیا حال ہے؟'' امی نے کہا۔ ''بس جی بیماری نے میرا گھر دیکھ لیا ہے' اللہ تعالیٰ فضل کرے گا'' ایک بزرگ خاتون سے باباجی نے تعارف کرایا۔ ''یہ میری بیوی شکیلہ ہے' اور یہ باجی روز میری دکان سے سبزی خریدتی تھی۔ اتنی دور سے میرا حال پوچھنے آئی ہیں'' ''اوئے پترنس کے جاچائے پانی دا بندوبست کر'' امی بولیں: ''نہیں نہیں! شکریہ کسی قسم کی کوئی زحمت نہ کیجئے' اور ہاں تو بتایئے اور کتنے دن آپ بیمار رہیں گے' باباجی اب جلدی سے ٹھیک ہوجایئے تمام لوگ آپ کیلئے دعائیں کررہے ہیں۔ باباجی کی اہلیہ شکیلہ بی بی اندر سے پانی لینے گئیں' امی نے باباجی کے سامنے ان کے تکیہ کے نیچے پانچ ہزار روپے رکھ دیئے' ارے ارے! یہ کیا کررہی ہیں' باباجی نے احتجاج کرنے کی کوشش کی۔ ''باباجی! بیمار ہونے کی وجہ سے آپ کا سبزی کا کاروبار ختم ہوگیا ہے۔ جیسے ہی آپ صحت یاب ہوں اس چھوٹی سی رقم سے آپ دوبارہ منڈی جائیں گے' نئے حوصلہ اور ہمت سے کام شروع کریں گے تو آپ کے سبزی کے گاہک واپس آجائیں گے'' اچھا! اب ہم چلتے ہیں۔ امی نے موڑے سے اٹھتے ہوئے کہا۔ مگر باباجی کی بیگم دو پیالیوں میں چائے لے آئی اور ان کا بیٹا بھاگ کر باہر سے آیا اور چھوٹے سے لفافے میں بسکٹ لے آیا۔ ان کی دل شکنی نہ ہو' امی نے چائے پیتے ہوئے کہا: ''ماں جی ایسی چائے میں نے کبھی زندگی میں نہیں پی اور بسکٹ واقعی ہی لاجواب اور تازہ ہیں'' راستے میں میں نے کہا: ''امی جان اتنی بڑی رقم آپ نے باباجی کو دے ڈالی' ہمارے یونیفارم کا کیا بنے گا؟'' امی جان! نے آسمان کی طرف نگاہ کرتے ہوئے کہا فکر نہ کرو چندا! تمہارا یونیفارم بھی بنے گا اور تمام ضروریات بھی پوری ہوں گی۔ یہ پیسے تو میں نے تمہارے کپڑوں کیلئے ہی رکھے تھے۔ میرے لیے یہ خوشی کی بات ہے کہ ایک بزرگ ہماری تھوڑی سی کوشش سے دوبارہ ہمت کرکے اپنے کام میں لگ جائے گا'' یہ کہہ کر امی نے رکشے والے کو گلبرگ چلنے کیلئے کہا۔ (شبانہ یونس)

مہمان نواز شخص

کسی بستی میں خدا کا ایک پیارا بندہ رہتا تھا۔ وہ اتنا اچھا تھا کہ لوگ اُسے خدا کا دوست کہتے تھے۔ اُس کی ایک عادت تو بہت ہی عجیب تھی۔ جب تک اُس کے گھر میں کوئی مہمان نہ آجاتا وہ خود بھی کھانا نہ کھاتا۔ ایک دفعہ مسلسل کئی روز اُس کے گھر میں کوئی مہمان نہ آیا۔ خدا کا یہ دوست بھی بھوکا ہی رہا۔ بستی والوں نے بہت سمجھایا مگر وہ خدا کا نیک بندہ دسترخوان پر نہ بیٹھا اور بستی سے باہر نکل کر کسی مسافر کا انتظار کرنے لگا۔ خدا خدا کرکے اسے ایک بوڑھا مسافر دکھائی دیا۔ مسافر کو دیکھ کر وہ نیک دل انسان بہت خوش ہوا اور بڑے احترام سے مسافر سے میٹھی میٹھی باتیں کرنے لگا۔ وہ بوڑھا مسافر بھی کوئی بہت ہی عجیب انسان تھا۔ ہر بات کا ٹیڑھا جواب دیتا۔ خدا کا دوست پھر بھی اُس سے ناراض نہ ہوا۔ کھانا تیار ہوا تو مسافر کو بڑے احترام سے بٹھایا گیا۔ سب لوگوں نے بسم اللہ پڑھ کر کھانے کا آغاز کیا مگر اُس بوڑھے مسافر نے بسم اللہ پڑھے بغیر کھانا شروع کردیا۔ میزبان نے پہلی بار ذرا سخت لہجے میں پوچھا: ''محترم بزرگ! جس خدا نے ہمیں اتنی نعمتیں عطا کی ہیں' کیا ہمارا فرض نہیں کہ ہم کھانا کھانے سے پہلے اس کا نام ہی لے لیں؟'' ''میں اس بات پر یقین نہیں رکھتا۔'' مسافر نے تلخی سے جواب ''کیونکہ میرے رہنما نے ایسا کرنے سے مجھے منع کررکھا ہے'' باتوں باتوں میں خدا کے نیک بندے کو معلوم ہوگیا کہ اس کا مہمان پرلے درجے کا کافر اور خدا کی ہستی کا انکار کرنے والا تھا۔ میزبان یہ بات برداشت نہ کرسکا اور اس نے بڑے غصے سے کہا: ''جو شخص خدا کی ہستی کا انکار کرے وہ میرا مہمان نہیں ہوسکتا'' یہ کہہ کر میزبان نے اپنے مہمان کو گھر سے نکال دیا۔ وہ مسافر بھی سب کو بُرا بھلا کہتا ہوا بستی سے نکل گیا۔ خدا کا نیک بندہ اپنے مہمان کو گھر سے نکال کر پریشانی میں مبتلا ہوگیا۔ رہ رہ کر اسے اس کافر کی بیوقوفی کا خیال آرہا تھا۔ ''آخر یہ لوگ اپنے سچے پروردگار کا شکر کیوں ادا نہیں کرتے' وہ پروردگار جو ہم انسانوں کی ساری ضروریات پوری کرتا ہے'' خدا کا وہ نیک دل بندہ اسی کشمکش میں مبتلا تھا کہ غیب سے آواز آئی ''میرے پیارے بندے! تو نے مہمان کو گھر سے نکال کر کوئی اچھا کام نہیں کیا' میں نے سو برس تک اسے روزی دی اور تو اسے ایک وقت کا کھانا نہ کھلا سکا' حالانکہ وہ کھانا میرا ہی دیا ہوا تھا۔ وہ میری خدائی کا انکار کرسکتا ہے کہ میں نے اسے ایک مقررہ وقت تک ڈھیل دے رکھی ہے لیکن میں نے تو اسے پیدا کیا ہے' میں کیسے کہہ دوں کہ وہ میرا بندہ نہیں۔'' خدا کا نیک بندہ یہ سن کر بہت شرمندہ ہوا۔ اس کے بعد وہ ہر انسان کو صرف انسان اور خدا کا بندہ سمجھ کر اپنا مہمان بناتا۔ سبق: ہر شخص کو اپنے عمل کا بدلہ ضرور ملتا ہے۔ اس لیے برائی کا بدلہ بھی بھلائی سے ہی دینا چاہیے۔ (انتخاب: سانول چغتائی' رانجھو چغتائی' اماں زیبو چغتائی' بھورل چغتائی' احمد پور شرقیہ)

بیماری نے تجھے باہوش بنادیا: جب تو بیمار پڑتا ہے تو اپنے گناہوں سے توبہ واستغفار کرتا ہے یہ اس بات کا ثبوت ہوتا ہے کہ تیری بیماری نے تجھے بیدار کرکے باہوش بنادیا ہے۔

حبیب بلوچ، گوجرانوالہ

قسط نمبر 5

جنات کے ساتھ گھومتا ہوں، انہیں جاگتی آنکھوں سے دیکھتا ہوں

ریٹائرڈ آرمی آفیسر، آرمی ایجوکیشن کالج میں سنٹر، ایس ایم آرمی پبلک سکول اور مردان کالج میں پرنسپل۔ گریژن اکیڈمی گوجرانوالہ میں ایڈمن آفیسر رہے۔ ان کے ذاتی اور خاندانی چشم دید پراسرار و حیران کن جنات کے ساتھ گزرے سچے واقعات قسط وار قارئین کی نذر۔

میں ملازمت کے سلسلہ میں خیبر پختونخوا کے ایک شہر میں تعینات ہوا' اس شہر سے تھوڑے فاصلہ پر پہاڑی سلسلہ شروع ہوجاتا ہے' میری ڈیوٹی ایسی تھی کہ وہاں کے مقامی لوگوں سے ملاقات ہوتی رہتی تھی اور مختلف موضوعات پر بات چیت ہوتی رہتی تھی ایک دن جنات کے موضوع پر بات چیت چل نکلی تو ایک شخص (م۔ر) نے بتایا کہ میں جنات کو اس طرح دیکھتا ہوں جس طرح میں اور آپ ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں انہوں نے بتایا کہ ہمارے گاؤں کے نزدیک پہاڑیوں میں بہت زیادہ جنات کا بسیرا ہے میں ان کے ہاں چلا جاتا ہوں ان سے گپ شپ لگاتا رہتا ہوں ایک دن ان کے بڑے کو ایک جن نے کہا کہ انسان ہم سے ڈرتے ہیں' یہ آدمی بے خوف ہوکر آتا ہے اور گپ شپ لگا کر چلا جاتا ہے اور ذرا بھی خوف زدہ نہیں ہوتا۔ جنات کے سردار نے مجھے مختلف طریقوں سے ڈرانے کی کوشش کی لیکن میں نہ ڈرا اور ان کے ہاں میرا آنا جانا لگا رہا۔ ایک دن جب میں اس طرف گیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک بہت ڈراونی شکل کی ایک مخلوق ہے' جس کی ایک ٹانگ ایک پہاڑ پر اور دوسری ٹانگ دوسرے پہاڑ پر ہے' میں نے دیکھتے ہی بھانپ لیا کہ یہ اس جن نے ڈرانے کیلئے یہ ڈراونی شکل اختیار کی ہے لہٰذا میں خوفزدہ نہ ہوا اسی دن میں گپ شپ لگائے بغیر واپس چلا آیا' دوسرے دن جب میں وہاں گیا تو مجھے ان جنات نے بتایا کہ کل آپ کو ڈرانے کیلئے ایک ہیبت ناک شکل بنائی تھی لیکن آپ کیا چیز ہیں کہ ڈرتے ہی نہیں؟ میں نہ عالم ہوں نہ عامل لیکن میں جنات سے نہیں ڈرتا' وہ کہنے لگا: میں اب بھی ان سے ملتا جلتا رہتا ہوں وہ مجھے اب کبھی کبھی تنگ بھی کرتے ہیں مگر میں پرواہ نہیں کرتا۔ اسی طرح ایک اور واقعہ ہمارے ساتھ کام کرنے والا ایک نوجوان م۔ع تھا' اس پر ایک جننی عاشق تھی' وہ اسے نہ کہیں ملازمت کرنے دیتی تھی نہ کوئی ذاتی کاروبار اور نہ ہی شادی کرنے دیتی تھی۔ وہ بتاتا تھا کہ جب میری شادی کی بات چیت چلتی ہے تو وہ مجھے جنات سے طرح طرح کی اذیتیں دلاتی ہے اور جب میں شادی کا ارادہ ترک کردیتا ہوں تو وہ پھر نارمل ہوجاتی ہے وہ نوجوان ایم بی اے تھا' ہمارے ساتھ بھی وہ چند دن کام کرسکا۔ اس جننی نے اس کی گاڑی چوری کروادی ایک سال بعد وہ گاڑی اسے واپس ملی جو کہ بہت اچھی طرح ڈیکوریٹ کرائی گئی تھی۔ ہم اس سے پوچھتے کہ کیا تو عاملوں سے علاج نہیں کراتا وہ کہتا کہ جب بھی میں نے علاج کرایا تو وہ انسانی شکل میں ظاہر ہوتی اور بتاتی کہ تجھے عامل نے فلاں فلاں چیز کرنے کو دی ہے یہ لو میرے پاس یہ سب چیزیں ہیں لہٰذا تیرا عمل میرے اوپر کوئی اثر نہیں کرسکتا۔ ایک دفعہ عرب ریاستوں کی ایک ریاست میں قیام پذیر فیملی سے اس کا رابطہ ہوا۔ ان لوگوں نے اسے اپنے ہاں کمپنی میں اچھی جاب لاکھ روپے سے اوپر تنخواہ تھی اور ساتھ ہی رشتہ کی آفر بھی دی۔ کچھ عرصہ بعد ان کی کمپنی میں نقصان ہونا شروع ہوگئے اور کمپنی خسارے میں جانے لگی۔ جن لوگوں نے مسٹر (م۔ع) کو بلایا تھا وہ کمپنی کے اہم عہدوں پر تھے ان کو فکر لگی انہوں نے عاملوں سے رابطہ کیا۔ عاملوں نے بتایا کہ کمپنی میں کوئی نیا آدمی آیا ہے اس پر جنات کے اثرات ہیں اور وہ جنات آپ لوگوں کو بھی پریشان کررہے ہیں۔ ان لوگوں نے جب جائزہ لیا تو مسٹر (ع۔م) ہی نیا آدمی آیا تھا' انہوں نے اس کا پاکستان کا ٹکٹ لیا' بقایاجات ادا کیے اور اس کو پاکستان بھجوا دیا۔ مسٹر ع۔م کے آنے کے بعد اس کی کمپنی بہترین کاروبار کررہی ہے۔ وہ شخص آج بھی دردر کی خاک چھان رہا ہے۔ وہ جننی آج بھی اس پر قابض ہے۔ (جاری ہے)

موٹاپے سے نجات کیلئے 110 فیصد گارنٹی شدہ ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں موٹاپے کے ہاتھوں بہت تنگ تھی' بہت ٹوٹکے آزمائے مگر بے سود' پھر ماہنامہ عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں درج ذیل قہوہ کے متعلق پڑھا' بنا کر استعمال کیا' یہ قہوہ واقعی ہی 110 فیصد کام کرتا ہے' مجھے بہت جلد اور بہت زیادہ فرق پڑا۔ نسخہ یہ ہے: ھوالشافی: عناب پانچ دانے' منقیٰ پانچ دانے' لونگ پانچ دانے اور دار چینی دو بڑے ٹکڑے۔ دو کپ پانی میں یہ تمام چیزیں ڈال کر پکائیں' جب ایک کپ رہ جائے تو چھان لیں اور ایک بڑے سائز کا لیموں لے کر اس میں نچوڑ کر چسکی چسکی پی لیں۔ یہ عمل 21 دن کرنا ہے اور اس دوران چاول' آلو' چکنائی والی چیزیں ہرگز نہیں کھانی۔ اللہ تعالیٰ ماہنامہ عبقری اور حضرت حکیم صاحب کو ہمیشہ سلامت رکھے۔ (ہما خان' پشاور)

ثاقب نواز، حضرو

جنت کے بادشاہ

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جنت کے بادشاہ وہ لوگ ہیں جو پراگندہ اور بکھرے ہوئے بالوں والے ہیں' غبار آلود اور گرد سے اٹے ہوئے' وہ امیروں کے گھر جانا چاہیں تو انہیں اجازت نہیں ملتی' وہ اگر کسی بڑے گھرانے میں رشتہ مانگیں تو وہاں کی بیٹی انہیں نہیں ملتی۔ ان مسکینوں سے انصاف کے برتاؤ نہیں برتے جاتے' ان کی حاجتیں اور ان کی امنگیں اور مرادیں پوری ہونے سے پہلے وہ خود ہی فوت ہوجاتے ہیں اور آرزوئیں دل کی دل میں ہی رہ جاتی ہیں انہیں قیامت کے دن اس قدر نور ملے گا کہ اگر وہ تقسیم کیا جائے تو تمام دنیا کو کافی ہوجائے۔ حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کے اشعار میں ہے کہ بہت سے وہ لوگ جو دنیا میں حقیر و ذلیل سمجھے جاتے ہیں۔ کل قیامت کے دن تخت و تاج والے' ملک و مال والے' عزت و جلال والے بنے ہوئے ہوں گے۔ باغات میں' نہروں میں' نعمتوں میں' راحتوں میں مشغول ہوں گے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جناب باری تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ سب سے زیادہ میرا پسندیدہ ولی وہ ہے جو مومن ہو' کم مال والا' کم جانوں والا' نمازی' عبادت و اطاعت گزار' پوشیدہ و اعلانیہ مطیع ہو' لوگوں میں اس کی عزت اور اس کا وقار نہ ہو اس کی جانب انگلیاں نہ اٹھتی ہوں اور وہ اس پر صابر ہو۔ پھر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے چٹکی بجا کر فرمایا: اس کی موت جلدی آجاتی ہے اس کی میراث بہت کم ہوتی ہے اس پر رونے والیاں تھوڑی ہوتی ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ محبوب بندے غرباء ہیں جو اپنے دین کو لیے پھرتے ہیں جہاں دین کے کمزور ہونے کا خطرہ ہوتا ہے وہاں سے نکل کھڑے ہوتے ہیں۔ یہ قیامت کے دن حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ جمع ہوں گے۔ (تفسیر ابن کثیر جلد 4، صفحہ 190)

قوت حافظہ بڑھانے کیلئے: نسیان کو دور کرنے کیلئے پانچ ماشہ چھوٹی الائچی کا سفوف گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کرنے سے نہ صرف نسیان دور ہوتا ہے بلکہ قوت حافظہ بھی بڑھ جاتی ہے۔ چند ہفتے ضرور استعمال کریں۔

بے گناہ کو طلاق دلوانے کا انجام، اپنی بیٹی کا گھر اُجڑ گیا

کہتے ہیں سود ایک ایسی لعنت ہے جس کی سزا لینے والے کی کئی نسلوں کو بھگتنی پڑتی ہے (ع) کے سسر نے کئی سال پہلے سود پر پیسے لیے تھے اور اس کا بدل یہ ہوا کہ انکی اولاد اُجڑ گئی (ج) کے سب بہن، بھائیوں کے گھر نہ بس سکے۔

والدین کی کچھ ایسی غلطیاں بھی ہوتی ہیں جن کو وہ بغیر سوچے سمجھے کر جاتے ہیں مگر اُن کی سزا والدین کو نہیں اُنکی اولاد کو بھگتنی پڑتی ہے۔ایک مقولہ ہے جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔اگر کسی کی طرف نیت بُری کی تو اِس کا خمیازہ اُن کی پیاری اولاد کو بھگتنا پڑتا ہے۔پھر کچھ والدین کی آنکھیں اِس غم کو دیکھ کر بہہ بہہ کر جب تھک جاتی ہیں تو انہیں اپنے کیئے کا احساس ہوتا ہے مگر کچھ والدین ضد، انا اور دشمنی میں اِس قدر سنگدل ہوجاتے ہیں کہ انہیں اولاد کو دیکھ کر اپنے کیئے کا احساس نہیں ہوتا۔ایک ایسا ہی واقعہ میں عبقری کے قارئین کو بتانا چاہتی ہوں ۔ یہ میری آنکھوں کے سامنے سب ہوا ہمارے پڑوس میں ایک فیملی رہتی تھی اُنکی ایک بیٹی اور دو بیٹے تھے۔ہمارا تعلق اٹک کے ایک گاؤں سے ہے، نہ جانے کیوں آج بھی ہمارے گاؤں میں لڑکیوں کی تعلیم کو اچھا نہیں سمجھا جاتا تھا۔ہمارے گھر کے سامنے ایک فیملی رہتی تھی اُس فیملی کے سربراہ (ش) صاحب تھے جو اپنی بیٹی سے بہت پیار کرتے تھے، (ش) صاحب پڑھے لکھے آدمی تھے انہوں نے اپنی بیٹی کو تعلیم حاصل کرنے کیلئے شہر بھیج دیا اُنکی بیٹی (ع) اپنی نانی کے گھر رہنے لگی اُس نے تعلیم حاصل کی گریجویشن کیا پھر ایم اے، ایم ایڈ۔ ویسے تو (ش) صاحب بہت اچھے تھے اعلیٰ اخلاق کے مالک تھے ہر ایک سے اِن کے دوستانہ تعلقات تھے، بس بھائی اور بھابی کے علاوہ وہ اپنی بھابھی سے سخت ناراض تھے جھگڑا بھی کوئی بڑا نہیں تھا بس معمولی معمولی باتوں پر کشیدگی اتنی بڑی کہ انہوں کئی بار طلاق دینے کا کہا مگر بھائی نہ مانا، (ش) صاحب کو شیطان نے اِس قدر بھڑکایا کہ وہ بھابھی کی جان کے دشمن بن گئے نامعلوم وجود کی بنا پر (ش) صاحب کی بھابھی کی بہن کو طلاق ہوگئی تو اُنہوں نے بھابھی پر الزام لگایا کہ تم بھی کردار کی اچھی نہیں ہو تمہاری بہن بھی اچھی نہیں ہوگئی اس لئے اُسے طلاق ہوئی۔ بھائی کو بھی (ش) صاحب نے بہت کہا کہ اسے طلاق دے دو میں تمہاری دوسری شادی کروادوں گا بہت کوشش کے بعد بھی (ش) صاحب ناکام رہے اور پھر بھی ہار نہ مانی۔ اُدھر اُنکی اپنی بیٹی جوان ہوگئی تو اُس کے نانا نانی نے اچھا رشتہ دیکھ کر اُسکی شادی کردی، (ع) ہر لحاظ سے اچھی بہو ثابت ہوئی نندیں، دیور سب اِس کے آگے پیچھے پھرتے، بھابھی بھابھی کرتے رہتے (ع) سب کی آنکھوں کا تارا بن گئی۔شادی کے ایک دو ماہ تو بہت اچھے گزرے مگر حالات نے پلٹا کھایا، (ع) کا شوہر علی بیوی سے خائف ہو گیا آہستہ آہستہ اُن کی دوری بڑھتی گئی اور اپنی پسندیدہ بیوی بری لگنے لگی کیونکہ علی مستقل مزاج شخص نہیں تھا، وہ ہر ایک کے بہکاوے میں آجاتا تھا، اسے (ع) کی بھابھی نے ورغلانا شروع کردیا، پہلے تو (ع) کی بھابھی نے دیکھا کہ (ع) اچھی طرح سسرال میں ایڈجسٹ ہوگئی ہے تو اُس نے ساس، سسر، دیور، اور نندوں کو بھڑکایا کہ (ع) اچھی لڑکی نہیں ہے بس اِس طرح کے الزامات لگائے جب دیکھا کہ (ع) کے سسرال میں کوئی اثر نہیں ہوا تو اُس نے (ع) کے شوہر کو اس کے خلاف کردیا اور ایک دن نتیجہ یہ نکلا کہ (ع) کو اُس کے شوہر نے طلاق دے دی، اور پھر طلاق دینے کے بعد پاؤں میں گر کر معافیاں مانگنے لگا مگر نکلا تیر کمان میں نہیں آسکتا۔ (ع) اور (ج) کی شادی صرف ایک سال رہی اِس عرصے میں اللہ نے اُسے ایک بیٹے سے بھی نوازا مگر میاں بیوی میں دراڑ آگئی تو (ع) نے بیٹا سسرال والوں کو دے دیا اور خود ماں باپ کے گھر آگئی (ع) کے سسرال والے اب بھی (ع) کو بہت یاد کرتے ہیں۔

کہتے ہیں سود ایک ایسی لعنت ہے جس کی سزا سود لینے والے کی کئی نسلوں کو بھگتنی پڑتی ہے (ع) کے سسر نے کئی سال پہلے سود پر پیسے لیے تھے اور اِس کا بدل یہ ہوا کہ انکی اولاد اُجڑ گئی (ج) کے سب بہن، بھائیوں کے گھر نہ بس سکے، سارے خاندان والے کہتے ہیں کہ یہ صرف سود لینے کی وجہ سے ہورہا ہے، ویسے تو سب لوگ اخلاق کے بہت اچھے ہیں مگر سود کی لعنت نے اِنکا گھر اُجاڑ دیا اِن حادثات نے (ع) کے سابقہ ساس، سسر کو ذہنی مریض بنا دیا ہے۔ یہ مکافات عمل ہے یا والدین کے گناہوں کی سزا کوئی نہیں جانتا بس مجھے صرف اتنا علم ہے کہ اِس واقعے نے (ع) کو بہت توڑ دیا ہے، وہ بے جان لاش نظر آتی ہے اِس نے خود کو گھر میں قید کرلیا ہے، عبقری کے قارئین سے (ع) کیلئے دعا کی استدعا ہے، اس واقعے کو تحریر کرنے کا مقصد کسی کے عیبوں کو فاش کرنا نہیں بلکہ والدین کو یہ ترغیب دلانا ہے کہ براہ کرم کبھی بھی کسی کے بارے میں غلط نہ سوچیں۔ حدیث مبارکہ ہے کہ کسی کی تکلیف کو دیکھ کر اِس پر خوش نہ ہو ہوسکتا ہے اللہ اُسے نجات دے دے اور تمہیں اُس مصیبت میں مبتلا کردے (ترمذی) اِس معاشرے میں بہت سی (ع) کی سی لڑکیاں موجود ہیں جو جانے انجانے میں والدین کی غلطیوں کی سزا بھگت رہی ہیں میری تمام والدین سے استدعا ہے کہ براہ کرم اپنی اولاد پر رحم کریں حرام سے دور رہیں اور اپنے بچوں کو اُن کے ناکردہ گناہوں کی سزا بھگتنے پر مجبور نہ کریں۔ (پوشیدہ)

مجھ پر ہنستے ہو یا میرے بنانے والے پر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے ایک گزشتہ شمارے میں ”نفسیاتی گھریلو الجھنیں اور آزمودہ یقینی علاج“ میں ایک صاحب کا خط شائع ہوا کہ ایک صاحب نے لکھا تھا کہ ”لوگ مجھ پر ہنستے ہیں“ جب میں نے یہ پڑھا تو مجھے ایک سچا واقعہ یاد آگیا‘ ہمارے گاؤں میں ایک چوک بنا ہوا ہے‘ آبادی کے درمیان میں‘ مین راستہ بھی وہیں پر آتا ہے ایک دفعہ ایک اجنبی پتہ نہیں کون تھا‘ شاید گاؤں میں کسی کے ہاں مہمان آیا ہوا تھا‘ اس کی رنگت بہت زیادہ ہی سیاہ تھی‘ وہ وہاں چوک پر جب پہنچا تو وہاں چند نوجوان لڑکے بیٹھے ہوئے تھے جب انہوں نے اس کو دیکھا تو اس کو دیکھ کر ہنسنے لگے اور مذاق اڑانے لگے‘ جب اس شخص کو محسوس ہوا کہ یہ لڑکے مجھ پر ہنس رہے ہیں تو اس نے ان کو بلا کر کہا بیٹا ذرا میری بات سننا‘ جب لڑکے ہچکچاتے ہوئے اس کے قریب پہنچے تو اس نے بہت خوبصورت بات کہی کہ ”بیٹا! آپ مجھ پر ہنس رہے ہو یا میرے بنانے والے پر“ تو سب یوں خاموش اور شرمندہ ہوئے کہ پھر نہ بولے اس نے کہا کہ ”آپ کو بھی وہی بنانے والا ہے اور مجھ کو بھی“ اس لیے لوگ احمق ہیں جو دوسروں کی بناوٹ‘ معذوری‘ رنگ شکل پر ہنستے ہیں‘ میرا ذہن یہ کہتا ہے کہ کسی کو دیکھ کر ہنسنا نہیں چاہیے بلکہ اس ذات کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ اس کریم ذات نے پر کتنا کرم کیا کہ ایسا نہیں بنایا اور کسی کو معذوری کی یا بُری حالت میں دیکھ کر استغفار پڑھنی چاہیے کہ یا اللہ ہم کو ایسی معذوری سے محفوظ رکھا اور یا اللہ تیرا شکر ہے کہ تو نے ہم کو ایک مکمل اور خوبصورت انسان بنایا کوئی کمی نہیں چھوڑی۔ یہ معذوریاں‘ رنگت‘ تنگدستی جو کچھ ہم دوسروں میں دیکھتے ہیں یہ اس مالک کا امتحان ہوتی ہیں کہ میرا بندہ کیا کرتا ہے اور ڈرتے رہنا چاہیے کہ سب کچھ اس کے ہاتھ میں ہے‘ وہ جب چاہے جو چاہے کرسکتا ہے‘ شاید اگلے لمحے کہیں ہم ایسی خامی ایسی معذوری کا شکار نہ بن جائیں۔ اس لیے ایسے لوگوں کو پریشان نہیں کرنا چاہیے اور نہ جن پر لوگ ہنستے ہیں ان کو پریشان ہونا چاہیے بس اللہ کا شکر ادا کرکے ایسی باتوں سے درگزر کردینا ہی اچھا ہے۔ (پوشیدہ‘ تلہ گنگ)

جملہ ضرورتوں سے بے نیاز: اگر کوئی شخص اسم الٰہی یَابَاسِطُ کا بعد نماز فجر اپنے دونوں ہاتھ پھیلا کر دس بار ورد کرے اور اس کے بعد دونوں ہاتھ اپنے منہ پر پھیر لے تو وہ اپنی جملہ ضرورتوں سے بے نیاز ہوجائیگا۔

کالے جادو اور روزگار کا مسئلہ حل	الرجی کیلئے اس سے بہتر نسخہ نہیں	گرتے بالوں کا مسئلہ حل
ماہواری کی بے قاعدگی کا حل	شک' ٹینشن' ڈیپریشن کا حل بتائیے	منہ پر لاک لگ جاتا ہے!

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے' کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

دسمبر کے سوالات

1۔ پیشاب نے تنگ کر رکھا ہے: محترم قارئین! میری عمر اٹھارہ سال ہے' میرا مسئلہ یہ ہے کہ پیشاب کرنے کے بعد تھوڑی دیر بعد ایک یا دو قطرے پیشاب کے نکل جاتے ہیں' جس کی وجہ سے کافی پریشانی ہوتی ہے۔ میری اکثر نمازیں اس بیماری کی وجہ سے قضا ہوجاتی ہیں۔ اگر کسی کے پاس میرے مسئلے کا حل ہو تو ضرور بتائیے گا۔ (علی احمد' قصور)

2۔ شک' ٹینشن' ڈیپریشن کا حل بتائیے: میں ڈیپریشن کے مرض میں مبتلا ہوں' ذہن اٹک سا گیا ہے' جو خیال آجائے اس سے نکل ہی نہیں پاتی' بہت پریشان ہوں' مرنے کو دل کرتا ہے' براہ مہربانی اس مسئلے کا حل بتائیے' خدارا میری مدد کریں اور دعائیں لیں۔ (ش۔ش)

3۔ بند کان: محترم قارئین! السلام علیکم! میری عمر 17 سال ہے میں سیکنڈ ایئر کی طالبہ ہوں' چھ مہینے سے زائد عرصہ ہوچکا ہے مجھے کم سنائی دیتا ہے' میرے کان ہروقت بند رہتے ہیں' پیپ نہیں ہے بہتے بھی نہیں ہیں' کان کی نالیاں ہروقت بند رہتی ہیں۔ کان میں مکھی کے بھنبھنانے اور ڈرم کی آوازیں بھی آتی ہیں۔ نہاتے ہوئے اچھی طرح دھوتی ہوں' پھر بھی نہیں کھلتے۔ ہروقت میل سے بھرے رہتے ہیں۔ زکام بھی بہت شدید ہوتا ہے اور ٹھیک بھی ہوجاتا ہے۔ ناک منہ کی مناسبت سے بڑا ہورہا ہے' لمبا اور موٹا بھی ہے۔ ناک بھی کبھی بند ہوجاتا ہے' سب میری ناک کا مذاق اڑاتے ہیں' براہ مہربانی ان مسائل کا حل بتادیجئے۔ (پوشیدہ، لاہور)

4۔ منہ پر لاک: محترم قارئین! میرا دائیاں ''جبڑا'' عموماً تالے کی طرح لاک یعنی بند ہوجاتا ہے اور بڑی مشکل سے کھلتا ہے' اس کی وجہ سے منہ بھی ٹھیک طرح سے نہیں کھلتا' کھانا بھی نہیں کھایا جاتا' وجہ یہ ہے کہ میں ایک مرتبہ سردی کی رات میں ٹھنڈے پانی سے نہایا تھا' میں کانپنے لگا اور دائیاں جبڑا لاک ہوگیا۔ جب بھی اسے کھولتا ہوں تو ''کڑاک'' کی آواز آتی ہے۔ اس کے علاوہ جسمانی لحاظ سے بھی کمزور ہوں' اور مہینے میں دو سے تین بار مجھ سے گناہ ہوجاتا ہے۔ بُری طرح عادت بد میں گرفتار ہوں۔ لاکھ چھوڑنے کی کوشش کی مگر نہیں چھوڑ پارہا۔ قارئین خدارا میرے مسائل کا حل بتائیں۔ (ع۔م' گوجرانوالہ)

نومبر کے جوابات

1۔ بھائی! آپ یہ نسخہ استعمال کریں: ھوالشافی: تقریباً دو لیٹر پانی میں 250 گرام بنفشہ کے پھول اور 50 گرام پرساؤ شیاں 24 گھنٹے کیلئے بھگودیں۔ پھر اس پانی میں ایک لیٹر تلوں کا تیل شامل کردیں اور چولہے پر دھیمی آنچ سے اس وقت تک پکائیں کہ پانی نصف جل جائے۔ اب اس تیل کو چھان کر ٹھنڈا کرکے تیل بوتل میں محفوظ کرلیں اور روزانہ رات کو سوتے وقت اچھی طرح سر میں جذب کرلیں۔ اس سے آپ کے بال جلد ہی خوبصورت اور گھنے ہوجائینگے۔ (ع' ملتان)

2۔ غلام محمد صاحب! آپ کی الرجی کیلئے اس سے بہتر نسخہ نہیں' آپ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا لیں اور ایک چمچ چائے والا دن میں تین بار استعمال کریں۔ یاد رہے خمیرہ کسی اچھے دیانتدار طبیب کا بنا ہوا ہو اور اسکے ساتھ ساتھ اطریفل اسطخدوس ایک چمچ چائے والا اور کلونجی پاؤڈر ایک چوتھائی چمچ استعمال کریں۔ غذا میں کھٹی چیزیں، اچار وغیرہ سے پرہیز کریں۔ میرے والد صاحب کا آزمودہ ہے آپ بھی آزمایئے اور دعاؤں میں یاد رکھیے۔ (شہزاد بٹ' راولپنڈی)

3۔ محترمہ ک بی بی! کالے جادو یا سحر سے بچنے کیلئے آپ یہ عمل ضرور آزمایئے! سورۂ کہف کی آخری 9 آیات 7 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پھر اس پانی کو دیواروں پر چھڑکیں بھی اور اس پانی کو روزانہ پئیں۔ بہن! روزگار کیلئے آپ سارا دن سینکڑوں ہزاروں کی تعداد میں باوضو صرف پاک حالت میں وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡكَ رَبُّكَ فَتَرۡضٰی ﴿والضحیٰ ۵﴾ پڑھیں۔ (محمد زاہد علی' گجرات)

4۔ محترم بہن! میری بیٹی کے ساتھ بھی یہی مسئلہ تھا' ماہواری کی وجہ سے وہ بہت پریشان اور تکلیف میں مبتلا تھی۔ مجھے میری ایک جاننے والی نے یہ نسخہ لکھوایا' میں نے بنوا کر اسے چند ہفتے استعمال کروایا۔ الحمدللہ آج میری بیٹی بالکل ٹھیک ہے۔ آپ بھی یہی نسخہ استعمال کیجئے۔ ھوالشافی: ریوند عصارہ' مصبر' منقیٰ' سقمونیا نمبر 1۔ ہموزن لے لیں۔ چاروں کو کوٹ پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح و شام نیم گرم دودھ کے ہمراہ۔ اگر پاخانے پتلے ہوں تو گھبرائیں نہیں۔ جس نے بھی مستقل دو ماہ استعمال کیا ہے' انشاء اللہ فائدہ ہوا ہے۔ (بیگم محمد عظیم' لاہور)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد پوری

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوا (دیکھا کہ) حسن و حسین رضوان اللہ علیہم اجمعین آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سامنے یا گود میں کھیل رہے تھے۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ان سے محبت کرتے ہیں؟ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں ان سے محبت کیوں نہ کروں' حالانکہ میرے گلشنِ دُنیا کے یہی تو دو پھول ہیں جن کی مہک کو سونگھتا رہتا ہوں (اور اُنہی پھولوں کی خوشبو سے کیف و سرور پاتا ہوں)۔'' (امام طبرانی)

سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک روز حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میرے ہاں تشریف لائے اور فرمایا: میرے بیٹے کہاں ہیں؟ میں نے عرض کیا: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کو ساتھ لے گئے ہیں۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ان کی تلاش میں متوجہ ہوئے تو انہیں پانی پینے کی جگہ پر کھیلتے ہوئے پایا اور ان کے سامنے کچھ کھجوریں بچی ہوئی تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اے علی! خیال رکھنا میرے بیٹوں کو گرمی شروع ہونے سے پہلے واپس لے آنا۔ (امام حاکم)

جو کام بس سے باہر ہوں! انہیں کرنے کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک آزمودہ روحانی عمل بھیج رہی ہوں۔ ہمارے گھر میں وائرنگ کا کام ہو رہا تھا' جب الیکٹریشن بھائی کام کررہا تھا تقریباً سارا کام مکمل ہوگیا' ایک جگہ پر رکاوٹ پڑگئی بجلی کی تاریں آگے نہیں آرہی تھیں' اس بھائی نے بہت کوشش کی کہنے لگے باجی کل آؤں گا اور اس جگہ کو مکمل توڑوں گا اور تاریں گزار کر دوبارہ سیمنٹ سے پلستر کردوں گا۔ یہ میرے بس سے باہر ہے' اس کے جانے کے بعد میں نے اول و آخر درود شریف کے ساتھ 4 مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر اس جگہ پر پھونک ماری تو آپ یقین کریں ابھی میں اندر کمرے میں آئی تھی کہ میرے بیٹے نے ایسے ہی تاروں کو آگے کی طرف دھکیلا تو تاریں بالکل آرام سے دوسری طرف سے باہر آگئیں' میرا بیٹا بھاگتا ہوا میرے پاس آیا امی جان کمال ہی ہوگیا۔ صبح جب الیکٹریشن بھائی آئے تو وہ جگہ توڑنے کا مکمل سامان ساتھ لائے تھے جب انہوں نے آکر دیکھا کہ تاریں تو دوسری طرف سے نکلی ہوئی ہیں تو بولے یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ میں نے انہیں سورۂ قریش کی برکت بتائی تو بہت خوش ہوئے۔ (ی، اٹک)

خواب اور تعبیر

☆ بزرگ کا بتایا وظیفہ ☆ اپنی صفائی میں کچھ نہ بول سکی ☆ پرس لانا بھول گئی! ☆ خواب میں جوتیاں دیکھتی ہوں! ☆ مجھے چاند دیکھنا ہے ☆ خواب کے مطابق اچھا رشتہ نصیب ہوگا ☆ رس ملائی اور چھپکلی کی دم ☆ جلد آپ کی پریشانیاں دور ہونے والی ہیں ☆ بندش چالیس دن میں ختم

بزرگ کا بتایا وظیفہ: میں نے دیکھا کہ ایک بزرگ مجھے کہہ رہے تھے کہ ہر نماز کے بعد دس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھا کرو پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (ش۔ز۔لکی مروت)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کو بیماری اور پریشانی سے خلاصی نصیب ہو گی۔ یہ ایک غیبی اشارہ ہے، آپ اس پر عمل کرلیں تو ہر اہم کام میں غیبی مدد ملتی رہے گی، ان شاء اللہ۔ واللہ اعلم۔

پریشانیاں دور: میں نے دیکھا کہ میری پھوپھی زاد بہن بہت سے سوٹ لاتی ہے اور کہتی ہے جو اچھا لگے لے لو۔ میں بلیک سوٹ جس پر اورنج پھول بنے ہوئے ہیں، پسند کرتی ہوں اور میری بہن شاید آف وائٹ لیتی ہے۔ (ثمینہ، ملتان)

تعبیر: آپ کا خواب اچھا ہے اور اس بات کا اشارہ ہے کہ انشاء اللہ جلد ہی آپ کی پریشانیاں دور ہونے والی ہیں۔ آپ آخری تین قل سات سات مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

پرس لانا بھول گئی!: میں نے دیکھا کہ ایئر پورٹ کے لاؤنج میں کھڑی ہوں، سب مجھے چھوڑنے آئے ہیں۔ ایک آدمی کہتا ہے کہ بورڈنگ شروع ہونے والی ہے۔ میں اپنا سامان اُٹھاتی ہوں تو خیال آتا ہے کہ پرس گھر پر ہی رہ گیا ہے۔ سوچتی ہوں ابھی تو بورڈنگ میں 15 منٹ باقی ہیں' جا کر لے آتی ہوں۔ اس کے بعد میں نے دیکھا کہ اسکول میں اسمبلی ہو رہی ہے، شاید صبح کا وقت (میں دوپہر کے اسکول میں پڑھاتی ہوں) میں سائیڈ کے دروازے سے اپنی دو ساتھی ٹیچرز کے ہمراہ باہر نکلتی ہوں جو مجھے ایئر پورٹ چھوڑنے جا رہی ہیں۔ دروازے کے باہر کئی گاڑیاں اور دو رکشے کھڑے ہوتے ہیں، ایک رکشے والا جانے سے منع کر دیتا ہے جبکہ دوسرا تیار ہو جاتا ہے۔ میں ایئر پورٹ کے لاؤنج میں پہنچ جاتی ہوں تو خیال آتا ہے کہ پرس میں پھر لانا بھول گئی ہوں۔ (پوشیدہ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے کاموں میں بندش لگی ہوئی ہے جس کی وجہ سے آپ کے ہوتے ہوئے کام ادھورے رہ جاتے ہیں۔ آپ حسب توفیق کچھ صدقہ دیں اور یَاجَامِعُ یَابَدِیْعُ ہر نماز کے بعد 21/21 مرتبہ پڑھ کر تمام امور کے لیے دعا کریں۔ واللہ اعلم۔

اپنی صفائی میں کچھ نہ بول سکی: میں اکثر خود کو گھٹ گھٹ کر روتا ہوا دیکھتی ہوں۔ کبھی دیکھتی ہوں کہ میرے گھر والے میرے ساتھ کسی بات پر غصے کا اظہار کرتے ہیں اور ان کی اپنی صفائی میں کچھ کہہ نہیں سکتی اور اگر ان کو کہنے کی کوشش کروں تو وہ دھیان نہیں دیتے۔ کبھی میں دیکھتی ہوں کہ میں پریشان ہوں یا مجھے کوئی تکلیف ہے اور میں اپنے گھر والوں کو بتانے کی کوشش کرتی ہوں تو وہ دھیان نہیں دیتے، پھر میرا دل چاہتا ہے کہ میں اونچی آواز میں دل کھول کر روؤں لیکن نہیں رو سکتی۔ (آئینہ، راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کو، آپ کے گھر والوں کی طرف سے جلد ہی خوشی کی خبر ملے گی، نیز گناہوں سے معافی اور توبہ کی توفیق کا بھی اشارہ ہے۔ واللہ اعلم

خواب میں جوتیاں دیکھتی ہوں! اکثر میں جوتیاں دیکھتی ہوں جو کبھی سائز میں چھوٹی بڑی ہوتی ہے یا کبھی بہت خوبصورت میری من پسند جوتی مجھے مل جاتی ہے۔ اب اکثر خواب میں میں اپنی بڑی سے چھوٹی بہن کی شادی دیکھتی ہوں (جو پہلے سے ہی شادی شدہ ہے) اور خود کو بنا سنوارا دیکھنا چاہتی ہوں کہ بہن کی شادی ہے۔ (آفرین' لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ کہ جلد ہی آپ کا رشتہ کسی اچھی جگہ پر طے پا جائے گا اور ان شاء اللہ ازدواجی زندگی بہت اچھی ہوگی۔ واللہ اعلم۔

رس ملائی اور چھپکلی کی دم: میں نے دیکھا کہ ہم سب گھر والے بیٹھے ہوئے رس ملائی کھا رہے ہوتے ہیں، اتنے میں میرے بھائی کی سالی آجاتی ہے تو میری بڑی بہن مجھ سے کہتی ہے، جاؤ کچن سے چمچہ پیالہ لے آؤ، یہ بھی کھا لے گی۔ میں کچن میں جاتی ہوں تو وہاں سوچتی ہوں کہ لاؤ شربت بھی بنا لوں ورنہ دوبارہ اُٹھنا پڑے گا۔ شربت بناتی ہوں اور اسی دوران شربت بھی چکھتی ہوں، پاس ہی شاید چینی اور شہد بھی رکھا ہے پھر اچانک میری نظر پڑتی ہے تو سامنے پردے کی طرف ایک چھپکلی کی بڑی سی دم نظر آتی ہے۔ میں اسے بھگاتی ہوں تو وہ بھاگ جاتی ہے۔ (ز۔ؤ، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے کاموں میں کسی حاسد دشمن کی طرف سے بندش عائد کی گئی ہے، تاہم آپ سورۂ کافرون، سورۂ فلق اور سورۂ ناس ہر نماز کے بعد سات، سات مرتبہ پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ ان شاء اللہ بندش چالیس دن میں ختم ہوجائے گی۔ واللہ اعلم۔

مجھے چاند دیکھنا ہے!: میں نے دیکھا کہ میری ایک جاننے والی کی بیٹی میرے گھر آئی ہے۔ اس نے پنک کلر کا سوٹ پہنا ہوا ہے اور اس کی ناک میں لونگ، گلے میں ہار اور کانوں میں بندے ہیں۔ وہ آکر مجھے کہتی ہے۔ آنٹی، میں نے آپ کو کہا تھا کہ مجھے چاند دیکھنا ہے تو میں کہتی ہوں، چاند تو بہت دور ہے۔ وہ کہتی ہے بس مجھے چاند دیکھنا ہے تو میں کہتی ہوں، جا' جا کے اپنے میاں کے ساتھ دیکھ لے پھر میری آنکھ کھل گئی۔ (عالیہ شہریار' حیدر آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ جس لڑکی کو آپ نے خواب میں دیکھا ہے، وہ اپنے شوہر کے ساتھ زیارت حرمین شریفین کی سعادت حاصل کرے گی۔ واللہ اعلم

اچھا رشتہ نصیب ہوگا: میں نے دیکھا کہ بڑا ہال ہے جس میں ایک طرف بہت ساری لڑکیاں کھڑی ہیں اور دوسری طرف میں اور میری سہیلی ہے اور دو ٹیچرز کھڑی ہیں، ان کے ہاتھ میں فائل ہے۔ ٹیچر کہتی ہیں کہ تم سب ایف اے میں پاس ہوگئی ہو تو سب خوش ہو کر جانے لگتی ہیں پھر ٹیچر ہماری طرف ہو کر کہتی ہے تو ہم جلدی سے دل میں کہتی ہوں کہ یا اللہ، میرے نمبر سہیلی سے زیادہ آئیں تو ٹیچر میرے نمبر 183 اور سہیلی 181 بتاتی ہیں تو میں بہت خوش ہوتی ہوں۔

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق جو کہ آپ نے 13 سال قبل دیکھا تھا۔ تعبیر تو یہی ہے کہ آپ کو اچھا رشتہ نصیب ہوگا لیکن بعض اوقات تعبیر واقع ہونے میں دیر لگ جاتی ہے۔ آپ بہر حال مایوس نہ ہوں اور بتائے ہوئے عمل پابندی سے کریں اور حسب توفیق صدقہ دیتی رہا کریں، ان شاء اللہ ضروری مراد پوری ہوگی۔ واللہ اعلم

نارمل ڈیلیوری کیلئے میرا اور میری بہن کا آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس بچے کی آسانی سے پیدائش کیلئے ایک ہے۔ یہ عمل مجھے کسی نے بتایا تھا جو میں نے خود پر آزمایا الحمدللہ! اللہ نے انتہائی آسانی اور سہولت فرمائی۔ اسی طرح جب یہ وقت میری بہن پر آیا تو میں نے اسے بھی درج ذیل عمل بتایا۔ ڈیلیوری والے دن بھی میری بہن صبح سے بہت تکلیف میں تھی میں نے شام کو یہ سورۃ پڑھی اور خیریت کے ساتھ میری بہن کے گھر بیٹا پیدا ہوگیا۔ الحمدللہ۔ عمل یہ ہے:۔ قرآن پاک کے پارہ 30 میں سورۃ المطففین ہے ڈیلیوری سے پہلے ستر بار پڑھنا ہے۔ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ۔ (شہناز منظور)

کمزوری ختم: بڑی الائچی کے دانے اور موصلی سفید ہم وزن لے کر سفوف تیار کر کے اگر ایک ماشہ سفوف ہمراہ مصری چند روز تک ضعف باہ کا مریض استعمال کرے تو اس کی قوت باہ مضبوط ہو جاتی ہے۔

ماں کی دم توڑتی سانسیں اور بیٹے کی بے حسی

مہرین میانوالی

اُس بڑھیا کی زندگی تو اُس وقت ہی ختم ہو گئی تھی جب اس کے شوہر نے اپنا رُخ عالمِ لا فانی کی طرف موڑا اور منوں مٹی کے نیچے دفن ہو گیا۔ باپ کو تمنا تو تھی کہ مرنے سے پہلے بیٹے کا سہرا دیکھ سکے۔

ماں ایک عظیم ہستی ہے میں ماں کو فقط ایک لفظ نہیں سمجھتا کیونکہ ایک لفظ کے ایک یا ایک سے زیادہ معنی ہوتے ہیں لیکن ماں تو اپنے اندر بے پناہ مفہوم اور بے شمار معانی لئے ہوئے ہے تو پھر ہم اسے ایک لفظ سے کیسے سمجھ سکتے ہیں ماں ایک سایہ دار درخت کی مانند ہے ماں سراسر محبت ہے اِس کے پاس محبت کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں ہے ماں ایک خزانہ ہے بہار کا۔ جس کی ماں نہیں اُس سے پوچھیے ماں کیا ہوتی ہے۔ جس کے پاس ماں جیسی عظیم ہستی ہو اُس کو چاہیے کہ اسے کبھی نظر انداز نہ کرے تاکہ اسے پچھتاوہ نہ اٹھانا پڑے۔ ایک واقعہ مکمل تبدیل کر کے لکھ رہا ہوں:۔

ایک ہمارے جاننے والے صاحب تھے شادی کے بعد وہ کافی دور ہو گئے مجھے یاد نہیں کہ میری ان سے آخری ملاقات کب ہوئی تھی، شادی کے بعد میں ان کے گھر گیا ماں گھر کے آخری کمرے میں تنہا رہتی تھی اس کی شادی کے ایک ماہ بعد ہی بیوی نے یہ کمرہ ماں کے حوالے کرتے ہوئے کہا امی جی آپ یہاں رہیے تاکہ آپ کی عبادت میں کوئی خلل نہ پڑے۔ بہو کی یہ بات سُن کر ماں نے پُرنم آنکھوں سے پاس کھڑے بیٹے کی طرف دیکھا تو وہ بھی کچھ نہ کہہ سکا، باپ کے انتقال کے بعد ماں نے اُسے بڑی محنت سے پالا تھا جب وہ نوکری پر لگ گیا تو ماں نے بڑے ارمانوں آرزوں سے اُس کی شادی کی تھی بوڑھی ماں کے چہرے پر زمانے کی گردشوں نے کچھ زیادہ ہی جھریاں پیدا کر دی تھیں، بہو کے گھر آنے پر اس کا چہرہ کھل گیا اس کے ماتھے پر پڑی لکیریں کچھ کم نظر آنے لگی تھیں، ماں کے چہرے پر مُسکراہٹ زیادہ دنوں تک قائم نہ رہ سکی، بہو نے کبھی اُسے اپنائیت کا احسان نہ دلایا بلکہ اُس کا رویہ ماں کے ساتھ ہمیشہ سخت گیر رہا، ماں جو اپنے خاوند کے گزر جانے کے بعد دُکھ سہنے کی عادی ہو گئی تھی یہ غم بھی بڑی ہی خاموشی کے ساتھ اپنے سینے میں اِس طرح اُتار لیا کہ کسی کو بھی اِس کا احساس نہ ہونے دیا، اُس بڑھیا کی زندگی تو اُس وقت ہی ختم ہو گئی تھی جب اس کے شوہر نے اپنا رُخ عالمِ لافانی کی طرف موڑا اور کئی من مٹی کے نیچے دفن ہو گیا۔

باپ کو تمنا تو تھی کہ مرنے سے پہلے بیٹے کا سہرا دیکھ سکے۔ خدا نے اُس کی تمنا تو پوری کر دی مگر شادی کے چند دن بعد ہی سب کو روتا ہوا چھوڑ کر اِس دنیا سے دوسری دنیا میں چلا گیا، افسوس تو اِس بات کا تھا کہ بہو نے اِس کے دکھوں میں اور اضافہ کر دیا تھا، ماں کے کمزور ناتواں سینے سے ایک آہ اُس وقت اُٹھی جب بہو نے ماں اور بیٹے کے مقدس رشتے کی ڈوروں کو کاٹ کر آہستہ آہستہ اُسے ماں سے لاتعلق ہونے پر مجبور کر دیا تھا، رفتہ رفتہ بیٹے نے بھی بے اعتنائی برتنی شروع کر دی، سب کچھ جانتے ہوئے سب کچھ سمجھتے ہوئے بھی ماں نے کبھی کچھ نہ کہا صبر کا دامن کبھی نہ چھوڑا۔ شادی سے پہلے جب وہ تھکا ہارا ڈیوٹی سے آتا اُسے ماں سے مل کر بڑی راحت محسوس ہوتی تھی، ماں اِس کے سر پر شفقت کا ہاتھ پھیرتی اور دعائیں دیتی تو اُسے سکونِ قلب ملتا اور دن بھر کی ساری تھکن بھول جاتا تھا۔ مگر اب اُسے ماں سے ملنے کا اتفاق ہی ہوتا تھا مگر اب ڈیوٹی سے واپسی کے بعد اُس کا سارا وقت بیوی اور بچوں میں ہی صرف ہو جاتا تھا، پھر چند دن بعد ماں بیمار رہنے لگی اور اپنے کمرے سے بہت کم ہی باہر نکلتی تھی، ایک رات جب وہ سونے کی تیاری کر رہا تھا تو اُس کی بیوی نے اُسے بتایا کہ ماں کی طبیعت اچانک بگڑ گئی ہے، آپ چل کر دیکھ لیں جب وہ ماں کے کمرے میں گیا تو اُس کے پیروں کے نیچے سے زمین تھرتھراتی محسوس ہوئی اُسے احساس نہ ہوا کہ ماں کی حالت اتنی بگڑ گئی اُس کی سانسیں دم توڑ رہی تھیں، بیوی نے اُسے کبھی نہیں بتایا کہ ماں اِس قدر بیمار ہو گئی ہے، کچھ دن پہلے پوچھنے پر صرف اِتنا بتایا کہ ماں کی صحت کچھ ٹھیک نہیں ہے پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے، میں دیکھ بھال کر رہی ہوں، اِس وقت اُسے بیوی کے سفید جھوٹ پر بہت غصہ آ رہا تھا، اِس نے کبھی ماں کو اہمیت ہی نہیں دی بلکہ ایک بوجھ سمجھتی رہی، وہ تو ہمیشہ اِس خیال میں رہتی تھی کہ کیسے کب اِس سے نجات ملے اور آج بیوی کی سوچیں پوری ہوتی نظر آ رہی تھیں مگر وہ بھی اِس میں برابر کا شریک تھا، اُس نے کبھی ماں کی خیریت نہیں پوچھی تھی اُسے اب ماں کی ضرورت ہی کیا تھی بڑا ہو گیا تھا، وہ نہایت افسردگی کے ساتھ اِس عظیم ہستی کے آگے نظریں نیچے کیے کھڑا تھا، جس نے بُرے حالات میں اس کی پرورش کیلئے اپنا سب کچھ قربان کر دیا تھا، جس نے بے پناہ محبت واُلفت کے موتی اِس پر نچھاور کیے (باقی صفحہ نمبر 34 پر)

دکھی دل اور روتی آنکھوں کو سکون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پانچ سال سے آپ کے عبقری کی قاری ہوں' پڑھ کر بہت مزہ آتا ہے' ماشاء اللہ عبقری میگزین نے ہمیں انسان بنا دیا ہے' میری دلی دعا ہے کہ عبقری کو اللہ تعالیٰ دن دگنی رات چگنی ترقی دے' دنیا و آخرت میں سرخرو رکھے' عبقری سے اتنا کچھ سیکھا کہ اب محسوس ہوتا ہے کہ گزشتہ تمام زندگی اندھیروں میں گزر گئی' اٹک سے لاہور آپ کے درس میں شرکت کی' زندگی میں سکون ملا' زندگی بدل گئی۔ اس کے علاوہ پندرہ سال سے لیکوریا کی بیماری تھی' میں نے عبقری سے درج ذیل نسخہ استعمال کیا میری بیماری ہمیشہ کیلئے دور ہو گئی۔ **ھوالشافی:** کیکر کے پھول' گوند کتیرا' چھوٹی الائچی' موصلی سفید' سرمہ سفید' مغز بادام تمام ایک ایک پاؤ اور مصری ایک کلو لے لیں' ان تمام اشیاء کو کوٹ پیس کر پھکی بنا لیں۔ ایک چمچ چائے والا صبح نہار منہ دودھ کے ساتھ۔ اگر مسئلہ زیادہ ہو تو رات کو بھی کھا سکتے ہیں۔ (عائشہ' اٹک)

ذکر نماز والی بن گئی ہوں! محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ خیریت سے ہوں گے اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ تندرست رکھے اور آپ ہمیشہ مخلوق خدا کی خدمت کرتے رہیں' اللہ تعالیٰ آپ سے راضی ہو جائے۔ آمین ثم آمین! جب سے عبقری سے تعارف ہوا ہے بہت زیادہ ذکر کرنے کی کوشش کرتی ہوں' نماز بھی پابندی سے پڑھتی ہوں اور تلاوت بھی' سنتوں کو اپنی زندگی میں نافذ کرنے کی بھرپور کوشش کرتی ہوں اب تو الحمدللہ ہر وقت باوضو رہنے کی بھی عادت اپنالی ہے' اللہ کا شکر ہے زندگی میں سکون آ گیا۔ (پوشیدہ)

دکھی دل اور روتی آنکھوں کو سکون: محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری اللہ پاک سے دلی دعا ہے کہ وہ آپ کو اور آپ کی اس قابل تحسین تحریک عبقری کو سدا سلامت رکھے جس کی وجہ سے لاکھوں دکھی دلوں اور روتی آنکھوں کو سکون ملا۔ آمین!۔ میں پہلے بھی چند ایک بار اپنے مسائل آپ کے گوش گزار کر چکی ہوں اور اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ میرے بہت مسائل بھی حل ہو گئے ہیں' میں ''عبقری'' کی تقریباً دو سال سے مستقل قاری ہوں اور بہت سے وظائف بھی اپنی زندگی کا حصہ بنا چکی ہوں۔ میں اپنے شوہر کے رویہ کی وجہ سے بہت پریشان تھی' عبقری میں چھپے ایک وظیفہ اپنانے سے بہت زیادہ بہتری آ گئی ہے۔ وظیفہ یہ ہے:۔ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا (الفرقان 74) (ش، غ)

حاسدین اور دشمنوں سے نجات: جو شخص تین دن روزہ رکھے اور چوتھے روز مجمع (چند افراد مل کر) میں اس اسم یَاحَافِظُ کا ستر ہزار مرتبہ ورد کرے تو اسے اپنے حاسدین اور دشمنوں سے نجات مل جائے گی۔ان شاء اللہ

ناک میں نیم کے پتوں سے ابلا پانی ڈالنے کا کمال

ملازمت پر جانے والی شدہ شادی خواتین کیلئے خاص مشورے

فرسٹ ایئر کی طالبہ ہوں! بال بہت گرتے ہیں!

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

سائنوسٹس کی تکلیف: میری عمر زیادہ نہیں مگر میں ناک کی وجہ سے بہت پریشان رہتی ہوں،کبھی ایک طرف کا نتھنا بند ہو جاتا ہے کبھی دوسری طرف کا،سردی میں مجھے سانس نہیں آتا،ایلوپیتھی، یونانی، ہومیوپیتھی، دوائیں بہت کھائیں مگر ذرا بھی آرام نہیں آیا۔دوسرا مسئلہ چہرے پر دانے اور سیاہ بالوں کا ہے،تیسرا مسئلہ سر کے بالوں کا ہے،آپ مجھے بتائیں میں کیا کروں۔(سویرا شہباز، لالہ موسیٰ)

مشورہ: سویرا بی بی! آپ کا تفصیلی خط دعاؤں کے ساتھ میرے سامنے ہے۔آپ یوں کیجئے،نیم کے تازہ پتے تھوڑے سے لے کر ڈیڑھ گلاس پانی میں اُبالیے،پھر اُسے کپڑے میں چھان کر چٹکی بھر نمک ملائیے اور صبح شام یہ پانی ہاتھ میں لے کر ناک میں وضو کی طرح ڈالیے۔اس طرح کرنے سے تین سے چار ہفتے میں آپ کو آرام آجائے گا،ناک میں کبھی کبھی سوتے وقت زیتون کا تیل لگایا کیجئے۔چہرے کا رواں اگر سیاہ بالوں میں بدل جائے تو اس کو دور کرنا مشکل ہوتا ہے،آپ تھریڈنگ کر سکتی ہیں،اوپر لگانے کیلئے دوائیاں استعمال نہ کیجئے،اس سے نقصان ہوگا،بال دور نہیں ہوں گے۔چنبیلی کی کھل ابٹن کی طرح استعمال کیجئے،عبقری دواخانہ کی خون صفاء استعمال کیجئے،خون صاف ہوگا تو دانے نہیں نکلیں گے،ناک کے اوپر والے دانوں کو زیادہ نہ چھیڑیئے۔سر کے بالوں کیلئے آپ شیمپو استعمال نہ کیجئے،آملوں سے سر دھویئے،زیتون کا تیل لگایئے،مٹھی بر آملوں میں ایک چمچ میتھی دانہ پیس کر سر پر لگایئے اور آدھ گھنٹے بعد سر دھو لیجئے،طرح طرح کے بازاری تیل اور شیمپو سے بھی بال گرنے لگتے ہیں۔

حشرات الارض کی یلغار کا علاج: مچھر،مکھیوں اور دوسرے حشرات الارض کے بارے میں ضرور بتایئے،مجھے کسی نے ان کے خاتمہ کیلئے صعتر فارسی کے پتے بولا تھا مگر مجھے کہیں سے نہیں ملے۔(شہزادی' گجرات)

مشورہ: شہزادی! کمال ہے۔گجرات میں آپ کو صعتر فارسی کے پتے دستیاب نہیں ہوئے،یہ ایک قسم کی بوٹی ہے اس کے پتے گول اور پودینے سے بڑے ہوتے ہیں،یہی خشک پتے بازار میں کسی بھی بڑے دواخانے سے خرید سکتی ہیں،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مرکی اور الشیح کے ساتھ ملا کر دینے کی ہدایت فرمائی ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان کوئی جھٹلا نہیں سکتا،جدید تحقیق سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ صعتر ایک طاقتور جراثیم کش دوا ہے،صعتر کے پتے اور تھوڑی سی مرکی ملا کر کوئلوں پر ڈال کر رات کو کمرہ بند کر کے دھونی دینے سے صبح کمرے سے مچھر،مکھیاں،لال بیگ اور چھپکلیاں مرے ہوئے ملیں گے۔لوبان درخت سے نکلنے والی گوند ہے،لوبان اور الشیح کی دھونی بھی دی جاتی ہے،الشیح کو پھلیاں لگتی ہیں،اور ان کے گلابی رنگ کے چھوٹے چھوٹے بیج ہوتے ہیں،ان کو حب الرشاد اور ہالیون بھی کہتے ہیں،احادیث کا مفہوم ہے کہ اپنے گھروں میں حب الرشاد،مرکی،صعتر سے دھونی دیتے رہا کرو،پنجاب میں ہالیون کے نام سے بیج مل جاتے ہیں۔صعتر ایک عام سی بوٹی ہے اور اس کے پتے کسی بھی بڑے دواخانے سے مل جاتے ہیں۔

بال گرتے ہیں: میں فرسٹ ایئر کی طالب علم ہوں،میرے بال بہت گر رہے ہیں جن کی وجہ سے میں سخت پریشان ہوں۔مجھے مشورہ دیجئے جس سے میرے بال گرنا بند ہو جائیں۔(م۔ا،لاہور)

مشورہ: بالوں کا مسئلہ واقعی ٹیڑھا ہے،ایک ہی دوا سب کو موافق نہیں آتی،آپ عبقری دواخانہ کے طب نبوی ہیئر آئل اور طب نبوی ہیئر پاؤڈر منگوا لیجئے اور لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔بالوں میں جڑوں کے اندر یہ تیل لگائیں۔امید ہے بال گرنے بند ہو جائیں گے،اگر آپ کو خوبانی کا تیل مل جائے تو وہ بھی استعمال کیجئے،

نوکری چھوڑ دوں یا نہیں: میرے شوہر کی تنخواہ ساڑھے دس ہزار روپے ہے اور میری تنخواہ بارہ ہزار ہے،میں ایک پرائیویٹ ادارے میں کام کرتی ہوں۔اگلے ماہ میرے بچے کی ولادت متوقع ہے،اب میں نوکری چھوڑتی ہوں تو گھر کے اخراجات میں کمی ہوگی،میں کیا کروں۔(ارم شہریار' پشاور)

مشورہ: ارم بی بی! آپ کو میں نے پہلے بھی تفصیلی جواب دیا تھا،اب مجھے یہ معلوم نہیں کہ آپ کس ادارے میں کام کرتی ہیں،اگر آپ سلائی وغیرہ جانتی ہیں اور محلے میں آپ کے اچھے تعلقات ہیں تو سلائی گھر میں کر سکتی ہیں،اس طرح گھر کا بجٹ بھی صحیح رہ سکتا ہے اور بوڑھی ساس کی ذمہ داری جو آپ پر ہے وہ بھی پوری ہو سکتی ہے،آپ کا کوئی عزیز رشتہ دار آپ کے پاس رہ سکتا ہو وہ بھی بچے اور ساس کی ذمہ داری اُٹھا سکتا ہے،آج کل بچے کے اچھے خاصے اخراجات ہوتے ہیں اور اس کا خرچہ گھر کے بجٹ کو بڑھا دیتا ہے،آپ ایک دم نوکری چھوڑیں گی تو مسئلہ بن جائے گا،بیوی اگر شوہر کے دوش بدوش کام کر کے گھر کا بجٹ متوازن رکھے تو اس میں کوئی برائی نہیں اور نہ ہی ایسی کوئی گناہ والی بات ہے،ہاں عورت پر دوہری ذمے داری آجاتی ہے،اپنے آپ اس وقت کو صحیح طرح استعمال کریں اور اس مشکل پر قابو پا سکتی ہے شام کو گھر کا کھانا وغیرہ بنا کر اگلے دن کیلئے محفوظ کر لیں،پورے ہفتے کی دھلائی چھٹی کے دن کر لیجئے،بوڑھی ماں کی دیکھ بھال آپ اپنی ماں سمجھ کر کریں گی،آپ کو اس نیکی کا اجر ضرور ملے گا،ان کی دعائیں آپ کا ساتھ دیں گی،اسے ایک ہزار بھی دیں گے تو آپ کا بہت بوجھ ہلکا ہو جائے گا،وہ گھر کے سارے کام کرے گی اور بچہ بھی سنبھالے گی،بارہ ہزار کی یکمشت رقم ختم ہونے سے گھر کے حالات بگڑ سکتے ہیں،پھر لڑائی شروع ہو جائے گی آپ اپنے شوہر سے مشورہ کر کے کوئی قدم اُٹھایئے۔

سبز عقیق: میری ایک دوست میرے لئے سبز عقیق کا ہار لائی ہے،سنا ہے یہ پتھر منحوس ہوتے ہیں،اس ہار کو پہنتے ہوئے گھبراتی ہوں،میں نے پہلی بار سبز عقیق کا نام سنا ہے کیا سبز عقیق ہوتے ہیں۔(ش۔مردان)

مشورہ: عقیق کے رنگ بے شمار ہیں ہلکے، گہرے،لہروں اور دھاریوں والے عقیق مل جاتے ہیں،سبز عقیق کے زیور دکانوں پر نظر آتے ہیں،برازیل اور آسٹریلیا میں سبز عقیق بڑی مقدار میں حاصل ہوتا ہے،اس کی مالا اور کانوں کے ٹاپس بہت خوبصورت بنتے ہیں،ہم لوگ مسلمان ہیں اور ہمیں پتھر کی نحوست اور غیر نحوست کے بارے میں نہیں سوچنا چاہیے،جیسے اور زیورات پہنتی ہیں ایسے یہ مالا بھی پہن لیجئے،ہندو لوگ پتھروں کو مقدس اور غیر مقدس سمجھ کر پہنتے ہیں،کبھی ان کو چاولوں میں رکھ کر ان کی نحوست اتارتے ہیں،کبھی کبھی مختلف دالیں اور اناج دان کرتے ہیں،ہمارے مذہب میں یہ نہیں ہے،اللہ پاک کا نام لے کر پہن لیجئے،اللہ پاک ہر چیز پر قادر ہے،اسی کے حکم سے سب کام ہوتے ہیں،جو لوگ پتھر بیچتے ہیں وہ اتنے خوشحال نہیں ہوتے،ان پتھروں نے کبھی تقدیر نہیں بدلی،ایسا ہوتا تو آج ہر شخص لکھ پتی بن جاتا،سبز عقیق تو عام ملنے والا پتھر ہے۔

زندگی کا بہترین مصرف: انسانی زندگی کا سب سے بہتر مصرف یہ ہے کہ ہر وقت اپنے پیدا کرنے والے کی یاد میں محو رہے۔ (حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ)

انڈے کو ہلکا نہ سمجھیں! اس میں چھپا ہے انرجی کا طوفان

انڈے کو بھی تیز آگ پر نہیں پکانا چاہیے اور نہ ہی زیادہ سخت پکانا چاہیے۔ اس طرح انڈے میں موجود سفیدی اور زردی کے جوہر موثرہ زائل ہو جاتے ہیں۔ تیز آگ پر انڈے میں موجود پروٹین کے ضائع ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔

انڈا مشہور عام چیز ہے جس سے تقریباً ہر شخص واقف ہے۔ دودھ کی طرح انڈے میں مکمل خوراک ہوتی ہے یعنی اس میں وہ تمام اجزاء موجود ہوتے ہیں جو صحت کو قائم رکھنے کیلئے ضروری ہوتے ہیں۔ انڈا مقوی غذا ہونے کے ساتھ ساتھ دماغ اور آنکھوں کو بھی تقویت دیتا ہے۔ بیماری کے بعد ہونے والی نقاہت کو دفع کرتا ہے۔ لوگ اسے موسم سرما کی غذا خیال کرتے ہیں لیکن یہ موسم گرما میں بھی مفید ہے۔ انڈا پروٹین، فاسفورس اور کیلشیم سے بھرپور ہے۔ انڈا پروٹین سے بھرپور وہتا ہے۔ پروٹین گوشت پوست اور پٹھوں کی ساخت کے کام آتے ہیں۔ اس سے جسم میں طاقت اورحرارت پیدا ہوتی ہے۔ کیلشیم، فولاد، فاسفورس بدن انسانی کے لئے بڑے اہم ہیں۔ کیلشیم پھیپھڑوں کی ساخت کو درست رکھنے اور جسم کی نشوونما میں اور پیشاب کی تیزابیت دور کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ فولاد خون کے سرخ ذرات پیدا کرتا ہے۔ فاسفورس اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ انڈے میں معدنی نمک بھی پائے جاتے ہیں۔ شیخ الرئیس بوعلی سینا کے نزدیک انڈا تقویت قلب کے لئے مفید ہے۔ انڈا ابال کر اور سالن میں پکا کر کھایا جاتا ہے۔ اکثر لوگ انڈے کو ناشتے کا اہم جزو بناتے ہیں۔ موسم سرما میں انڈوں کا حلوہ بھی بنایا جاتا ہے۔ ویسے تو کئی جانوروں کے انڈے استعمال ہوتے ہیں لیکن ہمارے ہاں مرغی کے انڈے زیادہ کھائے جاتے ہیں۔ اس کے بعد بطخ کے انڈے میں جو سفیدی اور زردی ہوتی ہے سب سے زیادہ مفید یہی ہے۔ انڈے کو کبھی تیز آگ پر نہیں پکانا چاہیے اور نہ ہی زیادہ سخت پکانا چاہیے۔ اس طرح انڈے میں موجود سفیدی اور زردی کے جوہر موثرہ زائل ہو جاتے ہیں۔ تیز آگ پر انڈے میں موجود پروٹین کے ضائع ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ عموماً انڈا ہاف بوائل استعمال کرتے ہیں تاکہ جوہر زائل نہ ہو جائیں۔ انڈے کس قدر کھائے جائیں، اس بارے میں کوئی حتمی رائے نہیں ہے۔ ایک خیال ہے کہ جس قدر انڈے کھائیں مفید ہیں۔ دوسری رائے ہے کہ انڈوں کا بکثرت استعمال سے کولیسٹرول کی زیادتی ہو کر امراض قلب ہو سکتے ہیں۔ اس لئے مناسب طریقہ اعتدال ہی کا ہے۔

انڈے کو ابال کر چھیل کر سفیدی اور زردی سمیت کھایا جاتا ہے۔ بعض لوگ کچا انڈا ہی پی جاتے ہیں مگر مناسب طریقہ یہ ہے کہ انڈے کو پانی میں اتنی دیر تک ابالا جائے کہ سفیدی پک جائے اور زردی پکنے کے قریب ہو (چھوٹا انڈا تقریباً 3 منٹ اور بڑا انڈا تقریباً 4 منٹ) یعنی پورے طور پر نہ پکے پھر اس کو اتار کر اور چھیل کر اس پر ذرا سا نمک اور مرچ چھڑک کر کھایا جائے۔ یہ طریقہ ہاف بوائل کھانے کا ہے۔ انڈے کو دودھ میں پھینٹ کر شہد میں میٹھا کر کے پینا مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے: انڈے کی سفیدی اور زردی نکال کر صاف پیالے میں رکھیں۔ اس کے اوپر جوش کھایا ہوا دودھ ڈال کر پھینٹ لیں، پھر شہد ملا کر پی لیں۔

انڈے کے فوائد: انڈے خون پیدا کرتے ہیں۔ دل دماغ اور باہ کو قوت دیتے ہیں۔ کمزور مریضوں کی بہترین غذا ہے۔ انڈے کی زردی سے روغن نکالا جاتا ہے جو بال اگانے میں بڑا موثر ہوتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری میں دو انڈوں کی زردی اور سفیدی ایک پیالے میں ڈال کر اچھی طرح سے پھینٹیں اور پھر گرم دودھ پاؤ بھر میں تین چمچ خالص شہد ملا کر پینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ جن لوگوں کو رعشہ کی شکایت ہو ان کیلئے آدھ پکے انڈے کی زردی نہایت مفید دوا ہے۔ انہیں چاہیے کہ وہ روزانہ نہار منہ دو آدھ پکے انڈوں کی زردی کھائیں۔ بچوں کو قے اور دست آنے کی صورت میں ایک انڈے کی سفیدی کو پاؤ بھر پانی میں پھینٹ کر چینی ملا کر پلانے سے صحت ہوتی ہے۔ انڈوں کے چھلکوں کا کشتہ بنا کر جریان، سیلان الرحم اور ذیابیطس کی بیماریوں میں استعمال کرنا بے حد مفید ہے۔ سینے کی جلن کی صورت میں گرم دودھ میں دیسی انڈا پھینٹ کر پلانے سے افاقہ ہوتا ہے۔ گرتے ہوئے بالوں کو روکنے کیلئے انڈا پھینٹ کر بالوں کی جڑوں میں لگانے اور دو گھنٹے بعد سر دھونے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ کم از کم ایک ہفتہ تک یہ عمل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ سینہ کی کھڑکھڑاہٹ اور معدہ کے منہ سے خون آنے کو روکتا ہے۔ انڈا لحمیات کا بہترین ماخذ ہے۔

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو اطلاع دیں شکر گزار ہوں گا۔

کتاب نمبر 43: روحانیت جادو اور وہم: روحانیت اور ماورائی علوم کتنے سربستہ راز ہیں ان تک کون پہنچ سکتا ہے۔ ہر دور میں ان علوم تک رسائی حاصل کرنے کیلئے مختلف تحقیقات ہوئیں اور کامل نے اپنے عمل کی طاقت سے غوطہ لگایا ہے اور کچھ نہ کچھ موتی حاصل کیے۔ میری یہ تالیف دراصل ان مخفی علوم پر کچھ تحقیق ہے تاکہ ہر شخص اپنے ظرف کے مطابق حاصل کر سکے۔ اس ساری کتاب کا مقصد انسانیت کا نفع ہے کیونکہ بعض اوقات نہ جادو نہ جنات بلکہ صرف وہم ہوتا ہے۔ میری اس تالیف کی وجہ سے بے شمار لوگوں میں حقیقت اور کھوٹ ظاہر ہوئی' آج بھی اس کتاب کی ڈیمانڈ پہلی دن جیسی ہی ہے۔ اس کتاب کی تیاری میں جن محترم شخصیات کی تحریروں اور جن رسالہ جات و کتب سے استفادہ حاصل کیا ان کے نام درج ذیل ہیں: ریاض آفندی۔ مسعود الحسن ضیاء۔ راجہ ف۔ مہاجد۔ سید بشیر احمد۔ ابوشیراز محمد حبیب اللہ رشدی۔ ڈاکٹر مہیب احمد بٹ۔ سید پیر محمد گلاب شاہ مشہدی۔ ارشاد احمد خان۔ عطاء محمد ناز۔ ابو وسیم۔ عطاء اللہ ملک۔ ضیاء شمس الاسلام۔ عمران حمید اشرفی۔ خواجہ شمس الدین عظیمی۔ رحمان مذنب۔ صمصام مرزا۔ مسعود فارابی۔ انجینئر میجر (ر) محمد راشد متقی۔ سیف الدین حسام۔ احسان دانش۔ سید اوصاف علی۔ اختر حسین شیخ۔ ڈاکٹر اقتدار حسین فاروق۔ عائشہ خورشید۔ شمس النساء عباسی۔ ڈاکٹر ظفر علی راجہ۔ عبدالمجید ثاقب۔ عظیم احمد۔ رسالہ جات: حکایت۔ سیارہ ڈائجسٹ۔ قومی ڈائجسٹ۔ اردو ڈائجسٹ۔ روحانی ڈائجسٹ۔ راہنمائے صحت۔ نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

(بقیہ: ماں کی دم توڑتی سانسیں اور بیٹے کی بے حسی)

تھے، جس نے سخت سردی میں اپنی پرواہ کیے بغیر اپنے لال کی حفاظت کی تھی، ساری رات بیہوشی کے بعد سویرے ماں ہمیشہ کیلئے خاموش ہو گئی، اس کا بوڑھا اور لاغر وجود کسمپرسی کی حالت میں ساکت پڑا تھا، اور آنکھیں خلا میں تک رہی تھیں اور ماں کے کھلے ہونٹ کچھ کہ رہے تھے یا کہنے کیلئے بے تاب تھے، وہ سر جھکائے ماں کے سرہانے بیٹھا اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کیلئے نہایت نادم تھا۔ میں سب سے یہی کہوں گا کہ ماں کا ادب کرو، ماں کے بغیر جنت بہت مشکل ہے، ماں باپ کی دعا سے سب ملتا ہے، رزق، دولت، عزت، خوش حالی، جنت سب کچھ۔ باادب بامراد، بے ادب بے مراد۔ میں آخر میں سب بچوں سے گزارش کروں گا کہ ماں باپ کی عزت کرو۔ بیوی کو بیوی کا درجہ دیں، ماں، باپ، بہن، بھائی اگر دنیا سے چلے جائیں تو وہ نہیں ملتے سب کیلئے مغفرت کی دعا کریں۔ نوٹ: اس تحریر کا مقصد بیوی یا بہو کو برا بتانا نہیں ہے میری نظروں میں لاتعداد ایسی بہوئیں ہیں جنہوں نے ساس سسر کو اپنے ماں باپ سے بڑھ کر عزت دی اور خدمت کر کے ڈھیروں دعائیں لیں اور آج وہ انتہائی سکھ کے ساتھ اپنی زندگی بسر کر رہی ہیں

مچھلی ضرور کھائیے مگر کالی مرچ کے ساتھ: مچھلی کے ساتھ کالی مرچ کھانے سے مچھلی کے نقصان دہ اجزاء نقصان نہیں پہنچاتے اس کے علاوہ کالی مرچ دمہ کھانسی زکام اور بدہضمی میں مفید ہے۔

درد دانت کیلئے طلسماتی لوشن	دل کے ہاتھوں مجبور شوگر سے نڈھال افراد کیلئے	گھر میں خوشیاں اور سکون پانے کا راز	سودی کاروبار کیسے بربادی لاتا ہے؟

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ ٹوٹکا آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسروں کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ بھی۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں، صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

دانت درد کیلئے طلسماتی لوشن

جادوئی اثر رکھنے والا یہ لوشن درد دانت سے نجات دلاتا ہے۔ اس کے اجزاء اس کی صداقت کی گواہی دیتے ہیں۔ **اجزاء:** ست اجوائن، ست پودینہ، کافور ہر ایک ایک تولہ، روغن لونگ، روغن دارچینی کاربالک ایسڈ ایک دو دو تولہ، ریکٹی فائیڈ اسپرٹ 10 تولہ شامل کریں، دس دن کے بعد دوا قابل استعمال ہوگی، تھوڑی سی روئی سے تر کر کے دانتوں پر لگائیں۔ گھڑی میں وقت دیکھیں 5 منٹ میں دانت درد ختم ہو جائے گا۔ **مسوڑھوں کے امراض کیلئے اکسیر مرہم:** پیلو کے درخت کے خشک پتے 50 گرام، میٹھا سوڈا 50 گرام دونوں باریک پیس کر ڈبیہ میں ڈالیں اور پھر اتنی مقدار میں شہد ڈالیں کہ مرہم کی طرح پیسٹ بن جائے کچھ دیر انگلی کی مدد سے ملیں پھر دس منٹ بعد کلی کر لیں۔

دانتوں اور مسوڑوں کے امراض کیلئے اکسیر نسخہ جات

نسخہ 1: شہد میں لہسن کا رس ملا کر دانتوں پر ملیں اس سے دانتوں میں سفیدی آجاتی ہے، پیلے دانت چمکدار ہو جاتے ہیں۔ **نسخہ 2:** اجوائن خراسانی کو پیس کر منجن بنالیں، جہاں درد ہو وہاں لگائیں، اگر دانت کے اندر گڑھا ہو اس کڑھے میں بھر دیں بہت جلد آرام آجائے گا۔ **نسخہ 3:** کافور اور نوشادر ہم وزن لیکر پیس لیں اور پھر آہستہ آہستہ مسوڑوں پر ملیں چند روز میں مسوڑوں کا ورم ٹھیک ہو جائے گا۔ **نسخہ 4:** خشک آملہ کا سفوف تیار کر کے باریک کپڑے میں چھان لیں اس سفوف کو انگلی یا کپڑے کی مدد سے دانتوں اور مسوڑھوں پر اچھی طرح ملیں، روزانہ یہ عمل کرنے سے دانتوں سے خون آنا بند ہو جاتا ہے، دانتوں کی میل صاف ہو جائے گی، اگر دانت ہلتے ہوں گے تو طاقتور اور مضبوط ہو جائیں گے۔ **نسخہ 5:** لہسن کی ایک ٹری کو چھیل کر اگر دانت کے سوراخ میں بھر دیا جائے تو درد دانت فوراً بند ہو جاتا ہے، اور دانت کا کیڑا ختم ہو جاتا ہے۔ **نسخہ 6:** دانت درد کیلئے چلکا انار، پھول انار، ہلدی پھٹکری بریاں، مازو پھل ہموزن لے کر سفوف بنائیں اور اسے بطور منجن لگانے سے دانت درد ختم ہو جاتا ہے اور دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔ **نسخہ 7:** آج کل مسوڑھوں کی شکایات عام طور پر نوجوانوں میں بہت پائی جاتی ہیں، مسوڑھے پھول جاتے ہیں، برش کرنے سے خون نکلتا ہے، سیب کھانے سے مسوڑھوں سے خون آتا ہے، زبان کٹی رہتی ہے، گاجروں کے موسم میں چھوٹی نرم گاجریں صبح وشام چبا چبا کر کھانے سے یہ تکلیف دور ہو جاتی ہے، سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ کھانا کھانے کے بعد چار پانچ گاجریں آہستہ آہستہ چبا کر کھائی جائیں اس سے مسوڑھے مضبوط ہو جاتے ہیں۔ **نسخہ 8:** پھٹکری 1 تولہ، عقر قرحا 1 تولہ، کالی مرچ 1 تولہ، کافور 1 تولہ، باؤبڑنگ 1 تولہ نیم کے خشک پتے 1 تولہ، نمک لاہوری ایک تولہ ان سب کو پیس کر بطور منجن استعمال کرنے سے دانتوں کے کیڑے مر جاتے ہیں، نیز درد ختم ہو جاتا ہے۔ **نسخہ 9:** اگر کچی گاجر کا ایک چھٹانک رس روزانہ پی لیا جائے تو مسوڑھوں اور دانتوں کی بیماریاں آسانی سے پیدا نہ ہوں گی، خون صاف رہے گا پھوڑے پھنسیاں اور خارش نہ ہو گی دل و دماغ اور انسانی مشین کے دیگر کل پرزے صحیح حالت میں رہیں گے اور ٹھیک طرح کام کریں گے۔ **نسخہ 10:** جامن کی چھال کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر کپڑے میں چھان کر دونوں وقت صبح وشام بطور منجن دانت اور مسوڑوں پر مل کر منہ کو پانی سے صاف کر دیا کریں، اس سے دانتوں اور مسوڑھوں کے تمام روگ دور ہو جائیں گے۔ **نسخہ 11:** انار کے پھول سایہ میں سکھا کر خوب باریک پیس لیں، صبح وشام منجن کے طریقے سے دانتوں پر لگایا کریں، دانتوں سے خون آنا بند ہو جائے گا، اس طرح ہلتے دانت بھی مضبوط ہو جائیں گے۔ **نسخہ 12:** لونگ کا سفوف ایک چٹکی بھر ایک لیموں کے رس میں خوب ملا کر دانتوں پر ملنے سے درد دور ہو جاتا ہے۔ **نسخہ 13:** آم کے پتے سایہ میں خشک کیے ہوئے جلا کر کپڑے میں چھان کر رکھ لیں، صبح وشام دونوں وقت انگلی کے ساتھ دانتوں اور مسوڑھوں کیلئے بطور منجن استعمال کریں، دانتوں کے بہت سے امراض ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ **نسخہ 14:** مسوڑھوں اور دانتوں کے تمام امراض کیلئے عبقری کی دوا "سچا منجن" اعتماد کے ساتھ استعمال کریں، اس کے استعمال سے آپکے دانتوں اور مسوڑوں کی تمام بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔

(حکیم محمد فاروق، چڑھوے والا مظفر گڑھ)

"سودی کاروبار سے بچیں"

اللہ تعالیٰ نے سود کو حرام قرار دیا ہے۔ سودی کاروبار کو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے خلاف جنگ قرار دیا ہے۔ کیونکہ اسلام جس انداز میں انسان کے معاشی معاملات کی تنظیم کرتا ہے۔ اس میں سود کی کوئی گنجائش نہیں۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم اسلام کے اصول معیشت کو اس کی حقیقی روح کے ساتھ سمجھیں اور سود کی تمام صورتوں کو حرام جانتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے جنگ ختم کریں۔ کوئی بیس، پچیس سال قبل بندہ اپنی بچت بینک میں رکھتا تھا۔ اُس رقم سے جو سود ملتا تھا اُسے بغیر ثواب کے حاجت مندوں میں تقسیم کر دیتا تھا۔ کسی دوست نے مشورہ دیا کہ بینک کی بجائے ڈاک خانے میں رقم رکھو۔ وہاں یہ رقم ڈیفنس وغیرہ کے منصوبوں میں لگاتے ہیں نیز یہ سود نہیں ہے بندہ اُن کی باتوں میں آ گیا اور ڈاک خانے میں اکاؤنٹ کھلوایا۔ وہاں ڈاک کے عملے نے بتایا کہ ہماری ایک سکیم میں کچھ عرصے کیلئے رقم فکس کی جاتی ہے اور چھ ماہ بعد معقول آمدنی بن جاتی ہے۔ بندہ نے اُسی سکیم میں رقم رکھوائی۔ چھ ماہ کے بعد بینک کے مقابلے میں معقول رقم موصول ہوئی مگر اُس رقم کی پاداش میں جو خواب دیکھا وہ بتانے کے قابل نہیں۔ خواب بتاتے ہوئے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں حوصلہ نہیں کر پا رہا کہ خواب کیسے بیاں کروں۔ خواب میں غزوہ بدر برپا ہے اور بندہ ابوجہل اینڈ کمپنی کے ساتھ حضور ﷺ اور اُن کے جانثار صحابہ اکرامؓ کے خلاف جنگ کر رہا ہے۔ اُسی وقت میری چیخ نکل گئی خواب ٹوٹ گیا اور قرآن پاک کے اُس نافرمان کی طرف عقل گھومنے لگی۔ اے مسلمانوں اللہ سے ڈرو اور بقیہ سود چھوڑ دو اگر تم دل سے ایمان لائے ہو تو اللہ کے حکم کی تعمیل کرو اگر تم نے سود نہ چھوڑا تو آگاہ ہو جاؤ اللہ اور اُس کے رسول ﷺ سے جنگ کرنے کیلئے تیار ہو جاؤ۔ بندہ نے فوراً توبہ کی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں رُو رُو کے اپنے گناہوں کی معافی مانگی اور اپنی بچت المیزان بینک میں رکھی جہاں منافع کی رقم فکس نہیں تیز بڑے بڑے علمائے کرام کی راہنمائی اور مشاورت سے یہ اسلامی بینک چل رہے ہیں۔ سود کھانے والوں کو یہ وعید سنائی گئی ہے کہ اگر تم

لوگوں میں باعزت اور باوقار بننے کیلئے: جو شخص پیر یا جمعہ کے دن بعد نماز مغرب ایک سو چالیس مرتبہ اسم یَامُعِزُّ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ان شاء اللہ لوگوں میں باعزت اور باوقار بنادیں گے۔

نے سود نہ چھوڑا تو اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی طرف سے اعلانِ جنگ سُن لو۔ یہ وعید ایسی شدید ہے کہ کفر کے سوا اور بڑے سے بڑے گناہ پہ ایسی وعید نہیں آئی۔ سورۃ آلِ عمران میں ارشاد ہے کہ اے ایمان والو! سود مت کھاؤ۔ حصے سے زائد اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو امید ہے تم کامیاب ہو۔ انسانی اخلاق میں سب سے بڑا جوہر ایثار وسخاوت کا ہے۔ خود تکلیف اُٹھا کر دوسرں کو فائدہ دیا جائے۔ سودی کاروبار میں یہ جذبہ فنا ہوجاتا ہے۔ وہ مصیبت زدہ پر رحم کھانے کی بجائے اُس کی مصیبت سے ناجائز فائدہ اُٹھانے کی فکر میں رہتا ہے۔ ایک دفعہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ایک جنازے میں شامل ہوئے۔ نماز جنازہ کے بعد باقی لوگ ایک دیوار کے سائے میں بیٹھ گئے مگر آپ دھوپ میں ہی کھڑے رہے کسی نے آواز دی کہ سائے میں آجائیں فرمایا اس دیوار کا مالک میرا مقروض ہے۔ اگر میں اس دیوار سے فائدہ اُٹھاؤں تو یہ اللہ تعالیٰ کی نظر میں سود شمار ہوگا۔ (پرنسپل (ر) غلام قادر ہراج، جھنگ)

دل کے ہاتھوں مجبور/شوگر سے نڈھال افراد کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' ہمارے بھیجے ٹوٹکے اور آزمودہ وظائف اکثر ماہنامہ عبقری کی زینت بنتے ہیں' الحمدللہ جیسے ہی ہمارے پاس کوئی تجربہ' کسی کا بتایا نسخہ یا مشاہدہ آتا ہے ہم فوراً ماہنامہ عبقری کو لکھ بھیجتے ہیں اور اپنے لیے صدقہ جاریہ کا سامان کرتے ہیں۔ میرے پاس شوگر اور امراض قلب کے ازالہ کیلئے کچھ ٹوٹکے ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں: انار دانہ عام مل جاتا ہے اور بازار میں انار بھی دستیاب ہیں' انار اور اس کے دانوں میں اللہ تعالیٰ نے شفاء رکھی ہے۔ قرآن پاک میں انار کا ذکر ہے' پہلے زمانہ میں لوگ بیماری میں ایک انار روزانہ چند دن کھاتے تھے وہ بھی اس طرح کہ انار کے دانے پلیٹ میں نکال لیتے اور ایک بھی دانہ باہر گرنے نہ دیتے' ان کا خیال تھا کہ انار جنت کا پھل ہے اور اس کے ہر دانے میں شفاء ہے' آپ یہ پڑھ کر حیران ہوں گے کہ یورپ اور امریکہ میں بھی انار دانہ استعمال کیا جارہا ہے۔ **دل کیلئے:** دل کے مریضوں کے لیے دو ٹیبل سپون انار دانہ دو گلاس پانی میں اتنا ابالیے کہ ایک گلاس رہ جائے' صبح نہار منہ نیم گرم انار دانہ کا قہوہ چھان کر پی لیجئے۔ دل کی تکالیف میں مؤثر علاج ہے' شریانوں کو کھولتا ہے' رکاوٹیں دور کرتا ہے۔ **شوگر کیلئے:** شوگر کیلئے ایک چٹنی بنا کر کھا سکتے ہیں۔ دیسی پودینہ کے پتے صرف سوگرام لیں اور تازہ انار کے دانے سوگرام' ادرک سوگرام لے کر پیس کر رکھ لیں۔ ایک چمچ روزانہ کھانے کے ساتھ یہ چٹنی کھالیں۔ دوا بالکل نہ چھوڑیں۔ انار دانہ سوکھا' پرانا کیڑے والا نہ خریدیئے' کچھ لوگ سرخ رنگ میں انار دانہ رنگ دیتے ہیں وہ بھی نہ لیں۔ تازہ انار دانہ دیکھنے سے پتہ چلتا ہے اچھے سٹور سے خریدیئے۔ انار دانہ ہاضم ہے۔ بھوک لگاتا ہے معدے کو تقویت دیتا ہے۔ انار دانہ کی چٹنی سب کو پسند آتی ہے۔ آلو کے کٹلس' بیسن کے پکوڑوں میں انار دانہ کو شامل کیا جارہا ہے۔ آج کل تو ویسے بھی جھاڑوں کا موسم آرہا ہے جب بھی گھر میں کوئی چٹ پٹی چیز بنایئے انار دانہ ضرور شامل کیجئے اور ذائقہ اور صحت ساتھ ساتھ پایئے۔ **ہاضمہ اور بھوک لگانے کیلئے:** ہاضمہ کیلئے درج ذیل چٹنی بہت ہی مفید ہے۔ **ھوالشافی:** آدھ کپ انار دانہ' اس میں سفید زیرہ دو بڑے چمچ ڈال کر ملائیں' کالی مرچ ایک چمچ' ہری مرچ ایک عدد' پودینہ اور سبز دھنیا آدھ کپ ملا کر چٹنی پیس لیں۔ تھوڑا سا نمک ملا کر رکھ لیں۔ دوپہر کو کھانے کے ساتھ لیں۔ شام کو بھی کھا سکتے ہیں' بھوک بہترین لگے گی' ہاضمہ بہت کمال کا بنے گا۔ **اسہال اور پیچش کیلئے:** پنساری کی دکان سے سونٹھ' ہلیلہ سیاہ اور انار دانہ ہم وزن لے کر پیس کر رکھ لیں' چائے کے چمچ کے برابر لے کر صبح شام پانی کے ساتھ کھائیں اور روزانہ ایک کپ انار' نمک' کالی مرچ چھڑک کر کھایئے۔ پیٹ صحیح رہے گا' اسہال او پیچش کیلئے بہترین ہے۔ **چہرے کے دانوں کیلئے:** جن کے چہرے پر گرم چیزوں کے کھانے سے دانے بن جاتے ہیں' اس کا مطلب ہے کہ کچھ لوگ گرم چیزوں سے الرجک ہوتے ہیں' سال بھر میں کبھی بھی گرم چیز کھالیں تو چہرے پر دانے نکل آتے ہیں اور خاص طور پر موسم گرما میں حالت بہت ہی بُری ہوجاتی ہے۔ اس مرض کا آسان علاج بھی لے لیجئے۔ **ھوالشافی:** کسی اچھے دواخانہ سے شربت مصفّی خون لے کر دو چار شیشیاں پینے سے فرق پڑ جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ایرانی عناب پانچ دانے لے کر آدھ گلاس پانی میں بھگو دیں تو دس دانے گل منڈی کے بھی ملائیں' رات کو بھگویئے صبح نو یا دس بجے چھان کر تھوڑی سی چینی ملا کر پی لیجئے۔ بازار میں شربت عناب بھی ملتا ہے' دوسرے مشروبات کی جگہ آپ وہ پینا شروع کردیں۔ گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔ گرم چیزوں سے الرجی بہت جلد ختم ہوجائے گی۔ (فرحت' لاہور)

گھر میں خوشیاں اور سکون پانے کا راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے تمام اہل وعیال کو لمبی زندگی' صحت وتندرستی اور خوشیوں بھری زندگی عطا فرمائے۔ آمین! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں' ایک بار آپ نے درس میں سورۂ قریش کے کرشمات بتائے تھے۔ میں نے سورۂ قریش کو پڑھنا شروع کردیا ہے۔ محترم شیخ الوظائف! سورۂ قریش میرا اتنا ساتھ دیتی ہے کہ کیا بتاؤں؟ مجھے جب بھی کسی چیز کا ڈر ہوتا ہے یا کوئی بھی بات سمجھ نہیں آتی تو بس سورۂ قریش پڑھنا شروع کردیتی ہوں آپ یقین کریں ساتھ ہی وہ مشکل حل ہوجاتی ہے۔ میرا ماننا ہے کہ کوئی بھی مشکل ہو سورۂ قریش کافی ہے۔ اس کے علاوہ تسبیح اور اذان والا عمل بھی کرتی ہوں' مگر جب کوئی مشکل ہو تب' ویسے روزانہ نہیں۔ اس کے علاوہ میں سورۂ کوثر 129 مرتبہ صبح و شام پڑھتی ہوں جس سے میرے پیسوں میں برکت رہتی ہے۔ اس کے علاوہ جب گھر میں راشن آتا ہے تو وہ ڈبوں میں ڈالنے کی ذمہ داری بھی میری ہے' میں تب بھی سورۂ کوثر پڑھتی جاتی ہوں' آپ یقین کریں وہ ماہانہ کی بجائے دو ماہ آرام سے گزر جاتے ہیں اور سکون رہتا ہے۔ الحمدللہ! رسالہ عبقری پڑھنے سے بہت اچھے اچھے وظائف اور ٹوٹکے ملتے ہیں' وظائف کی برکت کی وجہ سے ہم بہت خوش اور پرسکون ہیں۔ (آمنہ منصور' لاہور)

گنٹھیا اور بے اولادی سے پریشان خواتین کیلئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کو میں نے اپنے مسائل کے حل کیلئے خط لکھا تھا آپ نے مجھے جواب میں دو انمول خزانہ اور روحانی غسل کرنے کا حکم فرمایا تھا' میں وہ کررہی ہوں الحمدللہ فائدہ ہورہا ہے۔ درس روزانہ سنتی ہوں۔ میں آپ کو دو نسخے بھیج رہی ہوں' گنٹھیا اور لیکوریا اور بچے ہونے کا ہے۔ **گنٹھیا:** منقی' جائفل گری نکال کر دونوں کو ہم وزن لے کر پیس لیں' پھر چنے کے برابر ان کی گولیاں بنالیں اور ایک گولی صبح وشام چائے کے ساتھ اور چائے کے کپ میں ایک چمچ دیسی گھی ڈال لیں۔ ان شاء اللہ گنٹھیا کا درد ختم ہوجائے گا' یہ ہمارے بڑوں کا آزمایا ہوا نسخہ ہے۔ نوٹ: دوران نسخہ بادی اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔ **لیکوریا کا نسخہ:** ھوالشافی: تین تولہ ہاتھی کے دانت کا برادہ اور تین درجن چاندی کے ورق اور چھٹانک چھوٹی الائچی اور اس کے بیج نکال کر چھوٹی الائچی' ہاتھی کے دانت کا برادہ چاندی کے ورق سب کو اچھی طرح پیس لیں اور آدھا چمچ صبح نہار منہ باسی پانی سے اور آدھا چمچ رات کو دودھ کے ساتھ کھالیں' یہ ٹوٹکہ لیکوریا کیلئے بہت فائدہ مند ہے اور جس کا بچہ نہ ہوا اس کیلئے بھی کمال ہے۔ میری بہو کے ہاں صرف ایک بیٹی تھی' چار سال کے بعد میں نے اسے یہ دوائی بنا کردی تو اللہ تعالیٰ نے اسے ایک اور بیٹی دی اور میں نے اپنی بھانجی کو بنا کردی تو اس کو بھی اللہ نے اولاد سے نوازا۔ (ش' فیصل آباد)

روغن کلونجی میں چھپا ہر مرض کا انوکھا علاج

فرزانہ حسین' کھوئیاں

یرقان: 250 ملی لیٹر پانی میں 25 گرام مہندی کے پتے اور 25 دانے کلونجی رات کو بھگو دیں۔ صبح کو چھان کر حاصل شدہ پانی میں ایک چمچ شہد اور آدھا چمچ روغن کلونجی ملا کر مریض کو پلائیں۔ علاج پندرہ روز جاری رکھیں۔

کلونجی جس کے بارے میں ارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے "سیاہ دانہ (کلونجی) میں موت کے علاوہ ہر بیماری کے لئے شفا ہے" مندرجہ بالا حدیثِ مبارکہ سے کلونجی کی افادیت کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔ کلونجی آئل ایک ایسا تیل ہے جس میں ایسے اجزا پائے جاتے ہیں جو حقیقی معنوں میں اسے ایک باکمال دوا بنا دیتے ہیں۔ **گرتے اور کمزور بال:** روغن کلونجی سر پر لگائیں یہ نہ صرف گرتے بالوں کو روکتا ہے بلکہ انہیں مضبوط سیاہ اور چمکدار بھی بناتا ہے۔ **جلد کی شادابی اور چہرے کے حسن کے لئے:** پانی میں گیرو شامل کر کے 6 قطرے روغن کلونجی ملائیں اور چہرے گردن اور ہاتھوں پر ملیں جبکہ صبح کو لیموں اور روغن کلونجی مکس کر کے چہرے اور ہاتھوں کی مالش کریں، بعد میں نیم گرم پانی سے دھولیں۔ **امراض کان:** کان کے درد میں ایک قطرہ روغن کلونجی کان میں ڈالیں۔ **جوڑوں کا درد:** نیم گرم روغن کلونجی متاثرہ جوڑوں پر مالش کریں ساتھ عمومی خوراک جاری رکھیں۔ **بواسیر:** مہندی 50 گرام کو 250 ملی لیٹر روغن زیتون کو ملا کر 5 منٹ کے لئے ابال لیں صبح اور رات کو سونے سے قبل 4 قطرے روغن کلونجی ملا کر روئی کی مدد سے یہ دوائی بواسیری مسوں پر لگائیں اور صبح کو پانچ دانے انجیر کے ہمراہ 12 قطرے روغن کلونجی کے کھالیں۔ **دماغی امراض و اعصابی کمزوری:** دماغی و اعصابی تناؤ، جسمانی و اعصابی کمزوری میں 7 قطرے شہد یا کسی شربت میں ملا کر پئیں۔ **قوت حافظہ کے لئے:** تقریباً 25 گرام پودینہ ابال کر ایک چمچ شہد اور 12 قطرے روغن کلونجی ملا کر نیم گرم حالت میں نوش فرمائیں۔ **قوت باہ کے لئے:** روغن کلونجی 7 قطرے ہمراہ شہد یا شربت کے پئیں۔ **پیشاب کی جلن:** 250 ملی لیٹر دودھ میں 8 قطرے روغن کلونجی اور 1 چمچ شہد ملا کر پئیں۔ **سر درد اور چکر:** سر درد اور چکرانے کی صورت میں 7 قطرے روغن کلونجی دہی کے ساتھ دن میں تین دفعہ کھائیں اور درد کی جگہ پر روغن کلونجی کی مالش کریں۔ **گنج اور بالخورہ:** ادرک کا پانی ہم وزن سرکہ میں ملا کر متاثرہ جگہ پر لگائیں اور اور سونے سے قبل کلونجی کے بیج کو پیس کر روغن کلونجی میں ملائیں اور متاثرہ جگہ پر لیپ کریں۔ **سرطان:** گاجر کے جوس میں آدھ چمچ روغن کلونجی ملا کر دن میں دو مرتبہ پئیں اور یہ علاج تین ماہ تک جاری رکھیں۔ **دمہ:** ناشتے سے پہلے اور سوتے وقت نیم گرم دودھ میں آدھ چمچ روغن کلونجی ملا کر پئیں اور ابلتے پانی میں ایک کھانے کا چمچ روغن کلونجی ملا کر دن میں دو مرتبہ اس کی بھاپ لیں گلے اور سینہ پر روغن کلونجی سے دن میں 3 مرتبہ مالش کریں۔ **ایگزیما:** 10 گرام کلونجی 10 گرام قسط، 10 گرام سنا مکی، 25 گرام مہندی کے پتے، 500 ملی لیٹر سرکہ میں 5 منٹ ابال کر چھان لیں اب اس لوشن کو روغن کلونجی میں ملا کر دن میں دو مرتبہ لگائیں، ساتھ ہی خالص شہد ایک چمچ ہمراہ 10 قطرے روغن کلونجی کھائیں۔ **گلے کی تکلیف میں:** گلے کی تکلیف کے لئے چند قطرے روغن کلونجی کے نیم گرم پانی میں ڈال کر غرارے کریں۔ **کھٹی ڈکاریں اور بدہضمی:** ایک گلاس گرم دودھ میں ایک چمچ شہد اور آدھا چمچ روغن کلونجی ملا کر پئیں۔ **چنبل داد:** متاثرہ جگہ پر روغن کلونجی سے دن میں تین بار مالش کریں شفاء کے حصول تک علاج جاری رکھیں۔ **تلی کا بڑھنا:** سبز کریلے کو کوٹ کر پانی نکالیں اور 25 ملی لیٹر پانی میں 5 قطرے روغن کلونجی کے ہمراہ نوش فرمائیں۔ **گردن توڑ بخار:** خشک کلونجی کو جلا کر دھونی لیں اور ساتھ آدھا چمچ روغن کلونجی ہمراہ لیموں کے رس صبح و شام مریض کو دیں۔ **یرقان:** 250 ملی لیٹر پانی میں 25 گرام مہندی کے پتے اور 25 دانے کلونجی کے رات کو بھگو دیں۔ صبح کو چھان کر حاصل شدہ پانی میں ایک چمچ شہد اور آدھا چمچ روغن کلونجی ملا کر مریض کو پلائیں۔ علاج پندرہ روز جاری رکھیں۔ **نکسیر پھوٹنا:** ایک صاف کاغذ کو جلا کر اس کی راکھ میں دو قطرے روغن کلونجی ملا کر ناک میں ڈالیں جس سے نکسیر رک جائے گی۔ **معیادی بخار:** اجوائن دیسی 12 گرام' پچاس ملی لیٹر پانی میں رات بھر کیلئے بھگو دیں' صبح پانی صاف کر کے دس قطرے روغن کلونجی کے ساتھ پی لیں۔ سات آٹھ روز میں افاقہ ہو جائے گا۔ **ہیضہ:** سونف تین گرام' پودینہ تین گرام' دارچینی دو گرام' نمک خوردنی اڑھائی گرام' الائچی خورد چھ عدد لے کر چائے کی طرح ایک لیٹر پانی میں تیار کریں اور ایک وقت میں تقریباً سو ملی لیٹر ہمراہ پانچ قطرے روغن کلونجی کے ہر دو گھنٹے بعد پئیں۔ **قبض:** سناء مکی آدھ چمچ اور روغن کلونجی آدھ چمچ گرم دودھ میں ملا کر رات کو سونے سے پہلے پئیں۔

اسم اعظم کے روحانی دم سے انجانے خوف سے نجات مل گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک دوست نے مجھے عبقری سے وابستہ کروایا' اللہ تعالیٰ اسے جزائے خیر دے' اس کی تمام دلی نیک جائز حاجات پوری فرمائے۔ عبقری کی وجہ سے مجھے بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ خاص کر اسم اعظم روحانی دم مجھے بہت زیادہ فوائد دے رہا ہے' ابھی تک دو دم کروا چکا ہوں۔ اللہ تعالیٰ حضرت حکیم صاحب ہر کام' دین اور دنیا میں کامیاب فرمائے اور صحت و تندرستی عطا فرمائے۔ میں ہر وقت انجانے خوف میں مبتلا رہتا تھا' نہ سو سکتا تھا نہ کہیں سفر پر جا سکتا تھا حتیٰ کہ موٹر سائیکل بھی نہیں چلا سکتا تھا اتنا شدید خوف مجھ پر طاری تھا۔ صرف دو ہی اسم اعظم کے روحانی دم تسبیح خانہ جا کر کروائے اور میرا تمام خوف الحمدللہ ختم ہو چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اب میرے دل کو بھی سکون ہے۔ (محمد یاسر' لاہور)

نوٹ: آپ نے دم کرایا' فائدہ ہوا ضرور لکھیں! عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں!

اہم نوٹ: ہر ماہ اسم اعظم کے روحانی دم کے بعد پوری دنیا میں مختلف شعبوں کے خدام (مخلصین) کیلئے درس (مذاکرہ) ہوگا۔ ہر مخلص شرکت یقینی بنائے۔ مذاکرہ ویب سائٹ پر آن لائن سنا' دیکھا جائے گا۔ دنیا بھر سے مختلف شعبوں خدمت والے تمام مخلصین اس مذاکرہ میں آن لائن ضرور شامل ہوں۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

31 دسمبر بروز اتوار اسم اعظم کا روحانی دم اور خاص الخاص تعویذ بالکل فری دیا جائے گا۔ عبقری حویلی احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور میں ہوگا۔ کھانے اور رہائش کا انتظام نہیں ہوگا۔

انٹرویو دینے جا رہے ہیں تو ذرا ٹھہریے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے چھوٹے بھائی قطر جانے کیلئے انٹرویو دینے گئے تو انٹرویو دینے سے پہلے تعوذ اور تسمیہ کیساتھ چند بار سورۂ کوثر پڑھ لی' بھائی بتاتے ہیں کہ انٹرویو اتنا آسان ہوا کہ انہوں نے صرف ایک آسان سا اردو میں سوال پوچھا جواب ملنے پر پاس کر دیا جبکہ باقی افراد سے 20، 20 منٹ مشکل ترین انٹرویو لیا وہ بھی انگلش میں۔ (نادیہ)

تین ہفتے میں موٹاپا دور: صبح نہار منہ دو چمچ شہد ایک گلاس پانی میں حل کر کے چار قطرے تازہ رس لیموں کے ملا کر پینے سے موٹاپا دور ہو جاتا ہے۔ پرہیز کیساتھ کم از کم تین ہفتے بلاناغہ کریں۔

نثار احمد خان' ایبٹ آباد

بارگاہ نبوت میں مقام پاکستان اور پاک فوج

میں پاکستان سے ہوں'' خادم مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا پاکستانی فوج کے میجر ضیاالدین عباسی شہید کا نام آپ نے سنا ہے، شہید کے والد کو حیرت ہوئی مگر انہوں نے خادم کو بتایا کہ میں ہی میجر ضیا الدین عباسی شہید کا والد ہوں۔

محترم حضرت حکیم صاحب اسلام علیکم! ماہنامہ عبقری میگزین کا عرصہ دراز سے قاری ہوں۔ آپ جو خدمتِ خلق بنی نوع انسان کی خدمت ہے، یہ بہت کم لوگوں کے حصے میں آتی ہے۔ ہماری دعائیں ہر وقت آپ کے ساتھ ہیں۔ آپ کے ارسال کردہ قیمتی وظائف میں پڑھتا رہتا ہوں۔

یہ خط عبقری میگزین میں چھپنے والے سچے واقعات (پاک فوج کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات) سے متاثر ہو کر لکھ رہا ہوں اور عبقری رسالہ میں لگانے کیلئے میجر ضیا الدین عباسی شہید (ستارہ جرأت) اور والدِ بزرگوار جناب کا سچا واقعہ جو کہ مظہر برلاس صاحب نے ایک مقامی اخبار میں (دربارِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں پاکستان) کے عنوان سے شائع کیا تھا۔ اس کی کاپی ارسال کر رہا ہوں۔ امید ہے آپ اس کو عظیم رسالے عبقری کے صفحات میں جگہ دے کر ہمارے ایمان کو تازہ کردیں گے شکریہ۔ قارئین! پاکستان اللہ تعالیٰ کا خاص تحفہ ہے یہ ملک سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے بنا۔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل بیت سمیت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو اس پاک وطن سے خاص انسیت ہے۔ پاکستان کی بنیادوں میں کئی شہیدوں کا لہو شامل ہے اسی طرح پاکستان کی حفاظت کے لئے ہمارے کئی جوان شہید ہوئے، کبھی اتفاق ہو تو قائداعظم کے زندہ خوابوں کا مطالعہ کیجئے، آپ کو پتہ چلے گا کہ کس طرح قائداعظمؒ برطانیہ سے واپس آئے حالانکہ وہ تو مایوس ہو کر انگلستان چلے گئے تھے، انہیں کس طرح پاکستان بنانے کیلئے چنا گیا اور اللہ نے ایسے حالات بنائے کہ یہ برطانیہ چھوڑ کر واپس ہندوستان پہنچ گئے اور انہوں نے کیسے پھر پاکستان کے لئے جدوجہد کی۔ آپ کو یاد ہوگا کہ امیر ملت پیر جماعت علی شاہؒ سمیت وقت کے کئی ولی پاکستان کی حمایت میں جدوجہد کرتے رہے۔ بعض اہل تصوف کے مطابق پاکستان کے حوالے سے ایک ایک لمحے کی رپورٹ دربار رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں پہنچتی رہی ہے، خوبصورت اور اہم بات یہ ہے کہ یہ سلسلہ قیام پاکستان سے لے کر اب تک جاری ہے اور ان شاء اللہ عزوجل جاری رہے گا۔ ایک واقعہ رقم کر رہا ہوں تاکہ پاکستان اور اس کی بہادر فوج کے مخالفین کو بات اچھی طرح سمجھ آ جائے۔

1965ء کی پاک بھارت جنگ ختم ہو چکی تھی، اسی جنگ میں میجر عزیز بھٹی شہید ہوئے تھے، اسی جنگ میں چونڈہ کے مقام پر ہمارے بہادر جوانوں نے بھارتی ٹینکوں کا قبرستان بنا دیا تھا۔ اس جنگ کے چند ماہ بعد مدینہ منورہ میں ایک عمر رسیدہ پاکستانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اقدس کے سامنے خاموش بیٹھا آنسو بہائے جا رہا تھا، آنسو بہانے والے کی نگاہیں روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر جمی ہوئی تھیں، یہ بوڑھا شخص میجر ضیا الدین عباسی شہید کا والد تھا، میجر ضیا الدین عباسی شہید (ستارہ جرأت) انفنٹری سکول کوئٹہ کے انسٹرکٹر تھے۔ گیارہ ستمبر 1965ء کو سیالکوٹ میں پھلورا کے محاذ پر دشمن کی توپ کا گولہ میجر عباسی کے ٹینک کو آ لگا جس سے میجر ضیاء الدین عباسی شہید ہو گئے۔ انہیں بعد از شہادت ستارۂ جرأت دیا گیا جب یہ ایوارڈ لینے کے لئے میجر عباسی کے والد صدر جنرل ایوب خان کے پاس گئے تو ایوب خان نے ان سے خواہش پوچھی تو میجر عباسی کے والد نے عمرہ کرنے کی خواہش کا اظہار کیا جسے صدر ایوب نے فوراً قبول کرتے ہوئے عمرہ کا بندوبست کروا دیا جس وقت میجر عباسی شہید کے والد روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر تھے تو ایسے میں خادم مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور وہاں بیٹھے ہوئے لوگوں سے پوچھا کہ ''آپ میں سے کوئی پاکستان سے تعلق رکھتا ہے؟'' میجر عباسی کے والد خاموش رہے، خادم مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ پکارا ''آپ میں سے (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

اگلے ماہ "پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد انوکھے واقعات" جو سو فیصد سچے اور آپ بیتے ہیں۔ پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!۔

پاک فوج کیساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات

قارئین! آپ فوجی ہیں یا آپ نے پاک فوج کے کسی شہید کا کوئی واقعہ زندہ جسموں کے ساتھ اور شہید جسموں کے ساتھ اللہ کی مدد کے ساتھ ان کی میت محفوظ رہی یا گزشتہ پاکستانی افواج نے دشمنوں کے ساتھ جو جنگ لڑی یا کارگل کی جنگ اور اس میں اللہ تعالیٰ کی مدد کے انوکھے واقعات آپ کے کانوں سے گزرے ہوں یا کہیں پڑھے ہوں کیونکہ فوج محفوظ تو سرحدیں محفوظ۔۔۔ لہٰذا ایسے واقعات مشاہدات تجربات آپ کے اپنے ہوں یا کسی سے سنے ہوں ضرور لکھیں۔

عمل کے بغیر علم' علم نہیں کہلاتا

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہٗ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

ہم ''کشف المحجوب'' کتاب کا باب ''ثبوت علم'' کا خلاصہ بیان کر رہے ہیں گزشتہ دو ماہ سے اسی پر بات ہوئی آگے مزید ملاحظہ فرمائیں:۔ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحبؒ کی یادداشتوں میں ایک بات ملتی ہے، عجیب بات لکھی ہے۔ فرمایا کہ میں نے دنیا کے ایسے لوگ دیکھے جن کے پاس علم کے سمندر تھے لیکن اس سمندر میں لوگ ڈوب گئے پار نہ اتر سکے کہ اس علم کی وجہ سے وہ گمراہ ہو گئے۔ خود قرآن کہتا ہے ''یضل به کثیرا و یهدی به کثیرا'' اس قرآن کو پڑھ کے بہت سے لوگ ہدایت پا جائیں گے اور بہت سے گمراہ ہو جائیں گے۔ خدا جانے قرآن سے بھی کوئی گمراہ ہو سکتا ہے۔ نہیں ہو سکتا، قرآن راہ ہدایت ہے۔ لیکن قرآن خود فرما رہا۔ اسکی وجہ کیا ہے؟ سمجھنے کی بات ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ قرآن تو سراپا ہدایت ہے۔ قرآن تو نور ہدایت ہے لیکن اس سے گمراہ وہ ہوتے ہیں جو اس کو اپنے مزاج سے، اپنی سمجھ سے، بیٹھ کر پڑھتے ہیں۔ قرآن سے لے کر حدیث، حدیث سے لے کر فقہ، فقہ سے لے کر تفسیر، تفسیر سے لے کر سوانح، ملفوظات و معقولات کسی اللہ والے کی یہ ایسی چیزیں ہیں جو انسان خود نہ پڑھے بلکہ کسی سے پڑھے۔ اسی بات کو پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ فرما رہے ہیں: عمل اس وقت ہوتا ہے جب علم اسکے ساتھ شامل ہوتا ہے۔ انسان اس وجہ سے ثواب کا مستحق ہو سکے۔ جیسا کہ مثال دے رہے کہ: ''جب تک انسان کو اپنے ارکانِ طہارت، پاک پانی کی پہچان، قبلہ کی شناخت، نیت کی کیفیت اور نماز کے ارکان کا علم نہ ہو تو نماز ہی نہیں ہوتی۔ پس وہ نماز ہی نہیں ہوتی۔ پس جب عمل درحقیقت علم ہی سے حاصل ہو سکتا ہے تو کس طرح جاہل عمل کو علم سے جدا کر سکتا ہے۔ جو لوگ علم کو عمل پر فضیلت دیتے ہیں تو یہ بھی صحیح نہیں کیونکہ عمل کے بغیر علم، علم نہیں کہلاتا۔ اللہ جل شانہٗ نے قرآن پاک میں فرمایا اہل کتاب میں ایک گروہ نے اللہ کی کتاب کو پس پشت ڈال دیا گویا کہ وہ اسے جانتے ہی نہیں۔ (جاری ہے)

مضرتوں اور حاسدین کی ایذا رسانیوں سے نجات: جو شخص اسم مبارک یَامُذِلُّ کا 75 بار روزانہ ورد کرے وہ مضرتوں اور حاسدین کی ایذا رسانیوں سے محفوظ رہتا ہے۔

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی
قسط نمبر 98

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

شاید اس کی بیٹیاں بدکار تھیں: میری نسلیں ویران ہوگئیں' میری سوچیں اداس ہوگئیں' مجھ سے میرے عزیز و اقارب نے ملنا چھوڑ دیا' ہر شخص مجھ پر انگلی اٹھاتا ہے لوگ سمجھتے ہیں شاید اس کی بیٹیاں بدکار تھیں اور خودبخود گھر سے نکل گئی ہیں اور یہ ڈھونگ رچاتے ہیں کہ کوئی شریر جادوگر ان کی بیٹیاں اٹھا کر لے گیا ہے۔ کوئی ہماری بات ماننے کو تیار نہیں کوئی ہماری بات سننے کو تیار نہیں' کوئی ہمیں ملنے اور دیکھنے کو پسند نہیں کرتا۔ ہم کہاں جائیں؟ وہ جننی چیخی' اس نے دونوں ہاتھ اوپر اٹھائے اور کہنے لگی: اے خدا! یا آسمان ہمارے اوپر توڑ دے یا زمین پھاڑ دے ہمارا سارا خاندان نگل جائے اور ہم زمین میں دفن ہوجائیں' ہم اس دنیا میں رہنے کے قابل نہیں ہیں۔ ہمیں مدد دے' ہماری مدد کر' میری بیٹیاں مجھے مل جائیں' میرے سروں کے تاج اور میرے سروں کی عزتیں مجھے واپس مل جائیں۔ مجھے میرا کھویا ہوا وجود مل جائے' وہ عورت روئے جارہی تھی' سسک رہی تھی' تڑپ رہی تھی' ظالم جادوگر جن کی طرف اس کے ہاتھ اٹھتے تھے اس کی مٹھیاں بھنچی تھی' غصہ تھا' غم تھا' نفرت تھی اور وہ مسلسل اسی غصے غم اور نفرت میں تڑپ رہی تھی۔ حالات بتا رہے تھے کہ اگر اس عورت کو کچھ دے دیا جائے تب بھی یہ راضی نہیں ہوگی۔ اسے صرف جادوگر چاہیے اس کے جسم کے ٹکڑے چاہئیں اس کا غم درد اور نفرت بتا رہی تھی کہ اگر اس جادوگر کا کلیجہ بھی اس کو دے دیا جائے اس کو چبا کر پیس کر رکھ دے۔ **عزت' سکون ختم:** وہ عورت مزید کہنے لگی بادشاہ سلامت میرے گھر میں رزق لٹ چکا ہے' بیماریوں نے ڈیرے ڈال دیئے ہیں' حسرتیں بڑھ گئی ہیں' تنہائیوں کے پہاڑ بہت اونچے ہوگئے ہیں' میرے تین بیٹے برسر روزگار تھے' دو بیٹے پڑھ رہے تھے تینوں کا روزگار کیسے ختم ہوا' کس طرح ختم ہوا تینوں لٹ گئے' برباد ہوگئے اور تینوں ویران ہوگئے' تینوں تنہائیوں میں چلے گئے اور وہ تینوں زندگی کے دن رات کھو بیٹھے۔ میں بہت پریشان ہوں میرے گھر کا رزق گیا' میرے گھر کی عزتیں گئیں میرے گھر کا سکون گیا میری زندگی کا چین گیا میں معاشرے سے کٹ گئی۔ **کعبہ شریف کے اندر چالیس دن کا چلہ:** جنات کی بستیوں کی بستیاں مجھ سے دور ہوگئیں خود میرے ماں باپ مجھ سے نفرت کرنے لگے' وہ سمجھتے ہیں کہ شاید اس نے اپنی بیٹیوں کی نگرانی نہیں کی اور اس کی بیٹیاں بدچلن ہوگئیں اور گھر کی دہلیز سے قدم باہر نکال بیٹھیں۔ میں کیا کروں؟ مجھے انصاف چاہیے' وہ جننی مزید کہنے لگی: میں نے اس کے جادو کے توڑ کیے' بہت بڑے بڑے خود کالے جادو کے عاملوں کے پاس گئی' وہ انسان بھی تھے اور جنات بھی تھے' جنات زیادہ تھے ایک جن نے مجھے جو کہ خود بہت بڑا عالم ہے ایک بات کہی کہ اس کا جادو اس کا عمل کوئی نہیں توڑ سکتا ہاں ایک شخص وہ توڑ سکتا ہے جس نے کعبہ کے اندر بیٹھ کر چالیس دن عبادت کی اور یہ کیسے ممکن ہے کہ کعبہ کا دروازہ تو بہت مدت کے بعد کھلتا ہے اور چالیس دن عبادت کرنے والا اس دنیا میں کیسے ملے گا۔ بس مجھے اس جادوگر نے یہی بات کہی ورنہ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ جو جادوگر اس جادو پر ہاتھ ڈالتا اس کا خود نظام خراب ہونا شروع ہوجاتا' اس کے معاملات خودبخود بگڑنا شروع ہوجاتے۔ اس کی زندگی میں ویرانی' پریشانی' بیماریاں آجاتیں' وہ خود دکھ اور درد کا مجموعہ بن جاتا۔ **تباہ کن نظام:** وہ تھوڑی پریشانی سے بڑی پریشانی کی طرف بڑھتا چلا جاتا' وہ دکھوں سے مزید دکھوں کی طرف اڑتا چلا جاتا' ہر وقت اس کا نظام تباہ کن ہوتا جاتا' وہ پریشان اور ہر وقت مایوس رہنا شروع ہوجاتا۔ حتیٰ کہ وہ عامل میرا علاج چھوڑ دیتا اور اپنی میں پڑ جاتا' نامعلوم اس کالے جادوگر کو کیسے پتہ چل جاتا کہ ہم نے اپنا علاج شروع کردیا ہے یا کسی عامل کے پاس جانا شروع ہوگئے ہیں۔ **یمنی نیک عامل:** تھوڑا عرصہ پہلے کی بات ہے کہ ایک مسلمان نیک عامل کے پاس میں یمن میں گئی' وہ ایک مسجد کے کونے کے ساتھ ایک کمرے میں بیٹھے اللہ اللہ کرتے جاتے' صرف روزانہ عصر سے مغرب لوگوں سے ملاقات کرتے ہیں' میں لمبا سفر کرکے ان کے پاس پہنچی' میں نے جاکر انہیں سارا حال سنایا' میرا حال سننا تھا کہ وہ رونے لگے ان کے آنسو نہیں تھمتے تھے۔ فرمانے لگے مجھے پینسٹھ سال سے زیادہ عرصہ ہوگیا میں لوگوں کے دکھ درد اور پریشانیوں میں ان کا ساتھ دے رہا' اللہ ان کی پریشانیاں حل کردیتا' میں نے غم کی بہت کہانیاں اور درد کے بہت واقعات سنے لیکن کوئی ایک شخص بھی ایسا نہیں ملا جو اس دکھ سے زیادہ دکھی' اس غم سے زیادہ غمزدہ ہو اور اس تکلیف سے زیادہ پریشان کوئی ایک بھی نہیں ملا جس کا غم اتنا بڑا غم ہو اور جس کا دکھ اتنا بڑا دکھ ہو اور جس کی تکلیف اتنی بڑی تکلیف ہو۔ **گندگی اور پیشاب میں لتھڑا جن:** انہوں نے اپنے روحانی استخارے میں جب معلوم کیا وہ ہاتھ روک کر بیٹھ گئے کہنے لگے بیٹا یہ گندگی اور پیشاب کا لتھڑا ہوا ایک جن ہے جس پر ہاتھ ڈالنے سے میں خود گریز کررہا ہوں کہ یہ اتنا بڑا شیطان ہے کہ میری روحانیت اور عبادات پر رکاوٹیں ڈالے گا اور مجھے تکلیف دینے میں یہ گریز نہیں کرے گا اور میرے غم بڑھا دے گا' لہٰذا میں کبھی بھی یہ نہیں کروں گا۔ میں آپ سے معذرت چاہتا ہے' وہ بار بار مجھ سے معافی مانگ رہے تھے کہ میں کسی بھی شکل میں اگر مجھ سے کچھ ہوسکتا تو ضرور میں آپ کا ساتھ دیتا لیکن میں معذور ہوں یا مجبور' بس مجھے معاف کردیں۔ **بس مجھے میری بیٹیاں چاہئیں:** وہ بوڑھی عورت اپنے غم بتا رہی تھی اور کہہ رہی تھی بس مجھے میری بیٹیاں چاہیے اس کے بعد اس ظالم کو قتل کردیا جائے' آپ جلاد کو حکم دیں وہ ابھی ٹھہر جائے ابھی تو اور لوگوں نے اپنے واقعات غم کی کہانیاں اور مشکلات کی داستانیں سنانی ہیں' کیا دنیا میں کوئی ایسا شخص نہیں جس نے کعبہ کے اندر چالیس دن عبادت کی' کیا دنیا میں کوئی ایسا فرد نہیں جو اس ظالم کا کوئی توڑ کرسکے' وہ رو رہی تھی' سسک رہی تھی اور سسکتے سسکتے وہ نیچے گر گئی' لوگوں نے اس کو اٹھایا لیکن پتہ چلا وہ تو فوت ہوگئی ہے' وہ مرگئی ہے اور بیٹیوں کا غم سینے میں لیے خود اس دنیا سے رخصت ہوگئی ہے تو پورے مجمع میں کہرام مچا' بادشاہ کھڑا ہوگیا خود موقع پر پہنچا بادشاہ نے اسے دیکھا وہ خاتون دم چھوڑ چکی تھی حیرت انگیز بات یہ ہے کہ اس کا نقاب اترا نہیں تھا اس کے جسم پر چادر ڈالدی گئی اس کے بیٹے فوراً اس کو اٹھا کر لے گئے' پورے مجمع نے پہلی مرتبہ بادشاہ کو تڑپ کر روتے دیکھا۔ **دل کے دورے میں مبتلا:** میرا خیال ہے اگر یہ غم آج کے کمزور دل ڈیپریشن اور ٹینشن اور مارے ہوئے انسانوں کو سنائے جاتے اور وہاں شاہ جنات کی نگرانی روحانی حصار اور کڑا نہ ہوتا تو کئی لوگ دل کے دورے میں مبتلا ہوجاتے اور انہیں ہارٹ اٹیک ہوجاتا۔ جتنا غم' جتنی تڑپ' جتنی آہ و فغاں اور جتنا زار و قطار رونا' آنسوؤں کا سمندر' ہچکیوں کا سیلاب اور دردوں کا پہاڑ اس وقت موجود تھا شاید ہی کوئی درد بھرا انسان اس کو سنبھال سکتا۔ **شہنشاہ جنات کی دبنگ آواز:** ہر شخص فکرمند تھا اور پریشان تھا اے کاش! اس کا درد سنا جاتا اور اس کا غم بھی بیان ہوتا' اس کی بھی بپتا سنتا شاید اس کی دردوں کا مرہم ہوجاتا' ہر شخص اپنی چیخ و پکار میں تھا اپنی فریاد میں تھا' شور بڑھ گیا' ہنگامہ بڑھ گیا کہ

صبر کی تعریف: صبر کی تعریف یہ ہے کہ آفات سماوی کو خاموشی سے برداشت کیا جائے اور حرف شکایت زبان پر نہ لایا جائے۔ (حضرت شیخ بدرالدین اسحاق رحمۃ اللہ علیہ)

اسی دوران میں جنات کے شہنشاہ نے اپنی گرجدار اور دبنگ آواز میں سب کو خاموش کرایا' آواز ہی کیا تھی اور اس میں طاقت ہی کیا تھی کہ ایک پل میں خاموشی اور سناٹا چھا گیا۔ خاموشی کے بعد شاہ جنات نے کچھ الفاظ کہے جن الفاظ کو شاید کوئی اگر درد بھرا انسان سنتا یا بیہوش ہوجاتا یا مرجاتا کیونکہ ان لفظوں میں دردسوز اور گداز اتنا تھا کہ میں خود بیٹھا زاروقطار رو رہا تھا اور میں خود بیٹھا اس درد کو محسوس کررہا تھا کہ یہ درد کیسا ہے؟ یہ سوز کیسا ہے؟ یہ آوازیں کیسی ہیں؟ بادشاہ نے جو تقریر کی وہ قارئین غور سے پڑھیں اور توجہ سے سنیں:۔**شاہ جنات کی تقریر:** شاہ جنات مخاطب ہوئے اور فرمایا: اے لوگو! تم جانتے ہو مجھ سے پہلے میرا والد اس تخت پر تھا اور میرے والد نے سات سو چوہتر سال حکومت کی ہے' میں اپنے والد کا وارث ہوں' اور اس وقت اپنے تخت پر بیٹھے مجھے دوسو تیرہ سال ہوگئے ہیں تم جانتے ہو میں نے کبھی خیانت نہیں کی' بددیانتی نہیں کی' کسی کو درد نہیں دیا' کسی کو دکھ نہیں دیا۔**جواہرات سے بھرے سات خچر:** تمہارے سامنے اس وقت وہ لوگ بھی موجود ہیں جنہوں نے میرے دادا اور پڑدادا کو بھی دیکھا ہے' وہ جانتے ہیں کہ میرے دادا کے ساتھ ایک واقعہ ہوا تھا ایک انسان سات خچر جواہرات کے بھرے جارہا تھا ایک جن انسانی شکل میں ڈاکو بن کر اس کو لوٹنے لگا' یہ قدرت کا راز ہے کہ اچانک میرے دادا یہ سارا منظر دیکھ رہے تھے کہ وہ قدرتی ان راہوں سے اپنے شاہی قافلے کی شکل میں گزر رہے تھے' انہوں نے اس انسان کی بے بسی دیکھی جس کو تہہ زمین سے یہ خزانہ ملا تھا وہ پرانے شاہی کھنڈرات سے یہ خزانہ بھر کر لا رہا تھا' اس نے ایسا کیا کہ نیچے سونے جواہرات کی تہہ لگائی اور اوپر اس نے کوئلے بچھا دیئے تھے تاکہ ہر شخص یہ سمجھے کہ یہ کوئلہ بھر کر لے جارہا ہے لیکن چونکہ جنات یہ حس رکھتے ہیں اور یہ طاقت اور قوت رکھتے ہیں اس لیے اس جن نے انسانی شکل میں آکر خنجر سے اس کو قتل کرنا چاہا اور اس سے یہ مال لوٹنا چاہا حالانکہ مال اس کا حق تھا کوئی بھی خزانہ زمین سے اس وقت تک برآمد نہیں ہوتا جب تک کہ اللہ کے امر اور حکم سے اس کے اوپر سے جنات کی لگی ہوئی ڈیوٹی ہٹا نہ دی جائے اور جنات جو اس پر مسلط ہوتے ہیں وہ وہاں سے فارغ نہ کردیئے جائیں۔ **حفاظت کا نظام:** لوگو! آپ جانتے ہو کہ جنات کو اللہ نے طاقتیں اور قوتیں دی ہیں پھر ان کی حفاظت کا نظام رکھا گیا ہے جس وقت میرا اللہ چاہتا ہے ہوجاتا ہے اور ان کی ڈیوٹی لگ جاتی ہے اور جس وقت میرا رب نہیں چاہتا تو ان کی ڈیوٹی ختم ہوجاتی ہے لوگو! میرے دادا نے بھی انسانی شکل اختیار کی اور ایک خچر پر بیٹھ کر تلوار لہراتے ہوئے وہاں نمودار ہوئے جب اس ڈاکو جن نے یہ منظر دیکھا تو وہ پہچان نہ سکا کہ یہ کوئی انسان ہے یا جن۔**انسانی اور جناتی وار:** اس نے تو پہلے اس پر وار کیے انسانوں والے لیکن انسانوں والے تمام وار میرے دادا ایسے سہہ گئے جیسے کہ پتھر پر پانی گرتا ہے اور پتھر کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا بلکہ پتھر دھل جاتا ہے بس یہی نظام وہاں تھا اس کے بعد وہ ڈاکو جن اپنے ڈاکے کو بچانے کیلئے جناتی داؤ پر آگیا اس کو یہ خبر ہی نہیں تھی کہ میرے سامنے خود میرا بادشاہ ہے' شہنشاہ ہے اور جدی پشتی گزشتہ انیس نسلوں سے جنات کا بادشاہ ہے۔**خطرناک جناتی لڑائی:** جب وہ اپنے جناتی داؤ پر آیا اور جناتی داؤ اس کو بہت آتے تھے میرے دادا نے مجھے یہ بات خود بتائی تھی کہ مجھے بعد میں احساس ہوا کہ وہ ڈاکو جن دراصل جادوگر بھی تھا شہنشاہ جنات تمام مجمع سے بات کررہے تھے اور مجمع سناٹے میں یہ ساری باتیں بہت زیادہ توجہ سے سن رہا تھا اور سناٹا کچھ ایسا تھا کہ جیسے چیونٹی کے چلنے کی آواز بھی نہیں آرہی تھی۔ **جادوگر جن کا جادوئی وار:** شہنشاہ اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے بولا کہ لوگو! میرے دادا نے اس جادوگر جن کا جادوئی وار نہ صرف برداشت کیا بلکہ اسے کلام الٰہی کے ایک خاص لفظ سے جو کہ میرے دادا کے دادا نے انہیں سکھائے تھے اس وار کو خطا کیا اور راکھ بنادیا۔ جادوگر جن حیران کہ کیسے ممکن ہوا؟ اور یہ کیسے حیرت انگیز طور پر میرا وار خطا گیا۔ وہ ایک نیا وار لایا اور اس نے نئے وار سے ایک بہت بڑا آگ کا شعلہ پھینکا اس آگ کے شعلے سے اتنی طاقت ور آگ نکلی اور اس کی اتنی طاقتور چنگاڑیاں تھیں شاید آج کی ایٹمی آگ بھی اس کا مقابلہ نہ کرسکے وہ ایک میل لمبی اور تین میل کشادہ بہت بڑی آگ تھی' اس کا نقصان یہ ہوا کہ قریب کے جتنے درخت' سبزہ اور شاخیں پتے سب جل گئے اگر وہاں قریب کی آبادی ہوتی تو وہ راکھ اور خاک ہوجاتی لیکن یہ سب وار بھی میرے دادا کی ایک پھونک سے خالی گئے یعنی جب انہوں نے پھونک ماری تو ان کی پھونک سے ٹھنڈی بھاپ نکلی اور اس ٹھنڈی بھاپ نے اس سارے کے سارے جادو کو ایک پل میں ختم کردیا اور وہ آگ بادل بن گئے اور بادل بن کر ساتھ ہی ایک بہت بڑا گڑھا تھا اس پر برسی اور وہ صدیوں پرانا پڑا ایک گہرا گڑھا جھیل بن گیا اور یہ جھیل آنا فاناً ایسی بنی کہ گمان ہی نہیں تھا کہ یہاں آج تک پانی تھا۔**پتھروں کی بارش:** جب اس جادوگر جن نے اپنا یہ وار بھی مایوس کن حد تک خطا دیکھا تو اس نے اپنا ایک اور طاقتور وار کیا اس نے اپنے طاقتور وار سے یکا یک پہاڑوں کے پتھر منگوائے یہ پتھر نہیں تھے بلکہ بڑی بڑی چٹانیں اور اور ان میں کوئی پتھر بھی ایسا نہیں تھا کہ جو دس بیس من سے کم ہو اور وہ پتھروں کی پوری بارش تھی اور وہ بارش ایسی تھی کہ جو اگر کسی انسان کو ہلکا سا چھو بھی جاتی تو اس کا قیمہ بن جاتا بلکہ وہ راکھ ہوجاتا۔ **سچائیوں اور صداقتوں کے رہبر:** لوگو! شہنشاہ جنات نے تمام مجمع کو متوجہ کرتے ہوئے کہا یہ واقعہ جو میں اپنے دادا کا سنا رہا ہوں آج بھی اس کے گواہ موجود ہیں ہمارا خاندان سچائیوں اور صداقتوں کا ہمیشہ رہبر اور رہنما رہا ہے' ہمارا خاندان دیانتوں اور صداقتوں کا ہمیشہ پیروکار رہا ہے ہمارا خاندان مخلوق خدا کی راحتوں اور خوشیوں کو بانٹتا رہا ہے میرے دادا پڑدادا اور میرے بڑے آج تک لٹیرے نہیں رہے بلکہ رہبر رہے ہیں' چور نہیں رہے بلکہ دوست اور محافظ رہے ہیں۔ لوگو! جب اس جادوگر جن نے پتھروں کا وار کیا تو میرے دادا نے اچانک علم الٰہی اور کلام الٰہی سے اس کا رد کیا اس کا رد ایسے کیا کہ انہوں نے ایک تیز ہوا چلائی اور تیز ہوا ایسی طاقتور تھی جنہوں نے پتھروں کے رخ موڑ دیئے اور بڑے بڑے پتھروں کو چھوٹے پتھروں میں اور چھوٹے پتھروں کو کنکروں میں اور کنکروں کو ریزوں میں اور ریزوں کو ذروں میں تقسیم کردیا اور وہ تقسیم ایسے ہوئی کہ پتھروں کا آیا ہوا تمام طوفان ایک پل میں ہواؤں میں تحلیل ہوگیا اور جہاں سے پتھر آئے تھے واپس اسی طرف پلٹ گئے۔**میں ایک چوکیدار ہوں!** جب جادوگر جن اپنے تین خطرناک ترین وار کرچکا تو ایک پل کیلئے ٹھٹک گیا اپنی پھٹی پھٹی آنکھوں سے وہ یہ سارا منظر دیکھنے لگا اور بولا: تو کون ہے؟ اس کے لہجے میں بے ادبی گستاخی اور بغاوت تھی (جاری ہے)

فاقے ختم' دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

آفس بوائے کروڑپتی اور بزنس مین کیسے بنا؟

انوکھی سچی داستان

بلال چوہدری شاہدرہ لاہور

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ جولائی 2012ء سے مسلسل پڑھ رہا ہوں اس میں موجود تمام مضامین بہت ہی کمال کے ہوتے ہیں' رسالے میں لکھا ایک ایک لفظ ہمارے لیے نئی نئی راہیں کھول دیتا ہے۔عبقری رسالے میں کچھ چند ماہ سے ایک مضمون ''فاقے ختم' عزت' برکت اور دولت کیسے ملی؟'' کے نام سے چھپ رہا ہے' لوگوں کی داستانیں پڑھیں تو مجھے نظروں میں ایک شخص گھومنے لگا اور دل سے ایک آہ کے ساتھ یہ الفاظ نکلے واقعی اس میگزین میں لکھا ایک ایک لفظ سچ ہے' واقعی کسی وظیفے یا انسان کے کسی نیک کام کے وسیلے سے اللہ انسان کے فاقے ختم کر دیتا ہے اور اسے عزت' برکت اور سکون سے نواز دیتا ہے۔آج میں بھی اسی طرح کی ایک تحریر ماہنامہ عبقری کیلئے لکھنے بیٹھا ہوں اور زندگی میں پہلی مرتبہ کسی میگزین کیلئے لکھ رہا ہوں۔

واقعہ کچھ یوں ہے کہ میں لاہور کا رہائشی ہوں اور میرے گھر کے قریب ہی ایک بہت بڑی آٹو مارکیٹ ہے جہاں سے پورے پاکستان میں آٹو سپلائی ہوتے ہیں اور وہاں ہر وقت گہما گہمی رہتی ہے۔میرے وہاں چند دوست ہیں جن کے اپنے شوروم ہیں۔ایک دن میں اپنے دوست کے پاس بیٹھا گپ شپ لگا رہا تھا کہ بڑی سی گاڑی میں ایک شخص آیا سب سے بڑے اخلاق سے ملا' چند کاروباری باتیں کیں ہنستا ہنساتا سب سے گلے مل کر واپس گاڑی کی طرف چلا' ڈرائیور نے دروازہ کھولا' وہ صاحب گاڑی میں بیٹھے اور یہ گئے وہ گئے۔ میں بڑی حیرانی سے اسے دیکھتا رہا' جب وہ چلا گیا تو میں نے اپنے دوست سے پوچھا یار یہ کون تھا؟ اس نے میری طرف دیکھا اور مسکراتے ہوئے بولا یہ فلاں شوروم کے مالک ہیں (اس شخص اور شوروم کا نام لکھنا مناسب نہیں سمجھتا)۔ بہت نیک اور اچھے انسان ہیں۔پھر میرے پوچھے بغیر ہی ان کے بارے میں جو ان کی معلومات تھیں وہ بتانا شروع ہوئے۔کہنے لگے:۔

یہ شخص فلاں شوروم پر آفس بوائے کے طور پر معمولی تنخواہ پر کام کرتا تھا' سارا دن صفائی ستھرائی' چائے' کھانا لانا' جب کوئی گاڑی بک جاتی تو اس کو بھی معمولی کمیشن (مٹھائی کے نام پر) مل جاتا تھا [illegible]

شوروم سے کوئی چیز نہ چرائی نہ کسی کام میں بے ایمانی کی۔ اس کے مالک اس پر اندھا اعتبار کرتے اور اس نے کبھی بھی ان کے اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچائی تھی۔اس کے مالک پورا ہفتہ شوروم کھولتے تھے یعنی بروز اتوار بھی چھٹی نہ کرتے مگر یہ جمعۃ المبارک کو لازمی چھٹی کرتا۔اب میں آپ کو اس کا وہ عمل بتاتا ہوں کہ جس کے کرنے سے اس شخص کو آج یہ مرتبہ' عزت' دولت اور سکون ملا ہے۔اس شخص کی بچپن سے عادت ہے کہ یہ جمعۃ المبارک کو صبح نماز فجر کی ادائیگی کے بعد علاقہ کی تمام مساجد کو دھوتا ہے۔مساجد کے ساتھ بنے ہوئے باتھ رومز کو دھوتا ہے۔یعنی پہلے ایک مسجد میں جاتا ہے' صفیں وغیرہ اکٹھی کر کے پانی سے اچھی طرح دھو کر وائپر لگا کر صفیں دوبارہ بچھا کر' پھر دوسری میں جاتا ہے اسی طرح پھر تیسری میں' جب تک جمعۃ المبارک کا وقت نہ ہو جائے یہ مساجد کو دھوتا ہے۔ بقول اسی شخص کے اس کے اس عمل کرنے سے اللہ نے اس کے دن رات پھیر دیئے' اس کے رزق میں اتنی برکت اور اضافہ ہوا کہ آج یہ اپنے شوروم کا مالک ہے' اپنا بڑا سا گھر ہے' بچے اچھے سکولوں میں پڑھ رہے ہیں' بہت زیادہ خوشحال اور پرسکون ہے۔میں اپنے دوست کی یہ باتیں سن کر اش اش کر اٹھا اور میرے دل میں خدا کے گھر کی عظمت مزید بڑھ گئی۔

ابھی میں اس شخص کے بارے میں سوچ ہی رہا تھا کہ میرا دوست مزید بولا کہ جناب آپ کو ایک اور حیرت کی بات بتاتا ہوں یہ آج بھی جمعۃ المبارک کو اپنا شوروم بند رکھتے ہیں اور صبح فجر کے بعد مساجد اور ان کے ساتھ بنے باتھ رومز کی جم کر صفائی کرتا ہے۔مساجد کا خوب خیال رکھتا ہے' کوئی چیز ٹوٹی ہو' خراب ہو' فوراً لا کر نئی لگواتا ہے یا مرمت کرواتا ہے۔ مجھے اپنے دوست کی باتیں سن کر حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے وہ دروس یاد آگئے جن میں آپ نے مساجد کی خدمت کرنے والوں کے حالات بیان فرمائے کہ کیسے مسجد کی خدمت سے لوگوں کے دکھ درد دور ہو گئے اور آج میں یہ تمام چیزیں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں۔سبحان اللہ!

اگلے مہینے ''فاقے ختم' دولت' عزت اور برکت کیسے ملی؟'' کے حوالے سے ایک نیا سچا واقعہ اور ایک نیا آزمودہ عمل پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

بیٹا! یہ حرام کا کمال ہے

عدیل احمد، لاہور

جب میں اپنے شیخ کے ساتھ تھا تو اُنہوں نے مجھے مزدوری پر لگا دیا، میں بحری جہازوں میں لوڈنگ ان لوڈنگ کرتا تھا، میں سارے دن کی محنت کے بعد جتنے پیسے کماتا تھا، میرا استاد ان میں سے دو وقت کے کھانے کی رقم رکھ کر میری باقی کی کمائی خیرات کر دیتے تھے، میں نے ایک دن ان سے اس حکمت کی وجہ پوچھی، وہ مسکرا کر بولے، تم گیارہ مہینے یہ کام کرو میں تمہیں اس کے بعد اس کا جواب دوں گا۔میں گیارہ مہینے لوڈنگ کا کام کرتا رہا، میرا گیارہ ماہ کا وظیفہ مکمل ہوا تو میں اپنے شیخ کے پاس واپس گیا تو میرے شیخ نے مجھ سے کہا آج مزدوری کیلئے جاؤ کام شروع ہو جائے تو جھوٹ موٹ کے بیمار ہو جانا، سارا دن کام کو ہاتھ نہ لگانا، شام کو اپنا معاوضہ لینا اور واپس آجانا۔ میں نے شیخ کے حکم پر عمل کیا، میں سارا دن پیٹ درد کا بہانہ بنا کر جہاز پر لیٹا رہا، شام کو معاوضہ لیا اور شیخ کے پاس آ گیا، شیخ نے فرمایا، اب تم دو وقت کھانے کے پیسے رکھ کر باقی رقم خیرات کر دو، آپ یقین کریں گیارہ ماہ میں وہ پہلا دن تھا جب میرا دل خیرات کو نہیں چاہ رہا تھا، میں نے اُس رات خوب سیر ہو کر کھانا لیکن میری بھوک ختم نہیں ہوئی، میں نے اُس رات پہلی بار اپنے کمرے کی کنڈی لگائی، میں گھوڑے بیچ کے سویا مگر میری نیند پوری نہیں ہوئی، مجھے اگلے دن اپنے جسم سے بُو آئی اور مجھے پہلی بار اپنے کپڑوں پر فیوم لگانا پڑی اور مجھے پہلی بار نماز میں لذت محسوس نہ ہوئی، مجھے عبادت میں سرُور نہ آیا، دل بہت بے چین رہا، ایسے جیسے میرا دل کہیں قید ہو گیا ہو، میں نے بہت سوچا پر کچھ سمجھ نہ آیا، اگلے دن میں نے شیخ کو اپنی ساری کیفیات بتائیں، وہ مسکرائے اور بولے بیٹا یہ حرام کا کمال ہے۔حرام آپ کی زندگی کی تمام نعمتوں کو دیمک لگا دیتا ہے۔آپ انسان سے جانور بن جاتے ہیں، میرے شیخ نے بتایا، عبداللہ حرام ہمیشہ آپ کی بھوک بڑھا دیتا ہے، یہ آپ کی نیند میں اضافہ کرتا ہے، یہ آپ کے جسم میں بُو پیدا کرتا ہے، یہ آپ کا دل تنگ کر دیتا ہے، یہ آپ کی سوچ کو چھوٹا کر دیتا ہے، یہ آپ کی نیند کو پھیلا دیتا ہے اور یہ آپ کی روح کا سکون کھینچ لیتا ہے۔میرے شیخ نے مجھے فرمایا، آپ کو ایک دن کا حرام چالیس دنوں تک ستائے گا، آپ ان چالیس دنوں میں جھوٹ کی طرف بھی مائل ہوں گے، آپ غیبت بھی کریں گے، آپ کے دل میں لالچ بھی آئے گا، آپ دوسروں کو دھوکا بھی دیں گے اور آپ کے دل کے اندر امیر بننے کی خواہش بھی پیدا ہوگی، آپ کا نماز پڑھنے کو بھی دل بھی نہیں کرے گا، (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

دعائیں قبول کروانے کا نسخہ آگیا: جو شخص جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد پانچ سو یا پچاس بار (جتنی سہولت ہو) اسم الٰہی یَاسَمِیۡعُ پڑھے گا ان شاء اللہ اس کی دعائیں قبول ہوں گی۔

صحت کو پکڑنا اور بیماریوں سے بچنا ہے تو پھر بھاگیئے!!!

عرشی طارق، کراچی

یہاں اس غلط فہمی کا ازالہ ضروری ہے کہ صحیح دوڑ اور کھلاڑیوں کی ریس میں بڑا فرق ہے۔ صحیح دوڑ وہ ہوتی ہے جس میں آپ سو گز دوڑنے کے بعد پھر سو گز پیدل چلتے ہیں، اسی طرح باری باری دوڑ کر اور چل کر اسے مکمل کرتے ہیں۔ یہ دوڑ آہستہ آہستہ ہوتی ہے۔

بیسویں صدی میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی برکات مثلاً موٹر گاڑیوں، میکانکی اور برقی مشینوں اور آلات کے روز افزوں استعمال نے طرزِ حیات کو سراسر بدل دیا ہے۔ صنعتوں کی وجہ سے کام ایک ہی جگہ پر کھڑے کھڑے یا بیٹھے بیٹھے ہوتا رہتا ہے۔ جسمانی حرکت بہت کم ہوگئی ہے۔ متمول اور خوش حال طبقہ جس آرام کوشی کی زندگی بسر کرتا ہے اس کا تو ذکر ہی کیا، مزدور اور غریب آدمی بھی ایک اسٹاپ سے دوسرے اسٹاپ تک پیدل چلنے کی زحمت گوارا نہیں کرتا۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ جسم بے ڈول ہوتے جا رہے ہیں۔ قلب کے امراض کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے۔ ہضم بگڑ گئے ہیں، سینے کم زور ہو گئے ہیں راتوں کی نیندیں اُڑ گئی ہیں۔ جسے دیکھو اسپرین، نوولجین اور ویلیم گولیاں کھا رہا ہے۔ ان سب باتوں کا اگر کوئی ایک سبب ہوسکتا ہے تو وہ جسم کی بے حرکت ہے اور جسم کی بے حرکت کا سبب علم صحت سے ناواقفیت یا اس کی ناقدر شناسی ہے۔ لوگ ٹی وی اور فلم کے ڈائیلاگ پر کان دھرتے ہیں اور انھیں دل میں جگہ دیتے ہیں لیکن اگر معالج ان کی زندگی کی سب سے قیمتی شے صحت کے بارے میں مشورہ دیتا ہے۔ تو اس میں دِل چسپی نہیں لی جاتی۔ اگر کسی کو ورزش کی قدر و قیمت کا صحیح احساس ہوجائے تو وہ اسے عبادت کی طرح فرض جاننے لگے گا۔ ورزش ہی ایک ایسی چیز ہے جس سے جسم کے پٹھے ٹھیک کام کرتے ہیں۔ ورزش کی وجہ سے آپ کی انگلیوں کی پوروں تک دورانِ خون میں باقاعدگی پیدا ہوتی ہے، پھیپھڑوں کو تقویت حاصل ہوتی ہے، نظام ہضم باقاعدہ اور مؤثر ہوجاتا ہے اور ان سب چیزوں کا مجموعی اثر آپ کے ذہن اور آپ کی شخصیت پر پڑتا ہے۔

دوڑ آسان ترین اور بلا خرچ ورزش: ورزش کی کئی اقسام ہیں۔ کھیل مثلاً ہاکی، فٹ بال وغیرہ کشتی، تیراکی، ٹینس، اسکواش، لیکن ان کے لیے شوق، وقت اور پیسے کی بھی ضرورت ہوتی ہے، اور ان کے اور بھی کئی لوازم ہیں۔ سب سے آسان، سب سے کم قیمت اور سب سے کم وقت کی ورزش دنیا میں اگر کوئی ہے تو وہ دوڑ ہے۔ کوئی رُت ہو، کوئی موسم ہو، کوئی عمر ہو، آپ پارک میں، اسکول کے میدان میں، سڑک پر اور اگر یہ بھی نہیں تو گھر کے صحن ہی میں دوڑ لگا سکتے ہیں۔ یورپ اور امریکا میں جن لوگوں کو اس کی قدر معلوم ہوتی ہے وہ صبح یا شام جماعتوں اور گروہوں میں پارکوں، میدانوں اور خالی سڑکوں پر دوڑتے نظر آتے ہیں۔

معقول پروگرام کی ضرورت ہے: انسان کی زندگی معین ہے اور اس کا انحصار بلکہ اس کی تمام تر مسرتوں اور کامیابیوں کا انحصار صحت پر ہے۔ اپنی صحت کو بلایئے پھسلایئے نہیں۔ اس سے خلوص کا معاملہ کیجیے۔ پہلے آپ ایک معقول پروگرام بنا لیجیے۔ معقول اس لیے کہ آپ اپنے وقت، فرصت، عمر وغیرہ کے مسائل پر غور کر کے ایک قابل عمل منصوبہ بنایئے۔ یہ کام دن دو دن کا نہیں عمر بھر کا ہے۔ اگر قلب علیل ہو تو مہینہ بھر میں ہمیشہ کے لیے تن درست نہیں ہوسکتا۔ اگر سینہ کم زور ہے تو چند دِن کی دوڑ سے پھیپھڑوں کی کایا نہیں پلٹ سکتی، اسے باقاعدگی سے کرنا پڑے گا۔ مگر اس میں ایسی سخت پابندیاں نہیں۔ آپ چاہیں تو روزانہ کے بجائے ہر دوسرے دن دوڑ لگا سکتے ہیں۔ صبح اور شام بجائے صرف صبح یا شام کو دوڑ سکتے ہیں۔ گھنٹے کے بجائے آدھ گھنٹا خرچ کر سکتے ہیں۔

فاصلہ کم کیجیے: اگر آپ کا قلب کم زور ہے، سینے کی شکایات رہتی ہیں، ٹانگوں یا پاؤں میں کبھی کوئی تکلیف رہی ہے تو پہلے اپنے معالج سے مشورہ کر لیجیے۔ آپ کو یہ بتائیں گے کہ کتنی تکان آپ ابتدا میں برداشت کر سکیں گے۔ ٹانگوں یا پاؤں یا ٹخنے کی تکالیف میں بھی آپ کو دوڑ سے قبل کی ورزش تجویز کریں گے۔ یہ احتیاط اس معقول پروگرام کا لازمی حصہ ہے جس کا ذِکر کیا جا چکا ہے۔

صحیح دوڑ ہوتی کیا ہے؟: یہاں اس غلط فہمی کا ازالہ ضروری ہے کہ صحیح دوڑ اور کھلاڑیوں کی ریس میں بڑا فرق ہے۔ صحیح دوڑ وہ ہوتی ہے جس میں آپ سو گز دوڑنے کے بعد پھر سو گز پیدل چلتے ہیں، اسی طرح باری باری دوڑ کر اور چل کر اسے مکمل کرتے ہیں۔ یہ دوڑ آہستہ آہستہ ہوتی ہے۔

ایک ماہر معالج کے مشورے: اگرچہ بظاہر یہ سادہ اور آسان کام ہے۔ لیکن مشورہ اس میں بھی مفید ثابت ہوگا۔ اب ہم آپ کو نیو یارک ہاسپٹل کے ڈاکٹر رابرٹ اسرائیل ایم۔ڈی کے مشوروں سے متعارف کراتے ہیں۔ ڈاکٹر موصوف کھلاڑیوں کے معالج ہیں اور خود بھی صبح کی دوڑ کے عادی ہیں۔ ڈاکٹر اسرائیل نے صحیح دوڑ کے لیے چند باتوں پر زور دیا ہے وہ ہیں: مناسب جوتوں کی فراہمی، بدن گرمانے کی ورزشیں، دوڑ کا خوب صورت اسٹائل، اور دوڑ میں تدریج کا اصول۔

جوتوں کے معاملے میں فیاضی سے کام لیجیے: دوڑ میں واحد سامان جس کی آپ کو ضرورت ہوگی جوتے ہیں۔ اگر جوتے پاؤں کے عین مطابق اور آرام دہ ہوں تو دوڑ بے ضرر اور صحت بخش ہوگی۔ نصف گھنٹے میں آپ کا پاؤں تقریباً 3 ہزار مرتبہ زمین پر لگے گا۔ آرام دہ جوتا ہر بار پاؤں کی زمین پر ضرب کو جذب کرے گا۔ تنگ جوتا یا بہت ہی فِٹ جوتا ٹھیک نہیں رہتا کیوں کہ پاؤں گرم ہو کر کسی قدر پھیل جاتے ہیں اور پھر وہ جوتا جو بہت ہی فٹ ہو پاؤں میں آبلے پیدا کر سکتا ہے۔ اگر کبھی آبلے آ بھی جائیں تو نائیلون کے موزے بدل کر سوتی یا اُونی موزے استعمال کیجیے۔

بدن گرمانے کی ورزشیں: ڈاکٹر اسرائیل دوڑ سے پہلے چند منٹ کی بدن کو گرمانے کی ورزشوں کو ضروری سمجھتے ہیں۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ کھلاڑی میدان میں آتے ہی طرح طرح کی ورزشی حرکات سے پہلے اپنے بدن کو گرم کرتے ہیں۔ طبی لحاظ سے اس کا مقصد ہوتا ہے کہ اگر آپ کسی چیز پر یک لخت زور ڈالیں تو وہ ٹوٹ جائے گی لیکن اگر وہی طاقت بتدریج استعمال کریں تو وہ چیز نہیں ٹوٹے گی۔ قدرت نے پٹھوں میں لچک کی گنجائش رکھی ہے۔ بدن کے گرماؤ سے وہ مناسب حد تک پھیل جاتے ہیں اور پھر دوڑ لگانے سے ان پر یک لخت دباؤ نہیں پڑتا۔

اسٹائل کی ضرورت: اسٹائل کا تعلق اگرچہ خوب صورتی اور خوش ذوقی سے بھی ہے، لیکن یہاں اس کا مقصد خالصتہً طبی ہے، لمبے لمبے ڈگ بھرنا، دائیں اور بائیں طرف لہک لہک کر دوڑنا، یا کمر میں خم ڈال سکتے ہیں۔ ہوسکتا ہے پاؤں میں موچ آجائے، ہوسکتا ہے بعد میں آپ کی کمر میں درد پیدا ہو۔ اس لیے آپ فطری طریقے سے اپنے قد کے مطابق قدم اُٹھا کر دوڑیے۔ بدن کو اکڑایئے نہیں۔ کمر کو سیدھا اور سر کو اُونچا رکھیے۔

دوڑ میں درد بھی ہوتا ہے: دوڑ میں آپ اپنے بدن سے ایک زائد مطالبہ کرتے ہیں۔ اس سے آپ کے بدن کے تمام پٹھے عام حالات کی نسبت کئی گنا زیادہ حرکت کرتے ہیں۔ لہٰذا درد تو ہوگا مگر یہ درد آپ کی طاقت کو بتدریج بڑھائے گا۔ اسے بالکل ختم نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ جن احتیاطوں کا ذکر کیا گیا ہے ان پر عمل کرنے سے اس میں کمی آسکتی ہے۔ اس مسئلے میں ایک بات اور قابل غور ہے۔ اگر آپ کو درد ستاتا ہے تو پہلے ہی دن معالج کے پاس زحمت نہ کیجیے۔ تین دن تک احتیاطی تدابیر پر عمل کر کے دیکھیے۔ اگر کم ہوجائے تو بہتر اور اگر برابر بڑھتا چلا جائے تو پھر اپنے معالج سے مشورہ کیجیے۔

بتدریج کا اصول قائم رکھیے: دوڑ لگانے سے پہلے اس بات پر غور کر لیا جائے کہ پہلے دن آپ کس قدر فاصلے تک دوڑ کو برداشت کر سکیں گے۔ اگر آپ کو قلب کی تکلیف رہتی ہو تو پہلے روز دوڑ اور پیدل چلنے کا فاصلہ کم سے کم رکھیے۔

آیئے! اپنے رب کی دہلیز پر ہمیشہ کیلئے سر رکھ دیں

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

انہوں نے دیکھا اس کی ماں بچہ کو مارتی ہوئی گھر کے دروازہ سے باہر آئی اور بچہ کو گھر سے باہر نکال کر اس نے دروازہ اندر سے بند کرلیا' بچہ گھر سے ذرا دور تک گیا اور پھر واپس لوٹ آیا کچھ دیر تک دروازہ کھٹکھٹایا اور جب دروازہ نہیں کھلا تو گھر کے دروازہ کی دہلیز پر سر رکھ کر لیٹ گیا' علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ بچہ کچھ دیر روتا رہا اور پھر اس کی آنکھ لگ گئی کچھ دیر بعد حضرت نے دیکھا کہ ماں نے گھر کا دروازہ کھولا' تو دیکھا کہ بچہ دہلیز پر سر رکھ کر سو رہا ہے اور بچہ کی معصوم آنکھوں پر آنسو لگے ہیں' بس بے تاب ہوگئی' محبت اور مامتا سے بچہ کو گود میں اٹھایا' سینہ سے لگایا اور اپنے دوپٹہ کے پلو سے بچہ کی آنکھوں اور چہرہ سے آنسو اور جو گرد و مٹی لگی تھی اس کو صاف کیا' اور بے اختیار اپنے لال کو بوسے دینے لگی' بچہ کی آنکھ لگ گئی تھی ماں نے لاڈ سے پوچھا' جب تجھے گھر سے ڈانٹ مار کر نکالا تھا تو دور جا رہا تھا' پھر گھر کی دہلیز پر آکر کیسے سو گیا؟ بچہ نے معصومیت سے کہا: ماں! جب آپ نے مجھے دھکے دے کر نکال دیا تھا تو کوئی ٹھکانہ تلاش کرنے چل دیا تھا' مگر مجھے خیال آیا کہ دنیا میں کہیں نہ کہیں کھانا پینا اور رہنے سہنے کا ٹھکانہ تو مل جائے گا مگر ماں کی چاہت کہیں نہیں ملے گی اس لیے میں لوٹ آیا اور جب دیر تک دروازہ کھٹکھٹانے کے باوجود دروازہ نہیں کھلا تو دہلیز پر سر رکھ کر لیٹ گیا کہ ماں کی ممتا صرف اسی دہلیز سے ملے گی' ماں کو بچہ پر بہت پیار آیا' وہ بلائیں لے کر بچہ کو پیار کرتی رہی اور کہتی رہی میرے لاڈلے جب تجھے یہ خیال ہے کہ ماں کی مامتا میرے علاوہ تجھے اور کوئی نہیں دے سکتا تو میں بھی اپنے لال کو کبھی اپنے کلیجہ سے جدا نہیں کروں گی۔

علامہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں اس منظر نے مجھے تڑپا کر رکھ دیا' میرے رحمٰن رحیم رب کی رحمت کے سمندر سے رحمت اور ممتا کا ایک قطرہ ساری ماؤں کو عطا کیا گیا ہے اس رحمت سے رب کا اپنے اس نافرمان بچہ کے ساتھ عنایت اور ممتا کا یہ حال ہے کہ اس کی شرارتوں سے عاجز آکر اسے گھر سے نکالا مگر بچہ اس خیال سے کہ ممتا صرف اسی در سے مل سکتی ہے دہلیز پر سر رکھ کر سو گیا تو ماں ساری شرارتوں کو بھول کر بلک بلک کر پیار کرنے لگی تو وہ رب جو رحمٰن و رحیم ہے تواب کریم ہے غفور رحیم ہے' بندہ اس احساس کے ساتھ کہ ساری نافرمانیوں اور گناہوں کے باوجود میرے لیے رحمت' مغفرت اور عفو درگزر کیلئے اس در کے علاوہ کوئی اور در نہیں' اس کے حضور اس ندامت کے ساتھ ہاتھ پھیلاتا ہے اور چند قطرے آنسوؤں کے احساس ندامت کے ساتھ اس کے در پر ٹپکاتا ہے تو رحمٰن و رحیم رب کی رحمت اپنے بندہ کی بلائیں لے کر اپنی ردائے رحمت سے اس گنہگار چہرہ سے گناہوں کی گندگی کو پونچھ دیتی ہے اور نہ صرف یہ کہ بڑی سی بڑی غلطی و خطا اور کبیرہ گناہوں کو معاف فرما دیتی ہے بلکہ رحمت اور کرم سے اپنے بندوں کو نواز دیتی ہے کریم رب نے اپنے کلام مقدس میں قانون اور منشور کا اعلان فرما دیا: ان اللہ یحب التوابین و یحب المتطھرین یہ نہیں فرمایا ہم معاف کردیتے ہیں یا مغفرت فرما دیتے ہیں توبہ کرنے والے کو' بلکہ فرمایا ہم توبہ کرنے والے کو محبوب بنا لیتے ہیں۔ اسی لیے زبان رسالت مآب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر دنیا میں کوئی انسان گناہ کرنے والا نہ ہوتا تو اللہ تعالیٰ ایک دوسری مخلوق کو پیدا فرماتے جو گناہ کرتی اور توبہ کرتی' جب اس کریم رب کو توبہ اتنی محبوب ہے تو پھر ہم ساری دنیا سے زیادہ خطا کار' گنہ گار کیوں نہ ہوں' ساری دنیا کی ماؤں کو مامتا دینے والے رحمٰن و رحیم رب کے دروازے کو اس جذبہ سے کھٹکھٹائیں کہ ہم گنہگاروں کیلئے اس در کے علاوہ کسی در سے ماں کی ممتا' رحمت' مغفرت اور عفو درگزر کی بھیک ملنے والی نہیں اور پھر زندگی کی شام تک اسی کریم کے دروازہ کی دہلیز پر سر رکھ دیں یہاں تک کہ موت کی نیند آجائے اور وہ مامتا بھری ذات اپنے دروازہ کی دہلیز پر سر رکھے نادان بندوں کو اپنی آغوش رحمت میں اٹھا کر محبوبیت اور ممتا کے خلعت فاخرہ سے نواز دے۔

آیئے! آپ کا ہی انتظار ہو رہا تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے پڑھ رہے ہیں' اس میں بہت ہی کمال کی باتیں لکھی ہوتی ہیں۔ ہمارے خاندان کا ایک آزمودہ عمل ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کر رہی ہوں:۔ اگر سواری نہ مل رہی ہو یا گاڑی میں سواریاں کم ہوں' خواہش ہو کہ گاڑی جلدی چل پڑے تو تیسرے کلمہ کا مسلسل ورد کریں' ان شاء اللہ گاڑی جلد سواریوں سے بھر جائے گی' یہ عمل ہمارے خاندان کے چند افراد کا بار بار کا آزمایا ہوا ہے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ سٹاپ پر پہنچنے تک تیسرا کلمہ پڑھتے رہیں تو یوں لگے گا کہ آپ کا ہی انتظار ہو رہا تھا اور گاڑی چل پڑے گی یہ بھی آزمودہ ہے۔ (شازیہ)

خواتین کے مسائل اور بڑی بوڑھیوں کے ٹوٹکے

جن کے چہرے پر دانے ہیں صرف ان کیلئے: آپ تلی ہوئی چیزیں زیادہ نہ کھایئے۔ چکنی چیزوں سے دانے زیادہ نکلتے ہیں۔ بیسن کے ساتھ منہ دھویا کیجئے۔ گل منڈی خرید لیجئے۔ گول گول پھولوں کی شکل میں ہوتی ہے۔ رات کو سترہ منڈیاں ایک گلاس پانی میں بھگو دیجئے۔ صبح ان کو ہاتھ سے مل اور چھان کر ایک چمچ شہد ملا کر پی لیا کیجئے۔ اس سے خون صاف ہوگا' دانے نہیں نکلیں گے۔ **چہرے کے کیل مہاسوں کیلئے بڑی بوڑھیوں کے ٹوٹکے:** بچیاں جب جوان ہوتی ہیں تو چہرے پر کیل نکلنے لگتے ہیں۔ ہماری جلد کے نیچے لاتعداد چربیلے غدود ہوتے ہیں جن میں سے ایک قسم کا تیل نکلتا رہتا ہے جب ان میں ذرا سی بھی چھوت لگتی ہے تو کیل نمایاں ہوجاتے ہیں۔ آپ چاکلیٹ بھی کھاتی ہیں' چاکلیٹ اور میٹھی چیزیں بالکل نہ کھایئے۔ دیسی گندم کا آٹا بغیر چھنا استعمال کریں چینی سے بنی چیزیں کھانی چھوڑ دیجئے۔ فائدہ یہ ہوگا کہ آپ کی جلد میں سے تیل کی نکاسی کم ہوجائیگی اور کیل بہت کم دکھائی دیں گے۔ تیسری اہم بات یہ کہ روزانہ کم از کم آٹھ دس گلاس پانی پینا شروع کردیں۔ علاوہ ازیں جو بچیاں نماز کی پابندی کرتی ہیں تو پانچوں وقت وضو کرتی ہیں۔ وضو کی برکت سے ان کے چہرے پر دانے بہت کم نکلتے ہیں۔ ایک گھریلو ٹوٹکہ یہ ہے کہ تازہ پودینہ مع ڈنڈیوں کے پیس کر اس کا رس نکالیے۔ بیسن سے منہ دھو کر خشک کرکے رات کو پودینہ کا رس اچھی طرح کیلوں پر لگایئے اور صبح دھو لیجئے۔ کیل پھنسیاں اور جلد کی سوزش دور کرنے کیلئے پودینہ بہت اچھی دوا ہے۔ رات کو چنے کی دال بھگو کر رکھ دیجئے۔ صبح پیس کر اس میں تھوڑا سا دہی ملا کر چہرے پر ماسک لگایئے اور بیس منٹ بعد دھو لیجئے۔ چند روز میں آپ کا چہرہ صاف ہوجائیگا۔ جن بچیوں کے چہرے پر کیل مہاسے نکلتے ہوں انہیں چاہیے کہ وہ بیسن سے منہ دھویا کریں اور صابن لگانا بند کریں۔ **مزید کمالات جاننے کیلئے درج ذیل کتاب کا مطالعہ کریں:۔**

"خواتین کے مسائل اور بڑی بوڑھیوں کے ٹوٹکے"

خواتین کے ہر طبی' روحانی' نفسیاتی ظاہر و پوشیدہ مسئلے کا آسان گھریلو علاج اور کچھ۔۔۔۔ اس کتاب میں پڑھیں!

دیسی براؤن گڑ کے چند فوائد: کھانا ہضم کرتا ہے' طبیعت کو نرم کرتا ہے' بلغم کو چھانٹتا اور رحم کو گرم کرتا ہے' جسم کو طاقت دیتا ہے اور موٹا کرتا ہے۔ایک سال پرانا گڑ خون صاف کرتا اور باہ کو بڑھاتا ہے۔

مہنگائی کے جن کو قابو میں کرنے کا آزمودہ ترین ٹوٹکہ

منصور علی بیگ

اگر رہن سہن میں سادگی اپنائی جائے تو بہت سے مسائل خود بخود حل ہو سکتے ہیں اور یہ سادگی لباس کی گھر پر تیاری کی صورت میں ہو تو کیا کہنے، خصوصاً بچوں کے کپڑے تو بڑی آسانی کے ساتھ گھر میں بھی سل سکتے ہیں اور لڑکیوں کے کپڑوں کی گھر پر تیاری میں ہی فائدہ ہے

مہنگائی کا جن کسی طرح قابو میں نہیں آرہا بلکہ اس کی جسامت میں روزافزوں اضافہ ہورہا ہے جس کی وجہ سے غریب تو کیا متوسط طبقہ بھی بری طرح متاثر ہے اور حد تو یہ ہے کہ اب کھاتے پیتے گھرانوں میں بھی مہنگائی کی بازگشت سنائی دے رہی ہے۔ جب حالات ایسے ہوں تو گھریلو خواتین کی ذمہ داریاں مزید بڑھ جاتی ہیں جنہیں محدود وسائل کے مدنظر مسائل کو حل کرنا پڑتا ہے۔ آمدنی میں اضافہ یقینی طور پر مرد حضرات کا کام ہے لیکن اخراجات میں کمی کر کے خاندان کو متوازن انداز سے چلانا بھی ہر ایک عورت کا فرض ہے جو اگر کوشش کرے تو گھریلو امور کی سلیقہ مندی سے بجا آوری کے دوران بھی خرچ گھٹا کر زندگی کو سہل بنا سکتی ہے۔

گیس کے چولہے احتیاط کے ساتھ استعمال کریں: عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ خواتین گیس کے چولہے استعمال کرتے ہوئے ایندھن کے ضیاع کا قطعی خیال نہیں رکھتیں ان کے ذہنوں میں صرف یہ بات بیٹھی ہوئی ہے کہ قدرتی گیس ایک کم خرچ ایندھن ہے۔ اسکول جانے والے بچوں کو ناشتہ کراتے ہوئے وہ چولہا دھیما کر کے چھوڑ دیتی ہیں کہ تھوڑی دیر کے بعد شوہر کے لیے ناشتے کی تیاری کی غرض سے دوبارہ جلانا پڑے گا۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ دوپہر کے کھانے کی تیاری کے آغاز پر پڑوسن سے گفتگو شروع ہوگئی اور چولہا جلتا رہا، گیس ضائع ہوتی رہی۔ کوشش کریں کہ کام ختم ہوتے ہی سب سے پہلے چولہا بجھائیں اور صرف اس وقت جلائیں جب اس کی ضرورت ہو، یقینی طور پر ماہانہ بل میں کسی حد تک کمی واقع ہو جائے گی۔ اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ گیس کے چولہے یا لیمپ کا پائپ لیک تو نہیں کر رہا اور گیس بلاوجہ ضائع تو نہیں ہو رہی ہے۔ ایسا کرنے سے نہ صرف غیر ضروری خرچ کم ہوگا بلکہ متوقع حادثات سے بھی بچاؤ ممکن ہوگا۔

بجلی بچانے میں کاہلی نہ برتیں: شہروں میں بجلی کی فراہمی کے ادارے ذرائع ابلاغ پر مسلسل بجلی بچانے کی ترغیب دیتے رہتے ہیں تاہم عام طور پر اس جانب دھیان نہیں دیا جاتا۔ آج کے دور میں غذا اور لباس کے بعد بجلی پر سب سے زیادہ اخراجات آتے ہیں اور عام افراد زائد بلنگ اور اوسط کی بنیاد پر قائم طریقہ کار کے تحت بلوں کی ادائیگی سے تنگ آچکے ہیں لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ اس ضمن میں بلوں کی رقم میں کمی کی خواہش تو ہر کوئی کرتا ہے مگر بجلی کم سے کم استعمال کرنے کی زحمت میں کوئی مبتلا نہیں ہونا چاہتا۔ دن کے اوقات میں کمروں کی کھڑکیاں یا روشندان کھلے رکھیں تاکہ تازہ ہوا کا گزر بھی ہو سکے اور بلب یا ٹیوب لائٹ بھی نہ جلانا پڑے۔ شام کے اوقات میں گھر کے تمام افراد حتی الامکان طور پر ایک ایسے کمرے میں وقت گزاریں جہاں تفریح کا سامان بھی موجود ہو اس طرح مختلف کمروں میں بلب اور پنکھے چلانے سے نجات مل جائے گی۔ کوشش یہ بھی ہو کہ جس جگہ آپ موجود ہوں صرف وہاں بلب یا پنکھا استعمال ہو اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ گھر کے کسی دوسرے حصے میں جانے سے قبل بلب اور پنکھا بند کرنا نہ بھولیں۔ استری کرتے وقت دھیان رکھیں کہ جلد از جلد کام مکمل کریں اور اس دوران گفتگو کرنے یا دوسری کسی مصروفیت میں خود کو قطعی نہ الجھائیں کیونکہ استری بہت زیادہ بجلی خرچ کرتی ہے۔ یاد رہے کہ ایک مخصوص حد تک بجلی کے استعمال پر ٹیکس اور سرچارج بھی محدود رہتا ہے مگر مقررہ حد کے بعد بلاوجہ اضافی خرچہ اٹھانا پڑتا ہے یوں بجلی کی بچت کئی طرح سے سودمند ثابت ہو سکتی ہے۔ چلتے چلتے یہ بات بھی ذہن نشین کر لیں کہ الیکٹرونکس کے آئٹم مثلاً جوسر، گرائنڈر یا ٹوسٹر کے بجائے دوسرے طریقے اپنائیں کیونکہ مسالہ تو سل پر بھی پیسا جا سکتا ہے اور ڈبل روٹی کے سلائس توے پر بھی سینکے جا سکتے ہیں اور لسی یا شربت کے لیے رئی کا استعمال بھی ناممکن نہیں ہے جبکہ کھانا مائیکرو ویو کے بجائے چولہے پر بھی گرم کیا جا سکتا ہے۔

کپڑوں کی دھلائی اور سلائی گھر میں کریں: یہ کوئی زیادہ پرانی بات نہیں ہے کہ گھریلو خواتین کپڑوں کی دھلائی اور سینے پرونے میں طاق ہوا کرتی تھیں اور انہیں یہ کام بطریق احسن آتے تھے اور جسے نہیں آتے تھے اسے پھوہڑ کا لقب مل جاتا تھا اور یہ لفظ اس وقت کی خواتین کے لیے کسی گالی سے کم نہیں تھا مگر آج حال یہ ہے کہ نوجوان لڑکیاں گھریلو نوعیت کے کاموں میں دلچسپی ہی نہیں لیتی ہیں اور پرائے گھروں میں جا کر گھریلو ملازمین کی دست نگر بن کر رہ جاتی ہیں۔ کپڑوں کی دھلائی ڈرائی کلینرز اور سلائی درزیوں کے حوالے کر دی گئی ہے حالانکہ کہیں کم خرچ پر یہ کام بڑی آسانی سے گھر میں بھی ہو سکتے ہیں۔ آج کل دھوبی سوڈا، صابن یا واشنگ پاؤڈر کے بجائے تیزاب یا بلیچ کا سہارا لیتے ہیں کپڑوں کے ساتھ وہ اٹھا پٹخ ہوتی ہے کہ سال دو سال چلنے والا سوٹ چھ ماہ میں داغ مفارقت دے جاتا ہے اور اگر پھٹنے یا گلنے سے بچ بھی جائے تو اس کا رنگ ضرور پھیکا پڑ چکا ہوتا ہے۔ فی زمانہ کپڑا کس قدر مہنگا ہے اس سے ہر کوئی واقف ہے لہٰذا کپڑوں کی عمر بڑھانے اور دھلائی کی مد میں اٹھنے والے بے جا اخراجات سے بچاؤ کے لیے ضروری ہے کہ کپڑے گھر میں دھوئے جائیں اور اس میں قطعی حیرانگی نہیں ہونا چاہیے کہ جتنی رقم خرچ کر کے دو جوڑے دھوبی سے دھلوائے جاتے ہیں اتنے پیسے گھر میں 30 سے زائد کپڑے دھونے کے لیے کافی ہیں خواہ اول درجے کا واشنگ پاؤڈر اور واشنگ مشین کا استعمال ہی کیوں نہ کیا جائے!

اگر رہن سہن میں سادگی اپنائی جائے تو بہت سے مسائل خود بخود حل ہو سکتے ہیں اور یہ سادگی لباس کی گھر پر تیاری کی صورت میں ہو تو کیا کہنے، خصوصاً بچوں کے کپڑے تو بڑی آسانی کے ساتھ گھر میں بھی سل سکتے ہیں اور لڑکیوں کے کپڑوں کی گھر پر تیاری میں ہی فائدہ ہے کیونکہ بچ جانے والے کپڑے کے ٹکڑوں کی مدد سے کمسن یا نومولود بچوں کے لباس کی تیاری میں مدد مل جاتی ہے ورنہ درزی سے لباس کی تیاری کی صورت بچا ہوا کپڑا کبھی واپس نہیں ملتا ہے۔ پرانے یا کسی وجہ سے کٹ یا پھٹ جانے والے لباس کو یونہی نہ پھینکیں بلکہ انہیں جھاڑنوں یا صافیوں کے طور پر استعمال کریں یا تھوڑی سی محنت مزید کر کے دروازوں کے باہر رکھے جانے والے میٹ تیار کر لیں۔

غذائی ضروریات کے مطابق کھانا تیار کریں: خواتین عام طور پر گھروں میں کھانا پکاتے وقت اس بات کا خیال نہیں رکھتی ہیں کہ انہیں کتنی مقدار میں سالن اور کتنی تعداد میں روٹیوں کی ضرورت ہے اور بیشتر گھروں میں یا تو سالن بچ جاتا ہے یا روٹیاں سوکھ کر ضائع ہوتی ہیں۔ لہٰذا یہ اندازہ کرنا بہت ضروری ہے کہ گھر میں موجود افراد کے لحاظ سے خوراک کی کتنی مقدار درکار ہے۔ یہ بالکل عام سی بات ہے کہ گھر میں بچے ایک سالن کو دوسرے یا تیسرے وقت کھاتے ہوئے منہ بناتے ہیں، لہٰذا کوشش یہ ہو کہ گزشتہ شب کے بچے ہوئے سالن کو اگلی دوپہر چاولوں کے ساتھ استعمال کر لیا جائے یا دال کو آٹے کے ساتھ گوندھ کر اس کے پراٹھے تیار کر لیے جائیں تاکہ پیسے کا ضیاع نہ ہو۔ اگر کسی وقت روٹیاں بچ جاتی ہیں تو انہیں سوکھنے سے بچانے کی حتی الامکان کوشش کریں اور یہ ممکن نہ ہو تو بچوں کے لیے ملیدہ یا میٹھے ٹکڑے تو تیار کیے ہی جا سکتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ انسان رزق کے لیے زمانے بھر کی خاک چھانتا پھرتا ہے لہٰذا حاصل ہونے والے رزق کی حفاظت کریں اور اسے ضائع نہ ہونے دیں۔

نگاہ میں روشنی اور دل میں نور: جو شخص ہر نماز جمعہ کے بعد سو مرتبہ اسم الٰہی یَابَصِیْرُ پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی نگاہ میں ان شاء اللہ روشنی اور دل میں نور پیدا فرمائیں گے۔

ہر قسم کے زخم بالخصوص کینسر کیلئے اکسیر اعظم	دماغی کمزوری دائمی نزلے کا علاج	کھوکھلی ڈاڑھ آج بالکل ٹھیک ہے!	ضدی بچوں اور صحت یابی کے انوکھے اعمال

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

ہر قسم کے زخم بالخصوص کینسر کیلئے اکسیر اعظم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ بہت عرصہ سے انتہائی شوق کے ساتھ پڑھ رہے ہیں۔ میرے پاس ایک خاندانی مرہم کا نسخہ ہے۔ اس نسخے سے الحمدللہ کینسر اور سرطان کے زخم بھی ٹھیک ہوجاتے ہیں۔ یہ نسخہ میں قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں یقیناً وہ اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ زخم کوئی بھی ہو کسی بھی قسم کا ہو اس پر بس یہ مرہم لگائیں اور پھر اس کا کمال دیکھیں۔

ھوالشافی: سنگ جراحت تین ماشہ‘ دانہ الائچی تین ماشہ‘ سفید کافور چھ ماشہ‘ سفیدہ کاشغری پانچ ماشہ‘ پرانا ٹاٹ سوختہ کی راکھ ایک تولہ‘ پوست ہلیلہ پانچ ماشہ‘ انزروت تین ماشہ‘ کسی حلال جانور کے بالوں کی راکھ تین ماشہ‘ مردار سنگ چار ماشہ‘ کمیلہ تین ماشہ‘ زہر مہرہ خطائی ایک ماشہ‘ جند بیدستر تین ماشہ‘ افیون تین ماشہ‘ موم خالص پانچ تولہ۔ ترکیب: پہلے افیون کو سرسوں کے تیل میں حل کرلیں۔ پھر موم کو پگھلا کر ان میں ڈالیں پھر باقی دوا جو خوب باریک پیس لی گئی ہو میں ملادیں مرہم تیار ہے۔ پھایہ بنا کر زخم پر لگائیں۔ ہر قسم کے زخم کیلئے اکسیر اعظم ہے۔ (پ۔ت)

یہ ہے اصل تندرستی کا راز!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری رسالہ میں ایک ٹوٹکہ پڑھا تو ایسے ہی آزمانے کیلئے استعمال شروع کردیا۔ ٹوٹکہ یہ تھا کہ رات سونے سے پہلے جب بستر پر لیٹنے لگیں تو لیٹنے سے پہلے اپنے پاؤں کے تلووں کی کم از کم پانچ منٹ سرسوں یا کسی بھی دستیاب تیل سے مالش کرنی ہے۔ میں نے یہ ٹوٹکہ چند دن ہی استعمال کیا میری تو زندگی ہی بدل گئی‘ الحمدللہ پانچ وقت کی نماز پڑھتی ہوں‘ روزانہ فجر کی نماز کے بعد نماز فجر کے بعد واک کرتی تھی‘ پہلے میں صرف آدھ کلومیٹر پیدل چلنے کے بعد تھکن سے چور ہوجاتی تھی مگر اب تو پونے تین کلومیٹر تک چل لیتی ہوں اور تھکاوٹ نہیں ہوتی حالانکہ میری عمر 61 سال ہے اس کے باوجود تھکن نام کا احساس نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ پہلے میں برتن دھوتی تھی تو چند برتن دھونے کے بعد ہی کندھوں کے درمیان اتنا شدید درد ہوتا تھا کہ میں برتن دھو ہی نہ سکتی تھی اور فوراً لیٹ جاتی تھی اور درد سے بعض اوقات کراہنے لگتی تھی مگر اب ڈھیروں برتن دھولوں کبھی درد ہوا ہی نہیں۔ حالانکہ برتن دھونے کے بعد بھی میں بالکل فریش رہتی ہوں۔ (رخسانہ ناہید‘ سرگودھا)

عبقری ملا! منزل مل گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ میرا تعلق عبقری سے بن گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ حضرت حکیم صاحب کو لمبی زندگی اور صحت دے۔ دو سال سے عبقری سے رابطہ ہے۔ آپ کی ایک بات دل میں بیٹھ گئی کہ گرتے جاؤ اور پھر سے اٹھ جاؤ‘ گر کر پھر اٹھ جاؤ‘ ایک دن منزل ضرور ملے گی۔ میرے پاس بہت سے واقعات ہیں‘ ابھی عبقری سے ایک عمل پڑھا یاحفیظ یاسلام کے بارے میں لکھ رہا ہوں۔ حیران کردینے والا واقعہ ہوا۔ میں تو گنہگار ہوں لیکن یقین سے عمل کیا تو اللہ پاک نے کلام میں برکت ڈال دی۔ یہ آج (بوقت تحریر) ہفتہ پہلے کا واقعہ ہے۔ میں کسی عرب ملک میں جاب کرتا ہوں‘ کمپنی کے حالات بہت خراب ہیں‘ کمپنی ہر بندے کو چھٹی پر بھیج رہی تھی‘ میرا نام بھی آسکتا تھا‘ مجھے بہت ڈر تھا‘ میں ابھی پاکستان اپنے گھر نہیں جانا چاہتا تھا کیونکہ میرے گھر کے حالات بہت خراب تھے۔ میں نے مسلسل یقین کے ساتھ یاحفیظ یاسلام پڑھنا شروع کردیا۔ سارا دن خوب پڑھتا‘ نیت صرف یہ ہوتی کہ کمپنی مجھے نہ نکالے‘ بس پھر ایسا ہوا کہ میرا نام بھی ان افراد کی لسٹ میں آگیا جن کو نکالا جانا تھا۔ ایک دم پریشان ہوگیا‘ اللہ سے کہا: یااللہ تیرے ہر کام میں بہتری ہے‘ مجھے کہا گیا کہ آج آپ کا آخری دن ہے‘ کل سے آپ کام پر نہیں آؤ گے‘ بس پھر جو یاحفیظ یاسلام پڑھا تھا اس نے اپنا کام بھی تو دکھانا تھا۔ میرے منیجر کو پتہ چلا تو اس نے کہا کہ اس کو نہیں بھیجنا‘ کچھ کام ہے۔ ایک اور بات کہ ہمارا کمپنی کا مالک جو کہہ دیتا پھر وہ کسی کی نہیں سنتا تھا‘ بہت لوگوں نے روکنے کی کوشش کی لیکن وہ مالک کسی کی نہیں سنتا تھا۔ ضدی قسم کا انسان ہے۔ میرے اندر یقین تھا‘ اللہ مدد کرے گا۔ اللہ کا کرنا ہوا کہ منیجر نے مالک سے بات کی اور وہ پتہ نہیں کیسے مان گیا۔ میرے دفتر کے سب بندے حیران رہ گئے ”ارے یہ تو کسی کی سنتا ہی نہیں‘ تمہارا کام کیسے ہوگیا؟“ اللہ نے میری عزت یاحفیظ یاسلام کے ورد کرنے سے رکھ لی۔ گھر سے نکلتے وقت بھی پڑھتا ہوں کبھی کوئی حادثہ نہیں ہوا۔ بس میری اب اللہ سے دعا ہے کہ اللہ مجھے واپس میرے ملک پاکستان لے جائے اور وہاں مجھے اچھا سا روزگار مل جائے۔ ان شاء اللہ میری یہ دعا بھی ضرور قبول ہوگی اور میں بھی اپنے گھر جاسکوں گا۔ (احمد‘ عرب)

کھوکھلی ڈاڑھ آج بالکل ٹھیک ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے تعلق گزشتہ چار سال پرانا ہے۔ عبقری چھپے طبی و روحانی ٹوٹکوں سے مجھے سو فیصد فائدہ ہوتا ہے۔ تین ماہ پہلے پانچ دن لگاتار میری ایک ڈاڑھ میں شدید ترین درد رہا‘ طرح طرح کی پین کلر کھا کھا کر معدہ خراب کربیٹھا‘ دانتوں کے ایک بڑے ماہر کو دکھایا تو انہوں نے چیک کرنے کے بعد بتایا ڈاڑھ کی جڑ بالکل کھوکھلی اور بوسیدہ ہوچکی ہے یہ نکلوانا ہی پڑے گی اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں‘ انہوں نے یہ بات میری ڈاڑھ کا ایکسرے کروانے کے بعد ایکسرے چیک کرتے ہوئے بتائی۔ مگر میں نے عبقری شمارہ میں ایک عمل پڑھا تھا اسے آزمانے کا فیصلہ کیا‘ عمل یہ تھا: ایک کیل لے کر اس پر ایک بار درود شریف اور ایک بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر کیل کو دم کرکے درد والے دانت کے باہر پھیرتے ہوئے پھر اول و آخر درود شریف اور سات بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اور پھر کسی درخت میں ٹھونک دیں۔ اللہ کے فضل سے تین ماہ ہوچکے ہیں‘ درد کا نام و نشان نہیں‘ ہر چیز ٹھنڈی‘ گرم‘ سخت کھا پی رہا ہوں۔ (ارشد محمود‘ بھمبر آزاد کشمیر)

دماغی کمزوری‘ دائمی نزلے کا علاج

ھوالشافی: سات عدد بادام‘ سات عدد کشمش رات کو پانی میں ڈال کر رکھیں‘ صبح نہار منہ بادام چھیل کر کشمش کے ہمراہ کھالیں۔ یہ ٹوٹکہ دو سے تین ماہ مسلسل استعمال کریں پھر اس کے نتائج ظاہر ہوں گے۔ اس کے علاوہ میں نے حضرت حکیم صاحب کے بتانے پر تلبینہ استعمال کیا‘ واہ کیا کمال کی چیز ہے‘ یادداشت پرفیکٹ ہوجاتی ہے‘ اگر خون کی کمی ہو تو اس سے بہتر کوئی ٹانک نہیں ہے۔ طب کی اہم باتیں: جب دوپہر کا کھانا کھالیں تو تھوڑا وقت قیلولہ کرلیں اور شام کا کھانا کھا کر چلیں اگرچہ آپ کو کانٹوں پر ہی کیوں نہ چلنا پڑے۔

جب تک پہلی غذا ہضم نہ کرلیں دوسری غذا نہ کھائیں اگرچہ آپ کو تین دن ہی کیوں نہ لگ جائیں۔ اس وقت تک سونے کیلئے مت لیٹیں جب تک بیت الخلاء سے فارغ نہ ہوجائیں۔ گوشت صرف جوان جانور کا کھائیں۔ (حبیب الرحمٰن، مانسہرہ)

میری شوگر 400 سے کم نہ ہوتی مگر یہ نسخہ۔۔۔!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عرصہ 1995ء سے 2016ء تک شوگر کی تکلیف ہے پہلے تو نارمل رہتی تھی کبھی زیادہ کبھی کم' مگر دو یا اڑھائی سو سے اوپر نہ ہوتی تھی' 2014ء میں (کاربنائل گرٹھ) کی وجہ سے ہسپتال داخل ہونا پڑا' پندرہ دن داخل رہا مگر شوگر چار سو سے اوپر رہی' ڈاکٹروں نے انسولین کا عادی کردیا' مگر عبقری کے ایک نسخہ سے کچھ کمی ہوئی اور ہر روز جسم میں سوراخ کرنے سے جان چھوٹ گئی اور اب میں یہ نسخہ استعمال کررہا ہوں اور میری شوگر اب مکمل کنٹرول ہے۔ جو نسخہ میں نے عبقری کے ایک سابقہ شمارے سے لے کر استعمال کیا تھا وہ یہ ہے: **ھوالشافی:** تخم سرس' اندرائن' کلونجی' گوند کیکر تمام چیزیں ہم وزن لے کر کوٹ پیس لیں۔ صبح و شام ایک چمچ چائے والا سادہ پانی کے ساتھ۔ (افتخار احمد بھٹی، واہ کینٹ)

میرا سب سے بڑا مسئلہ آسان ترین عمل سے حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا کرے اور آپ کی عمر دراز فرمائے۔ عبقری رسالہ سے میرا تعارف 2009ء سے ہوا تھا لیکن 2014ء سے میں اب باقاعدگی سے پڑھ رہی ہوں۔ بہت اچھا رسالہ ہے۔ مہنگائی کے اس دور میں مہنگے ڈاکٹری علاج سے بچت ہوئی ہے۔ میں نے عبقری 2008ء کے ایک شمارہ میں ایک عمل پڑھا کہ قرآن پاک کی ہر سطر پر انگلی پھیرتے ہوئے نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَیْكَ پڑھنا ہے۔ یہ عمل ہر مشکل کے حل کیلئے ہے' سات قرآن پاک پڑھنے ہیں۔ میں نے یہ پڑھنا شروع کردیا ہے۔ تقریباً میرا پہلا قرآن پاک مکمل ہونے والا ہے۔ جب یہ خط آپ کو ملے گا میں دوسرا قرآن پاک شروع کرچکی ہوں گی۔ قرآن پاک پڑھنے سے میرا سب سے بڑا مسئلہ میرے سانس کا پھولنا اور دھڑکن کا تیز ہونا حل ہوچکا ہے۔ جسمانی طور پر مضبوطی آئی ہے۔ حالانکہ ڈاکٹرز کے مطابق مجھے جلد از جلد دل کا آپریشن کروالینا چاہیے تھا کیونکہ میرے دل میں سوراخ ہے مگر جب سے میں نے یہ عمل آزمانا شروع کیا ہے میری صحت دن بدن بہت ہوتی جارہی ہے۔ میرے اندر یقین کی قوت پیدا ہورہی ہے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی بدولت میں بغیر آپریشن کے ہی صحت یاب ہوجاؤں گی۔ اس کے علاوہ میں درج ذیل درود پاک بھی کثرت سے پڑھنے کی کوشش کرتی ہوں یہ درود پاک بھی عبقری میگزین سن 2008ء کے ایک شمارہ میں تھا کہ ''ہر قسم کی بیماری کیلئے مجرب درود پاک'':۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ۔ (راحیلہ فاطمہ)

ضدی بچوں اور صحت یابی کے انوکھے اعمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک عورت آئی کہ ان کی بچی ہر روز تنگ کرتی ہے' کئی سکولز میں داخلہ کروایا مگر صرف ایک دن شوق سے جاتی ہے اور پھر بے وجہ ضد اور رونا' میں بہت پریشان ہوں' کچھ پڑھنے کیلئے بتائیں کہ شوق سے سکول جایا کرے۔ میں نے انہیں اپنا پاک آزمودہ وظیفہ جو اللہ کے ناموں میں سے ہے یَامُقِیْتُ سات بار پڑھیں اور ایک عبقری کا وظیفہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ روزانہ آٹے پر اکیس مرتبہ پڑھ کر پھونک ماردیں ایک ہفتہ کریں پھر کمال دیکھیں' اللہ کی قدرت صرف تین دن ہی وظیفہ کیا' تو وہ بچی خود کہنے لگی امی مجھے تیار کریں میں نے سکول جانا ہے اور ابھی تک ہر روز شوق سے جاتی ہے' جو بچے بے وجہ ضد کریں اور رونا بند نہ کریں یا بات نہ مانیں ان پر طاق عدد میں یامقیت پڑھ کر دم کیا کریں' ان شاء اللہ بے حد فائدہ ہوگا اور روزانہ آٹے پر اکیس مرتبہ یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھ کر پھونک دیا کریں۔ چند دنوں میں ہی آپ لوگ اس وظیفے کے کرشمات اور برکات حاصل کریں گے۔ **شفاء کی سوفیصد گارنٹی:** محترم حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم! اللہ کے فضل و کرم سے جب کوئی بیمار ہوا ہے ان وظائف کی اور دعاؤں کی برکت سے اللہ نے بیمار کو ضرور شفاء دی ہے' قارئین! آپ بھی ان وظائف کو پڑھیں اور رب پر یقین کامل بنائیں کہ خدا کی ذات کے سوا کوئی بھی شفاء نہیں دے سکتا۔ روزانہ تین مرتبہ یہ کلمات ایک تسبیح ضرور پڑھیں۔ یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالشِّفَاءِ یَابَدِیْعُ مریض کو پانی پر دم کرکے شہد مع کلونجی استعمال کریں۔ اس کے علاوہ مریض کے پاس روزانہ ہزاروں مرتبہ یَاسَلَامُ پڑھیں اور مریض کو اس کی صحت یابی کا یقین کروائیں کہ آپ جلد ہی ٹھیک ہوجائیں گے یہ بیماری عارضی ہے اور بیمار خود بھی اپنے لیے دعا کرے کیونکہ حدیث مبارکہ میں ہے کہ بیمار کی دعا پر فرشتے بھی آمین کہتے ہیں۔

آیات شفاء: حضرت ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان کا بچہ بیماری کی وجہ سے قریب المرگ ہوگیا' میں نے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور بچے کا عرض کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''تم آیات شفاء سے کیوں دور رہتے ہو' ان سے تمسک نہیں کرتے اور شفاء نہیں مانگتے'' میں بیدار ہوگیا اور اس پر غور کرنے لگا تو آیات شفاء کو قرآن پاک میں چھ جگہ پایا وہ یہ ہیں:۔ 1) وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿سورۃ توبہ، آیت ۱۴﴾ 2) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ﴿سورۃ یونس، آیت ۵۷﴾ 3) یَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ﴿سورۃ نحل، آیت ۶۹﴾ 4) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿سورۃ بنی اسرائیل، آیت ۸۲﴾ 5) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ﴿سورۃ الشعراء، آیت ۸۰﴾ 6) قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّشِفَآءٌ ﴿سورۃ حٰم سجدہ، آیت ۴۴﴾ میں نے یہ آیات لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں تو بچہ صحت یاب ہوگیا۔ (معلمہ بنت حنیف' گاؤں سیدھری گجرات)

بچے کے گلے میں سکہ پھنس جائے تو

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ اس میں انتہائی مفید ٹوٹکے ہوتے ہیں جن کو پڑھ کر اور آزما کر ہمارے بہت سے مسائل حل ہوئے ہیں۔ گزشتہ دنوں ہمارے ایک بچے نے اپنے گلے میں ایک سکہ پھنسا لیا بہت زیادہ پریشانی ہوئی' بچے کی حالت غیر ہوتی جارہی تھی ایک ہمسائی فوری طور پر گھر سے کیلے لائی اور بچے کو کہا کہ اسے کھاؤ تم ٹھیک ہوجاؤ گے۔ بچے نے بمشکل ایک کیلا ہی کھایا تھا کہ اس کا سکہ گلے سے نکل کر معدے میں چلا گیا اور بچے کی حالت ٹھیک ہوگئی اور ہم ڈاکٹر کے پاس جانے سے بھی بچ گئے اور ہمارا بچے کی تکلیف بھی رفع ہوگئی۔ اس ٹوٹکہ کو بتانے کے ساتھ ہی میں قارئین سے بھی درخواست کروں گی کہ چھوٹے بچوں کو سکے ہرگز نہ دیں اور نہ ہی ایسی چیزیں پکڑائیں جن کے نگلنے سے انہیں نقصان کا اندیشہ ہو۔ (پوشیدہ)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

لونگ کے فوائد: مقوی معدہ اور بھوک بڑھاتی ہے' کھانسی' نزلہ زکام' دمہ' وسواس' خوف' وہم اور خفقان میں اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔ باہ کو مضبوط کرتی ہے' گردے اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔ ہچکی' متلی کو روکتی ہے۔

موتی مسجد جاکر نوافل کے ذریعے مرادیں پانے والے

ابھی یہ عمل کرتے ہوئے مجھے دس دن ہی گزر رہے تھے کہ میرے شوہر خود ہی مجھے لینے آگئے اور میرے والدین سے پہلے اپنے کیے پر معافی مانگی اور آئندہ کبھی تشدد نہ کرنے کا وعدہ کیا اور مجھے باعزت طریقے سے واپس اپنے گھر لے گئے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں سب سے پہلے آپ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتی ہوں کہ آپ اتنا شاندار میگزین عبقری نکال رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر لمبی کرے اور خاتمہ ایمان پر کرے۔ آمین! میں گزشتہ چار سال سے عبقری پڑھ رہی ہوں' ہر جمعرات کو درس روحانیت و امن سننے تسبیح خانہ میں حاضر ہوتی ہوں۔ ماہنامہ عبقری میں علامہ صاحب کا مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت شوق سے پڑھتی ہوں' اس میں موجود وظائف پڑھنے اور درس سننے کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ہر پریشانی دور کی اور بے حد نوازا۔ علامہ صاحب نے اپنے مضمون میں موتی مسجد کا ذکر کیا ہے' میں موتی مسجد بھی جاتی ہوں' وہاں جاکر بتائے گئے نوافل بھی پڑھتی ہوں' بہت سکون ملتا ہے۔ ادھر جاکر نوافل کی ادائیگی کے بعد جو دعا مانگتی ہوں الحمدللہ قبول ہوتی ہے۔ ایک حیرت انگیز بات موتی مسجد میں جانے کے بعد میرے ساتھ ہونا شروع ہوگئی ہے وہ یہ ہے کہ جب سے میں موتی مسجد میں نوافل کی ادائیگی کرکے آئی ہوں جو شخص یا عورت میرے خلاف بات کرے یا میرے ساتھ بُرا سلوک کرے وہ یا تو بیمار ہوجاتا ہے یا پھر بے حد تنگی کا شکار ہوجاتا ہے۔ پہلے یہ میرا وہم تھا مگر اب میں نے باقاعدہ آزمایا ہے واقعی ہی ایسا ہورہا ہے۔ اللہ تعالیٰ گواہ ہے کہ میں نے کبھی دل سے کسی کو بُرا نہیں کہا اور نہ ہی کسی کیلئے بددعا کی ہے۔ میں ہمیشہ سب کو معاف کرتی ہوں کہ اللہ پاک سب پر کرم کرے اور خدا کسی کو کسی کا محتاج نہ کرے۔ آمین! (ف، لاہور)

ناراض شوہر خود ہی لینے آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بہت زیادہ پریشان تھی' میرے سسرال میں کچھ اپنوں کی چالاکیوں اور نالائقیوں کی وجہ سے میرے شوہر نے مجھے روز روز کے لڑائی جھگڑوں سے تنگ آکر گھر سے نکال دیا تھا' میں نے تین مہینے روتے تڑپتے گزارے' میری والدہ کے گھر میری میں میری بھابی عبقری رسالہ پڑھتی ہیں' جب میں اپنی ماں گھر کے آئی تو یہاں مجھے عبقری ملا' میں نے پڑھنا شروع کردیا۔ رسالے سے مجھے موتی مسجد کے بارے میں معلوم ہوا' میں خود تو موتی مسجد نہ جاسکتی تھی موتی مسجد کی نیت کرکے گھر میں ہی بتائے گئے نوافل پڑھنا شروع کردیے۔ میں روزانہ ایک مخصوص وقت پر یہ نوافل پڑھ کر اللہ رب العزت سے خوب دعائیں مانگتی تھی۔ ابھی یہ عمل کرتے ہوئے مجھے دس دن ہی گزرے تھے کہ میرے شوہر خود ہی مجھے لینے آگئے اور میرے والدین سے پہلے اپنے کیے پر معافی مانگی اور آئندہ کبھی تشدد نہ کرنے کا وعدہ کیا اور مجھے باعزت طریقے سے واپس اپنے گھر لے گئے۔ میرے شوہر نے مجھے بعد میں بتایا کہ نامعلوم مجھے کیا ہوگیا تھا؟ میرا دماغ میرے بس میں نہیں تھا' گزشتہ تین ماہ میں ایک مرتبہ بھی میرا دل نہیں چاہا کہ تم کو جاکر لے آؤں' مگر ایک ہفتہ ہوگیا ہے کہ میرا ایک پل بے چینی میں گزر رہا تھا' بس میرا دل کررہا تھا کہ اڑ کر تمہارے پاس پہنچ جاؤں۔ نہ جانے کیسی طاقت تھی کہ مجھے تمہاری طرف کھینچ رہی تھی' میرا جسم بالکل ہلکا پھلکا ہوگیا' مجھے ایسے لگ رہا ہے کہ جیسے میرے سر سے بہت بڑا بوجھ اتر گیا ہو۔ الحمدللہ! دو ماہ سے زیادہ عرصہ ہوگیا ہے میں اپنے گھر میں خوش و مطمئن ہوں۔ محترم حضرت حکیم صاحب میری یہ تحریر ماہنامہ عبقری میں ضرور شائع کروایئے گا اور براہ مہربانی میرا نام شائع مت کیجئے گا۔ (پوشیدہ)

اللہ نے معذور بچہ صحت مند پیدا کرکے دکھادیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری سے ہمارا تعارف اس طرح ہوا کہ ایک آنٹی ہمارے گھر آتی تھیں وہ پہلی مرتبہ عبقری ہمارے گھر لائیں اور اس کی خوب تعریفیں کیں' ہم نے مذاق میں کہا آنٹی کیا آپ کو اس کے پھیلانے کا کمیشن تو نہیں ملتا تو کہنے لگیں: ہاں! جو بھی عبقری پھیلاتا ہے اس کو اللہ بہت دیتا ہے' ہم ان کی بات سن کر حیران ہوئیں' خیر ہم نے ان سے لے کر پڑھنا شروع کردیا' واقعی جو ہم سمجھ رہے تھے یہ ویسا میگزین نہ تھا' اس میں تو بہت راز چھپے ہوئے تھے۔ بس وہ دن اور آج کا دن ہمارے گھر عبقری ہر ماہ آتا ہے۔ اس میں موجود وظائف نے ہمارے بہت بڑے بڑے مسائل چٹکیوں میں حل کردیئے۔ اب میں اس بات کی طرف آتی ہوں جس کی وجہ سے میں نے قلم اٹھایا۔ میری بھابی امید سے تھیں تو ان کے چیک اپ کے بعد ڈاکٹرز نے کہا کہ آپ کا بچہ معذور ہے یہ یا تو پیدا ہوتے ہی مرجائے گا یا عمر بھر مفلوج رہے گا۔ جب ہم نے یہ سنا تو ہم بہت زیادہ پریشان ہوئے۔ میری والدہ مجھے لے کر موتی مسجد گئیں' ہم نے وہاں نوافل ادا کیے۔ وہاں جاکر خوب دعائیں مانگیں اور خاص طور پر بھائی کے دنیا میں آنے والے بچے کیلئے دعائیں کیں۔ جب ہم گھر واپس آگئے تو اسی رات میں نے خواب دیکھا کہ دو آدمی ہیں جنہوں نے مجھے ایک بچی دی اور بولے کہ یہ بچی تمہارے بھائی کی ہے۔ امی کو بتایا تو امی نے کہا کہ ان شاءاللہ ڈاکٹر جو مرضی کہیں سب کچھ ٹھیک ہی ہوگا۔ کچھ دنوں کے بعد اللہ نے میری بھابی کو چاندسی بیٹی عطا فرمائی جو کہ الحمدللہ بالکل صحت منداور انتہائی خوبصورت ہے۔ (ا۔ق)

(بقیہ: بارگاہ نبوتؐ میں مقام پاکستان اور پاک فوج)

کوئی پاکستان سے تعلق رکھتا ہے؟'' اس مرتبہ میجر عباسی شہید کے والد نے کہا کہ ''میں پاکستان سے ہوں' خادم مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا پاکستانی فوج کے میجر ضیاالدین عباسی شہید کا نام آپ نے سنا ہے' شہید کے والد کو حیرت ہوئی مگر انہوں نے خادم کو بتایا کہ میں ہی میجر ضیا الدین عباسی شہید کا والد ہوں۔ یہ سنتے ہی خادم کا ''چہرہ'' خوشی سے کھل کھلا اٹھا' انہوں نے مسرت سے لبریز ہوکر آگے بڑھ کر بوڑھے شخص کو گلے لگالیا' خادم بوڑھے شخص کا ماتھا چومتے ہوئے کہنے لگے! آپ یہیں رکیں' میں کچھ دیر بعد آتا ہوں'' میجر عباسی شہید کے والد محترم پھر وہاں بیٹھ گئے' کچھ دیر بعد وہ خادم خاص واپس آئے وہ انہیں اپنے گھر لے گئے' خادم خاص میجر عباسی کے والد کا احترام ایسے کررہے تھے جیسے لوگ اپنے پیرومرشد کی عزت و اکرام کرتے ہیں' خادم خاص نے اپنے اہل و عیال کے ساتھ انہیں کھانا کھلایا' سب گھر والے اس عمر رسیدہ شخص کے ساتھ بڑے احترام سے پیش آرہے تھے۔ یہ سب کچھ دیکھ کر میجر عباسی کے والد بڑے حیران تھے اور سوچ رہے تھے کہ یاالٰہی! یہ ماجرا کیا ہے؟ کیونکہ میں تو ان صاحب (خادم خاص) کو جانتا تک نہیں ہوں بلکہ میں تو زندگی میں پہلی بار سرزمین حجاز پر آیا ہوں' ابھی سوچوں کا یہ سفر جاری تھا کہ خادم خاص مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر سے بزرگ شخص کے ہاتھوں کے بوسے لینے شروع کردیئے۔ جب خادم نے دیکھا تو میجر عباسی شہید کے والد کے چہرے پر ایک حیرت ہے تو انہوں نے حیرانگی دور کرتے ہوئے کہا ''جب پاکستان اور ہندوستان کی جنگ ہورہی تھی تو گیارہ ستمبر کی رات میں نے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ وہ اپنے جلیل القدر صحابہؓ کے ساتھ تشریف فرما ہیں' کچھ لمحوں بعد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہاتھوں میں ایک لاشہ اٹھائے وہاں تشریف لاتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے فرمایا میجر شہید عباسی اس طرح بہادری کے ساتھ کفار کے خلاف جنگ لڑے ہیں جس طرح آپ میرے ساتھ غزوات میں کفار کے خلاف لڑتے رہے ہیں' پھر اس کے بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سمیت سب نے میجر عباسی شہید کی نماز جنازہ پڑھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر انہیں جنت البقیع میں دفن کیا گیا'' میں یہ واقعہ صرف اس لئے لکھ رہا ہوں کہ یہ مجھ پر فرض ہے کہ میں ارض پاک کے لئے لکھوں' اس وطن پر قربان ہونے والوں کے لئے لکھوں۔

(بقیہ: بیٹا یہ حرام کا کمال ہے!)

میں ڈر گیا' میں نے شیخ سے پوچھا میں اگر حرام کے ان بُرے اثرات سے بچنا چاہوں تو مجھے کیا کرنا پڑے گا' وہ بولے' روزہ رکھو اور خاموشی اختیار کرو' یہ دونوں تمہیں اندر سے پاک کردیں گے۔ اُنہوں نے سر ہلایا اور بولے میں نے چالیس سال کی ''تپیا'' کے بعد جو سیکھا وہ میں تمہیں بتادیتا ہوں۔ ''یہ کائنات ایک صندوق ہے اس صندوق پر اسرار کا موٹا تالا پڑا ہے' یہ تالا اسم اعظم سے کھلا ہے اور وہ اسم اعظم ہے حلال'' آپ زندگی میں حلال بڑھاتے جاؤ کائنات کا صندوق کھلتا چلا جائے گا' اور حرام کی پہچان کیا ہے' میں نے عرض کیا شیخ نے فرمایا! دنیا کی ہر وہ چیز جسے دیکھنے' سننے' چکھنے اور چھونے کے بعد آپ کے دل میں لالچ پیدا ہوجائے وہ حرام ہے' آپ اس حرام سے بچو' یہ آپ کے وجود کو قبرستان بنادے گا' یہ آپ کو اندر سے اُجاڑ دے گا' یہ آپ کو دیمک کی طرح کھوکھلا کردے گا۔

ہنوں بیٹیوں کے رشتوں کی پریشانی درود شریف سے ختم

ں اپنے بہن بھائیوں میں سب سے بڑا ہوں اور اس وقت میڈیکل کا طالب علم ہوں' میرے بعد میری دو بہنیں ہیں میں نے
پنے والدین سے درخواست کی کہ میں اپنی بہنوں کی شادیاں کرنا چاہتا ہوں لہٰذا ان کیلئے مناسب رشتے دیکھ کر شادی کر دیں۔

یدنا کریم ﷺ سے مسائل ایسے حل ہوتے ہیں

ترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کی ذات
دس سے دعا ہے کہ آپ ہمیشہ خیروعافیت سے رہیں' اللہ
الیٰ کی ذات اقدس آپ کو لمبی عمر اور صحت وتندرستی والی اور
ہی نعمتوں سے مالا مال زندگی عطا فرمائے۔

ں اپنے بہن بھائیوں میں سب سے بڑا ہوں اور اس وقت
یڈیکل کا طالب علم ہوں' میرے بعد میری دو بہنیں ہیں
ں نے اپنے والدین سے درخواست کی کہ میں اپنی
ہنوں کی شادیاں کرنا چاہتا ہوں لہٰذا ان کیلئے مناسب رشتے
یکھ کر شادی کر دیں۔ جب یہ کام شروع کیا تو خاندان والوں
نے ذرا سا بھی ساتھ نہ دیا۔ جن کے ہاں رشتے ہو سکتے تھے
ن سے بات کی تو ان کا جواب تھا کہ ہمارے بچے ابھی پڑھ
ہے ہیں یا ابھی ہم نے بچوں کی شادیوں کے بارے میں
وچا بھی نہیں۔ ایسے حالات میں میرے والدین اور میں خود
ہت زیادہ پریشان تھا تو اس صورت حال میں مجھے سہارا
آپ کے ایک درس سے ملا' اس درس میں آپ نے ایک
چھوٹے سے درود شریف ''سیدنا کریم ﷺ'' کی فضیلت
ر بات کی تھی' پہلے تو میں نے خود یہ درود شریف پڑھنا شروع
کیا' اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم چند دن بعد ہی ایک بہن کا رشتہ
ہت ہی اچھی جگہ ہو گیا' الحمدللہ بہت ایمان والے لوگ ملے'
ڑکا عالم' حافظ اور شعبہ تعلیم میں ہی پروفیسر نکلا۔ یہ سب درود
شریف پڑھنے کی برکت سے معجزانہ طور پر ایسے ہوا کہ ہم
سب حیران ہی ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے چھوٹے سے درود
شریف کی کثرت سے ہماری بہت بڑی پریشانی کم کر دی تھی'
ب مسئلہ یہ پیدا ہو گیا تھا کہ میری بڑی بہن کی جگہ میری
چھوٹی بہن کا رشتہ طے ہو چکا تھا جبکہ بڑی بہن کیلئے ابھی ہم
دیکھ رہے تھے' اس موقع پر برادری والوں سے طرح طرح
کی باتیں سننے کو ملنا شروع ہو گئیں کہ ''نامعلوم بڑی کا
کیوں نہیں کر رہے؟ یا بڑی کا ہوتا نہیں تو چھوٹی کر دیا یا پتہ
نہیں چھوٹی کا رشتہ کرنے میں اتنی جلدی کیوں؟ ایسی باتوں
سے ہمارا بھی دل دکھتا تھا مگر کچھ کر نہ سکا' اسی نازک موقع پر
میری والدہ لوگوں کی باتیں سن سن کر بیمار ہو گئیں حتیٰ کہ ایک
وقت آیا کہ وہ چل پھر بھی نہ سکتی تھیں۔ ایک ماہ بستر پر رہیں'
ڈاکٹر نے آرام کرنے کا مشورہ دیا' میں نے والدہ محترمہ کو کہا
کہ ماں جی آپ لیٹے لیٹے ہر وقت درود شریف ''سیدنا کریم
ﷺ'' پڑھتی رہا کریں اور ساتھ یہ بھی کہا کہ پوری امت
مسلمہ اور اپنے بچوں کے مسائل حل کروانے کیلئے یہ درود
شریف بہت تیر بہدف ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کرم کیا ایک ماہ
بستر پر لیٹے رہنے کے بعد جب ماں جی نے اس درود کا ورد
شروع کیا تو ان کے دل کو سکون ملا' طبیعت دن بدن بہتر ہونا
شروع ہوئی اور اب ماشاء اللہ بالکل ٹھیک ہیں اور ہاں ایک
اور بات اس درود شریف کی برکت سے الحمدللہ میری دوسری
بہن کا رشتہ بھی بہت ہی اچھی جگہ ہو چکا ہے۔ (ح۔م۔ت)

گولیوں کی بوچھاڑ میں درود شریف کی ڈھال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری قارئین
کیلئے ایک حقیقی واقعہ لکھ رہا ہوں۔ 17 جون 2010 کا
واقعہ ہے کہ میں ایک ماربل کی فیکٹری میں کام کرتا تھا۔ اچھا
خاصا کام چل رہا تھا' جب ایک ذات بچاتی ہے تو اس طرح
سے بچاتی ہے' روزانہ کا معمول تھا کہ جب بھی کھانے کا وقت
ہوتا تھا فیکٹری کا مالک اپنے گھر سے کھانا لاتا اور تمام ورکر مل
بیٹھ کر کھاتے تھے۔ اس دن بھی حسب معمول ہمارے فیکٹری
مالک اپنے گھر سے دوپہر کا کھانا لینے گئے اور لیکر آ گئے' جب
تمام بیٹھ کر کھانے لگے تو مالک نے مجھے بھی کہا کہ آپ آج
کیوں نہیں کھا رہے؟ میں نے کہا نامعلوم کیوں میرا دل کر رہا
ہے کہ آج کھانا گھر جا کر کھاتا ہوں' جب سب نے کھانا
کھا لیا تو مالک نے مجھے کہا کہ آپ جاؤ کھانا کھا کر آ جاؤ' میں
اٹھا اور گھر پہنچا ہی تھا کہ کال آئی کہ فیکٹری پر حملہ ہو گیا اور
فیکٹری مالک اور مالک کا بھائی شدید زخمی ہو گیا ہے' میں نے
کھانا چھوڑا اور جلدی سے ہسپتال پہنچا جس وقت میں پہنچا
اس وقت ان کو ایمبولینس میں ڈال کر سول ہسپتال لے جایا
جا رہا تھا۔ ہمارے فیکٹری مالک کو نو گولیاں لگیں اور اس کے
بھائی کو چار گولیاں لگیں۔ مگر اللہ تعالیٰ نے مجھے بچا لیا۔ اگر
میں فیکٹری میں ہوتا تو ان کے ساتھ ہی دفتر میں بیٹھا
تیسرا شخص میں ہی ہوتا اور مجھے بھی ضرور گولیاں لگتیں۔ میں
نے اپنے روزمرہ معمولات پر جب نظر ڈالی تو پتہ چلا صرف
ایک عمل ہے جس نے میری زندگی بچائی۔ میری عادت ہے
میں جب بھی گھر سے نکلتا ہوں درود شریف پڑھتا اور جب
تک گھر والے میرے لفظوں کا جواب نہیں دیتے تب تک
میں گھر سے نہیں نکلتا' وہ لفظ کیا ہیں ''اللہ حافظ'' جواب میں
گھر والی بھی کہتی ہیں ''اللہ حافظ'' اور ساتھ درود شریف۔ بس
ایک یقین سا بن چکا ہے' اب تو میں نے گھر سے نکلنے کی دعا
بھی یاد کر لی ہے اور سارا راستہ درود شریف پڑھتا ہوں۔ جو
گھر سے نکلنے سے پہلے کچھ نہیں پڑھتے وہ ایک چھوٹا سا
درود شریف اور صرف ''اللہ حافظ'' ہی کہہ دیا کریں دیکھیں
اللہ کیسے کرم کرتا ہے۔ (خالد حسین' محراب پور)

گلٹی' رسولی اور پھوڑے پھنسی کا مجرب عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ کے
گزشتہ دو سال سے قاری ہیں' ماشاء اللہ ایسا شاندار میگزین
اس سے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا۔ ہماری باجی کے پاس گلٹی'
رسولی اور پھوڑے پھنسی کیلئے ایک مجرب عمل ہے۔ انہوں
نے ہمیں یہ سینے کا راز صرف اسی لیے بتایا کہ ہم اس کو عبقری
شمارے میں شائع کروائیں۔ انہوں نے سب عبقری
قارئین کو اس کے پڑھنے کی اجازت دی ہے۔ عمل یہ ہے:
جسم میں گلٹی' رسولی یا پھوڑے پھنسیاں نکل آئیں تو سورۃ
الرعد گیارہ بار اول وآخر درود شریف پڑھ کر دم کرنے سے
گلٹی' پھنسی' رسولی' پھوڑے ختم ہو جاتے ہیں۔ یہ عمل کم از کم
گیارہ دن کرنا ہے۔ پانی پر بھی دم کر کے پئیں۔ روزانہ
صرف ایک مرتبہ' گیارہ دن تک' ان شاء اللہ مکمل شفاء
ہو گی۔ (عدنان صدیق' نیو ملتان)

ہمارے مہینے

اسلامی	انگریزی	دیسی	ہندی
محرم الحرام	جنوری	عاشورہ	چیت
صفر المظفر	فروری	تیرا تیزاں	بیساکھ
ربیع الاول	مارچ	بارہ وفاتاں	جیٹھ
ربیع الثانی	اپریل	عرس والا	ہاڑ
جمادی الاول	مئی	خالی	ساون
جمادی الثانی	جون	بیا خالی	بھادوں
رجب المرجب	جولائی	معراج	اسوج
شعبان المعظم	اگست	شعبان	کاتک
رمضان المبارک	ستمبر	رمضان	مگھر
شوال	اکتوبر	عیدوالہ	پوہ
ذی قعدہ	نومبر	خالی	ماگھ
ذوالحجہ	دسمبر	بقرعید	پھاگن